سیرت النبیؐ

بعد از

وصال النبیؐ

(حصّہ دوم)

محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ

سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ

(حصہ دوم)

محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
لاہور - راولپنڈی - کراچی

marfat.com
Marfat.com

مجلد: 0 01232 969

بار اوّل ـــــــــــ ۱۹۹۵ء

بار پنجم ـــــــــــ ۲۰۱۰ء

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ہیڈ آفس و شوروم: 60۔ شاہراہ قائد اعظم، لاہور۔

راولپنڈی آفس: 277۔ پشاور روڈ، راولپنڈی۔

کراچی آفس: فرسٹ فلور، مہران ہائٹس، مین کلفٹن روڈ، کراچی۔

سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ	Seerat ul Nabi Baad uz Wasal ul Nabi
محمد عبد المجید صدیقی	Muhammad Abdul Majeed

©2010،2005،2002،2000،1995ء جملہ حقوق فیروز سنز محفوظ ہیں۔

اس کتاب کا کوئی حصہ نقل کرنے یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے،
فوٹو کاپی کرنے یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

مطبوعہ فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور۔ باہتمام ظہیر سلام پرنٹر و پبلشر
email:support@ferozsons.com.pk
www.ferozsons.com.pk

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	انتساب	۵
۲	پیش لفظ	۷
۳	فہرست منابع و ماخذ	۹
۴	خواب دیکھنے والوں کے ناموں کی فہرست	۱۷
۵	خواب تفصیل وار ا تا ۳۱۳	۲۵

marfat.com
Marfat.com

انتساب

۱۔ گوہر بیگم (بیگم ایڈمرل مظفر حسن) کراچی
۲۔ بیگم سعیدہ آصف (بیگم کموڈور محمد آصف علوی) کراچی
۳۔ بیگم عصمت صدیقی۔ صدر "یو آئی او"۔ کراچی
۴۔ بیگم شگفتہ (بیگم محمد اسلام قریشی) کراچی

اور دیگر بے شمار بزرگ خواتین جو ان کتب کی مداح اور قدر دان ہیں۔ ان سب کے نام اس مبارک کتاب کا انتساب کرتا ہوں۔

marfat.com
Marfat.com

پیش لفظ

"سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" قریب سولہ سال قبل پہلی مرتبہ شائع ہوئی تھی۔ اس کو حصہ اول سمجھا جائے۔ اس کے باقی حصے بھی اصولاً" فوراً بعد مارکیٹ میں آ جانے چاہییے تھے۔ مجھے افسوس ہے کہ میں ایسا نہ کر سکا کیونکہ دوسرے نہایت ہی اہم تحقیقی کاموں میں مشغول ہو گیا تھا۔ اب قدرے فرصت ملی ہے تو دوسرا حصہ پیش کر رہا ہوں۔ انشاء اللہ عنقریب تیسرا حصہ بھی تیار ہو جائے گا اور اگر حالات اور صحت نے اجازت دی تو چوتھا حصہ بھی پیش کرنے کی کوشش کروں گا۔

اس مدت میں میرے علم میں دو واقعات ایسے بھی آئے جن میں میری جانب سے انتباہ اور خطرہ کے الارم کے باوجود اس قسم کے خواب گھڑنے کی جسارت کی گئی۔ میں پھر عرض کروں گا کہ اس خطرناک بلکہ مہلک روش سے اجتناب کیا جائے کیونکہ حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سب سے بڑا جھوٹ یہ ہے کہ اپنی آنکھوں کو وہ چیز دکھائے جو انہوں نے نہ دیکھی ہو۔ آپؐ ہی نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی میری جانب ایسی بات منسوب کرے گا جو میں نے بیان نہیں کی تو اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔

محمد عبدالمجید صدیقی

۸ شعبان المعظم ۱۴۱۴ھ مطابق

۲۱ جنوری ۱۹۹۴ء بروز جمعتہ المبارک

اسلام آباد

marfat.com
Marfat.com

فہرست منابع و ماخذ

الف

۱۔ اوراق غم
۲۔ اقوال الشریفہ
۳۔ انوار اصفیاء
۴۔ احیاء العلوم
۵۔ الحاوی
٦ انوار صوفیہ
۷۔ الاکمال
۸۔ اتحاف
۹۔ انیس الواعظین
۱۰۔ آسمانی سفرنامہ
۱۱۔ ازالۃ الخفا عن خلافۃ الخلفاء
۱۲۔ التحفۃ الرضیہ
۱۳۔ البصائر العظمیٰ
۱۴۔ امہات الامہؓ
۱۵۔ الصواعق
۱۶۔ انوار الابصار
۱۷۔ العوارف
۱۸۔ اخبار الاخیار
۱۹۔ انوار خواجہؒ
۲۰۔ انیس الارواح
۲۱۔ ام البراہین
۲۲۔ آثار النافعہ
۲۳۔ الحکم الساطعہ
۲۴۔ البرہان المؤید
۲۵۔ اباحت سماع
۲٦۔ آب کوثر
۲۷۔ اقتباس الانوار
۲۸۔ اولیائے نقشبندیہ
۲۹۔ النزھتہ
۳۰۔ المقامات المظہریہ
۳۱۔ انشراح الصدور
۳۲۔ الشفاء
۳۳۔ انیس الواعظین
۳۴۔ الدرالمنظوم
۳۵۔ ارشاد رحمانی و فضل یزدانی
۳٦۔ انفاس القلندریہ
۳۷۔ احوال و مناقب حضرت سید احمد شہیدؒ
۳۸۔ اثبات کرامات الاولیاء
۳۹۔ النصیحۃ الاخوان

marfat.com
Marfat.com

۴۰۔ ارجح المطالب
۴۱۔ امام اعظم (سیرت النعمان)
۴۲۔ آخری تقریر
۴۳۔ امت کی مائیں
۴۴۔ اسد الغابۃ

ب

۱۔ بخاری شریف
۲۔ بلالؓ
۳۔ بیہقی
۴۔ بحر الرائق
۵۔ بنیان المشید
۶۔ بستان المحدثین
۷۔ بستان العارفین
۸۔ بستان اویسیہ
۹۔ بحر المعانی
۱۰۔ بزم صوفیہ
۱۱۔ بغیۃ ذوی الاحلام
۱۲۔ بیاض الاولیاء
۱۳۔ بوستان اخیار

ت

۱۔ تذکرہ کرام
۲۔ تحفہء رضویہ
۳۔ تذکرۃ الاولیاء
۴۔ تاریخ الخلفاء
۵۔ ترمذی شریف
۶۔ تاریخ الاولیاء
۷۔ تریاق المحسن
۸۔ تاریخ فرشتہ
۹۔ تذکرہ چار درویشوں کا
۱۰۔ تذکرہ حضرت مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ
۱۱۔ تذکرہ صوفیائے سندھ
۱۲۔ تفسیر در منثور
۱۳۔ تحفۃ الکرام
۱۴۔ تحفہء جلالی
۱۵۔ تواریخ الاولیاء
۱۶۔ تذکرہ اولیائے دہلی
۱۷۔ تذکرہ حمیدیہ
۱۸۔ تذکرہ اولیائے دکن
۱۹۔ تاریخ بغداد
۲۰۔ تحفۃ الہند
۲۱۔ تابعینؒ
۲۲۔ تحفہء اثنا عشریہ
۲۳۔ تہذیب التہذیب
۲۴۔ تاریخ اوچ
۲۵۔ تذکرۃ الاصفیاء
۲۶۔ تذکرۃ الواصلین بدایون
۲۷۔ تحفۃ الابرار
۲۸۔ تاریخ ائمہ
۲۹۔ تاریخ المشاہیر

marfat.com
Marfat.com

۳۰۔ تذکرہ صدیق زمانؒ
۳۱۔ تعلیق الممجد الشیخنا
۳۲۔ تذکرہ غوثیہ
۳۳۔ تذکرۃ الواصلین
۳۴۔ تذکرہ علامہ شیخ محمد بن طاہر محدث پٹنیؒ
۳۵۔ ترجمان السنۃ
۳۶۔ تحفۃ المحبین

ج

۱۔ جواہر فریدی
۲۔ جمال نقشبندؒ
۳۔ جواہر

ح

۱۔ حیاۃ الصحابہؓ
۲۔ حیات حسنؓ
۳۔ حج معظم
۴۔ حکایات الصالحین
۵۔ حدائق الحنفیہ
۶۔ حلیۃ الاولیاء
۷۔ حیات مالکؒ
۸۔ حیات خسروؒ
۹۔ حیات صرفی
۱۰۔ حیوۃ الحیوان
۱۱۔ حیات ولی
۱۲۔ حیات ابن حزمؒ
۱۳۔ حقائق و معارف
۱۴۔ حکایات صحابہؓ

خ

۱۔ خیر المونس
۲۔ خصائص کبریٰ
۳۔ خواب و تعبیر
۴۔ خواب نامہ ابن سیرینؒ
۵۔ خیرات الحسان فی مناقب النعمانؒ
۶۔ خمیس
۷۔ خزینہ معرفت (سوانح مشائخ نقشبندیہ)
۸۔ خواب کی دنیا
۹۔ خزینۃ الاصفیاء
۱۰۔ خلاصۃ القادریہ
۱۱۔ خزینۂ معارف

د

۱۔ دلائل الخیرات
۲۔ داستان حرمین

ذ

۱۔ ذکر حبیب
۲۔ ذکر خیر
۳۔ ذخیرہ الخوانین

ر

۱۔ روض الافکار

marfat.com
Marfat.com

۲۔ روضتہ الریاحین
۳۔ رشفتہ الساوی
۴۔ روضتہ الصفاء
۵۔ روضتہ الناضرین
۶۔ روضہء العلماء
۷۔ رہین العاشقین
۸۔ روضتہ الاقطاب
۹۔ راحت القلوب
۱۰۔ رسالہ مناقب
۱۱۔ روض
۱۲۔ رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی
۱۳۔ راحتہ المحبین
۱۴۔ ریاض النضرۃ
۱۵۔ ریاض الفقر معروف بہ دفتر حقیقت
۱۶۔ رفع الوسوتہ والاحتمال عن رویتہ النبیؐ بعد الارتحال
۱۷۔ رویائے صالحہ

۷۔ سیرت السالکین
۸۔ سیرت آل عباسؓ
۹۔ سیرۃ الصحابہ (مہاجرینؓ)
۱۰۔ سیارہ ڈائجسٹ
۱۱۔ سیرت عائشہؓ
۱۲۔ سیر انصارؓ
۱۳۔ سیرۃ المصطفیٰ
۱۴۔ سیرۃ بلالؓ
۱۵۔ سیرت حضرت خدیجتہ الکبریٰؓ
۱۶۔ سیرت آئمہ اربعہؒ
۱۷۔ سفینتہ الاولیاء
۱۸۔ سیرت الصوفی
۱۹۔ سیر الاقطاب
۲۰۔ سوانح عمری حضرت علی کرم اللہ وجہہ
۲۱۔ سنت خیر الانام علیہ الصلوۃ والسلام
۲۲۔ سوانح حیات شہید عشق شاہ محمد حسین الہ آبادی

س

۱۔ سیرو الاولیاء
۲۔ سیرت شامی
۳۔ سیرت غوث اعظمؒ
۴۔ سفرنامہ حکیم ناصر خسرو
۵۔ سعادۃ الدارین
۶۔ سفرنامہ ابن بطوطہ

ش

۱۔ شمائل ترمذی
۲۔ شواہد النبوۃ
۳۔ شہرہ آفاق
۴۔ شرح السنتہ
۵۔ شفا الجنان من شبہات الشیطان ملقب بہ شہاب ثاقب

marfat.com
Marfat.com

۶۔ شرح نصوص
۷۔ شفاء
۸۔ شفا الاسقام

ص

۱۔ صلوت ناصری
۲۔ صحابیات و عارفات
۳۔ صواعق محرقہ
۴۔ صحیح مسلم شریف
۵۔ صحابیات
۶۔ صفوۃ الصفوہ

ط

۱۔ طبقات الکبریٰ
۲۔ طبقات ابن سعدؒ
۳۔ طبقات کبیر
۴۔ طی الفراسخ الی المنازل البرازخ

ع

۱۔ علم لدنی یا علم الٰہی
۲۔ عمدۃ الاثار و نزہتہ الاہار
۳۔ علمائے حق اور ان کی مظلومیت کی داستان

غ

۱۔ غلامان اسلام
۲۔ غایتہ المواعظ
۳۔ غوث الاعظمؒ
۴۔ غیر مہاجر و انصار صحابہؓ

ف

۱۔ فتوح العجم
۲۔ فتوح المصر
۳۔ فتوح الشام
۴۔ فیوض الحرمین
۵۔ فضائل حج
۶۔ فضائل درود شریف
۶۔ فتوحات مکیہ
۷۔ فصوص الحکم
۸۔ فوائد السالکین
۹۔ فوائد الفواد
۱۰۔ فوائد سعدیہ
۱۱۔ فیوض الاسلام

ق

۱۔ قصیدہ بردہ شریف
۲۔ قوائد العقائد
۳۔ قصر عرفان
۴۔ قول بدیع فی الصلوۃ علی الحبیب الشفیع

ک

۱۔ کیمیائے سعادت

marfat.com
Marfat.com

۲۔ کامل التعبیر
۳۔ کشف المحجوب
۴۔ کتاب الحکم
۵۔ کامل ابن اثیر

گ

۱۔ گلستان سعدی

ل

۱۔ لطائف الاشرفی
۲۔ لطائف قدسی
۳۔ لمعات کمالات قادریہ

م

۱۔ محبوب القلوب
۲۔ مشائخ چشت
۳۔ مذاق العارفین
۴۔ مراۃ الجنان
۵۔ ملفوظات التقفیہ
۶۔ مجالس المومنین
۷۔ مناقب غوثیہ
۸۔ مجالس الاحمدیہ
۹۔ مفتاح العاشقین
۱۰۔ مرقع کلیمی
۱۱۔ محبوب ذوالمنن
۱۲۔ مناقب العارفین
۱۳۔ مینائے مصطفائی
۱۴۔ معراج المومنین
۱۵۔ مقاصد السالکین
۱۶۔ مسند خوارزمی
۱۷۔ مقاصد الاسلام
۱۸۔ معدن الیواقیت
۱۹۔ مستقی
۲۰۔ مستدرک حاکم
۲۱۔ مسند امام احمدؒ
۲۲۔ منتہی الارب
۲۳۔ مناقب الحسن حضرت رسول نماؒ
۲۴۔ معین الناصحین
۲۵۔ مشارق الانوار
۲۶۔ مواہب لدنیہ
۲۷۔ منبع الانساب
۲۸۔ مشکات النبوت
۲۹۔ محبوب التواریخ
۳۰۔ معادن تبرکات خالقیہ
۳۱۔ مواعظ حسنہ
۳۲۔ مظہر جلال
۳۳۔ مخدوم صابر کلیریؒ
۳۴۔ ملفوظات شاہ عبدالعزیز محدث دھلویؒ
۳۵۔ مقالات مرضیہ المعروف ملفوظات مہریہ
۳۶۔ محاسن المحسنین فی حکایات الصالحین
۳۷۔ مشکوۃ شریف

marfat.com
Marfat.com

۳۸۔ مفتاح السعادۃ

نوٹ: کل کتابیں ۲۶۶ سے بھی زیادہ ہیں۔

ن

۱۔ نسیم الریاض
۲۔ ناسخ التواریخ
۳۔ نزہتہ البساتین
۴۔ نتائج التقلید
۵۔ نقش حیات
۶۔ نزہتہ المجالس
۷۔ نگارستان فارس
۸۔ نظام الملک طوسی
۹۔ نافع الخلائق
۱۰۔ نفحات الانس
۱۱۔ نعمت عظمیٰ
۱۲۔ نہج البلاغت

و

۱۔ وفاء الوفا
۲۔ و تعتہ الاسلامیہ
۳۔ وعظ بینظیر

ہ

۱۔ ہفتاد اولیاء

ی

۱۔ یہ تھے فاروق اعظمؓ

marfat.com
Marfat.com

خواب دیکھنے والوں کی فہرست

۱۔ خواجہ عبدالمطلب
۲۔ خواجہ ابوطالب
۳۔ حضرت عمروؓ بن مرہ
۴۔ ایک شخص نابینا
۵۔ حضرت خالدؓ بن سعید
۶۔ حضرت سوادؓ بن قارب
۷۔ حضرت ابو عمارہ خزیمہؓ
۸۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ
۹۔ حضرت سیدہ فاطمہؓ
۱۰۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ
۱۱۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ
۱۲۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ
۱۳۔ ایک شخص
۱۴۔ ایک مرد صالح
۱۵۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ
۱۶۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ
۱۷۔ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص
۱۸۔ حضرت سودہؓ
۱۹۔ حضرت ام حبیبہؓ
۲۰۔ حضرت جویریہؓ
۲۱۔ حضرت صفیہؓ
۲۲۔ حضرت بلالؓ
۲۳۔ حضرت فاروق اعظمؓ
۲۴۔ حضرت بلالؓ بن الحارث مزنی
۲۵۔ حضرت حزیفہؓ بن یمان
۲۶۔ حضرت اویس قرنیؓ
۲۷۔ ایک شخص
۲۸۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ
۲۹۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ
۳۰۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ
۳۱۔ حضرت امام حسنؓ
۳۲۔ حضرت عائشہؓ
۳۳۔ حضرت عائشہؓ
۳۴۔ حضرت کعبؓ بن احبار
۳۵۔ حضرت ام الفضلؓ
۳۶۔ محمد بن مسلمؓ
۳۷۔ حضرت امام حسینؓ
۳۸۔ حضرت امام حسینؓ
۳۹۔ حضرت امام حسینؓ
۴۰۔ حضرت ام سلمہؓ
۴۱۔ ہندہ
۴۲۔ حضرت ابن عباسؓ

marfat.com
Marfat.com

۴۳- حضرت کلیبؓ
۴۴- حضرت عبداللہ بن عباسؓ
۴۵- حضرت یزید فارسیؓ
۴۶- حضرت ابن عباسؓ
۴۷- حضرت عبداللہ بن عمرؓ
۴۸- حضرت انس بن مالکؓ
۴۹- حضرت خواجہ حسن بصریؒ
۵۰- ابی ہاشمؒ
۵۱- حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ
۵۲- ایک شخص
۵۳- حضرت ربعی کے بھائی
۵۴- ملا واقدیؒ
۵۵- حضرت ابو عبیدہؓ
۵۶- حضرت ابو عبیدہؓ
۵۷- یوقنا
۵۸- یوقنا
۵۹- ایک قسیس
۶۰- حضرت عیاض بن غنمؓ
۶۱- حضرت مقدادؓ
۶۲- بادشاہ مصر
۶۳- خلیفہ منصور
۶۴- ایک شخص
۶۵- حضرت امام ابو حنیفہؒ
۶۶- بعض حنابلہ
۶۷- محمد بن عبدالرحمٰن بصریؒ
۶۸- فضل بن خالدؒ
۶۹- ازہر بن کیسانؒ
۷۰- ایک شخص
۷۱- حضرت امام ابو حنیفہؒ
۷۲- حضرت امام ابو حنیفہؒ
۷۳- حضرت امام ابو حنیفہؒ
۷۴- حضرت امام ابو حنیفہؒ
۷۵- حضرت عبداللہ بن عونؒ
۷۶- حضرت حمیدہ خاتونؒ
۷۷- حضرت سالم بن عبداللہ بن عمرؓ
۷۸- سید عبداللہؒ
۷۹- ایک نوجوان
۸۰- عبدالعزیز بن عبداللہ الماجشونؒ
۸۱- حضرت عبداللہ بن مبارکؒ
۸۲- ایک بزرگ
۸۳- حضرت عبداللہ بن مبارکؒ
۸۴- حضرت عبداللہ بن مبارکؒ
۸۵- حضرت عبداللہ بن مبارکؒ
۸۶- ابو عبداللہؒ
۸۷- محمد بن رمح تجیبی مصریؒ
۸۸- حضرت ابن کثیرؒ قاری مدینہ طیبہ
۸۹- محمد بن ربیعؒ
۹۰- سیدنا امام مالکؒ
۹۱- سیدنا امام مالکؒ
۹۲- حضرت امام موسیٰ کاظمؒ

marfat.com
Marfat.com

۹۳۔ عیسیٰ بن حبیب
۹۴۔ حضور رابعہ بصریؒ
۹۵۔ حضرت معروف کرخیؒ
۹۶۔ حضرت معروف کرخیؒ
۹۷۔ امام شافعیؒ
۹۸۔ ایک صاحب
۹۹۔ ابو جعفر قائنیؒ
۱۰۰۔ حضرت سیدہ نفیسہؒ کے شوہر
۱۰۱۔ عبداللہ بن الحکیمؒ
۱۰۲۔ حضرت ابو زکریا یحییٰؒ
۱۰۳۔ حضرت سعید بن جمیلؒ
۱۰۴۔ ابو جعفر قاضی کوفیؒ
۱۰۵۔ ایک مرد بزرگ
۱۰۶۔ ایک بوڑھا شخص
۱۰۷۔ ایک شخص
۱۰۸۔ ایک مرید
۱۰۹۔ ۷۰ علماء و افراد
۱۱۰۔ حضرت خواجہ حذیفہ المرعشیؒ
۱۱۱۔ حضرت شیخ محمد بن علی حکیم ترمذیؒ
۱۱۲۔ ایک بزرگ
۱۱۳۔ جریر بن حازمؒ
۱۱۴۔ خلیفہ مامون الرشید
۱۱۵۔ خلیفہ متوکل باللہ
۱۱۶۔ خلیفہ معتمد باللہ
۱۱۷۔ نجم بن فضل
۱۱۸۔ بعض صلحاء
۱۱۹۔ بعض بزرگ
۱۲۰۔ حضرت بشر حافیؒ
۱۲۱۔ حضرت شیخ یحییٰ بن معاذ الرازیؒ
۱۲۲۔ احمد بن شمعونؒ
۱۲۳۔ ایک راہب
۱۲۴۔ حضرت مالک بن دینارؒ
۱۲۵۔ حضرت مالک بن دینارؒ
۱۲۶۔ ایک شخص
۱۲۷۔ حضرت علی بن حمزہ اصفہانیؒ
۱۲۸۔ قاری ابوبکر بن مجاہدؒ
۱۲۹۔ قاری ابوبکر بن مجاہدؒ
۱۳۰۔ علی بن عیسیٰ وزیر
۱۳۱۔ علی بن عیسیٰ وزیر
۱۳۲۔ حضرت جنید بغدادیؒ
۱۳۳۔ حضرت جنید بغدادیؒ
۱۳۴۔ ایک بزرگ
۱۳۵۔ حضرت خواجہ ممشاد علو دینوریؒ
۱۳۶۔ حضرت شیخ ابو سعید خرازؒ
۱۳۷۔ ایک غریب طالب علم
۱۳۸۔ شیخ ابو جعفر دامغانیؒ
۱۳۹۔ شیخ ابو الحسین بن سمعونؒ
۱۴۰۔ والدہ ابو الحسین بن سمعونؒ
۱۴۱۔ شیخ ابو علی کاتب مصریؒ
۱۴۲۔ شیخ ابو الخیر اقبال حبشیؒ

marfat.com
Marfat.com

۱۴۳۔ شیخ ابو علی مستوفیؒ
۱۴۴۔ سلطان محمود غزنویؒ
۱۴۵۔ حضرت خواجہ ابو احمد ابدال چشتیؒ
۱۴۶۔ حضرت خواجہ ابو محمد چشتیؒ
۱۴۷۔ حضرت ابو الحسن خرقانیؒ
۱۴۸۔ سید قطب الدین مدنیؒ
۱۴۹۔ سید حمزہؒ
۱۵۰۔ حکیم ابو الخیر الحسنؒ
۱۵۱۔ ایک بزرگ
۱۵۲۔ شیخ علی رواتیؒ
۱۵۳۔ ابن بطوطہ
۱۵۴۔ شیخ خلیفہؒ
۱۵۵۔ قاضی ابو طیبؒ
۱۵۶۔ ایک بزرگ
۱۵۷۔ حضرت سید علی ہجویریؒ
۱۵۸۔ حضرت ابو اسحاق ابراہیم گازرونیؒ
۱۵۹۔ حضرت ابو اسحاق ابراہیم گازرونیؒ
۱۶۰۔ حضرت ابو اسحاق ابراہیم گازرونیؒ
۱۶۱۔ ملک شاہ
۱۶۲۔ بعض اہل دل
۱۶۳۔ حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازیؒ
۱۶۴۔ حضرت موسیٰ بن قاسمؒ
۱۶۵۔ ایک شخص
۱۶۶۔ سید ابی صالح موسیٰؒ
۱۶۷۔ سیدنا محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
۱۶۸۔ سیدنا محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
۱۶۹۔ سیدنا محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
۱۷۰۔ شیخ ابو عمر عثمانؒ
۱۷۱۔ ایک عجمی
۱۷۲۔ خواجہ احمد بن مودود چشتیؒ
۱۷۳۔ مولانا امام عبدالجبار غزنویؒ
۱۷۴۔ حضرت باز الاشہب منصور بطائحیؒ
۱۷۵۔ حضرت شیخ نجم الدین صفاہانیؒ
۱۷۶۔ شیخ نجم الدین کبریؒ
۱۷۷۔ علاؤ الدین
۱۷۸۔ سلطان العلماء حضرت بہاؤ الدین ولدؒ
۱۷۹۔ شیخ الاسلام امیر کبیر قطب الدین محمد مدنیؒ
۱۸۰۔ حضرت شیخ ابراہیم المتبولیؒ
۱۸۱۔ حضرت شیخ ابراہیم المتبولیؒ
۱۸۲۔ حضرت شیخ ابراہیم المتبولیؒ
۱۸۳۔ سید سلطان مظہرولیؒ
۱۸۴۔ قطب المشائخ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ
۱۸۵۔ قطب المشائخ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ
۱۸۶۔ قطب المشائخ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ

marfat.com
Marfat.com

۱۸۷۔ پیر سید وجیہہ الدین مشہدیؒ
۱۸۸۔ چند بزرگ
۱۸۹۔ حضرت بدیع الدین شاہ مدارؒ
۱۹۰۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ
۱۹۱۔ خواجہ سید مبارکؒ
۱۹۲۔ رئیس احمد
۱۹۳۔ دمشق کے امام
۱۹۴۔ ایک بزرگ
۱۹۵۔ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ
۱۹۶۔ حضرت شیخ محی الدین اکبر ابن عربیؒ
۱۹۷۔ سلطان یمنی
۱۹۸۔ شیخ ابو الحسن شاذلیؒ
۱۹۹۔ شیخ ابو الحسن شاذلیؒ
۲۰۰۔ سیدی محمد بن سلطانؒ
۲۰۱۔ حضرت امام غزالیؒ
۲۰۲۔ سید یوسف بن سید جمال
۲۰۳۔ حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریاؒ
۲۰۴۔ محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیاؒ
۲۰۵۔ والدہ حضرت مخدوم علی احمد صابرؒ
۲۰۶۔ حضرت شیخ حسام الدین بدایونیؒ
۲۰۷۔ سعدالدین فاروقی
۲۰۸۔ قاضی عیاض مالکیؒ کے بھتیجے
۲۰۹۔ حضرت شیخ ابو موسیٰ زرہونیؒ
۲۱۰۔ ایک بزرگ
۲۱۱۔ سلطان ابراہیم
۲۱۲۔ سید بدر الدینؒ
۲۱۳۔ بابا سید فخر الدینؒ
۲۱۴۔ شیخ ظہیر الدین علی برغشؒ
۲۱۵۔ حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریاؒ
۲۱۶۔ محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیاؒ
۲۱۷۔ حضرت رکن الدین سہروردی ملتانیؒ
۲۱۸۔ حضرت امیر خسروؒ
۲۱۹۔ حضرت امیر خسروؒ
۲۲۰۔ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبندؒ
۲۲۱۔ حضرت شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلویؒ
۲۲۲۔ حضرت مولانا ابن علی نابادیؒ
۲۲۳۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ
۲۲۴۔ حکیم ناصر خسروؒ
۲۲۵۔ ابو محمد عبداللہ بن سعد یافعیؒ
۲۲۶۔ حضرت کاظم قلندر علوی کاکورویؒ
۲۲۷۔ حضرت شریعت اللہؒ
۲۲۸۔ محمد علی
۲۲۹۔ حضرت شاہ محمد آفاقؒ
۲۳۰۔ حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ
۲۳۱۔ حضرت مولانا شاہ گل حسن قلندر قادریؒ
۲۳۲۔ حضرت حاجی سید عابد حسینؒ
۲۳۳۔ اہلیہ حضرت حاجی سید عابد حسینؒ
۲۳۴۔ شاہ محمد حسین الہ آبادیؒ
۲۳۵۔ حاجی محمد احسنؒ

marfat.com
Marfat.com

۲۳۶۔ حاجی محمد احسنؒ
۲۳۷۔ والدہ حضرت خواجہ قادر بخشؒ
۲۳۸۔ ایک درویش
۲۳۹۔ میاں کریم شاہ راوت
۲۴۰۔ سائیں توکل شاہؒ
۲۴۱۔ سید نور محمد بدایونیؒ
۲۴۲۔ ایک عالم
۲۴۳۔ حضرت خواجہ محمد عبدالخالقؒ
۲۴۴۔ ایک لڑکا
۲۴۵۔ ایک سیدانی
۲۴۶۔ ایک بزرگ
۲۴۷۔ امام عبداللہ یافعیؒ
۲۴۸۔ بعض صالحین
۲۴۹۔ ایک خاتون
۲۵۰۔ بعض صالحین
۲۵۱۔ حضرت شیخ محمود زاہد مرغابیؒ
۲۵۲۔ مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ
۲۵۳۔ مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ
۲۵۴۔ شیخ نجم الدین صفاہانیؒ
۲۵۵۔ سید جلال الدین شاہ سرخ بخاریؒ
۲۵۶۔ مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ
۲۵۷۔ مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ
۲۵۸۔ مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ
۲۵۹۔ شیخ مظفر بلخیؒ
۲۶۰۔ مولانا یعقوب چشتیؒ
۲۶۱۔ ایک شخص
۲۶۲۔ حضرت شیخ احمد کھٹوؒ
۲۶۳۔ حضرت شیخ احمد کھٹوؒ
۲۶۴۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ
۲۶۵۔ ایک عارف
۲۶۶۔ حضرت شیخ عبدالوہابؒ
۲۶۷۔ حضرت شاہ دانیالؒ
۲۶۸۔ شیخ محمد خیالیؒ
۲۶۹۔ حضرت خواجہ شہاب الدینؒ
۲۷۰۔ سید غیاث الدین قادریؒ
۲۷۱۔ حضرت شیخ یعقوب صرفی عاصی کنائیؒ
۲۷۲۔ سید علاؤ الدین
۲۷۳۔ شاہ میراں جی شمس العشاق چشتیؒ
۲۷۴۔ شاہ باجن چشتیؒ
۲۷۵۔ شیخ محمد شاذلیؒ
۲۷۶۔ قاضی شہاب الدین دولت آبادیؒ
۲۷۷۔ مولانا عبدالرحمن جامیؒ
۲۷۸۔ مولانا عبدالرحمن جامیؒ
۲۷۹۔ علامہ احمد بن قسطلانیؒ
۲۸۰۔ علامہ احمد بن قسطلانیؒ
۲۸۱۔ سلطان قطب الدین لنگاہیؒ
۲۸۲۔ ایک تاجر
۲۸۳۔ محترمہ راجی فیروز بانو
۲۸۴۔ بعض علماء وقت
۲۸۵۔ میاں سید علی ثانی شیرازیؒ

marfat.com
Marfat.com

۲۸۶۔ حضرت حاجی حمید ظہور شطاری
۲۸۷۔ شاہ پیر جیو شطاری
۲۸۸۔ شیخ شرف الدین
۲۸۹۔ مخدوم خواجہ یحیٰی
۲۹۰۔ سید شاہ جمال بغدادی ورنگلی
۲۹۱۔ مخدوم نوح بالہ کندی
۲۹۲۔ سید شاہ نور حضوری
۲۹۳۔ شیخ عبدالغفور اعظم پوری
۲۹۴۔ ابو سعید خیاط
۲۹۵۔ شیخ ابراہیم بن حسین
۲۹۶۔ شیخ ابوبکر دیار بکر
۲۹۷۔ والد سید نور الدین
۲۹۸۔ شیخ ابراہیم بن شیبان
۲۹۹۔ حضرت اسحاق بن سنان
۳۰۰۔ حمزہ بن محمد
۳۰۱۔ ایک صاحب
۳۰۲۔ مولانا عبدالصمد صارم
۳۰۳۔ مولانا ممتاز احمد تھانوی
۳۰۴۔ مولانا ممتاز احمد تھانوی
۳۰۵۔ ڈاکٹر اسلام الحق
۳۰۶۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلی
۳۰۷۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلی
۳۰۸۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلی
۳۰۹۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلی
۳۱۰۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلی
۳۱۱۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلی
۳۱۲۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلی
۳۱۳۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلی

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۔ روایت ہے کہ خواجہ عبدالمطلب آپؐ کے جد امجد نے آپؐ کی ولادت باسعادت سے کچھ عرصہ قبل آپؐ یعنی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ گویا ایک سلسلہ نقری (چاندی کی زنجیر) ان کی پشت سے نکل کر ایک طرف زمین میں' ایک طرف مشرق میں اور ایک طرف مغرب میں ہے اور اس کے بعد وہ سلسلہ ایک درخت ہو گیا جس کی ہر پتی پر آفتاب سے ۷۰ درجہ زیادہ چمک والا نور ہے۔ ایسا نور میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اس نور کی روشنی' بلندی اور عظمت ساعت بہ ساعت بڑھتی جاتی ہے۔ اہل مشرق و مغرب اس درخت سے لپٹے ہوئے ہیں اور اہل عرب و عجم اس کو سجدہ کر رہے ہیں۔ کچھ اہل قریش اس کے ساتھ لٹکے ہوئے ہیں اور بعض قبیلہ قریش کے لوگ اس درخت کو کاٹنا چاہتے ہیں لیکن جب وہ اس کے پاس آتے ہیں تو ایک جوان حسین طیب الرائحہ ان کو پکڑ کر ان کی کمر توڑ دیتا اور آنکھیں پھوڑ دیتا ہے۔ خواجہ عبدالمطلب نے یہ خواب ایک قریش کاہنہ کو سنایا۔ اس نے تعبیر دی کہ آپ کی پشت سے ایک لڑکا پیدا ہو گا جس کے اہل مشرق و مغرب مرید ہوں گے اور اہل آسمان و زمین جس کی تعریف کریں گے۔ اسی وجہ سے خواجہ عبدالمطلب نے آپؐ کا اسم مبارک محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) رکھا تھا (نسخہ صحیحہ دلائل الخیرات کا حاشیہ صفحہ ۹۹' نور محمد مالک کارخانہ تجارت کتب' آرام باغ' کراچی)

۲۔ جس شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تولد ہوئے تو آپؐ کے چچا خواجہ ابو طالب نے یہ خواب دیکھا کہ آسمان سے ایک شمع ہمارے مکان میں اتری ہے اور میرے کئی عزیز و اقارب اس شمع سے اپنے اپنے چراغ روشن کر رہے ہیں۔ بعد کو معلوم ہوا اس شمع سے چراغ روشن کرنے والے ہی ایمان لائے۔ (راحۃ المحبین یعنی ملفوظات حضرت نظام الدین اولیاؒ مرتبہ حضرت امیر خسروؒ)

۳۔ حضرت عمرو بن مرہ زمانہ جاہلیت میں چند افراد کے ہمراہ حج کو نکلے' راستہ

marfat.com
Marfat.com

میں خواب دیکھا کہ میں مکہ مکرمہ میں ہوں۔ ایک ایسا نور کعبہ شریف سے نکلا جس نے یثرب (مدینہ طیبہ کا ابتدائی نام) کی پہاڑیوں کو منور کر دیا اور قبیلہ جہنیہ تک کی آبادیاں چمک اٹھیں اور یہ آواز بھی سنی "اندھیرا چھٹ گیا' روشنی غالب آ گئی اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تشریف لے آئے"۔ دوبارہ پھر نور چمکا جس کی روشنی میں حیرہ تک کے محل اور مدائن تک کی تمام عمارتیں نظر آئیں اور آواز آئی "اسلام ظاہر ہو چکا ہے' بت توڑ دیئے گئے ہیں۔ صلہ رحمی کا دور دورہ ہو گیا ہے"۔ جب واپس گھر پہنچا تو معلوم ہوا کہ احمد (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) نامی ایک پیغمبر بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ پس اپنے وطن سے آپؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر مسلمان ہوئے۔ (حیاۃ الصحابہ حصہ اول)

۴۔ ایک شخص ملک شام سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرے والد کی خواہش ہے کہ وہ آپؐ کی زیارت کرے لیکن بوڑھا اور نابینا ہونے کی بنا پر قدرت نہیں رکھتا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اپنے باپ سے کہہ دے کہ سات رات وہ کہے "صلی اللہ علی محمد" مجھے وہ خواب میں دیکھے گا اور مجھ سے حدیث روایت کرے۔ اس نے ایسا کیا اور آپؐ کو خواب میں دیکھا اور آپؐ سے حدیث روایت کی (محبوب القلوب صفحہ ۲۰۳) (صلوات ناصری از مولانا ناصر علی)

۵۔ محمد بن عبداللہ بن عمر بن عثمانؓ سے مروی ہے کہ خالدؓ بن سعید بن العاص کا اسلام قدیم تھا۔ اپنے بھائیوں میں سب سے پہلے اسلام لائے تھے۔ ان کے اسلام لانے کی وجہ یہ ہوئی کہ خواب میں دیکھا کہ آگ کے گڑھے پر کھڑے ہیں جس کی وسعت کو اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ پھر دیکھا کہ ان کے والد ان کو اس میں دھکیلتے ہیں مگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ان کا نیفہ پکڑ لیتے ہیں کہ وہ کہیں آگ میں نہ جا گریں۔

خواب دیکھنے کے بعد فکرمند تھے کہ حضرت صدیق اکبرؓ سے ملاقات ہو گئی۔ انہوں نے ان کو اپنا خواب سنایا۔ اس پر حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا کہ حضرت

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجود ہیں لہٰذا آپؐ کی پیروی کرو کیونکہ تم عنقریب حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کرو گے اور اسلام میں داخل ہو جاؤ گے جو تمہیں آگ سے روک لے گا لیکن تمہارا باپ اس میں گرے گا۔

حضرت خالدؓ پھر حضرت رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپؐ کس چیز کی دعوت دیتے ہیں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا میں اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتا ہوں جو تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کے بندے اور رسول ہیں۔ تم جس پتھر کی پرستش کرتے ہو اس کو چھوڑنے کی دعوت دیتا ہوں کہ وہ نہ سنتا ہے نہ دیکھتا ہے نہ ضرر پہنچاتا ہے نہ نفع اور نہ یہ جانتا ہے کہ اس کی پرستش کون کرتا ہے اور کون نہیں کرتا۔

یہ سن کر حضرت خالدؓ نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت خالدؓ کے اسلام لانے سے مسرور ہوئے۔ ان کے والد ابو احیحہ نے بعدہ حضرت خالدؓ پر سخت مظالم ڈھائے مگر وہ ثابت قدم رہے۔ (حیاۃ الصحابہؓ حصہ اول صفحہ ۶۵' از مولانا محمد یوسف کاندھلویؒ ترجمہ از مولانا محمد عثمان خاں فیض آبادی' ادارہ اشاعت دینیات' حضرت نظام الدین۔ نئی دہلی) (طبقات کبیر جلد ہفتم ترجمہ از مولانا عبداللہ عماری صفحہ ۱۰۹ تا ۱۱۰)

۶۔ حضرت سوادؓ بن قارب زمانہ جاہلیت میں کہانت کا پیشہ کرتے تھے۔ ہجرت مدینہ طیبہ کے زمانہ میں خواب میں ظہور نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بشارت ملی۔ رویائے صالحہ دل پر اثر کر گیا' فوراً وطن سے مکہ معظمہ روانہ ہو گئے۔ راستہ میں خبر ملی کہ جس گوہر مقصود کی تلاش میں نکلے ہیں وہ مدینہ منورہ جا چکا ہے۔ پس مدینہ پاک کا رخ کیا۔ وہاں پہنچ کر آپؐ کو دریافت کیا معلوم ہوا کہ مسجد میں جلوہ افروز ہیں۔ اونٹ بٹھا کر مسجد میں داخل ہوئے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گرد صحابہ اکرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا مجمع تھا۔ عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کچھ میری بھی عرض سن جائے۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے

marfat.com
Marfat.com

فرمایا قریب آکر بیان کرو۔ چنانچہ پاس جا کر پورا خواب سنا دیا اور اسی وقت خلعت اسلام سے سرفراز ہوئے۔ ان کے اسلام لانے سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ انور خوشی سے دمک اٹھا۔ اس غیر معمولی انبساط کا سبب یہ تھا کہ عربوں میں کاہنوں کو بڑی وقعت حاصل تھی اور انہیں کے ہاتھ میں ایک طرح کی مذہبی سیادت بھی تھی اس لئے عوام پر ان کے اسلام قبول کرنے کا نہایت ہی خوشگوار اثر پڑا۔ کہانت جو زمانہ جاہلیت کا نہایت معزز علم تھا حضرت سوادؓ اس میں یدطولی رکھتے تھے۔ شاعر بھی تھے چنانچہ حضرت فاروق اعظمؓ کی خلافت کے زمانہ میں حضرت سوادؓ نے ان کو اپنے خواب کی داستان منظوم شکل میں سنائی تھی (غیر مہاجر و انصار صحابہؓ جلد ہفتم از مولوی شاہ معین الدین ندویؒ)

۷۔ حضرت ابو عمارہ خزیمہ بن ثابت انصاریؓ کی بابت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ آپ باغی جماعت کے ہاتھوں شہید ہوں گے۔ آپ نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشانی مبارک کا بوسہ لیا تھا یا اس پر سجدہ کیا تھا چنانچہ جب آپ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت گرامی میں حاضر ہو کر اپنا خواب بیان کیا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چت لیٹ گئے اور ارشاد فرمایا خزیمہ خواب کو سچا کر لو پس حضرت خزیمہ نے آپ کے حکم کی تعمیل کی۔ (مشکوۃ شریف)

حضرت خزیمہؓ کے بیٹے حضرت عمارؓ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سوا بن قیس سے ایک اونٹ خریدا تھا بعد ازاں اس نے انکار کر دیا کیونکہ کوئی گواہ نہ تھا۔ حضرت خزیمہؓ نے بے دھڑک گواہی دی' اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ خزیمہ تم اس وقت معاملہ میں موجود نہیں تھے۔ عرض کیا آپ جو کچھ اللہ تعالی سے لاتے ہیں بلاتردد میں اس کی تصدیق کر دیتا ہوں۔ مجھے یقین واثق ہے کہ زبان قدسی سے سچ ہی ظاہر ہوتا ہے۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اب خزیمہ کی زبان پر سچ ہی جاری رہے گا اور "ذوالشہادتین" کے لقب سے ملقب ہوئے یعنی آپ کی ایک گواہی دو گواہوں کے برابر سمجھی جاتی تھی (شرح السنہ) (و تحفہ الاسلامیہ از فتح الدین

marfat.com
Marfat.com

انصاری از بر صفحہ ۴۲)

۸۔ ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کی اشیائے فروخت لے کر آپ کے غلام میسرہ کے ہمراہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عازم بصرہ ہوئے۔ واپسی پر میسرہ کی زبانی ام المومنینؓ کو سفر کے حالات اور منافع کی تفصیلات معلوم ہوئیں تو آپ کے دل میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت جاگزیں ہو گئی۔ آپ کے دل نے گواہی دی کہ یہ ہاشمی نوجوان وہی نبی آخرالزماں (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہے جس کی کتب عتیقہ میں خبر دی گئی ہے اس سے پہلے آپ نے ایک خواب دیکھا تھا کہ آسمان سے ایک چاند آکر آپ کی گود میں گرا ہے جس نے سارے عالم کو منور کر دیا ہے۔ جب آپ نے اپنے خواب کی تعبیر ایک عیسائی عالم سے دریافت فرمائی تو انہوں نے جواب دیا "اے شریفہ عرب آپ کو خوشخبری ہو کہ دعائے خلیل و نوید مسیحا پیدا ہو چکے ہیں اور آپ ان کے عقد میں آئیں گی"۔ ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دل کی دنیا اب بدل چکی تھی چنانچہ آپ نے اپنی لونڈی نفیسہ کی معرفت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نکاح کا پیغام بھیجا اور پانچ سو درہم طلائی مہر قرار پایا۔ نکاح ہو گیا اس وقت آپ کی عمر ۴۰ برس اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک ۲۵ برس تھی۔ (صحابیات و عارفات مرتبہ محمد یونس قریشی و طالب ہاشمی صفحہ ۲۹) (سیرت حضرت خدیجۃ الکبریٰ از علامہ سیماب اکبر آبادی صفحہ ۲۲ تا ۲۳، صوفی بک ڈپو منڈی بہاؤ الدین۔ ضلع گجرات)

۹۔ روایات صحیح سے ثابت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد کسی نے حضرت سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو ہنستے نہیں دیکھا۔ ابھی چھ ماہ گزرے تھے کہ ایک شب آپ نے اباجان (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو خواب میں دیکھا کہ سرہانے کھڑے ادھر ادھر ملاحظہ فرما رہے ہیں جیسے کسی کا انتظار ہو۔ حضرت سیدہ کی نگاہ جیسے ہی آپؐ پر پڑی تو بیتاب ہو کر پکارا "یا ابتا این انت" (اباجان آپؐ کہاں ہیں) میں تو آپؐ کے فراق میں دل سوختہ و تن گداختہ ہو رہی ہوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا بیٹی میں یہاں تمہارا منتظر ہوں۔ ایام فراق گذر چکے اور

marfat.com
Marfat.com

وقت وصال قریب آگیا۔ کل قفس عنصری کو خیرباد کہہ کر عالم ارواح میں ہم سے آملو گی۔ اتنے میں آنکھ کھل گئی اور دوسرے دن آپ کا وصال ہو گیا۔ ۳ رمضان المبارک ۔عمر ۲۹ برس بمقام مدینہ طیبہ - انالله و انا الیہ راجعون (بخاری شریف) (اوراق غم از علامہ ابو الحسنات قادری صفحہ ۱۰۷) (رویائے صالحہ حصہ اول از محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ - صفحہ ۲۸)

آپ کے القاب زہرا' طاہرہ' مطہرہ' زاکیہ' بتول' راضیہ اور مرضیہ ہیں۔ علامہ شیخ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ آپ کا نام فاطمہ اس وجہ سے ہے کہ اللہ پاک نے آپ کو اور آپ سے محبت رکھنے والوں کو آتش دوزخ سے محفوظ کر دیا ہے۔ علامہ قسطلانیؒ نے مواہب لدنیہ میں فرمایا کہ فطم =(فطم) کے معنی لغت میں بچہ کو دودھ پینے سے روکنے کے ہیں گویا آپ لوگوں کو دوزخ کی آگ سے روکنے والی ہیں۔ بتول مشتق ہے بتل سے جس کے معنی قطع کرنے کے ہیں۔ منتہی الارب میں ہے کہ بتول بروزن صبور عورت و دوشیزہ کو کہتے ہیں۔ آپ ہمیشہ اپنی والدہ ماجدہ ام المومنین حضرت خدیجتہ الکبریٰؓ کے پاس بیٹھی رہتی تھیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کی یہ سادگی بہت پسند تھی۔ پس بتول (تارک الدنیا) کے معزز لقب سے یاد فرمائی جاتی تھیں۔ حضرت مریم علیہا السلام کا لقب بھی بتول تھا۔ چونکہ آپ صورت اور سیرت میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت مشابہ تھیں اس وجہ سے زاکیہ' راضیہ اور مرضیہ کے معزز القاب سے ممتاز ہوئیں۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے فرمایا کہ آپ میں زہرت اور جمال و کمال بدرجہ اتم تھا اس وجہ سے زہرا لقب پایا۔ خود پاکیزہ تھیں اور جو کوئی آپ کی صحبت میں چار دن گزار دیتا پاکیزہ ہو جاتا تھا۔ پس طاہرہ اور مطہرہ قرار پائیں۔

۱۰۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایام ہجرت میں خواب دیکھا کہ آسمان سے ایک چاند مکہ مکرمہ میں اترا جس کی وجہ سے پورا مکہ مکرمہ روشن ہو گیا پھر وہ چاند آسمان کی طرف چڑھا اور مدینہ طیبہ میں جا اترا جس کی وجہ سے مدینہ منورہ کی ساری زمین منور ہو گئی۔ یہ طویل خواب ہے جو کتب احادیث میں موجود ہے اسی میں آخر میں ہے کہ پھر وہ چاند ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے

marfat.com
Marfat.com

گھر میں گیا۔ آپ کے مکان کی زمیں شق ہو گئی جس میں وہ چاند پوشیدہ ہو گیا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو فن تعبیر سے مناسبت تھی۔ اسی خواب سے آپ نے مدینہ منورہ کی ہجرت اور آخر میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت عائشہؓ کے مکان میں دفن ہونا سمجھ لیا تھا۔ (فضائل حج صفحہ ۸) (خمیس)

۱۱۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام قبول کرنے کا قصہ یوں ہے کہ ایک مرتبہ آپ نے بہ نیت تجارت شام کا سفر کیا۔ وہاں پہنچے تو خواب دیکھا کہ آسمان سے بام کعبہ پر ایک نور گرا پھر وہ نور اہل مکہ کے گھر میں جانے لگا آپ کے گھر جب وہ آنے لگا تو آپ نے دروازہ بند کر لیا اور آنکھ کھل گئی۔ بحیرہ راہب نے آپ کو اس خواب کی تعبیر یہ بتائی کہ "یہ خواب مبارک ہے تمہارے ملک میں ایک رسول تشریف لائیں گے' زندگی میں تم ان کے وزیر اور بعداز وصال ان کے جانشین بنو گے"۔ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کو تبلیغ اسلام فرمائی تو حضرت صدیق اکبرؓ نے آپؐ سے نبی ہونے کا ثبوت طلب فرمایا۔ آپؐ نے فرمایا بحیرہ راہب سے تم نے جو خواب دیکھ کر جواب لیا تھا میں اس کی تعبیر ہوں۔ حضرت صدیق اکبرؓ یہ جواب سنتے ہی مسلمان ہو گئے۔ جبھی تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میں نے جس کسی کو اسلام کی طرف بلایا اس نے کچھ نہ کچھ تردد کر کے اسلام قبول کیا مگر صدیق اکبر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے فی الفور تصدیق کی اور مشرف بہ اسلام ہو گئے۔ (خیر الموانس جلد دوم صفحہ ۳۰۳) (ریاض النضرہ) (اوراق غم صفحہ ۱۲۱' مکتبہ نعیمیہ۔ چوک دالگراں۔ لاہور)

۱۲۔ امام مستغفریؒ نے اپنی سند سے حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے وصیت فرمائی تھی کہ تجہیز و تکفین کے بعد میرا جنازہ حجرۂ مبارک (علی صاحبہا الف الف صلوۃ و الف الف سلام) کے پاس لے جانا اور آستانہ اقدس پر پہنچ کر یوں عرض کرنا "السلام علیکم یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ آپؐ کا رفیق ابوبکر حاضر ہے"۔ اگر شرف باریابی حاصل ہو اور باب کرم وا ہو جائے تو حجرۂ مبارک کے اندر سپرد خاک کر دینا ورنہ بصورت دیگر جنت البقیع میں

marfat.com
Marfat.com

دفن کرنے کا اہتمام کرنا"۔

روایت ہے کہ اس وصیت کے مطابق عمل در آمد کیا گیا تو ابھی الفاظ ادا بھی نہ ہونے پائے تھے کہ دروازہ کھل گیا اور کانوں میں یہ آواز آئی کہ ان کو داخل کر دو اور ان کی بزرگی کی وجہ سے ان کو یہاں دفن کر دو۔ اس وقت کوئی اور شخص اور کوئی اور چیز حجرۂ شریف کے اندر نہ دیکھی گئی۔ (نفحات الانس از حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی نقشبندی)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابوبکر صدیقؓ کے وصال کا وقت قریب آیا تو مجھے سرہانے بٹھا کر فرمایا کہ جن ہاتھوں سے تم نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دیا تھا انہی ہاتھوں سے مجھے غسل دینا اور خوشبو لگانا اور مجھے اس حجرہ کے قریب لے جا کر جہاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک ہے اجازت مانگ لینا اگر اجازت مل جائے اور دروازہ کھل جائے تو مجھے وہیں دفن کر دینا ورنہ مسلمانوں کے عام قبرستان (جنت البقیع) میں دفن کرنا۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ جنازہ کی تیاری کے بعد سب سے پہلے میں آگے بڑھا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ ابوبکرؓ یہاں دفن ہونے کی اجازت طلب کرتے ہیں تو میں نے دیکھا کہ یکدم حجرہ کا دروازہ کھل گیا اور ایک آواز آئی کہ دوست کو دوست کے پاس پہنچا دو۔ حضرت علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے خصائص کبریٰ میں ان دونوں واقعات کا ذکر کیا ہے۔ محدثانہ حیثیت سے اس روایت کو منکر بتایا ہے لیکن تاریخی حیثیت تو بہرحال باقی ہے۔ (فضائل حج صفحہ ۳۳۶ تا ۳۳۷) (نفحات الانس) (اقوال الشریفہ صفحہ ۱۹۱) حضرت صدیق اکبرؓ کا وصال ۱۳ھ میں ہوا تھا۔

۱۳۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا ایک ترازو آسمان سے اتری ہے۔ اس ترازو میں آپؐ کو اور ابوبکرؓ کو تولا گیا تو آپؐ کا وزن زیادہ رہا۔ پھر ابوبکرؓ اور عمرؓ کو تولا گیا تو ابوبکرؓ کا وزن زیادہ رہا۔ پھر عمرؓ اور عثمانؓ کو تولا گیا تو عمرؓ کا وزن زیادہ رہا۔ پھر ترازو کو اٹھا لیا گیا۔ اس خواب کو سن کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غمگین ہو گئے۔ پھر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ

marfat.com
Marfat.com

تو نے جو دیکھا ہے وہ خلافت نبوت ہے یعنی عمر تک خلافت نبوت ہے اس کے بعد اللہ تعالیٰ جس کو چاہے گا عطا فرمائے گا۔ (ترمذی شریف)

۱۴۔ ازالۃ الخفاء میں سنن ابوداؤد سے منقول ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آج کی رات ایک مرد صالح نے خواب میں دیکھا کہ مجھ کو ابوبکر پکڑے ہوئے ہیں اور ان کے ساتھ عمر اور ان کے ساتھ عثمان معلق ہیں۔ صحابہ اکرامؓ نے تعبیر دی کہ یہ حضرات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد اوالامر ہوں گے۔

۱۵ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد ایک دن سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ روضہ اقدس پر حاضر ہوئے اور اس قدر روئے کہ بے حال ہو گئے۔ اسی حالت میں نیند آگئی۔ جب سو گئے تو سیدنا عمر فاروقؓ سمجھے کہ شاید بحالت خواب آپ کچھ بڑبڑا رہے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے حضرت ابوبکرؓ کو جگا دیا۔ بیدار ہو کر فرمایا میں اس وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور عرش کے نیچے تھا اور آپؐ جناب باری میں تضرع عرض کر رہے تھے کہ میری امت کو بخش دے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپؐ اس قدر پریشان نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپؐ کی مراد بر لائے گا۔ یکایک ندا آئی ہم نے بخشا، ہم نے بخشا۔ اتنے میں آپ نے مجھے جگا دیا۔ اب یہ نہیں معلوم کہ کس قدر امت بخشی گئی۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے ابھی یہ بات ختم نہ کی تھی کہ روضہ اقدس سے آواز آئی "سب بخش دیئے گئے" (التحفۃ المرضیہ) (مراد یہ ہے کہ جو طریقہ نبویہؐ پر چلے گا بخشا جائے گا۔ یہ بھی مراد لی جا سکتی ہے کہ انجام کار پوری امت محمدیہ نجات پا کر جنت میں داخل ہو جائے گی اگرچہ بعض گنہگاران امت پہلے سزا کے طور پر عذاب میں مبتلا کیے جائیں گے۔)

۱۶۔ امیر المومنین سیدنا ابوبکر صدیقؓ جب مرض الموت میں مبتلا ہوئے تو اپنے بعد خلیفہ مقرر کرنے میں بہت متفکر تھے۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو سفید کپڑے پہنے ہوئے تشریف لائے۔ یکایک وہ

marfat.com
Marfat.com

دونوں کپڑے سبز ہو گئے اور ایسی چمک پیدا ہوئی کہ دیکھنے والوں کی آنکھیں خیرہ ہوں۔ بعد سلام و مصافحہ اپنا دست مبارک حضرت صدیق اکبرؓ کے سینہ پر رکھا جس سے ان کے دل میں جو فکر اور گھبراہٹ تھی رفع ہو گئی۔ بعدہ آپؐ نے فرمایا اے ابابکرؓ تیری ملاقات کا بہت شوق ہے۔ عنقریب تو ہمارے پاس آنے والا ہے۔ حضرت صدیق اکبرؓ جب اس خواب سے مشرف ہوئے تو اس خواب میں آپؐ کی جدائی پر زور سے روئے یہاں تک کہ رونے کی آواز تمام اہل خانہ نے سنی۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے عرض کیا مجھے بھی آپؐ کی ملاقات کا بے حد شوق ہے۔ آپؐ نے فرمایا اے ابابکرؓ تھوڑی دیر بعد ایسا وصال ہو گا کہ پھر جدائی نہ ہو گی۔ اے ابوبکرؓ اللہ نے تجھے اختیار دے دیا ہے تو جسے چاہے خلیفہ مقرر کر دے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) آپؐ ہی منتخب فرما دیجئے۔ ارشاد عالی ہوا کہ عمر فاروقؓ کو اپنا خلیفہ مقرر کر کہ اہل آسمان و زمین میں وہ پاکیزہ ترین انسان ہیں۔ (شواہد النبوۃ للجامی) (آسمانی سفرنامہ از شبیر حسن چشتی نظامی۔ صفحہ ۱۵۲ دہلی)

۱۷۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اسلام لانے سے تین شب قبل یہ خواب دیکھا کہ سخت تاریکی کی وجہ سے مجھے کوئی چیز نظر نہیں آ رہی۔ اچانک ایک نور ظاہر ہوا اور میں اس کے پیچھے ہو لیا۔ دیکھا کہ زید بن حارثؓ علیؓ اور ابوبکرؓ مجھ سے پہلے اس نور کی طرف سبقت کر چکے ہیں۔ اس کے بعد میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت گرامی میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپؐ کس چیز کی دعوت دیتے ہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اپنے رسول ہونے کی شہادت کی طرف بلاتا ہوں۔ میں نے یہ سن کر **اشھد ان لا الٰہ الا اللہ و اشھد ان محمد رسول اللہ** کہا (خصائص کبریٰ جلد اول صفحہ ۱۲۲) (سیرۃ المصطفیٰؐ حصہ اول صفحہ ۱۲۰ از شیخ التفسیر و الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ)

۱۸۔ ام المومنین حضرت سودہؓ بنت ربیعہ نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آپ کی طرف تشریف لائے اور اپنا پائے مبارک آپ کی گردن پر رکھا۔ بیدار ہو کر اپنا خواب اپنے شوہر سکران کو سنایا۔ سکران نے کہا اگر تو

marfat.com
Marfat.com

سچ کہتی ہے تو میں مر جاؤں گا اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تیرے ساتھ نکاح کریں گے۔ اس کے بعد پھر خواب دیکھا کہ آپ دو تکیوں کے سہارے لیٹی ہیں کہ آسمان پھٹا اور چاند آپ پر آگرا' اس خواب کو بھی سکران سے بیان کیا۔ سکران نے جواب دیا میں جلد مر جاؤں گا اور تو دوسرا شوہر کرے گی۔ اس کے بعد سکران بیمار ہوا اور چند دن بعد مر گیا اور بعد کو حضرت سودہؓ کا نکاح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہو گیا۔ حضرت سودہؓ کا وصال ۱۹ھ میں ہوا۔ (جواہر فریدی مصنفہ حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ صفحہ ۴۱ تا ۴۲)

۱۹ ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ بنت ابو سفیانؓ کا پہلا شوہر عبیداللہ بن جحش بن رباب تھا۔ جب عبیداللہ مسلمان ہو کر حبش ہجرت کر گیا تو حضرت ام حبیبہؓ نے خواب میں دیکھا کہ میرا شوہر عبیداللہ نہایت قبیح صورت میں ہے۔ صبح ہوئی تو عبیداللہ نے کہا اے ام حبیبہؓ میں نے ہر اک دین کو بہ نظر غائر دیکھا اور نصرانی دین کے علاوہ مجھے کوئی بھلا معلوم نہیں ہوا۔ پہلے میں نصرانی (عیسائی) تھا مگر ایک مصلحت کی بنا پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین میں داخل ہو گیا تھا۔ حضرت ام حبیبہؓ نے بہت سمجھایا کہ تو سخت غلطی پر ہے۔ دین جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لائے ہیں وہی سچا اور آسمانی دین ہے۔ رات کا خواب بھی سنایا مگر وہ مرتد ہو گیا اور نصرانیت اختیار کر لی۔ اب ہر وقت شراب پیتا اور شراب پیتے پیتے ہی مر گیا۔ اس کے بعد ام حبیبہؓ نے ایک اور خواب دیکھا کہ کوئی شخص آپ کو ام المومنین کہہ کر پکار رہا ہے۔ آپ نے اس کی تعبیر اپنے چچا سے دریافت کی۔ انہوں نے کہا تم حضرت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے نکاح میں آکر ازواج مطہراتؓ کی سلک میں داخل ہو گی۔ چنانچہ بعد عدت بادشاہ نجاشی کی لونڈی ابرھہ آپ کے پاس آئی اور بادشاہ کا پیغام دیا کہ حضرت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے مجھے تحریر فرمایا ہے کہ میں آپ کا نکاح حضرت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے کر دوں۔ پس یہ نکاح ہو گیا۔ آپ کا وصال ۴۸ھ میں ہوا۔ (خیر المونس جلد دوم صفحہ ۲۹۱) (رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی از ڈاکٹر محمد حمید اللہ ایم اے' پی ایچ ڈی' ڈی فل' ڈی لٹ صفحہ ۸۰) (از اردو ترجمہ جواہر فریدی) (صحابیات از مولانا نیاز محمد خاں نیاز فتح پوری صفحہ ۸۰)

marfat.com
Marfat.com

۲۰۔ ام المومنین حضرت جویریہؓ حرث بن ضرار کی بیٹی تھی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آزاد کر کے آپ کو اپنے نکاح میں لے لیا تھا۔ فرماتی ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تشریف لانے سے تین روز قبل میں نے خواب دیکھا کہ یثرب سے چل کر چاند میری گود میں آگرا۔ میں نے یہ خواب کسی کو نہ بتایا یہاں تک کہ خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے آئے۔ جب ہم قید ہو گئے تو مجھ کو اپنے خواب پورا ہونے کی امید ہو گئی تھی۔ (البصائر العظمیٰ صفحہ ۱۸۷ یعنی تفسیر سورہ والضحیٰ از مولانا محمد عتیق فرنگی محلی۔ ۱۳۷۹ھ ادارہ اشاعت القران والسنہ۔ ٹیکسال چوک۔ لکھنؤ) (ترجمان السنہ حصہ سوم از حضرت مولانا بدر عالم میرٹھی ثم مدنیؒ صفحہ ۳۲۰)

۲۱۔ ام المومنین حضرت صفیہؓ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے آئیں تو آپؐ نے دیکھا کہ ان کے رخسار پر چانٹے کا نشان ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ کیسا نشان ہے؟ فرمایا میں نے دیکھا کہ آسمان سے ٹوٹ کر چاند میری گود میں آگرا ہے۔ اس خواب کو میں نے اپنے والد حی بن اخطب سے بیان کیا۔ یہ خواب سنتے ہی وہ سخت غصہ ہوا اور میرے رخسار پر طمانچہ مارا اور کہنے لگا تو اپنی گردن یہاں تک اونچی کرے گی کہ ملکہ عرب بن کر دنیا میں مشہور ہو گی اور اس کی تعبیر سوائے اس کے کچھ نہیں کہ تو حجاز کے بادشاہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے پاس جانا چاہتی ہے (اس خواب کے سلسلہ میں مصنفین یورپ نے آپ کے باپ کی جگہ آپ کے پہلے شوہر کنانہ بن ربیع کا نام لکھا ہے جو غلط ہے کیونکہ کنانہ آپ کا دوسرا شوہر تھا۔ ویسے بھی کوئی مستند تاریخی کتاب اس خواب سے کنانہ کا تعلق ظاہر نہیں کرتی (امہات الامہؓ از شمس العلماء خان بہادر ڈاکٹر حافظ ڈپٹی نذیر احمد قدس سرہ ایل ایل ڈی، ڈی او ایل)

ابو حاتم ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ام المومنین حضرت صفیہؓ کی ایک آنکھ میں کچھ سبز داغ تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وجہ دریافت فرمائی تو آپ نے عرض کیا کہ میں ایک دن سو رہی تھی خواب میں دیکھا کہ ایک نہایت منور

marfat.com
Marfat.com

چاند میری گود میں ہے جس کی شعاعیں میری آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچا رہی ہیں۔ میں نے اپنے خاوند سے یہ خواب بیان کیا۔ سنتے ہی اس نے زور سے میرے چانٹا مارا اور کہا کیا تو ملک یثرب کی متمنی ہے۔ یہ داغ اسی کا اثر ہے۔ ۷ھ میں آپ نکاح میں آئیں۔ اس مواصلت میں یہ حکمت تھی کہ یہودی جو مسلمانوں سے کشیدہ اور برسر شرارت تھے اس تعلق سے ان کی منافرت دور ہو گئی (وتحفہ الاسلامیہ از محمد فتح الدین از بر صفحہ ۱۸۱) (خیر الموانس جلد دوم صفحہ ۲۹۸)

ام المومنین حضرت صفیہؓ نے خواب دیکھا کہ چاند اور سورج دونوں آپ کی گود میں آگرے۔ صبح اپنے شوہر سعید خیبر کو اس خواب سے آگاہ کیا جس پر اس نے آپ کے منہ پر طمانچہ مارا اور کہا اگر یہ خواب سچ ہے تو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) خیبر کو فتح کر کے تجھے اپنی زوجہ بنا لیں گے۔ دوسرے ہی دن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لشکر نے خیبر فتح کر لیا۔ حضرت صفیہؓ آپؐ کی خدمت میں پیش کی گئیں۔ آپؐ نے دریافت فرمایا کہ چہرہ پر یہ نیل کیسا ہے۔ اس پر انہوں نے خواب بیان کیا اور یوں تعبیر خواب پوری ہوئی۔ آپؓ کا وصال ۲۳ھ میں ہوا۔ (کامل التعبیر از ابوالفضل حسین ابن ابراہیم محمد تفلیسی ترجمہ مولانا شمس الدین شائق ایزدی صفحہ ۱۹)

یہ اور اس قسم کے دوسرے کئی سمبولک (Symbolic) خواب ہیں جن میں علامت' نشان' اشارہ یا رمز کے ذریعہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات گرامی کا اظہار کیا گیا ہے۔

۲۲۔ ایک شب حضرت بلالؓ نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے ہیں "اے بلال یہ خشک زندگی کب تک؟ کیا ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ تم میری زیارت کے لئے آؤ"۔ یہ خواب دیکھتے ہی سیدنا بلالؓ کی عجیب حالت ہو گئی۔ صبح ہی ملک شام سے جہاں خلیفہ دوم حضرت فاروق اعظمؓ کے زمانہ میں شادی کر کے مستقل سکونت اختیار کر چکے تھے مدینہ طیبہ کے لئے روانہ ہو گئے ۔

منہ اٹھا کر چل دیئے سیدھے مدینہ کی طرف
ہم سے یہ دیوانہ پن میں خوب دانائی ہوئی

marfat.com
Marfat.com

مدینہ طیبہ پہنچ کر مزار مبارک پر حاضر ہوئے اور تربت مقدس پر سر رکھ کر زار زار رونے لگے۔ حضرات حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے اصرار پر مسجد نبوی (علی صاحبہا الف الف صلوۃ و الف الف سلام) میں اس جگہ کھڑے ہوئے جہاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں کھڑے ہوتے تھے اور اذان شروع کی۔ جوں ہی اللہ اکبر' اللہ اکبر کہا اہل مدینہ میں ایک شور برپا ہو گیا' جب اشھد ان لا الہ الا اللہ کہا تو یوں محسوس ہوا کہ مدینہ منورہ جنبش میں آگیا۔ لوگوں کا گریہ شدید تر ہو گیا اور جب فرمایا اشھد ان محمد رسول اللہ تو گویا قیامت بپا ہو گئی۔ مدینہ طیبہ میں کوئی مرد' عورت' چھوٹا' بڑا ایسا نہ تھا جو گریہ و زاری نہ کر رہا ہو۔ گویا یوم وصال حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یاد تازہ ہو گئی اور فرط غم سے اذان مکمل کئے بغیر حضرت بلالؓ نیچے تشریف لے آئے (سیرۃ بلالؓ از مولوی وجاہت حسین صفحہ ۸۸) (محبوب القلوب صفحہ ۳۳۶ تا ۳۳۸) (فضائل حج صفحہ ۱۷۴)

حضرت بلالؓ نے ایک شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی۔ ایک روایت میں آپؐ کے ارشاد گرامی کے یہ الفاظ بتائے گئے ہیں "بلال تم نے مجھ پر زیادتی کی' میری ہمسائیگی کو ترک کر دیا۔ اب تم میری زیارت کو حاضر ہو" (بلالؓ از مورخ اسلام مولانا آغا رفیق بلند شہری صفحہ ۹۲)

موذن اول حضرت بلالؓ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس درجہ محبت تھی کہ آپؓ کی طبیعت نے گوارا نہ کیا کہ وہ آواز جو خاص آپؐ کے لئے بلند ہوتی تھی اور جسے سن کر آپؐ نماز کے لئے مسجد تشریف لاتے تھے آپؐ کے وصال کے بعد کوئی دوسرا اسے سنے۔ مدینہ منورہ اور شام کے دوران قیام کئی بار لوگوں نے آپ سے اذان دینے کو کہا مگر آپ نے ہر مرتبہ انکار کر دیا۔ حضرت فاروق اعظمؓ جب دمشق تشریف لے گئے تو آپ نے لشکر کی شدید خواہش کے پیش نظر حضرت بلالؓ سے فجر کی اذان دینے کی خواہش ظاہر کی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد یہ آپ کی پہلی اور آخری اذان تھی۔ حضرت عمرؓ اور آپ کے ساتھی پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے۔ سب کی ڈاڑھیاں آنسوؤں سے تر ہو چکی تھیں۔ سچ ہے

marfat.com
Marfat.com

ع ملا کی اذاں اور ہے مجاہد کی اذاں اور

کاش اس زمانے میں کوئی ایسا آلہ ہوتا جس سے حضرت بلالؓ کی اذان محفوظ کی جا سکتی تو اس دور کا انسان بھی وہ دل کی گہرائیوں سے نکلے ہوئے نغمات سن سکتا۔ یہ طے شدہ امر ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر آج تک تمام انسانوں کی آواز کا ہر ہر لفظ فضا میں موجود ہے۔ عین ممکن ہے کل کوئی ایسا آلہ ایجاد ہو جائے جس سے حضرت بلالؓ کی آواز جو فضائے بسیط میں موجود ہے ریکارڈ کی جا سکے۔

دمشق کے جنوب میں "مقبرہ باب الصغیر" کا مقدس قبرستان واقع ہے جس میں صحابہ اکرامؓ، تابعینؒ، تبع تابعینؒ، علماؒ، حکماؒ، آئمہؒ، اولیاؒ اور مقبولان الٰہی کے اس قدر مزارات ہیں کہ شمار میں نہیں آسکتے۔ ان میں چند یہ ہیں، موذن اول اور جلیل القدر صحابی سیدنا بلالؓ ۱۹ھ میں وصال ہوا۔ روضہ بلالؓ کی ۶۲۵ھ میں تجدید ہوئی تھی جس کا کتبہ دروازہ پر لگا ہے۔ آپ کا روضہ انور الستجابت دعا کے لئے بہت مشہور ہے۔ مشہور صحابی سیدنا ابو الدرداؓ جو حضرت بلالؓ کے خسر بھی تھے اسی مقبرہ میں مدفون ہیں۔ یہیں حضرت سعید بن خالد بن ولیدؓ کا مزار ہے اور اسی جگہ سیدنا امیر معاویہؓ مدفون ہیں۔

۲۳۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں ناراض دیکھا۔ عرض کیا! یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) مجھ سے کیا قصور سرزد ہوگیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ کیا تجھ سے یہ نہیں ہو سکتا کہ بحالت روزہ اپنی اہلیہ کو بوسہ نہ دے۔ اگرچہ یہ امر حرام نہیں لیکن اس کے بعد حضرت عمر فاروقؓ نے تا زیست پھر کبھی ایسا نہ کیا۔ (کیمیائے سعادت از حضرت امام غزالیؒ صفحہ ۲۴۸، ملک دین محمد اینڈ سنز لاہور)

۲۴۔ حکیم السند حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کتاب "ازالتہ الخفاعن خلافتہ الخلفا" میں تحریر فرماتے ہیں۔ امیر المومنین حضرت عمرؓ بن الخطاب کے زمانہ خلافت میں ایک بار بارش کی کمی ہوئی۔ اس سال آپ جہاد کے لئے لشکر اسلام آراستہ کرنے اور فوج کی روانگی میں مشغول تھے۔ نماز استسقاء ادا کرنے کا آپ کو

marfat.com
Marfat.com

مطلق خیال نہ آیا۔ اس دوران ایک صحابی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مزار پرانوار کی زیارت کے لئے حاضر ہوئے اور صلوۃ و سلام عرض کر کے وہیں سو گئے۔ ان صحابی نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مزار مبارک سے باہر تشریف لائے اور فرمایا کہ جاؤ عمرؓ سے کہا کہ صلوۃ استسقاء ادا کرو کیونکہ بندگان خدا کی حالت تنگ ہو گئی ہے۔ خوشی سے ان صحابی کی آنکھ کھل گئی اور حضرت عمر فاروقؓ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا خواب بیان کیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیام سن کر حضرت عمرؓ روئے اور دوسرے دن نماز استسقاء ادا کی اور بارش کے لئے بارگاہ الٰہی میں نہایت عاجزی سے ہاتھ پھیلائے۔ فوراً" ابر ظاہر ہوا اور جل تھل ایک ہو گئے بارش موقوف ہونے پر ہر طرف سے لوگ مدینہ طیبہ آئے۔ ان میں سے ایک نے بیان کیا کہ فلاں فلاں ساعت میں اپنے کھیت میں کھڑا تھا کہ یک بیک ابر کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا آسمان پر ظاہر ہوا اور تیزی سے بڑھنے لگا۔ یکایک اس ابر میں سے آواز آئی کہ اے ابر چل اور بارش برسا کیونکہ فریاد عمرؓ آسمان پر پہنچ گئی۔ اس بیان کو مطابق کیا گیا تو خاص وہی وقت تھا جب کہ امیر المومنین حضرت عمرؓ منبر پر کھڑے بارش کے لئے دعا کر رہے تھے۔ سبحان اللہ وبحمدہ'۔ بندہ مومن جب دعا کرتا ہے تو اسی وقت اللہ تعالیٰ اس کو مقبولیت کا جامہ پہنا دیتا ہے۔
(معراج المومنین صفحہ ۱۱۱ تا ۱۱۲) (محبوب القلوب صفحہ ۳۴۸) (وفاء الوفا)

حضرت عمر فاروقؓ کے عہد میں فتوحات ہوئیں۔ بعد میں سخت قحط پڑا' چاروں طرف سے لوگ مدینہ شریف آ گئے۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے انتظام شروع کیا اور دعا کی کہ یہ لوگ مرنے نہ پائیں۔ زبردست انتظام تھا۔ حضرت عمروؓ بن العاص کو مصر لکھا کہ جلدی سے غلہ بھیجو۔ جواب دیا کہ کھانے پینے کا سامان لاد کر اونٹوں کا اتنا بڑا قافلہ بھیجوں گا جس کا ایک اونٹ مدینہ طیبہ اور آخری اونٹ مصر میں ہو گا۔ چنانچہ غلہ آیا اس وقت چالیس پچاس ہزار آدمی تو صرف حضرت فاروق اعظمؓ کے دستر خوان پر روزانہ کھانا کھاتے تھے۔ دیہات میں اگر ایک گھر بھی ہوتا تو کھانا وہاں بھی بھیجا جاتا تھا۔ نہایت لمبے چوڑے انتظام کے باوجود قحط بڑھتا ہی جاتا تھا۔ اسی زمانہ میں حضرت بلالؓ بن الحارث مزنی کے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا۔ انہوں نے ایک بکری ذبح کی تو اس

marfat.com
Marfat.com

میں سوائے ہڈی' خون اور کھال کے کچھ نہ نکلا۔ یہ دیکھ کر ان کی چیخ نکل گئی اور کہا "واہ محمداہ" (ہائے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)۔ آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے۔ سوئے تو حضرت رسول اللہ صلی علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ عمرؓ سے میرا سلام کہو اور کہو کہ تو تو عقلمند تھا کیا ہوا؟ آنکھ کھلی تو عمرؓ کے دروازہ پر جاکر عرض کیا "یا امیرالمومنین اجیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" (یعنی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیغام لانے والے کو جواب دیں)۔ حضرت عمرؓ دروازے کی طرف دوڑے۔ ان کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ یاد آگیا۔ خواب سن کر لرز گئے۔ روئے اور فرمایا کہ کیا میری زندگی میں فرق آگیا مگر یا الٰہی حتی المقدور میں کوتاہی نہیں کرتا۔ سارے مدینہ منورہ کے لوگوں کو جمع کر کے دریافت کیا کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ کی زندگی سے بدلا تو نہیں۔ سب نے یک زبان ہو کر عرض کیا نہیں۔ فرمایا کہ یہ شخص کیا کہتا ہے؟ خواب سنا تو سب نے جان لیا صرف حضرت عمرؓ نے نہ سمجھا۔ مطلب یہ تھا کہ جب تمہاری نماز اور دعا مقبول ہے تو محض انتظام کے چکر میں کیوں پڑے ہو دعا کیوں نہیں مانگتے؟ حضرت عمرؓ نے وہیں بارش کی دعا مانگی۔ قحط دور ہونے کی دعا مانگی' مختصر سی دعا تھی۔ منہ پر ہاتھ پھیرنے سے پہلے بارش شروع ہو گئی۔ جانوروں میں جان پڑنے لگی۔ دیہاتیوں نے کہا چاروں طرف بادلوں سے آواز آ رہی ہے "اے عمرؓ تو نے بارش مانگی آ گئی"۔ علامہ شہاب خفاجی مصریؒ "نسیم الریاض" شرح "شفاء" امام قاضی عیاضؒ میں فرماتے ہیں کہ یہ قحط ۱۸ھ میں ہوا۔ اس کا نام "قحط عام الرمادہ" ہے۔ حضرت فاروق اعظمؓ کی شہادت کا واقعہ ۲۵ھ میں پیش آیا۔ ("آخری تقریر" از حضرت اقدس مولانا شاہ محمد یوسف نور اللہ مرقدہ۔ ملک برادرز۔ اردو بازار۔ لاہور صفحہ ۸ تا ۹)

(حضرت رحمتہ اللہ علیہ نے یہ آخری تقریر ۲۹ ذیقعد ۱۳۸۴ھ مطابق یکم اپریل ۱۹۶۵ء شب جمعہ بعد نماز مغرب مسجد بلال پارک لاہور میں کی تھی۔ دوسرے دن بعد نماز جمعہ آپ کا وصال ہو گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ حضرت شاہ صاحب تبلیغی جماعت کے سربراہ اور بانی تبلیغی جماعت حضرت شاہ محمد الیاس کاندھلوی قدس سرہ کے صاحبزادے تھے)

marfat.com
Marfat.com

۲۵- امیر المومنین سیدنا حضرت فاروق اعظمؓ کے فرزند ابو شحمہؓ جن کا نام عبدالرحمٰن الاوسطؓ تھا کی وفات کے چالیس روز بعد حضرت حذیفہؓ بن یمان حضرت فاروق اعظمؓ کے پاس تشریف لائے اور عرض کیا کہ گزشتہ شب میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ ابو شحمہؓ بھی آپؐ کے ہمراہ تھے اور سبز رنگ کا لباس پہنے ہوئے تھے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا "اے حذیفہ! عمر سے میرا سلام کہنا' واقعی اس نے قرآن مجید پڑھا اور اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعمیل کا حق ادا کر دیا"۔ سیدنا فاروق اعظمؓ کی آنکھوں سے یہ سن کر آنسو بہہ نکلے۔ حضرت حذیفہؓ نے مزید فرمایا "ابو شحمہؓ نے آپؐ کو سلام کہا ہے اور کہا ہے کہ میرے والد کو میرا یہ پیام دینا کہ آپ نے حد جاری کر کے مجھے گناہوں سے پاک کر دیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے (ابو شحمہؓ نے ایک بار نبیذ (کھجور کا شربت) پیا جو حلال تھا اور جس کا عام رواج تھا مگر دھوپ میں رہ جانے سے اس میں خمیر پیدا ہو چکا تھا جس سے ہلکا سا خمار پیدا ہو گیا تھا مگر یہ بات بھی پرہیزگاری کے خلاف تھی پس آپ نے محض اللہ کے ڈر سے اپنے آپ کو قانون کے حوالہ کر دیا تھا۔ حضرت فاروق اعظم کو علم ہوا۔ آپ نے یہ لحاظ کئے بغیر کہ یہ میرا بیٹا ہے شرعی سزا کا حکم سنا دیا۔ بقول علامہ طنطاوی ابو شحمہؓ دروں کی سزا پا کر صدمہ سے ایک ماہ بعد وفات پا گئے تھے) (یہ تھے فاروق اعظمؓ از مولانا نور احمد خاں فریدی' صفحہ ۱۸ تا ۲۱ مطبوعہ ہفت روزہ چٹان لاہور)

۲۶- حضرت اویس قرنیؓ نے گو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ پایا لیکن ضعیف' نابینا اور بے حد کمزور ماں کی خدمت کے باعث ظاہری طور پر آپؐ کی قدم بوسی نہ کر سکے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو روحانیت کے طریق پر آپ سے بے حد محبت تھی۔ کئی بار ارشاد فرمایا کہ مجھ کو یمن کی طرف سے پاک محبت اور سچے عشق کی بو آتی ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا میری امت میں ایک ایسا شخص ہے جس کی شفاعت سے قیامت کے دن اتنے گنہگار بخشے جائیں گے جتنی قبیلہ ربیعہ اور معزہ کی بکریوں کے بال ہیں۔ ان دو قبیلوں کے اندر عرب میں

marfat.com
Marfat.com

سب سے زیادہ بکریاں تھیں۔ آپ کا لقب "سید التابعین" ہے۔ روایت میں آپ کی بابت آیا ہے کہ اگر وہ کسی بات کی قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ اسے پورا فرما دے گا۔ ایک حدیث کے مطابق ہے کہ جو کوئی حضرت اویس قرنیؓ سے ملے اپنے لئے مغفرت کی دعا کرائے۔ اونٹ چرا کر گذر بسر کرتے تھے۔ جب آپ نے حج بیت اللہ کر کے مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوۃ" و سلاما") میں حاضری دی تو کسی نے اشارہ سے بتایا کہ یہ ہے قبر اطہر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تو بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ جب غشی سے افاقہ ہوا تو فرمایا مجھے لے چلو مجھے اس شہر میں چین نہیں ہے جس میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدفون ہیں (اتحاف) (دلستان اویسیہ المعروف بہ فیوضات عبدیہ) (فضائل حج صفحہ ۲۸۶ از شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا کاندھلوی ثم مہاجر مدنیؒ)

بغیر کسی ظاہری پیر یا استاد کے کسی روح کو کسی کامل روح سے استفادہ کی اہلیت و طاقت عطا فرمائے اور روحانی ربط سے روحانی مدارج میں ترقی عطا فرمائے تو ایسے انسان کو اصطلاح عرفا میں "اویسی مشرب" کہتے ہیں (مینائے مصطفائی دور اول از اعلیٰ حضرت خواجہ مصطفیٰ صبغت اللہ شاہ ایرانی صفحہ ۲۹۷، ادارۃ المصطفیٰ گنج بخش شاہ پیر حیدر آباد سندھ) حضرت اویس قرنیؓ کا وصال ۳۳ھ میں ہوا۔

۲۷۔ حضرت عبداللہؓ بن مسعود کا سن مبارک ۶۰ برس سے تجاوز کر چکا تھا تو ایک شخص نے حاضر ہو کر عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ مجھے آپ کی آخری زیارت سے محروم نہ فرمائے۔ میں نے گزشتہ رات خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک بلند منبر پر تشریف فرما ہیں اور آپ سامنے حاضر ہیں۔ اسی حالت میں ارشاد ہوا "ابن مسعود میرے بعد تمہیں بہت تکالیف دی گئیں آؤ میرے پاس چلے آؤ"۔ فرمایا اللہ کی قسم تم نے یہ خواب دیکھا ہے؟ بولا جی ہاں۔ فرمایا "شاید تم میرے جنازے میں شریک ہو کر مدینہ منورہ سے کہیں جاؤ گے"۔ یہ خواب واقعہ بن کر پیش آیا۔ چند روز بعد ہی آپ اس طرح بیمار ہوئے کہ جانبر نہ ہو سکے اور انتقال فرمایا۔ اناللہ و انا الیہ راجعون۔ آپ کا وصال مدینہ شریف میں ۳۹ھ میں ہوا (سیرۃ الصحابہؓ (مہاجرین) حصہ اول از مولوی حاجی معین الدین ندوی صفحہ ۷۳)

marfat.com
Marfat.com

۲۸۔ یار غار، رفیق جانثار، صدیق المہاجرین حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد خلافت میں ایک نوجوان لڑکے کا انتقال ہو گیا۔ لوگ اس کا جنازہ لے کر چلے۔ راستہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی شریک ہو گئے۔ بعد فراغت جب لوگ واپس جانے لگے تو اس کی ماں نوحہ کرنے لگی اور حضرت علیؓ کے قدموں پر گر پڑی کہ میں نے اپنے لڑکے کا منہ نہیں دیکھا مجھ کو اس کا منہ دکھا دیجئے۔ ہرچند آپ نے منع فرمایا مگر وہ عورت باز نہ آئی۔ آپ نے حاضرین کو اجازت دے دی کہ قبر کو کھول کر اس کو اس کے لڑکے کا منہ دکھا دو۔ انہوں نے تعمیل ارشاد کی۔ جوں ہی چہرہ اس کا کفن سے باہر آیا معلوم ہوا گویا آفتاب مشرق سے طلوع ہو گیا۔ اس کی چمک سے حاضرین کی آنکھیں چندھیا گئیں۔ حضرت علیؓ نے لوگوں سے دریافت کیا ایسا کون سا نیک عمل مقبول یہ کرتا تھا جس کی برکت سے ایسا ہوا۔ سب نے عرض کیا ظاہرا" سوائے فسق و فجور اور لہو و لعب اس کا کوئی اور مشغلہ نہ تھا۔ حضرت علیؓ کو اس پر اور بھی زیادہ حیرت ہوئی۔ رات کو آپ نے خواب میں دیکھا کہ وہ نوجوان حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت بابرکت میں دست بستہ حاضر ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ سے مخاطب ہو کر فرمایا "اے علیؓ تم نے اس شخص کے دونوں رخساروں کے نور و روشنی کا معائنہ کیا کہ کس قدر درخشاں و تاباں ہیں" حضرت علیؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں نے دیکھا یہ کس عمل حسنہ کی تابانی ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر ارشاد فرمایا۔ "یہ آب چشم کا نور ہے۔ آنسوؤں کی برکت ہے۔ جب اس سے گناہ سرزد ہوتا تھا تو خوف، سزا اور شرم و ندامت سے آنسو بہاتا تھا۔ حق جل شانہ نے نہ صرف اس کو بخش دیا بلکہ یہ نور اور رتبہ بھی عطا فرمایا"۔

موتی سمجھ کے شان کریمی نے چن لئے
قطرے جو تھے مرے عرق انفعال کے

(انیس الواعظین از شیخ ابوبکر واعظ سندھی، اردو ترجمہ معین الناصحین صفحہ ۹۱)

۲۹۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ

marfat.com
Marfat.com

وآلہ وسلم کے وصال کے بعد میں نے ایک خواب دیکھا گویا میں نماز فجر آپؐ کے پیچھے پڑھ رہا ہوں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد دیکھا کہ ایک لڑکی چھوارے لائی۔ آپؐ نے اس میں سے ایک چھوارا لے کر میرے منہ میں دے دیا۔ پھر دوسرا چھوارا لے کر بھی یوں ہی کیا۔ میں جب یہ خواب دیکھ کر بیدار ہوا تو چھواروں کی حلاوت میری زبان پر باقی تھی۔ میں اسی طرح نماز فجر پڑھنے مسجد کی طرف روانہ ہو گیا اور حضرت فاروق اعظمؓ کے پیچھے نماز پڑھی۔ اس وقت میرا ارادہ ہوا کہ حضرت عمرؓ سے اپنے خواب کی تعبیر لوں کہ اتنے میں دیکھتا کیا ہوں کہ ایک لڑکی مسجد کے دروازے پر کھڑی ہے اور اس کے ہاتھ میں چھواروں کا ایک طبق ہے۔ جب لوگ نماز سے فارغ ہوئے تو اس نے چھواروں کا یہ طباق حضرت عمرؓ کے سامنے رکھ دیا۔ آپ نے اس میں سے ایک چھورا اٹھا کر میرے منہ میں دیا اور پھر دوسرا دیا اور باقی حاضرین میں تقسیم کر دیئے۔ چونکہ میرے دل میں خواہش تھی کہ میں کچھ اور چھوارے آپ سے لوں لہٰذا آپ نے بغیر میرے کچھ کہے ارشاد فرمایا کہ اے علی (کرم اللہ وجہہ) اگر گزشتہ شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں زیادہ دیتے تو میں بھی تم کو زیادہ دیتا۔ مجھے حضرت عمرؓ کے اس بیان پر سخت تعجب ہوا۔ اس پر آپ نے فرمایا اے علی (کرم اللہ وجہہ) ایمان دار آدمی نور دین سے سب کچھ دیکھ لیتا ہے۔ میں نے کہا اے امیر المومنینؓ آپ بجا فرماتے ہیں۔ واقعی یہی بات ہے میں نے آج شب کو یوں دیکھا تھا اور آپ کے ہاتھ سے وہی مزا اور وہی لذت پائی جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ سے عطا کردہ چھواروں سے پائی تھی (خیر الموانس اردو ترجمہ نزہت المجالس مصنفہ حضرت مولانا عبدالرحمن صفوری شافعی صفحہ ۳۴)

۳۰۔ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ میں علی الصبح امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس گیا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا کہ میں ابھی گھر والوں کو نماز کے لئے بیدار کر رہا تھا کہ مجھ پر نیند کا غلبہ ہو گیا حالانکہ میں اس وقت بیٹھا ہوا تھا۔ اسی عالم میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس تشریف لائے میں نے آپؐ کی خدمت میں عرض کیا کہ یاؑ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے آپؐ کی امت نے بڑا دکھ دیا ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ بارگاہ الٰہی

marfat.com
Marfat.com

میں دعا کرو کہ مجھے ان سے بہتر لوگ عطا فرما دے۔ اسی اثنا میں مسجد کوفہ کے موذن ابن النباح آئے اور اطلاع دی کہ جماعت تیار ہے۔ حضرت علیؓ اس طرح کھڑے ہوئے کہ آپ کا ہاتھ میرے ہاتھ میں تھا اور پھر مسجد کی طرف روانہ ہو گئے۔ آپ کے آگے آگے ابن النباح موذن تھے۔ پیچھے پیچھے میں چل رہا تھا۔ جب دروازے سے برآمد ہوئے تو آپ نے آواز دی کہ لوگو "نماز نماز" یہ آپ کا معمول تھا جب گھر سے نکلتے تھے تو درہ ہاتھ میں ہوتا تھا اور آپ لوگوں کو نماز کے لئے اٹھاتے جاتے تھے۔ آگے بڑھ کر دو شخص آپ کے سامنے آئے۔ ایک نے کہا "اے علی حکم اللہ کا ہے نہ کہ تمہارا" یہ کہہ کر دونوں نے حضرت امیرالمومنین پر حملہ کر دیا۔ ان میں سے ایک خارجی شخص کا نام شیب تھا اس کی تلوار محراب پر پڑی اور دوسرے خارجی شخص عبدالرحمٰن ملجم کی تلوار آپ کی پیشانی کو کاٹتی چلی گئی۔ اس واقعہ کے بعد آپ جمعہ اور سنیچر کے دن زندہ رہے اور اتوار ۱۹ رمضان المبارک ۴۰ھ کو وصال فرمایا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون (طبقات ابن سعد جز ثالث صفحہ ۲۴ تا ۲۵) (حیات حسن از پیام شاہ جہاں پوری صفحہ ۱۲۳، ملک دین محمد اینڈ سنز۔ اشاعت منزل، بل روڈ۔ لاہور) (تذکرہ حصہ دوم از شیخ محمد صغیر حسن۔ پرنسپل۔ ایم اے (ہسٹری) ایم اے (اکنامکس) علیگ۔ خادم درگاہ عالیہ صدیقیہ آلومہار شریف۔ صفحہ ۴۱) (کامل ابن اثیر) (نہج البلاغت صفحہ ۳۶ تا ۳۷)

۳۱۔ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مشہور خواب ہے آپ نے فرمایا کہ میں نہیں لڑوں گا کیونکہ میں نے یہ خواب دیکھ لیا ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عرش پر ہاتھ رکھے ہوئے ہیں اور حضرت ابوبکر صدیقؓ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شانوں پر ہاتھ رکھے ہوئے ہیں اور حضرت عمر فاروقؓ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے کندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے اور حضرت عثمان غنیؓ حضرت عمر فاروقؓ کے کندھوں پر ہاتھ ٹکائے ہوئے ہیں اور میں نے خون دیکھا اور اس کے بارے میں دریافت کیا کہ یہ کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ یہ حضرت عثمان غنیؓ کا خون ہے جو اللہ تعالیٰ سے بدلہ چاہ رہا ہے۔ ابو شجاع دیلمی نے اپنی کتاب "مسنی" میں اس صحیح الروایت خواب کا ذکر کیا ہے (تحفہ اثنا عشریہ از حضرت شاہ عبدالعزیز

marfat.com
Marfat.com

محدث دہلویؒ اردو ترجمہ از مولانا سعد حسن خاں صفحہ ۵۱۳)

۳۲۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال مبارک کے بعد ام المومنین حضرت عائشہؓ نے بیوگی کے عالم میں چالیس سال گزارے۔ آپ کا وصال ۵۵ھ میں ہوا۔ جب تک آپ زندہ رہیں قبر نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے پاس ہی سوتی تھیں۔ ایک دن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور اسی دن سے وہاں سونا چھوڑ دیا۔ (سیرۃ عائشہؓ از مولانا سید سلیمان ندویؒ صفحہ ۱۰۰)

۳۳۔ حضرت سعید بن منصورؒ نے حضرت سعید ابن المسیبؒ سے روایت کیا کہ ام المومنین، مریم امت حضرت بی بی عائشہؓ نے خواب دیکھا کہ آپ کے حجرہ مبارک میں تین چاند غروب ہوئے ہیں اور اس کی تعبیر اپنے والد بزرگوار حضرت صدیق اکبرؓ سے دریافت فرمائی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے حجرہ میں دنیا کی تین بہترین ہستیاں دفن ہوں گی چنانچہ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصال مبارک کے بعد آپ کے حجرہ مبارک میں دفن ہوئے تو حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا کہ ان تین چاندوں میں سے یہ پہلا چاند تمہارے حجرہ میں غروب ہوا۔ پھر جب حضرت صدیق اکبرؓ کا وصال ہوا اور آپ بھی اسی حجرہ مبارک میں دفن ہوئے تو یہ دوسرا چاند تھا جو اس حجرہ میں غروب ہوا اور تیسرا چاند اس وقت اس حجرہ میں غروب ہوا جب حضرت فاروق اعظمؓ وصال کے بعد اس حجرہ میں دفن ہوئے اور اس طرح اس خواب کی تعبیر آپ کی زندگی ہی میں پوری ہو گئی۔ (حضرت ابوبکر صدیقؓ نے جو ذکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نہ کیا یہ سبب تعبیر خواب کے تھا کہ حضرت عائشہؓ نے تین چاند دیکھے تھے کہ وہی آپ کے سامنے دفن ہونے والے تھے جب کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام غیبت حضرت عائشہ صدیقہؓ میں دفن ہوں گے۔ (خیر الموانس جلد دوم صفحہ ۳۲۳) (ملفوظات حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ صفحہ ۲۱) (علم لدنی یا علم الہی مولفہ سید محمد ریاض الدین سہروردی صفحہ ۸۷) (سیرت عائشہؓ از علامہ سید سلیمان ندویؒ صفحہ ۱۰۰) (حج معظم از الحاج قاضی ابو المعظم سید عبدالغفار صفحہ ۲۷۲)

marfat.com
Marfat.com

۳۴۔ حضرت کعبؓ بن احبار کا بیان ہے کہ مجھے اس سے زیادہ کسی چیز کا شوق نہ تھا کہ والد بزرگوار کی تعزیت کے دن ختم ہوں تو میں ان رقعوں کو کھول کر دیکھوں جو انہوں نے دیئے تھے۔ بعد ایام تعزیت دیکھا تو یہ لکھا تھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ خاتم النبین ' یعنی اللہ جل شانہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے بھیجے ہوئے رسول ہیں جو آخری نبی ہیں اور آپؐ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں۔ آپؐ کے پیدا ہونے کی جگہ مکہ مکرمہ ہے اور دار ہجرت مدینہ طیبہ ہے آپؐ نہ بدخو ہوں گے نہ درشت مزاج نہ بسیار گو۔ آپؐ کی امت شکر و حمد کرنے والی ہو گی جس کے افراد ہر حالت میں اللہ کا شکر اور تعریف کرنے والے ہوں گے۔ ان کی زبانیں تکبیر و تحلیل کی آوازوں سے تر رہیں گی۔ وہ ہر ایک دشمن سے جو ان کے ساتھ معاندت سے پیش آئے گا فاتح اور منصور ہوں گے۔ وہ شرمگاہوں کو دھوئیں گے۔ پردہ کی چیزوں کو چھپائیں گے۔ ان کے سینوں میں ان کی انجلیں ہوں گی۔ آپس میں مہربان ہوں گے جیسے انبیا علیہم السلام اپنی امتوں پر۔ قیامت میں وہ سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔ وہ ایمان میں سبقت کرنے والے ہیں۔ مقربین شفاعت کرنے والے ہیں جن کی شفاعت قبول ہو گی۔ اس کے پڑھنے کے بعد میں اس خیال میں تھا کہ اس سے بہتر اور اعظم چیز میرے والد نے مجھے نہیں سکھائی۔ اسی خیال میں تھا کہ ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ آسمانوں کے دروازے کھل گئے اور فرشتے گروہ در گروہ اتر رہے ہیں اور ایک کہنے والا کہہ رہا ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصال فرما گئے اور زمین والوں سے سلسلہ وحی منقطع ہو گیا۔ اس خواب کے بعد مجھے خبر ملی کہ آپؐ کے بعد آپؐ کے خلیفہ مقرر ہوئے ہیں جن کا اسم گرامی حضرت ابوبکر صدیقؓ ہے۔ ان کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے سوچ رہا تھا کہ ان کا بھی وصال ہو گیا اور ان کی فوجیں ہمارے پاس شام آ گئیں۔ پھر حضرت عمرؓ خلیفہ مقرر ہوئے اور بیت المقدس تشریف لائے۔ میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہودی سے مسلمان ہو گیا۔ وہ مجھ کو مدینہ طیبہ اپنے ساتھ لے گئے اور اہل مدینہ کے سامنے میری تقریر کرائی جس میں میں نے رقعہ جات وغیرہ کا حال بیان کیا۔ آپ کا وصال ۳۴ھ میں ہوا (فتوح الشام کا ترجمہ فیوض

marfat.com
Marfat.com

الاسلام صفحہ ۵۰۹ تا ۵۱۲)

۳۵۔ حضرت ام الفضلؓ بنت حارث فرماتی ہیں کہ انہوں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں نے آج رات ایک بہت ہی برا خواب دیکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے دیکھا کہ آپؐ کے جسم مبارک سے ایک ٹکڑا کاٹا گیا ہے اور میری گود میں رکھ دیا گیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ تو نے اچھا خواب دیکھا ہے۔ انشاء اللہ فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) ایک لڑکا جنے گی جو تیری گود میں رکھا جائے گا۔ چنانچہ حضرت فاطمہؓ کے یہاں حضرت امام حسینؓ پیدا ہوئے اور میری گود میں رکھے گئے جیسا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا۔ پھر میں ایک روز آپؐ کی خدمت میں گئی۔ حضرت امام حسینؓ کو آپؐ کی گود میں دے دیا اور خود دوسری طرف دیکھنے لگی۔ اچانک میں نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میرے ماں باپ آپؐ پر فدا ہوں۔ یہ کیا بات ہے آپؐ نے ارشاد فرمایا ابھی ابھی جبرئیل میرے پاس آئے تھے انہوں نے مجھے بتایا کہ عنقریب آپؐ کی امت آپؐ کے اس بیٹے کو شہید کر دے گی۔ میں نے کہا اس بیٹے کو' انہوں نے کہا ہاں اور میرے پاس اس جگہ کی مٹی بھی لائے تھے جہاں شہید کیا جائے گا اور وہ مٹی سرخ تھی (بیہقی) حضرت ام الفضلؓ ام المومنین حضرت میمونہؓ کی حقیقی بہن تھیں۔ آپ نے حضرت امام حسینؓ کو دودھ پلایا تھا (صحابیات و عارفات مرتبہ یونس قریشی و طالب ہاشمی) (سوانح کربلا صفحہ ۵۶)

۳۶۔ حارث بدبخت کی نیک بخت بیوی نے حضرت مسلمؓ بن عقیل کی شہادت کے بعد پسران مسلم یعنی محمدؓ (بڑے صاحبزادے) اور ابراہیمؓ (چھوٹے صاحبزادے) کو امان دے دی تھی۔ شہادت کی شب محمد بن مسلمؓ نے خواب دیکھا کہ اباجان' حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم' شیر خدا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم' حضرت سیدہ فاطمہ زہراؓ اور حضرت امام حسنؓ کے ساتھ بہشت بریں میں ٹہل رہے ہیں کہ

marfat.com
Marfat.com

اچانک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہ مبارک ہم دونوں پر پڑی۔ آپ نے اباجان سے فرمایا کہ مسلم کیا تمہارے دل نے یہ گوارا کر لیا کہ خود باغ نعیم میں آ گئے اور ان دونوں بچوں کو ظالموں کے پاس چھوڑ آئے۔ اباجان نے پھر ہماری طرف دیکھا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اب یہ بھی آنے والے ہیں۔ کل تک قدم بوسی کریں گے۔ صبح حارث خبیث نے ان دونوں کو شہید کر دیا (اوراق غم از علامہ ابو الحسنات قادری صفحہ ۱۹۸) (رویائے صالحہ حصہ اول صفحہ ۳۲)

۳۷۔ کوفہ روانہ ہونے سے چند روز پہلے ایک شب حضرت امام حسینؓ نے دربار حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضری دی۔ مزار مقدس کے پاس آنکھ لگ گئی۔ خواب میں دیکھا کہ حضرت ناناجان (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) فوج ملائکہ کے ساتھ رونق افروز ہیں اور سر امام اٹھا کر سینہ سے لگا کر آنکھیں چوم رہے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ اے لخت جگر! عنقریب تم کربلا میں پہنچنے والے ہو اور وہاں سے بھوکے پیاسے شربت شہادت پی کر مجھ سے ملو گے۔ تیسری رات پھر آپ روضہ اطہر پر حاضر ہوئے اور ایسا ہی خواب دوبارہ دیکھا۔ (اوراق غم صفحہ ۱۸۱) (کامل ابن اثیر صفحہ ۱۷ جلد ۴)

۳۸۔ ساتویں محرم ۶۱ھ حضرت امام حسینؓ نے خواب میں ملاحظہ فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہیں اور آپ کو اپنے پہلو میں لے کر پیشانی چوم کر فرما رہے ہیں۔ بیٹا حسینؓ مرضی مولیٰ یہی ہے کہ تم تیغ جفا سے شہید ہو اور عنقریب مجھ سے آ کر ملو۔ بیٹا تمہارے قاتل میری شفاعت سے محروم ہیں۔ تمہارے لئے بہشت آراستہ ہے۔ تمہارے والدین تمہارے منتظر ہیں۔ پھر آپ کو سینے سے لگا کر دعا فرمائی کہ الٰہی میرے لخت جگر کو صبر جمیل اور جزائے جزیل عطا فرمایئے۔ آپ نے اس خواب سے تمام اہل بیت کو مطلع فرما دیا اور اناللہ و انا الیہ راجعون پڑھتے رہنے کی تلقین فرمائی (اوراق غم صفحہ ۲۲۰)

۳۹۔ سیدنا و سید شباب اہل الجنۃ حضرت امام حسینؓ نے تمام شب عاشورا تسبیح و تہلیل میں گزاری اور خواب میں دیکھا کہ بہت سے کتوں نے آپ پر حملہ کیا

marfat.com
Marfat.com

ہے اور ایک سگ ابلق آپ کے سینہ بے کینہ پر آ بیٹھا اور اچانک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا اے لخت جگر! دیکھ یہ تمام ارواح تیرے خیر مقدم کو حاضر ہیں۔ بیٹا آج رات کا کھانا ہمارے ساتھ آ کر کھاؤ' تمہاری مفارقت اب زیادہ گوارا نہیں۔ صبح لشکر ابن سعد کی میدان کربلا میں آمد شروع ہو گئی۔ (اوراق غم صفحہ ۲۲۵)

۴۰۔ حضرت ابو رافعؓ کی بیوی حضرت سلمہؓ سے روایت ہے کہ میں ام المومنین حضرت ام سلمہؓ کے پاس آئی تو وہ رو رہی تھیں۔ میں نے پوچھا آپ کیوں روتی ہیں۔ فرمایا میں نے ابھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو اس حالت میں خواب میں دیکھا کہ آپؐ کے سر مبارک اور ریش مبارک پر خاک پڑی ہوئی تھی۔ میں نے دریافت کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) کیا ہوا۔ آپؐ خاک آلود کیوں ہیں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ابھی حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے قتل میں موجود تھا یعنی ان کی شہادت کے واقعہ کو دیکھ رہا تھا۔ یہ واقعہ میدان کربلا میں ۱۰ محرم الحرام ۶۱ھ کو پیش آیا اور ام المومنین حضرت ام سلمہؓ نے یہ خواب ۱۰ محرم الحرام ۶۱ھ کو دیکھا تھا (ترمذی شریف) حضرت امام حسینؓ نے بعمر ۵۵ سال جام شہادت نوش فرمایا تھا۔ (امت کی مائیں از ہاجرہ فرحت اکبر آبادی صفحہ ۵۱)

۴۱۔ جب یزید حضرت امام حسینؓ کا سر مبارک لے کر رونے لگا تو اس کی بیوی ہندہ نے کہا اب رونا بیکار ہے۔ میں شام کو جب سوئی تو خواب میں دیکھا کہ آسمانوں کے دروازے کھلے ہوئے ہیں اور ملائکہ کی جماعتیں نازل ہو رہی ہیں اور وہ سب حضرت امام حسینؓ کے سر مبارک پر حاضر ہو کر کہہ رہی ہیں "السلام علیک یا ابا عبداللہ" اتنے میں ایک ابر آسمان سے اترا اس میں بہت سے آدمی ہیں جن میں ایک کا چہرہ چاند سے زیادہ روشن ہے وہ آگے بڑھے اور حضرت امام حسینؓ کے سر مبارک کے قریب پہنچ کر فرمایا۔ سلام تجھ پر اے میرے لخت جگر! افسوس کہ تجھے قتل کیا گیا اور ایک ایک گھونٹ پانی تجھ پر بند کیا گیا۔ تو یہ سمجھتا ہے کہ وہ لوگ تجھے نہیں پہچانتے۔ میں تیرا نانا مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) ہوں۔ یہ تیرے باپ علی (رضی

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ عنہ) ہیں۔ یہ تیرے بھائی حسن (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور یہ تیرے چچا جعفر طیار (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ہیں۔ اس واقعہ کو دیکھتے ہی میں خواب سے چونک پڑی۔ یزید یہ خواب سن کر متفکر ہو کر سوچتا رہا۔ بعدہ حضرت زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نہایت تعظیم و تکریم سے بٹھا کر کہنے لگا "امام جو ہونا تھا ہو چکا' اب اگر آپ چاہیں تو بڑی خوشی سے یہاں رہیں' میں آپ کی خدمت کے لئے حاضر ہوں اور اگر آپ تشریف لے جانا چاہتے ہیں تو بھیجنے کے لئے تیار ہوں"۔ (اوراق غم صفحہ ۲۹۷)

۴۲۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک روز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں اس حال میں دیکھا کہ دوپہر کا وقت ہے اور آپؐ پریشان حال' غبار آلود ایک شیشی ہاتھ میں لئے ہوئے ہیں جس میں خون بھرا ہوا ہے۔ میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپؐ پر فدا ہوں یہ کیا ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا یہ حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور ان کے ساتھیوں کا خون ہے جس کو میں صبح سے اس وقت تک شیشی میں جمع کرتا رہا ہوں۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ خواب میں جو وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتایا تھا میں نے اس کو یاد رکھا اور پھر دریافت کیا تو حضرت امام حسینؓ ٹھیک اسی وقت شہید کئے گئے تھے۔ (بیہقی۔ احمد)

۴۳۔ حضرت کلیبؓ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوہریرہؓ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد مبارک سنایا کہ جو مجھے خواب میں دیکھے وہ مجھ ہی کو خواب میں دیکھتا ہے اس لئے کہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ حضرت کلیبؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اس حدیث کا حضرت ابن عباسؓ سے ذکر کیا اور یہ بھی کہا کہ مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت حاصل ہوئی ہے۔ میں نے اس خواب کی صورت کو حضرت امام حسنؓ سے بہت مشابہ پایا۔ اس پر حضرت ابن عباسؓ نے اس کی تصدیق فرمائی کہ واقعی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت امام حسنؓ سے بہت مشابہ تھے۔ (مستدرک حاکم) (شمائل ترمذی مع اردو شرح "فضائل نبوی" از حضرت مولانا محمد زکریا' شیخ الحدیث

marfat.com
Marfat.com

مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور صفحہ ۴۸۸)

۴۴۔ روایت ہے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے کہ ایک بار حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور خلافت میں قحط پڑا۔ سب لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا امیرالمومنینؓ کچھ فکر کیجئے کہ تمام مخلوق بھوک سے ہلاک ہوئی جاتی ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ آج انشاء اللہ تعالیٰ کوئی تدبیر ہو جائے گی۔ جاؤ خاطر جمع رکھو' شام کے وقت دو سو اونٹ ملک شام سے غلہ لے کر آئے۔ یہ حضرت عثمان غنی کے تھے' دلال حاضر خدمت ہوئے اور نرخ لگانے لگے حضرت عثمان غنیؓ نے اس پر فرمایا کہ مجھے ایک اور جگہ سے زیادہ نفع ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایک کے بدلے میں سات بلکہ بے شمار دیتا ہے۔ ہم ایسی منفعت چھوڑ کر کیوں کسی اور کے ہاتھ بیچ کر نقصان اٹھائیں۔ میں یہ غلہ اللہ کے ہاتھ بیچوں گا اور کسی تاجر کو ایک دانہ بھی نہ دوں گا۔ اس کے بعد تمام غربا' فقرا و مساکین کو جمع کر کے غلہ ان میں تقسیم کر دیا۔ بہت خوش ہوئے اور نماز مغرب سے پہلے فارغ ہو گئے۔ اسی رات حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا کہ نہایت ہشاش و بشاش آپؐ ایک شاندار براق پر سوار ہیں۔ میں عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپؐ کہاں تشریف لے جا رہے ہیں۔ عبداللہ تو مدت سے مشتاق دیدار تھا۔ آج اللہ تعالیٰ نے اس کی آرزو پوری فرمائی۔ ارشاد فرمایا آج عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کا للہ غربا میں غلہ تقسیم کرنا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند آیا۔ اس کے بدلے میں عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو بہت سی حوریں نہایت جمیلہ و شکیلہ حلہ بہشتی سے آراستہ عطا فرمائیں۔ مجھ کو بھی ارشاد ہوا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تم بھی تزک و شان اپنے عثمانؓ کی دیکھو جو اس کے مالک نے اس کو عنایت کی۔ سو اس رحمت اور دولت خداداد کی رونق دیکھنے جا رہا ہوں۔ (خیر المونس جلد اول صفحہ ۴۲۱) (حکایات الصالحین از حضور احمد سوانی بدایونی صفحہ ۶۳ تا ۶۴) (وعظ بینظیر صفحہ ۵۷)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ ایک گھوڑے پر سوار نور کا عمامہ باندھے جنت کی

marfat.com
Marfat.com

ایک چھڑی ہاتھ میں لئے ہوئے ہیں۔ میں نے کہا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں تو آپؐ کے دیدار کا مشتاق ہوں اور آپؐ کہیں تشریف لے جانے میں عجلت فرما رہے ہیں۔ اس پر آپؐ نے میری جانب توجہ فرمائی اور مسکراتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ عثمان غنی ابھی صبح ہمارے پاس جنت میں آئے ہیں جیسے کوئی بادشاہ یا دولھا آتا ہے اور ہم کو ان کے ولیمہ میں بلایا گیا ہے اس لئے میں جلدی کر رہا ہوں۔ حسین بن عبداللہ النباء الفقیہ نے اس کی روایت کی ہے۔ ابو شجاع دیلمی نے جو مشہور محدثین میں سے ہیں کتاب "مستقی" میں ابن عباس سے یہی خواب اس انداز میں بیان کیا ہے۔ حضرت ابن عباس کا وصال ۶۹ھ میں ہوا تھا (تحفہء اثنا عشریہ صفحہ ۵۱۴)

۴۵۔ حضرت یزید فارسیؓ کلام اللہ شریف لکھا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ حضرت ابن عباسؓ حیات تھے۔ پس آپ سے یہ خواب بیان کیا۔ آپ نے اول ارشاد نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سنایا کہ جو مجھے خواب میں دیکھتا ہے وہ حقیقتاً مجھے ہی دیکھتا ہے اس لئے کہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ یہ ارشاد سنا کر پوچھا کیا خواب میں دیکھی ہوئی صورت بیان کر سکتے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بدن اور آپؐ کی قامت دونوں چیزیں معتدل اور درمیانی (یعنی جسم مبارک نہ زیادہ موٹا نہ زیادہ دبلا' اسی طرح قد مبارک نہ زیادہ لمبا نہ زیادہ پست بلکہ معتدل) آپؐ کا رنگ گندمی مائل بہ سفیدی' آنکھیں سرگیں' خندہ دہن' خوبصورت گول چہرہ' ریش مبارک نہایت گنجان جو پورے چہرہ انور کا احاطہ کئے ہوئے تھی اور سینہ کے ابتدائی حصہ پر پھیلی ہوئی تھی۔ حضرت عوفؓ جو اس روایت کے راوی ہیں فرماتے ہیں کہ مجھے یاد نہیں رہا کہ میرے استاد حضرت یزید فارسیؓ نے جو اس خواب کے دیکھنے والے ہیں ان مذکورہ صفات کے ساتھ اور کیا کیا صفتیں بیان فرمائیں تھیں۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ تم اگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عالم حیات میں دیکھتے تو اس سے زیادہ حلیہ اقدس نہ بتا سکتے گویا بالکل ہی صحیح حلیہ مبارک بیان کیا (شمائل ترمذی مع اردو شرح خصائل نبویؐ صفحہ ۳۸۹ تا ۳۹۰)

حضرت یزید فارسیؓ نے حضرت ابن عباسؓ سے فرمایا کہ میں نے حضرت رسول

marfat.com
Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور آپؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ شیطان میری مشابہت اختیار کر ہی نہیں سکتا اس لئے جو مجھے خواب میں دیکھے وہ مجھے ہی دیکھے گا۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا اچھا تم وہ حلیہ مبارک تو بتاؤ جو تم نے خواب میں دیکھا تو حضرت یزید فارسیؓ نے فرمایا کہ میں نے دو آدمیوں کے درمیان ایک آدمی کو دیکھا کہ آپ کا رنگ گندمی تھا۔ گورے پن کا غلبہ تھا سرمہ لگی ہوئی آنکھیں' مسکراتا ہوا چہرہ' چہرہ کی گولائی خوبصورتی لئے ہوئے' ڈاڑھی نرخرے تک بھری ہوئی' حضرت عوفؓ جو اس روایت کے راوی ہیں نے یہ بھی کہا کہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس سے زیادہ اور کیا تعریف ہو سکتی ہے۔ اس پر حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اگر تم نے بیداری میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی ہوتی تب بھی اس سے زیادہ بیان نہ کر پاتے۔ (مسند امام احمد)

۴۶۔ حضرت ابن عباسؓ نے ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ بیدار ہوئے تو اس حدیث کی توجیہہ میں متفکر تھے (جس شخص نے مجھ کو خواب میں دیکھا وہ عنقریب مجھ کو بیداری میں دیکھے گا)۔ حضرت ابن عباسؓ کو امید تھی کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بحالت بیداری بھی مشرف ہوں گا۔ اتنے میں آپ اپنی حقیقی خالہ ام المومنین حضرت میمونہؓ کے گھر میں داخل ہوئے۔ انہوں نے ایک آئینہ نکال کر حضرت ابن عباسؓ کو اپنا چہرہ دیکھنے کے لئے دیا۔ یہ وہ آئینہ تھا جس کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم استعمال کرتے تھے۔ حضرت ابن عباسؓ نے جوں ہی وہ آئینہ دیکھا تو اس میں انہیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت مبارک نظر آئی اور اپنی صورت مطلق نظر نہ آئی۔ شیخ ابن ابی جمرہؒ نے مذکورہ بالا حدیث کی یہی توجیہہ کی ہے کہ اس طرح آپؐ کا بحالت بیداری مشاہدہ کرنا مراد ہے بشرطیکہ یہ ممکن ہو۔ ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ سب سے نرالی اور بعید ترین توجیہہ یہ ہے۔ بعض علما نے توجیہہ یہ کی ہے کہ ممکن ہے بعض گنہگاران امت کو آخرت میں یہ سزا دی جائے کہ آپؐ کے دیدار انوار سے ان کو محروم رکھا جائے لیکن جن لوگوں کو اس عالم میں بحالت خواب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار حاصل ہو گیا وہ آخرت میں اس

marfat.com
Marfat.com

عذاب سے مامون ہوں گے۔ (مناقب الحسن حضرت رسول نما اویسی دھلویؒ)

۴۷۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ میں نے اپنے آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ دیکھا۔ میں نے اپنے ہاتھ سے ایک گھر بنایا جو مجھے بارش سے بچاتا ہے اور دھوپ میں سایہ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے کسی نے اس میں میری اعانت نہیں کی (بخاری شریف) حضرت ابن عمرؓ نے مدینہ طیبہ میں ۷۴ھ میں وصال فرمایا۔

۴۸۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد اگرچہ ظاہری آنکھیں محبوب کو ترس گئی تھیں مگر محبت کی معنوی آنکھوں پر باب فیض ابھی تک بند نہیں ہوا تھا۔ چنانچہ کشتہ عشق نبوت حضرت انسؓ بن مالک اکثر خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا کرتے تھے اور صبح کو واقعات شبینہ کی یاد تازہ کر کے گریہ و زاری کرتے تھے۔ آپؓ کا ذکر خیر کرتے تو فرط محبت سے بے قرار ہو جاتے تھے۔ جوش محبت کا یہ عالم تھا کہ صبح اٹھ کر سب سے پہلے کاشانہ نبوت (علی صاحبہا صلوۃ" و سلاما") کی زیارت کرتے۔ آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خادم خاص تھے۔ ۹۳ھ میں وصال فرمایا۔ (سیر الصار حصہ اول از مولوی سعید انصاری صفحہ ۱۲۷) (تاریخ الاولیاء جلد اول از امام الدین صفحہ ۱۲۷)

۴۹۔ حضرت خواجہ حسن بصریؒ نے فرمایا کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اے حسن اگر تو ماہ محرم میں یوم عاشورہ (۱۰ محرم الحرام) کو نفل پڑھ کر ثواب میری بیٹی کے بیٹوں کو بخشے تو میں تیری بخشش کا ضامن ہوں گا۔ حضرت بصریؒ کا وصال بصرہ میں یکم رجب ۱۱۰ھ کو ہوا۔ (نافع الخلائق از حاجی محمد زردار خاں صفحہ ۳۴۴)

حضرت علامہ شبلی نعمانیؒ نے ایک مقام پر تحریر فرمایا ہے کہ میں یکم تا دس محرم ہر شب بیس رکعت نفل پڑھ کر ان کا ثواب حضرت امام حسینؓ کی روح پر فتوح کو بخشا کرتا تھا۔ ایک رات آپ نے خواب میں مجھ سے فرمایا کہ اپنے ہاتھ سے تجھے جنت

marfat.com
Marfat.com

میں داخل کروں گا۔ سبحان اللہ ہم سب کو یہ عمل اختیار کرنا چاہئے اور شہدائے کربلا بالخصوص سید الشہدا حضرت امام حسینؓ کی خدمت عالیہ میں زیادہ سے زیادہ ثواب پیش کر کے اپنے لئے توشہء آخرت جمع کر لینا چاہئے کہ یہ عمل کا وقت ہے۔ موت کے بعد تو نتیجہ نکلے گا۔

۵۰۔ ابی ہاشمؒ تاجر انار سے مروی ہے کہ ایک شخص حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز کے پاس آیا اور کہا میں نے دیکھا کہ بنی ہاشم نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے شکایت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ عمر بن عبدالعزیزؒ کہاں ہیں (کہ ان کے بجائے مجھ سے شکایت کر رہے ہو۔) (طبقات کبیر جلد ہشتم صفحہ ۳۴۲)

۵۱۔ خلیفہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ اور سیدنا حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ بیٹھے ہیں اور میں اس مجلس میں حاضر ہوں کہ اتنے میں سیدنا علی کرم اللہ وجہہ اور سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاضر کیا گیا اور پھر ان کو ایک مکان کے اندر بند کر کے اس کا دروازہ لگا دیا گیا۔ پھر میں نے حضرت علیؓ کو دیکھا کہ باہر نکلے اور فرمایا "قضی لی و رب الکعبتہ" یعنی واللہ میرا ہی حق ثابت ہوا۔ پھر ان کے بعد امیر معاویہؓ بھی جلدی سے باہر نکل آئے اور فرمایا "غفرلی و رب الکعبتہ" یعنی اللہ نے مجھ کو بھی بخش دیا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ ۶۲ھ میں پیدا ہوئے اور صرف ۳۹ سال کی عمر پائی۔ (کیمیائے سعادت از حضرت امام غزالیؒ صفحہ ۴۸۷ ترجمہ پروفیسر ملک محمد عنایت اللہ ایم اے' حاجی ملک دین محمد اینڈ سنز۔ تاجران کتب و پبلشرز لاہور)

۵۲۔ ایک نیک مرد تین سال تک دعا کرتے رہے کہ حج نصیب ہو جائے۔ ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ ان کو حج کی تاکید فرما رہے تھے۔ انہوں نے عذر کیا کہ میرے پاس خرچ نہیں ہے پھر دوسری اور تیسری مرتبہ بھی یہی خواب دیکھا۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اپنے مکان میں فلاں مقام کھود' وہاں تیرے باپ دادا کی ایک

marfat.com
Marfat.com

زرہ دفن ہے۔ صبح وہ مقام کھودا تو زرہ مل گئی اس کو چار سو درہم میں فروخت کر کے حج کو گئے۔ بعد ادائے ارکان حج عازم مدینہ منورہ ہوئے وہاں پہنچ کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے فرمایا اللہ نے تیری سعی قبول فرمالی۔ اب عمر بن عبدالعزیزؒ کے پاس جاکر کہہ کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) فرماتے ہیں کہ میرے یہاں تیرے تین نام ہیں۔ عمرؓ امیر المومنین' ابوالیتامیٰ۔ بیدار ہونے کے بعد اپنے قافلے والوں سے کہا تم لوگ جاؤ میں ملک شام جاؤں گا۔ اس کے بعد شامی قافلے کے ساتھ ہو لئے اور حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے دربار میں پورا خواب بیان کیا۔ انہوں نے ان کو چالیس اشرفیاں دینی چاہیں لیکن انہوں نے کہا واللہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا پیغام پہنچانے کی کوئی اجرت نہیں لوں گا بعدہ رخصت ہوئے۔ ان کو رخصت کرنے کے لئے امیر المومنین حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ خود پھاٹک تک تشریف لائے' آنکھوں میں آنسو تھے۔ (بغیۃ ذوی الاحلام)

۵۴ حضرت ربعی بن حراشؒ تابعی تھے۔ آپ کے ایک بھائی بڑے عابد تھے۔ بازار سے سامان لے کر گھر آئے تو معلوم ہوا کہ بھائی کا انتقال ہو گیا۔ فوراً" بھائی کے گھر پہنچے اور سرہانے بیٹھ کر رونے لگے۔ دفعتاً" چادر کے اندر سے ہاتھ نکلا۔ اپنے چہرہ پر سے چادر ہٹا دی اور کہا السلام علیکم! حضرت ربعی نے حیرت سے کہا بھائی موت کے بعد یہ زندگی کیسی؟ فرمایا ایسا بھی ہوتا ہے۔ میں نے پروردگار کی زیارت کی اس نے بڑی رحمت اور عظیم الشان نعمتوں سے میرا استقبال کیا اور مجھے جنت کے سبز ریشمی کپڑے پہنائے پھر تین بار فرمایا کہ "میں نے آخرت کا معاملہ اس سے بہت آسان پایا جیسا کہ تم سمجھتے ہو" اور پھر تین بار فرمایا "عمل کرتے رہو اور دھوکا نہ کھاؤ"۔ پھر فرمایا میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت کی۔ آپؐ نے قسم کھائی کہ اس وقت تک نہ جائیں گے جب تک میں آپؐ کی خدمت میں حاضر نہ ہو جاؤں اس لئے آپ لوگوں کو چاہئے کہ میری تجہیز و تکفین میں بہت جلدی کریں۔ یہ گفتگو کرنے کے بعد آپ پر موت طاری ہو گئی۔ (صفوۃ الصفوہ جلد تین صفحہ ۱۹) آپ نے تمام عمر جھوٹ نہیں بولا۔ ایک بار حجاج بن یوسف آپ کے دو بیٹوں

marfat.com
Marfat.com

سے سخت خفا ہو گیا۔ دونوں گھر میں روپوش ہو گئے۔ حجاج کے آدمیوں نے حضرت ربعیؒ سے دریافت کیا۔ انہوں نے صحیح بات بتا دی۔ جب حجاج نے آپ کے سچ کو سنا تو محض اس سچائی کی بنا پر آپ کے دونوں بیٹوں کو معاف کر دیا۔

۵۴۔ ملا واقدیؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ مجھ پر بڑی تنگی خرچ کی ہوئی اور رمضان المبارک سر پر آ گیا۔ ایک علوی دوست کو لکھا کہ مجھے ایک ہزار درہم قرض دے دے۔ اس نے بھیج دیئے اسی روز میرے ایک دوست نے مجھ سے ایک ہزار درہم قرض مانگے۔ میں نے وہ درہم اسے دے دیئے۔ چند روز بعد وہ علوی دوست جس نے قرض دیا تھا اور وہ دوست جس نے قرض لیا تھا دونوں میرے پاس آئے۔ علوی دوست نے کہا ماہ رمضان المبارک آ گیا اور میرے پاس وہی ہزار درہم تھے جو تم نے قرض لے لئے۔ جب تینوں دوستوں کو اصل واقعہ کا علم ہوا تو ایک ہزار درہم کو تین حصوں میں تقسیم کر کے ایک ایک حصہ تینوں نے لے لیا۔ جب ملا واقدیؒ کا حصہ ختم ہونے کے قریب آیا تو مضطرب ہوئے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے ان کو کشائش کی بشارت دی، صبح ہوئی تو یحییٰ بن خالد برمکیؒ کا آدمی ان کو بلانے آیا۔ وہ اس کے ساتھ ہو لئے۔ یحییٰ نے مجھ سے پوچھا واقدی تیرا کیا حال ہے۔ رات میں نے خواب میں دیکھا کہ تو نہایت پریشان حال ہے۔ اس پر میں نے اپنا پورا واقعہ بیان کر دیا۔ یحییٰ برمکی نے اسی وقت مجھ کو تیس ہزار اور میرے دونوں دوستوں کو بیس بیس ہزار درہم دیے اور مجھ کو عہد قضا پر معمور کیا۔ یحیی بن خالد برمکی بغداد کے مشہور برامکہ خاندان کا فرد تھا۔ (بغیتہ ذوی الاحلام)

۵۵۔ سید ملا محمد واقدیؒ نے "فتوح الشام" کے واقعہ "فتح قنسرین" میں لکھا ہے کہ جس صبح یہ واقعہ پیش آیا اسی رات حضرت ابو عبیدہؓ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں سختی سے فرمایا "اے ابن جراح ایک بزرگ قوم دشمنوں کے ہاتھوں میں پھنس گئی ہے اور تم سو رہے ہو۔ جلدی اٹھ کر جاؤ انشاء اللہ وقت پر پہنچ جاؤ گے۔ چنانچہ حضرت ابو عبیدہؓ فوراً" اٹھے اور عالم اضطراب میں کہا

marfat.com
Marfat.com

"ا لنفیر ا لنفیر" یعنی دوڑو دوڑو' لوگوں نے کہا خیر تو ہے۔ فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اطلاع دی ہے کہ موحدین کی ایک جماعت کو کفار نے گھیر لیا ہے چنانچہ اسی وقت فوج لے کر آپ روانہ ہوئے اور عین ضرورت کے وقت ان کے پاس پہنچ گئے۔ (مقاصد الاسلام حصہ دہم صفحہ ۱۰۵) (حقائق و معارف از مولوی حاجی حافظ محمد انور اللہ خاں قدس سرہ)

۵۶۔ سید ملا محمد واقدیؒ نے "فتوح الشام" صفحہ ۱۹۳ پر لکھا ہے کہ جب مسلمانوں کو شام میں فتح پر فتح ہونے لگی تو ہرقل نے مدد کے لئے فوجیں جمع کیں۔ فلنطلنوس بادشاہ روم نے بھی ارادہ کیا اور چاہا کہ سلاطین سابقہ نے جو خزانہ جمع کیا ہے اس کو اس کام میں لائے۔ اس غرض سے اس مقفل مکان کو کھولنے کا ارادہ کیا جو طلسم سے بنایا گیا تھا۔ وہاں کے محافظین نے کہا اے بادشاہ اس مکان کو سات سو برس سے کسی بادشاہ نے نہیں کھولا۔ بلکہ ہر ایک نے وصیت کی کہ کوئی نہ کھولے۔ فلنطلنوس نے بہرحال اسے کھولا تو دیکھا کہ ایک تختی پر بہت سے نصیحتیں لکھی ہوئی ہیں اور یہ بھی تحریر ہے کہ جب زمین پر گمراہی پھیل جائے گی تو زمین تہامہ میں ایک چراغ ہدایت روشن ہو گا جس سے جہل کی تاریکی دور ہو گی۔ ان کی سواری اونٹ ہو گی۔ وہ توحید کی طرف بلائیں گے۔ ان کا دین تمام دینوں پر غالب آ جائے گا۔ پھر جب وہ عالم روحانی کو جائیں گے تو ایک نحیف شخص والی ملک ہوں گے جن کا دل منور بہ نور صدق ہو گا۔ ان کے بعد ایک شخص جن کا حملہ سخت ہو گا' عدل ان کی صفت' حق ان کی منقبت اور جبہ ان کا پیوند لگا ہوا ہو گا' درہ ان کا تلوار کا کام کرے گا۔ ان کے زمانہ میں بہت سی فتوحات ہوں گی۔ ان کے زمانہ میں یہ مکان جو حکمت سے بنایا گیا ہے کھولا جائے گا۔ اس شخص کو خوشخبری ہے جس کے دل میں حکمت مستحکم ہے۔ عقل اور حکمت کے چراغ روشن ہوں۔ حق سمجھ کر پیروی کرے اور باطل سے دور رہے' فلنطلنوس نے یہ پڑھ کر عطمانوس سے جو اس کا متولی تھا دریافت کیا کہ اس حکمت کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں۔ کہا اے بادشاہ کیا کہوں جس کو بڑے بڑے لوگوں نے بنایا ہے اور حکما نے اسے معلوم کر لیا ہے مگر اتنا کہہ سکتا ہوں کہ ہرقل کی دولت معرض زوال ہے۔ فلنطلنوس تیس ہزار فوج لے کر انطاکیہ پہنچا جہاں ہرقل

marfat.com
Marfat.com

نے اس کا خیر مقدم کیا۔ اور بھی دشمنان اسلام کی کثیر فوجیں وہاں جمع ہونے لگیں۔ حضرت ابو عبیدہؓ دعا میں مشغول تھے کیونکہ مسلمانوں کو ظاہری اسباب کے لحاظ سے کسی کامیابی کی امید نہ تھی بس اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ تھا۔ فلنطلنوس کا دل اسلام کی طرف راغب ہو چکا تھا اور وہ خفیہ طور پر مسلمانوں کی مدد کر رہے تھے۔ اسی دوران ایک رات امیر لشکر حضرت ابوعبیدہؓ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ اے ابوعبیدہؓ اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور رحمت کی تمہیں بشارت ہو کہ کل انطاکیہ صلح سے فتح ہو جائے گا اور جو واقعات بادشاہ روم یعنی فلنطلنوس پر اس موقع پر گذرے اور جو پیش آنے والے ہیں وہ سب بیان کر دیئے اور فرمایا کہ یوقنا اور فلنطلنوس تم سے قریب ہیں ان کو اس سے مطلع کر دو۔ فلنطلنوس نے جب واقعات سنے تو ان پر وجد طاری ہو گیا اور توحید و رسالت کی شہادت دے کر کہا کہ بے شک یہی دین حق ہے۔ فتح کے بعد یوقنا اور فلنطلنوس اور ان کے رفقا جب حضرت ابوعبیدہؓ کے پاس آئے تو سب ان کی تعظیم کے واسطے کھڑے ہو گئے۔ ان کا پورا خاندان مسلمان ہو گیا اور کفار کے ساتھ جہاد کیا یہاں تک کہ تمام شہر فتح ہو گئے۔ اس کے بعد فلنطلنوس حج کر کے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کی زیارت کے لئے مدینہ منورہ پہنچے۔ امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ نے ان کو دیکھا تو اٹھ کھڑے ہوئے اور انہوں نے اور دیگر مسلمانوں نے ان سے مصافحہ کیا پھر وہ بیت المقدس جا کر عبادت میں مشغول ہو گئے اور وہیں انتقال کیا۔

۵۷۔ "فتوح الشام" اور "ناسخ التواریخ" میں تحریر ہے کہ حلب ایک مستقل سلطنت تھی۔ اس میں دو بھائی تھے ایک یوقنا اور دوسرے یوحنا۔ یوحنا زاہد و عابد اور یوقنا جوانمرد سپاہی تھا۔ جب حضرت ابوعبیدہؓ نے حلب کی جانب رخ کیا اور یوقنا جنگ پر آمادہ ہوا اور یوحنا کی صلح کی رائے کو نہ مانا' جس پر انہوں نے مسکرا کر کہا بھائی شاید آپ کی موت قریب ہے جو آپ مسلمانوں سے لڑنا چاہتے ہیں۔ اس عرصہ میں حضرت کعبؓ ابن حجرہ ایک ہزار فوج لے کر حلب کے قریب آ پہنچے۔ یوقنا پانچ ہزار فوج کے ہمراہ بہ ارادہ شب خون ایسے وقت پہنچا کہ مسلمان نماز فجر کی تیاری میں مشغول تھے۔

marfat.com
Marfat.com

اس کے باوجود مسلمان نہایت دلیری سے لڑے یہاں تک کہ دشمن کی فوج کثیر مدد کے لئے آ گئی۔ ایک دن ایک رات اسی حالت میں معرکہ کارزار گرم رہا۔ اسی اثنا میں اہل حلب نے حضرت ابو عبیدہؓ کے پاس جا کر صلح کر لی۔ جب وہ شہر واپس آئے تو یوقنا کو خبر ہوئی کہ اہل حلب مسلمانوں سے صلح کر کے ان کے طرف دار ہو گئے ہیں۔ یوقنا کمال غصہ سے فوج لے کر شہر میں داخل ہوا اور قتل عام شروع کر دیا۔ یوحنا نے پاس آ کر خیر خواہانہ صلح کرنے کی گفتگو کی جس سے طرف داری اہل اسلام کی معلوم ہوتی تھی۔ چونکہ یوقنا نہایت غضبناک ہو رہا تھا یوحنا سے کہا تو پہلے واجب القتل ہے۔ جب اس نے تلوار کھینچی تو یوحنا نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا "یا اللہ تو گواہ رہیو کہ میں اس قوم کے دین کا مخالف ہوں" اور اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمد رسول اللہ پڑھ کر اپنے بھائی سے کہا اب جو جی چاہے کر لے۔ چنانچہ یوقنا نے اس کا سر قلم کر دیا اور اہل حلب کو قتل کرنا شروع کر دیا۔ کسی کا عذر یا فریاد نہ سنتا تھا۔ تین سو آدمی قتل ہوئے کہ حضرت ابو عبیدہؓ آن پہنچے اور شہر میں سخت جنگ ہوئی۔ یوقنا راہ فرار نہ پا کر فوج کے ہمراہ قلعہ بند ہو گیا۔ اہل اسلام نے چار پانچ ماہ اس قلعہ کا محاصرہ کیا۔ یوقنا بطریق شجاعت میں بے نظیر تھا۔ قلعہ حلب سے رات کو مسلمانوں پر شب خون مارتا اور دن کو قلعہ بند ہو رہتا۔ مسلمان اس کے ہاتھ سخت تنگ تھے یہاں تک کہ حضرت ابو عبیدہؓ نے لشکر سے نامی گرامی تیس اشخاص کا انتخاب کیا جنھوں نے جان ہتھیلی پر رکھ کر کسی صورت ایک رات فصیل قلعہ لے لی اور چار ہزار کے لشکر سے حبشی دیواروں کی طرح صبح تک مقابلہ کیا یہاں تک کہ علی الصبح خالدؓ بن ولید ایک ہزار سوار لے کر ان کی مدد کو پہنچے اور قلعہ فتح کر لیا۔ حضرت ابو عبیدہؓ نے سب کو جمع کر کے ان پر اسلام پیش کیا چنانچہ سب سے پہلے یوقنا نے سچے دل سے اسلام قبول کیا اور کہا رات مجھے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار پرانوار حاصل ہوا اور قسم کھا کر کہتا ہوں کہ توریت اور انجیل میں آپ کی بشارت موجود ہے۔ فی الواقع آپؐ وہی پیغمبر ہیں جن کی بشارت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دی ہے۔ مسلمان ہو کر یوقنا نے اسلام کی بے نظیر خدمت انجام دی۔ (مقاصد الاسلام حصہ دوم) (حقائق و معارف صفحہ ۶۸ تا ۶۹)

marfat.com
Marfat.com

۵۸۔ یوقنا مسلمانوں کا سخت دشمن تھا اور اپنے بھائی یوحنا کو محض اس وجہ سے قتل کر دیا تھا کہ اس نے مسلمانوں سے جنگ نہ کرنے کا مشورہ دیا تھا۔ وہی یوقنا بعد فتح حلب مسلمان ہو گیا۔ زبان یوقنا کی رومی (گریک) تھی۔ مسلمانوں نے اس کے اسلام کا پورا اعتبار نہ کیا۔ جب حلب سے فراغت ہوئی تو مسلمانوں نے انطاکیہ کا قصد کیا اور یوقنا کے دل کو ٹٹولا تو یوقنا نے مسلمانوں سے عربی زبان میں گفتگو شروع کر دی اور ایسی عربی بولتا جیسے ٹھیٹھ عرب حالانکہ حلب کو فتح ہوئے زیادہ دن نہ گذرے تھے کہ زبان سیکھ لی ہو۔ عربوں کو سخت تعجب ہوا اور یوقنا سے کہا تمہاری زبان تو رومی ہے تم نے عربی کب سیکھ لی۔ یوقنا نے کہا میں نے گزشتہ شب ایک نورانی شخص کو خواب میں دیکھا جنہوں نے اپنا نام محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بتایا۔ میں آپؐ پر ایمان لے آیا اور خواہش ظاہر کی کہ مجھے عربی زبان آ جائے۔ آپؐ نے اشارہ فرمایا۔ میں جب بیدار ہوا تو مکمل طور پر عربی دان تھا۔ بعد کو یوقنا اتنا ہی مفید ثابت ہوا جتنا کہ پہلے مسلمانوں کے لئے مضر تھا۔ (اردو ترجمہ "فتوح الشام" صفحہ ۳۲۸) (شفا الجنان من شبہات الشیطان ملقب بہ شہاب ثاقب از سید مہدی علی ابن سید حمایت علی معروف بہ سید عمر دراز علی متوطن میرٹھ۔ در مطبع مفید عام آگرہ ۱۸۹۹ء۔ صفحہ ۸۷)

۵۹۔ حضرت ملا واقدیؒ نے "فتح حمص" میں لکھا ہے کہ ایک قیس نے جو ہرقل کا معتمد تھا ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور صبح کو مشرف بہ اسلام ہو گیا۔ (مقاصد الاسلام حصہ دہم صفحہ ۹۰)

۶۰۔ حضرت ملا واقدیؒ ذکر "فتوح میا فارقین" میں تحریر فرماتے ہیں کہ جس وقت بطریق میافارقین یعنی اسلاعورس حاکم میافارقین نے حضرت حکم بن ہشامؓ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا مع اپنی جماعت اور بعد کو اپنے اکابر و منادید کو طلب کیا اور اپنے مسلمان ہونے کی ان کو خبر دی اور ان کے سامنے بھی اسلام پیش کیا تو انہوں نے غور کرنے کے لئے تین دن کی مہلت طلب کی۔ پھر تین دن کے بعد اسلام نہ لانے کا فیصلہ کیا۔ چاہے قتل کر دیئے جائیں۔ پس اسلاعورس نے صحابہ کرامؓ کے ہمراہ

marfat.com
Marfat.com

ان سے جنگ کی۔ شدید جنگ ہوئی رات ہوئی تو اسلاعورس نے صحابہ کرامؓ سے کہا کہ اپنے امیر سے جا کر کہو فوراً" مزید کمک بھیجے۔ ایک صحابی کو بھیجا۔ وہ تھوڑی ہی دور گئے تھے کہ گھوڑوں کی ٹاپوں کی آواز سنائی دی۔ دیکھا تو پانچ سو مسلمان مجاہدین کا لشکر تھا اور حضرت خبثہؓ بن عدی اس کے افسر تھے۔ سبب ان کے آنے کا یہ تھا کہ حضرت عیاض بن غنم اشعریؓ نے رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی تھی۔ آپؐ نے قصد میافارقین کا فرمایا اور ماجرا ان لوگوں کو سنا کر لشکر کی روانگی کا حکم فرمایا۔ پس حضرت عیاضؓ نے بیدار ہوتے ہی حضرت خبثہؓ کے ہمراہ پانچ سو سوار روانہ کئے۔ حکم خداوندی سے طے الارض ہوا یعنی زمین ایسی سمٹ گئی کہ وہ لوگ اسی رات میافارقین پہنچ گئے۔ وہ صحابیؓ ان سواروں کو خفیہ راستوں سے اندر لائے اور سب کو شہر کے اندر داخل کر دیا۔ سواروں نے کہا ہمارے آنے کی تم کو کس نے خبر دی؟ صاحب بلد اسلاعورس نے جواب دیا کہ تمہاری خبر مجھ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دی۔ جب میں سویا تو آپؐ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ تمہارے آنے کی مجھے خوشخبری دے رہے ہیں۔ غرض یہ سب پہنچ گئے تو قتال اہل بلد پر آمادہ ہوئے اور مسلمانوں نے ان کو للکارا تو اہل بلد نے امان کی درخواست کی اور بعد کو سب مسلمان ہو گئے۔ (فتوح العجم از ملا واقدی اردو ترجمہ غزوۂ عرب صفحہ ۹۵ تا ۹۷)

۶۱۔ حاکم دمیاط (مصر) کا بیٹا مسلمانوں کے ہاتھ قتل ہوا۔ حاکم نے شہر کے ایک عاقل انسان حکیم زبرقان سے مشورہ کیا۔ حکیم نے مشورہ دیا کہ شہر دمیاط مسلمانوں کے حوالے کر دو۔ حاکم کو اس بات پر غصہ آگیا کہ میرا بیٹا مارا گیا اور اب یہ مشورہ دیتا ہے کہ یہ شہر بھی مسلمانوں کے حوالے کر دوں۔ پس حکیم کی گردن اڑوا دی۔ حکیم کا مکان شہر پناہ سے ملا ہوا تھا۔ اس کے ایک عقلمند بیٹے نے راتوں رات ایک سرنگ وہاں سے کھودی اور مسلمانوں کے لشکر میں پہنچ گیا اور مسلمانوں کو شہر میں داخل ہونے کی دعوت دی۔ حضرت ضرارؓ نے اس میں دھوکا سمجھا اور فرمایا برا ہو تیرا جس نے تجھ کو اس کام پر بھیجا اور اس کو مار ڈالنا چاہا کہ حضرت مقدادؓ نے ان کو روکا اور فرمایا کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ

marfat.com
Marfat.com

آپؐ اپنے دست مبارک سے اس کی طرف اشارہ فرما رہے ہیں۔ میں نے اس کو خواب میں اسی حالت میں دیکھا۔ اس کی کمر میں ایک کمربند چمڑے کا دیکھا جس میں چاندی کی کڑیاں تھیں۔ حضرت مقدادؓ نے پھر فرمایا اے لڑکے اپنی کمر کو کھول۔ لڑکے نے اپنی کمر کو کھول دیا تو ویسا ہی کمربند موجود تھا۔ لڑکا یہ واقعہ سن کر فوراً مسلمان ہو گیا۔ اس کے بعد حضرت مقدادؓ اور حضرت ضرارؓ نے اس لڑکے سے معانقہ کیا۔ بہت خوش ہوئے اور اس کی مدد سے شہر دمیاط فتح کر لیا پھر شہر دمیاط اسی حکیم کے اس لڑکے کے سپرد کر کے خود اس دروازے سے جس کو باب التراخیم یعنی باب ابجاد کہتے تھے اور جو آج بھی اسی نام سے مشہور ہے نکل گئے۔ (فتوح المصر از علامہ واقدیؒ اردو ترجمہ از مولوی سید مہدی حسن مطبع نول کشور سے شائع ہوئی صفحہ ۸۵)

۶۲۔ مسلمانوں نے جب مصر پر حملہ کیا تو وہاں کے بادشاہ نے صحابہ اکرامؓ سے لڑائی کا قصد کیا۔ رات جو سویا تو خواب میں دیکھا کہ سامنے ایک شخص آئے جو نہایت خوبصورت ہیں۔ رنگ سفید اور سینہ چوڑا ہے ان کے ساتھ ایک اور شخص ہیں ظاہری خوبی اور پاکیزگی کا مجسمہ' نورانی نمکین صورت' صاحب ہیبت و بزرگی۔ ارسطویس بادشاہ سے پہلے شخص نے کہا میں مسیح عیسیٰ (علیہ السلام) بیٹا مریم (علیہا السلام) کا ہوں اور یہ حضرت نبی عربی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں جن کی بشارت میں نے قبل آپؐ کے مبعوث ہونے کے دی۔ پس جو ایمان لائے گا آپؐ پر ہدایت پائے گا اور جو انکار کرے گا گمراہ ہو جائے گا۔ ہم حضرت نبی عربی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے اصحابؓ کی مدد کرنے آئے ہیں اور ہمارا مقام اس قبہ میں ہے جو برج پر ہے۔ راوی کہتا ہے کہ وہ قبہ ایک بلند برج پر قریب باب الاخضر کے ہے۔ جب سکندر مقدونی نے شہر اسکندریہ آباد کیا اور اپنے نام پر اس شہر کا نام رکھا تو برج اور اس پر قبہ بھی بنایا جس میں حضرت خضر علیہ السلام رہتے تھے اور سکندر نے اس دروازہ کا نام باب الاخضر رکھا۔ یہ دروازہ قیامت تک باقی اور مشہور رہے گا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے ارسطویس تو میری امت سے ہے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپؐ کی نبوت پر ایمان لا۔ جب بادشاہ بیدار ہوا تو خوفزدہ تھا۔ صبح امرا و اکابرین دولت سے خواب کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا اے بادشاہ یہ شوریدگی اور

marfat.com
Marfat.com

پریشانی کی وجہ سے ہے کیونکہ حضرت مسیح علیہ السلام ان لوگوں میں سے نہیں ہو سکتے جو چلیں ساتھ نبی عربی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے۔ وہ نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) دشمن ہیں مسیح (علیہ السلام) کے۔ یہ سن کر بادشاہ نے لشکر قبط کو روانہ ہونے کا حکم دیا۔ ادھر حضرت خالدؓ بن ولید نے اپنے لشکر کو آراستہ کیا اور ان کے لشکر کی صفیں دریا اور باب الاخضر کے قریب تھیں۔ بادشاہ ارسطولیس اپنی صلیب کے نیچے ٹھہرا۔ اس نے جب قبہ پر نظر ڈالی تو وہ روشن تھا اور اس میں سے نور پھوٹ رہا تھا۔ یہ دیکھتے ہی بادشاہ کو رات والا خواب یاد آگیا اور اس نے کہا قسم اللہ کی جو خواب میں نے رات دیکھا وہ سچ ہے۔ اس دن اس نے جنگ نہ کی اور راتوں رات خزانہ' اہل و عیال اور اپنی لونڈیاں باندیاں ساتھ لے کر بھاگ گیا۔ صبح شہر اسکندریہ میں بادشاہ کے فرار ہونے کا شور ہوا۔ قبطیوں نے یہ دیکھ کر ہتھیار ڈال دیئے اور مسلمانوں کو فتح حاصل ہوئی۔ (فتوح المصر صفحہ ۷۸ تا ۸۰)

۶۳۔ خلفاء' بنی عباس کے دوسرے خلیفہ تھے ابو جعفر عبداللہ منصور العباسی الہاشمی (خلیفہ منصور ہوں یا دوسرے خلفاء ان میں خلفا والی صفات کہاں تھیں یہ سب تو بادشاہ تھے) جو ۹۵ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ خلیفہ منصور نے خلافت ملنے سے پہلے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خانہ کعبہ میں رونق افروز ہیں اور بیت اللہ شریف کا دروازہ کھلا ہے۔ اندر سے آواز آئی عبداللہ کہاں ہے' یہ سن کر میرے بھائی ابو العباس عبداللہ سفاح کھڑے ہوئے اور اندر گئے۔ تھوڑی دیر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت بابرکت میں رہ کر باہر آئے۔ دیکھتا ہوں کہ ان کے ہاتھ میں ایک سیاہ علم ہے جس کا طول چار ہاتھ کا ہے۔ پھر تھوڑی دیر بعد آواز آئی۔ عبداللہ کہاں ہے۔ یہ سن کر میں حاضر خدمت ہوا۔ دیکھتا کیا ہوں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما ہیں اور حضرت ابوبکر صدیق' حضرت عمر فاروق اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین آپؐ کے ہمراہ ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے سر پر عمامہ باندھا جس کے ۲۳ پیچ تھے اور پھر آپؐ نے امت محمدیہ کے لئے عدل و انصاف کی ہدایت فرمائی اور ارشاد فرمایا لو مبارک ہو تم قیامت تک جتنے خلیفہ ہوں گے ان کے باپ ہو

marfat.com
Marfat.com

یعنی تمہاری اولاد میں خلافت رہے گی۔ یہ خواب سچا ثابت ہوا اور آپ کو خلافت ملی۔ (تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۰۱) (سیرت آل عباس جلد دوم مولفہء مولوی حکیم سید فرید احمد عباسی الہاشمی۔ پرنسپل زنانہ طبیہ کالج۔ دہلی صفحہ ۱۲۹۔ مطبع افضل المطابع' دہلی)

بنی امیہ کی خلافت کے خاتمہ پر بنی عباس کے خاندان میں خلافت آئی۔ ابو العباس پہلا خلیفہ ہوا جو ۱۳۶ھ میں مرا۔ اپنی سفاکیوں کی وجہ سے سفاح مشہور ہوا۔ اس نے خاندان بنی امیہ کا نام و نشان مٹا دیا۔ ہزارہا قتل کئے' سینکڑوں جلاوطن اور قید کئے۔ گورستان بنی امیہ کھودوا ڈالا۔ حضرت امیر معاویہؓ سے لے کر مروان آخری خلیفہ بنی امیہ تک کسی کی قبر کو نہ چھوڑا۔ جسم کے ڈھانچے نکلوا کر کوڑے لگوائے۔ پیروں سے رندھوائے اور ہڈیاں جلا کر دریا برد کر دیں یا خاک ہوا میں اڑا دی۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت امیر معاویہؓ کی قبر کی حفاظت فرمائی۔ جب کھودا گیا وہ خالی تھی کیونکہ آپ کے کفن کے ساتھ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عطا کردہ کرتا شامل تھا۔ ناخن مبارک کا تراشہ اور موئے مبارک تھے۔ آپ کاتب وحی اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے برادر نسبتی بھی تھے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اغیار کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا اور ان کی بے ادبی سے بچا لیا۔ ابو العباس نے مرض الموت میں اپنے بھائی ابو جعفر منصور کو خلیفہ مقرر کیا جس نے ۲۲ سال حکومت کر کے ۶۳ برس کی عمر میں ۱۵۸ھ میں وفات پائی۔ خلیفہ منصور نے ۱۴۵ھ میں شہر بغداد کی بنیاد رکھی اور زر کثیر سے پر رونق بنایا۔ قبرص اس کے زمانہ میں فتح ہوا۔ اس وقت روم کا بادشاہ جرجین تھا۔ اس کے بعد قسطنطیں (کونسٹائن) آیا جس نے قسطنطنیہ آباد کیا۔ منصور بہت بہادر اور اچھا منتظم تھا۔ اہلکاروں سے کوڑی کوڑی کا حساب لیتا تھا۔ بڑا بھاری خزانہ چھوڑا۔

۶۴۔ ایک شخص شام میں تھا اس کا منہ سور کا ہو گیا تھا۔ لوگوں نے اس کا سبب پوچھا۔ اس نے کہا میں امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر ہر روز ہزار مرتبہ اور جمعہ کے دن چار ہزار مرتبہ لعنت کرتا تھا اور ان کی اولاد کو بھی اس میں شریک کر لیتا تھا۔ ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ حضرت امام حسینؓ آپؐ سے میری شکایت کر رہے ہیں۔ آپؐ نے مجھ پر لعنت

marfat.com
Marfat.com

کر کے میرے منہ پر تھوک دیا۔ جس مقام پر آپؑ کا تھوک پڑا اتنا جسم سور کا سا ہو گیا۔ (الصواعق)

۶۵۔ مسند خوارزمی میں تحریر ہے عبداللہ بن مبارکؒ ابن یسعد سے روایت ہے کہ حضرت امام ابو حنیفہؒ نے ایک رات خواب میں دیکھا کہ آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرقد مبارک کو کھود کر آپؑ کی استخوان مبارک (مبارک ہڈیوں) کو لحد سے جمع کر رہے ہیں اور بعض کو بعض سے جدا کر رہے ہیں یعنی ان کو چھانٹ رہے ہیں۔ اس خواب کی ہیبت سے آپ کی آنکھ کھل گئی۔ صبح بصرہ جا کر حضرت محمد بن سیرینؒ سے اس خواب کی تعبیر دریافت کی۔ اس پر انہوں نے کہا کہ تو اس خواب کا صاحب نہیں بلکہ اس کا صاحب تو ابو حنیفہ ہے۔ امام صاحب نے فرمایا کہ ابو حنیفہ میں ہی ہوں۔ فرمایا اپنی پیٹھ اور بائیں جانب دکھاؤ۔ امام صاحب نے اپنی پیٹھ اور جانب چپ کو آپ کے سامنے ننگا کر دیا۔ آپ کے شانے یا بائیں بازو پر خال دیکھ کر حضرت ابن سیرینؒ نے فرمایا تحقیق کہ تم ہی وہ ابو حنیفہ ہو جن کے حق میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ میری امت میں ایک شخص پیدا ہو گا جس کو لوگ ابو حنیفہؒ کہیں گے اور اس کے شانوں کے درمیان اور ایک روایت میں اس کے بائیں بازو پر تل ہو گا۔ اللہ میری سنتوں کو اس کے ذریعہ زندہ کرے گا۔ اسی روایت کا وہ اثر ہے جس کی طرف حضرت امام جعفر صادقؒ نے اشارہ فرمایا ہے اور جس کو حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے تحفہ اثنا عشریہ کے باب گیارہ کے خاتمہ پر لکھا ہے کہ اگر اہل تشیع اس بارے میں اہل سنت کی روایت پر اعتبار نہ کریں تو روایات امامیہ تو ان کو ضرور قبول کرنی چاہئیں۔ جیسا کہ حضرت ابو الحسن بن علیؒ نے اپنی اسناد کے ساتھ روایت کی ہے کہ ایک دن حضرت امام ابو حنیفہؒ حضرت امام عبداللہ جعفر صادقؒ کے پاس آئے۔ امام صاحب نے امام ابو حنیفہؒ کی طرف نظر کر کے فرمایا کہ میں تم کو ایسا دیکھتا ہوں کہ تم میرے دادا کی سنت کو جب کہ وہ گم ہو گئی ہو گی زندہ کرو گے۔ ہر ایک مغموم و مہموم کے مددگار و فریاد رس ہو گے۔ تم ان کو صحیح راستہ کی ہدایت کرو گے اور تم کو اللہ تعالیٰ کی مدد و توفیق حاصل ہو گی۔ یہاں تک کہ علمائے ربانی تمہاری وجہ سے راستہ پائیں گے۔ یہ مضمون بعینہ

marfat.com
Marfat.com

وہی ہے جو عروس العارفین علی بن عثمان الجلالی المعروف بہ حضرت داتا گنج بخش ؒ نے کشف المحجوب میں تحریر فرمایا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت یحییٰ معاذ الرازی ؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں کون سی جگہ آپ ؐ کی جستجو کروں۔ آپ ؐ نے ارشاد فرمایا ابو حنیفہ ؒ کے علم و فہم (فقہ) کے پاس۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ؒ نے رسالہ "فیوض الحرمین" میں تحریر فرمایا ہے کہ مجھ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مطلع فرمایا کہ مسلک حنفی میں ایسا پسندیدہ طریقہ ہے جو اور مسالک سے اس سنت معروفہ کو جو بخاری اور اس کے اصحاب کے زمانہ میں جمع اور پختہ ہوئی ہے موافق تر ہے۔ (کشف المحجوب ترجمہ اردو از عبدالرحمن طارق صفحہ ۱۱۹) (حدائق الحنفیہ از مولوی فقیر محمد جہلمی ثم لاہوری صفحہ ۷۳ تا ۷۴)

"امام اعظم ؓ" (سیرۃ النعمان) میں حضرت علامہ شبلی نعمانی ؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ اس خواب میں ابن سیرین ؒ کی تعبیر گوئی محض غلط ہے کیونکہ وہ تو ۱۱۰ھ میں قضا کر چکے تھے جب کہ امام اعظم ؓ نے یہ خواب اس وقت دیکھا تھا جب آپ اپنے استاد حضرت حماد کی وفات کے بعد ان کی مسند پر بیٹھے تھے اور حضرت حماد کا وصال ۱۲۰ھ میں ہوا تھا۔ ("امام اعظم ؓ" صفحہ ۷۲، ناشر ایم ثناء اللہ خاں، ۲۶ ریلوے روڈ، لاہور)

امام اعظم ؒ یہ خواب دیکھتے ہی گھبرا کر اٹھ کھڑے ہوئے اور ابن سیرین ؒ کے ایک رفیق (اور بقول بعض اپنے استاد) سے اس کی تعبیر دریافت کی ("خواب و تعبیر" صفحہ ۲۱۴ ادارہ تصنیف و تالیف، کتاب منزل۔ کشمیری بازار لاہور)

۶۶۔ بعض حنابلہ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خواب میں عرض کیا کہ مسلک کے بارے میں آپ ؐ کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ آپ ؐ نے ارشاد فرمایا مسلک تین ہیں۔ انہوں نے خیال کیا کہ مسلک ابی حنیفہ کو نکال دیں گے مگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شمار فرمایا اور ارشاد فرمایا ابوحنیفہ و شافعی و احمد کا اور پھر فرمایا کہ مالک بھی یعنی مسلک چار ہیں۔ (خیرات الحسان فی مناقب النعمان)

۶۷۔ مسدد بن عبدالرحمن بصری ؓ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں قبل فجر رکن

marfat.com
Marfat.com

و مقام ابراہیم کے درمیان سو گیا۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا اور عرض کیا کہ آپؐ نعمان بن ثابتؒ (ابو حنیفہ) جو کوفہ میں رہتے ہیں ان کی بابت کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ کیا میں ان کا علم حاصل کروں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس کا علم حاصل کرو اور اس کے موافق عمل کرو یعنی نعمان بن ثابت بہت اچھا مرد ہے۔ جب مسددؒ بیدار ہوئے تو لوگوں کو نعمان بن ثابتؒ کے علم کی طرف متوجہ کیا۔ (خیرات الحسان فی مناقب النعمان)

۶۸۔ فضل بن خالدؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے خواب میں عرض کیا کہ آپؐ امام ابو حنیفہؒ کے علم کے بارے میں کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اس کا ایسا علم ہے کہ تمام آدمی اس کے محتاج ہیں۔ (خیرات الحسان فی مناقب النعمان)

۶۹۔ ازہر بن کیسانؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پیچھے حضرات شیخین یعنی حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عُمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔ میں نے ان دونوں بزرگوں سے عرض کیا کہ مجھ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے کچھ سوال کرنا ہے۔ انہوں نے فرمایا دریافت کر لو مگر آواز بلند نہ کرنا۔ میں نے دریافت کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ابو حنیفہؒ کا علم کیسا ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا یہ علم خضرؑ سے نکلا ہے۔ (خیرات الحسان فی مناقب النعمان)

۷۰۔ "روض الافکار" میں تحریر ہے کہ ایک شخص کہتا ہے کہ میں حضرت امام ابوحنیفہؒ کے اجتہاد کا منکر تھا۔ میرے ہاتھ میں زخم پیدا ہو گیا اور وہ گل سڑ کر بالکل خراب ہو گیا۔ اسی اثناء میں میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت خواب میں کی اور آپؐ سے حضرت امام اعظمؒ کے قول کی بابت دریافت کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس کا کلام لقمان کے کلام سے مشابہت رکھتا ہے بلکہ اس نے اس پر کچھ زیادہ ہی کیا ہے۔ (خیر الموانس جلد دوم صفحہ ۱۴۳ تا ۱۴۴)

۷۱۔ امام اعظمؒ امام ابو حنیفہؒ سے روایت ہے کہ فرض نماز کی تشہد اول میں

marfat.com
Marfat.com

جو کوئی ایک حرف بھی درود وغیرہ کا زیادہ کرے تو اس پر سجدہ سہو واجب ہو جاتا ہے۔ امام صاحبؒ اس وجہ سے سجدہ سہو واجب نہیں کرتے کہ درود بھیجا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بلکہ اس وجہ سے کہ درود پڑھنے کی وجہ سے تیسری رکعت کے قیام میں جو فرض ہے تاخیر ہوئی۔

روایت ہے کہ امام اعظمؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اے ابوحنیفہ کیونکر تو نے واجب کیا سجدہ سہو کو اس پر جس نے مجھ پر درود بھیجا۔ عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) واجب کیا سجدہ سہو میں نے اس واسطے کہ اس نے آپؐ پر سہو اور بھول سے درود بھیجا پس مستحسن مانی امام اعظم کی یہ بات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (بحرالرائق) (صلوت ناصری از مولانا ناصر علی صفحہ ۲۳)

۷۲۔ امام اعظم حضرت ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ جب حضرت نوفل بن حیانؓ نے وفات پائی تو میں نے خواب میں دیکھا کہ قیامت بپا ہے اور تمام مخلوق حساب گاہ میں کھڑی ہے۔ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپؐ ایک حوض کے کنارے کھڑے ہیں اور آپؐ کے دائیں و بائیں بہت سے مشائخ کھڑے ہیں اور دیکھا کہ ایک سفید بالوں والے بزرگ ہیں جو آپؐ کے رخساروں پر منہ رکھے ہوئے ہیں اور حضرت نوفلؓ آپؐ کے سامنے کھڑے ہیں۔ جب حضرت نوفلؓ نے مجھے دیکھا تو میرے پاس آئے اور میں نے آپ سے پانی طلب کیا۔ حضرت نوفلؓ نے فرمایا کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اجازت حاصل کر لوں۔ آپؐ نے انگشت مبارک سے اشارہ فرمایا کہ پانی پلا دو۔ حضرت نوفلؓ نے مجھے پانی دیا اور میرے ماننے والوں کو بھی دیا۔ سب نے پی لیا مگر اس پیالہ کا پانی کم نہ ہوا ویسے ہی کا ویسا رہا۔ میں نے کہا اے نوفلؓ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دائیں جانب جو بزرگ کھڑے ہیں وہ کون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا کہ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں اور آپؐ کی بائیں جانب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ میں جس طرح پوچھتا جاتا تھا اسی طرح انگلیوں پر شمار کی گرہیں کرتا جاتا تھا۔ میں نے سترہ آدمیوں کی بابت دریافت کیا۔ جب بیدار ہوا تو ٹھیک سترہ عدد ہاتھ کی انگلیوں پر گنے

marfat.com
Marfat.com

ہوئے تھے۔ (کشف المحجوب از حضرت سید علی ہجویریؒ ترجمہ از عبدالرحمٰن طارق بی۔ اے صفحہ ۱۲۱) (خیرات الحسان فی مناقب النعمان)

۷۳۔ امام اعظم امام ابو حنیفہ جب تمام علوم میں کامل ہو گئے تو صوف پہن کر گوشہ نشینی کا قصد کیا اس پر ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خواب میں آپ کو ملے اور ارشاد فرمایا "اے ابو حنیفہ آپ کو اللہ نے میری سنت زندہ کرنے کے لئے پیدا کیا ہے۔ آپ کو عزلت نشینی چھوڑ کر تبلیغ و ارشاد کا فریضہ ادا کرنا چاہئے۔ یہ بشارت پاتے ہی آپ افادت و افاضت خلائق اور اجتہاد و استنباط مسائل شرعیہ میں مشغول ہو گئے یہاں تک کہ آپ کا مسلک شہرہ آفاق ہو گیا۔ (کشف المحجوب صفحہ ۱۱۹) (معدن الیواقیت)

۷۴۔ حضرت سید علی ہجویریؒ (حضرت داتا گنج بخش) "کشف المحجوب" میں فرماتے ہیں کہ حضرت امام اعظم جس وقت روضہ رسول (علی صاحبہا الف الف صلوۃ و الف الف سلام) پر حاضری دیتے اور فرماتے "السلام علیک یا رسول اللہ" تو اندرون روضہ مقدسہ سے جواب آتا "وعلیکم السلام یا امام المسلمین" ولادت کوفہ میں ۸۰ھ میں ہوئی۔ ۱۵۰ھ/۷۶۷ء میں وصال ہوا۔ مزار مبارک بغداد کہنہ (قدیم) میں زیارت گاہ عالم ہے۔ مصنف "خیرات الحسان فی مناقب النعمان" فرماتے ہیں کہ آپ کے جنازہ پر سات لاکھ آدمیوں نے نماز پڑھی تھی۔ ایران کے بادشاہ نوشیروان عادل سے بقول بعض آپ کا سلسلہ نسب جا ملتا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام ابو حنیفہ کو بخطاب "سراج الامتہ" یاد فرمایا ہے۔ "مفتاح السعادۃ" میں آپ کے بچپن میں ایک دہریہ سے مناظرہ کا ذکر ہے جو اس وقت کے کئی جید علماء کو چیلنج کر چکا تھا۔ یہ کیونکر ممکن ہے کہ کسی موجود چیز کا نہ اول ہو نہ آخر (اللہ تعالیٰ کی صفت ازلیت و ابدیت کی طرف اشارہ ہے) جواب میں امام اعظمؒ نے فرمایا گنتی میں ایک سے پہلے کیا عدد ہے۔ دہریہ نے کہا ایک سے پہلے کوئی عدد نہیں۔ امام اعظمؒ نے اس پر فرمایا "واحد مجازی" سے پہلے کچھ نہ ہو تو "واحد حقیقی" سے پہلے کیونکر کچھ ہو گا۔ جب ہر چیز کسی نہ کسی سمت میں ہے تو اللہ تعالیٰ کا چہرہ کس سمت میں ہے؟ جواب

marfat.com
Marfat.com

روشن چراغ کا رخ کدھر ہوتا ہے۔ دہریہ نے اس پر کہا روشنی کے لئے تمام رخ اور سمت برابر ہیں۔ اس پر حضرت اعظمؒ نے فرمایا کہ جب "نور مجازی" کے لئے سب سمت برابر ہیں تو "نور حقیقی" کے لئے کیوں نہیں۔ دہریہ نے پوچھا کہ جب ہر موجود شے کے لئے کوئی نہ کوئی جگہ ہوتی ہے تو بتایئے اللہ کون سی جگہ ہے؟ اس پر امام اعظمؒ نے دہریہ کو دودھ دکھا کر کہا بتاؤ اس میں گھی کہاں ہے؟ دہریہ نے اس پر کہا اس میں گھی کی کوئی مخصوص جگہ نہیں وہ دودھ کے ہر قطرہ میں ہے۔ اس پر امام اعظمؒ نے فرمایا کہ جب ایک فانی چیز ہر قطرہ میں موجود ہے تو خالق کائنات جو ہمیشہ باقی رہنے والا کیوں نہ ہر جگہ ہو گا۔ دہریہ نے چوتھا اور آخری سوال دریافت کیا کہ اس وقت اللہ کیا کر رہا ہے؟ اس پر امام اعظمؒ نے دہریہ سے کہا آپ منبر سے نیچے اتر آئیں اور جواب دینے کے لئے مجھے منبر پر بیٹھنے دیں۔ دہریہ اتر آیا اور آپ نے منبر پر بیٹھ کر فرمایا اس وقت اللہ تعالیٰ میرے درجات بلند کر رہا ہے اور تجھے ذلیل کر رہا ہے۔ دہریہ امام اعظمؒ کے یہ پرمغز اور شافی جوابات سن کر لاجواب ہو گیا اور اسے اپنی شکست کا اعتراف کرنا پڑا۔ یہ ایک واقعہ ہے جو آپ کے عہد طفولیت اور تعلیمی دور کا ہے جس سے مستقبل کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات!

۷۵۔ علم و فضل کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عونؒ کے مکارم اخلاق کا طغرائے امتیاز زہد و ورع تھا۔ بکار بن محمدؒ کا بیان ہے کہ میں نے ابن عونؒ کو کبھی کسی سے مذاق کرتے، شعر پڑھتے اور جھگڑتے نہیں دیکھا۔ انہیں اپنے کام سے کام تھا۔ میں نے ان سے زیادہ زبان پر قابو رکھنے والا نہیں دیکھا۔ وہ اپنی لونڈی، غلاموں بلکہ مرغی و بکری تک کو برا نہ کہتے تھے۔ عبادت زیادہ کرتے تھے۔ لہسن سے اجتناب تھا کہ اس کے استعمال سے منہ میں بدبو پیدا ہوتی ہے (اگر لہسن میں بدبو نہ ہوتی تو یہ سونے کے بھاؤ بکتا کہ یہ سب سے قدیم "Anti Biotic" ہے۔) لوگوں پر احسان کرتے مگر چھپ کر، اوقات کے سخت پابند تھے۔ میانہ روی کے قائل تھے۔ پیر میں چوٹ لگی جو موت کا سبب بنی۔ آپ بیماری میں نہایت صابر و شاکر تھے۔ زبان پر حرف شکایت نہ لاتے تھے۔ آخری سانس تک قبلہ رو ہو کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے رہے۔ ۱۵۱ھ میں واصل الی اللہ ہوئے۔ جنازہ اٹھا تو اس شان سے کہ بے شمار خلقت شریک تھی۔ مسجد

marfat.com
Marfat.com

کا صحن اور اس کی عمارت ناکافی ثابت ہوئے اور محراب میں رکھ کر نماز جنازہ پڑھائی گئی۔ خوشبو کا بہت استعمال کرتے تھے۔ نہایت صاف ستھرا لباس پہنتے تھے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپ کو والہانہ شیفتگی تھی۔ اس کی مقبولیت کی سند یہ ہے کہ آپ کی زندگی میں بعض لوگوں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرماتے ہیں "ابن عونؒ کی زیارت کرو"۔ آپ خود بھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ ("غلامان اسلام" از مولانا سعید احمد ایم اے۔ فاضل دیوبند۔ ندوۃ المصنفین یہ کتاب دہلی میں ۱۹۴۸ء میں شائع ہوئی صفحہ ۲۸۱ تا ۲۸۵)

حضرت ابن عونؒ کی سب سے بڑی تمنا یہ تھی کہ ایک مرتبہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہو جائے۔ اللہ تعالٰی نے آپ کی خواہش پوری فرمائی۔ وفات سے کچھ دن پہلے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار پاک سے مشرف ہوئے۔ اس شرف پر ایسے وارفتہ ہوئے کہ بالاخانہ سے اتر کر فوراً مسجد میں آئے اور انتہائی مسرت کے عالم میں گر پڑے۔ پیروں میں چوٹ آئی لیکن ایک بابرکت یادگار کی حیثیت سے اس چوٹ کا علاج نہ کیا۔

زخم دل مظہر مبادابہ شود ہشیار باش
کیں جراحت یادگار ناوک مژگان اوست

بالاخر یہی چوٹ مرض الموت کا سبب بن گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون (تابعین از شاہ معین الدین احمد صاحب ندوی صفحہ ۲۴۷)

۷۶۔ حضرت امام موسیٰ علی رضاؒ کی دادی حضرت حمیدہ خاتونؒ نے جو حضرت امام موسیٰ کاظمؒ کی والدہ تھیں نجمہ کو خرید فرمایا تھا اور یہ عجم کی شریف ترین خواتین میں تھیں اور عقل و شعور، معرفت ایمان اور ذاتی اعزاز کے اعتبار سے تمام عورتوں سے افضل تھیں اور حضرت حمیدہؒ کی بہت تعظیم کرتی تھیں۔ حضرت حمیدہؒ خاتون نے ایک مرتبہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا "یا حمیدہ ھبی نجمہ لا بنک موسیٰ فانہ ولد منھا خیر اھل الارض" (اے حمیدہ نجمہ

marfat.com
Marfat.com

کو اپنے بیٹے موسیٰ کاظمؒ کو ہبہ کر دو یعنی ان کی زوجیت میں دے دو کیونکہ اس کے بطن سے ایک ایسا فرزند پیدا ہونے والا ہے جو تمام روئے زمین کے لوگوں سے بہتر ہو گا) اور اس طرح حضرت نجمہؒ کے بطن سے آٹھویں امام حضرت موسیٰ رضاؒ پیدا ہوئے ۱۴۸ھ میں مدینہ شریف میں اور ۲۰۲ھ میں مشہد (جائے شہادت) ایران میں شہادت پائے۔ وہیں شاندار روضہ ہے۔ (تذکرہ اکرام صفحہ ۴۱۰) (تحفہ رضویہ یعنی سوانح عمری حضرت امام موسیٰ رضاؒ مولفہ و مرتبہ عالی جناب خان بہادر السید اولاد حیدر فوق بلگرامی رئیس کواتھ ضلع آرہ صفحہ ۱۱)(رویائے صالحہ حصہ اول صفحہ ۳۹)

۷۷۔ حضرت سالم بن عبداللہ بن عمرؓ بن خطاب فرماتے ہیں کہ میں نے ایک رات تمام پیغمبروں کو اس شان میں دیکھا کہ ہر پیغمبر کے ساتھ چار چار چراغ ہیں اور ان کے حوارین کے ہمراہ ایک ایک مگر ایک پیغمبر کے ہر رونگٹے میں ایک چراغ ہے اور اس کی روشنی سے تمام جہان منور ہے اور اس کے ساتھیوں کے پاس چار چار چراغ ہیں۔ میں نے دریافت کیا یہ کون ہیں؟ جواب ملا یہ پیغمبر آخرالزماں علیہ الصلوۃ و السلام ہیں۔ حضرت کعبؓ بن احبار نے دریافت کیا کہ یہ روایت تمہیں کہاں سے ملی ہے؟ میں نے جواب دیا خواب سے' آپ نے جواب دیا یہ تو تورات شریف کے مضمون سے ملتا جلتا ہے۔ (خیر المؤانس جلد دوم صفحہ ۴۴۴)

۷۸۔ سید عبداللہؒ' ابراہیمؒ بن الحسن بن الحسن بن علیؓ بن ابی طالب کی اولاد سے ہیں۔ آپ کا بیان ہے کہ میں نے اپنے جد بزرگوار (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو خواب میں دیکھا اور دریافت فرمایا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپؐ کے اہل میں سے کون آپؐ سے قریب تر ہے؟ آپؐ نے فرمایا جس نے دنیا کو پس پشت ڈال دیا اور آخرت کو اپنی آنکھوں کے سامنے رکھا اور ایسی حالت میں مجھ سے ملا کہ اس کا نامہ اعمال گناہوں سے پاک تھا۔ (نعمت عظمیٰ حصہ اول ترجمہ سید عبدالغنی وارثی صفحہ ۲۴۹)

۷۹۔ "نزہتہ المجالس" میں حافظ ابو نعیم' حضرت سفیان ثوریؒ سے نقل کرتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ باہر جا رہا تھا۔ میں نے ایک نوجوان کو دیکھا کہ وہ جب قدم

marfat.com
Marfat.com

اٹھاتا یا رکھتا ہے تو یوں کہتا ہے "اللھم صلی علی محمد و علی ال محمد" میں نے اس سے پوچھا کیا کسی علمی دلیل سے تیرا یہ عمل ہے یا محض اپنی رائے سے۔ اس نے مجھ سے دریافت کیا کہ تو کون ہے؟ میں نے کہا سفیان ثوریؒ اس نے کہا کیا عراق والے سفیان، میں نے کہا ہاں - کہنے لگا تم کو اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہے۔ میں نے کہا ہاں ہے۔ اس نے پوچھا کس طرح؟ میں نے کہا رات سے دن نکالتا ہے اور دن سے رات نکالتا ہے۔ ماں کے پیٹ میں بچے کی صورت پیدا کرتا ہے۔ اس نے کہا کچھ نہیں پہچانا۔ میں نے کہا پھر تو کس طرح پہچانتا ہے۔ اس نے کہا کسی کام کا پختہ ارادہ کرتا ہوں اس کو فسخ کرنا پڑتا ہے اور کسی کام کے کرنے کی ٹھان لیتا ہوں اور نہیں کر پاتا۔ اس سے میں نے پہچان لیا کہ کوئی دوسری ہستی ہے جو میرے کاموں کو انجام دیتی ہے۔ میں نے پوچھا یہ تیرا درود کیا ہے؟ اس نے کہا میں اپنی ماں کے ساتھ حج کو گیا۔ میری ماں کا وہاں انتقال ہو گیا اور اس کا منہ کالا ہو گیا اور پیٹ پھول گیا جس سے یہ اندازہ ہوا کہ کوئی بہت بڑا گناہ اس سے سرزد ہوا ہے۔ دکھ بھرے دل کے ساتھ میں نے اللہ جل شانہ کے حضور میں دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے تو دیکھا کہ تہامہ (حجاز) سے ایک ابر آیا اور اس میں سے ایک شخص ظاہر ہوا۔ اس نے اپنا دست مبارک میری ماں کے چہرے پر پھیرا جس سے وہ بالکل روشن ہو گیا اور پیٹ پر ہاتھ پھیرا تو وہ بھی قدرتی حالت پر آ گیا۔ میں نے اس شخص سے عرض کیا کہ آپ کون ہیں کہ میری ماں کی مصیبت کو دور کر دیا۔ انہوں نے فرمایا میں تیرا نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہوں۔ میں نے عرض کیا مجھے کچھ وصیت فرمایئے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب کوئی قدم اٹھایا کرے یا رکھا کرے تو اللھم صلی علی محمد و علی ال محمد پڑھا کر (یوں بھی ہے کہ ہر وقت درود پڑھا کر) حضرت سفیان ثوریؒ کا وصال ۱۶۰ھ میں ہوا۔ (تحفتہ الحسین از علامہ احمد سعید سابق ناظم اعلیٰ جمعیت علمائے ہند، دہلی) تحفتہ الحسین میں درود شریف کے فضائل مذکور ہیں اور ان کے ورد کے وہ طریقے جن سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہوتی ہے۔

۸۰۔ عبدالعزیز بن عبداللہ الماجشونؒ فارس کے رہنے والے تھے۔ ابو سلمہ

marfat.com
Marfat.com

آل ہریر کے غلام تھے۔ ان کے رخسار شراب کی طرح سرخ تھے اس لئے انہیں "میگوں" کہا جاتا تھا جس کو اہل مدینہ طیبہ نے "ماجشون" کر دیا تھا۔ نہایت متقی و پرہیزگار تھے۔ ان کے علم و فضل اور دیگر کمالات کی وجہ سے خلفاء ان کی بڑی تعظیم و توقیر کرتے تھے۔ ان کی وفات کے سلسلے میں ان کے صاحبزادے نے ایک عجیب واقعہ بیان کیا ہے۔ فرماتے ہیں "میرے والد کی روح جسم سے پرواز کر گئی تو ہم سب نے ان کو غسل کے لئے تختہ پر لٹایا۔ غسال غسل دے رہا تھا کہ یکایک اس نے دیکھا کہ ان کے تلوے میں ایک رگ پھڑک رہی ہے۔ اس نے لوگوں سے یہ واقعہ بیان کیا۔ سب کی رائے ہوئی کہ اس وقت غسل دینا ملتوی کر دیا جائے۔ دوسرے دن بھی یہی صورت پیش آئی۔ غرض اس طرح تین دن گذر گئے۔ اس کے بعد ابن الماجشون یکایک اٹھ کر بیٹھ گئے اور لوگوں سے ستو طلب کیا۔ ارشاد کی فوراً تعمیل ہوئی۔ ستو پی چکے تو لوگوں نے کہا آپ پر ان تین دنوں میں جو کچھ واردات گذری اس کو سنائیے۔ انہوں نے بطیب خاطر اس درخواست کو منظور کر لیا اور یہ واقعہ بیان کیا "میری روح کو فرشتہ لے کر روانہ ہوا۔ اس نے آسمان دنیا کو عبور کیا اور اسی طرح گزرتا ساتویں آسمان تک پہنچ گیا۔ وہاں اس فرشتہ سے پوچھا گیا کہ تمہارے ساتھ کون ہے؟ فرشتہ بولا "الماجشون"۔ کہا گیا "ابھی تو ان کی عمر میں اتنے برس اتنے مہینے اتنے دن اور اتنے گھنٹے باقی ہیں تم ان کو ابھی سے کیوں لے آئے؟" اس کے بعد فرشتے نے مجھ کو لے کر نیچے اترنا شروع کیا یہاں تک کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ کی دائیں جانب حضرت صدیق اکبرؓ اور بائیں جانب حضرت فاروق اعظمؓ اور سامنے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ تشریف رکھتے تھے۔ یہ دیکھ کر میں نے فرشتہ سے پوچھا کہ یہ حضرت جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے روبرو بیٹھے ہیں کون ہیں؟ تو جواب ملا عمر بن عبدالعزیزؒ میں نے کہا یہ تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے بہت زیادہ قریب ہیں۔ فرشتہ نے جواب دیا یہ وہ بزرگ ہیں جنہوں نے ظلم و ستم کے زمانے میں حق پر عمل کیا اور حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ نے حق کے زمانے میں حق پر عمل کیا۔ اس طرح ان کو دنیا میں رہنے کی کچھ اور مہلت مل گئی اور ۱۴۲ھ میں جب کہ وہ مدینہ

marfat.com
Marfat.com

طیبہ سے واپس آ کر بغداد شریف میں مقیم ہوئے وفات پائی۔ نماز جنازہ خلیفہء وقت مہدی نے پڑھائی اور قریش کے قبرستان میں دفن ہوئے۔ (غلامان اسلام از مولانا سعید احمد ۱۹۴۸ء کے ایڈیشن میں صفحہ ۳۶۴ تا ۳۶۵' اس کے ایک اور ایڈیشن میں صفحہ ۳۵۵ تا ۳۵۶)

۸۱۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ ایک روز نہایت شان و شوکت کے ساتھ مسجد سے جو باہر نکلے تو ایک علوی (سیدزادے) نے کہا اے کافر زادے یہ کیا بات ہے کہ میں فرزند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہوں اور دن بھر محنت بھی کرتا ہوں جب کہیں جا کر مجھے روزی ملتی ہے اور تمہاری شان و شوکت یہ ہے۔ آپ نے فرمایا تمہارے باپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے اور میرا باپ گمراہ تھا۔ تمہارے بزرگ ترین باپ نے جو میراث چھوڑی ہے میں نے اسے حاصل کر لیا اور یہ مرتبہ پایا جبکہ تم نے میرے ماں باپ کی میراث حاصل کی اور خوار ہوئے۔ اسی شب خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خفا دیکھا۔ آپ نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خفا ہونے کی کیا وجہ ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تم ہمارے فرزند پر نکتہ چینی کرتے ہو۔ آپ بیدار ہوتے ہی اس سیدزادے کی تلاش میں روانہ ہوئے تاکہ اس سے معذرت چاہیں۔ اس سیدزادے نے بھی اسی شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ اگر تو ایسا ہوتا جیسا کہ تجھے ہونا چاہئے تھا تو تو کاہے کو دوسروں کے طعنے سنتا۔ سیدزادہ جب بیدار ہوا تو اس نے حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر معذرت کا ارادہ کیا۔ راستہ میں دونوں کی ملاقات ہو گئی۔ دونوں نے ایک دوسرے کو خواب سنائے اور توبہ کر لی۔ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ حضرت امام اعظمؒ کے مشہور شاگرد اور بہت بڑے محدث و بزرگ تھے۔ مرو (خراسان) کے رہنے والے تھے۔ ۱۱۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۸۱ھ میں بمقام ہیت وصال فرمایا۔ (ہشتاد اولیا از حضرت شاہ مراد سہروردیؒ۔ صفحہ ۴۱ حمیدیہ پریس۔ دہلی)

۸۲۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں ایک مرتبہ اکثر اشراف

marfat.com
Marfat.com

مذہب باطل کی طرف مائل ہو گئے۔ میں نے ان سے بغض اختیار کیا۔ ایک رات مقابل روضہ مبارکؐ سوتا تھا۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا۔ فرما رہے ہیں کہ تو میری اولاد سے بغض کیوں رکھتا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ میری کیا مجال ہے۔ ہاں صرف ان کے اعتقاد بد کی وجہ سے بغض رکھتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا فقہ کی کتابوں میں ہے کہ نافرمان لڑکا اپنے باپ کی طرف منسوب ہوتا ہے۔ میں نے کہا سچ ہے یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)۔ آپؐ نے فرمایا پس یہ لوگ بھی مثل نافرمان فرزندوں کے ہیں۔ (الصواعق) منشا یہ ہے کہ آل رسولؐ کی تعظیم و تکریم عوام پر لازم ہے۔ اس وجہ سے کہ ان کا انتساب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ہے اگرچہ اپنی بداعمالی و عقائد باطلہ کی وہ سزا پائیں گے۔ کوئی یہ نہ سمجھے کہ اولاد نبویؐ باوجود ارتکاب افعال قبیحہ عذاب الہیٰ میں گرفتار نہ ہوگی بلکہ حضرت حسن بن حسنؓ نے فرمایا کہ بخدا میں ڈرتا ہوں اس بات سے کہ اگر ہم اہل بیت سے کوئی گناہ سرزد ہوگا تو ہم کو دگنا عذاب دیا جائے گا۔

۸۳۔ فلک عبادت عبداللہ بن مبارکؒ کے پاس ایک غلام تھا جس نے آپ سے یہ معاہدہ کر لیا تھا کہ میں آپ کو ایک درہم روزانہ دیا کروں گا اور جب معینہ رقم پوری ہو جائے گی تو آزاد ہو جاؤں گا۔ چنانچہ وہ آپ کو ایک درہم روزانہ دیتا تھا۔ ایک روز ایک شخص نے حضرت عبداللہؒ سے شکایت کی کہ آپ کا یہ غلام رات کو کفن چراتا ہے اور ان کی فروخت سے آپ کو رقم دیتا ہے۔ چنانچہ آپ اسی شب چپ چاپ اس کے پیچھے روانہ ہوئے اور وہ واقعی قبرستان پہنچ کر ایک قبر کو کھودنے لگا۔ آپ نے دیکھا کہ قبر کے اندر سے ایک محراب برآمد ہوئی اور وہ نماز میں مشغول ہو گیا۔ اب تو آپ قریب آ گئے اور دیکھا کہ گلے میں زنجیر اور جسم پر ٹاٹ کا لباس ہے اور یہ بہ خشوع و زاری مصروف عبادت ہے۔ آپ یہ حالت دیکھ کر دور ہٹ گئے اور بہت روئے۔ صبح ہونے کے قریب اس نے قبر کا منہ اسی طرح بند کر دیا اور مسجد میں آ کر نماز ادا کی۔ پھر دعا مانگی کہ اے بار الہا صبح ہو گئی اور میرا مالک مجازی مجھ سے ایک درہم مانگتا ہے۔ میں مفلس ہوں اور مفلس کو دینے والا تیرے سوا کوئی نہیں۔ جہاں سے مناسب سمجھے عطا فرما دے۔ آپ نے دیکھا کہ اسی وقت ایک شعلہ

marfat.com
Marfat.com

نور رونما ہوا اور ایک درہم اس غلام کے ہاتھ میں آگیا۔ اب تو آپ کو تاب ضبط نہ رہا۔ دوڑ کر گئے غلام کو سینے سے لگا لیا اور کہا کاش تم آقا ہوتے اور میں تمہارا غلام' غلام نے راز فاش ہوتے ہی دعا کی کہ الہ العالمین تیرے بندے کا راز افشاء ہو گیا بہت رسوائی ہو گی۔ تجھے اپنی عزت و جلال کی قسم اب تو میری روح قبض کر لے۔ اسی وقت وہ ٹھنڈا ہو گیا اور آپ نے اسی ٹاٹ میں اس کو دفن کر دیا۔ اسی شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں آپ نے دیکھا کہ آپؐ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ٹہلتے چلے آ رہے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ اے عبداللہ تم نے ہمارے دوست اور اللہ کے محبوب کو ٹاٹ میں کیوں دفن کیا۔ (ہشتاد اولیا صفحہ ۱۱۶ تا ۱۱۷)

۸۴۔ عبداللہ بن مبارکؒ فرماتے ہیں کہ میں ایک سال حج بیت اللہ کو گیا اور بعد طواف حطیم کعبہ شریف میں سو گیا تو خواب میں حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اے عبداللہؒ جب تو بغداد جائے تو میرا سلام بہرام مغ کو پہنچانا اور بشارت جنت میں داخل ہونے کی دینا۔ میں خواب سے بیدار ہوا اور خواب کا خیال کر کے لاحول پڑھا کہ کہاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کہاں آپؐ کا سلام بہرام مغ (بہرام مجوسی) پر۔ تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھ کر پھر سو رہا۔ حج سے فارغ ہو کر جب بغداد پہنچا تو وہ خواب یاد آیا۔ بہرام مغ سے ملا اور دریافت کیا کہ کہاں سے کھاتا ہے' کیا کرتا ہے' کس کو دیتا ہے۔ اس نے جواب دیا سود کھاتا ہوں۔ دس دیتا ہوں تو بارہ لیتا ہوں۔ میری ایک حسینہ و جمیلہ لڑکی ہے جسے میں نے اپنی بیوی بنایا ہوا ہے۔ دوسری لڑکی اس کے حقیقی چار بھائیوں کو دے دی ہے کہ وہ باری باری اس سے زوجیت کا کام لیں۔ یہ چاروں مل کر اس کو نان و نفقہ دیتے ہیں۔ یہ سن کر حضرت عبداللہؒ نے کہا تو نے اب تک جتنی باتیں کیں یہ سب حرام ہیں۔ کوئی سخاوت یا کار خیر بھی تمام زندگی میں تیرے ہاتھ سے انجام پایا۔ جواب دیا غور کر لوں تو بتاؤں۔ پھر بعد تامل کہا ایک مرتبہ ایام جشن میں ایک عورت میرے گھر آئی سراسیمہ و پریشان۔ میں نے اس سے دریافت کیا کہ تو کون ہے اور کہاں سے آئی ہے۔ اس نے جواب دیا کہ میرے بچے خورد سال گرسنگی سے سخت مجبور قریب

marfat.com
Marfat.com

الرگ ہیں۔ کھانے کی خوشبو سونگھ کر اندر گھس آئی ہوں۔ میں نے ترس کھا کر جو کھانا موجود تھا اس کو دے دیا اور کہا اے نیک بخت اپنے بچوں کے لئے روز نان و نمک بلا تکلف یہاں سے لے جایا کر۔ وہ لے جایا کرتی ہے۔ میں نے یہ سن کر کہا تیرا یہ فعل شاید مقبول بارگاہ رسالتؐ ہوا ہے اسی لئے تجھ کو سلام حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ہے اور خوشخبری جنت کی دی ہے۔ وہ فوراً میرے قدموں پر گر پڑا اور کلمہ پڑھ کر تائب ہوا اور کہا کہ گواہ رہو میں نے سود خوری چھوڑ دی' دختر کا نکاح کر دوں گا اور لڑکوں کے لئے بہوئیں لاؤں گا۔ دوسرے روز اس نے ایسا ہی کیا اور ایک ہفتہ کے اندر گناہوں کی شرم کی وجہ سے روتے روتے مر گیا۔ میں نے جب سنا اس کو غسل دیا اور مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا۔ (خیر الموانس جلد اول صفحہ ۳۹۶ تا ۳۹۷) (معین الناصحین ترجمہ اردو "انیس الواعظین" صفحہ ۲۸۴ تا ۲۸۵)

۸۵۔ علامہ سید سمہودیؒ نے "جواہر" میں لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مبارکؒ کا یہ معمول تھا کہ ایک سال حج کرتے تھے اور ایک سال جہاد۔ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میرا حج کا سال تھا۔ میں پانچ سو اشرفیاں لے کر حج کے لئے چلا۔ کوفہ میں اونٹ خریدنے منڈی پہنچا۔ وہاں ایک عورت کو دیکھا کہ مری ہوئی بطخ جو کوڑے پر پڑی تھی اس کے پر نوچ رہی تھی۔ میں نے کہا یہ کیا حرکت ہے۔ بولی جس کام سے تمہیں غرض نہیں اس کے پوچھنے کی ضرورت کیا۔ میں نے اصرار کیا۔ اس پر اس نے کہا کہ تمہارے اصرار نے مجھ کو مجبور کر دیا ہے۔ میں ایک سیدانی ہوں۔ میری چار لڑکیاں ہیں۔ ان کا باپ مر چکا ہے۔ آج چوتھا دن ہے کہ ہم نے کچھ نہیں کھایا ہم پر ایسی حالت میں مردار بھی حلال ہے۔ میں یہ بطخ لے جا کر لڑکیوں کو کھلاؤں گی۔ حضرت عبداللہؒ کہتے ہیں یہ سن کر مجھے سخت ندامت ہوئی اور میں نے وہ پانچ سو اشرفیاں اس کی گود میں ڈال دیں اور گھر چلا آیا اور حج کا ارادہ ملتوی کر دیا۔ جب حجاج فراغت کے بعد واپس ہوئے تو میں ان سے ملا۔ میں جس سے ملتا کہتا تھا اللہ تعالیٰ تمہارا حج قبول فرمائے۔ وہ بھی یہی کہتا کہ اللہ تعالیٰ تمہارا بھی حج قبول فرمائے اور جب میں کوئی بات کرتا تو وہ کہتے فلاں مقام پر تم سے ملاقات ہوئی تھی۔ میں حیرت زدہ تھا کہ یہ معاملہ کیا ہے۔ اسی اثناء میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

marfat.com
Marfat.com

بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "عبداللہ" تعجب کی بات نہیں۔ تو نے میری اولاد میں سے ایک مصیبت زدہ کی مدد کی۔ میں نے اللہ پاک سے دعا کی کہ تیری طرف سے ایک فرشتہ مقرر کردے جو قیامت تک تیری طرف سے حج ادا کرتا رہے۔ اب تجھے اختیار ہے چاہے حج کرے یا نہ کرے (خیر الموانس جلد دوم صفحہ ۲۹۳) (رشفتہ الساوی) ("داستان حرمین" از محمد منیر قریشی صفحہ ۱۰۷ تا ۱۰۸)

۸۶۔ حافظ ابو نعیم اصفہانیؒ نے کتاب "حلیتہ الاولیاء" میں حضرت امام مالکؒ کا ذکر کرتے ہوئے نقل کیا ہے کہ حضرت مطرفؒ سے منقول ہے کہ لیثین کے غلاموں میں سے ایک شخص ابو عبداللہ نامی جو نہایت خدا پرست اور پرہیزگار تھے بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ میں نے دیکھا کہ آپؐ مسجد نبوی (علی صاحبہا الصلوۃ والسلام) میں جلوہ افروز ہیں اور حضرت امام مالکؒ آپؐ کے سامنے کھڑے ہیں اور چاروں طرف لوگوں کا حلقہ بندھا ہوا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے مشک رکھا ہوا ہے اور آپؐ اس میں سے لپ (مٹھی) بھر بھر کر حضرت امام مالکؒ کو مرحمت فرما رہے ہیں اور وہ اسے لوگوں میں تقسیم کر رہے ہیں (اس خواب کی تعبیر میرے دل میں یہ آئی کہ علم نبویؐ نے حضرت امام مالکؒ کے سینے میں ظہور فرمایا۔ اس کے بعد حضرت امام مالکؒ کے واسطے سے دوسرے لوگوں کو پہنچا) (بستان المحدثین اردو صفحہ ۱۸ تا ۱۹) (سنت خیرالانام علیہ الصلوۃ والسلام از صاحبزادہ محمد کرم شاہ صاحب بی۔ اے فاضل از قاہرہ۔ مصر۔ صفحہ ۱۴۸) (شاہ صاحب نہایت بزرگ شخصیت ہیں اور اب تو ماشاءاللہ جسٹس صاحبزادہ محمد کرم شاہ ہیں)

۸۷۔ محمد بن رمح تجیبی مصریؒ جو حضرت امام مسلمؒ مولف "صحیح مسلم" کے استاد ہیں نقل کرتے ہیں کہ میں ایک روز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت پاک سے مشرف ہوا اور خواب ہی میں میں نے آپؐ سے عرض کیا کہ ہم آپس میں حضرت امام مالکؒ اور حضرت لیثؒ کی افضلیت پر جھگڑتے رہتے ہیں اور ایک کو دوسرے پر ترجیح دیتے ہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا مالکؒ میرے تخت کے وارث

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ میں اسی وقت سمجھ گیا کہ اس سے آپؐ کی مراد ہے کہ امام مالکؒ میرے علم کے وارث ہیں (بستان المحدثین اردو صفحہ ۱۹) (تاریخ المشاہیر از قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ۔ سیشنز جج۔ ریاست پٹیالہ صفحہ ۲۱)

۸۸۔ حضرت عبداللہ بن یوسفؒ نے خلف بن عمروؒ سے روایت کیا ہے کہ میں حضرت امام مالکؒ کی خدمت میں حاضر تھا کہ اتنے میں حضرت ابن کثیر قاریؒ مدینہ طیبہ آگئے اور انہوں نے حضرت امامؒ کی خدمت میں ایک رقعہ پیش کیا۔ حضرت امام مالکؒ نے رقعہ پڑھا اور جانماز کے نیچے رکھ دیا۔ جب سب چلے گئے اور میں نے بھی جانے کا ارادہ کیا تو حضرت امامؒ نے فرمایا "خلف ٹھہرو" پھر وہ رقعہ نکال کر مجھے دیا۔ اس میں تحریر تھا "میں نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ جلوہ افروز ہیں اور آپؐ کے سامنے ہجوم ہے۔ کوئی عرض کر رہا ہے یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے کچھ عنایت ہو۔ کوئی کہہ رہا ہے یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میرے لئے بھی کچھ حکم ہو۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے اپنے منبر کے نیچے بہت بڑا خزانہ جمع کر دیا ہے اور میں نے مالکؒ کو حکم دیا ہے کہ وہ تم میں اس کو تقسیم کر دے۔ اب تم مالک (رحمتہ اللہ علیہ) کے پاس جاؤ۔ لوگ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے اٹھ کر چلے گئے۔ ان میں سے کوئی کہہ رہا ہے دیکھیں مالک کیا کریں گے۔ کوئی کہہ رہا ہے کہ جو حکم نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے اس کی تکمیل کریں گے۔

حضرت امام مالکؒ رقعہ پڑھا جانے کے بعد رونے لگے وہ روتے رہے اور میں وہاں سے اٹھ کر چلا گیا۔ (تاریخ المشاہیر از قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ مصنف "رحمتہ للعالمین" صفحہ ۲۰ تا ۲۱)

۸۹۔ محمد بن ربیعؒ فرماتے ہیں کہ میں کم عمری میں اپنے والد کے ہمراہ حج کو گیا۔ مسجد نبویؐ میں بحالت خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجرات مبارک سے حضرت ابوبکر و حضرت عمر رضی اللہ عنہما پر سہارا کئے ہوئے مرقد مبارک سے نکلے میں نے ادب سے سلام کر کے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ

marfat.com
Marfat.com

علیہ وسلم) کہاں کا عزم ہے۔ فرمایا کہ مالک کے لئے ایک سڑک بنائی گئی ہے۔ جب بیدار ہوا اور امام مالکؒ کے پاس گیا تو دیکھا کہ لوگ جمع ہیں اور امام مالکؒ نے ان کے سامنے اپنی تالیف "موطا" کو کھولا ہوا ہے (تعلیق المجد شیخنا از محمد عبدالحی لکھنوی)

۹۰۔ سیدنا امام مالکؒ سے لوگوں نے دریافت کیا کہ آپ حج کے لئے کیوں تشریف نہیں لے جاتے۔ فرمایا حج فرض ادا کر چکا ہوں۔ اب اس خیال سے مدینہ طیبہ کے باہر نہیں جاتا کہ کہیں باہر موت آ جائے۔ اس پر حضرت امام مالکؒ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ان کی طرف دایاں ہاتھ کھول کر پانچوں انگشت مبارک سے اشارہ فرمایا حضرت امام مالکؒ نے اس خواب کی تعبیر کے لئے صبح آدمی ابن سیرینؒ کے پاس بھیجا۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس میں ارشاد ہے کہ پانچ چیزوں کا علم سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو نہیں اور ان کو "مفاتیح الغیب" فرمایا گیا ہے اور یہی بات قرآن مجید کے اندر سورۂ لقمان کی آخری آیات میں موجود ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ..... عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ○ (ترجمہ: بے شک اللہ کے پاس ہے قیامت کی خبر اور اتارتا ہے بارش اور جانتا ہے جو کچھ ہے ماں کے پیٹ میں اور کسی کو علم نہیں کہ کل کیا کرے گا اور کسی کو خبر نہیں کہ وہ کس سرزمین میں مرے گا۔ تحقیق اللہ سب کچھ جاننے والا خبردار ہے۔ (خواب نامہ حضرت ابن سیرینؒ) (حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمیؒ۔ مہتمم دارالعلوم دیوبند نے بھی ایک مرتبہ اپنے وعظ کے دوران اس خواب کو بیان کیا تھا)

۹۱۔ امام عبداللہ مالک بن انسؓ بن مالک بن ابوعامر بن عمر کا تاریخی نام "نجم" ہے۔ مدینہ طیبہ میں عبداللہ بن مسعودؓ کے مکان میں مقیم تھے اور آپ کی نشست گاہ حضرت عمرؓ کی جائے جلوس تھی۔ ہمیشہ خلوت میں کھاتے تھے۔ حصول علم کے حریص تھے۔ سترہ برس کی عمر میں درس دینے لگے تھے۔ جب سترہ اماموں نے اہل قرار دیا تو فتویٰ دینے لگے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کے لئے خاص اہتمام فرماتے تھے۔ غسل کر کے بیش بہا اور فاخرہ لباس پہن کر نہایت پروقار انداز

marfat.com
Marfat.com

میں مسند پر بیٹھتے۔ مجلس میں عود وغیرہ آخر تک جلائے اور اپنے بدن پر خوشبو ملتے۔ تب حدیث شریف پڑھتے اور درس حدیث شریف کے وقت کوئی کلام مجلس میں خلاف شان نہ ہوتا۔ حضرت امامؒ کے دروازہ پر جب کوئی طالب علم دستک دیتا تو خادمہ کو بھیج کر دریافت کراتے کہ کوئی مسئلہ پوچھتا ہے یا حدیث شریف سننے کے لئے آیا ہے۔ اگر وہ کہتا مجھے مسئلہ دریافت کرنا ہے تو اسی وقت دروازہ پر تشریف لا کر کھڑے کھڑے جواب دے دیتے۔ لیکن اگر حدیث شریف سننے کا خواہش مند ہوتا تو اسے بیٹھنے کو فرماتے۔ خود تازہ غسل کرتے' پاکیزہ لباس زیب تن فرماتے' خوشبو لگاتے۔ پھر آپ کی نشست گاہ میں گاؤ تکیہ رکھا جاتا۔ نہایت شان و شوکت سے وہاں رونق افروز ہوتے۔ اس کے بعد اس طالب علم کو شرف باریابی بخشتے اور اسے حدیث شریف سناتے اور فرماتے میری دلی خواہش ہے کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات گرامی کی ہر ممکن تعظیم و تکریم کروں اور باوضو پورے سکون و وقار کے ساتھ حدیث شریف بیان کروں۔ راستے میں کھڑے کھڑے یا جلدی جلدی میں حدیث شریف بیان کرنا ناپسند فرماتے۔ ایک مرتبہ حضرت ابن حازمؒ درس حدیث دے رہے تھے حضرت امام مالکؒ پاس سے گزرے۔ کسی نے پوچھا آپ اس درس میں کیوں شامل نہیں ہوئے تو فرمایا وہاں بیٹھنے کی جگہ نہیں تھی اور میں نے یہ مناسب نہ سمجھا کہ کھڑے ہو کر حدیث شریف سنوں۔ ایک مرتبہ دوران درس حدیث شریف بچھو نے آپ کو تین بار (دوسری روایت کے مطابق ۱۷بار) ڈنک مارا۔ تکلیف کے آثار چہرہ سے ظاہر ہو رہے تھے مگر ادب کی وجہ سے درس جاری رکھا۔ غرض درس حدیث کے وقت ایسا ادب ملحوظ رکھتے گویا خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجلس میں تشریف فرما ہیں۔ جب آپ نے "موطا" تالیف فرمائی تو حضرت امام شافعیؒ نے فرمایا کہ آسمان کے نیچے کوئی کتاب "موطا" سے اصح نہیں ہے۔ حضرت ابن عربیؒ نے فرمایا "موطا" اصل ہے اور "صحیح بخاری" اصل ثانی۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے فرمایا "موطا" صحیحین کی اصل ہے۔ جب آپ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دراقدس پر حاضری کو شاہی دربار کی اعلیٰ کرسی پر ترجیح دی۔ مدینہ طیبہ سے والہانہ محبت تھی۔ تمام عمر میں صرف ایک بار فریضۂ حج ادا کرنے مکہ مکرمہ تشریف

marfat.com
Marfat.com

لے گئے ورنہ تمام عمر اس اندیشہ سے کہ کہیں موت اس سرزمین سے باہر نہ آ جائے مدینہ طیبہ سے غیر حاضر نہ ہوئے۔ آپ کے پاس بہترین گھوڑے اور مصر کے بہترین خچر تھے۔ مگر سواری ان پر کبھی نہ کی۔ فرمایا مجھے شرم آتی ہے کہ اس سرزمین پر گھوڑے کی سواری کروں جس میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استراحت فرما رہے ہیں۔ یہ سب جانور حضرت امام شافعیؒ کو بطور ہدیہ دے دیئے۔ پوری زندگی مدینہ شریف کی سرزمین پر رفع حاجت نہ کی اس کے لئے علیحدہ برتن رکھ چھوڑا تھا جو علی الصبح دور جا کر پھینک آتے تھے۔ غایت درجہ کی محبت اور ادب کا یہ نتیجہ تھا کہ آپ نے فرمایا کہ کوئی شب مجھ پر ایسی نہیں گزرتی جس میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف نہ ہوتا ہوں۔ آپ مدینہ منورہ میں جنت البقیع میں مدفون ہیں۔ اب تک لوگ آپ کے مرقد مبارک سے فیضیاب ہوتے ہیں ("علمائے حق اور ان کی مظلومیت کی داستانیں" از مفتی انتظام اللہ شہابی اکبر آبادی صفحہ ۷۰) (سنت خیرالانام علیہ الصلوۃ والسلام تالیف صاحبزادہ محمد کرم شاہ)

حضرت مثنی بن سعید زارع فرماتے ہیں کہ میں نے امام مالکؒ کو فرماتے سنا کہ کوئی رات ایسی نہیں جاتی جب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار پاک نہ کرتا ہوں اور اس کے بعد روتے۔ (حیاۃ الصحابہؓ حصہ پنجم صفحہ ۳۹۴ از مولانا محمد یوسف کاندھلوی قدس سرہ۔ اردو ترجمہ)

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک زبان پر آتے ہی حضرت امام مالکؒ کے چہرے کا رنگ متغیر ہو جاتا تھا۔ لوگ پوچھتے تو فرماتے کہ میں نے جن بزرگوں کی زیارت کی ہے ان کی حالت مجھ سے بھی بڑھ کر تھی (حیات مالکؒ از علامہ سید سلیمان ندوی قدس سرہ صفحہ ۸۴)

۹۴۔ حضرت امام موسیٰ کاظمؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو عالم رویا میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اے موسیٰ یہ تمہارا فرزند (امام موسیٰ رضاؒ) اللہ کے انوار معرفت کا بینا اور حکمت الہی کے مطابق گویا ہے۔ ہمیشہ ثواب پانے والا ہو گا نہ خطا کرنے والا۔ عالم زمانہ ہو گا نہ جاہل کیونکہ یہ علم و حکمت سے پر اور مملو ہے۔ حضرت امام

marfat.com
Marfat.com

موسیٰ کاظمؒ کا وصال ۱۸۲ھ میں ہوا (تحفہء رضویہ یعنی سوانح عمری جناب امام موسیٰ رضاؒ صفحہ ۹)

۹۳۔ علامہ ابن حجر مکیؒ، علامہ شبلنجیؒ اور علامہ عبداللہؒ رقمطراز ہیں کہ عیسیٰ بن حبیبؒ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے شہر کی اس مسجد میں دیکھا جہاں حاجی اترتے اور نماز پڑھتے ہیں۔ میں نے آپؐ کو سلام کیا اور آپؐ کے پاس طباق دیکھا جس میں نہایت عمدہ کھجوریں تھیں۔ میرے سلام پر آپؐ نے مجھ کو ۱۸ دانہ کھجور کے مرحمت فرمائے۔ میں اس خواب سے بیدار ہوا تو سمجھا کہ اب ۱۸ سال اور زندہ رہوں گا۔ اس خواب کے بیس دن بعد حضرت امام موسیٰ رضاؒ مدینہ طیبہ تشریف لائے اور اس مسجد میں اترے جس میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میں نے خواب میں دیکھا تھا۔ حضرت کے سامنے ایک طباق دیکھا جس میں کھجوریں رکھی تھیں۔ لوگ حضرتؒ کو سلام کرنے کے لئے دوڑے۔ میں بھی گیا تو دیکھا کہ حضرت امامؒ اسی جگہ تشریف فرما ہیں جہاں میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تشریف فرما دیکھا تھا۔ میں نے سلام عرض کیا تو حضرت امامؒ نے جواب دیا اور اپنے قریب بلا کر ایک مٹھی کھجوریں اس طباق میں سے مجھے مرحمت فرمائیں۔ میں نے گنیں تو ۱۸ تھیں۔ اسی قدر کہ جتنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عنایت فرمائی تھیں۔ میں نے عرض کیا کچھ اور مرحمت ہوں تو حضرت امامؒ نے فرمایا اگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم کو خواب میں اس سے زیادہ کھجوریں دی ہوتیں تو میں بھی دیتا۔ (صواعق محرقہ صفحہ ۱۲۲) (انوارالابصار صفحہ ۱۴۴) (ارجح ارطالب صفحہ ۴۵۶) (تاریخ ائمہ صفحہ ۲۷۱) (سوانح عمری حضرت علی کرم اللہ وجہہ مرتبہ مولوی عبداللہ بسمل امرتسری صفحہ ۴۵۶)

۹۴۔ حضرت رابعہ بصریؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "اے رابعہ! مجھے دوست رکھتی ہے" میں نے کہا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کون ہو گا جو آپؐ کو دوست نہ رکھتا ہو لیکن حق تعالیٰ کی محبت نے مجھ پر غلبہ کر رکھا ہے کہ سوائے اس کے کسی کی دوستی اور دشمنی کی جگہ

marfat.com
Marfat.com

میرے دل میں باقی نہیں رہی ہے۔ (آپ کا وصال ۱۸۵ھ میں ہوا۔ مزار جبل قدس پر ہے (تذکرہ اولیاء از خواجہ فریدالدین عطارؒ صفحہ ۶۸)

۹۵۔ حضرت معروف کرخیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں ایک شخص کو دیکھا۔ پوچھا آپ کون ہیں۔ فرمایا موسیٰ بن عمران (علیہ السلام) پھر مکان کی چھت سے تین آدمیوں کو اترتے دیکھ کر سوال کیا۔ جواب ملا کہ عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) دوسرے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تیسرے حضرت امام احمد بن حنبل (رحمتہ اللہ علیہ) ان کے ساتھ حاملان عرش اور دیگر فرشتے بھی موجود تھے۔ یہ جماعت شہادت دے رہی تھی کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے غیر مخلوق (خیر الموانس جلد دوم صفحہ ۴۴۷)

۹۶۔ حضرت معروف کرخیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ ہشیمؒ سے فرما رہے تھے کہ اے ہشیم اللہ تعالیٰ تمہیں میری امت کی جانب سے جزائے خیر عطا فرمائے (تہذیب التہذیب)

پیکر جذب و استغراق حضرت معروف کرخیؒ زبردست مقتدائے طریقت گذرے ہیں۔ والدین آتش پرست تھے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ کو برا لگتا ہے کہ اس کا بندہ ہو کر کوئی اس کے بندوں کو ستائے اور اچانک پکڑ لیتا ہے۔ مگر جب دیکھتا ہے کہ کوئی اس کے بندوں کی فلاح کے لئے کوشاں ہے تو بہت خوش ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور بزرگان دین نے اللہ کے بندوں کی خدمت کو ہمیشہ پیش نظر رکھا اور کبھی بھی کسی کے لئے بددعا نہیں کی۔ معیبت کا علاج اس کے چھپانے اور پوشیدہ رکھنے میں ہے۔ ایک بار وضو ساقط ہو گیا فوراً تیمم کر لیا۔ لوگوں نے کہا دریائے دجلہ پاس ہی تو ہے۔ تیمم کی کیا ضرورت ہے۔ فرمایا وہاں پہنچنے سے پہلے موت آ کر میرا گلا دبا دیتی تو۔ آپ کا وصال ۲ محرم الحرام ۲۰۰ھ کو ہوا۔ بغداد میں مزار مرجع خلائق ہے۔ آپ کی قبر"تریاق مجرب" کے نام سے مشہور ہے۔ جو لوگ وہاں آپ کے توسط سے دعا مانگتے ہیں اللہ تعالیٰ اسے ضرور پوری فرما دیتا ہے۔

۹۷۔ حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ

marfat.com
Marfat.com

علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے دریافت فرمایا اے لڑکے تم کون ہو۔ آپ نے کہا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں آپؐ کا امتی ہوں۔ پھر آپؐ نے مجھے قریب ہونے کو فرمایا۔ میں آپؐ کے بالکل قریب ہو گیا تو آپؐ نے اپنا لعاب دہن میرے منہ میں ڈال دیا۔ اور فرمایا جا حق تعالیٰ تجھ پر فضل فرمائے۔ پھر میں نے اسی وقت مدینۃ العلم حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے اپنی انگلی سے انگوٹھی اتار کر میری انگلی میں ڈال دی۔ اس انگوٹھی کی برکت سے حضرت شیر خدا علی کرم اللہ وجہہ کے علم نے مجھ میں سرایت کیا (الیافعی والولی الخطیب فی الاکمال) (سیرت ائمہ اربعہ صفحہ ۳۴۷) (تذکرۃ الاولیاء صفحہ ۱۸۱)

حضرت امام شافعیؒ ۱۵۰ھ مطابق ۷۶۷ء میں پیدا ہوئے اور بروز جمعہ آخری ماہ رجب ۲۰۴ھ مطابق ۸۱۹ء میں وصال فرمایا۔ مزار عالیہ مصر کے مضافات میں ہے۔ حضرت سفیان ثوریؒ نے فرمایا کہ اگر امام شافعیؒ کی عقل کو نصف مخلوقات کی مجموعی عقل کے ساتھ وزن کیا جائے تو امام شافعیؒ کی عقل کا پلڑا بھاری رہے گا۔

۹۸۔ مشائخ میں سے ایک صاحب روایت کرتے ہیں کہ میں نے ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے آپؐ سے ایک روایت پہنچی ہے کہ زمین میں اللہ تعالیٰ کے اوتار، اولیاء اور ابرار رہتے ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری طرف سے یہ روایت بالکل درست ہے اور اس کی صحت میں کوئی شبہ نہیں۔ میں نے عرض کیا کہ میں ان حضرات میں سے ایک ہستی کو دیکھنے کی خواہش رکھتا ہوں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے زمانہ میں محمد ادریس شافعی کو دیکھ لے۔ وہ ان ہی میں سے ایک ہیں اور اس کے علاوہ ان کے بہت سے مناقب ہیں (کشف المحجوب صفحہ ۱۳۶)

۹۹۔ دیلمی نے ابو جعفر قاینی سے روایت کیا کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خواب میں بہت سے مسائل دریافت کیے۔ منجملہ ان کے یہ بھی پوچھا کہ اماموں کا اختلاف کیسا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ ہر امام اپنے اجتہاد

marfat.com
Marfat.com

میں سچا ہے۔ پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک سب مجتہد سچے ہیں مگر حق ایک پر منحصر ہے اور امام شافعیؒ کے نزدیک سب مجتہد سچے ہیں اور خطا کرنے والے بھی ہیں مگر وہ معاف ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اگرچہ ابوحنیفہؒ اور شافعیؒ کے قول میں اختلاف لفظی ہے مگر معنی متحد ہیں۔ پھر میں نے عرض کیا کہ ان دونوں اماموں میں سے کسی کی تقلید زیادہ عمدہ ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ دونوں حق پر ہیں (الخیرات الحسان فی مناقب النعمان)

۱۰۰۔ حضرت سیدہ نفیسہؒ حضرت ابومحمد حسن بن زید بن حسن بن علی کرم اللہ وجہہ کی صاحبزادی تھیں۔ آپ کا نکاح حضرت امام جعفر صادقؓ کے صاحبزادے حضرت اسحاقؒ سے ہوا تھا۔ حضرت امام شافعیؒ آپ سے بے حد عقیدت رکھتے تھے اور حدیث شریف میں آپ سے استفادہ کیا۔ حضرت سیدہؒ کا وصال رمضان المبارک ۲۰۸ھ میں ہوا۔ انتقال کے بعد آپ کے شوہر کا ارادہ ہوا کہ آپ کی نعش مبارک کو مدینہ منورہ لے جائیں اور وہاں دفن کریں۔ مصر والوں نے استدعا کی کہ یہیں اس مقدس ہستی کو رہنے دیجئے۔ رات کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ہدایت فرمائی کہ نفیسہؒ کو یہیں رہنے دو۔ نفیسہ اہل مصر کے لئے باعث رحمت ہے۔ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے حضرت سیدہؒ کی قریب ۱۵۰ کرامات بیان کی ہیں۔ آپ کی قبر کے پاس اگر اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے تو اس کے مقبول ہونے کی شہرت عام ہے۔ بارہا تجربہ کیا تو درست ثابت ہوا۔ (مشارق الانوار) (سیرت ائمہ اربعہ صفحہ ۵۴۹)

۱۰۱۔ ابوعبدالرحمٰن عبداللہ المعروف بالقعنبیؒ کی ولادت ۱۳۰ھ میں ہوئی۔ اصل آپ کی مدینہ منورہ سے ہے۔ بصرہ میں تشریف رکھتے تھے۔ مستجاب الدعوات بزرگ تھے۔ عبداللہ ابن الحکیمؒ روایت کرتے ہیں کہ ایک روز میں علم حدیث سیکھنے عبدالرزاقؒ کے پاس گیا۔ انہوں نے کہا تو علم حدیث شریف نہ سیکھ میں ہرگز نہ سکھاؤں گا۔ اس رات میں مغموم سو رہا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ میں نے یہ ماجرا عرض کیا جس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ چار

marfat.com
Marfat.com

اشخاص سے تو علم حدیث سیکھ۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) وہ کون ہیں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ پہلے قعبنی کہ وہ سرِدفتر اہل حدیث سے ہے۔ اسی طرح تین اور نام بتائے۔ آپ کو اکثر اہل زمانہ ابدالوں میں شمار کرتے تھے اور کثرت عبادت کی وجہ سے راہب مشہور تھے۔ آپ کا وصال ۶ محرم الحرام ۲۲۱ھ بروز جمعہ بصرہ میں ہوا۔ (تاریخ الاولیاء جلد اول از امام الدین صفحہ ۳۰۳)

۱۰۲۔ حضرت ابو زکریا یحییٰ بن معین المری الحافظؒ امام وقت' عالم اور متقی تھے۔ والد سے ۵۰ ہزار درم ورثہ میں ملے جو سب علم حدیث حاصل کرنے میں خرچ کر دیئے۔ لوگوں نے پوچھا کس قدر احادیث آپ نے تحریر کیں تو فرمایا اپنے ہاتھ سے میں نے دس لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ بعض دوسرے محدث نے چھ لاکھ احادیث لکھی ہیں ۲۳۳ھ میں بغداد شریف سے حج بیت اللہ کے لئے روانہ ہوئے۔ حج کے بعد مدینہ منورہ تشریف لے گئے اور دو تین دن بعد جب روانگی کا ارادہ کیا تو پہلی ہی منزل میں خواب میں بشارت ہوئی کہ اے ابو زکریا میری ہمسائیگی چھوڑ کر کہاں جاتا ہے۔ بیداری پر اپنے رفقاء کو رخصت کیا اور فرمایا کہ روح مبارک سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو خبردار کیا ہے۔ اب میں یہیں قیام کروں گا اور مدینہ منورہ تشریف لے گئے۔ تین دن بعد ہی وصال ہو گیا اور یہ سعادت نصیب ہوئی کہ جس تختہء مبارک پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دیا گیا تھا اسی پر آپ کو غسل دیا گیا اور والیِ مدینہ منورہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ عمر ۷۵ سال پائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئے (بستان المحدثین) (تاریخ الاولیاء جلد اول صفحہ ۳۰۴) (غلامان اسلام صفحہ ۳۶۸)

۱۰۳۔ حضرت قتیبہ بن سعید الثقفیؒ کے والد سعید بن جمیل نہایت نیک بزرگ تھے۔ ایک مرتبہ انہوں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ کے دست مبارک میں ایک رجسٹر ہے۔ حضرت سعیدؒ نے دریافت کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ کیا ہے تو آپؐ نے ارشاد فرمایا "اس میں علماء کے نام درج ہیں" حضرت سعیدؒ نے عرض کیا "رجسٹر ذرا مجھ کو مرحمت فرما دیجئے تاکہ میں

marfat.com
Marfat.com

دیکھ لوں کہ اس میں میرے فرزند کا نام بھی درج ہے یا نہیں۔" اس درخواست پر رجسٹر دے دیا گیا۔ انہوں نے کھول کر دیکھا تو اس میں ان کے فرزند حضرت قتیبہؒ کا اسم گرامی شامل تھا۔ ایک ایسے نیک اور حوصلہ مند باپ کے فرزند ہونے کی وجہ سے حضرت قتیبہؒ کو اسلامی علوم و فنون سے قلبی لگاؤ تھا۔ طلب علم میں ان کے شہر بہ شہر پھرنے اور اکابرین امت کے فیض التفات نے انہیں علم و فضل کا دریا بنا دیا تھا۔ ۹۱ برس کی عمر پا کر ۲۴۰ھ میں اپنے وطن .غلان میں وصال فرمایا۔ ان کے دادا جمیل بن ظریف" مشہور اموی گورنر حجاج بن یوسف کے غلام تھے۔ انتہائی جابر اور تندخو ہونے کے باوجود جمیل" کی بہت تکریم کرتا تھا (غلامان اسلام صفحہ ۱۳۲۔ ندوۃ المصنفین۔ دہلی)

۱۰۴۔ ابو جعفر قاضی کوئی" کی یہ عادت تھی کہ جو شخص اولاد علیؓ بن ابی طالب میں سے ان سے کوئی چیز طلب کرتا اگر قیمت دے دیتا تو لے لیتے ورنہ اپنے ملازموں سے کہہ دیتے کہ جو چیز مانگے دے دو اور حضرت علیؓ کے ذمہ مطالبہ قیمت لکھ دو۔ کچھ عرصہ یہی حال رہا۔ اتفاق سے قاضی پھر محتاج اور غریب ہو گئے۔ ایک مسخرہ نے کہا تمہارا علیؓ جو تمہارا روپیہ دیتا تھا کہاں چلا گیا۔ یہ سن کر قاضی کو ندامت ہوئی اور رنجیدہ مکان پر آ کر سو گئے۔ خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و حضرات حسنینؓ تشریف لائے ہیں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرات حسنینؓ سے دریافت فرما رہے ہیں کہ تمہارا باپ کہاں ہے۔ اتنے ہی میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی تشریف لے آتے ہیں اور عرض کرتے ہیں یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں حاضر ہوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اے علیؓ تو اس غریب کا قرضہ کیوں ادا نہیں کرتا۔ حضرت علیؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں لایا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا پھر دے دے۔ فوراً منبع جود و سخا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ایک تھیلی ابو جعفر قاضی کے ہاتھ میں دے دی اور فرمایا یہ اس کی قیمت ہے جو میری اولاد نے تجھ سے سامان لیا تھا اور تو نے بلاقیمت ان کو دے دیا تھا۔ بعدہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابا جعفر اس کو لے لے اور اولاد علیؓ میں سے جو تجھ سے سامان لینے آئے اس کو دے دیا کر۔ تو کبھی محتاج نہ ہو گا۔ ابو جعفرؒ کہتے ہیں کہ جب میں بیدار ہوا تو تھیلی میرے ہاتھ میں تھی۔ میں نے اپنی

marfat.com
Marfat.com

بیوی کو آواز دی۔ وہ آئی تو اس سے دریافت کیا کہ میں سوتا ہوں یا جاگتا ہوں۔ بولی آپ جاگ رہے ہیں۔ تب مجھ کو اطمینان ہوا۔ بعد ازاں میں نے رجسٹر دیکھا جس میں اولاد علیؓ کے سامنے مطالبہ لکھا ہوا تھا مگر اب اس کو کسی نے بالکل چھیل ڈالا اور مٹا دیا تھا گویا وہاں کچھ لکھا ہی نہ تھا۔ (.خیتہ ذوی الاحلام)

۱۰۵۔ ایک مرد بزرگ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور آپؐ سے حضرت امام احمد بن حنبلؒ کا حال دریافت کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ امام احمد بن حنبل صدیقین میں سے ہیں (خیرالموانس حصہ دوم صفحہ ۴۴۷) حضرت امام احمد بن حنبلؒ ۱۶۴ھ ۷۷۹ء میں بغداد میں پیدا ہوئے اور ۷۷ برس کی عمر پا کر ۱۲ ربیع الاول ۲۴۱ھ مطابق ۸۵۵ء وصال فرمایا۔

۱۰۶۔ امام بیہقیؒ نے اپنی سند سے ایک شخص مسلمہ بن مسیبؒ سے سنا وہ کہتے تھے کہ میں امام احمد بن حنبلؒ کے پاس بیٹھا تھا کہ ایک بوڑھا شخص لکڑی ٹیکتا آیا اور کہا تم میں احمد کون ہے؟ امامؒ نے کہا میں احمد ہوں' کیا کام ہے؟ اس نے کہا میں چار سو فرسخ طے کر کے صرف تمہیں یہ اطلاع دینے آیا ہوں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ احمد کے پاس جاؤ اور کہو کہ ساکنان عرش اور ملائکہ تم سے راضی اور خوش ہیں کہ تم نے اللہ تعالیٰ کے راستہ میں غیر معمولی عزم و ثبات کا ثبوت دیا ہے (سیرت ائمہ اربعہ صفحہ ۶۱۸)

۱۰۷۔ حضرت ذوالنون مصریؒ کے نفس کو ایک روز آش اور سرکہ کھانے کی خواہش پیدا ہوئی مگر دس سال تک آپ نے اس خواہش کی چنداں پروانہ کی۔ عید کی شب کو نفس بولا کہ کل عید ہے رات گزر گئی اب تو مجھے آش اور سرکہ کھلا دیں۔ فرمایا اگر اس شب دو رکعت کے اندر پورا قرآن مجید ختم کر دینے میں میری مطابقت کرے تو میں تیری یہ خواہش پوری کروں گا۔ چنانچہ یہی ہوا اور صبح آش اور سرکہ آپ کے سامنے لایا گیا۔ آپ لقمہ اٹھا کر منہ میں لے جانا چاہتے تھے کہ کسی بات کا خیال آ گیا اور لقمہ پیالے میں رکھ دیا اور نماز کے لئے کھڑے ہو گئے۔ لوگوں نے وجہ

marfat.com
Marfat.com

دریافت کی۔ فرمایا جس وقت میں نے لقمہ اٹھایا اس وقت نفس کہنے لگا آخر دس سال بعد آپ نے میری خواہش پوری کر ہی دی اور میں کامیاب ہو گیا۔ میں نے کہا کچھ ہو میں تیری یہ آرزو پوری نہ ہونے دوں گا۔ اسی وقت ایک شخص آیا اس کے سر پر آش اور سرکہ کی دیگچی تھی بولا میرے بیٹوں کو مدت سے اس کھانے کی آرزو تھی مگر مجھے میسر ہی نہ تھا۔ آج عید کے روز میں نے کہیں نہ کہیں سے کچھ نہ کچھ کر کے یہ کھانا تیار کیا تھا۔ اتفاقاً" مجھے نیند آگئی دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں کہ اگر قیامت میں مجھے دیکھنے کی آرزو ہے تو اس دیگچی کو اسی طرح ذوالنون کے پاس لے جا اور کہہ دے کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) سفارش کرتے ہیں کہ ایک لمحہ کے لئے تو آپ اپنے نفس سے مصالحت کر لیں۔ آپ یہ سن کر رونے لگے۔ دیر تک روتے رہے اور فرمایا اب میں مجبور ہوں۔ اب مانے بغیر چارہ نہیں اور چند لقمے اس میں سے کھائے (ہفتاد اولیاء صفحہ ۶۲ تا ۶۳)

۱۰۸۔ حضرت ذوالنون مصریؒ کا ایک مرید نہایت عابد و زاہد تھا۔ یہ حالت تھی کہ پورے چالیس سال شب بیدار رہا تھا۔ چالیس حج کئے اور شب و روز عبادت و ریاضت میں مصروف رہتا تھا۔ حاضر ہو کر عرض کرنے لگا کہ اللہ جانے کیا معاملہ ہے اب تک باری تعالٰی کی نظر میری طرف نہیں اٹھی اور میرے باطن میں کوئی بات پیدا نہیں ہوئی۔ مجھے کوئی شکوہ تو نہیں البتہ شوق میرے قلب میں آگ لگائے ہوئے ہے۔ میری دستگیری فرمایئے۔ آپ نے یہ ارشاد فرمایا آج رات خوب شکم سیر ہو کر کھانا کھاؤ' نماز عشاء بھی نہ پڑھو اور شام ہی سے سو جاؤ۔ اگر تمہاری طرف نظر رحمت نہیں اٹھتی تو نظر عتاب ہی اٹھے۔ اور تو سب کچھ اس مرید نے کیا البتہ عشاء کی نماز پڑھ لی۔ رات کو دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے ہیں کہ اللہ تعالٰی کو استقامت پسند ہے۔ تیری آرزو پوری ہو گی۔ مگر ہمارا سلام اس راہزن مدعی ذوالنون مصریؒ کو پہنچا کر کہنا کہ اے جھوٹے مدعی! اگر میں تجھے تمام شہر میں رسوا نہ کروں تو میں تیرا خدا نہیں تاکہ تو پھر ہماری درگاہ کے عاجزوں کے ساتھ مکر نہ کرے۔ مرید بیدار ہوا تو بہت رویا اور حضرت ذوالنون مصریؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر خواب بیان کیا۔ آپ اپنے بابت "سلام" اور "جھوٹے مدعی" کے الفاظ سن کر

marfat.com
Marfat.com

پھولے نہ سمائے اور زار زار روتے رہے۔ (ہشتاد اولیاء صفحہ ۶۴ تا ۶۵)

۱۰۹۔ روایت ہے کہ حضرت ذوالنون مصریؒ کا وصال ہوا تو اس رات ستر علماء و افراد کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ کے دوست ذوالنون پہنچ گئے۔ ہم ان کے استقبال کے لئے آئے ہیں۔ جب آپ نے وفات پائی تو لوگوں نے آپ کی پیشانی مبارک پر سبز حروف میں یہ لکھا دیکھا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے حبیب ہیں اور انہوں نے اس کی محبت میں جان دی ہے جب جنازہ اٹھایا گیا تو سورج نہایت تیز تھا۔ ہوائی پرندے آ گئے اور گھر سے گور تک پروں کو ملا کر جنازہ پر سایہ کئے رکھا۔ جس راستے سے جنازہ جا رہا تھا موذن نے برائے نماز اذان دے دی تو جب وہ کلمہ شہادت پر پہنچا تو آپ کی انگشت شہادت اٹھ گئی جو قبر تک نیچے نہ ہوئی۔ (ہشتاد اولیاء صفحہ ۶۷) (تذکرۃ الاولیاء صفحہ ۴۴)

قبلہء اتقیاء حضرت ذوالنون مصریؒ ارض مصر کے جلیل القدر ولی و بزرگ تھے۔ خلیفہ متوکل عباسی نے بہ جرم زندیقیت آپ کو چالیس دن بغداد کے جیل خانے میں رکھا۔ رہائی پر جو لوگ آپ کو زندیق کہتے تھے سب تائب ہوئے اور خود خلیفہ آپ کا مرید ہو گیا۔ فرمایا جب تک بندے اللہ سے ڈریں گے کام کے رہیں گے صحت جسمانی کا راز کم خوری اور صحت روحانی کا کم گناہی میں ہے۔ عارف وہ ہے جو مخلوق میں رہتے ہوئے بھی مخلوق سے علیحدہ رہے۔ جو چیز اللہ سے غافل کر دے وہی دنیا ہے۔ صوفی وہ ہے جو تمام چیزیں چھوڑ کر صرف اللہ کا ہو رہے۔ بلا میں مبتلا ہو کر صبر کرنا تعجب نہیں بلکہ اس پر راضی ہونا تعجب ہے۔ جو معدہ کھانے سے پر ہو اس میں حکمت نہیں آ سکتی۔ جب تک اللہ کی طرف سے حکم نہ ہو کوئی بندہ کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ اللہ کی محبت کی علامت یہ ہے کہ بندہ اخلاق' افعال' بجا آوری امور نہی اور سنت نبویؐ میں ہر طرح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تابع ہو۔ آپ کے سن وصال میں اختلاف ہے۔ بقول صاحب نفحات الانس ۲۴۳ھ میں وصال فرمایا۔ مصر میں روضہ مرجع خلائق ہے۔

۱۱۰۔ حضرت خواجہ حذیفہ المرعشیؒ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

کے روضہ منورہ پر حاضر ہوئے تو آپؐ نے حضرت خواجہؒ کو دیدار فائز الانوار سے مشرف فرمایا۔ حضرت خواجہؒ نے رو کر عرض کیا کہ مجھے ہر وقت خوف لگا رہتا ہے کہ کہیں قہر الٰہی کا نشانہ نہ بن جاؤں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "اے حذیفہ ہمت مردانہ رکھ تو میرے ہمراہ بہشت میں جائے گا اور جو شخص تجھ سے وسیلہ اختیار کرے گا وہ بھی داخل جنت ہو گا" آپ ہمیشہ روتے رہتے تھے۔ وجہ پوچھی تو فرمایا حق تعالیٰ نے فرمایا ہے "فریق فی الجنتہ و فریق فی السعیر" اور میں نہیں جانتا کہ ان دونوں میں سے کس فرقہ سے ہوں۔ آپ کا وصال ۱۴ شوال ۲۵۲ھ میں ہوا۔ مولد و مسکن فرعش تھا جو نواح دمشق میں ایک قصبہ ہے۔ حضرت ابراہیم ادہمؒ کے مرید و خلیفہ تھے (سیر الاقطاب از مولوی محمد علی) ("تذکرہ" حصہ ثالث صفحہ ۱۳ از شیخ محمد صغیر حسن پرنسپل)

۱۱۱۔ حضرت شیخ محمد بن علی حکیم ترمذیؒ ایک بزرگ گذرے ہیں۔ جوانی میں ایک عورت آپ پر عاشق ہو گئی تھی اور ہر وقت تاک میں رہتی تھی۔ آخر ایک دن ان کو تنہا ایک باغ میں پا لیا اور اظہار تمنا کیا۔ یہ گھبرائے اور گناہ سے بچنے کے لئے بھاگ کر باغ کی دیوار سے کود گئے۔ اس واقعہ کے بعد ایک دن بڑھاپے میں وسوسے کے طور پر یہ خیال آیا کہ اگر میں اس عورت کی دل شکنی نہ کرتا اور اس کا مطلب پورا کر دیتا اور بعد کو توبہ کر لیتا تو یہ گناہ بھی معاف ہو جاتا اور اس کی دل شکنی بھی نہ ہوتی۔ اس خیال پر آپ نے غمزدہ ہو کر نفس سے خطاب کیا "ارے خبیث عہد شباب میں یہ خیال نہ آیا۔ اب اتنی ریاضت اور مجاہدے کے بعد پشیمانی سے کیا حاصل؟ بہت روئے' سخت قلق رہا۔ سمجھے کہ جو کچھ اعمال و اشغال میں نے کئے ہیں سب غارت ہو گئے۔ اسی دوران حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ ارشاد فرما رہے ہیں "اے حکیم کیوں غم کرتے ہو۔ تمہارا درجہ وہی ہے اور جو کچھ تم نے کیا وہ ضائع نہیں ہوا۔ اس وسوسہ کی وجہ یہ ہے کہ وسوسہ کا یہ زمانہ میرے زمانہ سے دور ہو گیا ہے اور اس گناہ سے بچنے کی وجہ یہ تھی کہ وہ زمانہ میرے زمانہ سے قریب تھا اور قرب عہد نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں برکت ہے۔

ایک بزرگ صرف اس وجہ سے باسی روٹی پسند فرماتے تھے کہ یہ حضرت رسول

marfat.com
Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے قریب ہے اور تازہ روٹی میں کسی قدر بعد اور دوری آگئی ہے۔

بعض لوگ جو شیوخ سے یہ درخواست کرتے ہیں کہ ہمیں کوئی ایسا عمل بتا دیجئے کہ ہم میں کبھی برے کام کا خیال پیدا ہی نہ ہو تو یہ ان کی غلطی ہے اور وجہ ناواقفیت ہے۔ انسان جب تک زندہ ہے لوازم بشریہ سے مملو رہے گا۔ کبھی نہ کبھی کچھ نہ کچھ وسوسہ اور خیال آہی جاتا ہے اور یہ کوئی گناہ کی بات نہیں۔ گناہ تو اس وقت ہو گا جب اس وسوسہ پر عمل کرے گا۔

حکیم ترمذیؒ کا وصال ۲۵۵ھ میں ہوا (سفینۃ الاولیاء صفحہ ۱۵۹ از شہزادہ داراشکوہ) ("سیرت الصوفی" از حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ صفحہ ۱۷ تا ۱۹۔ ناشر محمد عبدالمنان۔ مکتبہ تھانوی۔ دفتر الابقاء۔ متصل مسافر خانہ۔ بند روڈ۔ کراچی)

۱۱۲۔ سید مطیرؒ اولاد سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے تھے۔ کبوتر اڑایا کرتے تھے۔ جب وہ انتقال کر گئے تو ایک بزرگ نے اسی وجہ سے ان کی جنازہ کی نماز نہ پڑھی۔ وہ بزرگ کہتے ہیں کہ رات کو میں نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت سیدۃ النساءؓ کو دیکھا جو مجھ سے نہایت ناخوش ہیں۔ میں نے بہت خوشامد کی مگر وہ متوجہ نہ ہوئیں اور فرمایا کہ تو نے مطیرؒ کے جنازہ پر نماز کیوں نہیں پڑھی۔ بیدار ہونے پر میں نے ہمہ وقت سادات کی تعظیم شروع کر دی (الصواعق) اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کسی کو اپنے زہد و اتقا پر مغرور ہو کر دوسرے کو حقیر نہ سمجھنا چاہئے۔

۱۱۳۔ جریر بن حازمؒ فرماتے ہیں کہ جب زید بن علیؓ کو لوگوں نے سولی پر چڑھا دیا تو ایک رات میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اس سولی سے آڑ لگائے فرما رہے ہیں کہ لوگ میرے فرزندوں کے ساتھ ایسی بے اعتنائی کرتے ہیں (الصواعق)

۱۱۴۔ ابوحسان زیادیؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں بہت تنگدست ہو گیا۔

marfat.com
Marfat.com

ادھر جن کا قرضہ میرے ذمہ تھا انہوں نے تقاضے شروع کر دیئے۔ اسی اثناء میں ایک حاجی آپ سے ملنے آئے اور کہا میں ایک غریب آدمی ہوں۔ سفر حج پر جا رہا ہوں۔ یہ دس ہزار درم آپ بطور امانت رکھ لیں واپسی پر لے لوں گا۔ میں نے یہ سب رقم وصول کر لی اور یہ خیال کر کے کہ جب تک وہ حج سے واپس ہو گا اس وقت تک انتظام ہو جائے گا اور رقم واپس کر دی جائے گی۔ میں نے یہ سب رقم قرض خواہوں کو دے دی۔ دوسرے دن وہ حاجی آیا اور کہا میرے والد کا انتقال ہو گیا ہے یہ خبر مجھے ابھی ملی ہے۔ اب میں گھر واپس جا رہا ہوں اور حج کا ارادہ ملتوی کر دیا ہے پس میری رقم مجھ کو واپس کر دیں۔ میرے پیروں تلے سے زمین نکل گئی پھر بھی اپنے کو سنبھال کر جواب دیا کہ وہ رقم میں نے کسی محفوظ مقام پر بھجوا دی ہے منگوانے میں وقت لگے گا۔ کل آ کر لے جانا۔ حاجی چلا گیا۔ ادھر میں انتہا درجہ پریشان اندھیری رات میں خچر پر سوار ہو کر کسی کو مطلع کئے بغیر گھر سے کہیں دور چلے جانے کا قصد کر کے نکلا۔ ابھی شہر پناہ سے باہر نکلا ہی تھا کہ شمعیں روشن ایک سواری نظر آئی۔ میں سمجھا خلیفہ مامون الرشید کی سواری ہے۔ غور سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ دینار بن عبداللہ ہیں۔ انہوں نے مجھے سلام کیا اور کہا خلیفہ نے آپ کو فوراً طلب کیا ہے۔ میں بہ عالم پریشانی خلیفہ کے حضور پہنچا۔ اس نے دریافت کیا اے ابا حسان تمہارا کیا حال ہے۔ میں نے ابھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے۔ آپؐ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں فوراً تمہاری مدد کروں۔ میں نے خلیفہ کو تمام واقعہ سنا دیا۔ خلیفہ نے اسی وقت ۳۰ ہزار درہم مجھے دیئے اور ملک رے کی حکومت بھی عطا کر دی میں گھر لوٹ کر آیا۔ نماز فجر ادا کی اور اللہ کا شکر ادا کیا اور صبح حسب وعدہ حاجی کو رقم ادا کر دی (بغیۃ ذوی الاحلام)

مامون الرشید خلفائے عباسیہ میں ساتواں خلیفہ ہے۔ ۱۹ سال خلیفہ رہ کر ۲۱۷ھ میں وفات پائی۔ قرآن کے مخلوق و غیر مخلوق ہونے کی بحث اسی کے زمانہ میں شروع ہوئی۔ اس کے دربار میں علماء' فضلاء اور ہر فن کے ماہرین بکثرت موجود تھے۔ علم کو بہت فروغ دیا۔ دولت کی فراوانی تو اس قدر ہوئی کہ جب اپنی شادی بوران بنت حسن ابن سہیل سے کی تو لاکھوں مشک و عنبر کی گولیوں میں کاغذوں کے پرچے لپیٹ کر نثار

marfat.com
Marfat.com

کئے۔ ان پرچوں میں جاگیریں' لاکھوں کی نقد انعامات' گھوڑوں' غلاموں' کنیزوں وغیرہ کی تعداد درج تھی۔ جو پرچہ جس کے ہاتھ لگا۔ اس کو وہ انعام ملا۔ شطرنج کا بہت شوقین تھا مگر اکثر ہار جاتا تھا۔ کہتا تھا میں تمام سرزمین کا انتظام کرتا ہوں لیکن دو بالشت کا یہ کپڑا مجھ سے نہیں سنبھلتا۔ نہایت عاقل و دانا تھا اور فن حکومت سے خوب آشنا تھا۔ اس کا دسترخوان عجائبات میں سے تھا۔ ایک عید کے دن مشہور عالم محمد بن حفص انماطی دوپہر کے کھانے پر مدعو تھے۔ تین سو سے زیادہ قسم کے کھانے دسترخوان پر چنے گئے۔ جو کھانا آتا مامون الرشید اس کو دیکھ کر کہتا یہ کھانا فلاں فلاں امراض میں مفید اور فلاں فلاں امراض میں مضر ہے۔ یہ دیکھ کر قاضی یحیٰی بن اکثم نے کہا اے امیرالمومنین آپ جب طب پر بحث کرتے ہیں تو جالینوس معلوم ہوتے ہیں۔ علم نجوم میں "ہرس" کا گماں ہوتا ہے۔ بات کی صداقت میں حضرت ابوذر غفاریؓ کی شان یاد آ جاتی ہے۔ فقہی معلومات میں حضرت علیؓ کی فقاہت کا جلوہ نظر آتا ہے۔ سخاوت میں حاتم طائی اور ایفائے عہد میں سموئل بن عاد نظر آتے ہیں۔ اس پر مامون الرشید نے کہا کہ انسان اشرف المخلوقات اسی لئے تو ہے کہ وہ جوہر عقل سے مالا مال ہے ورنہ انسان اور جانوروں کے خون و گوشت میں کیا فرق ہے۔

۱۱۵۔ خلیفہ متوکل باللہ عباسی نے ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی۔ دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں "اے لوگو محمد بن ادریس شافعی' اللہ تعالیٰ کی رحمت کی طرف گیا اور عمدہ علم چھوڑ گیا۔ اس کی اتباع کرو گے تو ہدایت پاؤ گے۔" (تاریخ الخلفاء)

ابوالفضل جعفر متوکل علی اللہ دور عباسیہ کا دسواں خلیفہ ہے۔ پونے پندرہ سال خلافت کر کے بعمر ۴۱ سال ۲۴۸ھ میں قتل ہوا۔ اس کی بیگمات بے شمار تھیں اور دو ہزار کنیزیں جن سے ۴۰ توام بیٹے پیدا ہوئے اور سب زندہ رہے۔

۱۱۶۔ خلیفہ معتمد باللہ عباسی ایک رات نبیذ پی کر سونے کے واسطے جانے لگا اور نگہبانوں سے کہا خبردار کوئی شخص اپنی جگہ سے نہ ہٹے۔ قریب آدھ گھنٹہ بعد جاگا اور کہا اسی وقت قید خانہ سے اس شخص کو لاؤ جس کا نام منصور جمال ہے۔ لوگ

marfat.com
Marfat.com

منصور جمال کو فوراً لے آئے۔ خلیفہ نے دریافت کیا تو کتنے دن سے قید ہے۔ بولا تین برس سے۔ خلیفہ نے کہا اپنا حال صحیح صحیح بیان کر۔ منصور نے کہا میں شہر موصل کا رہنے والا ہوں میرے پاس ایک اونٹ تھا کہ اس پر میری گذر بسر تھی۔ ایک بار مجھ پر تنگی آئی اور میں نے قصد "سر من رائے" کا کیا کہ شاید وہاں کمائی زیادہ کر سکوں۔ جب سر من رائے کے قریب پہنچا تو قزاقوں نے ایک قافلہ کو لوٹ لیا۔ خلیفہ کے سپاہیوں نے قزاقوں کو گرفتار کر لیا اور ان کی تعداد لکھ لی۔ ان میں سے ایک نے سپاہیوں کو بہت سا روپیہ دیا جس کی وجہ سے وہ چھوڑ دیا گیا اور میرا اونٹ چھین کر اس کی جگہ مجھ کو گرفتار کر لیا گیا۔ میں نے ہرچند قسمیں کھا کر اپنے حالات سے ان کو مطلع کیا لیکن انہوں نے میری ایک نہ سنی اور قزاقوں کے ہمراہ مجھے قید خانہ میں ڈال دیا۔ قزاقوں میں سے بعض مر گئے بعض چھوٹ گئے۔ صرف میں باقی رہ گیا۔ معتمد نے اپنے ملازموں سے کہا کہ پانچ سو اشرفیاں اس کو دو اور ہمارے یہاں جتنے اونٹ ہیں ان کا نگراں اور داروغہ اس کو بنا دو۔ اس کے بعد معتمد نے بیان کیا کہ میں نے ابھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ اسی وقت منصور جمال کو قید خانہ سے رہائی دے کہ وہ مظلوم و بیکس ہے اور اس کے ساتھ سلوک کر لہٰذا میں نے اس کو رہا کر دیا اور جو سلوک ممکن تھا کیا (.خیتہ ذوی الاحلام)

المعتمد علی اللہ ابوالعباس پندرھواں عباسی خلیفہ تھا۔ ۲۷۹ھ میں خناق کے مرض میں مبتلا ہو کر انتقال کیا۔ عیش و عشرت اور راگ رنگ کا رسیا تھا اور خود بھی فن موسیقی سے بخوبی آشنا تھا۔

۱۱۷۔ ایک بہت بڑے عالم و فاضل بزرگ نجم بن فضل بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ کہیں تشریف لے جا رہے ہیں اور آپؐ کے پیچھے پیچھے آپؐ کے قدم بہ قدم حضرت امام بخاریؒ چل رہے ہیں (اتباع سنت کا یہ اعلیٰ ترین درجہ ہے) (امام بخاریؒ کی مختصر سوانح عمری صفحہ ۹)

۱۱۸۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ بعض صلحاء نے

marfat.com
Marfat.com

خواب میں دیکھا کہ جس جگہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدم مبارک رکھتے ہیں اسی جگہ حضرت امام بخاری کا بھی قدم پڑتا ہے (الاکمال)

۱۱۹۔ حضرت امام بخاریؒ کا فنا فی السنت اور عشق نبوی (صلی اللہ علی صاحبہا صلوۃً و سلاماً) میں سرشار ہونے کا ادنیٰ نمونہ یہ ہے کہ بعض بزرگوں نے خواب میں دیکھا کہ ایک مقام پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہیں اور اسی مقام پر حضرت امام بخاریؒ آپؐ ہی کی جگہ نظر آتے ہیں اور تھوڑی دیر بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جگہ پھر امام بخاریؒ ہی نظر آتے ہیں (نتائج التقلید از حکیم محمد اشرف صاحب صفحہ ۱۸۵)

۱۲۰۔ حضرت بشر حافیؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا اے بشر جانتے ہو تمہیں اللہ جل شانہ نے کیوں اپنا محبوب بنا لیا اور تمہارے ہم عصروں پر فوقیت دی۔ حضرت بشر حافیؒ نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے علم نہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا تم کو میری سنت کی اتباع، صالحین کی خدمت، بھائیوں کی نصیحت اور میرے اصحابؓ و اہل بیتؓ کی محبت نے ابرار کے مرتبہ پر پہنچایا۔ (سفینۃ الاولیاء صفحہ ۱۵۳) نزہۃ البساتین ترجمہ اردو "روضۃ الریاحین" از عبداللہ بن اسعد صفحہ ۴۳۸) (مقاصد السالکین صفحہ ۱۷)

۱۲۱۔ ایک مرتبہ حضرت شیخ یحییٰ بن معاذ الرازیؒ پر ایک لاکھ درم کا قرضہ ہو گیا۔ یہ تمام درم آپ نے فقراء، علماء اور صوفیائے اکرام پر خرچ کئے تھے۔ قرض خواہوں نے جب اپنے قرض کا تقاضا کیا تو آپ نہایت پریشان ہوئے۔ شب جمعہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا غم نہ کر تیری غمگینی سے مجھے غم ہوتا ہے۔ اٹھ خراسان کا سفر کر۔ وہاں ایک شخص تیرے واسطے تین لاکھ درم لئے بیٹھا ہے۔ آپ نے دریافت کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) وہ کون شخص ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ سفر میں قریہ قریہ وعظ کہنا تیرا کام ہے اور میرا کام یہ ہے کہ اس شخص کو تیرے لئے تیار کروں۔ غرض کہ آپ اس خواب کے بعد سفر پر روانہ ہو گئے۔ چند روز بعد خراسان پہنچے۔ لوگوں نے وہاں آپ

marfat.com
Marfat.com

کو وعظ کہنے کو کہا۔ چنانچہ آپ نے منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا "اے لوگو میں اس شہر میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق حاضر ہوا ہوں۔ مجھے خواب میں آپؐ نے حکم فرمایا کہ یہاں ایک شخص میرا قرض ادا کرے گا کیونکہ مجھ پر ایک لاکھ درم قرض ہیں۔ تاوقتیکہ کوئی شخص میرا قرض ادا نہ کرے میرے علم کا حجاب دور نہیں ہو سکتا۔ حاضرین میں سے دو تین اشخاص نے آپ کے قرض ادا کرنے کا وعدہ کیا۔ آپ نے فرمایا میں تم سے نہیں لوں گا کیونکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک شخص سے ہی یہ رقم ملنے کا ارشاد فرمایا ہے۔ اس کے بعد آپ نے وعظ شروع کیا۔ پہلے ہی روز سات آدمی آپ کے موثر بیان کے اثر سے جاں بحق ہو گئے۔ چند روز نیشاپور ہی میں لوگوں کو وعظ و نصیحت فرماتے رہے۔ جب وہاں ایک شخص سے اپنا قرض ادا ہوتے نہ دیکھا تو بلخ تشریف لے گئے۔ وہاں کے لوگوں نے بھی آپ کو روک لیا اور وعظ سننے کی خواہش ظاہر کی۔ آپ نے اپنے پر تاثیر وعظ میں لوگوں کو دولت کی بابت رموز سمجھانے شروع کیے جس کا اثر یہ ہوا کہ ایک شخص نے آپ کو ایک لاکھ درم دے دیئے۔ آپ کے وعظ سننے والوں میں ایک شیخ کامل بھی تھے۔ انہوں نے کہا آپ نے دولت کو درویشی پر ترجیح دے کر وعظ کہا۔ اس میں برکت نہ ہو چنانچہ جب آپ شہر سے باہر تشریف لائے تو قزاقوں نے آپ سے وہ درم چھین لیے۔ آپ نے فرمایا یہ شیخ کی بددعا کا اثر ہے۔ پھر آپ "مرو" پہنچے۔ وہاں بھی آپ نے لوگوں سے اپنے قرض اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد بیان فرمایا۔ آپ کا وعظ سننے والوں میں حاکم کی بیٹی بھی تھی۔ اس نے جو یہ سنا تو عرض کرنے لگی مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کا قرض ادا کرنے کا اشارہ فرمایا ہے۔ میں نے خواب ہی میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے التجا کی تھی کہ میں خود آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کا قرض ادا کروں لیکن آپؐ نے منع فرمایا۔ اب آپ خود تشریف لے آئے ہیں۔ میں کئی روز سے آپ کی منتظر تھی۔ میرے پاس جہیز کے چاندی و سونے کے اس قدر برتن ہیں کہ ان کے فروخت کرنے سے آپ کا قرض ادا ہو جائے گا لیکن ساتھ ہی گذارش ہے کہ آپ وعظ فرمانا بند نہ کریں۔ اس امیر لڑکی کی درخواست پر آپ نے چار روز وعظ

marfat.com
Marfat.com

فرمایا۔ امیرزادی نے حسب وعدہ آپ کو اتنے چاندی کے برتن دیئے جو چار اونٹوں پر لادے گئے۔ آپ کا بیٹا بھی ہمراہ تھا۔ آپ نے یہ چاندی کے برتن اس کے سپرد کر کے یہ نصیحت فرمائی کہ پہلے اس مال سے میرا قرض ادا کرنا اور جو باقی بچے وہ سب فقراء و مساکین میں تقسیم کر دینا۔ پھر آپ خود نیلم تشریف لے آئے۔ ایک روز عبادت میں مشغول تھے کہ حالت سجدہ میں ایک پتھر آپ کے سر پر آگرا جس سے کاری زخم لگا۔ آپ نے فرمایا مال قرض خواہوں کو دے دیا جائے اور یہ کہتے ہی وصال فرما گئے۔ نیشاپور میں دفن ہوئے۔ وصال ۲۵۸ھ میں ہوا (تذکرۃ الاولیاء صفحہ ۲۵۸ تا ۲۵۹)

۱۲۲۔ احمد بن شمعونؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ احمد بن حنبلؒ اور بشر حافیؒ کی قبروں کی زیارت کرنے والا مجھ سے قیامت کے روز حج اور عمرہ کے ثواب کا مطالبہ کر سکتا ہے (خیر المونس حصہ دوم اردو ترجمہ نزہۃ المجالس مصنفہ حضرت مولانا عبدالرحمٰن صفوری شافعیؒ صفحہ ۴۴۶)

حضرت بشر حافیؒ مرو میں پیدا ہوئے۔ بغداد میں توطن اختیار کیا۔ بزرگ اور صاحب دل تھے۔ حضرت خضرؑ سے اکثر ملاقات ہوتی تھی۔ فرمایا اگر تجھ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طاقت نہیں تو اس کا گناہ بھی نہ کر' سیاحت کرو کہ رواں پانی صاف رہتا ہے اور ٹھہرا پانی گدلا ہو جاتا ہے۔ تین کام سخت مشکل ہیں۔ خلوت میں پرہیزگاری' تنگدستی میں سخاوت' جس سے ڈر ہو اس سے بات کرنا۔ آپ حضرت معروف کرخیؒ کے ہم عصر تھے۔ ہمہ وقت شراب میں مخمور رہتے تھے۔ ایک روز مست چلے آ رہے تھے۔ راستہ میں کاغذ کا ایک ٹکڑا پڑا نظر آیا جس پر بسم اللہ شریف لکھی تھی۔ تڑپ گئے اٹھا کر چوما اور عطر لگا کر ایک اونچی جگہ رکھ دیا۔ مولا کریم کو ان کی یہ ادا پسند آ گئی اور نواز دیئے گئے۔

۱۲۳۔ حضرت مالک بن دینارؒ ہم صحبت تھے حضرت حسن بصریؒ کے اور ریاضات و کرامات میں بہت شہرہ رکھتے تھے۔ "روضۃ العلماء" میں تحریر ہے کہ مالک

marfat.com
Marfat.com

بن دینارؒ فرماتے ہیں کہ مجھے ایک راہب نے قصہ سنایا کہ میں پہلے نصرانی تھا۔ عیسوی مذہب میرا اوڑھنا بچھونا تھا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ کوئی کہنے والا نہایت تسلی بخش لہجہ میں کہتا ہے کہ اے راہب بھلا تو کب تک غیر اللہ کی عبادت میں ڈوبا رہے گا۔ بلاشبہ حضرت عیسیٰؑ اللہ کے بندوں میں ایک برگزیدہ بندہ ہے۔ میں نے کہا آپ کون ہیں؟ فرمایا گنہگاروں کی شفاعت کرنے والا۔ پچھلی امت کا پیغمبر۔ میں وہی شخص ہوں جس کی مسیح (علیہ السلام) نے بشارت دی۔ انجیل نے پیشین گوئی کی۔ میں وہی ہوں جس کی نبوت کی موسیٰ (علیہ السلام) نے گواہی دی۔ میں وہی ہوں جس کے اوصاف تورات بیان کرتی ہے۔ میں وہی ہوں جس کے ذکر سے انجیل بھری پڑی ہے۔ یہ کہہ کر اس شخص نے میرے سینے پر اپنا ہاتھ پھیرا اور یہ دعا پڑھی۔ "**اللھم الھم عبدک الرشاد ووفقہ للسداد**" (یعنی الٰہی تو اپنے بندے کے دل میں ہدایت ڈال دے اور اسے راستی و سچائی کی توفیق عنایت فرما دے۔) جوں ہی میں نیند سے بیدار ہوا میرے دل میں اسلام کی محبت پڑ چکی تھی اور اس وقت میرے نزدیک اسلام سے زیادہ محبوب کوئی چیز نہ تھی۔ اس کی روشنی میں دیگر تمام ادیان کے نور بالکل پھیکے پڑ چکے تھے۔ سلام اور درود لامحدود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر (خیرالمونس حصہ اول صفحہ ۴۱)

۱۲۴۔ حضرت مالک بن دینارؒ فرماتے ہیں کہ میں حج کو گیا تو لوگوں کو میدان عرفات میں دیکھ کر خیال آیا کہ کاش مجھ کو معلوم ہو جاتا کہ ان میں کون مقبول ہے کہ مبارکباد دوں اور کون مردود ہے کہ اس کی تعزیت کروں۔ رات کو خواب میں دیکھا کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے محمد بن ہارون بلخی کے علاوہ سب کو بخش دیا۔ فقط اس کا حج مردود ہوا۔ جب صبح ہوئی تو میں خراسان کے قافلے میں آیا اور تلاش کیا۔ معلوم ہوا کہ وہ ایک عابد و زاہد آدمی ہے جس کو مکہ مکرمہ کے ویرانے میں تلاش کرو۔ میں غیر آباد جگہ آیا اور ان کو تلاش کیا۔ دیکھا کہ بیڑیاں پاؤں میں ڈالے کھڑے نماز پڑھ رہے ہیں۔ نماز سے فارغ ہو کر جوں ہی انہوں نے مجھے دیکھا تو فرمایا کون؟ میں نے کہا مالک بن دینار۔ فرمایا تو نے ہی رات کو خواب دیکھا ہے۔ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا نیک آدمی ہی ہر سال ایسی باتیں دیکھا کرتے ہیں جو تو نے دیکھیں۔ میں

marfat.com
Marfat.com

نے اس کا سبب پوچھا؟ فرمایا میں شراب پیا کرتا تھا ایک مرتبہ میں نے رمضان المبارک کی پہلی شب شراب پی۔ میری ماں نے مجھے جھڑکا تو میں نے اس کو بھی جھڑک دیا۔ جب مجھے نشہ سے افاقہ ہوا تو میری بیوی نے مجھ کو اس امر کی خبر دی۔ میں نے اپنا ہاتھ کاٹ ڈالا اور پاؤں میں بیڑی ڈالی لی اور ہر سال حج کرتا ہوں اور کہتا ہوں "یا فارج الهم ویا کاشف الغم فرج همی واکشف غمی و ارض عنی" اور حساب سے اب تک ۲۶ غلام اور ۲۶ لونڈیاں آزاد کر چکا ہوں۔ تو میں نے کہا قریب ہے کہ تو اپنی آگ سے زمین اور اس پر رہنے والوں کو جلا دے گا۔ پس میں نے رات کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا "اے مالک تو لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ کر۔ اللہ تعالیٰ نے محمد بن ہارون کی طرف دیکھ لیا ہے اور اس کے گناہوں میں تخفیف کر دی ہے۔ تو اسے خبر دے کہ وہ دنیا جیسے تین دن دوزخ میں رہے گا۔ اس کے بعد اللہ پاک اس کی ماں کے قلب میں رحمت ڈال دے گا اور وہ اپنے بیٹے کے لئے بخشش چاہے گی جس پر اللہ سبحانہ و تعالیٰ اس کو بخش دے گا۔ پھر ماں اور بیٹا دونوں جنت میں اکٹھے داخل ہوں گے۔" حضرت مالکؒ فرماتے ہیں میں نے اس کو اس امر کی اطلاع کی جس پر اسی وقت اس کی روح پرواز کر گئی اور میں نے اس کی نماز جنازہ پڑھی۔ اللہ تعالیٰ اس پر رحمت فرمائے (خیر الموانس جلد اول صفحہ ۳۷۵)

۲۵۔ حضرت مالک بن دینارؒ فرماتے ہیں میں شب جمعہ قبرستان میں داخل ہوا۔ اچانک وہاں اک نور چمکتا ہوا دیکھا۔ اسی وقت ہاتف نے دور سے پکار کر کہا اے مالک بن دینارؒ یہ ہدیہ ہے اہل مقابر کی طرف ان کے عزیزوں کی جانب سے' میں نے کہا تجھے قسم ہے اس کی جس نے تجھے نطق عطا فرمایا تو مجھے مطلع کر کہ وہ کیا ہے۔ کہا اس رات مومنین میں سے ایک شخص نے پہلے پورا وضو کیا پھر دو رکعت نماز پڑھی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **قُلْ یَا اَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ** اور دوسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ سورہ اخلاص پڑھی اور کہا یا الٰہی میں اس کا ثواب اہل مقابر کو بخشتا ہوں جو مومنین سے ہیں پس ہم پر ضیاء نور و سرور مشرق و مغرب سے داخل ہوا۔ حضرت مالکؒ فرماتے ہیں میں نے اسی طرح نماز ہر شب جمعہ کو پڑھنا شروع کر

marfat.com
Marfat.com

دی۔ ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں "اے مالک اللہ تعالیٰ نے بخشا تجھے بعد اس نور کے جو تو نے میری امت کی طرف ہدیہ کیا اور تیرے واسطے ثواب اس کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جنت کے محل منیف کے اندر تیرے لئے گھر بنایا۔ میں نے عرض کیا منیف کیا ہے؟ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "اہل جنت پر سایہ کرنے والا (طی الفراسخ الی المنازل البرازخ از مولانا ذوالفقار احمد نقوی بھوپالی در مطبع عاقلی بھوپال ۱۳۲۹ھ صفحہ ۲۵۰)

۱۲۶۔ ایک شخص کا بیان ہے کہ میرے استاد نے مجھ کو حضرات شیخین (حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ) کو برا بھلا کہنے کی تعلیم دی۔ میں اس کے مطابق عمل کرتا تھا۔ ایک رات میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا اور یہ کہ آپ کے دائیں و بائیں دو بزرگ ہیں اور قیامت قائم ہے۔ اتنے میں ان دونوں بزرگوں میں سے ایک نے میری جانب اشارہ کر کے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم یہ شخص مجھ کو اور میرے ساتھی کو برا کہتا ہے حالانکہ ہم نے اس کے ساتھ کوئی برائی نہیں کی۔ یہ سنتے ہی آپؐ کا چہرہ انور سرخ ہو گیا اور مجھے گرفتار کرنے کا ارادہ فرمایا۔ یکایک میں جاگ اٹھا اور اپنی داڑھی' بھویں اور پلکوں کے بال بالکل جھڑے ہوئے پائے۔ کچھ دیر بعد میرا ایک دوست آیا۔ میں نے اسے یہ خواب سنایا اس نے کہا تو فوراً توبہ کر اور امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی جناب میں اپنی بے ادبی کی معافی مانگ' میں نے اسی وقت غسل کیا اور دو رکعت نماز ادا کر کے توبہ کی اور حضرات شیخینؓ کی فضیلت کا قائل ہوا۔ (شواہد النبوۃ)

۱۲۷۔ حضرت علی بن حمزہ اصفہانی حلاجؒ فرماتے ہیں کہ جب محمد بن یوسف کا انتقال ہو گیا تو میں بصرہ میں حضرت سہل بن تستریؒ کے شاگردوں کے پاس رہنے لگا۔ جو بات مجھے اچھی لگتی شاگردوں سے یہ کہہ کر لکھوا لیتا کہ میں ان پڑھ ہوں۔ مجھے یہ لکھ دو۔ ایک دن یہ کاغذات پانی میں گر کر خراب ہو گئے جس کا مجھے سخت رنج ہوا۔

marfat.com
Marfat.com

اسی رات حضرت سہل بن تستریؒ کو خواب میں دیکھا۔ فرماتے ہیں تم اس لئے رنجیدہ ہو کہ تمہارا دفتر پانی میں گر گیا۔ میں نے کہا جی ہاں استاد۔ فرمایا کیوں ان باتوں کا حق' اللہ تعالیٰ کا حق اور اس کے دوستوں کا حق طلب نہیں کرتا۔ میں نے عرض کیا اے استاد مجھ میں یہ طاقت نہیں۔ پھر میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو تشریف لاتے دیکھا اور اصحاب صفہؓ میں سے ایک جماعت آپؐ کے ہمراہ تھی۔ خوشی سے دوڑ کر میں آپؐ کی خدمت گرامی میں حاضر ہوا۔ مجھے دیکھ کر آپؐ مسکرائے اور ارشاد فرمایا کہ اس صدیق یعنی سہل تستریؒ کو کیوں نہیں کہتا کہ اس گروہ کی دوستی اور یہ باتیں عین حقیقت ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم خود تشریف لائے کہ حضرت سہل تستریؒ سے یہ بات فرمائیں۔ حضرت سہل تستریؒ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہوں۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم متبسم ہوئے اور میری خوشی سے آنکھ کھل گئی۔ (نفحات الانس از مولانا عبدالرحمن جامی صفحہ ۱۲۲ تا ۱۲۳)

لطیفہء زماں حضرت سہل تستریؒ مرید تھے حضرت ذوالنون مصریؒ کے نہایت جلیل القدر ولی گزرے ہیں۔ فرمایا جو بھوکا رہتا ہے شیطان اس سے بھاگتا ہے۔ تمام آفات سیر ہو کر کھانے سے پیدا ہوتی ہیں۔ فرمایا حرام کھانے سے سات اعضا متاثر ہوتے ہیں۔ آنکھ' کان' زبان' شکم' شرمگاہ' ہاتھ اور پاؤں اور پھر ان سے دانستہ اور نادانستہ گناہ برابر سرزد ہوتے رہتے ہیں جب کہ حلال روزی ان ساتوں اعضاء کو اطاعت کی طرف آمادہ رکھتی ہے۔ فرمایا کہ بزرگ ترین عمل یہ ہے کہ بری عادت کو نیک عادت میں تبدیل کر لیا جائے۔ فرمایا تیری نجات چار امور پر منحصر ہے۔ کم کھانا' کم سونا' خاموشی اور تنہا رہنا۔ فرمایا اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے لئے عاجزی اور انکساری سب سے نزدیک راستہ ہے۔

۱۲۸۔ محمد بن مالکؒ فرماتے ہیں کہ میں بغداد گیا تاکہ قاری ابوبکر بن مجاہدؒ کے پاس کچھ پڑھوں۔ ہم لوگوں کی ایک جماعت آپ کی خدمت میں حاضر تھی اور قرات ہو رہی تھی کہ اتنے میں ایک بڑے میاں آئے۔ ان کے سر پر بہت ہی پرانا عمامہ

marfat.com
Marfat.com

تھا۔ ایک پرانا کرتہ تھا اور ایک پرانی سی چادر تھی۔ قاری ابوبکرؒ ان کو دیکھ کر کھڑے ہو گئے اور ان کو اپنی جگہ بٹھایا اور ان سے ان کے اہل و عیال کی خیریت دریافت کی۔ بڑے میاں نے کہا رات میرے یہاں بیٹا پیدا ہوا ہے۔ گھر والوں نے مجھ سے گھی اور شہد کی فرمائش کی ہے۔ قاری ابوبکرؒ ان کی یہ بات سن کر بہت متفکر ہوئے اور اسی حالت میں ان کی آنکھ لگ گئی۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا اتنا فکرمند کیوں ہے۔ علی بن عیسیٰ وزیر کے پاس جاؤ اور اس کو میرا سلام کہو اور یہ علامت بتاؤ کہ ہر شب جمعہ کو اس وقت تک نہیں سوتا جب تک مجھ پر ایک ہزار مرتبہ درود نہ پڑھ لے۔ اس شب جمعہ تو نے سات سو مرتبہ پڑھا تھا کہ تیرے پاس بادشاہ کا آدمی بلانے آگیا۔ تو وہاں چلا گیا اور وہاں سے آنے کے بعد تو نے باقی مقدار پوری نہیں کی۔ یہ علامت بتانے کے بعد اس سے کہنا کہ اس نومولود کے والد کو ایک سو دینار (اشرفیاں) دے دے تاکہ وہ اپنی ضرورت پر خرچ کرے۔ قاری ابوبکرؒ اٹھے اور ان بڑے میاں کو ہمراہ لے کر وزیر کے پاس پہنچے اور اس سے کہا کہ ان بڑے میاں کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمہارے پاس بھیجا ہے۔ وزیر کھڑے ہو گئے اور ان کو اپنی جگہ بٹھایا اور ان سے واقعہ دریافت فرمایا۔ قاری ابوبکرؒ نے جب تمام واقعہ سنایا تو وزیر کو بے حد خوشی ہوئی۔ اپنے غلام کو حکم دیا کہ ایک توڑا (ہمیانی یعنی تھیلی جس میں دس ہزار اشرفیاں ہوتی ہیں) نکال کر لائے۔ اس میں سے ایک سو دینار نومولود کے والد کو دیئے اور سو اور نکالے تاکہ قاری ابوبکرؒ کو دے۔ قاری ابوبکرؒ نے لینے سے انکار کر دیا۔ وزیر نے اصرار کیا کہ ان کو لے لیجئے اس لئے کہ یہ اس بشارت کی وجہ سے ہے جو آپ نے مجھے اس واقعہ کی بابت سنائی جب کہ ہزار درود شریف کا واقعہ میرے اور میرے اللہ کے سوا کوئی اور نہیں جانتا۔ پھر سو دینار اور نکالے اور کہا یہ اس خوشخبری کے بدلے میں ہیں کہ آپ نے مجھے مطلع فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میرے درود شریف پڑھنے کی اطلاع ہے اور پھر سو دینار اور نکالے اور کہا کہ یہ اس مشقت کے بدلہ میں ہیں جو آپ کو یہاں آنے میں ہوئی اور اسی طرح سو سو دینار نکالتے رہے یہاں تک کہ ایک ہزار دینار ختم ہو گئے مگر قاری ابوبکرؒ

marfat.com
Marfat.com

نے یہ کہہ کر لینے سے انکار کر دیا کہ ہم ایک سو دینار سے زیادہ ہرگز نہ لیں گے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم اتنے ہی کا فرمایا ہے (قول بدیع از علامہ سخاوی) (فضائل درود شریف صفحہ ۱۷۷ تا ۱۷۹)

نوٹ :۔ درود شریف کو مالک کی خوشنودی میں بہت زیادہ دخل ہے اس لئے کثرت سے پڑھتے رہنا چاہئے نہ معلوم کس وقت کا پڑھا ہوا اور کس محبت کا پڑھا ہوا پسند آ جائے۔ ایک مرتبہ کا بھی قبول ہو جائے تو بس بیڑا پار ہے۔ ہم میں سے کون شخص ایسا ہے جس سے گناہ سرزد نہ ہوتے ہوں۔ اس کے بدرقہ کے لئے درود شریف بہترین چیز ہے۔ چلتے پھرتے' اٹھتے بیٹھتے' سوتے جاگتے جتنا بھی پڑھا جائے اس میں دریغ نہیں کرنا چاہئے' کہ اکسیر اعظم ہے۔ غیبت' فضول گوئی' لغویات اور گناہوں میں اوقات ضائع کرنے کی بجائے اگر اس وقت میں درود شریف کا ورد کیا جائے تو دین و دنیا کے بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔ حضرت شیخ ابو سلیمان دارانیؒ سے نقل ہے کہ تمام عبادتوں میں مقبول و مردود ہونے کا احتمال ہے لیکن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھیجا ہوا درود شریف قبول ہی ہوتا ہے کبھی رد نہیں کیا جاتا۔

۱۲۹۔ ابو القاسم خفافؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت قاری ابوبکر مجاہدؒ کی مسجد میں حضرت ابوبکر شبلیؒ تشریف لے گئے۔ قاری ابوبکرؒ ان کو دیکھ کر کھڑے ہو گئے۔ قاری صاحب کے شاگردوں نے اپنے استاد سے عرض کیا۔ آپ کی خدمت میں وزیراعظم آئے تو ان کے لئے آپ کھڑے نہیں ہوئے جب کہ حضرت شبلیؒ کے لئے کھڑے ہو گئے؟ آپ نے فرمایا کہ میں ایک ایسے شخص کے لئے کیوں نہ کھڑا ہوں جس کی تعظیم خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کرتے ہیں۔ اس کے بعد قاری صاحب نے اپنا خواب بیان کیا کہ رات میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت کی تھی۔ آپؐ نے مجھ سے خواب میں ارشاد فرمایا تھا کہ کل تیرے پاس ایک جنتی آئے گا۔ جب وہ آئے تو اس کا اکرام کرنا۔ قاری ابوبکرؒ فرماتے ہیں اس کے دو دن بعد پھر مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اے ابوبکرؒ اللہ تعالیٰ تمہارا بھی ایسا ہی اکرام فرمائے جیسا کہ تم نے ایک جنتی آدمی کا اکرام کیا۔ میں نے

marfat.com
Marfat.com

عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) شبلیؒ کا یہ اعزاز آپؐ کے یہاں کس وجہ سے ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ پانچوں نمازوں کے بعد یہ آیت پڑھتا ہے۔ **لقد جاء کم رسول .... رب العرش العظیم**○ (آخر سورہ توبہ) اور اس کے بعد تین مرتبہ "صلی اللہ علیک یا محمد" پڑھتا ہے اور برسہا برس سے اس کا یہ معمول ہے۔ (قول بدیع فی الصلوۃ علی الحبیب الشفیع مصنفہ علامہ سخاوی) (فضائل درود شریف صفحہ ۱۸۲ تا ۱۸۳)

دیوانہ ربانی حضرت ابوبکر شبلیؒ کا وصال بعمر ۸۷ سال ۲۷ ذی الحجہ ۳۳۸ھ کو ہوا۔ مزار بغداد میں ہے۔ امیری چھوڑ کر فقیری اختیار کی تھی۔ حضرت جنید بغدادیؒ کے مرید تھے۔

۱۳۰۔ علی بن عیسیٰ وزیر کا معمول تھا کہ اولاد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ اس قدر سلوک کرتا تھا کہ ایک سال کے لئے جملہ ضروریات کو کافی ہوتا۔ ایک شخص جو حضرت امام موسیٰ کاظمؓ کی اولاد میں سے تھے۔ ان کو پانچ ہزار درہم سالانہ دیا کرتا تھا۔ ایک روز وزیر نے دیکھا کہ وہ شخص نشہ شراب میں سرشار منہ کے بل زمین پر پڑا ہے۔ وزیر نے اپنے آپ کو ملامت کی کہ ایسے بدکردار کو روپیہ دینا گناہ مول لینا ہے اور غصہ ہو کر اس کو بہت لعنت ملامت کی اور کہا کہ ہمارے پاس سے چلے جاؤ۔ خبردار اب منہ نہ دکھانا۔ وہ ناامید ہو کر چلا گیا۔ وزیر نے رات کو خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بہت سے لوگ جمع ہیں۔ میں نے بھی قریب جانے کا ارادہ کیا مگر آپؐ نے میری طرف سے منہ پھیر لیا اور ناراضگی کا اظہار فرمایا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں آپؐ کا ادنیٰ خادم ہوں پھر آپؐ مجھ سے کیوں ناخوش ہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تو نے میرے فلاں فرزند کو کیوں دھتکارا اور اس کی امید خاک میں ملا دی۔ میں نے عرض کیا کہ چونکہ وہ شرابی تھا اس وجہ سے میں نے ایسا کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تو جو کچھ اس کو دیتا تھا وہ میری وجہ سے دیتا تھا یا اس کی وجہ سے۔ جب میں بیدار ہوا تو اس شخص کو بلایا اور اس سے عذر خواہی کر کے اس کا سالانہ وظیفہ بحال کر دیا۔ (بغیتہ ذوی الاحلام)

marfat.com
Marfat.com

۱۳۱۔ ایک شخص قرض سے عاجز ہو کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ملتجی ہوا۔ خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ تو علی بن عیسیٰ وزیر کے پاس جا۔ وہ تجھ کو چار سو اشرفیاں دے گا۔ وہ شخص دربار میں پہنچا۔ مگر دربان نے اندر نہ جانے دیا۔ اتنے میں اس کا ایک ملاقاتی باہر آیا۔ اس نے اس سے حال بیان کیا۔ اس نے کہا کہ وزیر صبح سے تیرے انتظار میں ہے۔ غرض وزیر کے حضور حاضر ہوا۔ وزیر نے کہا اے شخص حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تجھ کو چار سو اشرفیاں دوں۔ اس نے کہا میں نے بھی آپؐ کو خواب میں دیکھا ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ میں وزیر کے پاس جاؤں وہ مجھے چار سو اشرفیاں دے گا۔ یہ سن کر وزیر بہت رویا اور حکم دیا کہ ہزار اشرفیاں لاؤ۔ اس کے بعد اس شخص سے کہا چار سو اشرفیاں تو فرمان نبوی (علی صا جبہا صلوٰۃ" و سلاما") کے مطابق لے اور چھ سو اشرفیاں میں تجھے اپنی طرف سے دیتا ہوں۔ اس شخص نے کہا میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان سے زیادہ نہ لوں گا حالانکہ میں قرضدار چھ سو اشرفیوں کا ہوں مگر اللہ تعالیٰ ان ہی میں برکت ڈال دے گا۔ غرض چار سو اشرفیاں لے کر کچھ قرض ادا کیا اور باقی سے تجارت شروع کر دی۔ ایک سال کے اندر بہ برکت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو ایک لاکھ اشرفیوں کا فائدہ ہوا۔ تمام قرض ادا ہو گیا اور وہ خوشحال زندگی بسر کرنے لگا۔ (بعیتہ ذوی الاحلام)

۱۳۲۔ امام طریقت حضرت جنید بغدادیؒ فنون سپہ گری میں یکتائے زمانہ تھے۔ ایک مسافر آیا اور بادشاہ سے کہا کہ میں تمہارے پہلوان جنید (رحمتہ اللہ علیہ) سے کشتی لڑنا چاہتا ہوں۔ بادشاہ نے سمجھایا کہ وہ نہایت قوی اور ماہر فن ہے۔ اس سے کشتی لڑنا تمہارے بس کی بات نہیں مگر وہ نہ مانا۔ جب کشتی شروع ہوئی اس نے آہستہ سے کہا جنید (رحمتہ اللہ علیہ) میں سید ہوں۔ عزت سادات کا لحاظ رکھنا۔ یہ سنتے ہی حضرت جنیدؒ نقش زمین ہو گئے اور پہلوان کا نام ہو گیا۔ لوگوں نے دریافت کیا آج تمہاری طاقت اور فن کو کیا ہو گیا۔ فرمایا میں عزت سادات کے خیال میں رہا اور

marfat.com
Marfat.com

خود تین مرتبہ زمین پر چت ہو رہا۔ اسی شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے بشارت دی کہ جیسی تو نے ہماری اولاد کی عزت رکھی اللہ تعالیٰ تیری آبرو رکھے گا۔ اس بشارت سے ایسے مسرور ہوئے کہ صبح ملازمت شاہی چھوڑ کر فقیری اختیار کی اور اپنے ماموں حضرت سری سقطیؒ سے بیعت کی۔ (تذکرہ غوثیہ از حضرت مولانا شاہ گل حسن صفحہ ۳۸۷) (ریاض الفقر معروف بہ "دفتر حقیقت" دوسرا گلزار صفحہ ۶۰ تا ۶۱)

سلطان المشائخ "شیخ الشیوخ" امام طریقت حضرت جنید بغدادیؒ عالم متبحر ہونے کے ساتھ طریقت میں بھی مجتہدانہ مرتبہ رکھتے تھے۔ آپ پہلے بزرگ ہیں جنہوں نے علوم طریقت کو مدون کیا اور اشارات باطنی کو علمی حیثیت سے دنیا کے سامنے لائے اور حقائق تصوف سے دنیا کو آشنا کیا۔ آپ کی مجلس وعظ میں خلقت ٹوٹی پڑتی تھی اور بے شمار انسان ہدایت پا کر واپس ہوتے تھے۔ فرمایا جو کتاب و سنت کی پروا نہ کرے اس کی تقلید ہرگز نہ کرو۔ فرمایا بندہ وہ ہے جس سے نہ خدمت میں کوتاہی ہو نہ کسی سے شکوہ کرے اور جب اس کے دوست اور بھائی اس کے پاس آئیں تو وہ اپنی نفلی عبادت کو موقوف کر دے۔ نفلی روزہ افطار کر دے کہ برادران اسلام کی موافقت نفل روزہ و نماز سے افضل ہے۔ ۲۷ رجب ۲۹۷ھ/۹۰۹ء کو وصال فرمایا۔

۱۳۴۔ امام الائمہ حضرت جنید بغدادیؒ نے ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اے جنیدؒ مخلوق کو وعظ ضرور سنایا کر۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تیرے وعظ کو مسلمانوں کی نجات کا سبب ٹھہرایا ہے۔ تجھے میری سنت کو زندہ رکھنے کے لئے لوگوں میں رہنا چاہئے اور عزلت نشینی چھوڑ کر تبلیغ و ارشاد کا فریضہ ادا کرنا چاہئے۔

جب بیدار ہوئے تو خیال پیدا ہوا کہ میرا درجہ امام تصوف حضرت سری سقطیؒ سے بلند ہے تبھی تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے وعظ کی دعوت فرمائی ہے۔ جب صبح ہوئی تو حضرت سری سقطیؒ نے ایک مرید حضرت جنیدؒ کے پاس بھیجا اور پیغام دیا کہ اپنے مریدوں کے کہنے پر آپ نے وعظ شروع نہ کیا اور نہ بغداد کے مشائخ کی تلقین پر وعظ و ارشاد کا سلسلہ جاری کیا اور نہ ہی میری سفارش

marfat.com
Marfat.com

اور تاکید سے وعظ کیا لیکن اب تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے فرمان جاری ہوا ہے۔ اس فرمان کی تعمیل ضروری ہے۔ یہ سن کر حضرت جنیدؒ نے فرمایا کہ میرے سر میں حضرت سری سقطیؒ پر جو برتری کا سودا سما گیا تھا وہ یکلخت نکل گیا۔ میں نے جان لیا کہ حضرت سری سقطیؒ تمام احوال میں میرے ظاہر و باطن پر اطلاع رکھتے ہیں اور آپ کا درجہ میرے درجہ سے بہت بلند ہے۔ آپ میرے بھیدوں کو جانتے ہیں جب کہ میں آپ کے حالات سے بے خبر ہوں۔ تب حضرت جنیدؒ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ استغفار کیا اور دریافت کیا کہ آپ کو کس طرح معلوم ہوا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میں نے خواب میں دیکھا ہے اور آپؐ نے مجھے وعظ و ارشاد کی دعوت دی ہے۔ حضرت سری سقطیؒ نے فرمایا کہ میں نے اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا۔ اس نے فرمایا کہ میں نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھیجا ہے کہ وہ جنید کو فرمائیں کہ وہ مخلوقات کو وعظ و نصیحت کرے۔ (کشف المحجوب کا اردو ترجمہ صفحہ ۱۴۵)

۱۳۴۔ کسی بزرگ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس عالم میں خواب میں دیکھا کہ حضرت جنیدؒ بغدادی خدمت میں حاضر ہیں۔ اسی اثنا میں کسی شخص نے حاضر ہو کر فتویٰ دریافت کیا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ فتویٰ جنیدؒ سے لو۔ اس شخص نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپؐ کی موجودگی میں دوسرے سے فتویٰ کیوں لوں۔ ارشاد گرامی ہوا کہ تمام انبیاء علیہم السلام کو جس طرح اپنی امتوں پر ناز ہے مجھے اپنے جنیدؒ پر فخر ہے۔ ان سے فتویٰ لیا کرو۔ (سفینۃ الاولیاء صفحہ ۵۴) (بستان العارفین صفحہ ۲۱۸)

۱۳۵۔ حضرت خواجہ ممشاد علی دینوریؒ آپ پیشوائے چشتیاں ہیں۔ حضرت جنید بغدادیؒ کے کامل و اکمل مریدوں میں سے تھے۔ ۲۹۹ھ میں وصال ہوا۔ آپ کا شمار عراق کے مشائخ کبار میں ہوتا ہے۔ "تذکرۃ الاصفیا" اور "مشائخ چشت" کے بعض ملفوظات میں مرقوم ہے کہ شیخ علی دینوری اور شیخ ممشاد دینوریؒ دونوں ایک ہی بزرگ ہیں اور ان دونوں کو شیخ ممشاد علی دینوریؒ کہتے ہیں جب کہ "نفحات الانس"

marfat.com
Marfat.com

اور بعض دوسری کتابوں میں تحریر ہے کہ یہ دونوں الگ الگ بزرگ ہیں (مذاق العارفین ترجمہ اردو "احیاء العلوم" از امام غزالیؒ حصہ دوم صفحہ ۳۳۶) (تحفہ الابرار مولفہ نواب مرزا آفتاب بیگ عرف محمد نواب مرزا بیگ صفحہ ۸) خواب میں آپ نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) لوگ مجھ کو اذیت دیتے ہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا بردباری کر کہ وہ منکرین بھی تیرے بھائی ہیں۔ (العوارف)

۱۳۶۔ حضرت شیخ ابو سعید خرازؒ نے ایک دن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے دریافت فرمایا کہ تم مجھے دوست رکھتے ہو۔ حضرت خرازؒ نے جواب دیا کہ معاف فرمایئے حق تعالیٰ کی دوستی نے مجھے آپؐ کی دوستی سے باز رکھا ہے۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کو دوست رکھتا ہے وہ مجھے بھی دوست رکھتا ہے۔ آپ نے ۲۸۶ھ میں وصال فرمایا۔ مزار مکہ مکرمہ میں ہے۔ (تذکرۃ الاولیاء صفحہ ۳۰۷)

۱۳۷۔ مصر میں ایک عالم تھے۔ لوگوں کو قرآن پڑھاتے تھے اور جو دس اشرفیاں دیتا اس کو اجازت دے دیتے تھے اور جو دس اشرفیوں سے کم دیتا اس کو اجازت نہ دیتے تھے۔ ایک غریب طالب علم جو قرآن پڑھ چکا تھا اس نے چندہ سے پانچ اشرفیاں جمع کر کے پیش کیں مگر انہوں نے اس کو اجازت نہ دی۔ مایوس ہو کر وہ طالب علم چلا آیا اور ایک قافلہ جو حج کو جا رہا تھا اس کے ہمراہ ہو لیا۔ بعد فراغت حج مدینہ طیبہ گیا۔ روضہ نبویہؐ کے قریب دس آیات سات قرات سے ادا کیں۔ اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جو کچھ میں نے پڑھا وہ فلاں عالم کی تعلیم ہے مگر انہوں نے مجھے اجازت مرحمت نہ فرمائی۔ اب آپؐ سے فریاد کرتا ہوں۔ اس کے بعد اس طالب علم نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے ہیں کہ اس عالم سے میرا سلام کہنا اور یہ پیغام دینا کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے میری سفارش کی ہے کہ مجھے اجازت بلا نذر کے دی جائے۔ اور اگر اس خواب کی تصدیق میں اس کو شک ہو تو کہہ دینا کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اس کی علامت "زمرا" فرمائی ہے۔ طالب علم استاد کے پاس

marfat.com
Marfat.com

واپس آیا اور خواب بیان کیا۔ انہوں نے کہا یہ خواب صحیح نہیں ہے۔ طالب عالم نے کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی علامت زمرا" زمرا" فرمائی ہے۔ یہ سنتے ہی وہ عالم غش کھا کر گر پڑے۔ جب ہوش آیا لوگوں نے سبب دریافت کیا۔ فرمایا کہ ایک روز میں نے آیتہ **"ثم اورثنا الکتب .... باذن اللہ"** (سورہ فاطر آیت ۳۲) پڑھی۔ اس کے بعد اپنے دل میں خیال کیا کہ دیکھنا چاہئے کہ میں کس گروہ میں ہوں۔ پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے خواب میں دیکھا **"بشر قراء القران انھم یدخلون الجنتہ زمرا" زمرا""** بعد ازاں اس طالب علم کی طرف متوجہ ہوئے فرمایا اے لوگو گواہ رہنا کہ میں نے اس طالب علم کو اجازت دی۔ (بغیتہ ذوی الاحلام)

۱۳۸۔ ایک صوفی کہتے ہیں کہ میں مدینہ طیبہ میں تھا۔ میں نے دیکھا کہ ایک عجمی مرد جن کا سر بڑا تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رخصت ہوئے جب وہ باہر نکلے تو میں ان کے پیچھے مسجد ذوا لحلیفہ تک گیا۔ وہاں نماز پڑھی اور تلبیہ یعنی لبیک کہا۔ پھر میں ان کے پیچھے چلا۔ میری جانب وہ متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا چاہتا ہے۔ میں نے عرض کیا آپ کی رفاقت چاہتا ہوں۔ انہوں نے منع کیا۔ میں نے جب اظہار عاجزی کیا تو فرمایا کہ اگر میرے ساتھ چلنا ضروری ہے تو میرے قدم پر قدم رکھو۔ میں نے کہا بہت اچھا۔ وہ چلے اور مشہور راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کیا۔ جب کچھ رات گذر گئی تو میں نے چراغ کی روشنی دیکھی۔ کہا یہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی مسجد ہے۔ تم آگے چلتے ہو یا میں۔ میں نے عرض کیا آپ کو اختیار ہے۔ آپ آگے چلے اور میں سو گیا۔ جب صبح کے وقت مکہ معظمہ میں آیا تو طواف و سعی کی۔ پھر حضرت ابوبکر کتانیؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ان کے پاس مشائخ کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی میں نے ان کو سلام کیا۔ شیخ نے مجھ سے پوچھا تم کب آئے۔ میں نے عرض کیا ابھی آیا ہوں۔ پوچھا کہاں سے آئے ہو۔ میں نے کہا مدینہ منورہ سے۔ کہا وہاں سے کب چلے تھے میں نے کہا کل۔ وہ سب ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔ شیخ نے فرمایا تم کس کے ساتھ باہر نکلے تھے۔ میں نے کہا ایک ایسے مرد تھے اور یہ حال تھا۔ فرمایا وہ ابو جعفر دامغانیؒ ہیں اور یہ بات ان کے حال کے لحاظ سے ممکن

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ پوچھا کہ تم نے زمین کو اپنے قدموں کے نیچے کیسا پایا۔ میں نے عرض کیا اس موج کی طرح جو کشتی کے نیچے آتی ہے۔ (روض) (نفحات الانس صفحہ ۹۵ تا ۹۶)

۱۳۹۔ شیخ ابو الحسین بن سمعونؒ کی ولادت ۳۰۰ھ میں ہوئی۔ نام محمد بن احمد بن اسمٰعیل بن سمعون ہے۔ اعاظم مشائخین بغداد سے ہیں اور حضرت شیخ ابوبکر شبلیؒ کے ہم عصر۔ ابن ماطیشؒ نے اپنی کتاب "اثبات کرامات الاولیاء" میں ابو طاہر محمد علانؒ سے روایت کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں ابن سمعونؒ کی مجلس وعظ میں تھا۔ ابو الفتح قواسؒ منبر کے نیچے بیٹھے ہوئے تھے کہ ان پر نیند غالب آ گئی اور وہ سو گئے۔ ابن سمعونؒ تھوڑی دیر کے لئے وعظ سے خاموش ہو گئے یہاں تک کہ ابوالفتح قواسؒ بیدار ہو گئے۔ سر اٹھایا تو ان سے ابن سمعونؒ نے دریافت کیا کہ آپ نے ابھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے۔ انہوں نے اثبات میں جواب دیا۔ فرمایا اسی وجہ سے میں وعظ سے رک گیا تھا کہ کہیں آپ جاگ نہ جائیں اور جس حال میں ہیں وہ بند نہ ہو جائے۔ وصال بروز جمعہ ۱۵ ذیقعد یا ذی الحجہ ۳۸۶ھ میں ہوا۔ قبر بغداد شریف میں ہے۔ بعد وصال آپ کو گھر میں دفن کر دیا گیا تھا۔ ۳۹ برس بعد لوگوں نے قبرستان میں دفن کرنے کے لئے نعش مبارک لحد سے نکالی تو کفن ایسا معلوم ہوتا تھا کہ نیا پہنا ہوا ہے اور جسم ایسا ترو تازہ تھا جیسے ابھی وفات پائی ہے۔ (تاریخ الاولیاء جلد اول صفحہ ۳۰۳ تا ۳۰۴)

۱۴۰۔ حضرت ابن سمعونؒ نے اپنی ماں سے حج اور زیارت کے لئے اجازت طلب کی مگر ماں نے فراق فرزند دلبند گوارا نہ کرتے ہوئے سختی سے منع کر دیا۔ اسی وقت ماں کی آنکھ لگ گئی۔ تھوڑی دیر بعد چونک کر اٹھیں اور فرمایا بیٹا سفر حج کا سامان کر' میں ہرگز نہیں روکتی۔ ابھی جو سوئی تھی تو دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے ہیں کہ اے اللہ کی بندی اپنے بیٹے کو ایسی دولت سرمدی اور ارادۂ نیک سے باز رکھتی ہے۔ اسے فوراً اجازت دے کہ اس کی دین و دنیا کی بھلائی اسی سفر پر منحصر ہے۔ والدہ کا خواب سن کر ابن سمعونؒ پر ایک کیفیت طاری ہو گئی اور وہ اسی وقت پا پیادہ عازم سفر حج ہو گئے۔ (مراۃ الجنان)

marfat.com
Marfat.com

۱۴۱۔ شیخ ابو علی کاتب مصریؒ خلیفہ حضرت شیخ ابو علی رودباریؒ کے تھے۔ جو کوئی بھی مشکل پیش آتی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھ کر رفع فرما لیتے تھے۔ آپ کو رودبار کا چاند بھی کہتے ہیں۔ ۳۴۱ھ میں وصال فرمایا۔ (تاریخ الاولیاء حصہ اول) (نفحات الانس صفحہ ۲۲۹)

۱۴۲۔ شیخ ابو الخیر اقبال حبشیؒ نے ساٹھ سال تک مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ میں مجاورت کی اور بہت سختیاں جھیلیں۔ جب آپ روضہ اطہر (علی صاحبہا الف الف صلوۃ" و الف الف سلام") پر آ کر کہتے "السلام علیک یا رسول الثقلین" (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تو فوراً" جواب آتا "وعلیکم السلام یا طاؤس الحرمین"۔ آپ کا نام اقبال' لقب "طاؤس الحرمین" اور کنیت "ابو الخیر" تھی۔ ابتدا میں غلام ملک حبش سے تھے۔ آپ کے مالدار مالک نے آپ کی عبادت و ریاضت دیکھ کر آپ کو آزاد کر دیا تھا۔ ۳۸۳ھ میں وفات پائی۔ مزار ابرقوہ میں ہے۔ (نفحات الانس صفحہ ۲۴۰) (تاریخ الاولیاء حصہ اول صفحہ ۳۰۲ تا ۳۰۳)

۱۴۳۔ شیخ ابو علی مستوفیؒ کا نام حسن بن علی بن موسیٰ ہے۔ مرید ابو علی کاتبؒ اور ابو یعقوب موسیؒ کے ہیں۔ مستوفی گاؤں ہے مصر میں جہاں آپ سکونت پذیر تھے پس مستوفی کہلائے۔ فرماتے ہیں میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے مجھ سے ارشاد فرمایا اے علی تو درویشوں کو دوست رکھتا ہے اور ان پر اپنی دولت خرچ کرتا ہے۔ میں نے عرض کیا جی ہاں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)۔ آپؐ نے فرمایا کیا تو چاہتا ہے کہ میں تجھ کو درویشوں کی وکالت پر مامور کر دوں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بشرط عصمت و کفایت و دیانت اس لئے کہ اگر مجھ سے کوئی قصور سرزد ہو جائے اور میں مقصور ہوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ان شرائط کو میں نے قبول کیا۔ پس میں نے اس پیش کش کو قبول کر لیا اور یہ کام میرے سپرد کر دیا گیا کہ تمام فقراء میرے پاس آتے اور اپنی آرزوئیں پوری کرتے۔ وفات آپ کی ۳۴۰ھ میں ہوئی۔ (تاریخ الاولیاء جلد اول صفحہ ۲۸۵ تا ۲۸۶)

marfat.com
Marfat.com

۱۴۴۔ اقبال فرحت اعجازی ۱۹۵۳ء میں گاندھی کالج شاہجہان پور (یو۔پی) بھارت میں فرسٹ ایئر کے طالب علم تھے۔ انہوں نے اپنے مضمون "سومنات" میں بیان کیا ہے کہ شاہجہان پور کے محلہ محمد زئی کی ایک مسجد میں جو کافی عرصہ سے ویران پڑی تھی ایک بزرگ رہتے تھے جن کو لوگ شاہ صاحب کہتے تھے اور ایک زمانہ ان کی بزرگی کا قائل تھی۔ ان سے ایک روز اعجازی صاحب نے کہا کہ کچھ مورخین کے نزدیک سلطان محمود غزنوی ایک ڈاکو اور لٹیرے سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتے۔ اس پر شاہ صاحب نے فرمایا کہ خانہ کعبہ میں تین خاص بت تھے۔ لات' عزیٰ اور منات' فتح مکہ کے روز دیگر بتوں کے ساتھ پہلے دو بت توڑ دیئے گئے تھے جب کہ چند روز قبل کفار مکہ نے منات نامی بت خانہ کعبہ سے نکال لیا تھا جو ادھر ادھر ہوتا ہوا ہندوستان (بھارت) پہنچ گیا۔ ہندی زبان کا قاعدہ ہے کہ کسی لفظ کی خوبصورتی یا شان و شوکت بڑھانے کے لئے اس کے پہلے "سو" کا اضافہ کر دیتے ہیں۔ مثلاً" بھاگیہ معنی قسمت اور سوبھاگیہ معنی اچھی قسمت' پھل معنی نتیجہ اور سوپھل معنی اچھا نتیجہ' آگتم' سوآگتم (خوش آمدید) ارگ سے سورگ (بہشت بریں) راجیہ سے سوراجیہ' آمی سے سوامی' راشٹر سے سوراشٹر' دیش سے سودیش وغیرہ۔ حسب معمول منات سے پہلے "سو" کا اضافہ کر کے اسے سومنات بنا دیا گیا یعنی "بہترین منات" سلطان محمود غزنوی ڈاکو نہیں بت شکن تھے۔ انہیں آقا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے خواب میں اس بت کو توڑ ڈالنے کا حکم فرمایا تھا اور صرف اس بت کو توڑنے کی خاطر انہوں نے ہندوستان پر ۱۷ حملے کیے تھے۔ اگر وہ چور یا ڈاکو ہوتے تو زر و جواہر' سونا چاندی سمیٹنے پر اکتفا کرتے' منات کی تلاش میں پے در پے ٹھوکریں نہ کھاتے۔ اگر حکومت کے بھوکے ہوتے تو جیتے ہوئے علاقوں پر حکمرانی کرتے۔ بتوں کو توڑ کر دولت اکٹھی کرنے کے عادی ہوتے تو سومنات کا بت توڑنے کے بعد ۱۸ واں حملہ بھی کرتے۔ تو کیا پورے ہندوستان میں صرف ایک ہی بت تھا؟ بھائی وہ تو اپنے آقا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا غلام تھا۔ اسے نہ دولت کی تمنا تھی نہ حکومت کی پرواہ۔ جب سرکار (علیہ الصلوۃ و السلام) کا حکم بجا لایا تو روتا ہوا واپس چلا گیا کہ اس کے آقا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اس کی محنت کو اکارت نہ جانے دیا اور اپنے ادنیٰ غلام کی لاج رکھ لی

marfat.com
Marfat.com

(سیارہ ڈائجسٹ شمارہ ستمبر ۱۹۶۵ء صفحہ ۸۱ تا ۸۳)

سلطان محمود غزنویؒ کو ہندوستان میں ان کی بعض نہایت اہم جنگوں کے نازک مرحلوں پر محض تائید ایزدی سے فتح حاصل ہوئی جس سے صاف ظاہر ہے کہ انہیں اس کام کے لئے قدرت نے مقرر فرمایا تھا۔

قسمت کیا ہر ایک کو قسام ازل نے
جو شخص کہ جس کام کے قابل نظر آیا

سلطان نے سومنات کے ٹکڑے کابل میں لے جا کر ڈال دیئے جو دور حاضر تک موجود رہے اور جنہیں آزادی ہندوستان کے بعد پنڈت جواہر لال نہرو نے ۱۹۵۲ء میں حاصل کر کے سابق جوناگڑھ اسٹیٹ میں ٹھیک اسی جگہ جوڑ کر نصب کر دیا جہاں سے سومنات کے بت کا سلطانؒ نے نام و نشان مٹایا تھا۔ کاش سلطانؒ ان تین ٹکڑوں کو پسوا کر مٹی میں ملوا دیتے تو ہمیشہ کے لئے اس بت کا نشان مٹ جاتا۔

سلطان محمود غزنویؒ روزانہ چھ مرتبہ حسب ذیل درود شریف پڑھا کرتے تھے جس کا ثواب ان کو ساٹھ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ملتا تھا۔ (تفصیلات کے واسطے دیکھئے "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ حصہ اول" صفحہ ۱۵۰ تا ۱۵۱ ناشر فیروز سنز لاہور)

اللھم صلی علی سیدنا محمد و علی آل سیدنا محمد ما اختلف الملوان و تعاقب العصران و تکر الجدید ان و استقل الفرقد ان و بلغ روح سیدنا محمد و ارواح اهل بیته منا التحیة و السلام (ترجمہ = اے ہمارے اللہ ہدیہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب تک دن رات بدلتے رہیں۔ زمانے آتے جاتے رہیں۔ چاند اور سورج نکلتے رہیں اور ستارہ قطب شمالی چمکتا رہے۔ یہ ہدیہ درود پہنچا دے ہمارے آقا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپؐ کے اہل بیت کی ارواح پر اور بہت کثرت سے سلام پڑھ۔)

۱۴۵۔ حضرت خواجہ ابو محمد چشتیؒ کا لقب "ناصح الدین" تھا۔ شب عاشورہ محرم الحرام ۳۳۱ھ میں پیدا ہوئے۔ حضرت خواجہ ابو احمد ابدال چشتیؒ کے فرزند، مرید اور خلیفہ تھے۔ رجب المرجب ۴۱۵ھ میں وفات پائی۔ والد کے مزار کے برابر چشت میں مزار ہے۔ مادر زاد ولی تھے۔ آپ کی والدہ فرماتی ہیں کہ جب آپ پیٹ میں، چار ماہ

marfat.com
Marfat.com

کے تھے اکثر کلمہ طیبہ "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کی آواز پیٹ سے سنتی تھی۔ ایک روز ان کے والد سے ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا بشارت ہو کہ تیرے شکم سے ایک ولی پیدا ہو گا۔ آپ کی پیدائش کے وقت آپ کے والد پر ہلکی غنودگی طاری ہوئی۔ خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے ہیں "تجھے صالح فرزند مبارک ہو۔ اس کو میرے نام سے موسوم کرنا اور اس کو میرا سلام کہنا"۔ یہ بشارت پا کر حضرت خواجہؒ بیدار ہوئے تو آپ پیدا ہو چکے تھے۔ حضرت خواجہؒ نے تازہ وضو کر کے فرزند کا چہرہ دیکھا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سلام کہا اور دعا کی کہ اے اللہ پاک میرے بیٹے کو ذی مرتبہ کر' اسی وقت غیب سے آواز آئی کہ اے ابو احمد تیری دعا قبول ہوئی۔ اور یہ فرزند ہمارا مقبول ہوا۔ (سیرالاقطاب از مولوی محمد علی) (تذکرہ حصہ ثالث صفحہ ۱۹)

۱۴۶۔ حضرت خواجہ ابو محمد چشتیؒ بن خواجہ ابو احمد ابدال چشتیؒ بہ اشارہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سلطان محمود غزنویؒ کی امداد کے لئے گجرات کے جہاد میں شریک ہوئے اور آپ کے قدموں کی برکت سے مندر سومنات فتح ہوا۔ (تحفتہ الابرار صفحہ ۱۲)

۱۴۷۔ مرجع اوتاد حضرت ابو الحسن خرقانیؒ ایسی شان کے بزرگ گذرے ہیں کہ امی ہونے کے باوجود یہ کیفیت تھی کہ ایک مرتبہ ایک مرید نے عرض کیا کہ بغداد شریف میں ایک بہت بڑی یونیورسٹی ہے وہاں جا کر علم حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ آپ مجھے اجازت مرحمت فرمائیں۔ دریافت کیا وہاں جا کر کون سا علم پڑھو گے؟ عرض کیا میں احادیث نبوی (علی صاحبہا صلوۃ" و سلاما") پڑھوں گا۔ کہا کیا خرقان میں حدیث شریف پڑھانے والا کوئی نہیں؟ عرض کیا مجھے تو کوئی نظر نہیں آتا۔ فرمایا ایک میں ہی ان پڑھ اور بے علم ہوں ذرا مجھ سے پڑھ کر دیکھ لو۔ اس نے کہا حضور آپ نے حدیث کس سے پڑھی ہے۔ فرمایا ہم نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث شریف پڑھی ہے اور آپؐ ہی ہمارے استاد ہیں مگر آپ کی یہ بات اس کی سمجھ میں نہ آئی۔ رات کو جو سویا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

marfat.com
Marfat.com

خواب میں دیکھا۔ آپؒ نے ارشاد فرمایا اے شخص جو مردان خدا اور جوانمرد ہیں وہ سچ اور حق بات ہی کہتے ہیں۔ ان کی بات کو دل میں جمانا چاہئے دوسرے دن وہ حدیث شریف کی کتاب لے کر حضرت خرقانیؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور پڑھانے کی درخواست کی۔ حضرت نے فرمایا پڑھو' اس نے پڑھنا شروع کیا۔ ایک حدیث پڑھی تو آپ نے فرمایا "یاد رکھو یہ حدیث صحیح ہے یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عین کلمات ہیں اور اس کے اندر یہ معانی ہیں"۔ اب دوسری حدیث پڑھو' دوسری حدیث پڑھی آپ نے فرمایا "اس کا پہلا حصہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے اور آخری حصہ آپؐ کے الفاظ نہیں ہیں اس کو نظرانداز کر دو"۔ اچھا اب تیسری حدیث پڑھو۔ تیسری حدیث پڑھی تو معنی بتائے اور فرمایا "یہ حدیث بالکل ہی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نہیں ہے اس کو نظرانداز کر دو"۔ اس طرح پڑھاتے پڑھاتے تھوڑے دن میں پوری حدیث شریف کی کتاب ختم کرا دی۔ کسی نے عرض کیا یا حضرت آپ کے عربی جاننے کی وجہ تو یہ ہو سکتی ہے کہ آپ کی معاشرت اہل عرب کے ساتھ زیادہ رہی ہے لیکن جب آپ بالکل ہی امی ہیں تو آپ کو کیوں کر معلوم ہوا کہ پہلی حدیث صحیح ہے۔ دوسری کا نصف حصہ صحیح ہے اور تیسری حدیث بالکل ہی غلط ہے۔ آپ نے جواب دیا جب حدیث شریف پڑھی گئی تو مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ انور نظر آیا۔ پہلی حدیث پڑھنے کے وقت چہرہ انور بشاش ہو گیا تو میں سمجھ گیا کہ یہ آپؐ کی حدیث ہے۔ دوسری حدیث کے ابتدائی حصہ کے پڑھنے کے وقت چہرہ مبارک بشاش رہا اور آخری حصہ پڑھنے کے وقت چہرہ مبارک منقبض ہو گیا تو میں سمجھ گیا کہ اس حدیث کا آخری حصہ آپؐ کا نہیں ہے۔ اسی طرح تیسری حدیث پڑھنے کے وقت اول سے آخر تک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ مبارک منقبض رہا تو میں سمجھ گیا کہ یہ حدیث بالکل ہی آپؐ کی نہیں ہے۔ یہ فضل الٰہی ہے' فراست ہے' مکاشفہ ہے۔ اسی کو علم لدنی کہتے ہیں (مینائے مصطفائی دور اول صفحہ ۱۷۱) (بستان العارفین از مولانا صوفی سید محمد عابد میاں عثمانی حنفی نقشبندی مجددی ڈابھیلیؒ خلافت پریس بمبئی میں ۱۳۴۲ھ میں طبع ہوئی صفحہ ۳۵۳ تا ۳۵۴)

marfat.com
Marfat.com

حضرت ابو الحسن خرقانیؒ ۱۵ رمضان المبارک ۴۲۵ھ خرقان میں واصل بحق ہوئے۔ مزار مرجع خلائق ہے۔ سلطان محمود غزنویؒ کو اپنا خرقہ عطا فرمایا جس کی برکت سے سومنات فتح ہوا۔ فرمایا اللہ تعالیٰ کے یہاں دلق اور ٹاٹ نہیں دل اور اخلاق دیکھا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا لطف اپنے دوستوں کے لئے اور رحمت کو عاصیوں کے لئے رکھا ہے۔ جس کی رات اور دن اس حالت میں بسر ہو کہ اس نے نہ کسی کو آزار پہنچایا نہ کسی کا دل دکھایا تو گویا اس نے وہ وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں بسر کیا۔ جو کسی مومن کو ستاتا ہے اس کی عبادت قبول نہیں ہوتی۔ فرمایا میں نے سب کچھ سمجھا مگر نہ سمجھا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درجہ کی غایت کو نہ سمجھا۔

۱۴۸۔ سید قطب الدین مدنیؒ عرب سے سیر کرتے ہوئے قصبہ کڑا پہنچے۔ وہاں کے ہندوؤں نے آپ کو اذیت دی اور وہاں رہنے نہ دیا۔ آپ سخت مغموم مدینہ طیبہ واپس گئے۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے فرزند تو بادشاہ غزنی کے پاس جا اور اس کی مدد سے جہاد کر تو فتح پائے گا۔ جب بیدار ہوئے تو غزنی پہنچ کر لشکر سلطانی لے کر کڑے میں داخل ہوئے اور فتح حاصل ہوئی۔ (ملفوظات العفیہ)

۱۴۹۔ سید حمزہؒ ایک لاکھ سپاہ کے مالک تھے۔ ایک مرتبہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے فرزند اس قدر خزانہ و مال و سپاہ تو نے جمع کیا ہے اس کو جہاد میں صرف کر، جب سید حمزہؒ بیدار ہوئے تو فوراً عازم ہندوستان ہو کر جہاد کیا اور خود بھی سنگلدیپ میں جام شہادت نوش فرمایا۔ (منبع الانساب)

۱۵۰۔ حکیم ابو الخیر الحسنؒ مقام اور وطن کے لحاظ سے خوارزمی تھے۔ جب سلطان یمین الدولہ بن سبکتگین نے خوارزم فتح کیا تو حکیمؒ کو غزنی لے گیا۔ حکیمؒ کی عمر اس وقت ایک سو برس سے زیادہ ہو چکی تھی۔ ہر چند دعوت اسلام دی، وعدے کئے، طمع دلائی مگر اس نے اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ ایک دن ایک راستہ سے گذر

marfat.com
Marfat.com

رہا تھا۔ اس راہ میں ایک مدرسہ کے اندر کوئی خوش الحان معلم سورہ "عنکبوت" پڑھ رہا تھا۔ حکیم کچھ دیر وہاں ٹھہر گیا۔ رونے لگا اس پر رقت طاری ہو گئی۔ رات کو خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا۔ آپ نے اس سے ارشاد فرمایا کہ تجھ جیسے عقلمند عالم کو میری نبوت کا منکر نہیں ہونا چاہیے۔ وہ خواب ہی میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک پر مسلمان ہوا۔ جب بیدار ہوا اسلام کا اظہار کیا۔ طویل عمر' قویٰ کی کمزوری اور بڑھاپے کی انتہا کے باوجود فقہ اور کلام پاک کی تلاوت اور اس کو یاد کرنے میں مشغول ہوا۔ حکیم ابو ریحان منجمؒ نے ایک خاص دن اس کی وفات کی پیشین گوئی کر دی تھی۔ عین اسی دن گھوڑے سے گر کر جام شہادت نوش کیا۔ حکیم ابو الخیرؒ کو بقراط ثانی کہتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ وہ اس نام کا مستحق تھا کیونکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رویائے صادقہ میں اسے "عالم" فرمایا تھا۔ (عمدہ الاثار و نزہتہ الاہار یعنی اردو ترجمہ "درۃ الاخبار ولمعتہ الانوار مترجمہ فضل حسین تبسم۔ ہیڈ ماسٹر ڈھیر مونڈ ضلع اٹک۔ پبلشر اردو اکادمی۔ پنجاب لوہاری گیٹ لاہور صفحہ ۷۲ تا ۷۳)

یہ بھی لکھا دیکھا کہ خوارزم شاہ بن صالحون بن محمد کے زمانے میں حکیم ابو الخیر الحسنؒ بن بابا بن سوار ہوا ہے۔ سلطان محمود غزنویؒ نے جب خوارزم فتح کیا تو ابو الخیرؒ کو غزنی لایا۔ اس کے اسلام لانے کے بعد محمود غزنویؒ نے خمار کا علاقہ اس کے سپرد کر دیا تھا۔ بو علی سینا نے بھی اس کی بہت تعریف کی ہے۔ (مجالس المومنین از محمد عطا اللہ خاں عطا ٹونکی صفحہ ۲۹۱ محمد سعید اینڈ سنز تاجران کتب قرآن محل مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی)

۱۵۱۔ "تاریخ بغداد" یہ خطیب بغدادیؒ کی تصنیف ہے۔ ۲۴ ذیقعد ۳۹۲ھ کو جمعرات کے دن پیدا ہوئے۔ اس زمانے کے بزرگوں میں سے کسی نے بیان کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا گویا ہم بغداد شریف میں خطیب بغدادیؒ کی خدمت میں حاضر ہیں اور "تاریخ بغداد" ان کے روبرو پڑھنا چاہتے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ ان کے دائیں جانب شیخ نصیر بن ابراہیم مقدسؒ تشریف رکھتے ہیں اور بائیں جانب نہایت پروجاہت اور بارعب ایک بزرگ جلوہ افروز ہیں جن کے جمال سے آنکھیں خیرہ ہوئی جاتی ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

میں نے دریافت کیا کہ یہ کون بزرگ ہیں تو بتایا گیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم "تاریخ بغداد" سننے کے لئے تشریف لائے ہیں۔ یہ نہایت اعلیٰ درجہ کا شرف ہے جو حضرت خطیب بغدادیؒ کو حاصل ہوا ہے۔ (بستان المحدثین اردو صفحہ ۱۱۹)

۱۵۲۔ شیخ علی رواتیؒ متقد میں میں اولیائے کبار سے ہوئے ہیں۔ آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اشارہ پر عربستان سے ہندوستان تشریف لائے۔ متھرا آگرہ کے قریب ہندوؤں کا ایک متبرک شہر ہے۔ جب آپ متھرا سے گذرے جہاں بکثرت ہندو رہتے تھے اور پتھر کی گائے کو پوجتے تھے تو آپ نے پتھر کی اس گائے سے دودھ دوھا اور تاحیات اس کا دودھ دوھ کر قوت حاصل کرتے رہے۔ آپ کی اس کرامت کو دیکھ کر ہزارہا مشرکین نے اسلام قبول کیا۔ وصال ۲۰۰ھ میں ہوا۔ آج بھی آپ کی قبر متھرا میں موجود ہے اور مرجع خلائق ہے۔ وہ پتھر کی گائے بھی مزار مبارک کے برابر کھڑی ہے۔ (تاریخ الاولیا جلد اول صفحہ ۳۰۶)

۱۵۳۔ ابن بطوطہ جس زمانہ میں مکہ معظمہ میں مجاور تھے اور مدرسہ مظفریہ میں سکونت رکھتے تھے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ دیکھا کہ آپؐ مدرسہ مظفریہ کے مقام درس میں اس جنجری کے پاس تشریف فرما ہیں جہاں سے کعبہ شریف سامنے نظر آتا ہے اور خلقت آپؐ کے دست حق پرست پر بیعت کر رہی ہے اور شیخ ابو عبداللہ المعروف بہ خلیل (منجملہ خطباء مکہ مکرمہ شیخ و فقیہ و عالم و صالح و خاشع ابو عبداللہ محمد بن فقیہ و امام صالح و متقی ابی زید عبدالرحمٰن جو کہ خلیل کے نام سے مشہور تھے اسی زمانہ میں تھے۔ بالاتفاق جملہ قطب مکہ تھے۔ جملہ اوقات میں مستغرق عبادت رہتے تھے۔ نہایت باحیاء' کریم النفس' حسن الاخلاق اور کثیر الشفقت تھے۔ کسی سائل کو ناکام واپس نہیں کرتے تھے) کو دیکھتا تھا کہ آئے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے حضور میں سامنے دو زانو بیٹھ گئے اور اپنے ہاتھ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم دست مبارک میں دے کر کہا کہ میں اپنے گھر سے کسی مسکین کو واپس ناکام نہ جانے دوں گا۔ میں ان کے اس قول سے متعجب ہوتا تھا اور دل میں کہتا تھا کہ یہ کیسی بات

marfat.com
Marfat.com

کہتے ہیں حالانکہ فقرا مکہ مکرمہ، یمن، عراق، عجم، مصر اور شام کے بکثرت ہیں کیونکر قدرت ہو گی کہ سب کو کامیاب کر سکیں اور اس وقت میں نے ان کو ایک سفید اونچے دامن کا جبہ روئی کے کپڑے کا جس کو تنطان کہتے ہیں اور اس کو وہ بعض اوقات پہنا بھی کرتے تھے پہنے دیکھا۔ جب میں نے فجر کی نماز پڑھی اور آفتاب نکل آیا تو میں ان کے پاس گیا اور اپنا خواب ان کو سنایا تو وہ بہت خوش ہوئے اور رو دیئے اور کہا کہ اس جبہ کو بعض صالحین نے میرے دادا کو ہدیہ دیا تھا۔ میں اس کو تبرکاً" پہن لیا کرتا ہوں۔ اس خواب کے بعد میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ انہوں نے کسی سائل کو ناکام واپس کیا ہو۔ (سفرنامہ ابن بطوطہ حصہ اول صفحہ ۱۴۳ اس کا اردو ترجمہ مولوی سید محمد حیات الحسن موہانی نے کیا جو ۱۹۰۱ء میں روز بازار پریس۔ امرتسر سے شائع ہوا)

مراکش کا مشہور سیاح ابن بطوطہ تاریخ کا وہ عظیم سیاح ہے جس کا نام مارکوپولو کے بعد سیاحت میں امتیازی درجہ رکھتا ہے۔ اس کا وطن تنجور تھا۔ ۱۴ جون ۱۳۲۶ء جب وہ ۲۱ برس کا تھا اس نے سفر کا آغاز کیا اور جب ۴۷ برس کا ہوا تو ۷۷۶۴۰ میل لمبا سفر طے کر چکا تھا جو مصائب اور معلومات سے بھرپور تھا۔ اس کی کتاب "رحلہ" (زولہ) دنیا بھر میں مشہور ہے۔ اپنی اس مشہور تصنیف لکھنے کے ۳۳ برس بعد ۱۳۷۸ء میں بعمر ب ۴۷ سال اس دنیا سے رخصت ہوا۔ سیاحت کے دوران ہندوستان بھی آیا۔ لکھتا ہے بنگال میں گرانی کے زمانہ میں ایک روپیہ کا تین من اور ارزانی میں روپیہ کا سولہ من چاول بکتا تھا۔ سوتی کپڑا ایک روپیہ میں ۳۰ گز تک فروخت ہوتا۔ صرافوں کی دکانوں کے سامنے سونے چاندی کے سکوں کے اس طرح ڈھیر لگے ہوتے تھے جس طرح غلہ منڈی میں اناج کے ڈھیر لگے ہوتے ہیں۔ جو بیل اس زمانے میں روپیہ سوا روپیہ کا ملتا تھا (اوسط وزن ۱۴ من) اب دس بارہ ہزار روپے سے کم میں نہ ملے گا۔ اب تو گائے کا گوشت ۴۵/۵۰ روپیہ سیر بکتا ہے۔ نہایت سرسری تخمینہ کے مطابق ۱۹۳۳ء تک انگریز نے ہندوستان سے چار کھرب روپیہ انگلستان پہنچایا۔ یہ آئینی ذرائع سے تھا اور جو غیر آئینی ذرائع، لوٹ کھسوٹ اور تجارتی طریقوں سے پہنچا اس کا تو شمار ہی نہیں ہو سکتا اور یوں ہندوستان کے سونے چاندی کے سمندر کو انگریز نے

marfat.com
Marfat.com

اپنے دور حکومت میں خشک کر دیا تھا۔ آئین اکبری میں اس دور کی تمام چیزوں کے نرخوں کی تفصیل درج ہے مثلاً گندم سوا چار آنہ من' چاول ۴ آنہ من' دال مونگ روپیہ کی ۷ من ۳۰ سیر' کھانڈ روپیہ کی ۱۸ سیر' گوشت بکرا ایک روپیہ دس آنہ من' بادام فی روپیہ قریب چار سیر' گوشت گائے چند کوڑیوں میں آدھ سیر' ایک ٹن یعنی ۲۸ من نمک قریب دو روپیہ کا' ساحل کارومنڈل کے کنارے ساڑھے تین آنہ میں ۲۰ پونڈ مچھلی جو ذائقہ میں ٹراؤٹ اور سامن جیسی ہوتی تھی۔ شہر کٹک میں ایک پونڈ یعنی آدھ سیر مکھن ایک آنہ میں ملتا تھا۔ دو آنہ میں ایک سو مچھلیاں جو اتنی بڑی ہوتی تھیں کہ صرف دو مچھلیوں سے آدمی کا پیٹ بھر جائے۔ (یہ نرخ نامہ کیپٹن الگزینڈر ہملٹن نے بیان کیا ہے)۔ سورت کے ایک تاجر مسمی عبدالغفار کا سرمایہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے سرمایہ کے برابر تھا۔ جو حضرت پرانے دور کے نرخوں کی تفصیلات کے خواہشمند ہوں۔ اس دور کی مشہور کتاب "نقش حیات" از شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ ملاحظہ فرمائیں۔

۱۵۴۔ اسکندریہ میں شیخ خلیفہ نامی ایک بزرگ تھے۔ انہوں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں یہ فرماتے سنا کہ تم میری زیارت کو کیوں نہیں آتے چنانچہ شیخ خلیفہ مدینہ طیبہ کے لئے روانہ ہو گئے۔ وہاں پہنچ کر مسجد نبوی (علی صاحبہ الف الف صلوٰۃ" و الف الف سلام") کے باب السلام میں داخل ہو کر تحیۃ المسجد ادا کی اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ و سلام بھیجا۔ پھر ایک ستون سے ٹیک لگا کر اپنے دونوں گھٹنوں پر سر رکھ کر بطور مراقبہ حضرات صوفیائے کرام کے طریقہ کے مطابق بیٹھے رہے۔ جب سر اٹھایا تو دیکھا کہ سامنے چار روٹیاں' ایک برتن میں دو درہم اور ایک طبق کھجوروں کا رکھا ہوا ہے۔ چنانچہ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ لے کھایا اور اسکندریہ واپس چلے گئے۔ (مستطرف مع ملخص ترجمہ عطا الرحمٰن۔ بک ڈپو ۲ محمد علی روڈ بندر روڈ۔ کراچی صفحہ ۴۳)

۱۵۵۔ قاضی ابو حبیبؒ کا بیٹا طاہر بن عبد اللہ تحت فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ مجھے "

marfat.com
Marfat.com

قیمہ" کہہ کر پکارتے ہیں۔ اس کے بعد قاضی صاحب فخراً فرمایا کرتے تھے کہ دیکھو میرا نام حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قیمہ رکھا ہے۔ آپ نے ۱۰۲ برس کی عمر پائی اور ۵۰ھ میں وفات پائی۔ اتنی عمر ہونے کے باوجود آپ کے جسم کے تمام اعضا میں کوئی تبدیلی و تغیر نہیں ہوا تھا۔ وجہ دریافت کی تو فرمایا کہ میں نے کسی عضو سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کی۔ (خیر الموانس جلد دوم صفحہ ۹۷)

۱۵۶۔ ماہ ربیع الاول حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش اور وصال کا مہینہ ہے۔ پہلی تاریخ سے بارہ ربیع الاول تک روزانہ جو مسلمان ۲۰ رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں ۲۱ بار سورہ اخلاص اور ثواب اس کا روح پرفتوح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچائے تو اس نماز کے پڑھنے والے کو آپؐ نے خواب میں جنت کی بشارت دی ہے۔ تمام مشائخ اسلام اور بزرگان دین اس سے متفق ہیں۔ اس نماز کے آخر میں ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھ لینا اور اچھا ہے۔

دوران مطالعہ میری نظر سے یہ بھی گذرا ہے کہ صحابہ اکرامؓ اور تابعینؒ خاص بارہ ربیع الاول کو کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تاریخ وصال بھی ہے۔ بہ نیت ہدیہ روح پرفتوح ۲۰ رکعت نفل، ہر رکعت میں ۲۱ بار سورہ اخلاص اور بعد سلام سو مرتبہ درود شریف پڑھتے تھے۔ ایک بزرگ اس نماز کی مداومت کیا کرتے تھے۔ ان سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں فرمایا کہ تم کو اپنے ساتھ بہشت میں لے جاؤں گا۔ جس کو آپؐ بشارت فرمائیں قطعی جنتی ہے۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ ان نوافل کو شوق سے پڑھا کریں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کے امیدوار رہیں۔

۱۵۷۔ حضرت سید علی ہجویری (حضرت داتا گنج بخشؒ) کو امام اعظم حضرت ابو حنیفہؓ سے خاص عقیدت تھی اور تعمیل دستور شریعت میں ان کے اتباع کو مستند سمجھتے تھے۔ اس عقیدت کے ضمن میں اپنی مشہور و معروف تصنیف "کشف المحجوب" میں تحریر فرماتے ہیں کہ میں ملک شام میں تھا۔ ایک مرتبہ موذن اول حضرت بلالؓ کے مزار

marfat.com
Marfat.com

مبارک کے سرہانے سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ میں مکہ معظمہ میں ہوں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باب بنی شیبہ سے اندر داخل ہو رہے ہیں اور جس طرح کوئی کسی بچہ کو گود میں لئے ہوئے ہو اس طرح ایک عمر رسیدہ شخص کو گود میں اٹھائے ہوئے ہیں۔ میں دوڑ کر آپؐ کی خدمت اقدس میں پہنچا اور پائے مبارک کو بوسہ دیا اور دل میں سوچنے لگا کہ یہ عمر رسیدہ شخص کون ہو سکتا ہے۔ اتنے میں میرا خطرہ قلب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر منکشف ہو گیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ یہ شخص تیری قوم کا امام ہے یعنی ابو حنیفہؒ۔ اس خواب سے مجھے اپنے اور اپنی قوم کے حق ہونے پر روح پرور امیدیں بندھ گئیں اور یہ بھی واضح ہو گیا کہ حضرت امام اعظمؒ ان لوگوں میں سے ہیں جو اپنی صفات ذاتی سے فانی ہو چکے ہیں اور احکام شرع کے لئے باقی ہیں اس لئے کہ وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت و شرع کے حامل تھے۔ اگر میں انہیں بذات خود چلتے ہوئے دیکھتا تو معلوم ہوتا کہ وہ باقی الصفت ہیں اور باقی الصفت کے لئے خطا اور صواب دونوں کا امکان ہے لیکن چونکہ انہیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گود میں دیکھا لہٰذا معلوم ہوا کہ ان کا وجود ذاتی فنا ہو چکا ہے اور اب ان کا جو وجود قائم ہے وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وجود سے قائم ہے اور چونکہ آپؐ کی ذات گرامی کے لئے کسی طرح کی خطا کا امکان نہیں ہے اس لئے جس شخص کا وجود آپؐ کی ذات اقدس میں فانی ہو چکا ہو وہ بھی امکان خطا سے پاک ہے۔ (اردو ترجمہ "کشف المحجوب" صفحہ ۱۲۱)

۱۵۸۔ حضرت شیخ ابو اسحاق ابراہیم بن شہریار گازرونیؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تصوف کیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا تصوف یہ ہے: دعوؤں کو ترک کر دینا اور مطالب کو چھپانا۔ پھر توحید کے معنی دریافت کئے۔ آپؐ نے فرمایا جو کچھ تیرے دل میں آئے یا تیرے خیال میں اس کا خطرہ گذرے تو اللہ تعالیٰ اس کے برخلاف ہے اور توحید یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو شک و شرک و تعطیل سے پاک سمجھے۔ پھر عرض کیا عقل کیا ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ دنیا کو ترک کر دے اور اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ اللہ کی ذات میں فکر کرنا چھوڑ دے۔ (نفحات الانس صفحہ ۲۸۲ تا ۲۸۳)

marfat.com
Marfat.com

(تحفتہ الابرار صفحہ ۳) (لطائف الاشرفی جلد اول صفحہ ۱۳۵)

۱۵۹۔ عاشق دانائے راز درونی حضرت ابو اسحاق ابراہیم گازرونیؒ نے فرمایا کہ ایک روز میرے دل میں خیال گذرا کہ میں کیوں صدقات لیتا ہوں اور ان کو درویشوں اور مسافروں پر صرف کرتا ہوں۔ مجھے اس لینے دینے سے کیا کام۔ ایسا نہ ہو کہ کوئی قصور اس میں ہو جائے اور قیامت کے روز اللہ جل شانہ کے عتاب و عذاب میں مبتلا ہوں۔ میں نے چاہا کہ درویشوں سے کہہ دوں کہ بھائی ہر شخص اپنے وطن کو چلا جائے اور وہاں جا کر یاد الہٰی کرے۔ اسی خیال میں تھا کہ مجھے نیند آ گئی میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اے ابی اسحاق لے اور دے اور خوف نہ کر۔ (بستان العارفین صفحہ ۴۴۸)

۱۶۰۔ حضرت شیخ ابی اسحاق ابراہیم گازرونیؒ نے جب چاہا کہ مسجد تعمیر کرائیں تب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے مسجد کی جگہ تجویز فرمائی۔ حضرت گازرونیؒ نے اسی جگہ مسجد کی بنیاد ڈالی جس میں تین صفیں آئیں۔ پھر خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع تمام صحابہ اکرام رضوان اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین تشریف لائے ہیں اور اس مسجد کو اس حد سے کشادہ تر کر دیا۔ بعدہ حضرت گازرونیؒ نے ویسا ہی کیا۔ (بستان العارفین صفحہ ۴۴۶ تا ۴۴۷)

آپ سید علی ہجویریؒ کے معاصرین میں سے تھے مگر ملاقات نہیں ہوئی۔ فارس (ایران) وطن مالوف تھا۔ ۴۲۶ھ/۱۰۳۳ء میں وصال فرمایا۔ آپ کے جسم مبارک سے اتنی خوشبو آتی تھی کہ مشک' عنبر اور عود کی خوشبو دب جاتی تھی۔ ۲۴ ہزار غیر مسلم آپ کے دست مبارک پر مسلمان ہوئے اور ایک لاکھ مسلمان آپ کے روبرو تائب ہوئے۔ آپ کے پاس ایک ڈائری رہتی تھی جس میں تمام تابعین' دوستوں' مریدوں اور اقربا کے نام تھے۔ قبل وفات وصیت فرمائی کہ اسے میرے کفن میں شامل کر دینا۔ مریدوں نے ایسا ہی کیا۔ کسی نے آپ کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے فرمایا

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالٰی نے ان سب کو بخش دیا جن کے نام اس میں درج ہیں اور جو کوئی میرے مزار پر آ کر میرے وسیلے سے حاجت طلب کرے گا انشاء اللہ مراد کو پہنچے گا۔ آپ کے بھانجے اور خلیفہ شیخ صفی الدین گازرونیؒ ۹۶۲ء میں پیدا ہوئے۔ ۱۷ برس کی عمر میں اوچ تشریف لائے اور ۱۰۰۷ء میں یہیں وفات پائی۔ قصبہ اوچ کی بنیاد آپ ہی نے رکھی۔ ہندو پاکستان میں سب سے پرانی زیارت گاہ ٹھٹھ (سندھ) سے دس میل دور تحصیل میرپور ساکرہ میں موضع کوجو کے قریب ہے۔ اس پر ۱۷۱ھ/۷۸۸ء تحریر ہے۔ یہ شیخ ابوترابؒ کا مزار ہے جو ایک بزرگ تبع تابعی تھے۔ اس زیارت گاہ کے بعد سب سے پرانی اور قدیم زیارت گاہ اچ شریف (سابق ریاست بہاولپور) میں شیخ صفی الدین گازرونیؒ کا مزار مبارک ہے۔ (تاریخ اوچ از مولوی محمد حفیظ الرحمٰن بہاولپوری صفحہ ۱۳۰)

۱۶۱۔ حضرت خواجہ نظام الملک طوسی (خواجہ حسنؒ) کو حج بیت اللہ کی بڑی آرزو تھی مگر پوری عمر محروم رہے۔ ارسلان سلجوقی کے عہد میں ایک دن بھی فرصت نہ ملی۔ البتہ ملک شاہ کے عہد میں موقع ملا۔ چنانچہ ۴۷۹ھ/۱۰۸۶ء میں سفر حج کے سلسلہ میں خیمے ڈیرے بھی بمقام بغداد دریائے دجلہ کے کنارے لگا دیئے گئے۔ "روضۃ الصفا" اور "طبقات الکبریٰ" میں عبداللہ ساوجی سے روایت ہے کہ انہی ایام میں ملک شاہ نے خواجہ کو خط لکھا جسے پڑھ کر وہ روئے۔ خط کا مضمون یہ تھا کہ "میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ حسن سے کہو کہ تمہیں مکہ مکرمہ جانے کی ضرورت نہیں' تمہارا حج یہی ہے کہ اس ترک (ملک شاہ) کی خدمت کئے جاؤ اور میری امت کے لوگوں کی حاجتیں پوری کرو"۔ چنانچہ خواجہ نے روانگی مکہ مکرمہ ملتوی فرما دی۔ بغداد کا مدرسہ نظامیہ جو اپنے دور کی سب سے بڑی یونیورسٹی تھی آپ ہی نے ۴۵۹ھ میں اسے قائم کیا تھا۔ حضرت شیخ سعدیؒ اور حضرت امام غزالیؒ یہیں سے فارغ التحصیل تھے۔ (نظام الملک طوسی از مولوی محمد عبدالرزاق کانپوری مصنف البرامکہ۔ صفحہ ۱۴۳)

۱۶۲۔ بعض اہل دل حضرات نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

marfat.com
Marfat.com

خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ آپ نے ہمارے زمانہ کا مقتدا کس کو بنایا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا امام احمد بن حنبلؒ کو۔ (خیر الموانس جلد دوم صفحہ ۴۴۶)

۱۴۳۔ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ عراق کے قصبہ سہرورد میں اوائل رمضان المبارک ۵۳۶ھ میں پیدا ہوئے اور یکم محرم الحرام ۶۳۲ھ میں بغداد میں وصال فرمایا۔ حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازیؒ آپ ہی کے مرید خاص تھے۔ اپنے مرشد گرامی کے فیض سے آپ نے جو نعت کہی بارگاہ رسالت (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں بے حد مقبول ہوئی۔ خواب میں حضرت سعدیؒ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ جو نعت تم نے کہی ہے مجھے سناؤ۔ حضرت سعدیؒ نے دست بستہ عرض کیا کہ ابھی صرف تین مصرعے ہوئے ہیں چوتھا نہیں ہو رہا۔ اگر وہ ہو جائے تو رباعی مکمل ہو جائے گی۔ آپؐ نے حکم فرمایا وہ تین مصرعے ہی سناؤ۔ حضرت شیخ سعدیؒ نے اس پر عرض کیا۔

بلغ العلی بکمالہ
کشف الدجی بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ

یہ کہہ کر شیخ سعدیؒ خاموش ہو گئے۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا سعدیؒ کہتے کیوں نہیں ۔ "صلوا علیہ والہ" اس طرح یہ مبارک اور جامع ترین نعتیہ رباعی مکمل ہوئی۔ سلسلہ سہروردیہ میں قران خوانی کے بعد نعت خوانی کو بے حد اہمیت حاصل ہے جس میں اس رباعی کو خاص مقام حاصل ہے۔

۱۴۴۔ ایک مرتبہ سرخ آندھی اور زلزلہ آیا۔ حضرت محمد بن مقاتلؒ کی خدمت میں حضرت موسیٰ بن قاسمؒ حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ آپ ہمارے امام ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ یہ آفت دور ہو۔ حضرت محمد بن مقاتلؒ رو کر فرمانے لگے کہ اس بات کو ہی غنیمت سمجھتا ہوں کہ تم کہیں میری وجہ سے ہلاک نہ ہو۔ حضرت موسیٰ بن قاسمؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ محمد بن مقاتلؒ کی دعا سے

marfat.com
Marfat.com

آندھی اور زلزلہ دور ہو گیا۔ (خزینہ معرفت المسمی بہ سوانح مشائخ نقشبند مولفہ صوفی محمد ابراہیم قصوری صفحہ ۱۱۱)

۱۶۵۔ حضرت امام غزالیؒ نے "احیاء العلوم" میں عبدالواحد بن زید بصریؒ سے نقل کیا ہے کہ میں حج کو جا رہا تھا کہ ایک شخص رفیق سفر ہو گیا جو ہر وقت چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا کرتا تھا۔ میں نے اس سے اس کثرت درود کی وجہ پوچھی۔ اس نے کہا جب میں سب سے پہلے حج کے لئے حاضر ہوا تو میرا باپ بھی ساتھ تھا جب ہم واپس ہونے لگے تو ایک منزل پر سو گئے۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ مجھ سے کوئی شخص یہ کہہ رہا ہے اٹھ تیرا باپ مر گیا اور اس کا چہرہ سیاہ ہو گیا۔ میں گھبرا کر اٹھا۔ باپ کے چہرہ پر سے کپڑا ہٹا کر دیکھا تو واقعی میرے باپ کا انتقال ہو چکا تھا اور اس کا چہرہ کالا ہو رہا تھا۔ مجھ کو اس کا بے حد غم تھا کہ دوبارہ میری آنکھ لگ گئی اور خواب میں دیکھا کہ میرے باپ کے سر پر چار حبشی سیاہ چہروں والے ہاتھوں میں لوہے کے گرز لئے مسلط ہیں۔ اتنے میں ایک نہایت حسین چہرہ بزرگ دو سبز کپڑے پہنے ہوئے تشریف لائے۔ انہوں نے ان حبشیوں کو ہٹا دیا اور اپنے دست مبارک کو میرے باپ کے چہرہ پر پھیرا اور فرمایا اٹھ اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ کا چہرہ سفید کر دیا۔ میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان آپ کون ہیں؟ ارشاد فرمایا میرا نام محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہے۔ بس اس کے بعد سے میں نے آپؐ پر بکثرت درود پڑھنا شروع کر دیا۔

حجتہ الاسلام حضرت امام غزالیؒ ۴۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۴ جمادی الاخر ۵۰۵ میں صرف ۵۴ برس کی عمر پا کر وصال فرمایا۔ اس مختصر عمر میں آپ نے اسلامی علوم کی وہ خدمت انجام دی جس کے لئے صدیاں درکار ہوں گی۔ مزار مبارک بغداد شریف میں ہے۔

۱۶۶۔ "مناقب غوثیہ" میں حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ سے منقول ہے کہ جس رات حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اس دنیا میں تشریف لائے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع صحابہ اکرامؓ اور ائمہ اکرامؒ آپ کے

marfat.com
Marfat.com

والد ماجد سید ابی صالح موسیٰؒ کے پاس تشریف لائے اور عالم خواب میں بشارت دی کہ اے نور البصر خالق اکبر نے تجھے وہ پسر عالی گہر فرخ سیر عطا فرمایا ہے جو تمام خاصان خدا سے گوئے سبقت لے جائے گا۔

۱۶۷۔ سیدنا محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی بکثرت کرامات سے ایک کرامت یہ ہے کہ آپ نے بارہا عالم کشف میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت بابرکت کی۔ آپؒ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور فیض صحبت حاصل کیا۔ اسی طرح کئی مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آپ کے پاس تشریف لائے اور فیض صحبت سے مستفیض فرمایا۔ (غوث الاعظمؒ از مولوی فیروز الدین فیروز' ڈسکوی)

آپ کی ولادت باسعادت ۴۷۰ھ/۱۰۷۷ء میں ہوئی اور وصال ۵۶۱ھ/۱۱۶۴ء میں گیارہ ربیع الاخر کو ہوا۔ بغداد شریف میں مزار مبارک مرجع خلائق ہے۔ اولیاء اکرام کے سردار اور مادرزاد ولی تھے۔ سلسلہ قادریہ آپ سے شروع ہوا۔

۱۶۸۔ "شرح نصوص" میں حضرت قیصریؒ تحریر فرماتے ہیں کہ فرمایا حضرت محبوب سبحانی سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ نے جب میری عمر ۴۰ سال کی ہوئی تو ایک روز میں نے عزم بالجزم کیا کہ سوائے کلام الٰہی کے اور کوئی بات منہ سے نہ نکالوں گا۔ چنانچہ کئی سال خاموش رہا یہاں تک کہ ۱۶ شوال بروز سہ شنبہ ۵۲۱ھ کو میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ میرے پاس تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں کہ تم بات کیوں نہیں کرتے ہو۔ میں نے عرض کیا دادا جان (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) بس عجم کا رہنے والا عرب کے فصحا کے سامنے کیوں کر زبان کھول سکتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا اچھا منہ کھولو' میں نے منہ کھول دیا۔ آپؐ نے سات مرتبہ یہ آیت مبارک پڑھ کر میرے حلق میں دم فرمایا۔ "**ادع الی سبیل ربک بالحکمتہ و الموعظتہ الحسنتہ**" (بلا پروردگار کے راستہ کی طرف حکمت کے ساتھ اور اچھی نصیحت سے) (سورہ نحل آیت ۱۲۵) اسی دن ظہر کی نماز کے بعد میں منبر پر گیا اور چند کلمات وعظ کے کہے جن کو سن کر سامعین وجد و حال میں آ گئے۔ پھر تو یہ عالم

marfat.com
Marfat.com

ہوا کہ پورے بغداد میں میرے وعظ کی دھوم مچ گئی (انوار اصفیاء مرتبہ ادارہ تصنیف و تالیف شیخ غلام علی اینڈ سنز۔ کشمیری بازار لاہور۔ بندر روڈ۔کراچی۔ صفحہ ۱۱۹)

ایک دن ظہر سے قبل محبوب سبحانی' امام الاولیاء سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے ہیں کہ اے میرے فرزند تم وعظ و نصیحت کیوں نہیں کرتے۔ میں نے عرض کیا کہ میں ایک عجمی شخص ہوں۔ فصحائے عرب کے سامنے کس طرح زبان کھولوں۔ آپؐ نے فرمایا اپنا منہ کھولو اور سات مرتبہ میرے منہ میں اپنا لعاب دہن ڈالا۔ پھر فرمایا جاؤ وعظ و نصیحت کرو اور حکمت عملی سے لوگوں کو نیکی کی طرف بلاؤ۔ ظہر کی نماز پڑھ کر بیٹھا تو مخلوق میرے گرد جمع ہو گئی۔ اس کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو میں نے خواب میں دیکھا۔ آپؓ نے فرمایا اپنا منہ کھولو چنانچہ آپ نے چھ مرتبہ میرے منہ میں اپنا لعاب دہن ڈالا۔ میں نے عرض کیا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرح آپ بھی سات مرتبہ لعاب دہن میرے منہ میں ڈالیں۔ فرمایا میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ادب کرتا ہوں' بعد کو میں نے دیکھا کہ غواص فکر دل کے دریا میں غوطے لگا کر حقائق و معارف کے موتی نکالنے لگا۔ میری زبان میں قوت گویائی پیدا ہو گئی اور میں لوگوں کو وعظ و نصیحت کرنے لگا۔ (قصر عرفان (فارسی) از مولانا سید احمد علی)۔ ("علم لدنی یا علم الٰہی" از سید محمد ریاض الدین سہروردی صفحہ ۹۷)

۱۶۹۔ امام اعظم حضرت امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ جو مسلمان اس درود شریف کو شب جمعہ بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اسی جگہ سو جائے یہ تصور دل میں لئے ہوئے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس مبارک میں بیٹھا ہوا ہوں اور آپؐ کو دیکھ رہا ہوں پس وہ آپ کو خواب میں دیکھے گا۔ اس پر چند روز عمل ضروری ہے۔ اگر پہلی رات ہی کامیابی ہو جائے تو فبہا' درود شریف یہ ہے۔

اللھم صلی علی محمد النبی الامی و علی الہ و اصحابہ و بارک وسلم

اس پر تمام اولیائے عظام متفق ہیں۔ چنانچہ اس درود شریف کی برکت سے محبوب سبحانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے بھی خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل کیا۔ سلسلہ قادریہ سے متعلق بزرگ

marfat.com
Marfat.com

اس درود شریف کا ورد بہت پسند کرتے ہیں اور اسی وجہ سے اسے "درود قادریہ" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ وہی مشہور درود شریف ہے جو حکیم الہند حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے خاندان کو عطا ہوئی تھی اور جس کی برکت سے تاریخ اسلام میں اس خاندان کو مسلسل کئی پشتوں تک نمایاں مقام حاصل رہا۔ حضرت شاہ صاحبؒ کا ارشاد گرامی ہے کہ اس خاندان کو جو کچھ بھی حاصل ہوا وہ اسی درود شریف کی برکت کا ثمرہ ہے۔

۱۷۰۔ شیخ ابو عمر عثمانؒ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عالم رویا میں دیکھا کہ نہر عیسیٰ کا پانی خون اور پیپ ہو گیا اور اس کی مچھلیاں سانپ بچھو وغیرہ حشرات الارض ہو گئیں۔ میں خائف ہو کر اپنے مکان میں بھاگ گیا۔ اس وقت کسی نے مجھے پنکھا دیا اور کہا اسے مضبوط پکڑ لو۔ میں نے کہا یہ مجھ سے نہیں اٹھتا۔ انہوں نے کہا تمہارا ایمان اسے اٹھا لے گا۔ تم اسے ہاتھ میں لے لو۔ میں نے اسے ہاتھ میں لے لیا۔ معاً میرا خوف ختم ہو گیا۔ میں نے انہیں قسم دلا کر پوچھا کہ آپ کی برکت سے مجھے اللہ تعالیٰ نے تسکین و اطمینان عطا فرمایا ہے۔ آپ کون ہیں؟ فرمایا کہ میں تمہارا نبی (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) ہوں۔ میں آپؐ کی عظمت و ہیبت سے کانپ اٹھا۔ پھر عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپؐ میرے واسطے دعا فرمایئے کہ میرا خاتمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب اور آپؐ کی سنت پر ہو۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا بے شک ایسا ہی ہو گا۔ تمہارے شیخ، شیخ عبدالقادرؒ ہیں۔ دوبارہ میں نے وہی سوال کیا اور آپؐ نے وہی جواب دیا۔ سہ بارہ میں نے وہی سوال کیا اور آپؐ نے وہی جواب دیا۔ جب میں بیدار ہوا خواب والد ماجد سے بیان کیا تو آپ مجھے ہمراہ لے کر حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت محبوب سبحانیؒ نے دیکھتے ہی میرے والد ماجد سے فرمایا کہ تم بھی عجب کم فہم آدمی ہو۔ بلا دلیل میرے پاس آتے ہی نہ تھے۔ پھر والد صاحب کو اپنی قمیض اور مجھے اپنی ٹوپی عنایت فرمائی۔ (ریاض الفقر معروف بہ "دفتر حقیقت" صفحہ ۵۲ از حافظ محمد امداد حسین ساکن میرٹھ) (سیرت غوث الاعظمؒ از مولوی محمد داؤد صفحہ ۲۴۶ تا ۲۴۷)

۱۷۱۔ شیخ عمر بن عثمان مرزوقؒ حضرت محبوب سبحانیؒ کے ہم نشین و ہم مجلس

marfat.com
Marfat.com

تھے۔ نقل ہے شیخ احمد برکات سعدیؒ سے کہ ایک مرتبہ حضرت شیخ عمرؒ کے پاس دو شخص آئے۔ ایک عرب اور دوسرا عجم کا رہنے والا تھا۔ عرب زبان عجمی سے بے بہرہ اور عجمی زبان عربی سے کورا تھا۔ دونوں حضرت شیخ عمرؒ سے گفتگو کرنے لگے۔ عرب نے کہا میں عجمی زبان پسند کرتا ہوں اور اسے سیکھنا چاہتا ہوں اور عجمی نے کہا میں عربی زبان پسند کرتا ہو اور اسے سیکھنا چاہتا ہوں۔ اس کے بعد دونوں چلے گئے۔ دوسرے دن جب پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو عرب عجمی زبان بولتا تھا اور عجمی فصیح عربی بول رہا تھا۔ عرب نے کہا گزشتہ شب میں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں دیکھا شیخ عمرؒ ان کے ساتھ تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا اے شیخ عمرؒ اس کو عجمی زبان سکھا۔ پس شیخ عمر (رحمتہ اللہ علیہ) نے میرے منہ میں تھوکا اور جب میں بیدار ہوا تو عجمی زبان خوب بولتا تھا۔ عجمی نے کہا میں نے گزشتہ شب شیخ عمرؒ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے شیخ عمر سے فرمایا کہ اس کو عربی زبان سکھا۔ شیخ عمرؒ نے میرے منہ میں تھوکا اور جب میں بیدار ہوا تو عربی بولتا تھا۔ شیخ عمرؒ کا وصال ۵۷۳ھ میں بعمر ۷۰ برس ہوا۔ قبر مصر میں ہے۔ (تواریخ الاولیا حصہ دوم از امام الدین صفحہ ۱۳)

۱۷۲۔ خواجہ احمد بن مودود چشتیؒ نے ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اے احمد اگر تو مشتاق ہمارا نہیں تو ہم مشتاق تیرے ہیں۔ صبح اپنے تین احباب کے ہمراہ حرمین الشریفین کو روانہ ہوئے اور بعد ادائے مناسک حج مدینہ طیبہ تشریف لائے اور کامل چھ ماہ روضہ مطہرہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قیام پذیر رہے۔ چند مجاوروں کو یہ برا معلوم ہوا اور وہ آپ کو ایذا پہنچانے لگے۔ ایک روزہ روضہ مطہرہ سے آواز آئی کہ اس شخص کو مت ستاؤ کہ ایک مشتاق ہے ہمارے مشتاقین سے اور ہم مشتاق ہیں اس کے۔ یہ آواز حاضرین نے بگوش ظاہری سنی۔ پھر آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اجازت لے کر بغداد شریف تشریف لائے اور مقتدائے وقت حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کی خانقاہ میں قیام فرمایا۔ ۵۷۰ھ میں وصال فرمایا۔ قبر مبارک چشت خطہ بہشت میں ہے۔ (سفینۃ الاولیا صفحہ ۱۵) (تاریخ الاولیا حصہ دوم

marfat.com
Marfat.com

صفحہ ۱۴۷)

۱۷۳۔ مولانا امام عبدالجبار غزنویؒ کو امام ابن حزمؒ سے خاص تعلق تھا مگر آپ کو اکثر یہ بات کھٹکتی تھی کہ حضرت ابن حزمؒ اکابر و اعاظم کا ادب ملحوظ نہیں رکھتے۔ ایک مرتبہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے تو جسارت ابن حزمؒ کی وجہ دریافت فرمائی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "ایں غلبہء عشق است نے ترک ادب" حقیقت یہ ہے کہ ابن حزمؒ کا جذبہ اتباع حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس قدر بڑھا ہوا تھا کہ حدیث نبویؐ کے ہوتے ہوئے وہ کسی کے قول کو خاطر میں نہیں لاتے تھے)۔ (حیات ابن حزم مولفہ' پروفیسر ابوزہرہ ترجمہ غلام احمد حریری صفحہ ۳۰)

۱۷۴۔ سید الاولیاء حضرت سید احمد کبیر رفاعیؒ کی پیدائش سے قبل ہی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کے ماموں شیخ وقت حضرت باز الاشہب منصور بطائحیؒ کو آپ کی پیدائش کی بشارت سنا دی تھی۔ پیدائش سے چالیس دن پہلے ایک رات ماموں جان نے آپؐ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اے منصور چالیس دن بعد تیری بہن کے گھر ایک لڑکا ہو گا اس کا نام احمد رکھنا۔ اولیاء اکرام میں وہ ایسا ہی سردار ہو گا جس طرح میں انبیا علیہم السلام کا سردار ہوں۔ جب وہ ہوشیار ہو جائے تو تعلیم کے لئے اس کو شیخ علی ابو الفضل قاری واسطی کے پاس بھیج دینا اور اس کی تربیت سے غفلت نہ برتنا۔ اس خواب کے ٹھیک ۴۰ دن بعد ۱۵ رجب المرجب ۵۱۲ھ مطابق ۱۱۱۸ء کو عراق کے شہر "حسن" میں آپ پیدا ہوئے۔ شیخ منصورؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہدایات پر پوری طرح عمل کیا اور حضرت سید احمد کبیر رفاعیؒ مشائخ کے مشہور خاندان "رفاعیہ" کے سرگروہ ہوئے۔ عراق' مصر' شام' عرب اور دیگر ممالک اسلامیہ کے باشندوں کو اس خاندان سے فیض پہنچا۔ آپ کا اسم مبارک سید احمد کبیرؒ' کنیت ابوالعباس اور لقب محی الدین تھا۔ ۶۶ سال کی عمر پا کر ۵۷۸ھ/۱۱۸۲ء میں قصبہ ام عبیدہ (عراق) میں وصال فرمایا جہاں آپ

marfat.com
Marfat.com

کا مزار مبارک ہے اور خاندان رفاعیہ کی بہت بڑی خانقاہ (البرہان المؤید مصنفہ حضرت سید احمد کبیر رفائیؒ کا اردو ترجمہ "بنیان المشید" از مولانا ظفر احمد تھانوی عثمانیؒ صفحہ ۵)۔ ابو محمد ضیاء الدین احمد وتریؒ نے کتاب "روضتہ الناضرین" میں آپ کا سلسلہ نسب دیا ہے۔ آپ کی جسمانی و روحانی تربیت آپ کے ماموں حضرت منصور بطائحیؒ نے کی اور اپنے انتقال سے ایک سال قبل ۵۳۹ھ/۱۱۴۴ء میں خلافت عطا کر کے خرقہ پہنایا۔ آپ کے مناقب و حالات میں بہت سی کتابیں تصنیف کی گئی ہیں جیسے "رہین العاشقین' تریاق المحبین' نفحہ المسکیہ' ام البراہین' شفاء الاسقام" وغیرہ۔ آپ کے ملفوظات و مواعظ کو مریدوں نے جمع کیا ہے مثلاً" مجالس الاحمدیہ' کتاب الحکم' آثار النافعہ' الحکم الساطعہ اور البرہان المؤید (خزینۂ معارف حصہ دوم صفحہ ۵۰۹)

۱۷۵۔ حضرت شیخ نجم الدین صفاہانی قدس سرہٗ کے مناقب میں تحریر ہے کہ جب بھی آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بھیجتے تو باقاعدہ اس کا جواب سنتے تھے۔ تاریخ اسلام میں ایسی بہت سی مبارک ہستیاں گذری ہیں۔ آپ ۵۰۴ھ میں پیدا ہوئے اور ۶۱۸ھ میں وصال فرمایا۔ (الدر المنظوم فی ترجمہ ملفوظ المخدوم)

۱۷۶۔ امیر اقبال سیستانیؒ نے ایک کتاب میں جہاں شیخ رکن الدین علاؤ الدولہؒ کی باتیں جمع کی ہیں۔ شیخ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت شیخ نجم الدین کبریٰ (یعنی شیخ نجم الدین صفاہانیؒ) ہمدان گئے اور حدیث کی اجازت حاصل کی۔ یہ معلوم کر کے کہ اسکندریہ میں ایک بڑے محدث ہیں جن کی سند عالی ہے۔ وہاں سے آپ اسکندریہ گئے اور ان سے بھی اجازت حاصل کی۔ واپسی پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے اور درخواست کی کہ میری کنیت رکھ دیں۔ آپؐ نے تبسم فرمایا اور "ابو الجناب" کنیت رکھ دی۔ پوچھا کہ ابو الجناب مخفف' فرمایا نہیں مشددہ۔ جب خواب سے بیدار ہوئے تو اس سے آپ نے مطلب اخذ کیا کہ دنیا سے اجتناب کرنا چاہئے اور اسی وقت تنہائی اختیار کی اور مرشد کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ (نفحات الانس صفحہ ۴۵۰)

marfat.com
Marfat.com

آپ کی کنیت ابو الخباب' لقب کبریٰ' نام احمد بن عمر الخیوقی اور خطاب نجم الدین تھا۔ ۵۰۴ھ پیدا ہوئے اور چنگیز خاں کے عہد میں دوران جہاد ۱۰ جمادی الاول ۶۱۸ھ کو جام شہادت نوش فرمایا۔ آپ کو کبریٰ اس لئے کہتے ہیں کہ علم ظاہری میں جس کے ساتھ تقریر فرماتے (گفتگو کرتے) غالب آ جاتے تھے۔ آپ کو "ولی تراش" بھی کہتے ہیں۔ دوران وجد جس پر نگاہ پڑ جاتی ولی ہو جاتا تھا۔ حضرت سعد الدین حمویؒ اور حضرت شیخ رضی الدینؒ وغیرہ آپ کے خلفاء تھے۔ امام رازی (امام فخر الدین رازیؒ) جن کی بارہ جلدوں میں قرآن پاک کی تفسیر بے حد مشہور ہے۔ اس کے علاوہ ان کی پچاس کے قریب دوسری نہایت معیاری تصانیف ہیں۔ جید عالم تھے۔ ۵۴۳ھ میں رے (عراق) میں پیدا ہوئے اور ۶۰۶ھ میں وصال فرمایا۔ آپ ہی کے مرید تھے۔

۱۷۷۔ حضرت شیخ بہاؤ الدین ولدؒ حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ کے والد ماجد تھے۔ حضرت صدیق اکبرؓ کی اولاد سے تھے اور حضرت شیخ نجم الدین کبریٰؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی والدہ علاؤ الدین بن محمد بن خوارزم شاہ کی بیٹی تھیں۔ حضرت علاؤ الدینؒ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں ارشاد فرمایا تھا کہ اپنی بیٹی کا نکاح حسین خطیبی بن احمدؒ سے کر دے۔ چنانچہ نکاح ہوا اور شیخ بہاؤ الدین ولدؒ پیدا ہوئے۔ قطب الوقت حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ سے آپ کے دوستانہ مراسم تھے۔ ۶۳۱ھ میں وصال ہوا۔ مزار مبارک قونیہ (ترکی) میں ہے۔ (تحفتہ الابرار صفحہ ۱۸) (نفحات الانس صفحہ ۴۸۸) (تواریخ الاولیاء جلد دوم صفحہ ۲۰۶)

۱۷۸۔ مثنوی مولانا روم کے خالق حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ شہر بلخ میں سلطان العلما حضرت بہاؤ الدین ولدؒ کے یہاں ۶ ربیع الاول ۶۰۴ھ کو پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد علم و فضل' زہد و تقویٰ اور فقر و طریقت میں یگانہ روزگار تھے۔ شمس الدین فلاکیؒ نے "مناقب العارفین" میں لکھا ہے کہ ایک رات بلخ کے تین سو نامور عالموں اور متقیوں نے اپنے اپنے مقام پر یہ خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک سبز خیمے میں جلوہ افروز ہیں۔ آپؐ کے پہلو میں حضرت بہاؤ الدین ولدؒ حاضر ہیں اور الطاف و عنایات خاص سے سرفراز فرمائے جا رہے ہیں یہاں

marfat.com
Marfat.com

تک کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہم نے بہاؤ الدین کو "سلطان العلماء" کا خطاب دیا۔ اس دن سے آپ کے اسم گرامی کے ساتھ "سلطان العلماء" کا لقب شامل کر دیا گیا۔ دور دور سے فتاوائے علمی و مذہبی آپ کی خدمت میں آتے تھے اور آپ کی ذات شیخ وقت کی حیثیت سے مرجع خلائق بنی ہوئی تھی۔

۱۷۹۔ حضرت سید احمد شہیدؒ کا خاندان ہندوستان کا مشہور حسنی سادات کا خاندان ہے۔ اس خاندان کے پہلے بزرگ جو ہندوستان آئے شیخ الاسلام امیر کبیر قطب الدین محمد مدنیؒ تھے جو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے بھانجے (بعض کتابوں میں ہے بھتیجے) اور جلیل قدر اولیاء میں سے تھے۔ آپ کو رویائے صادقہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے ہندوستان جانے کا حکم ہوا تھا۔ ساتویں صدی ہجری کی ابتدا میں ہندوستان تشریف لائے اور کڑہ مانک پور کے نواح میں جلوہ کیا۔ اس طرح اس خاندان کی بنیاد ہی ہندوستان میں جلوہ پر پڑی۔ اس خاندان کے دوسرے عظیم بزرگ حضرت سید شاہ علم اللہؒ عہد عالمگیر کے مشہور عالم ربانی اور حضرت شیخ آدم بنوریؒ کے مشہور خلیفہ تھے۔ (احوال و مناقب حضرت سید احمد شہید از مولوی علی میاں رائے بریلوی صفحہ ۵۴ تا ۵۵ /۱۹۳۶ء)

۱۸۰۔ حضرت شیخ ابراہیم المتبولیؒ نے خواب میں اکثر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی اور رموزات طریقت و غوامضات حقیقت آپؐ سے دریافت فرمائے اور ارشاد گرامی کے مطابق عمل کیا۔ فرماتے ہیں کہ سید احمد البدویؒ کے ساتھ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا بھائی چارہ کا رشتہ قائم کر دیا تھا جس کی وجہ سے مجھے ان کے مریدوں بلکہ ان کے ملک کے رہنے والوں سے بھی ایک گونہ تعلق ہو گیا تھا۔ (تواریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۲۷)

۱۸۱۔ سیدی ابراہیم المتبولیؒ کثرت سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھتے اور اپنی والدہ سے بیان کرتے تو وہ فرماتی تھیں کہ بیٹا مرد وہ لوگ ہوتے ہیں جو بیداری میں مشرف بہ زیارت ہوا کرتے ہیں۔ جب بیداری میں باریاب ہونے اور اپنے معاملات میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورے لینے

marfat.com
Marfat.com

لگے تب والدہ محترمہ نے فرمایا کہ اب تمہاری رحولیت کا مقام شروع ہوا ہے۔ جن امور میں آپ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشورہ فرمایا تھا ان میں سے ایک برکد حاج زاویہ کی تعمیر تھی چنانچہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ ابراہیم اس مقام پر اس کو تعمیر کرو اور اگر اللہ نے چاہا تھا تو جو حاجی وغیرہ دنیا سے الگ ہو کر رہنا چاہیں گے ان کی یہ جائے پناہ ہوگی اور مصر کے مشرق سے جو بلا آنے والی ہے اس کو یہ دور کرنے والی ہوگی اور جب تک یہ زاویہ آباد رہے گا مصر بھی آباد رہے گا (اردو ترجمہ طبقات الکبری للشعرانی۔ مطبوعہ نفیس اکیڈمی ۔کراچی۔ صفحہ ۵۵۱) (نعمت عظمیٰ جلد سوئم مترجم سید عبد الغنی وارثی صفحہ ۳۳۲)

۱۸۲۔ سیدی ابراہیم المتبولیؒ جب برکہ کے قریب کھجور کے درخت لگانے گئے تو کنویں کا صحیح محل و قوع نظر نہ آیا۔ تب انہوں نے حضرت رسول اللہ علیہ وسلم سے دریافت فرمایا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ انشاء اللہ کل علی بن ابی طالب کو تمہارے پاس بھیجوں گا۔ وہ تم کو اللہ کے نبی حضرت شعیب علیہ السلام کے اس کنویں کی جگہ بتا دیں گے جس سے وہ اپنی بکریوں کو پانی پلاتے تھے۔ صبح ہوئی تو سیدی ابراہیمؒ نے وہاں خط کھینچی ہوئی علامات پائیں۔ اس جگہ کو کھودا گیا تو ایک عظیم الشان کنواں برآمد ہوا جو اس وقت تک سیدی ابراہیمؒ کے احاطہ میں موجود ہے (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۳۳۳) حضرت شعیب علیہ السلام کا کنواں شہر مدین کے کنارے پر تھا۔

۱۸۳۔ سید سلطان مظہر ولیؒ سادات صحیح النسب سے ہیں۔ جب آپ کے والد سلطان سید احمد کبیرؒ کا انتقال ہوا تو آپ قائم مقام ہوئے۔ ایک روز واعظ نے دنیا کی مذمت کی اور دنیاوی جاہ و حشمت کی ناپائیداری ظاہر کی جسے آپ توجہ سے سنتے رہے۔ وعظ سننے کے بعد دل دنیا سے سرد ہو گیا۔ رات کو خواب میں دیکھا کہ قیامت قائم ہے اور حساب کتاب کے بعد سلاطین عذاب میں مبتلا ہیں جب کہ غرباء و فقراء جنت میں داخل کئے جا رہے ہیں۔ صبح بھائی کو قائم مقام کر کے سلطنت سے دست بردار ہوگئے۔ والدہ سے رخصت لے کر زمرۂ فقراء میں شامل ہو گئے۔ حج و زیارت سے فارغ ہو کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ کہاں

marfat.com
Marfat.com

سکونت اختیار کروں۔ آپؒ نے ارشاد فرمایا تلنگانہ (جنوبی بھارت۔ دکن) جاؤ اور اسلام کی اشاعت کرو۔ پس مع مریدین وہاں پہنچے۔ اس وقت دکن میں کفر کی ظلمت پھیلی ہوئی تھی۔ وہاں ایک ظالم راجہ کی حکومت تھی جو رعایا کو ستاتا اور ظلم کرتا تھا۔ راجہ نے ایک بڑھیا کے چھ بیٹے قتل کئے۔ صرف ایک باقی رہ گیا تھا۔ بڑھیا نے آپ کی پناہ لی۔ راجہ نے آپ پر چڑھائی کر دی۔ آپ نے اپنے اور مریدین کے چاروں طرف عصائے مبارک سے حصار باندھ دیا اور اس دائرے کے اندر سب مع بڑھیا اور اس کے بیٹے کے مزے سے بیٹھے رہے۔ پھر آپ نے عمل پڑھنا شروع کر دیا۔ مخالفین جب حملہ کرتے آپ ادعیہ ماثورہ پڑھ کر دم کر دیتے اور وہ سب مر جاتے۔ اس طرح دو تین حملے ہوئے آخر کار راجہ فوج لے کر آیا اور واصل بہ جہنم ہوا۔ ظالموں پر کامیابی کے بعد آپ نے وہاں اسلام پھیلایا۔ پھر آپ ترچنا پلی تشریف لے گئے۔ وہاں کا راجہ مقتول راجہ کا ماتحت تھا۔ اس نے آپ کا کھانا پانی بند کر دیا۔ آپ کو غیب سے اتنا کھانا اور پانی پہنچ جاتا تھا جو سب کے لئے کافی ہوتا تھا۔ دو شنبہ ۱۴رمضان المبارک ۶۲۲ھ وصال فرمایا۔ ترچنا پلی ضلع تلنگانہ میں مدفون ہیں۔ مزار خاص و عام کی زیارت گاہ ہے۔ ہندو بھی بیحد معتقد ہیں۔ (محبوب ذوالمنن حصہ اول صفحہ ۳۹۶ تا ۳۹۹)

۱۸۴۔ سفر حجاز میں حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ نے بیت اللہ شریف کے سامنے کھڑے ہو کر آپ کا ہاتھ پکڑ کر آپ کے لئے دعا فرمائی تھی کہ "اے رب قدیر میں معین الدین کو تیرے حوالے کرتا ہوں"۔ اسی وقت آواز آئی کہ ہم نے قبول کیا۔ اس کے بعد مدینہ طیبہ روضہ اطہرو اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاماً) پر جا کر سلام عرض کیا تو جواب میں کہا گیا "و علیکم السلام یا قطب المشائخ۔ ہند کی ولایت ہم نے تجھے دی"۔ اس کے بعد خواجہ عثمان ہارونیؒ نے آپ کو اشاعت دین کے لئے ہندوستان روانہ کیا اور اسی وقت آنکھیں بند کرا کے پورا ہندوستان حضرت خواجہ اجمیریؒ کو دکھا دیا۔ آپ کا مرتبہ تمام اولیا ہند میں سب سے بلند ہے۔ (انیس الارواح)

حج بیت اللہ سے فارغ ہو کر حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے ہمراہ مدینہ شریف تشریف لائے۔ یہاں بصد ادب و احترام حضرت

marfat.com
Marfat.com

خواجہ معین الدینؒ نے سلام عرض کیا "الصلوۃ و السلام علیک یا سید المرسلین یا خاتم النبیین"۔ فوراً" حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے جواب آیا "وعلیکم السلام یا قطب المشائخ معین الدین"۔ پھر حضرت خواجہ ہارونیؒ نے فرمایا بیٹھ کر درود شریف پڑھ۔ چنانچہ ایک طرف بیٹھ کر آپ نے درود شریف پڑھنا شروع کی اور عشاء تک مشغول رہے۔ پھر سو گئے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "معین الدین ہم نے اللہ کے حکم سے تمہیں ہندوستان کی ولایت عطا کی تم صبح ہوتے ہی اپنے مرشد گرامی سے اجازت حاصل کرو اور ہندوستان چلے جاؤ"۔ بعض بزرگوں کا قول ہے کہ یہ بشارت آپ کو بحالت بیداری دی گئی تھی۔ صبح حضرت ہارونیؒ نے آنکھیں بند کرا کر آپ کو ہندوستان کے قریہ قریہ کی سیر کرا دی (بستان اویسہ المعروف بہ فیوضات عبدیہ از مولانا مفتی محمد عبد اللہ آور مانی ثم الدیانوی)

خانہ کعبہ کی زیارت اور طواف کے بعد حضرت خواجہ ہارونیؒ نے حضرت خواجہ غریب نواز کا ہاتھ پکڑا اور حق تعالیٰ کے سپرد کیا اور آپ کے حق میں دعا کی۔ آواز آئی میں نے معین الدین کو قبول کیا۔ جب مدینہ شریف پہنچے اور روضہ اطہر پر حاضر ہوئے تو حضرت ہارونیؒ نے فرمایا سلام عرض کر۔ آپ نے سلام عرض کیا۔ آواز آئی "وعلیکم السلام یا قطب المشائخ بحروبر"۔ یہ آواز سن کر حضرت ہارونیؒ نے فرمایا اب تیرا درجہ کمال کو پہنچ گیا (تذکرہ صفحہ ۲۵)۔ بعض ازاں حضرت ہارونیؒ نے عصا' خرقہ' نعلین چوبی اور مصلا آپ کو عنایت کیا اور فرمایا یہ چیزیں ہمارے پیران طریقت قدس اللہ اسرارہم کی یادگار ہیں۔ ان کو باادب تمام اپنے پاس رکھنا اور پھر جس کو اہل سمجھو اس کے سپرد کر دینا۔ ۲۰ برس حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ حضرت ہارونیؒ کی خدمت میں رہے اور اس عرصہ میں آپ نے ایک لحظہ اپنے نفس کو آرام نہ دیا۔ نہ دن کو دن اور نہ رات کو رات سمجھا اور نہ جان کو جان۔ ارکان حج ادا کر کے مدینہ طیبہ پہنچے اور ایک عرصہ تک عبادت میں مشغول رہے۔ ایک روز روضہء اقدس کی زیارت میں مصروف تھے کہ آپکو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے بشارت ہوئی کہ اے معین تو میرے دین کا معین ہے۔ میں نے ہندوستان کی ولایت تجھ کو عطا کی۔ وہاں کفر و ضلالت پھیلی ہوئی ہے۔ تو وہاں جا کر اجمیر کے مقام پر

marfat.com
Marfat.com

اقامت اختیار کر کہ کفرو ظلمت تیرے وجود سے دور ہو گی اور دین اسلام رونق پذیر ہو گا۔ آپ یہ بشارت پا کر بے حد خوش تھے لیکن حیران تھے کہ یاالٰہی اجمیر کون سا مقام ہے اور کہاں ہے کہ آپ کی آنکھ لگ گئی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور آپؐ نے طرفۃ العین میں اجمیر کا شہر' قلعہ اور کوہستان دکھا دیا اور ایک بہشتی انار عطا فرما کر رخصت کیا۔ آپ اسی وقت اٹھ کھڑے ہوئے اور مراحل و منازل طے کرتے' بزرگان دین سے ملاقات کرتے چالیس ہمراہیوں کے ساتھ ہندوستان میں داخل ہوئے۔ وہاں سے اجمیر تشریف لے گئے۔ اس وقت وہاں پرتھوی راج' جو رائے پتھورا کے نام سے مشہور تھا راج کرتا تھا (تذکرہ حصہ ثالث صفحہ ۲۶ از پرنسپل شیخ محمد صغیر حسن ڈبل ایم۔ اے)

۱۸۵۔ اجمیر کے راجہ کی ماں علم نجوم کی ماہر تھی۔ اس نے بارہ برس قبل ہی اپنے بیٹے پرتھوی راج سے کہہ دیا تھا کہ ایک مرد بزرگ فلاں حلیہ کا یہاں آکر تیرے اور تیری سلطنت کے زوال کا باعث بنے گا۔ اس وجہ سے راجہ ہمیشہ متفکر رہتا تھا۔ اس نے حکام کو حکم دے رکھا تھا کہ فلاں حلیہ کا کوئی بھی شخص اگر سلطنت کے کسی بھی حصہ میں نظر آئے تو اسے گرفتار کر کے فوراً" ہمارے حضور پیش کرو۔ گرفتار کرنے والے کو بہت انعام دیا جائے گا۔ چنانچہ جب قطب المشائخ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ ۱۰ محرم الحرام ۵۶۱ھ کو اجمیر شریف پہنچے تو لوگوں نے آپ کو شناخت کر لیا اور کہا آئیے ہم آپ کو کسی مناسب جگہ ٹھہرائیں۔ مراقبہ کے دوران حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خواجہ اجمیریؒ کو ہدایت فرما دی کہ ان لوگوں کے فریب میں نہ آنا۔ پس آپ نے ان کو صاف انکار کر دیا (ہشتاد اولیاء صفحہ ۲۹۱)

۱۸۶۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی سجزیؒ (صحیح لفظ "س ج ز ی" ہے شہر "س ج ز" سے جب کہ اسے سنجری (س ن ج ر ی) بنا دیا گیا ہے جو غلط ہے) کی عمر ۹۰ برس ہو گئی تھی مگر آپ نے اب تک نکاح نہ کیا تھا۔ ایک شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں "معین الدین تم ہمارے دین کے مددگار ہو۔ تم نے ہماری سنتوں میں سے ایک سنت (نکاح) ترک کر دی

marfat.com
Marfat.com

ہے"۔ اتفاق یہ ہوا کہ اسی شب نیلی ("انوار خواجہ" میں "پٹلی" لکھا ہے) کے حاکم ملک خطاب نے اطراف کے ظالم کفار پر حملہ کر دیا اور وہاں کے راجہ کی ایک لڑکی اسی معرکہ جہاد میں ہاتھ لگی۔ ملک خطاب جو حضرت خواجہ بزرگ اجمیریؒ کے مرید تھے ازراہ عقیدت انہوں نے یہ لڑکی آپ کی خدمت میں پیش کی۔ حضرت خواجہ غریب نوازؒ نے اسے قبول فرما لیا اور "امتہ اللہ" نام رکھا۔ ان سے ایک صاحبزادی بی بی حافظ جمال پیدا ہوئیں جنہیں خاص طور پر علوم ظاہری و باطنی میں کمال حاصل تھا اور اسی لئے ان کو خرقہء خلافت عطا فرمایا۔

۱۸۷۔ ان ہی دنوں میر وجیہہ الدین مشہدیؒ اجمیر شریف کے گورنر تھے۔ ان کی ایک صاحبزادی عصمت اللہ بانو تھیں جو حسن و جمال کے ساتھ زیور عفت و اتقا سے بھی آراستہ تھیں۔ بہت اچھی طبیعت پائی تھی۔ ان کے والد کی خواہش تھی کہ داماد بھی بیٹی کی طرح فرشتہ خصلت ملے۔ سید صاحبؒ اسی فکر میں رہا کرتے تھے کہ ایک رات حضرت امام جعفر صادقؒ کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے فرمایا کہ اے وجیہہ الدین، حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے کہ تم اس معصومہ کو معین الدین کے عقد میں دے دو۔ چنانچہ بیدار ہو کر وہ حضرت خواجہ بزرگؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کیفیت خواب بیان کی۔ آپ نے فرمایا اگرچہ میں بوڑھا ہو چکا ہوں مگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے سرتابی نہیں کر سکتا۔ چنانچہ سنت نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے مطابق نکاح ہو گیا۔ اس عمر میں آپ کے اولاد بھی ہوئی جو سلسلہ نسب آج تک جاری ہے۔ تین صاحبزادے پیدا ہوئے۔ خواجہ حسام الدینؒ خواجہ فخر الدینؒ اور خواجہ ابو سعیدؒ۔ اخبار الاخیار میں سید وجیہہ الدینؒ کو حضرت خواجہ اجمیریؒ کا عزیز بتایا گیا ہے۔

۱۸۸۔ ۹۷ کی عمر پا کر حضرت خواجہ غریب نواز نے بروز جمعہ ۶ رجب المرجب ۶۳۳ھ مطابق مارچ ۱۲۳۵ء کو وصال فرمایا۔ تمام رات حجرہ مبارک سے لوگوں کے چلنے پھرنے کی آوازیں آتی رہیں۔ شب وصال چند بزرگوں نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ "معین الدین حق تعالیٰ کا دوست

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ آج ہم اس کے استقبال کو آئے ہیں"۔ پھر دیکھا کہ حضرت خواجہ بزرگؒ فرما رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا اور ساکنان عرش کے نزدیک جگہ عطا فرمائی۔ وقت وصال لوگوں نے آپ کی پیشانی مبارک پر لکھا دیکھا "حبیب اللہ مات فی حب اللہ"۔ اکبر' جہانگیر' شاہجہاں' اورنگ زیب جیسے بادشاہوں نے آپ کے روضہ مبارک پر حاضری دی ہے۔ اجمیر شریف میں سنگ مرمر کا عالیشان روضہ موجود ہے جس کے لئے لاکھوں روپیہ کی جائیداد وقف ہے۔ غیر مسلم بھی آپ کے حد درجہ معتقد ہیں اور بکثرت حاضری دیتے ہیں۔ وائسرائے ہند لارڈ کرزن سچ ہی تو کہتا تھا کہ ہندوستان پر ایک قبر حکمراں ہے اور وہ قبر مبارک ہے ہند الولی حضرت خواجہ اجمیریؒ کی (ہشتاد اولیاء صفحہ ۲۹۶ تا ۲۹۷) (سیرۃ السالکین) (تذکرہ صفحہ ۲۸) (بستان اویسہ المعروف بہ فیوضات عبدیہ)

۱۸۹۔ حضرت بدیع الدین شاہ مدار بن ابواسحاقؒ لقب شاہمدار۔ جب مدینہ طیبہ تشریف لے گئے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خواب میں مشرف ہوئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا ہندوستان جاؤ اور جس جگہ خواجہ معین الدین تمہاری سکونت مقرر کر دیں وہاں رہو۔ چنانچہ سیر و سیاحت کرتے جب اجمیر شریف پہنچے اور حضرت خواجہ بزرگؒ کی قدم بوسی حاصل کی تو آپ نے ارشاد فرمایا قنوج میں دریا کے کنارے جا کر رہو۔ پس وہاں جا کر قیام کیا۔ (تحفۃ الابرار صفحہ ۲۹)

۱۹۰۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کو قرآن پاک باوجود کوشش کے یاد نہ ہوتا تھا ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا روزانہ سورہ یوسف پابندی سے تلاوت کیا کر۔ اللہ چاہے تجھے قرآن یاد ہو جائے گا۔ انہوں نے ایسا ہی کیا اور آخر عمر میں قرآن مجید حفظ کر لیا ("بزم صوفیا" از سید صباح الدین عبد الرحمٰن صفحہ ۷۷) (اردو ترجمہ مفتاح العاشقین یعنی ملفوظات حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی جمع کردہ حضرت خواجہ محب اللہؒ صفحہ ۱۴) (اردو ترجمہ "فوائد السالکین" یعنی ملفوظات حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ جمع کردہ حضرت بابا فرید گنج شکرؒ صفحہ ۲۱ تا ۲۲)

marfat.com
Marfat.com

قطب الاقطاب حضرت خواجہ بختیار کاکی اوشیؒ نے فرمایا کہ میں نے حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ اور انہوں نے حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ کی زبان مبارک سے سنا کہ وہ فرماتے تھے کہ حضرت خواجہ ابو یوسف چشتیؒ کو بھی قرآن مجید یاد نہ ہوتا تھا۔ نہایت متردد تھے کہ ایک رات اپنے پیر حضرت خواجہ محمد چشتیؒ کو خواب میں دیکھا کہ وہ فرماتے ہیں تو کیوں متردد ہوتا ہے۔ روزانہ ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص (قل ہو اللہ شریف) قرآن مجید یاد کرنے کی نیت سے پڑھا کر۔ حق تعالیٰ تجھے قرآن مجید حفظ کرا دے گا اور جو کوئی اس نیت سے پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو بھی یاد کرا دے گا۔ بیدار ہو کر حسب ارشاد عمل کیا اور جلد ہی مجھے قرآن پاک یاد ہو گیا (فوائد السالکین) "مرقع کلیمی" از حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادیؒ رقعہ ۵۹ (اردو ترجمہ) میں تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت خواجہ محمد چشتیؒ نے حضرت خواجہ ابو یوسف چشتیؒ کو خواب میں ہدایت فرمائی تھی کہ سوتے وقت ایک سو مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھا کرو' اس کی برکت سے انہیں قرآن مجید حفظ ہوا تھا۔

حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی ایک سو مرتبہ سورہ فاتحہ (الحمد شریف) قرآن پاک حفظ کرنے کی نیت سے روزانہ سوتے وقت بعد نماز عشاء پابندی سے پڑھے گا۔ انشاء جلد حافظ قرآن ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

حضرت خواجہ حافظ اسماعیلؒ (عرف میاں وڈا۔ درس میاں وڈا۔ مغلپورہ۔ رام گڑھ' لاہور) کا بھی یہی عمل تھا اور اس عمل کی برکت سے جو کوئی چھ ماہ آپ کے پاس گذار دیتا حافظ قرآن ہو جاتا تھا۔

جو قرآن مجید حفظ کرنا چاہتا ہو روزانہ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر وقت مقرر کر کے ایک ہزار مرتبہ اس آیت کی تلاوت کیا کرے۔ "ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر" (آیت ۱۷' سورہ قمر۔ پارہ ۲۷) (ترجمہ= اور ہم نے آسان کر دیا قرآن سمجھنے کو' تو پھر کوئی ہے سوچنے سمجھنے والا) جب فارغ ہو پانی پر دم کر کے کچھ چھینٹے پر مل لے باقی پی لے۔ شروع اور آخر میں کوئی سی درود شریف ضرور پڑھے اور یہ عمل تا حفظ قرآن جاری رکھے۔

۱۹۔ بحر المعانی میں تحریر ہے کہ جب حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ دہلی میں مقیم ہو

marfat.com
Marfat.com

گئے تو اس وقت مقتدائے شہر خواجہ سید مبارکؒ تھے۔ دونوں بزرگوں نے اکٹھی نماز جمعہ ادا کی۔ بعدہ خواجہ صاحبؒ نے سید صاحبؒ سے فرمایا "آیئے ہم دونوں سماع سنیں"۔ سید صاحبؒ نے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت کے بغیر میں ایسا نہیں کر سکتا۔ اس پر خواجہ صاحبؒ نے فرمایا آج رات آپ کو اجازت مل جائے گی۔ رات کو سید صاحبؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں فرماتے سنا کہ فرزند قطب الدین کی مجلس سماع میں حاضر ہو۔ پس صبح سید صاحبؒ شریک سماع ہوئے۔

حضرت نظام الدین اولیاء (سلطان جیؒ) نے "کتاب فوائد الفواد" میں سماع کی چار شرطیں تحریر فرمائی ہیں:۔

۱۔ سامع = کہ از اہل ہوئی و شہوت نباشد۔
۲۔ مسمع = کہ مرد تمام باشد زن و کودک نباشد۔
۳۔ مسموع = کہ ہزل و فحش نباشد۔
۴۔ آلہ سماع = کہ چنگ و رباب درمیاں نباشد۔

آداب سماع۔ ۱۔ قرآن شریف سے شروع کرو اور اسی پر ختم کرو۔ ۲۔وقت خوش اور دل فارغ اور مطمئن ہو اور کوئی تردد نہ ہو۔ ۳۔مکان دل خوش کن اور اس کو دیکھنے سے راحت ہو ۴۔اہل مجلس ہم جنس ہوں' ہم عقیدہ ہوں' سب اہل سماع اور معتقد سماع ہوں ۵۔ مجلس سماع میں خوشبو لگا کر بیٹھے ۶۔گوش ہوش سے سنے۔ سننے والوں کی طرف نظر نہ کرے ۷۔کھنکار اور جمائی وغیرہ سے باز رہے۔ ۸۔باادب سر جھکا کر بیٹھے اور یاد الٰہی میں بیٹھے۔ تالیاں نہ بجائے۔ رقص وغیرہ پر قابو رکھے اور جب تک بن پڑے کھڑا نہ ہو اور بلند آواز سے نہ روئے۔

حضرت مولانا فخر الدین رازیؒ نے "اباحت سماع" رسالہ میں مذکورہ بالا ہدایات کو تحریر فرمایا ہے۔

سماع کے لئے ارشادات گرامی:۔ ہر شخص پر سماع کا اثر مرتبہ کے لحاظ سے ہے۔ سماع مثل سورج کے ہے ہر چیز پر یکساں طلوع ہوتا ہے اور ہر شخص اپنے حال کے مطابق اس سے اثر لیتا ہے۔ مبتدیوں کو سماع نہ سننے دو کیونکہ اس میں بڑے

marfat.com
Marfat.com

خطرے ہیں۔ جاہل صوفیوں نے اسے اپنا مذہب بنا لیا ہے اور سچائی اس سے اٹھ گئی ہے۔ میں اللہ تعالیٰ سے سماع کی آفتوں سے پناہ چاہتا ہوں۔ ایک وقت آئے گا کہ سماع اور کوے کی آواز میں کوئی فرق نہیں رہے گا کیونکہ "شوق سماع" اور "قوت سماع" اسی وقت تک ہے جب تک "مشاہدہ" نہ ہو۔ جب مشاہدہ حاصل ہو جاتا ہے تو خواہش سماع از خود مٹ جاتی ہے۔ دیکھو سماع کی عادت نہ ڈالنا کہیں طبیعت کا جزو نہ بن جائے اور پھر ہمہ وقت اسی میں پڑے رہو۔ جاہل اور خلاف شریعت چلنے والے صوفیاء کی صحبت سے قطعی پرہیز کرو۔ (حضرت خواجہ ہجویریؒ) (۲) صوفیائے کاملین کو سماع حق کی طرف بلاتا ہے اور نفس پرستوں کو اسلام سے نکال کر زندیق بناتا ہے (حضرت ذوالنون مصریؒ) (۳) اے کاش ہم سماع سے بالکل چھوٹ جائیں (حضرت ابو علی رودباریؒ) (۴) سماع پیچھے رہ جانے والوں کا تحفہ ہے۔ جو منزل پر پہنچ گیا اسے سماع کی کیا حاجت (حضرت شیخ حسن مکیؒ) (۵) ایسے سماع میں کیا مزہ ہے کہ جب قوال چپ ہو تو سماع بند ہو جائے۔ چاہئے کہ تیرا سماع پیوستہ اور مستقل ہو اور ہرگز بند نہ ہو (شیخ حصریؒ) (۶) سماع اہل ہند کو حرکت دیتا ہے اور عاشقان جمال الٰہی کی آتش شوق کو بھڑکاتا ہے۔ فرمایا روزہ کھجور اور پانی کے گھونٹ سے کھول کر پھر روزہ رکھ لے۔ دوسرے دن بھی ایسا ہی کرے۔ تیسرے دن روزہ کھول کر دیکھے کہ خواہش کھانے کی ہے یا سماع کی۔ اگر خواہش سماع کی ہے تو ایسے شخص کو سماع سننا جائز ہے۔ یہ ہے سماع کی کسوٹی۔ (حضرت بابا فرید گنج شکرؒ) (۷) میں نہ راگ کا اقرار کرتا ہوں نہ یہ کام کرتا ہوں (حضرت بہاء الدین نقشبندؒ) (۸) ہر شخص سماع کے قابل نہیں۔ اگر دل میں حلال کا اثر ہے تو سماع بھی حلال ہے اور اگر حرام کا اثر ہے تو سماع بھی حرام ہے (حضرت خواجہ اجمیریؒ) (۹) حضرت شیخ سعدیؒ نے فرمایا۔

سماع اے برادر بگویم کہ چیست
اگر مستمع را بدانم کہ کیست

(۱۰) پہلے اہل سماع اہل سماء تھے اور آج کل کے اہل ارض ہیں اور بعض کیا اکثر فسق و فجور میں مبتلا ہیں (حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ)

۱۹۲۔ "سیر الاولیاء" میں سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیاءؒ نے رئیس

marfat.com
Marfat.com

احمد نامی ایک نہایت متقی پرہیز گار شخص کا خواب بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ یہ شخص قطب الاقطاب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کا مرید تھا۔ ایک رات اس نے خواب میں ایک بہت بڑا محل دیکھا جس کے چاروں طرف لوگوں کا جم غفیر تھا۔ اس نے دیکھا کہ نورانی شکل و صورت کے ایک بزرگ لوگوں کا پیغام محل کے اندر لے جاتے ہیں اور باہر آتے ہیں۔ دریافت کرنے پر رئیس احمد کو معلوم ہوا کہ یہ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ ہیں۔ رئیس احمد نے آپ سے عرض کیا کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار پاک سے مشرف ہونا چاہتا ہوں۔ آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میرے لئے اندر آنے کی اجازت حاصل کر لیں۔ حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ اندر گئے اور واپس آ کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جواب پہنچا دیا کہ ابھی تم میری زیارت کے قابل نہیں ہوئے۔ نیز فرمایا کہ تم جا کر قطب الدین بختیار کو میرا سلام پہنچاؤ اور کہو کہ جو تحفہ تم مجھے بھیجا کرتے تھے وہ تین راتوں سے میرے پاس نہیں پہنچا۔ خواجہ صاحبؒ اوائل عمر سے ہی ہر روز تین ہزار بار درود شریف پڑھ کر سویا کرتے تھے۔ جب والدہ ماجدہ نے شادی کر دی تو اس میں مصروفیت کی وجہ سے تین رات وظیفہ ناغہ ہو گیا۔ اس ناغہ کی طرف رئیس احمد کو اشارہ ہوا جس کی اطلاع پا کر حضرت خواجہ صاحبؒ نے غور کیا کہ افسوس نکاح کی وابستگی کے سبب ہدیہ درود بھیجنے سے محروم رہا۔ لہٰذا اس مانع اور رکاوٹ کو درمیان سے ہٹا دینا چاہئے۔ پس بیوی کو بلا کر مہر ادا کیا اور طلاق دے دی۔ یہ خاص محبان حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کام ہے۔ ہر ایک کو اس کا حوصلہ کہاں؟ (ہشتاد اولیاء صفحہ ۲۹۹) (روضۃ الاقطاب)

۱۹۳۔ ۵۶۵ھ کی جس رات اہل فرنگ (عیسائیوں۔ نصرانیوں) نے دمیاط سے کوچ کیا تو اسی رات حضرت نورالدین زنگیؒ بادشاہ دمشق کے امام نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ارشاد فرمایا نورالدین کو خبر دے کہ آج کی رات فرنگی دمیاط سے کوچ کر چکا ہے۔ امام بولا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) بادشاہ کے پاس میری تصدیق کیا چیز کر سکتی ہے آپؐ نے ارشاد فرمایا اسے اس علامت کی اطلاع دینا کہ تو نے حارم کے ٹیلے پر سجدہ کیا تھا اور کہا تھا

marfat.com
Marfat.com

"یا الٰہی اپنے دین کی مدد کر۔ محمود کی مدد نہ کر اور محمود ہے کون کتا جس کی مدد کی جائے"۔ امام کہتے ہیں صبح میں نے بادشاہ کو اس خواب سے مطلع کیا اور تمام علامات بیان کر دیں مگر شرم کے مارے "کتے" کا لفظ استعمال نہ کیا۔ اس پر سلطان نور الدین زنگیؒ نے کہا تمام علامتیں بیان کرو۔ حارم کا واقعہ ۵۵۹ھ میں پیش آیا۔ ہوا یوں کہ فرنگ نے نور الدین بادشاہ پر خروج کیا۔ سلطان ان کی سرکوبی کے لئے ایک بہادر اور جانباز فوج لے کر نکل کھڑے ہوئے اور حارم کے ٹیلے پر پہنچ کر نور الدینؒ اپنے لشکر سے نکل کر ایک گوشہ میں گئے اور دو رکعت نماز پڑھ کر سجدہ میں نہایت عاجزی سے گڑگڑا کہا "الٰہی تو اپنے دین کی مدد کر۔ محمود کی وجہ سے مسلمانوں کی مدد اور نصرت کو دور نہ رکھ اور محمود ہے کون کتا جس کی مدد کی جائے"۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی اور وہ دشمنوں پر فتح یاب ہوئے۔ فرنگی کہا کرتے تھے کہ نور الدینؒ نے ہم پر قیام لیل اور دعا کی وجہ سے فتح پائی۔ (خیر الموانس حصہ دوم صفحہ ۱۰۰ تا ۱۰۱)

۱۹۴۔ حضرت مخدوم سید احمد توختہؒ تمثال رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) لاہور تشریف لائے اور وہیں ۶۰۲ھ میں وصال فرمایا اور محلہ چلہ بی بیاں (اکبری گیٹ) میں مدفون ہوئے۔ آپ کی اولاد میں سید شاہ زید بن سید شاہ احمد زاہدؒ مورث سادات ٹانڈہ (یوپی۔ بھارت) وغیرہ کے ہیں۔ توختہ ترکی لفظ ہے جس کے معنی ہیں "بہت دیر تک کھڑا رہنا"۔ آپ کے پیر و مرشد نے آپ کو حجرہ کے اندر آنے کو فرمایا اور خود ذکر و شغل میں مشغول ہو گئے۔ آپ نے حجرہ میں جانا چاہا تو دروازہ بند پایا۔ آپ رات بھر اسی طرح حجرہ کی دلہیز پر کھڑے رہے۔ علی الصبح شیخ نے حجرہ کا دروازہ کھولا تو آپ کو کھڑا دیکھ کر "توختہ" لقب عطا فرمایا۔ تمثال رسولؐ کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے ہم عصر کسی بزرگ نے عالم واقعہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اس زمانہ میں آپؐ کی اولاد میں کوئی آپؐ کا ہم شبیہہ موجود ہے؟ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ سید احمد توختہ کی زیارت کرو۔ وہ میرا ہم شبیہہ ہے۔ اس کو دیکھا تو گویا مجھ کو دیکھا۔ (نقش حیات جلد اول از حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ، صفحہ ۱۵)

۱۹۵۔ حضرت سید احمد توختہؒ کو جب مرض الموت لاحق ہوا تو آپ نے اپنے

marfat.com
Marfat.com

پیارے نواسے سلطان حمید الدین حاکمؒ (مدفون قلعہ موء مبارک سابق ریاست بھاولپور۔ ضلع رحیم یار خان۔ اسٹیشن ترنڈہ) سے فرمایا کہ بیٹا تمہارا باقی نصیبہ ایک ایسے عزیز کے پاس ہے جو سلسلہ سہروردیہ سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ فرما کر واصل بحق ہوئے۔ حضرت حاکمؒ پھر بغداد شریف کے لئے روانہ ہو گئے تا کہ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ جب شیخ الشیوخ سہروردیؒ کی خانقاہ کے قریب پہنچے تو کثرت شوق سے آپ پر اس قدر جذب وارد ہوا کہ برابر تین دن رات آپ کو خود اپنی خبر نہ رہی۔ چوتھی رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت شیخ الشیوخؒ کو بہ باطن فرمایا کہ تین دن سے فرزند حمید الدین حاکمؒ تمہاری ملاقات کو آیا ہوا استغراق محبت میں اس قدر مستغرق ہے کہ خود اسے اپنی بھی خبر نہیں اور اسی لئے تمہارے پاس نہیں پہنچا۔ تمہیں چند روز اسے اپنے پاس رکھ کر اور اس کے بعد اس کے مقصود کا پتہ دے کر رخصت کرنا چاہئے۔ جب صبح ہوئی تو شیخ الشیوخؒ نے آکر آپ کا ہاتھ پکڑا اور آپ اسی وقت عالم سکر سے عالم محو میں آ گئے اور خدمت شیخ میں با ادب بیٹھ کر عرض کیا کہ اس فقیر کو حضرت سید احمد توختہؒ نے فرمایا تھا کہ تیرا نصیب ایسے عزیز کے پاس ہے جس کا سلسلہ سہروردیہ ہے۔ پس آپ اس عقدہ کو حل فرمائیں اور اس بزرگ کا مجھ کو پتہ بتائیں۔ حضرت شیخ الشیوخؒ نے اس پر فرمایا کہ آپ کا باقی نصیب رکن الدین ابو الفتح فیض اللہ کے پاس ہے جو شیخ کبیر بہاؤ الدین زکریا ملتانیؒ کے پوتے ہیں اور تاحال عدم سے وجود میں نہیں آئے۔ اور اپنا مصلا دے کر رخصت کیا۔ (تذکرہ حمیدیہ یعنی حالات حضرت حمید الدین حاکمؒ از غلام دستگیر نامی حاکمیؒ صفحہ ۲۴)

۱۹۶۔ حضرت سید پیر مہر علی شاہ گولڑوی قدس سرہ' نے اپنے ملفوظ نمبر ۱۷۱ میں فرمایا کہ حضرت شیخ محی الدین اکبر ابن عربی قدس سرہ' اکابرو اعاظم اولیاء اللہ سے ہیں۔ قرآن و حدیث سے استنباط میں پایہء عالی رکھتے ہیں۔ ان کی مولفات میں کوئی مسئلہ مذکورہ نہیں کہ جس کو کتاب و سنت سے بیان نہ فرمایا ہو۔ منشاء شک و طعن' بعض لوگوں سے تعصب اور بعض لوگوں سے ان کی اصطلاح پر عدم اطلاع یا معانی غامضہ سے ناواقفیت ہے۔ یہ جو ان کی کتاب میں مذکور ہے کہ خاتم الاولیاء حضرت

marfat.com
Marfat.com

عیسیٰ السلام یا حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ ہیں اس سے ان کی مراد ولایت عامہ شریعت محمدیہؐ ہے اور شیخ کی ختم ولایت سے مراد ولایت مکاشفات و اسرار ہے۔ انہوں نے اپنی ختم ولایت کے بارے میں حرم شریف میں ایک خواب دیکھا تھا کہ جنت کو اس طور پر بناء کرتے ہیں کہ ایک اینٹ سونے کی ایک چاندی کی ہے جب بناء قریب الاختتام ہوئی تو دو اینٹوں کی جگہ خالی رہ گئی اور مجھے (حضرت شیخ اکبرؒ کو) ان دو اینٹوں کی جگہ رکھ دیا گیا اور بناء مکمل ہو گئی۔ ایک ولی اللہ سے جو حرم شریف میں مقیم تھے جب اس خواب کی تعبیر دریافت کی گئی تو انہوں نے فرمایا کہ اس رویا کا دیکھنے والا خاتم الاولیاء ہے خاتم الانبیاء (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت میں اور "فتوحات مکیہ" میں لکھتے ہیں "عسی ان اکون ھو" (شاید وہ میں ہوں) اور اظہار اس دعویٰ کا نہ کیا بعدہ باجازت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تصوف کی معرکۃ الارا کتاب "فصوص الحکم" میں اپنی ختم ولایت کا اظہار فرمایا۔ اس عقدہ کا حل کہ شیخ اکبرؒ دو اینٹ کی جگہ رکھے بھی گئے اور دیکھنے والے بھی خود ہی تھے یہ ہے کہ یہ عالم مثال کی تمثیلات سے ہے اور اس عالم میں ایسے واقعات کہ ایک ہی وجود چند جگہ موجود ہو کثیر الوقوع ہے۔ اور بعض اولیاء اللہ کا ایک ہی آن میں مواضع متعددہ میں دیکھا جانا اسی قسم سے ہے۔ جب خواب میں جو عالم مثال سے ہے بعض اوقات ایک ہی آدمی اپنے دو یا دو سے زیادہ وجود دیکھتا ہے تو مکاشفہ میں کیا بعد ہے (مقالات مرضیہ المعروف بہ ملفوظات مہریہ۔ ملفوظ ۱۷۱۔ صفحہ ۲۰۹ تا ۲۱۰)

خاتم الاولیاء شیخ الکل محی الدین ابن عربیؒ ۱۷ رمضان المبارک ۵۶۰ھ بروز پیر اندلس (اسپین) کے مشہور شہر "مرسیہ" میں پیدا ہوئے اور شب جمعہ ۲۸ ربیع الاخر ۶۳۸ھ بعمر ۷۸ سال دمشق میں وصال فرمایا۔ علم ظاہری و باطنی میں یکتائے روزگار تھے لیکن آپ کا علم لدنی تھا۔ نہ کسی استاد سے سیکھا نہ کسی مرشد سے تعلیم پائی۔ فرمایا کشف و کرامت مردوں کا حیض و نفاس ہے۔ اس کے معنی لوگوں نے یہ سمجھے کہ کشف و کرامت کوئی کمی چیز ہے۔ لیکن ایسا نہیں ہے۔ حضرت غوث پانی پتیؒ نے فرمایا کہ جیسے حیض عورتوں کے بلوغ کی علامت ہے اسی طرح کشف سالک کے لئے بلوغ ہے اور جیسے نفاس بعد ولادت ظاہر ہوتا ہے اسی طرح کرامت بعد حصول یقین

marfat.com
Marfat.com

ظہور میں آتی ہے۔ (تذکرہ غوثیہ صفحہ ۳۱۹ تا ۳۲۰ ۱۳ شعبان المعظم ۱۳۰۱ھ مطابق ۹ جون ۱۸۸۴ء روز دو شنبہ تذکرہ غوثیہ کی تکمیل ہوئی)۔ حضرت شیخ اکبرؒ ساتویں صدی ہجری کے اولیاء کبار سے ہیں۔ "فتوحات مکیہ" کا اردو میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ اس میں تین ہزار علوم کا ذکر ہے۔ "تذکرہ چار درویشوں کا" از مصور فطرت خواجہ حسن نظامی "دل لی" والےؒ اس میں فرماتے ہیں کہ اسپینی درویش ابن عربیؒ۔ نام محمدؐ کنیت ابوبکرؓ نسلی لقب حاتمی۔ مشہور عالم لقب محی الدین ابن عربیؒ کی پیشین گوئیاں مشہور ہیں۔ مثلاً فرمایا "جب شین میں سین داخل ہو گا تو محی الدین کی قبر ظاہر ہو جائے گی۔ اللہ کی قدرت حوادثات زمانہ سے آپ کی قبر مبارک کا نام و نشان تک مٹ گیا تھا۔ عرصہ دراز کے بعد سلطان سلیم شام گیا اور میدان قادسیہ (جواب موجودہ عراق میں ہے) میں ایک عمارت بنانی چاہی۔ بنیاد جو کھودی تو حضرت ابن عربیؒ کے مزار کا کتبہ نکل آیا اور قبر ظاہر ہو گئی اور اس طرح سین کے شین میں داخل ہونے کی پیشین گوئی پوری ہوئی (س= سلیم، ش= شام میں داخل ہوا)

۱۹۷۔ سلطان یمنی نابینا ہو کر روضہء نبوی (علی صاحبہا صلوٰۃ وسلاما") پر دعا کے لئے حاضر ہوئے۔ ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بشارت دی کہ بدایوں میں سید حسن شیخ شاہی روشن ضمیرؒ کے مزار پر جاؤ وہیں تمہاری کار براری ہو گی۔ چنانچہ وہ مدینہ منورہ سے بدایوں (یو پی بھارت) آئے اور حضرت روشن ضمیرؒ کے روضہ پر معتکف ہوئے۔ چند روز بعد ہی آنکھوں میں بینائی واپس آ گئی اور پہلے کی طرح روشن ہو گئیں۔ پھر حضرت ہی کے آستانہ پر حاضر رہے اور بہت فیض حاصل کیا۔ ان کا مزار بھی بدایوں میں دریائے سوت کے کنارے جنوب میں پل زیارت کے قریب ایک اونچے ٹیلے پر واقع ہے۔ (ہشتاد اولیاء صفحہ ۲۲۳) (تذکرہ الواصلین صفحہ ۲۷)

۱۹۸۔ شیخ ابوالحسن شاذلیؒ جو قطب وقت تھے فرماتے ہیں کہ ایک شب میں یہ آیت پڑھ کر سو گیا۔ **ولا تتبع اھوآء الذین لا یعلمون○ انھم لن یغنوا عنک من اللہ شیا**)(جاثیہ آیت نمبر ۱۸، ۱۹۔ پارہ ۲۵) (ترجمہ= اور ان لوگوں کی خواہش پر مت چلو

marfat.com
Marfat.com

جن کو علم نہیں۔ اللہ کے مقابلہ میں یہ تمہارے کچھ بھی کام نہیں آسکتے۔ تو میں نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ فرمارہے تھے کہ میں ان لوگوں میں سے ہوں جو جانتے ہیں مگر اللہ کے مقابلے میں تمہارے کچھ بھی کام نہیں آسکتا۔ (نعمت عظمیٰ حصہ سوم۔ ترجمہ سید عبدالغنی وارثی صفحہ ۲۱)

شیخ ابوالحسن شاذلیؒ بن عبداللہ بن عبدالجبار شاذلیؒ افریقہ میں شاذلہ کے رہنے والے تھے اور حسینی سادات سے تھے۔ سلسلہ شاذلیہ کی بنیاد آپ نے ڈالی اور اولیاء کبار کی کثیر تعداد آپ سے فیض یاب ہوئی۔ ۶۵۶ھ میں حج کو جارہے تھے کہ ایک صحرا میں وصال فرمایا۔ "حزب البحر" آپ ہی کی طرف منسوب ہے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ جب تمہارا کشف کتاب و سنت کے خلاف ہو تو کشف کو چھوڑ دو۔ کتاب و سنت پر پابند رہو۔ ایمان اور اتباع سنت سے بڑھ کر کوئی کرامت نہیں (خزینہ معارف حصہ اول صفحہ ۱۸)

۱۹۹۔ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) متابعت کی حقیقت کیا ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ہر شے کے نزدیک اور ہر شے میں متبوع کا دیکھنا (نعمت عظمیٰ جلد سوئم صفحہ ۱۵)

حضرت شاذلیؒ نے فرمایا دنیا ابلیس کی بیٹی ہے۔ پس جو کوئی ضرورت سے زیادہ دنیا لے گا وہ شیطان کا داماد بن جائے گا اور اس کے پاس شیطان کی آمد و رفت اپنی بیٹی کی وجہ سے زیادہ ہو جائے گی۔

۲۰۰۔ سیدی ابوزید عبدالرحمٰن بن قاسیؒ نے سیدی محمد بن سلطانؒ جو امام ابوالحسن شاذلیؒ کے خواص میں سے ہیں نقل کیا ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک فقیہ کے ساتھ "کھیعص اور حمعسق" کی تفسیر کے بارے میں بحث کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے میری زبان پر جاری کر دیا کہ یہ اللہ اور اس کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان راز کی باتوں میں سے ہے۔ گویا کہ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے۔

ک۔ اے محمد تم کہف الوجو ہو جس کے پاس آکر تمام موجودات پناہ لیتی ہیں۔ آپ کل وجود ہیں۔

ھ۔ ہم نے آپ کو ملک عطا کیا اور ملکوت مہیا کیا۔

marfat.com
Marfat.com

ی ع۔ اے عین العیون۔

ص۔ تم میری صفات میں سے ہو کہ جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی

ح۔ ہم تمہارے حامی ہیں۔

م۔ ہم نے آپ کو مالک بنا دیا۔

ع۔ ہم نے آپ کو علم سکھا دیا۔

س۔ ہم نے آپ پر اسرار کھول دیئے۔

ق۔ ہم نے آپ کو قرب بخشا۔

اس پر انہوں نے مجھ سے جھگڑنا شروع کر دیا اور اس تفسیر کو قبول نہ کیا۔ اس پر میں نے کہا چلو ہم حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جا کر فیصلہ کراتے ہیں۔ ہم گئے اور آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ محمد بن سلطانؒ نے جو کچھ کہا ہے ٹھیک ہے (خزینۂ معارف (اردو ترجمہ ابریز) حصہ اول صفحہ ۲۷۰ تا ۲۷۱)

۲۰۱۔ شب معراج جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات کی تو حضرت موسیٰؑ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ میں نے سنا ہے کہ آپؐ نے یہ فرمایا ہے العلماء امتی، کانبیاء بنی اسرائیل۔ (یعنی میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے پیغمبروں جیسے ہیں) میں چاہتا ہوں آپؐ کے علماء امت میں سے کسی سے ملاقات کروں۔ اسی وقت حضرت امام غزالیؒ کی روح کو طلب کیا گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا۔ تیرا نام کیا ہے؟ آپ نے فرمایا محمد بن غزالیؒ۔ حضرت موسیٰؑ نے فرمایا۔ میں نے تو صرف تیرا نام دریافت کیا تھا۔ کیا وجہ کہ تو نے اپنے والد کا نام بھی بتا دیا۔ حضرت امام غزالیؒ نے اس پر فرمایا کہ حق تعالیٰ نے جلوہ طور کے موقع پر جب آپ سے دریافت فرمایا تھا ما تلک بیمینک یا موسی (اے موسیٰ تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟) تو آپ نے جواب دیا تھا قال ھی عصای اتوکو علیھا و اھش بھا علی غنمی ولی فیھا ماٰرب اخری" ○(سورہ طٰہ آیت ۱۸) (یہ میری لاٹھی ہے جس پر ٹیک لیتا ہوں اور بکریوں کے واسطے

marfat.com
Marfat.com

پتے جھاڑ لیتا ہوں اور بھی میرے اس سے کئی کام نکلتے ہیں)۔ (یعنی کبھی یہ اژدھا بن کر کافروں کو نگل جاتا ہے۔ کبھی پھلدار درخت بن جاتا ہے' وغیرہ)۔ آپ نے اگر عصا فرمایا ہوتا تو جواب کافی تھا۔ حضرت موسیٰؑ نے فرمایا کہ اللہ سے ہمکلامی میں لطف آیا اسی لئے سلسلہ کلام دراز کیا۔ حضرت امام غزالیؒ نے فرمایا مجھے بھی حضرت کلیم اللہؑ سے ہم کلامی میں لطف آیا تو والد کا نام بتا کر جواب طویل کر دیا تاکہ پھر آپ کو والد کے نام پوچھنے کی ضرورت نہ رہے۔ حضرت موسیٰ یہ سن کر خاموش ہو گئے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام غزالیؒ کو اپنے عصا کے اشارے سے خاموش ہو جانے کو فرمایا۔ حضرت امام غزالیؒ اسی وقت خاموش ہو گئے۔ کہتے ہیں جب آپ پیدا ہوئے تو عصائے مبارک کا نشان آپ کے جسم پر موجود تھا۔

مذکورہ بالا واقعہ شیخ عارف حضرت ابوالحسن شاذلیؒ کا ایک خواب ہے (تحفۃ الابرار صفحہ ۵) (تاریخ المشاہیر صفحہ ۸۸) (نزہتہ البساتین) نفحات الانس) (احیاء العلوم)

یوں بھی مرقوم ہے کہ شیخ ابو الحسن شاذلیؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ نے حضرت موسیٰ و حضرت عیسیٰ علیہما السلام سے دریافت فرمایا کہ آپ کی امت میں بھی کوئی عالم مثل اس شخص (یعنی حضرت امام غزالیؒ) کے پیدا ہوا۔ اس پر ان دونوں انبیاء علیہما السلام نے فرمایا نہیں (حیوۃ الحیوان) (بیاض الاولیاء صفحہ ۲۶۶)

۲۰۲۔ سید یوسف بن سید جمال الحسینیؒ حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ کے شاگرد تھے۔ سلطان فیروز کے عہد میں سپاہیانہ لباس میں ملتان سے دہلی تشریف لائے۔ صاحب "اخبار الاخیار" حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ اپنی اس کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ آپ کو ہر شب جمعہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت با برکت کا شرف حاصل تھا۔ حوض خاص پر دہلی میں مدفون ہیں (اخبار الاخیار کا اردو ترجمہ انوار صوفیہ از محمد لطیف فریدی۔ ایم۔ اے۔ صفحہ ۳۴۷) حضرت مولانا جلال الدین رومی (مولانا رومؒ) ۶۰۴ھ میں بلخ میں پیدا ہوئے اور ۶۷۲ھ کو قونیہ میں وصال فرمایا۔

marfat.com
Marfat.com

۲۰۳۔ روایت ہے کہ حضرت شیخ بہاء الدین زکریاؒ جب اپنے باکمال مرشد شیخ الشیوخ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کی خدمت میں باریاب ہوئے تو یہ انتظار رہا کہ حضرت شیخ الشیوخؒ خرقہ پہنائیں گے۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ ایک بڑا آراستہ مکان ہے جو انوار و تجلیات سے جگمگا رہا ہے۔ درمیان میں ایک مرصع تخت پر حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہیں۔ دائیں جانب حضرت شیخ الشیوخؒ دست بستہ کھڑے ہیں اور قریب ہی چند خرقے لٹکے ہوئے ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے طلب فرمایا اور حضرت شیخ الشیوخؒ نے میرے دونوں ہاتھ پکڑ کر آپؐ کے قدموں میں ڈال دیا کہ میں قدم بوسی حاصل کروں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لٹکے ہوئے خرقوں میں سے ایک خرقہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ خرقہ بہاؤ الدین کو پہناؤ۔ حضرت شیخ الشیوخؒ نے ارشاد کی تکمیل کی۔ پھر علی الصبح مجھے طلب کیا۔ جب میں حاضر خدمت ہوا تو دیکھا کہ وہی مکان ہے اور اسی طرح خرقے لٹکے ہوئے ہیں۔ حضرت شیخ الشیوخؒ نے وہی خرقہ جس کی جانب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا اتار کر مجھے پہنا دیا اور فرمایا "اے بہاؤ الدین یہ خرقہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بخشش ہے اور میں درمیان میں صرف ایک واسطہ کی حیثیت رکھتا ہوں۔ کسی کو بغیر اجازت نہیں دے سکتا۔ پھر حکم دیا کہ اب تم ملتان جا کر ہدایت خلق میں مصروف ہو جاؤ"۔

لیہ ضلع ڈیرہ غازی خان کے قریب کوٹ کروڑ میں خوارزم سے آکر قریشیوں کا ایک خاندان آباد ہوا جس میں ۱۱۸۲ء میں شیخ بہاؤ الدین زکریاؒ پیدا ہوئے۔ ۶۶۷ھ ۱۲۰۷ء میں بعمر ۸۸ سال ملتان میں وصال فرمایا۔ وہیں آپ کا روضہ مرجع خلائق ہے۔ بے حد دولتمند تھے۔ شاہانہ زندگی گزارتے تھے۔ آپ کے زمانہ میں گھروں کی بیویاں تو ایک طرف کنیزیں اور لونڈیاں تک چکیاں پیستے اور کام کرتے ذکر الٰہی کرتی رہتی تھیں اور ہر طرف اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے دوستوں ہی کے تذکرے سننے میں آتے تھے۔ (ہشتاد اولیاء صفحہ ۱۸۹ تا ۱۹۰)

۲۰۴۔ کہتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بابا فرید

marfat.com
Marfat.com

الدین گنج شکرؒ کی ولادت باسعادت کی بشارت رویائے صادقہ میں دی تھی۔ فرید عصر حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ ۵۸۲ھ میں پیدا ہوئے اور ۵ محرم ۶۶۴ھ ۱۲۶۵ء میں پاکپتن شریف (اجودھن) میں واصل بحق ہوئے (سیر الاولیاء) (ہفتاد اولیاء) (تذکرہ صدیق زماں از پرنسپل صغیر حسن صفحہ ۳۱)

آپ کے آبا و اجداد کابل میں بلند مقام رکھتے تھے۔ چنگیزی حملہ کے دوران ہجرت کر کے ہندوستان آ گئے۔ آپ کے دادا ملتان کے قریب کھوتوال میں قاضی مقرر ہوئے اور وہیں آپ پیدا ہوئے۔ آپ کا اصل نام مسعود تھا۔ آپ کی سب سے بڑی کرامت بے حرص' زاہدانہ اور پاک زندگی تھی۔ آپ کو اصل محبت عبادت اور عزلت نشینی سے تھی۔ عرصہ دراز تک بڑے ہی سخت مجاہدے کئے ہیں۔ تقویٰ اور پرہیز گاری کی وجہ سے لا تعداد لوگ آپ کے معتقد تھے۔ شاہان وقت بھی بے حد احترام کرتے تھے۔ اشاعت اسلام میں جتنی کامیابی آپ کو ہوئی آپ کے مرشد گرامی حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ کو بھی شاید نہ ہوئی۔ پنجاب کے بڑے بڑے قبیلے مثلاً" سیال راجپوت' وٹو وغیرہ آپ کے دست مبارک پر مسلمان ہوئے۔ پاکپتن شریف (ڈسٹرکٹ ساہیوال) میں ہر سال آپ کا زبردست عرس منایا جاتا ہے۔ سلسلہ چشتیہ کے عظیم المرتبت بزرگ گذرے ہیں۔

حضرت مولانا شیخ محمد عبید اللہ نو مسلم تھے۔ اپنی مشہور کتاب " تحفتہ الہند" میں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک روز حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کو اس جگہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی تھی۔ مجاوروں نے اپنی پیداواری کے لئے وہاں دروازہ بنا کر اس کا نام "بہشتی دروازہ" رکھ دیا۔ یہ بات ہمارے دین میں نہیں کہ کسی درروازہ سے گذر کر آدمی بہشتی ہو جائے۔ بہشت میں داخل ہونے کے لئے اللہ کا فضل' ایمان اور نیک اعمال ضروری ہیں (صفحہ ۸۳ تا ۸۴)

محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیاءؒ کے مرشد گرامی حضرت بابا فرید گنج شکرؒ تھے۔ آپ کے عرس کے موقع پر ۵ محرم کو بہشتی دروازہ کھولا جاتا ہے جس میں سے چند گھنٹہ کے اندر ہزار ہا کی تعداد میں زائرین گذر جاتے ہیں اور جنتی ہو کر گھر لوٹتے ہیں! بریں عقل و دانش بباید گریست۔

marfat.com
Marfat.com

۲۰۵۔ امام زماں حضرت مخدوم علی احمد صابر قدس سرہ ۱۹ ربیع الاول ۵۹۲ھ۔ ۱۱۹۵ء بروز جمعرات بوقت تہجد بطن بی بی ہاجرہ (ہمشیرہ بابا فرید گنج شکرؒ) سے کھوتوال میں جلوہ گر ہوئے۔ ولادت سے قبل آپ کی والدہ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عالم رویا میں حکم دیا کہ جو بچہ پیدا ہونے والا ہے اس کا نام احمد رکھنا ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے آپ کی والدہ کو حکم دیا کہ جو بچہ تیرے بطن سے پیدا ہو اس کا نام علی رکھنا۔ پیران پیر حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ نے بھی آپ کی والدہ کو خواب میں بشارت دی کہ جمعرات کے دن تیرے بطن سے علی احمد صابر لڑکا پیدا ہو گا (مخدوم صابر کلیریؒ از شبیر حسن چشتی نظامی صفحہ ۱۹) ہشتاد اولیاء صفحہ ۳۲۳)

۶۹۰ھ۔ ۱۲۹۱ء بعہد سلطان جلال الدین آپ کا وصال ہوا۔ وقت پیدائش سے لے کر آج تک کرامات و فیوض کا سلسلہ جاری ہے۔ مرقد مبارک کلیر شریف میں ہے جو رڑکی ضلع سہانپور (یو۔ پی، بھارت) سے تین کوس کے فاصلہ پر ہے۔ سلسلہ "صابریہ" آپ ہی سے شروع ہوا۔ آپ کے ایک ہی خلیفہ ترک عالم شمس الدین ترکؒ تھے جنہوں نے ۱۳۱۸ء میں وصال فرمایا اور ان کے خلیفہ اعظم شیخ جلال الدین کبیرالاولیاء پانی پتیؒ (متوفی ۱۳۶۴ء) تھے جن سے سلسلہ صابریہ کو بڑی وسعت حاصل ہوئی۔ اب لاکھوں انسان اس میں داخل ہیں۔

۲۰۶۔ حضرت شیخ حسام الدین بدایونیؒ خلیفہ تھے حضرت شیخ صدر الدین سہروردی ملتانیؒ کے۔ آپ کے دل میں ایک روز خیال آیا کہ اگر شیخ میرے لئے ایک گز زمین حضرت بہاؤ الدین زکریا سہروردی ملتانیؒ کے روضہ کے اندر عطا فرما دیں تو کیا ہی اچھا ہو۔ عارف کامل حضرت صدر الدینؒ نے آپ کے خطرہ سے آگاہ ہو کر فرمایا کہ مجھے زمین دینے سے انکار نہیں لیکن تمہاری قبر تو بدایوں میں ہو گی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں تجویز فرمائی ہے جب آپ بدایوں تشریف لے گئے تو ایک رات خواب میں آپ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک جگہ وضو فرماتے دیکھا۔ علی الصبح اس جگہ کو جا کر دیکھا تو واقعی زمین گیلی تھی۔ اسی جگہ نشان قائم کر کے حاضرین سے فرمایا کہ میرے انتقال کے بعد مجھے یہاں دفن کیا جائے۔

marfat.com
Marfat.com

بدایوں (یو۔ پی۔ بھارت) میں اسی جگہ آپ کی قبر مبارک ہے (اخبار الاخیار) (تذکرۂ الواصلین بدایوں" یعنی یہاں کے اولیاء کرام کے تاریخی واقعات از خان بہادر مولوی محمد رضی الدین فرشوری بسمل رئیس بدایوں)

عارف وقت حضرت شیخ صدر الدین سہروردیؒ نے ۲۳ ذی الحجہ ۶۸۴ھ کو ملتان میں وصال فرمایا اور اپنے والد بزرگوار حضرت بہاؤ الدین زکریا سہروردیؒ کے روضہ مبارک میں دفن کئے گئے۔ آپ کے صاحبزادے حضرت رکن الدین سہروردیؒ کا بھی نہایت خوبصورت روضہ بالکل ساتھ ہے۔ ملتان میں باپ' بیٹے اور پوتے کے یہ روضہ جات دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد ان پر خاص توجہ دی گئی ہے۔ ان تینوں عظیم المرتبت بزرگوں کا بے پایاں فیض آج بھی جاری ہے۔ الحمدللہ۔

"آب کوثر" مصنفہ جناب شیخ محمد اکرم سی۔ ایس۔ پی کو فیروز سنز لاہور نے شائع کیا۔ بار سوم ۱۹۵۲ء صفحہ ۲۹۰ تا ۲۹۲ سے اختصار پیش کرتا ہوں۔ امام الہند شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے یہ طریقہ اختیار کیا تھا کہ وہ بیعت کے وقت چاروں خانوادوں (چشتیہ' قادریہ' سہروردیہ' نقشبندیہ) کے بزرگوں کے نام لیتے تھے تاکہ سب سے فیض حاصل ہو۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ان مختلف سلسلوں کے ماننے والوں میں حد فاصل نہ رہا لیکن پھر بھی ان کے طریق ذکر و عبادت میں کئی امتیازات ہیں۔

چشتیہ= ان کے یہاں کلمہ شہادت پڑھتے وقت الا اللہ پر خاص زور دیا جاتا ہے۔ ان الفاظ کو دہراتے وقت عموماً" سر اور جسم کے بالائی حصہ کو ہلاتے ہیں۔ اس سلسلہ کی امتیازی خصوصیت سماع ہے۔

چشتی درویش بالعموم رنگ دار کپڑے پہنتے ہیں۔ ہلکے بادامی رنگ کو ترجیح دیتے ہیں۔

قادریہ= سماع بالمزامیر کے خلاف ہیں۔ درود شریف کو بڑی اہمیت دیتے ہیں۔ قادری درویش عموماً" سبز پگڑی پہنتے ہیں اور لباس کا کوئی نہ کوئی حصہ بادامی رنگ کا ہوتا ہے۔ پنجاب کے بیشتر سنی مولوی اس سلسلہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

سہروردیہ= ان کے یہاں سانس بند کر کے اللہ ہو کا ورد کرنے کا بڑا رواج ہے۔ سماع سے بے اعتنائی برتتے ہیں۔ تلاوت قرآن پر خاص زور دیتے ہیں۔ دین

marfat.com
Marfat.com

کے ساتھ دنیا کو لے کر چلتے ہیں۔

نقشبندیہ= ذکر جلی کے خلاف ہیں۔ صرف ذکر خفی کو جائز سمجھتے ہیں۔ موسیقی اور سماع کے خلاف ہیں۔ احکام شریعت پر سختی سے عامل ہیں۔ بالعموم مراقبہ میں سر جھکائے، آنکھیں بند کئے یا زمین پر نگاہیں جما کر بیٹھتے ہیں۔

۲۰۷۔ سعد الدین فاروقی جو وزیر شیخ بہاؤ الدین کے نائب تھے۔ اندھے ہو گئے تھے۔ انہوں نے ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور یہ ارشاد فرماتے سنا کہ وزیر سے "قصیدہ بردہ" لے کر اپنی دونوں آنکھوں پر مل لو۔ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ تمہیں بینا کر دے گا۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور فی الفور بینا ہو گئے۔ قصیدہ بردہ کے تا حال جو برکات و اثرات سننے اور پڑھنے والوں پر مرتب ہوتے رہتے ہیں وہ حد و شمار سے باہر ہیں اور عرب و عجم میں بکثرت پڑھا جاتا ہے۔ (قصیدہ بردہ شریف کا ترجمہ۔ تاج کمپنی لمیٹڈ۔ لاہور)

۲۰۸۔ حضرت قاضی عیاض مالکی اندلسیؒ کے بھتیجے نے ایک رات خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ان کے چچا قاضی عیاض مالکی اندلسیؒ بھی سونے کے تخت پر جلوہ افروز ہیں۔ اس خواب کی تعبیر معلوم کرنے قاضی صاحبؒ کی خدمت میں عرض کیا۔ فرمایا گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ تمہیں یہ بات صرف اس لئے دکھائی گئی ہے کہ آئندہ سے میری کتاب "الشفاء" کو مضبوطی سے پکڑو اور اسے اپنے لئے حجت بناؤ۔ قاضی صاحبؒ کی کتاب "الشفاء" حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت و معجزات پر ایک بے مثل کتاب ہے۔ (کتاب الشفاء کا اردو ترجمہ از علامہ مفتی معین الدین نعیمی صفحہ ۶ تا ۷) (سیر السالکین) (سیر المشائخ) (اقتباس الانوار)

۲۰۹۔ صاحب سیرت شامی نے ابوعبداللہ بن ابو محمد نعمانؒ سے نقل فرماتے لکھا ہے کہ حضرت شیخ ابو موسیٰ زرہونیؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور مولود شریف کی بابت دریافت فرمایا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا من فرح بنا و فرحنا بہ (جو ہمارے واسطے خوشی کرتا ہے ہم اس سے خوش ہیں) (سیرت

marfat.com
Marfat.com

شامی) (تاریخ فرشتہ) (اقوال الشریفہ فی نکات الکلمۃ الطیبہ۔ حصہ اول۔ حسب ایما حاجی نور احمدؒ۔ ۱۳۵۳ھ میں اعظم گڑھ سے طبع ہوئی۔ صفحہ ۱۳۹) (خزینۃ الاصفیاء) تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ ملک مظفر ابو سعید (متوفی ۶۲۲ھ) نے سب سے پہلے باضابطہ مولود شریف کی مجالس کا انعقاد کیا (شرح المواہب جلد ۱ صفحہ ۱۳۹) اس کے بعد شدہ شدہ انکا عام رواج ہو گیا۔

۲۱۰۔ ایک بزرگ بالکل ان پڑھ تھے مگر قرآن پاک دیکھ کر نہایت صحیح اور خوش الحانی سے پڑھتے تھے۔ لوگوں کو تعجب تھا کہ لکھنا پڑھنا نہ جانتے ہوئے قرآن مجید اس قدر صاف کیونکر پڑھ لیتے ہیں۔ وجہ دریافت کی تو فرمایا کہ میں مدینہ منورہ میں مقیم تھا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں التجا کرتا تھا کہ مجھے قرآن کریم کی تلاوت پر قدرت ہو جائے۔ ایک رات سویا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ اللہ نے تیری دعا قبول فرما لی۔ اب قرآن دیکھ کر پڑھ۔ صبح اٹھا تو قرآن حکیم دیکھ کر پڑھنا شروع کیا۔ سب مجھ پر آسان ہو گیا۔ اب جہاں کہیں غلطی ہوتی ہے تو خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بتا دیتے ہیں کہ فلاں مقام پر یوں نہیں یوں ہے (بغیۃ ذوی الاحلام)

۲۱۱۔ سلطان ابراہیم ساتویں صدی ہجری کے آخری ربع میں سمنان کے فرماں روا ہوئے۔ فرزند نہ ہونے سے سلطان فکرمند تھے۔ ایک صبح سلطان و بیگم جا نماز پر بیٹھے تھے کہ ابراہیم مجذوب روحانی تصرف کے ذریعہ اندر آ گئے۔ سلطان دست بستہ کھڑے ہو گئے۔ مجذوب نے کہا میں دیکھتا ہوں کہ تو بیٹا مانگتا ہے۔ پھر کہا ایک ہزار اشرفیاں دے میں تجھ کو عجوبہ روزگار بیٹا دوں گا۔ اشرفیاں فوراً پیش کی گئیں۔ اشرفیاں لے کر کہا ابراہیم تو نے ابراہیم سے بازی لگائی اور سودا بہت سستا کیا اور رخصت ہوئے۔ سلطان چند قدم ان کے پیچھے چلے۔ مڑ کر دیکھا اور کہا اب کیا چاہتا ہے ایک بیٹا اور سہی اور یہ کہہ کر چلے گئے۔ چند روز بعد محل میں آثار حمل نمودار ہوئے۔ سلطان نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اے ابراہیم تجھ کو اللہ دو فرزند عطا فرمائے گا۔ ایک کا نام اشرف

marfat.com
Marfat.com

اور دوسرے کا عارف رکھنا۔ اشرف بڑا عارف و کامل ہو گا اور اس کے علم و فضل سے ایک جہاں سیراب ہو گا۔ سلطان نے حسب ارشاد مولود مسعود کا نام اشرف رکھا۔ بعد کو آپ ہی سید اشرف جہانگیر سمنانی قدس سرہ کے نام سے مشہور ہوئے (لطائف الاشرفی حصہ اول جس میں سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ کے سوانح' فضائل اور ملفوظات ہیں۔ مولفہ حضرت نظام یمنیؒ صفحہ ۱۰ تا ۱۱) (رویائے صالحہ حصہ اول صفحہ ۷۶ تا ۷۷ خواب نمبر ۲۷)

۲۱۲۔ سید جلال الدین سرخ بخاریؒ (ولادت ۵۹۵ھ) حضرت شیخ بہاء الدین زکریا ملتانیؒ کے خلفاء میں سے تھے اور حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کے جد امجد۔ نو واسطوں سے آپ کا نسب حضرت امام محمد تقیؒ سے جا ملتا ہے۔ مصنف کتاب ''مظہر جلال'' لکھتے ہیں مدینہ منورہ میں آپ نے روضہ اطہر (علی صاحبہا الف الف صلوۃ و الف الف سلام) پر جا کر جب سلام عرض کیا تو فوراً'' سلام کے جواب کی آواز آئی۔ حج کر کے سیر کرتے' ہزار ہا مخلوق خدا کو ہدایت دیتے پنجاب پہنچے جہاں ایک شہر جنگ سیالاں بسایا۔ پھر شہر بھکر (سندھ) آئے۔ وہاں سید بدر الدین اکابرین شہر سے تھے۔ ان کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی کہ اپنی بیٹی جلال الدین بخاری کے نکاح میں دے دے اور آپ کو بھی بشارت ہوئی کہ شادی سید بدر الدین کی لڑکی سے کریں۔ اس طرح شادی ہو گئی اور آپ اچ شریف میں رہنے لگے اور وہیں ۶۹۰ھ ۱۹ جمادی الاول کو وصال فرمایا۔ آپ کی قبر مبارک اچ میں زیارت گاہ عالم ہے۔ آپ سندھ میں مدفون نہیں لیکن سندھ سے آپ کا گہرا تعلق ہے۔ اچ پنجاب اور سندھ کی سرحد پر ہے۔ بھکر میں رشتہ داروں کے تنازع کی وجہ سے اچ تشریف لے آئے تھے جہاں اولاد سے شاد کام ہوئے اور برکات کثیرہ کے دروازے کھل گئے۔ (اخبار الاخیار از حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ صفحہ ۶۱) (تواریخ اولیا حصہ دوم صفحہ ۳۲۱)

۲۱۳۔ بابا سید فخر الدینؒ حج کے بعد مدینہ طیبہ پہنچے اور وہاں کی پہاڑیوں میں رات دن مشغول عبادت رہنے لگے۔ دو برس بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی کہ تمہاری ریاضت قبول ہوئی۔ اب تم ہندوستان جاؤ جہاں

marfat.com
Marfat.com

تمہیں ایک مرشد کامل ملے گا۔ اس سے تم کو خلافت و نعمت ملے گی۔ آپ گجرات پہنچے۔ عالم مثال یا عالم رویا میں حضرت خضر علیہ السلام اور حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ سے بشارت ہوئی کہ آپ کے مرشد بابا سید مظہر ولی طبل عالمؒ ترچنا پلی میں ہیں۔ وہاں جا کر ان سے بیعت کریں۔ آپ ترچنا پلی کے لئے روانہ ہوئے۔ حضرت مظہر ولیؒ کشف باطنی سے آپ کی تشریف آوری سے مطلع ہوئے اور اپنی صاحبزادی مسماۃ ماما جیون المشہور ماما جگنی کو مع ایک سو قلندر پیشوائی کے لئے روانہ کیا۔ ماماؒ سے آپ کی ملاقات ہوئی۔ آپ نے ماما کو سلام کیا۔ ماما نے جواب دیا اے بابا فخر الدینؒ بن سلطان سیستان آیئے۔ آپ جواب سن کر خوش ہوئے لیکن رنجیدہ اس بات پر تھے کہ پیر عورت ہے۔ ماما نے آپ کے مافی الضمیر سے آگاہ ہو کر فرمایا۔ آپکے پیر دوسرے بزرگ ہیں۔ غرض آپ ترچنا پلی ماما کے ہمراہ پہنچے۔ حضرت مظہر ولیؒ کی خدمت میں رہے۔ آپ کے حکم سے سیلون وغیرہ کے سفر کئے۔ بہت مجاہدے کئے اور آخر میں حضرت مظہر ولیؒ کے ہاتھ پر بیعت ہوئے اور آپ کو "بابا فخر الدین گنج الاسرار گاہ مست و گاہ ہشیار" کا خطاب ملا۔ ۶۹۳ھ ۔ ۱۲۹۴ء میں وصال فرمایا۔ پنل گنڈہ ضلع مدراس میں مدفون ہیں۔ مزار ٹیپو سلطان نے تعمیر کرایا اور جاگیر مقرر کی۔

آپ کے مرشد کا نام مظہر ولی یا خواجہ مظہر الدین بعض کتابوں میں لکھا ہے لیکن ترچنا پلی میں آپ طبل عالم سید مظہر ولیؒ کے نام سے مشہور ہیں۔ جو بزرگ ہندوستان کے جنوبی علاقہ (دکن) میں آئے ان میں آپ سب سے پہلے اور سب سے زیادہ مشہور ہیں۔ آپ کے جد امجد ملک روم کے امرا وحکام میں سے تھے۔ ۶۲۲ھ۔ ۱۲۲۵ء میں وصال فرمایا۔ آپ کا روضہ ترچنا پلی کی مشہور زیارت گاہ ہے۔ زائرین میں مسلمانوں کے علاوہ ہندو بکثرت ہوتے ہیں۔ ایک زمانہ میں ترچنا پلی کا نام آپ کے نام پر "مظہر نگر" رکھ دیا گیا تھا۔ آپ کے روضہ کا کتبہ چندا صاحب نے تعمیر کرایا۔ ہندو رانی میناکشی اور ارکاٹ کے نواب محمد علی نے مزار کے لئے جاگیریں وقف کیں۔

۲۱۴۔ شیخ ظہیر الدین عبدالرحمن علی برغشؒ اپنے والد شیخ نجیب الدین علی برغشؒ کے مرید تھے۔ جب آپ تولد ہوئے تو شیخ الشیوخ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے آپکے واسطے اپنے خرقہ میں سے ایک ٹکڑا بھیجا جس میں آپ رکھے گئے

marfat.com
Marfat.com

اور اس طرح اول خرقہ جو قبل ارادت پہنا یہی تھا۔ والد کی زندگی میں حج کو گئے۔ مدینہ طیبہ میں روضہ اطہر پر پہنچ کر سلام کیا۔ روضہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے آواز آئی "و علیکم السلام یا ابالنجاشی"۔ آپ کے والد اس حال سے شیراز میں مطلع ہوئے اور اپنے اہل کو اس کی خبر دی اور خوشخبری سنائی کہ مقصود حاصل ہو گیا۔ بقول صاحب خزینۃ الاصفیاء آپ نے رمضان المبارک ۶۷۹ھ میں اور والد ماجد نے ۶۷۸ھ میں بمقام شیراز وصال فرمایا (تواریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۳۲۴) (اردو ترجمہ نفحات الانس صفحہ ۵۰۴)

۲۱۵۔ میر حسین سہروردیؒ کا اصل نام حسن بن سید عالم تھا۔ حضرت شیخ بہاء الدین زکریاؒ ملتانی کے مرید تھے۔ ایک روز شکار کو نکلے۔ گھوڑا ایک ہرن کے پیچھے ڈالا اور چاہا کہ تیر ماریں۔ ہرن یکا یک کھڑا ہو گیا اور آپ کی طرف دیکھ کر کہا۔ اے سید! تجھ کو اللہ تعالیٰ نے اہل بیت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پیدا کیا۔ تیرا کام محض اطاعت اور عبادت ہے اور تو شکار جیسے بیکار کاموں میں مشغول ہے۔ مجھ کو شکار کرنا چاہتا ہے۔ یہ تو بیکاروں کا کام ہے۔ یہ کہہ کر ہرن غائب ہو گیا۔ ہرن کے ان الفاظ نے آپ کی دنیا بدل دی۔ تمام مال و متاع چھوڑ کر ایک قافلہ کے ہمراہ ملتان آئے اور سرائے بادشاہی میں اترے۔ اسی شب شیخ الاسلام حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک فرزند میر حسین نام کا قافلہ میں ہے اس کو قافلے سے جدا کر کے حق تعالیٰ کی طرف مشغول کر۔ آپ ان کو لینے بذات خود علی الصبح قافلے میں گئے اور آواز دی کہ میر حسین کون ہے۔ تمام قافلہ والوں نے اشارہ میر حسین کی طرف کیا۔ آپ ان کو اپنے ہمراہ لے آئے تربیت کی اور چند روز بعد خرقہ خلافت عطا فرما کر خراساں جانے کا حکم دیا۔ آپ ہرات آئے جہاں کے تمام لوگ آپ کے مرید ہوئے۔ ۱۶ شوال ۷۱۷ھ میں ہرات میں وفات پائی (تواریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۳۲۵)

۲۱۶۔ محبوب الٰہی حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کی عیادت کے لئے عارف جلیل حضرت رکن الدین سہروردی ملتانیؒ دہلی تشریف لائے اور فرمایا کہ انبیاء علیہم

marfat.com
Marfat.com

السلام کو موت اور زندگی کا اختیار دیا جاتا ہے۔ اور اولیاء چونکہ انبیاء علیہم السلام کے جانشین ہوتے ہیں اس لئے انہیں بھی زندگی اور موت کا اختیار مل جاتا ہے۔ میری خواہش ہے کہ آپ کچھ دن اور دنیا میں رہتے تاکہ ناقصوں کو کمال تک پہنچاتے۔ یہ سن کر حضرت محبوب الٰہیؒ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ فرمایا اشتیاق دوست اسقدر غالب ہے کہ اب تو ایک لمحہ بھی زندہ رہنے کو دل نہیں چاہتا۔ کئی روز سے خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے فرما رہے ہیں "جلد آ تجھ سے ملنے کا مجھے بہت اشتیاق ہے"۔ حضرت شیخ رکن الدینؒ پر یہ جواب سن کر گریہ طاری ہو گیا (ہفتاد اولیاء از حضرت شاہ مراد سہروردیؒ۔ صفحہ ۳۱۴)

حضرت محبوب الٰہیؒ نے وصال سے چالیس روز قبل کھانا پینا بالکل ترک کر دیا تھا اور آنکھوں سے ہر وقت آنسو جاری رہتے تھے۔ کبھی کچھ کھانے کے لئے اصرار کیا جاتا تو فرماتے "کسیکہ مشتاق حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باشداو طعام دنیا چگونہ"۔ مرض الموت کی شدت ہوئی تو دوا پینے کے لئے کہا گیا۔ فرمایا "دردمند عشق رادارو بجز دیدار نیست"۔ وصال کے روز لنگر اور ملکیت میں جتنی چیزیں تھیں غربا و مساکین میں تقسیم کر دیں تاکہ اللہ تعالیٰ کے یہاں کسی چیز کا مواخذہ نہ ہو۔ خادم خاص نے کچھ درویشوں کے لئے رکھ لیا تھا۔ اس کی خبر ہوئی تو ناخوش ہو کر فرمایا اس کو بھی لٹا دو اور توشہ خانہ میں جھاڑو پھیر دو چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ نماز کا وقت آتا تو ایک ہی وقت کی نماز کئی کئی مرتبہ پڑھتے پھر بھی تسکین نہ ہوتی تو فرماتے "می رویم و می رویم و می رویم"۔ وصال سے کچھ پہلے بقچہ خاص سے مختلف چیزیں مختلف خلفاء کو عطا کیں اور ان کو خاص خاص مقامات پر جانے کا حکم دیا۔ حضرت شیخ نصیرالدین محمود چراغ دھلویؒ کو اپنے مرشد گرامی فرید عصر حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ کا عنایت کیا ہوا مصلا' خرقہ' تسبیح اور کاسہ چوبیں دے کر فرمایا "شمارا در دہلی باید بود' و جفا مردے باید کشید"۔ اس کے بعد صبح کی نماز ادا کی اور جب آفتاب طلوع ہو رہا تھا تو یہ آفتاب دین ابد کے پردوں میں مستور ہو گیا۔ آپ کی ولادت ۲۷ صفر ۶۳۴ھ ۱۹ اکتوبر ۱۲۳۸ء کو بدایوں میں ہوئی تھی۔ تاریخ وصال چہار شنبہ ۱۷ ربیع الثانی ۷۲۵ھ مطابق ۱۳ اپریل ۱۳۲۵ء ہے۔ تاریخ وصال (۷۲۵) "شہنشاہ دین" تھی۔ مرزا مبارک غیاث پورہ' دہلی

marfat.com
Marfat.com

میں ہے جہاں آج بھی زائرین کا ہجوم رہتا ہے اور وہ بڑی کیفیت محسوس کرتے ہیں۔
روضہ پرانوار کی عمارت سلطان محمد بن تغلق نے بنوائی ہے (بزم صوفیہ صفحہ ۲۲۳)

حضرت محبوب الٰہیؒ کا نام سید محمد تھا۔ والد احمد بن دانیال غزنی سے آئے تھے۔ پانچ سال کی عمر میں یتیم ہو گئے تھے۔ والدہ بی بی زلیخا نہایت سمجھدار خاتون تھیں جنہوں نے غربت و افلاس کے باوجود آپ کو پوری تعلیم دلوائی۔ جو اقتدار اور دبدبہ زندگی میں آپ کو حاصل ہوا ہندوستان کے شاید ہی کسی اور اہل طریقت کو حاصل ہوا ہو گا۔ لا تعداد امراء اور عوام آپ کے مرید تھے اور جلیل القدر بادشاہ تک آپ سے گھبراتے اور دبتے تھے۔ آپ کے مرشد گرامی نے جب آپکو خلعت خلافت عطا کی تو "نظام الدین و الدنیا" کہہ کر خطاب کیا تھا۔ اس ارشاد کا اثر یہ تھا کہ آپ نے تارک الدنیا درویش کی طرح زندگی بسر نہ کی اور فرمایا کہ یہ کوئی خوبی نہیں کہ خلقت سے دور رہ کر یاد الٰہی کی جائے۔ مخلوق کے درمیان رہ کر عبادت الٰہی ہمت اور حوصلہ کی بات ہے۔ آپ کے یہاں ہر روز ہزاروں لاکھوں روپیہ کی فتوحات ہوتیں لیکن آپ فوراً خرچ کر ڈالتے۔ SPEND & GOD
WILL SEND پر عمل تھا۔ کوئی حاجتمند دروازہ سے مایوس واپس نہ جاتا تھا۔ لنگر رات دن جاری رہتا تھا۔ ہزارہا علماء، فضلاء، طالبعلم اور حفاظ آپ کی سرکار سے پرورش پاتے تھے۔ عجب شان تھی۔

۲۱۷۔ حضرت محبوب الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاؒ نے دلی میں وصال فرمایا۔
حضرت رکن الدین سہروردی ملتانیؒ نے نماز جنازہ پڑھائی اور جب نعش مبارک کو قبر میں اتارا تو آپ نے وہاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جلوہ دیکھا۔ اس قدر اثر تھا کہ باہر تشریف لاتے ہی فرط تاثر سے بیہوش ہو گئے تھے۔ (ہشتو اولیاء صفحہ ۳۴)

حضرت رکن الدین سہروردی ملتانیؒ نے ۳ رجب المرجب ۷۳۵ھ مطابق ۱۳۳۴ء بمقام ملتان بعد نماز عصر بحالت سجدہ وصال فرمایا تھا۔ ملتان میں شاندار روضہ مرجع خلائق ہے۔

۲۱۸۔ منقول ہے کہ جب طوطیٔ ہند حضرت امیر خسروؒ کوئی کتاب مرتب

marfat.com
Marfat.com

فرماتے تو سب سے پہلے اپنے مرشد سلطان المشائخ حضرت محبوب الٰہیؒ کی خدمت گرامی میں پیش کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک کتاب "گلستان سعدی" کے جواب میں لکھی اور حضرت محبوب الٰہیؒ کی خدمت گرامی میں ملاحظہ اور فاتحہ کے لئے پیش کی۔ آپ نے فرمایا' کل لانا اور اپنی چادر امیر خسروؒ کو دی کہ آج اس کو اوڑھ کر سو جانا۔ حسب ارشاد امیر خسروؒ چادر اوڑھ کر سو گئے۔ خواب دیکھا کہ دربار لگا ہوا ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تخت نبوت پر جلوہ افروز ہیں۔ حضرت محبوب الٰہیؒ بطرف راست دست بستہ با ادب ایستادہ ہیں اور حضرت شیخ سعدیؒ روبرو کھڑے گلستان سعدی سے یہ قطعہ پڑھ رہے ہیں

بلغ العلی بکمالہ کشف الدجی بجمالہ حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و الہ

اس کو سن کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت خوش ہو رہے ہیں۔ اور بار بار ارشاد فرماتے ہیں' خوب کہا ہے۔ پھر پڑھو۔ یہ معاملہ دیکھ کر حضرت امیر خسروؒ کو یقین ہو گیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو "گلستان سعدی" پسند ہے۔ صبح حضرت محبوب الٰہیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنا خواب بیان کیا۔ اس پر محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیاؒ نے فرمایا تم نے کتاب خوب لکھی ہے لیکن تمہاری کتاب اس صاحب کمال شیخ سعدیؒ کی "گلستان" کے مقابلہ میں کبھی مقبول نہیں ہو سکتی کہ "گلستان سعدی" کو خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پسند فرماتے ہیں (حیات خسرو صفحہ ۸۹ تا ۹۰ از حضرت مولانا محمد سعید احمد مارہروی قدس سرہ' سابق مینجر شعیب محمدیہ ہائی اسکول۔ آگرہ) (تواریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۳۲۲) (ذکر حبیب یعنی حالات پیر سید غلام حیدر علی شاہ جلال پوریؒ از ملک محمد الدین ایڈیٹر رسالہ "صوفی" منڈی بہاء الدین صفحہ ۳۴۰)

حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازیؒ نے ۵ شوال جمعہ بعمر ۱۲۰ سال ۶۹۱ھ میں وصال فرمایا۔ قبر مبارک شیراز میں مدرسہ نظامیہ کے سامنے ہے۔ آپ کئی سال بیت المقدس میں انبیاء علیہم السلام کی قبور پر مجاوری کرتے اور پانی بھرتے رہے۔ کئی بار حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کی۔ اس دور کے مشرقی سیاحوں میں ابن بطوطہ کے سوا حضرت شیخ سعدیؒ سے بڑھ کر کوئی دوسرا سیاح نہیں ہوا۔ آپ نے اپنی ایک

marfat.com
Marfat.com

نظم میں ۱۸ زبانوں کا استعمال کیا ہے جہاں جہاں دوران سیاحی آپ تشریف لے گئے تھے۔ پا پیادہ ۱۴ حج کئے۔ قرآن مجید میں کم از کم بارہ مقامات پر "سیروا فی الارض" کا حکم ہے یعنی سیاحت کرو۔ دنیا کی سیر کرو۔ پرانے مسلمانوں میں سیاحت اور تبلیغ کا بہت شوق تھا۔ وہ نئے نئے ممالک میں جا کر آباد ہو جاتے اور اسلام کی تبلیغ میں زندگیاں گزار دیتے تھے۔ یہی تو وجہ ہے کہ آج پوری دنیا کے گوشہ گوشہ میں مسلمان نظر آ رہے ہیں۔ الحمدللہ

حضرت امیر خسروؒ کا اسم مبارک ابو الحسن یمین الدین تھا اور تخلص خسرو۔ ۶۵۲ھ میں پٹیالی (ضلع ایٹہ کمشنری آگرہ) میں پیدا ہوئے۔ والد امیر سیف الدین محمود ترکستان سے ہندوستان آئے تھے۔ والدہ ایک نو مسلم رئیس کی بیٹی تھیں۔ ۱۵ سال کی عمر میں تمام درسی علوم و فنون سے فارغ ہو گئے تھے۔ ہندو پاکستان کے آپ تنہا شاعر ہیں جن کے فارسی کلام کو اہل زبان نے بھی تسلیم کیا ہے۔ بڑے عابد اور اہل اللہ بزرگ تھے۔ قریب ایک درجن بادشاہوں کے دربار سے تعلق رہا۔ اپنے مرشد گرامی سے چھ ماہ بعد ۲۹ ذیقعد ۷۲۵ھ مطابق ۱۰ نومبر ۱۳۲۵ء شب جمعہ کو دہلی میں وصال فرمایا اور مرشد عالی کے پائیں دفن کئے گئے۔

۲۱۹۔ عارف کامل حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ نے "نفحات الانس" میں تحریر فرمایا ہے کہ طوطی ہند حضرت امیر خسروؒ پانچ مرتبہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے تھے۔ اپنے پیر و مرشد محبوب الٰہی حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ کے ہمراہ بطریق طے ارضی سعادت حج سے سرفراز ہوئے۔ حضرت محبوب الٰہیؒ سے منقول ہے کہ اگر قیامت کے روز اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ دنیا سے میرے واسطے کیا لایا ہے تو میں ترک اللہ (امیر خسروؒ) کو پیش کروں گا۔ اس زمانہ میں "ترک" معشوق کا لقب تھا۔ حضرت محبوب الٰہی (سلطان جیؒ) کا یہ شعر مشہور ہے۔

گر برائے ترک ترکم ارہ بر تارک نہند
ترک تارک گیرم و ہرگز نگیرم ترک ترک

(یعنی اگر میری پیشانی پر آرہ رکھ دیں اور کہیں اپنے ترک کو چھوڑ دو تو میں پیشانی

marfat.com
Marfat.com

چھوڑ دوں گا مگر اپنے ترک کو نہ چھوڑوں گا)

حضرت خواجہ امیر حسن بجزیؒ مقبول مرید تھے حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ کے۔ انہی نے حضرت کے ملفوظات "فوائد الفوائد" کے نام سے جمع کئے ہیں۔ حضرت امیر خسروؒ فرمایا کرتے تھے کہ اگر بھائی حسنؒ کی کتاب میرے نام سے ہوتی اور میری دو سو تصانیف بھائی حسنؒ کے نام سے تو مجھے فخر ہوتا کیونکہ بھائی حسنؒ کے جمع کردہ ملفوظات کو میرے حضرتؒ بہت پسند فرماتے اور اکثر پڑھوا کر سنا کرتے تھے۔ حضرت امیر حسن ۶۵۱ھ میں پیدا ہوئے اور ۷۳۸ھ۔ ۱۳۳۷ء میں خلد آباد میں وفات پائی۔

۲۲۰۔ حجتہ اللہ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبندیؒ جب مدینہ طیبہ پہنچے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی تعریف فرمائی اور **انت فخرامتی** " (تم میری امت کے فخر ہو) فرمایا اور کمال لطف و کرم سے آپ کو ممتاز فرمایا اور اپنا نائب امت بنایا۔ شیخ الاسلام مدنی ملک عرب کے سب سے بڑے عالم تھے۔ ان کے مدرسہ میں ۷۰۰ عالم پڑھانے پر معمور تھے۔ انہوں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ آج رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں مجھے فرمایا کہ محمد نقشبند میرا خلیفہ اکمل اور نائب اعظم ہے۔ تم اس کی خدمت میں جاؤ اور مرید ہو جاؤ۔ چنانچہ بڑے اعتقاد سے آپ مع اپنے شاگردوں کے حضرت نقشبندؒ کے مرید ہوئے۔ حضرت نقشبندؒ محرم الحرام ۷۱۸ھ میں قصر عارفاں (بخارا) میں پیدا ہوئے۔ اور ۳ ربیع الاول ۷۹۱ھ میں وصال فرمایا اور قصر عارفاں میں دفن ہوئے (جمال نقشبندؒ از صلاح الدین نقشبندیؒ مجددی بی اے صفحہ ۱۹۰)

سلسلہ نقشبندیہ کے سرخیل ہیں۔ چونکہ آپ اور آپ کے والد کمخواب کے کپڑے بنتے اور ان پر نقوش بناتے تھے اس لئے نقشبندی کہلائے۔ اسم گرامی محمد بن محمد البخاری تھا۔ کمالات و خوارق انتہا کو پہنچے ہوئے تھے۔ کسی نے سماع کی بابت آپ سے دریافت کیا تو فرمایا

نہ انکار می کنم نہ ایں کار می کنم

۲۲۱۔ منقول ہے کہ ایک مرتبہ شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلویؒ کو بادشاہ

marfat.com
Marfat.com

سلطان محمد بن تغلق نے زبردستی ٹھٹھہ کی جانب روانہ کیا۔ آپ نارنول کے راستہ ٹھٹہ (سندھ) جا رہے تھے۔ جب نارنول ایک کوس رہ گیا تو سواری سے نیچے اتر آئے اور شیخ محمد ترکؒ کے مقبرے کے پاس مراقب ہو گئے۔ مراقبہ کے بعد فرمایا کہ جس کسی کو کوئی سخت مشکل درپیش ہو تو وہ اس روضہ کی طرف متوجہ ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان فرما دے گا۔ اس پر کسی نے کہا اس وقت تو آپ کو خود مشکل درپیش ہے۔ فرمایا اسی لئے تو کہتا ہوں اللہ تعالیٰ ان کی برکت سے میری مشکل آسان کر دے گا۔ نارنول سے دو تین منزل نہ گئے ہوں گے کہ بادشاہ کی موت کی خبر ملی اور شیخؒ دہلی واپس تشریف لے آئے۔ حضرت محبوب الٰہیؒ کے جلیل القدر خلیفہ و سجادہ نشین اور ہندوستان کے مشہور و کامل ولی گزرے ہیں۔ آپ کی درگاہ کا گنبد آپ کی زندگی میں سلطان فیروز شاہ تغلق نے ۷۶۹ھ میں تعمیر کرا دیا تھا۔ بعد وصال اسی میں دفن کئے گئے۔ یہ جگہ دہلی سے چھ کوس دور جنوب کی جانب ہے اور "روشن چراغ" کہلاتی ہے۔ مکہ مکرمہ میں ایک مرتبہ حضرت مخدوم جہانیاںؒ اور حضرت شیخ عبد اللہ یافعی مکیؒ کے درمیان اولیاء دہلی پر گفتگو ہوئی۔ حضرت یافعیؒ نے فرمایا دہلی کے پرانے مشائخ کبار تو وصال فرما چکے لیکن ان کا اثر شیخ نصیر الدینؒ میں موجود ہے اور ان کی وجہ سے ابھی دہلی کا چراغ روشن ہے۔ حج سے واپسی پر حضرت جہانیاںؒ نے لوگوں سے حضرت یافعیؒ کی اس بات کا ذکر کیا۔ بس پھر کیا تھا اس واقعہ کو شہرت حاصل ہوئی اور آپ "چراغ دہلی" کے لقب سے مشہور ہو گئے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف بھی حاصل رہا۔ آپ جب اپنے زمانہ کے صوفیہ کو دیکھتے جنہوں نے تصوف کو آزادی اور مطلق العنانی کا پردہ بنا لیا تھا تو کڑھتے اور فرماتے میں کس لائق ہوں کہ مسند مشیخت پر بیٹھوں۔ آج کل کے لوگوں نے تو اس کو کھیل بنا رکھا ہے اور پھر سنائی کا یہ شعر پڑھتے۔

مسلماناں، مسلماناں، مسلمانی، مسلمانی
ازیں آئیں بیدیناں پشیمانی، پشیمانی

آپ اودھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے دادا خراساں سے لاہور آئے جہاں آپ کے والد شیخ محمد یحییٰ پیدا ہوئے۔ وہ پشمینہ کے بڑے تاجر تھے۔ نو برس کے تھے کہ

marfat.com
Marfat.com

حضرت "چراغ دہلی" کے والد کا انتقال ہو گیا۔ والدہ نے بہترین تعلیم دلوائی۔ علوم ظاہری کی تکمیل اور باطنی ترقی کی اکثر منزلیں طے کر کے بعمر ۴۳ سال دہلی میں حضرت سلطان المشائخ "محبوب الہیؒ" کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے۔

۲۲۲۔ حضرت مولانا ابن علی تاپیادیؒ کا سلسلہ اویسی تھا۔ کئی مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کی سعادت نصیب ہوئی۔ تاپیاد سے مدینہ طیبہ میں روضہ اقدس (علی صاحبہا الف الف صلوۃ و الف الف سلام) تک پا پیادہ پانچ قرآن مجید پڑھ لیتے تھے۔ بروز پنجشنبہ محرم الحرام ۷۶۱ھ میں وصال فرمایا' مزار تاپیاد میں ہے (سفینۃ الاولیاء صفحہ ۲۲۰)

۲۲۳۔ حضرت عبد اللہ بن مبارکؒ کے ایک دوست تھے حضرت عمرؒ وہ بیان کرتے ہیں کہ بچپن میں ایک مرتبہ میں اور ابن مبارکؒ ایک مقام سے گزرے وہاں ایک شخص خطبہ دے رہا تھا۔ خطبہ طویل تھا۔ ہم بھی سنتے رہے۔ خطبہ کے خاتمہ پر ابن مبارکؒ نے کہا۔ مجھے یہ پورا خطبہ یاد ہو گیا۔ کسی نے کہا سناؤ ابن مبارکؒ نے فوراً وہ خطبہ (تقریر) از اول تا آخر سنا دیا (غلامان اسلام صفحہ ۲۳۹)۔ ایک مرتبہ حضرت عبد اللہ بن مبارکؒ سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ کو گھر میں تنہا بیٹھے رہنے سے وحشت نہیں ہوتی۔ بولے کہ وحشت کس طرح ہو سکتی ہے جب کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ اکرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے ساتھ ہوتا ہوں۔ گھر میں بیٹھے احادیث و آثار کا مطالعہ کرتے رہتے تھے۔ خوف خدا کا اس قدر غلبہ تھا کہ زہد سے متعلق آیات و احادیث پڑھتے تو معلوم ہوتا تھا کہ ذبح کئے ہوئے بیل ہیں۔ گھگی بندھ جاتی اور بولنے پر قادر نہ ہوتے تھے۔ ۱۳ رمضان المبارک ۱۸۰ھ کو بعمر ۶۳ برس وصال فرمایا (غلامان اسلام صفحہ ۲۵۵)

۲۲۴۔ حکیم ناصر خسرو جمادی الثانی ۴۳۷ھ ۱۰۴۵ء میں پہلے حج کے لئے مکہ معظمہ روانہ ہوئے۔ سفر سے چند روز پہلے خواب دیکھا جو سفر حج کا سبب بنا۔ خواب کا مضمون یہ تھا "دیکھا کہ کوئی بزرگ مجھ سے کہہ رہا ہے کہ شراب کب تک پیتا رہے گا۔ اس سے انسان کی عقل زائل ہو جاتی ہے۔ اگر تو ہوش و حواس میں رہے تو

marfat.com
Marfat.com

زیادہ بہتر ہے۔ میں نے جواب دیا کہ حکماء نے اس کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں بتائی جس سے دنیا کے غم و فکر کو کم کیا جا سکے۔ بزرگ نے جواب دیا کہ بے خودی اور بیہوشی میں کوئی راحت نہیں ہوتی۔ ایسے آدمی کو عقلمند نہیں کہا جا سکتا جو بیہوشی کے عالم میں لوگوں کی رہنمائی کرتا ہے۔ اس کو تو ایسی چیز طلب کرنی چاہئے جس سے عقل و خرد میں اضافہ ہو۔ میں نے کہا میں ایسی چیز کہاں سے لاؤں۔ بزرگ نے فرمایا ڈھونڈنے والے کو ہر چیز مل جاتی ہے اور یہ کہہ کر قبلے کی طرف اشارہ کیا۔ اور پھر کچھ اور بات نہیں کی"۔ اس مبارک خواب سے جس میں اس نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تھی ناصر کی چالیس سالہ زندگی میں ایک عظیم الشان انقلاب برپا ہو گیا۔ وہ دنیا سے بیزار ہو گیا۔ اس نے شراب نوشی ترک کر دی اور حج کا مصمم ارادہ کر لیا اور اسی وقت سے اس کے خیالات حکیمانہ ہو گئے۔ (سفرنامہ حکیم ناصر خسرو مترجم مولوی محمد عبدالرزاق کانپوری۔ شائع کردہ انجمن اردو (ہند) دہلی ۱۹۴۱ء صفحہ ۲۱)

حکیم ناصر خسروؒ ۳۹۴ھ ۱۰۰۳ء میں پیدا ہوئے اور سات سال سیاحی کر کے ۴۴۴ھ۔ ۱۰۵۲ء میں اپنے وطن بلخ پہنچے۔ ۸۷ سال کی عمر پا کر ۴۸۱ھ میں وفات پائی۔ چار حج کئے۔ فارسی کے سفرناموں میں صرف ناصر خسرو کا سفرنامہ بلحاظ قدامت و خصوصیات یادگار ہے۔ شاعر بھی تھے۔ دیوان بھی ہے۔ شمس العلماء محمد حسین آزاد نے "نگارستان فارس" میں تحریر فرمایا ہے کہ میں نے سفر بدخشاں میں ناصر خسرو کی قبر کو خود جا کر دیکھا۔ ایسی پر فضا جگہ مزار ہے کہ اٹھنے کو دل نہیں چاہتا۔ فیض آباد (دارالحکومت بدخشاں) سے دو منزل کنارہ جنوب و مشرق علاقہ ۔مکان ہے جہاں ناصر کی قبر اور ان کی اولاد آج بھی موجود ہے۔ ناصر کی قبر آج بھی زیارت گاہ خلائق ہے۔

۲۲۵۔ ابو محمد عبد اللہ بن سعد یافعیؒ نے جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا ارادہ کیا تو کہنے لگے کہ میں مدینہ منورہ میں اس وقت تک نہ جاؤں گا جب تک کہ خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اجازت مرحمت نہ فرمائیں گے۔ آپ ۱۴ دن تک مدینہ منورہ کے دروازے پر ٹھہرے رہے۔ پھر آپ نے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا میں تیرا نبی

marfat.com
Marfat.com

ہوں۔ آخر میں تیرا شفیع اور جنت میں تیرا رفیق ہوں۔ جان لے کہ بیشک یمن میں دس آدمی ہیں۔ جس شخص نے ان کی زیارت کی پس اس نے میری زیارت کی اور جس نے ان پر جفا کی تو اس نے مجھ پر جفا کی۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) وہ کون ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا پانچ زندوں میں سے ہیں اور پانچ مردوں میں سے ہیں۔ میں نے عرض کیا زندہ کون ہیں؟ فرمایا (۱) شیخ علی طواش صاحب حلی (۲) شیخ منصور بن جعران صاحب حرص (۳) ابن الموزن صاحب مضورۃ المہجم (۴) فقیہ عمر بن علی زیلعی صاحب سلامہ (۵) شیخ محمد بن عمر نماری اور مردہ یہ ہیں (۱) ابو الغیث (۲) فقیہ اسمٰعیل حضرمی (۳) فقیہ احمد بن موسیٰ بن عجیل (۴) شیخ محمد بن ابی بکر حکمی (۵) فقیہ بن عجی۔

امام یافعیؒ فرماتے ہیں کہ میں یہ اشارہ پا کر ان کی تلاش میں نکلا۔ زندوں کے پاس گیا اور انہوں نے مجھ سے باتیں کیں اور مردوں کے پاس آیا اور انہوں نے مجھ سے باتیں کیں۔ پھر مدینہ واپس آیا اور اس مرتبہ بھی ۱۴ دن تک اس کے دروازہ پر ٹھہرا رہا۔ پھر مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تو ان دس آدمیوں کی زیارت کر آیا۔ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ آپؐ نے ابو الغیثؒ کی ثناء کی اور فرمایا یہ کل کو اہل ہو گا اس شخص کا جس کے لئے اہل نہیں ہے۔ میں نے داخلہ کی اجازت طلب کی جو مل گئی (محاسن الحسنین مولفہ حضرت مولانا سید ذوالفقار احمد نقوی سارنگپوری صفحہ ۸)

آپ کو خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بکثرت ہوتی تھی۔ بہت سی بشارتیں حاصل ہوئیں جو آپ کی ولایت پر دلالت کرتی ہیں۔ ۷۶۸ھ میں وصال فرمایا اور جنت المعلی (مکہ مکرمہ کا مشہور قبرستان) میں حضرت فضیل بن عیاضؒ کے قریب دفن کئے گئے۔

۲۲۶۔ ملا محمد مبین فرنگی محلی لکھنویؒ حضرت عارف باللہ کاظم قلندر علوی کاکورویؒ کے دوست اور نہایت معتقد تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ میری پہلی بیوی جو ملا محمد حسن کی بیٹی تھیں ان سے کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی۔ ایک روز میں نے حضرت کاظم قلندر علویؒ سے کہا کہ ان کی بیوی سے کوئی اولاد نہیں اگر دوسرا نکاح کرنے سے

marfat.com
Marfat.com

اولاد ہو تو کروں بشرطیکہ آپ متوجہ ہو کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کر کے مجھے بتائیں اور بے حد اصرار کیا۔ فرمایا کہ خیر تمہاری خاطر دریافت کروں گا۔ چنانچہ دریافت کے بعد فرمایا کہ بہتر ہے دوسرا نکاح کرو اس سے بہت اولاد ہو گی۔ میں نے پھر بتکرار حجت طالبعلمانہ کہا کہ خوب تحقیق کر کے بتایئے ورنہ سمجھ لیجئے کہ درصورت دیگر خوب رسوا کروں گا۔ آپ نے فرمایا کہ کیا مضائقہ ہے اگر غلط ہو تو جو جی چاہے کہنا۔ تب میں نے دوسرا نکاح کیا اور اس سے اولاد ہوئی (انفاس القلندریہ از مولوی محمد تقی حیدر صفحہ ۴۷۲)۔

فرنگی محل اب تو لکھنؤ میں محض ایک حویلی ہے۔ کسی زمانہ میں پورا محلّہ تھا جس میں فرانسیسی تاجر مقیم تھے جس کی وجہ سے یہ نام ہوا۔ اورنگ زیب عالمگیر نے ملا قطب الدین سہالویؒ کی شہادت پر یہ علاقہ ان کے بیٹوں کو بطور معافی دے دیا تھا۔ فرنگی محل میں آج بھی انصاری برادری آباد ہے۔ دینی اور سیاسی حیثیت سے یہ مقام خاص اہمیت کا حامل ہے۔

۲۲۷۔ مکہ معظمہ میں ایک شب حاجی شریعت اللہ کو خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "تم واپس بنگال جاؤ کیونکہ تمہاری قوم کو تمہاری ضرورت ہے۔ وہاں اللہ کے دین کی اشاعت کرو اور اسلام کی تعلیمات عام کرو"۔ چنانچہ آپ بنگال واپس آ گئے۔ (سیارہ ڈائجسٹ۔ لاہور۔ شمارہ نومبر ۱۹۶۸ء صفحہ ۷۰)

حضرت حاجی شریعت اللہ ۱۷۷۹ء میں مشرقی پاکستان (اب بنگلہ دیش) کے ضلع فرید پور کے شامُل نامی ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ والد بزرگوار کا نام عبد الجلیل تعلقدار تھا۔ آپ بچپن سے خاموش طبع، کم گو، ذہین اور سنجیدہ تھے۔ صوم و صلوٰۃ کے پابند اور نہایت عبادت گزار۔ ۱۸ سال کی عمر میں حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوئی۔ وہیں اس دور کے جید عالم حضرت مولانا طاہر سنبلی المالکی سے قرآن مجید، حدیث اور فقہ کی تعلیم حاصل کی۔ مولانا آپ کی ذہانت اور خدمت سے اس قدر خوش ہوئے کہ آپ کو "قطب بنگال" کے لقب سے نوازا۔ بنگال واپس آ کر آپ نے ایک عظیم تحریک کی داغ بیل ڈالی جو "فرائضی تحریک" کے نام سے مشہور ہوئی اور جس کے

marfat.com
Marfat.com

مقاصد یہ تھے۔ (۱) پورے برصغیر سے سامراجی قوت کا خاتمہ۔ (۲)ہندوؤں کی بڑھتی ہوئی معاشی اور تعلیمی قوت کے مقابلہ میں مسلمانوں کا اتحاد و استحکام۔ (۳) اسلامی اقتدار کی حفاظت اور انگریزی تعلیم کا حصول۔ آپ کی قیادت میں بنگالی عوام کی قومی جمیعت' جذبہ حریت اور جوش و خروش نے اس تحریک کی چنگاری کو شعلہ بنا دیا اور ہندوؤں اور انگریزوں کی سیاست و حکمت کو جلا کر راکھ کر دیا۔ آپ ایک رہنمائے قوم اور ممتاز سیاستدان ہی نہ تھے بلکہ مبلغ دین اور مجاہد اسلام بھی تھے۔ سرزمین بنگال میں اشاعت دین اور تعلیمات اسلام کو عام کرنے میں آپ کی خدمات لافانی ہیں۔ آپکی ہر ہر سانس اللہ کی عبادت اور قوم کی خدمت میں بسر ہوئی۔ آپ کے تلامذہ اور ارادت مندوں کی تعداد بیشار ہے۔ ساٹھ سال کی عمر تک آپ اپنے فرائض بڑی خوبی سے ادا کرتے رہے۔ اس کے بعد صحت گرنے لگی۔ آخر ۱۸۴۰ء میں اس دارفانی سے کوچ کر گئے۔ فرید پور میں آپ کا مدفن زیارت گاہ خاص و عام ہے۔

۲۲۸۔ جناب محمد علی خلیفہء اعظم قیوم دوراں حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ نے رمضان المبارک ۱۳۰۶ھ میں خواب دیکھا کہ وہ بالکل برہنہ بیٹھ کر نماز پڑھ رہے ہیں اور ان کے بازو کی طرف حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہیں مگر جناب محمد علی کو بالکل حجاب نہیں۔ (شاہ صاحبؒ نے یہ خواب سن کر فرمایا کہ نہایت عمدہ خواب ہے۔ برہنہ ہونے سے اشارہ دنیا سے لا تعلقی ہے۔ اس کے بعد شاہ صاحبؒ نے خود اپنا ایک خواب بیان کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ماں سے صحبت کی اور بھائی کو قتل کر ڈالا۔ پھر فرمایا کہ اس خواب کو دیکھنے والا ولی ہوتا ہے۔ ماں سے صحبت سے مراد خاکساری ہے اور بھائی کو قتل سے مراد نفس کو مار ڈالنا ہے (ارشاد رحمانی و فضل یزدانی از محمد علی صفحہ ۳۸)۔ شاہ صاحبؒ اپنا نام فضل رحمٰن لکھتے تھے کیونکہ اس سے آپ کا سن ولادت بھی نکلتا ہے جو ۱۲۰۹ھ ہے۔ حد درجہ سادہ طبیعت اور روشن ضمیر تھے۔ منہ سے بات نکلنے سے پہلے مافی الضمیر کی خبر آپ کو ہو جاتی تھی۔ کشف و کرامت تو گھر کی لونڈی تھی۔ اکثر اوقات جذب کی کیفیت طاری رہتی تھی۔ ایک بقال کے یہاں سے سامان آتا تھا۔ نہ حساب رکھتے تھے نہ اس سے پوچھتے تھے۔ جتنا بتا دیتا اتنے دے دیتے تھے۔ روم اور روس کی جنگ کے دوران کسی

marfat.com
Marfat.com

کا ایک صاحب خط لے کر آئے کہ حضرت دعا فرما دیں کہ اللہ تعالیٰ رومیوں کو روسیوں کے مقابلہ میں غلبہ عطا فرمائے۔ ان کے خط دینے سے پہلے فرمانا شروع کر دیا کہ واہ بڑے آئے ہیں دعا کر دو۔ دعا کر دو۔ کیا روسی خدا کے بندے نہیں ہیں؟ رومی ہی ہیں۔ ایک آدمی شہید ہوتا ہے۔ تمہارا کیوں دم نکلتا ہے۔ ایک مقدمہ کے دونوں فریق ایک ہی وقت میں دعا کی خاطر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے ہاتھ اٹھا کر دعا کی اے اللہ جس کا حق ہو اسے دلوا دے۔ فرمایا ہر قسم کے مریض کو الحمد شریف کبھی گڑ' کبھی شکر اور کبھی پانی پر دم کر کے دیدیا کرو۔ جو کوئی تمام مومنین و مومنات کے لئے ہمیشہ مغفرت مانگا کرے جو مطلب رکھتا ہو ہمیشہ پورا ہو جایا کرے اور مستجاب الدعوات ہو کر مرے۔ فرمایا یہ درود پڑھا کرو اس سے جنون کو فائدہ ہو گا۔ **اللھمہ صلی علی سید نا محمد و علی مومن الجن۔** فرمایا شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے صاحبزادے شاہ عبد القادرؒ صاحب نسبت تھے۔ یہ بڑا اونچا مقام ہے۔ بہت کم لوگ صاحب نسبت ہوئے ہیں۔ سوتے جاگتے کسی حال میں ہوں غفلت نہیں ہوتی تھی اور جس امر کی دریافت کی جانب متوجہ ہوتے انہیں اس کا القا ہو جاتا تھا۔ جس ولی کو جس پیغمبر سے نسبت ہوتی ہے۔ اس سے اسی قسم کی کرامات کا صدور ہوتا ہے۔ غصہ کرنے سے ذکر کی نورانیت جاتی رہتی ہے۔ اگر غصہ آہی جائے تو فوراً" استغفار پڑھ لیا کرو۔ کسی سے جھگڑا اور مناظرہ نہ کرو۔ اس سے نسیان پیدا ہوتا ہے اور قلب میں کدورت۔ بدھ کے روز حجامت نہ بنواؤ کہ اس میں بڑے خطرات ہیں۔ جمعرات کے روز بنواؤ کہ اس میں بڑی برکات ہیں۔ حضرت شاہ مینا چشتی لکھنوئیؒ صرف گلستاں و بوستاں پڑھے ہوئے تھے لیکن آپ کے مزار پر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عرش سے مزار تک انوار کا ہجوم ہے۔ نیک بختی اور چیز ہے ولایت اور شے۔ ولایت محض عنایت خداوندی سے حاصل ہوتی ہے۔ کسی کو عمر بھر بھی نہیں اور کسی کو چند روز ہی میں مل جاتی ہے۔ یہ خالصتاً" اللہ کی دین ہے۔ اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جان قربان کرنی چاہئے۔ اس سے ہی سب کچھ حاصل ہوتا ہے۔ اللہ کی محبت میں جو مزہ ہے وہ جنت کی نعمتوں میں نہیں۔ فرمایا دنیاوی حاجات کے لئے ۱۲ رکعت نماز تہجد یوں پڑھے کہ پہلی رکعت میں ایک بار سورہ اخلاص' دوسری میں دوبارہ یہانتک کہ بارہویں

marfat.com
Marfat.com

میں بارہ مرتبہ۔ اگر دینی حاجت کے لئے پڑھے تو پہلی میں ۱۲ دوسری میں ۱۱ بار اور اسی طرح بارھویں میں ایک بار۔ بارہ رکعت چھ سلام سے پڑھے دو دو رکعت کر کے۔ اس عمل پر استقامت سے دونوں قسم کی مرادیں بر آتی ہیں۔ فجر کی نماز چھوڑنے والے کو ملائکہ اوفاجر کہہ کر پکارتے ہیں۔ ظہر چھوڑنے والے کو اوخاسر (خسارہ والا) عصر چھوڑنے والے کو اوعاصی (گنہگار) مغرب چھوڑنیوالے کو او کافر اور عشاء چھوڑنے والے کو او مضیع (اللہ کا حق ضائع کرنے والا) (غایتہ المواعظ)

۲۲۹۔ حضرت شاہ محمد آفاقؒ نے فرمایا کہ مجھ کو تردد تھا کہ دیکھئے کیا انجام ہو۔ پس میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تم کیا جو تم سے محبت کرے گا اس کا بھی انجام بخیر ہو گا۔ (کتاب "شہرہ آفاق" از نور الحسن صاحب)

آپ مراد آباد (یو پی۔ بھارت) کے رہنے والے تھے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کی اولاد میں سے تھے۔ پیروی سنت کا بہت خیال رکھتے تھے۔ مسکینی و شکستگی بدرجہ کمال حاصل تھی۔ حضرت خواجہ ضیاء الدینؒ زبردست بزرگ تھے۔ سلسلہ مجددیہ میں آپ ان سے بیعت تھے اور کمال مدارج حاصل کر کے اجازت حاصل کی تھی۔ بعدہ' اپنے پیر کے سجادہ نشین ہوئے۔ آپ کو تمام سلسلوں میں بیعت کی اجازت تھی۔ شاہ محمد آفاق طاب ثراہؒ نے ۷ محرم الحرام بدھ کے روز نماز مغرب کے بعد ۱۲۵۱ھ میں اس جہان فانی سے عالم جاودانی کو کوچ فرمایا۔ جمعرات کے روز آپ کو مغلپورہ (دہلی) میں دفن کیا گیا۔ حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ آپ کے اجل خلیفہ تھے (تذکرہ اولیائے دہلی صفحہ ۱۳۵ از سعید احمد)

۲۳۰۔ حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ کی علالت زکام و بخار سے شروع ہوئی۔ ابتدا مرض میں چند روز تک نماز تازہ وضو کر کے اول وقت ادا کرتے رہے۔ ۷ ربیع الاول ۱۳۱۳ھ۔ ۱۸۹۶ء سے گرفتگی گلو و اخراج بلغم زیادہ ہو گیا مگر اب بھی نہایت شوق سے درس حدیث دیتے۔ ۸ ربیع الاول سے محویت و استغراق بڑھ گیا۔ چونکہ معمول تھا بعد نماز مغرب خطوط و عرائض استماع فرمایا کرتے تھے۔

marfat.com
Marfat.com

بت خطوط جمع ہو گئے تھے۔ سب پر دم کر دیا اور فرمایا یا خدا سب کے کام پورے کر دے آمین۔ جمعہ ۹ ربیع الاول صبح ۴ بجے وضو کر کے نماز ادا کی۔ حالت ذرا سنبھلی۔ ۱۵ ربیع الاول سے مرض کی وجہ سے بے چینی بڑھ گئی اور شروع سے آخر تک یہ شعر ورد زبان رہا۔

فسہل یا الٰہی کل صعب
بحرمتہ سید الابرار سہل

۲۰ ربیع الاول کو خواب استراحت سے اٹھ کر دفعتاً "یہ بہشت یہ بہشت یہ بہشت یہ بہشت" فرمایا اور چاروں سمت اشارہ کیا اور فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں۔ ۲۱ کو زبان مبارک سے فرمایا ہم مر گئے ہمارے جنازے کی نماز پڑھ دو اور اگر کوئی نہیں پڑھتا تو میں خود پڑھے دیتا ہوں۔ یہ کہہ کر اللہ اکبر فرمایا اور ہاتھ باندھ لئے۔ ۲۲ ربیع الاول بروز جمعہ تین بجے ارشاد فرمایا الٰہی میرے جملہ عزیزوں' مریدوں اور معتقدین کو بخیر و عافیت اور خوش رکھ۔ چار بجے تنفس شروع ہو گیا جس سے لا الہ الا اللہ" کی آواز نکلتی تھی۔ اسی حالت ذکری میں بعد مغرب وہ آفتاب عالمتاب غروب ہو گیا۔ عمر ۱۰۵ سال روح پر فتوح جنت الفردوس کو سدھار گئی۔ "انا للہ و انا الیہ راجعون" حضرت شاہ محمد آفاق قدس سرہ' آپ کے پیر و مرشد تھے اور حضرت شاہ محمد اسحاق محدث دہلویؒ جو حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ کے نواسے تھے آپ کے استاد تھے۔ (تذکرہ حضرت مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ از مفکر اسلام سید ابوالحسن ندوی صفحہ ۸۹)

۲۳۱۔ حضرت خضر علیہ السلام سے خواب میں ملاقات کے بعد حضرت مولانا شاہ گل حسن قلندر قادریؒ مولف "تذکرہ غوثیہ" نے حضرت مولانا سید غوث علی شاہ قلندر قادری پانی پتیؒ سے بیعت کے لئے باصرار التماس کیا تو آپ نے فرمایا قصیدہ بردہ حفظ کر لو۔ جب حفظ کر لیا تو اس کی ترکیب ارشاد فرمائی۔ ارشاد کے بموجب رات کو پڑھ کر سو رہا تو خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قلندر صاحب کی مسجد میں نماز عصر پڑھاتے ہیں۔ میں بھی وضو کر کے جماعت میں شامل ہو گیا۔ بعد سلام قدم بوس ہوا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے قرآن مجید کا

marfat.com
Marfat.com

آخری پارہ عنایت فرمایا۔ بیدار ہو کر یہ کیفیت شاہ صاحبؒ سے عرض کی۔ فرمایا کہ "آج پھر پڑھو"۔ پھر پڑھا تو رات کو خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد مذکورہ میں نماز فجر پڑھاتے ہیں۔ میں بھی وضو کر کے نماز میں شامل ہو گیا۔ بعد سلام آپؐ نے پورا قرآن مجید اول الی آخر عنایت فرمایا۔ بعد بیداری یہ خواب بھی شاہ صاحب سے عرض کیا۔ آپ نے حکم دیا کہ آج پھر پڑھو۔ جب پڑھ کر سویا تو مجھ پر جو کچھ گزری وہ پورا واقعہ ملاحظہ فرمایئے "زیارت نبیؐ بحالت بیداری" حصہ اول از محمد عبد المجید صدیقی ایڈووکیٹ۔ ناشر۔ فیروز سنز لاہور۔ واقعہ نمبر ۵۴ صفحہ ۹۰ تا ۹۲ پر (تذکرہ غوثیہ صفحہ ۴۷۲)

۲۳۲۔ دوسرے چلے کے بعد حاجی سید عابد حسینؒ موسس دارالعلوم دیوبند نے ایک شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور صبح کو حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ وغیرہ کو بلا کر فرمایا کہ علم دین اٹھا جا رہا ہے کوئی تدبیر کرو تاکہ علم دین قائم رہے ورنہ پرانے عالم نہ رہیں گے اور کوئی مسئلہ بتانے والا نہ ملے گا۔ جب سے دہلی کا مدرسہ ختم ہوا ہے کوئی علم دین نہیں پڑھتا۔ سب نے کہا جو تجویز فرمائیں ہم کو منظور ہے۔ فرمایا چندہ کر کے مدرسہ قائم کرو اور ایک کاغذ پر اپنی رقم چندہ لکھ کر سامنے رکھ دیا اور فرمایا انشاء اللہ تعالیٰ ہر سال یہی چندہ دیتا رہوں گا۔ دیگر صاحبان نے بھی اسی کاغذ پر اپنی اپنی رقمیں لکھ دیں۔ اس کے بعد حاجی صاحبؒ باہر نکل کر جس کے مکان پر گئے اس نے آپ کی آمد باعث سعادت تصور کی اور شام تک چار سو ایک روپیہ آٹھ آنے جمع ہوئے اور مسجد چھتہ میں دارالعلوم کا افتتاح ہو گیا۔ ان ہی ایام میں ۸۲ھ میں خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت و تعین کے بعد حاجی صاحبؒ نے بنائے جامع مسجد تجویز فرمائی۔ حاجی صاحبؒ ہر جمعہ کو بعد نماز مغرب میلاد خوانی کراتے تھے جس میں کافی روپیہ صرف ہوتا تھا۔ پوری زندگی یہی معمول رہا (مخدوم صابر کلیریؒ از شبیر حسن چشتی نظامیؒ صفحہ ۲۰۴)

۲۳۳۔ دارالعلوم دیوبند والے حضرت حاجی سید عابد حسینؒ خلیفہ تھے حضرت

marfat.com
Marfat.com

میاں جی کریم بخشؒ کے اور آپ کے جد اعلیٰ شاہ بندگی محمد ابراہیم تھے جن کا مزار محلّہ سرائے پیرزادگاں قصبہ دیو بند میں ہے۔ حاجی صاحبؒ ۱۲۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔ شادی کے بعد اپنی اہلیہ محترمہ کو حضرت میاں جیؒ سے بیعت کرایا۔ تھوڑے ہی عرصہ بعد ان کا یہ حال ہو گیا کہ درود شریف پڑھتے ہی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضوری ہوتی تھی اور ان کی حالت اس درجہ عجیب و غریب ہو گئی کہ حاجی صاحبؒ خود ان سے فرمایا کرتے تھے کہ آج حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات عرض کرنا' فلاں معاملہ کی بابت بات کرنا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مخدومہؒ کو اپنے یہاں حاضر ہونے کا حکم دیا۔ چنانچہ ان کی وجہ سے حاجی صاحبؒ دو مرتبہ حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے۔ مگر دوسرے حج میں حضرت مخدومہؒ کا وصال ہو گیا۔ حاجی صاحب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا معاملہ بشر کے ساتھ اس وقت تک رہتا ہے جب تک بشریت ہے ورنہ عبادت کے لئے فرشتے بہت ہیں۔
(مخدوم صابر کلیریؒ از شبیر حسن چشتی نظامی صفحہ ۱۹۲)

۲۳۴۔ شاہ محمد حسین الہ آبادیؒ نے فرمایا کہ جب عوام کسی مستحب کو ضروری سمجھنے لگیں اور اس کے ترک پر ملامت کرنے لگیں تو اسے ضرور ترک کر دینا چاہئے۔ پس آپ مولود شریف پڑھتے لیکن قیام نہ فرماتے (حالانکہ پہلے قیام فرماتے تھے)۔ آپ کا سلسلہ نسب ۳۳ ویں پشت پر حضرت فاروق اعظمؓ اور ۲۹ پشت پر حضرت بابا فرید گنج شکرؒ سے جا ملتا ہے۔ فاروقی النسل تھے۔ والد بزرگوار کا نام شاہ تفضل حسینؒ تھا۔ اپنے نام کے ساتھ کبھی عمری کبھی فریدی اور کبھی محب الٰہی تحریر فرماتے تھے۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے خلیفہ تھے۔ چار مرتبہ حج کیا۔ تیسرے حج پر والد بزرگوار بھی ہمراہ تھے جو حاجی صاحبؒ سے بیعت تھے۔ حج کے موقع پر مکہ معظمہ ہی میں انتقال فرمایا اور جس قبر میں دفن کئے گئے اسی میں بعد کو حضرت حاجی صاحبؒ بھی دفن ہوئے۔ اسی لئے حضرت شاہ محمد حسین الہ آبادیؒ فرمایا کرتے تھے کہ میرے لئے اس قبر مبارک میں قبلتین دفن ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہو چکے تھے۔ سماع سے بے انتہا شغف تھا۔ ۸ رجب المرجب بروز دو شنبہ ۱۳۲۲ھ میں بوقت ۹ بجے صبح اجمیر شریف میں بحالت سجدہ

marfat.com
Marfat.com

حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے روضہ مبارک کے سامنے وصال فرمایا جب حقانی خاں قوال نے اپنی پارٹی کے ساتھ حضرت عبدالقدوس گنگوہیؒ کی مشہور غزل شروع کی جس کا مقطع ہے۔ ۔

گفت قدو سی فقیری درفناء و در بقاء
خود بخود آزاد بودی خود گرفتار آمدی

بس یہ مقطع سنتے ہی آپ پر ایک کیفیت طاری ہو گئی۔ اسی کیفیت میں جو سجدے میں گئے تو شہید عشق نے پھر سر نہ اٹھایا۔ "انا للہ و انا الیہ راجعون" درگاہ شریف حضرت خواجہ اجمیریؒ میں بمقام "چاریاری" قبر بنائی گئی۔ (سوانحہ حیات مولانا الحاج شہید عشق شاہ محمد حسین الہ آبادیؒ از قلم حافظ محمد الفاروقی الہ آبادی۔ فاضل مصر۔ صفحہ ۲۹۹ یہ کتاب ۱۳۵۴ھ میں الہ آباد (یو پی۔ بھارت) سے شائع ہوئی تھی)

۲۳۵۔ ابو الحسنات قطب الدین احمد کے بھانجے محمد احسنؒ ایک مرتبہ ۱۳۱۴ھ۔ ۱۸۹۶ء میں شب شہادت محرم الحرام کی دس تاریخ بعد نماز عشاء درود شریف وغیرہ معمول کے مطابق پڑھ رہے تھے کہ دفعتاً انہوں نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکان کے صحن میں رونق افروز ہیں اور یمین ویسار خلفائے راشدینؓ ایستادہ ہیں اور کنار مبارک پر امامین الشہیدین حضرات حسنینؓ و سید النساء خاتون جنت حضرت فاطمتہ الزہراءؓ بیٹھی ہیں۔ اس مشاہدہ سے حاجی صاحبؒ پر دیر تک ایک عالم بیخودی طاری رہا (رفع الوسوسہ و الاحتمال عن رویتہ النبیؐ بعد الارتحال با اہتمام ابو الحسنات قطب الدین احمد۔ حکایت نمبر ۱۵ صفحہ ۶)

۲۳۶۔ حاجی محمد احسنؒ فرماتے ہیں کہ بعد حج جب میں اپنے قافلہ کے ہمراہ جدہ ہو کر براستہ سمندر مدینہ طیبہ جانے لگا تو "انٹونا" نامی اگن بوٹ جسمیں ہم سوار تھے مخالف ہوا سے بے راہ ہو گئی۔ دو دن بے آب و دانہ گذر گئے۔ دوسرے دن میرے ایک ساتھی نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور خاتون جنت حضرت فاطمتہ الزہراؓ آپؐ سے عرض کر رہی ہیں کہ بابا جان کیا اپنے مہمانوں کو یوں ہی بھوکا پیاسا رکھئے گا۔ آپؐ نے کھانا تقسیم کرنے کا حکم فرمایا

marfat.com
Marfat.com

اور جناب سیدۃ النساءؓ نے خمیری روٹیاں اور گوشت کھانے کو دیا۔ یہ خواب دیکھ کر وہ حاجی جاگ اٹھے۔ تھوڑی ہی دیر بعد ہماری اگن بوٹ مع الخیر بندر ینبع پر جا لگی اور بازار سے خمیری روٹیاں اور گوشت کہ جیسا خواب میں دیکھا تھا خرید کر ہم لوگوں نے کھایا (رفع الوسوسہ ...... حکایت نمبر ۱۰۵ صفحہ ۴۳)

۲۳۷۔ ابھی قطب الاقطاب حضرت خواجہ قادر بخشؒ شکم مادر ہی میں تھے کہ ایک مرتبہ آپ کی والدہ محترمہ زہرا خاتونؒ نے بحالت خواب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ آپؐ نے فرمایا تیرے شکم سے قطب الاقطاب پیدا ہو گا۔ مبارک ہو۔ اس کا نام عبد القادر یا قادر بخش رکھنا۔ میں نے بموجب فرمان مبارک وہی دونوں نام رکھ دیئے۔ (لمعات کمالات قادریہ از منشی عاشق علی خاں کلانوری نقشبندی خالقیؒ۔ صفحہ ۱۳۱۔ بمبئی جوب پریس۔ چاوڑی بازار۔ دہلی ۱۹۳۴ء۔ ۱۳۵۴ھ)

۲۳۸۔ سکنہ جہانخیل ضلع ہوشیار پور کے ایک درویش نے بیان کیا کہ میں ہمیشہ دو بجے رات حضرت خواجہ قادر بخشؒ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ ایک روز قریب تین بجے خدمت میں پہنچا اور نماز تہجد کے نفل پڑھے۔ نوافل سے فارغ ہونے کے بعد حضرت خواجہ صاحبؒ نے نہایت شفقت سے میرے ہاتھ پکڑ کر فرمایا "فقیریا! آج تجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں لے چلوں۔ وضو کر کے آنکھیں بند کر لے"۔ میں نے فوراً" آنکھیں بند کر لیں اور مجھے سرور سا پیدا ہوا۔ میرے کانوں میں نہایت سریلی آوازیں آنے لگیں اور مجھ پر وجدانی کیفیت طاری ہو گئی۔ کچھ وقفہ بعد ایک وسیع میدان میں پہنچا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ بہت سے پاکیزہ صورت انسان وہاں جمع ہیں اور ایک مرصع تخت پر ایک نہایت ہی پر نور حسین و جمیل بزرگ جلوہ افروز ہیں۔ کسی نے کہا آپؐ ہی دنیا کے سب سے بڑے محسن و خیر خواہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور قرب میں صحابہ اکرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ہیں۔ یہ سن کر میں حضرت خواجہ صاحبؒ کے پائے اقدس پر گر پڑا (لمعات کمالات قادریہ صفحہ ۲۴۹)

marfat.com
Marfat.com

۲۳۹۔ میاں کریم شاہ راوت سکنہ لدھیانہ سے نقل ہے کہ میں خاندان چشتیہ میں بیعت تھا۔ مجھے اپنے مرشد سے بہت محبت تھی۔ سماع کا بہت شوق تھا۔ ایک مرتبہ حضرت خواجہ قادر بخش ایک مقدمہ کی تفتیش کے لئے زمانہ انسپکٹری میں لدھیانہ تشریف لائے۔ لوگوں نے آپ کی بزرگی کا ذکر کیا مگر میں یہی کہتا رہا کہ کہیں پولیس میں بھی ولی اللہ ہوتے ہیں۔ مجھے کسی ولی اللہ کو دیکھنے کی ضرورت نہیں لیکن تمام دن مجھے یہ خیال ضرور رہا کہ کسی سے ملے بغیر کیوں اظہار نفرت کیا۔

میرا یہ معمول تھا کہ بعد نماز مغرب قرآن خوانی کرتا اور عشاء کے بعد اکثر قوالی سنا کرتا تھا۔ اسی روز رات کو خواب میں دیکھا کہ ایک نہایت وسیع میدان میں فرش بچھا ہے اور میز کرسیاں رکھی ہیں۔ وہاں ہر قسم کی سواری آنا شروع ہو گئی۔ میں ہر ایک سواری کی بابت پوچھتا کہ یہ کس کی سواری ہے۔ سب سے پہلے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری آئی۔ اس کے بعد سواری کے متعلق جو معلوم کیا تو پتہ چلا کہ یہ حضرت خواجہ قادر بخش کی ہے جو اس زمانہ کے قطب الاقطاب اور یہاں پولیس انسپکٹر ہیں۔ اس کے بعد بہت سے اور بزرگ تشریف لائے اور اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کریم بخش کو بلاؤ۔ میں ادب سے فوراً حاضر خدمت ہوا۔

آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ قادر بخش قطب زمان کی شان میں تو کیا کہتا تھا کہ انسپکٹر کہاں اور اولیاء کہاں۔ اگر تیرا پیر زندہ ہوتا تو ضرور انسپکٹر صاحب سے بیعت کرتا۔ تجھ کو چاہئے کہ ان کی بیعت اختیار کرے۔

جب آنکھ کھلی تو سخت بے چین تھا۔ فوراً حضرت خواجہ صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ التجا کرنے پر آپ نے مجھ کو بیعت کر لیا اور ایسی توجہ دی کہ قلب روشن ہو گیا (لمعات کمالات قادریہ صفحہ ۲۰۴)

میں اپنے عزیز دوست اور ساتھی جناب گلزار احمد قریشی ایڈووکیٹ لاہور کا شکر گزار ہوں جنہوں نے کتاب "لمعات کمالات قادریہ مع معاون برکات خالقیہ" مجھے عنایت فرمائی۔

۲۴۰۔ حضرت سائیں توکل شاہؒ فرماتے ہیں کہ ایک فضیلت سلسلہء نقشبندیہ

marfat.com
Marfat.com

کی عالم رویا میں یہ دیکھی کہ ایک مرتبہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور بیٹھا ہوں اور آپ کے سینۂ مبارک سے چار نہریں نکل کر پورے عالم میں جاری ہیں۔ سیدنا ابوبکر صدیقؓ بھی وہاں تشریف فرما ہیں۔ ایک نہر اتنی بڑی ہے کہ وہ باقی تینوں نہروں کے برابر ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس بڑی نہر میں بیعت فرمایا ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اس نہر کا کیا نام ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا نقشبندی نہر یہی ہے۔ جس وقت بیعت کی قبولیت کے واسطے فرمایا تو میں نے عرض کیا کہ یہ طفیل اپنے میاں صاحب (قطب عالم شمس العارفین، محبوب نبیؐ قبلہ عالم حضرت خواجہ قادر بخش صاحبؒ) کے اس طریقہ کی بیعت قبول کی۔ یہ سن کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہوئے اور فرمایا یہی نہریں ہیں جو قیامت تک میری امت کے اولیاء میں جاری رہیں گی اور مجھ تک پہنچتی رہیں گی (ذکر خیراز خواجہ محبوب عالم صفحہ ۲۲۱۔ شیخ اللہ رکھا تو کلی ہاؤس۔ بلاک نمبر ۵ مکتبہ مجیدیہ۔ سرگودھا)

میں اپنے بزرگ ساتھی اور قدردان جناب ظہیر الاسلام فاروقی ایڈووکیٹ لاہور کا شکر گذار ہوں جنہوں نے مجھے مذکورہ بالا کتاب عنایت فرمائی۔

۲۴۱۔ سید نور محمد بدایونیؒ نے ایک مرتبہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ حق پہنچا کیسا ہے۔ آپؐ نے سکوت فرمایا۔ مجمع میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس مجلس میں موجود تھے۔ آپ نے فرمایا کہ ... ہے۔ (مقامات مظہریہ)

۲۴۲۔ ایک عالم حق پرست تھے۔ ان کے ایک دوست نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ تو اپنے دوست عالم سے کہہ دے کہ تو دوری دیتا ہے اور خبیث حق کا بھی مشغول کرتا ہے (تسہید الاقوال)

۲۴۳۔ ہندوستان کے دوسرے علاقوں کی طرح پنجاب میں بھی یہ تحریک عروج پر پہنچی ہوئی تھی۔ جس کی قیادت حضرت خواجہ محمد عبدالخالق نقشبندی مجددی پیر شریف لعل شہباز قطب الاقطاب خواجہ محمد ... کے بعد پنجاب

marfat.com
Marfat.com

میں تیرہ سو برس بعد قرآنی آیت "انکحوالایامی منکم" (اپنی بیواؤں کے نکاح کرو) پر راجپوت مسلمان راضی ہوئے۔ کلانور میں ۲۳ شعبان المعظم ۱۳۰۹ھ کو اس سلسلہ میں تیسرا جلسہ ہوا۔ صوفیائے اکرام اور اولیائے عظام جو اس جگہ جمع تھے ان ہی میں سے بعض نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور جب دعا کی جاتی ہے تو آمین فرماتے ہیں اور آپؐ کا چہرۂ انور نہایت شاداں و فرحاں ہے۔ ان بزرگ ہستیوں نے اپنے چند احباب کو بتایا کہ یہ وقت عین مقبولیت کا ہے۔ تھوڑے ہی عرصہ میں اس کا ظہور ہوگیا اور جو دعا مانگی گئی مقبول بارگاہ الٰہی ہوئی۔ حضرت خواجہ محمد عبدالخالقؒ فرماتے ہیں کہ رات کو میں نے عالم رویا میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپؐ بہ نفس نفیس مع صحابہ کرامؓ مہمانوں کے سامنے طشتریاں رکھ رہے ہیں اور دعا فرما رہے ہیں کہ اے اللہ تو اس کار خیر کو بخیر و خوبی انجام دے۔ میں نے یہ خواب منتظمین کو سنایا اور ہدایت کر دی کہ بارہ گاؤں کے علاوہ جو جو حاضرین جلسہ ہیں ان کو بھی کھانے میں شریک کیا جائے۔ کمیٹی نے میرے کہنے کے مطابق عمل کیا۔ لیکن اہل کلانور کے کسی ایک بچے تک نے کھانے کو ہاتھ نہ لگایا۔ اس لئے ہزارہا لوگوں کا کھانا بچ گیا جس سے سب لوگ نہایت متعجب ہوئے (معادن تبرکات خالقیہ صفحہ ۳۱۶ تا ۳۱۷)

قطب الاقطاب حضرت خواجہ قادر بخشؒ ۱۷ شوال المکرم بروز شنبہ ۱۲۳۷ھ ساعت سعید میں تولد ہوئے۔ تاریخ ولادت ۱۸۲۲ء آپ کے اسم مبارک خواجہ قادر بخش سے عیاں ہے۔ بچپن میں آپ کے والد ماجد حضرت دیدار بخشؒ کا وصال کشمیر میں ہوگیا تھا۔ مزار مبارک پنجابی پیر کے نام سے کشمیر میں مشہور ہے۔ فوج اور پولیس میں ملازم ہونے کے باوجود قطب الاقطاب تھے۔ آخر عمر میں دنیا سے کنارہ کش ہوکر کوٹ عبدالخالق (ہوشیار پور ضلع) میں جہاں اب مدرسہ و یتیم خانہ بنا ہوا ہے قیام فرمایا جو خواجہ صاحبؒ کی جدی جائیداد ہے۔ صرف ۳۵ سال کی مختصر عمر پائی۔ مزار مبارک کوٹ عبدالخالق میں یتیم خانہ خالقیہ کے ہائی اسکول کی پشت پر ہے۔ آپ کے وصال کے بعد آپ کے صاجزادے قطب زماں خواجہ محمد عبدالخالقؒ (۱۸۵۱ء تا ۱۹۳۱ء) جن کی عمر اس وقت صرف سات سال کی تھی مسند ارشاد پر جلوہ افروز ہوئے۔

marfat.com
Marfat.com

۲۴۴۔ حضرت سید نور الحسن شاہؒ خلیفہ مجاز قطب زمان حضرت میاں شیر محمد شرقپوریؒ نے فرمایا کہ لاہور میں ایک لڑکا تھا۔ اس کو چھوٹی عمر میں درود شریف پڑھنے کا شوق ہو گیا اور اکثر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضوری حاصل ہونے لگی تھی۔ ہمارے احباب کو اس کا علم ہوا تو چونکہ ان دنوں مرزائی تحریک زوروں پر تھی اس لئے برادرم محمد اسحاق' مہر جلال الدین' بابا الہ دین اور شیخ مظفر الدین وغیرہ کو خیال آیا کہ اس لڑکے کے ذریعہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت میں عرض کر کے دریافت کیا جائے کہ مرزا غلام احمد قادیانی کی بابت آپؐ کا فرمان مبارک کیا ہے۔ چنانچہ یہ تمام حضرات اس لڑکے کے پاس اسلامیہ پریس میں گئے جہاں وہ کام کرتا تھا اور اظہار مدعا کیا۔ لڑکے نے جواب دیا کہ یہ میرے بس کی بات نہیں۔ کسی وقت تو جب حضور ہوتا ہے جس بات کے دریافت کرنے کا خیال ہو یاد رہتی ہے اور کبھی یاد نہیں رہتی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خود ہی جس بات کا جواب دینا منظور ہوتا ہے دے دیتے ہیں ورنہ از خود میں عرض نہیں کر سکتا۔ اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا تو کسی وقت خود ہی فرما دیں گے۔ چنانچہ ایک دو مرتبہ تو اس لڑکے سے یہی جواب ملا کہ حضور تو ہوا لیکن اس کے متعلق کوئی بات نہیں ہوئی۔ کچھ عرصہ بعد ایک دن اتفاقاً" بازار میں اس لڑکے سے ملاقات ہو گئی تو کہنے لگا آپ کی وہ بات ہو گئی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ مرزا غلام احمد کے متعلق جس کو اتنا بھی خیال ہو کہ شاید سچا ہے یا جھوٹا میں اس کی بھی شفاعت نہیں کروں گا بلکہ جو اس کو مسلمان سمجھے وہ بھی دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ (انشراح الصدور یعنی سوانح حیات سید نور الحسن شاہ صاحبؒ از سید منیر حسین شاہ جاکالویؒ خادم آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف ضلع گجرانوالہ صفحہ ۱۴۰ تا ۱۴۱)

۲۴۵۔ بغداد شہر کی ایک سیدانی پندرہ برس اس قدر بیمار رہی کہ نشست و برخاست سے مجبور ہو گئی۔ زندگی سے عاجز آ کر موت کی خواستگار تھی کہ ایک رات خواب میں دیکھا کہ ایک نورانی شخص تشریف لائے۔ سیدانی ان کو دیکھ کر گھبرا گئیں

marfat.com
Marfat.com

اور کہا آپ میرے پاس تنہائی میں کیوں آئے حالانکہ ایک اجنبی مرد کو اجنبی عورت کے پاس تنہا بیٹھنا حرام ہے۔ انہوں نے فرمایا میں اجنبی نہیں بلکہ تیرا باپ ہوں۔ سیدانی سمجھیں کہ شاید حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہیں۔ یہ خیال کر کے کہا یا امیرالمومنین آپ میری حالت دیکھتے ہیں۔ فرمایا میں تیرا باپ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوں۔ سیدانی یہ سنتے ہی رونے لگیں اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میری حالت پر رحم فرمایئے اور مجھ کو تندرست کرایئے۔ آپؐ نے کچھ پڑھنا شروع کیا۔ پھر اپنا دست مبارک بڑھا کر مجھے اٹھا کر بیٹھا دیا اور فرمایا کہ اللہ کے حکم سے کھڑی ہو جا۔ میں نے عرض کیا کہ میں کھڑی نہیں ہو سکتی۔ آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھ کو کھڑا کر دیا اور فرمایا تجھ کو اس وقت سے صحت ہے۔ وہ سیدانی اسی وقت اچھی ہو گئیں اور پورے بغداد میں یہ واقعہ مشہور ہو گیا (بغیتہ ذوی الاحلام)

۲۴۶۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ میں بقصد حج بیت اللہ چلا۔ جب مدینہ طیبہ میں داخل ہوا تو خرچ بالکل ختم ہو گیا اور فاقہ کرنے لگا۔ میں روضۂ اطہر کے قریب گیا اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں آپؐ کا مہمان ہوں اور اللہ کی راہ کا مسافر۔ میری مدد فرمایئے۔ قبل نماز عصر مجھے نیند آ گئی۔ خواب میں دیکھا کہ قبر مبارک شق ہو گئی اور تین صاحب اس میں سے برآمد ہوئے۔ ایک ان میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ میں نے سلام عرض کیا۔ ایک صاحب میرے قریب تشریف لائے اور فرمایا بیٹھ جا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حاجیوں میں کھانا تقسیم فرما رہے ہیں۔ میں نے عرض کیا میں بھی ایک بیکس ہوں۔ اتنے میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور مجھے کچھ کھانا عنایت فرمایا۔ میں نے حالت خواب ہی میں اسے کھانا شروع کر دیا۔ جب بیدار ہوا تو اپنے منہ میں عمدہ کھانا پایا اور ایک شخص نے بلا معاوضہ اپنی سواری پر بیٹھا کر مجھے مکہ مکرمہ پہنچا دیا۔ (بغیتہ ذوی الاحلام)

۲۴۷۔ امام عبداللہ یافعیؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک جماعت صالحین کی ہے۔ اس میں میں بھی بیٹھا ہوا ہوں۔ یک دم حضرت

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور کوئی چیز اپنی چادر میں سے نکال کر اس جماعت کو دی۔ میں نے غور سے دیکھا تو وہ سبز پھل (فواکہات) تھے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میرا حصہ بھی عطا ہو۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ میرے پیچھے چلا آ۔ میں آپؐ کے پیچھے ہو لیا۔ ایک مکان میں آپؐ داخل ہوئے اور وہاں سے ایک محراب پر چڑھے۔ میں بھی چڑھا۔ میں نے دیکھا کہ اس محراب (طاق۔ الماری) میں وہ فواکہات رکھے ہیں۔ ان میں سے دو مٹھی فواکہات آپؐ نے مجھے دیئے۔ اسی محراب میں مجھے دو سبحہ بھی رکھی ہوئی نظر آئیں (النزہۃ)

سبحہ (تسبیح) پڑھنا بدعت نہیں۔ حضرت ابوہریرہؓ نے وانے پروئے ہوئے تھے۔ آپ کے پاس ایک ڈورا تھا جس میں دو ہزار گرہیں (گانٹھیں) تھیں۔ اس پر آپ وظیفہ پڑھتے تھے۔ گٹھلیوں اور کنکریوں پر صحابہ کرامؓ اور امہات المومنینؓ نے وظیفے پڑھے ہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ تسبیح عمدہ یاد دلانے والی ہے۔ اسی لئے تسبیح کو مذکرہ بھی کہتے ہیں۔ ہندی میں سمرن اور مالا۔ افضل یہ ہے کہ انگلیوں پر وظیفہ پڑھے کہ کل روز قیامت یہ انگلیاں گواہی دیں گی۔

۲۴۸۔ ابو محمد عبداللہ بن سعد یافعیؒ عدن میں پیدا ہوئے۔ ۷۶۸ھ میں وفات پائی۔ جنت المعلیٰ میں حضرت فضیل بن عیاضؒ کے قریب دفن کئے گئے۔ روایت ہے کہ بعض صالحین نے جو مکہ معظمہ کے مجاور تھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ باب بنی شیبہ سے داخل ہو رہے ہیں اور آپؐ کے آگے امام عبداللہ یافعیؒ اور شیخ احمد بن جعدؒ ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کے ہاتھ میں ایک علم ہے جس کو وہ اٹھائے ہوئے ہیں۔ خواب دیکھنے والے نے کہا میں ان کے پیچھے چلا یہاں تک کہ وہ کعبہ مشرفہ پہنچے جہاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی (محاسن الحسنین فی حکایات الصالحین مؤلفہ سید ذوالفقار احمد نقوی سارنگپوری صفحہ ۹)

۲۴۹۔ ایک صالحہ خاتون نے جو مکہ معظمہ میں مجاور تھیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ شیخ ابو محمد عبداللہ بن سعد یافعیؒ کے

marfat.com
Marfat.com

مکان کے دروازے پر کھڑے ہیں اور با آواز بلند فرما رہے ہیں کہ اے یافعی میں تیرے لئے اللہ تعالیٰ پر اس بات کا ضامن ہوں کہ بیشک تو مثل احد العمرین کے ہے۔ ایک حضرت عمرؓ بن الخطاب اور دوسرے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ اور اس بات کو آپؐ نے تین مرتبہ فرمایا۔ بہ سبب تیرے عمل کے جو یہ ہے اور اپنے دست مبارک سے جماعت فقراء کی طرف اشارہ کیا جو کہ دروازہ کے قریب تھے اور ان سے کچھ کھانے کا سوال کر رہے تھے۔ وہ خاتون کہتی ہیں میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بال آپؐ کے دونوں کانوں کی لوؤں تک دیکھے۔ بالوں سے پانی ٹپک رہا تھا اور آپؐ پر سرخی مائل چادر تھی (محاسن المحسنین فی حکایات الصالحین صفحہ ۱۰)

۲۵۰۔ بعض صالحین نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ شیخ ابو محمد عبداللہ بن سعد یافعیؒ کے منہ میں کھجور دے رہے ہیں اور آپؐ کے ہمراہ حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ ہیں اور آپؐ ان کو تمر مرجوز کے لقمے دے رہیں۔ یہ خواب امام یافعیؒ کے زمانہ حیات میں دیکھا تھا۔ جب صبح ہوئی تو دیکھنے والا آپ کے پاس آیا اور خواب بیان کیا۔ ایک شخص کہ فقراء میں سے تھا اور آپ کا ہم نشین تھا کھڑا ہوا اور کہا اے عبداللہ یافعیؒ چونکہ تم درمیان خوف و رجاء کے تھے اس لئے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم کو رطب (کھجور) عنایت فرمائے اور دونوں امیرالمومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ایمان قوی تھا ان کو تمر مرجوز عنایت ہوئے (محاسن المحسنین فی حکایات الصالحین صفحہ ۹)

۲۵۱۔ حضرت شیخ محمود زاہد مرغانیؒ کا لقب جلال الدین تھا۔ علم ظاہری میں شاگرد جلال الدین بردیؒ کے تھے۔ ہمیشہ زہد و ریاضت میں مشغول رہتے تھے۔ کہتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کو فیض باطنی حاصل ہوا تھا اور خلق کثیر کو آپ کی ذات گرامی سے فیض پہنچا تھا۔ وفات ذی الحجہ ۷۷۸ھ کو ہوئی
(تواریخ الاولیاء از امام الدین ۴۳۹)

۲۵۲۔ سید سکندر بن سید مسعودؒ کا سلسلہ سید ابراہیم بن حضرت امام موسیٰ کاظمؓ بن امام جعفر صادقؓ سے جا ملتا ہے۔ مرید و خلیفہ مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ کے

marfat.com
Marfat.com

تھے۔ خورد سالی سے حضرت مخدومؒ اور ان کی والدہ بی بی مریمؒ کی خدمت میں رہا کرتے تھے۔ ایک شب حضرت مخدومؒ نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اے مخدوم تو نے عہد کیا ہے کہ سید زادے سے خدمت نہ لے گا۔ پھر تو نے سید زادے کو خدمت میں رکھ چھوڑا ہے۔ حضرت مخدومؒ نے عرض کیا کونسا سیدزادہ میری خدمت میں ہے۔ اس کا کیا نام ہے۔ آپؐ نے فرمایا اس کا نام سید سکندر بن سید مسعود ہے۔ صبح خادموں سے ڈھونڈوا کر آپ کو پاس بلایا۔ پوچھا تم نے کیوں ظاہر نہ کیا کہ میں سید ہوں۔ فرمایا مرشد کے حضور اپنے خاندان کا فخر ظاہر کرنا بے ادبی سمجھا تھا۔ حضرت مخدومؒ بے حد خوش ہوئے اور کمال محبت سے آپ کی تربیت کر کے عرصہ قلیل میں توجہات ظاہری و باطنی سے فیوضات صوری و معنوی میں ممتاز کر کے درجہ ولایت پر پہنچا دیا۔ پھر اجازت خلافت عطا فرمائی اور تمام بزرگوں کے برکات اور نشانی اور ایک کلام اللہ خاص تلاوت کا اور شجرۂ حسینی و نسبی اپنا عنایت فرمایا اور اپنا خرقہ پہنایا اور اپنا تاج آپ کے سر پر رکھا اور پالکی میں بٹھا کر تمام قصبہ اچ کے محلوں میں پھرایا تاکہ سب کو معلوم ہو جائے کہ سجادہ نشین حضرت مخدومؒ کے ہیں اور زبان مبارک سے فرمایا "اساں بھی مخدوم جہانیاں اور توساں بھی مخدوم جہانیاں" اس دن سے سید سکندر لقب بہ مخدوم جہانیاں ہوئے۔ پھر آپ کو دہلی میں سلطان فیروز کے پاس بھجوایا اور تاکید کی کہ شہر منگور ضلع راج کوٹ کا راجہ کنور پال کافر ہے۔ اس کو اسلام کی دعوت دو اگر قبول نہ کرے تو جنگ کرو۔ اللہ تعالیٰ فتح عنایت فرمائے گا۔ وہاں رہ کر مخلوق کو ہدایت کرو۔ شہر منگور ۷۷۰ھ میں فتح ہوا۔ وفات عمر ۷۵ سال ۱۰ ربیع الاول ۸۲۵ھ کو شہر منگور میں ہوئی۔ فہرست تبرکات جو منگور میں موجود ہے یہ ہے:-

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیرہن مبارک اور ایک نشان۔ ایک نشان حضرت علیؓ۔ ایک نشان پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ۔ سید احمد کبیرالدولہ مخدوم جہانیاںؒ کے تین نشان۔ حضرت ابو اسحاق ابراہیم گاز رونیؒ کی انگشتری و نشان۔ ایک نشان حضرت لال شہباز قلندرؒ۔ مصلا حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریاؒ۔ پاجامہ حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلیؒ۔ قرآن مجید و شجرۂ حسینی، خرقہ، دلق، تاج، دستاویز اور پالکی

marfat.com
Marfat.com

حضرت مخدوم جہانیاںؒ۔ موزہ حضرت شیخ رکن الدین ملتانیؒ۔ لنگی حضرت سید راجن قتالؒ (سید صدر الدین المعروف راجن قتال بڑے صاحب اثر بزرگ گزرے ہیں۔ آپ نے چونکہ بے حد ریاضتیں و مجاہدے کئے ہوئے تھے اس لئے قتال یعنی نفس کو قتل کر دینے والے مشہور ہوئے۔ آپ حضرت مخدوم جہانیاں جہان گشتؒ کے بھائی اور خلیفہ اعظم تھے (تواریخ الاولیاء جلد دوم از امام الدین صفحہ ۳۴۰ تا ۳۴۴)

۲۵۳۔ حضرت مخدوم جہانیاں جہان گشتؒ نے مکہ مبارکہ میں خواب دیکھا کہ مخلوق اوچ کی ایک جماعت تیغ و تیرو سپر کے ذریعہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محاربہ کرتی ہے۔ پس حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روئے مبارک میری جانب کر کے فرمایا "**ولدی ابصر کیف یفعلون**" یعنی اے فرزند دیکھ تو یہ خلق اوچ کس طرح میرے ساتھ محاربہ کرتی ہے۔ بات یہ تھی کہ اوچ کے کچھ لوگ بدعتوں میں مشغول تھے۔ پس آپ نے مکہ مکرمہ سے خواب والی یہ حدیث مع خواب کے واقعہ کے اوچ بھجوا دی اور لوگوں کو بدعتوں سے منع کیا جس پر انہوں نے بدعتوں کو چھوڑ دیا (**الدرالمنظوم** فی ترجمہ "**ملفوظ المخدوم**" جلد اول صفحہ ۲۷۰۔ حضرت سید جلال الدین مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ کے ملفوظات ۱۳۰۹ھ میں شائع ہوئے جن کو حضرت علاؤ الدین بن احمد حسینیؒ نے مرتب کیا تھا)

۲۵۴۔ حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ نے فرمایا کہ شیخ نجم الدین صفاہانیؒ جس وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کرتے تو سلام کا جواب سنتے تھے۔ ایک دن حضرت مخدومؒ شیخ مدینہ حضرت عبداللہ مطریؒ کی خدمت میں حاضر تھے کہ وہ عین مجلس میں اٹھ کر کھڑے ہو گئے۔ میں نے دریافت کیا کہ اے شیخ آپ کیوں کھڑے ہو گئے۔ فرمایا شیخ نجم الدین صفاہانیؒ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیج رہے ہیں اور سلام کا جواب سن رہے ہیں (ملفوظات جہانیاں جہاں گشت جلد دوم صفحہ ۶۱۵)

۲۵۵۔ حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ کے دادا سید جلال الدین شاہ سرخ بخاریؒ ۱۲۴۴ء میں اچ (اوچ۔ اچہ) تشریف لائے۔ اس زمانہ میں اس کا نام دیوگڑھ

marfat.com
Marfat.com

تھا۔ اور یہ ہندوؤں کی بستی تھی۔ پنجاب کے پانچ دریاؤں کے سنگم (پنج ند) کے قریب یہ قصبہ بہت جلد مغربی پنجاب میں ملتان کے بعد اشاعت اسلام کا دوسرا بڑا مرکز بن گیا۔ سید جلال الدین شاہ بخاریؒ کا وطن بخارا تھا۔ آپ حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ کے خلیفہ تھے۔ ہندوستان کے بخاری سیدوں کا سلسلہ آپ پر ختم ہوتا ہے۔ اچ شریف میں بعمر ۹۵ سال ۱۲۹۱ء میں وصال فرمایا۔ وہیں مزار ہے جب مدینہ طیبہ تشریف لے گئے تو روضہء پاک پر پہنچے اور با آواز بلند فرمایا۔ "اسلام علیکم یا جدی امجدی"۔ روضہء منور (علی صاحبہا صلوٰۃ" وسلاما") سے فورا جواب آیا "وعلیکم السلام یا ولدی قرۃ عینی" (تحفۃ الابرار صفحہ ۱۷)

۲۵۶۔ حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ جب مکہ معظمہ سے بعد ادائے حج مدینہ طیبہ پہنچے تو کلید برداروں سے کہا کہ دروازہ روضہء شریف کھولو۔ انہوں نے کہا اس وقت زیارت کے واسطے دروازہ نہ کھلے گا مگر آل رسول کے واسطے آپ نے فرمایا میں آل رسول ہوں۔ انہوں نے کہا آل رسول کا رنگ ایسا نہیں ہوتا۔ فرمایا یہ آفتاب کی گرمی کی وجہ سے ایسا ہو گیا ہے۔ غرض اس گفتگو کے دوران تمام علمائے سادات و مشائخ جمع ہو گئے اور دروازہ کے پاس جا کر آپ نے فرمایا "السلام علیکم یا جدی۔" روضہء اطہر (علی صاحبہا صلوٰۃ" وسلاما") سے اسی وقت جواب آیا "وعلیکم السلام یا احسن ولدی"۔ تب خدام نے عذر خواہی کی اور نذرانہ نقد و جنس لائے مگر آپ نے قبول نہ فرمایا۔ البتہ تبرکا" قدم شریف کی علامت اور ایک علم و نشان خاص وہاں سے لے لیا۔ شیخ عبداللہ مطریؒ قطب شہر مدینہ طیبہ کی ملاقات کو گئے۔ انہوں نے پوچھا کہ تم سید جلال الدین شاہ سرخ بخاریؒ کے پوتے ہو۔ فرمایا جی ہاں۔ تب انہوں نے فرمایا تمہاری امانت ایک پیراہن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا میرے پاس ہے۔ وہ لا کر دیا اور فرمایا الحمد للہ تمہاری امانت تم کو پہنچی۔ شہر دہلی آئے۔ سلطان فیروز آپ کا مرید تھا۔ تمام تبرکات اپنے سر پر رکھ کر شہر میں لایا۔ آپ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قدم شریف بادشاہ کو عنایت فرمایا چنانچہ آج تک جامع مسجد دہلی کے متصل اس کا مکان بنا ہوا ہے (تواریخ الاولیاء جلد دوم از امام الدین صفحہ ۳۳۷)

marfat.com
Marfat.com

حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ نے اپنے دادا سے زیادہ نام پیدا کیا۔ اسم مبارک سید جلال دین حسین تھا۔ ۱۴ شعبان المعظم ۷۰۷ھ میں اوچ شریف میں پیدا ہوئے۔ چونکہ آپ کا بہت زیادہ وقت سیر و سیاحت میں گذرا اس لئے مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ کے نام سے مشہور ہوئے۔ اس دوران ۳۶ حج کئے اور متعدد بزرگوں سے فیض پایا۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر پر شدت سے عامل تھے اور دوسرے سہروردی بزرگوں کی طرح غیر شرعی امور سے اجتناب کرتے تھے۔ روہڑی کے قریب ایک غار میں ایک درویش رہتا تھا اور کہتا تھا اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نماز معاف کر دی ہے۔ میرے پاس جبرلؑ آتے ہیں اور بہشتی کھانا کھلاتے ہیں وغیرہ۔ آپ نے اس کو بتایا کہ وہ شیطان ہے۔ اس سے توبہ کرائی اور قضا نمازیں پڑھوائیں۔ اسی طرح اچ میں ایک شخص وارد ہوا جو اپنے کو ولی اللہ کہتا تھا۔ بے حد لوگ اس کے معتقد ہو گئے۔ آپ بھی اس سے ملنے گئے تو کہنے لگا "سید صاحب ابھی ابھی حق تعالیٰ میرے پاس سے اٹھ کر گیا ہے" (نعوذ باللہ) یہ سن کر آپ غضبناک ہو گئے اور اس کو شہربدر کرا کر دم لیا۔ آپ کا فیض ہندوستان کے تمام علاقوں میں پھیلا۔ اس سرزمین میں سلسلہ سہروردیہ کے عظیم بزرگ گذرے ہیں۔ والد بزرگوار کا نام سید احمد کبیر سہروردیؒ تھا۔ آپ کے پوتے اور پڑپوتے حضرت قطب عالم اور شاہ عالم کے مزارات احمد آباد گجرات میں مرجع خاص و عام ہیں۔ فیروز شاہ تغلق آپ کا انتہا درجہ احترام کرتا تھا۔ آپ نے بعمر ۷۸ برس ۱۱ ذی الحجہ ۷۸۵ھ ۱۳۸۴ء کو وصال فرمایا۔ اچ شریف میں مزار مبارک زیارت گاہ عالم ہے۔

۲۵۷۔ حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ ان کی جانب متوجہ ہوئے اور فرمایا "عظ فقدطلعت الشمس من مغربھا" (یعنی اے فرزند تو وعظ کو مقرر کر۔ قریب ہے کہ سورج مغرب سے نکلے)۔ حرف "قد" یہاں واسطے تقرب کے ہے (ملفوظات حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ حصہ اول صفحہ ۳۷)

۲۵۸۔ حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ نے فرمایا کہ جس وقت مدینہ

marfat.com
Marfat.com

شریف میں تھا تو روضہء اقدس (علی صاحبہا صلوٰۃ" وسلاما") پر حاضری دیتا۔ پائنتی کی طرف جا کر سلام عرض کرتا اور اسی جگہ نماز میں مشغول ہو جاتا تھا۔ زیارت کرنے والے میرے آگے سے گزرتے رہتے تھے۔ میں نے روضہء مبارک سے آواز سنی "ولدی لا تقم بین یدی زواری" (یعنی اے فرزند تو کھڑا نہ ہو واسطے نماز کے روبرو میرے زائروں کے)۔ پس میں اس جگہ سے دور ہو گیا اور گوشہ روضہ میں دیوار کے سامنے مشغول ہو گیا کیونکہ میں نے تحقیق کر لیا کہ وہ آواز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تھی اور یہ بات دن میں بحالت بیداری میں تھی اور اس آواز کو مدینہ طیبہ کے شریفوں نے بھی سنا تھا۔ یہ خبر مشہور ہوئی اور لوگوں نے یقین کر لیا کہ میں سید ہوں جس کی شہادت خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے۔
(ملفوظات حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت" حصہ دوم صفحہ ۲۷۱)

۲۵۹۔ شیخ مظفر بلخی" مرید و خلیفہ تھے شیخ شرف الدین یحییٰ منیری" کے۔ حضرت شرف الدین" کے مریدوں کی تعداد ایک لاکھ سے زیادہ تھی جن میں تین سو محبوب اللہ اور تین سو واصل تھے۔ شیخ مظفر بلخی" ان ہی میں سے ایک ہیں۔ حج بیت اللہ سے فارغ ہو کر ہندوستان واپس آ رہے تھے کہ اطلاع ملی کہ آپ کے پیر و مرشد کا وصال ہو گیا۔ سخت صدمہ ہوا اور سوچا کہ ہندوستان نہ جاؤں۔ اسی وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی کہ ہندوستان جاؤ اور پھر فرزندوں کے ہمراہ آنا۔ غرض آپ آئے اور دوبارہ مکہ معظمہ تشریف لے گئے وہیں سکونت اختیار کی اور ۷۸۸ھ میں مکہ شریف ہی میں وفات پائی (تواریخ الاولیاء جلد دوم صفحہ ۲۴۳)

۲۶۰۔ مولانا یعقوب چشتی" دولت آباد (دکن۔ بھارت) سے رخصت ہو کر پٹن (گجرات۔ بھارت) پہنچے۔ چشتیہ طریقہ کے پیرو تھے۔ کمال الدین نے جو کہ قاضی شہر تھا آپ کو سماع کی محفلوں کی وجہ سے شہربدر کر دیا تھا۔ آپ حرمین شریفین چلے گئے اور بعد حج بیت اللہ مدینہ شریف میں سکونت اختیار کی۔ چند روز بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بشارت ہوئی کہ ولایت گجرات آپ کے حوالہ کی وہاں جایئے۔ قاضی شہر پٹن جو امر مباح کا مانع تھا اب آپ کا مرید و معتقد ہو

marfat.com
Marfat.com

گا۔ آپ اس کو خلافت سے سرفراز کیجئے۔ پس آپ دوبارہ پٹن آ گئے۔ قاضی صاحب اور علماء آپ کے تصرفات اور کمالات دیکھ کر آپ کے معتقد ہوئے اور قاضی صاحب' حسن عقیدت سے مرید ہوئے اور آپ کی چند روز کی توجہ سے کامل ہوئے اور خرقہ حاصل کیا (تذکرہ اولیاء دکن جلد دوم صفحہ ۱۱۲۰) آپ کا وصال ۱۲ جمادی الاخر ۸۰۰ھ میں ہوا۔ قبر مبارک پیران پٹن (گجرات) میں ہے۔ تاریخ وفات لفظ "معشوق فرد" سے نکلتی ہے (تواریخ الاولیاء جلد دوم صفحہ ۴۸۹)

۲۶۱۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تربت مبارک پر زار زار روتا تھا اور عرض کرتا تھا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں نے اپنے بیٹے کو آپؐ کے سپرد کیا۔ آپؐ ہی اس کو پھر مجھ سے ملا دیں۔ ان بزرگ نے اس سے احوال دریافت کیا۔ کہنے لگا جب میں جدہ سے چلا تو میرا فرزند میرے ساتھ شغدف پر سوار تھا۔ قضائے حاجت کے لئے نیچے اترا۔ بس اسی وقت سے غائب ہے۔ وہ بزرگ فرماتے ہیں کہ دو سال بعد اسی شخص سے مصر میں میری ملاقات ہوئی۔ میں نے اس لڑکے کا حال دریافت کیا تو بتایا کہ حق تعالیٰ نے مجھ کو اس سے ملا دیا۔ اس کا قصہ یہ ہے کہ ایک قوم کے اونٹ چراتا تھا۔ اس قوم میں ایک بی بی نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ حکم فرما رہے ہیں کہ فلاں مصری لڑکے کو اس کے گھر پہنچا دے۔ اس نے تلاش کر کے یہاں پہنچا دیا (.حیتہ ذوی الاحلام)

شغدف کا اس زمانے میں عرب میں عام رواج تھا۔ محمل کی ایک قسم جسکی شاہانہ انداز میں آراستگی کی جاتی تھی۔ جھونپڑی نما ہوتی تھی جس کو لیٹنے بیٹھنے کے لئے اونٹ کی پیٹھ پر جما دیتے تھے۔

۲۶۲۔ حضرت شیخ احمد کھٹوؒ چند بزرگوں کے ہمراہ مدینہ طیبہ تشریف لے گئے۔ روضہء اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") کی زیارت کر کے مسجد میں فروکش ہو گئے۔ آپ کے رفقاء کھانے کی تدبیر کرنے لگے۔ آپ نے فرمایا ہم آج حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مہمان ہیں۔ ساتھی کھانا تیار کر کے کھا کر سو گئے۔ آپ ذکر و

marfat.com
Marfat.com

شغل میں مشغول رہے۔ آخری رات کو ایک شخص آیا اور ندا دی کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مہمان کون ہے؟ آپ خاموش رہے۔ شخص مذکور نے دوبارہ پکارا۔ آپ اٹھ کر دروازے پر پہنچے۔ شخص مذکور ایک طبق کھجوروں سے بھرا ہوا ہاتھ میں لئے کھڑا تھا۔ آپ نے اپنا دامن پھیلا دیا۔ اس نے وہ کھجوریں آپ کے دامن میں ڈال دیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ اس قدر شیریں اور لذیذ کھجوریں پہلے کبھی نہ کھائی تھیں (تذکرۂ اولیاء دکن جلد اول صفحہ ۱۱۲)

۲۶۳۔ حضرت شیخ احمد کھٹوؒ سے نقل ہے کہ آپ مدینہ طیبہ سے رخصت کے وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مقدسہ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" وسلاما") پر حاضر ہوئے۔ وہاں کے خادم نے آپ کو ایک دستار طولا" دس ہاتھ برنگ سیاہ پیش کی۔ آپ نے خادم سے کہ میرے مرشد حضرت بابا اسحاق مغربیؒ ہمیشہ سر پر کلاہ رکھتے تھے اور سر پر کبھی دستار نہیں باندھی۔ خادم نے کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہی بشارت دی ہے۔ پس آپ نے اس دستار کو آنکھوں پر رکھ کر سر پر باندھ لیا (تذکرۂ اولیائے دکن جلد اول صفحہ ۱۱۵) (تواریخ الاولیا جلد دوم صفحہ ۲۸۰ تا ۲۸۱) (محبوب ذوالمنن جلد اول از مولوی ابو تراب محمد عبدالجبار خان۔ صدر مدرس عربی و فارسی مدرسہ اعزہ۔ حیدر آباد دکن صفحہ ۱۱۳)

حضرت شیخ احمد کھٹو کے بزرگ دہلی کے رہنے والے تھے۔ ۷۳۷ھ میں پیدا ہوئے بچپن دہلی میں گزرا۔ ۸۴۹ھ میں بعمر ۱۱۲ سال سرکھیج (مضافات احمد آباد) میں وصال پایا۔ گجرات (کاٹھیاواڑ۔بھارت) کے بڑے مشائخ سے ہیں۔ بابا اسحاق مغربیؒ ولی کامل کے پاس پرورش پائی اور خلافت حاصل کی۔ حضرت خضرؑ کے اشارہ پر ۸۱۰ھ میں شہر احمد آباد کی بناء ڈالی۔ احمد آباد کی جامع مسجد کی بناء ۸۱۲ھ میں ڈالی الفاظ "خیر اور بخیر" کے اعداد (۸۱۰ ۔ ۸۱۲) اس پر ولالت کرتے ہیں۔ ایک زمانہ میں علم و فضل کے لحاظ سے احمد آباد کو دہلی پر فضیلت حاصل تھی۔

شیخ ابی عمران للواسطیؒ کی خضرؑ سے ملاقات ہوئی تھی۔ فرمایا میری اور حضرت الیاسؑ کی رہائش سمندر کے جزیروں میں رہتی ہے۔ جب کسی ولی اللہ کی وفات ہوتی ہے تو ہم نماز جنازہ میں شرکت کرتے ہیں۔ جب حج کا زمانہ آتا ہے تو حج میں شرکت

marfat.com
Marfat.com

کرتے ہیں اور ہم دونوں ایک دوسرے کے بال مونڈتے ہیں۔ فرمایا نماز فجر مکہ مکرمہ میں ادا کر کے طلوع آفتاب تک حطیم میں رکن شامی کے قریب بیٹھتا ہوں۔ پھر سات بار طواف کر کے مقام ابراہیم پر دو رکعت نماز ادا کرتا ہوں۔ ظہر کی نماز مسجد نبویؐ میں۔ عصر بیت المقدس میں۔ مغرب کوہ طور پر اور عشاء کی نماز سد سکندری پر ادا کرتا ہوں۔ پھر صبح تک ان تمام مقامات کی حفاظت کرتا ہوں۔ تفسیر در منثور میں ہے کہ جب حضرت آدمؑ کو طوفان نوح کی خبر دی گئی تو آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ جو شخص بعد طوفان کے مجھے دفن کرے اس کی عمر قیامت تک دراز ہو۔ حضرت خضرؑ نے طوفان نوح کے بعد دوبارہ آپ کو دفن کیا اور حضرت آدمؑ کی دعا کی برکت سے حضرت خضرؑ کی عمر قیامت تک بڑھا دی گئی۔

۲۶۴۔ رئیس العشاق حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ کی روایت ہے کہ ایک بڑے عالم فرماتے ہیں کہ میں ایک دن ظہر اور عصر کے درمیان حرم شریف میں آیا۔ فقراء کے وجد و حال نے مجھے پکڑ رکھا تھا۔ مجھ سے نہ ہو سکا کہ ٹھہروں اور بیٹھوں۔ ایسی جگہ کی تلاش میں تھا کہ جہاں ایک گھڑی آرام پاؤں۔ حرم شریف میں ایک سرائے کے جماعت خانے میں آیا۔ اتفاقاً مجھے اونگھ آ گئی۔ نیند اور بیداری کے درمیان کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بڑا میدان ہے جس میں بہت سے لوگ ہیں اور ہر ایک کے ہاتھ میں ایک مجلد کتاب ہے۔ یہ سب ایک بزرگ کے سامنے کھڑے ہیں۔ میں نے ان بزرگ کی بابت دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور کھڑے ہوئے حضرات سب اصحاب مسلک ہیں اور چاہتے ہیں کہ اپنی اپنی کتابوں کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور پڑھیں اور اپنے اپنے مسلک اور عقائد کی تصحیح کریں۔ اتنے میں ایک شخص آئے۔ لوگوں نے کہا حضرت امام شافعیؒ ہیں۔ ان کے ہاتھ میں ایک کتاب ہے۔ حلقہ میں آئے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سلام عرض کیا۔ آپؐ نے جواب دیا اور مرحبا فرمایا۔ حضرت امام شافعیؒ آگے ہو کر بیٹھ گئے اور وہ کتاب جو ان کے ہاتھ میں تھی اس میں سے اپنا مسلک اور اعتقاد پڑھا۔ اس کے بعد ایک اور شخص آئے۔ لوگوں نے کہا حضرت امام ابو حنیفہؒ ہیں۔ ان کے ہاتھ میں ایک کتاب ہے - وہ بھی

marfat.com
Marfat.com

امام شافعیؒ کے پاس بیٹھ گئے اور اپنی کتاب میں سے اپنا مسلک اور اعتقاد پڑھا۔ اسی طرح تمام اصحاب مسلک آتے رہے۔ یہاں تک کہ تھوڑے ہی باقی رہ گئے۔ جو شخص اپنا مسلک و اعتقاد پیش کرتا اس کو ایک دوسرے کے پاس بٹھا دیتے۔ جب سب فارغ ہو گئے تو ایک شخص حضرات شیخینؓ پر تبرا کرنے والوں میں سے آیا۔ اس کے ہاتھ میں چند جزو بے جلد تھے جن میں اس کے عقائد باطلہ کا ذکر تھا۔ اس نے اس حلقہ میں آنے کا قصد کیا تاکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پڑھے کہ ایک شخص ان بزرگوں میں سے جو آپ کی خدمت میں حاضر تھے باہر نکلے اور اس کو جھڑک کر منع کیا اور وہ اجزاء اس کے ہاتھ سے گرا دیئے اور اس کو ذلیل کر کے نکال دیا۔ میں نے جب دیکھا کہ لوگ فارغ ہو چکے اور کوئی باقی نہیں رہا کہ پڑھے تو میں آگے بڑھا۔ میرے ہاتھ میں ایک مجلد کتاب تھی میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ کتاب میرا اعتقاد ہے اور اہل اسلام کے عقائد اس میں ہیں۔ اگر اجازت ہو تو پڑھوں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کون سی کتاب ہے۔ میں نے عرض کیا یہ کتاب "قواعد العقائد" ہے جسے حضرت امام غزالیؒ نے تصنیف فرمایا ہے۔ آپ نے مجھے اس کے پڑھنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ میں بیٹھ گیا اور اس کو شروع سے پڑھنا شروع کیا یہاں تک کہ اس مقام پر پہنچا جہاں امام غزالیؒ فرماتے ہیں "**واللہ تعالی بعث النبی الامی القریشی محمدا**" **صلی اللہ علیہ وسلم الی کافۃ العرب والعجم والجن والانس**" (یعنی اور اللہ نے بھیجا نبی امی قریشی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام مخلوق عرب و عجم اور جن و انسانوں کی طرف)۔ سو جب یہاں تک پہنچا تو میں نے دیکھا کہ خوشی اور تبسم کے آثار چہرۂ مبارک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ظاہر ہوئے اور میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا "این الغزالی" (غزالی کہاں ہیں)۔ حضرت امام غزالیؒ وہیں کھڑے تھے۔ عرض کیا میں غزالی ہوں۔ جو حاضر ہوں یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آگے بڑھ کر سلام عرض کیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کا جواب دینے کے بعد اپنا دست مبارک ان کو دیا۔ حضرت امام غزالیؒ نے آپ کے دست مبارک پر بوسہ دیا اور اپنا چہرہ اس پر ملا اور اس کے بعد بیٹھ گئے۔ حضرت

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کی قرات پر اس قدر اظہار مسرت نہ فرمایا جس قدر کہ میرے "قواعد العقائد" کے پڑھنے پر۔ جب میں خواب سے بیدار ہوا تو میری آنکھوں میں رونے کا اثر تھا بوجہ اس کرامت و حال کے جس کا میں نے مشاہدہ کیا تھا (نفحات الانس از مولانا عبدالرحمٰن جامی صفحہ ۲۰۱ تا ۲۰۳) (خواب کی دنیا از عبدالمالک آروی صفحہ ۸۰ تا ۸۳)

۲۶۵۔ حضرت مخدوم شیخ سعد الدین فرید آبادیؒ کو علوم شرعیہ میں اس قدر تبحر حاصل تھا کہ ایک رات کسی عارف باللہ نے عالم معاملہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت فرمایا کہ شیخ سعدؒ کو زمرۂ علماء میں کیا مرتبہ حاصل ہے تو آپؐ نے ارشاد فرمایا "اجتہاد میں مرتبہ امام احمد بن حنبل کا ہے"۔ آپ حضرت شاہ مینا چشتی لکھنویؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ مادرزاد ولی تھے۔ ۸۸۴ھ میں وصال فرمایا۔ مرقد مبارک خیرآباد (یوپی۔ بھارت) میں ہے۔ حضرت شاہ مینا چشتیؒ نے ۸۷۰ھ میں وصال فرمایا۔ مزار مبارک لکھنؤ میں زیارت گاہ خلائق ہے۔ (اردو ترجمہ فوائد سعدیہ)

۲۶۶۔ حضرت شیخ عبدالوہابؒ خلیفہ حضرت شیخ علی متقیؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور آپؐ سے دریافت کیا "یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) **من افضل الناس فی هذالزمان**" (اس زمانہ میں لوگوں میں سب سے افضل کون ہے)۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "**افضل الناس میاں غیاث ثم شیخک ثم محمد طاہر**" (سب سے افضل میاں غیاث ہیں' پھر تمہارے شیخ اور پھر محمد طاہر)۔ میاں غیاث الدینؒ گجرات کے مشہور شہر بھڑوچ میں رہتے تھے۔ اپنے وقت کے صلحاء اور مشاہیر اولیائے گجرات سے تھے۔ قوم بوہرہ میں سے تھے جن کے اسلاف ملا علیؒ کے ہاتھ پر جن کی تربت کھنبات میں ہے اسلام لائے تھے۔ میاں غیاث اللہ تعالیٰ کے ان خاص بندوں میں سے تھے جن کی شان میں "خیرالناس من ینفع الناس" (لوگوں میں بہتر وہ ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے) کہا گیا ہے۔ آپ لوگوں کی ضرورت کی ہر چیز اور ہر جنس اپنے پاس محفوظ رکھتے اور خیرات میں دیتے تھے۔ سونا' کپڑا' کھانے کی چیزیں' ادویہ کتابیں اور جملہ قسم کا اسباب آپ

marfat.com
Marfat.com

کے مکان میں موجود رہتا اور آپ کے اعمال میں یہ سب سے افضل عمل تھا۔ میاں محمد بن طاہر پٹن (گجرات) میں رہتے تھے۔ وہاں کی بوہرہ قوم سے تعلق رکھتے تھے۔ علم حدیث میں بہت سی کتابیں تالیف کیں۔ طلباء کے لئے سیاہی بنایا کرتے تھے اور درس کے دوران بھی اس میں مشغول رہتے تھے تاکہ ہاتھ بھی کام میں رہیں۔ آپ نے اس جگہ کی بدعتوں اور اہل بدع کے ازالہ میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ آخر اسی جماعت کے ہاتھوں ۹۸۰ھ ۱۵۷۸ء میں شہید ہوئے۔ (اخبار الاخیار از حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کا اردو ترجمہ صفحہ ۵۱۰)۔ صفحہ ۹۵ "تذکرہ علامہ شیخ محمد بن طاہر محدث پٹنی" ترجمہ رسالہ مناقب مؤلفہ شیخ عبدالوہاب قاضی القضات متوفی ۱۰۸۶ھ از پروفیسر مولانا سید ابوظفر ندوی احمد آباد پر یہ خواب یوں تحریر ہے۔ "حافظ زین العابدین جو نظام الملک (دکن) کے استاد تھے خان دوراں کے ساتھ مالوہ آئے تو وہاں کے بزرگوں کے سامنے بیان فرمایا کہ میں نے اپنے استاد علی متقیؒ سے سنا کہ ایک دن میں حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس سے مستفید تھا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) آج کل آپؐ کی سنت پر صحیح طور پر چلنے والا کون ہے۔ ارشاد فرمایا کہ شیخ علی متقی' پھر مولانا طاہر گجراتی (پٹنی) پھر عبدالوہاب (رحمہم اللہ)

خواب کے بارے میں شیخ علی متقیؒ نے ایک خط مولانا طاہرؒ کو لکھا کہ میں نے رات خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کر رہا ہوں کہ لوگوں میں افضل کون ہے اس زمانہ میں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تو ہے۔ عرض کیا اس کے بعد۔ فرمایا مولانا محمد طاہر پٹنی۔ خواب سے جیسے ہی بیدار ہوا تو عبدالوہاب آئے اور قبل اس کے کہ میں کچھ ان سے بیان کروں انہوں نے اس واقعہ کو مجھ سے بیان کیا پس ہم دونوں کے ایک ہی خواب دیکھنے سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے امید ہے کہ ہماری اور تمہاری عاقبت بخیر ہو گی (تذکرہ علامہ شیخ محمد بن طاہر محدث پٹنیؒ صفحہ ۹۵ تا ۹۶)

احمد آباد کی تعمیر سے پہلے پٹن ایک پر رونق شہر اور گجرات (بھارت۔ کاٹھیاواڑ) کے ہندو راجاؤں کا دارالسلطنت تھا۔ شیخ عبدالوہاب متقیؒ پہلے با اثر ہندوستانی عالم ہیں جنہوں نے وحدت الوجود کی افراط و تفریط کے خلاف باقاعدہ آواز

marfat.com
Marfat.com

اٹھائی اور شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اور شیخ محمد طاہر پٹنیؒ جیسی ہستیوں پر اثر ڈالا۔ آپ اور آپ کے استاد شیخ علی متقیؒ ہماری مذہبی تاریخ میں نہایت باعزت مقام کے مستحق ہیں۔ آپ کی ولادت مالوہ کے دارالحکومت مانڈو میں ہوئی جہاں آپ کے والد شیخ ولی اللہ امراء سلطنت سے تھے۔ صغر سنی ہی میں یتیم و یسیر ہو گئے تھے۔ وطن چھوڑ کر سیاحت اختیار کی۔ سیر کرتے مکہ مکرمہ پہنچے جہاں شیخ علی متقیؒ کی صحبت اختیار کی اور ۱۲ برس فیض حاصل کیا اور مرید ہوئے۔ شیخ علی متقیؒ کا وطن جونپور (یوپی۔ بھارت) تھا لیکن مانڈو میں پیدا ہوئے تھے۔ اعلیٰ خاندان سے تھے۔ عین عالم شباب میں ایک جذبہ کے تحت دنیاوی دلچسپیاں ترک کر دیں اور ملتان جا کر شیخ حسام الدین متقیؒ کی خدمت میں رہ کر سلوک کی راہیں طے کیں اور پھر حجاز چلے گئے۔ ۱۵۶۷ء میں بمقام مدینہ منورہ ۹۰ برس کی عمر میں وصال فرمایا۔ سو سے زیادہ کتابیں لکھیں۔ شیخ محمد طاہر پٹنیؒ بھی آپ کے شاگرد تھے۔ جب غوث گوالیاری شطاریؒ نے ایک رسالہ میں معراج کا دعویٰ کیا تو حضرت شیخ علی متقیؒ نے اس پر اعتراض کیا اور غوث صاحبؒ کی دوسری تصانیف کی بنا پر ان کے خلاف کفر کا فتویٰ دیا۔ گجرات جو مہدویت کا مرکز بن گیا تھا آپ کی کوشش سے یہ وباء وہاں سے ختم ہوئی اور پھر وہاں کوئی مہدی پیدا نہ ہوا۔ غرض تقویٰ' پرہیز گاری اور اتباع سنت پر پوری زندگی سختی سے کاربند رہے۔ ہندوستان کے طلباء کے لئے خصوصی طور پر آپ آیہ رحمت تھے۔

۲۶۷۔ حضرت سید شاہ حسینؒ ۱۰ ذیقعد ۱۱۸۰ھ کو بمقام اڑچھتر ضلع گورداسپور (مشرقی پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام سید شاہ کریمؒ تھا۔ آپ کی پیدائش سے ساڑھے تین سو سال قبل آپ کے مورث اعلیٰ حضرت شاہ دانیالؒ بحکم حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرب سے تشریف لائے اور اڑچھتر آباد کیا۔ کہتے ہیں بوقت روانگی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ازراہ عنایت انگور کے دو دانے آپ کو عطا فرمائے تھے اور ارشاد فرمایا تھا کہ کچھ عرصہ کے بعد یہ بیج پھلیں گے۔ چنانچہ حضرت سید شاہ حسینؒ وہ پہلے نونہال تھے جن کی بشارت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے مورث اعلیٰ کو دی تھی۔ (اولیائے نقشبندیہ مؤلفہ محمد امین شرقپوری صفحہ ۱۳۹)

marfat.com
Marfat.com

۲۶۸- شیخ محمد خیالیؒ حضرت شیخ حسن طاہرؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ بجزاں ...
حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے عقیدت نہیں عشق تھا۔ شب بیدار، خلوت دوست
اور رات پر فریفتہ تھے۔ دن بھر رات کے انتظار میں بے چین و بے قرار رہتے تھے۔
جہاں شام ہوتی روزہ داروں کی طرح باوضو غروب آفتاب کے منتظر رہتے تھے۔ سلطان
سکندر لودھی کا زمانہ تھا۔ آپ کو حرمین شریفین کی زیارت کا شوق ہوا۔ بارہ برس تک
دارالنور مدینہ طیبہ میں محو جمال عقیدت و اخلاص نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) رہے
اور کوئی آپ کے حال سے آگاہ نہ ہوا۔ بارہ برس بعد جب سید عبدالوہاب بخاری
دہلویؒ دوبارہ حج کر کے مدینہ طیبہ پہنچے تو عالم مثال میں دربار رسالت ماب صلی اللہ
علیہ وسلم سے فرمان ملا کہ ہمارا فلاں دیوانہ فلاں مقام پر پڑا ہے۔ اسے اپنے ہمراہ
ہندوستان لے جاؤ کہ بہت سے بندگان الٰہی وہاں اس کے منتظر ہیں۔ جب حاجی
عبدالوہابؒ نے بشارت کا ذکر کر کے بکمال لجاجت ہندوستان تشریف لے چلنے کو کہا تو
حضرت شیخ نے فرمایا یہ سچ ہے لیکن جب تک خود مجھے اس کا حکم نہ ہو گا ہندوستان
نہیں جا سکتا۔ چنانچہ آپ کو بھی یہی بشارت ہوئی تو حضرت شیخ کو حاجی عبدالوہابؒ
اپنے ساتھ دہلی لے آئے جہاں ۲۷ رجب المرجب ۹۹۰ھ کو آپ بہشت بریں کو
سدھار گئے۔ خوابگاہ وجہ منزل دہلی میں والد بزرگوار جناب شیخ حسن طاہرؒ کے پہلو
میں ہے۔ گو آپ کی شہرت زیادہ تر علوم سلوک میں ہے لیکن آپ فقہ و حدیث اور
ادب و کلام میں بھی اجتہاد کا درجہ رکھتے تھے (بوستان اخیار صفحہ ۱۵۵ تا ۱۵۶) (حیات
ولی از مولانا حافظ محمد رحیم بخش دہلویؒ صفحہ ۱۴۴)

۲۶۹- حضرت خواجہ عبیداللہ احرار قدس سرہٗ کے جد امجد حضرت خواجہ
شہاب الدینؒ قطب وقت تھے۔ آپ کو اس فرزند کے بارے میں بشارت نبوی (صلی
اللہ علیہ وسلم) ہوئی تھی کہ پیر عالم ہو گا اور اس سے طریقت و شریعت کو رونق
حاصل ہو گی۔ آپ کے والد بزرگوار کا نام خواجہ محمود تھا۔ رمضان المبارک ۸۰۶ میں
تاشقند کے ایک قریہ باغستان میں پیدا ہوئے اور بروز شنبہ ۲۹ ربیع الاول ۸۹۵ھ
وصال فرمایا۔ مزار عالیہ سمر قند میں ہے۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ آپ کے

marfat.com
Marfat.com

عقیدت کیش اور ارادت مند تھے جو اپنے مرشد حضرت خواجہ سعد الدین کاشغریؒ کے پہلو میں خیابان (ہرات) میں دفن ہیں۔

۲۷۰۔ سید غیاث الدین قادری قدس سرہٗ کے احمد آباد تشریف لانے کا سبب یہ ہوا کہ ایک روز آپ کو عالم رویاء میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی اور خلعت ولایت سے سرفرازی بخشی اور فرمایا کہ اے فرزند تو احمد آباد جا اور وہاں دین اسلام کو رونق بخش۔ جب آپ احمد آباد کے لئے روانہ ہوئے سلطان محمود بے گڑہ والی احمد آباد اور وہاں کے ایک ہزار علماء و فضلاء و سادات عظام کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شب کے درمیان بشارت دی کہ میرا فرزند سید غیاث الدین تمہارے ملک کی نگہبانی کے لئے بھیجا جا رہا ہے۔ اس کی خاطر مدارات کرنا۔ فلاں تاریخ کو وہ احمد آباد پہنچے گا۔ اس کا شاندار استقبال کرنا۔ اس میں سعادت دارین تم کو حاصل ہو گی۔ جب سلطان خواب سے بیدار ہوا تمام علماء' فضلا و امراء کو جمع کیا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر فاتحہ دی اور سب کو لذیذ کھانے کھلائے اور خواب کا حال بیان کیا۔ اس خواب کے سننے کے بعد ان سب نے عرض کیا کہ ہمیں بھی گذشتہ شب اسی طرح بشارت ہوئی ہے۔ غرض ایک ہزار سادات عظام و علمائے کرام نے گواہی دی۔ تاریخ مقررہ پر آپ احمد آباد تشریف لائے۔ شہر میں دھوم مچ گئی اور آپ کا نہایت شاندار استقبال کیا گیا۔ ایک اعلیٰ مکان آپ کو رہنے کے لئے دیا گیا۔ وہیں رہ کر آپ نے ۲۲ برس دین کی خدمت انجام دی اور ہزارہا انسان آپ کے فیض کی بدولت صاحب ولایت ہوئے۔ ۴۱ برس کی عمر میں آپ احمد آباد تشریف لائے تھے اور ۶۳ برس کی عمر میں ۲۲ صفر ۸۹۵ھ کو وصال فرمایا۔ آپ کی تربت موضع سرکھنی متصل احمد آباد میں زیارت گاہ عالم ہے۔ (تواریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۴۹۳ تا ۴۹۴)

۲۷۱۔ مولانا حضرت ایشاں شیخ یعقوب صرفی عاصی گنائیؒ فاروقی النسل تھے۔ اسم گرامی پہلے میر یعقوب تھا۔ بعد کو مولانا صرفی کے القاب و آداب سے مشہور ہوئے۔ ۹۲۸ھ میں کشمیر میں پیدا ہوئے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

marfat.com
Marfat.com

مولانا صرفی کو ایک بڑے واقع میں "ایشان" کا لقب عنایت فرمایا تھا اور ان کے خلیفہ شاہ قاسم کو "حقانی" کا لقب دیا تھا (حیات صرفیؒ از مولوی محمد شاہ سعادت مفتی مورخ کشمیر صفحہ ۲ تا ۳)

۲۷۲۔ سید علاؤ الدینؒ عالی نسب، باکمال اور بابرکت درویش تھے۔ ہندوستانی فن موسیقی کے ماہر تھے اور اشعار بھی کہتے ہیں۔ فرماتے تھے کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں "علی۔ دہلی میں اپنے دروازے پر ڈھول بجاتے ہو اور خلق خدا سے غافل اور بے پرواہ رہتے ہو۔ ان کے حال اور احوال سے بھی باخبر رہا کرو۔" میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اگر ڈھول ہے تو آپ ہی کا ہے اور اگر دہلی میں قیام ہے تو وہ بھی آپ ہی کے حکم سے ہے۔ علی بیچارے کی کیا حقیقت ہے۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مخلوق کے حق میں اللہ تعالیٰ سے دعا کیا کرو۔ تم مستجاب الدعوات ہو۔ ۸۰۵ھ میں رحلت فرمائی۔ مزار جونپور کے نزدیک موضع سرائے میراں میں ہے جہاں آپ کی سکونت تھی (سفینۃ الاولیاء از شہزادہ داراشکوہ کے صفحہ ۲۲۷ پر قریب قریب ایسے ہی خواب کے ہمراہ ان بزرگ کا نام "امیر سید علی قوام" تحریر ہے۔ ۸۰۵ھ میں رحلت فرمائی۔ قبر جونپور میں ہے۔ آپ سید علی شیخ بہاؤالدین جونپوری کے مرید تھے۔ مجذوبانہ باتیں کرتے تھے۔ چالیس سال تک کسی خادم کو نہ حکم دیا نہ خدمت لی۔ ("اخبار الاخیار" اردو ترجمہ "انوار صوفیہ" از شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ صفحہ ۲۰۹)

۲۷۳۔ شاہ میراں جی شمس العشاق چشتیؒ بارہ برس مدینہ منورہ میں رہے۔ رات دن عبادت میں مشغول رہتے تھے۔ ہر سال حج کے موسم میں مکہ مکرمہ تشریف لاتے تھے۔ حج و زیارت سے فارغ ہو کر مدینہ شریف چلے جاتے تھے۔ اسی طرح بارہ حج کئے۔ مدینہ شریف میں ایک پہلو پر سوتے تھے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اشارے سے عازم دکن ہوئے۔ علی عادل شاہ کے ابتدائی دور میں بیجاپور پہنچے۔ آپ عارف کامل و ولی واصل تھے، چشتیہ طریقہ کے پیرو تھے۔ طلباء و فقراء کو

marfat.com
Marfat.com

ہدایت و تلقین فرماتے تھے۔ ۲۵ شوال ۹۱۰ھ کو رحلت فرمائی۔ بیرون حصار بیجاپور۔ شاہ پور میں ٹیلہ پر مدفون ہیں۔ (محبوب التواریخ جلد سوئم مؤلفہ مولوی ابوتراب محمد عبدالجبار خاں صفحہ ۹۹۲) (تذکرۂ اولیاء دکن جلد دوم صفحہ ۸۳۶ اور ۹۹۲)

۲۷۴۔ "تحفہ جلالی" کے مؤلف نے لکھا ہے کہ شیخ بہاؤ الدین المعروف شاہ باجن چشتی برہانپوری ۷۹۰ھ میں پیدا ہوئے۔ مخدوم شیخ رحمت اللہ بن شیخ عزیز اللہ متوکل مانڈویؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ مخدومؒ نے آپ کو حرمین شریفین خشکی کے راستہ سے روانہ کیا۔ آپ حسب الحکم روانہ ہوئے۔ راستہ میں خراسان میں ایک رات آپ نے عالم رویاء میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپؐ میرے پیر سے فرماتے ہیں کہ اپنے مرید سے کہئے کہ تیرا حج اللہ کے نزدیک مقبول ہوا۔ چاہئے کہ یہاں سے مراجعت کرے اور برہان پور (خاندیش) میں سکونت اختیار کرے اور وہاں شرع محمدی (علی صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") کا علم اور سنت نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) کا نشان قائم کرے۔ اس واقعہ کے بعد آپ خراسان سے ہندوستان برہانپور آئے اور جہاں صدہا آدمی آپ کی ذات سے درجہ ولایت کو پہنچے۔ ۴ ذیقعدہ ۹۱۲ھ بعمر ۱۲۲ برس وصال فرمایا۔ قبر مبارک برہانپور میں ہے۔ شیخ علی متقیؒ آپ کے مریدوں میں سے تھے (تواریخ الاولیاء جلد دوم صفحہ ۴۹۹)

۲۷۵۔ شیخ محمد شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہمیشہ آیت الکرسی پڑھا کرتا تھا۔ میں نے خواب میں آپؐ سے دریافت فرمایا کہ افضل آیت قرآن کی کونسی ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "آیۃ الکرسی" (الطی الفراغ الی المنازل البرازخ صفحہ ۲۲۴)

۲۷۶۔ قاضی شہاب الدین دولت آبادیؒ مرید و خلیفہ مولانا محمد خواجگیؒ اور شاگرد قاضی عبدالمقتدرؒ کے تھے۔ آپ کی تصانیف شرح کافیہ' کتاب الارشاد' بدیع البیان' تفسیر بحرموج' رسالہ تقسیم صنائع وغیرہ ہیں۔ آپ نے ایک رسالہ "فضیلت علماء برسادات" بھی لکھا تھا۔ اس تالیف پر کسی مجلس میں سید اجمل کے ساتھ آپ کا تنازع ہوا چند روز بعد خواب میں آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

marfat.com
Marfat.com

زیارت ہوئی۔ آپ نے غصہ میں فرمایا کہ سید اجمل سے عذر خواہی کرو۔ علی الصبح بیدار ہوتے ہی سید اجمل کے پاس جاکر عذر خواہی کی اور اپنے کام سے تائب ہوئے۔ رسالہ "فضیلت علماء برسادات" کو دریا میں ڈالدیا اور اس کی جگہ رسالہ "مناقب السادات" تحریر کیا۔ آپ کی وفات ۸۴۸ھ میں ہوئی (تواریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۲۱۸)

۲۷۷۔ حضرت مولانا نورالدین عبدالرحمٰن جامیؒ جب حج بیت اللہ کے لئے مکہ معظمہ گئے تو مدینہ منورہ جانے کا شوق پیدا ہوا مگر پھر سوچا کہ حج کے ضمن میں مدینہ منورہ جانا ٹھیک نہیں ہے۔ یہ تو وہ سرکار ہے کہ گھر سے صرف اسی کی زیارت کی نیت سے آنا چاہئے چنانچہ آپ مکہ معظمہ ہی سے واپس لوٹ گئے اور اگلے سال زیارت روضہء رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مدینہ طیبہ روانہ ہوئے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاکم مدینہ شریف کو ان کی صورت دکھا کر ارشاد فرمایا کہ یہ شخص مدینہ آنا چاہے تو اسے یہاں نہ آنے دینا۔ حاکم کے لئے حکم کی تعمیل کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔ کہتے ہیں کہ آخر کار مولانا جامیؒ نے روضہء اطہر (علی صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") پر حاضر ہو کر جب یہ نعت پڑھی ع۔ از وجودت شد مزین مسند پیغمبری۔ تو مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") میں زلزلے کی سی کیفیت پیدا ہو گئی تھی (جہاد زندگی از عبدالحمید خاں صاحب صفحہ ۱۱۹ تا ۱۲۰ فیروز سنز۔ لاہور)

ایک روز سید غلام حیدر شاہ جلال پوریؒ نے فرمایا کہ جب حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ روضہء رسول (علی صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") پر بغرض سلام حاضر ہوتے تو جواب آپ کو با آواز بلند ملتا تھا جسے سب سنتے تھے۔ پھر جب رخصت کے وقت جاتے تو یہ بیت فرماتے۔

سیدی مرجعی و مولائی   بسفر میروم چہ فرمائی

اس کا جواب آپ کو روضہء مبارک سے اس طرح ملتا۔

بسفر رفتنت مبارکباد   .سلامت روی و باز آئی

آخری بار رخصت کے وقت جواب نہ سنا گیا۔ آپ حج بیت اللہ کے طفیل میں کبھی زیارت مدینہ منورہ نہ فرماتے تھے بلکہ حج کرکے گھر واپس آتے اور پھر مدینہ منورہ

marfat.com
Marfat.com

کی زیارت کو جاتے۔ اس لئے کہ کسی ضرورت کے تحت زیارت محبوب کرنے سے عشق میں خلوص کا اظہار نہیں ہوتا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے آپ کی شیفتگی ضرب المثل بن چکی ہے (ذکر حبیب یعنی حالات پیر سید غلام حیدر علی شاہ جلالپوری" صفحہ ۳۴۰)

۲۷۸۔ مرشد کی تلاش میں گھومتے پھرتے حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی" حضرت خواجہ عبیداللہ احرار" کی خدمت میں پہنچے مگر آپ کے شاہانہ ٹھاٹ باٹ دیکھ کر دور ہی سے واپس ہو گئے اور ایک مسجد میں نماز ظہر کی خاطر ٹھہر گئے۔ آنکھ لگ گئی اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ مصافحہ کے لئے حضرت جامی" نے ہاتھ بڑھایا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمارے ایک ولی اللہ سے تم نے بدگمانی کی ہے پہلے جا کر ان کو راضی کرو۔ اس کے بعد آنکھ کھل گئی۔ نماز ظہر کا وقت ہو چکا تھا۔ حضرت خواجہ احرار" بھی اسی مسجد میں نماز ادا کرتے تھے۔ نماز ظہر کی جماعت میں شرکت کے واسطے تشریف لائے۔ حضرت جامی" ان کے قدموں پر گر گئے اور بے حد عقیدت و ارادت کا اظہار فرمایا۔ اپنی بعض تصانیف بھی حضرت خواجہ احرار" کے نام معنون فرمائیں۔ حضرت خواجہ" کو بھی آپ سے بہت محبت تھی۔ حضرت جامی" کی تصانیف کی تعداد ۴۴ ہے یعنی لفظ "جام" کے اعداد کے برابر۔ ماوراء النہر اور خراسان میں آپ کو پیشوا اور امام تسلیم کیا جاتا ہے۔ ابتدائے حال سے آخر عمر تک آپ پر عشق و محبت کا غلبہ رہا۔ آخر عمر میں طلب الٰہی کے علاوہ اور کوئی طلب نہ تھی۔ ولادت ۲۹ شعبان ۸۱۷ھ کو حریر و جام میں ہوئی۔ ۸۱ برس کی عمر پائی اور حضرت خواجہ احرار" کے وصال سے تین سال بعد ۸۹۸ھ ۱۴۹۲ء ۱۸ محرم الحرام بروز جمعہ وصال فرمایا۔ آپ کا مزار مبارک خیابان (ہرات) میں آپ کے پیر و مرشد کے پہلو میں واقع ہے۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی" نے اپنے "مواعظ حسنہ" میں اس واقعہ کا ان الفاظ میں ذکر فرمایا ہے: حضرت جامی" چونکہ طالب تھے اور طالب بیباک ہوتا ہے جب آپ نے حضرت خواجہ عبید اللہ احرار" کی ثروت کا عالم دیکھا تو یہ مصرع پڑھ کر چلے گئے۔

marfat.com
Marfat.com

ع نہ مروست آنکہ دنیا دوست دارد

اور مسجد میں جا کر سو گئے۔ خواب میں دیکھا کہ میدان حشر برپا ہے۔ کسی صاحب معاملہ نے آپ کو پکڑ لیا اور کہا دو پیسے لاؤ۔ فلاں معاملہ میں تمہارے ذمہ ہیں۔ بہت پیچھا چھڑایا مگر اس نے نہ چھوڑا۔ اتنے میں حضرت خواجہ احرارؒ کی سواری آ گئی۔ آپ نے فرمایا۔ فقیر کو کیوں تنگ کرتا ہے۔ ہم نے یہاں جو خزانہ جمع کیا ہے وہ کس واسطے ہے۔ اس سے لے لے۔ یوں حضرت جامیؒ کو نجات ملی۔ آنکھ کھلی تو دیکھا کہ حضرت خواجہ احرارؒ کی سواری آ رہی ہے۔ حضرت جامیؒ اب محجوب ہیں۔ خواجہ صاحبؒ نے فرمایا وہ مصرع تو پڑھو جو تم نے چلتے وقت پڑھا تھا۔ شرما کر پڑھا تو حضرت خواجہؒ نے فرمایا ابھی ناتمام ہے۔ اس کے ساتھ یہ اور ہونا چاہئے

ع اگر دارد برائے دوست دارد

۲۷۹۔ علامہ احمد بن قسطلانیؒ فرماتے ہیں کہ ۸۸۵ھ میں جب میں مدینہ شریف کی زیارت سے واپس ہو رہا تھا تو راستہ میں ایک ہرن نے میری خادمہ کے ٹکر ماری جس سے وہ گر گئی اور کئی دن تک سخت تکلیف میں مبتلا رہی۔ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے اس کے لئے صحت کی دعا کی تو خواب میں دیکھا کہ ایک شخص کے ساتھ ایک جن ہے جس نے ہرن کی صورت میں ٹکر ماری تھی۔ وہ شخص مجھ سے کہنے لگا کہ اس کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرے پاس بھیجا ہے۔ میں نے اس جن کو سرزنش کی اور قسم دی کہ آئندہ پھر ایسی حرکت نہیں کرے گا۔ اس کے بعد میری آنکھ کھلی تو اس خادمہ پر تکلیف کا کوئی اثر نہ تھا اور وہ بالکل تندرست ہو چکی تھی (فضائل حج صفحہ ۲۱۸) (مواہب لدنیہ)

۲۸۰۔ علامہ احمد بن قسطلانیؒ جو مشہور محدث ہیں "مواہب لدنیہ" میں لکھتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ اس قدر سخت بیمار ہوا کہ طبیب علاج سے عاجز آ گئے اور میں کئی سال تک مسلسل بیمار رہا۔ ایک مرتبہ ۲۸ جمادی الاولیٰ ۸۹۳ھ کو جبکہ میں مکہ مکرمہ میں تھا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے دعا مانگی۔ اس کے بعد سو گیا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک آدمی کے ہاتھ میں ایک کاغذ ہے جس

marfat.com
Marfat.com

میں یہ تحریر ہے کہ یہ دوا احمد بن القسطلانی کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ سلم کی جانب سے آپؐ کے ارشاد کے مطابق عطا ہوئی ہے۔ میں خواب سے جاگا تو مرض کا ذرا بھی اثر باقی نہ تھا (فضائل حج صفحہ ۲۱۸)

۲۸۱۔ سلطان قطب الدین لنگاہیؒ کو خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی کہ تو اپنی لڑکی کا نکاح میرے لڑکے سید محمد کے ساتھ کر دے۔ تیری سعادت اسی میں ہے۔ پس حسب الحکم سلطان نے اپنی لڑکی بی بی دیس کسائیں کو سید محمد کے نکاح میں دے دیا لیکن ان سے کوئی اولاد نہ ہوئی۔ آپ کا پورا نام سید محمد غوث گیلانی الحسنی الاچیؒ ہے۔ حلب میں ولادت ہوئی تھی۔ وفات ۹۲۲ھ میں ہوئی۔ مزار اوچ شریف میں ہے (تاریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۱۲۳)

۲۸۲۔ شیخ عبدالحلیم بن مصلح المنزلاویؒ اخلاق پیغمبری (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما) سے آراستہ اور علوم معرفت سے پیراستہ تھے۔ کسی کا ہدیہ قبول نہ فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک تاجر ایک جبہ عمدہ صوف کا آپ کے واسطے لایا اور کہا یہ جبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہنا تھا۔ ایسا میں نے خواب میں دیکھا اور بعدہ مجھ کو عنایت فرمایا۔ پس آپ کے واسطے بطور نذر لایا ہوں اسے قبول فرمائیں۔ آپ نے اس کو تبرکاً آنکھوں سے لگایا اور فرمایا میں نہیں پہنوں گا۔ مبادا بے ادبی ہو اس لئے آپ لے جائیں۔ ہرگز قبول نہ کیا۔ ۹۳۲ھ میں وصال فرمایا (تاریخ الاولیاء جلد دوم صفحہ ۶۷۰)

۲۸۳۔ سید عبدالوہاب قادری المعروف سلطان شاہ جیوؒ آپ سید غیاث الدین قادریؒ کے صاحبزادے تھے۔ ولادت موضع سر یمنی ضلع احمد آباد میں ہوئی۔ آپ کی ولادت سے پہلے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی والدہ راجی فیروز بانو بنت سید علم الدین چشتیؒ کو خواب میں بشارت دی کہ تیرا فرزند ولی ہو گا۔ مادر زاد ولی تھے۔ آپ کو علم لدنی حاصل تھا۔ چہرے پر ہر وقت چادر رکھتے تھے کیونکہ حسن صورت و سیرت میں یوسف ثانی تھے۔ شباہت حضرت امام حسینؓ سے بہت ملتی تھی۔ صاحب کشف و کرامات تھے۔ آج تک انوار ولایت آپ کے مزار پر انوار سے ظاہر

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ فجر کی نماز بیت المقدس، ظہر کعبہ شریف، عصر مدینہ منورہ، مغرب مشہد مقدس اور عشاء بغداد شریف میں حضرت پیران پیرؒ کی مسجد میں ادا فرماتے تھے۔ والد محترم کے وصال کے بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے حکم سے آپ موضع سریمنی سے ۲۵ سال کی عمر میں احمد آباد تشریف لائے اور سید یعقوب حسنی چشتیؒ سے بھی فیض باطنی حاصل کیا اور آپ کی صاحبزادی سے شادی کی۔ پورا گجرات (بھارت) آپ کے فیض ظاہری و باطنی سے مملو ہے۔ وصال ۹۳۵ھ میں ۱۱ ربیع الاخر کو ہوا۔ احمد آباد کے محلہ خانپور میں آپ کا عالیشان روضہ ہے (تاریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۵۵۹) (محبوب ذی المنن جلد اول یعنی تذکرہ اولیاء دکن جلد اول صفحہ ۵۱۲ تا ۵۱۷)

۲۸۴۔ شیخ حسن بودلہ دھلویؒ شہر کے ایک رئیس کے فرزند اور پیدائشی مجذوب تھے۔ علماء وقت میں سے بعض نے آپ کو خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہیں اور آپؐ کو وضو کرا رہے ہیں۔ بعض حاجی مکہ مکرمہ سے آئے اور انہوں نے کہا ہم نے آپ کو مکہ معظمہ میں دیکھا۔ ہر وقت برہنہ رہتے تھے۔ جو کچھ پاتے قوالوں اور حاضرین کو دے دیتے تھے۔ آپ کی اولاد میں بعض اکابرین دہلی ہیں۔ وفات ۹۶۴ھ میں ہوئی۔ مزار دہلی میں خواص خاں کے روضہ کے پاس ہے (اخبار الاخیار کا اردو ترجمہ صفحہ ۵۳۶) (تاریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۷۷۰)

۲۸۵۔ حضرت میاں سید علی ثانی شیرازیؒ آپ سید جلال بخاریؒ کے صاحبزادے اور حضرت میاں سید علی کلاںؒ کے پوتے تھے۔ جب آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہء مبارک کی زیارت کے لئے حاضر ہوئے تو ساکنان حرم نے پوچھا کہ آپ کون ہیں۔ فرمایا میں سید ہوں۔ لوگوں نے کہا ہمیں آپ کے سید ہونے سے انکار ہے کیونکہ سید سرخ سفید ہوتا ہے۔ اس قدر سیاہ فام نہیں ہوتا۔ بعد تکرار آپ نے فرمایا مجھے کچھ خبر نہیں مگر لوگ مجھے سید کہتے ہیں۔ خادمان روضہ شریف نے آپ کا دامن پکڑ لیا اور کہنے لگے کہ جب تک آپ کے سید ہونے کی

marfat.com
Marfat.com

گواہی روضہء مبارک (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") سے نہ سن لیں گے چھوڑیں گے نہیں۔ پس آپ روضہء اقدس پر پہنچے اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اگر میں سچا ہوں تو مجھے ان لوگوں کے ہاتھ سے رہائی دلا دیجئے اور اگر جھوٹا ہوں تو تنبیہ کیجئے کہ آئندہ پھر کبھی میں سید ہونے کا دعویٰ نہ کروں۔ روضہء انور سے ندا آئی کہ یہ میری اولاد ہے اور سید ہے۔ جس کسی کے کان میں یہ آواز پہنچی ذوق و شوق سے مدہوش ہو گیا اور جن لوگوں نے اعتراض کیا تھا انہوں نے قدموں پر گر کر معافی چاہی اور آپ کے مطیع ہو گئے (تذکرہ صوفیائے سندھ از اعجاز الحق قدوسی صفحہ ۱۰۵)۔ ایک مدت بعد آپ پھر مدینہ طیبہ تشریف لے گئے تو خادمان حرم حسب سابق آپ کے پیچھے پڑ گئے کہ وہ ندا پھر سنوا دیجئے۔ آپ نے عذر کیا کہ شاید مجھ سے کوئی گناہ ہو گیا ہو اور پھر اس خطاب سے مشرف نہ ہوں اور اس طرح عظمت سابقہ بھی ہاتھ سے چلی جائے۔ مگر لوگ نہ مانے۔ آخر کار آپ نے التجا کی اور بدستور سابق پھر اسی خطاب سے مشرف ہوئے۔ ۹۷۱ھ میں وفات پائی۔ مزار قبرستان مکلی ٹھٹھ (سندھ) میں ہے۔ ہمایوں جب عمر کوٹ پہنچا تو ٹھٹھہ کے لوگوں کی طرف سے آپ جو اس وقت شیخ الاسلام تھے ہمایوں کے پاس آئے اور عطر و پھل اس کو "تحفتاً" پیش کئے۔ رجب یک شنبہ ۹۴۹ھ کو اکبر اعظم کی ولادت ہوئی۔ ہمایوں نے تبرکاً" آپ کے پیراہن سے کپڑا لے کر اکبر کا پہلا لباس تیار کرایا۔

مکلی قبرستان (ٹھٹھ) کے لئے مشہور مورخ میر علی شیر قانع ٹھٹھوی نے اپنی کتاب "تحفتہ الکرام" میں لکھا ہے کہ ایک بزرگ حج کو روانہ ہوئے۔ جب اس قبرستان سے گذرے تو انوار و برکات دیکھ کر ان پر وجد طاری ہو گیا اور عالم جذب میں پکار اٹھے "ھذہ مکۃ لی" (یہ میرے لئے مکہ ہے)۔ کہتے ہیں اسی وقت سے اس قبرستان کا نام تخفیف کے ساتھ "مکلی" ہو گیا۔ ٹھٹھہ کی بنیاد عید کے دن پڑی تھی "ذخیرہ الخوانین" کے مصنف شیخ فرید بکھری نے لکھا ہے کہ اس شہر کی رونق و خوبصورتی دیکھ کر اسے عراق ثانی کہا جا سکتا ہے۔ اس کی بنیاد آٹھویں صدی ہجری کے اواخر میں پڑی۔ یہ بارہ میل میں پھیلا ہوا ہے اور اس میں قریب سوا لاکھ اولیاء اللہ مدفون ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

۲۸۶۔ سید احمد شطاریؒ بڑے بزرگ اور اولیائے کاملین دکن سے تھے۔ مشرب شطاریہ تھا۔ مرشد آپ کے حاجی حمید ظہور شطاریؒ تھے۔ کہتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سید احمد شطاری ملیریؒ اور سید محمد غوث گوالیاریؒ کے ہاتھ پکڑ کر عالم رویاء میں حضرت حاجی حمید ظہور شطاریؒ کے حوالہ کیا اور ارشاد فرمایا کہ ان دونوں کی تربیت کر کہ ان سے تیرا سلسلہ روشن ہو گا۔ حاجی صاحبؒ نے کمال شفقت سے دونوں لڑکوں کی تربیت کی اور مدارج اعلیٰ پر پہنچا دیا۔ چنانچہ ان دونوں بزرگوں سے سلسلہ شطاریہ دکن اور گجرات میں خوب پھیلا اور ان میں صاحب کمال بزرگ بہت پیدا ہوئے۔ آپ کی تربت مبارک قصبہ ملیر ضلع خاندیش میں زیارت گاہ عالم ہے جبکہ سید محمد غوث گوالیاریؒ کا وصال بعمر ۸۰ سال آگرہ میں ۹۷۰ھ ۱۵۶۳ء میں ہوا مگر گوالیار میں دفن کئے گئے جہاں آپ کا روضہ مرجع خلائق ہے۔ (تاریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۴۷) (تحفتہ الابرار صفحہ ۶۴)

سید محمد غوث گوالیاریؒ کو موسیقی سے بھی دلچسپی تھی۔ تان سین آپ ہی کے روضہ کے احاطہ میں دفن ہے۔ آپ نے ۱۲ سال جنگلوں میں سخت مجاہدے کئے اور آپ کی وجہ سے شطاری سلسلہ کو بڑی وسعت حاصل ہوئی۔ اس سلسلہ کے اطوار و اشغال کچھ ہندو جوگیوں اور سنیاسیوں جیسے ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ اور آپ کے محبوب استاد حضرت ابو طاہر مدنیؒ نے بھی اس سلسلہ کے اعمال و اشغال سیکھے تھے۔ عہد وسطیٰ میں اس طریق تصوف نے فروغ پایا۔ اصل میں اسے حضرت شیخ بایزید بسطامیؒ سے منسوب کیا جاتا ہے۔ یہ لوگ اپنے آپ کو شطاری اس لئے کہتے ہیں کہ سلوک و طریقت میں دوسرے سلسلوں کے بزرگوں سے زیادہ تیز اور سرگرم (شطار) ہوتے ہیں۔ سب سے پہلے شمالی ہند میں شیخ عبداللہ شطاریؒ نے یہ سلسلہ جاری کیا۔ آپ کا وصال ۱۴۸۵ء میں ہوا۔ مانڈو میں قلعہ کے اندر آپ کا مزار ہے۔

۲۸۷۔ شاہ پیر جیو شطاریؒ جب مدینہ طیبہ پہنچے تو ایک شب مراقبہ کر کے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معرفت الٰہی کی درخواست کی۔ آپؐ کی طرف سے اشارہ ہوا کہ سید محمد غوث گوالیاری کے پاس جایئے۔ آپ کا حصہ ان کے

marfat.com
Marfat.com

پاس ہے۔ آپ مدینہ طیبہ سے رخصت ہو کر احمد آباد (گجرات) آئے۔ اس وقت سید غوث گوالیاریؒ قلعہ جانپانیر میں تھے۔ آپ سید غوثؒ کی خدمت میں پہنچے۔ بیعت خلافت سے مشرف اور فیضیاب ہو کر عارف کامل ہوئے۔ قبر حضرت شطاریؒ کی قلعہ جانپانیر میں ہے۔ بقول صاحب سیر الاولیاء آپ کی وفات ۹۶۹ھ میں ہوئی (تذکرہ اولیا دکن حصہ اول صفحہ ۴۴۴) (تواریخ الاولیاء جلد دوم صفحہ ۵۲۴)

۲۸۸۔ میاں بڈھن جو پٹن (ضلع احمد آباد) کے مشہور لوگوں میں سے تھے شیخ نعمانیؒ کے ہمراہ شیخ شرف الدینؒ کے مرض الموت میں ان کی عیادت کو گئے۔ شیخ نے کہا ایک عجیب واقعہ ہے جو آج تک کسی سے نہ کہا۔ اب جب میں اس دنیا سے جا رہا ہوں تم کو بتاتا ہوں۔ ایک سنگین گنبد تھا جس کو میں نے خرید کر ارادہ کیا کہ حاجی نوحاتؒ کے مقبرہ پر لگاؤں یہ میرے بزرگوں میں سے ہیں۔ خیال تھا کہ دوسرے دن اس خریدے ہوئے گنبد کو نیچے اترواؤں کہ رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ گنبد دوسرے کے لئے بنا ہے اس لئے تم اس گنبد سے دست بردار ہو جاؤ۔ چنانچہ میں نے اس کو دوسرے کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ کچھ عرصہ بعد مولانا محمد طاہر گجراتیؒ کا تابوت پہنچا۔ ان کی اولاد نے اس گنبد کو خرید کر نیچے اتارنے کا ارادہ کیا۔ میں نے چاہا کہ خواب بتا کر اس کام سے انہیں منع کروں مگر پھر سوچا کہ اگر واقعی کسی دوسرے کے لئے تیار ہوا ہے تو خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اس کی بھی ممانعت ہو جائے گی۔ اس کے بعد آپ کے فرزندوں نے اس گنبد کو نیچے اتروا کر حضرت طاہرؒ کے مقبرہ پر چڑھایا جو نہایت خوبصورتی کے ساتھ وہاں نصب ہو گیا۔ اس کا ایک پتھر بھی نہ ٹوٹا اور آج تک اسی طرح صحیح سالم اور مضبوط ہے۔ معلوم ہوا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس گنبد کی بابت جو ارشاد ہوا تھا وہ اسی ذات قدسی صفات کے لئے تھا (تذکرہ علامہ شیخ محمد طاہر محدث پٹنیؒ صفحہ ۱۱۲)

۲۸۹۔ علامہ شیخ محمد بن طاہر محدث پٹنیؒ کو ۶ شوال ۹۸۶ھ کو شہید کیا گیا جبکہ آپ نماز تہجد ادا کر رہے تھے۔ کہتے ہیں شیخ طاؤؒ جو بڑے فاضل اور مفسر تھے انہوں

marfat.com
Marfat.com

نے اسی رات خواب میں دیکھا کہ مخدوم خواجہ یحییٰؒ جو سارنگ پور کے اولیاء میں سے تھے اور اسی شہر میں مدفون ہیں۔ یہ حضرت شیخ طاہرؒ کی قبر پر فاتحہ کے لئے آئے ہوئے ہیں اور فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان فیض ترجمان سے سنا ہے کہ جو مسلمان حضرت شیخ طاہرؒ کے جنازہ کے ساتھ چلے گا وہ بھی بخش دیا جائے گا۔ اس لئے دستور ہو گیا ہے کہ حضرت شیخ طاہرؒ کے مریدوں یا شاگردوں کی اولاد میں سے جو کوئی وفات پاتا ہے تو اس کے جنازہ کے پیچھے چالیس قدم اپنی مغفرت کے خیال سے ضرور چلتا ہے اور دور و نزدیک کے لوگ بڑی رغبت سے جنازے کی مشایعت کے لئے دوڑتے ہیں (تذکرہ علامہ شیخ محمد طاہر محدث پٹنی صفحہ ۱۰۹ تا ۱۱۰)

۲۹۰۔ حضرت سید شاہ جمال بغدادی ورنگلی بغداد سے حرمین شریف کو روانہ ہوئے۔ حج زیارت کے بعد مع چند خدام مدینہ منورہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے اور "معشوق ربانی" خطاب پایا اور پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے ورنگل (دکن۔ بھارت) آئے۔ ۲۲ رجب المرجب ۸۸۸ھ کو وہیں وصال فرمایا۔ قبر مبارک ورنگل میں زیارت گاہ عالم ہے (تواریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۵۲۸) (مشکات النبوت) (محبوب ذی المنن تذکرہ اولیائے دکن صفحہ ۲۲۸)

۲۹۱۔ مخدوم نوح ہالہ کندیؒ نے ۱۳ برس کی عمر میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی روح پر فتوح سے تلقین پائی اور حضرت صدیق اکبرؓ کے وسیلہ سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے اور مرید ہوئے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو سات سبق علم لدنی کے سکھائے اور ایک روایت کے مطابق آپؐ نے سات سطور ایک تختی پر لکھ کر حضرت مخدوم کو عنایت فرمائیں۔ پہلی سطر آپؐ نے خود سکھائی اور باقی چھ سطور خضر و حضرت عیسیٰ علیہما السلام سے سیکھیں۔ وفات ۲۷ ذیقعدہ بروز پنجشنبہ ۹۹۸ھ کو ہوئی۔ قبر ہالہ کندی میں مرجع خلائق ہے (تاریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۵۵۵)

marfat.com
Marfat.com

۲۹۲۔ سید شاہ نور حضوریؒ آپ فرزند سید شاہ محمود حضوری غوریؒ کے ہیں۔ خرقہ خلافت و ارادت والد ماجد سے حاصل کیا اور والد کے وصال کے بعد لاہور میں مسند ارشاد و ہدایت پر جلوس فرما ہوئے اور کرامت رسول نمائی (صلی اللہ علیہ وسلم) مانند پدر بزرگوار کے ایسی جاری رہی کہ جو آپ کا مرید ہوتا اسی شب اس کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت با برکت کی دولت نصیب ہو جاتی تھی۔ وصال لاہور میں ۹۹۷ھ میں ہوا (تاریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۱۲۱)

۲۹۳۔ قطب عالم حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ کے پانچ سو خلفاء میں سے ایک کا نام شیخ عبدالغفور اعظم پوری تھا۔ آپ کو خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ درود شریف تعلیم فرمائی تھی "**اللھم صلی علی محمد والہ بعدد اسمائک الحسنی**" (انوار اصفیاء مرتبہ ادارۂ تصنیف و تالیف شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور صفحہ ۴۴۷)

حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ صابری بزرگ تھے۔ حضرت امام اعظمؒ کی نسل سے تھے۔ ۸۶۱ھ میں پیدا ہوئے۔ پیدائشی ولی تھے۔ بچپن سے عشق الٰہی غالب تھا۔ سب سے پہلے مسجد میں جا کر صف اول بیٹھ جاتے تھے اور ہٹتے ہٹتے پیچھے آجاتے اور نماز کے بعد نمازیوں کی جوتیاں سیدھی کر کے رکھتے تھے۔ شیخ محمد ردولویؒ کے معزز ترین خلیفہ تھے۔ گنگوہ (ضلع سہارنپور۔ یوپی۔ بھارت) میں مزار مبارک ہے۔ ۲۳ جمادیٰ الآخر بروز سہ شنبہ بوقت چاشت ۹۴۵ھ ۱۵۳۷ء کو وصال فرمایا۔ جب کفن پہنا چکے سینہ پر ہاتھ رکھا تو قلب میں حرکت تھی اور ذکر جاری تھا۔ آپ کے سات عالم و عارف بیٹے تھے مگر حب جاہ و زر نے ان کو شاہان مغلیہ کے آستانوں پر جھکا دیا تھا۔ اکبر اعظم کے صدر الصدور شیخ عبدالنبی آپ کے پوتے تھے (لطائف قدسی)

۲۹۴۔ علامہ سخاویؒ لکھتے ہیں کہ رشید عطار نے بیان کیا کہ ہمارے یہاں مصر میں ایک بزرگ تھے جن کا نام ابوسعید خیاطؒ تھا۔ بہت یکسو رہتے تھے۔ لوگوں سے میل جول بالکل نہ رکھتے تھے۔ اس کے بعد انہوں نے ابن رشیقؒ کی مجلس میں بکثرت جانا شروع کردیا اور نہایت اہتمام سے جایا کرتے تھے۔ لوگوں کو بہت تعجب ہوا۔ ان

marfat.com
Marfat.com

کے دریافت کرنے پر بتایا کہ انہوں نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ آپؐ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ ابن رشیق کی مجلس میں جایا کر اس لئے کہ یہ اپنی مجلس میں مجھ پر بکثرت درود پڑھتا ہے۔ (فضائل درود شریف مولفہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی ثم مدنی قدس سرہ' صفحہ ۱۵۷) (قول بدیع از علامہ سخاویؒ)

۲۹۵۔ شیخ ابراہیم بن حسین بن احمد بن محمد بن احمد بن بیریؒ مفتی مکہ مکرمہ اشہیرہ بیری زادہ۔ مدینہ منورہ میں ۱۰۲۰ھ میں پیدا ہوئے اور مکہ مکرمہ میں ۱۰۹۹ھ میں وصال فرمایا اور ام المومنین حضرت خدیجہ الکبریٰؓ کے روضہء مبارکہ کے پاس دفن ہوئے۔ آپ کو موت سے بڑا ڈر لگتا تھا۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپؐ فرماتے ہیں "یا ابراہیم مت فان لک بی اسوۃ حسنۃ" (اے ابراہیم تو مرے گا کہ یہی تیرے لئے میری جیسی تمثیل ہے)۔ آپ نے فرمایا کہ اس شرط پہ مروں گا کہ ہر سال میرے لئے حج کا ثواب لکھا جائے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر فرمایا ایسا ہی ہو گا (حدائق الحنفیہ از مولوی فقیر محمد جہلمی ثم لاہوری صفحہ ۴۲۵) میرے عزیز دوست احسان دانش مرحوم نے کیا خوب شعر کہا ہے۔ فرماتے ہیں ۔

دانش میں خوف مرگ سے مطلق ہوں بے نیاز
میں جانتا ہوں موت ہے سنت رسولؐ کی

۲۹۶۔ شیخ ابو نصر بن عبدالواحد بن عبدالملک بن محمد بن ابی سعد الصوفی الکرخیؒ فرماتے ہیں کہ حج سے فراغت کے بعد مدینہ شریف حاضر ہوا۔ حجرہ شریف کے پاس بیٹھا تھا کہ شیخ ابوبکر دیار بکرؒ تشریف لائے اور مواجہ شریف کے سامنے کھڑے ہو کر عرض کیا "السلام علیک یا رسول اللہ" تو اسی وقت حجرۂ شریفہ کے اندر سے یہ آواز آئی "وعلیک السلام یا ابابکر" اور اس کو ان تمام لوگوں نے سنا جو حاضر تھے (الحاوی) (فضائل حج صفحہ ۲۲۴)

۲۹۷۔ علامہ سخاویؒ نے فرمایا کہ ہم کو حکایت پہنچی ہے کہ سید نور الدین

marfat.com
Marfat.com

ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ ایجی شریف عفیف الدین کے والد ماجد نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے بعد بعض اوقات قبر شریف (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاما") سے خود اپنے سلام کا جواب سنا ہے اور تمام مجمع نے جو حاضر تھا سنا۔ "علیک السلام یا ولدی" (سعادۃ الدارین) (الحاوی) (فضائل حج صفحہ ۲۴۴)

۲۹۸۔ شیخ ابراہیم بن شیبانؒ فرماتے ہیں کہ میں حج بیت اللہ سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ حاضر ہوا اور میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے قریب جا کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سلام عرض کیا تو حجرہ شریف کے اندر سے فوراً "وعلیکم السلام" کی آواز سنی (قول بدیع) (فضائل حج صفحہ ۲۱۸) (فضائل درود شریف صفحہ ۳۲)

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اطہر کے پاس کھڑے ہو کر سلام پڑھنا، درود پڑھنے سے زیادہ افضل ہے (یعنی السلام علیک یا رسول اللہ افضل ہے۔ الصلوۃ علیک یا رسول اللہ سے) (فضائل درود شریف صفحہ ۳۸)

مستحب یہ ہے کہ جب مدینہ منورہ کے مکانات اور درختوں وغیرہ پر نظر پڑے تو درود شریف کثرت سے پڑھے اور جتنا قریب ہوتا جائے اتنا ہی درود شریف میں اضافہ کرتا جائے اس لئے کہ یہ مواقع وحی اور قرآن مجید کے نزول سے معمور ہیں۔ شیخ محقق عبدالحق محدث دہلویؒ کو ان کے شیخ نے مدینہ طیبہ کے سفر میں یہ وصیت فرمائی تھی کہ تمام اوقات درود شریف کے پڑھنے میں خرچ کریں۔ اکابرین کا بھی یہی معمول رہا ہے کہ وہ مدینہ منورہ کے سفر میں کثرت سے درود شریف پڑھنے کی خاص طور پر تاکید فرماتے ہیں۔

۲۹۹۔ حضرت اسحٰق بن سنانؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار مبارک کی ۱۷ مرتبہ زیارت کی۔ ہر زیارت کے موقع پر روضہ ء اقدس کے سامنے کھڑے ہو کر عرض کیا "السلام علیک یا رسول اللہ" اسی وقت قبر مبارک سے جواب ملا "وعلیک السلام یا بن سنان" (خیر المونس جلد اول صفحہ ۳۴۹)

۳۰۰۔ حمزہ بن محمدؒ نے فرمایا کہ میں حدیث شریف لکھتا تھا اور حضرت رسول

marfat.com
Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک پر صرف "صلعم" لکھتا تھا۔ ایک روز خواب میں دولت دیدار سے مشرف ہوا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اے حمزہ کتابت اپنی ضائع کرتا ہے۔ حمزہؒ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے اسم مبارک کے ہمراہ درود و سلام پورا لکھنا شروع کر دیا (صلوٰت ناصری از مولانا ناصر علی صفحہ ۶۰)

"احیاء و العلوم" میں حضرت امام غزالیؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی درود شریف لکھے میرے واسطے کسی کتاب میں تو ہمیشہ فرشتے اس کے واسطے استغفار کرتے ہیں جب تک میرا نام اس کتاب میں ہے۔ آپؐ نے فرمایا جو شخص میرے نام کے ساتھ کتاب میں صلی اللہ علیہ وسلم لکھتا ہے جب تک میرا نام کتاب میں رہے گا فرشتے اس کے لئے استغفار کرتے رہیں گے۔

۱۰۳۔ ضلع کچہری لاہور بند ہو چکی تھی اور حسب معمول میں گھر واپس جا رہا تھا۔ راستہ میں اچانک ایک لڑکا دوڑتا ہوا میرے پاس آیا اور اشارہ کیا کہ فلاں صاحب آپ کو یاد کر رہے ہیں۔ میں ان کے پاس گیا۔ سلام علیک کے بعد فرمانے لگے آپ نے اپنی کتاب "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" میں میرے خواب کو بھی شامل کر دیا ہے۔ میں نے کہا زندگی میں آج پہلی مرتبہ میری آپ سے ملاقات ہو رہی ہے۔ یہ فرمایئے کیا میں نے غلط بیانی کی ہے یا حوالہ غلط دیا ہے۔ بولے نہ آپ نے غلط بیانی کی ہے نہ حوالہ غلط دیا ہے۔ اس پر میں نے کہا دل میں تو آپ کے لڈو پھوٹ رہے ہیں اور مجھ سے بے محل اظہار ناراضگی کی کوشش ہے۔ یہ سن کر مسکرا دیئے اور کہا آپ "مائنڈ ریڈر" اور نہایت ذہین انسان ہیں۔ چائے آگئی جسے ہم دونوں نے مل کر پیا۔ میں فطرتاً" خلوت پسند اور اپنے کام سے کام رکھنے والا انسان ہوں۔ جوانی میں نہایت جوشیلا اور انقلابی قسم کا انسان تھا۔ اب تو خود میری زندگی میں انقلاب برپا ہو چکا ہے۔ صحیح معنوں میں گوشہ نشین انسان ہوں۔ شاذو نادر ہی کہیں آتا جاتا ہوں۔ اجنبیت ضرور ختم ہو گئی مگر ان صاحب سے قربت کا دعویدار نہیں۔ مجھے معلوم ہوا کہ یہ صاحب مولانا ابوالاعلیٰ مودودی قدس سرہ کے نہایت قریب رہے ہیں لیکن جب

marfat.com
Marfat.com

انہوں نے اپنا جانشین مقرر کیا تو مولانا کی رائے سے اتفاق نہ کرتے ہوئے یہ مستقل طور پر جماعت اسلامی سے علیحدہ ہو گئے (اپریل ۱۹۵۱ء سے اپریل ۱۹۹۱ء تک مسلسل ۴۰ سال میں نے لاہور میں گذارے ہیں۔ اب بصورت مجبوری بوجہ تنہائی و ضعیفی گذشتہ چار سال سے اسلام آباد/راولپنڈی میں رہ رہا ہوں مگر دل لاہور ہی میں پڑا رہتا ہے۔ حضرت مولاناؒ کی نماز جنازہ میں شرکت کی تھی۔ ایک دو مرتبہ پنجاب یونیورسٹی (اولڈ کیمپس) کے ہال میں ان کی تقریر بھی سنی تھی اور صرف ایک مرتبہ اپنے ایک عزیز کے ہمراہ ان کی کوٹھی پر ان کی امامت میں نماز عصر ادا کی تھی اور غالباً" مصافحہ بھی کیا تھا۔ مجھے قطعی افسوس نہیں کہ اس دور کی ایک عبقری علمی شخصیت سے میں دور رہا کیونکہ میں ان کی قریب قریب تمام کتابیں ایک مرتبہ ضرور پڑھ چکا ہوں اور ان کی دینی و قلمی خدمات کا نہ صرف معترف بلکہ بے حد مداح ہوں)۔ میں نے ان صاحب سے ایک دن کہا مجھے مولانا کی زندگی کا کوئی ایسا واقعہ یا خواب سنائیے جس کا دوسروں کو علم نہ ہو۔ فرمانے لگے ایک خواب ہے لیکن آپ کو نہیں بتاؤں گا ورنہ آپ اسے بھی اپنی کسی کتاب میں شامل کر دیں گے۔ میں نے کہا میں اسے ضرور مناسب جگہ بیان کروں گا اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا نام ظاہر نہ کیا جائے تو ایسا ہی ہو گا۔ آپ ہزار مجھے نہ بتانا چاہیں انشاء اللہ میں وہ خواب آپ سے ضرور کسی نہ کسی دن سن لوں گا۔ مجھے تین سال انتظار کرنا پڑا لیکن آخر کار کامیاب ہو گیا۔ فرمانے لگے مولانا مجھے بیٹوں کی طرح عزیز رکھتے تھے اور میں بھی ان کا انتہا درجہ ادب و احترام کرتا تھا۔ صدر ایوب کے زمانہ میں ایک روز مولانا نے مجھ سے کسی سیاسی کام کے لئے کہا جس پر میں غصہ سے پھٹ پڑا اور سخت ناراضگی کے عالم میں اپنے وطن ساہیوال (منٹگمری) چلا گیا۔ وہاں میرے مکان سے ملحق ایک مسجد ہے جس میں میں بچوں کو دینی تعلیم دیتا رہا ہوں۔ ساہیوال پہنچ کر رات جو آئی تو یہ خواب دیکھا۔ میں مسجد میں بچوں کو پڑھا رہا ہوں کہ ایک دم مولانا عبدالعزیز شرقی صاحب مسجد میں تشریف لا کر فرماتے ہیں کہ باہر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہیں۔ میں سرعت کے ساتھ مسجد سے باہر نکلتا ہوں۔ باہر مولانا ماہر القادریؒ کھڑے ہیں جو مجھے اشارہ سے بتاتے ہیں کہ وہ ہیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ جیسے ہی

marfat.com
Marfat.com

میں وہاں پہنچتا ہوں تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر حضرت مولانا مودودیؒ کو بھی موجود پاتا ہوں۔ کورنش بجا لاتا اور سلام کرتا ہوں۔ سلام کا جواب عطا فرما کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے فرماتے ہیں "بھئی آپ میرے بیٹے کا کام کیوں نہیں کر دیتے"۔ فوراً میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ فجر کی اذان ہو رہی ہیں۔ میں فجر کی نماز ادا کر کے والدہ سے اجازت حاصل کرتے ہی لاہور کے لئے روانہ ہو جاتا ہوں۔ آٹھ بجے کے قریب بس اسٹینڈ سے سیدھا اچھرہ مولانا کی کوٹھی پر پہنچ جاتا ہوں۔ مولانا پورچ میں بیٹھے اخبار بینی فرما رہے ہیں۔ چہرہ کے سامنے اخبار ہے۔ گیٹ پر میرے جوتوں کی آہٹ سن کر چہرہ کے سامنے سے اخبار ہٹا لیتے ہیں۔ جوں ہی میں قریب پہنچتا ہوں مسکرا کر فرماتے ہیں "بھئی اب تو میرا کام کر دیجئے" کچھ اس انداز سے یہ ارشاد فرمایا کہ جیسے رات کے میرے خواب کا ان کو بھی بخوبی علم ہے۔ میں نے حضرتؒ کے پاؤں پکڑ لئے اور اس کام کو کرنے کے لئے راضی ہو گیا۔ (بلاشک و شبہ حضرت سید ابوالاعلیٰ مودودی طاب ثراہ اس دور کے نہایت عظیم المرتبت عالم تھے جن کی گوناں گوں خدمات رہتی دنیا تک قائم رہیں گی)

مولانا عبدالعزیز شرقی صاحب عجیب باغ و بہار شخصیت کے مالک ہیں۔ گذشتہ ۳۵ سال سے مدینہ طیبہ میں مقیم ہیں۔ گاہے گاہے پاکستان بھی آتے رہتے ہیں۔ کرنل امیر الدین صاحب کے ساتھ ایک مرتبہ مجھ سے ملنے کے لئے بھی میرے مکان پر لاہور تشریف لائے تھے۔ آپ کا تعلق کسی زمانہ میں جماعت اسلامی کے ساتھ بھی تھا۔ قدرے لنگ کر کے چلتے ہیں۔ یہ لنگ ان کو اپنے نہایت بزرگ اور نامور والد حکیم فضل محمد جالندھری قدس سرہ سے ورثہ میں ملا ہے (تفصیلات کے لئے دیکھئے "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ حصہ اول "خواب نمبر ۱۶۷ صفحہ ۲۲۷ تا ۲۲۸۔ ناشر فیروز سنز لاہور۔ اب تو ۸۰ سال کے پیٹے میں ہوں گے۔ اللہ کرے خیریت سے ہوں)

مولانا ماہر القادریؒ جنت المعلیٰ مکہ مکرمہ میں آرام فرما ہیں۔ دنیا میں بھی کامیاب آخرت میں بھی سرخرو۔ سبحان اللہ۔ اس شیفتۂ رسولؐ کے کلام خصوصی طور پر نعتیہ کلام سے کون واقف نہیں۔ معاً ان کا ایک شعر یاد آگیا۔ آپ بھی سنئے۔ فرماتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

کس بیم و رجاء کے عالم میں طیبہ کی زیارت ہوتی ہے
اک سمت شریعت ہوتی ہے اک سمت محبت ہوتی ہے

(حضرت مولانا مودودیؒ کے مخالفین اور معترضین سے صرف اتنا کہوں گا "انگور کھٹے ہیں!")

۳۰۲- مولانا عبدالصمد صارم قریب بیس سال قبل اورینٹل کالج لاہور سے ریٹائر ہوئے۔ لاہور میں ایک رات خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چاروں خلفائے راشدینؓ کے ہمراہ دیکھا۔ چاروں خلفاء رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جس ترتیب سے ہوئے ہیں اسی طرح انہیں آگے پیچھے دیکھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحابؓ سے مولانا کی بابت فرمایا "گو یہ بھی یوں ہی سا ہے مگر کالج کے تمام اساتذہ میں غنیمت ہے لہٰذا ہماری حدیث کے پڑھانے کا کام اس کے سپرد کیا جائے۔" مولانا کالج میں شروع سے عربی ادب (لٹریچر) پڑھاتے چلے آ رہے تھے۔ صبح کالج جو پہنچے تو پرنسپل ڈاکٹر محمد شفیع صاحب نے انہیں بلا بھیجا اور فرمایا کہ "آج سے بخاری شریف تم پڑھایا کرو گے۔" مولانا نے فرمایا "بہتر" (یہ خواب عرصہ دراز قبل مولانا نے مجھے ازخود سنایا تھا۔)

مولانا عبدالصمد صارم الدیوبندی الازہری ابن قاضی ظہور الحسن ناظم سیوہارہ (ضلع بجنور، یوپی۔ بھارت) کے نامور قاضی خاندان کے نامور فرزند ہیں۔ فارغ التحصیل ہوتے ہی ۱۹۲۳ء میں اورینٹل کالج لاہور نے آپ کو قبول کر لیا۔ چھوٹی بڑی تقریباً تین سو کتابوں کے مؤلف و مترجم ہیں۔ میری بھی دو تین کتابوں پر تبصرہ فرما چکے ہیں۔ اس قدر سنجیدہ مگر دلچسپ اساتذہ کم ہی ملیں گے۔ آپ کے اکلوتے صاحبزادے مسٹر فوزی سلیم کا جواب نہیں۔ اگر میں ان کو مثالی فرزند کہوں تو مبالغہ نہ ہو گا۔ مولانا عمر میں مجھ سے سوا سال بڑے ہیں۔ ۱۹۶۳ء سے برابر مجھ پر شفقت فرما رہے ہیں۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں تا دیر سلامت رکھے۔ آمین۔

۳۰۳- کشمیری مجاہدین کی سرگرمیاں کشمیر میں شروع ہو چکی تھیں۔ نماز

marfat.com
Marfat.com

فجر میں آئمہ مساجد نے قنوت نازلہ کو پڑھنا شروع کر دیا تھا۔ ۴ ستمبر ۱۹۶۵ء رات ایک بجے پوری کالونی جاگ اٹھی۔ کھلبلی مچ گئی۔ میں نے سب سے کہا اللہ تعالیٰ کے حضور سربسجود ہو جاؤ۔ میں قریب تین بجے لیٹا فوراً غنودگی طاری ہو گئی اور اپنے آپ کو لاہور کے ایک چوک میں کھڑا پایا۔ دیکھا کہ ایک ہندو عورت ہلکے گلابی رنگ کی ساڑھی باندھے تیز تیز گردوپے پاؤں چلی آ رہی ہے۔ اس کا رخ انار کلی کی طرف معلوم ہوتا ہے۔ میں کہتا ہوں اگر اس طرف آئی تو اس کے سر پر جوتا ماروں گا۔ اتنے میں حضرت خواجہ ہجویریؒ کے روضہ (داتا دربار) کی طرف سے ایک جماعت آتی نظر آئی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ چاروں خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ہیں اور پیچھے پیچھے ایک جماعت ہے جس کی تعداد بارہ ہے۔ اسی جماعت کے پیچھے قدرے فاصلہ پر میرے مرشد حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ ہیں۔ آپ کے ہمراہ بعض ایسے بزرگ ہیں جن کو میں نہ پہچان سکا اور کچھ وہ حضرات بھی ہیں جو خانقاہ اشرفیہ میں مستقل طور پر قیام پذیر تھے۔ تعداد میں یہ بھی بارہ ہیں۔ اتنے میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت تھانویؒ کو میری جانب اشارہ کر کے فرمایا۔ اس کو دعا بتا دیجئے۔ حضرت والاؒ نے جو حدیث شریف میں آتا ہے وہ دعا بتا کر فرمایا اسے پڑھتے رہو اور سب کو یاد کرا دو۔ بندہ نے حدیث شریف والی دعا پڑھی "اللھم انا نجعلک فی نحورھم ونعوذ بک من شرورھم"۔ حضرت تھانویؒ نے فرمایا ہاں یہی۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ یہ بھی کہو "بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" اسی اثنا میں میری نظر والد مرحوم پر پڑی۔ آپ نے فرمایا یہی وہ دیوی ہے جسے ہنود "جنگ کی دیوی" کہتے ہیں۔ جب میں نے ان بارہ حضرات کی بابت دریافت کیا تو فرمایا بتانے کی اجازت نہیں۔ حضرت تھانویؒ نے ساتھیوں سے فرمایا اب کیا انتظار ہے۔ اس پر فوراً وہ بزرگ آگے آئے اور کچھ پڑھ کر اپنی انگلیوں پر دم کر کے اس ہندو عورت کی طرف اشارہ کیا اور پھونک ماری۔ پھونک سے چنگاریاں نکل کر اس کے چاروں طرف پھیل گئیں اور وہ گھبرا کر پیچھے کی طرف واپس ہونے لگی۔ مگر آہستہ آہستہ

marfat.com
Marfat.com

خراماں خراماں۔ ان بزرگ نے دوبارہ پڑھ کر پھونک ماری۔ اس مرتبہ ایک شعلہ نکلا جس سے وہ عورت تلملا اٹھی اور ایک آہ بھی اس کے منہ سے نکلی۔ اب تک اس کا منہ لاہور کی طرف تھا مگر اب اس نے بھارت کی طرف منہ کر کے چلنا شروع کر دیا۔ وہ چنگاریاں اس کو گھیرے ہوئے تھیں۔ ایک جگہ پہنچ کر دیکھا کہ ایک موٹی رسی پڑی ہوئی ہے وہ اس سے پار ہو کر کھڑی ہو گئی۔ اب مجھے خیال آیا تو دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے تمام ساتھی تو جا چکے ہیں اور حضرت تھانویؒ کے ساتھ جو حضرات تھے وہ دور دور تک چاروں طرف پھیل گئے ہیں۔ لیکن وہ بزرگ جنہوں نے پھونک ماری تھی میرے پاس ہی کھڑے ہیں۔ لمبا سا قد ہے' ہلکے جسم کے ہیں' لباس سفید ہے۔ فرما رہے ہیں دعا پڑھتے رہو۔ اس کو نہ بھولو۔ اچانک معلوم ہوا کہ ایک گولہ میرے پیچھے آ کر گرا اور سر کے پچھلے حصہ میں کچھ یوں ہی سا لگا بھی اور اس کی گرمی بھی محسوس ہوئی۔ اس سے میری آنکھ کھل گئی۔ جلدی سے بچوں کو جگایا اور وہ دعا یاد کرائی۔ اذان ہونے پر مسجد گیا۔ نماز فجر میں قنوت نازلہ پڑھی اور وہی دعا تمام نمازیوں کو یاد کرائی۔ آپ بھی یاد کر لیجئے۔ (اس خواب کے صرف دو دن بعد بھارت اور پاکستان کے درمیان باقاعدہ جنگ چھڑ گئی تھی)

۳۰۴۔ یہ خواب اس رات سے متعلق ہے جس رات سیالکوٹ کی جانب سے بھارت نے نہایت مکارانہ انداز میں پاکستان پر حملہ کیا تھا۔ اس رات میں نے بارگاہ رسالت میں عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آج ضرور دعا فرمائیں۔ آج بہت خطرہ ہے۔ فرمایا گھبراؤ مت اور اپنے حضرت (مولانا اشرف علی تھانویؒ) سے پوچھو یہ سارا کام (یا سارا محاذ فرمایا) ان ہی کے سپرد ہے۔ وہی پاکستان کے دولہا ہیں۔ حضرت تھانویؒ نے فرمایا یہ دعا پڑھو **"اللھم اھزم الاحزاب وحدہ بحق** لاحول ولاقوۃ الا باللہ" آپ بھی یہ دعا یاد کر لیجئے اور بوقت ضرورت اس کو کثرت سے پڑھئے۔ اللہ تعالیٰ مدد فرمائے گا۔

مولانا ممتاز احمد تھانوی استاد الحدیث جامعہ اطہر۔ لاہور کو حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ سے شرف بیعت ہی نہیں شرف تلمذ بھی حاصل ہے۔ یہ دونوں خواب آپ ہی نے دیکھے ہیں اور مجھے الحاج مولانا شیخ اعجاز الدین احمد عرفان رشدیؒ "بیت

marfat.com
Marfat.com

العرفان" انار کلی، لاہور نے عنایت فرمائے تھے۔ عرصہ ہوا وصال فرما چکے۔ اپنی کتاب "معرکہ حق و باطل حصہ دوم" میں شائع کرنا چاہتے تھے۔ مجھے علم نہیں شائع ہوئے یا نہیں (موجودہ حالات کے پیش نگاہ یہ دونوں خواب یعنی نمبر ۳۰۳ اور نمبر ۳۰۴ بے حد اہمیت کے حامل ہیں۔ ہم سب کو چاہئے ان دعاؤں کا بھی ورد کیا کریں اور بوقت ضرورت آئمہ مساجد نماز میں دعائے "قنوت نازلہ" بھی پڑھا کریں)۔

۳۰۵۔ ۵۴ سال کی عمر کے مشہور مہامنت ڈاکٹر شیو شکتی سروپ جی مہاراج جو مشرف بہ اسلام ہو کر اب ڈاکٹر اسلام الحق ہو چکے ہیں فرماتے ہیں کہ میرے اسلام قبول کرنے سے پہلے اسلام نے مجھے قبول کیا۔ اس میں میری کاوش یا جستجو کو دخل نہیں۔ صرف اللہ تعالیٰ کا احسان تھا کہ اس نے میری رہنمائی اور مجھ کو ہدایت فرمائی۔ ۱۹۸۴ء کی ایک رات میں اپنے مذہب کی تبلیغ و اشاعت کے بعد اپنے آشرم کی رہائش گاہ میں آرام کرنے گیا۔ رات خواب میں دیکھا کہ ایک بھیڑ میرے ساتھ چلی آ رہی ہے۔ میں جس طرف رخ کرتا ہوں بھیڑ بھی اسی طرف کا رخ کرتی ہے۔ ایک جگہ میں ٹھوکر کھا کر گرا۔ اتنے میں محسوس کیا کہ دو نادیدہ ہاتھ مجھے اٹھا رہے ہیں۔ جیسے جیسے میں اٹھ رہا ہوں ان نادیدہ ہاتھوں کی شخصیت کی روحانیت اور جاذبیت کا مجھ پر غلبہ ہوتا جاتا ہے۔ میرے لاشعور میں یہ سوال پیدا ہوا کہ ایسی نورانی اور جاذبیت والی یہ شخصیت کس کی ہے۔ مجھے ایک آواز محسوس ہوئی کہ جیسے کوئی کہہ رہا ہو کہ یہ مسلمانوں کی محبوب ترین ہستی اور پیغمبر اسلام محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ آواز سنتے ہی دل میں یہ سوال پیدا ہوا کہ یہ آواز کس کی ہے۔ لاشعور میں فوراً یہ جواب ابھرا یہ حضرت ابوبکر صدیقؓ ہیں۔ اسلام کے مطالعہ کے دوران میں ان دونوں ہستیوں کے نہ صرف ناموں سے متعارف تھا بلکہ ان کی عظمت اور دبدبہ میرے تحت الشعور میں محفوظ تھا۔ ان ناموں کی واقفیت سے میرے جذبات میں عجیب سا ہیجان پیدا ہوا اور ایسی کیفیت جسے الفاظ میں بیان کرنا ممکن ہی نہیں۔ اسی دوران آواز آئی کہ کلمہ پڑھو۔ مجھے کلمہ نہیں آتا تھا۔ کیسے پڑھتا۔ خاموش رہا۔ پھر مجھے "لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ" پڑھایا گیا۔ اس دوران میں نے محسوس کیا کہ میرا ہاتھ کسی نے اپنے ہاتھ میں لیا اور کلمہ پڑھنے کے بعد مجھے سینے سے لگا لیا۔ میں جب کلمہ پڑھ چکا تو

marfat.com
Marfat.com

مجھے کہا گیا کہ اب اس ملک کو کلمہ پڑھاؤ۔ تیسری آواز مجھے یہ آئی کہ اس صدی کے خاتمہ تک اس سرزمین سے سب کچھ ختم ہو جائے گا۔ اور دوبارہ خلافت کا اس ملک سے آغاز ہو گا۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ یہ خواب میری زندگی میں انقلاب لے آیا۔ اب میری زندگی بدل چکی ہے۔ اب میرا اوڑھنا بچھونا صرف اسلام ہے اور میں رات دن اسلام کی تبلیغ میں مشغول اور مگن رہتا ہوں۔ (مڈویک میگزین' روزنامہ جنگ' راولپنڈی مورخہ ۴ دسمبر ۱۹۹۱ء سے ماخوذ)

اس روح پرور خواب نے مجھے ایک واقعہ یاد دلایا۔ دہلی میں ایک ہی وقت میں تین بزرگ یعنی حضرت شاہ ولی اللہ" حضرت مظہر جان جاناں" اور حضرت شاہ فخر الدین" اپنے اپنے حلقہ علم و ادب اور ارادت کے لئے بے نظیر تھے۔ حضرت مولانا شاہ فخر الدین" کے ایک مرید نے ایک روز آپ سے عرض کیا کہ کوئی ترکیب بتایئے جس سے مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت نصیب ہو جائے۔ یہ سن کر آپ نے فی البدیہہ فرمایا کہ آج کی نماز عشاء پڑھے بغیر سو جانا۔ وہ تھے پکے نمازی ایسا کیسے ہو سکتا تھا۔ کئی روز اسی طرح گذر گئے۔ آخر ایک روز ہمت کر کے نماز عشاء کے صرف فرض پڑھ کر سو گئے۔ ابھی آنکھ لگی ہی تھی کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دیدار پاک سے مشرف ہوئے۔ آپ نے فرمایا کیا بات ہے آج آپ نے ہماری سنتیں نہیں پڑھیں۔ پھر کیا تھا تڑپ کر اٹھے۔ فوراً" وضو کر کے مکمل نماز عشا ادا کی۔ صبح جب حضرت شاہ فخر الدین" کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے ارشاد فرمایا بھئی مبارک ہو زیارت بابرکت' یہ سن کر وہ مرید آپ کے قدموں میں گر گیا اور اس واقعہ کی وضاحت چاہی۔ اس پر شاہ صاحب" نے فرمایا کہ مرید دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک عام "مرید" اور دوسرے "مراد" ۔ مرید بھٹک جائے تو ضروری نہیں کہ فورا" راہ راست پر ڈال دیا جائے جب کہ گمراہی اور بھٹکنے کی صورت میں "مراد" کو فی الفور قدرت کی طرف سے تنبیہہ ہوتی ہے اور اسے صراط مستقیم پر گامزن کر دیا جاتا ہے۔ مجھے تمہاری بابت علم تھا کہ تم مرید نہیں "مراد" ہو۔ اس لئے اس قسم کی بات کہہ دی تھی۔ تم نے عشاء کی نماز کے صرف فرض پڑھے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے دیدار کی نعمت سے نوازے گئے۔ اگر

marfat.com
Marfat.com

نماز عشا پڑھے بغیر سو جاتے تو اللہ تعالیٰ کے دیدار سے خواب میں مشرف ہوتے اور تم کو نماز عشاء کی ادائیگی کے لئے اٹھا دیا جاتا۔ معلوم ہوا "مراد" ہونا انتہائی بلند بختی کی علامت ہے جو خوش قسمت ڈاکٹر اسلام الحق کے حصہ میں آئی اور دین مبین کی خدمت کے لئے جن کا قدرت نے خود ہی انتخاب فرما لیا۔ سبحان اللہ! سچ ہے "ایں سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ"۔

۳۰۶۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا کہ ہاتھ لا میں تیری بیعت لے لوں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) مجھ میں اس کی قدرت نہیں ہے۔ میں ڈرتا ہوں مبادا اس بیعت کے بعد مجھ سے کوئی گناہ سرزد ہو جائے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تو اپنا ہاتھ دے اور مجھ سے بیعت کر اور اگر کوئی خطا و لغزش سرزد ہو جائے تو اس سے توبہ کر تو تجھے ضرر نہ کرے گی۔ گویا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اشارہ فرما دیا کہ کبھی اللہ تعالیٰ اس لئے بندہ کے حال درست کر دیتا ہے کہ اس کے ذریعہ سے اس رخنہ کو بند کر دے جو اس کے دین میں غرور و تکبر اور اس قسم کی باتوں سے واقع ہو۔(نعمت عظمیٰ جلد سوم)

۳۰۷۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلیؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں تو علم تصوف میں طفیلی ہوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس گروہ کا کلام پڑھا کرو کیونکہ اس خوان نعمت کا طفیلی ہی ولی ہوا کرتا ہے۔ اور جو اس کا عالم ہوتا ہے وہ ایسا ستارہ ہے جو ادراک میں نہیں آتا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کو تصوف کا خرقہ پہنایا۔ (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۳)

۳۰۸۔ ایک عارف نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کسی مکان میں بیٹھے دیکھا اور پھر شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت شاذلیؒ کے لئے کھڑے ہو

marfat.com
Marfat.com

گئے۔ ان عارف نے یہ خواب حضرت شاذلیؒ سے بیان کیا۔ اس پر آپ نے فرمایا اس کو چھپاؤ اس لئے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روح وجود ہیں۔ آپؐ جس کے لئے کھڑے ہوں گے اس کے لئے وجود کھڑا ہو گا۔ (محاسن الحسنین فی حکایات الصالحین صفحہ ۵۷۳)

حضرت شیخ ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرنی چاہے اسے چاہئے کہ آپؐ کا رات دن کثرت سے ذکر کرے۔ اس کے ساتھ اولیاء اللہ کی محبت بھی ہو ورنہ باب بارت اس سے مسدود رہے گا۔ اس لئے کہ اولیاء اکرام لوگوں کے سردار ہیں۔ ان کے غصہ سے ہمارا رب خفا ہوتا ہے اور اسی طرح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی خفا ہوتے ہیں اور یہ بھی فرماتے تھے کہ اولیاء اللہ ایسے امور پر مطلع ہوتے جن کی علما کو اطلاع نہیں ہوتی لہٰذا جو شخص کامیاب ہونا چاہے ان حضرات کے ساتھ ادب و تسلیم کا برتاؤ رکھے۔ (نعمت عظمیٰ جلد سوم ترجمہ سید عبدالغنی وارثی صفحہ ۳۰۴)

۳۰۹۔ شیخ محمد ابو المواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رویت سے مشرف ہوا۔ مجھ سے آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ حاسدوں سے نہ ڈر کیونکہ اگر وہ تجھ سے مکر کریں گے تو اللہ عزوجل ان سے مکر کرے گا۔ کیا تو نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نہیں سنا "اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝" (بے شک یہ داؤ چل رہے ہیں اور ہم داؤ چل رہے ہیں تو کافروں کو مہلت دو۔ ان کو تھوڑی ہی مہلت دو) (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۳۰۳) (محاسن الحسنین فی حکایات الصالحین صفحہ ۵۷۳)

۳۱۰۔ سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ نے فرمایا کہ ایک مدت تک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت موقوف رہی جس کا مجھے بے حد غم رہا۔ اس لئے میں اپنے قلب سے اپنے شیخ کی طرف متوجہ ہوا کہ میرے بارے میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سفارش کریں چنانچہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس جلوہ افروز ہوئے۔ انہوں نے فرمایا او زیارت کر

marfat.com
Marfat.com

لو۔ میں نے دیکھا تو مجھے نظر نہ آئے اس وجہ سے میں نے عرض کیا کہ میں نے تو نہیں دیکھا۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سبحان اللہ اس پر ظلمت چھا گئی ہے اور بات یہ تھی کہ اس زمانہ میں ایک جماعت کو میں فقہ پڑھایا کرتا تھا اور بعض علماء کے دلائل کو ست اور کمزور ثابت کرنے میں مجھ سے اور اس جماعت سے جھگڑا ہو گیا تھا۔ بالآخر میں نے فقہ کا شغل چھوڑ دیا تب مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) فقہ تو آپؐ کی شریعت کی چیز ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ ہے تو سہی لیکن اس میں ضرورت ہے کہ ائمہ کے درمیان ادب کا لحاظ رکھا جائے۔ (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۹)

۳۱۱۔ سیدی شیخ ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو آپؐ نے میرے منہ کو بوسہ دیا اور فرمایا کہ میں اس منہ کو بوسہ دیتا ہوں جو ہزار بار دن کو اور ہزار بار رات کو مجھ پر درود بھیجتا ہے حالانکہ میں غنی تیرے ثواب بخشنے سے ہوں۔ اس کے بعد ارشاد فرمایا کہ کیا اچھا ہوتا اگر سورہ انا اعطینک الکوثر مع بسم اللہ تیرا وظیفہ ہوتا رات کا' بعدہ مجھ سے ارشاد فرمایا کہ یہ دعا ہر روز پڑھا کرو "اللھم فرج کروباتنا اللھم اقل عشراتنا اللھم اغفر زلاتنا (اللہ تعالیٰ ہماری سختیوں کو دور فرما' اللہ تعالیٰ ہماری غلطیوں سے درگذر فرما' اللہ تعالیٰ ہماری لغزشوں کو دور فرما) اور مجھ پر درود بھیج اور "سلام علی المرسلین والحمد للہ رب العلمین" کہ اس سے تجھے بڑا فائدہ ہوگا۔ حوض کوثر پر جلد تیری میرے ساتھ ملاقات ہوگی۔ (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۳۱۰) (تواریخ الاولیاء حصہ دوم از امام الدین صفحہ ۶۲۲)

۳۱۲۔ سیدی شیخ محمد ابو المواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے میں اپنا وظیفہ پورا کرنے کے لئے جو ایک ہزار مرتبہ تھا جلدی کی۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ کیا تجھے معلوم نہیں کہ عجلت شیطان کا کام ہے۔ بعدہ ارشاد ہوا کہ "اللھم صلی علی سیدنا محمد و

marfat.com
Marfat.com

وعلی ال سیدنا محمد " ٹھہر ٹھہر کر اور ترتیل کے ساتھ کہا کر البتہ جب وقت تنگ ہو تو عجلت میں مضائقہ نہیں۔ پھر فرمایا کہ یہ جو میں نے تجھ سے بیان کیا افضلیت کی صورت ہے ورنہ جس طرح سے درود بھیجے وہ درود ہی ہے اور سب سے بہتر یہ ہے کہ تو اپنی درود سے پہلے "صلوۃ نامہ" پڑھ لیا کر اور آپ نے مجھ سے فرمایا کہ "صلوۃ نامہ" یہ ہے۔ اللھم صلی علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد کماصلیت علی سیدنا ابراھیم وعلی ال سیدنا ابراھیم و بارک علی سیدنا محمد و علی ال سیدنا محمد کما بارکت علی سیدنا ابراھیم وعلی ال سیدنا ابراھیم فی العالمین انک حمید مجید السلام علیک ایھا النبی و رحمتہ اللہ و برکاتہ " (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۴ تا ۲۹۵)

۳۱۳۔ سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ نے فرمایا کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے بہت مہربانی فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ اے ابوالمواہبؒ تیری وجہ سے میرے ایک لاکھ امتی بخشے جائیں گے۔ میں نے دریافت کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کس وجہ سے میں اس قابل ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا تو ایک ہزار بار دورد شریف پڑھتا ہے اور اس کا ثواب مجھ کو بخشتا ہے۔ پھر فرمایا تو درود شریف پڑھنے میں جلدی نہ کیا کر۔ اگر "صلوٰۃ نامہ" تو ایک بار پڑھے گا تو ہزار درود کا ثواب پائے گا مگر الحان و ترتیل سے پڑھا کر (تواریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ ۶۲۰)

حضرت شاذلیؒ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے بندے ایسے بھی ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بکثرت درود شریف بھیجنے کی وجہ سے آپؐ بہ نفس نفیس بغیر کسی واسطے کے ان کی تعلیم فرماتے ہیں۔

آخر میں استدعا ہے

قلم سے کہیں گر ہوئی ہو خطا — کریں اس کی اصلاح اہل صفا

و اخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

مطبوعہ فیروز سنز (پرائیوٹ) لمیٹڈ لاہور

marfat.com
Marfat.com

جناب محمد عبدالمجید صدیقی نے "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" مرتّب کر کے ایک نہایت ہی مبارک کام سرانجام دیا ہے۔ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے عین وصال کے بعد ہی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی یہ جہت نگاہوں کے سامنے آ گئی تھی۔ صحابہ کرامؓ، تابعینؒ و تبع تابعینؒ، بعد کے صلحاءؒ، اولیاءؒ، علماءؒ اور مجاہدینِ اسلام الغرض تمام اہلِ بصیرت پر یہ حقیقت اچھی طرح منکشف ہوتی چلی گئی کہ اب بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی اُمّت کے حالات سے اچھی طرح باخبر ہیں، بڑی شفقت کے ساتھ رہنمائی اور مدد فرماتے ہیں اور اپنی زیارت سے بھی مشرف فرمایا کرتے ہیں لیکن یہ شرف چودھویں صدی ہجری کے اختتام پر جناب عبدالمجید صدیقی کو حاصل ہونا تھا کہ اس حقیقتِ باہرہ سے ہر ایک کو آگاہ کرنے کے لیے محققانہ انداز میں ایک کتاب تصنیف کر دیں "تا کہ طلوع ہونے والی پندرھویں صدی ہجری میں مسلمان ہر آن اسے اپنی نگاہوں کے سامنے رکھیں اور رسولِ مقبولؐ (روحی فداہ) سے محبت و عقیدت کو اپنا سرمایۂ حیات سمجھیں۔ یہ مبارک کتاب ہر لائبریری میں موجود ہونی چاہیے اور ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

جناب ڈاکٹر سیّد محمد عبداللہ
پروفیسر ایمریطس، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

Rs. 295.00

ISBN 978-969-0-01232-0

فیروز سنز پرائیویٹ، لمیٹڈ
لاہور۔ راولپنڈی۔ کراچی

سیرت النبیؐ

بعد از

وصال النبیؐ

(حصہ سوم)

marfat.com

محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ

سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ

(حصہ سوم)

محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

لاہور - راولپنڈی - کراچی

marfat.com
Marfat.com

مجلد: 969 0 01244 4
باراوّل ــــــــــــــــــ ۱۹۹۵ء
بارپنجم ــــــــــــــــــ ۲۰۱۰ء

فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ

ہیڈ آفس وشوروم: 60۔شاہراہ قائداعظم، لاہور۔
راولپنڈی آفس: 277۔پشاور روڈ، راولپنڈی۔
کراچی آفس: فرسٹ فلور، مہران ہائٹس، مین کلفٹن روڈ، کراچی۔

سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ
حصہ سوم
محمد عبدالمجید صدیقی

Seerat ul Nabi Baad uz Wasal ul Nabi
Part III
Muhammad Abdul Majeed

1995,2000,2002,2005,2010ء © جملہ حقوق فیروز سنز محفوظ ہیں۔

اس کتاب کا کوئی حصہ نقل کرنے یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے،
فوٹو کاپی کرنے یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

مطبوعہ فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور۔ باہتمام ظہیر سلام پرنٹر و پبلشر
email:support@ferozsons.com.pk
www.ferozsons.com.pk

marfat.com
Marfat.com

انتساب

۱۔ جناب ایڈمرل مظفر حسن۔ کراچی
۲۔ جناب مقبول الٰہی۔ سابق ممبر بورڈ آف ریونیو۔ راولپنڈی
۳۔ جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالستار خان۔ حیدر آباد دکن (بھارت)
۴۔ جناب پروفیسر محمد سرور شفقت۔ حسن ابدال
۵۔ جناب سلطان محمود۔ اسلام آباد
۶۔ جناب محمد اسلام قریشی۔ کراچی
۷۔ جناب عبدالوحید مرحوم۔ لاہور

اور دیگر بے شمار حضرات جوان کتب کے مداح اور قدر دان ہیں ان سب کے نام' اس مبارک کتاب کا انتساب کرتا ہوں۔

marfat.com
Marfat.com

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	نمبر
۳	انتساب	۱۔
۷	فہرست منابع و ماخذ	۲۔
۲۰	خواب دیکھنے والوں کے ناموں کی فہرست	۳۔
۳۴ تا ۲۷۱	خواب تفصیل وار ______ ایک تا ۳۱۳	۴۔

marfat.com
Marfat.com

فہرست منابع و ماخذ

الف

۱۔ آئینہ اکبری
۲۔ اردو ڈائجسٹ
۳۔ المشرق
۴۔ اللہ کی آواز مخلوق کے لئے
۵۔ انشراح الصدور
۶۔ اسلامی تبلیغی انسائیکلوپیڈیا
۷۔ اخبار انقلاب۔ لاہور
۸۔ ادبائے اردو
۹۔ انوار الرحمٰن
۱۰۔ الملفوظ
۱۱۔ اولیائے نقشبندیہ
۱۲۔ انیس الواعظین
۱۳۔ امداد العاشقین
۱۴۔ اقتباس الانوار
۱۵۔ البراہین القاطعہ
۱۶۔ انوار العاشقین
۱۷۔ الصواعق
۱۸۔ اشرف السوانح

marfat.com
Marfat.com

۱۹۔ اصدق الرویاء

۲۰۔ احکم التاریخ

۲۱۔ الحیاۃ بعد المماۃ

۲۲۔ الارشاد

۲۳۔ انوار اصفیاء

۲۴۔ انفاس القلندریہ

۲۵۔ احوال العارفین

۲۶۔ اقتصاد

۲۷۔ التمہید

۲۸۔ انوار العارفین

۲۹۔ امیرالزویات

۳۰۔ آثار الصنادید

۳۱۔ ارواح ثلاثہ

ب

۱۔ بستان اولیہ

۲۔ بغیۃ زوی الاحلام

۳۔ بزرگان لاہور

۴۔ بدنظری کا علاج

marfat.com
Marfat.com

پ

۱۔ پیر مہر علی شاہؒ کا کلام

ت

۱۔ تجلی الیقین
۲۔ تربیت السالک
۳۔ تذکرہ مشاہیر کاکوری
۴۔ تراجم علمائے حدیث ہند
۵۔ تذکرہ علماء و مشائخ سرحد
۶۔ تاریخی خطہ بلگرام
۷۔ تذکرہ سلیمانی
۸۔ تذکرہ توکلیہ
۹۔ تحفتہ الکرام
۱۰۔ تحفتہ الطاہرین
۱۱۔ تذکرہ حضرت شاہ ولی اللہؒ
۱۲۔ تذکرہ حضرت خواجہ شاہ سلیمان تونسویؒ
۱۳۔ تذکرہ صدیق زماں
۱۴۔ تحفتہ الابرار

marfat.com
Marfat.com

۱۵۔ تذکرہ کاملان رام پور

۱۶۔ تحفۃ السند

۱۷۔ تقویۃ الایمان

۱۸۔ تذکرہ الرشید

۱۹۔ تذکرہ اولیاء دکن

۲۰۔ تذکرہ عزیزیہ

۲۱۔ تاریخ فضلی

ج

۱۔ جواہر الاسرار

۲۔ جمالِ نقشبند

۳۔ جامع الحکایات

چ

۱۔ چار درویشوں کا تذکرہ

ح

۱۔ حیات سروری

marfat.com
Marfat.com

۲۔ حیات صوفی

۳۔ حیوۃ العلماء

۴۔ حیات ولی

۵۔ حج معظم

۶۔ حجۃ اللہ البالغہ

۷۔ حیات اشرف

۸۔ حکایات اولیاء

۹۔ حکیم الامت نقوش و تاثرات

۱۰۔ حیات صرفی

۱۱۔ حیات صحابہؓ

۱۲۔ حیات اعلیٰ حضرتؒ

خ

۱۔ خدام الدین

۲۔ خیر المونس

۳۔ خیر الکلام

۴۔ خیرات الحسان

۵۔ خزینہ معرفت

پ

marfat.com
Marfat.com

د

۱۔ دار شین
۲۔ درود شریف کے فوائد

ڈ

۱۔ ڈائری جناب اثر صہبائیؒ

ذ

۱۔ ذکر حبیب
۲۔ ذکر کرام
۳۔ ذکر خیر
۴۔ ذکر جمیل
۵۔ ذاتی ڈائری مولانا عبیداللہ سندھیؒ
۶۔ ذکر اللہ اور درود و سلام کے فضائل

ر

۱۔ رحمت کائناتؐ

marfat.com
Marfat.com

۲۔ روزنامہ تسنیم
۳۔ ریاض الفقر
۴۔ روزنامہ شمس۔ ملتان
۵۔ روزنامہ جنگ
۶۔ روایات طیب
۷۔ رفع الوسوسہ
۸۔ رود کوثر
۹۔ رسالہ الفرقان
۱۰۔ راہ و رسم منزلہا
۱۱۔ روزنامہ "نوائے وقت" جمعہ میگزین

ز

۱۔ زہر الفائح
۲۔ زاد السعید

س

۱۔ سفیر اودھ
۲۔ سوانح قاسمی
۳۔ سیر الاقطاب

marfat.com
Marfat.com

۴- سلطان الاذکار

۵- سہ روزہ کوثر

۶- سنن ابوداؤد

۷- سوانح مولانا محمد یوسف کاندھلویؒ

۸- سوانح شیخ الہندؒ

۹- سعادت الدارین

۱۰- سیرۃ سلیمان

۱۱- سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ

۱۲- سفرنامہ اسیر مالٹا

۱۳- سوانح اعلیٰ حضرت امام احمد رضاؒ

۱۴- سوانح خواجہ حسن نظامیؒ

ش

۱- شمائم امدادیہ

۲- شیخ الاسلام نمبر

۳- شیخ عثمان خودی کا جہاد

۴- شرفاء کی اولاد سے دردمندانہ اپیل

ص

marfat.com
Marfat.com

۱۔ صراط الحمید
۲۔ صراط مستقیم

ع

۱۔ علم لدنی یا علم الٰہی
۲۔ بارہ عاشقان رسول
۳۔ علمائے سلف اور نابینا علماء
۴۔ علماء حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے

غ

۱۔ غبار خاطر

ف

۱۔ فیوضات مدینہ
۲۔ فیضان قدسی
۳۔ فیوض الحرمین
۴۔ فضائل ذکر
۵۔ فضائل درود شریف

marfat.com
Marfat.com

ق

۱۔ قصر عارفان
۲۔ قول بدیع
۳۔ قومی ڈائجسٹ

ک

۱۔ کیمیائے سعادت
۲۔ کتاب ا لکبائر
۳۔ کرامات امدادیہ
۴۔ کلیات حسرت موہانی
۵۔ کتاب شہرہ آفاق
۶۔ کتاب التعویذات

گ

۱۔ گلزار معانی

marfat.com
Marfat.com

ل

۱۔ لمعات کمالات قادریہ

م

۱۔ مثنوی مولانا رومؒ
۲۔ معراج المومنین
۳۔ محاسن المحسنین
۴۔ معارج روحانی
۵۔ مقرب تواریخ
۶۔ ملفوظات اعلیٰ حضرتؒ
۷۔ میری علمی اور مطالعاتی زندگی
۸۔ مرد مومن
۹۔ مظہر المناقب
۱۰۔ مشرقی لائبریری
۱۱۔ مراتب وجود
۱۲۔ مشاہیر اسلام
۱۳۔ مناقب فریدی
۱۴۔ محبوب الابرار
۱۵۔ مناقب المحبوبین

marfat.com
Marfat.com

۱۶۔ مشائخ نقشبندیہ مجددیہ
۱۷۔ ماہنامہ دعوت تنظیم الاسلام
۱۸۔ ملفوظات مولانا اشرف علی تھانویؒ
۱۹۔ مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دعوت
۲۰۔ معاون تبرکات خاقیہ
۲۱۔ مسلمان کون ہے اور کافر کون ہے
۲۲۔ مقامات ارشادیہ و مناقب عنایتہ

ن

۱۔ نشر الطیب
۲۔ نقش حیات
۳۔ نغمات الانس
۴۔ نجات المومنین
۵- نتائج التقلید
۶۔ نغمات العنبریہ
۷۔ نعمت عظمیٰ

و

۱۔ وعظ بے نظیر

marfat.com
Marfat.com

ہ

۱۔ ہفتاد اولیاء

۲۔ ہادی ہریانہ

ی

۱۔ یافع جنی

کل کتابیں ۱۷۲ سے زیادہ

marfat.com
Marfat.com

خواب دیکھنے والوں کی فہرست

خواب نمبر	دیکھنے والے کا نام
۱۔	مولانا سید سلیمان ندوی ؒ
۲۔	مولانا سید حامد میاں ؒ
۳۔	پیر مہر علی شاہ ؒ
۴۔	امام ابن عون ؒ
۵۔	مولانا محمد حبیب الرحمٰن خاں شروانی ؒ
۶۔	دو بزرگ
۷۔	حاجی عبدالرحمٰن اناور ؒ
۸۔	شیخ تقی الدین الہلالی ؒ
۹۔	حسن بن محمد ابراہیم ؒ
۱۰۔	ایک بزرگ
۱۱۔	ایک شخص
۱۲۔	ایک شخص
۱۳۔	ایک بزرگ
۱۴۔	ایک شخص
۱۵۔	ایک شخص
۱۶۔	شیخ سعدی بخاری مجددی لاہوری ؒ
۱۷۔	مولوی سید خلیل ؒ
۱۸۔	صوفی محمد علی ؒ
۱۹۔	صوفی محمد علی ؒ

marfat.com
Marfat.com

۲۰۔ صوفی محمد علیؒ

۲۱۔ صوفی محمد علیؒ

۲۲۔ عبدالسمیع پال اثر صہبائیؒ

۲۳۔ عبدالسمیع پال اثر صہبائیؒ

۲۴۔ عبدالسمیع پال اثر صہبائیؒ

۲۵۔ عبدالسمیع پال اثر صہبائیؒ

۲۶۔ عبدالسمیع پال اثر صہبائیؒ

۲۷۔ صاحبزادہ حافظ علی احمد جانؒ

۲۸۔ قاضی شریف الحسنؒ

۲۹۔ سید احمد بن مختارؒ

۳۰۔ علامہ عنایت اللہ خان مشرقیؒ

۳۱۔ ایک ثقہ آدمی

۳۲۔ ایک مشہور بزرگ

۳۳۔ ایک مولوی صاحب

۳۴۔ راج عبدالقادر

۳۵۔ حکیم محمد رمضان

۳۶۔ مولوی حافظ محمد سلیمان

۳۷۔ سید حضرت شاہ پیشاوری

۳۸۔ ارباب صاحب

۳۹۔ ایک نواب

۴۰۔ صوفی نواب دینؒ

۴۱۔ صوفی نواب دینؒ

۴۲۔ مولانا حسرت موہانیؒ

marfat.com
Marfat.com

۴۳۔ مولانا حسرت موہانیؒ

۴۴۔ پروفیسر محمد الیاس برنیؒ

۴۵۔ پروفیسر محمد الیاس برنیؒ

۴۶۔ لالہ تیج بھان

۴۷۔ سید قلندر علی شاہ سہروردیؒ

۴۸۔ مولانا محمد علی قاسمی حسینیؒ

۴۹۔ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ

۵۰۔ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ

۵۱۔ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ

۵۲۔ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ

۵۳۔ خواجہ حسن نظامیؒ

۵۴۔ خواجہ حسن نظامیؒ

۵۵۔ حمزہ بن حبیبؒ

۵۶۔ رنگریز لڑکا

۵۷۔ ایک شخص

۵۸۔ سید شاہ جنید قادریؒ

۵۹۔ ایک بزرگ

۶۰۔ ایک مجوسی

۶۱۔ امام صاحب

۶۲۔ حضرت صدیق اکبرؓ

۶۳۔ میر نصیر احمد رومیؒ

۶۴۔ ایک شخص

۶۵۔ مختلف لوگ

marfat.com
Marfat.com

۶۶۔ مولانا عبدالغفور عباسؒ

۶۷۔ مولانا عبدالغفور عباسؒ

۶۸۔ محمد نھے خانؒ

۶۹۔ محمد نھے خانؒ

۷۰۔ محمد نھے خانؒ

۷۱۔ محمد نھے خانؒ

۷۲۔ محمد نھے خانؒ

۷۳۔ رفیق معظم

۷۴۔ بخاری صاحب کی اہلیہ

۷۵۔ بابا جی غلام رسولؒ

۷۶۔ بابا جی غلام رسولؒ

۷۷۔ بابا جی غلام رسولؒ

۷۸۔ بابا جی غلام رسولؒ

۷۹۔ حضرت مولانا محمد زکریاؒ

۸۰۔ حافظ محمد عبدالکریمؒ

۸۱۔ حاجی نواب خانؒ

۸۲۔ ایک دوست

۸۳۔ حضرت خواجہ عبدالخالقؒ

۸۴۔ حضرت خواجہ عبدالخالقؒ

۸۵۔ حضرت خواجہ عبدالخالقؒ

۸۶۔ حضرت خواجہ عبدالخالقؒ

۸۷۔ حضرت خواجہ عبدالخالقؒ

۸۸۔ حضرت خواجہ قادر بخشؒ

marfat.com

Marfat.com

۸۹۔ ہمشیرہ کریم بخش

۹۰۔ مولوی ظہور الدین

۹۱۔ ایک مجذوب

۹۲۔ حضرت سائیں توکل شاہ

۹۳۔ حضرت سائیں توکل شاہ

۹۴۔ حضرت سائیں توکل شاہ

۹۵۔ حضرت سائیں توکل شاہ

۹۶۔ حضرت سائیں توکل شاہ

۹۷۔ حضرت سائیں توکل شاہ

۹۸۔ حضرت سائیں توکل شاہ

۹۹۔ مولوی مولا بخش

۱۰۰۔ ایک بزرگ

۱۰۱۔ نور احمد لغد

۱۰۲۔ مولوی عبدالکریم جیسوری

۱۰۳۔ امام بخش راہوئی

۱۰۴۔ حافظ صاحب

۱۰۵۔ ایک شخص

۱۰۶۔ ایک بزرگ

۱۰۷۔ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان

۱۰۸۔ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان

۱۰۹۔ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان

۱۱۰۔ ایک شامی بزرگ

۱۱۱۔ مولوی سید امیر احمد

marfat.com
Marfat.com

۱۱۲۔ ایک عالم

۱۱۳۔ سید احمد ادریسیؒ

۱۱۴۔ مولانا حکیم نعمت اللہ

۱۱۵۔ مہاراجہ کشن پرشاد

۱۱۶۔ ایک مفتی صاحب

۱۱۷۔ ایک مرید

۱۱۸۔ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ

۱۱۹۔ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ

۱۲۰۔ شریف احمد سقہ

۱۲۱۔ حافظ اشفاق رسول

۱۲۲۔ ایک بزرگ

۱۲۳۔ فضل احمد

۱۲۴۔ سید احمد

۱۲۵۔ ایک غریب الوطن

۱۲۶۔ ایک صاحب

۱۲۷۔ ایک صاحب

۱۲۸۔ ایک صاحب

۱۲۹۔ منشی علی سجاد

۱۳۰۔ ایک معمر حافظ

۱۳۱۔ ایک صاحب

۱۳۲۔ اہلیہ مولانا عبدالماجد دریا بادیؒ

۱۳۳۔ ذوالفقار خیاط

۱۳۴۔ محمد نجم الحسن

marfat.com
Marfat.com

۱۳۵۔ غلام قادر

۱۳۶۔ اہلیہ مولوی عبدالرحمٰن

۱۳۷۔ محمد مصطفیٰ

۱۳۸۔ سعادت حسین

۱۳۹۔ محمد ابراہیم

۱۴۰۔ ایک اہل حدیث

۱۴۱۔ ملا جیون

۱۴۲۔ عمرجی آمنجی

۱۴۳۔ نورالحق

۱۴۴۔ محمد عالم بلیاوی

۱۴۵۔ محمد شریف سقہ

۱۴۶۔ عزیز الرحمٰن

۱۴۷۔ رشید احمد

۱۴۸۔ دختر رشید احمد

۱۴۹۔ عزیز الرحمٰن

۱۵۰۔ ملا جیون

۱۵۱۔ ملا جیون

۱۵۲۔ ملا جیون

۱۵۳۔ امیر حسین

۱۵۴۔ سعید الرحمٰن

۱۵۵۔ محمد حسن الدین

۱۵۶۔ سید نوازش حسین

۱۵۷۔ محمد شفیع

marfat.com
Marfat.com

۱۵۸۔ بشیر احمد

۱۵۹۔ عبدالمنان خان

۱۶۰۔ محمد نجم الحسن

۱۶۱۔ محمد نجم الحسن

۱۶۲۔ ظفر احمد

۱۶۳۔ ایک خاتون

۱۶۴۔ مولوی وصی اللہ

۱۶۵۔ فضل احمد

۱۶۶۔ قاضی بشیرالدین

۱۶۷۔ ایک صاحب

۱۶۸۔ نذیر احمد کیرانویؒ

۱۶۹۔ محمد عتیق اللہ

۱۷۰۔ محمود حسین

۱۷۱۔ عبدالقیوم

۱۷۲۔ نذیر احمد

۱۷۳۔ نذیر احمد کیرانویؒ

۱۷۴۔ شہاب الدین

۱۷۵۔ شہاب الدین

۱۷۶۔ الٰہی بخش شکارپوریؒ

۱۷۷۔ محمد اسماعیل

۱۷۸۔ مفتی محمد حسن امرتسریؒ

۱۷۹۔ حافظ منشی شرافت اللہ

۱۸۰۔ ایک درویش

marfat.com
Marfat.com

۱۸۱۔ والدہ سید اسد الرحمٰن قدسی"

۱۸۲۔ مولانا عبیداللہ سندھی"

۱۸۳۔ مولانا عبیداللہ سندھی"

۱۸۴۔ شیخ الہند مولانا محمود حسن"

۱۸۵۔ حافظ عبداللہ غازی پوری"

۱۸۶۔ مولانا فریدالدین خان کاکوروی

۱۸۷۔ مولانا محمد فضل شاہ"

۱۸۸۔ خان بہادر مولوی خدا بخش"

۱۸۹۔ خواجہ یحییٰ کبیر غرغشی"

۱۹۰۔ ایک مجذوب

۱۹۱۔ ایک بزرگ

۱۹۲۔ ایک دیندار شخص

۱۹۳۔ مولانا رشید احمد گنگوہی"

۱۹۴۔ حضرت شیخ توکل شاہ"

۱۹۵۔ بادشاہ

۱۹۶۔ محترمہ رضیہ لال شاہ"

۱۹۷۔ آپا صغریٰ"

۱۹۸۔ علامہ ابوالقاسم قشیری"

۱۹۹۔ حضرت ابو محمد جرزی"

۲۰۰۔ حکیم عبداللہ جراج پوری"

۲۰۱۔ حضرت سید احمد میاں

۲۰۲۔ حضرت سید احمد میاں

۲۰۳۔ کرنل جان محمد

marfat.com
Marfat.com

۲۰۴۔ علامہ شعرانیؒ

۲۰۵۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ

۲۰۶۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ

۲۰۷۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ

۲۰۸۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ

۲۰۹۔ ایک صاحب

۲۱۰۔ منشی محمد وہاج الدین کاکورویؒ

۲۱۱۔ منشی محمد وہاج الدین کاکورویؒ

۲۱۲۔ ایک شخص

۲۱۳۔ مولوی سید محمد علی کانپوری

۲۱۴۔ مولوی کفایت اللہ

۲۱۵۔ حافظ محمد ابراہیم گنگوہی

۲۱۶۔ مخدوم سلطان شیخ حمزہؒ

۲۱۷۔ نور محمد سروری قادریؒ

۲۱۸۔ شیخ یعقوب صرفی عاصمی گنائیؒ

۲۱۹۔ حضرت شاہ نجات اللہؒ

۲۲۰۔ سلطان مقصود حمواریؒ

۲۲۱۔ شیخ محمد حسین سکنہ آبادیؒ

۲۲۲۔ مولوی فضل امام

۲۲۳۔ حاجی ولی محمد کشمیری پانی پتیؒ

۲۲۴۔ علامہ مولوی سراج احمد

۲۲۵۔ معظم خان

۲۲۶۔ حضرت شاہ حسن

marfat.com
Marfat.com

۲۲۷۔ حضرت شیخ محمد ٹھٹھوی

۲۲۸۔ مرغوب احمد

۲۲۹۔ حضرت خواجہ محمد صدیقؒ

۲۳۰۔ سید احمد مدنیؒ

۲۳۱۔ خلیل احمد خان

۲۳۲۔ قدرت اللہ بلگرامی

۲۳۳۔ ایک بزرگ

۲۳۴۔ حضرت خواجہ نور محمد مہارویؒ

۲۳۵۔ مخدوم آدم بن اسحاق

۲۳۶۔ شریفہ بانو

۲۳۷۔ صوفی خواجہ احمد بنگالی

۲۳۸۔ حافظ مولانا محمد عنایت اللہ

۲۳۹۔ حضرت مولانا سید شاہ غلام علیؒ

۲۴۰۔ حضرت حافظ محمد صابر علی

۲۴۱۔ حضرت حافظ محمد صابر علی

۲۴۲۔ سید شاہ محفوظ

۲۴۳۔ حضرت شاہ عبداللہ

۲۴۴۔ حاجی محمد آفندی

۲۴۵۔ مولانا محمد بخش رامپوری

۲۴۶۔ مولوی ثناء اللہ سنبھلی

۲۴۷۔ شیخ جلال الدین پانی پتیؒ

۲۴۸۔ مولوی عبداللہ جامیؒ

۲۴۹۔ مولوی محمد زماں خان

marfat.com
Marfat.com

۲۵۰۔ مولوی حقی نازلی
۲۵۱۔ مولوی محمد مسیح الدین علوی
۲۵۲۔ حضرت شاہ ابوالخیرؒ
۲۵۳۔ مولانا حامد علی
۲۵۴۔ مولانا حافظ شاہ علی انور قلندر
۲۵۵۔ سید محمد آصف قلندر
۲۵۶۔ شاہ منصب علی قلندر
۲۵۷۔ مولوی حافظ مظہر علی محدثؒ
۲۵۸۔ ملا حمید الدین محدثؒ
۲۵۹۔ مولانا حاجی امین الدین محدثؒ
۲۶۰۔ ایک بزرگ
۲۶۱۔ مفتی صدر الدینؒ
۲۶۲۔ ایک بڑھیا
۲۶۳۔ ایک شخص
۲۶۴۔ والد شیخ ابوبکر حمامیؒ
۲۶۵۔ ایک صاحب
۶۲۶۔ حضرت شاہ عبدالرحیم دھلویؒ
۲۶۷۔ شیخ ابو رضا محمدؒ
۲۶۸۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ
۲۶۹۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ
۲۷۰۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ
۲۷۱۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ
۲۷۲۔ بعض افغان

marfat.com
Marfat.com

۲۷۳۔ حضرت شاہ فخرالدین دھلویؒ

۲۷۴۔ ایک مرید

۲۷۵۔ ایک مرید

۲۷۶۔ حضرت مولانا خالد کردیؒ

۲۷۷۔ حضرت شاہ عبدالغنی نقشبندیؒ

۲۷۸۔ محترمہ گوہر بیگم

۲۷۹۔ حضرت شیخ سلیم چشتیؒ

۲۸۰۔ حضرت شیخ سلیم چشتیؒ

۲۸۱۔ والد حضرت باباجی شلبانڈی شریفؒ

۲۸۲۔ باباجی شلبانڈی شریفؒ

۲۸۳۔ مولانا فقیر محمدؒ

۲۸۴۔ زینب الغزالی

۲۸۵۔ مولانا محمد فاضل عثمانی مہاجر مکیؒ

۲۸۶۔ محمد اسماعیل قریشی

۲۸۷۔ ایک افغان

۲۸۸۔ شیخ عثمان فوری

۲۸۹۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۲۹۰۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۲۹۱۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۲۹۲۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۲۹۳۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۲۹۴۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۲۹۵۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

marfat.com
Marfat.com

۲۹۶۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۲۹۷۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۲۹۸۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۲۹۹۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۳۰۰۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۳۰۱۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۳۰۲۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۳۰۳۔ سید محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

۳۰۴۔ حضرت معاذ رازیؒ

۳۰۵۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ

۳۰۶۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ

۳۰۷۔ حسن بن موسیٰ الحضریؒ

۳۰۸۔ ابراہیم نسفیؒ

۳۰۹۔ ابو سلیمان حرانیؒ

۳۱۰۔ شیخ محمد رادھو اور خواجہ احمد جیسوی

۳۱۱۔ مولانا مارتونگؒ

۳۱۲۔ امام عبیداللہ ناصرالدین اور ابراہیم حسین

۳۱۳۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ

marfat.com
Marfat.com

خواب

(۱) حضرت مولانا سید سلیمان ندوی قدس سرہٗ ۱۳۶۹ھ میں حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے تھے۔ مدینہ شریف پہنچ کر روضہ پاک (علی صاحبہا الف الف صلوٰۃ و الف الف سلام) کے سامنے کھڑے ہو کر فی البدیہہ حسب ذیل نعت کہی:۔

آدم کے لئے فخریہ عالی نسبی ہے — مکی، مدنی، ہاشمی و مطلبی ہے
پاکیزہ تراز عرش و سما جنت فردوس — آرام گہ پاک رسول عربیؐ ہے
آہستہ قدم، نیچی نگہ، پست صدا ہو — خوابیدہ یہاں جسد رسول عربیؐ ہے
اے زائر بیت نبویؐ یاد رہے یہ — بے قاعدہ یاں جنبش لب بے ادبی ہے
کیا شان ہے اللہ رے محبوب نبیؐ کی — محبوب خدا ہے وہ جو محبوب نبیؐ ہے
بجھ جائے ترے چھینٹوں سے اے ابر کرم آج — جو آگ میرے سینے میں مدت سے دبی ہے

نعت اور استدعا نے شرف قبولیت پایا۔ رات آئی تو حضرت والاؒ کے لئے مطلع انوار اور شرف سعادت بن کر اسوئے ہوئے تھے کہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ وفور شوق سے اپنے آپ کو قدوم رسالتؐ پر ڈال دیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے شیدائی کو شفقت سے اٹھا لیا۔ پھر ایک طویل دعا پڑھ کر سینہ پر دم کی۔ یہ گویا نفخ سکینہ تھا۔ سالک کی تمکین کا سامان کیا گیا اور یوں عاشق صادق کو منہ مانگی مراد عطا کی گئی۔ حضرت والاؒ کی آنکھ کھلی تو کلمات دعا ذہن میں تازہ اور محفوظ تھے۔ حضرت والاؒ نے اپنی اہلیہ کو بلا کر وہی دعا ان پر دم کی۔ اس کے بعد وہ دعا ذہن سے محو ہو گئی۔ مقصود غالباً یہی تھا کہ جو برکت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے براہ راست حضرت سید سلیمان ندویؒ کو حاصل ہوئی تھی حضرت والاؒ کے واسطے سے آپ کی رفیقہ حیات بھی اس سے بہرہ یاب ہو جائیں۔

marfat.com
Marfat.com

یہ کمال دلنوازی کا برتاؤ تھا جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فدائی کے ساتھ ظہور میں آیا- اس واقعہ کے بعد حضرت والا کو تمکین کامل اور عبدیت مطلقہ حاصل ہو گئی- (تذکرہ سلیمان صفحہ ۲۱۱' ۲۱۲)

(۲) عالم ربانی' فاضل لاثانی الحاج حافظ مولانا سید حامد میاں" مہتمم جامعہ مدینہ راوی روڈ لاہور نے ایک خواب دیکھا کہ جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے ہیں کہ مجھ پر "صلوۃ مفرع" بھیجا کرو- یہ خواب آپ نے اپنے مرشد گرامی شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی" کو لکھ کر بھیجا- یہ ۴ محرم الحرام ۱۳۶۹ھ کی بات ہے- تو حضرت مدنی قدس سرہ" نے جوابا" تحریر فرمایا کہ درود شریف کی کثرت کیجئے- جس میں "کما تحب وترضیٰ عدد ما تحب و ترضیٰ " ہے- جس کی طرف اشارہ فرمایا وہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی قدس اللہ سرہ العزیز" کا پسندیدہ ہے اور وہ یہ ہے " اللھم صلی علی سیدنا محمد و علی آلہ و اصحابہ کما تحب و ترضیٰ عدد ما تحب و ترضیٰ " لیکن نامعلوم کیوں اس درود شریف کی کثرت نہ کر سکے اور خود بخود حسب ذیل درود شریف کی طرف طبیعت مائل رہی اور رات کو سوتے وقت ایک ہزار مرتبہ اسی کو پڑھتے تھے " صلی اللہ علی النبی الامی " (ذکر جمیل از حضرت مولانا سید حامد میاں" صفحہ ۴۳ تا ۴۷)- حضرت مولانا سید حامد میاں" شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی" کے خلیفہ مجاز تھے- نہایت سادہ طبیعت' باعمل بزرگ' جید عالم اور پرکشش شخصیت کے مالک تھے- مجھ پر بہت شفقت فرماتے تھے- کوئی پندرہ سال قبل لاہور میں وصال فرما گئے- حضرت کے سب سے بڑے صاحبزادے مولانا رشید میاں اب جامعہ مدینہ کے مہتمم ہیں-

(۳) حضرت پیر مہر علی شاہ" آف گولڑہ شریف طبعا" شاعر تھے- اس لئے

marfat.com
Marfat.com

بعض اوقات ان کے دلی جذبات شعر کی شکل میں وارد ہوتے تھے جنہیں ان کے ارادتمند فوراً قلمبند کر کے محفوظ کر لیتے تھے۔ مدینہ منورہ کے سفر کے دوران ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔ رہزنوں کے خوف سے نماز کو مختصر کرنے کے لئے سنتیں چھوڑ دیں اور اسی مقام پر جس کا نام وادی حمراء ہے تھوڑی سی دیر کے لئے آنکھ لگ گئی۔ دیکھا کہ ایک مسجد میں بحالت مراقبہ دو زانو بیٹھے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لا کر فرماتے ہیں کہ "آل رسولؐ کو سنت رسولؐ ترک نہیں کرنی چاہیے" حضرت پیر مہر علی شاہؒ لکھتے ہیں کہ میں نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی پنڈلیوں کو دونوں ہاتھوں سے مضبوط پکڑ کر آہ و فغاں کرتے ہوئے "الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ" کہنا شروع کردیا اور عالم مدہوشی میں عرض کیا کہ آپ کون ہیں۔ جواب میں وہی فرمایا گیا کہ آل رسولؐ کو سنت رسولؐ ترک نہیں کرنی چاہیے۔ اسی طرح تین مرتبہ سوال و جواب ہوئے۔ (صفحہ ۱۳ تا ۱۴)

اس حالت میں آپ پر کیف و سرور اور سرخوشی و سرشاری کی جو کیفیت طاری ہوئی وہ الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ اس عالم میں دوران سفر آپ نے پنجابی زبان میں وہ مشہور و معروف نعت لکھی جو پنجابی کے نعتیہ ادب میں ایک عظیم شاہکار کی حیثیت رکھتی ہے اور جو اکثر بھیم پلاسی یا اساوری میں گائی جاتی ہے۔ یہ پنجابی نعت میری کتاب "زیارت نبیؐ بحالت بیداری حصہ اول" کے صفحہ ۶۲، ۶۴ پر موجود ہے مع اردو ترجمہ۔ یہاں اس مشہور پنجابی نعت کا منظوم اردو ترجمہ جسے جناب کرم حیدری نے کیا ہے پیش کیا جاتا ہے۔

ہے آج بجن کی پیاس بہت — کیوں دل مسکین ہے اداس بہت؟
نس نس میں ہے شوق کی باس بہت — آنکھوں سے لگی ہیں کیوں جھڑیاں؟
جب آنکھ لگی ---- دیدار ہوا — خوشبوئے زلف سے مہکی فضا

marfat.com
Marfat.com

نظارے نے مدہوش لیا   وہ نین ہوئے جب برق فشاں
مکھڑا اک بدر ہے شعشانی   ماتھے پہ ہیں لاٹیں نورانی
زلفیں کالی اور مستانی   آنکھیں ہیں نشیلی مدھ بھریاں
دو ابرو مثال قوس لگیں   جن سے مژگاں کے تیر چلیں
لب لعل یمن کی سرخی دیں   اور دانت ہیں موتیوں کی لڑیاں
اس صورت کو میں جان کہوں   جاناں کہ جان جان کہوں
سچ کہوں تو رب کی شان کہوں   جس شان سے ہے ہر شان عیاں
بے صورت سے یہ صورت ہے   بے نقش کی پاک مورت ہے
گویا بے رنگ کی مورت ہے   کثرت میں ہے جو وحدت کا نشاں
یہ صورت بے صورت کو سمجھائے   ہاں بلکہ حقیقت تک پہنچائے
بے سوجھ ،مگر کب اس کو پائے   اتھلوں کو موتی ملیں کہاں
یا رب ہو یہ صورت پیش نظر   جب نزع لگے، جب ہو محشر
جب قبر میں ہو اور پل پہ گذر   سب کھوٹے بھی ہونگے کھرے جہاں
یعطیک ربک شان ان کی   ارشاد فترضٰی آس اپنی
حق چاہے تو سمجھو بات بنی   ہے واشفع تشفع جو ورد زباں
چہرے ہٹاؤ برد یمن   صورت پیاری دکھلاؤ سجن
جو صحرا وادی میں کی تھیں مثمن   وہی میٹھی باتیں کرو جاناں
آؤ حجرے سے مسجد کو پیارے   اک نوری جھلک مانگیں سارے
ہیں آنکھیں بچھائے متوارے   سب انس و ملک، حوریں، پریاں
ان روتے ہوئے دیوانوں پر   ان صدقے اترتی جانوں پر
بے دام غلام انسانوں پر   پھر آئیں خدایا وہ گھڑیاں
سبحان اللہ ما اجملک   ما احسنک ما اکملک
کہاں مہر علی، کہاں تیری ثنا   گستاخ نظر جا ٹھہری کہاں

(پیر مہر علی شاہؒ کے پنجابی اور فارسی کلام کا اردو ترجمہ از کرم حیدری-

marfat.com
Marfat.com

لوک ورثہ اشاعت گھر۔ اسلام آباد۔ صفحہ ۶۴ تا ۶۹)

مسٹر محمد وسیم بیگ (لائبریرین) کا میں شکر گذار ہوں جنھوں نے سکریٹریٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ لائبریری H-9 اسلام آباد کی یہ کتاب برائے استفادہ چند روز کے واسطے مجھے عنایت فرمائی۔

(۴) عبداللہ نام۔ ابو عون کنیت۔ عبداللہ بن درہ مزنی کے غلام تھے۔ آخر عمر میں رویاء میں سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ سجدہ شکر کے لئے مسجد میں گئے تو انتہائی مسرت میں گر پڑے۔ ایسی چوٹ لگی کہ پھر جانبر نہ ہو سکے اور رجب ۱۵۱ ھ م ۷۶۸ء میں واصل بحق ہوئے۔ جنازہ کے ہمراہ لوگوں کا بے پناہ ہجوم تھا۔

امام ابن عونؒ علمی اعتبار سے کوفہ کے اکابر علماء میں سے تھے۔ اگرچہ جملہ علوم میں دستگاہ رکھتے تھے۔ لیکن حدیث نبویؐ ان کا خاص موضوع تھا۔ زہد و ورع میں امتیازی درجہ رکھتے تھے عبادت محبوب مشغلہ تھا۔ نہایت خوش اخلاق، حلیم الطبع اور نرم خو تھے (صفحہ ۱۰۴ علماء سلف و نابینا علماء از نواب صدر یار جنگ مولانا حبیب الرحمٰن خاں شروانی۔ اکیڈیمی آف ایجوکیشنل ریسرچ۔ کراچی)

(۵) ۱۶ صفر المظفر ۱۳۴۶ھ روز چہار شنبہ کی مبارک شب کو مراجعت مدینہ طیبہ کے بعد منزل بیرا شیخ اور مستورہ کے درمیان ایک بجے کے وقت میں ایک عظیم الشان رویا سے مشرف ہوا۔ بعونہ و رحمتہ تعالیٰ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک کشادہ میدان میں برابر برابر دو خش پوش بنگلے بنے ہوئے ہیں۔ ان کے احاطے جدا جدا ہیں۔ احاطوں میں درخت لگے ہیں جن میں بڑے بڑے درخت بڑ کے بھی ہیں۔ ایک بنگلے میں بطور مہمان حضرت سراج الانبیاء صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم عاجز کا قیام ہے۔ اسی اثناء میں مع ایک رفیق حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے میرے قیام کے بنگلے میں ورود فرمایا اس طرح کہ

marfat.com
Marfat.com

جیسے کوئی کہیں جاتے جاتے مہمان پرسی کے لئے اس کی قیام گاہ پر ہوتا جائے۔ ایک کمیت گھوڑا میانہ قد' خوبصورت' عربی النسل' زین کسا ہوا احاطے میں کھڑا تھا۔ حسب ارشاد سوار ہوا اس خیال و یقین کے ساتھ کہ یہ محض مہمان نوازی و غریب پروری ہے۔ ایک جانب دست راست مبارک سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس کی باگ پکڑی اور دست چپ سے دوسری جانب سے دوسرے بزرگ نے جو ذات اقدس سے صورتاً و لباساً اشبہ تھے۔

جسم مبارک دبلا تھا' ریش مبارک دراز تھی' لباس مبارک اجلا نہ تھا۔ دوسری جانب کے بزرگ بھی اسی صورت و لباس کے تھے۔ دل میں از خود خیال آیا کہ یہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔ یہ خیال برابر دل میں قوت سے آتا رہا کہ یہ محض عاجز نوازی اور غریب پروری ہے۔ میرے قیام کے بنگلے میں رونق افروزی بھی اسی مقصد سے فرمائی گئی۔ ورنہ اصل مقصد دوسرے بنگلے میں تشریف آوری کا تھا۔ غرض اس ہیت مبارک سے گھوڑا احاطے سے باہر آیا اور سامنے کے میدان کی طرف چلا۔ اس وقت بھی خیال آیا کہ دوسرے بنگلے کے قریب کے راستے کو ترک فرما کر میدان کی جانب تشریف فرمائی بھی بہ خیال مذکورہ بالا ہے۔ گھوڑا چلتا تو آہستہ تھا مگر بڑے بناؤ اور قدیم روش کی چلبلی رفتار سے (جس کی اگلے شہسوار تعلیم دیتے تھے) چاروں ڈنڈے پھاڑتا ہوا کھیلتا چل رہا تھا۔ رفتار کے انداز بھی بدلتا جاتا تھا اور کئی طرح کے قدم ڈالتا مگر سب آہستہ۔

دوسرے صاحب گھوڑے کی رفتار کی برابر تعریف فرماتے جاتے اور رفتار کی اقسام کا نام ظاہر فرماتے مگر میں ان کا مخاطب نہ تھا۔ تمام راستے میں مجھ سے کوئی کلام نہیں فرمایا گیا۔ اسی طرح دور تک گھوڑا آگے بڑھتا گیا۔ اس کے بعد دوسرے بنگلہ کی جانب مراجعت فرمائی ہوئی۔ اس اثناء میں سید الکل' افضل الرسل' امام الاصفیاء فخر النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ الفاظ ارشاد فرمائے۔ "انتظام گڑ بڑ ہے۔ جائزہ دلوا دیا جائے"

marfat.com
Marfat.com

اس کے بعد دوسرے بنگلہ میں داخل ہوئے۔ میں گھوڑے سے نیچے اتر آیا۔ اس وقت بھی زبان مبارک اور رفیق مبارک کی زبان پر گھوڑے کی رفتار کی تعریف تھی۔ اس وقت میں نے رقت آمیز آواز سے عرض کیا "یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میرے فخر کی بھی انتہا نہ رہی"۔

بہ آواز بلند فرمایا "بے شک" اس کے بعد بنگلہ کے اندر قدم رنجہ فرمایا۔ کمرے میں ایسا سماں تھا جیسے کچہری ہو۔ حاکم صدر میں کرسی پر تھا۔ میز سامنے تھی۔ اہل دفتر اور اہل معاملہ سے کمرہ بھرا ہوا تھا۔ حاکم کا چہرہ گورا تھا مگر میلا۔ داڑھی منڈھی ہوئی تھی۔ دونوں جانب صرف قلمیں' سر پر میلی پگڑی تھی۔ گردن جھکائے انگریزی لکھ رہا تھا۔ قریب پہنچ کر ارشاد فیض بنیاد ہوا۔ "جائزہ دیدو" ان الفاظ کے ادا ہوتے ہی حاکم معاً" ہاتھ سے قلم رکھ کر کھڑا ہو گیا۔ اس کے بعد دوسرے کمرے میں تنہا گیا۔ وہاں بھی یہی سماں تھا۔ دل میں یہ خیال خود بخود پیدا ہوا کہ یہ نائب حاکم ہے۔ وہ نائب بھی معروف تحریر تھا۔ شکل و صورت بھی وہی تھی۔ اسی حالت میں اس نے یہ چیز سنی کہ جائزہ دلوا دیا گیا۔ اس نے بھی فی الفور قلم روک کر ہاتھ سے رکھ دیا۔ اس کے بعد آنکھ کھل گئی۔ گھڑی دیکھی تو ایک بجا تھا۔ ہوا سرد چل رہی تھی۔ چاندنی کا دریائے نور میدان میں موجزن تھا۔ جلالت خواب سے متاثر ہو کر میں فوراً سجدہ شکر میں گرا۔ دیر تک حمد باری تعالیٰ کرتا رہا۔ سر اٹھایا تو معلوم ہوا کہ سجدہ مدینہ طیبہ کی جانب ہوا۔

غش کھا کے داغ یار کے قدموں پہ گر پڑا بے ہوش نے بھی کام کیا' ہوشیار کا

دوبارہ سجدہ شکر کعبہ محترم کی جانب کیا۔ خواب سے آنکھ کھلنے پر معاً" یہ خیال بھی آیا تھا کہ یہ خواب دو صاحبوں سے بیان کروں گا۔ ایک مولانا سید سلیمان اشرف صاحب سے اور دوسرے مولانا سید مناظر احسن گیلانی صاحب سے۔ اس کے بعد قلب و دماغ کا کیا عالم تھا یہ کون بتا سکتا ہے۔ میرے اس

marfat.com
Marfat.com

شعر کو یاد کرو ۔

خوشا نصیب کہ حسرت چلا مدینے کو نوید آنکھ کو ہو تہنیت ہو سینے کو

(بشکریہ "اردو ڈائجسٹ" لاہور۔ شمارہ جون ۱۹۶۷ء)

یہ خواب نواب صدر یار جنگ بہادر الحاج مولانا حبیب الرحمٰن خاں حسرت شروانی سابق صدر الصدور امور مذہبی سرکار نظام دکن نے دیکھا تھا۔ آپ بھیکم پور ضلع علی گڑھ کے مشہور رئیس تھے۔ مسلمانان ہند کے گذشتہ دور علم و مجالس کی یادگار تھے۔ آپ کی مشہور و معروف کتاب "علمائے سلف و نابینا علماء" کو بے حد مقبولیت حاصل ہے۔ قلعہ احمد نگر کی قید (از ۹ اگست ۱۹۴۲ء تا ۱۵ جون ۱۹۴۵ء) کے زمانے میں مولانا ابوالکلام آزاد کو دوستوں سے خط و کتابت کی اجازت نہ تھی اور نہ ہی مولانا کی کوئی تحریر باہر جا سکتی تھی۔ مولانا نے اس دور میں جو مکاتیب لکھے وہ ایک فائل میں جمع ہوتے رہے۔ آپ کی رہائی کے بعد ان کے مکاتیب کے مکتوب الیہ تک پہنچنے کی راہ باز ہوئی۔ یہ تمام مکاتیب "صدیق مکرم" کے خطاب سے شروع ہوئے ہیں۔ "یہ صدیق" تشدید کے ساتھ "صدّیق" نہیں بلکہ بغیر تشدید کے "صدیق" ہے جس کے معنی دوست کے ہیں۔ صدیق مکرم سے مراد مولانا حبیب الرحمٰن خاں شروانی ہیں اور یہ تمام خطوط آپ کے نام لکھے گئے ہیں۔ مولانا آزاد کے ان خطوط کا مجموعہ "غبار خاطر" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ نواب صاحب کے "کتب خانہ حبیب گنج" کی مہر دور عباسی کے مشہور عربی شاعر متنبی کے مصرع "و خیر جلیس فی الزمان کتاب" (کتاب انسان کا بہترین ساتھی ہے) پر مشتمل تھی۔

(۶) حجاز اور عراق کے دو بزرگوں نے ایک ہی وقت میں خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرما رہے ہیں کہ مدینہ منورہ کی ایک بد رو پھٹ گئی ہے جس نے مجھے تکلیف پہنچا رکھی ہے۔ ان دونوں بزرگوں نے فوراً بذریعہ تار شاہ سعود کو اپنے خوابوں سے مطلع کیا۔ یہ ۱۹۵۱ء کی بات ہے۔ شاہ سعود یہ خبر پاتے ہی بذریعہ جہاز مدینہ شریف پہنچے۔ تحقیق کرنے پر

marfat.com
Marfat.com

معلوم ہوا کہ واقعتاً ایک نالی جو قریب سے گذری ہے ایک مقام سے پھٹ گئی ہے۔ فوراً اس کو از سر نو تعمیر کرایا گیا اور کافی رقم خرچ کر کے وہ علاقہ نہایت خوبصورت بنا دیا گیا (حضرت مولانا صدرالدین رفاعی کاشمیری نے دوران درس قرآن' مدنی مسجد' سیٹلائٹ ٹاؤن۔ راولپنڈی میں ۵ نومبر ۱۹۶۷ء کو اس خواب کا ذکر فرمایا تھا۔ مولانا کے اس درس میں خوش قسمتی سے میں بھی موجود تھا۔ ویسے یہ واقعہ جماعت اسلامی کے روزنامہ "تسنیم" اور سہ روزہ "کوثر" کے اندر بھی اس زمانہ میں شائع ہوا تھا)۔

(۷) حاجی عبدالرحمٰن اٹاور (میوات) کے ایک غیر مسلم بنئے کے گھر میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے اور مولانا محمد صاحبؒ کے ہاتھ پر اسلام لائے۔ نظام الدین (دہلی) کے مدرسہ میں مولانا محمد صاحبؒ سے قرآن مجید کی تعلیم حاصل کی۔ حضرت مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوری ثم مدنیؒ سے بیعت ہوئے۔ مولانا محمد صاحبؒ کے زمانہ میں ان کے دست راست اور خاص معتمد رہے۔ ان کے بعد مولانا محمد الیاسؒ کے تمام دینی کاموں میں ان کے قدیم ترین رفیق و معاون رہے۔ مولانا ان کی بابت نہایت بلند کلمات فرماتے تھے۔ اور اپنی تحریک کا روح رواں سمجھتے تھے۔ آپ میوات کے حکیم و عارف تھے۔ اللہ تعالیٰ نے دین کی بڑی دولتیں عطا فرمائی تھیں۔ آپ کا اصلی ذوق غیر مسلمین میں تبلیغ تھا جس میں آپ کو ملکہ حاصل تھا۔ ایک ہزار سے زیادہ غیر مسلم آپ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے۔ سنگار میں نو مسلمین کے لئے ایک مدرسہ قائم کیا جس سے اولاد کی طرح محبت کرتے تھے۔ میوات کی رسوم کی اصلاح آپ کا کارنامہ ہے۔ ربیع الثانی ۱۳۶۴ھ میں انتقال ہوا (مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت صفحہ ۵۹ تا ۶۰) (سوانح حضرت مولانا محمد یوسف کاندھلویؒ صفحہ ۶۴)

میوات دہلی کے جنوب میں وہ علاقہ ہے جس میں زمانہ قدیم سے میو قوم آباد ہے جو انگریز مورخین کے خیال میں ہندوستان کی قدیم غیر آرین نسل سے

marfat.com
Marfat.com

تعلق رکھتے ہیں اور "نسلا" راجپوت ہیں۔ "آئینہ اکبری" سے معلوم ہوتا ہے کہ جادو راجپوت مسلمان ہونے کے بعد میواتی کہلائے لیکن یہ پتہ نہیں چلتا کہ یہ قوم کب اور کس کے ہاتھ پر مسلمان ہوئی۔ مسلمان ہونے کے باوجود ان کا اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہ تھا۔ ناموں کے آخر میں "سنگھ" لگتا تھا۔ ہندو اور دوسری قوموں کے تہوار اس طرح مناتے تھے جیسے عید' بقر عید وغیرہ۔ تیس لاکھ کی مسلم آبادی کا یہ علاقہ دینی اور اخلاقی زبوں حالی میں بری طرح مبتلا تھا۔

مولانا محمد اسماعیل جھنجھانوی ثم کاندھلویؒ کی پہلی بیوی سے مولانا محمد صاحبؒ تولد ہوئے اور دوسری بیوی سے بانی تبلیغی جماعت مولانا محمد الیاسؒ جن کے صاحبزادے مولانا محمد یوسف کاندھلویؒ تھے۔

(۸) شیخ تقی الدین الہلالیؒ مراکش کے سادات حسینی سے تھے۔ والد کا نام عبدالقادر سجل ماسہ (مراکش) وطن تھا۔ طبیعت تعلیم میں نہ لگتی تھی اور کتابیں سمجھ میں نہ آتی تھیں۔ جوانی میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے تعلیم حاصل کرنے کی تلقین فرمائی۔ دریافت کیا علم ظاہر حاصل کروں یا علم باطن۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا علم ظاہر۔ اسی وقت سے طبیعت میں انقلاب آگیا اور بہت تھوڑے عرصہ میں درسیات کی تعلیم حاصل کر لی۔ پھر مصر و حجاز ہوتے ہندوستان آئے۔ ہندوستان میں مولانا عبدالرحمٰن مبارک پوریؒ سے حدیث پڑھی۔ حجاز میں عرصہ تک تدریس کی خدمت انجام دی۔ پھر سلطان سے اختلاف ہو جانے کی بناء پر دوبارہ ہندوستان آ گئے۔ یہ غالباً ۱۳۳۰ھ یا ۱۳۳۱ھ کا آغاز تھا۔ دارالعلوم ندوۃ العلماء میں ڈھائی تین سال رہ کر ادب عربی کی اعلیٰ کتابیں پڑھائیں۔ آپ کے تلامذہ میں مولانا مسعود عالم ندوی مولانا محمد ناظم ندوی۔ مولانا سید ابوالحسن ندوی وغیرہ ہیں۔ بون یونیورسٹی (جرمنی) سے پی' ایچ' ڈی کیا۔ دوسری جنگ عظیم میں برلن ریڈیو اسٹیشن سے عربی میں اتحادیوں کے خلاف تقاریر نشر کرتے رہے۔ جرمنی کی شکست کے بعد عراق

marfat.com
Marfat.com

گئے۔ عرصہ تک وہاں دار المسلمین میں استاد رہے۔ پھر اپنے وطن مراکش چلے گئے۔ اب مکناس (مراکش) میں مقیم و مشغول درس و افادہ ہیں۔ عربی کے بلند پایہ ادیب، نحو عربیت میں محقق اور امام کا درجہ رکھتے ہیں۔ نہایت باحمیت، صحیح الفکر، متقی اور مجتہد ہیں۔ کچھ عرصہ سے بینائی زائل ہو چکی ہے۔ عمر ۸۰ سال سے زیادہ ہے۔ (سوانح حضرت مولانا محمد یوسفؒ از محمد ثانی حسنی صفحہ ۴۶۴ تا ۴۶۵)

(۹) حسن بن محمد ابراہیمؒ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت با برکت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ جو سنن کو مضبوطی سے حاصل کرنا چاہئے اسے ابو داؤد پڑھنی چاہیے (صفحہ ۲۹ سنن ابوداؤد شریف مترجم اردو جلد اول ترجمہ حضرت علامہ وحید الزمانؒ ناشران : قرآن محل۔ مقابل مولوی مسافر خانہ۔ کراچی)

(۱۰) ایک بزرگ نگاہ کے بارے میں احتیاط نہ کرتے تھے کہ بہت بوڑھے تھے۔ جن کو خواہش نہ ہو اس درجہ میں داخل ہو چکے تھے اس لئے ان کو عورتوں سے زیادہ اجتناب نہ تھا۔ ایک دوسرے بزرگ نے ان کو نصیحت کی مگر انہوں نے نہ مانا۔ ان بے احتیاط بزرگ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور یہ مسئلہ دریافت کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "اگر مرد جنید اور عورت رابعہ بصری ہو اور وہ دونوں ایک جگہ تنہا ہوں تو تیسرا ان کا شیطان ہوگا (صفحہ ۱۳۳ "بد نظری کا علاج" از حضرت مولانا محمد ہاشم ابن حسن جوگواڑی مظاہری زید مجدہ، خلیفہ مجاز شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنیؒ ۔ ناشر: مکتبہ الشیخ ۳ / ۳۶۷ بہادر آباد۔ کراچی)

ابلیس نے حضرت رابعہ بصریؒ اور حضرت حسن بصریؒ کی بابت کہا تھا کہ ایسے جلیل القدر ولی بھی اگر تنہائی میں کچھ وقت گذاریں تو میں ان کا تقویٰ توڑ دوں گا۔ اسی وجہ سے اجنبیہ اور امرد کے ساتھ تنہائی حرام ہے (لڑکا جس کی

marfat.com
Marfat.com

داڑھی نہ نکلی ہو امرد کہلاتا ہے)

حضرت عمر فاروقؓ نے فرمایا اگر دو بوسیدہ ہڈیاں بھی خلوت اور تنہائی میں ہوں گی تو ایک دوسرے کا قصد کریں گی (بوسیدہ ہڈیوں سے مراد بوڑھا مرد اور بوڑھی عورت ہے)

حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ابلیس نے کہا تھا کہ کسی عورت کے پاس تنہائی میں نہ بیٹھا کیجئے اس لئے کہ جو مرد عورت کے ساتھ خلوت میں ہوتا ہے میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں تاکہ اس کو فتنہ میں ڈال دوں (کیمیائے سعادت از حضرت امام غزالیؒ)

ایک صاحب تو لفظ "خواتین" سے اس قدر الرجک تھے کہ اگر ان کے سامنے "سوا تین" کہا جاتا تو فرماتے تین بج کر پندرہ منٹ کہا کرو اس لئے کہ سوا تین ہم وزن ہے خواتین کا۔ ذہن کو خواتین کی طرف منتقل کرتا ہے جن سے بچنے کی ضرورت ہے! یہ بھی زیادتی ہے جب کہ مسلمان تو ہر معاملہ میں درمیانی راہ اختیار کرتا ہے۔ خیرالامور اوسطہا۔

(۱۱) ایک مرتبہ قاہرہ میں زبردست طاعون پھیلا- وہاں ایک شخص نے اسی دوران حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا- آپؐ نے اس کو یہ دعا تلقین فرمائی- اللھم یا لطیف لم تزل اللطف بنا فیما تزل انک لطیف لم تزل حی قیوم صمد باقی له کنف وافی -
(خیرالمونس جلد دوم صفحہ ۳۷۰

(۱۲) ایک شخص نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور ضعف معدہ کی شکایت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ہر روز نہار منہ ایک درم گلاب کے پھول لے کر کٹی ہوئی مصطگی میں لتھیڑ لے اور اس میں کلونجی کے سات دانے ڈال کر سات دن تک کھا۔ اس نے ایسا ہی کیا اور شفاء کلی حاصل کی (خیرالموانس جلد دوم صفحہ ۲۲۹)

marfat.com
Marfat.com

(۱۳) ایک بزرگ بصارت سے محروم ہو گئے۔ انہوں نے ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تیری آنکھیں اچھی ہو جائیں گی۔ پندرہ روز گذر گئے اور حالت جوں کی توں رہی۔ ان بزرگ نے پھر شرف زیارت حاصل کیا اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) آپؐ نے ارشاد فرمایا تھا کہ میری آنکھیں اچھی ہو جائیں گی لیکن اب تک کچھ اثر معلوم نہ ہوا۔ اس پر آپؐ نے ارشا فرمایا کہ ساہی (خارپشت' سیہی' ہج ہاگ) کا خون اور لومڑی کا پتہ اپنی آنکھوں میں لگا۔ خواب سے بیدار ہو کر حسب ارشاد عمل کیا۔ اسی وقت آنکھوں کی بینائی بحال ہو گئی (بغیتہ ذوی الاحلام)

(۱۴) ایک شخص کے جسم میں سخت درد اٹھا۔ اس نے ایک بزرگ سے ذکر کیا۔ رات کو ان بزرگ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اسے حکم کر کہ شہد' کلونجی' پڑھا ہوا روغن زیتون (پڑھے ہوئے روغن زیتون کے لئے دیکھیں میری کتاب "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ حصہ اول" کا صفحہ ۱۹۷ تا ۱۹۸) اور رانڈے کی سفیدی سب کو ایک جگہ ملائے اور پھر درد کی جگہ اس کی مالش کرے۔ بعد کو مسور مع چھلکوں کے کالے دانے (کلونجی) کے ساتھ کوٹ کر اس جگہ چھڑکے۔ اس شخص نے ایسا ہی کیا اور درد جاتا رہا (خیرالموانس جلد دوم صفحہ ۳۳۷)

(۱۵) ایک شخص اتنا سخت بیمار ہوا کہ جو دیکھتا اس کو بھی نا امیدی ہو جاتی۔ اس حالت میں ایک شب جمعہ اس نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ بیان کرتا ہے کہ ایک بزرگ آئے اور میرے پاس بیٹھ گئے۔ اس کے بعد خلق کثیر داخل ہوئی۔ یہ لوگ آتے وقت تو پرندوں کے مشابہ تھے۔ جب بیٹھتے تو آدمیوں کی صورت ہو جاتے۔ میری آنکھ دروازے کی طرف تھی۔ جب ان کا آنا موقوف ہو گیا تو جو بزرگ میرے سرہانے بیٹھے تھے

marfat.com
Marfat.com

انہوں نے سر اٹھایا اور فرمایا کہ اس شہر میں تین آدمیوں کی عیادت مجھے مقصود تھی۔ ان میں سے ایک یہ ہے اور ہاتھ سے میری طرف اشارہ کیا۔ اور دوسرا صالح خلقانی۔ میں اس سے پہلے ان کو نہیں پہچانتا تھا۔ اور ایک عورت ہے۔ اس کا نام نہیں بتایا۔ پھر اپنا دست مبارک میری پیشانی پر رکھا اور فرمایا "بسم الله ربی الله حسبی الله توکلت علی الله اعتصمت بالله فوضت امری الی الله ما شا الله لا قوه الا بالله" پھر مجھ سے فرمایا کہ تو ان کلموں کو بہت پڑھا کر ان میں ہر بیماری سے شفا ہے۔ ہر برکت کی کشائش ہے۔ ہر دشمن پر فتح ہے اور ہر رنج کی دوا ہے۔ پہلے پہل ان کلمات کو ان ملائکہ علیہم السلام نے پڑھا جنہیں عرش اٹھانے کا حکم ہوا اور وہ قیامت تک ان کلموں کا ورد کرتے رہیں گے۔ پھر ایک آدمی نے جوان بزرگ کے دائیں جانب بیٹھا تھا یا بائیں جانب کہا۔ "یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) جو کوئی ان کلموں کو دشمن سے ملاقات کے وقت پڑھے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا واہ اس میں تو فتح و نصرت ہے۔ مجھے گمان ہوا کہ وہ حضرت ابوبکر صدیقؓ ہیں۔ پس میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا یہ حضرت صدیق اکبرؓ ہیں۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا نہیں یہ حمزہ ہیں میرے چچا (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) پھر ان کی طرف اشارہ کیا جو آپؐ کی بائیں جانب بیٹھے تھے اور فرمایا یہ شہداء ہیں۔ پھر اپنے پیچھے اشارہ کیا اور فرمایا یہ صالحین ہیں۔ اس کے بعد آپؐ تشریف لے گئے۔ میں بیدار ہوا تو بیمار ہوتا تو کجا پہلے سے بھی زیادہ تندرست تھا (محاسن المحسنین صفحہ ۵۶۶)

(نزہت المجالس کا اردو ترجمہ خیرالموانس مولوی عبدالہادی سنبھلی ثم دہلوی نے رجب ۱۳۵۳ھ میں کیا اور مجتبائی پریس۔ دہلی نے اسے شائع کیا۔ صفحہ ۱۷۵)

(۱۶) شیخ سعدی بخاری مجددی لاہوریؒ حضرت شیخ آدم بنوری قدس سرہٗ کے اجل خلیفہ تھے۔ "جواہرالاسرار" میں شیخ سعدیؒ کے احوال و اقوال تولد سے وفات تک لکھے ہیں۔ آپ نے بروز چہار شنبہ ۳ ربیع الاول ۱۱۰۸ھ مطابق ۲۰ اکتوبر ۱۶۹۶ء لاہور میں وصال فرمایا اور متصل محلہ عزیز پیر میں جواب موضع

marfat.com
Marfat.com

"مزنگ" کے نام سے مشہور ہے دفن ہوئے۔ شیخ سعدیؒ مناسک حج ادا کر کے مدینہ طیبہ پہنچے۔ کچھ دن بعد حضرت شیخ آدم بنوریؒ بھی مدینہ شریف پہنچ گئے مگر چونکہ شیخ سعدیؒ ان دنوں سخت بیمار تھے اس لئے پیر کی خدمت میں حاضر نہ ہوسکے۔ شیخ آدمؒ عیادت کو تشریف لائے اور شیخ سعدیؒ کو حالت نزع میں دیکھ کر کچھ فرمائے بغیر لوٹ گئے۔ اسی رات شیخ سعدیؒ نے حالت بے ہوشی میں نیند اور بیداری کے درمیان دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت صدیق اکبرؓ، حضرت عمر فاروق اعظمؓ اور سیدۃ النساء فاطمۃ الزہراؓ کے ساتھ تخت نورانی پر تشریف لائے ہیں اور شیخ سعدیؒ ان چاروں بزرگوں کے سامنے دست بستہ کھڑے ہیں کہ ناگاہ قلم، دوات و کاغذ غیب سے ظاہر ہوا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صدیق اکبرؓ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ اے ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) عمر سعدی کی جو فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کا فرزند معنوی ہے ختم ہو گئی ہے۔ اب ہم نے اسے پچاس برس اور عمر عطا کی۔ اس کاغذ پر تحریر کر دو۔ پھر قدرے سکوت کے بعد فرمایا کہ ہم نے اسے پانچ سال اور بخشے تاکہ وہ پچپن سال دنیا میں اور رہے اور طالبان حق کی ہدایت میں مصروف ہو۔ ابھی یہ واقعہ پورا نہ ہوا تھا اور شیخ سعدیؒ اسی عالم بے ہوشی میں بستر پر پڑے تھے کہ حضرت آدم بنوریؒ عیادت کو تشریف لے آئے اور سرہانے کھڑے ہو کر شیخ حامد سے فرمایا کہ اس رات سعدی کو حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے ۵۵ سال اور عمر عنایت فرما دی ہے ورنہ اس کی عمر تو ختم ہو چکی تھی۔ شیخ سعدیؒ اپنے شیخ کی یہ آواز سن کر نیند سے بیدار ہوئے۔ ان کے قدموں پر سر رکھ دیا اور اپنے آپ کو بالکل تندرست پایا۔ (بزرگان لاہور صفحہ ۱۱۴ تا ۱۱۵) (ریاض الفقر معروف بہ "دفتر حقیقت" دوسرا گلزار صفحہ ۱۸۴)

(۱۷) مولوی سید خلیل صاحبؒ مرید شاہ وارث علی لکھنویؒ نے حضرت شاہ صاحبؒ سے درخواست کی کہ مجھے بھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

کی زیارت نصیب ہو جائے۔ شاہ صاحب" نے کچھ پڑھنے کو بتا دیا۔ مولوی صاحب پڑھتے رہے مگر تین رات مسلسل حضرت مولانا سید سلیمان ندوی" ہی کی زیارت ہوئی جس پر مولانا صاحب حیران رہ گئے۔ شاہ صاحب نے اس پر بلیغ پیرایہ میں فرمایا "غنیمت ہے کہ تم نے ان کو دیکھ لیا" مراد یہ ہے کہ ان کی رویت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے قائم مقام ہے اور یہ کہ وہ اس دور میں نائبین رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) میں سے ہیں۔ ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم۔ (تذکرہ سلیمان از غلام محمد صاحب بی۔ اے عثمانیہ۔ صفحہ ۲۹۰ تا ۲۹۱)۔ حضرت علامہ سید سلیمان ندوی" علامہ ہند مولانا شبلی نعمانی" کے شاگرد رشید اور حضرت مولانا اشرف علی تھانوی" کے خلیفہ اجل تھے۔

(۱۸) امام الاولیاء صوفی محمد علی کا نام غیب سے وارد ہوا یعنی "صوفی محمد علی" اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں بشارت ہوئی تو خطاب ہوا "امام الاولیاء۔ آپ کی پیدائش ۱۸۸۵ء میں محلہ شیخاں ریاست ساہن پور ضلع بجنور (یو۔ پی۔ بھارت) میں ہوئی۔ گوشت کھانا اس لئے ترک کر دیا کہ اکثر لوگ ذبح کرنے اور فروخت کرنے والے بے نمازی ہیں۔ آپ کا پتہ ہے۔ صوفی محمد علی صاحب۔ حجرہ مسجد دارالسلام۔ ہاؤسنگ سوسائٹی۔ کراچی۔ (اللہ کی آواز مخلوق کے لئے" یعنی حالات امام الاولیاء صوفی محمد علی صاحب۔ صفحہ ۲) (میں نے یہ خواب قریب ۳۰ سال قبل قلمبند کیا تھا۔ صوفی صاحب اگر زندہ ہوئے تو ان کی عمر ۱۰۹ سال کے قریب ہونی چاہیئے)

(۱۹) امام الاولیاء صوفی محمد علی صاحب ایک روز سو رہے تھے۔ اس زمانہ میں مزدوری کرتے تھے۔ خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہیں اور صوفی صاحب جب آپؐ کی طرف دیکھتے ہیں تو آپؐ اپنی نگاہ نیچی کر لیتے ہیں اور جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صوفی صاحب کی طرف دیکھتے ہیں تو صوفی صاحب نگاہ نیچی کر لیتے ہیں۔ صوفی صاحب نے کہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ

marfat.com
Marfat.com

علیہ و آلہ وسلم میرے کام سے خوش ہو رہے ہیں اور میں کام کر رہا ہوں۔ آپؐ مسکرا رہے ہیں اور خوش ہو رہے ہیں۔ اتنے میں صوفی صاحب کی آنکھ کھل گئی۔ (اللہ کی آواز مخلوق کی کے لئے صفحہ ۱۹)

(۲۰) ۲۱ جنوری ۱۹۵۶ء بروز شنبہ امام الاولیاء صوفی محمد علی صاحب نے خواب دیکھا کہ میں قرآن مجید پڑھ رہا ہوں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے داہنی جانب مجھ سے بالکل ملے بیٹھے ہیں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس لفظ کا کیا مطلب ہے۔ آپؐ نے فرمایا "لغو" اور میری آنکھ کھل گئی۔ مجھے اس کا بڑا افسوس ہوا کہ مجھے کچھ اور عرض کرنے کی مہلت نہ ملی۔ میں نے سوچا کہ "لغو" کا کیا مطلب ہے۔ یہ تو علماء واضح کر سکتے ہیں۔ میری سمجھ کے مطابق اس کا مطلب یہ ہے کہ مبلغ اسلام کو غصہ نہ کرنا چاہیے بلکہ نرمی اور محبت سے پیش آنا چاہیے۔ غصہ کے ساتھ تبلیغ اسلام لغو ہے۔ کیونکہ غصہ کرنا لغو ہے۔ اس سے سیکھنے والا پریشان ہو جاتا ہے۔ مجھے پہلے بھی فرشتوں کے ذریعہ ہدایت ہوئی تھی کہ تم غصہ سے کیوں بات کرتے ہو۔ محبت اور نرمی سے اسلام سکھایا کرو ورنہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تمہاری شکایت کردی جائے گی۔ اب اگر تم کسی سے غصہ سے بات کرو گے تو وہ تمہیں تکلیف پہنچائے گا۔ اور اگر محبت سے بات کرو گے تو وہ تم سے سیکھ جائے گا اور اس طرح اللہ تعالیٰ تمہارا مقصود پورا کر دے گا- (اللہ کی آواز مخلوق کے لئے صفحہ ۲۱ تا ۲۲)

(۲۱) امام الاولیاء صوفی محمد علی صاحب نے بیان کیا کہ ایک ہندو نے ایک مسلمان کے بیل کو کھیت میں چرنے کی وجہ سے بہت مارا- اس کا ایک پاؤں ٹوٹ گیا۔ بیل گر گیا اور چلنے پھرنے سے معذور ہوگیا۔ شام کو بیل کا مالک آیا اور اس کی یہ حالت دیکھ کر بغیر گھاس دانہ دیے چلا گیا۔ میں دوسرے روز نماز فجر کے بعد تلاوت کئے بغیر دیگر مزدوروں سے ایک گھنٹہ پہلے اس موقع پر پہنچا

marfat.com
Marfat.com

اور گھاس کاٹ کر بیل کے آگے ڈال دی۔ تین دن تک برابر ایسا کرتا رہا پھر دعا کی کہ اے اللہ اس بیل کی روح قبض کر لے کیونکہ پرسوں سے میرا کام ختم ہو جائے گا اور میں یہاں نہ آ سکوں گا اور اس طرح کوئی اس کو گھاس نہ ڈالے گا اور اسے تکلیف ہوگی۔ دوسرے دن گیا تو دیکھا کہ بیل مر چکا ہے۔ اس واقعہ کے بعد مجھ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت ہوئی۔ میرا سر آپؐ کے سرمبارک کے بالکل قریب تھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ایک تو تمہارے داہنی جانب اور دو تمہارے پیچھے اور ایک بائیں جانب یہ فرشتے تمہاری نگرانی بھی کرتے ہیں۔ اور حفاظت بھی۔ تب میں نے دائیں بائیں اور پیچھے مڑ کر دیکھا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپؐ نے سچ فرمایا (مطلب یہ ہے کہ کھانا پہننا کیسا ہے' مخلوق خدا کے ساتھ برتاؤ کیسا ہے۔ اور حفاظت سے مراد جان کی حفاظت ہے) غرض اس جانور کی خدمت کا یہ صلہ اللہ تعالیٰ نے مجھے دیا۔ (اللہ کی آواز مخلوق کے لئے صفحہ ۷۸)

(۲۲) جناب عبدالسمیع پال اثر صہبائی۔ ایڈووکیٹ۔ لاہور۔ مشہور شاعر' نعت گو اور ایک کامیاب وکیل تھے۔ والد بزرگوار کا نام احمد دین پال تھا۔ سیالکوٹ کے محلہ میانہ پورہ میں پیدا ہوئے تھے۔ آپ ان خوش بختوں میں سے ہیں جن کو کم از کم پانچ مرتبہ حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا تھا۔ مجھ کو یہ خواب عرصہ ہوا مرحوم کی بیگم صاحبہ نے مرحوم کی ڈائری سے نقل کر کے عنایت فرمائے تھے اور غالباً یہ خواب پہلی مرتبہ اس کتاب میں شامل کئے جا رہے ہیں۔

کمش پوری ریسٹ ہاؤس' کوہ مری' کمرہ نمبر ۵ میں قریب تین بجے بعد دوپہر بتاریخ ۶ مئی ۱۹۵۸ء بروز منگل خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ کے لبوں پر لطیف تبسم تھا۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔

marfat.com
Marfat.com

(۲۳) جناب اثر صہبائی فرماتے ہیں کہ میں اپنے کمرہ میں خاموش کچھ سوچ رہا ہوں کہ یکدم دروازہ کھلتا ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم داخل ہوتے ہیں اور السلام علیکم فرماتے ہیں۔ چہرہ انور سے نور کی شعاعیں پھوٹ رہی ہیں۔

(۲۴) جناب اثر صہبائی تحریر فرماتے ہیں کہ مقام سیالکوٹ، مسجد مولوی ابراہیم صاحب، محلہ میانہ پورہ۔ اس مسجد میں ایک تالاب ہے جو کہ خواب میں بھرا ہوا نظر آیا اور اس پر قبریں بنی ہوئی ہیں۔ تین چار تو کچی مٹی کی ہیں اور ایک قبر نہایت خوبصورت ہے۔ اس پر نقش و نگار بنے ہوئے ہیں۔ میں دریافت کرتا ہوں کہ یہ قبر کس کی ہے۔ آواز آتی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اور ساتھ ہی دیکھتا ہوں کہ اس کے سرہانے کی جانب سید الانبیاء، سید الاورعین، سید الخاشعین، سید المادحین، صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ و بارک وسلم زندہ کھڑے ہیں۔ کالے رنگ کی واسکٹ پہنے ہوئے ہیں۔

(۲۵) جناب اثر صہبائی تحریر فرماتے ہیں کہ ایک نہایت گھنا جنگل ہے۔ کامل سکوت ہے۔ کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ایک خالی چارپائی پر بیٹھے قرآن کریم کی تلاوت فرما رہے ہیں۔ آواز اس قدر شیریں ہے کہ آج بھی تصور کرتا ہوں تو جھوم جھوم جاتا ہوں۔

(۲۶) یہ خواب جناب اثر صہبائی نے بیماری کی حالت میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے وضو فرما رہے ہیں اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا برابر بیٹھی آٹا گوندھ رہی ہیں۔ میں اور میری بیوی پاس کھڑے ہیں۔

(۲۷) ایک مرتبہ (فقیر) محمد امیر شاہ قادری مصنف "تذکرہ علماء و مشائخ سرحد" حضرت شیخ الحدیث صاحبزادہ حافظ علی احمد جان قدس سرہ کے سامنے بیٹھے

marfat.com
Marfat.com

حدیث شریف پڑھ رہے تھے کہ آپ پر ایک وجدانی کیفیت طاری ہوگئی۔ فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہارا یہ حدیث شریف کا پڑھنا سن رہے تھے اور بہت خوش ہوئے۔ ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء (تذکرہ علماء و مشائخ سرحد جلد اول۔ صفحہ ۲۵۷)

(۲۸) قاضی شریف الحسن صاحب عرف ننھوں بلگرامی ۳۵ سال سے علیگڑھ مسلم یونیورسٹی گزٹ کی اڈیٹری کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ یونیورسٹی کے پہلے وائس چانسلر صاحبزادہ آفتاب احمد خاں صاحب شاگرد رشید سر سید احمد خاں صاحب سے لے کر کرنل بشیر حسین زیدی صاحب تک کا دور دیکھ چکے ہیں۔ ۲۴ اکتوبر ۱۹۰۱ء کو بلگرام (یو پی۔ بھارت) میں پیدا ہوئے۔ دو مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار پرانوار سے مشرف ہو چکے ہیں۔ لکھتے ہیں کہ خدائے بزرگ و برتر کے طفیل نواور دس رجب المرجب ۱۳۷۲ھ مطابق چار و پانچ اپریل ۱۹۵۲ء کی درمیانی شب میں ۳/۱/۲ بجے جبکہ دنیا میں سپیدئی صبح نمودار ہو چکی تھی اور وہ صبح شنبہ کی تھی عالم رویاء میں اپنے آقائے نامدار' اشرف الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار پر انوار سے اچھی طرح اور بڑے ہی اطمینان کے ساتھ مشرف ہوا اور بحمد للہ قدم بوسی بھی ہوئی۔ میں نے دیکھا کہ ایک میدان میں آپؐ زمین پر بیٹھے سفید اینٹوں سے جن کی موٹائی 'قریب دو انچ' چوڑائی چار انچ اور لمبائی چھ انچ ہے اپنے دست مبارک سے ایک مسجد بنا رہے ہیں جس کی دیوار تقریباً دو فٹ سے کچھ زیادہ اونچی بن چکی ہے۔ میں نے دل میں اس دیوار کو اس خیال سے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک سے بن رہی ہے چومنے کا ارادہ کیا اور آگے بڑھا لیکن مسجد کے قریب پہنچ کر آپؐ کے قدم مبارک پر جھک گیا۔ آپؐ نے اپنا قدم مبارک عین شفقت سے نہیں ہٹایا بلکہ شاید ذرا سا آگے بڑھا دیا۔ پہلے دل بے قرار نے آپؐ کے پیروں پر ماتھا رگڑنے کا مشورہ دیا لیکن پھر سوچا ممکن ہے آپؐ میری اس حرکت سے اپنا پائے مبارک ہٹا لیں۔

marfat.com
Marfat.com

ایسا نہیں کیا بلکہ بڑے اطمینان سے میں نے اپنے دونوں ہاتھوں میں پائے مبارک تھام لیا اور اس کے اوپری اٹھے ہوئے حصے پر بڑے ہی اطمینان اور اشتیاق سے اپنے ہونٹوں کو اچھی طرح گڑو کر بوسہ دیا۔ آپؐ خاموش کچھ اس انداز سے بیٹھے رہے جیسے یہ عزت مجھے دانستہ بخشی جا رہی ہے۔ حصول قدمبوسی کے بعد میں نے کچھ عرض کیا جس کے الفاظ تو یاد نہیں البتہ مطلب یہ تھا کہ میں روز قیامت سے ڈرتا ہوں۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درخشندہ پیشانی سے فرمایا "اچھا وقت آنے دو" اس موقع پر چند وجیہہ بزرگان دین سیاہ عباد چوغہ پہنے آپؐ کے قریب خاموش کھڑے رہے۔ (تاریخ خطّہ بلگرام مولفہ قاضی شریف الحسن بلگرامی صفحہ ۳۴۶۔ اکتوبر ۱۹۶۰ء میں یہ کتاب علی گڑھ میں شائع ہوئی تھی)

(۲۹) سعودی عرب کی حکومت کے ابتدائی دور میں انقلابی حالات سے متاثر ہو کر سید احمد بن مختار العطاس مدنی مدظلہ العالی مختلف ممالک میں قیام فرماتے ہوئے ہندوستان تشریف لائے۔ بعض سیاسی وجوہ کی بناء پر مدینہ طیبہ آپ کی واپسی مشکل ہو گئی تھی۔ ایک مرتبہ راولپنڈی تشریف فرما ہوئے تو اچانک گولڑہ شریف کی طرف ایک غیبی کشش محسوس فرمائی۔ قبلہ عالم حضرت مہر علی شاہ صاحبؒ کی زیارت فرما کر مختصر قیام کے بعد رخصت ہو گئے۔ مدنی صاحب فرماتے ہیں کہ یہاں سے جانے کے بعد مجھے کشادہ کار معلوم ہونے لگی اور گوہر مقصود پا لینے کی توقع پیدا ہو گئی۔ دوبارہ حاضری کا خیال دل میں تھا کہ ایک دن احمد آباد (گجرات کاٹھیا واڑ۔ بھارت) میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ ہر دو آستین مبارک چڑھی ہوئی تھیں جیسے آپکوؐ وضو فرمانا ہو۔ میں نے عرض کیا کہ پانی حاضر کروں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ میں گولڑہ میں وضو کروں گا۔ وہاں مجھے دیگر انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مہر علی شاہ کا جنازہ پڑھنا ہے۔ آنکھ کھلی تو میں نے خواب اور تاریخ اپنی ڈائری میں لکھ لی۔ کچھ دن بعد میرے ترجمان دوست نے مجھ سے کہا کہ فلاں تاریخ کو

marfat.com
Marfat.com

گولڑے والے پیر صاحب کا انتقال ہو گیا ہے۔ آپ صاحبزادہ صاحب کو تعزیت کا خط لکھ دیں۔ یہ سن کر میں نے نوٹ بک دیکھی تو انتقال کی وہی تاریخ تھی جس میں خواب دیکھا تھا۔ آپ کے وصال کے بعد پھر گولڑہ شریف حاضر ہوا۔ دل کافی پریشان تھا کہ افسوس آنجناب سے مدعا عرض نہ کر سکا۔ ایک دن ظہر کے بعد لیٹا ہوا تھا کہ حضرت قبلہ عالم کے دیدار پرانوار سے مشرف ہوا۔ آپ نے بکمال شفقت مجھے ایک سنہری تختی عنایت فرمائی جس پر کچھ حروف تحریر تھے جو دیکھتے ہی دیکھتے مجھے یاد ہو گئے۔ بعد ازاں حضرت شاہ غلام محی الدین (قبلہ بابو جی یعنی سجادہ نشین) صاحب میرے کمرے میں تشریف لائے اور تخلیہ میں وہی وظیفہ جو تختی پر لکھا تھا عنایت فرما کر اجازت بخشی۔ چنانچہ اس کے تھوڑے عرصہ بعد ہی اللہ تعالیٰ نے مجھے بخیریت مدینہ طیبہ واپس پہنچا دیا جوں ہی وہاں پہنچا سلطان عبدالعزیز والئ نجد و حجاز کی طرف سے بلاوا آ گیا۔ دل میں کچھ اضطراب پیدا ہوا اسی اثناء میں کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت قبلہ عالم" میرے ساتھ ہیں اور فرما رہے ہیں کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ چنانچہ جب سلطان مذکورہ کے سامنے پہنچا تو وہ نہایت اعزاز و اکرام سے پیش آئے اور میرے خلاف بعض سیاسی شکایات کے بے بنیاد ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے معذرت خواہ ہوئے اور کسی خاطر خواہ منصب کی بابت خود ہی پیش کش کی جو میں نے اس وقت قبول نہ کی البتہ ۱۳۸۲ھ میں حکومت سعودیہ کی دوبارہ تحریک پر میں نے مجلس منتظمہ حرم نبوی علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کی رکنیت قبول کر لی جو مدینہ عالیہ میں ایک نہایت اعلیٰ منصب ہے۔ قبلہ مدنی صاحب کو جو عقیدت و محبت حضرت قبلہ عالم گولڑوی قدس سرہ اور آپ کے فرزند جلیل قبلہ بابو جی کے ساتھ ہے اس کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ باوجود نہایت مصروفیت مرکز اسلام مدینہ طیبہ سے بار بار گولڑہ شریف فرما ہو چکے ہیں۔ (فیوضات مدینہ از نیاز مند درگاہ مہریہ" - فیض احمد عفی عنہ مدرس جامعہ غوثیہ گولڑہ شریف صفحہ ۲ تا ۵)

marfat.com
Marfat.com

(۳۰) رمضان المبارک کے روزے رکھنے کے بعد عیدالفطر کے تین دن چھوڑ کر ۱۱ جولائی ۱۹۵۱ء سے علامہ عنایت اللہ خاں مشرقی بانی "خاکسار تحریک" نے مسلسل روزے اور شرعی فاقے ۱۲۱ دن یعنی ۱۸ اکتوبر تک بطور احتجاج رکھنے شروع کر دیئے تاکہ رحمت حق جوش میں آئے اور بے گناہ کی داد رسی ہو۔ ان روزوں میں آپ نے کوئی ٹھوس غذا نہ کھائی جس کی وجہ سے ۱۱ سیر وزن کم ہو گیا تھا۔ میانوالی جیل کی اس قید تنہائی میں علامہ "سچائی کا نام بلند کرنے کے جرم میں ایک تنگ و تاریک کوٹھری میں پڑے رحمت ایزدی کا انتظار فرما رہے تھے کہ سچائی کی آواز کی حفاظت کے لئے مالک دوجہاں کیا سامان پیدا فرماتے ہیں۔ اسی پریشانی کے عالم میں ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے شرف ملاقات بخشا اور حکم دیا کہ اب اپنا پیغام شعر کی شکل میں امت کو دو۔ اس پر علامہ نے یہ اشعار کہے:۔

بے قلم شعر سنا شعر زدہ امت کو — کیا عجب سن لے کہ دار فنا جا پہنچی
تیری تحریر ہے قرآن کی چلتی تصویر — تہمت شعر تو تھی تابہ خدا جا پہنچی
مدح خواں رب علا کا ہے جھجک تجھ کو کیا — تیری ہر ٹیس برب علا جا پہنچی

جاگ کم رات کو' اللہ پہ رکھ اپنی آس
رب نے بھیجا ہے تجھے فیہ شفاء للناس

("المشرق" از عظمت اللہ بھٹی۔ مکتبہ بشارت۔ گجرات۔ صفحہ ۱۶۵)

علامہ مشرقؔ ۲۵ اگست ۱۸۸۸ء بمقام امرتسر میں پیدا ہوئے اور ۲۷ اگست ۱۹۶۳ء بروز منگل بوقت ۹ بجے شب البرٹ وکٹر وارڈ۔ میو ہسپتال لاہور میں اپنے معبود حقیقی سے جا ملے۔ آٹھ مرتبہ گرفتار ہوئے اور مجموعی طور پر دس برس جیل خانہ میں رہے۔ آخری عمر میں سرطان کے موذی مرض میں مبتلا ہوئے جو جان لیوا ثابت ہوا۔ "تحریک خاکسار" آپ کی یادگار ہے۔ تحریک آزادی ہند کے صف اول کے رہنما اور انگریزی اقتدار کے سخت دشمن تھے۔ آپ

marfat.com
Marfat.com

کرائسٹ کالج کیمبرج کے ایم اے "الاصلاح" کے مدیر اعلیٰ اور "تذکرہ" کے مصنف تھے۔ ۱۹۲۴ء میں طے ہوا کہ "تذکرہ" کو عثمانیہ یونیورسٹی حیدر آباد دکن میں درسی کتاب بنا دیا جائے جس کے واسطے ایک ہزار کتابیں علامہ کو دس ہزار روپیہ دے کر حاصل کرنے کی کوشش کی گئی مگر انہوں نے روپیہ لینے سے انکار کر دیا اور کہا میں "تذکرہ" کو سعدیؒ کی "گلستان" اور "بوستان" بنانا نہیں چاہتا۔ ۱۹۲۶ء میں "تذکرہ" نوبل پرائز کے لئے پیش کیا گیا۔ کمیٹی نے کہا کسی یورپ کی زبان میں اس کا ترجمہ پیش کرو۔ علامہ نے یہ کہہ کر منع کر دیا کہ نوبل پرائز کمیٹی اگر ۹ کروڑ انسانوں کی زبان کو تسلیم نہیں کرتی تو میں اس کا کسی یورپی زبان میں ترجمہ کرنا بھی پسند نہیں کرتا۔ شیخ سنوسی امیر طرابلس نے "تذکرہ" دیکھ کر کہا۔ تم نے مجھے قرآن مجید کا نور دے دیا۔ اس کی باقی جلدیں بھی جلد پوری کرو۔ تمہارا فرض ہے کہ قرآن پاک کو جیسا تم نے سمجھا ہر ہر مسلمان تک پہنچا دو۔ غرض "تذکرہ" کا تذکرہ' مصر' عراق' شام' عرب' ایران' مراکش' ترکی بلکہ پوری اسلامی دنیا کے گوشہ گوشہ میں ہونے لگا تھا۔ سرضیاء الدین' وائس چانسلر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی' علامہ مشرقی اور چیف جسٹس سرشاہ محمد سلیمان' یہ تینوں اپنے دور کے مسلمانوں میں چوٹی کے حساب داں تھے جنہوں نے ہندو کا یہ باطل زعم جھوٹا ثابت کر دیا تھا کہ مسلمان حساب نہیں جانتا۔ ان تینوں بزرگوں کی حساب دانی کا شہرہ پوری دنیا میں تھا۔

(۳۱) مجھے ایک ثقہ اور معتبر آدمی نے فرمایا جو اہل سنت والجماعت میں سے ہیں اور لائلپور (فیصل آباد) کے رہنے والے ہیں اور ۱۳۷۲ھ میں حج کر کے آئے ہیں۔ تبلیغی سلسلہ میں ملک شام بھی گئے تھے۔ وہاں کے بزرگوں اور اولیائے کرام کی زیارت کا شرف حاصل کیا۔ وہاں کے ایک بہت بڑے عالم اور ولی باخدا نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل کیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ نے دین اسلام کو بلند کرنے اور چمکانے کا ارادہ کرلیا ہے" پس اے مسلمانو! محبت اور اخلاص سے تعلیم'

marfat.com
Marfat.com

تبلیغ، جہاد اور ذکر الٰہی وغیرہ دینی کام ذوق و شوق سے انجام دیتے رہو۔ اللہ تعالیٰ کی مدد تمہارے ساتھ ہے۔ ("مسلمان کون ہے اور کافر کون ہے" از مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ صفحہ ۴۷)

(۳۲) علاقہ کابل کے ایک مشہور بزرگ بنائے پاکستان کی ابتداء میں کراچی تشریف لائے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ ایک مرتبہ میں مسجد نبوی (علی صاحبہا الف الف صلوۃ و الف الف سلام) میں معتکف تھا میں نے دیکھا کہ نصف شب کے بعد ایک شخص تکرونی آئے اور روضہ اقدس (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) کے سامنے پہنچ کر سلام عرض کیا تو روضہ اطہر کے اندر سے جواب سلام کی آواز آئی جس کو میں نے اپنے کانوں سے سنا اور ہر رات یہی سلسلہ میں دیکھتا رہا۔ (ذکر اللہ اور درود و سلام کے فضائل و مسائل از حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ مفتی اعظم پاکستان صفحہ ۵۴)

(۳۳) مظفر گڑھ کے ایک مولوی صاحب کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت باسعادت حاصل ہوئی۔ وہ اس طرح کہ ایک جلسہ گاہ کے صدر مقام پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ آپؐ نے مولوی صاحب کو بلا کر فرمایا احمد علی (مولانا لاہوری رحمتہ اللہ علیہ) کو میرا سلام کہنا اور کہنا کہ ختم نبوت کا کام خوب جم کر کرے" (خدام الدین بیادگار شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علیؒ شیرانوالہ دروازہ لاہور ۲۲ فروری ۱۹۶۲ء صفحہ ۱۶)

(۳۴) فیض باغ لاہور کا ایک راج عبدالقادر ایک دن رمضان المبارک میں جامع مسجد شیرانوالہ دروازہ لاہور میں سویا ہوا تھا۔ وہ خواب میں دیکھتا ہے کہ دفتر "خدام الدین" کے پاس اوپر والے حجرہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تشریف فرما ہیں اور حضرت مولانا احمد علیؒ دوزانو بالکل سامنے بیٹھے ہیں اور آپکے زانو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے

marfat.com
Marfat.com

زانوئے مبارک سے ملے ہوئے ہیں۔

عبدالقادر کہتے ہیں کہ میں اپنے دوست کو جو اکثر مجھ سے جھگڑتا تھا لے گیا۔ ہم دونوں بھی اس مبارک مجلس میں بیٹھ گئے۔ میرا دوست مجھ سے کان میں سرگوشی کے انداز میں کہتا ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لو۔ چنانچہ آپؐ دریافت فرماتے ہیں کہ اے عبدالقادر کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا کہ یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ امت کے موجودہ فرقوں میں سے کون حق پر ہے؟ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مولانا احمد علیؒ کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ یہ جو کچھ کہتے ہیں حق ہے۔ (خدام الدین ۲۲ فروری ۱۹۶۳ء صفحہ ۲۶)

(۳۵) سکھر کے حکیم محمد رمضان صاحب ایک مرتبہ حضرت مولانا احمد علیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ مجلس ذکر کے بعد حضرت کے گھر جاتے ہوئے یہ درخواست کی کہ حضرت مجھے خواب میں تمام اولیاء اللہ کی زیارت کا شرف حاصل ہو چکا ہے مگر حضرات حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی زیارت سے تاحال محروم ہوں۔ میں سکھر سے صرف اسی لئے حاضر ہوا ہوں کہ آپ دعا فرما دیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے یہ سعادت بھی عطا فرما دے۔ حضرت مسکرائے اور گھر کی طرف روانہ ہوئے۔ گھر کے بیرونی دروازے پر پہنچ کر اپنے خادم مولوی محمد صابر صاحب سے ارشاد فرمایا کہ حکیم صاحب کو میرے حجرے میں بستر پر سلا دو۔ چنانچہ صابر صاحب نے تعمیل ارشاد کی مگر حکیم صاحب بجائے حضرت کی چارپائی پر سونے کے حضرت کی رضائی میں فرش پر سو گئے۔ حکیم صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ سید الانبیاء علیہ الصلوۃ والسلام تشریف لائے ہیں اور آپؐ کے ہمراہ حضرات سبطین کریمین، حسنین جمیلین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ہمارے حضرت لاہوریؒ بھی ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ایک چارپائی پر رونق افروز ہو گئے اور آپؐ کے پاس حضرات حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی تشریف فرما ہو گئے۔ حضرت مولانا لاہوریؒ نے حکیم صاحب سے فرمایا

marfat.com
Marfat.com

کہ یہ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ اس خواب سے بیدار ہو کر حکیم صاحب نے حضرت مولانا احمد علی لاہوری نور اللہ مرقدہ سے بیعت کا شرف حاصل کیا ("مرد مومن" یعنی شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری نوراللہ مرقدہ کی سوانح حیات از عبدالحمید خاں صاحب۔ فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ۔ ستمبر ۱۹۶۴ء ایڈیشن صفحہ ۱۷۵)

(۳۶) مولوی حافظ محمد سلیمان صاحب انبالوی نابینا ہونے کے باوجود دارالعلوم دیوبند کے فارغ التحصیل اور ساتوں قراتوں میں قرآن مجید کے حافظ اور قاری ہیں۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی کے خاص الخاص شاگردوں میں سے ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد موضع لالو پور متصل منڈی کاموں کے میں سکونت اختیار کی۔ حافظ صاحب کا بیان ہے کہ مجھے "ہمہ اوست یا ہمہ از اوست" "امکان کذب باری تعالیٰ" عصمت انبیاءؑ اور تقدیر۔ ان چار مسائل میں کچھ الجھن تھی۔ ان کو سمجھنے کے لئے پورے ہندوستان کے بڑے بڑے علماء سے گفتگو کی لیکن اطمینان نہ ہوا۔ بالآخر کیلیانوالہ شریف میں حضرت سید نورالحسن شاہ صاحب سے ملا۔ آپ دو روز تک ان مسائل پر گفتگو فرماتے رہے حتیٰ کہ میرا اطمینان ہوگیا اور جب میں اپنے گاؤں واپس پہنچا تو رات کو خواب میں دیکھا کہ مسجد نبوی (علی صاحبہا الف الف صلوۃ و الف الف سلام) میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع صحابہ اکرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین تشریف فرما ہیں۔ بعدہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت شاہ صاحب کو ایک چغہ دیا اور فرمایا کہ حافظ صاحب کو پہنا دو۔ چنانچہ شاہ صاحب نے اٹھ کر وہ مجھے پہنا دیا۔ اس واقعہ کے بعد یک لخت میری طبیعت نے پلٹا کھایا اور ایک انقلاب شروع ہوگیا۔ (مسئلہ استمداد موتی کے متعلق گفتگو حافظ صاحب کی شاہ صاحب سے ہونا اور رات حافظ صاحب کا کنوئیں میں گرنا اور حافظ صاحب نے جوں ہی شاہ صاحب کی امداد کا خیال کیا آپ کو محسوس ہوا کہ کسی نے پکڑ کر باہر نکال دیا صبح اذان فجر ہوئی اور موذن نے حافظ صاحب

marfat.com
Marfat.com

کے کپڑے نچوڑے اور شاہ صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو شاہ صاحبؒ نے مسکرا کر فرمایا کہ حافظ صاحب تو آج کنویں میں چھلانگیں لگاتے پھر رہے ہیں۔ اس طرح یہ مسئلہ استمداد حل ہوا) (انشراح الصدور یعنی سوانح حیات حضرت سید نورالحسن شاہؒ از سید منیر حسین شاہ جوکالوی۔ خادم آستانہ عالیہ۔ کیلیانوالہ شریف ضلع گجرانوالہ۔ صفحہ ۲۴۱)

حضرت سید نور الحسن شاہ صاحبؒ تہجد کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ درود خضری (صلی اللہ علی حبیبہ محمد و آلہ وسلم) پڑھ کر صبح کی نماز تک مراقب رہتے تھے۔ پنجاب کے عظیم بزرگوں میں آپ کا شمار تھا۔ ۲ ربیع الاول ۱۳۷۲ھ مطابق ۲۰ نومبر ۱۹۵۲ء شب جمعہ ساڑھے گیارہ بجے بعمر ۶۳ سال ۱۱ ماہ وصال فرمایا تھا۔ تاریخ وصال اور وقت وصال میں آپ کی مطابقت اپنے شیخ جناب قبلہ شیر محمد صاحب شرقپوریؒ کے ساتھ انتہائے کمال پر ہے۔ اسی لئے آپ کے مرشد نے اپنی زندگی میں کئی مرتبہ فرمایا کہ جس کو مجھے دیکھنا ہو وہ ان کو دیکھے۔ آپ کے بڑے صاحبزادے سید محمد باقر علی شاہ (۱۹ اکتوبر ۱۹۳۰ء بروز جمعرات پیدا ہوئے) کیلیانوالہ شریف میں اب آپ کے جانشین ہیں۔ آپ کو عالم رویا میں لیلۃ القدر کی رویت نصیب ہوئی ہے۔ آپ نے اس وقت پانچ دعائیں مانگی تھیں جن میں ایک یہ ہے کہ جس وقت بھی میں کوئی نیک دعا مانگوں وہ بارگاہ ایزدی میں قبول ہو۔

(۳۷) ایک مرتبہ سید حضرت شاہ پشاوریؒ جو پشاور کے علاقے کے پٹھان ہیں حضرت سید نورالحسن شاہ صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے ان کو ایک درود شریف پڑھنے کے لیے فرمایا۔ ایک دو دن درود شریف پڑھنے کے بعد انہوں نے خواب میں دیکھا کہ میں اور میرا بیٹا ایک جگہ بیٹھے ہیں۔ ایک دربار عظیم الشان لگا ہوا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ وہاں تشریف فرما ہیں۔ حضرت صدیق اکبر نے فرمایا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ مشکل آئی ہے۔ آپ نے فرمایا

marfat.com
Marfat.com

جس صحبت میں یہ ہیں ان کے لئے وہ کافی ہے۔ تھوڑی دیر بعد آپ' آگے تشریف لے گئے تو اسی دریا سے حضرت سید نورالحسن شاہ صاحبؒ تشریف لے آئے۔ آپ کے پیچھے آپ کے ہزاروں متعلقین آ رہے تھے۔ آپ نے میرے قریب آ کر دریافت فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس طرف تشریف لے گئے ہیں۔ میں نے عرض کیا اس طرف۔ چنانچہ آپ مع متعلقین حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پیچھے تشریف لے گئے (انشراح الصدور صفحہ ۳۶۱)

(۳۸) حضرت حاجی عبدالرحیم نقشبندیؒ (۱۲۷۴ھ تا ۱۳۶۹ھ) ساکن کوٹلہ محسن خاں پشاور کے ایک مرید ارباب صاحب فرماتے ہیں کہ حاجی صاحبؒ کی توجہ کاملہ اور نظر عنایت سے روزانہ صبح نماز سے پہلے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم' پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور امام ربانی حضرت مجدد الف ثانیؒ کی زیارت نصیب ہو جاتی ہے۔ (تذکرہ علماء و مشائخ سرحد جلد اوول صفحہ ۲۲۹)

(۳۹) حیدر آباد دکن کے ایک نواب صاحب مدینہ طیبہ تشریف لے گئے۔ ایک دن دل چاہا کہ دہی کھائیں مگر وہاں کا دہی پسند نہ آیا اور کہنے لگے کہ ہمارے حیدر آباد دکن کے دہی کی بات مدینہ شریف کے دہی میں نہیں۔ رات کو انہیں تنبیہہ ہوئی کہ جب ہمارے شہر کا دہی پسند نہیں تو پھر یہاں رہنے کی کیا ضرورت ہے۔ پس جب تک مدینہ منورہ میں رہنے کی سعادت نصیب ہو وہاں کی ہر چیز کا احترام کیجئے اور وہاں کی ہر چیز کی تعریف کیجئے اور اسے اچھا کہئے۔ (حج معظم از الحاج قاضی ابوالمعظم سید عبدالغفار دام اللہ فیوضہ)

(۴۰) قبلہ عالم حضرت خواجہ صوفی نواب دین صاحبؒ ۱۹۵۶ء میں حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے۔ خانہ کعبہ کے طواف کے بعد جب میدان عرفات میں پہنچے تو نماز ظہر کے بعد تسبیح میں مشغول ہوئے۔ تھکاوٹ کی وجہ سے

marfat.com
Marfat.com

لیٹ گئے۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معہ جملہ انبیاء علیہم السلام و اولیاء کرام کے دیکھا کہ جبل رحمت پر تشریف فرما ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "آپ کو تھلیت مبارک ہو۔ امسال کا حج آپ کی وجہ سے قبول ہوا ہے۔ (جمال از صلاح الدین صاحب بی۔ اے۔ صفحہ ۲۴۴)

حضرت خواجہ صوفی نواب دین قدس سرہ بروز جمعہ ۲۸ صفر المظفر ۱۳۱۹ھ مطابق یکم فروری ۱۹۰۱ء موضع کھماہ ریاست جموں و کشمیر میں پیدا ہوئے۔ مادر زاد ولی تھے۔ ۲۹ برس کے سن میں راولپنڈی تشریف لائے اور حضرت حافظ محمد عبدالکریمؒ سے بیعت ہوئے۔ ۹ ماہ آپ کے ہمراہ رہے۔ ۷ مارچ ۱۹۳۱ء کو اجازت و خلافت عطا ہوئی۔ حافظ صاحبؒ نے آپ کو اپنی فرزندی میں بھی قبول کیا۔ موہڑی شریف (ضلع گجرات) میں آپ کا مستقل قیام رہتا تھا۔ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ سے تعلق تھا۔ آپ کے مریدوں کی تعداد لاکھوں تک ہے۔

(۴۱) قبلہ عالم حضرت خواجہ صوفی نواب دینؒ ۱۹۵۶ء کے حج کے بعد مدینہ منورہ پہنچے۔ فرمایا کہ گنبد خضراء (علیٰ صاحبہا صلوۃ و سلاما) پر نگاہ پڑتے ہی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ جب روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوۃ و سلاما) کے قریب پہنچا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑی شفقت سے مرحبا" اھلا" و سھلا" فرمایا۔ میں نے آپکےؐ نور سے شریعت' طریقت' حقیقت اور معرفت کی صحت کروائی اور میرے لطائف خمسہ منور ہوگئے۔ پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے مجھے اور میری شریعت کو تمام انبیاء علیہم السلام اور ان کی شریعتوں پر فضیلت دی ہے اسی طرح امام اعظم ابوحنیفہ (رحمتہ اللہ علیہ) کو دیگر تمام آئمہ رحمھم اللہ پر اور طریقت میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی کو دیگر اولیائے طریقت پر فضیلت دی ہے۔ یہی سیدھا اور مضبوط راستہ ہے۔ پھر آپ کو نورانی خلعت پہنائی گئی

marfat.com
Marfat.com

(جمال نقشبند صفحہ ۲۴۵)

(۴۲) رئیس المتغزلین مولانا سید فضل الحسن حسرت موہانیؒ کو ۱۲ اور ۱۳ مارچ ۱۹۴۲ء کی درمیانی شب میں پہلی بار حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ مولانا فرماتے ہیں کہ ۱۲ مارچ کو بیگم حسرت موہانی مرحومہ کا فاتحہ تھا۔ حسب معمول میں نے بتاسوں پر نیاز دے کر بچوں کو تقسیم کر دیئے۔ میرا تجربہ یہ ہے کہ ہر ماہ ۱۱، ۱۲ اور ۱۳ تاریخیں واقعات اور حوادث زندگی کے لئے نہایت درجہ اہم ہیں۔ چنانچہ ۱۲ اور ۱۳ تاریخ کی درمیانی شب زیارت نصیب ہوئی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک تہہ بند لپیٹے ہوئے تھے اور جسم مبارک پر ایک کوٹ نما قمیض تھی۔ شکل مبارک کا ایک ایک حصہ میری نظر میں اس وقت تک موجود ہے۔ ایک قلعہ نما عمارت میں پہلی حاضری کا اتفاق ہوا اور وہیں شناسائی کی دولت نصیب ہوئی۔ قلعہ کے باہر میدان میں ایک بڑی جماعت کے ساتھ نماز ہو رہی تھی۔ ایک رکعت ختم ہو چکی تھی۔ میں آپؐ سے دور تھا مگر میں نے دوڑ کر آپؐ ہی کے قریب جماعت میں شرکت کی اور پہلی رکعت نہ ملنے کی پروا نہ کی۔ بعد نماز کرسیوں پر حاضرین کی جماعت بیٹھی رہی۔ آپؐ نے اپنے سامنے کی ایک قاب سے نارنگی کی دو پھانکیں مجھ کو خاص طور پر عنایت فرمائیں۔ سب لوگوں نے اس لطف پر مجھ کو مبارک باد دی۔ میرے خیال میں یہ پھانکیں اس کی علامت ہیں کہ آپؐ کو مجھ فقیر کے ذریعہ درویشی کی اشاعت منظور ہے۔

۱۳ مارچ کو دن بھر اس خواب کا اثر دل پر رہا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آپؐ کو شاید آزادی ہند اور مسلمین ہند کا کام مجھ سے لینا ہے۔ اب مجھ کو یہ بھی یاد آتا ہے کہ پہلے حج کے موقع پر جبل احد پر میں نے چلہ اس غرض سے کیا تھا کہ انگریزوں کی حکومت کا ہندوستان سے خاتمہ ہو جائے۔ رات کے خواب کی نسبت یہ دو باتیں اور یاد آئیں۔ (ا) یہ کہ نماز جماعت اور اجلاس عام سے پہلے ہی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر مجھ پر پڑ چکی تھی اور آپؐ

marfat.com
Marfat.com

نے خوب پہچان کر توجہ کے لیے مجھے مخصوص کر لیا تھا (۲) اجلاس عام میں جب پہلے الش ایک رکابی میں جملہ حاضرین میں تقسیم کی گئی اور ہر شخص کو چند دانہ ہائے انار نصیب ہوئے۔ مجھ کو بھی ملے۔ نارنگی کی پھانکیں صرف مجھ کو ملیں۔ یہ واقعہ ۲۵ صفر ۱۳۶۱ ھ کو پیش آیا- جو میرے مرشد حضرت مولانا عبدالوہاب فرنگی محلی لکھنوی قدس سرہ' کی تاریخ عرس بھی ہے۔ آپ پدر بزرگوار مولانا عبدالباری فرنگی محلیؒ وجد بزرگوار مولانا جمال میاں فرنگی محلی کے تھے (کلیات حسرت موہانی" یعنی مولانا فضل الحسن حسرت موہانیؒ کے مکمل ۱۳ دیوان مع حالات و تبصرہ۔ ناشر= شیخ غلام علی اینڈ سنز۔ لاہور۔ صفحہ ۴۸ تا ۴۹ منقول از حسرت موہانی مصنفہ پروفیسر عبدالشکور صاحب ایم۔ اے۔ سابق پرنسپل حلیم مسلم کالج۔ کانپور

(۴۳) حضرت مولانا حسرت موہانیؒ کو ۲ اور ۳ اپریل ۱۹۴۲ء کی درمیانی شب میں قریب ۱۱ اور ۱۲ بجے کے درمیان دوبارہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ ایک مربع کمرہ میں آپؐ استراحت فرما رہے تھے۔ صورت قاضی محمد حامد حسرت فیض آبادی سے مشابہ تھی۔ فرط شوق میں جب دست بوسی کے لئے قریب ہوا تو آپؐ نے لیٹے ہی لیٹے دست مبارک میری طرف بڑھا دیا اور میری اس بیباکی کو گستاخی پر محمول نہ فرمایا بلکہ بہ تبسم کچھ نصیحیں فرمائیں جو مجھ کو یاد نہ رہیں (کلیات حسرت موہانی صفحہ ۴۹)

مولانا حسرت موہانیؒ جامع الاضداد تھے۔ شاعر بھی ادیب بھی۔ نمازی بھی سیاسی لیڈر بھی۔ تہجد گذار عابد بھی' کیمونسٹ بھی' صوفی بھی۔ متشرع بھی' رندو قلندر بھی۔ بے مایہ درویش بھی' مہاراجوں سے تعلقات بھی۔ کمال درجہ کے خود دار بھی اور انتہائی بے تکلف بھی۔ مذہبی بھی اور بے نیاز از پردہ بھی۔ (آپکی بیوی اور بیٹی پردہ نہ کرتی تھیں) آزاد خیال بھی۔ عرسوں کے دلدادہ بھی اور اسمبلی کے بیباک ممبر بھی۔ حج بیت اللہ اور دیار حرم کے دلدادہ بھی اور ہر دوار اور گڑھ مکھ ٹیشور کے میلوں کے فدائی بھی۔ سیاسی اسٹیج پر زبردست مقرر

marfat.com
Marfat.com

بھی اور قوالوں کی محفلوں میں صوفی گریاں بھی۔ غیر لطیف، معیار زندگی بھی اور لطیف ترین سخن پروری بھی۔ مشق سخن بھی اور جیلوں میں چکی کی مشقت بھی۔ ایک بار فرمایا میرے نزدیک ایک شعر میں جتنی خوبیاں ہونی چاہیں اس شعر میں موجود ہیں۔ ۔

پہلے تو آ کے شیخ نے دیکھا ادھر ادھر   پھر سر جھکا کے داخل میخانہ ہو گیا

شاعر نے اس شعر میں پوری انسانی نفسیات سمو کے رکھ دی ہیں۔

جھانسی (یو۔ پی۔ بھارت) والے ڈاکٹر انوار احمد خان مرحوم کے والد اور کرنل افتخار احمد خان مرحوم کے دادا عبداللہ خاں صاحب تحصیلدار میرے سب سے بڑے خالو تھے۔ یہ اور مولانا حسرت موہانیؒ دوران تعلیم علی گڑھ (مسلم یونیورسٹی) میں ایک ہی کمرہ میں رہا کرتے تھے۔ میرے کان پور کے دوران قیام، مولانا مجھ (مصنف کتاب ھذا) سے بھی بہت مانوس ہو گئے تھے۔

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

(۴۴) الحاج پروفیسر صلاح الدین محمد الیاس برنیؒ نے ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ کوئی قدیم وسیع اور عالیشان مسجد ہے قلعہ سی معلوم ہوتی ہے۔ رات کا وقت ہے۔ چاندنی چٹکی ہوئی ہے۔ عجب نور کا عالم ہے۔ اسلامی فوجیں پرے جمائے کھڑی ہیں اور مسلمان بکثرت جمع ہیں۔ بڑا اہتمام ہے۔ ہم بھی ایک طرف کھڑے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی ایک جماعت ساتھ ہے۔ عجب شان ہے۔ صحن مسجد میں ایک مقام پر تشریف فرما ہوئے۔ وفور اشتیاق سے چاروں طرف لوگوں کا ہجوم ہوا لیکن زیارت شریف دشوار ہو گئی۔ ایک دوسرے پر اچکنے لگے۔ گرنے لگے۔ اس وقت دل میں خیال آیا کہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تو کریم ہیں رؤف ہیں، رحیم ہیں۔ صاحب خلق عظیم ہیں۔ پھر کیا تامل ہے۔ اس مجمع کو چیرتا پھاڑتا آگے بڑھا اور خدمت اقدس (صلی اللہ علیہ وسلم) میں دست بستہ عرض کیا کہ مشتاقوں کا ہجوم ہے لیکن زیارت بابرکت سے محروم ہیں۔ اگر قریب

marfat.com
Marfat.com

ہی فلاں مرتفع مقام پر آپؐ تشریف فرما ہوں تو غلاموں کے دلوں کے ارمان نکل جاویں۔ سب زیارت شریف سے اپنی روحوں کو تازہ کریں' دلوں کو زندہ کریں' آنکھوں کو منور کریں۔ الحمد للہ معروضہ قبول ہوا اور حاضرین کی آرزو پوری ہوئی۔ اس خدمت گاری کے صلہ میں اس غلام کو بھی خاص و عام کی خوشنودی حاصل ہوئی۔ فالحمدللہ علی احسانہ (صراط الحمید جلد دوم از پروفیسر الیاس برنیؒ صفحہ ۱۳۰۔ در مطبع برقی اعظم جاہی۔ حیدر آباد دکن طبع شد)

(۴۵) الحاج پروفیسر صلاح الدین محمد الیاس برنیؒ ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی (علیگ) نے ایک مرتبہ بڑا مفصل خواب دیکھا جس کا ایک اہم جز مختصراً یہ ہے کہ مدینہ منورہ سے دو سوار پہنچے کہ بارگاہ اقدس میں تمہاری طلبی ہوئی ہے۔ ہمارے ساتھ چلو۔ ایک بڑا جہاد ہوا چاہتا ہے۔ اس میں تمہاری شرکت بھی ضروری ہے۔ چنانچہ میں خوشی خوشی ساتھ ہو لیا۔ عجب طریق سے حاضر ہوا۔ شرف قدمبوسی حاصل ہوا۔ بہت اظہار خوشنودی ہوا۔ سرفرازی ہوئی۔ شب کا وقت تھا۔ اول وقت کھانے پینے اور آرام لینے میں بسر ہوا۔ اس کے بعد کچھ عبادت کا سلسلہ شروع ہو گیا ڈھلتی رات جہاد کا سماں بندھا۔ خوب چاندنی کھلی تھی۔ ریگستان تھا۔ ریت چمک رہی تھی۔ چاروں طرف پہاڑوں کا سلسلہ تھا۔ اسلامی فوجوں نے پرے جمائے۔ سب پیدل تھے۔ سفید لباس تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوج کی کمان خود فرما رہے تھے۔ اس غلام کو حکم ہوا کہ پشت مبارک کی جانب بالکل قریب رہے۔ ادھر یہ انتظامات ہوئے کہ ادھر پہاڑی دروں سے ایک سیاہ فام بدصورت قوم برآمد ہوئی مگر نہایت خونخوار نظر آتی تھی۔ تلواریں نکل آئیں اور چلنی شروع ہوئیں۔ خوب گھمسان کا معرکہ تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار مبارک میں عجب معجزہ نظر آیا کہ دست مبارک میں دیکھو تو وہی طول عرض مگر جب چلے تو کھنچ کر کہیں سے کہیں پہنچے۔ اور دور آگے تک صفایا کر دے۔ بجلی سی تڑپ رہی تھی۔ مسلمان بھی شہید ہوئے مگر کفار کے کشتوں کے پشتے لگ گئے اور

marfat.com
Marfat.com

میدان مسلمانوں کے ہاتھ رہا۔ اس غلام کی تلوار نے بھی کچھ کمی نہیں کی۔ خوب فرض غلامی ادا کیا۔ پشت مبارک کی طرف سے جو کفار بڑھنا چاہتے تھے منہ کی کھاتے اور جہنم رسید ہوتے۔ لیکن بالآخر اپنے پر بھی کسی کافر کی ضرب کاری پڑی اور شہادت نصیب ہوئی۔ فی الفور تو زخم کی تکلیف کافی محسوس ہوئی لیکن اس عالم سے رخصت ہونے کے بعد راحت ہی راحت تھی اور رخصت ہونا بھی کیا کہیئے۔ وہیں کے وہیں سب کچھ دیکھ رہے تھے۔ سن رہے تھے، سمجھ رہے تھے صرف بولنے کی طاقت نہ تھی۔ چنانچہ ختم جہاد پر حضرت رسول اللہ صلی علیہ وسلم شہداء کے قریب تشریف لائے۔ ان کو دیکھ کر تبسم فرماتے اور ہاتھ پکڑ کر اٹھاتے تو زندہ ہو کر اٹھ بیٹھتے۔ اپنے اوپر بھی یہی سرفرازی ہوئی۔ فتح کی خوشی میں مجاہدین کا جلوس بڑی دھوم دھام سے چشم زدن میں مکہ مکرمہ پہنچا اور حرم شریف میں اجتماع ہوا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے خوب کھانا و کپڑا اور سیم و زر تقسیم ہوا۔ اس غلام کو بھی بہت کچھ انعامات ملے اور بحکم اقدس صلی اللہ علیہ وسلم خوش و خرم گھر واپس آیا۔ (صراط الحمید جلد سوم۔ صفحہ ۱۳۴ تا ۱۳۵) مشہور زمانہ "قادیانی مذہب کا علمی محاسبہ" نامی کتاب آپ ہی کی تصنیف ہے۔

(۴۶) لالہ تیج بھان ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب نے جو گورنمنٹ گرلز اسکول۔ لاہور کے بالمقابل رہتے تھے۔ "روزنامہ شمس" ملتان کو حسب ذیل بیان برائے اشاعت ارسال فرمایا تھا۔

میں رات کو عموماً اور علی الصبح خصوصاً" جب بھی اپنے کمرہ سے باہر آتا ہوں تو کافی دیر تک آسمان کی طرف دیکھتا ہوں۔ اس سے مجھے بہت مسرت حاصل ہوتی ہے۔ ۲۵ جنوری ۱۹۳۶ء کو صبح چار بجے حسب معمول جب کمرہ سے باہر آیا تو عجیب روح پرور منظر دیکھا۔ دیکھا کہ آسمان کے جنوب مغربی گوشہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی "محمد" نہایت واضح اور جلی حروف میں لکھا ہے جس نے قرب و جوار کو روشن کر دیا ہے۔ طرز تحریر عربی تھی۔ اسم گرامی کے گرداگرد بدلیوں کا ہجوم تھا جو سفید اور نورانی تھیں۔

marfat.com
Marfat.com

اسم گرامی کے نیچے ایک بیضوی محراب میں ایک شکل نظر آئی جو بہت نورانی تھی۔ رفتہ رفتہ اس نے ایک انسانی شکل اختیار کر لی۔ ریش مبارک سیاہ تھی' سر پر عمامہ' چہرہ مبارک نہایت وجیہہ و منور' آنکھیں بڑی بڑی اور مسحور کن' کشادہ پیشانی' قد درمیانی' پاؤں نظر نہ آئے۔ میں فوراً کمرہ میں لوٹ گیا کہ اپنی عینک لاؤں لیکن اس عرصہ میں وہ دلفریب منظر میری نگاہوں سے پنہاں ہو گیا (اخبار انقلاب' لاہور ۱۳ مارچ ۱۹۳۶ء ۱۳۵۴ھ) (اسلامی تبلیغی انسائیکلو پیڈیا یعنی تحقیق المذاہب مولفہ منشی محمد شفیع امرتسری۔ کوچہ ڈوگراں۔ شاہ عالمی دروازہ۔ لاہور ۱۹۵۲ء صفحہ ۲۶ تا ۲۷)

(۴۷) "علم لدنی (علم الہٰی)" کے مولف سید محمد ریاض الدین سہروردیؒ کے شیخ طریقت الحاج حضرت شیخ سید قلندر علی شاہ سہروردی قدس سرہ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ ایک شب میں نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہ نفس نفیس غریب خانہ پر تشریف لائے اور مکان کی اوپر والی منزل کی ایک چھت پر چارپائی پر لیٹ گئے۔ ابھی تھوڑی ہی دیر گذری تھی کہ کسی نے نیچے سے دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نے جھانک کر دیکھا اور دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ شیر خدا حضرت علی کرم اللہ وجہہ مع خاتون جنت حضرت بی بی فاطمہ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا تشریف لائے ہیں۔ دونوں مقدس ہستیوں نے دریافت فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تشریف لائے ہیں؟ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ ابھی ابھی تشریف لائے ہیں اور اوپر چارپائی پر آرام فرما ہیں۔ آپ بھی تشریف لے چلیے۔ چنانچہ دونوں بزرگ ہستیاں اوپر تشریف لے آئیں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چارپائی پر بیٹھ گئیں۔ میں ادب سے پاس کھڑا رہا۔ چند منٹ کچھ باتیں ہوئیں اور اس کے بعد خاتون جنت صلوٰۃ اللہ علیہا نے ۱۹۴۷ء کے فسادات کا سارا نقشہ بیان فرمایا۔ لوٹ' مار' قتل عام' آگ لگانا' غرض جو جو کچھ ہونے والا تھا آپ نے سب کا ذکر فرمایا اور ساتھ ہی میری جانب اشارہ فرمایا کہ آپ کوئی فکر نہ کریں۔ انشاء اللہ

marfat.com
Marfat.com

حفاظت میں رہیں گے - یہی ہوا کہ میں بالکل محفوظ رہا- (علم لدنی یا علم الٰہی صفحہ ۱۰۱ تا ۱۰۲)

(۴۸) مولانا محمد علی قاسمی حسینی فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ کے وصال سے چھ سات روز قبل میں نے ایک خواب دیکھا کہ ایک مختصر سا حجرہ ہے اس میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک چوکی پر چت لیٹے ہوئے ہیں۔ اتنے میں ایک صاحب مسئلہ دریافت کرنے آئے۔ میں چونکہ دروازہ پر نگرانی کر رہا تھا اس لئے میں نے جواب دیا کہ اس وقت تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما رہے ہیں۔ پھر کسی وقت آیئے۔ انہوں نے اپنا سوال کچھ دیر بعد پھر دہرایا۔ اس پر میں نے ان سے کہا آپ بھی عجیب آدمی ہیں مسئلہ پوچھنے پر بضد ہیں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آرام کا خیال نہیں کرتے۔ اسی اثناء میں ایک اور صاحب آ گئے۔ میں ان سے باتیں کرنے لگا تو یہ صاحب چپکے سے کھسک کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب پہنچ گئے۔ میری نظر جوان پر پڑی تو میں نے ان کو پکڑ لیا مگر اب جو دیکھا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بجائے حضرت مولانا مدنیؒ وہاں چت لیٹے ہوئے ہیں اور چہرہ پر مردنی کے آثار ہویدا ہیں- اس خواب کی تعبیر کے لئے میں نے حضرت مولانا مدنیؒ کو خط لکھا۔ جواب آیا۔ وظیفہ پر مداومت کریں۔ میں دعا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ اس خط کے بعد ہی حضرت والا شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ اس دارفانی سے عالم جاودانی کی طرف رحلت فرما گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون (شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۶۴)

(۴۹) شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ جب میں کراچی سے گنگوہ شریف کے لئے سفر کر رہا تھا اور گاڑی ملتان کے قریب سے گذر رہی تھی تو خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ

marfat.com
Marfat.com

وسلم اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تشریف لائے ہیں اور ہر دو صاحبان کے ہاتھ ایک دوسرے سے "شبیک "یعنی ایک کا ہاتھ دوسرے کے ہاتھ میں اس طرح ہے کہ ایک کی انگلیاں دوسرے کی انگلیوں میں جالی کی طرح پھنسی ہوئی ہیں۔ جیسے کہ بے تکلفی اور انتہائی دوستی میں ساتھ چلتے وقت دو دوست ہتھیلی میں ہتھیلی اور انگلیوں میں انگلیاں ڈال لیتے ہیں" کئے ہوئے ہیں۔ (نقش حیات حصہ اول صفحہ ۹۲ تا ۹۳)

حضرت مدنیؒ نے اپنی خود نوشت سوانح حیات "نقش حیات" جلد اول میں فرمایا کہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ فرماتے تھے کہ اکابر نے ارشاد فرمایا کہ قریب سو برس سے ہندوستان میں برکات ذکر و شغل اٹھ گئی ہیں یا اٹھتی جا رہی ہیں۔ وہ فیض جو زمانہ قدیم میں حاصل ہوتا تھا اب نہیں ہوتا۔ حرمین شریفین میں یہ فیض اب بھی بدرجہ اتم موجود ہے۔

(۵۰) شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی قدس سرہؒ نے فرمایا کہ مکہ معظمہ سے روانہ ہونے کے بعد چوتھے روز جبکہ قصیمہ سے رابغ کو قافلہ جا رہا تھا میں نے اونٹ پر سوتے ہوئے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں۔ میں قدموں پر گر گیا۔ آپؐ نے میرا سر اٹھا کر فرمایا کیا مانگتا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ جو کتابیں پڑھ چکا ہوں وہ یاد ہو جائیں اور جو نہیں پڑھی ہیں ان کو سمجھنے کی قوت حاصل ہو جائے۔ تو آپؐ نے ارشاد فرمایا۔ تجھ کو دیا۔ (نقش حیات حصہ اول صفحہ ۸۰)

(۵۱) شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ العزیزؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) میں چار زانو بیٹھا ہوا ہوں اور حضرت گنگوہیؒ بائیں جانب تشریف فرما ہیں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داہنی جانب سے تشریف لائے اور آپؐ کے دست مبارک میں کوئی کتاب ہے۔ (نقش حیات حصہ اول صفحہ ۹۵)

marfat.com
Marfat.com

(۵۲) شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ نے ایک مرتبہ دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) کے شمالی دروازہ باب مجیدی کے باہر بجانب شمال منہ کئے ہوئے (قبلہ مدینہ منورہ اور مسجد نبوی سے جنوب کی جانب ہے) مسجد سے نکل کر کھڑے ہیں اور آپ کے لپ (دونوں ہاتھوں کا مجموعہ) میں میٹھے کدو کے بیج بھر رہے ہیں۔ میں سامنے حاضر ہوا جب قریب پہنچا تو آپ نے لپ کو نیچے سے کھول دیا۔ کچھ بیج گرے جو میں نے اپنے دامن میں لے لئے۔ ان کی مقدار قریب تیس عدد تھی (مدینہ منورہ میں میٹھے کدو کے بیج بکثرت ہوتے ہیں ۔ لوگ ان کو بھاڑ میں بھنوا کر دکانوں پر فروخت کرتے ہیں اور ان کا مغز کھاتے ہیں)۔ دوران قیام مدینہ شریف یہ خواب دیکھا تھا۔ (نقش حیات حصہ اول صفحہ ۹۰)

(۵۳) مصور فطرت حضرت خواجہ حسن نظامی قدس سرہ کی عمر صرف دس سال کی تھی جب پہلی مرتبہ آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ صبح اٹھ کر انہوں نے خواب کا ذکر اپنے مولوی صاحب سے کیا۔ جنہوں نے تعبیر دی کہ تم بڑے ہو کر اپنے مذہب کی خدمت کرو گے (ادبائے اردو صفحہ ۱۹۶۔ ۱۹۵۴ء میں فیروز سنز۔ لاہور نے شائع کیا)

حضرت خواجہ حسن نظامی صاحب طرز ادیب تھے۔ علامہ اقبال نے فرمایا کہ اگر میں حضرت حسن نظامی کی سی اردو لکھ سکتا تو شاعری نہ کرتا۔ ۱۹۰۵ء میں علامہ خواجہ صاحب سے ملنے گئے اور دہلی میں درگاہ محبوب الٰہی کے سامنے کھڑے ہو کر فرمایا۔

بھلا ہو دونوں جہاں میں حسن نظامی کا ملا ہے جس کی بدولت یہ آستاں مجھ کو

خواجہ صاحب کا نام علی حسن نظامی تھا۔ آپ محبوب الٰہی حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے خواہر زادہ اور مولانا سید بدرالدین اسحاق کی نسل سے

marfat.com
Marfat.com

تھے جو حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ کے داماد تھے۔ حضرت مہر علی شاہ گولڑویؒ سے بیعت اور ان کے خلیفہ تھے۔ حضرت مولانا عبدالحلیم شرر کی کتابوں سے لکھنا سیکھا اور بار بار اس کا اظہار فرمایا۔ نفسیات کے عالم نہیں لیکن فطرتاً اس کے ماہر تھے۔ فرمایا کہ والدین کے انتقال کے بعد شادی ہونے تک (پہلی شادی ۱۸ برس کی عمر میں ہوئی) زندگی ایسی پر الم اور درد انگیز تھی کہ خدا دشمن کو نہ دکھائے۔ (بیوی کا پیرا مشہور ہے یعنی روپیہ بیوی کی قسمت سے آتا ہے)۔ ڈپٹی نذیر احمدؒ خواجہ حسن نظامیؒ اور موجودہ دور میں احسان دانش یہ تین ایسی ہستیاں ہیں جنہوں نے اپنے بچپن کے حالات اور شہرت حاصل کرنے سے پہلے کی دکھ بھری زندگی من و عن بیان کی ہے اور کسی بات کے اظہار میں ذرا شرم و جھجک محسوس نہیں کی۔ سویٹزر لینڈ کے "روسو" کے اعتراف' اقرار اور اقبال (CONFESSIONS) کا بڑا چرچا ہے انگریزی زبان میں لیکن ان بزرگوں کی حقائق بیانی کے سامنے اس کی کوئی حیثیت نہیں۔ شادی کے بعد تو دولت' شہرت اور عزت خواجہ صاحب کے گھر کی باندیاں بن گئیں۔ بڑے بڑے نواب اور راجہ آپ کی صحبت کے لئے بے قرار رہنے لگے۔ نواب رامپور مہینہ میں کئی بار بلاتا اور روزانہ پانچسو روپیہ نذر گذارتا۔ یہی حال نواب حیدر آباد دکن کا تھا۔ خواجہ صاحبؒ کی شخصیت میں مقناطیسی کشش تھی اور زبان و قلم میں جادو! شاہ خرچ تھے۔ جیب سے بٹوہ نکالتے اور سب خرچ کر ڈالتے اور فرماتے اسے خالی نہ کروں گا۔ تو یہ بھرے گا کیسے۔ فرماتے افلاس جہالت کی جڑ ہے اور ارتداد کی بھی۔ اگر مولانا محمد الیاسؒ کی تبلیغی جماعت مسلمانوں کے افلاس دور کرنے کی جانب توجہ دینے لگے تو بڑی خدمت انجام دے۔ ۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء کو پیدا ہوئے اور ۳۱ جولائی ۱۹۵۵ء کو وصال فرمایا اور دہلی میں درگاہ خواجہ نظام الدین اولیاءؒ میں دفن ہوئے۔ مصنف کتاب ہذا کو ہندوستان کی کئی عظیم ہستیوں سے ملنے کا موقع ملا جن میں نواب بہادر یار جنگؒ اور خواجہ صاحبؒ کو کبھی نہیں بھول سکتا۔

marfat.com
Marfat.com

(۵۴) ۱۹۲۴ء کے روزنامہ میں مصور فطرت خواجہ حسن نظامیؒ نے لکھا کہ مسلمانوں کو محرم کے غم سے کچھ فائدہ اٹھانے کی حکمت بتائی جائے اور چار تبلیغی اعلان کیے۔ اول میں غم کا منظر دکھایا۔ اس کے بعد اسلام کی ترغیب اور اسلام پر قائم رہنے کی تحریک کی۔ ان اعلانات کو پڑھ کر ماتم کرنے والے مسلمانوں کو خیال ہوگا کہ یہ ہمارا غم کرنا اور رونا سب ہمارے ہی لئے ہے اسلام کو یا مسلم قوم کو اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا لیکن اگر ہم غم کا اظہار اس طرح کریں جیسا کہ ان تبلیغی اعلانوں میں ہے تو بہت بڑے فائدے مسلمانوں کو حاصل ہوں اور سالانہ ماتمی مجلسیں وہ کام کریں جو بڑی بڑی کانفرنسیں نہیں کر سکتیں۔ پس ماتم اس پیرائے میں کرو کہ ماتم نتیجہ خیز بن جائے (منع کرنے سے تو ضد گھٹا نہیں بڑھا کرتی ہے)۔ محرم الحرام کے ان اعلانات پر خواجہ صاحبؒ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت بابرکت حاصل ہوئی تھی۔ غور فرمایئے محض ان اعلانات پر خواجہ صاحبؒ اس قدر عظیم دولت سے نوازے گئے اور اگر واقعی مسلم قوم اور ملت اس پروگرام اور ان اعلانات پر عمل پیرا ہو جائے تو اس کو کیا کچھ عطا نہیں ہوگا۔ بالخصوص "پنجتن پاک" کی رضا تو کہیں گئی ہی نہیں' جو بذات خود اتنی بڑی دولت ہے کہ دوسری تمام دولتیں اس کے مقابلہ میں ہیچ اور گرد ہیں۔ محرم الحرام کے ان اعلانات کو اپنا کر خود فائدہ حاصل کیجئے اور اسلام کے لئے نتیجہ خیز بنایئے۔ خواجہ صاحب لکھتے ہیں "خواب میں دیکھا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے ہیں۔ ایک حبشی غلام مورچھل جھل رہا ہے۔ اس نے کہا۔ میاں اٹھو۔ سرکارؓ تمہارے پاس تشریف لائے ہیں میں گھبرا کر کھڑا ہو گیا۔ جوتیاں پاؤں سے ٹٹولیں مگر نہ ملیں۔ ننگے پاؤں ہاتھ جوڑے خدمت میں پہنچا۔ حضرتؓ کے ہاتھ میں میرے تازہ تبلیغی اعلان تھے جو محرم کے واقعات پر پرسوں شائع ہوئے ہیں۔ فرمایا بیٹا میں نے انہیں پڑھ لیا ہے۔ تم نے بہت اچھا لکھا ہے۔ اب تم اس دنیا سے میری طرف آنے والے ہو۔ چلو

marfat.com
Marfat.com

تمہاری قبر دکھا دوں۔ یہ فرمانا تھا کہ مکان کی شکل بدل گئی۔ ایک عالیشان مکان پیش نظر تھا جس میں چاندی کا تخت بچھا ہوا تھا اور بہت سے آدمی دست بستہ کھڑے تھے۔ اس تخت پر ایک بزرگ سبز لباس پہنے تشریف فرما تھے۔ ان کے بال بہت سفید تھے۔ زلفیں بھی سفید برف تھیں۔ ہوا تیز چل رہی تھی اور زلفیں اڑ رہی تھیں۔ حضرت امام حسینؓ نے تخت کے سامنے پہنچ کر سلام علیک یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کہا۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے کمزور آواز میں جواب دیا "و علیکم السلام یا حسین" (رضی اللہ عنہ) اس کے بعد حضرت امام حسینؓ نے میرے اعلانات تخت پر رکھ دیئے۔ اور ہاتھ باندھ کر کھڑے ہو گئے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلانات پر نظر ڈالی اور پھر مجھے دیکھا مگر زبان مبارک سے کچھ نہ فرمایا۔ تھوڑی دیر بعد تازی تازی کھجوروں کا خوان آیا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوریں اپنے دست مبارک سے تقسیم فرمائیں۔ مجھے بھی قریب بلا کر کھجوریں دیں اور آہستہ سے فرمایا "عمرک عمری و رماحک رماحی" (تیری عمر میری عمر اور تیرا نیزہ میرا نیزہ ہے)۔ حاضرین نے آمین کا نعرہ بلند کیا (سوانح خواجہ حسن نظامیؒ نوشتہ حضرت ملا واحدی دہلویؒ۔ نظام المشائخ ۸/۴۱ جیک لائنز۔ کراچی سے شائع ہوئی صفحہ ۱۹۵ تا ۱۹۶)

(۵۵) حمزہ بن حبیب زیات قاریؒ نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں کچھ قرآن کریم پڑھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ جس طرح تو نے اس وقت پڑھا اسی طرح میرے اوپر نازل ہوا ہے (نفحات الانس)

(۵۶) حضرت مولانا شاہ عبدالرحمٰن سندھی لکھنوی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ سندھ میں ایک رنگریز (کپڑے رنگنے والا) آنکھوں کی بصارت سے محروم ہوگیا۔ اس نے کثرت درود شریف اختیار کی۔ ایک روز خواب میں حضرت

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا۔ درخواست کی کہ آنکھوں میں روشنی آ جائے۔ بیدار ہوا تو آنکھیں روشن تھیں۔ (انوار الرحمٰن)

(۵۷) ملتان میں ایک شخص مفلسی سے تنگ آ کر درود شریف کا کثرت سے ورد کرنے لگا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب میں التجا کی ایک لاکھ روپیہ چاہیے۔ ایک دفعہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا کہ ایک لاکھ روپیہ لیگایا نعمت حفظ قران۔ اس شخص نے عرض کیا حافظ ہونا چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا سوا پارہ ہر روز ایک مرتبہ قرآن پاک دیکھ کر پڑھ لیا کرو اور شام کو تراویح میں سنا دیا کرو۔ راوی کہتا ہے کہ اس شخص نے ایسا ہی کیا اور حافظ قرآن ہو گیا۔ (انوار الرحمٰن)

(۵۸) قطب الاقطاب سید شاہ جنید قادریؒ جنہیں پیران پیر محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی بارگاہ سے بنگال کی قطبیت عطا ہوئی۔ حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ فتوحات مکیہ کے باب ۳۸۳ میں فرماتے ہیں کہ قطب کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کل عالم موجودات کو فساد سے محفوظ رکھتا ہے۔ ۹۳۶ھ میں آپ حسن پورا و شرکی کے حسنی سادات گھرانے میں پیدا ہوئے اور ۲۴ رمضان المبارک ۹۹۹ھ کو وصال فرمایا۔ آج بھی آپ کا مزار مرجع خلائق ہے۔ روضہ غازی پور اسٹیشن سے متصل ہے۔ آپ کی قطبیت کی پیشین گوئی حضرت شاہ ابوالفتح چشتیؒ نے فرمائی تھی۔ آپ کے والد سید حسن اور دادا سید تاجن زاہد امراء میں سے تھے۔ ابراہیم لودھی کے عہد میں ابتدائی دور سیر و شکار میں گذرا مگر عین عالم شباب میں آپ پر ایک کیفیت طاری ہوئی اور جملہ علوم متداولہ حاصل کئے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں بشارت ہوئی کہ زیارت حرمین شریفین' مدینہ طیبہ اور بغداد شریف کا سفر کرو۔ پس آپ تینوں مقامات پر تشریف لے گئے۔ بغداد شریف میں حضرت پیران پیرؒ کی روح

marfat.com
Marfat.com

پاک نے بہ نفس نفیس آپ کو تعلیم فرمائی۔ اور سلسلہ حسینیہ قادریہ میں بیعت کے مجاز ہوئے۔ خرقہ اور دیگر تبرکات لے کر غازی پور تا سرحد بنگال کی قطبیت عطا ہونے کے بعد غازی پور تشریف لائے اور یہاں خانقاہ آستانہ جنید و مسجد تعمیر کرائی اور ایک عالم کوہدایت دیتے رہے۔ تمام زندگی خدمت خلق میں گذار دی۔ آپ کی زندگی' آپ کی موت' آپ کی نمازیں سب رب کا کائنات کے لئے تھیں جس نے آپکو مقام قطبیت عطا فرمایا تھا (اقتباس الانوار)

(۵۹) ایک بزرگ عارضہ جذام میں ایسے مبتلا ہوئے کہ لوگوں نے اپنے سے جدا کر کے انہیں ایک جزیرہ میں چھوڑ دیا۔ ایک رات کچھ لوگ ان سے ملنے آئے تو ان کو بالکل تندرست دیکھ کر بہت حیرت زدہ ہوئے اور وجہ دریافت کی۔ فرمایا کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا کہ اس کا مرض دور کرو۔ انہوں نے اپنا دست مبارک میرے بدن پر پھیرا تو فوراً مجھ کو صحت حاصل ہو گئی (بغیتہ ذوی الاحلام)

(۶۰) ایک علوی خاندان بلخ میں رہتا۔ خوش حال تھا کہ سربراہ کا انتقال ہو گیا۔ تنگدستی کا دور آگیا۔ بیوہ علویہ لعن طعن سے بچنے کے لئے لڑکیوں کو لے کر دوسرے شہر میں چلی گئی۔ سخت سردی کا موسم تھا۔ بچیوں کو مسجد میں بٹھا کر انکے کھانے کا انتظام کرنے شہر چلی گئی۔ شہر کا "میئر" مسلمان تھا۔ اس سے داستان غم کہی۔ "میئر" نے کہا گواہ لاؤ کہ تم واقعی علوی عورت ہو۔ اس نے کہا میں شہر میں اجنبی ہوں۔ یہاں مجھے کوئی نہیں جانتا۔ اس پر "میئر" نے منہ موڑ لیا۔ پھر ایک مجوسی سے حال بیان کیا۔ اس نے کہا مع لڑکیوں کے میرے مکان پر آ جاؤ۔ پھر انہیں نفیس کھانے کھلائے اور بہترین لباس پہنایا۔ آدھی رات کو "میئر" نے خواب دیکھا کہ قیامت قائم ہے اور ایک محل ہے۔ سبز یاقوت جس میں جڑے ہیں۔ اس نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ محل

marfat.com
Marfat.com

کس کے لیے ہے۔ آپؐ نے فرمایا مسلمان کے لیے ہے۔ میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں مسلمان ہوں۔ آپؐ نے فرمایا میرے پاس گواہ لاؤ کہ واقعی تم مسلمان ہو۔ وہ یہ سن کر حیران رہ گیا۔ پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ عورت علوی تیرے پاس آئی تھی تو تو نے بھی یہی کہا تھا کہ میرے پاس گواہ لاؤ کہ واقعی تو علوی عورت ہے۔ جب خواب سے بیدار ہوا نہایت خوفزدہ اور پریشان تھا۔ جب معلوم ہوا کہ وہ عورت مجوسی کے یہاں ہے تو مجوسی سے کہا میں یہ علویہ مع اس کی لڑکیوں کے تجھ سے مانگتا ہوں۔ اس نے کہا یہ بہت مشکل ہے۔ کہا مجھ سے ہزار دینار لے لے۔ اس نے کہا میں انہیں دے نہیں سکتا۔ وہ محل جو آپ نے خواب میں دیکھا ہے میرے لئے بنایا گیا ہے۔ میں مع اہل و عیال اس علویہ کے ہاتھ پر مسلمان ہو چکا ہوں۔ میں نے بھی رات اسی طرح خواب میں دیکھا جس طرح تم نے دیکھا۔ اور مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ علویہ عورت اور اس کی لڑکیاں تیرے پاس ہیں۔ میں نے عرض کیا جی ہاں' یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو آپؐ نے ارشاد فرمایا "یہ محل تیرا اور تیرے گھر والوں کے لئے ہے۔ تو اور تیرے گھر والے سب جنتی ہیں۔ (کتاب الکبائر)

(۶۱) تاج محمد قیام پاکستان سے قبل تھانہ بڑے گاؤں (ضلع گجرانوالہ) میں تعینات تھے۔ لکھتے ہیں کہ گاؤں کی جامع مسجد کے امام کا سب بہت احترام کرتے تھے۔ مسجد سے ملحق ایک ترکھان (بڑھئی) محمد دین کا مکان تھا۔ یہ شریف آدمی تھا مگر نماز پڑھنے نہ آتا تھا۔ امام صاحب اسے کہہ کہہ کر جب مجبور ہو گئے تو ایک روز انہوں نے اعلان کر دیا کہ کل کلاں اگر یہ وفات پا جائے تو کوئی اس کی نماز جنازہ نہ پڑھے۔ یہ بات گاؤں والوں نے پلے باندھ لی۔ کچھ عرصہ بعد محمد دین کی واقعی وفات ہو گئی۔ گھر والے اور برادری کے چند لوگ جمع ہو گئے۔ مجبور ہو کر یہ قریبی گاؤں سے مولوی صاحب کا بندوبست کرنے کا سوچ رہے تھے کہ مسجد سے نوبت کے بجنے کی آواز آئی (ان دنوں مائیک نہیں تھا۔ ڈھول بجا کر

marfat.com
Marfat.com

اعلان کیا جاتا تھا)۔ پھر امام صاحب نے اعلان کیا کہ ہمارا ایک نیک ہمسایہ محمد دین ترکھان فوت ہو گیا ہے۔ اس کی نماز جنازہ میں ضرور سب کو شرکت کرنی ہے۔ لوگ اعلان سن کر حیران ہوئے اور کچھ عمر رسیدہ لوگوں نے اس تبدیلی کی وجہ دریافت کی۔ امام صاحب نے حلفاً بیان کیا کہ میں مسجد کے حجرہ میں لیٹا ہوا تھا کہ میری آنکھ لگ گئی۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار ہوا۔ آپؐ نے حکم دیا کہ میں فوراً اٹھ کر محمد دین کی نماز جنازہ پڑھاؤں۔ میں نے خواب ہی میں آپؐ سے عرض کیا کہ محمد دین تو کبھی مسجد میں نماز پڑھنے نہیں آیا۔ اس پر آپ نے ارشاد فرمایا کہ عرصہ ہوا ایک روز سخت آندھی اور بارش تھی۔ محمد دین اپنے گھر کی چھت کے مک (گاؤں میں چھتوں پر بڑے بڑے سوراخ کئے جاتے تھے جو ہوا اور روشنی کی آمد کا کام دیتے تھے آندھی اور بارش میں انہیں مٹی کے کونڈوں یا کنالیوں سے ڈھک دیتے تھے) ڈھکنے آیا تو اسے مسجد کے مکوں کا خیال آگیا اور اس نے پہلے انہیں جا کر ڈھانپ دیا کہ کہیں مسجد کی صفیں اور مصلے (جانمازیں) بھیگ نہ جائیں۔ اللہ پاک کو اس کی یہ معمولی سی نیکی پسند آگئی۔ اور اس نے محمد دین کے تمام گناہ معاف کر دیے۔ (سچ ہے اللہ پاک تو ہمیں بخشنے کے لئے ادھار کھائے بیٹھے ہیں۔ بہانے تلاش فرما رہے ہیں۔ پھر بھی کوتاہی ہماری جانب سے ہو تو اس میں قصور کس کا ہے۔؎

وہ کرشمے شان رحمت نے دکھائے روز حشر
چیخ اٹھا ہر بے گناہ میں بھی گنہگاروں میں ہوں

امام صاحب نے کہا اس پر میں نے فوراً اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی فوری تعمیل کرتے ہوئے اعلان کر دیا۔ (انسان کی معمولی سی معمولی نیکی بھی رائیگاں نہیں جاتی۔ زندگی بڑی نعمت ہے۔ ہمیں ان قیمتی لمحات کو ضائع کرنے کی بجائے ان سے فائدہ حاصل کرنا چاہیے۔ (جمعہ میگزین روزنامہ۔ نوائے وقت ۱۹/۷/۹۱ راولپنڈی)

(۶۲) حضرت صدیق اکبرؓ کے عہد خلافت میں کوفہ کا ایک نہایت فاسق و

marfat.com
Marfat.com

فاجر شخص جس کا نام زراد تھا انتقال کر گیا جسکے کفن دفن میں حضرت صدیق اکبرؓ نے بھی شرکت کی۔ دفنا چکے تو اس کی ماں روتی ہوئی آئی کہ لڑکے کا چہرہ دکھا دو۔ مجبوراً مٹی الگ کر کے چہرہ دکھایا تو قبر روشنی سے منور تھی۔ سب کو نہایت درجہ حیرت ہوئی۔ رات حضرت صدیق اکبرؓ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ کے نزدیک نہایت ہی خوبصورت شکل میں یہ شخص بھی بیٹھا تھا۔ آپؐ نے فرمایا گو یہ شخص نہایت ہی فاسق و فاجر تھا مگر گناہ کے بعد خوف خدا سے اتنا روتا تھا کہ اس کی دونوں آنکھیں تر ہو جاتی تھیں۔ اللہ پاک نے اس کے رونے اور خوف کی وجہ سے اسکے تمام گناہ معاف فرما کر یہ منصب عالی عطا فرما دیا۔ سبحان اللہ

رحمت یہ چاہتی ہے کہ اپنی زبان سے　　کہدے گنہگار کہ تقصیر ہو گئی

(جامع الحکایات)

(۶۳)　　میر نصیر احمد رومیؒ روم کے صحیح النسب سید اور بڑے شیخ تھے۔ ایک روز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اطہر (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) پر بیٹھے تھے۔ دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے ہیں کہ اے نصیر سرزمین ہند میں ایک ولی اللہ ظاہر ہوا ہے تو اس کے ہاتھ پر جا کر توبہ کر۔ چنانچہ نصیر دشوار گذار منزلیں طے کرتے لاہور آئے اور حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں حاضر ہو کر شرف ارادت سے مشرف ہوئے۔
(سیرت امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی صفحہ ۹۱)

(۶۴)　　ایک شخص ہر وقت اٹھتے بیٹھتے "صلی اللہ محمد صلی اللہ محمد" پڑھا کرتا تھا اور دنیاوی کاموں سے معطل اور بیکار ہو کر رہ گیا تھا۔ اس کی بیوی کو بہت غصہ آتا۔ ایک دن کہنے لگی۔ کم بخت تم کیا ہر وقت صلی اللہ محمد صلی اللہ محمد کہا کرتے ہو۔ اس کو چھوڑو اور آدمی بن کر کما کر لاؤ۔ مگر وہ ہر وقت درود شریف پڑھنا نہ چھوڑتا کیونکہ اللہ اللہ کرنے اور کثرت درود شریف میں جو مزہ

marfat.com
Marfat.com

ہے وہ دنیا کی کسی چیز میں نہیں۔ جسے یہ دولت حاصل ہو جائے پھر اس کی نگاہوں میں کوئی دوسری دولت نہیں جچتی۔ یہ شخص مہاجن کا بھی ایک سو روپیہ کا مقروض تھا۔ ایک روز اس نے ان کے ساتھ زبان درازی کی۔ یہ دربار الٰہی میں رونے لگے اور اظہار حال کیا کہ اے اللہ تو دانا و بینا ہے۔ بیوی سے عاجز اور مہاجن سے لاچار ہو گیا ہوں۔ تو بے وسیلوں کا وسیلہ ہے۔ بے سہاروں کا سہارا اور حاجتمندوں کا حاجت روا ہے۔ میرے حق میں کوئی بہتر صورت حال نکال دے۔ چونکہ عاجزی اور گریہ و زاری دربار خداوندی میں بے حد پسند ہے دریائے رحمت جوش میں آگیا اس پر نیند غالب آگئی۔ خواب میں دیکھا کہ ایک نہایت ہی حسین و جمیل بزرگ پیار سے فرما رہے ہیں کہ کیوں بے قرار ہو۔ مت گھبراؤ تمہارے سب کام ٹھیک ہو جائیں گے۔ میں خود تمہارا مددگار ہوں۔ انہوں نے دریافت کیا کہ آپ کون ہیں۔ فرمایا میں وہی ہوں جن پر تم درود بھیجتے ہو۔ تم صبح بادشاہ کے وزیر کے پاس جانا اور اس کو اس کے وظیفہ کی مقبولیت کی خوش خبری سنانا۔ یہ صبح وزیراعظم سے ملا اور پیام پہنچایا جس کو سن کر اس نے اپنی جیب سے تین سو روپیہ نکال کر انعام دیا اس نے وہ روپیہ لا کر بیوی کو دے دیا اور ایک سو روپیہ مہاجن کو دینے عدالت گیا۔ مہاجن نے کہا ضرور اس نے چوری کی ہے۔ اس نے کہا وزیراعظم سے معلوم کر لو۔ حاکم سے وزیراعظم نے کہا خبردار جو اس کے ساتھ ذرا بھی بے ادبی کی ورنہ عہدہ سے معزول کر دئیے جاؤ گے۔ مہاجن کو جب معلوم ہوا کہ حاکم اور وزیراعظم دونوں اس کے حق میں ہیں تو یقیناً اللہ تعالیٰ بھی اس کے ساتھ ہے اور یہ کہہ کر وہ سو روپیہ واپس کر دیئے۔ (حق تو ہے کہ جو اللہ کا ہو جاتا ہے پھر ہر چیز اس کی اطاعت کرتی ہے) (انیس الواعظین)

(۶۵) چند برس قبل مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) کے منتظمین نے خواتین کے ہمراہ بچوں کو اندر جانے سے روک دیا تھا۔ چھوٹے بچوں کی مائیں مشکل میں گرفتار ہو گئیں کہ وہ بچوں کو کس کے سپرد کر

marfat.com
Marfat.com

کے آئیں جبکہ ان کی اکثریت مسافروں کی ہوتی ہے۔ وجہ یہ بتائی گئی کہ بچے مسجد کے خواتین کے حصے میں بچھے ہوئے قالینوں کو خراب کر دیتے ہیں۔ خواب میں کسی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان سے کہو اپنے قالین اٹھا لیں اور میری امت کے بچوں کو میرے پاس آنے سے نہ روکیں۔ بچوں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت مشہور ہے۔ جب مختلف لوگوں کو دو تین مرتبہ خواب میں یہ ہدایت ملی تو کسی نے ہمت کر کے یہ بات متعلقہ لوگوں تک پہنچا دی جس کے بعد بچوں کا داخلہ شروع کر دیا گیا۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں کون شخص حکمران بن کر حاضر ہونے کی جرات کر سکتا ہے۔ جو لوگ اپنے مقام اور مرتبہ کی وجہ سے یہاں خصوصی مراعات حاصل کرتے ہیں ان کو دوسرے مسلمان سخت ناراضگی سے دیکھتے ہیں۔ ہمارے حکمران ان مقدس مقامات کی زیارت کے لئے ضرور جائیں لیکن اپنے خرچ پر۔ یہ خود ان کے حق میں بہتر ہے۔ اس طرح ان کی دعاؤں میں بھی اثر ہوگا۔ ورنہ پاکستانی حکام اور حکمرانوں سے سعودی عرب کے عمائدین بھی تنگ آ گئے ہوں گے کہ ان کے استقبال کے علاوہ ان کے تحفظ کا بھی خصوصی بندوبست کرنا پڑتا ہے اور جب بیت اللہ شریف کے گرد ان کے طواف کے وقت اس حصہ کو خالی کرا لیا جاتا ہے یا مدینہ منورہ میں مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) کے حصہ ریاض الجنت میں کسی دوسرے کو اس وقت عبادت کی اجازت نہیں دی جاتی تو اس وقت وہاں اپنے خون پسینے کی حلال کمائی پر جانے والے تمام مسلمانوں کے دلوں پر جو گذرتی ہے اس کا حال اللہ تعالٰی ہی بہتر جانتا ہے۔ (غیر سیاسی باتیں از جناب عبدالقادر حسن۔ "سرکاری خرچ پر دعائیں" "روزنامہ جنگ" راولپنڈی مورخہ ۱۵ رمضان المبارک ۱۴۱۴ھ مطابق ۲۶ فروری ۱۹۹۴ء)

marfat.com
Marfat.com

(۶۶) حضرت مولانا عبدالغفور عباسی ہزاروی ثم مدنی قدس سرہ نے مدینہ منورہ پہنچنے کی داستان خود سنائی' فرمایا کہ ایک رات رسول کریم رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ فرما رہے تھے۔ "عبدالغفور دور دور تک گھومتے ہو- ہمارے در پر بھی حاضری دو" ان دنوں مولانا بیوی کے علاوہ دو بچوں کے والد بھی تھے۔ حضرت سرور کائنات' فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم مل چکا تھا۔ رخت سفر باندھنے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔ لیکن عالم یہ تھا کہ ایک وقت کا کھانا کھانے کے بعد دوسرے وقت کے کھانے کی فکر دامن گیر رہتی تھی۔ اسی دوران ایک شب خواب میں دیکھا کہ خانہ کعبہ کا طواف کرنے کے بعد حجر اسود کو بوسہ دے رہے ہیں جس سے شہد بہہ رہا ہے اور وہ یہ شہد چاٹ رہے ہیں۔ آنکھ کھلی تو یقین ہو گیا کہ قدرت کی طرف سے امداد مل رہی ہے اور حجاز مقدس جانے کی ہدایت ہے۔ دوسری شب خواب میں دیکھا کہ دستر خوان بچھا ہوا ہے جس پر قسم قسم کی نعمتیں رکھی ہوئی ہیں۔ آنکھ کھلی تو یقین تھا کہ یہ مدینہ منورہ ہے جہاں اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتیں میسر ہیں۔

جب حجاز مقدس پہنچے تو جیب میں صرف پانچ روپے تھے لیکن مدینہ طیبہ میں تمام رکاوٹیں دور ہوتی چلی گئیں۔ ایک صاحب نے تیس ہزار ریال کی مالیت کا مکان مولانا کو اس شرط پر دے دیا کہ جب پیسے ہوں ادا کر دیجئے گا۔ چنانچہ اس مکان میں منتقل ہونے کے بعد رقم ادا کر دی۔ اہلیہ کے انتقال کے بعد مولانا نے مدینہ منورہ میں دوسری شادی کر لی۔ مولانا تربیلا ڈیم کے نزدیک ایک گاؤں جبہ میں ۱۸۹۴ء میں پیدا ہوئے تھے۔ والد ماجد حضرت مولانا شاہ سید جید عالم اور فقیہہ تھے۔ گھر کے نزدیک دریائے سندھ کے کنارے پتھروں کی ایک مسجد تھی جس میں مولانا کی تعلیم کا آغاز ہوا۔ تین بھائی اور تھے بڑے بھائی مولانا معصوم تین چھوٹے بھائیوں سمیت دہلی چلے گئے جہاں مدرسہ امینیہ میں مولانا عبدالغفور داخل ہو گئے- اس مدرسہ کے حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ سے آپ نے سند فراغت حاصل کی- پھر پانچ برس یہیں درس دیتے رہے اور

marfat.com
Marfat.com

ضلع مظفر گڑھ کے معروف روحانی پیشوا حضرت فضل علی قریشی مسکین پوریؒ سے بیعت ہو کر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں خلافت حاصل کی۔ اتباع سنت اور قاطع بدعت کی وجہ سے آپ کو مدینہ طیبہ میں ممتاز مقام حاصل تھا۔ چاروں فقہی مسالک میں آپکے خلفاء و عقیدت مند موجود ہیں۔ فرماتے تھے کہ اللہ تک پہنچنے کے اتنے ہی راستے ہیں جتنے کہ انسان ہیں لیکن یہ تمام راستے سنت نبویؐ کے پل پر سے گذرتے ہیں۔ بغیر اتباع سنت کوئی مقصد حاصل نہیں ہو سکتا۔ فرمایا کہ اگر ایک مسلمان متابعت نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں داڑھی رکھتا ہے تو اسے ایک سو شہیدوں کے برابر ثواب ملتا ہے۔ ۷۳ برس کی عمر پا کر یکم ربیع الاول ۱۳۸۹ھ مطابق ۱۸ مئی ۱۹۶۹ء شب ہفتہ وصال فرمایا اور جنت البقیع میں حضرت عثمان غنیؓ کے جوار میں مشائخ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ شاہ احمد سعیدؒ شاہ عبدالغنیؒ وغیرہ کی قبور کے پاس جگہ ملی (۱۲ عاشقان رسولؐ از اشفاق حسین قریشی صفحہ ۳۰ تا ۳۵ سے ماخوذ۔ یہ مبارک کتاب مجھے میرے سچے قدردان اور محبوب دوست جناب پروفیسر محمد سرور شفقت آف کیڈٹ کالج۔ حسن ابدال نے عنایت فرمائی جس کے لئے میں انکا شکر گذار ہوں)

(۶۷) ایک رات خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "عبدالغفور اللہ تعالٰی سے تجارت کا سلسلہ شروع کرو۔" بیدار ہوئے تو سمجھ گئے کہ اشارہ کس جانب ہے۔ چنانچہ تھوڑا بہت جو بھی پاس ہوتا اسے فقرا و مساکین کو کھانا کھلانے پر صرف کر دیتے۔ اس کی برکت سے اللہ تعالٰی نے ان کی آمدنی میں کئی گنا اضافہ فرما دیا تھا۔

آخری سانس لینے سے پہلے موجود اعزہ کو ہدایت فرمائی کہ حرم نبوی (علی صاحبہا الف الف صلوۃ و الف الف سلام) کے کبوتروں کو روزانہ دو بالٹی دانہ ڈالنا کبھی نہ بھولنا۔ (۱۲ عاشقان رسولؐ صفحہ ۳۳ تا ۳۴)

(۶۸) اشفاق حسین قریشی صاحبؒ مصنف ۱۲ عاشقان رسولؐ تحریر فرماتے

marfat.com
Marfat.com

ہیں کہ میں مدینہ طیبہ میں سکے والی گلی (تقیفہ رصاص) میں محمد نتھے خاں صاحب" کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے مجھے تین سو ریال دے کر فرمایا کہ جاؤ ایک بکرا خرید لاؤ۔ اللہ کے نام پر ذبح کرنا چاہتا ہوں۔ ابھی ابھی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مع صحابہ کرامؓ تشریف لائے تھے۔ میں نے آپؐ کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ میری حالت بری ہے۔ اٹھنا بیٹھنا تک دشوار ہے۔ حرم شریف میں حاضری مشکل ہو گئی ہے۔ یہ بکرا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت پاک کی خوشی میں ذبح کرنا چاہتا ہوں۔"

چنانچہ بازار سے میں بکرا خرید کر لے آیا اور مکان کی ڈیوڑھی پر ذبح کرا کر اڑوس پڑوس میں تقسیم کر دیا۔ یہ تھے محمد نتھے خاں جن کا نام والدین نے "محمد" رکھا تھا لیکن عزیز و اقارب میں نتھے خاں" کے نام سے معروف تھے۔ زرگر خاندان سے تعلق تھا۔ کوچہ میاں سلطان' دہلی دروازہ' لاہور میں مکان تھا۔ جہاں سے علامہ اقبال روڈ گڑھی شاہو منتقل ہو گئے تھے۔ رجحان طبع ٹیکنیکل امور کی جانب تھا۔ الیکٹریکل انجینئرنگ انسٹی ٹیوٹ سنٹرل انڈیا سے سند حاصل کرنے کے بعد مختلف شہروں میں ڈیزل جنریٹروں اور بجلی کے کاموں کو سرانجام دے کر روزی کماتے رہے۔ (۱۲ عاشقان رسولؐ صفحہ ۴۴)

(۶۹) نو برس کی عمر میں پہلی مرتبہ محمد نتھے خاں کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت با برکت کا شرف حاصل ہوا تھا۔ بس تب ہی سے روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری کے لئے بے قرار رہنے لگے تھے۔ ایسی سچی لگن نے آپ کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مدینہ طیبہ کا باسی بنادیا۔ یہاں تک کہ وفات کے بعد بھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جوار میں جنت البقیع میں قیامت تک کے لئے محو استراحت ہیں۔ آپ ۱۸۷۱ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۸۰ء میں وفات پائی (۱۲ عاشقان رسول صفحہ ۴۴ تا ۴۵)

(۷۰) ایک شب محمد نتھے خاں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

marfat.com
Marfat.com

پاک کی سعادت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے انہیں ایک خط دے کر حکم فرمایا کہ یہ خط سعودی عرب کے حکمران ملک عبدالعزیز کو پہنچا دیا جائے۔ آنکھ کھلی تو ایک سفید ورق ہاتھ میں تھا جو بالکل کورا تھا۔ تحریر نظر نہیں آ رہی تھی۔ انہوں نے اسے تہہ کر کے واسکٹ کی جیب میں رکھ لیا اور ایک قافلہ کے ہمراہ یہ خط سلطان عبدالعزیز کو پہنچانے کے لئے روانہ ہو گئے۔ ابھی چند منزلیں طے ہوئی تھیں کہ ایک اونٹ سوار قافلے کے قریب آیا اور دریافت کیا کہ قافلے میں "محمد" نام کا کوئی شخص ہے۔ نھے خاں نے کہا کہ میرا نام "محمد" ہے۔ چنانچہ یہ سوار انہیں اپنے ساتھ لے گیا اور سلطان عبدالعزیز کی خدمت میں حاضر کر دیا۔ سلطان نے ان سے وہ خط طلب کیا جو خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیا تھا۔ نھے خاں نے وہ خط سلطان کو دے دیا۔ خط وصول کرنے کے بعد سلطان عبدالعزیز نے نھے خاں کو ہدایت کی کہ وہ واپس مدینہ طیبہ لوٹ جائیں اور وہاں جا کر بجلی کی تنصیب کا کام شروع کر دیں۔ معاون عملہ اور بجلی کا سامان بھیجا جا رہا ہے۔ چنانچہ وہ مدینہ منورہ لوٹ آئے اور یہاں کی گلیوں' سڑکوں اور حرم نبوی (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) میں بجلی کی تنصیب کا کام شروع کر دیا۔ کام ختم ہونے پر سلطان نے محمد نھے خاں کا ماہانہ وظیفہ مقرر کر دیا اور جب بھی مدینہ منورہ تشریف لاتے تو انہیں انعام و اکرام سے الگ نوازتے تھے۔ (۱۲ عاشقان رسولؐ صفحہ ۴۹)

(۷۱) ایک مرتبہ ایک پاکستانی نے منت سماجت کر کے محمد نھے خاں کو راضی کر لیا کہ دونوں مل کر کاروبار کریں۔ روپیہ محمد نھے خاں کا ہو اور محنت پاکستانی کی۔ محمد نھے خاں نے خاصی بڑی رقم ان کے سپرد کر دی اور انہوں نے دیسی گھی کے کئی کنستر نھے خاں کے مکان کی نچلی منزل میں لا کر رکھ دیئے۔ اسی رات محمد نھے خاں کو خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے خفا ہو کر فرمایا "نھے خاں جو کچھ تمہیں مل رہا ہے کیا تم اس سے مطمئن نہیں۔ یہ نیچے کیا ڈال لیا ہے" بس پھر کیا تھا۔ نیند اڑ گئی۔ وضو کیا

marfat.com
Marfat.com

اور روتے ہوئے حرم نبوی (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) کی طرف لپکے۔ نصف شب ہونے کی وجہ سے دروازے بند تھے۔ پس باب السلام کی ڈیوڑھی پر بیٹھ کر نوافل ادا کرتے رہے تا آنکہ تہجد کی ازان کے ساتھ باب السلام کھلا۔ وہ سیدھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اقدس (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) پر حاضر ہوئے۔ اور جس جانب آپؐ کے پائے مبارک ہیں بیٹھ کر زار و قطار رونے لگے۔ بار بار معافی مانگتے رہے۔ نماز فجر ادا کرتے ہی گھی لانے والا شخص کو ڈھونڈ نکالا۔ اور جب تک تمام کنستر اٹھوا نہ دیئے چین سے نہ بیٹھے (۱۲ عاشقان رسولؐ)

(۷۲) محمد فہیم خاںؒ نصف شب بیدار ہوتے۔ وضو کرتے۔ چھ نوافل ادا کرنے کے بعد تلاوت کلام پاک میں مشغول ہو جاتے۔ جہاں جہاں اللہ کی رحمتوں کا ذکر آتا وجد میں آ جاتے۔ جہاں عذاب الٰہی کا تذکرہ ہوتا تو زار و قطار رونے لگتے۔ سجدے میں گر کر استغفار کرتے۔ فرمایا کرتے تھے کہ سجدے میں گر کر اللہ کی بارگاہ میں گڑ گڑا کر دعا مانگنے کا لطف ہی نرالا ہے۔ تہجد کی نماز کے لئے ازان ہوتی تو حرم نبوی (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) چلے جاتے اور وہاں تہجد پڑھتے۔ فجر کی نماز بھی وہیں ادا کرتے۔ گھر لوٹتے تو کھجور کی گٹھلیوں کا ڈھیر لگا لیتے اور آیتہ الکریمہ پڑھنا شروع کر دیتے حتیٰ کہ اشراق کا وقت ہو جاتا۔ اشراق کے نوافل ادا کرنے کے بعد ناشتہ کا اہتمام ہوتا جو مصاحب موجود ہوتے وہ بھی ناشتہ میں شریک ہوتے۔ کھانے کا ذوق رکھتے تھے اس لئے ناشتہ اور کھانے پر طرح طرح کے کھانے ہوتے جن سے مصاحب بھی لطف اندوز ہوتے۔ ناشتہ کے بعد آرام کرنے کے لئے لیٹ جاتے۔ دوپہر کا کھانا نماز ظہر کے بعد تناول فرماتے۔ عصر سے مغرب تک مختلف دینی مسائل پر موجود لوگوں سے محو گفتگو رہتے۔ نماز مغرب کے بعد اوابین کے نوافل ادا کرتے۔ عشاء کی نماز اول وقت ادا کرتے۔ رات کو کھانا نہیں کھاتے تھے۔ البتہ کوئی مہمان ہوتا تو اس کے ساتھ تھوڑا سا کھا لیتے تھے۔ فرماتے تھے کہ میں حضرت رسول اللہ صلی

marfat.com
Marfat.com

اللہ علیہ وسلم کو چلتا پھرتا دیکھتا ہوں۔ کبھی کبھی نواح مدینہ منورہ میں غزوہ احزاب کی یادگار مسجد فتح میں چلے جاتے اور کئی کئی دن اور کئی کئی راتیں اسی مسجد میں عبادت میں گزار دیتے تھے۔ طبیعت میں جلال بھی تھا اور جمال بھی۔ مدینہ طیبہ میں حاضر ہونے والے اس شخص پر برس پڑتے جو ڈاڑھی منڈا (کلین شیو) ہوتا۔ فرماتے کس منہ سے اس مقدس شہر میں آئے ہو۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل پیرا نہیں ہو اور آپؐ کے روضہ مبارک پر حاضری دینا چاہتے ہو۔ فرمایا کرتے

؎ جاگنا ہے جاگ لے افلاک کے سائے تلے
حشر تک سوتا رہے گا خاک کے سائے تلے

پانچ نکاح کیے لیکن اولاد صرف دو بیویوں سے ہوئی۔ آخری نکاح ضعیفی کے عالم میں کیا۔ یہ ہی اہلیہ شب و روز ان کی خدمت میں مصروف رہتی تھیں۔ ۱۰۹ سال عمر پائی (۱۲ عاشقان رسولؐ صفحہ ۵۱ تا ۵۳)

(۷۳) نواکھالی (بنگلہ دیش) کے رفیق معظم بتاتے ہیں کہ انہیں راہ حق کی جستجو ہوئی تو ایک رات خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور انہوں نے خواب میں آپؐ کے دست مبارک پر بیعت کر لی اور اس کے بعد وہ مدینہ منورہ چلے گئے جہاں حکم ملا کہ منظور حسین سے بیعت ہو جاؤ۔ بس حکم ملا۔ اتہ پتہ نہ دیا۔ سرگرداں تھے۔ اضطراب بڑھتا جا رہا تھا۔ ایک روز مسجد نبوی میں نماز فجر کے بعد اچانک ایک صاحب ان کے سامنے آ کھڑے ہوئے اور فرمایا "میں منظور حسین ہوں" تین روز رفیق معظم کو اپنے پاس رکھا۔ چوتھے روز فرمایا "رفیق معظم قبلہ پیر سائیں کا فیض پوری دنیا کے لئے ہے۔ پیر سائیں اس وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے جب فیصلہ ہوا کہ تمہیں میرے پاس بھیجا جائے۔ چنانچہ اسی فیصلہ کے مطابق تم مجھ تک پہنچے ہو اور پھر حضرت منظور حسین نے انہیں بیعت کر لیا۔

marfat.com
Marfat.com

حضرت شیخ منظور حسین سندھی نقشبندی" ضلع خیر پور کے گاؤں کوٹ ڈجی میں ۱۳۲۸ھ میں پیدا ہوئے۔ اعلیٰ تعلیم خیر پور میں حاصل کرنے کے بعد محکمہ تعلیم میں ملازم ہو گئے۔ نیک سرشت تھے۔ دین کی طرف غیر معمولی رغبت تھی۔ مرشد حق کا یہ متلاشی آخر کار رام پور (یوپی۔ بھارت) پہنچا جہاں بزرگ کامل محمد مجتبیٰ جنہیں لوگ "پیر سائیں" کہہ کر مخاطب کرتے تھے ان سے ملاقات ہوگئی۔ اسی روز بیعت کے مراحل طے ہو گئے اور مرید و مرشد کا رشتہ پختہ تر ہوتا چلا گیا یہاں تک کہ ایک روز مرشد نے مرید منظور حسین کو حکم دیا کہ وطن مالوف کو چھوڑ کر اس شہر کو اپنا وطن بنا لو جو باعث تخلیق کائنات حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا وطن ہے۔ پس حضرت منظور حسین نے رخت سفر باندھا اور ہمیشہ کے لئے مدینہ شریف کے ہو رہے۔ ۱۴۰۹ھ میں وہیں وصال فرمایا۔ تدفین جنت البقیع میں ہوئی۔ آپ کے حلقہ ارادت میں بے شمار لوگ تھے۔ فرمایا کرتے تھے فقر میں شریعت ہے' طریقت ہے' حقیقت ہے۔ شریعت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمائی ہوئی باتیں ہیں۔ طریقت آپؐ کے عمل میں لائی ہوئی باتیں ہیں جبکہ حقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال ہیں۔ فرمایا علم بے عمل اور صورت بے سیرت کسی کام کی نہیں۔ عمل ہی ایک ایسی چیز ہے جو سالکوں کو بلندیوں پر لے جاتا ہے۔

خیر پور میں حضرت محمد مجتبیٰ عرف پیر سائیں کا مزار مبارک مرجع خلائق ہے۔ (۱۲ عاشقان رسولؐ صفحہ ۸۶ تا ۹۱ سے ماخوذ)

(۷۴) "بخاری صاحب" کے نام سے پکارے جانے والے قاری سید عبدالعزیز عالم شباب میں بخارا سے پیدل افغانستان آئے اور وہاں سے ہندوستان۔ مدرسہ فرقانیہ لکھنؤ سے قرات میں سند حاصل کی اور درس نظامی مکمل کر کے یہیں استاد مقرر ہو گئے۔ ۱۳۷۰ھ میں پہلا حج کیا۔ دیار حبیب صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے ساتھ جو سب سے بڑا سرمایہ ساتھ لائے وہ حرمین شریفین کی بے پناہ محبت تھی۔ رفیقہ حیات بھی عابدہ و زاہدہ تھیں۔ انہیں ایک شب خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔

marfat.com
Marfat.com

اور بشارت ملی کہ وہ جلد ہی حج کی سعادت سے بہرہ ور ہوں گی۔ اس کے بعد غیب سے سامان ہو گیا۔ قاری صاحب نے فیصلہ کیا کہ اب دیار ہند واپس نہ جائیں گے اور باقی زندگی مدینہ طیبہ میں گذار دیں گے۔ بظاہر ناممکن سی بات تھی۔ جیب ہمیشہ خالی رہتی تھی۔ تہی داماں ہونے کے باوجود کسی سے سوال نہ کرتے تھے لیکن دنیا کی ہر ضرورت اللہ کی بارگاہ سے خود بخود پوری ہو جاتی تھی۔ جوان بیٹا ایک حادثہ میں موت کی آغوش میں چلا گیا تو جیسے غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا مگر بڑے ہی صبر و استقلال کے ساتھ اس سانحہ کو برداشت کیا یہاں تک کہ ایک روز خود بھی جنت البقیع کے عظیم الشان قبرستان میں ابدی نیند جا سوئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون (۱۲ عاشقان رسولؐ صفحہ ۳۶ تا ۳۹ سے ماخوذ)

(۷۵) ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں حکم دیا کہ مدینہ منورہ کی بلیوں کو خوراک بھی مہیا کرو۔ اس حکم کی تعمیل میں بابا جی خاکی کینوس کے تھیلے گلے میں ڈالے مدینہ طیبہ کی گلیوں میں گھوم کر ان تھیلیوں سے گوشت اور پھیپھڑے نکال نکال کر وہاں کی بلیوں کو ڈالتے۔ وہ بھی بابا جی سے اس قدر مانوس ہو گئی تھیں کہ ان کی آمد سے پہلے ہی راستہ میں جمع ہو جاتی تھیں۔ بابا جی کو کوئی بلی بیمار نظر آتی تو اسے اٹھا کر اپنے مکان پر لے آتے۔ اس کا علاج کرتے اور صحت کے بعد اسے اسی علاقے میں چھوڑ آتے جہاں سے اٹھا کر لائے تھے۔ ضعیفی نے آگھیرا تو چھوٹی سی ایک ریڑھی خرید لی اور تھیلیوں کے بجائے اس پر گوشت اور پھیپھڑے ڈال کر یہ خدمت سرانجام دیتے۔ ایک شب ایک تیز رفتار کار کی زد میں آکر زخمی ہو گئے چنانچہ خود چل پھر نہ سکتے تھے۔ پس بابا جی نے ایک شخص کو دو ریال یومیہ پر یہ کام سپرد کر دیا۔ وہ بلیوں کو پھیپھڑے اور کبوتروں کو دانہ ڈالتا اور بیمار بلیوں کا علاج کراتا (۱۲ عاشقان رسولؐ صفحہ ۷۷ تا ۷۸)

بابا جی غلام رسول عوام الناس میں باباجی بلیوں والے مشہور ہو گئے تھے۔ جالندھر (مشرقی پنجاب۔ بھارت) میں ۱۸۸۶ء میں پیدا ہوئے اور مدینہ طیبہ

marfat.com
Marfat.com

میں ایک سو سال کی عمر پا کر ۱۹۸۶ء میں وصال فرمایا۔ جنت البقیع میں دفن ہیں۔ والد گرامی ولی محمد المعروف بلماورزی تھے۔ جناب سید محمد عبدالعزیز شرقی المدنی کے والد بزرگوار مولانا حکیم سید فضل محمد جالندھریؒ نے بابا جی کی بسم اللہ شریف کرائی تھی۔ بابا جی کو بچپن سے بزرگان دین کے مزارات پر حاضری کا شوق تھا۔ ایک دن حضرت شاہ علیم اللہؒ کے مزار پر حاضر تھے کہ ندا آئی۔ مانگو کیا مانگتے ہو۔ بابا جی اس وقت جالندھر کے اسکول میں زیر تعلیم تھے۔ کہنے لگے دعا فرمایئے میں امتحان میں کامیاب ہو جاؤں۔ ندا آئی اس سے بھی بڑھ کر یہ خوشخبری ہے کہ تم روزانہ ہمارے کبوتروں کو دانہ ڈالتے ہو اللہ تعالیٰ تمہیں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے کبوتروں کو دانہ ڈالنا نصیب کرے گا اور ایسا ہی ہوا کہ بابا جی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے ہو کر رہ گئے۔

(۷۶) حضرت سید بدر عالم میرٹھی مہاجر مدنیؒ مدینہ منورہ میں بیماری کی وجہ سے صاحب فراش تھے۔ ایک روز اپنے ایک عزیز کے ذریعہ بابا جی غلام رسول کو اپنے پاس بلایا اور ان سے فرمایا کہ شدید علالت کی وجہ سے میں خود مکہ معظمہ جا کر حج ادا نہیں کر سکتا۔ آپ میرا حج بدل ادا کریں۔ بابا جی نے فرمایا کہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کروں گا اور اجازت طلب کروں گا۔ چند دن بعد بابا جی مولانا سید بدر عالمؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور فرمایا کہ حضور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس سے اجازت نہیں ملی۔ آپ کوئی اور بندوبست کر لیں۔ بعد میں مولانا سید بدر عالمؒ نے مصاحبین سے کہا اندازہ تو لگاؤ کہ بابا جی غلام رسولؒ کا کیا مقام ہے (۱۲ عاشقان رسول صفحہ ۷۹ تا ۸۰)

(۷۷) ابھی مدینہ منورہ میں ہی تھے کہ ایک شب بابا جی غلام رسولؒ نے خواب دیکھا کہ ایک شخص حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کر رہے ہیں کہ مجھے بابا جی غلام رسولؒ کو کچھ عرصہ کے لیے بیت المقدس

marfat.com
Marfat.com

لے جانے کی اجازت مرحمت فرمائیں۔ میں انہیں اپنے ہمراہ رکھوں گا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت مرحمت فرما دی بابا جی کی آنکھ کھلی تو بے حد مسرور تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کے ہمراہ انبیاء علیہم السلام کی سرزمین بیت المقدس جانے کی اجازت بھی مل گئی۔ جو بڑی سعادت ہے۔ یہ غیبی اجازت ملنے کے بعد بابا جی مولانا محمد اسماعیل غزنوی کا رقعہ لے کر شیخ المسلمین عبدالرحمٰن کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے پاسپورٹ وغیرہ کی تمام پابندیاں ختم کرا دیں جس کے نتیجہ میں بابا جی مدینہ منورہ سے پیدل روانہ ہوئے۔ خیبر' تبوک' مدائن سے ہوتے ہوئے بیت المقدس پہنچ گئے۔ پھر وہاں معمول بن گیا۔ دن بھر روزہ رکھتے اور رات کو بیت المقدس میں عبادت کرتے۔ دو وقت کا کھانا لنگر سے مل جاتا۔ دوسری ضروریات پوری کرنے کے لئے نہایت قلیل معاوضہ پر بیت الخلاء صاف کرتے۔ یوں پانچ برس دیار انبیاء کرامؑ میں گذر گئے۔ مقام الخلیل میں حضرت ابراہیمؑ حضرت یعقوبؑ اور حضرت یوسفؑ کے مزارات پر جھاڑو دیتے۔ موقع ملتا تو حضرت داؤد علیہ السلام حضرت سلیمان علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مزارات پر بھی حاضری دیتے اور رو رو کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعائیں کرتے۔

(۷۸) ایک رات پھر خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بابا جی غلام رسول کو زیارت نصیب ہوئی۔ حکم ملا کہ اب بیت المقدس سے کوچ کرو اور مدینہ منورہ چلے آؤ۔ حکم کی تعمیل کی اور مدینہ طیبہ لوٹ آئے۔ یہاں شیخ فضل الٰہی کے لنگر کے انچارج مقرر ہوئے۔ اقامت گاہ بھی مل گئی۔ دو وقت کھانے کے علاوہ ۲۵ ریال ماہانہ معاوضہ طے ہوا۔ بابا جی یہ رقم بھی غرباء و مساکین میں تقسیم کر دیا کرتے تھے۔ شیخ فضل الٰہی کے انتقال کے بعد لنگر کا یہ سلسلہ ختم ہو گیا لیکن بابا جی نے ہمت نہ ہاری اور حضرت پیر جماعت علی شاہؒ کے قائم کئے ہوئے "جماعت خانہ" سے لنگر جاری کرا دیا بابا جی اس لنگر سے کھانے کے علاوہ تسبیحیں اور ٹوپیاں بھی تقسیم کرتے تھے (۱۲ عاشقان رسولؐ صفحہ ۷۶)

marfat.com
Marfat.com

باباجی بیت المقدس سے جب مدینہ منورہ روانہ ہونے لگے تو حضرت ابراھیم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مزارات مبارک پر حاضری دی- دونوں مقامات سے انہیں ایک جیسا پیغام ملا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارا سلام عرض کرنا کیوں کہ وہ ہم سب نبیوں کے سردار ہیں (۱۲عاشقان رسولؐ صفحہ ۷۹)

بیت المقدس میں ایک روز باباجی ایک مزار کے گرد جھاڑیاں صاف کر کے ستانے بیٹھے ہی تھے کہ نفل ادا کرنے کا خیال پیدا ہوا اور نفل ادا کرنے کے لئے نیت باندھی ہی تھی کہ کسی کے آنے کی آہٹ سنائی دی- اس کے ساتھ ہی آواز آئی ---السلام علیکم یا سیدنا عزیر علیہ السلام- جواب میں آواز آئی- وعلیکم السلام یا سیدنا عیسیٰ علیہ السلام---غرض یہ شان تھی باباجیؒ کی کہ انہیں دو جلیل القدر پیغمبر کی آوازیں سننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا (۱۲عاشقان رسولؐ صفحہ ۷۳)

(۷۹) شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی ثم مدنیؒ فرماتے ہیں کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا- حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ میرے ساتھ تھے- انہوں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ زکریا کو آپؐ کی خدمت اقدس میں حاضری کا بڑا اشتیاق ہے جبکہ میرا جی چاہتا ہے کہ ان سے ابھی کچھ کام لیا جائے- اس کے بعد فرماتے ہیں کہ میں حیرت میں پڑگیا کہ میں ناکارہ کس کام کا ہوں- سوچتا رہا-کچھ دنوں بعد خیال آیا کہ "ذکر" کی لائن ٹوٹ گئی ہے- ہندوستان اور پاکستان کی اکثر خانقاہیں برباد ہو گئی ہیں- اس لئے شاید حضرت گنگوہی کا یہ منشاء ہے کیونکہ ذکر و شغل ان خانقاہوں کا اہم مشغلہ تھا- آخر وقت میں حضرت گنگوہیؒ نے آنکھوں کی معذوری کی وجہ سے پڑھنا پڑھانا چھوڑ دیا تھا لیکن ذکر و اذکار کا اہتمام بہت زیادہ ہو گیا تھا- اس لئے بندہ معذوری کے باوجود لندن' افریقہ' پاکستان' جہاں کہیں بھی خانقاہ قائم کرنے کا وعدہ ہوا جس حال میں ہوں پہنچنے کی کوشش کرتا ہوں تاکہ ذکر کا کام اللہ تعالیٰ کے فضل سے کچھ چل جائے اور سرخروئی نصیب ہو- (۱۲عاشقان رسولؐ صفحہ ۷۱ تا

marfat.com
Marfat.com

۷۲) "فضائل ذکر" حضرت شیخ الحدیث" کی مشہور کتاب ہے۔

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا" ضلع مظفر نگر (یو پی۔ بھارت) کے مشہور قصبے کاندھلہ میں ۱۱ رمضان المبارک ۱۳۱۵ھ مطابق ۱۲ فروری ۱۸۹۸ء بروز جمعرات پیدا ہوئے۔ ۱۳۸۸ھ سے مستقلاً" مدینہ منورہ ہی میں مقیم ہو گئے تھے اور سعودی وطنیت حاصل ہو گئی تھی۔ ۲۴ جولائی ۱۹۸۲ء مطابق یکم شعبان ۱۴۰۲ھ کو وصال فرمایا اور جنت البقیع میں دفن کئے گے۔ اردو اور عربی میں آپ کی تصانیف کی تعداد ایک سو سے زیادہ ہے۔ قرآن مجید کے بعد کوئی کتاب کثرت اشاعت میں شیخ الحدیث" کی فضائل کی کتابوں کی اشاعت کا مقابلہ نہیں کر سکی۔ اب تک ان کے سات غیر ملکی اور گیارہ ملکی زبانوں میں تراجم ہو چکے ہیں جن کے لاکھوں نسخے پوری دنیا میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ذکر جہر کی مجالس کا اہتمام کرنے کی آپ بہت ترغیب فرماتے تھے۔ فرمایا اگر تم تبلیغ کی کوشش کے ساتھ ساتھ ذکر پر بھی مداومت رکھو گے تو انشاء اللہ عجیب و غریب برکات دیکھو گے۔ جو کچھ کرو اللہ کو راضی کرنے کے لئے کرو۔ اللہ کا نام کتنی ہی غفلت سے لیا جائے اثر کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ میرے دوستو مالک کے سامنے جھک جاؤ تو ساری چیزیں تمہارے سامنے جھک جائیں گی۔ فرماتے تھے ابھی وقت ہے جو کچھ آخرت کے بینک میں جمع کرنا ہے جمع کر دو۔

(۸۰) حضرت حافظ عبدالکریم" کا روضہ عیدگاہ راولپنڈی میں مرجع خلائق ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جب پہلی مرتبہ حج سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ جانے کی تیاری کی تو بعض وجوہات کی بنا پر حکومت نے حاجیوں کو وہاں جانے سے روک دیا جس کی وجہ سے طبیعت بے چین ہو گئی۔ خیال آیا کہ شاید حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقیر سے ناراض ہیں۔ اس حیرانی و پریشانی میں نیند اڑ گئی۔ ہر وقت گریہ زار رہتا۔ ایک رات تہجد کے وقت حالت مراقبہ میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہیں اور بڑی مہربانی اور شفقت سے

marfat.com
Marfat.com

فرما رہے ہیں کہ "حافظ صاحب گھبرائیں نہیں اس وقت واپس جانا ہی مناسب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کو پھر بلائیں گے۔ اس سے طبیعت کو سکون و آرام نصیب ہوا اور حسب ارشاد واپس آگیا۔ کچھ عرصہ بعد حاجی نور دین "سوداگر چرم" ساکن پشاور راولپنڈی آئے اور فرمایا کہ ہم حج کو جا رہے ہیں آپ بھی ہمراہ تشریف لے چلیں۔ میں نے کہا ابھی میرا ارادہ نہیں۔ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلائیں گے تب جاؤں گا چنانچہ وہ بمبئی پہنچ گئے اور مجھے دوبارہ آنے کو کہا۔ میں نے بذریعہ تار وہی جواب دے دیا۔ اسی رات تہجد کی نماز کے بعد اسی خیال میں سو گیا۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ نے بڑی شفقت سے میرے سر پر بوسہ دیا اور فرمایا "یا حافظ تعال" (حافظ صاحب آ جاؤ) پس میں فوراً تیاری کر کے حج کے لئے روانہ ہو گیا۔ جب جہاز وسط سمندر میں پہنچا تو زبردست طوفان آ گیا اور جہاز کے تہہ خانوں میں آگ لگ گئی۔ جہاز کھڑا کر دیا گیا۔ سب تجار پریشان ہو کر واویلا کرنے لگے۔ میں نے سب کو مخاطب کر کے کہا کہ اب مال و دولت اور بال بچوں کو یاد کرنے کا وقت نہیں۔ اللہ تعالیٰ کو یاد کرو تاکہ غفلت میں جان نہ نکلے اور خاتمہ بالخیر ہو۔ اس کے بعد جہاز کی بالائی منزل پر پہنچ کر نماز میں مشغول ہو گیا۔ پھر مراقبہ کیا تو حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ تشریف لائے اور فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو سلام علیک فرماتے ہیں اور آپ کے آنے کی مبارکباد دیتے ہیں۔ چنانچہ اس سے مجھے جہاز کی خیریت کا یقین ہو گیا اور کہا اے لوگو مبارک ہو۔ آگ بجھ گئی۔ اس وقت شعلے بدستور اٹھ رہے تھے۔ لوگ کہنے لگے حضور آگ اسی طرح ہے۔ میں نے کہا بجھ گئی ہے۔ میرا یہ کہنا تھا کہ یک دم زور سے ایک دھماکا ہوا جس سے آگ کے شعلے آسمان کی طرف اڑ گئے اور جہاز خیر و عافیت سے منزل مقصود پر پہنچ گیا۔ آپ کی یہ کرامت دیکھ کر بہت سے لوگ بیعت ہو گئے۔ (تماثل تحقیقہ

marfat.com
Marfat.com

از صلاح الدین صاحب بی۔ اے۔ صفحہ ۲۲۷)

(۸۱) حاجی نواب خاں ولد عمر خاں راجپوت ساکن میر محمد علاقہ قصور جو اہل حدیث مشرب تھے بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی خواہش تھی۔ مولوی عزیز الدین صاحب امام مسجد چتوکی نے مجھے ترغیب دی کہ حضرت میاں شیر محمد صاحبؒ کی خدمت میں شرقپور جاؤں۔ پس میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اظہار مدعا کیا اور یہ بھی کہا کہ میں نے سنا ہے کہ آپ مکہ شریف میں کبھی کبھی نماز ادا فرماتے ہیں۔ آپ نے نفی میں جواب دیا اور فرمایا تم کو کس نے بتایا۔ میں نے کہا مولوی عزیز الدین صاحب نے۔ تو آپ نے انہیں سرزنش کی۔ بعد ازاں میرے زانوؤں کو دبا کر فرمایا کہ نمازِ عشاء کے بعد چار سو مرتبہ درود شریف خضری (صلی اللہ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وسلم) پڑھ کر کسی سے کلام کئے بغیر سو جایا کرو۔ انشاء اللہ تم کو گوہر مقصود مل جائے گا۔ میں نے آٹھ روز یہ عمل کیا۔ نوافل تہجد ادا کرنے کے بعد جا نماز پر بیٹھا ہوا تھا کہ مجھے اونگھ آ گئی۔ ناگاہ کیا دیکھتا ہوں کہ میں بیت اللہ شریف میں ہوں اور میرے آگے میاں شیر محمد صاحب طواف فرما رہے ہیں۔ میں نے بھی آپ کی تقلید کی۔ بعدہ عرض کیا کہ آپ تو فرماتے تھے کہ ہم یہاں تشریف نہیں لایا کرتے۔ آپ نے مجھے خاموش رہنے کو فرمایا۔ بعدہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع اصحاب اربعہؓ اور دس جلیل القدر صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ اجمعین کے تشریف لائے اور حضرت میاں صاحبؒ نے مجھے ان بزرگوں کے اسماء گرامی بتائے۔ میں نے دیکھا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سراپا نور ہیں۔ میرے قلب پر آپؐ کی زیارت سے ایک خاص کیفیت طاری تھی۔ میں نے میاں صاحبؒ کو آب زمزم لے جانے کو کہا نیز عرض کیا کہ مجھے اپنے ہمراہ باطنی راستے سے واپس لے چلیں کیونکہ مجھے بحری راستہ سے کوفت ہوتی ہے۔ آپ نے مجھے خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔ بعدہ تمام جماعت وہاں سے روانہ ہو

marfat.com
Marfat.com

گئی اور مدینہ شریف آ گئی۔ پھر میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) کی بھی زیارت کی اور میاں صاحبؒ کی خدمت میں عرض کیا کہ یہاں سے احباب و رفقاء کے لئے کھجوریں تبرکاً لے چلیں۔ آپ نے مجھے پھر خاموش رہنے کی ہدایت فرمائی۔ میں نے عرض کیا مجھ سے بحری راستہ کی تکلیف برداشت نہ ہوگی۔ اس پر آپ نے فرمایا میرے پاؤں پر پاؤں رکھ اور آنکھیں بند کرو۔ میں نے ایسا ہی کیا اور چشم زدن میں اپنے آپ کو لاہور میں پایا اور وہاں سے راجہ جنگ کا ٹکٹ لیا۔ اس اسٹیشن پر اتر کر گاؤں کی طرف جا رہا تھا کہ آنکھ کھل گئی۔ دیکھا تو وہی جا نماز اور وہی مکان تھا۔ جب حج بیت اللہ کے لئے گیا تو مکہ شریف میں وہ سب مکان جو خواب میں دیکھے تھے دیکھ لئے۔ ہو بہو سب کچھ وہی تھا جو خواب میں دیکھا تھا۔ میں اس سے پہلے بہت سے علماء کے پاس گیا مگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف نہ ہوا۔ گو ان علماء نے مجھ سے بڑے بڑے چلے کٹوائے (خزینہ معرفت المسمی بہ تذکرہ شیر یزدانیؒ از صوفی محمد ابراہیم صاحب قصوری)

حضرت شیر محمد شرقپوریؒ کے مورث اعلیٰ کابل سے ہجرت کر کے پنجاب آئے اور قصور میں مقیم ہوئے۔ وہیں میاں صاحبؒ ۱۸۶۵ء میں پیدا ہوئے۔ خوش نویسی آبائی پیشہ تھا یہی اختیار کیا علوم ظاہری و باطنی سے فارغ ہو کر بابا امیر الدین کے دست حق پرست پر بیعت کی اور ہدایت کے مطابق اشغال نقشبندیہ میں سلوک کے منازل طے کئے۔ ہزارہا بندگان خدا نے آپ سے فیض حاصل کیا۔ خلاف شریعت کاموں سے سخت نفرت تھی۔ مروجہ تصوف کے بھی خلاف تھے اور فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ اپنا بندہ بنا لے مگر کسی کو سجادہ نشین نہ بنائے۔ سخت مجاہدات و عبادات و ریاضت کی وجہ سے بہت کمزور ہو گئے تھے۔ چنانچہ تپ محرقہ میں مبتلا ہو کر ۳ ربیع الاول ۱۳۴۷ھ مطابق اگست ۱۹۲۸ء

marfat.com
Marfat.com

وصال فرمایا اور شرقپور شریف میں دفن ہوئے جو ضلع شیخوپورہ میں لاہور سے ۲۰ میل دور واقع ہے۔ آپ نے پنجاب کے گوشے گوشے کو اپنے انوار باطن سے روشن کر دیا تھا۔ آپ کے بابا صاحب حضرت امیر الدینؒ ۱۲۰۷ھ میں ضلع گورداس پور (مشرقی پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ ککے زئی خاندان سے تھے ان دنوں دھرم کوٹ کے قریب قصبہ اٹر چھتر میں ایک نقش بندی بزرگ سید امام علی شاہؒ تھے جن کا بڑا شہرہ تھا۔ آپ ان کے مرید ہو گئے۔ سید صاحبؒ نے آپ کو اپنی اراضی کی دیکھ بھال کے لئے کوٹلہ پنجو بیگ بھیج دیا۔ وہاں سے آپ کی شہرت دور دور پھیل گئی۔ بوجہ احترام لوگ اس جگہ کو کوٹلہ شریف کہنے لگے جہاں آپ نے ۱۹۱۲ء ۱۳۳۲ھ میں سوا سو برس کی عمر پا کر وصال فرمایا۔

(۸۲) اولیائے نقشبندیہ کے مولف مرحوم محمد امین شرقپوری اپنی اس کتاب کے صفحہ ۳۲۸ پر لکھتے ہیں کہ میرے ایک دوست جنہیں حضرت میاں شیر محمد شرقپوریؒ سے بے حد محبت ہے اور بچپن میں میاں صاحبؒ کو ظاہری آنکھوں سے دیکھا بھی ہے بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ عالم رویا میں انہوں نے یہ عجیب واقعہ دیکھا کہ ان کی قبر کھل گئی ہے اور اس میں سے خوشبو کی لپٹیں نکل رہی ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد چند لوگوں نے انہیں قبر سے باہر نکالا۔ بالکل نو عمر معلوم ہوتے ہیں اور باہر نکلتے ہی نوعمر لڑکوں کی طرح اچھلتے کودتے میاں صاحبؒ کی طرف دوڑتے ہیں جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور صف پر دوزانو بیٹھے ہیں۔ اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرصع لباس زیب تن فرمائے بلند چبوترے پر ایک تخت پر نہایت شان و شوکت سے تشریف فرما ہیں۔ میاں صاحبؒ کے قریب پہنچ کر محبت اور شوقی سے دونوں ہاتھ ان کی گردن میں حمائل کر کے ان کے کندھے پر سوار ہو جاتے ہیں۔ اور میاں صاحبؒ نہایت شفقت سے [illegible] پشت مبارک سے [illegible] نیچے کا اشارہ فرماتے ہیں [illegible] حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آ

marfat.com
Marfat.com

وسلم پر پڑتی ہیں ادھر آپؐ زیرِ لب مسکراتے ہوئے انہیں دیکھتے ہیں اور یہ میاں صاحبؒ کو اشارہ سے متوجہ کرتے ہوئے کہتے ہیں "وہ رہے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم"۔ اس پر میاں صاحبؒ فرماتے ہیں۔ "چپ ہو جاؤ۔ یہاں شوخی نہ کرو اور خاموشی سے بیٹھ جاؤ"۔ اسی اثناء میں آنکھ کھل گئی۔

(۸۳) ۲۴ اکتوبر ۱۹۱۲ء کو قطب زماں حضرت خواجہ عبدالخالقؒ نے فرمایا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک باغ میں کرسیاں بچھی ہوئی ہیں۔ درمیان میں ایک بہت بڑا تخت ہے مجلس لگ رہی ہے۔ اردگرد ایک فصیل سی ہے جس میں ایک بڑا دروازہ ہے۔ تمام جگہ خوبصورتی کے لئے رنگین کاغذ لٹک رہے ہیں۔ تخت پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلوہ افروز ہیں اور چاروں طرف کرسیوں پر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور اولیائے عظام رونق افروز ہیں اور منتظمین جلسہ سید دین علی شاہ' مست نعمت علی خاں' امیر احمد شاہ' منشی لال محمد' شیخ نبی بخش اور مولوی زین العابدین وغیرہ ہیں۔ پھر میں حاضر ہوا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے مجھے تخت کے بائیں جانب کرسی پر بٹھایا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و الہ وسلم نے دیکھا تو مسکرا کر فرمایا کہ ان کی کرسی داہنی جانب لے جاؤ۔ یہ صلہ ان کو یتیم پروری کا ہے۔ اتنے میں مست نعمت علی خاں ایک روپیہ نذرانے کا میرے پاس لایا۔ میں نے کہا حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جاؤ۔ وہ آپؐ کے پاس لے گیا تو آپؐ نے اسکا منہ چوما یا اس کو اپنا لعاب دہن عطا فرمایا۔ پھر اپنے دست مبارک سے نعمت علی کے سر پر دستار باندھی۔ اتنے میں میں اٹھ کر باہر آیا۔ دیکھتا ہوں کہ دروازہ کے باہر جوتیوں کے پاس حافظ محمد یعقوب اور بہت سے ملنے والے کھڑے ہیں۔ حافظ صاحب کی صورت پژمردہ اور رنگ سیاہ ہو رہا ہے۔ میں نے حافظ صاحب سے کہا تم اندر کیوں نہیں آتے تو انہوں نے جواب دیا کہ جگہ نہ ملی۔

marfat.com
Marfat.com

اتنے میں آنکھ کھل گئی (معاون تبرکات خالقیہ از منشی عاشق علی خاں ناطق۔ کلا نوری صفحہ ۴۳۰ تا ۴۳۱)

شمس الکونین حضرت خواجہ عبدالخالقؒ نے فرمایا کہ میں نے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رہنے کے لئے یتیم خانہ بنوایا ہے۔ ۱۳ مارچ ۱۹۰۷ء کو بعد نماز فجر فرمایا کہ نماز فرض عین ہے۔ روزہ' حج اور دیگر عبادات تو ایک دوسرے کا ادا کر سکتے ہیں مگر نماز جب تک خود ادا نہ کی جائے ادا نہیں ہو سکتی۔ نو سال کی عمر سے تا حال میری ۵۷ نمازیں قضا ہوئیں ہیں جن کو میں کئی مرتبہ ادا کر چکا ہوں لیکن پھر بھی قضائے نماز کا غم دل پر ہے۔ فرمایا پیر وہی ہے جو ہر موئے تن سے اللہ اللہ کرا دے۔ فرمایا دیوانوں اور مستوں کو چھیڑنے میں نقصان کا اندیشہ ہے۔ فقیروں کو خواہ کتنا ہی میلا کچیلا ہو کبھی برا نہ سمجھنا چاہئے۔

(۸۴) سید دین علی شاہؒ سے مرقوم ہے کہ ۱۵ جون ۱۹۰۴ء کو حضرت خواجہ محمد عبدالخالقؒ نے اپنے والد ماجد حضرت خواجہ قادر بخش کی خانقاہ میں فرمایا کہ جب میری عمر تین سال کی تھی تو فرشتان الٰہی میں مجھے "قطب زماں" پکارا جاتا تھا۔ میرے سینے کو چیر کر دل نکالا گیا اور اس کو صاف کر کے پھر رکھا گیا تھا۔ یہ بھی فرمایا کہ سات سال کی عمر میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر تمام انبیاء علیہم السلام نے اپنی زبان مجھے چسائی اور فرمایا کہ ہم نے اپنا سارا علم تمہیں دے دیا۔ (معاون تبرکات خالقیہ صفحہ ۲۶۴)

(۸۵) قطب زماں حضرت خواجہ محمد عبدالخالقؒ نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ ایک نہایت وسیع میدان ہے جس میں دو چارپائیاں بچھی ہیں۔ ایک پر میں لیٹا ہوا ہوں اور میرے گرد خورشید علی' حافظ عبدالعزیز اور مولوی محمد عظیم وغیرہ بیٹھے ہوئے ہیں۔ اتنے میں میرے والد بزرگوار قبلہ عالم شمس الکونین

marfat.com
Marfat.com

خواجہ قادر بخش" تشریف لائے۔ اس کے بعد شیخ احمد صاحب' حاجی محمود صاحب اور میرے والد" کے خلفاء آئے اور پھر صوفی بدرالدین وغیرہ وغیرہ۔ میں ہرچند چاہتا تھا کہ اٹھ کر بیٹھ جاؤں مگر ضعف و نقاہت سے مجبور تھا۔ میرے والد صاحب" نے فرمایا کہ حضرت آدم' حضرت نوح' حضرت شیث اور حضرت ابراہیم علیہم السلام تشریف لا رہے ہیں۔ میں نے پھر اٹھنا چاہا مگر میرے والد صاحب" نے فرمایا کہ بولو مت۔ پھر معلوم ہوا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا رہے ہیں۔ میں نے اٹھنے کی کوشش کی تو مولوی عظیم نے میرے سر کے نیچے ہاتھ کا سہارا دے کر اٹھایا اور میرے پیچھے بیٹھ گئے۔ پھر ایک حضرت نے اٹھ کر مجھے پھولوں کے اتنے ہار پہنائے کہ دونوں چارپائیاں پھولوں سے لد گئیں۔ پھر ایک جامہ پہنایا گیا جو نہایت قیمتی ہفت رنگ کا تھا۔ یہ فرما کر آپ آبدیدہ ہو گئے اور فرمایا میں ایک بہت گنہگار بندہ ہوں' مگر یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذرہ نوازی ہے کہ مجھ کو آپ' کے حکم سے ہارا اور جامہ پہنایا گیا بعدہ ایک دستار حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے میرے سر پر باندھی اور فرمایا کہ دنیا میں تجھ کو سردار کیا گیا تھا۔ اب تجھ کو آخرت کی سرداری بھی دی جاتی ہے۔ میں نے ان ہاروں میں سے کچھ تو صوفی بدرالدین کو اور کچھ مولوی محمد عظیم کو دیئے اور اسی طرح دوسرے لوگوں میں تقسیم کر رہا تھا کہ آنکھ کھل گئی۔ (معاون تبرکات خالقیہ صفحہ ۴۲۴ تا ۴۲۵)

(۸۶) بمقام بٹالہ (مشرقی پنجاب) ایک روز حضرت خواجہ محمد عبدالخالق" نے فرمایا کہ میں نے ختم شریف سے چند روز پہلے خواب میں دیکھا کہ ایک نہایت عمدہ مسجد ہے اور اس کے جنوب میں وضو کرنے کی جگہ بنی ہوئی ہے۔ ظہر کا وقت ہے اور میں استنجاء کر کے اٹھا ہوں۔ اتنے میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے اور ایک برتن پانی سے بھرا کر میرے نزدیک رکھ

marfat.com
Marfat.com

دیا۔ ناچار میں نے استنجاء کیا۔ اس کے بعد آپ ایک اور برتن بھر کر لائے اور فرمایا کہ اس سے وضو کر لو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے کیا قصور سرزد ہوا ہے۔ آپ مسکرائے اور وضو کراتے جاتے تھے۔ میں اپنے دل میں بہت شرمندہ ہو رہا تھا۔ میں نے پھر دریافت کیا کہ مجھ سے کیا قصور ہوا جس کی یہ سزا دی جا رہی ہے۔ آپ مسکراتے ہوئے واپس تشریف لے گئے اور اتنے ہی میں میری آنکھ کھل گئی۔ (معاون تبرکات خالقیہ)

(۸۷) ۷ جنوری ۱۹۱۷ء کو شمس الکونین حضرت خواجہ محمد عبدالخالق نے فرمایا کہ میں نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تشریف فرما دیکھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ عبدالخالق تجھے معلوم ہے کہ آج میرے وصال کا دن ہے۔ یہ سنتے ہی میری چیخ نکل گئی۔ زور زور سے رونے لگا۔ یہ سن کر میری بیوی نے جگایا کہ حضرت آپ کو کیا ہوا۔ صبح باہر آیا تو گریہ و زاری میں تھا۔ بہت عمدہ کھانے پکوا کر صدہا آدمیوں کو کھلائے۔ (معاون تبرکات خالقیہ صفحہ ۴۲۲)

(۸۸) سوندھے خاں ساکن نگراں ضلع ہوشیار پور سے نقل ہے کہ میں اپنے بھائی کے ہمراہ فوج میں ملازم تھا۔ عدن گیا۔ وہاں ایک بزرگ سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے میرا وطن دریافت کرنے کے بعد پوچھا کہ وہاں قصبہ جہانخیل بھی ہے اور وہاں کوئی بزرگ خواجہ قادر بخش بھی ہیں۔ میں نے کہا خواجہ صاحب کی تو حال ہی میں وفات ہو گئی۔ یہ سن کر انہوں نے اس قدر آہ و زاری کی کہ ان کو غش آگیا۔ میں یہ حالت دیکھ کر سخت متعجب ہوا جب ان کو ہوش آیا تو مجھ سے پوچھا کہ وہاں تم نے ان کو دیکھا تھا۔ میں نے کہا جی ہاں دیکھا تھا۔ یہ سن کر وہ پھر گریہ و زاری کرنے لگے اور پھر وہی حالت ہو گئی غرض تمام شب انہوں نے اسی طرح رو رو کر گزاری۔ صبح میں نے دریافت کیا کہ

marfat.com
Marfat.com

آپ ان کو کس طرح جانتے ہیں۔ اس پر اس مرد پیر نے جواب دیا کہ میں اور وہ دونوں ایک ہی فوج میں ملازم تھے اور جب جنگ کابل میں راجہ رنجیت سنگھ گئے تو ہم دونوں ساتھ تھے۔ ان کا اور میرا ہمیشہ دستور رہا کہ اتوار پیر اور بدھ کو روزہ رکھتے تھے۔ وہ ہر صبح مجھ سے پوشیدہ ہو کر لوٹا اور جانماز لے کر کہیں جایا کرتے تھے۔ ایک روز میں بھی چھپ کر تجسس میں ان کے پیچھے گیا۔ انہوں نے ایک تالاب پر وضو کیا اور مصلیٰ بچھا کر اذان دی۔ اتنے میں ایک سمت سے پانچ سوار غیب سے نمودار ہوئے' ان کے بدن پر سبز پر مزین تھے۔ انہوں نے آ کر سلام علیک کے بعد مصافحہ و معانقہ کیا اور پھر نماز کی تیاری کی۔ ان میں سے چار مقتدی اور ایک امام بن گیا۔ جماعت میں خواجہ صاحبؒ بھی شامل تھے۔ جب سلام پھیر کر فارغ ہوئے تو میں بھی قریب پہنچ گیا اور سلام کیا۔ انہوں نے میرے سلام کا جواب نہ دیا اور چپ چاپ گھوڑوں پر سوار ہو کر چلے گئے مگر خواجہ صاحبؒ نے میرے سلام کا جواب دیا۔ میں کئی روز تک ان سے پوچھتا رہا کہ یہ لوگ کون تھے اور آپ کے پاس کیوں آئے تھے۔ کئی روز یہی اصرار کرتا رہا مگر انہوں نے کوئی جواب نہ دیا۔ آخر جب میں نے اللہ تعالیٰ اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ دیا کہ سچ بتائیں وہ کون لوگ تھے تو آپ نے فرمایا خبردار یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرنا۔ یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاروں خلفائے راشدینؓ کے ہمراہ تھے۔ میں نے کہا پھر مجھے کس طرح زیارت ہو سکتی ہے۔ آپ نے فرمایا تیری قسمت میں یہی تھا۔ اگر تیری قسمت یاوری کرتی تو تو بھی نماز میں شامل ہوتا۔ اس بوڑھے آدمی نے اپنا نام عبدالغنی بتایا اور کہا میں ریاست "کچھ" علاقہ کاٹھیاواڑ (بھارت) کا رہنے والا ہوں (لمعات کمالات قادریہ صفحہ ۱۸۳ تا ۸۴)

(۸۹) ہمشیرہ کریم بخش ساکن جھانگیل سے نقل ہے کہ ایک روز حضرت خواجہ قادر بخش قدس سرہٗ باہر سے گھر تشریف لائے۔ میں ان کے پیچھے پہنچ گئی

marfat.com
Marfat.com

اور حضرت خواجہ صاحبؒ سے بیان کیا کہ ایک بزرگ تحصیل شکر گڑھ کے باشندے ہیں ان کے یہاں دو پٹھان آئے اور کہا کہ ہم آپ کے پاس آئے ہیں کہ ہمیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو جائے۔ آپ نے ان کو درود شریف کا ورد بتا دیا مگر چونکہ وہ ہلکے تھے اس وجہ سے صحت لفظی کے ساتھ ادا نہ کر سکے چالیس روز بعد آ کر کہا ہماری مراد بر نہ آئی۔ آپ نے فرمایا جس طرح میں پڑھتا ہوں اس طرح پڑھو ضرور اثر ہو گا انہوں نے آپ کے فرمان کے مطابق پڑھا اور مراد کو پہنچے۔ خواجہ صاحبؒ میں اسی غرض سے حاضر ہوئی ہوں۔ آپ نے فرمایا مائی اس وقت مغرب کا وقت ہے پھر آنا۔ یہ کہہ کر خواجہ صاحبؒ نماز میں مشغول ہو گئے۔ میں گھر چلی گئی۔ دوسرے دن پھر حاضر خدمت ہوئی۔ خواجہ صاحبؒ نے فرمایا کہ اس بزرگ نے تو وظیفہ بتا کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرائی تھی جبکہ فقیر ابھی زیارت کرائے دیتا ہے اور اسی وقت مراقبہ فرما کر دربار رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم میں استدعا کی۔ تھوڑی ہی دیر بعد میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مع صحابہ اکرامؓ زیارت کر لی۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے فرمایا مائی جو کچھ عرض کرنا ہے کر لے۔ پس میں نے دل کھول کر عرض و معروض کی۔ زہے قسمت کہ حضرت خواجہ صاحبؒ کے طفیل مجھے زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ کیوں نہ ہو کہ آپ نائب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔
(لمعات کمالات قادریہ صفحہ ۱۸۴ تا ۱۸۵)

(۹۰) مولوی ظہور الدین صاحبؒ نے خواب دیکھا کہ وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اطہر (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) پر حاضر ہیں اور حضرت سائیں توکل شاہ صاحبؒ بھی حضوری میں حاضر ہیں مگر مولوی صاحبؒ کو باریابی نہیں ہوئی۔ باہر کھڑے ہیں۔ اتنے میں خود سائیں صاحبؒ نے آواز دی اور فرمایا کہ مولوی صاحب کو اندر آنے دو۔ (تذکرہ توکلیہ از نور احمد نور

marfat.com
Marfat.com

صاحب صفحہ ۱۰۰)

قطب الاقطاب، حضرت خواجہ قادر بخشؒ کے خلیفہ اعظم تھے حضرت سائیں توکل شاہؒ ابھی خورد سال تھے کہ والدین وفات پا گئے۔ امی محض تھے۔ آپ کے مرشد حضرت خواجہ قادر بخشؒ نے آپ کی طبیعت میں خلقی و طبعی توکل دیکھ کر آپ کا نام توکل شاہ رکھا تھا۔ حضرت سائیں توکل شاہؒ کے اکثر مریدوں اور متوسلین کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت خواب میں ہو جایا کرتی تھی۔ ۱۴ ربیع الاول ۱۳۱۵ھ مطابق ۱۸۹۵ کو وصال فرمایا۔ غیر مسلم بھی آپ کے بے حد معتقد تھے۔ انبالہ (مشرقی پنجاب) میں روضہ مرجع خلائق ہے۔

(۹۱) ایک مجذوب حضرت سائیں توکل شاہؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ حضور گزشتہ رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور چاروں صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین آپ کے یہاں تشریف لائے تھے۔ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے جا رہے تھے تو میں نے عرض کیا تھا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا حصہ تو حضور علیہ الصلوۃ والتسلیمات نے آپ کا نام لے کر فرمایا تھا کہ ان کے پاس جا۔ وہیں کھانا کھا اور وہیں تیرا حصہ ہے۔ ہم وہیں سے آ رہے ہیں۔ اگر وہ رات والی بات درست ہے تو مجھ کو کھانا کھلا دیں۔ چونکہ وہ مجذوب کریہہ المنظر تھا کچھ مریدوں نے اس سے کچھ کہنا چاہا۔ اس پر سائیں صاحبؒ نے فرمایا ہوں ہوں کبھی عام لوگوں کے لباس میں خاص لوگ بھی ہوتے ہیں۔ آپ نے اس کو کھانا کھلایا پھر کچھ فرمانا چاہتے ہی تھے کہ وہ مجذوب بولا۔ "حضرت جی میرا کام ہو گیا" پھر وہ چلا گیا۔ بعد کو سائیں صاحبؒ نے فرمایا یہ ٹھیک کہتا تھا۔ بے شک رات کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تشریف لائے تھے (صفحہ ۱۳۷ تا ۱۳۸ "ذکر خیر" معروف بہ "صحیفہ محبوب" مرتبہ حضرت خواجہ محبوب عالم شاہ صاحبؒ خلیفہ اعظم حضرت سائیں توکل شاہ صاحبؒ)

marfat.com
Marfat.com

(۹۲) حضرت سائیں توکل شاہؒ درود شریف کثرت سے پڑھا کرتے تھے۔
اللھم صلی علیٰ سیدنا محمد و علیٰ آل سیدنا محمد بعدد کل معلوم لک مائه الف الف مره و بارک وسلم و صلی علیه (اے اللہ درود بھیج اوپر ہمارے سردار محمدؐ اور "آل" ہمارے سردار محمدؐ کے اپنی تمام معلومات کی تعداد کے برابر لاکھ لاکھ مرتبہ اور برکت و سلامتی نازل کر اور درود بھیج اوپر آپؐ کے)۔ایک روز بعد نماز مغرب مراقبہ میں بیٹھے تھے تو دیکھا کہ ایک باغ ہے اور ایک چبوترہ پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رونق افروز ہیں۔ حضرت سائیں صاحبؒ نہایت ادب کے ساتھ آپؐ سے ملے اور آپؐ نے سائیں صاحب کو اپنے سینہ مبارک سے لگا لیا اور پھولوں کا ایک ہار ان کے گلے میں ڈال دیا۔ اس سے پتہ چلا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس درود شریف میں بہت ہی خوشنودی ہے۔ (ذکر خیر صفحہ ۱۷۱)

(۹۳) اپنے مرشد شمس الکونین حضرت خواجہ قادر بخشؒ کے وصال کے بعد بھی سائیں توکل شاہ صاحبؒ حالانکہ آپ کے نامور خلیفہ تھے مگر کسی کو بیعت نہ کرتے تھے۔ جو کوئی بیعت ہونا چاہتا تھا اس کو حاجی صاحب جالندھریؒ سے بیعت کرا دیتے یا اپنے پیر بھائی خلیفہ عالم شاہ صاحبؒ کی خدمت میں بھیج دیتے۔ ایک روز آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ تم لوگوں کو بیعت کیا کرو اور فیض پہنچایا کرو۔ اس کے بعد آپ نے بیعت کا سلسلہ شروع کیا۔ (لمعات کمالات قادریہ)

(۹۴) ایک مرتبہ حیات و موت کے مسئلہ پر گفتگو ہو رہی تھی۔ ایک شخص نے عرض کیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت مشہور ہے کہ آپؐ حیات ہیں حالانکہ آپؐ کا وصال ہوا اور آپؐ مدینہ منورہ میں مدفون ہیں۔ اگر آپؐ واقعی حیات النبی ہیں تو اس حیات کے کیا معنی ہیں؟ حضرت سائیں

marfat.com
Marfat.com

توکل شاہؒ نے فرمایا کہ بلا شک و شبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حیات النبیؐ ہیں۔ اس حیات کے معنی یہ ہیں کہ جس طرح تصرفات و اختیارات آپؐ سے بوقت حیات جسمانی جاری تھے اسی طرح آج بھی جاری ہیں۔ ایک روز کا ذکر ہے کہ ہم مدینہ منورہ پہنچے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے پر سوار روضہ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) سے باہر تشریف لائے اور اپنے کپڑے مجھے دے کر اپنے گھوڑے کے آگے کر لیا۔ میں بتلاتا جاتا تھا کہ یہ آپؐ کا عاشق صادق ہے۔ یہاں آپؐ کے دین کو بڑی ترقی ہوئی۔ ساتھ ساتھ چلتا آیا حتیٰ کہ آپؐ سر ہند شریف پہنچ گئے۔ میں نے کہا اس جگہ آپؐ کے دین کو بڑی ترقی اور کامیابی حاصل ہوئی۔ آپؐ کی حدیث شریف اور قرآن مجید پڑھا گیا۔ پھر جو خیال کیا تو دیکھا کہ حضرت مجدد الف ثانی کے روضہ شریف کی جگہ نہایت خوبصورت ایک بارہ دری بنی ہوئی ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے سے نیچے اترے اور گھوڑا مجھے پکڑوا کر اس بارہ دری میں تشریف لے گئے۔ بڑی دیر تک اندر رہے نہیں معلوم کیا اسرار کی باتیں باہم ہوئیں۔ پھر باہر تشریف لائے اور سوار ہو کر مدینہ طیبہ کی طرف چلے میں مدینہ شریف تک آپؐ کے ہمراہ رہا۔ معلوم ہوتا ہے کہ جس جگہ اور جس ملک میں ضرورت ہوتی ہے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جاتے ہیں۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو شخص دل سے مجھ پر درود بھیجتا ہے میں اس کو اپنے کانوں سے سنتا ہوں ورنہ فرشتے لا کر میرے حضور پیش کر دیتے ہیں۔ حدیث پاک سے یہ بھی ظاہر ہے کہ جمعرات کی شب کو تمام امت کے درود اور اعمال آپؐ کے حضور پیش ہوتے ہیں۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ رات کو کوئی شخص سونے لگا تو کچھ خیال اس کو نہ تھا اور صبح اٹھا تو محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے دل میں موجزن تھی اور دین و سنت کی پیروی کو از خود دل چاہنے لگا۔ غرض حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اب بھی امت کی پرورش فرماتے ہیں جس

marfat.com
Marfat.com

سے حیات النبیؐ کی تصدیق ہوتی ہے۔ (ذکر خیر صفحہ ۱۳۸)

(۹۵) ایک روز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضوری کا ذکر تھا تو سائیں توکل شاہؒ نے فرمایا کہ جو نعمت کسی امتی پر وارد ہوتی ہے وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار سے ملتی ہے چنانچہ ہم نے بھی دیکھا ہے کہ ایک مرتبہ ہم حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں جانے کے لئے تیار ہیں۔ دیکھا کہ ایک حوض پر وضو کر رہے ہیں تاکہ پاک و صاف ہو کر آپؐ کے دربار میں حاضر ہوں۔ یہاں انبالہ میں ایک مولوی صاحب رہتے تھے جن کا نام محمد سعیدؒ تھا۔ نہایت متقی و پرہیز گار تھے اور آپس میں ہماری ان کی بہت محبت تھی۔ اس حالت میں جبکہ میں وضو کر رہا تھا میں نے دیکھا کہ وہی مولوی صاحب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار سے میرے پاس آئے اور کہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو یاد فرما رہے ہیں کہ "اس انبالہ والے مست نے اتنی دیر کہاں لگا دی" میں جلدی سے وضو سے فارغ ہو کر آپؐ کے دربار میں حاضر ہوا تو آپؐ بہت خوش ہوئے اور مجھے اپنے سر مبارک کا تاج دے دیا اور خود نیا منگوا کر سر مبارک پر رکھا۔ میں نے پہلے تو بڑی عقیدت اور محبت سے اس تاج کو دیکھا اور پھر اسے سر پر رکھ لیا۔ اس دن سے تکمیل ہو گئی اور مخلوق خدا کو بہت ہدایت ہو رہی ہے۔ تو معلوم ہوا کہ یہ مقام تکمیل تھا اور اس روز سے ہم نے یہ عجیب بات بھی دیکھی کہ جس کسی کو ہم درود شریف یا کوئی اور چیز بتلا دیتے تو وہ اس سے چھوٹنے نہیں پاتی۔ اس سے ہم نے معلوم کیا کہ یہ ارشاد کی نشانی ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہمیں ارشاد ہوا ہے (تذکرہ توکلیہ صفحہ ۹۸۔ اس میں سائیں توکل شاہ صاحبؒ کے مفصل حالات زندگی جناب نور احمد نور نے بیان فرمائے ہیں)

(۹۶) ایک روز حضرت سائیں توکل شاہ صاحبؒ نے مولویوں کی دعوت

marfat.com
Marfat.com

کی اور نہایت عمدہ اور نفیس کھانے کھلائے کیونکہ آپ کا حکم تھا کہ جب اللہ تعالیٰ کے واسطے کھانا کھلایا جائے تو عمدہ سے عمدہ ہو تا کہ اس کے حضور میں یہ تحفہ قبول ہو سکے۔ تمام درویش باہم سرگوشیاں کرنے لگے کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ خصوصیت کے ساتھ صرف مولویوں کی دعوت کی گئی ہے اور درویشوں کو اس میں شریک نہیں کیا گیا۔ ایک روز سائیں صاحبؒ نے فرمایا کہ اس میں مصلحت یہ تھی کہ ہمیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ہمیں بھی تو کھانا کھلا دیا کرو۔ ہم نے سوچا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کس طرح کھانا کھلایا جائے۔ اب چونکہ آپؐ کے جانشین اور آپؐ کا کام انجام دینے والے علماء کرام ہیں اس لئے ہم نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت علماء کو کھلائی (ذکر خیر صفحہ ۱۳۵)

(۹۷) حضرت سائیں توکل شاہؒ نے فرمایا ایک دن ایسا دیکھا کہ سلسلہ نقشبندیہ میں ہمیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیعت کر رہے ہیں اور آپؐ میرا ہاتھ اپنے دست مبارک میں پکڑے توبہ و تلقین فرما رہے ہیں اور بندہ عرض کر رہا ہے کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) میرے پیر تو خواجہ قادر بخشؒ ہیں (تذکرہ توکلیہ صفحہ ۹۸)

(۹۸) حضرت سائیں توکل شاہؒ نے ایک مرتبہ دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ پر نور (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) پر حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر ہیں گویا وہاں کے مختار یا داروغہ ہیں۔ رنگ گندمی اور انگلیاں لمبی اور نازک ہیں (تذکرہ توکلیہ صفحہ ۹۸)

(۹۹) ایک مرتبہ مولوی مولا بخشؒ ساکن راہون تشریف لائے۔ حضرت سائیں توکل شاہؒ اس وقت مسجد میں وضو فرما رہے تھے۔ مولوی صاحب نے ایک سیاہ لنگی پیش کی اور عرض کیا کہ مجھے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ

marfat.com
Marfat.com

وسلم نے حکم دیا ہے کہ جاؤ ایک لنگی لے جاؤ اور شاہ توکل شاہ کو دو۔ چنانچہ میں یہ لنگی بنوا کر لایا ہوں۔ سائیں صاحبؒ نے لنگی لے کر سر پر رکھ لی اور اسے عیدو بقر عید پر پہنا کرتے تھے (تذکرہ توکلیہ صفحہ ٦٨)

(۱۰۰) سائیں توکل شاہؒ نے ایک روز فرمایا کہ ایک درویش کامل نے ایک سید کے لڑکے کو جو ان کا شاگرد تھا "نالائق" کہا۔ رات کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوئے تو عتاب ہوا اور آپؐ نے فرمایا کہ اگر یہ نالائق ہوتا تو تمہارے پاس کیوں جاتا؟ وہ بزرگ بہت نادم ہوئے۔ سائیں صاحبؒ سنی سید ہو یا شیعہ سید دونوں کی بے حد تعظیم کرتے تھے اور کسی کو سید کی طرف پیٹھ کر کے نہ بیٹھنے دیتے تھے (تذکرہ توکلیہ صفحہ ٧٨)

(۱۰۱) ایک دن نور احمد نور صاحب جنہوں نے "تذکرہ توکلیہ" لکھی ہے کو اپنے مرشد حضرت سائیں توکل شاہ صاحبؒ کے طفیل حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ تراویح اور عشاء کی نماز پڑھ کر وہ مولوی فیض الحسن سہارنپوریؒ کی ایک مقبول نعت پڑھ رہے تھے۔ معمولی رقت طاری ہوئی اور پڑھتے پڑھتے سو گئے۔ دیکھا کہ ایک صورت برنجی قد آدم ہے۔ کہا گیا کہ یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت ہے اتنے میں وہ صورت گویا ہوئی اور فرمایا کہ ہماری تصویر کیوں بنائی گئی؟ اس طرح ارشاد ہوا کہ خفگی معلوم ہوتی تھی۔ پھر میری طرف نظر عنایت فرمائی اور دریافت فرمایا کیا چاہتے ہو؟ میں نے عرض کیا آپؐ میرے منہ میں اپنا لعاب دہن ڈال دیجئے۔ فرمایا اچھا منہ کھولو۔ خاکسار نے منہ کھول دیا۔ آپؐ نے میرے منہ میں تھوک دیا۔ میں اپنے معزز ناظرین کو یقین دلاتا ہوں کہ بیداری کے بعد بھی اس لعاب دہن کا مزہ عرصہ تک میرے منہ میں رہا (تذکرہ توکلیہ صفحہ ١٠٠)

(۱۰۲) حضرت خواجہ عبدالخالقؒ نے ایک روز فرمایا کہ مولوی عبدالکریم

marfat.com
Marfat.com

جیسوریؒ کو ایک بار حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے مولوی صاحب کا ہاتھ پکڑ لیا۔ جب دوسرا ہاتھ پکڑنے لگے تو مولوی صاحبؒ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہاتھ ایک جگہ دیا جا چکا ہے۔ معاف فرمائیں اور یہ کہہ کر پیچھے ہاتھ ہٹا لیا۔ مولوی صاحبؒ کے اس فعل پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہوئے اور مولوی صاحبؒ کی پیٹھ تھپک کر شاباش دی (معاون تبرکات خالقیہ صفحہ ۴۴۵)

(۱۰۳) کرم الٰہی ساکن اچھی ہوڑہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز قطب الاقطاب حضرت خواجہ قادر بخشؒ کے خلیفہ اول حضرت امام بخش راہونی دوپہر کے وقت سوئے ہوئے تھے اور میں پاس بیٹھا ہوا تھا۔ آپ کی اس وقت عجیب حالت تھی ہر رگ و ریشہ خصوصاً سینہ سے ایسی آواز آتی تھی جیسے کھانا پکتے وقت دیگ سے آواز نکلتی ہے اور سینہ مبارک میں مختلف اطراف میں مسلسل اس طرح لغزش تھی کہ مثل مرغ بسمل سینہ تڑپتا تھا۔ میں یہ کیفیت دیکھ کر غور کر رہا تھا کہ آپ کی آنکھ کھل گئی۔ میں نے آپ سے اس کیفیت کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا فقیروں کی ایسی ہی حالت ہوتی ہے مگر جس وقت سو رہا تھا تو خواب میں حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے ہوئے تھے اور میں آپؐ کی زیارت مبارک سے مخمور و مدہوش تھا۔ توارد فیضان بے حد ہو رہا تھا اور اکثر ایسا ہوتا ہے۔ یہ کوئی تعجب کی بات نہیں (لمعات کمالات قادریہ صفحہ ۲۲۶ تا ۲۲۷)

(۱۰۴) ایک حافظ صاحب نے بیان کیا کہ جب قطب الاقطاب حضرت خواجہ قادر بخشؒ تھانہ راہون میں تھانیدار تھے تو اتفاق سے ایک روز میں بھی چلا گیا۔ دیکھا کہ خواجہ صاحبؒ بیعت و تصوف پر گفتگو فرما رہے ہیں۔ میں نے کہا حضور یہ سب قصے کہانیاں ہیں جو ہمیشہ سنتے چلے آ رہے ہیں اور نہ معلوم

marfat.com
Marfat.com

کب تک سنتے رہیں گے۔ وہی ہما اور عنقا والے قصے ہیں نہ کسی نے ان کو دیکھا نہ دیکھنا ثابت ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ حافظ صاحب اس کے تو قرآن و حدیث گواہ ہیں۔ یہ بھی ضروری نہیں کہ تمام جہان عنقا دیکھ لے۔ جو چیز دنیا میں نہ ہو اس کا نام نہیں ہوتا۔ جب فی الحقیقت عنقا کا نام ہوا تو اس کا وجود بھی دنیا میں ضرور ہوا۔ آخر کسی نے اس کو دیکھا ہی ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کو بھی ہزاروں نے دیکھا اور واصل الی الحق ہوئے۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھا تو کیا اللہ تعالیٰ بھی نہیں ہے۔ کچھ دیر بعد میں نے عرض کیا۔

یا دیکھوں من اپنے میں　　　یا دیکھوں گر کی پوتھی میں

یہ سن کر خواجہ صاحبؒ نے تبسم فرمایا اور فرمایا کہ نہ آپ نے اب تک گر پکڑا، نہ اللہ کو دیکھا اور نہ تصوف سے آگاہ ہوئے۔ خواہ مخواہ وقت ضائع کر رہے ہیں۔ پہلے پیر پکڑیئے پھر بھی کچھ نظر نہ آئے تو کہیے گا۔ میں نے عرض کیا کہ بیعت ہونے سے پہلے جب تک مجھے کچھ اسرار نظر نہ آ جائیں تب تک اطمینان نہیں ہو سکتا۔ فرمایا کہ اچھا جائیں آج رات کو کچھ خیال کر کے سوئیے گا۔ کم از کم اس عاجز ہی کا تصور کر لیجئے گا۔

لہٰذا میں آپ کا تصور کر کے سو گیا۔ قریب ایک بجے شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے خواب میں مشرف ہوا۔ میں نے عرض کیا آپ کون ہیں؟ ارشاد فرمایا کہ میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کا رسول ہوں۔ میں نے عرض کیا کہ کیا واقعی اللہ بھی کوئی چیز ہے۔ اس پر آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ میں تجھے اللہ دکھا دوں۔ اسی وقت کیا دیکھتا ہوں کہ ایک جگہ تخت بچھا ہوا ہے اور اس پر نور ہی نور نمایاں ہے جس کی میں کیفیت بیان ہی نہیں کر سکتا کہ دنیا کی کوئی چیز اس کے مثل نہیں "لیس کمثلہ شیئی" یہ دیکھ کر میں بے ہوش ہو گیا اور دو روز تک مجھ پر غشی طاری رہی۔ ہوش آنے پر میرے دل نے گواہی دی کہ واقعی خواب سچا تھا۔ مجھے کامل اطمینان ہو گیا۔

marfat.com
Marfat.com

میں حضرت خواجہ صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے دست مبارک پر بیعت کی (لمعات کمالات قادریہ صفحہ ۲۰۲ تا ۲۰۳)

کیا بزرگ تھے یہ! اللہ اکبر۔

؎ وہ صورتیں الٰہی کس دیس بستیاں ہیں
اب جن کے دیکھنے کو آنکھیں ترستیاں ہیں

(۱۰۵) ایک شخص فرماتے ہیں کہ بعد ادائے حج میں مدینہ شریف گیا۔ وہاں خرچ بالکل ختم ہو گیا اور میرے ساتھی مجھے چھوڑ کر چلے گئے۔ میں نے حالت اضطراب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور فریاد کی۔ بعد ازاں خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ تو مکہ معظمہ میں چاہ زم زم پر جا۔ وہاں ایک شخص لوگوں کو پانی پلاتا ملے گا۔ اس سے کہنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھ سے فرمایا ہے کہ تو مجھ کو میرے مکان پر پہنچا دے۔ میں چاہ زمزم پر آیا۔ اس شخص نے مجھ کو دیکھتے ہی بلا درخواست کہا کہ ذرا توقف کر میں لوگوں کو پانی پلا دوں۔ جب وہ فارغ ہوئے رات ہو گئی مجھ سے کہا کعبہ شریف کو رخصت کہہ اور میرے ہمراہ چل۔ میں نے تعمیل حکم کی اور ان کے پیچھے چلا۔ جب صبح ہوئی تو اپنے وطن کی سرزمین پر تھا میں اپنے گھر آیا اور لوگوں سے کہا کہ رات کو مکہ مکرمہ سے چلا ہوں۔ بعض نے جھوٹ سمجھا ایک ماہ بعد میرے قافلے والے ساتھی پہنچے جو مجھ کو مدینہ منورہ چھوڑ کر چلے گئے تھے۔ تب لوگوں کو میرے بیان کی تصدیق ہوئی اور یقین آیا (بغیہ ذوی الاحلام)

(۱۰۶) ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ خرچ سے اتنا تنگ ہو گیا کہ خدا کو بھی بھول گیا۔ رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں ارشاد فرمایا تو فلاں مجوسی کے پاس جا کر کہہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ۲۰ درم دلائے ہیں۔ خواب سے بیدار ہوا تو متعجب تھا کہ مجوسی کیوں دے گا۔

marfat.com
Marfat.com

پھر سو گیا۔ دوبارہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تو کچھ اندیشہ نہ کر۔ فوراً جا۔ صبح میں اس کے پاس گیا۔ دروازہ پر ایک شخص کھڑا ہاتھ میں کچھ لئے سوچ رہا تھا۔ مجھے دیکھ کر کہنے لگا تجھے کچھ حاجت ہے۔ میں نے پیغام نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) دیا۔ اس نے فوراً ۲۰ درم مجھ کو دے دیئے۔ میں نے کہا تجھ کو کیونکر علم ہوا جو پہلے سے ۲۰ درم لئے کھڑا تھا۔ بولا رات میں نے ایسی ہی صورت کے ایک بزرگ کو خواب میں دیکھا تھا۔ انہوں نے مجھے حکم دیا تھا کہ فلاں شخص کو ۲۰ درم دے دے۔ میں نے کہا وہ تو سید عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ یہ سن کر وہ مجوسی خاموش کھڑا رہا اور تھوڑی دیر بعد کہا کہ مجھے اپنے گھر لے چل۔ میں اس کو اپنے گھر لے آیا جہاں وہ مسلمان ہو گیا۔ اس کے بعد اس کے تمام عشائر نے بھی اسلام قبول کر لیا (بغیۃ ذوی الاحلام)

(۱۰۷) علم زائرجہ علم جفر ہی کا ایک شعبہ ہے۔ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلویؒ نے اس فن کی طرف خاص توجہ دی۔ ائمہ فن نے اس کے لئے یہ طریقہ رکھا ہے کہ چند روز اسمائے الٰہی تلاوت کئے جاتے ہیں۔ مدت موعود میں خوش نصیب بندہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال باکمال سے مشرف ہوتا ہے۔ اگر سرکار (صلی اللہ علیہ وسلم) سے اس فن میں اشتغال کا اذن ملے مشغول رہے ورنہ چھوڑ دے پس اعلیٰ حضرتؒ نے وہ اسمائے طیبہ تلاوت کئے اور تیسرے روز خواب میں دیکھا کہ ایک وسیع میدان ہے جس میں ایک پختہ کنواں ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور چند صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بھی موجود ہیں جن میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہچانا۔ اس کنوئیں میں سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ پانی بھر رہے ہیں۔ اس میں سے ایک بڑا سا تختہ نکلا کہ عرض میں ڈیڑھ گز اور طول میں دو گز ہوگا۔ اس کے اوپر سبز کپڑا چڑھا ہوا ہے اور وسط میں سفید روشن جلی قلم سے "اھ ز" اس شکل میں لکھا ہوا ہے جس سے

marfat.com
Marfat.com

میں نے یہ مطلب نکالا کہ اس کا حاصل کرنا ہذیان فرمایا جا رہا ہے اور اس فن کے حصول کا ارادہ میں نے ترک کر دیا کہ اعذ کے معنی ہیں "فضول" (ملفوظات حصہ اول مولانا محمد احمد رضا خاں صاحب بریلوی" صفحہ ۱۳)

شمس العلماء اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ العزیز کی ولادت باسعادت ۱۰ شوال ۱۲۸۲ھ مطابق ۱۴ جون ۱۸۶۵ء بروز یک شنبہ بوقت ظہر شہر بانس بریلی (یو۔ پی۔ بھارت) میں ہوئی۔ آپ نے پچاس فنون میں تقریباً ایک ہزار کتابیں تحریر فرمائیں۔ ڈاکٹر سر ضیاء الدین وائس چانسلر علی گڑھ یونیورسٹی جیسے شہرہ آفاق ریاضی داں آپ کے علم ریاضی کے قائل تھے۔ آپ نے "الملفوظ" حصہ اول کے صفحہ ۸۸ پر تحریر فرمایا کہ بعض علوم کے ذریعہ سے مجھے ایسا خیال گذرتا ہے کہ شاید ۱۸۳۷ھ میں کوئی اسلامی سلطنت باقی نہ رہے اور ۱۹۰۰ھ میں حضرت امام مہدیؑ ظہور فرمائیں۔ آپ کا نعتیہ کلام و سلام کمال ادب و تعظیم کا شاہکار ہے۔ آپ شیفتہ رسولؐ تھے مخالفین کو بھی جس کا اعتراف ہے۔ ۲۵ صفر ۱۳۳۹ھ مطابق ۱۹۲۱ء بروز جمعتہ المبارک بریلی میں وصال فرمایا۔

(۱۰۸) شمس العارفین، حسان الوقت حضرت شاہ احمد رضا خان قدس سرہ العزیز نے ۱۳۰۵ھ میں "تجلی الیقین" کے ذریعہ دس آیات قرآنی اور سوا سو سے زیادہ احادیث سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا افضل الخلق و سید المرسلین ہونا ثابت کیا ہے۔ اس سے پہلے آپ نے خواب دیکھا کہ اپنے مکان کے پھاٹک کے آگے شارع عام پر کھڑا ہوں اور بہت دبیز بلور کا ایک فانوس ہاتھ میں ہے۔ میں اسے روشن کرنا چاہتا ہوں۔ دو شخص دائیں اور بائیں کھڑے ہیں وہ پھونک مار کر بجھا دیتے ہیں۔ اتنے میں مسجد کی طرف سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے۔ واللہ العظیم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے ہی وہ دونوں مخاطب ایسے غائب ہوگئے کہ معلوم نہیں آسمان کھا گیا یا زمین نگل گئی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اس سگ بارگاہ کے پاس

marfat.com
Marfat.com

تشریف لائے اور اتنے قریب رونق افروز ہوئے کہ شاید ایک بالشت یا کم فاصلہ ہو اور بکمال رحمت ارشاد فرمایا پھونک مار اللہ روشن کر دے گا۔ میں نے پھونکا وہ عظیم نور پیدا ہوا کہ سارا فانوس اس سے بھر گیا۔ والحمد للہ رب العالمین (تجلی الیقین صفحہ ۱۰۸۔ مولانا امجد علی اعظمی صاحب نے مطبع اہل سنت والجماعت بریلی سے دوبارہ ۱۳۲۰ھ میں شائع کیا)

(۱۰۹) ادھر ۲۵ صفر ۱۳۳۹ھ جمعہ کے دن ۲ بج کر ۳۸ منٹ پر بریلی میں بو صیری دوراں اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں قدس سرہ العزیز دنیائے فانی سے روانہ ہو رہے ہیں ادھر بیت المقدس کے ایک شامی بزرگ عین اسی وقت خواب میں دیکھ رہے ہیں کہ حضرت رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین حاضر دربار ہیں لیکن مجلس پر سکوت طاری ہے۔ ایسا معلوم ہو رہا ہے کہ کسی آنے والے کا انتظار ہے۔ وہ شامی بزرگ بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں عرض کرتے ہیں فداک ابی و امی کس کا انتظار ہے۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا احمد رضا کا انتظار ہے۔ انہوں نے عرض کیا احمد رضا کون ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا ہندوستان میں بریلی کے باشندے ہیں۔ بیداری کے بعد شامی بزرگ نے پتہ لگایا تو معلوم ہوا کہ اعلیٰ حضرت" ہندوستان کے بڑے ہی جلیل القدر عالم ہیں اور اب تک بقید حیات ہیں۔ اعلیٰ حضرت" کی ملاقات کے شوق میں وہ بزرگ فوراً ہندوستان کے لئے روانہ ہو گئے لیکن جب بریلی پہنچے تو معلوم ہوا کہ اعلیٰ حضرت" کا وصال ۲۵ صفر کو ٹھیک اسی وقت ہوا تھا جس وقت ان بزرگ نے خواب دیکھا تھا (سوانح اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی" صفحہ ۳۶۵)

(۱۱۰) مولوی سید شاہ جعفر میاں" خطیب جامع مسجد کپور تھلہ (مشرقی پنجاب) نے اپنے والد صاحب کے عرس کے موقع پر بیان کیا کہ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا

marfat.com
Marfat.com

خاں صاحب جب دوسری مرتبہ زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مدینہ طیبہ حاضر ہوئے تو شوق دیدار میں روضہ شریف کے مواجہہ میں درود شریف پڑھتے رہے اور یقین ہو گیا کہ سرکار علیہ الصلوۃ و السلام ضرور عزت افزائی فرمائیں گے اور بالمواجہہ زیارت بابرکت سے مشرف فرمائیں گے۔ لیکن پہلی شب ایسا نہ ہوا تو ایک نعت کہی جس کا مطلع یہ ہے۔ ؎

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں　　　تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

یہ نعت مواجہہ اقدس (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) میں عرض کرکے انتظار میں مودب بیٹھے تھے کہ قسمت نے یاوری کی اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیداری کی حالت میں اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھا اور زیارت مقدس کی اس خصوصی دولت کبریٰ و نعمت عظمیٰ سے شرفیاب ہوئے (حیات اعلیٰ حضرت صفحہ ۴۴) (سوانح اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی" از علامہ بدرالدین احمد رضوی قادری صفحہ ۲۹۰).

(۱۱۱)　　　اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا بریلوی" فرماتے ہیں کہ مولوی برکات احمد صاحب" میرے والد بزرگوار کے شاگرد اور میرے پیر بھائی تھے۔ جب ان کا انتقال ہوا تو میں دفن کے وقت ان کی قبر میں اترا۔ مجھے بلا مبالغہ وہ خوشبو محسوس ہوئی جو پہلی بار حج کے موقع پر میں نے روضہ انور (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما) کے قریب پائی تھی۔ ان کے انتقال کے دن مولوی سید امیر احمد صاحب" حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت اقدس سے مشرف ہوئے کہ گھوڑے پر تشریف لئے جاتے ہیں۔ عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کہاں تشریف لے جا رہے ہیں ارشاد فرمایا برکات احمد کے جنازے کی نماز پڑھنے (ملفوظات حصہ دوم حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی" صفحہ ۲۹)

(۱۱۲)　　　سید ایوب علی صاحب کا بیان ہے کہ بعد نماز جمعہ حضرت مولانا احمد

marfat.com
Marfat.com

رضا خان صاحب بریلوی" پھاٹک میں تشریف فرماتے اور حاضرین کا مجمع تھا کہ شیخ امام علی صاحب قادری رضوی مالک ہوٹل آئس کریم بمبئی کے برادر خورد مولوی نور محمد صاحب کی آواز جو بسلسلہ تعلیم مقیم آستانہ تھے باہر سے قناعت علی "قناعت علی" پکارنے کی گوش گذار ہوئی۔ آپ نے انہیں فوراً طلب فرمایا اور ارشاد فرمایا سید صاحب کو اس طرح پکارتے ہو۔ کبھی آپ نے مجھے بھی انکا نام لیتے ہوئے سنا۔ مولوی نور محمد صاحب نے ندامت سے نظر نیچی کرلی۔ فرمایا تشریف لیجائیں اور آئیندہ اس کا لحاظ رکھیئے۔ اسی تذکرہ میں حضرت بریلوی" نے فرمایا کہ شریف مکہ (شرفا جمع ہے شریف کی جو عرب میں آل رسول" کے لئے مخصوص لفظ ہے) کے زمانہ میں حاجیوں سے ٹیکس بڑی سختی سے وصول کیا جاتا تھا یہاں تک کہ اس کے کارکن مستورات کی جامہ تلاشی لیتے تھے۔ ایک عالم مع مستورات وہاں پہنچے۔ ان کی مستورات کے ساتھ بھی وہی برتاؤ کیا گیا۔ عالم صاحب کو یہ بات بہت شاق گذری اور انہوں نے رات بھر شریف مکہ کو برا بھلا کہا اور بد دعائیں دیں۔ صبح ہوتے آنکھ لگ گئی۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مولوی صاحب سے ارشاد فرمایا کہ میری اولاد ہی آپ کو بد دعا دینے کے لئے رہ گئی تھی (مظہر المناقب جلد اول از ملک العلماء مولانا ظفرالدین صاحب رضوی صفحہ ۲۰۴)

(۱۱۳) سید ادریسی" یمن کے رہنے والے ہیں۔ پشتینی پیر زادہ ہیں۔ نام سیدی محمد ابن علی ابن احمد ابن ادریس ہے۔ آپ کا عرف ادریس اپنے پر دادا کے نام سے منسوب ہے۔ سید ادریس شاذلی" طریقہ شاذلیہ کے بڑے صاحب کمال درویش تھے۔ سیدی ادریسی باعتبار ظاہران تمام محاسن کا مجموعہ ہیں جو ایک درویش میں ہونے چاہیں۔ ان کے دادا سید احمد" کی نسبت عام طور پر یہ عقیدہ ہے کہ انہوں نے عالم بیداری میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تھی۔ ۱۹۲۶ء میں سیدی ادریسی ۳۲ سال کے جوان تھے۔ روزانہ ایک ہزار سے ڈیڑھ ہزار تک عرب آپ کے مرید ہوتے تھے اور یہ کام آدھ گھنٹے سے ایک گھنٹہ میں

marfat.com
Marfat.com

ختم ہو جاتا تھا۔ ایک بڑے میدان میں مرید جمع ہوتے۔ ان کے چاروں طرف رسی کا ایک حلقہ بنا دیا جاتا پھر سیدی ادریسؒ ایک بلند مقام پر کھڑے ہو کر اس کے سرے ہاتھ میں لے کر تلقین فرماتے اور پابند شریعت رہنے کا عہد لیتے اور بیعت اور بیعت کی تعلیم مکمل کر کے ان کو رخصت کرتے۔ آپ شیخ سنوسیؒ کے پیر زادے ہیں۔ شیخ سنوسیؒ الجزائر کے مالکی مسلمان، بہت بڑے عالم، علم جفر کے ماہر۔ بعض شاگرد اور مرید آپ کو مہدی آخرالزماں سمجھتے تھے۔ شیخ احمد سنوسیؒ نے ۱۹۳۲ء میں مدینہ طیبہ میں وصال فرمایا۔ ظاہر ہے جس شخص کا شیخ سنوسیؒ جیسا شہرہ آفاق با اثر بزرگ متوسل ہو اس کے صاحب اثر ہونے میں کون کلام کر سکتا ہے۔ سیدی ادریسؒ کا فتویٰ ہے کہ نئی طاقتیں حاصل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں مگر پہلے اپنے عقائد کو پختہ کر لیں اور اپنے وجود کو اسلام کا نمونہ بنا لیں۔ اس کے بعد جو کام ہو گا اچھا ہو گا۔ مرد مومن تقویٰ سے پہچانا جاتا ہے۔ ایمان کی بنیاد تقویٰ پر ہے۔ پہلے متقی بنو پھر نئی روشنی کے تمام ہتھیار زیب تن کر لو۔ کچھ ڈر نہیں (اسی بات کو قدسی مقام علامہ اقبالؒ نے یوں فرمایا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

دل میں ہو لا الہ تو کیا خوف   تعلیم ہو گر فرنگیانہ !!!

(چار درویشوں کا تذکرہ از مصور فطرت حضرت مولانا خواجہ حسن نظامی دلی والےؒ)

عربوں کا قاعدہ ہے کہ سوائے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین باقی سب بزرگوں کو "سیدی" کہتے ہیں مگر صحابہ کرام کو "سیدنا" بالخصوص جب کسی غائب شخص کا ذکر آئے اور عرب اس کو سیدی کہیں تو سمجھ لو کہ وہ کوئی بہت بڑا انسان ہے۔

(۱۱۴) جناب مولانا حکیم نعمت اللہ متوطن خانقاہ مانک پور ضلع پرتاب گڈھ (یو۔ پی۔ بھارت) نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لئے جا رہے ہیں اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ قدس سرہ آپؐ کے پیچھے پیچھے قدم بقدم چل رہے ہیں (حکایات اولیاء از حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ صفحہ ۳۶۷)

(۱۱۵) مولانا عبدالماجد دریا بادی قدس سرہؒ نے ایک روز خواب دیکھا کہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ کے دستر خوان پر کھانا کھا رہا ہوں۔ علمائے فرنگی محل (لکھنؤ) بھی ایک دو موجود ہیں۔ میں مولانا تھانویؒ سے عرض کر رہا ہوں کہ دیکھئے حضرت یہ لوگ کہہ رہے ہیں کہ مہاراجہ کشن پرشاد کے جنتی ہونے میں شبہ نہیں اس لئے کہ وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے خواب میں مشرف ہو چکے ہیں حالانکہ مطلق رویت ہرگز نجات کے لئے کافی نہیں۔ رویت مع الایمان ہونی چاہیے۔ ورنہ مطلق زیارت تو خواب میں نہیں بیداری میں ابوجہل اور ابولہب کو بارہا نصیب ہوتی رہتی تھی۔ جناب اس پر سر جھکائے کچھ فرما رہے ہیں۔ الفاظ یاد نہیں رہے صرف اتنا یاد ہے کہ تائید میرے ہی خیالات کی فرمائی ہے۔ ("حکیم الامت" نقوش و تاثرات از مولانا عبدالماجد دریا بادیؒ صفحہ ۲۳۰)

marfat.com
Marfat.com

ہزایکسی لینسی مہاراجہ سرکشن پرشاد شاؔد وزیر اعظم ریاست حیدر آباد دکن (بھارت) کی ایک نعت قارئین کی دلچسپی کے لئے پیش کرتا ہوں۔

بلوائیں کبھی شاد جو سلطانؐ مدینہ — جاتے ہی میں ہو جاؤں گا قربان مدینہ

ہے احمد بے میم کا دربار مقدس — سو عرش سے بالا ہے اک ایوان مدینہ

وہ گھر ہے خدا کا تو یہ محبوبؐ خدا ہیں — کعبہ سے بھی اونچی نہ ہو کیوں شان مدینہ

پھر میری شفاعت میں کہاں دیر لگے گی — پہچانتے ہیں خود مجھے سلطانؐ مدینہ

مومن ہوں کہ کافر ہوں خدا جانے میں کیا ہوں — پر بندہ ہوں ان کا جو ہیں سلطانؐ مدینہ

لے جاؤں میں ساتھ اپنے فقط عشق محمدؐ — تحفہ ہے میرے پاس یہ شایان مدینہ

دربار میں جانے سے نہ روکیں مجھے شاؔد — پہچانتے ہیں سب مجھے دربان مدینہ

یمین السلطنت مہاراجہ سرکشن پرشاد دربار اکبری کے مشہور رکن راجہ ٹوڈرمل سے نسبی تعلق رکھتے تھے۔ ۱۹۰۱ء تا ۱۹۱۲ء مدارالمہام اور پھر ۱۹۲۵ء تک صدراعظم رہے۔ صوفی منش انسان تھے جن کو ہر مذہب و ملت کے لوگوں سے مساویانہ عقیدت تھی۔ ان کی طبیعت ہندو مسلم کلچر کا امتزاج تھی۔ قرآن مجید اور درود و وظائف سے بھی شغف تھا۔ حضرت خواجہ اجمیریؒ سے بطور عقیدت ایک بیٹے کا نام خواجہ پرشاد رکھا تھا۔ (مگر آخرت کی کامیابی کے لئے تو خالص ایمان شرط ہے۔ وہاں مذاہب کی "کاک ٹیل" کام نہ دے گی)

(۱۱۶) مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور (یو۔ پی۔ بھارت) کے ایک مفتی صاحب نے ایک شرعی مسئلہ پر اپنا ایک عجیب و غریب خواب لکھا ہے کہ ایک روز مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت حالت بے خودی میں نصیب ہوئی۔ آپ ؐ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ کیا تمہیں "ذراری" یعنی اطفال مشرکین کے جنتی ہونے میں شک ہے۔ ارشاد ایسے طریقے سے تھا کہ جس سے ان کا جنتی ہونا معلوم ہوتا تھا(ملفوظات ششم مولانا اشرف علی تھانویؒ صفحہ ۶۰)

marfat.com
Marfat.com

(۱۱۷) حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے ایک مرید نے یہ خواب دیکھا کہ میں چاہ زمزم پر حاضر ہوں اور شاید مولوی محمد شفیع بجنوریؒ بھی ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور زم زم کا پانی باربار نہایت عجلت اور تیزی سے ایک برتن میں بھر بھر کر لاتے اور مجھ کو پلاتے ہیں یہاں تک کہ میں آسودہ ہو گیا اور میرے شکم میں گنجائش نہ رہی لیکن حضرت رسول اللہ صلی ار علیہ وسلم اسی سرعت کے ساتھ برابر زم زم لاتے جاتے اور پلاتے جاتے تھے۔ جب پیتے پیتے میں تھک گیا اور پیٹ نکل آیا تو میں نے دل میں سوچا کہ انواع و اقسام کے امراض میں مبتلا ہوں اور آب زمزم کو جس نیت سے پیا جائے مفید ہے لہٰذا اب رفع امراض کی نیت سے پینا چاہئے۔ چنانچہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاتے رہے اور میں پیتا رہا۔ چیزیں بعض آپؐ نے مجھے بتائیں اور بعض میں نے خود دریافت کیں۔ خواب طویل ہے۔ اکثر حصہ ذہن سے نکل گیا۔ (تربیت السالک حصہ دوم از مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ صفحہ ۱۲ تا ۱۳)

(۱۱۸) ایک مسجد میں جو کہ مشابہ جامع مسجد کانپور کے ہے نماز جماعت ہو رہی ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود امام ہیں۔ میں بھی صف میں داہنی جانب ہوں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حج وداع کے لئے تشریف لائے ہیں اور اب مدینہ شریف تشریف لے جائیں گے۔ یہ بھی یاد آتا ہے کہ اب ذی الحجہ ہے اور ربیع الاول میں آپؐ کا وصال ہو جائے گا تو کل تین ماہ حیات مبارکہ کے باقی ہیں۔ اس لئے خیال کر رہا ہوں کہ میں بھی ہمراہ آپ کے چلوں گا اور جب تک آپؐ اس عالم میں تشریف رکھتے ہیں حدیثیں سن سن کر خود لکھوں گا (یہ خواب خود حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے دیکھا تھا) (اشرف السوانح

marfat.com
Marfat.com

حصہ سوم بقلم عزیز الحسن صاحب و عبدالحق صاحب صفحہ ۱۸۱)

جامع المجددین حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ ۱۹ ستمبر ۱۸۶۳ء کو تھانہ بھون (یو۔ پی۔ بھارت) میں پیدا ہوئے۔ اور ۱۹/۲۰ جولائی ۱۹۴۳ء مطابق ۱۶ رجب المرجب ۱۳۶۲ھ شب سہ شنبہ بوقت عشاء تھانہ بھون میں وصال فرمایا۔ تمام اکابرین دیوبند کی طرح، آپ کی قبر بھی کچی ہے۔ باعمل، جید عالم، عظیم بزرگ اور مجدد وقت تھے۔ آپ کی تصانیف کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ ہے۔ وقت پر کام کرنے کے اس قدر پابند تھے کہ لوگ آپ کے اوقات کار کی مناسبت سے اپنی گھڑیاں درست کر لیتے تھے۔ آپ نے اپنی زندگی کے ہر منٹ اور سیکنڈ کا بہترین استعمال کیا۔ قطب الاقطاب حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے آخری خلیفہ اور جانشین تھے۔ مسلم لیگ اور پاکستان کے زبردست حامی۔ قائد اعظم کو آپ پر ناز تھا۔ آپ کے ملفوظات میں کانگریس کے غلبہ سے کشت و خون کے جو اندیشے تھے وہ بیان ہیں جن کو بعد میں سب لوگوں نے دیکھ لیا۔ بالکل خلاف عادت ایک مرتبہ دو بجے رات حاجی سعید اللہ عثمانیؒ سے فرمایا کہ ۱۹۴۷ء میں پاکستان بن جائے گا اور یہ بات پاکستان کے وجود میں آنے سے کئی سال پہلے کی۔ پاک و ہند کے ہزاروں جید ترین علماء آپ کے شاگرد، خلفاء اور مرید گذرے ہیں۔

(۱۱۹) حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانویؒ نے فرمایا کہ میں بچپن میں خواب بہت دیکھتا تھا۔ اب تو بالکل نظر نہیں آتے۔ تعبیر حضرت مولانا یعقوب صاحبؒ (مدرس اول دارالعلوم دیوبند) سے لیا کرتا تھا۔ مولانا نے بعض اوقات استخارہ تک مجھ سے کرایا ہے کہ تجھے خواب سے مناسبت ہے۔ ایک مرتبہ میں نے خواب میں دیکھا کہ مولانا دیوبندی (شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ) کے مردانہ مکان میں دروازہ کے سامنے جو چبوترہ ہے اس کے کنارے پر ایک چارپائی بچھی ہے اور اس پر ایک بزرگ بیٹھے ہیں جو نہایت نازک، دبلے پتلے،

marfat.com
Marfat.com

اچھا قد نہایت نفیس اور قیمتی کپڑے پہنے ہیں۔ انہوں نے مجھے ایک کاغذ دیا جس پر لکھا ہوا تھا کہ ہم نے تم کو عزت دی اور اس کاغذ پر بہت سی مہریں تھیں جو نہایت صاف تھیں اور ان پر لکھا ہوا تھا "محمد" (صلی اللہ علیہ وسلم)(حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حلیہ شریف میں دیکھنا کچھ ضروری نہیں)۔ اسی خواب میں پھر یوں دیکھا کہ تھانہ بھون میں شادی لال تحصیلدار کے مکان میں پھاٹک سے متصل جو مکتب تھا اس کے اندر کے درجہ میں ایک انگریز اجلاس کر رہا ہے۔ لباس اس کا بالکل سیاہ ہے (یہ معلوم نہیں مکان میں کیونکر پہنچا) اس نے مجھے ایک پرچہ دیا۔ اس میں بھی یہی عبارت تھی کہ ہم نے تم کو عزت دی۔ اس میں بھی بہت سی مہریں تھیں مگر صاف نہ تھیں۔

میں نے مولانا محمد یعقوب صاحبؒ سے خواب عرض کیا تو فرمایا کہ تم کو دین اور دنیا کی عزتیں نصیب ہوں گی (کیسی برجستہ تعبیر ہے دنیا جس کا مشاہدہ کر رہی ہے) (حکایات اولیاء از حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ صفحہ ۴۱۹)

(۱۲۰) جمعتہ الوداع کی شب کو فدوی نے ایک خواب دیکھا کہ بندہ کسی جگہ پر بیٹھا ہوا حلقہ کر رہا ہے۔ اوپر سے ایک تخت نمودار ہوا جس میں چار چراغ روشن تھے اور چار ہی اصحابؓ نظر آئے۔ وہ اصحابؓ مجھے تخت پر بٹھا کر ہمراہ لے گئے۔ تخت جنگلوں اور سمندروں پر سے گزرا یہاں تک کہ ایک مسجد دکھائی دی۔ یہاں وہ تخت ٹھہرا اور وہاں ہم نے نماز پڑھی۔ مسجد کی پشت پر ایک نہر بہتی تھی جس سے ہم سب نے پانی پیا۔ تخت پر بیٹھ کر ہم پھر روانہ ہوئے یہاں تک کہ ایک بازار آیا جس میں ہر قسم کا سامان فروخت ہو رہا تھا۔ انہوں نے یہ تخت بازار میں ٹھہرا لیا۔ ایک دوکان پر لکھا ہوا تھا۔ یہاں پر رشیدیہ اور اشرفیہ کتابیں ملتی ہیں۔ میں نے یہ پڑھ کر ان بزرگوں سے کہا کہ وہ مجھے مولانا رشید احمد گنگوہیؒ اور مولانا اشرف علی تھانویؒ کی کتابیں دیں۔ انہوں نے چار کتابیں مجھے دیں۔ ان سے وہ کتابیں لے کر پھر اسی تخت پر بیٹھا جو پھر

marfat.com
Marfat.com

اسی طرح رخصت ہوا۔ پھر ایک سفید مکان نظر آیا جس پر سبز پردے پڑے ہوئے تھے۔ وہاں تخت ٹھہر گیا۔ اور ایک کمرہ کے اندر یہ چاروں بزرگ بھی چلے گئے۔ اس کمرہ میں اس قدر تیز روشنی تھی کہ میں تاب نہ لا سکتا تھا اور وہاں نہ کوئی چراغ اور نہ بتی نظر آتی تھی۔ وہاں پر تکیہ اور قالین بچھا ہوا تھا جس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سفید اونی کپڑے پہنائے جا رہے تھے۔ کپڑے پہننے کے بعد آپ اس تکیہ سے کمر لگا کر بیٹھ گئے۔ دروازہ کے باہر آپؐ کے سامنے میں کھڑا ہوں۔ آپؐ نے مجھے اندر بلا لیا اور حضرت صدیق اکبرؓ سے فرمایا کہ یہ مولانا اشرف علیؒ کا خادم ہے۔ میں سلام کر کے بیٹھ گیا اور مصافحہ کیا۔ ایک گلاس پانی آیا جس کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نوش فرمایا اور چاروں صحابہ کرامؓ نے بھی وہ پیا اور اس کا باقی بچا ہوا پانی میں نے پیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مولانا اشرف علیؒ کی کتابوں پر عمل کرتے رہنا اور دوسروں کے کہنے سننے سے نہ رکنا۔ (شریف احمد سقہ۔ گنج پوری۔ تحصیل و ضلع کرنال) (حیات اشرف از غلام محمد بی۔ اے۔ عثمانیہ یونیورسٹی (حیدر آباد دکن) صفحہ ۹۶ تا ۹۸) (اس رویا سے مولانا تھانویؒ کے مرتبہ عالی' آپ کے سلسلہ کی صحت و مقبولیت' آپ کے فیوض علمی کی حقانیت اور اس دور میں آپ کے متروکہ خزانہ علمی کی قدر و منزلت کا پتہ چلتا ہے۔ حیات اشرف)

(۱۲۱) حافظ اشفاق رسول تھانوی مولدا و بروتی (جو وضوح و صدق رویاء میں خاص مناسبت رکھتے ہیں اور ذکر مولد شریف کے از حد شائق و راغب ہیں اس لئے بالخصوص اس میں تصرف خیال کا قطعا" احتمال قطع ہے) لکھتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رونق افروز ہیں۔ دونوں پائے مبارک دراز کئے ہوئے ہیں اور چادر سفید پاؤں سے گردن تک ڈالے ہوئے ہیں اور ایک دوپٹہ کمر سے بندھا ہوا ہے اور سفید چوغہ زیب بدن ہے۔ کمترین

marfat.com
Marfat.com

نے سامنے جا کر سلام عرض کیا۔ ارشاد ہوا کہ جو شخص ہماری تعریف کر کے شفاعت چاہے ہم اس کی شفاعت نہیں کریں گے۔ ہم اس کے شافع ہوں گے جو ہماری احادیث پر عمل پیرا ہو گا۔ اس سے تائید مدعا کی مع زیارت ہوتی ہے اور وہ زیارت یہ ہے کہ اگر مدح میں تمام تر رعایات و شرائط بھی ملحوظ ہوں تب بھی وہ اتباع سے درجہ متاخر میں ہے۔ (نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیبؐ از حکیم الامت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانویؒ صفحہ ۳۲۹)

(۱۲۲) ڈھاکہ (بنگلہ دیش) میں ایک بزرگ نے جو مولانا اشرف علی تھانویؒ کے شناسا نہ تھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں "اشرف علی صاحب کو میرا سلام پہنچا دو" ان بزرگ نے عرض کیا کہ میں تو ان صاحب سے واقف نہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "ظفر احمد کے ذریعہ" (مولانا ظفر احمد عثمانیؒ مولانا تھانویؒ کے حقیقی بھانجے ہیں۔ ڈھاکہ میں مقیم ہیں اور یہ بزرگ ان سے واقف ہیں) چنانچہ صبح کو ان بزرگ نے مولانا ظفر احمد سے یہ واقعہ بیان کیا اور مولانا موصوف نے اس کی اطلاع حکیم الامت حضرت مولانا تھانویؒ کو روانہ کر دی۔ جب مولانا تھانویؒ تک یہ مژدہ پہنچا تو آپ پر ایک کیفیت طاری ہو گئی اور بے ساختہ زبان سے نکلا وعلیکم السلام یا نبی اللہ۔ (صلی اللہ علیہ وسلم) اور اس کے بعد فرمایا آج تو دن بھر صرف درود شریف ہی پڑھوں گا اور باقی سب کام بند۔ (اس سے مولانا تھانویؒ کی شان عالی اور عنداللہ آپ کی مقبولیت اور محبوبیت عیاں ہے' حیات اشرف از غلام محمد صاحب بی۔ اے عثمانیہ صفحہ ۹۸ تا ۹۹)

(۱۲۳) "مورد الفرجی فی مولد البرزخی" حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا وعظ جو جامع الکلم ہے پڑھا اس وعظ شریف کی برکت سے خواب میں حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کی جن کے درمیان حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ

marfat.com
Marfat.com

وسلم بھی تشریف فرما ہیں زیارت نصیب ہوئی اور اس مجمع میں آپ بھی ہیں۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ (اشرف السوانح حصہ سوم صفحہ ۱۸۴) فضل احمد ہیڈ مولوی مکان عبدالرحمٰن والا۔ محلّہ افغاناں علی گڑھ (یو۔ پی۔ بھارت)

(۱۲۴) حضرت آج کئی دن ہوئے۔ رات خواب دیکھتا ہوں کہ ایک جگہ بہت بڑی مجلس ہے۔ اس مجلس میں حضرت والا (یعنی حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ) تشریف لئے جا رہے ہیں۔ حضرت والا کے پیچھے احقر بھی جا رہا ہے۔ تھوڑی دور جا کر دیکھتا ہوں اور اصحاب بھی تشریف لے جا رہے ہیں۔ احقر نے لوگوں سے دریافت کیا کہ یہ صاحبان کون ہیں تو جواب ملا کہ سب سے آگے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ ان کے بعد حضرت والا بھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہو گئے ہیں۔ احقر پیچھے ہے۔ سامنے ایک دریا دیکھتا ہوں تو حضرت والا اور سب صاحبان آسانی سے پار ہو جاتے ہیں۔ احقر فکر مند ہے کہ کیسے جائے۔ اس کے بعد حضرت والا نے فرمایا کہ تم بھی اسی طرح چلے آؤ تو میں بھی پار ہوگیا۔پار ہو کر دیکھتا ہوں کہ وہ مجلس تیار ہے۔ (سید احمد قصبہ رنگونیہ محلّہ مراد نگر۔ ضلع چاٹگام۔ بنگال) (اشرف السوانح حصہ سوم صفحہ ۱۸۳)

(۱۲۵) چونکہ غریب الوطن کو تین سال ہو گئے ہیں کہ وطن سے آیا ہے اور بندہ کا یہ خیال تھا کہ کہیں پیر کامل کی قدم بوسی کروں۔ مدت ہو گئی بندہ اسی پریشانی میں تھا کہ بندہ نے خواب دیکھا وہ یہ کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور آپ کے ہمراہ حضرت سعید بن المسیبؒ تھے اور ان کے ساتھ ایک صندوق تھا مسدس۔ آپؐ نے فرمایا کہ اس کو رکھو اور اس صندوق کے ہر جانب اسماء مکتوب تھے اور فوق جانب "راقم محمد صلی اللہ علیہ وسلم" یہ لفظ بعینہٖ تھا اور شرق جانب میں جناب (مولانا تھانویؒ) کا نام

marfat.com
Marfat.com

تھا۔ اس طریق پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے نام کی طرف اشارہ فرما دیا اور مجھے فرمایا کہ اس نام کو یاد رکھو اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صندوق سے شمال کی جانب تھے اور حضرت سعید بن المسیبؒ جنوب کی جانب تھے۔ (اشرف السوانح حصہ سوم صفحہ ۱۸۹ تا ۱۹۰)

(۱۲۶) بتاریخ ۱۹ذی الحجہ بروز بدھ ۲ بجے رات کو عالم رویا میں دیکھتا ہوں کہ حضور (مولانا تھانویؒ) کے ہمراہ بہت سے مرید ہیں جو حضور کے بائیں جانب برابر چلے جا رہے ہیں اور فدوی داہنی جانب دائیں ہاتھ کے قریب پشت مبارک سے نہایت متصل جا رہا ہے یہاں تک کہ ایک میدان یا احاطہ میں پہنچ گئے۔ حضور وہاں کھڑے ہو گئے اور فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دربار ہے خوب غور سے دیکھو۔ فدوی نے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کبار رضی اللہ عنہم ایک بڑے تخت پر رونق افروز ہیں۔ اور ایک مجمع کثیر حلقہ باندھے کھڑا ہے لیکن فدوی کو یہ تمام مجمع اور تخت مبارک اور حضور پر نور علیہ الصلوۃ والسلام اور اصحاب کبارؓ دھندلے نظر آ رہے ہیں۔ فدوی نے حضور سے نہایت گریہ و زاری سے عرض کیا کہ مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور صاف نہیں دکھائی دیتا۔ اس پر حضور نے فرمایا کہ ذکر کی کثرت کیا کرو۔ انشاء اللہ صاف دکھائی دے گا۔ فدوی کی اس وقت بحالت زاری آنکھ کھل گئی (اشرف السوانح حصہ سوم صفحہ ۱۹۰)

(اول اول خواب دیکھنے والوں کے نام و نشان اس لئے نقل نہیں کئے جاتے تھے کہ خواب بھی ایک درجہ میں اسرار ہیں تو کیوں کسی کے اسرار ظاہر کئے جائیں۔ اس کے بعد یہ خیال پیدا ہوا کہ نام ظاہر نہ کرنے کی مصلحت مذکور سے نام ظاہر کرنے کی مصلحت قوی ہے تاکہ دوسرے لوگ بھی ان کا ثقہ یا غیر ثقہ ہونا دیکھ سکیں اس لئے پھر نام نقل کئے جانے لگے۔ اس لئے بعض خوابوں کے ساتھ نام

marfat.com
Marfat.com

و نشان نظر آئیں گے اور بعض میں نہیں۔ اور تعبیر اس لئے نقل نہیں کی گئی کہ ناظرین کو جس پر اعتماد ہو اس سے دریافت کر لیں۔ اشرف السوانح)

(۱۲۷) یہ دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مکان میں تشریف فرما ہیں۔ جناب والا (مولانا تھانوی) بھی وہاں تشریف رکھتے ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کئی طالب علم بیٹھے ہوئے ہیں اور حدیث شریف کی ایک کتاب پاس رکھی ہے (اشرف السوانح حصہ سوم صفحہ ۱۸۷)

(۱۲۸) ایک شخص مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ کے ساتھ کانپور (یو۔ پی۔ بھارت) میں تھا۔ اس نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک راستے پر چلے جا رہے ہیں۔ آپؐ کے پیچھے مولانا تھانوی ہیں اور مولانا تھانوی کے پیچھے وہ شخص ہے (حیات اشرف صفحہ ۹۵)

(۱۲۹) کل شب خواب میں دیکھا کہ سرزمین مکہ کے ایک بہت وسیع میدان میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور دائیں جانب حضرت والا (مولانا تھانوی) تشریف رکھتے ہیں اور ادھر ادھر بہت کثیر مجمع دیگر اصحاب کا حلقہ کئے ہوئے بیٹھا ہے مگر بجز اشرف الانبیاء علیہ الصلوۃ والتسلیم کے کسی دوسرے کا چہرہ صاف نظر نہیں آتا تھا۔ آپؐ کا چہرہ انور سرخ تھا۔ نہایت لطیف و نازک اور سفید ٹوپی زیب سر کئے ہوئے تھے میں حاضر ہوا تو قصد بیعت ہونے کا کیا۔ اس پر ارشاد ہوا سامنے آکر بیٹھو ہم بھی دیکھیں یہ مرید کیسا ہے۔ میں نہایت ادب سے ڈرتا ہوا دوزانو بیٹھا مگر کچھ مسکراہٹ آنے لگی۔ میں نے روکا اور نہایت مودب ہو کر دوزانو سامنے بیٹھا۔ پھر تھوڑا سا آگے بڑھا اور بیعت کی خواہش کا اظہار کیا۔ اس پر آپؐ نے مجھ سے عہد بیعت لینا ہنوز شروع نہ کیا تھا کہ حضرت والا نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

marfat.com
Marfat.com

عرض کیا کہ ان سے عہد لے لیجئے کہ کرسی پر نہ بیٹھیں گے۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا عہد کرو کہ میں کرسی پر نہ بیٹھوں گا اور اسی کیساتھ کسی اور بات کا عہد لیا مگر وہ بات یاد نہیں رہی۔ میں نے عہد کیا کہ میں کرسی پر نہ بیٹھوں گا۔ (منقول از اصل خط "منشی علی سجاد صاحب بی۔ اے۔ ڈپٹی کلکٹر شاہ آباد ضلع ہردوئی (یو۔ پی۔ بھارت)

(۱۳۰) حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی" قدس سرہ فرماتے ہیں کہ ایک بہت معمر حافظ صاحب تھے جو بعد میں قصبہ بڑوت میں جا کر رہنے لگے تھے۔ ان کو ہمارے اول طبقہ کے اکابر حضرات جیسے حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہ" سے خاص تعلق تھا گو اس وقت کسی سے بیعت نہ تھے۔ ان کو مولود شریف اور نعتیہ اشعار کا بہت شوق اور اہتمام تھا۔ انہوں نے مجھ کو اپنا ایک خواب لکھا تھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور ارشاد فرما رہے ہیں کہ ہم اس سے خوش ہوتے ہیں جو ہماری اتباع کرے نہ کہ اس سے جو ہماری بہت تعریف کرے۔ (ملفوظات حصہ ہفتم مولانا اشرف علی تھانوی" صفحہ ۱۸۵)

(۱۳۱) ایک شخص نے مولانا اشرف علی تھانوی" سے بیان کیا کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں اس شکل میں دیکھا کہ آپ روضہ مبارک میں بیٹھے ہوئے حقہ پی رہے ہیں (نعوذ باللہ) مولانا نے جواب دیا کہ تم کو اپنی صورت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آئینہ میں نظر آئی۔ وہ شخص حقہ پیتے تھے ساتھ ہی آئینہ ہونے پر مولانا نے یہ حکایت سنائی کہ ایک شخص ایک بزرگ کی ملاقات کو حاضر ہوئے مگر بوقت ملاقات اس شخص کو ان بزرگ کی صورت کتے کی نظر آئی اس لئے یہ شخص ان سے مل کر خوش نہ ہوا۔ ان بزرگ نے وجہ دریافت کی۔ مجبور کرنے پر بتایا کہ حضرت کی صورت

marfat.com
Marfat.com

مجھے کتے کی نظر آ رہی ہے۔ معلوم نہیں کیا معاملہ ہے۔ فرمایا بالکل صحیح ہے۔ ڈر کی کوئی بات نہیں۔ ان بزرگ نے پھر اس کو کچھ پڑھنے کو بتا دیا اس کے بعد ملنے آیا تو بزرگ کو ان کی اصلی صورت پر دیکھا۔ معاملہ دریافت کیا تو فرمایا کہ یہ تم نے اپنے اعمال کی صورت دیکھی تھی۔ اس تعلیم اور ذکر کی برکت سے تمہارے اعمال کی صورت بدل گئی۔ میں تو محض تمہارا آئینہ تھا۔ یہ حقیقت ہے۔ ان واقعات کو کبھی اس کے خلاف خیال نہ کرنا چاہئے۔ (ملفوظات حصہ دوم مولانا اشرف علی تھانویؒ صفحہ ۲۷۷)

(۱۳۲) ۱۹۴۱ء میں حضرت مولانا عبدالماجد دریا بادی قدس سرہٗ کی اہلیہ نے ایک عجیب خواب دیکھا۔ دیکھا کہ مدینہ منورہ کی مسجد قبا میں حاضر ہیں۔ وہیں مولانا اشرف علی تھانویؒ کی چھوٹی بیوی صاحبہ بھی ہیں۔ یہ انہیں دیکھ کر بہت خوش ہیں۔ انہوں نے دریافت فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر دیکھو گی؟ انہوں نے بڑے اشتیاق سے کہا ضرور۔ اتنے میں کسی نے کہا کہ یہ تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں۔ اب تو یہ بڑے ہی غور اور حیرت سے ان کی طرف دیکھ رہی ہیں کہ صورت، شکل، وضع و لباس چھوٹی بیوی صاحبہ کا ہے یہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیسی ہو گئیں۔ اتنے میں پھر کسی نے کہا کہ نہیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بہو ہیں اپنے دل میں اب یہ اور بھی حیرت کر رہی ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تو کوئی صاحبزادے بالغ نہ ہوئے تھے تو بہو کیسی؟ اتنے میں پھر آواز آئی ہر کلمہ گو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد ہے اور مولانا اشرف علی جیسے بزرگ تو خاص الخاص اولاد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیں۔ ان کی بیوی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بہو کہلائیں گی۔ اس کے بعد صحن مسجد سے انہیں ہمراہ لے کر چھوٹی بیوی صاحبہ مسجد کے اندرونی درجہ میں داخل ہوئیں۔ وہاں ایک دروازہ سا کھلا اور اس

marfat.com
Marfat.com

کے اندر سے بجائے تصویر کے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جلوہ مبارک نظر آیا۔ نورانیت اس غضب کی تھی کہ میں چہرہ مبارک پر نظر نہ جما سکی۔ گھٹنوں کے بل بیٹھ کر سر جھکا کر دست بستہ درود شریف با آواز بلند پڑھنے لگی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت مبارک کی طرف انہیں اپنے حقیقی چچا بھی کھڑے ہوئے نظر آئے جو ان کے بچپن میں اجمیر شریف کے تالاب میں ڈوب چکے تھے۔ ان کو دیکھ کر انہیں ذرا ڈھارس ہوئی اور یہ ان کے ہاتھ سے لپٹ گئیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تبسم کے ساتھ شفقت دلدہی کے لہجہ میں فرمایا "دل کی صاف ہے"

اس کے بعد یہ کہتی ہیں کہ مجھے اپنی ماں اور بہنیں یاد آئیں کہ انہیں بھی دوڑ کر بلا لاؤں اور زیارت کرا دوں۔ بس اسی میں آنکھ کھل گئی ("حکیم الامت" نقوش و تاثرات از مولانا عبد الماجد دریا بادی" - دریا باد نزد لکھنؤ (یو-پی۔ بھارت) صفحہ ۵۵۹ تا ۵۶۱)

(خواب کوئی حجت شرعیہ نہیں مگر رویائے صالحہ کا مبشرات میں سے ہونا۔ یہ حجت شرعیہ سے ثابت ہے اس لئے اس کو بشارت سمجھنا اور اس پر مسرور ہونا شرعاً" ماذون فیہ ہے۔ کسی کا حضرت عائشہؓ کہنا اشارہ ہے وراثت فی بعض الاوف کی طرف۔ اس کا ذکر ایک خاص عنوان سے "اصلاح القلوب" میں بھی ہے۔ اس کے بعد جو کچھ بھی کہا گیا اس کی توجیہہ خود خواب میں ظاہر کر دی گئی ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تجلی تو پوری ہی دولت ہے۔ اس کا کیا پوچھنا اور صفائی دل کی بشارت جس درجہ کی فال نیک ہے ظاہر ہے۔ مبارک ہے۔ غرض اس خواب سے جس جس کا تعلق ہے سب محل مبارک باد ہیں اور ساتھ ہی آپ بھی کہ ایسی مقبول بندی کے مالک ہیں۔ نعمت کا مالک ہونا بھی کم نعمت نہیں۔ مولانا تھانوی)

(۱۳۳) میں نے عالم خواب میں دیکھا بوقت ۳ بجے شب کہ حضرت

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بذات خود پڑھ رہے ہیں اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے فرما رہے ہیں کہ تم بھی سنو لیکن میں نے فرماتے ہوئے کانوں سے تو سنا مگر آپؐ کو دیکھا نہیں (ذوالفقار خیاط۔ ریاست گوالیار) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ ذی قعدہ ۱۳۵۵ھ)

(۱۳۴) ۵ رمضان المبارک کو غلبہ حزن زیادہ تھا۔ چھٹی کی شب کو ڈیڑھ اور دو بجے کے درمیان خواب دیکھا کہ والد مرحوم (مولانا محمد ادریس صاحبؒ) بہت سفید اور نورانی لباس میں ہیں۔ والد صاحبؒ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہؒ کے خدام میں سے تھے۔ پھر والد کی جگہ یہ نظر آیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ داہنی جانب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ با ادب سر جھکائے کھڑے ہیں۔ سامنے یہ ناکارہ ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زبان مبارک سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے فضائل بیان فرما رہے ہیں۔ آخری بات اس ناکارہ کو مخاطب کر کے یہ فرمائی "ما انا علیہ و اصحابی" یہ فرماتے ہی بجائے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت والا (مولانا اشرف علی تھانویؒ) کو تشریف رکھے دیکھا بعینہ اسی جگہ اور بجائے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے حافظ محمد طہ صاحب کورٹ انسپکٹر حضرت والا کے خادم کو۔ پھر آنکھ کھل گئی۔ تب بھی شکر کیا اور اب بھی شکر کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ حضرت والا کو قائم رکھے (محمد نجم احسن وکیل از پرتاب گڑھ) (یو۔ پی۔ بھارت) ۲۰ رمضان المبارک ۱۳۵۷ھ (اصدق الرویاء حصہ سوم۔ النور بابت ماہ شوال المکرم ۱۳۶۱ھ)

(۱۳۵) کمترین ایک مدت سے شیخ کامل کا خواہشمند تھا۔ ملے بہت سے مگر کوئی بھی با شریعت نہ ملا۔ آخر مجبور ہو کر متواتر سات مرتبہ استخارہ کیا۔ آخری تین مرتبہ حضور (مولانا تھانویؒ) کے متعلق حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

نے زیارت کے بعد مجھ کو بشارت دی۔ تصدیق خواب کے واسطے متعدد اشخاص سے معلوم کیا۔ آخری خواب میں تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بالکل واضح بتایا۔ اب اسی وقت سے حضور کا اشتیاق ہے۔ واقعات خواب مفصلاً" بوقت ملاقات یا بہ فرمان حضور کے عرض کروں گا۔ اب جس طرح پر حضور ارشاد فرمائیں بندہ تعمیل کرے گا (غلام قادر سکنہ بھیلہ۔ ریاست کپور تھلہ ضلع جالندھر۔ ڈاکخانہ ڈھلوان) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ذیقعدہ ۱۳۵۵ھ)

(۱۳۶) بندہ کی بیوی نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا تینوں بندہ کے گھر تشریف لائے ہیں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک کتاب کھول کر بندہ کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگ کہتے ہیں کہ یہ شخص آپ کی امت میں شامل ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ یہ شخص میری امت میں شامل ہے۔ پھر حضرت عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا کہ اس شخص نے کیوں بعض احادیث کو بیان کیا اور باقی کو نہ کیا۔ اس کے بعد بلند آواز سے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے خطاب کرتے ہوئے آپؐ نے فرمایا کہ اے امیر المومنینؓ آپ باقی احادیث امتیوں کو سنائیں۔ اس کے بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کو اس طرح تعلیم دی جانی چاہیے جیسے کسی اندھے کو ہاتھ سے پکڑ کر راستہ دکھایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ فرمایا کہ یہ شخص اگر اپنے مرشد سے مراسلت جاری رکھتا تو اس کی برکت سے نیک کاموں سے محروم نہ رہتا۔ اب بندہ نے اپنی دل میں عہد کر لیا ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ حضرت والا کے دربار میں ہمیشہ مراسلت جاری رکھوں گا۔ (یہ اصل خواب فارسی میں تھا جس کا اردو ترجمہ پیش کیا گیا ہے (مولوی عبدالرحمٰن پوسٹ چکنائی۔ مقام اسد گنج۔ برمکان

marfat.com
Marfat.com

محمد ولی میاں برادرس تاجر کتب) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ ذیقعدہ ۱۳۵۵ھ)

(۱۳۷) احقر نے خواب دیکھا کہ حضرت (مولانا تھانوی) مدظلہ نے مجھے کلید مثنوی کی ایک جلد عطا فرمائی۔ میں نے لینے میں تامل کیا اس خیال سے کہ میں اس کا اہل نہیں ہوں۔ حضرت نے دوبارہ دی اور فرمایا کہ اس کو لو اور پڑھا کرو۔ میں نے بسرو چشم قبول کی۔ اتنے میں معلوم ہوا کہ وہ دینے والے حضرت مولانا نہیں بلکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ میں نے یہ خواب حضرت مولاناؒ سے عرض کیا۔ فرمایا مبارک ہو اور یہ خواب کلید مثنوی کے مقبول ہونے کی علامت ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ (محمد مصطفیٰ مقیم میرٹھ) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ ذیقعدہ ۱۳۵۵ھ) یہ خواب کلید مثنوی ختم ہو جانے کے کچھ دن بعد دیکھا تھا۔

(۱۳۸) مدت گذری کہ ناچیز نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مع چاروں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین دیکھا تھا اور حضرت والا (مولانا تھانویؒ) کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑا دیکھا تھا۔ (سعادت حسین نظام پوری) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ذیقعدہ ۱۳۵۵ھ)

(۱۳۹) میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت (مولانا تھانویؒ) مع آٹھ دس علماء کے ایک مسجد میں بیٹھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو فرما رہے ہیں۔ (محمد ابراہیم ہیڈ مولوی مدرسہ اسلامیہ۔ لاڑوا۔ ڈاکخانہ رامپور بازار پڑھ) (اصدق الرؤیا حصہ دوم بابت ماہ ذیقعد ۱۳۵۵ھ)

(۱۴۰) اب دوبارہ جب حشمت علی کا پھر ورود ہوا تو ایک صالح و متقی

marfat.com
Marfat.com

شخص جو مسلک کے اعتبار سے اہل حدیث ہیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے اور انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) یہاں ایک مولوی صاحب حشمت علی نام کے آئے ہوئے ہیں اور وہ مولانا اشرف علی صاحب کو بہت برا بھلا کہتے ہیں۔ ان میں کون حق پر ہے۔ ارشاد اقدس ہوا مولوی اشرف علی حق پر ہیں ۔ وہ بہت اچھے آدمی ہیں (محمد منظور نعمانی مالک رسالہ الفرقان' بریلی) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ذیقعد ۱۳۵۵ھ) (میری' قسمت کہاں جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر میرا نام آوے اور رحمت سے آوے اور اس عنوان سے آوے جو حضرت صحابہؓ کے لئے ارشاد فرمایا گیا۔ مولانا تھانویؒ)

(۱۴۱) حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرماہیں اور آپؐ کی خدمت میں ہمارے حضرت مولانا تھانویؒ اور دیگر حضرات علماء حاضر ہیں۔ ایک بڑا مکان ہے۔ کسی نے عرض کیا کہ انگریزوں نے کئی ملک لے لئے ہیں۔ اس کے بعد دیکھا کہ کابل کی طرف سے ایک مسلمان نے لڑ کر وہ ملک انگریزوں سے واپس لے لئے۔ کسی نے عرض کیا حضرت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کابل کے مسلمانوں نے انگریزوں سے کئی ملک واپس لے لئے۔

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سن کر خوش ہوئے۔ پھر آپؐ مع علماء کئی شہروں میں پھرے۔ سب علماء نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ آپؐ وعظ فرمائیں۔ آپؐ نے جواب میں فرمایا کہ وعظ بیان کرنے والے بہت سے علماء موجود ہیں۔ دوبارہ پھر علماء نے درخواست کی۔ آپؐ نے دوبارہ جواب میں ہمارے حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب مدظلہ العالی کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ وعظ انہیں بیان کرنا چاہیے یہ اچھا وعظ بیان کرنے والے ہیں ۔ سب علماء چپ ہوگئے۔ شہر در شہر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع کل علماء کے پھرتے رہے۔ ایک شہر میں ایک بڑے

marfat.com
Marfat.com

مکان میں ٹھہرے۔ خواب ختم ہوا۔

اس خواب سے پہلے تین مرتبہ تین خواب دیکھے اور تینوں مرتبہ حضرت مولانا اشرف علی صاحبؒ کی شکل میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نظر آئے ہیں۔ میں نے تینوں مرتبہ مصافحہ کیا مگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ فرمایا نہیں۔

میں نے خواب ہی میں کہا کہ شکل ایسی ہی ہے جیسے ہمارے مولانا تھانویؒ کی لیکن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بولے نہیں۔ اس سے میرا دل رنجیدہ ہوا۔ دوسرا ایک شخص موجود تھا۔ اس نے کہا کسی بات پر ناراض ہونگے اس لئے نہیں بولے۔ خواب سے جب آنکھ کھلی طبیعت بہت رنجیدہ تھی۔ بہت دن رنج رہا۔ مولانا تھانویؒ سے خواب بیان کیا۔ مولانا صاحب نے فرمایا کہ رنجیدہ کیوں ہوتے ہو۔ اگر ناراض ہوتے تو مصافحہ کیوں کرتے۔ مولانا صاحب کے اس ارشاد کے بعد دل سے رنج کی کھٹک دور ہو گئی (ملا جیون ساکن گاؤں گوگوان ۵ شعبان بروز جمعرات ۱۳۵۳ھ) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ رمضان ۱۳۵۵ھ)

(۱۴۲) چند روز ہوئے ایک خواب میں یہ دیکھا کہ میرے مکان میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آپ تشریف لائے ہیں۔ بات چیت نہیں ہوئی۔ دوسرے شخص نے تعارف کرایا کہ یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، یہ حضرت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اور یہ مولانا اشرف علی تھانوی صاحبؒ ہیں۔ بعد کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ اناج کا دانہ جیسا سفید مجھے دیا۔ میں اس کو کھا گیا تو فرمایا اس کو کھانا نہیں اور دوسری مرتبہ دیا اور فرمایا اس کو دھو ڈال۔ تو میں نے اس کو ہاتھ میں رکھ کر دھویا۔ پھر دیکھا تو سفید موتی جیسا تھا۔ پھر آنکھ کھل گئی۔ (عمرجی آنجی کمبولی۔ ضلع بروچ) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ

marfat.com
Marfat.com

جمادی الثانی ۱۳۵۵ھ)

(۱۴۳) میں نے پرسوں ۲۰ شعبان ۱۳۵۴ھ کی شب کو خواب دیکھا کہ میرے شہر لکھنؤ میں میرے محلّے کے قریب مچھیا باغ ہے۔ وہاں حضور (مولانا تھانویؒ) کا وعظ ہے۔ میں بھی اس وعظ میں گیا۔ محفل کے درمیان میں لوہے کا ایک کٹہرا لگا ہے جس کی ایک جانب بہت اونچا ایک تخت بچھا ہوا ہے جس پر سفید فرش ہے۔ اس پر آپ وعظ فرما رہے ہیں۔ میں جہاں بیٹھا تھا اس کو دیکھ نہ سکتا تھا۔ پر آپ کا بیان صاف اور خوب سمجھ میں آرہا تھا گو آپ کا گلا خراب تھا۔ سب یہی کہہ رہے تھے کہ گلا تو بیٹھا ہوا ہے پر آواز سب کو صاف سنائی دے رہی ہے۔ ذرا گنجلک نہیں۔ کمال ہے۔ (کرامت ہے) یکایک رکاوٹ دور ہو گئی اور حضور نظر آنے لگے۔ بیان سلوک و معرفت کے درجات اور سالکوں کے حالات پر ہے۔ سالک مختلف کیفیات اور تغیرات سے گذرتا معرفت کے درجہ پر پہنچتا ہے۔ اگر وہ ان میں پھنس گیا۔ جب آپ یہاں پہنچے تو مجلس میں سے کسی شخص نے ٹوکا کہ اسے بیان نہ کرو۔ آگے چلو۔ جس پر بڑی حیرت ہوئی کہ ایسا کرنا آداب محفل کے خلاف ہے۔ مگر آپ تخت سے اتر کر ان صاحب کے پاس گئے اور دریافت کیا تو کیا بیان نہ کروں۔ انہوں نے فرمایا اس کو چھوڑ کر بیان کرو۔ اسے کسی دوسرے موقع پر بیان کرنا۔ حضور نے فرمایا۔ جی اچھا۔ معلوم ہوا کہ جنہوں نے منع فرمایا تھا وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ حضور پھر تخت پر تشریف لے گئے۔ (وہ سماں یعنی تخت سے اتر کر دریافت کرنے کو تشریف لانا اور پھر واپس جانا اب تک آنکھوں میں ہے) ایک ایک سیڑھی چڑھ کر جیسے ضعیف لوگ چڑھتے ہیں۔ اب وعظ کو مختصر کرکے ختم کردیا شاید اس وجہ سے کہ کسی دوسری جگہ بھی وعظ کا اعلان تھا۔ اس کے بعد لوگ حضور سے مصافحہ کرنے لگے۔ مصافحہ کے وقت ہاتھ آستینوں کے اندر تھے۔ میں نے کہا میں تو کھلے ہاتھوں مصافحہ کروں گا۔ چنانچہ آستینوں کے اندر سے

marfat.com
Marfat.com

حضور ؐ کے سفید اور نورانی ہاتھ ظاہر ہوئے۔ جنہیں میں نے اپنے ہاتھوں میں لے لیا اور منہ اور آنکھیں ان پر رکھ کر رونے لگا۔ حضور نے فرمایا تم کون ہو اور میں روتے ہوئے اپنا حال بتاتا رہا۔ پھر دریافت فرمایا۔ میرے لئے کتھا (جو پان میں چونے کے ساتھ لگایا جاتا ہے) لائے۔ (وعظ کے وقت حضور پان کھائے ہوئے تھے اور گلابی دہن ولب بہت اچھے لگ رہے تھے) میرے دل میں خیال آیا کہ مجھے پہچانتے نہیں اور کتھا لانے کا سوال کر رہے ہیں مگر فوراً ہی یہ وسوسہ غائب ہو گیا اور میرے دل کو حضور کے اس سوال سے بے حد خوشی ہوئی۔ اور عرض کیا کہ ابھی لاتا ہوں۔ یہ کہہ کر میں ان کی (جنہوں نے وعظ میں ٹوکا تھا یعنی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) خدمت میں حاضر ہوتا ہوں۔ آپ ؐ سے مصافحہ کر کے آپ ؐ کے ہاتھوں کو چومتا اور دعاء کے واسطے درخواست کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی معرفت عطا فرما دیں (یا اسی قسم کی کوئی درخواست) تو آپ ؐ نے سر مبارک کو جنبش دی مگر تکلم نہ فرمایا۔ اس کے بعد ایسا معلوم ہوا کہ میں چلا آیا اور مجلس برخاست ہو گئی۔ بس آنکھ کھل گئی اور ایسی لذت محسوس ہوئی کہ پھر آنکھیں بند کر لیں تاکہ یہ منظر آنکھوں کے سامنے رہے مگر اب کہاں۔ (نور الحق۔ جامعہ مسجد ٹانگو) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ رمضان المبارک ۱۳۵۵ھ)

(۱۴۴) ایک صاحب علم (جو ایک ایسے شاہ صاحب سے بیعت ہو گئے تھے جن کی حالت قابل اطمینان نہ تھی) کا لکھنؤ سے طویل خط بہ درخواست اصلاح و بیعت موصول ہوا جس میں ان کے مختلف واقعات' حالات و مشاہدات تحریر ہیں۔ جن میں سے دو واقعات نقل کئے جاتے ہیں۔

اس کے بعد تنہائی میں بیٹھا سوچ رہا تھا کہ شاہ صاحب حج کو گئے ہیں نہ معلوم کب آئیں گے۔ اس کے ساتھ ہی مدینہ منورہ کا خیال آیا۔ اپنی صورت گنبد خضرا (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) کے پاس دیکھ رہا ہوں اور شاہ صاحب کو بھی۔ شاہ صاحب میری صورت کی طرف اشارہ کر کے فرماتے ہیں یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کو آپ ؐ کی خدمت میں لایا ہوں گنبد خضرا سے اس پر

marfat.com
Marfat.com

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جواب دیتے ہیں کہ اس کو تم کیوں لائے ہو۔ جس کو سن کر میں گھبرا کر رونے لگتا ہوں کہ فورا" ہی مزار مبارک میں ایک دروازہ ہوگیا اور میں اندر چلا گیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں گھبراتے کیوں ہو جو یہاں تک تم کو پہنچائے گا اس کی صورت دکھاتا ہوں فورا" بعد دروازہ کے باہر آپ کی صورت دیکھتا ہوں اور کہتا ہوں کہ یہ تو مولانا اشرف علی تھانوی صاحب" ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں یہی ٹھیک بتلائیں گے اور ہماری سنت زندہ کرنے میں نمبر اول ہیں۔ ان کے ساتھ جاؤ۔ آپ نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور کچھ دور چلے تو میں نے کہا آپ مجھے چھوڑ دیجئے۔ آپ نے مجھے چھوڑ دیا اور گنبد خضرا (علیٰ صاحبہا صلواۃ سلاما") میں چلا گیا۔ وہاں دیکھتا ہوں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی سفید کپڑے میں لیٹ جاتے ہیں اور کبھی سرخ دھاریدار چادر کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں۔ سوچتا ہوں ایسا کیوں ہے مگر کچھ سمجھ میں نہیں آتا حتیٰ کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ میرے پیٹ کی جانب کیا یعنی جا کھانے کا وقت ہوگیا اور میں کھانے کے لئے چلا گیا۔ اس کے بعد سوچنے لگا کہ اس حالت کو پھر دیکھوں لیکن اس دن دوبارہ پھر نہ دیکھ سکا۔

دوسرے دن پھر گنبد خضرا میں پہنچ گیا لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حالت میں پاتا ہوں کہ کبھی سفید کپڑے میں لیٹ جاتے ہیں اور کبھی سرخ دھاریدار چادر کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں۔ اسی اثناء میں کسی نے مجھے آواز دی اور میں اس کے پاس چلا گیا۔ اسی دن عشاء کی نماز کے بعد سوچ رہا تھا کہ یکایک کسی نے کہا کہ گنبد خضرا (علیٰ صاحبہا صلواۃ و سلاما") کی طرف دیکھو۔ میں فورا" اس طرف دیکھنے لگا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ کیا سوچتا ہے۔ میں نے دل ہی دل میں عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) وہی سوچتا ہوں کہ آپ کبھی سفید کپڑا اوڑھ کر لیٹ جاتے ہیں اور

marfat.com
Marfat.com

کبھی سرخ دھاریدار چادر کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں اور جب شاہ صاحب کا تصور آتا ہے تو آپؒ سفید کپڑے کے ساتھ لیٹ جاتے ہیں اور جب مولانا اشرف علی صاحب کا خیال آتا ہے تو آپؒ سرخ دھاریدار چادر کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں۔ اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان دونوں کے مریدوں کو دیکھو۔ اب جو میں نے غور کیا تو معاً سمجھ میں آگیا کہ مولانا اشرف علی صاحب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو زندہ کرتے ہیں اور شاہ صاحب اس کی کچھ پرواہ نہیں کرتے۔ اب میں بہت خوش ہوا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہی رہنا چاہتا تھا کہ آپؒ نے اشارہ سے کہا تو سوچا کہیں نماز فجر قضا نہ ہوجائے۔ ادھر اس وقت متوجہ نہ ہو۔ اس کے بعد دفعتاً شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کے مزار کی طرف ذہن منتقل ہوگیا۔ دیکھا کہ مزار مبارک میں سبز درخت ہیں ساتھ ہی خیال آیا کہ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کے مزار کو دیکھنا چاہیے اس میں کیا ہے۔ جب دیکھا تو کچھ دیر تک وہ خشک نظر آیا۔ خیال آیا کہ یہ کیا بات ہے حالانکہ آپ تو حضرت شیخ الہندؒ سے زیادہ بزرگ تھے۔ یہ خیال آیا ہی تھا کہ اس مزار میں بھی بڑے درخت نظر آنے لگے۔ اس پر میں نے حضرت نانوتویؒ سے اس کی وجہ دریافت کی۔ آپ نے فرمایا کہ اب تو ہماری طرف ہوگیا۔ میں نے عرض کیا پہلے بھی تو تھا لیکن کچھ نہیں دیکھا۔ اس پر حضرت نانوتویؒ نے فرمایا کہ پہلے تو آزاد تھا۔ اس پر میں کچھ شرمندہ ہوا اور عرض کیا کہ ہم تو آپ کے ساتھ نہیں رہیں گے۔ جواب ملا ایسا ممکن نہیں۔ اپنے قلب کی طرف غور کر۔ بس پھر یہ حالت ختم ہوگئی اور میں سوگیا۔

اس کے بعد ایک مرتبہ صبح ۸ یا ۹ بجے کے قریب گنبد خضرا (علیٰ صاحبہا صلواۃ و سلاماً) کی صورت دیکھی اور بلاتکلف اندر چلا گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مبارک کو دیکھا۔ جوں ہی آپ (مولانا تھانویؒ) کا تصور کرتا ہوں تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے نظر آتے ہیں

marfat.com
Marfat.com

اور جیسے ہی شاہ صاحب کا تصور کرتا ہوں حضرت رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیٹ جاتے ہیں یہاں تک کہ پہلا خط میں نے آپ کی خدمت میں بغرض بیعت و تعلیم روانہ کیا۔

اور ہاں اسی سفر کے دوران میں ایک دن سخت پریشان تھا اسی پریشانی کے عالم میں گنبد خضرا (علیٰ صاحبہا صلواۃ و سلاما") کی طرف متوجہ ہوا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پریشان کیوں ہے اور آپ کا (مولانا تھانویؒ) کا نام لیا کہ ان کو خط لکھا۔ میں نے عرض کیا کہ لکھ تو دیا ہے لیکن انہوں نے مجھے ابھی تک اپنے سلسلہ میں داخل نہیں کیا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمام حالتیں لکھیں۔ میں نے عرض کیا کہ نہیں اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ سب لکھ کر بھیج دو اور جو کچھ دریافت کرنا ہو ان سے دریافت کیا کرو اور اب میری طرف متوجہ نہ ہونا (یعنی بلاواسطہ) وہی تم کو سب کچھ بتا دیں گے۔ (محمد عالم بلیاوی - مدرسہ تعلیم اسلام - لکھنؤ) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ رجب المرجب ۱۳۵۵ھ)

(۱۴۵) شب جمعرات خواب میں دیکھا کہ ایک حجرہ ہے جس کے دروازہ پر ایک دربان موجود ہے۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ حجرہ شریف حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے اور کسی کو اندر جانے کی اجازت نہیں - میرے اصرار کرنے پر دربان نے میرا نام دریافت کیا اور کہا میں اندر جاکر اجازت حاصل کرتا ہوں۔ اجازت حاصل کرکے مجھے اندر جانے دیا۔ اندر ایک تخت بچھا ہوا ہے جس پر ایک بزرگ کو بیٹھے دیکھا ہے میں نے ان کو سلام کیا جس کا انہوں نے جواب مرحمت فرمایا اور دریافت کیا کہ تمہارا یہاں آنا کیسے ہوا۔ میں نے عرض کیا کہ مجھے محبت ہے اس لئے آیا ہوں۔ انہوں نے میرے سر پر ہاتھ رکھ کر فرمایا کہ مولانا اشرف علی کے پاس جاؤ اور ان کی تعلیم سے فیض یاب ہوتے رہو۔ میں مولاناؒ کی خدمت میں پہنچا اور عرض کیا مجھے حلقہ

marfat.com
Marfat.com

مریدین میں شرف بخشیں۔ اس پر مولاناؒ نے فرمایا کہ میں مدت سے تم کو مرید کر چکا ہوں اور میرے سر پر ہاتھ رکھ کر رخصت کردیا۔ مولانا کے پاس سے رخصت ہو کر گنگوہ شریف آیا جہاں حضرت عبدالقدوس گنگوہیؒ کی مسجد میں حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ حضرت عبدالقدوس گنگوہیؒ اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کو تشریف فرما دیکھا۔ میں نے سب کو سلام کیا۔ انہوں نے جواب دیا۔ پھر دو رکعت تحیۃ المسجد ادا کرکے ان کے پاس بیٹھ گیا۔ انہوں نے دریافت فرمایا کہ تم کون ہو اور کہاں سے آ رہے ہو۔ میں نے عرض کیا کہ میں حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے پاس سے آرہا ہوں۔ انہوں نے دریافت کیا کہ تم مولاناؒ سے کیسے تعلقات رکھتے ہو۔ میں نے عرض کیا کہ وہ میرے پیر ہیں میں ان کا مرید ہوں۔ ان سے اعتقاد رکھتا ہوں اور ان کی مشہور کتاب "بہشتی زیور" پڑھتا ہوں۔ پھر ان کے پاس ایک شخص چائے لایا۔ اس شخص نے ان تینوں بزرگوں اور مجھے چاء پلائی۔ اسی اثناء میں ہماری مسجد میں اذان دے دی گئی۔ میں بیدار ہوگیا اور مسجد میں جاکر نماز فجر ادا کی (محمد شریف ثقہ ساکن کنج پورہ، ضلع کرنال) (اصدق الرویاء بابت ماہ جمادی الثانی ۱۳۵۵ھ)

(۱۴۶) خادم نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ ایک بہت بڑا مجمع ہے جس میں اکثر پیر بھائی ہیں۔ مجھ کو جلسہ میں سب سے پیچھے جگہ ملی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عربی میں تقریر فرما رہے ہیں جو مطلق سنائی نہیں دیتی۔ تقریر کے آخر میں اتنا سنائی دیا کہ آپؐ نے فرمایا میں بھی حق تعالیٰ سے مثل قرآن " یا رب ان قومی اتخذو ھذا القرآن مھجورا" ○ (سورۃ فرقان آیت ۳۰) شکایت کروں گا کہ میری امت نے میری سنت کو ترک کردیا۔ اس کا مجھ پر بہت اثر ہوا۔ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریر ختم ہوئی تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میری حالت نہایت خراب ہے۔ للہ مجھ کو بھی کچھ فرمایئے۔

marfat.com
Marfat.com

فرمایا کہ تم دعائیں کیا پڑھتے ہو- میں نے عرض کیا " اللھم انت السلام ------ الخ"۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم "مناجات مقبول" جسے مولانا اشرف علی صاحب نے لکھا ہے۔ (یاد نہیں مولانا کا لفظ بھی فرمایا یا نہیں) وہ پڑھا کرو- اس کے بعد میں بیدار ہو گیا اور اپنے آپ کو بہت خوش پایا (عزیز الرحمٰن زمیندار۔ انچولی ضلع میرٹھ) (یوپی۔ بھارت) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۵ھ)

(۱۴۷) ایک جنگل میں ہوں۔ ایک تخت ہے کچھ اونچا سا اس پر زینہ ہے۔ ایک میں ہوں اور دو تین آدمی اور ہیں۔ ہم سب کھڑے ہیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتظار میں- اتنے میں ایسا معلوم ہوا کہ جیسے بجلی چمکی۔ تھوڑی ہی دیر میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور زینہ پر چڑھ کر مجھ سے بغل گیر ہوئے اور مجھ کو خوب زور سے بھینچ لیا۔ جس سے سارا تخت ہل گیا۔ آپؐ نے فرمایا تجھے پل صراط پر چلنے کی عادت ڈالتا ہوں۔ صورت شکل بالکل مولانا اشرف علی تھانوی صاحب جیسی تھی۔ اس کے بعد آنکھ کھل گئی (رشید احمد از کچا من مارواڑ۔ راجپوتانہ ۔ ۲۵ ذیقعدہ ۱۳۴۷ھ) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۵ھ)

(۱۴۸) میں نے پرسوں رات کو ایک خواب دیکھا کہ ایک شخص میرے پاس آئے اور نہ معلوم میں نے خود یا کسی نے مجھے سے کہا کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ آپؐ کے دست مبارک میں کوئی چیز ہے۔ زیادہ خیال ہے کہ گلگلے ہیں- مجھ سے فرمایا کہ لے مولانا اشرف علی صاحب کھا لیں گے- مجھ کو اچھی طرح یہ بات یاد ہے کہ یہی ارشاد فرمایا تھا (دختر رشید احمد از کچا من مارواڑ۔ راجپوتانہ ۔ ۱۸ صفر ۱۳۴۹ھ) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۵ھ)

marfat.com
Marfat.com

(۱۴۹) دوسرے دن دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع حضرات صحابہ اکرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین رونق افروز ہیں۔ حضرات صحابہؓ سے ارشاد فرمایا کہ کوئی ہے جو میرے دشمن مقل کا سر کاٹ کر پیش کرے۔ ایک صحابیؓ اٹھے اور عرض کیا یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں اس کام کو انجام دونگا۔ فرمایا جاؤ فی امان اللہ ۔ اس پر وہ صحابیؓ تشریف لے گئے۔ میں بہت خوفزدہ ہو رہا ہوں کہ ایسا نہ ہو کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کا حکم فرمادیں۔ اور میں تعمیل نہ کرسکوں تو کہیں کا نہ رہوں گا۔ رو رو کر خواب میں دعا مانگی یا اللہ تو مجھ کو اسلام کے سخت سے سخت وقت جان و مال سے ثابت قدم رکھیو۔ اس کے بعد وہی صحابیؓ خالی ہاتھ اس جلسہ میں تشریف لائے۔ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خالی ہاتھ کیسے آئے۔ عرض کیا یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں نے سنا تھا کہ کسی شخص نے آپؐ پر حملہ کیا ہے اور آپؐ کا چہرہ انور خون آلود ہوگیا ہے۔ میں یہ سن کر پریشان ہوگیا۔ فرمایا میں اس طرح شہید نہیں ہوں گا۔ اللہ تعالیٰ میرا محافظ ہے۔ جاؤ اس کے بعد آنکھ کھل گئی۔ (خواب نہایت مبارک ہے جہاد سے ہراس وہ امر طبعی ہے جو مذموم نہیں جبکہ اس کے ساتھ ہی متحمل کو کوتاہی پر اندیشہ ضرر دین کا بھی ہو کہ یہ اندیشہ عین دین ہے۔ مولانا تھانویؒ ۔ ۱۰شعبان ۱۳۴۷ھ) (عزیز الرحمٰن انبچولی) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت جمادی الاولیٰ ۱۳۵۵)

(۱۵۰) گزارش ہے کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور وہ اس طرح کہ ایک باغ ہے جو کہ سوکھا ہوا ہے اور اس کے کنویں میں پانی بھی نہیں ہے۔ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو وہ باغ بھی سرسبز ہوگیا اور کنویں میں بھی پانی آگیا۔ ایک شخص نے کمبل بچھا دیا تو آپؐ اس پر بیٹھ گئے۔ پھر میں نے مصافحہ کیا مگر زبان مبارک سے آپؐ نے

marfat.com
Marfat.com

کچھ نہ فرمایا۔

(۱۵۱،۱۵۲) کچھ دن بعد پھر زیارت نصیب ہوئی کہ ایک دریا ہے جس کے پاس نالیوں میں پانی جاری ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں کے درمیان تشریف فرما ہیں۔ میں نے پھر مصافحہ کیا مگر آپؐ نے زبان مبارک سے کچھ نہ فرمایا پھر چند روز بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ (مولانا تھانویؒ) کی شکل میں دیکھا اور مصافحہ کیا۔ پھر میں نے لوگوں سے کہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو ہمارے مولانا تھانویؒ کے ہمشکل ہیں (ملاجیون طالب علم مدرسہ امداد العلوم، تھانہ بھون (یوپی۔ بھارت) (اصدق الرویاء حصہ دوم ماہ جماوی الاولیٰ ۱۳۵۵ھ)۔

اوپر کے تینوں خوابوں میں میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ (مولانا تھانویؒ) کی شکل میں دیکھا۔

(۱۵۳) دیکھتا ہوں کہ ایک جلسہ رہا ہے۔ اس کے صدر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جلسہ ختم ہونے کے بعد لوگ قسم قسم کے مسائل دریافت کرنے لگے۔ میں نے یہ بات دریافت کی کہ حضرت حکیم الامت مولانا تھانوی صاحب اور مولانا ابوبکر صاحب پھرپھروی کیسے ہیں اور وہ جو کچھ فرماتے ہیں حسب شریعت ہے کہ نہیں؟ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دونوں نہایت نیک انسان ہیں اور جو کچھ کہتے ہیں اور لکھتے ہیں حق ہے (امیر حسین مدرسہ مظاہر العلوم۔ سہارنپور۔ یوپی ۔ بھارت) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ جماوی الاولیٰ ۱۳۵۵) (اشرف السوانح حصہ سوم صفحہ ۱۸۸)

(۱۵۴) جس سال فقیر دورہ میں شریک تھا اس سال ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور آپ (مولانا تھانویؒ)

marfat.com
Marfat.com

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے۔ آپ (مولانا تھانویؒ) نے ایک لوٹے میں پانی بھر کر فقیر کے ہاتھ میں دیا اور فرمایا کہ سعید تم یہ لوٹا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کے واسطے دے آؤ۔ خواب چونکہ بہت طویل ہے اس لئے مقصد ظاہر کرتا ہوں یعنی احقر نے آپ (حضرت تھانویؒ) کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتے ہوئے دیکھ کر خواب ہی میں یہ ارادہ کرلیا کہ فقیر بھی اپنے آپ کو آپ (حضرت تھانویؒ) کا خادم بنا دے گا۔ (سعید الرحمٰن چاٹگامی بنگال) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۵ھ)

(۱۵۵) میں بعد تناول سحری آرام کر رہا تھا تو خواب میں دیکھا کہ جناب والا (مولانا تھانویؒ) مع چند مریدوں کے حلقہ میں جلوہ فرما ہیں اتنے میں میں بھی وہاں پہنچ گیا۔ مجھے دیکھتے ہی جناب والا ایک جانب روانہ ہوگئے اور جناب کے پیچھے میں بھی ہولیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ہم دونوں مدینہ منورہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اقدس (علیٰ صاحبہا صلواۃ و سلاما") پر پہنچ گئے۔ ہمارے وہاں پہنچتے ہی مزار مبارک وسط سے شق ہوگیا اور ہم دونوں دیدار نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے شاد کام ہوئے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم دونوں کی جانب دیکھ کر تبسم فرمایا اور اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ (محمد حسن الدین مدرسہ سید پور۔ دارالعلوم روح الاسلام ، پوسٹ سید پور، ضلع رنگپور بنگال) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت جمادی الاول ۱۳۵۵ھ)

(۱۵۶) ایک بار خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ کے سامنے حضرت حاجی امداد اللہ قدس سرہٗ بیٹھے ہیں۔ حاجی صاحب کے پیچھے مولانا تھانویؒ ہیں اور مولانا تھانویؒ کے پیچھے میں ہوں۔ تھوڑی دیر میں مولانا تھانویؒ نے میرا ہاتھ حضرت رسول اللہ

marfat.com
Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں دے دیا اور فرمایا کہ یہ آپ کا غلام تبلیغ اسلام کا کام کرتا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک میں میرے ہاتھ لے لئے تو مجھ پر گریہ طاری ہوگیا اور اسی حالت میں میں بیدار ہوگیا۔ (سید نوازش حسین صاحب مبلغ رنگون بروایت مولوی ظفر احمد صاحب) (اصدق الرویاء بابت جمادی الاولیٰ ۱۳۵۵ھ)۔ بیدار ہوکر درود شریف کی کثرت کی اور حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہٗ کے لئے نماز و قرآن پاک پڑھ کر ایصال ثواب کیا۔

(۱۵۷) تین چار روز ہوئے احقر کی اہلیہ نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ اور حضرت والا (مولانا تھانویؒ) یہ تینوں حضرت ہمارے مکان میں بیٹھے مشورہ فرما رہے ہیں (محمد شفیع۔ ۱۵ رمضان المبارک ۱۳۴۷ھ) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۵ھ)

(۱۵۸) ایک روز والد صاحب مرحوم کو خواب میں دیکھا۔ احقر نے دریافت کیا کہ یہ بتایئے کہ دنیا میں کون بڑے ہیں جو قابل اتباع ہوں۔ تو انہوں نے سوچ کر یہ بتایا کہ مولانا تھانویؒ۔ دوبارہ مجھ سے استفسار فرمایا کہ میں نے ٹھیک کہا یا کہ مولانا ------ (یہ ایک بزرگ ستودہ صفات، نیک ذات کا نام ہے) میں نے کہا نہیں پہلی مرتبہ ٹھیک فرمایا۔ مولانا تھانویؒ سب سے بڑے ہیں (آگے خواب نقل کرکے لکھا ہے) اس کے بعد یا کچھ قبل حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں حاضر ہوا ہوں۔ میرے ساتھ ایک طالب علم ہے جو میرے پاس دورہ میں شریک تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے عرض کیا (یہ سب گفتگو عربی میں ہوئی اور کچھ الفاظ فارسی کے تھے) کہ احقر گلاوٹھی میں مقیم ہے اور وہاں کے مدرسہ میں مدرس ہے۔ اپنی اہلیہ کو

marfat.com
Marfat.com

حضور (مولانا تھانویؒ) کے گھر کھانا پکاتے ہوئے دیکھا اور حضور نے ایک شخص کی بابت فرمایا کہ تم اس کے گھر نہ جانا (ان صاحب نے مجھ سے دریافت کیا تھا کہ کیا کیا اوراد ہیں جو میں نے ان کو بتادیئے تھے اور یہ کہہ دیا تھا کہ میں نے مولانا تھانویؒ سے رجوع کیا ہے تو انہوں نے یہ کہا تھا کہ تم کو بھی ایک شغل بتا دوں گا اس کو بھی کرلیا کرنا۔ حضور نے مجھ کو منع کیا کہ اس کے پاس نہ جانا (بشیر احمد مدرس مدرسہ "منبع العلوم" گلاوٹھی ۔ ضلع بلند شہر (یوپی۔ بھارت) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۵ھ)

(۱۵۹) احقر کو پنجشنبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی ۔ دیکھا کہ آپؐ احقر کے والد بزرگوار محمد عثمان خان صاحب مالک کتب خانہ اشرفیہ دریبہ کلاں دہلی کی دکان پر تشریف فرماہیں اور مولانا تھانویؒ کی تصنیف کردہ کتابیں آپؐ کے دست مبارک میں ہیں۔ (اس خواب میں تصنیفات و تالیفات اشرفیہ کی مقبولیت کی طرف کھلا اشارہ ہے) (حیات اشرف صفحہ ۹۴) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۵ھ) (عبدالمنان خاں دہلوی۔ حال مقیم رنچھور لائن۔ کراچی)

(۱۶۰) ۱۹ شعبان کو اور اس سے ایک شب پہلے یا بعد کو دوران ذکر ایسا معلوم ہوا کہ تھانہ بھون' خانقاہ امدادیہ کی مسجد پیش نظر ہے منبر پر ایک مقدس بزرگ جلوہ افروز ہیں جن کی بابت خیال ہوا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں' اور آپؐ کے قریب ہی اسی جگہ داہنی جانب جناب والا مدظلہ العالی (مولانا تھانویؒ) کھڑے ہیں معلوم نہیں نماز کے خطبہ کی تیاری ہے یا کیا۔ دونوں مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور بھی پیش نظر ہوا۔ مگر حلیہ مبارک نہیں بتا سکتا۔ صرف اتنا یاد ہے کہ سیاہ ریش مبارک تھی اور خدہائے مبارک پر کسی قدر کم کم تھی بہ نسبت زنخدان مبارک - چہرہ مبارک بہت زیادہ

marfat.com
Marfat.com

تاباں۔ رنگ گندمی۔ حضرت والا کی نسبت یہ خیال ہے کہ بہت زیادہ سفید کرتا پہنے ہوئے تھے اور چہرہ چمکتا تھا۔ اس وقت ذکر کے دوران آنکھیں بند تھیں۔ مگر حالت بیداری تھی۔ میں نہیں عرض کرسکتا ہے کہ میرے خیال میں حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی یاد مبارک آئی اور اس نے یہ صورت پیش کردی یا کیا ہوا (محمد نجم الحسن وکیل۔ پرتاب گڑھ' اودھ' یوپی۔ بھارت) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ربیع الاول و ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ) (جو کچھ بھی ہو مبارک ہی مبارک ہے۔ اللہ تعالٰی اس ناکارہ کے لئے بھی مبارک فرمائے۔ مولانا تھانوی" ۴ رمضان المبارک ۱۳۴۶ھ)

(۱۶۱) سولھویں شب رمضان کو دوران ذکر پھر اللہ تعالٰی کا انعام ہوا۔ خانقاہ امدادیہ کی مسجد ہے ۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہیں۔ اور آپ (مولانا تھانوی") حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی داہنی جانب بالکل قریب استادہ ہیں اس مرتبہ مزید یہ احساس پیدا ہوا کہ بائیں جانب حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی" اور شاہ نور محمد صاحب جھنجھانوی" بھی تشریف رکھتے ہیں مگر ان دونوں بزرگوں کی طرف میری نظر اتنی زیادہ نہیں گئی۔ (محمد نجم الحسن وکیل پرتاب گڑھ ۔ ۲۸ رمضان المبارک ۱۳۴۶ھ) (اشرف السوانح حصہ سوم صفحہ ۱۸۴ تا ۱۸۵) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ)

(۱۶۲) احقر عید سے پہلے گڑھی گیا تھا وہاں ایک رات جو شب پنجشنبہ ۸ ذی الحجہ تھی خواب میں دیکھا کہ مدینہ منورہ میں کوئی بزرگ ہیں جو "بیان القرآن" کی تعریف کرتے ہوئے یوں فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ فلاں آیت کی تفسیر بیان القرآن میں یوں ہے۔ "بیان القرآن" میں یہ لکھا ہے۔۔۔۔ الخ۔ خواب طویل تھا صرف یہی جزو محفوظ رہ گیا۔ اتنا خیال اور بھی ہے کہ شاید ان بزرگ کے ارشاد کے بعد احقر نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے بات سنی ہے مگر اس پر جزم نہیں۔

marfat.com
Marfat.com

خواب ہی میں قلب پر یہ بات وارد ہوگئی کہ "بیان القرآن" کی دربار رسالت (علیٰ صاحبہا الف الف صلوٰۃ و الف الف سلام) میں اس قدر مقبولیت کا سبب حضرت والا (حضرت تھانویؒ) کا غایت اخلاص ہے (حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے قرآن پاک کی جو تفسیر تحریر فرمائی ہے اس کا نام "بیان القرآن ہے") (ظفر احمد خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون ۲۰ ذی الحجہ ۱۳۵۵ھ) (اشرف السوانح حصہ سوم صفحہ ۱۹۳ تا ۱۹۴، صدق [illegible] حصہ دوم بابت ربیع الاولیٰ ۱۳۵۵ھ)

(۱۶۳) اس خادم نے ایک خواب دیکھا ہے۔ تحریر [illegible] ارسال خدمت ہے وہ یہ ہے کہ ایک بہت ہی بڑا میدان ہے جس میں بے شمار مرد و عورتیں ہیں اور [illegible] مختلف قسم کے [illegible] ساتھ ہیں [illegible] ہوئے ہیں اور کسی کے پاس [illegible] نہیں ہے [illegible] سمیت [illegible] جاتے ہیں [illegible] دیکھتی ہوں کہ اس میدان کے بیچ میں ایک بہت بڑی [illegible] بچھی ہے جس پر حضرت والا مولانا تھانویؒ [illegible] ہیں [illegible] دیکھ کر [illegible] لوگوں کو فرماتے ہیں کہ سب صاحب [illegible] حضرت کے فرماتے ہی سب ایک طرف ہوگئے اور [illegible] پاس پہنچ گئے تو [illegible] (یعنی [illegible]) [illegible] [illegible] بہت [illegible] [illegible] (یعنی [illegible]) [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

marfat.com
Marfat.com

لے گئے اور پھر واپس تشریف لا کر دریافت فرمایا کہ میرے پیچھے کون بیٹھے ہیں تو آپا نے فرمایا مجھے تو پتہ نہیں پھر باجی سے دریافت فرمایا تو انہوں نے جواب دیا آپ کے پیر حاجی امداد اللہ صاحب" پھر باجی سے سن کر میں نے بھی یہی کہا۔ پھر دریافت فرمایا۔ حاجی صاحب" کے پیچھے کون ہے۔ باجی نے فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ان دونوں بزرگوں کے چہرہ مبارک پر نقاب پڑی ہوئی ہے۔ تو آپ نے فرمایا ٹھیک ہے۔ پھر آپ کرسی پر جا کر بیٹھ گئے اور حافظ جی کرسی کے پاس کھڑے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ کرسی پر بیٹھ جاؤ تو وہ پیر لٹکا کر بیٹھ گئے۔ حافظ جی نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت حاجی صاحب" کی ناک مبارک اور ایک آنکھ پر نگاہ پڑی اور بیہوش ہو کر کرسی پر گر پڑے تو آپ نے اور حاجی صاحب" نے انہیں اٹھایا مگر ہوش نہ آیا۔ تب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک لگایا تو ایک دم اٹھ کر بیٹھ گئے۔ گویا یہ خیال تھا کہ ایک مرتبہ اور دیدار کر لوں۔ پھر کرسی جو ہمارے قریب تھی آنا" فانا" دور میدان میں چلی گئی۔ جہاں بیشمار خلقت جمع تھی۔ اس مجمع سے پھر دو آدمی نکلے۔ ایک کا جوڑا سبز اور دوسرے کا سرخ تھا۔ بیحد حسین تھے۔ چہرہ اور آنکھ اس طرح چمکتی تھی جیسے بجلی کی تیز روشنی۔ سرخ کپڑے والے ہاتھ میں تلوار لئے ہوئے تھے۔ وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چادر مبارک میں گھس کر گود میں بیٹھ گئے تو میں نے باجی اور آپا سے دریافت کیا کہ یہ کون ہیں۔ انہوں نے فرمایا ان ہی آدمیوں میں سے کوئی ہوں گے۔ جس پر میں نے کہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گود میں جا بیٹھے تو آپ ؐ کے نواسے ہیں۔ پھر وہ گود میں سے اٹھ کر نا معلوم کہاں چلے گئے۔ پھر حافظ جی ہمارے پاس آئے تو میں نے کہا کہ یہ دونوں کون تھے۔ تو حافظ جی نے کہا مجھے بتانے کا حکم نہیں۔ مجھے تو حضرت مولانا نے بھیجا ہے اور فرمایا کہ جیسے گاؤ تکیہ لگائے بیٹھی تھیں پھر جا کر ویسے ہی بیٹھ جاؤ۔ دروازہ پر چق رہنے دی اور کمبل و چادر اتار دی۔ ہم سب اپنی جگہ آ کر بیٹھے ہی تھے کہ پھر نہ وہ میدان رہا اور نہ کرسی نہ آدمی اور ہم سب یہ سوچتے رہ گئے کہ اللہ جانے ہم سب سے مل کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہاں تشریف لے گئے۔ پھر

marfat.com
Marfat.com

آپ اور حاجی صاحبؒ ساتھ ساتھ آ رہے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے آپ وعظ فرما کر تشریف لا رہے ہوں اور ہم سب بہت خوش ہو رہے ہیں۔ البتہ یہ افسوس رہا کہ اگر نقاب میں نہ ہوتے تو خوب زیارت کر لیتے۔ ہم نے یہ بات آپ سے کی تو آپ نے فرمایا کہ باہر بھی تم کو اتنا ہی نظر آتا کیونکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے نقاب ہی اتنا اٹھایا تھا۔ بس پھر آنکھ کھل گئی اور یہ آواز آئی کہ کسی کو بتانا نہیں۔ میں نے یا تو آپ کو تحریر کر دیا ہے یا حافظ جی کو معلوم ہے۔ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہم سے خوش رہیں۔ (---- محلہ باجڑاں۔ لدھیانہ ۹ شعبان ۱۳۵۰ھ)

(تم بڑی خوش قسمت ہو کہ ایسی دولت نصیب ہوئی۔ دعا کرو جس طرح تم نے اپنے کو، حافظ جی کو، مجھ کو اور اپنی دونوں پیرانیوں کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دونوں صاحبزادوں رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت حاجی صاحب قدس سرہٗ کے قریب دیکھا اسی طرح ہم سب کو قرب نصیب ہوا۔ اور منبر پر مجھ کو دیکھنا یہ خادمانہ ہے جیسے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نصرت حق کے لئے منبر پر کھڑا کر دیتے تھے۔ اور پشت پر ہونا اشارہ ہے کام کی نگرانی کی طرف کہ نگراں کی بھی یہی ہیئت ہوتی ہے۔ کیا عجب کہ کوئی خدمت قبول ہو گئی ہو۔ (مولانا تھانویؒ)

(۱۶۴) مبارک پور میں جب تھا تو میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ (مولانا تھانویؒ) کی صورت میں دیکھا۔ صرف زیارت ہوئی۔ بات چیت کی دولت نصیب نہ ہوئی (مولوی وصی اللہ صاحب اعظم گڑھی) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ربیع الاول ۱۳۵۵ھ) (اللہ تعالیٰ [illegible] کی دولت نصیب فرمائے۔ ۲۰ جمادی الثانی ۱۳۳۶ھ۔ مولانا تھانویؒ)

(۱۶۵) حضرت کا وعظ جو جامع [illegible] ہے پڑھ [illegible] بعض مباحث نئی نئی

marfat.com
Marfat.com

مرتبہ پڑھے۔ اس میں کئی دن لگے۔ ایک نعمت جو اس وعظ کی برکت سے نصیب ہوئی یہ ہے کہ نوافل جو میں نے معمول کر رکھے تھے کچھ دنوں سے چھوٹ رہے تھے وہ پھر پابندی سے شروع ہوگئے۔ دوسری نعمت خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی زیارت اور اس مجمع میں آپ (مولانا تھانویؒ) بھی ہیں۔ الحمد اللہ ثم الحمد اللہ۔ تیسری نعمت۔ آپ وعظ فرما رہے ہیں۔ بہت بڑا مجمع ہے اور احقر کے قریب ہی حضرت مولانا دیوبندی (مولانا محمود حسنؒ) تشریف فرما ہیں اور حسب عادت نہایت خلق و محبت سے میرے زانو بہ زانو ہیں اور فرماتے ہیں کہ سنو۔ میں یہ سمجھ رہا ہوں کہ یہ تو زندہ ہیں اور یہ سب کچھ دیوبند کے اندر ہو رہا ہے۔ اور ایک خاص نور ہے جو آپ کے چہرہ اور جسم پر وعظ فرماتے وقت ہے اور سارا مجمع اور حضرت دیوبندیؒ اور احقر بھی بہت غور اور محبت سے آپ کو دیکھ رہے ہیں۔ صبح صادق کے وقت آنکھ کھل گئی (فضل احمد ہیڈ مولوی مکان عبدالرحمٰن والا۔ محلہ افغانان علی گڑھ) (اصدق الرویاء حصہ دوم ربیع الاول ۱۳۵۵ھ)

(۱۶۶) میرے ایک عزیز محترم ذاکر و شاغل و مخیر رئیس قصبہ لاہرپور نے کہ جو ہمارے طبقہ علماء کے مخالف نہیں ہیں اور مولوی --- کے فرقہ سے موافق نہیں ہیں جناب والا (مولانا تھانویؒ) کو عالم رویاء میں ایک بڑے مکان میں بمقام سیتاپور جہاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہیں اس مجلس کا مہتمم دیکھا بایں طور پر کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک بڑے عالی شان مکان میں بمقام سیتاپور رونق بخش ہیں اور آپ صدر دروازہ مکان مذکور پر مہتمانہ کھڑے ہیں۔ جو زائرین حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مصافحہ کرکے واپس آتے ہیں آپ ان کا ہاتھ پانی سے دھلواتے ہیں آپ سے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو آپ نے فرمایا کہ جن ہاتھوں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں کو مس کیا ہے میں خوف کرتا ہوں کہ

marfat.com
Marfat.com

وہ ہاتھ ظاہری و معنوی نجاست سے آلودہ نہ ہو جائیں۔ خواب دیکھنے والے موصوف اس روز سے گیارہ سو مرتبہ درود شریف بعد نماز مغرب خود پڑھتے ہیں یا کسی معتبر اور دیانتدار سے پڑھواتے ہیں جناب والا کو اس رویاء کی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور مفصل تعبیر دریافت کرتا ہوں (قاضی بشیرالدین از لکھنؤ)
(اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ صفر المظفر ۱۳۵۵ھ)

(۱۶۷) جناب چند دن ہوئے کہ خاکسار نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی گویا آپؐ ایک نہر کے کنارے تشریف لے جا رہے ہیں۔ مجھے ایسا محسوس ہوا کہ جناب (مولانا تھانویؒ) کی صورت سے مشابہ ہیں۔ واللہ اعلم۔ میں فوراً قدموں میں گرا اور عرض کیا کہ آپؐ تو تشریف لے جا رہے ہیں میرا کیا حال ہوگا۔ آپؐ نے جواب دیا کہ تجھے اجازت ہے ہر روز عصر کے بعد میرے روضہ کی زیارت کر یا سیر کر۔ سیر کر یا زیارت کر میں شبہ ہوگیا۔ بس آنکھ کھل گئی۔ اور یہ خیال ہوا کہ شاید مراد آپؐ کی لفظ زیارت یا سیر سے درود شریف ہو مگر دل میں خلجان ہے کہ شاید کچھ اور مراد ہوا اس وجہ سے حضرت کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں کہ اس کا کیا مطلب ہے بیان فرمائیں تاکہ تشفی حاصل ہو۔ (اصدق الرویاء حصہ دوم صفر المظفر ۱۳۵۵ھ) (نہایت مناسب تعبیر ہے مگر درود کے ساتھ اتباع اور ملا لیا جائے۔ مولانا تھانویؒ)

(۱۶۸) غالباً ماہ ربیع الاول ۱۳۴۴ھ بروز پیر دن کے دس بجے کے قریب تلاوت قرآن مجید کے لئے وضو کیا اور بعد تلاوت اسی جگہ مکتب میں اپنی نشست پر سو گیا۔ دیکھتا ہوں کہ مسجد موضع خان جہانپور میں جستی سائبان کے نیچے شمال کو منہ کئے بیٹھے بیٹھے جھاڑو دے رہا ہوں۔ اسی اثناء میں مجھ سے ایک ہاتھ کے فاصلے پر دائیں جانب شمال کو منہ کئے ایک بزرگ ظاہر ہوئے جن کی

marfat.com
Marfat.com

دونوں پنڈلیاں قریب قریب نصف کھلی ہوئی ہیں۔ میرے دل میں از خود خیال آیا کہ آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ آپؐ کے قدمین شریفین کو بوسہ دو کہ پھر ایسا موقع میسر نہ آئے گا۔ جھاڑو رکھ کر فوراً اپنے دونوں ہاتھوں سے آپؐ کے قدمین شریفین پکڑ کر سر جھکا کر بوسہ دیا اور آپؐ پر اس طرح سلام پڑھنے لگا "الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ۔" جب میں نے قدم بوسی کے لئے سر جھکایا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دہن مبارک سے میرے دونوں شانوں کے درمیان متصل گردن پشت کی جانب بڑک بھرا جس طرح بڑا اپنے بچے کو لاڈ میں خوب منہ کھول کر کاٹتا ہے جس کو بڑک یا بھڑک بھرنا کہتے ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن کی تراوٹ، باوجود کپڑوں کے مجھے محسوس ہوئی میں برابر اسی طرح سر جھکائے قدمین شریفین کو پکڑے قدم بوسی کرتے ہوئے آپؐ کے سامنے بیٹھا رہا۔ اس وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوزانوں (اکڑوں) بیٹھے ہوئے معلوم ہوئے اور یہ معلوم ہوا کہ یہ تو حضرت مولانا اشرف علی تھانوی مدظلہ ہیں تب میں نے اس علم ہونے پر صلوٰۃ و سلام خطاب ضمیر کو مظہر کر کے پڑھنا شروع کیا یعنی "الصلوٰۃ والسلام علیٰ رسول اللہ الصلوٰۃ والسلام علیٰ نبی اللہ" یہ پڑھتے پڑھتے میری آنکھ کھل گئی۔ واللہ اعلم بالصواب و عندہ ام الکتاب (نذیر احمد کو کیرانوی۔ مقیم خان پور وارد حال درخانقاہ امدادیہ اشرفیہ تھانہ بھون ضلع مظفرنگر۔ ۲۸ جمادی الاول ۱۳۴۶ھ مطابق ۲۴ نومبر ۱۹۲۷ء) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ ربیع الاول ۱۳۵۵ھ)

(۱۶۹) حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ گفتگو فرما رہے ہیں اور بہت سے علماء بھی حاضر خدمت ہیں لیکن سب کی جانب سے مولانا موصوف ہی سوال کرتے ہیں اور آپؐ جواب ارشاد فرماتے ہیں اور سب سے زیادہ قربت حضرت

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ ہی کو ہے (محمد عتیق اللہ۔ تھانہ سرائیل۔ گاؤں ٹیکر۔ ضلع کمرلہ۔ بنگال) (حیات اشرف صفحہ ۹۴) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت صفر ۱۳۵۵ھ)

(۱۷۰) آج کئی دن گذرے کمترین نے خواب حضور (مولانا تھانویؒ) کے متعلق دیکھا لیکن فوراً بوجہ مشغولیت امتحان کے اطلاع نہ دے سکا۔ وہ یہ ہے کہ رات کو ایک شخص مجھ سے کہہ رہا ہے کہ مولانا تھانویؒ کا انتقال ہوگیا اور ہمارا ملنے والا ایک آدمی ہمارے پاس آیا اور وہ یہ کہہ رہا ہے کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دینے جا رہا ہوں۔ وہ شخص چلا گیا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) پر جاکر آواز دی کہ مولانا تھانویؒ کا انتقال ہوگیا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سن کر فوراً آپ کے جنازہ کے لئے چل پڑے۔ خواب کا مضمون تمام ہوا (محمود حسین از مدرسہ شاہی مراد آباد۔ یوپی۔ بھارت) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ صفر المظفر ۱۳۵۵ھ) خواب کی اجمالی تعبیر یہ ہے ۔

کشتے کہ عشق داردنگذاردت بہ نیساں ۔ بجنازہ گرنیائی۔ بہ مزار خواہی آمد (یعنی جنازہ پر تشریف آوری تو اس سے بڑھ کر عنایت ہے جو اصل شعر میں مذکور ہے۔ مولانا تھانوی)

(۱۷۱) رمضان المبارک سے پہلے خادم نے یہ خواب دیکھا تھا: ایک شب کے آخری حصہ میں دیکھا کہ مولانا تھانویؒ ایک مسجد میں نماز پڑھ رہے ہیں۔ مجھے دیکھ کر خوشی ہوئی اور دل میں خیال آیا کہ کسی ایسے شخص کو تلاش کر کے لاؤں جو حضرت والا سے میری سفارش برائے بیعت کر دے۔ خیال آتے ہی ایسے آدمی کی تلاش میں نکل گیا۔ واپسی پر کسی نے بتایا کہ وہ ادھر حضرت

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف رکھتے ہیں اور کوئی معاملہ طے کر رہے ہیں۔ یہ معلوم کر کے ادھر گیا۔ دیکھا کہ ایک بڑا مجمع حلقہ کئے کھڑا ہے۔ کچھ لوگ آگے بیٹھے ہیں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بھی تشریف فرما ہیں اور حضرت تھانویؒ بھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے قریب تشریف رکھتے ہیں۔ خادم نے بہت کوشش کی کہ کسی طرح مجمع کو چیر کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کر لوں مگر ناکام رہا۔ (اصدق الرویا حصہ دوم بابت صفر ۱۳۵۵ھ) (اشرف السوانح حصہ سوم صفحہ ۱۸۳) (عبدالقیوم ذرانس ہیں۔ محلہ وہائٹ گنج۔ ہردوئی۔ یوپی۔ بھارت)

(۱۷۲) شب جمعہ کیم ذیقعدہ ۱۳۳۹ھ کو ناچیز نذیر احمد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے بایں طور مشرف ہوا کہ مجھ سے کچھ فاصلے پر داہنی جانب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہیں۔ آپؐ نے نگاہ اٹھا کر مجھے دیکھا اور پھر نگاہ نیچی فرما لی۔ اس کے بعد بائیں جانب یہ لکھا دیکھا کہ جس کسی نے بہ حالت ایمان آپؐ کو دیکھا وہ دوزخ میں نہ جائے گا۔ اس کے بعد دیکھا کہ میرے ساتھ چند آدمی بیٹھے ہیں اور ہم سب کوئی پھل کھا رہے ہیں۔ اس کی ایک قاش جو ایک بالشت لمبی اور ایک بالشت چوڑی ہے میں بھی کھا رہا ہوں اور جو لوگ میرے اردگرد بیٹھے ہیں ان سے میں کہہ رہا ہوں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ لیا۔ بار بار جوش میں آکر کہہ رہا ہوں۔ ہاں ہاں میں نے دیکھ لیا۔ ابھی میں نے آپؐ کو دیکھ لیا۔ اس وقت میرے دل میں خیال آیا کہ اللہ پاک نے ازل میں لکھ دیا ہے کہ کس کس کو آپؐ کی زیارت ہوگی۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل و عطا ہے کسی کے کسب کو اس میں دخل نہیں۔ میں خوشی اور جوش میں بار بار الحمد للہ کہتا ہوں۔ شکر ادا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے میری قسمت میں آپؐ کی زیارت لکھ دی۔ بے حد خوش ہوں بار بار کہتا ہوں کہ آہا میں نے آپؐ کو دیکھ لیا کہ یکایک آنکھ

marfat.com
Marfat.com

کھل گئی۔ اپنے کو داہنی کروٹ لیٹا پایا اور زبان سے بار بار الحمدللہ الحمد للہ ادا کر رہا تھا۔ فوراً اٹھ کر بیٹھ گیا قصد کیا کہ صلوٰۃ شکر اور صلوٰۃ تہجد ادا کروں۔ غور کیا تو معلوم ہوا کہ صبح صادق ہو چکا ہے۔ عام دنوں میں سو کر اٹھنے کے بعد کسل ہوتا تھا مگر اس وقت کسل بالکل نہ تھا اور طبیعت بہت بشاش تھی۔ سب لوگ جو میرے اردگرد بیٹھے تھے مجھ سے عمر میں بہت بڑے تھے مگر ان کے لباس اور صورت سے غربت اور مسکینیت ظاہر تھی۔ میرے لئے یہ سب اجنبی تھے اور وہ مقام جہاں میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا غالباً ایک صاف میدان تھا۔ حجر نہ شجر وہاں کچھ نہ تھا۔ آپؐ نے زبان یا اشارہ سے کچھ نہ فرمایا اور نہ کسی نے مجھے یہ بتایا کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں بلکہ از خود دل میں یہ آیا کہ آپؐ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور وہ پھل جو ہم سب نے کھایا پتہ نہیں کہاں سے آیا کس نے دیا اور وہ کیا تھا۔ شیریں دانہ دار پھوٹ کا ٹکڑا معلوم ہوتا تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قد مبارک، رنگت، چہرہ شریف، تن شریف اور انکا حضرت مولانا اشرف علی تھانوی صاحبؒ جیسا تھا مگر اتنا فرق تھا کہ مولانا کا قد اور تن کسی قدر لمبا اور بھاری ہے اور مولانا کی داڑھی سفید ہے لیکن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بالکل سیاہ تھی۔ اور مولانا پر بڑھاپا سا ہے مگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف مثل جوانوں کے ۳۰ یا ۳۵ برس معلوم ہوتی تھی۔ (نذیر احمد عفی عنہ، ۵ ذیقعدہ ۱۳۴۹ھ) (الصدق الرویاء حصہ دوم بابت ذالحجہ و محرم الحرام ۱۳۵۵ھ)

(۱۷۳) حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں حضرت مولانا تھانوی مدظلہ کی صورت میں دیکھا اور حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) سیاہ اچکن (شیروانی) بٹنوں والی زیب تن فرمائے ہوئے تھے جیسے کہ مولانا تھانوی گاہے گاہے سیاہ اچکن پہنتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نسبت شباب کی

marfat.com
Marfat.com

حالت میں تھے جیسا کہ تیس سال کا آدمی صحیح المزاج ہوتا ہے۔ اور ریش مبارک حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نہایت گھنی اور سیاہ تھی جس میں ایک بھی سفید بال نہ تھا اور خط مبارک نہایت ابھرا ہوا اور بدن شریف آپ کا خوب گٹھا ہوا تھا۔ اور قد مبارک آپ کا حضرت مولانا تھانوی مدظلہ کے قد سے لانبا تھا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو قیام کی حالت میں دیکھا۔ اور آپؐ نے مجھ کو نگاہ مبارک سے دیکھا لیکن فرمایا کچھ نہیں (مولوی نذیر احمد صاحب کیرانوی) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت ماہ ذی الحجہ ۱۳۵۴ھ)

(۱۷۴) شب پنج شنبہ کو احقر نے ایک عجیب خواب دیکھا۔ حضرت والا (مولانا تھانوی) کی ہمراہی میں احقر ہے اور بہت بڑی تعداد پیر بھائیوں کی ہے جو سب کے سب حضرت والا کی ہمراہی میں سفر حج پر ہیں۔ ایک مقام پر قیام ہوا۔ وہ عمارت دو منزلہ معلوم ہوتی ہے۔ وہاں اور لوگ بھی ہیں۔ جب ہم سب لوگ ٹھہر گئے تو کسی کہنے والے نے کہا جس کو احقر نہیں پہچانتا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ہم سب لوگ مع حضرت والا کے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار مبارک کو گئے۔ پھر کسی کہنے والے نے کہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے فرماتے ہیں۔ وہ وقت فجر کی نماز کا معلوم ہوتا تھا۔ ہم سب لوگ حضرت والا کے خادم اور دیگر لوگ بھی وضو کرنے لگے۔ وضو سے فارغ ہوتے ہی صفیں سیدھی ہونے لگیں۔ پھر کسی نے کہا کہ مولانا کے مرید سب اگلی صف میں ہو جاؤ۔ ہم سب لوگ متفرق صفوں سے نکل نکل کر اگلی صفوں میں آ گئے۔ نماز ختم ہونے کے بعد مع حضرت والا ایک میدان میں پہنچے جس میں ہم سب حضرت والا کے خادم ہی تھے۔ میدان میں پہنچتے ہی سب لوگ روتے ہوئے زمین پر لوٹنے لگے اور حضرت والا کھڑے ہیں۔ اتنا دیکھنے کے بعد گھڑی کے الارم سے آنکھ کھل گئی۔ چار بجے تھے۔ احقر نماز تہجد کے لئے اٹھ کھڑا ہوا (شہاب الدین۔ نئی دہلی۔ ۲۷ جمادی الثانی

marfat.com
Marfat.com

(۱۳۵۴ھ)

(۱۷۵) یہ خواب دیکھا کہ ایک اونچی کرسی کی مسجد ہے اور نماز کے لئے صف بندی ہو رہی ہے اور احقر صحن مسجد میں ہے۔ کسی شخص نے کہا کہ یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور آپؐ احقر کی بائیں جانب تھے۔ احقر نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مصافحہ کیا اور احقر نے آپؐ کے لئے رومال بچھا دیا۔ اتنے میں صحن میں دو شخصوں میں کچھ جھگڑا ہو گیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرف متوجہ ہو گئے۔ آپؐ کا لباس مبارک بالکل سفید تھا مگر آپؐ کا حلیہ مبارک احقر کو یاد نہ رہا۔ اور اس مسجد میں حضرت والا (حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی) نماز جمعہ پڑھا رہے ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احقر کا بازو پکڑ کر اپنے آگے کی صف میں کر دیا۔ اس خواب کی وجہ سے دل کو ایک ایسی خوشی محسوس ہوئی جس کا اظہار الفاظ میں ممکن نہیں (شہاب الدین کشمیری گیٹ دہلی) (اصدق الرویاء حصہ دوم بابت جمادی الاولیٰ ۱۳۵۵ھ)

(۱۷۶) شب گذشتہ جوش آیا اور مغرب اور عشاء کے درمیان تین ہزار مرتبہ اسم ذات کا ذکر کیا۔ نیند کے دوران عجیب خواب دیکھا۔ چونکہ پہلے کبھی ایسا نہ ہوا تھا اس لئے عرض کرتا ہوں۔ دیکھتا ہوں کہ اس مدرسہ میں آپ (مولانا تھانوی) آئے ہیں اور بہت بارعب ہیں۔ میں حضرت سے ملا۔ ملتے ہی آپ نے مجھ سے فرمایا کہ جاؤ اپنے رہنے کی جگہ صاف کرو۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لانے والے ہیں اور اسی شہر میں شکار کریں گے۔ یہ یاد نہیں کہ میں نے اس جگہ کو صاف کیا یا نہیں۔ اتنے میں دیکھتا ہوں کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ فقط آپ ہیں اور اس جگہ آگئے ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں ملا اور قرینہ سے ظاہر ہوتا

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ آپ کو کوئی سفر درپیش ہے اور تھوڑی سی دیر کے لئے اس جگہ منزل فرمائی ہے۔ ویسے تو میرے رہنے کی جگہ ایک کمرہ ہے مگر اس وقت دیکھتا ہوں کہ اس کمرہ کے جنوب کی دیوار نہیں ہے اور اس طرف سامنے ایک دلپذیر بڑے درختوں والا سبز جنگل ہے اور کمرہ کی چھت یا کسی درخت میں ایک مچان لٹکا ہوا ہے جس میں آپ کو اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑا ہوا اور اپنے کو نیچے کھڑا ہوا دیکھتا ہوں۔ آپ اس مچان پر تھوڑا جھک کر رکوع کی سی حالت میں ہو کر شکار کے لئے جنگل کی طرف بندوق چلاتے ہیں اور جس وقت آپ کے بندوق چلانے سے مچان کو اور آپ کو جنبش ہوئی تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو کمر سے پکڑ کر ہلنے سے بچاتے تھے۔ جس وقت آپ شکار کرتے تھے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا شکار کرنا کھڑے ہوئے ملاحظہ فرماتے تھے اور خوش ہوتے تھے اور آپ کو آفرین کہتے تھے۔ باقی جانور وغیرہ نظر نہیں آتا تھا یہ واقعہ دو مرتبہ دیکھا پھر آنکھ کھل گئی۔ اگر مناسب سمجھیں تو تعبیر عنایت فرمائیں (اصدق الرویاء بابت محرم الحرم ۱۳۵۵ھ) (الٰہی بخش شکار پوری۔ قاسم العلوم۔ گھوٹکی۔ ضلع سکھر) (مبارک ہو آپ کو بھی کہ ایسی بڑی دولت سے مشرف ہوئے جس کی تعبیر بزرگوں کے نزدیک یہ ہے کہ دیکھنے والے کا انشاء اللہ تعالیٰ ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ اور میرے لئے بھی باوجود میری نا قابلیت کے ایک درجہ میں امید افزا ہے کہ ساتھ ہی دیکھ لیا جس سے امید ہے کہ معیت و اتباع نصیب ہوگا۔ اور شکار کو پسند فرمانا دیکھا جس سے امید ہوتی ہے کہ اصطیاد قلوب جو اس وقت ہو رہا ہے یا کسی وقت اصطیاد اجسام بھی نصیب ہو شاید مقبول ہو۔ واللہ اعلم۔ حضرت مولانا تھانویؒ)

(۱۷۷) ایک بشارت حضور اقدس (مولانا تھانویؒ) کو سناتا ہوں کہ میں نے بعد تمنا نہیں محض بفضل الٰہی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو

marfat.com
Marfat.com

خواب میں دیکھا۔ آپ کا سر مبارک کھلا تھا۔ بال مبارک نہایت سیاہ۔ فرق نکالے ہوئے جلوس فرما تھے۔ اس وقت اس ناتواں' آپ اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سوا وہاں کوئی نہ تھا۔ دائیں بائیں کی خبر نہیں مگر یہ ناتواں ایک گوشہ میں عاجزانہ صورت بیٹھا شرف بہ دیدار ہوتا رہا اور روتا رہا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آپ کو نہایت ہی جوش اور توجہ تام کے ساتھ اشارہ فرماتے ہوئے کسی مسئلہ کو سمجھا رہے تھے اور فرماتے جاتے تھے یوں ہوا یوں ہوا۔ یہ لفظ مکرر احقر کو خوب یاد ہے (محمد اسماعیل عقب کلاں مسجد دہلی۔ ۲۴ رجب المرجب ۱۳۵۵ھ)

(۱۷۸) حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ العزیز کے ایک خلیفہ مجاز شیخ المفسرین والمحدثین حضرت مفتی محمد حسن امرتسری قدس سرہ نے خواب دیکھا جو ذیل میں درج ہے:۔

کچھ عرصہ ہوا (یہ تقریباً ۱۳۵۰ھ کا ذکر ہے) کہ خانقاہ شریف کی مسجد کے وسط میں بیت اللہ شریف اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے روضہ مبارک کو دیکھا کہ دونوں بالکل قریب ہیں اور بیت اللہ شریف غالباً حضرت مولانا تھانوی کے سر کی طرف ہے لیکن روضہ پاک (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما) بھی بیت اللہ شریف ہی کی شکل کا ہے یعنی اس پر گنبد نہیں ہے۔ اور بیت اللہ شریف اور روضہ پاک دونوں پر اس قدر سبز اور خوبصورت غلاف ہیں کہ دنیا میں ان کی نظیر نہ ہوگی اور دونوں پر شعاعیں اور انوار معلوم ہوتے ہیں۔ حضرت مولانا تھانویؒ بیت اللہ شریف کے پاس کھڑے ہیں اور اس قدر خوش ہیں کہ اتنا خوش میں نے انہیں پہلے نہیں دیکھا تھا۔ نیز ایک کھجور کی ٹہنی بطور جھاڑو دست مبارک میں لئے ہوئے ہیں جس کی ڈنڈی میں دستہ چھوڑ کر ادھر ادھر شاخیں نکلی ہوئی ہیں اور یہ ارادہ فرما رہے ہیں کہ بیت اللہ شریف کے گرد جو غبار ہے اسے دور کر دوں (حیات اشرف از غلام محمد صاحب

marfat.com
Marfat.com

بی۔ اے۔ عثمانیہ صفحہ ۹۱) (یہاں کس قدر وضاحت کے ساتھ مولانا تھانوی ؒ کے مصلح امت محمدیہ اور مجدد سنت مطہرہ ہونے کو عیاں کیا گیا ہے)

حضرت مفتی صاحب ؒ ۱۳۴۰ھ سے ۱۳۶۳ھ تک ۲۳ سال برابر حضرت تھانوی ؒ کی خانقاہ واقعہ تھانہ بھون پر حاضری دیتے رہے اور ۱۶ ذی الحجہ ۱۳۸۰ھ بروز جمعرات کراچی میں وصال فرمایا۔ جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد لاہور مفتی صاحب کی یادگار ہے جو "جامعہ اشرفیہ" فیروزپور روڈ لاہور کی شکل میں نہایت ہی اعلیٰ درجہ کا دینی تعلیم کا ادارہ بن چکا ہے جس میں پاکستان کے علاوہ دیگر ممالک کے سینکڑوں مسلم طلباء دینی علوم حاصل کرتے ہیں۔ اس میں "مسجد حسن" اور بقیہ تمام عمارات نہایت خوب ہیں۔ مفتی صاحب کے بڑے صاجزادے حضرت مولانا عبیداللہ اور چھوٹے صاجزادے مولانا حافظ عبدالرحمٰن صاحب اس کے مہتمم اور نائب مہتمم ہیں۔ دونوں بھائی دل و دماغ کے اعلیٰ اوصاف کا ماشاء اللہ مرقع ہیں۔ یہاں کے اساتذہ میں شیخ التفسیر و شیخ الحدیث' شیخ الکل فی الکل' سند الوقت' بقیہ السلف حضرت مولانا محمد رسول خانصاحب قدس سرہ' (مصنف کتاب ہذا کے مرشد) اور عالم ربانی' رئیس المفسرین و محدثین مولانا محمد ادریس صدیقی کاندھلوی قدس سرہ' جیسی شان کے علماء شامل رہے ہیں۔ مفتی صاحب قدس سرہ ہر روز ۲۴ ہزار مرتبہ اسم ذات "اللہ" کا وظیفہ کرتے تھے یعنی ہر سانس کے ساتھ ایک مرتبہ۔ جید عالم اور بلند پایہ بزرگ تھے۔

(۱۷۹) تین چار روز ہوئے میں نے خواب صبح کے وقت دیکھا کہ میں کسی غیر معروف مکان میں ہوں۔ اس مکان کے دروازے پر ایک براق آکر ٹھہری۔ لوگ کہہ رہے تھے کہ یہ تیری سواری کے واسطے آئی ہے۔ تھوڑی دیر بعد میں نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک براق پر تشریف لائے ہیں۔ چہرہ انور پر نقاب ہے۔ آپ ؐ میرے قریب تشریف لا کر رونق افروز ہوئے۔ میں زیارت تو نہیں کر سکا لیکن آپ ؐ کے کلام مبارک کی آواز برابر سنتا

marfat.com
Marfat.com

ہوں۔ اب یا تو میں نے یا حاضرین دربار میں سے کسی نے (مجھ کو یاد نہیں) حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آج کل کانپور میں بہت شورش ہے اور مولانا اشرف علی تھانوی کی بہت لوگ مخالفت کر رہے ہیں۔ اس کی کیا اصلیت ہے (اس زمانہ میں حضرت والا کا مضمون متعلق "آداب ذکر مولود شریف" مرقومہ "اصلاح الرسوم" کا کانپور (یوپی۔ بھارت) میں بہت غوغا تھا۔ اس کے جواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام حاضرین کی جانب مخاطب ہو کر فرمایا۔ جو کچھ اشرف علی نے لکھا ہے وہ صحیح ہے۔ اور اس کے بعد آپ نے صرف مجھ کو مخاطب کر کے فرمایا کہ اشرف علی سے کہہ دینا کہ جو کچھ تم نے لکھا ہے وہ بالکل درست ہے لیکن یہ وقت ان باتوں کو لکھنے کے لئے مناسب نہیں ہے۔ یہ آخری فقرہ اس قدر آہستہ آہستہ سے فرمایا۔ میں نے سنا اور غالباً کسی دوسرے نے حاضرین میں سے نہیں سنا۔ بس اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ صبح کی نماز کا وقت تھا اور چہار شنبہ کا دن۔ رجب کی دوسری تاریخ جس قدر یاد تھا حرف بحرف عرض کر دیا (حافظ محمد شرافت اللہ چیف ریڈر پیشی علی گڑھ۔ رجب ۱۳۱۹ھ ۱۹۰۱ء اکتوبر۔ یہ اس زمانہ میں کانپور میں ملازم تھے) (اشرف السوانح حصہ سوم)

یہ ارشاد کہ یہ وقت ان باتوں کے لکھنے کے لئے مناسب نہیں۔ ازراہ شفقت اور بطور رخصت ہے حکم اور عزیمت نہیں۔ علاوہ دلائل شرعیہ کے خود خواب ہی میں اس کا قرینہ موجود ہے یعنی آہستہ سے ارشاد فرمایا ورنہ حکم کا مقتضاء ظاہر ہے کہ اعلان ہے۔ مزید اس رائے کی تقویت یہاں کے محقق جامع ظاہر و باطن شیخ سے بھی ہو چکی ہے۔

گو دلائل شرعیہ کے ہوتے ہوئے اس کی حاجت نہیں کہ نظیر مؤید رؤیائے صالحہ سے ایک نظیر کی تائید مبالغہ میں ضرور یہ ہوتی ہے (مولانا تھانوی)

marfat.com
Marfat.com

(۱۸۰) خواب کو غلط سمجھنے کا کانپور کا ایک واقعہ ہے۔ وہاں ایک درویش تھے جو حقہ پیا کرتے تھے۔ انہوں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیچوان یعنی حقہ رکھا ہوا ہے اور آپؐ روضہ مبارک میں بیٹھے حقہ پی رہے ہیں (نعوذ باللہ)۔ اس خواب سے وہ یہ سمجھے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو فعلاً" اجازت دے رہے ہیں کہ تم حقہ پیا کرو۔ حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ سے ان درویش نے یہ خواب بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ اس خواب کی بنا پر ہرگز ایسا نہ کرنا۔ جو خواب تم نے دیکھا ہے یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فعل نہیں ہے تمہارا اپنا فعل ہے جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ کے آئینہ میں متمثل ہوا (ملفوظات حصہ ہفتم مولانا اشرف علی تھانویؒ صفحہ ۵)

(۱۸۱) حضرت سید اسد الرحمٰن قدسیؒ کی والدہ محترمہ حافظہ قرآن مجید تھیں۔ چار برس کی عمر ہوئی تو بیٹے کو قرآن پاک پڑھانا شروع کیا اور دو برس میں ختم کرا دیا۔ جس دن قرآن کریم ختم ہوا والدہ محترمہ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رحل پر قرآن شریف کھولے بیٹے کو قرآن حکیم سناتے دیکھا۔ اول تا آخر پورا قرآن سنایا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بڑا تھیلا جس میں اخروٹ جیسی کوئی چیز بھی تھی عنایت فرمائی۔ آپ کی پیدائش ۱۲ رجب المرجب ۱۳۱۱ھ ۱۸۹۱ء کو ہوئی تھی (فیضان قدسی مولفہ صوفی عبیداللہ کشمیری صفحہ ۳۳)

آپ کے والد ماجد حضرت شاہ حبیب الرحمٰن خواہر زادے تھے حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کے۔ حضرت اسد الرحمٰن قدسیؒ کا آزاد مسلک تھا۔ سب کی عزت کرتے تھے۔ ریاست بھوپال (بھارت) میں نہایت شان کی زندگی گزارتے تھے۔ پاکستان آ کر بھون (ضلع چکوال) میں مستقل رہائش اختیار کی

marfat.com
Marfat.com

اور یہیں ''آستانہ عالیہ قلندریہ رحمانیہ'' میں ۲۵ نومبر ۱۹۷۷ء کو وصال فرمایا۔ علی برادران'' - اکبرالہ آبادی - خواجہ حسن نظامی'' - علامہ اقبال'' - جگر مراد آبادی'' - شعیب قریشی۔ علامہ نیاز فتح پوری۔ سیماب اکبر آبادی'' اور بے شمار مشاہیر آپ کے معتقد تھے کیونکہ یہاں نہ مسلکی نظریات تھے اور نہ فرقہ واریت۔

(۱۹۲) مولانا عبیداللہ سندھی'' نے دیوبند میں دو تین ماہ تک مولانا حافظ سید احمد دہلوی'' صدر مدرس سے بھی پڑھا اور ۱۳۰۷ھ میں امتیازی نمبروں سے کامیاب ہوئے۔ مولانا سید احمد'' نے آپ کے جوابات کی بہت تعریف کی اور فرمایا کہ اگر اس کو کتابیں ملیں تو شاہ عبدالعزیز ثانی ہوگا۔ چند دوستوں نے مبشرا'' خواب دیکھے۔ خود حضرت عبیداللہ سندھی نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور حضرت امام اعظم ابوحنیفہ'' کو خواب میں دیکھا (ذاتی ڈائری مولانا عبیداللہ سندھی'') (علماء حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے صفحہ ۲۲۶)

(۱۸۳) حضرت مولانا راشد اللہ صاحب العلم الرابع نے ۱۳۱۹ھ میں حضرت مولانا عبیداللہ سندھی'' کی تجویز کے مطابق مدرسہ بنانے کا ارادہ کیا اور اس میں سات سال علمی اور انتظامی اختیارات سے کام کرتے رہے۔ اس مدرسہ میں حضرت مولانا عبیداللہ سندھی'' نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی اور حضرت امام مالک'' کو خواب میں دیکھا (ذاتی ڈائری مولانا عبداللہ سندھی'') (علماء حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے صفحہ ۲۳۰)

حضرت مولانا عبیداللہ سندھی'' اپنی ذاتی ڈائری کے صفحہ ۱ تا ۶ پر لکھتے ہیں کہ میں ضلع سیالکوٹ کے ایک گاؤں چیانوالی میں پیدا ہوا۔ خاندان کا اصل پیشہ زرگری تھا۔ میرے باپ دادا کا پورا نام رام سنگھ ولد جسپت رائے ولد گلاب

marfat.com
Marfat.com

رائے تھا۔ میں شب جمعہ قبل صبح ۱۲ محرم الحرام ۱۲۸۹ھ مطابق ۱۰ مارچ ۱۸۷۲ء میں پیدا ہوا۔ میرا باپ چار ماہ پہلے فوت ہو چکا تھا۔ دو سال بعد دادا بھی مر گیا۔ اور میری والدہ مجھے ننھیال لے آئی۔ یہ ایک خالص سکھ خاندان تھا۔ میرے نانا کی ترغیب پر ہی میرا والد سکھ بن گیا تھا۔ میری تعلیم ۱۸۷۸ء سے جام پور کے اردو مڈل اسکول میں شروع ہوئی۔ شروع سے ممتاز طالب علم مانا جاتا تھا۔ اسی دن اظہار اسلام کے لئے گھر چھوڑ دیا۔ اس وقت میں تیسری جماعت میں پڑھتا تھا۔ ۱۸۸۴ء میں مجھے اسکول کے ایک آریہ سماج لڑکے سے "تحفۃ الہند" ملی۔ اس کتاب کے مطالعہ میں مصروف رہا اور بتدریج اسلام کی صداقت پر یقین بڑھتا گیا۔ اسی زمانہ میں چند ہندو دوستوں کے توسط سے مولانا اسماعیل شہید" کی کتاب "تقویۃ الایمان" ملی۔ اس کے مطالعہ سے اسلامی توحید اور شرک اچھی طرح سمجھ میں آگیا۔ اس کے بعد مولوی محمد صاحب لکھو کی کتاب "احوال الاخرۃ" پنجابی میں ایک مولوی صاحب سے ملی۔ اب میں نے نماز سیکھ لی اور اپنا نام "تحفۃ الہند" کے مصنف کے نام پر عبیداللہ خود تجویز کیا۔ احوال الاخرۃ کا بار بار مطالعہ کیا اور تحفۃ الہند کا وہ حصہ جس میں نو مسلموں کے حالات لکھے ہیں۔ یہی دو چیزیں جلدی اظہار اسلام کا باعث بنیں۔ ۱۵ اگست ۱۸۸۷ء توکلا" علی اللہ نکل کھڑا ہوا۔ میرے ساتھ کوٹلہ مغلاں کا ایک رفیق عبدالقادر تھا۔ ہم دونوں عربی مدرسہ کے ایک طالب علم کے ساتھ کوٹلہ رحم شاہ (ضلع مظفر گڑھ) پہنچے۔ ۹ ذی الحجہ ۱۳۰۴ھ کو میری سنت ختنہ ادا ہوئی۔ اس کے چند روز بعد جب میرے اعزہ تعاقب کرنے لگے تو میں سندھ کی طرف روانہ ہو گیا۔ راستہ میں عربی کی کتابیں اسی طالب علم سے پڑھنا شروع کر دیں۔ اللہ تعالٰی کی خاص رحمت ہے جس طرح ابتدائی عمر میں اسلام کی سمجھ آسان ہو گئی اسی طرح خاص رحمت سے سندھ میں حضرت حافظ محمد صدیق صاحب (بھرچونڈی والے") کی خدمت میں پہنچ گیا جو اپنے وقت کے جنید" اور سید العارفین تھے۔ چند ماہ ان کی

marfat.com
Marfat.com

صحبت میں رہا جس کا فائدہ یہ ہوا کہ اسلامی معاشرت میرے لئے اس طرح طبیعت ثانیہ بن گئی جس طرح پیدائشی مسلمان کی ہوتی ہے۔ حضرت نے ایک روز میرے سامنے اپنے لوگوں کو مخاطب کر کے فرمایا کہ عبیداللہ نے اللہ کے لئے ہم کو اپنا ماں باپ بنا لیا ہے۔ اس کلمہ کی تاثیر خاص طور پر میرے دل میں محفوظ ہے۔ میں انہیں اپنا دینی باپ سمجھتا ہوں اور محض اسی لئے سندھ کو مستقل وطن بنایا یا بن گیا ہے۔ میں نے قادری راشدی طریقہ میں حضرت سے بیعت کی تھی اس کا نتیجہ یوں محسوس ہوا کہ بڑے سے بڑے انسان سے مرعوب نہیں ہوتا تھا۔ تین چار ماہ بعد حصول علم کے لئے رخصت ہوا۔ مجھے بتایا گیا کہ حضرت نے میرے لئے خاص دعا فرمائی "یا اللہ عبیداللہ کا کسی راسخ عالم سے پالا پڑے" میرے خیال میں اللہ نے یہ دعاء قبول فرما لی اور مجھے شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسنؒ کی خدمت میں پہنچا دیا۔ ماہ صفر ۱۳۰۶ھ کو میں دارالعلوم دیوبند میں داخل ہوا۔ فاضل اساتذہ کی مہربانی سے مطالعہ کا طریقہ سیکھ لیا اور تیزی سے ترقی کا راستہ کھل گیا۔ جامع ترمذی حضرت شیخ الہندؒ سے پڑھی۔ ابوداؤد کے لئے حضرت گنگوہیؒ کی خدمت میں گنگوہ پہنچا۔ حدیث شریف کی باقی کتابیں مولوی عبدالکریم صاحب پنجابی دیوبندیؒ سے جلدی جلدی ختم کر لیں۔ سنن نسائی اور سنن ابن ماجہ چار چار دن میں اور سراجی دو گھنٹہ میں ختم کیں۔ مولوی صاحبؒ حضرت نانوتویؒ اور حضرت گنگوہیؒ کے غیر معروف شاگرد تھے۔ اثناء قیام دہلی میں دو مرتبہ حضرت مولانا نذیر حسین محدث دہلوی (میاں صاحب)ؒ کی خدمت میں گیا۔ صحیح بخاری اور جامع ترمذی میں دو سبق بھی سنے۔ ۲۰ جمادی الثانی ۱۳۰۸ھ کو دہلی سے بھرچونڈی (ضلع سکھر) پہنچا۔ میرے مرشد میرے آنے سے دس دن پہلے وفات پا چکے تھے۔ شوال ۱۳۰۸ھ کو سید العارفین حافظ محمد صدیق صاحبؒ کے دوسرے خلیفہ مولانا ابوالحسن تاج محمودؒ کے پاس امروٹ (ضلع سکھر) پہنچا۔ انہوں نے اپنے مرشد کا وعدہ پورا کر دکھایا۔ میرے لئے

marfat.com
Marfat.com

بمنزلہ باپ کے تھے۔ میرا نکاح سکھر کے اسلامیہ اسکول کے ماسٹر مولوی محمد عظیم خاں یوسف زئی کی لڑکی سے کرایا۔ میری والدہ کو بلا لیا جو میرے پاس آخر وقت تک میرے طرز پر رہیں۔ میرے مطالعہ کے لئے بہت بڑا کتب خانہ جمع کیا۔ میں ان کے ظل عاطفت میں ۱۳۱۵ھ تک بہ اطمینان مطالعہ کرتا رہا۔

حضرت مولانا عبیداللہ سندھیؒ حضرت شیخ الہندؒ کے خاص فدائی نو مسلم شاگرد تھے۔ عرصہ دراز تک آپ کی خدمت میں رہے اور حضرت کی تحریک انقلاب (ریشمی رومال) کے آپ ہی ہیرو تھے۔ اندرون ہند و بیرون ہند جدوجہد آزادی میں آپ نے نمایاں کام سرانجام دیا۔ آزادی ہند کے صف اول کے مجاہدین میں آپ کا شمار ہے۔ سات سال ماسکو' تین سال انگورہ (ترکی) اور قریب بارہ سال مکہ مکرمہ میں غرض ۲۵ سال پردیس میں گذار کر ۱۹۳۹ء میں ہندوستان واپس آئے اور ۲۱ اگست ۱۹۴۴ء کو بمقام دین پور (سندھ) میں وصال فرمایا۔

(۱۸۴) شریف حسین جو شریف مکہ تھا جب اس کے آدمی حضرت شیخ الہند (مولانا محمود حسنؒ) کی گرفتاری کے لئے مکہ معظمہ میں کوشاں تھے اور مولانا خود جدہ پہنچ چکے تھے وہاں رات کو "خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جنازہ ہے۔ اور ہم سب اسے لئے جا رہے ہیں اور میں یہ سمجھ رہا ہوں کہ آپؐ کی تجہیز و تکفین وغیرہ سب امور کا میں متکفل ہوں اور پھر اپنے دل ہی دل میں سوچ رہا ہوں کہ آپؐ کی تجہیز و تکفین ہم طالب علم کس طرح پورے طور پر کر سکیں گے۔ پھر میں نے دیکھا کہ جنازہ ایک جگہ رکھا گیا ہے اور حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ اس کے سامنے مراقب دوزانو بیٹھے ہوئے ہیں اور میں چاروں طرف ارد گرد تجہیز و تکفین و غسل وغیرہ کا انتظام کرتا پھر رہا ہوں" تعبیر چونکہ ظاہر تھی پس خواب بیان نہ کیا (سفر نامہ اسیر مالٹا و حیات محمود یعنی سوانح شیخ الہندؒ از مولوی حسین احمد صاحبؒ)

marfat.com
Marfat.com

حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کی تعلیم و تربیت حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ۔ مدرس اول حضرت مولانا محمد یعقوبؒ اور حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے ہاتھوں ہوئی تھی۔ یہ وہ بزرگ تھے جنہوں نے ۱۸۵۷ء میں علم آزادی بلند کر کے شاملی اور تھانہ بھون وغیرہ سے انگریزی اقتدار ختم کر دیا تھا اور جن کے سینوں میں ہمیشہ آزادی اور جہاد کی مبارک آگ سلگتی رہتی تھی اس لئے حضرت شیخ الہندؒ میں انگریزی اقتدار کو فنا کر دینے کا جذبہ مستقل طور پر ہونا طبعی امر ہو گیا تھا۔ آپ کی سیاسی سرگرمیاں ۱۹۰۵ء سے شروع ہوئی تھیں اور اس لمبے پروگرام کا جزو تھیں جس کو حضرت مولانا عبیداللہ سندھیؒ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی سیاسی تحریک کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ دوسرے حج کے بعد حضرت شیخ الہندؒ کو ان کے رفقا سمیت شریف حسین شریف مکہ نے انگریز کے ایما پر گرفتار کر لیا۔ ۱۶ فروری ۱۹۱۷ء کو آپ مالٹا روانہ کر دیئے گئے اور ۸ جون ۱۹۲۰ء کو بمبئی پہنچا کر آپ کو رہا کیا گیا بیماری کی وجہ سے ڈاکٹر انصاریؒ کی کوٹھی پر آپ زیر علاج رہے جہاں دہلی میں ۱۸ ربیع الاول ۱۳۳۹ھ مطابق ۳۰ نومبر ۱۹۲۰ء بروز سہ شنبہ آپ کا وصال ہوا۔ ڈاکٹر انصاریؒ کا مشورہ تھا کہ حضرت کو مقبرہ حضرت شاہ ولی اللہؒ میں دفن کیا جائے۔ مولانا مفتی کفایت اللہؒ نے فرمایا میں دو مشکلات میں مبتلا ہوں۔ ایک یہ کہ دیوبند لے جائیں تو فقہ حنفی میں یہ غیر مستحسن ہے۔ دوم یہ کہ یہاں دفن کریں تو چونکہ اس وقت حضرت سے تمام مسلمانوں کو انتہا درجہ شغف اور محبت ہے خوف ہے کہ لوگ قبر کو پختہ کر دیں اور ہم کتنی ہی صدائے احتجاج بلند کریں یہ کچھ نہ سنیں۔ آخر میں فیصلہ یہی ہوا کہ دیوبند چلیں جہاں پختہ قبر بنانے کا احتمال نہیں۔ پس جنازہ ڈاکٹر انصاریؒ کی کار میں دیوبند پہنچا دیا گیا جہاں یہ بطل حریت، امام المحدثین والعارفین، آفتاب علوم و معرفت اپنے مقدس مرشد و استاد حضرت مولانا نانوتویؒ کے قریب سپرد لحد کر دیا گیا۔ انا للہ و انا الیہ

marfat.com
Marfat.com

راجعون۔ (حضرت شیخ الہندؒ کا اسم مبارک "محمود حسن" ہے "محمود الحسن" نہیں ہے۔ غلط لکھنے والے تصحیح کر لیں)

(۱۸۵) استاد الاساتذہ حافظ عبداللہ غازی پوریؒ قصبہ مئو (ضلع اعظم گڑھ۔ یوپی۔ بھارت) میں ۱۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۳۳۷ھ کو لکھنؤ میں وصال فرمایا۔ جید عالم تھے۔ آپ نے ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ ایک مقام پر اژدھام کثیر ہے اور بکثرت لوگ چلے آ رہے ہیں۔ کسی نے کہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف رکھتے ہیں۔ لوگ آپؐ سے شرف مصافحہ حاصل کر رہے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ ایک شخص اس اژدھام سے باہر نکلا۔ میں نے پوچھا کیا تم نے شرف مصافحہ حاصل کیا؟ اس نے کہا ہاں' میں نے کہا مہربانی کر کے وہ ہاتھ مجھے دو کہ میں بھی مشرف ہو جاؤں اور برکت حاصل کروں۔ اس نے ہمت دلائی اور کہا کہ واسطہ کی کیا ضرورت ہے تم خود ہمت کر کے آگے بڑھو اور اژدہام سے بالکل نہ گھبراؤ۔ بلاواسطہ شرف مصافحہ حاصل کرو۔ چنانچہ اس کے ہمت دلانے پر میں آگے بڑھا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بلا واسطہ مصافحہ و برکت حاصل کی۔ اس کے بعد اس شخص کا جس نے ہمت دلائی تھی شکریہ ادا کیا اور مجھے بے حد مسرت حاصل ہوئی۔ جب میں بیدار ہوا تو وہی مسرت اور وہی سماں موجود تھا۔ تعبیر اس خواب کی میں نے یہ سوچی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بذریعہ اس خواب کے متنبہ فرمایا ہے کہ عمل بالسنۃ اور علم حدیث اور تحقیق مسائل کی طرف متوجہ ہونا چاہئے اور خواہ مخواہ کی تقلید سے بچنا چاہئے۔ (تراجم علمائے حدیث ہند جلد اول صفحہ ۴۵۸)

(۱۸۶) مولانا حاجی فرید الدین خاں کاکورویؒ نے ۸ نومبر ۱۹۱۶ء مطابق ۱۱ محرم الحرام ۱۳۳۵ھ بروز چہار شنبہ کو وفات پائی۔ آپ مسیح الدین خان بہادر میر منشی گورنر جنرل و سفیر شاہ اودھ بمقام لندن کے یہاں ماہ ربیع الاول ۱۲۵۹ھ

marfat.com
Marfat.com

بروز دو شنبہ پیدا ہوئے تھے۔ بیش صحن مسجد بالائے قلعہ کاکوری میں متصل اپنی محل سراء کے دفن ہیں۔ حافظ نہایت قوی تھا۔ ننھیال و ددھیال میں سب امیر و کبیر تھے مگر آپ علمی مشغلہ میں مصروف رہتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ حضرت انس بن مالکؓ آپ کے ہمراہ تھے۔ آپ کو دیکھ کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو اپنا خادم فرمایا۔ تمام زندگی بہت خوش رہے۔ بڑے عالم و عامل بالحدیث تھے۔ تمام زندگی بجز درس، کتب بینی و مطالعہ کتب حدیث کوئی دوسرا شغل اختیار نہ کیا۔ (تراجم علمائے حدیث ہند جلد اول صفحہ ۵۱۹) (تذکرہ مشاہیر کاکوری صفحہ ۳۱۹)۔ لکھنؤ کے قریب کاکوری مشہور قصبہ ہے۔

(۱۸۷) حضرت مولانا محمد فضل شاہؒ خلیفہ دوم حضرت سید غلام حیدر علی شاہ جلال پوریؒ نے ۱۹ برس کی عمر میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ مدینہ منورہ میں طلب فرما رہے ہیں۔ صغیر سنی اور نا تجربہ کاری کی بنا پر آپ کے والد ماجد نے بڑی مشکل سے اجازت حج عنایت فرمائی۔ ۴ ستمبر ۱۹۱۳ء مطابق ۲ شوال ۱۳۳۱ھ کو سفر حج اختیار کیا راستہ میں متعدد خوارق عادت آپ سے ظہور پذیر ہوئے (ذکر حبیب یعنی حالات سید غلام حیدر علی شاہ صاحب جلال پوریؒ صفحہ ۱۲۸)

(۱۸۸) خان بہادر مولوی خدا بخشؒ ولد مولوی محمد بخشؒ موسس و مالک "خدا بخش اورینٹل لائبریری" پٹنہ (عظیم آباد۔ صوبہ بہار) جن کا مزار بھی اسی لائبریری میں واقع ہے۔ اس مشرقی کتب خانہ میں ایک مرتبہ بڑے بڑے لوگ جیسے سر سید احمد خانؒ نواب محسن الملکؒ نواب وقار الملکؒ وغیرہ آئے ہوئے تھے۔ رات کو دو بجے خان بہادر صاحب روتے ہوئے بیدار ہوئے اور فرمایا کہ ابھی ابھی مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ فلاں کمرہ کی فلاں میز پر میں نے حدیث شریف کی فلاں کتاب کھول کر رکھ دی ہے۔ اس حدیث کی ترتیب یوں نہیں یوں ہے۔ کمرہ جس میں تالا پڑا تھا کھول کر یہ سب بزرگ اندر جو گئے تو دیکھا کہ واقعی اس میز پر حدیث شریف کی وہی کتاب اس صفحہ پر کھلی موجود ہے۔ (یہ خواب شائع ہوچکا ہے مگر کوشش بسیار کے باوجود حوالہ حاصل نہ ہو سکا جس کا افسوس ہے۔ بہرصورت یہ بالکل سچا اور مصدقہ واقعہ ہے جسے بشکریہ جناب احسان دانش مرحوم پیش کر رہا ہوں کہ سب سے پہلے یہ واقعہ مجھے انہوں نے ہی سنایا تھا)

خان بہادر صاحب کے والد بزرگوار جو وکیل تھے انہوں نے بیٹے کو تین سو کتابیں اس ہدایت کے ساتھ دی تھیں کہ یہ ضائع نہ ہوں اور ان میں وقت کے ساتھ اضافہ ہی ہوتا چلا جائے۔ یہ مجھے جان سے زیادہ عزیز ہیں اور اس کے بعد دنیا سے رخصت ہو گئے۔ بیٹے نے بھی حق ادا کردیا۔ ابتداء میں وکالت کرتے رہے اور پھر سروس کر لی۔ ریاست حیدر آباد دکن کے چیف جسٹس کی حیثیت سے ریٹائر ہو کر وطن واپس آ گئے اور اس عظیم الشان کتب خانہ کے لئے تین منزلہ مکان تعمیر کرایا۔ برصغیر کے تین بڑے اور اعلیٰ ترین کتب خانوں میں سے یہ ایک ہے۔ دیانت' امانت اور صداقت کو شعار بنائے رکھا لیکن جہاں تک حصول کتب کا تعلق ہے اپنے لئے ہر طریقہ روا رکھا یعنی BUY, BEG,BORROW OR STEAL - اس لائبریری کی بابت مسٹر اسکاٹ اوکنز اپنی کتاب "AN EASTERN LIBRARY" میں لکھتے ہیں کہ خان بہادر صاحب نے ایک مرتبہ مجھ سے فرمایا کہ نادر و نایاب چیزوں کے جمع کرنے کا فن ہر پابندی سے مستثنیٰ ہے۔ اور فوجداری قانون سے بالاتر ہے۔ اور یہ کہ اندھے تین قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جن کی بینائی زائل ہو جاتی ہے۔ ایک وہ جو اپنے کسی دوست یا واقف کو اپنی کوئی بیش قیمت کتاب مطالعہ کے لئے

marfat.com
Marfat.com

مستعار دے اور ایک وہ جو ایسی کتاب حاصل کر لینے کے بعد بھی واپس کر دے۔ خان بہادر صاحب کو اپنی کتابوں سے عشق تھا۔ ایک بار برٹش میوزیم نے ان کتابوں کو خریدنے کے لئے بیش بہا رقم آپ کو پیش کی جو آپ نے یہ کہہ کر ٹھکرا دی کہ میں غریب آدمی سہی لیکن کیا صرف دولت کی خاطر اس چیز سے دست بردار ہو جاؤں جس کے لئے میرے والد اور میں نے اپنی زندگیاں صرف کر دیں۔

(۱۸۹) پاکستان کے دیگر علاقوں کی طرح صوبہ بلوچستان کی سر زمین بھی اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندوں کا مسکن رہی ہے جن میں حضرت خواجہ یحییٰ کبیر غرغشتؒ کو نمایاں حیثیت حاصل ہے۔ بلوچستان میں کوہ سلیمان کے مضافات میں شیر علی نام کی ایک بستی ہے۔ حضرت خواجہؒ ۷۰۷ھ مطابق ۱۳۰۷ء میں یہیں پیدا ہوئے۔ دینی علوم کی تکمیل کے بعد آپ کو مرد کامل کی جستجو ہوئی تو اسی دوران حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو خواب میں مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ سے بیعت ہونے کا حکم فرمایا۔ چنانچہ جب حضرت مخدومؒ ایران اور سیستان کے سفر سے واپس ہوتے ہوئے بلوچستان پہنچے تو ۷۴۹ھ میں خواجہ صاحبؒ آپ کی بیعت سے مشرف ہوئے۔ بعد میں آپ نے مخدوم صاحبؒ سے اجازت و خلافت حاصل کی اور مسلسل ۴۰ برس اپنے پیرومرشد کے ہمراہ افغانستان' ایران' عرب اور عراق کے شہروں میں اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں مصروف رہے۔ آپ کے خلفاء مریدین کی تعداد ایک لاکھ بتائی جاتی ہے۔ ۸۳۴ھ مطابق ۱۴۳۰ء میں وصال فرمایا۔

(۱۹۰) حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ درود شریف کی اپنی مشہور کتاب "زادالسعید" کے صفحہ ۱۳ پر تحریر فرماتے ہیں کہ لکھنؤ میں ایک کاتب کتابت' شروع کرنے سے پہلے ہر روز اپنی بیاض میں درود شریف لکھتا

marfat.com
Marfat.com

تھا۔ جان کنی کے وقت فکر آخرت ہوئی تو ایک مجذوب نے آکر یہ خوشخبری سنائی کہ بابا گھبراتا کیوں ہے۔ تیری بیاض حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں پیش ہے اور اس پر اظہار خوشنودی ہو رہا ہے۔

(۱۹۱) مدرسہ دیوبند (اب اسلامک یونیورسٹی۔ دیوبند۔ یو۔ پی۔ بھارت) کی عظمت حق تعالیٰ کی بارگاہ میں بہت ہے کہ ہزارہا عالم یہاں سے پڑھ کر گئے اور خلق کثیر کو ظلمات و ضلالت سے نکالا۔ ایک بزرگ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی اور آپ کو اردو میں کلام فرماتے دیکھ کر دریافت کیا کہ آپ کو یہ زبان کیسے آئی۔ آپ کی زبان تو عربی ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا معاملہ ہوا ہم کو یہ زبان آگئی۔ ("البراہین القاطعہ علی ظلام الانوار الساطعہ" مصنفہ حضرت مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوری ثم مدنیؒ صفحہ ۲۷) (حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اصل میں مدرسہ دیوبند کے علماء و اساتذہ کی تعریف فرمائی ہے ورنہ آپ خود تو تلمیذ الرحمٰن ہیں اور دنیا کی ہر زبان بھی آپ کی لونڈی اور غلام ہے)

(۱۹۳) کچھ ایسے موانع سدراہ ہوئے اور کچھ ایسے افکار پیش آئے کہ احباب کے استفسارات کے باوجود مسودہ کو ہاتھ لگانے کا موقع نہ ملا۔ آخر جب حضرت الحاج مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوری مدرس اول مظاہر العلوم سہارنپور کئی مرتبہ بایں الفاظ میٹھے تقاضے ہوئے کہ "سوانح کے چھپنے میں کیا دیر ہے" تو شرم کے مارے ۲ محرم الحرام ۱۳۲۶ھ مطابق ۵ فروری ۱۹۰۸ء بروز چہار شنبہ "تذکرۃ الرشید" کا مسودہ نکالا اور معمولی ترمیم و ترتیب اور نظرثانی کے بعد کتابت شروع کرادی۔ اثناء کتابت میں ایک صاحب دل دیندار شخص کا جن کی صورت میں نے کبھی نہیں دیکھی بسبیل ڈاک لفافہ پہنچا کہ میں نے خواب میں

marfat.com
Marfat.com

دیکھا ہے کہ دنیا کے سچے رہبر و ہادی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح حیات کا اہتمام ہو رہا ہے۔ پس مبارک ہو کہ منامی بشارت تیرے ہاتھوں پوری ہو رہی ہے۔ (تذکرۃ الرشید یعنی قطب العالم حضرت مولانا الحاج الحافظ رشید احمد محدث گنگوہی قدس اللہ سرہ العزیز کی سوانح حیات مولفہ و مرتبہ محمد عاشق الٰہی حنفی مذہباً" و چشتی رشیدی مشرباً" میرٹھی بلالی اسٹیم۔ سادھورہ میں طبع ۱۳۲۶ھ ۱۹۰۸ء صفحہ ۸)

(۱۹۳) حضرت مولانا حکیم جمیل الدین نگینوی ثم الدہلوی سابق رکن دارالعلوم دیوبند نے فرمایا کہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ نے خواب دیکھا کہ دارالعلوم دیوبند کی اس عمارت میں جس کو "نودرہ" کہتے ہیں ایک اجتماع ہو رہا ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رونق افروز ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر ایک کتے پر پڑی جو نودرہ کے سامنے صحن میں بیٹھا ہوا ہے۔ حکم ہوا اس کتے کو نکال دیا جائے۔ حضرت مولانا گنگوہیؒ نے منطق و فلسفہ کو کتے کی تعبیر تصور کیا۔ آپ کی رائے نہ تھی کہ دارالعلوم دیوبند میں فلسفہ اور منطق کا درس ہو۔ ایک مرتبہ دونوں مضامین خارج بھی کر دیئے گئے تھے مگر ارکان شوریٰ نے کچھ عرصہ کے بعد پھر دونوں مضامین کو نصاب میں داخل کر دیا تھا (علماء حق اور ان کے مجاہدانہ کارنامے" حصہ اول مرتبہ مولانا سید محمد میاں ناظم جمعیۃ علماء ہند۔ صفحہ ۸۵)

(۱۹۴) عارف باللہ حضرت شیخ توکل شاہ صاحب مجددیؒ نے مولف "انوار العاشقین" سے فرمایا کہ میں نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جا رہے ہیں اور حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ جہاں پائے مبارک آپؐ کا پڑتا ہے وہیں اپنا پاؤں رکھتے ہیں اور میں بے اختیار بھاگتا ہوں کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ

marfat.com
Marfat.com

جاؤں۔ پس میں آگے ہو گیا (انوار العاشقین صفحہ ۸۷)

(۱۹۵) شہر فاس میں ایک شخص پر خون ثابت ہوا۔ قاضی نے اس کی گردن مارنے کا حکم دیا۔ بادشاہ وقت نے قاضی کو پیام بھیجا کہ ملزم کو قتل نہ کرنا۔ قاضی نے کہا کہ یہ نا ممکن ہے کہ شریعت کی پابندی نہ کی جائے۔ دوسرے دن قاضی نے پھر حکم دیا مگر بادشاہ کا وہی پیغام آ گیا۔ قاضی نے توقف کیا اور تیسرے دن پھر حکم دیا کہ اسی وقت پھر سلطان کا حکم آ گیا کہ میں نے آج تیسری مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا ہے۔ آپؐ اس کے قتل کی ممانعت فرما رہے ہیں۔ قاضی کو جوش آ گیا اور کہا ہم خواب کی وجہ سے حکم شرعی کو نہیں چھوڑ سکتے اگرچہ خواب مکرر و سہ کرری دیکھا گیا ہو۔ یہ کہہ کر ملزم کو قتل گاہ کی طرف لے گئے اور جیسے ہی اس کی گردن مارنے کا ارادہ کیا ایک شخص جو مقتول کا وارث تھا آ گیا اور اس نے کہا کہ میں نے اپنے مورث کا خون معاف کیا۔ قاضی خاموش ہو گیا۔ جب یہ خبر بادشاہ کو پہنچی تو اس نے ملزم کو بلایا اور واقعہ سننا چاہا۔ اس نے عرض کیا کہ ضرور یہ مقتول میرے ہاتھ قتل ہوا ہے اور اس کا سبب یہ ہوا کہ میں اور مقتول شراب خانے میں شراب پیتے تھے۔ ایک روز اس مقتول نے چاہا کہ ایک سیدانی سے مرتکب زنا ہو۔ میں نے اس کو منع کیا۔ اس نے نہ مانا۔ جب میں نے دیکھا کہ وہ سیدانی کو بے عزت کئے بغیر نہ رکے گا تو میں نے اس کو جان سے مار ڈالا۔ بادشاہ نے کہا تو نے سچ بیان کیا۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین بار تیرے قتل سے مجھ کو منع نہ فرماتے (الصواعق)

(۱۹۶) محترمہ رضیہ لال شاہ تہجد گزار خاتون تھیں۔ درود و سلام کی کثرت کیا کرتی تھیں۔ انہیں دو مرتبہ تہجد کے وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ تیسری مرتبہ جنوری ۱۹۸۱ء میں

marfat.com
Marfat.com

جب محترمہ حسب معمول گنگ محل گلبرگ لاہور کے لیکچرہال میں بیٹھی مطالعہ کر رہی تھیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحالت بیداری تشریف لائے۔ آپؐ جلدی میں تھے اور محترمہ کو بھی جلدی چلنے کو فرمایا۔ یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے چل پڑیں لیکن چند قدم چلنے کے بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے۔ اس واقعہ کے تین دن بعد ۳۰ جنوری کو جمعہ کی نماز کے لیے وضو کرتے ہوئے محترمہ نے رحلت فرمائی ("درود شریف کے فوائد" از محترم فیاض حسین چشتی نظامی صفحہ ۶۵ تا ۶۶)۔

(۱۹۷) جناب فیاض حسین چشتی نظامی لکھتے ہیں کہ ان کی ہمشیرہ کی سسرال آپا صغریٰ نامی ایک خاتون آتیں اور چند دن قیام کے بعد چلی جایا کرتی تھیں۔ ساس نے ان کی خدمت میری ہمشیرہ کے سپرد کر دی تھی۔ اس ڈیوٹی کو قدرے ناگواری کے احساس سے انجام دیتی تھیں۔ ہمشیرہ نے ایک رات خواب دیکھا کہ آپا صغریٰ کا جنازہ گھر کے صحن میں رکھا ہے اور لوگ پریشان ہیں کہ جنازہ کون پڑھائے گا۔ اسی اثناء میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کالی کملی اوڑھے صحن کی سیڑھیوں سے تشریف لائے اور فرمایا کہ اس کا جنازہ میں پڑھاؤں گا کیونکہ اس کا مجھ پر ادھار ہے۔ صبح میری ہمشیرہ صاحبہ نے اپنی ساس سے اس خواب کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ آپا صغریٰ پوری پوری رات درود شریف پڑھتی ہیں اور اب تو یہ حالت ہو گئی ہے کہ دوران نماز' قیام' قعود' رکوع اور سجود میں بھی درود شریف ہی پڑھتی رہتی ہیں۔ آپا صغریٰ نے اواخر ۱۹۸۸ء میں انتقال فرمایا (درود شریف کے فوائد صفحہ ۷۹)

درود شریف کی اس کثرت کی وجہ سے مرحومہ و مغفورہ کو یہ اعزاز حاصل ہوا اور اسی وجہ سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مبارک جملہ ارشاد فرمایا "اس کا مجھ پر ادھار ہے" سبحان اللہ کیسی عظیم خاتون تھیں۔ ثم سبحان اللہ۔

marfat.com
Marfat.com

(۱۹۸) امام طریقت علامہ ابوالقاسم قشیریؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میرا بیٹا اس قدر شدید علیل ہوا کہ اس کی جان کے لالے پڑ گئے۔ اسی اثناء میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور آپؐ کی خدمت میں بچے کا حال عرض کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ "تم آیات شفا" سے کیوں دور رہتے ہو اور کیوں ان سے تمسک نہیں کرتے اور شفا نہیں مانگتے"۔ بیدار ہو کر انہوں نے اس پر عمل کیا اور بچہ تندرست ہو گیا۔

قرآن پاک میں حسب ذیل چھ آیات ہیں جنہیں "آیات شفا" کا نام دیا گیا ہے:۔

۱۔ **یشف صدور قوم مومنین**○ (سورہ "توبہ" آیت نمبر ۱۴)

(اللہ تعالیٰ شفا بخشتا ہے مومنوں کے سینوں کو)

۲۔ **شفاء لما فی الصدور**○ (سورہ "یونس" آیت نمبر ۵۷)

(سینے کی (دلوں کی) بیماریوں سے شفا)

۳۔ اذا مرضت فھو یشفین ○ (سورہ "شعراء" آیت نمبر ۸۰)

(جب میں بیمار ہوتا ہوں تو (اللہ تعالیٰ) مجھے شفا بخشتا ہے)

۴۔ **ننزل من القران ما ھو شفاء و رحمتہ للمومنین** (سورہ "بنی اسرائیل" آیت نمبر ۸۲)

(ہم قرآن کے ذریعہ سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفا اور رحمت ہے)

۵۔ **یخرج من بطونھا شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس** (سورہ "نحل" آیت نمبر ۶۹)

(اس کے پیٹ سے پینے کی چیز نکلتی ہے جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں۔ اس میں لوگوں (کے کئی امراض) کی شفا ہے)

۶۔ **قل ھو للذین امنوا ھدی و شفاء** (سورہ "حم سجدہ" آیت نمبر ۴۴)

marfat.com
Marfat.com

(آپ فرما دیجئے کہ یہ مومنین کے لئے ہدایت اور شفاء ہے)

ان چھ آیات شفاء کو بار بار پڑھ کر مریض پر دم کریں یا کاغذ یا چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب میں کھانے کے پیلے رنگ کو گھول کر اس سیاہی سے ان آیات کو لکھیں اور بار بار مریض کو پلائیں یا خالی پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ ہر مرض کے لئے نہایت مجرب ہیں۔ اگر طبیب اور ڈاکٹر انہیں روزانہ تین مرتبہ پڑھ کر علاج کی ابتداء کریں تو انشاء اللہ ہاتھ میں شفاء پیدا ہو جائے۔ یا اسم الٰہی یا نافع کو اسی کے عدد یعنی ۲۰۱ مرتبہ ورد کر کے کلینک کی ابتدا کیا کریں تو بھی بہت فائدہ ہو گا (کتاب التعویذات صفحہ ۴۷) (صراط مستقیم)

(۱۹۹) حضرت ابو محمد جرزی شافعی دمشقیؒ کی رباط (سرائے) میں ایک دن ایک مفلوک الحال نوجوان نے آکر پہلے دو رکعت نماز پڑھی اور پھر درود شریف پڑھنے میں مشغول ہو گیا۔ بادشاہ نے شام کو سرائے والوں کی دعوت کر دی۔ انہوں نے اس نوجوان کو بھی ساتھ لے جانا چاہا مگر اس نے جانے سے انکار کر دیا اور کہا میرے لئے گرم گرم حلوہ لے آنا۔ حضرت جرزیؒ کو اس کی یہ بات ناگوار گذری اور حلوہ نہیں لائے۔ رات کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں حاضری کا شرف حاصل ہوا مگر انہیں دیکھ کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منہ پھیر لیا۔ انہیں بڑا تعجب ہوا اور دریافت کیا کہ مجھ سے کیا غلطی ہو گئی جو آپؐ کی توجہ سے محروم ہوں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر ارشاد فرمایا کہ تم نے ہمارے ایک درویش کی خواہش پوری نہیں کی۔ نیند سے بیدار ہوتے ہی اس درود خواں نوجوان کی خدمت میں حلوہ لے کر حاضر ہوئے مگر اس نے لینے سے انکار کر دیا یہ کہہ کر کہ ایک روٹی کے لئے تجھے ایک لاکھ ۲۴ ہزار پیغمبروں کی سفارش چاہیے۔ مجھے ایسی روٹی کی ضرورت نہیں۔ یہ کہہ کر چلا گیا۔ حضرت ابو محمد جرزیؒ بعد کو بہت پچھتائے (سعادت الدارین صفحہ ۱۷۳)

marfat.com
Marfat.com

(۲۰۰) حکیم عبدالرحمٰن جیراجپوری ۱۲۶۴ھ میں پیدا ہوئے۔ جے راج پور میں قرآن مجید سے اس درجہ محبت تھی کہ آیات قرآنی سن کر وجدانی کیفیت طاری ہو جاتی تھی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اس قدر محبت تھی کہ ۱۳ مرتبہ خواب میں آپ کی زیارت سے مشرف ہوئے (تراجم علمائے حدیث ہند اول از ابو یحییٰ امام خاں صاحب نوشہروی۔ صفحہ ۳۸۶)

(۲۰۱) حضرت سید احمد میاںؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرید کو توجہ دے رہا تھا کہ ایک درویش بھی آ کر مراقب ہو گئے۔ اسی وقت حضوری حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہو گئی اور یہ درویش کے بہت قائل ہوئے۔ کتاب "شہرہ آفاق" از نورالحسن صاحبؒ صفحہ ۸۵)

(۲۰۲) ایک بار حضرت سید احمد میاںؒ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ میں اپنا لعاب دہن تیرے منہ میں ڈالوں گا (کتاب "شہرہ آفاق" صفحہ ۸۵)

(۲۰۳) کرنل خان محمد ولد رسالدار میجر چراغ خاں امیر کبیر ہونے کے باوجود تہجد گذار تھے۔ نماز پنجگانہ بروقت اور با جماعت ادا کرتے تھے۔ خوش پوش، خوش خلق اور لطیف الطبع تھے۔ ۲۹ مارچ ۱۹۴۵ء کو لاہور میں وصال فرمایا اور اپنے آبائی وطن مٹھ ٹوانا (ضلع سرگودھا) میں اگلے روز جمعہ کو آبائی قبرستان میں دفن ہوئے۔ ایک موقع پر لاہور میں انہوں نے یہ واقعہ ڈاکٹر ملک عبدالغنی صاحب ایم-اے-پی ایچ ڈی کو بتایا تھا-ایک مرتبہ نماز تہجد کے بعد آرام کی خاطر لیٹ گئے- آنکھ لگ گئی- خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور آپ نے بکمال شفقت فرمایا۔ خان محمد اقبال کو ہمارا سلام پہنچا دینا۔ نماز فجر ادا کر کے کرنل صاحب اپنی کار میں علامہ اقبال کی

marfat.com
Marfat.com

کوٹھی واقع میکلوڈ روڈ لاہور پہنچے اور ان کے خادم علی بخش سے کہا کہ اندر جا کر مطلع کر دے۔ علامہؒ چادر اوڑھے شبینہ لباس میں باہر آئے۔ دریافت کیا کہ آج علی الصبح کیسے تکلیف کی۔ کرنل صاحب نے جواباً کہا بندہ ناچیز آپ کے لئے ایک تحفہ لایا ہے جس کی حسرت ہمیشہ آپ کے دل میں رہی ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو سلام بھیجا ہے۔ یہ کہہ کر خواب کی پوری کیفیت بیان کی۔ سنتے ہی ان پر رقت طاری ہو گئی۔ بار بار دریافت فرماتے اور کرنل صاحب بار بار بیان فرماتے۔ وفور گریہ سے ہچکی بندھ گئی۔ خود کرنل صاحب کی آنکھیں اشکبار تھیں۔ آخر علامہ کی طبیعت سنبھلی۔ بار بار فرماتے "آپ میرے لئے چشمہ خیر و برکت ہیں اور ایک ایسا تحفہ لائے ہیں جس کی قیمت کا اندازہ ممکن نہیں۔ عرب و عجم کے شہنشاہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ذرہ نوازی فرمائی ہے۔ یہ تحفہ میری زندگی کا حاصل ہے۔ (حضور رحمتہ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر اقبال پر از ڈاکٹر ملک عبدالغنی۔ گورنمنٹ کالج سمندری کا علمی و ادبی مجلہ کا اقبال نمبر۔ اپریل ۱۹۸۷ء)

دربار رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم میں علامہ اقبال کو جو مقبولیت حاصل تھی اور خود علامہ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کس قدر شدید محبت تھی مذکورہ بالا واقعہ میں اس کی ہلکی سی جھلک ہے۔ سبحان اللہ علامہ کس قدر خوش نصیب ہیں۔ مشہور مرحوم صحافی میاں محمد شفیع (م۔ ش) حضرت علامہ اقبالؒ کے لقب "حکیم الامت" کے ضمن میں ایک واقعہ بیان کر کے لکھتے ہیں:

۱۹۳۷ء میں گرمیوں کے دن تھے۔ مرحوم ڈاکٹر عبدالحمید ملک (کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج۔ لاہور کے پروفیسر) علامہ اقبال کے پاس تشریف لائے۔ دوران گفتگو بے تکلفی سے ڈاکٹر صاحب نے علامہ اقبالؒ سے دریافت کیا کہ

marfat.com
Marfat.com

آپ حکیم الامت کیسے بنے؟ علامہؒ نے بلا توقف فرمایا کہ گن کر ایک کروڑ مرتبہ درود شریف کا ورد کیا ہے۔ آپ بھی اس نسخہ پر عمل کر کے حکیم الامت بن سکتے ہیں۔

جناب مولانا محمد سعید احمد مجددی مدیر اعلیٰ ماہنامہ دعوت تنظیم الاسلام۔ گجرانوالہ نے لاہور کے مشہور امراض قلب کے ڈاکٹر رؤف یوسف کے حوالہ سے لکھا ہے کہ علامہ اقبالؒ نے انہیں بتایا کہ آلو مہار شریف (ضلع سیالکوٹ) کے خواجہ سید محمد امین شاہ صاحب نے انہیں روزانہ کثرت سے درود خضری پڑھنے کو کہا تھا۔ اسے روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھنا میرا معمول ہے۔ درود خضری یہ ہے **صلی اللہ علی حبیبہ محمد و آلہ وسلّم**---- حضرت میاں شیر محمد شرقپوری قدس سرہ' اور آپ کے خلفاء اپنے متوسلین کو انہی الفاظ میں اس درود شریف کے ورد کی تلقین فرماتے تھے۔ یہ مختصر مگر نہایت جامع اور کامل درود شریف ہے۔ علامہ اقبالؒ اسی کے ورد کی برکت سے "بحرالعلوم" شرق و غرب کے علوم کے جامع "اور حکیم الامت" بنے تھے۔

(۲۰۴) علامہ شعرانیؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے عظیم احسانات میں سے مجھ پر یہ بھی احسان اور انعام ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار عالی کا حاضرباش ہوں۔ اکثر اوقات اپنے کو روضہ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوۃ و سلاما) پر پاتا ہوں اور اس طرح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کلام کرتا ہوں جس طرح اپنے پاس بیٹھے ہوئے کے ساتھ گفتگو کی جاتی ہے۔ (رحمت کائنات' صفحہ ۳۵۶)

(۲۰۵) شیخ الشیوخ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہ العزیزؒ جب دولت حج و زیارت سے مالا مال ہو کر وطن واپس آئے تو مخلوق نے مرید ہونا چاہا۔ مگر آپ انکار فرماتے رہے۔ بالآخر خواب میں حضرت رسول اللہ صلی

marfat.com
Marfat.com

اللہ علیہ وسلم کو مع خلفائے راشدینؓ رونق افروز پایا اور کمال التفات شاہانہ سے عنایت فرمائے گئے (انوار العاشقین صفحہ ۸۵)

(۲۰۶) حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہ نے فرمایا کہ ظاہر میں اول بیعت میری طریقہ نقشبندیہ میں حضرت نصیرالدین دہلویؒ خلیفہ حضرت شاہ محمد آفاقؒ سے ہوئی اور باطن میں بلا واسطہ خود حضرت نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح ہوئی کہ میں نے دیکھا کہ آپؐ ایک بلند جگہ رونق افروز ہیں اور حضرت سید احمد شہیدؒ کا ہاتھ آپؐ کے دست مبارک میں ہے اور میں بھی اسی مکان میں مودب کھڑا ہوں۔ حضرت سید صاحبؒ نے میرا ہاتھ پکڑ کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں دے دیا (کرامات امدادیہ از حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانویؒ صفحہ ۴۴)

(۲۰۷) ایک دن حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہ نے خواب دیکھا کہ مجلس سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوں۔ غایت رعب سے قدم آگے نہیں بڑھتا کہ ناگاہ آپ کے جد امجد حضرت حافظ بلاقیؒ نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں دے دیا۔ اس وقت بعالم ظاہر میاں جیوؒ سے کسی طرح کا تعارف نہ تھا۔ بیان فرماتے ہیں کہ جب میں بیدار ہوا تو عجیب انتشار حیرت میں مبتلا تھا کہ یا رب یہ کون بزرگ ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ ان کے ہاتھ میں دے دیا اور مجھ کو ان کے سپرد کردیا۔ اسی طرح کئی سال گذر گئے کہ ایک دن حضرت مولانا محمد قلندر محدث جلالپوریؒ نے میرا اضطرار دیکھ کر بکمال شفقت وعنایت فرمایا کہ تم کیوں پریشان ہوتے ہو۔ موضع لوہاری یہاں سے قریب ہے وہاں جاؤ اور حضرت میاں جیو صاحبؒ سے ملاقات کرو۔ شاید مقصود ولی حاصل ہو اور حیض بیض سے نجات پاؤ۔ پس لوہاری کی راہ لی۔ شدت سفر

marfat.com
Marfat.com

سے پاؤں میں چھالے پڑ گئے۔ آخر آستانہ شریف پر حاضر ہوا اور جیسے ہی دور سے جمال با کمال ملاحظہ کیا تو وہی صورت تھی جو خواب میں دیکھی تھی۔ محو خود رفتگی ہو گیا اور افتاں و خیزاں خدمت میں پہنچ کر قدموں پر گر پڑا۔ حضرت میاں جیو" نے میرے سر کو اٹھایا اور اپنے سینہ نور گنجینہ سے لگا لیا اور بکمال رحمت و عنایت فرمایا کہ تم کو اپنے خواب پر کامل وثوق و یقین ہے۔ یہ پہلی کرامت تھی جس کا آپ سے اظہار ہوا۔ دل بکمال استحکام آپ کی جانب مائل ہو گیا۔ ایک مدت تک خدمت با برکت میں حلقہ نشین رہا اور تکمیل سلوک سلاسل اربعہ عموما" اور طریق چشتیہ صابریہ خصوصا" کیا اور خرقہ خلافت و نامہ اجازت خاصہ و عامہ سے مشرف ہوا۔ بعد عطائے خلافت حضرت میاں جیو" نے فرمایا کہ کیا چاہتے ہو تسخیر یا کیمیا جس کی رغبت ہو وہ تم کو بخش دوں۔ آپ یہ سن کر رونے لگے اور عرض کیا کہ دنیا کے واسطے آپ کا دامن نہیں پکڑا۔ اللہ کو چاہتا ہوں۔ وہی مجھ کو بس ہے۔ حضرت میاں جیو" یہ جواب سن کر بہت خوش ہوئے اور آپ کو بغل گیر فرما کر علو ہمت کی داد دی اور پھر دعا دے کر رخصت کیا (انوار اصفیا)

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی" اپنی کتاب "کرامات امدادیہ" میں مولوی عبدالغنی بہاری" کی کتاب "شمائم امدادیہ" سے یوں نقل کرتے ہیں۔ حضرت حاجی صاحب" نے خواب دیکھا کہ مجلس حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوں اور غایت رعب سے قدم آگے نہیں بڑھتا کہ ناگاہ میرے جد امجد حاجی حافظ بلاقی قدس سرہ تشریف لاتے ہیں اور میرا ہاتھ پکڑ کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں دے دیتے ہیں اور آپ میرا ہاتھ حوالہ حضرت میانجی"....... (انوارالعاشقین صفحہ ۸۴) (سوانح قاسمی جلد اول از مناظر اسلام، متکلم ملت، سلطان القلم حضرت مولانا سید مناظر احسن گیلانی قدس سرہ، صفحہ ۸۴ تا ۸۵)

marfat.com
Marfat.com

(۲۰۸) شیخ الشیوخ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوۃ و سلاما") کے اس خاص حصے میں جسے ریاض الجنت کہتے ہیں میں مراقب تھا۔ مراقبہ میں مجھ پر منکشف ہوا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر اطہر (علیٰ صاحبہا صلوۃ و سلاما") سے بصورت میاں جیو قدس سرہٗ نکلے۔ عمامہ لپٹا ہوا اور تر یعنی بھیگا ہوا دست مبارک میں تھا۔ اس کو نہایت شفقت سے میرے سر پر رکھ دیا اور کچھ فرمائے بغیر واپس تشریف لے گئے (کرامات امدادیہ از حضرت مولانا تھانویؒ صفحہ ۳۰) (امداد العاشقین صفحہ ۸۴ تا ۸۵)

(۲۰۹) مصنف "انوارلعارفین" حضرت مولانا قاسم نانوتوی قدس سرہٗ سے نقل کرتے ہیں کہ مولانا نے فرمایا کہ ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جبہ شریف جو جلال آباد میں ہے پہنے ہوئے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت حاجی صاحبؒ لباس شریعت و آداب طریقت سے آراستہ و پیراستہ ہیں (انوار العاشقین از مولوی مشتاق احمد انیٹھوی صابریؒ صفحہ ۸۳ تا ۸۴)

(۲۱۰) منشی محمد وہاج الدین کاکورویؒ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور بے حد مقبول تھے۔ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ بزمانہ ابتدائی خواب میں تکیہ شریف کی مسجد میں گیا تو وہاں میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپؐ کنارے کے در میں نماز عصر میں مصروف ہیں۔ میں بھی آپؐ کی اقتداء میں نماز میں شریک ہوگیا۔ بعد فراغت مجھ سے ملے اور مجھے اپنے دونوں پیروں کے حلقہ میں لے لیا اور بہ وفور محبت و عنایت میری پشت پر ہاتھ رکھ کر مسکرا کر فرمایا "لڑکے تو نماز نہیں پڑھتا" میں نے جواب دیا "جی نہیں" آپؐ نے پھر بکمال خوبی تبسم سے فرمایا کہ میں تیرے واسطے تین دن

marfat.com
Marfat.com

سے یہاں ٹھہرا ہوا ہوں (انفاس القلندریہ از مولوی محمد تقی حیدر" صفحہ ۶۵۳)

(۲۱۱) منشی محمد وہاج الدین کاکوری" فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ آپ نے مجھے اپنے قریب بلایا اور فرمایا کہ تجھ کو شک ہے کہ تجھے یقین کامل نہ ہوگا۔ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں ابھی تو مجھے شک ہے۔ آپ ؐ نے فرمایا کہ نہیں اور میری پیشانی پر انگلی رکھ کر فرمایا کہ ۹۵ میں تکمیل ہے۔ زمانہ سلوک کی ہنگامہ آرائی ایسی عظیم تھی کہ جس پر نظر پڑتی بے خود ہو کر لوٹنے لگتا۔ (واضح رہے کہ ۹۵ کے عدد پر تمام نزول و عروج کی تکمیل انتہائی ہے جیسا کہ کتاب "الکھف والرقیم" کی شرح مراتب وجود کی تشریح میں مرقوم ہے۔ (نغمات العنبریہ من انفاس القلندریہ صفحہ ۶۵۴)

(۲۱۲) ایک سفر میں مولوی حاجی سید محمد غوث علی شاہ پانی پتی" سے ایک شخص ملا۔ اس نے بیان کیا کہ میں تیس برس ہوئے اپنے گھر سے بارادہ زیارت کعبہ شریف چلا تھا۔ حج کے بعد مختلف زیارت کرتا ہوا حضرت موسیٰ" کے مزار مبارک پر پہنچا۔ بہت پسند آیا اور آٹھ برس تک وہاں جاروب کشی کرتا رہا۔ اتفاقاً ایک ہم وطن فقیر وہاں آ نکلا اور مجھے پیام دیا کہ تمہاری زوجہ نہایت پریشان ہے۔ گذر اوقات نہیں ہوتی۔ لڑکی بغیر شادی گھر میں بیٹھی ہے۔ ضرور خیال کرنا چاہیے۔ مجھ کو بہت ملال رہا۔ اسی عالم میں سو گیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے فرمایا غم نہ کر۔ فلاں مقام پر پتھر کے نیچے پانچ سو ریال ہیں اٹھا کر گھر چلا جا اور لڑکی کی شادی کر کے واپس آ۔ ہم ہم منتظر رہیں گے۔ دوسرے دن بھی یہی خواب دیکھا۔ پتھر جو اٹھایا تو مطلوبہ رقم مل گئی۔ وہاں سے چل کر مدینہ طیبہ آیا۔ وہاں خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں بہت جلد چلے جاؤ حضرت موسیٰ علیہ السلام

marfat.com
Marfat.com

منتظر ہیں۔ گھر آ کر لڑکی کی شادی کی۔ ایک دن حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے فرمایا تو کیوں نہیں آتا۔ عرض کیا پیادہ پائی اور سفر دراز کی دقت ہے۔ جب بیدار ہوا تو مزار مبارک حضرت موسیٰ علیہ السلام پر موجود تھا۔ اس روز سے ہر چھ ماہ بعد گھر آنے کی نیت سے سوتا ہوں تو صبح گھر پہنچ جاتا ہوں۔ آٹھ دس دن بعد پھر واپس جانے کی نیت سے سوتا ہوں تو مزار مبارک حضرت موسیٰ علیہ السلام پر پہنچ جاتا ہوں۔ غرض میرے حال پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بڑی عنایت ہے جب چاہتا ہوں گفتگو بھی ہو جاتی ہے۔ اور خرچ بھی مل جاتا ہے۔ ایک دن عرض کیا کہ مجھ کو کچھ تعلیم فرمائیے۔ آپ نے فرمایا تو متحمل نہیں ہو گا ہاں بعد مرگ تجھ پر عنایت ہو گی۔ حضرت شاہ محمد غوث پانی پتیؒ نے آخر میں فرمایا کہ یہ شخص نہایت بلند بخت تھا۔ اس پر بڑا فضل ایزدی تھا (ریاض الفقر معروف بہ "دفتر حقیقت" از حافظ محمد امداد حسین میرٹھی صفحہ ۱۷۱۔) اس کتاب کے اندر حضرت شاہ محمد غوث پانی پتیؒ کے حالات زندگی قلمبند کئے گئے ہیں۔

(۲۱۳) مولوی سید محمد علی کانپوریؒ نے خواب میں دیکھا کہ ایک مکان رفیع الشان میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ فرما ہیں۔ ہمراہ صحابہ اکرامؓ بھی ہیں۔ مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ جیسے ہی میں وہاں حاضر ہوا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کھڑے ہوئے اور مجھ کو اپنے سینہ مبارک سے لگا کر فرمایا کہ جاؤ ہمارے دین کی اشاعت کرو۔ جب میں بیدار ہوا تو اسی وقت حق تعالیٰ نے میرے دل میں اشاعت دین کا جوش پیدا کر دیا (رفع الوسوسۃ ..... حکایت ۱۴۲ صفحہ ۵۳)

marfat.com
Marfat.com

(۲۱۴) مولوی حافظ حکیم ابو یحییٰ محمد شاہجہانپوری" اپنے والد ماجد حضرت مولانا کفایت اللہ صاحب" کا خواب لکھتے ہیں جو انہیں حضرت مولانا سید نذیر حسین محدث دہلوی (میاں صاحب") کی نسبت نظر آیا تھا۔ وہ اس وقت تک میاں صاحب" کے ہم مسلک نہ تھے۔ خواب دیکھا کہ ایک مقام پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرماہیں اور پھر ٹھیک اسی جگہ میاں صاحب" کو بیٹھے ہوئے دیکھا۔ اس خواب کے بعد انہوں نے انہی سے اور وہیں تحصیل حدیث سے فراغت حاصل کی۔ یہاں ان کو خواب میں میاں صاحب" کا کمال اتباع اور بالکل سچی جانشینی دکھائی گئی ہے (نتائج التقلید از حکم محمد اشرف صاحب صفحہ ۵۶) ("الارشاد" از مولوی حافظ حکیم ابو یحییٰ محمد صاحب شاہجہانپوری صفحہ ۲۲۷۔ مطبوعہ انصاری۔ دہلی)

میاں صاحب ۱۲۱۱ھ میں سورج گڑھ ۔ قصبہ مونگیر۔ صوبہ بہار (بھارت) میں پیدا ہوئے اور ۸۰ سال دہلی میں درس حدیث پاک دیا آٹھ لاکھ معتقد چھوڑے ۔ ۱۰ رجب المرجب روز دو شنبہ ۱۳۲۰ ھ مطابق ۱۳ اکتوبر ۱۹۰۲ء کو دہلی میں وصال فرمایا اور وہیں دفن ہوئے۔

مصنف کتاب ہذا کے بزرگوں نے سلطان محمود غزنوی" کے لشکر کے ساتھ سرزمین ہند میں قدم رنجہ فرمایا تھا۔ نولکھا آگرہ میں ان کی جائیداد تھی جہاں صدیوں آباد رہے۔ میرے نانا مولانا عبدالغنی قدس سرہ اور دادا مولانا عبدالغفور قدس سرہ حقیقی بھائی تھے اور نانی اور دادی حقیقی بہنیں تھیں۔ بھائیوں اور بہنوں میں اختر عادل صاحب" سب سے چھوٹے اور یہ دونوں سب سے بڑی بہنیں تھیں۔ میری دادی ۱۹۴۷ء میں پاکستان آتے ہوئے سکھوں کے ہاتھوں دیاس اسٹیشن پر شہید کردی گئی تھیں۔ حضرت مولانا سید محمد نذیر حسین محدث دہلوی (میاں صاحب") کی سوانح عمری "الحیاۃ بعد المماۃ" از فضل حسین صاحب کے ایڈیشن ۱۳۲۶ھ ۱۹۰۸ء کے صفحہ ۳۶۱ پر میاں صاحب" کے اکبر آباد (آگرہ)

marfat.com
Marfat.com

کے تین خاص شاگردوں میں میرے ان دونوں بزرگوں اور ان کے بڑے بھائی مولانا عبداللہ قدس سرہ (۱۸۴۹ء تا ۱۹۱۲ء) کے نام تحریر ہیں۔ (یہ تھے بھی تین ہی بھائی) بعدہ میرے پر دادا حضرت مولانا عبدالرحمٰن صدیقی قدس سرہ نے میرے نانا (۱۸۵۸ء تا ۱۹۲۸ء) اور دادا (۱۸۶۱ء تا ۱۹۳۹ء) کو دیوبند بھیجا جس وقت کہ دارالعلوم دیوبند محض مدرسہ عربیہ تھا۔ نانا نے پوری زندگی جھانسی میں گذاردی اور وہیں وصال فرمایا۔ فارسی اور اردو کی کتابیں آپ نے تحریر فرمائی تھیں۔

جید عالم اور بے مثل خطیب ہونے کے ساتھ رئیس اعظم جھانسی تھے۔ دادا نے ریاست ٹیکم گڑھ (بندھیل کھنڈ) میں درس و تدریس و تبلیغ میں عمر عزیز کا بیشتر حصہ گذار دیا اور اس ہندو علاقہ میں دین کو خوب فروغ دیا۔ یہاں کے مہاراجہ (جس کے بزرگوں نے جہانگیر بادشاہ کے اشارہ پر ابوالفضل کو قتل کرایا تھا) اور اس کے خاندان کے اتالیق بھی رہے۔ "قلمی باغ" اور کئی دوسری کتابیں تصنیف فرمائیں مگر اب سب ناپید ہیں۔ نہایت کامیاب حکیم، بے مثال ادیب اور عربی و فارسی کے شاعر تھے۔ نانا ابا اور دادا میاں دونوں نے آخری عمر میں قرآن مجید حفظ کر لیا تھا۔ میرے والد بزرگوار الحاج مولانا عبدالشکور صدیقی طالب اکبر آبادی" - ایم اے - بی ٹی - ایل ایل بی (۳ دسمبر ۱۸۸۶ء مطابق ۱۳۰۳ھ تا ۲۵ رجب ۱۴۰۰ھ مطابق ۹ جون بروز پیر ۱۹۸۰ء) نے بعمر ۷۶ سال ایل ایل بی کا امتحان پاس کیا اور پھر قرآن پاک حفظ کرتے ایڈوکیٹ کی حیثیت سے راولپنڈی میں وصال فرمایا۔ میں خود مولداً" دہلوی وطناً" اکبر آبادی ثم لاہوری ہوں۔ موتاً" مدنی ہونے کی دل میں تڑپ رکھتا ہوں۔ کیا عجب میری یہ تمنا پوری ہوجائے۔ اللہ تعالیٰ کے لئے سب آسان ہے اوکاڑہ میں دوران لیکچر اچانک مجھے خون کی قے آنے لگی اور اس تیزی سے حالت خراب ہوئی کہ صرف تین دن بعد ۲۱ اپریل ۱۹۴۹ء کو ڈاکٹروں نے میری موت کا سرٹیفکیٹ میری مرحومہ اہلیہ مرضیہ خاتون کے ہاتھ میں تھما دیا تھا۔ اس کے

marfat.com
Marfat.com

باوجود وہ مجھے لاہور لے آئی۔ جہاں گنگارام اسپتال میں علاج ہوا۔ خود تو فردوس نشین ہوگئی۔ اور میں سخت ترین حالات سے دوچار رہنے کے باوجود آج بھی بعمر ۷۷ سال الحمد اللہ زندہ ہوں ۔ قلم اور کتب میرے ہم جلیس اور ساتھی ہیں ۔ کاش ان قلمی کاوشوں سے جلد از جلد چھٹکارا نصیب ہوجائے اور میں بقیہ زندگی اللہ تعالیٰ کی زیادہ سے زیادہ عبادت کرسکوں اور حضرت رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں لاتعداد درود و سلام کے تحائف بھیجوں۔ میں نے قصداً" ان سطور کا اضافہ کیا ہے کیونکہ میرے بچوں کو اس امر کی شکایت ہے کہ ان کے پاس پہچان کی کوئی بھی چیز نہیں۔ سب کچھ ۱۹۴۷ء کے فسادات کی نذر ہوگیا۔ پاکستان میں تو میرا اپنا مکان تک نہیں مگر الحمد للہ میری کتب میں میری شناخت موجود ہے ثم الحمدللہ۔

(۲۱۵) حافظ محمد ابراہیم گنگوہیؒ کو حضرت شاہ عبدالقادر خاں سہروردی بدایونیؒ نے ہی تعلیم دی تھی۔ ایک مرتبہ مصر ہوئے کہ مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرادیجئے۔ فرمایا تم ابھی اتنی قابلیت پیدا نہیں کرسکے۔ نہ مانے پس مسجد میں سامنے بٹھا کر آنکھیں بند کرائیں۔ تھوڑی دیر میں حالت طاری ہوئی چلانے لگے کہ جسم میں آگ لگ گئی ہے ۔ دیکھ لیا سنبھالئے' سنبھالئے۔ توجہ ڈال کر ٹھنڈا کیا۔ بہت خوش ہوئے۔ شاہ صاحبؒ کی عمر ۱۸۵۷ء میں ۲۰ سال کی تھی جنگ آزادی ہند میں بڑی ہی بہادری سے انگریزوں کا آپ نے مقابلہ کیا تھا (ہشتاد اولیاء از شاہ مراد سہروردیؒ صفحہ ۲۵۱۔ حمیدیہ پریس دہلی)

(۲۱۶) مخدوم سلطان شیخ حمزہؒ کے حالات میں لکھا ہے کہ انہوں نے روح نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے مرتبہ تکمیل پایا۔ چونکہ عالم ظاہر میں ان کا کوئی مرشد نہ تھا بارہا جناب باری میں دعا و التجا کی۔ آخر بشارت ہوئی کہ خود بخود تمہارا مرشد تمہارے پاس پہنچے گا۔ چند روز بعد سید جلال الدین بخاریؒ جو عبدالوہاب بخاری دہلویؒ کے خلفاء میں سے تھے کشمیر پہنچے اور بہ اشارت

marfat.com
Marfat.com

غیب شیخ حمزہ" ان سے بیعت ہوئے اور چھ ماہ ان کی صحبت میں رہ کر صاحب مقامات بلند و صاحب فرقہ خلافت سہروردیہ ہوئے (ریاض الفقر معروف بہ "دفتر حقیقت" دوسرا گلزار صفحہ ۱۸۸)

(۲۱۷) حضرت فقیر نور محمد سروری قادری قدس سرہ فرماتے ہیں کہ مجھے قرآن مجید سننے میں بڑا ہی لطف آتا ہے۔ یہ بڑی دولت ہے مگر افسوس کہ اسے سمجھنے والا کوئی نہیں۔ فرمایا کہ ایک مرتبہ دوپہر کے وقت محو خواب تھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں تشریف لائے۔ میں نے عرض کیا آپ کی زبان مبارک سے قرآن مجید سننے کو جی چاہتا ہے پس آپ نے قرآن پاک پڑھنا شروع کیا۔ انتہائے لطف و سرور سے میرے آنسو جاری ہوگئے (حیات سروری صفحہ ۱۸۳)

(۲۱۸) حج بیت اللہ کر کے حضرت مولانا الیشان شیخ محمد یعقوب صرفی عاصی گنائی" جب ہندوستان واپس آئے تو گجرات ہوتے ہوئے آگرہ آئے اور کچھ دن قیام فرمایا۔ ایک دن دوپہر کو قیلولہ فرما رہے تھے کہ رفقاء نے دیکھا کہ آپ کے بدن کو سخت جنبش ہوئی اور اس کے بعد آپ کے بدن پر ایک سفید کرتا پہنا ہوا نظر آیا۔ بیدار ہوکر آپ نے خواب کی روداد بیان کی کہ ابھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ مخدوم شیخ کمال الدین حسین" وغیرہ حضرات بھی موجود تھے۔ مخدوم شیخ کمال الدین حسین" نے گذارش کی صورت میں فرمایا کہ یہ نوجوان میری ارادتمندی میں شامل ہوکر نہایت ہی پکا اور سچا نکلا۔ حضور سراپا نور صلی اللہ علیہ وسلم سے امید ہے کہ اپنی عنایت کی توجہ مبذول فرمائیں گے۔ چنانچہ آپ نے اپنے خاص لباس کا ایک کرتا مخدوم کمال الدین حسین" کو عنایت فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اس مستعد نوجوان کو زیب تن کرادیں۔ بیان کیا جاتا ہے۔ کہ یہ تبرک ایک خاص مدت تک مولانا صرفی" کے پاس موجود رہا۔ پھر خواجہ حبیب اللہ نوشہری" اور انہوں

marfat.com
Marfat.com

نے خواجہ زین الدین علی دار" کو عطا فرمایا۔
(حیات صرفی از مولوی محمد شاہ سعادت مفتی "مورخ کشمیر" صفحہ ۳۵)

(۲۱۹) مولوی محمد رضا صاحب کرسوی (لکھنؤ کے قریب ایک مقام کا نام ہے "کرسی" وہاں کے رہنے والے تھے) علم فارسی میں بے نظیر۔ عرصہ دراز سے لکھنؤ کے کشمیری محلہ میں مقیم تھے۔ فرماتے تھے کہ نماز جمعہ پڑھنے حضرت شاہ نجات اللہ" کی مسجد میں گیا۔ جماعت کثیر تھی۔ بڑے ممتاز لوگ مثلاً مولوی محمد حیدر صاحب فرنگی محلی اور مفتی غلام حضرت صاحب گورکھپوری" وغیرہ جمع تھے۔ جب حضرت شاہ نجات اللہ "نماز پڑھ چکے تو اس مجمع میں کچھ ارشاد فرمانے لگے۔ اسی درمیان میں دفعتاً" جذب آگیا اور چہرہ مبارک پر جلال آگیا اور اپنی ریش مبارک ہاتھ سے پکڑی اور ارشاد فرمایا کہ عجیب طرح کی بات ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ اپنے صاحبزادے عبدالحق کو اپنا خلیفہ و جانشین کیجئے اور کوئی کہتا ہے کہ میاں ربانی کو یہ عہدہ دیجئے اور مجھ سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تم اپنا جانشین اپنے بیٹے حمدانی کو مقرر کرو۔ پھر میں آپ کا فرمان بجا لاؤں یا ان لوگوں کا کہنا مانوں۔ یہ سن کر سب دم بخود رہ گئے (نجات المومنین از حافظ سراج الیقین صفحہ ۲۲۱ تا ۲۲۳)

(۲۲۰) شاہ سلطان مقصود حمواری" ایک روز کلام پاک پڑھتے تھے۔ بارش اتنی تیز تھی کہ سیلاب آگیا تھا۔ لیکن آپ کے کلام مجید پر ایک بوند نہ تھی۔ امراؤ سلاطین سے ملنے کو برا سمجھتے تھے۔ آپ نے روحانی تلقین بلا کسی ظاہری واسطہ کے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پر فتوح سے پائی تھی یعنی اویسی تھے۔ سنت نبوی کے بے حد پابند تھے اپنے وقت کے علوم ظاہری و باطنی میں یگانہ روزگار تھے۔ حضرت شاہ جونپوری" جیسے برگزیدہ بزرگ آپ کی صحبت کو غنیمت سمجھتے تھے اور آپ سے فیض حاصل کرتے تھے (بستان اویسہ المعروف بہ فیوضات عمدیہ از مولانا مفتی محمد عبداللہ آدر مانی ثم الدیانوی صفحہ ۹

marfat.com
Marfat.com

تا ۱۰)

(۲۲۱) حضرت بندگی شیخ محمد حسین سکندر آبادی (ضلع بلند شہر۔ یوپی بھارت) عرف شیخ حسین سکندری ابن ملک محمد قدس اللہ اسرار ہم حالت جذب میں حرمین شریفین خشکی کے راستے سے گئے۔ ایک رات حرم محترم میں خواب کے اندر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو جانب ہند جانے کا حکم فرمایا ان الفاظ میں "عود بہ ہند باید کرد"

(مشاہیر اسلام جلد اول از ملک محمد الدین)

(۲۲۲) مولوی فضل امام صاحب" نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے مکان پر تشریف لائے اور فلاں کمرہ میں بیٹھے ہیں۔ اس کی تعبیر میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی" نے فرمایا کہ تم فوراً" جا کر اپنا سامان اس کمرہ سے نکال لو اور اس کو خالی کردو۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اس کے فوراً" بعد وہ کمرہ گر گیا۔ کسی نے شاہ صاحب" سے دریافت کیا کہ اس خواب کی تعبیر یہ کیونکر ہوئی حالانکہ لوگ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری خواب میں دیکھتے رہے ہیں اور کچھ بھی نقصان نہیں ہوتا۔ آپ نے فرمایا کہ اس وقت بے اختیار یہ آیت ذہن میں آگئی تھی۔ ان الملوک اذا دخلوا قریتہ افسدوھا (سورۃ نمل آیت ۳۴) (عجب نہیں کہ شاہانہ لباس میں زیارت ہونا بیان کیا ہو اس پر یہ آیت ذہن میں آئی ورنہ عام طور سے جو زیارت ہوتی ہے وہ لباس انبیاء علیہم السلام میں۔ اور ہر تعبیر کا اطرار ضروری نہیں ۔ اس میں خصوصیات مقام کو دخل ہوتا ہے ۔ حضرت مولانا تھانوی") (ارواح ثلاثہ یعنی شاہان دہلی یا اسلاف دیوبند صفحہ ۳۸ تا ۳۹ ۔ کتب خانہ اشاعت العلوم متصل مدرسہ مظاہر العلوم۔ سہارنپور یوپی۔ بھارت)

(۲۲۳) حضرت حاجی ولی محمد کشمیری پانی پتی" خلیفہ حضرت قاضی عبدالواحد عرف قاضی غلام غوث پانی پتی" کے تھے۔ بچپن سے فقر کا ذوق و شوق تھا۔ مرشد

marfat.com
Marfat.com

کی تلاش میں مدینہ طیبہ پہنچے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دولت دیدار سے آپ کو مشرف فرمایا اور حضرت قاضی غلام غوث پانی پتی چشتی صابری کی شبیہہ دکھائی اور فرمایا کہ یہ تمہارے پیر ہیں۔ حاجی صاحب ہندوستان آکر پانی پت پہنچے اور بہت تلاش کیا۔ جب بیقراری بہت بڑھ گئی تو حضرت قاضی صاحب سامنے تشریف لائے اور فرمانے لگے بھائی کہاں ہو۔ کب تک پھرتے رہو گے۔ چنانچہ قاضی صاحب کے قدم بوس ہوئے اور شرف بیعت سے مشرف ہو کر دولت مقصود کو پہنچے ۳ جمادی الاخر ۱۲۷۸ھ کو پانی پت (یو پی۔ بھارت) میں وصال فرمایا مزار مبارک زیارت گاہ خلق اللہ ہے (انوار العاشقین صفحہ ۹۵ تا ۹۷)

(۲۲۴) مولوی خطیب محمد معین الدین بن خطیب بخش الدین انصاری کے اجداد عہد حکومت جہانگیر سے خطیب مسجد جامعہ سہوان رہے تیرھویں صدی ہجری کی ابتداء میں پیدا ہوئے۔ غریب امیر جو بھی ادائے نماز و شرکت جماعت میں تساہل کرتا آپ بے خوف و خطر اس کو درے مارنے لگتے۔ آخر زمانے میں قصبہ ڈبائی ضلع بلند شہر بغرض تعلیم و تلقین مسائل دین و اصلاح حال مسلمین زیادہ قیام رہنے لگا تھا۔ وہیں ایک بدبخت شقی نے آپ کو زہر دے دیا۔ اس کے اثر سے بعد نماز فجر قبل طلوع آفتاب اوائل ۱۲۷۲ھ میں جنگ آزادی ہند ۱۸۵۷ء سے دو تین سال قبل عالم بقا کو رحلت فرمائی۔ وہاں ایک خلق کثیر نے نماز جنازہ ادا کی۔ کہا جاتا ہے کہ قصبہ کی آبادی سے تین گنا زیادہ آدمی شریک تھے۔ لوگ یہ انبوہ دیکھ کر بے حد متحیر تھے۔ کہ اس قدر آدمی کیوں کر جمع ہوئے۔ بعدہ نعش مبارک سہوان لائی گئی۔ تو یہاں بھی نماز جنازہ میں نمازیوں کی وہی کثرت تھی۔ بزرگان دین نے فرمایا کہ یہ انبوہ ملائکہ رحمت کا تھا۔ علامہ مولوی سید سراج احمد نے خواب میں دیکھا کہ آج حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال فرمایا۔ اس کو مولانا بزرگ علی صاحب مارہروی سے بیان کیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ کسی عالم دین و ہادی برحق کا انتقال ہو گیا ہے چنانچہ اسی شام کو نعش وطن آئی تو معلوم ہوا کہ وہ عالم دین محمد معین الدین

marfat.com
Marfat.com

تھے۔ (حیوۃ العلماء مولفہ مولانا سید محمد عبدالباقی سہوانی صفحہ ۳۷)

(۲۲۵) معظم خانؒ عرف فقیر عاشقؒ قوم پٹھان شاہ آباد دروازہ رامپور میں رہتے تھے۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ کے خلیفہ سید غلام حسنیؒ کے خلیفہ تھے۔ نہایت بزرگ، نیک اور عابد و زاہد تھے۔ مرض فالج اور بھری کا تھا مولف انوار العارفین سے دوست تھے کہ [illegible] اس میں بھی لذت محسوس ہوتی ہے اور یہ واقعہ بیان کیا کہ میں نے مولوی حسن شاہ محدث کی صحبت کی تھی۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] آپ نے ارشاد فرمایا [illegible] صحبت [illegible] آپ [illegible] حسن شاہ محدث آپ کے خلیفہ تھے [illegible] (ولی [illegible]) [illegible] صفحہ [illegible]

(۲۲۶) حضرت شاہ [illegible]

[illegible]

marfat.com
Marfat.com

(۲۲۷) حضرت شیخ محمد ٹھٹھوی سندھی" کو خواب میں حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے خواجہ محمد زمان" کی تربیت و تکمیل کے لئے ارشاد ہوا۔ آپ نے چودہ روز کی قلیل مدت میں ان کو درجہ قیومیت پر پہنچا دیا۔ (خزینہ معرفت المسمی بہ سوانح مشائخ نقشبندیہ مولفہ صوفی محمد ابراہیم صاحب قصوری")

(۲۲۸) مرغوب احمد وکیل جو حضرت خواجہ محمد صدیق" کے صادق ترین ارادت مند تھے حالت طفولیت کا ایک واقعہ حضرت اقدس کے سلسلہ بیعت میں منسلک ہونے سے پہلے کا بیان کرتے تھے کہ میں نے دیکھا کہ ایک تخت ہے جس پر ایک بزرگ تشریف فرما ہیں۔ اس تخت کے ارد گرد اور بہت سے اصحاب حاضر خدمت ہیں۔ ان میں سے ایک بزرگ سے جن کی صورت سے میں آشنا تھا میں نے دریافت کیا کہ جو بزرگ تخت پر تشریف فرما ہیں کون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ۔ پھر وہ تخت اوپر کو اٹھا اور سب بزرگ بھی اس کے ساتھ اوپر کو اٹھے حتیٰ کہ وہ تخت ملا اعلیٰ کی طرف بلند ہوا اور مستقل ہوگیا۔ اس اثناء میں تمام زمین و آسمان انوار الہٰی سے منور و تاباں تھے۔ اس کے بعد دوسہ میں جب تایا محمود حسن صاحب نے حضرت خواجہ محمد صدیق صاحب" کی خدمت میں بغرض بیعت پیش کیا تو میں نے آپ کی بعینہ ان بزرگ کی سی شکل پائی جن کو میں نے تخت پر جلوہ افروز دیکھا تھا اور جن سے مجھے ہم کلامی کا شرف حاصل ہوا تھا (تذکرہ صدیق زماں حضرت خواجہ محمد صدیق" صفحہ ۱۲۶ تا ۱۲۷)

(۲۲۹) حضرت صدیق زماں خواجہ محمد صدیق قدس سرہ" حج بیت اللہ کے بعد روضہ اطہر (علی صاحبہا صلواۃ وسلاما") کی زیارت کی غرض سے مدینہ منورہ پہنچے اور آپ کے مختصر سے قافلے نے مسجد نبوی (علی صاحبہا صلواۃ وسلاما") میں قیام کیا جب سفر کی کسالت دور ہوگئی تو نہا دھو کر درود و سلام کا ہدیہ پیش کرنے

marfat.com
Marfat.com

کے لئے چاروں حاضر ہوئے۔ روضہ مبارک (علی صاحبہا صلوۃ وسلاما") میں قدم رکھتے ہی عشق و محبت کے جوش و جذبات و کیفیات کے ہجوم نے سب کو از خود رفتہ کردیا۔ اس شخص کے لئے جو اس مقام مقدس کی زیارت سے بہرہ مند نہ ہوا ہو ان جذبات و کیفیات کا مرقع کھینچنا اپنے حدود سے تجاوز کرنا اور سوء ادب کا مرتکب ہونا ہے۔اس گستاخی کے ارتکاب سے احتراز لازمی ہے۔ درود وسلام کے بعد زائرین واپس آگئے۔ دو ایک روز قیام کے بعد منشی عبدالخالق صاحب نے حضرت شاہ محمد پسرورتیؒ کی خدمت میں عرض کیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی نعمت بابرکت سے مجھے بھی مشرف فرمایا جائے۔ شاہ صاحبؒ نے حضرت خواجہ محمد صدیقؒ کی جانب اشارہ کرکے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ کی زیارت سے مشرف ہونے والے اور ان کو بھی اس سعادت میں حصہ دلانے والے آپ ہیں۔ آپ سے کہو۔ منشی صاحب نے آپ کا پیچھا لے لیا۔ آخر کار دوسرے دن آپ ان کو لیکر روضہ پاک (علی صاحبہا صلواۃ و سلاما") پر حاضر ہوئے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے ارشاد فرمایا گیا کہ کسی وجہ سے آپؐ آج شرف دیدار سے شاد کام نہیں فرما سکتے۔ دوسرے روز آپ پھر منشی صاحب کو لیکر حاضر ہوئے اور وہی بات پیش آئی تیسرے دن پھر حاضر ہوئے۔ منشی صاحب کچھ دیر آپ کے پہلو میں بیٹھے رہے پھر کسی ضرورت سے باہر چلے گئے۔ اور آپ کو ان کے جانے کی مطلق خبر نہ ہوئی۔ تھوڑی دیر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی آرامگاہ سے تشریف لائے اور فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی زیارت و شرف بیعت سے مشرف فرمانے کے لئے تمہارے سامنے جلوہ افروز ہیں۔ آپ نے منشی صاحب کو دیکھا تو وہ غائب تھے۔ آپ نے اپنا ہاتھ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت گرامی میں پیش کیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خواجہ محمد صدیق قدس سرہٗ کو بیعت و

marfat.com
Marfat.com

زیارت سے مشرف فرمایا اور جب آپ نعمت بیعت سے مالا مال ہو چکے تو آپ نے منشی صاحب کی طرف سے طلب و شوق زیارت کی استدعاء کی۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "نبشرہ" اتنے میں آپ کے سینہ مبارک سے دھواں نکلا جس سے آپ کو تردد ہوا۔ آپ اجازت لیکر وہاں سے چلے آئے اور منشی صاحب پر خفا ہوئے کہ نیک بخت تو نے ایسا بے بہا موقع کھو دیا۔ انہوں نے معذرت کی کہ مجبوراً رفع حاجت کی وجہ سے باہر نکلنا پڑا۔ پھر آپ نے اس دھوئیں کا ذکر حضرت شاہ صاحبؒ سے کیا۔ انہوں نے ان کو اطمینان دلایا اور تسلی و تشفی دی۔ کچھ دیر بعد آپ نے منشی صاحب کو "نبشرہ" کی بشارت سے جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی مطلع کیا۔ وہ اس لفظ کو سن کر بہت پریشان ہوئے کیونکہ قرآن مجید میں یہ لفظ دوزخ کے عذاب اور جنت کے نعائم دونوں کے لئے آیا ہے۔ اس وقت سے جتنا وقت بھی ان کا سفر میں گذرا پریشانی میں مبتلا رہے تا آنکہ سفر طے کر کے لاہور پہنچے۔ اس تمام پریشانی کے عوض حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو لاہور میں اپنی نعمت زیارت سے مشرف فرمایا۔ (تذکرہ صدیق زماں صفحہ ۹۲)

(۲۳۰) "مناقب فریدی" میں تحریر ہے کہ سید احمد مدنیؒ نے بحکم حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسویؒ سے تونسہ شریف آکر بیعت کی تھی (تحفۃ الابرا صفحہ ۱۲۴)

(۲۳۱) ناصر احمد خاں ولد خلیل احمد خاں شاہجہانپوریؒ امی تھے۔ اپنے والد کے مرید و خلیفہ تھے۔ ان کے والد کسی سے بیعت نہ تھے صرف ورود تنجینا کا ورد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خواب میں پہنچا تھا۔ اس کی برکت سے باوجود امی ہونے کے مطالب و نکات علمی بیان کرتے تھے۔ رامپور میں ۱۰ جمادی الاولی ۱۲۶۷ھ میں انتقال ہوا۔ موتی مسجد کی پشت پر تربت ہے (تذکرہ کاملان رامپور صفحہ ۴۱۰)

marfat.com
Marfat.com

(۲۳۲) حضرت ملا قدرت اللہ بلگرامی انتقال سے ایک روز قبل بیہوش ہو گئے۔ لوگ سمجھے انتقال ہو گیا۔ بیہوشی کے عالم میں آپ نے دیکھا کہ آسمان کے دروازے کھل گئے اور آپ کی روح عروج کر کے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور پہنچی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا ابھی واپس جاؤ۔ آپ کی روح پھر جسم میں آگئی اور آپ نے آنکھیں کھول دیں۔ (انفاس القلندریہ صفحہ ۳۹۸)

(۲۳۳) ایک شخص سید مشہور تھا لیکن ایک اور سید اس سے کہا کرتا تھا کہ تم سید نہیں ہو۔ ایک مرتبہ ایک بزرگ جنہیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضوری حاصل تھی اس جعلی سید کے ہمسفر ہوئے اور اس سے کہا کہ تم سید نہیں ہو۔ اس کے بعد ان کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے محرومی ہو گئی۔ وہ بزرگ بہت حیران ہوئے اور پریشانی و بیقراری سے گریہ و زاری کرنے لگے۔ بعدہ ان کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اگرچہ وہ سید نہیں پھر بھی تم پر ادب کرنا واجب تھا کیونکہ آخر اس نے میرا نام تمہارے سامنے لیا تھا۔ (تذکرہ حضرت خواجہ سلیمان تونسویؒ از صاحبزادہ محمد حسین للٰہی صفحہ ۲۱۷)

(۲۳۴) حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسوی قدس سرہٗ کے پیرو مرشد حضرت خواجہ نور محمد مہاروی قبلہ عالم قدس سرہٗ کا جب وقت وصال قریب آیا تو حضرت قبلہ عالم نے خواجہ صاحبؒ کو بلا کر فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے کہ تم اپنے بزرگوں کے سجادہ پر بیٹھو اور لوگوں کو گمراہی سے نکال کر صراط مستقیم کی ہدایت کرو۔ آپ نے عرض کیا کہ مجھے معاف فرمائیں کیونکہ یہ بھاری بوجھ مجھ سے نہیں اٹھایا جا سکتا۔ میں نہیں جانتا کہ جو شخص میری بیعت کرے گا آخرت میں اس کے ساتھ کیا گزرے گی۔ فرمایا صبر کرو۔ میں دربار نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں عرض کر کے جواب دونگا۔

marfat.com
Marfat.com

دوسرے روز فرمایا۔ تیار رہو کہ تمہارے لئے پھر وہی حکم ہے اور خاطر جمع رکھو کہ جو شخص تمہارے ہاتھ پر بیعت کرے گا اللہ اسے بخش دے گا۔ آپ نے پھر عرض کیا کہ اللہ کی ذات بے نیاز ہے۔ حضرت نوحؑ نے اپنے بیٹے کنعان کے لیے سوال کیا تھا تو جواب ملا تھا لیس من اھلک انه عمل غیر صالح" (وہ تیرے اہل و عیال میں سے نہیں ہے کیونکہ اس کے عمل بد ہیں) (سورہ ہود۔ آیت۴۶) اگر مجھے بھی یہی جواب ملا تو پھر میں کیا کروں گا۔ فرمایا ٹھہرو کہ میں پھر دریافت کرلوں۔ تیسرے روز مجھے بلاکر فرمایا کہ تمہارے ساتھ اللہ کی جناب سے وعدہ ہوا ہے کہ جو شخص تمہارے دروازہ پر آئے گا اور تم اسے قبول کروگے تو اس سے "لیس من اھلک" نہیں کہا جائے گا۔ میں یہ سنکر زار زار رویا اور آپ نے مجھے تسلی اور مبارک باد دی۔

صاحب "مناقب المحبوبین" نے اس روایت میں ذرا سا اختلاف کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ جب آپ نے خلافت کا بوجھ اٹھانے سے انکار کیا تو آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی کہ جو تیرا مرید ہوگا میں اس کی شفاعت کروں گا۔ تب آپ نے خدمت قبول کی اور اسی دن سے لوگوں کو بیعت کرنا شروع کر دیا۔ (سیرۃ سلیمان حصہ اول از صالح محمد صالح صاحب صفحہ ۶۰ تا ۶۱) (مشاہیر اسلام جلد اول صفحہ ۹۲)

(۲۳۵) مخدوم آدمؒ بن اسحاقؒ کا شمار سندھ کے جلیل القدر اولیاء میں ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ جب آپ حج کے لئے بیت اللہ شریف حاضر ہوئے تو آپ نے دیکھا کہ مرد اور عورتیں ایک ہی طرف سے اکٹھے حرم شریف میں داخل ہوتے ہیں۔ مخدومؒ کو یہ بات بالکل پسند نہ آئی۔ آپ نے مکہ مکرمہ کے ذمہ دار لوگوں سے کہا کہ حرم شریف میں مردوں اور عورتوں کا داخلہ ایک ہی جگہ سے بیک وقت مناسب نہیں۔ مرد اور عورتوں کے لئے علیحدہ علیحدہ دروازے مقرر ہونے چاہیں۔ لوگون کو آپ کی یہ بات ماننے میں تامل ہوا۔

marfat.com
Marfat.com

لیکن رات کو انہوں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مخدوم آدم (رحمتہ اللہ علیہ) کے کہنے کے مطابق عمل کیا جائے۔ پس اس کے بعد سے مردوں اور عورتوں کے لئے حرم شریف میں داخلے کے لئے علیحدہ علیحدہ دروازے مقرر ہوگئے۔

(تحفتہ الطاہرین صفحہ ٦٦ تا ٦٧) (تحفتہ الکرام جلد سوم صفحہ ۲۰۵)

جب حضرت مولانا شاہ محمد اسمٰعیل شہید دہلویؒ حج بیت اللہ کے لیے تشریف لے گئے تو خانہ کعبہ میں مردوں اور عورتوں کا داخلہ ساتھ ساتھ ہوتا تھا۔ جب آپ نے یہ حالت دیکھی تو آپ کے ساتھی ننگی تلواریں لیکر خانہ کعبہ کے دروازہ پر کھڑے ہوگئے اور فرمایا کہ اگر عورتوں کے ساتھ مرد اور مردوں کے ساتھ عورتیں داخل ہونگی تو ہم تلوار سے سر اڑا دیں گے۔ اس پر بہت شور شرابا ہوا مگر مولانا اور ان کے ساتھی اپنی بات پر جمے رہے اور مشترکہ داخلہ بند کراکے ہی دم لیا۔

شاہ عبدالرحیم رائے پوریؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ ملا جیون (بعہد اورنگ زیب عالمگیرؒ) کے زمانے میں بھی ایسا ہی ہوا تھا۔ اس وقت بھی مردوں اور عورتوں کا داخلہ ساتھ ساتھ ہوتا تھا مگر ملا جیون نے اس کو روکا تھا۔ معلوم نہیں کہ پھر مشترکہ داخلہ کب سے جاری ہوا۔ (روایات طیب یعنی حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب قدس سرہٗ۔ مہتمم دارالعلوم دیوبند حکایت ۴۴ صفحہ ۷۸)

(۲۳٦) شیخ محمد اکبر ہادی تارہ بلیؒ محلہ تارہ بلی میں سکونت رکھتے تھے۔ والد کا نام شیخ محمود تارہ بلیؒ تھا اور والدہ شریفہ بانوؒ میر عبدالسلام اندرابی کی صاحبزادی تھیں۔ آپ مولانا صرفیؒ کے خاندان سے تھے۔ ۱۱۵۲ھ میں پیدا ہوئے۔ رسمیہ علوم و فنون حاصل کرنے کے بعد آپ نے شیخ محمد اشرف فتح کرلیؒ سے تعلق پیدا کیا۔ آپ کی والدہ نے یہ خبر سنتے ہی شکایت کرتے ہوئے فرمایا کہ

marfat.com
Marfat.com

ہمارے خاندان کی پیری مریدی حضرات قادریہ سے وابستہ ہے اور تمہارے اسلاف سلسلہ کبرویہ کے زمرے میں منسلک تھے۔ اب قادریہ کبرویہ دونوں سلسلے چھوڑ کر سلسلہ سہروردیہ کا اختیار کرنا کیا معنی رکھتا ہے۔ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس بات کی شکایت کرنا چاہتی ہوں۔ شیخ محمد اکبرؒ والدہ کی یہ رنج آمیز باتیں سن کر بہت مضطرب ہوئے۔ یہ تو دن کا ذکر تھا۔ والدہ ماجدہ نے رات خواب میں دیکھا کہ خاص خاص مشائخ حضرت محبوب سبحانیؒ حضرت محبوب العالمؒ، شیخ محمد اشرفؒ کی مجلس منعقد ہے۔ جس کی صدارت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے ہیں آپؐ نے محمد اکبر (رحمتہ اللہ علیہ) کا ہاتھ پکڑ کر حضرت محبوب سبحانیؒ کے سپرد کیا۔ محبوب سبحانی حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ نے محمد اکبر سے دریافت فرمایا کہ آپ کہاں کے باشندے ہیں۔ محمد اکبر نے جواب دیا کہ کشمیر کا رہنے والا ہوں۔ حضرت محبوب سبحانیؒ نے کشمیر کا نام سنتے ہی حضرت محبوب العالمؒ سے تاکیداً فرمایا کہ اس نوجوان کو آپ تربیت دیں۔ حضرت محبوب العالمؒ نے شیخ محمد اشرفؒ کو خطاب کرکے فرمایا کہ "ایں جوان بتو سپردم بر تو منت نہادم"۔ اس خواب کے بعد آپ کی والدہ کی تسلی ہو گئی اور حضرت شیخ محمد اشرف فتح کدلیؒ کو گھر پر دعوت میں بلا کر محمد اکبر کی ترتیب ان کو تفویض فرمائی اور مرید پیرو مرشد کی خدمت گذاری اور آداب بجالا کر مقاصد میں کامیاب ہوا۔ ۱۲۴۳ء میں نوے برس کی عمر پا کر آپ نے وصال فرمایا۔ سادات پارسائی کے مقبرے میں جانب میر محمود پانپوریؒ کی قبر کے پاس دفن کئے گئے (حیات صرفی از مولوی محمد شاہ سعادت متی مورخ کشمیر صفحہ ۱۱۹ تا ۱۲۱)

(۲۴۷) مولوی صوفی خواجہ احمد بنگالیؒ جو حافظ عنایت اللہؒ کے بڑے مخلص اور معتقد خادم تھے اور آپ بھی ان کا بہت خیال فرماتے تھے بہت مدت حاضر خدمت رہ کر مشرف باجازت ہوئے۔ ان کا بیان ہے کہ جب حافظ عنایت اللہ دوبارہ حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے تو میں بھی ہمراہ تھا۔ مدینہ طیبہ میں جب حاضری ہوئی تو میں نے بہت الحاح و زاری کی کہ حضرت رسول اللہ صلی

marfat.com
Marfat.com

اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو جائے تو بڑی بندہ نوازی ہو۔ اسی غم میں کھانا پینا چھوڑ دیا۔ جب حافظ عنایت اللہؒ روضہ اطہر (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") پر حاضر ہو کر مراقب ہوئے تو میں بھی عقب میں بیٹھ کر مراقب ہو گیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم قبر شریف سے باہر تشریف لائے اور ایک برتن کسی شے کا بھرا ہوا دست مبارک میں ہے۔ آپ نے وہ ظرف اس خادم کے منہ سے لگایا اور حافظ عنایت اللہؒ اپنے ہاتھ سے جو شے اس برتن میں تھی اسے میری جانب کرتے جاتے تھے۔ یہاں تک کہ میں نے خوب سیر ہو کر اسے پیا۔ جب میں سیر ہو چکا تو حضرت حافظ صاحبؒ نے مراقبہ ختم فرما دیا میں بھی ہمراہ ہولیا۔ راستہ میں فرمایا۔ کہو میاں خواجہ احمد زیارت ہو گئی۔ (مقامات ارشادیہ و مناقب عنایتیہ صفحہ ۳۸۷ تا ۳۸۸)

(۲۳۸) ایک شب حضرت حافظ مولانا عنایت اللہؒ نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روضہ اقدس (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") سے باہر تشریف فرما ہیں اور آپؐ کے مقدس ٹخنے سے ایک نہر جاری ہے جس کی بہت سی شاخیں ہیں اور ہر شخص اپنے اپنے برتن بھر کر لے جا رہا ہے۔ میں بے انتہا پیاسا ہوں۔ شدت پیاس سے مجبور ہو کر میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس ٹخنے کی اس جگہ جہاں سے چشمہ جاری ہے اپنا منہ لگا دیا اور تمام چشمہ پی لیا مگر پیاس باقی رہی۔ جب یہ خواب حضرت پیر و مرشد مولانا ارشاد حسینؒ سے بیان کیا تو آپ نے متعجب ہو کر فرمایا کہ تم نے خوابوں کا قبلہ گاہ دیکھا۔ (مقامات ارشادیہ و مناقب عنایتیہ صفحہ ۳۴۹)

(۲۳۹) حضرت سید شاہ امیرالدینؒ قصبہ شاہ آباد ضلع انبالہ (مشرقی پنجاب) کے سادات میں سے تھے۔ حضرت مولانا سید شاہ غلام علیؒ آپ کو شاہ آباد سے سلہان لے گئے۔ اسی اثناء میں مولانا نے خاتون جنت حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خواب میں دیکھا۔ فرماتی ہیں کہ میری اولاد کی حق

marfat.com
Marfat.com

تلفی نہ کر۔ اس وقت آپ کو یہ خیال آیا کہ شاید وطن اور گھر سے جدا کرنا ناپسند ہوا ہے ۔ پس شاہ آباد واپس بھجوا دیا مگر آپ بیقرار تھے۔ تین چار روز بعد پھر سلیمان آگئے۔ رات کو مولاناؒ نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا امیرالدین کو تعلیم دو۔ جا بجا نہ پھراؤ۔ پھر مولانا نے آپ کو تعلیم باطنی دی اور خوب ریاضت کرائی اور درجہ تکمیل پر پہنچا کر سجادہ نشین و خلیفہ مقرر فرمایا اور آپ کی بڑی شہرت ہوئی۔ آپ کے چہرہ پر نقاب رہتا تھا۔ کہتے ہیں آپ جانوروں کی بولیاں سمجھتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک بھینس آپ کے پاس آئی اور فریاد کی کہ میرے چھ بچے ذبح کر ڈالے ہیں۔ تحقیق کی گئی تو یہ بات بالکل درست نکلی۔ ۱۲ جمادی الاولیٰ ۱۲۴۳ کو انتقال فرمایا۔ مزار مبارک سلیمان میں ہے (انوارالعاشقین صفحہ ۱۳۲ تا ۱۳۳)

(۲۴۰) حضرت حافظ محمد صابر علی ابن حضرت شاہ امام علیؒ نے پہلے قرآن مجید تجوید کے ساتھ حفظ کیا تھا۔ نہایت ہی خوش الحان تھے۔ قراءت و ترتیل سے قرآن پاک پڑھا کرتے تھے۔ کثرت تلاوت سے مناسبت خاص پیدا ہو گئی تھی۔ فرمایا کہ کبھی ایسا حظ تلاوت میں آتا ہے کہ قرآن مجید کے حروف مجھ سے بات کرتے اور بول اٹھتے ہیں۔ دلائل الخیرات کے بھی حافظ تھے اور روز پڑھتے تھے جس کی وجہ سے نسبت خاص پیدا ہو گئی تھی۔ کثرت سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے خواب میں ارشاد فرمایا کہ میرا نام ابو القاسم بھی لیا کرو یعنی الصلوۃ والسلام علیک یا ابوالقاسم کہا کرو۔ ایک مرتبہ دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا کرتہ شریف اپنے جسم اطہر سے اتار کر آپ کو عطا فرمایا اور حکم دیا کہ اسے پہن لو۔
(انوارالعاشقین صفحہ ۱۴۰ تا ۱۴۱)

(۲۴۱) حضرت [illegible] شاہ امام علیؒ نے ایک مرتبہ

marfat.com
Marfat.com

دیکھا کہ روضہ پاک (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہیں اور حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ بھی موجود ہیں۔ اس وقت حضرت اویس قرنیؒ نے مجھے معانقہ سے مشرف فرمایا۔میں نے عرض کیا کہ میرے دل کو آپ اپنے دل سے ملادیں کہ عرفان حقیقی ہو جائے اور جو میرے متوسلین ہیں آپ کے ہمراہ رہیں اس پر حضرت اویس قرنیؒ نے فرمایا کہ تم اور تمہارے متوسل میرے ہمراہ ہیں اور میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہوں۔(انوار العاشقین صفحہ ۱۴۱)

(۲۴۲) سید شاہ محفوظ بن سید شہاب الدین شاہ جہاں آبادیؒ ابتدا میں اپنے والد ماجد کے مرید و خلیفہ ہوئے۔ ایک روز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا اے محفوظ تیرا حصہ سید محمد مدنی کے پاس تفویض ہے اور آپؐ نے اسی وقت عالم رویاء ہیں آپ کی سید مدنیؒ سے ملاقات کرادی۔ لہٰذا آپ نے خواب سے بیدار ہوتے ہی سید مدنیؒ کی جستجو شروع کردی یہاں تک کہ تلاش میں دکن پہنچ گئے۔ بیجاپور میں سید مدنیؒ سے ملاقات ہوئی اور فیض نعمت سے فیضیاب ہوئے (تذکرہ اولیائے دکن جلد دوم صفحہ ۱۷۷)

(۲۴۳) حضرت شاہ عبداللہ عرف بھیکاجی قادریؒ ۲۱ سال حرمین شریفین رہے اور ۲۱ حج کئے۔ ایک شب عالم رویاء میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو دو مٹھی جوار عنایت فرمائے جو آپ نے اپنی چادر میں لے لئے۔ جب خواب سے بیدار ہوئے معلوم کیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس ملک کی سکونت کا اشارہ فرماتے ہیں جہاں بالعموم جوار کھائی جاتی ہے ۔ اس کے بعد آپ مدینہ طیبہ سے روانہ ہوکر دکن پہنچ گئے۔ (تذکرہ اولیائے دکن صفحہ ۵۲۱)

marfat.com
Marfat.com

(۲۴۴) حاجی محمد آفندیؒ جو اہل کشف و اسرار سے تھے ایک مرتبہ حضرت مولانا مولوی حقی نازلی قدس سرہٗ سے فرمانے لگے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ مکہ مکرمہ میں مقام حنفیہ میں تو امام مقرر ہوا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تیری بائیں جانب اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تیری دائیں جانب ہیں اور میں نے بہت سے فرشتوں کے ہمراہ تیری اقتدا کی ہے۔ نماز کے بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھ کو تین خرمے کے دانے اور ایک آب زم زم کا بھرا ہوا جام عطا فرمایا اور آپؐ نے مجھ سے فرمایا کہ ایک خرمہ کا دانہ ان میں سے تو خود کھا لے اور باقی دو دانے اور پانی کا پیالہ حاجی محمد آفندی کو دے دے (محبوب الابرار صفحہ ۱۳۱)

(۲۴۵) حضرت محمد حسن عرف مولانا محمد بخش رامپوریؒ نے ۱۷ ذیقعدہ ۱۲۵۹ھ کو وصال فرمایا مزار مبارک رامپور میں ہے۔ جب آپ اور مولانا انصار علی انیٹھویؒ مدینہ منور میں علم حدیث پڑھا کرتے تھے تو مولانا محمد بخشؒ کو تو ہر وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضوری حاصل تھی اور بغیر خوشبو لگائے مولانا انصار علی کے کپڑوں میں سے خوشبو آیا کرتی تھی۔ جب آپ کی وفات کا دن قریب آیا مریدوں نے عرض کیا کہ نماز جنازہ کون پڑھائے گا۔ فرمایا کریم بخش (آپ کے خلیفہ میاں جی کریم بخش) سب نے سن کر تعجب کیا کہ میاں جی صاحب" تو جے پور میں ہیں کس طرح آئیں گے۔ چنانچہ اگلے روز آپ کی وفات ہوئی اور حضرت میاں جی کریم بخش رامپوریؒ نماز جنازہ پڑھانے آموجود ہوئے (انوار العاشقین صفحہ ۱۳۷)

(۲۴۶) حضرت مولانا ثناء اللہ سنبھلیؒ نے ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور اپنے حال پر نہایت مہربان پایا۔ چنانچہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روپیہ یومیہ بھی آپ کا مقرر

marfat.com
Marfat.com

فرمادیا۔ بعد اس خواب کے ایک شخص نے آپ کی رفع ضروریات کے لئے ایک روپیہ یومیہ مقرر کردیا۔ آپ حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کے اعظم خلفاء میں سے تھے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ سے علم حدیث و قرآن حاصل کیا تھا۔ اپنے وطن سنبھل میں علوم ظاہر و باطن کی اشاعت کی (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ ۳۰۵) (تحصیل سنبھل ضلع مراد آباد (یو پی۔ بھارت) کو سنبھل حاتم سرائے بھی کہتے ہیں)

(۲۴۷) حضرت شیخ جلال الدین پانی پتیؒ مدت ہائے دراز تک نماز جمعہ کعبہ شریف میں پڑھتے رہے مگر لوگوں پر آخر ہی میں اس کا انکشاف ہوا۔ ایک مرتبہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جلال تیرا کعبہ تیرے پاس ہے۔ وہاں میرا فرزند محمود موجود ہے۔ اس کے پہلو میں نماز پڑھا کر' چنانچہ پھر آپ پانی پت میں جمعہ کی نماز سید محمود قدس سرہؒ کے روضہ کے قریب ہی پڑھتے رہے (سیر الاقطاب) (ہشتاد اولیاء صفحہ ۳۵۹)

(۲۴۸) مولوی عبداللہ جامیؒ اسوہ حسنہ کی پابندی کے لیے مشہور تھے۔ آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ فقہ میں عربی کی مشہور کتاب "قدوری" کی آپ نے شرح لکھی جو پورے پنجاب میں مشہور ہے۔ آپ کا مزار شہر بہاولپور میں محلّہ حکیم رحیم بخش میں ہے (ذکر کرام یعنی ریاست بہاولپور کے بزرگوں کے حالات از محمد حفیظ الرحمٰن بہاولپور صفحہ ۶۸)

(۲۴۹) ۱۲۹۲ھ کو حیدرآباد دکن میں ایک بڑا حادثہ افضل العلماء مولوی زمان خانؒ کی شہادت کی صورت میں رونما ہوا۔ خلاصہ اس کا یہ ہے کہ مولوی صاحب نے حسب خواہش و درخواست عالم میاں مہدوی پیرزادے کی کتاب "ہدیہ مہرویہ الجواب مذہب مہدویہ" تصنیف فرمائی جس پر تمام مہدوی

marfat.com
Marfat.com

زادے مولوی صاحبؒ کے جانی دشمن ہوگئے۔ ادھر مولوی صاحبؒ نے بھی تین مرتبہ خواب میں شہادت کی بشارت پائی۔ اول شب عیدالفطر کو عام خواب میں دیکھا کہ ایک مکان عالیشان کے در پر آپ پہنچے اور معلوم ہوا کہ یہ مکان اہل بیت رضی اللہ عنہم کا ہے اور اہل بیت کو پارچہ و ملبوس کی تکلیف ہے۔ مولوی صاحب نے فوراً بازار سے جاکر دس روپیہ کا پارچہ لاکر مکان کے اندر بھجوا دیا۔ پارچہ مذکور جناب اہل بیت کو پسند نہ ہوا۔ مولوی صاحب کو خیال آیا کہ شاید انگریزی کپڑا ہونے کی وجہ سے ناپسند ہے۔ بمجرد اس کے ایک پارچہ سرخ رنگ جناب اہل بیت سے مولوی صاحبؒ کو عطا ہوا جو مولوی صاحبؒ نے بسرو چشم بوسہ دیکر سر پر رکھ لیا اور بیدار ہوئے۔ اس روز سے آپ نے خواب و خور کم کرکے تنہائی اختیار کی اور اکثر اشخاص سے فرمایا کرتے تھے یہ امر موجب شہادت ہے نہیں معلوم کون مجھ کو جام شہادت پلائے گا۔ اس کے چند روز بعد دوسرا خواب دیکھا کہ سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے مولوی صاحب کو یاد فرمایا مولوی صاحب بسروچشم حاضر ہوئے۔ مگر دربانوں نے اندر جانے سے منع کیا کہ یہ جگہ شہداء کی ہے۔ اندر سے آواز آئی کہ آنے دو یہ بھی شہید ہے۔ آپ نے اندر جاکر دیکھا کہ شہید کربلا (رضی اللہ عنہ) کے دست مبارک میں تھوڑا سا شربت ہے۔ فرمایا کہ یہ شربت کس کو دوں۔ پھر مولوی صاحبؒ کو پلا دیا اور مولوی صاحبؒ بیدار ہو گئے۔ اس کے بعد تیسرا خواب یہ نظر آیا کہ مجلس مبارک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ حاضر ہیں۔ ارشاد گرامی ہوا کہ سب لوگ کنارے ہو جاؤ محمد زمان آتا ہے۔ سب لوگ ہٹ گئے۔ جب مولوی صاحبؒ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو بیٹھے تو آپؐ نے ایک بستہ پارچہ جات کا کھول کر رنگین کپڑے ہر قسم کے علیحدہ کئے اور ایک پارچہ سرخ رنگ سے مولوی صاحب کو سرفراز فرمایا۔ آپنے بعد تکریم اس کو لے کر تمام جسم پر ملا اور سر پر رکھ لیا۔

marfat.com
Marfat.com

پھر بیدار ہو گئے۔ الغرض ٦ ذی الحجہ ۱۲۹۲ھ بروز سہ شنبہ شام کو مولوی صاحبؒ حسب معمول دو خدمتگاروں کے ساتھ مسجد میں تشریف لائے اور بعد نماز مغرب دوزانو بیٹھ کر تلاوت قرآن مجید میں مشغول ہو گئے اور خدمت گار بھی رفع حاجت کے لئے باہر چلے گئے۔ بے رحم محمد مہدوی زادہ نے موقع پا کر مسجد میں آ کر ستون کی آڑ لے کر مولوی صاحبؒ کی پشت پر ایک ضرب کٹار کی ایسی ماری کہ سینہ بے کینہ کے پار ہو گئی اور پھر ایک کٹار سر پر اور دو شہ رگ پر ماریں۔ مولوی صاحبؒ نے کلام اللہ پر سر رکھ کر شربت شہادت نوش فرمایا۔ خون شہید سے یہ آیت فانظر کیف کان عاقبہ المفسدین ○ (سورہ نمل آیت ۱۴) رنگین ہو گئی۔ لاش مبارک مکان پر لائی گئی۔ نماز جنازہ بروز چہار شنبہ مکہ مسجد میں ہوئی۔ بیس ہزار نمازی تھے۔ اس پر بھی ہزاروں کو نماز نہ ملی تب تا دفن ۱۴ جماعتیں نماز کی ہوئیں اور اپنے مدرسہ محبوبیہ کے صحن میں دفن ہوئے۔ (احکم التاریخ المعروف بہ محبوب السلاطین از منشی محمد حسین خانصاحب) یہ تاریخ ہے جنوبی ہند کے فرماں رواؤں کی۔ ۱۳۱۲ھ میں لکھی گئی۔ اس میں مملکت و سلطنت کے آئین و قوانین کا بھی ذکر ہے جن سے تمام بادشاہوں کو واقف ہونا چاہیے۔

(۲۵۰) حضرت مولانا حقی نازلیؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے ارادہ کیا کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح دیکھوں جیسا کہ امہات المومنینؓ اور آپؐ کے صحابہ اکرامؓ نے آپؐ کو دیکھا تھا۔ لہٰذا میں نے سورہ اخلاص ایک ہزار بار پڑھ کر اس کا ثواب ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی روح مبارک کو بخش دیا۔ پھر ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روح پاک کو بخشا اور تیسری مرتبہ ایک ہزار بار پڑھ کر اس کا ثواب سیدہ نساء عالمین خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روح مبارک کو بخشا اور پھر میں نے ان

marfat.com
Marfat.com

سب کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شفیع ٹھہرایا تاکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک میری سفارش کریں تاکہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح دیکھوں جس طرح کہ آپ کی ازواج مطہراتؓ نے آپ کو آپ کی حیات مبارکہ میں دیکھا تھا اور پھر جمعہ کی رات کو "استغفراللہ ربی و اتوب الیہ" ہزار بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ وہ میری روح کو اپنے حبیب پاک (صلی اللہ علیہ وسلم) کی روح پاک سے ملا دے۔ اور پھر عرض کیا الصلوہ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ خذ بیدی قلت حیلتی ادرکنی اور ہزار مرتبہ اس کو پڑھا۔ اللہ تعالیٰ کی قسم اس رات میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ایسے ماہ کامل کی طرح دیکھا کہ جس کے وصف سے قلم اور زبان عاجز ہے۔ آپؐ کے حسن کا کمال اور آپؐ کے جمال کی غایت نہیں معلوم ہو سکتی تھی- فتبارک اللہ احسن الخالقین اور بعض اسرار کی بھی مجھے آپؐ نے خبر دی (محبوب الابرار صفحہ ۱۲۹ تا ۱۳۰)

(۲۵۱) طالب علمی کے زمانے میں جب مولوی مسیح الدین علویؒ مولوی فضل اللہ قدس سرہٗ سے پڑھتے تھے تو ایک رات خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت با برکت سے مشرف ہوئے اس صورت سے کہ آپ ہمارے گھر کی مسجد میں نماز باجماعت پڑھا رہے ہیں اور میں اسی مسجد میں وضو کر رہا ہوں۔ بہت جلدی کرتا ہوں تاکہ جماعت کی نماز میں شریک ہو جاؤں لیکن اس قدر محرومی ہوئی کہ جب میں جماعت کے قریب پہنچا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیر دیا اور جماعت کی طرف منہ پھیر کر دعا مانگنا شروع کر دی۔ اس میں میں بھی شریک ہوا لیکن چہرہ انور پر ایک نقاب تھی کہ چہرہ مبارک کی زیارت مجھے نصیب نہ ہوئی (سفیر اودھ از مولوی محمد مسیح الدین علوی خان بہادر صفحہ ۳۸)

(۲۵۲) جو لوگ کہ اہل مراقبہ اور اہل نسبت ہیں اور جن کا قلب

marfat.com
Marfat.com

صاف ہے وہ جس وقت چاہیں اس وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت پاک سے مشرف ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ دہلی میں مرشدی و مولائی حضرت شاہ ابوالخیر نقشبندی قدس سرہ بھی اسی صفت سے متصف تھے۔ اللہ تعالیٰ کی آپ پر بے حساب رحمت نازل ہوں (معراج المومنین صفحہ ۱۳۹) اولاد حضرت مجدد الف ثانیؒ فخر خاندان نقشبندیہ حضرت مولانا شاہ ابوالخیرؒ کے یہاں دستور تھا کہ جب کوئی آپ کا خادم کسی قسم کی عرض کرتا یا کسی آنے والے شخص کی اطلاع دیتا تو پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھتا۔ بغیر بسم اللہ شریف پڑھے آپ کے یہاں کوئی کلام نہیں کیا جاتا تھا ("راہ و رسم منزلہا" از مولانا محمد عبداللہ حسب الارشاد حضرت سید جماعت علی شاہ لاثانی علی پوریؒ صفحہ ۱۶)

(۲۵۳) مولانا حامد علی ابن مولانا شاہ تقی علی قلندرؒ کی ولادت قریب ۱۲۴۸ھ میں کاکوری میں ہوئی۔ شاہ تراب علی قلندرؒ کے مرید تھے۔ لباس بہت معمولی اور سادہ پہنتے تھے۔ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے شرم معلوم ہوتی ہے کہ عالمانہ یا صوفیانہ لباس پہنوں اور اس کا مصداق نہ ہوں۔ جس زمانے میں شاہ تراب علی قلندرؒ کے روضہ کی حریم تعمیر ہو رہی تھی۔ ایک روز صبح مولانا حامد علیؒ نے حضرت شاہ حیدر علی قلندرؒ کے حضور حاضر ہو کر عرض کیا کہ رات کو میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہاں (جہاں اب دروازہ حریم درگاہ ہے) تشریف فرما دیکھا۔ یہیں دروازہ نصب کیا جائے۔ حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندرؒ نے تائید کی اور فرمایا یہ جوان صالح کا خواب ہے وہیں دروازہ بننا چاہیے چنانچہ اسی جگہ بنا۔ ۱۴ جمادی الاولیٰ ۱۲۸۲ھ بروز پنجشنبہ عمر ۳۴ برس انتقال کیا اور روضہ شاہ تراب علی قلندرؒ کے قریب دفن ہوئے (تذکرہ مشاہیر کاکوری صفحہ ۱۰۸)

(۲۵۴) حضرت مولانا حافظ شاہ علی انور قلندرؒ خلیفہ و مرید حضرت شاہ

marfat.com
Marfat.com

تقی علی قلندرؒ کو ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی خواہش ہوئی اور یہ خیال آیا کہ اگر زیارت نصیب ہو تو یہ عرض کروں گا اور اپنے جسم کو آپؐ کے جسم اطہر سے مس کروں گا۔ آخر ایک شب خواب میں دیکھا کہ ایک میدان میں ایک عمدہ مکان بنا ہوا ہے جس کے چاروں طرف دروازے ہیں اور وہیں سائبان کے باہر حضرت شاہ تقی علی قلندرؒ کھڑے ہیں اور اس دروازہ کا ایک پٹ بند اور ایک کھلا ہوا ہے۔ انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ اگر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت چاہتے ہو تو اس مکان میں جاؤ۔ میں نہایت خوشی سے گیا تو دیکھا کہ ایک بزرگ سیاہ کمبل اوڑھے آرام فرما ہیں۔ مجھے ایک کیفیت رعب و ہیبت کی معلوم ہوئی اور معاً میری زبان پر یہ کلمات جاری ہو گئے "یا حضرت خاتم النبین رحمتہ اللعالمین، شفیع المذنبین، انیس الغریبین، راحتہ العاشقین، مراد المشاقین، سید الثقلین، وسیلتنا فی الدارین، زیب عالم، فخر آدم، محبوب اللہ، مقبول بارگاہ، ان کلمات کو ادا کرنے سے وہ کیفیت دور ہو گئی اور ایسا لطف آیا کہ میں یہ کلمات دہراتا ہوا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب پہنچ گیا اور جاتے ہی قدم مبارک پکڑ لئے اور بجائے عرض حال یہی کلمات دہراتا رہا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ بیٹھے اور دیر تک میری پیٹھ پر دست مبارک پھیرتے رہے اور کچھ ارشاد بھی فرمایا جو مجھ کو یاد نہ رہا۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔ جس قدر ذوق خواب میں تھا وہ بیداری میں بھی پایا۔ چنانچہ اسی خواب کے بعد رسالہ "نفع الطیب فی ذکر مولد الحبیبؐ" لکھا تو اس میں ولادت شریف کے ذکر میں اظہاراً "للشرف والکرامت" یہی الفاظ لکھے (نغمات العنبریہ من انفاس القلندریہ صفحہ ۵۷۹)

(۲۵۵) حضرت سید محمد آصف قلندرؒ خورد سالی میں کسی بزرگ کے مرید ہو چکے تھے۔ ایک روز ایک فقیر سے ملاقات ہوئی۔ اس نے ایک ذکر کرنے کو

marfat.com
Marfat.com

بتایا جس کے کرنے سے آپ پر بے خودی سے طاری ہوگئی۔ دیر بعد وہ حالت رفع ہوئی تو خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے فرمایا کہ تمہارے مرشد حقیقی شاہ فتح قلندر ہیں۔ ان سے جا کر تعلیم حاصل کرو۔ تب آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تعلیم و تربیت پا کر مراتب ولایت پر فائز ہوئے۔ آپ فرقہ ابدال سے تھے اور ارواح طیبہ حضرت آئمہ کرامؒ و دیگر اولیاء کرامؒ کی حضوری آپ کو بہت رہتی تھی۔ فرماتے تھے کہ حضوری حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہ نسبت حضوری حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے جلد میسر ہوتی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمنزلہ باپ کے ہیں۔ جس وقت کسی امتی کو کچھ نقصان پہنچتا ہے تو آپؐ جلد اس کی خبر لیتے ہیں اور حضرت شیر خدا علی مرتضٰی رضی اللہ تعالٰی عنہ محبوبین سے ہیں۔ جب تک اولیاء خانوادہ مدد نہ کریں وہ خبر نہیں پاتے (نغمات العنبریہ من انفاس القلندریہ صفحہ ۲۶۱)

(۲۵۶) حضرت شاہ منصب علی قلندرؒ کو بیعت اجازت و خلافت حضرت شاہ کرامت علی قلندر علوی کاکورویؒ سے تھی۔ شروع سے مجذوبوں کی سی حالت تھی۔ کسی بات کی پرواہ نہ کرتے تھے۔ نماز اور روزہ کے بھی پابند نہ تھے۔ ایک مرتبہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ دیکھا کہ آپؐ تشریف لائے۔ ساتھ میں داہنی طرف ایک سوار جن کے گلے میں حمائل شریف تھی اور بائیں جانب بھی ایک سوار اور درمیان میں خود آپؐ تھے۔ ان سے ارشاد فرمایا کہ منصب اٹھ اور کلام اللہ پڑھ۔ بموجب ارشاد یہ اٹھ کر نماز و تلاوت و کلام اللہ میں مشغول ہوئے اور پھر اس روز سے کبھی نماز ترک نہ ہوئی۔ وفات یکم ذیقعدہ بروز پنج شنبہ بعد نماز ظہر عمر ۸۱ برس ہوئی۔ مزار چودھری محلہ میں ان کی مسجد میں بمقام کاکوری ہے (تذکرہ مشاہیر کاکوری صفحہ ۲۱۹)۔ کاکوری، سندیلہ، رائے بریلی، کرسی، موہان، ملیح آباد، دیوہ،

marfat.com
Marfat.com

بستی، پرتاب گڑھ، صفی پور، جونپور، ایٹہ وغیرہ لکھنؤ کے قریب نہایت مردم خیز علاقے ہیں۔ کاکوری شہر لکھنؤ (یو پی۔ بھارت) سے ۹ میل دور جانب مغرب ہے۔

(۲۵۷) مولوی حافظ شاہ مظہر علی محدثؒ (نواسہ حضرت شاہ کاظم قدس سرہٗ) قریب ۱۲۱۲ھ میں پیدا ہوئے۔ بمقام کاکوری۔ عالم، فاضل، متشرع، شافعی المذہب، خوش اوقات، درویش صفت، متوکل اور خوشنویس تھے۔ کلام اللہ تحریر کر کے ہدیہ کرتے۔ مثنوی مولانا رومؒ اکثر مطالعہ میں رہتی اور یہ شعر بہت پڑھتے تھے۔

علم نبود غیر علم عاشقی   ما بقی تلبیس ابلیس شقی

آپ کو اکثر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی تھی چنانچہ بعض لوگوں سے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے داہنے ہاتھ کو اپنا ہاتھ فرمایا ہے۔ ۴ جمادی الاولیٰ بروز شنبہ ۱۲۸۱ھ مطابق ۲۵ نومبر ۱۸۶۴ء بمقام کاکوری وصال فرمایا اور قبرستان تکیہ شریف میں دفن ہوئے (تذکرہ مشاہیر کاکوری صفحہ ۲۰۷)

فرمایا کہ اگرچہ لوگ مجھے تکیہ شریف کے خلاف خیال کرتے ہیں مگر ایسا نہیں ہے۔ پہلے مجھ کو کچھ اعتراضات بعض معمولی باتوں پر تھے مگر رفع ہوگئے۔ اس کی صورت یہ ہوئی کہ ایک شب میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بائیں جانب کرسی پر حضرت شاہ محمد کاظم قلندرؒ کو بیٹھے دیکھا اور دونوں بزرگوں کی پشت پر حضرت شاہ ابوتراب علی قلندرؒ کو کھڑے چنور ہلاتے دیکھا۔ بیداری کے بعد یہ خیال رفع ہوگیا اور سمجھ میں آگیا کہ اولیاء اللہ کی طریقت میں ان جزئیات سے کوئی نقص واقع نہیں ہوتا۔

(۲۵۸) حضرت مولانا حاجی امین الدین محدثؒ کے والد ماجد ملا حمید

marfat.com
Marfat.com

الدین محدث" نے کاکوری میں ایک مسجد بنائی جو اب تک مولوی محلّہ میں بالائے قلعہ کاکوری حاجی صاحب کی مسجد کے نام سے مشہور ہے اور جس کی تاریخ تعمیر یہ ہے " لمسجد اسس علی التقوی من اول یوم احق ان تقوم فیہ" (سورہ توبہ آیت ۱۰۸) اس مسجد میں آپ کے والد ماجد نے جس جگہ پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تھی اس جگہ پر بغرض تعظیم مقام و واقفیت عوام پتھر نصب کر دیا گیا جو اب تک نصب ہے۔ حاجی صاحب" پنج وقتہ نماز اسی میں ادا کرتے تھے۔ رات دن اکثر اوقات وہیں گذارتے۔ تفسیر و فقہ کا درس دیتے اور وظائف میں مشغول رہتے۔ آپ کی ولادت ۱۳ ربیع الاخر ۱۱۶۴ھ میں بمقام کاکوری ہوئی اور وہیں بعمر ۸۹ سال ۲۲ محرم الحرام ۱۲۵۳ھ وصال فرمایا۔ مزار مبارک مولوی محلّہ میں کاکوری شریف کے اندر والد بزرگوار کے برابر واقع ہے (مشاہیر کاکوری صفحہ ۵۸ تا ۵۹)

(۲۵۹) حضرت مولانا حاجی امین الدین محدث" اواخر ماہ ربیع الاول ۱۱۸۷ھ میں مکہ مکرمہ پہنچے اور وہیں حضرت شاہ ابوسعید" کے دست حق پرست پر حطیم میں میزاب رحمت کے نیچے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں بیعت کی۔ اجازت و خلافت حاصل کی اور مدینہ طیبہ تشریف لے گئے جہاں شب و روز اوقات کا زیادہ حصہ ازکار و اشغال میں محراب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر گذرتا۔ ایک روز حالت مشغولی میں یہ آواز سنائی دی "شف بعینک ھذا النور" آپ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرہ شریف کی جانب دیکھا تو حجرہ کا دروازہ نورانی نظر آیا۔ یہ واقعہ اپنے پیرو مرشد سے بیان کیا۔ انہوں نے فرمایا تم کو معرفت حاصل ہوگی۔ چاہے یہاں رہو یا وطن چلے جاؤ۔ ایک روز شاہ ابوسعید" نے آپ سے فرمایا میرے ساتھ مواجہہ شریف میں مراقب بیٹھو۔ بیٹھے تو دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجرہ شریف سے برآمد ہو رہے ہیں۔ اولا" دونوں کف مبارک دکھائی دیئے پھر پورا جسم اطہر

marfat.com
Marfat.com

اور آپ کے مقابل متبسم تشریف فرما ہوئے۔ شاہ صاحبؒ نے دریافت فرمایا تم نے زیارت کی۔ وہیں حاجی صاحبؒ نے عربی کے ۱۲ اشعار مدح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں فی البدیہہ کہے (کتاب "مراۃ اللعلام فی ماثر الکرام" معروف بہ "تذکرہ مشاہیر کاکوری" از جناب مولانا حافظ محمد علی حیدر علوی کاکوری۔ لکھنؤ میں ۱۹۲۷ء میں شائع ہوئی۔ صفحہ ۵۷ تا ۵۸)

(۲۶۰) ایک مرتبہ ایک بزرگ نے حضرت شاہ محمد اسحاق محدث دہلویؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر حضرت شاہ محمد رمضان شہید مہیؒ کا پتہ دریافت کیا اور کہا کہ خواب میں ایک بزرگ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں چنور ہلاتے دیکھا ہے۔ میری التماس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ محمد رمضان (رحمتہ اللہ علیہ) ہیں۔ حضرت شاہ اسحاقؒ نے فرمایا وہ تو شہید ہو چکے ہیں مگر ان کا یہ راز افشاء نہ کرتے پھرو۔ ہادی ہریانہ حضرت شاہ محمد رمضان شہید مہیؒ اس جلیل القدر خاندان کے چشم و چراغ تھے جو سات سو برس ضلع رہتک میں مقیم رہا۔ ولادت ۱۱۸۳ھ ۱۷۶۹ء میں اور شہادت ۱۸ جمادی الاولی ۱۲۴۰ھ مطابق ۱۸ جنوری ۱۸۲۵ء میں واقع ہوئی۔ "مندر سور" (مہم) میں تولد ہوئے جواب مشرقی پنجاب ضلع رہتک کا قصبہ ہے۔ آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ۱۹ ویں پشت میں ہیں۔ ہریانہ، میوات اور سوتر میں ہزارہا کافر آپ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے اور لاکھوں نے آپ کے ہاتھ پر کفر و شرک سے توبہ کی۔ مزار مبارک "مہم" میں ہے ("ہادی ہریانہ" یعنی حضرت شاہ محمد رمضان شہید مہی قدس سرہؒ کے حالات زندگی از پروفیسر منظور الحق صدیقی صاحب۔ استاد ریاضیات۔ کیڈٹ کالج۔ حسن ابدال۔ صفحہ ۲۷)

(۲۶۱) حاجی امیر شاہ خاں صاحب خورجویؒ جو حضرت مولانا قاسم صدیقی

marfat.com
Marfat.com

نانوتوی قدس سرہ" کے خاص لوگوں میں تھے فرماتے تھے کہ میں اپنے بچپن کے زمانہ میں نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ کے مکان پر اپنے پھوپا کے ساتھ موجود تھا وہاں مفتی صدرالدین خان اور مزار غالب بھی موجود تھے۔ مفتی صاحب نے مولوی محمد عمر ابن مولانا محمد اسماعیل شہید" کا ایک قصہ بیان فرمایا کہ یہ مشہور ہے کہ مولوی محمد عمرؒ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بہت ہوتی ہے۔ اس پر میں نے امام صاحب جامعہ مسجد اور چند دوسرے اشخاص نے اصرار کیا کہ ہم کو بھی زیارت کرا دیجئے۔ لیکن مولوی محمد عمرؒ نے کسی کی درخواست منظور نہ کی۔ ہم نے اپنا اصرار برابر جاری رکھا۔ ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جامع مسجد دہلی کے منبر پر تشریف فرما ہیں اور مولوی محمد عمرؒ آپؐ کو مورچھل جھل رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ صدر الدین آؤ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کر لو۔ یہی خواب امام صاحب نے دیکھا اور بعینہ یہی خواب ان چند اشخاص نے دیکھا۔ جب صبح ہوئی تو میں امام صاحب کی طرف چلا' تاکہ ان سے یہ خواب بیان کروں اور وہ اپنا خواب بیان کرنے میری طرف چلے اور وہ دوسرے اشخاص بھی ہماری طرف چلے۔ اتفاق سے راستہ میں ایک مقام پر ہم سب مل گئے اور میں نے کہا کہ میں تمہارے پاس جا رہا تھا۔ رات میں نے یہ خواب دیکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم تمہارے پاس آ رہے تھے اس لئے کہ ہم نے بھی بعینہ یہی خواب دیکھا ہے۔ پھر ہم سب مل کر مولوی محمد عمرؒ کے مکان پر آئے اس وقت مولوی صاحبؒ اپنے مکان کے سامنے ٹہل رہے تھے۔ ہم نے ان سے یہ خواب بیان کیا تو انہوں نے کہا میں ایسا نہیں ہوں اور یہ کہتے ہوئے بھاگ گئے (ارواح ثلاثہ یا حکایات اولیاء از حکیم الامت حضرت مولانا شاہ اشرف علی تھانوی قدس سرہ صفحہ ۱۶۶ تا ۱۶۷) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی" کے اکلوتے پڑپوتے مولوی محمد عمرؒ مجذوب تھے۔

marfat.com
Marfat.com

(۲۶۲) "زہر الفائح" میں تحریر ہے کہ ایک قافلہ مکہ معظمہ کی طرف چلا۔ راستہ میں ان میں سے ایک شخص مر گیا۔ اہل قافلہ اس کی تجہیز و تکفین میں مصروف ہوئے۔ جہاں یہ قافلہ اترا تھا اس کے قریب ایک بڑھیا اپنی جھونپڑی میں رہتی تھی۔ انہوں نے قبر کھودنے کے لئے بڑھیا سے پھاوڑا مانگا۔ جب دفن کر چکے تو پھاوڑا یاد آیا جسے بھول کر قبر ہی میں چھوڑ دیا تھا۔ سب لوگوں کی یہی صلاح ہوئی کہ قبر کو کھول کر پھاوڑا نکالا جائے۔ جونہی قبر کھولی گئی تو دیکھا کہ میت کے ہاتھ گردن سے بندھے ہوئے ہیں اور ایک بڑا بھاری طوق گردن میں پڑا ہوا ہے اہل قافلہ نے اس واقعہ کی خبر بڑھیا کو دی۔ بڑھیا نے قسم کھا کر کہا کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا آپ نے فرمایا کہ اے بڑھیا اس پھاوڑے کو احتیاط سے رکھو کیونکہ یہ اس شخص کے کام آئے گا جو ابوبکر و عمر کو برائی سے یاد کرتا ہے (خیر الموانس جلد دوم صفحہ ۳۲۷)

(۲۶۳) "زہر الفائح" میں تحریر ہے کہ ایک معتبر اور ثقہ شخص کہتا ہے کہ میں نے ایک شخص کو ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو برائی کے ساتھ یاد کرتے سنا مگر میں نے نہ اسے منع کیا نہ اس پر انکار کیا۔ رات کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ فرما رہے ہیں کہ اے شخص جب تو نے فلاں آدمی کو سنا کہ میری پاک اور بے عیب بیوی (رضی اللہ عنہا) کو برائی سے یاد کرتا ہے تو تو نے اس پر انکار کیوں نہ کیا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس بات پر قدرت نہ تھی۔ آپ نے فرمایا تو جھوٹا ہے اور اس کے بعد میری دونوں آنکھوں کی طرف اپنے کلمے کی انگلی سے اشارہ کیا۔ جب صبح میں بیدار ہوا تو اندھا تھا (خیر الموانس جلد دوم صفحہ ۲۸۶ اردو ترجمہ نزہتہ المجالس)

marfat.com
Marfat.com

(۲۶۴) "گلزار معانی" میں شیخ ابوالحسن علی بن ابی القاسمؒ سے روایت ہے کہ شیخ ابوبکر حمامی صاحب باطن تھے مگر سماع سے ان کو بے حد شوق تھا۔ محبوب سبحانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے ہر چند منع کیا مگر ان پر کوئی اثر نہ ہوا۔ ایک دن جامع مسجد میں آپ نے ان سے کہا کہ اے ابوبکر شریعت محمدی تیری شکایت کرتی ہے اور تو اپنی حرکت سے باز نہیں آتا۔ اب تو اس کا سزاوار ہے کہ سزا پائے اور ولایت سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ یہ کہہ کر بنظر سیالت ان کی طرف نگاہ کی اور ان کی ساری ولایت سلب کر لی۔ وہ بغداد شریف سے بھاگ کر قرف پہنچے۔ وہاں آنے کی وجہ بتا کر بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ اپنی سزا کو پہنچے اور اپنے فعل بد سے تائب ہوئے۔ ان کے والد بزرگوار نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ اب ابوبکر نے اس عادت مذموم خلاف شریعت سے توبہ کر لی ہے تو ہماری طرف سے ہمارے فرزند ارجمند محبوب سبحانی (رحمۃ اللہ علیہ) سے جا کر کہو کہ ہم نے اس کی تقصیر معاف کر دی ہے۔ تم بھی اس کی خطا معاف کر دو۔ انہوں نے حسب الحکم آپ کو یہ پیغام پہنچا دیا۔ آپ نے ان کو رو برو طلب کر کے ان کا قصور معاف فرما دیا اور نعمت ولایت سے پھر مالا مال کر دیا۔ (سلطان الاذکار فی مناقب غوث الابرارؒ از شاہ محمد علم الیقین صفحہ ۶۶ تا ۶۷)

(۲۶۵) حضرت شاہ عبدالرحیم دہلویؒ (والد بزرگوار حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ) نے فرمایا کہ ہمارے دوستوں میں ایک عزیز تمباکو سے احتراز کرتا تھا مگر مہمانوں کے لئے حقہ وغیرہ گھر میں رکھتا تھا۔ ایک مرتبہ اس نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے مکان پر تشریف لائے لیکن مکان میں داخل ہونے کے ساتھ ہی نفرت و کراہت کے ساتھ مراجعت فرمائی۔ یہ شخص آپؐ کی یہ نفرت دیکھ کر آپؐ کے پیچھے بھاگا اور وجہ نفرت و

marfat.com
Marfat.com

کراہت دریافت کی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تیرے گھر میں حقہ ' نے اور چلم موجود ہے اور مجھے ان چیزوں سے سخت نفرت ہے (حیات ولی از مولانا حافظ محمد رحیم بخش دہلوی صفحہ ۳۰۸)

(۲۶۶) حضرت شاہ عبدالرحیم دہلوی" جب تعلیم دینیات سے فارغ ہوئے تو اپنے پرنانا شیخ عبدالعزیز قدس سرہ" کو خواب میں دیکھا۔ فرماتے ہیں فرزند من تاوقتیکہ خواجہ تمہیں نظر قبول سے نہ دیکھیں اپنی عقیدتمندی کا ہاتھ دوسرے شخص کے ہاتھ میں نہ دینا پھر اس کے بعد تمہیں اختیار ہے۔ چنانچہ شاہ صاحب" نے حضرت خواجہ باقی باللہ" کے فرزند حضرت خواجہ خرد" سے تعبیر دریافت کی۔ آپ نے فرمایا تمہیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت میسر آئے گی۔ چنانچہ آپ شب و روز درود شریف پڑھنے میں مستغرق رہنے لگے۔ ایک رات کا ذکر ہے کہ آپ درود شریف پڑھ رہے تھے دفعتاً" آسمان پر مہتاب جیسا ایک نور چمکا حالانکہ وہ تاریک رات تھی اور چاند طلوع ہونے کا زمانہ نہ تھا۔ غرض کہ وہ نور آہستہ آہستہ زمین پر پھیلنا شروع ہوا اور آناً" فاناً" میری طرف بڑھنے لگا یہاں تک کہ میری چارپائی اور جسم پر چھا گیا اور میں مکمل طور پر نور میں ڈوب گیا۔ جب تک وہ نور سر سے نیچے رہا میں بڑے شوق سے درود پڑھتا رہا۔ لیکن جوں ہی سر پر آیا تو فوراً بے ہوش ہوگیا اور مجھے اپنے آپ کی خبر نہ رہی۔ والد بچھونے سے اٹھے۔ ہرچند میری تلاش کی مگر میرا کہیں پتہ نہیں چلا۔ معلوم ہوتا ہے یہ ظاہری وجود بھی مفقود ہوگیا تھا۔ الغرض اسی حالت غیب میں میں آسمانوں کو یکے بعد دیگرے طے کرتا ہوا اوپر پہنچا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپ نے مجھ سے بیعت لی اور نفی و اثبات کا طریقہ تلقین فرمایا۔ جب میں ہوش میں آیا تو حالت بدلی ہوئی تھی گویا میں اب ایک دوسرے ہی عالم میں تھا (حیات ولی صفحہ ۲۲۱ تا ۲۲۴)

marfat.com
Marfat.com

حضرت شاہ عبدالرحیمؒ ۱۰۵۴ھ ' ۱۶۴۴ء میں پیدا ہوئے اور ۱۱۳۱ھ ' ۱۷۱۹ء میں بعمر ۷۷ برس دہلی میں وصال فرمایا- فاروقی النسل تھے آپ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے صرف ارادتمند تھے- آپ کا سلسلہ نقشبندیہ باقویہ تھا یعنی حضرت خواجہ باقی باللہؒ کا- قطب وقت حضرت خواجہ محمد باقی باللہؒ کا اسم مبارک رضی الدین احمد تھا اور والد بزرگوار کا اسم گرامی قاضی عبدالسلام- خواجہ صاحبؒ ۱۲ جولائی ۹۷۲ھ ۱۵۶۴ء کو بخارا میں پیدا ہوئے تھے اور صرف ۴۰ سال کی عمر پاکر ۳۰ نومبر ۱۰۱۳ھ ۱۶۰۳ء کو دہلی میں وصال فرمایا۔ شاہ عبدالرحیمؒ عہد عالمگیری میں دہلی کے مشہور صوفی اور عالم گذرے ہیں- فتاویٰ عالم گیری کی تدوین میں آپ کا بھی حصہ ہے- آٹھ سال کی محنت کے بعد دولاکھ روپیہ کے صرفے سے یہ کتاب اورنگ زیب عالمگیرؒ نے تیار کرائی تھی- ہندوستان کے حنفی علماء اسے ہدایہ کے بعد بہترین فقہی کتاب کہتے ہیں- نیک باپ کی اولاد بھی نیک ہوتی ہے- شجر طیبہ سے شاخیں بھی پاک نکلتی ہیں- آپ کے مشہور عالم بیٹے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی نمایاں خصوصیت ان کی جامعیت ہے یعنی اختلافی مسائل میں آپ ایسا راستہ تلاش کر لیتے ہیں جس پر فریقین متفق ہوں۔ آپ کی سب سے امتیازی خصوصیت "رگ فاروقیم" یعنی شدید اسلامی احساس ہے-

(۲۶۷) حضرت شاہ عبدالرحیم دہلویؒ کے بڑے بھائی شیخ ابوالرضاء محمدؒ تھے۔ ایک مرتبہ آپ نے حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے فرمایا کہ عنقریب تم کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی سعادت بیعت حاصل ہونے والی ہے۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ گویا میں ایک راستہ پر جا رہا ہوں جہاں کوئی دوسرا آدمی نہیں البتہ گذرنے والوں کے نقش قدم برابر موجود ہیں۔ چنانچہ انہی قدموں کے آثار پر راستہ طے کرنے لگا۔ تھوڑی دور جا کر دیکھتا ہوں کہ ایک نہایت صبیح و ملیح شخص جن کی صاف و سنہری پیشانی میں ستارہ اقبال چمک رہا ہے۔ راستہ کے عین وسط میں بہ شان و شوکت بیٹھے ہیں۔ میں نے جب ان سے دریافت کیا تو ہاتھ کے اشارہ سے فرمایا میری طرف چلے

marfat.com
Marfat.com

آؤ۔ ان کا یہ دل آمیز فقرہ سن کر میں خوش ہوا اور آہستہ آہستہ قدم بڑھایا بعد ازاں فرمایا اے آہستہ رو میں علی (کرم اللہ وجہہ) ہوں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس غرض سے بھیجا ہے کہ تمہیں آپؐ کی خدمت میں لے جا کر حاضر کروں۔ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ہمراہی میں دوڑتا چلا یہاں تک کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو گیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے میرا ہاتھ اپنے ہاتھ کے نیچے رکھ کر اپنا ہاتھ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں دے دیا اور فرمایا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ھذا ید ابوالرضا محمدؐ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امیرالمومنین سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے بیعت لی۔ اس وقت میرے دل میں خطرہ گذرا کہ کیا آپؐ کے بیعت لینے کا یہی طریقہ ہے۔ یا کوئی اور حضرت کرم اللہ وجہہ نے اس خطرہ پر مطلع ہو کر فوراً فرمایا کہ تمام اولیاء اللہ کے حق میں اسی طرح وسیلہ بیعت میں ہی ہوتا ہوں۔ اس کے بعد اپنے اشغال و اذکار اور اسرار کی تلقین سے سرفراز فرمایا اور خطاب و توجہ سے عزت افزائی فرمائی۔ اس زمانے سے میں ذکر قلبی وہیں میں مشغول ہوا اور تمام اشغال و وظائف مجھ پر نہایت آسان ہو گئے (حیات ولی صفحہ ۳۲۵ تا ۳۲۷)

(۲۶۸) حضرت مولانا محمد عابد عثمانی ڈابھیلی" صوبہ گجرات (کاٹھیاواڑ۔ بھارت) کے رہنے والے تھے۔ پوری عمر تبلیغ اسلام میں جنوبی افریقہ میں گذاری۔ مزار مبارک سبزی منڈی دہلی میں ہے۔ آپ نے باطنی نعمت حضرت شاہ ابوالخیر دہلوی قدس سرہ سے حاصل کی تھی۔ حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کے مرشد کا اسم گرامی شیخ الشیوخ نے حضرت محمد عابد سنامیؒ (سرہند سے متصل سنام ایک جگہ کا نام ہے جہاں کے آپ رہنے والے تھے) تھا جو حضرت عبدالاحد سرہندیؒ کے خلیفہ تھے۔ مرزا صاحبؒ فرماتے تھے کہ جب میں نے حضرت شیخ الشیوخ محمد عابد قدس سرہٗ کی خدمت میں طریقہ

marfat.com
Marfat.com

قادریہ کی بیعت اور اجازت کے لئے عرض کیا تو آپ نے فرمایا کہ مراقبہ کرو۔ جب میں نے مراقبہ کیا تو دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع صحابائے اکرام رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور اولیائے عظام تشریف فرما ہیں اور قطب الاقطاب حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ بھی موجود ہیں۔ پیران پیر حضرت شیخ عبد القادر جیلانی قدس سرہٗ نے اس مجلس میں میرے سر پر قادریہ خاندان کا تاج خلافت رکھا۔ پھر مجھے میرے پیر نے طریقہ مجددیہ پر حقیقت محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی توجہ فرمائی تو دیکھتا کیا ہوں کہ میرے پیر کی جگہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور مجھے توجہ فرما رہے ہیں۔ پھر جبکہ توحید کے سمندر میں موجیں اٹھنے لگیں اور سمندر کی تہہ سے سچے موتی کی سیپیاں برآمد ہونے لگیں تو دیکھتا کیا ہوں کہ دونوں جگہ یعنی میرے اور میرے پیر کی جگہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں (انوار العارفین از حضرت مولانا محمد عابد عثمانی ڈابھیلیؒ ایک ہزار صفحات پر مشتمل یہ کتاب اصلاح اخلاق اور تزکیہ نفس کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ بستان العارفین اور صراط مستقیم بھی آپ کی کتابیں ہیں)

(۲۶۹) قدوۃ کاملین حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کا اصلی نام شمس الدین حبیب اللہ تھا۔ نہایت نازک مزاج اور لطیف طبع تھے۔ ۱۱۱۱ھ ۱۶۹۹ء میں پیدا ہوئے اور ۱۰ محرم الحرام بروز جمعہ ۱۱۹۵ھ مطابق ۱۷۸۰ء کو جام شہادت نوش فرمایا۔ دہلی میں مزار ہے۔ آپ نے فرمایا کہ جب شیخ الشیوخ خواجہ محمد عابد قدس سرہٗ نے مجھ کو بشارت حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم عطا فرمائی اور مجھے ان کے انوار سے فنا حاصل ہوئی تو میں نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے سامنے جلوہ افروز ہیں۔ پھر دیکھا کہ آپؐ بجائے میرے تشریف فرما ہیں اور بندہ آپؐ کی جگہ بیٹھا ہے۔ پھر دیکھا کہ دونوں جگہ آپؐ ہی جلوہ افروز ہیں اور پھر دیکھا کہ میں بیٹھا ہوا ہوں۔ (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ ۲۸۱)

marfat.com
Marfat.com

نقشبندیہ مجددیہ صفحہ ۲۸۱)

حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے صاحبزادے محمد بن الحنفیہؒ کی اولاد سے تھے بلند مرتبہ سادات علوی ہونے کے ہمراہ تیموری سلاطین سے بھی آپ کی قرابت تھی۔ آپ کی پیدائش پر خود اورنگ زیب عالمگیرؒ نے آپ کے والد مرزا جان کے نام پر آپ کا نام جان جان رکھا لیکن جان جاناں سے زیادہ شہرت حاصل کی۔ ذوق' دقیقہ رسی' علمیت' انصاف پسندی اور تصوف میں یگانہ روزگار تھے۔ آپ کی نفاست طبع اور نازک مزاجی کے واقعات اس کثرت سے ہیں اور اس قدر عجیب کہ انسان ان کو پڑھ کر دنگ رہ جاتا ہے۔ آپ نہایت رحم دل' خلیق' کریم النفس اور شریف الطبع تھے۔ شاعر' اردو زبان کے محسن اور صاحب تصنیف بزرگ تھے۔ "التمہید" از مولانا سید سلیمان ندویؒ میں ہے کہ حضرت مرزا جان جاناںؒ اور حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ آپس میں مثل دو بھائیوں کی طرح تھے۔ "آثار الصنادید" میں ہے کہ نجف علی خاں حاکم دہلی مذہبا رافضی تھا۔ (رفض کے معنی انکار اور رد کرنے کے ہیں اسی سے رافضی مشتق ہے یعنی مسترد کرنے والا)۔ دہلی میں بوجہ عیاشی صحت خراب ہونے کی بنا پر مرگیا۔ قبر ٹوٹ پھوٹ چکی ہے۔ اسی کے اشارے پر حضرت مرزا مظہر جان جاناں کی شہادت ہوئی۔ "امیر الروایات" میں صفحہ ۲۷۷ پر بھی یہی وجہ تحریر ہے۔ مرزا صاحبؒ کی تربت پر ان کا اپنا یہ شعر کندہ ہے

بہ لوح تربت من یافتند ازغیب تحریرے
کہ ایں مقتول راجز بے گناہی نیست تقصیرے

آپ کی تاریخ شہادت اس حدیث سے نکلتی ہے "عاش حمیدا و مات شہیدا" مرزا صاحبؒ نے شہادت سے چند روز قبل ہی اپنے دوستوں اور مریدوں کو الوداعی خطوط لکھنے شروع کر دیئے تھے کہ دیکھو حوصلہ ہمت سے کام

marfat.com
Marfat.com

لینا اور صبر کا دامن نہ چھوڑنا کہ میرا وقت قریب آ چکا ہے۔ لوگوں کو تعجب تھا کیونکہ آپ بالکل تندرست تھے۔ کوئی گمان بھی نہ کر سکتا تھا کہ واقعہ شہادت پیش آ گیا۔ قلب پر گولی لگنے کے باوجود تین روز زندہ رہنا بجز کرامت اور کیا تھا۔ مرزا صاحبؒ کے سجادہ نشین شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہؒ کے علاوہ آپ کے دوسرے مایہ ناز خلیفہ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ تھے جو اپنے عہد کے یگانہ روزگار عالم، فقیہہ، محدث و مفسر تھے (اپنے مرشد کے نام پر "تفسیر مظہری" آپ کی مشہور تفسیر ہے جس کا اردو میں ترجمہ ہو چکا ہے میں تو کہوں گا کہ ہر پڑھے لکھے مسلمان کو یہ تفسیر قرآن ضرور پڑھنی چاہیے۔ علم میں معتد بہ اضافہ کے ہمراہ دل و دماغ روشن ہو جاتا ہے) آپ کے شیخ و مرشد نے آپ کو "علم الہدیٰ" کا خطاب عطا فرمایا تھا۔ جس طرح حضرت نظام الدین اولیاءؒ حضرت امیر خسروؒ کے لئے فرمایا کرتے تھے، سر سید احمد خاںؒ مسدس حالی کے لئے اور حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہ حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کے لئے فرمایا کرتے تھے اسی طرح مرزا صاحبؒ آپ کے لئے اکثر فرمایا کرتے تھے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھ سے کل روز حشر دریافت فرمایا کہ دنیا سے میرے لئے کیا تحفہ لایا تو عرض کروں گا کہ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ کو لایا ہوں (ہشتاد اولیاء صفحہ ۴۴۲) مرزا صاحبؒ کے زخمی ہونے پر قاضی صاحبؒ نے سوا لاکھ مرتبہ یا سلام کا وظیفہ بھی پڑھا تھا مگر شہادت تو مقسوم ہو چکی تھی۔ قاضی صاحبؒ کو حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ بیہقی وقت کہا کرتے تھے۔ وصال ۱۸۰۵ء ۱۲۱۶ھ میں ہوا (رود کوثر) شیخ محسن اپنی کتاب "الیانع جنی" میں فرماتے ہیں کہ مرزا جان جاناں کے جلیل القدر اصحاب میں سے قاضی ثناء اللہ اموی ثم عثمانیؒ ہیں۔ بہت بڑے فقیہہ، اصولی، زاہد اور مجتہد تھے۔ حنفی فقہ میں بعض مسائل کا خود استخراج فرمایا تھا۔ فقہ، تفسیر اور زہد کے مسائل پر آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔ موصوف کے مرشد اور استاد حضرت مرزا صاحبؒ

marfat.com
Marfat.com

آپ پر فخر کیا کرتے تھے۔ جنہوں نے خود الحاج شیخ محمد افضل سیالکوٹیؒ سے حدیث پڑھی تھی۔ اور مجددی طریقہ امام ربانیؒ کے عالی مرتبت خلفاء سے حاصل کیا تھا۔ حضرت مرزا صاحبؒ کے علم و فضل اور جلالت شان کی شہادت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، حضرت مولانا فخرالدین دہلویؒ الحاج مولانا فاخرالہ آبادیؒ اور خود آپ کے استاد شیخ محمد افضل سیالکوٹیؒ جیسے عظیم آئمہ تصوف، اور محدثین نے دی ہے۔ مشہور محدث محمد حیات سندھی ثم مدنیؒ کا قول ہے کہ اگر کوئی حدیث فقہ حنفی کے خلاف وارد ہو اور مرزا جان جاناںؒ اس حدیث کی توثیق کریں تو اس حدیث پر عمل کر لینا چاہیے۔

(۲۷۰) حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ ہاتھی پر سوار ہیں۔ نیچے اتر کر فرمایا کہ آؤ ہم اور تم دونوں آپس میں اپنے شانے ملائیں مگر خواب کی تعبیر کچھ بھی سمجھ میں نہ آئی۔ (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ ۲۹۴)

(۲۷۱) حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ نے خواب میں دیکھا کہ گویا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گود میں لیٹا ہوا ہوں اور آپؐ کی مبارک سانس سے مجھے راحت مل رہی ہے۔ اسی اثناء میں مجھے پیاس لگی۔ وہاں پیر زادگان سرہند شریف موجود تھے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کو پانی لانے کو فرمایا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ تو میرے پیر زادے ہیں آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ میرے حکم کی تعمیل کرتے ہیں۔ پس وہ پانی لائے جو میں نے خوب سیر ہو کر پیا۔ پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپؐ مجدد الف ثانیؒ کے حق میں کیا فرماتے ہیں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ان کی مانند میری امت میں کون ہے؟ میں نے عرض کیا ان کے مکتوبات بھی آپؐ کی نظر سے گذرے۔ آپؐ نے فرمایا اگر یاد ہوں تو پڑھو۔

marfat.com
Marfat.com

میں نے ایک مکتوب کا یہ مضمون پڑھا "اللہ تعالیٰ وراء الوراثم وراء الوراثم وراء الوراء" آپؒ یہ سن کر نہایت محظوظ ہوئے اور چند بار پڑھوایا۔ (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ از مولانا محمد حسن نقشبندی مجددی)

حق تعالیٰ کی شان تو وراء الوراء ثم وراء الوراء (بڑی ارفع و اعلیٰ ہے) انبیاء علیہم السلام اور اولیائے کرامؒ کو بھی اپنے اوپر قیاس کرنا جائز نہیں۔ جبھی تو مولانا رومؒ فرماتے ہیں ۔

جملہ عالم زیں سبب گمراہ شد
دنیا اسی خام خیالی کیوجہ سے گمراہ ہو گئی
کم کسے زابدال حق آگاہ شد
کہ انہوں نے اللہ کے اولیاء کو پہچانا نہیں

ہمسری با انبیاء برداشتند
اللہ کے پیغمبروں کی برابری اور ہمسری کا دعویٰ کیا
اولیاء راہم چو خود پنداشتند
اولیاء اللہ کو اپنے ہی جیسا گمان کیا

گفتہ اینک ما بشر ایشا بشر
اور کہنے لگے ہم بھی انسان ہیں وہ بھی انسان
ما و ایشاں بستہ خوابیم و خور
وہ بھی ہماری طرح سوتے اور کھاتے پیتے ہیں

ایں نہ دانستند ایشان از عمی
ان بیوقوفوں نے یہ خیال نہیں کیا کہ
درمیاں فرقے بود بے منتہا
ان کے اور ہمارے درمیان بڑا فرق ہے

کارپاکاں را قیاس از خود مگیر
نیک لوگوں کے کاموں کو اپنے اوپر قیاس نہ کرو
گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر
اگرچہ دیکھنے میں یکساں ہو جیسے شیر و شیر یکساں ہیں

شیر آں باشد کہ مردم می خورد
شیر (درندہ) ہوتا ہے جو آدمی کو کھا جاتا ہے
شیر آں باشد کہ مردم می خورند
شیر (دودھ) وہ ہوتا ہے کہ آدمی جس کو کھاتے ہیں

(۲۷۲) ایک مرتبہ بعض افغانوں نے حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کی بشارات پر دل میں انکار کیا۔ آپ نے یہ بات اپنی فراست سے معلوم کر کے فرمایا کہ اگر تم کو اعتبار نہیں تو اکابرین دین میں سے کسی کو مقرر کر لو کہ اس کی روح مبارک ظہور فرما کر بشارات کی شہادت دے۔ سب نے عرض کیا کہ

marfat.com
Marfat.com

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پر فتوح آکر تصدیق فرمائے۔ آپ نے روح مبارک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر فاتحہ پڑھی اور مع ان افغانوں کے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں متوجہ ہو گئے۔ سب نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ان افغانوں کو زجر و تنبیہہ فرما کر ارشاد فرمایا کہ مرزا صاحب (رحمتہ اللہ علیہ) کی بشارات سب صحیح ہیں۔ (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ ۲۸۳)

(۲۷۳) نجف علی خاں حاکم ولی غالی رافضی تھا۔ اس کی بیوی حضرت شاہ فخر الدین دہلویؒ کی معتقد تھی۔ ایک دن آکر کہنے لگی کہ میرے میاں کے سینے میں دل کے مقام پر درد ہے۔ اس کے لئے دعا فرمائیں۔ شاہ صاحبؒ نے فرمایا کل آنا۔ آپ نے رات کو خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرما رہے ہیں میرے مظہر کو تیرے چہیتے نجف علیخاں کے اشارے پر اس کے آدمیوں نے شہید کر دیا۔ اس پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے غصہ میں نجف علیخاں کے دل پر تیر مارا۔ نجف علی خاں سو کر اٹھا تو اس کے دل کے مقام پر درد تھا۔ شاہ صاحبؒ نے یہ خواب صبح اس کی بیوی کو سنا کر فرمایا کہ جس کو حضرت علیؓ ماریں میری کیا مجال کہ میں اس کے لئے دعا کروں۔ جا کر اس سے کہہ دے کہ وہ اسی میں ہلاک ہو گا۔ عیاشی کی بنا پر اس کی صحت پہلے ہی خراب تھی۔ چند روز بعد ہی چل بسا۔ (قریب ۲۵ سال قبل جناب ڈاکٹر برہان احمد فاروقی ایم اے۔ پی ایچ۔ ڈی (علیگ) نے لاہور میں مجھے یہ واقعہ سنایا تھا جسے خود انہوں نے کوئی ۶۰ سال قبل علی گڑھ یونیورسٹی لائبریری کی کسی مستند کتاب میں پڑھا تھا۔

(۲۷۴) عاشق ربانی حضرت مولانا شاہ فخرالدین دہلوی عرف شاہ فخر صاحبؒ بن شاہ نظام الدین اورنگ آبادیؒ ۱۱۲۶ھ ۱۷۱۷ء میں اورنگ آباد (ریاست

marfat.com
Marfat.com

حیدر آباد دکن کا مشہور شہر) میں پیدا ہوئے تھے۔ عنفوان شباب ہی سے آپ چراغ مجلس روحانیاں بن کر چمکے۔ آپ کے ایک متوسل نے اپنی اس آرزو کا بکمال خلوص اظہار کیا کہ میں خواب میں حق تعالیٰ جل مجدہ کی زیارت کرنا چاہتا ہوں۔ کوئی تدبیر بتایئے۔ شاہ صاحبؒ نے برجستہ فرمایا کہ آج رات کو نماز عشاء پڑھے بغیر سو جانا تو تم کو خواب میں حق تعالیٰ کی زیارت ہو جائے گی۔ سائل اس تدبیر سے مطمئن نہ ہوا۔ اور عشاء پڑھ کر سویا اور زیارت نہ ہوئی صبح کو شیخ سے پھر اظہار آرزو کیا۔ آپ نے فرمایا تدبیر میں نے بتا دی پر تم نے عمل ہی نہیں کیا۔ اس پر چوتھی شب سائل نے ہمت کی اور عشاء کے فرض اور وتر ادا کئے اور سنتیں ادا کئے بغیر سو گیا۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا بھائی ہم نے کیا قصور کیا تھا جو ہماری سنتیں ترک کر دیں؟ آنکھ کھلی تو گھبرا کر اٹھا۔ وضو کیا اور نہ صرف یہ کہ سنتیں ادا کیں بلکہ صبح تک توبہ و استغفار کے ساتھ عبادت میں مشغول رہا اور صبح تمام قصہ شیخ کو جا سنایا۔ اس پر شاہ صاحبؒ نے فرمایا کہ اگر عشاء کے فرض ادا کئے بغیر سو جاتے تو خواب میں تمہیں حق تعالیٰ کی زیارت نصیب ہوتی اور بعینہ یہی بات حق تعالیٰ کرتے اور اس طرح زیارت حق تعالیٰ بھی نصیب ہوتی اور وقت پر نماز عشاء بھی ادا ہو جاتی (اس واقعہ کی جو عالمانہ اور عارفانہ توجیہہ سلطان المشائخ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہٗ نے فرمائی ہے اس نے کتاب وسنت کے مقام عظمت کو بھی برقرار رکھا ہے اور حضرت مولانا شاہ فخر الدین دہلویؒ کے منصب شیخیت و علم کی بھی پوری پوری پاسداری فرمائی ہے۔ فرماتے ہیں کہ طریق سلوک میں طالبین دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جن کی منجانب اللہ محبوبیت و مطلوبیت ہوتی ہے اور ربانی تصرفات ان کے حق میں نافرمانی و عصیاں کی راہیں مسدود کر دیتے ہیں۔ یہ مقبولین اگر بتقاضائے بشریت آمادہ عصیاں ہو بھی جائیں تو گردوپیش میں اتنی رکاوٹیں پیدا

marfat.com
Marfat.com

ہو جاتی ہیں کہ انہیں بہ تکلف ہی سہی ترک معصیت کرتے ہی بن پڑتی ہے۔ ایسے مقبولین "مرادین" کے لقب سے ملقب کئے جاتے ہیں۔ دوسرے طالبین وہ ہیں جو کہ بقدر ریاضت و مجاہدہ عروج حاصل کرتے ہیں لیکن اگر بقدر اطاعت اوپر جاتے ہیں تو بقدر عدم اطاعت یا معصیت نیچے بھی آتے ہیں۔ اور طبعی انداز پر ان کا یہ سلسلہ عروج و زوال ان کی اطاعت یا معصیت پر مبنی ہوتا ہے۔ ان کو "مریدین" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت شاہ صاحبؒ باطنی انکشاف سے یہ معلوم کر چکے تھے کہ سائل "مرادین" میں سے ہے جو اگر قبل ادائے نماز عشاء سو گیا تو اس کی "مرادیت" اس صورتِ ترک صلوۃ کو پوری رات چلنے نہ دے گی اور حق تعالیٰ کا رویائی دیدار اس کو نصیب ہوگا اور وقت عشاء کے اندر اندر اس کو بیدار کر کے نماز ادا کر لی جائے گی۔ نیز صاحب واقعہ کا سنت عشاء پڑھے بغیر سو جانا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کو بیدار فرمانا اس توجیہہ کی توثیق بھی کر رہا ہے (حیات صحابہؓ جلد اول مولفہ حضرت مولانا محمد یوسف کاندھلوی قدس سرہٗ اردو ترجمہ صلاح الدین ناصر انصاری بی۔ اے علیگ صفحہ ۱۰ تا ۱۱)

فخر الملت والدین مولانا فخر الدینؒ کی تاریخ رحلت "خورشید دو جہانی" ہے۔ آپکے والد بزرگوار شیخ الشیوخ حضرت شیخ شہاب الدین سہرورودیؒ کی اولاد سے تھے۔ اودھ کے رہنے والے تھے۔ بچپن میں یتیم ہو کر دہلی آ گئے تھے۔ حضرت شیخ کلیم اللہ جہان آبادیؒ سے خرقہ خلافت حاصل کیا۔ اورنگ آباد کے شاہ ولایت بنا کر دکن بھیجے گئے۔ جہاں ایک لاکھ دکنی آپ کے مرید ہوئے اور خود نواب نظام الملک آصف جہاں بہادر بھی آپ سے بیعت ہو گئے۔ مزار اورنگ آباد میں ہے۔ ۱۱۴۲ھ میں وصال ہوا۔ آپ کے بیٹے مولانا فخر الدین فخر جہاں شاہ جہاں آبادیؒ نے دہلی میں رہ کر بڑا کام کیا اور اطراف کی سرزمین میں خلفاء بھیجے جن میں مولانا نور محمد مہارویؒ کو پنجاب بھیجا جنہوں نے خانقاہ تونسہ

marfat.com
Marfat.com

شریف (ضلع ڈیرہ غازی خاں کے بانی خواجہ سلیمان تونسویؒ) اور گولڑہ شریف (ضلع راولپنڈی) اور جلال پور (ضلع گجرات) اور چاچڑاں کے بزرگوں کو مرید کیا۔ خود بہادر شاہ ظفر حضرت مولانا فخر الدین دہلویؒ کے خلیفہ تھے اور سلسلہ سہروردیہ چشتیہ قادریہ، نقشبندیہ اور گیردیہ میں نہ صرف مرید تھے بلکہ صاحب اجازت بھی تھے اور مرید بھی کرتے تھے۔ اس آخری چراغ خاندان تیموریہ کو دنیا ایک شاعر ہی کی حیثیت سے جانتی ہے۔ بہت کم لوگوں کو یہ علم ہے کہ بہادر شاہ ظفر ایک صاحب سلسلہ بزرگ بھی تھے اور تصوف و علوم باطنی میں ان کا درجہ بہت بلند تھا۔ ایام جنگ آزادی ۱۸۵۷ء میں ایک روز فرمایا کہ گولے روکتے روکتے میرے ہاتھ جھلس گئے ہیں۔ دیکھ لو ان میں کس قدر سرخی ہے۔ سونگھنے سے بارود کی بو بھی محسوس ہوگی۔ جتنا حکم تھا کر چکا مگر اب حکم ایزدی میں چارہ نہیں۔ رنگوں میں رات بھر عبادت و نوافل میں مشغول رہتے تھے۔ دن دن بھر تلاوت کرتے اور اپنے حجرے سے بہت ہی کم باہر آتے تھے۔ حکومت کو درخواست دی کہ مجھے پنشن اور سامان کی ضرورت نہیں صرف مہرولی میں رہنے کی اجازت دی جائے تاکہ بقیہ زندگی مزار پیر کی جاروب کشی میں گزار دوں مگر ظالم انگریز حکمرانوں نے اس ولی صفت بادشاہ کی اس خواہش کو ٹھکرا دیا۔

(۲۷۵) ۔ فخر المحدثین حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ سے ایک مرید نے عرض کیا کہ تین دن گذرے میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت کی صورت میں دیکھا گویا کہ مجھ کو توجہ دے رہے ہیں ۔ میں نہایت مسرور ہوا۔ اس وقت سے میرا دل سبک اور ہلکا ہوگیا اور دل میں اس شکل و صورت کی محبت بہت کچھ اثر کئے ہوئے ہے۔ ایک مرید نے عرض کیا کہ اگر رسول پاک (صلی اللہ علیہ وسلم) کو دوسرے آدمی کی شکل میں دیکھا جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا کہ اس میں مختلف آرا ہیں ۔ حضرت امام غزالیؒ کے نزدیک جس صورت میں دیکھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا

marfat.com
Marfat.com

جمال باکمال حقیقت میں دیکھنا ہے اور اگر دوسری صورت میں یعنی سیاہ رنگ وغیرہ میں دیکھا تو تعبیر کا محتاج ہے مگر اول صورت میں نہیں۔ راجح مذہب یہی ہے۔ چنانچہ ایک شخص نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سیاہ دیکھا۔ اس کے مرشد نے کہا کہ تیرے دین و ایمان میں کچھ خلل ہے اور محدثین کے نزدیک حدیث "من رأنی" میں داخل نہیں ہوا۔(تذکرہ عزیزیہ صفحہ ۵۳)

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ ۱۱۵۹ھ میں پیدا ہوئے اور والد بزرگوار حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے وصال پر بعمر ۱۷ برس ان کے جانشین مقرر ہوئے اور ۶۰ سال درس دیا اور علم حدیث جسے حضرت شاہ ولی اللہ" نے از سرنو ہندوستان میں رائج کیا تھا اس کا فیض ملک میں عام کیا۔ آپ کا حافظہ بہت زبردست تھا۔ ایک سو پچاس علوم کا مطالعہ کیا تھا۔ معلومات بےحد وسیع تھیں۔ حافظ قرآن و حافظ حدیث ہونے کے علاوہ تین لاکھ اشعار یاد تھے عربی' فارسی اور بھاشا کے۔ تعبیر خواب اور حاضر جوابی میں آپ کا جواب نہ تھا تفسیر عزیزی' تحفہ اثنا عشریہ اور دیگر کئی کتب کے مصنف ہیں۔ نہایت حلیم الطبع اور مرنجان مرنج قسم کے عالم تھے۔ سراج الہند' طاؤس العلماء حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے ۸۰ برس کی عمر پا کر ۱۲۳۹ھ میں دہلی میں وصال فرمایا اور اپنے بزرگوں کے قبرستان میں والد بزرگوار کے پہلو میں دفن ہوئے۔ چھوٹے بھائی شاہ رفیع الدین ۱۱۶۳ھ ۔ ۱۷۴۹ء میں پیدا ہوئے اور ۱۲۳۳ھ میں وصال فرمایا۔ آپ کا قرآن پاک کا تحت اللفظ ترجمہ مقبول انام ہے۔ تیسرے بھائی شاہ عبدالقادر" ۱۱۶۷ھ ۱۷۵۳ء میں پیدا ہوئے اور بعمر ۶۳ برس ۱۸۱۵ء ۱۲۳۰ھ میں وصال فرمایا۔ آپ نے قرآن پاک کا بامحاورہ ترجمہ کیا جس کا تاریخی نام "موضح القرآن" ہے اور جو اب تک بےحد مقبول ہے۔ پوری زندگی مسجد میں معتکف رہے۔ چوتھے اور سب سے چھوٹے بھائی شاہ عبدالغنیؒ تھے جو شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کے والد تھے اور چاروں بھائیوں میں سے سب سے پہلے انتقال

marfat.com
Marfat.com

کر چکے تھے۔ اس کے بعد تیسرے' پھر دوسرے اور سب سے آخر میں سب سے بڑے بھائی شاہ عبدالعزیزؒ نے اس دارفانی سے رحلت فرمائی۔ نقلی علوم کی تعلیم سید العلماء شاہ عبدالعزیزؒ کے سپرد تھی۔ عقلی مسائل کی تحقیق شاہ رفیع الدینؒ کرتے تھے اور کشفی مسائل میں شاہ عبدالقادرؒ بے حد ممتاز تھے۔ اس طرح علم کے تینوں ذرائع یعنی عقل' نقل' اور کشف کی مدد سے تینوں بھائی ایک جامع سوسائٹی کو وجود میں لانے کی سعی فرماتے رہے اور آئمہ الانقلاب ثابت ہوئے۔

(۲۷۶) حضرت مولانا خالد کردیؒ حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ کے خلیفہ تھے ۔ ایک روز مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلواۃ و سلاما") میں مجمع علما میں بیٹھے تھے کسی شخص نے ذکر کیا کہ جس شخص کا عقیدہ اہلسنت و الجماعت کا ہو اور مسلسلہ حدیث کی سند ہو اور نقشبندیہ سلسلے میں استفادہ کیا ہو وہ بڑا خوش نصیب ہے۔ مولاناؒ نے فرمایا میرا طریقہ اہلسنت والجماعت کا ہے اور سند حدیث حاصل ہے۔ سب دعا کرو کہ بواسطہ روح پاک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طریقہ نقشبندیہ کا فیض حاصل ہو۔ سب نے دعاء کی۔ رات کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ دہلی میں شاہ غلام علی کے پاس جاؤ۔ ۱۲۲۴ھ میں دہلی پہنچے۔ نوماہ حضرت شاہ صاحبؒ کی خدمت میں حاضر رہنے پھر خلافت عطا کرکے بوقت رخصت کردستان کی قطبیت کی بشارت دی۔ آپ نے اپنے وطن کردستان واپس آگئے جہاں آپ کو بے پناہ مقبولیت حاصل ہوئی (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ)

آپ کی وجہ سے دولت عثمانیہ (ترکی) میں نقشبندیہ مجددیہ طریقہ خوب رائج ہوا۔ جب مصطفیٰ کمال پاشا نے صوفیہ سلسلوں کو ختم کیا تو صرف استنبول (سابق قسطنطنیہ) میں اس سلسلے کے ۲۷ تکیے تھے۔ آپ کا نسب والد کی جانب سے سیدنا عثمان غنیؓ سے جا ملتا ہے جبکہ والدہ سادات علویہ سے تھیں۔ آپ اپنے

marfat.com
Marfat.com

مرشد گرامی کے مشورہ سے سراج الہند شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی جو اپنے زمانہ کے ملک العلماء تھے کی صحبت میں بھی رہے۔ شاہ صاحب نے آپ کو اپنے علوم کی روایات کرنے کی اجازت دی تھی۔ آپ نے علماء ہند میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کی مدح فرمائی ہے۔ آپ نے اپنے خطوط میں "حضرات ثلاثہ" کی اصطلاح خاص طور پر استعمال کی ہے۔ "حضرات ثلاثہ" کی اصطلاح اہل دلی کی زبان میں شاہ عبدالعزیز اور آپ کے دونوں بھائیوں مولانا شاہ رفیع الدین اور مولانا شاہ عبدالقادر کے لئے بولی جاتی تھی۔ حضرت خالد کردی کا وصال ۱۲۴۲ھ میں ہوا۔

(۲۷۷) عارف باللہ عاشق رسول اللہ حضرت شاہ عبدالغنی نقشبندی ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار پر انوار سے مشرف ہوئے۔ عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) "من رانی فقد رای الحق" یعنی جس نے مجھے دیکھا گویا اس نے حق کو دیکھا۔ کیا یہ آپ کی حدیث ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ بے شک یہ میری حدیث ہے (انوار العارفین صفحہ ۲۲)

آپ نے فرمایا کہ آدمی چار قسم کے ہوتے ہیں ۔ نامرد، مرد، جوانمرد، فرد، دنیا کے سب طالب نامرد ہیں۔ آخرت کے طالب مرد ہیں۔ آخرت اور دیدار الٰہی کے طالب جوانمرد ہیں اور فقط اللہ تعالیٰ کے طالب فرد ہیں فرمایا کتابیں جن کی نظیر نہیں تین ہیں۔ کلام اللہ شریف۔ بخاری شریف۔ مثنوی مولانا روم ۔ فرمایا کہ اللہ کے وعدے ہماری جاگیریں ہیں ظاہری جاگیروں سے کیا سروکار۔ نماز کی پابندی، قرآن پاک کی تلاوت، درود شریف کا ورد لا الہ الا اللہ کا ذکر اور اللہ اللہ کا تصور ایسی چیزیں ہیں کہ ناممکن ہے کہ جن کی برکات ظاہر نہ ہوں۔ اگر زندگی میں کسی وجہ سے ظاہر نہ ہوئیں تو مرنے کے بعد تو ضرور ظاہر ہونے والی ہیں۔ گمنامی اختیار کرو کہ تمہارا مذہب برباد نہ ہو۔ تمام

marfat.com
Marfat.com

حکمتوں اور عقلمندیوں کا سر اور بھید خوف الٰہی ہے کہ اس خوف کی وجہ سے اس میں حکمت کا دروازہ غیب سے کھل جاتا ہے۔

(۲۷۸) محترمہ گوہر بیگم (مسز ایڈمرل مظفر حسن) نے ستمبر ۱۹۹۰ء میں خواب دیکھا کہ میرے سامنے میری بہو بیٹھی ہے۔ اس کے پاس بڑے سائز کا ایک قرآن پاک اور چند حدیث پاک کی کتابیں رکھی ہیں۔ ان سب کو نہایت ذوق و شوق اور دل و جان سے پڑھنا میرا روزانہ کا معمول ہے۔ میری بہو مجھ سے پوچھتی ہے کہ امی یہ بتائیں کہ آپ نے کسی بزرگ کی خواب میں زیارت کی ہے؟ تو میں کہتی ہوں کہ ہاں میں نے اپنے آقائے نامدار حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے اور وہ خواب اس طرح ہے۔ پانی میں ڈوب کر جب میرے بیٹے کا انتقال ہوا تو میں بے حد مغموم اور پریشان رہتی تھی۔ اسی عالم میں ایک رات خواب میں اماں کے ساتھ دروازے پر گئی۔ ان سے کہا آپ یہیں ٹھہر جائیں اور خود اندر چلی گئی۔ صحن عبور کرکے ایک کمرے میں داخل ہوگئی۔ سر جھکا کر کھڑی ہوں اور آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہیں۔ سامنے میرے آقا (صلی اللہ علیہ وسلم) کالی کملی میں کھڑے ہیں نہ میں سر اٹھاتی ہوں نہ کچھ بولتی ہوں نہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کچھ فرماتے ہیں۔ بس اپنا دست مبارک میرے سر پر رکھ دیتے ہیں۔ قریب دس منٹ اسی طرح گذر جاتے ہیں۔ میرا دل کہہ رہا ہے کہ یہ ہمارے آقا (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں۔ باہر آکر میں اپنی اماں سے کہتی ہوں کہ جائیے اب آپ کی باری ہے۔ وہ جاتی ہیں۔ ان کے واپس آنے پر میں ان کے ہمراہ اپنی بہن آصفہ کے گھر چلی جاتی ہوں۔ وہ دریافت کرتی ہیں کہ آپ دونوں جس مقصد کے لئے گئی تھیں (یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قدم بوسی کے لئے) وہ حاصل ہوا؟ میں کہتی ہوں کہ ہاں دس منٹ تک میرے آقا (صلی اللہ علیہ وسلم) میرے سر پر اپنا دست مبارک رکھے رہے اور میں بہت خوش ہوں اور اس قدر چین اور سکون ہے کہ بیان کرنا مشکل ہے۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (بہو کو یہ خواب سنا کر کہتی ہوں کہ اس خواب پر میری

marfat.com
Marfat.com

دو چار زندگیاں نہیں اگر پچاس زندگیاں ملیں تو وہ بھی قربان کردوں)(غیر مطبوعہ)

اپنے ۱۰ اکتوبر ۱۹۹۱ء والے خط میں مجھے (مؤلف کتاب ہذا) تحریر کیا ہے کہ آپ کراچی ہمارے گھر آئے ہیں اور دریافت کر رہے ہیں کہ ہمارے آقا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیسے ہیں؟ تو میں کہتی ہوں بخیریت ہیں۔ اچھے ہیں بس یہ خواب یہاں ختم ہوگیا۔

اسی خط میں تحریر ہے کہ میری دوسری بیٹی اپنے میاں کے ساتھ عمرہ کرنے چلی گئی اور اپنے بیٹے اور بیٹی کو میرے پاس چھوڑ گئی۔ دونوں بچے قرآن مجید پڑھ چکے ہیں۔ میں اب انہیں ترجمہ پڑھا رہی ہوں۔ بچی اسماء جو نو دس برس کی ہے بڑے شوق سے پڑھتی ہے۔ دو ماہ قبل اس نے خواب دیکھا جو اپنی ماں کو سنایا۔ کہتی ہے اس نے دیکھا کہ کچھ لوگ آمنے سامنے دو گروپ میں کھڑے ہیں۔ ایک طرف یہ کھڑی ہے اور سامنے کے گروپ میں میں کھڑی ہوں تو کسی نے اس سے کہا کہ جا کر اپنی نانی والی سائیڈ میں کھڑی ہو جاؤ تو یہ آکر میرے ساتھ کھڑی ہو گئی۔ پھر اس سے کسی نے کہا کہ یہ گروپ جنتی لوگوں کا ہے۔ یہ خواب دیکھ کر وہ بہت خوش تھی۔ میں نے سنا تو مجھے بھی بہت تسکین حاصل ہوئی۔ کیا عجب اللہ تعالیٰ اس خواب کو سچا کردیں۔ یہ دنیا تو دو چار گھڑی کا قصہ ہے۔

ماشاء اللہ یہ نہایت مبارک، نیک اور دیندار خاتون ہیں لکھتی ہیں اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے کہ آپ کو مع تندرستی دراز عمر عطا فرمائے۔ اور جس نیک کام کو آپ برسوں سے کر رہے ہیں اسے بہت دن تک کرتے رہیں۔ جو کام آپ کر رہے ہیں در اصل عبادت ہی کا حصہ ہے میرا تو یہ ایمان ہے اسی لئے آپ کی یہ دونوں کتابیں (سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ) اور "زیارت نبیؐ بحالت بیداری" مارکیٹ سے منگا منگا کر جہاں دیکھتی ہوں یا محسوس ہوتا ہے کہ کسی اللہ کی بندی یا بندے کو ذرا سی بھی اسلام سے محبت ہے یہ کتابیں تحفہ میں

marfat.com
Marfat.com

دے دیتی ہوں کیونکہ اصل بات تو یہی ہے کہ ہم اپنے رب کی بزرگی اور اپنے آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک ذات کو پہچان لیں۔ بس پھر نیکی کے راستے از خود کھلتے چلے جاتے ہیں۔ میں تو جب اپنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف مبارک پڑھتی ہوں تو آنکھوں سے آنسو جاری ہوجاتے ہیں اور زبان سے بیساختہ یہ نکلتا ہے کہ رب کریم آپ نے اتنے پیارے اور عظیم نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو عطا فرمائے۔ اس عظیم نعمت کے دینے پر ہم کہاں سے الفاظ لائیں اور کیونکر آپ کا شکر ادا کریں۔

(۲۷۹) حضرت شیخ سلیم چشتیؒ نبیرہ حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ کے تھے جو فاروقی تھے۔ حضرت شیخؒ ماں کی طرف سے عثمانی تھے۔ آپ کے والد شیخ بہاؤالدین چشتی پاکپتن سے لدھیانہ آکر بس گئے تھے۔ وہاں سے ۸۸۳ھ میں دہلی میں سرائے حضرت شیخ علاؤالدین زندہ پیر میں سکونت پذیر ہوگئے جہاں ۸۸۳ھ میں حضرت شیخ سلیم چشتیؒ پیدا ہوئے۔ نو سال کے تھے کہ والدین کا انتقال ہوگیا۔ پھر آپ کے بڑے بھائی شیخ موسیٰ چشتیؒ دہلی سے آپکو قصبہ سیکری میں لاکر آباد ہوگئے جو آگرہ سے ۲۲ میل جنوب میں واقع ہے۔ یہ سیکروار راجپوتوں کی راجدھانی تھی اور اسے راجپوتانہ کا دروازہ سمجھا جاتا تھا۔ کوہستان اراولی یہیں سے شروع ہوکر راجپوتانہ سے گذرتا اجمیر شریف سے آگے تک چلا جاتا ہے۔ بابر اور رانا سانگا (بابر کی فوج ۲۰ ہزار اور رانا سانگا کی دو لاکھ تھی) کی جنگ یہاں سے پانچ میل جنوب موضع خانوا کے میدان میں ۱۵۲۷ء میں ہوئی تھی۔ (خانوا اب ریاست بھرت پور میں ہے) یہ جنگ خانوا جنگ مہابھارت ثانی کہی جاتی ہے جس میں بابر کا کیمپ سیکری مین تھا۔ مشہور ہے کہ سیکری ہی کی ایک مسجد میں بابر نے شراب نوشی سے توبہ کی تھی اور جام و سبو توڑ دیئے تھے۔ بابر کو اس جنگ میں فتح عظیم حاصل ہوئی تھی اور رانا سانگا زخمی ہوکر بھاگ کھڑا ہوا تھا۔ بابر نے فتح کی خوشی میں سیکری کو مبارک سمجھ کر شکری کا لقب دیا تھا۔

marfat.com

Marfat.com

سیکری سے خانوا تک گنج شہداء چلا گیا ہے جو متبرک سمجھا جاتا ہے۔ یہیں شیخ موسیٰ چشتیؒ مقیم ہو گئے تھے۔

حضرت شیخ سلیم چشتیؒ حضرت بابا فریدؒ کی نویں پشت میں ہیں۔ آپ نے ۲۴ حج کئے اور ۳۰ سال مشرق وسطیٰ کے ممالک میں سیاحت کی۔ جن ایام میں آپ بہ دوران حج سابقہ مدینہ شریف میں مقیم تھے تو ایک مرتبہ آپ کو شب معراج میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے حکم فرمایا کہ تم شام میں شیخ ابراہیم عیاض کے پاس جاؤ جو حضرت خواجہ فضیل بن عیاض کے ارشد مریدوں میں تھے۔ پس آپ نے ان کے پاس پہنچ کر ان سے بیعت کی (معارج روحانی یعنی سوانح حیات حضرت شیخ سلیم چشتیؒ از سراج احمد عثمانی چشتی۔ ۱۹۶۳ء ۱۳۸۳ھ۔ (کراچی) صفحہ ۲۰ تا ۲۱)

(۲۸۰) ۹۶۳ھ میں حضرت شیخ سلیم چشتیؒ نے آخری حج کیا اور مدینہ طیبہ میں وفات کی تمنا کی خاطر ہجرت کا فیصلہ کیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی کہ تم ہندوستان واپس جاؤ۔ وہاں کے لوگوں کو فیض پہنچاؤ۔دین کی اشاعت کرو تمہاری تمنا پوری کی جائے گی اور تمہاری قبر کے لیے وہاں ہی مدینہ کی زمین قسمت کردی جائے گی (معارج روحانی صفحہ ۲۰) (جواہر فریدی۔ یہ کتاب عہد جہانگیری میں لکھی گئی تھی) ۲۹ شب ماہ رمضان المبارک ۱۵۷۱ء' ۹۷۹ھ کو حضرت شیخ کا وصال ہوا۔ آپ کی قبر شریف صحن جامعہ مسجد فتح پور سیکری کے شمالی گوشہ میں قریب وسط صحن میں بنائی گئی۔ جب قبر کے لئے پہاڑ کی چوٹی پر کھدائی کی جا رہی تھی تو پتھریلی چٹان میں ریتلی مٹی برآمد ہوئی۔ سب کو حیرت ہوئی اور اس طرح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مبارک کہ تم کو وہیں تمہارے وطن میں جائے دفن کے لئے زمین مدینہ ملے گی پوری ہوئی (معارج روحانی صفحہ ۲۱)

صحن ہی میں چند نہایت بلند بخت بزرگوں کی قبور ہیں جن میں چار میرے

marfat.com
Marfat.com

(مصنف کتاب ہذا) کے قریبی عزیز ہیں۔ ۱۸ جولائی ۱۹۶۰ء کو یہاں دفن کئے گئے۔ جنازہ کراچی سے بعد نماز جنازہ بذریعہ ہوئی جہاز آگرہ پہنچایا گیا جہاں شاہی مسجد آگرہ میں نماز جنازہ ادا کی گئی جس میں آگرہ کے ایک لاکھ مسلمانوں نے شرکت کی۔ پانچویں آدمی ہیں جن کا جنازہ دور دراز مقام سے لا کر درگاہ شریف فتح پور سیکری میں دفن کیا گیا۔ (خانبہادر) الحاج مولانا مولوی اختر عادل صاحب ڈبل ایم اے۔ ایل ایل بی۔ ایم ایل اے سینئر ایڈوکیٹ فیڈرل کورٹ آف پاکستان۔ مستقل صدر انجمن اسلامیہ اوقاف آگرہ و صدر کمیٹی درگاہ شریف فتح پور سیکری۔ ۲۶ نومبر ۱۸۸۶ء میں آپ یہیں پیدا ہوئے تھے۔ آپ کی قبر آپ کی دادی متوفی ۸ جون ۱۸۸۸ء والد بزرگوار جناب ڈاکٹر عبداللہ متوفی ۷ جولائی ۱۹۰۱ء اور والدہ محترمہ متوفی ۷ ۱۲ اپریل ۱۹۳۴ء کی قبروں کی پائنتی بنی ہے۔ ۱۷ جولائی ۱۹۶۰ء کو کراچی میں وصال فرمایا تھا۔ تاریخ وفات منظر صدیقی سیمابی اکبر آبادی نے کیا خوب کہی ہے۔

فکر تاریخ ہے منظر تو پریشان کیوں ہو
کہدو جنت کے مکیں ہوگئے۔ اختر عادل

بادشاہ نورالدین جہانگیر حضرت شیخ سلیم چشتیؒ کی دعا سے پیدا ہوا تھا اس لئے آپ کا حد درجہ احترام کرتا تھا۔ اکبر اعظم نے جہانگیر کی والدہ جودھا بائی ملقب بہ مریم زمانی بیگم کے لئے سرخ پتھر سے محلات تعمیر کرائے تھے جو آج بھی فتح پور سیکری میں سیاحوں کے لئے کشش رکھتے ہیں۔ ریاست جودھپور کے راجہ کی بیٹی تھی جودھا بائی۔ اکبر نے ابوالفضل' فیضی اور بیربل کے مشورہ سے دین الٰہی ایجاد کیا تھا۔ ملحد ہوگیا تھا۔ جب اس کی ماں کا انتقال ہوا تو اس نے بھدرا کرایا تھا۔ یعنی داڑھی' مونچھ اور ابرو سب صاف! جہانگیر کو اس بات کا یقین تھا کہ اکبر دراصل ابوالفضل کی وجہ سے مجھ سے بے التفاتی برتتا ہے۔ پس جہانگیر نے اپنے دوست نرسنگھ دیو' راجہ اورچھا (بندھیل کھنڈ) کے ذریعہ

marfat.com
Marfat.com

ابو الفضل کو بمقام آنتری (ریاست گوالیار) قتل کرا دیا اور سر کاٹ کر جسم وہیں دفن کرا دیا۔ اور الہ آباد جہانگیر کے پاس ابو الفضل کا سر بھیج دیا۔ جس کے سوگ میں اکبر نے تین دن نہ کچھ کھایا نہ کچھ پیا۔ بعد میں باپ بیٹے میں مصالحت ہو گئی اور اکبر نے شیخو (جہانگیر) کو اپنا جانشین مقرر کرنا منظور کر لیا تھا۔ حضرت شیخ سلیم چشتیؒ نے اپنے نام پر جہانگیر کا نام سلیم رکھا تھا جو بعد میں جہانگیر کے لقب سے سریر آرائے سلطنت ہوا۔

(۲۸۱) حضرت بابا جی شلبانڈی شریف (سوات) والے ۔ آپ کا نام سید محمود شاہؒ تھا۔ والد ماجد بھی خدا رسیدہ بزرگ تھے۔ انہیں خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ محمود شاہ کو اجمیر بھیج دو۔ اس وقت آپ جوانی میں قدم رکھ چکے تھے۔ اپنے بھائی کے ساتھ اجمیر شریف روانہ ہو گئے۔ ظاہری علوم کے درس سے فارغ ہو کر آپ حضرت خواجہ اجمیریؒ کی درگاہ کے باہر مودب کھڑے ہو جاتے تھے چھ سال تک یہی معمول رہا۔ پھر حضرت خواجہ غریب نوازؒ نے توجہ فرمائی اور دریافت فرمایا کیا چاہتے ہو؟ عرض کیا "صرف اللہ کی رضا" فرمایا درود شریف' استغفار' کلمہ طیبہ' سورہ اخلاص اور تشہد پڑھا کرو۔ پھر درود شریف اور استغفار کے مخصوص کلمات تلقین فرمائے اور حکم ہوا کہ خود بھی ان کا ورد رکھو اور دوسروں کو بھی ان کی تعلیم دو۔ حضرت بابا جی کے ارادت مندوں میں ہزاروں مرد اور عورتیں ایسی ہیں جن کا قلب جاری ہے۔ اس "ذکر سلطانی" کی تعلیم و تلقین حضرت خواجہ غریب نوازؒ نے آپ کو عنایت فرمائی تھی۔ یہ دنیا کا کام بھی کر رہے ہیں اور دل کی دھڑکن اللہ اللہ پکار رہی ہے۔ بابا جیؒ کو حضرت خواجہ غریب نوازؒ کا یہ حکم بھی تھا کہ لنگر جاری کرنا۔ پس اجمیر شریف سے واپسی کے بعد شلبانڈی شریف میں برابر لنگر جاری رہتا ہے۔ جس میں انواع و اقسام کے کھانے' مرغ' سبزی' شہد' تازہ پھل' حتیٰ کہ اگر کوئی مسافر دو بجے رات کو پہنچے تو اسے بھی گرم کھانا مل جاتا ہے۔ جنرل

marfat.com
Marfat.com

ضیاء الحق کو بھی آپ سے بہت عقیدت تھی۔ ان سے فرمایا محرم میں بالخصوص سفر نہ کرنا دشمن گھات میں لگے ہوئے ہیں۔ مگر تقدیر کا لکھا کون ٹال سکتا ہے۔ صدر ضیاء الحق نے محرم میں بہاولپور کا سفر کیا اور حادثہ کا شکار ہو گئے۔ فرمایا مجھے تم سے مری ہوئی بلی کا چمڑہ تک نہیں چاہئے۔ بس اسلامی عدل کا نظام قائم کر دو اور ڈگر سے شلبانڈی شریف تک پختہ سڑک بنوا دو تاکہ لوگوں کو آمد و رفت میں تکلیف نہ ہو۔ جنرل صاحب نے اس حکم کی فوراً تعمیل کر دی تھی۔

(۲۸۲) شلبانڈی شریف والے حضرت بابا جیؒ کی عمر قریب ۹۵ سال ہو چکی تھی۔ کمزوری بہت تھی۔ کھانسی جان لیوا بن چکی تھی۔ ۲۸ جنوری بروز پیر ۱۹۹۱ء وفات سے ایک گھنٹہ پہلے اپنے صاحبزادے بابر شاہ کو قریب بلایا اور فرمایا کہ ابھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تھے اور مجھے پکڑ کر ارشاد فرمایا "بادشاہ جان! اللہ کا حکم ہے تمہیں بھی ماننا ہے اور مجھے بھی ماننا ہے" یہ انتقال کی خبر تھی مگر صاحبزادے کا ذہن اس طرف نہ گیا۔ کچھ دیر بعد ایک بچہ نے آخر خبر دی کہ بابا جیؒ کی طبیعت بہت خراب ہو گئی ہے۔ فوراً بابر شاہ آئے باپ کو بازوؤں میں اٹھا لیا کہ اب وزن ہی کیا رہ گیا تھا۔ بابا جیؒ نے اپنے بیٹے کو دیکھا گویا نگاہ واپسیں ڈال رہے ہوں۔ پھر ایک ہچکی لی اور اپنی جان جان آفریں کو سونپ دی (انا للہ و انا الیہ راجعون) ۲۹۔ جنوری کو جنازہ اٹھا۔ بڑے بوڑھوں کا کہنا ہے کہ اتنا بڑا جنازہ علاقہ کی تاریخ میں نہیں ہوا۔ حضرت بابر شاہ ہو بہو اپنے باپ کی تصویر ہیں۔ گریجویٹ اور عالم دین ہونے کے باوجود دیکھنے میں بدو اور درویش۔ بابا جیؒ نے آپ کی خصوصی تربیت فرمائی ہے اور اب وہ آپ کی جگہ مسند ارشاد پر فائز ہیں (دونوں خواب میرے قدر دان مولانا کوثر نیازی مرحوم مغفور کے مضمون "شلبانڈی شریف کے حضرت بابا جیؒ" سے ماخوذ ہیں جو روزنامہ جنگ راولپنڈی میں ۲ مارچ ۱۹۹۱ء کو شائع ہوا تھا۔ شلبانڈی ریاست سوات کے ضلع بنیر میں واقع ہے۔ کار پنڈی سے مردان' مردان سے

marfat.com
Marfat.com

رستم اور ڈگر ہوتے ہوئے قریب چار گھنٹے میں شلبانڈی شریف پہنچتی ہے۔

(۲۸۳) صدر جنرل ضیاء الحق کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کئی مرتبہ سلام پہنچے اور پیغامات آئے مجدد ملت حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خلیفہ مولانا فقیر محمد صاحبؒ نے حال ہی میں وصال فرمایا ہے۔ پشاور رہتے تھے۔ نہایت متقی و پرہیز گار تھے۔ سعودی عرب کی نیشنیلٹی ملی ہوئی تھی۔ پس چھ ماہ پاکستان اور چھ ماہ سعودی عرب میں گذارتے تھے۔ پشاور کینٹ میں بارہ کینال زمین پر نہایت شاندار مسجد بارہ کروڑ روپیہ سے بنوائی ہے۔ آپ مدینہ منورہ میں روضہ اقدس (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما") پر حاضر ہو کر مراقب ہوئے اور مراقبہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکالمہ ہوا۔ حضرت رسول اللہ صلی للہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مولانا! جنرل ضیاء الحق کو میرا سلام پہنچادو اور ان سے یہ بھی کہہ دو کہ اسلامی نظام کے نفاذ میں دیر نہ کریں" مولانا نے صدر ضیاء کو جب یہ پیغام پہنچایا تو کافی دیر تک ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگی رہی۔ واقعہ شہادت سے سات آٹھ ماہ پہلے کا یہ واقعہ ہے۔ اسی وجہ سے صدر ضیاء الحق آخر زمانہ میں بڑی تیزی میں تھے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جو حکم آیا ہے اس میں تاخیر نہ ہو اور اس پر جلد از جلد میں عمل کر لوں اور تیزی سے اس کام میں لگ گئے تھے کہ نفاذ اسلام کی طرف سے فارغ ہو جاؤں (قومی ڈائجسٹ لاہور۔ شہید صدر ضیاء الحق نمبر۔ نومبر ۱۹۸۸ء صفحہ ۶۹)

(۲۸۴) جب اسلام آباد میں بین الاقوامی سیرت کانفرنس ہوئی تھی تو اس میں شرکت کے لئے دوسرے ممالک سے اسکالر خواتین بھی آئی تھیں۔ ان میں مصر کی زینب الغزالی بھی تھیں۔ پاکستان پہنچ کر انہوں نے کراچی میں خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایک سفید کاغذ اور قلم

marfat.com
Marfat.com

دیا ہے۔ جاگنے کے بعد تعبیر سمجھ میں نہیں آرہی تھی۔ کہ اسلام آباد آ گئیں۔ یہاں کانفرنس کی صدارت صدر ضیاء الحق نے کی۔ زینب الغزالی نے عربی میں صدر کو اپنا خواب سنایا جس کے دوران وہ زارو قطار روتے رہے۔ زینب الغزالی نے کہا یہی میرے خواب کی تعبیر ہے کہ اسلام کے مشن کے لئے صدر ضیاء الحق ہی مناسب آدمی ہیں۔ وہی اس کی پیروی اور سرپرستی کریں گے۔ میرا یہ کاغذ و قلم کا خواب اس طرح پورا ہوا ہے۔ (قومی ڈائجسٹ لاہور۔ شہید صدر ضیاء الحق نمبر۔ نومبر ۱۹۸۸ء صفحہ ۲۱۲)

(۲۸۵) حضرت والا نے اپنے ایک دفتر میں جس میں رویائے صالحہ تحریر فرماتے تھے تحریر فرمایا ہے کہ ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت اس حال میں ہوئی کہ حضرات شیخین ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں بائیں ہیں اور حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما پیچھے ہیں۔ آپ سب حضرات تشریف لاتے ہیں، اور والد صاحب حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کرتے ہیں کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری مغفرت کی دعا فرما دیجئے۔ جس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کے لئے ہاتھ اٹھاتے ہیں اور فرماتے ہیں "یا اللہ فاضل کی مغفرت فرما" اور یہی دعا تین بار دہراتے ہیں اور چاروں صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعا پر آمین کہتے ہیں۔ (شرفا کی اولاد سے دردمندانہ اپیل از مولانا محمد فاضل عثمانی مہاجر مکیؒ صفحہ ۱۷ تا ۱۸) جناب محمد شاکر ابن محمد فاضل عثمانی مقیم مکہ مکرمہ فرماتے ہیں کہ حجر اسود اور حطیم کے درمیان عین کعبۃ المشرفہ کے سائے میں دیوار سے متصل جنازہ رکھ کر نماز جنازہ ادا کی گئی اور تدفین جنت المعلیٰ میں صحابہ اکرامؓ صلحاء اور اولیاء اللہ کے جوار میں ہوئی جس کے لئے بڑے بڑے اولیاء اللہ تمنا کرتے ہیں اور اس طرح حضرت والد صاحبؒ کی وہ آخری

marfat.com
Marfat.com

خواہش بھی پوری ہو گئی جس کے لئے انہوں نے بڑی قربانیاں دی تھیں (والد صاحبؒ قیام اللیل اور تہجد کا بہت اہتمام فرماتے تھے) مسلمانوں کی ابتر حالت دیکھ کر بہت طبیعت کڑھتی تھی۔ فرماتے یہ دولت و ثروت کتنے دن کی ہے۔ ہندوستان میں سب کچھ لٹا کر اور کٹ پٹ کر یہاں آئے ہیں۔ خر مستیوں کا نتیجہ اس سے بھی زیادہ بھیانک یہاں نکلنے والا ہے۔ خدا کے عذاب سے ڈرو۔

(۲۸۶) آج سے قریب ۱۵سال قبل جب ہم لاہور میں غازی علم الدین شہید روڈ (سابق لٹن روڈ) پر باغیچہ نواب صاحب بہاولپور کی جامع مسجد کے مقابل قیام پذیر تھے ان دنوں میں نماز جمعہ بالالتزام اسی مسجد میں پڑھا کرتا تھا۔ ایک جمعہ امام مسجد قاری عطا اللہ صاحب کی دعوت پر جامعہ اشرفیہ کے شیخ الحدیث مولانا موسیٰ خاں صاحب خطبہ جمعہ سے قبل اجتماع سے خطاب کر رہے تھے اور اس روز وہ سفید بے داغ لباس میں ملبوس تھے۔ انہیں دیکھ کر میرے دل میں معاً خیال آیا کہ ہمارے ان علماء دین کے کردار و عمل میں کتنا تضاد ہے اور یہ حضرات دوسروں کو تو اتباع سنت کی تلقین کرتے ہیں۔ صحابہ کرامؓ اور بالخصوص خلفائے راشدینؓ کے نظام حکومت اور طرز زندگی کو تازہ کرنا چاہتے ہیں لیکن خود ان کی زندگی میں اس کی جھلک نظر نہیں آتی۔ حضرت عمر فاروقؓ اپنے زمانہ خلافت میں جبکہ عراق اور ایران سے سیم و زر کے انبار ان کے قدموں میں ڈالے جا رہے تھے خود موٹے اور کھردرے، پیوند لگے لباس میں زندگی بسر کرتے رہے لیکن آج ہمارے یہ مولانائے محترم بہترین سفید پوشاک زیب تن کئے بر سر منبر جلوہ افروز ہیں۔ بایں وجہ میں نے مولانا موصوف سے نماز جمعہ کے بعد ملاقات بھی نہیں کی۔ چند دن بعد یہ بات ذہن سے نکل گئی۔

اس واقعہ کے کچھ عرصہ بعد میں نے خواب دیکھا کہ ہزاروں لاکھوں افراد کا اجتماع ہے جس میں میں بھی شامل ہوں۔ یکایک ایک غلغلہ بلند ہوا کہ حضور ختمی مرتبت جناب رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا رہے ہیں۔ نظر اٹھائی تو دیکھا کہ

marfat.com
Marfat.com

فضائے نیلگوں میں ہر طرف نور ہی نور پھیلا ہوا ہے۔ اور دور سے آقائے دو جہاں سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نہایت پاکیزہ' سفید اور بیداغ لباس میں اسپ صبا رفتار پر سوار تشریف لا رہے ہیں۔ مجھ گناہ گار میں تاب نظارہ جمال کہاں تھی جو جی بھر کر چہرہ انور کو دیکھتا۔ نگاہیں خود بخود جھک گئیں مگر بے قراری اور اضطراب میں آپؐ کی سواری کے ساتھ دوڑتا جا رہا ہوں۔ معلوم ہوا کہ حضور (فداہ ابی و امی) صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری خان پور کی دینی درسگاہ مخزن العلوم جس کے سربراہ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبداللہ درخواستی" ہیں کی جانب جا رہی ہے- اسی دینی درسگاہ کی جامع مسجد کے ملحقہ احاطہ میں میرے پاکباز والد حضرت شیخ محمد قریشی قدس سرہ مدفون ہیں جہاں انہوں نے اپنی زندگی ہی میں اپنی مرقد تیار کرا لی تھی۔ اسی دوران میری زندگی کا ماحصل وہ ناقابل فراموش حسین ترین لمحہ آیا- جب میرا سر آقا و مولائے کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے پائے رکاب کے قریب آگیا اور مجھے اپنے ہاتھوں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پائے اقدس میں کفش پا پہنانے کا شرف حاصل ہوا۔ زندگی میں اس سے بڑھ کر اور کیا عزو شرف ہوگا جو کسی خاک پائے رسول ہاشمی صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہو۔

ایک عرصہ تک میں نے اس خواب کا ذکر کسی سے نہیں کیا اس خیال سے کہ کہاں سرور دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم اور کہاں یہ گدائے خستہ جاں۔ سراپا گناہ و عصیاں میں ڈوبے ہوئے انسان کی زبان سے یہ بے پایاں لطف و کرم کی داستان کیسے بیان ہو ۔ شاید طہارت و پاکیزگی جسم و لباس کے بارے میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کا یہ بھی ایک انداز کریمانہ تھا۔ بڑے عرصہ بعد میں نے ڈرتے ڈرتے یہ خواب اپنے ایک روشن ضمیر دوست بیرسٹر ضمیر احمد خان کو سنایا- سن کر کہنے لگے "بڑے ہی خوش قسمت ہو- شاید تم سے کوئی خدمت لی جائے گی" جس سے کچھ ہمت بندھی تو پھر یہی

marfat.com
Marfat.com

خواب میں نے انہی مولانا موسیٰ خاں صاحب کو سنایا جن کے بارے میں غلط تاثر تجلی خواب کے بعد ذہن سے یکسر محو ہو چکا تھا۔ ان سے دریافت کیا کہ کیا میں یہ خواب دوسروں کو بھی سنا سکتا ہوں۔ فرمایا اس میں کوئی امر مانع نہیں۔ یہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک سلسلہ تبلیغ و ہدایت ہے۔ اس لئے اس خواب کو جو ایک زندہ حقیقت کی طرح میرے لب و ذہن پر نقش ہے تحدیث نعمت کے طور پر سپرد قرطاس کرنے کی جرات کر رہا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ اس خواب کی تعبیر کے لئے مجھے کار کے اس حادثہ جانکاہ سے بچا لیا گیا جس میں استخوان شکستہ سے چور میں وادی موت میں پہنچ چکا تھا۔ میرے ڈاکٹروں اور تیمار داروں کو جہاں سے میری واپسی کی کوئی امید باقی نہ رہی تھی۔ اس خواب کی تعبیر ملک عزیز میں توہین رسالت کے قانون' قانون سزائے موت کی صورت تعزیرات پاکستان میں موجود ہے اور جس کی ابتداء اس بندہ ناچیز کی کوشش پیہم سے ہوئی تھی اور بفضل تعالیٰ سال ۱۹۸۶ء میں مرحلہ تکمیل تک پہنچی۔ "ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم "O (غیر مطبوعہ)

محمد اسماعیل قریشی نام کے دو سینئر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان میں پریکٹس کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک ہمیشہ سیاہ شیروانی میں ملبوس نظر آتے ہیں۔ انہی نے مجھے اپنا یہ مبارک خواب ۲۷ رمضان المبارک ۱۴۰۹ھ مطابق ۳ مئی ۱۹۸۹ء کو لاہور میں عنایت فرمایا تھا جسے شامل کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

(۲۸۷) جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالستار خان ایم۔ اے۔ پی ایچ ڈی۔ صدر شعبہ عربی۔ عثمانیہ یونیورسٹی۔ حیدر آباد۔ دکن (بھارت) نے اپنے ۱۲ اپریل ۱۹۹۰ کے خط میں مجھے تحریر فرمایا "آپ کی کتاب مستطاب' سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" صلی اللہ علیہ وسلم میرے ایک دوست اور برادر طریقت جناب ڈاکٹر سید ابو سعید صاحب نے جو جیزان (سعودعربیہ) میں برسرکار ہیں بطور تحفہ دیا۔

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ موصوف کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ موصوف نے یہ بھی فرمایا کہ اس کتاب کے مطالعہ کے بعد ان میں ایک انقلاب آگیا اور وہ دین کی حقیقی نعمت سے سرفراز ہوئے۔ اس عاجز کی رائے میں آپ کی اس مبارک کتاب سے ایک امتی کو اپنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے ربط کا ایک راز معلوم ہوا اور نہ معلوم کتنے حضرات کرام نے اس سے استفادہ کیا ہوگا۔ آپ کی یہ کتاب میرے ساتھ رہتی ہے اور میں وقتاً فوقتاً اس کا مطالعہ کرتا رہتا ہوں۔ ایک عرض یہ بھی ہے کہ دلی میں کسی ناشر سے بھی شائع کرائیں تاکہ استفادہ عام ہو جائے۔ یہ خط ڈاکٹر صاحب نے مجھے شکاگو (امریکہ) سے بھیجا تھا۔ ساتھ ہی یہ دو خواب بھیجے جو شکریہ کے ساتھ شامل کر رہا ہوں۔

میرے استاد اور مربی فقیہہ العصر حضرت مولانا ابوالوفاء افغانی علیہ الرحمتہ (م ۱۳۹۵ھ) حضرت غازی اور مجاہد کبیر اخوند صاحب سوات قدس سرہ کے انگریزوں سے جہاد کے واقعات دوران درس سنایا کرتے تھے۔ انگریزوں نے ۱۸۵۷ء میں جب ہندوستان پر اپنا تسلط قائم کر لیا تو افغانستان پر خالص ۵۰ ہزار انگریزی فوج سے جس میں ایک بھی غیر انگریز نہ تھا حملہ کیا اور کابل پر بھی اپنا اقتدار قائم کر لیا تھا۔ الحمد اللہ جہاد افغانستان کی ایک عظیم تاریخ ہے۔ اس قوم نے بڑی سے بڑی طاقت کے آگے اپنا سرنگوں نہیں کیا۔ حضرت اخوند صاحبؒ سوات زندگی بھر انگریزوں سے جہاد فرماتے رہے اور ایسے ہی حضرات کی روحانی اور باطنی قوت تھی کہ انگریزوں کے بعد روسی بھی اس مجاہد قوم کو زیر نہ کر سکے اور ۹ سال سر مارنے کے بعد فروری ۱۹۸۹ء میں اپنی افواج واپس بلا لیں۔

امیلہ نام کے مقام پر جو میدان جنگ تھا حضرت اخوندؒ صاحب سوات کو انگریز کمشنر کا خط ملا کہ انگریز اس وقت بڑی طاقت کے مالک ہیں۔ آپ بے فائدہ لوگوں کو قتل کراتے ہیں۔ آپ بزرگ ہیں گوشہ نشینی اختیار فرمائیں۔ ہم تو صرف مجاہدین کو ملکا نامی مقام سے نکالنے آئے ہیں جو آپ کے بھی مخالف

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔

حضرت اخوند صاحب" سوات نے جواباً تحریر فرمایا "واقعی انگریز بڑی طاقت رکھتا ہے لیکن ان سے بھی بڑی طاقت اور منصف ہستی موجود ہے جس نے فرعون جیسی طاقت کو دریا میں غرق فرمایا اور نمرود جیسے خدائی کے دعویدار کو مچھر جیسی حقیر چیز سے ہلاک کرا دیا اور ابرہہ کو ہاتھیوں سمیت ابابیلوں سے ختم کرا دیا۔ بے شک میں درویش اور فقیر ہوں لیکن آپ کیوں بار بار درویشوں اور فقیروں پر حملہ آور ہوتے ہیں"

انگریزوں نے اس پر کہا کہ ہم آپ کی زندگی میں تو اس ملک پر قابض نہیں ہو سکیں گے مگر آپ کے انتقال کے بعد ضرور قابض ہو جائیں گے۔ حضرت اخوند" نے جواب دیا "شمشیر نیام میں ہے تو یہ حال ہے۔ جب انتقال کر جاؤں گا تو شمشیر بے نیام ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تم قیامت تک افغانستان پر قابض نہ ہو سکو گے۔

دوران جہاد ایک مرتبہ عین حالت نماز میں انگریز فوج نے آپ کا اور آپ کی جماعت کا محاصرہ کر لیا۔ دفعتاً" ابر آگیا۔ اور برسنے لگا اور گھپ اندھیرا چھا گیا۔ انگریز فوج پر ایسا رعب طاری ہوا کہ اس کے قدم اکھڑ گئے اور جیسے ہی مجاہدین نماز سے فارغ ہوئے ان کا تعاقب کیا کئی ایک مارے گئے۔ اس واقعہ کا پس منظر میرے استاد مولانا ابوالوفاء نے فرمایا جس سے سالار بدر و حنین صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت اخوند" صاحب سوات کی مدد کے لئے تشریف لانے کی شہادت ملتی ہے:

اسی وقت ایک افغانی غلہ کے وزنی تھیلوں کو لائے ہوئے سوات بنیر کی پہاڑی پر اپنے اونٹوں کو لئے چڑھ رہا تھا۔ راستہ کے نشیب و فراز کی وجہ سے تھیلے گر گئے۔ وہ اتنے وزنی تھے کہ یہ تنہا ان کو اونٹوں پر نہیں لاد سکتا تھا۔ اسی عالم پریشانی میں وہ حیران کھڑا تھا کہ چار سوار وہاں سے گذرے۔ اس

marfat.com
Marfat.com

نے ان کو سلام کیا تو سب نے سلام کا جواب دیا اور چلے گئے۔ آخری سوار کو بھی جاتے ہوئے جب اس نے دیکھا تو مایوسی میں کہا۔ ماشاء اللہ آپ نیک لوگ ہیں لیکن اس غریب پر کسی کی توجہ نہیں۔ آخری سوار نے پوچھا تیرا کیا مسئلہ ہے۔ اس نے جواب دیا کہ ان وزنی تھیلوں کو لادنے میں آپ کی مدد درکار ہے۔ انہوں نے اپنے نیزہ سے جوں ہی تھیلوں کی طرف اشارہ فرمایا تو وہ تھیلے از خود اپنی اپنی سواریوں پر لد گئے۔ یہ دیکھ کر وہ بے حد حیران ہوا اور قسم دے کر دریافت کیا کہ آپ حضرات کون ہیں؟ ان آخری سوار نے جواب دیا۔ پہلے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ دوسرے سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں۔ تیسرے محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ ہیں اور میں سید محمد گیسو دراز ہوں۔ یہ شخص ان چوتھے بزرگ سے واقف نہ تھا۔ جب گھر پہنچا تو دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ دکن کے قطب ہیں (آخری سوار نے یہ بھی فرمایا کہ یہ افغانی ہمیں کیا ستارہا ہے۔ ہم کو تو سوات کے اخوند صاحبؒ کی مدد کو جلد پہنچنا ہے) (احوال العارفین تذکرہ قطب الاولیاء غازی اسلام حضرت اخوند عبدالغفور صاحب سوات قدس سرہ (م ۱۲۹۵ھ' ۱۸۷۷ء) مولفہ حافظ غلام فرید صاحب۔ نذیر سنز پبلشرز۔ ۴۰ اے اردو بازار۔ لاہور۔ صفحہ ۱۰۵)

(۲۸۸) شیخ عثمان فودی المالکی القادری (۱۷۵۴ء تا ۱۸۱۷ء) نے اٹھارویں صدی عیسوی میں الجزائر (افریقہ) کی ریاست حوصا لینڈ میں پچاس برس تک اسلامی شریعت کو نافذ فرمایا تھا اور اسلامی حکومت قائم فرمائی تھی۔ اس کا پس منظر جناب شیخ عثمان علیہ الرحمہ کا یہ خواب ہے۔

خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع چاروں خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم اور پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ تشریف لائے اور آپ کو ایک تلوار عنایت فرمائی۔ حضرت شیخ عثمان اپنے پچاس

marfat.com
Marfat.com

ہزار مریدین کے ہمراہ پھر بادشاہ کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ تم تخت چھوڑ دو ورنہ مقابلہ کے لئے آ جاؤ۔ وہ مرعوب ہو کر حکومت سے دست بردار ہو گیا چنانچہ آپ نے پچاس برس تک حوصا لینڈ میں شرعی حکومت قائم فرمائی جس کو انگریز نے آکر ختم کیا۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالستار خاں صاحب نے یہ واقعہ شیخ عبداللہ حکیم خطیب جامعہ مسجد۔ ٹورنٹو (کینیڈا) سے سنا جنہوں نے اس کے لئے اس کتاب کا حوالہ دیا۔

REVOLUTION IN HISTORY

THE JIHAD OF USMAN DON FODIS

BY

IBRAHIM SULAIMAN

NEW YORK, U.S.A

(۲۸۹) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو مجھے ارشاد ہوا کہ اے محمد یہ کیسی غفلت، کیسی نیند اور کیسی روگردانی ہے۔ تجھے کیا ہو گیا ہے جو تو نے قرآن کی تلاوت چھوڑ دی ہے۔ قرآن کے مقابلے میں یہ وظیفے کیا چیز ہیں۔ ہرگز ایسا نہ کر بلکہ ہر روز تلاوت کیا کر مگر روزانہ دو حزب سے کم نہ ہو۔ شیخؒ کے بعض احباب نے بتایا کہ اس دن سے شیخؒ نے کبھی تلاوت قرآن ناغہ نہ کی۔ بعض آیات کو تو بار بار پڑھتے اور اس قدر روتے تھے کہ رخساروں اور ڈاڑھی پر آنسو بہتے تھے اور اس قدر آہ آہ کرتے تھے کہ ان کے وجد اور گریہ کی شدت کو دیکھ کر کسی شخص کی جرات نہ ہوتی تھی کہ ان کے سامنے کچھ بات کر سکے اور آپ نماز نفل کے سلام و دعا کے بعد کثرت سے سجدہ شکر کیا کرتے تھے

marfat.com
Marfat.com

(نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۳۰۰ تا ۳۰۱)

(۲۹۰) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ مجھے ارشاد فرمایا کہ سوتے وقت پانچ مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور پانچ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ لیا کرو۔ بعدہ کہو کہ بار خدایا بحق محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا چہرہ حال و مال میں دکھا۔ پس جب تم سوتے وقت اسکو کہہ لو گے تو میں تمہارے پاس آؤں گا اور ہرگز اس میں تکلف نہ ہوگا۔ حضرت شاذلیؒ نے فرمایا کہ جس کو اس پر ایمان و اعتقاد ہو اس کے لئے یہ کیا ہی عمدہ عمل اور کتنا اچھا وظیفہ ہے۔ (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۳ تا ۲۹۴)

(۲۹۱) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ نے فرمایا کہ میں نے اپنے شیخ ابوسعید صفرویؒ سے پوچھا کہ کیا میں اپنے یاروں کو چھوڑ کر گوشہ نشین ہو جاؤں اور ان لوگوں سے کنارہ کش ہو جاؤں جو مجھے ایذائیں پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ ان کو نہ چھوڑو اور ظاہری خوبی کے ساتھ ان سے ملتے جلتے رہو اور ان سے عمدہ برتاؤ کرو اور جس حالت میں تم ہو اس پر رہو۔ اس کے بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجھے زیارت نصیب ہوئی تو میں نے اپنے پیر کے قول کی بابت دریافت کیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ان کا کہنا صحیح ہے اور اپنے شیخ کے طریقے پر چلو (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۹)

(۲۹۲) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ نے فرمایا کہ میں نے ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو شخص آپؐ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درود بھیجتا ہے تو کیا یہ اس کے لئے ہے جو حضور قلب سے درود پڑھے۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ نہیں یہ تو اس شخص کے لئے ہے

marfat.com
Marfat.com

جو غفلت کے ساتھ مجھ پر درود بھیجے۔ اور اللہ تعالیٰ اس کو پہاڑوں کے مانند فرشتے عطا فرماتا ہے جو اس کے لئے دعا کرتے اور اس کے لئے بخشش چاہتے ہیں اور جو حضور قلب سے درود پڑھے اس کے اجر کو تو اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی بھی نہیں جانتا۔ (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۳۰۱)

(۲۹۳) سید شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ دیکھا کہ میرے کپڑوں میں کالا سانپ گھس آیا ہے۔ بعدہ مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور میں نے آپؐ سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہ کالا سانپ تمہارا فلاں دوست نما دشمن ہے۔ تمہارا خیال اسے آگیا اور وہ تم کو ستانے کے لئے واپس آگیا۔ اگر اسے تمہارا خوف نہ ہوتا تو تمہیں ستانے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھتا۔ چنانچہ جیسا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا ویسا ہی ہوا (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۸)

(۲۹۴) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا کہ تیرا شیخ ابو سعید صفروی مجھ پر درود بھیجتا ہے اور اس کی کثرت کرتا ہے۔ اس سے کہہ دے کہ جب درود ختم کیا کرے تو اللہ تعالیٰ کی حمد کر لیا کرے (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۵)

(۲۹۵) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اپنے فلاں فلاں اصحاب کی یہ کنیتیں قرار دے اور فلاں کی کنیت ابو الظہور کیونکہ وہ عورتوں کے کھلے ہوئے حصوں پر نگاہ ڈالتا ہے مگر اس کا وبال تجھ پر نہیں ہے۔ (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۳۰۲) (محاسن الحسنین فی حکایات الصالحین صفحہ ۵۷۲)

marfat.com
Marfat.com

(۲۹۶) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ مجھے ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تیری مجلس کیسی عمدہ ہے جتنے لوگ اس میں حاضر تھے اللہ تعالیٰ نے ان سب کو بخش دیا جس کی وجہ یہ تھی کہ پڑھنے سے فارغ ہونے کے بعد تم لوگوں نے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا تھا (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۷)

(۲۹۷) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ نے فرمایا کہ میں نے اپنے شیخ ابوسعید صغرویؒ سے یہ درخواست کی تھی کہ مجھے اپنے قدم چومنے دیجئے مگر وہ مجھ سے اس کا وعدہ کرتے اور کہتے رہے کہ وقت آنے دو۔ لیکن جب انہوں نے ۸۵۱ھ میں وفات پائی تو میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اپنے شیخ سے ایفائے وعدہ کی درخواست کر۔ چنانچہ ان کی روح قبض ہو جانے بعد میں نے ان کے قدم لئے۔ انکو بوسے دیئے اور ان سے کہا کہ یا سیدی یہ آپ کا ایفائے وعدہ ہے اور جیسی آپ کی حرمت میرے نزدیک حالت حیات میں تھی ویسی ہی وفات کے بعد بھی ہے (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۸)

(۲۹۸) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ سیدی یحییٰ بن ابی الوفاؒ نے میری کنیت ابو عابد رکھی تو میں نے خواب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دیکھا اور آپ نے مجھ سے فرمایا کہ یہ کنیت تیرے لیے مناسب نہیں ہے۔ یہ کنیت تو بوجھ اٹھانے والوں کے لائق ہے۔ میں نے تیری کنیت ابو حامد رکھی ہے۔ اس کے بعد میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے اپنے یہاں تیری کنیت ابو حامد رکھی ہے اور ایسا ہی آسمانوں میں ہے اور تو بنی وفا کے دائرہ میں داخل ہو چکا ہے۔ تیرا مقام بڑا ہے اور تو ولی ہے۔ (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۸)

marfat.com
Marfat.com

(۲۹۹) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ مجھے ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے جتنے درود آپؐ پر بھیجے ہیں ان کا اور اپنے فلاں اعمال کا ثواب میں نے آپؐ کو بخش دیا۔ اگر حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اس قول کا یہی مطلب ہے جو آپؐ نے اس سائل سے فرمایا تھا جس نے آپ سے دریافت کیا تھا کہ میں اپنے تمام درود کا ثواب آپؐ کے لئے کر دوں۔ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں فرمایا "تب تمہارا غم دور ہو جائے گا اور تمہارے گناہ بخش دیے جائیں گے۔ اس کے جواب میں آپؐ نے مجھے ارشاد فرمایا کہ میرا مطلب یہی ہے۔ لیکن فلاں فلاں کا ثواب اپنے لئے رکھ چھوڑو کہ مجھے اس کی ضرورت نہیں۔ (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۳۰۱)

(۳۰۰) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپؐ مجھے نہ چھوڑیں۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تک تو کوثر پر نہ جائے گا اور اس کا پانی نہ پی لے گا ہم تجھے نہ چھوڑیں گے۔ کیونکہ تو سورہ کوثر پڑھتا ہے اور مجھ پر درود بھیجا کرتا ہے۔ درود کا ثواب تو میں نے تجھے بخش دیا اور کوثر کا ثواب تو اپنے لئے رہنے دے۔ اس کے بعد فرمایا کہ جب کبھی اپنے عمل کی طرف تیرا خیال جائے یا کوئی خلل تیرے کلام میں واقع ہو تو اس کا کہنا ترک نہ کر " استغفر الله العظیم الذی لا اله الا هو الحی القیوم واتوب الیه واساله التوبه والمغفره انه هو التواب الرحیم" (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۴)

(۳۰۱) سیدی شیخ محمد ابولمواہب شاذلیؒ نے فرمایا کہ سلطان کے مال میں

marfat.com
Marfat.com

سے لے لیا کرو مگر اس کے حواشی کے مال میں سے نہ ہو کیونکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں سلطان جقمق کے پاس جاؤں اور اس سے کچھ دینار طلب کروں۔ پس میں اس کے پاس گیا اور اس نے مجھے دینار دئے اور مجھ سے معذرت کی کہ میرے پاس اسی قدر موجود ہیں (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۵)

(۳۰۲) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک عورت کو دربدر پھرتے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت گاتے ہوئے دیکھا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا حال دریافت کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہ بہت بڑی ولیہ ہے لیکن اپنے محبوب کے ذکر پر اس نے پردہ ڈال رکھا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ وہ اپنے کلام میں سنجیدہ ذکر ہی لایا کرتی ہے (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۶)

(۳۰۳) سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک جماعت علم تصوف سیکھنے آئی۔ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ اس جماعت کو تجھ پر اعتقاد نہیں ہے۔ ان میں سے صرف ایک کو تھوڑا سا اعتقاد ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ بالخیر کرے گا اور یہ اسلام پر مرے گا۔ اس شخص کی آنکھ میں نقص ہے (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ ۲۹۳) (محاسن الحسنین فی حکایات الصالحین صفحہ ۵۶۸۔ اس کتاب کے اندر حضرت شاذلیؒ کے ۲۸ خواب درج ہیں)

(۳۰۴) حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رازیؒ کو خواب میں ارشاد فرمایا کہ مسلم حنفی سنت معروفہ سے زیادہ موافق ہے جس کو سرخیل جماعت اہل حدیث نواب صدیق حسن خاں قنوجیؒ نے اقتصاد میں نقل کیا ہے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اور بعض علماء حنابلہ سے حضرت

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں فرمایا کہ ہر چہار مسلک (یعنی مالکی، شافعی، حنبلی اور حنفی) حق ہیں۔ (اقتصاد) (خیرات الحسان)

(۳۰۵) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنے مشاہدہ نمبر ۱۲ میں تحریر فرماتے ہیں کہ علی الاجمال جب بھی میں روضہ اطہر (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کی جانب متوجہ ہوا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو موجود پایا یا یہ کہ میری روح کی آنکھ کھل گئی تو میں نے جیسے کہ آپؐ ہیں اسی طرح دیکھا اور میرا نفس اس سے بہت متاثر ہوا۔

ایک روز مجھ پر نظر حق کا افاضہ ہوا اور وہ ایک شے ہے جس کی بناء پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام پر فوقیت حاصل ہے۔

ایک روز میری طرف ایک ایسا نور ظاہر ہوا جیسا کہ ملاء سافل والوں کی صورت ہے اور میں نے دیکھا کہ وہ روضہ اقدس (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") سے ایک چشمہ کی طرح شدت کے ساتھ جوش مار رہا ہے (فیوض الحرمین) ترجمہ مولانا عابد الرحمٰن صدیقی کاندھلوی صفحہ ۱۱۴ تا ۱۱۷)

(۳۰۶) حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنے مشہد نمبر ۱۶ (حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم) میں فرماتے ہیں۔ کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سامنے کھڑا ہوا اور آپؐ کو سلام کیا اور کمال عاجزی سے آپؐ کے حضور میں ہاتھ پھیلائے اور اپنی روح کو آپؐ کی جانب متوجہ کیا۔ آپؐ کی روح مبارک سے انوار چمکے تو میری روح نے بہت اچھے طریقے پر ایک لمحہ یا اس کے قریب اس سے ملاقات کی۔ میں متعجب ہوا کہ کس قدر جلد روح نے ملاقات کی اور اصل اور فروع اور تمام اطراف کو ایک آن بلکہ اس سے بھی کم میں احاطہ کر لیا اور یہ انوار اس حبل ممدود کی تجلی ہے جس سے تمام عالم

marfat.com
Marfat.com

بندھا ہوا ہے۔ اور میں نے دیکھا کہ یہ تجلی آپ ؐ کے جوہر روح مبارک میں داخل ہے اور اصل اس حبل ممدود کی تدبیر واحد ہے جو کہ اس مبداء سے خالص ہے جس کی تفصیل تمام عالم ہے اور حبل ممدود کی فروع وہ تدبیرات تفصیلیہ ہیں کہ جن سے تمام عالم قائم ہے۔ اور میں نے یہ چیز بھی دریافت کر لی کہ یہ حبل ممدود حقیقت محمدیہ کی حقیقت ہے اور اسی سے ہر ایک قطب محدث اور نبی متکلم کو حصہ ملا ہے۔ واللہ اعلم (فیوض الحرمین صفحہ ۱۲۴ تا ۱۲۵)

(۳۰۷) حسن بن موسیٰ الحضرمیؒ جو ابن عجینہ کے نام سے مشہور ہیں فرماتے ہیں کہ میں حدیث پاک نقل کرتا تھا اور جلدی کے خیال سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پاک پر درود لکھنے میں بھول ہو جاتی تھی۔ میں نے ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ جب تو حدیث لکھتا ہے تو مجھ پر درود کیوں نہیں لکھتا جیسا کہ ابو عمرو طبری لکھتے ہیں۔ میری آنکھ کھل گئی تو مجھ پر بڑی گھبراہٹ طاری تھی۔ میں نے اسی وقت عہد کیا کہ اب جب بھی کوئی حدیث پاک لکھوں گا تو صلی اللہ علیہ وسلم ضرور آپؐ کے اسم مبارک کے ہمراہ لکھوں گا (فضائل درود شریف صفحہ ۱۷۱) (قول بدیع از علامہ سخاویؒ)

(۳۰۸) ابراہیم نسفیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی تو میں نے آپؐ کو اپنے سے کچھ منقبض پایا۔ بڑھ کر جلدی سے میں نے آپؐ کے دست مبارک کو بوسہ دیا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں تو حدیث قدسی کے خدمت گاروں میں سے ہوں۔ اہلسنت ہوں، مسافر ہوں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے متبسم ہو کر ارشاد فرمایا کہ جب تو مجھ پر درود بھیجتا ہے تو سلام کیوں نہیں بھیجتا۔ اس کے بعد سے میرا معمول ہو گیا کہ میں صلی اللہ علیہ وسلم لکھنے لگا (قول بدیع)

marfat.com
Marfat.com

(فضائل درود شریف از شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب دامت برکاتہم صفحہ ۹۵)

(۳۰۹) ابو سلیمان محمد بن الحسین خزانیؒ سے روایت ہے کہ ہمارے محلّہ میں ابوالفضل نامی ایک شخص نہایت پارسا اور پابند صوم و صلوۃ رہا کرتے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ میں کتابت حدیث میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں لکھا کرتا تھا۔ ایک روز میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ تو نے ہمارا نام لیتے یا لکھتے وقت ایک بار بھی درود استعمال نہیں کیا۔ مجھے اس خواب سے تنبیہہ ہوئی اور آئندہ کتابت میں اس امر کا لحاظ رکھا۔ کچھ دن بعد پھر زیارت نصیب ہوئی تو اس مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تمہاری صلوۃ ہم کو پہنچ گئی۔ جب کبھی ہمارا نام لکھو تو اس کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور لکھا کرو۔ (حضرت سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں کہ اگر اور کچھ فائدہ نہ بھی ہو تو بھی یہ فائدہ کیا کم ہے کہ جب تک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک لکھے ہوئے کاغذ پر قائم ہے اس پر صلوۃ جاری رہے گی (خیر الکلام اردو ترجمہ جلا الافہام از علامہ شمس الدین ابوعبداللہ ابن قیمؒ صفحہ ۲۱۴) (قول بدیع) (فضائل درود شریف صفحہ ۱۶۵ تا ۱۶۶)

(۳۱۰) موئے مبارک درگاہ بل (کشمیر) کے لئے مشہور ہے کہ جب یہ ۱۱۱۱ھ میں وہاں پہنچا جس کی تاریخ اس مصرع سے نکلتی ہے ۔ کشمیر مدینہ گشت از موئے نبیؐ۔ اور یہ مصرع بھی مشہور ہے ۔۔ گشت کشمیر طیبہ ثانی۔ تو اس وقت کے علماء شیخ محمد رادھوؒ اور خواجہ احمد بیویؒ نے اس بات کی خواہش ظاہر کی کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود اس بات کی تصدیق فرما دیں کہ واقعی یہ موئے مبارک آپؐ ہی کا ہے تو ان دونوں بزرگوں کو حضرت رسول اللہ صلی

marfat.com
Marfat.com

اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی اور آپؐ نے ان کو بشارت دی کہ بے شک یہ موئے مبارک میرا ہی ہے۔

گفت ایں موئے عنبریں من است   از سر گیسوئے یمین من است

(یعنی یہ میرا ہی موئے مبارک ہے اور میرے سر کے دائیں طرف کا ہے)

موئے مبارک کی تاریخی تفصیلات جاننے کے لئے پڑھیئے میری کتاب "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" حصہ اول خواب نمبر۱۶۶ (صفحہ ۲۲۵ تا ۲۲۷)- کشمیری تاجر خواجہ نور الدین عشاوری کے حبشی غلام بیدانش کو اورنگ زیب عالمگیرؒ نے اپنا خاص خلعت عطا کیا اور خاص خیمہ' تاکہ موئے مبارک کا صندوقچہ اس کے اندر رکھا جائے۔ اس کے بعد یہ قافلہ کشمیر روانہ ہوا۔ ایک عالم شیخ محمد رادھو نے بھمبر (حال آزاد کشمیر) سے اس صندوقچہ کو اپنے سر پر اٹھا لیا۔ لوگ زیارت کے لئے اس طرح ٹوٹ پڑے کہ بہت سے آدمی کچل کر شہید ہوگئے۔ اہل جلوس درود تکبیر پڑھتے کشمیر پہنچے۔ کشمیری مسلمانوں کے جذبات کی ترجمانی مختلف شعراء نے بھی کی۔ اورنگ زیب عالمگیرؒ نے خانقاہ کے اخراجات کے لئے تین گاؤں وقف کئے جو سکھوں کے وقت تک بحال رہے۔ حضرت بل کا تقدس بحال رکھا گیا۔ شیخ محمد بولاق بانڈے متولی مقرر کئے گئے۔ انہی کی نسل آج بھی اس کام پر معمور ہے۔ سال میں چھ مرتبہ موئے مبارک کا دیدار کرایا جاتا ہے۔ عید میلاد النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) معراج النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) اور چاروں خلفائے راشدینؓ کے ایام وصال پر ہندو بھی زیارت بل کے باہر احترام کے طور پر ہاتھ باندھے خاموش کھڑے رہتے ہیں۔ درگاہ بل کی شاندار عمارت کے ساتھ دارالعلوم بھی قائم کیا گیا ہے۔ کشمیری اپنے وطن میں موئے مبارک کی موجودگی کو اپنی خوش بختی کی علامت سمجھتے ہیں۔

۲۴ فروری ۱۹۹۴ء کو درگارہ حضرت بل سے ملحق اورینٹل کالج لائبریری میں بھارتی فوجوں کی اندھا دھند فائرنگ کے نتیجہ میں بھڑک اٹھنے والی آگ سے

marfat.com
Marfat.com

ہزاروں دینی کتب اور کلام مجید کے نادر نسخے جن میں اورنگ زیب عالمگیرؒ کے ہاتھ کا لکھا ہوا بھی تھا کئی دوسرے نوادرات کے ساتھ جل گئے۔ اسلامی ثقافتی ورثہ کو نقصان پہنچانے کی یہ دانستہ سازش تھی جس کے رد عمل کے طور پر مقبوضہ کشمیر میں چھ روز مکمل ہڑتال رہی۔ کئی مرد' عورتیں اور بچے شہید ہوگئے۔

اکتوبر و نومبر ۱۹۹۳ء میں کئی ہفتہ ۲۵ ہزار سے زیادہ بھارتی فوج جس کو یہودی کمانڈوز کی امداد حاصل تھی سری نگر اور درگاہ حضرت بل کا محاصرہ کئے رہی۔ کرفیو کی پابندیاں توڑ دی گئیں اور ۲۲ اکتوبر کو لاکھوں کشمیریوں نے درگارہ شریف کی طرف مارچ کی جس میں ایک دن کے اندر فوج کی فائرنگ سے کم از کم ۵۱ حریت پسند شہید اور سینکڑوں زخمی ہوگئے۔ اسپتال بھر گئے۔ فوج نے دیگر مساجد پر بھی ہلہ بول دیا جس کی وجہ سے حیدرپورا اور کئی دوسری جگہوں کی مساجد کو نقصان پہنچا۔ سری نگر کربلا کا نقشہ پیش کر رہا تھا اور درگاہ بل ایک آتش فشاں کی حیثیت اختیار کر چکی تھی۔

اس سے قبل ۲۸ ربیع الثانی ۱۴۱۴ھ مطابق ۱۶ اکتوبر ۱۹۹۳ء کو بھارتی فوج نے حضرت بل سے ملحقہ مسجد اور رہائشی مکانات کو خاکستر کر دیا تھا۔ درگاہ حضرت بل کے کمپلکس کا وہ حصہ بھی جل گیا جہاں خواتین کو نماز ادا کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ جس وقت آگ لگائی گئی اس وقت وہاں ہزاروں نمازی' عقیدت مند اور خواتین موجود تھیں۔ فوج اور حریت پسندوں کی لڑائی میں متعدد افراد ہلاک ہوئے۔ واقعہ کی اطلاع پاتے ہی ہزارہا کشمیری سڑکوں پر نکل آئے اور مقدس مقامات کی بے حرمتی پر شدید احتجاج کیا۔ اوقاف کا دفتر بھی نذر آتش کر دیا گیا۔ آگ کے شعلے دور دور سے نظر آ رہے تھے۔ مجاہدین کی تلاش میں بھارتی فوج جوتوں سمیت درگاہ میں داخل ہوگئی۔ بھارتی فوج کا یہ تیسرا آپریشن (آپریشن فلش آؤٹ) تھا ایک سال کے اندر جس میں بھارتی فوج اور پیرا ملٹری کے اہلکار حصہ لیتے رہے۔موئے مقدس کی وجہ سے کشمیریوں ہی کے لئے نہیں

marfat.com
Marfat.com

پورے عالم اسلام کے لئے یہ مقام مقدس اور متبرک ہے جس کی بے حرمتی اسلامی غیرت کو للکارنے کے مترادف ہے۔ عالم اسلام کو جس کا سختی سے نوٹس لینا چاہیے۔

(۳۱۱) حضرت علامہ مولانا خان بہادر صاحب عرف مولانا مارتونگ" نے مجموعی طور پر ۵۵ برس تدریس کے فرائض انجام دیے جن میں ۲۰ سال مارتونگ، ایک سال دارالعلوم مظہر العلوم، مینگورہ اور برسوں دارالعلوم اسلامیہ سیدو شریف میں علوم و فنون کا درس دیا۔ پشتون علاقوں میں معقولات اور علوم عقلیہ میں آپ کو امامت کا درجہ حاصل رہا۔ تاریخ ولادت تخمینا" ۱۳۱۶ھ۔ مقام سکونت ڈیری مضافات دیدل کماچ علاقہ چغرزئی ضلع سوات۔ والد کی جانب سے صدیقی اور والدہ کی جانب سے پٹھان۔ تین برس کے تھے کہ والد صاحب ہندوستان جا کر ایسے غائب ہوئے کہ پھر پتہ ہی نہ چلا۔ آٹھویں سال میں تھے کہ والدہ کا بھی انتقال ہو گیا۔ ہندوستان میں دہلی، امروہہ، ٹونک، دیوبند وغیرہ شہروں میں عظیم اساتذہ سے حصول علم کا موقع ملا۔

مارتونگ میں تدریس کے دوران متعدد بار خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ ایک رات خواب دیکھا کہ ایک گاڑی میں سوار ہوں میرے ساتھ چند اور علما بھی ہیں۔ جب گاڑی ایک جگہ پہنچی تو آواز آئی کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ ملاقاتیوں کو اجازت ہے۔ مجھے نہایت تعجب ہے کہ کوئی بھی زیارت کے لئے نہ اترا۔ میں گاڑی سے اتر کر اس جانب چلا جہاں سے آواز آئی تھی۔ سامنے دیکھا کہ ایک میدان ہے جس میں مخلوق کا مجمع ہے اور وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کے لئے آئے ہیں۔ اتنے میں نظر آیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجلس میں داخل ہوئے اور سب سے پہلے مجھ سے مصافحہ فرمایا۔ مصافحہ کا انداز ایسا تھا کہ ہر آدمی آگے آتا اور

marfat.com
Marfat.com

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مصافحہ کر کے واپس چلا جاتا۔ میں نے آپؐ سے دو مرتبہ مصافحہ کیا۔ جب زائرین مصافحہ سے فارغ ہوئے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک راستہ پر روانہ ہو گئے۔ میں بھی پیچھے پیچھے چل پڑا اور تیسری بار مصافحہ کیا مگر مجھے یوں تشفی نہ ہوئی میں پیچھے چلتا رہا۔ جب آپؐ کے قریب پہنچا تو حضرت نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ ناچیز سے مصافحہ فرمایا۔ میں نے جب غور سے دیکھا تو آپؐ کی عمر مجھے سن کہولت میں محسوس ہوئی اور کافی فرق محسوس ہوا کیونکہ پہلی ملاقات میں نوجوان محسوس ہوئے تھے اور اب پچاس پچپن سے زیادہ کے تھے (میری علمی اور مطالعاتی زندگی از مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب صفحہ ۲۷۰) (مجھے یہ کتاب برائے مطالعہ جناب ندیم شفیق ملک حال ڈپٹی ڈائریکٹر۔ اسلام آباد نے عنایت فرمائی جس کے لئے میں ان کا شکر گذار ہوں)

اس خواب کے بعد میں نے محسوس کیا کہ میرے ذہن میں آلودگی اور گندگی باقی نہیں رہی۔ ذہن صفائی پا رہا تھا یہاں تک کہ دوران اسباق بلا کلفت و مشقت عجیب عجیب لطائف بیان ہونے لگے۔ درس کے ساتھ تبلیغ کا کام بھی شروع کر دیا۔ ایک خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گاؤں کے قریب ایک پہاڑی کے پاس جلوہ افروز ہیں۔ اور آپؐ کے گرد بے شمار لوگ ہیں۔ میں بھی ان لوگوں میں ہوں لیکن ان سے آگے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دوزانو بیٹھا ہوا ہوں (صفحہ ۲۷۱)۔ خواب کو دیکھے اگرچہ ایک زمانہ ہو چکا ہے لیکن میں نے محسوس کیا تھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ سے مجھے کچھ فرمایا تھا۔ اس رات کے بعد میرے جذبہ تبلیغ میں شدت پیدا ہو گئی لیکن ساتھ ساتھ میں تدریس بھی کرتا رہا۔

(۳۱۲) حضرت امام عبید اللہ ناصر الدین "حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

عنہ کے پڑپوتے تھے۔ ایک دن آپ اور آپ کے بھانجے حضرت سید ابراہیم حسنؒ جن پر آپ جان چھڑکتے تھے کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ اکرام رضوان اللہ اجمعین کے جھرمٹ میں جنت الفردوس میں جلوہ افروز ہیں اور دریافت فرما رہے ہیں کہ بہترین عبادت کون سی ہے۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے عرض کیا شہادت اور حضرت علیؓ نے بھی شہادت ہی کو بہترین عبادت قرار دیا۔ یہ خواب دیکھ کر ان دونوں حضرات نے عہد کیا کہ جب تک شہادت حاصل نہ کر لیں گے زندگی کو مکمل نہ سمجھیں گے۔

حضرت عبیداللہؒ شہادت کا جذبہ سینے میں لئے نیشاپور سے بغرض تجارت ہندوستان تشریف لائے اور سونی پت (یوپی۔ بھارت) میں قیام فرمایا۔ چند دن قیام کرنے کے بعد ساتھیوں نے فرمایا کہ قنوج کا راجہ اس وقت راجاؤں میں سب سے بڑا درجہ رکھتا ہے۔ اس سے جہاد فی سبیل اللہ کر کے یا تو درجہ شہادت پر فائز ہوں یا زندہ بچیں تو غازی کہلائیں۔ یہ سن کر آپ کے ایک ہزار ساتھیوں میں سے سب ساتھ چھوڑ گئے صرف ۱۶۹ امیروں اور مجاہدوں کی جماعت آپ کے ساتھ رہ گئی۔ مقامی لوگوں نے آپ سب کی شان و شوکت اور اعلیٰ نسل کے گھوڑوں کو دیکھا تو انکے منہ میں پانی آ گیا اور اپنے راجہ ارجن دیو کو جو کہ راجہ دلی کا داماد تھا اطلاع دی۔ راجہ جو گھوڑوں کی خوبیوں اور اوصاف کو سن چکا تھا اس نے کہا یہ گھوڑے میرے ہاتھ فروخت کر دو۔ میں راجہ قنوج سے زیادہ قیمت دوں گا مگر حضرت عبیداللہ نے صاف انکار کر دیا جس پر راجہ نے اپنی فوج کو آپ کے محاصرہ کا حکم دے دیا۔ آپ اور آپ کے ساتھیوں نے کہا ہمارا مقصد تبلیغ اسلام ہے خواہ والی قنوج ہو یا کافر و مشرکین میں سے کوئی اور۔ پھر غازیان اسلام نے نماز دوگانہ ادا کر کے صدائے اللہ اکبر بلند کی اور راجہ اور اس کی فوج پر حملہ کر دیا۔ چار دن قتال و جدال میں گذر گئے۔ جب

marfat.com
Marfat.com

آپ کی سواری کے تمام گھوڑے بے آب ودانہ نہایت لاغر ہوگئے تو پا پیادہ معروف جنگ ہوئے۔ کافروں کی فوج نے بھی زبردست حملے شروع کردیئے۔ سب نہایت دلیری سے لڑے اور دشمن کے ایک ہزار تین افراد واصل بہ جہنم کر کے یہ مختصر سی خدا رسیدہ بزرگوں کی جماعت درجہ شہادت پر فائز ہوئی۔ شہادت کی تیسری شب ایک برہمن وزیر شیو چند نے خواب دیکھا کہ چند نورانی شکلیں اس کے سامنے چمکدار برہنہ شمشیریں لئے کھڑی ہیں۔ شیو چند کانپ اٹھا۔ آواز آئی ہماری قبریں بناؤ۔ جب تک ہمیں دفن نہ کرو گے تم اور تمہارا راجہ عذاب سے نجات نہ پاؤ گے۔ شیو چند نے کہا ہم کفن دفن سے ناواقف ہیں اور قبریں بنانا نہیں جانتے۔ شہیدان پاکباز نے کہا ہمارا ایک مسلمان ساتھی مہتر جوہر' فلاں جگہ رہتا ہے۔ اسے بلاؤ۔ اسے بلایا گیا۔ اس نے سارا ماجرا سنا اور دیکھا کہ ان شہدائے کرام کی نعشوں سے خون جاری ہے اور صدائے تکبیر بلند ہے۔ کافروں نے حیرت سے دریافت کیا کہ ان کے جسموں سے خون کیوں جاری ہے اور یہ آواز کیسی ہے۔ مسلمان مہتر جوہر نے انہیں بتایا کہ ان شہیدوں کو مردہ نہ سمجھو' یہ سب زندہ ہیں۔ بظاہر مردہ معلوم ہوتے ہیں۔ پھر بیلداروں سے قبریں تیار کرائیں اور تجہیز و تکفین کے بعد سب کو جدا جدا دفن کیا۔

حضرت امام عبیداللہ ؒ کی زندگی کے حالات' شہادت اور فیوض و برکات کے مفصل احوال حضرت شیخ مولوی احمد علی چشتی حیدر آبادی (متوفی ۱۲۸۱ھ) نے اپنی کتاب "قصر عارفان" میں تحریر کئے ہیں۔ حضرت امام عبیداللہ کا واقعہ شہادت اپنے جد امجد حضرت امام حسین ؓ کے واقعہ شہادت سے بڑی مماثلت رکھتا ہے حتیٰ کہ تاریخ شہادت بھی ۱۰ محرم الحرام ہے۔ "مقرب تواریخ" نے تاریخ شہادت سے آپ کی تجہیز و تکفین ماہ جمادی الاولی ۲۸۸ھ بیان کی ہے۔ گویا آپ مع اپنے شہید ساتھیوں کے ساڑھے چار ماہ بے گور کفن اس ویران و سنسان جنگل میں پڑے رہے اور اللہ تعالیٰ کی قدرت سے اس پورے عرصہ تمام

marfat.com
Marfat.com

نعشیں معطر و صحیح و سالم رہیں۔ شیو چند جو بالکل نابینا تھا اس نے اپنی آنکھیں حضرت امام عبیداللہ ناصر الدینؒ کی قبر مبارک پر جا کر ملیں تو فوراً اس کی آنکھیں روشن ہو گئیں اور پھر پورے ہندوستان میں سونی پت کے ان شہیدوں کی کرامات مشہور ہو گئیں۔ عقیدت مند ہر طرف سے حضرت امام عبیداللہؒ اور آپ کے ساتھی شہداء کرامؒ کی قبور پر حاضری دینے لگے اور یہ سلسلہ برابر جاری ہے۔

(۳۱۳) حجتہ اللہ فی الارض افضل المحققین حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نور اللہ مرقدہ کا نہایت معروف خواب جس کا ذکر آپ نے اپنی مشہور زمانہ کتاب "حجتہ اللہ البالغہ" کے دیباچہ میں اور "فیوض الحرمین" اور "دار ثمین" ان دونوں کتابوں کے اندر بھی کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ ۱۱۴۴ھ ماہ صفر کی دسویں تاریخ کو میں نے مکہ معظمہ میں حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کو خواب میں دیکھا کہ میرے گھر پر تشریف لائے ہیں اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں ایک قلم ہے جس کی نوک ٹوٹی ہوئی ہے۔ آپ نے وہ قلم مجھے عطا فرما کر فرمایا کہ یہ قلم میرے نانا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے مگر پھر فرمایا کہ ذرا ٹھہر جاؤ تاکہ حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اس قلم کو ٹھیک کر دیں کیونکہ وہ قلم جسے وہ درست کریں اور وہ جو ان کا درست کیا ہوا نہ ہو برابر نہیں ہوسکتے۔ چنانچہ حضرت امام حسینؓ نے ان سے یہ قلم لے لیا اور اسے درست کر کے مجھے عطا فرما دیا۔ مجھے اس سے بے حد خوشی ہوئی۔ بعدہ ایک چادر لائی گئی جس میں سبز اور سفید رنگ کی دھاریاں تھیں۔ یہ چادر حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے رکھی گئی۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چادر اٹھا کر فرمایا کہ یہ چادر میرے نانا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے۔ اس کے بعد آپ نے وہ چادر مجھے اوڑھا دی اور میں نے تعظیم اور احترام کے خیال سے اوڑھنے کے بجائے

marfat.com
Marfat.com

اسے اپنے سر پر رکھ لیا اور اس نعمت کے شکرانے میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرنے لگا۔ اس کے بعد یکبارگی میری آنکھ کھل گئی۔

حضرت شاہ ولی اللہؒ کے اس خواب کی تشریح و تعبیر۔ اس خواب میں چند اجزاء ہیں (1) حضرت امام حسینؓ کا تشریف لانا (2) حضرت امام حسنؓ کے ہاتھ میں ایک ایسے قلم کا ہونا جس کی نوک ٹوٹی ہوئی ہے (3) شاہ صاحبؒ کو یہ قلم دینے کا ارادہ فرمانا اور پھر حضرت امام حسینؓ سے اس قلم کو درست کرانا (4) یہ فرمانا کہ جیسا قلم حسین (رضی اللہ عنہ) بنا سکتے ہیں وہ قلم اور جوان کا درست کیا ہوا نہ ہو برابر نہیں ہو سکتے (5) قلم درست فرما کر حضرت امام حسینؓ نے وہ شاہ صاحبؒ کو عطا فرما دیا (6) اس قلم کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب فرمانا (7) شاہ صاحبؒ کو ایک چادر جو "بردیمانی" کی صفات سے متصف ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب ہے عطا فرمانا (8) اس کا اوڑھا دینا۔

میں نہیں کہہ سکتا کہ اس خواب سے میری سمجھ میں جو کچھ آیا وہی اس کی تعبیر بھی ہے۔ بہر حال میرا ذہن اس خواب سے جن امور کی جانب منتقل ہوا ہے اب اسے عرض کرتا ہوں۔

حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کی اصل خصوصیت یہی ہے کہ ملت اسلامیہ جب شدید نرغہ میں آئی تو حضرت امام حسنؓ نے اپنی صلح کی روش سے اور حضرت امام حسینؓ نے مقابلہ و مقاتلہ کے طریقے سے اس فتنہ کا مقابلہ کیا۔ پھر کیوں نہ سمجھا جائے کہ اس وقت ہندوستان میں اسلام جن نرغوں میں گھر گیا تھا اس کے مقابلہ کے لئے شاہ صاحبؒ کا انتخاب کیا گیا۔ اشارہ یہ تھا کہ شاہ صاحبؒ سے جس مقابلہ کا کام لیا جائے گا۔ اس میں صلح و جنگ دونوں طریقوں کو دخل ہوگا۔ یہ جنگ تلوار کی نہیں بلکہ قلم کی تھی لیکن اس جہاد میں شاہ صاحبؒ اور آپ کے خاندان والوں کو دشمنوں کی جانب سے جو اذیتیں برداشت کرنی

marfat.com
Marfat.com

پڑیں، کون کہہ سکتا ہے کہ ان میں کربلائی قربانیوں کے نشانات نہ تھے۔ غالی رافضی نجف علی خان نے شاہ صاحبؒ کے پنجے اتروا دیئے تھے۔ نجف علی خاں مغل دربار کا آخری امیر تھا۔ پھر لال قلعہ دہلی پر غیروں کا قبضہ ہو گیا۔ دراصل یہ شروع میں نواب اودھ کی وزارت کا دلی میں نائب تھا لیکن بعد کو خود مختار بن بیٹھا اور حکومت کی آخری ہانڈی اسی کے سر پر پھوٹی۔ جس وقت شاہ صاحب نے فقہ و حدیث کے صحیح تعلقات کی تنقیح فرما کر کتابیں شائع کیں جن میں ظاہر ہے اس "تقلید جامد" کی مخالفت کی گئی تھی جس میں عموماً سرحدی پٹھان اور روحیلے مبتلا تھے اور اس وقت دلی ان سے بھری پڑی تھی تو قدرتاً ان کو شاہ صاحبؒ کی یہ باتیں سخت شاق گذریں۔ اس سب کے باوجود شاہ صاحبؒ نے نہایت جرات کے ساتھ ان پٹھانوں کے درمیان اعلانیہ اپنے اس مسلک کا اعلان فرمایا۔ مقصد امت کی بہی خواہی اور اللہ تعالیٰ کے اس عہد کو پورا کرنا تھا جس کا علماء حق سے وعدہ لیا گیا ہے۔ مسجد فتح پوری دہلی میں قتل کے ارادہ سے شاہ صاحبؒ کا محاصرہ کیا گیا۔ آپ کے سب سے بڑے صاحبزادے شاہ عبدالعزیزؒ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ جب ہم پرانی دلی میں تھے تو رافضیوں، فاسقوں اور حسد کرنے والے بھائیوں سے بہت تکالیف میں نے اٹھائیں۔ بعض لوگ میرے گھر کے پاس اپنے کوٹھوں اور بالاخانوں پر تعزیئے رکھتے اور تبرا بکتے اور خلفاء ثلاثہ (حضرت صدیق اکبر، حضرت فاروق اعظم اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) کو گالیاں دیتے اور اس طرح مجھے ایذا پہنچاتے۔ یہ تو رافضیوں کا سلوک تھا "فساق" کا برتاؤ کیا تھا اس کی مثال بھی سنئے۔ ایک دن ایک فاحشہ عورت نے شراب پی کر تراویح کے عین وقت قرات قرآن کے درمیان حافظ شیرازی کے اشعار گانا شروع کر دیئے۔ اور بعض لوگ ڈھول تاشے بجاتے شور مچاتے تاکہ میری قرات میں گڑ بڑ ہو۔

نجف علی خان نے حضرت شاہ عبدالعزیزؒ اور آپ کے چھوٹے بھائی شاہ

marfat.com
Marfat.com

رفیع الدینؒ کو اپنی قلم رد سے نکال دیا تھا اور یہ دونوں بھائی مع مستورات شاہدرہ دلی تک پیدل آئے تھے۔ حضرت امام حسینؓ کی مستورات کے ساتھ میدان کربلا میں جو فاضحات ناگفتہ پیش آئے تھے کیا اس کی جھلک اس واقعہ میں نہیں پائی جا رہی ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ کی بہوئیں اور پوتیاں اس بے سرو سامانی کے ساتھ دلی سے پا پیادہ لائی گئیں۔ حضرت شاہ رفیع الدینؒ تو پیدل لکھنؤ چلے گئے اور حضرت شاہ عبدالعزیزؒ جونپور چلے گئے۔ ان دونوں بزرگوں کو نہ سوار ہونے کا حکم تھا اور نہ ساتھ رہنے کا۔ دو مرتبہ روافض نے شاہ عبدالعزیزؒ کو زہر دیا۔ چھپکلی کا ابٹن آپ کے بدن پر ملوایا جس کی وجہ سے آپ کو برص کا مرض ہوگیا تھا۔ شاہ عبدالعزیزؒ پہلے ہی بیمار تھے مگر ان ظالموں نے رحم نہ کھایا۔ جونپور کے اس تکلیف دہ سفر میں آپ کو لو لگی جس سے مزاج میں سخت حدت پیدا ہو گئی تھی اور جس کی وجہ سے جوانی ہی میں بینائی زائل ہو گئی تھی اور آپ سخت بے چین رہنے لگے تھے۔

آخر میں تو حضرت شاہ ولی اللہؒ کے پوتے حضرت شاہ محمد اسماعیل شہیدؒ اور اس خاندان کے تربیت یافتہ بزرگ حضرت سید احمد شہیدؒ نے بالاکوٹ (ضلع ہزارہ صوبہ سرحد) میں جس واقعہ کی تصویر پیش کی اس پر تو کربلا کی مثلیت کا خاتمہ ہو ہی جاتا ہے۔

غرض اس خواب میں حضرت حسنین کریمین، جمیلین، سبطین، سعیدین شہیدین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دیدار سے حضرت شاہ ولی اللہؒ کا مشرف ہونا محض ایک اتفاقی واقعہ نہ تھا۔ اس خواب میں اشارہ کر دیا گیا تھا کہ حسنی رنگ کے ساتھ حسینی واقعات کے تجربات بھی پیش آئیں گے۔ حضرت امام حسنؓ نے جو فرمایا تھا کہ "حسین (رضی اللہ عنہ) جیسا بناتے ہیں ویسا دوسرا نہیں بنا سکتا" تو گویا اس میں اشارہ تھا کہ ہر چیز سے بے نیاز ہو کر صرف حق تعالیٰ کی حمایت میں میدان میں کود جانا چاہئے اور یہ بیان ہو چکا ہے کہ شاہ صاحبؒ نے اس

marfat.com
Marfat.com

میدان میں کس جرات کا مظاہرہ کیا۔

چادر اوڑھا دینے کا اشارہ غالباً یہ تھا کہ سب کچھ ہوگا، مخالفین مخالفت کریں گے، دشمن ستائیں گے لیکن ردائے محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے سائے میں پناہ لینے والوں پر انشاء اللہ مخالفین کی کچھ نہ چلے گی اور ان کو خائب و خاسر ہونا پڑے گا۔ شاہ صاحبؒ کے قلمی آثار کو دنیا میں فروغ حاصل ہوگا اور یہی ہوا کہ اب نہ صرف برصغیر پاک و ہند بلکہ مصر، ترکی، سوڈان، افغانستان، حجاز بلکہ پوری اسلامی دنیا کے مدارس و جامعات میں آپ کی تحریر کردہ کتب دینی درس میں شامل ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ اب وہ ولی اللہ نہ تھے بلکہ اس خواب کے بعد شاہ صاحبؒ کی زبان سے کوئی اور بول رہا تھا اور آپ کی انگلیوں میں اب کسی اور کا قلم چل رہا تھا (تذکرہ حضرت شاہ ولی اللہؒ از علامہ مناظر احسن گیلانیؒ صفحہ ۲۷۹ تا ۲۹۰)

مولای صل وسلم دائماً ابداً　　علی حبیبک خیر الخلق کلهم

ختم شد بتاریخ ۸ رجب المرجب ۱۴۱۵ھ مطابق ۱۲ دسمبر ۱۹۹۴ء
بروز دو شنبہ بمقام راولپنڈی / اسلام آباد

وارننگ

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کو درمیان میں لا کر جھوٹے خواب گھڑنے والے اپنے انجام بد سے ہوشیار رہیں۔ اپنی دنیا اور آخرت برباد ہونے سے بچائیں۔

مطبوعہ فیروز سنز پرنٹرز، منیجر اے جے۔ باہتمام عبدالسلام پرنٹر و پبلشر

marfat.com
Marfat.com

جناب محمد عبد المجید صدیقی نے "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" مرتّب کر کے ایک نہایت ہی مبارک کام سرانجام دیا ہے۔ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے عین وصال کے بعد ہی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی یہ جہت نگاہوں کے سامنے آ گئی تھی۔ صحابہ کرامؓ، تابعینؒ و تبع تابعینؒ، بعد کے صلحاؒ، اتقیاءؒ، علماءؒ اور مجاہدینِ اسلام الغرض تمام اہلِ بصیرت پر یہ حقیقت اچھی طرح منکشف ہوتی چلی گئی کہ اب بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی اُمّت کے حالات سے اچھی طرح باخبر ہیں، بڑی شفقت کے ساتھ رہنمائی اور مدد فرماتے ہیں اور اپنی زیارت سے بھی مشرف فرمایا کرتے ہیں لیکن یہ شرف چودھویں صدی ہجری کے اختتام پر جناب عبد المجید صدیقی کو حاصل ہونا تھا کہ اس حقیقتِ باہرہ سے ہر ایک کو آگاہ کرنے کے لیے محققانہ انداز میں ایک کتاب تصنیف کر دیں تا کہ طلوع ہونے والی پندرھویں صدی ہجری میں مسلمان ہر آن اسے اپنی نگاہوں کے سامنے رکھیں اور رسولِ مقبولؐ (روحی فداہ) سے محبت و عقیدت کو اپنا سرمایۂ حیات سمجھیں۔ یہ مبارک کتاب ہر لائبریری میں موجود ہونی چاہیے اور ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

جناب ڈاکٹر سیّد محمد عبد اللہ
پروفیسر ایمریطس، پنجاب یونیورسٹی لاہور

Rs. 295.00

ISBN: 978-969-0-01244-4

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
لاہور - راولپنڈی - کراچی

سیرت النبیؐ

بعد از

وصال النبیؐ

(حصّہ چہارم)

محمد عبد المجید صدیقی ایڈووکیٹ

سیرت النبیؐ
بعد از
وصال النبیؐ

(حصہ چہارم)

محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
لاہور - راولپنڈی - کراچی

marfat.com
Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

© فیروز سنز لمیٹڈ لاہور

بار اوّل ---------- ۱۹۹۸ء

مطبع --- فیروز سنز لمیٹڈ لاہور

مجلّد -- 969 0 01484 6

marfat.com
Marfat.com

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
-1	انتساب	۵
-2	پیش لفظ	۷
-3	فہرست منابع و ماخذ	۹
-4	خواب دیکھنے والوں کے ناموں کی فہرست	۱۷
-5	خواب تفصیل وار (1 تا 364)	۲۵

marfat.com
Marfat.com

انتساب

(1) اپنی دادی کے نام جو 1947ء میں دہلی سے پاکستان آ رہی تھیں کہ بیاس ریلوے اسٹیشن (مشرقی پنجاب) پر سکھوں نے انہیں شہید کر دیا تھا۔ آپ الحاج مولانا مولوی (خان بہادر) اختر عادل صاحب کی بڑی بہن، مسٹر انور عادل سی ایس پی کی حقیقی پھوپی اور مسٹر مسرور حسن خان سی ایس پی کی سگی خالہ تھیں۔

(2) اپنے گیارہ بھائیوں بہنوں کی ٹیم، ان کے بچوں اور ان کے بچوں کے نام۔

(3) اپنے چھ بچوں، دامادوں، بہوؤں، ان کے بچوں اور ان کے بچوں کے نام۔

(4) پنجاب پبلک لائبریری، لاہور کے اس زمانہ کے تمام اسٹاف کے نام جنہوں نے متواتر سالہا سال پوری لائبریری میرے حوالے کر دی تھی۔ ان کے تعاون کے بغیر میرے لئے دوسری کتب اور اس مبارک کتاب کے چاروں حصوں کا مکمل کرنا ممکن نہ تھا۔

marfat.com
Marfat.com

اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

پیش لفظ

1972ء میں جب میں حج بیت اللہ کے لئے روانہ ہوا تو "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" کا مسودہ میرے ساتھ تھا۔ جسے پہلے میں نے حرفاً حرفاً بیت اللہ شریف کے سامنے اور پھر مدینہ طیبہ میں روضہ اطہر کے سامنے پڑھا تھا اور اللہ تعالیٰ کے حضور اس کی قبولیت و مقبولیت کے واسطے دعا کی تھی۔ فیروز سنز لاہور پابندی سے ان کتابوں کو شائع کر رہے ہیں جن میں کتاب "زیارت نبیؐ بحالت بیداری" کے 114 واقعات سمیت "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" کے چاروں حصوں کے 1303 یعنی کل 1417 خواب شامل ہیں اور ان میں قریب ایک ہزار کتابوں کے حوالہ جات درج ہیں۔ یہ بھی عجب اتفاق ہے کہ ان پانچوں کتب کا مکمل سیٹ پہلی بار 1417ھ میں شائع ہو رہا ہے۔ تاریخ اسلام میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا کام ہے جس کی ابتدا اللہ پاک نے اپنی رحمت خاص سے میرے ہاتھوں کرا دی ہے۔ ضرورت ہے کہ ان کتابوں کے اہم زبانوں میں ترجمے بلا مزید تاخیر شائع کئے جائیں تاکہ دنیا کو ہمارے پیارے اور سچے نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی خداداد عظمت و بزرگی کا علم ہو اور وہ جوق در جوق حلقہ بگوش اسلام ہو کر جہاں اپنی آخرت سنواریں وہاں اسلام کی شان و شوکت میں بھی چار چاند کا اضافہ کریں۔ ان خوابوں کا سلسلہ تو قیامت تک جاری رہے گا۔ نت نئے واقعات ظہور پذیر ہوتے رہیں گے۔ الوالعزم اسکالر نئے نئے عنوانات کے تحت ان پر ریسرچ کر کے ڈاکٹریٹ کی ڈگریاں حاصل کریں گے۔ وقت کے ساتھ ساتھ انشاءاللہ تعالیٰ ان

marfat.com
Marfat.com

کتب کی مہک اور خوشبو مشک و عنبر کی طرح پھیلتی چلی جائے گی اور دیدار رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) کی تقدس ماب تمنا اور خواہش میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا جائے گا اور بے شمار خوش بخت سرخرو و سرفراز بھی ہوں گے۔

قمری تقویم سے میری عمر کا یہ 77 واں سال ہے۔ اگر عمر نے وفا کی اور صحت و حالات نے اجازت دی تو انشاء اللہ العزیز پانچواں حصہ بھی پیش کرنے کی کوشش کروں گا۔ فی الوقت اس چوتھے حصہ ہی کو آخری حصہ سمجھا جائے۔

خواب گھڑنے کے چند واقعات میرے نوٹس میں آئے ہیں جن میں آئندہ اضافہ ہو سکتا ہے۔ میں ایک مرتبہ پھر ان جیالوں' اپنی جان و آن کے دشمنوں اور ناعاقبت اندیش افراد کو پر زور الفاظ میں تنبیہ کرتا ہوں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کو درمیان میں لاکر جھوٹے خواب بیان کرنے والے اپنے انجام بد سے ہوشیار رہیں کیونکہ آپؐ نے ارشاد فرما دیا ہے کہ سب سے بڑا جھوٹ یہ ہے کہ اپنی آنکھوں کو وہ چیز دکھائے جو انہوں نے نہ دیکھی ہو۔ آپؐ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جو کوئی میری جانب ایسی بات منسوب کرے گا جو میں نے بیان نہیں کی تو اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔

والسلام باہزار احترام

محمد عبدالمجید صدیقی

حال مقیم اسلام آباد راولپنڈی

مورخہ 10 ذالحجہ 1416ھ مطابق 29 اپریل 1996ء

marfat.com
Marfat.com

فہرست منابع و ماخذ

الف

1_ انفاس القلندریہ

2_ ابریز

3_ العوارف

4_ انوار اقبال

5_ المظاہر

6_ اللہ کی آواز مخلوق کے لئے

7_ انتباہ

8_ المقاصد الحسنہ

9_ اقبال اور محبت رسولؐ

10_ آب کوثر

11_ اصناف المخلوقات

12_ اقتباس الانوار

13_ اشرف الموید

14_ اربعین

15_ المنح الالہیہ

16_ آثار الصنادید

17_ النصیحتہ الاخوان

18_ اشرف السوانح

19- الدار المنظوم

20_ النزہتہ

21_ الصواعق

22_ اوراد غوثیہ

23_ النفحات

24_ اشباع الکلام

25_ النور المغنی

26_ انوار اصفیاء

27_ انوار المحسنین

28_ ازالتہ الاثام

29_ اخبار الاخیار

30_ الحاوی للفتاویٰ

31_ انوار غفوریہ مدنیہ

32_ اوراد فتحیہ

33_ اسراریہ

34_ انفاس العارفین

35_ اوراق غم

36_ اسرار الحرمین

37_ اخبار العالم الاسلامی

38_ احوال و مناقب حضرت سید احمد شہیدؒ

39_ الاشباہ فی سلاسل اولیاء اللہ

marfat.com

Marfat.com

40_ البنیان المشید
41- التحفۃ المرسلہ الی النبیؐ
42_ امراء
43_ احقاق السمع
44_ اوراق پریشاں
45_ اردو ڈائجسٹ
46_ انوار العارفین
47_ انوار العاشقین
48_ الحسن
49_ النور ماہنامہ
50_ الکھ نگری
51_ الوحید
52_ اقتضائے صراط مستقیم
53_ الیواقیت و الجواہر
54_ الطالع السعید
55_ الابقا
56_ آپ بیتی
57_ ابوداؤد
58_ ابن ماجہ
59_ اصول کافی
60_ الحکومتہ الاسلامیہ
61_ ایرانی انقلاب' امام خمینی اور شیعیت
62_ القول البدیع
63_ اوج کا نعت نمبر
64_ الالی المضوعۃ
65_ اثبات کرامات الاولیاء
66_ الذکر الجمیل فی حلیۃ الحبیب الخلیل
67_ الاحۃ فی اخبار غرناطہ
68_ افضل الصلوت

ب

1_ بخاری شریف
2_ بستان المحدثین
3_ بوستان اخیار
4_ بجۃ الاسرار
5_ بلغتہ الحیران
6_ برکات مارہرہ
7_ بزرگان لاہور
8_ بغیتہ ذوی الاحلام

ت

1_ تاریخ الاولیاء
2_ تذکرہ اولیاء دکن
3_ تذکرہ کاملان رام پور
4_ نحفتہالابرار
5_ تذکرۃ الواصلین

marfat.com
Marfat.com

6_ تاریخ جلیلہ
7_ تذکرۃ غوثیہ
8_ تاریخ مدینہ
9_ تذکرۃ الاولیاء
10_ تذکرہ صوفیائے پنجاب
11_ تذکرہ اولیاء سندھ
12_ تذکرہ اد ھمیہ
13_ تواریخ الاولیاء
14_ تحفہ اثنا عشریہ
15_ تحذیر الناس
16_ تفہیمات الٰہیہ
17_ ترجمان السنہ
18_ توضیح تحذیر الناس
19_ تحذیر المسلمین
20_ تذکرۃ المولٰی
21_ توثیق الایمان
22_ تذکرہ خلیفہ محمد سعید
23_ تذکرۃ توکلیہ
24_ تاریخ المشاہیر
25_ تاریخ لب سندھ
26_ تاریخ فیروز شاہی
27_ تحفتہ الکرام
28_ تذکرہ عزیزیہ
29_ تذکرہ مشائخ قادریہ
30_ تلخیص القلائد
31_ تاریخ جان جہانی و مخزن افغانی
32_ تاریخ اسلام
33_ تاریخ الخلفاء
34_ تاریخ الکبیر
35_ تنویر اللمعان
36_ تنویر الحوالک للسیوطی

ج

1_ جنگ آ رہی ہے
2_ جامع السلاسل
3_ جمعہ میگزین روزنامہ جنگ
4_ جواہر خمسہ
5_ جذب القلوب
6_ جہاد زندگی
7_ جمع الجوامع
8_ جمال نقشبند
9_ جواہر مجددیہ
10_ جمال الاولیاء
11_ جھنگ کی نعتیہ شاعری

چ

marfat.com
Marfat.com

ا_ چند یادیں چند تاثرات

ح

ا_ حیات ولی

2_ حدائق الحنفیہ

3_ حضرات القدس

4_ حیات عبدالحق محدث دھلویؒ

5_ حجتہ اللہ البالغہ

6_ حرز ثمین

7_ حیات نامہ قلندری

8_ حق نما

9_ حضرت مجدد الف ثانیؒ

10_ حضرت رسولؐ اللہ اور تمباکو کی مذمت

11_ حدیقتہ الاولیاء

12_ حزب البحر

13_ حال سفر

14_ حیات قائد

15_ حیات حبیب

16_ حلیہ

خ

ا_ خیرالموانس

2_ خازن

3_ خزینہ معرفت

4_ خوارق الاخیار

5_ خزینہ معارف

د

ا_ دبستان المذاہب

2_ دلیل الذاکرین

3_ دفتر حقیقت

4_ دنیا، قبر، آخرت

5_ دلائل السلوک

6_ دار قطنی

7_ در ثمین

8_ دلائل التجدید

9_ دار ثمین

10_ دلائل النبوۃ

11_ دارالمعارف

ذ

ا_ ذکر خیر

ر

ا_ ریاض النظرہ

2_ رویائے صالحہ

3_ رود کوثر

4_ ریاض الفقر

marfat.com
Marfat.com

5_ روضۃ الافکار
6_ رونق المجالس
7_ روح و روحانیات
8_ رفع الوسوسۃ والاحتمال
9_ روح العج والثج
10_ روز نامہ جنگ
11_ روز نامہ نوائے وقت

ز

1_ زیارت نبیؐ بحالت بیداری
2_ زبدۃ الاثار
3_ زادالمتقین
4_ زبدۃ المقامات

س

1_ سلاسل طیبہ
2_ سیرت سید احمد شہیدؒ
3_ سراج منیر
4_ سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ
5_ سب رنگ اولیاء
6_ سوانح کربلا
7_ سنن ابی داؤد
8_ سوانح علامہ عبدالحکیم سیالکوٹیؒ
9_ سفینۃ الاولیاء
10_ سیرت غوث الاعظمؒ
11_ سیرت امام ربانیؒ
12_ سیرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ
13_ سوانح حیات سید احمد شہیدؒ
14_ سیرانصارؓ

ش

1_ شہاب نامہ
2_ شیخ الاسلام نمبر
3_ شہیدان رسالت نمبر حصہ چہارم
4_ شرح منہاج
5_ شرح سید کبیر
6_ شرف المصطفے
7_ شفہ
8_ شرح نصوص
9_ شہرہ آفاق
10_ شرح الصدور
11_ شفاء العلیل

ص

1_ صدیق امت
2_ صلوۃ ناصری
3_ صواعق محرقہ
4_ صحیفہ اقبال

marfat.com
Marfat.com

ض

1_ ضیائے نورانی

ط

1_ طیب الوردہ

2_ طبقات کبیر

3_ طبقات کبریٰ

4_ طب روحانی

5_ طبقات

6_ طیب البیان رد تقویت الایمان

7_ طی الفراسخ الی المنازل البرازخ

ع

1_ علمائے ہند کے شاندار کارنامے

2_ علم لدنی یا علم الٰہی

3_ عین الفقر

4_ عقائد علماء دیوبند

5_ علاج الغضب

6_ عمدۃ التحقیق

غ

1_ غنیتہ الطالبین

ف

1_ فیوض الحرمین

2_ فتویٰ عزیزی

3_ فضائل درود شریف

4_ فضائل حج

5_ فتاویٰ الحدیثیہ

6_ فصل الخطاب

7_ فضائل توبہ و استغفار

ق

1_ قول بدیع

2_ قصص القرآن

ک

1_ کلیات حسرت موہانیؒ

2_ کنز الابرار

3_ کذاتی المظاہر

4_ کشف الحقائق

5_ کتاب التاریخ

6_ کاشف الاستار

7_ کتاب حضرت القدس

8_ کنزالدقایق

9_ کتاب التعویذات

10_ کتاب الروح

11_ کشف الاسرار

گ

marfat.com
Marfat.com

1_ گنجینہ جوہر

2_ گلدستہ باغ ارم

3_ گزیٹر لاڑکانہ

ل

1_ لبیک

2_ لمعات کمالات قادریہ

3_ لطائف الاشرفی

م

1_ مجمع الانساب

2_ مقالات منتخبیہ

3_ مضامین ذار

4_ محبوب التواریخ

5_ ماثر الامراء

6_ مکتوبات خواجہ محمد معصوم سرہندیؒ

7_ مناقب سلطانی

8_ مشکوۃ النبوت

9_ محبوب القلوب

10_ مفتاح الرشاد

11_ ملفوظات اعلیٰ حضرتؒ

12_ مناقب حبیب اللہی

13_ مذاق العارفین

14_ محبوب ذی المنن

15_ مراۃ الاسرار

16_ منہاج النبوۃ

17_ مشائخ سہروردیہ

18_ مکتوبات امام ربانیؒ

19_ موج کوثر

20_ مشاہیر اسلام

21_ مروج الذہب

22_ مجربات الدیربی

23_ مصباح الظلام

24_ مقالات مرضیہ

25_ مرد مومن

26_ من ا لظلمات الی النور

27_ ملفوظات و حالات شاہ فخر دھلویؒ

28_ معادن تبرکات خالقیہ

29_ مشاہدات و معارف

30_ مقامات ولایت حصہ دوم

31_ مشاہیر کاکوری

32_ محبوب الابرار

33_ مشائخ نقشبندیہ مجددیہ

34_ مدخل

35_ مناسک

36_ مونس الارواح

marfat.com
Marfat.com

37_ مبداء و معاد

38_ مواہب لدنیہ

39_ مشائخ نقشبندیہ

40_ "محمد علی" ذاتی ڈائری کے چند اوراق

41_ مشاہدات و واردات

42_ ماہنامہ "صوفی"

43_ مقالات یوسفی

44_ معرفت الٰہیہ

45_ مشکواۃ شریف

46_ مناظرہ عجیبہ

47_ مقابلیس المجالس

48_ میری علمی اور مطالعاتی زندگی

ن

1_ نقش حیات

2_ نعمت عظمیٰ

3_ نفحات الانس

4_ نتائج التقلید

5_ نجات المومنین

6_ نفحات العنبریہ من انفاس القلندریہ

7_ ناموس رسولؐ اور قانون توہین رسالتؐ

8_ نزہتہ المجالس

و

1_ وفاء الوفا

ہ

1_ ہفتاد اولیاء

2_ ہسٹری آف سندھ از برٹن

ی

1_ یادوں کی برات

کل کتابیں 302 سے زیادہ

marfat.com
Marfat.com

فہرست اصحاب خواب

1_ ایک بزرگ خاتون
2_ محمد ضیاء الرحیم
3_ قدرت اللہ شہاب
4_ استاد رحمت الٰہی
5_ ایک بزرگ
6_ شیخ مخدوم محمد ساوے
7_ ایک طالبعلم
8_ ایک شخص
9_ مولانا بدرالدین سرہندی
10_ شیخ طاہر بدخشی
11_ شیخ طاہر بدخشی
12_ خواجہ محمد اشرف
13_ ایک مرید
14_ ملا محمد ارم
15_ مولانا دوست محمد
16_ شیخ محمد عابد
17_ شیخ عبدالاحد
18_ شیخ عبدالاحد
19_ شاہ محمد مظہر
20_ شاہ احمد سعیدؒ
21_ شیخ محمد اشرف
22_ مولوی مجاہد الدین
23_ حضرت مجدد الف ثانیؒ
24_ شاہ احمد سعیدؒ
25_ ایک بزرگ
26_ حضرت شیخ محمد معصومؒ
27_ حضرت شیخ محمد صدیقؒ
28_ شیخ احمد نخلیؒ
29_ مولانا ظہیرالدینؒ
30_ شیخ محمد صادقؒ
31_ شیخ عبدالسبحانؒ
32_ شیخ محمد داؤد گنگوہیؒ
33_ پیر ملا شاہ بدخشانی قادریؒ
34_ دارا شکوہ
35_ جہاں آرا بیگم
36_ اورنگ زیب عالمگیرؒ
37_ شیخ حافظ محمد اسماعیل
38_ اورنگ زیب عالمگیرؒ
39_ سید شاہ اولیاء ھندالویؒ
40_ حاجی بندال
41_ والد حضرت شیخ آدم بنوریؒ
42_ طاہر بن بلال ھمدانی وراق
43_ شاہ صبغتہ اللہ بہروجی شطاریؒ
44_ شیخ محمد برہان پوری نائب رسولؐ
45_ شیخ عبدالرحمٰن
46_ حضرت شیخ نظام الدین بلخیؒ
47_ حضرت شیخ نظام الدین بلخیؒ
48_ حضور بدرالدین شاہ ولایتؒ
49_ حاجی محمد ممتاز علی خان
50_ حضرت سید شاہ حمزہ قادری برکاتیؒ
51_ سید شاہ ابوالحسنین احمد نوری میاںؒ
52_ حضرت شیخ عبدالحق محدث دھلویؒ

marfat.com
Marfat.com

53_ حضرت شیخ عبدالحق محدث دھلویؒ
54_ حضرت شیخ عبدالحق محدث دھلویؒ
55_ حضرت مجدد الف ثانیؒ
56_ شاہ عبدالعزیز محدث دھلویؒ
57_ حضرت مجدد الف ثانیؒ
58_ حضرت مجدد الف ثانیؒ
59_ حضرت مجدد الف ثانیؒ
60_ حضرت مجدد الف ثانیؒ
61_ حضرت مجدد الف ثانیؒ
62_ حضرت مجدد الف ثانیؒ
63_ حضرت مجدد الف ثانیؒ
64_خواجہ حسام الدین احمدؒ
65_ حضرت مجدد الف ثانیؒ
66_ شیخ عبدالجلیل چوہڑ بندگی شاہؒ
67_ شیخ فرید الدین
68_ چوھدری وزیر خان زبیری کبوہ
69_ حضرت امیر سید ماہرو
70_ شیخ افضل محمد
71_ شیخ عبداللہ صوفی شطاریؒ
72_ دو عرب
73_ حافظ عثمان ہرویؒ
74_ حضرت شیخ عبدالوہابؒ
75_ حضرت شیخ جلال الدین تھانیسریؒ
76_ حضرت بہاؤ الدین دلق پوشؒ
77_ سید محمود حضوری لاہوریؒ
78_ محمد بن عثانؒ
79_ حضرت شاہ شہبازؒ
80_ ایک شخص
81_ حضرت سید یٰسینؒ
82_ حضرت سلطان نورنگؒ
83_ حاجی نور محمد
84_ والد حضرت غلام باہوؒ
85_ حضرت سلطان باہوؒ
86_ مولانا عبدالرحمٰن مغوری شافعیؒ
87_ ابوبکر بن خثیمہؒ
88_ حسن بن محمدؒ
89_ ایک شخص
90_ گونگی لڑکی
91_ ایک بزرگ
92_ ایک بزرگ
93_ ایک بزرگ
94_ حضرت ابو محمد فارسیؒ
95_ شیخ موسیٰ بن ماہین زولیؒ
96_ ایک عالم
97_ ایک صاحب
98_ سید بہاؤ الدینؒ
99_ مولانا محمد شفیع اکاڑویؒ
100_ ایک تاجر
101_ ایک شخص
102_ خواجہ سید قطب الدین شاہؒ
103_ تیمور لنگ
104_ بعض صالحین
105_ ایک بی بی
106_ حمزہ بن عبدالمجیدؒ
107_ ایک شخص
108_ ایک نفیس شخص

marfat.com
Marfat.com

109_ شیخ علی بن وہبؒ

110_ سیدی ابو عبداللہ فاسیؒ

111_ ایک شخص

112_ ایک شخص

113_ ایک صاحب

114_ صالح مزنیؒ

115_ حضرت شیخ ابوبکرؒ

116_ ایک درویش

117_ مولانا شیخ شمس الدین الحنفیؒ

118_ ایک سقہ

119_ ایک صالح مرد

120_ محمد الکردی البحلوقی الشافعیؒ

121_ والد محمد بن المنکدرؒ

122_ ایک فقیر

123_ سراج الدین محمد شاہ عالمؒ

124_ امام شہیدیؒ

125_ حضرت مولانا محمد اکرمؒ

126_ حضرت شاہ ابوالمعالی لاہوریؒ

127_ شاہ نعمان چشتی برہان پوریؒ

128_ مسیح اللہ شیخ عیسیٰ جند اللہؒ

129_ بعض بزرگ

130_ ایک نیک دل آدمی

131_ ایک زائر

132_ بعض علماء

133_ ایک شخص

134_ سیدی ابراہیم دسوقی قرشیؒ

135_ ایک مرید

136_ عبداللہ خان والی توران

137_ حاجی بابا قادری کانجوی کاشمیریؒ

138_ حضرت حسیفؒ

139_ ایک بزرگ

140_ شاہ رحمت اللہ

141_ ایک صالح شخص

142_ شیخ غلام نقشبندی لکھنویؒ

143_ ایک زاہد

144_ اخوند ملا جمال الدینؒ

145_ ایک خراسانی

146_ شیخ مولانا احمد مدنیؒ

147_ ایک شخص

148_ طبرانیؒ

149_ شیخ عبدالقادر شطوطیؒ

150_ حضرت سید محمد بن جعفر المکیؒ

151_ شیخ ابو محمد مرجانیؒ

152_ ایک شخص

153_ مولانا محمد علی جوہرؒ

154_ مولانا جامیؒ

155_ مخدوم شیخ احمد عبدالحق ردولویؒ

156_ ایک شخص

157_ شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ

158_ ابن سمعونؒ

159_ نوجوان زمیندار

160_ سید احمد کبیر رفاعیؒ

161_ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ

162_ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ

163_ ایک ڈپٹی کمشنر

164_ ایک دوست

marfat.com
Marfat.com

165_ شیخ مجد الدین بغدادیؒ
166_ شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ
167_ عتبیؒ
168_ ایک بدو
169_ ایک شخص
170_ حضرت امام حسنؓ
171_ حضرت امام حسینؓ
172_ حضرت امام موسیٰ کاظمؓ
173_ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
174_ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
175_ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
176_ حضرت شیخ نجم الدین صفاہانیؒ
177_ حضرت محی الدین ابن عربیؒ
178_ حضرت شیخ ابوبکر خوانیؒ
179_ حضرت امیر خسروؒ
180_ ایک سید
181_ حضرت مولانا ابن علی تاباریؒ
182_ حضرت خواجہ عبدالحق جامیؒ
183_ سید عبداللہ شاہ صحابیؒ
184_ حضرت لعل شہباز قلندرؒ
185_ حضرت شاہ عبدالغنی نقشبندیؒ
186_ حضرت شاہ عبدالغنی نقشبندیؒ
187_ حضرت شاہ عبدالرحیم فاروقیؒ
188_ حضرت شاہ عبدالرحیم فاروقیؒ
189_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
190_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
191_ ایک تعلیم یافتہ ہندو نو مسلم
192_ سید محمد
193_ ایک شخص
194_ شاہ عبدالغفور عباسی مدنیؒ
195_ شاہ عبدالغفور عباسی مدنیؒ
196_ حافظ عبدالرحمٰن
197_ حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ
198_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
199_ حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ
200_ سیدی محمد ابوالمواہب شاذلیؒ
201_ ایک شخص
202_ علامہ شرف الدین محمد بوصیریؒ
203_ ایک شخص
204_ ایک شریف
205_ حضرت صدیق اکبرؓ
206_ بکثرت لوگ
207_ ربعی بن حراش کا بھائیؓ
208_ حضرت معاذ بن جبلؓ کے صاحبزادے
209_ حسین بن خارجہؒ
210_ عبدالاعلیٰ بن عدیؒ
211_ حضرت خزیمہؓ
212_ ایک شخص
213_ بعض صلحاء
214_ ایک معتقد
215_ ڈاکٹر فرید الدین قادریؒ
216_ بیگم عصمت صدیقی
217_ حضرت ابراہیم بن علیؒ
218_ سید حفظ الرحمٰن واحدی
219_ محترمہ گوہر بیگم
220_ محترمہ گوہر بیگم

marfat.com
Marfat.com

221_ حضرت خواجہ حسن نظامیؒ
222_ حضرت خواجہ یحیٰ کبیرؒ
223_ حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ
224_ حضرت خواجہ یحیٰ کبیرؒ
225_ حضرت خواجہ یحیٰ کبیرؒ
226_ حضرت خواجہ یحیٰ کبیرؒ
227_ حضرت خواجہ یحیٰ کبیرؒ
228_ نواب خان جہان لودھیؒ
229_ شیخ عبدالستار
230_ حضرت شاہ محمد معصوم اویسی صدیقیؒ
231_ ایک بزرگ
232_ مولانا محمد اشرف
233_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
234_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
235_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
236_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
237_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
238_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
239_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
240_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
241_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
242_ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ
243_ حضرت عبدالعزیز دباغ
244_ حضرت عبدالعزیز دباغ
245_ حضرت عبدالعزیز دباغ
246_ حضرت عبدالعزیز دباغ
247_ ایک شخص
248_ حضرت خواجہ سید قطب الدینؒ
249_ حاجی احمد
250_ سید غلام سرور
251_ حضرت شاہ غلام علی مجددی مظہریؒ
252_ حضرت شاہ غلام علی مجددی مظہریؒ
253_ حضرت شاہ غلام علی مجددی مظہریؒ
254_ حضرت شاہ غلام علی مجددی مظہریؒ
255_ حضرت شاہ غلام علی مجددی مظہریؒ
256_ حضرت شاہ غلام علی مجددی مظہریؒ
257_ چچا حضرت شاہ غلام علی مجدی مظہریؒ
258_ حضرت سید احمد کرویؒ
259_ حضرت مولانا غلام نبیؒ
260_ حضرت مولانا غلام نبیؒ
261_ سید اسمٰعیل مدنیؒ
262_ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر علویؒ
263_ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر علویؒ
264_ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر علویؒ
265_ حاجی محمد احسنؒ
266_ حاجی محمد احسنؒ
267_ حافظ الحدیث سید محمد جلال الدین شاہؒ
268_ سید قلندر علی شاہ سہروردیؒ
269_ سید قلندر علی شاہ سہروردیؒ
270_ حضرت شاہ فتح قلندرؒ
271_ حضرت سید محمد واصلؒ
272_ مولوی محمد حیات
273_ سید ہاشم علوی
274_ حضرت مولانا حقی نازلیؒ
275_ حضرت مولانا حقی نازلیؒ
276_ حضرت مولانا حقی نازلیؒ

marfat.com
Marfat.com

277_ حضرت مولانا حقی نازلیؒ
278_ حضرت مولانا حقی نازلیؒ
279_ حضرت مولانا حقی نازلیؒ
280_ حضرت مولانا حقی نازلیؒ
281_ حضرت مولانا حقی نازلیؒ
282_ حضرت مولانا حقی نازلیؒ
283_ حضرت مولانا حقی نازلیؒ
284_ سائیں توکل شاہؒ
285_ سائیں توکل شاہؒ
286_ ایک کامل بزرگ
287_ حافظ خیر الدینؒ
288_ اہلیہ مولوی پیر محمد صاحب
289_ محمد بخش مدارس
290_ مولانا حسرت موہانیؒ
291_ مولانا عبدالمعبود شاہ قدس سرہ
292_ ایک شخص
293_ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ
294_ صوفی محمد علی
295_ صوفی عاشق محمد
296_ صوفی عاشق محمد
297_ سید شیر محمد ترمذی
298_ حاجی وصی الدین
299_ محمد عارف گورداسپوری
300_ علامہ قمر نقوی
301_ ایک صاحب
302_ غازی احمد صاحب
303_ غازی احمد صاحب
304_ ڈاکٹر طاہر جمیل
305_ سید نذیر حسین شاہ
306_ چند دوست
307_ جناب نور حسین
308_ محمد عبدالمجید صدیقی
309_ ایک خاتون
310_ محمد طفیل سپرا
311_ ایک فوجی افسر
312_ حمیدہ
313_ جوش ملیح آبادی
314_ بیرسٹر یوسف علی
315_ محمد بن عبداللہ مہلبی
316_ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ
317_ ایک شخص
318_ ایک ضعیف العمر بزرگ
319_ حضرت آغا اسحٰق علی
320_ مولوی عبدالبصیر میاں
321_ عبدالنبی شامی
322_ میاں گل حسن
323_ ایک خاتون
324_ عبدالغفار
325_ پروفیسر باغ حسین کمال
326_ حافظ عبدالباسط
327_ مولانا مفتی نیاز محمد
328_ والدہ نواب عشرت علی خان
329_ شیخ محمد حبیب الرحمٰن
330_ شیخ محمد حبیب الرحمٰن
331_ شیخ محمد حبیب الرحمٰن
332_ شیخ محمد حبیب الرحمٰن

marfat.com
Marfat.com

333_ شیخ محمد حبیب الرحمٰن
334_ شیخ محمد حبیب الرحمٰن
335_ محمد انجم جاوید
336_ حضرت جلال الدین سیوطیؒ وغیرہ
337_ عارف علی وفا
338_ شیخ خلیفہ بن موسیٰ
339_ ایک شخص
340_ مولانا حسین علیؒ
341_ ابن فارس
342_ ایک صحابی
343_ مولانا غلام رسول کانپوریؒ
344_ مولانا سید حسین احمد مدنیؒ
345_ حضرت سلطان باہوؒ
346_ بشیر حسین ناظم صاحب
347_ منیر حسین ہاشمی
348_ ابو عبداللہ قسطلانیؒ
349_ غازی محمد صدیقؒ
350_ غازی محمد عبداللہؒ
351_ حضرت مولانا غلام حبیب نقشبندیؒ
352_ حضرت مولانا غلام حبیب نقشبندیؒ
353_ مولانا سیف اللہ خالد
354_ حضرت بابو جی عبداللہؒ
355_ صوفی محمد دین
356_ ایک نوجوان
357_ ایک مرید
358_ ایک استاد
359_ شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ
360_ ایک شخص
361_ مولانا ماجد علی صاحب
362_ ٹیپو سلطانؒ
363_ خادم روضہ رسولﷺ
364_ حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خواب

۱- ڈاکٹر محمد عبداللطیف سابق چیرمین بورڈ آف سیکنڈری اینڈ انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن لاہور پر محمد شمعون نے ایم- اے (فارسی) 91-1989ء پنجاب یونیورسٹی کے لیے مقالہ لکھا- عنوان ہے "ڈاکٹر محمد عبداللطیف اور ان کی فارسی خدمات"- ڈاکٹر صاحب موصوف اپنے ایک قلمی نسخہ بعنوان "اوراق پریشاں" کے صفحہ 58 تا 60 پر جو کچھ تحریر فرماتے ہیں اس کا اختصار پیش کیا جاتا ہے:

ہمارے بیٹھے بیٹھے دوپہر ہونے کو آئی- اتنے میں ایک سفید ریش معمر آدمی اندر داخل ہوا- اس کے ایک ہاتھ میں گڑوی تھی اور دوسرے میں ایک بیگ- سامنے آکر سلام کیا- ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ نے حسب عادت مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھایا مگر اس نے بڑے ادب سے کہا- سرکار مجھے ہاتھ ملانے کا حکم نہیں پاؤں چومنے کا ہے- ڈاکٹر صاحب نے اس پر فرمایا آپ کو ہاتھ ملانے کی اجازت نہیں اور دوسرے حکم کی مجھے عادت نہیں- بڑی مشکل آن پڑی ہے- بہرحال آپ آزادی سے بات کریں- بوڑھے نے کہا میں 80/85 سال کا ہوں جبکہ میری والدہ سو یا اس سے کچھ اوپر کی ہیں- نحیف و نزار ہونے کی باوصف درجنوں حج کر چکی ہیں- اب البتہ عرصہ سے چارپائی ہی سے چمٹی ہیں- ایک رات انہیں خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بشارت دی- ڈاکٹر صاحب چونک کر اٹھے- تکیہ کا سہارا لیا اور ہمہ تن گوش ہو گئے- پوچھا پھر- کہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "بہت آزردہ اور دل تنگ ہو- لاہور میں ہمارے مقبول بندے تمہارے قریب ہیں" اور آپ کا نام لیا- ڈاکٹر صاحب کی آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگی ہوئی تھی- یہ کہہ کر اس نے وہ

marfat.com
Marfat.com

گڑوی آگے بڑھائی کہ میری ماں نے ایک ماہ تک تھوڑا تھوڑا دودھ جما کر یہ گھی بھیجا ہے اور مجھے حکم دیا ہے کہ انہیں بڑی عزت و احترام سے لے کر آؤ- ہاتھ باندھ کر عرض کرنا- ہاتھ سے ہاتھ نہ ملانا- تم ان کے پاؤں چوم لینا- میں تمہارا منہ چوم لوں گی- ڈاکٹر صاحب کا چہرہ آنسوؤں سے تر تھا- فرمایا میری صحت آپ کے سامنے ہے- چلنا پھرنا تو درکنار ملنے جلنے تک سے قاصر ہوں- یقیناً" اس پاکباز عفیفہ سے پہلے دربار میں پہنچ جاؤں گا- میری بیماری کی ابتداء اور جڑ ہی گلے سے ہے- گھی کا استعمال منع ہے- مگر یہ گھی تو اب خاص نسبت سے آ رہا ہے- علی بخش کو آواز دی- چمچہ منگوا کر بڑی رغبت سے ایک چمچہ گھی پی لیا اور فرمایا کہ ان کے ایک حکم کی تعمیل تو ہو گئی- رہی دوسری بات- یہ کہہ کر تکیہ کا سہارا لیا- ہماری طرف دیکھا کہ آپ اب جا سکتے ہیں- دروازہ بند کرتے جائیے- ہم باہر نکل رہے تھے- آخری الفاظ ہمارے کانوں نے یہ سنے کہ "آپ ذرا میری طرف دیکھئے- میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر" اور ہم باہر-

1938ء میں معالجوں نے علامہ اقبالؒ سے ملاقات کے دروازے بند کر دیئے تھے- پھر بھی ڈاکٹر محمد عبداللطیف بار بار گئے اور بابا علی بخش سے حال دریافت کر کے لوٹ آتے تھے- 21 اپریل 1938ء کا غمگین ترین دن انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور ان چند آدمیوں میں سے ہیں جنہوں نے سب سے پہلے ابدی نیند سونے والے علامہ اقبالؒ کی جبین مبارک پر بوسہ دیا-

2_ محمد ضیاء الحق صاحب کے اقتدار سنبھالنے کے کچھ عرصہ بعد مجھے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی- میں نے دیکھا کہ آپؐ کے حضور مودب کھڑا ہوں- میرے دائیں جانب جنرل محمد ضیاء الحق کھڑے ہیں- حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے قرآن کریم کا ایک نسخہ جنرل صاحب کو عطا فرمایا- پھر دوسرے ہاتھ سے انہیں ایک تلوار

marfat.com
Marfat.com

عنایت فرمائی۔ اس کے چند روز بعد میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے جنرل ضیاء الحق کو دستار پہنائی۔ (محمد ضیاء الرحیم صاحب نے یہ دونوں خواب دیکھے جو اردو ڈائجسٹ اگست 1990ء مطابق محرم 1411ھ کے صفحہ 321 پر موجود ہیں)

محمد ضیاء الرحیم صاحب نے خود ہی ان خوابوں کی تعبیریں کی۔ قرآن عطا ہونا ظاہر کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے دین اسلام کی سربلندی کا کام لینا چاہتا ہے۔ تلوار ملنے کا مطلب یہ ہے کہ جہاد افغانستان میں شریک ہوں۔ دستار بندی کی تعبیر یہ کی کہ جنرل صاحب پوری امت مسلمہ کی نمائندگی کا شرف حاصل کریں گے۔ ان کی اسلام دوستی اور خلوص ہی کا نتیجہ تھا کہ پورے عالم اسلام نے انہیں اقوام متحدہ میں اپنا ترجمان بنا کر بھیجا تھا۔

ایک صاحب کو صدر ضیاء الحق کی شہادت سے اتنا صدمہ پہنچا کہ بالکل تارک الدنیا ہوگئے۔ اخبار پڑھنا اور ٹی وی دیکھنا چھوڑ دیا۔ شہادت کے تیسرے دن انہوں نے جنرل صاحب کو فوجی وردی میں ملبوس نہایت ہشاش بشاش خواب میں دیکھا۔ جنرل صاحب نے ان صاحب سے کہا کہ آپ کیوں رنجیدہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے دنیا میں بھی سرداری عطا فرمائی تھی اور یہاں بھی مجھے سرداری دی ہے (صفحہ 322)

صدر ضیاء الحق کو جب کوئی الجھن پیش آتی تو بیٹری چارج کرانے فورا خانہ کعبہ تشریف لے جاتے تھے۔ فرمایا کرتے تھے کہ پوری دنیا کے مسلمان متحد ہو کر ایک پھونک ماریں تو اسرائیل صفحہ ہستی سے مٹ جائے۔ انہوں نے 60 لاکھ درختوں کے پودے اور زرخیز مٹی کا ایک بحری جہاز سعودی عرب بھجوایا تھا جو چند سال کے اندر تپتے ہوئے صحرا میں حاجیوں کے لیے باعث سکون و آرام اور صدر ضیاء کے لیے صدقہ جاریہ کا وسیلہ بن جائیں گے۔ انہیں مساجد بنانے کا بھی بہت شوق تھا۔ سلطان صلاح الدین ایوبی اور ٹیپو سلطان کے بعد اس ضمن میں ان کو تیسرا نمبر دیا جا سکتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

شہادت کے بعد دنیا کی ایک عظیم الشان مسجد یعنی فیصل مسجد' اسلام آباد کے دامن میں آرام فرما ہیں۔

3- جناب قدرت اللہ شہاب اپنے مشہور زمانہ "شہاب نامہ" کے صفحہ 1162 تا 1164 پر اپنے خواب کا ذکر فرماتے ہیں جس میں انہیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا۔

میری رہائش چمکور صاحب (کشمیر) کے قصبہ میں تھی۔ میرے ورناکیولر فائنل اور میٹریکولیشن کے امتحانات کے سینٹر گیارہ میل دور روپڑ شہر میں تھے۔ حسن اتفاق سے ہر روز 22 میل پیدل سفر کاٹنے کا جو نسخہ میرے ہاتھ آیا اس نے میری زندگی کی کایا پلٹ کر رکھ دی۔ وہ نسخہ یہ تھا کہ میں سارے راستے کبھی زور زور سے پکار کر اور کبھی آہستہ آہستہ درود شریف کا ورد کرتا رہتا تھا۔ دراصل یہ ورد میں نے ایک ہندو برہمن کو ستانے کے لیے مذاق ہی مذاق میں شروع کیا تھا۔ لیکن رفتہ رفتہ درود شریف کی برکت نے میرے ہوش و حواس اور میرے تن بدن کو ایک ردائے نوری سے ڈھانپ لیا۔ اس کے بعد عمر بھر کے لیے ہر روز ایک مقررہ وقت تک درود شریف پابندی سے پڑھنا میری عادت ثانیہ بن گئی۔ آٹھویں جماعت والے ورناکیولر فائنل کے امتحان کے دوران جب میں نے منہ اندھیرے نہر سرہند کے کنارے مذاق ہی مذاق میں یہ ورد شروع کیا تو چند روز بعد ایک عجیب خواب نظر آیا۔ تاحد نگاہ ایک وسیع و عریض صحرا پھیلا ہوا تھا۔ میں اس میں کسی جانب تیز رفتاری سے بھاگتا ہوا چلا جا رہا تھا۔ صحرا کی ریت اتنی گہری تھی کہ میری ٹانگیں گھٹنوں گھٹنوں تک اس میں دھنس دھنس جاتی تھیں۔ سانس پھول کر جب مزید بھاگنا محال ہو گیا تو میں گھٹنوں کے بل گھسٹتا آگے بڑھتا گیا۔ کچھ عرصہ بعد جب گھٹنے بھی جواب دے گئے تو میں منہ کے بل ریت پر لیٹ گیا اور اپنی ٹھوڑی اور پنجے ریت میں گاڑھ کر پیٹ کے بل آگے

marfat.com
Marfat.com

کی جانب رینگنے لگا۔ اس شدید مشقت سے میرا سانس بری طرح پھول گیا تھا۔ میرے گھٹنے پیٹ اور ہاتھ شل ہو گئے تھے اور میرے سینے میں درد کی شدید ٹیسیں اٹھ رہی تھیں۔ اسی طرح رینگتے رینگتے اچانک ایک جا نماز نما چٹائی کا ایک کونہ میرے ہاتھ آ گیا۔ وہ چٹائی ایک کھجور کے درخت کے نیچے بچھی ہوئی تھی اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر دوزانو تشریف فرما تھے۔ آپؐ نے ایک ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ میری جانب دیکھا اور عین اس وقت میری آنکھ کھل گئی۔

فروری کا مہینہ تھا۔ سخت سردی کے باوجود میرا جسم پسینہ میں شرابور تھا اور سانس پھول کر دھونکنی کی طرح چل رہی تھی۔ گلا کانٹے کی طرح خشک تھا اور سینے میں دونوں جانب درد کی شدید ٹیسیں اٹھ رہی تھیں۔ یہ خواب دیکھ کر میں کچھ دیر گم سم اپنے بستر پر بیٹھا رہا۔ پھر مجھے بے اختیار رونا آ گیا۔ رونے کی آواز سن کر ماں جی (میری والدہ محترمہ) بھی جاگ اٹھیں اور میری چارپائی پر آ کر بیٹھ گئیں اور پیار سے پوچھا "کیوں بچہ کوئی خواب دیکھا ہے؟"

"ہاں ماں جی ایک عجیب خواب دیکھا ہے"۔ ماں جی نے سونگھنے کے انداز میں چند لمبے لمبے سانس لیے اور بگڑ کر بولیں "کتنی بار کہا ہے کہ رات کو خوشبو دار تیل نہ لگایا کرو۔ اب اگر ڈر نہ لگے تو اور کیا ہو؟ لیکن تم بات مانتے ہی نہیں"۔

میں نے انہیں یقین دلایا کہ میں نے کوئی خوشبو دار تیل استعمال نہیں کیا اور جلدی جلدی انہیں اپنا خواب من و عن سنا ڈالا۔ سنتے ہی انہوں نے مجھے گلے سے لگا لیا اور بے اختیار رونے لگیں۔ ہم دونوں یونہی چپ چاپ بیٹھے روتے رہے۔ معلوم نہیں یہ خوشی کے آنسو تھے یا شکرانے کے' یا ظرف سے زیادہ نعمت عطا ہونے پر چھلک جانے کے آنسو تھے۔

marfat.com
Marfat.com

خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانماز کا کونہ اپنے ہاتھ سے چھو لینے کے بعد مجھے یہ فکر دامن گیر ہوئی کہ اب اگر میں نے خود نماز کی پابندی اختیار نہ کی تو بیٹھے بٹھائے ملی ہوئی ایک نعمت عظیم کا کفران ہوگا۔ اس کے بعد میں نے جوں توں نماز ادا کرنے کی کوشش ضرور کی لیکن حق تو یہ ہے کہ میں "اقیموا الصلوۃ" کا اصلی حق کبھی ادا نہ کر سکا۔

4- ایک روز ایک پرائمری اسکول کا استاد رحمت الٰہی جناب قدرت اللہ شہاب کے پاس آیا۔ وہ چند ماہ بعد ملازمت سے ریٹائر ہونے والا تھا۔ اس کی تین جوان بیٹیاں تھیں۔ رہنے کے لیے اپنا گھر بھی نہ تھا۔ پنشن نہایت معمولی ہوگی۔ اسے یہ فکر کھائے جا رہی تھی کہ ریٹائر ہونے کے بعد وہ کہاں رہے گا؟ لڑکیوں کی شادی کیونکر ہوگی؟ گھر کے اخراجات کیسے چلیں گے؟۔

(جناب قدرت اللہ شہاب جھنگ میں ڈپٹی کمشنر تھے)۔ اس نے مجھے سرگوشی میں بتایا کہ پریشانی کے عالم میں وہ کئی ماہ سے نماز تہجد کے بعد رو رو کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں فریاد کرتا رہا ہے۔ چند روز قبل اسے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی جس میں آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تم جھنگ جا کر ڈپٹی کمشنر کو اپنی مشکل بتاؤ۔ اللہ تمہاری مدد فرمائے گا۔

جناب قدرت اللہ شہاب کو پہلے تو شک ہوا کہ یہ شخص ایک جھوٹا خواب بیان کر کے مجھے جذباتی طور پر بلیک میل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ میرے چہرے پر شک اور تذبذب کے آثار دیکھ کر رحمت الٰہی آبدیدہ ہو گیا اور بولا "جناب میں جھوٹ نہیں بول رہا۔ اگر جھوٹ بولتا تو اللہ کے نام پر بولتا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر کیسے جھوٹ بول سکتا ہوں؟

یہ سن کر میرا شک پوری طرح تو رفع نہ ہوا لیکن سوچا کہ اگر یہ غلط بیانی سے بھی کام لے رہا ہے تو ایسی عظیم ہستی کے اسم مبارک کا سہارا لے رہا ہے جس کی

marfat.com
Marfat.com

لاج رکھنا ہم سب کا فرض ہے۔ چنانچہ میں نے رحمت الٰہی کو تین ہفتہ بعد بلایا اور اس دوران خفیہ طور پر اس کے ذاتی حالات کا کھوج لگایا اور یہ تصدیق ہو گئی کہ وہ اپنے علاقے میں نہایت سچا' پاکیزہ اور پابند صوم وصلوٰۃ آدمی مشہور ہے اور اس کے گھریلو حالات وہی تھے جن کا وہ ذکر کر چکا تھا۔

میں نے سرکاری بنجر زمین کے آٹھ مربعے اس کو پٹہ پر دلا دیئے۔ قریب نو برس کے بعد ماسٹر رحمت الٰہی نے جناب قدرت اللہ شہاب کو خط لکھا کہ میں نے اس زمین پر محنت کر کے اپنی تینوں بیٹیوں کی شادی کر دی ہے جو اپنے اپنے گھر خوش و خرم آباد ہیں۔ میں نے اپنی بیوی کے ساتھ فریضہ حج بھی ادا کر لیا ہے۔ گذارے اور رہائش کے لیے تھوڑی سی ذاتی زمین خریدنے کے علاوہ ایک کچا کوٹھا بنا لیا ہے۔ اب مجھے ان آٹھ مربعے زمین کی ضرورت نہیں چنانچہ اس رجسٹرڈ خط کے ذریعہ الاٹمنٹ کے مکمل کاغذات واپس بھیج رہا ہوں تاکہ یہ زمین کسی اور حاجت مند کی ضرورت پوری کر سکے (ماسٹر رحمت الٰہی جیسے انسان ہی اس ملک کی عزت و آبرو ہیں مگر افسوس پاکستان میں اس اعلیٰ کردار کے لوگ اتنے بھی نہیں جتنا آٹے میں نمک۔ ملک کی قسمت بدلے تو کیونکر۔ ہر ایک ھل من مزید' ھل من مزید' کی رٹ لگائے ہوئے ہے۔ موت کو بھولا ہوا ہے۔ کاش اسے یاد رہے کہ آخرت میں ذرہ ذرہ' رائی رائی اور پائی پائی کا حساب ہوگا۔ تین پیسے کے عوض جب 70 مقبول نمازیں دینی ہوں گی پھر کیا ہوگا۔ لاکھوں' کروڑوں بغیر ڈکار لیے ہضم کر جانے والے سوچیں اور دنیا ہی میں ہوش میں آ جائیں تو ان کے حق میں بہتر ہوگا ورنہ آخرت کے ابدی خسارہ کے لیے تیار ہو جائیں کیونکہ وہاں تو دنیا میں اچھا یا برا جو کچھ کر کے جائیں گے اس کا نتیجہ نکلے گا) (شہاب نامہ صفحہ 520 تا 522)

-5 ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ میں ایک جماعت کے ہمراہ جہاز پر سوار تھا کہ طوفان آ گیا اور جہاز غرق ہونے لگا۔ تمام ساتھی پریشانی کے عالم میں رونے

marfat.com
Marfat.com

گڑگڑانے لگے۔ مجھے نیند آگئی۔ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا اور عرض کیا۔ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) جلد مدد فرمایئے۔ آپؐ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ جلد مدد کرو۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ دریا میں داخل ہوئے اور جہاز کو گھسیٹ کر خشکی کے قریب لگا دیا۔ جب میں بیدار ہوا اور دیکھا تو طوفان موقوف ہوچکا تھا اور لوگ بالکل مطمئن تھے۔ (بغیتہ ذوی الاحلام)

6- شیخ مخدوم محمد ساوے عرف مخدوم صاحبؒ کے بزرگ ہندوستان آکر قصبہ میلاپور چنیاپٹن میں سکونت پذیر ہوئے۔ قصبہ بسنت نگر میں ناصر شاہؒ سے خرقہ خلافت حاصل کیا۔ پھر حرمین شریفین روانہ ہوئے اور وہاں تین برس رہے۔ پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے دکن کو تصوف و توحید کے مسائل سے آگاہ کیا۔ آپ کی وفات حیدر آباد دکن میں 3 رجب المرجب 1165ھ کو ہوئی۔ چھ ماہ تک خواجہ رحمت اللہ خانؒ کے مقبرہ میں امانتاً رہے پھر آپ کو میلاپور منتقل کیا گیا۔ (محبوب التواریخ جلد سوم (اردو ترجمہ) صفحہ 987 تا 988)

7- شیخ التفسیر حضرت علامہ حافظ قاضی عبدالکریم کلاچوی (نجم المدارس کلاچی۔ صوبہ سرحد) کے ایک شاگرد نے جو نجم المدارس کا طالب علم تھا قرآن کریم حفظ کیا۔ آخری دنوں میں اس خوش بخت کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف بھی حاصل ہوگیا تھا۔ لڑکے کا کلین شیو والد آیا تو قاضی عبدالکریم صاحب کے والد بزرگوار حضرت مولانا قاضی محمد نجم الدین صاحب نے اس کے والد کو بچہ کے حافظ ہونے پر مبارک باد دی۔ پھر دریافت کیا کہ اپنے بچہ کو حفظ کیوں کرایا۔ اس نے کہا کیوں جی یہ اچھا کام نہیں۔ ثواب کا کام ہے۔ ان دنوں ملازمت کے لالچ سے نہیں بلکہ قرآن کو قرآن پاک سے محبت اور ثواب کمانے کے لیے لوگ پڑھا کرتے تھے۔ اس پر

marfat.com
Marfat.com

قاضی نجم الدین صاحب نے اس کی منڈھی ڈاڑھی کی طرف اشارہ کر کے نہایت سادگی سے فرمایا۔ بھائی' یہ اچھا کام نہیں۔ ثواب کا کام نہیں۔ پس "از دل خیزد بر دل ریزد" والا معاملہ ہوا۔ اس نے کہا قاضی صاحب آج کے بعد انشاء اللہ اسے نہ استرہ لگے گا نہ ہی قینچی اور واقعی ڈاڑھی بڑھا لی (میری علمی اور مطالعاتی زندگی از مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب۔ صفحہ 233 تا 234)

8- ایک شخص مدینہ منورہ میں ریاضت و مجاہدہ اور نوافل و عبادات بہت کرتا تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حکم ہوا کہ حضرت شیخ محمد عابد ڈھا بلیؒ کی خدمت میں حاضر ہو۔ آپ نے اسے مجاہدات کرنے سے منع فرمایا اور توسط اختیار کرنے کو کہا لیکن چونکہ وہ مجاہدات کا عادی ہو چکا تھا اس نے اس نصیحت پر عمل نہیں کیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر اس کو خواب میں نظر آئے اور جو ہدایت حضرت شیخ عابدؒ نے فرمائی تھی اس پر عمل کرنے کا حکم فرمایا تب جا کر اس نے مجاہدے چھوڑے اور آپ کی صحبت میں رہ کر مقامات عالیہ پر فائز ہوا (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 221)

9- حضرت مولانا سرہندیؒ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کے خلفائے اجل میں سے تھے۔ مولانا نے لکھا ہے کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے ایک مرتبہ مدت تک قالین پشمین پر نماز پڑھی اور چونکہ مذہب امام مالکؒ میں پشمینہ پر سجدہ کرنا مکروہ ہے اور حضرت مجدد کا طریقہ حتی الامکان جمع مذاہب کا تھا اس لئے آپ نے سجدہ کی جگہ تھوڑا سا سوتی کپڑا سی لیا تھا۔ جب وہ کپڑا میلا ہو گیا تو خادم نے علیحدہ کر دیا اور اس کی جگہ دوسرا کپڑا لگا دیا۔ میں نے وہ کپڑا اٹھا لیا اور اپنی پگڑی میں رکھ لیا کہ گھر جا کر کسی اچھی جگہ رکھ دوں گا۔ اتفاق سے نماز عشاء پڑھ کر سو گیا اور اس کپڑے کا رکھنا بھول گیا اور وہ کپڑا میری پگڑی میں رہ گیا۔ اس کپڑے کی برکت سے اس رات بارہ مرتبہ بلکہ اس سے بھی زیادہ مرتبہ مجھ کو حضرت رسول

marfat.com
Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت با برکت نصیب ہوئی (کتاب حضرت القدس جلد دوم از مولانا بدر الدین سرہندیؒ)

10- شیخ طاہر بدخشیؒ شاہ ایران کے مقرب تھے۔ ایک دن انہوں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں کہ اے طاہر تو دنیا طلبی کے لئے بادشاہ کی کافی خدمت کر چکا۔ اب دین طلبی کے لئے حضرت مجدد الف ثانیؒ کی خدمت میں حاضر ہو۔ اسی دن صبح کو شیخ نے بادشاہ کی رفاقت کو خیر باد کہہ کر ہندوستان کا رخ کیا۔ راستہ میں شیخ کی مولانا صالح گولامیؒ سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے بھی اس بارے میں خواب دیکھا تھا چنانچہ وہ بھی ہمراہ ہو لئے۔ جب دونوں شہر طالقان میں پہنچے تو وہاں کے جید عالم مولانا یار محمد صاحب سے ملے۔ انہوں نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کی بہت تعریب سن رکھی تھی۔ پس وہ بھی ہمراہ ہو لئے۔ مولانا عبدالحق شادمانی بھی حضرت مجدد الف ثانیؒ کے بارے میں خواب دیکھ چکے تھے۔ وہ بھی ان تینوں بزرگوں کے ہمراہ ہو گئے۔ یہ چاروں شہر برک میں جو کابل اور قندھار کے درمیان واقع ہے پہنچے تو شیخ احمد برکیؒ جنہوں نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کے چند مکاتیب کا مطالعہ کیا تھا اور آپ کے بہت اوصاف سن چکے تھے ان کے ہمراہ ہو گئے۔ ساتھ ہی وہاں کے بڑے شیخ مولانا یوسفؒ بھی ہمراہ ہوئے۔ یہ سب بزرگ راستہ کی دشوار گذار منزلیں طے کرتے ہوئے سرہند شریف پہنچے اور حضرت مجدد الف ثانیؒ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے ان سب کو نظر عنایت سے دیکھا اور کامل بنا کر بعد عطائے خلافت وطن رخصت کیا۔ خراسان، بدخشان اور توران وغیرہ ممالک میں حضرت مجدد الف ثانیؒ کا طریقہ اس قدر مقبول ہوا کہ وہاں کوئی شہر اور گاؤں ایسا باقی نہ رہا جہاں اس سلسلہ عالیہ کے خلفاء نہ ہوں (سیرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ صفحہ 98 تا 100)

marfat.com
Marfat.com

11- شیخ طاہر بدخشیؒ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے خلیفہ تھے۔ آپ سپاہی تھے۔ ایک مرتبہ فوج ایک قلعہ کی طرف متوجہ ہوئی۔ اثناء راہ میں شب کو آپ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ خلفاء راشدین اور صحابہ اکرامؓ بھی خدمت اقدس میں موجود ہیں۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت طاہر بدخشیؒ سے ارشاد فرمایا کہ اس سفر کے بعد تم فوج سے الگ ہو جاؤ اور فقر و تجرید اختیار کرو۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آپ کو خرقہ پہنایا۔ آپ فوراً لشکر سے علیحدہ ہو گئے اور گدڑی پہن لی۔ سنا ہے کہ مدت تک خلوت و جلوت میں آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مبارک کا مشاہدہ فرماتے رہے (از اردو ترجمہ زبدۃ المقامات)

12- حضرت خواجہ محمد اشرفؒ جو فاضل زمانہ اور حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مخلص تھے۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے ابتداً شرف قدم بوسی حضرت مجدد الف ثانیؒ کے لئے استخارہ کیا تو دیکھا کہ ایک جنگل نہایت وسیع ہے اور ایک جماعت کسی بزرگ کی زیارت کے لئے دوڑتی ہوئی جا رہی ہے۔ میں بھی شوق کے ساتھ اس جماعت کی طرف متوجہ ہوا اور ان سے دریافت کیا کہ کس بزرگ کی زیارت کے لئے جا رہے ہو۔ ایک شخص نے کہا اے بے خبر! یہاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ اس خبر مسرت اثر و فرحت ثمر کو سن کر شوق کے ساتھ اس مجمع میں پہنچا۔ دیکھا کہ لوگ حلقہ کئے ہوئے کھڑے ہیں۔ جب ایک دور پورا ہو گیا اور دوسرا دور حلقہ کا شروع ہوا تو میں کوشش کر کے حلقہ اول و دوم کے وسط میں پہنچ گیا۔ اس اثناء میں خلق کا ہجوم بڑھ گیا تھا۔ چنانچہ تیسرا حلقہ بھی پورا ہو گیا۔ اس وقت خیال آیا کہ ان لوگوں سے اچھی طرح تحقیق کر لینا چاہئے تاکہ اطمینان ہو۔ پھر میں نے ان لوگوں سے پوچھا کہ کس بزرگ کی زیارت کے لئے یہ سعی بلیغ ہو رہی ہے۔ سب نے لفظاً و معناً

marfat.com
Marfat.com

متفق ہو کر کہا کہ تم ابھی تک نہیں جان سکے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ اس سے مجھے اور شوق ہوا اور کوتاہی قدو قامت کی وجہ سے بصد مشکل پیروں کی انگلیوں کے بل کھڑے ہو کر دیکھا۔ جب میری نظر حضرت کے جمال پر انوار پر پڑی تو دیکھا کہ حضرت شیخ احمد سرہندی (مجدد الف ثانیؒ) ہیں۔ اس میں اشارہ تھا کہ حضرت شیخ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں فنا ہیں۔ اتنے میں آنکھ کھل گئی۔ ایک کیفیت ایسی پیدا ہوئی جس سے میں بے ہوش ہو گیا۔ جب ہوش آیا تو گریہ عظیم مجھ پر غالب تھا۔ اس کے بعد میں حضرت شیخ احمد سرہندیؒ کی عقیدت و قدم بوسی کے لئے تیار ہو گیا (انوار العارفین صفحہ 630 تا 631)

13- حضرت مجدد الف ثانیؒ کے ایک مرید نے نقل کیا کہ میں تپ محرقہ میں ایک مدت سے مبتلا تھا۔ ایسا ضعیف اور ناتوان ہو گیا کہ زندگی کی امید منقطع ہو گئی۔ سب اقرباء شب بیداری میں مصروف تھے کہ وقت نزع موجود رہیں۔ میں نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کی طرف توجہ کی اور دیکھا کہ ایک شخص از سرتاپا سفید چادر اوڑھے آیا اور مجھ سے کہا کہ یہ چادر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قطب وقت شیخ احمد فاروقی نقشبندی (حضرت مجدد الف ثانیؒ) کو عطا فرمائی ہے اور انہی نے یہ تمہارے پاس بھیجی ہے۔ تم اسے اوڑھو تاکہ اس کی برکت سے شفا پاؤ۔ پس اس نے مجھے سر سے پاؤں تک وہ چادر اڑھا دی۔ میں نے ہاتھ سے چادر کو چھونا چاہا تو چادر ہاتھ میں نہ آئی۔ بجائے اس کے برودت نے پاؤں کی طرف سرایت کی اور سر تک آ گئی۔ میری ہمشیرہ نے دیکھا کہ میرے ہاتھ پاؤں سرد ہو گئے۔ وہ یہ سمجھی کہ اس کا وقت آخر آ گیا۔ اس نے مجھے پکڑا اور بغل میں لے کر رونا چلانا شروع کر دیا۔ میں اس کے شور و غل سے بیدار ہوا اور میں نے کہا کہ غم نہ کرو' میں تندرست ہوں اور میں نے شوربہ مانگ کر پیا اور ایسا

marfat.com
Marfat.com

تندرست ہو گیا کہ فجر کی نماز کھڑے ہو کر ادا کی (انوار العارفین صفحہ 672)

14- مولانا محمد مرشد ولد مولانا محمد ارشد ولد مولوی فرخ شاہ ابن خواجہ محمد سعید ابن حضرت مجدد الف ثانیؒ 11 صفر المظفر 1117ھ کو سرہند شریف میں پیدا ہوئے اور 19 رجب المرجب 1201ھ کو رامپور میں وصال فرمایا۔ نہایت عظیم بزرگ تھے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ سے علوم ظاہری کی تکمیل کر کے ملا محمد ارمؒ بہت سے بزرگوں کی خدمت میں سلوک باطنی کے واسطے حاضر ہوئے مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ ایک روز خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مولانا محمد مرشد کے پاس جا۔ ملا محمد ارمؒ صبح کو مولانا محمد مرشدؒ کے پاس حاضر ہوئے۔ آپ نے فرمایا تم سفارش لے کر آئے ہو۔ پھر بیعت کر لیا۔ ملا محمد ارمؒ کا بیان ہے کہ ہاتھ پکڑتے ہی زمین و آسمان آئینے کی طرح روشن ہو گئے (تذکرہ کاملان رام پور صفحہ 390)

15- حضرت مولانا حافظ دوست محمد قدس سرہٗ نے ایک روز دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بصورت طفلی میری گود میں تشریف رکھتے ہیں (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 386)

16- حضرت شیخ محمد عابد ڈھابلیؒ حرمین شریفین کو پا پیادہ روانہ ہوئے اور وہاں زیارت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سرفراز ہوئے۔ فرمایا کہ میرے سینے میں سوز و طلب کسی طرح کم نہ ہوتی تھی۔ بعنایت مصطفوی (صلی اللہ علیہ وسلم) تسکین پائی اور مقصود دلی حاصل ہوا (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 221)

17- حضرت شیخ عبدالاحدؒ نے فرمایا کہ ایک روز ختم خواجگان پڑھا جاتا تھا۔ میں نے بارگاہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) توجہ فرمایئے کہ میرا یہ کام ہو جائے۔ مکشوف ہوا کہ آپؐ نے اپنے دونوں دست مبارک دعا کے واسطے اٹھائے (مشائخ نقشبندیہ

marfat.com
Marfat.com

مجددیہ)

18- نقل ہے کہ ایک شخص نے حضرت شیخ عبدالاحدؒ سے عرض کیا کہ آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہو کر معلوم کریں کہ اس فقیر کے بارے میں کچھ عنایت خاص ہے یا نہیں اور یہ سوال اس کا قبل نماز عشا تھا۔ بعد نماز آپ نے فرمایا کہ یہ لوگ سوال کرتے ہیں اور پھر اس کا جواب دریافت نہیں کرتے۔ اس وقت اس شخص نے بات سن کر اپنے سوال کا جواب دریافت کیا۔ آپ نے فرمایا کہ جب میں متوجہ ہوا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جمال درگاہ لایزالی میں ایسا مستغرق پایا کہ اصلاً اس طرف متوجہ نہ ہوئے۔ بہت دیر بعد بارگاہ عالی مفتوح ہوئی اور میں تجھ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گیا۔ آپؐ نے اپنا دست مبارک تیرے سر پر پھیرا اور کچھ دیر تک رکھے رہے۔ اس شخص نے بھی تصدیق کی کہ بے شک فلاں وقت مجھ پر عجیب و غریب کیفیت طاری تھی۔ (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 217)

19- حضرت شاہ محمد مظہرؒ فرزند اصغر حضرت شاہ احمد سعیدؒ کے تھے۔ ابھی آپ بچے ہی تھے کہ آپ نے حق تعالیٰ سبحانہ ٗ کو خواب میں دیکھا اور ایک مرتبہ ان ہی ایام میں حضرت جبریل امینؑ اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 346)

20- حضرت شاہ محمد عمرؒ فرزند ثانی حضرت شاہ احمد سعیدؒ کے تھے۔ نقل ہے کہ جب حضرت شاہ احمد سعیدؒ مدینہ منورہ میں مواجہ شریف میں حاضر ہوئے تو آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ سے خلعت عطا ہوئی۔ اس وقت حضرت شاہ محمد عمرؒ اور آپ کے بڑے بھائی حضرت شاہ عبدالرشیدؒ بھی وہاں موجود تھے۔ پس ان دونوں بھائیوں کو بھی ایک تاج شاہانہ عطا ہوا۔ (مشائخ

marfat.com
Marfat.com

نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 345)

21- مخدوم زادہ شیخ محمد اشرفؒ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندیؒ کے چوتھے صاحبزادے تھے۔ 1048ھ میں پیدا ہوئے۔ سنت نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) اور طریقہ مجددیہ پر کامل طریقے سے کاربند تھے۔ 2 صفرالمظفر 1117ھ کو رحلت فرمائی اور اپنے والد ماجد کے مرقد سے بہ سمت مغرب سرہند شریف میں مدفون ہوئے۔ نزع کے وقت "حسبنا اللہ ونعم الوکیل" بار بار پڑھتے تھے۔ آپ نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور یہ دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا ہاتھ پکڑ کر آپ کو اپنی جانب کھینچ رہے ہیں اور آپ اپنی زبان سے کہہ رہے ہیں "یا رسول اللہ **خذبیدی' یا شفیع المذبنین خذبیدی**" (صلی اللہ علیہ وسلم)

(یہ خواب نہایت مبارک ہے اور سراپا بشارت۔ امید ہے یہ دستگیری وسیلہ نجات اخروی اور دریچہ درجات بن جائے گی= حضرت خواجہ محمد معصومؒ (مکتوبات خواجہ محمد معصوم سرہندیؒ تلخیص و ترجمہ از مولانا نسیم احمد امروہوی۔ کتب خانہ الفرقان۔ کچہری روڈ۔ لکھنؤ صفحہ 79 تا 80)

22- مولوی مجاہد الدینؒ صاحبزادے خواجہ محمد معصوم سرہندیؒ کے تھے۔ مولد بالا پور (برار۔ دکن) ہے۔ مولانا قمرالدینؒ کی خدمت میں بیعت و خلافت کی درخواست کی۔ مولانا نے فرمایا کہ آپ کے والد افضل زمانہ ہیں۔ ان سے بیعت ہوں۔ پس استخارہ کیا تو عالم رویاء میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما) کے اطراف میں چار قبریں ہیں۔ ارادہ کیا کہ چوتھی قبر کے پاس جانا چاہئے۔ آپ اسی خیال میں گئے۔ وہاں کسی سے دریافت کیا کہ یہ کس بزرگ کی قبر ہے۔ جواب ملا حضرت محمد معصوم بن شیخ احمد سرہندیؒ کی۔ آپ خواب سے بیدار ہو کر مولانا قمرالدینؒ کے پاس آئے اور

marfat.com
Marfat.com

تعبیر دریافت کی۔ انہوں نے فرمایا کہ آپ کو حضرت خواجہ محمد معصوم مسمی عروۃ الوثقیٰ کی بیعت کا اشارہ ہوا ہے۔ پس آپ اورنگ آباد سے بالا پور والد بزرگوار کے پاس آکر ان کے مرید و خلیفہ ہوئے (محبوب التواریخ حصہ سوم صفحہ 1903 از مولوی ابو تراب محمد عبدالجبار خاں صاحب)

23- حضرت شاہ احمد سعیدؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ ایسا معلوم ہوا کہ ہمارے ماویٰ و ملجا حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کے ہاتھ مجھ کو کھانا بھیجا ہے اور حضرت مجدد الف ثانیؒ نے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کھانا خاص تمہارے واسطے بھیجا ہے (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 339)

24- حضرت شاہ احمد سعیدؒ فرزند اکبر حضرت شاہ ابو سعیدؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک ظرف میں کھانا کھا رہا ہوں۔ (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 339)

25- حضرت مجدد الف ثانیؒ کے دوسرے صاحبزادے حضرت خواجہ محمد سعیدؒ کی بزرگی کے سلسلے میں یہ خواب جو ایک بزرگ نے دیکھا کافی ہے کہ صحابہ اکرامؓ معہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمع ہیں اور خواجہ محمد سعیدؒ بھی حضرت مجدد الف ثانیؒ کے چند یاروں کے ساتھ اس مجلس میں موجود ہیں۔ اسی اثناء میں صحابہ کرامؓ ایک کاغذ طلب کرتے ہیں تاکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرضداشت لکھیں۔ چنانچہ کاغذ حاضر کیا گیا اور انہوں نے اس مضمون کی عرضداشت تحریر کی کہ یہ (محمد سعیدؒ وغیرہ) اور ہم عنایت الٰہی جل سلطانہ' میں برابر ہیں حالانکہ ہم نے وہ تکالیف اور ریاضات شاقہ اٹھائی ہیں جو انہوں نے نہیں اٹھائیں۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں یہ آیت قرآن تحریر فرمائی: **ذٰلک فضل اللہ یوتیہ**

marfat.com
Marfat.com

من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم○ (سورہ حدید- آیت نمبر 21)

حضرت مجدد الف ثانیؒ از نظام الدین مجددی توکلی)

26- حضرت شیخ محمد معصومؒ فرزند و خلیفہ حضرت شیخ مجدد الف ثانیؒ کے تھے۔ وصیت تھی کہ خانقاہ کو سلطنت اور بوریہ کو مسند شاہی سے بہتر سمجھنا۔ حضرت اورنگ زیب عالمگیرؒ آپ کے مرید تھے اور بھی بہت سے امرائے عالمگیری آپ کے مرید ہو گئے تھے۔ حرمین شریفین گئے تو وہاں بھی بہت مرید ہوئے۔ دارا شکوہ کو بھائی کے پیر ہونے کی وجہ سے نہ صرف حضرت معصومؒ سے بلکہ آپ کے مریدوں سے بھی سخت عناد پیدا ہو گیا تھا اور سرہند والوں کے درپئے آزار تھا۔ جب دست درازیاں بہت بڑھ گئیں تو آپ نے روضہ نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاماً") پر شکایت کی کہ ولی عہد شاہجہاں سرہند والوں کی تخریب کے درپے ہے۔ دربار رسالت صلی اللہ علیہ وسلم سے حکم ہوا کہ نہ گھبراؤ۔ اس کی گوشمالی کے لئے خنجر ایزدی کافی ہے۔ اور سمجھ لے کہ تیرا دشمن میرا دشمن ہے۔ حضرت خواجہ معصومؒ مراقبہ سے فارغ ہوئے اور خدام کو اطلاع دی کہ دارا شکوہ مارا گیا۔ ہندوستان پہنچے تو دارا شکوہ قتل ہو چکا تھا اور سلطنت عالمگیری کا آفتاب طلوع ہو رہا تھا۔ غرض اس شکایت کا یہ تلخ ثمر تھا کہ دارا شکوہ کو نامرادی کی موت نصیب ہوئی۔ آپ کا وصال اورنگ زیب کے دسویں سال جلوس 1669ء/ 1079ھ میں ہوا تھا بمقام سرہند شریف۔ (تذکرہ ادھمیہ) شاہ جہاں کی بیٹی روشن آرا نے آپ کا مقبرہ تعمیر کرایا۔ نو لاکھ افراد نے آپ کے دست حق پرست پر توبہ کی اور مرید ہوئے۔ آپ کے دستر خوان پر چار ہزار آدمی کھانا کھاتے تھے۔ ایک بار آپ دکن تشریف لے گئے۔ یہ اورنگ زیب کی شہزادگی کا زمانہ تھا۔ بارہ ہزار روپیہ کی تھیلی لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے قبول فرمائی اور سلطنت کی بشارت دی۔ جب اورنگ زیب عالمگیر تخت نشین

marfat.com
Marfat.com

ہوئے تو ان کی بہن روشن آرا کہا کرتی تھی کہ میرے بھائی نے تو بارہ ہزار میں سلطنت خریدی ہے۔

27- حضرت شیخ محمد صدیقؒ حضرت خواجہ محمد معصومؒ بن حضرت مجدد الف ثانیؒ کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔ گیارہ برس کی عمر میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور بشارت ولایت احمدی سے مشرف ہوئے۔ چنانچہ آپ نے یہ خواب اپنے والد ماجد سے بیان کیا۔ آپ نے فرمایا کہ انشاء اللہ تم کو ولایت نصیب ہو گی۔ اٹھارہ سال کی عمر میں حضرت نے آپ کو بشارت ولایت احمدی عطا فرمائی (مشائخ نقشبندیہ صفحہ 266)

28- شیخ احمد نخلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب توجہ کی اور اسی سال روضہ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کی زیارت سے مشرف ہوا۔ جمعہ کے روز نماز جمعہ سے پہلے میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا گویا آپؐ خلفاء اربعہ کی مختصر سی جماعت کو ساتھ لئے ہوئے زیارت عثمانیہ میں تشریف لائے ہوئے ہیں۔ میں یہ دیکھ کر اس طرف دوڑا اور آپؐ کے نیز خلفائے کرامؓ کے دست مبارک کو بوسہ دیا اور باترتیب ہر خلیفہؓ کی ملاقات سے مشرف ہوا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا اور ایک جدید سجادہ کی طرف جو آپؐ کی قبر شریف (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کے سرہانے اور صف اول کے محاذاۃ میں بچھا ہوا تھا لائے اور فرمایا **ھذہ سجاد الشیخ تاج اجلس علیھا** (یعنی یہ شیخ تاج کا سجادہ ہے تو اس پر بیٹھ)۔ جب میں خواب سے بیدار ہوا تو معلوم ہوا کہ اس سے اشارہ طریقہ نقشبندیہ کی طرف ہے گویا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس طریقہ کی اجازت مرحمت فرما دی۔ حضرت شیخ احمد نخلیؒ سے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ نے سند حدیث حاصل کی تھی۔ (حیات ولی یعنی

marfat.com
Marfat.com

حضرت شاہ ولی اللہ دھلویؒ اور ان کے آباؤ اجداد و اولاد و اساتذہ حرمین کا مبسوط تذکرہ از مولانا حافظ محمد رحیم بخش دھلویؒ صفحہ 472 تا 473)

29- مولانا ظہیر الدین بن محب اللہ بالا پوری عنایت اللہیؒ 1131ھ میں حج بیت اللہ سے سرفراز ہوئے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت کے مطابق مدینہ طیبہ کے شیخ زین الدین یمنیؒ کی ملاقات کے لئے یمن پہنچے۔ آپ شیخ کی خانقاہ میں فروکش ہوئے۔ شیخ نے آپ کو دیکھتے ہی فرمایا "السلام علیکم یا ظہیر الدین"۔ آپ نے جواب دے کر فرمایا کہ آپ کو میرا نام کیسے معلوم ہوا۔ فرمایا عالم رویاء میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بشارت دی کہ ولدی سید ظہیر الدین آپ کی خدمت میں آ رہا ہے۔ اس کو خرقہ خلافت عنایت کیجئے۔ میں آپ کا منتظر تھا۔ پھر شیخؒ نے آپ کو نقشبندیہ خلافت کا خرقہ عطا کیا اور مرتبہ کمال کو پہنچے۔ (تذکرہ اولیاء دکن جلد اول صفحہ 484)

30- قطب یزدانی حضرت شیخ محمد صادقؒ برادرزادہ اور خلیفہ اول تھے شاہ ابو سعید گنگوہیؒ کے۔ آپ کی صورت دیکھ کر کافر مسلمان ہو جاتے تھے۔ آپ نے سخت ترین مجاہدے کئے۔ اسی میں محویت و بے خودی پیدا ہو گئی اور اس بے خودی میں اسقدر اسرار آپ پر منکشف ہوئے کہ انکا احاطہ بیان سے باہر ہے۔ روحانیت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو نور کی چادر عطا فرمائی اور فرمایا میری جانب سے نیابت مطلقہ تمہیں عطا ہوئی اس کا حق ادا کرنا۔ اس واقعہ کے بعد حضرت شیخ محمد صادقؒ ایک ماہ تک مغلوب الحال رہے۔ دنیا و مافیہا سے بالکل بے خبر اور جب ہوش میں آئے تو تمام جسم اور حجرہ معطر تھا۔ اس کے بعد بہت جلد آپ کی قطبیت ولایت کا شہرہ دنیا میں پھیل گیا (انوار العاشقین صفحہ 98)

31- حضرت شیخ محمد صادقؒ کے ایک خلیفہ شیخ عبدالسبحان سہارنپوریؒ تھے۔ ایک

marfat.com
Marfat.com

روز مشرف بہ زیارت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہوئے۔ دیکھا کہ آپؐ مع صحابہ اکرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین رونق افروز ہیں اور حضرت شیخ محمد صادقؒ بھی موجود ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شیخ عبد السبحانؒ سے فرمایا کہ یہ تیرے پیر ہیں۔ گنگوہ جا کر مرید ہو جاؤ اور مقصود اصلی حاصل کرو۔ چنانچہ شیخ عبد السبحانؒ گنگوہ پہنچے اور دولت بیعت سے مشرف ہو کر ریاضت و مجاہدات اختیار کئے اور مقصود کو پہنچے اور دولت خلافت سے مشرف ہوئے (انوارالعاشقین صفحہ 101)

32- یگانہ وقت حضرت شیخ محمد داؤد گنگوہیؒ حضرت شیخ محمد صادقؒ جیسے کامل بزرگ کے فرزند، سجادہ نشین اور خلیفہ اول تھے۔ ایک مرتبہ مراقبہ میں تھے کہ کیفیت بے خودی طاری ہو گئی۔ دیکھا کہ سینہ شق ہو گیا جس میں سے ایک تخت نکلا جس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت شیخ محمد صادقؒ رونق افروز ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت شیخ محمد داؤد کا ہاتھ پکڑا اور اس تخت پر بٹھا دیا۔ وہاں عجائبات دیکھے اور دیکھا کہ حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور حضرت خواجہ اجمیریؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یہ نوجوان خلافت کبریٰ کے لائق ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نور کی دو انگشتریاں ان دونوں بزرگوں کو عطا فرمائیں اور ان دونوں پیشواؤں نے یہ حضرت شیخ محمد داؤد کو پہنا دیں اور کمالات ولایت مطلقہ مل جانے کی بشارت دی۔ حضرت شیخ محمد صادقؒ یہ حال سن کر بہت خوش ہوئے اور خرقہ خلافت پہنا کر امانت پیران عظام چشت مع اسم اعظم سپرد کر دی (انوار العاشقین صفحہ 102 تا 103)

حضوت شیخ محمد داؤد گنگوہیؒ نے وصال سے تین روز قبل ہی اپنے مرنے کے انتظامات شروع کر دیئے تھے۔ فرمایا تین روز سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

کو خواب میں دیکھ رہا ہوں۔ فرماتے ہیں کہ داؤد اٹھ اور جلد میرے پاس آ کہ میں تیرا منتظر ہوں۔ اچھے خاصے تھے کوئی مرض نہ تھا کہ 6 رمضان المبارک 1105ھ کو نماز میں مصروف ہوئے اور وصال فرما گئے (ہفتاد اولیاء صفحہ 386)

حضرت شیخ محمد داؤد گنگوہیؒ (گنگوہ یوپی بھارت کا ایک شہر ہے) کے ایک خلیفہ تھے شاہ ابو المعالیؒ جن کا 1114ھ میں وصال ہوا۔ انبیٹھ (ضلع سہارنپور۔ یوپی۔ بھارت) میں مزار ہے۔ آپ کا ایک ہمسایہ مر گیا۔ کئی روز روئے اور بہت رنج کیا۔ مریدوں نے کہا وہ آپ کا دشمن تھا۔ بہت برائی کیا کرتا تھا مگر آپ ہمیشہ اس کو آرام پہنچاتے تھے اور اب رو رہے ہیں۔ فرمایا کہ اکثر اولیاء کا دامن عالم ناسوت میں غبار دنیا سے ملوث ہوتا ہے اور اس کی صفائی کی یہی صورت ہوتی ہے کہ کچھ لوگ ملامت کرنے والے پیدا ہو جائیں۔ یہ بدگوئی' غیبت' برائی اور ملامت کرنے والے لوگ ہی ہیں جو دھبے صاف کرتے ہیں۔ اس بناء پر وہ میرا دوست اور محسن تھا۔ یہ ہیں اللہ والوں کی باتیں جنہیں مسلمان غور سے پڑھیں اور غور کریں (کبھی گھر میں بھی سانپ بچھو پیدا ہو جاتے ہیں۔ اصل میں یہ سب محسن ہیں۔ اپنا نامہ اعمال سیاہ کر کے آپ کا نامہ اعمال سفید کرتے ہیں)۔ فرمایا دوپہر کے کھانے کے بعد ایک گھنٹہ سونے کو قیلولہ کہتے ہیں۔ حدیث پاک ہے کہ دوپہر کو سویا کرو کہ شیطان اس وقت نہیں سوتے۔ ایلولہ فجر کی نماز کے بعد سونے کو کہتے ہیں۔ اس سے طبیعت بوجھل اور بھاری ہو جاتی ہے اور آدمی کام کا نہیں رہتا۔ نیلولہ صبح کے 9 بجے کے قریب سونا اس سے مفلسی اور نحوست پیدا ہوتی ہے۔ کیلولہ مغرب کی نماز سے پہلے سونا مرض جنون پیدا کرتا ہے سخت مضر صحت ہے۔ فیلولہ غروب آفتاب کے فوراً" بعد سو جانا یہ بھی بری عادت سمجھی جاتی ہے۔ اسپین میں مسلمانوں نے سات آٹھ سو سال حکمرانی کی۔ مسلمانوں کی نقل کے طور پر وہاں آج تک قیلولہ کیا جاتا ہے اور دوپہر میں تھوڑی دیر کے لئے پورا ملک سو جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

33- سلطان الاولیاء حضرت میاں میر لاہوری قدس سرہٗ کے بہت سے خلفاء تھے جن میں ایک شیخ شاہ محمد ملا شاہ (پیر ملا شاہ بدخشانی قادریؒ) تھے۔ رات بھر مشغول عبادت رہتے تھے۔ "لسان اللہ" کے معزز لقب سے مشہور تھے۔ کبھی گھر میں کچھ نہ پکا۔ کبھی غسل کی حاجت نہ ہوئی۔ عشاء کے وضو سے فجر ادا کرنا معمول تھا۔ غسل احتلام حالت نوم میں ہوتا ہے اور غسل جنابت قربت زن سے ہوتا ہے۔ آپ نہ سوتے تھے نہ عورت رکھتے تھے۔ حضرت میاں میر صاحبؒ کے خلیفہ اعظم تھے۔ مزار میاں میر صاحبؒ میں زیارت گاہ عالم ہے۔ حالت یہ تھی کہ جسے چاہتے تھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور اصحاب کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی زیارت چشم ظاہر سے کرا دیتے تھے۔ اصلی نام شاہ محمد تھا۔ علاقہ بدخشاں میں پیدا ہوئے۔ ابتداء شباب میں کشمیر آ گئے تھے۔ لاہور کی گرمی آپ کے لئے ناقابل برداشت تھی پس مرشد کی اجازت سے موسم گرما میں کشمیر تشریف لے جاتے تھے جہاں دامن کوہ میں آپ کے لئے ایک شاندار خانقاہ تعمیر کرا دی گئی تھی۔ غیر معمولی ریاضت کی وجہ سے آپ کی شخصیت میں غیر معمولی کشش اور بات میں بڑی تاثیر پیدا ہو گئی تھی۔ 1660ء میں حضرت ملا شاہ قادری مستقل طور پر لاہور آ بسے۔ گوشہ نشینی اختیار کر لی اور 11 اکتوبر 1076ھ/1669ء میں وصال فرمایا اور مرشد کے برابر دفن ہوئے۔

حضرت شیخ میاں میرؒ کا نام میر محمد تھا۔ سندھ کے قدیمی شہر سہون میں پیدا ہوئے۔ قاضیوں کے خاندان سے تھے۔ سات سال کی عمر میں والد کی وفات ہو گئی۔ آپ شیخ خضر سیوستانیؒ کے مرید ہوئے جو سہون کے باہر ایک پہاڑ پر قیام پذیر تھے۔ جب عمر 25 برس ہوئی تو لاہور آ گئے اور تلقین و ہدایت شروع کی۔ تمام عمر مجرد رہے۔ وصال 1635ء/1045ھ میں ہوا۔ لاہور شہر سے پانچ میل دور

marfat.com
Marfat.com

گاؤں میں جو آپ کے روضہ کی وجہ سے میاں میر کہلاتا ہے دفن ہیں۔ سلسلہ قادریہ کے عظیم المرتبت بزرگ تھے۔ (ہفتاد اولیاء)

34- دارا شکوہ "سفینتہ الاولیاء" میں رقم طراز ہے کہ ایک روز مجھے رویت حق کے سلسلہ میں تردد ہوا اور یہ بات حضرت ملا شاہ بدخشانی قدس سرہٗ کی خدمت میں عرض کرنی چاہی مگر آپ کے رعب و خوف کی وجہ سے عرض نہ کر سکا۔ مجلس سے اٹھ کر بھی دل میں شبہ موجود تھا اس لئے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پرفتوح کی طرف توجہ کی۔ اسی وقت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور چاروں خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی ارواح پاک جلوہ گر ہوئیں اور ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قادر ہے۔ جس طرح چاہے اور اس کی قدرت متقاضی ہو تو وہ اپنے بندوں کو اپنا دیدار کرائے گا۔ اس جواب سے میری مشکل حل ہو گئی۔ دوسری مرتبہ جب میں حضرت ملا شاہؒ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے تبسم فرماتے ہوئے فرمایا کہ تجھے مسئلہ کا جواب مل گیا اور جنہوں نے تجھے جواب دیا انہی نے مجھے بھی مطلع فرما دیا (بزرگان لاہور مولفہ پیر غلام دستگیر نامی صفحہ 41)

35- جہاں آرا بیگم کا شمار ان تیموری بیگمات میں سے ہے جنہیں صاحب تصنیف کہا جا سکتا ہے۔ بچپن ہی سے طبعی رجحان صوفیائے عظام کے مقدس گروہ کی طرف تھا جس نے اس کے بھائی داراشکوہ کے اثر سے ایک غیر فانی شوق کی صورت اختیار کر لی تھی۔ اس فطری ذوق کی وجہ سے اس نے بزرگان دین کے سوانح و حالات کو اپنی تصنیفات کے لئے منتخب کیا تھا۔ اس کی مشہور تصنیف "مونس الارواح" ہے جس میں اس نے حضرت خواجہ اجمیریؒ کے سوانح حیات لکھے ہیں (اصل نسخہ دستخطی بیگم صاحب لکھنؤ کے کتب خانہ میں موجود ہے) حضرت خواجہ اجمیریؒ سے حد درجہ عقیدت ہی کی وجہ سے وہ کسی چشتی بزرگ کی

marfat.com
Marfat.com

مرید ہونا چاہتی تھی لیکن مشیت ایزدی کو یہ منظور نہ تھا اور بیگم صاحب کو بصورت مجبوری قادری مشرب میں شریک ہونا پڑا جس میں اس کا بھائی داراشکوہ پہلے سے داخل تھا۔ ملا شاہؒ کی مرید ہونے سے پہلے جہاں آرا کا یہ حال تھا کہ جہاں کہیں اسے کسی بزرگ کی موجودگی کا علم ہوتا تو فوراً وہاں پہنچتی اور نذر و نیاز پیش کرتی۔ جہاں آرا کی ایک گمنام تالیف کا نام "صاحبیہ" ہے جو 19 اوراق پر مشتمل ہے اور جس میں اپنے پیر و مرشد حضرت ملا شاہ بدخشانی قادریؒ کے حالات قلم بند کئے ہیں۔ اس رسالہ کا ایک قلمی نسخہ احمد آباد کے ایک کتب خانہ میں موجود ہے جس کا نام "آپاراؤ بھولا ناتھ لائبریری" ہے اور جس کی بنیاد 1870ء میں رکھی گئی تھی۔ "صاحبیہ" کی وجہ تسمیہ یہ ہو سکتی ہے کہ یہ شہزادی "بیگم صاحب" کے لقب سے مشہور تھی۔ بیگم صاحبہ میں "صاحبہ" ثقات کے طرز تکلم کے خلاف ہے۔ مولویوں نے اظہار عربیت کے لئے لکھنا شروع کر دیا ورنہ "بیگم صاحب" لکھنا چاہئے۔ یہی کانوں کو ٹھیک معلوم ہوتا ہے۔ دہلی کے ثقات کبھی "بیگم صاحبہ" نہیں لکھتے۔ "بیگم صاحبہ" پنجاب اور پورب کی بولی ہے۔ دہلی کی بولی "بیگم صاحب" ہے (ابوالکلام آزاد)

1049ء میں شاہ جہاں بادشاہ کشمیر تشریف لے گئے تھے جہاں پر ملا شاہؒ موجود تھے۔ ملا شاہؒ سلسلہ قادریہ میں حضرت میاں میر لاہوریؒ کے خاص مرید تھے۔ دارا شکوہ نے ملا شاہؒ کی جہاں آرا بیگم سے بہت تعریف کی اور وہ دل و جان سے ان کی معتقد ہو گئی اور اپنے بھائی کی وساطت سے 1050ھ میں دست انابت ان کے ہاتھ میں دے کر ان کو اپنا مرشد حقیقی بنا لیا۔ آپ نے جہاں آرا کو سلسلہ قادریہ کے ذکر و شغل کی تلقین فرمائی۔ فرماتی ہیں میرے دل میں یہ بات کھٹکتی تھی کہ میں سلسلہ چشتیہ میں مرید ہوں اور اب میں قادری مشرب میں شریک ہو گئی ہوں۔ مجھے کشائش حاصل ہو گی یا نہیں اور حضرت ملا شاہؒ کی تلقین و ہدایت سے مجھے کچھ فائدہ ہو گا یا نہیں؟ اسی اثناء میں مجھ پر ایک ایسی حالت طاری ہوئی جو نہ بیداری تھی نہ خواب۔ میں نے حضرت

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس مقدس دیکھی۔ جس میں صحابہ اکرامؓ اور اولیائے عظامؒ بھی شریک تھے۔ میں نے دیکھا کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور چار یارؓ اور اکابر صحابہؓ کی ایک جماعت آپؐ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہے۔ پیر ملا شاہؒ بھی اس مجلس میں موجود ہیں اور انہوں نے اپنا سر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پائے مبارک پر رکھا ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں کہ اے ملا شاہؒ تو نے تیموری چراغ روشن کر دیا۔ جب میں اس حالت سے لوٹی تو میرا دل اس خوشی سے باغ باغ ہو گیا۔ میں نے بارگاہ خداوندی میں سجدہ شکر ادا کیا اور یہ رباعی میری زبان پر تھی۔

شاہا توئی آنکہ می رساند زصفا   فیض نظر تو طالباں را بخدا
برمہر کہ نظر کنی .مقصود رسد   نور نظر گو شد مگر نور خدا

اپنے مرشد کی برکت سے میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور یاران بزرگوار کی مجلس دیکھی اور آپؐ کی زبان مبارک سے کلام سنا "اے ملا شاہ! چراغ تیموریہ را تو روشن کر دی"۔ میں سمجھ گئی کہ میرے شبہ کو دور کرنے کے لئے ایسا کیا گیا ہے۔ امیر تیمور کی نسل سے صرف ہم دو بھائی بہن اس سعادت سے مشرف ہوئے ہیں۔ ہمارے اسلاف میں سے کوئی بھی خدا طلبی اور حق جوئی کی راہ پر گامزن نہیں ہوا۔ اس دولت عظمیٰ کے ملنے پر میں نے ہزار شکر ادا کیا۔ میری خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ ملا شاہؒ سے میری عقیدت بہت بڑھ گئی اور میں نے ان کو دنیا و عقبیٰ میں اپنا مقتدا اور پیشوا بنا لیا۔ اس مرتبہ میں کشمیر میں دو روز کم چھ ماہ ٹھہری۔ اس دوران ملا شاہؒ کو خط لکھتی اور اکثر آپ جواب سے سرفراز فرماتے۔ مختلف قسم کی خوشبوئیں اور قسم قسم کے کھانے اپنے ہاتھ سے پکا کر بھیجتی۔ خدا کا شکر ہے کہ مرشد کامل کے فیض اور توجہ سے مجھے ایمان حقیقی حاصل ہوا جو عبارت ہے عرفان و فنا سے۔ جو شخص اس حقیقت سے آگاہ نہیں وہ انسان کہلانے کا مستحق نہیں بلکہ اس کا شمار **"اولئک کالانعام بل ھم اضل"** کے زمرے میں ہے۔ جو کوئی اس سعادت

marfat.com
Marfat.com

عظمیٰ سے مشرف ہوا وہ انسان کامل اور افضل موجودات ہے۔ جس کسی کو ذات مطلق سے عشق و محبت ہے وہ انسان کامل ہے اگرچہ عورت ہو۔ شیخ عطارؒ حضرت رابعہؒ کے حق میں فرماتے ہیں ؎

آں نہ یک زن بود بل صد مرد بود پائے تا سر جملہ غرق درد بود

دہلی میں روضہ محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیاؒ کے باہر جنوب مغربی گوشہ میں سنگ مرمر کا ایک مجر ہے جس میں جہاں آرا بیگم کی قبر ہے۔ سرہانے ایک لوح ہے جس پر خود جہاں آرا کا یہ شعر کندہ ہے ؎

بغیر سبزہ نپو شد کسے مزار مرا کہ قبر پوش غریباں ہمیں گیاہ سب است

(میری قبر پر سوائے سبزہ کے اور کچھ غلاف وغیرہ نہ ہو کیونکہ غریبوں کی قبرپوش یہ ہری گھاس ہی ہوا کرتی ہے)

یہ ہے بلند خیالی ایشیا کے بادشاہوں کی بیٹیوں کی جو یورپ کے ملک الشعراء شیکسپیئر کو بھی نصیب نہیں۔ شاہ جہاں کی اس بیٹی کو خواجگان چشت سے بے حد عقیدت تھی۔ تین کروڑ روپیہ کا اپنا تمام مال و اسباب یہاں کے خادموں کو دے کر یہ زمین اپنے لئے لی تھی مگر اورنگ زیب نے یہ کہہ کر دو کروڑ روپیہ واپس لے لیا کہ تہائی سے زیادہ میں وصیت جائز نہیں۔ یہ مجر خالص سنگ مرمر کا ہے اور سر سے پاؤں تک نور کا ایک ٹکڑا معلوم ہوتا ہے جسے جہاں آرا بیگم نے اپنے سامنے بنوایا تھا۔ شاہی مسجد اکبر آباد (آگرہ) بھی جہاں آراء بیگم نے بنوائی تھی۔ 1093ھ میں جہاں آرا بیگم نے وفات پائی تھی۔ (”مضامین ڈار“ یعنی مرحوم پروفیسر محمد ابراہیم ڈار کے مضامین۔ پبلشرز لیٹ پروفیسر ڈار پبلی کیشن کمیٹی۔ بمبئی۔ کرنٹ بک ہاؤس۔ ماروتی لین۔ ہاربی روڈ۔ بمبئی صفحہ 1 تا 14) (جس مضمون سے یہ خواب اور مختصر الفاظ میں مضمون لیا گیا ہے اس کا عنوان ہے ”جہاں آرا بیگم کی ایک غیر معروف تصنیف ”صاحبیہ“) (”مقالات منتخبہ“ بہ پیش گفتار از جناب پروفیسر حمید احمد خاں، رئیس دانش گاہ پنجاب صفحہ 338 تا 346)

marfat.com
Marfat.com

36- اورنگ زیب عالمگیرؒ کو حضرت شاہ علم اللہؒ (حضرت سید احمد شہیدؒ آپ کی چوتھی پشت سے تھے) سے بے حد عقیدت تھی- ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رحلت فرمائی اور ملائکہ کرام آپؐ کے جنازہ مبارک کو آسمان پر لے گئے- اس پر عالمگیر سخت پریشان ہوئے- اپنے استاد ملا جیونؒ سے ذکر کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا غالباً" علم اللہؒ کا انتقال ہو گیا- چنانچہ خواب کی تاریخ لکھ لی گئی- پھر وقائع نویس کی رپورٹ سے تصدیق ہو گئی کہ واقعی سید علم اللہؒ کی وفات اسی روز ہوئی تھی- بادشاہ نے ملا جیونؒ سے دریافت کیا کہ آپ نے یہ تعبیر کس دلیل کی بناء پر دی تھی- فرمایا صرف اس بناء پر کہ کمال اتباع سنت کا جیسا نمونہ شاہ علم اللہؒ تھے اس کی مثال نہیں ملتی- شاہ صاحبؒ کی وفات کا مطلب یہ تھا کہ سنت کا ایک نہایت پاکیزہ نمونہ دنیا سے اٹھ گیا ہے (سوانح حیات سید احمد شہیدؒ از مولانا غلام رسول مہر صفحہ 45) (دار المعارف یعنی حضرت شاہ غلام علی نقشبندیؒ کے ملفوظات)

شاہ علم اللہؒ مشہور عالم ربانی اور صاحب سلسلہ شیخ تھے- حضرت آدم بنوریؒ کے اعظم خلفاء میں سے تھے- سرتا پا اتباع سنت کا نمونہ تھے- رائے بریلی (یوپی۔ بھارت) میں سید احمد شہیدؒ کی ولادت اسی دائرے میں جو اب بھی تکیہ علم اللہ کہلاتا ہے صفر ۱201ھ کو سید محمد عرفانؒ کے گھر ہوئی تھی- اورنگ زیب عالمگیرؒ کی وفات بعمر 90 سال 1707ء بروز جمعہ 28 ذیقعد 1118ھ کو ہوئی تھی- ملا جیون کا نام شیخ احمد تھا- لکھنؤ کے قریب قصبہ امیٹھی (ضلع سطان پور- یوپی- بھارت) کے رہنے والے تھے جہاں ملک محمد جائسی شاعر کا مزار ہے- 18-1717ء میں وصال فرمایا- آپ کا نسب حضرت ابوبکر صدیقؓ سے جا ملتا ہے- "تفسیر احمدی" اور "نور الانوار" آپ کی مشہور کتابیں ہیں- زبردست حافظہ کے مالک تھے- بڑے بڑے قصیدے ایک مرتبہ سن لیتے تو یاد ہو جاتے تھے- تمام درسی کتب از بر تھیں-

37- شیخ جان محمد لاہوریؒ صغر سنی میں شیخ عبدالحمید خلیفہ شیخ حافظ محمد اسمٰعیلؒ

marfat.com
Marfat.com

المعروف بہ میاں کلاں (میاں وڈا) لاہوری سے تحصیل علم میں مشغول ہوئے۔ ایک دن میاں صاحبؒ نے آپ کی جانب دیکھ کر کہا کہ اے لڑکے اگر تو عالم فاضل اور صاحب تحصیل ہو گیا تو ہمارے ساتھ احادیث کی تکرار کیا کرے گا۔ تھوڑے عرصہ میں آپ نے استعداد کلی بہم پہنچا کر دستار فضیلت حاصل کر لی۔ ایک دن میاں صاحبؒ اپنے مدرسے میں مستغرق مراقبہ تھے کہ آپ کا خیال دل میں گذرا اور فوراً آپ کو اپنی جانب جذب کیا۔ آپ اس کشش کی بناء پر فوراً حاضر ہوئے۔ میاں صاحبؒ نے آپ کو بغل گیر فرما کر مرتبہ ولایت پر پہنچا دیا اور فرمایا کہ آئندہ حسب وعدہ خود دو شنبہ اور جمعہ کو ہمارے پاس آ کر احادیث کی تکرار کیا کرو۔ چنانچہ آپ حسب الحکم تاحیات میاں صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر تکرار حدیث فرماتے رہے اور جس حدیث میں شبہ ہوتا میاں صاحبؒ مراقبہ میں روح پر فتوح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تصحیح فرما لیا کرتے تھے۔ گنج مغلپورہ، رام گڑھ۔ لاہور میں درس میاں وڈا کے نام سے حضرت شیخ حافظ محمد اسمٰعیل علیہ الرحمتہ کا روضہ آج بھی ایک نہایت پر فیض مقام ہے۔
(حدائق الحنفیہ صفحہ 433)

38- بہت سمجھایا مگر اورنگ زیب عالمگیرؒ کی نصیحت کا سرمد شہید پر کوئی اثر نہ ہوا۔ آخر گرفتار ہوئے۔ مقدمہ چلا۔ ننگ دھڑنگ رہتے تھے۔ قاضی عبد القوی نے پوچھا یہ کیا حلیہ بنایا ہوا ہے۔ بولے شیطان قوی ہے۔ یہ سن کر قاضی بھنا گیا۔ پھر پوچھا کہ **لا الہ الا اللہ** کے بعد کیا ہوتا ہے۔ فرمایا کچھ نہیں۔ اللہ ہی اللہ ہے۔ محمد رسول اللہ ہرگز نہ کہا۔ جس پر علماء نے کلمہ رسالت کی عدم تسلیم کا فتویٰ دے دیا اور قتل کا حکم صادر کر دیا۔ بالکل آخر میں سرمد کا ایک جگری دوست اس کے پاس آیا اور کہا کہ کپڑے پہن لو اور کلمہ پڑھ لو تو مولوی تمہاری جان بخشی کر دیں گے۔ فتویٰ واپس لے لیں گے۔ اس پر سرمد نے یہ شعر پڑھا۔

عمریست کہ آوازہ منصور کہن شد   من از سر نو جلوہ دہم دار و رسن را

marfat.com
Marfat.com

(یعنی منصور حلاج کا نعرہ انا لحق پرانا ہو کر فراموش ہو چکا ہے۔ میں دار و رسن کو نیا جلوہ اور نئی زندگی دینا چاہتا ہوں)۔ آخر کار سرمد کا سر قلم کر دیا گیا۔ لکھا ہے جوں ہی سر کٹ کر گرا دوڑ کر اٹھا لیا اور ہتھیلی پر رکھے جامع مسجد دہلی کی سیڑھیوں پر چڑھتے چلے گئے۔ خلقت کا بے پناہ ہجوم تھا۔ اندر سے سرمد کے مرشد حضرت ہرے بھرے تشریف لا رہے تھے۔ پوچھا سرمد یہ کیا کر رہے ہو۔ عرض کیا دربار رسالت (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") میں اورنگ زیب کی شکایت کرنے جا رہا ہوں۔ حضرت ہرے بھرے نے فرمایا کہ میں وہیں سے آ رہا ہوں۔ اورنگ زیب کو وہاں بیٹھے چھوڑ آیا ہوں۔ اب تم وہاں جا کر کیا کرو گے۔ اس نے میرے سامنے عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں نے شریعت کے احترام میں مجبور ہو کر یہ سب کچھ کیا ورنہ مجھے سرمد کے مرتبہ اور عظمت کا احترام ہے۔ یہ سن کر سرمد نے سر پھینک دیا اور گر پڑے (واللہ اعلم)۔ یہ واقعہ 1072ھ کا ہے (ہفتاد اولیاء از حضرت شاہ مراد سہروردیؒ صفحہ 460) جامع مسجد دہلی کی سیڑھیوں کے ساتھ سرمد کی قبر آج بھی ہے جس پر سرخ رنگ کیا جاتا ہے۔ قریب ہی حضرت ہرے بھرے کی قبر ہے جس کا ہرا رنگ ہے۔

سرمد یہودیوں کے اس معزز طبقہ سے تھا جسے ربی کہتے ہیں۔ بعد میں مسلمان ہوا اور بغرض تجارت ایران سے ہندوستان آیا۔ جب ٹھٹھہ پہنچا تو وہاں ابھے چند نامی ایک ہندو لڑکے کو دیکھ کر مال و متاع کے ساتھ حکمت و فلسفہ بلکہ عقل و تمیز سب گنوا بیٹھا اور ترک لباس کر کے معشوق کے در پر دھونی رمائی۔ ابھے چند نے سرمد سے انجیل اور تورات وغیرہ پڑھیں اور سرمد کی طرح خود بھی فارسی میں شاعری کرنے لگا۔ سرمد جیسے مجذوب رات دن برہنہ پھرتے رہے ہیں۔ اس کے قتل کی اصل وجہ بقول صاحب "مآثر الامراء" داراشکوہ سے اس کی مصاحبت تھی۔ اس خیال کی تائید مولانا ابوالکلام آزاد نے بھی کی ہے۔ ایشیا میں ہمیشہ سے سیاست مذہب کی آڑ میں رہی ہے اور ہزارہا قتل جو سیاسی اسباب کی وجہ سے کیے گئے ہیں ان کو مذہبی چادر اڑھا کر چھپا دیا گیا

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ سرمد قتل کے وقت ہشاش بشاش تھا اور کہتا تھا کہ یہودی مذہب میں برہنگی عیب نہیں ہے۔ "دبستان المذاہب" عہد عالمگیری کی معرکتہ الارا تصنیف ہے جس میں ایشیا کے تمام مذاہب کے عقائد جمع کر دیئے گئے ہیں۔

39- سید شاہ اولیاء ملقب بہ سلطان الاولیاءؒ حج سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ گئے۔ آپ نے روضہ پاک کی جالی کے اندر جانا چاہا تو خدام مانع ہوئے۔ آپ نے کہا میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرزند ہوں مجھے منع نہ کیجئے۔ میں جالی کے اندر جا کر اپنے جدا مجد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زیارت کروں گا۔ خادموں نے کہا ہم روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کو قفل لگاتے ہیں۔ اگر آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند ہیں تو قفل خود بخود کھل جائے گا۔ آپ نے فرمایا بسم اللہ۔ خادموں نے روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کے دروازے کو تالے سے بند کر دیا۔ آپ نے دروازے کے مقابل کھڑے ہو کر تین مرتبہ پکارا یاجدی۔ روضہ پاک سے آواز آئی۔ یا ولدی اور دروازہ خود بخود کھل گیا۔ آپ پھر روضہ پاک (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کے اندر تشریف لے گئے۔ نہایت اطمینان سے زیارت کی۔ روضہ منورہ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ سلاما") کے سب خدام معتقد ہو گئے۔ آپ نے سات مرتبہ حرمین شریفین کی زیارت کی۔ ساتویں مرتبہ جب زیارت کو گئے تو 13 ربیع الاول 1058ھ میں وہیں وصال فرمایا۔ مدینہ شریف میں آپ کو ہندالولی کہتے ہیں۔ آپ شاہ معین الدین قادریؒ کے صاحبزادے تھے۔ مدینہ طیبہ میں جس تخت پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل میت دیا گیا تھا اسی تخت پر آپ کو بھی غسل دیا گیا۔ (تذکرہ اولیاء دکن جلد اول صفحہ 122 تا 123)

40- حاجی بندال خادم شیخ آدم بنوریؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں بیمار ہوا۔ میں نے شیخ کو مع حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بالیں پر دیکھا اور آپؒ

marfat.com
Marfat.com

نے فرمایا- حاجی بندال خاطر جمع رکھو تم نے صحت پائی اور اسی دن مجھ کو صحت ہو گئی- (ریاض الفقر معروف بہ دفتر حقیقت دوسرا گلزار صفحہ 183)

-41 حضرت شیخ آدم بنوریؒ نے فرمایا کہ میرے والد بزرگوار نے ایک شب خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف رکھتے ہیں اور آپؐ نے اپنے سینہ مبارک پر ہاتھ پھیر کر کوئی چیز میرے والد کو دی اور کہا کہ اس کو کھالے- چنانچہ انہوں نے کھالی- بعد ازاں میری والدہ حاملہ ہوئیں اور میں پیدا ہوا اور مجھ کو معلوم ہوا کہ میرا وجود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عطیہ سے ہے- (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ از مولانا محمد حسن نقشبندی مجددی- صفحہ 228)

-42 طاہر بن بلال ہمدانی وراقؒ جو اہل علم میں سے تھے فرماتے تھے کہ میں جدہ کی جامع مسجد میں جو سمندر کے کنارے واقع ہے معتکف تھا- ایک دن میں نے دیکھا کہ ایک طرف کچھ لوگ گا رہے ہیں اور کچھ لوگ گانا سن رہے ہیں- مجھے برا معلوم ہوا اور میں نے دل میں کہا کہ یہ خانہ خدا ہے اور یہ اس میں اشعار گا رہے ہیں- اسی رات میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اسی مسجد میں تشریف فرما ہیں اور حضرت صدیق اکبرؓ آپؐ کے پہلو میں بیٹھے ہیں اور لحن سے اشعار پڑھ رہے ہیں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں دست مبارک اپنے سینہ مبارک پر رکھے ہوئے حال اور وجد والوں کی طرح سن رہے ہیں- میں نے خیال کیا کہ مجھے ان لوگوں کے فعل کو برا نہیں سمجھنا چاہئے کیوں کہ خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سن رہے ہیں اور حضرت صدیق اکبرؓ سنا رہے ہیں- پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری جانب متوجہ ہوئے اور فرمایا "یہ حق ہے" (احقاق السماع صفحہ 18) (مذاق العارفین جلد دوم صفحہ 336) (العوارف)

marfat.com
Marfat.com

مسجد میں شعر پڑھنا جائز ہے بشرطیکہ وہ اشعار مدح اسلام اور ہجو کفار پر مشتمل ہوں۔ ان میں اسلام کے لئے جہاد و قتال کی ترغیب ہو یا اس سے مسلمانوں کی حوصلہ افزائی مقصود ہو۔ اگر دنیا سے بے رغبتی کی تعلیم دینے والے رقت آفرین، عشق انگیز اور گریہ خیز اشعار ہوں تو ان کا پڑھنا جائز ہے۔ ویسے مسجدوں کو شعر خوانی سے بچانا افضل و اولی ہے۔ افضل تو قرآن مجید کی تلاوت اور تسبیح پڑھنا ہے کیونکہ مساجد کا قیام ہی اللہ تعالیٰ کی یاد اور نماز کے لئے ہے (پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا ارشاد عالیہ) ویسے بھی یہاں جن اشعار کی ترغیب دی گئی ہے وہ وہی ہیں جو منکرات سے خالی ہوں۔ جو اشعار ہمراہ منکرات ہوں گے تو ایسا خواب موافق اصول فقہاء و محدثین باطل ہے اور اس کی تاویل یہ ہو گی کہ دیکھنے والے کو سہو اور غلطی ہوئی۔

43- شاہ صبغت اللہ بھروچی شطاری نام۔ مجدد الدین لقب۔ نائب رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) خطاب۔ آپ شاہ روح اللہ حسینیؒ کے فرزند تھے۔ آپ کے نانا حضرت گیسو درازؒ کے داماد تھے۔ حرمین شریف گئے اور پھر مدینہ طیبہ میں متوطن ہو گئے۔ صبح و شام حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لئے روضہ منورہ پر حاضری دیتے تھے۔ قدم مبارک کی جانب کھڑے ہو کر صلوٰۃ و سلام بھیجتے تھے۔ کبھی آپؐ کے سر مبارک کی جانب نہ جاتے تھے۔ "مناقب حبیب اللہی" میں مرقوم ہے کہ ایک روز آپ کو روضہ منورہ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) سے ارشاد ہوا کہ تو دکن جا پھر میں تجھے بلاؤں گا۔ آپ اسی وقت روانہ ہو گئے۔ 1000ھ میں بیجاپور پہنچے۔ اس وقت ابراہیم عادل شاہ وہاں کا سلطان تھا۔ پانچ سال وہاں رہنے کے بعد پھر مدینہ منورہ روانہ ہوئے۔ روضہ منورہ کی جالی کے اندر کسی کو داخل ہونے کی اجازت نہ تھی۔ فاتحہ کے لئے آپ اندر داخل ہو گئے تو خواجہ سراؤں نے شور و غل کیا کہ روضہ مشبک میں کسی کو داخل ہونے کی اجازت نہیں۔ یہاں سے نکلو۔ آپ نے کوئی جواب نہ دیا۔ آپ مستغرق تھے

marfat.com
Marfat.com

آپ کے سب ہمراہی باہر آ گئے اور فرش بچھا کر وہاں بیٹھ گئے۔ رات کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں تشریف لائے اور سب کو زجر و تنبیہہ کی کہ تم نے میرے فرزند کو جو مجھ سے ملنے کو آیا اندر نہ آنے دیا۔ علی الصبح خواجہ سراؤں نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر عاجزی کی اور معافی چاہی اور اجازت دی کہ آپ روضہ مشبک میں جائیے۔ پھر آپ تین بار چلائے۔ **"یاجدی' یاجدی' یاجدی"** فی الفور اندر سے آواز آئی **"یاولدی' یاولدی' یاولدی"**۔ اہل مدینہ آپ کے معتقد ہوئے اور حسن اعتقاد سے مرید ہونے لگے۔ مدینہ شریف میں آپ کی خلوت گاہ اور کتب خانہ محفوظ ہے۔ آپ مدینہ طیبہ سے کہیں باہر نہ جاتے تھے اس خیال سے کہ کہیں باہر انتقال نہ ہو جائے۔ آپ شیخ وجیہہ الدین احمد آبادی کے شاگرد و مرید تھے۔ سلسلہ شطاریہ کو آپ نے حجاز میں عام کیا۔ بروج (بھڑوچ) کے رہنے والے تھے جو سورت اور بڑودہ (بھارت) کے درمیان ایک ضلع کا صدر مقام ہے۔ 1607ء میں مدینہ طیبہ میں وصال فرمایا۔ ایک عرصہ تک مزار زیارت گاہ خاص و عام بنا رہا (محبوب ذی المنن جلد اول صفحہ 469) (تذکرہ اولیائے دکن جلد اول صفحہ 465)

44- حضرت شیخ محمد برہان پوریؒ حضرت شاہ فضل اللہ برہان پوریؒ کے بیٹے تھے۔ آپ کے نائب رسول ملقب ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حضرت شیخ محمدؒ مدینہ منورہ میں مقیم تھے اور اکثر اوقات روضہ منورہ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً") میں حاضر ہوتے تھے۔ زائرین آپ کا اعزاز و اکرام زیادہ کرتے تھے۔ آپ کے اطراف میں جمع ہوتے تھے۔ معتقدین کا ہجوم دیکھ کر شریف مکہ کے دل میں رشک پیدا ہوا۔ ایک روز آپ سے کہا کہ آپ یہاں نشست نہ فرمائیے اور دوسرا مقام اختیار کیجئے۔ جب شام ہوئی مجاورین قنادیل روشن کرنے گئے مگر وہ روشن نہ ہوئیں۔ شریف مکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں نہایت تضرع و

marfat.com
Marfat.com

زاری سے عرض کرنے لگا کہ اسی حالت میں اس پر غنودگی طاری ہو گئی۔ عالم رویاء میں وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوا۔ عرض کیا۔ کیا وجہ ہے امشب روشنی نہیں ہوئی۔ ہم خادموں سے کیا خطا سرزد ہوئی۔ ارشاد ہوا کہ شیخ ہندی جو ہمارا نائب ہے اس کو آپ نے رنجیدہ کیا۔ وہ ہماری روشنی ہے۔ اس کی دلجوئی کیجئے اور خطا کی معافی چاہیے۔ روشنی اسی کے ہاتھ سے ہوگی۔ شریف بیدار ہوا۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ خطا کی عذر خواہی کی اور خواب کا واقعہ بیان کیا اور کہا کہ آپ نائب رسول ہیں۔ قدم رنجہ فرمائیں۔ روشنی آپ کے ہاتھ سے ہو گی۔ آپ روضہ مبارک پر تشریف لائے اور نہایت ادب و انکساری کے ساتھ تین مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وصلوٰۃ بھیجی۔ فوراً" قنادیل حسب معمول روشن ہو گئیں۔ اسی روز سے آپ "نائب رسول" ملقب ہوئے۔ (تذکرۂ اولیائے دکن جلد دوم صفحہ 809)

آپ 1545ء میں احمد آباد میں پیدا ہوئے اور 1620ء میں وصال فرمایا۔ حجاز میں شیخ علی متقیؒ کی صحبت پائی اور احمد آباد میں شیخ وجیہہ الدین احمد آبادیؒ سے تکمیل تعلیم کی۔ کئی حج کئے۔ سچے عاشق رسول تھے۔ کئی کتابیں لکھیں جن میں "التحفتہ المرسلہ الی النبیؐ" نے بڑی شہرت پائی۔ انڈونیشیا میں اس کا بہت چرچا ہے۔ ملائی زبان میں اس کا ترجمہ ہو چکا ہے۔ انڈونیشیا خصوصاً" جاوا میں شطاری سلسلہ خوب پھیلا۔ ربیع الاول کے پہلے بارہ روز آپ مجلس میلاد منعقد کراتے تھے۔ ہر رات ذاکرین احادیث نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) اور نعتیں سوز ناک آواز سے پڑھتے اور آپ اپنا سارا سامان اور اندوختہ مجلس میں تبرکات، حلوے، عطریات وغیرہ تقسیم کرتے اور ذاکرین کی خدمت میں خرچ کر دیتے تھے اور اگر زیادہ ہوتا تو حرمین شریفین کے فقراء کو بھیج دیتے تھے۔ آپ کے والد جن کی وفات 1596ء میں ہوئی اپنے زمانے کے مشہور صوفی اور عالم

marfat.com
Marfat.com

تھے۔ شاہ جہاں بادشاہ کہا کرتا تھا کہ میں کئی بزرگوں کی خدمت میں حاضر ہوا لیکن دو کو کامل پایا۔ میاں میر لاہوریؒ اور شیخ المشائخ فضل اللہؒ۔ آپ کا وطن جونپور تھا لیکن برہانپور میں مقیم ہو گئے تھے اور وہیں پر درس و تدریس کا سلسلہ جاری رکھا (رود کوثر صفحہ 341 تا 343)

45- شیخ عبدالرحمٰن مولف "مرآۃ الاسرار" تحریر فرماتے ہیں کہ مجھ کو حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت کا بہت اشتیاق تھا۔ حضرت خواجہ اجمیریؒ نے عالم واقعہ میں اشارہ فرمایا کہ میر سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ کے مرقد پر جاؤ وہاں مراد حاصل ہوگی۔ ہر مقام کو ایک خاص برکت اور خاصیت اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی ہے اور کشود کار کے لئے وقت متعین فرما دیا ہے۔ ارشاد کے مطابق محرم الحرام 1034ھ میں حضرت سید اشرفؒ کے روضہ پر گیا اور آخری عشرہ وہاں اعتکاف کیا۔ اس وقت سید حسن شریف سجادہ نشین تھے۔ ایک شب حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھا کہ حوض میں غسل فرما رہے ہیں لیکن گفتگو کا موقع نہیں ملا۔ اعتکاف کی آخری شب حضرت خضر علیہ السلام اور جمیع رجال اللہ کی زیارت ہوئی اور ان سے فیض اندوز ہوا۔ اسی شب روحانیت پاک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و بعض صحابہ اکرامؓ و روحانیت اکثر پیران چشت مثلاً حضرت خواجہ غریب نوازؒ، حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ، حضرت بابا فرید گنج شکرؒ، حضرت نظام الدین اولیاءؒ اور حضرت شیخ نصیر الدین محمودؒ وغیرہ کی زیارت سے سرفراز ہوا۔ میں نے دیکھا کہ حضرت خضر علیہ السلام اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ ایک نوجوان خوش رو کو لائے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں پر ڈال کر التماس کی کہ جہانگیر بادشاہ والئی ملک ہندوستان بیمار ہے اور چند روز میں انتقال کرے گا۔ اس کے بیٹوں میں یہ جوان سلطنت کے قابل معلوم ہوتا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست حق پرست اس نوجوان سعید کے سر پر رکھا اور

marfat.com
Marfat.com

فرمایا کہ "قائم مقام پدر باش" (اپنے باپ کا جانشین ہو)۔ اس وقت معلوم ہوا کہ وہ نوجوان شاہ جہاں بن جہانگیر بادشاہ ہے۔ اس کی حفاظت خواجگان چشت کے سپرد ہوئی اور سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ کے حوالے کیا گیا۔ اس واقعہ کے چار ماہ بعد جہانگیر بادشاہ وفات پا گیا اور 8 جمادی الثانی 1037ھ/1626ء بروز دو شنبہ شہاب الدین محمد شاہ جہاں نے تخت سلطنت پر جلوس کیا۔ (لطائف الاشرفی حصہ اول جس میں سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ کے سوانح' فضائل اور ملفوظات ہیں۔ مؤلفہ حضرت نظام یمنیؒ۔ صفحہ 106 تا 107)

شاہ جہاں بادشاہ کہا کرتے تھے کہ شاہی خزانے صرف اس لئے ہوتے ہیں کہ باشندگان ملک کی ضرورتیں پوری کی جائیں۔ بادشاہ صرف ان کے امانت دار ہوتے ہیں۔ ہمیشہ باوضو رہتے تھے۔ اگر زرو جواہر جیسی چیزوں کو ہاتھ لگاتے تو بعد کو ہاتھ دھوتے اور وضو کرتے۔ خاص خاص مواقع پر میلاد شریف کراتے۔ میلاد شریف میں صرف قرآن مجید کی تلاوت ہوا کرتی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی اصطلاح میں قرآن شریف پڑھوا کر روح پر فتوح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ایصال کا نام میلاد تھا۔ شاہ جہاں نے اپنے رہنے کے لئے لال قلعہ دہلی' نماز پڑھنے کے لئے جامعہ مسجد دہلی اور دفن ہونے کے لئے "تاج محل" آگرہ تعمیر کرایا۔ لاہور میں پیدا ہوئے۔ دادا جلال الدین اکبر نے خرم نام رکھا۔ اکبر بادشاہ کو ہر جگہ کامیابیاں حاصل ہوئیں مگر خاندان اودے پور کو نہ جھکا سکا۔ عہد جہانگیری میں شاہجہاں نے یہ کام سرانجام دیا اور 1024ھ میں رانا کرن سنگھ کو شکست دے کر اودے پور کا آٹھ سو سالہ علم سرنگوں کر دیا۔ راجہ کرن سنگھ جب دربار جہانگیری میں حاضر ہوا اور نذر گذاری تو جہانگیر نے اعلیٰ ظرفی کا ثبوت دیتے ہوئے خلعت گراں بہا اور منصب عطا کر کے راجہ کرن سنگھ کو اس کی ریاست جودھپور واپس کر دی اور کہا "در عفولذتیست کہ درانتقام نیست"۔ اور اس نمایاں خدمت اور کامیابی کے صلہ میں شہزادہ خرم کو

marfat.com
Marfat.com

"شاہجہاں" کا خطاب مرحمت فرمایا۔ شاہ جہاں کے دور میں ہندوستان میں ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا سونے چاندی کا سیلاب آگیا ہے۔ ملک کا ہر باشندہ سکھ چین کی زندگی بسر کر رہا تھا اور ہندوستان صحیح معنوں میں جنت نشان بنا ہوا تھا۔ ہر سال شاہ جہاں دو مرتبہ سونے' ریشم' خوشبو' ہیرے جواہرات غرض بارہ چیزوں سے بارہ بارہ مرتبہ' تمام شہزادے جو تین سال سے بڑے ہوں ایک ایک اور اسی طرح تمام شہزادیاں اور بیگمات ان چیزوں سے تولے جاتے تھے اور پھر یہ سینکڑوں من سونا' ہیرے جواہرت اور دوسری قیمتی چیزیں فقراء و مساکین کو بلا امتیاز مذہب و ملت ایک مستقل محکمہ کے ذریعہ تقسیم کر دی جاتی تھیں۔ دور شاہ جہاں مغلیہ دور کا سب سے زیادہ درخشاں باب ہے۔ ایک مرتبہ جنوبی ہند میں عہد شاہجہانی میں قحط پڑا تو حیرت سے دریافت کیا کہ کیا وہاں کے باشندوں کو ایک پلیٹ پلاؤ اور ایک پیالہ قورمہ بھی نصیب نہیں۔ حالات سے مطلع ہوتے ہی فوری انتظامات کئے۔ یہ بادشاہ ضرور تھے مگر رعایا پر ماں باپ کی طرح شفقت فرماتے تھے اور ہندوستان کو اپنا وطن سمجھتے تھے۔ انہوں نے انگریز کی طرح اس سونے کی چڑیا کی بے پایاں دولت کو برطانیہ نہیں پہنچایا اور نہ رعایا پر انگریز کی طرح مظالم توڑے۔ شاہ جہاں اور ممتاز محل 19 برس نکاح میں رہے۔ 14 بچے پیدا ہوئے۔ 8 لڑکے اور 6 لڑکیاں۔ جن میں 7 کا بچپن میں انتقال ہو گیا۔ چار لڑکے داراشکوہ' شجاع' عالم گیر' مراد اور تین لڑکیاں' جہاں آرا' روشن آرا اور گوہر آرا زندہ رہیں۔ اپنے بڑے بیٹے داراشکوہ اور بڑی بیٹی جہاں آرا (جس کا خطاب بادشاہ بیگم اور بیگم صاحب تھا) سے شاہجہاں کو بہت محبت تھی۔ روشن آرا عالمگیر سے 14 ماہ بڑی تھی اور گوہر آرا عالم گیر سے تین سال چھوٹی تھی۔ اسی کی پیدائش میں ممتاز محل کا انتقال ہوا تھا۔ شاہ جہاں کو ممتاز محل سے غایت درجہ محبت تھی۔ داڑھی کے صرف تین بال سفید تھے لیکن ممتاز محل کی وفات کے بعد تھوڑے ہی دن میں بعمر 38 برس پوری داڑھی سفید ہو گئی تھی۔ 1052ھ میں 12 سال کے عرصہ میں 50 لاکھ روپے سے "تاج محل"

marfat.com
Marfat.com

تیار ہوا جس میں ممتاز محل بنت آصف خاں اور شاہ جہاں پہلو بہ پہلو ابدی نیند سو رہے ہیں۔ شاہجہاں نے اپنے 20 سالہ دور میں ساڑھے نو کروڑ روپیہ خیرات کیا یا انعامات میں صرف کیا۔ اورنگ زیب عالم گیر نے 43 سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا۔ صرف چند بادشاہ گزرے ہیں جو حافظ قرآن بھی تھے۔ اس خیال سے کہ ہمیشہ کے لئے خدشہ مٹ جائے اور قصہ پاک ہو جائے اورنگ زیب عالمگیر نے داراشکوہ کے قتل کا حکم دیا تھا۔ بیس آدمی اس کام کے لئے مقرر کئے تھے جنہیں تاکیدی حکم تھا کہ شاہ جہاں ہزار واویلا کرے ہرگز اس کا کہنا نہ ماننا اور دارا کا سر لے کر ہی آنا مگر دھو کر لانا تاکہ خون کی بوندوں سے فرش خراب نہ ہو۔ چنانچہ لال قلعہ آگرہ میں جہاں باپ بیٹے محصور تھے جب قاتل پہنچے تو دارا شکوہ پیاز کاٹ رہا تھا اور شاہ جہاں چولھا سلگا رہا تھا۔ بیٹے کے قاتلوں کو دیکھ کر بیٹے سے چمٹ گیا۔ قاتلوں کی خوشامد کی۔ مگر انہوں نے شاہ جہاں کو علیحدہ کر دیا اور دارا کا سر کاٹ کر اسے دھویا۔ صاف کیا اور دربار عالمگیری میں لا کر پیش کیا۔ اللہ اللہ کیا مقام عبرت ہے۔ یہ وہی شاہجہاں تھا جس کے قبضہ میں کروڑوں مخلوق کی جان تھی آج وہ اپنے لخت جگر کی جان بھی نہ بچا سکا۔ جس شخص کے سپرد خاص طور پر داراشکوہ کا قتل کیا گیا تھا وہ ایک ایسا شخص تھا جس کو دارا شکوہ نے شاہ جہاں کے ہاتھوں قتل ہونے سے بچایا تھا۔ مگر اب اس نے محض منصب اور مراتب کی ہوس میں اتنے بڑے احسان کا بھی پاس نہ کیا۔ اسی کا نام دنیا ہے۔ **فاعتبروا یا اولی الابصار**۔ سلطنت روما کا تاجدار آگسٹس کہا کرتا تھا کہ روم جب اس کو ملا اینٹوں کا شہر تھا جسے اس نے سنگ مرمر کا بنا دیا۔ مگر شاہ جہاں اس سے کہیں آگے نکل گیا جس نے اپنی یادگاریں دھلی، آگرہ، لاہور، اجمیر، ٹھٹھ اور کابل تک میں چھوڑیں جن میں تاج محل تو لاثانی ہے مگر اب بھارتی حکومت اور عوام ہاتھ دھو کر اس کے پیچھے پڑے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو عقل سلیم اور فہم حمید عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ (مغل بادشاہوں میں شاہجہاں مجھے سب سے زیادہ عزیز ہے۔

marfat.com
Marfat.com

مصنف)

46- حضرت شیخ نظام الدین بلخیؒ بن شیخ عبدالشکور عمری تھانیسریؒ جامع علوم ظاہری و باطنی، حامی کمالات صوری و معنوی، واقف رموز شریعت و طریقت و حقیقت، توکل و تسلیم میں ثابت قدم و راسخ دم، علوم غرائب ایمیا و کیمیا و لیمیا و سیمیا وغیرہ میں بھی آپ کو مہارت حاصل تھی۔ حضرت شیخ جلال الدین تھانیسریؒ کے بھتیجے، داماد اور خلیفہ تھے۔ جہانگیر بادشاہ آپ کا بے حد معتقد تھا۔ اور سچ تو یہ ہے کہ آپ ہی کی دعاؤں سے اسے سلطنت اور تخت و تاج نصیب ہوا تھا ورنہ اکبر بادشاہ تو اس کا اس قدر مخالف ہو گیا تھا کہ جہانگیر کے بادشاہ بننے کی توقع ہی نہ رہی تھی۔ مگر آپ نے اسے سلطنت کی بشارت دی اور یہ بھی ہدایت کی کہ باپ کی اطاعت بہرحال لازم ہے۔ جہانگیر سے لوگوں نے جا لگائی۔ چونکہ اسے بھی آپ ہی کی دعا سے سلطنت ملی تھی اس لئے حکم دیا کہ شیخ ہندوستان سے ہمیشہ کے لئے تشریف لے جائیں کیونکہ حکومت کو ان سے خطرہ ہے۔اصل میں ایام شہزادگی میں شاہجہاں بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور نورجہاں کی شکایت کی تھی۔ اسے نورجہاں کی مخالفت کی وجہ سے بادشاہ بننے کی توقع نہ تھی مگر آپ نے اسے بھی سلطنت کی بشارت اور دعا دی۔ جہانگیر کے حکم کی وجہ سے آپ کو ہندوستان سے دوسری مرتبہ جلا وطن ہونا پڑا۔ آپ کا ارادہ پہلے ہی تھا۔ پس آپ مکہ معظمہ روانہ ہوگئے۔ یہاں سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت پر آپ بلخ تشریف لے گئے۔ مگر مدعیان نانہجار اس جگہ بھی جمع ہو گئے اور والی بلخ کو بھی آپ کے خلاف برانگیختہ کیا۔ جب آپ تنگ ہوئے تو آپ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پناہ چاہی۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں والی بلخ پر ظاہر ہو کر فرمایا کہ نظام الدین دوستان اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے ہے اور والی ہند نے اپنی جہالت

marfat.com
Marfat.com

سے اسے اپنے ملک سے جلا وطن کیا ہے۔ تجھے چاہئے کہ اس کا آنا غنیمت سمجھے اور اس کے حلقہ ارادت میں اپنے آپ کو داخل کرے ورنہ اگر تو اس کی ایذا کے درپے رہا تو تیری سلطنت برباد ہو جائے گی۔ پس والی بلخ آپ کا مرید ہوا جس سے آپ کا سلسلہ اس ملک میں خوب پھولا پھلا۔ آپ متعدد کتابوں کے مصنف ہیں جن میں وحدت الوجود کا رنگ غالب ہے۔ آپ کے ملک بدر ہونے کی وجہ سے وسط ایشیاء میں چشتیہ سلسلہ خوب پھیلا اور بالواسطہ افغان علاقہ میں اسلامی تعلیمات کی اشاعت کا سامان ہو گیا۔ 25 مارچ 1627ء میں وصال فرمایا۔ مزار بلخ میں ہے (حدائق الحنفیہ از مولوی فقیر محمد صاحب جہلمی ثم لاہوری۔ صفحہ 402)

47- حضرت شیخ نظام الدین بلخیؒ بن شیخ عبدالشکورؒ ہر دو شرح "لمعات" (مکی و مدنی) کی تحریر کے وقت دروازہ خلوت خانہ پر آدمی تعینات فرما دیتے تھے کہ اس وقت کوئی نہ آنے پائے اور روح حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت آپ کو "لمعات" کی تعلیم فرماتی اور اسرار و معانی اس کے ظاہر فرماتے۔ ایک شرح مکہ شریف میں اور دوسری مدینہ منورہ میں تحریر فرمائی۔ کہتے ہیں کسی سطر" لمعات> میں وقت قرآت تردد ہوتا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشارہ فرماتے اور وہ سطر آپ باب زر احاطہ کر دیتے۔ وہ نسخہ "لمعات" اس خاندان کے افراد کے پاس اب تک موجود ہے (تحفتہ الابرار صفحہ 176)

48- حافظ عبدالصمد کی بری نظر ایک حسین و جمیل رقاصہ پر پڑ گئی جو برص کے مرض سے صحت پا کر بدایوں سلام کرنے مزار مبارک حضرت خواجہ بدر الدین موئے تاب (حضور شاہ ولایت صاحبؒ) پر آئی تھی۔ اس نے نذر پوری ہونے کی خوشی میں موجودہ چہار دیواری تعمیر کروائی تھی۔ حافظ صاحبؒ نہایت درجہ صالح بزرگ تھے۔ بہت شرمندہ ہوئے اور نمک ڈال کر آنکھیں پھوڑ لیں۔ چند روز

marfat.com
Marfat.com

بعد خیال آیا کہ کاش میری آنکھوں میں پھر روشنی پیدا ہو جاتی تو ایک رات خواب میں دیکھا کہ مخلوق کا بڑا ہجوم ہے۔ درمیان میں ایک شاندار خیمہ نصب ہے اور دروازہ پر مخدوم عبداللہؒ جن کی تربیت خود حضور شاہ ولایتؒ نے کی تھی کھڑے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہیں۔ عرض کیا کہ آپ میری روشنی چشم کے لئے بھی دربار رسالت پناہی (صلی اللہ علیہ وسلم) میں عرض کر دیجئے۔ فرمایا مجھے اس وقت اندر قدم رکھنے کی اجازت نہیں ہے کہ حضور بدرالدین شاہ ولایتؒ کی خدمت گاری میں مامور کھڑا ہوں اور ایک قدم بھی یہاں سے ہلا نہیں سکتا۔ اسی اثناء میں حضرت شاہ ولایتؒ ایک کاغذ دست مبارک میں لئے ہوئے خیمہ سے نکلے اور اسے مخدومؒ کے حوالے کر کے فرمایا کہ یہ حافظ عبدالصمد کی بینائی چشم کا فرمان ہے۔ کل تم اپنی مہر لگا کر اسے پہنچا دینا۔ حافظ عبدالصمد بیدار ہوئے تو بہت خوش تھے۔ صبح ہی اپنے لڑکے کو بھیجا۔ مخدوم صاحبؒ اس وقت جہاں بیٹھے تھے وہاں اتفاقاً شطرنج کے مہرے پڑھے تھے۔ لڑکے کے قریب آتے ہی مخدوم صاحبؒ نے بساط پر ایک مہرہ رکھ دیا اور فرمایا کہ میں یہ مہر بنام حافظ عبدالصمد کرتا ہوں۔ اسی وقت حافظ عبدالصمدؒ کی آنکھیں روشن ہو گئیں۔ (تذکرۃ الواصلین) (ہفتاد اولیاء صفحہ 229)

49- حاجی محمد ممتاز علی خاںؒ ابن غلام سرور خان ابن غلام صفدر خان ابن علی احمد خاں ابن نواب صواب اندیش خاں بڑے نامی گرامی مشہور و معروف شخص تھے۔ میرٹھ وطن اور اٹاوہ (یو۔پی۔ بھارت) مسکن تھا اور بالآخر وہی مدفن بنا۔ ایک مرتبہ آپ کے کاروبار میں ابتری آ گئی اور 20 ہزار سے زیادہ کا قرضہ ہو گیا۔ ایک رات بعد نماز تہجد حسب معمول وظیفہ پڑھنے میں مشغول تھے کہ یہ آواز سنی کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خضر علیہ السلام کو تمہارے کاموں کی درستگی کے لئے مامور فرما دیا ہے۔ اس صوت ہادی کو سنتے ہی

marfat.com
Marfat.com

تسکین حاصل ہو گئی اور تھوڑے ہی عرصہ میں سب کام ٹھیک ہو گیا۔ غرض ہر رنج و غم میں ارواح بزرگان دین حاجی صاحبؒ کی دستگیری کرتی رہیں۔ جب عمر 70 برس کی ہو چکی ایسے سخت بیمار ہوئے کہ طبیبوں نے جواب دے دیا۔ اسی حالت میں حسب بشارت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحت کلی پائی اور پھر برسوں جئے ("امرا" از فیض احمد بن حکیم ولدار احمد ساکن مارہرہ 1898ء/1315ھ میں کتاب شائع ہوئی۔ صفحہ 179 تا 180)

50- قطب الکاملین حضرت سید شاہ حمزہ قادری برکاتی قدس سرہ کو ایک مرتبہ خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ صاحبزادے تم نے بیروں کے اچھے اچھے درخت لگائے ہیں جن سے ہر ایک کی تواضع کرتے ہو مگر ہمیں کبھی ایک بیر بھی نہیں کھلاتے۔ شاہ صاحب نے صبح ہی محفل میلاد شریف منعقد کی اور حاضرین کو عمدہ عمدہ بیر تقسیم کئے (برکات مارہرہ مولفہ طفیل احمد صدیقی صاحب صفحہ 149)

سلطان العاشقین شاہ برکت اللہ مارہرویؒ (ولادت 29 جمادی الثانی 1070ھ بمقام بلگرام۔ وصال 10 محرم الحرام 1142 ھ بمقام مارہرہ) کے بعد آپ کے فرزند اکبر استاد المحققین حضرت سید آل محمدؒ سجادہ نشین مقرر ہوئے۔ 1164 ھ میں آپ کے وصال کے بعد حضرت اسرار العارفین شاہ حمزہ صاحبؒ سجادہ نشین ہوئے جو علم و فضل میں یکتا، مایہ ناز مصنف، عدیم النظیر عارف اور اکابر اولیاء اللہ میں سے تھے۔ "کاشف الاستار" جیسی معرکتہ الآراکتاب آپ ہی کی تصنیف ہے۔ بڑے بڑے امراء حکومت اور نوابان ہند تمام حذم و حشم اور فوج فراٹے سمیت قدم بوسی کے لئے مارہرہ آتے اور مہینوں مہمان رہتے مگر سب کو آستانہ عالیہ سے روزانہ انواع و اقسام کے طعام و تحائف مرحمت ہوتے۔ ہزارہا مہمانوں کو بلا مبالغہ عرس میں سو سو قسم کا کھانا تقسیم ہوتا تھا جس میں عوام و خواص کی کوئی تخصیص نہ ہوتی۔ ایک سال عرس میں

marfat.com
Marfat.com

باغات آستانہ کے بیر اور آم تقسیم ہوئے۔ سب کو ایک ایک آم اور ایک ایک بیر ملا جو شمار میں 24 ہزار ہوئے۔ غرض مارہرہ کا یہ عرس پورے ہندوستان میں مشہور تھا۔ خیموں کا ایک نیا شہر آباد ہو جاتا تھا۔ بے شمار مخلوق کے علاوہ علماء اور مشائخ کا بھی بڑا ہجوم ہوتا تھا۔ لاکھوں کا ہجوم اور سو سو قسم کے طعام یہ حضرت شاہ حمزہؒ کی کرامت تھی۔ بوریہ اٹھا اٹھا کر خدام کو خرچ کے لئے جو مانگتے دیتے چلے جاتے تھے۔ یہ تمام مستند حالات ہیں جو خاندان برکاتیہ کی قلمی اور مطبوعہ کتب میں موجود ہیں۔ کاسگنج اب مشہور ریلوے جنکشن اور تجارتی مرکز ہے آپ کے حکم سے سردار یاقوت خاں نے آباد کیا تھا۔ ضلع ایٹہ کے اندر پٹیالی' سہاور' گنج ڈنڈوارہ اور جلیسر وغیرہ میں آپ اور آپ کے خلفاء کی مساعی سے اسلام پھیلا۔ یہ سب یو۔ پی (بھارت) کے مختلف مقامات کے نام ہیں۔ غرض اشاعت اسلام اور اصلاح المسلمین کے لئے آپ کی مساعی وقف تھیں۔ دس برس کی عمر سے جو نماز تہجد شروع کی تو روز وصال تک ناغہ نہ ہوئی۔ طبیب بھی کامل تھے۔ بدعات سے سخت مجتنب تھے۔ آپ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلویؒ کے دادا پیر تھے۔ 1198ھ میں وصال فرمایا اور آپ کے صاحبزادے حضرت شمس الدین سید شاہ آل احمد اچھے میاں صاحب سجادہ نشین مقرر ہوئے (ہفتاد اولیاء صفحہ 448 تا 450)

-51 حضرت شاہ ابوالحسین احمد نوری میاںؒ نے اپنے وصال سے چند گھنٹے پہلے اپنے چچا زاد بھائی صاحبزادہ سید شاہ محمد مہدی حسنؒ کو جو بعد کو آپ کے سجادہ نشین ہوئے اپنے سینے سے لگا کر دبایا۔ ان کو ہوش نہ رہا اور اسی عالم بے ہوشی میں انہوں نے دیکھا کہ کل پیران سلاسل عظام حضرت قدوۃ السا لکین سید شاہ آل رسول صاحبؒ سے لے کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک "میاں صاحب" کے پاس تشریف رکھتے ہیں۔ حضرت میاں صاحبؒ نے مجھ کو ان بزرگوں کے حوالے کیا اور ان سب حضرات نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا۔ اس

marfat.com
Marfat.com

وقت میرے دل کی جو کیفیت تھی وہ میرا دل ہی جانتا ہے۔ (برکات مارہرہ صفحہ 111)

52- "زبدۃ الاثار" (قلمی نسخہ) منتخب "بہجتہ الاسرار" میں حضرت شیخ عبدالحق محدث دھلویؒ تحریر فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اشارے پر مرید کیا تھا۔ اور بیعت ہونے کے بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہ فرمان فارسی بشارت دی تھی کہ "بزرگ خواہی شد"۔ آپ کو حضرت محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے والہانہ عشق تھا۔ آپ کا اسم گرامی سنتے ہی شیخ پر ایک کیفیت طاری ہو جاتی تھی (حیات عبدالحق محدث دھلویؒ صفحہ 42)۔ حضرت عبدالحق محدث دھلویؒ جب "مدینتہ النبیؐ" کی تاریخ کے خاتمے پر پہنچتے ہیں تو جذبات عقیدت میں ایک تلاطم سا پیدا ہونے لگتا ہے اور درود کی کثرت کا یہ عالم ہو جاتا ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک کے ہر ہر حصہ پر درود بھیجتے ہیں۔ آپ نے "مدارج النبوۃ" تحریر فرمائی۔ اس کی اہمیت یہ ہے کہ اس سے پہلے کسی ہندی مسلمان نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتنی جامع، مفصل اور مکمل سوانح حیات مرتب نہ کی تھی۔ بارہ سو صفحات پر مشتمل ہے اور پانچ حصوں میں ہے۔ اس کے قلمی نسخے "انڈیا آفس" بانکی پور، جرمنی، برٹش میوزیم وغیرہ کے کتب خانوں میں موجود ہیں۔ خواجہ عبدالمجید صاحبؒ نے "منہاج النبوۃ" کے نام سے اس کا ترجمہ کیا تھا جو شائع ہو چکا ہے۔ حضرت شیخ کا وصال دھلی میں بعمر 94 سال دو ماہ 21 ربیع الاول 1052ھ مطابق 28/29 جون 1642ء میں ہوا تھا اور جسد خاکی حوض شمسی کے کنارے سپرد خاک کیا گیا تھا۔ آپ کے اجداد بخارا کے رہنے والے تھے۔ علاء الدین خلجی کے عہد میں ہندوستان آئے۔ آپ کو علم کا اتنا شوق تھا کہ والد کے بار بار کہنے پر کہ سو جاؤ

marfat.com
Marfat.com

رات بہت گذر چکی ہے جب بھی موقع ملتا پھر اٹھ بیٹھتے اور پڑھنا شروع کر دیتے۔ ایک رات اس انہماک سے پڑھ رہے تھے کہ پگڑی میں آگ لگ جانے کا اس وقت علم ہوا جب دماغ کو گرمی پہنچی۔ پانچ سال دہلی سے باہر رہ کر 1590ء میں مکہ مکرمہ سے واپس ہوئے۔ اس وقت ہندوستان میں مہدویت' مجددیت اور عقلیت کے دعویداروں نے عقائد و خیالات میں بہت الجھن پیدا کر دی تھی۔ پس آپ نے علم حدیث کی اشاعت کا بیڑا اٹھایا اور چالیس پچاس بہترین کتابیں تصنیف کر ڈالیں۔ جید عالم تھے۔ 1599ء میں حضرت خواجہ باقی باللہؒ سے سلسلہ نقشبندیہ باقویہ میں ارشاد و ہدایت کی اجازت ملی اور آخری عمر میں لاہور کے حضرت شاہ ابوالمعالی قادریؒ آپ کے روحانی پیشوا تھے۔ حضرت شاہ صاحبؒ کا اسم مبارک شاہ خیر الدین تھا۔ بھیرہ ضلع سرگودھا کے رہنے والے تھے۔ شیخ داؤد کرمانی شیر گڑھی جو (ضلع منٹگمری) ساہیوال کے مقام شیر گڑھ میں آرام فرماہیں کے جانشین تھے۔ 1615ء میں وصال فرمایا۔ گوالمنڈی لاہور میں آپ کا روضہ مرجع خلائق ہے۔ حضرت شیخؒ نے اکبر اور جہانگیر کا پورا دور حکومت دیکھا اور شاہ جہاں کے سولھویں سال جلوس میں وصال فرمایا۔ آخر عمر تک تندرستی بہت اچھی تھی۔ شیفتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ حضرت شیخؒ کے فرزند اکبر مولانا نور الحق عہد شاہ جہاں میں اکبر آباد کے عہدہ قضاء پر معمور تھے۔ مشرقی تخلص تھا۔ کئی کتابیں لکھیں اور نوے برس کی عمر پا کر 1663ء میں بمقام دلی وصال فرمایا۔ آپ کی نسل کے لوگ اپنے کو حقی کہتے ہیں۔

53- "زادالمتقین" میں شیخ عبدالحق محدث دھلویؒ نے چار مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہونے کا حال لکھا ہے۔ 21 ذی الحجہ 998ھ کو مکہ مکرمہ میں خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک تخت پر جلوہ افروز ہیں۔ حدیث شریف کا درس دے رہے ہیں اور جمال و جلال کے وہ انوار آپؐ کے چہرہ انور سے ہویدا ہیں کہ ان سے زیادہ تصور ہی نہیں کئے جا سکتے (حیات عبدالحق دھلویؒ از خلیق نظامی صفحہ 118)

marfat.com
Marfat.com

54- حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی سے عشق تھا۔ دیار حبیب (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" وسلاما") میں جب داخل ہوتے تو برہنہ پا ہو جاتے۔ ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ایک قصیدہ پیش کیا جو ہندوستان میں لکھا تھا اور اس میں متعدد مقامات پر حالات گردو پیش پر افسوس اور رنج کا اظہار کیا گیا تھا۔ سیاہ کاروں کے مظالم ہندوستان کی فضا خراب کرنے کے ذمہ وار تھے "زادالمتقین" میں لکھا ہے کہ جب آپ اس شعر پر پہنچے۔

خرابم درغم ہجر جمالت یا رسولؐ اللہ   جمال خود نما' رحمے بجاں زار شیدا کن

تو دل بے قابو ہو گیا اور بقول خود "گریہ زار زار درگرفت"۔ خلوص و عقیدت کا یہ والہانہ تقاضہ قبول ہوا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت پاک سے مشرف ہوئے (حیات عبدالحق محدث دہلویؒ۔ صفحہ 118)

55- حضرت مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ آپؐ کو عرش سے قریب تر دیکھا اور آپؐ کے پیروں سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کا سر مبارک ملا دیکھا۔ اس کے کافی نیچے حضرت فاروق اعظمؓ کو پایا۔ ان کے بعد حضرت عثمان غنیؓ اور ان کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ' کو دیکھا۔ معلوم ہوا کہ مقام نبوت کے فورا" بعد مقام صدیقیت ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت صدیق اکبرؓ کے لئے کسی کا کیا خوب شعر ہے۔

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر   بعد از رسلؐ بزرگ توئی قصہ مختصر

("صدیق امت" یعنی حضرت الحاج مولانا حکیم شاہ علاء الدین صدیقی دامت برکاتہم و فیوضہم کی مختصر سوانح حیات از قلم حکیم مولوی انیس احمد صدیقی۔ صفحہ 45۔ ناشر= مجلس اشاعت اسلام۔ صدیقی نگر' ٹاؤن شپ روڈ۔ لاہور)۔

56- مسئلہ خلافت کے سلسلہ میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کو ایک

marfat.com
Marfat.com

روایت کے مطابق حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے علم ازلی میں یہ بات موجود اور محفوظ تھی کہ خلافت راشدہ میں ابوبکر' عمر' عثمان اور علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) کا حصہ ہے۔ اگر علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) خلیفہ اول قرار دیئے جاتے تو باقی تین کا نمبر ہی نہ آتا جو ناممکن تھا۔ پس جو ترتیب رہی وہ عین مشیت ایزدی کے مطابق تھی اور اسی صورت میں ان خلفاء راشدین کا ہونا ممکن تھا۔

57- حضرت مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں کہ چند سال قبل میرا یہ طریقہ تھا کہ اگر طعام پکاتا تھا تو اہل عباد کی ارواح پاک کو بخش دیتا تھا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاتم خلافت' فاتح سلاسل ولایت حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ و حضرت سید النساء خاتون جنت فاطمتہ الزہرہؓ اور حضرات حسنینؓ کو ملا لیتا تھا۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہیں۔ میں نے سلام عرض کیا۔ آپؐ میری جانب متوجہ نہ ہوئے اور منہ پھیر لیا اور ارشاد فرمایا کہ میں عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے گھر میں کھانا کھاتا ہوں۔ جس کسی کو مجھے طعام بھیجنا مقصود ہو وہ حضرت عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے گھر بھیج دیا کرے۔ اس وقت میں سمجھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ شریف نہ فرمانے کی وجہ کیا تھی کہ فقیر طعام میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو شریک نہ کرتا تھا۔ بعد ازاں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بلکہ تمام امہات المومنین ازواج مطہراتؓ کو جو سب اہل بیت میں ہیں شریک کر لیا کرتا تھا اور تمام اہل بیت کو اپنا وسیلہ بناتا تھا (مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانیؒ جلد دوم صفحہ 98- اردو ترجمہ از مولوی قاضی عالم الدین صاحب۔ اللہ والے کی قومی دوکان۔ تاجر کتب' کشمیری بازار۔ لاہور)

حضرت مجدد الف ثانیؒ کی ولادت سرہند شریف (مشرقی پنجاب) میں 971ھ

marfat.com
Marfat.com

مطابق 26 جون 1564ء کو ہوئی۔ اور وہیں وصال 1034ھ مطابق 10 دسمبر 1624 کو ہوا۔ سرہند شریف میں آپ کا روضہ مرجع الخلائق ہے۔ آپ کا نام احمد۔ لقب بدرالدین۔ کنیت ابوالبرکات اور عرف امام ربانی ہے۔ 1599ء میں قطب وقت حضرت خواجہ باقی باللہ دھلویؒ سے بیعت ہوئے۔ آپ نے تصوف کے جس سلسلہ کی ہندوستان میں اشاعت کی وہ شریعت سے قریب ترین ہے۔ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے موسس و امام ہیں۔ نسلاً" کابلی ہیں۔ حضرت فاروق اعظمؓ کی اولاد سے ہیں۔ علم و فضل اور شریعت و طریقت کے جامع کمالات بزرگ ہیں۔ علامہ عبدالحکیم سیالکوٹیؒ نے رسالہ "دلائل التجدید" میں ثابت کیا ہے کہ آپ مجدد الف ثانی ہیں۔ دو برس تک آپ جیل خانہ میں محبوس رہے۔ آخر جہانگیر بادشاہ پر صداقت روشن ہوئی اور اس نے نہ صرف آپ کو رہا کر دیا بلکہ خود بھی آپ کا حد درجہ معتقد ہو گیا تھا۔ آپ کے مرشد حضرت خواجہ باقی باللہؒ جو ہندوستان میں سلسلہ نقشبندیہ باقویہ کے بانی ہیں فرماتے تھے کہ شیخ احمد (امام ربانیؒ) ایک آفتاب ہیں کہ ہم جیسے ہزاروں ستارے اس کی روشنی میں گم ہو جائیں۔ آسمان کے نیچے ان کی نظیر نہیں۔ ان جیسے اس امت میں چند ہی بزرگ گذرے ہیں۔ جو آپ کی زیارت کرتا بے اختیار کہتا **"فتبارک اللہ احسن الخالقین"**۔ حضرت سید رضی الدین معروف بہ خواجہ محمد باقی باللہؒ کی ذات مبارک پر شفقت و مہربانی اس قدر غالب تھی کہ اگر بلی آپ کے دامن پر سو جاتی تو ہرگز اس کو بیدار نہ کرتے اور جب تک وہ سوئی رہتی حرکت نہ فرماتے۔ اکثر اوقات سردی کی تکلیف برداشت کی لیکن بلی کے نیچے سے لحاف نہ کھینچا۔ ایک بزرگ نے دامن کاٹ دیا مگر بلی کو نہ چھیڑا۔ وہ سوتی رہی۔ نماز سے فارغ ہوئے تو بلی جا چکی تھی۔ آپ نے اس کو پھر سی لیا۔ غرض یہ کہ جانورں' پرندوں اور معصوم بچوں پر شفقت اور مہربانی کرنے سے بڑی تیزی سے منازل طے ہوتے ہیں۔ انسان انسان سے مہربانی سے پیش آئے اللہ تعالیٰ کو انسان کی یہ ادا بہت محبوب ہے۔

58- حضرت مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ

marfat.com
Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا کہ تو مجتہد علم کلام ہے۔ فرمایا کہ اس وقت سے میری رائے علیحدہ ہے لیکن اکثر موافق امام اعظمؒ کے ہے (مکتوبات امام ربانیؒ مجدد الف ثانیؒ)

59- حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں بعد نماز ظہر مراقب تھا اور قرآن مجید پڑھتا تھا کہ ناگاہ میں نے اپنے اوپر ایک خلعت نورانی پائی۔ ایسا معلوم ہوا کہ یہ خلعت قیومیت بوراثت و تبعت سیدنا خاتم الرسلین صلی اللہ علیہ وسلم مجھ کو عطا ہوئی ہے کہ اتنے میں خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور اپنے دست مبارک سے میرے سر پر دستار مبارک باندھی اور قیومیت کی مبارک باد دی۔ (مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی دفتر سوم)

60- ایک روز حضرت مجدد الف ثانیؒ صبح کے وقت جب حلقہ میں بیٹھے تھے تو حالت کشفی میں کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے ہیں اور خود اپنے دست مبارک سے ایک نہایت فاخرہ خلعت حضرت مجدد الف ثانیؒ کو پہنائی اور فرمایا کہ یہ تجدید الف ثانی کی خلعت ہے۔ اس خلعت کا نزول آپ پر بروز جمعہ 10 ربیع الاول 1010ھ کو ہوا۔

تجدید کے پہلے سال آپ کو مجتہد کا خطاب عطا ہوا چنانچہ حضرت مجدد الف ثانیؒ اپنی کتاب "مبداء و معاد" میں فرماتے ہیں کہ اس فقیر کو توسط احوال میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں فرمایا کہ تم میری امت کے مجتہدوں میں سے ہو۔ اس وقت سے علم کلام میں میری ایک خاص رائے ہے اور مجھے اس میں ایک مخصوص علم حاصل ہے (سیرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ از حکیم فیروز الدین احمد طغرائی۔ مدیر روز نامہ "وکیل" امرتسر۔ صفحہ 78 تا 79)

61- نقل ہے کہ ایک روز امام ربانی حضرت مجدد الف ثانیؒ حلقہ میں مع یاران طریقت مراقب بیٹھے تھے کہ حضرت شاہ سکندر نبیرہ شاہ کمال کیتھلی قدس سرہٗ

marfat.com
Marfat.com

تشریف لائے اور ایک خرقہ آپ کے دوش پر ڈال دیا۔ دیکھا کہ حضرت شاہ سکندرؒ موجود ہیں۔ جلدی سے اٹھے اور بہ تواضع معانقہ کیا۔ حضرت شاہ سکندرؒ نے فرمایا کہ میرے جدامجدؒ نے اپنے وصال کے نزدیک یہ جبہ جو کہ حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے پشت در پشت ہمارے یہاں چلا آتا ہے میرے سپرد کیا تھا اور فرمایا تھا کہ امانتاً" اس کو اپنے پاس رکھو اور جس کو میں کہوں اس کے حوالے کر دینا۔ اب چند مرتبہ حضرت جدامجدؒ نے یہ تمہارے حوالے کرنے کے لئے کہا ہے لیکن مجھے اس تبرک کو جدا کرنے کا سخت صدمہ ہے مگر چونکہ تاکید ایسی ہی ہے اس لئے چار و ناچار لے آیا ہوں۔ چنانچہ وہ خرقہ پہن کر خلوت میں چلے گئے۔ وہاں آپ کو دل میں خطرہ گذرا کہ مشائخ کے بھی عجب معمول ہیں کہ جس کو چاہا جامہ پہنا دیا اور وہی خلیفہ بن گیا ورنہ ہونا یہ چاہئے کہ پہلے خلعت معنوی پہنائیں اور بعد ازاں اپنا خلیفہ بنائیں۔ اس خطرہ کے آتے ہی سیدنا محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ مع تمام خلفاء تا حضرت شاہ کمال کیتھلیؒ تشریف لائے اور اپنی نسبت خاصہ کے انوار سے مالا مال کر دیا۔ اس وقت آپ کے دل میں یہ خیال گذرا کہ میں نقشبندیوں کا پرورش یافتہ ہوں۔ اسی وقت حضرت عبدالخالق غجدوانیؒ سے لے کر حضرت خواجہ باقی باللہؒ تک سب بزرگ تشریف لائے۔ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبندؒ کو حضرت پیران پیرؒ کے برابر بیٹھے دیکھا۔ اکابر نقشبند نے فرمایا کہ شیخ احمدؒ ہماری تربیت سے کمال تکمیل کو پہنچے۔ آپ کو ان سے کیا علاقہ ہے۔ اکابر قادریہ نے فرمایا کہ انہوں نے اول چاشنی ہمارے خوان سے کھائی (اور یہ اشارہ تھا اس بات کی طرف کہ حضرت شاہ کمال کیتھلیؒ حضرت شیخ احمدؒ کی شیر خواری میں آپ کے پاس تشریف لائے جبکہ آپ اس قدر علیل تھے کہ بظاہر بچنے کے امکانات نہ رہے تھے اور شاہ صاحبؒ نے اپنی زبان مبارک حضرت مجدد الف ثانیؒ کو چسائی تھی جس کے بعد آپ تندرست ہو گئے تھے) اور اب خرقہ بھی ہمارا پہنا۔ اس بحث میں حضرات چشتیہ

marfat.com
Marfat.com

و کبریہ و سہروردیہ بھی تشریف لائے اور کہا کہ ہم بھی دعویدار ہیں۔ (کیونکہ حضرت خواجہ باقی باللہ کی بیعت سے پہلے حضرت مجدد الف ثانیؒ کے والد کو ان خاندانوں کی ملازمت ملی تھی)۔ غرض اس قدر ارواح اولیاء کرام جمع ہوئیں کہ تمام مکان، گلی کوچے اور دشت و صحرا بھر گئے اور مناظرہ کی وجہ سے فجر سے ظہر کا وقت آ گیا۔ اسی اثناء میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور بکمال کرم اور نوازش سب کو تسلی دلاسا دے کر فرمایا کہ چونکہ شیخ احمد (رحمتہ اللہ علیہ) کی تکمیل طریقہ نقشبندیہ میں ہوئی ہے اس واسطے اس کی ترویج کریں اور باقی دیگر سلاسل کی نسبت بھی القاء کریں کہ ان کا حق بھی ثابت ہے اور اسی پر فاتحہ پڑھا گیا اور سب رخصت ہو گئے (جواہر مجددیہ صفحہ 25) (حضرات القدس از مولانا بدرالدین سرہندیؒ)

62- حضرت مجدد الف ثانیؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں عجیب معاملہ پیش آیا۔ آنکھیں مراقبہ میں بند تھیں کہ ایک صاحب کو میں نے اپنے پہلو میں بیٹھے دیکھا۔ غور کیا تو معلوم ہوا کہ وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور فرماتے ہیں کہ میں اس لئے آیا ہوں کہ اس عالم دنیا کے متعلق ایک خیر و برکت سے بھرا ہوا اجازت نامہ عطا کروں۔ چنانچہ ایسا اجازت نامہ عطا کیا گیا کہ جس سے آنکھوں کو نور اور دل کو سرور حاصل ہو گیا۔ تردوات سے تشفی حاصل ہوئی۔ **الحمد للہ علی ذالک** (مکتوب 106- مکتوب مجدد الف ثانیؒ جلد سوم صفحہ 280) (انوار العارفین از حضرت مولانا محمد عابد میاں عثمانی ڈھابیلی صفحہ 675)

63- سید علیؒ کے واقعات و حالات شرح و بسط سے "مشکوۃ النبوت" میں موجود ہیں۔ اس کے مولف لکھتے ہیں کہ میں ایک روز جناب رمزالہٰی کا رسالہ نقل کر رہا تھا۔ حضرت کے نام کے ساتھ جو القاب تھا اس کو "تخفیفا" ترک کر دیتا تھا۔ ایک روز آپ آئے اور فرمایا کہ اے علی پیراں میں نے مکتوبات مجددیہ

marfat.com
Marfat.com

میں دیکھا ہے کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے حضرت باقی باللہؒ کے لقب میں اختصار فرمایا تو اس رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں باریاب نہ ہوئے۔ دوسرے دن مشرف ہوئے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے احمد تو نے ہمارے شیخ کا نام سہوا" ترک کیا اس لئے ہماری مجلس سے محروم رہا۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اپنے سہو کی معافی چاہی۔ سید علی پیراں فرماتے ہیں کہ میں یہ نقل سنتے ہی نادم ہوا اور اپنے قصور کا معترف ہوا اور یہ امر حضرت رمزالہی کی کرامات سے تھا (تذکرہ اولیائے دکن جلد اول از مولوی ابو تراب محمد عبدالجبار خاں صفحہ 546)

-64 حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہ جب اپنے مرشد گرامی قطب وقت حضرت خواجہ باقی باللہ دہلوی قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیز کے وصال کے بعد بغرض تعزیت دہلی تشریف لائے تو اصحاب مریدین حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے آپ سے بیعت کی تجدید کی۔ اس زمانہ میں حضرت خواجہ حسام الدین احمدؒ نے عالم مراقبہ میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہیں اور حضرت مجدد الف ثانیؒ کی مدح و ستائش میں خطبہ پڑھ رہے ہیں اور فقرات فصیح و کلمات ملیحہ میں آپ کی تعریف فرما رہے ہیں اور فخرو مباہات سے فرماتے ہیں کہ میں اس پر ناز کرتا ہوں کہ میری امت میں شیخ احمد (رحمتہ اللہ علیہ) جیسا بزرگ موجود ہے اور میرے دین متین کا مجدد ہوا ہے۔ اور اس طرح آپ کی مجددیت و قیومیت کی تصدیق بھی ہو گئی (جواہر مجددیہ صفحہ 30) (انوار العارفین صفحہ 629)

-65 1032ء میں حضرت مجدد الف ثانیؒ درگاہ خواجہ غریب نواز چشتی اجمیری قدس سرہ العزیز میں حاضر تھے۔ فرمایا اب ہمارے انتقال کا زمانہ قریب ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بشارتیں اور کرامتیں عطا ہوئی ہیں۔ چنانچہ آپ نے اپنے صاحبزادوں کو ایک خط تحریر فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ

marfat.com
Marfat.com

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ تم کو دنیا کے اجازت نامے کی بجائے آخرت کا اجازت نامہ دیا گیا اور مقام شفاعت سے حصہ عطا کیا گیا ہے۔ یہ بھی تحریر فرمایا کہ سب سے بڑی ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں بعض خدمات کے اہتمام کے لئے مجھ کو حکم فرما رہی ہیں اور ارشاد فرماتی ہیں کہ ہم تمہارے منتظر تھے۔ اس طرح سے کام کرنا چاہئے۔ اس کے بعد آپ بالکل سرانجام آخرت میں مشغول ہو گئے۔ اس خط کے پہنچتے ہی صاحبزادے آپ کی خدمت میں روانہ ہوئے اور اجمیر پہنچے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ ان کو خلوت میں لے گئے اور فرمایا کہ اب مجھ کو اس جہاں سے کوئی وابستگی نہیں۔ اس عالم میں جانا ہے۔ پس وصیتیں فرمائیں اور وطن مالوف تشریف لائے اور ایک خلوت خانہ الگ مقرر فرما لیا اور اس میں خلوت گزین ہو گئے اور عرصہ قلیل میں رحلت آخرت فرمائی (انوار العارفین صفحہ 682)

66- قطب العالم شیخ عبدالجلیل چوہڑ شاہ بندگی لاہوریؒ نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں۔ **"اعط جبتک فی عقد ولدی احمد تسلیما"**۔ حضرت اس پر بلا توقف سید خدا بخشؒ کے گھر گئے اور سید احمدؒ کو بلا کر ان کا نکاح اپنی صاحبزادی سے کر دیا۔ سید احمد الملقب بہ مخدوم جہاں شاہ قدس سرہٗ والد ماجد کے انتقال کے بعد مانک پور اچ شریف تشریف لے آئے اور حضرت سید راجن قتال (سید صدر الدین)ؒ کے مرید ہو گئے۔ کچھ عرصہ اچ رہنے کے بعد مرشد سے حج بیت اللہ کے واسطے اجازت طلب کی اور وہاں سے احمد آباد آئے جو اس وقت "پٹن" کے نام سے مشہور تھا۔ یہاں اپنے چچا سید خدا بخشؒ کے یہاں قیام کیا اور حضرت قطب عالمؒ سے بھی یہیں ملاقات کی۔ پانچ ماہ بعد سید احمدؒ ارض مقدس کو روانہ ہوئے اور بارہ سال وہاں رہ کر حج کیے۔ پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بشارت ہوئی کہ اے میرے فرزند سید احمد تم واپس جاؤ اور نہروالا میں سکونت

marfat.com
Marfat.com

اختیار کرو کیونکہ وہاں کے گنہگار افراد تمہاری زیارت کے طفیل عذاب دوزخ سے نجات پائیں گے اور جو لوگ تمہاری قبر پر فاتحہ پڑھیں گے ان کی شفاعت مجھ پر واجب ہو گی۔ (مشائخ سہروردیہ جلد سوم الموسوم بہ تذکرہ قطب الاقطاب شاہ رکن الدین سہروردی ملتانیؒ از مولانا نور احمد خاں فریدی صفحہ 613 تا 614)

67- شیخ فرید الدین بن ابوالفتحؒ ہر جمعہ کی رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ثواب کے لئے کھانا پکا کر غربا و مساکین اور درویشوں کو کھلاتے تھے۔ ایک دن خادم نے نادانستگی میں کمہاروں کے گھر سے برتن لا کر کھانا پکانے کے لئے استعمال کئے۔ جب رات گذر گئی تو شیخ فرید الدینؒ بادل حزیں و چشم گریاں حجرہ سے باہر تشریف لائے۔ ایک خادم نے وجہ دریافت کی تو فرمایا کہ آج رات میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خلاف معمول حجرے سے باہر کھڑے دیکھا۔ میں نے بڑھ کر با ادب تمام سلام عرض کیا اور سوچنے لگا کہ میری بدقسمتی ہے کہ آج حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے حجرۂ تاریک کو منور نہ فرمایا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے فرزند فرید! تیرے گھر میں مشتبہ برتن پڑا ہے جو میرے اندر آنے کو مانع ہے۔ شیخ فرید نے فوراً" وہ برتن باہر نکلوا دیا اور دوسری شب جمعہ پہلے سے دگنا کھانا پکا کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پر فتوح پر ایثار کیا (تاریخ جلیلہ از غلام دستگیر نامی صفحہ 182)

68- سید عبدالجلیل قطبؒ زبردست ولی گزرے ہیں سخت مجاہدے کئے۔ جذبہ عشق میں پھرتے پھراتے آپ مارہرہ سے تین کوس دور ایک مقام اترنجی کھیڑہ پہنچے۔ یہ ایک زبردست راجہ بین کا پایہ تخت تھا۔ پرتھوی راج کے بعد سلطان شہاب الدین غوری نے اس کے اطاعت نہ قبول کرنے پر اس پر حملہ کر کے قلعہ کو بارود سے اڑا دیا۔ یہیں ایک بزرگ حسین شہیدؒ کا مزار ہے جو اس جنگ میں شہید ہوئے تھے۔ چنانچہ سید عبدالجلیل قطبؒ اسی مزار پر بیٹھ گئے۔ یہیں حضرت

marfat.com
Marfat.com

خضر علیہ السلام نے تشریف لا کر آپ کو شیر برنج کھلایا اور فرمایا کہ آپ مارہرہ کے قطب مقرر کئے گئے ہیں- وہاں جایئے- ادھر اسی شب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چودھری وزیر خاں زبیری کمبوہؒ کو خواب میں بشارت دی کہ اترنجی کھیڑہ جا کر ہمارے دوست اور اپنے قطب کو لے آؤ- چنانچہ 1017ھ میں شاہ صاحبؒ مارہرہ تشریف لائے (ہفتاد اولیاء از حضرت شاہ مراد سہرورديؒ_ صفحہ 443)- 20 رجب 972ھ میں پیدا ہوئے اور 8 صفر 1057ھ کو وصال فرمایا اور اپنی خانقاہ معلی مارہرہ میں دفن ہوئے- 41 برس مارہرہ میں مصروف ہدایت خلق رہے- آپ کے پوتے سلطان العاشقین شاہ برکت اللہ مارہرویؒ اپنے عہد کے قطب تھے- آپ کا نسب بالواسطہ حضرت زید شہیدؒ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہے- سلطان التمش نے آپ کے بزرگوں کو راجہ بلگرام کے مقابلہ پر فوج دے کر بھیجا تھا- جب بلگرام (یوپی_ بھارت) فتح ہو گیا تو بطور جاگیر ان کو دے دیا گیا- حضرت سید عبدالجلیل اس خاندان کے پہلے بزرگ ہیں جو بلگرام سے مارہرہ (یوپی بھارت) تشریف لائے اور اس کے بعد یہ مارہرہ کا سب سے عظیم خاندان بن گیا-

69- حضرت امیر سید ماہرو المعروف بہ شاہ محمد ماہ قلندر الہ آبادیؒ کی ولادت 1015ھ میں ہوئی- آپ کو قرب و حضوری حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و حضرت علی کرم اللہ وجہہ ایسی حاصل تھی کہ جو شخص آپ سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی آرزو کرتا تو آپ اس کو زیارت کرا دیتے تھے- مزار مبارک بڑگاؤں ضلع الہ آباد (یوپی _ بھارت) میں ہے (نفحات العنبریہ من انفاس القلندریہ از مولوی محمد تقی حیدر، صفحہ 220)

70- شیخ افضل محمدؒ آپ شیخ یوسف تمیمی انصاریؒ کے بیٹے، مرید اور خلیفہ تھے- کئی مرتبہ عالم خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوئے اور بارگاہ نبوی سے "حزب البحر" پڑھنے کی اجازت ملی- بہت سے کفار آپ کی

marfat.com
Marfat.com

ہدایت و ارشاد کی بدولت شرف اسلام سے مشرف ہوئے اور بہت سے مسلمانوں نے آپ کی ہدایت پر خداشناسی سے آنکھیں روشن کیں۔ 21 صفر 1003ھ کو آگرہ میں رحلت فرمائی۔ مزار لا پتہ ہے (بوستان اخیار (1331ھ) یا تذکرہ مشاہیر اکبر آباد جس میں آگرہ کے 283 مشاہیر بزرگوں کے حالات درج ہیں مولفہ مولوی سعید احمد مارہروی" ابن مولوی سلطان احمد مارہروی" سابق مینیجر شعیب محمدیہ ہائی سکول بعدہ شعیب محمدیہ اینگلو اورینٹل کالج۔ آگرہ۔ صفحہ 46- ابوالعلائی اسٹیم پریس آگرہ میں 1331ھ میں شائع ہوئی۔

71- شیخ عبداللہ صوفی شطاری بن کمال الدین بہلول" 22 ربیع الثانی 904ھ کو دو شنبہ کے دن پیدا ہوئے۔ زادبوم قصبہ سندیلہ ضلع ہردوئی (یو۔ پی) بھارت) ہے۔ 16 برس کی عمر میں کتابی علوم کی تحصیل کے واسطے گھر سے نکلے اور قصبہ گوپامئو میں شیخ الہداد ابن سعد اللہ عثمان" کی خدمت میں پہنچ کر صرف و نحو شروع کیا۔ وہیں شیخ بدر الدین بدایونی" کو خواب میں دیکھا اور حسب الحکم بدایوں پہنچ کر چھ ماہ کامل ان کے روضہ پر مجاور رہے۔ پھر حضرت بختیار کاکی" کو خواب میں دیکھ کر دہلی پہنچے اور شیخ معزالدین بخاری" کی خانقاہ میں قیام کر کے نحو' کافیہ اور ارشاد وغیرہ کی کتابیں پڑھیں۔ روزانہ عشاء سے فارغ ہو کر روضہ متبرکہ پر جایا کرتے اور رات کو دن کر دیا کرتے۔ پورے سال یہی سلسلہ جاری رہا۔ بعد ازاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عالم مثال میں تشریف لائے اور حکم دیا کہ مولانا برہان الدین ملتانی" حصار میں تمہارے منتظر ہیں ان کے درس میں حاضر ہو کر کمالات کی تحصیل کرو۔ آپؐ کے حکم کی تعمیل میں علی الصبح حصار روانہ ہو گئے اور مولانا کی خدمت میں رہ کر اکثر علوم عربیہ کی کتابیں اور تفسیر پڑھی۔ 23 جمادی الاول 1010ھ کو آگرہ میں نیا محل (متصل تھانہ رکاب گنج) اپنے عبادت خانہ کے اندر وصال فرمایا (بوستان اخیار صفحہ 96 تا 97)

marfat.com
Marfat.com

72- شیخ محمد صوفی سے منقول ہے کہ ایک روز میں جنگل میں جا رہا تھا کہ یکایک دو عرب سامنے نظر آئے اور بعد سلام مجھ سے دریافت کیا کہ سید بدرالدین ابن سید جلال متوکلؒ (943ھ آگرہ میں پیدا ہوئے- باطن کی پرورش اپنے پدر بزرگوار سے پائی اور حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دھلویؒ سے بھی خرقہ خلافت حاصل کیا) کو جانتے ہو- میں نے جواب دیا کہ میں ان ہی کے خانوادوں عالی کا ادنیٰ غلام ہوں- انہوں نے کہا ہمیں ان سے ملنا ہے- میں ان کو لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا- دونوں نے قدم بوسی کے بعد عرض کیا کہ کسی فرزند رسول سے بیعت ہونے کی مدت سے آرزو تھی- عالم خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور حکم ہوا کہ آگرہ جاؤ اور سید بدرالدین کے مرید ہو جاؤ- اگرچہ ہمارے فرزند اس ملک میں بھی ہیں مگر تمہارا حصہ مشیت ایزدی نے انہی کی تحویل میں رکھا ہے- آپ نے جواب دیا کہ اس شہر میں تمہارے مطلوب نام کا کوئی اور شخص ہوگا- تلاش کرو اور بعد تحقیق و تشخیص بیعت کرو- انہوں نے کہا جو علامتیں ہم کو بتائی گئی ہیں- وہ سب آپ میں موجود ہیں- غرض وہ دونوں عرب مرید ہو گئے اور اسی شب واپسی کی اجازت حاصل کی- رخصت کے وقت باہر تک میں ان کے ساتھ گیا- انہوں نے کہا جس سال سید صاحب کی ڈاڑھی میں سفید بال نمودار ہوگا وہی سال آپ کے وصال کا ہوگا- چنانچہ 55 برس کی عمر میں پیری کے آثار نمودار ہوئے یعنی سفید بال اور اسی سال 6 صفر کو آپ کو مرض استسقاء ہوا- کامل دو ماہ بیمار رہے لیکن وظائف میں کسی قسم کا فرق نہ آیا- آخر کار آگرہ میں 29 ربیع الاول 998ھ کو وصال فرمایا (بوستان اخیار صفحہ 54 تا 55)

73- حافظ عثمان مہرویؒ جامع انواع علوم اور صاحب ولایت تھے- حضرت خضر علیہ السلام کی صحبت سے مفتخر اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

marfat.com
Marfat.com

زیارت بابرکت سے مشرف تھے۔ اور آپؒ سے کسبی اور وہبی علوم کی مشکلات آپ نے حل کی تھیں (بوستان اخیار صفحہ 116)

74- حضرت شیخ عبدالوہابؒ خلیفہ حضرت شیخ علی متقی فرماتے ہیں کہ مکہ معظمہ سے 18 میل دور منیٰ جانیوالی سڑک پر جعرانہ مشہور مقام ہے۔ اگر وہاں جائیں تو اس پہاڑ پر ضرور تشریف لے جائیں جہاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے تھے کیونکہ وہاں آپؐ کا دیدار مبارک میسر آتا ہے۔ فرمایا ایک مرتبہ میں اس جگہ سو گیا تو ہر بار کہ آنکھ جھپکی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ ایک مرتبہ دوپہر میں قریب ایک سو مرتبہ دولت جمال مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم حاصل ہوئی تھی۔ آپ اس عمرہ کو پا برہنہ روزہ دار جایا کرتے تھے۔ حجاج عمرہ کرنے کے لئے جعرانہ جا کر احرام باندھتے ہیں۔ یہ میقات ہے۔ مکہ مکرمہ والے یہاں سے احرام باندھنے کو "بڑا عمرہ" کہتے ہیں۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے حضرت سید الشیخ عبدالوہاب المتقی القادری الشاذلیؒ کی بابت بہت کچھ اپنی مشہور کتاب "اخبار الاخیار" کے اندر تحریر فرمایا ہے۔ انہوں نے آپ کی صحبت بھی پائی۔ 1001ھ میں وصال فرمایا۔ مدینہ طیبہ میں دفن ہوئے ("تحفتہ الابرار" مولفہ نواب مرزا آفتاب بیگ عرف محمد نواب مرزا بیگ)

حضرت مولانا عبدالمعبود شاہ صاحب قدس سرہ نے چند سال قبل اسلام آباد میں بعمر قریب 160 سال وصال فرمایا۔ میری ان سے بارہا ملاقات ہوئی۔ ایک مرتبہ مجھے بتایا کہ مدینہ طیبہ میں ایک غار ہے جس کا نام "غار سجدہ" ہے۔ زائر کو یہاں بھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بکثرت زیارت نصیب ہوتی ہے۔ ترکان احرار نے اسے محراب کی شکل دے دی ہے۔ بڑے ڈاک خانہ کے عقب میں ایک چھوٹی سی پہاڑی پر یہ محراب ہے۔ تین دن کچھ کھائے پیے بغیر حضرت رسول اللہ صلی اللہ

marfat.com
Marfat.com

علیہ وسلم نے اس غار میں طویل سجدے کئے اور رو رو کر امت کی بخشش کے واسطے دعا فرمائی، یہاں تک کہ حضرت جبرئیل امینؑ تشریف لائے اور فرمایا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) سجدہ سے سر اٹھائیے۔ ذات باری تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ امت محمدیہ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") میں جس شخص کی آپؐ سفارش فرمائیں گے اس کو جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔ اس پر آپؐ نے سجدہ سے سر مبارک اٹھایا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا فرمایا اور گھر تشریف لے آئے۔

75- حضرت شیخ جلال الدین تھانیسریؒ بڑے ہی متبحر عالم تھے اور خواجہ عبدالقدوس گنگوہی کے مرید و خلیفہ۔ بعد حج بیت اللہ مدینہ طیبہ پہنچے۔ وقت رخصت روضہ رسول (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") پر حاضر ہوئے تو آواز آئی کہ اپنے پیر بدعتی کو ہمارا سلام کہہ دینا۔ وہاں سے واپسی پر جب اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں پہنچے تو عرض کیا کہ بوقت رخصت روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") سے یہ آواز آئی تھی کہ اپنے پیر سے میرا سلام کہہ دینا۔ یہ سن کر حضرت عبدالقدوس گنگوہیؒ نے فرمایا کہ نہیں جس طرح ارشاد ہوا ہے وہی الفاظ کہو۔ آپ نے "**بحکم الامر فوق الادب**" اسی طرح بیان کر دیا۔ یہ سنتے ہی حضرت گنگوہیؒ پر ایک حالت وجد طاری ہوئی اور بار بار حافظ کے اس شعر کو پڑھتے رہے۔ تین روز یہی عالم رہا۔

بدم گفتی و خرسندم عفاک اللہ نکو گفتی   جواب تلخ میزیبد لب لعل شکر خارا

(تذکرہ غوثیہ از حضرت مولانا شاہ گل حسن قلندر قادریؒ صفحہ 180)

حضرت تھانیسریؒ کا وصال 12 ذی الحجہ 989ھ مطابق 1581ء کو بمقام تھانیسر (یو پی۔ بھارت) ہوا۔ سات برس کے تھے کہ والد بزرگوار قاضی محمود کے ساتھ بلخ سے ہندوستان آئے۔ اسی عمر میں قرآن مجید حفظ کر چکے تھے۔ 80 سال تک روزانہ ایک قرآن پاک ختم کرتے رہے۔ 17 برس کی عمر میں معقولات اور منقولات میں تبحر حاصل

marfat.com
Marfat.com

کر کے صاحب فتویٰ بن گئے اور وعظ شروع کر دیا۔ اکبر اعظم آپ کا بہت معتقد تھا۔ عام خیال یہ ہے کہ اکبر اعظم نے جو کچھ کیا مقاصد جہانیاں و تقویت سلطنت کے لئے کیا ورنہ اس کے قلب میں درد اسلام تھا۔ اللہ تعالیٰ کی محبت تھی اور اللہ تعالیٰ کے دوستوں سے محبت کرتا اور ان کے آستانوں پر حاضری دے کر مودبانہ گفتگو کرتا تھا۔ حضرت تھانیسریؒ نے اکبر اعظم سے فرمایا تھا کہ بادشاہوں کی درویشی یہی ہے کہ مخلوق خدا کی نفع رسانی اور خدمت میں مشغول رہیں۔ یاد خدا بھی کر اور سلطنت بھی کر۔ عبادت فقیر بن کر ہی نہیں ہوتی بادشاہی میں بھی ہو سکتی ہے۔ اگر سب فقیر بن جائیں تو دنیا کا کام کیونکر چلے گا۔ امارت' غربت' افلاس' شاہی' گدائی کے فرق صرف ظاہری ہیں۔ عبادت کرنے والے شاہی میں بھی عبادت کرتے ہیں اور نہ کرنے والے فقیری اور گدائی میں بھی نہیں کرتے۔ سلطان نور الدین زنگیؒ' سلطان صلاح الدین ایوبیؒ' سلطان التتمشؒ اورنگ زیب عالمگیرؒ وغیرہ جہاں عظیم المرتبت فرماں روا تھے۔ ان میں بعض ابدال وقت بھی تھے۔ شیخ نظام الدین بلخیؒ حضرت تھانیسریؒ کے بھتیجے' داماد اور خلیفہ تھے اور جہانگیر و شاہجہاں دونوں آپ ہی کی دعا کے نتیجے میں بادشاہ بنے تھے۔

76۔ سید جعفر بھکری کا بیان ہے کہ حضرت مرشد زمان سید عبدالکریمؒ متعلویؒ (آپ سندھ کے مشہور شاعر و درویش حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے پردادا تھے) اپنے مریدوں کے ہمراہ حضرت بہاؤ الدین دلق پوش کا وعظ سننے کے لئے تشریف لے گئے۔ جب وعظ ختم ہو گیا تو آپ نے اپنی چادر حضرت دلق پوشؒ کے پیروں تلے بچھا کر آپ کے جوتے اٹھائے اور ان کو صاف کر کے رکھا تاکہ آپ پہن کر تشریف لے جائیں۔ سید عبدالکریمؒ کے جو مرید تھے ان پر یہ بات گراں گذری۔ آخر ان میں سے ایک مرید سید عبدالقدوس نے عرض کیا کہ اے ہمارے سید! آج آپ نے حضرت دلق پوشؒ کے جوتے اٹھا کر رکھے لیکن تعجب ہے کہ انہوں نے کسی قسم کی معذرت نہیں کی اور آپ کو اس سے نہیں روکا

marfat.com
Marfat.com

بلکہ اس سے بے نیاز رہے۔ آپ نے فرمایا کہ معذرت کا تعلق بیگانگی سے ہے اور ہم دونوں تو ایک وجود ہیں۔ میں تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کبھی کبھی شرف یاب ہوتا ہوں لیکن حضرت دلق پوشؒ کا یہ عالم ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بالکل قریب بیٹھے ہوتے ہیں جبکہ میں دور تیسری صف میں کھڑا ہوتا ہوں۔ اس کے بعد تم انصاف کر سکتے ہو کہ میرا یہ طرز عمل کہاں تک صحیح ہے۔ (دلیل الذاکرین قلمی نسخہ مملوکہ سندھی ادبی بورڈ)

حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ 1102ھ میں پیدا ہوئے اور بھٹ شاہ (حیدر آباد۔ سندھ) میں 1165ھ میں وصال فرمایا۔ ہر سال شاندار عرس ہوتا ہے۔

77- سید محمود حضوری لاہوریؒ طالب کو پہلے ہی دن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرا دیتے تھے۔ اس وجہ سے سید محمود حضوریؒ کے نام سے مشہور ہوئے۔ 942ھ میں وصال فرمایا۔ قبر مبارک لاہور میں سید جان محمدؒ کے مقبرہ (قبرستان میانی صاحب) میں ہے۔ (تواریخ الاولیاء جلد دوم از امام الدین صاحب صفحہ 519)

78- شیخ محمد العدلؒ برسوں عزلت نشین رہے یہاں تک کہ جمعہ اور نماز جماعت میں بھی شریک نہ ہوتے تھے۔ محمد بن عنانؒ نے آپ کو لکھ کر بھیجا کہ اب زاویہ سے باہر نکلو کہ تمہاری ذات سے لوگوں کو فیض ہوگا اور خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی کہ محمد العدل سے کہہ دو کہ میری سنتوں پر قائم رہے۔ تب آپ زاویہ سے باہر نکلے اور "العدل" کے نام سے مشہور ہوئے۔ استغراق کمال رہتا تھا اور خاص و عام میں قبول تام تھا۔ (تواریخ الاولیاء جلد دوم صفحہ 662)

79- ملک شرف الدین ملقب حضرت شاہ شہباز نے ایک رات تہجد کے بعد

marfat.com
Marfat.com

خواب میں دیکھا کہ قیامت قائم ہے۔ تمام خلائق میدان حشر میں جمع ہیں اور وہاں ایک بلند پہاڑ پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلوہ افروز ہیں اور شاہ علیؒ (مرشد حضرت شاہ شہبازؒ) کے ہاتھ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کمربند ہے۔ شاہ علیؒ نے آپ سے فرمایا کہ آپ میرا کمربند نہ چھوڑیں۔ پھر آپ نے حسب الحکم مرشد اپنی پشت کی طرف دیکھا کہ بے شمار اولاد آدم موجود ہے۔ اس وقت شاہ علیؒ نے آپ سے فرمایا کہ آپ خلق کو ہدایت فرماتے رہیں کہ یہ تمام آپ کے ذریعہ بہشت میں داخل ہوں گے۔ آپ خواب سے بیدار ہوئے اور اسی وقت سے طالبین کو مرید کرنے لگے۔ لاکھوں آدمیوں کو آپ کی ذات سے فیض پہنچا۔ اکثر اوقات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خواب میں زیارت کی اور علم و معرفت و حقیقت میں فائدہ اٹھایا۔ 10 ربیع الاول 934ھ وصال فرمایا۔ قبر شریف شہر برہان پور میں زیارت گاہ عالم ہے۔ آپ کے والد کا نام ملک عبدالقدوس الٰہی تھا (تواریخ الاولیاء صفحہ 505 جلد دوم) (تذکرہ اولیاء دکن جلد اول صفحہ 452)

80- حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دھلویؒ حدیث شریف کا درس فرما رہے تھے کہ اتنے میں ایک شخص آیا۔ آپ نے انگلی سے اشارہ کیا اپنی پشت کی جانب یعنی ادھر آؤ۔ جب درس ختم ہوا تو اس شخص نے عرض کیا کہ رات کو خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو تشریف فرما دیکھا۔ میں خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ نے اسی طرح انگشت مبارک سے اشارہ پس پشت بیٹھنے کو فرمایا تھا۔ اب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے بھی ایسا ہی کیا۔ یہ سن کر شاہ صاحبؒ نے فرمایا کہ تم حقہ پیتے ہو' تمہارے منہ سے بو آتی ہے اور حضرت سیدنا محمد مصطفٰے' احمد مجتبٰے صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو یہ ناپسند ہے اس لئے حقیر نے بھی ایسا ہی کیا (تذکرہ عزیزیہ صفحہ 25 تا 26 (حضرت رسول اللہؐ اور

marfat.com
Marfat.com

تمباکو کی مذمت از محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ صفحہ 8 تا 9)

81- نقل ہے کہ حضرت سید یٰسین حضرت مولانا شہباز محمد بھا گلپوریؒ کے مرشد سے کوئی ایسا قصور سرزد ہوا کہ جس کے سبب سے زہد و تقویٰ کا نور چہرۂ مبارک پر آثار تیرگی محسوس کرنے لگا اس لئے وہ اپنے جرم کی مکافات کے لئے حج بیت اللہ ادا فرما کر مدینہ منورہ کی زیارت کو تشریف لے گئے اور روضہ مبارک کے چاروں طرف بارہ برس تک جاروب کشی فرماتے رہے اور پھر روضہ مبارک (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کے اندر داخل ہونے کے لئے عربی محافظین سے اجازت طلب کی- انہوں نے اجازت نہیں دی- تب آپ نے "**یا جدی**" کی صدا لگائی جس کے جواب میں "**یا ولدی**" کی ندا آئی جس کو سب نے سنا- اس آواز کو سنتے ہی محافظین نے آپ کو روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کے اندر داخل ہونے کی اجازت دے دی- جب آپ روضہ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کے اندر حاضر ہوئے اپنے دل کی کہانی کہہ سنائی- جرم تو معاف ہو ہی چکا تھا- دل کی روشنی نے چہرہ مبارک کو نورانی کر دیا اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حکم صادر ہوا کہ ایک شخص بنام شہباز شہر مونگیر (بھارت) میں مقیم ہے- تم وہاں جاؤ اور اس کے ہاتھ پر بیعت کرو یا وہی تم سے بیعت ہو- حسب الحکم آپ مونگیر پہنچ کر مولانا شہباز سے ملے جنہوں نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کی- (مشاہیر اسلام جلد اول از ملک نواب علی خاں اعوان برنالوی صفحہ 203)

82- حضرت سلطان نورنگؒ حضرت سلطان باہوؒ کے مشہور خلیفہ تھے- ایک مرتبہ مراقبہ میں مشغول تھے- سر اٹھایا- کوئی مرید سامنے نہ تھا- سکر الٰہی کے جذبات آپ پر غالب تھے- ایک کتا جو آپ سے مانوس تھا مجبوراً اس پر توجہ کی- اس کی حالت بدل گئی- حضرت سلطان باہوؒ کو نور باطن سے اس کا پتہ چلا تو سلطان

marfat.com
Marfat.com

نورنگ" سے ناراض ہو کر نعمت سلب کر لی۔ سلطان نورنگ" بھاگ کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن میں چلے گئے۔ جب سلطان باہو" وہاں آپ کے تعاقب میں پہنچے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے سلطان باہو اسے معاف کر دو۔ اس میں جذبات کا اس قدر جوش تھا کہ اگر ایسا نہ کرتا تو شاید اس کا سینہ پھٹ جاتا۔ آئندہ خیال رکھے گا۔ پس آپ نے معاف کر دیا۔ نئے طالبوں کو حضرت نورنگ" ہر روز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سرکار میں حاضر کرتے تھے۔ (مناقب سلطانی صفحہ 56)

83- مولوی حاجی فقیر سلطان نور محمد" پانچویں سجادہ نشین تھے حضرت سلطان باہو" کے۔ حضرت مخدوم حافظ صالح محمد" کے فرزند۔ حضرت صالح محمد" فرماتے ہیں کہ محکم دین درویش ساکن موضع بھیرہ نے بیان کیا کہ جب آپ کے فرزند حاجی نور محمد" حج کے لئے گئے اور حرم شریف میں ٹھہرے میں نے اس وقت اسراء میں دیکھا کہ حضرت صاحبزادہ حرم شریف میں یاد الٰہی میں مشغول ہیں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے روبرو تشریف فرما آپ پر توجہ فرما رہے ہیں۔ میں بھی صاحبزادہ صاحب کی پیٹھ کی طرف ہوں اور توجہ کا اثر مجھ پر بھی ہو رہا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت شفقت سے صاحبزادے صاحب کو فرمایا کہ تم اپنے وطن لوٹ جاؤ۔ پھر نہ آنا کیونکہ تمہیں ہم نے یہیں سے رخصت کر دیا اور اللہ کے سپرد کر دیا۔ صاحبزادے صاحب حج بیت اللہ کا شرف اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے توجہات اور شفقت کا فیضان حاصل کر کے اپنے حقیقی بھائی حاجی نور احمد صاحب" کے ساتھ کعبہ شریف سے رخصت ہو کر وطن تشریف لائے اور بھیرہ میں رونق افروز ہوئے۔ میں نے عرض کیا صاحبزادے صاحب آپ مدینہ منورہ کیوں نہ گئے۔ تو آپ نے کن انکھیوں سے میری طرف دیکھا اور مسکرا کر فرمایا۔ تجھے خود تو معلوم ہے۔ پھر کیا

marfat.com
Marfat.com

پوچھتا ہے۔ (مناقب سلطانی صفحہ 241)

84- سلطان حامد قادری صاحبؒ مصنف "مناقب سلطانی" فرماتے ہیں کہ ایک روز حسب عادت نماز اشراق کے بعد میں اور میرے بھائی حافظ صالح محمدؒ والد ماجد حضرت سلطان باہوؒ کو سلام اور زیارت کرنے گئے تو دیکھا کہ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں۔ وجہ پوچھی تو فرمایا بیٹو! آج رات مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زیارت عطا فرمائی اور توجہ کے لئے مجھے اپنے سامنے بٹھایا اور مجھے توجہ اور نظر کے فیض سے بہرہ یاب فرمایا۔ جب مجھ پر نگاہ کی تو آپؐ کے فیضان سے مجھے وجد اور سکر ہو گیا اور میں نے اپنی پگڑی سر سے اتار کر آپؐ کے قدموں پر رکھ دی۔ آپؐ نے پھر توجہ دی اور میری پگڑی پر بھی نگاہ کی۔ میں آپؐ کی توجہ سے فیضیاب ہو کر مستغرق ہو گیا اور محض توجہ سے میری پگڑی میرے سر پر رکھ دی۔ میرا دل عشق و اشتیاق کی وجہ سے جوش مارتا تھا اور میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ سے بہرہ مند بھی ہوا لیکن جیسی میری خواہش تھی کہ آپؐ مجھے ایک ہی نگاہ سے دونوں جہاں سے بے پرواہ کر دیں ویسا نہ ہوا۔ جب آپؐ فارغ ہوئے اس وقت یہ عصا جو میرے ہاتھ میں ہے اور اس وقت بھی میرے پاس تھا آپؐ نے طلب فرمایا اور تھوڑی دیر اسے دست مبارک میں رکھ کر مجھے عنایت فرمایا۔ سو بیٹا یہ عصائے مبارک غلاف دے کر کسی مکان میں با ادب رکھنا اور اسے بالکل نہ چھونا کیونکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے چھوا ہے۔ میری پگڑی کو بھی تبرکاً نہایت ادب سے محفوظ رکھنا۔ بعد ازاں وہ عصا مجھے (سلطان حامد) کو عطا فرمایا اور فرمایا کہ جب کبھی کوئی مشکل پیش آئے تو اسے ہاتھ میں لینا۔ اللہ تعالیٰ اس عصا کی برکت سے مشکل حل کر دے گا۔ اور دستار مبارک میرے بھائی حافظ صالح محمدؒ کو دے کر سرفراز فرمایا۔ یہ دونوں تبرکات ہمارے یہاں موجود و محفوظ ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

(مناقب سلطانی صفحہ 316)

حضرت سلطان باہوؒ کا اعوان قوم سے تعلق تھا اور 31 نسلوں پر سلسلہ نسب حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے جا ملتا ہے۔ یکم جمادی الثانی 1102ھ میں بعمر 63 سال وصال فرمایا۔ آپ کو شور کوٹ کے قریب دریائے چناب کے کنارے موضع قہر گاؤں کے قلعہ میں دفن کیا گیا۔ دریا چڑھ آنے کی وجہ سے مزار کو طغیانی کا خطرہ لاحق ہوا تو جسد مبارک وہاں سے منتقل کر کے دوسری جگہ دفن کیا گیا۔ یہ 1180ھ کا واقعہ ہے۔ 1336ھ میں پھر مزار مبارک کو دریا کی طغیانی کا خطرہ لاحق ہوا۔ پس جسد مبارک کو موجودہ جگہ منتقل کیا گیا۔ چونکہ محرم الحرام میں دوبارہ جسد مبارک منتقل کیا گیا تھا اس وجہ سے عرس ماہ محرم میں منایا جاتا ہے۔ ہر دو بار جسد مبارک بالکل ترو تازہ نکلا۔ آپ کا مزار مرجع خاص و عام ہے۔ (تذکرہ صوفیائے پنجاب صفحہ 155 تا 156)

85- سلطان العارفین حضرت سلطان باہوؒ اپنی کتاب "عین الفقر" میں فرماتے ہیں کہ مجھے ظاہری علم نہ تھا لیکن واردات غیبی کے سبب باطن کی فتوحات اس قدر تھیں کہ کئی دفتر درکار ہیں۔ ابھی آپ سن بلوغت کو نہ پہنچے تھے کہ ایک روز آپ پرگنہ شور کوٹ (ضلع ملتان) میں کھڑے تھے کہ اچانک ایک صاحب نور با رعب سوار نمودار ہوا جس نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر اپنے پیچھے بٹھا لیا۔ آپ ڈرے اور پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ انہوں نے پہلے توجہ دی اور پھر فرمایا علیؓ بن ابی طالب ہوں اور تمہیں حسب الارشاد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور لئے جاتا ہوں۔ اسی وقت حاضر مجلس کر دیا۔ وہاں حضرت صدیق اکبرؓ، حضرت فاروق اعظم اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین بھی مع حضرات حسنینؓ اور حضرت خاتون جنتؓ موجود تھے۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے سب سے پہلے آپ سے ملاقات کی اور توجہ فرما کر مجلس سے تشریف لے گئے۔ اسی طرح حضرت فاروق اعظمؓ اور حضرت عثمان غنیؓ نے کیا۔ اب مجلس میں صرف

marfat.com
Marfat.com

حضرات اہل بیت علیہم الصلوۃ رہ گئے۔ پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں دست مبارک میری جانب بڑھا کر فرمایا۔ میرے ہاتھ پکڑو۔ اور مجھے دونوں مبارک ہاتھوں سے بیعت و تلقین فرمائی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ کلمہ **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** تلقین فرمایا تو درجات و مقامات کا کوئی حجاب نہ رہا۔ جب میں تلقین سے مشرف ہوا تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ جو میرا پہلا وسیلہ اور اکمل ہادی تھے پھر ان کے سپرد کر دیا گیا۔ حضرت خاتون جنت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے مجھے فرمایا کہ تو میرا فرزند ہے۔ پھر میں نے حضرت حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے قدم مبارک چومے اور اپنے کانوں میں غلامی کا حلقہ پہنا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تلقین کے بعد فرمایا کہ خلق خدا سے محبت کرنا۔ اس طرح دن بدن بلکہ ہر گھڑی تمہارے درجات بلند ہوں گے۔ بعدہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حضرت محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے سپرد کیا۔ حضرت پیران پیرؒ نے سرفرازی کے بعد مجھے خلقت کے ارشاد و تلقین کا حکم دیا۔ (مناقب سلطانی یعنی حضرت سلطان باہوؒ کی مکمل سوانح عمری صفحہ 18)

حضرت سلطان باہوؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ اس فقیر کو باطن میں ہاتھ سے پکڑ کر حضرت علی کرم اللہ وجہہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں لے گئے۔ آپؐ اس فقیر کو دیکھ کر بے حد خوش ہوئے اور فرمایا "**خذ بیدی**" (یعنی میرا ہاتھ پکڑ) چنانچہ آپؐ نے مجھے دست بیعت عطا فرمایا اور تعلیم و تلقین فرمائی اور حکم فرمایا کہ اے باہو! خلق خدا کی باطن میں امداد کر۔ بعد ازاں آپؐ نے مجھے پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے حوالہ کر کے فرمایا کہ یہ فقیر ہمارا نوری و حضوری فرزند ہے۔ اس کو آپ بھی باطنی تلقین اور ارشاد فرمائیں۔ چنانچہ حضرت پیران پیرؒ نے بھی مجھے باطنی فیض سے مالا مال فرمایا۔ غرض پنجاب کے ان مشہور بزرگ حضرت

marfat.com
Marfat.com

سلطان باہوؒ کو دست بیعت اویسی طریقہ پر باطن میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل ہوئی اور حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ نے آپ کو تعلیم و تلقین باطنی فرمائی ("حق نما" اردو ترجمہ نور الہدیٰ از حضرت سلطان باہوؒ)

86- مولانا عبدالرحمٰن صفوری شافعیؒ نزہتہ المجالس (اردو ترجمہ خیر الموانس) میں فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بایں طور خواب میں دیکھا کہ میں آپؐ پر قرآن مجید کی طرح جلدی جلدی درود شریف پڑھ رہا ہوں اور آپؐ میری جانب دیکھتے اور مسکراتے جاتے ہیں۔ (خیر الموانس جلد دوم صفحہ 185)

87- ابوبکر بن خثیمہ یحییٰ بن ایوب المقدیؒ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ امام احمد حنبل اور احمد بن ابی داؤد رحمہما اللہ دونوں کے حلقہ کے بیچ میں ہیں اور یہ آیت پڑھتے ہیں **اولئک الذین آیتنا ھم الکتاب و الحکمه و النبوۃ فان یکفر بھا ھولاء** (سورہ انعام آیت 89) اور **ھولاء** سے اشارہ ابن داؤد کے حلقہ کی طرف کرتے ہیں اور اس کے بعد "**فقد و کلنا بھا قوما" لیسوبھا بکفرین**○" (سورہ انعام آیت 89) پڑھتے ہیں اور اشارہ احمد حنبلؒ کے حلقہ کی طرف کرتے ہیں (کتاب التاریخ ابن حجر بحوالہ معجم المصنفین صفحہ 619 تا 620)

88- حافظ ابوطاہرؒ نے بسند خود حسن بن محمد بن ابراہم ازدیؒ سے روایت کی ہے کہ حسن بن محمدؒ نے مجھ سے فرمایا کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے فرمایا "**من اراد ان یتمسک بالسنن فالیقراء سنن ابی داؤد** (جو شخص میری سنت پکڑنا چاہے اس کو سنن ابوداؤد پڑھنا چاہئے)۔ (بستان المحدثین صفحہ 182 تا 183) (صفحہ 29 سنن ابوداؤد شریف مترجمہ اردو جلد اول ترجمہ حضرت علامہ وحید الزماں۔ قرآن محل۔ مقابل مولوی

marfat.com
Marfat.com

مسافر خانہ۔ کراچی) بعض جگہ یہ نام حسن بن محمد رازی تحریر ہے۔

89- نواب صدیق حسن خان قنوبیؒ مشہور عالم اور مسلکاً اہل حدیث تھے۔ کسی نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی اقتداء میں نماز پڑھ رہے ہیں اور یہ سمجھے کہ نواب صاحب کا اس امت میں نہایت بلند مرتبہ ہے۔ مگر معبر نے یہ تعبیر دی کہ نواب صاحب کا انتقال ہو گیا ہے اور یہی ہوا۔ تھوڑی دیر بعد خبر آگئی کہ نواب صاحب کا وصال ہو گیا۔ یہ تعبیر اس لئے دی گئی کیونکہ نبی کسی امتی کی اقتداء میں نماز نہیں پڑھتا البتہ یہ بات اس کے جنازے کی صورت میں ممکن ہے۔

حضرت قاری محمد طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند۔ (یوپی_ بھارت) نے مجھے یہ خواب بتایا تھا۔

90- "روضۃ الافکار" میں ذکر ہے کہ وہب بن نبیہ کہتے ہیں کہ میں نے ایک گونگی لونڈی خریدی۔ کچھ عرصہ بعد ایک دن وہ بالکل صاف بولنے لگی۔ وجہ پوچھی تو بولی میں نے رات کو خواب میں دیکھا کہ تمام دنیا آگ کا ایک انگارہ بن گئی ہے جس میں سے ہو کر جنت کا راستہ معلوم ہوتا تھا۔ اتنے میں دیکھتی ہوں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اس راستہ سے گذر رہے ہیں اور آپ کے پیچھے پیچھے یہودی چلے جا رہے ہیں۔ جب آپ تھوڑی دور پہنچے تو پیچھے مڑ کر یہودیوں کو دیکھا اور فرمایا کہ میں نے تمہیں حکم دیا تھا کہ تم یہودی ہو جاؤ۔ یہ سن کر وہ فوراً دائیں بائیں گر پڑے۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام آئے اور آپ کے پیچھے نصاریٰ کا غول تھا۔ آپ نے بھی اسی جگہ پہنچ کر پیچھے مڑ کر دیکھا اور فرمایا میں نے تمہیں حکم دیا تھا کہ تم نصرانی ہو جاؤ۔ یہ بھی اسی طرح دائیں بائیں گر پڑے۔ اس کے بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپؐ کے ساتھ آپؐ کی امت تھی۔ آپؐ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا۔ میں نے

marfat.com
Marfat.com

حکم دیا تھا کہ تم اللہ پر ایمان لاؤ سو تم نے میرے حکم کی تعمیل کی اور ایمان لائے۔ اب تم کچھ خوف نہ کرو اور کسی طرح کا غم نہ کھاؤ بلکہ اس جنت کی خوشی مناؤ جس کا دنیا میں تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ چنانچہ یہ سب لوگ آپؐ کے پیچھے پیچھے جنت میں داخل ہو گئے لیکن دو عورتوں کے ساتھ میں دوزخ کے کنارہ پر کھڑی رہ گئی۔ اتنے میں دوزخ کے داروغہ کا فرمان پہنچا کہ ان سے دریافت کرو کہ کبھی انہوں نے قرآن پڑھا ہے۔ اس فرشتہ نے آکر ان عورتوں سے کہا کہ کیا تم نے سورہ فاتحہ پڑھی ہے۔ انہوں نے جواب دیا ہاں۔ حکم ہوا تم دونوں جنت میں چلی جاؤ۔ پس یہ دیکھ کر میں جاگ اٹھی اور بالکل صاف بولتی تھی۔ میری زبان میں کسی قسم کی لکنت نہ تھی تو اے میرے آقا آپ مجھے سورہ فاتحہ کی تعلیم دیجئے (خیر الموانس حصہ دوم صفحہ 401 تا 402)

91- ایک بزرگ تین ماہ سے اس قدر سخت بیمار تھے کہ لوگ بس ان کی سانس گنتے تھے۔ اسی حالت میں ان کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تم یہ دعاء پڑھو **"اللھم انی اسئلک العفو والعافیه و المعافاة الدائمته فی الدنیا والاخرہ"** انہوں نے خواب کے اندر ہی اس دعا کو پڑھا اور جب بیدار ہوئے تو اپنے کو بالکل تندرست پایا (بغیتہ ذوی الاحلام)

92- ایک بزرگ اکثر مجلس مولود شریف موافق قواعد مقررہ منعقد کیا کرتے تھے۔ ایک رات انہوں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس مجلس کی نسبت اور زیادہ تاکید و ترغیب فرما رہے ہیں (اشباع الکلام)

93- ایک بزرگ نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ میں کس گروہ کی صحبت اختیار کروں۔ آپؐ نے فرمایا کہ ان لوگوں کی صحبت اختیار کر جو مہمان ہوتے ہیں اور میزبان نہیں ہوتے۔ مراد اس سے

marfat.com
Marfat.com

فقراء ہیں (النفحات)

94- حضرت ابو محمد فارسیؒ بیان فرماتے ہیں کہ میں مدینہ طیبہ کے بعض حسینی سیدوں سے بغض رکھتا تھا کیونکہ وہ خلاف سنت افعال کے مرتکب تھے۔ ایک روز میں روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کے سامنے سو گیا۔ مجھے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا کیا بات ہے؟ تم میری اولاد سے بغض رکھتے ہو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں انہیں ناپسند نہیں کرتا بلکہ ان کے خلاف سنت عمل مجھے ناپسند ہیں۔ اس پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "کیا یہ فقہی مسئلہ نہیں کہ نافرمان اولاد نسب سے وابستہ رہتی ہے؟"۔ میں نے عرض کیا کہ ایسا ہی ہے یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ "نافرمان اولاد ہے"۔ حضرت ابو محمد فارسیؒ فرماتے ہیں کہ جب میں بیدار ہوا تو میرا دل بدل گیا۔ پھر میں ان میں سے جس کسی سے بھی ملتا ان کی بے حد تعظیم و تکریم کرتا۔ (اشرف المؤبد صفحہ 97)

95- شیخ موسیٰ بن ماہین زولیؒ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بہت ہوا کرتی تھی اور آپ کے اکثر افعال حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت ہی سے ہوتے تھے۔ جب لوہے کو ہاتھ لگاتے تو لوبان جیسا نرم ہو جاتا تھا۔ چار مہینہ سے کم عمر کے بچے کو کہتے کہ فلاں سورۃ پڑھ تو وہ بچہ صاف اور شستہ زبان میں اس سورۃ کو پڑھتا اور اسی وقت سے باتیں کرنے لگتا تھا۔ لوگوں نے جب آپ کو لحد میں لٹایا تو کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے۔ (نعمت عظمیٰ حصہ دوم صفحہ 138)

96- ایک عالم نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ علماء و صوفیاء حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور حاضر ہیں۔ علماء نے صوفیاء کی شکایت شروع کی کہ ان لوگوں نے مسئلہ وحدت الوجود شائع کیا اور اس سے شرع میں خلل پیدا ہوا۔

marfat.com
Marfat.com

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صوفیاء کو بوجہ غلبہ محبت معذور سمجھ کر سکوت فرمایا (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 289)

97- ایک صاحب کو انار کی خواہش میں تیس سال گذر گئے اور نہ کھایا۔ اس کے بعد خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا **"ان نفسک علیک حقا"** (تیرے نفس کا بھی تجھ پر حق ہے)۔ صبح اٹھے انار کھایا۔ اب نفس نے دودھ کی خواہش کی۔ فرمایا 30 برس خواہش کر پھر شاید حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائیں اور حکم دیں۔ اس سے بہتر تو یہ ہے کہ صبر کر۔ فوراً خواہش دور ہو گئی (ملفوظات حصہ اول اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلویؒ صفحہ 118)

98- سید بہاؤ الدینؒ فرزند سید نصیرالدین علویؒ کے اور بھائی سید وجیہہ الدینؒ کے تھے۔ نہایت صالح اور عاقل۔ ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اپنے دست مبارک سے ان کے چہرہ پر عطر مل رہے ہیں۔ صبح ہوئی تو اس کا اثر ظاہر تھا۔ زمانہ رحلت تک چہرہ خوشبو سے معطر رہا۔ بعمر 27 برس رحلت فرمائی تو خوشبو بھی جاتی رہی۔ قبر احمد آباد (بھارت) میں ہے (تواریخ الاولیاء حصہ دوم صفحہ 760)

سید وجیہہ الدین گجراتی مشرقی گجرات (بھارت) میں شہر جانپانیر میں پیدا ہوئے۔ تمام عمر احمد آباد میں درس و تدریس میں گذری۔ 999ھ یکم صفر وصال فرمایا اور احمد آباد میں اپنے مدرسہ کے صحن میں دفن ہوئے۔ جید عالم اور ولی صفت بزرگ تھے۔ گھر اور مسجد کے باہر قدم نہ رکھتے تھے۔ فرمایا کسی شخص کی سو باتوں میں سے ایک بھی اسلام کی ہو تو اس کو مسلمان سمجھو اور کسی کلمہ گو اہل قبلہ کو کافر مت کہو۔ شیخ محمد غوث گوالیاری شطاریؒ نے اپنے ایک رسالہ میں جب اپنی معراج کا دعویٰ کیا تو شیخ علی متقیؒ نے اس پر اعتراض کیا اور غوث صاحبؒ کی بعض کتابوں کی بناء پر ان کے خلاف کفر کا فتویٰ دیا۔ اکبر بادشاہ نے یہ فتویٰ سید وجیہہ الدین گجراتیؒ کے پاس بھیجا۔ آپ

marfat.com
Marfat.com

نے اس پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا اور اس تکفیر کی سخت مخالفت کی بلکہ ایک رسالہ بھی لکھا جس میں ابتدائی فقہی کتابوں سے مسئلہ تکفیر پر روشنی ڈالی۔ پھر احادیث سے سنداً سب کو مشروح بیان کیا۔ آخر میں صوفیاء کے احوال پر بحث کی کہ حالت سکر میں وہ جو کچھ کہتے ہیں قابل مواخذہ نہیں ہوتا۔ پھر حضرت گوالیاریؒ کی کتاب "اوراد غوثیہ" پر لوگوں نے جو اعتراض کئے ہیں ان کا جواب دیا اور خود سلسلہ شطاریہ میں حضرت غوث گوالیاریؒ کے مرید ہو گئے۔ آپ کی نسبت ارادت تو کسی اور جگہ تھی لیکن شیخ محمد غوث گوالیاریؒ سے کسب فیض کیا۔ غوث صاحبؒ کا وصال 15 رمضان المبارک 970ھ مطابق 1562ء بمقام آگرہ بعمر 80 سال ہوا لیکن گوالیار میں دفن کئے گئے۔ (سفینتہ الاولیاء صفحہ 230) (رود کوثر صفحہ 338 تا 339)

99- شیفتہ رسولؐ اور خداداد خطیب حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑویؒ اپنے انداز خطابت کے خود موجد تھے۔ آپ کی تقاریر سن کر بہت سے لوگ مقرر اور خطیب بن گئے۔ آپ اہل سنت و الجماعت (بریلوی مسلک) کا بے بدل سرمایہ تھے۔ نہایت کامیاب زندگی گذار کر جب بعمر 55 سال آپ نے انتقال فرمایا تو اس وقت جناب مولانا شاہ احمد نورانی نے فرمایا تھا کہ آج لشکر اہل سنت کا جرنیل ہمارے درمیان سے رخصت ہو گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ مولانا اوکاڑویؒ کی وجہ سے جہاں اوکاڑہ کا نام روشن ہو گیا وہاں آپ صفحہ دہر پر ایسے انمٹ نقوش ثبت کر گئے جو عرصہ تک قائم رہیں گے۔ گولی مار کراچی کا نام آپ ہی نے گل بہار رکھا۔ سولجر بازار کراچی کے علاقہ میں جامع مسجد گلزار حبیب کی بنیاد رکھی۔ وہیں جمعہ کی خطابت شروع کی۔ گلزار حبیب ٹرسٹ قائم کیا اور آخر کار اسی شاندار مسجد کے احاطے میں ابدی نیند جا سوئے۔ صرف علماء اور عوام ہی میں آپ مقبول نہ تھے خود بارگاہ رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) سے آپ کو سند مقبولیت مل چکی تھی۔ خواب میں آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا جس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

نے آپ کو اپنی معیت اور خوشنودی کا مژدۂ جاں فزا سنایا تھا۔ مولانا وعدہ کے بہت پکے تھے۔ تبلیغ اسلام میں کبھی جسمانی آزار کی وجہ سے کوتاہی نہ کی۔ فرمایا کرتے تھے میرے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دین کے لئے جو تکالیف برداشت کیں اس کا عشر عشیر بھی ہمیں نہیں پہنچا۔ ہمیں تو پھولوں کے ہار اور نعروں کی گونج میں تبلیغ دین کا موقع میسر آیا جبکہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگ باری' دشنام طرازی' بھوک پیاس اور گوناگوں تکالیف کے درمیان جان ہتھیلی پر رکھ کر تبلیغ دین کا مقدس فریضہ ادا فرمایا۔ آپ نے کئی کتابیں بھی تحریر فرمائیں جن میں **"الذکر الجمیل فی حلیتہ الحبیب الخلیل"** بہت مقبول ہے۔ ہر سال ماہ رجب کے تیسرے جمعہ کو آپ کا عرس منایا جاتا ہے۔

100- ایک تاجر بیان کرتا ہے کہ اہل بیتؓ کا ایک شخص میرے پاس آیا اور کچھ مال مجھ سے طلب کر کے کہا کہ یہ رقم ہمارے دادا (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام لکھ لو میں نے ایسا ہی کیا۔ یہ مذکور سن کر اہل بیتؓ کا ہر ایک شخص میرے پاس آ کر یہی کہتا ہے کہ اس قدر مال ہمیں دے دو اور ہمارے دادا (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام لکھ لو۔ اتفاق سے میں مفلس اور فقیر ہو گیا۔ ایک دن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ مجھ سے مخاطب ہو کر ارشاد فرما رہے ہیں کہ اے شخص اگر تو نے یہ معاملہ مجھ سے دنیا کے لئے کیا ہے تو میں تجھے تیرا قرضہ کافی طور پر پورا کئے دیتا ہوں اور اگر آخرت کے لئے کیا ہے تو میں بہتر تاوان دینے والا ہوں۔ یہ شخص جب نیند سے بیدار ہوا تو خوف کے مارے تھر تھر کانپ رہا تھا۔ ایک عرصہ کے بعد اس کا انتقال ہو گیا تو کسی نے اس کو خواب میں دیکھ کر دریافت کیا کہ اللہ نے تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ اس نے کہا جس شخص نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی قسم کا معاملہ کیا وہ دائمی نعمت کو پہنچا (خیر الموانس جلد دوم صفحہ 394)

marfat.com
Marfat.com

101- ابوبکر ابن المقریؒ فرماتے ہیں کہ میں امام طبرانیؒ اور ابو الشیخؒ حرم نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") میں مقیم تھے کہ ہمارے پاس نفقہ ختم ہو گیا اور کئی روز فاقہ میں گذر گئے۔ آخر ایک رات عشاء کے بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر درخواست کی اور واپس آ گیا۔ تھوڑی دیر بعد ایک شخص سادات علویہ سے آیا اور اس نے دو بھرے تھیلے ہم کو دیئے جن میں سے ہم نے سیر ہو کر کھایا اور جو باقی رہ گیا خیال تھا کہ وہ واپس لے جائے گا۔ لیکن اس نے واپس لے جانے سے انکار کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں تمہارے پاس یہ رزق پہنچا دوں (وفاء الوفا) (علامہ نور الدین سمہودیؒ نے 911ھ میں مدینہ طیبہ کے حالات پر مفصل و محققانہ تبصرہ فرمایا ہے جن کی تصویب اور توثیق میں خاتم المحدثین حضرت علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری دیو بندی قدس سرہ نے کئی واقعات نقل فرمائے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے)

102- حضرت خواجہ حافظ سید محمد جمال اللہؒ ابھی بچے تھے کہ خواب میں امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے آپ کے منہ میں اپنا لعاب دہن ڈالا۔ بچپن ہی سے حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ آپ کی روحانی تربیت کرتے رہے۔ آپ حضرت خواجہ سید قطب الدین شاہؒ کے مرید خاص تھے۔ بارہ برس اپنے شیخ کی خدمت کی اور پھر ان کے ہمراہ حج بیت اللہ کو گئے جہاں حضرت شیخ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی اور آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ حافظ سید جمال اللہ کو خرقہ خلافت پہنا کر ہندوستان واپس بھیج دو۔ وہاں ان کے فیض سے ہزاروں کو فائدہ ہوگا۔ پس آپ رام پور آ کر مقیم ہو گئے اور بے شمار لوگوں کو آپ کی ذات سے فیض پہنچا (جمال نقشبند از صلاح الدین نقشبندی مجددی بی۔ اے صفحہ 204)

103- جمال الدین مرشدیؒ اور شہاب الدین نورانیؒ سے بعض اولاد تیمور لنگ نے

marfat.com
Marfat.com

بیان کیا کہ جب تیمور لنگ بیمار ہوا تو ایک مرتبہ دفعتاً" اس پر سختی ہوئی۔ تمام چہرہ سیاہ ہو گیا۔ بدن کا رنگ متغیر ہو گیا۔ بعد ایک گھڑی افاقہ ہوا۔ لوگوں نے حال دریافت کیا۔ تیمور نے کہا کہ اس وقت عذاب کے فرشتے میرے پاس آئے تھے۔ اتنے ہی میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرشتوں سے فرمایا کہ چلے جاؤ۔ یہ شخص میری اولاد سے محبت رکھتا ہے اور ان کے ساتھ سلوک کرتا ہے۔ یہ سنتے ہی وہ فرشتے چلے گئے اور میں اپنی اصلی حالت پر آ گیا (الصواعق)

104- بعض صالحین نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہی تیمور لنگ بیٹھا ہوا ہے۔ انہوں نے تیمور لنگ کو جھڑکا اور کہا او دشمن خدا تیری یہ مجال کہ تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب بیٹھے اور ارادہ کیا کہ اس کا ہاتھ پکڑ کر نکال دیں۔ اتنے میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ رہنے دو یہ شخص میری اولاد سے محبت رکھتا ہے۔ (الصواعق) (النورالمغنی)

105- ایک بی بی نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور بہت دیر تک ہم کلام رہیں۔ آخر کو عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں آپؐ کی جدائی نہیں چاہتی۔ آپؐ نے تھوڑی سے مٹی دیوار قبلہ سے لی اور بائیں دست مبارک پر رکھی۔ بعدہٗ داہنے دست مبارک سے زمین کھودی۔ اس سے ایک چشمہ ظاہر ہوا۔ آپؐ نے پانی سے مٹی کو سان کر اس بی بی کی تسبیح میں لگا دیا اور پھر اس کو اپنے جسم مبارک پر رکھا اس طرح کہ ایک کنارہ سینہ مبارک پر اور دوسرا کنارہ چہرہ انور پر رہا۔ بعدہ وہ تسبیح اس بی بی کو عطا فرما دی اور فرمایا کہ اگر تم میرا فراق نہیں چاہتی تو اس سبحہ (تسبیح) سے مفارقت نہ کرنا۔ یہ بی بی کہتی ہیں جب میں بیدار ہوئی تو میری تسبیح پر مٹی لیسی ہوئی تھی (النزہۃ)

106- حمزہ بن عبدالمجید فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی

marfat.com
Marfat.com

اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور کہا قربان جائیں میرے ماں باپ آپؐ پر۔ ہم کو یہ بات پہنچی ہے کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جب کوئی حدیث کوئی شخص سنے اور اس میں ثواب کی بات ہو اور وہ عمل کرے با امید ثواب تو اللہ تعالیٰ اس کو ثواب عطا فرماتا ہے اگرچہ وہ حدیث فی نفسہ باطل ہو۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سن کر فرمایا کہ اللہ کی قسم یہ میرا قول ہے اور میں نے کہا ہے (اللالی المضوعۃ)

107- دمشق کا ایک شخص کہتا ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا گویا کہ میں "مغارۃ الدم" میں ہوں۔ اچانک طور پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے ہابیل وہاں تشریف لائے۔ میں نے ہابیل سے کہا "میں تمہیں بے نیاز اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں اور تمہارے بزرگ والد اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ یہی تمہارے خون کا موضع ہے"۔ فرمایا۔ " ہاں اللہ واحد و بے نیاز کی قسم یہی وہ جگہ ہے جس پر میرا خون بہایا گیا۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی تھی کہ اس کو ہر نبیؑ اور صدیق اور مومن کے لئے فریاد کرنے کا محل مقرر کر دے کہ یہاں آکر استغاثہ پیش کریں اور داد رسی چاہیں۔ سو اللہ تعالیٰ نے میری یہ دعا قبول فرمائی"۔ اس پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اللہ تعالیٰ نے اکرام و احسان کی رو سے کیا۔ میں اور میرے دونوں مصاحب اور ہابیل ہر جمعرات کو یہاں آتے ہیں اور نماز پڑھ کر چلے جاتے ہیں (خیر المونس جلد دوم صفحہ 139)

108- "شرح منہاج" میں تحریر ہے کہ ایک نفیس شخص نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا کہ آپؐ کے نزدیک کونسا درود زیادہ پیارا ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "**اللھم صلی علی محمد ن الذی ملات قلبه من جلالك و عینه من جمالك و اذنه من لذیذ خطابك**" پڑھا

marfat.com
Marfat.com

کرو (خیر الموانس جلد دوم صفحہ 185)

109- شیخ علی بن وہبؒ فرماتے ہیں کہ سات سال کی عمر میں میں نے قرآن مجید حفظ کیا۔ بعدہ علم میں مشغول ہوا۔ ایک مسجد میں جو جنگل کے باہر واقع تھی عبادت کیا کرتا تھا۔ ایک شب وہیں سوتا تھا کہ میں نے خلیفہ اول امیرالمومنین حضرت ابوبکر صدیقؓ کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا اے علی! مجھے حکم ہوا ہے کہ تم کو یہ ٹوپی پہناؤں اور پھر اپنی آستین سے ایک ٹوپی نکال کر میرے سر پر رکھ دی۔ اس کے چند دن بعد حضرت خضر علیہ السلام میرے پاس آئے اور فرمایا اے علی! تم یہاں سے نکل کر لوگوں کے پاس جاؤ تاکہ ان کو تم سے فائدہ پہنچے۔ مگر میں اپنے کام میں استقلال سے لگا رہا۔ بعدہ میں نے پھر سیدنا صدیق اکبرؓ کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے بھی مجھ سے وہی فرمایا جو حضرت خضر علیہ السلام فرما چکے تھے۔ یہ سن کر میں بیدار ہوا اور اپنے معاملہ میں ثابت قدم رہا۔ تب تیسری شب میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے مجھ سے وہی ارشاد فرمایا جو حضرت صدیق عتیقؓ فرما چکے تھے۔ اس پر میں نے بیدار ہونے کے بعد باہر نکلنے کا ارادہ کر لیا اور اسی رات کے آخری حصہ میں میں نے خواب میں حق تعالیٰ جل شانہ کو دیکھا۔ مجھ سے ارشاد ہوا کہ اے میرے بندے میں نے تجھے اپنی زمین میں اپنا برگزیدہ بنایا اور تیرے تمام احوال میں میں نے اپنی ایک روح کے ذریعہ سے مدد دی اور تجھے میں نے اپنی مخلوق کے لئے رحمت بنایا۔ پس نکل کر ان کی طرف جا اور میں نے اپنی جو حکمتیں تجھے تعلیم کی ہیں ان کے ذریعہ ان پر حکمرانی کر اور میں نے اپنی جن نشانیوں سے تجھے مدد دی ہے ان کو ان پر ظاہر کر۔ چنانچہ بیدار ہو کر جب نکلا اور لوگوں کے پاس آیا تو ہر جانب سے لوگ میری طرف دوڑے (نعمت عظمیٰ حصہ دوم صفحہ 134 تا 135)

ایک شخص نے حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ سے پوچھا کہ حدیث صحیح میں

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر خضر (علیہ السلام) زندہ ہوتے تو مجھ سے ملاقات کرتے۔ جواب میں حضرت مخدومؒ نے فرمایا کہ اس حدیث کو میں نے دو طریق سے سنا ہے: ایک وجہ تو یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے یہ حدیث پاک ملاقات سے پہلے فرمائی تھی۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ خضر نام کے ایک صحابیؓ تھے ان کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے ولایت اقطاع میں بھیجا تھا۔ کافی عرصہ گذر گیا مگر وہ نہ آئے۔ پس حضور اقدس صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے ان کی شان میں فرمایا کہ اگر خضر زندہ ہوتے تو میرے پاس آتے۔ یہ دونوں وجوہات میں نے مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ میں سنی ہیں۔ البتہ ہندوستان میں ہرگز کسی سے نہیں سنی (الدرالمنظوم فی ترجمہ ملفوظ المخدوم حصہ اول صفحہ 77 تا 78)

حضرت خضر علیہ السلام کے زندہ ہونے کے بارے میں علمائے اسلام کے دو قول ہیں: ایک جماعت اس حدیث پر استدلال کرتی ہے جس کو حضرت امام بخاریؒ وغیرہ نے روایت کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار نماز عشاء پڑھ کر فرمایا کہ آج کی رات جو زمین پر زندہ ہے ایک سو برس کے آخر تک نہ رہے گا لہٰذا خضر بھی انتقال کر گئے۔ مگر اکثر علماء فرماتے ہیں کہ خضر علیہ السلام زندہ ہیں۔ اور یہ بات آفتاب سے زیادہ روشن ہے کہ آپ مرے نہیں۔ علامہ حافظ امام جلال الدین سیوطیؒ نے "جمع الجوامع" میں ملاقات حضرت فاروق اعظمؓ کی حضرت خضر علیہ السلام سے مفصل بیان کی ہے۔ حضرت شیخ علاؤالدولہ سمنانیؒ جو بہت بڑے کاملین میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ جو شخص حضرت خضر علیہ السلام کے زندہ رہنے کا انکار کرے اس کے لئے سخت تعجب ہے۔ آپ کی حیات اللہ تعالیٰ کی قدرت کی ایک نشانی ہے (انوارالعارفین صفحہ 149 تا 150)

خضر کے لقب کی وجہ یہ ہے کہ آپ جہاں بیٹھتے یا نماز پڑھتے ہیں وہاں اگر گھاس خشک ہو تو سرسبز ہو جاتی ہے۔ آپ کا اصلی نام بلیا بن ملکان اور کنیت ابوالعباس ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ آپ بنی اسرائیل سے ہیں۔ دوسرا قول یہ ہے کہ

marfat.com
Marfat.com

آپ ایک شہزادے تھے جنہوں نے دنیا ترک کر کے زہد اختیار کیا۔ آپ نے چشمہ حیات میں غسل کیا اور اس کا پانی پیا۔ ہر سال حج میں شرکت فرماتے ہیں۔ حضرت خضر اور حضرت الیاس علیہما السلام زندہ ہیں اور اس دن وفات پائیں گے جس دن قرآن مجید دنیا سے اٹھا لیا جائے گا (خازن) خواجہ میر درد کو خضرؑ کے جینے سے بہت چڑ ہے۔ فرماتے ہیں ؎

آ جائے ایسے جینے سے اپنا تو جی بتنگ　　آخر جئے گا کب تلک اے خضر مر کہیں

ذوالقرنین کا نام اسکندر ہے۔ یہ حضرت خضرؑ کے خالہ زاد بھائی تھے۔ انہوں نے اسکندریہ بنایا اور اپنے نام پر اس کا نام رکھا جبکہ خضرؑ ان کے وزیر اور صاحب لوا تھے۔ ان کی نبوت میں اختلاف ہے۔ سکندر مقدونی جو انگریزی میں (الیگزنڈر دی گریٹ) کہلاتا ہے ہرگز ذوالقرنین نہیں۔ قفقار یا جبل قوقا یا جبل قاف (کاکیشیا) کے بہت بلند حصوں پر پہاڑوں کے آخری کناروں پر، دو پہاڑوں کے درمیانی درہ دانیال پر جو سد واقع ہے یہی سد ذوالقرنین ہے۔ اسی کو بخاری ہند علامہ انور شاہ اندرابی کشمیری دیو بندیؒ اور مولانا ابوالکلام آزادؒ وغیرہ نے درست مانا ہے۔ اس سد (دیوار) نے اس درہ کو بند کر دیا ہے جہاں سے ہو کر یاجوج و ماجوج اس جانب کے بسنے والوں کو تنگ کیا کرتے تھے۔ یہ لوہے کے ٹکڑوں سے جن میں تانبہ پگھلا کر شامل کیا گیا ہے بنائی گئی ہے۔ قرآن پاک کی بتائی ہوئی یہ دونوں صفات اس میں موجود ہیں۔ سد ذوالقرنین کو فارسی میں "درہ آہنی" اور ترکی میں "وامرکپو" کہتے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں فتنہ دجال ختم ہوگا اور اس کے کچھ عرصہ بعد خروج یاجوج و ماجوج ہوگا۔ کاکیشیا سے تبت اور چین تک کے تمام ساحلی اور پہاڑی علاقوں میں ان ہی وحشی قبائل کا مسکن ہے۔ یہی وحشی وقت موعود پر بے شمار تعداد میں نکل کر دنیا کو تاراج کرنے کے لئے پھیل جائیں گے۔ سد ذوالقرنین گر جائے گی یا یہ گرا کر نکل آئیں گے۔ دنیا کو مغلوب کر کے آسمان پر تیر پھینکیں گے کہ اللہ تعالیٰ سے جنگ کر کے اسے بھی مغلوب کریں تو تیر خون آلود واپس آئیں گے۔ پھر ان کی گردنوں میں گلٹیاں نکل

marfat.com
Marfat.com

آئیں گی اور یہ سب مرجائیں گے۔ اسنومین یعنی برفانی آدمی جو اب تک معمہ بنا ہوا ہے عین ممکن ہے یاجوج و ماجوج کا نمائندہ ہو۔ ہمالیہ پہاڑ کا سلسلہ جو صدہا میل میں پھیلا ہوا ہے ان پہاڑوں کے نیچے اور ان کے درمیان یاجوج و ماجوج آباد ہوں کیونکہ ایک روایت سے ثابت ہے کہ یہ پہاڑوں کو چاٹ کر مثل گٹھلی کے مختصر کر دیتے ہیں۔ ہمہ خور ہیں۔ سب کچھ کھا جاتے ہیں۔ (تفصیلات کے واسطے دیکھئے میری کتاب "جنگ آ رہی ہے" صفحہ 127 تا 131)

دنیا میں چار بادشاہ ایسے ہوئے ہیں جن کی تمام دنیا پر حکمرانی تھی۔ دو مومن یعنی حضرت ذوالقرنین جنھوں نے سدذو القرنین تعمیر فرمائی تھی اور حضرت سلیمان علیہ السلام اور دو کافر یعنی نمرود اور بخت نصر اور عنقریب ایک پانچویں بادشاہ اس امت سے ہونے والے ہیں جن کا اسم مبارک حضرت مہدی علیہ الرضوان ہوگا اور جن کی حکومت تمام روئے زمین پر ہوگی (قصص القرآن جلد چہارم تالیف مولانا محمد حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ رفیق ندوۃ المصنفین دہلی)

110- ابو محمد عبداللہ بن احمد ابن ملجوم قاضی فاس جو بلغمی مزاج تھے ایک دعوت میں بلائے گئے۔ ان کے خسر ابوالعباس بن اشقر نے ان کے مزاج کے لحاظ سے ان کے سامنے ایک بڑا پیالہ رکھا جس میں ایک خاص کھانا "نزی" کے طرز پر پکایا گیا تھا۔ یہ ڈرے کہ کہیں ان کی ریاء کے ساتھ تعریض نہ کی ہو اور ابن اشقر لوگوں کی غیبت اور عیب جوئی کے لئے مشہور تھے۔ قاضی نے انہیں مقروض کا پیالہ دیا تو لوگ ان کی ذہانت سے بہت محظوظ ہوئے اور اپنے استاد ابو محمد عبداللہ بن عبدالواحد الجاصیؒ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں فقیہ ابو عبداللہ واسطیؒ کے ساتھ ان کے پاس عید کے دن گیا۔ انہوں نے کچھ ماکولات پیش کئے۔ میں نے عرض کیا کہ اگر جناب بھی ساتھ تناول فرماتے تو ہم اس حدیث کے مستحق ہوتے جو اس بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کی جاتی ہے **"من اکل مع مغفورلہ غفرلہ"** (جو ایک معصوم اور بے گناہ انسان

marfat.com
Marfat.com

کے ساتھ کھائے گا اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے)۔ فرمایا کہ میں سیدی ابو عبداللہ فاسیؒ کے یہاں اسکندریہ میں حاضر ہوا اور انہوں نے کھانا پیش کیا۔ میں نے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا کہ میرے دل میں اس حدیث کی بابت کچھ شک ہوا تو مجھے خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ دریافت کرنے پر آپؐ نے فرمایا کہ میں نے یہ نہیں کہا لیکن امید ہے کہ ایسا ہی ہو۔ پھر میں نے ان سے مصافحہ کیا اس مناسبت سے کہ انہوں نے شیخ عبداللہ زیاںؒ اور انہوں نے ابو سعید بن عثمان بن عطیہ صعیدیؒ اور انہوں نے ابوالعباس احمد الملثمؒ اور انہوں نے معمرؒ سے اور انہوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے مصافحہ کیا تھا۔ (الاحاطہ فی اخبار غرناطہ حصہ اول تالیف الوزیر محمد لسان الدین بن الخطیب ترجمہ مولوی سید احمد اللہ ندوی صفحہ 213 تا 214)

111- ایک مرتبہ ایک شخص نے حضرت شیخ ابو محمد شبنکیؒ کی خدمت میں آکر عرض کیا کہ آپ بارگاہ الٰہی سے میرا حال دریافت کر دیں۔ آپ نے تھوڑی دیر مراقبہ کیا اور پھر فرمایا کہ مجھ سے تمہاری بابت کہا گیا ہے **"نعم العبدانہ اواب"** (یہ ہمارا کیا ہی اچھا بندہ ہے جو ہر حال میں ہماری طرف رجوع کرتا ہے) پھر فرمایا کو آج شب تم کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت ہو گی۔ آپؐ بھی تمہیں اس بات کی بشارت دیں گے۔ چنانچہ یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ و آلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے اور آپؐ نے بھی ان سے فرمایا کہ شیخ نے تم سے سچ کہا ہے۔ بے شک تمہاری نسبت یہی کہا گیا ہے (سیرت غوث اعظمؒ از مولوی داؤد صاحب صفحہ 284)

112- ابو محمد اشبیلیؒ فرماتے ہیں کہ غرناطہ کا ایک شخص اس قدر بیمار ہوا کہ اطباء نے علاج سے جواب دے دیا۔ زندگی سے مایوسی ہو گئی۔ وزیر ابو عبداللہ محمد بن ابی ضال نے ایک خط حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی خدمت

marfat.com
Marfat.com

میں لکھا۔ اس میں چند اشعار بھی لکھے جو علامہ سمہودیؒ کی مشہور کتاب "وفا الوفاء" میں مذکور ہیں۔ وہ خط حجاج کے قافلے میں سے ایک شخص کو دے دیا۔ اس میں بیماری سے صحت کی درخواست تھی۔ وہ قافلہ جب مدینہ پہنچا اور وہ خط روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") پر پڑھا گیا اسی وقت وہ بیمار اچھا ہو گیا۔ جب وہ شخص جس کے ہاتھ خط گیا تھا حج سے واپس آیا تو اس نے دیکھا کہ وہ بیمار ایسا تھا گویا کبھی بیمار ہوا ہی نہ تھا (وفاء الوفا) (فضائل حج صفحہ 236)

113- شیخ عبدالسلام بن ابی القاسم صقلیؒ فرماتے ہیں کہ مجھ سے ایک شخص نے بیان کیا کہ میں مدینہ منورہ میں حاضر تھا۔ میرے پاس کھانے کی کوئی چیز نہ تھی جس کی وجہ سے بہت لاغر ہو گیا تھا۔ میں حجرہ شریف (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") پر حاضر ہوا اور عرض کیا اے اولین و آخرین کے سردار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم میں مصر کا رہنے والا ہوں۔ پانچ مہینہ سے خدمت اقدس میں حاضر ہوں۔ اللہ تعالیٰ اور آپؐ سے سوال کرتا ہوں کہ ایسے شخص کو متعین فرما دیجئے جو میرے کھانے کی خبر لیا کرے یا میرے جانے کا انتظام کر دیجئے۔ پھر میں نے دعائیں مانگیں اور منبر شریف (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") کے پاس جا کر بیٹھ گیا۔ دفعتاً" میں نے دیکھا کہ ایک شخص حجرہ شریف کے پاس حاضر ہوئے اور کچھ بول رہے ہیں۔ اس میں اے میرے دادا میرے دادا بھی کہہ رہے ہیں۔ پھر وہ صاحب وہاں سے میرے پاس آئے اور میرا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ اٹھو۔ میں ان کے ساتھ اٹھ کر روانہ ہو گیا۔ وہ باب جبریل سے نکلے اور بقیع میں سے گذر کر باہر ایک خیمہ میں مجھے لے گئے جہاں ایک غلام اور ایک باندی تھی۔ ان سے کہا مہمان کے لئے جلد کھانا تیار کرو۔ غرض تھوڑی سی دیر میں گھی چپڑی روٹی اور صیحانی کھجوریں جو نہایت اعلیٰ قسم کی بڑی بڑی ہوتی ہیں میرے سامنے رکھ دیں اور کہا کھاؤ۔ میں نے کھایا۔ انہوں نے تقاضہ کیا اور کھاؤ میں نے اور کھایا۔ پھر انہوں نے اور تقاضہ کیا۔ میں نے کہا میرے سردار! میں نے کئی مہینہ سے گیہوں

marfat.com
Marfat.com

نہیں کھایا تھا۔ اب اور نہیں کھایا جاتا (جو بچی تھیں قریب دو صاع (7 سیر) کھجوریں ایک زنبیل میں رکھ کر میرا نام دریافت کیا جو میں نے بتا دیا۔ کہنے لگے خدا کی قسم پھر دادا ابا (صلی اللہ علیہ وسلم) سے کبھی شکایت نہ کرنا۔ آپؐ کو اس سے بہت تکلیف ہوتی ہے۔ جب تک تمہارے جانے کی صورت نہ نکلے اس وقت تک جب تمہیں ضرورت ہو کھانا وہیں تمہارے پاس پہنچ جایا کرے گا۔ یہ کہہ کر غلام سے کہا کہ زنبیل لے کر ان کے ساتھ جاؤ اور ان کو مع اس زنبیل کے حجرہ شریف (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") تک پہنچا آؤ۔ میں غلام کے ساتھ چلا۔ بقیع میں پہنچ کر میں نے غلام سے کہا۔ بس میں راستہ پر پہنچ گیا۔ اب تم واپس چلے جاؤ۔ غلام نے کہا واللہ مجھے اس کی قدرت نہیں کہ آپ کو حجرہ شریف (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") تک پہنچانے سے پہلے واپس چلا جاؤں۔ کہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم میرے سردار کو اس کی خبر کر دیں۔ اس نے مجھے حجرہ شریف (علیٰ صاحبہا صلواۃ" و سلاما") تک پہنچایا۔ میں چار دن تک اس زنبیل سے کھاتا رہا۔ جب وہ ختم ہو گئی اور مجھے بھوک معلوم ہوئی تو وہی غلام مجھے اور کھانا دے گیا۔ اسی طرح ہوتا رہا یہاں تک کہ ایک قافلہ ینبوع جانے والا تیار ہو گیا۔ اور میں اس کے ساتھ ینبوع چلا گیا (فضائل حج صفحہ 229 تا 231)

114- صالح مزنیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے بحالت خواب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حضور قرآن مجید پڑھا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا " **صالح هذه القراءة فاين البوئے** (یعنی اے صالح یہ تو قرات ہوئی رونا کہاں ہے) (انوار العارفین صفحہ 824) (طی الفراسخ الی المنازل البرازخ صفحہ 244) (تنویر اللمعان صفحہ 95)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے فرمایا جب قرآن مجید پڑھو تو روؤ اور اگر رو نہ سکو تو رونی صورت ہی بنا لو۔

marfat.com
Marfat.com

115- حضرت شیخ ابوبکر حوار بطائحیؒ لوٹ مار کے کاروبار سے توبہ کر کے ایسے شیخ طریقت کی تلاش میں نکلے جو نفس کی سرکشی کو مٹا کر اور اس کی خواہشات کو معدوم کر کے اس کی اصلاح کرے اور جو شیطان سے ہٹا کر رحمان سے ملا دے۔ عراق میں اس وقت کوئی ایسا شیخ طریقت نہ تھا۔ آپ اسی جستجو میں تھے کہ ایک شب خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم اور حضرت صدیق عتیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف فرما ہیں۔ آپ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ و علیٰ آلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپؐ مجھے خرقہ پہنایئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اے ابن حوار میں تمہارا نبی اور ابوبکر صدیق تمہارے شیخ ہیں۔ تم اپنے ہی ہم نام سے خرقہ پہن لو۔ اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آپ کو ایک چادر اور ایک ٹوپی پہنائی اور آپ کے سر پر اپنا دست مبارک پھیر کر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ برکت دے۔ پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے فرمایا کہ عراق میں اہل طریقت کی سنت زندہ کرو گے۔ جب آپ بیدار ہوئے تو وہی چادر جسم پر اور ٹوپی سر پر تھی۔ بس پھر کیا تھا پورے عراق میں چرچا ہو گیا کہ ابن حوار کو مولا کا قرب حاصل ہو گیا۔ چاروں طرف سے خلقت ٹوٹ پڑی اور ہزارہا مشائخ و اہل سلوک آپ کی صحبت میں رہ کر مستفید ہوئے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نے آپ کو جو دو خرقہ پہنائے (یعنی چادر اور ٹوپی) حضرت ابن حوارؒ نے یہ دونوں حضرت شبنکیؒ کو عطا کئے۔ انہوں نے تاج العارفین ابوالوفاءؒ کو۔ انہوں نے شیخ علی بن ھیتیؒ کو اور انہوں نے شیخ علی بن ادریسؒ کو۔ اس کے بعد وہ گم ہو گئے۔ (سیرت غوث اعظمؒ از مولوی محمد داؤد صفحہ 277 تا 278)

اللہ تعالیٰ کو ہدایت دیتے دیر نہیں لگتی۔ حضرت ابوبکر حوارؒ پہلے راہزن تھے۔

marfat.com
Marfat.com

قافلے لوٹا کرتے تھے۔ ایک بار ایک قافلہ اترا۔ آپ ایک خیمہ کی طرف گئے۔ اس خیمہ میں عورت اپنے شوہر سے کہہ رہی تھی کہ شام قریب ہے اور اس جنگل میں ابوبکر حوار کا دخل ہے۔ ایسا نہ ہو وہ آ جائے۔ بس یہ سننا ان کا ہادی بن گیا۔ خود سے فرمایا ابوبکر تیری یہ حالت ہو گئی کہ خیموں میں عورتیں تک تجھ سے خوف کھاتی ہیں اور تو خدا سے نہیں ڈرتا۔ اسی وقت تائب ہوئے' گھر لوٹ آئے۔ سوئے اور خواب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کی زیارت ہوئی..... سلسلہ حواریہ آپ سے شروع ہوا (ملفوظات' حصہ چہارم اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی" صفحہ 48)

116- ایک درویش نے واقعہ میں دیکھا کہ ایک بڑی شاندار بارگاہ ہے اور حضرت خواجہ علاؤ الدین عطار" اور حضرت خواجہ سید بہاؤ الدین نقشبند" اس بارگاہ کے قریب ہیں۔ معلوم ہوا کہ یہ بارگاہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم کی ہے۔ اتنے میں کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت خواجہ نقشبند" اس بارگاہ عرش اشتباہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت با برکت کے لئے داخل ہوئے اور تھوڑی دیر بعد نہایت بشاشت کے ساتھ واپس ہوئے اور فرمایا کہ مجھ کو یہ مرتبہ دیا گیا ہے کہ جس شخص کی قبر تمہاری قبر سے سو کوس کے فاصلہ پر بھی ہو حکم الہیٰ سے اس کی شفاعت کرو گے۔ اور خواجہ عطار" کو ان کی قبر سے 40 فرسنگ تک شفاعت کرنے کا رتبہ دیا گیا ہے اور میرے ادنیٰ دوستوں اور طریقہ کی پیروی کرنے والوں کو ان کی قبور سے ایک ایک فرسنگ تک شفاعت کرنے کا مرتبہ دیا گیا۔ (انوار العارفین صفحہ 515)

117- مولانا شیخ شمس الدین الحنفی" کا سلسلہ حضرت صدیق اکبرؓ سے جا ملتا ہے۔ آپ کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم سے فیض باطنی حاصل تھا۔ سید شریف النعمانی" آپ کے خلفاء میں سے تھے۔ فرماتے تھے کہ ایک شب میں

marfat.com
Marfat.com

نے اپنے جدامجد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو عالم مثال میں ایک خیمہ نورانی کے اندر جلوہ افروز دیکھا۔ اولیاء کرام میں ایک ایک بزرگ خیمہ میں آتا تھا اور سلام کے بعد ہر ایک اپنے مقام پر دور و نزدیک بیٹھ جاتا تھا۔ اس طرح بہت سے حضرات تشریف لائے۔ یکایک ایک گروہ عظیم خیمہ کے دروازے پر آیا۔ نقیب نے پکارا کہ شیخ محمد الحنفی اور ان کے اصحاب آئے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے دائیں جانب نشست کی اجازت دے دی اور حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اس شخص کو میں بہت دوست رکھتا ہوں مگر اس کا عمامہ ایک طرف سے بانکا ہے۔ اس پر حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا کہ اگر آپؐ اجازت مرحمت فرمائیں تو یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں اس کا عمامہ درست کر دوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اچھا تم کو اجازت ہے۔ یہ تمہارے فرزندوں میں سے ہیں۔ تب خلیفہ اول حضرت صدیق اکبرؓ نے اپنا عمامہ شیخ محمد الحنفیؒ کے سر پر رکھا اور ان کے عمامے کو درست کر دیا۔ اور بائیں طرف کا پیچ کھول کر باندھا اور سر پر رکھ دیا۔ جب صبح کو میں نے یہ خواب شیخ کی خدمت میں بیان کیا تو شیخ روئے اور فرمانے لگے کہ مجھے معلوم نہیں کہ کس عمل کے کرنے سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے دوست رکھتے ہیں۔ اگر دوبارہ تم کو اپنے جد امجد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی مجلس نصیب ہو تو دریافت کرنا تاکہ اس عمل کو زیادہ کروں۔ الغرض چند روز بعد ایک شب جمعہ پھر مجلس خاص نصیب ہوئی تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) شیخ محمد الحنفیؒ کو کس عمل کی وجہ سے آپؐ دوست رکھتے ہیں۔ فرمایا وہ خلوت میں قبل غروب شمس اس درود کو اکثر پڑھتا ہے۔ **"اللھم صلی علی محمد النبی و علی آلہ و اصحابہ عدد ما علمت وزنتہ ما علمت و ملا ما علمت"۔**

marfat.com
Marfat.com

جب یہ بیان میں نے شیخ سے کیا آپ نے فرمایا صدق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسی روز سے عمامہ کا پیچ بائیں طرف سے ڈھیلا کر کے باندھا اور درود شریف کا ورد زیادہ کر دیا اور اپنے مریدوں کو بھی اس امر میں خاص تاکید فرمائی (تواریخ الاولیاء جلد دوم از امام الدین صفحہ 633 تا 634) آپ صاحب کشف و کرامات بزرگ تھے۔ ابن حجر مکیؒ آپ کے ہم درس تھے۔ شیخ نور الدین تنبوئیؒ نے دو جلدوں میں آپ کی عمر بھر کی کیفیت لکھی ہے۔ بیت ؎

کلہم من رسول اللہ ملتمس غرفاً من البحرو شفامن الدیم

(یعنی سب انبیاؑ اور اولیاءؒ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ وآلہ وسلم سے فیضاب ہیں۔ اسی آب رحمت سے کسی کو ایک پیالہ اور کسی کو ایک قطرہ ملا اور بعض کے قلوب میں آب رحمت کی ایک نہر جاری ہو گئی کہ آپؐ کی تمام امت کو اس سے فیض پہنچا۔ انشاء اللہ آئندہ بھی پہنچتا رہے گا)۔ شیخ الاسلام العینیؒ شارح "کنز الدقائق" اپنی مشہور تصنیف "تاریخ الکبیر" میں تحریر فرماتے ہیں کہ زمانہ صحابہؓ اور تابعینؒ کے بعد کوئی عالم یا عارف ذی قدرت و صاحب رفعت شیخ الحنفیؒ کی مانند سلطنت ظاہری و باطنی کا عمل کرنے والا کم ہوا ہے۔ آپ لباس فاخرہ ملوکانہ زیب تن فرماتے تھے اور سلاطین پر حکم نافذ فرماتے تھے۔ علماء' فضلاء' سلاطین و امراء میں جو بھی آپ کے حضور آتا تو ادب سے دوزانو بیٹھتا تھا۔ حضرت خضرؑ بھی اکثر آپ کی مجلس میں تشریف لاتے تھے۔

118- قبلہ سید اعظم علی شاہؒ ایک مرتبہ اجمیر تشریف لے گئے۔ ایک سقہ سے ملاقات ہوئی۔ جذامیوں کی سی اس کی حالت تھی۔ رات دن اضطراب و انتشار میں گذرتے۔ آپ نے اس سے اس پریشانی کی وجہ دریافت فرمائی۔ بولا میں ایک مرتبہ حضرت خواجہ معین الدین سجزی (س ج ز ی) اجمیریؒ کی زیارت سے مشرف ہوا۔ آپ نے بہ کمال الطاف فرمایا کیا تمنا رکھتا ہے۔ میں نے عرض کیا

marfat.com
Marfat.com

درد کا خواستگار ہوں۔ ارشاد ہوا یہ ہمارے اختیار سے باہر بات ہے۔ اللہ تعالیٰ کے قبضہ کی بات ہے اور مجھے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی طرف رجوع کرایا اور آپؐ نے مجھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سپرد فرمایا۔ وہاں سے بھی یہی ارشاد ہوا کہ تو درد کی لیاقت نہیں رکھتا۔ میں نے اصرار کیا۔ آخر عنایت کا دریا جوش میں آیا اور حالت درد مجھ پر وارد ہوئی۔ اب کیا بیان کروں کہ کیا میری حالت ہے۔ کسی وقت اضطراب و التہاب سے نجات نہیں اور ظاہری جسم کی یہ حالت ہے جو آپ کے سامنے ہے۔ حضرت سید اعظم علی شاہؒ فرماتے ہیں کہ کوہ کے سامنے کاہ کی کچھ اصل نہیں۔ اگرچہ درد کی حالت نصیب ہوئی مگر لطف زیست نہ رہا اس لئے طالب کو اپنی مرضی کے موافق اصرار اچھا نہیں۔ جو کچھ مبداء فیض سے پہنچے وہی خوب ہے (ریاض الفقر معروف بہ "دفتر حقیقت" دوسرا گلزار صفحہ 164)

119- ایک دن ایک مجوسی نے عمدہ کھانے پکائے۔ اس کے پڑوس میں ایک سید زادہ رہتا تھا۔ سید زادہ کی بچی نے کھانے کی خوشبو سونگھ کر کہا کہ اس مجوسی نے ہم کو اذیت دی۔ مجوسی نے بچی کی بات سن کر سید زادہ کے گھر تھوڑا سا کھانا بھیج دیا جسے دیکھ کر اس بچی نے کہا اللہ تعالیٰ اس مجوسی کا حشر میرے نانا کے ساتھ کرے۔ اسی رات ایک صالح مرد نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اس سے فرما رہے ہیں کہ تو اس مجوسی سے جا کر کہہ دے کہ اس بچی کی دعاء تیرے حق میں قبول ہوئی۔ اس شخص نے جب مجوسی کو جا کر اس واقعہ کی خبر کی تو اس نے بلا تامل کہا **اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمد رسول اللہ** اور مسلمان ہو گیا۔ (خیر المونس جلد دوم صفحہ 394)

120- محمد الکردی الخلوتی الشافعیؒ نزیل مصر اکابر اولیاء عارفین سے تھے۔ آپ کی

marfat.com
Marfat.com

ایک کرامت یہ تھی کہ جس وقت چاہتے تھے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی زیارت کر لیتے تھے۔ (انوار المحسنین حصہ اول صفحہ 64 در مطبع اشرف المطابع' تھانہ بھون' بھارت)

121- محمد ابن المنکدرؒ فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے میرے والد کے پاس 80 اشرفیاں امانت رکھیں اور یہ کہہ کر جہاد پر چلا گیا کہ اگر ضرورت پڑے تو خرچ کر لینا۔ میں واپس آ کر لے لوں گا۔ اس کے جانے کے بعد مدینہ منورہ میں تنگی پیش آئی اور والد نے وہ رقم خرچ کر ڈالی۔ جب وہ واپس آگیا تو اپنی رقم طلب کی۔ والد نے دوسرے دن کا وعدہ کر لیا اور رات روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" سلاما") پر حاضر ہو کر عاجزی سے دعا کی۔ کبھی روضہ اطہر اور کبھی ممبر شریف سے متصل دعا کرتے۔ تمام رات اسی طرح گذر گئی۔ صبح صادق کے وقت روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلواۃ" و سلاما") کے پاس دعا کر رہے تھے کہ اندھیرے میں ایک شخص کی آواز سنی وہ کہہ رہے تھے "ابو محمد یہ لے لو"۔ میرے والد صاحب نے ہاتھ بڑھایا تو انہوں نے ایک تھیلی جس میں 80 اشرفیاں تھیں دے دی (وفاء الوفا) (فضائل حج صفحہ 226 تا 227)

122- حکایت ہے کہ کسی فقیر پر تجلی ملکوت وارد ہوئی اور اس نے چھ برس تک نہ کچھ کھایا نہ پیا۔ بعدہ' وہ حج بیت اللہ کے لئے گیا۔ حج سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ پہنچا۔ اس کا مرشد بھی وہاں موجود تھا۔ اس کے مرشد کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کا حکم ہوا کہ اپنے مرید سے کہہ کہ وہ ہماری سنت کی پیروی کرے اور رزق کھائے ورنہ وہ رد کر دیا جائے گا۔ چنانچہ مرشد نے مرید کو اس حکم کی اطلاع دی۔ اس نے فورا" حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے حکم کی تعمیل کی اور کھانا کھا لیا۔ پھر آپؐ نے فرمایا اگر یہ نہ کھاتا تو اس پر بڑا بھاری غضب وارد ہوتا اور یہ مقام سے گر جاتا کیونکہ اس میں تکبر پیدا ہو

marfat.com
Marfat.com

گیا تھا کہ اب میں بالکل پاک ہو گیا ہوں اور یہی چیز اس کی ذلت کا سبب بنتی۔ اب جو کھا لیا تو اپنے کو دوسرے آدمیوں جیسا سمجھنے لگا اور سنت ادا ہو گئی (ذکر خیر از خواجہ محبوب عالمؒ صفحہ 107)

123- حضرت سراج الدین محمد شاہ عالمؒ کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے عالم رویا میں بشارت دی کہ آپ کو بارگاہ ایزدی سے شاہ عالم کا خطاب مرحمت ہوا ہے۔ شاہ عالمؒ نے عرض کیا کہ کیا میں اس خطاب کو ظاہر کر دوں؟ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ آپ کو اپنے پیر مرشد والد ماجد کی خدمت میں جانا چاہئے۔ وہ آپ کو شاہ بارک اللہ چشتیؒ کی خدمت میں بھیجیں گے۔ وہاں سے اس خطاب کا ظہور ہوگا۔ شاہ عالمؒ حسب الارشاد والد ماجد کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ والد نے آپ کو دیکھتے ہی مسکرا کر فرمایا۔ آئیں شاہ عالم آپ کو شاہ بارک اللہؒ کی خدمت میں جانا چاہئے۔ شاہ عالمؒ حسب الحکم شاہ بارک اللہؒ کی خدمت میں گئے۔ اس وقت شاہ بارک اللہؒ مکان کی دیوار تعمیر کر رہے تھے اور مریدیں اینٹ' پتھر و مٹی لاتے تھے۔ آپ بھی شریک ہو گئے۔ مٹی کی ٹوکری سر پر اٹھا کر لائے۔ اس وقت شاہ بارک اللہؒ نے فرمایا "شاہ عالم! آیئے' آپ کے سر پر چتر شاہی خوشنما معلوم ہوتا ہے۔ ٹوکری آپ کے سر سے اتار کر دیوار کے پایہ میں ڈال دی۔ اور آپ کو اپنے بھائی شاہ عطاءاللہ کے مکان پر لے گئے اور ایک دیگچی لوبیا سے بھری ہوئی لا کے عطا کی اور خادموں سے کہا کہ آپ کے ہمراہ جائیں اور جس مقام پر آسمان و مافیہا و زمین سے "شاہ عالم" کا لفظ سنیں وہاں سے مراجعت کریں۔ شاہ عالم لوبیا سے بھری ہوئی دیگچی سر پر لئے ہوئے چلے اور جب احمد آباد کے بازار میں پہنچے تو وہاں ایک گونگا' لنگڑا' اندھا فقیر ڈھول بجاتا نظر آیا۔ یہ بھیک مانگ کر گذارا کرتا تھا۔ جب شاہ عالم اس کے قریب پہنچے تو وہ سالم و بینا ہو گیا اور بول اٹھا "شاہ عالم شاہ

marfat.com
Marfat.com

عالم"۔ اس پر تمام بازار کے لوگ بھی آپ کو اس لقب سے پکارنے لگے۔ شاہ عالمؒ نے خادموں کو مراجعت کا حکم دیا۔ خدام لوٹ گئے۔ شاہ عالمؒ پھر اپنے والد ماجد قطب عالم کی خدمت میں پہنچے اور تمام ماجرا بیان کیا اور لوبیا کی دیگچی بھی پیش کی۔ اس وقت سے یہ فقرہ عوام میں ضرب المثل ہو گیا کہ "چشتیوں نے پکائی اور بخاریوں نے کھائی" (تذکرہ اولیاء دکن جلد اول صفحہ 175 تا 176)

آپ کی کنیت ابوالبرکات اور نام محمد بن قطب عالم تھا۔ بڑے صاحب مقام تھے۔ کہتے ہیں کہ آپ کا حلیہ شریف حضور اقدس صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے ملتا جلتا تھا۔ آپ کی عمر' والدین کے اسمائے گرامی حتیٰ کے دایہ کے نام تک میں حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے مماثلت تھی۔ پیدائش 7 ذیقعدہ 817ھ کو ہوئی اور شب دو شنبہ 20 جمادی الاخر 880ھ میں بعمر 63 برس وصال فرمایا۔ مزار احمد آباد (بھارت) میں ہے۔

124- مدینہ منورہ میں تین میل ادھر ایک پہاڑی ہے جہاں سے گنبد خضراء (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") صاف نظر آتا ہے۔ اکثر زائرین یہیں سے درود خوانی میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ اس پہاڑی پر امام شہیدیؒ کی قبر ہے۔ یہ بزرگ نعت رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں خاص درجہ رکھتے تھے۔ ان کی لکھی نعتیں بہت مقبول ہوئیں۔ قدسیؒ کی اس نعت پر ؎

مرحبا سید مکی مدنی العربی دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

بہت سے شاعروں نے تضمینیں لکھی ہیں مگر شہیدیؒ کی تضمین اپنے اندر ایک خاص کیفیت و سرور رکھتی ہے۔ کہتے ہیں جب شہیدیؒ نے مدینہ طیبہ جانے کا ارادہ کیا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے ان کو وہاں آنے سے روک دیا۔ جب حکام سے بہت منت ساجت کی کہ مجھے اس پہاڑی پر ہی سے روضہ اطہر (علی صاحبہا صلوۃ" و سلاما") کی زیارت کر لینے دو تو حکام نے اس کی اجازت دے

marfat.com
Marfat.com

دی- آپ پہاڑی پر چڑھے اور روضہ اقدس (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کی جوں ہی جھلک دیکھی تو غش کھا کر گر پڑے اور طائر روح قفس عنصری سے پرواز کر گیا ("جہاد زندگی" یعنی حضرت مولانا مولوی فیروز الدینؒ کے خود نوشت حالات زندگی- مرتبہ عبدالحمید خان صاحب- فیروز سنز لاہور صفحہ 118 تا 119)

125- حضرت مولانا محمد اکرمؒ ظاہری و باطنی علوم کے جامع اور اپنے زمانے کے قطب تھے- آپ کی تصانیف علم تصوف میں بہت مشہور ہیں- خصوصا" آپ کی تصنیف "اقتباس الانوار" تاریخ چشتیہ صابریہ میں بینظیر کتاب ہے- اس کتاب کے دیباچہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ جب یہ اختتام کے قریب پہنچی تو ایک رات میں نے یہ واقعہ دیکھا کو گویا بہشت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے- اس میں سرخ موتی کا قبہ ہے- اس قبہ پر حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم مع چاروں صحابہ اکرامؓ و دیگر اولیائے نامدارؒ رونق افروز ہیں اور پیران پیر شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ، حضرت خواجہ اجمیریؒ، حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ، حضرت سلطان المشائخؒ، حضرت قطب العالم گنگوہیؒ اور حضرت شیخ محمد صادقؒ بھی موجود ہیں- اسی عرصہ میں میں یہ کتاب لے کر حاضر ہوا- حضرت شیخ محمد صادقؒ نے یہ کتاب میرے ہاتھ سے لے کر حضرت محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے سامنے پیش کی اور عرض کیا کہ اس میں خلفائے راشدینؓ، ائمہ معصومینؓ اور اولیائے متقدمیں و متاخرینؒ کے حالات ہیں- حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ وسلم نے یہ کتاب اپنے دست مبارک میں لے کر دریافت فرمایا کہ اس کا مصنف کہاں ہے؟ میں فورا" حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یہ کتاب میں نے لکھی ہے- آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اچھی کتاب لکھی ہے جسے ہم نے قبول کیا- پھر ایک چادر نورا خضر کی جس پر سورۃ انا جاء نصر اللہ لکھی تھی مرحمت فرمائی- پھر خلفائے راشدینؓ، حضرت پیران پیر اور دیگر بزرگان دینؒ نے

marfat.com
Marfat.com

نوبت بہ نوبت یہ کتاب دیکھی اور قبول فرمایا اور مجھے مبارک باد دی۔ جب میں اس واقعہ کے بعد بیدار ہوا تو میرے بستر سے عطر و عنبر کی خوشبو آ رہی تھی۔ میں بہت خوش ہوا اور نماز شکرانہ ادا کی (انوارالعاشقین از مولانا مشتاق احمد انیسھوی صابری صفحہ 106)

126- روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے فرمایا کہ جس کسی مسلمان نے گلاب کے پھول کو سونگھا اور پھر مجھ پر درود نہ بھیجا پس اس نے مجھ پر ظلم کیا۔ بزرگان دین میں سے ایک صاحب کو اس حدیث کے صحیح ہونے کے بارے میں شک تھا کہ یہ پھول حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ مبارک سے پیدا ہوا ہے۔ انہوں نے ایک رات حضور اقدس صلی اللہ علیہ وعلیٰ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ دور سے تشریف لا رہے ہیں اور پسینہ مبارک آیا ہوا ہے۔ آنکھ اٹھا کر حضور علیہ الصلواۃ والتسلیم نے ان کی جانب دیکھا اور پیشانی مبارک سے اپنے پسینہ مبارک کو زمین پر گرا دیا۔ جب ان بزرگ کی آنکھ کھلی تو جس جگہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے پسینہ مبارک کے قطرے گرے تھے وہاں گلاب کے پھول پڑے تھے۔

مستحب یہ ہے کہ تمام خوشبو دار پھولوں کو سونگھتے وقت درود شریف پڑھے (گلدستہ باغ ارم از حضرت سید خیر الدین المعروف بہ شاہ ابوالمعالی لاہوریؒ ترجمہ ملک فضل الدین صاحب مجددی نقشبندیؒ۔ صفحہ 2)

روایت ہے کہ جو کوئی مشتاق حضرت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وسلم کی خوشبو کا ہو وہ گلاب کا پھول سونگھے کہ وہ آپؐ کے پسینہ مبارک سے پیدا ہوا ہے یعنی شب معراج کو جسم مبارک سے جو پسینہ مبارک کے قطرے زمین پر گرے ان سے گلاب کا پھول پیدا ہوا۔ لیکن محدثین کے نزدیک یہ حدیث ضعیف ہے۔ کیا گلاب کا پھول دنیا میں آپؐ کی تشریف آوری سے پہلے موجود نہیں تھا؟ عارف یزدانی'

marfat.com
Marfat.com

عالم ربانیؒ سرخیل اولیاء عارفین' سرتاج حضرات متکلمین حضرت مولانا محمد قاسم صدیقی نانوتویؒ بانی دارالعلوم دیو بند (اسلامک یونیورسٹی' دیوبند' یوپی' بھارت) نے اس ضمن میں فرمایا کہ منسوب تو بہرحال آپؐ سے ہے پس قابل صد احترام ہے۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ نے فرمایا کہ ایسی محافل جن میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک ہو عطر گلاب لگا کر بیٹھنا افضل ہے۔

127- شاہ نعمان چشتی برہان پوریؒ لکھتے ہیں کہ ایک دن تمام اولیاء اللہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے۔ میں نے عرض کیا کہ مقام قلعہ اسیر شاہ نعمان کو عطا ہووے یا شاہ محمود کو۔ حکم ہوا کہ شاہ نعمان کو ہم نے عطا کیا اور شاہ محمود کے لئے حکم ہوا کہ اپنا مصلا وہاں سے اٹھا لے اور شاہ نعمان نے پھر قلعہ اسیر میں قیام کیا۔ (ریاض الفقر معروف بہ "دفتر حقیقت" دوسرا گلزار صفحہ 184 از حافظ محمد امداد حسین۔ ساکن۔ میرٹھ)

128- حضرت شیخ عبدالستارؒ اولین فرزند تھے حضرت مسیح الاولیاء شیخ عیسٰی جند اللہ ابن شیخ قاسم سندھیؒ کے۔ آپ کی ولادت کی بابت مولانا اسمٰعیل فرحیؒ نے "کشف الحقائق" قلمی صفحہ 44 پر یہ روایت درج کی ہے "مسیح الاولیاء نے فرمایا کہ شب بحالت معاملہ مجھے مشاہدہ ہوا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علی آلہ وسلم مغرب کی جانب سے مشرق کی طرف تشریف لے جا رہے ہیں۔ ہمراہ لوگوں کا ہجوم ہے۔ میں بھی ہجوم میں شریک ہوں اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم سے زیادہ قریب ہوں۔ مجھے مہر نبوت کی زیارت ہوئی۔ غور سے دیکھا تو یہی سمجھ میں آیا کہ اس مہر مبارک میں بالوں اور مسوں کی کثرت ہے میں دیکھ ہی رہا تھا کہ اس میں سے ایک مسہ کا دانہ گرنے لگا۔ میں نے اس کو اٹھا کر منہ میں ڈالا اور نگل گیا۔ جب میں بیدار ہوا تو بے اختیار میرے دل میں یہ بات پیدا ہوئی کہ مسہ کا یہ دانا یقیناً فرزند کی بشارت ہے جو اللہ تعالیٰ مجھے عنایت

marfat.com
Marfat.com

فرمائے گا- کچھ عرصہ بعد بابا عبدالستار پیدا ہوئے جو خواب کے زمانے میں بطن مادر میں تھے (برہانپور کے سندھی اولیاء المعروف بہ تذکرہ اولیائے سندھ- تالیف سید محمد مطیع اللہ راشد برہانپوری"- صفحہ 104- سندھی ادبی بورڈ- سندھ اسمبلی بلڈنگ- کراچی تلک چاڑھی- حیدر آباد' سندھ)

روایت ہے جس مسلمان نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی مہر نبوت کی زیارت کر لی اس پر آتش دوزخ حرام ہے- رکانہ پہلوان نے ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ وسلم سے کشتی لڑنا چاہی- آپؐ نے کرتا مبارک اتارنے اور لڑنے کا ارادہ کیا تو حضرت جبریل امینؑ حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ کرتا نہ اتاریں- کہیں وہ آپؐ کی مہر نبوت نہ دیکھ لے- رکانہ پہلوان اس قدر طاقتور تھا کہ چمڑے پر تن کر کھڑا ہو جاتا اور لوگ چمڑا کھینچتے تو چمڑا سمٹ جاتا مگر اس کے قدموں کے نیچے سے نہ نکلتا تھا- تصدیق نبوت کے لئے اس نے آپؐ کو کشتی لڑنے کی دعوت دی اور پھر یہ بھی کہا کہ ہار جاؤں تو میری 1/3 بکریاں آپؐ کی نذر- اس کے اطمینان کے لئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے تین مرتبہ اس کو پٹک دیا اور ساری بکریاں لے لیں- وہ رونے لگا تو آپؐ نے تمام بکریاں اس کو واپس دے دیں جس سے وہ اس قدر متاثر ہوا کہ مسلمان ہو گیا- (شرح سید کبیر) رکانہ پہلوان کی طرح ابوجہل نے بھی آپؐ کو کشتی کی دعوت دی تھی- آپؐ کرتا مبارک اتارنے لگے تو جبریل امینؑ نے آکر منع کیا کہ ابوجہل مہر نبوت نہ دیکھنے پائے-

ام خالد بنت خالدؓ فرماتی ہے کہ میرے والد ایک مرتبہ مجھے لے کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے- میں زرد قمیض پہنے ہوئے تھی- آپؐ نے دیکھ کر فرمایا بہت اچھی ہے- بہت اچھی ہے- پھر میں آپؐ کی پشت پر جا کر مہر نبوت (جو دونوں شانہ ہائے مبارک کے بیچ میں ایک مضغہ گوشت کی طرح تھی) سے کھیلنے لگی- جس پر والد نے گھڑ کا لیکن آپؐ نے انہیں منع کر دیا اور فرمایا کہ

marfat.com
Marfat.com

رہنے دو۔ اسے کھیلنے دو (بخاری شریف)۔ آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت تھی یعنی آپؐ خاتم النبین ہیں۔ (حضرت انسؓ)۔ حضرت جابرؓ بن سمرہ نے فرمایا کہ میں نے مہر نبوت کو آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان میں ایک سرخ اور ابھرے ہوئے گوشت مثل بیضہ کبوتر دیکھا۔ ابراہیم بن اسمٰعیل قرئیؒ نے حضرت جابرؓ سے روایت کیا کہ مجھ کو ایک مرتبہ آپؐ نے اپنے پیچھے سواری پر بٹھایا۔ میں نے مہر نبوت کو اپنے منہ میں لے لیا تو اس میں سے مشک کی خوشبو آ رہی تھی۔ حضرت سائبؓ بن یزید نے فرمایا۔ وہ مثل مسہری (چھپرکھٹ) کی گھنڈی کے تھی۔ عمرو بن اخطب انصاریؓ سے روایت ہے کہ کچھ بال جمع تھے۔ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ مثل مٹھی کے تھی اور اس کے گرد اگرد تل تھے جیسے مسے ہوتے ہیں (ان روایات میں تضاد نہیں۔ سب اوصاف کا جمع ہونا ممکن ہے)

مولف / مصنف کتاب ہذا کو 1946ء میں پہلی بار حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علی آلہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا تھا۔ طویل خواب ہے جس میں آپؐ کی پشت مبارک کی جانب کھڑا ہوا پورے وقت مہر نبوت کو دیکھتا رہا تھا۔ یہ آپؐ کے دونوں مبارک شانوں کے درمیان ابھرے ہوئے گوشت مثل بیضہ کبوتر کے تھی۔

129- بعض بزرگوں کا قول ہے کہ انہوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم) کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وعلیٰ الہ وسلم) ہم آدمیوں سے میل جول رکھیں یا کنارہ کش ہو جائیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا میل جول رکھو اور ان کی ایذا و تکالیف کو برداشت کرو۔ کتاب "شرف المصطفےؐ" میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو مومن آدمیوں میں گھلا ملا رہتا ہے اور ان کی تکالیف برداشت کرتا ہے وہ اس مومن سے افضل ہے جو لوگوں سے میل جول نہ رکھے اور ان کی تکالیف پر صبر نہ کرے (خیرالموانس جلد اول۔ صفحہ 380)

marfat.com
Marfat.com

130- "تذکرۃ الاولیاء" میں تحریر ہے کہ ایک نیک دل آدمی دن بدن لاغر ہوتا جا رہا تھا یہاں تک کہ نماز بھی چارپائی پر پڑھنے لگا تھا۔ ایک رات اس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ میں اتنا لاغر ہوں کہ نماز بھی چارپائی پر پڑھ رہا ہوں۔ بڑی مشکل میں ہوں اور بیماری کا پتہ بھی نہیں چلتا۔ میرے واسطے دعا فرمائیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ فلاں دن ایک پرندہ کا بچہ تیرے اوپر آ بیٹھا تھا اور اس کی ماں تیرے سر پر اڑ رہی تھی مگر تو نے سختی سے ہاتھ مارا جس کی وجہ سے وہ بچہ مر گیا اور اس کی ماں نے تیرے لئے بددعا کی جو قبول ہوئی۔ اب تیرے واسطے کوئی دعا نہیں۔ چند روز بعد اسی نیک دل آدمی کے گھر میں ایک بلی نے بچے دیئے۔ بلی کہیں گئی ہوئی تھی کہ ایک سانپ اس کے بچوں کو کھانے کے لئے آ گیا۔ اس نیک دل نے لکڑی سے سانپ کو بچوں کے پاس جانے سے روکا۔ اتنے میں بلی بھی آ گئی۔ پس اسی روز سے ان کو صحت ہونے لگی۔ کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے کے قابل ہو گئے۔ چند روز بعد انہیں پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ عرض کیا اب مجھے بہت آرام ہے اور دن بدن طاقت آتی جا رہی ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اس روز جو تو نے بلی کے بچے سانپ کے منہ میں جانے سے بچائے تھے تو بلی نے تیرے حق میں دعا کی تھی جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبول ہوئی اور اس وجہ سے تجھے صحت حاصل ہوئی۔ (خزینہ معرفت از صوفی محمد ابراہیم 105)

131- **اللھم صلی علی محمد و علی ال محمد انت لھا اھل و ھو لھا اھل و بارک و سلم** یہ درود شریف حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کے یہاں مقبول ہوئی۔ دعا اس سے قبول ہوتی ہے۔ روایت ہے کہ ایک زائر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم کے روضہ پاک پر یہی درود

marfat.com
Marfat.com

شریف پڑھا کرتا تھا۔ اس نے جب سفر کا ارادہ کیا تو آپؐ سے اسے حکم ہوا کہ چند روز اور رہے کہ مجھے تیرا یہ درود اچھا معلوم ہوتا ہے۔ روایت ہے کہ ثواب اس درود شریف کے پڑھنے کا دس ہزار درود شریف پڑھنے کے برابر ہے (صلوت ناصری صفحہ 69) (محبوب القلوب صفحہ 428)

132- بعض علماء نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا قرآن خواں کو کتنا ثواب ملتا ہے؟ آپؐ نے بہت سی چیزیں دنیا اور آخرت کی گن کر بتائیں۔ دریافت کیا کہ ساتھ حضور قلب کے یا بے حضور قلب۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا "**بفهم و بغيرفهم**" (کتاب التعویذات اردو ترجمہ "**الداء والدواء**" از عمدۃ المفسرین زبدۃ المحدثین نواب سید محمد صدیق حسن خاںؒ صفحہ 14)

133- جو شخص اس آیت شریف "**لقد جاء كم رسول من انفسكم... و هو رب العرش العظيم** ○" (آخر سورہ توبہ) کو دن یا رات میں پڑھے گا اس دن نہ مرے گا نہ مقتول ہوگا نہ کوئی زخم ہتھیار سے اسے لگے گا۔ امام قرطبی نے اسے "کنز الابرار" میں روایت کیا ہے۔ یہ روایت جب بعض صالحین کو پہنچی تو اپنی بیماری میں اسے پڑھنا شروع کر دیا۔ ایک شخص جس کی عمر 70 سال سے زیادہ تھی ہمیشہ اسے پڑھتا تھا۔ وہ 130 سال تک زندہ رہا۔ جب اللہ نے اس کا مرنا چاہا تو اس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ کب تک تو ہم سے بھاگتا رہے گا۔ اس نے اسی وقت سے اس مبارک آیت کا پڑھنا موقوف کر دیا اور مر گیا۔ (کتاب التعویذات صفحہ 144 تا 145- 1305ھ "فقیر اللہ" تاجر کتب۔ کشمیری بازار۔ لاہور)

134- شیخ عارف باللہ سیدی ابراہیم دسوقی قرشیؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کے نور سے پیدا کیا اور مجھے حکم

marfat.com
Marfat.com

دیا کہ سب ولیوں کو میں اپنے ہاتھ سے خلعت پہناؤں- چنانچہ میں نے اپنے ہاتھ سے ان کو خلعت پہنائے اور مجھ سے حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم) نے فرمایا کہ اے ابراہیم تو ان پر نگہبان ہو- چنانچہ میں تھا اور حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم) تھے اور میرے بھائی عبدالقادرؒ میرے پیچھے تھے اور ابن الرفاعیؒ عبدالقادرؒ کے پیچھے تھے- بعدہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے میری طرف رخ کیا اور فرمایا اے ابراہیم دوزخ کے فرشتے کے پاس جا اور اس سے کہہ دے کہ بہشت کے دروازے کھول دے- چنانچہ ان فرشتوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کے حکم کی تعمیل کی- اس واقعہ کو کافی تفصیل سے بیان کرنے کے بعد سیدی ابراہیمؒ نے فرمایا کہ جو کچھ میں نے کہا ہے اس کو صرف وہی جانے گا جو اپنے پردوں کی کثافت سے باہر نکل آیا ہو اور فرشتوں کی طرح روحانی ہو گیا ہو (نعمت عظمیٰ حصہ دوم صفحہ 276 تا 277)

135- حضرت شاہ محمد حمدانیؒ نے فرمایا کہ ہمارے والد ماجد حضرت مولانا شاہ نجات اللہؒ کے ایک مرید نے آپ سے اس درود شریف کی درخواست کی جس کے پڑھنے سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی زیارت بابرکت حاصل ہوتی ہے- آپ نے فرمایا کہ ایسا قصد نہ کر نہیں تو پچھتائے گا- بیٹھے بٹھائے ندامت اٹھائے گا- وہ نہ مانا اور حد سے زیادہ اصرار کیا- آپ نے بدرجہ مجبوری وہ درود شریف اسے بتا دی- وہ شخص ایک شب جب یہ درود شریف پڑھ کر سویا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی زیارت مشرف ہوا- دیکھا کہ ایک محفل متبرک میں آپؐ تشریف رکھتے ہیں اور بہت سے صحابہ اکرامؓ بھی آپؐ کے برابر بیٹھے ہیں- وہ شخص آپؐ کے سامنے حاضر ہو کر نہایت تعظیم سے آداب بجا لایا- آپؐ نے اس کی جانب سے منہ پھیر لیا اور سلام کا جواب نہ دیا- دوسری جانب حاضر ہو کر سلام عرض کیا پھر بھی آپؐ نے منہ پھیر لیا- تب تو یہ شخص نہایت ندامت سے رونے لگا اور قدسی کی غزل "مرحبا سید مکی مدنی

marfat.com
Marfat.com

العربی" پڑھنے لگا۔ چونکہ یہ غزل نہایت مقبول ہے اس کی برکت سے آپؒ نے اس کی طرف دیکھ کر فرمایا کہ جا اور اپنے مرشد کی پیروی کر (یہ حکایت ارشاد فرما کر کہا کہ جو کوئی شخص بادشاہوں کے دربار میں جانے کا قصد کرے تو پہلے لیاقت عمدہ حاصل کرے اور پوشاک نفیس سے آراستہ ہو ورنہ ندامت و خفت اٹھائے گا۔ پس حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم کے دربار کے واسطے لیاقت پیدا کرے اور شریعت کا بندہ بنے تب اس کوچے میں قدم رکھے ورنہ پچھتائے گا)۔ ("نجات المومنین" از حافظ سراج الیقین 1289ھ میں نول کشور واقع پٹیالہ کے مطبع سے شائع ہوئی۔ صفحہ 234 اس میں شاہ نجات اللہؒ کے حالات زندگی اور بے شمار کرامات کا ذکر ہے)۔

اکثر لوگ کرسی (نزد لکھنؤ) کو بدنام کرتے ہیں اور وہاں کے باشندوں پر حماقتوں کا اتہام لگاتے ہیں۔ قدرت نے حضرت مولانا شاہ نجات اللہ محب صادق کرسوی بن شیخ کفایت اللہ قدس سرہ کی ولادت باسعادت کا شرف کرسی کو بخش کر اس قصبہ کو کرسی شریف بنا دیا۔ شاہ صاحبؒ نماز تہجد کے بعد لاکھ ضرب لگاتے تھے جس کی آواز دو میل تک جاتی تھی۔ کبھی اپنی ناف سے ٹخنے تک نظر نہیں کی۔ جب کسی نے پوچھا استرا لینے کی ضرورت تو ہوتی ہو گی تو فرمایا کہ اندھا کیا کرتا ہے۔ ایسے صاحب شریعت و طریقت تھے کہ جس نے آپ کو دیکھ لیا گویا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کو دیکھا۔ ایک روز ندا آئی کہ تم مرید کیوں نہیں کرتے۔ عرض کیا شرم آتی ہے۔ ایسا نہ ہو میرا مرید دوزخ میں جائے اور مجھے بدنام کرے۔ ندا آئی تمہارا مرید دوزخ میں ہرگز نہ جائے گا۔ ایک روز مسجد شریف (کرسی) کی محراب میں بیٹھے قرآن مجید کی تلاوت فرماتے تھے کہ ہاتف غیبی سے ندا آئی کہ اب تم کو اللہ تعالیٰ نے بلایا ہے۔ گھر والوں کو پتہ چلا تو کہرام مچ گیا۔ فرمایا ابھی چند روز دنیا میں قیام اور ہے جس دن دو رکعت نماز بیٹھ کر پڑھوں اس دن میرا انتقال ہوگا۔ جب وقت وصال قریب آ گیا اپنے چاروں بیٹوں اور قصبہ والوں کو باہر آ کر اپنا مقام مدفن بتایا اور وصیت فرمائی کہ ہمارا

marfat.com
Marfat.com

مقبرہ بنانا مگر پختہ قبر نہ کرنا نہ کبھی اس پر روشنی اور چراغ آئے نہ کسی قسم کی بدعت ہو۔ اپنے صاحبزادے مولانا شاہ محمد حمدانیؒ کو اپنا جانشین مقرر کیا اور سب کو ہدایت فرمائی کہ کبھی کوئی امر خلاف شریعت نہ کرنا۔ 5 شعبان بروز پنجشنبہ 1235ھ کو صبح کی نماز دو رکعت بیٹھ کر پڑھی اور دن چڑھے 1/2-89 سال کی عمر پا کر وصال فرمایا۔ مولوی حیدر ساکن فرنگی محل (لکھنؤ) جب غسل دینے لگے تو دیکھا کہ شاہ صاحبؒ کی عقد انامل (انگلیوں پر وظیفہ پڑھنے کا مسنون طریقہ) برابر چل رہی ہیں اور اسوقت بھی یاد الہٰی سے غافل نہیں۔ ایک بار آنکھ بھی کھولی اور پھر بند کر لی۔ غرض آپ اس شان کے بزرگ تھے جن کی ذات سے لاتعداد لوگ فیضیاب ہوئے۔ کری میں روضہ مرجع خلائق ہے۔

136- عبداللہ خان والئ توران نے خواب میں دیکھا کہ ایک عظیم الشان خیمہ ایستادہ ہے اور اس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ ایک بزرگ بارگاہ کے دروازے پر عصا لئے کھڑے ہیں اور خلائق کے معروضات و درخواستیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کے حضور میں پہنچا رہے ہیں اور ان کا جواب آپؐ کے پاس سے لا کر دیتے ہیں۔ چنانچہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے ایک تلوار ان کے ذریعہ بھیجی جو انہوں نے میری کمر میں باندھ دی اور میرے حال پر بہت مہربانی کی اور الطاف فرمائے۔ اس کے بعد جب آنکھ کھلی تو میں نے ان بزرگ کا حلیہ اپنے ذہن میں محفوظ کر لیا اور ان کی تلاش شروع کر دی۔ ہر چند اپنے مقربین اور درباریوں سے ان بزرگ کا حلیہ بیان کیا اور ان کی نسبت دریافت کیا مگر کچھ پتہ نہ چلا۔ یہاں تک کہ ایک روز بادشاہ کا ایک مصاحب مولانا خواجگی امکنگیؒ قدس سرہٗ کی خدمت میں آیا اور بادشاہ سے کہا کہ جس بزرگ کی آپ کو تلاش ہے وہ حضرت خواجہ امکنگیؒ ہیں۔ بادشاہ یہ خبر سن کر بہت خوش ہوا اور فوراً آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ دیکھا کہ بعینہٖ وہی حلیہ تھا جو خواب میں دیکھا تھا۔

marfat.com
Marfat.com

بادشاہ تواضع اور نیاز مندی' بجا لایا اور نذرانہ قبول کرنے کے لئے التماس کی۔ حضرت نے نذرانہ قبول نہ کیا اور فرمایا کہ فقر کی حلاوت نامرادی اور قناعت میں ہے۔ بادشاہ نے اس پر کہا قرآن پاک فرماتا ہے "اطاعت کرو اللہ کی اور رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم) کی اور حاکم وقت کی۔ پس عمل فرمایئے اور جو کچھ میں خدمت میں پیش کر رہا ہوں اس کو قبول کیجئے۔ یہ سن کر آپ نے ان تحفوں کو قبول فرما لیا۔ اس کے بعد خان مذکور روزانہ صبح کے وقت نہایت نیاز مندی اور انکساری کے ساتھ حضرتؒ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ (انوار العارفین از حضرت مولانا صوفی سید محمد عابد میاں عثمانی ڈھابیلیؒ صفحہ 551 تا 552) (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ از مولانا محمد حسن نقشبندی مجددیؒ۔ صفحہ 129۔ ناشر ملک چنن الدین' تاجر کتب۔ اللہ والے کی قومی دکان۔ کشمیری بازار۔ لاہور)

137- حضرت حاجی بابا قادری کانجوی کشمیریؒ سات برس کی عمر میں حج بیت اللہ کے واسطے تشریف لے گئے۔ چند سال جاروب کشی کرتے رہے۔ روضہ اطہر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم پر ایک رات بشارت ہوئی کہ کشمیر میں جا کر نکاح کرو۔ مولوی عثمان نامی بیٹا پیدا ہوگا۔ آپ کشمیر تشریف لے گئے نکاح کیا اور مولوی عثمان پیدا ہوئے۔ آپ شاہ نعمت اللہ قادریؒ کے مرید تھے (تحفتہ الابرار۔ صفحہ 30)

138_ حضرت خصیفؒ سے مروی ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک صاحب بیٹھے ہیں جن کی داہنی اور بائیں جانب بھی دو حضرات بیٹھے ہیں۔ اتنے میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ آئے اور چاہا کہ ان صاحب اور ان کی داہنی طرف والے ساتھی کے درمیان بیٹھیں مگر وہ ساتھی اپنے صاحب سے مل گئے اور بیٹھنے کی جگہ باقی نہ رہی۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ گھوم گئے اور چاہا کہ ان صاحب کے اور ان کے بائیں جانب والے ساتھی کے درمیان بیٹھیں مگر وہ بھی اپنے صاحب سے مل گئے۔ پھر انہیں درمیانی صاحب نے کھینچ کر اپنی آغوش میں بٹھا

marfat.com
Marfat.com

لیا- اتفاق سے میمون بن مہران صحابیؓ وہاں موجود تھے- میں نے ان سے پوچھا یہ کون صاحب ہیں- انہوں نے کہا یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ علیٰ آلہ وسلم ہیں اور داہنی و بائیں جانب والے بزرگ حضرت صدیق اکبرؓ و حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں (طبقات کبیر جلد ہشتم ترجمہ مولانا عبداللہ عماری صاحب صفحہ 382)

139- بیان کیا جاتا ہے کہ ملک شام میں کبھی قحط نہیں پڑا اور ثقہ لوگوں سے میں نے سنا ہے کہ ایک بزرگ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھ کر عرض کیا تھا- "یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم) معاش میں ہماری اعانت فرمایئے- آپؐ نے ارشاد فرمایا- "روٹی اور روغن زیتون ہمارے ذمہ ہے" سفر نامہ حکیم ناصر خسرو مترجمہ مولوی محمد عبدالرزاق کانپوری- شائع کردہ انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی 1941ء صفحہ 32)

140- شاہ رحمت اللہؒ کو ایک رات ہوشیاری و خواب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت ہوئی- آپؐ نے فرمایا رحمت اللہ بیت اللہ آ اور سید اشرف مکیؒ کی طرف اشارہ کیا کہ تیرا حصہ ان کے پاس ہے اور سید اشرف کو بھی بشارت دی کہ رحمت اللہ ہندی آتا ہے اس کا جو حصہ تیرے پاس ہے عطا کر- آپ خواب سے بیدار ہوئے اور سفر کا سامان مہیا کر کے حرمین شریفین کو روانہ ہوئے- حج و عمرہ سے فارغ ہو کر سید اشرفؒ کو تلاش کیا- سید موصوف کو جبل ابی قبیس پر مراقب پایا- آپ مودب بیٹھے رہے- جب سید اشرفؒ کو افاقہ ہوا اس وقت نہایت ادب سے السلام علیکم کہا- سید اشرفؒ نے جواب دے کر فرمایا "رحمت اللہ آیئے"- میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کے حکم سے آپ کا منتظر تھا- پھر سید اشرفؒ نے دوگانہ ادا کر کے آپ کو معارف و حقائق سے آگاہ کیا اور خلافت کا خرقہ عنایت فرمایا (تذکرہ اولیاء دکن جلد اول از مولوی ابو تراب محمد عبدالجبار خاں صاحب- صفحہ 364)

marfat.com
Marfat.com

141- "جذب القلوب" میں ہے کہ ایک صالح شخص تین ہزار دینار کے مقروض تھے۔ صاحب دین نے قاضی کے یہاں فریاد کی۔ قاضی نے ان کو ایک ماہ کی مہلت دی۔ وہ مرد صالح محراب مسجد میں بہ ہزار تضرع و عجز حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم پر درود پڑھنے میں مشغول ہو گئے۔ اسی ماہ 27 ویں شب خواب میں دیکھا کہ کوئی کہتا ہے کہ حق تعالیٰ تیرے ادائے دین کا انتظام کر رہا ہے۔ تو علی بن عیسیٰ وزیر کے پاس جا اور اس سے کہہ کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم فرماتے ہیں کہ مجھے تین ہزار دینار قرض ادا کرنے کو دو۔ بیدار ہو کر دل میں خیال آیا کہ اگر وزیر دلیل مانگے۔ پس اس دن نہ گئے۔ دوسرے دن پھر یہی خواب دیکھا۔ خوش ہو کر بیدار ہوئے مگر بات پھر دریافت نہ کی۔ تیسری رات پھر خواب دیکھا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے نہ جانے کا سبب پوچھا۔ عرض کیا میں علامت اس بات کی راستی کی چاہتا ہوں۔ آپؐ نے میری اس بات کی تعریف فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ اگر وہ علامت طلب کرے تو کہنا کہ تم ہر روز صبح آفتاب نکلنے تک قبل اس کے کہ کسی سے بولو پانچ ہزار مرتبہ درود پڑھتے ہو اور یہ راز تمہارا سوائے اللہ تعالیٰ و کراماً کاتبین اور کوئی نہیں جانتا۔ آخر میں وزیر کے پاس گیا اور خواب مع علامت بیان کیا۔ وزیر خوش ہوا اور کہا مرحبا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا۔ اس کے بعد نو ہزار دینار مجھے دیے' اور کہا تین ہزار قرض میں دینا تین ہزار اہل و عیال پر خرچ کرنا اور تین ہزار سے تجارت کرنا اور مجھ کو قسم دی کہ رابطہ محبت کا مجھ سے قطع نہ کرنا اور جو حاجت تمہیں ہو بلا تکلف مجھ سے بیان کرنا۔ میں قاضی کے پاس گیا اور قصہ سنا کہ تین ہزار صاحب دین کو دیئے۔ وہ حیرت زدہ تھا۔ قاضی صاحب نے خواب اور قصہ سن کر کہا یہ سب کرامت اور ثواب وزیر ہی کیوں لے۔ میں تیرے قرض کو ادا کردوں گا۔ صاحب دین نے کہا اس سب کرامت کے سزاوار تم ہی ہو۔ میں نے قرض معاف کیا۔ قاضی نے کہا

marfat.com
Marfat.com

جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ و علیٰ آلہ وسلم کی راہ میں دے چکے اب واپس نہ لیں گے۔ غرض قاضی نے وہ تین ہزار دینار بھی مرد صالح کے حوالے کئے۔ مرد صالح کہتے ہیں اس طرح مجھ کو بارہ ہزار دینار مل گئے اور میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا (صلوت ناصری۔ صفحہ 52 تا 53)

-142 حضرت شیخ غلام نقشبندی لکھنویؒ کے والد ماجد شیخ عطا اللہؒ نے حضرت نقشبندؒ کے روحانی اشارہ کے مطابق غلام نقشبند آپ کا نام رکھا۔ میر محمد شفیع سے کسب کمالات کیا۔ اٹھارہ سال کی عمر میں تحصیل علوم سے فارغ ہو گئے۔ ابتداء میں ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ دیکھا کہ آپؐ اپنے دست مبارک سے حضرت غلام نقشبندؒ کے اچکن کے بٹن کھول رہے ہیں۔ فوراً تعبیر ذہن میں آئی کہ علم کے دروازے کھل جائیں گے حتیٰ کہ آپ اپنے شیخ کے مرشد حضرت شیخ پیر محمد لکھنویؒ کے جانشین مقرر کئے گئے (علماء ہند کے شاندار کارنامے جلد اول صفحہ 503 از مولانا محمد میاں دیو بندیؒ_ مطبوعہ دھلی پرنٹنگ ورکس۔ دہلی)

-143 ایک زاہد پر پانچ سو درم قرض تھا۔ اس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اے زاہد تو ابوالحسن کسائی کے پاس جا۔ وہ ایک مرد ہے مشاہیر نیشاپور سے اور ہر سال دس ہزار ننگوں کو کپڑا پہناتا ہے۔ اس سے جا کر کہہ کہ رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم) نے تجھ کو سلام کہا ہے اور فرمایا ہے کہ پانچ سو درم میرے قرضے کے ادا کر دے اور ابوالحسن اگر کوئی نشانی طلب کرے تو کہنا کہ تو ہر رات ایک سو مرتبہ درود بھجتا تھا۔ کل کی رات مجھ پر درود نہ بھیجا۔ وہ ابوالحسن کے پاس گیا اور پانچ سو درم طلب کئے۔ ابوالحسن نے کوئی خاص التفات نہ کی۔ اس نے جب کہا کہ مجھے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے تمہارے پاس بھیجا ہے اور یہ نشانی دی ہے۔ جب نشانی سنی تو ابوالحسن تخت سے اترے اور سجدۂ شکر بجا

marfat.com
Marfat.com

لائے اور کہا کہ یہ ایک راز تھا میرے اور حق تعالیٰ کے درمیان جو کسی اور کو معلوم نہ تھا۔ غرض ڈھائی ہزار درہم اس کو دیئے اور کہا کہ ہزار درہم بعوض اس بشارت کے ہیں کہ تو نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی جانب سے مجھے پہنچائی اور ہزار درم اس کے عوض ہیں کہ تو نے اس خاکسار تک قدم رنجہ فرمایا اور پانچ سو درم تیرے قرض کی ادائیگی کے لئے ہیں جس کا حکم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے مجھ کو دیا ہے۔ آئندہ جب کبھی کسی امر کی حاجت ہو تو میرا در تمہارے لئے ہر وقت کھلا ہوا ہے (صلوٰت ناصری از مولانا ناصر علی صاحب' صفحہ 57 تا 58)

144- شیخ نصیر الدین ابوالفقرا نامور صوفیا کشمیر میں سے تھے۔ فرماتے ہیں کہ اخوند ملا جمال الدینؒ پرہیز گار وقت' متقی زمانہ اور علم و فضل کا خزانہ تھے۔ بابا فتح اللہ حقانیؒ کے مرید تھے۔ میں نے علم حدیث انہی سے اکتساب کیا ہے اور سند حدیث حاصل کی ہے۔ حضرت شیخ نور الدین ولیؒ کی تربت پر زیارت کے لئے اکثر جاتے تھے۔ میں نے اس کثرت سے اس مزار مبارک پر جانے کا آپ سے سبب پوچھا اور کہا کہ حسب ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم "**فضل العالم علی العابد کفضل علی ابناکم**" (عالم کا فضل اوپر عابد کے ایسا ہے جیسے میرا فضل اوپر عام انسانوں کے)۔ آپ کی فضیلت شیخ نور الدین سے زیادہ ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ شیخ نور الدین آپؐ کے پہلو میں بیٹھے ہوئے ہیں آپؐ نے شیخؒ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اے جمال تو اس کو پہچانتا ہے۔ یہ شیخ نور الدین ہے۔ جو کام اس نے کیا ہے وہ کسی نے نہیں کیا۔ وہ دن اور آج کا دن اس تربت پر میری آمدورفت ہے (سوانح حیات ملک العلماء علامہ عبدالحکیم سیالکوٹیؒ صفحہ ۱۱۔ از محمد الدین فوق ایڈیٹر اخبار کشمیری۔ لاہور)

145- بازریؒ نے "توثیق ٰی الایمان" میں ابوالنعمان سے نقل کیا ہے کہ خراسان

marfat.com
Marfat.com

کے رہنے والے ایک صاحب ہر سال حج کو جایا کرتے تھے اور جب مدینہ منورہ حاضر ہوتے تو سید طاہر بن یحییٰ علوی مدنیؒ کی خدمت میں بھی نذرانہ پیش کرتے تھے۔ ایک صاحب جو مدینہ طیبہ کے رہنے والے تھے انہوں نے ایک مرتبہ اس خراسانی سے کہا کہ تم طاہر علویؒ کو جو کچھ دیتے ہو وہ ضائع کرتے ہو کیونکہ وہ اس کو گناہوں میں خرچ کر دیتا ہے۔ خراسانی نے اس سال طاہر علویؒ کو کچھ نہ دیا۔ دوسرا سال بھی اسی طرح گذر گیا۔ وہ اپنی عادت کے مطابق جو کچھ لے کر آئے تھے اہل مدینہ میں تقسیم کر گئے اور طاہر علوی کو کچھ نہ دیا۔ تیسرے سال وہ حج کے ارادہ سے اپنے گھر سے چلنے لگے تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی خواب میں زیارت ہوئی۔ آپؐ نے تنبیہہ فرمائی کہ تو نے طاہر علوی کے بارے میں اس کے مخالف کی بات کا یقین کیا اور تو جو اس کو دیا کرتا تھا اس کو بند کر دیا۔ ایسا نہیں کرنا چاہئے۔ اب جو رقم اس کو نہیں دی ہے وہ بھی دے اور آئندہ جب تک جاری رکھ سکے اس کو بند نہ کر۔ وہ خراسانی خوفزدہ نیند سے بیدار ہوئے اور چھ سو اشرفیاں لے کر مدینہ منورہ میں طاہر علوی کے مکان پر حاضر ہوئے۔ وہاں محفل جمی ہوئی تھی۔ طاہر علوی نے ان خراسانی کا نام لے کر کہا اگر تم کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نہ فرماتے تو تم مجھ تک نہ آتے۔ تم نے میرے بارے میں اللہ تعالیٰ کے دشمن کی بات کا یقین کر لیا اور مجھ کو رقم دینا بند کر دی۔ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے ملامت فرمائی اور حکم فرمایا کہ تین سال کی رقم دو جب لے کر آئے ہو۔ یہ کہہ کر ہاتھ پھیلا دیا اور کہا چھ سو اشرفیاں لاؤ۔ یہ سب باتیں سن کر خراسانی کو اور زیادہ تعجب ہوا اور وہ کہنے لگا کہ واقعہ تو سارا اسی طرح ہے مگر تمہیں اس سارے واقعہ کی خبر کس طرح ہوئی؟ سید طاہر علویؒ نے کہا مجھے سارا حال معلوم ہے۔ پہلے سال جب تم نے کچھ نہ دیا تو اس سے میری معیشت پر برا اثر پڑا۔ جب دوسرے سال آ کر چلے گئے اور مجھے تمہارے آنے اور چلے جانے

marfat.com
Marfat.com

کا علم ہوا تو مجھے بہت تکلیف ہوئی۔ میں نے خواب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تو رنج نہ کر۔ میں نے فلاں فلاں خراسانی کو خواب میں تنبیہہ کر دی ہے اور اس سے کہہ دیا ہے کہ وہ گذشتہ کی رقم بھی ادا کر دے اور آئندہ حتی المقدر بند نہ کرے۔ میں نے اس خواب پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ جب تم سامنے آئے تو مجھے یقین ہو گیا کہ تم نے خواب دیکھ لیا ہے۔ یہ سن کر خراسانی نے چھ سو اشرفیاں تھیلی میں سے نکال کر مجھے دیں۔ دست بوسی کی اور اپنی کوتاہی کی معافی چاہی کہ میں نے تمہارے فلاں مخالف کی بات کا یقین کیا۔ علامہ سید سمہودیؒ نے اس قصہ کو نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ وہ طاہر علویؒ طاہر بن یحییٰ بن حسین بن جعفر بن عبید اللہ بن زین العابدین بن علی بن امام حسین رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ہیں (شفہ) (فضائل حج 232 تا 233) (بغتیہ ذوی الاحلام)

146- شیخ مولانا احمد مدنیؒ کو علم حدیث میں جو مشکل پیش آتی اس کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے عالم رویا میں حل کر لیتے تھے۔ عاشقان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے تھے۔ آپ اکثر رات کو روضہ رسول (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") پر جایا کرتے تھے اور آپ کے لئے روضہ منورہ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کا دروازہ کشادہ ہو جاتا تھا (تذکرہ اولیائے دکن جلد اول صفحہ۔ 188)

147- ایک شخص نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم) آپؐ بارگاہ الٰہی میں میری سفارش فرما دیجئے کہ میری روح مسلمان کی حالت میں قبض کرے۔ آپؐ نے غضب ناک ہو کر اس کی طرف دیکھا اور فرمایا کیا سخی کوئی چیز دے کر پھر اسے واپس لے لیتا ہے؟ اس کلمہ کو تین بار دھرایا۔ یہ خواب ابونصر سمرقندی نے بیان کیا (خیر الموانس جلد دوم۔ صفحہ 67)

marfat.com
Marfat.com

148- طبرانیؒ نے لکھا ہے کہ میں نے خواب میں یہ درود شریف حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کو سنایا۔ آپؐ سننے کے وقت مسکراتے تھے حتیٰ کہ دندان مبارک آپؐ کے ظاہر ہوئے اور ان سے ایک نور چمکا۔ وہ درود شریف یہ ہے۔

اللهم لک الحمد بعدد من حمدک و لک الحمد بعدد من لم یحمدک و لک الحمد کما تحب ان یحمد اللهم صل علیٰ محمد بعدد من صلی علیه و صل علی محمد بعدد من لم یصلی علیه و صل علی محمد کما تحب ان تصلی علیه (صلوت ناصری از مولانا ناصر علی صاحب صفحہ۔ 61)

149- شیخ عبدالقادر شلوطیؒ سے روایت ہے کہ سد سکندری کے قریب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی جانب سے ہر سال مجلس ضیافت اشخاص روحانیت کی ہوتی ہے جس میں تمام انبیاءؑ اولیاءؒ اقطابؒ و ابدالؒ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کے گرد بیٹھتے ہیں اور اس مجلس کے نقیب حضرت مقداد بن الاسود اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہوتے ہیں۔ مجھے بھی ایک مرتبہ سعادت اس مجلس میں شامل ہونے کی عالم مثال میں ہوئی۔ **ذالک فضل الله یوتیه من یشاء** (تاریخ الاولیاء حصہ دوم۔ صفحہ 627 تا 628)

150- حضرت سید محمد بن جعفر المکی الحسنی الحسینیؒ نے واقعہ دیکھا کہ مسجد قبا میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم مع کل اصحاب کرامؓ اولیائے عظامؒ از خلیفہ اول امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیقؓ تا حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلیؒ موجود ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے بزبان فارسی مجھ سے فرمایا "اے فرزند ست حضرت **لم یزل ولا یزال بحر معانی رابیاء**" اسی وقت میں 35 مکتوب آپؐ کی خدمت میں لے گیا اور آپؐ کے دست مبارک میں دے دیئے۔ آپؐ نے بسرعت نبوت تمام کو پڑھ کر فرمایا کہ اے یاران مصنف بحر معانی۔ ایک مرد ہے کہ تمام کلام مجید کے معانی حقیقت بیان کرتا ہے اور اگر علم روئے زمین سے فرض کرو کہ محو اور معدوم ہو جائے اور یہ

marfat.com
Marfat.com

شخص قلم ہاتھ میں لے تو کل علم کو از بر لکھ دے گا۔ پھر فرمایا کہ اے فرزند آئندہ اسرار حقیقت کو صحرا اور جنگل میں مت رکھ کہ امور شریعت جہاں میں قصور پکڑتے ہیں۔ میں نے قبول کیا اور بحرالمعانی کو 36 مکتوب پر ختم کیا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے حضرت علیٰ کرم اللہ وجہہ کو بحرالمعانی دیا اور آپ نے بعد مطالعہ حضرت خواجہ حسن بصریؒ کو اور اس طرح دست بدست بجمیع مشائخ سلسلہ کو پہنچ کر حضرت نصیرالدین محمود چراغ دہلیؒ کے ہاتھ میں پہنچا۔ (تحفتہ الابرار۔ صفحہ 70)

151- "مواہب لدنیہ" میں کتاب "مدخل" سے نقل کیا ہے کہ شیخ ابو محمد مرجانیؒ کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے خواب میں تشریف لا کر یہ علاج تلقین فرمایا۔ عمل نہایت پر تاثیر ہے۔

ایک مرتبہ آیت "**لقد جاء کم رسول**.... تا آخر سورۃ (سورہ توبہ آیت 129)

ایک مرتبہ آیت "**وننزل من القران ما هو شفاء و رحمته للمومنين** (سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر82)

لو انزلنا هذاالقرآن... تا آخر سورت (سورہ حشر آیات 21 تا 24)

سورۃ اخلاص (**قل هو الله احد**.....)

سورہ فلق (**قل اعوذ برب الفلق**.....)

سورہ ناس (قل اعوذ برب الناس.....)

الهم انت المحی و انت الممیت و انت الخالق و انت الباری و انت المبدی و انت الشافی ○ خلقتنا من ماء مهين جعلتنافی قرار مكين الی قد ر معلوم ○ اللهم انی اسلک باسماء ک الحسنی و صفاتک العليا يا من بيده الابتلاء و المعافات و الشفاء والدوآء اسلک بمعجزات نبيک محمد و

marfat.com
Marfat.com

برکات خلیلک ابراھیم و حرمتہ کلیمک موسی علیہ السلام○ اللھم اشفہ○"

پھر ان سب نقوش کو گھول کر مریض کو پلا دے اور متواتر سات دن تک سورج نکلنے سے پہلے یہ عمل کیا جائے۔ کیسا ہی سخت جادو ہو انشاء اللہ جاتا رہے گا اور مریض تندرست ہو جائے گا۔ یہ عمل نہایت مجرب و متبرک ہے کہ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کا تلقین فرمایا ہوا ہے (طب روحانی مولفہ مولانا محمد ابراہیم دہلویؒ صفحہ 182)

152- ایک شخص کی آنکھ میں درد ہوا۔ اس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور اپنی تکلیف بیان کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ سرمہ کی ڈلی لے کر آگ میں گرم کر۔ جب خوب سرخ ہو جائے تو آگ میں سے نکال کر پڑھے ہوئے روغن زیتون میں غوطہ دے۔ پھر اسے پیس کر تین دن آنکھوں میں لگا۔ اس نے ایسا ہی کیا اور تین دن میں درد جاتا رہا (خیر الموانس حصہ دوم۔ صفحہ 229)

پڑھا ہوا روغن تیار کرنے کا طریقہ ملاحظہ فرمائیے: سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ حصہ اول۔ صفحہ 197 تا 198 پر۔

153- انگریزی حکومت نے اس جرم میں مولانا محمد علی جوہرؒ کو سزا دی تھی کہ وہ اپنے ملک کی آزادی کے لئے جدوجہد کرتے تھے اور حکومت کی نگاہ میں بے حد خطرناک تھے۔ مولانا کو بیجاپور جیل میں ایک روز دوپہر کے وقت بحالت نیم بیداری ایک دھندلا سا پرتو جمال تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نظر آیا تھا۔ جس جمال کی زیارت خواب میں نظر آنا بڑے بڑے خوش نصیب اپنی خوش نصیبی سمجھیں اس کے دیدار سے بیداری میں مشرف ہونے کی خوش بختی کو کن الفاظ میں ظاہر کیا جائے۔ ہوشیار ہوتے ہی مولانا جوہر نے دو رکعت نماز بطور شکرانہ ادا کرنے کے بعد حسب ذیل اشعار موزوں فرمائیے ؎

marfat.com
Marfat.com

تنہائی کے سب دن ہیں تنہائی کی سب راتیں | اب ہونے لگیں ان سے خلوت میں ملاقاتیں
ہر آن تسلی ہے ہر لحظہ تشفی ہے | ہر وقت ہے دل جوئی ہر وقت مداراتیں
کوثر کے تقاضے ہیں تسنیم کے وعدے ہیں | ہر روز یہی چرچے، ہر رات یہی باتیں
معراج کی سی حاصل سجدوں میں ہے کیفیت | اک فاسق و فاجر میں، اور ایسی کراماتیں
بے مایہ سہی لیکن شاید وہ بلا بھیجیں | بھیجی ہیں درودوں کی کچھ ہم نے بھی سوغاتیں
شیطان کی چالوں سے اب ہوگئے سب واقف | اب ہوں گی الم نشرح ملعون کی سب گھاتیں
بیٹھا ہوا توبہ کر تو خیر منایا کر | ٹلتی نہیں یوں جوہر اس دیس کی برساتیں

("محمد علی" ذاتی ڈائری کے چند اوراق از مولانا عبدالماجد دریا بادیؒ_ صفحہ 35)
(گنجینہ جوہر از دوست قدوائی- صفحہ 21 تا 27 سے ماخوذ) (زیارت نبیؐ بحالت بیداری از محمد عبدالمجید صدیقی- صفحہ 92)

154- حضرت حافظ سید محمد علی خیر آبادیؒ کو مثنوی مولانا رومؒ پر بڑا عبور حاصل تھا اور اپنے اعلیٰ مریدوں کو مثنوی شریف کے مطالعہ کی ہدایت فرماتے تھے- مثنوی کو مولانا رومؒ حقائق و معارف اور اسرار و رموز کا ناپیدا کنار سمندر سمجھتے تھے اس لئے اس کی شرح لکھنے کو کبھی اچھا نہ سمجھا- ایک روز فرمانے لگے کہ مولانا جامیؒ نے مثنوی کی شرح لکھنا شروع کی- اس کے دو تین اشعار کی شرح لکھنے پائے تھے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ "مولانا صاحب تمہاری شرح لکھنے سے ناخوش ہوئے ہیں- انہوں نے اپنے اسرار کو در پردہ کہا ہے اور تم ان کو ظاہر کرنا چاہتے ہو"- یہ سن کر مولانا جامیؒ نے شرح لکھنا بند کر دی- (انوار اصفیاء صفحہ 556)

155- حضرت مخدوم شیخ احمد عبدالحق ردولویؒ کا وطن قصبہ ردولی (یوپی_ بھارت) تھا- سخت ترین مجاہدے کئے- حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیٰ و علیہ آلہ وسلم اور حضرات حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی زیارت ہوئی- فرمایا اے شیخ عبدالحق تیری عبادت درگاہ الٰہی میں قبول ہوئی اور تو محبوبان الٰہی میں داخل ہوا- حضور اقدس

marfat.com
Marfat.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا کہ شیخ عبدالحق کو دعا حیدری کی تعلیم کیجئے۔ چنانچہ حضرت علیؓ نے آپ کو دعائے حیدری یاد کرائی اور اس وقت سے یہ دعا اس خاندان میں برائے ورد چلی آتی ہے۔ آپ کا وصال 836ھ میں ہوا (صفحہ 169 تحفتہ الابرار) مزار ردولی شریف میں ہے۔

ہلاکو خان کی تباہ کاریوں سے مجبور ہو کر بلخ سے ایک جماعت کے ہمراہ آپ کے جدامجد شیخ داوٴدؒ ہندوستان آئے۔ اس زمانے میں ہندوستان اور مصر ہی دو اسلامی ممالک تھے جو تاتاری درندوں سے محفوظ تھے۔ چونکہ فاضل روزگار تھے سلطان علاوٴالدین خلجی نے آپ کو ہاتھوں ہاتھ لیا۔ آپ کے والد شیخ عمر ردولی میں پیدا ہوئے۔ بزرگ ماں کے بیٹے بھی بزرگ ہوتے ہیں۔ ماں تہجد پڑھتیں تو حضرت شیخ ماں کے ساتھ اٹھ کر تہجد ادا کرتے۔ ماں کیسی ہی ماں ہو اولاد کی محبت سے اس کا دل لبریز ہوتا ہے۔ ایک روز فرمایا۔ بیٹا ابھی تم بچے ہو۔ سات برس کی عمر بھی تو نہیں۔ تم پر ابھی روزہ نماز فرض نہیں۔ بولے آپ کیسی ماں ہیں کہ خود تو خالق اکبر کی عبادت میں مصروف رہتی ہیں اور مجھے روکتی ہیں۔ حضرت شیخ جلال الدین پانی پتیؒ کے محبوب ترین خلیفہ اور اپنے دور کے نہایت گراں قدر بزرگ گذرے ہیں۔ پیدائشی ولی تھے۔ آپ پر یہ قول صادق آتا ہے "السعید من سعد فی بطن امہ" (یعنی نیک بخت ماں کے پیٹ ہی سے نیک بنایا جاتا ہے)

156- شیخ عزیز الدین بن عبدالسلام مقدسیؒ جو مشاہیر شافعیہ سے ہیں جس وقت ایک شخص کو سنا جو کہتا تھا میں اپنی لڑکیوں کے کار خیر کے لئے پریشان تھا کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ خواب ہی میں مجھے آپؐ نے ایک دفینہ بتایا اور ارشاد فرمایا کہ خمس اس کا ادا نہ کرنا۔ حضرت شیخ نے فرمایا کہ اس شخص کو خمس دینا چاہئے کہ حدیث صحیح میں خمس کا حکم ہے اور اس کو راویوں نے بحالت بیداری و درستی حواس سنا اور نقل کیا ہے

marfat.com
Marfat.com

جبکہ اس شخص نے حالت خواب و غفلت میں سنا ہے۔ گمان غلطی کا ہے اعتماد کے قابل نہیں۔ اسی لئے شریعت میں ان احکامات خواب کو صحیح نہیں مانا گیا جو کتاب و سنت کے خلاف ہوں۔

حضرت مولانا شاہ رفیع الدین دھلویؒ ابن حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی تحقیق یہ ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس نے مجھ کو خواب میں دیکھا تو اس نے مجھ ہی کو دیکھا۔ تحقیق شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ یہ نہیں فرمایا کہ شیطان میرا نام نہیں بتلا سکتا اور نہ یہ فرمایا کہ منصب نبوت کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ اس لئے بعض محققین نے تخصیص کی ہے صورت خاصہ کی جو مدفون مدینہ منورہ ہے اور بعض نے تمام صورتوں کی تعمیم کی ہے وقت نبوت میں اور بعض نے تمام صورتوں کو آپؐ کی جو حین حیات میں تھیں۔ اور اس کے قول کو مرجوح کیا گیا ہے جو ہر نیک و بد صورت کی رویت کا قائل ہو اور کیونکر نہ مقدوح و مرجوع ہو جبکہ ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں بہت لوگ گمراہ بہکانے والے اس نام مبارک سے مشہور ہیں اور بہت لوگ دعویٰ نبوت کرتے ہیں۔ پس کیا تعجب ہے کہ شیطان اپنے کو ایک گمراہ کی شکل میں ظاہر کرے اور دعویٰ نبوت کا ایہام کرے اس لئے احتجاج ان ہی اقوال و افعال سے مناسب ہے جو ثقات کی زبان سے حین حیات میں روایت کئے گئے (تنویر الحوالک للسیوطی) (فتویٰ عزیزی صفحہ 192 در مطبع مجیدی۔ کانپور)

157- حضرت شیخ ابوالمواہب شاذلیؒ کا وصال 820ھ میں ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اگر تجھ کو حاجت ہو تو بی بی نفیسہ طاہرہ کی نذر مان اگرچہ ایک فلوس (پیسہ) ہی ہو۔ اللہ تیری حاجت بر لائے گا کیونکہ یہ بی بی عابدہ و زاہدہ ایک لمحہ بھی درود شریف اور مدح رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) سے خالی نہ رہتی تھی اور اللہ کی محبت میں اپنی جان فدا کی تھی اور درجہ عالیہ کو پہنچی تھی۔ (تاریخ الاولیاء جلد دوم صفحہ 627) (نعمت عظمیٰ جلد سوم، صفحہ 295)

marfat.com
Marfat.com

158- محمد بن اسمٰعیل صوفی بغدادی جو ابن سمعونؒ کے نام سے مشہور تھے۔ 387 ھ میں وصال فرمایا اور اپنے گھر میں دفن کئے گئے۔ 33 سال بعد منتقل کئے گئے تو جسم بالکل ترو تازہ تھا اور کفن تک میلا نہ ہوا تھا۔ ابن سمعونؒ ایک دن وعظ فرما رہے تھے۔ ابو الفتح قواسؒ برابر بیٹھے تھے کہ ان پر اونگھ طاری ہو گئی اور وہ سو گئے۔ ابن سمعونؒ نے کچھ دیر کے لئے وعظ بند کر دیا اور بیدار ہونے پر ابوالفتح قواسؒ سے فرمایا کہ تم نے ابھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت کی ہے۔ ابوالفتح قواسؒ نے اثبات میں جواب دیا۔ فرمایا اسی وجہ سے میں خاموش ہو گیا تھا مبادیٰ تم گھبرا جاؤ اور یہ حالت جس میں تم تھے نہ رہے۔ علامہ جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں کہ یہاں ابن سمعونؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیداری میں زیارت کی جب کہ ابوالفتح قواسؒ نے خواب میں۔ (اثبات کرامات الاولیاء از ابن باطیشؒ) (طبقات از علامہ مناویؒ) (تواریخ الاولیاء حصہ اول' صفحہ 303) (جمال الاولیاء صفحہ 92) (ماہ نامہ النور بابت ماہ شوال 1360 ھ) (رویائے صالحہ' صفحہ 55) (زیارت نبیؐ بحالت بیداری' صفحہ 51 تا 52' ناشر فیروز سنز' لاہور)

159- ایک نوجوان زمیندار 12 برس سے درود شریف پڑھ رہے تھے مگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت نہ ہوتی تھی۔ حالانکہ دل میں آپؐ کے لئے بے پناہ محبت بھی تھی۔ بہت جتن کئے مگر گوہر مراد ہاتھ نہ آیا تو یہ خیال کرنے لگے کہ ضرور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم مجھ سے ناراض ہیں۔ پس ایسی زندگی سے کیا حاصل اور خودکشی کے لئے ایک درخت پر چڑھ گئے۔ رسی کا پھندا گلے میں ڈالا اور دوسرا درخت کی ٹہنی سے باندھ کر کود پڑے۔ درخت سے لٹکے ابھی تڑپ ہی رہے تھے کہ محبوب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے تشریف لا کر ان کو کمر سے پکڑ لیا۔ رسی فوراً ٹوٹ گئی اور

marfat.com
Marfat.com

خواب میں دیدار کے خوش بخت تمنائی کو بحالت بیداری سر کی آنکھوں سے شرف زیارت حاصل ہو گیا۔ مگر تاب دیدار نہ لاتے ہوئے گر کر بے ہوش ہو گئے۔ دو تین دن بعد جب ہوش آیا تو اس نوجوان زمیندار کی حالت ہی کچھ اور تھی۔ دل سے دنیا کی محبت سرد پڑ چکی تھی۔ مجذوبانہ کیفیت طاری تھی۔ کبھی مساجد اور کبھی ویرانوں میں نظر آتے۔ اسی حالت میں چند سال زندہ رہ کر جنت الفردوس کو سدھار گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون (زیارت نبیؐ بحالت بیداری از محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ' صفحہ 84_ ناشر فیروز سنز' لاہور)

160- سید احمد کبیر رفاعیؒ نہایت جلیل القدر صوفیاء میں سے تھے۔ نسباً حسینی سید تھے۔ ہر سال حاجیوں کی معرفت آپؒ رسول امین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی خدمت اقدس میں سلام بھیجتے اور قافلہ کی رخصتی کے وقت فرماتے حضرت بشیر و نذیر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاماً") کے سامنے کھڑے ہو کر میرا سلام عرض کرنا۔ آپؒ کی مشہور ترین کرامت یہ ہے کہ 1161ء/559 ھ میں حج بیت اللہ سے فارغ ہو کر آپ مدینہ طیبہ زیارت کے لئے گئے۔ روضہ نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاماً") کے قریب پہنچ کر آپ نے باآواز بلند فرمایا "السلام علیکم یا جدی" (نانا جان۔ السلام علیکم)۔ فوراً" روضہ مطہرہ سے ندا آئی "وعلیکم السلام یا ولدی" (وعلیکم السلام میرے بیٹے)۔ اس آواز کو سن کر آپ پر وجد طاری ہو گیا۔ آپ کے علاوہ جتنے آدمی وہاں موجود تھے ان سب نے بھی یہ آواز سنی۔ تھوڑی دیر بعد بحالت گریہ آپ نے یہ دو شعر پڑھے۔ جن کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:۔

(آپؐ سے دوری کی حالت میں آپؐ کے پاس اپنی روح کو بھیجتا تھا۔ وہ میری قائم مقام بن کر آپؐ کی زمین کو چوما کرتی تھی۔ اب میں اپنی جان کو لے کر خود حاضر ہوا ہوں۔ پس آپؐ اپنا ہاتھ بڑھایئے تاکہ میرے پیاسے ہونٹ اسے

marfat.com
Marfat.com

بوسہ دے کر حظ حاصل کریں)

یہ کہنا تھا کہ تربت اقدس سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا چمکتا ہوا دست مبارک ظاہر ہوا جس کی نورانیت نے آفتاب کو بھی ماند کر دیا۔ آپ نے اس کو بوسہ دیا جس کے بعد وہ پھر قبر اطہر میں مخفی ہو گیا۔ حضرت علامہ سیوطیؒ نے لکھا ہے کہ اس وقت روضہ اقدس (علیٰ صاحبہا الف الف صلوٰۃ و الف الف سلام) پر قریب 90 ہزار عاشقان جمال نبوی و مشتاقان روضہ نبوی کا مجمع تھا جنہوں نے اس واقعہ کو دیکھا اور حضور سرور کائنات' فخر موجودات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے دست مبارک کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ ان میں محبوب سبحانی' قطب ربانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ حضرت شیخ عبدالرزاق حسینی واسطیؒ اور حضرت شیخ عدی بن مسافر الامویؒ جیسے جلیل القدر بزرگ بھی موجود تھے۔ اس واقعہ کو اس کثرت سے علماء نے بیان کیا ہے کہ اس میں کسی قسم کی غلطی کا احتمال نہیں ہے۔ ایک بزرگ سے کسی نے پوچھا کہ جس وقت حضرت رفاعیؒ نہایت ذوق و شوق و ادب سے دست مبارک چوم رہے تھے تو کیا آپ کو اس وقت حضرت سید احمد کبیر رفاعیؒ پر رشک آیا تھا۔ فرمایا ہم تو ہم اس وقت تو حاملان عرش تک رشک کر رہے تھے۔ حضرت رفاعیؒ کو جب افاقہ ہوا تو دیکھا کہ لوگوں میں بڑی عزت ہو رہی ہے۔ آپ نے اپنے نفس کا اس وقت یوں علاج کیا کہ مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") کی دہلیز پر لیٹ گئے اور فرمایا کہ میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ میرے اوپر سے گذرو تاکہ ذلت ہو۔ لوگوں نے پھاندنا شروع کر دیا۔ ایک بزرگ غالبا" محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے کسی نے دریافت کیا کہ آپ حضرت رفاعیؒ کے اوپر سے نہیں گذرے تو آپ نے فرمایا کہ اگر میں ایسا کرتا تو آتش قہر مجھے جلا دیتی۔ وہ اندھے تھے جو پھاندے۔ غرض اللہ کے خاص الخاص بندوں کو مدینہ طیبہ میں اسی قسم کی دولتیں

marfat.com
Marfat.com

نصیب ہوتی ہیں۔ (خزینہ معارف یعنی مشہور عربی کتاب "ابریز" کا اردو ترجمہ۔ حصہ دوم۔ از ڈاکٹر پیر محمد حسن ایم۔ اے، پی ایچ ڈی، صفحہ 509)(خیر المونس جلد اول، صفحہ 350) (الحاوی از علامہ جلال الدین سیوطیؒ) (البنیان المشید ترجمہ البرہان الموید مولفہ حضرت سید احمد کبیر رفاعیؒ۔ ترجمہ مولوی حافظ ظفر احمد عثمانی تھانویؒ صفحہ 4 تا 9۔ مکتبہ تھانوی۔ کراچی) (روح البع والثع از حکیم الامت محمد اشرف علی تھانویؒ صفحہ 32 تا 33) (طبقات از مناویؒ) (شرح الشفا از شہاب خفاجی) (اسرار ربانیہ از صافی) (اردو ترجمہ "حکم رفاعیہ" از شیخ احمد کبیر رفاعیؒ صفحہ 5 تا 6)(نزہتہ از امام عبدالرحمٰن) (ام البراہین از ابن الحاج)

161۔ "شرح نصوص" میں داؤد قیصری تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے ابتدائی دور میں آپ کا نام بے وضو لیتا تو مصیبت میں پھنس جاتا تھا۔ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ سے فرمایا کہ فرزند پروردگار عالم کا اسم پاک لوگ بے طہارت لیتے ہیں لیکن خالق برحق ان سے مواخذہ نہیں کرتا تو پھر آپ نے بھی وہ جلال ترک کر دیا۔

162۔ ایک مرتبہ محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو ایک پتھر ملا تھا جس پر یہ درود شریف تحریر تھا۔ "**اللهم صلى وسلم على سيدنا و مولانا محمد بحر انوارك و معدن اسرارك و لسان حجتك و عروس مملكتك و امام حضر تك و طراز ملكك و خزائن رحمتك و طريق شريعتك المتلذذ بمشاهد تك عين اعيان خلقك المعتقدم من نور ضيائك و صلوة تحمل بها عقدتي و تفرج بها نوبتي صلوة ترضيك و ترضيه و ترضى بها عنا يارب العالمين عدد ما احاطه به علمك و احصاه كتابك و جرى به قلمك و عدد الاقطار والا حجار والا شجار و ملائكته البحار و جميع ما خلق مولانا من اول الزمان الى آخرة و الحمدلله وحده**"۔

marfat.com
Marfat.com

بعدازاں حضرت محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت کی اور آپؐ سے اس درود شریف کی فضیلت دریافت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی اس کو ایک مرتبہ پڑھے گا 70 ہزار درود کا ثواب پائے گا۔ (مجربات حضرت خواجہ احمد دیربی)(سعادۃ الدارین حصہ اول از علامہ یوسف نبہانیؒ)۔ اس کتاب کے لئے میں جناب محمد اسمٰعیل چودھری۔ اسلام آباد کا شکر گزار ہوں۔

163- بہاولپور کے ایک ریٹائرڈ ڈپٹی کمشنر سگریٹ پیتے تھے۔ ایک رات عالم خواب میں انہوں نے قیامت کا ہولناک منظر دیکھا۔ سخت پریشانی کے عالم میں ایک طرف روشنی نظر آئی۔ کسی نے بتایا وہاں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم تشریف فرما ہیں۔ یہ اس جانب بھاگے لیکن جوں ہی روشنی کے قریب پہنچے کسی نے ان کو دھکا دے کر پیچھے کر دیا اور کہا تم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے نہیں مل سکتے۔ ذرا سا توقف کر کے یہ پھر بھاگے تو کسی نے ان کو زور سے دھکا دیا۔ یہ گر گئے اور کہا کہ تمہارے منہ سے تمباکو کی بو آرہی ہے تم حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں مل سکتے۔

اس خواب نے تازیانے کا کام کیا اور ڈپٹی کمشنر مذکورہ بالا نے فوراً سگریٹ نوشی جس کے وہ عادی تھے ترک کر دی۔ ("دنیا' قبر' آخرت" از پروفیسر ڈاکٹر نور احمد صاحب۔ پروفیسر آف میڈیسن نشتر میڈیکل کالج' ملتان' صفحہ 17 تا 18_ پبلشر صدیقی۔ ٹرسٹ نزد لسبیلہ چوک۔ کراچی)

164- میرے ایک دوست سنٹرل گورنمنٹ میں ایک اعلیٰ عہدہ سے ریٹائر ہوئے ہیں۔ عرصہ بعد ان سے ملاقات ہوئی تو چہرہ پر ریش مبارک تھی جو پہلے نہیں تھی۔ میں نے وجہ دریافت کی۔ اس پر انہوں نے بتایا کہ ایک رات خواب

marfat.com
Marfat.com

میں قیامت کا وحشت ناک منظر دیکھا۔ سخت پریشان تھا کہ کچھ لوگوں کو ایک طرف بھاگتے دیکھا۔ میں بھی اسی جانب دوڑا تو وہاں لوگ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے مصافحہ کر رہے تھے۔ میں نے جو ہاتھ بڑھایا تو آپؐ نے منہ پھیر لیا۔ وجہ دریافت کی تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تمہاری شکل میری جیسی نہیں۔ یہ شیو کیا کرتے تھے۔ صبح ہوتے ہی ڈاڑھی منڈانا ترک کر دیا جس کے نتیجہ میں ڈاڑھی بڑھ گئی ("دنیا' قبر' آخرت" صفحہ 17)

165- شیخ رکن الدین علاؤ الدولہ سمنائیؒ فرماتے ہیں کہ شیخ مجدد الدین بغدادیؒ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم) مجھے کوئی دعا سکھایئے۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا۔ "**اللھم! تب علی حتی اتوب واعصمنی حتی لا اعوذ و حبب الی الطاعات و کرہ الی الخطیات** (اے پروردگار میری طرف متوجہ ہو یہاں تک کہ میں توبہ کروں اور مجھ کو بچا لے یہاں تک کہ پھر گناہ نہ کروں۔ مجھے عبادت کی محبت اور گناہوں کی کراہیت عطا فرما) (نفحات الانس صفحہ 458) (لطائف الاشرفی جلد اول' صفحہ 165) (ضیاء نورانی در حالات حضرت خواجہ بادشاہ سیدائی۔ صفحہ 192)

166- حضرت الشیخ الاکبر محی الدین ابن عربی اندلسیؒ فرماتے ہیں کہ جب میں نے اپنی کتاب "فتوحات مکیہ" کا خطبہ لکھا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو عالم مثال میں بہ کیفیت ذیل دیکھا: کہ آپؐ ایک تخت پر رونق افروز ہیں۔ جمیع رسل علیہم السلام آپؐ کے روبرو صف باندھے کھڑے ہیں۔ امت مرحومہ بھی حاضر ہے۔ ملا ئکہ تسخیر وغیرہ آپؐ کے گردا گرد حاضر ہیں۔ حضرت صدیق اکبرؓ دائیں جانب' حضرت فاروق اعظمؓ بائیں جانب۔ خاتم الولایت یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپؐ کے روبرو دوزانو ہو کر بیٹھے باتیں کر رہے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

حضرت علی کرم اللہ وجہہ' خاتم الولایت کے ترجمان ہیں (حضرت الشیخؒ نے یہ جملہ اس واسطے فرمایا ہے کہ آپ کو فیض حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی روحانیت سے حاصل ہوا تھا)۔ حضرت ذوالنورین یعنی حضرت عثمان غنیؓ بھی روبرو تھے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے مجھے خاتم الولایت کے پیچھے دیکھا کیونکہ میں اور خاتم الولایت حکم میں مشترک ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے خاتم الولایتہ سے میری جانب اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ تیرا عدیل ہے اور تیرا فرزند اور تیرا خلیل ہے۔ اس کے لئے میرے روبرو منبر قائم کر۔ بعدہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے میری جانب اشارہ کر کے فرمایا "اے محمد (حضرت الشیخ کا اسم محض محمد ہے) اس منبر پر قائم ہو کر میری اور میرے مرسل کی حمدوثناء کہو"۔ پس قائم کیا خاتم الولایت نے منبر کو۔ منبر کی پیشانی پرنور سے لکھا ہوا تھا کہ یہ مقام محمدی ہے۔ جو شخص اس جگہ قائم ہوا تحقیق وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا وارث ہو گا اور اس کو حق سبحانہ' تعالیٰ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی شریعت کا حافظ مقرر کرے گا۔ اور اس وقت مجھے حکمتیں عطا کی گئیں گویا مجھے جوامع الکلم عطا کئے گئے۔ پس میں اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لایا اور منبر پر چڑھا۔ جب میں اس موقف اعلیٰ پر قائم ہوا شرمسار ہو کر اپنے منہ کو ڈھک لیا۔ پھر تائید کیا گیا روح القدس سے اور اشعار ذیل شروع کئے۔ (یہ اشعار "مقالات مرضیہ" کے صفحہ 32 تا 33 پر موجود ہیں)۔

بعدہ' حضرت الشیخؒ نے حمدوثنا نثر میں بیان کی اور اس کے آخر میں فرماتے ہیں۔ پھر میں واپس لایا گیا اس مشہد مثالی سے علم سفلی کی طرف۔ پس میں نے اس حمد مقدس کو اپنی کتاب "فتوحات" کا خطبہ بنایا (مقالات مرضیہ المعروف بہ ملفوظات مہریہ یعنی سید پیر مہر علی شاہؒ آف گولڑہ شریف کے ملفوظات مبارکہ۔ ملفوظ نمبر

marfat.com
Marfat.com

دس سے ماخوذ۔ صفحہ 31 تا 33)

انصاف کرنا چاہئے کہ جن لوگوں نے حضرت الشیخؒ پر تشنیع و غلیظ کی کیا ان کو وہ اعلیٰ مقام اور بلند منصب نصیب ہوا۔ حاشاوکلا۔ اور نیز چونکہ حضرت الشیخؒ کو اللہ تعالیٰ نے وارث و حافظ شریعت بنایا ہے جیسا کہ خطبہ مذکور سے واضح ہے پس آپ کا کلام کس طرح خلاف شریعت عزا واقع ہو گا۔ پس بناء ا" بعض حضرات کا اعتراض قلت علمی اور ان کی نظروں میں عدم استیعاب و احاطہ حضرت الشیخ کی تصانیف پر محمول ہو گا۔ چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے اس امر کی اپنی کتاب "مکتوبات مدنی" میں ایک جگہ تصریح فرما دی ہے (یہ سیدنا پیر مہر علی شاہ گولڑوی قدس سرہٗ کا بیان ہے جو حضرت الشیخ الاکبر محی الدین ابن عربی حاتمی طائی اندلسیؒ کے زبردست مداح تھے)۔

167- محمد بن عبید اللہ بن عمروالعتبیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے مدینہ منورہ حاضر ہو کر زیارت روضہ شریف (علیٰ صاجبہا صلوٰۃ" و سلاما") کا شرف حاصل کیا اور اس کے مقابل بیٹھ گیا۔ اچانک ایک اعرابی آیا اور زیارت کی اور کہا یا خیر الرسل (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم) اللہ جل شانہ' نے آپؐ پر قرآن مجید نازل فرمایا جس میں ہے۔

(سورہ نساء آیت 64)

(ترجمہ: اور اگر یہ لوگ جب انہوں نے اپنے نفس پر ظلم کر لیا تھا آپؐ کے پاس آجاتے اور آکر اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتے اور رسول بھی ان کے لئے معافی مانگتے تو ضرور اللہ کو توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا پاتے) اے اللہ کے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم) میں آپؐ کے پاس حاضر ہوا ہوں اور اللہ جل شانہ' سے اپنے گناہوں کی مغفرت چاہتا ہوں اور میں آپؐ کی شفاعت کا طالب ہوں۔ اس کے بعد وہ اعرابی رونے لگا اور ان معنی کے عربی اشعار پڑھے۔

marfat.com
Marfat.com

(اے بہترین ذات ان سب لوگوں میں جن کی ہڈیاں ہموار زمین میں دفن کی گئیں کہ ان کی وجہ سے زمین اور ٹیلوں میں بھی عمدگی پھیل گئی۔ میری جان قربان اس قبر پر جس میں آپؐ ہیں کہ اس میں عفت ہے' اس میں جود ہے' اس میں کرم ہے)

اس کے بعد استغفار کی اور وہ اعرابی چلا گیا۔ عتبیؒ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد میری آنکھ لگ گئی تو میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس اعرابی کے پاس جا اور اس کو بشارت دے کہ اللہ تعالیٰ نے میری شفاعت سے اس کی مغفرت فرما دی اور اس کے گناہ بخش دیئے گئے۔ امام نوویؒ نے اپنی "مناسک" میں مزید اشعار لکھے ہیں جن کے معنی یہ ہیں:

(آپ ایسے سفارشی ہیں جن کی سفارش کے ہم امیدوار ہیں جس وقت کہ پل صراط پر لوگوں کے قدم پھسل رہے ہوں گے۔ اور آپؐ کے دو ساتھیوں کو تو میں کبھی نہیں بھول سکتا۔ میری طرف سے آپؐ سب پر سلام ہوتا رہے جب تک دنیا میں لکھنے کے لئے قلم چلتا رہے یعنی قیامت تک)

(محبوب القلوب صفحہ 329 تا 330) (وفاء الوفا از علامہ سمہودیؒ) (فضائل حج از حضرت مولانا زکریا کاندھلوی ثم مدنیؒ_ صفحہ 175 تا 176_ دوسرا نسخہ 224 تا 225)
(طیب البیان رد تقویت الایمان از مولوی حکیم محمد نعیم مراد آبادی صفحہ 68)
(الحاوی)

168- حافظ ابو عبداللہ "مصباح الظلام" میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ' سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص اونٹ پر سوار بدویانہ صورت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے دفن کے تین دن بعد حاضر ہوا اور اپنے آپ کو قبر مبارک پر گرا دیا اور اس کی خاک پاک کو اس نے سر پر ڈالا اور کہا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم) جو کچھ آپؐ نے حق جل شانہ' سے سنا وہ ہم

marfat.com
Marfat.com

نے آپؐ سے سنا اور پھر مذکورہ بالا خواب نمبر 167 والی آیت قرآن پڑھ کر کہا کہ میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے اور آپؐ کی جناب میں حاضر ہوا ہوں کہ آپؐ میرے واسطے استغفار اور شفاعت فرمائیں۔ اسی وقت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی تربت مبارک سے آواز آئی **"قد غفرلک"** (تحقیق تیرے گناہ بخش دیئے گئے)

169- محبوب سبحانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے اپنی تصنیف "غنیتہ الطالبین" میں تحریر فرمایا ہے کہ حضرت ابوالحسن علیؓ بن ابی طالب نے ایک شخص کو سنا کہ کعبہ شریف کے گرد گھومتا اس مضمون کے اشعار پڑھ رہا ہے "اے وہ ذات جس کی طرف خلقت کرم کا اشارہ کرتی ہے یعنی صفت کرم سے موصوف کرتی ہے۔ اے وہ ذات جو مصیبت یا اندھیری راتوں میں مضطر کی دعا قبول کرتی ہے۔ اے نقصان اور حاجت اور مرض کے کھولنے اور دفع کرنے والے تیرا قاصد کعبہ شریف کے گرد سو رہا ہے اور اے **حی و قیوم** تو نہ سویا۔ میں نے جو گناہ کیا ہے تو اپنی بخشش سے بخش دے۔ اگر تیرا عفو مجرموں کے لئے نہیں ہے تو گنہگاروں پر انعام کون کرے گا"۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ' نے فرمایا اے حسن جاؤ اس کو لے آؤ۔ حضرت امام حسنؓ گئے اور دیکھا کہ وہ نہایت حسین آدمی ہے اور اس کی دائیں جانب بالکل شل ہو گئی ہے۔ آپ نے فرمایا چلو تم کو امیر المومنینؓ بلا رہے ہیں۔ وہ گھسٹتا ہوا شیر خدا حضرت علیؓ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے دریافت فرمایا کہ تو کون ہے؟ جواب دیا عرب ہوں۔ باپ نے مجھے گناہوں سے بچنے کی تاکید کی تو میں نے ان کے چہرے پر طمانچہ مارا۔ وہ طیش میں آ گئے اور اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر کعبہ شریف پہنچے اور یوں دعا کی "وہ پاک ذات جس کی طرف لوگ دور دور سے آتے اور اس کے لطف کی آرزو کرتے ہیں۔ یہ وہ منزلیں ہیں جن کا قصد کرنے والا کبھی نقصان میں نہیں رہتا۔ اے رحمٰن میرے بیٹے سے میرا حق لے اور اس کی ایک جانب اپنی بخشش سے شل

marfat.com
Marfat.com

کر دے۔ اور وہ پاک ذات ہے جو نہ خود کسی سے بنایا گیا نہ اس کو کسی نے جنا"۔ ابھی یہ دعا سے فارغ نہ ہوئے تھے کہ میری یہ حالت ہو گئی جو آپ ملاحظہ کر رہے ہیں۔ پھر وہ مکان پر واپس آئے اور میری یہ حالت دیکھی۔ چند روز بعد مجھ سے جب خوش ہو گئے تو میں نے عرض کیا کہ جہاں اور جس جگہ میرے لئے بددعا کی تھی اسی جگہ میرے لئے دعا کریں۔ پس وہ اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر نکلے اور گر کر مر گئے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ' نے اس پر فرمایا کیا میں تجھ کو دعا نہ بتا دوں جو میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے سنی اور میں نے سنا آپؐ فرماتے تھے کہ جو غمگین اور مصیبت زدہ اس کو پڑھ کر دعا کرے اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان کرتا ہے۔ اور وہ دعا یہ ہے:۔ عربی کی عبارت کے لئے کتاب "خیر المونس حصہ اول صفحہ 373 تا 374 ملاحظہ فرمائیں"۔

پھر حضرت اسد اللہ الغالبؓ نے فرمایا کہ اس دعا کو مضبوط پکڑ۔ یہ عرش کے خزانوں سے ایک خزانہ ہے۔ پس اس شخص نے یہ دعا پڑھی تو اللہ تعالیٰ نے اس کو صحت عطا فرمائی۔ پھر اس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور اس دعا کی حقیقت دریافت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ یہ اسم اعظم ہے (خیر المونس جلد اول۔ صفحہ 373 تا 374)۔

170- ابن عساکر اور ہشام بن محمد سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کا وظیفہ دیر سے ملا جو ایک لاکھ سالانہ مقرر تھا۔ آپ تنگ دستی میں وقت گذار رہے تھے۔ افلاس بڑھا تو آپ کو خیال آیا کہ حضرت امیر معاویہؓ کی توجہ اس طرف ملتفت کرائی جائے۔ یہ سوچ کر آپ نے ملازم کو قلم و کاغذ لانے کو فرمایا مگر ساتھ ہی یہ سوچا کہ ایسا لکھنا ہاشمی شان کے خلاف ہے۔ قلم رکھ دیا اور خط نہ لکھا۔ رات کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے دریافت فرمایا "حسن کیا حال ہے؟ تم آج کل پریشان کیوں ہو۔ حضرت امام حسنؓ نے تمام واقعہ بیان فرمایا۔ اس پر حضور اقدس صلی

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم یہ دعا پڑھو ترجمہ۔ (اردو ترجمہ = اے اللہ میرے دل میں امید ڈال دے اور اپنے ماسوائے میری امید قطع کر دے حتیٰ کہ تیرے سوا مجھے کسی کی امید نہ رہے۔ اے اللہ مجھے وہ خاص یقین عطا فرما جو تو نے اولین و آخرین کو دیا ہے۔ جس کے حاصل کرنے سے میری قوت عاجز اور میرا عمل کوتاہ ہے اور نہ میری رغبت انتہا کو پہنچتی ہے نہ میرا سوال اس تک پہنچتا ہے اور نہ وہ میری زبان پر جاری ہوا ہے۔ پس اے اللہ وہ بھی مجھے عطا فرما)۔ روایت ہے کہ دوسرے روز ہی آپ کو دس لاکھ درہم حضرت امیر معاویہؓ نے بھیج دیئے۔ یہ دیکھ کر حضرت امام حسنؓ نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور آپ پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے فرمایا کہ جو شخص خالق کائنات سے طلب کرتا ہے اور مخلوق سے امید نہیں رکھتا اللہ تعالیٰ اس کی مراد اسی طرح پور کر دیتا ہے (مفتاح الرشاد) (تاریخ اسلام جلد دوم تالیف مولوی عبدالحلیم شرر لکھنوی 1926ء 1345ھ حیدر آباد دکن سے چھپی۔ صفحہ 936 (جواہر خمسہ صفحہ 51 تا 52 از حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ) ("الحسن" از اعجاز الرحمٰن صاحب ایم۔ اے) (تاریخ الخلفاء) (صواعق محرقہ) (سوانح کربلا از صدر الافاضل مولانا مفتی محمد نعیم الدین' صفحہ 50 تا 51) عربی میں یہ دعا ان میں سے کسی بھی کتاب میں مل جائے گی وہاں سے نوٹ کر لیں۔

171- سیدنا و سید شباب اہل الجنۃ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نے شب عاشورہ تسبیح و تہلیل میں گذاری اور خواب میں دیکھا کہ بہت سے کتوں نے آپ پر حملہ کر دیا اور ایک سگ ابلق آپ کے سینہ بے کینہ پر آبیٹھا کہ اچانک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا اے لخت جگر! دیکھ یہ تمام ارواح قدس تیرے خیر مقدم کو حاضر ہیں۔ بیٹا آج شب کا کھانا ہمارے ساتھ آکر کھاؤ۔ تمہاری مفارقت اب زیادہ گوارا نہیں۔ صبح لشکر عمر بن

marfat.com
Marfat.com

سعد کی میدان کربلا میں آمد شروع ہو گئی (اوراق غم از علامہ ابوالحسنات قادریؒ صفحہ 225) واقعہ کربلا محرم الحرام 61ھ کو پیش آیا اور حضرت امام حسینؓ نے بعمر 55 برس جام شہادت نوش فرمایا۔

172-علامہ مسعودیؒ "مروج الذہب" میں تحریر فرماتے ہیں کہ عبداللہ خزاعی خلیفہ ہارون الرشید کا کوتوال تھا۔ اس کا بیان ہے کہ ہارون الرشید کا آدمی ایسے وقت میرے پاس آیا کہ پہلے کبھی نہ آیا تھا اور مجھے کپڑے بدلنے تک کی مہلت نہ دی اور ہمراہ لے گیا۔ مجھے خوف ہوا۔ محل کے اندر جا کر میں نے دیکھا کہ خلیفہ بیٹھا ہوا ہے۔ کچھ دیر بعد بولا عبداللہ تو جانتا ہے میں نے تجھے کیوں طلب کیا۔ میں نے کہا نہیں امیر المومنین۔ کہا میں نے ابھی ایک کالے بھجنگ حبشی کو خواب میں دیکھا جس کے ہاتھ میں برہنہ تلوار تھی۔ کہہ رہا تھا تو اسی وقت امام موسیٰ کاظمؒ کو چھوڑ دے ورنہ میں تجھے ابھی قتل کر دوں گا۔ پس تو جا اور امام موسیٰ کاظمؒ کو قید سے رہا کر دے۔ میں نے اس حکم کو تین مرتبہ خلیفہ سے دہروایا۔ تیسری بار یہ بھی کہا کہ اسی وقت جا کر چھوڑ دے اور تیس ہزار درہم بھی ان کو دے اور میری طرف سے کہہ دے کہ اگر آپ یہاں ٹھہرنا چاہیں تو یہاں ٹھہریں۔ آپ کے جملہ اخراجات' مصارف و ضروریات کا میں ذمہ دار ہوں۔ اور اگر مدینہ منورہ جانا چاہیں تو وہاں تشریف لے جائیں۔ عبداللہ کوتوال جیل خانہ میں جب پہنچا تو اسے دیکھ کر حضرت امام موسیٰ کاظمؒ کھڑے ہو گئے۔ آپ نے سمجھا شاید وہ کوئی مکروہ حکم لے کر آیا ہے۔ عبداللہ نے کہا آپ خوف نہ کریں۔ میں تو آپ کو آزاد کرنے آیا ہوں۔ پھر کہا آپ کے معاملہ میں میں خود حیران ہوں۔ اس پر حضرت امام موسیٰؒ نے فرمایا کہ میں نے خواب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ فرما رہے ہیں۔ کہ موسیٰ تو ظلماً" قید خانہ میں پڑا ہوا ہے۔ اگر تو ان کلمات کو پڑھے تو آج ہی رات قید سے نجات پائے۔ دعا یہ ہے۔ (عربی کی یہ عبارت حوالہ والی کتاب سے نوٹ کر لیں جن کو شوق ہو)۔

marfat.com
Marfat.com

میں نے یہی پڑھا اور اس کا نتیجہ یہ ہے جو تو نے دیکھا۔ ہارون الرشید نے حضرت امام موسیٰ کاظمؒ کو کسی بات پر بغداد شریف میں قید کر دیا تھا مگر اس دعا کی برکت سے راتوں رات انہیں جیل خانہ سے رہائی ملی (خیر المونس حصہ اول صفحہ 172) (تاریخ المشاہیر، صفحہ 88)

173۔ "تلخیص القلائد" میں شیخ ابو زکریاؒ سے مذکور ہے کہ فرمایا محبوب سبحانی محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے کہا ایک شب میں نے دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم تخت پر جلوہ افروز میرے مکان پر تشریف لائے اور متبسم ہو کر مجھ سے فرمایا "اے نور العین ادھر آ"۔ جب میں آپؐ کے نزدیک گیا تو نہایت درجہ شفقت سے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے تخت پر بٹھایا اور فرط محبت سے میری پیشانی پر بوسہ دیا اور اپنا پیرہن مبارک جو پہنے تھے اتار کر مجھے پہنا دیا۔ اور فرمایا **ھذا خلعته الغوثیه علی الا قطلب والا بدال والاوتار**۔اور بعد عطائے خلعت غوثیہ مجھ کو رخصت کیا اور تشریف لے گئے۔

174۔ الشیخ السید حضرت محی الدین عبدالقادر الجیلانی بغدادی الحسنی ابا" والحسنی اما" فرماتے ہیں کہ ایک شب میں نے حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی 17 مرتبہ زیارت کی اور آپؐ نے مجھ کو یہ دعا تعلیم فرمائی۔ "اس دعا کو بھی حوالہ والی کتاب میں دیکھ لیں"۔

175۔ "خوارق الاخیار" میں ابو محمد سید عبدالجبارؒ آپ کے صاحبزادے عالی وقار سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ محبوب سبحانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے مزار مبارک پر تشریف لے گئے اور فرمایا "السلام علیکم یا امام"۔ فورا" قبر مبارک شق ہو گئی اور امام موصوف نے قبر مبارک سے نکل کر حضرت محبوب سبحانیؒ سے معانقہ کیا اور ایک پیراہن آپ کو دیا اور فرمایا "**سید عبدالقادر قدافتقر الیک فی علم الشریعه و علم الطریقه و علم الحال والقال**" (ودیعت کیا ہم نے تم کو علم شریعت و طریقت و علم حال وقال)۔ سیدنا

marfat.com
Marfat.com

محی الدین شیخ عبدالقادرؒ کا مسلک حنبلی تھا۔ ایک روز فرمانے لگے ہمارا ارادہ ہے کہ مسلک حنفی اختیار کریں۔ پس اسی شب بعالم مراقبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ دیکھا کہ حضرت امام حنبلؒ آپؐ سے عرض کر رہے ہیں کہ آپؐ کے نورالعین غوث الثقلینؒ میرے مسلک کی بیعت چھوڑنے کا ارادہ کر رہے ہیں۔ براہ شفقت اس باب میں آپؐ میری سعی فرمائیں کہ وہ اس ارادہ سے باز رہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے امام صاحبؒ کی استدعاء پر حضرت محبوب سبحانیؒ سے ارشاد فرمایا "یا ولدی ہماری خاطر امام احمد کی التجا قبول کرو"۔ اس پر حضرت غوث الاعظمؒ نے امام صاحبؒ سے فرمایا کہ اپنے دل میں میری جانب سے ایسا خیال نہ لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تادم زیست اسی مسلک پر قائم رہوں گا۔ چنانچہ جب حضرت محبوب سبحانیؒ بیت اللہ شریف لے گئے تو دیکھا کہ حنبلی مصلے پر سوائے امام صاحبؒ کے کوئی مقتدی نہیں مگر جس وقت آپ نے اس مصلے پر جا کر نماز پڑھائی تو مقتدیوں کی اس قدر کثرت ہوئی کہ نماز پڑھنے کے لئے جگہ نہ ملتی تھی۔

176-ایک دن شیخ نجم الدین صفاہانیؒ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زیارت کے لئے گئے۔ خطیرہ مقدسہ کے اندر نہ گئے۔ تھوڑی دیر بعد ایک شخص اٹھا کہ اندر زیارت کے واسطے جائے مگر شیخ نے اس کو منع کیا اور فرمایا مت جاؤ کہ حضور سید کائنات افضل موجودات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم اندر ہیں۔ جب آپؐ باہر تشریف لائے تو حضرت شیخ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے قدموں میں گر گئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا۔ اے نجم الدین تجھ کو میں ایک دعا سکھاؤں کہ جس کو تو پڑھے تو اس کی برکت سے اللہ کا محبوب ہو جائے۔ شیخ نے اس دعا کو سیکھ لیا اور اپنے مریدوں کو بھی سکھائی۔ اس دعا کو حوالہ والی کتاب میں ملاحظہ فرمایئے۔ (الدار المنظوم فی ترجمہ ملفوظ المخدوم۔ جلد دوم۔ صفحہ 891 تا 892)

marfat.com
Marfat.com

177- حضرت شیخ محی الدین اکبر ابن عربیؒ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ نے ابن حزمؒ سے معانقہ کیا اور دونوں ایک دوسرے میں غائب ہو گئے اور صرف حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نظر آتے تھے (فتوحات مکیہ از شیخ ابن عربیؒ) (نتائج التقلید از حکیم محمد اشرف صاحب، صفحہ 56)۔

حضرت ابن عربیؒ کا روضہ مبارک دمشق میں ہے۔ تھوڑے فاصلے پر حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا مزار مبارک ہے۔ اسی کے قریب جبل صالحہ ہے جس کی چوٹی پر مقام اصحاب کہف محفوظ و محصور ہے اور دوسری چوٹی پر مقام ہابیل و قابیل ہے۔

178- حضرت شیخ ابوبکر خوائیؒ فرماتے ہیں کہ اوائل عمر میں "فصوص الحکم" کا بہت مشغلہ رکھتا تھا۔ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا اور نہایت ادب سے دریافت کیا کہ آپؐ فرعون کے بارے میں کیا فرماتے ہیں۔ زبان حق ترجمان سے ارشاد ہوا کہ جو اس میں لکھا ہے وہی کہو۔ پھر میں نے عرض کیا یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) وجود میں آپؐ کیا فرماتے ہیں۔ ارشاد ہوا قدیم میں قدیم اور حادث میں حادث (مشاہیر اسلام جلد اول، صفحہ 199)

179- حضرت سید احمد میاںؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ بو علی قلندر پانی پتیؒ نے حضرت امیر خسروؒ سے کہا کہ تمہارے مرشد کو میں حضرت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی محفل میں نہیں دیکھتا۔ اسی وقت دونوں بزرگ حضوری میں آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے پہنچے جہاں بہت سے اولیائے کبار کا اجتماع تھا۔ حضرت امیر خسروؒ نے دیکھا کہ واقعی ان میں محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیاءؒ نہیں ہیں جس سے آپ کو بہت اضطراب ہوا۔ اسی اثناء میں حضرت بوعلی قلندرؒ سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم

marfat.com
Marfat.com

نے فرمایا کہ کیا دیکھتے ہو۔ انہوں نے کہا کہ سلطان جی (محبوب الٰہی) کی تلاش ہے۔ اس پر آپؒ نے فرمایا کہ سلطان یہاں کہاں۔ پھر فرمایا۔ کیا دیکھو گے؟ انہوں نے عرض کیا۔ جی ہاں۔ اس پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے وہ پردہ جو آپؒ کے متصل تھا اٹھا دیا تو دیکھا کہ داہنی جانب حضرت محبوب سبحانی غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور بائیں جانب حضرت محبوب الٰہی سلطان المشائخ نظام الدین اولیاءؒ تھے۔ اور ارشاد فرمایا کہ ان کا یہ مقام ہے اور وہ مقام عام ہے۔ پس حضرت بوعلی قلندرؒ قائل ہوئے اور حضرت امیر خسروؒ نے عالم سرور میں یہ شعر کہا۔

آفاقہا گردیدہ ام مہرِ بتاں ورزیدہ ام   بسیار خوباں دیدہ ام لیکن تو چیزے دیگری

(کتاب "شہرہ آفاق" از نورالحسن صاحب، صفحہ 79

180- حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازیؒ پر ایک سید نے اعتراضات کئے تو اس سید نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ ان پر عتاب کرتے ہیں۔ صبح بیدار ہوتے ہی ان سید نے حضرت سعدیؒ کے پاس جا کر معافی مانگی اور ان کو راضی کیا (سفینتہ الاولیاء صفحہ 217)(نفحات الانس) (لطائف الاشرفی حصہ اول، صفحہ 130)

181- حضرت مولانا ابن علی تاپیادیؒ کا سلسلہ اویسی تھا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت بابرکت کا ہمیشہ التزام کرتے تھے۔ کئی بار زیارت بابرکت کی سعادت حاصل ہوئی۔ تاپاد سے مدینہ طیبہ میں روضہ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") تک پاپیادہ قرآن مجید پڑھتے جاتے تھے۔ بروز پنج شنبہ آخر محرم الحرام 761 ھ میں وصال فرمایا۔ مزار موضع تاپاد میں ہے۔ (سفینتہ الاولیاء صفحہ 220)

182- حضرت خواجہ عبدالحق جامیؒ سر زمین ہند کے نہایت خدا رسیدہ بزرگ گزرے ہیں۔ آپ کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے ایسی والہانہ عقیدت تھی کہ احاطہ تحریر میں اس کا لانا ممکن نہیں۔ کمال شوق اور وفور

marfat.com
Marfat.com

محبت سے اکثر آپ نے مدینہ طیبہ جانے کا قصد کیا مگر چند منزلیں جا کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے حکم سے واپس آجاتے تھے (سفینۃ الاولیاء از دارا شکوہ صفحہ 233_ اردو ترجمہ از محمد وارث کامل- مدنی کتب خانہ' گنپت روڈ- لاہور)

آپ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی اولاد سے تھے- آباؤ اجداد جونپور میں بودو باش رکھتے تھے- 86 برس کی عمر میں وصال فرمایا- مزار برہانپور میں ہے- خواجہ ہاشمؒ نے آپ کی تاریخ وفات "ابن فضل اللہ" نکالی ہے-

183- اسم گرامی سید عبداللہ شاہ بغدادی ہے- صحابی لقب ہونے کی وجہ سے مشہور حضرت سید عبداللہ شاہ صحابی سے ہیں- صحابی بابا کا لفظ سنتے ہی ذہن آپ کی جانب منتقل ہو جاتا ہے- آپ صحیح النسب سید اور گیلانی خاندان کے چشم و چراغ ہیں- حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے چودھویں پشت میں جا ملتے ہیں- عشاق آپ کے دربار کو بغداد ثانی کہتے ہیں- آپ کے زیور علم سے آراستہ پیراستہ ہونے کی دلیل حضرت سید امیر شاہ جیلانیؒ کی وہ تحریر ہے جو انہوں نے صحابی لقب ہونے کی وجہ بیان کرتے لکھی ہے- "جناب سید عبداللہ شاہ صحابیؒ کو سید دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کا خاص قرب حاصل تھا- آپ کو جس مسئلہ کی تحقیق مطلوب ہوتی- جس حدیث شریف کی تصحیح کی ضرورت ہوتی آپ جناب رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے بالمشافہ عرض کر کے تحقیق فرماتے اور تصحیح کر لیتے تھے"- اس تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ علم حدیث پر مکمل عبور رکھتے تھے "تذکرہ مشائخ قادریہؒ" کے مصنف لکھتے ہیں کہ آپ کوہ مکلی میں مصروف عبادت تھے کہ ہندوؤں کا ایک گروہ جو واردھا اشنان کے لئے سندھ سے ہندوستان جا رہا تھا رات اس نے آپ کے قریب پڑاؤ کیا- آپ اسلام کی حقانیت سے روشناس کرانے ان کے پاس گئے اور دعوت اسلام دی- انہوں نے کہا کہ اگر آپ کا اللہ ایسا ہی طاقتور ہے تو راتوں رات ہمیں یہیں واردھا اشنان کرا دے- آپ نے فرمایا انشاء اللہ میرا رب ایسا ہی کرے گا

marfat.com
Marfat.com

اور اپنے آستانے پر واپس آگئے۔ صبح وہ تمام ہندو بھیگے کپڑوں کے ہمراہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ ان کے سردار کا نام آپ نے شیخ عثمان رکھا جو وہیں رہنے لگا۔ باقیوں نے خصوصی طور پر تین دعاؤں کے لئے عرض کیا (۱) ہمارے اولاد کثرت سے ہو (2) پیشہ تجارت ہم میں قائم رہے (3) خوبصورتی کا خصوصی امتیاز ہمارے اندر رہے۔ صحابی باباؒ نے فرمایا۔ انشاء اللہ ایسا ہی ہو گا۔ ان کو دین متین پر عمل کرنے' مساجد بنانے اور دینی کاموں میں سبقت لے جانے کی نصیحت فرمائی۔ یہ قوم مومن کے اسم الٰہی سے میمن کی حیثیت میں نہایت خوشحال ہونے کے ساتھ دین سے شغف رکھنے والی آج بھی موجود ہے۔

تحفہ اکرام اور سندھ کی تمام تاریخی کتب میں متفقہ طور پر یہ بیان ہے کہ آپ نے 927 ھ میں بغداد شریف سے گجرات کے راستے سرزمین سندھ میں قدم رکھا مع تین ساتھیوں کے جن کی رفاقت گجرات (کاٹھیاوار گجرات' بھارت) سے ہوئی تھی۔ جب کوہ مکلی کی سرزمین پر قدم رکھا تو اس وقت ٹھٹھہ دارالحکومت تھا اور یہاں کے حاکم شاہ حسن ارغون تھے جنھوں نے آپ کے ایک ساتھی حضرت شاہ شکر اللہ شیرازیؒ کو وہاں کے قاضی القضاۃ کے منصب پر فائز کیا تھا۔ دوسرے ساتھی شاہ کمال کینتھلی کچھ عرصہ ٹھٹھہ رہ کر کینتھل واپس چلے گئے۔ تیسرے ساتھی مبین الدین شیرازیؒ نے شہر ٹھٹھہ میں ہی بقیہ زندگی گزاری اور آج بھی آپ وہاں پر مبینہ کے نام سے مشہور ہیں۔ یوں تو سرزمین سندھ اور خصوصاً" مکلی ٹھٹھہ اللہ والوں سے بھری پڑی ہے مگر اس کی خواہش تھی کہ ایسی مقبول ہستی جو حل نہ ہونے والے مسائل براہ راست دربار رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم) میں پیش کر کے حل کرا دیا کرے تشریف لائے تو اللہ تعالیٰ نے صحابیؒ بابا کی صورت میں اس کی یہ تمنا پوری فرمائی۔

184- وادی مہران کے عظیم صوفی بزرگ لعل شہباز قلندرؒ کا اصل نام سیدنا شیخ

marfat.com
Marfat.com

عثمان تھا۔ والد محترم کا نام سید کبیر الدینؒ احمد تھا جو اپنے وقت کے عظیم عالم دین تھے۔ آپ کے آباؤ اجداد مدینہ طیبہ سے آکر مروند میں آباد ہوئے۔ آپ آذربائی جان (آرمینیا) کے ایک گاؤں مروند میں پیدا ہوئے۔ 1143ء 538 ھ میں بعہد خلیفہ متوکل۔ آپ کا نسب 13 سلسلوں سے حضرت امام جعفر صادقؓ سے جا ملتا ہے۔ والدہ محترمہ مروند کے حاکم سلطان شاہ کی دختر تھیں۔ والد کا سایہ بچپن ہی میں سر سے اٹھ گیا تھا اس لئے ابتدائی تعلیم اپنی بلند مرتبہ عابدہ والدہ سے حاصل کی۔ مروند ہی میں قرآن مجید حفظ کیا۔ ابتدائی تعلیم کے بعد مزید حصول علم اور مراحل سلوک طے کرنے کے لئے سیاحت کے خیال سے سفر شروع کیا۔ کہا جاتا ہے کہ قیام بغداد کے دوران سیدنا محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے مزار مبارک پر ایک شب حضرت پیران پیرؒ نے خواب میں آپ سے خطاب فرمایا "عثمان تم ہمارے قلندر ہو۔ یہاں تمہارا کام پورا ہو گیا۔ اب تم مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ جاؤ"۔ دوسری روایت یہ ہے کہ ایک روز عالم جذب میں کنکروں کو اچھال کر بار بار اپنے دامن میں لے رہے تھے۔ کسی دیکھنے والے نے کہا آپ جیسے اللہ والوں کو تو کنکروں کی بجائے لعل و جواہر سے کھیلنا چاہئے۔ یہ بات سن کر آپ نے اپنے دامن سے کنکر زمین پر گرا دیئے جو دمکتے چمکتے لعل بن گئے اور اسی روز سے آپ لعل شہباز قلندرؒ کے نام سے مشہور ہو گئے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ قلندر کا خطاب خرقہ خلافت کے ساتھ آپ کو آپ کے پیرو مرشد حضرت بابا ابراہیم ولیؒ نے عطا کیا تھا۔ حضرت لعل شہباز قلندرؒ کو حضرت محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے بے پناہ محبت تھی۔ اس کی وجہ یہ بھی تھی کہ حضرت بابا ابراہیم ولیؒ خود سلسلہ قادریہ کے عظیم بزرگ تھے۔ بعض کا یہ خیال ہے کہ چونکہ آپ سرخ لباس زیب تن فرمایا کرتے تھے اس لئے لعل شہباز قلندر کے نام سے مشہور ہوئے۔ غرض اس خطاب کی یہ چار وجہ تسمیہ بیان کی جاتی ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے ہم عصر مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھویؒ جید عالم تھے۔ لکھتے ہیں کہ لعل شہباز قلندرؒ بڑے عالم اور صاحب تصنیف بزرگ تھے۔ لسانیات اور صرف و نحو کے ماہر تھے۔ حضرت لعل شہباز قلندرؒ ایک رات حضور اقدس صلی

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا۔ اے شیخ مروند سے ہند پہنچو اور توحید کا پرچم بلند کرو۔ صبح آپ نے اس خواب کا ذکر اپنے مریدوں سے کیا اور فوراً ہندوستان کے لئے روانہ ہو گئے۔ ملتان تشریف لائے جہاں آپ کی ملاقات حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریاؒ حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ اور حضرت سید جلال الدین سرخ بخاریؒ سے ہوئی۔ بعدہ' پانی پت تشریف لے گئے جہاں حضرت بو علی شاہ قلندر پانی پتیؒ نے آپ کو سندھ میں جا کر تبلیغ دین کا مشورہ دیا۔ آپ سیہون شریف تشریف لائے جہاں کا ہندو راجہ چوپٹ بے حد عیاش اور ظالم تھا۔ اس نے آپ کے فرمان پر بھی رعایا کے حقوق کی نگہداشت نہ کی۔ پس ایک روز آپ نے عصائے قلندری گھمایا اور جلال میں آکر فرمایا۔ "ظالم کا بیڑا غرق"۔ پس آن واحد میں راجہ چوپٹ کا قلعہ مسمار ہو گیا جو آج تک کھنڈرات کی شکل میں چوپٹ راج کی داستان زبان حال سے سنا رہا ہے۔ شروع میں شرع کے پابند تھے لیکن قلندری مشرب اختیار کرنے کے بعد بالکل آزاد ہو گئے اور جذب و سکر کی حالت میں رہنے لگے۔ آپ کے طریقہ کے قلندروں کو "لعل شہبازیہ" کہتے ہیں۔ باب السلام سندھ کی سرزمین اولیاء کرام کی زمین ہے جہاں بے شمار اولیائے عظام کی آخری آرام گاہیں ہیں۔ ان میں حضرت لعل شہباز قلندرؒ کی امتیازی شان ہے۔ عمر 112 برس آپ نے 18 شعبان المعظم 1252ء 650ھ کو وصال فرمایا۔ کراچی سے 180 میل دور سیہون شریف (ضلع دادو۔ سندھ) میں آپ کا روضہ مرجع خلائق ہے۔ ہر سال نہایت شاندار انداز میں عرس منایا جاتا ہے۔ (حیات نامہ قلندری) (تحفتہ الکرام) (تاریخ لب سندھ) (حدیقتہ الاولیاء) (موج کوثر) (تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی) (ہسٹری آف سندھ از برٹن) (گزیٹیئر لاڑکانہ)۔ آپ تمام عمر مجرد رہے۔

185- عارف باللہ عاشق رسول اللہ حضرت شاہ عبدالغنی نقشبندیؒ ہمیشہ تسبیح و تہلیل پڑھ کر اس کا ثواب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی روح پرفتوح کو بخشا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ یہ مبارک عمل آپ سے ترک ہو گیا تو

marfat.com
Marfat.com

آپ نے دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اللہ کے محبوب (صلی اللہ تعالیٰ علہ وآلہ وسلم) کے ساتھ محبت بڑھائے جا- دیکھ جس دل میں میری محبت ہے اسے آتش دوزخ سے نجات ہے (انوار العارفین صفحہ 21)

186- عارف باللہ عاشق رسول اللہ حضرت شاہ عبدالغنی نقشبندیؒ پر ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے ذکر مبارک اور درود شریف کے ورد کے وقت اس قدر شوق غالب ہوا کہ آپ کی طبیعت بے قابو ہو گئی اور شوق دیدار میں آہ و زاری کرتے ہوئے زمین پر لوٹنے لگے- اسی حالت میں آنکھ لگ گئی- آپ نے دیکھا کہ ایک نہایت نورانی شخص آپ سے فرما رہے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم آپ کے منتظر ہیں- آپ بڑے ہی شوق سے امی لقب' سلطان الانبیاء سید کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے- آپؐ نے اٹھ کر شاہ صاحبؒ کو گلے لگا لیا اور دل کو سکینہ جیسی نعمت سے بھر دیا- سکینہ جیسی نعمت تو ذکر الٰہی اور درود شریف کے ورد میں ہی عطا کی جاتی ہے- اس عظیم الشان نعمت کے باعث ہی اللہ تعالیٰ کا دیدار مبارک نصیب ہونے والا ہے) (انوار العارفین' صفحہ' 21)

187- حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنی مشہور کتاب "حرز ثمین فی مبشرات النبیؐ الامین" کے نمبر 18 پر تحریر فرماتے ہیں کہ میرے والد ماجد حضرت شاہ عبدالرحیم نور اللہ مرقدہ' نے ارشاد فرمایا تھا کہ ابتدا طالب علمی میں مجھے یہ خیال پیدا ہوا کہ میں ہمیشہ روزہ رکھا کروں مگر علماء کے اختلاف کی وجہ سے تردد تھا کہ ایسا کروں یا نہ کروں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت کی- آپؐ نے خواب میں مجھے ایک روٹی عنایت فرمائی- حضرات شیخینؓ وغیرہ تشریف فرما تھے- حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' نے فرمایا "الھدایا مشترکہ" میں نے وہ روٹی ان کے سامنے کر دی- انہوں نے ایک ٹکڑا توڑ لیا- پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نے فرمایا "الھدایا مشترکہ" میں نے وہ روٹی ان کے سامنے کر دی- انہوں نے بھی ایک ٹکڑا توڑ لیا- پھر حضرت عثمان

marfat.com
Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نے فرمایا "الهدایا مشترکہ" تو میں نے اس پر عرض کیا کہ اگر یوں ہی "الهدیا مشترکہ" رہا تو اس طرح یہ روٹی تو یوں ہی تقسیم ہو جائے گی۔ مجھ فقیر کے پاس کیا بچے گا۔ "حرزثمین" میں شاہ صاحب نے یہ واقعہ اتنا ہی تحریر فرمایا ہے۔ البتہ اپنی دوسری کتاب "انفاس العارفین" میں یہ بھی تحریر کیا ہے کہ میں نے سو کر اٹھنے کے بعد اس پر غور کیا کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ حضرات شیخینؓ کے کہنے پر تو میں نے روٹی ان کے سامنے کر دی اور حضرت عثمان غنیؓ کے فرمانے پر انکار کر دیا۔ تو میری سمجھ میں اس کی یہ وجہ آئی کہ میری نسبت نقشبندیہ حضرت ابوبکر صدیقؓ سے ملتی ہے اور میرا سلسلہ نسب حضرت فاروق اعظمؓ سے ملتا ہے اس لئے ان دونوں بزرگوں کے آگے مجھے انکار کی جرات نہ ہوئی اور حضرت عثمان غنیؓ سے نہ میرا سلسلہ نسب ہے نہ سلسلہ سلوک اس لئے وہاں بولنے کی جرات ہو گئی۔

188۔ "شفاء العلیل" ترجمہ "القول الجمیل" میں عالم ربانی حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ (مدینہ پبلشنگ کمپنی۔ کراچی) صفحہ 36 پر فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد بزرگوار شاہ عبدالرحیم قدس سرہ' سے سنا ہے کہ انہوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ وعلیٰ آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور آپؐ سے بیعت کی۔ حضور سرور کائنات' فخر موجودات' حبیب سبب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے ان کے دونوں ہاتھوں کو اپنے دست مبارک میں لے لیا اور اسی وجہ سے شاہ صاحبؒ بیعت لیتے وقت اسی طرح مصافحہ کیا کرتے تھے جیسا کہ خواب میں دیکھا تھا۔ شاہ عبدالرحیمؒ کا اصل وطن رہتک تھا۔ آپ کی پہلی شادی سونی پت (یوپی' بھارت) میں ہوئی۔ ایک صاحبزادے صلاح الدین پیدا ہوئے لیکن ان سے نسل نہ چلی۔ دوسری شادی 60 برس کی عمر میں حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ کی بشارت کے مطابق پھلت (ضلع سہارنپور۔ یوپی) میں ایک مرید کے یہاں کی جو "صدیقی" تھے جبکہ شاہ صاحبؒ خود "فاروقی" تھے۔ ان سے شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اور شاہ اہل اللہؒ پیدا ہوئے۔

189۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے اپنی مشہور کتاب "فیوض الحرمین" میں

marfat.com
Marfat.com

اپنے مبشرات کو جمع کیا ہے اور اپنے بہت سے مکاشفات اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے خوابوں میں جو سوالات کئے ہیں ذکر کئے ہیں۔ لکھا ہے کہ ایک مرتبہ میں نے آپؐ سے روحانی سوال کیا کہ اسباب کے اختیار کرنے میں اور اسباب کے ترک کرنے میں کون سی چیز افضل ہے۔ تو مجھ پر آپؐ کی طرف سے روحانی فیض ہوا جس کی وجہ سے اسباب و اولاد غرض ہر چیز سے طبیعت سرد پڑ گئی۔ اس کے بعد میری طبیعت پر ایک انکشاف ہوا جس کا اثر یہ ہوا کہ طبیعت تو اسباب کی طرف متوجہ ہے اور روح تسلیم تفویض کی طرف مائل ہے۔ حق یہ ہے کہ یہی اصل توکل ہے کہ اسباب کو بالکل غیر موثر سمجھیں۔ اسباب میں بھی اللہ تعالیٰ جل شانہ' ہی کی طرف سے تاثیر ہے۔ اس کی مشیت کے بغیر اسباب بھی کچھ نہیں کر سکتے۔ مقدرات الٰہیہ کے سامنے کسی کا بھی بس نہیں۔

از قضا سر کنگبین صفرا افزود روغن بادام خشکی می نمود!
(یعنی سرکہ کے استعمال سے صفرا بڑھ جائے اور روغن بادام کے استعمال سے خشکی ہونے لگے)۔

شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں میں نے دیکھا کہ اگر کوئی ایک مذہب کا متبع نہ ہو تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ وعلیٰ آلہ وسلم اس سے ناراض نہیں ہیں۔ مگر اس شکل میں جبکہ دین میں اختلاف اور لوگوں میں جنگ و جدل اور باہمی فساد کا موجب ہو تو یہ امر آپؐ کی بہت سخت خفگی و ناراضگی کا باعث ہے (فیوض الحرمین' صفحہ 91)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے مجھے بتایا کہ کس طرح اپنی حاجتوں میں آپؐ سے مدد کی درخواست کروں اور کس طرح آپؐ اس شخص کا جواب دیتے ہیں۔ جو آپؐ پر درود بھیجے۔ اور جو شخص کہ آپؐ کی مدح و تعریف میں کوشش اور الحاح کرے اس سے آپؐ کس طرح خوش ہوتے ہیں۔ اور میں نے دیکھا کہ آپؐ ظاہری طور پر فیض صحبت پہنچانے والے ہیں۔ ("فیوض الحرمین" کا اردو ترجمہ از مولانا عابد الرحمٰن صدیقی کاندھلوی۔ صفحہ 86 اور 87' ناشران : محمد سعید اینڈ سنز۔ قرآن محل مقابل مولوی مسافر خانہ۔ کراچی)

marfat.com
Marfat.com

190- حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنے مشہد نمبر 12 (روضہ اطہر علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً اور منبر مبارک کے انوار و برکات) میں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک روز میں حضرت نبی محتشم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ و سلم کے مصلیٰ پر جو کہ قبر مبارک اور منبر مبارک (علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام) کے درمیان ہے چاشت کی نماز پڑھ رہا تھا۔ یکایک اسرار نے مجھ پر تجلی کی جن کی اصلیت کو کعبہ کی حقیقت سے میں نے استفادہ کیا اور یہی ملا اعلیٰ کا قرب اور تمام عبادتوں کا مغز ہے تو اس وقت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ و سلم کے اس فرمان کا میں نے مطلب سمجھا کہ آپؐ نے اپنے بعض اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے فرمایا کہ قرب نہیں حاصل ہوتا مگر تضرع وزاری و الحاح کے ساتھ دعا کرنے اور مولیٰ کے روبرو سر جھکانے اور اس کے دروازے پر ناک رگڑنے اور اس کا آستانہ پکڑنے سے اور یہ چیز حاصل نہیں ہوتی تاوقتیکہ سجدہ میں پڑ کر کوشش کے ساتھ دعا نہ کرے اس لئے کہ سجدہ اس تقرب کے لئے ایک ذریعہ ہے کیونکہ سجدہ نفحات رحمت کے پیش آنے کے زیادہ قریب ہے۔ اسی لئے سید الوجود صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے کثرت سجود کا خاص طور پر حکم فرمایا ہے۔

191- علامہ اقبالؒ نے فرمایا "کچھ عرصہ ہوا ایک دولت مند' تعلیم یافتہ' روشن خیال اور کاروباری ہندو مولانا اصغر علی صاحب روحی پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور کے پاس آیا اور تنہائی میں لے جا کر ان سے کہا۔ مولانا مجھے مسلمان بنایئے۔ مولانا نے نووارد کو اسلام کی تلقین کی۔ اللہ کی وحدت اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اقرار لیا اور پوچھا کہ آپ اس طرح تنہائی میں کیوں داخل اسلام ہو رہے ہیں؟" اس پر نووارد نے کہا "میں نے کوئی اسلامی کتاب نہیں پڑھی۔ کسی مسلمان سے اسلام کو نہیں سمجھا لیکن خوش قسمتی سے کئی مرتبہ مجھے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت ہوئی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اب میں حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی محبت میں بیتاب ہوں اور اسلام قبول کرنے پر مجبور ہوں"۔ مولانا نے پھر دریافت کیا آپ فیروز پور سے چل کر لاہور کیوں آئے اور کھلے بندوں اسلام قبول کیوں نہ کیا؟" نووارد نے اس کے جواب میں اپنی تعلیم، ملازمت، کاروبار اور جائیداد وغیرہ کے حالات بیان کئے اور کہا کہ ان حالات کی بناء پر میں اعلان کرنے سے معذور ہوں لیکن میں آپ کو اپنے اسلام پر گواہ بنانے آیا ہوں۔ آپ روز قیامت اللہ کی بارگاہ میں میرے ایمان کی شہادت دیجئے گا۔ عرصہ سے میری یہ آرزو تھی کہ میں دنیا میں کسی نیک مسلمان کو اپنے ایمان کا گواہ بنالوں۔ اللہ کا شکر ہے کہ آج میری آرزو پوری ہو گئی"۔

(صحیفہ اقبال مرتبہ مسٹر یونس جاوید صفحہ 126- بزم اقبال کلب روڈ- لاہور)

قدسی مقال علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں کہ شاید لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تبلیغ دین نہیں فرماتے۔ آپؐ کی کوئی قوت ایسی نہ تھی جسے وقتی یا زمانی سمجھا جائے۔ آپؐ قیامت تک کے لئے پیشوائے انسانیت ہیں اس کے معنی یہ ہیں کہ آپؐ کی ہر قوت قیامت تک کارفرما رہے گی۔ آپؐ کا جلال بھی قیامت تک کارفرمار رہے گا۔ آپؐ کا جمال بھی۔ آپؐ قیامت تک کے مجاہد ہیں، قیامت تک کے مبلغ ہیں، قیامت تک کے مصلح ہیں اور قیامت تک کے رحمتہ اللعالمین ہیں بلکہ اس سے بھی آگے بہت دور تک۔ آپؐ کی شخصیت مبارک موجود ہو یا نہ ہو۔ آپؐ کا روحانی فیض، آپؐ کے وجود باوجود ہی کی طرح زندگی کے ہر میدان میں کارفرما رہتا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ہماری روحانیت اس قدر لطیف نہیں کہ اپنے زندہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی بخش فیوض کے عمل دخل کو محسوس کرا سکیں۔ اگر کوئی اندھا سورج کو محسوس نہیں کرتا تو اس سے سورج کی عدم موجودگی ثابت نہیں ہو سکتی۔

سوال صرف روحانی مناسبت کا ہے۔ جہاں کوئی روح مناسب قابلیت حاصل کر

marfat.com
Marfat.com

لیتی ہے اس پر اسی وقت بلا تاخیر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روحانی فیض کا آفتاب طلوع ہو جاتا ہے اور اسی وقت وہ محسوس کر لیتا ہے کہ آپؐ زندہ ہیں۔ آپ بنفس نفیس جہاد کر رہے ہیں' تبلیغ بھی فرما رہے ہیں' بھولے ہوؤں کو راستے بھی بتا رہے ہیں اور گرتے ہوئے گنہگاروں کو تھام بھی رہے ہیں۔ (صفحہ 125 تا 126)

192- ٹھٹھہ (سندھ) کے سید محمد نامی ایک مدرس نہایت متشرع فاضل تھے اور وہیں ایک مسجد میں درس قرآن دیا کرتے تھے۔ شاہ کمالؒ بھی اکثر ان کے درس میں شریک ہوتے۔ کئی مرتبہ مختلف موضوعات پر سید محمد سے ان کا مباحثہ بھی ہوا۔ سید محمد ان کے بعض اسرار کو شریعت کے خلاف سمجھتے اور ان سے سخت اختلاف رکھتے تھے مگر شاہ کمالؒ کے سامنے ان کی زبان گنگ ہو جاتی تھی اور کبھی کھل کر اپنی رائے کا اظہار نہ کر پاتے تھے۔ ان کی ایک بہن نہایت متقی اور عبادت گذار تھیں۔ ایک رات سید محمد کی ان بہن نے خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا کے اپنے بھائی کے ہمراہ اس مجذوب کے ہاتھ پر بیعت کر لو۔ بہن نے صبح بھائی کو یہ خواب بتایا جس کو سن کر سید محمد نے کہا یہ خواب نہیں شیطانی وسوسہ ہے۔ دوسری رات بہن نے پھر یہی خواب دیکھا تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میرے ماں باپ آپؐ پر نثار ہوں۔ آپؐ کا فرمان ہے کہ انبیاء علیہ السلام کے وارث علماء ہیں۔ میرا بھائی بھی عالم ہے۔ اگر میں ایک مجذوب سے بیعت ہو جاؤں تو اس کی مخالفت ہوگی۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ سلم نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے بھائی کو بھی ہدایت کر دی جائے گی۔ اسی رات سید محمد نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "سید محمد تیرے دل میں شرعی امر اسی مجذوب کی خاطر مضبوط کیا گیا ہے۔ تو اس کی مخالفت چھوڑ دے اور صدق دل

marfat.com
Marfat.com

سے ہدایت طلب کر۔ سید محمد بیدار ہوتے ہی تائب ہوئے اور اپنی بہن اور تلامذہ ورفقاء کے ہمراہ شاہ کمال ؒ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوگئے۔ شاہ کمال ؒ نے انہیں تزکیہ نفس اور سلوک کی منزلیں طے کرا کے خرقہ خلافت عطا فرمایا (سب رنگ اولیاء حصہ اول صفحہ 154 تا 155_ رابعہ بک ہاؤس' بخشی مارکیٹ' انار کلی' لاہور)

ملک العشاق حضرت شاہ کمال قادری کیتھلی ؒ کا نسبی سلسلہ بارہویں پشت میں سیدنا حضرت عبدالقادر جیلانی ؒ سے جا ملتا ہے۔ کیتھل مشرق پنجاب کے ضلع کرنال کا ایک قدیم شہر ہے۔ پانی پت اور تھانیسر کے قریب اور دہلی سے تقریبا" ایک سو چوبیس میل دور۔ کیتھل کو ہندوؤں کے دیوتا ہنومان سے منسوب کیا جاتا ہے۔ ہندی میں کیس بندر کو اور تھل رہنے کی جگہ کو کہتے ہیں۔ اسی جگہ کا قدیم نام کیس تھل تھا جو کثرت استعمال سے کیتھل ہو گیا۔ اسے مدینتہ الاولیاء بھی کہا جاتا ہے کہ یہاں سینکڑوں اولیاء محو خواب ہیں۔ 926 ھ میں حضرت شاہ کمال ؒ کو ہند کی ولایت پر مامور کیا گیا جب کہ آپ 3 شوال 895 ھ کو بغداد میں پیدا ہوئے تھے۔ آپ کو غوث الافاق بھی کہا جاتا ہے۔ بچپن سے آنکھوں میں غیر معمولی چمک تھی۔ سلسلہ چشتیہ میں حضرت مخدوم صابر کلیری ؒ اور سلسلہ قادریہ میں حضرت شاہ کمال کیتھلی ؒ کا جلال بہت مشہور ہے۔ اسی لئے آپ کو سلاب الاحوال بھی کہا جاتا ہے۔ آپ سے بیساختہ کرامات کا ظہور ہوتا تھا۔ فرمایا صالح اعمال کی روشنی کرامات کی شکل میں ظاہر ہونے لگتی ہے۔ آپ کی نظر میں نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی سنت ایمان کا درجہ رکھتی تھی۔ اسرار و معارف کی وضاحت نہایت دلنشین پیرائے میں کرتے تھے۔ گھر میں فاقے کے باوجود تمام نذرانے حاجتمندوں میں تقسیم کر دیتے تھے۔ معمول تھا کہ حجرہ بند کر کے عبادت کرتے اور بسا اوقات کئی کئی ماہ باہر نہ آتے تھے۔ کھانے پینے کی طرف سے بے نیازی کے باوجود صحت متاثر نہ ہوتی تھی۔ فرمایا جس نے اللہ کو پہچان لیا پھر اس کو

marfat.com
Marfat.com

کبھی کسی سے سوال کرنے کی حاجت نہیں ہوتی۔ شیخ عبدالاحد اپنے نوزائیدہ بچے کو اپنے مرشد حضرت شاہ کمالؒ کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئے جسے دیکھتے ہی آپ نے فرمایا "عبدالاحد تیرے گھر میں تو عالم باعمل اور عارف کامل پیدا ہوا ہے۔ اس کی ہدایت وارشاد کا نور بدعت و گمراہی کی تاریکیوں کا خاتمہ کر دے گا"۔ اس کے بعد شاہ کمالؒ نے بچے کے منہ میں اپنی انگلی دے دی۔ بچہ انگلی چوسنے لگا یہاں تک کہ کچھ دیر کے بعد شاہ کمالؒ نے اپنی انگلی کھینچ لی اور فرمایا "بابا بس کرو۔ بس اتنا ہی کافی ہے۔ کچھ ہماری اولاد کے لئے بھی تو چھوڑو۔ تم نے تو ہماری نسبت ہی کھینچ لی!" بچے کا نام شیخ احمد رکھا گیا جو بعد میں شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ کے نام سے مشہور ہوئے۔

193- مولانا شاہ عبدالغفور عباسی مدنیؒ کے شیخ حضرت فضل علی شاہ قریشیؒ کی خدمت میں ایک شخص بیعت کے لئے حاضر ہوا۔ آپ نے اس سے فرمایا کہ تم تھکے ہوئے ہو۔ رات آرام کرو صبح بیعت کریں گے۔ اس نے خواب میں دیکھا کہ اس نے حضرت قریشیؒ کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا۔ آپ نے اس کا ہاتھ اپنے شیخ خواجہ سراج الدین کے ہاتھ میں دیا۔ اسی طرح سلسلہ بہ سلسلہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ہاتھ تک پہنچا جنہوں نے اس کا ہاتھ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں دیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر اللہ کا ہاتھ ہے (انوار غفوریہ مدینہ یعنی ملفوظات مولانا شاہ عبدالغفور عباسی مدنیؒ از آپ کے خلیفہ مجاز مولانا محمد عبدالرشید پھلن شریف والے۔ صفحہ 12 تا 13_ صدیقی ٹرسٹ' نزد لسبیلہ چوک۔ کراچی)۔

(سورہ فتح آیت نمبر 10 کا ترجمہ ہے "بے شک جو لوگ آپؐ سے بیعت کر رہے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کر رہے ہیں۔ ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے"۔ درحقیقت بیعت کرتے وقت جو عہد و پیمان کیا جاتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہوتا ہے۔ پس اس

marfat.com
Marfat.com

وعدہ کو وفا کرنا ضروری ہے۔ شرک و بدعات اور تمام گناہوں سے توبہ کرنی ہوتی ہے اور تمام اخلاق و عادات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق بنانے ہوتے ہیں۔

194- مولانا شاہ عبدالغفور عباسی مدنیؒ نے فرمایا کہ میں نے مدینہ منورہ میں خواب دیکھا کہ روضہ انور (علی صاحبہا صلوۃ" و سلاما") پر میں نے سلام پیش کیا ہے اور وہاں سے موجیں اٹھ کر جالی مبارک سے نکل کر میرے قلب پر پڑ رہی ہیں۔ میں خوش ہو کر کھڑا رہا۔ موجیں دریا کی طرح آ رہی تھیں۔ میرا دل کیسے انہیں برداشت کر سکتا تھا۔ میں خواب سے بیدار ہوا تو میرا سینہ لبریز تھا۔ دوسرا خواب دیکھا کہ مزار اقدس (علی صاحبہا صلوۃ" و سلاما") پر حاضر ہوں۔ مجھے کنجی عطا کی گئی۔ میں نے مزار مبارک کا دروازہ کھولا اور اندر داخل ہوا۔ میں نے دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر بھی گلاب کے پھول ہیں اور نیچے بھی۔ آپؐ مسکرائے اور میں بھی مسکرایا۔ میں خوش تھا کہ آج کنجی میرے پاس ہے۔ دل میں سوچا کہ اگر آج کوئی اور شخص موجود ہوتا تو اسے بھی زیارت کراتا لیکن میں بولتا نہیں تھا اور یہ سمجھ رہا تھا کہ اگر بات کروں گا تو میری یہ لطافت ختم ہو جائے گی (انوار غفوریہ مدنیہ' صفحہ 87 تا 88)

195- مولانا شاہ عبدالغفور عباسی مدنیؒ نے فرمایا کہ مجھے باب جبریل کے قریب مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوۃ" و سلاما") میں قدمین شریفین کے پاس ایک برس تک تمام رات مراقبہ کا وقت ملتا رہا۔ اس وقت صحت اچھی تھی۔ محبت اور ذوق بھی تھا۔ میرے ساتھ بہت سے دوست بھی مراقبہ میں شامل ہوتے تھے۔ اکثر دوستوں کو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوتی تھی۔ مجھے بھی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ادن منی۔ ادن منی"۔ میرے قریب ہو جاؤ۔ میرے قریب ہو جاؤ۔ رمضان شریف میں تمام رات

marfat.com
Marfat.com

نوافل اور تلاوت قرآن پاک میں گذارتے (انوار غفوریہ مدنیہ ۔صفحہ 88)

196- مولانا شاہ عبدالغفور عباسی مدنیؒ نے فرمایا کہ ایک شخص حافظ عبدالرحمٰن میرے پاس آیا اور کہا کہ میں حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا مرید ہوں۔ ان کا وصال ہو گیا ہے۔ آپ مجھے بیعت کر لیں۔ میں نے بیعت کر لیا۔ میری عادت تھی کہ ہر جمعرات کو سیدنا حمزہؓ کے مزار پر جاتا تھا۔ ہر ہفتہ کو مسجد قبا اور ہر جمعہ کو جنت البقیع میں جاتا تھا۔ پیر کے دن مسجد قبلتین جاتا تھا۔ ایک مرتبہ میں جبل احد حضرت سیدنا امیر حمزہؓ کے مزار پر جا رہا تھا کہ حافظ عبدالرحمٰن بھی میرے ہمراہ ہو گیا۔ زیارت کے بعد جب ہم واپس ہوئے تو راستہ میں وہ کبھی ادھر دیکھتا کبھی ادھر۔ میں نے پوچھا کیا بات ہے۔ تو وہ کہنے لگا کہ حضرت امیر حمزہؓ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت مشابہ (ہم شکل) ہیں۔ میں نے کہا تمہیں یہ کیسے پتہ چلا تو کہنے لگا کہ وہ ہمارے ساتھ ہیں۔ ایک طرف حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ دوسری جانب حضرت امیر حمزہؓ ہیں۔ مکان پر پہنچنے تک حافظ عبدالرحمٰن پر یہ کیفیت طاری رہی۔ مکان پر آ کر میں نے کہا کہ مجھے آرام کرنا ہے۔ اس نے کہا کہ میں حرم شریف جاتا ہوں۔ جب حافظ عبدالرحمٰن مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") سے واپس آیا تو اس نے مجھ سے کہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو سلام کہا ہے اور فرمایا ہے کہ مولانا سے کہنا کہ لوگوں کی باتوں سے نہ ڈرے۔ اپنے کام میں لگا رہے اور آپ کے مکان پر "المنزل النقشبندیہ مظہر الانوار المحمدیہ" جو لکھا ہوا ہے وہ ہم نے اپنی انگلی (مبارک) سے لکھا ہے (انوار غفوریہ مدنیہ" صفحہ 90 تا 91)

197- حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ ہم عصر تھے حضرت خواجہ نقشبندؒ کے۔ کشمیر کے اکثر باشندے کافر تھے۔ یہاں اسلام کی اشاعت آپ ہی کی کاوشوں کا نتیجہ

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ آپ ایک ولی کامل تھے۔ آپ کی کرامات دیکھ کر ہزارہا کفار نے اپنے زنار توڑ ڈالے اور مسلمان ہو گئے۔ سید صاحبؒ فرماتے ہیں کہ میں نے 1400 کامل اولیاء سے ملاقات کی اور ہر ایک سے فیض حاصل کیا۔ ہر ایک نے کمال شفقت و مہربانی سے وہ اسمائے الٰہی و وظائف جن سے ان کو کشائش ظاہری و باطنی حاصل ہوئی تھی مجھے ارشاد فرمائے۔ میں نے ان پر عمل کیا جس سے میری تمام دینی و دنیاوی مشکلات حل ہو گئیں اور ظاہری و باطنی فتوحات نصیب ہوئیں۔ دنیا کو ان سے مستفیض کرنے کے لئے میں نے ان اوراد کو کتابی صورت میں مرتب کر دیا۔ اور اس کا نام "اوراد فتحیہ" رکھا۔ دین اور دنیا کی کامیابی و کامرانی حاصل کرنے کی جس شخص کے دل میں تمنا ہو وہ "اوراد فتحیہ" پڑھا کرے۔ آپ کی کئی تصانیف ہیں مثلاً" فصوص الحکم۔ اسراریہ۔ ذخیرۃ الملوک۔ رسالہ شفاء لمافی الصدور وغیرہ۔

اسراریہ میں لکھا ہے کہ جب میں مدینہ منورہ پہنچا اور روضہ مقدسہ (علی صاحبھا صلوۃ" و سلاما") کے سامنے ہو کر سلام عرض کیا تو جواب سلام سے مشرف ہوا۔ اسی اثنا میں مجھ پر غنودگی طاری ہو گی۔ دیکھا کہ حضور علیہ الصلواۃ والسلام ایک مجلس میں رونق افروز ہیں جس میں کثیر تعداد میں صحابہ اکرامؓ ہیں۔ میں نے سلام عرض کیا۔ سلام کا جواب عنایت فرما کر ایک بڑا سا کاغذ مجھے عطا فرمایا۔ اسے جب میں نے کھولا وہی کلمات جو 1400 اولیاء اکرامؒ سے مجھے ملے تھے اس میں بالترتیب تحریر پائے۔ دل میں خیال آیا انہیں بالجہر پڑھنا چاہئے یا خفی۔ اسی حالت میں دیکھتا ہوں۔ کہ ایک جماعت مدور حلقہ میں کمال خوش الحانی سے یہی اوراد پڑھ رہی ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے میری جانب متوجہ ہو کر فرمایا اس طرز سے پڑھنا چاہئے۔ اس دن سے میں نے ان اوراد کو خوش الحانی کے ساتھ بالجہر (بلند آواز سے) پڑھنا شروع کر دیا۔

marfat.com
Marfat.com

جامع السلاسل میں لکھا ہے کہ حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ مشائخ ہوزان کے سردار تھے۔ علم میں کمال کو پہنچے ہوئے تھے۔ آپ کو طی ارض کا مرتبہ حاصل تھا۔ 45 سال سیاحت کرتے رہے۔ ہر سال حج میں بھی شریک ہوتے رہے۔ 6 ذی الحجہ 787ھ کو وصال فرمایا۔ مرقد انور ختلان میں ہے۔

"اوراد فتحیہ" کا جو نسخہ میاں شیر محمد شرقپوریؒ نے اپنے مرید خاص حاجی ڈاکٹر نواب الدین مرحوم و مغفور کو عنایت فرمایا تھا اسے ان کے سب سے بڑے صاحبزادے جناب چودھری مظفر حسین ایم اے نے 7 فرینڈز کالونی' ملتان روڈ لاہور سے شائع کرایا ہے۔

198- حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے خواب دیکھا کہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس مبارک میں حاضر ہوں اور بھی بے شمار افراد ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو اس حلقہ مبارک سے باہر بھیج دیا۔ میں نے اس شخص کے پاس جا کر دریافت کیا کہ تمہارے نکالے جانے کی کیا وجہ ہے؟ اس نے کہا میں تمباکو پیتا ہوں۔ کچا لہسن اور پیاز کھا کر مسجد میں آنے سے حضورؐ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کیونکہ ان میں بدبو ہوتی ہے۔ سگریٹ اور تمباکو تو ان سے بھی زیادہ بدبو دار ہوتے ہیں۔ ویسے بھی ان کے استعمال میں نقصان ہی نقصان ہے۔ پھیپھڑوں کا سرطان۔ امراض قلب۔ آنتوں کے زخم' ہوائی نالیوں کے ورم کی یہی خاص وجہ ہے (انوار غفوریہ مدنیہ صفحہ 60)

(امام کعبہ (شیخ عبداللہ الخلیفی) نے دو دسمبر 1977ء کو جمعہ کے فتویٰ خطبہ میں فرمایا تھا کہ سگریٹ اور تمباکو کا کاروبار حرام ہے۔ جس طرح شراب کا۔ مسلمانوں کو اس سے بچنا چاہیے۔ شریعت نے کوئی تجارت حرام قرار نہیں دی مگر وہ جو ظلم' دھوکے اور مصنوعی گرانی پر مشتمل ہو یا ایسی چیزیں جیسے شراب'

marfat.com
Marfat.com

منشیات' بتوں کے مجسمے اور تمباکو (سگریٹ' حقہ وغیرہ)۔ ان سے نفع کمانے کی اجازت نہیں۔ ان سب کی تجارت حرام ہے اور تجارت کرنے والے کے لیے وبال جان ہے۔ اس سے جو آمدنی ہو حرام ہے اور انسان کا گوشت جو حرام مال سے بنے وہ دوزخ کا زیادہ مستحق ہے (یہ فتویٰ "اخبار العالم الاسلامی" مکہ مکرمہ بابت 5 دسمبر 1977ء شمارہ 555 میں شائع ہوا ہے) یہ خطبہ حج کے ایام میں دیا گیا تھا جس کو قریب دس لاکھ حجاج نے سنا تھا اور جن میں کثیر تعداد میں پاکستانی بھی موجود تھے۔ (حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تمباکو کی مذمت از محمد عبدالمجید صدیقی صفحہ ۸)

199- حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ نے فرمایا کہ ایک روز میں نے اپنے شیخ حضرت خواجہ محمد عابد قدس سرہ سے قادریہ سلسلہ کی اجازت کے واسطے عرض کیا۔ آپ نے فرمایا کہ آؤ تم کو اس خاندان کی اجازت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حاصل کراؤں۔ چنانچہ خود بھی آپؒ کی طرف متوجہ ہو بیٹھے اور مجھے بھی متوجہ ہونے کو فرمایا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم معہ صحابہ اکرامؓ و اولیائے عظامؒ ایک بارگاہ عالیہ میں رونق افروز ہیں اور محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی حاضری میں کھڑے ہیں۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے عرض کیا کہ مرزا مظہر جان جاناں اجازت خاندان قادریہ کے امیدوار ہیں۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس معاملہ میں سید عبدالقادر (رحمتہ اللہ علیہ) سے کہو۔ چنانچہ ان سے عرض کیا۔ انہوں نے حضرت خواجہ صاحبؒ کی درخواست قبول فرما کر بعطائے خرقہ تبرک اجازت سے بندہ کو سرفراز فرمایا اور مجھ کو اپنے سینہ میں حالات و تبرکات طریقہ قادریہ کا بخوبی احساس ہوا۔ (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 281)

marfat.com
Marfat.com

200- سیدی شیخ محمد ابوالمواہب شاذلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ ایک مجلس میں کہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم بشر ہیں مگر عام بشر کی طرح نہیں بلکہ وہ پتھروں میں یا قوت ہیں۔ اس کے بعد میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی زیارت کی تو آپؐ نے مجھ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تجھ کو اور جتنے آدمی اس قول میں تیرے ہم زبان تھے سب کو بخش دیا۔ اس وقت سے مرتے دم تک آپ ہر مجلس میں یہ ارشاد دہرایا کرتے تھے۔ (نعمت عظمیٰ جلد سوم صفحہ 302)

201- یکم شوال 1341ھ کی شب میں نے خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم تشریف لائے ہیں۔ جوں ہی تشریف لائے ہم سب کھڑے ہونے لگے مگر آپؐ نے ہم سب کو بیٹھنے کے لئے ارشاد فرمایا۔ آپ (مولانا اشرف تھانویؒ) اور جو جو تخت پر بیٹھے تھے یا تو اترنے لگے یا صدر کی جگہ سے ہٹنے لگے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس تخت پر ایک طرف بیٹھ گئے۔ چہرۂ انور نہایت نورانی تھا اور ریش مبارک بالکل سفید۔ قد نہ بہت لمبا اور نہ بہت چھوٹا۔ بالکل جناب کے قد کے برابر تھا۔ اس جلسہ میں ایک شخص نے کہا کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی صورت اور دیکھی تھی۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ جو جس طرح ہوتا ہے وہ اسی صورت میں مجھ کو دیکھتا ہے۔ آپؐ کا یہ ارشاد فرمانا مجھ کو خوب یاد ہے۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی اور اس کے بعد سے اب تک ایک کیفیت نہایت سرور کی ہے۔ اور وساوس سب موقوف ہو چکے ہیں (اشرف السوانح حصہ سوم بقلم عزیز الحسن صاحب و عبدالحق صاحب صفحہ 187)

202- محمد بن سعید المعروف بہ علامہ شرف الدین محمد بوصیریؒ مصر کے پرآشوب دور میں یکم شوال 608ھ کو مصر کے قصبہ دلاص میں پیدا ہوئے۔ سکونت قریہ

marfat.com
Marfat.com

بو صیر میں رہی۔ آپ کا تعلق قبیلہ صنہاجہ سے تھا۔ پس عرب کے بعض تذکرہ نگار۔ آپ کو صنہاجی اور مقام ولادت کی وجہ سے ولاصی اور قریہ سکونت کی وجہ سے بو صیری لکھتے ہیں۔ 13 برس کی عمر میں قرآن مجید حفظ کیا۔ علماء مصر میں آپ عربی علوم کے شہرہ آفاق ادیب اور متبحر عالم تھے۔ خالص عرب تھے۔ قاہرہ میں انتقال ہوا۔ علامہ اقبالؒ نے لکھا ہے کہ بصیری ان کا لقب تھا کیونکہ عربوں میں تخلص کا دستور نہ تھا۔ فصاحت و بلاغت میں ثانی نہ رکھتے تھے۔ سلاطین و امراء کی منقبت اور قصیدہ گوئی میں حصہ لیتے اور ان کے اعداء کی ہجو میں رجز لکھا کرتے تھے ایک روز دربار سلطانی سے واپس گھر جا رہے تھے کہ راستہ میں ایک بزرگ نے آپ سے دریافت کیا کہ تمہیں کبھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی زیارت بھی ہوئی ہے یا نہیں؟ جواب دیا کہ ابھی تک مجھ کو یہ شرف حاصل نہیں ہوا۔ علامہ فرماتے ہیں کہ اس جواب کے بعد سے میرے دل میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا جذبہ متلاطم ہو گیا اور اب میں اپنے دل میں سوائے اس محبت کے کچھ اور محسوس نہ کرتا تھا۔ گھر آ کر سویا تو اسی رات مجھے جمال جہاں آرا محبوب دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اور میں نے آپؐ کو جماعت صحابہؓ کے ہمراہ اس شان سے دیکھا جیسے چاند ستاروں کے درمیان ہوتا ہے۔ جب آنکھ کھلی تو اس مقدس ہستی کی محبت سے مملو اور زیارت بابرکت کے سرور سے سرشار تھا۔ اس ساعت کے بعد تمام عمر اس نور مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی الفت و محبت سے کبھی جدائی نہ ہوئی اور ایک عرصہ درباروں میں رہنے کے بعد اپنے کو ثنا خوانی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کے لئے وقف کر دیا۔ اسی اثناء میں ایک روز مجھ پر فالج کا حملہ ہوا جس سے میرے جسم کا نصف حصہ بے حس ہو گیا۔ مصیبت کے اس عالم میں میرے ضمیر نے مجھے مشورہ دیا کہ حضور

marfat.com
Marfat.com

انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی مدحت میں قصیدہ لکھوں۔ پس میں نے ایک قصیدہ لکھا جو آپؐ کے محاسن سے پر ہے۔ پھر اس قصیدے کو خواب میں میں نے خود حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کو سنایا۔ آپؐ نے مجھے بردیمانی انعام میں بخشی اور میرے بدن پر اپنا دست مبارک پھیرا۔ آنکھ کھلی تو میں بالکل تندرست تھا (شرح قصیدہ بردہ شریف طیب الوردہ از علامہ ابو الحسنات قادریؒ سے ماخوذ) (اقبال اور محبت رسولؐ از ڈاکٹر محمد طاہر فاروقی۔ صفحہ 115 تا 116)

حضرت حسان بن ثابتؓ سے لے کر آج تک لاتعداد قصائد لکھے گئے لیکن علامہ بو میریؒ متوفی 696ھ کے قصیدے بردہ کو جو منفرد اور ممتاز مقام حاصل ہوا کسی اور کو حاصل نہ ہو سکا۔ علامہ بو میریؒ نے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم پر اس قصیدہ کو سناتے ہوئے یہ درود پاک پڑھا تھا۔

مولای صل و سلم دائماً ابداً
علی حبیبک خیرا لخلق کلھم

اس پر اثر قصیدے میں اس درود شریف کا پڑھنا ہی خاص سر اور بھید ہے (تفصیلات کے واسطے دیکھئے میری کتاب "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ حصہ اول صفحہ 374 تا 376- خواب نمبر 312- ناشر فیروز سنز (پرائیوٹ) لمیٹڈ۔ لاہور)

203- ایک شخص حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم کی مدح اور تعریف میں نعت بہت پڑھا کرتا تھا مگر حقہ بھی پیتا تھا۔ ایک رات اس نے نبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم کو خواب میں یہ فرماتے سنا کو جس وقت تو تعریف میری کرتا ہے تو میں وہاں موجود ہوتا ہوں۔ لیکن جب حقہ آتا ہے تو میں وہاں سے چلا جاتا ہوں (النصیحتہ الاخوان)

204- ایک شریف حقہ پیتے تھے۔ ایک مرتبہ انہوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ ارشاد فرما رہے ہیں کہ تو شریف ہو کر حقہ پیتا ہے۔ بڑا تعجب ہے (النصیحتہ الاخوان) (حضرت رسول

marfat.com
Marfat.com

اللہ اور تمباکو کی مذمت از محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ۔ مرحبا پبلی کیشنز۔ امرت دھارا بلڈنگ۔ ریلوے روڈ۔ لاہور۔ صفحہ 8)

205۔ ایک مرتبہ خلیفہ اول حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کچھ لوگوں نے دریافت کیا کہ کیا اسلام لانے سے پہلے آپ نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم کی نبوت و رسالت کی کسی علامت کا مشاہدہ کیا تھا۔ فرمایا۔ ہاں' میں ایک روز ایک درخت کے سایہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک اس کی ایک شاخ نیچے جھکی اور میرے سر سے مل گئی۔ میں تعجب سے اسے دیکھنے لگا تو اس میں سے ایک آواز آئی: (عربی کا اردو ترجمہ) یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فلاں وقت ظاہر ہوں گے اور سب سے پہلے ان کی تصدیق کی سعادت آپ حاصل کریں گے۔ (حلبیہ جلد اول صفحہ 198)

اللہ تعالیٰ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم کی نبوت و رسالت اور حقانیت کی شہادتیں صرف باشعور انسانوں پر منحصر نہیں رکھیں بلکہ بے شمار ایسی چیزوں سے اس کی شہادتیں عالم انسان پر واضح کر دیں جن کو انسان غیر ذی شعور اور لایعقل کہتا ہے۔ یہ شہادات درحقیقت عالم غیب کی شہادات ہیں جن کو رائے کی غلطی کہہ کر جھٹلایا یا رد نہیں کیا جا سکتا۔

206۔ جبل پور (سی۔ پی۔ بھارت) میں 6 شعبان المعظم 1345ھ مطابق 8 فروری 1927ء بروز منگل نماز مغرب کے بعد قدرت کا ایک عجیب کرشمہ دیکھا۔ میں نماز مغرب پڑھ کر جب گھر واپس آیا تو مغرب کی جانب منہ کر کے صحن میں کھڑا ہو گیا۔ میرے سامنے ایک تارا ٹوٹا جس کی شعاعیں نہایت درخشاں اور روشن تھیں۔ ان شعاعوں نے بڑھ کر آسمان پر ایک مد کی شکل اختیار کی جو اس طرح (ـــ) تھی۔ پھر اس مد میں لہر سی پیدا ہوئی جو اس شکل کی سی تھی۔ (ص)۔ پھر اس لہر کے ایک حصہ نے میم (م) کی صورت اختیار کر لی۔ اس میم میں "ح" شامل ہو گئی اور شعاع کی شکل یہ ہو گئی (مح) پھر اس میم اور ح کے ساتھ

marfat.com
Marfat.com

دوسری م نمودار ہو گئی اور یہ صورت نظر آئی (محم) اور اس کے بعد دال کی شکل نمایاں ہوئی اور اسم (محمد) صلی اللہ علیہ وسلم واضح طور پر نظر آنے لگا۔ یہ روح افزا منظر دیکھ کر میں دوڑتا ہوا مسجد میں گیا اور وہاں سے سلسلہ چشتیہ کے ایک بزرگ قاضی علیم الدین صاحب کو دکھایا اور دیکھتے ہی دیکھتے یہ پورے شہر کا مرکز نگاہ بن گیا۔ یہ اسم پاک نہایت صاف' روشن اور خوشخط تھا۔ یہ منظر قریب آدھ گھنٹہ رہا۔ اس کے بعد مدہم پڑنے لگا۔ اور آخر کار آہستہ آہستہ نظروں سے غائب ہو گیا۔ جو حصہ پہلے نمودار ہوا تھا وہ سب سے آخر میں مخفی ہوا۔ باوجود فاصلہ کے ماڈل ڈرائنگ کے طریقہ سے ناپا تو 8 فٹ لمبا اور 3 فٹ چوڑا تھا۔

ہوئی روشنی کی لہر اس میں پیدا
کہ ٹوٹا ستارہ جو شفق فلک پر

جو ح-م اور دال اس میں ملا تھا
خط نور سے میم لکھا تھا پہلے

کہ نام محمدؐ مکمل ہوا تھا
ملے حرف جب سارے آیا نظر یوں

پڑھا صاف یہ نام جس نے بھی دیکھا
نہایت منور' نہایت فروزاں

کہ ہے کس قدر عرض و طول اس کا
جو ماڈل ڈرائنگ سے ناپا کسی نے

مگر طول میں آٹھ فٹ ہو گیا تھا
وہ تھا عرض میں تین فٹ سے زیادہ

قریب آدھ گھنٹہ رہا جگمگاتا
یہ پر کیف اور روح پرور تھا منظر

نگاہوں سے یوں چھپ گیا رفتہ رفتہ
چمک اس کی دھندلی سی ہونے لگی پھر

لاکھوں نہیں کروڑوں انسانوں نے اسے دیکھا جن میں بے شمار بڑے بڑے ہندو' عیسائی' پارسی' بودھ اور سکھ وغیرہ شامل تھے۔ بہت سے غیر مسلم اس انوکھے واقعے کو دیکھ کر مسلمان ہوئے اور مہینوں اس بات کا چرچا اخبارات اور رسائل میں رہا۔ ہندوستان کے سینکڑوں شہروں حتی کہ ایران تک میں لوگوں نے اس کا مشاہدہ کیا۔ جبل پور کے یوروپین کلکٹر نے حیدر آباد دکن سے کسی کے استفسار پر اس امر کی تصدیق کی۔ الحاج جناب بشیر الدین جبل پوری۔ 619 اے۔ بلاک ایچ۔ نارتھ ناظم آباد۔ کراچی کا یہ چشم دید واقعہ مختصر الفاظ میں بیان کیا گیا جس کا مفصل ذکر ان کے

marfat.com
Marfat.com

مرتبہ کتابچے "سراج منیر" میں بعنوان "شق النجم" موجود ہے یعنی ایک ستارے کا ٹوٹ کر "محمد" (صلی اللہ علیہ وسلم) کی شکل میں نمودار ہونا۔ مشاہدہ کرنے والوں میں ہر مذہب و ملت کے ہزارہا افراد ابھی زندہ ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ پروردگار عالم نے ہم سب کو اس آسمانی نشانی کے ذریعہ مطلع فرمایا کہ تم زمین پر میرے محبوب محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اسم گرامی کو اسی طرح روشن کردو جس طرح میں نے آسمان پر سب کے سامنے اس اسم مبارک کو روشن کر دیا ہے۔

مسلمانو! میری بات سنو اور گرہ سے باندھ لو۔ انشاء اللہ تعالیٰ پندرھویں صدی ہجری اسلام کی صدی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان اپنے زندہ نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زندہ و پائندہ تعلیمات پر عمل پیرا ہوں۔ متحد اور منظم ہو کر امن عالم اور اسلام کے دشمن صیہونی، صلیبی اور ہنودی گٹھ جوڑ کے خلاف جہاد کریں اور مفکر اسلام علامہ اقبالؒ کے اس پیام کو عملی جامہ پہنا دیں۔

قوت عشق سے ہر پست کو بالا کر دے — دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا کر دے
وقت فرصت ہے کہاں کام ابھی باقی ہے — نور توحید کا اتمام ابھی باقی ہے

علامہ ہی کے الفاظ میں یہ بھی یاد رکھیے ع

امن عالم تو فقط دامن اسلام میں ہے

207- ابن ابی شیبہ نے ربعی بن حراشؓ سے روایت کی۔ وہ کہتے ہیں کہ جب میں گھر پہنچا تو اطلاع ملی کہ میرا بھائی مر گیا ہے۔ میں دوڑ کر آیا تو دیکھا کہ اسے کپڑوں میں لپیٹ دیا گیا ہے۔ میں اس کے سرہانے کھڑا استغفار اور استرجاع (اناللہ وانا الیہ راجعون) میں مشغول تھا کہ یکایک اس نے کپڑا اٹھا کر کہا "السلام علیکم"۔ تو ہم نے کہا وعلیکم السلام۔ سبحان اللہ۔ تو اس نے بھی کہا سبحان اللہ۔ میں تم سے جدا ہو کر اللہ کی بارگاہ میں پہنچا۔ وہ مجھ سے راضی تھا۔ اس نے مجھ کو حریر، سندس اور استبرق کے لباس پہنائے اور میں نے معاملہ اس سے آسان پایا جتنا کہ تم سمجھتے تھے۔ اب دیر نہ کرو کہ میں نے اللہ تعالیٰ سے اجازت چاہی

marfat.com
Marfat.com

تھی کہ تم کو بشارت دینے آؤں۔ جلدی کرو اور مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے چلو کیونکہ آپؐ نے مجھ سے وعدہ فرمایا تھا کہ میری واپسی تک میرا انتظار فرمائیں گے۔ یہ کہہ کر وہ انتقال کر گیا۔

ابو نعیمؒ نے ربعی بن حراشؓ سے روایت کی۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم چار بھائی تھے۔ میرا بھائی ربیعؓ ہم میں سب سے زیادہ صوم و صلوٰۃ کا پابند تھے۔ اس کا انتقال ہو گیا۔ ہم اس کے گرد جمع تھے کہ اچانک اس نے کپڑا اٹھا کر کہا "السلام علیکم" ہم نے کہا وعلیکم السلام۔ کیا موت کے بعد بھی !! (یعنی اظہار حیرت و استعجاب کیا)۔ اس نے کہا جی ہاں میں نے تمہارے بعد اپنے راضی اور خوش اللہ سے ملاقات کی تو اس نے مجھ کو اپنی رحمت عطا فرمائی اور استبرق کا لباس زیب تن کرایا۔ سنو! ابوالقاسم (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) نماز کے لئے میرے منتظر ہیں جلدی کرو۔ یہ کہہ کر وہ پھر مر گیا۔ یہ بات ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک پہنچی تو آپ نے فرمایا کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپؐ فرماتے تھے کہ میری امت میں سے ایک شخص مرنے کے بعد بھی کلام کرے گا۔ ابو نعیمؒ کہتے ہیں کہ یہ حدیث مشہور ہے۔ بیہقیؒ نے اس حدیث کو "دلائل النبوۃ" میں بیان کر کے کہا ہے کہ یہ صحیح ہے اور اس کی صحت میں کچھ شک نہیں۔ (شرح الصدور بشرح حال الموتی والقبور از محدث اعظم حضرت علامہ ابوبکر جلال الدین سیوطیؒ کا اردو ترجمہ صفحہ 72 و 73)

208- ابن عساکر نے عبدالرحمٰن بن غنم اشعریؓ سے روایت کی کہ حضرت معاذ بن جبلؓ کے صاحبزادے کو عمواس کے سال ایک نیزہ لگا۔ میں نے پوچھا "اے معاذ! کیا کچھ دیکھتے ہو؟" فرمایا میرے رب نے مجھ کو صبر جمیل پر جزا عطا فرمائی۔ میرے بیٹے کی روح میرے پاس آئی اور مجھے بشارت دی کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، ملائکہ، مقربین، شہداء اور صالحین سو صفوں میں کھڑے ہوئے میرے لئے دعائے رحمت کر رہے ہیں اور فرشتے مجھے جنت کی طرف لے جا رہے ہیں۔ یہ کہہ کر بے ہوش ہو گئے۔ میں نے دیکھا کہ وہ ہاتھ بڑھا کر گویا کسی سے مصافحہ

marfat.com
Marfat.com

کر رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں' خوش آمدید میں تمہارے پاس آ رہا ہوں۔ یہ کہہ کر انکا انتقال ہو گیا۔ اس کے بعد میں نے ان کو خواب میں دیکھا کہ ان کے گرد سفید پوش گھوڑوں پر سوار پکار کر کہہ رہے ہیں "اے سعد (جو نیزوں اور تیروں کی بوچھاڑ میں ہے) تمام تعریف اس اللہ کی ہے جس نے ہم کو جنت عطا فرمائی۔ جہاں چاہیں اس میں قیام کریں۔ تو عمل کرنے والوں کا انجام بہت ہی عمدہ ہے"۔ اس کے بعد میں بیدار ہو گیا (شرح الصدور۔ بشرح حال الموتی والقبور صفحہ 82 تا 83)

209- حاکم حسین بن خارجہ سے روایت کی کہ وہ فرماتے ہیں کہ فتنہ اولیٰ (شہادت حضرت عثمان غنیؓ) کے وقت میں بہت ہی سخت پریشان تھا اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا تھا کہ مجھے ایسی راہ دکھا جس میں سلامتی ہو۔ چنانچہ مجھ کو خواب میں دنیا و آخرت دکھائی دی جن کے درمیان دیوار تھی لیکن زیادہ اونچی نہ تھی۔ میں نے اس ارادہ سے دیوار کو عبور کیا کہ اشجع کے مقتولین کو دیکھوں اور ان سے دریافت کروں کہ ان کا کیا حال ہے۔ وہاں میں نے دیکھا کہ کچھ حضرات سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھے ہیں۔ میں نے ان سے دریافت کیا کہ کیا آپ شہداء ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نہیں ہم تو فرشتے ہیں۔ شہداء تو بہت بلند درجات پر پہنچ چکے ہیں۔ میں درجہ بدرجہ بلند ہوتا گیا یہاں تک کہ ایک بہت ہی بلند درجہ تک پہنچ گیا۔ جس کی عظمت وسعت کی خبر اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ وہاں حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما تھے اور آپؐ کے قریب ہی حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے۔ آپؐ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے فرما رہے تھے کہ میری امت کے واسطے دعائے مغفرت فرمائیے۔ اس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ آپؐ کو پتہ نہیں کہ آپؐ کے بعد آپؐ کی امت نے کیا کیا ہے؟ انہوں نے اپنے خون بہائے ہیں اور اپنے امام کو شہید کیا ہے۔ کاش کہ وہ بھی ایسا ہی طریقہ اختیار کرتے جیسا کہ میرے دوست سعد نے اختیار کیا۔ میں یہ خواب دیکھ

marfat.com
Marfat.com

کر خوش ہوا اور فیصلہ کیا کہ اب میں سعد کو دیکھوں گا اور ان کے ساتھ ہی ہو جاؤں گا کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان کو اپنا خلیل کہا ہے۔ چنانچہ میں سعد کے پاس آیا اور ان کو اپنا خواب سنایا تو وہ بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خلیل نہ بنا اس نے نقصان اٹھایا۔ میں نے سعد سے دریافت کیا کہ آپ کس پارٹی کے ساتھ ہیں؟ انہوں نے کہا کہ کسی کے ساتھ نہیں۔ اس پر میں نے کہا کہ اب آپ مجھ کو کیا حکم دیتے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا کیا تمہارے پاس بھیڑ بکریاں ہیں؟ میں نے کہا نہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ کچھ بکریاں خرید لو اور وہ لے کر کہیں چلے جاؤ۔ (یعنی اب دین و دنیا کی عافیت اسی میں ہے کہ ان جھگڑوں سے دور رہو (شرح الصدور بشرح حال الموتی والقبور صفحہ 250 تا 251)

210- ابن ابی الدنیا نے ابوالزاہریہ سے روایت کی کہ ابن ابی بلال خزاعیؒ عیادت کے لئے عبدالاعلیٰ بن عدی کے پاس آئے اور کہا کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی خدمت گرامی میں میرا سلام عرض کرنا اور اگر ہو سکے تو ہم کو اپنے حالات سے بھی مطلع کرنا۔ جب ان کا انتقال ہوا تو ان کے خاندان کی ایک عورت نے ان کو خواب میں دیکھا۔ انہوں نے اس سے کہا کہ میری بیٹی جلد ہی میرے پاس آنے والی ہے اور تم ابن ابی بلال خزاعیؒ سے کہہ دو کہ میں نے ان کا سلام حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کر دیا ہے (شرح الصدور' صفحہ 254)

211- نسائی نے خزیمہؓ بن ثابتؓ سے روایت کی کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی مبارک پر سجدہ کر رہا ہوں۔ چنانچہ میں نے اس چیز کی اطلاع آپؐ کو دی تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ بے شک ایک روح دوسری روح سے ملاقات کرتی ہے اور اپنی جبین مقدس سے ان کی پیشانی مس کی۔ (شرح الصدور' صفحہ 253)

marfat.com
Marfat.com

حضرت خزیمہؓ نے خواب میں دیکھا کہ میں حضرت نبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم کی جبین مبارک کا بوسہ لے رہا ہوں۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تم اپنے خواب کی تصدیق کر سکتے ہوں۔ اس پر حضرت خزیمہؓ نے اٹھ کر آپؐ کی پیشانی اطہر چوم لی (سیر انصار حصہ اول صفحہ 310 از مولوی سعید انصاری سابق رفیق دارالمصنفین۔ در مطبع معارف اعظم گڑھ طبع شد)

شیخ عز الدین بن سلام فرماتے ہیں کہ روح یقظہ ایک روح ہے کہ جب وہ جسم میں ہوتی ہے تو جسم جاگتا ہے اور جب جسم سے خارج ہوتی ہے تو جسم سو جاتا ہے اور یہ سب کچھ بطور عادت ہے۔ پھر یہ روح خواب دیکھتی ہے اور جب آسمان پر پہنچ کر یہ مشاہدہ کرتی ہے تو وہ خواب سچا ہو جاتا ہے کیونکہ آسمان پر شیطان کا تصرف ممکن نہیں۔ اور اگر آسمان کے نیچے رہ کر خواب دیکھتی ہے تو شیطان کی مداخلت کی وجہ سے وہ خواب سچا نہیں ہوتا۔

ابن مندہ نے بعض علماء سے نقل کیا کہ روح سونے والے انسانوں کے نتھنوں سے نکل کر آسمان کی طرف چلی جاتی ہے لیکن اس کی جڑ بدن میں ہے۔ اگر وہ بدن سے بالکل منقطع ہو جائے تو انسان مرجاتا ہے جیسے چراغ کی بتی اگر اس میں سے نکال دی جائے تو چراغ بجھ جاتا ہے۔ جب تک بتی کا تعلق چراغ سے رہتا ہے وہ روشنی دیتی ہے۔ اسی طرح جب تک انسان کی روح کا تعلق اس کے بدن سے رہتا ہے وہ تمام چیزوں کا ادراک کرتی ہے۔ اس کو ایک فرشتہ جو ارواح پر موکل ہے تمام چیزیں دکھاتا ہے۔ پھر وہ اپنے بدن کی طرف لوٹ آتی ہے۔

212- ابوالفضلؒ فرماتے ہیں کہ خراسان سے ایک شخص میرے پاس آیا اور کہا کہ میں مدینہ پاک میں تھا جہاں مجھے حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی خواب میں زیارت ہوئی۔ آپؐ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ جب تو ہمدان جائے تو ابوالفضل بن زیرک سے میرا سلام کہنا کیوں کہ وہ مجھ پر روزانہ سو مرتبہ یا اس سے زیادہ یہ درود پڑھا کرتا ہے۔ **اللھم صلی علی محمدن النبی الامی و**

marfat.com
Marfat.com

علی آل محمد جزی الله محمداً صلی الله علیہ وسلم عنّا ما ہو اھلہ۔ ابوالفضل فرماتے ہیں کہ اس شخص نے قسم کھائی کہ وہ مجھے یا میرے نام کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب میں بتانے سے پہلے نہیں جانتا تھا۔ ابوالفضلؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کو کچھ غلہ دینا چاہا تو اس نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پیام کو بیچتا نہیں (یعنی اس کا کوئی معاوضہ نہیں لیتا) (قول بدیع از علامہ سخاویؒ)

نبی امی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا خاص لقب ہے جو توراۃ' انجیل اور تمام دوسری کتابوں میں جو آسمان سے اتریں ذکر کیا گیا ہے (کذافی المظاہر)

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے بے شمار القاب ہیں اور بے شمار صفات۔ حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ آپؐ کے امی ہونے کو "روح الصفات" فرماتے ہیں یعنی آپؐ کا یہ وصف آپؐ کے جملہ اوصاف کی روح ہے اور کیوں نہ ہو۔

نگارمن کہ بہ مکتب نہ رفت و خط نہ نوشت   بہ غمزہ مسئلہ آموز صد مدرس شد

(میرا محبوب جو کبھی مکتب نہیں گیا۔ لکھنا بھی نہیں سیکھا۔ وہ اپنے اشاروں سے سینکڑوں مدرسوں کا معلم بن گیا)

بس اب درود پڑھ اس پر اور اس کی آل پر تو   جو خوش ہو تجھ سے وہ اور اس کی عترت اطہار

الٰہی اس پر اور اس کی تمام آل پہ بھیج   وہ رحمتیں کہ عدد کر سکے نہ انکا شمار

213- بلخ کا ایک تاجر ترکہ میں اپنے دو بیٹوں کے لئے مال کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے تین عدد موئے مبارک بھی چھوڑ گیا۔ چھوٹے بھائی نے بڑے بھائی کو اپنا تمام مال دے کر یہ تینوں موئے مبارک حاصل کر لئے۔ انہیں وہ ہر وقت اپنی جیب میں رکھتا۔ بار بار نکال کر ان کی زیارت کرتا اور درود شریف پڑھتا۔ جب اس کی وفات ہوئی تو بعض صلحاء نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ جس کسی کو کوئی ضرورت ہو وہ اس کی قبر کے پاس بیٹھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کیا کرے۔ (رونق

marfat.com
Marfat.com

المجالس) (قول بدیع) (نزہتہ المجالس)

یا رب صل و سلم دائما" ابدا" ۔ علی حبیبک خیر الخلق کلھم

214- علامہ سخاوی فرماتے ہیں کہ مجھ سے شیخ احمد بن ارسلانؒ کے شاگردوں میں سے ایک معتمد نے کہا کہ ان کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت ہوئی۔ آپؐ کی خدمت میں کتاب "قول بدیع فی الصلوۃ علی الحبیب الشفیع" پیش کی گئی جس کو آپؐ نے قبول فرما لیا۔ بہت طویل خواب ہے۔ مجھے انتہائی مسرت ہوئی اور میں اللہ اور اس کے پاک رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اس کی قبولیت کی امید رکھتا ہوں اور انشاء اللہ دارین میں زیادہ سے زیادہ ثواب کا امیدوار ہوں۔ پس تو بھی اے مخاطب اپنے پاک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر خوبیوں کے ساتھ کرتا رہا کر اور زبان سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجا کر۔ اس لئے کہ تیرا درود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپؐ کی قبر اطہر میں پہنچتا ہے اور تیرا نام آپؐ کی خدمت اقدس میں پیش کیا جاتا ہے (قول بدیع) (فضائل درود شریف از شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا سہارنپوری ثم مدنی قدس سرہٗ صفحہ 103)

کسی بندے کی شرافت کے لئے یہ کافی ہے کہ اس کا نام خیر کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں آ جائے۔ ع

ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اس محفل میں ہے

علامہ سخاویؒ شافعی المذہب تھے۔ "قول بدیع فی الصلوۃ علی الحبیب الشفیع" آپ کی مشہور تالیف ہے جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف کے مبارک بیان پر مشتمل ہے۔ ایک مقام پر وہ احمد یمانیؒ سے نقل کرتے ہیں کہ میں صنعاء میں تھا۔ ایک شخص کے گرد بڑا مجمع دیکھا۔ دریافت کیا کہ کیا بات ہے۔ لوگوں نے بتایا کہ یہ شخص نہایت اچھی آواز میں قرآن مجید پڑھتا تھا۔ پڑھتے پڑھتے جب اس آیت پر پہنچا "**یصلون علی النبی**" تو اس کے بجائے اس نے پڑھا "**یصلون علی علی**

marfat.com
Marfat.com

النبی" جس کا ترجمہ یہ ہوا کہ اللہ اور اس کے فرشتے حضرت علیؓ پر درود بھیجتے ہیں جو نبی ہیں۔ (ظاہر ہے یوں پڑھنے والا رافضی ہوگا)۔ اس کے پڑھتے ہی وہ گونگا ہو گیا۔ برص اور جذام یعنی کوڑھ کی بیماری میں مبتلا ہو گیا۔ اپاہج اور اندھا ہو گیا۔ یہ بڑی عبرت کا مقام ہے۔ اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے بے ادبی سے اپنی پاک بارگاہ میں' اپنے کلام پاک میں' اپنے پاک رسولوںؑ اور صحابہؓ کی شان میں۔ اپنی جہالت اور لاپرواہی سے ہماری زبان سے کیا کیا نکل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی پکڑ سے محفوظ رکھے۔ اور ہماری کوتاہیوں اور غلطیوں کو معاف فرماتا رہے۔ آمین ثم آمین۔

215- پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری جھنگ صدر میں 19 فروری 1951ء کو پیدا ہوئے۔ پاکستان کے ممتاز عالم دین اور پاکستان عوامی تحریک کے سربراہ ہیں۔ آپ کے والد ماجد ڈاکٹر فرید الدین قادریؒ جید عالم تھے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں آپ کے والد کو آپ کے پیدا ہونے کی بشارت دی تھی۔ 1948ء میں حج کو گئے تو بیت اللہ شریف کے سامنے بیٹے کے لئے دعا کی جس پر منجانب اللہ بشارت ہوئی اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں فرمایا "اے فرید الدین میں تمہیں طاہر کی پیدائش کی بشارت دیتا ہوں" اسی لئے والد نے محمد طاہر نام رکھا اور عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) جب اللہ تعالیٰ مجھے طاہر عطا فرمائے گا تو میں اسے آپؐ کی خدمت میں لے کر حاضر ہوں گا کیونکہ میں نے اللہ تعالیٰ سے طاہر اسی لئے مانگا ہے کہ وہ امت مسلمہ کی سربلندی کے لئے کام کرے۔ (جمعہ میگزین۔ روز نامہ جنگ۔ کوئٹہ۔ 19 اکتوبر 1990ء)۔

1962ء میں جب علامہ محمد طاہر القادری کی عمر 12 سال تھی اور آپ ساتویں کلاس کے طالب علم تھے تو آپ کے والد بزرگوار کو خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم حسب وعدہ طاہر کو میرے پاس لاؤ۔ والد نے فوراً" حکم کی تعمیل فرمائی اور فروری 1963ء میں پوری فیملی سمیت مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ

marfat.com
Marfat.com

تشریف لے گئے۔ روضہ اطہر (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") پہنچ کر علامہ زار و قطار روئے اور والد نے نماز شکرانہ ادا کی کہ وعدہ پورا ہوا (جمعہ میگزین' روز نامہ جنگ کوئٹہ تاریخ 19 اکتوبر 1990ء۔ صفحہ 2)

216- بچپن ہی سے سرور دو عالم حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بے پناہ محبت و عقیدت رہی ہے۔ بچپن ہی کا واقعہ ہے کہ ایک روز خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ وسلم کی آمد کی اطلاع ملی ہے۔ خوشی و مسرت کے ساتھ فکر مندی بھی ہوئی جس کا اظہار والدہ محترمہ سے کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا رہے ہیں اور ہمارے گھر کھانے میں صرف کوفتے پکے ہیں۔ (کوفتے مجھے بے حد مرغوب ہیں مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس کی کوئی حیثیت محسوس نہیں ہو رہی تھی)۔ والدہ نے مجبوری ظاہر کی کہ بالکل عین وقت پر تشریف آوری کی اطلاع ملی ہے۔ سخت مجبوری ہے۔ اتنے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم آتے ہوئے دکھائی دیئے۔ سفید عربی لباس میں ملبوس مگر چہرہ پر نقاب تھی۔ میں نے لپک کر آپؐ کا دست مبارک پکڑ لیا اور لا کر مکان کے صحن میں ایک کرسی پر بٹھا دیا اور خود اسی کرسی کے ہتھے پر بیٹھ گئی اور اس دوران دست مبارک کو انتہائی محبت و عقیدت سے اپنے ہاتھوں میں لئے رکھا (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کا سرور آمیز اور نشاط انگیز لمس آج بھی اسی طرح محسوس ہوتا ہے) گھر کے دیگر افراد بھی چاروں طرف جمع تھے اور میری جسارت پر حیرت اور پشیمانی میں مبتلا نظر آتے تھے۔ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اپنی جیب سے ایک کاغذ نکالا جو شاہی فرمان کی طرح لپٹا ہوا تھا۔ آپؐ نے وہ مجھے عنایت فرمایا اور کہا اسے پڑھو۔ میں نے کھول کر دیکھا تو اس پر عربی عبارت لکھی ہوئی تھی۔ میں نے کہا یہ تو عربی میں لکھا ہے۔ آپؐ نے پھر فرمایا اسے پڑھو۔ اب کی بار میں نے اسے پڑھنا شروع کیا اور ایک دم فر فر پڑھنے لگی۔ میرے عین سامنے میرا بھائی حیرت و استعجاب سے اپنے داہنے ہاتھ

marfat.com
Marfat.com

کی انگشت شہادت کو دانتوں میں دبائے مجھے دیکھ رہا تھا۔

بیگم عصمت صدیقی کا یہ خواب ان کے بچپن کا ہے۔ آج وہ خواتین کی عالمی تنظیم یونائیٹڈ اسلامک آرگنائزیشن (یو' آئی' او) کی صدر ہیں اور اپنی زندگی کو قرآن کی خدمت اور تبلیغ دین کے لئے وقف کیا ہوا ہے۔ خواتین کے اجتماعات میں پابندی سے درس قرآن دیتی ہیں اور کراچی کی مقبول ترین مبلغہ اور مقررہ ہیں۔ اکثر بیرون ممالک بھی تبلیغی دورے کرتی رہتی ہیں (غیر مطبوعہ)

217- حضرت ابراہیم بن علی بن عطیہؒ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں آپؐ کی شفاعت کا سوالی ہوں۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر کثرت سے درود شریف پڑھا کرو۔

یا رب صل وسلم دائماً ابدا　　　على حبيبك خير الخلق كلهم

218- بھارت کے مشہور اردو شاعر علامہ نشور واحدی (سید حفیظ الرحمٰن نشور واحدی 1912ء تا 1983ء) کے چھوٹے بھائی مولانا سید حفظ الرحمٰن واحدی ولد مولانا سید جمیل احمد یکتا کے دوسرے صاحبزادے ڈاکٹر خالد جمیل ایم۔ ایس سی۔ پی ایچ ڈی (امریکہ) جو اٹامک انرجی کمیشن میں سروس کرتے ہیں نے مجھے اپنے والد مرحوم کا یہ خواب سنایا کہ میرے بڑے بھائی شاہد جمیل کی ملازمت کے سلسلے میں میرے والد متفکر تھے کہ ان ہی ایام 76-1975ء میں انہیں ایک رات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے بیٹے کو ملازمت مل جائے گی اور جیسا تم چاہتے ہو ویسا ہی ہوگا۔ یہی ہوا کہ چند دن بعد ہی پاک جرمن ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر مغلپورہ' لاہور میں میرے بڑے بھائی وائس پرنسپل کے عہدہ پر تعینات کر دیے گئے۔ تھوڑے ہی عرصہ بعد پرنسپل بنا دیئے گئے اور گریڈ 18 میں ترقی ہوگئی۔ آج کل ڈپٹی ڈائریکٹر ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

مولانا سید حفظ الرحمٰن واحدیؒ اپنے بزرگوں کے وطن یوپی' بھارت کے ضلع بلیا کے چک حاجی میں 1924ء میں پیدا ہوئے۔ تعلق حضرت مخدوم شاہ محمد جونپوریؒ کے صوفی سلسلہ سے ہے۔ کٹر مسلم لیگی اور پاکستان کے زبردست حامی تھے۔ ستمبر 1947ء میں لاہور آ گئے اور 1986ء میں یہیں انتقال فرمایا۔ انکم ٹیکس کے محکمہ میں سپروائزر تھے۔ اردو' فارسی اور انگریزی میں آپ کا کلام رسائل و جرائد میں شائع ہوتا رہا ہے۔ دو چار مرتبہ پہلے بھی آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی لیکن گفتگو اس آخری خواب ہی میں ہوئی (غیر مطبوعہ)

219- ستمبر 1983ء کے آخری ایام ہیں۔ دیکھا کہ میرے بستر پر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم لیٹے آرام فرما رہے ہیں۔ "بیڈ کور" سے پورا جسم ڈھکا ہوا ہے۔ میں پلنگ کے چکر لگا رہی ہوں اور درود شریف پڑھ رہی ہوں۔ سامنے دیوار کے ساتھ کچھ لوگ بیٹھے ہیں۔ میں تین چکر لگا کر ٹھہر گئی اور ان لوگوں سے کہنے لگی کہ یہ ہمارے آقائے نامدار (صلی اللہ علیہ وسلم) ہمارے پاس ہیں۔ کہیں گئے نہیں ہیں۔ ہمارے اور آپؐ کے درمیان بس ایک پردہ ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کا حکم ہوتا ہے وہ پردہ ہٹ جاتا ہے اور ہم دیدار کر لیتے ہیں۔ پھر آنکھ کھل گئی۔

محترمہ گوہر بیگم کا یہ خواب پہلی مرتبہ شائع کیا جا رہا ہے۔

220- کوئی آٹھ نو سال پہلے سوتے سے آنکھ کھل گئی مگر آنکھیں بند ہیں۔ زبان پر کلمہ طیبہ اور درود شریف جاری ہے۔ پھر دل زور زور سے دھڑکنا شروع ہو جاتا ہے اور ایسا لگتا ہے کہ کوئی طاقت مجھے اپنی طرف بلا رہی ہے۔ میں کہتی ہوں۔ السلام علیکم یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اور پھر کہتی ہوں کہ میرے آقا (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے اور کچھ دیر اپنے قدموں میں رہنے دیجئے۔ پھر یہ کیفیت ختم ہو گئی۔ آنکھیں کھل گئیں جن سے آنسو جاری تھے۔

محترمہ گوہر بیگم (مسز ایڈمرل مظفر حسن) کا یہ خواب بحالت نیم بیداری غیر مطبوعہ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

221- حضرت خواجہ حسن نظامی (دل لی والے) نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں پٹھانوں کے لباس میں دیکھا تھا۔ محمود غزنوی تیمور' غوری' نادر شاہ' احمد شاہ ابدالیؒ (درانی) ان سب کے ساتھ غیور پٹھان اور افغان ہی تو ہوتے تھے جن کی وجہ سے سوویت یونین کی سپر پاور کا کریا کرم ہوا اور جنہوں نے اسلامی دنیا کو اس کے بھولے ہوئے سبق "جذبہ جہاد" کی یاد تازہ کرائی ("جنگ آ رہی ہے" از محمد عبدالمجید صدیقی ایڈوکیٹ صفحہ 253 تا 254 ناشر- فیروز سنز' لاہور)

"مجمع الانساب" کو محمد بن علی نے 743ھ میں اور "اصناف المخلوقات" کو نصیر الدین طوسی نے 672ھ میں تصنیف کیا تھا۔ ان دونوں تاریخی کتب میں لکھا ہے کہ جب بخت نصر مجوسی نے بنی اسرائیل اور افغنہ کی اولادوں کو ملک شام سے نکال دیا تو ان میں سے ایک گروہ عرب میں آ بسا جن کو اہل عرب بنی اسرائیل اور بنی افغان کہتے تھے۔ حمد اللہ مستوفی نے اپنی "تاریخ گزیدہ" میں لکھا ہے کہ "ولید" بنی اسرائیل سے تھا۔ اس کے جداعلیٰ کا نام مخزوم تھا جو یہودا ابن حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولادوں میں سے تھا لیکن قریش سے قرابت داری کی وجہ سے بنی مخزوم کو بھی قریش ہی کہتے تھے۔

حضرت خالدؓ بن ولید کی والدہ ام المومنین حضرت میمونہؓ کی بہن تھیں۔ حضرت خالدؓ کی کنیت ابو سلیمان اور لقب سیف اللہ تھا۔ جب عرب گروہ در گروہ مدینہ میں آ کر دائرہ اسلام میں داخل ہونے لگے تو حضرت خالدؓ نے بھی اسلام قبول کر لیا۔ بخت نصر نے جب بنی اسرائیل اور بنی افغان کو بیت المقدس سے نکالا تھا تو وہ غور کے نواحی پہاڑوں میں آ بسے تھے۔ حضرت خالدؓ نے ان کو اسلام لانے کے لئے خط لکھا اور اپنے اسلام لانے کا بھی ذکر کیا۔ بنی افغان کا سب سے بڑا سردار قیس نامی تھا جس کا شجرہ نسب 37 واسطوں سے ملک طالوت اور 45 واسطوں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام

marfat.com
Marfat.com

سے جا ملتا تھا۔ یہ خط پا کر قیس افغانوں کی ایک جماعت کے ساتھ حضرت خالدؓ کی وساطت سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر مشرف بااسلام ہوا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیس عبرانی نام ہے اور ہم اہل عرب ہیں اور کمال شفقت سے قیس کا نام بدل کر عبدالرشید رکھ دیا۔ اور فرمایا کہ چونکہ تم لوگ ملک طالوت کی اولاد ہو جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں "ملک" کے خطاب سے یاد فرما کر عزت بخشی ہے پس تمہیں بھی لوگ "ملک" کہا کریں۔ اسی لئے صوبہ سرحد اور وزیرستان کے اعیان آج بھی "ملک" کہلاتے ہیں۔ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے لئے روانہ ہوئے تو حضرت خالدؓ اور حضرت عبدالرشیدؓ دونوں آپؐ کے ہمراہ تھے۔ فتح مکہ مکرمہ کے بعد جب حضرت خالدؓ نے ملک عبدالرشیدؓ کی جوانمردی اور بہادری کے واقعات حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کئے تو یہ سن کر آپؐ کی زبان مبارک پر برملا یہ الفاظ جاری ہوئے کہ حق سبحانہ تعالیٰ اس مرد کی آل اولاد کو بہت فروغ بخشے گا یہاں تک کہ اس کے قبیلے کی تعداد و طاقت باقی تمام قبائل سے زیادہ ہو جائے گی۔ آپؐ نے مزید فرمایا کہ مجھے وحی کے ذریعہ آگاہ کیا گیا ہے کہ اسلام کی خدمت کے لئے اس قبیلے کی کثرت و استحکام کو وہی بنیادی حیثیت حاصل ہو گی جو کشتی اور جہاز کے نیچے والی اس لکڑی کو حاصل ہوتی ہے جس پر کشتی یا جہاز کی عمارت استوار کی جاتی ہے۔ چونکہ اس لکڑی کو سمندروں اور دریاؤں کے پانی میں رہنے والے لوگ "پتھان" کہتے ہیں اس لئے میں عبدالرشید کو "پتھان" کا خطاب دیتا ہوں۔ نیز فرمایا کہ میں نے بارگاہ ایزدی میں دعا کی ہے کہ اس مرد کی نسلوں سے ایک عظیم قبیلہ پیدا ہو جس کے افراد قیام قیامت تک سلامتی ایمان کے ساتھ شریعت اسلام پر ثابت قدم رہیں۔ اس قبیلہ میں بڑے بڑے اولیاء' نامور درویش اور اہل وجدو حال پیدا ہوں جو اسلام کے خیمہ کے لئے ستون ثابت ہوں۔ اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک اٹھا کر

marfat.com
Marfat.com

درگاہ الٰہی میں "ملک عبدالرشید پٹھان" کے لئے دعا فرمائی اور موجود صحابہ اکرامؓ سے فرمایا کہ آمین کہیں۔ دعا سے فارغ ہوتے ہی آپؐ کے چہرۂ انور پر وحی کے آثار نمودار ہوئے۔ جب نزول وحی مکمل ہوا اور حضرت جبریل امینؑ واپس تشریف لے گئے تو مسرت کی وجہ سے آپؐ کا رخ انور مثل آفتاب چمک رہا تھا۔ آپؐ نے خوشی کے عالم میں فرمایا کہ جبریل امین علیہ السلام میرے پاس وحی لے کر آئے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے درود و سلام کے بعد فرمایا کہ عبدالرشید کے بارے میں آپ کی دعا قبول ہو گئی ہے اور اس کے قبیلے کو ہم نے تمام قبیلوں پر ہر طرح سے بڑائی عطا کر دی ہے۔ اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ملک عبدالرشید کو اپنے پاس بلا کر دوبارہ ان کے حق میں دعا خیر کی۔ رخصت کے وقت حضرت خالد سیف اللہؓ کی درخواست پر ایک انصار صحابیؓ کو ان کے ہمراہ کر دیا گیا تاکہ وہ غور اور کوہستان کے علاقے میں جہاں بنی اسرائیل اور نبی افغان کا قبیلہ آباد تھا وہاں کے لوگوں کو احکام شریعت کی تعلیم دیں۔ "ملک عبدالرشید پٹھان کے آنے پر تمام قبیلہ مسلمان ہو گیا اور وہاں دین اسلام کماحقہ رائج ہو گیا۔ ملک عبدالرشید پٹھانؓ نے حضرت امیر معاویہؓ کے زمانے میں بعمر 87 سال وصال فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو تین بیٹے عطا کئے جن کے نام سربنی' بتنی اور غرغشت رکھے گئے (تاریخ خاں جہانی و مخزن افغانی از خواجہ نعمت اللہ ہروی سے ماخوذ۔ اس کا اردو ترجمہ ڈاکٹر محمد بشیر حسین نے کیا اور اسے اردو سائنس بورڈ۔ 1299 اپر مال۔ لاہور نے شائع کیا ہے) (جناب ندیم شفیق ملک نے یہ کتاب مجھے مطالعہ کے لئے عنایت فرمائی جس کے لئے میں ان کا ممنون ہوں) علامہ اقبالؒ نے ایک جگہ تحریر فرمایا ہے کہ افاغنہ یقیناً" اسرائیل الاصل ہیں۔ حال کی پشتو زبان میں بہت سے الفاظ عبرانی الاصل ہیں۔ لفظ "فغ" قدیم فارسی میں بمعنی "بت" آیا ہے اور افغان میں الف سالبہ ہے۔ چونکہ ایران میں بودوباش رکھنے والے افغان بت پرست نہ تھے اس لئے ایرانیوں نے انہیں "افغان" کے نام سے موسوم کیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

حضرت یعقوبؑ کا خطاب اسرائیل تھا۔ آپ کے بارہ بیٹے تھے۔ ان اولادوں کے بارہ قبیلے بنے جو بنی اسرائیل کہلائے۔ سب سے بڑے بیٹے کا نام یہودا تھا جو شجاعت و سخاوت میں بینظیر تھے اور ہر قسم کے فن و ہنر سے بھی بہرہ مند تھے۔ افغان قوم کا سلسلہ نسب ان تک پہنچتا ہے۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ افغان قوم کا سلسلہ نسب بن یامین تک پہنچتا ہے جو حضرت یوسفؑ کے چھوٹے بھائی اور حضرت یعقوبؑ کے بیٹے تھے اور تمام اوصاف حمیدہ سے آراستہ تھے۔

222- افغان قبیلوں کے اولیائے اکرام' اہل حال اور صوفیا کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ قبیلہ سربنی کے مشائخ میں حضرت خواجہ یحیٰی کبیرؒ کے دل میں ایک دن خیال آیا کہ کسی پیر باشریعت کا مرید ہوا جائے۔ اسی رات خواب میں آپ کو حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے پیر کا نام مخدوم جہانیاں جہاں گشت ہے۔ جاؤ اور ان کے ہاتھ پر بیعت کرو۔ صبح ہوئی تو شہر بریو سے کوہ سلیمان کی جانب چل پڑے۔ جب اچ شریف پہنچے تو حضرت مخدوم جہانیاںؒ مسجد میں مراقبہ میں تھے۔ اچانک حضرت خواجہ یحیٰی کبیرؒ نے جا کر سلام کیا۔ حضرت مخدومؒ کو پہلے ہی حکم ہو چکا تھا کہ سید اسحاقؒ کی اولادوں میں سے ایک افغانی آپ کی خدمت میں آ رہا ہے۔ آپ نے بصیرت سے سمجھ لیا۔ فوراً" کھڑے ہو گئے اور اپنے بازوؤں میں لے کر بغل گیر ہوئے اور کافی دیر سینے سے لگائے رکھا اور اپنے چودہ خاندانوں کی بزرگی سے انہیں نوازا اور مرید کر لیا (تاریخ خان جہانی و مخزن افغانی صفحہ 693 تا 694)

223- برسات کے موسم میں دریائے سندھ میں سیلاب آنے کی وجہ سے پانی شہر اچ کے قریب آ گیا جس کی وجہ سے لوگ خوفزدہ ہو گئے اور حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ کی خدمت میں دعا کے لئے حاضر ہوئے۔ شب جمعہ تھی۔ آپ نے سب مریدوں کو بلا کر فرمایا کہ استخارہ کرو اور اللہ سے اس مصیبت سے

marfat.com
Marfat.com

پناہ مانگو۔ چنانچہ سب نے رو رو کر گڑ گڑا کر دعائیں مانگیں۔ صبح سب نے حضرت مخدومؒ کی خدمت میں اپنا اپنا خواب بیان کیا۔ حضرت مخدومؒ نے فرمایا کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اے مخدوم فلاں جگہ ایک اینٹ ہے جو حضرت خضرؑ نے ایک زاہد کے لئے پکائی تھی۔ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں دریائے سندھ کے کنارے وضو کیا کرتا تھا۔ اس کے پاؤں کیچڑ میں بھر جاتے تھے جو اسے بار بار دھونے پڑتے تھے۔ وہ اینٹ فلاں جگہ دبی ہے۔ اسے نکال کر خواجہ یحییٰ کبیر کو دو۔ وہ اسے دریائے سندھ کے کنارے جس جگہ رکھ دے گا پانی ہمیشہ اس سے پیچھے رہے گا اور قیامت تک نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ کھودنے پر اینٹ مل گئی مگر خواجہ یحییٰ کبیرؒ فرمانے لگے کہ میں اپنے کو اس قابل نہیں سمجھتا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کام کے لئے میرا پتہ بتایا ہو۔ لیکن حضرت مخدومؒ نے فرمایا کہ نہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ ہی کی نشاندہی فرمائی ہے بلکہ یہاں تک صراحت فرمائی ہے کہ وہ یحییٰ روہیلہ ہے۔ افغانی زبان (پشتو) جانتا ہے اور کوہ سلیمان سے آیا ہے۔ یہ سن کر حضرت خواجہ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر وہ اینٹ اپنے ہاتھ میں لی اور دریائے سندھ کے کنارے جہاں حضور سرور انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اشارہ ہوا تھا وہاں رکھ دی۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے دریائے سندھ کا پانی اتر گیا اور اب قیامت تک انشاء اللہ اچ شریف کو کوئی نقصان نہ پہنچائے گا (تاریخ خان جہانی و مخزن افغانی صفحہ 694 تا 695)۔

حضرت مخدوم جہانیاںؒ نے فرمایا کہ خواجہ نے تمام منزلیں طے کر لی ہیں اور اس کا مرتبہ و مقام سب سے اونچا ہے۔ آج سے اس افغانی کا نام خواجہ یحییٰ کبیر ہے اور اس کے بعد سے وہ اس لقب سے مشہور ہو گئے۔

224- کہتے ہیں جب حضرت خضرؑ، پیر کانوؒ اور خواجہ یحییٰ کبیرؒ کی ملاقات ہوئی تو ان

marfat.com
Marfat.com

دونوں نے خواجہؒ سے کہا کہ اے خواجہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بزرگی اور عزت عطا فرمائی ہے۔ مخلوق کی رہنمائی کے ارادے سے انہیں مرید بنائیں تاکہ آپ کے ارشادات عالیہ سے لوگوں کو فیض پہنچے۔ مگر حضرت خواجہؒ یہی فرماتے رہے کہ میں اپنے کو اس قابل نہیں پاتا۔ چند روز بعد ایک شب جمعہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم، آپؐ کے چاروں یارؓ، حضرت خضرؑ اور پیر سلطان کانوؒ کی ارواح مبارکہ خواجہ یحییٰ کبیرؒ کے خواب میں تشریف لائیں۔ پیر کانوؒ اور حضرت خضرؑ نے بارگاہ رسالت پناہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہم خواجہ یحییٰؒ سے التجا کر رہے ہیں کہ وہ مخلوق کو خالق کی طرف دعوت دیں لیکن وہ ہماری درخواست قبول نہیں فرما رہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ بات سنی تو خواجہ یحییٰ کبیرؒ کا ہاتھ اپنے دست مبارک میں پکڑ کر اسے دبایا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مبارک کرے۔ جو کوئی تمہارے ہاتھ میں ہاتھ دے گا گویا اس نے میرے ہاتھ میں ہاتھ دیا۔ جاؤ مخلوق کو دعوت دو۔ تمام حاضرین مجلس نے اس پر خواجہ یحییٰؒ کو مبارکباد دی اور اس روز سے آپ نے مخلوق کو مرید کرنا شروع کر دیا (تاریخ خان جہانی و مخزن افغانی۔ صفحہ 296 تا 298)

225- حضرت خواجہ یحییٰ کبیرؒ نے ایک مرتبہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال جہاں آرا کی خواب میں زیارت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اے خواجہ جو خوشی مجھے خواجہ جنید بغدادی کے زمانے میں حاصل تھی وہی مسرت مجھے تمہارے عہد میں بھی ہو رہی ہے۔ الحمد للہ علیٰ ذالک (تاریخ خان جہانی و مخزن افغانی صفحہ 537)

حضرت خواجہ ابھی نا بالغ بچے تھے۔ مگر رمضان کے روزے رکھتے تھے۔ دوسرے لڑکوں کی طرح کھیل کود کی طرف بھی مائل نہ ہوتے تھے۔ خراسان کے بادشاہ امیر تیمور (تیمور لنگ) نے آپ کی خدمت میں ایک مرتبہ کچھ تحائف بھیجے جو آپ

marfat.com
Marfat.com

نے یہ کہہ کر لینے سے انکار کر دیا کہ اللہ تعالیٰ کے بھرے خزانوں کے ہوتے ہوئے مجھے تمہارے مال کی طمع نہیں۔ یہ چیزیں تو وہ لے جس کے دل میں دنیا کی محبت بسی ہو جب کہ دنیا خود بڑی ذلیل چیز ہے۔ حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "دنیا کی محبت تمام برائیوں کی جڑ ہے"۔ یہ بھی آپؐ کا ارشاد ہے "دنیا ایک مردار ہے اور اس کا طالب مردار خور کتے کی مانند ہے"۔ جب آپؐ نے دنیا کے مال و متاع کو قبول نہ فرمایا تو آپؐ کے خادم اسے کیسے قبول کر لیں۔

226- جب حضرت خواجہ یحییٰ کبیرؒ کی عمر 147 برس کی ہوئی تو 834ھ میں آپ کی طبیعت علیل ہو گئی۔ خواب میں آپ سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے خواجہ یحییٰ اب آ جاؤ اور آ کر شراب طہور نوش کرو۔ بیدار ہونے پر بیٹوں' مریدوں اور ارادت مندوں سے فرمایا کہ مجھے چونکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طلب فرمایا ہے اس لئے میں آخرت کا سفر کرنے والا ہوں۔ یہ سن کر بیٹے اور مرید رونے لگے اور عرض کیا کہ اپنی دستار' جبہ اور عصا کسے عنایت فرما رہے ہیں۔ فرمایا قدرے انتظار کرو جسے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمائیں گے اسے دوں گا۔ (تاریخ خان جہانی و مخزن افغانی۔ صفحہ 546 تا 547)

227- حضرت خواجہ یحییٰ کبیرؒ پر اس کے بعد نیند کا غلبہ ہو گیا اور خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا اے خواجہ یحییٰ اپنی خلافت کا خرقہ' دستار اور عصا وغیرہ صدر الدین کو دے دو۔ آنکھ کھلنے کے بعد فرمایا کہ شیخ صدر الدین کے لئے حکم اور اجازت ملی ہے۔ یہ الفاظ ابھی زبان پر ہی تھے کہ جگر سے خون بہنے لگا۔ آپ نے تکبیر کہی (**اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد**) اور کلمہ شہادت پڑھ کر جان جان آفریں کے سپرد کر دی۔ **انا للہ و انا الیہ راجعون**

marfat.com
Marfat.com

(تاریخ خان جہانی و مخزن افغانی۔ صفحہ 547)

228- نواب میاں پیر خاں ولد نواب میاں دولت خان کی شخصیت میں انسانیت کی تمام خوبیاں جمع ہو گئی تھیں۔ جہانگیر باشاوہ نے آپ کو اپنے منہ بولے بیٹے کا خطاب' خان جہاں کا لقب اور پنج ہزاری منصب پر ترقی دے کر عزت افزائی فرمائی تھی۔ نواب صاحب خان جہاں لودھی (نواب میاں پیر خاں) کی محفل میں ہمیشہ انبیا علیہم السلام' اولیائے کرام کے علاوہ علمائے دین اور صوفیائے شرع متین کا ذکر رہتا تھا۔ خود آپ شرع محمدی کی پیروی کی پوری کوشش کرتے تھے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی محبت میں ڈوبے رہتے تھے۔ اس کی برکت سے شعبان المعظم 1021ھ کی ایک شب جمعہ نواب صاحب نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور اہل مجلس کو اپنی زبان مبارک سے یہ خواب سنایا۔ فرماتے ہیں کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ ایک نہایت وسیع میدان ہے جہاں کثیر تعداد میں مخلوق جمع ہے۔ میں نے ایک آدمی سے دریافت کیا کہ اتنے بہت سے لوگ یہاں کیوں جمع ہیں۔ اس نے جواب دیا کہ حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم اس مجمع کے درمیان تشریف فرما ہیں۔ یہ سن کر میں خود آپ کی طرف چل پڑا۔ میں نے آپ کی خدمت اقدس میں باریاب ہو کر کوئی بات دریافت کی۔ آپ نے میری عرض کی طرف التفات فرما کر اس کا جواب ارشاد فرمایا۔ یہ دیکھ کر پاس کھڑے ہوئے ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ یہ سوال جو تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کر رہا ہے اس سے تجھے کیا حاصل ہوگا۔ بھلے آدمی اپنی بخشش کی دعا کے لئے التماس کر۔ میں نے اس پر فوراً" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) میرے حق میں دعا فرمائیں۔ حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں دست مبارک آسمان کی جانب اٹھائے اور دعا فرمانے لگے۔ آپ کی متابعت میں وہاں

marfat.com
Marfat.com

جتنے لوگ جمع تھے وہ بھی آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعا میں شریک ہو گئے کہ اچانک میری آنکھ کھل گئی۔ صبح اٹھ کر میں نے یہ خواب اپنے **محبین و مخلصین** کو سنایا اور اس عظیم بشارت پر جو بحر و بر کے تمام خزانوں سے بڑھ کر ہے بہت سا سونا' چاندی' کپڑے اور کھانا غریبوں اور محتاجوں میں تقسیم کیا (تاریخ خان جہانی و مخزن افغانی صفحہ 390 تا 391)

229- حضرت شاہ محمد معصوم اویسی صدیقی کاکورویؒ کی والدہ ماجدہ شیخ عبدالستار ساکن موضع امرائی کی بیٹی تھیں۔ جب شاہ صاحب والدہ کے پیٹ میں تھے تو انہوں نے حضرت فاطمتہ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خواب میں دیکھا کہ انہوں نے یمنی چادر اپنے ہاتھ سے ان کے اوپر ڈال دی ہے۔ بیدار ہو کر اپنے والد شیخ عبدالستار سے جو نہایت صالح بزرگ تھے یہ خواب بیان کیا۔ وہ سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا ولی کامل' صاحب رشد و ہدایت لڑکا پیدا ہوگا۔ میں نے خود اس سے قبل حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کی تھی۔ مجھے ولی کامل کی بشارت ملی تھی۔ میں سمجھتا تھا کہ میرے لڑکوں میں سے کوئی ولی ہوگا۔ الحمد للہ اب اس خواب سے مفصل معلوم ہو گیا کہ میرا نواسہ ولی کامل ہوگا (تذکرہ مشاہیر کاکوری صفحہ 374)

230- حضرت شاہ محمد معصوم اویسی صدیقی کاکورویؒ کے تمام علوم وہبی تھے۔ جب عمر 18 سال کی ہوئی تو آپ کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زیارت ہوئی اس طور پر کہ سب کو ایک بلند مکان پر دیکھا۔ عرض کیا کہ میں کس طرح حاضر ہوں۔ فوراً" حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھوڑی سی گھاس نیچے ڈال دی اور ارشاد فرمایا کہ اس پر چلے آؤ۔ چنانچہ آپ پہنچ گئے اور اچھی طرح زیارت سے مشرف ہوئے۔ اور اس واقعہ کے بعد سے طلب حق پیدا ہو گئی۔ آپ کو بیعت بہ طریق اویسی حضرت رسول

marfat.com
Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل تھی اور اسی طریقہ پر مرید کرتے تھے۔ بزرگان معاصرین آپ کو ابدال کہتے تھے۔ 28 جمادی الاول بروز پنج شنبہ وقت شب 1162ھ میں وصال فرمایا۔ نماز جنازہ حسب وصیت ملا احمد عبدالحق فرنگی محلی نے پڑھائی۔ مزار مبارک لکھنؤ (یوپی۔ بھارت) محلّہ سرائے معالی خان میں ہے
(تذکرہ مشاہیر کاکوری صفحہ 378)

231- ایک بزرگ کا ایک لڑکا تھا۔ لوگوں نے اس کو قید کرا دیا۔ وہ بزرگ اندلس سے مدینہ منورہ آئے اور حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور فریاد کی۔ آپؐ نے ان سے خواب میں فرمایا کہ تم اپنے وطن واپس جاؤ جب وہ بزرگ اپنے وطن واپس آئے تو بیٹے کو گھر میں موجود پایا۔ اس سے حال دریافت کیا تو وہ بولا کہ فلاں شب مجھ کو اور ایک جماعت کو اللہ تعالیٰ نے خود بخود قید سے رہائی دلا دی۔ ان بزرگ نے حساب لگایا تو واقعہ رہائی اسی شب پیش آیا تھا جس رات کہ انہوں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے فریاد کی تھی
(بغیتہ ذوی الاحلام)

232- ایک بزرگ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) آپؐ کی امت کے ابدال کہاں رہتے ہیں۔ آپؐ نے اپنے دست مبارک سے ملک شام کی طرف اشارہ فرمایا۔ اس کے بعد انہوں نے دریافت کیا کہ کیا عراق میں کوئی ابدال نہیں ہے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا کہ ہیں۔ اور چند نام بھی بتائے (المقاصد الحسنہ)

233- حضرت سید احمد شہیدؒ کا قیام لکھنؤ میں ایک ماہ رہا۔ ایک روز مولانا محمد اشرف نے کہ اس وقت لکھنؤ میں علم معقول و منقول میں یگانہ سمجھے جاتے تھے اپنے یہاں کے سب سے زیادہ ذکی اور فاضل طالب علم مولانا ولایت علی عظیم آبادی کو سید صاحبؒ کے تحقیق حال کے لئے بھیجا اور پیغام بھجوایا کہ میں تخلیہ

marfat.com
Marfat.com

میں آپ سے ملنا چاہتا ہوں۔ مقصد یہ تھا کہ تنہائی میں سید صاحبؒ کے علم کو ٹٹولیں۔ سید صاحبؒ نے درخواست منظور کرلی۔ ملاقات کے وقت آپ نے سید صاحبؒ سے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رحمتہ للعالمین فرمایا ہے **"وما ارسلنک الا رحمته للعالمین"**۔ میں آپ کی زبان مبارک سے اس کی تفسیر سننا چاہتا ہوں۔ سید صاحبؒ نے دو گھنٹہ اس پر بیان فرمایا۔ اس وقت مولانا محمد اشرف اور مولوی ولایت علی کی روتے روتے آنسوؤں سے ڈاڑھی تر ہو گئی اور فوراً بیعت کرلی۔ مولانا محمد اشرف صاحب فرماتے تھے کہ اسی روز میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا اور اس کے علاوہ مجھے بے انتہا فیوض و برکات حاصل ہوئے۔ مولانا ولایت علی صاحب سب چھوڑ چھاڑ کر سید صاحبؒ کے ساتھ ہو گئے اور اپنے کو شیخ کی خدمت میں فنا کر دیا (احوال و مناقب حضرت سید احمد شہیدؒ صفحہ 95 تا 96) (سیرت سید احمد شہیدؒ از مولانا سید ابو الحسن ندوی صفحہ 72 تا 73)

234- حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ "حجتہ اللہ البالغہ" کے دیباچہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ میں ایک دن عصر کی نماز کے بعد مراقبہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ یکایک حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک نظر آئی اور ایک کپڑا سا مجھ پر ڈال دیا گیا اور اسی وقت میرے دل میں ایک ایسا نور معلوم ہوا جو کہ ہر وقت ترقی پذیر تھا۔ پھر کچھ عرصہ بعد مجھ کو یہ الہام ہوا کہ اس عظیم الشان کام کے لئے یعنی "حجتہ اللہ البالغہ" تحریر کرنے کے لئے کسی نہ کسی دن آمادہ ہونا میری قسمت میں لکھ دیا گیا ہے اور اس وقت ایسا معلوم ہوا جیسے تمام زمین اپنے پروردگار کے نور سے جگمگا اٹھی ہے اور گویا عین غروب کے وقت روشنی اپنی شعاعیں زمین پر بکھیر رہی ہے اور وقت آگیا ہے کہ شریعت مصطفویہ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاماً") دلائل و براہین کے مکمل لباس سے آراستہ کرکے میدان میں

marfat.com
Marfat.com

لائی جائے۔

235- امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کو یہ سرفرازی بھی نصیب ہوئی کہ خود حامل میزان حق و باطل صلی اللہ علیہ وسلم نے براہ راست آپ کو اس بشارت سے مفتخر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے ذریعہ امت مرحومہ کے منتشر اجزاء کو جمع کرنا چاہتا ہے۔ اس لئے آپ کو چاہئے کہ فروعات میں اپنی قوم کی مخالفت نہ کریں اور ملت کی تنظیم کے لئے انبیاء علیہم السلام کا طریقہ اختیار کریں اور ان کے بارہائے گراں کو اٹھائیں اور ان کی خدمت کے لئے کوشاں ہوں (فیوض الحرمین کا اردو ترجمہ مشاہدات و معارف۔ صفحہ 45) (1143ھ میں جب شاہ صاحبؒ اچانک سفر حجاز کے لئے روانہ ہوئے تو مدینہ منورہ میں آپ کو یہ سرفرازی نصیب ہوئی کہ خود حضرت ختمی ماب صلی اللہ علیہ وسلم نے براہ راست اس بشارت سے مفتخر فرمایا۔ یہاں امت مرحومہ سے مراد ہندوستان ہی کی امت مرحومہ تھی (تذکرہ حضرت شاہ ولی اللہ از علامہ مناظر احسن گیلانیؒ صفحہ 118)

236- استاذ الکل فی الکل و شیخ المشائخ و امام الائمہ و سند الوقت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنی کتاب "فیوض الحرمین" میں تحریر فرماتے ہیں کہ میں اس مجلس میں کہ مولد اقدس میں بروز ولادت شریف مکہ معظمہ میں منعقد تھی حاضر تھا۔ لوگ درود شریف پڑھتے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر خیر کر رہے تھے۔ ناگاہ میں نے کچھ انوار دیکھے کہ دفعتاً بلند ہوئے۔ میں نہیں کہتا کہ میں نے انہیں بدن کی آنکھ سے دیکھا نہ یہ کہوں گا کہ فقط روح کی بصر سے دیکھا۔ اللہ تعالیٰ کو خوب علم ہے کہ کیا کیفیت تھی اس کی اور اس کے درمیان۔ میں نے ان انوار میں تامل کیا تو وہ انوار ان فرشتوں کی طرف سے پائے جو ایسی مجالس اور مشاہدہ پر موکل ہیں اور انوار ملائکہ انوار رحمت الٰہی سے ملے ہوئے

marfat.com
Marfat.com

دیکھے۔

نیز کتاب "انتباہ" و "در ثمین" و "انفاس العارفین" میں اپنے والد بزرگوار شاہ عبدالرحیم قدس سرہ سے نقل کرتے ہیں کہ میں ایام مولد شریف میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نیاز کا کھانا کیا کرتا تھا اور اس کا التزام یہاں تک تھا کہ ایک سال بوجہ عسرت کچھ میسر نہ ہوا تو نخود بریاں (بھنے چنے) اور گڑ پر نیاز کر دی اور لوگوں کو وہی تقسیم کر دیئے۔ نہایت مقبول بہ بارگاہ بیکس پناہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوئے کیونکہ میں آپؐ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ دیکھا کہ وہ چنے آپؐ کے سامنے رکھے ہوئے ہیں اور نہایت شاداں و مسرور ہیں اور آپؐ نے بکمال پرورش و غلام نوازی ان کو قبول فرمایا (الاشباہ فی سلاسل اولیاء اللہ)

237- خاتم المحدثین حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ "وحدت الوجود" کا مسئلہ اپنی جگہ امر حق سہی لیکن اگر اس سے تہذیب نفس نہیں ہوتی تو وہ بیکار محض ہے۔ اس ضمن میں آپ کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ سے یہ حقیقت معلوم ہوئی کہ وہ شخص جس سے غیر اللہ سے تعلقات محبت کو بالکل منقطع کرنے، صرف اللہ تعالیٰ ہی سے محبت رکھنے، غیر اللہ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح عداوت رکھنے اور نیز اللہ تعالیٰ کے ساتھ محض علم و معرفت کے اعتبار سے نہیں بلکہ عملاً اور واقعتاً عشق و محبت رکھنے میں کوتاہی ہو تو بے شک وہ شخص فریب زدہ ہے خواہ اس کا سبب یہ ہو کہ وہ شخص کائنات کی اس کثرت میں ایک ہی وجود کو جاری و ساری دیکھنے میں منہمک ہے اور اس کی وجہ سے وہ اس کائنات کی ہر چیز سے محبت کرنے لگتا ہے کیونکہ اس کے نزدیک وہی ایک وجود جو کہ اس کا محبوب ہے اس کی کل کائنات میں جاری و ساری ہے (فیوض الحرمین کا اردو ترجمہ مشاہدات و معارف صفحہ 21 تا 22)

اگر حضرت ابن العربیؒ کو سرالوصال اور حضرت مجدد الف ثانیؒ کو سرالفراق کہا

marfat.com
Marfat.com

جائے تو ان کے فلسفوں (وحدت الوجود اور وحدت الشہود) کا امتیاز بخوبی ذہن نشین ہو جاتا ہے۔ دنیا کی ہر چیز کے لئے کوئی نہ کوئی وقت ہوتا ہے۔ کوئی وقت محبت کرنے کا کوئی نفرت کرنے کا یعنی کسی وقت سر الوصال کی رہنمائی مفید ہوتی ہے اور کسی وقت سر الفراق کی۔ یا تصوف کی اصطلاح میں یوں سمجھئے کہ کوئی وقت شان جمالی کا ہوتا ہے اور کوئی وقت شان جلالی کا۔ اسی وجہ سے حضرت شاہ ولی اللہؒ نے ان دونوں فلسفوں کو ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی۔ اور حضرت شیخ اکبرؒ اور حضرت شیخ مجددؒ کے خیالات کی تطبیق کی ہے۔ ایک کے پیروکار مشابہتوں اور رنگ رلیوں کو دیکھتے ہیں۔ جبکہ دوسرے کی نظر اختلافات پر پڑتی ہے۔ ابن العربیؒ' رومیؒ' غزالیؒ' داراشکوہ' عیسائی' افلاطون اور ہندو طریقوں اور فلسفوں کو کھنگالتے ہیں کہ ان میں کوئی اچھی چیز ہو تو حاصل کی جائے۔ لیکن ابن تیمیہؒ' ابن عبدالوہابؒ' مجدد الف ثانیؒ' اورنگ زیبؒ اور اقبالؒ ان چیزوں کو اسلام کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں تاکہ جو چیز شرعی معیار پر پوری نہ اترے اسے رد کیا جائے۔ اگر پہلا گروہ نہ ہو تو اسلامی خیالات اور فلسفہ کی نشوونما ختم ہو جائے اور دماغ ایک محدود و تنگ دائرے سے نہ نکلے۔ خیالات میں وسعت و لچک باقی نہ رہے اور اگر دوسرا گروہ اپنا کام بند کر دے تو ہر رطب و یابس بلکہ ملحدانہ اور مضر خیالات تک قبول کر لئے جائیں اور قوم کا نہ صرف شرعی بلکہ فکری اور روحانی نظام تک بگڑ جائے۔ یہی وجہ ہے کہ تاریخ اسلام میں وحدت الوجود اور وحدت الشہود دونوں فلسفے اور اصول ہمیشہ کارفرما رہے۔ (صاحب "رود کوثر" جناب شیخ محمد اکرام۔ ایم۔ اے' ایم آر سی اے ایس' سی ایس پی)

حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ سے ایک مرتبہ آپ کے مرید خاص شیخ عبدالاحد نے فلسفہ وحدت الوجود اور وحدت الشہود کی وضاحت چاہی تو آپ نے فرمایا کہ ڈورے میں گانٹھیں لگا دی جائیں تو ڈورے سے زیادہ گانٹھیں نمایاں ہو جاتی ہیں۔ بس یہی حال فلسفہ وحدت الشہود کا ہے لیکن وحدت الوجود یعنی ڈورے کے بغیر گانٹھوں کا

marfat.com
Marfat.com

کوئی وجود نہیں۔

اسی طرح ایک اور بزرگ نے دودھ اور گھی سے ان فلسفوں کو سمجھایا ہے۔ دودھ اگر وحدت الوجود ہے تو گھی وحدت الشہود۔ لیکن دودھ کے بغیر گھی ممکن نہیں۔

حضرت مولانا مودودیؒ نے فرمایا کہ ابن عربیؒ کا کہنا ہے کہ خالق و مخلوق ایک ہی حقیقت کے دو رخ ہیں جبکہ حضرت مجددؒ فرماتے ہیں کہ خالق و مخلوق کے درمیان کوئی اتحاد نہیں۔

یونانی فلسفے کا اصول ہے کہ شئی واحد' شئی واحد ہی کو پیدا کر سکتا ہے۔ کثرت وحدت اس سے صادر نہیں ہو سکتی۔ اس سے حضرت ابن عربیؒ کے ذہن میں سوال پیدا ہوا کہ پھر کائنات اپنی کثرت کے باوجود الہ واحد سے کیسے پیدا یا سرزد ہو گئی۔ اس کا جواب خود ہی دیا کہ کائنات میں فی الحقیقت کثرت نہیں ہے بلکہ خود خدا کی وحدت نے کائنات کی شکل میں ظہور کیا ہے یعنی کائنات کی کثرت اور خدا کی وحدت میں حقیقی مغائرت نہیں بس اعتباری مغائرت ہے۔

مسئلہ وحدت الوجود کے متعلق جب علامہ اقبالؒ کے خیالات پر خواجہ حسن نظامی دہلویؒ نے شدید اختلاف کیا اور بات بہت بڑھ گئی تو اکبر الہ آبادی اور شاہ سلیمان پھلواریؒ نے مداخلت کر کے معاملہ رفع دفع کرایا تھا۔

238- حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی اس عنایت کا جو تمام نوع بشر کے لئے ہدایت عامہ کے مترادف تھی' جسم انسانی میں متشخص ہونا ہے اور یہی مطلب ہے تدلی اعظم کے مثالی مظہر کا جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود مثالی کے ساتھ عالم مثالی میں قائم تھا' عالم ناسوت میں آنے کا اس تدلی اعظم کا ذکر کرتے ہوئے شاہ صاحبؒ ایک مکاشفہ میں لکھتے ہیں۔ میں تدلی اعظم کے اس مثالی مظہر سے جو سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس عالم ناسوت میں نازل ہوا

marfat.com
Marfat.com

متصل ہو گیا اور اس سے گھل مل گیا۔ اس وقت میں نے اپنے آپ کو دیکھا کہ اس مثالی مظہر کے جو دو قالب ہیں میں ان میں سے ایک ہوں..... تدلی اعظم کے اس مثالی مظہر کا یہ دوسرا قالب وجود علمی سے قریب ہوتا ہے۔ یعنی میں نے اللہ تعالیٰ کی اس عنایت ازلی کا جو ہدایت عامہ کی شکل میں انبیاء علیہم السلام کی صورت میں بالعموم اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود مبارک میں بالخصوص ظہور پذیر ہوئی، علمی احصار کر لیا اور میں علمی طور پر اس عنایت الٰہی کا مظہر بن گیا۔ شاہ صاحبؒ کے لئے اس عنایت ازلی کا احصار تجدید دین کے لئے ضروری تھا کیونکہ جب تک کسی مسئلہ کا تاریخی منظر سامنے نہ ہو اور اس کے تمام پہلوؤں کو نہ جان لیا جائے اس مسئلہ کا صحیح جائزہ نہیں لیا جا سکتا (فیوض الحرمین کا اردو ترجمہ مشاہدات و معارف۔ صفحہ 46)

239- یہ انبیاء علیہم السلام کی خلافت کیا ہے؟ ایک تو خلافت ظاہری ہوتی ہے جیسے سیاسی اقتدار یا سلطنت۔ دوسری خلافت باطنی ہے جس سے مقصود تعلیم و تربیت کے ذریعہ قوم کی تنظیم ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کو ایک مکاشفہ میں دکھایا گیا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس ہر دو قسم کی خلافتوں کے لئے اسوۂ حسنہ ہے چنانچہ آپؐ کی مکی زندگی خلافت باطنی کا نمونہ ہے اور مدنی زندگی خلافت ظاہری کا نمونہ ہے۔ پہلے آپؐ نے مسلمانوں کو وعظ و ارشاد اور تعلیم و تربیت کے ذریعہ تیار کیا اور اس کا نتیجہ تھا کہ آگے چل کر مسلمان مدینہ منورہ میں سیاسی اقتدار کے مالک ہو گئے۔ شاہ صاحبؒ کو بھی اسی طریقہ پر کام کرنے کو کہا گیا (مشاہدات و معارف صفحہ 45)

240- حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ گو اپنے اہل وطن کے خیال سے حنفی مسلک رکھتے تھے لیکن حدیث کی اہمیت کو بھی جانتے تھے اس لئے چاہتے تھے کہ کوئی ایسی صورت نکل آئے کہ حنفی مسلک اور احادیث میں اختلاف نہ رہے۔

marfat.com
Marfat.com

اس سلسلہ میں آپ کو ایک مکاشفہ ہوا جس میں حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حنفی مسلک کے ایک بڑے اچھے طریقے سے آپ کو آگاہ فرمایا اور حنفی مسلک کا یہ طریقہ ان مشہور احادیث سے جو حضرت امام بخاریؒ اور آپؒ کے اصحابؒ کے زمانے میں جمع کی گئیں اور ان کی اس زمانہ میں جانچ پڑتال بھی ہوئی موافق ترین ہیں اور وہ طریقہ یہ ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ، امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے اقوال میں سے وہ قول لیا جائے جو مسئلہ زیر بحث میں مشہور احادیث سے سب سے زیادہ قریب ہو اور پھر ان فقہائے احناف کے فتاویٰ کی پیروی کی جائے جو علماء حدیث میں شمار ہوتے ہیں۔ بہت سی ایسی چیزیں ہیں کہ امام ابوحنیفہؒ اور آپ کے دو ساتھی جہاں تک ان چیزوں کے اصول کا تعلق ہے وہ اس معاملہ میں خاموش رہے اور انہوں نے ان کے بارے میں ممانعت کا کوئی حکم نہیں دیا۔ لیکن ہمیں ایسی احادیث ملتی ہیں جن میں ان چیزوں کا ذکر ہے۔ اس حالت میں ان چیزوں کا اثبات لازمی اور ضروری ہے۔ اعمال اور احکام میں اس روش کو اختیار کرنا بھی مذہب حنفی میں داخل ہے (مشاہدات و معارف صفحہ 38)

241- حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنے مشہد نمبر 11 میں تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث کا مطلب دریافت کیا کہ حضرت آدم علیہ السلام ابھی آب و گل ہی میں تھے اور میں نبی ہو چکا تھا۔ میرا یہ سوال زبان کے مقال اور دل کے خطرات سے نہ تھا بلکہ اس سر اور راز کی آرزو اور شوق سے میری روح لبریز تھی۔ اس کے بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جس قدر قوت و طاقت تھی آپؐ کی صورت مثالیہ کے قریب ملا تو آپؐ نے مجھے اپنی وہ صورت کریمہ مثالیہ دکھائی جو پہلے عالم اجسام میں پائی جاتی تھی۔ اس کے بعد مجھے عالم مثال سے اس عالم میں آنے کی کیفیت بتائی اور مجھے انبیاء مبعوثین علیہم الصلوۃ والسلام کی شکلیں بتائیں اور کس طرح حضرت

marfat.com
Marfat.com

تدبیر سے ان پر نبوت کا اضافہ ہوا۔ اس کے مقابلہ میں آپؒ کو عالم مثال میں حضرت تدبیر سے ملا اور مجھے اولیاء اللہ رحمہم اللہ کی صورتیں بتائیں اور کیونکر انہیں علوم و معارف حاصل ہوئے۔ اس کے بعد میرے لئے اس چیز کی حقیقت واضح اور روشن ہو گئی (فیوض الحرمین کا اردو ترجمہ از مولانا عابدالرحمٰن صدیقی کاندھلوی۔ صفحہ 98 تا 99)

242- حضرت اقدس شیخ المشائخ مسند ہند امیر المومنین فی الحدیث حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنی تصنیف "حرزثمین فی مبشرات النبیؐ الامین" جس میں آپ نے چالیس خواب یا مکاشفات اپنے یا اپنے والد ماجد کے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے سلسلے میں تحریر فرمائے ہیں۔ اس میں نمبر12 پر تحریر فرمایا کہ ایک روز مجھے بہت ہی بھوک لگی (نہ معلوم کتنے دن کا فاقہ ہوگا) میں نے اللہ جل شانہ سے دعا کی تو میں نے دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مقدس آسمان سے اتری اور آپؐ کے پاس ایک روٹی تھی گویا اللہ تعالیٰ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا تھا کہ یہ روٹی مجھے مرحمت فرمائیں۔

243- حضرت عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں کہ عیدالاضحیٰ کے تیسرے دن 1125ھ مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ اس وقت عبداللہ برناویؒ نے فرمایا: اے عبدالعزیز اب تک تو مجھے تمہارے متعلق اندیشہ تھا مگر آج چونکہ حق تعالیٰ نے تمہیں اپنی رحمت کا ملہ یعنی سید الوجود حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا دیا اس لئے میرا دل مطمئن ہو گیا ہے۔ اب میں تمہیں اللہ تعالیٰ کے حوالہ کر کے جاتا ہوں۔ چنانچہ مجھے چھوڑ کر وہ اپنے وطن برنو چلے گئے۔ دراصل ان کا میرے ہمراہ رہنے کا یہ مقصد تھا کہ جو مشاہدات مجھے پیش آ رہے تھے انہیں ظلمت کا دخل ہونے سے بچائے رکھیں۔

marfat.com
Marfat.com

حق کی مشاہدہ محمدیہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نصیب ہو جائے کیونکہ صاحب فتح پر اس کے بعد کوئی اندیشہ نہیں رہتا۔ جو خطرات ہوتے ہیں اس مشاہدہ سے پہلے ہی ہوتے ہیں (خزینہ معارف حصہ اول صفحہ 13 و 14- اردو ترجمہ "ابریز" از ڈاکٹر پیر محمد حسن صاحب ایم اے۔ پی ایچ۔ ڈی)۔ الجزائر (افریقہ) کے بارہویں صدی ہجری کے مشہور بزرگ غوث زماں حضرت سید عبدالعزیز دباغ مغربیؒ امی محض تھے۔ علوم ظاہری سے نابلد ہونے کے باوجود علوم باطنی میں آپ کا مقام نہایت بلند تھا۔ آپ کے علوم کا اندازہ لگانے کے لئے "ابریز" کا مطالعہ ضروری ہے۔

244- غوث زماں سید عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں کہ میں نے شب قدر میں دونوں کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ دیکھا تو ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نور ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نور سے زیادہ تھا ("ابریز" کا اردو ترجمہ خزینہ معارف حصہ دوم صفحہ 388- علمی کتب خانہ۔ اردو بازار۔ لاہور)

245- حضرت علامہ احمد بن مبارک سلجماسیؒ نے عربی کی مشہور کتاب "ابریز" لکھی ہے جس میں غوث زماں حضرت سید عبدالعزیز دباغؒ کی مختصر سوانح حیات' عقائد' کرامات اور بعض آیات قرآن و حدیث نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") کی بے نظیر تشریحات اور علم و عرفان کی نادر باتیں جمع ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ ایک بار میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے شیخ کی شکل میں دیکھا اور میں نے آپؐ کو بغل میں لے لیا۔ اور چاہا کہ آپؐ کو اپنے باطن میں لے لوں۔ اس پر مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ بات ایک ہی بار نہ ہو سکے گی بلکہ بتدریج تھوڑا تھوڑا کر کے ہوگی۔ اس سے آپؐ کا مقصد یہ تھا کہ دیکھنے والے کے باطن میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا داخل ہونا بتدریج ہو سکتا ہے۔ میں نے یہ الفاظ شیخ کی جانب اس لئے منسوب کئے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

(کیونکہ دراصل انہوں نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا) کیونکہ انہوں نے ایک اور پہلو سے بات کی تھی اور جس ذات کو میں نے بغل میں لیا تھا اس نے صرف تبسم فرمایا تھا اور مجھ سے خوشی کا اظہار کیا تھا (ابریز کا ترجمہ اردو جلد اول صفحہ 203)

246- الارضی سیدی العربی الزیادیؒ اپنے شیخ حضرت عبدالعزیز دباغؒ کی کرامات کا بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں نے کئی بار آپ سے اس حدیث کے متعلق سوال کیا: **ان ھذا القرآن انزل علی سبعتہ احرف** (قرآن پاک سات حرفوں پر اتارا گیا ہے)- آپ نے اس کے کئی جواب دیئے مگر پھر بھی طبیعت مطمئن نہ ہوئی اور جواب شافی کا منتظر رہا- جاننا چاہتا تھا کہ "سبعۃ احرف" سے کیا مراد ہے (علماء کے درمیان اس مسئلہ پر سخت اختلاف ہے اور قریب چالیس اقوال بیان کئے گئے ہیں)- لہٰذا میں نے شیخؒ سے عرض کیا کہ میں تو صرف آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کیا مراد لی ہے- فرمایا انشاء اللہ کل جواب دوں گا- دوسرا دن ہوا تو فرمایا اور یہ فرمایا کہ میں نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ آپؐ کی اس حدیث پاک سے کیا مراد ہے تو آپؐ نے "مراد" کی تشریح فرما دی- میں نے اس مسئلہ میں حضرتؒ سے تین دن بحث کی اور آپؒ تشریح فرماتے رہے کہ اس سے یہ معنی مراد لئے گئے ہیں جس سے مجھے معلوم ہو گیا کہ اس حدیث کی بڑی شان ہے اور اس کے متعلق میں نے وہ اسرار سنے جن کی کیفیت بیان نہیں کی جا سکتی اور نہ کوئی سمجھنے کی طاقت رکھتا ہے (خزینہ معارف حصہ اول صفحہ 73 تا 75)

247- ایک بزرگ اپنے مریدوں کے ساتھ بیٹھے ذکر میں مشغول تھے کہ ان میں سے ایک شخص کا رنگ بدل گیا اور حالت دگرگوں ہو گئی- اس نے اپنی نشست کو بھی بدل دیا- کسی نے وجہ پوچھی تو کہا "خبردار ہو جاؤ کہ حضرت رسول اللہ

marfat.com
Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم یہاں موجود ہیں"۔ اس کی مراد یہ تھی کہ آپؐ وہاں موجود تھے اور اس نے آپؐ کا مشاہدہ کیا تھا۔ کسی نے حضرت عبدالعزیزؒ سے فرمایا کہ یہ مشاہدہ جو اس شخص کو حاصل ہوا مشاہدہ فتح تھا یا مشاہدہ فکر۔ حضرت عبدالعزیز دباغ مغربیؒ نے فرمایا کہ وہ مشاہدہ فکر تھا۔ بہت سے لوگ اس مشاہدہ کو مشاہدہ فتح سمجھ بیٹھتے ہیں۔ اگرچہ مشاہدہ فکر کا درجہ مشاہدہ فتح سے کم ہے مگر اس شخص کو نصیب ہوتا ہے جس کا ایمان خالص، محبت پاک اور نیت صادق ہو۔ مختصر یہ کہ مشاہدہ بھی ان ہی لوگوں کو حاصل ہوتا ہے جن کا تعلق سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے کمال کو پہنچا ہوتا ہے۔ اس قسم کے لوگ جو صاحب فتح نہ ہونے کے باوجود مشاہدہ کرتے ہیں اگر عامۃ المومنین کا ان سے مقابلہ کیا جائے تو وہ کالعدم ہوں گے اور ان کا ایمان اس کے ایمان کے مقابلہ میں لاشئی ہوگا (ابریز کا اردو ترجمہ "خزینہ معارف" حصہ دوم صفحہ 427)

248- حضرت خواجہ سید شاہ قطب الدینؒ حضرت رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں فنا تھے اور ایک مدت سے روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") کی زیارت کے اشتیاق میں بے خور و خواب تھے۔ حج بیت اللہ سے فراغت کے بعد راہی مدینہ سکینہ ہوئے تو ہر دو دو قدم پر سو سو بار درود شریف پڑھتے اور ہر ہر فرسنگ پر دوگانہ ادا فرماتے تھے۔ راہ میں طرح طرح کے عجائبات ملاحظہ میں آئے۔ جب یہ مدینہ کے قریب پہنچے دوگانہ بطور شکرانہ ادا کر کے پابرہنہ شہر میں داخل ہوئے اور غایت اشتیاق سے درو دیوار کو چومتے نہایت ذوق و شوق کی حالت میں روضہ مبارک (علیٰ صاحبہا صلواۃ و سلاما") پر حاضر ہوئے اور شرف زیارت سے مشرف ہو کر سعادت ابدی اور دولت سرمدی کو پہنچے۔ پھر مدینہ شریف کی جدائی گوارا نہ ہوئی اور وہاں کی فضائے جاں فزا دل کو ایسی بھائی کہ زبان حال سے اس شعر کا مضمون ادا کرتے ۔

marfat.com
Marfat.com

کرا مجال کہ از کوئے یار برخیزد
نشستہ ایم کہ از ماغبار برخیزد

(کس کی مجال ہے کہ دوست کی گلی سے اٹھ کر چلا جائے۔ ہم بھی ارادہ کر بیٹھے ہیں کہ اب اٹھیں گے تو غبار بن کر ہی اٹھیں گے)۔ جنت البقیع میں حضرت امام حسنؓ کی قبر مبارک کے قریب جا بیٹھے اور ذکر میں مشغول ہو گئے۔ لوگوں کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بشارت ہوئی کہ قطب الدین میرا فرزند اور میرا مہمان ہے۔ اس سے علم باطن کی نعمت حاصل کرو۔ پس بہت سے لوگ آپ کی خدمت کیمیا خاصیت میں بعقیدت تمام حاضر ہو کر آپ کے سلسلہ ارادت میں داخل ہوئے اور کمال فیض کو پہنچے۔ قبر مبارک حضرت خواجہ محمد پارساؒ کی قبر کے برابر ہے اور یہ دونوں قبریں حضرت امام حسنؓ کی قبر مبارک کے شمال مغربی گوشے میں واقع ہیں اور دوسری قبروں سے ممتاز معلوم ہوتی ہیں۔ جس طرح حضرت خواجہ غریب نواز اجمیریؒ ہندالولی مشہور ہیں اسی طرح مدینہ شریف میں آپ بھی ہندالولی کہے جاتے ہیں۔ ۱۱رجب المرجب 1180ھ کو وصال فرمایا تھا (تذکرہ از خلیفہ محمد سعید سجادہ نشین درگاہ عالیہ صدیقیہ۔ آلو مہار شریف صفحہ 79 تا 80)

(جنت البقیع میں اب ان میں سے کسی قبر کے آثار باقی نہیں۔ مولف)

249- حضرت مولانا فخر الدین دہلویؒ کے خلیفہ حاجی احمدؒ مدینہ منورہ میں رہا کرتے تھے۔ ایک دن خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں حضرت شاہ فخر الدین دہلویؒ کو موجود پایا۔ چنانچہ آپ اسی وقت مدینہ طیبہ سے روانہ ہو گئے اور دہلی پہنچ کر آپ سے بیعت ہو گئے (ملفوظات و حالات شاہ فخر دہلویؒ_ صفحہ 268) (ہفتاد اولیاء از حضرت شاہ مراد سہروردیؒ_ صفحہ 399)

250- سید غلام سرور عرف سید صاحبؒ ایک رات حضرت جنید بغدادیؒ سے عالم رویاء میں ملے۔ امام طریقت حضرت جنید بغدادیؒ نے آپ کو حضرت رسول اللہ

marfat.com
Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں داخل کیا اور فرمایا کہ یہ میرے فرزند حافظ محمد طاہرؒ کا مرید ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے سینہ اور منہ پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا کہ تجھ کو اور تیرے مریدوں کو (**الم نشرح لک صدرک**) کی بشارت مبارک ہو۔ سید صاحبؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اسی وقت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں پر اپنا سر رکھ دیا اور شکریہ ادا کیا۔ آپ کا وصال 1207ھ میں حیدر آباد (دکن) میں ہوا۔ شاہ ابوالحسن حسینیؒ کے روضہ میں مدفون ہیں (تذکرہ اولیاء دکن جلد دوم۔ صفحہ 565 تا 566)

251- شیخ الشیوخ حضرت شاہ عبداللہ المعروف شاہ غلام علی مجددی مظہری دھلویؒ نے فرمایا کہ ہر شب تہجد اور تسبیح پڑھ کر اس کا ثواب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پر فتوح پر بھیج کر سویا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ ترک ہو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اسی حلیہ مبارک میں جو شمائل ترمذی میں تحریر ہے تشریف لائے اور شکایت فرمائی (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ از مولانا محمد حسن نقشبندی مجددیؒ_ صفحہ 326)

252- حضرت شاہ عبداللہ المعروف شاہ غلام علی دہلویؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تیرا نام عبداللہ اور عبدالمہیمن ہے (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 327)

253- حضرت شاہ عبداللہ المعروف شاہ غلام علی دہلویؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ قبل نماز عشاء سو گیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے منع فرمایا اور وعید بیان کی (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 326)

254- ایک شب حضرت شاہ عبداللہ المعروف شاہ غلام علی دھلویؒ نے کہا یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)۔ آواز آئی لبیک اور میرا نام عبدصالح فرمایا (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ۔ صفحہ 328)

marfat.com
Marfat.com

255- حضرت شاہ عبداللہ المعروف شاہ غلام علی دہلویؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ خواب میں ایک شخص نے مجھ سے آ کر کہا کہ جناب تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے منتظر بیٹھے ہیں- میں بکمال شوق حاضر ہوا- آپؐ نے معانقہ فرمایا- تا وقت معانقہ آپؐ کی شکل اپنی تھی بعدازاں سید امیر کلالؒ کی شکل پر ہو گئی (مشائخ نقشبندیہ- مجددیہ صفحہ 326)

256- حضرت شاہ عبداللہ المعروف شاہ غلام علی دہلویؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) "من رانی فقد رانی الحق" آپؐ کی حدیث ہے- آپؐ نے ارشاد فرمایا "ہاں" (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ- صفحہ 326)

257- حضرت شاہ عبداللہ معروف بہ شاہ غلام علی دہلویؒ کی ولادت 1158ھ میں بمقام بٹالہ (مشرقی پنجاب) ہوئی- آپ کے والد ماجد شاہ عبداللطیف کریلا جوش دے کر کھاتے اور جنگل میں جا کر ذکر جہر کیا کرتے تھے اور حضرت ناصر الدین قادری سے بیعت تھے- حضرت شاہ عبداللہؒ کی ولادت سے قبل آپ کے والد نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھا- فرماتے ہیں کہ اپنے لڑکے کا نام علی رکھنا- چنانچہ بعد تولد آپ کا نام آپ کے والد نے علی رکھا- آپ کی والدہ نے حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو خواب میں دیکھا- فرماتے ہیں کہ اس لڑکے کا نام عبدالقادر رکھنا- آپ کے چچا نے جو نہایت بزرگ تھے اور ایک مہینہ میں قرآن مجید حفظ کیا تھا- انہوں نے بحکم حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا نام عبداللہ رکھا (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 308) (آثار الصنادید از سر سید احمد خاں- صفحہ 208)

آپ نے ہفتہ کے دن 26 صفر 1240ھ دارالفنا سے دارالبقا کو کوچ کیا- آپ کو آپ کی خانقاہ میں پیر کے پہلو میں دہلی میں دفن کیا گیا- اپنے دور کے مجدد تھے- آپ

marfat.com
Marfat.com

کی ذات سے اس قدر فیض جاری ہوا کہ دور حاضر میں مثال نہیں ملتی۔ آپ کے بے شمار خلفاء تھے جو ہندوستان کے علاوہ باہر بھی تھے۔ گاہ گاہ خود بخود حضرت شاہ عبداللہ المعروف شاہ غلام علی دہلویؒ کے مکان میں خوشبو آنے لگتی تھی۔ اس وقت لوگوں کو وہاں سے علیحدہ کر دیتے تھے۔ شاید حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و دیگر پیران کبار کی ارواح مبارک کا ظہور ہوتا تھا۔

258- حضرت سید احمد کردیؒ نے اولاً" حضرت مولانا خالد کردیؒ سے اخذ طریقہ کیا۔ بعد ازاں حسب الارشاد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ سے کسب فیوض بطریقہ مجددیہ کیا اور اپنے وطن واپس آ گئے اور مرجع خلائق ہوئے۔ ایک مرتبہ راہ میں آپ سخت بیمار ہو گئے۔ خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک وظیفہ آپ کو تعلیم فرمایا جس کے پڑھنے سے شفا ہو گئی (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 355)

259- حضرت مولانا غلام نبیؒ نے دستار فضیلت و خلافت حضرت مولانا غلام محی الدین قصوریؒ خلیفہ اجل حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ سے حاصل کی تھی۔ فرمایا کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے ایک سبز چیز مثل زمرد مجھ کو عطا فرمائی اور فرمایا یہ ہماری نسبت ہے۔ آپ للہ ضلع جہلم میں 1234ھ میں پیدا ہوئے۔ نہایت صاحب فیض بزرگ تھے۔ 21 ربیع الاول 1306ھ بروز یکشنبہ وصال فرمایا۔ (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ۔ صفحہ 378)

260- حضرت مولانا غلام نبیؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ خاتمہ کا نہایت خوف تھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ کسی جگہ تشریف لے جا رہے ہیں اور میں آپؐ کے پیچھے پیچھے ہوں۔ جس جگہ سے آپؐ قدم مبارک اٹھاتے جاتے ہیں میں اپنے قدم اسی جگہ رکھتا جاتا ہوں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی چھوٹے سے کام کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ جو یہ

marfat.com
Marfat.com

کام کرتا ہے اس کا بھی خاتمہ بالخیر ہوتا ہے (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ۔ صفحہ 387)

261- ایک شخص سید اسماعیل مدنیؒ مدینہ منورہ سے بحکم حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسب نسبت کے لئے حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ کی خدمت میں آئے تھے۔ آپ کے حکم سے ایک روز وہ جامع مسجد دہلی میں آثار نبویہ (علیٰ صاحبہا الف الف صلوٰۃ و الف الف سلام) کی زیارت کو گئے۔ وہاں سے واپس ہو کر انہوں نے عرض کیا کہ اگرچہ وہاں تبرکات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے موجود ہیں لیکن ظلمت کفر بھی معلوم ہوتی ہے۔ تحقیق کرنے سے معلوم ہوا کہ بعض اکابرین کی وہاں تصاویر بھی رکھی ہیں۔ آپ نے اسی وقت بادشاہ وقت اکبر شاہ ثانی کو ایک نہایت پر زور خط لکھا کہ وہ تصاویر وہاں سے ہٹوا دیں۔ (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ صفحہ 312)

262- عارف باللہ حضرت شاہ محمد کاظم قلندر علوی کاکورویؒ اکثر اوقات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ آپ نے ایک روز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تناسخ کی بابت دریافت کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ امم سابقہ میں تھا مگر میرے زمانے سے موقوف ہو گیا۔ اسی طرح ایک روز وقت قیلولہ آپ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی باتیں ارشاد فرمائیں اور یہ بھی فرمایا کہ مونچھوں میں سبالہ رکھو اور اپنے دست مبارک سے مقدار معین فرما دی۔ اس سے قبل آپ اپنی مونچھیں بہت باریک کترواتے تھے۔ ایک بار پھر زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے تو عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھ سے علاوہ مسلمانوں کے اہل ہنود بھی بہت رابطہ رکھتے ہیں۔ میں ان کو درود شریف بتا دیتا ہوں۔ ارشاد ہوا کس قدر؟ عرض کیا کہ ایک ہزار مرتبہ ورد کرنے کو کہتا ہوں۔ ارشاد ہوا کہ ان کی نجات کے لئے اس قدر کافی ہے (انفاس

marfat.com
Marfat.com

القلندریہ۔ صفحہ 358)

263- حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر علوی کاکورویؒ نے ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں توحید بیان کی۔ ارشاد ہوا کہ اعلانیہ نہیں کہنا چاہئے۔ یہ فرما کر استراحت کی۔ آپ پیر دابنے لگے اور مصاحبانہ عرض و معروض کرنے لگے۔ آخر میں عرض کیا کہ کیا فقر محمدی و مرتضوی میں میرا حصہ ہے۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی پشت پر ہاتھ رکھ کر فرمایا کہ ہاں میرے فقر میں تمہارا حصہ ہے (انفاس القلندریہ۔ صفحہ 358)

264- حضرت عارف باللہ شاہ محمد کاظم قلندر علوی کاکورویؒ نے ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو مع چند حضرات کے خواب میں دیکھا۔ آپ کے دل میں خیال گذرا کہ اگر تخلیہ ہوتا تو میں کچھ عرض کرتا۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے خطرہ پر مشرف ہو کر سب کو ہٹا دیا اور آپ کو اپنے روبرو بٹھا کر فرمایا کہ قلب کے گرد نور سفید دیکھنا چاہئے۔ تم کیسے دیکھتے ہو۔ آپ نے عرض کیا کہ میں سب محو کر دیتا ہوں۔ ارشاد ہوا یہ بہت اعلیٰ ہے۔ (انفاس القلندریہ۔ صفحہ 358)

265- حاجی محمد احسنؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے نانا حافظ عبدالعلیؒ تشریف لائے ہیں اور میرے ماموں ابوالحسنات قطب الدین احمد صاحب بھی موجود ہیں۔ اتنے میں ایک بزرگ سفید لباس نورانی شکل تشریف لائے۔ نانا صاحبؒ نے مجھ سے فرمایا کہ احسن آپؐ ہی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور یہ کہہ کر اپنا عمامہ آپؐ کے پائے مبارک میں ڈال دیا اور میں دوڑ کر آپؐ سے لپٹ گیا اور ایک عالم بیخودی طاری ہو گیا۔ آنکھ کھلنے پر تمام دن میرے اوپر حالت محویت اور عالم گریہ طاری رہا (رفع الوسوسہ والاحتمال عن رویتہ النبیؐ بعد الارتحال۔ حکایت 144۔ صفحہ 53)

marfat.com
Marfat.com

266- حاجی محمد احسنؒ بیان کرتے ہیں کہ قبل روانگی حج ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں "تعال یا وحشی"- یہ خواب سن کر میں جاگ پڑا اور بعد نماز صبح تلاوت کلام پاک میں مشغول ہو گیا- پڑھتے پڑھتے سورہ محمد پر پہنچا- یکبارگی اس قدر جوش گریہ ہوا کہ زبان رک گئی- مجبوراً" مصحف مجید کو بند کر دیا لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا مستقل وہی آواز "تعال" کی چلی آتی ہے اور اشتیاق زیارت حرمین دم بدم زیادہ ہوتا گیا- آخر میں نے بلا کسی سامان ظاہری کے عزم حج کر لیا اور بتائید ایزدی غیب سے ایسا انتظام ہو گیا کہ بڑے آرام و آسائش سے اس سفر مبارک کو پورا کیا-
(رفع الوسوسہ...... حکایت 145- صفحہ 53)

267- حافظ الحدیث سید محمد جلال الدین شاہ نقشبندیؒ بظاہر بصارت سے محروم تھے لیکن اس معذوری کے باوجود تمام علوم و فنون حفظ کر لئے تھے اور دور حاضر میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا زندہ معجزہ تھے- 1978ء میں ایک دن نماز عصر ادا فرمانے کے بعد آپ پر گریہ طاری ہو گیا- فیملی اسپتال مزنگ روڈ- لاہور میں بیمار ہونے کی وجہ سے زیر علاج تھے- مولانا عبداللطیف مجددی نے دریافت کیا کہ کیا زیادہ تکلیف ہے- فرمایا کہ ہر بات بتانے کی نہیں ہوتی- ان کے اصرار پر بتایا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خوان نعمت سے ایک روٹی کے پانچ ٹکڑے کر کے ایک حصہ مجھے عنایت فرمایا ہے-

آپ 1915ء میں بھکھی شریف ضلع منڈی بہاؤ الدین میں پیدا ہوئے تھے- 1985ء میں وصال فرمایا- آپ کا دربار عالیہ بھکھی شریف میں مرجع خلائق ہے- جید علماء بھی آپ کی عظمت و جلالت کے قائل تھے-

268- ایک مرتبہ الحاج حضرت شیخ سید قلندر علی شاہ سہروردیؒ نے فرمایا کہ میرے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ میں دیکھوں کہ حضرت نبی آخرالزماں صلی اللہ

marfat.com
Marfat.com

علیہ وسلم کس طرح اول اور کس طرح آخر ہیں۔ تو میرے رب نے مجھے اس طرح دکھایا کہ تمام مخلوق ایک قطار میں کھڑی ہے اور سب سے اول اور سب سے آخر سید الاولین و الاخرین علیہ الصلوۃ والسلام کی ذات ستودہ صفات ہے (علم لدنی یا علم الٰہی۔ صفحہ 102 تا 103)

269- ایک مرتبہ حضرت شیخ سید قلندر علی شاہ سہروردیؒ نے برسر محفل فرمایا کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی سیر معراج کو دیکھا ہے یعنی عالم رویا میں مشاہدہ کیا ہے۔ آپ اس مشاہدہ کی کیفیات بیان کرتے کرتے رک گئے اور فرمایا اس سے آگے مجھے کہنے کی اجازت نہیں ہے۔ (علم لدنی یا علم الٰہی از سید محمد ریاض الدین سہروردی۔ صفحہ 103)

سہروردیہ سلسلے میں سماع کا رواج نہیں اور شاید چشتیہ سلسلہ کی نسبت اس میں شرع کی زیادہ پابندی ہے۔ لیکن امر قابل غور ہے کہ اس سلسلے کے کئی بزرگ ملامتیہ اور بے شرع گروہ میں داخل ہو گئے۔ مثلاً" حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریا ملتانیؒ کے خلیفہ مخدوم لال شہباز قلندرؒ جن کا مزار سندھ کی سب سے بڑی زیارت گاہ ہے۔ اسی طرح حضرت شیخ صدر الدین عارف سہروردیؒ کے خلیفہ شیخ احمد معشوقؒ_ احمد آباد (بھارت) کے شاہ موسیٰ سہاگؒ۔ قلندروں کا ایک گروہ اپنے کو سید جلال بخاری سہروردیؒ کے نام پر جلالی کہتا ہے۔ اسی طرح مغلیہ سلطنت کے زوال پر جو بے شرع رسول شاہی فرقہ شروع ہوا اس کے بانی بھی ایک سہروردی بزرگ تھے۔ قادریوں میں آزاد مشرب قلندروں کی اتنی افراط نہیں جتنی سہروردیوں میں ہے لیکن وہاں بھی لاہور کے شیخ حسین اور مادھو لال حسین قادری کے نام نظر آ جاتے ہیں۔ البتہ چشتیوں میں بالخصوص نظامی چشتیوں میں سماع کے شوق کے باوصف آزاد اور بے شرع حضرات کے نام مشکل سے ملیں گے (آب کوثر صفحہ 332 تا 333) قلندری سلسلہ حضرت عبدالعزیز مکیؒ سے جاری ہوا۔ یہ بزرگ حضرت صالح علیہ السلام کی اولاد میں

marfat.com
Marfat.com

سے تھے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر مشرف بہ اسلام ہوئے تھے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی آپ کو قلندر کے نام سے مشرف فرمایا تھا۔ یہ بھی مشہور ہے۔

270- حضرت شاہ علاؤالدین عرف شاہ الہدیہ احمد قلندر لاہوریؒ حضرت شاہ فتح قلندر جونپوریؒ کے مرید ہوئے اور تعلیم و تلقین پا کر اجازت و خلافت پائی۔ قطب وقت تھے۔ ایک روز حضرت شاہ فتح قلندرؒ نے حضرت شاہ بہاء الحق قلندر خیر آبادیؒ سے فرمایا کہ تم کو مبارک ہو اس وقت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور سیدنا امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حضور سے تمہارے بھائی شاہ الہدیہ احمد کو خلعت قطبیت عطا ہوئی ہے۔ اس وقت آپ وہاں موجود تھے (انفاس القلندریہ صفحہ 273)

271- حضرت سید محمد واصل عرف شہنشاہ قلندرؒ چھوٹے بھائی تھے حضرت شاہ باسط علی قلندر الہ آبادیؒ کے۔ جب وقت وفات قریب آیا تو جو کچھ آپ کے پاس تھا سب تقسیم کر دیا۔ وفات سے تین روز قبل سے حضور ارواح طیبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور حضرت خواجہ اجمیریؒ وغیرہ کی آپ کو رہی۔ وفات 2 ذی الحجہ 1168ھ بروز چہار شنبہ تین بجے شب ہوئی۔ دوسرے روز دفن ہوئے۔ حضرت باسط علی شاہ قلندرؒ نے وفات کے بعد آپ کو حضرات پنج تن پاک کا چنور بردار دیکھا اور اس طرح کہ پہلے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مگس رانی کرتے ہیں پھر خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہراؓ پھر حضرات امامینؓ اور پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی۔ انہوں نے آپ سے اس کی وجہ پوچھی تو فرمایا کہ حضرات پنجتن پاک خصوصاً خاتون جنت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مگس رانی بجز مخصوص فرزندوں کے کسی اور کو نصیب نہیں (نفحات العنبریہ من انفاس

marfat.com
Marfat.com

القلندریہ صفحہ 310)

272- مولوی محمد حیاتؒ 1190ھ میں رام پور (یوپی۔ بھارت) میں پیدا ہوئے۔ محلہ نالہ پار کی مسجد میں تنہا شب و روز رہتے تھے۔ قرآن مجید اور درود شریف کا ورد تھا۔ ہر ماہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوتے تھے۔ ان کے نواسے عبدالحق خانؒ کا بیان ہے کہ ایک درود شریف مجھے بھی بتائی تھی۔ بارہ سال کی عمر میں میں نے اسے پڑھا تھا۔ دو مرتبہ زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ مولوی محمد حیاتؒ مجالس میلاد شریف میں نہایت محبت سے شریک ہوتے تھے۔ 20 رمضان المبارک 1281ھ میں شب جمعرات انتقال فرمایا اور مسجد کے حجرہ میں دفن ہوئے۔ نواب رام پور سید کلب علی خان نے قبر پختہ بنوا دی تھی۔ (تذکرہ کاملان رام پور صفحہ 352)

273- حضرت سید ہاشم علوی بن شاہ برہان الدینؒ نے جب دوبارہ حرم شریف کی زیارت کی تو مشہور ہے کہ وہاں سے آپ کو بہت فیضان حاصل ہوا۔ کتاب حزب الاعظم اور گیتی مبارک کا قبضہ جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا آپ کو ملا۔ مزار مبارک بیجاپور (بھارت) محلہ شاہ پور میں ہے (تحفتہ الابرار صفحہ۔ 57)

274- حضرت مولانا مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ میں آپؐ کے پیچھے پیچھے جا رہا ہوں اور آپؐ مجھ سے از حد نرمی سے کلام فرما رہے ہیں۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) جب آپؐ کو کوئی السلام علیکم کہتا ہے تو آپؐ اسے کس طرح جواب دیتے ہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ میں وعلیکم السلام کہتا ہوں۔ میں نے عرض کیا جب آپؐ نماز میں ہوتے ہیں تو کس طرح سلام کا جواب دیتے ہیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "انت سائل قوی" (محبوب الابرار ترجمہ اردو

marfat.com
Marfat.com

خزینتہ الاسرار مصنفہ حضرت مولانا حقی نازلیؒ صفحہ 130)

275- حضرت مولانا مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ نے میری پیشانی پر بوسہ دیا۔ ایک اور مشہد میں دیکھا کہ آپؐ نے میرے ساتھ معانقہ کیا اور میری گردن کی بائیں جانب بوسہ دیا۔ ایک اور مشہد میں دیکھا کہ آپؐ چھوٹے بچے کی طرح میری گود میں بیٹھے ہیں۔ میں نے کہا **لا الہ الا اللہ انک حبیب اللہ** آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تیرے والدین اور تیرے بھائیوں کے لئے شفاعت ہے۔ ایک اور مشہد میں میں نے آپؐ کی زیارت بحالت خواب کی جس میں آپؐ کے دونوں ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "**ثبت اللہ ایمانک**" (اللہ تعالیٰ تیرے ایمان کو سلامت رکھے)۔ ایک مشہور مشہد میں آپؐ کی زیارت کی جس میں میں نے دو مرتبہ آیتہ الکرسی آپؐ کے روبرو پڑھی۔ (محبوب الابرار صفحہ 131)

276- حضرت مولانا مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں "**اللھم صل و سلم علی سیدنا محمد و علی ال سیدنا محمد فی کل لمحتہ و نفس بعدد کل معلوم لک**" یہ درود شریف جب میں مدرسہ محمودیہ مدینہ منورہ میں مقیم تھا میرے پیر حضرت شیخ مصطفےٰ ہندیؒ نے عنایت فرمائی تھی اور فرمایا تھا کہ اگر تو اس درود شریف کو پڑھے گا تو اسرار و علوم بلاواسطہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے لے گا۔ پہلی ہی رات میں نے اس درود شریف کو ایک سو مرتبہ پڑھا۔ خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت حاصل ہوئی۔ آپؐ نے مجھ سے فرمایا شفاعت تیرے لئے' تیرے والدین اور تیرے بھائیوں کے لئے ہے۔ اور اس درود شریف کے اسرار کو اسی طرح پایا جس طرح میرے پیر صاحبؒ نے فرمایا تھا (محبوب الابرار صفحہ 133 تا 134)

marfat.com
Marfat.com

277- حضرت مولانا مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں نے بحالت خواب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی- آپؐ اس وقت نماز پڑھ رہے تھے اور آپؐ کے پاس میں بیٹھا ہوا تھا- اور میری گود میں آپؐ کے صاجزادے ابراہیمؓ کھیل رہے تھے (محبوب الابرار صفحہ- 131)

278- حضرت مولانا مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") میں امام مقرر ہوا اور میرے پیچھے بہت سے لوگوں نے اقتداء کی جن میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم بھی موجود تھے (محبوب الابرار صفحہ- 130)

279- حضرت مولانا مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں کہ جن ایام میں میں مدینہ منورہ میں تھا تو ایک مرتبہ میں نے خواب میں اللہ تعالیٰ کو دیکھا اور اس وقت میں نے یہ آیت پڑھی "**ربنا اتنا فی الدنیا حسنته و فی الاخرة حسنته وقنا عذاب النار** (سورہ بقرہ آیت 202) پھر میں نے اللہ تعالیٰ کے آگے سجدہ کیا اور پھر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تو نے ابھی اللہ تعالیٰ کو دیکھا (محبوب الابرار- صفحہ 130)

280- حضرت مولانا مولوی حقی نازلیؒ نے فرمایا کہ میں نے ایک مرتبہ خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا اور میں نے یہ ارادہ کیا کہ آپؐ کو پانی پلاؤں- آپؐ نے فرمایا تو پی میں نہیں پیتا اور میں نے اس وقت دیکھا کہ آپؐ کے دست مبارک سے پانی بہہ رہا تھا- اور پھر آپؐ نے اپنی چھنگلی مبارک کو میرے منہ میں ڈال دیا- اس سے پانی بہہ رہا تھا- میں نے اس پانی کو پیا اور پھر آپؐ نے اپنی ہتھیلی شریف کو میری پیشانی پر رکھ کر اپنی چھنگلی مبارک کو میرے منہ سے نکال لیا- (محبوب الابرار صفحہ 130)

281- حضرت مولانا مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ

marfat.com
Marfat.com

علیہ و آلہ وسلم کو بحالت خواب دیکھا کہ آپؐ باب السلام کی طرف اپنی مسجد میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں بھی آپؐ کے قریب آپؐ کے حجرہ مبارک میں جا بیٹھا اور اس وقت آپؐ نے سفید عمامہ باندھا ہوا تھا اور آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان سے ایک نور بلند ہو رہا تھا اور آپؐ مجھے اپنے کلام کثیر سے مشرف فرما رہے تھے۔ (محبوب الابرار۔ صفحہ 131)

282- مولانا مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں کہ 1221ھ میں میں مدینہ منورہ میں مدرسہ محمودیہ میں اقامت پذیر تھا۔ وہاں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ نے مجھے پکڑ کر ایک بہت گہرے دریا میں ڈال دیا اور میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) آپؐ مجھے پانی پلائیں۔ اسی طرح بارہا میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوتا رہا (محبوب الابرار۔ صفحہ 131)

283- مولانا مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو بحالت خواب ایسی حالت میں دیکھا کہ آپؐ نے اپنا دہن مبارک میرے منہ کے ساتھ لگایا اور آپؐ کے دہن مبارک سے بہت سا پانی میرے پیٹ میں چلا گیا جس کی وجہ سے افکار کے آثار کا میں نے اپنے تمام جسم میں مشاہدہ کیا یہاں تک کہ مجھے یہ خوف پیدا ہو گیا کہ کہیں میں مجنون نہ ہو جاؤں۔ پھر آپؐ نے میری ناف کو پکڑا جس کی وجہ سے میری حالت درست ہو گئی (محبوب الابرار صفحہ 130)

284- حضرت سائیں توکل شاہؒ نے ایک مرتبہ دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک تخت پر جلوہ گر ہیں اور تاج سر پر ہے۔ جب آپ قریب پہنچے تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین آدمی دنیا میں سے---- ایک تم اور دو اور شخص ہمارے پاس آتے ہیں۔ کسی مولوی صاحب

marfat.com
Marfat.com

نے دریافت فرمایا کہ وہ دو کون ہیں؟ آپؒ نے ان کا نام نہ بتایا اور فرمایا کہ ان میں ایک پاجامہ شتالنگ سے اونچا رکھتا ہے (تذکرہ توکلیہ صفحہ 98)

285- حضرت سائیں توکل شاہؒ نے فرمایا کہ میں نے ایک مرتبہ دیکھا کہ حضرت مجدد الف ثانیؒ کے روضہ مبارک پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعظ فرما رہے ہیں اور یہ فقیر خدمت میں حاضر ہے اور پارچہ برداری کی خدمت انجام دے رہا ہے (تذکرہ توکلیہ صفحہ 98)

286- جس روز سائیں توکل شاہ صاحبؒ کا وصال ہوا اس شب کو ایک بڑے کامل بزرگ نے خواب میں دیکھا کہ ایک چوپہیہ گاڑی میں ایک نہایت ہی حسین و جمیل اور باشوکت و پرہیبت شخص سوار ہیں اور حضرت شاہ صاحبؒ ان کی گود میں بیٹھے ہوئے ہیں اور گاڑی چلی جا رہی ہے۔ ان بزرگ نے پوچھا یہ کون صاحب ہیں؟ پاس والوں نے جواب دیا کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور آپؐ کی آغوش میں حضرت سائیں توکل شاہؒ ہیں (ذکر خیر صفحہ 285)

287- حافظ خیر الدین صاحبؒ جب حضرت سائیں توکل شاہؒ کے مرید ہوئے تو انہوں نے اپنے دل میں خیال کیا کہ پہلے ایسے بزرگ گذرے ہیں کہ جب ان سے کوئی شخص بیعت ہوتا تھا تو وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرا دیا کرتے تھے۔ جب وہ سو گئے تو ان کو خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو گئی۔ جب وہ حضرت سائیں توکل شاہؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا کہ بھائی ایسا خیال نہیں کرنا چاہیے (تذکرہ توکلیہ۔ صفحہ 72)

288- مولوی پیر محمد صاحب کی اہلیہ (مائی صاحبؒ) بھی حضرت قطب الاقطاب خواجہ قادر بخش قدس سرہٗ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئیں اور کچھ دن بعد مجذوب ہو گئیں۔ ایک دن ماگھے شاہ مائی صاحبؒ کے پاس آئے اور کہنے لگے

marfat.com
Marfat.com

مجھے آج تک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب نہیں ہوئی- مائی صاحبؒ نے ان کے دل کی طرف توجہ ڈالی تو ماگھے شاہ پر ایک کیفیت طاری ہو گئی اور تمام جسم میں شمع کی طرح روشنی ہو گئی- وہ مست و بیخود ہو کر گر پڑے اور بالکل ہوش نہ رہا- پھر مائی صاحبؒ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ یہ شخص آپؐ کی زیارت کا متمنی ہے- میں آپؐ سے سفارش کرتی ہوں کہ اس کی مراد پوری فرمایئے- پس آپؐ نے ماگھے شاہ کا ہاتھ پکڑ لیا اور ان کو بہت پیار کیا اور فرمایا تم بھی یہاں آ جایا کرو- اس وقت سے ماگھے شاہ بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں شامل ہو گئے (لمعات کمالات قادریہ صفحہ 162)

289- حضرت خواجہ عبدالخالقؒ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد صاحب قطب الاقطاب حضرت خواجہ قادر بخش قدس سرہٗ کے عرس کے بعد خلیفہ عالم شاہ صاحبؒ کے ہمراہ ایک مرتبہ موضع لکھنا ضلع لدھیانہ (مشرقی پنجاب) پہنچا- خلیفہ موصوف کا وہاں ایک مرید محمد بخش مدرس تھا- وہ نہایت گستاخی اور بے ادبی سے پیش آیا- کہنے لگا کہ تم کو سائیں توکل شاہؒ سمجھ کر مرید ہوا تھا اور مدرسہ بند کر کے بڑبڑاتا ہوا چلا گیا- مجھے اس کی اس حرکت پر سخت افسوس ہوا اور کہا کہ یا تو اس گاؤں سے واپس چلو یا کسی اور مکان میں چلو مگر خلیفہ عالم شاہ صاحبؒ جو میرے والد ماجد کے خلیفہ تھے وہیں ٹھہرے رہے- میرے کہنے کا کوئی خیال نہ کیا اور بازار سے میرے لئے روٹی اور اپنے لئے بھنے چنے لائے اور کھا کر سو گئے- جب آپ تہجد کے لئے بیدار ہوئے تو وہی مدرس وائے واویلا کرتا ہوا آیا اور خلیفہ صاحبؒ کے قدموں پر گر کر آہ و زاری کرنے لگا اور معافی مانگی- آپ نے فرمایا کہ میں نے تیری بکواس کا کچھ خیال نہ کیا تھا اور اب بھی میرے دل میں کوئی رنج نہیں- چونکہ تو اللہ کے واسطے معافی مانگ رہا ہے اس لئے معاف کرتا

marfat.com
Marfat.com

ہوں۔

دوسرے روز محمد بخش مدرس نے لوگوں کو مخاطب کر کے کہا کہ مجھے خلیفہ عالم شاہ صاحبؒ کی بدولت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت اس طرح نصیب ہوئی کہ آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گود میں لیٹے ہوئے ہیں اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کا چہرہ چوم چوم کر اس طرح فرما رہے ہیں کہ عالم شاہ جو تیرا مقبول ہے وہ میرا مقبول ہے اور جو تیرا مردود وہ میرا مردود۔ میں دست بستہ آپؐ کی پابوسی کے لئے آگے بڑھا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غصہ سے حکم دیا کہ اس مردود کو فوراً باہر نکال دو۔ اس صدمہ سے میری آنکھ کھل گئی۔ اسی وقت افتاں و خیزاں خلیفہ صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر معافی طلب کی۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ آپ نے مجھ کو معاف فرما دیا (معادن برکات خالقیہ)

290- مولانا حسرت موہانیؒ کو 2 مئی 1948 رات کے آخری نصف حصہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ ایسا معلوم ہوا کہ روضہ مبارک (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") میں جو گنبد خضراء کے تحت محصور و محدود ہے آپؐ لحد مبارک کے قریب کسی چیز سے ٹیک لگائے بیٹھے ہیں۔ تہبند جاوی وضع کا ہے اور بند کوٹ پھولدار کپڑے کا ہے جس کے درمیان ایک پٹی ہے جس کی وضع وہی ہے جیسی کہ حجاج استعمال کرتے ہیں۔ میرے دل میں بے اختیار خواہش پیدا ہوئی کہ آپؐ میرا ہاتھ اپنے دست مبارک میں لے کر اسی وقت مجھ کو مرید کر لیں۔ میں نے بغور دیکھا تو حلیہ مبارک قریب قریب ایسا ہی پایا جیسا کہ کتب احادیث مثل "شمائل ترمذی" میں منقول ہے۔ ایک موقعہ ایسا بھی آیا کہ میں اس قدر قریب ہو گیا کہ جسد مبارک کی خوشبو بخوبی محسوس ہوئی۔ اس کے بعد کیا ہوا وہ مجھ کو آنکھ کھلنے پر یاد نہ رہا۔ دوبارہ آنکھ لگنے پر

marfat.com
Marfat.com

ایک بار پھر وہی منظر پیش نظر ہوا مگر اس کی تفصیل بھی باوجود کوشش یاد نہ آئی۔
(کلیات حسرت موہانیؒ صفحہ 49 تا 50)

291- الحاج حضرت مولانا عبدالمعبود شاہ قدس سرہٗ (عرف بابا جی) نے اپنا یہ خواب مجھے سنایا اور اسے اس کتاب میں شامل کرنے کی خواہش کا اظہار فرمایا۔ پس اسے بطور تبرک جگہ دے رہا ہوں۔ آپ 1947 میں حج بیت اللہ سے واپسی پر کراچی میں شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی نورا اللہ مرقدہ کے دولت خانے پر قیام پذیر ہوئے۔ پاکستان بن چکا تھا اور مسلمانوں کا قتل عام جاری تھا۔ ہندوؤں کی پوری کوشش تھی کہ کسی صورت پاکستان کو ختم کیا جائے۔ ایک رات آپ نے خواب دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا جنازہ آیا ہے۔ جہاز بلا کسی آواز کے زمین پر اترا۔ اس کے قریب دو فٹ چوڑی ایک چارپائی نکالی گئی جس پر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کپڑے پہنے لیٹے ہیں۔ کپڑوں پر کفن لپٹا ہوا ہے اور چہرہ انور کھلا ہوا ہے۔ بے شمار مخلوق جمع ہو جاتی ہے۔ حضرت مولانا عبدالمعبود شاہؒ بھی دیدار کرتے ہیں۔ چہرہ مبارک اس قدر لاغر ہے کہ ہڈیاں نظر آ رہی ہے۔ آپ خیال کرتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو زندہ ہیں۔ یہ میں کیا دیکھ رہا ہوں۔ آنکھ کھل جاتی ہے۔ صبح آپ نے یہ خواب شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ کو سنا کر تعبیر دریافت کی۔ حضرت مولانا عثمانیؒ نے شاہ صاحبؒ سے فرمایا آپ کے ذہن میں کیا تعبیر ہے وہ بیان فرمائیں۔ اس پر شاہ صاحبؒ نے فرمایا کہ جنارہ کا مطلب یہ ہے کہ آپؐ کی امت شہید کی جا رہی ہے جس کا آپؐ کو غم ہے اور چونکہ آپؐ کو اپنی امت سے بے حد محبت ہے اس کا یہ اثر ہے۔۔ آپؐ نحیف ولاغر ہیں کیونکہ امت گناہوں میں مبتلا ہے۔ ضعف ایمان کا دور دورہ ہے اس سے بھی آپؐ کو تکلیف ہے۔ پاکستان میں آپؐ اترے ہیں یعنی پاکستان قائم رہے گا اور دشمن اس کو ختم نہ کر سکے گا۔ حضرت

marfat.com
Marfat.com

شیخ الاسلامؒ نے بھی اس تعبیر کی تصدیق فرمائی۔ (غیر مطبوعہ)

جن بزرگوں کی میں نے زیارت کی ہے ان میں حضرت مولانا عبدالمعبود شاہؒ صاحب عرف بابا جیؒ تبرک اور تحفہ تھے۔ صحیح معنی میں پرانے دور کے بزرگوں کی یادگار۔ مجھے بارہا آپ کی صحبت حاصل رہی اور آپ کی زبان مبارک سے کثرت سے عجیب و غریب واقعات سنے۔ 30 نومبر 1985ء مطابق 16 ربیع الاول 1406ھ بروز ہفتہ اسلام آباد میں وصال فرمایا ۔عمر 162 سال اور یہاں کے مرکزی قبرستان پلاٹ نمبر 25 قبر نمبر 88 میں دفن کئے گئے۔ ریاست بنزہ وطن تھا۔ سو سال کی عمر ہو جانے کے بعد تین چار مرتبہ نئے دانت نکلے۔ بال کبھی سفید اور کبھی کالے ہو جاتے تھے۔ آخر وقت تک صحت قابل رشک رہی اور ہوش و حواس سو فیصد درست۔ حافظہ اس عمر میں بھی اس قدر اعلیٰ درجہ کا تھا کہ مثال دی جا سکتی ہے۔ لاتعداد واقعات' حکایات' تواریخ' عربی و فارسی کے اشعار' احادیث و اقوال ازبر تھے۔ بلا کی سادگی اور غضب کی چستی اور پھرتی دیکھی۔ قریب قریب ہر سال حج کرتے تھے۔ چالیس سال مدینہ طیبہ میں گذارے۔ فرماتے تھے کہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہ العزیز کا خلیفہ مجاز ہوں۔ بینائی عرب کی سرزمین پر قدم رکھتے ہی بحال ہو جاتی تھی اور اخبار تک پڑھ لیتے تھے۔ 1973ء میں حج کے موقع پر آخری مرتبہ میری ان سے مکہ مکرمہ میں ملاقات ہوئی تھی۔ فورا" پہچان لیا۔ اگر بابا جیؒ سے کم از کم دو درجن مرتبہ خود نہ مل چکا ہوتا تو ان کی بہت سی باتیں قبول کرنے سے دل یقیناً" ہچکچاتا۔

292- شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری قدس سرہ ارشاد فرماتے تھے کہ ایک دن درس قرآن مجید کے بعد ایک شخص علیحدگی میں ملا اور کہنے لگا کہ مجھے امام الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں فرمایا ہے کہ اپنے مکانوں میں سے ایک مکان آپ کو دے دوں۔ آپ تشریف لا کر ایک مکان پسند فرمالیں۔ پھر اس کے تقریبا" دو ماہ بعد تک وہ شخص نہ آیا۔ پھر دوبارہ آیا اور کہنے لگا کہ مجھ کو

marfat.com
Marfat.com

خواب میں حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ میں مکانوں میں سے ایک مکان آپ کو دے دوں۔ چند روز بعد پھر وہی شخص تیسری مرتبہ آیا اور کہنے لگا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر وہی حکم دیا ہے۔ اس مرتبہ آپؐ رنجیدہ خاطر تھے کیونکہ مجھ سے تعمیل ارشاد میں سستی ہو گئی ہے۔ لہٰذا آپ ابھی میرے غریب خانہ پر تشریف لے چلیں اور جونسا مکان پسند فرمائیں لے لیں تاکہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی سے بچ سکوں۔ چنانچہ وہ مجھ کو ہمراہ لے گیا اور وہاں جا کر میں نے ایک مکان اپنی ضرورت کے مطابق لے لیا۔ اب رہائش وہاں اختیار کر لی اور میں اپنی عادت کے مطابق جماعت سے چند منٹ پہلے مسجد کی طرف روانہ ہوتا مگر راستے میں مصافحہ وغیرہ کرتے کرتے دیر ہو جاتی۔ کبھی دوسری اور کبھی تیسری رکعت میں شامل ہوتا۔ مجھ کو اب بڑی پریشانی لاحق ہوئی۔ میں نے اس شخص سے کہا کہ آپ نے اگر یہ عاریتاً" دیا ہے تو واپس لے لیں میں جماعت میں تکبیر اولیٰ سے رہ جاتا ہوں۔ اس نے کہا جناب یہ مکان اب آپ کی ملکیت ہے آپ جیسا چاہیں کریں۔ پس میں نے وہ مکان فروخت کر کے یہ موجودہ مکان (محلہ خضری والا) بنوالیا (مقامات ولایت یعنی انوار ولایت حصہ دوم..... سوانح شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی نور اللہ مرقدہ۔ مصنف ماسٹر لال دین اخگرؔ صفحہ 78 تا 79' دفتر انجمن خدام الدین۔ شیرانوالہ دروازہ۔ لاہور) یہ مولوی امام الدین صاحب پرائمری اسکول کے مدرس تھے جن کے اکبری منڈی کے پاس تین مکان تھے..... آپ یا تو مجھے مکان بیچ کر لائن سبحان خان میں دوسرا مکان خریدنے کی اجازت دیں یا اپنا مکان واپس لے لیں۔ مولوی صاحب نے خوشی سے اجازت دے دی اور اس مکان کو بیچ کر میں نے اپنے موجودہ مکان کا ایک حصہ بنا لیا (مرد مومن از عبدالحمید خان۔ فیروز سنز لمیٹڈ۔ لاہور۔ صفحہ 45 تا 46)

marfat.com
Marfat.com

حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ 2 رمضان المبارک بروز جمعۃ المبارک 1304ھ/1887ء کو اپنے آبائی وطن قصبہ جلال (ضلع گجرانوالہ) میں پیدا ہوئے۔ والد ماجد شیخ حبیب اللہ ایک دیندار بزرگ اور نسبت چشتیہ میں بلند مقام رکھتے تھے۔ ابھی نو برس کے تھے کہ والد ماجد کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ اس کے بعد آپ کے رشتہ کے چچا' سوتیلے والد اور خسر حضرت مولانا عبیداللہ سندھیؒ نے آپ کی تعلیم و تربیت اپنے ذمہ لی اور اس دور کے عظیم بزرگ سلطان العارفین حضرت خلیفہ غلام محمد دین پوری قدس سرہ سے سلسلہ قادریہ میں بیعت ہوئے اور بعد کو خرقہ خلافت سے نوازے گئے۔ شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسنؒ اور محدث اعظم حضرت سید انور شاہ کاشمیریؒ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت دین پوریؒ (دین پور سندھ میں ایک مقام کا نام ہے) کے چہرے پر صرف نظر ڈالنے سے کئی مقامات طے ہو جاتے ہیں۔ لاہور میں آپ نے 46 برس درس قرآن مجید دیا۔ آپ کے خطبات جمعہ کئی جلدوں میں شائع ہو چکے ہیں۔ ہفت روزہ ''خدام الدین'' آپ کی یادگار ہے۔ 23 فروری بروز جمعہ 1962ء کو مغرب تک تمام نمازیں باہوش ادا کیں۔ اسی رات 9-1/2 بجے نماز عشاء کی نیت باندھی اور بحالت سجدہ وصال فرمایا۔ کئی لاکھ افراد نے آپ کی نماز جنازہ میں شرکت کی سعادت حاصل کی۔ لاتعداد لوگوں نے زندگی میں آپ سے فیض حاصل کیا۔ آپ نے بہت سی مساجد تعمیر کرائیں اور کئی بار حج کیا۔ آپ ہی مولانا لاہوریؒ کہلاتے ہیں۔

293- شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کھلی ہوئی ہے۔ نعش مبارک سفید کفن میں قبر مبارک کے پاس باہر رکھی ہے۔ کفن کھلا ہوا ہے۔ چہرہ مبارک ترو تازہ گورا گورا اور تمام جسم مبارک ترو تازہ ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چت سو رہے ہیں۔ مگر آپؐ کی لبیں اور ناخن بڑھے ہوئے ہیں۔ میں نے قینچی سے آپؐ کی لبیں اور ناخن کتر

marfat.com
Marfat.com

دیئے۔ قیام دوران مدینہ شریف یہ خواب دیکھا تھا۔ (نقش حیات جلد اول صفحہ (91

294- امام الاولیاء صوفی محمد علی صاحب نے ایک روز اپنے رب سے کہا اے رب میری ملاقات حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کرا دے تاکہ میں اسلام کو سیکھوں۔ میری کوئی دنیاوی خواہش آپؐ سے نہیں ہے۔ یہ نیت کر کے میں سو گیا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک مولوی صاحب وعظ فرما رہے ہیں۔ سامعین میں کچھ کے چہروں پر نقاب ہے اور کچھ کے نہیں۔ میں ایک ستون سے لگا کھڑا ہوں۔ مولوی صاحب نے مجھ سے کہا تمہارے پیروں کے پاس کیا چیز ہے۔ یہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جاؤ۔ میں نے دیکھا کہ ایک صندوق رکھا ہے۔ میں نے وہ صندوق اٹھا کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں کے پاس رکھ دیا۔ آپؐ مسکرائے اور خاموشی سے فرمایا کہ آپ کے پاس یہ کیا چیز ہے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ خزانہ ہے۔ فرمایا تم اس کا کیا کرتے ہو۔ میں نے عرض کیا کہ میں اس سے اپنی دنیاوی حاجتیں رفع کرتا ہوں۔ فرمایا تم اس کو پھینک دو۔ میں اٹھا کر اسے پھینکنے چلا۔ پھر آپؐ نے فرمایا ادھر آؤ۔ میں آیا تو آپؐ نے فرمایا یہ ایمان کا خلل ہے ایمان کو کھونے والی چیز ہے۔ ایمان کو ضائع کرنے والی چیز ہے۔ آپ اس سے محبت تو نہ کریں گے۔ میں نے کہا کبھی بھی اس سے محبت نہ کروں گا۔ آپؐ نے فرمایا۔ آپ کبھی اس سے محبت تو نہ کریں گے۔ میں نے کہا نہیں۔ غرض تین مرتبہ یہ عہد لیا۔ اس کے بعد حکم دیا کہ اچھا میرے سامنے اس کو پھینک دو۔ میں نے پھینک دیا۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔ اس کے بعد کہا کہ اے اللہ میں نے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ہدایت پائی تو مجھے اس کو سمجھنے کی عقل عطا فرما اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے جو وعدہ لیا ہے میں اس

marfat.com
Marfat.com

کے خلاف نہ کر سکوں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیرہن مبارک سفید' سفید صافہ' سرخ چغہ' سفید کرتا تھا اور کرتے کے اوپر نہ معلوم کیا بندھا ہوا تھا۔ پتھر تھا یا لکڑی تھی۔ خزانے کے پھینکنے سے یہ مطلب نہیں ہے کہ اس کو پھینک دو بلکہ مطلب یہ ہے کہ تمہارا یہ غلام ہے۔ تم اس کے غلام نہ بنو۔ جب تم اس سے اپنی حاجت پوری کر لو تو اس کو اللہ تعالیٰ کی راہ پر خرچ کر ڈالو اور اس کی لالچ میں نہ پڑو۔ (اللہ کی آواز مخلوق کے لئے۔ صفحہ 25 تا 27)

295- مورخہ 6 دسمبر 1957ء بروز جمعرات صوفی عاشق محمد صاحب نے برمکان صوفی محمد سعید پانی پتی مقیم حال جیکب لائن۔ کراچی مراقبہ کیا اور درود شریف پڑھی۔ مراقبہ میں غنودگی طاری ہو گئی۔ تو دیکھا کہ پانچ آدمی مدینہ طیبہ پہنچ کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک کے سامنے کھڑے سلام پڑھ رہے ہیں۔ صوفی محمد علی صاحب امام مسجد دارالسلام ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی بھی سلام پڑھ رہے ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صوفی محمد علی سے فرمایا کہ محمد علی قرآن کریم' درود شریف اور کلمہ شریف پڑھا کریں۔ پانچ آدمی یہ ہیں۔ امام الاولیاء صوفی محمد علی صاحب' صوفی عاشق محمد صاحب' صوفی سعید احمد صاحب' فضل الٰہی صاحب' اور محمد سلیم صاحب۔ صوفی محمد علی صاحب نے صوفی عاشق محمد صاحب نقشبندی کو مشورہ دیا تھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو ہدایت وغیرہ آپ کو دیا کریں اس کو لکھوا لیا کریں۔ اس کے بعد خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی زیارت کے دوران یہی فرمایا کہ صوفی عاشق محمد جو ہدایت تمہیں ملے اسے لکھوا لیا کرو (اللہ کی آواز مخلوق کے لئے صفحہ 143)

296- مورخہ 4 دسمبر 1957ء کو صوفی عاشق محمد صاحب نے برمکان حاجی محمد سلیم صاحب رات کو سوتے ہوئے خواب دیکھا کہ ایک بہت بڑا میدان صاف ستھرا

marfat.com
Marfat.com

ہے جس میں ایک قافلہ جا رہا ہے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ایک اونٹنی پر سوار ہیں۔ قافلہ بیت اللہ شریف کی طرف جا رہا ہے اور ہم باری باری سوار ہو رہے ہیں۔ صوفی محمد علی صاحب سے حضرت رسالتماب صلی اللہ علی وسلم فرماتے ہیں کہ تم بھی سوار ہو جاؤ۔ اس پر صوفی صاحب اونٹنی پر سوار ہو جاتے ہیں۔ پھر حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صوفی صاحب امام الاولیاء ہیں۔ بات یہ ہے کہ صوفی عاشق محمد صاحب نقشبندی نے صوفی محمد علی صاحب سے پوچھا تھا کہ سیدنا ابوابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کی بابت آپ کا کیا عقیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب آپؐ تشریف لاتے ہیں تو مجھ سے مل کر بیٹھ جاتے ہیں۔ اب اللہ نے خود ان کو میری حالت بتلا دی کہ میرا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کتنا تعلق ہے اور کیا عقیدہ ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود میری جانب سے جواب دے دیا۔ (اللہ کی آواز مخلوق کے لئے صفحہ 142)

297- تیس چالیس سال پہلے پنجاب کے محکمہ تعلیم کے ایک مشہور ڈپٹی ڈائریکٹر سید شیر محمد ترمذی تھے۔ انہوں نے حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا سراپا لکھا اور خدمت اقدس میں نعت پیش کی۔ یہ کتاب کی شکل میں طبع ہوئیں۔ میرے پاس یہ کتاب تھی لیکن اب تلاش بسیار پر بھی نہیں ملی اور نہ ہی نام یاد آ رہا ہے۔ یہ خوب یاد ہے کہ ترمذی صاحب نے تحریر کیا ہے کہ وہ شعر گوئی نہیں کرتے تھے لیکن حب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے کسی غیبی طاقت نے ان سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سراپا اور نعت لکھوائے۔

نعت درج ذیل ہے:

"بہ حضور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم"

marfat.com
Marfat.com

اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد و علی آل سیدنا و مولانا محمد بعدبکل ذرۃ مائتہ الف الف مرۃ و بارک و سلم علیہ

اے کہ تیرے نام سے مقبول ہوتی ہے دعا
اے کہ تیرے ذکر سے رحمت کے در ہوتے ہیں وا
اے کہ تیری بارگہ ہے مرجع شاہ و گدا
اے کہ ہے کونین کو تیرے کرم کا آسرا
اے کہ تیری یاد ہے وجہ قرار جان و دل
اے کہ تیری دید ہے فکر دو عالم کی دوا
تجھ کو بخشا ہے خدا نے اختیار کائنات
میری بگڑی بھی بنا دے ازرہ لطف و عطا
میری قسمت میں لکھے ہیں بندہ پرور کب تلک
نالہ ہائے بے اثر آہ و فغان نارسا
فرش راہ ہیں دیدہ و دل انتظار دید میں
رحم کر اپنے غلام زار پر بہر خدا
اک نظر کی آرزو میں ہے جہان آرزو
اک نظر بہر کرم، امی ابی روحی فدا
اے شفیع المذنبیں اے رحمتہ للعالمینؐ
میں خطا کی انتہا ہوں، تو عطا کی انتہا
شامت اعمال سے گو ہو چکا ہوں روسیہ
دیکھ تو اپنے کرم کو، میرے عیبوں پر نہ جا
ذات تیری ہے ہمیشہ سے خطا پوش و کریم
اپنی رحمت میں چھپالے میرے جرموں کو شہا
ہے ترے لطف و کرم پر انحصار آرزو
ورنہ جز اشک ندامت میرے دامن میں ہے کیا
ہدیہ چشم کرم ہے قلب و جان ترمذیؔ
گر قبول افتد زہے عز و شرف شاہنشہا

اس نعت کے صلے میں ترمذی صاحب زیارت النبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوئے۔ ترمذی صاحب سے میری اپنی ملاقات تاحال نہیں ہوئی۔ مندرجہ بالا نعت اور اس کے انعام کے طور پر زیارت کی بات مجھے ان کے حلقہ کے ایک صاحب غلام ربانی صاحب نے بتائی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اس نعت کو پڑھتے رہنے سے ان کا اپنا نصیب بھی جاگ اٹھا اور ان کو بھی زیارت النبی صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں ہوئی۔ میں نے کتاب کے بارے میں اشتیاق کا اظہار کیا تو انہوں نے مہیا کر دی اور ساتھ ہی روضتہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عکس کو پس منظر میں رکھ کر کسی

marfat.com
Marfat.com

خوش نویس کی کتابت کردہ چھپی ہوئی یہ نعت بھی مجھے دی۔ یہ میں نے فریم کرا لی اور تاحال میرے کمرے میں آویزاں ہے۔ غلام ربانی صاحب میرے پاس لاہور میں 1963ء تا 1969ء کے قیام کے دوران میں کبھی کبھی تشریف لایا کرتے تھے۔

298- میرے پڑوس سے تلاوت کلام پاک کی آواز آیا کرتی۔ ایک روز اتفاقاً" ایک بزرگ درمیانی دیوار کی دوسری طرف نظر آئے۔ ہماری جان پہچان ہو گئی تو پھر ہفتہ عشرہ کے بعد اسی طور سے دیوار کے آرپار کھڑے ہو کر یا کبھی ان کے یہاں کبھی میرے یہاں باقاعدہ ملاقات ہو جاتی۔ حاجی صاحب کا نام نامی وصی الدین صاحب ہے۔ وہ پہلے صدر میں مقیم تھے۔ جدا" تاجر ہیں۔ صدر میں اقامت کے دوران بقول ان کے انہوں نے کامران ہوٹل' سی بی' گرلز کالج اور صدر مارکیٹ سے ملی ہوئی سب سے بڑی مسجد کی تعمیر کی نگہداشت کی۔ ان کے صاحبزادے اور پوتے آج کل زیب سنز کے نام سے مری روڈ پر بجلی کی مصنوعات کی تجارت کرتے ہیں۔ حاجی صاحب ضعیف العمری کی وجہ سے کافی عرصہ سے تجارت میں عملی حصہ نہیں لیتے۔ ہماری ملاقاتوں میں جہاں اور باتیں ہوتیں وہاں ایک روز زیارت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بات بھی چل نکلی۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ انہیں "بے شمار" مرتبہ یہ سعادت حاصل ہو چکی ہے۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ وہ درج ذیل درود پڑھا کرتے ہیں اور بالخصوص دوسرے پر تاکید کی۔

1- **اللھم انی اسئلک العافیته والعفته واسئلک حبک بحق محمد صلی اللہ تعالی علیہ۔**

2- **اللھم رب الحل و الحرام والبیت الحرام و رب الرکن والمقام ابلغ لروح سیدنا و مولانا محمد منا السلام۔**

حاجی صاحب میرے پڑوس سے دوبارہ صدر منتقل ہو گئے۔ ازاں بعد ملاقات سے محرومی رہی۔

marfat.com
Marfat.com

299- بیس پچیس سال کی وقفے وقفے کی کاوش کے بعد میں نے شاہ حسین لاہوری کی کافیوں کا اپنا اردو منظوم ترجمہ "کہے حسین فقیر" کے عنوان سے چھپنے کے لیے ایک پبلشر صاحب کے سپرد کیا۔ انہوں نے اس کی کتابت جناب محمد عارف گورداس پوری کے سپرد کی۔ کتابت کو آخری شکل دینے کے لئے میں نے عارف صاحب کو دو تین بار اپنے یہاں آنے کی زحمت دی۔ معلوم ہوا کہ وہ ٹیلی ویژن مرکز اسلام آباد سے بطور کاتب حال ہی میں سبکدوش ہوئے ہیں اور خود بھی عارف تخلص کرتے رہے ہیں۔ وہ پابند صوم و صلوۃ ہیں۔ باتوں باتوں میں انہوں نے انکشاف کیا کہ ان کو گیارہ مرتبہ بحالت خواب حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو چکی ہے۔ ایک بار ذرا زیادہ دنوں کے بعد تشریف لائے تو اس شرف میں ایک اور اضافہ ہو چکا تھا۔ بات چل نکلی کہ کچھ لوگوں کا عقیدہ ہے کہ جس کسی کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم بحالت خواب زیارت کا شرف بخشتے ہیں اسے بحالت بیداری بھی زیارت نصیب ہوتی ہے۔ عارف صاحب نے فرمایا کہ اس وقت تک وہ تو منتظر ہی ہیں البتہ ان کے نانا کو جو لاہور میں قلعہ گوجر سنگھ کی ایک بالائی منزل کے کمرے میں تن تنہا رہائش پذیر تھے یہ سعادت بھی کئی بار نصیب ہوئی تھی۔

عارف صاحب آریہ محلہ میں رہائش پذیر تھے۔ وہ چار پانچ سال قبل عمرہ کے لئے جانے کے لئے بیتاب تھے اور واپسی کا ارادہ نہیں رکھتے تھے۔ تب سے اب تک میرا ان سے رابطہ نہیں ہوا۔

300- 1957ء تا 1959ء میں سابقہ ڈی اے وی کالج روڈ۔ راول پنڈی پر ایک مکان میں قیام پذیر تھا جس کو عرف عام میں "پونچھ کی رانی" کا مکان کہا جاتا تھا۔ اس مکان کے عقب میں اسی مالکہ کا ایک اور ملحقہ مکان تھا جس میں آج کل امریکہ کی ریاست اوکلاہوما کے شہر بروکن ایرو (تیر شکستہ) میں مقیم جناب علامہ

marfat.com
Marfat.com

قمر نقوی اپنی طالب علمی کے زمانے میں رہائش پذیر تھے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد لاہور میں امریکہ کے ادارے U.S.A.I.D میں ملازمت کے بعد نجی کاروبار بھی کیا۔ پھر ایران میں بسلسلہ ملازمت شاہی خاندان کے چند افراد کے نزدیک رہے۔ انقلاب کے بعد العین چلے گئے اور وہاں سے امریکہ جہاں گذشتہ دس پندرہ برس سے مقیم ہیں۔ موصوف کے جد اعلیٰ مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ ہیں اور شاید اسی لقب کا اثر ہے کہ منظور حسین نقوی ملک ملک گھومے ہیں۔ شاعر، ناول نگار، تاریخ نویس، ماہر شکاریات اور عابد و صوفی۔ قمر نقوی کے قلمی نام سے مختلف النوع کتابیں اوائل میں فیروز سنز لاہور نے اور بعد میں مقبول اکیڈمی لاہور نے چھاپی ہیں۔ اور شعری مجموعے شاید قمر نقوی نے امریکہ میں ہی طبع کروائے ہیں۔ وہاں بیٹھے بیٹھے انہوں نے تین مبسوط جلدوں میں اسلامیان پاک و ہند کی منظوم تاریخ لکھی ہے جس کے تین لاکھ سے کچھ اوپر شعر ہیں۔ اس اور ان کی دیگر استعدادات خدا داد کی بناء پر امریکہ کے پاکستانی اور ہندوستانی نژاد امریکی جو ان سے متاثر ہوئے، انہیں علامہ اور اسی قبیل کے دوسرے خطابات سے یاد کرتے ہیں۔ قمر نقوی کا تعارف طویل تو نہیں ہوا لیکن مجھے اصل موضوع کی طرف آنا چاہئے اور وہ ہے زیارت النبی صلی اللہ علیہ وسلم بحالت خواب جو قمر نقوی صاحب کو نصیب ہوئی۔ انہوں نے اپنے نامہ گرامی مورخہ 6 فروری 1993ء میں مجھے لکھا:

"جس نعت کے طفیل مجھے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا وہ ملاحظہ فرمائیے:۔

marfat.com
Marfat.com

جہاں میں کوئی ان سا عالی نہیں ہے　　حقیقت ہے یہ خوش خیالی نہیں ہے
نگاہوں میں نورالہدیٰ بس گئے ہیں　　کوئی رات اب میری کالی نہیں ہے
مجھے کالی کملی کے سائے میں رکھے　　کہ منزل مری دیکھی بھالی نہیں ہے
اسے عرش اعظم کی چلمن بھی سمجھو　　یہ صرف ان کے روضے کی جالی نہیں ہے
مرے ساتھ توشہ ہے لطف نبیؐ کا　　سفر میں میرا ہاتھ خالی نہیں ہے

کہاں تک نہیں ہوگی چشم عنایت
قمر ٹلنے والا سوالی نہیں ہے

301- 1971ء میں مجھے اور میری اہلیہ کو جناب احمد علی چغتائی مرحوم و مغفور اور ان کی بیگم صاحبہ کے ساتھ حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوئی۔ مزدلفہ سے واپسی پر منیٰ میں شعائر سے فارغ ہوئے تو مغرب کے بعد سڑک کے کنارے ایک خیمہ میں نصب چائے خانہ میں مرحوم اور میں جا بیٹھے۔ وہاں مشرقی پاکستان کے ایک صاحب متشرع شکل و صورت کے پہلے سے تشریف فرما تھے۔ تعارف ہوا تو انہوں نے بتایا کہ ان کا نام (مولانا) عبدالرحمٰن ہے۔ انہوں نے دینی تعلیم سہارنپور کے مشہور مدرسہ میں مکمل کی اور ان دنوں مسجد بیت المکرم' ڈھاکہ میں حدیث پڑھاتے ہیں۔ ادھر ادھر کی باتوں کے بعد انہوں نے سیاست کی بات شروع کی اور بڑے بھائی یعنی مغربی پاکستان کی چھوٹے بھائی یعنی مشرقی پاکستان پر زیادتیوں کا تذکرہ چھیڑا۔ میں نے ان سے درخواست کی کہ موقع محل کی مناسبت سے وہ یہ باتیں نہ کریں۔ لیکن تھوڑی دیر کسی اور موضوع پر گفتگو کے بعد وہ اپنے پسندیدہ موضوع کی طرف لوٹ آئے۔ ان سے پھر التجا کی کہ ان معاملات پر بات نہ کریں۔ لیکن برادرم چغتائی صاحب اور میری عرض گذاریوں کے باوجود وہ رہ رہ کر پھر اسی سیاسی گلے شکوے شکایت پر اتر آتے رہے۔ نتیجہ بالآخر تلخ کلامی پر ہوا۔ ازاں بعد دو روز کے قیام منیٰ میں نہ ہم دونوں اس خیمے میں گئے اور نہ

marfat.com
Marfat.com

ہی مولانا موصوف سے ملاقات ہوئی۔ کئی روز بعد میں مسجد نبوی میں نماز' نوافل وغیرہ ادا کر کے مواجہہ شریف پر حاضر ہو کر فارغ ہوا اور حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے قدموں کی جانب برآمدے میں دیوار کے ساتھ ایک خالی جگہ پر پشت لگا کر بیٹھ گیا۔ دیکھا کہ میری دائیں جانب مولانا عبدالرحمٰن تشریف فرما تھے۔ آج کا رویہ اور انداز گفتگو پہلے جیسا نہیں تھا۔ مختلف مناسب محل باتوں کے بعد انہوں نے مجھے بتایا کہ ان کے ایک خوب اچھی طرح کی جان پہچان کے دوست کچھ سال پہلے ہماری طرح ہی مدینہ منورہ میں روضہ نبیؐ پر حاضر ہوئے۔ عشاء کی نماز کے بعد ان کے دل و دماغ پر یہ خواہش چھا گئی کہ وہ رات روضہ کے پاس ہی گذاریں۔ یہ ممکن نہیں تھا اس لئے کہ رات کو مسجد سے سب کو نکال کر باہر سے دروازوں کو مقفل کر دیا جاتا ہے۔ لیکن وہ صاحب کسی نہ کسی طرح محافظین کی نگاہوں سے چھپنے میں کامیاب ہو گئے۔ محافظین روضہ جب دروازے باہر سے مقفل کر کے چلے گئے تو یہ صاحب نوافل وغیرہ کی ادائیگی میں مصروف ہوگئے۔ کرنا خدا کا کیا ہوا کہ جب رات آدھی سے زیادہ گزر گئی تو ان کو فطرت کے تقاضے نے مجبور کرنا شروع کیا۔ یہ اتنے مجبور ہوگئے کہ ایک سے دوسرے' دوسرے سے تیسرے دروازے کی طرف بھاگنا شروع کر دیا کہ شاید کوئی کھلا مل جائے تو یہ جلد از جلد باہر نکل جائیں لیکن کوئی ایسی صورت نظر نہ آئی۔ جب انتہائی مجبوری کا عالم تھا تو دیکھتے ہیں کہ ایک بزرگ عربی لباس میں ملبوس کہیں سے نمودار ہوئے اور ان کو نزدیک ترین دروازے کے پاس لے گئے۔ وہاں انہوں نے دروازے پہ ہاتھ رکھا تو وہ کھل گیا۔ انہوں نے ان صاحب کو اشارہ کیا کہ وہ باہر تشریف لے جائیں۔ اس طرح سے غیبی امداد ان کو ملی اور وہ جس مشکل صورت حال سے دوچار تھے اس سے ان کو رہائی ملی۔

مولانا نے یہ بیان کرنے کے بعد فرمایا کہ چونکہ مشکل حالات میں مدد کو آنا

marfat.com
Marfat.com

سوائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کسی کے لئے ممکن نہیں۔ لامحالہ یہ خود بذات گرامی (صلی اللہ علیہ وسلم) تھے جو اس طرح نمودار ہوئے تھے اور اپنے ایک فدائی امتی کی مدد فرمائی تھی۔ میں نے اپنے دوست کی آنکھوں کو بوسہ دیا کہ وہ بحالت بیداری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئی تھیں اور اپنے دوست کو اس سعادت پر بہت بہت مبارکباد پیش کی۔ائمہ شریعت نے اس کی تصریح کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی ولی کرامت کے طور پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بحالت بیداری بھی کر سکتا ہے اور آپؐ کی محفل میں حاضر بھی ہو سکتا ہے بلکہ اپنی استعداد کے مطابق علوم و معارف سے استفادہ بھی کر سکتا ہے۔ اس کی تصریح کرنے والوں میں ائمہ شافعیہ میں غزالیؒ۔ بارزیؒ۔ ابن السبکیؒ اور یافعیؒ جیسے حضرات ہیں اور ائمہ مالکیہ میں امام قرطبیؒ۔ حافظ ابن ابی جمرہؒ۔ابن الحاجؒ وغیرہ حضرات ہیں۔ حضرت ابن العربیؒ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک مومن اور کافر دونوں کے لئے انبیاء علیہم السلام اور فرشتوں کی زیارت اور ان کا کلام سننا بھی ممکن ہے مگر مومن کے لئے بطور کرامت اور کافر کے لئے عقوبت کے طور پر۔ شیخ عبدالوہاب شعرانیؒ نے علامہ حافظ جلال الدین سیوطیؒ سے نقل کیا ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو 70 مرتبہ سے زیادہ بحالت بیداری دیکھا ہے۔ ایک مرتبہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا میں جنتی ہوں؟ فرمایا "ہاں" میں نے عرض کیا۔ کیا عذاب کے بغیر؟ آپؐ نے اس پر ارشاد فرمایا "جاؤ تمہارے لئے یہ بھی سہی"۔ (ترجمان السنتہ حصہ سوم صفحہ 379 تا 381 سے ماخوذ۔ از حضرت مولانا بدر عالم میرٹھی ثم مہاجر مدنی قدس سرہ۔ سابق استاذ الحدیث دارالعلوم دیوبند (یوپی۔ بھارت) ادارہ اسلامیات۔ انارکلی۔ لاہور نمبر2)

راقم کو 23 سال گذر جانے کے بعد یہ صحیح طور پر یاد نہیں آ رہا۔ گو اغلب یہی ہے کہ میں نے آنا" فانا" مولانا کی ان آنکھوں کو چوم لیا جنہوں نے کہ اس شخص کی

marfat.com
Marfat.com

آنکھوں کو بوسہ دیا تھا جو بحالت بیداری زیارت سے مشرف ہوئی تھیں۔

مذکورہ بالا پانچ خواب نمبر297 تا 301 مجھے جناب مقبول الٰہی نے تحریری طور پر عنایت فرمائے جس کے واسطے میں آپ کا ممنون ہوں۔ آپ 11 دسمبر 1994ء کو عمرہ کر کے واپس ہوئے ہیں۔ روضہ اطہر (علی صاحبہا صلوۃ" و سلاما") پر پہنچ کر میرا سلام بھی عرض کر دیا ہے جس کے واسطے میں آپ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ 19 سال قبل ممبر سی۔ بی۔ آر" کی حیثیت سے ریٹائر ہو چکے ہیں۔ مستقل قیام راولپنڈی میں ہے۔ ڈاکٹر مقبول الٰہی صاحب پرانے بزرگوں کی یادگار اور صحیح معنوں میں بحرالعلوم ہیں۔ پانچ زبانوں پر کامل عبور حاصل ہے: عربی' انگریزی' فارسی' اردو اور پنجابی۔ عربی اور انگریزی میں طلائی تمغے حاصل کر چکے ہیں۔ بڑے اچھے شاعر ہیں۔ علامہ اقبالؒ کے کلام کا انگریزی میں منظوم ترجمہ کیا ہے۔ بہت سی کتابوں کے مصنف اور مولف ہیں۔ میرے بڑے ہی قدر دان ہیں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ تا دیر آپ کو سلامت رکھے۔ آمین ثم آمین۔ آپ نے 75 برس کی عمر میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے۔

302- جناب غازی احمد (سابق کرشن لال) نے اپنے قبول اسلام کی داستان "من الظلمات الی النور" میں مفصل طور پر بیان کی ہے جسے ہر مسلمان کو پڑھنا چاہئے۔ آپ عربی کے اسکالر ہیں اور بطور پرنسپل گورنمنٹ کالج بوچھال کلاں (ضلع چکوال سے) ریٹائر ہو چکے ہیں۔ یکم جون 1924ء تاریخ پیدائش ہے۔ آپ سے ملاقات کے بعد کوئی کہہ ہی نہیں سکتا کہ آپ نو مسلم ہیں۔ دینی تعلیمات کا آپ پر غلبہ ہے۔ کئی کتابوں کے مصنف بھی ہیں۔

یہ فروری 1938ء کا ذکر ہے جب میں آٹھویں کلاس کا طالب علم تھا اور باقاعدہ دعا کر کے سویا کرتا تھا کہ اللہ تعالیٰ راہ راست کا انکشاف فرما دے۔ اواخر فروری میں خواب دیکھا۔ کہ میں اپنے ہم جماعت لال خاں کے ساتھ اپنے گاؤں میانی (ضلع چکوال) سے حج بیت اللہ کے لئے مکہ مکرمہ روانہ ہوا۔ راستہ میں ایک سادھو ملا اور

marfat.com
Marfat.com

ہمارا عندیہ معلوم کر کے کہنے لگا میں راستہ سے واقف ہوں اور بحفاظت تمہیں مکہ مکرمہ پہنچا دوں گا۔ تین چار میل بعد ہم ایک نہایت خطرناک اور تاریک جنگل میں داخل ہو گئے جو خونخوار جانوروں سے بھرا پڑا تھا۔ سادھو نے ہماری ہیجانی کیفیت دیکھ کر کہا کہ گمراہ کرنا میرا کام ہے۔ یہ راستہ مکہ مکرمہ کو نہیں جاتا۔ یہ کہہ کر غائب ہو گیا۔ ہم نے درندوں کے خوف سے گاؤں کی طرف بھاگنا شروع کر دیا۔ جب ہم گاؤں پہنچے تو سورج غروب ہو چکا تھا اور تاریکی چھا گئی تھی۔ مجھے وہاں میرا ہم جماعت محمد صادق ملا جو حج کو جا رہا تھا۔ میں نے اس سے کہا صبح روشنی میں سفر کا آغاز کریں گے کہ مجھے بھی حج کو جانا ہے۔ محمد صادق نے یہ سن کر کہا ارے بھئی ابھی چلو۔ اسلام کی راہ میں یہ اندھیرا کوئی حیثیت نہیں رکھتا اور ہم دونوں روانہ ہو گئے۔ چند قدم ہی اٹھائے تھے کہ مغرب کی جانب آسمان پر ایک بہت بڑا چاند نمودار ہو گیا جس کی روشنی اس قدر تیز تھی کہ روئے زمین پر تاریکی کا نام و نشان باقی نہ رہا۔ یوں محسوس ہوا کہ کچھ مسافت طے کرتے ہی ہم مکہ مکرمہ پہنچ گئے۔ جب حرم محترم میں داخل ہوئے تو بیت اللہ شریف ہماری نظروں کے سامنے تھا۔ بے شمار صحابہ کرامؓ سفید لباس میں ملبوس بیت اللہ شریف کی طرف رخ کئے بیٹھے تھے اور سید المرسلین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کی دیوار سے پشت لگائے صحابہ اکرامؓ کی طرف رخ زیبا کئے تشریف فرما تھے۔ یہ رکن یمانی اور حطیم کے کونے والی دیوار تھی۔ ہم نے دور ہی سے آپؐ کو پہچان لیا۔ محمد صادق نے مصافحہ کے لئے ہاتھ آگے بڑھائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جلوس کی حالت ہی میں ان سے مصافحہ فرمایا۔ پھر میں حاضر ہوا تو حضرت نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کھڑے ہوئے اور مجھ جیسے غیر مسلم' حقیر اور ناقص انسان کو گلے لگانے کا شرف بخشا۔ پھر اپنی جگہ بیٹھ گئے اور مجھ ناکارہ کو بھی اپنے پاس بٹھا لیا۔ فرمایا کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کیا آپؐ کی خدمت میں مسلمان ہونے کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ اس کے بعد آپؐ نے میرے دائیں ہاتھ کو اپنے دست مبارک

marfat.com
Marfat.com

میں لیا اور کچھ دیر کچھ پڑھنے کے بعد فرمایا کہ اب تم مسلمان ہو۔ آپؐ کا یہ ارشاد سن کر میں بہت خوش ہوا۔ میں کتنا خوش قسمت ہوں کہ نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اسلام کی دولت سے بہرہ مند فرمایا۔ عالم خواب ہی میں ہم نے کچھ وقت مکہ مکرمہ میں گذارا اور پھر اپنے گھروں کو لوٹ آئے۔ (من الظلمات الی النور یعنی کفر کے اندھیروں سے نور اسلام تک) المکتبہ العلمیہ۔ 15 لیک روڈ۔ لاہور صفحہ 16 تا 19 سے ماخوذ)

303- مذکورہ بالا میرا خواب مولانا عبدالروف صاحب نے سنا تو خوشی سے انکا چہرہ گلاب کے پھول کی طرح کھل گیا اور فرمایا دعا کو ابھی ترک نہ کرو۔ ہر رات پڑھ کر سویا کرو۔ دوسری رات خواب دیکھا کہ اسکول میں چھٹی کی گھنٹی بج چکی ہے اور ہم میانی کے طلباء اپنے گھروں کو واپس جا رہے ہیں کہ میانی کی جانب سے ایک دیو قامت شخص جس نے لنگوٹی باندھ رکھی ہے ہماری طرف آ رہا ہے۔ اس کے ماتھے پر ایک بڑا سا سینگ ہے۔ جب وہ ہمارے قریب آگیا تو طلباء خوف سے کانپنے لگے۔ میں نے کہا یہ دجال ہے جو قیامت کی ایک علامت ہے۔ اس اثناء میں وہ ہمارے قریب آگیا اور میرے ہم جماعت غلام نبی سے پوچھا تم کس کے بندے ہو۔ اس نے ڈرتے ڈرتے جواب دیا۔ اللہ کا بندہ ہوں۔ جس پر اس نے غلام نبی کو ہوا میں اچھال کر زور سے زمین پر پٹخ دیا۔ وہ مر گیا۔ پھر ایک ہندو لڑکے سے یہی سوال کیا۔ اس نے کہا میں تمہارا بندہ ہوں۔ جس کو سن کر وہ بہت خوش ہوا اور اسے کھانے کے لئے بہت سی مٹھائی دی۔ میری یاد کے مطابق دیگر تمام لڑکوں نے اس کی بندگی قبول کر لی اور مٹھائی کھانے میں مشغول ہو گئے۔ سب سے آخر میں اس نے مجھ سے یہی سوال کیا۔ میں نے ڈرتے ڈرتے جواب دیا۔ اللہ تعالیٰ کا بندہ ہوں۔ اس پر اس نے اس زور سے میرے چپت رسید کی کہ میں دس پندرہ گز دور جا گرا۔ اٹھ کر رونے لگا تو اس نے تحکمانہ

marfat.com
Marfat.com

لہجے میں کہا "ادھر آؤ" میں نے روتے روتے قدم اٹھایا ہی تھا کہ دیکھتا ہوں کہ حضرت سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم میرے قریب ہی جلوہ افروز ہیں۔ آپؐ نے فرمایا "میرے پاس آؤ"۔ آج کی رات میں نے آپؐ کو بڑی واضح صورت میں دیکھا۔ سفید لباس پر سفید چادر لپٹی ہوئی تھی۔ سر پر عمامہ تھا۔ ریش مبارک مشت بھر تھی جس میں اکثر بال سیاہ تھے اور کچھ سفید تھے جن کا رنگ حنائی تھا۔ دست مبارک میں خاکستری رنگ کی تسبیح تھی اور کعبۃ اللہ کی جانب رخ کئے آپؐ کچھ پڑھ رہے تھے۔ میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر بیٹھ گیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "دیکھو بیٹا میں اتنی دور سے صرف تمہاری مدد کے لئے آیا ہوں۔ اب رونا ختم کرو"۔ ساتھ ہی اپنا دست شفقت میری پشت پر پھیرتے رہے۔

فرمایا "دجال کی بات ہرگز تسلیم نہیں کرنا۔ وہ اب تمہیں تکلیف نہیں دے سکتا۔ یہ دنیاوی عیش و آرام آخرت کے انعام و اکرام کے مقابلہ میں ہیچ ہے۔ اگر تم اس آزمائش میں ثابت قدم رہے تو آخرت میں انعامات وافرہ سے نوازے جاؤ گے۔ دجال کی بات پر توجہ نہ دینا۔ میں تمہاری کامیابیوں کے لئے دعا کر رہا ہوں۔ تمہیں انشاء اللہ ناکامیوں کا منہ نہیں دیکھنا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ تمہاری مدد فرمائے گا"۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ مقدس ارشادات میری عزیز ترین متاع حیات ہیں جن پر میں بجا طور پر فخر کرتا ہوں۔ میں وہ خوش قسمت و صاحب سعادت انسان ہوں جس کے لئے سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کامیابی کی دعا مانگی۔ اس دعا کا اثر میں نے پوری زندگی نمایاں طور پر دیکھا۔ الحمدللہ کبھی کسی معاملہ میں آج تک ناکامی نہیں ہوئی۔

دجال نے دوبارہ آواز دی۔ میں اس کے پاس گیا اور دیکھا کہ اس کی بات تسلیم کرنے والے لڑکے انواع و اقسام کی مزیدار چیزیں کھا رہے ہیں۔ لڑکوں نے مجھ سے

marfat.com
Marfat.com

کہا تم بھی اس کی اطاعت کر کے مزے لوٹو۔ میں نے کہا۔ دوستو یہ دنیاوی نعمتیں محض چند روزہ اور زوال پذیر ہیں۔ میں انشاء اللہ جنت میں اللہ تعالٰی کے عطا کردہ انعامات حاصل کروں گا مگر تمہارے لئے وہاں کوئی سکون نہ ہوگا۔ دجال میرے یہ الفاظ سن کر غضبناک ہوا اور مجھے مارنے کے لئے ہاتھ اٹھایا ہی تھا کہ ڈر کے مارے میری آنکھ کھل گئی۔ مجھ پر خوف کی عجیب کیفیت طاری تھی۔ مگر جب احساس ہوا کہ یہ تو خواب تھا تو خوف جاتا رہا۔ لیٹے لیٹے خواب کو دہرانا شروع کر دیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات عالیہ کی شیرینی میرے دل و دماغ میں رس گھول رہی تھی۔

("**من الظلمات الی النور** صفحہ 19 تا 22 سے ماخوذ)

304- ایک مرتبہ گورنمنٹ انٹر کالج کے طلبہ نے مرکزی حکومت کی ایک مقتدر شخصیت کو یونین کی ایک تقریب کے سلسلے میں کالج میں مدعو کیا جس پر حکومت پنجاب کی ایک بااثر شخصیت نے پرنسپل جناب عبدالسلام قریشی اور مجھ پر اظہار ناراضگی کیا حالانکہ دعوت دینے سے ہمارا کوئی تعلق نہ تھا۔ معلوم ہوا کہ ہمارے تبادلے کے احکام جاری ہو رہے ہیں۔ میں ان دنوں کچھ پریشان تھا۔ انہی ایام میں میرے بڑے بیٹے طاہر جمیل نے خواب دیکھا کہ وہ اور ابا جان (غازی صاحب) ایک جنگل میں کھڑے ہیں۔ سامنے سے ایک شخص تلوار ہاتھ میں لئے چلا آ رہا ہے۔ میں نے محسوس کر لیا کہ یہ ابا جان پر حملہ کرنے والا ہے پس میں دفاع کے لئے دو تین قدم آگے بڑھ گیا۔ وہ شخص ذرا دور ہی تھا کہ میں نے مڑ کر ابا جان کی طرف دیکھا مگر اب ابا جان کی بجائے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو کھڑے پایا۔ میں احتراماً" پیچھے ہٹ گیا۔ میرے دل میں فوراً" خیال آیا کہ یہ شخص حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ آور ہوگا۔ جس طرح صحابہ اکرامؓ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دفاع کے لئے جان قربان کر دیتے تھے۔ آج میں بھی آپؐ کے لئے جان کی بازی لگا دوں گا۔ اتنے میں وہ شخص

marfat.com
Marfat.com

قریب آگیا۔ میں اس سے لڑنے کے لئے قدم بڑھانے ہی والا تھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ کر کے منع فرما دیا۔ میں حسب الحکم کھڑا ہو گیا۔ تلوار اس کے ہاتھ سے گر گئی اور اس نے عرض کیا کہ آپ مجھے مسلمان بنا لیں۔ چنانچہ وہ اسلام لے آیا اور میں بہت خوش ہوا۔ اتنے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا۔ طاہر جمیل یہاں کوئی مسجد قریب میں ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) قریب ہی ایک پرانی مسجد ہے۔ فرمایا آؤ مغرب کی نماز پڑھ لیں۔ ہم آپ کے ہمراہ مسجد میں داخل ہوئے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت کرائی اور ہم دونوں آپ کی اقتدا میں کھڑے ہو گئے۔ نماز کے بعد دعا فرمائی۔ میں ابھی مغرب کی سنتیں ادا کر رہا تھا کہ آنکھ کھل گئی۔

صبح جب طاہر جمیل نے اپنا یہ خواب غازی صاحب کو سنایا تو وہ بے انتہا خوش ہوئے اور کالج جا کر پرنسپل صاحب کو بتایا کہ بے فکر ہو جایئے ہمارا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا اور واقعی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی برکت سے ہمارے خدشات دور ہو گئے۔

میجر ڈاکٹر طاہر جمیل 26 جنوری 1955ء کو پیدا ہوئے۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور سے ایم بی بی ایس کا امتحان پاس کیا۔ دو سال آرمی میں سروس کر کے تین سال کے لئے سعودی عرب چلے گئے جہاں ان کو مزید دوبار حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ آج کل پاک فوج میں ڈاکٹر کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ غازی احمد صاحب کے دوسرے بیٹے اور بڑی بیٹی بھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہو چکے ہیں۔ (من الظلمات الی النور" صفحہ 105 تا 106 سے ماخوذ)

305- سابقہ رمضان شریف سے پہلے مجھے سید نذیر حسین شاہ ہاشمی صاحب سکنہ

marfat.com
Marfat.com

لالیاں (ضلع جھنگ) کا خط موصول ہوا- میں سمجھا میری کتاب کا مطالعہ کیا ہو گا اور اس سلسلہ میں گفتگو کرنا چاہتے ہوں گے- ایک روز لاہور جاتے ہوئے لالیاں ان کے مطب میں پہنچ گیا- شاہ صاحب سے اپنا تعارف کرایا تو انہوں نے مجھے گلے لگا لیا اور بہت خوش ہوئے- میں نے دریافت کیا آپ نے میری کتاب کا مطالعہ کیا ہے یا نہیں- بولے مجھے تو آپ کی کسی کتاب کا علم نہیں نہ ہی میں آپ کے نام سے آشنا ہوں- میں نے عرض کیا پھر آپ نے کالج کے پتہ پر مجھے نوازش نامہ کیسے ارسال فرمایا- فرمانے لگے کہ یہ ایک راز ہے جو میں میانی آ کر بتاؤں گا- میں نے کہا جناب عمر رسیدہ اور ضعیف ہیں- میں خود حاضر ہو گیا ہوں- فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک پیغام آپ کے نام میرے پاس امانت ہے اور مجھے ہدایت کی گئی ہے کہ میں آپ کے یہاں جا کر آپ کو بتاؤں- شاہ صاحب کا ارشاد سن کر میں قدرے پریشان ہوگیا- میری پریشانی بھانپ کر شاہ صاحب نے فرمایا پریشان نہ ہوں خوشی کا پیغام ہے-

29 رمضان المبارک کی شام شاہ صاحب میانی تشریف لائے- روزہ افطار کر کے فرمایا اگر صبح عید کا اعلان ہو گیا تو کھانے کے بعد گھر واپس چلا جاؤں گا تاکہ عید اہل خانہ کے ساتھ مناؤں- نماز مغرب کے بعد میں شاہ صاحب کے پاس بیٹھ گیا اور دھڑکتے دل کے ساتھ ان کی باتیں سننے لگا- شاہ صاحب نے فرمایا کہ میری دائیں ٹانگ میں سرطان کا شدید مرض لاحق ہو گیا تھا- پاؤں کے زخم سے ہر وقت خون رستا رہتا تھا جس سے ٹانگ کی جسامت کم ہونے لگی اور چلنے پھرنے کے لئے میں بیساکھیوں کا استعمال کرنے لگا- ایک روز عزیز کار میں ڈال کر مجھے میو اسپتال لاہور لے گئے- معائنہ کے بعد ڈاکٹر صاحب نے کہا سرطان کی وجہ سے ٹانگ بیکار ہو چکی ہے- ٹانگ کو نہیں بچایا جا سکتا- اس کا کاٹنا ضروری ہو گیا ہے- رات کے قیام کے لئے ہم نے ہوٹل میں کمرہ لے لیا- عشاء کی نماز ادا کرنے ہوٹل کی مسجد میں بیساکھیوں کے

marfat.com
Marfat.com

سہارے پہنچ گیا۔ بعد نماز لوگ چلے گئے اور میں مسجد میں تلاوت قرآن مجید میں مشغول ہو گیا۔ تلاوت کے دوران بار بار یہ خیال آتا رہا کہ اے اللہ اب کوئی ڈاکٹر تو میری ٹانگ بچا نہیں سکتا لیکن آپ کی رحمت مجھے شفایاب کر سکتی ہے۔ یا اللہ آپ کرم فرمائیں تو ناممکن کام بھی ممکن ہو سکتے ہیں۔ دو بجے کے قریب نیند غالب آگئی۔ میں قرآن حکیم بند کر کے مسجد ہی میں لیٹ گیا۔ خواب میں دیکھا کہ ایک خوبصورت مکان ہے جس میں کثرت سے لوگ آ جا رہے ہیں۔ میں نے ایک شخص سے اس کی وجہ دریافت کی۔ اس نے کہا مکان کے اندر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رونق افروز ہیں۔ یہ سنتے ہی میں عالم خواب میں اٹھ کھڑا ہوا اور بیساکھیوں کے سہارے چلتا ہوا مکان کے اندر پہنچ گیا۔ دیکھا تو سامنے حضرت نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں اور بہت سے لوگ آپ کے اردگرد باادب سر جھکائے بیٹھے ہیں۔ میں آپؐ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا اور نہایت ادب و احترام سے سلام عرض کیا۔

فرمایا کیسے آنا ہوا؟ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں آپؐ کی خدمت میں اپنے مرض کے ازالے کے لئے دعا کی درخواست لے کر حاضر ہوا ہوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "صبح گھر چلے جاؤ۔ اللہ تعالیٰ رحم فرمائے گا"۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سن کر مجھے یقین ہو گیا کہ انشاء اللہ میں صحت یاب ہو جاؤں گا۔ اب نہ آپریشن کی ضرورت ہے نہ ٹانگ کٹوانے کی۔ میں نے سلام عرض کیا اور واپس ہونا چاہا تو آپؐ نے فرمایا "میرے قریب کھڑے ہوئے ان صاحب کو جانتے ہو؟" میں نے عرض کیا جناب میں ان سے واقف نہیں۔ آپؐ نے فرمایا "یہ میرے رفیق ابوبکر (رضی اللہ عنہ) ہیں۔ ان کی بات سن کر جانا"۔

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سن کر میں نہایت ادب و احترام کے ساتھ حضرت صدیق اکبرؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلام پیش کیا۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے سلام کا مشفقانہ جواب دیا اور اپنی جیب سے ایک کاغذ نکال کر

marfat.com
Marfat.com

میرے سامنے کیا۔ اس پر الفاظ رقم تھے "پروفیسر غازی احمد۔ پرنسپل گورنمنٹ انٹر کالج۔ بوچھال کلاں۔ ضلع جہلم"۔ فرمایا غور سے پڑھ لو اور یاد رکھو۔ میں نے عرض کیا جناب میں نے آج تک نہ یہ نام سنا اور نہ انہیں جانتا ہوں۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے اس پر فرمایا۔ "غازی احمد وہ شخص ہے جسے میرے حبیب مکرم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی نے اسلام کی دولت سے نوازا ہے۔ آپ غازی احمد کے گھر جا کر نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ پیغام دینا کہ "غازی احمد خدمت اسلام کے لئے کمر بستہ ہو جاؤ"۔

شاہ صاحب نے بتایا کہ میں صبح کی نماز کے بعد ہوٹل میں واپس آیا اور عزیزوں سے کہا۔ چلو گھر واپس چلیں۔ مجھے اب آپریشن کی حاجت نہیں۔ مجھے شفا کی بشارت مل چکی ہے۔ چنانچہ ہم ٹیکسی لے کر واپس لالیاں پہنچ گئے اور تھوڑے ہی عرصہ میں میری ٹانگ بالکل درست ہو گئی۔ شاہ صاحب نے ٹانگ دکھائی جو بالکل صحیح حالت میں تھی۔ پاؤں کا زخم مندمل ہو چکا تھا۔ زخم کا صرف نشان دکھائی دیتا تھا۔ میں نے عرض کیا شاہ صاحب! جس شخص کو سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نگاہ شفقت سے نوازیں۔ اس کی تمام جسمانی اور روحانی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔ یہ اسلام کا زندہ معجزہ ہے۔

یا رب صل وسلم دائما" ابدا" علی حبیبک خیر الخلق کلهم

اتنے میں ریڈیو پر صبح کی عید کا اعلان ہوا اور شاہ صاحب گھر کے لئے روانہ ہو گئے۔ ان کی طرز رفتار سے پتہ چلتا تھا کہ ان کی ٹانگ میں کبھی کوئی تکلیف ہوئی ہی نہیں۔ اس خواب کے بعد جب بھی کبھی مجھے کسی جلسہ میں تقریر کی دعوت موصول ہوتی ہے تو حضور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام گرامی میری نگاہوں کے سامنے آ جاتا ہے اور اسی کی تعمیل کی نیت سے جاتا ہوں (من الظلمات الی النور۔ صفحہ 133 تا 136 سے ماخوذ)

marfat.com
Marfat.com

306- دو تین دوسرے دوستوں نے بھی اسی نوعیت کے خواب دیکھے ہیں جن میں مجھے (پرنسپل غازی احمد صاحب) ارشادات نبوی علیہ التحیتہ والتسلیم کی تعمیل کی سعادت حاصل کرتے دیکھا ہے۔ ایک دوست نے بتایا کہ میں ایک عمارت میں جانا چاہتا ہوں جس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں مگر دروازے پر ایستادہ کچھ حضرات مجھے اندر جانے سے روک دیتے ہیں کہ تمہاری قماش کے لوگوں کو اندر جانے کی اجازت نہیں۔ میں یہ بات سن کر رونے لگتا ہوں۔ اتنے میں غازی صاحب سے ملاقات ہو جاتی ہے۔ وہ مجھے روتا ہوا دیکھ کر تسلی دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ میں اندر جانے کا طریقہ بتادوں گا پھر انشاء اللہ تمہیں اجازت مل جائے گی۔

ایک دوست نے بتایا کہ ایک مقام پر آپ (پروفیسر غازی احمد صاحب) قرآن مجید کا درس دے رہے ہیں اور بہت سے لوگ درس سن رہے ہیں۔ میں نے خواب ہی میں پوچھا آپ کس حکمت کے تحت اس مقام پر درس دے رہے ہیں؟ تو آپ نے بتایا کہ اس جگہ درس دینے کا ارشاد حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

دو ایک اور دوستوں نے بھی اسی قسم کے خوابوں کے بارے میں بتایا ہے۔ میں اپنے آپ کو خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ اسلام نے مجھے عزت و احترام کے اس مقام پر لا کھڑا کیا ہے کہ میرا پورا خاندان مل کر بھی وہاں تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا۔ یہ سب اسلام کی برکت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو پکا سچا مومن بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ دنیاوی عزت اور وقار تو محض عارضی چیزیں ہیں۔ سب سے بڑی عزت تو آخرت کی کامیابی ہے۔

لطف دنیا کے ہیں کے دن کے لئے   کھو نہ جنت کے مزے ان کے لئے

(من الظلمات الی النور۔ صفحہ 136 تا 137 سے ماخوذ)

307- جناب نور حسین جو اس زمانے میں ہرنائی (بلوچستان) میں کمیشن ایجنٹ تھے

marfat.com
Marfat.com

علامہ اقبالؒ سے شدت سے عقیدت رکھتے تھے اور لاہور کو "مدینہ محمد اقبال" کا نام دیتے تھے۔ انہوں نے مارچ 1937ء میں علامہ اقبالؒ کو اپنا یہ خواب تحریر کر کے تعبیر دریافت کی تھی:۔

"بندہ گنبد خضرا کے اندر پالتی مارے بیٹھا ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم مقبرے کے چبوترے پر بیٹھے ہیں۔ چہرہ خوفناک ہے' آنکھیں ماتھے پر ہیں۔ خوف اور کراہیت ہو رہی ہے۔ تھوڑی دیر بعد صورت منقلب ہوتی ہے۔ چہرہ مبارک نورانی' ڈاڑھی نصف سیاہ نصف سفید ہے۔ رات کی جگہ دن ہے۔ پھر صورت منقلب ہوتی ہے۔ چہرہ بہت نورانی ہے۔ تیس بتیس کا سن ہے۔ سر پر بال پٹے رکھتے ہیں۔ ڈاڑھی چھوٹی چھوٹی سیاہ۔ پھر چوتھی حالت پیدا ہو گئی ہے۔ آپ کا سن 18'19 سال کا ہے۔ سبزہ آغاز نوجوان ہیں۔ بندے نے حضرت اقبالؒ کے کلام سے پڑھنا شروع کیا ہوا ہے۔ جوں ہی علامہ اقبالؒ کے کلام سے بندہ نے شعر پڑھا تو آپؐ نے بھی حضرت اقبالؒ کے کلام کو اسی طرح پڑھنا شروع کر دیا۔ بندہ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بالکل آمنے سامنے جیسے استاد شاگرد یا دوست دوست۔ حضرت علامہ اقبالؒ کے کلام کو دہراتے اور داد دیتے ہیں۔ سرور کا وہ عالم ہے جس کی کیفیت تحریر میں نہیں آ سکتی"۔

علامہ اقبالؒ نے جواب میں فرمایا کہ میں فن تعبیر سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ البتہ عام مسلمانوں کی طرح میرا بھی یہ عقیدہ ہے کہ حضور رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت خیر و برکت کا باعث ہے۔ گذشتہ دس پندرہ سال میں کئی لوگوں نے مجھ سے ذکر کیا ہے کہ انہوں نے حضور رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم کو جلالی رنگ میں یا سپاہیانہ لباس میں خواب میں دیکھا ہے۔ میرے خیال میں یہ علامت احیائے اسلام کی ہے۔ (انوار اقبال مرتبہ بشیر احمد ڈار۔ صفحہ 215 تا 216' اقبال اکادمی' کراچی' مارچ 1967ء)

308- پہلی مرتبہ جون 1979ء میں کتاب "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" شائع ہو

marfat.com
Marfat.com

کر جب اہل سنت والجماعت (دیوبندی و بریلوی مسلک) اور اہل حدیث کے ہاتھوں میں پہنچی تو بے حد مقبول ہوئی تھی۔ اسی زمانہ میں محمد عبدالجید صدیقی (مولف/ مصنف کتاب ہذا) نے ایک رات خواب دیکھا کہ وہ لکھنے پڑھنے میں مشغول ہے کہ ایک بزرگ حد درجہ حسین و جمیل دو چھوٹے چھوٹے بچوں کو اپنی دونوں بغلوں میں دابے میرے کمرے میں داخل ہوتے ہیں اور انہیں میری گود میں چھوڑ کر یہ کہہ کر چلے جاتے ہیں کہ یہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پوتے ہیں (بیٹے کے بیٹے) یہ دونوں بچے اس قدر حسین ہیں کہ الفاظ میں میں ان کا حسن بیان کرنے سے قاصر ہوں۔ وہ دونوں فوراً بعد میری گود سے نکل کر ایک دوسرے سے الجھ پڑتے ہیں۔ نچلا بیٹھنا جانتے ہی نہیں۔ میں چوں کہ کوئی نہایت اہم مضمون لکھ رہا ہوں ان کے متواتر لڑنے سے قدرے ترش رو ہو کر کہتا ہوں کہ "بچو خاموش رہو"۔ مگر اس نصیحت یا تنبیہہ (Admonition) کے الفاظ کے ساتھ ہی بے چین ہو جاتا ہوں کہ آپؐ کے پوتوں کو تو نے اتنا بھی کیوں کہا۔ تجھے اس کا کوئی حق نہیں پہنچتا۔ اتنے ہی میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آتے ہیں۔ میں انتہائی ادب سے سلام عرض کرتا ہوں اور آبدیدہ ہو کر آپؐ سے عرض کرتا ہوں کہ میں معاف کیا جاؤں۔ مجھ سے سہو ہو گیا ہے۔ میں نے یہ جانتے ہوئے کہ یہ آپؐ کے پوتے ہیں انہیں تنبیہہ کی ہے۔ مجھے ایسا نہیں کرنا چاہئے تھا۔ اس پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکراتے ہوئے فرمایا کہ کوئی بات نہیں تم بڑے ہو اور اپنے دہن مبارک سے کچھ نکالا جو میں نے اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیوں پر لے لیا اور اشارہ کر کے فرمایا اسے اس بچہ کے منہ میں دیدو۔ میں نے حسب الحکم وہ اس بچہ کے منہ میں دیدیا اور اس کے ساتھ ہی میری آنکھ کھل گئی۔ نماز فجر کی اذانیں ہو رہی تھیں۔ چوں کہ تعبیر واضح تھی اس لئے میں نے اس کا کسی سے ذکر نہ کیا (غیر مطبوعہ)

marfat.com
Marfat.com

میری کتاب "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" نے بریلوی اور دیو بندی مسلک کے علماء اور عوام کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں نہایت اہم کردار ادا کیا ہے اور بجز ان علماء سو کے جن کا کام ہی لڑانا اور اپنا الو سیدھا کرنا ہے سب ہی ایک دوسرے کو برداشت کرنے لگے ہیں کیونکہ بقول مولانا سردار محمد یعقوب خاں صاحب شاگرد رشید شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سردار احمد لائل پوریؒ "اہل سنت" کے گروہوں میں اعتقاد کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں۔ محض لفظوں کے ہیر پھیر نے حقیقت کو معمہ بنایا ہوا ہے"۔ حقیقت بھی یہی ہے۔ فروعی اختلاف ہیں۔ حقیقی اختلاف کوئی نہیں۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی قدس سرہ نے ہمیشہ یہی ارشاد فرمایا کہ علمائے دیو بند کا کوئی علیحدہ مسلک نہیں ہے۔ دیوبندی اور بریلوی کوئی علیحدہ مکتبہ فکر نہیں۔ دونوں فقہ حنفیہ کے ہی پیروکار ہیں اور دونوں میں فروعی اختلافات کے مقابلہ میں جو نہایت قلیل ہیں ہم خیالی بہت زیادہ ہے۔ نفاذ اسلام اور استحکام پاکستان کے لئے ان دونوں میں اتحاد و اخوت کا ہونا مشکل مسئلہ نہیں۔ امت کا متحد ہونا عالم اسلام کی تجدید نو کے لئے نہایت ضروری ہے۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ نے ایک سوال کے جواب میں فرمایا تھا کہ اگر حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلویؒ نماز کی امامت کر رہے ہوں اور اتفاق سے وہاں میرا گذر ہو جائے تو میں ان کی امامت میں ضرور نماز ادا کروں گا کیوں کہ بہرحال وہ اسلام ہی کے نام پر کام کر رہے ہیں۔

حضرت مولانا تھانوی قدس سرہ نے حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہ کے وصال کی جب خبر سنی تو بے اختیار دعا کے لئے ہاتھ اٹھا دیئے۔ دعا کے بعد فرمایا کہ مولانا احمد رضا خاںؒ نے ہم پر کفریہ فتوے اس لئے لگائے کہ انہیں یقین تھا کہ ہم نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کی ہے۔ اگر وہ یہ یقین رکھتے ہوئے

marfat.com
Marfat.com

بھی کفر کا فتویٰ نہ لگاتے تو خود کافر ہو جاتے۔ حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ نے فرمایا کہ مولانا احمد رضا خاںؒ کی بخشش تو ان ہی فتووں کی وجہ سے ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ تمہیں ہمارے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے اتنی محبت تھی کہ اتنے بڑے عالموں کو بھی معاف نہ کیا۔ تم نے سمجھا کہ انہوں نے توہین رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ہے اور ان پر کفر کا فتویٰ لگا دیا۔ جاؤ اسی ایک عمل پر ہم نے تمہاری بخشش کر دی"۔

علامہ احمد سعید کاظمیؒ بریلوی مسلک کے اعتدال پسند بزرگ تھے۔ جامعہ اسلامیہ بھاولپور میں گیارہ برس شیخ الحدیث رہے اور اسی زمانہ میں علامہ شمس الحق افغانیؒ (دیوبندی) شیخ التفسیر رہے۔ لیکن دونوں میں کبھی کھٹ پٹ نہ ہوئی۔ شیرو شکر ہو کر رہے اور لوگوں نے اس "قران السعدین" کا منظر کھلی آنکھوں دیکھا۔ علامہ کاظمیؒ فرماتے تھے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کافروں کو مسلمان بنایا اور ہمارے علماء مسلمانوں کو کافر قرار دیتے ہیں اور محض ذاتی مفاد کے لئے مسلمانوں کو آپس میں لڑاتے ہیں۔ مدرسہ انوار العلوم ملتان آپ کی یادگار ہے۔ اس کی مسجد میں اذان سے پہلے صلوۃ و سلام نہیں پڑھا جاتا۔ اس ضمن میں فرماتے تھے کہ اذان مقدم ہے۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اور اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں بریلویؒ کے درمیان بہت سے مسائل میں اختلاف رائے تھا مگر حضرت تھانویؒ چوں کہ جید عالم اور بزرگ تھے اس لئے منصب کی بے حرمتی پر سخت گرفت فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ اعلیٰ حضرت بریلویؒ کا اسم گرامی کسی نے آپ کے سامنے بغیر مولانا کے خالی "احمد رضا" لیا۔ بس حضرت تھانویؒ بگڑ گئے۔ اس کو خوب ڈانٹا اور غصہ ہوئے۔ معلوم ہوا کہ ادب اور اختلاف دو جداگانہ چیزیں ہیں۔ ہم مسلمانوں کو چاہئے کہ فروعی اختلافات کے باوصف آپس میں مل جل کر الفت و محبت کے ساتھ رہیں۔

marfat.com
Marfat.com

معا" ایک واقعہ یاد آ گیا:-

دور غلامی میں ایک مرتبہ احناف اور اہل حدیث میں "آمین" کہنے پر لڑائی ہوئی- جس میں کئی نمازی لہولہان ہوئے- مقدمہ ایک انگریز جج کے سامنے پیش ہوا- اس نے فریقین کو سننے کے بعد کہا کہ "آمین" نہ تو جائیداد ہے نہ زمین نہ دھن دولت پس لڑائی کے کیا معنی- حدیث کی جو روایت جس کو پہنچی ہے اس پر عمل کرے- وکلاء کے دلائل سننے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ مسلمانوں میں "آمین" کی تین قسمیں ہیں- ایک آمین بالجہر (زور سے) جیسے اہل حدیث کہتے ہیں- ایک آمین بالسر (آہستہ سے کہنا) جیسے احناف کہتے ہیں اور ایک آمین بالشر (لڑائی جھگڑے کے لئے آمین کہنا) چونکہ مقدمہ آمین بالشر سے متعلق ہے اس لئے میں دونوں کو سزا دیتا ہوں-

یاد رہے "فساد العلماء اشد الفساد"- علماء کو معاشرے میں نہایت بلند مقام حاصل ہوتا ہے- جب یہی آپس میں لڑنے لگیں تو معاشرہ کو بربادی سے کوئی نہیں بچا سکتا کہ علماء کا فساد بدترین فساد ہے- نمک جب خود ہی خراب ہو جائے جو گوشت کو خراب ہونے سے بچانے کے لئے اس پر لگایا جاتا ہے تو پھر گوشت کو خراب ہونے سے کون بچا سکتا ہے- مسلمانوں کو آپس میں جوڑنے کی ضرورت ہے نہ کہ توڑنے کی- بہت ہو چکا- خدارا اب ہوش میں آ جاؤ-

سب سے بڑا یہ فرض ہے اس وقت تمہارا جو تفرقے آپس کے ہیں ان سب کو مٹا دو

متحد ہو کر دین کی خدمت کرو ورنہ اللہ تعالیٰ دشمنان دین کے اندر دین اسلام کے مداح اور خدمت گار پیدا فرما دے گا اور تم خدمت دین اور خدمت انسانیت کے عظیم انعام سے محروم کر دیئے جاؤ گے- میری دعا ہے-

آگہی یا رب عطا کر ہم کو اس کی شان کی ہے اطاعت جس کی شرط ناگزیر ایمان کی

marfat.com
Marfat.com

مولای صل و سلم دائما" ابدا" علی حبیبک خیرالخلق کلھم

309- مستی گیٹ' لاہور کے مشہور و معروف حکیم اور عالم جناب نیر واسطی" ستمبر 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے زمانہ میں مدینہ طیبہ میں مقیم تھے۔ پاکستان آ کر جنگ کی بابت ریڈیو پاکستان لاہور سے اپنے تاثرات بیان کرتے فرمایا تھا:

کہ لاہور کی ایک خاتون جو گذشتہ 18 سال سے مدینہ منورہ میں مقیم ہے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک کی جالی کے پاس بیٹھی رہتی ہے اس نے بتایا کہ 6 ستمبر 1965ء کو میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جس قدر پریشان دیکھا اس سے پہلے آپ' کو کبھی اتنا پریشان نہ دیکھا تھا۔

ایک بزرگ جو روزانہ روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") پر مجھ سے ملتے تھے 6 ستمبر 1965 کو کہیں نظر نہ آئے۔ ان کے ایک مرید نے بتایا کہ وہ جہاد کے لئے پاکستان چلے گئے ہیں۔

ایک اور بزرگ نے بتایا کہ غزوہ بدر کے تمام شہداء پاکستان پہنچ چکے ہیں تاکہ جہاد میں شرکت کر سکیں (الکھ نگری از ممتاز مفتی۔ صفحہ 679) (یہ کتاب مجھ کو جناب ڈاکٹر محمد جاوید حیدر ایم ایس سی۔ پی ایچ ڈی (امریکہ) نے برائے مطالعہ دی تھی۔ جس کے واسطے میں ان کا ممنون ہوں)۔

ماہ اکتوبر 1965ء روز نامہ جنگ میں کئی خبریں اس موضوع پر شائع ہوئی تھیں جن میں بھارتی قیدیوں کے بیانات بھی شامل تھے جن سے صاف ظاہر تھا کہ بھارتی سپاہی پاکستان کی اس فوج سے خائف تھے جو تلواروں سے لڑتی تھی اور جس کی تلواروں سے بجلی کے شعلے نکلتے تھے۔

ہر نوع اور ہر طبقے کے لوگوں سے ایسے خواب تواتر سے ثابت ہیں جن میں انہوں نے مرنے کے بعد روحوں کو ایسے کام کرتے دیکھا جنہیں وہ زندگی میں نہ کر سکتے تھے۔ مثلا" ایک دو روحوں کو لشکر جرار کو شکست دے دینا وغیرہ (روح و روحانیات از

marfat.com
Marfat.com

امام ابن قیم- مترجمہ اردو- صفحہ 203)

افسوس پاکستان کو اب تک کوئی ایسا سربراہ نصیب نہیں ہوا جو مجاہدانہ شان سے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے اللہ تعالیٰ کے نام پر دشمنوں سے جنگ کرتا اور مسلمان نوجوانوں کو اس کام کے لئے تیار کرتا۔ "غزوہ ہند" اب دور کی بات نہیں جس میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود شرکت فرمائیں گے۔ پوری اسلامی دنیا میری اس بات کو نوٹ کر لے۔ یہ "سریہ نہیں "غزوہ" ہو گا انشاء اللہ (مصنف)

310- جناب آفتاب احمد طارق علم دوست اور دیندار ہونے کے ہمراہ انسانیت اور شرافت کا مرقع ہیں۔ آپ نے سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ میں سے مسبعات عشر اور زیارت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے وظیفہ کے پمفلٹ ہزاروں کی تعداد میں شائع کرا کے لوگوں میں تقسیم کئے ہیں۔ اس وظیفہ پر عمل کرنے سے کئی حضرات کو زیارت بابرکت کا شرف بھی حاصل ہوا ہے۔ ایسا ہی ایک واقعہ پیش کیا جاتا ہے۔ 1994ء کی بات ہے۔ جلال پور بھٹیاں تحصیل حافظ آباد میں آفتاب احمد طارق صاحب کے چچا ڈاکٹر نور محمد صاحب (قادری میڈیکل ہال) کی میز پر یہ پمفلٹ رکھا ہوا تھا کہ ایک روز ڈاکٹر صاحب مرحوم کے قدردان نوجوان محمد طفیل سپرا ولد غلام محمد سپرا نے یہ پمفلٹ پڑھا جس سے ان کا دل و دماغ اس قدر متاثر ہوا کہ اسی رات زیارت بابرکت نصیب ہوگئی۔ خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ان کے مکان پر تشریف لائے ہیں۔ ان کی خوشی کی انتہا نہیں رہتی اور وہ خوب خاطر و مدارات کرتے ہیں۔ صبح آنکھ کھلی تو نوجوان کے اندر انقلاب آ چکا تھا۔ اب وہ پانچوں وقت پابندی سے نماز پڑھتے ہیں۔ ڈاڑھی رکھ لی ہے اور دین کی خدمت کو اوڑھنا بچھونا بنا لیا ہے۔ اور اکثر یہ شعر گنگاتے رہتے ہیں ؎

marfat.com
Marfat.com

دن کو انہی کی روشنی شب کو انہی کی چاندنی
سچ تو یہ ہے کہ روئے یار شمس بھی ہے قمر بھی ہے
(غیر مطبوعہ)

311- مکہ معظمہ میں بچوں کو حرم میں داخل ہونے کی اجازت نہیں لیکن مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") میں بچے کھیلیں یا شور مچائیں تو انہیں کوئی نہیں روکتا۔ پاکستان کا ایک فوجی افسر عمرہ کرنے کے لئے ایک مہینہ کی چھٹی پر یہاں آیا تھا۔ اس نے دیکھا کہ مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما")میں بچے شور مچا رہے ہیں تو اسے بے حد غصہ آیا۔ کہنے لگا یہ سراسر بے ادبی ہے۔ اس نے بچوں کو ڈانٹا۔ اس پر اس کے ساتھی نے جو مدینہ منورہ کی ڈسپنسری کا ڈاکٹر تھا اس کو منع کیا کہ وہ بچوں کو نہ ڈانٹے۔ نظم و نسق کے قائل افسر نے سنی کی ان سنی کر دی۔ رات کو دونوں میں اس موضوع پر بحث چھڑ گئی۔ ڈاکٹر نے کہا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم یہ پسند نہیں کرتے کہ بچوں کو ڈانٹا جائے۔ اسی رات افسر نے خواب دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور خشمگیں لہجے میں فرمایا۔ "اگر آپ مسجد میں بچوں کی موجودگی پسند نہیں کرتے تو مدینے سے چلے جایئے"۔

صبح انہیں پاکستان کے فوجی ہیڈ کوارٹر سے ایک تار موصول ہوا جس میں اس افسر کی چھٹی منسوخ کر دی گئی تھی اور اسے ڈیوٹی پر حاضر ہونے کا حکم دیا گیا تھا۔ یہ واقعہ ڈسپنسری کے ڈاکٹر نے جناب قدرت اللہ شہاب کو سنایا تھا ("لبیک"۔ صفحہ 238 تا 239)

312- قیام پاکستان کے وقت 1947ء میں سکھوں نے حمیدہ کے گاؤں پر حملہ کر دیا۔ دس سال کی حمیدہ کو اپنے ساتھ لے گئے اور تین سال بعد اسے لہنا سنگھ کی

marfat.com
Marfat.com

بیوی بنا دیا- حمیدہ کور کو لہنا سنگھ کی والہانہ محبت بھی اپنا نہ سکی- وہ رات دن اس عذاب سے نکلنے کی فکر میں رہتی- یہاں تک کہ ایک دن ہندوستانی پولیس حمیدہ کو پاکستان چھوڑ گئی جہاں کوشش بسیار کے بعد اس کے والدین کا پتہ چل گیا مگر ماں باپ نے اسے حقارت سے ٹھکرا دیا- وہ برادری کی وجہ سے مجبور تھے کیوں کہ وہ حمیدہ کور کی شکل میں ایک سکھ کی بیوی رہ چکی تھی جس سے اس کے دو بچے بھی تھے-

حالات سے تنگ آ کر رو اور گڑ گڑا کر حمیدہ نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ مجھ پر میرا وطن تنگ ہو چکا ہے- ماں باپ تک نے گھر کا دروازہ بند کر دیا ہے- میرے لئے دنیا میں کوئی پناہ گاہ نہیں- یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مجھے اپنے قدموں میں بلا لیجئے- آپؐ کے قدموں میں امان پانے کی خواہش حمیدہ کے دل میں جنون کی صورت اختیار کر گئی لیکن مدینہ منورہ پہنچنے کے لئے روپیہ کی ضرورت تھی- روپیہ حاصل کرنے کے لئے اس نے اپنا جسم بیچنا شروع کر دیا اور ایک دو سال میں رقم اکٹھی کر کے عازم مدینہ طیبہ ہوئی مگر جوں جوں مدینہ منورہ کے قریب ہوتی گئی اس کے دل پر وحشت بڑھتی چلی گئی یہ خیال کر کے کہ حرام کی کمائی سے کس منہ سے مدینہ طیبہ میں داخل ہو گی- ناپاک جسم لے کر کس طرح مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") میں حاضری دے سکتی ہے- یہ سوچ سوچ کر روتے روتے حمیدہ کا براحال ہو گیا- اسی عالم میں اس کی آنکھ لگ گئی- حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم بذات خود تشریف لائے اور فرمایا "حمیدہ اٹھو- رنجیدہ مت ہو- دیکھو تمہارا جسم کس قدر پاکیزہ ہے"- حمیدہ نے دیکھا تو اس کا جسم منور تھا- جاگی تو اس نے اپنے آپ کو مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوۃ" و سلاما") میں پایا- حمیدہ اب مدینہ طیبہ ہی میں مقیم ہے ("لبیک" از جناب ممتاز مفتی- صفحہ 207' ناشر: التحریر' کبیر اسٹریٹ' اردو بازار' لاہور)

marfat.com
Marfat.com

یہ کتاب مطالعہ کے لئے مجھے جناب ایس' ایم ناظم عثمانی مقیم اسلام آباد نے عنایت فرمائی جس کے واسطے میں ان کا ممنون ہوں۔ ایک سکہ بند سوشلسٹ اور مانے ہوئے دانشور کی جب آنکھ کھل جاتی ہے تو وہ کس قدر بانکا اور رسیلا مسلمان ثابت ہوتا ہے۔ "لبیک" سے الرجی کی ضرورت نہیں۔ میں تو کہوں گا ہم سب کو اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

313- 1922ء کی ایک شام جوش ملیح آبادی اپنے بچوں کے مستقبل کے بارے میں غور کر رہے تھے اور سمجھ میں نہ آتا تھا کہ اپنی آمدنی اور جائیداد کیونکر بڑھائیں کہ ایک لہر آئی اور نعت کہنے لگے۔

اے کہ ترے جلال سے ہل گئی بزم کافری
رعشۂ خوف بن گیا' رقص بتان آذری

نعت کہہ کر کھانا کھا کر سو گئے۔ صبح ہوتے یہ خواب دیکھا کہ ایک تابناک چہرے کے مرد بزرگ میرے سامنے کھڑے ہوئے ہیں اور چاند ان کا طواف کر رہا ہے۔ میں پہچان کر ان کے قدموں پر گر گیا اور ان کے نعلین پر اپنا منہ ملنے لگا۔ انہوں نے سہارا دے کر مجھے اٹھا لیا۔ میں نے روتے ہوئے پوچھا کیا آپ وہی میرے رسول ہیں جنہوں نے اپنا دیدار لڑکپن میں مجھے کرایا تھا۔ یہ سن کر مسکرا کر ارشاد فرمایا۔ ہاں میں وہی تمہارے پہلے خواب کا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوں۔ یہ سنتے ہی میں ان کے قدموں پر گر کر ان کے نعلین سے منہ رگڑ رگڑ کر رونے لگا۔ میرے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا "اٹھ کھڑے ہو"۔ میں ہاتھ باندھ کر ان کے روبرو کھڑا ہو گیا۔ انہوں نے فرمایا "تم ہنسنے کے لئے بنے ہو روتے کیوں ہو" اور یہ کہتے ہی میری بائیں کی جانب اشارہ کر کے حکم دیا کہ "تم اس شخص کے پاس چلے جاؤ"۔ میں نے نگاہ اٹھائی تو دیکھا کہ ایک بادشاہ سر جھکائے اور ہاتھ باندھے کھڑا ہوا ہے۔ میں نے کہا "اے میرے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ کون ہے؟" انہوں نے فرمایا "یہ نظام دکن

marfat.com
Marfat.com

ہے تم کو دس برس تک اس کے زیر سایہ رہنا ہے"۔ یہ سن کر میرا دل یکایک اس طرح دھڑکنے لگا کہ اس کی ضرب پیہم سے میری آنکھ کھل گئی اور روتے روتے میری ہچکیاں بندھ گئیں۔ میرا کمرہ قریب آدھ گھنٹہ تک ایک ایسی خوشبو سے مہکتا رہا جس کا بیان ممکن نہیں۔ خود میرے پاس سے خوشبو کی لپٹیں نکلتی رہیں جنہیں میری بیوی اور کئی دوسرے عزیزوں نے محسوس کیا (یادوں کی برات از جوش ملیح آبادی۔ تیسرا ایڈیشن صفحہ 201 تا 206 سے اقتباس)

یہی ہوا کہ بالآخر جوش صاحب جیسے نازک مزاج 1924ء کے اوائل میں حیدر آباد دکن پہنچ گئے۔ نظام تک رسائی ہوئی جنہوں نے کہا کہ نواب عماد الملک نے لکھا ہے کہ نوجوان ہونے کے باوجود تمہاری شاعری میں اساتذہ کی سی پختگی ہے۔ اپنی کوئی چیز سناؤ۔ جوش نے مطلع سنایا۔

ملا جو موقع تو روک دوں گا جلال روز حساب تیرا
پڑھوں گا رحمت کا وہ قصیدہ کہ ہنس پڑے گا عتاب تیرا

نظام کے چہرے پر پسندیدگی کا رنگ دوڑ گیا۔ زیر لب "واہ" کہا اور جب جوش نے یہ شعر پڑھا۔

جڑیں پہاڑوں کی ٹوٹ جاتیں' فلک تو کیا' عرش کانپ اٹھتا
اگر میں دل پر نہ روک لیتا' تمام زور شباب تیرا

تو نظام نے جھوم کر کہا "بہت اچھا۔ بہت اچھا۔ بہت اچھا"۔ پوری غزل سن کر کہا "بوڑھے ہو کر استاد جلیل یہ تمہارے ہم پایہ ہو جائیں گے"۔ پھر نواب مہدی یار جنگ نے نظام کو جوش کا پورا خواب سنایا تو نظام کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور کہا تو یہ کہو کہ سرکار دو عالم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے جوش کو میرے سپرد فرما دیا ہے۔ یہ کہا اور اپنے دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر جھک گئے اور تمام دربار پر گہرا سکوت چھا گیا۔ اس بازیابی کے ایک ہفتہ بعد جوش کا عثمانیہ یونیورسٹی کے شعبہ دارالترجمہ میں مترجم کی

marfat.com
Marfat.com

حیثیت سے تقرر کر دیا گیا- جوشؔ صاحب نے وہاں دس سال خدمت انجام دی- آموں کا گھر ملیح آباد ہندوستان کی تہذیبی جنت یعنی لکھنؤ (یوپی) سے 13 میل کی مسافت پر واقع ہے- یہاں 1896ء میں جوش پیدا ہوئے تھے اور 23 فروری 1982ء کو اسلام آباد میں وفات پائی- "یادوں کی برات" جوش صاحب کی آپ بیتی ہے اور معلومات کا خزانہ- ہر مرد کو جس کا مطالعہ کرنا چاہئے مگر خواتین کے لئے سفارش نہیں کروں گا کیونکہ اس کے اندر کچھ ایسا مواد بھی موجود ہے جو اگر نہ ہوتا تو بہتر تھا-

314- تذکرۃ المولیٰ دو حصوں میں از مولانا محمد عبدالرحمٰن ابوطاہر القادری پروفیسر سینٹ زاویرز کالج- کلکتہ- مطبع مفید عام- آگرہ سے 1330ھ میں شائع ہوئی تھی- اس کے پہلے حصہ میں مجتہد زماں مجدد دوراں حضرت مولانا سید عبدالقادر شمس القادری المعروف سید شاہ مرشد علی القادری الحسنی والحسینی البغدادی اصلا" والمیدنی پوری مولدا" و مدفنا" کے حالات زندگی و کرامات کا ذکر ہے اور حصہ دوم میں آپ کی تعلیمات بیان کی گئی ہیں- مولانا سید عبدالقادرؒ کلکتہ سے 80 میل دور میدنی پور میں 27 ویں شب رمضان المبارک کہ وہ شب جمعہ و شب قدر بھی تھی 1268ھ مطابق 16 جولائی 1852ء کو پیدا ہوئے اور وہیں 27 شوال 1318ھ مطابق 10 فروری 1901ء کو شب یک شنبہ وصال فرمایا- آپ کا شمار بنگال کے عظیم ترین بزرگوں میں ہوتا ہے- اس کتاب کے دونوں حصے برائے مطالعہ مجھے جناب ناظم عثمانی نے عنایت فرمائے تھے جس کے واسطے میں ان کا شکر گذار ہوں- پاکستان کا کوئی پبلشر کاش انہیں پھر شائع کرے تو انشاءاللہ عوام کو بہت فائدہ ہوگا-

پروفیسر مولانا محمد عبدالرحمٰن کے احباب میں مسٹر یوسف علی بار ایٹ لاء تھے جن کا کسی مذہب پر اعتقاد نہ تھا اور جو بے حد آزاد منش تھے- ایک روز ان کے ایک دوست نے ان سے کہا: میاں کب تک تاریکی میں پڑے رہو گے- مولانا سید

marfat.com
Marfat.com

عبدالقادر (حضورؒ) کے مرید ہو جاؤ' ایماندار بن جاؤ گے۔ تم جیسے کئی ملحدوں کو وہاں جا کر ایمان پاتے دیکھا ہے۔ بیرسٹر صاحب ایک دن دل کڑا کر کے حضورؒ کی خدمت میں حاضر ہو ہی گئے اور کہا میں مرید ہونے کے لئے آیا ہوں۔ حضورؒ نے حسب دستور انہیں بیعت کر لیا۔ بیعت ہونے کے بعد بیرسٹر صاحب نے کہا کہ آپ نے جن ہدایات پر مجھے عمل کرنے کو کہا ہے وہ مجھ سے نہ ہو سکیں گی اور میں جہاں ہوں وہی رہوں گا۔ چند روز غائب رہنے کے بعد ایک دن حاضر ہوئے اور کہا مجھے کوئی وظیفہ مرحمت نہیں ہوا۔ حضورؒ نے متبسم ہو کر فرمایا کیوں جی بے نماز کا وظیفہ چاہتے ہو۔ اس کے بعد آہستہ آہستہ بیرسٹر صاحب میں تبدیلی آنے لگی اور آخر کار وہ نہایت دین دار' نمازی اور متقی و پرہیز گار بن گئے۔ دینی تعلیم مطلقاً" نہ تھی لیکن دینی نکات اس خوبی سے بیان کرتے کہ بہت سے مولویوں کو بھی یہ بات حاصل نہ تھی۔ ایک مترجم قرآن مجید تھا شب و روز جس کی تلاوت کرتے اور تمام باتوں کی سند اسی سے دیا کرتے تھے۔ فرماتے قرآن مجید ایسی کتاب ہے جس کو پڑھ کر انسان ہرگز سیر نہیں ہو سکتا۔ جس قدر پڑھے گا اسی قدر اس کے محاسن معلوم ہوتے چلے جائیں گے۔ جس سال ان کا انتقال ہوا اس سے دس ماہ پہلے 15 رمضان المبارک کی شب انہیں خواب میں حضور پیرو مرشدؒ کی زیارت حاصل ہوئی (حضورؒ کا وصال کئی سال پہلے ہو چکا تھا)۔ حضورؒ نے فرمایا آئندہ ربیع الثانی کے بعد ایک دو تین کو تمہیں رحلت کرنی ہے آمادہ ہو جاؤ۔ صبح بیدار ہوئے تو برخلاف تشویش و وحشت مسرت و ابتہاج کا یہ عالم تھا کہ اشتیاق سفر آخرت میں بالکل مست ہو رہے تھے۔ آنکھوں کے سامنے خوشی کا سماں تھا۔ پہلے موت سے ڈرتے تھے لیکن اب بیان کرتے وقت مارے خوشی کے باچھیں کھلی جاتی تھیں۔ جس شب رحلت کے وقت کا علم ہوا اسی تاریخ سے بالکل تارک الدنیا ہو کر گوشہ نشین ہو گئے تھے۔ شب و روز ذکر و فکر' مراقبہ و مشاہدہ' نماز اور تلاوت میں مشغول رہتے تھے۔ جمادی الثانی کی تیسری تاریخ کو پاس انفاس سے ذکر "اللہ ھو" کرتے راہی

marfat.com
Marfat.com

عالم بقا ہو گئے۔ رحمہ اللہ رحمتہ "کاملتہ"۔

ایک روز بعد نماز مغرب حضور پیر و مرشد کی خانقاہ شریف میں محفل میلاد منعقد ہوئی جس میں بیرسٹر یوسف علیؒ نے بھی شرکت کی۔ فرماتے ہیں کہ جب میلاد خوانوں نے پڑھنا شروع کیا تو یکایک کیا دیکھتا ہوں کہ ایک لق و دق میدان ہے۔ جہاں میں بیٹھا ہوں نہ مسجد نظر آتی ہے اور نہ اہل محفل نظر آتے ہیں۔ صرف میلاد خوانوں کی آواز میرے کانوں میں آتی ہے اور وہ بھی بدلی ہوئی یعنی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ چار پانچ برس کے بچے کچھ پڑھ رہے ہیں۔ اس کے بعد دیکھا کہ ایک مرصع تخت پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف رکھتے ہیں اور آپؐ کے ہمراہ غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ بھی ہیں۔ دیکھتے دیکھتے وہ تخت آنحضرتؐ کو لے کر اس قدر بلندی پر پہنچ گیا کہ ان ستاروں سے جن کی روشنی لاکھوں برس میں زمین تک پہنچتی ہے اس سے بھی پرے نکل گیا۔ برابر اسی طرح اوپر کی طرف چڑھتا رہا یہاں تک کہ ثوابت و سیاروں کے سلسلہ سے اس قدر زیادہ بلند ہو گیا کہ جس کا بیان نہیں ہو سکتا۔ جس قدر تخت بلند ہوتا جاتا تھا میری نظر بھی اس قدر تیز ہوتی جاتی تھی اس لئے میں ان دونوں حضرات کو برابر اسی طرح دیکھ رہا تھا جس طرح سے پہلے دنیا کے میدان میں بہت ہی قریب سے دیکھا تھا۔ یہ خواب کی طرح نہ تھا۔ یوں دیکھنے سے مجھ کو نہایت وثوق کے ساتھ معلوم ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو قوت معجزہ بخشی ہے اس سے قانون قدرت میں حسب ضرورت استثناء ہو سکتا ہے (تذکرہ المولیٰ حصہ دوم صفحہ 127 تا 129)

بیرسٹر صاحب اس واقعہ سے قبل معراج شریف کو صرف روحانی سمجھتے تھے لیکن اب ان کو یقین ہو گیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو روحانی نہیں جسمانی معراج شریف حاصل ہوئی تھی۔

جو لوگ معراج جسمانی کے منکر ہیں ان سے دریافت کیا جائے کہ آیا وہ براق

marfat.com
Marfat.com

کے آنے کے قائل ہیں یا نہیں۔ اگر وہ براق کے آنے کو تسلیم کرتے ہیں تو یقیناً" معراج مبارک بھی جسمانی طور پر ہوئی تھی۔ نزول براق نے معراج جسمانی کا مسئلہ حل کر دیا ہے۔ ویسے بھی اب تو جدید سائنس نے تصدیق کر دی ہے کہ معراج مبارک روحانی نہیں جسمانی تھی۔ (مفصل جواب کے لئے دیکھئے میری کتاب "51 سوالات معہ جوابات (حصہ اول)" میں سوال "معراج النبیؐ پر سائنسی روشنی میں نوٹ لکھئے"۔

315- محمد بن عبداللہ مہلبی نے خواب دیکھا کہ میں فلاں کے چبوترے پر ہوں۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ٹیلے پر رونق افروز ہیں اور آپؐ کے سامنے حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ کھڑے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ شخص مجھے اور حضرت ابوبکرؓ کو گالیاں دیتا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے یہاں لاؤ۔ وہ لایا گیا تو وہ عمانی تھا جو حضرات شیخینؓ کو گالیاں دینے کے لئے مشہور تھا۔ فرمایا اسے لٹاؤ اور ذبح کر دو۔ انہوں نے اسے لٹا کر ذبح کر دیا جس کی چیخوں سے میں جاگ اٹھا۔ سوچا اسے جا کر خواب سناؤں تو شاید توبہ کر لے۔ جب میں اس کے گھر پہنچا تو رونے کی آوازیں آ رہی تھیں۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ رات کسی نے عمانی کو اس کی چارپائی پر ذبح کر دیا ہے۔ میں نے قریب جا کر دیکھا تو کان سے کان تک اس کی گردن پر سرخ لائن تھی جیسے خون رکا ہوا ہو (کتاب الروح از علامہ حافظ ابن القیمؒ_ صفحہ۔ 293 تا 294_ نفیس اکیڈمی۔ اردو بازار۔ کراچی)
امام حافظ ابن القیمؒ نے کتاب و سنت کی روشنی میں روح کی بابت 21 مختلف سوالات کے جوابات تحریر فرمائے جو آپ کی حیات میں شائع نہ ہو سکے۔ بعد میں مختلف ناموں سے شائع ہوتے رہے مثلاً" سرالروح۔ روح و روحانیات۔ کتاب الروح۔ اس میں روحوں کے بارے میں خواہ وہ زندوں کی روحیں ہوں یا مردوں کی تمام مسائل جمع کر دیئے گئے ہیں۔ اس موضوع پر یہ کتاب آج بھی لاجواب ہے۔

marfat.com
Marfat.com

بینظیر و بے مثال ہے۔

316- ایک رات نیند سے بیدار ہو کر حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے اپنی اہلیہ فاطمہ بنت عبدالملک سے فرمایا کہ میں نے ابھی ایک مسرت انگیز خواب دیکھا ہے۔ پھر نماز فجر کے بعد تنہائی میں اپنا خواب سنایا۔ فرمایا کہ میں ایک سرسبز و شاداب وسیع زمین پر ہوں۔ معلوم ہوتا ہے وہاں زمردیں فرش بچھا ہوا ہے۔ اتنے میں وہاں ایک سفید چاندی کا بنا ہوا محل نظر آیا جہاں سے ایک شخص اعلان کرتا ہے کہ محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کہاں ہیں؟ اتنے میں آپؐ تشریف لا کر محل میں داخل ہو جاتے ہیں۔ پھر اس محل سے دوسرا شخص باہر آ کر بہ آواز بلند کہتا ہے کہ ابوبکر بن ابی قحافہؓ کہاں ہیں؟ حضرت ابوبکر صدیقؓ بھی اسی محل میں داخل ہو جاتے ہیں۔ پھر ایک اور شخص محل سے نکل کر اعلان کرتا ہے کہ عمرؓ بن خطاب کہاں ہیں؟ اتنے میں حضرت عمرؓ تشریف لا کر محل میں داخل ہو جاتے ہیں۔ پھر ایک اور شخص آ کر اعلان کرتا ہے کہ عثمانؓ بن عفان کہاں ہیں؟ وہ بھی محل میں داخل ہو جاتے ہیں۔ پھر ایک اور شخص نکل کر اعلان کرتا ہے کہ علیؓ بن ابی طالب کہاں ہیں؟ حضرت علیؓ بھی تشریف لا کر محل میں داخل ہو جاتے ہیں۔ پھر ایک اور شخص محل سے نکل کر اعلان کرتا ہے کہ عمر بن عبدالعزیزؒ کہاں ہیں؟ آخر میں بھی اٹھ کر محل میں داخل ہو جاتا ہوں۔ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچتا ہوں۔ آپؐ کے چاروں طرف آپؐ کے اصحابؓ ہیں۔ میں دل میں سوچ رہا ہوں کہ کہاں بیٹھوں۔ آخر اپنے نانا حضرت عمرؓ کے پاس بیٹھ جاتا ہوں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ کے درمیان ایک اور بزرگ بیٹھے ہیں۔ میں دریافت کرتا ہوں کہ یہ کون ہیں؟ بتایا جاتا ہے کہ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ پھر مجھے نور کے پردے کے پیچھے سے آواز آتی ہے کہ اے عمر بن عبدالعزیز جس راہ پر قائم ہو

marfat.com
Marfat.com

اسے مضبوطی سے پکڑے رہو اور اس پر جمے رہو۔ پھر مجھے باہر جانے کی اجازت مل جاتی ہے۔ پیچھے مڑ کر دیکھتا ہوں تو میرے پیچھے پیچھے حضرت عثمانؓ یہ کہتے تشریف لا رہے ہیں۔ "الحمدللہ۔ اللہ نے میری مدد فرمائی اور آپ کے پیچھے حضرت علیؓ یہ کہتے آ رہے ہیں۔ "الحمد للہ۔ اللہ نے مجھے معاف کر دیا"۔ (کتاب الروح صفحہ 69 تا 70)

317- ایک شخص نے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے پاس آ کر کہا کہ میں نے حضرت رحمتہ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ کی دائیں جانب حضرت ابوبکرؓ اور بائیں جانب حضرت عمرؓ ہیں۔ آپ ان دونوں کے آگے بیٹھے ہیں۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ سے فرماتے ہیں کہ اے عمر جب تم عمل کرو تو ان دونوں (ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما) جیسے عمل کرنا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس شخص سے قسم کھلوا کر پوچھا تم نے یہ خواب دیکھا ہے۔ اس نے قسم کھا کر یقین دلایا تو آپ پر گریہ طاری ہو گیا (کتاب الروح صفحہ 71)

318- روزنامہ "نوائے وقت" لاہور مورخہ 19 جنوری 1946 میں یہ خواب شائع ہوا تھا:

"قائداعظم دربار نبویؐ میں"

ہزارہ سے جناب محمد افضل خان بی اے نے حسب ذیل اطلاع عوام کی آگاہی کے لئے مہیا کی ہے:

انہی دنوں (وسط جنوری) پامال شریف۔ علاقہ غیر۔ سرحد ہزارہ کے ایک ضعیف العمر سفید ریش بزرگ زیارت حرمین شریفین سے واپس تشریف لائے ہیں۔ بے حد معمر بزرگ ہیں۔ سر، بھویں، ریش مبارک بالکل سفید ہے اور بڑھاپے کی وجہ سے کمر جھک گئی ہے۔ یہاں آپ نے جا بجا حلفاً" بیان کیا کہ میں نے مدینہ منورہ میں روضہ اطہر کے متصل ایک خواب دیکھا کہ حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم بہ نفس

marfat.com
Marfat.com

نفیس تشریف فرما ہیں اور آپؐ کے ساتھ شانہ بشانہ ایک لمبے معمر صاحب سر پر ٹوپی پہنے کھڑے ہیں اور پیچھے لوگوں کا بے پناہ ہجوم ہے۔ کسی نے آپؐ سے دریافت فرمایا کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ ٹوپی والے صاحب کون ہیں؟ تو آپؐ نے ارشاد فرمایا "تم نہیں جانتے؟ محمد علی جناح ہیں۔ اور یہ لوگ سب کے سب مجاہد ہیں"۔ پھر حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے آب زم زم کی بہت سی مقدار لے کر جناح اور ان کے ساتھیوں پر چھڑکی۔

خواب دیکھنے والے بزرگ غستان کے رہنے والے ہیں۔ جنہیں ممالک غیر تو درکنار خود اپنے ملک کا بھی پورا پتہ نہیں۔ نہایت ضعیف' سادہ لوح اور معصوم صورت انسان۔ کانگریس' مسلم لیگ اور سیاست حاضرہ وغیرہ اور واقعات ہند سے بالکل نابلد ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے لفظ جناح پہلی بار حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے اسی خواب میں سنا اور وہیں مجھے اس نام والے مجاہد سے عقیدت و محبت ہو گئی۔ اگر عمر نے وفا کی تو میں جناح صاحب کا جو حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں حاضر ہیں ضرور دیدار کروں گا۔ انہوں نے لوگوں سے دریافت کیا کہ جناح صاحب کون ہیں اور کس قسم کا جہاد کر رہے ہیں؟ میں انہیں کب اور کہاں مل سکوں گا؟

قائداعظم ایک شیعہ خاندان میں پیدا ہوئے لیکن خود کو شیعہ کہنا یا کہلانا پسند نہ فرمایا بلکہ جس وقت کوئٹہ میں ایک شیعہ وفد آپ سے ملا اور اس نے جوں ہی یہ کہا کہ آپ ہمارے فرقہ سے ہیں تو آپ نے پوری جرات سے فرمایا "No I Am a Muslim" (نہیں میں مسلمان ہوں) وہ شیعہ' سنی' وہابی' پنجابی' بلوچی' پٹھان یا سندھی بننے کی بجائے اپنی قوم کو صرف "مسلمان" بننے کی تلقین فرماتے رہے۔ اینگلو عربک کالج۔ دھلی میں مسلم طالبات اور خواتین کے ایک جلسہ میں نومبر 1946 کو فرمایا "ہم جنگ و جدل نہیں چاہتے لیکن جنگ کو ختم کرنے کے لئے بھی ہمیں طاقتور ہونا ہوگا

marfat.com
Marfat.com

تاکہ دوسروں کو پتہ چلے کہ اگر انہوں نے مسلمانوں کے خلاف جنگ شروع کی تو انہیں بے حد نقصان ہوگا۔ مسلمانوں کی نجات اسی میں ہے کہ وہ متحد ہو جائیں۔ وہ شیعہ، سنی اور وہابی کے امتیازات کو بالائے طاق رکھ دیں۔ وہ صوبائی تعصبات کو بھی خیرباد کہہ دیں۔ بعض مسلمان کہتے ہیں کہ وہ پنجابی ہیں۔ بعض اپنے کو بنگالی کہتے ہیں۔ ایسا طریق فکر مسلمانوں کے لئے سخت مضر ہے۔ ہم صرف اسلام کے خادم ہیں۔ اس وقت مسلمانوں کو اکٹھا ہونے کی ضرورت ہے۔ انتشار اور اختلافات ہم کو بہت پیچھے کر دیں گے جس سے دوسری اقوام پورا فائدہ اٹھائیں گی۔ ہمت مردانہ اور استقلال سے کام کرنا چاہئے۔ باتیں کم اور کام زیادہ ہونا چاہئے۔ تنقید اور پروپگنڈے سے صداقت کبھی زائل نہیں کی جا سکتی"۔

قائداعظمؒ میں احساس گناہ اس قدر تھا کہ جس وقت پٹنہ (صوبہ بہار۔ بھارت) میں 25 دسمبر 1938ء کو حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا بھیجا ہوا وفد آپ کی خدمت میں پیغام نماز لے کر پہنچا تو آپ نے اس کی گفتگو سن کر نہایت ندامت کے لہجہ میں فرمایا "میں گنہگار ہوں۔ خطاکار ہوں۔ آپ کو حق ہے کہ مجھے کہیں۔ میرا فرض ہے کہ میں اسے سنوں..... الخ"۔ جب نماز شروع کی تو مسنون طریقہ سے۔ جب کبھی باجماعت نماز پڑھنے کا اتفاق ہوا تو سواد اعظم کی مسجد ہی میں نماز ادا کی۔ یہاں تک کہ آپ کی نماز جنازہ بھی شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ نے مسنون طریقہ پر پڑھائی۔ آپ کی ہمشیرہ بیگم فاطمہ جناح کی موجودگی میں آپ کی تجہیز و تکفین مسنون طریقہ پر ہوئی۔ غرض آخر وقت تک صحیح معنی میں مسلمان رہے اور کسی فرقہ سے منسلک نہ ہوئے۔ زندگی میں آپ کو جو مقام حاصل ہوا اس سے کہیں زیادہ اعلیٰ ارفع مقام بعد وصال نصیب ہوا (مشاہدات و واردات از منشی عبدالرحمٰن خان۔ پمفلیٹ۔ ملتان شہر صفحہ 144 تا 145 سے ماخوذ۔ ناشر: ایم ثناء اللہ خان۔ 26 ریلوے روڈ۔ لاہور)

marfat.com
Marfat.com

319- قائداعظمؒ اپنے ایک معتمد خاص کو جن کا ان کی روحانی تربیت میں بہت زیادہ دخل تھا اپنی وفات سے قبل ایک خاص مشن پر حجاز جانے کا امر فرما چکے تھے۔ ان صاحب کے منشی عبدالرحمٰن خان سے خاص تعلقات تھے۔ آپ نے ایس۔ ایس۔ محمدی جہاز سے منشی صاحب کو 17 ستمبر 1948 کو خط لکھا جس میں تحریر تھا۔ "12 ستمبر 1948ء کو پانی کے اس جہاز کی روانگی تھی کہ حضرت قائداعظم کا انتقال ہو گیا۔ یہ ایسا اچانک صدمہ تھا کہ طبیعت قابو میں نہ رہی۔ سامان جہاز پر چھوڑا اور خود نماز جنازہ میں شمولیت کے لئے واپس کراچی شہر آیا۔ اللہ کا شکر ہے کہ کندھا دیا اور اپنے ہاتھ سے حضرت قائداعظمؒ کو قبر میں اتارا۔ ان کا وزن بمشکل پندرہ بیس سیر ہو گا۔ جب میں نے سر کی طرف کا بند کھولا اور پیشانی پر آخری بوسہ دیا تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کوئی نہایت ہی میٹھی گہری نیند سو رہا ہے۔ سکرات موت کے کوئی اثرات نہ تھے۔ قوم کا غم آخر اس بوڑھے جرنل کو قبر میں لے گیا"۔ اس خط سے چند یوم بعد محترم اسد ملتانی کا 28 ستمبر 1948ء کا گرامی نامہ منشی صاحب کو ملا جس میں قائداعظمؒ کی تکفین کا یوں حال درج تھا: "ان کے لئے کوئی خاص تابوت نہیں بنوایا گیا بلکہ قریب کی مسجد سے ایک عام گہوارا منگایا گیا۔ اس میں معمولی کھجور کے پتوں والی چٹائی بچھائی گئی۔ کفن کے لئے بھی بالکل معمولی لٹھا ڈپو سے منگایا گیا۔ گہوارے پر صرف پاکستانی جھنڈا ڈالا گیا۔ دیگر کسی قسم کی قیمتی چادر وغیرہ نہ ڈالی گئی۔ جھنڈے کے اوپر سر کی جانب تھوڑے سے پھول رکھے ہوئے تھے۔ البتہ قبر پر پھولوں کے انبار لگ گئے۔ روزانہ پھول ہٹا دیئے جاتے ہیں اور پھر نئے پھولوں کا انبار لگ جاتا ہے۔ ابھی تک رات دن قرآن خوانی کا سلسلہ جاری ہے اور لوگوں کا ہجوم رہتا ہے۔ اس مرد خدا نے عجیب موت پائی ہے"۔

قائداعظمؒ کے انتقال کے ساتھ ہی فضائے آسمانی صدائے قرات قرآن پاک

marfat.com
Marfat.com

سے گونج اٹھی۔ پاکستان کے گوشہ گوشہ سے بالخصوص اور دنیا کے کونے کونے سے بالعموم بلا کسی ترغیب و ترہیب والہانہ طور پر لاتعداد ختم قرآن ان کے حضور میں آخری خراج تحسین و عقیدت کے طور پر پہنچنے شروع ہو گئے۔ اگر کوئی بادشاہ' وزیر یا امیر اجر تا" بھی اتنے ختم قرآن اس طرح حاصل کرنا چاہتا تو ہرگز نہ کر سکتا۔ اور نہ کسی عوامی لیڈر نے ابتدائے آفرینش سے آج تک مرنے کے بعد اس قدر ختم قرآن حاصل کیے۔ واقعی ۔

مرنا اس کا ہے کرے جس کا زمانہ ماتم   ورنہ دنیا میں سبھی آئے ہیں مرنے کے لئے

ابھی ختم قرآن کا سلسلہ جاری تھا کہ ماہ نومبر 1948ء میں ان معتمد خاص کے دو خطوط مدینہ منورہ سے منشی صاحب کو موصول ہوئے جن میں تحریر تھا کہ جو کام میرے سپرد ہوا تھا مولا کریم نے اسے پورا کر دیا۔ اس کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ یہ معتمد خاص مدینہ منورہ سے جب واپس آئے تو منشی عبدالرحمٰن خان صاحب کے مکان پر بھی تشریف لائے اور دیگر کوائف کے علاوہ یہ بھی بتایا کہ وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک کے خادم خاص حضرت آغا اسحٰق علی صاحب کے یہاں ٹھہرے تھے جو روضہ اقدس کے اندر جانے کے واحد مجاز ہیں۔ آغا صاحب نے بتایا کہ جس روز پاکستان میں قائداعظمؒ کا انتقال ہوا۔ اس روز انہیں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔ آپؐ بہت مسرور نظر آ رہے تھے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ "آج ہمارا دوست آ رہا ہے۔ اس کی آمد کی آپ بھی خوشی منائیں"۔ جب میں نے دریافت کیا کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) وہ کون ہیں۔ تو ارشاد فرمایا "محمد علی جناح"۔ ہم سب نے اس روز شیرینی وغیرہ پکائی اور وہاں سے یہ بشارت بھی لائے کہ "پاکستان نہیں مٹے گا۔ اس کو مٹانے کی کوششیں کرنے والے ضرور مٹ جائیں گے"۔

آپ نے عنداللہ۔ عندالرسول (صلی اللہ علیہ وسلم) اور عندالناس قائداعظمؒ کا

marfat.com
Marfat.com

مقام دیکھ لیا۔ اب دیکھیں کہ قائداعظمؒ کے دشمنوں کے نزدیک ان کا کیا مقام تھا۔

گاندھی کو آخر کار اعتراف کرنا پڑا کہ انہیں نہ کوئی خرید سکتا ہے اور نہ وطن و ملت کے خلاف استعمال کر سکتا ہے۔ بقول حضرت خواجہ حسن نظامیؒ "گاندھی جی کی جیب عمر عیار کی زنبیل ہے کہ بڑے بڑے موٹے موٹے آدمی ان کی جیب میں آجاتے ہیں اور وہ خود بھی چھوٹی سے چھوٹی جیب میں سما جاتے ہیں۔ مگر وہ نہ تو قائداعظم کو جیب میں ڈال سکے اور نہ قائداعظم نے انہیں اپنی جیب میں گھسنے دیا"۔

"ہندوستان ٹائمز" نے لکھا: صرف تاریخ ہی اس امر کا فیصلہ کر سکتی ہے کہ آیا جناح کوئی مسیحائے ملت تھا یا ایک قوم کا موسس تھا۔ اچھا کیا یا برا کیا۔ اس سے قطع نظر اتنا ضرور ماننا پڑے گا کہ ان کے عزم بالجزم کے سامنے حقائق مٹ گئے اور خواب و خیال حقیقت کی شکل میں مجسم ہو کر دنیا کے سامنے آ گئے۔ انہوں نے اپنے زمانہ کی عظیم ترین شخصیت (گاندھی) کو للکارا اور بازی جیتی۔ ممکن ہے تاریخ ان کی فرقہ پرستی کی بناء پر انہیں نشانہ تنقید بنائے لیکن تاریخ انہیں ہرگز فراموش نہیں کر سکتی۔ کیونکہ انہوں نے خود تاریخ بنائی ہے۔

مہا سبھائی آرگن روزنامہ "پربھات" لاہور نے لکھا: ہمیں یہ اعتراف کر لینا چاہئے کہ محمد علی جناح ایک وکیل کی طرح اٹھے اور ہندوستان کے ٹکڑے کرانے میں کانگریس جیسی عظیم الشان جماعت کو شکست دی۔ ان کی موت مسلمانوں کو زندگی بخشنے والی ثابت ہو سکتی ہے۔ لاکھوں مسلمان نوجوان ان کا نام لے کر میدان میں اترا کریں گے۔ ہمیں اعتراف کر لینا چاہئے کہ متحدہ ہندوستان کی تمام طاقتیں اس ایک شخص سے شکست کھا گئیں۔ غیر جانبدار تاریخ لکھنے والے مجبور ہوں گے کہ محمد علی جناح کو دنیا کے بڑے آدمیوں میں شمار کریں۔ یقیناً وہ ایک بڑے آدمی تھے۔ نہ ہوتے تو تاریخ کا رخ نہ پلٹ سکتے۔

مسلمانوں کے صف اول کے دشمن روزنامہ "ملاپ" لاہور نے لکھا: متحدہ

marfat.com
Marfat.com

ہندوستان نے مسٹر جناح سے زیادہ مضبوط' زیادہ مستقل مزاج اور زیادہ سخت آدمی آج تک پیدا نہیں کیا۔ مسٹر جناح نے اپنے سامنے جو آورش رکھا اس پر چٹان کی طرح قائم رہے۔ مخالفوں کے طوفان' نکتہ چینی کی آندھیاں' ناموافق حالات کا بھونچال کوئی بھی انہیں اپنی جگہ سے نہ ہلا سکا۔ انہوں نے کہا تھا کہ انڈین نیشنل کانگریس مسلمانوں کی نمائندہ جماعت نہیں اور عملی طور پر انہوں نے ثابت کر دیا کہ ان کی یہ بات درست ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور برطانیہ کو دو قوموں کی تھیوری تسلیم کرنی پڑے گی اور آخر کار دونوں نے عملی طور پر اس تھیوری کو تسلیم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بن کر رہے گا اور آخر کار وہ دن آگیا جب وہ بات جسے ہم لغویت کی انتہا کہتے تھے اصلیت بن کر ہمارے سامنے آ گئی۔ بے شک مسٹر جناح ایک زبردست قوت ارادی کے مالک تھے۔

کانگریس کے ہوا خواہ روزنامہ "پرتاب" لاہور نے لکھا: بعض انسان انسان ہوتے ہوئے بھی انسٹی ٹیوشن (Institution) بن جاتے ہیں۔ اس طرح ان کے سیاسی کارنامے اور حرکات غیر معمولی اہمیت اور پائیداری اختیار کر لیتے ہیں۔ ہمیں یہ ماننے میں چنداں تامل نہیں کہ مسٹر محمد علی جناح ان ہی لوگوں میں سے تھے جو ایک انسٹی ٹیوشن بن چکے ہیں۔ یہ بلاخوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ اگر پاکستان آج دنیا کے نقشے پر ہے تو مسٹر جناح کی بدولت۔ اگر مسٹر جناح نہ ہوتے تو پاکستان نہ بن پاتا۔ یہ ان کی دور درشتا تھی جس نے سات سال پہلے دیکھ لیا تھا کہ کانگریسی لیڈر ان کا مطالبہ رد نہ کر سکیں گے۔ اس بات کو دل میں بٹھا کر آپ نے ایک مردہ قوم کو زندہ کیا۔ اور اس کا یہ نتیجہ نکلا کہ جس مطالبہ کی بابت ہندوستان کا سب سے بڑا لیڈر (گاندھی جی) یہ کہتا تھا کہ پاکستان میری قبر پر بنے گا۔ پاکستان 14 اگست 1947ء کو حقیقی شکل میں ان کے سامنے بن گیا۔

یہ خواب نمبر 319 معہ دیگر مضمون منشی عبدالرحمٰن خان صاحب کی کتاب

marfat.com
Marfat.com

"مشاہدات و واردات" کے صفحہ 145 تا 153 سے لیا گیا ہے۔

بمبئی کے مشہور اخبار "بلٹز" نے لکھا "مسٹر جناح نے کانگریس اور برطانیہ دونوں سے بڑی قیمت ادا کرائی۔ حکمت عملی میں دونوں کو یکساں مات دی اور جنگی نقل و حرکت و اقدام میں دونوں کو شکست فاش دی۔ دونوں کے لئے اس کے علاوہ چارہ نہ رہا کہ تقسیم ہند کو قبول کر کے پاکستان کے قیام پر راضی ہو جائیں۔ پاکستان کا وہ فلسفی اور قائد جاتا رہا جس نے اس کو زندگی عطا کی۔ (حیات قائد از رضوان احمد)

قائداعظمؒ کی وفات 8 ذیقعدہ 1367ھ کو ہوئی تھی۔ ایک شاعر مہری پیلی بھیتی نے "غلام رسولؐ" سے 1367 مادہ تاریخ نکالا۔ قطعہ تاریخ یہ ہے۔

اللہ کی نظر میں وہ بطل قبول تھے
ملت کے پاسباں تھے مجسم اصول تھے
مہری نے مرگ قائداعظمؒ پہ یہ کہا
جنت ان ہی کی ہے وہ "غلام رسولؐ" تھے

چودھویں صدی ہجری میں قائداعظمؒ سے بڑھ کر کسی نے امت محمدیؐ کی خدمت نہیں کی اور عاشقان حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شاندار صف میں ممتاز مقام حاصل کیا۔

320- حضرت مولوی عبدالبصیر میاںؒ کی ولادت 1279ھ میں ہوئی۔ آپ کے جد اعلیٰ صوبہ سرحد کے مشہور ولی کامل حضرت گل بابا میاںؒ کی اولاد میں سے تھے جن کا مزار تورڈھیر ضلع صوابی (صوبہ سرحد) میں واقعہ ہے اور جن کا سلسلہ نسب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے جا ملتا ہے۔ ابتدائی تعلیم تورڈھیر میں ہوئی۔ پھر پشاور کے مختلف مدارس میں آپ نے صرف و نحو' اصول فقہ اور عربی و فارسی کی کتابیں پڑھیں۔ اصول فقہ کی مشہور کتاب اصول الشاشی پڑھ رہے تھے کہ مدرسہ کے قریب ایک شخص کو دیکھا جو تمام رات رباب بجاتا رہا اور اس کے بعد دن

marfat.com
Marfat.com

میں بھی اسی کام میں مشغول رہا۔ اسے دیکھ کر آپ کے دل میں خیال آیا کہ یہ شخص ایک غلط کام کے لئے پوری رات جاگتا ہے تو حصول علم کے لئے میں پوری رات کیوں نہیں جاگ سکتا۔ چنانچہ اسی دن سے آپ پوری پوری رات سبق یاد کرنے میں گزارنے لگے اور چند ہی دن میں پوری کتاب زبانی یاد کر لی۔ پشاور کے بعد علم حدیث و تفسیر کی تکمیل کے لئے یوپی (بھارت) کے مختلف شہروں بجنور، بانس بریلی، رامپور اور پیلی بھیت کے مدرسہ کفایت العلوم میں تشریف لے گئے ایک رات مسجد ڈومنی (پیلی بھیت۔ یوپی۔ بھارت) میں استراحت فرما تھے کہ خواب میں آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا "عبدالبصیر پیلی بھیت میں شاہ جی میاں (حضرت شاہ جی محمد شیر میاں پیلی • بھیتی) کے دست حق پرست پر بیعت کر لو"۔ نیند سے بیدار ہوئے تو آپ پر عجیب کیفیت طاری تھی۔ صبح شاہ جی میاںؒ کے مرید سید عنایت علی صاحب کے پاس گئے جو خواب سن کر بہت خوش ہوئے اور آپ کو ہمراہ لے کر شاہ جی میاںؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ جوں ہی آپ شاہ جی میاںؒ کی خدمت میں پہنچے تو انہوں نے ارشاد فرمایا مولوی صاحب آ گئے۔ کتنے خوش نصیب ہو کہ تمہیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرید ہونے کا حکم دیا اور مجھے مرید کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ 24 ربیع الثانی 1306ھ مطابق 28 ستمبر 1888ء بعد نماز مغرب آپ حضرت شاہ جی میاںؒ کے حلقے میں شامل ہو گئے۔ ہمیشہ باوضو رہتے تھے۔ جب سے نماز فرض ہوئی تھی آخر دم تک کوئی نماز قضا نہیں کی۔ ناجائز روزی پر فاقے کو ترجیح دیتے تھے۔ بچپن ہی سے چہرہ پر بزرگی اور پاکیزگی کے آثار نمایاں تھے۔ حقیقی معنی میں فنافی اللہ تھے۔ تورڈھیر میں قیام ہوتا تو حضرت گل بابا میاںؒ کے مزار پر تشریف لے جاتے اور اگر پیلی بھیت میں قیام ہوتا تو شاہ جی میاںؒ کے مزار پر تشریف لے جاتے۔ وہیں

marfat.com
Marfat.com

نماز مغرب کے بعد نوافل ادا کرتے' قصیدہ غوثیہ اور شجرہ شریف پڑھتے اور پھر مراقب ہو جاتے۔ آپ کا وصال 26 ربیع الاول 1344ھ کو ہوا۔ محمد بشیر میاں بریلوی نے نماز جنازہ پڑھائی۔ پھر پیلی بھیت میں اسی حجرے میں سپرد خاک کر دیئے گئے جس کے لئے آپ نے وصیت فرمائی تھی۔ 26 ربیع الاول کو ہندو پاک میں کئی مقامات پر آپ کا عرس منایا جاتا ہے (بشکریہ روزنامہ جنگ۔ جمعہ ایڈیشن کراچی۔ 18 اگست 1995ء)۔

321- بوہڑہ لعل دیوان تھے اور شام چوراسی گاؤں (مشرقی پنجاب) کا مالیانہ وصول کرکے دھلی کے خزانہ میں جمع کراتے تھے۔ ہر آسائش میسر تھی مگر اولاد نرینہ سے محروم تھے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ کی دعا سے اس ہندو گھرانے میں حضرت عبدالنبی شامی المعروف بابا جیؒ 29 رمضان المبارک 1028ھ مطابق 30 اگست 1419ء کو پیدا ہوئے۔ جب سن تمیز کو پہنچے تو ہندو باپ بوہڑہ لعل نے ایک مسلمان استاد بچے کی تعلیم کے لئے مقرر کیا۔ سات سال کی عمر میں حضرت عبدالنبی شامیؒ نے حضرت شیخ سعدیؒ کی گلستان و بوستان ختم کی۔ ان کے اشعار کا دل پر ایسا اثر ہوا کہ استاد سے درخواست کی کہ مجھے دائرہ اسلام میں داخل کر لیا جائے۔ استاد کافی عرصہ پس و پیش سے کام لیتے رہے۔ ادھر آپ کی حالت دن بدن خراب ہوتی گئی۔ کھانا پینا چھوڑ دیا۔ اسی عالم میں ایک رات آپ کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپؐ نے بہ نفس نفیس حضرت عبدالنبی شامیؒ کو کلمہ طیبہ پڑھایا اور آپ کے استاد کو بھی خواب میں تاکید فرمائی کہ وہ عبدالنبی شامی کو تعلیم و تلقین فرمائیں۔ صبح ہوتے ہی استاد آپ کے پاس آئے اور دین اسلام کے ارکان کی تعلیم دی اور سید عبدالوہاب باوریؒ نے آپ کو کلمہ پڑھا کر نام عبدالنبی رکھا۔ قبول اسلام کے بعد آپ کو طرح طرح کی اذیتوں کا سامنا کرنا پڑا مگر آپ ثابت قدم رہے۔ جب جو روستم حد

marfat.com
Marfat.com

سے بڑھ گیا تو سلطان پور چلے گئے جہاں علوم ظاہری کی تکمیل کے ساتھ حضرت حاجی عبداللہؒ کے دست مبارک پر سلسلہ نقشبندیہ میں بیعت کی۔ حاجی صاحبؒ نے آپ پر خصوصی توجہ فرمائی تاہم آپ اپنے پیر بھائی حضرت حاجی سید محمد طاہر عالم پوریؒ کے مرید شمار ہوئے۔ آپ کے روحانی کمالات بہت ہیں۔ یہ بھی آپ کی کرامت تھی کہ جو بھی غیر مسلم عصر کے وقت آپ کے پرنور چہرہ کی زیارت کرلیتا اس کی زبان پر کلمہ طیبہ جاری ہو جاتا تھا۔ 1947ء میں سکھوں اور ہندوؤں کے مظالم سے بچنے کے لئے جس نے بھی آپ کے مزار میں پناہ لی محفوظ رہا۔ یہ بھی مشہور ہے کہ مزار مبارک کے احاطے میں جو کنواں تھا اس میں آپ نے اپنا لعاب دہن ڈال دیا تھا جس کی برکت سے اس پانی کے استعمال سے ہر قسم کی بیماری دور ہو جاتی تھی۔ 1905ھ میں ہندوستان میں طاعون کی وبا پھیلی تھی۔ جس کسی نے اس کنوئیں کا پانی پیا اس وبا سے محفوظ رہا۔ بعد کو یہ کنواں خشک ہو گیا اور دوبارہ جاری نہ ہو سکا۔ شام چور اسی میں بعمر 118 سال آپ کا وصال 22 ربیع الاول 1146ھ کو ہوا تھا (بشکریہ روزنامہ جنگ جمعہ ایڈیشن کراچی۔ 18 اگست 1995ء)

طاعون اور ہر دوسری وباء کے لئے یہ سات آیات منجیات اکسیر ہیں۔ علامہ ابن سیرینؒ نے بھی ان کا ذکر کیا ہے۔ صدیوں سے بزرگان دیں کی آزمودہ ہیں۔ وباء کے علاوہ بھی مختلف مواقع پر آپ ان کا استعمال کر کے فائدہ اٹھاتے تھے۔ مجرب ترین عمل ہے۔ افضل صورت یہ ہے کہ ہر کام کے لئے ہر آیت معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی جائے۔ وہ سات آیات مبارک یہ ہیں:۔

1- **قل لن یصیبنا..... المومنون**○ (سورہ توبہ آیت 51)

2- **وان یمسسک...... الرحیم**○ (سورہ یونس آیہ- 107)

3- **وما من دابتہ..... کتاب المبین**○ (سورہ ھود آیت 6)

marfat.com
Marfat.com

4- انی توکلت..... صراط مستقیم○ (سورہ ھود آیت 56)

5- وکاین من..... سمیع العلیم○ (سورہ عنکبوت آیت 60)

6- مایفتح اللہ..... العزیز الحکیم○ (سورہ فاطر آیت 2)

7- ولئن سالتھم..... متوکلون○(سورہ زمر آیت 38)

جو کوئی صبح شام ایک ایک بار ان کا ورد کر لیا کرے بہت فائدہ اٹھائے۔

معہ بسم اللہ پڑھا کریں۔

322- اپنے زمانہ کا مشہور ماہنامہ علمی رسالہ "صوفی" اس کے شمارہ ماہ صفر 1343ھ مطابق ماہ ستمبر 1924ء میں صفحہ 42 تا 43 پر حسب ذیل خواب و واقعہ شائع ہوا تھا:۔

حضرت سجادہ نشین صاحب جلال پور شریف کا تصرف روحانی:

یہ خط میاں گل حسن صاحب سکنہ ڈھوک میاں غلام داخل بسالی ضلع راولپنڈی نے حضرت صاحب سجادہ نشین منبع المسلمین کی خدمت میں بھیجا لکھتے ہیں:

"ہمارے یہاں پانی کی سخت قلت ہے۔ کوئی کنواں یہاں نہیں۔ ایک رات خواب میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ایک جنگل میں سیر کر رہے ہیں اور میں ہمراہ ہوں۔ آپؐ نے ایک جگہ ٹھہر کر پانی طلب کیا۔ میں نے عرض کیا کہ یہاں پانی کہاں؟ اس پر آپؐ نے اپنا پانچ شاخ والا عصا مجھے مرحمت فرمایا اور حکم دیا کہ اپنے پاؤں کی جگہ میں گاڑھ دو۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ پھر ارشاد ہوا "اسے نکالو"۔ میں نے بہت کوشش کی پر عصا اپنی جگہ سے نہ ہلا۔ دوبارہ حکم ملنے پر پھر ہمت کی پر بے سود۔ آخر حکم ہوا کہ یہ عصا ہمت ہی سے نکالو گے۔ میں نے تیسری مرتبہ خوب زور لگایا تو عصا زمین سے باہر نکل آیا اور اس کے ساتھ ہی پانی کے پانچ چشمے رواں ہو گئے۔ میں نے اپنے ہاتھ دھو کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پانی پلایا اور خود بھی پیا۔ اس کے بعد آپؐ نے ارشاد فرمایا "اب تمام دنیا کے پینے کے لئے یہ

marfat.com
Marfat.com

کنواں کافی ہے"۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ تہجد کا وقت تھا۔ اٹھ کر نماز ادا کی۔ صبح چند آدمیوں کے ساتھ اس مقام کو کھودنا شروع کیا جہاں رات کو عصا گاڑھا تھا۔ ایک گز کی کھدائی کے بعد معلوم ہوا کہ یہاں ایک پرانا کنواں ہے جو پر ہو چکا ہے۔ تین روز کھودنے کا کام جاری رہا۔ جب ساڑھے تین گز کھد چکا تو پانی کے نشان ظاہر ہوئے۔ اندازہ کیا گیا کہ اب پانی بہت جلد نکل آئے گا۔ پس کچھ مٹھائی منگوا کر درود شریف پڑھ کر تقسیم کی۔ لوگوں کو بلایا۔ ان کی مہمانی کی اور کنواں کھدوا کر صاف کر دیا۔ صفائی کے بعد خاکسار نے نیچے اتر کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ پانی نکلنے کے پانچ چشمے ہیں۔ کل کنواں آٹھ گز ہے۔ پانچ گز تعمیر شدہ اور تین گز پتھر کھود کر بنایا گیا ہے۔

یہ ایک واقعہ ہے۔ جو احباب کنواں دیکھنا چاہیں تحصیل راولپنڈی میں اسٹیشن مندرا کے راستہ سے بسالی گاؤں میں موضع ڈھوک میاں غلام داخل میں میاں گل حسن کے مکان کا پتہ پوچھ کر جا سکتے ہیں۔

(ماہوار علمی رسالہ "صوفی" بیادگار اعلیٰ حضرت سرتاج صوفیائے کرام قبلہ عالمیان سید حیدر شاہ صاحب جلال پوری نور اللہ مرقدہ'۔ منڈی بہاؤ الدین۔ قیمت دو روپیہ سالانہ علاوہ محصول ڈاک۔ قیمت فی پرچہ تین آنہ)

323- ایک خاتون اولاد سے محروم تھی۔ کسی نے اس سے کہہ دیا کہ پالک کا ساگ کثرت سے استعمال کرنے والی عورت اولاد سے محروم نہیں رہتی۔ یہ حدیث ہے۔ وہ عورت ضرورت مند تھی اس نے اس حدیث کو سچ سمجھتے ہوئے خوب پالک کا ساگ کھانا شروع کر دیا اور کچھ عرصہ بعد واقعی اس کے یہاں اولاد ہو گئی۔ اسی زمانہ میں ایک رات اس کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ اس نے آپؐ کے حضور پالک والی بات کا ذکر کیا۔ یہ سن کر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ میری

marfat.com
Marfat.com

حدیث نہیں ہے۔

اربعین میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ نے فرمایا کہ اگر صرف حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک کسی چیز سے مقرون ہو جائے تو اس سے فیوض و برکات کا ظاہر ہونا بعید نہیں بلکہ متیقن ہے۔ اس ضمن میں اسی کتاب کے اندر دو خواب نمبر 106 اور 126 بھی پڑھیے۔

پالک کے ساگ میں چونکہ فولاد زیادہ ہوتا ہے اس وجہ سے صحت کے لئے مفید ہے۔ اس کا مزاج سرد تر ہے۔ خشکی دور کر کے بدن میں تروتازگی پیدا کرتا ہے۔ معدے کی ہاضم رطوبات کی ترشی بڑھاتا اور تیزابیت کم کرتا ہے۔ بدن میں رکے ہوئے زہریلے مادے نکال پھینکتا ہے۔ دائمی قبض رفع کرتا اور جگر کے فعل کو درست کرتا ہے۔ شریانوں کی غیر معمولی سختی دور کر کے ان کی قدرتی لچک بحال کرتا ہے۔

324- عبدالغفار ولد علی اختر سکنہ تحصیل تخت پڑی (ضلع راولپنڈی) کی عمر قریب 21 سال ہے۔ اس کی بھابی (زوجہ ارشد علی) کے بار بار اصرار پر میں (مصنف کتاب ہذا) نے اسے کثرت سے "صلوعلیہ والہ" پڑھنے کو بتا دیا تھا۔ اول تو اس کا پڑھنا نہایت آسان ہے۔ دوم یہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ مبارک ہیں جن کی اہمیت کا اظہار میرے لئے ممکن ہی نہیں۔ (تفصیلات کے لئے دیکھیے میری کتاب "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ حصہ دوم کا خواب نمبر 163)۔ 22 اگست 1995 کو عبدالغفار کو ایک باڈی بلڈنگ کے مقابلہ میں حصہ لینا تھا۔ مقابلہ بہت سخت تھا۔ نماز مغرب کے بعد عبدالغفار نے دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دل سے دعا کی کہ میں اچھی پوزیشن حاصل کروں۔ خیال و گمان سے بڑھ کر کامیابی حاصل ہوئی۔ جس پر سب کو بہت خوشی ہوئی۔ نماز عشاء کے بعد عبدالغفار بستر پر لیٹ گیا اور اس کا ذہن اچانک حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات زندگی کی طرف منتقل ہو گیا۔ ذہن میں کبھی آپؐ کا چہرہ

marfat.com
Marfat.com

انور اور کبھی چلنا پھرنا آ رہا تھا۔ زندگی میں پہلی مرتبہ اس شدت سے عبدالغفار کے اندر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے محبت بیدار ہوئی تھی۔ اس نے رو رو کر اللہ پاک سے دعا مانگی کہ بے شک میں گنہگار رہوں مگر تیرا بندہ ہوں اور تیرے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کا امتی ہوں۔ مجھے معاف کر دے اور آج کی شب مجھے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کرا دے۔ اس کا دل' آنکھیں اور جسم کا ہر ہر عضو نہایت ہی بے چین تھا۔ ترس رہا تھا۔ آنکھوں سے آنسو جاری تھے کہ یہی درود شریف "صلو علیہ والہ" دل سے پڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی دو سو کے قریب ہی پڑھا تھا کہ نیند کا غلبہ ہونے لگا اور عبدالغفار دعا مانگ کر سو گیا۔ اسے کامل یقین تھا اور دل گواہی دے رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ اسے مایوس نہیں کرے گا۔ ویسے بھی اس کے خزانوں میں کسی چیز کی کمی نہیں۔ جب رات کو گہری نیند میں تھا دیکھا کہ روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") پر بکثرت لوگ درود و سلام میں مشغول ہیں۔ خود بھی ان کے درمیان ایک کونے میں کھڑا نہایت ذوق و شوق اور انہماک سے "صلو علیہ والہ" پڑھ رہا ہے۔ یکایک حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سامنے تشریف لے آئے۔ اتنا حسین و جمیل چہرہ اس سے پہلے نہ دیکھا تھا۔ آپؐ مسکرا رہے تھے۔ ریش مبارک سفید تھی۔ ایک دندان مبارک نہ تھا۔ ہم سب آپؐ سے ملنے کے لئے بیتاب تھے مگر جب آپؐ نے فرمایا کہ میں آج کسی سے نہیں ملوں گا تو میں دھاڑیں مار کر رونے لگا اور عرض کیا کہ سرکار (صلی اللہ علیہ وسلم) میں ملاقات کے لئے نہایت بے قرار ہوں۔ میری گریہ و زاری پر آپؐ کو ترس آگیا اور ارشاد فرمایا۔ اچھا میں آتا ہوں۔ پھر آپؐ میرے پاس تشریف لائے۔ میں نے آپؐ کے دست مبارک پکڑ کر اپنے سینے سے لگالئے اور ان کا بوسہ لیا۔ جب میں نے آپؐ سے یہ عرض کیا کہ آپؐ کا چہرہ انور اس قدر پرنور ہے کہ میری نگاہیں خیرہ ہو گئیں۔ تو یہ سن کر آپؐ مسکرا دئے اور

marfat.com
Marfat.com

غائب ہو گئے- کچھ دیر بعد میری آنکھ کھل گئی- دل کی عجیب کیفیت تھی- منہ پر درود شریف اور آنکھوں میں آنسو تھے- میں اس نعمت عظمٰی پر جتنا بھی رب کریم کا شکر ادا کروں کم ہے- (غیر مطبوعہ)

نوٹ: ورد کے دوران کبھی کبھی پوری رباعی کا پڑھنا بھی موجب برکت ثابت ہوتا جو یہ ہے:-

بلغ العلی بکماله کشف الدجی بجماله
حسنت جمیع خصاله صلو علیه و آله

جناب علامہ عبدالعزیز خالد نے مذکورہ بالا عربی نعتیہ رباعی کا کس قدر حسین اردو ترجمہ کیا ہے

پہنچا بلندیوں پہ وہ اپنے کمال سے کیں دور اس نے ظلمتیں اپنے جمال سے
مجمع ہے خوبیوں کا وہ اپنے خصال سے بھیجو صلوۃ اس پہ سدا (حال و قال سے)
اور اس (خجستہ دم) پہ جو ہے اس کی آل سے

325- حتی کہ ایک دن بالکل غیر متوقع طور پر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "تمہارے لئے انبیاء کرام کی طرف سے ارشاد اور انعامات میرے پاس، صحابہ اکرام کی طرف سے (حضرت) علی، تابعین و تبع تابعین کی طرف سے (خواجہ) حسن بصری اور اولیاء اکرام کی طرف سے (شیخ) عبدالقادر جیلانی کے پاس ہیں- یہ سب وصول کر لو- سالہا سال سے چونکہ تمہاری طرف سے کروڑوں درودوں کا گراں قدر تحفہ انہیں وصول ہوتا رہا ہے- اس لیے **هل جزاء الاحسان الا الاحسان** ○ (سورہ الرحمٰن آیت 60) (ترجمہ: نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں ہے)

(حال سفر از فرش تا عرش) از پروفیسر باغ حسین کمالؔ- بانیٔ سلسلہ اویسیہ کمالیہ- صفحہ 81_ دارالفیضان- نزد چپ بورڈ فیکٹری- جی ٹی روڈ- جہلم)

marfat.com
Marfat.com

پروفیسر کمال کا کمال یہ ہے کہ آپ کے دن اور راتیں درود شریف کے لئے وقف ہو کر رہ گئی ہیں- وہ خود ہی اپنے سابقہ ریکارڈ توڑتے اور نئے ریکارڈ قائم کرتے رہتے ہیں- 19 فروری 1987ء تک 37 کروڑ مرتبہ درود شریف پڑھ چکے ہیں جب کہ آج 3 اکتوبر 1995ء ہے۔ کم از کم سوا دو لاکھ روز کا معمول ہے اور زیادہ سے زیادہ تو ایک راز ہے (صفحہ 80)

ایک عام دنیا دار انسان روزانہ بلاناغہ گرمی ہو' سردی ہو' غمی ہو' خوشی ہو اس کثرت سے درود شریف کہاں پڑھ سکتا ہے! پھر درود شریف بھی وہ جسے "درود قادریہ" کہا جاتا ہے:- **اللھم صل علی محمدن النبی الامی و علی آلہ و اصحابہ و بارک وسلِّم**۔

یہی وہ درود شریف ہے جس کے لئے "حرز ثمین" میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ نے فرمایا ہے کہ اس خاندان کو جو کچھ بھی حاصل ہوا ہے اسی درود شریف کی برکت سے حاصل ہوا ہے- خود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی یہ درود شریف بے حد پسند ہے- اسے جس طرح چاہو پڑھو مجرب ہے-

"حال سفر" جو میں پڑھنے بیٹھا تو 120 صفحات کی اس کتاب کو ختم کر کے ہی اٹھا- میرا تجربہ اور ایمان ہے کہ درود شریف کی کثرت انسان کو کچھ سے کچھ بنا دیتی ہے- یہ تنہا وظیفہ ہے جو کبھی اور کسی بھی حالت میں رد نہیں کیا جاتا- خود اللہ تعالیٰ اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا ہے اور مسلمانوں کے لئے قرآن پاک میں حکم فرمایا ہے: **ان اللہ و ملکتہ یصلون علی النبی یا یھاالذین امنو صلو علیہ وسلمو تسلیما** ○ (سورہ الاحزاب آیت نمبر 56) (ترجمہ= اللہ اور اس کے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں- اے ایمان والو تم بھی پیغمبر پر درودو سلام بھیجا کرو)-

marfat.com
Marfat.com

ہم عموماً "نوافل' تلاوت اور تسبیحات وغیرہ پر اپنی توجہ مرکوز رکھتے ہیں۔ اگر درود شریف کی کثرت بھی کریں تو جہاں اللہ پاک کے حکم کی بجا آوری ہو گی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہم سے راضی ہوں گے۔ سرخروئی اور فلاح دارین حاصل ہو گی۔ سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ حصہ سوم کے خواب نمبر 203 کو پڑھیے۔ اس میں علامہ اقبالؒ سے دریافت کیا گیا ہے کہ آپ حکیم الامت کیسے بنے؟ اس پر علامہؒ نے فرمایا کہ ایک کروڑ مرتبہ درود شریف کا ورد کیا ہے۔ آپ بھی اس نسخہ پر عمل کر کے حکیم الامت بن سکتے ہیں۔ کمال صاحب نے تو کمال کر دیا ہے اب تک کم از کم نصف ارب مرتبہ درود شریف کا ورد کر چکے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں جو بھی انعامات ملیں عین ممکن ہے۔ علامہ اقبالؒ درود حضری پڑھتے تھے۔ پروفیسر کمال درود قادریہ پڑھتے ہیں۔ مختصر سی مختصر اور کوئی سی بھی درود پاک آپ بھی اختیار کر لیجیے۔ انشاء اللہ نہایت پر اثر ثابت ہو گی۔ میری اس کتاب کے پانچوں حصوں میں درود شریف کے سلسلہ میں آپ کو کافی مواد ملے گا۔ ارادہ ہے ان تمام درودوں کو علیحدہ کتابچہ میں جمع کر کے شائع کراؤں۔ ابھی وقت ہے۔ وقت ضائع کرنے کی جگہ اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے درود شریف پڑھا کیجیے۔ انشاء اللہ پھر یہی عادت عبادت بن جائے گی۔

"حال سفر" میں ایک ظاہر بیں کو مبالغہ نظر آئے گا مگر نہیں ایسی کوئی بات نہیں۔ کوئی بھی دیندار باشعور مسلمان حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو درمیان میں لا کر غلط بیانی کی جرات نہیں کر سکتا۔ مجھے یقین کامل ہے پروفیسر کمال نے جو کچھ بھی رقم فرمایا ہے عین حقیقت ہے اور یہ صلہ ہے کثرت درود شریف کا۔

یوں تو "حال سفر" میں کئی واقعات بیان کیے گئے ہیں مگر میں نے قصداً" ایک ہی پر اکتفا کیا ہے۔ اس کے مصنف جناب باغ حسین کمال مارچ 1937ء میں بنوال (نواع چکوال) میں پیدا ہوئے تھے۔ والد بزرگوار کا نام قاضی حسن دین ہے۔ نسبی بھٹی راجپوت (حسی طور پر کھوٹ قریش۔ اعوان) - ڈبل ایم اے۔ بی ایڈ (پنجاب.

marfat.com
Marfat.com

یونیورسٹی) ذاتی محنت اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس مقام پر پہنچے ہیں۔

(میں حافظ عبدالباسط صاحب کا ممنون ہوں جنہوں نے کتاب "حال سفر" مجھے عنایت فرمائی)

مسبعات عشر کی جگہ پروفیسر کمال کو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے مندرجہ ذیل مخمسات عشر (پانچ پانچ بار پڑھی جانے والی دس چیزوں کا وظیفہ عنایت فرمایا ہے)۔ ان کو پڑھنے کی عام اجازت ہے:۔

(1) سورہ فاتحہ (2) سورہ کوثر (3) سورہ اخلاص (4) سورہ فلق (5) سورہ ناس (6) پہلا کلمہ (7) تیسرا کلمہ (8) **استغفراللہ ربی من کل ذنب واتوبہ الیہ** (9) **ربنا اتنا فی الدنیا حسنتہ و فی الاخرۃ حسنتہ وقناعذاب النار** (10) درود قادریہ: **اللھم صل علیٰ محمدن النبی الامی و علی الہ واصحابہ و بارک وسلم** (حال سفر صفحہ 94 تا 95)

مسبعات عشر کے لئے دیکھئے "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ (حصہ اول) صفحہ 193 خواب نمبر 110)۔

326- 28 رمضان المبارک 1415ھ مطابق 27 فروری 1995ء بروز پیر عالم رویا میں ایک شخص کی معیت میں دربار نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") میں حاضری دیتا ہوں۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما ہیں۔ بتقاضائے ادب قدمین شریفین کی طرف دو زانو ہو کر بیٹھ جاتا ہوں اور کہتا ہوں السلام علیک یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) آپؐ مسکراہٹ کے ساتھ جواب عنایت فرماتے ہیں اور اٹھ کر بیٹھ جاتے ہیں۔ مصافحہ فرماتے ہیں۔ دونوں دست مبارک اس قدر نرم اور ملائم ہیں کہ میں دیر تک ان کی حلاوت محسوس کرتا ہوں۔ خلفائے راشدینؓ اور حضرت امیر معاویہؓ بھی وہاں استراحت فرما ہیں۔ میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا مزاج دریافت کرتا ہوں اور ڈرتا ہوں کہ کوئی بے ادبی نہ ہو

marfat.com
Marfat.com

جائے۔ حجرہ مبارک آپؐ کے چہرۂ انور کے نور سے جگمگا رہا ہے۔ نورانی چہرہ' گھنی ریش مبارک' سرمہ بھری آنکھیں جو نہایت روشن ہیں۔ غسل بھی تازہ تازہ فرمایا ہوا ہے۔ مجھ سے فرماتے ہیں۔ "پہنچ گئے"۔ میں عرض کرتا ہوں جی ہاں آپؐ کے صدقے سے۔ پھر دوسرے شخص کی طرف متوجہ ہو کر فرماتے ہیں: "یہ ہمارے چاہنے والوں میں سے ہیں۔ ان کو راستے میں "او' ای' سی" والوں میں سے ایک شریر جن نے تنگ کیا تھا۔ وہ مسجد اقصیٰ میں مجھے ملے گا تو میں اس سے پوچھوں گا"۔ یہ سن کر میں نے کہا کوئی بات نہیں یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)۔ معاً" یہ بھی خیال آیا کہ کس طرح آپؐ اپنی امت کی اصلاح فرما رہے ہیں۔ اتنے میں اذان کی آواز آئی اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کر نماز کے لئے تشریف لے گئے۔ آپؐ کے ٹخنے مبارک کھلے تھے۔ (غیر مطبوعہ)

یہ خواب جناب حافظ عبدالباسط نے دیکھا تھا۔ آپ کا آبائی گاؤں چاہوان (کرور) بمقام مری ہے۔ تاریخ پیدائش 8 جون 1967ء۔ حافظ صاحب ایف ایس سی پاس ہیں۔ انجینئر بنتے بنتے عالم دین بن گئے۔ والد بزرگوار مولانا حافظ عبدالوحید صاحب خطیب مسجد دو منزلہ نشتر بازار (بھابڑا بازار) راولپنڈی' اپنے علاقے کے پہلے حافظ ہیں۔ اس خاندان میں اب ماشاء اللہ کئی بہترین حافظ اور قاری ہیں۔ دعا ہے یہ دولت اور دینی علوم اس خاندان میں تاقیامت باقی رہیں۔ آمین۔

بندہ عاجز عبدالباسط مولف کتاب ہذا محمد عبدالمجید صدیقی صاحب کا بے حد ممنون ہے جن کی لگائی ہوئی حب رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آتش شوق مجھے دربار رسالت (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") تک لے گئی۔ اللہ پاک آپ کے علم اور عمر میں برکت عطا فرمائے اور سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ کی صورت میں آپ کی اس مبارک کاوش کے فیضان سے ہر مسلمان تاقیامت بہرہ ور ہوتا رہے۔ آمین ثم آمین۔

marfat.com
Marfat.com

327- حضرت مولانا مفتی نیاز محمد ختنی ترکستانیؒ شیخ الحدیث، مہتمم مدرسہ جامع العلوم عیدگاہ، بھاول نگر نے بروز پیر 30 جمادی الآخر 1412ھ مطابق 6 جنوری 1992ء کو بعمر 85 سال وصال فرمایا۔ مولانا محمد الیاس صاحب جو مفتی صاحبؒ کے شاگرد اور دین پور شریف کے قبرستان کے متولی حضرت مولانا اللہ بخش صاحبؒ کے پوتے ہیں انہوں نے مفتی صاحبؒ کی وفات سے ایک رات قبل یعنی شب دو شنبہ کو خواب میں دیکھا کہ حضرت مولانا مفتی نیاز محمدؒ کا جنازہ قبرستان لایا گیا ہے۔ میں نے دیکھا تو بہت زیادہ روشن ہو رہے ہیں اور آپ کے اعضا بالکل زندوں کی طرح تر و تازہ ہیں۔ ہاتھ پاؤں مڑ جاتے ہیں۔ ذرا بھی سختی یا اکڑ پیدا نہیں ہوتی۔ تو میں سوچتا ہوں کہ اگر یہ وفات شدہ ہیں تو پھر جسم زندوں کی طرح کیوں ہے؟ اور اگر زندہ ہیں تو یہ لوگ جنازہ بنا کر کیوں لائے ہیں؟ اتنے میں سامنے سے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بڑی شان و شوکت اور وقار و سکینہ سے تشریف لاتے اور فرماتے ہیں کہ ہم اپنے آدمی کا استقبال کرنے آئے ہیں۔ ہم اس کی تدفین کرنے آئے ہیں۔ پھر میری آنکھ کھل گئی اور صبح قبرستان جا کر سب سے بہتر جگہ قبر کے لئے پہلے سے مقرر کر دی۔ تھوڑی دیر بعد اطلاع آئی کہ حضرت مولانا نیاز محمدؒ کا انتقال ہو گیا ہے۔ جب حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی دامت برکاتہم اور برادرم سراج احمد قبر کی جگہ لینے آئے تو میں نے کہا کہ میں تو آپ حضرات کا انتظار کر رہا ہوں۔ (مقالات یوسفی "شخصیات و تاثرات" از مولانا محمد یوسف لدھیانوی صفحہ 390 تا 391- مکتبہ لدھیانوی، جامع مسجد فلاح، فیڈرل بی ایریا۔ کراچی نمبر38)

حضرت مولانا مفتی نیاز محمدؒ کا اصل وطن مشرقی ترکستان کا مشہور شہر ختن ہے جو مشک ختن کے حوالے سے شہرہ آفاق ہے اور اب جمہوریہ چین کے صوبہ سنک یانگ میں واقع ہے۔ نسلاً ترک تھے۔ بے حد غیور اور جنگجو قبیلہ "اوُی فور" سے تعلق

marfat.com
Marfat.com

رکھنے کے باوجود ایک علمی خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ جب آپ کے استاذ محترم مولانا ثبوت اللہ" جو امام العصر حضرت مولانا انور شاہ کشمیری" کے تلمیذ رشید تھے نے کمیونسٹوں سے جہاد کرتے جام شہادت نوش فرمایا تو آپ بعمر 18 سال اپنے چند ہم عمر نوجوانوں کے ساتھ کوہ ہمالیہ کے دشوار گذار، پرخطر اور برفانی راستوں کو پا پیادہ طے کرتے ہوئے دو ماہ میں دیوبند پہنچے۔ دارالعلوم دیوبند میں داخلہ لیا۔ فارغ التحصیل ہوئے اور پھر وہیں کے ہو رہے۔ حضرت الاستاذ مولانا بدر عالم میرٹھی ثم مدنی" دو چھپر نما کچے کمروں کی شکل میں مدرسہ 1366ھ میں مدینہ منورہ ہجرت کرتے وقت اپنے اس شاگرد رشید کے سپرد کر گئے تھے۔ مولانا مفتی نیاز محمد" غریب الوطن اور اجنبی تھے۔ یہاں کی زبان پر بھی عبور نہ تھا۔ بارہا فاقوں کی نوبت آئی لیکن پائے استقامت میں لغزش نہ آئی۔ قدم قدم پر حق تعالیٰ شانہ' نے نصرت فرمائی اور آج وہی مدرسہ اس مہاجر فی سبیل اللہ کی کوششوں سے ایک وسیع و عریض دارالعلوم بن چکا ہے۔ حضرت شاہ عبدالرحیم رائے پوری" کے خدام خاص میں سے تھے قاری ابوالحسن صاحب" جنھوں نے اپنی سب سے چھوٹی صاحبزادی مولانا مفتی نیاز محمد" کو بیاہ دی تھی غریب سے غریب گھر میں بھی کچھ نہ کچھ ہو گا مگر اس درویش خدامست کے پاس واقعتہ" کچھ نہ تھا مگر اہلیہ محترمہ کبھی حرف شکایت زبان پر نہ لائیں۔ مولانا اپنے بچوں سے سچ ہی فرمایا کرتے تھے "تمہاری ماں ولیہ ہے اس کی قدر کیا کرو۔ میں اپنا وطن، قبیلہ اور خاندان چھوڑ کر یہاں تن تنہا آیا تھا اس عورت نے مجھے پورے کنبہ و قبیلہ کا سہارا دیا"۔

328- 25 محرم 1406ھ 11 اکتوبر 1985ء بروز جمعہ نواب عشرت علی خان صاحب کی والدہ ماجدہ کا کراچی میں بعمر 93 سال انتقال ہوا۔ عارف باللہ ڈاکٹر عبدالحیٔ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ مرحومہ کا بیعت وارادات کا تعلق حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ سے تھا۔ حضرت حکیم الامت رحمتہ

marfat.com
Marfat.com

اللہ علیہ کے وصال سے ایک سال قبل مرحومہ کو حضرت والد رحمت اللہ علیہ کے لئے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آفتاب غروب ہو رہا ہے۔
(مقالات یوسفی صفحہ 278) (معرفت الٰہیہ از مولانا حکیم محمد اختر صاحب)

مرحومہ کا کشف آخری عمر میں بڑھ گیا تھا۔ بشارات منامیہ بھی بکثرت دیکھتی تھیں۔ حضرت مفتی محمد شفیعؒ اپنی مجالس میں فرمایا کرتے تھے کہ کشف و کرامات والی بی بی ہیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف بارہا نصیب ہوا۔ چھ سات روز میں قرآن پاک ختم کر لینا معمول تھا۔ پوری پوری رات تلاوت میں بسر ہو جاتی تھی۔ نتیجتاً کلام الٰہی کے انوار و تجلیات اپنے گردو پیش مشاہدہ کرتی تھیں۔ فرماتی تھیں کہ جب بستر پر لیٹتی ہوں تو اپنے جسم کے چاروں طرف قرآن مجید کی آیات نہایت نفیس و منور نقش و نگار کے ساتھ متشکل دیکھتی ہوں۔ اس قدر کثرت سے نمودار ہوتی ہیں کہ مجھے بوجہ ادب اپنے پاؤں بستر پر سکیڑنے پڑتے ہیں۔ موتیا بند کی وجہ سے بینائی کمزور ہو گئی تھی مگر قرآن پاک کی تلاوت بغیر چشمہ کے کرتی تھیں۔ زکوۃ اور قربانی کا باقاعدہ حساب لکھواتی تھیں۔ صدقہ و خیرات دل کھول کر دیتی تھیں۔ ان کی زبان سے اکثر یہ مصرعہ سنا۔

ع پھر نکلنا گور سے ہاتھوں کا ممکن ہی نہیں

فرمایا کرتی تھیں کہ جو کچھ اللہ کی راہ میں خرچ کرنا ہے اپنے ہاتھوں سے دے جاؤں۔

329- الحاج شیخ محمد حبیب الرحمٰنؒ نے اصلاح معاشرہ کی اپنی مہم کا آغاز 1964ء میں پولیس ٹریننگ کالج۔ سہالہ میں پولیس کے افسران کو خطاب کرنے سے کیا۔ تقریر کا موضوع تھا "ارتکاب جرائم کا سبب غیر روحانی انداز فکر ہے"۔ بارگاہ رب العزت میں اس تقریر کو ایسا شرف قبولیت حاصل ہوا کہ شیخ صاحب کو جو ان دنوں خود ایک بڑے پولیس افسر تھے کئی پیغمبروں، اولیاء کرامؒ اور فرشتوں کی خواب میں زیارت ہوئی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار

marfat.com
Marfat.com

مبارک سے بھی مشرف ہوئے۔ دیکھا کہ آنحضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی چارپائی کے داہنی طرف چہل قدمی فرما رہے ہیں اور یوں مخاطب ہیں "تم یہ اول بھی پڑھا کرو اور بعد میں بھی پڑھا کرو۔ میں اول بھی ہوں اور آخر بھی ہوں"۔ اس خواب کی تعبیر کے مطابق ہدایت یہ تھی کہ تلاوت کلام پاک کے وقت اللہ پاک کی حمدوثنا اور حضرت رسول اللہ صلی علیہ وسلم پر درود و سلام اول بھی ہو اور آخر میں بھی ہو۔ اس میں ایک طرف تو اطاعت الٰہی اور اطاعت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یاد دہانی ہے اور دوسری طرف اس عمل میں عبادات کی مقبولیت کا راز بھی ہے (فضائل توبہ و استغفار مولفہ شیخ محمد حبیب الرحمٰن۔ صفحہ 283 تا 284- مرکز ذکر۔ 17/A نیو چوبرجی پارک۔ لاہور) شیخ صاحب حال ہی میں انتقال فرما چکے ہیں۔

330- کچھ عرصہ بعد الحاج شیخ محمد حبیب الرحمٰن کو پھر آقائے نامدار حضرت محمد رسول اللہ صلی علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ خواب دیکھا کہ شیخ صاحب غسل کر رہے ہیں اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرما رہے ہیں۔ "تم مجھے جس چیز میں دیکھو گے وہیں موجود ہوں۔ جب بھی یاد کرو گے وہیں حاضر ہوں"۔ اس خواب کی تعبیر حضرت مولانا سید احمد سعید کاظمیؒ نے جو اس وقت جامعہ اسلامیہ۔ بھاولپور میں شیخ الحدیث تھے یہ فرمائی تھی کہ چونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی امت پر شاہد بھی ہیں لہٰذا امت کے حال سے اللہ تعالیٰ آپؐ کو ہر وقت باخبر رکھتا ہے اور غسل سے اشارہ گناہوں سے پاک ہونے کی خوشخبری ہے (فضائل توبہ و استغفار۔ صفحہ 284)

331- ایک مرتبہ الحاج شیخ محمد حبیب الرحمٰنؒ کو کسی نے گلاب کا پھول دیا جسے آپ نے قبول نہ کیا۔ اسی رات خواب میں آپ سے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "تم یہ گلاب کے پھول جہاں سے بھی ملیں لے

marfat.com
Marfat.com

لیا کرو اپنے لئے نہیں میرے لئے"۔ ایک حدیث پاک میں آپؐ کا فرمان ہے کہ جب بھی تم میں سے کسی کو خوشبو دی جائے تو اسے رد نہ کرو کہ خوشبو جنت سے آئی ہے (فضائل توبہ و استغفار۔ صفحہ 286)

332- الحاج شیخ محمد حبیب الرحمٰنؒ کو 1966ء کے اختتام پر حضرت سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر زیارت نصیب ہوئی۔ اس میں آپؐ کی جوانی اور آخری عمر دونوں حالتوں کا مشاہدہ ہوا۔ نیز حضرت جبریل امین علیہ السلام کے آسمان سے اترنے اور حضرت رسالت مآب صلیٰ اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عقب سے آکر داہنی جانب نہایت ادب و احترام سے سلام پیش کرنے کا روح پرور منظر دیکھنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔ آپؐ کا چہرہ انور اور ریش مبارک بلکہ سارا جسم اطہر اس قدر نورانی تھا کہ آنکھیں ان کی شعاؤں سے چکاچوند ہو گئیں اور شیخ صاحب فرط محبت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن پاک سے چمٹ گئے اور بوسہ دیا اور خواب کی تعبیر میں یہ شعر کہا۔

غبار راہ کو بخشا گیا ہے ذوق جمال　　خرد بتا نہیں سکتی کہ مدعا کیا ہے

(فضائل توبہ و استغفار۔ صفحہ 287)

333- الحاج شیخ محمد حبیب الرحمٰن نے دسمبر 1972ء میں عصر حاضر کے بے مثال عالم ربانی اور عارف باللہ حضرت مولانا اللہ یار خانؒ کے دست مبارک پر بیعت کی تھی۔ جنوری 1974ء میں اپنے شیخ مکرمؒ اور نو دیگر اکابرین کے ہمراہ دوسری بار حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے۔ دوران سفر بہت سی سعادتوں میں سے ایک یہ تھی کہ مدینہ شریف میں قیام کے دوران شب جمعہ میں جب صالحین کی یہ جماعت نماز تہجد اور ذکر الٰہی کے معمول سے فارغ ہوئی تو شیخ مکرمؒ کو دربار نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً") سے ارشاد ہوا کہ حبیب الرحمٰن کو پیش کرو۔ چنانچہ جب پیش کیا گیا تو فخر موجودات سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک

marfat.com
Marfat.com

پر آپ کو روحانی بیعت کرنے کی سعادت حاصل ہوئی آپ کی زندگی کا یہ مبارک ترین دن تھا (فضائل توبہ و استغفار۔ صفحہ 290)

ابتدائی منازل سلوک طے کرانے کے بعد سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روحانی بیعت کرائی جاتی ہے۔ علمی طور پر اس کے شواہد موجود ہیں۔ عقائد علمائے دیوبند مرکزی رسالہ ہے جس پر دیوبندی مسلک کا مدار ہے۔ اس میں سوال نمبر ۱۱ فیض باطنی سے متعلق ہے۔ علمائے دیوبند نے اس کا مفصل جواب دیا ہے کہ وہ روح سے باطنی فیض کے قائل ہیں۔ مشائخ سے روحانی فیض حاصل کرنا اور فیض باطنی ان کے سینوں یا ان کی قبروں سے پہنچنا صحیح ہے۔ یہ امر واقعہ ہے مگر اللہ کے خاص خاص بندوں ہی کو حاصل ہوتا ہے اور وہ طریقہ نہیں ہے جو عوام میں مروج ہے۔

امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ فرماتے ہیں کہ سلسلہ اویسیہ میں روح سے اخذ فیض ہوتا ہے۔ اس کے لئے اتصال ظاہری شرط نہیں' ہاں اتصال نسبت ضروری ہے۔ یہی نسبت اویسیہ ہوتی ہے۔ اس کو اصطلاح میں اویسی طریقہ کہتے ہیں۔ حضرت اویس قرنیؓ نے چوں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں رہ کر تربیت حاصل نہیں کی تھی بلکہ آپؐ کی روح پر فتوح سے فیض حاصل کیا تھا اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپ پہلے اویسی تھے۔ مثال کے طور پر حضرت ابوالحسن خرقانیؒ کو حضرت بایزید بسطامیؒ سے روحانی فیض حاصل ہوا تھا۔ اجازت تربیت ملی تھی اور آپ کے خلیفہ مجاز بھی قرار دیے گئے تھے حالانکہ حضرت بایزید بسطامیؒ آپ سے قریب ایک سو سال قبل دنیا سے رخصت ہو چکے تھے۔ اسی طرح کئی دوسری امثال پیش کی جاسکتی ہیں۔

سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ کے بانی حضرت مولانا اللہ یار خان قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ میں اپنے شاگردوں کی تربیت نقشبندیہ طریقہ کے مطابق کرتا ہوں۔ میں نے

marfat.com
Marfat.com

اپنے محبوب شیخؒ کی روح سے اخذ فیض اور اجازت حاصل کی ہے۔ میرے اور میرے شیخ مکرمؒ کے درمیان چار سو سال کا فرق ہے۔ تحدیث نعمت کے طور پر کہتا ہوں کہ جسے سلوک سیکھانا ہو بندہ کے پاس ان شرائط کے ساتھ رہے جو میں پیش کروں گا۔ پھر انشاء اللہ اسے دکھا دوں گا کہ روح سے فیض کیسے حاصل ہوتا ہے۔ وہ شخص روح سے کلام کرے گا۔ قبر کے عذاب اور انعام دیکھ لے گا۔

انبیاء علیہم السلام کی ارواح طیبہ سے ملاقات کرے گا اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر روحانی بیعت کرادوں گا بشرطیکہ وہ شخص متبع سنت ہو اور خلوص لے کر آئے۔ طلب صادق ہو۔ نکتہ چینی اور امتحان مقصود نہ ہو۔ یہ القائی اور انعکاسی چیز ہے جو القاء اور صحبت شیخ سے حاصل ہوتی ہے۔ کتب تصوف سے نشان راہ تو مل سکتا ہے مگر منزل تک رسائی نہیں ہو سکتی۔ یہ کمالات شیخ کامل کے سینے' اس کے باطن اور اس کی روح سے حاصل ہوتے ہیں۔

حضرت مولانا اللہ یار خان رحمتہ اللہ علیہ 1904ء میں اپنے آبائی گاؤں موضع چکڑالہ ضلع میانوالی میں پیدا ہوئے تھے۔ دورہ حدیث مدرسہ امینیہ۔ دھلی میں 1933ء میں زیر سرپرستی مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دیوبندیؒ مکمل کیا تھا۔ 1936ء میں تصوف کے میدان میں قدم رکھا اور 24 سال کی مسلسل کاوشوں سے اس میں کمال حاصل کیا۔ 1962ء میں سالکین کی تربیت بسلسلہ نقشبندیہ اویسیہ شروع کی۔ آپ کے تربیت یافتہ کاملین اور صاحب کشف و کرامات آج دنیا کے کونے کونے میں پھیلے ہوئے ہیں۔ 18 فروری 1984ء کو اسلام آباد میں آپ نے وصال فرمایا اور 19 فروری کو تصوف و سلوک کا یہ بحر بیکراں اپنی آخری آرام گاہ موضع مرشد آباد داخلی چکڑالہ میں مدفون ہوا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

آپ کے خلفاء حضرت میجر محمد احسن بیگ مدظلہ العالی (راولپنڈی) اور حضرت سید بنیاد حسین نقوی مدظلہ العالی (سرگودھا) سالکین کی رہنمائی اور تربیت کے فرائض

marfat.com
Marfat.com

انجام دے رہے ہیں (دلائل السلوک از حضرت مولانا اللہ یار خانؒ سے ماخوذ۔ ادارہ نقشبندیہ اویسیہ۔ الحسنات منزل۔ چکوال)۔ (ادارہ تالیفات اویسیہ۔ مرشد آباد ضلع میانوالی)

334- الحاج شیخ محمد حبیب الرحمٰنؒ مارچ 1977ء میں اپنے شیخ مکرمؒ کے ہمراہ عمرہ پر تشریف لے گئے۔ جب مدینہ طیبہ حاضر ہوئے تو ایک رات خواب میں آپ کو دربار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے حکم ہوا کہ "آٹھ بجے پیش ہو"۔ آپ ڈر گئے کہ شاید مجھ سے کوئی گستاخی یا بے ادبی ہو گئی جس کی پاداش میں پیشی کا یہ حکم صادر ہوا۔ اس لئے شیخ مکرم سے شرم کی وجہ سے یہ بات ظاہر نہ کی اور آپ کے ایک خلیفہ جو ہم سفر تھے ان کے ہمراہ مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوۃ و سلاما") میں پیش ہوئے۔ سارے جسم پر لرزہ طاری تھا۔ دل ہیبت سے بلیوں اچھل رہا تھا۔ لیکن حضرت رحمتہ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے کمال رحمت سے آپ کا روحانی طور پر شرح صدر فرمایا اور کچھ اور بیش بہا انعامات سے نوازا (فضائل توبہ و استغفار۔ صفحہ 291)

ایک دن الحاج شیخ محمد حبیب الرحمٰنؒ کے ایک مہمان نے آپ کی جانماز پر مغرب کی نماز پڑھی تو اسی رات انہیں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو گئی (فضائل توبہ و استغفار صفحہ 294)

335- الحاج شیخ محمد حبیب الرحمٰنؒ کے صاحبزادے الحاج محمد انجم جاوید ایم اے نوعمری ہی میں 1965ء میں 27 ویں شب رمضان المبارک کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار مبارک سے مشرف ہوئے۔ 1966ء میں اپنے والد بزرگوار کے ساتھ نماز تراویح سے فارغ ہوئے تو مسجد ہی میں غنودگی چھا گئی اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے پھر سرفراز ہوئے۔ دیکھا کہ آپؐ صحابائے اکرامؓ کو وعظ و نصیحت فرما رہے ہیں۔ اسی طرح محمد انجم جاوید

marfat.com
Marfat.com

کے بڑے بھائی جناب محمد کوثر جاوید بھی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت نوح علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ (فضائل توبہ و استغفار۔ صفحہ 293)

336- کیا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بیداری میں ممکن ہے؟

علامہ ابن حجر مکیؒ نے فرمایا کہ ایک جماعت منکر ہے اور ایک جماعت قائل ہے اور یہی جماعت حق پر ہے۔ علامہ بارزیؒ فرماتے ہیں کہ محقق بات یہ ہے کہ ایک جماعت اولیاء نے ہمارے زمانے میں اور اس سے پہلے بھی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد بحالت بیداری آپؐ کی زیارت کی ہے۔ حضرت امام غزالیؒ رویت مثال کے قائل ہیں عین ذات کے قائل نہیں۔ حق تو یہ ہے کہ حالت بیداری میں رویت مختلف فیہ نہیں ہے۔ اگر کچھ اختلاف ہے تو اس میں کہ مرئی یعنی دیکھے جانے والی ذات مقدسہ بعینہٖ ہے یا اس کی مثل ہے۔ نہایت ہی قلیل جماعت کا خیال ہے کہ یہ مرئی صورت عین ذات نہیں بلکہ صورت مثالیہ ہوتی ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلویؒ فرماتے ہیں کہ میں نے روح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بالواسطہ قرآن مجید پڑھا جیسے کہ فیض باطنی حاصل کیا (یعنی میں تعلیم قرآن میں بھی اسی طرح آپؐ کا اویسی ہوں جس طرح فیض باطنی میں آپؐ کا اویسی ہوں) (فیوض الحرمین) (تفہیمات الٰہیہ)

حضرت علامہ ابن تیمیہؒ نے اقتضائے صراط مستقیم میں اظہار رائے کیا ہے اور اس کے قائل ہیں۔ فرماتے ہیں کہ حضرت فاروق اعظمؓ کے زمانہ میں ایک شخص نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ آپؐ نے اسے فرمایا کہ عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے کہو کہ صلوٰۃ استسقاء کے لئے لوگوں کو باہر نکالو۔ یہ زیارت بحالت بیداری تھی۔

marfat.com
Marfat.com

ایک شخص نے شیخ ابوالعباس المرسیؒ سے عرض کیا آپ نے بہت سے ملکوں کی سیر کی ہے اور بڑے بڑے کاملین سے مصافحہ کیا ہے اس لئے میں آپ سے مصافحہ کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت شیخؒ نے اس پر ارشاد فرمایا کہ میں نے یہ ہاتھ سوائے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی اور سے نہیں ملائے اور یہ کہ اگر آپؐ کی ذات گرامی ایک لمحہ کے لئے بھی میری آنکھوں سے اوجھل ہو جائے تو میں اپنے آپ کو مسلمان نہیں سمجھتا (طبقات کبریٰ)

حضرت علامہ عبدالوہاب شعرانیؒ فرماتے ہیں کہ شیخ صالح عطیہ ابناسیؒ۔ شیخ قاسم مغربیؒ اور قاضی زکریاؒ نے حضرت جلال الدین سیوطیؒ سے سنا ہے کہ ستر مرتبہ سے زیادہ بیداری میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے ہیں۔ (الیواقیت و الجواہر) شیخ عطیہ نے ایک مرتبہ علامہ سیوطیؒ سے اپنے ایک کام کے لئے سلطان غوری سے ملنے کو کو کہا تو آپ نے اسی وجہ سے انکار کر دیا تھا کہ میں بیداری میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں جاتا ہوں۔ سلطان غوری کے دربار میں نہیں جا سکتا۔

337- حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روحانی بیعت کا ثبوت کیا متقدمین صوفیا میں بھی ملتا ہے؟ اس کے جواب میں علامہ ابن حجرؒ نے فرمایا کہ عارف علی وفاؒ نے بتایا کہ میں نے حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو روبرو دیکھا۔ پھر آپؐ نے میرے ساتھ معانقہ فرمایا۔ پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی نعمت بیان کیا کر۔ اسی طرح تاج ابن عطاءاللہؒ نے بتایا کے میرے شیخ عارف کامل ابوالعباس المرسیؒ نے فرمایا کہ میں نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ پکڑ کا مصافحہ کیا (فتاویٰ الحدیثیہ)۔ شیخ عبدالغفار بن نوح اپنی کتاب "الوحید" میں لکھتے ہیں کہ شیخ ابوالعباس المرسیؒ جب سلام کہتے تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا جواب دیتے اور جب گفتگو کرتے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کا جواب دیتے

marfat.com
Marfat.com

تھے۔

338- شیخ خلیفہ بن موسیٰ خواب اور بیداری میں کثرت سے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ انہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک رات میں سترہ مرتبہ دیکھا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ ان کے اکثر کام حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے ہوتے تھے۔ (الحاوی للفتاوی جلد 2 صفحہ 444) وہ بہت صالح مشہور تھے۔ قطب عسقلانیؒ نے ان کے مکاشفات اور کرامات کا ذکر کیا ہے لکھتے ہیں کہ انہوں نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور مجلس کی (الطالع السعید از علامہ الکمال الاوفی)۔

یا رب صل وسلم دائما" ابدا" ۔علی حبیبک خیر الخلق کلھم

339- ایک شکی طبیعت کا آدمی کسی بزرگ سے بیعت ہونا چاہتا تھا۔ وہ شیخ العرب والعجم حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کی خدمت میں اس وقت حاضر ہوا جب وہ وضو کر رہے تھے۔ آپ نے قصدا" سر کا مسح ہاتھ کی ہتھیلیوں کی بجائے ہاتھوں کی الٹی جانب سے کیا۔ یہ دیکھ کر اس نے کہا آپ کو تو مسح تک کرنا نہیں آتا۔ اس پر حاجی صاحبؒ نے فرمایا کہ مسح کرنے کا یہی طریقہ ہے۔ آپ کسی بھی کتاب میں جا کر دیکھ لیں۔ اب اس نے جو کتاب کھول کر دیکھی تو وہاں مسح کرنے کا یہی طریقہ تحریر پایا۔ سخت مذبذب ہوا۔ رات اسے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ تو جا کر حاجی صاحب سے بیعت ہو۔ صبح وہ حاجی صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر تائب ہوا۔ حاجی صاحبؒ نے پھر اسے بیعت کر لیا (یہ بالکل سچا واقعہ ہے مگر حوالہ میرے ذہن سے اتر چکا ہے۔ حاجی صاحبؒ کاملین میں سے تھے۔ یہاں ان کے تصرف کی ہلکی سی جھلک دیکھی جا سکتی ہے)

340- بلغتہ الحیران کے صفحہ 8 پر مولانا حسین علیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے

marfat.com
Marfat.com

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ آپؐ نے مجھے بغل میں لے لیا اور پل صراط پر چل دیئے۔ میں نے دیکھا کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لئے ضمانت نامہ لکھا اور اپنے دست مبارک سے اس پر مہر لگائی۔ اس وقت آپؐ کے ہمراہ بہت سے اکابر تھے۔ میں نے بیت اللہ شریف کے قریب دعا مانگی اور پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہو کر سلام عرض کیا۔ تو آپؐ نے مجھ سے معانقہ فرمایا اور مجھے لطائف و اذکار سکھائے۔ میں نے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی زیارت کی۔ آپ سب نہایت بلند آواز سے فرما رہے تھے کہ جو شخص غیر اللہ کو اس عقیدے کے ساتھ پکارے کہ وہ سنتا اور جانتا ہے وہ کافر ہے۔

مولانا حسین علیؒ بڑی ہی باکمال شخصیت کے مالک تھے۔ ایک روز آپ کا لانگری نور محمد کشمیری روتا ہوا ہاتھ میں خط لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ میری ماں فوت ہو گئی ہے۔ مولانا نے تھوڑی دیر کے لئے آنکھیں بند کر لیں اور فرمایا تمہیں کسی نے دھوکا دیا ہے۔ وہ تو زندہ ہے اور اس وقت اپنے گھر کے صحن میں جھاڑو دے رہی ہے لیکن دیکھو یہ بات میری زندگی میں کسی کو نہ بتانا۔ نور محمد پھر گھر گیا تو بالکل ویسا ہی پایا جو مولانا نے اپنے کشف سے فرمایا تھا۔

شیخ الاسلام حضرت حسین احمد مدنیؒ نے اپنی سوانح حیات "نقش حیات" میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بحالت بیداری و بحالت خواب کے کئی واقعات کا ذکر کیا ہے۔ آپ کٹر کانگریسی تھے۔ شیخ الاسلام نمبر کے صفحہ 164 پر تحریر ہے کہ حضرت مدنیؒ نے قیام پاکستان سے قبل ایک رات قریب 2 بجے مولانا رشید احمد صدیقی اور انسپکٹر مدارس چودھری محمد مصطفےٰ کو طلب فرمایا۔ دونوں فوراً حاضر ہوئے تو ارشاد فرمایا کہ بھائی اصحاب باطنی نے ہندوستان کی تقسیم کا فیصلہ کر دیا ہے اور پنجاب

marfat.com
Marfat.com

اور بنگال کو بھی تقسیم کر دیا ہے۔ ان دونوں نے سن کر کہا کہ ہم جو تقسیم کے مخالف ہیں اب کیا کریں۔ اس پر حضرت مدنیؒ نے فرمایا کہ یہ فیصلہ تقدیر کا ہے جب کہ ہم جس بات کو حق سمجھتے ہیں اس کی تدبیر میں لگے رہیں گے"۔

جنگ آزادی ہند میں مولانا مدنیؒ صف اول کے لیڈر تھے۔ پاکستان کے وجود میں آتے ہی فی الفور مخالفت ترک کر کے چن چن کر قابل مسلمانوں کو بھارت سے پاکستان بھیجنا شروع کر دیا تھا کہ اب جا کر اس نئے اسلامی ملک کی خدمت کرو اور اسے مضبوط سے مضبوط تر بناؤ۔ اب اسے ہر صورت قائم رکھنا ہے اور اس کی عزت و حرمت مثل خانہ خدا کے ہے۔ اسلامی تعلیمات کے صدقے مسلمانوں میں باکمال بزرگوں کا کبھی قحط اور کال نہیں رہا۔ البتہ کمی بیشی ہوتی رہی ہے۔ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ 1943ء میں بعد نماز تہجد مراقب تھے کہ آپ کو کشفاً معلوم ہو گیا تھا کہ پاکستان بن گیا۔ یہ بھی معلوم ہو گیا تھا کہ ان کی اور قائداعظمؒ کی نماز جنازہ کون پڑھائے گا اور ایسا ہی ہوا۔

341- ابن فارسؒ فرماتے ہیں کہ جب میں پانچ برس کا تھا تو شیخ یعقوب سے قرآن مجید پڑھتا تھا۔ ایک روز جب میں ان کے پاس آیا تو عین بیداری کے عالم میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ نے ایک سفید سوتی قمیض پہنی ہوئی تھی۔ پھر میں نے دیکھا کہ وہ قمیض میں نے پہنی ہوئی ہے۔بعد میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ "پڑھ" میں نے سورۃ الضحیٰ اور الم نشرح پڑھیں۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم غائب ہو گئے۔ جب میری عمر 21 برس کی ہوئی میں نے قرافہ میں نماز فجر کی نیت باندھی تو اپنے سامنے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپؐ نے مجھ سے معانقہ فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اپنے رب کی نعمت بیان کر۔ (المنح الالہیہ از ابن فارسؒ)

342- مشکوۃ شریف میں ایک واقعہ آیا ہے کہ ابی عیاشؓ صحابی نے لا الہ الا اللہ

marfat.com
Marfat.com

واللہ اکبر کے فضائل بیان کئے تو اسی رات ایک صحابی نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ ابو عیاشؓ کلمہ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کا ثواب اس طرح بیان کرتا ہے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے سچ کہا ہے۔ پتہ چلا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح حدیث کی تصدیق کرائی جا سکتی ہے لیکن صوفیاء کے روحانی کلام پر حدیث کا اطلاق نہیں ہو سکتا۔

343- حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمتہ اللہ علیہ نے "الابقا" میں بیان کیا ہے کہ حضرت مولانا غلام رسول کانپوریؒ (کان پور۔ یوپی۔ بھارت کے رہنے والے) "رسول نما" کے لقب سے مشہور تھے کیونکہ آپ کی یہ کرامت تھی کہ ہر شخص کو بیداری میں حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرا دیا کرتے تھے۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے "مواعظ اشرفیہ" کئی دبیز جلدوں میں "الابقا" کی شکل میں شائع ہو چکے ہیں۔ جناب مولانا سید فہیم الحسن تھانوی مدیر ماہنامہ "حکیم الامت" راولپنڈی ان مواعظ کو اپنے جریدہ میں شائع کرتے رہتے ہیں۔ یہ مواعظ دل و دماغ کو روشن کر دینے والے اور اس قدر روح پرور ہیں کہ ان کی بکثرت اشاعت ہونی چاہئے۔

344- شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) پر حاضر ہوئے اور درود و سلام کے بعد سلام عرض کیا تو فوراً جواب آیا "و علیکم السلام یا ولدی" جسے وہاں موجود سینکڑوں لوگوں نے سنا (سلاسل طیبہ صفحہ 77)

345- حضرت سلطان باہوؒ (1631ء تا 1691ء) جنہیں جھنگ میں تبلیغ اسلام کے اولین بزرگان دین میں شمار کرنا چاہئے پنجابی نعت کے حوالے سے عظیم مقام کے حامل ہیں۔ گڑھ مہاراجہ سے آگے شور کوٹ کے قریب حضرت سلطان باہوؒ آسودہ

marfat.com
Marfat.com

خاک ہیں۔ آپ کسی دنیاوی درس گاہ یا ظاہری مسند علم و ارشاد سے وابستہ نہ ہوئے۔ نہ آپ نے کسی دنیاوی معلم کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا۔ آپ روحانیت کے جس جلیل القدر منصب پر فائز ہوئے وہ آپ کو حضرت ہادی برحق ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ سے عطا ہوا۔ آپ کے کلام میں ناصحانہ انداز نمایاں ہے۔ آپ کے ابیات کے ہر مصرع کے آخر میں "ہو" آتا ہے۔ فرماتے ہیں عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی انسان معرفت الٰہی کے اسرار و رموز سے آشنا ہو سکتا ہے۔

اندر کلمہ قل قل کروا — عشق سکھائے کلمہ ہو

(جھنگ کی نعتیہ شاعری از رانا غلام شبیر)۔

جھنگ شہر میں ایک ملنگنی رو کر نعت سنائے کمر خمیدہ' بال پریشان' فضل بانو کہلائے

سو سال سے زیادہ عمر کی یہ عظیم خاتون اگرچہ ان پڑھ ہے مگر عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے دل کی آواز ہے اور روحانی علم و وجدان اس کو حقائق کا ادراک عطا کرتے ہیں۔ جھنگ کے محمد اطہر جاوید نے انگریزی زبان میں نعت کا مجموعہ "PEACE BE UPON HIM" مئی 1992ء میں پیش کر کے اپنے وطن کو معزز و مفتخر کر دیا۔ یہاں نعت گوئی کا گلستان ہمیشہ مہکتا رہا ہے۔

346-1983ء میری حاضری مدینہ طیبہ کا نہایت ہی مسعود و مسرور سال تھا۔ ادائے عمرہ کے بعد سیدھا مدینہ منورہ حاضر ہوا۔ رات گیارہ بجے حاضری نصیب ہوئی۔ حاضری کے بعد پاکستان ہاؤس جو باب جبریل سے دس پندرہ گز کے فاصلے پر تھا جا کر سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ مسجد نبوی شریف میں صفہ کے دائیں کنارے کھڑا ہوں اور ریاض الجنتہ کے انوار و تجلیات سے متمتع ہو رہا ہوں۔ ریاض الجنتہ میں صرف ایک شخص دکھائی دے رہا تھا جو بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں شاید اپنے درد دل کی کہانی سنا رہا تھا۔ یہ شخص چلتے وقت بائیں ہاتھ سے اشارہ کر کے عرض کرتا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) بشیر حسین ناظم بھی

marfat.com
Marfat.com

کھڑا ہے۔ یہ خواب میں نے متواتر سات رات دیکھا۔ وہ شخص ہر بار یہی عرض کر کے وہاں سے واپس ہو جاتا تھا۔ آخر آٹھویں شب حاضری کے بعد وہ میرے پاس آیا اور میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر پوچھنے لگا "ناظم کیہ حال اے"۔ تب میں نے پہچانا کہ وہ حضرت علامہ اقبالؒ تھے۔ حضرت علامہ اقبالؒ میرا حال احوال پوچھ کر چلے گئے۔ صبح جب میں بیدار ہوا تو میرے روئیں روئیں سے خوشبوؤں کے نغمات نکل رہے تھے اور عجیب کیف کا عالم تھا۔ میں نے اس خواب کی تعبیر خود ہی نکال لی اور حضرت علامہؒ کی پیروی میں درود شریف پڑھنی شروع کر دی حضرت علامہ اقبالؒ نے گن کر ایک کروڑ بار درود شریف پڑھی تھی۔ میں الحمد للہ اس وقت تک ایک کروڑ ترپن لاکھ مرتبہ پڑھ چکا ہوں۔ یہ بھی توفیق حق اور کرم مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بات ہے۔ ("اوج" علمی و ادبی مجلہ کا نعت نمبر جلد اول 93-1992ء - 536 گورنمنٹ کالج' شاہدرہ' لاہور)۔

یہ خواب جناب بشیر حسین ناظم کا ہے جو اس وقت وزارت مذہبی امور۔ اسلام آباد میں ڈپٹی ڈائریکٹر تھے۔ آپ 4 جنوری 1932ء کو پیدا ہوئے۔ پنجابی' اردو' فارسی اور اسلامیات میں ایم اے ہیں۔ قدرت نے نعت گوئی و نعت خوانی کی صلاحیتوں سے نوازا ہوا ہے۔ آپ کے دادا' نانا' تایا اور والد میاں غلام حسین چوہان نعت خوانی میں جگت استاد تھے۔ حکومت پاکستان نے آپ کی خدمات جلیلہ کے' اعتراف میں 1992ء میں صدارتی ایوارڈ تمغہ حسن کارکردگی سے بھی سرفراز کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ صدر ضیاء الحقؒ کو میں نے ہی ذوق نعت سے آشنا کیا تھا۔ بڑے ہی خوش قسمت ہیں۔ ماشاء اللہ سولہ حج کر چکے ہیں اور قریب بائیس مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری دے چکے ہیں۔ ثم ماشاء اللہ۔

347- جناب منیر حسین ہاشمی (ملتان) بیان کرتے ہیں کہ میری والدہ محترمہ نے خاک شفاء لانے کے لئے فرمایا تھا۔ میں نے ایک پاکستانی واقف کار سے کہا۔

marfat.com
Marfat.com

جواب دیا کہ خاک شفاء تو دستیاب نہیں البتہ سرکار (صلی اللہ علیہ وسلم) کے روضہ اطہر کے اندر کی مقدس و مطہر خاک پاک فراہم کر دوں گا۔ میں سخت مضطرب تھا کہ جدائی کا وقت سر پر آگیا اور وہ نہ آیا۔ عالم اضطراب میں بار بار یہ شعر پڑھ رہا تھا۔

سنا ہے آپؐ ہر عاشق کے گھر تشریف لاتے ہیں میرے گھر میں بھی ہو جائے چراغاں یا رسولؐ اللہ

اچانک ایک حسین و جمیل پیکر جو سفید کپڑوں میں ملبوس تھا پیچھے سے میرا کندھا ہلا کر پوچھنے لگا کہ آپ نے روضہ مبارک کی خاک پاک طلب کی تھی۔ میں نے مجسم اشتیاق ہو کر اثبات میں جواب دیا۔ انہوں نے معاً" میرے ہاتھ میں خاک پاک ڈال دی اور فوراً" ہی روپوش ہو گئے۔ میں نے انہیں مڑ کر دیکھنے کی جسارت کی مگر وہ تشریف لے جا چکے تھے۔ گنبد خضرا (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما") پر الوداعی سلام کے موقع پر یہ واقعہ پیش آیا (صفحہ 454 مجلّہ "اوج" کا نعت نمبر جلد دوم 93- 1992 گورنمنٹ کالج شاہدرہ۔ لاہور)

فروغ حمد و نعت کی ملک گیر تحریک مجلس حسانؓ کی ملتان شاخ اور اشاعت ثنائے حبیب (صلی اللہ علیہ وسلم) کی عظیم انجمن عندلیبان ریاض رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) دونوں کے ناظم اعلیٰ ہیں۔ ہاشمی صاحب اس کے علاوہ فن نعت خوانی کے منظم ادارہ "مرکزی نعت اکیڈمی پاکستان" ملتان کے بانی ہیں۔ جس کے تحت ہر سال جمعتہ الوداع کو ملتان آرٹ کونسل میں مقابلہ نعت خوانی منعقد کیا جاتا ہے جس میں اسکول' کالج اور یونیورسٹی کے طلباء و طالبات حصہ لیتے ہیں۔

348- حضرت ابو عبداللہ قسطلانیؒ نے خواب میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور اپنی غربت کی بابت عرض کیا۔ اس پر حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو یہ درود شریف پڑھنے کو فرمایا:۔

اللھم صلی علی (سیدنا) محمدو علی آل (سیدنا) محمدو ھب لنا اللھم

marfat.com
Marfat.com

رزقنا من رزقك الحلال الطیب المبارک ماتصون به و جوھنا عن التعرض الی احد من خلقک ترجمہ= الٰہی اپنی خاص رحمت نازل فرما سیدنا حضرت محمد پر اور آل سیدنا حضرت محمد پر اور ہم کو بھی عطا فرما الٰہی اپنا حلال' طیب اور برکت والا رزق اور اس طرح بچالے ہم کو اس بات سے کہ ہم سوال کریں تیری مخلوق میں سے کسی کے سامنے جا کر۔ (القول البدیع):۔

اللھم صلی علی محمدن النبی عدد من صلی علیه من خلقک و صلی علی محمدن النبی کما ینبغی لنا ان نصلی علیه وصل علی محمدن النبی کما امرتنا ان نصلی علیه' (دار قطنی۔ ابن ماجہ)

ترجمہ= اے اللہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اتنی تعداد میں رحمت کاملہ نازل فرما جتنی تعداد میں آپ کی مخلوق نے ان پر درود بھیجا ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اتنی تعداد میں رحمت کاملہ نازل فرما جتنی تعداد میں ہمارے لئے ان پر درود بھیجنا مناسب ہے۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اتنی تعداد میں رحمت کاملہ نازل فرما جیسا کہ آپ نے ہمیں ان پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے۔

حضرت صدیق اکبرؓ فرماتے ہیں کہ میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا کہ ایک شخص تشریف لائے اور سلام کیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سلام کا جواب دیا۔ آپؐ کا چہرہ انور خوشی سے دمک اٹھا اور آپؐ نے ان کو اپنے برابر بٹھا لیا۔ ان کے چلے جانے کے بعد آپؐ نے فرمایا۔ اے ابوبکر یہ ایسا شخص ہے کہ روزانہ (تمام روئے) زمین کے رہنے والوں کے عمل کے برابر اس (اکیلے) کے عمل اللہ تعالیٰ کے یہاں پہنچائے جاتے ہیں۔ اس پر حضرت صدیق اکبرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ان کو روزانہ اتنا ثواب کیوں ملتا ہے؟ اس پر آپؐ نے فرمایا کہ صبح جب یہ اٹھتا ہے تو مجھ پر دس بار یہ درود پڑھتا ہے جو اپنے ثواب میں ساری مخلوق کے درودوں کے برابر ہے۔ (اپنے اوراد و وظائف میں

marfat.com
Marfat.com

مذکورہ بالا درود شریف کو شامل کر کے آپ بھی اپنے توشہ آخرت میں بے پایاں اضافہ کر سکتے ہیں)

349-غازی محمد صدیق فیروز پور ضلع قصور کے ایک دینی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ بچپن ہی میں والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ ماں نے بڑے لاڈ پیار سے بیٹے کی پرورش کی اور صحیح تربیت دی۔ 1934ء میں جب یہ بیس برس کے تھے ایک رات حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے حکم ہوا کہ قصور کے ایک دریدہ دہن 'گستاخ پالا مل زرگر کا منہ بند کیا جائے۔ صبح ماں کو یہ خوشخبری سنائی تو ماں نے لخت جگر کا ماتھا چوما اور اسے شہادت گہ الفت کی طرف روانہ کر دیا۔ قصور پہنچ کر اس مرد غازی نے گستاخ و دشمن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تیز دھار آلہ (رمبی) سے پے در پے وار کر کے واصل بہ جہنم کیا۔ پھر نماز شکرانہ ادا کر کے مسجد کی سیڑھیوں پر بیٹھ گئے۔ حسب معمول انگریز کا قانون حرکت میں آگیا۔ آپ نے عدالت کے روبرو پوری جرات کے ساتھ اعتراف قتل کر لیا۔ سیشن جج نے سزائے موت سنا دی جسے ہائی کورٹ نے بحال رکھا اور 6 مارچ 1935ء کو یہ پروانہ رسالت' اپنے آقا (صلی اللہ علیہ وسلم) کے قدموں میں جا پہنچا۔

بیٹے کے لئے سزائے موت کا فیصلہ سن کر بہادر ماں نے کہا ایک بیٹا کیا اگر بیس بیٹے بھی ہوتے تو میں ان سب کو آقا (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام پر قربان کر دیتی۔ بیٹے نے بھی یہی کہا کہ یہ ایک جان کیا چیز ہے ایسی ہزار جانیں بھی آقا (صلی اللہ علیہ وسلم) پر نثار! سچ ہے۔

مسلماں لاکھ بودے ہو مگر نام محمدؐ پر خوشی سے اب بھی حاضر ہیں وہ اپنے سر کٹانے کو

(ناموس رسولؐ اور قانون توہین رسالت' از محمد اسمٰعیل قریشی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کے صفحہ 428 تا 429 سے ماخوذ۔ "الفیصل"۔ ناشران و تاجران کتب۔ اردو بازار۔ لاہور) (شہیدان رسالت حصہ چہارم زیرادارت۔ راجہ رشید محمود)

marfat.com
Marfat.com

350- 1942ء میں غازی محمد عبداللہ نے جنڈیالہ شیر خاں (ضلع شیخوپورہ) میں شاتمِ رسول چنچل سنگھ کو جہنم رسید کر کے جام شہادت نوش کیا۔ یہ بدبخت سکھ شیخوپورہ کے گردو نواح میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف یاوہ گوئی کر کے اپنے خبث باطن کا اظہار کیا کرتا تھا۔ قصور کے رہنے والے ایک جیالے نوجوان محمد عبداللہ کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں حکم فرمایا کہ وہ اس گستاخ کا منہ بند کر دے۔ چنانچہ کسی سے اس خواب کا ذکر کئے بغیر وہ اٹھ کھڑے ہوئے۔ تلاش کرنے پر معلوم ہوا کہ خبیث وارث شاہ کے گاؤں جنڈیالہ شیر خان میں رہتا ہے جو اس وقت سکھوں کا گڑھ تھا۔ بستی کے قریب پہنچ کر معلوم ہوا کہ وہ اپنے کنوئیں پر بیٹھا کسی کام میں مشغول ہے۔ اس کے پاس ہی بہت سے سکھ مصروف گفتگو تھے۔ خبیث چنچل سنگھ کو دیکھتے ہی ان کے جسم میں غیر معمولی طاقت بجلی بن کر دوڑنے لگی۔ جھپٹ کر اس پر حملہ آور ہوئے اور اسے پچھاڑ کر پوری قوت سے اس کی شہ رگ کاٹ کر سر تن سے جدا کر دیا۔ اچانک اس حملہ کو دیکھ کر پاس بیٹھے سکھ بھاگ کھڑے ہوئے لیکن یہ مرد غازی وہیں رب کے حضور سربہ سجود ہو گیا کہ اس نے اس مہم میں سرفرازی بخشی۔ موقع واردات پر جب پولیس پہنچی تو اس مرد مجاہد کو وہیں موجود پایا جو درود و سلام میں مشغول تھا اور جس کا چہرہ خوشی سے دمک رہا تھا۔ پولیس نے گرفتار کر کے اس کی دلی مراد پوری کر دی۔ غازی محمد عبداللہ شہید نے عدالت کے روبرو قتل کا اعتراف کر لیا جس پر ان کو سزائے موت سنائی گئی۔ یہ سن کر انہوں نے پھر سجدہ شکر ادا کیا کہ انہیں بھی شہیدان رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم کی وصف میں جگہ مل رہی ہے۔ سچ ہے۔

نہ جب تک کٹ مروں میں خواجہ یثربؐ کی عزت پر
خدا شاہد ہے کامل میرا ایماں ہو نہیں سکتا

marfat.com
Marfat.com

(ناموس رسولؐ اور قانون توہین رسالتؐ کے صفحہ 429 تا 430 سے ماخوذ)۔

351- جوانی میں ایک مرتبہ مرشد عالم محبوب العارفین حضرت مولانا غلام حبیب نقشبندی مجددی قدس سرہٗ مدینہ طیبہ کے بازار سے چیزیں خریدنے گئے۔ دکاندار نے جو دام بتائے آپ نے اس سے قیمت کم کرنے کے لئے کہا تو وہ غصہ ہونے لگا۔ رات بحالت خواب آپ نے حضور اقدس کی زیارت کی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مدینہ کے کاروبار ہمارے حکم سے چل رہے ہیں۔ چنانچہ اس واقعہ کے بعد آپ نے چیزیں خریدتے وقت قیمت طے کرنا چھوڑ دی۔ اپنے متعلقین کو بھی آپ اسی بات کا امر فرماتے تھے (حیات حبیب یعنی سوانح حیات مرشد عالم حضرت غلام حبیبؒ۔ صفحہ 207' خانقاہ حبیبیہ۔ چکوال)

352- مرشد عالم حضرت غلام حبیب قدس سرہ مرض الموت میں ایک رات ڈھائی بجے اچانک اٹھ کر بیٹھ گئے۔ پاؤں نیچے لٹکائے ہوئے تھے۔ بڑی صاحبزادی کی آنکھ کھل گئی۔ انہوں نے پوچھا ابا جان آپ کو بھوک لگی ہے یا پیاس؟ اتنے میں آپ کے صاحبزادے مولانا عبدالرؤف صاحب بھی بیدار ہو گئے۔ آپ نے مسکراتے ہوئے فرمایا کہ میں نے ابھی ایک اچھا خواب دیکھا ہے: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قبر اطہر سے تشریف لائے ہیں۔ میں نے اٹھنے کا ارادہ کیا لیکن بوجہ کمزوری اٹھ کر بیٹھ نہ سکا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سہارا دے کر بٹھا دیا۔ آپ لوگ دیکھ لیں کہ میں بیٹھا ہوا ہوں۔ خواب بیان فرما کر صاحبزادہ مولانا عبدالرؤف صاحب سے دریافت کیا کہ کیا یہ خوشخبری نہیں ہے۔ مولانا نے عرض کیا حضرت یہ یقیناً" خوشخبری ہے۔ پھر فرمایا "حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قربت بڑی چیز ہے۔ (حیات حبیب صفحہ 307)

مرشد عالم حضرت غلام حبیب قدس سرہٗ 1322ھ مطابق 1904ء میں اپنے آبائی گاؤں موضع کورڈھی (وادی سون) ضلع خوشاب میں پیدا ہوئے۔ وصال مبارک

marfat.com
Marfat.com

20 ستمبر 1989ء بروز جمعرات صبح نو بج کر 18 منٹ پر بمقام چکوال ہوا۔ چکوال کے درو دیوار نے اتنا بڑا جنازہ کبھی نہ دیکھا تھا۔ عام طور پر جنازہ پڑھنے والوں کی وجہ سے میت کو فائدہ پہنچتا ہے جبکہ بعض بزرگ ہستیاں ایسی ہوتی ہیں کہ جن کا جنازہ پڑھ لینے سے پڑھنے والوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔ آپ کا شمار ان ہی مبارک ہستیوں میں سے تھا۔ موت کے بعد بھی قلب مبارک جاری تھا اور چہرہ انور پر مسکراہٹ تھی۔

یادداری کہ وقت زادن تو — ہمہ خنداں بدند تو گریاں

چناں زی کہ وقت مردن تو — ہمہ گریہ شوند و تو خنداں

(یاد رکھ تیری پیدائش کے وقت سب ہنستے اور تو روتا تھا۔ اب اس طرح زندگی گزار کہ تیری موت کے وقت سب رو رہے ہوں اور تو ہنس رہا ہو)۔

نہایت ہی حسین و جمیل مسجد دارالعلوم حنفیہ کے صحن کے محاذ میں خالی جگہ پر آپ کا مرقد شریف ہے۔ حضرت مرشد عالمؒ کے خلیفہ مجاز جناب ذوالفقار احمد نقشبندی مجددی نے نہایت ہی شاندار کارنامہ انجام دیا ہے۔ ہم سب کو آپ کی تحریر کردہ 776 صفحات پر مشتمل "حیات حبیب" کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ حضرت مرشد عالمؒ کے صاحبزادے حضرت مولانا عبدالرحیم نقشبندی مجددی اب آپ کے جانشین ہیں۔ آپ کی قرآت میں بیحد سوز ہے۔ ہر سال امریکہ جا کر تراویح میں قرآن پاک سناتے ہیں۔ الحمدللہ مصنف / مولف کتاب ہذا کئی بار مسجد دارالعلوم حنفیہ' چکوال میں نماز ادا کر چکا ہے اور حضرت مرشد عالمؒ کی قبر مبارک پر فاتحہ پڑھنے کا شرف بھی حاصل کر چکا ہے۔ برابر ہی حضرت مرشد عالمؒ کے بڑے صاحبزادے حضرت مولانا عبدالرحمٰن قاسمیؒ کی قبر ہے جنہوں نے طویل عمر نہ پائی مگر اپنی چھوٹی عمر میں بھی سینکڑوں بڑے بڑے کام کر گئے۔ اللہ تعالیٰ ہر لحہ درجات بلند فرمائے۔ آمین۔

353- حضرت مولانا سیف اللہ خالد دامت برکاتہم کو ایک مرتبہ خواب میں حضور

marfat.com
Marfat.com

اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت اس حال میں ہوئی کہ آپ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک کو چوس رہے ہیں۔ (حیات حبیب صفحہ 668)

مولانا سیف اللہ خالد 1945ء میں ہوشیار پور (مشرقی پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ پاکستان کے مشہور پرجوش خطیب اور عالم ہیں۔ حضرت مرشد عالمؒ سے نسبت رکھتے ہیں۔

354- میر پور خاص (سندھ) کے ولی کامل عارف باللہ حضرت بابو جی عبداللہؒ اویسی نسبت کے حامل تھے۔ کثرت سے درود شریف پڑھتے تھے۔ ایک بار خواب میں آپ کو تاجدار مدینہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ حضرت صدیق اکبرؓ ہمراہ تھے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صدیق اکبرؓ سے ارشاد فرمایا "یہ عبداللہ مجھ تک آنا چاہتا ہے مگر اس میں اتنی ہمت نہیں کہ آسکے۔ آپ اسے مجھ تک پہنچا دیں"۔ چنانچہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آپ کے قلب پر انگلی رکھ کر فرمایا "کہو اللہ...... اللہ...... اللہ"۔ یکدم آپ کی آنکھ کھل گئی۔ آپ کے رگ و ریشے میں اللہ کا ذکر سرایت کر چکا تھا۔ سیدنا صدیق اکبرؓ کی ایک توجہ ہی نے آپ کو واصل کر دیا۔ (حیات حبیب صفحہ 677)

حضرت بابو جیؒ اسٹیشن ماسٹر تھے۔ تنخواہ تھوڑی ہونے کی وجہ سے گذر اوقات میں تنگی تھی۔ مگر حرام ذرائع کو زہر ہلاہل سمجھتے تھے۔ ایک بار خواب دیکھا کہ جنت کے باغات کی سیر کر رہے ہیں اور آپ کا گھر سرخ یاقوت کا بنا ہوا ہے۔ اپنے والد کی وفات کے بعد ان کو جنت کی سیر کرتے دیکھا۔ آپ کو دیکھ کر والد نے فرمایا "بیٹا تو نے بیٹا ہونے کا حق ادا کر دیا۔ میں تمہارے طفیل جنت میں پہنچا ہوں۔ میرا انگ انگ آپ سے خوش ہے"۔ آنکھ کھلی تو آپ نے اطمینان کا سانس لیا۔

marfat.com
Marfat.com

355- حضرت بابو جیؒ کو کشف القلوب نصیب تھا۔ بارگاہ رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) میں ایسی قبولیت حاصل تھی کہ جس شخص کے لئے دعا فرماتے کہ اسے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو عموماً" اسے تین دن کے اندر زیارت ہو جاتی تھی۔ رائے ونڈ کے اجتماع پر تبلیغی جماعت جھنگ کے امیر جناب صوفی محمد دین صاحب نے فرمایا کہ اپنی طرف سے تو اعمال صالح کی بہت کوشش کرتا ہوں مگر ابھی تک حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب نہیں ہوئی اور حضرت بابو جیؒ سے دعا کی درخواست کی۔ آپ نے از راہ کرم دعا کے لئے ہاتھ اٹھا دیئے اور صوفی محمد دین صاحب کو تین دن کے اندر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو گئی۔ (حیات حبیب۔ صفحہ 679)

356- حضرت بابو جیؒ نے ایک مرتبہ ایک نوجوان کی منت ساجت پر دعا کی کہ اسے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو۔ اس نوجوان نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ نے اس کی جانب پشت کر لی۔ اس نے حضرت بابو جیؒ کے سامنے یہ خواب بیان کیا۔ حضرتؒ نے اس کے عقائد معلوم کئے تو وہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بابت دل میں میل رکھتا تھا۔ اس کے بعد حضرت بابو جیؒ کسی ایسے شخص کے لئے زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا نہ کرتے تھے (حیات حبیب صفحہ 680)

357- حضرت شیخ وجیہ الدین دامت برکاتہم کے ایک مرید کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے مرید سے ارشاد فرمایا کہ شیخ صاحب کی اتباع کرو۔ شیخ صاحب میری صحیح نیابت کرتے ہیں۔ (حیات حبیب صفحہ 689)

شیخ صاحب 1933ء میں یوپی (بھارت) میں پیدا ہوئے۔ والد ماجد کا اسم گرامی

marfat.com
Marfat.com

محی الدین ہے۔ والدہ محترمہ اپنی اتقا و پرہیزگاری کی وجہ سے "رابعہ بصری" کے نام سے یاد کی جاتی تھیں۔ قیام پاکستان سے پہلے ہی آپ کے والدین کا انتقال ہو چکا تھا۔ پاکستان بننے کے بعد آپ نے اپنے مشفق و مربی برادر کلاں جناب رفیع الدین کے ساتھ کراچی ہجرت فرمائی اور وہیں سے ایف ایس سی کرنے کے بعد امریکہ چلے گئے جہاں انڈیانا یونیورسٹی سے سول انجینئرنگ میں ایم ایس سی کی ڈگری حاصل کی۔ 38 برس کی عمر میں آپ نے قرآن پاک حفظ کیا اور عربی زبان میں دسترس حاصل کر لی۔ آپ قرآن مجید اس قدر روانی، سوز اور رقت آمیز لہجے میں پڑھتے ہیں کہ سننے والا تڑپ جاتا ہے۔ حضرت بابو جیؒ کے مشورہ سے آپ نے انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور کے سول ڈپارٹمنٹ میں لیکچرار کی حیثیت سے عہدہ سنبھال لیا اور ایسے متبع سنت نوجوان ذاکرین کی جماعت تیار کی کہ شاید من حیث الجماعت پوری دنیا میں اس کی نظیر نہ ملے۔ آپ نہایت سادہ زندگی بسر کرتے اور سادہ لباس زیب تن فرماتے ہیں۔ عاجزی و انکساری کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ گم نام رہ کر زندگی بسر کرنا آپ کا معمول ہے۔ اگر آپ کو جنیدؒ وقت، بایزیدؒ عصر اور شبلیؒ دوراں کہا جائے تو مبالغہ نہ ہو گا۔ صاحب حال اور صاحب کشف و کرامات بزرگ ہیں۔ آپ کا کوئی عمل کبھی کسی نے خلاف سنت نہیں پایا۔ آسمان کی زینت ستاروں سے ہے اور زمین کی زینت پرہیزگار انسانوں سے ہے۔ آپ کا شمار ایسے ہی پرہیزگار انسانوں میں ہوتا ہے۔ اپنے آپ کو شیخ صاحب کے الفاظ ہی سے پکارنے کی اجازت دیتے ہیں۔ اگر کوئی صاحب "حضرت" کا لفظ استعمال کریں تو فوراً" ٹوک دیتے ہیں۔ 1982ء کے سالانہ نقشبندی اجتماع کے موقع پر حضرت مرشد عالم پیر غلام حبیب قدس سرہٗ نے آپ کو خلافت و اجازت سے نوازا۔ جب عمرہ کے لئے حرمین شریفین تشریف لے گئے تو مدینہ طیبہ میں بہت سے عربی النسل لوگ آپ سے بیعت ہوئے۔ مصنف/ مولف کتاب ہذا اپنی اس کتاب کے ہر قاری سے درخواست کرتا ہے کہ وہ شیخ صاحب سے ضرور ملاقات کرے کہ اب اس

marfat.com
Marfat.com

شان کے بزرگ تو عنقا ہیں۔ حضرت مرشد عالمؒ آپ کے متعلق فرمایا کرتے تھے "میں پوری دنیا میں پھرا ہوں مگر شیخ صاحب جیسا متقی شخص نہیں دیکھا"۔ ایک اور موقع پر حضرت مرشد عالمؒ نے فرمایا "شیخ صاحب جو آپ سے بیعت وہ مجھ سے بیعت اور جو مجھ سے بیعت وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت"۔

358- حضرت شیخ سلمان احمد موگلیہ دامت برکاتہم کی ولادت با سعادت 11 اگست 1949 کو سینٹ بنوائٹ (SAINT BENOIT) ری یونین میں ہوئی۔ حضرت مرشد عالمؒ جب ری یونین کے تبلیغی سفر پر تشریف لے گئے تو ان کی پر کشش شخصیت سے متاثر ہو کر آپ ان کے حلقہ غلامی میں داخل ہو گئے اور آہستہ آہستہ معاملہ یک جان و دو قالب تک جا پہنچا۔

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جاں شدی
تاکس نہ گوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

آپ نے حضرت مرشد عالمؒ کے انتقال کے بعد ایک موقع پر فرمایا بیوی خاوند کو اس کے مرنے کے بعد بھول سکتی ہے۔ اولاد ماں باپ کو بھول سکتی ہے مگر میں حضرت مرشد عالمؒ کو نہیں بھول سکتا۔ آپ کو حضرت مرشد عالمؒ کے ساتھ عمرہ ادا کرنے کی سعادت کے علاوہ کئی مقامات پر ساتھ سفر کرنے کا موقع بھی ملا۔ آپ کو خواب میں کئی مرتبہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہو چکی ہے۔
گجرات (بھارت) میں بمقام تلکیسر "فلاح دارین" نامی بہت بڑا دینی مدرسہ ہے یہاں کے مہتمم حضرت مولانا عبداللہ گجراتی دامت برکاتہم نے حضرت مرشد عالمؒ کو سالانہ جلسے میں شمولیت کی دعوت دی۔ جلسے کے انتظامات قابل دید تھے۔ جلسہ کا آغاز تلاوت کلام مجید سے ہوا۔ اس کے بعد مہتمم صاحب نے سامعین کو بتایا کہ ہمارے مدرسے کے ایک استاد نے دو دن قبل خواب دیکھا کہ ہمارے مدرسہ کا سالانہ جلسہ ہو رہا ہے اور اس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہیں۔ عین جس لمحہ مہتمم صاحب

marfat.com
Marfat.com

نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی اسم گرامی لیا تو حضرت مرشد عالمؒ جلسہ گاہ میں وارد ہوئے۔ مجمع کی نظر جوں ہی آپ پر پڑی تو بے اختیار پکار اٹھا کہ ایک ولی کامل نائب رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس خواب کی تعبیر بن کر آگیا ہے۔ جن استاد نے خواب دیکھا تھا انہوں نے تصدیق کی کہ میں نے خواب میں یہی صورت دیکھی تھی (حیات حبیب صفحہ 712)

حضرت شیخ سلیمان کو حضرت مرشد عالمؒ نے مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ" و سلاما") میں حجرۂ مبارک کے قریب 30 مئی 1987ء مطابق 2 شوال 1407ء کو اجازت و خلافت سے نوازا۔ آپ ری یونین کے آزاد' گمراہ کن اور طاغوتی ماحول میں روشن چراغ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ کثیر تعداد میں ری یونین' پیرس اور ماریشس کے لوگ آپ سے شرف بیعت حاصل کر چکے ہیں۔ آپ نے حضرت مرشد عالمؒ کی حرکات و سکنات اور عادات و ملفوظات سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا اور پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ اللہ تعالیٰ کو پایا۔

میں پروفیسر محمد اشتیاق خان صاحب کا ممنون ہوں جنہوں نے مجھے "حیات حبیب" استفادہ کے لئے عنایت فرمائی۔

359- حضرت مولانا حکیم شاہ محمد اختر صاحب دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ اگر کسی پر زیادتی ہو جائے تو فورا" ہاتھ جوڑ کر معافی مانگنے میں شرمانا نہیں چاہئے۔ اس کو راضی کر لو ورنہ روز قیامت پچھتانا پڑے گا۔ جو غصہ کا علاج اور تلافی کرے اب ان کا درجہ بھی سن لیجئے۔ میرے مرشد اول حضرت شاہ عبدالغنی صاحب پھولپوری قدس سرہٗ کو ایک شخص پر غصہ آگیا اور کچھ زیادتی ہو گئی۔ انسان ہی تو ہے چاہے کتنا بڑا ولی اللہ ہو اس سے بھی خطا ہو سکتی ہے۔ وہ شخص بالکل ان پڑھ تھے ہل جوتنے والے جیسے دیہاتوں میں ہوتے ہیں۔ پھولپور (یوپی_ بھارت) سے ڈیڑھ میل دور ایک گاؤں میں رہتے تھے۔ بعد میں حضرت کو خیال ہوا کہ

marfat.com
Marfat.com

مجھ سے زیادتی ہوگئی۔ اتنا غصہ نہیں کرنا چاہئے تھا۔ عصر کے بعد حضرت اس سے معافی مانگنے تشریف لے گئے اور کہا تم مجھ کو اللہ کے واسطے معاف کر دو۔ اس نے کہا آپ اتنے بڑے مولانا ہیں اور میں جاہل آدمی ہوں۔ آپ تو میرے باپ کے برابر ہیں۔ باپ کو تو بیٹے پر حق ہوتا ہے۔ حضرت نے فرمایا قیامت کے دن معلوم ہوگا کون چھوٹا اور کون بڑا ہے۔ تم جب تک یہ نہ کہو گے کہ میں نے معاف کر دیا اس وقت تک میں یہاں سے نہ ہٹوں گا۔ اس نے جب دیکھا کہ مولانا بغیر کہلوائے جائیں گے نہیں تو کہا حضرت آپ کا حکم ہے۔ آپ کا دل خوش کرنے کے لئے کہے دیتا ہوں کہ معاف کر دیا ورنہ آپ کا مجھ پر حق ہے۔ حضرت کو اسی رات حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو گئی۔ دیکھا کہ آپؐ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ ایک کشتی میں تشریف فرما ہیں۔ اور کچھ فاصلہ پر تنہا میں ایک کشتی پر سوار ہوں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے بہ آواز بلند حضرت علیؓ کو حکم دیا کہ اے علیؓ عبدالغنی کی کشتی کو میری کشتی سے جوڑ دو۔ حضرت نے فرمایا کہ جب میری کشتی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی کشتی سے جوڑی تو اس کی کھٹ سے جو آواز آئی آج تک اس کا مزہ آ رہا ہے۔ کانوں میں اس کی لذت سما گئی ہے۔ حضرت شاعر نہ تھے پر اس مزہ کو شعر میں یوں بیان فرمایا۔

مضطرب دل کی تسلی کے لئے حکم ہوتا ہے ملا دو ناؤ کو

دیکھئے غصہ کی تلافی و ندامت و معذرت پر کتنا بڑا انعام ملا (علاج الغضب از حضرت مولانا حکیم شاہ محمد اختر صاحب۔ شعبہ نشرو اشاعت خانقاہ امدادیہ اشرفیہ۔ گلشن اقبال' بلاک نمبر2' کراچی 47' صفحہ 17 تا 18)۔ حکیم صاحب کی مختلف تصانیف دل و دماغ کو متاثر کرنے والی اور بڑی ہی روح پرور ہیں جن سے ہم سب کو استفادہ کرنا چاہئے کہ اب ایسے مبارک انسان مفقود ہوتے جا رہے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

360- حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی صبح و شام یہ کلمہ توحید پڑھ لے تو اس کو اتنا ثواب ملے گا جتنا کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کسی ایک کو آزاد کرایا جائے۔ نیز اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جائیں گی۔ دس برائیاں دور کی جائیں گی اور اس کے دس درجے بلند کئے جائیں گے۔ اگر صبح پڑھا تو شام تک شیطان سے حفاظت میں رہے گا اور اگر شام کو پڑھا تو صبح تک یہی حالت رہے گی۔ (ابوداؤد' ابن ماجہ)

وہ کلمات یہ ہیں۔ : **لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ۔ لہ الملک و لہ الحمد و ھو علی کل شی قدیر**۔ (ترجمہ = اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کا سب ملک ہے اور اسی کی سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے)

ابوداؤد اور ابن ماجہ میں یہ بھی مذکور ہے کہ کسی شخص نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا میرے صحابی ابو عیاش نے میری طرف سے یہ حدیث درست بیان کی ہے۔

361- مولانا ماجد علی صاحب کو حالت اعتکاف میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ زکریا (شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا سہارنپوری ثم مدنی قدس سرہٗ) رسالہ فضائل درود شریف کی وجہ سے اپنے معاصرین پر سبقت لے گیا۔ اسی خواب میں تھا کہ جمعہ کو وہ جو درود شریف پڑھتے ہیں مجھے پسند ہے۔ مولانا ماجد علی صاحب کے دریافت کرنے پر حضرت شیخ الحدیثؒ نے فرمایا کہ بندہ کا معمول گذشتہ 25/30 برس سے ہے کہ جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد یہ درود شریف اسی (80) مرتبہ پڑھتا ہوں : **اللھم صلی علی سیدنا محمد ن النبی الامی و علی الہ وسلم تسلیما** (آپ بیتی جلد نمبر 4 صفحہ 145___ یہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی ثم

marfat.com
Marfat.com

مہاجر مدنیؒ کی خود نوشت سوانح عمری ہے)۔

حضرت ابوہریرہؓ نے یہ حدیث روایت فرمائی کہ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے 80 مرتبہ مذکورہ بالا درود شریف پڑھے اس کے 80 سال کے گناہ معاف ہوں گے اور 80 سال کی عبادت کا ثواب اس کے لئے لکھا جائے گا۔

حضرت علیؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل فرمایا ہے کہ مجھ پر تمہارا درود بھیجنا تمہاری دعاؤں کو محفوظ کرنے والا ہے۔ تمہارے رب کی رضا کا سبب ہے اور تمہارے اعمال کی زکوٰۃ ہے (یعنی ان کو بڑھانے والا اور پاک کرنے والا ہے)

حضرت عمر فاروقؓ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ میرے اوپر روشن رات (یعنی شب جمعہ) اور روشن دن (یعنی یوم جمعہ) کثرت سے درود بھیجا کرو اس لئے کہ تمہارا درود مجھ پر پیش ہوتا ہے تو میں تمہارے لئے دعا اور استغفار کرتا ہوں۔

یا رب صل و سلِّم دائماً ابداً علی حبیبک خیر الخلق کلھم

362- 6 مئی 1799ء کو ٹیپو سلطان نے جام شہادت نوش کیا۔ اور اسی روز انگریزی فوج کا سرنگا پٹم کے شاہی محلات، دولت خانہ خاص اور خزانہ پر قبضہ ہو گیا۔ اس لوٹ مار میں سلطان کا کتب خانہ بھی انگریزوں کے ہاتھ آیا۔ ظاہر ہے اس افراتفری میں بہت سی کتابیں ضائع ہوئی ہوں گی۔ اس وقت جو کتب خانہ ٹیپو سلطان کے نام سے انڈیا آفس لائبریری۔ لندن (برطانیہ) میں موجود ہے اس میں صرف دوہزار کے قریب کتابیں ہیں۔ اس کتب خانہ میں سلطان کا خواب نامہ بھی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ٹیپو سلطان کو خوابوں پر بڑا اعتماد تھا۔ وہ ہر صبح بیدار ہونے کے بعد نہایت احتیاط سے ایک رجسٹر میں رات دیکھا ہوا خواب قلمبند

marfat.com
Marfat.com

کراتے تھے۔ یہ رجسٹر نہایت خفیہ تھا جسے سلطان اپنی خاص الماری میں مقفل رکھتے تھے۔ صرف ایک خادم خاص حبیب اللہ کو اس کا علم تھا۔ اسی کی نشان دہی پر کرنل کرک پیٹرک نے کتابوں کی الماریوں میں سے یہ رجسٹر برآمد کیا تھا۔

ایک خواب میں جو سلطان ٹیپو نے اس وقت دیکھا جب 1786ء میں بیک وقت انہیں مرہٹوں اور نظام دکن سے مقابلہ در پیش تھا۔ روز محشر کا نقشہ نظر کے سامنے ہے۔ چاروں طرف نفسا نفسی کا عالم ہے۔ اسی عالم اضطراب و التہاب میں یکایک ایک نہایت خوبصورت، وجیہہ اور روشن آنکھوں والے بزرگ بڑھ کر سلطان کا ہاتھ تھام لیتے ہیں اور پوچھتے ہیں "جانتے ہو میں کون ہوں؟"۔ سلطان لاعلمی کا اظہار کرتے ہیں تو وہ بزرگ فرماتے ہیں میں علی (کرم اللہ وجہہ) ہوں۔ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں تمہارے بغیر جنت میں قدم نہیں رکھوں گا۔ میں تمہارا انتظار کروں گا اور تمہیں ساتھ لے کر جنت میں جاؤں گا۔

خواب بیان کر کے سلطان نے لکھا کہ جب میں جاگا تو خوشی سے میرا تمام جسم کانپ رہا تھا۔ اللہ تعالیٰ قادر مطلق ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شافع روز جزا ہیں"۔

(چند یادیں چند تاثرات از جناب عاشق حسین بٹالوی۔ صفحہ 364)

انگریز مورخ میجر باسو لکھتا ہے کہ سلطان فتح علی ٹیپو ایک پکا مسلمان تھا اور پکا مسلمان خدا کا نام درمیان میں لیکر کبھی جھوٹ نہیں بول سکتا اور نہ ہی دو رخی چالیں چل سکتا ہے۔ اس کے نزدیک خدا تعالیٰ سے بڑھ کر کوئی مقدس اور پاک ذات نہیں ہوتی اس لئے وہ کذب و ریا کاری سے اجتناب کرتا ہے۔ اپنے قول کی تائید میں وہ جیمز ملز کا یہ بیان پیش کرتا ہے۔ "ٹیپو کی زندگی کا سب سے اہم پہلو مذہب سے دلی لگاؤ تھا۔ وہ حقیقی معنوں میں خدا پرست تھا۔ اس کے وقت کا بیشتر حصہ عبادات میں صرف ہوتا تھا اور اسی مذہبی جوش کی بنیاد پر اس نے اپنی سلطنت کا نام "مملکت خدا داد"

marfat.com
Marfat.com

رکھا تھا۔ وہ ہر کام میں خدا پر بھروسہ کرتا تھا۔

نماز کا اس قدر پابند تھا کہ جب مسجد اعلیٰ کا افتتاح ہوا تو سوال پیدا ہوا کہ پہلی نماز کون پڑھائے۔ طے پایا کہ وہ شخص پڑھائے جو صاحب ترتیب ہو۔ بڑے بڑے علماء و مشائخ موجود تھے مگر مجمع پر خاموشی کا عالم طاری تھا۔ اس وقت سلطان ٹیپو نے اعلان کیا کہ الحمدللہ میں صاحب ترتیب ہوں۔ چنانچہ پہلی نماز ان ہی نے پڑھائی۔ سلطان نہایت بلند ہمت' بینظیر عزم و حوصلے کا مالک اور بے داغ کردار کا حامل تھا جسے سلطان صلاح الدین ایوبیؒ کا نقش ثانی کہا جا سکتا ہے۔ وہ انگریز کی اطاعت قبول کر کے اپنا تخت و تاج بچا سکتا تھا مگر اس کی غیرت نے غلامی کی زندگی پر موت کو ترجیح دی اور مردانہ وار لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ وہ ہند میں تھا سرمایہ ملت کا نگہبان ۔

جاں دے دی شوق سے اپنے وطن کے واسطے　مل گئے مٹی میں تشکیل چمن کے واسطے

363- عبداللہ بن سبا اصل میں یہودی تھا۔ منافقانہ طور پر اسلام لایا تھا۔ آخر اپنی سازشوں میں کامیاب ہوا۔ اس کی پیروی میں ایک کثیر جماعت وجود میں آئی جس نے اسلام کے خلاف فکری انقلاب کے ساتھ عملی انقلاب کا منصوبہ بنایا۔ قرآن مجید جو دین اسلام کی بنیادی تعلیمات کا مجموعہ ہے اسے ناقابل اعتماد قرار دیا گیا۔ برملا کہا گیا کہ یہ محرف ہے۔ اس میں کمی بیشی ہوئی ہے اور یوں ایمان بالکتاب کے عقیدے میں نقب لگائی گئی۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اکرامؓ کو جھوٹے' سازشی اور ناقابل اعتبار ثابت کرنے کی کوشش کی گئی تاکہ ان کے ذریعہ آئندہ نسلوں کو جو دین منتقل ہوگا اس پر سے اعتماد اٹھ جائے۔ صحابہ اکرامؓ کی سیرت کو داغدار کرنے کے بعد انہیں برا بھلا کہنا عبادت قرار دیا گیا (ملاحظہ ہو فرقہ اثنا عشریہ کی معتبر کتابیں' اصول کافی' فصل الخطاب اور خود علامہ خمینی کی کتب "الحکومتہ الاسلامیہ" اور "کشف الاسرار")۔ بالخصوص حضرات شیخینؓ سے دشمنی اس انتہا کو پہنچی کہ مرنے کے بعد بھی انہیں معاف

marfat.com
Marfat.com

نہیں کیا گیا۔ محب الدین طبریؒ نے ریاض النضرۃ میں۔ شیخ عبدالحق محدث دھلویؒ نے جذب القلوب میں۔ شاہ عبدالعزیز محدث دھلویؒ نے تحفہ اثنا عشریہ میں اس کا ذکر کیا ہے اور علامہ ابراھیم عبیدی مالکیؒ نے عمدۃ التحقیق کے صفحہ 225 پر فرمایا:

حلب کے چالیس شیعوں کی ایک جماعت بہت سا مال لے کر مدینہ پہنچی تاکہ حضرات شیخین (حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ) کی نعشیں روضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نکال کر لے جائیں۔ حاکم مدینہ سے کہا کہ وہ خادم روضہ رسول کو حکم دے کہ ہم رات کو داخل ہوں تو وہ مانع نہ ہو۔ حاکم نے مال لے کر اجازت دے دی کہ وہ قبریں کھود کر نکال لے جائیں۔ خادم بڑا فکر مند ہوا۔ آدھی رات گئے وہ گینتی' بیلچے لئے ہوئے مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما") میں داخل ہوئے تو زمین نے ان سب کو نگل لیا اور حاکم مدینہ جذام میں مبتلا ہو کر نہایت ذلت کی موت مرا۔

(ترک حکمرانوں نے خسف کے اس پورے فرش کو سیاہ رنگ دے کر محفوظ کر دیا ہے جسے ریاض الجنت کے جنوب میں قبلہ کی جانب زائرین قالین اٹھا کر آج بھی دیکھ سکتے ہیں۔ سابق مہتمم مدرسہ صولتیہ۔ مکہ مکرمہ حضرت شیخ محمد سلیمؒ نے جب میں (مؤلف / مصنف کتاب ہذا) حج بیت اللہ کے لئے گیا تھا تو خاص طور پر اسے دیکھنے کی ہدایت فرمائی تھی۔ میں اس مقام عبرت کو دیکھ آیا ہوں)۔

ان چالیس "رضا کاروں" کی پشت پر ایک بڑی جماعت مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوۃ و سلاما") کے باہر موجود تھی۔ خادم روضہ رسول کے شور مچانے پر وہ دھوکہ سے اسے ایک ویران مکان میں لے گئے اور اس کی زبان کاٹ دی۔ خواب میں تشریف لا کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی زبان جوڑ دی۔ وہ بیدار ہوا تو اس کی زبان اور جسم کے تمام اعضا درست تھے۔ اس کے بعد ان بدبختوں نے اس کے ساتھ

marfat.com
Marfat.com

دو مرتبہ پھر یہی حرکت کی۔ ہر دو بار حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح اس پر شفقت فرمائی۔ وہ صبح اٹھتا تو صحیح سلامت ہوتا۔

اللہ تعالیٰ کو اپنے پیارے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے جان نثاروں کا جو پاس ہے اس کا ثبوت واقعہ خمت سے ملتا ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے رفقا سے جو محبت ہے اس کا ثبوت اس امر سے ملتا ہے کہ دشمنان حضرات شیخین جس زبان کو بار بار کاٹتے رہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہر بار اسے جوڑتے رہے اور وہ خواب عالم بیداری میں حقیقت نفس الامری بن کر سامنے آتے رہے۔

مذکورہ بالا مضمون کی تیاری میں میں نے حضرت مولانا محمد منظور نعمانی کی مشہور کتاب "ایرانی انقلاب' امام خمینی اور شیعیت" اور حضرت مولانا اللہ یار خانؒ کی تصنیف **"تحذیر المسلمین عن کید الکاذبین"** (ناشر: مدنی کتب خانہ' گنپت روڈ۔ لاہور) سے خصوصی طور پر استفادہ کیا ہے۔

یا رب صل وسلم دائما ابدا علی حبیبک خیر الخلق کلهم

نوٹ: اسی نوعیت کے دو اور واقعات ملاحظہ فرمائیے سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ (حصہ اول) خواب نمبر212 اور 213 (صفحہ نمبر262 تا 265) پر۔

364- 31 جولائی 1974ء کو وزیر اعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو نے مستونگ (بلوچستان) میں اعلان کیا کہ قادیانی مسئلہ کا فیصلہ 7 ستمبر کو سنایا جائے گا۔ امام العصر حضرت مولانا سید محمد انور شاہ کشمیریؒ اپنے دور میں رد قادیانیت کے امام تھے۔ آپ ہی نے حضرت مولانا سید عطا اللہ شاہ بخاریؒ (متوفی 21 اگست 1961ء) کو امیر شریعت مقرر کر کے خود ان کے ہاتھ پر بیعت کی تھی اور دیگر علما سے بھی ان سے تعاون کی بیعت لی تھی جن میں آپ کے شاگرد رشید حضرت اقدس مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ بھی تھے جو 9 اپریل 1974ء کو مجلس تحفظ ختم نبوت کی مسند

marfat.com
Marfat.com

امارت پر رونق افروز ہوئے تھے۔ بعد کو "تحریک ختم نبوت" کو نظم و ضبط کے تحت رکھنے کے لئے مجلس عمل کی تشکیل ہوئی تھی اور اس کا صدر بھی مولانا بنوریؒ ہی کو بنایا گیا تھا۔ حضرت مولانا مفتی محمودؒ نے جو مجلس عمل کے نمائندے کی حیثیت سے وزیر اعظم سے مذاکرات کر رہے تھے ان سے فرمایا "ہمیں بتایئے ہم کیا کریں۔ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ نہیں مانتے اور مجلس عمل والوں کے پاس جاتے ہیں تو وہ نہیں مانتے"۔ وزیر اعظم نے نشہ اقتدار کے جوش میں جواب دیا "میں نہیں جانتا مجلس عمل کون ہے۔ میں تو آپ لوگوں کو جانتا ہوں جو اسمبلی کے معزز رکن ہیں"۔ اس پر مفتی صاحبؒ نے فرمایا: "بھٹو صاحب کیسی عجیب منطق ہے کہ آپ ایک حلقہ کے نمائندے کو عزت و احترام دینے کے لئے تیار ہیں مگر قوم کے سات کروڑ افراد کی نمائندہ جماعت "مجلس عمل" کو پائے حقارت سے ٹھکرا رہے ہیں----- بہتر ہے میں ان سے جا کر کہے دیتا ہوں کہ وزیر اعظم پاکستان کے سات کروڑ مسلمانوں کی بات سننے کو تیار نہیں"۔

یہ بات سن کر وزیر اعظم کی "انا" سرنگوں ہو گئی اور انہوں نے "مجلس عمل" کے نمائندوں کے مجوزہ فیصلہ پر دستخط کر دیئے اور اس طرح 7 ستمبر 1974ء کو 4 بج کر 35 منٹ پر قادیانیوں کی دونوں شاخوں (ربوہ جماعت اور لاہوری پارٹی) کو غیر مسلم اقلیت قرار دے کر دائرہ اسلام سے خارج کر دیا گیا۔ بعد کو آئینی طور پر قادیانی ناسور کو پارلیمنٹ نے ملت اسلامیہ کے جسد سے الگ کر دیا۔ اس خبر کا نشر ہونا تھا کہ پاکستان ہی نہیں پوری دنیا کے مسلمانوں میں مسرت کی لہر دوڑ گئی۔ چوں کہ مولانا بنوریؒ اس وقت اس تحریک کے روح رواں "مجلس عمل" کے صدر اور "مجلس تحفظ نبوت" کے قائد و امیر تھے اس لئے جس قدر خوشی آپ کو ہوئی ہوگی اس کا اندازہ کون لگا سکتا ہے۔ بلاشبہ اس فیصلہ کو چودھویں صدی میں اسلام کا معجزہ قرار دیا جا سکتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

حضرت اقدس مولانا بنوریؒ کو اس فیصلہ کے بعد عجیب و غریب مبشرات سے نوازا گیا اور تمام ممالک سے تہنیت و مبارک باد کے پیغامات آئے۔ ماہنامہ بینات ذیقعدہ 1394ھ مطابق دسمبر 1974ء میں تحریر فرماتے ہیں منامات و مبشرات کے ذریعہ عالم ارواح میں اکابر امت اور خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مسرت بھی محسوس ہوئی مگر آپؒ کے مبشرات کا ذکر کرنے کی ہمت نہیں۔ تاہم اہل ایمان کی خوشخبری کے لئے اپنے دو بزرگوں سے متعلق بشارات منامیہ مخلصین کے اصرار پر ذکر کرتا ہوں۔

جمعہ 3 رمضان المبارک 1394ھ نماز فجر کے بعد خواب دیکھتا ہوں کہ حضرت امام العصر مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیری علیہ الرحمتہ گویا سفر سے تشریف لائے ہیں۔ ہجوم ہے۔ لوگ مصافحہ کر رہے ہیں۔ جب ہجوم ختم ہو گیا اور حضرت شیخ تنہا رہ گئے تو دیکھتا ہوں کہ بہت وسیع چبوترہ ہے۔ اس پر فرش ہے اور اوپر جیسے شامیانہ ہو۔ بالکل درمیان میں حضرت شیخ تنہا تشریف فرما ہیں۔ دو تین سیڑھیاں چڑھ کر ملاقات کے لئے پہنچا۔ حضرت شیخ اٹھے اور گلے لگا لیا۔ میں ان کی ریش مبارک اور چہرہ مبارک کو بوسے دے رہا ہوں اور حضرت میری ڈاڑھی اور چہرے کو بوسے دے رہے ہیں۔ دیر تک یہ ہوتا رہا۔ چہرہ و بدن کی تندرستی زندگی کے آخری ایام سے بہت زیادہ ہے۔ بے حد خوش اور مسرور ہیں۔

شوال 1394ھ مطابق 1974ء میں لندن کے دوران قیام خواب دیکھا کہ ایک بہت بڑا میدان ہے گویا ختم نبوت کا دفتر ہے۔ بہت سے لوگ جمع ہیں۔ میں ایک طرف ہو کر سفید چادر باندھ رہا ہوں جیسے احرام کی چادر ہو۔ بدن کا اوپری حصہ برہنہ ہے۔ اتنے میں حضرت سید عطا اللہ شاہ بخاریؒ اسی ہیئت میں کہ احرام والی سفید چادر کی لنگی بندھی ہوئی ہے اور اوپر کا بدن مبارک بغیر کپڑے کے ہے میرے داہنے کندھے کی جانب تشریف لائے اور آتے ہی مجھ سے چمٹ گئے۔ پہلا جملہ یہ ارشاد

marfat.com
Marfat.com

فرمایا "واہ میرے پھول"- پھر دیر تک معانقہ فرمایا- میں خواب ہی کی حالت میں خیال کرتا ہوں کہ مبارک باد کے لئے تشریف لائے ہیں-

قادیانی ناسور کے علاج سے نہ صرف زندہ بزرگوں کو مسرت ہوئی بلکہ جو حضرات دنیا سے تشریف لے گئے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ انہیں بھی اس سے بے حد و بے پایاں خوشی ہوئی- فالحمدللہ-

امام اہل سنت حجتہ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی نور اللہ مرقدہ بانی دارالعلوم دیوبند (بھارت) نے "تحذیر الناس" میں قرآن مجید' حدیث شریف اور تواتر و اجماع وغیرہ مختلف و متعدد دلائل سے حضرت خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت زمانی کو ثابت فرما کر اس کے منکر کو کافر قرار دیا ہے (تحذیر الناس صفحہ 18) نیز "مناظر عجیبہ" اور "توضیح تحذیر الناس" میں ارشاد فرمایا "اپنا دین و ایمان ہے- بعد حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی اور نبی کے ہونے کا احتمال نہیں جو اس میں تامل کرے اس کو کافر سمجھتا ہوں" (صفحہ 144)

9 مارچ 1996ء کو جناب شیخ سلیم اختر نے مجھے J-6-99 سینٹ جان پارک- لاہور کینٹ سے خط لکھا- ایک خواب ارسال ہے جس میں میرے خیال میں بذات خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت تو نہیں ہے لیکن یہ خواب آپ ہی کی عظیم شان سے متعلق ہے- حوالہ آخر میں درج ہے- "ایک مرتبہ بھاولپور میں ایک جج محمد اکبر خان صاحب مرحوم و مغفور نے ایک مقدمہ کا فیصلہ فرمایا تھا کہ قادیانی کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں اور ایک مسلمان عورت کا نکاح جو ایک قادیانی سے ہوا تھا فسخ ہے- اس کے کچھ عرصہ بعد جج صاحب موصوف کا انتقال ہو گیا- ان کے انتقال کے بعد میر عبدالجمیل صاحب سابق سیشن جج جو میر سراج الدین صاحب ریٹائرڈ چیف جسٹس کے صاحبزادے ہیں- بڑے متقی و پرہیز گار ہیں- آج کل ہجرت فرما کر حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب میں باب جبریل کے بالمقابل ایک مدرسہ میں

marfat.com
Marfat.com

خلوت نشین ہیں۔ انہوں نے جج محمد اکبر صاحب مرحوم کو اپنے ایک خواب میں بہشت میں دیکھا۔ پہلے ان کو کئی عالی شان محلات دکھائے گئے۔ اس کے بعد ایک نہایت ہی خوبصورت محل میں ایک تخت پر جج محمد اکبر صاحبؒ بیٹھے دکھائے گئے۔ جب میر عبدالجمیل صاحب نے ان سے سوال کیا کہ یہ بلند درجات آپ کو کیسے نصیب ہوئے تو جج محمد اکبر صاحبؒ نے یہ جواب دیا کہ یہ انعامات مجھے ناموس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت میں اس خدمت کے عوض ملے ہیں جو حق تعالیٰ نے مجھ سے فیصلہ بھاولپور کی صورت میں لی اور یہ جتنے محلات آپ دیکھتے آئے ہیں حق تعالیٰ نے یہ فرما کر مجھے دیئے ہیں کہ فی الحال یہ لے لو۔ تمہارا مکمل انعام روز قیامت ملے گا۔ یہ بیان فرماتے ہوئے میر صاحب کی ریش مبارک شدت گریہ سے تر ہو چکی تھی۔ ایک اور رویا صادقہ میں میر عبدالجمیل صاحب نے جج محمد اکبر صاحبؒ کے ہمراہ دو بزرگوں کو بارگاہ رسالت میں نہایت بلند درجہ پر فائز دیکھ کر جج صاحبؒ سے دریافت کیا کہ یہ دونوں حضرات کون ہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ فیصلہ بھاولپور میں میرے معاون ہیں۔ میر صاحب کا خیال ہے کہ وہ حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری اور ان کے رفیق کار ہیں۔ وہ مولانا محمد انور شاہ صاحب کشمیریؒ جنہوں نے ایک دن جوش میں آکر کمرہ عدالت میں قادیانیوں سے فرمایا تھا کہ اگر تم چاہو تو میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ابھی تم کو مرزا قادیانی کو دوزخ میں جلتا ہوا دکھا سکتا ہوں۔ یہ للکار سن کر حاضرین کانپ رہے تھے اور کسی قادیانی کو مزید کلام کی جرات نہیں ہوئی۔ (مقابلیس المجالس۔ ملفوظات حضرت خواجہ غلام فرید رحمتہ اللہ علیہ۔ صفحہ 53 تا 54)

حضرت العلام مولانا اللہ یار خان قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ تصوف کی منازل میں فنافی الرسولؐ ایک منزل ہے۔ جو شخص فنافی الرسولؐ ہو جاتا ہے اس کو اکثر حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوتی رہتی ہے۔ جس کو شبہ ہو وہ کچھ مدت کے لئے ہمارے پاس آجائے۔ شرط یہ ہے کہ خلوص سے آئے اور رضائے الٰہی

marfat.com
Marfat.com

مقصود ہو۔ میں شرائط تصوف کی پابندی کراؤں گا اور کچھ مدت بعد انشاء اللہ تعالیٰ دربار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں پیش کر دوں گا۔ ابھی میں زندہ ہوں جس کا جی چاہے آ جائے۔ (اسرار الحرمین مرتبہ حافظ عبدالرزاق ایم اے۔ چکوال۔ صفحہ 53)

ڈاکٹر نعیم اسلم کے والد بزرگوار جناب محمد اسلم صدیقی بیعت ہیں حضرت مولانا اللہ یار خان صاحبؒ سے آپ نے مجھے (مولف کتاب ہذا) کو بتایا کہ شنکیاری (ضلع ایبٹ آباد) سے ایک قادیانی فوجی افسر امتحاناً" حضرت مولانا اللہ یار خانؒ کے پاس ان کے وطن چکڑالہ (ضلع میانوالی) پہنچا۔ یہ شخص تین دن حضرت کے پاس رہا۔ تیسرے دن حضرت نے اس سے فرمایا کہ جس طرح میں نے مراقبہ کرنے کو بتایا ہے اس طرح مراقبہ کرو۔ میں تمہیں قادیان غلام احمد قادیانی کی قبر پر لئے چلتا ہوں۔ اس نے مراقبہ کیا اور قادیان پہنچ گیا۔ حضرت نے ایک قبر کی نشاندھی فرما کر اس سے پوچھا۔ بتاؤ کیا یہی غلام احمد قادیانی کی قبر ہے۔ چونکہ وہ اس قبر پر حاضری دے چکا تھا اس نے اقرار کیا کہ ہاں غلام احمد قادیانی کی یہی قبر ہے اور اس کے بعد اس نے غلام احمد قادیانی کو زنجیروں میں جکڑا آگ کے شعلوں میں جلتا ہوا دیکھا۔ مراقبہ ختم ہوتے ہی چیخنے لگا اور قادیانیت سے تائب ہوا۔ پھر تھوڑے ہی عرصے میں اس کا پورا خاندان مسلمان ہوگیا۔

یا رب صل وسلم دائما ابداً" علی حبیبک خیر الخلق کلھم

ختم شد

دعا

الحمد اللہ آج مورخہ 10 ذی الحجہ 1416ھ مطابق 29 اپریل 1996ء بروز دو شنبہ "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" کا چوتھا حصہ مکمل ہوا۔ اے میرے خالق و مالک میری اس کاوش کو قبول فرما اور ہر قسم کے سہو خطا کو معاف فرما دے۔ اپنی اور اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا و خوشنودی عطا فرما دے۔ اے میرے اللہ

marfat.com
Marfat.com

میرے اور ان کتب کے تمام قارئین کے واسطے اس سے بڑھ کر خوشی نہیں ہو سکتی کہ تو ھم سب سے راضی ہو جائے اور اپنے اپنے وقت پر سب کا خاتمہ ایمان کامل پر فرماتے ہوئے بغیر حساب و کتاب ھم سب کو جنت الفردوس میں داخل فرما دے۔ آمین ثم آمین۔ ۔

خوش سلامت مابہ ساحل باز بر اے رسیدہ دست تو دربحر و بر

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و الہ واصحابہ **اجمعین برحمتک یا ارحم الرحمین**

marfat.com
Marfat.com

جناب محمد عبدالمجید صدیقی نے "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ"
مرتّب کر کے ایک نہایت ہی مبارک کام سرانجام دیا ہے۔ حضور
سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عین وصال کے بعد ہی
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ جہت نگاہوں کے سامنے آ
گئی تھی۔ صحابہ کرامؓ، تابعینؒ و تبع تابعینؒ، بعد کے صلحاءؒ، اتقیاءؒ،
علماءؒ اور مجاہدینِ اسلام الغرض تمام اہلِ بصیرت پر یہ حقیقت
اچھی طرح منکشف ہوتی چلی گئی کہ اب بھی آنحضرت صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم اپنی اُمّت کے حالات سے اچھی طرح باخبر ہیں،
بڑی شفقت کے ساتھ رہنمائی اور مدد فرماتے ہیں اور اپنی زیارت
سے بھی مشرف فرمایا کرتے ہیں لیکن یہ شرف چودھویں صدی
ہجری کے اختتام پر جناب عبدالمجید صدیقی کو حاصل ہونا تھا
کہ اس حقیقتِ باہرہ سے ہر ایک کو آگاہ کرنے کے لیے
محقّقانہ انداز میں ایک کتاب تصنیف کر دیں تاکہ طلوع
ہونے والی پندرھویں صدی ہجری میں مسلمان ہر آن اسے اپنی
نگاہوں کے سامنے رکھیں اور رسولِ مقبولؐ (روحی فداہ) سے محبت و
عقیدت کو اپنا سرمایۂ حیات سمجھیں۔ یہ مبارک کتاب ہر لائبریری
میں موجود ہونی چاہیے اور ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

جناب ڈاکٹر سید محمد عبداللہ
پروفیسر ایمریطس، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

فیروز سنز پرائیویٹ، لمیٹڈ
لاہور - راولپنڈی - کراچی

969 0 01484 6

Rs 395

سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ

(حصّہ پنجم)

محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ

سیرت النبیؐ

بعد از

وصال النبیؐ

(حصہ پنجم)

محمد عبد المجید صدیقی ایڈووکیٹ

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
لاہور - راولپنڈی - کراچی

marfat.com
Marfat.com

مجلد: 969 0 01680 6

باراوّل ــــــــــــــــ ۲۰۰۱ء

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ہیڈ آفس و شوروم: 60۔ شاہراہ قائداعظم، لاہور۔

راولپنڈی آفس: 277۔ پشاور روڈ، راولپنڈی۔

کراچی آفس: فرسٹ فلور، مہران ہائٹس، مین کلفٹن روڈ، کراچی۔

سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ	Seerat-un-Nabi Bad Az Wisal-un-Nabi
(حصہ پنجم)	(Part:5)
محمد عبدالمجید صدیقی	Muhammad Abdul Majeed Siddique

2001 © جملہ حقوق فیروزسنز محفوظ ہیں۔

چوتھی اشاعت ــــــــــــــــ ۲۰۱۱ء

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔ اس کتاب کا کوئی حصہ فیروزسنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر نقل کرنے، نشر کرنے یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے،
فوٹو کاپی کرنے یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

مطبوعہ فیروزسنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور۔ باہتمام ظہیر سلام پرنٹر و پبلشر

email:support@ferozsons.com.pk

www.ferozsons.com.pk

marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱۔	انتساب	۵
۲۔	وارننگ	۶
۳۔	فہرست منابع و مآخذ	۷
۴۔	خواب دیکھنے والوں کے ناموں کی فہرست	۱۱
۵۔	خواب بالتفصیل ۱ تا ۳۱۳	۱۹

marfat.com
Marfat.com

انتساب

۱۔ جناب سید ناصرالدین شاہ، اسلام آباد۔

۲۔ جناب سید عتیق احمد شاہ، اسلام آباد۔

۳۔ جناب ندیم شفیق ملک، راولپنڈی۔

۴۔ جناب ڈاکٹر شبیّر احمد، ایم ڈی، فلوریڈا، امریکہ۔

۵۔ جناب شیخ سلیم اختر، لاہور۔

۶۔ جناب آفتاب احمد طارق، راولپنڈی۔

۷۔ جناب واحد رضا شمسی، کراچی۔

۸۔ جناب کے۔ ایم۔ وجاہت اللہ، کراچی۔

۹۔ جناب عبدالرحیم یاسر مرحوم، لاہور۔

۱۰۔ جناب احتشام۔ اے صدیقی، اسلام آباد۔

۱۱۔ جناب سید جلال شاہ مرحوم، اسلام آباد۔

۱۲۔ جناب ڈاکٹر کیپٹن حنبل قاضی مرحوم، لاہور۔

۱۳۔ جناب ظفر اقبال چوہان، اسلام آباد۔

۱۴۔ جناب محمد اسمٰعیل چوہدری، اسلام آباد۔

۱۵۔ جناب ناصر ضمیر صدیقی، چکوال۔

marfat.com
Marfat.com

وارننگ

حضرت رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی کو درمیان میں لا کر
جھوٹے خواب گھڑنے والے اپنے انجامِ بد سے ہوشیار رہیں
کیونکہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سب سے بڑا جھوٹ یہ
ہے کہ انسان اپنی آنکھوں کو وہ چیز دکھائے جو اُس نے نہ دیکھی
ہو۔ آپ ﷺ ہی نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جو کوئی میری جانب
ایسی بات منسوب کرے گا جو میں نے نہیں کہی تو اس کا ٹھکانہ
دوزخ ہے۔

marfat.com
Marfat.com

فہرست منابع و مآخذ

الف

۱۔ البدایہ والنھایہ
۲۔ الحکومتہ الاسلامیہ
۳۔ المبشرات
۴۔ ابن سعد
۵۔ الدین الخالص
۶۔ اخبار الاخیار
۷۔ البلاغ المبین حصہ سوم
۸۔ اردو ڈائجسٹ
۹۔ آپ بیتی (حسن نظامیؒ)
۱۰۔ آپ بیتی (مولانا زکریاؒ)
۱۱۔ الباقیات الصالحات
۱۲۔ الحدائق
۱۳۔ المشروع الروی
۱۴۔ امداد الفتاویٰ
۱۵۔ التفکر الاعتبار
۱۶۔ المدخل
۱۷۔ المبشرات ابن عربیؒ
۱۸۔ التعبیر
۱۹۔ انتخاب لغت حصہ اول
۲۰۔ المنتظم
۲۱۔ اشعتہ اللمعات
۲۲۔ البیان فی تاریخ الافغان
۲۳۔ الانسان الکامل
۲۴۔ الکمالات الٰہیہ
۲۵۔ المواقف
۲۶۔ الکوکب الدرّی
۲۷۔ الشقائق
۲۸۔ اسرار الحرمین
۲۹۔ المراتی النبویہ
۳۰۔ اخص الخواص
۳۱۔ المستصفیٰ
۳۲۔ الحدائق الوردیہ

ب

۱۔ بلغتہ الواجد
۲۔ باب الفیض
۳۔ بزم اشرف کے چراغ
۴۔ بھوشیہ پوران

پ

۱۔ پندرہ روزہ "بجنگ آمد"
۲۔ پوٹھوار لوک ورثہ

ت

۱۔ تاج الاولیا
۲۔ تحقیقات چشتی
۳۔ تاریخ ابن کثیر
۴۔ تاریخ سوات

marfat.com
Marfat.com

۵۔ تاریخ خوانین بلوچ
۶۔ تجلیات رحمانی
۷۔ تحفہ
۸۔ تنبیہ الانام
۹۔ تفہیمات الٰہیہ
۱۰۔ تحفہ اثنا عشریہ
۱۱۔ تعطیر الانام
۱۲۔ تجلیات اولیا

ج

۱۔ جمال الاولیا
۲۔ جواہر البحار جلد سوم
۳۔ جواہر البحار جلد اول
۴۔ جامع کرامات اولیا جلد اول
۵۔ جواہر البحار حصہ دوم
۶۔ جامع کرامات اولیا جلد دوم
۷۔ جدید تذکرہ اولیائے پاک و ہند

ح

۱۔ حیات جاوداں
۲۔ حالات مشائخ کاندھلہ
۳۔ حضرت شیخ القرآن
۴۔ حیات حبیب
۵۔ حیاۃ الصحابہؓ جلد سوم

خ

۱۔ خواص نیم

د

۱۔ دعوت ارواح

ذ

۱۔ ذکری مذہب

ر

۱۔ راہ مغفرت
۲۔ روزنامہ جنگ جمعہ ایڈیشن
۳۔ رسالہ قشیریہ
۴۔ رسالہ نظر کرم
۵۔ رسالہ درود و سلام
۶۔ روزنامہ جنگ
۷۔ ربیع المجالس
۸۔ روض الریاحین
۹۔ روزنامہ الاخبار

ز

۱۔ زنداں کے شب و روز

س

۱۔ سیرۃ المصطفیٰ
۲۔ سعادت الدارین حصہ اولؔ
۳۔ سعادت الدارین حصہ دوم
۴۔ سیالکوٹ سے خیبر تک
۵۔ سلطان الہند غریب نوازؒ
۶۔ سیر الاقطاب
۷۔ سفرنامہ نانگا پربت
۸۔ سلوک سلیمانی حصہ دوم
۹۔ سیرت رسول عربیؐ
۱۰۔ سلطان الاوراد

marfat.com
Marfat.com

۱۱۔ سچل سرمت

۱۲۔ سیدالانبیاؐ کے والدین

۱۳۔ سیرۃ ابن ہشام

۱۴۔ سیارہ ڈائجسٹ

ش

۱۔ شمس المعارف

۲۔ شفاالقلوب

۳۔ شواہدالحق

۴۔ شفاالاسقام

ص

۱۔ صادق خواب

ع

۱۔ عمدۃ التحقیق

۲۔ عقدالجید

۳۔ عظیم مائیں

ف

۱۔ فیض الباری جلد اول

۲۔ فض

۳۔ فتح الرسول

۴۔ فتوح الحرمین فی مبشرات

۵۔ فتوحات مکیہ

۶۔ فیوض الحرمین

ق

۱۔ قلائدالجواہر

۲۔ قومی ڈائجسٹ

ک

۱۔ کنوزالاسرار

۲۔ کرم بالائے کرم

۳۔ کالکی اوتار

ل

۱۔ لوائح الانوار

م

۱۔ مون ڈائجسٹ خصوصی اول

۲۔ مون ڈائجسٹ، تیسرا خاص نمبر

۳۔ مون ڈائجسٹ، چوتھا خاص نمبر

۴۔ مختصر تاریخ قوم بلوچ

۵۔ مستدرک

۶۔ مذہب اہل سنت والجماعت

۷۔ مقامات خیر

۸۔ ماہنامہ "درویش" لاہور

۹۔ مختجبیں حصہ اول

۱۰۔ ماہنامہ "سلسبیل"

۱۱۔ ماہنامہ "لغت" لاہور

۱۲۔ مصباح الظلام

۱۳۔ مواعظ حسنہ

ن

۱۔ نفح الطیب

۲۔ نزہت المجالس

marfat.com
Marfat.com

و

۱۔ وسطی ایشیا کے مسلمان

۲۔ والمقصود موجودہ

ہ

۱۔ ہفت روزہ چٹان، لاہور

۲۔ ہمدرد ڈائجسٹ

1. THE DIVINE QURAN
2. THE ISLAMIC THREAT TO
THE SOVIET STATE

نوٹ: کل کتابیں ۱۳۰ سے زیادہ ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

خواب دیکھنے والوں کی فہرست

١۔ امام شامل
٢۔ زینب الغزالی
٣۔ ایضاً
٤۔ ایضاً
٥۔ حضرت جلال الدین سیوطیؒ
٦۔ علی متقی
٧۔ مولانا اللہ یار خانؒ
٨۔ ایک مولوی صاحب
٩۔ ایک قصاب
١٠۔ بعض بزرگ
١١۔ حضرت خواجہ اجمیریؒ
١٢۔ شیخ عبدالہادی
١٣۔ بوہیرہ شاہ بصریؒ
١٤۔ حضرت آمنہؓ
١٥۔ ابوجہل
١٦۔ امیر ابوالعلیٰؒ
١٧۔ حضرت عبداللہؓ
١٨۔ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ
١٩۔ راشد کندی
٢٠۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ
٢١۔ مولانا محمد فضل علی قریشیؒ
٢٢۔ خواجہ محمد حافظ
٢٣۔ نصیر بانو سبزواری
٢٤۔ مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ
٢٥۔ مولانا سید احمد اشرفیؒ
٢٦۔ بخت نصر
٢٧۔ ربیعہ بن نصر
٢٨۔ کسریٰ
٢٩۔ سیدی عبدالجلیل مغربی
٣٠۔ سیدی مسعود دراوی
٣١۔ سید محمود کردیؒ
٣٢۔ سیدی علی بن علوی
٣٣۔ بقی بن مخلد
٣٤۔ ابوعلی القطان
٣٥۔ شہاب الدین احمد
٣٦۔ ایک صابر شخص
٣٧۔ ایک شخص
٣٨۔ ایک دکاندار
٣٩۔ ایک خادم
٤٠۔ امام طبرانیؒ
٤١۔ شیخ ابوبکر کتانیؒ
٤٢۔ ایک صوفی

marfat.com
Marfat.com

۴۳۔ یزیدر قاشی

۴۴۔ ابوالفضل اصفہانی

۴۵۔ ابواسحاق ابراہیم

۴۶۔ ایک خراسانی

۴۷۔ عبدالرحیم

۴۸۔ بعض فقرأ

۴۹۔ مہارشی ویاس جی

۵۰۔ حمزہ الکتانی

۵۱۔ علی بن عیسیٰ

۵۲۔ وزیر احمد قریشی

۵۳۔ ایک ٹیکسی ڈرائیور

۵۴۔ محترمہ شہناز

۵۵۔ سید محمود کردی

۵۶۔ عبدالواحد بن زید

۵۷۔ قاضی عبدالقادر

۵۸۔ ایک بزرگ

۵۹۔ ایک صالح شخص

۶۰۔ عبدالحفیظ

۶۱۔ ایضاً

۶۲۔ ایضاً

۶۳۔ ایضاً

۶۴۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ

۶۵۔ ایضاً

۶۶۔ ایضاً

۶۷۔ ایضاً

۶۸۔ ایضاً

۶۹۔ ایضاً

۷۰۔ ایضاً

۷۱۔ خواجہ حسن نظامیؒ

۷۲۔ ایک بزرگ

۷۳۔ حامد آفندی

۷۴۔ سردار عبدالحمید

۷۵۔ مولانا محمد ایوب دہلویؒ

۷۶۔ علامہ بوصیری

۷۷۔ ایک خاتون

۷۸۔ حافظ فردوس

۷۹۔ محمد عبدالغفور ہزاروی

۸۰۔ ایضاً

۸۱۔ ایک بزرگ

۸۲۔ شاہ فقیر اللہ علویؒ

۸۳۔ مولانا شاہ محمد

۸۴۔ حضرت امام حسنؓ

۸۵۔ مولانا اللہ یار خان

۸۶۔ ایضاً

۸۷۔ صاحب کشف بزرگ

۸۸۔ ایک بزرگ

marfat.com
Marfat.com

۸۹۔ امام بخاریؒ
۹۰۔ ابوالمواہب شاذلیؒ
۹۱۔ ٹرک ڈرائیور
۹۲۔ ایک بزرگ
۹۳۔ غلام دستگیر افغانی
۹۴۔ مولانا غلام محی الدین قصوریؒ
۹۵۔ سعید محمد خان رحمانی
۹۶۔ ایک شخص
۹۷۔ ایک شخص
۹۸۔ ایک شخص
۹۹۔ طالب علم
۱۰۰۔ ایک شخص
۱۰۱۔ ایک شخص
۱۰۲۔ ایک شخص
۱۰۳۔ ایک شخص
۱۰۴۔ ایک شخص
۱۰۵۔ حافظ محمد احسن وحشی
۱۰۶۔ مولانا عبدالرشید محمود
۱۰۷۔ ایک نوجوان
۱۰۸۔ ایک قیدی
۱۰۹۔ محمد بن عبدالملک
۱۱۰۔ ابوالغیث ربیعی
۱۱۱۔ نصرت فتح علی خان
۱۱۲۔ محمد حنیف
۱۱۳۔ مولوی محمد عبدالحمید
۱۱۴۔ حاجی رانا منور حسین
۱۱۵۔ رضا حسین بلالی جمالی
۱۱۶۔ بیگم علامہ یوسف نبہانیؒ
۱۱۷۔ محمد بن علی بن جعفر
۱۱۸۔ ابو بکر محمد بن سعدون
۱۱۹۔ ابو عبداللہ بن خفیف
۱۲۰۔ حضرت ابراہیم بن علی
۱۲۱۔ تسنیم الدین احمد آفریدی
۱۲۲۔ مولانا شیخ علی نور الدین
۱۲۳۔ سید عبدالمقصود محمد سالم
۱۲۴۔ ایضاً
۱۲۵۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن اشرفی
۱۲۶۔ محترمہ رضیہ لال شاہ
۱۲۷۔ ایضاً
۱۲۸۔ ایضاً
۱۲۹۔ بشیر احمد چشتی نظامی
۱۳۰۔ ایضاً
۱۳۱۔ والد محمد فیاض حسین چشتی نظامی
۱۳۲۔ راجہ رشید محمود
۱۳۳۔ رانا منیر احمد غازی
۱۳۴۔ حسان

marfat.com
Marfat.com

۱۳۵۔ احسان اللہ احسان
۱۳۶۔ شیخ عزار
۱۳۷۔ احمد بن موسیٰ عجیل
۱۳۸۔ ابو عبداللہ محمد بن یعقوب
۱۳۹۔ ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ
۱۴۰۔ ابو عبداللہ محمد بن عمر
۱۴۱۔ سید محمود
۱۴۲۔ ابو عبداللہ محمد بن علی الاشغر
۱۴۳۔ ایک تاجر
۱۴۴۔ ابو عبداللہ محمد بن عباس
۱۴۵۔ ایک آدمی
۱۴۶۔ شیخ ربیع
۱۴۷۔ مقری بشر بن عمران
۱۴۸۔ حضرت محمد صوفی
۱۴۹۔ والدہ محمد صدر الدین البکری
۱۵۰۔ امام بدر الدین غزی
۱۵۱۔ صاحب الشقائق
۱۵۲۔ والدہ ابوالحسن محمد
۱۵۳۔ شیخ صالح علی لولوی
۱۵۴۔ علامہ نجم الدین غزی
۱۵۵۔ شیخ صالح نجم الدین
۱۵۶۔ البکری صدیقیؒ
۱۵۷۔ سیدی محمد بکری صدیقی
۱۵۸۔ حضرت شیخ محمد زین البکری
۱۵۹۔ حضرت محمد بن زین العابدین
۱۶۰۔ حضرت محمد بن عمر
۱۶۱۔ حضرت محمد سعید
۱۶۲۔ لاتعداد لوگ
۱۶۳۔ حضرت محمد کردی خلوتی شافعیؒ
۱۶۴۔ سید محمد عثمان میرغنی
۱۶۵۔ ایضاً
۱۶۶۔ ایضاً
۱۶۷۔ شیخ محمد فاسی شاذلیؒ
۱۶۸۔ حضرت ابوراشد
۱۶۹۔ ایضاً
۱۷۰۔ شیخ ابوالفیض محمد
۱۷۱۔ حضرت خواجہ محمد عمر عباسی قادریؒ
۱۷۲۔ حضرت دیوان حضوریؒ
۱۷۳۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی
۱۷۴۔ ایضاً
۱۷۵۔ ایضاً
۱۷۶۔ ایضاً
۱۷۷۔ ایضاً
۱۷۸۔ ایضاً
۱۷۹۔ ایضاً
۱۸۰۔ شاہ محمد مظہر

marfat.com
Marfat.com

۱۸۱۔ مولوی عبدالعزیز بنگالی

۱۸۲۔ مولانا عبدالعلی

۱۸۳۔ سید عبداللہ حلان

۱۸۴۔ فتح اللہ انڈری

۱۷۵۔ مولوی جعفر شاہ

۱۸۶۔ حضرت شاہ ابوالخیر

۱۸۷۔ ملا عبدالحلیم

۱۸۸۔ ایضاً

۱۸۹۔ ایک شخص

۱۹۰۔ مولانا حکیم محمد اشرفؒ

۱۹۱۔ ایضاً

۱۹۲۔ مفتی الٰہی بخشؒ

۱۹۳۔ ایضاً

۱۹۴۔ ایضاً

۱۹۵۔ ایضاً

۱۹۶۔ سید محمد قلندرؒ

۱۹۷۔ ایضاً

۱۹۸۔ مفتی الٰہی بخش

۱۹۹۔ حضرت خواجہ اجمیریؒ

۲۰۰۔ بدھ راہب

۲۰۱۔ محترمہ عائشہ صدیقہ

۲۰۲۔ طاہرہ بیگم

۲۰۳۔ چوہدری غلام حیدر خان چشتیؒ

۲۰۴۔ ایضاً

۲۰۵۔ ایضاً

۲۰۶۔ ایضاً

۲۰۷۔ ایضاً

۲۰۸۔ ایضاً

۲۰۹۔ ایضاً

۲۱۰۔ جناب مرزا

۲۱۱۔ چوہدری غلام حیدر خان چشتیؒ

۲۱۲۔ چوہدری غلام حیدر خان چشتیؒ صاحب کے چند دوست

۲۱۳۔ چوہدری غلام حیدر خان چشتیؒ

۲۱۴۔ ایضاً

۲۱۵۔ ایضاً

۲۱۶۔ ایضاً

۲۱۷۔ ایضاً

۲۱۸۔ ایضاً

۲۱۹۔ ایضاً

۲۲۰۔ ایضاً

۲۲۱۔ سید شفیع نقشبندی

۲۲۲۔ ایک خادم

۲۲۳۔ ایک مسترشد خاص

۲۲۴۔ مولانا محمد اویس ندوی نگرامی

۲۲۵۔ صوفی برکت علی لدھیانویؒ

marfat.com
Marfat.com

۲۲۶۔ ایک شخص
۲۲۷۔ صوفی برکت علی لدھیانویؒ
۲۲۸۔ ایضاً
۲۲۹۔ بابا حمید
۲۳۰۔ صوفی برکت علی لدھیانویؒ
۲۳۱۔ شیخ عبدالکریم جیلی
۲۳۲۔ ایضاً
۲۳۳۔ ابو عبداللہ بن سلطان
۲۳۴۔ ایضاً
۲۳۵۔ قاری محمد ابراہیم قادریؒ
۲۳۶۔ عرش صدیقی
۲۳۷۔ ایک لوہار
۲۳۸۔ امام شعبیؒ
۲۳۹۔ ابراہیم بن علی
۲۴۰۔ حضرت ابو محمد الحسن
۲۴۱۔ شوکت علی خان
۲۴۲۔ ڈاکٹر سید محمد محمود
۲۴۳۔ شیخ ابن ابی جمرہ
۲۴۴۔ ابو محمد بن ابی جمرہ
۲۴۵۔ ایک شخص
۲۴۶۔ سید احمد محمد تیجانی
۲۴۷۔ ایک حکمران
۲۴۸۔ سید محمد عثمان میرغنی
۲۴۹۔ ایک نیک شخص
۲۵۰۔ ایضاً
۲۵۱۔ حضرت ابن عربیؒ
۲۵۲۔ ایضاً
۲۵۳۔ ایضاً
۲۵۴۔ ایضاً
۲۵۵۔ ابوالعباس احمد
۲۵۶۔ کمال الدین
۲۵۷۔ ایضاً
۲۵۸۔ حضرت ابن عربیؒ
۲۵۹۔ ایضاً
۲۶۰۔ ایضاً
۲۶۱۔ ایضاً
۲۶۲۔ ایضاً
۲۶۳۔ ایضاً
۲۶۴۔ ایضاً
۲۶۵۔ علامہ یوسف نبہانیؒ
۲۶۶۔ ایضاً
۲۶۷۔ ایضاً
۲۶۸۔ ایضاً
۲۶۹۔ محترمہ صفیہ
۲۷۰۔ ادیب آفندی
۲۷۱۔ داؤد آفندی

marfat.com
Marfat.com

۲۷۲۔ علامہ یوسف نبہانیؒ
۲۷۳۔ ایضاً
۲۷۴۔ ایضاً
۲۷۵۔ ابن ابی طیب الفقیر
۲۷۶۔ ایک شخص
۲۷۷۔ ایک دوست
۲۷۸۔ اہلیہ محمد یوسف
۲۷۹۔ عبدالغفور قمر
۲۸۰۔ مفتی عبدالحمید نقشبندی مجددی
۲۸۱۔ ایک رئیس
۲۸۲۔ قاری ابوالوفا ہروی
۲۸۳۔ ایضاً
۲۸۴۔ مرادک
۲۸۵۔ ابراہیم تیمور خان
۲۸۶۔ حضرت ابراہیم لقانی مصری
۲۸۷۔ ایک شخص
۲۸۸۔ ابوالخیر المغربی
۲۸۹۔ حضرت ابوالرجال
۲۹۰۔ شیخ ابوالعباس
۲۹۱۔ ابن ابی الورد
۲۹۲۔ احمد بن یحییٰ جلا
۲۹۳۔ حضرت عبدالرحمٰن
۲۹۴۔ حضرت احمد بن مسعود
۲۹۵۔ حضرت ابوالعباس بونیؒ
۲۹۶۔ حضرت ابراہیم متبولیؒ
۲۹۷۔ حضرت خواجہ ہجویریؒ
۲۹۸۔ شیخ ابوالمسعودؒ
۲۹۹۔ حضرت سلطان باہوؒ
۳۰۰۔ ایضاً
۳۰۱۔ حضرت جنید بغدادیؒ
۳۰۲۔ محمد ہدایت علی نقشبندی
۳۰۳۔ ایضاً
۳۰۴۔ ایضاً
۳۰۵۔ ایک حاجی
۳۰۶۔ ہلال بن المحسن
۳۰۷۔ ایضاً
۳۰۸۔ ایضاً
۳۰۹۔ ایک شخص
۳۱۰۔ ہلال بن المحسن
۳۱۱۔ ایک درویش
۳۱۲۔ اورنگ زیب عالمگیرؒ
۳۱۳۔ حضرت بہزاد لکھنویؒ

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۔ امام شاملؒ نے قفقازی مسلمانوں کا اخلاق بلند و برتر کر دیا تھا۔ انصاف ان کا طرۂ امتیاز تھا۔ ان کی اسلامی ریاست اسلام کے نظامِ عمل کا عملی نمونہ تھی۔ اقلیتیں بھی جن سے فیض یاب تھیں اور وہ سب اپنے مذہب کے مطابق زندگی بسر کرتی تھیں۔ ان کے ۲۵ سال کے دور حکمرانی میں ایک بھی ایسا واقعہ نہیں کہ کسی کو زبردستی مسلمان بنایا گیا ہو۔ وہ صاحب شریعت تھے۔ ان کی کوشش تھی کہ ان کا ذاتی کردار کسی طور پر بھی باعث ملامت نہ بنے۔ وہ امیر المومنین تھے۔ عوام میں سے تھے اور عوام ہی میں رہتے تھے۔ لوگوں کی شکایات سننا اور انہیں رفع کرنا ان کی انتظامیہ کی اولین ترجیح تھی۔ مقدمات کے فیصلے سرعت کے ساتھ کر کے عموماً فیصلہ موقع پر ہی سنا دیتے تھے۔ غلامی اور بیگار کے خلاف تھے۔ انسان کی عزت نفس کا خیال کرنے والے اور محتاجوں کے والی تھے۔ یہی وجہ تھی کہ عوام کی تائید سے ۲۵ سال تک روس جیسی عظیم قوت سے برسرپیکار رہے۔ وہ صلح جُو انسان تھے لیکن روسی استعمار کی راہ میں سدِ سکندری بنے رہے۔ اس محاذ پر کوئی کمزوری دکھانا پسند نہ کرتے تھے۔ جب کچھ چیچن باشندوں نے ان کی والدہ محترمہ کے ذریعہ روس کی بالادستی قبول کرنے کے لئے کہا تو وہ تین روز کے لیے گوشہ نشین ہوگئے۔ یہ ۱۸۴۳ء کا واقعہ ہے۔ جب وہ باہر نکلے تو اعلان کیا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے مجھے خواب میں حکم فرمایا ہے کہ جس نے روسیوں کے سامنے سپر ڈالنے کی سفارش کی ہے اسے ایک سو دُرّے مارے جائیں۔ چنانچہ سزا کی تکمیل کرائی گئی۔ پانچ دُرّے کھا کر والدہ محترمہ بے ہوش ہو گئیں تو امام شاملؒ سجدہ میں گر کر بڑی دیر تک گریہ و زاری کرتے رہے۔ یہاں تک کہ حکم ہوا کہ بقیہ سزا تم خود بھگتو۔ چنانچہ باقی ۹۵ دُرّے انہوں نے اپنے جسم پر کھائے اور چیچن حاضرین سے کہا "جاؤ یہ واقعہ بیان کر کے اپنے لوگوں سے کہہ دو کہ ہمارے لیے روسیوں کے ہاتھوں شکست ناقابل قبول ہے"۔ امام شاملؒ ۱۸۶۸ء میں حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے اور ۱۸۷۱ء میں اپنے آقا و مولا کی سرزمین مدینہ طیبہ میں خاک نشیں ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ (وسطی ایشیا کے مسلمان جلد ۵ شمارہ ۳۔ مارچ / اپریل ۱۹۹۷ء۔ انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز۔ اسلام آباد۔ صفحہ ۳۰ تا ۳۱ سے ماخوذ۔ میں اس رسالہ کے لئے جناب ندیم شفیق ملک کا ممنون ہوں)۔

بعض لوگ تو یہاں تک سمجھتے ہیں کہ ۲۰۰۰ء سے پہلے یا اس کے فوراً بعد ایٹمی جنگ چھڑ جانے والی ہے۔ اس تیسری جنگ عظیم میں روسی مسلمان نہایت اہم کردار ادا کریں

marfat.com
Marfat.com

گے۔ وسطی ایشیا میں لوگ عام طور پر کہتے ہیں: "ذرا انتظار کرو، چینیوں کو آلینے دو، پھر ہم روسیوں کے خون سے اپنی دیواروں پر رنگ پھیریں گے۔" نویں صدی عیسوی میں روس کے ساتھ مسلمانوں کے ربط کا آغاز ہوا۔ اس وقت اسلامی تہذیب دنیا کی سب سے بڑی تہذیب تھی۔ دسویں صدی عیسوی تک اسلام داغستان اور مشرقی ٹرانس کاکیشیا تک پھیل چکا تھا۔ ۱۶۰۴ء میں زار بورس گوڈر نوف نے داغستان پر حملہ کیا اور دارالحکومت "ترکو" کو فتح کر کے اسے کھنڈر بنا دیا۔ امام شاملؒ نے داغستان کے مسلمانوں کو جمع کر کے ان کے اندر جہاد کی روح پھونک دی جس کے نتیجہ میں روسی فوج کو زبردست شکست ہوئی مگر مسلمانوں میں اتحاد قائم نہ رہا جس کی وجہ سے روسیوں نے داغستان پھر فتح کر لیا۔ اس کے باوجود یہ علاقہ ۱۹ویں صدی تک روسی یلغار کا مقابلہ کرتا رہا۔ امام شاملؒ جو نقشبندی سلسلہ کے رہنما تھے انہوں نے ۱۸۵۶ء میں شکست کھائی لیکن روس مسلمانوں کے جذبہ حریت کو دبا نہ سکا۔ جبر و تشدد کی چکی میں پس کر بھی مسلمان نہ اقلیت میں تبدیل ہوئے اور نہ ہی انہوں نے اپنے دین کو جو انہیں اپنی جانوں سے زیادہ عزیز تھا چھوڑا۔ روسی ماہرین کو اعتراف ہے کہ اس کا سہرا نقشبندیہ اور قادریہ روحانی سلسلہ کے بزرگوں کے سر بندھتا ہے۔ داغستان کے علاقوں میں عربی کو مقدس زبان سمجھا جاتا تھا اور وہاں عربی پڑھنے کا بہت رواج تھا۔ اشتراکی حکمرانوں نے اسلام کو افیون کی گولی اور عربی کو یہ کہہ کر رد کر دیا کہ یہ جدید دور کے تقاضے پورے نہیں کر سکتی۔ سکولوں میں بچوں کی تعلیم کی بنیاد الحاد پر رکھی۔ مسلمانوں کو اراضی اور املاک سے محروم کر دیا۔ تمام مسلم وقف املاک ضبط کر لی گئیں۔ مساجد کو سازشوں کے اڈے قرار دے کر بند کر دیا گیا۔ مجبوراً لوگ گھروں میں نمازیں پڑھنے لگے۔ ان کا مذہبی عقیدہ اور پختہ ہو گیا اور زیر زمین تصوف کے سلسلے تیز تر ہو گئے۔ عیسائیت کی کھلی تبلیغ لیکن اسلام کی تبلیغ پر پابندی تھی۔ لاکھوں مسلمان جبراً عیسائی بنا لیے گئے۔ باغی کہہ کر لاکھوں مسلمانوں کو دار پر لٹکا دیا۔ آٹھ لاکھ مسلمان جلاوطن کر دیئے گئے جن میں ۲۰ تا ۳۰ فیصد راہ میں بھوک سے ہلاک ہو گئے۔ نوجوانوں کو بزرگوں کے خلاف بغاوت پر اکسایا گیا مگر برژنیف کے زمانہ میں روسی حکام کو تسلیم کرنا پڑا کہ مسلمانوں کے معاشرتی نظام میں بزرگوں کا احترام پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گیا ہے۔ ترغیب دی گئی کہ مسلمان روسیوں سے شادی کریں مگر مسلمانوں نے سرکاری دباؤ کا کوئی اثر نہ لیا اور داغستان کے مسلمانوں نے مخلوط معاشرہ قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ سلسلہ نقشبندیہ خصوصی طور پر روس کے مسلمانوں میں بے حد مقبول ہے جس کا ایک ہی موقف اور مسلک ہے کہ اسلام کو تمام دنیا میں پھیلایا جائے اور اسلام دشمن طاقتوں سے جہاد کیا جائے۔

marfat.com
Marfat.com

شیخ محمد آفندیؒ جنوبی داغستان میں نقشبندی مرشد تھے جنہوں نے روسیوں کے خلاف جہاد کی تبلیغ کی۔ ان کے شاگردوں میں غازی محمدؒ اور امام شاملؒ جیسے حریت پسند شامل تھے۔ روسی مسلمانوں میں بیداری کی نئی لہر پیدا ہوئی جو مجاہدین افغانستان کے حوالے سے ہے۔ وہ مجاہدین افغانستان سے متاثر ہوئے ہیں اور اپنے قدیم ہیرو امام شاملؒ اور نقشبندی سلسلے کے دیگر شیوخ کا احترام ان کے دلوں میں پہلے سے بھی زیادہ راسخ ہو گیا ہے۔ روسی مسلم فوجی جب افغانستان میں لڑنے گئے تو انہیں پہلی مرتبہ اس حقیقت کا ادراک ہوا کہ روسی فوج ہرگز اتنی مضبوط نہیں جتنا پوری دنیا کے سامنے ڈھنڈورا پیٹا جاتا ہے۔ اصل چیز جذبہ جہاد اور حریت پسندی ہے۔ جب افغان مجاہدین بے سروسامانی کے باوجود روسی فوج کو نکیل ڈال سکتے ہیں تو پھر وہ خود اسی روسی فوج کا مقابلہ اپنے علاقوں میں کامیابی کے ساتھ ضرور کر سکتے ہیں۔ روسی اشتراکی حکمران اس بات سے بھی بے حد بوکھلائے ہوئے ہیں کہ ہر ممکن جبر و تشدد کے باوجود پچھلی چند دہائیوں میں مسلمانوں کی آبادی بہت تیزی سے بڑھی ہے۔ اگر مسلمانوں میں شرح پیدائش کی رفتار یہی رہی تو وہ بہت جلد روس پر چھا جائیں گے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق سن دو ہزار عیسوی میں روس کی کل آبادی ۳۰ / ۳۱ کروڑ کے درمیان ہو گی جس میں ۲۲ تا ۲۵ فیصد مسلم آبادی ہو گی۔ ۲۰۰۰ء سے روسی مسلمانوں کی تاریخ کا سب سے تابناک دور شروع ہونے والا ہے۔ انہوں نے زار شاہی اور روسی اشتراکی حکومت کے ہاتھوں مصائب کا سامنا کیا اور بہادری سے اس کا مقابلہ کر کے اپنے دین کے ساتھ وفاداری کا ثبوت دیا ہے۔ روسی مسلمانوں کا پختہ عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا صلہ انہیں ضرور دے گا۔

"The Islamic Threat to the Soviet State" از الیگزنڈر بینی ژان، پیرس میں بین الاقوامی عمرانیاتی سائنسی مطالعاتی ادارے کے سربراہ اور ماری بروکسپ، سنٹرل ایشین سروے کے معاون مدیر اور سنٹرل ایشین نیوز لیٹر کے مدیر سے ماخوذ یہ کتاب روس کے کریا کرم سے بہت پہلے شائع ہوئی تھی۔

۲۔ "زنداں کے شب و روز" اخوان المسلمون (مصر) کے شعبہ خواتین کی نڈر اور بلند حوصلہ مجاہدہ زینب الغزالی کی روداد زنداں ہے جنہوں نے جمال عبد الناصر کے دور حکومت میں کلمۂ حق کی سربلندی کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دیا۔ صعوبتوں، مشقتوں، جسمانی ایذاؤں، روحانی کرب و بلا، آزمائشوں اور ابتلاؤں کا موصوفہ نے جس جرأت اور بلند حوصلگی سے مقابلہ کیا وہ ہم سب کے لئے مشعل راہ ہے۔ کتاب کے مطالعہ سے پہلے یقین نہیں آتا کہ ایک نیک اور دیندار خاتون کے ساتھ اس کے مسلمان حکمران اس قدر سفاکی اور درندگی کا

marfat.com
Marfat.com

سلوک بھی کر سکتے ہیں۔ کمرہ نمبر ۲۴ کی ابتلاؤں کے بعد وہ کمرہ نمبر ۳ میں منتقل کر دی گئیں۔ جیل خانہ کے اس کمرہ کا دروازہ مسلسل چھ دن تک نہیں کھولا گیا۔ نہ کھانا، نہ پانی، نہ باہر سے رابطہ اور نہ ہی فطری ضروریات کے لئے کوئی انتظام۔ ان ہی حالات کے دوران موصوفہ نے وہ خواب دیکھا جو ان کی ابتلاؤ آزمائش کے دوران حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کے چار خوابوں میں سے ایک تھا۔

فرماتی ہیں: میں نے دیکھا کہ ایک بڑے صحرا میں بہت سے اونٹ ہیں، جن پر روشنی سے بنے ہوئے ہودج ہیں اور ہر ہودج میں چار نورانی چہرے والے انسان بیٹھے ہیں۔ میں نے خود کو تاحد نگاہ پھیلے ہوئے صحرا میں رواں، اونٹوں کے پیچھے ایک بارعب نورانی شکل کے بزرگ کے پاس کھڑا پایا۔ وہ بے شمار اونٹوں کی گردنوں میں پڑی رسیوں کو پکڑے ہوئے تھے۔ میں نے آہستگی سے کہا: کیا حضور اقدس ﷺ موجود ہیں؟ اس پر انہوں نے میری جانب رخ کر کے جواب دیا: "تم اے زینب! تم اللہ کے رسول اور اس کے بندے محمد (ﷺ) کے نقش قدم پر ہو۔" میں نے دریافت کیا: کیا میں واقعی اللہ کے رسول اور اس کے بندے محمد (ﷺ) کے نقش قدم پر ہوں؟ آپؐ نے جواب دیا۔ "تم اے زینب! اے غزالی! اللہ کے بندے اور اس کے رسول محمد (ﷺ) کے نقش قدم پر ہو۔" میں نے دوبارہ دریافت کیا: اے میرے حبیب یا رسول اللہ (ﷺ)! کیا میں اللہ کے بندے اور اس کے رسول محمد (ﷺ) کے نقش قدم پر ہوں؟ آپؐ نے جواب دیا: "تم اے زینب! حق پر ہو، تم اے زینب! اللہ کے بندے اور اس کے رسول (ﷺ) کے نقش قدم پر ہو۔"

جب میں نیند سے بیدار ہوئی تو مجھے ایسا محسوس ہوا کہ اس خواب سے میں نئی طاقت کی مالک ہو گئی ہوں، خواب نے مجھے حال سے غافل کر دیا، اب نہ مجھے کوڑوں کی تکلیف کا احساس تھا نہ ابتلاء و آزمائش کا غم، اس کی بدولت میں اپنے مصائب کو بھول کر زندہ رہی (زنداں کے شب و روز صفحہ ۱۶۶ از زینب الغزالی کا اردو ترجمہ۔ ادارۂ مطبوعات طلبہ۔ اچھرہ، لاہور)۔

دوسری حیرت کی بات یہ تھی کہ میرا تاریخی نام "زینب غزالی" ہے جبکہ لوگوں میں رائج و مشہور نام "زینب الغزالی" ہے۔ اس خواب میں مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ نے میرے تاریخی نام سے ہی پکارا تھا۔

۳۔ کئی دن گذرنے کے بعد مقدمہ شروع ہونے سے پہلے فرد جرم آئی۔ جب میں نے احمد خواجہ کو وکیل بنانا چاہا تو مجھ سے کہا گیا کہ وہ اس کیس میں تمہاری مدافعت نہیں کر سکتے۔ تب میں نے کہا: مجھے کسی وکیل کی ضرورت نہیں، میں اپنا مقدمہ خود لڑوں گی۔

marfat.com
Marfat.com

اسی ماحول میں میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک میدان میں کھڑی ہوں۔ بتایا گیا کہ وہ عدالت ہے جس میں ہمارا فیصلہ ہوگا۔ میں ابھی کھڑی ہی تھی کہ دیواریں گرنے لگیں اور میں نے اپنے کو ایک بہت بڑے میدان میں پایا جس کی ساخت پوری زمین تھی اور آسمان زمین پر سایہ فگن تھا۔ ایک نور آسمان سے زمین تک پھیلتا چلا گیا۔ میری نظروں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ وہ قبلہ رو میرے سامنے کھڑے ہیں اور میں آپؐ کی پشت کی جانب کھڑی سن رہی ہوں۔ آپؐ فرما رہے ہیں: ''زینب! حق کی آواز غور سے سنو۔'' میں نے آسمان و زمین کو چیرتی ہوئی ایک آواز سنی۔ کوئی کہہ رہا تھا کہ یہاں باطل کی عدالتیں قائم ہونگی جو طاغوت کے فیصلے صادر کریں گی، تم امانت کے حامل اور راہبر ہو، تم صبر کرو اور صبر کی تلقین کرو، ایک دوسرے سے رابطہ رکھو اور اللہ سے ڈرو شاید کہ تم فلاح پاسکو۔

جب یہ آواز ختم ہوگئی تو حضور نبی کریم ﷺ میری جانب متوجہ ہوئے اور دائیں جانب اشارہ فرمایا۔ میں نے نظر ڈالی تو آسمان کی بلندیوں کو چھوتا ہوا چوٹیوں والا ایک پہاڑ نظر آیا۔ مگر وہ سبز فرش کی طرح تھا جس پر ہریالی چھائی ہوئی تھی۔ حضور اقدس ﷺ نے مجھ سے فرمایا: زینب اس پہاڑ پر چڑھ جاؤ، چوٹی پر تم کو حسن ھضیبی ملیں گے، ان تک یہ باتیں پہنچا دو۔ پھر مجھ پر گہری نظر ڈالی جو میرے پورے وجود پر چھاگئی۔ اگرچہ حضور انور ﷺ نے ان الفاظ میں کچھ نہ فرمایا مگر مجھے احساس ہوا کہ میں فی الواقع باتیں سن چکی ہوں اور ان کا مقصد بھی سمجھ چکی ہوں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ پہاڑ کی طرف اٹھایا تو میں نے اپنے آپ کو اس پر چڑھتا ہوا پایا۔ میں چڑھتی رہی یہاں تک کہ چوٹی پر پہنچ گئی۔ اس کے درمیان میدان میں فرش بچھا ہوا تھا جس پر گاؤ تکیے اور مسند لگی تھی۔ بیچ میں حسن ھضیبی تشریف فرما تھے۔ انہوں نے مجھے دیکھا تو کھڑے ہو کر مجھے سلام کیا اور میری آمد سے خوش ہوئے۔ میں نے ان سے کہا کہ میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی جانب سے چند باتیں بطور امانت آپ کو پہنچانے کی ذمہ دار ہوں۔ انہوں نے جواب دیا وہ مجھ تک پہنچ گئی ہیں۔ الحمدللہ۔ پھر ہم بیٹھ گئے۔ گویا یہ باتیں لفظاً نہیں بلکہ معناً روحانی طور پر منتقل کی گئیں اور ان کی تصویر کشی کر دی گئی۔

استاد امام سید قطب مفسر قرآن مجید، مجاہد، مجدد و مجتہد تھے۔ آپ اور آپ کے ساتھی جن میں امام حسن ھضیبی بھی تھے، شہید کیے جاچکے تھے۔ وہ اخوان المسلمین سے تعلق رکھتے تھے۔ احکام شریعت کے نفاذ کا عہد کرتے تھے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرتے تھے تاکہ پوری امت اسلامیہ کتاب و سنت کی طرف لوٹ جائے۔ (زنداں کے شب و روز صفحہ ۱۹۷ تا ۲۰۰ سے ماخوذ)۔

marfat.com
Marfat.com

۴۔ جمال عبدالناصر اور اس کی فوج نے میرے نیک اور شریف شوہر (میں گذشتہ ۳۵ سال سے ان کے نکاح میں تھی) کو دو چیزوں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے پر مجبور کر دیا۔ تیسرے کی کوئی گنجائش ہی نہ رکھی:۔

(۱) زینب الغزالی کو طلاق دو یا (۲) جیل جانے کے لئے تیار ہو جاؤ۔

میرے شوہر نے غور و خوض کرنے کے لئے دو ہفتہ کی مہلت مانگی جو نہ دی گئی اور زبردستی ان سے طلاق نامہ پر دستخط کرا لیے گئے۔ دستخط کرتے وقت میرے شوہر نے کہا "اے اللہ! تو گواہ رہ کہ میں نے اپنی بیوی زینب الغزالی کو طلاق نہیں دی۔ میری موت قریب ہے مجھے عزت و کرامت کے ساتھ دنیا سے رخصت ہونے دو۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے آخری دم تک وہ مجھ سے وابستہ رہیں۔ ہوا بھی یہی۔ میرے شوہر پہلے ہی مریض تھے۔ عبدالناصر نے ان کی کمپنیوں، مال واسباب، زمین اور گھر پر زبردستی قبضہ کر لیا تھا جس سے ان کو فالج سا ہو گیا تھا۔ طلاق نامہ پر دستخط کرنے کے بعد ختم ہو گئے۔ اللہ بس باقی ہوس۔

جمعہ کے دن اخبارات پہنچے تو میں صفحات پلٹنے لگی۔ اچانک میرے شوہر کے انتقال کی خبر نظر آئی۔ میں نے کلمہ شہادت اور انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا اور کہا اے حاجی محمد! آپ انشاء اللہ جنت میں ہونگے۔ پھر میں اپنے آپ پر قابو نہ رکھ سکی اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی اور بے ہوش ہو گئی۔ تنہائی میں مجھے وہ خواب یاد آیا (جو اللہ کا احسان ہے۔ جس میں مجھے حضور اکرم ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی تھی۔ میں نے اس مصحف کے بین السطور خواب کی تاریخ لکھ لی تھی جس کی میں تلاوت کرتی تھی۔ میں نے تاریخ ملائی تو وہ طلاق کے حادثہ کی تاریخ کے مطابق تھی)۔

میں نے خواب میں حضرت نبی پاک ﷺ کو سفید لباس میں چلتے دیکھا جن کے عین پیچھے حسن ھضیبی سفید لباس اور ٹوپی پہنے چل رہے تھے۔ میں کھڑی تھی اور میرے ساتھ ام المومنین حضرت بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا دوسری متعدد خواتین کے ساتھ موجود تھیں۔ میرے دل میں احساس ہوا کہ شاید وہ ان کی سہیلیاں ہیں۔ مجھے وہ کچھ نصیحتیں کر رہی تھیں کہ حضور اکرم ﷺ ہمارے برابر آ گئے اور سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو پکار کر فرمایا: عائشہ! صبر کرو، عائشہ! صبر کرو اور بیچ بیچ حضرت عائشہؓ ہر بار میرے ہاتھ کو زور سے دباتیں اور صبر کی تلقین کرتیں۔ میں بیدار ہوئی تو اللہ سے دعا کرنے لگی کہ وہ مجھے صبر و برداشت کی قوت دے۔ مجھے یقین ہو گیا تھا کہ میرے لیے اب کوئی نئی آزمائش شروع ہونے والی ہے۔

(زنداں کے شب و روز صفحہ ۲۱۴ تا ۲۱۷ سے ماخوذ)

marfat.com
Marfat.com

کئی سال کی سخت ترین آزمائش کے بعد زینب الغزالی کو ۱۰ اگست ۱۹۷۱ء کی شب تین بجے رہائی ملی۔ اس دورِ ابتلاء و آزمائش میں آپ کو چار مرتبہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ اس کتاب میں تین ہی کا ذکر ہے جو بیان کر دیئے گئے ہیں۔
آپ فرماتی ہیں اسلامی حکومت کا قیام مسلمانوں پر فرض ہے اور اس کی تیاری اس سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت ہے جیسا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے دعوت دی۔ یہ ہر مسلم کا پیغام ہے خواہ اخوانی ہو یا غیر اخوانی۔

ایک جگہ لکھتی ہیں کہ جب تک عالمی صیہونیت دونوں بڑی طاقتوں (امریکہ اور روس) کو حکومت کرنے کے طریقے سکھاتی رہے گی۔ اس وقت تک حکمرانوں کے لیے بڑی طاقتوں کا حکم ماننے اور نافذ کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ فلسطین اسلام ہی سے آزاد ہوگا اور جس دن اسلام کی حکمرانی ہوگی فلسطین آزاد ہو جائے گا۔

۵۔ علامہ جلال الدین سیوطیؒ (ولادت ۸۵۰ھ ۱۴۴۶ء۔ وصال ۹۱۱ھ ۱۵۰۵ء)
اولیاء اللہ میں بہت بڑے ولی گنے جاتے ہیں، جو سوتے جاگتے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوتے تھے۔ آپؐ سے بالمشافہ گفتگو فرماتے اور بہت سی غیب کی باتیں معلوم کرتے تھے۔ شیخ عبد القادر شاذلیؒ نے علامہ جلال الدین سیوطیؒ کے مناقب ایک کتاب میں جمع کیے ہیں جن کی تلخیص علامہ شعرانیؒ نے اپنی کتاب "لواقح الانوار" میں کی ہے۔
حضرت علامہؒ اپنی پوری زندگی میں کبھی کسی بادشاہ یا امیر کے یہاں نہیں گئے۔ علم حدیث چھ سو علماء سے سیکھا۔ ۴۶۰ سے زیادہ کتابیں تالیف کیں۔ حافظ حدیث و حافظ قرآن تھے۔ ابن حجرؒ نے بہت سی احادیث جن کے راویان کا انہیں علم نہ تھا نہ ان کے درجات سے واقف تھے کہ حدیث حسن ہے یا مرسل یا ضعیف حضرت علامہؒ کے پاس بھیجیں۔ حضرت علامہؒ نے راویوں کی اسناد بتادیں اور حسن و ضعیف کو بھی علیحدہ کر دیا۔ شیخ الاسلام علامہ اوجانیؒ نے شیخ سلیمان الصوفی کے ذریعے بہت سی احادیث علامہ جلال الدین سیوطیؒ کی خدمت میں بھیجیں، جن کے راویوں کا پتہ نہ چلتا تھا اور ان کے مراتب کا بھی علم لوگوں کو نہ تھا۔ علامہ سیوطیؒ نے ان کے راویوں کا سلسلہ بھی بتادیا اور ان کے مراتب سے بھی آگاہ کر دیا۔ یہ دیکھ کر شیخ الاسلام ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے ہاتھوں کو بوسہ دیا...... شیخ سلیمانؒ نے خواب میں دیکھا کہ جیسے میں حضرت امام شافعیؒ کے دروازے پر بیٹھا ہوں کہ سفید لباس میں ملبوس لوگوں کی ایک جماعت آئی۔ ان کے سروں پر نور کے عمامے تھے۔ جب میرے پاس آئے تو معلوم ہوا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ معہ اپنے اصحابؓ کے ہیں۔ میں نے آپؐ کے ہاتھوں کو چوما۔

marfat.com
Marfat.com

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ آؤ ہمارے ساتھ روضہ کی طرف چلو۔ میں ساتھ ہو لیا تو آپؒ علامہ جلال الدینؒ کے گھر تشریف لے گئے۔ حضرت علامہؒ باہر آئے۔ انہوں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ چومے، صحابہؓ کو سلام کیا اور ان سب کو اپنے گھر میں لے گئے۔ علامہ سیوطیؒ حضرت رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھ گئے۔ آپؐ سے سوال کرتے جاتے تھے اور حضرت رسول اللہ ﷺ ان کو "شیخ السنۃ" کہہ کر خطاب کرتے تھے۔ شیخ عبدالقادر شاذلیؒ نے بھی علامہ سیوطیؒ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے بھی بالکل ایسا ہی خواب دیکھا تھا اور حضرت رسول اللہ ﷺ ان کو "شیخ الحدیث" کہہ کر خطاب فرماتے تھے۔...... شیخ عبدالقادر شاذلیؒ نے حضرت علامہ سیوطیؒ کا وہ خط دیکھا تھا جو انہوں نے اس شخص کو بھیجا تھا جس نے ان سے سوال کیا تھا کہ اس کی حاجت سلطان غوری سے بیان کریں۔ حضرت علامہؒ نے اسے لکھا کہ اے بھائی! میں بیداری میں حضرت رسول اقدس ﷺ سے ملاقات کیا کرتا ہوں، میں ڈرتا ہوں کہ اگر سلطان کے پاس جاؤں تو پھر حضرت رسول اقدس ﷺ مجھ سے ملاقات نہ کریں لیکن میں تیری حاجت حضرت رسول اقدس ﷺ سے بیان کروں گا۔ یہ دیکھ کر حضرت شیخؒ سے دریافت کیا گیا کہ اب تک بحالت بیداری آپ کی حضور اقدس ﷺ سے کتنی مرتبہ ملاقات ہوئی ہے۔ تو آپ نے فرمایا: تقریباً ستر (۷۰) مرتبہ۔ ان ملاقاتوں کے متعلق حضرت علامہ سیوطیؒ نے ایک کتاب بھی لکھی تھی جس کا نام "تنویر الحلک فی رویۃ النبی والملک" تھا۔ اس میں انہوں نے ان تمام اولیاء، صحابہؓ اور علماء کا ذکر کیا ہے جو فرشتوں سے اور حضرت رسول اللہ ﷺ سے بحالت بیداری ملاقات کرتے تھے۔ حضرت علامہ سیوطیؒ کو طے ارض حاصل تھا۔ چشم زدن میں مصر سے مکہ مکرمہ اور مکہ مکرمہ سے مصر آجاتے تھے۔ حضور انور ﷺ نے آپ کے لیے فرمایا کہ بغیر کسی سابقہ عذاب کے جنت میں جائیں گے۔ (البلاغ المبین حصہ سوم از خان صاحب آغا محمد سلطان مرزا۔ ایم اے۔ ایل ایل بی۔ ڈسٹرکٹ و سیشن جج۔ پنجاب (ریٹائرڈ) صفحہ ۸۱۵ تا ۸۲۰ کا خلاصہ۔ امامیہ کتب خانہ، مغل حویلی، اندرون موچی گیٹ، لاہور)۔

۶۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اپنی کتاب "اخبار الاخیار" میں لکھتے ہیں کہ علی المتقی صاحب کنزالعمال برہان پور میں پیدا ہوئے جبکہ آپ کے آباؤ اجداد کا وطن جونپور تھا۔ بہت بڑے عالم، فقیہہ و شیخ زمانہ تھے۔ آخر کار مکہ معظمہ میں اقامت اختیار کر لی تھی۔ ان کی کتابوں کے مطالعہ و مشاہدہ سے عقل حیران ہوتی ہے اور یقین کرنا پڑتا ہے ایسی ایسی عمدہ اور علوم سے معمور کتابیں بغیر اس توفیق کامل و برکت الٰہیہ کے جو درجہ ولایت پر پہنچ کر نصیب

marfat.com
Marfat.com

ہوتا ہے نہیں لکھی جاسکتی تھیں۔ علامہ سیوطیؒ کی جامع صغیر وجمع الجوامع کی از سر نو ابواب فقہ کے مطابق ترتیب دی اور یہ حق ہے کہ ان دونوں کتابوں پر نظر ڈالنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ انتخاب وترتیب و تصحیح میں کتنی محنت کی ہوگی۔ ان کی مکررات کو نظر انداز کرکے انہیں نہایت عمدہ بنادیا۔ شیخ ابوالحسن بکریؒ کہا کرتے تھے کہ علامہ سیوطیؒ کا احسان تو تمام دنیا پر ہے اور علی متقیؒ کا احسان سیوطیؒ پر ہے۔ ان کے مناقب میں سے ایک یہ ہے کہ علی متقیؒ نے ۲۷ویں شب رمضان کہ شب جمعہ بھی تھی، حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا کہ اس زمانہ میں سب سے زیادہ فضیلت والا انسان کون ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا کہ تم ہو۔ اسی رات کو علی متقیؒ کے ایک شاگرد عبدالوہاب نے بھی حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور یہی سوال کیا تو آپؐ نے فرمایا کہ اس زمانہ میں افضل الناس تمہارے استاد یعنی علی متقی ہیں۔ آپ کی ولادت ۸۸۵ھ م ۱۴۸۰ء یا ۸۸۸ھ م ۱۴۸۲ء میں ہوئی اور وفات ۹۷۵ھ بمطابق ۱۵۶۷ء میں ہوئی۔

۷۔ میں نے علوم ظاہری سے فارغ ہوکر علوم باطنیہ کی طرف توجہ کی۔ منازل سلوک طے کرتے ہوئے جب دربار نبوی (ﷺ) تک رسائی ہوئی تو ارادہ کیا کہ اب بقیہ عمر تخلیہ میں بیٹھ کر یاد الٰہی کرونگا۔ ایک روز سحر کے وقت اپنے معمول میں دربار نبوی (ﷺ) میں حاضر ہوا تو اچانک حضور اکرم ﷺ کی طرف سے یہ القائے روحانی میرے قلب پر شروع ہوا۔ آپؐ نے فرمایا کہ "اسلام کا مکان پتھروں اور اینٹوں سے تیار نہیں ہوا اس میں میرے صحابہؓ کی ہڈیاں لگائی گئیں، پانی کی جگہ میرے صحابہؓ کا خون لگایا گیا اور گارے کی جگہ میرے صحابہؓ کا گوشت لگایا گیا، اب لوگ اس مکان کو گرانے پر تلے ہوئے ہیں، میرے صحابہؓ کی توہین کی جارہی ہے، جو شخص اس کے استعداد کی قدرت رکھتے ہوئے خاموشی سے بیٹھا رہے تو کل روز قیامت اللہ تعالیٰ کے سامنے کیا جواب دے گا؟ ایک صوفی، عارف اور عالم کو ہمیشہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور توکل رکھنا چاہیے، جب تک اللہ تعالیٰ کو اس کے وجود سے کام لینا ہے اس کو محفوظ رکھے گا، جب اس کی ڈیوٹی پوری ہوگی اس کو بلالے گا"

یہ واقعہ تقسیم ملک کے بعد حضرت مولانا اللہ یار خان صاحبؒ کو پیش آیا۔ اس وقت سے اپنی استعداد کے مطابق انہوں نے دینی خدمت کا کام شروع کردیا اور کئی نہایت اہم کتب مثلاً دلائل سلوک، الدین الخالص، حیات برزخیہ دغیرہ وغیرہ تحریر فرمائیں (الدین الخالص صفحہ ۳۵۹۔ مدنی کتب خانہ، گنپت روڈ، لاہور نمبر ۲)۔

۸۔ جناب اصغر علی نے اپنے مضمون "قیام پاکستان کی گولڈن جوبلی منانے والوں کے

marfat.com

Marfat.com

نام!اس صدی کا پیغام" کی پہلی قسط میں اس خواب کا ذکر کیا ہے۔ فرماتے ہیں کہ جناب محمد مشتاق قادری قلندری میرے انتہائی مشفق و محترم بزرگ ہیں اور ایک صاحب الرائے شخصیت۔ایک دن میں ان کے ہمراہ جارہا تھا۔ قیام پاکستان کے سلسلہ میں وہ اپنے مشاہدات بیان فرمارہے تھے اور میں ہمہ تن گوش تھا کہ ایک پرائیویٹ اسپتال کے پاس سے گذرتے ہوئے فرمانے لگے: اس ڈاکٹر کا باپ مولوی صاحب (نام یاد نہیں رہا) ریاست کپور تھلہ میں رہتے تھے اور میرے دوست تھے۔ ایک مرتبہ مولوی صاحب نے مجھے بتایا کہ میں جس گاؤں میں رہتا تھا وہاں ایک برہنہ مست درویش بھی رہتا تھا۔ شریعت کے تقاضوں کے مطابق مجھے اس کے ننگے پھرنے کی وجہ سے اس سے نفرت تھی اور میں اسے برا بھلا بھی کہتا تھا۔ غالباً ۱۹۳۷ء یا ۱۹۳۸ء کا واقعہ ہے۔ ایک رات ذکر واذکار کے بعد سویا تو حضرت نبی مکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ ایک حویلی کے اندر تشریف لے گئے جہاں کافی لوگ جمع تھے۔ میرے دل میں بھی خواہش ہوئی کہ اس محفل میں شرکت کی سعادت حاصل کروں۔ میں آگے بڑھا تو وہ ننگا مست درویش لنگوٹ باندھے دروازے پر کھڑا تھا۔ اس نے مجھے اندر جانے سے روک دیا یہ کہہ کر کہ تمہیں اندر جانے کی اجازت نہیں۔ اتنے ہی میں ایک آواز آئی کہ اسے اندر آنے دو۔ میں اندر داخل ہوا اور محفل کے عقب میں بیٹھ گیا۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے محفل میں بیٹھے ہوئے علامہ اقبالؒ کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا: "اقبال! تیرے ذمے میں نے ایک کام لگایا تھا کیا نہیں؟"۔ اقبالؒ نے نہایت عجز وانکساری کے ساتھ اپنے ساتھ کھڑے ہوئے ایک دبلے پتلے شخص کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر عرض کیا: "یارسول اللہ (ﷺ) میں نے اب اس کام کی ذمہ داری ان محمد علی کو سونپ دی ہے۔" اس کے ساتھ ہی میری آنکھ کھل گئی۔ میں اس مست درویش کی تلاش میں نکل کر بھاگا مگر اس کا کہیں نام و نشان نہ پایا۔ مجھے اس کو برا بھلا کہنے پر احساس شرمندگی ہوا اور میں نے توبہ کی۔ مجھے یہ بھی یقین ہو گیا کہ پاکستان (علیحدہ اسلامی ریاست) کا قیام اب ناگزیر ہے۔ (روزنامہ "الاخبار" اسلام آباد مورخہ ۷ ربیع الثانی ۱۴۱۷ھ بمطابق ۲۰ اگست ۱۹۹۶ء بروز منگل)۔

۹۔ تبلیغی جماعت کی ایک نہایت اہم شخصیت نے لاہور میں ۱۹۸۶ء میں مجھے (مولف کتاب ہذا) کو یہ واقعہ سنایا تھا:- مدینہ طیبہ میں ایک بدبخت نے دو بکرے پالے اور ان کا نام ابوبکر و عمر رکھا۔ ایک دن ان کو ذبح کرنے کے لئے قصائی کو ساتھ لایا اور ملازم سے کہا کہ ابوبکر و عمر کو لا۔ قصائی کو جب یہ معلوم ہوا کہ یہ دو بکروں کے نام ہیں تو اسے بہت غصہ آیا مگر ضبط کر گیا۔ دوسرے سال جب پھر یہی قصہ ہوا تو قصائی سے نہ رہا گیا اور بکروں کو ذبح کرنے سے

marfat.com
Marfat.com

پہلے اس نے بکروں کے مالک کا پیٹ پھاڑ ڈالا۔ گرفتار کر لیا گیا، مقدمہ چلا تو اس نے قاضی سے کہا کہ میں نے آدمی نہیں بلکہ ایک خنزیر کو مارا ہے، جس کا جی چاہے قبر کھود کر دیکھ لے۔ قبر جو کھودی گئی تو واقعی وہاں ایک مردہ خنزیر پڑا تھا۔ ہوا یوں کہ جس روز فیصلہ سنایا جانا تھا حضور انور ﷺ نے تشریف لا کر قصاب سے فرمایا کہ قاضی سے یہ کہنا اور پھر ایسا ہی ہوا (غیر مطبوعہ)

۱۰۔ حدیث پاک ہے کہ فقراء اغنیاء سے پانچ سو برس پہلے جنت میں جائیں گے۔ بعض بزرگوں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ فقراء کی فضیلت بیان فرما رہے ہیں۔ آپؐ نے بہت کچھ ارشاد فرمایا اور یہ بھی کہ فقراء کی فضیلت میں یہی کافی ہے کہ عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) اپنے زمانے کے اغنیا سے پانچ سو برس پہلے جنت میں جائیں گی جبکہ میری بیٹی فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) عائشہ، (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے چالیس برس پہلے جنت میں جائے گی کیونکہ اسے بہ نسبت عائشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) دنیا کم حاصل ہوئی ہے (تجلیاتِ اولیاء مرتبہ جناب محمد ارشد سمیع۔ کتب خانہ فیض عثمانی، کورنگی، کراچی۔ صفحہ ۳۸)۔

۱۱۔ حضور اقدس ﷺ نے عالم ارواح میں حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کو حکم فرمایا تھا کہ قطب الدین اللہ کا دوست ہے اس کو خرقہ پہناؤ اور دہلی کی ولایت بھی اس کے سپرد کرو۔ پس حضرت خواجہ اجمیریؒ نے آپ کو بیعت کیا اور جب آپ ۱۷ برس کے تھے خرقہ واجازت عطا فرما کر دہلی میں قیام فرمانے کا حکم دیا۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ آپ کے سب سے اول خلیفہ ہیں (تجلیاتِ اولیاء صفحہ ۳۱۴)۔

۱۲۔ امروہہ (یو۔پی، بھارت) کے نواح میں یتیم شاہ نام کے ایک مجذوب رہتے تھے۔ حضرت شیخ عبدالہادیؒ کی اتفاقاً ان سے ملاقات ہو گئی۔ انہوں نے کہا مجھے حکم ہوا ہے کہ تمہیں اپنے ساتھ رکھوں۔ چنانچہ ایک مدت ان کے پاس رہے۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ میرا سلسلہ پانچ واسطوں سے حضرت شیخ نظام الدین بلخیؒ تک پہنچتا ہے، اس لیے تم امروہہ جا کر حضرت شیخ عضد الدینؒ سے بیعت ہو کر کمال حاصل کرو۔ پس آپ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور خلافت واجازت حاصل کی۔ آپ صاحب کشف تھے۔ تنہائی پسند ہونے کی وجہ سے زیادہ تر صحرا میں رہتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے خواب میں فرمایا کہ آبادی میں رہ کر خلق اللہ کو نفع پہنچاؤ۔ اس حکم کی تعمیل میں آپ آبادی میں تشریف لائے اور موضع براہی میں رہنا شروع کر دیا۔ (تجلیاتِ اولیاء صفحہ ۳۳۰ تا ۳۳۱)۔

۱۳۔ حضرت بوہبیرہ شاہ بصریؒ فرماتے ہیں کہ جب مجھے خرقہ خلافت عطا ہوا تو حضور اقدس ﷺ کی روح مبارک مع جملہ اکابر کی ارواح کے منکشف تھیں اور مجھے دعا دے رہی

marfat.com
Marfat.com

تھیں۔ آپ ۱۷ برس کی عمر میں عالم، فاضل، حافظ قرآن غرض علوم ظاہر سے علیٰ وجہ الاتم فراغت پا چکے تھے۔ مجاہدہ کے شروع سے عادی تھے۔ روزانہ دو مرتبہ کلام مجید ختم فرمایا کرتے تھے۔ تیس سال کے مجاہدہ کے بعد ناکامی پر بہت روئے تو مغفرت کی بشارت کے ساتھ ساتھ آواز آئی کہ فقیری سیکھنے کے لئے خواجہ حذیفہ مرعشی کے پاس جاؤ۔ پس ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ چونکہ ۳۰ سال مجاہدہ کر چکے تھے۔ پس ایک سال کے اندر ہی خلافت واجازت حاصل ہو گئی۔ یک سوئی پسند تھے۔ اکثر حجرہ ہی میں رہتے تھے۔ شدت سے گریہ وزاری کی عادت تھی۔ دنیا کی لذیذ چیزیں کھانی ترک کر دی تھیں۔ آپ کا جو منظور نظر ہو جاتا تھا، ایک توجہ سے اس پر علوم منکشف ہو جاتے تھے۔ (تجلیاتِ اولیاء۔ صفحہ ۳۰۴)۔

مجھے یہ کتاب جناب محمد ارشد سمیع نے خود عنایت فرمائی جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں۔

۱۴۔ متعدد صحابہ اکرامؓ سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں اللہ کا بندہ اور خاتم الانبیاء اس وقت سے ہوں جبکہ میرا باپ (حضرت آدمؑ) آب وگل میں تھا۔ میں اپنے باپ ابراہیمؑ کی دعا، عیسیٰؑ کی بشارت اور اپنی والدہ آمنہؓ کا خواب ہوں۔ جب میں اپنی والدہ کے شکم میں تھا تو انہوں نے خواب میں دیکھا کہ ان کے جسم سے ایک روشنی نکلی جس نے شام کے تمام محلات روشن کر دیئے۔ اسی خواب سے متاثر ہو کر آپؐ کا نام محمد (ﷺ) رکھا گیا تھا۔ (تاریخ ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۵۶۷) (مستدرک حاکم جلد ۲ صفحہ ۶۰۰) (ابن سعد جلد اول صفحہ ۹۶) (سیرۃ ابن ہشام)۔

۱۵۔ ابو جہل نے خواب دیکھا تھا کہ اس نے اسلام قبول کر لیا اور حضرت رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ اس کا یہ خواب اس کے بیٹے (اس کے ایک جز) حضرت عکرمہؓ کے متعلق پورا ہوا۔ (تعطیر الانام فی تعبیر المنام صفحہ ۶)۔

ام المومنین حضرت ام سلمہؓ سے مروی ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ میں نے خواب میں ابو جہل کے لئے جنت میں ایک خوشہ دیکھا۔ جب عکرمہؓ بن ابو جہل مسلمان ہوئے تو حضور اقدس ﷺ نے حضرت ام سلمہؓ سے فرمایا کہ اس خواب کی تعبیر یہ ہے۔ (سیرۃ المصطفےٰ جلد ۳ صفحہ ۴۵ از حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ) (المبشرات از قاری محمد ادریس ہوشیار پوری۔ صفحہ ۵۵۔ کتب خانہ مجیدیہ۔ ملتان ۔۔۔۔۔ مجھے یہ شاندار کتاب جناب حبیب الرحمن ہاشمی نے عنایت فرمائی جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں)۔

۱۶۔ حضرت سیدنا شاہ امیر ابو العلیٰ قطب دوراں تھے۔ دادا سمرقند سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے۔ والد بزرگوار کا نام امیر ابو الوفاء ہے۔ والدہ حضرت خواجہ محمد فیض المعروف

marfat.com
Marfat.com

بہ خواجہ فیضی کی دختر نیک اختر تھیں۔ والد کی طرف سے حسنی اور والدہ کی طرف سے احراری ہیں۔ ولادت ۹۹۰ھ میں ہوئی۔ کم سن تھے کہ والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ نانا نے ایک مہم میں جام شہادت نوش کیا۔ ان کے کوئی لڑکا نہ تھا۔ راجہ مان سنگھ نے آپ کی لیاقت، قابلیت اور ہنر مندی دیکھ کر آپ کے نانا کے عہدے پر آپ کا تقرر کر کے اکبر بادشاہ سے پروانہ تقرری حاصل کر لیا اور آپ اپنے نانا کی جگہ عہدہ نظامت پر متمکن ہو گئے۔ منصب سہ ہزاری ذات وسوار سے ممتاز ہوئے۔ ایک شب آپ نے تین بزرگوں کو خواب میں دیکھا جنہوں نے فرمایا اے سید ابوالعلی! یہ کیا وضع اختیار کی ہے؟ اس کو قطع کرو اور ہماری طرح ہو جاؤ، اگر فکر معیشت ہے تو کوئی خطرہ یا اندیشہ دل میں نہ لاؤ۔ اس کے بعد ایک بزرگ نے استرہ سے آپ کے سر کے بال تراشے، دوسرے نے آپ کو کفنی پہنائی اور تیسرے نے آپ کے سر پر عمامہ رکھا۔ صبح آپ نے حجام کو بلا کر سر کے بال ترشوائے، پیرہن پہنا اور خود کو دنیا سے بیزار پایا۔ کسی کام میں جی نہ لگتا تھا۔ راجہ مان سنگھ نے آپ کا استعفیٰ منظور نہ کیا۔ وہ آپ کے نانا کے پرانے رفقا میں سے تھا اور آپ کا بے حد خیال رکھتا تھا۔ اس زمانے میں آپ کو ایک لڑائی میں امیر لشکر کی حیثیت سے شامل ہونا پڑا مین پوری کے میدان میں گھمسان کا رن پڑا اور آپ کو فتح حاصل ہوئی (اسرار ابوالعلی صفحہ ۱۳)۔ کامیاب و کامران بردوان پہنچے۔ وہاں خواب میں چار بزرگ دیکھے جن میں تین وہی پہلے والے تھے۔ چوتھے بزرگ حضور اقدس ﷺ تھے جن کا چہرہ انور نہایت نورانی اور آفتاب و مہتاب سے زیادہ منور تھا۔ جن بزرگ نے آپ کے سر کے بال تراشے تھے وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور باقی دو آپ کے صاحبزادے حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما تھے۔ اس خواب کے بعد آپ دنیا سے دل برداشتہ ہو گئے۔ ابھی بردوان ہی میں تھے کہ اکبر بادشاہ کا انتقال ہو گیا اور جہانگیر تخت نشین ہوا۔ آگرہ میں جب بادشاہ جہانگیر سے آپ کی ملاقات ہوئی تو وہ آپ کے جمال و کمال سے بے حد متاثر ہوا۔ ایک روز اس نے آپ کو جام شراب پیش کیا جسے آپ نے پینے سے انکار کر دیا اور فرمایا: "میں غضب سلطانی سے نہیں ڈرتا، قہر الٰہی سے ڈرتا ہوں" اور دربار سے باہر نکل آئے۔ اسی دن مراقبہ میں حضرت علیؓ بصورت مثالی تشریف لائے اور فرمایا: فرزند اٹھو اور خواجہ معین الدین چشتی کے پاس اجمیر جاؤ، دیر نہ کرو۔ پس آپ تمام مال و متاع راہ الٰہی میں لٹا چادر اوڑھ اور تہہ بند باندھ کر اجمیر شریف روانہ ہو گئے۔ اجمیر شریف میں حضرت خواجہ غریب نواز معین الدین چشتیؒ نے بصورت مثالی آپ کو سامنے بٹھا کر توجہ دی۔ حسب فرمان خواجہؒ آپ حضرت امیر عبداللہ سے بیعت ہوئے۔ آپ کے پیر و مرشد

marfat.com
Marfat.com

نے آپ کو خرقہ خلافت سے سرفراز فرمایا۔ حضرت امیر عبداللہ نے اپنی بیٹی سے آپ کی شادی کردی۔ ۹ صفر ۱۰۶۱ھ کو رحلت فرمائی۔ آگرہ (یو۔پی، بھارت) میں آپ کا مزار فیض آثار مرجع خاص و عام ہے۔ بوقت وصال عمر ۷۱ سال تھی۔ آپ کے دونوں صاحبزادے حضرت امیر فیض اللہ اور حضرت امیر نور العلا زاہد متقی و پرہیزگار اور صاحب مقامات عالیہ تھے (جدید تذکرہ اولیائے پاک و ہند از ڈاکٹر ظہور الحسن شارب ایم اے، ایل ایل بی، پی ایچ ڈی۔ صفحہ ۲۹۳ تا ۲۹۸ سے ماخوذ)۔

۱۷۔ شام کے راہبوں (ربیوں) نے جب حضرت عبداللہ بن خواجہ عبدالمطلب کی غیر معمولی صفات کے بارے میں سنا تو انہوں نے بڑے ربّی سے حضرت عبداللہ کے خلاف کاروائی کرنے کے لیے مشورہ کیا۔ اس نے انہیں منع کیا مگر وہ انہیں قتل کرنے پر مصر رہے۔ وہ حضرت عبداللہ کو اس لیے قتل کرنا چاہتے تھے کہ ان کی کتابوں کے مطابق حضرت نبی آخرالزماں (ﷺ) کی آمد کا وقت آگیا ہے۔ اس نئے مذہب کی وجہ سے خود ان کا مذہب خطرہ میں پڑ جائے گا۔ اور ان کی چودھراہٹ ختم ہو جائے گی۔ وہ اپنی شرارت پر بضد رہے اور تاجروں کے بھیس میں مکہ مکرمہ پہنچ گئے۔ تجارتی مال کو اس لئے گراں بتاتے کہ زیادہ سے زیادہ دن وہاں رہنے کا موقعہ مل جائے۔ اس دوران حضرت عبداللہ نے خواب دیکھا کہ چند جنگلی جانوروں نے ان پر حملہ کردیا لیکن اللہ نے انہیں ہوا میں معلق کردیا اور ان جانوروں پر آسمان سے آگ برسنے لگی جس سے وہ جل کر ختم ہوگئے۔ دوسرے دن انہوں نے یہ خواب اپنے والد خواجہ عبدالمطلب کو سنایا۔ انہوں نے فرمایا کہ اللہ تمہیں مصائب سے بچائے گا مگر یاد رہے تمہاری پیشانی میں جو نور جلوہ گر ہے اس کی وجہ سے لوگ تم سے حسد کرنے لگے ہیں۔ والد کے ہمراہ حضرت عبداللہ بھی شکار کے لئے جاتے تھے۔ اس وجہ سے یہود ان پر حملہ کرنے سے گریز کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ تنہا شکار کے لئے نکل گئے۔ یہودی جو آپ کی تاک میں تھے انہوں نے حضرت عبداللہ کو ایک تنگ گھاٹی میں گھیر لیا۔ لیکن حضرت عبداللہ نے اپنے تیروں سے ذرا سی دیر میں چار یہودی ہلاک کردئے۔ ان کی بہادری دیکھ کر یہودی گھبرا گئے اور حضرت عبداللہ کو دھوکہ دینے کے لئے کہنے لگے کہ ہم تمہارے دشمن نہیں۔ ہم کو شک ہوا کہ یہ ہمارا بھاگا ہوا غلام ہے۔ ان کی اس بدحواسی پر حضرت عبداللہ مسکرا دیئے لیکن جب رخصت ہوئے تو یہود نے آپ پر پتھراؤ شروع کردیا جس پر حضرت عبداللہ نے چشم زدن میں اپنی تلوار سے اک یہودی قتل کردیا۔ اس پر یہودی پیچھے ہٹ گئے مگر پتھراؤ بند نہیں کیا۔ حضرت عبداللہ نے ایک چٹان کی آڑ لے لی اور یہود سے بچ نکلنے کے لئے سوچ رہے تھے

marfat.com
Marfat.com

کہ عین اس وقت وہب بن مناف ادھر آ نکلے۔ صورت حال کا جائزہ لے کر وہ کعبہ کی طرف بھاگے اور بنو ہاشم کو اس واقعہ کی اطلاع دی۔ وہ فوراً تلواریں لے کر جائے واردات کی طرف بھاگے۔ جب قریب پہنچے تو خواجہ عبدالمطلب نے بلند آواز سے فرمایا: "بیٹا یہ ہے تمہارے خواب کی تعبیر۔" (سید الانبیاءؐ کے والدین گرامی صفحہ ۵۵ تا ۵۶ از علی اصغر چوہدری)۔

۱۸۔ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے خواب دیکھا کہ میں ایک ایسی جگہ ہوں جہاں بہت سے راستے ہیں۔ اس کے بعد تمام راستے ختم ہو گئے۔ صرف ایک پگڈنڈی رہ گئی جس پر چل کر میں ایک پہاڑ پر پہنچا جس پر آنحضور ﷺ تھے اور آپؐ کے پہلو کے قریب حضرت ابو بکر صدیقؓ تھے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ حضرت عمرؓ کی طرف اشارہ کر رہے تھے کہ آ جاؤ تو میں نے اناللہ و انا الیہ راجعون کہا۔ اللہ کی قسم! امیر المومنین کی وفات ہو گئی۔ میرے جی میں آیا اس بات کو حضرت عمرؓ کو لکھوں، پھر سوچا کہ یہ مناسب نہیں کہ میں خود ان کو ان کی مرگ کی خبر دوں۔ (حیاۃ الصحابہؓ جلد ۳ صفحہ ۷۵۵)۔

۱۹۔ ایک شخص نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا اس وقت آپؐ کے پاس حضرت ابو بکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ تھے کہ اچانک ایک شخص آ گیا جسے دیکھ کر حضرت عمرؓ نے فرمایا: یارسول اللہ (ﷺ)! یہ شخص ہمیں برا بھلا کہتا ہے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے اسے ڈانٹا تو اس نے کہا یارسول اللہ (ﷺ)! ان کو تو نہیں میں تو اس (یعنی حضرت معاویہؓ) کو برا کہتا ہوں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے اس پر فرمایا کہ تو ہلاک ہو گیا، کیا وہ میرا صحابیؓ نہیں؟ آپؐ نے تین بار یہ بات فرمائی۔ پھر ایک نیزہ حضرت معاویہؓ کو دیا اور فرمایا کہ اس کے سینے میں اتار دو۔ انہوں نے اس کو نیزہ مارا۔ صبح بیدار ہو کر جب میں اس کے گھر کی طرف گیا تو معلوم ہوا کہ رات اس کے سینے میں درد ہوا اور وہ مر گیا۔ اس کا نام راشد کندی تھا (تاریخ ابن کثیر جلد ۸ صفحہ ۹۹۱ تا ۹۹۲)۔

۲۰۔ تفہیمات الٰہیہ میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے بیسیوں واقعات درج ہیں جن میں آپ نے علمی اور دینی مسائل میں حضور اقدس ﷺ کی روح پُرفتوح سے استفادہ کیا ہے۔ ایک مرتبہ روحانی طور پر آپ نے شیعوں کی بابت سوال کیا۔ آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ان کا مذہب باطل ہے اور اس کے بطلان کی وجہ لفظ "امام" سے ظاہر ہے اگر اہل بیت سے مراد نسبی اولاد ہی لی جائے تو میری اولاد میں صرف بارہ کو شامل کرنا اور باقی کو چھوڑ دینا اس کے بطلان کی دلیل ہے۔ جب میں نے غور کیا تو یہ راز مجھ پر کھلا کہ شیعوں کے نزدیک امام معصوم ہوتا ہے اور اس کی اطاعت فرض ہے۔ اس پر باطنی وحی ہوتی ہے اور یہی اوصاف نبی

marfat.com
Marfat.com

کے ہوتے ہیں، اس لیے ان کے اس عقیدے سے انکار ختم نبوت لازم آتا ہے۔ (تفہیمات الٰہیہ جلد ۲ صفحہ ۲۵۰) (فیوض الحرمین)۔

حضرت رسول اللہ ﷺ خاتم النبیین ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: لا نبی بعدی (میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے)۔ تمام فریق اسلامیہ اسی کے قائل ہیں لیکن شیعوں کے چند فرقے جیسے خطابیہ، منصوریہ، معمریہ، اسحاقیہ، سبعیہ برملا اس عقیدے کے مخالف ہیں۔ امامیہ بظاہر ختم نبوت کا اقرار کرتے ہیں لیکن در پردہ نبوت ائمہ کے قائل ہیں۔ انہیں انبیاء سے بہتر اور بزرگ تر سمجھتے ہیں۔ امر تحلیل و تحریم یعنی حلال و حرام ٹھہرانے کا خاصہ نبوت بلکہ بالا تر نبوت سے ہے۔ اس کی سپردگی بھی واسطے ائمہ کے ثابت کرتے ہیں اور یوں منکر ختم نبوت کے ہیں۔ (تحفہ اثنا عشریہ (اردو) از حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ صفحہ ۳۴۷۔ ناشر = نور محمد کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ، کراچی)۔

علامہ آیت اللہ روح اللہ خمینی اپنی کتاب "الحکومتہ الاسلامیہ" میں امامت اور ائمہ کے بارے میں وہی خیالات ظاہر کرتے ہیں جو ان کو مقام الوہیت تک پہنچاتے ہیں اور ان کو انبیاءؑ و رسلؑ اور ملائکہ سے افضل ثابت کرتے ہیں اور یہ کہ یہ کائنات تکوینی طور پر ان کے تابع فرمان اور زیر اقتدار ہے۔ (صفحہ ۵۲)۔

حضرت شاہ ولی اللہؒ نے عقد الجید میں لکھا ہے کہ اگر مقلد اپنے امام کے بارے میں یہ تصور کرے کہ اس سے غلطی ممکن ہی نہیں ہے تو پھر اس مقلد کے لیے تقلید حرام ہے، کیونکہ وہ اپنے اس خیال سے ایک ایسے شخص کے بارے میں معصوم ہونے کا فیصلہ کر رہا ہے جسے اللہ تعالیٰ نے معصوم نہیں بنایا۔

اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ امام کو کسی حال میں کسی چیز کو حلال کرنے یا حرام کرنے کی طاقت نہیں۔ وہ صرف اللہ پاک اور اس کے رسول پاک ﷺ کے ترجمان ہیں۔ شریعت بتانے والے ہیں شریعت بنانے والے نہیں۔ یہ ہے مذہب اہل السنۃ۔ اہل تشیع کا عقیدہ اس کے بالکل برعکس ہے۔ وہ امام کو ترجمان شریعت نہیں بلکہ شریعت ساز مانتے ہیں اور اسے حلال و حرام کے پورے اختیارات دیتے ہیں۔ شیعہ کہتے ہیں کہ امام غیب داں اور عالم ماکان وما یکون ہوتا ہے۔ اہل سنت والجماعت نے امامت تو امامت خود نبوت کے متعلق بھی اس عقیدے کو تسلیم نہیں کیا ہے اور انہوں نے عقائد کی کتابوں میں یہ بات کھول کر بتادی ہے کہ غیب داں اللہ سبحانہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں ہے۔ (مذہب اہل سنت والجماعت از مولانا محمد علی الصدیقی صفحہ ۱۶۹ تا ۱۷۳ سے ماخوذ۔ ناشر = ایم ثناء اللہ خان اینڈ سنز۔ ۲۶ ریلوے روڈ، لاہور)۔

marfat.com
Marfat.com

۲۱۔ ایک مرتبہ حضرت مولانا محمد فضل علی قریشی مسجد میں تشریف فرما تھے اور حاضرین حلقہ بنائے حاضر خدمت تھے۔ آپ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میرے پیٹ میں اس قدر شدید درد ہوا کہ میں گھر کے صحن میں لوٹ پوٹ ہو تا رہا اور مجھے یوں محسوس ہوا کہ جیسے جان نکل رہی ہے۔ اچانک ریح خارج ہوئی اور درد ختم ہو گیا۔ پھر حاضرین حلقہ سے پوچھا وہ فقیر جو ریح کا محتاج ہو کیا وہ بڑا بول بول سکتا ہے؟ حاضرین نے عرض کیا "نہیں۔" فرمایا: سنو! مجھے خواب میں سیدنا رسول اللہ ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "قریشی جیسی متبع سنت لوگوں کی جماعت جو آپ نے تیار کی ہے، من حیث الجماعت دنیا میں کہیں موجود نہیں۔" سبحان اللہ! سبحان اللہ! (حیات حبیبؒ یعنی حضرت مولانا پیر غلام حبیب نقشبندی مجددی قدس سرہ کی سوانح حیات۔ صفحہ ۱۵۶۔ خانقاہ حبیبیہ نقشبندیہ، چکوال)۔

حضرت خواجہ محمد فضل علی قریشیؒ نے بارہا فرمایا کہ میں مسکین پور شریف (ضلع مظفر گڑھ) سے اپنے پیر و مرشد حضرت خواجہ سراج الدینؒ کی خانقاہ واقع موسیٰ زئی شریف (ڈیرہ اسمٰعیل خان) پیدل جایا کرتا تھا۔ مختصر زادِ راہ کے ساتھ قریب اڑھائی سو میل کا سفر تنہا طے کرتا تھا۔ دوران سفر بھوک ستاتی تو بھنے چنے چبالیتا اور گاجریں وغیرہ خرید کر کھالیتا مگر خوشی سے پھولا نہ سماتا کہ میں اپنے پیر و مرشد کی زیارت سے مشرف ہوں گا۔

میرے پیر بھائی تو سارا دن پیر و مرشد کی مجلس میں بیٹھ کر علوم و معارف سیکھتے اور میں تمام دن اپنے شیخ کے جانور چراتا، جانور خود بھی چرتے اور میں بھی گھاس کاٹ کاٹ کر ان کے منہ میں ڈالتا تاکہ خوب سیر ہو جائیں، رات اپنے پیر بھائیوں کے درمیان لیٹ جاتا، جب دیکھتا کہ سب سوگئے ہیں تو اٹھ کر باہر چلا جاتا اور پوری رات اللہ اللہ کر کے گذار دیتا۔ کبھی کبھار پیر و مرشد کی مجلس میں بیٹھنے کا موقع ملتا تو یہ سوچ کر کہ اس در کا کتا ہوں جوتوں کے قریب بیٹھتا۔ میرے شیخ بڑے صاحب فراست اور صاحب نظر تھے۔ وہ حاضرین مجلس سے فرماتے: "کہ تم سب کو غافل پاتا ہوں اور اس قریشی بچے کو ذاکر پاتا ہوں" (حیات حبیبؒ از جناب ذوالفقار احمد نقشبندی مجددی صفحہ ۱۴۹ تا ۱۵۰)۔

حضرت خواجہ محمد فضل علی قریشیؒ کے خلیفہ تھے حضرت خواجہ محمد عبدالمالک صدیقیؒ (خانیوال) اور حضرت صدیقیؒ کے خلیفہ مجاز تھے حضرت مولانا غلام حبیبؒ۔ چکوال۔ اب آپ کے صاحبزادے حضرت مولانا عبدالرحیم نقشبندی مجددی آپ کے سجادہ نشین ہیں اور چکوال میں خانقاہ حبیبیہ نقشبندیہ بقعۂ نور بنی ہوئی ہے۔ سبحان اللہ)

۲۲۔ حضرت خواجہ عبدالوہاب سچل سرمستؒ (۱۱۵۲ھ مطابق ۱۷۳۹ء تا ۱۲۴۱ھ بمطابق

marfat.com
Marfat.com

۱۸۲۶ء) کا شجرۂ نسب حضرت فاروق اعظمؓ سے جا ملتا ہے۔ آپ کے آباؤاجداد پہلی صدی ہجری میں محمد بن قاسمؒ کے ساتھ سندھ میں آئے تھے۔ محمود غزنویؒ کے عہد تک سیوستان یا سیہون کے حکمران رہے۔ حضرت سچل سرمستؒ نے فارسی، پنجابی اور سندھی تینوں زبانوں میں اپنے دادا حضرت خواجہ محمد حافظ فاروقی عرف میاں صاحب ڈِنہ کا بڑے اہتمام سے ذکر کیا ہے جو کامل ولی اور بلند پایہ شاعر تھے سنہ ۱۱۰۱ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۹۲ھ میں وفات پائی۔ سندھ کے مشہور بزرگ شاعر شاہ لطیف بھٹائیؒ (۱۱۰۲ھ مطابق ۱۶۸۹ء تا ۱۱۶۵ھ بمطابق ۱۷۵۲ء) کے ہم عصر تھے۔ اورنگ زیب عالمگیرؒ کی وفات کے بعد سندھ پر سے مغلوں کی حکمرانی کا طویل دور ختم ہوا جو حضرت خواجہ محمد حافظؒ نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ بعدۂ سندھ پر کلہوڑوں کے سورج کا طلوع اور غروب بھی دیکھا۔ آپ کلہوڑوں کے عہد میں ممتاز عہدے پر فائز تھے۔ روایت ہے کہ ایک مرتبہ آپ اپنے ماتحت افراد کے ہمراہ گھوڑوں پر سوار کسی دورے پر جا رہے تھے کہ راہ میں ایک مجذوب عورت بی بی بصری نے آپ کے گھوڑے کی لگام پکڑ کر روک لیا اور کہا کہ آپ کو تو بارگاہ ایزدی سے حقیقی بادشاہت عطا ہوئی ہے، آپ کہاں دنیا کے دھندوں میں مارے مارے پھر رہے ہیں؟ یہ سن کر آپ کے اندر انقلاب آگیا۔ اسی دم گھوڑ سوار ساتھیوں، تزک واحتشام اور جاہ و مراتب کو خیرباد کہہ کر جنگل کی راہ لی اور ایک غار میں مسلسل چالیس چلّے کاٹے یعنی کم و بیش وہاں ساڑھے چار سال بسر کیے کہ اسی اثناء میں پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی اولاد میں سے ایک بزرگ حضرت خواجہ عبیداللہ جیلانیؒ تشریف لائے اور غار کے منہ پر کھڑے ہو کر آواز دی: "اب خربوزہ پک چکا ہے، باہر تشریف لائیں تاکہ خلق خدا آپ سے مستفیض ہو۔" یہ سن کر حضرت خواجہ محمد حافظؒ باہر آگئے۔ رخصت ہونے سے پہلے حضرت خواجہ عبیداللہ جیلانیؒ نے آپ کو خاص طور پر یہ تین نصیحتیں کیں:-(۱) آپ کے یہاں دو بیٹے پیدا ہونگے، چھوٹے بیٹے کو گدی سپرد کرنا کیونکہ اس کی پشت قائم رہے گی، بڑے بیٹے سے ایک سرمست پیدا ہونگے جو لاولد ہونگے۔ (۲) آپ کے خاندان کا ہر فرد اپنے سجادہ نشین کو اپنا مرشد بنائے گا اور کوئی کسی دوسری درگاہ کا مرید نہیں ہوگا (۳) آپ اور آپ کی وفات کے بعد جو بھی سجادہ نشین ہوگا وہ اپنی درگاہ کی حدود سے باہر نہیں جاسکتا۔

آخری ارشاد سن کر حضرت خواجہ محمد حافظؒ رنجیدہ ہوئے اور عرض کیا کہ اگر مجھے حضرت سرور کائنات ﷺ کے روضۂ مبارک کی زیارت کا شوق ہوا تو کیا کروں گا؟ یہ سن کر حضرت عبیداللہؒ نے فرمایا کہ آپ فکر نہ کریں، آپ کی درگاہ پر حضرت رسول اللہ ﷺ کی

marfat.com
Marfat.com

کچہری لگا کرے گی جس میں دوسرے اولیاء اکرام بھی شامل ہوا کرینگے، آپ کو حضور ﷺ کی خاطر کہیں جانے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔ اسی بات کو حضرت سچل سرمست ؒ کے خلیفہ اور سندھی شاعر نانک یوسف فقیر نے ایک سندھی قطعہ میں کہا ہے جس کا مطلب یہ ہے "یہ حکم بارگاہ ایزدی سے جاری ہوا اور شاہ قطب جیلانی ؒ نے فرمایا کہ دراز اشریف میں روزانہ حضرت نبی اکرام ﷺ کی کچہری لگا کرے گی۔"

(سچل سرمست ؒ صفحہ ۷ تا ۱۰ سے ماخوذ۔ لوک ورثہ اشاعت گھر، اسلام آباد۔ اس کتاب میں جناب شفقت تنویر مرزا نے سچل سرمست ؒ کا سندھی، پنجابی، فارسی اور اردو کلام پیش کیا ہے)۔ حضرت خواجہ محمد حافظ ؒ کے بڑے صاحبزادے خواجہ صلاح الدین کے گھر درازا میں سچل سرمست ؒ پیدا ہوئے۔ چونکہ بچپن میں بہت کم بولتے تھے اور جو کچھ کہتے سچ ہو جاتا اس لئے بچپن سے آپ کا نام سچو یا سچل پڑ گیا تھا۔

۲۳۔ اردو ڈائجسٹ لاہور کے "عظیم مائیں نمبر" فروری ۱۹۹۴ء میں صغیرہ بانو شیریں اپنی عظیم والدہ "نصیر بانو سبزواری" کی بابت تحریر فرماتی ہیں کہ میری امی کو روحانیت سے شغف تھا۔ پانچ سال کی عمر سے نماز کی پابند تھیں۔ ان کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی پہلی زیارت نو برس کی عمر میں ہوئی تھی۔ انہیں کچھ وظائف ملے جن پر اوائل عمر سے آخر وقت تک عمل رہا۔ مکہ مکرمہ میں رباط بھوپال کے مہتمم ان کے ماموں حاجی محمد احسن تھے۔ امی ۱۹۵۷ء میں دوبارہ حج پر گئیں۔ حج سے ایک دن پہلے فرداً فرداً سب کو خط لکھے۔ اباجی کو لکھا کہ آپ دوسری شادی کر لیں کیونکہ آپ بچے نہ سنبھال سکیں گے اور بچوں کو صبر کی تلقین کی۔ پھر اونچی آواز سے یٰسین شریف پڑھنی شروع کر دی۔ یٰسین شریف کے بعد بلند آواز سے کلمہ پڑھنے لگیں۔ ممانی جان نے سنا تو وہ مسکراتی ہوئی آئیں اور کہا کہ تمہیں کیا ہو گیا ہے اور ان کے سامنے کعبہ شریف کو دیکھتے کلمہ پڑھتے پڑھتے دنیا سے رخصت ہو گئیں۔ مکہ مکرمہ کے عظیم قبرستان جنت المعلیٰ میں اب دفن ہیں۔ اللہ پاک نے الحمدللہ ان کی یہ خواہش پوری کر دی۔ امی کی وفات کے بعد میں نے ان کی شدت سے کمی محسوس کی۔ ان دنوں میں ماں بننے والی تھی۔ امی روز رات میں آتیں اور تمام کام سمجھا جاتیں۔ ایک بکس میں کپڑوں کے بہت سے ٹکڑے جمع کر گئی تھیں۔ فراکوں کے ڈیزائن، چھوٹی رضائیوں اور گدوں تک کے کپڑے بتاتیں کہ ان سے بناؤ۔ ساتواں ماہ شروع ہونے والا تھا کہ میرے یہاں نہایت ہی نحیف بیٹا ہوا۔ ڈاکٹر نے اوپر نیچے روئی بچھا کر بچے کو اس پر لٹا دیا۔ ڈراپر سے وہ دو چار قطرے دودھ بچے کے منہ میں ڈالتے۔ تیسرے دن اسے یرقان ہو گیا۔ ساتویں دن اس کی حالت

marfat.com
Marfat.com

بہت ابتر ہو گئی۔ رات کا وقت تھا اور میں اسے گود میں لئے بیٹھی تھی کہ جھپکی آ گئی۔ میں نے دیکھا کہ سفید ساڑھی میں ملبوس امی آئی ہیں۔ انہوں نے میری گود سے بچے کو لیا اور ساڑھی کے آنچل میں لپیٹ کر چل دیں۔ میں پیچھے پیچھے ہو لی، گیٹ کھولا، گلی عبور کی اور ایک بڑے میدان میں آ گئیں۔ وہاں حلقہ بنائے سر جھکائے بہت سے لوگ بیٹھے تھے۔ سامنے سفید کپڑوں میں ملبوس ایک انتہائی پاکیزہ ہستی تھی۔ میرے کانوں میں آواز آئی: "سامنے سرور کائنات ﷺ تشریف فرما ہیں۔" میری امی نے ادب سے سلام کیا اور حضور انور ﷺ نے اپنے دست مبارک بڑھا دیئے۔ امی نے بچہ آپؐ کی گود میں دے دیا۔ آپؐ نے کچھ دیر اسے ہاتھوں میں سنبھالے رکھا اور پھر امی کو دے دیا۔ امی سلام کر کے واپس آ گئیں۔ میری آنکھ کھلی تو بچے کی حالت بہتر پائی۔ اسے جھولے میں لٹا کر اطمینان سے سو گئی۔ صبح ڈاکٹر آیا تو بچے کی حالت دیکھ کر حیران رہ گیا۔ میں نے کہا اب اسے کچھ نہیں ہوتا اور رات کا خواب سنایا۔ ڈاکٹر بھی امی کا معتقد تھا۔ بہت خوش ہوا۔ بعد میں اس نے بتایا کہ مجھے اتنی بھی امید نہیں رہی تھی کہ یہ بچہ چند گھنٹے بھی زندہ رہے گا۔

میری دوسری امی "احمد جہاں" انتہائی نیک، دیندار، پاک باز اور ملنسار خاتون تھیں۔ انہوں نے تمام بچوں کو نہایت شفقت و محبت سے پالا۔ ایسی نیک خواتین شاذ و نادر ہی دیکھنے میں آتی ہیں۔ میں جب بھی قرآن مجید پڑھتی ہوں، اپنی امی کے ساتھ ان کا نام بھی لیتی ہوں۔ جب بھی عمرے پر گئی تو ان کی طرف سے عمرہ پہلے کیا۔ حد یہ کہ میرے بچے بھی انہی کو امی کہتے اور ان ہی سے فرمائش کرتے ہیں۔ وہ بھی ان کی ہر خواہش پوری کرتی ہیں۔ افسوس کہ ان کا بھی سایہ اب ہم پر نہیں رہا مگر ان کی یاد ہمارے دلوں میں تازیست باقی رہے گی۔ (صفحہ ۲۱۹ تا ۲۲۲ سے ماخوذ)۔

۲۴۔ حضرت مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ (اعظم گڑھ کی تحصیل پھولپور، یو۔پی، بھارت) نے فرمایا کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کی بارہ مرتبہ زیارت کی ہے۔ ایک مرتبہ زیارت میں مجھ کو آپؐ کی مبارک آنکھوں کے لال لال ڈورے بھی نظر آئے اور میں نے خواب ہی میں عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! کیا عبدالغنی نے آج آپؐ کو خوب دیکھ لیا؟ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں! آج تو نے مجھے خوب دیکھ لیا۔ (مواعظ حسنہ نمبر ۲۴ صفحہ ۱۱۔ "راہ مغفرت" از عارف باللہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم، خانقاہ امدادیہ اشرفیہ، گلشن اقبال، بلاک ۲ کراچی ۴۷)۔

حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ' کے ایک سو کے

marfat.com
Marfat.com

قریب خلفاء تھے۔ وہ سب جیّد عالم تھے۔ ان ہی میں ایک حضرت مولانا شاہ عبد الغنی پھولپوریؒ تھے، جن کی چال تک سے فنائیت ظاہر ہوتی تھی۔ جونپور (یو۔پی۔ بھارت) میں حضرت مولانا اصغر میاںؒ کے ساتھ پڑھاتے تھے۔ صدر مدرس حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ جب ڈھابیل (گجرات۔ کاٹھیاواڑ۔ بھارت) چلے گئے تو حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے درالعلوم دیوبند میں حضرت پھول پوریؒ کو صدر مدرس بنانے کی تجویز پیش کی تھی۔ اعظم گڑھ میں قصبہ کے باہر جنگل میں آپ نے ایک مکان بنایا تھا۔ تہجد کے وقت تاروں کی روشنی میں آپ وہاں تلاوت قرآن مجید اور آہ وزاری کرتے تھے۔ گریباں چاک، عجب عاشقانہ انداز ہوتا تھا۔ اس وقت آپ کی عمر ۷۰ سال تھی۔ حضرت تھانویؒ نے حضرت پھول پوریؒ کے لئے فرمایا تھا کہ آپ حامل علوم شریعت اور حامل علوم طریقت ہیں۔ حضرت پھول پوریؒ نے حضرت تھانویؒ کے لیے فرمایا:

ے ہمیں نقش قدم اشرف علیؒ ملحوظ رکھنا ہے وہ جو فرما گئے ہیں بس اسے محفوظ رکھنا ہے

حضرت مولانا پھولپوریؒ اس بات کو کہہ کر رونے لگتے تھے کہ اگر روز قیامت اللہ تعالیٰ نے پوچھا کہ عبدالغنی ہم نے تجھے حکیم الامت مجدد ملت تھانویؒ جیسا پیر دیا تھا، تو نے اس کا کیا شکر ادا کیا؟ تو یہی کہوں گا کہ اے اللہ! اس نعمت کا شکر مجھ سے ادا نہیں ہو سکا اور حضرت یہ کہہ کر رونے لگتے تھے۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خلیفہ مولانا اسعد اللہ محدث مظاہر العلوم سہارنپور (یو۔پی، بھارت) نے فرمایا:

ے یہ نگاہ حضرت تھانویؒ کا اثر ہے اسعد بے نوا نظر آ رہی ہیں حقیقتیں تجھے اس جہانِ مجاز میں

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خلیفہ اجل حضرت خواجہ عزیز الحسن مجذوبؒ اپنے مرشد کے لئے فرماتے ہیں:

ے تو نے مجھ کو کیا سے کیا شوق فرواں کر دیا پہلے جاں پھر جانِ جاں پھر جانِ جاناں کر دیا

ابوالاسرار حضرت رمزی اٹاوی نے حضرت تھانویؒ کے لیے فرمایا:

ع صحابی گو نہیں لیکن نمونہ تھا صحابی کا

بزرگوں کا فرمان ہے: "صبح کی ہوا لاکھ روپیہ کی دوا۔" حضرت تھانویؒ نماز فجر کے بعد جنگل میں ٹہلنے نکل جاتے تھے اور اس حالت میں روزانہ قرآن پاک کے پانچ پارے پڑھتے تھے۔ آپ حافظ اور قاری بھی تھے۔ فرماتے تھے کہ جو کچھ ملنا ہوتا ہے اسی جنگل میں اُن علوم کا القاء ہو جاتا ہے کیونکہ جنگل میں گناہ نہیں ہوتے، وہاں کی پاک اور صاف ستھری فضا میں

marfat.com
Marfat.com

سب کچھ مل جاتا ہے۔

امداد الفتاویٰ میں حضرت تھانویؒ نے فرمایا کہ جو کوئی نماز عشاء کے بعد چند رکعت نماز نفل بہ نیت تہجد پڑھ لیا کرے تو وہ بھی روز قیامت تہجد گذاروں میں اٹھایا جائے گا۔ آپ نے فرمایا کہ اہل اللہ کی محبت کا ایک ادنیٰ فائدہ یہ ہے کہ ان سے تعلق رکھنے والا گناہ پر قائم نہیں رہتا۔ توبہ کی توفیق ہو جاتی ہے۔ جو صاحب نسبت ہو جاتا ہے اس کے قلب میں ہر مومن کا اکرام پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ اپنے کو سب سے حقیر سمجھتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق کی خیر چاہتا ہے۔ اپنے نفس کو مٹانا یہی سلوک کا حاصل ہے۔ علامہ سید سلیمان ندویؒ کا علم معمولی نہ تھا۔ آپ حضرت تھانویؒ کے خلیفہ تھے۔ ایک مرتبہ آپ نے حضرت تھانویؒ سے دریافت فرمایا کہ حضرت تصوف کس چیز کا نام ہے؟ تو حضرت نے فرمایا کہ آپ جیسے فاضل کو مجھ جیسا طالب علم کیا بتا سکتا ہے، البتہ جو اپنے بزرگوں سے سنا اسی سبق کو دہرائے دیتا ہوں۔ تو یہ تھی شان فنائیت و تواضع۔ اتنا بڑا مجدد، آفتاب علم اور اکابر علماء کا شیخ اپنے کو طالب علم کہہ رہا ہے۔

حضرت شمس الدین تبریزؒ کی چند روز کی صحبت کے بعد حضرت مولانا رومؒ پر حق تعالیٰ نے علوم کے دریا کھول دیئے اور صاحب نسبت ہونے کے بعد آپ کی زبان سے ساڑھے اٹھائیس ہزار اشعار نکلوا دیئے۔ کسی کو اپنا شیخ بنانا یعنی اس سے بیعت ہونا فرض نہیں۔ صرف اصلاحی تعلق کافی ہے۔ کسی ایسے صاحب نسبت سے جس سے آپ کی مناسبت ہو کیونکہ اگر طبیعتوں میں مناسبت نہ ہوگی تو فائدہ نہ ہوگا۔ اصلاح نفس البتہ فرض ہے جس کے لیے زندگی میں ایک مرتبہ چالیس روز مسلسل اپنے مصلح کے پاس رہنے کی بزرگوں نے ہدایت فرمائی ہے۔

جو عالم کسی اللہ والے سے اپنے نفس کا تزکیہ کرا کے صاحب نسبت ہو جاتا ہے اس کی صحبت سے ہزارہا مردہ دل زندہ ہو جاتے ہیں۔ جو علماء کسی اللہ والے کی چند دن جوتیاں سیدھی کر لیتے ہیں تو کہیں سے کہیں پہنچ جاتے ہیں۔ حضرت تھانویؒ نے فرمایا کہ "شیخ العرب و العجم حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ قریب آٹھ سو علماء کے شیخ تھے، جن میں حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بھی شامل تھے، حاجی صاحبؒ خود اتنے بڑے عالم نہ تھے مگر حاجی صاحبؒ کے فیضان صحبت سے پہلے ہمارے علوم بے جان تھے، جب حاجی صاحبؒ کا ہم نے ہاتھ پکڑا اور ذکر اللہ شروع کیا تو دل کے دروازے کھل گئے، اللہ کا نور قلب میں داخل ہو گیا، قلب محسوس کرنے لگا کہ ہمارے دل میں اللہ ہے، ایمان اعتقادی

marfat.com
Marfat.com

سے بڑھ کر ایمان حالی عطا ہوا، قوم میں پہلے ہماری ایسی عزت نہ تھی جیسی بعد میں حضرت حاجی صاحبؒ کی نسبت اور غلامی کے صدقہ میں عطا ہوئی اور قوم میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں چمکا دیا۔" حضرت تھانویؒ کا تخلص "آہ" تھا آپ نے حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ یعنی اپنے پیرو مرشد کی شان میں فرمایا:

؎ حقیقت کیا تمہاری تھی میاں آہ
یہ سب امداد کا لطف و کرم ہے

(حضرت تھانویؒ کے مواعظ حسنہ بار بار شائع ہونے چاہئیں۔ حکیم محمد اختر صاحب کے مواعظ حسنہ بھی آج کے دور میں بہت بڑی نعمت ہیں جن سے ہر مسلمان کو استفادہ کرنا چاہیے۔ خانقاہ امدادیہ اشرفیہ، گلشن اقبال، کراچی سے یہ مفت ملتے ہیں)۔

۲۵۔ بریلی شریف اور کچھوچھا شریف (یو۔پی، بھارت) ایک جان دو قالب ہیں۔ علماء میں اعلیٰ حضرت کا نام جب بھی لیا جائے تو اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلویؒ ہی کی ذات قدسی صفات سے نسبت ہوتی ہے لیکن صوفیاء میں اعلیٰ حضرت کا لقب شاہ سید حضرت محمد علی حسین اشرفی میاںؒ سجادہ نشین سرکار کلاں کچھوچھا شریف کو دیا گیا تھا۔ آپ کے خلف اکبر حضرت بحر العلوم عقلیہ و نقلیہ جامع الکلام مولانا شاہ سید احمد اشرف اشرفی الجیلانیؒ نے اپنے علم کی تکمیل پر حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ حضور ﷺ ان کے سر پر دستار فضیلت رکھ رہے ہیں۔ آنکھ کھلی تو اپنے مقدر پر نازاں اپنے والد اعلیٰ حضرت اشرفی میاںؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور خواب بیان فرمایا۔ اعلیٰ حضرت اشرفی میاںؒ نے ان کے مستند ہونے کی خبر سنائی اور آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دست مبارک سے فضیلت پانے پر مبارکباد دی۔ اس کی برکت سے مولانا احمد اشرفؒ بحر العلوم ہو گئے۔ ایسے خطیب تھے کہ اس دور میں کوئی خطیب آپ کے پائے کا نہ تھا البتہ عمر زیادہ نہ پائی۔ (حضرت شاہ سید محمد حسین اشرفی میاںؒ پر مضمون از ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف۔ روزنامہ جنگ، کراچی۔ جمعہ ایڈیشن، مورخہ ۲۴ جنوری ۱۹۹۷ء۔)

۲۶۔ حضور نبی آخر الزماں ﷺ کے ظہور کے بارے میں بخت نصر کا خواب اور حضرت دانیال علیہ السلام کی تعبیر ملاحظہ ہو:

شاہ بابل بخت نصر نے ایک پریشان کن خواب دیکھا اور بھول گیا۔ بادشاہ نے یہ ماجرا حضرت دانیال علیہ السلام سے ذکر کیا۔ آپ نے وحی کے ذریعہ وہ خواب اور اس کی تعبیر بتائی جو اس طرح تھی:- بادشاہ نے خواب میں دیکھا کہ ایک صورت اس کے سامنے کھڑی ہے جو نہایت خوبصورت اور پرہیبت ہے، اس کا سر سونے کا ہے، سینہ اور بازو چاندی کے ہیں، شکم

marfat.com

Marfat.com

اور رانیں تانبے کی ہیں، پنڈلیاں لوہے کی ہیں اور پاؤں لوہے اور مٹی سے مل کر بنے ہیں۔ بادشاہ اس عجیب و غریب مورتی کو دیکھ رہا ہے کہ یکایک خود بخود ایک پتھر ظاہر ہوا جو اس مورتی کے پاؤں پر گرا اور اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور مورتی جو لوہے، مٹی، تانبے، چاندی اور سونے کی بنی ہوئی تھی، بھوسے کے مثل تنکا تنکا ہو گئی، ہوا اسے اڑا کر لے گئی اور اس کا کچھ پتہ نہ ملا۔ وہ پتھر جس نے مورت کو مارا تھا ایک بڑا پہاڑ بن گیا اور تمام زمین کو بھر دیا۔

حضرت دانیال علیہ السلام نے حسب وحی خداوندی مذکورہ بالا خواب بیان کر کے اس کی یہ تعبیر بتائی:- اس خواب میں یکے بعد دیگرے پانچ سلطنتوں کی طرف اشارہ ہے۔ سونے کے سر سے بادشاہ بابل مراد ہے اور تیری سلطنت سونے کی مانند ہے۔ تیرے بعد جو سلطنت آئے گی چاندی کے مانند ہو گی اور تیری سلطنت سے کم تر ہو گی۔ اس کے بعد تیسری سلطنت آئے گی۔ جو تانبے کی مانند ہو گی۔ پھر چوتھی سلطنت آئے گی جو لوہے کی طرح مضبوط ہو گی۔ پھر پانچویں سلطنت ہو گی جس کے پاؤں کچھ لوہے اور کچھ مٹی کے ہونگے یعنی یہ سلطنت قوت اور ضعف کا مجموعہ ہو گی۔ کبھی اس میں قوت اور کبھی ضعف ہو گا۔ اس کے دور میں یکایک غیب سے ایک پتھر نمودار ہو گا جو اس کے پاؤں پر گر کر اسے ٹکڑے کر کے مثل بھوسے کے بنادے گا، ہوا اس کو اڑا کر لے جائے گی یہاں تک کہ اس کا نام و نشان نہ رہے گا اور رفتہ رفتہ وہ پتھر پہاڑ بن کر پوری زمین کو بھر دے گا۔ جاننا چاہیئے کہ اس تعبیر میں آنحضرت ﷺ کی بعثت، نبوت و رسالت اور آپ کی آسمانی بادشاہت کو ایک پتھر سے تشبیہ دی گئی ہے اور یہ بتلایا گیا ہے کہ وہ پتھر بہت جلد ایک پہاڑ کی صورت اختیار کر لے گا یعنی ابتدا میں وہ ایک چھوٹی سی سلطنت ہو گی جو بعد میں پوری دنیا پر چھا جائے گی۔ دنیا نے دیکھ لیا کہ عہد فاروقی میں قیصر و کسریٰ کی شان و شوکت کا خاتمہ ہو گیا۔ آسمانی بادشاہت کا پتھر زمین پر ایسا گرا کہ دنیا کی بڑی بڑی سلطنتوں کو پیس کر رکھ دیا اور جو شریعت آنحضور ﷺ پر آسمان سے نازل ہوئی وہ قیامت تک باقی رہے گی اور پوری دنیا پر پرچم اسلام لہرائے گا انشاءاللہ تعالیٰ۔ سیرۃ المصطفیٰ جلد ۳۔ صفحہ ۵۱۹ تا ۵۲۰)۔

۴۷۔ ابن اسحاق" لکھتے ہیں کہ ربیعہ بن نصر یمن کے ملوک تبابعہ میں کمزور ترین بادشاہ گذرا ہے۔ ایک دن خواب میں اس نے اپنے گرد ہالے کی شکل کے ایک حلقہ کو کھنچا ہوا دیکھا جسے دیکھ کر وہ سخت پریشان ہو گیا۔ اس کا قاعدہ تھا کہ اپنے نجومیوں، کاہنوں اور مستقبل بینوں کو جمعہ کے علاوہ کسی اور دن نہیں بلایا کرتا تھا لیکن اس روز صبح ہوتے ہی اس نے انہیں بلا بھیجا اور ان کو خواب سنا کر تعبیر پوچھی اور اس خواب کے اثرات کے بارے میں بھی دریافت کیا۔

marfat.com
Marfat.com

سب نے ایک ہی جواب دیا کہ کچھ عرصے میں اس کے ملک پر حبشہ کا بادشاہ حملہ کرے گا، یمن پر قبضہ کرلے گا اور جتنے عرصے تک وہ یہاں قابض رہے گا اسی کے دوران عدن یا ارم کے کسی علاقے سے کوئی دوسرا شخص شاہ حبشہ کو یمن سے بھگا دے گا، لیکن وہ بھی یہاں کم و بیش ستر سال تک ہی حکومت کرے گا، جس کے بعد نبی غالب یہاں آجائیں گے اور ان کا زمانہ یمن کے لیے بڑی آسودگی کا زمانہ ہوگا کیونکہ ان میں اس وقت جو نبی ہوگا وہ سب نبیوں سے زیادہ رحم دل ہوگا، وہی اللہ تعالیٰ کا آخری نبی (ﷺ) ہوگا جس کے زمانے میں قریب قریب پوری دنیا سکھ اور اطمینان کا سانس لے گی۔ ان کی بتائی ہوئی ایک ایک بات درست نکلی (تاریخ ابن کثیر جلد ۲ صفحہ ۴۹۴)۔

۲۸۔ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص نے جب کسریٰ سے اس کا دارالحکومت اور خزانہ چھین لیا تو وہ وہاں سے حلوان منتقل ہوگیا۔ جب مسلمانوں نے حلوان پر قبضہ کرلیا تو وہ رَے چلا گیا، اس کے بعد مسلمانوں کا حلوان اور رَے پر قبضہ ہوا تو وہ اصفہان چلا گیا، جب مسلمانوں نے اسے بھی فتح کرلیا تو کرمان چلا گیا اور جب مسلمانوں نے کرمان بھی فتح کرلیا تو خراساں جا کر فروکش ہوگیا۔ وہ آتش پرست تھا اور ہر شہر میں آتش کدہ اس کے ساتھ جاتا تھا۔ وہ ان شہروں کی طرف رات کو اونٹ پر سوار ہو کر سفر کرتا تھا۔ ایک رات دوران سفر اونٹ پر ہودج میں سو رہا تھا کہ سامنے پانی آگیا۔ اس ڈر سے کہ پانی میں گھسنے کی وجہ سے کہیں گھبرا نہ جائے لوگوں نے اسے پہلے سے بیدار کردیا، جس پر وہ سخت ناراض ہوا اور انہیں گالیاں دینے لگا اور کہا: تم نے مجھے ان ممالک میں ان لوگوں کی بقا کی مدت معلوم کرنے سے محروم کردیا ہے۔ میں نے اپنے اس خواب میں دیکھا کہ میں اور محمد (ﷺ) اللہ کے پاس موجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے محمد (ﷺ) سے فرمایا کہ تمہاری حکومت سو سال ہوگی۔ انہوں نے کہا میری حکومت میں اضافہ کیجیے، تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ایک سو بیس سال۔ انہوں نے کہا: میری حکومت میں اور اضافہ کیجیے، اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: آپ کے لیے .... ابھی بات پوری نہیں ہوئی تھی کہ تم لوگوں نے مجھے جگا دیا، اگر تم ایسا نہ کرتے تو میں اس قوم کی مدت معلوم کرلیتا۔ (تاریخ ابن کثیر جلد ۷، صفحہ ۲۵۷ تا ۲۵۸)۔

۲۹۔ سیدی عبدالجلیل مغربیؒ نے حضور نبی پاک ﷺ کو خواب میں اپنے مکان کے ایک کمرے میں دیکھا کہ میرا مکان آپؐ کے نورانی چہرے کی چمک سے جگمگا رہا ہے۔ دست بستہ تین مرتبہ میں نے الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کہا اور عرض کیا کہ میں آپؐ کے پڑوس میں آپؐ کی شفاعت کی آس لگائے بیٹھا ہوں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور

marfat.com
Marfat.com

مسکراتے ہوئے مجھے بوسہ دیا اور فرمایا: ہاں بخدا! ہاں بخدا! ہاں بخدا! اس اثنا میں دیکھتا ہوں کہ میرا ایک پڑوسی جو مر چکا ہے مجھ سے کہتا ہے کہ تم سرکار (ﷺ) کے مداح خواں اور خدمت گار ہو۔ میں نے اس سے کہا: تجھے کیسے معلوم ہوا؟ اس پر وہ بولا بخدا! تیرے اس وصف کا آسمان پر ذکر ہوا ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ اس وقت خاموش مسکرا رہے تھے۔ میں بیدار ہوا تو بہت خوش تھا۔ (تنبیہ الانام فی علو مقام نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام از سیّدی عبدالجلیل مغربی")۔

۳۰۔ سیدی مسعود دراوی" فاس کے صلحا میں سے تھے اور بحالت بیداری حضور انور ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا کرتے تھے۔ جب بھی آپ گھر سے باہر تشریف لاتے، ہر شخص آپ کی خدمت کرنا چاہتا۔ کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ آپ کوئی خاص عمل کرتے ہیں جس کی وجہ سے ہر کوئی آپ کی خدمت کے لیے بے قرار ہو جاتا ہے۔ جب آپ سے اس کی وجہ معلوم کی گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا: بیٹھ جاؤ! ہم سب حضور اقدس ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔ نماز عصر تک درود و سلام کی یہ پاک محفل برپا رہتی۔ پھر آپ لوگوں کو معاوضہ دے کر رخصت فرما دیتے۔ اصل میں اس بے لوث عمل کی برکت تھی جس کے صدقے میں آپ کو زیارت نبی (ﷺ) بحالت بیداری کی انمول نعمت حاصل ہوئی تھی۔ (کنوزالاسرار)۔

۳۱۔ سیّد محمود کردی" نے حضور انور ﷺ کے روضہ اطہر علی صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً کے پاس کھڑے ہو کر سلام عرض کیا تو سلام کا باقاعدہ جواب انہوں نے سنا حالانکہ اس وقت وہاں کوئی اور نہ تھا۔ ایسا ہی واقعہ حضرت حمزہؓ کے مزار مبارک کے پاس پیش آیا۔ سیّد الشہداء حضرت حمزہؓ نے سیّد محمود کردی" کو حکم دیا کہ اپنے بیٹے کا نام ان کے نام پر رکھو۔ پس سید محمود کردی" نے اپنے بیٹے کا نام حمزہ رکھا (الباقیات الصالحات از سیّد محمود کردی")۔

۳۲۔ عارف باللہ سیّدی علی بن علوی بن عبداللہ بن احمد بن عیسیٰ علوی" المشہور "قسم تو ژ" متوفی ۷۵۲ھ بہ حالت بیداری حضور اقدس ﷺ کی زیارت، بابرکت کیا کرتے تھے اور مشکل مسائل بھی دریافت فرماتے تھے تو حضور انور ﷺ ان کو توضیح و تشریح کے ساتھ بیان فرمایا کرتے تھے۔ (المشروع الروی فی السادات بنی علوی از سیّد شبلی)۔

۳۳۔ امام بخاری اور امام احمد (رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہما) کے ہم عصر جلیل القدر محدث بقی بن مخلد" گذرے ہیں، جنہوں نے اپنی کتاب میں تیس ہزار احادیث جمع کی ہیں۔ انہوں نے خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ نے ان کو دودھ کا پیالہ دیا جسے انہوں نے پی لیا۔ جب خواب سے بیدار ہوئے تو اس کی تصدیق کرنے کے لیے منہ میں انگلی ڈال کر قے کر دی تو قے میں دودھ نکل آیا، پس انہیں یقین ہو گیا کہ وہ دودھ دینے والے واقعی حضور انور ﷺ ہی تھے۔

marfat.com
Marfat.com

مذکورہ بالا خواب حضرت محی الدین ابن عربیؒ نے نقل فرمایا ہے، جس کی توثیق حضرت مولانا محمد انور شاہ کاشمیریؒ نے بھی فرمائی ہے (فیض الباری جلد اول صفحہ ۱۷۹)۔ شاید اسی تذبذب کی وجہ سے مذکورہ بالا محدث کو وہ مقبولیت حاصل نہ ہوئی جو دوسرے محدثین کرام کو حاصل ہے۔

۳۴۔ ابو علی القطانؒ نے خواب میں دیکھا کہ میں الکرخ کی جامع الشرقیہ میں داخل ہوا۔ مسجد میں حضور انور ﷺ دو ایسے آدمیوں کے ہمراہ جلوہ افروز تھے جنہیں میں نہیں جانتا تھا۔ میں نے حضور انور ﷺ کی خدمت اقدس میں سلام عرض کیا مگر آپؐ نے کوئی جواب نہ دیا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں شب و روز اتنی اتنی مرتبہ آپؐ پر درود و سلام بھیجتا ہوں اور آج مجھے سلام کے جواب سے محروم کر دیا گیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا مجھ پر درود بھیجتے ہو اور میرے صحابہؓ پر تبرا کرتے ہو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں آپؐ کے دست مبارک پر توبہ کرتا ہوں، آئندہ کبھی ایسا نہ کروں گا۔ اس پر حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ“ (شفاء الاسقام)۔

۳۵۔ ابو سعید شعبان بن محمد القرشیؒ فرماتے ہیں کہ سفر یمن سے پہلے ۸۱۱ھ میں اپنی کتاب ”السیرۃ الشریفۃ“ کی ترتیب و تالیف کے سلسلہ میں جب مکہ مکرمہ پہنچا تو اس قدر سخت بیمار ہو گیا کہ بچنے کی امید نہ رہی تو میں اپنے آقا و مولیٰ سید المرسلین ﷺ کی بارگاہ عالیہ میں ایک نعتیہ قصیدہ لکھا اور اس کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ سے مدد اور اس بیماری سے شفاء طلب کی۔ صبح سویرے شہاب الدین احمد بن محمد بن علی جو ابن عنبر مکی کے نام سے مشہور تھے میرے پاس آئے اور اپنا یہ خواب بیان کیا۔ ”میں اپنے ملک ”دار لنباۃ“ میں سو رہا تھا۔ سحری کے وقت میں نے خواب دیکھا کہ حرم شریف میں باب العمرہ کے پاس کھڑا خانہ کعبہ کی زیارت کر رہا ہوں۔ کیا دیکھتا ہوں کہ حضور نبی اقدس ﷺ ایک پردے سے برآمد ہوئے، آپؐ لوگوں کے جھرمٹ میں چل رہے ہیں، چلتے چلتے آپؐ ضیاحوی کی بیٹھک پر پہنچ گئے جو کہ رباط حوری گیٹ پر واقعہ ہے۔ وہاں تم سبز رنگ کے سجادے پر بیٹھے رکن یمانی کی طرف رخ کیے بیت اللہ شریف کا مشاہدہ کر رہے تھے، جب حضور ﷺ تمہارے سامنے سے گذرے تو آپؐ نے تمہاری طرف دیکھا اور اپنی انگشت شہادت سے تمہاری طرف اشارہ کر کے فرمایا: ”وعلیکم السلام شعبان“ دو بار ایسا ہی ہوا۔ میں وہ دلنواز آواز کانوں سے سن رہا تھا اور آپؐ کا نورانی چہرہ مبارک آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔ میں نے خواب دیکھنے والے سے جو نہایت دیانتدار، سچا اور امین شخص تھا پوچھا کہ اس وقت میرا کیا حال تھا؟ اس نے کہا تم اپنے قدموں پر کھڑے یہ کہہ رہے تھے: ”یا سیدی! یا رسول اللہ! صلی اللہ علیک وعلیٰ آلک واصحابک۔“ پھر حضرت رسول اللہ

marfat.com
Marfat.com

ﷺ باب الصفا سے اندر آگئے اور تم اپنے مقام پر چلے گئے اور مجھ سے کہا: "اللہ تعالیٰ میری طرف سے تم کو جزائے خیر عطا فرمائے اگر میرے بس میں ہوتا تو میں اپنی جان تم پر فدا کرتا۔ (شفاء الاسقام از ابو سعید شعبان بن محمد القرشی)۔

۴۳۶۔ بغداد میں ایک بڑا عبادت گذار اور صابر شخص تھا۔ عیالدار اور غریب تھا۔ رات نماز کے لیے اٹھا تو بچے بھوک سے رونے لگے۔ اس نے اپنے بیوی بچوں سے کہا کہ تم سب حضور اقدس ﷺ پر درود و سلام بھیجو انشاء اللہ اس کی برکت سے اللہ پاک ہمیں غنی کر دے گا۔ یہ سب مل کر درود و سلام پڑھنے لگے یہاں تک کہ ان پر نیند کا غلبہ ہوا اور یہ شخص حضور انور ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ نے اس سے فرمایا: صبح فلاں مجوسی کے گھر جا کر اس سے کہنا کہ تیری دعا قبول ہو گئی ہے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے تجھے دیا ہے تو اس میں سے میری مدد کر۔ یہ شخص جاگا تو خوشی سے پھولا نہ سماتا تھا۔ علی الصبح اس مجوسی کے گھر پہنچ گیا اور حضور انور ﷺ کا پیام اس کو جا سنایا۔ مجوسی نے اس شخص سے کہا: تجھے معلوم ہے وہ دعا کیا ہے؟ اس نے کہا مجھے نہیں معلوم۔ اس پر مجوسی نے کہا میں مسلمان ہوتا ہوں۔ کلمہ پڑھ کر وہ مسلمان ہو گیا۔ اس کا بیٹا اور بیٹی بھی مسلمان ہو گئے۔ پھر مجوسی نے بتایا کہ جب میں نے اپنی لڑکی کی شادی اس کے بھائی سے کی تو بہت بڑی دعوت کا اہتمام کیا۔ کھانا کھا کر جب لوگ چلے گئے تو میں فرش پر لیٹ گیا۔ میرے سامنے ایک بیوہ رہتی تھی جس کی چھوٹی چھوٹی بچیاں تھیں۔ وہ اپنی ماں سے کہہ رہی تھیں کہ ہم حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی اولاد ہیں اور فقر و فاقہ کا شکار تھے۔ اس مجوسی نے ہمارے اندر کھانے کی خواہش پیدا کر دی۔ اللہ اس کو ہماری جانب سے بہتر جزا نہ دے۔ مجوسی نے جب یہ سنا تو مغموم ہوا اور بہت سا کھانا، کپڑے اور ضرورت کی چیزیں ان کے گھر بھجوادیں۔ لڑکیاں یہ دیکھ کر بہت خوش ہوئیں مگر کہنے لگیں کہ یہ مجوسی ہے ہم اس کے یہاں کا کھانا اس صورت میں کھا سکتے ہیں جب اللہ تعالیٰ اس کے دل میں اسلام اور ہمارے جد امجد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت سے جنت میں داخل ہونے کی رغبت پیدا کر دے۔ اب وہ اللہ پاک سے دعا مانگ رہی تھیں اور ماں ان کی دعا پر آمین کہتی جاتی تھی۔ یہ ہے وہ دعا جس کی خبر حضرت رسول اللہ ﷺ نے تجھے اور خوش خبری مجھے سنائی۔ میں نے جب اپنے بیٹے سے اپنی بیٹی کی شادی کی تو اپنا نصف مال ان کو دے دیا تھا۔ اب چونکہ اسلام نے ان کے درمیان تفریق کر دی ہے اس لیے میں نے تجھے ان کا قائم مقام ٹھہرا لیا ہے، سو یہ مال اب تیرا ہے، اس سے اپنے اہل و عیال کی پرورش کر۔ (تحفہ از ابو عبداللہ الرصاع)

marfat.com
Marfat.com

۳۷۔ ابو عبداللہ المہتدی فرماتے ہیں کہ حج کے دوران مجھ سے ایک شخص ملا جو پانی نہ پیتا تھا۔ میں نے اس کی وجہ دریافت کی تو کہنے لگا کہ میں شیعہ مذہب سے تعلق رکھتا ہوں۔ ایک رات سویا تو دیکھتا ہوں قیامت قائم ہو چکی ہے۔ مجھے سخت پیاس لگی ہے۔ میں حضور اقدس ﷺ کے حوض پر آیا اور دیکھا کہ وہاں حضرات ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی اور علی مرتضٰی رضی اللہ عنہم لوگوں کو سیراب کر رہے ہیں۔ مجھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے محبت تھی۔ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کہ مجھے پانی پلائیں مگر آپ نے مجھ سے منہ موڑ لیا۔ یہی سلوک حضرات صدیق اکبر، فاروق اعظم اور عثمان ذالنورین رضی اللہ عنہم نے میرے ساتھ کیا۔ حضور انور ﷺ لوگوں کے ہجوم میں کھڑے تھے۔ میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ: مجھے سخت پیاس لگی ہے۔ میں حضرت علیؓ کی خدمت میں گیا مگر پانی پلانے کے بجائے آپ نے مجھ سے منہ موڑ لیا۔ اس پر حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میرے صحابہ سے بغض رکھتے ہو تو علی تمہیں کیسے سیراب کر سکتے ہیں؟ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! کیا میرے لیے توبہ کی گنجائش ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: کیوں نہیں؟ توبہ کرو اور مسلمان ہو جاؤ، میں تمہیں ایسا شربت پلاؤں گا کہ پھر کبھی پیاسے نہ رہو گے۔ پس میں مسلمان ہو گیا اور حضور انور ﷺ کے دست مبارک پر توبہ کی۔ پھر آپؐ نے مجھے ایک پیالہ عطا فرمایا، میں نے اسے خواب میں نوش کیا، بیدار ہوا تو مجھے بالکل پیاس نہ تھی، ابھی تک بدستور سیراب ہوں، جب چاہوں پانی پی لوں اور نہ چاہوں تو نہ پیوں (مصباح الظلام از امام علامہ ابو عبداللہ محمد بن نعمان التلمسانی)۔

۳۸۔ شیخ دمشق کئی سال سے حجاز میں سکونت پذیر تھے۔ ایک سال قحط پڑا۔ آٹا خریدنے بازار گیا تو دکاندار نے مجھ سے رقم لے لی اور کہا شیخین (حضرت ابو بکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ) پر لعنت بھیجو گے تب آٹا تمہارے ہاتھ بیچوں گا۔ میں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا۔ اس نے ہنستے ہوئے بار بار مجھے یہی پیش کش کی۔ مجھے اس پر غصہ آ گیا اور میں نے کہا جو ان دو پر لعنت کرے اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کرے۔ اس پر اس نے میری آنکھ پر تھپڑ مارا۔ میں مسجد میں لوٹ آیا۔ آنسو میری آنکھ سے رواں تھے۔ میرا دوست جو مدینہ منورہ میں کئی سال میرے ساتھ رہ چکا تھا اسے جب علم ہوا تو وہ میرے ہمراہ روضہ اقدس پر پہنچا اور عرض کیا: یارسول اللہ! ہم مظلوم آپؐ کی بارگاہ میں حاضر ہیں، ہمارا بدلہ لیں، میرے ساتھی نے بہت آہ وزاری کی اور پھر ہم واپس آ گئے۔

دوست سونے کے بعد اٹھا تو آنکھ بالکل درست تھی۔ زخم یا ضرب کا نام و نشان

marfat.com
Marfat.com

تک نہ تھا۔ تھوڑی دیر بعد مسجد میں ایک نقاب پوش داخل ہوا جو میری بابت دریافت کر رہا تھا۔ اس نے میرے پاس آکر سلام کیا اور کہنے لگا: اللہ کا واسطہ دے کر کہتا ہوں مجھے حرم سے باہر نہ نکالو، میں وہی شخص ہوں جس نے تیری آنکھ پر تھپڑ مارا تھا۔ میں نے کہا: ایسا نہیں ہو سکتا، تجھے یاد ہے جو تو نے میرے ساتھ کیا تھا۔ وہ کہنے لگا اس حرکت کے بعد میں سو گیا تو میں نے حضور انور ﷺ کو اپنی طرف آتے دیکھا۔ آپؐ کے ہمراہ ابو بکر صدیق، عمر فاروق اور علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم بھی تھے۔ میں نے آگے بڑھ کر عرض کیا: "اسلام علیکم" اس پر حضرت علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "نہ اللہ تعالیٰ تجھ پر سلامتی نازل کرے نہ تجھ سے راضی ہو۔ کیا میں نے تجھے حکم دیا تھا کہ حضرات شیخین (حضرت صدیقؓ و حضرت فاروقؓ) پر لعنت کرو؟' یہ فرما کر حضرت علیؓ نے اپنی انگلیاں ڈال کر میری دونوں آنکھیں پھوڑ دیں، اس پر میں بیدار ہو گیا، میں اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتا ہوں اور تجھ سے اپنے جرم کی معافی کا خواستگار ہوں۔ میں نے جب اس کی یہ بات سنی تو کہا: جاؤ میری طرف سے حرم میں رہ سکتے ہو (مصباح الظلام)۔

۳۹۔ ابو محمد الخراسانی فرماتے ہیں کہ خراسان میں ایک بادشاہ تھا جس کا ایک خادم نہایت عبادت گذار تھا۔ بادشاہ نے اسے اس شرط پر حج بیت اللہ کی اجازت دی کہ جب مدینہ منورہ میں روضہ اطہر پر پہنچے تو کہے: "یا رسول اللہ! میرا آقا کہتا ہے کہ میں آپؐ کے دونوں ساتھیوں (حضرت صدیقؓ اور حضرت فاروقؓ) سے بیزار ہوں۔" حج کے بعد مدینہ طیبہ پہنچ کر روضہ انور کے پاس سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ حضور انور ﷺ حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت فاروق اعظمؓ کے ہمراہ تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں: اے عقلمند! پیغام کیوں نہیں پہنچاتے؟ میں نے عرض کیا: مجھے شرم آتی ہے کہ آپؐ کے دونوں ساتھیوں کے بارے میں وہ پیغام پہنچاؤں جو میرے آقا نے میرے ہاتھ بھیجا ہے۔ اس پر حضرت رسول اقدس ﷺ نے فرمایا کہ تو اس کو میرا یہ پیغام پہنچا دینا کہ جو کوئی صدیق و فاروق (رضی اللہ عنہما) سے بیزار ہے اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم (ﷺ) اس سے بیزار ہیں، سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا جی ہاں رسول اللہ (ﷺ)! پھر فرمایا تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ وہ تمہارے پہنچنے کے چوتھے دن مر جائے گا، سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ رسول اللہ (ﷺ) نے پھر فرمایا: دیکھنا مرنے سے پہلے اس کے منہ سے گندگی نکلے گی، سمجھتے ہو؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں رسول اللہ (ﷺ)! پھر میری آنکھ کھل گئی اور میں نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے دونوں ساتھیوں کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اور اس بات پر بھی شکر ادا

marfat.com

Marfat.com

کیا کہ مجھے پیغام مذکور پہنچانے کی توفیق عطا فرمائی۔ حج کے بعد بہت سے تحائف لے کر میں خراسان اپنے آقا کی خدمت میں پہنچا۔ وہ دن وہ خاموش رہا اور تیسرے دن کہنے لگا: میری حاجت کا کیا بنا؟ میں نے کہا: پوری کر دی۔ کہنے لگا: جواب لاؤ۔ میں نے کہا: جواب نہ سنیں تو بہتر ہے۔ بولا: نہیں! جواب لاؤ۔ اس پر میں نے تمام واقعہ بیان کر دیا، جب میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ فرمان سنایا کہ "اللہ تعالیٰ اور میں اس آدمی سے بیزار ہیں جو ابو بکر و عمر (رضی اللہ عنہما) سے بیزار ہے۔" تو کھلکھلا کر ہنسا اور بولا ہم ان سے بری اور وہ ہم سے بری۔ اب چین سے رہیں گے۔ میں نے دل میں کہا: اے دشمن خدا! عنقریب پتہ چل جائے گا۔ مجھے آئے چوتھا دن تھا کہ اس کے چہرے پر گندگی ظاہر ہونے لگی، میں نے اس کو ملامت کی اور نماز ظہر سے پہلے ہم اس کی تدفین سے فارغ ہو چکے تھے (مصباح الظلام)۔

۴۰۔ حافظ امام سخاویؒ نے فرمایا کہ ہم سے امام طبرانیؒ کی ایک دعا کی بابت روایت بیان کی گئی کہ انہوں نے خواب میں حضور نبی اکرم ﷺ کو اس نورانی شکل میں دیکھا جو صحیح روایات کے ذریعہ ہم تک پہنچی ہے، تو امام طبرانیؒ نے عرض کیا: **اسلام علیکم یاایھاالنبی و رحمة الله بر کاته** یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے مجھے چند کلمات القا فرمائے ہیں جن کو میں پڑھتا ہوں۔ فرمایا: وہ کون سے ہیں؟ عرض کیا "اللھم لک الحمد...... آخر تک (اس درود شریف کو "سعادت الدارین" حصہ اول کے صفحہ ۶۶۲ تا ۶۶۳ پر دیکھا جا سکتا ہے)۔ یہ سن کر حضور ﷺ مسکرانے لگے یہاں تک کہ آپؐ کے سامنے کے دندان مبارک ظاہر ہو گئے اور دانتوں کے درمیان خلا سے نور نکلتا نظر آیا (سعادۃ الدارین فی الصلوٰۃ علیٰ سید الکونینؐ حصہ اول مصنفہ علامہ یوسف بن اسمٰعیل نبہانی قدس سرہ کا اردو ترجمہ از علامہ مفتی عبدالقیوم خان صاحب، مکتبہ حامدیہ، گنج بخش روڈ، لاہور)۔

۴۱۔ شیخ ابو بکر کتانیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا تو آپؐ نے فرمایا کہ جو شخص لوگوں کے سامنے اپنے آپ کو اندرونی اور حقیقی حالات کے خلاف ظاہر کرتا ہے تو اللہ اسے رسوا کر دیتا ہے (رسالہ قشیریہ از امام ابو القاسم عبدالکریمؒ بن ہوازن قشیری (۳۷۶ھ تا ۴۶۵ھ) کا اردو ترجمہ از ڈاکٹر پیر محمد حسن صفحہ ۶۷۴)۔

۴۲۔ ایک صوفی کا بیان ہے کہ حضور اقدس ﷺ کو اس نے خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں: "ابن عون کی زیارت کرو کیونکہ اسے اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) سے محبت ہے" (رسالہ قشیریہ صفحہ ۶۷۹)۔

۴۳۔ کہتے ہیں یزید رقاشی بن ابان الرقاشی (۱۱۰ھ اور ۱۲۰ھ کے درمیان وفات پائی)

marfat.com
Marfat.com

نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کو دیکھا اور قرآن مجید پڑھ کر سنایا۔ آپؐ نے فرمایا: یہ تو قرأت ہوئی آنسو کہاں ہیں؟ (رسالہ قشیریہ صفحہ ۶۸۵)۔

۴۴۔ ابو الفضل اصفہانی (اصبہانی بھی درست ہے۔ متوفی ۴۳۰ھ) نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا تو درخواست کی یارسول اللہ (ﷺ)! دعا فرمایئے اللہ پاک میرا ایمان سلب نہ کرے۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تو پہلے سے لکھ چکا ہے (رسالہ قشیریہ صفحہ ۶۸۷)۔

۴۵۔ قطب حلبی فرماتے ہیں کہ میں نے ابو اسحاق ابراہیم بن علی بن عطیہ کو دیکھا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ کی شفاعت چاہتا ہوں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا: مجھ پر کثرت سے درود و سلام بھیجا کرو (التفکر الاعتبار فی فضل الصلوٰۃ علی النبی المختار صلی اللہ علیہ وسلم از عارف باللہ سیدی شیخ احمد بن ثابت المغربیؒ)۔

یارب صل وسلم دائما ابدا   علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

۴۶۔ ابو الفضل بن زیرک قرمسانی بیان کرتے ہیں کہ میرے پاس ایک خراسانی آیا۔ اس نے کہا کہ میں شہر کی مسجد میں سورہا تھا کہ مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا: جب ہمدان جاؤ تو میری طرف سے فضل بن زیرک کو میرا سلام کہنا کیونکہ وہ مجھ پر روزانہ ایک سو مرتبہ درود و سلام پڑھتا ہے۔ اس کے پوچھنے پر میں نے اس کو وہ درود شریف دے دی جو میں روزانہ سو مرتبہ پڑھا کرتا ہوں:

اللھم صلی علی محمد النبی الامی و علی اٰل محمد، جزی اللہ محمداً صلی اللہ علیہ وسلّم عنّا ما ھوا ھلہ

(ترجمہ): الٰہی محمدؐ نبی امی اور آپؐ کی آل پر رحمت نازل فرما، الٰہی! محمد ﷺ کو ہماری طرف سے ایسی جزا عطا فرما جس کے وہ حقدار ہیں)۔

اس شخص نے مجھ سے یہ درود شریف حاصل کر کے کہا کہ وہ نہ مجھے پہچانتا تھا نہ میرا نام جانتا تھا، یہ سب کچھ مجھے نبی اکرم ﷺ نے بتایا۔ میں نے اس کی خدمت میں کچھ تحائف پیش کیے مگر اس نے قبول نہ کیے اور کہا کہ میں دنیاوی مال و دولت کے عوض حضرت رسول اللہ ﷺ کا پیغام نہیں بیچتا، یہ کہہ کر وہ چلا گیا اور میں نے اسے پھر کبھی نہ دیکھا (التفکر الاعتبار)۔

۴۷۔ ابو عبد اللہ بن نعمان ذکر کرتے ہیں کہ میں نے عبد الرحیم بن عبد الرحمٰن کو یہ کہتے سنا کہ میں حمام میں گر گیا تھا جس کے باعث میرے ہاتھ پر سخت ضرب آئی،

marfat.com
Marfat.com

ہاتھ متورم تھا اور شدید درد ہو رہا تھا۔ درد میں مبتلا تھا کہ آنکھ لگ گئی اور مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت با برکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپؐ نے فرمایا: بیٹا! تمہارے درود وسلام نے مجھے متوجہ کیا۔ صبح آنکھ کھلی تو آپؐ کی برکت سے نہ درد تھا نہ ورم (الفکر الاعتبار)۔

۴۸۔ حافظ امام سخاویؒ نے حدیث نقل کی کہ "جو بھی دو بندے محض اللہ کی رضا کے لیے آپس میں محبت کریں۔" ایک اور روایت میں ہے "جو دو مسلمان ایک دوسرے کے سامنے آجائیں، ایک دوسرے سے مصافحہ کریں اور نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجیں، وہ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہونے پاتے کہ ان کے اگلے پچھلے تمام گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔" اس حدیث کے بعد یہ خواب بیان کیا کہ بعض فقراء نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! آپؐ کا فرمان ہے کہ دو بندے جو اللہ کی رضا کے لیے محبت کریں، جب ملیں، ایک دوسرے سے مصافحہ کریں، تو جدا ہونے سے پہلے ان کے اگلے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اور وہ دعا جس کے آگے پیچھے مجھ پر درود پڑھی جائے رد نہیں ہوتی۔" آپؐ نے فرمایا: "ہاں" (الفکر الاعتبار)۔

۴۹۔ محمد ﷺ کی بشارت بھوشیہ پوران میں:

ہندو دھرم میں پوران نام کی ۱۸ کتابیں ہیں، جن میں ایک بھوشیہ پوران ہے۔ اس کا یہ نام اس لیے ہے کہ اس میں آئندہ پیش آنے والے واقعات کی خبریں ہیں۔ اس میں حضور نبی پاک ﷺ سے متعلق نہایت صاف اور صریح پیشین گوئیاں ہیں جو ویدوں کے مصنف مہارشی ویاس جی کے ایک مکاشفے پر مبنی ہیں۔ اس مکاشفے میں انہوں نے جو کچھ دیکھا اور ہندو عقیدے کے مطابق فرشتوں سے سنا، اس سرگ کے منتر ۵ تا ۸ کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:-

۱۔ اچانک کیا دیکھتا ہوں کہ ایک غیر آریہ روحانی معلم جو محامد، "محمد" کے نام سے معروف ہے اپنے سپاہیوں کے ہمراہ آیا۔

۲۔ اس عرب کے رہنے والے عظیم مقدس شخص کی صمیم قلب سے تعظیم کے لیے راجہ بھوج اٹھا اور گنگا کا پانی، پانچوں پاک کرنے والی چیزیں اور صندل وغیرہ کے ہدیئے پیش کیے۔

۳۔ اس سے راجہ بھوج نے کہا: آپ پر سلام اے نسل انسانی کے فخر! اے سرزمین عرب کے رہنے والے! اور اے شیطانوں کو مارنے کے لیے بہت سی قوت دینے والے!

ان منتروں میں جو بشارات ہیں اور جو باتیں کہی گئی ہیں سوائے حضرت رسول اللہ ﷺ کے کسی دوسرے پر ان کا اطلاق ہو ہی نہیں سکتا۔ پھر بھی کچھ وضاحت کر دی جائے:

marfat.com
Marfat.com

۱۔ یہاں محمد نام بتایا گیا ہے جو آپ ﷺ کے علاوہ کسی اور پیغمبر کا نام نہیں۔ یہی نام آگے منتر ۱۴اور ۱۸میں بھی آیا ہے۔

۲۔ بتایا گیا کہ وہ آریہ نہ ہو گا یعنی وہ ہندوستان سے نہیں ہو گا۔

۳۔ بتایا گیا کہ وہ ملک عرب سے ہو گا اور عرب میں صرف محمد ﷺ ہوئے ہیں۔

۴۔ ہندو عقیدے کے مطابق جو دریائے گنگا میں غسل کرے وہ گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے، عرب میں گنگا نہیں، یہ تو ہندوستان کے دریا کا نام ہے۔ اس لیے مراد محض مجازی ہے یعنی آپؐ گناہوں سے یوں پاک وصاف ہوں گے گویا گنگا میں غسل کیا ہو۔ حضرت محمد ﷺ ہر قسم کے گناہ اور عیوب سے پاک وصاف تھے۔

۵۔ وہ شیاطین کو بڑی قوت سے مارنے والا ہو گا اور شیطان جسمانی قوت سے نہیں مارے جاتے۔ آپ ﷺ نے بہت سی قرآنی آیات اور اوراد و وظائف دیئے ہیں، جن سے شیطان مارے جاسکتے ہیں۔ شیطانی وساوس کو ختم کر دینے کے لیے ان میں سے ہر ورد اور دعا کافی ہے۔

۶۔ اس کی خصوصیت یہ بھی ہو گی کہ وہ فخر نسل انسانی ہو گا۔ یہ بات صرف آپ ﷺ ہی کے لیے درست ہے۔ زمانے گذر گئے مگر آپؐ کا مثل نہ لاسکے۔

۷۔ اس روحانی معلم کے ساتھ راجہ بھوج کا قصہ اس مکاشفے کے عجائبات میں سے ہے۔ بھوج ایک ہندوستانی راجہ کا نام ہے۔ آج بھی کچھ (گجرات، کاٹھیاوار، بھارت) کے علاقے میں بھوج نام کا ایک شہر موجود ہے۔ بھوشیہ پوران کی تالیف کے کئی صدیوں بعد راجہ بھوج، محمد ﷺ کے زمانہ میں ہوا ہے۔ اس کا قصہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ وہ کاٹھیا واڑ کے ساحلی علاقے کچھ کا حکمران تھا۔ ایک رات اس نے دیکھا کہ چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے جس پر اسے بڑی حیرت ہوئی۔ پنڈتوں سے پوچھا تو انہوں نے پرانوں اور ویدوں کو دیکھ کر بتایا کہ یہ آخری پیغمبر کا معجزہ ہے۔ اس نے اس پیغمبر کی نشانیاں پوچھیں تو انہوں نے بتایا کہ وہ "امن والے شہر" کی ایک گھاٹی میں دینی پیشوا کے گھر میں پیدا ہو گا، اس کا نام نراشنس (محمد) ہو گا، اس کے چار خلفاء ہوں گے اور اس کی بارہ بیویاں ہوں گی۔

جستجو کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ مکہ مکرمہ میں ظاہر ہوا ہے جس پر اس نے نراشنس کا دین اختیار کر لیا۔ اس پر اس کی رعایا نے ناراض ہو کر اس کو راج پاٹ سے بے دخل کر دیا۔ اس کا اسلامی نام شیخ عبداللہ رکھا گیا تھا۔ نہایت باخدا اور عابد وقت تھا۔ اس کا مزار دھاروار (گجرات، کاٹھیاواڑ) میں آج بھی موجود ہے۔ (ترجمہ): صاحب مکاشفہ آخر میں لکھتا ہے:۔

marfat.com
Marfat.com

اس فرشتہ صفت صاحب حکمت نے راجہ بھوج سے رات کے وقت کہا:

ا۔ اے راجہ! میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ دین جاری کروں گا جو گوشت خوروں کا دین ہو گا۔

۲۔ میرا رہنما ختنہ کیا ہوا، بغیر چوٹی (چرکی) کا، ڈاڑھی والا، انقلابی، اونچی پکار (اذان) والا اور تمام حلال اشیا کھانے والا ہے۔

۳۔ وہ حلال مویشی کھاتا ہے، سور نہیں کھاتا، اس کے ساتھیوں کی پاکیزگی مقدس گائے کی بجائے جنگ سے ہوتی ہے۔

۴۔ وہ کافروں اور بے دینوں کے خلاف جنگ کی وجہ سے مسلمین (مسلمان) کہلاتے ہیں اور اس گوشت کھانے والی قوم کا دین میری طرف سے ہو گا۔

گوان منتروں کا مفہوم واضح ہے۔ پھر بھی بعض گوشوں کی وضاحت کی جاتی ہے:-

ا۔ اس مصلح رسول جس کی بشارت دی جارہی ہے اس کا نام محمد ﷺ ہو گا۔

۲۔ ملک عرب کا رہنے والا ہو گا۔

۳۔ اس کا دھرم آریوں کے دھرم سے علیحدہ ہو گا اور وہی اللہ کا درست دین ہو گا۔

۴۔ وہ ختنہ کیا ہوا ہو گا (جبکہ ہندو ختنہ نہیں کراتے)۔

۵۔ اس کے سر پر چوٹی (یعنی چرکی) نہیں ہو گی جبکہ ہندوؤں کی یہ دھارمک اور اہم ترین نشانی ہے۔

۶۔ وہ انچا لابی (یعنی بلند آواز سے اذان دینے والا) ہو گا۔ دیکھیے محمد ﷺ کے علاوہ کسی دوسرے مذہب میں اذان یا اس جیسی اونچی آواز سے ادا کیا جانے والا کوئی شعار نہیں، ہندو اور یہودی سنکھ پھونکتے ہیں، نصاریٰ (عیسائی) ناقوس بجاتے ہیں، مجوسی (پارسی) اور بعض ہندو فرقے آگ روشن کرتے ہیں۔

۷۔ وہ گوشت خور ہو گا، حلال مویشیوں کا گوشت کھائے گا، تمام حلال چیزیں کھائے گا اور خنزیر (سور) نہیں کھائے گا۔ ہندو گوشت (ماس) بالکل نہیں کھاتے جو کھاتے ہیں اپنے دھرم کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ ان کے سادھو گوشت تو درکنار کئی قسم کی سبزیاں اور ترکاریاں بھی نہیں کھاتے اور اسے اپنے دھرم کا لازمی حصہ سمجھتے ہیں۔ اسی لئے بتایا گیا کہ وہ (ﷺ) ہر حلال چیز کھائے گا یعنی وہ (ﷺ) ہندوؤں میں سے قطعاً نہ ہو گا۔ ادھر یہودیوں نے بہت سی پاکیزہ چیزیں اپنے اوپر حرام کر لی تھیں اور نصاریٰ نے سب سے خبیث جانور یعنی سور کو بھی حلال کر لیا تھا، اس لیے وہ یہود و نصاریٰ میں سے بھی نہ ہو گا۔ لہٰذا اس صفت کے پیغمبر صرف محمد ﷺ ہی ہوئے۔

۸۔ وہ کافروں اور بے دینوں کو حق کی دعوت دے گا، ان کے انکار پر ان سے جہاد کرے گا اور یہ

marfat.com
Marfat.com

جہاد ہی اس کے ساتھیوں کی پاکیزگی کا ذریعہ ہوگا۔
۹۔ اس کے ساتھی مسلمین (مسلمان) کہلائیں گے۔

مذکورہ بالا تمام اوصاف اور خوبیاں صرف حضرت محمد ﷺ ہی میں پائی جاتی ہیں، اس لئے وہی اس بشارت کے مصداق ہیں اور یہ بشارات ان کی پیدائش سے کئی سو برس پہلے کی ہیں۔ فالحمدللہ رب العالمین۔

اسی موضوع پر ایک اور نہایت اہم ہندو عالم تلسی داس کا تجزیہ پیش کیا جاتا ہے۔ ان کی کتاب "راماین" بہت مشہور ہے، جس میں اصلاً رام چندر جی کی کہانی ہے لیکن ضمناً اور بھی بہت کچھ ہے۔ راماین تو بہت سی لکھی گئیں لیکن بالمیکی راماین بازی لے گئی۔ کہا جاتا ہے بالمیکی حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے گذرا ہے۔ اس کے دور کی زبان کو سمجھنا خواص تک کے لیے مشکل ہو گیا تھا۔ لہذا تلسی داس جی نے اسے اپنے دور کی ہندی زبان میں نقل کیا اور ہندوؤں کی بہت سی دوسری کتابوں سے استفادہ کر کے مفید اضافے بھی کیے۔ سنگرام پوران ویدوں کے مصنف وید ویاس کی تالیف بتائی جاتی ہے۔ تلسی جی نے راماین (جس کا اصلی نام رام چرت مانس ہے) میں "سنگرام پوران" کھنڈ ۱۲ ادھیائے ۶ میں آئی ہوئی ایک پیشین گوئی کا تذکرہ اور تجزیہ کیا ہے جس کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:۔

۱۔ یہاں میں کسی کی پاسداری نہ کروں گا۔ ویدوں اور پرانوں کی روشنی میں سادھوؤں سنتوں نے جو کچھ کہا ہے وہی کہوں گا۔

۲۔ وہ ساتویں صدی بکرمی میں پیدا ہوگا اور سخت اندھیرے میں اپنے چار سورجوں کی روشنی کے ساتھ ظاہر ہوگا۔

۳۔ اور ہر ایک کو حکمت اور سیاست سے اپنے دین کی تبلیغ کرے گا، چنانچہ حالات کے مطابق خوش خبری بھی دے گا اور ڈرائے گا بھی۔

۴۔ اس کے چار مقدس خلیفہ ہونگے اور ان کی تائید و مدد سے اس پر ایمان لانے والوں کی تعداد بہت ہو جائے گی۔

۵۔ اور جب سے اس کا دین اور اس کی بات ظاہر ہو گی تو محمد (ﷺ) کے بغیر کسی کی نجات نہ ہو گی۔

۶۔ پھر اس کا کوئی نظیر اور ہم مثل پیدا نہ ہوگا۔ تلسی داس جو کچھ کہہ رہا ہے وہ حق اور سچ ہے۔ بعض نسخوں میں تین اشعار زیادہ ہیں جن کا ترجمہ یوں ہے:

۱۔ دس ہزار سال تک رسالت کا مرتبہ پورا ہو جائے گا، پھر یہ رسالت کسی کو بھی نہ ملے گی۔

marfat.com
Marfat.com

۲۔ ملک عرب میں ایک ستارہ چمکے گا اور اس سرزمین کی شان قابل رشک ہو گی۔

۳۔ اس سے خرق عادت چیزیں اور معجزات ظاہر ہونگے اور اسے اللہ کا پیغمبر کیا جائے گا۔

مذکورہ بالا ترجمے میں کوئی ابہام نہیں، پھر بھی ہلکا سا اشارہ کر دینے میں کوئی حرج نہیں:۔

۱۔ ساتویں صدی بکری جس کی بشارت دی گئی ہے اس میں محمد ﷺ ۶۲۸ بکری میں پیدا ہوئے۔

۲۔ اس کا ظہور سخت اندھیرے میں ہو گا۔ جب محمد ﷺ پیدا ہوئے تو ہر طرف جاہلیت کا سخت اندھیرا پھیلا ہوا تھا۔

۳۔ چار سورج کے ساتھ وہ ظاہر ہو گا۔ یہ آپؐ کے چاروں خلفائے راشدین یعنی ابو بکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں، جنہیں آگے چل کر صاف لفظوں میں مقدس خلیفہ کہا گیا ہے۔

۴۔ تبلیغ دین میں وہ (ﷺ) خوش خبری بھی سنائے گا اور ڈرائے گا بھی۔ قرآن مجید کی سورت "الفتح" کی آیت نمبر ۸ کا ترجمہ ہے:۔ ہم نے (اے محمد ﷺ) تم کو حق ظاہر کرنے والا اور خوشخبری سنانے والا اور خوف دلانے والا (بنا کر) بھیجا ہے۔

۵۔ وہ سرور عالم ہو گا، اس کا کوئی نظیر نہ ہو گا اور محمد ﷺ کے لیے دونوں باتیں معروف ہیں۔

۔ ان سب سے بڑھ کر یہ کہ آپ کا نام محمد ﷺ بھی ذکر کیا گیا ہے اور آپؐ کے ملک عرب کی بھی نشاندہی کی گئی ہے جو آپ ﷺ کے لیے اس بشارت کو قطعی بنا دیتی ہے۔

۷۔ رامائن کے مطابق ملک عرب میں آنے والے نبی (محمد ﷺ) کے بعد رسالت کسی کو نہ ملے گی اور در نبوت ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند ہو جائے گا یعنی آپؐ کی ختم نبوت اہل ہنود کی مقدس کتاب سے بھی ثابت ہو گئی۔ فالحمد للہ حمداً کثیراً۔

(جناب ابن اکبر الاعظمی کا یہ مبارک مضمون ماہنامہ "الدعوات" لاہور، مارچ ۱۹۹۸ء مطابق ذیقعد ۱۴۱۸ء میں شائع ہوا تھا۔ وہاں سے شکریے کے ساتھ اس کتاب میں شامل کر رہا ہوں)۔

۸۔ "کالکی اوتار" کا ظہور حضرت محمد ﷺ کی صورت میں ہو چکا ہے۔ ہندوؤں کو مزید انتظار کی بجائے اب اسلام قبول کر لینا چاہیے۔

بھارتی پنڈت وید پرکاش کی کتاب نے بھارت میں تہلکہ مچا دیا

ہندو مذہب کے ماننے والے اپنے جس "کالکی اوتار" (ہادی عالم) کا انتظار کر رہے ہیں وہ درحقیقت حضرت محمد ﷺ کی ذات اقدس ہے، جس کا ظہور آج سے چودہ سو سال قبل

marfat.com
Marfat.com

ہو چکا ہے۔ لہٰذا ہندوؤں کو اب کسی "کالکی اوتار" کے انتظار میں وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے اور فوراً اسلام قبول کر لینا چاہیے۔

اس امر کا انکشاف بھارت میں حال ہی میں چھپنے والی ایک کتاب "کالکی اوتار" میں کیا گیا ہے، جس نے پورے بھارت میں تہلکہ مچا دیا ہے۔ اس کتاب کا مصنف اگر کوئی مسلمان ہوتا تو اسے یقیناً جیل کی سلاخوں کے پیچھے جانا پڑتا اور اس کتاب کی اشاعت پر پابندی لگ چکی ہوتی لیکن اس کتاب کا مصنف ایک برہمن پنڈت وید پرکاش ہے، جو سنسکرت کا ممتاز عالم اور الٰہ آباد یونیورسٹی میں ایک اہم عہدہ پر متمکن ہے۔ مصنف نے اپنی اس تحقیق کو بھارت کے آٹھ بڑے پنڈتوں کے سامنے پیش کیا جو تحقیق کے میدان میں ممتاز مقام رکھتے ہیں اور بھارت کے بڑے مذہبی رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں۔ ان پنڈتوں نے بھی وید پرکاش کی تحقیق کو درست تسلیم کیا ہے۔ مصنف نے اپنے اس دعوے کی حمایت میں ہندوؤں کی مقدس کتابوں کے حوالے دیئے ہیں۔ مقدس کتاب "ویدا" میں درج ہے کہ "بھگوان کا آخری پیغمبر (کالکی اوتار) ہوگا جو پوری دنیا کو رہنمائی فراہم کرے گا۔ مصنف کہتا ہے کہ یہ بات صرف حضرت محمد ﷺ پر صادق آتی ہے۔ ہندوازم کی پیشن گوئی کے مطابق "کالکی اوتار" ایک بڑے جزیرے میں جنم لے گا اور یہ درحقیقت عرب کا علاقہ ہے جو جزیرۃ العرب کے نام سے جانا جاتا ہے۔ "ویدا" میں کالکی اوتار کے باپ کا نام "وشنو بھگت" اور ماں کا نام "سومانب" تحریر ہے۔ سنسکرت میں وشنو اللہ اور بھگت غلام کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس طرح وشنو بھگت کا عربی ترجمہ "عبداللہ" بنتا ہے۔ "سومانب" سنسکرت میں امن و آشتی کو کہتے ہیں اور عربی میں اس کا مترادف لفظ "آمنہ" ہے۔ حضرت عبداللہ اور بی بی آمنہ حضرت محمد ﷺ کے والد اور والدہ ماجدہ کے نام ہیں۔

"کالکی اوتار" کے بارے میں مزید کہا گیا ہے کہ بھگوان اپنے خاص پیغام رساں کے ذریعے انہیں ایک غار میں علم سکھائیں گے اور یہ بات بھی صرف حضرت محمد ﷺ پر ہی صادق آتی ہے، جنہیں اللہ تعالیٰ نے غار حرا میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ذریعے علم سے نوازا۔ ہندوؤں کی مقدس کتابوں میں تحریر ہے کہ بھگوان "کالکی اوتار" کو ایک تیز رفتار گھوڑا دیں گے جس کی مدد سے وہ اس دنیا کے گرد اور ساتوں آسمانوں کی سیر کریں گے۔ حضرت محمد ﷺ کی براق کی سواری اور واقعہ معراج اسی جانب اشارہ کرتا ہے۔ مقدس کتابوں میں تحریر ہے کہ کالکی اوتار گھڑ سواری، تیر اندازی اور تیغ زنی میں ماہر ہوگا۔ مصنف وید پرکاش کہتا ہے کہ اس پیشن گوئی کی جانب خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے کیونکہ گھوڑوں، نیزوں اور

marfat.com
Marfat.com

تلواروں کا دور اب گزر چکا ہے اور اب اس کی جگہ جدید ہتھیار، ٹینک، میزائل وغیرہ نے لے لی ہے اور پھر ایسی صورت میں نیزوں، بھالوں سے مسلح اوتار کا انتظار غیر دانشمندانہ اقدام ہوگا۔ مصنف کہتا ہے کہ "کالکی اوتار" درحقیقت حضرت محمد ﷺ کی طرف واضح اشارہ ہے، جسے اللہ نے آسمانی کتاب قرآن دے کر پوری کائنات کے لیے رہنما بنا کر بھیجا، لہٰذا ہندوؤں کو اب فوراً اسلام قبول کر لینا چاہیے۔ (۹ دسمبر ۱۹۹۷ء روزنامہ "نوائے وقت۔" راولپنڈی) پنڈت جی اب نورالہدیٰ ہو چکے ہیں۔

۵۰۔ حمزہ الکتانی کا بیان ہے کہ میں حدیث لکھا کرتا تھا اور جب حضور نبی اکرم ﷺ کا نام آتا تو صرف صلی اللہ علیہ لکھ دیتا تھا وسلم نہ لکھتا تھا۔ میں نے ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا: کیا بات ہے مجھ پر پورا درود و سلام نہیں بھیجتے؟ اس کے بعد سے میں نے صلی اللہ علیہ کے ساتھ وسلم لکھنا بھی شروع کر دیا (الفکر الاعتبار)۔

۵۱۔ علی بن عیسیٰ وزیر کثرت سے حضور انور ﷺ پر درود و سلام پڑھتے تھے۔ ایک مرتبہ جب وزارت سے معزول کر دیئے گئے تو خواب میں دیکھا کہ گدھے پر سوار ہوں، اسی حال میں حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر نظر پڑی تو احتراماً سواری سے اتر کر پیدل چلنے لگے۔ آپؐ نے فرمایا: اپنی جگہ واپس لوٹ جاؤ۔ صبح اٹھے تو وزارت کی ذمہ داری پھر سپرد کر دی گئی۔ یہ صدقہ ہے حضور اقدس ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کا (اس خواب کو ابن الملقن نے الحدائق میں بیان کیا ہے)۔

۵۲۔ ۷ رمضان المبارک ۱۴۱۶ھ رات کو سویا تو حضور اقدس ﷺ کی زیارت با برکت سے مشرف ہوا۔ ایک مجلس میں حاضر ہوا جس میں آپؐ بھی موجود ہیں۔ میری آپؐ سے عربی میں گفتگو ہوئی۔ سلام کے بعد میں نے دریافت کیا: کیا پڑھا کروں؟ اس پر آپؐ نے اپنا دست مبارک میری دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر پھیرا، جس سے وہ چمک اٹھی جیسے ابرق (mica) سے بنی ہوئی ہو۔ اس میں نہایت دیدہ زیب حروف میں حضور انور ﷺ کا اسم مبارک لکھا ہوا واضح تھا، جس سے میں نے سمجھ لیا کہ اشارہ درود شریف پڑھنے کا ہے جسے میں پہلے ہی بکثرت پڑھنے کا عادی ہوں۔ اس کے بعد میں نے وہ (قلم) آپؐ کی خدمت میں پیش کیا جو مجھے گذشتہ سال تبلیغی جماعت کے سربراہ مولانا انعام الحسن صاحبؒ نے دہلی میں تحفتاً دیا تھا۔ حضور انور ﷺ نے وہ فاؤنٹین پین قبول کر لیا۔ سحری کے وقت میری آنکھ کھل گئی تو زیارت پاک سے مشرف ہونے کے آثار بالکل واضح تھے۔ میری زبان پر درود شریف جاری تھا اور آنکھوں سے خوشی کے آنسو۔ میں نے اپنے بچوں سے کہا کہ ابھی مجھے حضور

marfat.com
Marfat.com

سراپا نور ﷺ کی زیارت ہوئی ہے، سب نے مجھے مبارکباد دی۔ (غیر مطبوعہ)۔

یہ خواب جناب وزیر احمد قریشی ولد اللہ بچایا قریشی قدس سرہ نے دیکھا تھا۔ آپ ضلع ملتان میں جلال پور پیر والا کے رہنے والے ہیں۔ جہاں آپ کا خاندان دربار پیر اولیاء کا سجادہ نشین ہے۔ حکومت پاکستان کے نہایت اہم افسران میں قریشی صاحب کا شمار ہوتا ہے۔ آپ علم دوست ہونے کے علاوہ نہایت نیک اور دیندار مسلمان ہیں جن سے ملاقات کر کے طبیعت خوش ہو جاتی ہے۔ آپ کے منجھلے صاحبزادے عامر احمد قریشی نے دوران تعلیم قرآن پاک بھی حفظ کر لیا ہے، ماشاءاللہ۔

۵۳۔ اوائل مئی ۱۹۹۷ء کو ایک ضروری کام سے مجھے کراچی جانا پڑا۔ وہاں میری ملاقات ایک ٹیکسی ڈرائیور سے ہوئی، جسے نعت رسول (ﷺ) لکھنے اور گانے کا شوق دیوانگی کی حد تک تھا۔ مجھے کافی فاصلہ پر کچھ لوگوں سے ملنا تھا پس میں نے اس کی ٹیکسی دو گھنٹے کے لیے کرایہ پر لے لی تھی۔ ٹیکسی ڈرائیور کی عمر تیس بتیس برس کے قریب ہوگی۔ وہ دہلی کا رہنے والا تھا۔ اسے شکایت تھی کہ اس کے شوق کے باوجود ریڈیو اور ٹی وی والوں نے اس کی پذیرائی نہیں کی۔ میں نے اس سے کہا کہ آج کل سخت مقابلہ ہے اور ان جگہوں پر بغیر سفارش کے مشکل ہی سے کام ہوتا ہے۔ میں نے اس کی دلجوئی کے لئے اس سے کہا کہ عشق رسول (ﷺ) رائیگاں نہیں جاتا اور اسے حضرت بہزاد لکھنوی کا واقعہ سنایا کہ کس طرح حضور ﷺ کے اشارے پر لوگوں نے ان کی مالی مدد کی اور روضہ رسول (ﷺ) پر پہنچایا۔ اس پر اس ٹیکسی ڈرائیور نے اپنا عجیب و غریب واقعہ سنایا جو مندرجہ ذیل ہے:-

ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ ایک جگہ بہت سے لوگ سوگوار بیٹھے ہیں۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا بات ہے؟ آپ لوگ کیوں پریشان ہیں؟ اس پر ان لوگوں نے جواب دیا: تمہیں نہیں معلوم حضرت رسول اللہ ﷺ کا وصال ہو گیا ہے۔ میں نے ان لوگوں سے گڑگڑا کر کہا کہ میں بھی آپؐ کے دیدار کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ اس پر ایک شخص مجھے لے گیا اور چہرۂ انور سے چادر ہٹائی۔ کیا بتاؤں کہ وہ چہرہ کس قدر پر نور تھا۔ میں اپنی اس رقت کی کیفیت کو الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا۔ اس وقت بھی اس کی آنکھوں میں آنسو تھے اور اس کی آواز بھرا گئی تھی۔ مجھ سے کہنے لگا، دیکھیے! اس وقت بھی میرے رونگٹے کھڑے ہو رہے ہیں۔ اس نے مجھے بتایا کہ چند سال قبل میرے ہاتھوں سے خوشبو آتی تھی لیکن روزگار کے چکر میں پڑ کر نہ اب نعتیں لکھنے کا وقت ملتا ہے اور نہ ہی نماز کی پابندی ہوتی ہے۔ میری بدنصیبی کہ میں اپنے بلند مقام سے نیچے گر گیا ہوں۔ میں نے اسے تسلی دی کہ تم

marfat.com

Marfat.com

اپنے عشق رسول (ﷺ) کی بدولت اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کر سکتے ہو۔ بس نمازوں کی جس حد تک ہو سکے پابندی کرتے رہو اور درود شریف کثرت سے پڑھا کرو۔ (غیر مطبوعہ)۔

جناب سید آفتاب احمد ولد جناب سید محمود عالم بڑے ہی نیک، نمازی اور سادہ طبیعت انسان ہیں۔ چند سال قبل مرکزی حکومت کے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ محکمہ سے ریٹائر ہوئے ہیں۔ انہوں نے یہ واقعہ مجھے تحریر کرکے دیا جسے شکریہ کے ساتھ شامل کر رہا ہوں۔

۵۴۔ محترمہ شہناز (بیگم نعیم اللہ صاحب) نے یہ خواب دیکھا تھا۔ آپ صوم وصلوٰۃ کی پابند، با پردہ، نہایت پرہیز گار خاتون ہیں۔ لکھتی ہیں:-

میں نے دیکھا کہ مدینہ منورہ کی ایک مسجد میں بیٹھی ہوں۔ عصر کا وقت ہے۔ سر سے پاؤں تک چادر سے ڈھکی ہوئی ہوں۔ مسجد کے صحن میں صفیں بچھی ہوئی ہیں۔ میری بائیں جانب کچھ فاصلے پر دو یا تین صحابہ اکرامؓ بیٹھے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد میں کہتی ہوں کہ اب مجھے گھر جانا چاہیے۔ یہ کہہ کر اٹھ کھڑی ہوتی ہوں تو وہ صحابہ اکرامؓ میرے پاس آکر کہتے ہیں کہ آپ نہ جائیں، بیٹھ جائیں، ابھی تھوڑی ہی دیر میں حضرت رسول پاک ﷺ تشریف لانے والے ہیں۔ میں یہ سن کر بیٹھ جاتی ہوں۔ ذرا دیر بعد ہی صحابہ اکرامؓ احتراماً کھڑے ہو جاتے ہیں اور حضرت رسول اللہ ﷺ مسجد کے صدر دروازے سے تشریف لاتے نظر آتے ہیں، میں بھی احتراماً کھڑی ہو جاتی ہوں، رسول پاک ﷺ میرے سامنے تھوڑے فاصلے پر آکر رک جاتے ہیں، مجھ میں ہمت نہیں ہوتی کہ میں ایک دم نظر اٹھا کر آپؐ کی طرف دیکھوں، احترام سے میری نظریں جھکی رہتی ہیں، پھر میں رسول پاک ﷺ کو آپؐ کے پیروں کی طرف سے دیکھنا شروع کرتی ہوں اور دیکھتے ہوئے آپؐ کے سینہ مبارک اور گردن تک نظر پہنچتی ہے، تو جیسے ہی اب آپؐ کے چہرۂ انور کی طرف میری نظر اٹھنے لگتی ہے تو کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور عجب سی میری کیفیت ہونے لگتی ہے، بس اسی حالت میں میں جاگ جاتی ہوں، میری زبان پر درود شریف جاری ہے اور میں بہت خوش ہوں کہ میں نے حضور ﷺ کی زیارت کر لی (غیر مطبوعہ)۔

۵۵۔ سید محمود کردی قادری شیخانی اپنی کتاب "الباقیات الصالحات" میں فرماتے ہیں کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا ایک یہ بھی احسان ہے کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے مجھے اپنی گود میں اٹھالیا، میرا سینہ آپؐ کے سینہ مبارک کے ساتھ لگا ہوا تھا اور میرا منہ آپؐ کے منہ مبارک اور پیشانی آپؐ کی پیشانی اقدس سے مس کر رہی تھی۔ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر کثرت سے درود و سلام بھیجا کرو اور آپؐ نے مجھے اپنی رضا کی

marfat.com
Marfat.com

خوشخبری سنائی، جس میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی شامل ہوتی ہے۔ اس عزت افزائی پر خوشی سے میرے آنسو نکل آئے۔ میں نے دیکھا کہ حضور نبی پاک ﷺ کی چشمان مبارک سے بھی آنسو ٹپک رہے ہیں۔ یہ سب اس شفقت و محبت کی بنا پر تھا جو میرے حال پر آپؐ کے دل میں تھی۔ میں بیدار ہوا تو میرے رخسار آنسوؤں سے تر تھے۔ میں مواجہہ شریف کی طرف گیا تو میں نے حجرۂ مبارک کے اندر سے حضور اقدس ﷺ کی آواز میں ایسی ایسی بشارتیں سنیں جن کا ذکر میں عوام کے سامنے نہیں کر سکتا۔ پھر میں جلدی سے واپس لوٹ آیا۔

آگے لکھتے ہیں کہ میں نے بحالت بیداری مواجہہ شریف کے سامنے اپنے پاؤں پر کھڑے کھڑے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے اپنے سلام کا جواب سنا اور مجھ پر یہ حقیقت منکشف ہو گئی کہ آپؐ اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اور اہل اسلام کے سلام کا جواب دیتے ہیں الخ۔

۵۶۔ عبدالواحد بن زید سے مروی ہے کہ ہمارا ایک پڑوسی بادشاہ کی خدمت کرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل اور فتنہ و فساد پھیلانے میں مشہور تھا۔ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ اس کا ہاتھ حضرت رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ میں ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! یہ برا شخص تو ان لوگوں میں ہے جو اللہ تعالیٰ سے منہ موڑے ہوئے ہیں، پھر آپؐ نے اپنا دست مبارک اس کے ہاتھ میں کیوں دے دیا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے اس کا علم ہے اور سنو کہ میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کی سفارش کرنے جا رہا ہوں۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! یہ اس مقام پر کس وسیلے سے پہنچا؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا مجھ پر کثرت سے درود و سلام پڑھنے کی وجہ سے۔ یہ شخص ہر رات سوتے وقت مجھ پر ہزار مرتبہ درود و سلام بھیجا کرتا ہے، اور مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرمائے گا۔ عبدالواحد کا بیان ہے کہ جب صبح کے وقت میں مسجد میں داخل ہوا تو دیکھتا کیا ہوں کہ وہی نوجوان روتا ہوا مسجد میں داخل ہو رہا ہے۔ اس وقت میں اپنے دوستوں کے سامنے وہ سب کچھ بیان کر رہا تھا جو میں نے اس کے متعلق دیکھا تھا۔ مسجد میں آ کر اس نے مجھے سلام کیا، میرے سامنے بیٹھ گیا اور بولا اے عبدالواحد! اپنا ہاتھ بڑھاؤ تاکہ تمہارے ہاتھ پر تائب ہو جاؤں، اس مقصد کے لیے حضور اقدس ﷺ نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے اور آپؐ نے مجھ سے اس مذاکرے کا ذکر فرمایا ہے جو گذشتہ رات تمہارے اور حضور انور ﷺ کے درمیان میرے متعلق ہوا ہے۔ جب اس نے توبہ کر لی تو میں نے اس سے خواب کے بارے میں دریافت کیا تو اس نے کہا کہ میرے پاس حضرت رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تھے۔ آپؐ نے میرا ہاتھ

marfat.com
Marfat.com

پکڑ کر فرمایا کہ میں اپنے رب کے یہاں ضرور تمہاری شفاعت کروں گا اس درود و سلام کی وجہ سے جو تم مجھ پر بھیجتے ہو۔ جب میں حضور انور ﷺ کے ہمراہ چلا تو آپؐ نے میری شفاعت فرمائی اور یہ بھی فرمایا کہ صبح سویرے عبد الواحد کے پاس جانا اور اس کے ہاتھ پر توبہ کرنا اور اس پر مضبوطی سے قائم رہنا (سعادۃ الدارین حصہ اول مصنف علامہ یوسف بن اسمٰعیل نبہانیؒ کا اردو ترجمہ از علامہ مفتی عبد القیوم خان صاحب۔ صفحہ ۳۷۲ تا ۳۷۳)۔

۵۷۔ رمضان ۱۳۹۳ھ مطابق اکتوبر ۱۹۷۳ء میں بیماری نے ایسا زور باندھا کہ حج کو جانے کی ہمت نہ ہوئی۔ ادھر مدنی احباب کا اصرار تھا کہ میں حج کو جاؤں۔ اس دوران شب ۱۲ ذیقعدہ میں زکریا نے خواب دیکھا کہ ایک شخص کہہ رہا ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے قاضی عبد القادر صاحب کو پیام بھیجا ہے کہ زکریا کو حج پر لے جانے پر اصرار نہ کریں۔ خود قاضی صاحب نے بھی بین النوم والیقظہ دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ احرام تقسیم فرما رہے ہیں اور تو (زکریا) پاس کھڑا ہے مگر تجھے احرام نہیں دیا اور میں (قاضی صاحب) دل میں سوچ رہا ہوں کہ اس کو احرام کیوں نہیں دیا؟ زکریا نے قاضی صاحب سے کہا اب تو آپ نے بھی خود ملاحظہ فرمالیا کہ اس ناکارہ کو حج کے لیے نہیں جانا، مگر احباب کا اصرار ہوتا ہی رہا مگر یہ ناکارہ نہ گیا (قطب عالم شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنیؒ کی آپ بیتی نمبر ۷ کا صفحہ ۳۴۔ مکتبہ مدنیہ، اردو بازار، لاہور)۔

۵۸۔ حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی قدس سرہ کا سفرِ حجاز کا سلسلہ ۱۳۸۳ھ سے شروع ہوا۔ یہ خیال بھی ہوا کہ جب علمی کام نہیں ہے تو دار الکفر میں خالی پڑے رہنے کے بجائے دیار حبیب اللہ میں ہی وقت گذارا جائے۔ میرے امراض اور عوارض کا تقاضا بھی یہی تھا کہ سفر نہ کروں مگر جب بھی یہاں آیا ساتھ ہی ہندوستان کے اکابر و احباب کا واپسی کا تقاضا مسلط ہوا۔ اس سال میرا جانے کو دل نہ چاہتا تھا۔ ایک بزرگ نے جنہوں نے اپنا نام ظاہر کرنے کو منع کر دیا تھا، استخارہ کیا۔ ۱۶ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۵ھ کو خواب میں انہیں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی اور میرے ہند کے سفر کے بارے میں استفسار کیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ کیا وہ یہاں بیکار ہے؟ عرض کیا: بیکار تو نہیں کام میں لگا رہتا ہے۔ تو ارشاد فرمایا کہ جب ہمارے مدینہ منورہ میں بھی کام میں لگے ہوئے ہیں تو پھر باہر جانے کی کیا ضرورت ہے؟ عرض کیا: کیا آپؐ کا منشا یہ ہے کہ حضرت شیخ مدینہ منورہ میں رہیں؟ تو ارشاد فرمایا کہ ہمارا منشا یہی ہے۔ عرض کیا: بالکل پکی بات ہے جا کر کہہ دوں؟ تو ارشاد فرمایا کہ ہاں ہمارا منشا تو یہی ہے۔ تو اس پر زکریا نے نہ جانا بالکل طے کر لیا، مگر تعجب ہے امسال مکی مدنی احباب اور پاکی

marfat.com
Marfat.com

احباب کا بھی بہت شدید اصرار رمضان ہند میں گذارنے پر ہوا۔ میں نے فیصلہ مولانا انعام الحسن صاحب پر رکھا۔ انہوں نے ہر دفعہ یہی کہا کہ وہاں کی مختلف ضرورتوں کا تقاضا تو جانے کا ہے مگر اس کی بیماری کی حالت دیکھ کر میری ہمت جانے کے لیے کہنے کی نہیں پڑتی۔ اس دوران عزیز عبدالحفیظ نے یکے بعد دیگرے استخاروں پر دو خواب مسلسل دیکھے۔ دوسرے خواب میں جانے کی تاکید حضور اقدس ﷺ نے تحریراً فرمائی۔ خواب دونوں طویل ہیں اس لیے ارادہ کر ہی لیا۔ ہندوستان سے بھی بعض دوستوں کے خواب اسی تائید میں پہنچے۔ مجھ ناکارہ کا قریب پچاس سال سے یہی معمول ہے کہ اہم کام میں استخارہ کا اہتمام کرتا ہے (آپ بیتی نمبر ۷ کے صفحہ ۱۰۵ تا ۱۰۷ سے ماخوذ)۔

رمضان ۱۳۹۵ھ میں مولانا انعام الحسن صاحب کی مسجد میں ۲۸ ملکوں کے دو سو سے زیادہ حضرات معتکف رہے۔ حضور اقدس ﷺ کا تشریف لانا اور معتکفین سے مصافحہ کرنا وغیرہ منامات کی تفصیل روزنامچہ میں ہے (صفحہ ۱۱۷ تا ۱۱۸)۔

۵۹۔ زکریا کا معمول ہمیشہ سے یہ ہے کہ ہندوستان سے واپسی پر پہلے ہی سے آئندہ رمضان کے لیے استخارہ شروع کر دیتا ہے۔ ۱۳۹۷ھ میں اولاً ممانعت آئی مگر ۲۴ جمادی الثانی کو ایک صالح شخص کے مکاشفہ میں جو کئی دن سے ہو رہا تھا، یہ الفاظ حضور اقدس ﷺ کے پہنچے: (ترجمہ) "سفر سعید ہے، موافق ہے، مبارک ہے، مقبول ہے، انشاء اللہ۔" تقریباً چھ مرتبہ یہ الفاظ فرمائے جن میں ایک دو مرتبہ "مقبولۃ" فرمایا اور بقیہ اس کے بغیر۔ اس پر سفر ہند کا ارادہ کر لیا اور ۲۴ جمادی الثانی کو مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ روانگی ہوئی (آپ بیتی نمبر ۷ کا صفحہ ۲۱۶)۔

۶۰۔ نومبر ۱۹۷۷ء کی ایک شب کا مکاشفہ عزیزم عبدالحفیظ نے سنایا کہ تو (مولانا زکریا) مجلس میں حاضر ہے اور حضور اقدس ﷺ ذرا اونچی جگہ تشریف فرما ہیں۔ آپؐ کے سامنے متعدد کتب ایسی خوشنما جلدوں کی رکھی ہیں کہ نگاہ نہ جمے۔ ان میں سب سے اوپر فضائل حج، پھر فضائل درود، پھر حکایات صحابہؓ اور ان کے نیچے دوسری کتب۔ تھوڑی ہی دیر میں مولانا یوسف بنوری نہایت خوش پوشاک ہنستے ہوئے تشریف لائے، سر پر پشاوری عمامہ گول سا بندھا ہے، ان کے آنے پر تو (مولانا زکریا) اٹھا اور معانقہ کیا، مولانا نہایت خوش ہیں، تو نے پوچھا کہ کیا گذری؟ انہوں نے حضور اقدس ﷺ کی جانب اشارہ کر کے کہا کہ آپؐ کی برکت سے بہت اچھی گذری۔ تو (مولانا زکریا) نے کہا کہ آپؐ کی برکتیں تو سب ہی پر ہیں۔ حضور اقدس ﷺ دونوں کی گفتگو سن رہے ہیں اور تبسم فرما رہے ہیں (آپ بیتی نمبر ۷ صفحہ ۲۳۳ تا ۲۳۴)۔

marfat.com
Marfat.com

۶۱۔ عزیزم عبدالحفیظ نے چند روز بعد دوسرا مکاشفہ بیان کیا کہ تو (مولانا زکریا) حضور اقدس ﷺ کی مجلس میں بیٹھا ہوا ہے۔ آپؐ کی طرف سے کچھ عطا ہو رہا ہے جسے تو کھا رہا ہے۔ اسی دوران ابوالحسن تجھے کوئی دوا پلانے کے لیے آیا اور تجھے وہ دوا دی، تو نے پی لی، آپؐ نے اس کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: (ترجمہ) "تیری اس عزت کرنے کی وجہ سے جیسے تو نے میری عزت کی اللہ تعالیٰ تیری عزت کرے۔" "ہٰذا" میں تیری طرف اشارہ تھا۔ اللہ جل شانہ عزیزم عبدالحفیظ صاحب کو بہت بلند درجات عطا فرمائے کہ ان کی برکات سے بہت مبشرات سننے میں آتے ہیں۔ (آپ بیتی نمبر ۷ صفحہ ۲۴۴)۔

۶۲۔ ۱۴ جون ۱۹۷۸ء کی شب میں عبدالحفیظ نے حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی۔ صلوٰۃ و سلام کے بعد عرض کیا کہ حضرت (ﷺ)! بہت فکر مند ہوں، میرا کس منہ سے سامنا ہوگا؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: (ترجمہ) "بے شک وہ ہمارا دوست ہے، بے شک وہ کامیاب لوگوں اور چمکتی پیشانیوں والے لوگوں کی جماعت میں سے ہے۔" پھر تھوڑی دیر بعد دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کے سامنے ایک خوبصورت صندوقچہ ہے، اس پر تہہ کیا ہوا ایک خوبصورت عمامہ ہے جس پر سفید رنگ کی کڑھائی ہے، جو بہت چمکدار ہے۔ حضور اقدس ﷺ بہت پیار سے اس کی تہہ کھولتے ہیں اور ہاتھ پھیرتے جاتے ہیں، پھر اسی طرح تہہ فرما کر رکھ دیتے ہیں اور مسکرا کر فرماتے ہیں کہ یہ ان (مولانا زکریا) کے لیے تیار کر رکھا ہے (آپ بیتی نمبر ۷ صفحہ ۲۴۳ تا ۲۴۴)۔

۶۳۔ ۱۵ جون ۱۹۷۸ء کی شب میں عبدالحفیظ نے دیکھا کہ جیسے حضور اقدس ﷺ چار زانو تشریف فرما ہیں اور جیسے مدرسہ شرعیہ (مدینہ منورہ) کی طرف کوئی نورانی دروازہ کھلا ہے جہاں حضرت شیخ (مولانا زکریا) چارپائی پر مضطرب نظر آ رہے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے میری جانب دیکھ کر فرمایا: (ترجمہ) "وہ ہماری ملاقات اور ہماری زیارت کے لیے مضطرب ہے اور ہم بھی اس کے مشتاق ہیں، محب ہیں۔" (آپ بیتی نمبر ۷ صفحہ ۲۴۴)۔

۶۴۔ عارف باللہ سیدی شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ مؤلف "کتاب الفکر والاعتبار فی فضل الصلوٰۃ علی النبیؐ المختار"...... اس کتاب میں فرماتے ہیں کہ میں نے درود و سلام کے فضائل و بشارات سے متعلق اتنے مشاہدات دیکھے جن کا شمار ممکن نہیں۔

میرے پیر بھائی سیدی احمد بن ابراہیم حیدری ہمارے یہاں تشریف لائے پس ہم سیدی احمد بن موسیٰ کے ہمراہ شیخ سیدی علی مکیؒ کی قبر پر جمع ہوئے۔ نماز عشاء پڑھ کر اوراد و ظائف سے فارغ ہو کر میرے ساتھی سو گئے اور میں ایک تہائی رات تک فضائل

marfat.com
Marfat.com

درود و سلام پر غور و فکر کرتا رہا۔ سیدی ابراہیم نے نیند سے بیدار ہو کر وضو کیا اور نماز پڑھ کر پھر سو گئے۔ آپ پھر بیدار ہوئے اور مجھ سے فرمایا کہ میں نے ابھی ابھی خواب میں ایک منادی کو یہ کہتے سنا ہے کہ جو شخص حضور اقدس ﷺ کا دیدار کرنا چاہے ہمارے ساتھ دوڑے۔ پس میں نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر دوسروں کے ہمراہ دوڑنا شروع کر دیا۔ ہم ایک مکان کے پاس پہنچے جس کا دروازہ بند تھا۔ میں نے کوشش کی مگر دروازہ نہ کھول سکا، جبکہ آپ نے دروازہ کھول دیا، مگر آپ سے پہلے میں مکان میں داخل ہو گیا۔ وہاں حضور اقدس ﷺ تشریف فرما تھے۔ جب میں نے آپؐ کو دیکھا تو آپؐ نے اپنا چہرۂ اقدس پھیر لیا اور فرمایا: اے فلاں! میری طرف نہ دیکھو، اپنا خیال رکھو۔ جبکہ آپ کی جانب متوجہ ہو کر آپ کو اپنے سینہ اقدس سے لگا لیا، میں مرعوب ہو کر بیدار ہو گیا۔ وضو کر کے نماز پڑھی اور تلاوت کر کے یہ دعا کر کے سو گیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کی زیارت کرا دے۔ دوبارہ پھر وہی زیارت ہوئی۔ اب میں سمجھ گیا کہ آپ کے اعمال ضرور ایسے ہیں جن سے حضرت رسول اقدس ﷺ راضی ہیں، پس آپ میرے لیے دعا کریں۔ ادھر سے پتہ چلا کہ میری نیت اچھی تھی اور حضور اقدس پر میرا درود و سلام بھیجنا مقبول ہے۔ میں نے کسی کو کچھ نہ بتایا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بارہا حضرت رسول اللہ ﷺ کے دیدار سے مشرف فرمایا۔

۶۵۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ فرماتے ہیں کہ درود کے فضائل جو میں نے دیکھے ان میں ایک یہ بھی ہے کہ میں غار الملح (نمکین غار) سے ٹیونس کی طرف آیا اور اپنے شیخ سے سیر و سیاحت کی اجازت مانگی۔ آپ نے مجھے اجازت دے دی۔ میں بحری جہاز میں سوار ہوا۔ اٹھارہ دن تک سمندری ہوائیں ہمیں اِدھر اُدھر لئے پھرتی رہیں۔ ہم تنگ آگئے اور بحری جہاز کے بجائے بذریعہ خشکی پیدل سفر کرنے کے بارے میں باتیں کرنے لگے۔ اس رات مجھے حضرت رسول اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ میں نے عرض کیا کہ آپؐ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ ہمیں امن و عافیت سے سفر طے کروائے اور تیز ہوا ہمیں کسی حادثے سے دوچار نہ کرے۔ پھر عرض کیا کہ آپؐ مجھے کوئی مفید نصیحت فرمائیں جس سے مجھے فائدہ ہو۔ اس پر آپؐ نے فرمایا: مجھ پر درود و سلام بھیجتے رہو، اس میں اضافہ کرو اور کھیل کود سے خود کو علیحدہ رکھو۔ پھر میں بیدار ہو گیا اور خوب درود و سلام پڑھ کر اللہ سے دعا کر کے سو گیا کہ مجھے دوبارہ حضور اقدس ﷺ کی زیارت پاک سے مشرف فرما۔ میں نے پھر حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور پہلے کی طرح سوال کیا۔ آپؐ نے پھر زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھنے کی تاکید فرمائی اور یہ کہ کھیل کود سے پرہیز کروں۔ بیدار ہو کر میں نے اپنا خواب اپنے ہمراہیوں کو

marfat.com
Marfat.com

سنایا۔ ہم نے اس دن حضور اقدس ﷺ کی برکت سے بخیر و عافیت سفر کیا اور کسی خطرے کا سامنا کیے بغیر بخیر و عافیت منزل مقصود پر پہنچ گئے (السفر الاعتبار)۔

۶۶۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ فرماتے ہیں کہ درود و سلام پڑھنے کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ ایک رات میں نے دو آدمی دیکھے جو آپس میں جھگڑ رہے تھے۔ ان میں سے ایک نے کہا حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں چلو تاکہ آپؐ سے فیصلہ کرا لیں۔ وہ چل پڑے۔ میں ان کے پیچھے ہو لیا۔ حضور ﷺ ایک بلند مقام پر تشریف فرما تھے۔ ایک نے کہا یا رسول اللہ (ﷺ)! اس شخص نے مجھ پر بہتان لگایا ہے کہ میں نے اس کا گھر جلایا ہے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: اس نے تم پر افترا باندھا ہے، لہٰذا اس کو آگ جلائے گی۔ میں بیدار ہوا تو اس سے کوئی بات نہ کی اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ دوبارہ مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب فرمائے۔ پس میں سو گیا، کیا دیکھتا ہوں کہ ایک منادی اعلان کر رہا ہے کہ جو شخص حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کرنا چاہے ہمارے ساتھ دوڑ پڑے۔ پس بہت سے سفید پوش لوگ اس کے پیچھے دوڑ پڑے جن میں میں بھی تھا۔ میں نے دعا کی کہ میں آپؐ کی خدمت میں ایسے وقت پہنچوں جب وہاں کوئی اور نہ ہو۔ اتنا کہنا تھا کہ مجھے بجلی کی طرح کسی چیز نے اٹھایا اور حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں پہنچا دیا۔ میں نے دیکھا کہ آپؐ تنہا قبلہ رخ کھڑے ہیں اور چہرۂ اقدس سے نور کی شعاعیں پھوٹ رہی ہیں۔ میں نے عرض کیا: "الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ" آپؐ نے مجھے مرحبا فرمایا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! میں چاہتا ہوں مجھے کوئی ایسی نصیحت فرمائیں جس سے دنیا و آخرت میں فائدہ ہو۔ فرمایا: مجھ پر درود و سلام پڑھنے میں اضافہ کر دو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ)! مجھے اولیاء اللہ کے زمرے میں شامل ہونے کی ضمانت چاہیے۔ فرمایا: میں اس کا ضامن ہوں کہ تمہارا خاتمہ بالخیر ہو گا۔ میں نے پھر یہی سوال کیا اور وہی جواب پایا۔ تیسری بار میرے اسی سوال کرنے پر آپؐ نے ارشاد فرمایا: تمہیں معلوم نہیں کہ تمام اولیاء اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرتے ہیں کہ ان کا خاتمہ بالخیر ہو، میں ضامن ہوں کہ تمہارا خاتمہ بالخیر ہو گا۔ میں نے عرض کیا: ٹھیک ہے، مجھے منظور ہے۔ کاش اللہ تعالیٰ مجھے سیدنا خضر علیہ السلام کی زیارت سے مشرف فرما دے۔ ابھی میں یہ سوچ ہی رہا تھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا مجھ پر کثرت سے درود و سلام لازمی کر لو، اس مقام کی زیارت کرتے رہا کرو اور جو وصف تمہیں مقام خاص تک پہنچانے میں معاون ہو گا ہم اس کی تکمیل کریں گے۔ میرے دل میں فخر و فرحت کی لہر دوڑ گئی کہ میں نے اہل زمین و آسمان کے آقا کی زیارت کر لی اور جب میں نے حضور ﷺ کی زیارت کر لی تو گویا میں نے ہر ایک کی

marfat.com
Marfat.com

زیارت کرلی۔ والحمدللہ۔

پھر وہ لوگ داخل ہوئے جنہیں میں پیچھے چھوڑ آیا تھا یہ سب کے سب بلند آواز سے پڑھتے چلے آرہے تھے: "الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ۔" اس وقت میں حضور اقدس ﷺ کے پہلو میں بیٹھا ہوا تھا۔ آپؐ ان کی جانب متوجہ ہوئے اوران کو بشارتیں سنائیں۔ صرف ایک شخص تھا جسے آپؐ نے دھتکار دیا اور فرمایا: "اے دھتکارے ہوئے! اپنی راہ لو، اے آگ کے چہرے والے!" میں نے اس شخص کو غور سے دیکھا تو اس کا جسم دوسرے لوگوں سے مختلف تھا کیونکہ وہ شیطان تھا۔ جب ان لوگوں سے آپؐ کی گفتگو ختم ہوئی تو فرمایا: اب تم لوگ جاسکتے ہو، اللہ تمہیں برکت دے، مجھے اپنے کام کرنے دو اور دست اقدس سے مجھے اشارہ فرمایا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں شریف ہوں؟ فرمایا: ہاں تم شریف ہو۔ میں نے عرض کیا: حضور (ﷺ) میں شریف ہوں، آپؐ کی نسل سے ہوں۔ فرمایا: تم میری نسل سے ہو۔ اس پر میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ پھر میں نے عرض کیا: مجھے ایسی نصیحت فرمائیں جو میرے حق میں نفع مند ہو۔ فرمایا: کثرت سے درود بھیجا کرو، دنیا سے دل نہ لگانا اور کھیل کود سے پرہیز کرنا۔ پھر میں نیند سے بیدار ہوگیا (الفکر الاعتبار)۔

۶۷۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کے ہمراہ ایک مرد کامل کو دیکھا جس کا خون عربی اور چہرہ نورانی تھا۔ میں نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں سلام عرض کیا۔ فرمایا: یہ خلیل الرحمٰن ابراہیم علیہ السلام ہیں ان کو سلام کرو۔ میں نے ان کو سلام کیا۔ پھر دونوں انبیاء علیہما السلام سے دعا کی درخواست کی۔ دونوں نے مجھے دعا دی۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے خاتمہ بالخیر کا ضامن ہوں، تم درود وسلام میں اضافہ کردو۔ میں نے عرض کیا: جب میں آپؐ پر درود وسلام بھیجتا ہوں تو کیا آپؐ سماعت فرماتے ہیں؟ فرمایا: ہاں! یہی نہیں تیری مجلس میں ملائکہ مقربین بھی حاضر ہوتے ہیں۔ پھر میں نے عرض کیا: آپؐ میرے ساتھیوں کے بھی ضامن بن جائیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: تیرے ساتھی بھی میری ضمانت میں ہونگے۔ پھر میں نے اپنے شیخ کی بابت پوچھا۔ آپؐ نے فرمایا: وہ اولیاء اللہ میں سے ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں چاہتا ہوں آپؐ ہر اس مسلمان کے ضامن ہوں جو درود وسلام پر لکھی گئی میری اس کتاب کو پڑھے۔ آپؐ نے فرمایا: میں اس کے پڑھنے والوں کا ضامن ہوں اور اس کا بھی جو اس کتاب میں لکھے گئے صیغوں کے ساتھ درود وسلام بھیجے، تم اس پر کاربند رہو اور اس میں کچھ اضافہ بھی کرو، جو مانگو گے ملے گا۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ (الفکر الاعتبار)

marfat.com
Marfat.com

۶۸۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ نے خواب دیکھا کہ ایک منادا اعلان کر رہا ہے کہ جو شخص حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کرنا چاہے میرے ساتھ ہولے۔ میں اس کے ساتھ ہولیا۔ پانی کا بہتا ایک چشمہ دیکھا جو دودھ سے زیادہ سفید، برف سے زیادہ ٹھنڈا اور شہد سے زیادہ شیریں تھا۔ وہاں حضور اقدس ﷺ حضرت جبریل امین علیہ السلام کے ہمراہ تشریف فرما تھے۔ میں نے عرض کیا: "الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ۔" آپؐ نے فرمایا: جبریل علیہ السلام کو سلام کرو۔ میں نے ان کی خدمت میں بھی سلام عرض کیا۔ پھر ہر دو حضرات سے دعا کے لیے کہا۔ دونوں نے میرے لیے دعا فرمائی، پھر میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! اپنے دست مبارک سے مجھے اس چشمے کا پانی پلادیں۔ پس آپؐ نے مجھے تین چلو پانی پلایا۔ پھر میں نے جبریل علیہ السلام سے پانی پلانے کے لیے عرض کیا۔ حضور اقدس ﷺ نے بھی حکم فرمایا، پس انہوں نے بھی مجھے پانی پلایا اور پھر میں بیدار ہو گیا (الفکر الاعتبار)۔

۶۹۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ نے ایک رات حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا آپ میرے ضامن بن جائیں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: مجھ پر کثرت سے درود وسلام بھیجا کرو، میں تمہارا بھی ضامن ہوں اور تمہارے ماں باپ کا بھی۔ پھر حضور اقدس ﷺ نے میرے آباؤ اجداد میں سے ایک ایک کا نام لینا شروع کیا۔ یہاں تک کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ تک پہنچ گئے۔ میں نے عرض کیا: میں ہر جمعرات آپؐ کی زیارت چاہتا ہوں۔ فرمایا: اگر یہ چاہتے ہو تو دن کو روزہ رکھو، رات کو قیام کرو اور مجھ پر بکثرت درود وسلام بھیجو (الفکر الاعتبار)۔

۷۰۔ شیخ احمد بن ثابت مغربیؒ نے خواب میں جنات کی ایک جماعت کو دیکھا جنہوں نے بجلی کی سی تیزی کے ساتھ مجھے مکہ مکرمہ پہنچادیا۔ ہم سب نے طواف کیا۔ پھر پلک جھپکتے ہی ہم سب مدینہ منورہ کی مسجد نبوی ﷺ میں تھے۔ ہمارے بیٹھتے ہی ایک خوبصورت شخص ایک بڑے برتن میں ثرید اور شہد لایا۔ میں نے جنات سے پوچھا: تمہارا ٹھکانہ اور نسب کیا ہے؟ بولے ہم مدینہ طیبہ کے رہنے والے مسلمان جن ہیں۔ میں نے کہا: میں حضور اقدس ﷺ کا دیدار کرنا چاہتا ہوں۔ کہنے لگے کھانا کھالو، انشاء اللہ دیدار بھی ہو جائے گا۔ میں نے کھانا کھایا، پھر جوں ہی باہر نکلے دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ ایک جماعت کے ہمراہ تشریف لا رہے ہیں اور ہر لحاظ سے سب پر فائق ہیں۔ جب حضور ﷺ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: احمد ساری نیکی دفعتاً سمیٹنا چاہتے ہو؟ اپنے نفس پر نرمی کرو، تم پر لازم ہے کہ عبادت خداوندی اور خدمت طلبہ کا شرف حاصل کرلو، صرف تمہارے پہلے ساتھی تمہارے ساتھ رہ جائیں گے، مجھ پر بکثرت درود پڑھا کرو، تمہارے لیے سب بہتری ہی بہتری ہے۔ پھر میں بیدار ہو گیا۔ (الفکر الاعتبار)۔

marfat.com
Marfat.com

۷۱۔ اردو کے صاحب طرز مشہور و معروف ادیب حضرت خواجہ حسن نظامیؒ دلی والے کی آپ بیتی پہلی بار ۱۳۴۸ھ مطابق ۱۹۲۹ء میں شائع ہوئی تھی۔ یہ خواب وہیں سے پیش کیا جا رہا ہے:۔

میری عمر دس سال تھی۔ رات کو خواب دیکھا کہ میں ایک پہاڑ پر ہوں۔ صبح صادق کا وقت ہے اور کچھ لوگ حلقہ بنائے ہوئے اس پہاڑ پر کھڑے ہیں جن کے وسط میں ایک صاحب ہیں، جن کو لوگ کہتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ ہیں۔ میں آدمیوں کا حلقہ چیر کر اندر گھس گیا اور حضور اقدس ﷺ کے چہرۂ انور کو دیکھنے لگا۔ میں نے دیکھا کہ اس وقت تک سورج نہیں نکلا ہے مگر حضور انور ﷺ کے چہرۂ مبارک پر دھوپ آ رہی ہے۔ میں بے تاب ہو گیا اور میں نے اپنے دونوں ہاتھ پھیلا دیئے اور اُچک اُچک کر آپؐ کے چہرۂ مبارک پر چمکتی دھوپ روکنے لگا، چونکہ میرا قد چھوٹا تھا اس لیے ہاتھ چہرے تک نہ جا سکتے تھے، لیکن بار بار اچکنے سے میرا قد اونچا ہو گیا اور میں نے اپنے ہاتھوں سے حضور اقدس ﷺ کے چہرۂ مبارک سے دھوپ روک لی، جب دھوپ رک گئی تو میں بہت خوش ہوا اور حضور اقدس ﷺ نے تبسّم فرما کر مجھے دیکھا۔ جس سے میں نے محسوس کیا کہ آپؐ میری اس خدمت سے خوش ہوئے ہیں۔ صبح میں نے اپنا یہ خواب اپنے استاد مرحوم حضرت مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کو سنایا۔ انہوں نے فرمایا: تمہارے ہاتھوں دینِ اسلام کا کوئی رخنہ درست ہو گا اور وہ ایسا رخنہ ہو گا جس سے حضور سرورِ کائنات ﷺ کی روحِ مطہر کو اذیت ہو رہی ہو گی۔ ایسا ہی ہوا۔ خواجہ صاحب اپنے دور کے نامور مسلمان تھے اور انتہا درجہ پہلو دار شخصیت کے مالک تھے۔ آپ کی دینی خدمات بھی نہایت نمایاں ہیں۔

۷۲۔ مدینہ منورہ میں ایک صاحب نسبت بزرگ نے خواب میں حضور ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ کی طرف سے حضرت مولانا مفتی محمود صاحب کو ان الفاظ میں پیغام بشارت دیا گیا۔ (عربی کے اس پیغام کا اردو ترجمہ) "میری طرف سے آپ کو سلام کہیں، ہر معاملے میں اللہ سے قوت و طاقت کے طلب گار ہوں، ہمیشہ حق بات کہیں، اللہ تعالیٰ سچ اور حق کہتا ہے اور وہی صحیح راستے کی رہنمائی کرتا ہے۔" جناب قاری سعید الرحمٰن (راولپنڈی) نے جب مفتی صاحب سے عرض کیا کہ سفرنامے میں اس کو شائع کیا جائے تو پہلے کچھ نہ کہا، جب ریاض جانے کے لیے مدینہ منورہ ائیرپورٹ کی طرف جا رہے تھے تو از خود فرمایا کہ اس خواب کو مت لکھو، اس سے خود ستائی کا پہلو نہ نکل آئے (قومی ڈائجسٹ، لاہور۔ فروری ۱۹۸۱ء صفحہ ۱۷۸)۔ بقول جناب مجیب الرحمٰن شامی "وزیر اعلیٰ مگر چٹائی سے سروکار، تکلفات سے بیزار، بوریے پر دربار،

marfat.com
Marfat.com

عجب صاحب اختیار، غلام احمدؒ مختار۔"

مفتی صاحب صوبہ سرحد کے وزیراعلیٰ تھے۔ وزارت عالیہ کے دوران بھی آپ کے رہن سہن، طرزِ ملاقات اور اسلوب معاشرت میں ذرہ برابر فرق نہ آیا۔ اپنی سرکاری مصروفیات کے باوجود روزانہ سینکڑوں افراد سے ملاقات کر کے ان کے مسائل حل کرتے تھے۔ مہمان نوازی کا بھی وہی انداز برقرار رہا جو پٹھانوں کی روایت میں شامل ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو مفتی صاحب کی سی شاندار زندگی اور شاندار موت عطا فرمائے۔ آپ نے جو اصلاحی قدم اٹھائے ان میں سے چند یہ ہیں:-

۱۔ شراب کے استعمال پر مکمل پابندی
۲۔ اردو کو سرحد کی سرکاری زبان قرار دیا
۳۔ جہیز پر پابندی
۴۔ سرکاری لباس قمیص اور شلوار
۵۔ جمعہ کو ہفتہ وار تعطیل
۶۔ قمار بازی پر سختی سے پابندی
۷۔ احترام رمضان پر سختی سے عمل
۸۔ قرآنی تعلیمات عام کرنے کے لیے مدرسوں میں خصوصی انتظامات
۹۔ غریب طلباء کیلئے وظائف
۱۰۔ عربی مدارس کے فارغ التحصیل طلباء کے لیے یونیورسٹیوں میں داخلے کی اجازت
۱۱۔ غریب زمینداروں کو تقاوی قرضوں پر سُود کے لین دین پر پابندی وغیرہ

۷۳۔ مفتیٔ دمشق حامد آفندیؒ ایک مرتبہ سخت مشکلات میں مبتلا ہو گئے۔ وہاں کا وزیر ان کا سخت دشمن ہو گیا۔ ایک رات سخت بے چینی تھی کہ آنکھ لگ گئی اور حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے ان کو تسلی دی اور یہ درود شریف سکھایا کہ جب تو اسے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ تیری مشکل حل کر دے گا۔ آنکھ کھل گئی۔ یہ درود شریف پڑھا تو مشکل حل ہو گئی۔ وہ درود شریف یہ ہے:

اللهم صلی و سلم و بارك علی سید نا محمد قد ضاقت حیلتی ادرکنی یا رسول الله

(ترجمہ) یا اللہ! ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر درود وسلام اور برکتیں بھیج۔ یا رسول اللہ (ﷺ)! دستگیری فرمایئے، میں اپنے حیلہ اور کوششوں میں ناکام ہو چکا ہوں")۔

marfat.com
Marfat.com

اکابرین ملت نے اکثر مشکلات میں اس کو پڑھا ہے۔ فتاویٰ شامی کے مولف علامہ سید ابن عابدینؒ کے ثبت میں اس کی باضابطہ سند موجود ہے (نفس صفحہ ۱۵۴)۔

پڑھنے کا طریقہ = نماز عشاء کے بعد تازہ وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ اخلاص (قل ھو اللہ احد......)۔ بعد سلام ایسی جگہ بیٹھے جہاں سونا ہو اور صدق دل سے ایک ہزار مرتبہ استغفار پڑھے "استغفر اللہ العظیم۔" پھر دوزانو مؤدب بیٹھ کر یہ تصور کرے کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہو کر عرض کر رہا ہوں اور کامل توجہ کے ساتھ مذکورہ بالا درود شریف (صلوٰۃ حل المشکلات) پڑھنا شروع کرے۔ پڑھتا رہے یہاں تک کہ نیند کا غلبہ ہو، تو اسی جگہ دائیں کروٹ قبلہ رخ سو جائے۔ پڑھتے وقت اپنی حاجت یا مشکل کا دھیان رکھے۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات یا تین راتوں میں مُراد بر آئے گی۔ (سیارہ ڈائجسٹ۔ "دعا نمبر۔" صفحہ ۲۶۴ تا ۲۶۵)۔

۷۴۔ The Divine Quran (جلد اول)۔۔ اس انگریزی ترجمہ کے مترجم الحاج سردار عبدالحمید ایک ستر سالہ بزرگ ہیں جو پہلے مشرقی پاکستان میں مقیم تھے۔ ان کا بیان ہے کہ ۱۹۵۸ء میں انہیں حضور اقدس ﷺ نے خواب میں حکم دیا کہ وہ قرآن مجید کا ترجمہ کریں۔ چنانچہ انہوں نے ڈھاکہ میں ایک مسجد کے دو کمرے کرائے پر حاصل کر کے یہ کام شروع کر دیا۔ مشرقی پاکستان میں لوٹ مار اور دہشت گردی کے دوران ان کا تمام مال و اسباب ضائع ہو گیا، پس ستمبر ۱۹۷۱ء میں وہ کراچی آگئے اور دوبارہ یہ کام شروع کر دیا۔ اس پیرانہ سالی میں وہ ترجمہ، ٹائپ اور پروف ریڈنگ وغیرہ خود تن تنہا کر رہے ہیں۔ انہیں امید ہے کہ وہ پورے قرآن کریم کا ترجمہ آئندہ تین سال میں کر لیں گے۔ سیارہ ڈائجسٹ شمارہ جنوری ۱۹۸۵ء نے ترجمے کی جلد اوّل جو پہلے پانچ پاروں پر مشتمل ہے تبصرہ کرتے لکھا ہے کہ ترجمہ نہایت سلیس اور آسان انگریزی میں ہے۔ پہلے ہر آیت کا عربی متن درج ہے، اس کے سامنے انگریزی ترجمہ اور نیچے حاشیے میں اس کی تشریح کی گئی ہے۔ اسے "دار لسلام۔ ۵۔ ای۔ ۸ پاپوش نگر۔ کراچی ۱۸" نے شائع کیا ہے۔ ۱۷۲ صفحات اور ۸۱ روپیہ ہدیہ ہے۔

اللہ کرے سردار صاحب حیات ہوں اور مکمل ترجمہ شائع ہو چکا ہو۔ خواہش مند حضرات مذکورہ بالا پتے پر ناشر سے دریافت کریں۔

۷۵۔ حضرت مولانا محمد ایوب دہلویؒ ایک مرتبہ جناب ملّا واحدی سے اس قدر ناراض ہوئے کہ لکھا کہ مجھے آپ کی سیادت میں شک ہے جناب ملّا واحدی نے کہلوا دیا کہ آپ کو حضور

marfat.com
Marfat.com

سرور کائنات ﷺ کی زیارت اکثر ہوتی ہے۔ اب ہو تو میری سیادت کی بابت آپؐ سے دریافت کرلیں، اگر آپؐ نے میرے سیّد ہونے کی تصدیق نہ فرمائی تو میں آئندہ اپنے تئیں سیّد نہیں کہوں گا۔ دوسرے ہی دن حکیم احمد حسن خان جو حکیم محمد سعید ستارۂ امتیاز کے طبّی نائبین میں ہیں، جناب ملّا واحدی کے پاس مولانا محمد ایوب دہلویؒ کا خط لے کر آئے جس میں تحریر تھا کہ لمبی زیارت ہوئی۔ تم اور میر انوار احمد دونوں سیّد ہو۔ میں آج یا کل تم سے ملوں گا۔ (ہمدرد ڈائجسٹ صفحہ ۲۴۔ دسمبر ۱۹۷۰ء شمسی۔ مدیر: حکیم محمد سعید ناظم آباد، کراچی)۔

جناب ملّا واحدی لکھتے ہیں کہ مجھے چودھویں صدی ہجری کے بڑے بڑے علماء و مشائخ سے شرف نیاز مندی رہا۔ میں نے علم کے سمندر کا غوطہ خور عالم اور غزالی صفت درویش مولانا محمد ایوب سے بڑھ کر نہیں پایا۔ مولانا دین کی تجارت نہیں کرتے تھے نہ مولویت کو پیشہ بنایا تھا۔ علم ان پر نازل ہوتا تھا۔ ان کا علم اکتسابی نہیں وہبی تھا۔ مولانا کھانے کے شوقین اور کھانا پکانے کے ماہر تھے۔ فریسکو کے مالک حافظ محمد سعید مولانا کے بھتیجے ہیں۔ ان کی دکان کی مٹھائیاں بہترین ہوتی ہیں۔ مولانا محمد ایوب نے ۴ شوال ۱۳۸۹ھ میں بمقام کراچی رحلت فرمائی۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

۷۶۔ امام شرف الدین محمد بن سعید بوصیریؒ ایک عارف باللہ اور عاشق رسول اللہ ﷺ تھے۔ آپ کی ابتدائی زندگی شعروشاعری اور دنیاداری میں گزری تھی۔ ابتدا میں وہ ایک قصیدہ گو درباری شاعر تھے لیکن تھے سعید الفطرت۔ وقت آیا تو ایک جملے سے ان کی زندگی میں انقلاب آگیا۔ مدح سرا اور ہجو گو یہ درباری شاعر ایک روز دربار شاہی سے گھر واپس جا رہے تھے کہ راہ میں ایک بزرگ نے ان سے کہا کہ آج رات تمہیں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہونی ہے۔ امام بوصیری نے یہ سن کر جواب دیا کہ میں کہاں اور یہ سعادت عظمیٰ کہاں؟ لیکن ان کے نہاں خانۂ دل میں یہ جملہ عشق رسول اللہ ﷺ کی جوت جگا گیا۔ سوئے تو خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ اپنے صحابہ اکرامؓ کے جلو میں تشریف لائے ہیں جیسے کہ مہر جہاں تاب ماہ و نجوم کے جھرمٹ میں ہوتا ہے۔ بیدار ہوئے تو دل عشق رسول اللہ ﷺ کے کیف و سرور سے مسرور و معمور تھا، پھر یہ شیفتگی بڑھتی چلی گئی اور آپ نے شانِ رسالت مآب ﷺ میں مفریہ اور ہمزیہ جیسے قصائد کہے اور قصیدۂ بردہ شریف نے تو آپ کو زندۂ جاوید بنادیا۔ (برکات بردہ از علامہ فضل احمد عارف۔ نذیر سنز۔ پبلشرز۔ لاہور۔ صفحہ ۲۹ تا ۳۰)۔

مولائی صل وسلم دائما ابداً — علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۷۷۔ ایک دین دار خاتون نے خواب دیکھا کہ حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوریؒ آگئے

marfat.com
Marfat.com

آگے جا رہے ہیں اور حضرت رسول اللہ ﷺ پیچھے پیچھے (اپنے گھر کے سامنے سے گذر رہے ہیں)۔ جب اس کی تعبیر شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیر الدین غورغشتیؒ سے دریافت کی گئی تو آپ نے فرمایا کہ اس میں حضرت رسول اللہ ﷺ نے یہ ظاہر فرمایا ہے کہ مولانا کامل پوری کا طریقہ مجھے پسند ہے، پھر حضرت شیخ الحدیث نے بطور مثال فرمایا کہ جیسے مولانا صاحب کی طبیعت میں خاموشی تھی تو یہ چیز اور ایسی ہی آپ کی دوسری عادات حضرت رسول اللہ ﷺ کو پسند تھیں۔ یہ خواب حضرت مولانا کامل پوریؒ کے وصال کے بعد دیکھا گیا تھا (تجلیات رحمانی یعنی سوانح حیات حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوریؒ مرتبہ قاری سعید الرحمٰن، جامعہ اسلامیہ، راولپنڈی۔ صفحہ ۴۳۴)۔

حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوریؒ ۲۷ اگست ۱۸۸۲ء کو بمقام بہبودی (ضلع کیمبل پور) میں پیدا ہوئے اور علم و تقویٰ کے باعث کیمبل پوری کی بجائے کامل پوری مشہور ہوئے۔ آپ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے خلیفہ اور سابق صدر المدرسین مظاہر العلوم (دیوبند ثانی) سہارنپور (یو۔پی، بھارت) کی حیثیت سے خصوصی طور پر مشہور ہوئے۔ تمام عمر درس و تدریس میں گذری۔ ۲۱ دسمبر ۱۹۶۵ء کو وصال فرمایا اور قبرستان بہبودی میں اونچی ڈھری پر سڑک کے قریب دفن کر دیئے گئے۔ اس علاقہ میں اس سے پہلے اتنا بڑا جنازہ نہیں دیکھا گیا تھا۔ حضرت مولانا نصیر الدین (ملا نصیر اخوندؒ) نے نماز جنازہ پڑھائی تھی۔

۷۸۔ ایک صالح اور دیندار شخص حافظ فردوس نے خواب میں دیکھا کہ بہبودی کے غربی محلہ کی کسی جگہ پر ہوں کہ اچانک ڈھول باجے بجتے ہوئے آگئے۔ میں وہاں سے دوڑتا ہوا نکل گیا۔ اسی خواب میں سمجھتا ہوں کہ دوسرا دن ہے کہ میں پھر اسی جگہ ہوں اور پھر یہی سلسلہ شروع ہوا تو میں وہاں سے بھاگنے لگا۔ راستہ میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ چند بزرگوں کے ہمراہ ہیں۔ ان بزرگوں نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ یہ یہاں سے گانے بجانے کی وجہ سے بھاگتا ہے۔ آگے گیا تو حضرت مولانا عبدالرحمٰن کامل پوریؒ کو دیکھا جو مجھے اپنی بیٹھک میں لے گئے (تجلیات رحمانی صفحہ ۴۳۵)۔

۷۹۔ شیخ القرآن پیر محمد عبدالغفور چشتی ہزارویؒ نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ میدانِ قیامت ہے، نفسانفسی کا عالم ہے اور لوگ بڑی تکلیف میں مبتلا ہیں۔ میں خود حیران و پریشان ہوں کہ اتنے میں حضرت رسول اللہ ﷺ حضرت صدیق اکبرؓ کے ہمراہ تشریف لاتے ہیں اور مجھے فرماتے ہیں کہ چلو جنت کو چلیں اور میں ان کے ہمراہ ہو لیا ("حضرت شیخ القرآن"

marfat.com
Marfat.com

از رانا منظور احمد خان صفحہ ۴۸)۔

۸۰۔ ایک شب جمعرات قبلہ عالم شیخ القرآن پیر محمد عبدالغفور چشتی ہزارویؒ نے خواب میں دیکھا کہ حضور انور ﷺ تشریف لا رہے ہیں۔ آپ نے آگے بڑھ کر حضور اقدس ﷺ کے قدموں پر سر رکھ دیا اور یہ مصرع پڑھا

سرِ من فدائے راہے کہ سوار خواہی آمد

ترجمہ =(میرا سر اس راستہ پر قربان ہو جائے جس راستہ سے آپؐ سوار ہو کر تشریف لائے ہیں) یا رسول اللہ (ﷺ)! میری جان آپؐ پر قربان، میرا جسم آپؐ پر قربان، میرے ماں باپ آپؐ پر قربان۔ اس کے بعد حضور اقدس ﷺ امامت کے واسطے مصلّے پر تشریف لے گئے تو قبلہ عالم ہزارویؒ بھی آپؐ کے پیچھے آخری صف میں شامل ہو گئے۔ آپ نے دیکھا کہ حضور انور ﷺ کی گردن مبارک سب مقتدیوں سے بلند تھی۔ نماز کے بعد حضور اقدس ﷺ حضرت ہزارویؒ کی طرف تشریف لائے۔ موزے پہنے ہوئے تھے۔ آپؐ نے شیخ القرآن حضرت ہزارویؒ کو داہنے ہاتھ کی کلائی سے پکڑا اور فرمایا: جنت میں جانا ہے؟ حضرت ہزارویؒ نے فرمایا: حضور (ﷺ)! میری جنت تو آپؐ ہی ہیں، آگے آپؐ کی مرضی۔ حضرت ہزارویؒ نے جنت کی دیواریں دیکھیں اور عرض کیا کہ ان دیواروں سے کیسے گذروں گا؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: میرے ساتھ ہوتے ہوئے ان دیواروں کی فکر ہے؟ پھر پتہ نہیں کیسے گذر گئے۔ اس کے بعد آنکھ کھل گئی ("حضرت شیخ القرآن" یعنی حضرت پیر محمد عبدالغفور چشتی ہزارویؒ کے حالات زندگی معہ خطبات از رانا منظور احمد خان ایم اے، اسٹار پریس، ریلوے روڈ، وزیر آباد۔ صفحہ ۱۲۹ تا ۱۳۰)۔

شیخ القرآن پیر محمد عبدالغفور ہزارویؒ یکم اپریل ۱۹۱۰ء بروز جمعہ مولانا عبدالحمید ہزارویؒ کے گھر موضع چمبہ تحصیل ہزارہ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم والد سے حاصل کر کے دیوبند پہنچے لیکن وہاں امتحانات شروع ہو چکے تھے اور مدرسے میں داخلے کی گنجائش نہ تھی۔ پس دہلی کے جامع العلوم میں داخلہ لیا اور پھر وہاں سے دارالعلوم بریلی میں اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خانؒ کے صاحبزادے مولانا حامد رضا خانؒ کے شاگرد بنے۔ بریلی سے فارغ ہو کر گجرات (پنجاب) میں سیّد پیر ولایت علی شاہؒ کے مدرسہ میں بطور معلم کام کرنے لگے۔ تھوڑے عرصے بعد ۱۹۳۵ء میں وزیر آباد کی سب سے بڑی جامعہ مسجد میں خطیب مقرر ہوئے اور بقیہ زندگی وہیں گذار دی۔ حسب معمول فجر کی نماز کے بعد سیر کو نکلے اور ۱۹ اکتوبر ۱۹۷۰ء بروز جمعہ جی ٹی روڈ پر نالہ پلکھو کے قریب ایک ٹرک کی زد میں آکر شدید زخمی ہوئے۔ جانبر

marfat.com
Marfat.com

نہ ہو سکے اور کلمہ طیبہ کا ورد کرتے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ڈیڑھ لاکھ افراد نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔ بچپن ہی میں قبلہ عالم حضرت پیر مہر علی شاہ (پیر صاحب گولڑہ شریف) سے بیعت کر لی تھی۔ پیر صاحب سے آپ کو بے حد عقیدت تھی۔

۸۱۔ یہ نسخہ ایک خدا رسیدہ بزرگ کو حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے حفظ ماتقدم کے طور پر خواب میں عطا فرمایا تھا اور مشتہر کرنے کی تاکید کی تھی۔ ان گولیوں کو مفت تقسیم کرنا چاہئے۔ اس متبرک نسخہ کو ایک خاص فضیلت حاصل ہونے کا فخر حاصل ہے جو یوں ہے:۔

ھوالشافی = نیم کے سبز پتے یا پھول جو بالکل تازہ اور ہرے بھرے ہوں، چرائتہ، شاہترہ، یہ تینوں چیزیں ہم وزن لے کر علیحدہ علیحدہ رات بھر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح نیم کے پتے یا پھول اسی پانی میں باریک پیس کر اس میں شاہترہ اور چرائتہ ملا دیں اور آگ پر پکائیں۔ جب خوب گاڑھا ہو جائے تو اتار کو وزن کریں اور اس میں فی تولہ چار رتی کے حساب سے زعفران ملائیں۔ بس تیار ہے۔ اب چاہیں اسی طرح رکھیں یا گولیاں بنالیں۔

خوراک = یہ دوا تین ماشہ چینی میں لپیٹ کر کھائیں۔ تین دن کا استعمال ہی کافی ہے۔ طاعون کے علاوہ دوسرے امراض میں بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

(خواص نیم (پمفلٹ نمبر ۲۷) از استاذ الحکماء حکیم محمد عبد اللہ جہانیاں (ضلع ملتان) والے۔ صفحہ ۸۶ تا ۸۷۔ ادارہ مطبوعات سلیمان۔ اردو بازار۔ لاہور)۔

۸۲۔ ملک دینار گچکی ولد ملا مراد گچکی کا دور ذکریوں کے انتہائی عروج کا دور تھا۔ مسلمانوں کو نمازی کہہ کر قابل گردن زدنی سمجھتے تھے۔ کوئی مسلمان نمازی ذکری آبادیوں میں جا نہیں سکتا تھا۔ اگر کوئی پہنچ جاتا تو معلوم ہونے پر اس کو قتل کر دیا جاتا تھا۔ فرائض اسلام کی بجا آوری مشکل ہو گئی تھی اور مسلمان انتہائی مشکل میں پھنسے ہوئے تھے۔ ذکریوں کی معاندانہ، مرتدانہ اور اسلام دشمن حرکات دیکھ کر حضرت شاہ فقیر اللہ علوی ثم شکارپوری کو سخت صدمہ تھا۔ ہر وقت اس بات کے خواہاں تھے کہ کوئی مسلمان حکمران ذکریوں کے ان علاقوں کو فتح کر کے اسلام کا بول بالا کرے اور ذکریوں کو کفر سے نکال کر زیور اسلام سے آراستہ کرے۔ چنانچہ ۱۱۶۲ھ مطابق ۱۷۴۸ء کو جب آپ حج بیت اللہ کے لئے حرمین شریفین تشریف لے گئے تو مواجہ شریف پہنچ کر ذکریوں سے نجات اور اسلام کے غلبہ کے لیے دعا کی۔ حضور انور ﷺ نے وہیں آپ کو بشارت دی کہ میر عبد اللہ خان براہوئی قلاتی کی اولاد میں سے کسی ایک کے ہاتھوں اللہ تعالیٰ اسلام کو غلبہ عطا فرمائے گا۔

تاریخ شاہد ہے کہ اس بشارت کے مصداق مجاہد عظیم، بطل جلیل، میر نصیر خان

marfat.com
Marfat.com

نوری ولد میر عبداللہ خان براہوئی قلاتی ٹھہرے۔ آپ حضرت شاہ فقیر اللہ علویؒ کے عقیدت مندوں میں سے تھے۔ آپ کے دور میں ذکریت بام عروج پر تھی۔ ذکریوں کا حکمران ملک دینار گچکی تھا اور وہی ذکری مذہب کا خلیفہ بھی تھا۔

اسی زمانہ میں حضور اقدس ﷺ نے خواب میں حکم فرمایا "اے نصیر خان! اٹھو اور ذکریوں کے خلاف اسلام کی سربلندی کے لیے جہاد کرو، اللہ تمہارا حامی وناصر ہوگا۔"

چنانچہ میر نصیر خان نے اللہ کا نام لے کر جہاد کی تیاری شروع کر دی اور ۱۱۸۸ھ مطابق ۱۷۷۴ء میں ذکریوں کے دارالحکومت "تربت" کے قریب اپنے لشکر کے ساتھ پہنچ کر ملک دینار کو دعوت دی۔ ذکری میر نصیر خان کے شہر پر حملہ نہ کرنے کو ان کی بزدلی اور ملک دینار کی کرامت سمجھے اور اس رات ذکریوں نے چوگان کھیلتے ہوئے۔ یہ شعر پڑھا:

؎ دین داعی چونکہ برمایار شد   تخت مکران بر ملک دینا رشد

(ترجمہ) جب ہمارے دین کے داعی نے ہماری مدد کی۔ مکران کی حکومت ملک دینار کے لیے ہو گئی۔

میر نصیر خان نے اس شعر کو نوٹ کیا اور مجبور ہو کر بالآخر ملک دینار کے مقابلے کے لیے نکلا اور شکست دے کر اسے گرفتار کر لیا۔ تین دن تک اس کو دعوت اسلام دی گئی مگر وہ کٹر بے دین اسلام کا انکار کرتا رہا۔ اس کا بڑھاپا بھی تھا، آخر کار اسکا سر قلم کر دیا گیا اور سر قلم کرتے وقت میر نصیر خان نے یہ شعر پڑھا:

؎ دین احمدؐ چونکہ برمایار شد   طوق لعنت برملک دینار شد

(ترجمہ) حضرت احمد (ﷺ) کے دین نے ہماری مدد کی۔ لعنت کا پھندا ملک دینار کی گردن میں پڑا۔

خان آف قلات وسابق گورنر بلوچستان میر احمد یار خاں مرحوم لکھتے ہیں: "میر نصیر خان نوری نے پورے دور حکومت میں تلوار ہاتھ میں لے کر بے شمار محاذوں پر جذبہ، جہاد اور شجاعت و بہادری کے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ خواب میں حضور اکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور اشارہ پاکر دین اسلام کی تبلیغ اور بلوچستان کے ذکری فرقے کی بیخ کنی کے اقدامات کیے اور قدم قدم پر کامرانی و سرخروئی نے ان کا ساتھ دیا۔ ان اقدامات اور کارناموں سے متاثر ہو کر خلافت ترکیہ نے ان کو "غازی دین" اور "ناصر ملت محمدیہ" جیسے مہتم بالشان خطابات عطا کیے۔ (تاریخ خوانین بلوچ صفحہ ۴۶) (مختصر تاریخ۔ قوم بلوچ وخوانین بلوچ صفحہ ۴۳) (ذکری مذہب اور اسلام از مولوی عبدالمجید بن مولوی محمد اسحٰق۔ صدیقی

marfat.com
Marfat.com

ٹرسٹ کراچی۔ صفحہ ۲۹ تا ۳۲ سے ماخوذ)۔

۸۳۔ مولانا شاہ محمد لکھتے ہیں کہ ۱۹۴۴ء کے لگ بھگ میں ضلع جھنگ میں جامعہ محمدی کا میں طالب علم تھا، بعد میں مدرسہ قاسم العلوم، ملتان میں داخل ہوا، جہاں سید عطاءاللہ شاہ بخاریؒ ہمارے استاد تھے۔ آپ نے ایک مرتبہ فرمایا: مودودی بہت وضعدار آدمی ہے۔ ایک مرتبہ کسی نے مولانا سے عرض کیا کہ مولانا غلام غوث ہزاروی آپ کے اہل خاندان کے بارے میں اس قسم کی باتیں کرتے ہیں۔ آپ اس کو جواب کیوں نہیں دیتے؟ اس پر آپ نے فرمایا: "ہمارے خاندان میں یہ زبان استعمال نہیں ہوتی۔" اپنے بدترین مخالف کے بارے میں مولانا کے یہ سخت ترین الفاظ تھے۔ مولانا قرآنی آیات کا بہت زیادہ ادب واحترام کرتے تھے۔ جن دنوں بیمار تھے۔ میں نے ان سے تفسیر قرطبی کے ایک عمل کا ذکر کیا جو لاعلاج مرض کے لیے ہے اور پندرھویں پارے کی سورۂ بنی اسرائیل میں اس کا ذکر ہے۔ میں نے مولانا کو وہ عمل شروع کرنے کی ترغیب دلائی تو آپ نے جواب دیا: "میں یہ تصور بھی نہیں کرسکتا کہ قرآن پاک کی آیت پانی میں گھولی جائے اور میں اس سے نہاؤں، میرے لیے مرض میں مبتلا رہنا اس سے کہیں بہتر ہے۔"

مولانا خواب کی بہت اچھی تعبیر بتایا کرتے تھے۔ ۱۹۶۸ء میں میں نے خواب دیکھا کہ ایک وسیع و عریض میدان میں کوئی شخص پاؤں پھیلائے بیٹھا ہے۔ میرے رفیق مولانا عبدالرحمن میرے ساتھ تھے۔ میں نے ان سے پوچھا: یہ شخص کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: "یہ شخص محسن انسانیت (ﷺ) ہیں۔" میں فوراً آپؐ کے قدموں میں گر گیا اور دریافت کیا "یا رسول اللہ (ﷺ)! ہم نے آپؐ کا جو حلیہ پڑھا اور سنا ہے یہ تو اس سے مختلف ہے۔" اس پر آپؐ نے فرمایا: "میں غلام احمد پرویز کی وجہ سے تکلیف میں ہوں۔"

میں دراصل ان دنوں پرویز صاحب کا درس سننے جایا کرتا تھا جو میری مسجد (ان دنوں مولانا شاہ محمد، جامعہ مسجد گلبرگ بی بلاک، لاہور کے امام تھے) کے قریب ہی رہتے تھے اور ان کے خیالات سے میں خاصا متاثر تھا۔ میں نے اس خواب کی تعبیر حضرت مولانا مودودیؒ سے پوچھی تو آپ نے فرمایا: "آپ حج کریں گے۔" میں نے اپنے مالی حالات بیان کرتے ہوئے کہا کہ حج پر جانے کا دور دور امکان دکھائی نہیں دیتا، اس پر مولانا نے فرمایا: "اللہ کارساز ہے۔" چند ہی دن بعد لاہور ری رولنگ ملز کے مالک میاں محمد اسلم نے نماز جمعہ کے بعد مجھ سے پوچھا: "آپ کا حج کے بارے میں کیا ارادہ ہے؟"۔ میں نے کہا: "کس مسلمان کی یہ آرزو نہیں کہ وہ حج کرے۔" یہ سن کر وہ چلے گئے اور شام کو میرے نام ایک چیک بھیج دیا اور

marfat.com
Marfat.com

اس طرح میں حج کی سعادت سے فیض یاب ہوا (اردو ڈائجسٹ "قائد انقلاب سید مودودی نمبر۔ ستمبر ۱۹۸۱ء صفحہ ۱۵۲ تا ۱۵۳)۔

۸۴۔ حضرت علیؓ کے دور خلافت میں حضرت حسن بن علیؓ نے ایک خطبے کے دوران اپنا ایک خواب بیان کیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس عالم اسباب میں جو کچھ ہوتا ہے اس کی ایک ظاہری شکل ہوتی ہے اور ایک باطنی حقیقت ہوتی ہے۔ حضرت حسنؓ نے فرمایا:

"لوگو! میں نے کل رات ایک عجیب و غریب خواب دیکھا۔ میں دیکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی عدالت لگی ہوئی ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ تشریف لاتے ہیں اور عرش کا ایک پایہ پکڑ کر کھڑے ہو جاتے ہیں، پھر حضرت ابو بکرؓ آتے ہیں اور حضور ﷺ کے شانہ مبارک پر اپنا ہاتھ رکھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں، پھر حضرت عمرؓ آتے ہیں اور وہ حضرت ابو بکرؓ کے شانہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں، پھر اچانک حضرت عثمانؓ اس حال میں آتے ہیں کہ ان کا کٹا ہوا سر ان کے ہاتھوں پر رکھا ہوتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں فریاد کناں ہوتے ہیں کہ اے پروردگار! اپنے ان بندوں سے جو تیرے نبی آخر الزماں ﷺ کے نام لیوا ہیں اور خود کو مسلمان کہتے ہیں، ان سے پوچھا جائے کہ مجھے کس گناہ کی پاداش میں قتل کیا گیا؟ میرا آخر کیا گناہ تھا؟ کون سا جرم تھا جس کے بدلے میں میرا سر کاٹا گیا؟۔" اس کے بعد حضرت حسنؓ بیان کرتے ہیں حضرت عثمانؓ کی اس فریاد پر میں نے دیکھا کہ عرش الٰہی تھرایا اور آسمان سے خون کے دو پرنالے جاری کر دیئے گئے جو زمین پر خون برسانے لگے۔"

(ماہنامہ قومی ڈائجسٹ۔ لاہور مارچ ۱۹۸۴ء کا "حضرت عثمان غنیؓ" نمبر۔ صفحہ ۲۱۰)۔

۸۵۔ جولائی ۱۹۷۰ء میں منارہ ضلع جہلم (اب چکوال) میں جماعت کے اجتماع کے موقع پر ایک دن دربار نبوی ﷺ میں حج کا معاملہ پیش ہوا۔ عرض کیا: حضور (ﷺ) مروجہ قانون کے مطابق بحری راستے سے بلاد عرب آنا مشکل ہے، کئی مرتبہ درخواستیں دیں مگر قرعہ اندازی میں نام نہیں آیا۔ اس پر حضرت رسول ﷺ نے فرمایا: اس دفعہ ضرور آؤ خواہ کوئی راستہ اختیار کرنا پڑے۔ چنانچہ اعلیٰ حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب نے فرمایا: "پاسپورٹ تیار کراؤ اور قرعہ اندازی کا خیال چھوڑ دو۔ اب تو بلاوا آگیا ہے، اس لیے جانا ضرور ہے۔" ۲۵ جنوری ۱۹۷۱ء عصر کے قریب مکہ مکرمہ پہنچ کر حرم شریف میں داخل ہوئے تو آواز آئی "مرحبا۔ اھلاً و سھلاً۔" اس آواز کو چند دوسرے ساتھیوں نے بھی سنا۔

ایک روز حرم میں بیٹھے تھے تو حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب نے فرمایا: "مطاف میں بے شمار انبیاؑ کے انوار نظر آتے ہیں،" پھر فرمایا: "غالباً ۹۹ انبیاؑ یہاں مدفون ہیں (تفسیر

marfat.com
Marfat.com

مظہری جلد ۳ صفحہ ۳۶۹)۔ بیت العتیق کی تعمیر اور چاہ زم زم کے جاری ہونے سے پہلے یہاں تشریف لائے اور یہیں وصال فرمایا۔ معلوم ہوتا ہے کہ جن انبیا کی قوموں پر عذاب الٰہی نازل ہوا، نزول عذاب سے پہلے وہ یہاں چلے آئے اور یہیں داعی اجل کو لبیک کہا۔ فرمایا: "کوئی پندرہ صاحب کتاب رسول ہیں۔ باب کعبہ سے مقام ابراہیم تک ایک قطار میں بہت سے انبیاء کے انوار نظر آتے ہیں۔ باب کعبہ کے عین نیچے حضرت ہود علیہ السلام دفن ہیں۔ مقام ابراہیم سے متصل حضرت صالح علیہ السلام ہیں۔ رکن یمانی سے حجر اسود کی طرف کوئی تین گز کے فاصلے پر حضرت داؤد علیہ السلام کا مدفن ہے۔ حطیم میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور حضرت ہاجرہ علیہما السلام مدفون ہیں۔" جنت المعلیٰ جاتے ہوئے پُل کے قریب پہنچے تو حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے آواز دی، پھر ہر طرف سے آوازیں آئیں۔ مرحبا! مرحبا! ایک جگہ کھڑے ہو کر فاتحہ پڑھی اور تمام ارواح کو ایصال ثواب کیا۔ پھر حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے مزار پر گئے۔ ان کے ساتھ ہی حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کی قبر ہے۔ دیکھا کہ کافی شیعہ حضرات سیاہ لباس میں ملبوس وہاں جمع ہیں۔ نور بصیرت سے دیکھا تو دونوں قبریں خالی پڑی ہیں۔ دونوں حضرات علیحدہ چلے گئے ہیں۔ اس کی وجہ شیعہ حضرات کی موجودگی تھی۔ فرمایا: کہ رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان کی جگہ دیکھو۔ رکن یمانی سے تیسرے اور چوتھے مصلے کے درمیان جو سفید جگہ ہے یہاں حضور انور ﷺ تیرہ سال ذکر الٰہی میں مشغول رہے تھے۔ حضور اکرم ﷺ کے انوار کی بارش ہو رہی ہے۔ حرم میں نماز کے لیے جو جگہ منتخب کی وہاں شام کو مجلس ذکر ہوئی۔ جب مراقبہ میں مسجدِ نبویؐ پہنچے تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ نماز کے لیے اس جگہ کا تعین اور قیام کے لیے مکان کا انتخاب یوں اتفاقاً ہی نہیں ہوا بلکہ سنت کی پیروی کرانا مقصود تھی۔ نماز کی جگہ وہ ہے جہاں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور حضرت ہاجرہ علیہا السلام پہلی مرتبہ آ کر اترے تھے اور مکان سے سنت صدیقی کی پیروی کرانی تھی کہ وہ اسی راستے سے حرم میں آتے تھے۔ یہ اس لیے ہوا کہ ان سے تمہارا قلبی تعلق اور پختہ ہو۔ مسجد خیف گئے۔ اس کی محراب کے پیچھے حضرت آدم علیہ السلام دفن ہیں۔ قبلہ رو ہو کر دیکھا جائے تو محراب کے بائیں جانب مسجد کی دیوار سے باہر مدفن متصل ہے۔ (مسجد خیف مسالک ملا علی القاری صفحہ ۱۵۷ وفیہ قبر آدم علیہ السلام)۔

پہاڑ سے متصل مسجد کی دیوار کے ساتھ بارہ انبیاء علیہ السلام دفن ہیں، جن میں پانچ صاحب کتاب ہیں۔ آخری کونے سے آواز آئی "انا نوح۔" وہاں گئے اور دیر تک مراقبہ کیا اور حضرت نوح علیہ السلام سے کلام ہوتا رہا۔ آپ نے فرمایا: "مفسرین قرآن نے میری قبر کی

marfat.com
Marfat.com

نشاندہی جو مختلف مقامات پر کی ہے، بالکل غلط ہے۔" جبل رحمت پر جہاں مینار بنا ہوا ہے اس کے پاس ہی ایک صاحبِ کتاب رسول دفن ہیں۔ اس مینار کی جگہ حضرت آدمؑ کو یہ کلمات سکھائے گئے تھے: "ربنا ظلمنا انفسنا......الخ (سورۃ الاعراف آیت ۲۳)۔

وقوفِ عرفات سے واپسی کے وقت حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب نے ہم سب سے فرمایا "مبارک ہو۔" (اسرار الحرمین یعنی ملفوظات اعلیٰ حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب دامت برکاتہم مرتبہ حافظ عبدالرزاق صاحب، الحسنات منزل، چکوال۔ صفحہ ۶۴ تا ۶۶)۔

۸۶۔ ۱۷ فروری بروز چہار شنبہ ۱۹۷۱ء بعد اشراق مسجد نبویؐ میں حاضری دی۔ حضور اقدس ﷺ کی پائنتی گیلری میں بیٹھ کر ذکر اور مراقبات کیے۔ دربار نبویؐ میں حاضری ہوئی تو حضور اقدس ﷺ کے فرمان کے مطابق جماعت میں موجود نو افراد کی تجدید بیعت ہوئی۔ پھر جنت البقیع حاضر ہوئے۔ حضرت ابو سعید خدریؓ کے مزار کے پاس گئے تو آپ نے فرمایا: اگر حالات اجازت دیتے تو تم لوگوں کو یہاں بیٹھنے کی دعوت دیتا۔ حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے مزار پر حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا: میرے بیٹو! تم سڑک سے پرے الگ کھڑے ہو جاؤ، یہاں روافض کا ہجوم ہے۔ عرض کیا: کچھ گفتگو کرنی ہے۔ فرمایا: "یہاں روافض کی نحوست برس رہی ہے، تمہاری گفتگو متاثر ہو گی، علیحدگی میں گفتگو کر لینا۔" جمعہ کے دن مسجد نبویؐ میں پہنچ کر حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں گزارشات کیں۔ آپؐ نے فرمایا: "حدیث میں جن لوگوں کا ذکر ہے ان سے تمسک کرنا، کتاب و سنت سے تمسک کرنا ہے۔" عرض کیا: ایک روایت میں کتاب اللہ کے بعد اہل بیتؑ کا ذکر ہے اور ایک روایت میں سنّت کا ذکر ہے۔ یا رسول اللہ (ﷺ)! ان میں تطابق کیسے ہو؟" آپؐ نے فرمایا: "اصل چیز کتاب کے بعد سنّت ہے مگر سنت احکام اور اعمال کے مجموعے کا نام ہے، جو لوگ میری سنت کے احکام اور اعمال کے مطابق زندگی ڈھال لیتے ہیں وہ در اصل سنت کی زندہ تفسیر ہوتے ہیں، اس لیے سنت اور حامل سنت کے ذکر میں کوئی تعرض نہیں اور اہل بیتؑ سے مراد چند مخصوص افراد نہیں ہیں بلکہ اس میں عموم ہے، خواہ ان کا مجھ سے خونی اور نسبی تعلق ہو یا نہ ہو، لہٰذا اہل بیتؑ سے مراد وہ تمام صحابہؓ اور میرے گھر کے لوگ ہیں جو میری سنت کے حامل ہیں، یہ سب اہل بیتؑ میں آتے ہیں۔"

عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! اہل بیتؑ کا لفظ قرآنی عرف میں ازواج اور گھر میں بالعموم رہنے والوں کیلئے بولا جاتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ "خاص کو عام شامل ہوتا ہے۔ عرف قرآنی میں ازواج اور عموماً گھر میں رہنے والوں کے لیے اہل بیت کا لفظ استعمال ہوا ہے خصوصاً، مگر عام امت میں سے جو متبعین کتاب و سنت ہیں وہ عموماً اہل بیت میں داخل ہیں۔" عرض کیا یا

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ (ﷺ)! شیعہ لوگ تو اس سے بارہ امام مراد لیتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: "اس تخصیص کا قرینہ کون سا ہے؟ اگر اہل بیت سے مراد نسبی اولاد ہی لی جائے تو میری اولاد میں سے صرف بارہ کو شامل کرنا اور باقی کو چھوڑ دینا اس کے بطلان کی دلیل ہے۔" عرض کیا: کیا اتباع سبیل المومنین چھوڑ دینے کا نام ہی رسولؐ کی مخالفت ہے اور اس کا نتیجہ جہنم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "یہ درست ہے۔" (سبیل المومنین وہی سابقون الاوّلون کا عمل ہے، پھر تابعین اور تبع تابعین کا طریقہ ہے، تو جس نے صحابہ اکرامؓ کا طریقہ چھوڑا وہ مخالف رسول (ﷺ) ہے اور اس کے لیے جہنم کی آگ تیار ہے، یہی اہل سنت والجماعت کا مذہب ہے جس پر نص صریح شاہد ہے)۔

حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں تو شروع سے ہی بساط بھر فتنوں کی روک تھام میں لگا ہوا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: "تمہاری تبلیغ اور دین کی طرف سے مدافعت کی رپورٹ مجھے پہنچتی رہتی ہے، میں اس سے بہت خوش ہوں، اللہ تمہاری مدد کرے گا، اصلاح خلق کے لیے تمہارا موجودہ طریقہ مجھے بڑا پسند ہے"۔ ہم مسجد قبا کی جنوبی سمت گئے تو دار کلثوم کے پاس ایک گنبد والا مکان نظر آیا۔ حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب نے فرمایا: "یہاں حضرت سعدؓ دفن ہیں۔" جبلِ اُحد پر گئے تو حضرت نے فرمایا کہ جبل الدماۃ پر درہ کے دائیں جانب حضرت ہارون علیہ السلام دفن ہیں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے حضرت مولانا اللہ یار خان صاحب سے فرمایا: "بڑی خوش نصیب ہے یہ جماعت جو آپ کی قیادت میں میری زیارت کو آئی ہے، انہیں وہ انعام دیا گیا جس کا شکر تمام عمر ادا نہیں کر سکتے۔" (اسرار الحرمین صفحہ ۶۷ تا ۷۷ سے ماخوذ)۔

مشاہدات = حرمین شریفین میں کچھ ایسے منظر دیکھنے میں آئے جنہیں دیکھ کر یہ احساس ہوا کہ اگر کسی ملک میں اسلامی قانون رائج ہو تو اس کی کم سے کم برکات یہ ہیں کہ انسان کی انفرادی اور سماجی زندگی اس اطمینان سے گذرتی ہے جس کے لیے انسانیت ترس رہی ہے۔

مثلاً گاڑی کے حادثہ میں کوئی جانی نقصان ہو جائے تو قانون کی رو سے کم از کم اٹھارہ ہزار ریال جرمانہ ادا کرنا ہوتا ہے اور وہ ڈرائیور پھر عمر بھر موٹر نہیں چلا سکتا۔ یہاں مجرم کو سرعام سزا دی جاتی ہے۔ قاضی فیصلہ سناتا ہے اور اگر مجرم قاتل ہے تو اس کی گردن اڑا دی جاتی ہے، اگر چور ہے ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان جرائم کی سزا کا جو یہ طریقہ رکھا ہے اس میں حکمت یہی ہے کہ وہاں جرائم بہت کم ہوتے ہیں۔ یہ اسلام کے قانون انصاف اور قانون سزا کی برکت ہے کہ وہاں لوگوں کی جان و مال اور عزت و آبرو محفوظ ہے۔

ایک روز مسجد نبویؐ میں روضہ مبارک کے نزدیک حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ

marfat.com
Marfat.com

عنہا کے پاس روافض کا ایک گروہ نعرہ بازی کرنے لگا۔ امام مسجد نے حکم دیا، سپاہی آگئے اور ڈنڈے مار مار کران کو وہاں سے نکال دیا۔ معلوم ہوا کہ یہاں امام کی حیثیت جج اور مجسٹریٹ کی ہے اور حضور انور علیہ کی بے ادبی کرنا گویا جرم قابل دست اندازی پولیس ہے۔ مسجد نبویؐ میں دفع صوت پر روافض کو جو سزا دی گئی اس سے معلوم ہوا کہ سعودیوں کا عقیدہ حیاۃ الانبیاءؑ کا ہے اور انکا یہ عقیدہ بھی ثابت ہوا کہ مسجد نبویؐ میں درود پڑھا جائے یا کسی قسم کی آواز بلند کی جائے تو اس کو نبی کریم علیہ خود سنتے ہیں ورنہ ان کو سزا نہ دی جاتی (اسرار الحرمین صفحہ ۷۸ تا ۸۰ سے ماخوذ)۔

۸۷۔ ایک صاحب کشف بزرگ نے سیّد الانبیاء علیہ کو قطب العالم حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا قدس سرہ کے متعلق امام عصر و برکۃ دہرہ کا خطاب دیتے سنا جس کا اثر محدث شہیر علامہ محمد یوسف بنوریؒ پر اس طرح ہوا کہ انہوں نے نام نامی کے ساتھ برکۃ الدھر لکھنا شروع کر دیا تھا (محبتیں حصہ اول یعنی محبوب العارفین قطب العالم حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا دامت برکاتہم سے اللہ کے محبوبوں کی محبتیں صفحہ ۴۹، مرتبہ محمد اقبال، ادارہ اسلامیات، ۱۹۰۔انار کلی، لاہور)۔

۸۸۔ ایک بزرگ نے مکاشفہ میں دیکھا کہ حضور اقدس علیہ فرما رہے ہیں کہ مجھے ان (حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا دامت برکاتہم) کی یہ ادا بہت پسند ہے کہ کوئی وقت ضائع نہیں کرتے (محبتیں حصہ اول صفحہ ۵۱)۔

حضرت شیخ الحدیث کے دادا عارف باللہ حضرت مولانا محمد اسمٰعیل قدس سرہ کو جب آپ کی ولادت کی خبر ملی تو زبان سے بے اختیار نکلا: "ہمارا بدل آگیا" اور اسی ماہ رحلت فرمائی۔ آپ کو سلوک کے اشغال اختیار کیے بغیر ہی سلوک کا منتہا "احسان" کا درجہ حاصل تھا۔ حضرت شیخ الحدیث کی تصانیف عالیہ اور تالیفات مبارکہ کی تعداد ایک سو کے قریب ہے۔ چوبیس گھنٹوں میں کوئی وقت ایسا نہیں گذرتا جس میں دنیا کے کسی نہ کسی ملک میں آپ کی کوئی نہ کوئی کتاب نہ پڑھی جاتی ہو۔ حضرت شیخ الحدیث ابن حضرت علامہ محمد یحیٰی کاندھلوی قدس سرہ کی ولادت باسعادت شب ۱۱ رمضان المبارک ۱۳۱۵ھ بعد تراویح بمقام کاندھلہ (یو۔پی، بھارت) ہوئی تھی۔ آپ نے یکم شعبان ۱۴۰۲ھ کو مدینہ طیبہ میں وصال فرمایا اور جنت البقیع میں دفن کیے گئے۔

۸۹۔ حضرت امام بخاریؒ جب ۱۷ سال کے ہوئے تو والدہ ماجدہ اور بڑے بھائی احمد کے ہمراہ حج کیا۔ مناسک حج ادا کرنے کے بعد مدینہ منورہ میں روضہ رسول (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و

marfat.com
Marfat.com

سلاماً) پر حاضری دی۔ خواب میں حضرت رسالت مآب ﷺ کی زیارت ہوئی اور ارشاد ہوا: ”یہیں مدینہ میں ٹھہر جاؤ اور علم حدیث کی لافانی خدمت سرانجام دو۔“ بموجب حکم رسول اللہ ﷺ آپ مدینہ طیبہ میں رک گئے اور آپ کی والدہ ماجدہ اپنے بڑے بیٹے احمد کے ہمراہ بخارا لوٹ گئیں۔ حضرت امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ایک شب میں نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اقدس ﷺ تشریف فرما ہیں اور میں آپؐ کے قریب سے مکھیاں اڑا رہا ہوں۔ ایک عالم نے اس خواب کی یہ تعبیر بتائی کہ خواب دیکھنے والا حضرت رسول اللہ ﷺ سے جھوٹی روایتوں کو دُور کرے گا۔ اس تعبیر سے حضرت امام بخاریؒ کی ہمت بڑھ گئی اور آپ نے احادیث جمع کرنی شروع کر دیں۔ روایت ہے کہ ہر حدیث پر شب کو خواب میں بارگاہ رسالت مآب ﷺ سے تصدیق کی سند ملتی تھی۔ مدینہ منورہ میں قریب ۲۵ سال آپ کا قیام رہا۔ اس قیام کے دوران ہی ”صحیح بخاری“ عرب کے باہر بھی اسلامی درسگاہوں میں شامل نصاب ہو چکی تھی۔ آخر ایک رات آپ کو بارگاہ رسالت (ﷺ) سے حکم ہوا کہ اب بخارا واپس جاؤ اور علم حدیث کی اشاعت کرو۔

سیّد المحدثین، مصباح المتکلمین، حضرت امام محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ نے ۹۲ ہزار کے قریب علمائے حدیث زیور علم سے آراستہ کر کے دنیا کو دیئے۔ آپ کے عظیم شاگردوں میں چند گوہر نایاب یہ بھی ہیں: حضرت امام مسلمؒ، امام ترمذیؒ، امام نسائیؒ، امام دارمیؒ، امام ابوداؤدؒ اور ابن ماجہؒ۔ ”صحیح بخاری“ ترتیب دیتے وقت ہمیشہ روزہ رکھتے، حدیث نقل کرنے سے پہلے غسل فرماتے، پھر دو رکعت نفل پڑھ کر حدیث کو اس مجموعے میں نقل کرتے تھے۔ صحیح بخاری کے ترجمے دنیا کی ۵۵ زبانوں میں ہو چکے ہیں اور اس کی ۱۲۵ شرحیں لکھی جا چکی ہیں۔ آپ نے فن حدیث کو باضابطہ ”علم سائنس“ بنا دیا۔ اس کے لیے باقاعدہ اصول و ضوابط اور قوانین مرتب کیے۔ راویوں کو پرکھنے کے لیے علم الرجال پر ایک کتاب مرتب کی جو ”تاریخ الکبیر“ کے نام سے معروف ہے۔ راویان حدیث پر قانونی اور اصولی بحث کے لیے ایک جامع کتاب ترتیب دی جو ”تاریخ الصغیر“ کہلاتی ہے۔ راویان حدیث کے نام اور کُنیت کی سند پر ایک کتاب لکھی جو ”کتاب الکنیٰ“ کے نام سے مشہور ہے۔ ضعیف روایات کی جانچ پڑتال کے لیے ”کتاب الضعفاء“ ترتیب دی۔ علم حدیث کی حفاظت، تصحیح اور تکمیل و تربیت کے لیے بے شمار علوم ایجاد کیے۔ آپ کی تصانیف میں الادب المفرد، برّالوالدین، خلق العباد، کتاب الاشربہ، کتاب الواحدان اور اسامی الصحابہؓ بھی مشہور ہیں۔

عُمر کے آخری ایام میں ... آپ کی ولادت

marfat.com
Marfat.com

"صدق"، پوری زندگی "حمید" اور سال وصال "نور" ہے۔ عید الفطر کے روز علم حدیث کا یہ آفتاب جہاں تاب اور بحر علم کا گوہر نایاب بعمر ۶۲ سال ۲۵۶ھ میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے روپوش ہو گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ وصال سے چند لمحے پہلے اپنے چند عظیم تلامذہ کے سامنے جو اس وقت موجود تھے آپ نے زبان عربی یہ قطعہ پڑھا جس کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے: فراغت میں رکوع و سجود کو غنیمت خیال کر، ایسا نہ ہو کہ اچانک موت آ جائے۔ میں نے کتنے ہی بالکل تندرست ایسے دیکھے ہیں کہ ان کی جان دفعتہً نکل گئی۔ (حضرت امام بخاری از ضیا الحسن فاروقی ایم اے سے ماخوذ۔ سیارہ ڈائجسٹ۔ فروری ۱۹۷۸ء۔ صفحہ ۷۵ تا ۷۷)۔

۹۰۔ سیدی ابوالمواہب شاذلی قدس سرہ' نے اپنی کتاب "المراتی النبویہ" میں ایک سو سے زیادہ اپنے وہ خواب بیان کیے ہیں جن میں ان کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے۔ دسواں خواب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ بروز جمعہ ۲۰ ذیقعدہ ۸۵۱ھ کو نماز چاشت کے بعد مجھے اپنے گھر میں حضور انور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "میں نبی ہوں، البطحی ہوں، میں زمزمی ہوں اور میں بلا فخر اولاد آدم کا سردار ہوں۔ میری سیادت، عبودیت کے ہمراہ ہے، میرے پروردگار نے مجھے اختیار دیا ہے کہ چاہوں تو بلاشرکت غیرے بادشاہ بن کر رہوں یا چاہوں تو عبدیت کو اپنا لوں چنانچہ میں نے عبدیت ہی کو اپنایا، یہی میرا سب سے بڑا شرف ہے اور یہی میرے اور پروردگار کے درمیان واسطہ وذریعہ ہے۔"

سیدی ابوالمواہب شاذلیؒ نے جو کچھ بھی اس خواب میں بیان فرمایا ہے وہ تمام حضور اکرم ﷺ سے مروی احادیث کے عین مطابق ہے۔ آپؐ کو خواب میں دیکھنا برحق ہے۔

۹۱۔ تحریک نظام مصطفٰے (ﷺ) زوروں پر تھی۔ گاؤں کے رہنے والے جیسے سیدھے سادے ہوتے ہیں، رانا سرور بھی ان پڑھ اور سیدھے سادے ہیں۔ ان کی آنکھوں میں آنسو تھے، جب انہوں نے اپنا یہ واقعہ سنایا:-

میں ان دنوں ٹرک ڈرائیور تھا، میرے ٹرک کا نمبر ۷۴۳۸ تھا اور میرے ساتھ میرا بھائی بھی ہوتا تھا۔ ہم روزانہ آٹے کا ٹرک سالار والا لے جاتے تھے جس کا ہمیں کرایہ ملتا تھا۔ ہم نے کبھی باباجی سرکار (ابوانیس حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ العزیز) سے ملاقات نہیں کی تھی اور نہ ہی آپ ہمیں جانتے تھے۔ میں ان پڑھ جاہل سہی پھر بھی اتنی بات جانتا ہوں کہ انسانیت کی خدمت ہی میں تسکین ہے۔ انسان کو تو پیدا ہی اس لیے کیا گیا ہے کہ وہ انسانیت کی خدمت کرے نہ کہ اس پر ظلم کرے۔ میری یہ کوشش ہوتی ہے

marfat.com
Marfat.com

کہ جو آدمی پیدل جارہا ہو اس کے قریب ٹرک روک لیتا ہوں اور اسے بیٹھنے کے لیے کہتا ہوں۔ آتا لے جانا ہمارا معمول تھا۔ ایک دن حسب معمول ڈیوٹی دینے والے افراد ٹرک سے آٹا اتار رہے تھے کہ میں قرآن محل کے نزدیک باغ میں چلا گیا، باغ کے ایک طرف درختوں کے درمیان بہت ہی زیادہ روشنی ہو رہی تھی، پہلے تو میں خوف زدہ ہو گیا لیکن نہ جانے کون سی طاقت مجھے اس طرف لے گئی۔ اچانک کیا دیکھتا ہوں کہ آقائے نامدار حضور اکرم ﷺ میرے سامنے ہیں۔ کہاں میں کمینہ اور کہاں حضور اکرم ﷺ؟ میں نے جی بھر کر دیدار کیا لیکن بات کرنے کا حوصلہ نہ ہوا۔ باہر آیا تو جماعت کھڑی تھی۔ میں بے وضو ہی جماعت میں شامل ہو گیا، مجھے وہ سکون ملا کہ بیان نہیں کر سکتا۔ سلام پھیرنے کے بعد بابا جی سرکارؒ جو اگلی صف میں تھے، کھڑے ہو گئے اور اشارے کرنے لگے۔ میں دُور بیٹھا تھا میں نے سمجھا مجھے تو حضرت صاحب جانتے ہی نہیں پتہ نہیں کسے بلا رہے ہیں؟ اتنی دیر میں ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا کہ رانا صاحب آپ کو بابا جی سرکارؒ بلا رہے ہیں۔ میں ڈر گیا کہ میں نے تو وضو کیے بغیر نماز پڑھ لی ہے، شاید حضرت صاحب ڈانٹیں لیکن نہیں! بابا جی سرکارؒ نے اس زور سے معانقہ کیا اور میں نے وہ وہ چیزیں دیکھیں کہ مجھے کچھ ہوش نہ رہا۔ یہی نہیں بلکہ ایک شخص نے قرآن محل مجھے ایسے دکھایا جیسے کہ میں ایک پڑھا لکھا آدمی ہوں۔

اس واقعے کو بیس سال گذر چکے ہیں۔ اللہ کا دیا سب کچھ ہے، میرے تین ٹرک ہیں، میں نے نماز میں کبھی کوتاہی نہیں کی، آج تک محفوظ ہوں حالانکہ کئی مرتبہ ڈاکوؤں سے سابقہ پڑا لیکن وہ چھوڑ دیتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو کچھ بھی ہے انہی بابا جی سرکارؒ کی وجہ سے ہے (مون ڈائجسٹ۔ لاہور۔ جولائی ۱۹۹۷ء۔ صفحہ ۲۰۳ تا ۲۰۵ سے ماخوذ)۔

۹۲۔ ایک بزرگ کو بیداری میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا میں بیداری کی حالت میں آپؐ کی زیارت سے مشرف ہو رہا ہوں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "ہم نے پردہ ان سے کیا ہے جو ہمارے قریب نہیں آتے لیکن دوستوں سے پردہ نہیں ہے"(ربیع المجالس صفحہ ۲۸۷)۔

۹۳۔ ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کے دوران مسلمانوں کے اتحاد و جذبہ ایمان کے سبب بے پناہ غیبی امداد ہوئی تھی۔ ایک بزرگ غلام دستگیر افغانی صاحب کا خواب ان دنوں اخبارات میں شائع ہوا تھا کہ ۶ ستمبر ۱۹۶۵ء کی صبح روضۂ اقدس سے فوجی لباس میں ملبوس گھوڑے پر سوار شہزادوں سمیت حضور اقدس ﷺ باہر تشریف لائے۔ مدینہ طیبہ کی حاضری کے دوران اس کی تصدیق بہت سے بزرگوں نے ان سے ملاقات کرنے کے بعد کی۔ فیلڈ

marfat.com
Marfat.com

مارشل محمد ایوب خان صدر پاکستان نے اعلان جہاد کلمہ طیبہ پڑھ کر کیا تھا اور محاذ لاہور پر پاکستانی افواج حضرت خواجہ سیّد علی ہجویری عرف داتا گنج بخشؒ کے روضہ مبارک پر سلام کر کے جنگ پر جاتی تھیں (ربیع المجالس صفحہ ۳۹۹)۔

۹۴۔ مولانا غلام محی الدین قصوریؒ پہنچے ہوئے بزرگ اور عالم باعمل اپنی خانقاہ میں بیٹھے درس دے رہے تھے کہ ایک مجذوب فقیر بالکل برہنہ، عالم مستی میں مسجد کے اندر آ گیا۔ مولانا صاحب نے اسے دیکھ کر فرمایا: یہ ننگا مسجد میں آ گیا ہے اسے نکالو۔ لوگوں نے عرض کیا: یہ نہایت سیف زبان ہے، جو کہتا ہے ہو جاتا ہے، ہم اسے ہاتھ نہیں لگا سکتے۔ پس مولانا صاحب نے خود اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے مسجد سے نکال دیا۔ انہوں نے رات خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کا دربار گہر بار لگا ہوا ہے اور وہ مجذوب آپؐ کے قدموں میں پڑا ہے اور آپؐ فرما رہے ہیں کہ یہ میرا پیارا ہے۔ دوسرے دن پھر وہ مجذوب مسجد میں آ گیا۔ مولانا صاحب نے پھر اسے مسجد سے باہر نکال دیا۔ دوسری شب بھی مولانا صاحب زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے اور حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ میرا پیارا ہے۔ تیسرے دن وہی مجذوب پھر مسجد میں آ گیا۔ مولانا صاحب نے پھر اسے مسجد سے باہر نکال دیا۔ تیسری شب پھر زیارت نصیب ہوئی اور حضور انور ﷺ نے فرمایا: مولانا غلام محی الدین تم نے سنا نہیں؟ یہ مجذوب میرا پیارا ہے، جو اسے ایذا پہنچائے گا مجھے ایذا پہنچائے گا۔ یہ سن کر مولانا صاحب نے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! میں معافی چاہتا ہوں، میں نے اب تک جو کچھ بھی کیا شریعت کے تحت کیا، حکم شرع مطہرہ قائم رکھا، آپؐ کی شریعت مقدسہ کی پیروی کرتا رہا، اب ایسی حرکت مجھ سے سرزد نہ ہو گی۔ تب حضرت رسول اللہ ﷺ مولانا پر بہت مہربان ہوئے اور ارشاد فرمایا: یہ تمہارا امتحان اور آزمائش تھی، تم شریعت میں پکے ہو اور میرے پیارے ہو (ربیع المجالس صفحہ ۲۲۹)۔

۹۵۔ سعید محمد خان رحمانی قسم قسم کی بیماریوں کا مجموعہ ہیں۔ بیعت سے پہلے درد گردہ میں مبتلا تھے۔ کوئی علاج کارگر نہ ہوا۔ حضرت خواجہ محبوب رحمانیؒ نے نقش اور دم شدہ پانی دیا جس سے جنگلی بیر کے برابر پتھری پیشاب کی راہ خارج ہو گئی اور آرام آ گیا۔ پھر خونی بواسیر ہو گئی۔ ڈاکٹروں نے گائے کا گوشت اور مصالحہ جات استعمال کرنے سے منع کر دیا۔ حضرت خواجہ محبوب رحمانیؒ نے سن کر فرمایا: میاں کھاؤ اسی میں تمہارا علاج ہے، آئندہ جب بواسیر ہو گائے کا گوشت مرچ مصالحہ لگا کر کھاؤ۔ گائے کے پائے کا سالن کھاتے ہی بواسیر غائب ہو گئی اور پھر کبھی نہ ہوئی۔ اس کے بعد ایک پھیپھڑا گل گیا اور دوسرا متاثر ہوا۔

marfat.com
Marfat.com

بریگیڈیر محمد انور خان کی وساطت سے سامل سینی ٹوریم میں داخلہ مل گیا۔ معالج مایوس، عزیز و اقربا پریشان۔ اہل حلقہ گھبرا گھبرا کر حضرت قبلہ عالم مرشد کامل خواجہ محبوب رحمانیؒ کو فون کرتے۔ آپ ہر بار فرماتے ٹھیک ہو جائے گا۔ اسی موت و حیات کی کش مکش میں سامل سینی ٹوریم میں بستر پر حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا کہ یہ بجلی کے تار والا ڈبہ سعید محمد خان رحمانی کے سینے پر لگا دو۔ باقاعدہ جھنجھناہٹ محسوس ہوئی، مسرت و خوف کے ملے جلے جذبات کے ساتھ آنکھ کھل گئی اور مرض میں افاقہ شروع ہو گیا (ربیع المجالس یعنی تذکرہ حضرت خواجہ محبوب رحمانیؒ حلقہ، رحمانی الفاروق، جہانگیر روڈ، کراچی۔ صفحہ ۳۵۷۔ یہ شاندار ۴۷۲ صفحات پر مشتمل رسالہ نما کتاب مطالعہ کے لیے مجھے جناب چوہدری فتح محمد صاحب، اسلام آباد نے عنایت فرمائی تھی جس کے واسطے میں ان کا تہہ دل سے ممنون ہوں)۔

قطب الاقطاب، بحر معرفت، شیخ طریقت حضرت خواجہ شاہ محمد فاروق (خواجہ محبوب رحمانیؒ) ۱۹۰۲ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۴۷ء میں ہجرت کر کے کراچی میں آباد ہوئے اور یہیں ۱۹۸۳ء میں وصال فرمایا۔ آپ کے سلسلے کے لوگ "رحمانی" کہلاتے ہیں، ربیع المجالس میں آپ ہی کا تذکرہ ہے، عجب پُر تاثیر کتاب ہے لہٰذا جس کو موقع ملے ضرور پڑھے۔

۹۶۔ منجم الملک حاجی میاں محمد صادق منور ۱۸۹۸ء میں باغبانپورہ لاہور میں پیدا ہوئے۔ نہایت صاحب علم اور باکمال انسان تھے۔ بہت سی مفید کتابیں بھی تحریر کیں جن میں ایک "صادق خواب عرف خوابوں کی دنیا" ہے، جس میں کئی خواب ایسے ہیں جن میں لوگوں کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے۔ منجم الملک حاجی صاحب نے ان کی تعبیر دی ہے، ایسے ہی چند خواب مع تعبیر پیش کیے جاتے ہیں:-

مدینہ شریف نظر آرہا ہے، میں ایک دُکان کے برآمدہ میں بیٹھا ہوں، حضور پُر نور ﷺ درمیان میں رونق افروز ہیں اور بے شمار ہجوم کھڑا ہے، لوگ کوشش کر رہے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ کی زیارت کریں، میں دیکھ کر کہہ رہا ہوں کہ یہ لوگ تنگ کر رہے ہیں، آپؐ کھانا کھانے تشریف لے جا رہے ہیں اور جب کھانا تناول فرما کر واپس تشریف لائیں گے تو پھر اسی جگہ سے گذریں گے۔

اس کی تعبیر یہ ہے کہ آپ خوش قسمت ہیں۔ آپ کو دولت ملے گی اور حج بھی کریں گے (صادق خواب صفحہ ۱۲۴)۔

۹۷۔ خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ ایک مسجد ہے اور اس میں شہنشاہ دو عالم، ہادیٔ برحق

marfat.com
Marfat.com

ﷺ وعظ فرما رہے ہیں، آیت الیوم کی تشریح فرما رہے ہیں اور ارشاد فرماتے ہیں کہ میرا دین مکمل ہو گیا ہے۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ آپؐ کے پاس تشریف فرما ہیں اور حضور سرور کونین ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض کر رہے ہیں کہ آپؐ یہ بیان نہ کریں، حضور انور ﷺ روک رہے ہیں، میں آپؐ کی پچھلی طرف لیٹا ہوا ہوں، منہ پر کپڑا لیا ہوا ہے، غنودگی کا عالم ہے، حضور اقدس ﷺ نے وعظ ختم کرنے کے بعد میری طرف ایک ہاتھ بڑھایا، ایک ہاتھ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے رکھا ہے، میں نے دونوں مبارک ہاتھوں کو پکڑ لیا اور ناف تک لے گیا ہوں۔

اس کی تعبیر یہ ہے کہ بیمار کو صحت حاصل ہو گی، رزق سے مالا مال ہونگے اور قیامت کے روز بخشے جائیں گے (صادق خواب صفحہ ۱۲۷ تا ۱۲۸)۔

۹۸۔ خواب دیکھتا ہوں کہ حضور اقدس ﷺ میرے کاشانہ پر رونق افروز ہیں، میں درود و سلام پڑھتا ہوں اور عرض کرتا ہوں کہ روز قیامت میری شفاعت فرمایئے گا یا میں خود عرض کرتا ہوں اور مختلف معروضات پیش کرتا ہوں یا سرور کائنات ﷺ کچھ عنایت فرما رہے ہیں یا میں عقیدت کے پھول پیش کر رہا ہوں یا حضور فخر دو عالم ﷺ نظرِ کرم فرما رہے ہیں۔

اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ انسان بہت خوش قسمت ہے، اسے بھاری دولت، عزت اور ترقی ملے گی یا بے اولاد کے یہاں اولاد ہو گی اور شرفِ زیارت و شرفِ شفاعت سے مستفیض ہو گا یا اس انسان پر اللہ پاک کی رحمتوں کی بارش ہو گی اور اس کے یہاں ولی اللہ پیدا ہو گا (صادق خواب صفحہ ۱۹۳ تا ۱۹۴)۔

۹۹۔ میں نے خواب دیکھا کہ صبح سکول کی طرف جا رہا ہوں، راستے میں مجھے بزرگوں کا ایک گروہ ملا، انہوں نے مجھے کہا یہیں کھڑے رہو، حضور سرور کونین ﷺ کی سواری آ رہی ہے۔ آگے پیچھے بے شمار مخلوق ہے، میں نے آپؐ کی سواری دیکھتے ہی اپنا سر آپؐ کے قدموں پر رکھ دیا، حضور انور ﷺ نے فرمایا: تمہیں اس ملک کا خلیفہ بنا دیا گیا ہے۔ پھر میں اس سواری کے ساتھ چلنے لگا تو مجھے حکم ہوا کہ تم کھڑے رہو، تمہیں اسی ملک کا خلیفہ بنایا جائے گا۔ پھر مجھے دو درویشوں نے پکڑ کر نہلایا اور خوبصورت کپڑے پہنا دیئے اور اس کے بعد وہ درویش چلے گئے۔

اس کی تعبیر یہ ہے کہ آپ صدر یا وزیر اعظم بنیں گے یا وقت کے مجدد ہونگے (صادق خواب صفحہ ۲۵۰)۔

۱۰۰۔ خواب دیکھتا ہوں کہ چند ساتھیوں کے ہمراہ حج کرنے جا رہا ہوں۔ حضرت امام جعفر صادقؒ بھی ہمارے ساتھ ہیں۔ مدینہ شریف میں پرانی عمارتوں میں سے گذر کر مسجد

marfat.com
Marfat.com

نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) میں پہنچتے ہیں تو مسجد کی حالت وہ ہے جو حضور اقدس ﷺ کے زمانے میں تھی۔ پہنچتے ہی ہم فوراً وضو کرنے لگے، حضور انور ﷺ تشریف فرما ہیں، آپؐ حضرت امام جعفر صادقؒ کو ہمراہ لے کر چلنے لگے، سامنے ایک قبر ہے حضرت امام صاحبؒ دریافت فرماتے ہیں: یہ کس کی قبر ہے؟ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: یہ قبر حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی ہے۔ پھر آپؐ حضرت امام صاحبؒ کو ساتھ لے گئے، تھوڑی دیر بعد آپؐ تشریف لائے اور فرمایا: اس راستے سے نہ آیا کرو۔ امام صاحبؒ بضد ہوئے تو حضور انور ﷺ نے فرمایا: آپ کو اجازت ہے۔ ہم واپس ہو کر مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) کو چلے تو امام صاحبؒ نے فرمایا کہ ہم نئی مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) کا راستہ نہیں جانتے تو میں نے کہا مجھے یاد ہے میں لے چلتا ہوں۔ میں ان ہی راستوں سے گذر کر باب المجیدی کے باہر لے آیا اور عرض کیا یہ مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) ہے۔

تعبیر = گم ہونے کے بعد درست راستہ ملے گا، آپ کو دولت ملے گی، مہمان ملے گا، دوبار حج کریں گے اور آپ خوش قسمت ہیں (صادق خواب صفحہ ۲۵۹ تا ۲۶۰)۔

۱۰۱۔ خواب دیکھتا ہوں کہ حضرت رحمتہ اللعالمین ﷺ تشریف لارہے ہیں اور بے شمار مخلوق کھڑی ہے۔ مجھے حکم ہوتا ہے کہ آگے بڑھو، میں حاضر خدمت ہوتا ہوں تو حضور اقدس ﷺ اپنے دستِ مبارک سے مجھے خلعت عطا فرماتے ہیں اور تمام لوگ نعرۂ تکبیر بلند کرتے اور خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔

تعبیر یہ ہے کہ آپ کسی ملک کے صدر یا والی ہوں گے یا ولی اللہ بنیں گے (صادق خواب صفحہ ۳۰۳)۔

۱۰۲۔ خواب دیکھتا ہوں کہ حضور اقدس ﷺ ایک جنگل میں رونق افروز ہیں، سامنے دو پگڈنڈیاں ہیں، میرے دائیں ہاتھ پر کھجور کا درخت ہے، بائیں ہاتھ پر حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام نے اپنی انگشت مبارک اٹھائی تو سیدھے راستے پر ایک نور دکھائی دیا۔

تعبیر یہ ہے کہ سب کام درست ہونگے، آپ حج کریں گے اور وقت پر ولی اللہ بنیں گے۔ آپ کی اولاد میں بھی ایک ولی اللہ پیدا ہوگا (صادق خواب صفحہ ۳۱۸ تا ۳۱۹)۔

۱۰۳۔ حضور اقدس ﷺ ایک بڑے کمرے میں چوکی کے اوپر رکھی ہوئی کرسی پر تشریف فرما ہیں اور بے شمار بزرگان دین فرش پر بیٹھے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے مجھے بلایا اور ایک صندوقچے میں سے ایک زیور، پازیب عطا فرمائی۔

تعبیر یہ ہے کہ آپ کی ہر نیک خواہش پوری ہوگی، نیک عورت ملے گی، دولت

marfat.com
Marfat.com

ملے گی اور حج کریں گے (صادق خواب صفحہ ۳۱۹)۔

۱۰۴۔ خواب دیکھتا ہوں کہ ہم سب گھر والے ایک تانگے پر سوار ہو کر چلتے ہیں، راستے میں ایک مسجد آتی ہے، ہم اس کی پچھلی دیوار پھاند کر اندر داخل ہوتے ہیں، نل کے پاس جا کر کھڑے ہو کر ہم پھر سب نے قرآن مجید پڑھنا شروع کر دیا، دوسرے لڑکے لڑکیوں نے بھی قرآن شریف کا سبق لیا، پھر ہم سب دیکھتے ہیں کہ حضور، فخر موجودات، حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ تشریف فرما ہیں۔ یہ دیکھ کر سب لڑکے لڑکیاں تعظیماً خاموش ہوگئے۔

تعبیر یہ ہے کہ آپ دین و دنیا کی دولت سے مالا مال ہونگے اور حج بھی کریں گے (صادق خواب صفحہ ۳۲۷)۔

نوٹ = اگر کوئی پبلشر منجم الملک حاجی میاں محمد صادق منور صاحب کی کتابیں جو ناپید ہو چکی ہیں، شائع کرنا شروع کر دے تو یہ بڑی اچھی خدمت ہوگی اور عوام و خواص کو اس سے بہت فائدہ پہنچے گا۔

۱۰۵۔ نجم احسن نگرامی، بی اے۔ ایل ایل بی، مجاز صحبت، حکیم الامت، مجدد ملت، حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اپنے آبائی وطن قصبہ نگرام ضلع لکھنؤ میں ۱۳۱۰ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد حافظ محمد احسن وحشی نگرامی صاحب اپنے دور کے ممتاز اور کسی درجے میں مشہور اہلِ قلم تھے۔ ۱۳۱۳ھ میں زیادہ سے زیادہ بائیس تیئیس سال کی عمر میں حسبِ ارشاد حضرت رسالت مآب ﷺ "تعال یا وحشی" بے سروسامان حج کو تیار ہوگئے اور چلے بھی گئے (بزم اشرف کے چراغ از پروفیسر احمد سعید صفحہ ۲۹۴)۔

۱۰۶۔ مولانا عبد الرشید محمود، مجاز صحبت حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ حضرت مولانا رشید احمد گنگوھی قدس سرہ' کے پوتے تھے۔ آپ نے ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کے حجرہ مبارک میں حاضر ہوں، دستر خوان بچھا اور کھانا چنا ہوا ہے، بہت سے اور لوگ بھی ہیں، حضور ﷺ میزبان بنے (لطف کے ساتھ) کھانا کھلا رہے ہیں کہ یہ کھاؤ، یہ بھی لو۔ کھانے پر بالائی اور سرخ مرچ پڑی دہی بھی یاد ہے پھر منظر بدل گیا، اب گویا رخصت ہو رہا ہوں، رخصتی مصافحہ کے لیے حاضر ہوا تو ایک کوٹھری سی ہے، زیادہ روشنی بھی نہیں۔ ایک چوکی پر حضور ﷺ تشریف فرما ہیں، میں مصافحے کے لیے جھکا اور کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں مگر وفور گریہ کی وجہ سے کہہ نہیں سکا، بمشکل اتنا کہا یا رسول اللہ (ﷺ)! دعاءِ فلاح دارین چاہتا ہوں۔ حضور ﷺ لطف سے سر پر ہاتھ پھیرنا چاہتے ہیں، میں جلدی سے ٹوپی اتار کر سر جھکا دیتا ہوں تاکہ بلا حائل دست مبارک سر کو مس کرے (بزم

marfat.com
Marfat.com

اشرف کے چراغ صفحہ ۳۱۸)۔

۱۰۷۔ ڈاکٹر ملک عبدالغنی، ایم۔ اے۔ پی ایچ ڈی ایک نوجوان کے متعلق فرماتے ہیں کہ میرے ساتھ شام کی نماز کے بعد نوافل اوّابین ادا کرنے کا اتفاق ہوتا رہتا ہے، اس کی عمر کوئی پندرہ سولہ سال ہو گی، میٹرک کا امتحان حال ہی میں پاس کیا ہے، علوم دینی سے نابلد ہے، اس کی سعادت مندی کا یہ عالم ہے کہ نوافل ختم ہونے پر لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم چند بار پڑھ کر دعائے خیر کے بعد مراقبے میں بیٹھتا ہے تو دربار نبوی ﷺ میں رسائی حاصل ہو جاتی ہے۔ حضور ﷺ بڑی شفقت اور حوصلہ افزائی فرماتے ہیں، ہدایات دیتے اور اپنے حاضرین مجلس سے مصافحہ کراتے ہیں، آپؐ نے اسے حضرت خواجہ علی ہجویریؒ اور خواجہ معین الدین چشتیؒ سے بھی متعارف کرایا، شب برأت کو تلاوت قرآن مجید کی خاص طور پر تاکید فرمائی اور ماہِ رمضان کی ستائیسویں رات کو حضور اقدس ﷺ نے اسے اپنے حقیقی روئے انور کا جمال دکھایا۔ اس نوجوان کی کوئی خاندانی روایات بھی اس قسم کی نہیں۔ بس موج رحمت جوش میں آئی اور امت کے ایک فرد کی تقدیر بدل ڈالی (ماہنامہ سلسبیل، لاہور۔ اکتوبر / نومبر ۱۹۸۱ء صفحہ ۲۷۴)۔

۱۰۸۔ ابراہیم بن مرزوق بیانی فرماتے ہیں کہ جزیرہ شقر کا ایک آدمی قید کیا گیا، اسے بیڑیاں پہنا دی گئیں اور ہاتھ کھلوا کر سینے پر لکڑی باندھ دی گئی تاکہ وہ پہلو نہ بدل سکے، وہ شخص اپنی اس تکلیف میں "یارسول اللہ" کے الفاظ دہرا رہا تھا، دشمن کے سردار نے اس سے کہا کہ تم اپنے رسول (ﷺ) سے کہو کہ تمہیں چھڑا دیں، جب رات آئی تو اس قیدی سے کوئی خواب میں کہتا ہے کہ اذان دو۔ قیدی نے کہا: میں اس حالت میں کیسے اذان دے سکتا ہوں؟ جب اصرار کیا گیا تو اس نے اذان دینی شروع کی۔ جب اشھد ان محمد رسول اللہ تک پہنچا تو اس کے سینے سے وہ لکڑی ہٹ گئی اور بیڑیاں کھل گئیں۔ اس نے دیکھا کہ سامنے ایک باغ ہے۔ وہ ادھر گیا تو وہاں ایک جگہ ظاہر ہوئی جس میں داخل ہوا تو دیکھا کہ سامنے جزیرہ شقر تھا۔ تمام شہر میں اس معاملے کی شہرت ہو گئی (شواہد الحق از علامہ یوسف نبہانیؒ)۔

۱۰۹۔ ابو عبداللہ محمد بن عبدالملک القرطبی فرماتے ہیں کہ میرے والد محمد بن عبدالملک بیت المقدس میں بیمار پڑ گئے، تقریباً تین ماہ بیمار رہے اور اتنے کمزور ہو گئے کہ اٹھ نہ سکتے تھے، مایوسی اور تنگ دستی کی عجیب کیفیت سے دوچار تھے۔ ایک رات حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور اپنی علالت کی کیفیت بیان کی۔ آپؐ نے فرمایا: یہ دعا پڑھو، "اللھم انی اسئلك العفو و العافیة و المعافاة فی الدنیا و الآخرة۔" میرے والد نے خواب کے دوران یہ دعا پڑھی۔ جب بیدار ہوئے تو بالکل تندرست تھے گویا کبھی کوئی مرض ہوا ہی نہ تھا۔ صبح عیادت

marfat.com

Marfat.com

کرنے والے حسبِ عادت آئے تو والد محترم کو بالکل تندرست پاکر حیرت زدہ رہ گئے۔ والد بزرگوار نے پورا قصہ بیان کر دیا۔ اسی دوران مسجد اقصیٰ کی زیارت کے لیے سلطان اشرف کا گذر ہوا۔ سلطان نے بھی یہ قصہ سنااور بہت سے مال سے والد صاحب کو نوازا، جو کافی عرصے تک ہماری فراخی کا سبب رہا (شواہد الحق)۔

۱۱۰۔ ابو موسیٰ فرماتے ہیں: میں نے جب یہ سنا کہ ابوالغیث ربیعی المار دینی بغیر تعلیم قرآن کریم کو بڑے عمدہ طریق سے پڑھتا ہے تو میں یہ بات تسلیم نہ کرتا تھا، جب مکہ مکرمہ آیا تو دیکھا کہ وہ قرآن پاک کی نہایت عمدہ تلاوت کر رہا ہے تو میں نے اس سے دریافت کیا یہ کیونکر ہوا؟ اس نے بتایا کہ میں مدینہ طیبہ میں مقیم تھا، مسجدِ نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) میں رات بسر کرتا تھا اور تنہائی میں حضور انور ﷺ کے روضۂ اطہر پر حاضری دیا کرتا تھا۔ ایک رات میں نے حضور اقدس ﷺ کے دربار میں التجا کی کہ مجھ پر قرآن مجید کا پڑھنا آسان کر دیا جائے۔ یہ گذارش کر کے میں سو گیا تو خواب میں حضور انور ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ تمہاری دعا قبول ہو گئی، قرآن کریم کھول کر پڑھو۔ لہٰذا جب صبح ہوئی تو واقعی میں نے قرآن کریم کھول کر پڑھنا شروع کر دیا (شواہد الحق)۔

۱۱۱۔ موسیقی کے بادشاہ استاد نصرت فتح علی خان ۱۶ اگست ۱۹۹۷ء کو لندن کے کرامویل ہسپتال میں صبح ۱۱ بج کر ۵۵ منٹ پر حرکتِ قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔ وہ ۱۹۴۸ء میں فیصل آباد (سابق لائل پور) میں پیدا ہوئے تھے۔ انتقال سے دو روز قبل لندن کے ایک معروف انگریزی اخبار کو اپنا آخری انٹرویو دیتے ہوئے کہا تھا کہ ان کا سینہ عشق رسول (ﷺ) سے منور ہے اور ان کی آواز کا سارا سوز و گداز اسی عشق کا مرہون منت ہے، زندگی میں کئی بار انہیں بحالت خواب حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے، میری دلی خواہش ہے کہ جب بھی موت کا فرشتہ میری جان قبض کرنے آئے تو میری نظریں روضۂ رسول (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) پر جمی ہوں اور ہونٹوں پر درود شریف ہو۔

انہوں نے مشرقی و مغربی موسیقی و گائیگی کے ملاپ سے دنیائے موسیقی میں دھوم مچادی تھی۔ چالیس سے زیادہ ممالک میں انہوں نے اپنے فن کا جادو جگایا۔ موسیقی کی دنیا میں جو شہرت ان کو حاصل ہوئی آج تک دیکھنے میں نہ آئی تھی۔ دوسرے گلوکار گلے سے گاتے ہیں لیکن وہ دل کی گہرائیوں سے گاتے تھے اور شاید اسی وجہ سے ان کی آواز دلوں پر دستک دیتی تھی۔ انہیں گائیگی پر اتنا عبور حاصل تھا کہ اگر چاہتے تو سُر سے سامعین کی سانس کھینچ لیتے۔ پاپ میوزک کی رسیا مغربی سوسائٹی میں انہوں نے مشرقی ثقافت کو متعارف کرایا۔ وہ مشرق کے

marfat.com
Marfat.com

ساتھ مغرب میں بھی یکساں مقبول تھے۔ ۲۲ سے زیادہ ممالک نے ان کو اعلیٰ کارکردگی پر ایوارڈ دیئے (روزنامہ جنگ۔ کراچی۔ مورخہ ۱۷ اگست ۱۹۹۷ء مطابق ۱۲ ربیع الثانی ۱۴۱۸ھ بروز اتوار)۔

۱۱۲۔ بڑے قد آور گھوڑے پر سوار ایک وادی کے دامن سے نکل کر پہاڑی عبور کر کے دوسری طرف دریا کے کنارے پر آتا ہوں، دریا میں طغیانی ہے لیکن ڈوبنے کا خوف نہیں، گھوڑے کو دریا میں ڈالتا ہوں اور صحیح سلامت پار چلا جاتا ہوں۔ کچھ وقت دریا کی دوسری جانب چلنے کے بعد واپس گھوڑے پر دریا کو عبور کر کے اسی پہاڑی کی ایک طرف سے ہو کر وادی میں پہنچ جاتا ہوں، اس وقت میں پیدل ہوں، پہاڑی کے دامن میں حضرت رسول پاک ﷺ کی کچہری لگی ہوئی ہے، آپؐ تخت مبارک پر تشریف فرما ہیں، چند اصحاب ساتھ بیٹھے ہیں اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ وہ حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور چند ساتھی ہیں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ اور ان اصحابؓ کے چہرے مبارک دُھندلے سے نظر آتے ہیں، تخت کے نچلے بائیں جانب حضرت علی کرم اللہ وجہ' کھڑے ہیں اور ان کا چہرہ صاف دکھائی دیتا ہے (یہ خواب جناب محمد حنیف آف چیچاوطنی نے دیکھا تھا) (اخص الخواص یعنی آثار واحوال وبیانات حضرت فضل شاہ قطب عالمؒ از نواز رومانی۔ صفحہ ۱۳۹)۔

۱۱۳۔ جناب مولوی محمد عبد الحمید ایڈووکیٹ، بازار فتح خان، بہاولپور نے مندرجہ ذیل خواب دیکھا۔ فرماتے ہیں: یہ غلام چند دیگر لوگوں کے ہمراہ موجود ہے، اتنے میں کسی شخص نے کہا کہ آقائے دوجہاں ﷺ اندر مسجد میں تشریف فرما ہیں، غلام کو شوق فراواں ہوا کہ زیارت عالیہ سے مشرف ہو لہٰذا اندر چلا گیا۔ حضور صاحب تاج ومعراج ﷺ تشریف فرما تھے۔ غلام کی طرف دیکھ کر خاص تبسم فرمایا، غلام فاصلے پر تھا، دل میں خیال آیا کہ جی بھر کر زیارت کرنی چاہیئے، تھوڑی دیر بعد حضور اقدس ﷺ شاید نماز کے لیے کھڑے ہوئے، کافی لوگ تھے، آپؐ نے مڑ کر میری جانب چہرہ مبارک کر کے ید اقدس کے اشارے سے کچھ دم فرمایا پھر میری آنکھ کھل گئی۔ تہجد کا وقت تھا اور یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ سرور دوجہاں ﷺ کی مشابہت میرے رشتے کے ایک ماموں حاجی محمد بخش مرحوم سے تھی۔

تعبیر خواب از حضرت فضل شاہ قطب عالم:- خواب حقیقت پر مبنی ہے، اگر کوئی مشابہت کی صورت نظر آئے تو وہ نیک بندہ ہوگا، اگر حال میں نیکی کے اوصاف نظر نہ آتے ہوں تو پھر بھی وہ نیک ہو جائے گا، اگر کسی بندے کا حال وصال ہونے کے بعد نظر آئے تو وہ ضرور نیک ہوتا ہے۔ حضور پر نور ﷺ کی مشابہت ہونے کی بدولت اس انسان کی نیکی کے درجات بڑھتے رہتے ہیں (اخص الخواص صفحہ ۱۴۱ تا ۱۴۲)

marfat.com
Marfat.com

۱۱۴۔ جناب حاجی رانا منور حسین کا لاہور میں کاروبار "اے۔ایم۔زیڈ برادرز" کے نام سے ہے۔ آپ کا تعلق فضل شاہ قطب عالمؒ کے حلقہ سے ہے۔ فرماتے ہیں: دوران حج اور مدینہ منورہ میں حضرت پیرو مرشد فضل شاہ قطب عالمؒ سے ملاقات ہوتی رہی۔ واپس آیا تو معلوم ہوا کہ آپ حج پر تشریف نہیں لے گئے تھے۔ آپ کی دعا کی برکت اور فیض سے حضرت محبوب رب العالمین ﷺ کی زیارت بابرکت سے تین بار مشرف ہو چکا ہوں علاوہ ازیں جب بھی کسی بزرگ کی زیارت کا خیال آتا ہے، ہو جاتی ہے۔ (اخص الخواص صفحہ ۱۸۱)۔

۱۱۵۔ صاحبزادہ رضا حسین بلالی جمالی فاضلی قادری سجادہ نشین ہیں اپنے والد بزرگوار حضرت فضل شاہ قطب عالمؒ کے دربار عالیہ کے (نور والوں کا ڈیرہ، انفنٹری روڈ، مصطفےٰ آباد، لاہور)۔

آپ ۱۹۳۵ء میں ماہ رمضان میں پیدا ہوئے۔ ایک روز والد ماجدؒ مسجد میں بیان فرما رہے تھے کہ جناب رضا حسین پر ہلکی سی غنودگی طاری ہو گئی اور اسی دوران حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے، دوسری مرتبہ ایبٹ آباد میں عالم رویا میں اس سعادت عالیہ سے مستفید ہوئے، تیسری بار یہ سعادت عظمیٰ گجرانوالہ میں نصیب ہوئی۔ اس دن آپ حضرت قطب عالمؒ کے سامنے تشریف فرما تھے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ تشریف لائے۔ آپؐ کے ہمراہ امام العشاق، حضرت بلال حبشیؓ بھی تھے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "میں دنیا میں سورج کی روشنی کی طرح رہتا ہوں لیکن مجھے دیکھتا وہ ہے جسے دکھانے والا دکھائے" (اخص الخواص صفحہ ۱۷۰)۔

حضرت فضل شاہ قطب عالمؒ کا وصال ۳۰ جولائی ۱۹۷۸ء بروز یک شنبہ، لاہور میں ہوا۔ آپ کی ولادت باسعادت جالندھر میں قریباً ایک سو سال قبل حضرت نبی بخشؒ کے یہاں ہوئی تھی۔ ۱۹۴۷ء میں ہجرت کے بعد آپ نے اپنا پہلا مستقر ماموں کانجن کو بنایا۔ ۱۹۵۳ء میں لاہور میں آپ کی قیام گاہ "نور والوں کا ڈیرہ" کے نام سے مشہور ہوئی اور پھر آپ نے یہیں مستقل رہائش اختیار کر لی، یہیں پر آپ مدفون ہیں۔ آپ کے مفصل حالات "اخص الخواص" میں جناب نواز رومانی نے بیان کیے ہیں۔ جو بھی آپ کے پاس آتا اسے آپ یا ودود اور درود شریف پڑھنے کی تلقین کرتے اور فرماتے کہ "یا ودود" اسم اعظم ہے اور اس کا عامل دین و دنیا میں سرخرو اور بامراد ہوتا ہے۔

؎ دین و دنیا کی ترقی چاہتا ہے تو اگر ــــــ یا ودود یا ودود یا ودود ورد کر

۱۱۶۔ حضرت علامہ امام یوسف نبہانیؒ کی ولادت باسعادت ۱۲۶۵ھ بمطابق ۱۸۴۹ء میں آبائی وطن خطہ فلسطین میں ہوئی۔ نبہان عربوں کا معروف قبیلہ ہے۔ آپ اسی خاندان کے

marfat.com
Marfat.com

چشم و چراغ ہیں پس آپ کو نبہانی کہا جاتا ہے۔ جامعہ ازہر (مصر) میں ساڑھے چھ سال کامل انہماک اور توجہ سے علوم اسلامیہ کا مطالعہ کرنے کے بعد رجب ۱۲۸۹ھ میں سند فراغ حاصل کی۔ آپ عربی دنیا کے تمام اسکالروں کو پیچھے چھوڑ گئے اور مختلف علمی موضوعات پر درجنوں بیش قیمت تصانیف مرتب فرمائیں۔ آپ عشق مصطفےٰ علیہ التحیہ والثناء کی جیتی جاگتی تصویر تھے۔ آپ کی زندگی کا مرکز اور ایمان کا منبع حضور نبی کریم ﷺ کی محبت تھی۔ بارہا مدینہ طیبہ حاضری دی۔ ہمیشہ روضہ اقدس سے ذرا ہٹ کر بیٹھا کرتے تھے اور فرماتے میں کہاں اس قابل کہ قریب جاؤں اور پھر آنکھوں سے محبت کے آنسو بہنے لگتے تھے۔ سفید ریش، نورانی چہرہ جو عبادت الٰہی کے جلوؤں سے جگمگاتا رہتا تھا۔ دوزانو مودب بیٹھنے کی عادت تھی۔ آپ کے کمالات تو ہیں ہی عجوبہ، خود آپ کی بیگم صاحبہ کو حضور اقدس ﷺ نے ۸۴ مرتبہ اپنے جمال جہاں آرا کی زیارت سے نوازا جسے حضرت مولانا ضیاالدین مہاجر مدنی قدس سرہ نے بیان فرمایا (صفحہ ۱۲ جواہر البحار)۔

حضرت علامہ نبہانیؒ نے چار ضخیم جلدوں میں "جواہر البحار فی فضائل النبی المختار" مرتب فرمائی، جو عاشقان مصطفےٰ کے لیے لاجواب تحفہ اور فضائل مصطفوی کا مہکتا ہوا گلشن ہے۔ اس تصنیف کے کچھ عرصے بعد ہی آپ حضرت نبی مکرم ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے، جس میں حضور نبی پاک ﷺ نے کتاب کو بہت پسند فرمایا اور کرم گستری و ذرہ نوازی فرماتے ہوئے حضرت علامہ کو سینہ اقدس سے لگا لیا۔ علامہ نبہانیؒ نے یہ عنایت بے پایاں دیکھ کر عرض کیا: "یا سیدی (ﷺ)! اب جدائی کا صدمہ برداشت کرنے کی قوت نہیں۔" یہ درد بھرا جملہ سرکار رسالت مآب ﷺ میں شرف قبولیت پا گیا اور یہ عاشق صادق حضور نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے نورانی سینے سے چمٹا ابدی نیند سو گیا۔ آپ کا وصال ۱۳۵۰ھ بمطابق ۱۹۳۱ء میں ہوا۔ آپ کے آبائی گاؤں اجزم میں قبر انور ہے۔ (جامع کرامات اولیا۔ جلد اول، از علامہ یوسف نبہانیؒ کا اردو ترجمہ از پروفیسر سید محمد ذاکر شاہ چشتی سیالوی، مکتبہ حامدیہ، گنج بخش روڈ، لاہور)۔

۱۱۷۔ حضرت محمد بن علی بن جعفر ابو بکر الکتانی بغدادیؒ سے امام مناوی ناقل ہیں کہ میرے سر میں درد تھا۔ میں سید کل ختم الرسل ﷺ کے جمال جہاں آرا سے لطف اندوز ہوا تو آپؐ نے فرمایا: یہ دعا لکھ کر اپنے سر پر رکھ۔ میں نے ایسا ہی کیا اور فوراً درد سر کافور ہو گیا۔ دعا یہ ہے:-

اللهم بثبوت الربوبية و تعظيم الصمدية و بسطوت الا لهية وبقدم الجبـ[illegible] ے اللہ ربوبیت کا ثبوت،

marfat.com

Marfat.com

صمدیت کی عظمتیں، خداوندی شوکتیں، جبروتیت کا شکوہ اور وحدت و یکتائی کی قدرتیں سب ہی تیری ذات کے لیے ہیں۔

آپ، حضرت جنید بغدادیؒ کے ہم عصر اور بغداد کے رہنے والے صوفیا کے امام اور اکابر عارضین میں سے تھے۔ ۳۲۲ھ میں مکہ مکرمہ میں وصال فرمایا (جامع کرامات الاولیا کا اردو ترجمہ صفحہ ۴۹۲)۔

۱۱۸۔ ابو بکر محمد بن سعدون تمیمی جزیریؒ نے مصر میں چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھیں اور سو گئے تو حضور انور ﷺ کی زیارت ہوئی۔ عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! امام مالکؒ چاشت کی بارہ رکعتیں اور حضرت لیثؒ آٹھ رکعتیں ادا فرماتے ہیں۔ یہ سن کر حضرت اقدس ﷺ نے ان کے کولہوں پر ہاتھ مارا اور تین بار فرمایا: مالک کی رائے درست ہے۔ فرماتے ہیں کہ میرے کولہوں میں درد تھا اس رات سے جاتا رہا۔ آپ جب نماز پڑھتے تھے تو ایک نور ضوفگن ہو جاتا تھا۔ بقول مصنف نفح الطیب آپ کا وصال ۳۴۴ھ میں ہوا (جامع کرامات الاولیا کی تلخیص و ترجمہ جمال الاولیا کا اردو ترجمہ از مولانا مفتی جمیل احمد تھانویؒ۔ صفحہ ۹۸ تا ۹۹۔ ادارۂ اسلامیات۔ ۱۹۰۔ انار کلی، لاہور)۔

۱۱۹۔ ابو عبد اللہ محمد بن خفیف شیرازی شافعیؒ صُوفیا کے مشائخ کے مرشد اور اولیائے عارفین کے استاد تھے۔ بقول علامہ ذہبیؒ سو سال سے زائد عمر پا کر آپ نے ۳۷۱ھ میں وصال فرمایا۔ آپ نے حضرت امام شافعیؒ کا یہ ارشاد بیان فرمایا کہ خشوع نماز کی صحت و درستی کے لیے شرط ہے (خشوع ظاہری سکون اور خضوع باطنی سکون کو کہتے ہیں)۔ امام یافعیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت شیخؒ نے فرمایا: میں ایک عرصہ دراز تک سطح ارض پر گھومتا رہا کہ کسی ابدال سے ملاقات کر سکوں، میں سفر و سیاحت سے تھک گیا تو فارس کے شہر اصطخر پلٹا اور صوفیاء کی ایک جھونپڑی میں جا گھسا وہاں میں نے مشائخ کرام کی ایک جماعت دیکھی جن کے سامنے کچھ کھانا تھا، اس جماعت میں حسن بن سعد اور ابع الازہر بن حیان بھی تھے، میں ایک ساعت کے لیے رکا، ور وضو کر کے فارغ ہوا تو مشائخ نے مجھے جگہ دی اور میں ان کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانے لگا، پھر ہم الگ الگ ہو گئے۔ رات خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: ”ابن خفیف! جن لوگوں کی تجھے تلاش تھی اور جن کی ہم جلیسی کی تمنا تھی یہ وہی لوگ ہیں اور تو خود بھی ان میں شامل ہے۔“ مجھے خیال آیا خواب ساتھیوں کو بتا دوں لیکن وقار و ہیبت کی وجہ سے ایسا نہ کر سکا۔ ابھی دن کی ایک ساعت ہی گذری تھی کہ مجھے شیخ ابو الحسن بن ابی سعد ملے اور فرمایا: اے ابو عبد اللہ! آپ ان لوگوں کو اپنا خواب بتا دیں۔ میں نے

marfat.com
Marfat.com

سب کو اپنا خواب بتادیا، جب خبر پھیل گئی تو فقیروں کا یہ گروہ بھی علاقے میں پھیل گیا (جامع کرامات الاولیا کا اردو ترجمہ صفحہ ۴۹۴ تا ۴۹۵)۔

۱۲۰۔ حضرت ابراھیم بن علی بن عطیہؒ خواب میں حضور محبوب کبریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ سے شفاعت کا سوالی ہوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: کثرت سے درود و سلام پڑھا کرو (سعادت الدارین فی الصلوٰۃ علی سید الکونین از علامہ یوسف نبہانیؒ کا اردو ترجمہ حصہ اول۔ صفحہ ۳۳۶)۔

؎ مولائی صل وسلم دائما ابدا — علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

۱۲۱۔ جناب راجہ رشید محمود نے رسالہ "درود و سلام" مرتب فرمایا ہے۔ اس کے صفحہ ۸۸۔ ۸۹ پر فرماتے ہیں کہ میرے محترم دوست تسنیم الدین احمد آفریدی نے درود پاک (درود مدینہ) ترتیب دیا۔ نومبر ۱۹۸۹ء میں جب پہلی مرتبہ مجھے مدینہ طیبہ حاضری کی سعادت نصیب ہوئی تو انہوں نے میری ڈیوٹی لگائی کہ میں حضور اقدس ﷺ کی بارگاہ میں یہ درود شریف پیش کروں مگر وارفتگی شوق میں میں اسے ساتھ لانا بھول گیا۔ ۴ نومبر کو مدینہ طیبہ پہنچا تو اپنی طرف سے دو نفل پڑھنے کے بعد دو نفل تسنیم الدین احمد آفریدی کی طرف سے پڑھے اور گذارش کی کہ یارسول اللہ (ﷺ)! میں "درود مدینہ" ساتھ لانا بھول گیا ہوں لیکن انہوں نے محبت و عقیدت کے جن جذبات کے ساتھ یہ درود پاک لکھا ہے اور جس شوق سے آپؐ کی بارگاہ میں پیش کرنا چاہا ہے وہ آپؐ سے پوشیدہ نہیں، اسے قبول فرمالیجیے تو ان کی عاقبت سنور جائے گی اور میرا بھرم رہ جائے گا۔ اسی رات تسنیم الدین احمد کو خواب میں مدینہ طیبہ سے درود مدینہ کی قبولیت کا اشارہ مل گیا۔

درود مدینہ پڑھنے والے نو حضرات کو دسمبر ۱۹۹۲ء میں حاضری کی سعادت سے بہرہ ور کیا گیا۔ میرا اعتقاد ہے کہ درودِ مدینہ کا وظیفہ مدینہ طیبہ میں حاضری کی سعادت حاصل کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ ("رسالہ درود و سلام" مرتبہ راجہ رشید محمود، ایڈیٹر ماہنامہ "نعت" لاہور) صفحہ ۸۸۔ دفتر ماہنامہ "نعت" اظہر منزل، نیو شالامار کالونی، ملتان روڈ، لاہور)۔

(نوٹ:- کمپوزر صاحبان قرآنی آیات، احادیث شریف، عربی دعاؤں اور درود شریف میں اعراب نہیں ڈالتے اور غلط سلط کمپوز کر دیتے ہیں جس سے فائدے کے بجائے نقصان ہوتا ہے لہذا میں نے مجبوراً یہ پالیسی اختیار کی ہے کہ عربی کی ان عبارات کو دیا ہی نہ جائے بلکہ اس کا حوالہ دے دیا جائے تاکہ جس کو شوق ہو اس کتاب سے وہ عربی عبارت حاصل کرلے، مجبوراً ایسا کیا گیا ہے کہ اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں)

marfat.com
Marfat.com

رسالہ "درود و سلام" کے صفحہ ۸۸-۸۹ پر "درود مدینہ" نہایت خوبصورت لکھا ہوا ہے۔

۱۲۲۔ حضرت مولانا شیخ علی نور الدین الشوفی نور اللہ مرقدہ' نے جامع ازہر میں ۸۰ سال تک درود شریف کی مجلس قائم رکھی۔ اس کے علاوہ یمن، بیت المقدس، شام، مکہ مکرمہ، مدینہ طیبہ اور اسکندریہ کے علاقوں میں بھی آپ نے درود شریف کی مجالس قائم کیں۔ آپ کو آنحضور ﷺ کی زیارت بابرکت بحالت بیداری نصیب ہوئی تھی۔ فرماتے ہیں: مجھے بچپن ہی سے درود شریف پڑھنے کا شوق تھا، میں بچوں کو ناشتہ دیتا اور کہتا اسے کھاؤ اور پھر ہم مل کر حضرت رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجتے اور ہم دن کا اکثر حصہ درود شریف پڑھنے میں گذارتے تھے۔" ڈھائی برس بعد جب آپ کی تدفین دوبارہ کی گئی تو مٹی نے آپ کے جسم کو نہیں کھایا تھا، جسم پھولا بھی نہیں تھا بلکہ جسمانی حالت وہی تھی جیسی تدفین اوّل کے وقت تھی (رسالہ "نظر کرم" مرتبہ جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی، صفحہ ۹۴۔ یہ رسالہ مجھے جناب محمد سرور شفقت، پروفیسر کیڈٹ کالج، حسن ابدال نے عنایت فرمایا جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں)۔

۱۲۳۔ حضرت سیّد عبدالمقصود محمد سالمؒ محکمہ پولیس میں سپاہی تھے۔ ڈیوٹی رات گیارہ بجے شروع ہو کر صبح سات بجے ختم ہوتی تھی۔ وہ اس سلسلے میں فرماتے ہیں: قرآن پاک کی سورتیں تلاوت کرنا میرا معمول تھا، ایک دن خیال آیا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ پر درود شریف بھیجنا چاہیے، پس اسی کو وظیفہ بنالیا، گن کر صبح ایک ہزار مرتبہ اور شام کو ایک ہزار مرتبہ پڑھتا، دن گذرتے رہے اور میرا تبادلہ مختلف جگہوں پر ترقی کے ساتھ ہوتا رہا، درود شریف کا وظیفہ جاری رہا، اب میں صبح پانچ ہزار مرتبہ اور شام کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھ لیتا تھا، چھٹی کے دن رات دن میں تعداد ۱۴ ہزار ہو جاتی تھی، اس درود شریف کی برکت سے مجھے بار بار حضرت رسول اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوتا، میں بیمار ہوتا تو آپؐ تکلیف کی جگہ اپنا دست مبارک رکھ دیتے اور مجھے فوراً شفا ہو جاتی (رسالہ "نظر کرم" صفحہ ۹۷)۔

۱۲۴۔ جناب سیّد عبدالمقصود محمد سالمؒ نے ۲۶ شعبان المعظم ۱۳۹۷ھ بمطابق ۱۱ اگست ۱۹۷۷ء شب جمعہ کو وصال فرمایا۔ وفات سے کچھ دن پہلے آپ نے خواب دیکھا کہ حضور نبی مکرم ﷺ نے انہیں سینے سے لگایا ہوا ہے، بوسے دے رہے ہیں اور عنقریب ملاقات کی بشارت سنا رہے ہیں (رسالہ نظر کرم صفحہ ۹۷ تا ۹۸۔ دفتر ماہنامہ "نعت" لاہور)۔

سبحان اللہ! سبحان اللہ! کیسی نظر کرم ہے۔ ایک سپاہی کثرت درود شریف سے کس اعلیٰ مقام پر جا پہنچا۔ جائز طریقوں سے لاکھوں کروڑوں روپیہ جمع کرنے کی فکر میں رہنے کی بجائے آپ بھی اپنے اکاؤنٹ میں کروڑوں درود شریف کا اضافہ کر کے اپنی دنیا و آخرت سنوار

marfat.com
Marfat.com

سکتے ہیں۔ ابھی وقت ہے اور زندگی کے لمحات نہایت قیمتی ہیں۔ کاش! آنکھ کھل جائے کیونکہ موت کے ساتھ یہ سنہرا موقعہ ختم ہو جائے گا پھر پچھتانے سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

۱۲۵۔ حضرت علامہ اقبالؒ روزانہ گن کر دس ہزار مرتبہ درود خضری (صلی اللہ علیٰ حبیبہ محمد والہ وسلم) پڑھا کرتے تھے یہاں تک کہ تعداد ایک کروڑ ہوگئی۔ کثرت درود کی وجہ سے جب بھی حضور نبی کریم ﷺ کا ذکر کرتے یا سنتے تو رقت طاری ہو جاتی تھی۔ حضرت مولانا عبدالرحمن اشرفی، نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ، فیروز پور روڈ، لاہور نے ایک مرتبہ محفل درود شریف کے بعد بیان فرمایا کہ ایک صاحب حضرت علامہ اقبالؒ کے پاس حج کے بعد ملاقات کے لیے گئے تو حضرت علامہؒ نے ان سے سفر حرمین شریفین کے بارے میں گفتگو کی اور پوچھا: روضہ رسول کریم ﷺ پر بھی حاضری دی تھی؟ انہوں نے کہا جی ہاں! حضرت علامہؒ پر یکدم رقت طاری ہوگئی اور ان سے کہا کہ تمہارے پاؤں آنحضور ﷺ کے در سے ہو کر آئے ہیں، انہیں میرے چہرے پر پھیر دو۔ وہ یہ سن کر گھبرا گئے۔ تمام حاضرین مجلس زار و قطار رونے لگے اور حضرت علامہ محمد اقبالؒ کی بھی روتے روتے ہچکی بندھ گئی (رسالہ نظر کرم صفحہ ۹۸)۔

حضرت مفتی محمد حسن قدس سرہٗ کے صاحبزادے اور میرے (مصنف / مولف کتاب ہذاء) پیر بھائی حضرت مولانا عبدالرحمن اشرفی، ماشاء اللہ نہایت ہی خوش بخت انسان ہیں۔ جامعہ اشرفیہ، لاہور میں جمعہ کے دن عصر تا مغرب سالہا سال سے درود پاک کی محفل منعقد کرا رہے ہیں۔ درود شریف کی برکت سے آپ کو کئی مرتبہ خواب اور بیداری میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے۔

۱۲۶۔ جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی کی ہمشیرہ نے انہیں بتایا کہ محترمہ رضیہ لال شاہ نور اللہ مرقدہا انتہائی نیک سیرت اور خوش اخلاق خاتون تھیں۔ روزانہ کثرت سے بڑے ہی ذوق و شوق کے ساتھ درود شریف پڑھتی تھیں۔ نعت گو شاعرہ بھی تھیں۔ محترمہؒ نے بارہ سال تک گنگ محل، گلبرگ، لاہور میں درس قرآن پاک دیا اور ہر پیر کے روز محفل میلاد شریف کا آغاز کیا جو ابھی تک جاری ہے۔ محترمہؒ اپنے گھر پر بھی ہر ہفتہ پیر کے دن درس قرآن پاک دیتی تھیں اور محفل میلاد شریف منعقد فرماتی تھیں۔ محترمہؒ نے ایک مرتبہ بتایا کہ میں تہجد کی نماز کے لیے اٹھنے لگی تو مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے دن نکل آیا ہو لیکن جلد ہی احساس ہوا کہ میرا کمرہ نور سے منور ہے، میں نے دیکھا کہ میرے کمرے کی دیوار میں جو خانے بنے ہوئے ہیں، حضور نبی کریم ﷺ ان خانوں میں کچھ کاغذات رکھ رہے ہیں اور کچھ نکال رہے ہیں۔ آپؐ نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا: "رضیہ! میں نے تمہارے سب کام کر

marfat.com
Marfat.com

دیئے ہیں" اور یہ فرمانے کے بعد آپؐ تشریف لے گئے (رسالہ نظر کرم از جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی۔ صفحہ ۹۹)۔

۱۲۷۔ دوسری مرتبہ تہجد کے وقت محترمہ رضیہ لال شاہ نور اللہ مرقدہا کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ ایک اونٹنی کو اٹھا رہے تھے اور مجھ سے فرمایا کہ میں جا رہا ہوں، تم میرے پیچھے آؤ (رسالہ نظر کرم صفحہ ۹۹)۔

۱۲۸۔ جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی کو محترمہ رضیہ لال شاہ نور اللہ مرقدہا کے شوہر جناب سید لال حسین شاہ صاحب نے بتایا: ۱۹۷۵ء میں ہم دونوں عمرے کے لیے گئے تھے اور مدینہ منورہ آئے ہوئے تیسرا دن تھا کہ ظہر کی نماز سے پہلے گھر کے کسی معاملے کے سلسلے میں ہمیں پریشانی ہوئی، فیصلہ کیا کہ نماز ظہر کے بعد لاہور فون کریں گے، اگر معاملہ ٹھیک نہ ہوا تو مدینہ منورہ میں اپنا قیام مختصر کر کے جلد واپس لوٹ جائیں گے۔ نماز ظہر کے بعد میری اہلیہ نے مجھے بتایا کہ حضور اقدس ﷺ تشریف لائے تھے اور آپؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ لاہور والا معاملہ ٹھیک ہے، آپ دونوں آرام سے یہاں رہیں۔ مرحومہ رضیہ لال شاہ نور اللہ مرقدہا مشہور سابق ٹیسٹ کرکٹر مسٹر آصف مسعود کی والدہ محترمہ تھیں (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۰ تا ۱۰۱)۔

۱۲۹۔ جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی فرماتے ہیں کہ میرے والد محترم حضرت بشیر احمد چشتی نظامیؒ "درود خضری" کی کثرت فرمایا کرتے تھے اور آپ کو حضور اقدس ﷺ کی اکثر زیارت نصیب ہوتی تھی۔ بوقت زیارت ہمارا گھر انتہائی اعلیٰ قسم کی خوشبوؤں سے مہک اٹھتا تھا۔ ۱۹۳۰ء کی دہائی میں میرے والد محترم شرقپور شریف میں رہتے تھے، وہاں ایک ہندو سے اسلام کی حقانیت پر میرے والد صاحب کی بحث ہوگئی تو اس نے گھر جا کر کالے جادو کا وار کیا جو ناکام رہا۔ ایک روز والد صاحب کے پاس حاضر ہو کر اپنے کیے کی معافی مانگی اور عرض کیا کہ مجھے اپنی خدمت پر لگالیں۔ والد محترم نے اس سے کہا کہ تم درود خضری پڑھا کرو، تمہیں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔ اس ہندو نے روزانہ درود خضری کثرت سے پڑھنا شروع کر دیا اور چند روز بعد وہ حضور اقدس ﷺ کی زیارت سے بہرہ مند ہوا (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۱)۔

۱۳۰۔ جناب بشیر احمد چشتی نظامیؒ کو ایک مرتبہ عین اس وقت بیداری میں حضور نبی اکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی جب قائداعظم محمد علی جناحؒ کی کراچی میں تدفین ہو رہی تھی۔ آپ نے بتایا کہ حضرت رسالت مآب ﷺ خود تشریف لائے ہوئے ہیں اور اپنے ہاتھوں سے قائداعظمؒ کو لحد میں اتار رہے ہیں اور فرما رہے ہیں: "یہ میرا پیارا ہے" (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۱ تا ۱۰۲)۔

۱۳۱۔ جناب محمد فیاض حسین چشتی نظامی فرماتے ہیں: میری والدہ محترمہؒ کثرت سے درود

marfat.com
Marfat.com

شریف پڑھتی تھیں، ایک مرتبہ کسی وجہ سے پریشان تھیں، اسی رات حضور نبی کریم ﷺ خواب میں تشریف لائے اور فرمایا: "میں تمہارے ساتھ ہوں، فکر نہ کرو۔" اس کے بعد ان کی پریشانی دور ہو گئی (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۲)۔

۱۳۲۔ جناب راجا رشید محمود ایڈیٹر ماہنامہ "نعت" لاہور، رسالہ "درود و سلام" مرتب فرما رہے تھے کہ ۲۸ جولائی ۱۹۹۳ء کو پہلی بار انہیں حضور انور ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی اور ان کے دل کو تسلی ہوئی کہ درود شریف کی فرضیت کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے درست ہے (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۶)۔

۱۳۳۔ جناب رانا منیر احمد غازی (۱۰۳ الیف۔ ماڈل ٹاؤن، لاہور) کثرت سے درود شریف پڑھتے اور محافل منعقد کرتے رہتے ہیں۔ ایک عرصے سے درود شریف پڑھنے کی ترغیب دینے والے سٹکرز چھپوا کر تقسیم کر رہے ہیں خصوصاً نقش پائے رسول کریم ﷺ کو پورے پاکستان اور غیر ممالک میں عام کرنے کا سہرا بھی کافی حد تک آپ ہی کے سر ہے۔ ایک روز آپ کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ رانا صاحب نے جی بھر کر آپؐ کے مبارک قدموں کے بوسے لیے اور سرکار دو عالم ﷺ نے آپ کے سر پر اپنا دست رحمت پھیرا (رسالہ نظر کرم صفحہ ۱۰۸)۔

۱۳۴۔ مولانا نبی بخش حلوائیؒ کو حسان نامی ایک شخص نے بتایا کہ شدید گرمی کے موسم میں ایک دن سنہری مسجد، لاہور میں نماز جمعہ ادا کر کے سو گیا۔ خواب میں مجھے کسی نے کہا: "اٹھو! زیارت نبی کریم ﷺ کی اجازت مل گئی ہے۔" میں اس شخص کے ساتھ چلا، ایک بارگاہ میں پہنچے جہاں ایک خوبصورت خیمہ لگا ہوا تھا میں نے دل میں کہا آج میرے نصیب جاگ اٹھے لیکن مجھ جیسے گنہگار کی نگاہیں حضور انور ﷺ کے چہرۂ انور کی تاب کیسے لائیں گی؟ مگر جوں ہی میں خیمے میں داخل ہونے لگا حضور انور ﷺ نے فرمایا: "اسے باہر نکالو، اس کے منہ سے بدبو آ رہی ہے۔" مجھے پکڑ کر باہر نکال دیا گیا، میرے منہ سے حقے کی بدبو آ رہی تھی، میں سخت شرمندہ ہوا، چیخ چیخ کر رونے اور افسوس کرنے لگا کہ اس کم بخت حقے کی وجہ سے مجھے اتنی بڑی نعمت سے محرومی ہوئی (شفاء القلوب صفحہ ۲۷۹)۔

۱۳۵۔ جناب احسان اللہ احسان (۲۱۹۔ ۲/اے جوہر ٹاؤن، لاہور) ہر سال جشن میلاد مصطفےٰ ﷺ نہایت اہتمام اور محبت سے مناتے ہیں۔ فرماتے ہیں: ۱۹۸۴ء ۲۷ویں رمضان المبارک سے دو تین دن پہلے میں شاد باغ سے گھر کی طرف جا رہا تھا کہ راستے میں اچانک میرا سکوٹر پھسل گیا اور میری ٹانگوں پر کافی چوٹیں آئیں، سخت گرمی کا موسم تھا لہٰذا فکر لاحق تھی

marfat.com
Marfat.com

کہ ۲۷ رمضان کی بابرکت رات آرہی ہے اور آخری عشرہ ہے، میں تراویح کس طرح پڑھوں گا؟ اس رات بڑی مشکل سے نماز عشاء پڑھی اور سونے کی کوشش کرنے لگا لیکن نیند نہیں آ رہی تھی، میں نے انتہائی محبت سے آہستہ آہستہ درود شریف پڑھنا شروع کردیا، معلوم نہیں کب آنکھ لگ گئی؟ رات اچانک آنکھ کھلی تو سوچا تہجد پڑھوں مگر چوٹوں کی وجہ سے جسم درد کر رہا تھا اور ٹانگیں اکڑی ہوئی تھیں، کوشش کے باوجود اٹھ نہ سکا، دل بوجھل اور غمگین ہوگیا کہ آج میں تہجد سے محروم رہوں گا، ابھی ان ہی خیالات میں گم تھا کہ حضور نبی کریم ﷺ تشریف لے آئے، آپؐ نے اپنا دست شفا میرے جسم پر پھیرا کہ میرے جسم میں عجیب سی ٹھنڈی کیف و سرور کی لہر دوڑ گئی جو میں الفاظ میں بیان نہیں کرسکتا، مجھے شفا عطا فرما کر حضور انور ﷺ تشریف لے گئے، چند لمحے پہلے میں کوشش کے باوجود اٹھ نہ سکتا تھا لیکن اب شفا پاچکا تھا سارے جسم کا درد جاتا رہا لہٰذا میں نے فوراً اٹھ کر نماز تہجد ادا کی (رسالہ نظر کرم صفحہ ۹۸ تا ۹۹)۔

۱۳۶۔ حضرت شیخ غرازؒ نے حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت کی اور دریافت فرمایا: یارسول اللہ (ﷺ)! ابوالوفا کے لیے آپؐ کی رائے مبارک کیا ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: میں اس شخصیت کے بارے میں کیا کہوں جس کے ذریعے میں قیامت کے دن سب امتوں پر فخر کروں گا (جامع کرامات اولیا کا اردو ترجمہ صفحہ ۵۰۰ تا ۵۰۱)۔

ابوالوفا حضرت محمد بن محمد کاکیسؒ پہلے ڈاکو تھے۔ حضرت شیخ ابو محمد شنبکیؒ کے دست مبارک پر توبہ کی اور تاج العارفین کہلائے۔ علامہ تاذفی نے اپنی کتاب "قلائد الجواہر" میں آپ کو عظیم الشان خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ آپ کا وصال ۲۰ ربیع الاول ۵۰۱ھ کو بعمر ۸۰ سال ہوا۔ عراق کے شہر قلمینا میں دفن ہیں۔

۱۳۷۔ ابو عبداللہ محمد بن یوسف یمنی ضجاعیؒ، موضع ضجاع کا باشندہ ہونے کی وجہ سے ضجاعی کہلائے۔ ضریر (نابینا) کے لقب سے مشہور تھے کیونکہ پیدائشی نابینا تھے، جو چیز سنتے ایک ہی مرتبہ میں یاد ہو جاتی تھی۔ فقہ حنفی کی مشہور کتاب "ہدایہ" جس کی چار جلدیں ہیں اور ہر جلد قریب ڈھائی تین سو صفحات پر مشتمل ایک ہی مرتبہ سن کر حفظ کرلی تھی۔ فقیہ کبیر احمد بن موسیٰ عجیل سے مروی ہے کہ انہیں خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا: "احمد! اگر تمہاری خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے لیے علم کے دروازے کھول دے تو ضریر کی قبر کی مٹی میں سے کچھ لو اور اس کو نہار منہ نگل جاؤ۔" انہوں نے ایسا ہی کیا اور اس کی برکات ظاہر ہوئیں (جمال الاولیا۔ تلخیص و ترجمہ جامع کرامات الاولیا۔ صفحہ ۱۱۳ تا ۱۱۴)۔

حضرت ضریرؒ نے ۶۰۰ھ میں وصال فرمایا۔ ان کا مزار ان کے موضع میں مشہور ہے۔

marfat.com
Marfat.com

۱۳۸۔ حضرت ابو عبداللہ محمد بن یعقوب بن الکمیت المعروف بہ ابی حربہؒ (آپ ابو حربہ (نیزہ والا) اس لیے مشہور ہوئے کہ ایک مرتبہ ایک ظالم کی طرف انگلی سے نیزہ کی طرح اشارہ کیا تو وہ مر گیا تھا لہٰذا مذاق کے طور پر بھی کسی کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے تو اسے موڑ لیتے تھے) بچپن ہی میں فقہ میں کمال حاصل کر چکے تھے۔ آپ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خواب میں دیکھا، فرما رہے ہیں: اے محمد! لوگوں کی حاجتوں کے لیے اٹھ کھڑے ہو، تمہارے واسطے گرم لباس، بقدر کفایت روزی اور تکمیل حوائج ہے۔ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں یہ چاہتا ہوں کہ علم میں مشغول رہوں۔ حضور اقدس ﷺ نے دوبارہ وسہ بارہ اپنا وہی ارشاد فرمایا اور آپ نے بھی وہی عرض دہرائی۔ اس پر حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے فرمایا: تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ مخالفت کرتے ہو؟ (بس پھر آپ خاموش ہو گئے) فرماتے ہیں: اس کے بعد میں جب بھی کسی حاجت کے لیے اٹھا تو آسمان میں لکھا ہوا دیکھ لیتا تھا کہ یہ پوری کی جائے گی یا نہیں؟ میں جہاں بھی چل کر جاتا ہوں تو نور کا ایک جھنڈا زمین سے آسمان تک قدرت میرے ساتھ اٹھا کر چلتی ہے۔ آپ کا وصال وادیٔ مور کے کنارے مریحہ نامی گاؤں میں ۲۴۷ھ میں ہوا اور وہیں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے (جمال الاولیا صفحہ ۱۳۶ تا ۱۳۷)۔

۱۳۹۔ ابو عبداللہؒ محمد بن عبداللہ مؤذن وادی مور کے ایک گاؤں غصین کے رہنے والے تھے۔ فقیہ، عالم، عامل اور زاہد تھے۔ علوم تفسیر میں ید طولیٰ حاصل تھا اور بغیر کسی مدد کے قرآن مجید کی مکمل تفسیر لکھوا سکتے تھے۔ ابتدائے عمر میں سماع کے منکر تھے۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ ایک عظیم جماعت کے ہمراہ حضور اقدس ﷺ گاؤں میں تشریف لائے ہیں اور ایک مغنی آپؐ کے حضور نغمے گا رہا ہے۔ صبح جب بیدار ہوئے تو حیرانی کی انتہا نہ رہی کہ گاؤں میں ایک شخص صوفیہ کی جماعت کے ساتھ موجود ہے اور وہی نغمات الاپ رہا ہے جن کی رات سماعت کی تھی۔ اس کے بعد تاحیات آپ نے سماع کا مشغلہ جاری رکھا۔ قریباً ۱۱۰ سال کی عمر پا کر اپنے ہی گاؤں میں آٹھویں صدی ہجری کے اواخر میں وصال فرمایا (جامع کرامات الاولیا کا اردو ترجمہ۔ صفحہ ۶۱۳ تا ۶۱۴)۔

۱۴۰۔ ابو عبداللہ محمد بن عمر بن محمد الزدکیؒ عالم فاضل، خوش خلق، سلیم القلب اور خیر و صلاح میں مشہور تھے۔ علم لغت کی سرکردگی آپ پر ختم تھی۔ حضور انور ﷺ نے آپ کو خواب میں ارشاد فرمایا تھا کہ جو تم سے پڑھ لے گا جنت میں جائے گا۔ پس بہت سے علما نے آپ سے علم حاصل کیا۔ شریف عبدالرحمٰن بن ابی الخیر فاریشی مکیؒ کہتے ہیں جب مجھے اس خواب کا علم ہوا تو میں نے آپ کے پاس جا کر [illegible] رے گاؤں تشریف لے

marfat.com
Marfat.com

آئے اور میں نے آپ سے پڑھا۔ مکہ مکرمہ میں ۸۲۷ھ میں آپ نے وصال فرمایا اور ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے جوار میں دفن ہوئے (جمال الاولیا صفحہ ۱۴۶ تا ۱۴۷)۔

۱۴۱۔ محمد بہاء الدین شاہ نقشبندؒ بخاری تھے۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے شیخ اعظم اور بڑے بڑے ائمہ صوفیہ کے پیش رو تھے۔ طریقت کو شیخ محمد بابا السماسیؒ سے اور پھر سید امیر کلالؒ سے حاصل کیا۔ ۷۱۷ھ میں بخارا میں ایک فرسخ کے فاصلے پر قصر العارفان آبادی میں تولد ہوئے۔ شیخ علاء الدین عطارؒ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ آپ کی نزع کی حالت میں سورہ یٰس پڑھ رہے تھے، جب نصف پر پہنچے تو انوار بلند ہونے لگے۔ ہم سب کلمہ طیبہ میں مشغول ہو گئے اور حضرت نقشبند قدس سرہٗ دوشنبہ ۳ ربیع الاول ۷۹۱ھ کی شب وصال فرما گئے متوسلین نے قبر شریف پر بڑا سا قبہ بنا دیا اور باغ کاٹ کر وہاں ایک بڑی مسجد بنا دی۔

ایک عالم نے حضرت نقشبندؒ کے مریدوں کی ایک جماعت کے ساتھ عراق کا سفر کیا۔ سمنان پہنچے تو معلوم ہوا کہ یہاں سید محمود نامی ایک بزرگ حضرت نقشبندؒ کے مخلصین میں سے ہیں۔ ہم ان کی زیارت کے لیے گھر گئے اور ان سے اس سلسلے میں داخل ہونے کی وجہ دریافت کی۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی، نہایت خوبصورت مکان تھا اور آپؐ کے برابر ایک بارعب شخص بیٹھے تھے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ کے عہد میں نہیں تھا، پس وہ فیوض و برکات حاصل نہ کر سکا اب کیا کروں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: اگر تم یہ چاہتے ہو کہ میری برکت اور میرے دیکھنے کی فضیلت حاصل کر لو تو شیخ بہاؤالدینؒ کی پیروی اپنے اوپر لازم کر لو۔ میں نے شیخ کو اس سے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا، جب بیدار ہوا تو ان بزرگ کا نام اور حلیہ ایک کتاب کی پشت پر لکھ لیا۔ پھر ایک مدت کے بعد ایک بزاز کی دکان پر بیٹھا تھا کہ ایک پُرنور اور بارُعب ایک شخص آ کر دکان پر بیٹھ گئے، ان کا چہرہ دیکھ کر مجھے خواب والا حلیہ یاد آ گیا، میں ان کو اپنے گھر لے گیا اور اس حجرے میں بٹھایا جس میں میرا کتب خانہ تھا، ان بزرگ نے ہاتھ بڑھا کر ایک کتاب نکال کر مجھے دی جس کی پشت پر میں نے سات برس پہلے وہ خواب اور اس کی تاریخ لکھی تھی لہٰذا میری درخواست پر انہوں نے مجھے اپنے سلسلے میں داخل کر لیا (الحدائق الوردیہ) (جمال الاولیا، صفحہ ۱۵۲ تا ۱۵۳)۔

۱۴۲۔ حضرت ابو عبداللہ محمد بن علی الاشحرؒ فقیہ، عالم اور عامل تھے۔ عرصہ دراز تک عشا کے وضو سے فجر کی نماز پڑھتے رہے۔ جب آپ کی عمر ۴۰ سال ہوئی تو حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے اور عرض کیا کہ مجھے ہمیشہ علم سے لگاؤ رہے، اللہ تعالیٰ مجھے متقین میں شامل فرمائے اور میری دعا قبول ہوا کرے۔ حضور اقدس ﷺ نے آپ کے حق

marfat.com
Marfat.com

میں ان تینوں باتوں کی دعا فرمائی، پھر آپ علم میں مشغول رہ کر عظیم فقیہ بنے۔ مذکور ہے کہ آپ حضرت خضر علیہ السلام کے ساتھ رہا کرتے تھے۔ بقول علامہ شرجی آپ کا وصال ۸۱۸ھ میں ہوا (جامع کرامات الاولیا حصہ اول کا اردو ترجمہ۔ صفحہ ۶۵۰)۔

۱۴۳۔ حضرت محمد بن عبداللہ دہنیؒ عظیم الشان صوفی تھے۔ بدحالی میں مبتلا ہوئے، بچے ہلاکت کے دہانے پر جا پہنچے، آپ ایک تاجر سے کچھ مانگنے گئے مگر اس نے دینے سے انکار کر دیا۔ آپ کو ایک حدیث پاک یاد آئی کہ طلوع فجر سے طلوع آفتاب کے درمیان جنت کی ساعات سے مشابہ ایک ساعت آتی ہے جس میں دعا قبول ہوتی ہے، پس میں نے بچوں کے ہمراہ سات دن اس اثناء میں دعا مانگی۔ ایک روز میں دیوار کے پہلو میں غسل کے لیے گیا تو دیوار کی دراڑ سے بہت سے سونے کے مثقال (ایک سکہ کا نام) دکھائی دیے، میں نے چہرہ ڈھک لیا اور کہا: پروردگار عالم! مجھے اس کی ضرورت نہیں، مجھے تو صرف فاقہ دور کرنے کے لیے کچھ چاہیے۔ اب جو میں نے چہرہ کھولا تو مثقال غائب تھے، پھر وہی تاجر ایک ہزار دینار لے کر آیا اور کہا کہ میں نے حضور شفیع المذنبین ﷺ کی خواب میں زیارت کی ہے اور آپؐ نے مجھے حکم دیا ہے کہ ایک ہزار دینار اسے قرض دے دو۔ حضرت فقیہ احمد بن موسیٰ عجیل بقول امام مناوی فرماتے ہیں کہ میں نے مذکورہ بالا حدیث کی تلاش کی تو اسے اربعین اجریہ میں موجود پایا (جامع کرامات الاولیا حصہ اول کا اردو ترجمہ، صفحہ ۶۵۳ تا ۶۵۴)۔

۱۴۴۔ حضرت ابو عبداللہ محمد بن عباس شعبی یمنیؒ کثرت سے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے نوازے جاتے تھے۔ فرماتے تھے: ایک سال میں نے حج کیا اور حجر اسود کے قریب یہ دعا مانگی کہ حق تعالیٰ مجھے قاضی اور مفتی بننے سے بچائے۔ جب میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان پہنچا تو خواب میں لوگوں کا ایک مجمع دیکھا، قریب پہنچا کہ سبب معلوم کروں تو مجمع کے درمیان ایک شخص کو دیکھا جیسے چودھویں کا چاند ہوتا ہے۔ میں نے حاضرین میں سے کسی سے پوچھا: یہ کون بزرگ ہیں؟ اس نے جواب دیا: یہ حضور ﷺ ہیں۔ میں نے دیکھا کہ ایک شخص مسئلہ پوچھ رہا ہے، جو ایک ورق میں ہے اور اس نے وہ ورق حضرت رسول اقدس ﷺ کی خدمت میں پیش کیا ہے اور آپؐ کے دست مبارک میں "کتاب المہذب" کا ایک جز ہے اور حضور ﷺ کبھی اس جز کو اور کبھی مسئلے کو ملاحظہ فرماتے ہیں۔ مجھے اس سے تعجب ہوا۔ آنکھ کھلنے کے بعد حضور ﷺ کی اقتدا میں مجھے مفتی ہونا ناگوار نہیں رہا البتہ قاضی ہونا ناگوار رہا اور اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ مجھے اس سے نجات مل رہی (جمال الاولیا صفحہ ۱۹۱)۔

۱۴۵۔ حضرت ابو عبداللہ محمد بن عثمان نبلیؒ عالم اور فقیہ تھے۔ ایک مرتبہ زیدی فرقے

marfat.com
Marfat.com

کا ایک حاکم زبردست لشکر لے کر آپ کے شہر کو لوٹنے کے لیے پہنچا۔ یہ لوگوں کو اپنے مذہب میں داخل ہونے پر بھی مجبور کرتا تھا۔ ہر طرف فساد برپا کر رکھا تھا۔ آپ نے اسے لوگوں کے ساتھ حُسنِ سلوک سے پیش آنے کو لکھا مگر اس نے نہ آپ کی پروا کی نہ آپ کے خط کی، پس آپ نے حضور اقدس ﷺ کی شان میں ایک قصیدہ لکھا اور آپؐ کے وسیلے سے نجات چاہی۔ حاکم نے لشکر جرار کے ساتھ آپ کے گاؤں پر حملہ کر دیا۔ گاؤں والے تھوڑے تھے پھر بھی انہوں نے اس لشکر کو شکست دی۔ آپ نے حضور اقدس ﷺ کی شان میں اور بھی کئی قصیدے لکھے ہیں۔ ایک آدمی نے خواب میں دیکھا کہ حضور انور ﷺ آپ کے منہ کو بوسہ دے رہے ہیں۔ آپ نے اللہ پاک سے دعا کی کہ مجھ سے کھانے، نیند اور عورت کی خواہش زائل کر دے۔ متوسلین نے تحقیق کی تو واقعی آپ کے اندر سے یہ تینوں خواہشیں زائل ہو چکی تھیں (جمال الاولیاً صفحہ ۱۹۵)۔

۱۴۶۔ ابو عبداللہ محمد بن سعید بن معن القرضیؒ پر علم حدیث کا غلبہ تھا۔ علم حدیث پر آپ کی متعدد تصانیف ہیں جن میں زیادہ مشہور کتاب المستصفی ہے، جسے آپ نے بڑی محنت سے کتب سنن سے جمع کیا تھا۔ یہ کتاب بہت بابرکت ہے اور یمنی علما میں بہت مقبول ہے۔ آپ نے خواب میں حضرت امام الانبیا ﷺ کو دیکھا کہ آپ کے لیے استقامت کی دعا فرما رہے ہیں۔ مکہ مکرمہ میں اپنی رباط میں مقیم شیخ ربیعؒ سے صحیح سند کے ساتھ مذکور ہے کہ انہوں نے حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: ”جو شخص محمد بن سعید کی پوری کتاب ”المستصفی“ پڑھ لے وہ جنت میں داخل ہو گا۔“ اسے شرجیؒ نے بیان کیا (جمال الاولیا صفحہ ۱۹۵ تا ۱۹۶)۔

۱۴۷۔ ابو عبداللہ محمد بن عمر النہاری الیمنی کے پاس جو بھی اجنبی آتا آپ اس کا، اس کے باپ اور قبیلے کا نام لے کر اس سے بات کرتے تھے۔ آپ کی یہ کرامت بہت مشہور تھی۔ حضرت مقری بشر بن عمران مجیؒ نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ نے ان کو بشارت دی کہ آپ سات جھنڈوں کے ساتھ جنت میں داخل ہو نگے۔ حضرت مقری قرآن پاک کی سات قرأتوں میں صاحبِ تحقیق تھے۔ اتفاقاً ایک مرتبہ آپ شیخ محمد نہاریؒ کی زیارت کو گئے تو انہوں نے دیکھتے ہی فرمایا: ”مرحبا! اس شخص کو جو سات جھنڈوں کے ساتھ جنت میں داخل ہو گا۔“ حالانکہ حضرت مقریؒ نے کبھی کسی کو اپنا خواب نہ سنایا تھا (جمال الاولیاً۔ صفحہ ۱۹۸ تا ۱۹۹)۔

۱۴۸۔ حضرت محمد صوفیؒ بہت بڑے عارف اور محقق صوفی تھے۔ وہ فرمایا کرتے تھے کہ

marfat.com
Marfat.com

عالم بیداری میں جب بھی چاہتے ہیں سرکار رسالت پناہ ﷺ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہو جاتے ہیں (جامع کرامات الاولیا حصہ اول کا اردو ترجمہ صفحہ ۷۱۲)۔

۱۴۹۔ حضرت محمد صدر الدین البکریؒ بہت خاموش بزرگ تھے۔ سوائے جواب دینے کے خود کوئی بات نہ کرتے تھے۔ ان کی والدہ کا بیان ہے کہ جب یہ ان کے پیٹ میں تھے تو انہوں نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی تھی۔ آپؐ نے ان کو ایک کتاب عنایت فرمائی تھی۔ وہ کہتی ہیں میں نے اس کی تعبیر یہ لی کہ نیک لڑکا پیدا ہوگا۔ حج کے بعد جب مدینہ طیبہ تشریف لے گئے تو لوگوں نے سنا کہ حضور انور ﷺ نے ان کے سلام کا جواب عطا فرمایا۔ آپ کا وصال ۹۱۸ھ میں مدینہ منورہ میں ہوا (جمال الاولیاء۔ صفحہ ۲۰۷)۔

۱۵۰۔ حضرت محمد بن محمد رضی الدین ابو الفضل غزیؒ کے پوتے نجم الدین غزیؒ فرماتے ہیں کہ میرے والد ماجد امام بدر الدین غزیؒ نے اپنے والد ماجد محمد رضی الدینؒ کے وصال سے کچھ دن پہلے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ کے ہمراہ صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت تھی اور آپؐ فرما رہے تھے کہ ہم تیرے باپ کی تجہیز و تکفین کے لیے آئے ہیں۔ آپ غزی الاصل ہیں، ولادت دمشق میں ہوئی، عالم اور عامل تھے، ۹۳۵ھ میں وصال ہوا اور آپ کے لاتعداد مکاشفات اور کرامات ہیں جن میں کچھ "بلغۃ الواجد" میں ذکر کی گئی ہیں (جامع کرامات الاولیاء۔ حصہ اول کا اردو ترجمہ صفحہ ۷۴۷)۔

۱۵۱۔ حضرت محمد بن بہاء الدین بن لطف اللہؒ، بہاء الدین زادہ کے نام سے مشہور تھے۔ "الشقائق" کے مصنف جب مدرس تھے تو انہوں نے خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی، آپؐ نے مدینہ منورہ سے انہیں ہدیۃً تاج بھیجا، جب صبح ہوئی تو حضرت بہاء الدین زادہ کی طرف سے ان کے پاس ایک آدمی آیا اور کہا کہ حضرت کا ارشاد ہے کہ جو خواب آپ نے دیکھا ہے اس کی تعبیر یہ ہے کہ آپ جلد ہی قاضی بننے والے ہیں، پھر جب "الشقائق" کے مصنف آپ کو ملے، خواب بیان کیا اور وہ تعبیر بھی جو آپ کو بتائی گئی تھی تو آپ نے فرمایا: ہاں! یہی بات ہے۔ صاحب الشقائق کہنے لگے حضرت میں قضا (ججی) طلب نہیں کرتا۔ آپ نے فرمایا: طلب نہ کیجئے لیکن اگر طلب کے بغیر خود مل جائے تو انکار بھی نہ کیجئے۔ پس آپ نے عہدۂ قضا قبول کر لیا۔ حضرت بہاء الدین زادہ کا وصال شہر قیصریہ میں ۹۵۱ھ میں ہوا (جامع کرامات الاولیا حصہ اول کا اردو ترجمہ۔ صفحہ ۷۴۹ تا ۷۵۰)۔

۱۵۲۔ تاج العارفین حضرت ابو الحسن محمد بن محمد جلال الدین بکریؒ امام کبیر اور قطب شہیر ہیں۔ آپ کی والدہ ماجدہ سیدہ خدیجہؒ عابدہ و زاہدہ شب زندہ دار اور ہمیشہ روزے رکھنے والی

marfat.com
Marfat.com

تھیں۔ بیٹے سے تھوڑا سا اختلاف تھا۔ وہ حج، زیارت اور ایسے ہی دیگر کاموں میں لباس فاخرہ پہن کر آنے کو ایک قسم کی نمائش سمجھ کر پسند نہ کرتی تھیں جب کہ حضرت ابو الحسن ایسے مواقع پر ایسا ہی لباس استعمال کرتے تھے۔ غصہ میں آئی ہوئی ماں سے ایک روز بیٹے نے کہا: کیا یہ بات کافی نہیں کہ میرے اور آپ کے درمیان خود حضور اقدس ﷺ فیصلہ فرما دیں؟ رات سوئیں تو خواب میں دیکھا کہ مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں ہیں اور روضۂ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں بہت سی قندیلیں ہیں جن میں ایک سب سے بڑی ہے اور اس کا حسن، روشنی اور شکل و صورت سب سے اعلیٰ ہے۔ والدہ ماجدہ نے پوچھا: یہ کس کی قندیل ہے؟ انہیں بتایا گیا کہ یہ آپ کے صاحبزادے ابو الحسنؒ کی قندیل ہے۔ انہوں نے حجرۂ طیبہ کی طرف توجہ دی تو حضور سید کائنات ﷺ کی زیارت ہوئی جہاں جناب ابو الحسنؒ وہی لباس فاخرہ پہنے کھڑے تھے۔ یہ دیکھ کر والدہ ماجدہ نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ میں توبہ کرتی ہوں اور اس کے بعد والدہ ماجدہ نے نہ کبھی انکار کیا اور نہ ہی مجھے ملامت کی (جامع کرامات اولیاً جلد اول صفحہ ۱۵۷)۔

۱۵۳۔ علامہ نجم الدین غزیؒ راوی ہیں کہ شیخ صالح علی لولوی نے مجھے بتایا کہ ایک مصیبت نے مجھے آلیا۔ میں نے اللہ کریم کے سامنے حضور رؤف الرحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا وسیلہ پیش کیا۔ آپؐ نے مجھے خواب میں دیدار بخشا اور فرمایا: اپنے پڑوسی شیخ ابو مسلم صمادی کے پاس جاؤ اور اس تکلیف کا ان سے ذکر کرو۔ صبح میں شیخ ابو مسلم صمادیؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ مجھے دیکھتے ہی کہنے لگے: اے شیخ صالح علی! میں غیب نہیں جانتا، میں غیب نہیں جانتا مگر اپنے کام کی بابت آپ نے مجھے کیوں نہیں بتایا (یعنی حضرت رسول اللہ ﷺ کو تکلیف دی، مجھے کہہ دیتے تو کام ہو جاتا) پھر اللہ تعالیٰ نے میری وہ تکلیف حضرت صمادیؒ کے ذریعے دور کرا دی (جامع کرامات اولیاً جلد اول کا اردو ترجمہ صفحہ ۷۶۷)۔

۱۵۴۔ علامہ نجم الدین غزیؒ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں بیمار ہو گیا۔ خواب میں آقائے کل ﷺ نے جمال جہاں آرا کی زیارت سے نوازا۔ میں نے دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کی بائیں جانب حضرت ابو مسلم صمادیؒ، دائیں جانب آپ کے صاحبزادے مسلم اور بہت سے لوگ ذکر الٰہی کی اس محفل میں شریک ہیں۔ ذکر سے فارغ ہو کر حضرت ابو مسلم صمادیؒ نے حضور انور ﷺ سے صمادی جماعت کی بابت دریافت کیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: اے شیخ محمد! ان میں تیرے لڑکے مسلم کے علاوہ اور کوئی بھی نہیں۔ علامہ غزیؒ فرماتے ہیں پھر میں جاگ اٹھا، بکثرت پسینہ آ چکا تھا اور مجھے آرام آ گیا تھا، میرے خواب کا علم حضرت صمادیؒ کو ہوا تو

marfat.com
Marfat.com

انہوں نے مجھے بلا بھیجا اور فرمایا: بخدا! یہ سچ ہے، میں چاہتا ہوں آپ اپنی زبان سے مجھے وہ خواب سنائیں۔ میں نے خواب سنادیا تو فرمایا: خدا کی قسم! تیرا خواب سچا ہے، ہماری جماعت میں مسلم کے سوا اور کوئی نہیں۔ اس خواب کے کچھ عرصے کے بعد حضرت صمادیؒ کا وصال ہو گیا اور آپ کے صاحبزادے مسلم آپ کے جانشین ہوئے (جامع کرامات الاولیاً۔ صفحہ ۷۶۸)۔

حضرت محمد صمادی ابو مسلم دمشقیؒ امام، علامہ اور عارف ربانی تھے، اکابر اولیاً کے ساتھی اور اصفیا کے سردار تھے، وصال ۹۹۴ھ میں دمشق میں ہوا، جامع مسجد اموی میں نماز جنازہ پڑھی گئی اور آپ اپنے خاندان کی خانقاہ میں دفن ہوئے۔

۱۵۵۔ علامہ محبی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد بن احمد عجیلؒ کی اپنی ایک تحریر دیکھی جس کی عبارت یہ ہے کہ شیخ صالح نجم الدین بن فیولی مصری نے مجھے بتایا کہ انہوں نے ۱۰۰۷ھ عید الفطر کے دن اونگھ کی کیفیت میں دیکھا کہ نبی مکرم ﷺ اپنی قبر انور کے سامنے تشریف رکھتے ہیں اور آپؐ کے تمام جسم پاک سے نور نکل رہا ہے، خصوصاً سینۂ اقدس سے نکلنے والا نور بہت زیادہ ہے، ابن عجیلؒ محفل میلاد و ذکر اپنی مسجد میں قائم کیے بیٹھے ہیں اور یہ نور ان کے سینے میں لگاتار داخل ہو رہا ہے، باقی اولیاً کو بھی وہ نور مل رہا ہے لیکن اس کی مقدار کم ہے، میں جب پوری طرح بیدار ہو گیا تب بھی وہی کیفیت رہی۔ بے شک یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے کیونکہ وہ عظیم فضل والا ہے (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیاً۔ صفحہ ۷۹۸ تا ۷۹۹)۔

حضرت محمد بن احمد عجیلؒ بنی عجیل کے عظیم فقیہہ گھرانے کے چشم و چراغ ہیں، جن کا وصال ۱۰۱۱ھ میں ہوا۔

۱۵۶۔ حضرت محمد بن ابی الحسن البکری مصری (استاذ سیدی محمد بکری صدیقیؒ) کی ولادت ۱۳ ذی الحجہ ۹۳۰ھ کو ہوئی۔ پرورش والد معظم ابو الحسن تاج العارفین البکری صدیقی قدس سرہٗ کی گود میں ہوئی۔ آٹھ سال کی عمر میں کعبہ شریف کے پاس مالکی حضرات کے مقام عالی پر نماز تراویح میں قرآن پاک بطور امام سنایا۔ وصال ۹۹۴ھ میں ہوا۔ ان کی تاریخ وفات اس فقرے سے نکلتی ہے۔ (مات قطب العارفین ۹۹۴ھ، عارفوں کے قطب کا وصال ہو گیا)۔

جب والد ماجد آخری حج سے واپس لوٹے تو سیدی محمد بکری صدیقیؒ نے عرض کیا: حضور ابا جان! کیا آپ نے میرے ساتھ کیے ہوئے وعدے کو پورا فرمایا؟ فرمایا: وعدے سے بڑھ گیا ہوں، میں نے تمہیں حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں پیش کیا اور عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! میرے لڑکے محمد کے لیے کیا کچھ ہے؟ آپؐ نے جواب میں ارشاد فرمایا: "اگر تم قریش کو بتا دو جو کچھ اللہ کے یہاں اس کے انعامات میں تو وہ اترانے لگیں" (اردو ترجمہ جامع

marfat.com
Marfat.com

کرامات الاولیاً۔ صفحہ ۷۷۴)۔

۱۵۷۔ حضرت شیخ ابراہیم عبیدی نے اپنی کتاب "عمدۃ التحقیق فی بشائر آل الصدیق" میں شیخ ابوالسرور بکری کی کتاب "الکوکب الدری فی مناقب الاستاذ بکری" کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ استاذ سیّدی محمد بکری صدیقیؒ کی کرامت جو آپ نے خود بتائی کہ جب ایک سال حج کرنے کے بعد مدینہ منورہ میں حضور اقدس ﷺ کے روضۂ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) کی زیارت کی تو حضور رحمتہ اللعالمین نے بالمشافہ مجھ سے کلام فرمایا اور یہ دعا دی: "اللہ تعالیٰ تمہیں اور تمہاری اولاد کو برکات سے نوازے" (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیاً۔ صفحہ ۷۷۲)۔

۱۵۸۔ عمدۃ التحقیق میں حضرت شیخ محمد زین البکری بن زین العابدین بن محمد بکریؒ کے حوالہ سے ۱۰۶۲ھ کا یہ واقعہ مذکور ہے۔ شیخ محمد زین البکریؒ سفر میں تھے کہ ایک رات ہاتف کو یہ کہتے سنا: اے محمد زین العابدین! قرافہ میں اپنے دادا (حضرت محمد بکری صدیقیؒ) سے ملاقات کیجیے۔ ہاتف نے بار بار اصرار کیا تو نماز فجر ادا کر کے گھوڑے پر سوار ہو کر قرافہ کی طرف چل پڑا اور حضرات خاندان بکریہ کے دربار میں داخل ہو کر اپنے دادا حضرت محمد بکری صدیقیؒ کی قبر مبارک پر جا کر کچھ مخفی معاملات پیش کیے اور چل پڑا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک لمبے قد کاٹھ کا آدمی سرخ پگڑی اور سرخ قبا پہنے ہوئے مجھے پکارتا ہے: اے محمد! اے بکری! اے محمد! اے بکری! آپ کے دادا سلام فرماتے ہیں، انہوں نے آپ کے معاملات (شکایات) سن لیے ہیں اور آپ کی شکایات کے دوران حضور اقدس ﷺ بھی وہیں تشریف فرما تھے۔ آپ کے دادا نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! یہ میرے بیٹے زین العابدین کا بیٹا ہے اور مجھے بہت پیارا ہے لہٰذا آپؐ اس کی حاجات پوری فرما دیں۔ آپ کی حاجات حضور نبی کریم ﷺ نے اپنے ذمے لے لی ہیں اور میری ایک ایک حاجت گن کر بیان کر دی حالانکہ وہ میں نے صرف اپنے دادا سے بیان کی تھیں اور کسی دوسرے کو ان کا علم نہ تھا۔ اس کے بعد اچانک وہ شخص غائب ہو گیا (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیاً صفحہ ۷۸۵ تا ۷۸۶ سے ماخوذ)۔

۱۵۹۔ حضرت محمد بن زین العابدین اپنے باپ دادا کی طرح اکابر اولیائے ربانی میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ شیخ ابراہیم عبیدی کے مرشد ہیں جنہوں نے آپ ہی کے لیے اپنی مشہور کتاب "عمدۃ التحقیق" لکھی تھی۔ آپ نے ایک سال حج کرنے کے بعد مدینہ منورہ میں حضور انور ﷺ کے مزار سبط انوار کی زیارت کی۔ جب الوداعی سلام کے لیے حاضر ہوئے تو حضور اقدس ﷺ، حضرت صدیق اکبرؓ اور حضرت فاروق اعظمؓ کے نورانی چہرے سامنے آ گئے۔ آپ سر جھکائے عالم حیرت میں ڈوبے باادب حضور اکرم ﷺ کے حضور کھڑے تھے اور آپ

marfat.com
Marfat.com

کے خادم عرض کر رہے تھے کہ حضور! قافلہ روانہ ہو چکا ہے۔ وہ چاہتے تھے کہ آپ جلدی چلیں اور پھر وہ چہرۂ انور آہستہ آہستہ یوں اوجھل ہونے لگا جیسے چاند بادل کی اوٹ میں چلا جاتا ہے۔ اس کے بعد حضرات شیخین کریمین کے مقدس چہرے بھی اس طرح اوجھل ہو گئے (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا۔ صفحہ ۸۲۵)۔

۱۶۰۔ حضرت محمد بن عمر بن یحییٰ بن مساوی ردینی حسینی یمنیؒ نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ نے فرمایا کہ "تیرا قدم میرے قدم کی طرح ہے (یعنی کامل اطاعت کیش ہے) اور تیری مسجد میری مسجد جیسی ہے۔" ایک ولی نے خواب میں کسی کو کہتے سنا کہ حضرت امام الانبیا علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ کے خزانوں کے امین ہیں اور محمد بن عمرؒ حضور انور ﷺ کے امین ہیں (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۲۹)۔ آپ کے مناقب و کرامات حد کے احاطے میں نہیں آتے اور آپ نے ۱۰۹۶ھ میں وصال فرمایا۔

۱۶۱۔ حضرت محمد سعید بن ابی بکر بن عبدالرحیم بن منہا حسینی بغدادیؒ بیداری کی حالت میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کیا کرتے تھے۔ آپ امام، صوفی، عارف اور زاہد تھے۔ ۱۱۷۱ھ میں مصر تشریف لائے، پھر روم چلے گئے اور وہیں ۱۱۸۵ھ میں وصال فرمایا (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۴۲)۔

۱۶۲۔ حضرت شیخ محمد حفنی شمس الدین ابو المطارم خلوتی مصری شافعیؒ علمائے عاملین اور اولیائے عارفین کے امام، اپنے وقت کے قطب اور اپنے دور میں طریقت و حقیقت کے مرشد ہیں۔ آپ کے ایک خلیفہ علامہ شیخ حسن فوی مصری متوطن مکہ مکرمہ نے آپ کے مناقب میں ایک مستقل کتاب لکھی ہے۔ اس کی چھٹی فصل میں علامہ نے وہ کرامات بیان کی ہیں جو اللہ نے آپ کے مقدس ہاتھوں سے ظاہر فرمائیں۔ مصنف فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے خواب میں لاتعداد لوگوں کو بشارت فرمائی کہ حضرت حفنیؒ اپنے دور کے لوگوں کی شفاعت کریں گے (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۷۰)۔

۱۶۳۔ حضرت محمد کردی خلوتی شافعیؒ (حضرت شیخ محمد حفنیؒ کے) بڑے خلفاء میں سے ہیں۔ آپ کی لاتعداد کرامات میں سے ایک بڑی کرامت یہ ہے کہ جب بھی چاہتے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت بابرکت سے مشرف ہو جاتے تھے (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۷۵)۔

۱۶۴۔ حضرت سید محمد عثمان میرغنی بن سید محمد ابی بکر بن سید عبداللہ حنفی محمدی حسینی حسنیؒ کی سب سے بڑی کرامت یہ ہے کہ آپ حضور انور ﷺ کی زیارت پاک عالم بیداری میں کرتے

marfat.com
Marfat.com

تھے اور بلا واسطہ آپؒ سے فیض حاصل کرتے تھے (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۸۲)۔

۱۶۵۔ حضرت سیّد محمد عثمان میر غنیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم ﷺ پر درود و سلام پیش کرنے کے موضوع پر تین کتابیں لکھیں اور پھر کتاب "فتح الرسول و مفتاح بابہ للدخول" لکھنا چاہی تو حجرہ اقدس میں داخل ہو کر امام الانبیا ﷺ کے رخ انور کے سامنے کھڑا ہو گیا، آپؐ نے اجازت فرمائی اور سر مقصود بتا کر امداد فرمائی۔ روضۂ اقدس میں میں نے یہ کتاب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے مرتب ومدوّن کی اور آپؐ نے اسے عمدہ قرار دے کر اس بات کا بھی ذکر فرمایا کہ اس سے سرِ فتح اور قرب دونوں جہانوں میں نصیب ہو گا اور ایسی خبروں سے نوازا جنہیں سامعین کی عقلیں سمیٹ نہیں سکتیں (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۸۲)۔

۱۶۶۔ حضرت سیّد محمد عثمان میر غنیؒ نے اپنی دوسری کتاب درود شریف کے موضوع پر "باب الفیض المدد من حضرۃ الرسول السند" لکھی۔ اس میں تحریر فرماتے ہیں کہ اتوار کی رات کے پچھلے پہر میں حضور رسول کریم ﷺ کی سرکار میں حاضر ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: تم میرے محبوب، میرے مطلوب ہو اور میرے مرغوب ہو۔ آپؐ نے اشارہ فرمایا کہ "میرے پیرو کاروں میں ہزار سے زیادہ ایسے لوگ ہونگے جو عظیم المرتبت مقربین میں شامل ہونگے اور آپؐ کے اور ان کے درمیان کوئی واسطہ نہ ہو گا" (یعنی وہ براہ راست فیض نبوت کے مستفیض ہونگے) (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۸۳)۔

حضرت سیّد محمد عثمان میر غنی بن سیّد محمد ابی بکرؒ اکابر اولیا اور افراد اصفیا میں سے ہیں۔

۱۶۷۔ حضرت شیخ محمد فاسی شاذلیؒ نے حضور اقدس ﷺ کے حجرہ مبارک میں عالم بیداری میں سیّدۂ کائنات، حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل کیا۔ امیر سیّد عبد القادر جزائری نے اپنی کتاب "المواقف" میں لکھا ہے کہ حجاز مقدس میں جب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا کہ "میں بیس برس سے آپ کے انتظار میں ہوں' آپ میرے شیخ ہیں۔" مجھے ۱۲۸۴ھ میں طریق شاذلی عطا فرمایا۔ پھر مختصر سی مدت میں اللہ تعالیٰ نے میرے لیے فتوح کے لاتعداد دروازے کھول دیے۔ حضور اکرم ﷺ نے عالم بیداری میں مجھے شرف دیدار بخشا۔ حضرت شیخ محمد فاسیؒ نے مکہ مکرمہ میں وصال فرمایا (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۸۹۸)۔

۱۶۸۔ حضرت شیخ محمد ہیکل المشہور حضرت ابو راشدؒ جب مکہ مکرمہ سے شامی قافلے کے ساتھ مدینہ طیبہ پہنچے اور روضۂ انور کے مکین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہوئے

marfat.com
Marfat.com

تو فیصلہ کر لیا کہ اب شامی قافلے کے ساتھ واپس نہ جاؤں گا بلکہ مدینہ منورہ ہی میں رہ جاؤں گا۔ رات کو جب سوئے تو حضور اقدس ﷺ نے خواب میں حکم دیا کہ شام اپنے بال بچوں کی دیکھ بھال کے لیے جاؤ کیونکہ تمہارے علاوہ ان کا کوئی اور کفیل نہیں ہے (آپ کے بچے بچیاں چھوٹے تھے)، مگر آپ کو قربِ نبوی (ﷺ) کی محبت اور پڑوس میں قیام عزیز تھا۔ پس آپ کو دوبارہ حضور انور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی، آپ نے معذرت پیش کی جو قبول نہ ہوئی اور حضور اقدس ﷺ کی بے حد تاکید کی وجہ سے قافلے کے ساتھ شام جانا پڑا (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا صفحہ ۹۰۸)۔

۱۶۹۔ حضرت ابو راشدؒ کی بیوی دمشق (شام) کے کسی امیر کی شادی میں شریک ہوئیں۔ وہاں عورتوں کو زیورات اور اعلیٰ لباس میں ملبوس دیکھا تو اپنے فقر کی وجہ سے کبیدہ خاطر ہوئیں کیونکہ ان کا لباس پھٹا پرانا تھا اور زیور نام کی کوئی چیز جسم پر نہ تھی، گھر واپس آئیں تو غمزدہ تھیں۔ آپ نے بیوی سے پراگندگی کی وجہ پوچھی تو انہوں نے ساری بات بتا دی۔ رات خواب میں حضور اقدس ﷺ نے شرف دیدار بخشا۔ آپؐ کے پاس نفیس قیمتی زیورات اور بیش قیمت لباس تھے جن کی مثال دنیا میں نہ تھی۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "یہ سب تمہاری بیوی کے لیے لایا ہوں، اسے شکستہ دل نہ ہونا چاہیے، یہ سب آخرت میں اس کا مقسوم ہے کیونکہ دنیا میں وہ ان قیمتی زیورات و لباس سے محروم رہی ہے۔" میری بیوی بھی خواب ہی میں حاضر ہو گئی اور یہ سب زیورات اور کپڑے پہن لیے۔ وہ خوشی حاصل ہوئی جس کا اظہار ممکن نہیں (اردو ترجمہ جامع کرامات الاولیا۔ صفحہ ۹۰۸ تا ۹۰۹) حضرت ابو راشدؒ نے ۳۲۰ھ میں وصال فرمایا۔

۱۷۰۔ حضرت شیخ ابوالفیض محمد بن عبدالکبیر کتانی فاسیؒ کی ولایت کبریٰ کی صحت کو خواص و عوام نے تسلیم کیا ہے۔ آپ عالم بیداری میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوتے تھے۔ طنجہ کی علم و عمل میں ممتاز شخصیت شیخ عبدالرحمن زریؒ نے حضرت شیخ ابو الفیضؒ کے حقیقی بھائی حضرت سید عبدالحیؒ کو ایک گرامی نامہ لکھا جس میں حضرت ابوالفیضؒ کی بے حد مدح کے ساتھ یہ بھی تحریر تھا کہ آپ عالم بیداری میں حضور انور ﷺ کی زیارت فرماتے ہیں۔ یہ بھی لکھا کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں ایک عظیم مجمع میں دیکھا، آپؐ کے سب سے زیادہ قریب حضرت ابوالفیض محمد بن عبدالکبیرؒ تھے اور حضور ﷺ کی توجہ اشرف سب سے زیادہ آپ ہی پر تھی (اردو ترجمہ جامع کرامات اولیا۔ صفحہ ۹۱۱)۔

سید عبدالحیؒ نے ۱۳۲۴ھ میں علامہ یوسف نبہانیؒ کو بتایا تھا کہ میرے بڑے بھائی

marfat.com

Marfat.com

عارف باللہ سیدی شیخ محمد بن عبد الکبیر کی ولادت ۱۲۹۰ھ میں ہوئی اور وہ عمر میں مجھ سے ۱۳ سال بڑے ہیں (صفحہ ۹۱۸)۔

۱۷۱۔ غوث العصر سلطان المشائخ حضرت خواجہ محمد عمر عباسی قادریؒ ۱۸۱۷ء میں موضع مان (ضلع گجرانوالہ) میں پیدا ہوئے۔ ۴۲ ویں پشت میں آپ کا سلسلہ نسب حضرت عباسؓ سے جاملتا ہے۔ چودہ سو برس سے آپ کے خاندان عالی میں علم و فضل اور رشد و ہدایت کا سلسلہ جاری ہے۔ آپ کے والد محترم حضرت خواجہ محمد جیون بھی ایک عظیم المرتبت عالم اور ولی کامل تھے۔ حضرت غوث العصر کو اپنے پیر و مرشد حضرت سخی احمد یارؒ کی روحانی تربیت کے دوران بھی حضرت رسول اللہ ﷺ سے اویسی نسبت حاصل تھی۔ تربیت حصول کے دوران جب آپ کے قلب انور کے اندر طلب الٰہی نے ایک زبردست آتش برپا کر رکھی تھی تو آپ نے مقام حقیقت کے ادراک سے متعلق عرض پیش کی جو ابھی آپ کی روحانی استعداد سے بالاتر تھی۔ حضور اقدس ﷺ نے اس پر فرمایا: ابھی تم بچے ہو اس بوجھ کے متحمل نہ ہو سکو گے۔ تو آپ نے عرض کیا: حضور (ﷺ)! کرم فرمادیجیے، یہی ہوگا کہ میں سوکھ کر کانٹا ہو جاؤں گا۔ آپ کے اصرار پر آنحضور ﷺ نے توجہ فرمائی تو آپ کا جسم سوکھنا شروع ہو گیا اور آپ کے جسم و سر مبارک پر ایک بال بھی نہ رہا۔ اطباء تشخیص و علاج سے عاجز آگئے اور آپ نے گاؤں سے باہر اپنی زمینوں پر رہنا شروع کر دیا۔ رات دن ذکر الٰہی میں مشغول رہتے اور قصیدہ مضریہ خوش الحانی سے پڑھا کرتے۔ ایک دوپہر قصیدہ پڑھ رہے تھے کہ ایک نور کا شعلہ روشن ہوا اور رحمت دو عالم ﷺ نے اپنے بے مثال دیدار جمال سے آپ کو مشرف فرمایا اور اپنی چادر مبارک کا ایک گوشہ آپ کے جسم پر لہرایا۔ آپ اسی وقت اس طرح صحت مند ہو گئے جیسے کوئی مرض لاحق ہوا ہی نہ تھا۔ اس کے بعد آپ اکثر حالت خواب و بیداری میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوتے رہے اور اپنے پیر و مرشد حضرت سخی احمد یارؒ اور حضور اقدس ﷺ سے براہ راست روحانی تربیت پاکر کائنات عالم میں ایک عظیم المرتبت و یگانۂ روزگار ولی کامل کی حیثیت سے شہرہ آفاق ہوئے کہ کل عالم میں آپ کے کمالات، فقر اور ولایت کا ڈنکا بجنے لگا۔ آپ کا وصال ۵ محرم ۱۳۰۹ھ کو ہوا۔ دربار عالیہ قادریہ بازار خراداں والا، گجرانوالہ میں آپ کا روضہ مرجع خلائق ہے۔ فخر المشائخ صاحبزادہ شبیر احمد کمال عباسی مدظلہ العالی آج کل سجادہ نشین ہیں جو اپنے اسلاف کی بہترین یادگار اور ان کے کمالات ظاہری و باطنی کے آئینہ دار ہیں ("سیالکوٹ سے خیبر تک" از ایم زماں کھوکر۔ ایڈووکیٹ۔ صفحہ ۲۵۶ تا ۲۵۸ سے ماخوذ۔ یاسر اکیڈمی، بالمقابل سیشن عدالت کچہری روڈ، گجرات)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۷۲۔ خطہ پوٹھوہار میں اشاعت اسلام کرنے والے قدیم اولیائے کرام میں حضرت دیوان حضوری کا نام سرفہرست ہے۔ آپ کے آباؤاجداد غزنی سے ہجرت کر کے پہلے چنیوٹ پہنچے، وہاں سے تخت پڑی اور پھر بسند ود میں سکونت اختیار کی۔ آپ مادر زاد ولی تھے۔ بچپن میں قرآن مجید حفظ کر لیا اور پھر دینی تعلیم مکمل کی۔ بچپن ہی سے کرامات کا ظہور شروع ہو گیا تھا۔ آپ نے متواتر ۱۲ حج کیے۔ پہلی مرتبہ جب دخانی جہاز سے حج کے لیے روانہ ہوئے تو جہاز راستے میں ایک جزیرے پر ٹھہرا۔ آپ دور جا کر عبادتِ الٰہی میں مشغول ہو گئے اور جہاز کے جانے کا علم نہ ہوا، جب معلوم ہوا تو آپ اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز ہو گئے۔ حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ چاروں خلفا ہمراہ تھے۔ آپؐ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے فرمایا: "میری پاک اولاد میں سے یہ شخص اس جزیرے میں پریشان حال ہے۔" حضرت علیؓ نے آپ کو اٹھا کر گلے سے لگایا۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "عبداللہ کیا خواہش ہے؟" آپ نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! حج کو جانا چاہتا ہوں۔ حضور انور ﷺ نے ارشاد فرمایا: آنکھیں بند کرو۔ پھر آواز آئی: آنکھیں کھولو۔ آپ نے دیکھا تو اپنے آپ کو جدہ کی بندرگاہ پر پایا۔ سبحان اللہ! (سیالکوٹ سے خیبر تک۔ صفحہ ۲۶۴ تا ۲۶۵ سے ماخوذ)۔

آپ نے ۲۰ شوال ۱۰۷۲ھ کو وصال فرمایا۔ شہزادہ دارا شکوہ اور جہاں آرا بیگم نے آپ کی خدمت میں حاضری دی۔ پیر مہر علی شاہ صاحبؒ گولڑہ شریف جب اس علاقے سے گذرتے تو تعظیماً سواری سے اتر جاتے اور فرماتے: یہاں پیر پیراں کا لاڈلا آرام فرما ہے۔ میاں محمد نواز شریف وزیراعظم پاکستان، جناب وسیم سجاد چیئرمین سینیٹ، مولانا عبدالستار نیازی اور بے شمار دیگر اکابرین و سجادہ نشین یہاں کی حاضری کی سعادت حاصل کر چکے ہیں اور کرتے رہتے ہیں۔ ہر سال ۲۰ شوال کو عرس ہوتا ہے۔ حضرت دیوان حضوری کا خاندان آج تک دینی و دنیاوی طور پر خلق خدا کو فیض یاب کر رہا ہے۔ سوہاوہ (ضلع جہلم) سے اڑھائی کلو میٹر کے فاصلے پر گاؤں ہے، جس کا قدیمی نام بسند ود شریف تھا مگر عارف باللہ حضرت دیوان حضوری سید عبداللہ شاہ قادریؒ کا مسکن ہونے کی وجہ سے سرکاری کاغذات میں اس کا نام دیوان حضوری ہو چکا ہے۔ سوہاوہ سے دو میل آگے جی ٹی روڈ پر چکوال موڑ آتا ہے۔ جہاں سے مغرب میں سڑک چکوال کو جاتی ہے اور مشرق میں ایک سڑک دھمیک تک جاتی ہے، یہاں دو بورڈ لگے ہیں، ایک پر شاہراہ شہاب الدین اور دوسرے پر شاہراہ دیوان حضوری لکھا ہے۔ گاؤں میں داخل ہوتے ہی سینکڑوں سال پرانا وسیع و عریض برگد کا درخت نظر آتا ہے۔ دربار حضرت دیوان حضوری جانے کے لیے جو ... راستہ ہے جس کے ایک طرف

marfat.com
Marfat.com

سینکڑوں فٹ گہرائی ہے، نئے لوگ گذرتے ہوئے خطرہ محسوس کرتے ہیں لیکن آج تک کوئی حادثہ پیش نہیں آیا (پوٹھوار لوک ورثہ۔ اسلام آباد)۔

۱۷۳۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی فرماتے ہیں: ۶۲-۱۹۶۰ء کے اوائل کی بات ہے جب کہ میری عمر دس بارہ سال تھی۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ تمام کرۂ ارض میرے سامنے ہے، خاکروب ہاتھوں میں جھاڑو لیے صفائی کر رہے ہیں، اچانک حضرت رسول اللہ ﷺ اس کرہ ارض پر جلوہ افروز ہوتے ہیں، ہر جانب سے صدائیں بلند ہو رہی ہیں "محمدؐ آئے! محمدؐ آئے!" سرکار دوعالم ﷺ نے کھجور کے پتوں سے بنے ہوئے نعلین پہن رکھے ہیں، آپؐ کا چہرہ اقدس چودھویں کا چاند ہے، جب میری آنکھ کھلی تو عجیب سا سرور اور جسم میں تازگی تھی، آج تک اس رخ انور کی ضوفشانی آنکھوں میں جھلملاتی ہوئی دیکھ رہا ہوں (ماہنامہ درویش، لاہور۔ شمارہ ستمبر ۱۹۹۶ء)۔

۱۷۴۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی نے ۱۹۸۶ء میں پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج سے فقہ میں پی ایچ ڈی کیا۔ مقالہ "اسلامک لاء آف ٹارٹ" انگریزی زبان میں اپنے موضوع پر پہلی کاوش تھی۔ یہ مقالہ جلد شائع ہو گیا اور اسی سال خواب میں دیکھا کہ کئی صحابہ کرامؓ دائرے کی شکل میں تشریف فرما ہیں کہ اچانک آواز آئی: "پی ایچ ڈی کے اس مقالے میں مصنف نے سرکار دوعالم ﷺ کی بہت تعریف کی ہے۔" صبح آنکھ کھلی تو عجیب کیفیت تھی۔ اس کے بعد میں نے باوضو رہنا شروع کر دیا۔ بستر بھی پاک وصاف رکھتا اور باوضو سوتا۔ ایک رات خواب دیکھا کہ ہر سو سبزہ ہے، پہاڑی علاقہ ہے، نماز کا وقت ہے میں جلد نماز ادا کرنا چاہتا ہوں اور دوڑتا جاتا ہوں۔ بیت اللہ شریف سامنے ہے، اچانک دیکھا کہ کھلا میدان ہے اور وہاں ایک نوجوان پٹھان کھڑا ہے۔ وہ کہتا ہے: "میں اس ذات گرامی کا تعارف کراتا ہوں، آپ حضور اکرم ﷺ ہیں۔" حضور اکرم ﷺ نے اپنا رخ انور میری طرف کیا اور تبسم فرمایا۔ میں آپؐ کے قدمین شریفین پر گر پڑا اور دائیں قدم مبارک پر بوسے دینا شروع کر دیئے، میں نے قدم مبارک زور سے پکڑ رکھا تھا اور بوسے دیئے جاتا تھا۔ پھر وہ پٹھان بولا کہ "حضور انور ﷺ نے تمام عُمر پیدل چل چل کر، پیدل چل چل کر تبلیغ کی۔" اس نے ان الفاظ پر زور دیا "پیدل چل چل کر، پیدل چل چل کر۔" آنکھ جب کھلی تو تکیہ آنسوؤں سے تر تھا اور آنکھوں میں آنسو تھے۔ حضور اقدس ﷺ کے قدم مبارک پر بوسوں کی شیرینی اور تازگی اب بھی محسوس کر رہا تھا۔ اس مبارک خواب کے بعد مجھ میں حیرت انگیز حد تک خود اعتمادی پیدا ہو گئی اور دل بھی غنی ہو گیا۔ میں زندگی کے متلاطم سمندر میں گناہوں سے پہلے ہی سچی توبہ کر چکا تھا۔ اب زندگی کے ہر لمحے کو قیمتی سمجھتے ہوئے تحریر اور تقریر کے ذریعے تبلیغ کو اپنا مشن بنا لیا (ماہنامہ

marfat.com
Marfat.com

درویش۔ایڈیٹر:ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی)۔

۱۷۵۔ ۱۹۸۶ء کا سال میرے لیے بڑا ہی مبارک تھا۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی نے اس سال کے آخر میں خواب دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ ایک کھلے میدن میں جلوہ افروز ہیں۔ آپؐ کے مبارک رخساروں سے نور کی کرنیں نکل رہی ہیں، آپؐ گہری سوچ میں ہیں اور کسی معاملے میں بہت غور و فکر فرما رہے ہیں (ماہنامہ درویش، عبدالکریم روڈ، قلعہ گوجر سنگھ، لاہور)۔

۱۷۶۔ ۹۱-۱۹۸۸ء کے دوران جب ڈاکٹر لیاقت علی نیازی چکوال میں ڈپٹی کمشنر تھے۔ایک رات خواب دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ کا روضۂ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) ہے اور آپؐ کا جسدِ مبارک تربت شریف (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) پر پڑا ہے۔ آپؐ کی سیاہ زلفیں وقت کی شکست و ریخت کے عمل سے محفوظ ہیں اور میں حیران ہوں کہ آپؐ کو اس دنیا سے الوداع ہوئے چودہ سو سال سے زیادہ عرصہ گذر چکا ہے لیکن مبارک زلفیں اسی طرح ہیں۔ میں ہاتھ لگانے کی جرأت نہیں کرتا اور خطرہ محسوس کرتا ہوں کہ کہیں زلفیں جھڑ نہ جائیں۔ (ماہنامہ درویش)۔

۱۷۷۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی ۱۹۹۲ء کے دوران وزارت مذہبی امور میں تعینات تھے۔ ۱۲ ربیع الاول شریف صبح ۴ بج کر ۲۰ منٹ پر خواب دیکھا کہ حضور انور ﷺ ایک گھر میں تشریف لائے ہیں۔ کمرے میں نہایت خوبصورت قالین بچھا ہوا ہے، جس پر ہاتھ سے بنا ہوا ایک اور بہت خوبصورت چھوٹا قالین پڑا ہے اور اُس پر حضور اقدس ﷺ جلوہ افروز ہیں۔ آپؐ نے فیروزی رنگ کا عمامہ باندھا ہوا ہے۔ چہرہ اقدس ہیرے کی طرح جگمگا رہا ہے اور رُخِ انور پر اس قدر جمال ہے کہ آج تک ایسا جمال نہیں دیکھا۔ میں آپؐ سے صرف پانچ چھ فٹ کے فاصلے پر ہوں۔ حضور اقدس ﷺ مصروف ہیں۔ کسی نے کہا: "آپؐ یتیموں کے ایک ادارے میں تشریف لائے ہیں اور ان کے معاملات کی نگرانی فرما رہے ہیں۔"

پھر میں نے دیکھا کہ میرے ہاتھ میں میرا اپنا ہی شائع شدہ درود شریف ہے۔ اس کا صفحہ اول میرے سامنے ہے اور میں وہ صفحہ پڑھ رہا ہوں۔ سامنے بیت اللہ شریف ہے۔ وہ صفحہ مندرجہ ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شاہ امم ﷺ کی خدمت اقدس میں علامہ بوصیریؒ نے قصیدۂ بردہ تحریر کیا تھا۔ ایک عاشق دلگداز کے قلب مضطرب سے نکلی ہوئی پُر کیف صدا آج بھی گونج رہی ہے:

مولائی صل وسلم دائما ابدا علیٰ حبیبک خیر الخلق کلھم

marfat.com
Marfat.com

(ترجمہ)=

اے میرے مالک درود و سلام بھیج ہمیشہ تک   اپنے دوست پر جو بہتر ہیں ساری خلقت میں

ھوالحبیب الذی ترجیٰ شفاعتہ   لکل ھول من الاھوال مقتحم

(ترجمہ)= وہی ہیں اللہ کے ایسے حبیب کہ ان کی شفاعت کی امید ہے ہر ایک خوف کے وقت جو آنے والے خوف ہیں

پھر میری آنکھ کھل گئی، آنکھوں سے گنگا جمنا بہہ رہی تھی، نماز فجر ادا کی، اس خواب میں میں نے حضور اقدس ﷺ کو بہت قریب سے دیکھا اور اب آپؐ کا جگمگاتا ہوا چہرہ اقدس ہر وقت میری آنکھوں کے سامنے رہتا ہے (ماہنامہ درویش)۔

۱۷۸۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی فرماتے ہیں کہ ۱۹۹۳ء کے رمضان المبارک میں پاکستان ٹیلی ویژن، اسلام آباد سے ایک بزرگ گیلانی صاحب میرے پاس آئے۔ وہ حضور انور ﷺ کی سیرت طیبہ پر ایک پروگرام ریکارڈ کرانا چاہتے تھے۔ میں رات کو پروگرام ریکارڈ کرانے گیا تو بے حد خوش تھا کہ مجھے یہ سعادت نصیب ہو رہی ہے۔ پروگرام ریکارڈ کرا کر گھر واپس لوٹا اور سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ روضۂ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں تشریف فرما ہیں اور بہت خوش نظر آرہے ہیں۔ میں نے آپؐ کی زیارت کی (ماہنامہ درویش)۔

۱۷۹۔ ڈاکٹر لیاقت علی نیازی فرماتے ہیں کہ اگست ۱۹۹۴ء میں کسی گھریلو مسئلے کی وجہ سے میں سخت پریشان تھا۔ اہل خاندان کی طرف سے دباؤ بہت زیادہ تھا۔ وہ زبردستی مجھ سے کچھ فیصلہ کرانا چاہتے تھے۔ میں نے سوچا اپنے خالق حقیقی سے رہنمائی حاصل کروں چنانچہ رات کو دو رکعت نفل نماز استخارہ ادا کر کے سو گیا۔ خواب دیکھا کہ ایک قدیم قلعہ ہے جس میں میرے رشتہ دار چل پھر رہے ہیں اور میرا چھوٹا بھائی حامد علی خان مجھ سے کہتا ہے کہ حضور اقدس ﷺ جلوہ افروز ہیں۔ آپؐ کی عمر مبارک انیس بیس سال کے قریب ہے، آپؐ کے دست مبارک میں ایک لمبا سا آرا ہے اور مبارک لبوں پر ہلکا سا تبسم ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ چودہ سو سال سے زیادہ عرصہ گذر گیا۔ آپؐ کا یہ مبارک فعل (کہ آپؐ کے ہاتھ میں لمبا سا آرا ہے) کسی سائنسی تکنیک کی وجہ سے آج بھی محفوظ ہے، جب خواب ختم ہوا تو بھائی نے پھر کہا: کیا میں آپ کو کچھ دکھاؤں؟ میں نے کہا ہاں دکھاؤ۔ دوبارہ اسی طرح حضور اکرم ﷺ کو دیکھا جیسے پہلے دیکھا تھا یعنی یہ خواب دوبارہ دیکھا، پھر دیکھا کہ ایک شخص نے میرے چچا جان کی طرف اشارہ کر کے پوچھا کہ کیا یہ آپ کے چچا جان ہیں؟ پھر کہا ان سے کہہ دو کہ میں نے جو کام کیا ہے ٹھیک کیا ہے۔ صبح اٹھ کر میں نے اپنی بیگم سے کہا "مبارک ہو"! اس مسئلے کا حل

marfat.com
Marfat.com

اس ذات گرامی کی طرف سے مل گیا ہے جو شاہ لولاک ﷺ ہیں (ماہنامہ درویش، لاہور۔ شمارہ ستمبر ۱۹۹۶ء)۔

ڈاکٹر لیاقت علی خان نیازی صاحب حکومت پاکستان کے ایک نہایت قابل، دین دار اور دیانت دار افسر ہیں۔ سابق ڈپٹی کمشنر چکوال، سابق ڈپٹی سیکریٹری وزارت مذہبی امور کے علاوہ کئی اہم عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ آج کل ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل نیپا، لاہور ہیں۔ فرماتے ہیں: حضور اقدس ﷺ کی زیارت کو میں اپنی زندگی کا سب سے قیمتی سرمایہ سمجھتا ہوں، زندگی کی ہر عارضی تکلیف ٹل جاتی ہے، آنکھیں ہر وقت ٹھنڈک محسوس کرتی رہتی ہیں، مجھ جیسے بے سہارا اور گنہگار انسان کے لیے یہی گوشۂ عافیت ہے اور حادثات زمانہ میں بہت بڑی ڈھال اور زمانے کے تیر و تفنگ کے مقابلے میں ایک مضبوط قلعہ ہے۔

؎ جب بھی تپتے ہوئے صحراؤں میں گھر جاتا ہوں میرے آقا مجھے دامن کی ہوا دیتے ہیں

میری زندگی کی خواہش ہے کہ میں سرکارِ دو عالم کا ثناخواں بنوں، اس دنیا سے وداع ہوتے وقت میرا شمار آپؐ کے سیرت نگاروں میں ہو اور اخروی حیات میں حضور اقدس ﷺ کی شفاعت نصیب ہو کیونکہ میں بہت عصیاں کار ہوں۔ آمین ثم آمین۔ (ماہنامہ درویش)۔

۱۸۰۔ حضرت شاہ ابو الخیر عبداللہ محی الدین خیرؔ فاروقی مجددی دہلویؒ ۲۷ ربیع الآخر ۱۲۷۲ھ مطابق ۶ جنوری ۱۸۵۶ء دلّی میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد جناب عمرؒ نے آپ کا نام عبداللہ اور کنیت ابوالخیر رکھی۔ پونے دو سال کے تھے کہ اہل خاندان کے ساتھ حجاز مقدس روانہ ہو گئے۔ نو سال کے تھے کہ والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ سراج الاولیا حضرت شاہ احمد سعیدؒ اپنے پوتوں میں آپ کو بہت عزیز رکھتے تھے اور اپنی خلافت خاص کی بشارت دی تھی۔ ۷ محرم ۱۲۹۶ھ کو آپ کے والد گرامی کے چچا اور آپکے نہایت مشفق و مہربان استاد حضرت شاہ عبدالغنی قدس سرہ' کا وصال مدینہ منورہ میں ہو گیا۔ ۱۲۹۵ھ میں حضرت شاہ عبدالغنیؒ نے آپ کو حلقہ اور توجہ کا امر عطا فرمایا۔ ایک روز آپ مسجد نبوی ﷺ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں حلقہ فرما رہے تھے کہ آپ کے چھوٹے چچا حضرت شاہ محمد مظہر قدس سرہ' تشریف لائے اور تھوڑی دیر تک آپ کی کیفیات ملاحظہ فرماتے رہے۔ پھر روضۂ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) پر حاضر ہو کر مراقبہ فرمایا، وہاں سے آکر ایک مبارک چادر آپ کے سر اور شانوں پر ڈالی اور انتہائی مسرت سے آبدیدہ ہو کر فرمایا: میں تو کسی لائق نہیں ہوں البتہ یہ چادر حضور پُر نور ﷺ کے ارشاد کے مطابق آپؐ کی طرف سے ڈال رہا ہوں۔ مزید فرمایا: حضور عالم ﷺ فرماتے ہیں کہ "تم ہندوستان جاؤ" (مقامات خیر از حضرت شاہ ابوالحسن زید فاروقی۔

marfat.com
Marfat.com

صفحہ ۱۷۵۔ شاہ ابوالخیر اکادمی۔ درگاہ شاہ ابوالخیر۔ ترکمان گیٹ۔ دہلی ۶) ۱۳۰۵ھ کا حج کر کے آپ نے رخت سفر باندھا اور ہندوستان روانہ ہوگئے۔ دلی کی خانقاہ شریف میں آپ کی آمد، ربیع الآخر ۱۳۰۶ھ بمطابق دسمبر ۱۸۸۸ء میں ہوئی اور ۳۱ سال بعد خانقاہ شریف پھر گہوارۂ رشد وہدایت ہوگئی۔ آپ کا ایک شعر ہے:

؎ یہ گھر چراغ فیوض عمر سے روشن ہے　　نہیں ہے خیر کے سینے میں نور آپ سے آپ

حضرت مرزا مظہر جان جاناں قدس سرہٗ کو کسی شیعی نے نجف خان کے ایماپرے محرم ۱۱۹۵ھ کو زخمی کیا، دس محرم کو آپ کا وصال ہوگیا اور اپنی اہلیہ کی خواہش پر ان کے مکان میں جو چتلی قبر اور ترکمان دروازے کے مابین واقع ہے سپرد خاک کیا گیا، پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کے خلیفہ حضرت شاہ غلام علی قدس سرہٗ کو توفیق عطا فرمائی کہ اس مبارک مقام کو خانقاہ بنائیں۔ حضرت جان جاناںؒ کو شہید کرنے اور کرانے میں جس جس کا ہاتھ تھا، منتقم حقیقی نے بہت جلد ان کو سزا دی:

؎ نہ نجف خاں رہا نہ اس کی نجف خانی　　نہ افراسیاب رہا اور نہ ہمدانی

۱۸۱۔　۱۳۴۱ھ کے میلاد شریف کا حال۔ یہ سال ذکر شریف میلاد اور حضرت شاہ ابوالخیر قدس سرہٗ کی حیات طیبہ کا آخری سال تھا۔

ادب سے یہاں بیٹھو اب سر جھکا کے　　فضائل سنو دل سے خیر الوریٰ کے
یہ محفل ہے میلاد کی تم یہاں سے　　خدا کی رضا لے کے جاؤ کما کے
محبت کا جذبہ کرو دل سے پیدا　　رہے چشم تر ذکر میں مصطفیٰ کے
سنو نام نامی کرو نذر تحفے　　مزے خوب لے لے کے صل علیٰ کے
یہ آداب اس محفل پاک کے ہیں　　سنو دل سے غفلت کے پردے ہٹا کے

نماز عشاء کے بعد قریب سوا نو بجے حضرت شاہ ابوالخیر قدس سرہٗ تخت پر جو مزارات شریف کے قریب بچھایا گیا تھا رونق افروز ہوئے۔ دوزانو بہ کمال ادب و خشوع دو چار منٹ آنکھیں بند کر کے بالکل خاموش بیٹھے رہے۔ خانقاہ لوگوں سے بھر گئی تھی اور آپ نے بسم اللہ پڑھ کر درود کبریت احمر پڑھی۔ آپ جسماً وروحاً وقلباً وخیالاً بارگاہ نبوی علیٰ صاحبہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف متوجہ تھے۔ اہل نسبت پر منکشف تھا کہ آپ حضور اقدس ﷺ کی خدمت عالیہ میں ہدیہ صلوٰۃ وسلام پیش کر رہے ہیں اور جن کی چشم باطن وانہ تھی ان کی زبانوں پر بار بار سبحان اللہ آ رہا تھا۔ آپ کے خلیفہ مولوی عبدالعزیز کھلنوی بنگالی اس دوران بے اختیار اپنی جگہ کھڑے ہو کر نہایت بلند آواز سے بہ صد جذب و درد دونوں ہاتھ آپ کی

marfat.com
Marfat.com

جانب اٹھا کر کہتے ہیں: دیکھو! دیکھو! رسول اللہ ﷺ ہمارے حضرت کے پاس آئے ہیں۔ یہ کہہ کر اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنے بدن کو بھینچ کر زار و قطار رونے لگتے ہیں۔ دوسرے اہل نسبت عالم کیف و سرشاری میں آپ کی طرف بڑھتے ہیں، آپ خاموش ہیں اور دونوں آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔ آپ کے مخلص قدیم بابو وزیر خان مسجد کی درمیانی محراب میں کھڑے ہو کر یہ شعر پڑھتے ہیں:

؎ ورفعنا لک ذکرک کا بیاں ہوتا ہے — ایسے موقع پہ ہمیں ہوش کہاں ہوتا ہے

اور پھر وہ مرد پیر وجد میں دیر تک جھومتے ہیں۔ (مقامات خیر یعنی سوانح ہادی کامل شاہ ابو الخیرؒ صفحہ ۳۷۷)۔

۱۸۲۔ حضرت شاہ ابو الخیرؒ فرماتے ہیں کہ میرے استاد مولانا عبد العلیؒ، بارگاہ نبوی ﷺ کے عاشق صادق اور حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ کے کمالات کے دلدادہ تھے۔ جمعہ کے دن مدرسہ عبد الرب، دلی میں صدہا افراد کے سامنے حضرت نانوتویؒ کے انگرکھے کے دامن کو اپنی آنکھوں سے لگاتے اور فرماتے تھے کہ مجھے اس میں سے رسول اللہ ﷺ کی خوشبو آتی ہے۔ آپ نے ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ مدرسے میں ٹہل رہے ہیں اور ٹہلتے ٹہلتے اچانک حضرت رسول اللہ ﷺ کی صورت میں تبدیل ہو گئے۔ حضرت مولانا عبد العلیؒ (جب بھی مولانا نانوتویؒ کا ذکر کرتے تھے) زار زار رونے لگتے۔ (مقامات خیر صفحہ ۴۳۷)۔

۱۸۳۔ حضرت شاہ ابو الخیرؒ کے استاد مکرم شیخ الاسلام والمسلمین حضرت سید احمد دحلان مکیؒ کے پوتے جناب سید عبد اللہ دحلان غالباً ۱۹۱۹ء میں مکہ مکرمہ سے آپ کی خدمت میں پہنچے اور انہوں نے آپ سے کہا: "میں مدینہ منورہ روضہ مقدسہ و مطہرہ کی زیارت کو گیا، وہاں خواب میں مجھے سردار دو عالم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔" آپؐ نے مجھ سے ارشاد فرمایا: "ہمارا خادم ابو الخیر عبد اللہ دلی میں ہے تم جا کر اس سے بیعت ہو۔" چنانچہ میں وہاں سے صرف آپ سے بیعت ہونے کے لے آیا ہوں، آپ نے ان کو بیعت کیا، عمائدین شہر سے ان کا تعارف کرایا اور پُر تکلف دعوت کی (مقامات خیر صفحہ ۴۳۸)۔

۱۸۴۔ مرد ولی و حق آگاہ فتح اللہ اندڑی، افغانستان کے فرد اکمل تھے۔ ۲۴ شعبان ۱۳۲۴ھ کو انہوں نے کسی سے فارسی میں ایک عریضہ لکھوا کر حضرت ابو الخیر عبد اللہؒ کو بھیجا کہ حضور اقدس ﷺ نے خواب میں متواتر تین دن ان سے فرمایا کہ آپ کی خدمت میں دلی جاؤں، اگر آپ اجازت دیں تو میں آپ کی خدمت میں رہوں اور اگر فرمائیں تو بیت اللہ چلا جاؤں۔ اس عاشق بارگاہ نبوی ﷺ اور سرشار مے خیر نے لکھا تھا اس کو روز روشن کی طرح عیاں کر

marfat.com
Marfat.com

کے دکھادیااور کامل گیارہ سال بلکہ زندگی کے آخری دن تک حضرت شاہ ابوالخیرؒ کے دلی اور کوئٹہ میں خادم خصوصی رہے (مقاماتِ خیر صفحہ ۴۳۹)۔

۱۸۵۔ (مولوی جعفر شاہ) حضرت سائیں توکل شاہؒ کے خصوصی مخلصین میں سے تھے۔ انہوں نے اپنا خواب بیان کیا کہ میں چراغ دلی میں تھا اور میں نے دیکھا کہ ایک مبارک محفل ہے، سرور دو عالم ﷺ تخت پر رونق افروز ہیں، چاروں طرف کرسیاں رکھی ہیں جن پر علما اور صلحا بیٹھے ہیں اور ایک کرسی پر حضرت شاہ ابوالخیرؒ بیٹھے ہیں (مقاماتِ خیر صفحہ ۴۴۱)۔

۱۸۶۔ حضرت شاہ ابوالخیرؒ نے سلطان عبدالحمید خان کی معزولی کے وقت حضورِ اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اِدھر اُدھر پھر رہے ہیں جیسے کہ آپؐ کو رنج ہو۔ آپ نے حضور اقدس ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! ملالِ خاطر کا کیا سبب ہے؟ ارشاد فرمایا کہ "آج عبدالحمید خان کو تخت سے اتار دیا گیا ہے اور ہمیں اس کا صدمہ ہے۔" اس خواب کو بیان کرنے کے بعد شاہ صاحبؒ نے فرمایا: ان جیسا متقی سلطان اس صدی میں کوئی نہیں اور ہم بہ قسم کہہ سکتے ہیں کہ شراب پینی تو درکنار انہوں نے اسے کبھی چھوا تک نہیں۔ وہ ہمدردِ قوم، خیر خواہِ ملت، متقی اور علم دوست تھے۔ ہمارے استاد حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کو انہوں نے بلایا، ان کی بہت خاطر کی، ان کے لیے اپنے ہاتھ سے جائے نماز بچھاتے اور کھانے پر کہتے۔ بابا یہ تو کھاؤ، آپ نے یہ چیز تو کھائی نہیں۔ پھر فرمایا: آج سے ترکی قوم تباہی کے غار میں جارہی ہے۔ ۱۳۳۶ھ بمطابق ۱۹۱۸ء میں سلطان عبدالحمید خان کا وصال ہوا۔ حاجی منیر الدین نے آپ کو یہ اشعار لکھ کر بھیجے۔ آخری مصرع سے تاریخِ وفات نکلتی ہے:

ہائے سلطان المعظم حضرت عبدالحمید — چل دیئے دنیا سے رنج و غم اٹھا کر بے شمار
کیا اداسی چھا رہی ہے آج استنبول پر — آہ قسطنطنیہ کی وہ کیا ہوئی اگلی بہار
جب ہوئے معزول وہ پیارے نبیؐ کو غم ہوا — اس سے بڑھ کر اور کیا ثابت کروں ان کا وقار
اولیائے وقت تھے تعریف میں رطب اللساں — شان میں لکھے بزرگوں نے قصیدے شاندار
جب نہیں پچھلوں میں انکا دور تک مثل و نظیر — بعد میں کیا ہوگا کوئی ایسا شاہ نامدار
حسن عقل و فہم و شان قابلیت دیکھنا — اس نے ہونے ہی دیا فتنہ نہ کوئی آشکار
از سر جنت تو سال عیسوی بھی سن منیر — اٹھ گیا دنیا سے ترکی کا انوکھا تاجدار

۱۹۱۸ء (مقاماتِ خیر۔ صفحہ ۴۹۰ تا ۴۹۱)

۱۸۷۔ رمضان المبارک کی ایک رات تھی۔ قاری نیاز احمد تراویح پڑھا رہے تھے۔ بارہ رکعت کے بعد حسبِ معمول تمام افراد کو چائے دی جارہی تھی کہ حضرت شاہ ابو

marfat.com
Marfat.com

الخیرؒ نے فرمایا: افسوس ہے ان نہ دیکھنے والوں پر جن کا مشغلہ کھانے پینے کے سوا کچھ اور نہیں۔ کیا تم لوگوں میں کوئی شخص ہے جو آج کی رات نماز میں آنے والی مبارک نسبت کا بیان کرے کہ وہ کہاں سے آرہی تھی؟ نماز میں ملا عبدالحلیم آخوندزادہ بن عبداللہ آخوندزادہ قوم کاکڑ ساکن چوہی (یہ گاؤں شہر کوئٹہ سے پانچ میل شمال مغرب کی طرف ہے) موجود تھے۔ انہوں نے کہا: حضور انور ٹھیک فرمارہے ہیں کہ کوئی نہیں ہے جو اس مبارک نسبت کا بیان کرے کہ کہاں سے آرہی تھی؟ یہ سن کر شاہ صاحبؒ نے فرمایا: عبدالحلیم تم بیان کرو۔ ملا عبدالحلیم نے کہا: مدینہ منورہ سے ایک خاص مبارک نسبت آرہی تھی، یہ ظاہر ہوا کہ سردار عالمیاں ﷺ تشریف لائے ہیں اور آپ کے دائیں ہاتھ کی طرف جلوہ افروز ہوئے ہیں، حضور اقدس ﷺ کے ہمراہ چاروں خلفاؓ، اکابر صحابہؓ اور ائمہ دینؒ بھی آئے ہیں اور یہ سب حضرات بھی آپ کے دائیں ہاتھ کی طرف جلوہ افروز ہوئے ہیں۔ یہ بھی ظاہر ہوا کہ مکان کا صحن ملائکہ سے بھرا ہوا ہے جو حضرت رسول اللہ ﷺ کے استقبال کے لیے آسمان سے آئے ہیں۔

ملا عبدالحلیم کا یہ بیان سن کر شاہ صاحبؒ نے فرمایا عبدالحلیم کیا تم سچ کہتے ہو؟ عبدالحلیم نے کہا واللہ! میں نے جو کچھ دیکھا ہے وہی بیان کیا ہے اور میرے بیان میں سرمو فرق نہیں۔ ملا عبدالحلیم کے اس بیان سے حاضرین پر وجدانی کیفیت طاری ہوگئی۔ شاہ صاحبؒ نے چند اشعار پڑھے اور فرمایا: اس نعمت عظمیٰ کے شکرانے میں ہم ان تمام افراد کو جو نماز میں شریک ہیں، کل گوشت اور روٹی کھلائیں گے اور اس کا ثواب سردار دوجہاں ﷺ کو پہنچائیں گے۔ چنانچہ دوسرے دن آپ نے ان تمام حضرات کو جو قریباً ایک سو تھے عمدہ کھانا کھلایا۔ یہ واقعہ کوئٹہ میں قیام کے دوران پیش آیا تھا۔ (مقامات خیر۔ صفحہ ۵۰۳ تا ۵۰۴)۔

۱۸۸۔ محرم ۱۳۱۸ھ مطابق مئی ۱۹۰۰ء میں جب حضرت شاہ ابوالخیرؒ کوئٹہ تشریف لے گئے تو ملا عبدالحلیم اور ان کے بڑے بھائی ملا عبدالرشید آپ سے بیعت ہوئے تھے۔ بیعت کیا ہوئے دل و جان سے آپ پر تصدق ہوئے۔ تمام مخلصین میں کیا از افغانستان، کیا از بلوچستان و ہندوستان بلکہ آپ کے ارشاد مبارک کی رو سے تمام مخلصین سے افضل و اکمل تھے۔ فرمایا: "عبدالحلیم قوت بازوئے من بود۔" ایک دن فرمایا: "عبدالحلیم قطب کوئٹہ بود۔" ملا صاحب جب دہلی تشریف لے گئے تو شاہ صاحبؒ نے ان کو تمام بزرگان دین کے مزارات مقدسہ پر بھیجا، جب وہاں سے واپس آئے تو صدہا مخلصین کے سامنے ملا صاحب نے کہا کہ ہمیں آپ کی قدر نہ تھی، آپ کی عظمت کا اندازہ آج ہوا کہ جہاں بھی حاضری دی صاحب مزار نے یہ کہا

marfat.com
Marfat.com

کہ تم ہمارے ابوالخیر کے مرید ہو لہذا تم ہمارے ہو۔ جس وقت حجاز مقدس سے واپس آئے تو بتایا کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت گرامی میں میں نے عرض کی کہ میں آپؐ کے عاشق ابوالخیر کا غلام ہوں۔ یہ سن کر حضور اقدس ﷺ نے وہ الطاف و عنایات اور مہربانیاں کیں جن کے بیان سے زبان قاصر ہے (مقامات خیر صفحہ ۶۴۲)۔

۱۸۹۔ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ نے اپنے جد بزرگوار حضرت مولانا حکیم محمد اشرف جھنجھانویؒ کے حالات مولانا محمد ساجد صاحب کی کتاب ''غرائب الہند'' سے نقل کیے ہیں۔ حکیم صاحب عالم متبحر اور عارف کامل تھے۔ ابتدائی زمانے میں آپ مدرس تھے۔ مغل بادشاہ شاہ جہاں بادشاہ نے ملا عبدالحکیم سیالکوٹیؒ کو دہلی طلب کیا، جنہوں نے اپنا رسالہ جو حقہ پینے کی حرمت میں تصنیف فرمایا تھا حکیم صاحب کی خدمت میں تصویب کے لیے پیش کیا۔ آپ نے فرمایا: ''یہ حرام نہیں بلکہ مباح ہے، اسے حرام کہنا جرمِ عظیم ہے۔'' ملا عبدالحکیم نے آپ کی رائے کے بعد اپنا رسالہ چاک کر کے پھینک دیا۔ بادشاہ کے وزیر سعد اللہ خان نے بادشاہ سے عرض کیا کہ حکیم صاحب کو میں نے ایسا بحر ذخار پایا جس کا کہیں کنارہ نہیں ہے۔ شاہ جہاں بادشاہ نے علاقہ جھنجھانہ میں دو ہزار بیگھہ پختہ زمین کا فرمان آپ کی خدمت میں پیش کیا، جسے آپ نے قبول نہ کیا۔ آپ کسی کو مرید نہ کرتے تھے۔ ایک شخص بیعت کے لیے حاضر ہوا اور ایک زمانے تک وہیں پڑا رہا۔ مجبوراً اسے بیعت کیا اور ذکر و شغل کی بجائے تلقین فرمائی کہ اجرت اور معاوضہ کے بغیر سادات کی خدمت کرو اسی سے راہ یابی ہو گی، چونکہ وہ طالب صادق تھا لہٰذا سادات کی خدمت میں مشغول ہو گیا اور ہر سیّد کی غلاموں کی طرح خدمت کرنے لگا۔ ایک مرتبہ ایک ظالم شرابی سیّد کی خدمت کا اتفاق ہوا، جس نے نشے میں اسے خوب مارا اور یہ ہر مار پر الحمد للہ کہتا رہا۔ رات اسے حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا: اللہ کی تجھ پر رحمت ہو، تو نے میری اولاد کی بہت خدمت کی ہے۔ اس کے بعد آپؐ نے اپنا لعاب دہن اس کے زخموں پر لگا کر اسے اپنے سینۂ مبارک سے لگا لیا۔ صبح وہ ولی تھا۔ ایک روز حکیم صاحب نے غسل کے لیے اس سے گرم پانی طلب کیا تو اس نے اپنی بیوی سے جو حاملہ تھی جا کر کہا کہ پیر و مرشد نے جلد گرم پانی طلب کیا ہے۔ یہ سن کر بیوی کو غصہ آ گیا اور اس نے کہا لعنت ہو تجھ پر اور تیرے پیر پر! اس پر اس نے قہر آلود نگاہوں سے بیوی کو دیکھا تو وہ فوراً مر گئی (حالات مشائخ کاندھلہ از مولانا محمد احتشام الحسن کاندھلویؒ، صفحہ ۱۰ تا ۱۲، ادارۂ اشاعت دینیات، حضرت نظام الدینؒ، نئی دہلی نمبر ۱۳)۔

۱۹۰۔ حضرت مولانا حکیم محمد اشرف صاحب کو مرید کی اس حرکت کا جب علم ہوا تو فرمایا

marfat.com
Marfat.com

تو ہرگز اس دولتِ عظمیٰ کے قابل نہیں اور وہ دولت سلب کرلی۔ یہ شخص عرصے تک روتا اور معافی مانگتا رہا۔ ایک مرتبہ حکیم صاحب کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "اشرف! ہم نے اس کے جرم سے درگذر کیا، تم بھی اس کو معاف کردو اور اس کی نعمت واپس کردو۔" آپ نے علی الصبح اسے بلا کر اس کے سینے پر ہاتھ ملا تو وہ پھر مردِ کامل ہو گیا۔ (حالات مشائخ۔ کاندھلہ۔ صفحہ ۱۲)۔

۱۹۱۔ قاضی یوسف، جھنجھانہ کے قاضی اور جید عالم تھے۔ آپ کی خدمت میں بیعت کے لیے حاضر ہوئے۔ ہر چند عجز والحاج کی مگر آپ نے قبول نہ فرمایا۔ قاضی صاحب ایک روز بے خودی کے عالم میں زنّار ہاتھ میں لیے حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا تو راہِ رب دکھائیں ورنہ یہ زنّار باندھتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: کل سوچ کر جواب دوں گا۔ رات خواب میں حضور اقدس ﷺ نے حکم فرمایا: "اے اشرف! تو چاہتا ہے کہ اتنا بڑا عالم میرے دین سے نکل جائے، قاضی یوسف کو اپنا مرید کر اور اس کو اللہ کا راستہ دکھا۔" آپ نے صبح قاضی صاحب کو بلا کر انہیں مرید کرلیا (حالات مشائخ کاندھلہ۔ صفحہ ۱۲)۔

۱۹۲۔ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخش نشاطؔ اپنے والد ماجد مولانا حکیم شیخ الاسلام صاحب کے گھر ۱۱۶۲ھ میں پیدا ہوئے۔ ۱۴ سال کی عمر میں تمام ضروری متداول علوم کے حصول سے فراغت پائی، پھر تین سال دہلی میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کے حلقہ درس میں شامل رہے اور تمام علوم ظاہری و باطنی سے آراستہ ہوئے۔ آپ کا شمار شاہ صاحب کے مایہ ناز اور ممتاز ترین شاگردوں میں ہوتا ہے۔ اصل وطن جھنجھانہ (ضلع مظفر نگر) تھا جہاں سے کاندھلہ آ بسے تھے۔ یوں تو کاندھلہ میں بے شمار عظیم المرتبت انسان پیدا ہوئے مگر مفتی صاحبؒ کا جواب نہیں۔ آپ ہر فن میں کامل تھے۔

حضرت مفتی صاحبؒ فرماتے ہیں ایک رات خواب دیکھا کہ وطن کی کسی مسجد میں ہوں اور عصر کی نماز کے لیے وضو کر رہا ہوں کہ اتنے میں ایک جس کا شخص رنگ گندمی، چہرہ حسین، قد درمیانہ تھا، نے وضو کیا اور مسجد میں چوزانو بیٹھ گیا۔ میں نے جب ان کے چہرے پر فیوض و برکات کے آثار دیکھے تو لوگوں سے دریافت کیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ حضور انور ﷺ ہیں۔ میں فوراً خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور کمال خضوع اور انتہائی ادب سے بیٹھ گیا۔ حضور اقدس ﷺ نے میرے لیے ایک کتاب نکالی جو ایک لمبی بیاض تھی، سرخ چمڑے کی بندھی ہوئی اور مجھے عطا فرما کر ارشاد فرمایا: پڑھو۔ میں نے تعمیل حکم کی۔ میں سمجھ نہ سکا کہ مقصد مبارک کیا ہے البتہ [illegible] سورہ فاتحہ تھی۔ حضور انور

marfat.com
Marfat.com

ﷺ نے مجھے دو تین سطریں پڑھائیں اور فرمایا: دوسری جگہ سے کھولو۔ میں مقصد تو نہ سمجھا مگر تعمیل کی۔ کتاب کو دوسری جگہ سے کھولا تو وہ طب کی کتاب تھی۔ حضور اکرم ﷺ نے وہاں سے بھی مجھے دو تین سطریں پڑھائیں، پھر آنکھ کھل گئی اور مجھے یقین ہو گیا کہ مجھے علم کی دولت عطا ہو گی اور تفسیر و طب میں وہ مہارت حاصل ہو گی جو تحریر میں نہ آسکے۔ اس یقین کے مطابق واقع بھی ہو گیا اور حق تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک ﷺ کی برکت سے ان علوم میں مجھے وہ کمال عطا فرمائے جن سے دوسرے لوگ قاصر ہیں (حالات مشائخ، کاندھلہ۔ صفحہ ۵۷ تا ۵۸)۔

۱۹۳۔ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ بار بار حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے ہیں۔ ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں کہ ۲۰ جمادی الآخر ۱۲۰۰ھ جمعہ کی رات میں نے شہر امیر نگر میں اپنے حبیب و محبوب ابو القاسم ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ کمال حسن و جمال کے ساتھ لباس فاخرہ زیب تن کیے کھڑے ہیں۔ میں نے آپؐ سے مصافحہ کیا اور آپؐ نے تبسم فرمایا۔ میں نے دریافت کیا کہ کیا آپؐ مجھ سے راضی ہیں؟ ارشاد فرمایا: "ہاں میں تم سے راضی ہوں۔" میں نے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اس لیے کہ اس سے پہلے شہر خورجہ میں جب مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی تو گویا آپؐ مجھ سے ناراض تھے اور کوئی التفات نہ فرمایا تھا۔ میں نے حضور انور ﷺ کو آج اپنی اصلی شکل و صورت میں دیکھا تھا اور اب مجھے یقین ہو گیا کہ آپؐ نے اپنے لطف و کرم سے میری خطا معاف کر کے درگذر فرما دیا، شاید یہ رضامندی اس اردو قصیدے کی بنا پر ہے جو میں نے ان دنوں آپؐ کی مدح میں کہا ہے یا ان عربی اشعار کی بنا پر ہے جو میں نے حال ہی میں کہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مجھے توبہ، شریعت محمدیہؐ اور تقویٰ پر حضور انور ﷺ کے طفیل استقامت اور صحیح رہنمائی عطا فرمائے۔ آمین (حالات مشائخ۔ کاندھلہ صفحہ ۵۹ تا ۶۰)۔

۱۹۴۔ مولانا سلیمان صاحب نے اختتام مثنوی مولانا روم پر حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ کے حالات میں درج کیا ہے کہ مفتی صاحبؒ نے ایک مرتبہ خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ نے مفتی صاحبؒ کو ایک کتاب عطا فرمائی جو چار علوم پر مشتمل تھی: (۱) علم قرآن مجید و تفسیر و حدیث (۲) سیرت و فقہ (۳) علم طب و حکمت (۴) تصوف اور معرفت و طریقت۔ ان چاروں علوم میں حضرت مفتی صاحب کو مہارت تامہ، ملکہ راسخہ اور ید طولیٰ حاصل تھا (حالات مشائخ کاندھلہ صفحہ ۵۹)۔

۱۹۵۔ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے دلائل الخیرات ایک منزل اور درود شریف "اللھم صلی علی محمد النبی الامی والہ وبارک وسلم" بارہ سو مرتبہ

marfat.com
Marfat.com

روزانہ کا التزام کر رکھا تھا۔ اس کی برکت سے ۴ صفر ۱۲۱۱ھ کو مقام کوٹہ میں حضرت رسالت پناہ ﷺ کی زیارت با برکت سے مشرف ہوا۔ اگرچہ اس سے پہلے بھی بارہا بھوپال میں زیارت ہوئی، مگر دیگر صلحا اور اتقیا کی صورت میں، مگر آج حضور انور ﷺ اپنی اصلی شکل و صورت میں جلوہ فرما تھے اور حضرت عائشہ صدیقہؓ پاس بیٹھی تھیں۔ میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کی طرف متوجہ ہوا تو انہوں نے مادرانہ شفقت و مہربانی سے فرمایا: ایک پیسہ خیرات کرو۔ میں نے کہا: بہت اچھا! کرتا ہوں۔ فرمایا: حضور رسالت مآب ﷺ کے دستِ مبارک سے کراؤ تاکہ زیادہ مفید اور مقبول ہو۔ مجھے شرم محسوس ہوئی کہ ایک پیسہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں کیا پیش کروں روپیہ ہونا چاہیئے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا: یہی پیسہ دیدو۔ جو پیسہ میرے ہاتھ میں تھا میں نے اسی وقت حضور اقدس ﷺ کی خدمت اقدس میں پیش کر دیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: صدقہ کر دو۔ میں نے عرض کیا: صدقہ آپؐ کے دست مبارک سے زیادہ مقبول ہوگا۔ حضور انور ﷺ نے اپنے دست مبارک سے اس کو اٹھایا اور فرمایا: اچھا میں صدقہ کر دوں گا۔ میں نے اس وقت دست مبارک کو جو گلاب کے پھول کی طرح سرخ، نازک، لطیف اور صاف تھا بہت پیار کیا اور اپنی آنکھوں سے ملا، حتیٰ کہ میرا دل سیراب و شاداب ہو گیا۔ (حالات مشائخ کاندھلہ صفحہ ۶۰ تا ۶۱)۔

حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ کو حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ سے بھی بے شمار فیوض و برکات حاصل ہوئے۔ ایک مرتبہ عرض کیا: مثنوی معنوی کے اختتام کا وعدہ کب پورا ہوگا؟ حضرت مولانا رومؒ نے فرمایا: اس وعدے کو پورا کرنے والے تم ہی ہو اور تمہارے ہی ہاتھوں یہ مبارک کام سرانجام پائے گا۔ حضرت مولانا رومؒ نے فرمایا: قلم دوات لے کر عصر و مغرب کے درمیان حجرے میں بیٹھا کرو، باقی ماندہ قصہ خود بخود قلم سے لکھا جائے گا۔ اس طرح دفتر ہفتم پورا ہوا (تذکرہ عزیزیہ صفحہ ۲۷)۔ حضرت مفتی صاحبؒ کو مثنوی معنوی سے وابستگی و شیفتگی عشق کے درجے پر پہنچی ہوئی تھی۔ پوری مثنوی زبانی یاد تھی اور بڑے ذوق و شوق سے اس کا درس دیتے تھے۔ آخر زمانے میں مثنوی شریف کا اردو نظم میں ترجمہ بھی شروع کیا تھا مگر ایک ہزار اشعار ہی کا ترجمہ مکمل ہوا تھا کہ حضرت مفتی صاحب نے بعمر ۸۲ سال ۱۵ جمادی الثانی ۱۲۴۵ھ میں وصال فرمایا۔ آپ کے صاحبزادے حضرت مولانا ابو الحسنؒ نے مزید ایک ہزار اشعار کا اردو نظم میں ترجمہ کیا تھا اور اس طرح دفتر اول کا ترجمہ تیار ہوا۔ یہ طبع کیا تھا مگر اب نایاب ہے (حالات مشائخ کاندھلہ صفحہ ۸۹)۔

۱۹۶۔ مولوی سید محمد [illegible] نگر) حضرت مولانا مفتی

marfat.com

Marfat.com

الٰہی بخشؒ کے مشہور شاگرد تھے۔ فرط تعلق کی بنا پر حالت بیداری میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوتے تھے۔ ان کی صاحبزادی کا عقد تھا اور تاریخ اور دن مقرر ہو چکا تھا، چندروز قبل حضرت رسول ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "ہمارے پاس آؤ۔" یہ خواب دیکھتے ہی نکاح کا متولی دوسرے شخص کو بنایا اور خود مدینہ منورہ روانہ ہوگئے (حالات مشائخ کاندھلہ۔ صفحہ ۱۱۹)۔

۱۹۷۔ حضرت مولانا ابوالحسنؒ نے ہر نوع کے کمالات ظاہری و باطنی اپنے والد بزرگوار حضرت مولانا مفتی الٰہی بخش قدس سرہ' سے حاصل کیے خصوصاً علم طب میں اپنی نظیر نہ رکھتے تھے۔ عابد و زاہد اور عارف کامل تھے۔ سال میں دو ماہ شروع شعبان سے آخر رمضان تک مسجد میں اعتکاف کرتے تھے۔ آپ کے سینۂ مبارک میں اللہ اور رسول (ﷺ) کی حقیقی محبت جلوہ فرما تھی اور اسی میں محو اور مستغرق رہتے تھے۔ ایک مرتبہ گھر کے دروازے میں کھڑے محویت سے نعت پڑھ رہے تھے اور دروازے کے سامنے مسجد میں مولوی سیّد محمد قلندر صاحبؒ تشریف فرما تھے۔ وہ مسجد سے آئے اور باادب دروازے کے چبوترہ پر کھڑے ہو گئے۔ حضرت مولانا ابوالحسنؒ کو جب ان کا علم ہوا تو خاموش ہوگئے۔ تھوڑی دیر بعد قلندر شاہ صاحبؒ بھی مسجد میں لوٹ گئے۔ مولانا نے پھر وہی نعت شروع کردی۔ قلندر صاحبؒ پھر اسی طرح مودب دروازہ کے باہر آکر کھڑے ہوگئے۔ چند بار اسی طرح ہوا تو مولانا ابو الحسنؒ نے قلندر صاحبؒ سے بار بار تشریف آوری اور مودب کھڑے ہونے کا سبب دریافت کیا، توانہوں نے فرمایا کہ جب تم نعت پڑھنی شروع کرتے ہو تو میں حضرت رسالت مآب ﷺ کو دروازے کی چوکھٹ پر تشریف فرما اور جلوہ افروز پاتا ہوں، اس لیے بارگاہ نبوی (ﷺ) میں دست بستہ آکر کھڑا ہو جاتا ہوں (حالات مشائخ کاندھلہ۔ صفحہ ۱۳۶)۔

حضرت مولانا ابوالحسنؒ نے مثنوی مولانا روم کے ایک ہزار اشعار کو اردو الفاظ کا جامہ پہنایا اور اس کتاب کا نام "بحر الحقیقت" رکھا۔ اسی کا ایک حصہ "گلزار ابراہیم" کے نام سے اس قدر مقبول ہوا کہ کسی زمانے میں گھر گھر پڑھا جاتا تھا۔ حضرت اقدس مولانا رشید احمد محدث گنگوہیؒ اس کے لیے فرماتے ہیں کہ مجھے طریق معرفت کا ذوق وشوق اسی مثنوی "گلزار ابراہیم" سے پیدا ہوا۔ (کاش پاکستان میں اسے پھر اسی طرح عام کیا جائے)۔

مظفر نگر، کاندھلہ، جھنجھانا، جلال آباد، دیوبند، رائے پور، امبیٹھ، گنگوہ، تھانہ بھون، نانوتہ اور کلیر شریف وغیرہ یہ سب یو۔پی (بھارت) کے چھوٹے چھوٹے اور نہایت مردم خیز شہر ہیں۔ اس علاقے کا صدیقی خاندان بے حد مشہور ہے۔ مولانا حکیم محمد اشرفؒ،

marfat.com
Marfat.com

مولانا مفتی الٰہی بخشؒ، مولانا ابو الحسنؒ، مولانا محمد مظفر حسینؒ، مولانا محمد الیاس (بانی تبلیغی جماعت) اور مولانا زکریا محدثؒ وغیرہ وغیرہ سب اسی خاندان کے نامور افراد ہیں۔

۱۹۸۔ حضرت مولانا مفتی الٰہی بخشؒ نے ایک رات خواب دیکھا کہ گویا میں مکہ معظمہ میں ہوں، بیت اللہ شریف کے اندر داخل ہوں، وہاں درمیان میں ایک کنواں ہے، جس پر حضور اقدس ﷺ سبز یا سیاہ عمامہ باندھے ہوئے تشریف فرما ہیں اور سر مبارک کنوئیں کی منڈیر سے ملا ہوا ہے۔ مجھے اس زمانے میں اس بات کی تحقیق اور جستجو تھی کہ "من رانی فی المنام فقد رانی" صحت کے اعتبار سے کس درجہ کی روایت ہے؟ اس لیے موقع غنیمت جان کر عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا یہ حدیث آپؐ نے اپنی زبانِ مبارک سے ارشاد فرمائی ہے اور درست ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں میں نے کہا ہے۔ اچانک میری آنکھ کھل گئی اور سخت ملال ہوا۔ اس خواب پر ہزار بیداری قربان (حالات مشائخ کاندھلہ۔ صفحہ ۵۸)۔

۱۹۹۔ خواجہ خواجگاں سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری قدس سرہ پیدائشی ولی تھے۔ اصفہان میں اور بقول بعض سجستان میں بروز دوشنبہ ۱۴ رجب ۵۳۷ھ کو پیدا ہوئے، پرورش خراسان میں ہوئی اور پندرہ سال کے تھے کہ والد بزرگوار خواجہ غیاث الدین حسنی الحسینیؒ نے عراق میں وصال فرمایا۔ آپ کو ایک باغ ترکے میں ملا۔ ایک روز ایک مجذوب ابراہیم قندزی آپ کے باغ میں آئے اور آپ نے بڑے ادب سے ان کو انگور پیش کیے۔ انہوں نے کھا کر دعا دی اور زنبیل میں سے کھلی کا ایک ٹکڑا دے کر کہا: اسے کھالو، یہ آپ کا حصہ ہے۔ رسالہ "انیس الارواح" میں آپ نے اپنے پیر و مرشد حضرت شیخ عثمان ہارونیؒ (المتوفی ۶۱۷ھ) کے ملفوظات جمع کیے ہیں۔ اس میں فرماتے ہیں کہ اس سوکھی ہوئی کھلی میں کچھ ایسی لذت تھی کہ بیان نہیں کی جا سکتی، پھر تمام عمر ایسی لذت کسی کھانے میں میسر نہ ہوئی۔ اسی رات آپ نے خواب دیکھا کہ بارگاہ رسالت پناہی (ﷺ) سے آپ کو حکم دیا جا رہا ہے کہ سمرقند جا کر وہاں کے عالم ربانی حضرت مولانا حسام الدین سمرقندیؒ سے تفسیر، حدیث اور فقہ کی اعلیٰ تعلیم حاصل کریں، قرآن پاک حفظ کریں اور جیسا مولانا سمرقندی فرمائیں ویسا ہی کریں، چنانچہ باغ فروخت کر دیا اور تمام مال و متاع یتیموں اور بیواؤں میں تقسیم کر کے حضور اقدس ﷺ کے حکم کی تعمیل میں سمرقند حضرت مولانا حسام الدینؒ کی خدمت میں گئے۔ قرآن کریم حفظ کیا اور تفسیر و حدیث اور فقہ میں کمال حاصل کیا۔ مطالعے کی رفتار اس قدر تیز تھی کہ استاد محترم لوگوں سے کہا کرتے تھے کہ ان کو بارگاہ رسالت ﷺ سے خاص فیضان حاصل ہے۔ ہم نے اپنی زندگی میں ایسا طالب علم نہیں دیکھا۔ علوم دینیہ کی

marfat.com
Marfat.com

تکمیل کے بعد بخارا جاکر علوم عقلیہ (فلسفہ، منطق، علم الکلام، ریاضی، طب، فلکیات، طبیعات وغیرہ) سے بہرہ مند ہوئے۔ اب عمر ۲۰ سال سے کچھ زیادہ تھی اور تمام علوم میں دسترس حاصل ہوچکی تھی۔ اب آپ پر "عشقِ الٰہی" کا غلبہ طاری تھا اور روحانی تربیت کے لیے آپ کو کسی پیرِ کامل کی تلاش تھی۔ بغداد شریف جاکر پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی ؒ کی خدمت میں حاضری دی، وہاں سے ہدایات حاصل کر کے نیشاپور پہنچے، جہاں کے قصبے ہارون میں آپ کی ملاقات حضرت شیخ عثمان ہارونیؒ سے ہوئی اور اجمیر شریف تشریف لانے سے پہلے تقریباً ۲۱ سال آپ ان کی خدمت میں رہے۔ ۱۶ رجب ۶۳۳ھ کو اجمیر شریف میں وصال فرمایا۔ تاریخ وصال "آفتاب ملک ہند" (۶۳۳) ہے۔ (از سیر الاقطاب (اصلی قلمی نسخہ) سلطان الہند غریب نوازؒ از محمد اجمل خان، سابق سیکریٹری مولانا ابوالکلام آزاد، خاور پبلشنگ کواپریٹو سوسائٹی، ایبٹ روڈ، لاہور)۔

۲۰۰۔ جناب مستنصر حسین تارڑ کے سفرنامے علمی اور معلوماتی حیثیت سے بے مثل خزانے ہیں۔ اپنے سفرنامے "نانگا پربت" کے صفحہ ۳۷۷۔ ۳۷۸ پر تحریر فرماتے ہیں: یہ مسمار ہوتی مسجد بلتستان کی قدیم ترین مسجدوں میں سے ہے اور صرف چند ہزار روپے میں اس کی مرمت ہو سکتی ہے۔ چنار کے درخت کی عمر پانچ سو برس ہوتی ہے۔ اس مسجد کی عمر بھی اتنی ہی ہونی چاہیے۔ ہم جوتے اتار کر اندر گئے۔ مسجد کی لکڑی کو بیچ بیچ گھن لگ چکا تھا۔ مسجد کے سامنے پرانی لکڑی کا ایک ڈھانچہ تھا جس کے شہتیر گرے ہوئے تھے اور ڈھانچے کے درمیان زمین دھنسی ہوئی تھی۔ اس میں بھی لکڑی کے ٹکڑے اور شہتیر گرے ہوئے تھے۔ یہ ایک مسلمان بزرگ کی قبر ہے جو ڈھے چکی ہے اور قبر کی صرف جیومیٹریکل شکل باقی رہ گئی ہے۔ یہ بزرگ پہلے ایک بدھ راہب تھے جن کا نام شرنگ زانگ سپا تھا اور وہ پورے لداخ اور تبت میں اپنی نیکی اور پارسائی کی وجہ سے جانے جاتے تھے۔ کہا جاتا ہے ہمہ وقت "یا سمتو" کی تسبیح کیا کرتے تھے جو بدھ مت کا کوئی منتر ہے۔ ایک روز آپ کی زبان پر "یا سمتو" کی بجائے "یا صمد" جاری ہو گیا۔ اسی شب خواب میں انہیں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی اور انہیں بتایا گیا کہ "شگر" میں ایک مسلمان ولی اللہ تشریف لائیں گے، تم ان کے ہاتھوں پر اسلام قبول کرنا۔ چند روز بعد سید علی ہمدانی ؒ شگر تشریف لائے اور اس بدھ راہب نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیا۔ قبولیتِ اسلام کے بعد ان کی نیکی اور پارسائی میں اضافہ ہوا اور ایک مسلمان بزرگ کی حیثیت سے وہ پورے علاقے میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جانے لگے، یہ ان بزرگ کی قبر ہے۔ افسوس صد افسوس! شگر کے اتنے عظیم بزرگ کی قبر کا کوئی پرسانِ

marfat.com
Marfat.com

حال نہیں۔ سکردو سے شگر جاتے ہوئے وہاں کا قلعہ، راجہ کا محل، چنار کے درخت اور قدرتی مناظر دیکھنے کی چیزیں ہیں۔ (امید ہے حکومت پاکستان اس طرف توجہ دے گی)۔

۲۰۱۔ ڈاکٹر محمد جاوید حیدر کی نانی محترمہ عائشہ صدیقہ زوجہ جناب محمد علی (ساکن شاہدرہ ٹاؤن، لاہور) کے پیٹ میں تکلیف تھی اور وہ مکان کے ڈرائنگ روم میں سو رہی تھیں۔ مئی / جون ۱۹۵۱ء کا مہینہ اور دن کے دس گیارہ بجے کا وقت تھا کہ یکایک ایسا معلوم ہوا کہ وہ گلاس میں بوتل کھول کر کسی کو پینے کیلئے دے رہی ہیں۔ دوبارہ بھی ایسا ہی ہوا، پھر آنکھ کھل گئی اور آواز دے کر ڈاکٹر صاحب کے نانا جان کو بتایا کہ انہوں نے حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی ہے اور دروازے کی چق اٹھا کر اشارہ کیا کہ وہ دیکھیے حضور انور ﷺ تشریف لے جا رہے ہیں۔ اس طرح اس خوش بخت خاتون کو بحالت بیداری حضرت رسول کریم ﷺ کی زیارت با برکت کا شرف حاصل ہوا البتہ والدہ ڈاکٹر جاوید اور ان کے نانا جان کو کچھ نظر نہ آیا۔ (غیر مطبوعہ) یہ دونوں بزرگ (نانا اور نانی) پرانے قبرستان شاہدرہ ٹاؤن میں دفن ہیں۔

۲۰۲۔ ڈاکٹر محمد جاوید حیدر ایم ایس سی۔ پی ایچ ڈی (امریکہ) کی خالہ محترمہ طاہرہ بیگم زوجہ حاجی محمد اسلم مرحوم و مغفور کو ۱۹۵۷ء میں حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوئی۔ بچپن سے صوم وصلوٰۃ کی پابند ہیں حتیٰ کہ نماز تہجد بھی پابندی سے پڑھتی ہیں۔ درود تاج کا بہت اشتیاق، انہماک اور کثرت سے ورد کرتی ہیں۔ اس زمانے میں حاجی صاحب کی ڈیوٹی خانکی ہیڈ ورکس میں تھی کہ محترمہ طاہرہ بیگم کی قسمت چمک اٹھی۔ خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: میں بہت گنہگار ہوں، میرے گناہ بخش دیئے جائیں اور میری اور میرے بھائی بہنوں کی مغفرت ہو جائے۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے لیے مغفرت ہے، جہاں تک تمہارے بھائی اور بہنوں کا تعلق ہے وہ خود ذمہ دار ہیں (غیر مطبوعہ)۔

محترمہ طاہرہ بیگم نے ۱۹۹۷ء میں فریضہ حج ادا کیا۔ حاجی محمد اسلم صاحب میدان عرفات سے مزدلفہ پہنچے اور وہاں مغرب اور عشاء کی نمازیں ملا کر پڑھیں، پھر آرام کرنے لیٹ گئے، دو بجے رات نماز تہجد ادا کرنے اٹھے مگر وقت آخر آ گیا اور ذرا سی دیر میں وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ انشاء اللہ روز قیامت مکہ مکرمہ کے عظیم قبرستان جنت المعلیٰ سے تلبیہ پڑھتے اٹھیں گے۔

۲۰۳۔ موضع اجزام (ضلع ہوشیار پور، مشرقی پنجاب) کے راجپوت خاندان میں چوہدری وزیر خان صاحب کا گھرانہ زمیندار اور جفاکش ہونے کے علاوہ دینی حیثیت سے بھی نمایاں تھا۔

marfat.com
Marfat.com

آپ کےتین بیٹے تھے: (۱) چوہدری غلام احمد خان صاحب (سن پیدائش ۱۸۹۰ء) (۲) چوہدری غلام حیدر خان صاحب (سن پیدائش ۱۹۰۰ء قریب) (۳) چوہدری محمد محسن خان صاحب (سن پیدائش ۱۹۲۰ء)۔

چوہدری غلام حیدر خان صاحب ابھی چھ سات برس کے تھے اور دوسری جماعت میں پڑھتے تھے کہ ایک بزرگ سے ملاقات ہوگئی، جنھوں نے ان کو ایک چھوٹا سا درود شریف پڑھنے کو بتادیا، بس پھر تو رات دن، سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے اس کا ورد کرنے لگے۔ دل کھیل کود حتیٰ کہ پڑھتے لکھنے سے بھی اچاٹ ہو گیا۔ بچپن ہی میں بار بار مدینہ طیبہ، مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) اور گنبد خضریٰ (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) کی خواب میں زیارت ہونے لگی۔ اب آپ یا تو کھیتوں میں کام کرتے رہتے یا پھر باغ میں بیٹھ کر اللہ اللہ کرتے اور کثرت سے درود شریف پڑھتے رہتے، کبھی کبھی دو دو تین تین دن تک گھر پر بھی نہ آتے بلکہ خواب میں بزرگوں سے ملاقاتیں ہونے لگیں جو رہبری بھی فرماتے۔ چوہدری صاحب دہلی میں اپنے بڑے بھائی کے پاس مقیم تھے۔ ایک رات بھائی اور بھاوج عبادت میں مشغول تھے۔ یہ بھی نماز تہجد کے لیے اٹھے، وضو کے لیے جا رہے تھے کہ بھاوج نے آواز دی "غلام حیدر! اوپر فضا میں دیکھو، حضور اقدس ﷺ کی سواری جا رہی ہے۔ چوہدری صاحب نے نظر اٹھائی اور دیکھا کہ حضور نبی پاک ﷺ کی سواری فرشتوں کی معیت میں اوپر سے گذر رہی ہے۔ فضا میں چاروں طرف روشنی بکھری ہوئی ہے اور بہت ہی عمدہ خوشبو آرہی ہے۔ بھائی، بھاوج اور چوہدری صاحب نے اس رات جی بھر کر حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت بابرکت کی۔ آپؐ اپنے پیارے اُمتیوں کو عبادت میں مشغول دیکھ کر تبسم فرما رہے تھے (والمقصودُ موجُود ہ' (علیہ الصلوٰۃ والسلام) صفحہ ۷۷ تا ۷۸۔ مدرسہ "نور الھدیٰ" سیکٹر آئی۔ ایٹ۔ ون، اسلام آباد)۔

اس کتاب کو جناب رانا رفعت سعید نے مرتب کیا ہے جو پچیس تیس برس چوہدری صاحب کے حلقۂ ارادت میں رہے اور جو کچھ دیکھا، سنا اور سیکھا سپُردِ قلم کر دیا۔ رانا صاحب حکومت پاکستان کے ایک اہم افسر رہے ہیں اور حال ہی میں ریٹائر ہوئے ہیں، ماشاء اللہ بڑی خوبیوں کے مالک ہیں۔

۲۰۴۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتی" کا پوری زندگی یہ معمول رہا کہ دو بجے رات اٹھتے، غُسل فرماتے، مٹھی بھر موتیے کے پھول مصلے پر رکھ لیتے، دو، چار یا چھ نفل پڑھ کر آہستہ آواز میں درود شریف کا ورد شروع کر دیتے اور اکثر درود تاج پڑھتے تھے۔ فرماتے ہیں. عموماً ایسا ہوتا ہے جوں ہی پانچ سات مرتبہ یا بھی زیادہ تعداد میں یہ درود شریف پڑھتا تو حضور

marfat.com
Marfat.com

نبی کریم ﷺ کی آواز مبارک آجاتی۔ آپؐ ارشاد فرماتے: "غلام حیدر ہم بہت خوش ہوئے ہیں۔" کبھی کبھی اپنی زیارت پاک سے بھی مشرف فرمادیتے اور درود شریف کی قبولیت کا بھی اظہار فرمادیتے تو میری خوشی کی انتہا نہ رہتی (والمقصود موجودہ۔ صفحہ ۵۱ تا ۵۲)۔

۲۰۵۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ کی زندگی کا ایک دلچسپ واقعہ رجال الغیب میں ان کی شمولیت سے متعلق ہے۔ دہلی کے قطب نے انہیں یہ بتایا جس کی تصدیق روحانی طور پر محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیاؒ نے یہ کہہ کر کردی کہ یہ فیصلہ خود نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے۔ اسی رات اچانک ایک بزرگ ظاہر ہو کر چوہدری صاحبؒ کو مجلس میں شرکت کے لئے دور دراز مقام پر لے گئے۔ جہاں ان کے علاوہ دو بزرگ اور تشریف لے آئے۔ ان چار ارکان مجلس نے تمام عالمی معاملات پر غور کر کے فیصلے دینے شروع کر دیئے۔ ہر ملک کے حالات کا مشاہدہ کرادیا جاتا، ہر مسئلے سے متعلق تمام معلومات فراہم کردی جاتیں اور ہر فیصلہ اتفاق رائے سے ہوتا، البتہ جب سربراہ مملکت کے تقرر کے بارے میں چوہدری صاحبؒ نے اختلاف رائے کیا تب بھی باقی تین ارکان نے اپنی چھڑیاں زمین میں گاڑھ دیں اور کہا فیصلہ ہو گیا۔ مجلس کی دو اور نشستوں میں چوہدری صاحبؒ نے شرکت کی اور وہاں پر بھی یہی صورت پیش آئی جس کا چوہدری صاحب کو ملال ہوا۔ گھر آکر چوہدری صاحبؒ نے نوافل ادا کیے اور درود شریف پڑھنے میں مصروف ہوگئے۔ تھوڑی دیر بعد انہوں نے محسوس کیا کہ وہ مسجد نبویؐ میں روضۂ اطہر کے سامنے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے بصد ادب حضورِ اقدس ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ مجلس میں شمولیت کی وجہ سے ان کے درود شریف پڑھنے کے اوقات میں کمی ہوگئی ہے، انہیں اندیشہ ہے کہ اس مصروفیت کی وجہ سے انہیں آپؐ سے دوری نہ ہو جائے، اس کے علاوہ مجلس کا کام بھی میری طبیعت سے مطابقت نہیں رکھتا لہٰذا ملتجی ہوں کہ مجھے مجلس کی رکنیت سے فارغ کر دیا جائے۔ یہ عرضداشت قبول ہوئی اور وہ مجلس کی رکنیت سے فارغ ہو کر یکسوئی کے ساتھ درود شریف اور ذکر الٰہی میں مشغول ہوگئے (اللہ تعالیٰ کے یہاں فضیلت کی بنیاد صرف تقویٰ ہے، لہٰذا ہر ملک کے اہل تقویٰ حضرات مجلس مذکورہ کی رکنیت کے اہل ہوتے ہیں۔ مختلف ملکوں کے ارکان جو ایک دوسرے کی زبان نہیں سمجھ سکتے، عالم بالا کی زبان سریانی کا ان کو علم دیا جاتا ہے اور وہ بلا تکلف اس زبان میں ایک دوسرے سے گفتگو کرتے ہیں۔ مجلس کی یہ کاروائی صیغۂ راز میں رکھی جاتی ہے (والمقصود موجودہ۔ صفحہ ۳۶ تا ۳۹ سے ماخوذ)۔

۲۰۶۔ رجال الغیب کی مجلس میں شمولیت کا اعزاز ہو، خواہ جنات کو تابع کر کے آسیب زدہ انسانوں کو خبیث ارواح [illegible] مخلوق کے علاج کی خدمت ہو،

marfat.com
Marfat.com

چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ کسی بھی ایسی بات کو برداشت نہ کر سکتے تھے جس سے مقصود کائنات سرورِ عالم ﷺ کی ذاتِ اقدس میں ان کی محویت کے کم ہونے کا احتمال ہو۔ ان کا مطلوب و مقصود تو صرف یہ تھا کہ وہ حضور نبی کریم ﷺ کے دربار سے وابستہ رہیں اور آپؐ کے قرب کی نعمت سے کبھی محروم نہ ہوں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انہیں اپنا مقصد حاصل ہو گیا۔ اس سعادت کا ذکر ان ہی کے الفاظ میں سنیئے۔ فرماتے ہیں: "بالآخر ایک رات نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مجھے اپنی زیارت بابرکت سے نوازا اور فرمایا: "غلام حیدر! ہم تعلیم و تربیت کا محکمہ آپ کو سونپتے ہیں، آپ مسلمان سالکین کو اسباق ذکر اللہ دیں، ان کو سیدھی راہ بتائیں اور ان کی تربیت و رہنمائی کریں۔" اس عظیم ذمہ داری کے سونپے جانے پر جب چوہدری صاحبؒ نے اپنی کم علمی اور عجز بیان کا ذکر کیا تو حضور اقدس ﷺ نے شفقت سے فرمایا: "ہمیں معلوم ہے، ہم علم بھی عطا کرینگے، بات چیت اور تعلیم و تربیت کے لیے حکمت اور موعظۃ الحسنہ، دانائی کی باتیں اور احسن طریقہ و سلیقہ بھی بتائیں گے۔ غلام حیدر! آپ فکر نہ کریں، ہم اس بات پر خود نظر و توجہ رکھیں گے۔" اللہ! اللہ! کتنا بڑا اکرام اور کیسی عظیم عطا ہے۔ (والمقصود موجودہ صفحہ ۴۱ تا ۴۲)۔

۲۰۷۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ نے ایک رات دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ تشریف فرما ہیں اور آپؐ کے دائیں و بائیں جانب اصحاب کرامؓ، بزرگان دینؒ اور اولیاء عظامؒ سر جھکائے بیٹھے ہیں۔ آپ کے بڑے بھائی چند مثلیں اٹھائے ہوئے ہیں، جنہیں حضور انور ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے جاتے ہیں اور آپؐ ان پر فیصلے، احکامات و ارشادات فرماتے جاتے ہیں جو بھائی صاحب لکھتے جاتے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد حضرت رسول اللہ ﷺ چوہدری صاحب کی طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا: "غلام حیدر! آپ ٹھیک ٹھاک رہا کریں، اچھا لباس پہنا کریں، کپڑے سادہ ہوں اور اچھے ہوں، ہم آپ کو اونچا دیکھنا چاہتے ہیں۔" یہ سن کر چوہدری صاحب نے سر جھکائے ہوئے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! جیسا آپؐ نے ارشاد فرمایا، ویسا ہی عمل کروں گا۔ صبح بھائی صاحب نے بھابی سے فرمایا: غلام حیدر کو کچھ رقم دے دو تاکہ یہ اپنے لیے دو جوڑے نئے سلوالے، شیروانی بنوالے اور کلاہ و پگڑی بھی خرید لے تاکہ یہ ٹھیک ٹھاک رہے اور اچھا لباس پہنا کرے۔ بھابی نے پیسے دے دیئے۔ اس کے بعد چوہدری صاحب ہمیشہ شیروانی، شلوار قمیص اور پگڑی میں نظر آتے تھے۔ (والمقصود موجود، صفحہ ۸۰ تا ۸۲)۔

۲۰۸۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ فرماتے ہیں کہ چند دن بعد میں نوافل تہجد سے فارغ ہو کر درود تاج پڑھ رہا تھا کہ اچانک اپنے آپ کو دربار رسالت مآب ﷺ میں بیٹھے پایا۔

marfat.com

Marfat.com

حضور انور ﷺ کے چہرۂ مبارک پر تبسم تھا۔ بہت سے بزرگان دین بھی حاضر خدمت تھے۔ حضور اقدس ﷺ نے میری طرف نگاہ کرم کی اور ارشاد فرمایا کہ "ہم عنقریب آپ کو ایک نئے محکمہ کی ذمہ داری سونپیں گے۔" میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپؐ ہی کی رحمت و عنایت ہے، جیسے آپؐ ارشاد فرمائیں گے ویسے ہی تعمیل حکم کروں گا۔ آپؐ نے اور بھی ارشادات فرمائے۔ میں بیٹھا درود شریف پڑھتا رہا۔ تمام حاضرین بھی نہایت مودب بیٹھے تھے اور سب درود شریف پڑھ رہے تھے، پھر حضرت رسول اللہ ﷺ تشریف لے گئے اور ساتھ تمام بزرگان دین اور حاضرین مجلس بھی چلے گئے اور یہ مقدس منظر ختم ہوا۔ میں نے اپنے آپ کو گھر میں جانماز پر بیٹھا پایا اور میری زبان پر درود شریف جاری تھا۔ (والمقصود موجودہ صفحہ ۹۲ تا ۹۳)۔

۲۰۹۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ بتاتے تھے کہ ایک رات میں تیزی سے پرواز کرتا ہوا حضور اقدس ﷺ کی تلاش میں ہندوستان سے عرب جارہا تھا۔ مدینہ طیبہ، مکہ مکرمہ اور دیگر شہروں میں تلاش کر لیا مگر آپؐ کہیں نہ ملے کہ اتنے میں پرواز کی حالت ہی میں مجھے کسی نے آواز دی۔ میری پرواز سست پڑ گئی اور میں پہاڑ کے دامن میں اتر گیا۔ دیکھا تو ایک پُر وقار و بارُعب شخص کھڑے ہیں اور مجھے دیکھ کر مسکرا رہے ہیں۔ میں نے سلام عرض کیا تو انہوں نے جواب دے کر فرمایا کہ نبی کریم (ﷺ) یہیں پہاڑ کے دامن میں صحابۂ کرامؓ کے ساتھ موجود ہیں اور آپ انؐ کو تلاش کر رہے ہیں۔ میں درود شریف پڑھتے پڑھتے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں پہنچ گیا۔ آپؐ نے اپنا دستِ مبارک بڑھایا جسے میں نے دونوں ہاتھوں سے تھام لیا اور جھک کر بوسہ دیا اور پھر مبارک قدموں میں سر رکھ دیا۔ مجھ پر رقت طاری تھی اور مجھے اپنی خطاؤں کا احساس تھا۔ میں آپؐ کے مبارک پاؤں چوم رہا تھا اور آپؐ اپنا دستِ شفقت میرے ماتھے، سر اور پشت پر پھیر رہے تھے۔ میں نے قدرے سر اٹھایا اور چہرۂ مبارک کو نگاہ بھر کر دیکھا۔ حضور اقدس ﷺ مسکرائے اور فرمایا: "ہمؐ دیکھ رہے تھے کہ غلام حیدر بڑی دیر سے ہماری جستجو میں ہے، کبھی کسی جگہ اور کبھی کسی گوشے میں ہمیں تلاش کر رہا ہے، بالآخر ہمؐ نے (حضرت) علیؓ سے کہا کہ جائیں اور غلام حیدر کو جلدی سے ہمارے پاس لے آئیں، وہ بڑی بے تابی سے ہمیں ڈھونڈ رہا ہے۔" میں نے دائیں جانب دیکھا تو حضرت علیؓ بھی مسکرا دیے۔ آپ ہی مجھے لینے اس وادی سے باہر نکلے تھے اور حضور انور ﷺ کی محبت سے سرشار تھے۔ دیگر صحابہ اکرامؓ کا بھی یہی حال تھا۔ سب دل ہی دل میں چپکے چپکے درود شریف پڑھ رہے تھے اور انتہائی ادب سے حضور اقدس ﷺ کی ہر بات سن رہے تھے۔ کوئی بھی صحابیؓ سوال کرتا یا مسئلہ دریافت فرماتا تو حضور ﷺ ... سے جواب عنایت فرماتے۔

marfat.com
Marfat.com

یہ مجلس مطہرہ چند منٹ جاری رہی پھر نبی کریم ﷺ مع صحابہ کرامؓ تشریف لے گئے۔ میں نے بھی دوسرے ہی لمحہ اپنے آپ کو دہلی میں پایا جہاں سے روانہ ہوا تھا۔ (والمقصود موجودہ صفحہ ۹۴ تا ۹۷ سے ماخوذ)۔

۲۱۰۔ کراچی میں اکثر چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ مع احباب حضرت مولانا حکیم اختر صاحب کے یہاں گلشن اقبال یا پھر ہماری مسجد کے پاس اپنے گھر میں مغرب کے بعد اکٹھے ہو جاتے تھے اور وہیں چائے پیتے اور کھانا کھا لیتے تھے۔ پھر نماز عشاء کے بعد تک چوہدری صاحب حضور نبی پاک ﷺ کی زیارت بابرکت اور اس کے حصول کے لیے مختلف درود و اذکار بتایا کرتے تھے۔ مرزا نامی ایک شخص ہر شام مغرب کے بعد اپنے ایک یا دو چھوٹے بچوں کے ہمراہ پابندی سے آکر بیٹھ جاتے اور عشاء کے بعد اجازت لے کر چلے جاتے۔ وہ بڑی توجہ سے ہماری گفتگو سنتے، مگر خود کچھ نہ بولتے تھے بس خاموش بیٹھے رہتے۔ ایک دن چوہدری صاحب نے ان سے بات کی تو بولے کہ جناب اللہ تعالیٰ کا ہم پر بے پایاں فضل و کرم ہے۔ کافی عرصے سے ہم یعنی میں، میری بیوی اور بچے عشاء کے بعد جس قدر بھی ممکن ہو درود شریف پڑھ کر سوتے ہیں اور تقریباً ہر رات ہم سب کو حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی زیارت پاک نصیب ہوتی ہے، جس میں آپؐ ہمیں کچھ نہ کچھ ہدایت ضرور ارشاد فرماتے ہیں۔ یہ ہماری خوش بختی ہے کہ ہمیں کبھی کسی قسم کا دھوکہ، فریب یا خسارہ نہیں ہوا بلکہ بڑی فراوانی سے ہمیں رزق حلال عطا ہوتا ہے، البتہ ایک ڈیڑھ ماہ سے جب سے ہم آپ کی مجلس میں حاضری دے رہے ہیں اور یہاں کی عشق و محبت سے بھری گفتگو سن رہے ہیں، اس وقت سے حضور انور ﷺ کے لیے ہماری محبت مزید تیز ہو رہی ہے اور حجابات دور ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ چوہدری صاحب ان کی گفتگو سن کر بے حد خوش ہوئے اور فرمایا: آپ کو کسی شیخ یا پیر کی ضرورت نہیں اور نہ ہی مجھ سے کسی سبق لینے کی احتیاج ہے، آپ ہم سب کے حق میں دعا فرمایا کریں کہ اللہ پاک ہم سب دوست واحباب کا حضور نبی کریم ﷺ سے تعلق اور پختہ کرے اور ہم سب کو دنیا و آخرت میں آپؐ کی محبت، اتباع اور غلامی نصیب ہو۔ (آمین) (والمقصود موجودہ، صفحہ ۲۰۰ تا ۲۰۲)۔

۲۱۱۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ ایک مرتبہ کراچی میں تھے کہ کمر میں درد شروع ہو گیا۔ کوئی دوا کارگر نہ ہوئی۔ اس وقت عمر تقریباً ۵۰ سال تھی۔ ایک ہفتے میں حالت ایسی ہو گئی کہ ہلنا جلنا محال ہو گیا۔ غسل خانے تک جانے کے لیے دوسروں کے محتاج ہو گئے۔ بالآخر دس گیارہ دن بعد ایک رات دوستوں سے کہا: آپ مجھے وضو کروا کر بستر ہی پر

marfat.com
Marfat.com

بٹھادیں، میں یہیں نماز پڑھ کر نوافل و درود شریف پڑھتا رہوں گا، آپ سب بے شک سو جائیں۔ دوستوں نے ایسا ہی کیا۔ میں نماز و نوافل کے بعد درود شریف میں مشغول ہو گیا (آپ درود تاج اچھی اور آہستہ قرأت میں بڑے مودب انداز و لہجے میں پڑھا کرتے تھے)۔ تھوڑی دیر بعد خیال کیا کہ روضۂ اطہر کے پاس بیٹھا بارگاہِ رسالت (ﷺ) میں درود شریف کا نذرانہ پیش کر رہا ہوں۔ کبھی درد کی شدت محسوس کرتا تو ساتھ ہی دل سے آواز نکل جاتی:

یارسول اللہ! اُنظر حالنا (علیک الصلوٰۃ والسلام)

تقریباً دو گھنٹے درود شریف پڑھنے کے بعد میری آنکھ لگ گئی۔ دیکھتا ہوں کہ حضور انور ﷺ ہمارے گھر تشریف لائے ہیں، کمرہ خود بخود روشن ہو گیا ہے اور میں حضرت رسالت مآب ﷺ کو خوش آمدید کہہ رہا ہوں:

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یانبی اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یاخاتم النبیین

میں نے نہایت ادب سے جھک کر آپؐ کے ہاتھ چومے اور قدموں کو بوسہ دیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: غلام حیدر! کیا درد نے بہت پریشان کر دیا ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں! کوئی دوا اثر نہیں کر رہی۔ یہ سن کر میری کمر میں جس جگہ درد تھا آپؐ نے اپنا دست مبارک دو تین بار پھیرا۔ معاً میں نے محسوس کیا کہ درد بالکل غائب ہو چکا ہے۔ اس کے بعد آپؐ تشریف لے گئے اور میں سو گیا۔ رات دو بجے آنکھ کھلی تو کوئی درد نہ تھا اور میں بالکل تندرست ہو چکا تھا، خود وضو کیا اور عبادت میں مشغول ہو گیا۔ (والمقصود موجود۔ صفحہ ۲۰۳ تا ۲۰۵)۔

۲۱۲۔ فجر کی نماز کے وقت تمام دوست مجھے تندرست دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور سب نے بیک آواز کہا کہ رات ہم نے خواب میں دیکھا کہ حضور نبی کریم ﷺ ہمارے کمرے میں تشریف لائے ہیں، کمرے میں نور ہی نور اور نہایت اعلیٰ خوشبو ہے، آپ حضور اقدس ﷺ پر آپ درود شریف پڑھ رہے ہیں اور حضور (ﷺ) آپ کی کمر پر اپنا دست مبارک پھیر رہے ہیں۔ پھر آپؐ نے ارشاد فرمایا: "غلام حیدر اب کیا محسوس کر رہے ہو؟ آپ نے عرض کیا: اب بالکل ٹھیک ہوں، نہ درد ہے نہ کوئی پریشانی۔" یہ جواب سن کر حضور اقدس ﷺ نے تبسم فرمایا اور تشریف لے گئے۔ اس کے بعد سب احباب نے نوافل شکرانہ ادا کیے اور شام کو اس خوشی میں زردہ پکوا کر تقسیم کیا (والمقصود موجود۔ صفحہ ۲۰۵ تا ۲۰۶)۔

marfat.com

Marfat.com

۲۱۳۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ فرماتے ہیں کہ ایک رات حسب معمول تقریباً دو بجے رات نوافل ادا کر کے درود شریف پڑھ رہا تھا کہ یک دم میرے کمرے میں روشنی ہو گئی اور بھینی بھینی خوشبو پھیل گئی، اتنے میں حضور اکرم ﷺ چند صحابہؓ کے ہمراہ تشریف لائے۔ مجھے درود شریف پڑھتے دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا اور ارشاد فرمایا: "غلام حیدر! ہم نے تمہارا نام عالموں کی فہرست میں شامل کر لیا ہے۔" میں نے یہ سن کر عرض کیا: یہ آپؐ کی نگاہ رحمت ہے ورنہ میں تو پڑھا لکھا نہیں ہوں۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ہاں ہمیں معلوم ہے مگر اس کا بندوبست ہم خود کریں گے۔" پھر آپؐ مع صحابہ کرامؓ رخصت ہو گئے۔ کمرے میں بہت دیر تک خوشبو قائم رہی اور میں کافی دیر بیٹھا درود شریف پڑھتا رہا (والمقصودُ موجودہ۔ صفحہ ۲۱۰)۔

۲۱۴۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ صبح سوچتے رہے کہ ان عالم و فاضل لوگوں کے ساتھ میرا گذارا کیوں کر ہوگا، جو اکثر مسائل میں ایک دوسرے سے الجھتے اور جھگڑتے رہتے ہیں۔ رات آپ کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "غلام حیدر! کیا الجھن و پریشانی ہے؟ ہم نے تمہارا نام باطنی علوم کے عالموں کی فہرست میں شامل کیا ہے، یہ لوگ تو اولیاء اللہ ہوتے ہیں، مشاہدات و مسائل میں باہم اختلاف نہیں رکھتے اور نہ ہی آپس میں جھگڑتے ہیں۔" میری خوشی کی انتہا نہ رہی مگر دل میں خیال آیا کہ مجھے نہ ظاہری علم سے آشنائی ہے نہ باطنی علم سے۔ اس پر حضور انور ﷺ نے مسکرا کر ارشاد فرمایا: "غلام حیدر! کیوں متفکر ہوتے ہو؟ علم کی جس قدر اور جیسی ضرورت ہوگی انشاءاللہ تعالیٰ عطا ہوگا، ہم عنقریب تمہیں ایک خاص ذمہ داری بھی سونپیں گے، تم مطلق فکر مند اور پریشان نہ ہو، وقت پر تمام بندوبست ہو جائے گا۔" اس کے بعد حضور ﷺ نے تبسم فرمایا اور تشریف لے گئے۔ (والمقصودُ موجودہ۔ صفحہ ۲۱۱ تا ۲۱۲)۔

۲۱۵۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ فرماتے ہیں کہ ان بشارتوں کے دو تین دن بعد حسب معمول نصف شب کو میں درود شریف پڑھ رہا تھا کہ کمرے میں خوشبو و روشنی پھیل گئی اور نبی کریم ﷺ مع کئی صحابہ کرامؓ تشریف لائے اور ارشاد فرمایا: ہم تمہاری نصف شب نوافل کی ادائیگی اور تمہارے درود شریف پڑھنے سے بہت خوش ہیں اور ہم نے تمہیں شیخ العالم کا مرتبہ عطا کیا۔ درود شریف پڑھتے ہوئے میں نے نہایت ادب سے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ یہ آپؐ کی اس ادنیٰ امتی اور غلام پر بے حد نگاہِ رحمت و عنایت ہے، ورنہ میں نہ اس قابل تھا نہ ہوں۔ مدینۃ العلم، حضور نبی کریم ﷺ مسکرائے اور ارشاد فرمایا: "ہم علم بھی عطا

marfat.com
Marfat.com

کریں گے، جس وقت بھی جس قدر اور جیسے علم کی ضرورت ہو گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ دل و دماغ پر اترتا رہے گا اور اسی طرح ہم اپنے امتی، مقربین اور اولیاءاللہ کی رہنمائی کرتے رہتے ہیں۔ انہیں کفر و شرک اور طلسم و طاغوت کے مقابلے میں ہمیشہ غلبہ نصیب ہوتا ہے اور یہ لوگ کبھی بھی مرکز و دین کے لیے خفت و شرمساری کا باعث نہیں بنتے بلکہ یہ ہمارے مقرب و محبوب امتی ہوتے ہیں۔" پھر آپؐ تشریف لے گئے (والمقصودُ موجودہ۔ صفحہ ۲۱۲ تا ۲۱۴)۔

۲۱۶۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ ۱۹۵۸ء یا ۱۹۵۹ء میں دو تین دوستوں کے ہمراہ حج بیت اللہ کے لیے تشریف لے گئے۔ ایک جمعہ کو بہت پہلے ہم مسجد نبویؐ میں آگئے اور ہمیں روضۂ اطہر کے بالکل قریب دوسری صف میں جگہ مل گئی۔ ہم سب بیٹھ گئے، کبھی نوافل ادا کرتے اور کبھی درود شریف کا ورد کرتے کہ اتنے میں روضہ مبارک سے حضور اقدس ﷺ کا ید مبارک (دست مبارک) باہر نکلا، شفقت سے اشارہ ہو رہا تھا کہ اگلی صف میں آجاؤ۔ میں نے اِدھر اُدھر دیکھا کہ کوئی اور شخص ہے جسے پہلی صف میں بلایا جا رہا ہے۔ میں نے دیکھا کہ اگلی صف میں ایک نمازی کے لیے جگہ بھی بن گئی۔ ید شفقت پھر جالی مبارک سے باہر نکلا اور وہی اشارہ ہوا تھا کہ پہلی صف میں آجاؤ۔ میں نے پھر ادھر ادھر دیکھا کہ شاید کوئی اور شخص اس اشارے کو دیکھ کر اگلی صف میں آرہا ہو مگر جب کوئی اور شخص آگے نہ بڑھا تو میں سمجھ گیا کہ یہ اشارہ میرے ہی لیے ہے لہٰذا میں صف اول میں جا بیٹھا اور درود شریف پڑھنے لگا۔ بعدہ دست مبارک ظاہر نہ ہوا اور میں سمجھ گیا کہ یہ اشارہ اس ادنیٰ غلام ہی کے لیے تھا۔ مجھ پر آپؐ نے کس قدر مہربانی فرمائی کہ پاکستان سے یہاں آنے کی سعادت بخشی، پھر اپنے ید مبارک کی زیارت پاک سے مشرف فرمایا اور مجھے اپنے قریب جگہ عنایت فرمائی (والمقصود موجودہ صفحہ ۲۳۵ تا ۲۳۷)۔

؎ مولائی صل وسلم دائما ابداً علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۲۱۷۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ کو مدینہ شریف میں ڈھائی تین ماہ ہو گئے تھے کہ ایک روز معلم نے کہا حج میں اب صرف چند دن رہ گئے ہیں، آج شام آخری بس جائے گی۔ اگر اس سے نہ گئے تو پرائیویٹ ٹیکسی کرنی پڑے گی بلکہ کل سے پرائیویٹ ٹیکسی بھی مشکل سے ملے گی۔ ہم نے معلم کو بتایا کہ ہمیں ابھی تک حضور نبی کریم ﷺ کی طرف سے مدینہ طیبہ چھوڑنے کا حکم نہیں ہوا ہے۔ میں ساتھیوں کے ہمراہ مسجد نبویؐ گیا اور تمام نمازیں ادا کر کے حسب معمول بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں نذرانہ درود و سلام عرض کیا۔ ہم پر رقت طاری ہو گئی۔ اسی دوران نیم جذب و نیم ہوش کے عالم میں حضور اقدس ﷺ نے مجھ سے ارشاد

marfat.com
Marfat.com

فرمایا کہ "غلام حیدر! آپ سب کل نماز فجر کے بعد مکہ مکرمہ روانہ ہو جائیں، انشاء اللہ بس وغیرہ کا بندوبست ہو جائے گا۔" حرم شریف میں نماز تہجد کے بعد نماز فجر ادا کی۔ آج نمازیوں کی تعداد بہت کم تھی۔ کچھ مقامی لوگ اور ہم تین افراد تھے۔ نماز سے فارغ ہو کر الوداعی درود و سلام عرض کیا، دعائیں کیں پھر آنسوؤں اور بوجھل دل کے ساتھ حضور اقدس ﷺ کی بارگاہ عظمیٰ سے رخصت ہوئے۔ باہر نکلے تو باب مجید کے بالکل سامنے مکہ شریف کے لیے تہجد کے وقت سے جیسے بس ہمارے ہی انتظار میں کھڑی تھی اور اس میں تین ہی نشستیں خالی تھیں۔ ہمارے بیٹھتے ہی بس مکہ مکرمہ کو روانہ ہو گئی۔ (والمقصودُ موجودُہ۔ صفحہ ۲۳۸ تا ۲۴۰)۔

۲۱۸۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ فرماتے تھے کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہوا تو میں نے اہل محبت اور ذوق و شوق رکھنے والے لوگوں کو ذکر "سلطاناً نصیراً" اسرار عرفان الٰہی اور مقام خودی بتانا و سمجھانا شروع کر دیا کہ امتی و سالک کو حضور انور ﷺ کے ساتھ تعلق و رشتہ کیسے اجاگر و مضبوط تر کرنا ہے۔ پاکستان میں محکمہ تربیت میرے سپرد کر دیا گیا اور حضور اقدس ﷺ کی جانب سے لوگوں کی تعلیم و تربیت کے لیے ہدایت یعنی خلافت معنوی بھی عطا ہوئی۔ میرے ذہن میں سوال ابھر رہا تھا کہ نہ معلوم کن کن اولیاء اللہ کی سربراہی میں یا انکے ماتحت مجھے یہ کام کرنا ہو گا؟ ان کی طبیعت جلالی ہو گی یا جمالی؟ معلوم نہیں ان سے کیسی نبھے گی؟ ان تمام خدشات کے پیش نظر میں نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا کہ آپؐ کا حکم و ارشاد سر آنکھوں پر۔ میں انشاء اللہ پوری تندہی کے ساتھ تعمیل کروں گا، بس میری خواہش یہ ہے کہ آپؐ ہی براہ راست میرے سربراہ و نگراں رہیں، ہدایات دیتے اور رہنمائی فرماتے رہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے تبسم فرما کر ارشاد فرمایا: "ہمیں یہ منظور ہے، غلام حیدر! آپ ہمارے ساتھ براہ راست ہماری ہی نگرانی و رہنمائی میں کام کریں گے اور بیچ میں کوئی حائل نہ ہو گا" (والمقصود موجودہ۔ صفحہ ۲۴۲ تا ۲۴۴)۔

۲۱۹۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ جب بھی لاہور جاتے تو تمام بزرگوں کے مزارات پر حاضری دیتے۔ قدسی مقال، علامہ اقبالؒ کے مزار پر فاتحہ پڑھتے تو علامہؒ قبر سے نمودار ہو جاتے اور دونوں میں باہم گفتگو ہوتی۔ چوہدری صاحبؒ نے ایک مرتبہ حضرت علامہؒ سے دریافت فرمایا کہ آپ تقریباً نئی روشنی کے مسلمان تھے، مغربی تہذیب میں رہ کر اعلیٰ تعلیم حاصل کی، پھر عملی طور پر آپ کیسے اسلام کی طرف راغب ہوئے اور کیونکر عشق و اتباع رسول مقبول ﷺ اور صبغۃ اللہ (اللہ کے رنگ) میں رنگے؟ حضرت علامہؒ نے فرمایا:

marfat.com
Marfat.com

"سب اللہ کے فضل و کرم سے ہوا۔ میں بھی دوسرے مسلمانوں کی طرح ایک عام مسلمان تھا مگر دوران تعلیم ہی مجھے صیہونیت، عیسائیت، اشراکیت، بُت پرستی اور آزاد طرز زندگی وغیرہ سے نفرت ہو گئی تھی، پھر میں نے اعلیٰ تعلیم کے ساتھ کتاب و سنت کا مطالعہ کیا اور تمام بزرگان دین خصوصی طور پر (اپنے روحانی استاد) حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ کے کلام کو بغور پڑھا اور استفادہ کیا تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پتہ چلا کہ دین کا روح رواں اور ما حصل تو محبت، اتباع اور اطاعت رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ہے۔ میں نماز فجر سے پہلے اٹھتا، نوافل ادا کرنے کے بعد قرآن مجید کی تلاوت، ذکر اللہ، کلمۂ طیب اور درود شریف کا بہت ورد کرتا حتیٰ کہ صلوٰۃ فجر کے بعد بھی یہی عمل رہتا، اکثر اوقات درود پاک اور کلام اللہ پڑھنے کے دوران ندامت کے آنسو جاری ہو جاتے، عشق و محبت غالب رہتی اور رقت طاری ہو جاتی، یہ آداب خود آگاہی و آہ سحر گاہی، بزرگان دین کے اقوال و تجربات سے حاصل کیے اور یہ معمولات تازیست قائم رہے۔

؎ جب عشق سکھاتا ہے آداب خود آگاہی
کھلتے ہیں غلاموں پر اسرار شہنشاہی
عطارؒ ہو، رومیؒ ہو، رازیؒ ہو غزالیؒ ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہ سحر گاہی

اور پھر میں گڑگڑا کر التجا کرتا:

تو اے آقائے یثربؐ، میری چارہ سازی کر
میرا دین ہے افرنگی، میرا ایمان ہے زناری

جو اللہ تعالیٰ کے یہاں قبول ہوئی، میرے علم میں اضافہ ہونے لگا، عشق اور محبت میں مزید ترقی ہوتی گئی اور اولیا اللہ خصوصاً حضرت مولانا رومیؒ سے خواب اور بیداری میں ملاقات ہونے لگی۔ ان بزرگان دین نے میری بہت رہنمائی کی اور سب نے اتباع، اطاعت اور غلامی و قرب نبی کریم ﷺ پر زور دیا۔ خلوص دل سے خوب محنت کی حتیٰ کہ بھوک، پیاس اور گرمی و سردی کا احساس بھی جاتا رہا، بعض اوقات گھنٹوں ذکر اللہ میں گم رہتا، کشف و کرامات اور گذشتہ و آئندہ کے واقعات کی خبریں ملنے لگیں اور مشاہدہ ہونے لگا مگر دل نفی کرتا رہا کہ یہ منزل مقصود نہیں ہے۔ بالآخر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حضور اقدس ﷺ نے نیم خوابی و بیداری کی حالت میں زیارت بابرکت سے نوازنا شروع کر دیا اور پھر یہ سلسلہ آخر تک قائم رہا۔ اس میں میری کوئی خوبی یا اعمال کی اچھائی کو دخل نہ تھا بلکہ یہ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اپنے ایک ادنیٰ امتی اور غلام پر نگاہ رحمت و شفقت تھی کہ آپؐ نے میری چارہ سازی فرمائی اور براہ راست میری تعلیم و تربیت کے لیے ہدایات ارشاد ہونے لگیں اور اسرار الٰہی کھلنے لگے۔

؎ افلاک سے آتا ہے نالوں کا جواب آخر
کھلتے ہیں اسرار آخر اٹھتے ہیں حجاب آخر

marfat.com
Marfat.com

چشم بینا تو پہلے ہی عطا ہو چکی تھی، دل بینا بھی عطا ہوا، کشود مقام خودی اور نمود امانت الٰہی نصیب ہوا، دولت وصل عطا ہوئی، مشاہدہ حق عطا ہوا اور مقصود موجود ہوا۔ الحمدللہ رب العالمین" (والمقصودُ موجودُہ۔ صفحہ ۲۸۴ تا ۲۸۷ سے ماخوذ)۔

۲۲۰۔ چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ نے حضور اقدس ﷺ کی "شانِ رسالت اور نبوت" کی سرخی تو لکھ دی مگر ساتھ ہی خیال آیا کہ مجھے آپؐ کی اس شان مبارک کا مشاہدہ تو نصیب ہوا ہی نہیں لہٰذا اس مقدس موضوع پر کیا لکھ سکتا ہوں۔ یہ عنوان لکھ کر شاید میں نے غلطی کی ہے اور اسی اندیشہ و فکر میں لکھنا بند کر دیا۔ اس ممکنہ غلطی و بے ادبی پر اپنے آپ کو کوس رہا تھا کہ رات کے گیارہ بجے کمرے میں نور پھیل گیا اور حضور اقدس ﷺ تشریف لے آئے، کمرہ جگمگا رہا تھا، اس میں مسرت خیز خوشبو پھیلی ہوئی تھی اور میں مودب ہو کر درود شریف پڑھ رہا تھا۔ حضور انور ﷺ نے تبسم کے ساتھ فرمایا: غلام حیدر! لکھنا کیوں بند کر دیا؟ میں نے وجہ عرض کی۔ فرمایا: آپ فکر نہ کریں، میریؐ طرف دیکھیں، میں آپؐ کو اپنی شان رسالت و نبوت کا کچھ مشاہدہ کراتا ہوں۔ پھر نبی کریم ﷺ نے اپنے دست مبارک سے اپنے سر و پیشانی مبارک کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: غلام حیدر! دیکھیں یہ ہمارا مقام رسالت و نبوت ہے، اوپر عرش سے "آیات کا نور" ہمارے سر و پیشانی پر اترتا ہے اور یہاں پیشانی سے آیات کی صورت میں "آیات کا نزول" ہمارے دل پر ہوتا ہے اور ساتھ ہی حضور پر نور ﷺ اشارہ کرتے ہوئے اپنے دست مبارک کو اوپر سے نیچے اپنے قلب مبارک کی طرف لے آئے۔

چوہدری صاحب بیان کرتے ہیں کہ جوں ہی میں نے حضور انور ﷺ کے سر اور پیشانی مبارک کی طرف دیکھا تو مجھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مشاہدہ ہوا کہ آسمان کی جانب سے آیات کا نور حضور نبی کریم ﷺ کے سر و پیشانی مبارک میں آ رہا ہے اور وہاں سے قرآنی آیات کا نزول آپؐ کے قلب مبارک پر ہو رہا ہے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے اپنے قلب مبارک کی طرف ید اقدس سے اشارہ کرتے مزید فرمایا: "غلام حیدر! اس طرف دیکھیں، یہ ہمارا "مقام ولایت" ہے، یہیں سے تمام اُمتِ مُسلمہ، جن و انس کے لیے علم و حلم، امر بالمعروف و نہی عن المنکر، تعلیم و تربیت، عفو و درگذر، اصلاح و اخلاق، عدل و احسان، دانائی و حکمت، پاکیزگی و طہارت، تقویٰ و پرہیزگاری، علم و عرفان اور رشد و ہدایت کے خزانے کھلتے ہیں اور فیضانِ انوارِ رحمت سے تمام کائنات و مخلوقات اور عالمین سیراب ہوتے ہیں۔"

پھر نبی کریم رؤف رحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم مسکرائے اور فرمایا: "غلام حیدر! آپ اب مقامِ رسالت و نبوت اور ولایت پر لکھنا شروع کریں، انشاء اللہ اس مشاہدے اور وضاحت

marfat.com
Marfat.com

کے بعد آپ بہتر لکھ سکیں گے۔" میں نے درود شریف پڑھتے پڑھتے کہا: جی بہت اچھا! یا رسول اللہ (ﷺ)، اور اس کے ساتھ ہی آپؐ تشریف لے گئے۔ مجھے اس مقام اعلیٰ و عظمیٰ کا جس قدر مشاہدہ نصیب ہوا تھا، میں نے ان کی بابت لکھنا شروع کر دیا اور تقریباً ایک گھنٹے میں وہ باب مکمل کر لیا (والمقصودُ موجودہ۔ صفحہ ۳۳۳ تا ۳۳۶ سے ماخوذ۔ چوہدری صاحب رحیم یار خان سے اسلام پورہ، لاہور تشریف لائے ہوئے تھے جب یہ مشاہدہ نصیب ہوا)۔

۲۲۱۔ یہ ۶۲-۱۹۶۱ء کا واقعہ ہے جب چوہدری غلام حیدر خان صاحب چشتیؒ رحیم یار خان سے ترناب فارم، پشاور میں رانا رفعت سعید صاحب کے یہاں قیام فرما تھے۔ چوہدری صاحب احباب کو وہاں "ذکر سلطاناً النصیراً"، سرّ وحدت اور سرّ الٰہی کی بابت سبق دیتے تھے۔ سبق لینے والوں میں گورنمنٹ ٹرانسپورٹ پشاور کے ایک اعلیٰ عہدے دار جناب سید شفیع نقشبندی بھی تھے، جنہوں نے یہی سبق اپنے احباب کو بھی دینا شروع کر دیا تھا۔ اسی دوران ایک دن سید صاحب نے چوہدری صاحب سے آکر بیان کیا کہ گذشتہ شب حضور نبی کریم ﷺ نے مجھے اپنی زیارت پاک سے نوازا اور پوچھا کہ آپ لوگوں کو ذکر "سلطاناً النصیرا" کا سبق کیوں دے رہے ہیں اور سرّ وحدت اور سرّ الٰہی کے متعلق کیوں بتا رہے ہیں؟ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! ان سب کا علم مجھے چوہدری صاحب کی محبت سے حاصل ہوا ہے۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ان کو یہ بتانے دو، انہیں اجازت ہے مگر آپ کسی کو یہ اسباق و اسرار نہ بتائیں۔" میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! مجھ سے بہت غلطی و کوتاہی ہوئی، آپؐ اپنی رحمت سے مجھے معاف فرما دیں، میں آپؐ کے حکم کی تعمیل کروں گا اور آئندہ ایسا نہیں کروں گا۔ پس آپؐ نے شفقت فرمائی اور تشریف لے گئے (والمقصود موجودہ صفحہ ۴۷۸ تا ۴۷۹)۔

بروز دوشنبہ ۲۴ ذی الحجہ ۱۴۰۸ھ بمطابق ۸ اگست ۱۹۸۸ء جناب چوہدری غلام حیدر خان چشتیؒ نے بمقام رحیم یار خان وصال فرمایا۔ آپ کے صاحبزادے چوہدری شبیر صاحب، دیگر عزیز و اقارب، دوستوں اور شاگردوں نے شہر کے قبرستان میں آپ کی وصیت کے مطابق ایک عام جگہ پر آپ کو دفن کر دیا۔ جس پر کوئی گنبد وغیرہ تعمیر نہیں کیا گیا۔ ہر ایک سے فرماتے تھے: مجھے تو آپ نبی کریم رؤف رحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا ایک ادنیٰ امتی اور ادنیٰ غلام ہی سمجھیں اور بس۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

۲۲۲۔ سید الملۃ، شیخ وقت حضرت علامہ سید سلیمان ندوی قدس سرہ' کے ایک خادم نے چار پانچ مرتبہ حضور انور ﷺ کو خواب میں دیکھا اور اپنے خوابوں سے حضرت والاؒ کو مطلع فرمایا۔ حضرت الشیخ قدس سرہ' نے جواباً تحریر فرمایا: بلاشبہ رویائے نبوی ﷺ موجب خیر و

marfat.com

Marfat.com

برکت اور باعث بشارت ہیں۔ کثرت درود شریف اور اخلاص سے یہ نعمت حاصل ہوتی ہے لیکن اس کا شکریہ بھی اتباع نبوی ﷺ اور اس کا حق حقوق نبویؐ (عظمت و محبت، اتباع و نصرت نبوی ﷺ) کے ذریعے ادا کرنا مزید موکد اور ضروری ہو جاتا ہے ورنہ سلبِ نعمت کا خوف اور خطرہ رہتا ہے (سلوک سلیمانی یا شاہراہ معرفت حصہ دوم صفحہ ۶۷۔ مرتبہ حضرت مولانا پروفیسر محمد اشرف خان سلیمانی، صدر شعبہ عربی، پشاور یونیورسٹی)۔

۴۲۳۔ حضرت علامہ سیّد سلیمان ندوی نور اللہ مرقدہ' کے ایک مُرشد خاص حضور انور ﷺ کی زیارت منامی سے مشرف ہوئے اور خواب میں حضور اقدس ﷺ کے سینہ مبارک سے لپٹ گئے اور دہن مبارک کو چوما۔ انہوں نے حضرت والاؒ کو اپنے اس خواب کی اطلاع دی تو حضرت والاؒ نے اس رویا کے متعلق تحریر فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنی ایک بڑی نعمت سے سرفراز فرمایا ہے۔ ہر نعمت کی قدر واجب ہے تاکہ مزید نعمت عطا ہو اور کوئی مرتکب عدم شکر ہو تو نہ صرف سلب نعمت کا خوف ہے بلکہ ابتلا کا بھی۔ اس نعمت کی قدر یہ ہے کہ معمولات میں درود شریف کی ایک تعداد بھی شامل کرلیں جس کو بہ آسانی پورا کر سکیں، اگر ہر روز نہ ہو سکے تو جمعہ کو تو ضرور اہتمام کیجئے، خواہ دیگر معمولات میں کمی ہو جائے۔ دوسرا اہتمام یہ ہے کہ اب اس سینے کو برائیوں سے پاک اور اس منہ کو ہر خلاف شرع قول، غیبت و کذب وغیرہ سے محفوظ رکھیئے۔ میری دعا ہے کہ آپ کو اتباع سنت کی مزید توفیق ہو (سلوک سلیمانی یا شاہراہ معرفت حصہ دوم صفحہ ۶۷ تا ۶۸)۔

۴۲۴۔ حضرت مولانا محمد اویس ندوی نگرامی مدظلہ نے خواب دیکھا کہ ریل کے ڈبے جیسی ایک موٹر ہے۔ اگلی سیٹ پر حضرت موسیٰ علیہ السلام تشریف فرما ہیں مگر پائے مبارک پر چوٹ ہے اور پچھلی سیٹ پر حضرت نبی کریم ﷺ کا جسدِ مبارک ہے۔ حضرت علامہ سیّد سلیمان ندویؒ نے آپؐ کے جسدِ مبارک سے قلبِ اطہر لے کر انہیں دیا، جسے انہوں نے بوسہ دیا اور آنکھوں سے لگایا اور سیّد صاحبؒ نے پھر اس کو جسد اقدس میں رکھ دیا۔ سیّد صاحبؒ کو انہوں نے اپنے خواب سے مطلع کیا تو سیّد صاحبؒ نے اس کی کسی قدر عجیب تعبیر دی۔ ارقام فرماتے ہیں: "حضرت موسیٰ علیہ السلام جو اگلی سیٹ پر ہیں وہ تورات سے عبارت ہے اور پائے مبارک کو صدمہ تورات کی تحریف کی طرف اشارہ ہے، حضور اقدس ﷺ کا جسدِ مبارک اسلام سے عبارت ہے، ان کا قلب اقدس قرآن پاک ہے جو میرے واسطے سے آپ تک پہنچا، خود سیرت نبوی (ﷺ) کی تالیف میں شرکت بھی میری ہی ذات کے واسطے سے ہے، بہر حال اللہ تعالیٰ کی نوازش اور لطف و کرم خاص ہے جو اپنی غفاری و ستاری سے ایسے رویائے

marfat.com
Marfat.com

بشارت سے سرفراز فرماتے ہیں" (سلوک سلیمانی یا شاہراہ معرفت حصہ دوم صفحہ ۶۸)۔
سلوک سلیمانی ثانوی نام شاہراہ معرفت کے دونوں حصوں میں حضرت مولانا پروفیسر محمد اشرف خان صاحب سلیمانی نے اپنے پیرو مرشد حضرت علامہ سید سلیمان ندوی قدس سرہ خلیفہ مجاز حکیم الامت، مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نوراللہ مرقدہ کی اسلامی سلوک کی پیش کردہ تعلیمات مع توضیحات و تعبیرات پیش کی ہیں۔ یہ دونوں حصے مجھے جناب محمد اسمعیل چوہدری (اسلام آباد) نے برائے استفادہ عنایت فرمائے جن کے لیے میں ان کا ممنون ہوں۔

۲۲۵۔ محمد قاسم بیگ نے اپنی یادداشتیں ٹٹولتے ہوئے باباجی سے اپنے تعلق کو اس طرح بیان کیا: ۵۶-۱۹۵۵ء میں ہم پڑھتے تھے تو سُنا کہ سالار والا میں کوئی بزرگ آئے ہیں، پس دیگر طالب علم ساتھیوں کے ہمراہ سالار والا پہنچا اور حضور باباجی صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ کی زیارت کی۔ لوگوں نے کہا: حضور! یہ لڑکا نعت بہت اچھی پڑھتا ہے۔ اس پر باباجی نے فرمایا کہ حضرت رسول (ﷺ) کی نعت سناؤ۔ آپ نے خود سپیکر لگایا، جب میں نے نعت پڑھی تو باہر تشریف لے آئے اور فرمایا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ خود تشریف فرما ہیں، دوبارہ یہی نعت پڑھو۔ میں نے دوبارہ نعت پڑھی (حضرت صوفی برکت علی لدھیانویؒ شخصیت وافکار پر "مون ڈائجسٹ" کا تیسرا خصوصی شمارہ صفحہ ۱۶۱)۔ ایک مرتبہ باباجی کی خدمت میں کئی دن بعد گیا۔ دیکھ کر فرمانے لگے: "میں تمہارا منتظر تھا، نعت سناؤ۔" نعت سن کر جھوم جھوم گئے اور فرمایا: "تم نے بڑی دیر بعد میرا سینہ کھول دیا، میں تمہیں امیر کر دوں گا۔" ایک کاغذ منگوا کر لکھ دیا قاسم بیگ ولد نھو بیگ ثناخوان حضرت رسول اللہ ﷺ۔ یہ لکھ کر کاغذ مجھے دے دیا اور پوچھا اس کا کیا کرو گے؟ میں نے عرض کیا: حضور! جب مرونگا تو یہ میرے کفن میں رکھ دیا جائے گا۔ اس جملے پر تڑپ اٹھے اور فرمایا: "میں تمہیں امیر کر دوں گا۔"

تقدس مآب حضرت ابوانیس صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ مشرقی پنجاب کے ضلع لدھیانہ کے موضع برھمی میں ۷ ۲۱ اپریل ۱۹۱۱ء کو ایک زراعت پیشہ خاندان میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۳۰ء میں فوج میں ایک عام سپاہی کی حیثیت سے ملازمت شروع کی اور صوبیدار میجر کے منصب تک ترقی کر کے ۱۹۴۵ء میں مستعفی ہوگئے۔ آپ حضرت حکیم سید امیر الحسن سہارنپوریؒ کے ہاتھ پر بیعت تھے جنہیں حضرت شیخ علاؤالدین علی احمد صابر (پیران کلیرؒ) سے نہایت درجہ عقیدت تھی اور یہی حال آپ کا تھا۔ آپ نے سانگلہ ہل کے نواحی قصبہ سالار والا کو "دارالاحسان" کا نام دیا اور ۱۹۸۴ء تک یہی آپ کی دینی، تبلیغی اور روحانی سرگرمیوں کا مرکز

marfat.com
Marfat.com

رہا۔ اسی سال ہجرت کر کے فیصل آباد کے قریب سمندری روڈ پر دالووال تشریف فرما ہوئے اور اس جگہ کا نام "المستفیض دار الاحسان" (کیمپ دار الاحسان) رکھا، وہاں قرآن محل اور ایک بہت بڑا ہسپتال تعمیر کرایا، اپنی تمام جائیداد عام مسلمانوں کے لیے وقف کر دی، آپ کی تبلیغ سے ہزاروں لوگ مشرف بہ اسلام ہوئے اور آپ کے ہاتھوں کرامات کی بارش ہوتی تھی۔ ۱۶ رمضان المبارک ۱۴۱۷ھ مطابق ۲۶ جنوری ۱۹۹۷ء کو آپ مالک حقیقی سے جاملے۔ آپ کی آخری آرام گاہ یہیں ہے۔ مون ڈائجسٹ لاہور کے چیف ایڈیٹر جناب ادیب جاودانی نے حضرت لدھیانوی قدس سرہ پر اپنے ماہنامہ کے تین خاص نمبر نکال کر نہایت اہم خدمت انجام دی ہے اور ماشاءاللہ ابھی دو اور ایسے نمبر نکالنے کا پروگرام ہے، ثم ماشاءاللہ! ادیب جاودانی زندہ باد!

۲۲۶۔ حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ نے اپنے پوتے میاں مقصود احمد کو ایک مرتبہ بتایا کہ ایک آدمی کو مدینہ طیبہ میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے اس بندے سے دریافت کیا کہ کیا تم برکت علی کو جانتے ہو؟ اس آدمی نے کہا: نام تو سنا ہے دیکھا نہیں۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے اس آدمی سے فرمایا کہ برکت علی میرا خاص آدمی ہے، جاؤ اور پہلی فرصت میں اس سے مل کر آؤ (مون ڈائجسٹ کا تیسرا خصوصی شمارہ۔ صفحہ ۱۳۸ تا ۱۳۹)۔

۲۲۷۔ حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانوی قدس سرہ نے ایک مرتبہ اپنے پوتے میاں مقصود احمد کو خوش ہو کر بتایا کہ آج نبی اکرم ﷺ نے مجھے فرمایا کہ دنیا کا ایک حصہ تمہارے حوالے ہے اور میں تمہیں ایک حصے کا انچارج مقرر کرتا ہوں (مون ڈائجسٹ کا تیسرا خصوصی شمارہ۔ صفحہ ۱۳۹)۔

۲۲۸۔ میاں مقصود احمد اپنے کئی دوستوں کے ساتھ بیٹھے تھے کہ صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ نے اس وقت فرمایا کہ آج حضور انور ﷺ نے مجھے بلایا اور فرمایا: "برکت علی! تو دنیا میں نمبر ون آدمی ہے۔" اس کرم نوازی پر باباجی سرکار بہت خوش تھے۔ بار بار کہتے تھے یار! مجھے حضور اکرم ﷺ نے بلا کر فرمایا کہ برکت علی تم دنیا کے نمبر ون آدمی ہو (مون ڈائجسٹ کا تیسرا خصوصی شمارہ۔ صفحہ ۱۳۹)۔

۲۲۹۔ لنگر کی روٹیوں کے انچارج بابا حمید کو صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ نے دو مرتبہ حضرت نبی پاک ﷺ کی زیارت کرائی تھی (مون ڈائجسٹ کا تیسرا خصوصی شمارہ، صفحہ ۱۳۶)۔

۲۳۰۔ بعض لوگوں کو ٹوہ اور جستجو تھی کہ دربار کے لاکھوں روپے ماہانہ کے اخراجات کیسے پورے ہوتے ہیں؟ کون لوگ اس کے پیچھے کار فرما ہیں؟ حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانوی (باباجیؒ) کے پاس اتنی رقم کہاں سے آتی ہے؟ ایک روز کچھ لوگ اسی سلسلے میں آپ کے پاس

marfat.com
Marfat.com

پہنچ گئے اور کہا: آپ نے ایک کتاب لکھی ہے "اسمائے نبی کریم (ﷺ)" اس کی پانچ جلدیں ہیں جن میں ایک ہزار سے زیادہ حضور اقدس ﷺ کے اسمائے مبارک ہیں، کسی نے آج تک اتنے نام تحریر نہیں کیے، ان کتب کی تیاری پر آپ نے اپنے پاس سے چالیس لاکھ روپے خرچ کیے ہیں، اس کے علاوہ لنگر، فری ہسپتال اور دربار کے بیسیوں دیگر اخراجات ہیں۔ اتنی رقم آپ کے پاس کہاں سے آتی ہے؟ باباجی آپ ہمیں بتائیے یہ نظام کیسے چل رہا ہے؟ آپ نہر کے کنارے بیٹھے تھے۔ یہ سن کر جلال آگیا اور اپنی ٹوپی کو ذرا سا سر کایا تو ہزار روپے کے نوٹ وہاں سے نکل کر نیچے گرنے لگے اور ذرا سی دیر میں ان نوٹوں کا ڈھیر لگ گیا۔ یہ نظر بندی نہیں، واقعہ تھا۔ تحقیق کی نیت سے آنے والوں کے ہوش اڑ گئے۔ پھر آپ نے فرمایا کہ "میرے پاس ایک دمڑی بھی نہیں، میری کوئی جائیداد نہیں، میرے پاس نہ کار ہے نہ سکوٹر، دنیا کی کوئی چیز نہیں، ہماری روزی پرندوں کی طرح ہے جو صبح بھوکے گھونسلوں سے اڑتے ہیں اور شام سیر ہو کر لوٹا کرتے ہیں۔" پھر یہ شعر پڑھا:

سے پلے خرچ نہ بنھ دے پنچھی تے درویش ۔۔۔ جناں تقویٰ رب دا اوناں رزق ہمیش

پھر فرمایا: کھا، کھلا، بچا کر مت رکھ، کل کی روزی کل ملے گی، میرا ہاتھ نبی پاک ﷺ کی جیب مبارک میں ہوتا ہے، جتنی چاہوں وہاں سے رقم نکال لیتا ہوں (مون ڈائجسٹ کا تیسرا خصوصی شمارہ۔ صفحہ ۲۲۴ تا ۲۲۵ سے ماخوذ)۔ بڑے ہی خوش بخت ہیں وہ حضرات جو باباجیؒ کی صحبت سے فیض یاب ہوتے رہے اور آپ کی دعائیں لیتے رہے۔ اب ایسے بزرگ عنقا ہیں۔ ان کے وصال کے بعد جن حالات کا علم ہوا، کاش! ان کی زندگی میں علم ہو جاتا تو بے شمار مخلوق ان سے فیض یاب ہوتی۔

۲۳۱۔ امام المحققین، اوحد العارفین، الشیخ عبدالکریم جیلی شافعی، یمنی قدس سرہ' فرماتے ہیں کہ میں اپنے اُستاد کامل حضرت شیخ شرف الدین اسماعیل جبرتی قدس سرہ' کی صورت میں سیّد عالم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا، مگر میں یہ نہ جانتا تھا کہ یہ سیّد عالم ﷺ ہیں۔ میں تو یہی سمجھتا رہا کہ یہ میرے شیخ قدس سرہ' ہیں۔ یہ میرے ان تمام مشاہدات میں سے ایک ہے جس کا <u>۷۹۶ھ</u> میں "زبید" میں میں نے مشاہدہ کیا تھا (جواہر البحار جلد اول حصہ دوم۔ صفحہ ۲۸۵۔ از علامہ یوسف نبہانیؒ)۔

۲۳۲۔ شیخ عبدالکریم جیلی قدس سرہ' (المتوفی <u>۸۱۱ھ</u> غالباً) کی دو مشہور کتابیں ہیں:

(۱) الانسان الکامل (۲) الکمالات الٰہیہ

کمالات الٰہیہ کا ذکر کرتے ہوئے شیخ عبدالکریم جیلی قدس سرہ' نے ایک جگہ فرمایا:

marfat.com
Marfat.com

"اس اثنا میں کہ وہ سید عالم ﷺ کے حجرۂ مبارک کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے، یکایک ان سے حجاب اٹھ گیا، پھر انہوں نے سید عالم ﷺ کو افق اعلیٰ کے اندر بالیقین وصف الوہیت میں دیکھا، وہاں سید عالم ﷺ کے چاروں طرف سورہ اخلاص (قل ھو اللہ احد......) مرقوم تھی اور پھر جب حواس بحال ہوئے تو دیکھا کہ سامنے والی دیوار پر واقعی سورۂ اخلاص لکھی ہوئی تھی۔"

ممکن ہے کوئی کوتاہ بیں شیخ جیلیؒ کے کلام کو نہ سمجھنے کی بنا پر یا تو شیخ کو گمراہ قرار دے دے یا خود گمراہی کے گرداب میں پھنس کر رہ جائے۔ اس لیے علامہ یوسف مبہانیؒ نے وضاحت فرماوی کہ حضرت رسول اللہ ﷺ پر "اللہ" جل مجدہ کا اطلاق درست نہیں۔ معبود برحق اللہ ہی ہے اور حضرت رسول ﷺ اللہ تعالیٰ کے بندے اور پیغمبر ہیں، اس کے فرستادہ ہیں، اللہ جل مجدہ' نے اپنے اوامر و نواہی اپنی مخلوق تک پہنچانے کے لیے آپؐ کو واسطہ بنایا ہے، اسی لیے جس نے حضرت رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے آپؐ کی نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی (جواہر البحار جلد اول۔ حصہ دوم صفحہ ۳۶۴ تا ۳۲۵)۔

۲۳۳۔ سیدی عبدالنور یعنی شریف عمرانیؒ نے اپنے شیخ ابوالعباس صحامیؒ کی معرفت ان کے شیخ ابو عبداللہ بن سلطانؒ کا یہ خواب نقل کیا۔ حضرت ابو عبداللہ بن سلطانؒ فرماتے ہیں کہ میں خواب میں حضرت رسول اکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا تو میں نے عرض کیا: میرے آقا! اے اللہ کے رسول (ﷺ)! آپؐ انبیاء، مرسلین اور ملائکہ سے محترم ہیں۔ تو آپؐ نے مجھ سے فرمایا: "میں ملائکہ، انبیاء، مرسلین اور تمام مخلوق سے محترم ہوں اور میں اصل موجودات و مبدأ اور ان کا منتہٰی ہوں، مجھ تک ہی ان کی انتہا ہے، کوئی مجھ سے آگے نہیں بڑھ سکتا (جواہر البحار جلد سوم۔ صفحہ ۵۲۴)۔

۲۳۴۔ حضرت ابو عبداللہ بن سلطانؒ ایک اور مرتبہ حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے تو خود بخود زبان پر یہ الفاظ جاری ہوگئے کہ میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں یوں سلام عرض کروں:

اسلام علیک یا عین العیون یا معدنِ السر المصون (ترجمہ) سرداروں کے سردار، مخفی راز کی کان آپؐ پر سلام ہو۔ (جواہر البحار جلد سوم۔ صفحہ ۵۲۴)۔

۲۳۵۔ شیخ طریقت و شریعت حضرت مولانا قاری محمد ابراہیم قادریؒ کا سلسلہ تین واسطوں سے قطب الاقطاب حضرت شاہ عبدالغفور اخوند قدس سرہ' (صاحب سوات) سے جاملتا ہے۔ علامہ جمال الدین افغانیؒ نے اپنی تصنیف "البیان فی تاریخ الافغان" میں لکھا ہے کہ حضرت

marfat.com
Marfat.com

اخوند شاہ (صاحب سوات) کا شمار عالم اسلام کی برگزیدہ ہستیوں میں ہوتا ہے۔ آپ کے فتوے مستند ہوا کرتے تھے۔ "تاریخ سوات" کے مصنف محمد آصف خان صفحہ ۱۰۱ تا ۱۰۳ پر لکھتے ہیں۔ "آپ صرف گوشہ نشین زاہد ہی نہ تھے بلکہ ۱۹ ویں صدی کے عظیم وحریت پسند مجاہد، صاحب بصیرت سیاست دان، عالم اسلام کے نامور عالم، مجدد دین اور میدان جہاد کے غازیوں کے ایک سرفروش رہنما تھے۔ جنگ امبیلا ۱۲۶۳ھ میں آپ کے کارہائے نمایاں تاریخ حریت کا ایک سنہرا باب ہیں۔

حضرت مولانا قاری محمد ابراہیم قادری "شیخ المشائخ حضرت اقدس مولانا محمد قمر سواتی نور اللہ مرقدہ' سے شرف بیعت رکھتے تھے اور سلسلہ قادریہ میں ان ہی کے خلیفہ اعظم بھی تھے۔ قیام پاکستان کے وقت ۱۹۴۷ء میں دہلی سے کراچی تشریف لائے اور وصال تک یہیں قیام پذیر رہے۔ حجاز مقدس میں مستقل قیام کی آپ کو ہمیشہ آرزو رہی مگر عالم رویا میں حضور اقدس ﷺ کی طرف سے ارشاد ہوا کہ آپ کی وہاں ضرورت ہے اور ایسا متعدد بار ہوا۔ پیرانہ سالی اور بیماریوں کے باوجود آخری ایام تک سرزمین حرمین شریفین میں حاضری کا سلسلہ برابر جاری رہا۔ فرائض وواجبات کی ادائیگی میں انتہائی مستعد اور سرگرم، مستحبات وعبادات نافلہ نیز اوراد واذکار و وظائف کے حد درجہ پابند تھے۔ آپ کو دیکھ کر اللہ پاک کی یاد تازہ ہو جاتی تھی، بات کسی موضوع پر ہو اس کا رخ آپ کتاب وسنت کی طرف موڑ دیتے تھے، جس بات کو حق سمجھتے برملا اس کا اظہار فرماتے، مصلحت پسندی مزاج کے خلاف تھی، آپ کا محور فکر اصلاح امت تھا اور مسلمانوں کے اجتماعی مسائل اور معاشرتی حالات سے گہری دلچسپی تھی۔

۲۳۶۔ عرش صدیقی لکھتے ہیں کہ ۱۹۴۳ء کے اواخر میں ہم لدھیانہ آ گئے۔ اس وقت میں کالج میں پڑھتا تھا کہ حالات نے اچانک کچھ ایسی کروٹ بدلی اور وہ کچھ ہو گیا جو ہمارے وہم و گمان میں بھی نہ تھا۔ والد صاحب سرکاری ملازم تھے، انہیں ایک جھوٹے مقدمے میں پھنسوا دیا گیا اور وہ چھ ماہ کے لیے ملازمت سے معطل کر دیئے گئے۔ میں ابھی اس قابل نہ تھا کہ گھر کے لیے کچھ کر سکتا۔ میرا واحد سہارا میری نمازیں تھیں اور مجھے یاد نہیں پڑتا ان دنوں میں نے کسی وقت کی نماز چھوڑی ہو۔ یہ ایسا کڑا وقت تھا کہ بعض اوقات ہمیں دو دو دن کے فاقے بھی کرنے پڑتے تھے۔ ایک روز جب شدید بھوک کے باوجود بھی کھانا میسر نہ ہو سکا تو مجھے حضرت نبی اکرم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کے وہ لمحات یاد آئے جب وہ اس کیفیت میں ہوتے تھے تو پیٹ پر پتھر باندھ لیا کرتے تھے۔ یہ خیال آتے ہی میں نے ایک بڑا سا پتھر تلاش کیا اور اسے پیٹ پر باندھ کر سو گیا۔ خواب میں مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی اور میری

marfat.com
Marfat.com

آنکھوں سے بے اختیار آنسو رواں ہو گئے۔ میں نے ہر تکلف بالائے طاق رکھتے ہوئے اپنا سارا حال حضرت فخر موجودات، نبی آخر الزمان ﷺ کے حضور پیش کر ڈالا۔ ٹھیک اسی وقت میرے کانوں میں یہ مصرع گونجا: ع

کالی کملی اوڑھ لو ساری کملی میں بارات

اور میری آنکھ کھل گئی۔ اس مصرع نے مجھ میں حوصلے اور توانائی کی ایک نئی لہر دوڑا دی۔ میں آج بھی برملا کہتا ہوں کہ یہ مصرع مجھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عطا کیا ہے، لہذا یہ مصرع میرا ہے بھی اور نہیں بھی (عرش صدیقی مرحوم کا آخری انٹرویو۔ پندرہ روزہ بجنگ آمد، لاہور۔ ۱۶ تا ۳۰ نومبر ۱۹۹۷ء)۔

۲۳۷۔ شیخ اکبر حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ، فتوحات مکیہ کے باب ۵۴۰ میں فرماتے ہیں کہ اہل محبت کو چاہئے کہ درود پاک کے ذکر پر صبر و استقلال کے ساتھ ہیشگی اختیار کریں یہاں تک کہ بخت جاگیں، وہ جانِ جہاں (ﷺ) خود قدم رنجہ فرمائیں اور شرف زیارت سے نوازیں۔ میں نے اس ذکر پر کماحقہ 'ہیشگی کرنے والا سوائے ایک عظیم فرد کے اور کوئی نہیں دیکھا۔ وہ اشبیلیہ کا ایک لوہار تھا اور "اللھم صلی علی محمد" کے نام سے مشہور ہو گیا تھا۔ اسے ہر ایک اسی نام سے جانتا تھا، جب میں اسے ملا اور دعا کی درخواست کی تو اس نے میرے لیے دعا مانگی، جس سے مجھے بہت فائدہ پہنچا۔ وہ حضرت فخر دو عالم ﷺ پر درود پاک ہمیشہ پڑھتے رہنے ہی کی وجہ سے مشہور تھا اور وہ بغیر کسی خاص ضرورت کے کسی سے گفتگو نہیں کرتا تھا۔ اس کے پاس جو بھی مرد، عورت یا بچہ آ کر کھڑا ہوتا تو واپس لوٹنے تک اس کی زبان پر درود پاک ہی جاری رہتا تھا۔ اس مقدس مشغلے کی وجہ سے ہر خاص و عام کے دل و دماغ میں وہ سمایا ہوا تھا اور حقیقت میں اس کا شمار اولیا اللہ میں تھا۔ ایسے شخص پر آقائے کائنات ﷺ خود تجلی بار ہوتے اور خود اسے خبر دیتے۔ اب کچھ نعتیہ اشعار سنیئے:-

حقیقت میں وہ لطف زندگی پایا نہیں کرتے — جو یاد مصطفیٰؐ سے دل کو گرمایا نہیں کرتے
زبان پر شکوہ رنج و الم لایا نہیں کرتے — نبیؐ کے نام لیوا غم سے گھبرایا نہیں کرتے
یہ دربار محمدؐ ہے یہاں ملتا ہے بے مانگے — ارے ناداں! یہاں دامن کو پھیلایا نہیں کرتے
یہ ہے دربار آقاؐ کا یہاں اپنوں کا کیا کہنا — یہاں سے ہاتھ خالی غیر بھی جایا نہیں کرتے
ارے او نا سمجھ! قربان ہو جا ان کے روضہ پر — یہ لمحے زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے
جو ان کے دامنِ رحمت سے وابستہ ہیں اے حامدؔ — کسی کے سامنے وہ ہاتھ پھیلایا نہیں کرتے

۲۳۸۔ امام شعبیؒ قدس سرہ' نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں سید عالم ﷺ کے حجرہ مقدسہ کے

marfat.com
Marfat.com

پاس تھا کہ اتنے میں ایک دیہاتی آیا اور آتے ہی اس نے "اسلام علیک یارسول اللہ" (ﷺ) عرض کرنے کے بعد کہنا شروع کر دیا کہ میں نے اللہ پاک کا یہ کلام سنا ہے جس میں وہ فرماتا ہے:
(ترجمہ) اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں اور اے محبوب تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا پائیں۔ (سورۂ نساء۔ آیت ۶۴)

میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے، میں آپ کی خدمت میں اپنے پروردگار سے گناہوں کی مغفرت کا طالب اور آپ کی شفاعت کا امیدوار بن کر حاضر ہوا ہوں، پھر اس نے کچھ پُر درد اشعار پڑھے اور توبہ کر کے چلا گیا۔ امام عُتبی قدس سرہ نے فرمایا: جب میں سویا تو خواب میں رسول کریم ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: "اے عُتبی! تم اس بدوی سے ملو اور اسے بشارت دو کہ اللہ جل مجدہ نے اس کے گناہ معاف فرما دیئے ہیں۔" جواہر البحار حصہ دوم کا اردو ترجمہ۔ صفحہ ۲۶۸ تا ۲۶۹)۔

۲۳۹۔ حضرت ابراہیم بن علی بن یوسف فیروز آبادیؒ شافعی المسلک بہت سی کتابوں کے مصنف تھے۔ بکثرت محفل مصطفوی علی صاحبہ السلام میں حاضر باش ہوتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ سے درخواست کی کہ مجھے ایسے کلمات عنایت فرمائیں جو کل روز قیامت میری نجات کا باعث بنیں۔ اس پر آپ نے ارشاد فرمایا: (عربی عبارت کا اردو ترجمہ) اے شیخ! تو دوسروں کی سلامتی کا متلاشی ہو تجھے بھی سلامتی مل جائے گی۔ دوسری روایت کا ترجمہ یوں ہے: اے شیخ! جو سلامتی چاہتا ہے تو اسے دوسروں کی سلامتی میں تلاش کرے۔ اس کے بعد آپ بہت خوش رہتے تھے کہ حضور اقدس ﷺ نے مجھے شیخ کا لقب عطا فرمایا ہے۔ بقول مناویؒ ۴۷۶ھ میں وصال فرمایا (جامع کرامات اولیا حصہ دوم۔ صفحہ ۸۳)۔

۲۴۰۔ حضرت ابو محمد الحسن بن عمر الھیسیؒ بہت بڑے فقیہ، عالم، عابد و زاہد، تنہائی پسند اور گوشہ نشین تھے۔ خواب میں حضور ﷺ کی زیارت ہوتی تھی اور آپ انہیں ہونے والے واقعات کی خبر دے دیا کرتے تھے۔ بالخصوص وہ واقعات جو چوری وغیرہ سے متعلق ہوں (جیسے فلاں کی چوری شدہ چیز فلاں جگہ سے ملے گی)، اس سلسلے میں آپ کے خواب بھی سچے ہوتے تھے اور آپ کے ولی ہونے کی تصدیق بھی کرتے تھے۔ قریباً ایک سو سال کی عمر میں ۵۸۱ھ میں وصال ہوا۔ (جامع کرامات اولیا حصہ دوم۔ صفحہ ۶۶۵)۔

؎ مولائی صل وسلم دائما ابدا — علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۲۴۱۔ بابا تاج الدین ناگپوریؒ نے آپ کا نام عبدالکریم سے بدل کر محمد یوسف (حضرت بابا

marfat.com
Marfat.com

محمد یوسف شاہ تاجیؒ) رکھ دیا تھا۔ علم تعبیر میں آپ امتیازی حیثیت رکھتے تھے۔ چھتاری (یو۔ پی، بھارت) کے رہنے والے شوکت علی خان آپ کے حلقہ بگوشوں میں سے تھے، انہوں نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی اور انہی دنوں حضرت بابا محمد یوسف شاہ تاجی بھی چھتاری گئے ہوئے تھے۔ شوکت علی خان ان سے اپنا خواب بیان کرنے چلے گئے مگر مجمع بہت تھا اس لیے موقع کے منتظر رہے، جب موقع نہ ملا اور انہیں اضطراب ہوا تو حضرت بابا محمد یوسف شاہ تاجیؒ نے شوکت علی خان سے مخاطب ہو کر کہا: "تمہارے خواب کی تعبیر ہم ہی ہیں۔" (تاج الاولیا یعنی سید محمد بابا تاج الدین ناگپوریؒ کے حالات و واقعات از بابا ذہین شاہ تاجیؒ، صفحہ ۳۵۸)۔

۲۴۲۔ ڈاکٹر سید محمد محمود پی ایچ ڈی (صدر شعبۂ فلسفہ۔ کراچی یونیورسٹی) نے، جب ہندوستان میں تھے تو خواب دیکھا کہ وہ حضور اقدس ﷺ کے بائیں ہاتھ کی جانب کھڑے ہوئے حضور اقدس ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے ہیں۔ اگرچہ یہ زیارت سے مشرف ہوئے مگر چہرۂ انور صاف طور سے نہ دیکھ سکے کچھ دُھندلا دُھندلا سا دیکھا۔ ڈاکٹر صاحب نے یہ خواب حضرت بابا محمد یوسف شاہ تاجیؒ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: "بائیں طرف کھڑے ہونے کا مطلب یہ ہے کہ تم اہل دل ہو جاؤ گے اور جب تہجد پڑھو گے تو دُھندلکا دور ہو جائے گا (تاج الاولیا۔ صفحہ ۳۵۲)۔

۲۴۳۔ علامہ ابن الحاج نے "المدخل" میں لکھا ہے کہ ایک شخص سخت پریشانی میں مبتلا تھا۔ اس نے اپنی پریشانی شیخ ابن ابی جمرہ صاحب "مختصر البخاری" سے بیان کی۔ شیخ نے خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کو دیکھا۔ آپؐ نے اس شخص کے لیے یہ وظیفہ مقرر فرمایا:-

سو مرتبہ سبحان اللہ، سو مرتبہ الحمدللہ، سو مرتبہ اللہ اکبر، پڑھ کر سو مرتبہ یہ پڑھے "اللھم صلی علی محمد النبی الامی" پھر سو مرتبہ پڑھے: "لا الہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہ۔"

پھر بارہ رکعت نفل پڑھے اور اس کے بعد جو دعا چاہے مانگے، پھر دو نفل پڑھے اور آخر میں کوئی سی پچاس آیات اور سورۂ البقرۃ کی آخری آیات پڑھے، پھر چوبیس رکعت نفل پڑھے، پھر یہ دعا مانگے:-

الٰہی! حل کرنا تو بس تیرا حل کرنا ہے، سو ہم سے ہر تکلیف و مصیبت دور فرما۔ اے وہ جس کے ہاتھ میں حل کرنے کی کنجیاں ہیں، جن و انسان میں جو بھی ہمارا برا چاہے، تو ہمیں کفایت فرما اور اپنے حکم و قدرت سے اپنے مضبوط ہاتھوں سے اسے ہم سے دور فرما، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اس شخص نے اس وظیفے پر عمل کیا تو اس کی تمام تکالیف و پریشانیاں دور ہو گئیں۔ حضور اقدس ﷺ نے اسی خواب میں مزید فرمایا کہ جو کوئی صدق دل سے اس پر عمل کرے گا اللہ اسی دن اس کی تکلیف دور فرمادے گا خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہو۔

۲۴۴۔ سیدی ابو محمد بن ابی جمرہؒ اکثر تعویذات سے اپنا، اپنے اہل و عیال اور دوستوں کا علاج کرتے تھے اور یہ تمام حضرات شفایاب ہوتے تھے۔ وہ یہ بھی کہتے تھے کہ یہ نسخہ خواب میں ان کو نبی پاک ﷺ نے عنایت فرمایا ہے اور وہ یہ ہے:۔

لقد جاء کم ...... رب العرش العظیم O (سورہ توبہ۔ آیت ۱۲۸ اور ۱۲۹) و ننزل من القرآن ما هو شفاءٌ ورحمة للمومنین O (سورہ بنی اسرائیل یا الاسراء۔ آیت ۸۲) لو انزلنا هذا القرآن ...... و هو العزیز الحکیم O (سورہ حشر۔ آیت ۲۱ تا ۲۴) سورہ اخلاص اور معوذتین یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس (پوری سورتیں) لکھنے کے بعد یہ دعا لکھے: اللھم انت الحی ...... کلیمک موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اشفہ۔"

مذکورہ بالا تمام آیات، سورتیں اور دعا لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں یا دائیں بازو پر باندھ دیں (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۸۵۷ تا ۸۵۹)۔

نوٹ = سعادت الدارین حصہ دوم صفحہ ۸۵۸ سے ۸۵۹ پر عربی کی دعا نوٹ کر لیں۔ ۸۵۸ سے ۸۵۹ پر حضور اقدس ﷺ کی عطا کردہ دعا بھی لکھی ہوئی ہے جو نظرِ بد کے لیے ہے۔

۲۴۵۔ ایک نیک شخص نے کہا: میرے سر میں سخت درد تھا، خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کا دیدار نصیب ہوا، آپؐ نے اپنا دست مبارک میرے سر پر رکھا اور پڑھا:۔

بسم الله ربی الله حسبی الله. توکلت علی الله. اِعتصمت بالله. فوضتُ امری الی الله. ماشاء الله لا قوة الا بالله۔

(ترجمہ) "اللہ کے نام سے، میرا پالنے والا اللہ ہے، مجھے اللہ کافی ہے، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، میں نے اللہ کا سہارا لے لیا، میں نے اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کیا، جو اللہ چاہے، اللہ کے سوا کوئی طاقت نہیں"۔ آپؐ نے فرمایا: ان کلمات کو کثرت سے پڑھو، ان میں ہر بیماری کی شفا، ہر تکلیف سے رہائی اور دشمنوں پر فتح ہے (نزہت المجالس)۔

امام بیہقی نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت نقل کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ یہ آیت چوری سے حفاظت ہے:۔ قل ادعوا الله او ادعوا الرحمٰن ...... پوری آیت (سورہ بنی اسرائیل۔ آیت ۱۱۰۔ پارہ ۱۵)

(ترجمہ) "تم اللہ کے نام سے پکارو یا رحمٰن کے نام سے جس نام سے پکارو اس کے سب نام اچھے

marfat.com
Marfat.com

ہیں اور نماز نہ بلند آواز سے پڑھو نہ آہستہ بلکہ اس کے بیچ کا طریقہ اختیار کرو)۔

ایک صحابیؓ نے رات سوتے وقت اسے پڑھا، ان کے گھر میں چور آ گیا اور سامان سمیٹ کر جب جانے لگا تو دیکھا کہ دروازہ بند ہے۔ گٹھڑی اتارتا تو دروازہ کھل جاتا اور گٹھڑی اٹھاتا تو دروازہ بند ہو جاتا۔ تین بار ایسا ہی ہوا۔ صحابیؓ کی آنکھ کھل چکی تھی۔ وہ یہ دیکھ کر ہنس پڑے اور فرمایا: میں نے اپنا گھر قلعہ بنا دیا ہے۔ (ہم سب کو چاہیے اس آیت کو پڑھ کر سویا کریں انشاء اللہ چوری سے محفوظ رہیں گے)۔

۲۴۶۔ سلسلۂ تیجانیہ کے بانی عارف باللہ سیّد احمد محمد تیجانیؒ بیداری میں حضور نبی برحق ﷺ سے ملاقات کیا کرتے تھے۔ ان کا قول ہے کہ مجھے سیّد الوجود ﷺ نے فرمایا: "اسم اعظم پر پردہ ڈالا گیا ہے، اللہ تعالیٰ صرف ان حضرات کو اس کی اطلاع دیتا ہے، جنہیں اپنی محبت کے لیے خاص کر لیتا ہے، اگر لوگوں کو اس کا پتہ چل جائے تو اسی میں مصروف ہو جائیں اور باقی سب کام چھوڑ دیں، جو اسے پہچان لے وہ قرآن اور مجھ پر درود و سلام پڑھنا چھوڑ دے کیونکہ اس میں اسے زیادہ فضیلت نظر آئے تو اس کی جان کو خطرہ لاحق ہو جائے۔"

حضرت تیجانیؒ نے فرمایا: پس سمجھ لو کہ اسم اعظم دنیا اور طالب دنیا کے لائق نہیں، جس نے اسے جانا اور طلب دنیا کے لیے استعمال کیا تو وہ دنیا اور آخرت میں زیاں کار رہا۔ امام نوویؒ نے "الحی القیوم" کو اختیار کیا ہے کیونکہ حدیث میں ہے کہ اسم اعظم ان تین سورتوں میں ہے: سورۃ البقرۃ، سورۂ آل عمران اور سورۂ طٰہٰ۔ جبکہ پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے اسم "اللہ" کو اسم اعظم فرمایا ہے۔ (سعادۃ الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۴۸۶ تا ۴۸۷ سے ماخوذ)۔

۲۴۷۔ شہاب مقری نے اپنی کتاب "نفح الطیب" میں یہ واقعہ لکھا ہے کہ اندلس کے ادیب صفوان بن ادریس کی بیٹی جب بالغ ہو گئی تو وہ اس کے نکاح کی تیاری کے لیے عازم مراکش ہوئے اور وہاں کے حکمران کی مدح و ستائش میں قصیدہ لکھا مگر مقصد میں کامیابی نہ ہوئی۔ اپنی ناکامی پر غور کیا اور کہا کہ اگر میں اللہ سبحانہ تعالیٰ سے امید رکھتا اور اس کے نبی پاک ﷺ اور آپؐ کے گھر والوں کی مدح کرتا تو اپنے اس نیک عمل کے طفیل حصول مقصد میں کامیاب ہوتا۔ پس اللہ تعالیٰ سے معافی مانگی اور اس طرف منہمک ہو گیا۔ اس پر حکمران نے بلا بھیجا اور مقصد پوچھا۔ انہوں نے تفصیل سے اپنا مدعا بیان کر دیا۔ حکمران نے نقدی اور سامان سے ان کی مدد کی اور بتایا کہ میں یہ سب اس خواب کی تعمیل میں کر رہا ہوں، جس میں مجھے حضور انور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی ہے اور آپؐ نے مجھے تمہاری حاجت براری کا حکم دیا ہے۔ اس کے بعد صفوان بن ادریس ہمیشہ حضور اقدس ﷺ اور آپؐ کے اہل بیت کی مدح و ستائش

marfat.com
Marfat.com

میں مشغول رہے اور خوب شہرت حاصل کی۔

۲۴۸۔ عارف باللہ سیّد محمد عثمان میر غنیؒ خلیفہ سیّد احمد بن ادریسؒ فرماتے ہیں کہ ایک رات میں دیکھتا ہوں کہ ایک عالی شان مکان میں حضور اقدس ﷺ کے حضور حاضر ہوں۔ آپؐ نے مجھے اس رات فرمایا: "تم میرے محبوب ہو، تم میرے مطلوب ہو، تم میرے مرغوب ہو، اور آپؐ نے اشارۃً بتلایا کہ تمہارے پیروکار ہزاروں سے بڑھ کر ہونگے اور ہوں گے بھی بڑے بڑے مکرم و مقرب اور تمہارے اور ان کے درمیان مریدین کا واسطہ نہ ہوگا۔"

پھر عارف باللہ میر غنیؒ فرماتے ہیں جان لو کہ قریب ترین اور بزرگ ترین راستہ درود شریف ہے بلکہ اس جیسا اور اس سے قریب تر کوئی اور راستہ ہے ہی نہیں، پس اس کے حاصل کرنے میں محنت کیجیے (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۲۰۹)۔

۲۴۹۔ سیّدی محی الدین ابن العربیؒ اپنے رسالہ "مبشرات" میں تحریر فرماتے ہیں کہ ابو عبداللہ محمد بن العاص الباجی کی مجلس میں مجھے ایک نیک شخص نے بتایا کہ ہمارے ایک ساتھی نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کو دیکھا اور آپؐ کے چہرۂ انور پر تھپڑ مار دیا (العیاذ باللہ)۔ وہ شخص گھبرا کر بیدار ہو گیا اور ہمارے ایک شیخ کے سامنے اس کا ذکر کیا۔ انہوں نے فرمایا: تو اپنی بیوی سے حرام کرتا ہے۔ خواب دیکھنے والے شخص نے جو غور کیا تو یاد آیا کہ اس نے اپنی بیوی سے طلاق والی قسم اٹھائی تھی اور پھر اسے توڑ دیا تھا، پھر بھی اس سے علیحدگی نہ کی اور تعلقات زن و شو بدستور قائم رکھے۔

۲۵۰۔ ایسا ہی واقعہ ایک اور نیک آدمی کے ساتھ پیش آیا۔ اس نے خواب میں دیکھا کہ جس شہر میں رہتا ہے وہاں حضور اقدس ﷺ کی وفات ہو گئی ہے اور اس شہر کے فقہا نے آپؐ کو دفن کر دیا ہے۔ بیدار ہونے کے بعد اس شخص نے تحقیق کی۔ معلوم ہوا کہ حج کے متعلق کسی مسئلے پر بحث ہو رہی ہے۔ ایک فریق واضح احادیث ہونے کے باوجود ماننے سے انکار کرتا ہے اور اپنی رائے سے فیصلہ کرتا ہے۔ خوب خوب تعصب کا مظاہرہ کرتا ہے اور ہم اس رسوائی سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں (مبشرات از سیّدی محی الدین ابن عربیؒ)۔

۲۵۱۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضور نبی پاک ﷺ اور فرشتوں کو دیکھا۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب ابراہیم بن ہمام اشبیلیؒ نے حدیثوں کو مرتب کرنے اور ان پر عمل کرنے کا اہتمام کیا تھا۔ ان کے پاس وہ فقہا بھی کھڑے تھے جنہوں نے حضور نبی کریم ﷺ کو دفن کیا تھا جیسا کہ اوپر کے خواب نمبر ۲۵۰ میں ذکر ہے۔ تو میں نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ ابراہیم بن ہمامؒ کو چوم رہے ہیں، محبت سے ان کو اپنے سینے

marfat.com
Marfat.com

سے لگا رہے ہیں اور اپنی محبت کا اظہار فرما رہے ہیں (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۲۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خود حضور نبی پاک ﷺ کو میت کی صورت میں دیکھا۔ انہیں اشبیلیہ کی جامع مسجد کے ایک حصے میں دفن کیا گیا۔ میں نے جب اس جگہ کی بابت دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ وہ جگہ مغضوبہ ہے اور مالک سے زبردستی بلا قیمت لی گئی ہے (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۳۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ وہ امام و محدثؒ، ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الفارسیؒ مصنف المحلی سے معانقہ فرما رہے ہیں۔ یہ علم حدیث میں امام، عالم اور اس پر عامل تھے۔ ذات اقدس رسول اللہ ﷺ اور ذات ابن حزمؒ کو روشنی نے ڈھانپ رکھا تھا اور اس طرح گھل مل گئے تھے جیسے وہ دو نہیں ایک ہی جسم پاک ہے۔ یہ حدیث کی برکت ہے (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۴۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں: حصولِ علم سے پہلے میرے تمام دوستوں نے مجھے کُتبِ رائے (قیاس) پڑھنے کی ترغیب دی۔ مجھے کچھ پتہ نہ تھا نہ علم حدیث کا نہ قیاس کا۔ میں نے خواب میں دیکھا گویا کھلی فضا میں ہوں اور مسلح لوگ میرے قتل کے درپے ہیں، مجھے بچاؤ کیلئے کوئی پناہ گاہ نہیں مل رہی، میں نے سامنے ٹیلے پر حضور اقدس ﷺ کو کھڑے دیکھا تو آپؐ کی طرف لپکا تو آپؐ نے مجھ پر اپنی چادر پھینکی اور مجھے اپنی مضبوط گرفت میں لے لیا اور فرمایا: "میرے دوست! میرا دامن تھام لے کہ بچ جائے۔" میں نے ان دشمنوں کی طرف دیکھا تو مجھے ان میں سے کوئی نظر نہ آیا۔ اسی وقت سے میں خدمت حدیث میں مشغول ہوں (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۵۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ تیونس شہر میں شیخ، صالح، عارف عبدالعزیز بن ابی بکر قرشی مہدویؒ کے مکان پر مجھے ابوالعباس احمد بن احمد بن ابوداؤد بن علی بن ثابت بن منصور حریری حلفاویؒ نے بتایا کہ انہیں امام کبیر ابو حنیفہؒ سے بڑی عقیدت تھی کیونکہ ان کی رائے اچھی اور ذہن رسا تھا لہٰذا میں دوسرے ائمہ کی بجائے ان کی طرف مائل تھا۔ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا مگر آپؐ نے مجھ سے کلام نہ فرمایا۔ وجہ پوچھنے کی مجھ میں ہمت نہ ہوئی۔ آپؐ کے پیچھے حضرت ابو بکر صدیقؓ تھے۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ کے نزدیک ائمہ کے مراتب کس طرح ہیں؟ انہوں نے فرمایا: ہمارے ساتھ ملے ہوئے احمد بن حنبل ہیں پھر شافعی پھر مالک پھر ابو حنیفہ۔ ابوالعباسؒ کہتے ہیں مجھے حیرت ہوئی اور معلوم ہوا کہ نجات حدیث کی پیروی میں ہے۔ میں نے یہ بات قاضی عبدالوہاب ازدی سکندری کو

marfat.com
Marfat.com

۵۹۹ھ میں مکہ مکرمہ میں بتائی تو انہوں نے کہا یہی صحیح ہے۔ (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۶۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ کمال الدین ابو عمرو عثمان بن ابو عمرو البہری شافعیؒ نے جو حضرت براؓ بن عازبؓ کی اولاد سے تھے، مجھے مسجد اقصیٰ میں بتایا کہ میں نے خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ ہر نبی کی آل و جماعت ہوتی ہے اور میری آل و جماعت مومن ہے اور آپؐ بار بار اس بات کو دہراتے رہے (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۷۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ کمال الدین ابو عمرو عثمان بن ابو عمرو البہری شافعیؒ نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں یہ فرماتے سنا: "انبیائے کرامؑ اپنی امتوں کو یہ حکم دیتے رہے کہ اصنام (بتوں) کی عبادت نہ کریں جبکہ میں نے اپنی امت کو حکم دیا ہے کہ اوثان (بت، دریا، درخت، سانپ، آگ وغیرہ وغیرہ) کی عبادت نہ کریں (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۸۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور انور ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ قرآن مجید کی سورۂ نور میں اس طرح آیا ہے "لاشرقیۃ ولا غربیۃ" (ترجمہ) نہ مشرقی نہ مغربی۔ اللہ فرماتا ہے: وہ چراغ روشن کیا جاتا ہے ایک بابرکت درخت یعنی زیتون سے آخر تک (سورہ نور کی آیت ۳۵ کا ترجمہ) یہ درخت کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ نے اپنی ذات کو کنایۃً درخت فرمایا ہے، اسی لیے اس سے جہتوں کی نفی فرمائی ہے کیونکہ اللہ جہات سے مقید نہیں اور مشرق و مغرب کنایہ ہے اصل اور فرع سے کہ اللہ مادہ اور اصل کا خالق ہے، اگر اللہ کی ذات نہ ہوتی تو مادہ و اصل بھی نہ ہوتے۔ یہ تمام تشریح ایک طویل سلسلہ کلام میں فرمائی (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۵۹۔ حضرت ابن عربیؒ نے ۶۰۴ھ میں حضور اقدس ﷺ کو مکہ معظمہ میں خواب میں دیکھا۔ آپؐ فرماتے ہیں کہ "اس گھر کا طواف کرنے والوں سے کہو کہ وہ جب بھی طواف کریں بعد میں دو رکعت نماز ادا کر لیا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس نماز سے ایک فرشتہ قائم کرتا ہے جو قیامت تک اللہ کی تعریف کرتا رہتا ہے یا اس کی تسبیح کرتا رہتا ہے۔" مجھے شک ہوگیا ہے کہ اللہ اکبر اور سبحان اللہ ان دونوں میں سے آپؐ نے کون سا لفظ فرمایا تھا (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۶۰۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں یہ فرماتے ہوئے سنا: "بے شک تم قبروں میں فتنۂ دجال کی طرح یا قریب آزمائے جاؤ گے۔" پھر قبلہ رخ ہو کر آپؐ نے اپنی آستینیں چڑھائیں، بازو مبارک عریاں ہوئے، مصلا بچھا کر دو رکعت نماز پڑھی، میں بھی آپؐ کی دائیں جانب کھڑا ہوگیا اور دوسری رکعت پالی (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

marfat.com
Marfat.com

۲۶۱۔ حضرت ابن عربیؒ نے خواب و بیداری کے درمیان حضور نبی پاک ﷺ کو دیکھا۔ آپؐ کے دست مبارک میں دھوپ ناپنے کا آلہ تھا۔ آپؐ نے اسے یہ فرما کر پھینک دیا کہ یہ ملعون بدعت ہے، نماز اسی طرح پڑھو جیسے تمہارے لیے شریعت میں مقرر کی گئی ہے (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۶۲۔ حضرت ابن عربیؒ نے خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی اور عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

والمطلقات ... ثلاثۃ قروء۔ (سورہ بقرہ۔ آیت ۲۲۸) (ترجمہ) طلاق والیاں اپنے آپ کو تین قرو تک روکے رکھیں۔

یہاں قرو سے کیا مراد ہے؟ حیض یا طہر؟ کیونکہ یہ لفظ دو متضاد معنوں میں استعمال ہوتا ہے اور علما نے اس میں اختلاف کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آپؐ کی طرف اتارا ہے اس کی مراد آپؐ بہتر جانتے ہیں۔ اس پر حضور نبی پاک ﷺ نے فرمایا: "جب اس کا جمع شدہ مواد ختم ہو جائے تو پھر اس پر پانی انڈیلو اور اللہ کے دیئے رزق سے کھاؤ۔" میرے دل میں یہ بات آئی کہ آپؐ کی مراد حیض ہے، سو میں نے عرض کیا کہ پھر وہ حیض ہے؟ آپؐ نے پھر وہی بات دھرائی کہ جب اس کا جمع شدہ مواد ختم ہو جائے تو پھر اس پر پانی انڈیلو اور اللہ کے دیئے رزق سے کھاؤ۔ میں پھر پوچھتا اور آپؐ پھر وہی جواب فرماتے، تین مرتبہ ایسا ہی ہوا۔ حضور انور ﷺ مسکرائے اور مجھے یقین ہو گیا کہ آپؐ کی مراد حیض ہے (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)

۲۶۳۔ اس بشارت سے یہ معلوم ہو گا کہ جو شخص تین طلاقیں زبان سے دے وہ ایک ہو سکتی ہے یا نہیں؟

حضرت ابن عربیؒ نے مکہ مکرمہ میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں باب جیاد اور باب جزورہ کے درمیان دیکھا۔ محمد بن مالک صدفی تلسمانی آپؐ کے سامنے صحیح بخاری پڑھ رہے ہیں۔ حضرت ابن عربیؒ نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے دریافت فرمایا کہ کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے تجھے تین طلاقیں اور طلاق دینا نہیں چاہتا یا دی نہیں۔ کیا اس کے کہنے کے مطابق یہ تین ہونگی یا ایک؟ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: یہ جیسے اس نے کہا تین ہیں۔ حضرت ابن عربیؒ نے عرض کیا: بعض علماء اسے ایک قرار دیتے ہیں؟ فرمایا: انہوں نے وہ کیا جو ان تک پہنچا اور انہوں نے اپنی دانست میں ٹھیک کیا۔ حضرت ابن عربیؒ نے اس پر عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! میں اس مسئلے میں اللہ کے نزدیک آپؐ کا صحیح فیصلہ معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ اس کے کہنے کے مطابق یہ تین طلاقیں ہیں۔ وہ عورت کسی اور شخص سے نکاح

marfat.com
Marfat.com

کرے۔ قربت کرے۔ پھر طلاق اور عدت کے بغیر اس شخص کے لئے حلال نہ ہوگی۔ اس مجلس میں آپؐ کی بات کو بار بار رد کرنے والا ابلیس تھا۔ آپؐ بہت ناراض ہوئے اور آپؐ کے فرمان کو رد کرنے والے سے مخاطب ہو کر زور دار لہجہ میں فرمایا: "شرمگاہوں کو حلال کرنا چاہتے ہو؟" یہ جملہ کئی بار دھرایا۔ جیسا اس نے کہا یہ تین ہیں۔ جیسا اس نے کہا یہ تین ہیں۔ پھر پڑھنے والے نے صحیح بخاری پڑھی۔ جب مجلس کی کاروائی مکمل ہو گئی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دونوں دست مبارک اٹھائے اور رکن یمانی کی طرف رخ کر کے یہ دعا مانگی! "الٰہی! ہمیں اچھی بات سنا اور ہمیں اچھی بات کی اطلاع دے۔ اے اللہ! ہمیں عافیت عطا فرما اور اسے ہمارے لیے دائمی کر دے۔ اے اللہ! ہمارے دلوں کو پرہیزگاری پر جمع کر دے اور ہمیں اس بات کی توفیق بخش جو تجھے محبوب و پسند ہو" میرا خیال ہے آپؐ نے سورہ بقرہ کی آخری آیات تلاوت فرمائیں (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

۲۶۴۔ حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مکہ مکرمہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ایک گھر میں ہوں۔ میرے اور آپؐ کے درمیان اس قدر قرب و ملاپ ہے گویا میں آپؐ اور آپؐ میں ہوں۔ مجھے آپؐ کا چھوٹا بیٹا نظر آرہا ہے۔ جن کی اللہ کے یہاں بڑی قدر و منزلت ہے۔ جب نبی پاک ﷺ کے پاس کوئی شخص زیارت کے لیے آتا ہے تو آپؐ اپنے چھوٹے صاحبزادے کو باہر نکالتے ہیں تاکہ لوگ ان سے برکت حاصل کریں۔ ہم بیٹھے تھے کہ کسی نے دروازہ کھٹکٹایا۔ حضور انور ﷺ چھوٹے صاحبزادے کے ہمراہ باہر تشریف لائے پھر میری طرف پلٹ کر فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے مجھے مدینہ منورہ چلنے اور اس کے دو مشرقی حصوں میں نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے۔" میں نبی پاک ﷺ سے جدا نہیں ہوتا، میری نظریں برابر آپؐ پر لگی ہوئی ہیں گویا میں آپؐ کی ذات بن گیا ہوں، نہ میں آپؐ کا عین تھا نہ غیر، بس اسی اثنا میں کہ آپؐ مکہ معظمہ کے درمیان تھے، آپؐ نے آسمان سے خیر عظیم (بڑی بھلائی) اترتی دیکھی۔ فرمایا: جبریل! یہ بڑی بھلائی ہے، اس جیسی میں نے کبھی نہیں دیکھی۔ انہوں نے کہا: یہ بڑی بھلائی عرش اعلیٰ سے تہجد گزاروں پر اترتی ہے۔ پھر جبریلؑ نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا: تو اس قابل کہاں کہ ان میں شامل ہو سکے۔ پھر جبریلؑ نے تہجد گزاروں کی تعریف شروع کر دی جو اللہ کی رضا جوئی کے لیے پڑھتے ہیں۔ میں نے ایسی تعریف کبھی نہیں سنی۔ اللہ کی قسم! حضور اقدس ﷺ ان سب میں اعلیٰ و افضل تھے۔ میں سمجھ گیا کہ جبریلؑ کا درج بالا قول میرے بارے میں تھا یعنی تو اس قابل کہاں کہ ان میں شامل ہو سکے اور پھر میں بیدار ہو گیا (مبشرات از حضرت ابن عربیؒ)۔

marfat.com
Marfat.com

۲۶۵۔ حضرت علامہ یوسف نبہانی ابن اسمٰعیل نبہانی قدس سرہ' کو چند مشاہدات اور خواب میں حضرت رسول مقبول ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ ذیل میں ان کا ذکر کیا جاتا ہے:۔

فرماتے ہیں ۱۳۰۳ھ میں جب میں لاذقیہ میں وزیر انصاف تھا تو میں نے ان الفاظ میں درود شریف پڑھا: "اللھم صلی علی روح سیدنا محمد فی الارواح وعلی جسدہ فی الاجساد وعلی قبرہ فی القبور وعلی الہ واصحابہ وسلم۔" (ترجمہ) الٰہی روحوں میں سے ہمارے آقا محمد ﷺ کی روح پر اور جسموں میں سے آپ کے جسم پر اور قبروں میں سے آپؐ کی قبر پر درود و سلام بھیج اور آپؐ کی آلؓ واصحابؓ پر۔

میں اس وقت سو رہا تھا۔ میں نے کامل چودھویں کا چاند زمین کے قریب دیکھا۔ میرے اور اس کے درمیان تقریباً بیس ہاتھ کا فاصلہ تھا کہ میں نے اس میں ایک انتہائی خوبصورت چہرہ دیکھا جس کے تمام خدوخال بالکل صاف تھے۔ وہ میری طرف اور میں اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔ مجھے قطعی طور پر معلوم ہو گیا کہ رسول اللہ ﷺ ہیں اور مجھے یہ بھی معلوم تھا کہ ملاقات کا یہ وقت نہایت مختصر ہے۔ میں نے سوچا کوئی عزیز تر چیز آپؐ سے مانگوں، چنانچہ عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ سے ایمان پر خاتمہ مانگتا ہوں۔ یہ بات میں نے کئی بار دہرائی مگر آپؐ نے مجھے کوئی جواب نہ دیا البتہ یہ بات (اطمینان بخش) تھی کہ میری طرف آپؐ نظر کرم سے دیکھ رہے تھے، پھر چاند کی روشنی ذات اقدس (ﷺ) کے چہرۂ انور پر آہستہ آہستہ غالب آگئی، یہاں تک کہ ذات اقدس (ﷺ) بالکل غائب ہو گئی اور صرف چاند رہ گیا۔ پھر میں بیدار ہو گیا (سعادۃ الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۳ تا ۵۴۴)۔

۲۶۶۔ حضرت علامہ نبہانیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۱۶ھ کو خواب میں دیکھا گویا میں حیات ظاہری میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہو رہا ہوں، شاید مدینہ منورہ ہے، آپؐ سوئے ہوئے ہیں اور آپؐ کا چہرہ مبارک کھلا ہوا ہے اور میں قریب بیٹھ کر آپؐ کے بیدار ہونے کا انتظار کرتا ہوں جبکہ میرے پیچھے دو تین آدمی اور بھی ہیں۔ تھوڑی دیر بعد حضور انور ﷺ اٹھ کر ایک کرسی پر بیٹھ گئے جو اسی مکان میں ایک اونچی جگہ رکھی ہوئی تھی۔ میں سب سے پہلے آپؐ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور آپؐ کا دایاں ہاتھ پکڑ کر اسے بار بار بوسے دیئے، پھر پاؤں کی طرف ہو گیا اور کئی بار ان کے بھی بوسے لیے، پھر آپؐ نے مجھ سے فرمایا: تم جنت میں جاؤ گے اور اس بات کو آپؐ نے کسی چیز سے مشروط نہ فرمایا۔ پھر آپؐ نے مجھے ایک شخص کی وجہ سے عتاب فرمایا جس نے مجھ سے کچھ رقم مانگی تھی۔ میں نے

marfat.com
Marfat.com

نبی پاک ﷺ سے معذرت کی کہ اس وقت میرے پاس اسے دینے کے لیے کچھ نہ تھا۔ آپؐ نے مجھ سے فرمایا کہ اللہ کے دوستوں نے اس شخص کو کچھ نہ دینے کو ناپسند کیا ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپؐ تو نبیوں، ولیوں بلکہ تمام کائنات کے سردار ہیں، میں چاہتا ہوں کہ وہ تمام حضرات آپؐ کے صدقے مجھ سے راضی ہو جائیں۔ آپؐ نے فرمایا: ہاں! یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آدمی راضی نہ ہو اور پھر راضی ہو جائے۔ میں نیند سے بیدار ہوا تو اس قدر خوش تھا کہ کیفیت بیان سے باہر ہے۔ میں نے حضور اقدس ﷺ کو خالص سفید رنگ میں دیکھا جس میں سرخی نہ تھی۔ باقی اوصاف وہی دیکھے جو باب شمائل میں آپؐ کے صحابہ کرامؓ سے مروی ہیں۔ (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۴ تا ۵۴۵)۔

۲۶۷۔ مذکورہ بالا خواب کے قریباً پانچ ماہ بعد علامہ یوسف نبہانیؒ نے نماز فجر سے ذرا پہلے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ میں نے آپؐ کے سامنے دو قلمیں دیکھیں، ایک صحیح اور مکمل جب کہ دوسری کچھ ٹوٹی ہوئی، جس کا اکثر حصہ بے کار تھا اور وہ ٹیڑھی بھی تھی۔ میرے دل میں خیال آیا کہ یہ ٹوٹا ہوا قلم آپؐ کے کس کام کا؟ لہذا میں حاصل کرلوں تاکہ اسے اپنی قبر میں رکھنے کی وصیت کر جاؤں اور میری نجات کا سامان بھی ہو جائے، مگر شرم کے مارے کھل کر مانگ نہ سکا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا یہی آپؐ کی حیات ظاہری میں آپؐ کا قلم تھا؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: ہاں! مگر اس سے تمہارا مقصد کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: آپؐ اپنا یہ قلم مجھے عطا فرمادیں تاکہ قبر میں میرے ہمراہ دفن کیا جائے۔ آپؐ نے اس انداز سے مجھے فرمایا گویا قلم مجھے عنایت فرمادیا ہے کہ تم تو شیخ سعید میں دفن کیے جاؤ گے۔ اس کے بعد میں خواب سے بیدار ہو گیا۔ (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۶ تا ۵۴۷)۔

میں نے اس مشاہدے کو اپنے ایک سچے دوست سے بیان کیا تو اس نے مجھ سے کہا کہ شیخ سعید تم خود ہو اور نبی کریم ﷺ کی طرف سے یہ اشارہ ہے کہ جس طرح حضرت عبداللہ بن مسعود حضور انور ﷺ کے جوتے مبارک کی خدمت کر کے سعادت مند ہو گئے، تم آپؐ کے نعلین شریف کے نقشے کی خدمت کر کے سعادت مند ہو۔ میں اس تعبیر سے بہت خوش ہوا۔ اللہ تعالیٰ اس کو سچ کر دے۔

سے ھذا امثال نعالہ صلو علیہ والہ

۲۶۸۔ علامہ یوسف نبہانیؒ فرماتے ہیں کہ میں کچھ دنیوی امور کی خاطر کچھ غیر متقی اور غیر صالح بڑے لوگوں کے پاس آیا جایا کرتا تھا۔ اس بنا پر مجھے کچھ پریشانی رہتی تھی اور ڈرتا تھا کہ یہ بات اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کو پسند نہیں۔ دل میں اس کے جائز ہونے کی یہ دلیل

marfat.com
Marfat.com

پکڑ تاکہ نبی کریم ﷺ جب طائف سے واپس ہوئے تو مکہ مکرمہ میں آپؐ کے خاندان والوں نے آپؐ کے ساتھ نامناسب سلوک کیا مگر مطعم بن عدی نے آپؐ کی حمایت کی اور پناہ دی۔
۱۳۱۷ھ میں ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ مکہ معظمہ کے نواح میں ایک بلند جگہ پر ہوں اور حضور اقدس ﷺ ایک بلند جگہ سے پاپیادہ شہر میں داخل ہو رہے ہیں۔ آپؐ کے پیچھے ایک اور شخص چلا آرہا ہے۔ میرے اور آپؐ کے درمیان قریباً دو سو قدم کا فاصلہ ہے۔ آپؐ طواف کعبہ کے لیے مسجد حرام کی طرف جا رہے ہیں۔ مجھے آپؐ کی اس قدر بہادری پر تعجب ہو رہا تھا کہ اہل مکہ آپؐ کے شدید ترین مخالف ہیں اور آپؐ دلیری سے جا رہے ہیں، پھر میں بیدار ہو گیا اور یہ بات یاد آئی کہ یہ حالت نبی پاک ﷺ کے اپنے غلام زید بن حارثؓ کے ہمراہ مکہ میں داخلے کی ہے اور طائف سے آپؐ اسی حال میں مکہ مکرمہ کی طرف لوٹے تھے۔ اس سے مجھے بڑا اعتماد و اعتبار حاصل ہوا۔ (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۷ تا ۵۴۸)۔

۲۶۹۔ میری بیوی صفیہ بنت محمد بیگ السجان الیروتیہ، سچی عورتوں میں سے ہے۔ آج تک میں نے اس سے جھوٹ نہیں سنا۔ ۲۳ رمضان ۱۳۱۷ھ بروز بدھ مکمل طہارت کی حالت میں وہ سو گئی۔ ہمارے پاس دو عمدہ جدید ترین چراغ تھے، جن میں زیتون کا تیل استعمال ہوتا تھا۔ میرے سونے کے کمرے والا چراغ روشن تھا لیکن جس کمرے میں میری بیوی نے خواب میں مجھے بیٹھا دیکھا اس کمرے کا چراغ روشن نہ تھا۔ بیوی نے مجھ سے کہا میں اسے روشن کر دوں مگر میں نے کوئی جواب نہ دیا، پھر میں نے جواب سنا: ہاں! آواز بالکل میری آواز کی طرح بہت خوبصورت تھی۔ اس پر میں نے غور سے اپنے آپ کو دیکھا تو محسوس ہوا کہ میں، میں نہیں اور میری بیوی نے میری جگہ ایک اور انسان دیکھا جس کے سر پر کڑھائی شدہ ٹوپی ہے جیسی صوفیا پہنتے ہیں۔ بڑی خوبصورت، خوشبودار اور سرخ ریشم سے کڑھائی کی ہوئی، اس پر شال، ٹوپی نے پیشانی اور آنکھوں کو چھپا رکھا ہے، اس نے باقی سرخ رنگ کا چہرہ اور سیاہ داڑھی دیکھی۔ اچانک کسی نے کہا: یہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔ میری بیوی نے کمرے کو نور سے پُر دیکھا جو چھت تک روشنی سے بھرا ہوا تھا جبکہ چراغ میں روشنی نہ تھی، پس اسے یقین ہو گیا کہ یہ حضرت رسول اللہ ﷺ کا نور ہے۔ اس پر ہیبت کی بنا پر عاجزی و انکساری کی کیفیت طاری ہو گئی اور اسی حال میں اس کی آنکھ کھل گئی۔ (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۸ تا ۵۴۹)۔

۲۷۰۔ ادیب آفندی (مقیم بیروت) نے تین سال ہوئے متعدد لوگوں کو یہ بات بتائی کہ اس نے اس دوران حضور نبی اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ کے ارد گرد لوگ جمع تھے اور آپؐ نے فرمایا: شیخ یوسف نبہانی جنت میں موسیٰ بن عمران علیہ السلام کے دوستوں میں سے

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ مجھے یہ بات کسی اور ذریعے سے پہنچی، پھر اس نے مجھے دیکھا اور لفظ بلفظ یہی بات مجھ سے کہی۔ میں نے لفظ شیخ کے بارے میں دوبارہ پوچھا تو اس نے تاکید سے کہا کہ یہی الفاظ میں نے حضور اقدس ﷺ سے خواب میں سنے ہیں۔ اللہ پروردگار عالمیان کا شکر ہے (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۹)۔

۲۷۱۔ داؤد آفندی ابو غزالہ نابلسی ایک نہایت نیک اور پارسا بزرگ ہیں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ کو بکثرت دیکھنے کے لیے مشہور ہیں۔ تقریباً ایک سال پہلے انہوں نے مجھے بتایا کہ انہوں نے جامع اموی دمشق (شام) میں حضور نبی پاک ﷺ کو دیکھا۔ آپؐ کے پاس بہت سے لوگ تھے اور ان تمام لوگوں میں سے انہوں نے مجھے (علامہ یوسف نبہانی) حضور اکرم ﷺ کے قریب تر دیکھا (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۴۹ تا ۵۵۰)۔

۲۷۲۔ علامہ یوسف نبہانیؒ فرماتے ہیں: تقریباً سات سال ہوئے میں نے خواب دیکھا کہ بیٹھا ہوا ہوں اور میرے چاروں طرف لوگ ہیں۔ میں ان سے کہہ رہا ہوں کہ تمام لوگ جو نبی اکرم ﷺ کی شان بیان کرتے اور تعریف کرتے ہیں وہ تمام اس سلسلے میں آپؐ ہی سے مدد حاصل کرتے ہیں، پس نبی پاک ﷺ خود ہی اپنی ستائش کرتے ہیں اور وہی اپنے احوال و اوصاف پر کتابیں مرتب فرمانے والے ہیں۔ معلوم ہوتا تھا کہ میری اس بات پر لوگوں کو تعجب ہوا ہے لہذا میں نے پوری قوت سے اس بات کو دُہرانا شروع کر دیا یہاں تک کہ خواب سے بیدار ہو گیا (سعادت الدارین صفحہ ۵۵۰)۔

۲۷۳۔ علامہ یوسف نبہانیؒ فرماتے ہیں کہ جب میں نے نعلین شریفین کا نقشہ شائع کیا تو خواب دیکھا کہ منگل کے دن ۱۱ شعبان ۱۳۱۵ھ بعد نماز فجر بری راستے سے سفر حج پر چل پڑا ہوں۔ پھر میں نے پتھروں سے تعمیر شدہ ایک مزار دیکھا جس کے اندر ایک پتھر پر حضور ﷺ کے قدم مبارک کا نشان تھا۔ جسے اسی لیے وہاں نصب کیا گیا تھا کہ لوگ اس کی زیارت کریں اور اس سے برکت حاصل کریں۔ میرے دل میں یہ خیال آیا کہ یہ مزار تو میں نے ہی تعمیر کیا ہے، پس میں اس کے سامنے کھڑا ہو گیا اور عرض کیا: "الٰہی! میں تیری بارگاہ میں اس نشان والے (ﷺ) کا وسیلہ پکڑتا ہوں کہ مجھے حج مقبول نصیب فرما۔" جب میں خواب سے بیدار ہوا تو۔ میں نے اس کی تعبیر یہ کی کہ نعلین شریفین کا یہ نقشہ درست ہے اور حضور انور ﷺ کے اصلی نعلین شریفین کے مطابق ہے (سعادت الدارین صفحہ ۵۵۰)۔

۲۷۴۔ علامہ یوسف نبہانیؒ فرماتے ہیں کہ ۱۳۱۷ھ میں خواب دیکھا کہ ایک جماعت کے سامنے میں یہ مسئلہ بیان کر [illegible] ہے کس طرح تمام نیکوں

marfat.com
Marfat.com

میں مدد حاصل کرتی ہے۔ میں اس کی مثال اس بڑے حوض سے دے رہا ہوں جو بیروت شہر کے باہر ہے، جس میں نہر کا پانی جمع کیا جاتا ہے اور پھر چھوٹے بڑے پائپوں کے ذریعے وہ شہر کے مختلف علاقوں میں گھر گھر سپلائی کیا جاتا ہے۔ میں نے ان سے کہا: "بے شک نبی پاک ﷺ کا فضل و کرم ہی وہ بڑا حوض ہے جس میں نہر کا پانی جمع ہوتا ہے اور وہاں سے لوگوں میں تقسیم ہوتا ہے، پس آپؐ ہی اللہ تعالیٰ اور مخلوق کے درمیان ہر نعمت کا واسطہ ہیں، پہلے حق تعالیٰ اس کا فیضان آپؐ پر کرتا ہے اور پھر آپؐ کی طرف سے مخلوق کو حاصل ہوتا ہے۔" اسی مضمون کو میں نے اپنے قصیدہ ہمزیہ میں بیان کیا ہے۔ (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۵۱)۔

۲۷۵۔ ابن ابی طیب الفقیر نے کہا میں دس سال بہرا رہا، جب مدینہ منورہ حاضر ہوا تو منبر اور قبر انور کے درمیان سو گیا تو خواب میں مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ کی شفاعت کا طلب گار ہوں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "جو میرے لیے "الوسیلۃ" مانگے اس کے لیے میری شفاعت لازم ہو گی" پھر آپؐ نے فرمایا: "عافاک اللہ" (اللہ تجھے معاف فرمائے)۔ کہتے ہیں: حضور اکرم ﷺ کے فرمان "عافاک اللہ" کی برکت سے میرا ابہرا پن دور ہو گیا (شرف المصطفٰی" از امام ابو سعید واعظ نیشاپوری) (التعبیر از امام ابو سعید واعظ نیشاپوری)۔

۲۷۶۔ حضرت ابن سیرین کے پاس ایک نیک شخص آیا جو سخت پریشان تھا۔ اس نے کہا: رات میں نے خواب دیکھا ہے کہ حضور انور ﷺ کے چہرۂ اقدس پر پاؤں رکھ دیا ہے۔ حضرت ابن سیرینؒ نے یہ سن کر فرمایا: رات سوتے وقت تم نے موزے پہنے ہوئے تھے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ فرمایا: ان کو اتارو۔ اس نے اتار دیئے تو دیکھا کہ ایک پاؤں کے نیچے درہم ہے جس پر "محمد رسول اللہ" کا نقش ہے (التعبیر از امام ابو سعید واعظ نیشاپوری)۔

۲۷۷۔ ریٹائرڈ سرکاری افسر جناب ضیاء اللہ خان نیازی نے ایک مرتبہ حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ سے درخواست کی کہ مجھے کوئی وظیفہ بتائیں جس کا میں ورد کیا کروں۔ آپ نے فرمایا: ایک کاپی اور پنسل لے کر آئیں میں لکھ دوں گا۔ یہ کاپی اور پنسل لے کر پہنچے تو حضرت صوفی صاحب نے نہایت خوبصورت انداز میں ایک درود پاک تحریر فرما دی اور ہدایت کی کہ روزانہ پابندی کے ساتھ کم از کم پانچ مرتبہ اسے ضرور لکھا کریں، اگر زیادہ مرتبہ لکھ سکیں تو اور اچھا ہے، اسے معمولی وظیفہ نہ سمجھیں یہ بہت بڑا وظیفہ ہے۔ مزید فرمایا: ایک پیڈ چھپوا لو اور لکھتے رہو۔ ایک روز فرمایا: ہمارے ایک دوست تھے ہم نے انہیں وظیفہ بتایا جس پر انہوں نے عمل کیا۔ ایک مرتبہ وہ وضو کر رہے تھے کہ حضور اقدس ﷺ نے بہ نفس نفیس

marfat.com
Marfat.com

انہیں اپنی زیارت کرادی (نیازی صاحب نے اس ہدایت پر عمل کیا اور فائدہ حاصل کیا) (حضرت صوفی برکت علیؒ پر مون ڈائجسٹ۔ لاہور کی چوتھی خصوصی اشاعت۔ دسمبر ۱۹۹۷ء۔ صفحہ ۸۳)۔

میرے ایک دوست نے ایک نہایت پیچیدہ مقدمے میں کامیابی کیلئے میرے کہنے پر ایک لاکھ مرتبہ "اللھم صلی علی محمد" لکھا اور کامیاب ہوئے۔ واقعی یہ ایک نہایت مبارک عمل ہے۔ اس عمل کے کرنے والے کی وفات کے بعد بھی درود شریف والے وہ کاغذ جب تک محفوظ رہیں گے فرشتے اس کی طرف سے درود شریف بھیجتے رہیں گے، جس کا اس کو آخرت میں بھی فائدہ حاصل ہوگا۔ چپڑی اور دودو، دنیا میں بھی فائدہ آخرت میں بھی فائدہ، اس چھوٹی سی درود شریف کو نہایت معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی اپنے حالات کے مطابق ایک خاص تعداد مقرر کر کے روزانہ لکھتا رہے، برسوں اور لاکھوں بار لکھے اور ان کاپیوں کو محفوظ رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہی فائدہ ہے (از جانب مصنف کتاب ہذا)۔

۲۷۸۔ گگڑے جنہیں سہنسی کہا جاتا تھا جنگلوں میں حرام جانور شکار کر کے ان کا گوشت اور مردار کھاتے اور مردے جلاتے تھے۔ ان کا تعلق راجپوت برادری سے ہے۔ حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ کی تبلیغ کی برکت سے یہ لاکھوں کی تعداد میں مسلمان ہو چکے ہیں۔ ان نومسلموں کے نمبردار محمد یوسف کی بیوی نے ایک رات خواب دیکھا کہ لوگوں کا جم غفیر ہے اور ایک بزرگ گھوڑے پر سوار آئے ہیں۔ خواب میں اس نے دوسری عورتوں سے دریافت کیا کہ یہ کون ہیں؟ تو بتایا گیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ ہیں۔ یہ سن کر وہ آگے بڑھی اور اپنی بخشش کے لیے عرض کیا تو آپؐ نے فرمایا کہ نماز پڑھا کرو۔ نمبردار محمد یوسف کا کہنا ہے کہ تب سے ہم باقاعدگی سے نماز ادا کرتے ہیں، اللہ کا ہم پر بہت کرم ہے۔ مسلمان ہونے کے بعد ہم کو قلبی سکون حاصل ہے بلکہ ہم میں سے جو بھی مسلمان ہونے کے بعد مرتد ہوا وہ اس طرح مرا جیسے پاگل کتا مرتا ہے (مون ڈائجسٹ کی چوتھی خصوصی اشاعت۔ دسمبر ۱۹۹۷ء۔ صفحہ ۱۱۱ تا ۱۱۴ سے ماخوذ)۔

۲۷۹۔ گذشتہ دنوں خواب دیکھا کہ مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوٰۃ وسلاما) کے اندر اصحاب صفہؓ اپنے چبوترے پر تشریف فرما تدریس دین اور علمی مباحث میں مشغول ہیں۔ میں بھی اپنے خیالات کا اظہار کر رہا ہوں، پھر وہاں سے اٹھ کر چند قدم ہی چلتا ہوں تو حضور انور ﷺ کو جلوہ افروز پاتا ہوں، آپؐ کو اپنی طرف متوجہ پا کر میں خوشی وانبساط سے جھوم جاتا ہوں اور ایک لمحہ ضائع کیے بغیر آپؐ کو مخاطب کر کے عرض کرتا ہوں: یارسول اللہ (ﷺ)! میں آپؐ کا غلام اور عاشق ہوں، تمام زندگی میں نے آپؐ [illegible] میرا سب کچھ آپؐ ہی تو

marfat.com
Marfat.com

ہیں۔ جو جذبات وخیالات میری زبان پر آتے رہے میں جلدی جلدی ان کا اظہار کرتا رہا مبادا یہ موقع ہاتھ سے نکل جائے۔ اس تمام دورانیے میں حضور اقدس ﷺ خوش ہو کر خاموشی سے میری باتوں کو سنتے رہے اور سر مبارک تصدیقاً ہلاتے رہے، جب میرے الفاظ کا بے ساختہ بہاؤ رک گیا تو آپؐ نے تبسم فرمایا اور اس کے ساتھ ہی میرا خواب بھی ختم ہو گیا۔ میری آنکھ کھل گئی اور خواب کی ایک ایک کیفیت میرے لیے گراں بہا سرمایۂ افتخار بن گئی۔ لاتعداد مرتبہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا، کر رہا ہوں اور کرتا رہوں گا کہ یہ میرے لیے ایک انمول خزانہ ہے (انتخاب نعت۔ حصہ اول مؤلف عبدالغفور قمر۔ صفحہ ۲۳)۔ (یہ خواب مجھے کرنل محمد امیرالدین صاحب۔ ڈیفنس سوسائٹی، لاہور کینٹ نے عطا فرمایا، جسے میں شکریہ کے ساتھ شامل کر رہا ہوں)۔

۲۸۰۔ مفتی عبدالحمید صاحب نقشبندی مجددی لدھیانوی ایک عابد اور صالح بزرگ ہیں، جنہوں نے ۱۹۴۸ء میں ملتان سے مجھے اس مضمون کا خط بھیجا کہ حضرت علامہ محمد نور بخش توکلی قدس سرہٗ مصنف سیرت رسول عربی ﷺ کے وصال کو قریباً ایک ماہ گذر چکا تھا۔ کہ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت علامہؒ ایک نہایت ہی خوبصورت معطر باغ میں ایک سنہری تخت پر جلوہ افروز ہیں۔ میں نے دریافت کیا کہ حضرت یہ سرفرازی آپ کو کیسے حاصل ہوئی؟ تو ارشاد فرمایا: "مفتی صاحب یہ انعام مجھے کتاب "سیرت رسول عربی ﷺ تحریر کرنے کی وجہ سے ملا ہے۔" (حضرت علامہؒ کا وصال ۱۲ جمادی الاول ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۴ مارچ ۱۹۴۸ء کو ہوا تھا)۔ یہ خط چوہدری محمد سلیمان نوری توکلی، سجادہ نشین آستانہ نوریہ کے نام آیا تھا (سیرت رسول عربیؐ از علامہ نور بخش توکلیؒ۔ صفحہ ۷)۔ (یہ خواب مجھے شیخ سلیم اختر صاحب نے لاہور چھاؤنی سے بھیجا تھا جس کے لیے میں ان کا شکر گذار ہوں)۔

۲۸۱۔ ایک رئیس آدمی بیمار ہو گیا۔ اس نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ نے فرمایا: "اگر تم اپنی بیماری سے شفا چاہتے ہو تو "لاولا" پر عمل کرو۔" بیدار ہو کر اس نے حضرت سفیان ثوریؒ کی خدمت میں دس ہزار درہم بھیجے کہ غریبوں میں تقسیم کر دیں اور اس خواب کی تعبیر بتا دیں۔ انہوں نے فرمایا: "لاولا" سے مراد زیتون ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں اس کی تعریف میں فرمایا ہے: زَیْتُونَۃٍ لَّا شَرْقِیَّۃٍ وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ (سورہ نور۔ آیت ۳۵) (ترجمہ) زیتون کہ نہ مشرق کی طرف ہے نہ مغرب کی طرف۔ اس شخص نے زیتون کا بطور دوا استعمال کیا تو اسے شفا حاصل ہو گئی (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۲۷ تا ۵۲۸)۔

۲۸۲۔ قاری ابوالوفا ہروی کا بیان ہے کہ ۳۶۰ھ میں علاقہ فرغانہ میں میں نے حضور اقدس

marfat.com
Marfat.com

ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ غصے میں تھے اور آپؐ نے فرمایا: تم قرآن کریم ان لوگوں کے سامنے پڑھتے ہو جو گفتگو میں مصروف رہتے ہیں اور تمہاری قرأت سنتے ہی نہیں (میں بادشاہ کے دربار میں تلاوت قرآن کیا کرتا تھا جبکہ وہ لوگ بجائے قرآن سننے کے اپنی باتوں میں مشغول رہتے تھے)۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: اس کے بعد نہ پڑھنا، ہاں! جتنا اللہ چاہے۔ اس کے بعد چار مہینے میں نے زبان بند رکھی۔ جب مجھے ضرورت ہوتی تو پرچے پر لکھ دیتا، پھر محدثین وفقہا نے جمع ہو کر فتویٰ دیا کہ میں کلام کر سکتا ہوں (سعادۃ الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۲۷)۔

۲۸۳۔ قاری ہروی فرماتے ہیں کہ چار ماہ بعد میں نے حضور نبی پاک ﷺ کو پھر خواب میں دیکھا۔ آپؐ کا چہرۂ انور خوشی سے دمک رہا تھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: تم نے توبہ کرلی؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ (ﷺ)! فرمایا: جو توبہ کرلے اللہ اس پر متوجہ ہو جاتا ہے، اپنی زبان باہر نکالو۔ پھر آپؐ نے اپنی انگشت شہادت سے میری زبان کو چھوا اور فرمایا: جب لوگوں میں موجود ہو تو ٹھہر ٹھہر کر قرآن پڑھا کرو تاکہ وہ غور سے کلام اللہ سن سکیں۔ جب میں بیدار ہوا تو اللہ کے فضل و کرم سے میری زبان کھل چکی تھی (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۲۷)۔

۲۸۴۔ مرادک نامی ایک بصری کا کہنا ہے کہ میں نے اہوز کے ایک امیر کے ہاتھ ہاتھی دانت فروخت کیا اور اس کی قیمت وصول کرنے کے لیے میں اس کے پاس آتا جاتا تھا۔ ایک روز اس نے ابوبکر صدیق و عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو گالی دی۔ اس کی وجاہت کی وجہ سے میں اسے جواب نہ دے سکا اور خون کے گھونٹ پی کر رہ گیا۔ رات اسی غم والم کی حالت میں سو گیا۔ تو خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اور عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! فلاں شخص نے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو گالی دی ہے۔ فرمایا: اسے میرے پاس لاؤ۔ میں اسے پکڑ کر آپؐ کی خدمت میں لے آیا تو فرمایا: اسے لٹا دو اور ذبح کر دو۔ اس کو ذبح کرنا میرے لیے بہت بڑا مسئلہ بن گیا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! اسے ذبح کر دوں؟ فرمایا: ذبح کر دو۔ یہاں تک کہ آپؐ نے تین مرتبہ فرمایا۔ میں نے اس کی گردن پر چھری چلا دی اور اسے قتل کر دیا۔ صبح بیدار ہوا تو سوچا کہ اس کے پاس جا کر نصیحت کروں اور حضرت رسول اللہ ﷺ کی طرف سے جو کچھ میں نے دیکھا ہے اسے بتا دوں۔ میں چل پڑا، جب اس کے مکان کے پاس پہنچا تو شور و غل سنا، تب مجھے بتایا گیا کہ وہ شخص رات کو مر گیا ہے (سعادت الدارین حصہ دوم۔ صفحہ ۵۲۸ تا ۵۲۹)۔

۲۸۵۔ حضرت ابراہیم تیمو خان المعروف قتلو گانی ... حرمین شریفین میں مقیم رہے،

marfat.com
Marfat.com

پھر مستقل قاہرہ آبسے تھے۔ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سید الکل ﷺ کی زیارت کی، آپؐ کے سامنے حضرت علی کرم اللہ وجہہ' تشریف فرما تھے اور آپؐ فرمارہے تھے: "اے علی! لکھ دیں کہ سلامتی اور صحت تنہائی میں ہے۔" کئی مرتبہ حضور اقدس ﷺ نے یہ فقرہ دہرایا، اسی بنأ پر حضرت ابراہیم تنہائی پسند ہوگئے تھے۔ ۱۰۲۶ھ میں قاہرہ میں وصال فرمایا اور نظامیہ کے سامنے باب الوزیر کے قبرستان میں دفن ہوئے (جامع کرامات اولیأ حصہ دوم از علامہ یوسف نبہانیؒ۔ صفحہ ۱۲۹)۔

۲۸۶۔ حضرت ابراہیم لقانی مصری مالکیؒ کی بہت سی کرامات اور تالیفات ہیں۔ ایک مرتبہ مشہور واعظ شیخ علامہ حجازی آپ کے درس میں آکر کھڑے ہوگئے۔ آپ نے فرمایا: آپ تشریف رکھیں یا تشریف لے جائیں۔ انہوں نے جواب دیا: ایک ساعت صبر فرمایئے۔ ایک ساعت کے بعد کہا: اے ابراہیم! اللہ کریم جل مجدہ کی قسم! میں صرف اس لیے آپ کے درس میں رک کر کھڑا ہوگیا تھا کہ حضور شفیع المذنبین ﷺ آپ کا درس سن رہے تھے۔ حج سے واپس آتے ہوئے ۱۰۴۱ھ میں مصری قافلے کے راستے پر عقبہ ابلہ کے قریب فوت ہوکر وہیں دفن ہوئے (جامع کرامات اولیأ حصہ دوم۔ صفحہ ۱۳۰)۔

۲۸۷۔ حضرت ابوبکر بن محمد بن عمرانؒ عالم، فقیہہ اور صوفی تھے۔ ایک شخص نے حضور امام الانبیأ ﷺ کی خواب میں زیارت کی تو آپؐ نے اسے ارشاد فرمایا کہ "جو شخص فقیہہ ابوبکر کے قدم چومے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔" حضرت شیخ صالح محمد موذن کہا کرتے تھے کہ جس گاؤں سے فقیہہ ابوبکر گذر جائیں تو وہاں کے لوگوں کی مغفرت ہوجاتی ہے۔ آپ کی ولایت اور عظمت شان پر اس دور کے لوگ متحد و متفق تھے۔ بقول مناویؒ آپ کا وصال ۷۷۷ھ میں ہوا (جامع کرامات اولیأ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۷۱)۔

۲۸۸۔ حضرت ابوالخیر التینماتی المغربیؒ بڑی شان کے ولی تھے۔ بقول مناوی تیمات مشرق میں ایک گاؤں کا نام ہے جس کی نسبت سے آپ کو تیماتی کہا جاتا ہے۔ آپ کا وصال قریب ۳۴۰ھ میں ہوا اور حضرت ذوالنون مصریؒ کے قریب منارہ ولیمیہ کے پہلو میں مسلم سلمی کی تربت کے دروازے کے قریب قرافہ (مصر) میں دفن ہوئے۔ آپ کے روضے کی تعمیر فخر فاری نے کرائی۔ مروی ہے کہ آپ نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا تو وہاں عمارت بنانے کا حکم دیا اور فرمایا کہ جو کوئی یہاں دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ملک اور دوسری رکعت میں سورۂ دہر پڑھے اور اپنی حاجت کا سوال کرے تو حاجت ضرور پوری ہوگی۔ آپ کا معبد حضرت ذوالنون مصریؒ کے بالمقابل ہے (جامع

marfat.com

Marfat.com

کرامات اولیاً حصہ دوم۔ صفحہ ۲۰۹ تا ۲۱۰)۔

۲۸۹۔ حضرت ابوالرجال عظمائے ملت میں شامل ہیں۔ دمشق کے قریب منین نامی گاؤں کے باسی تھے۔ شیخ صدرالدین بن وکیل جیسے اپنے وقت کے رئیس جن کا انتقال ۱۶ اے ھ میں ہوا آپ کے شاگرد تھے۔ آپ کے وصال کے بعد لوگوں نے آپ کی بیوی سے آپ کے مخفی حال کی بابت پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ حضور سید کل ﷺ اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کئی بار بطور مہمان آپ کے پاس تشریف لائے تھے (جامع کرامات اولیاً حصہ دوم۔ صفحہ ۲۱۱)۔

۲۹۰۔ ایک مرد صالح اس نیت سے عراق گیا کہ سیاحت بھی ہو جائے گی اور مشائخ سے بھی مل لوں گا۔ ایک شہر جس میں آثار قدیمہ تھے، وہاں سو گیا تو ہاتف نے آواز دی کہ تمہارے پہلو میں دیوار کے ساتھ مخفی خزانہ ہے جس کا کوئی وارث ہے نہ مالک، اسے لے لو اور خرچ کرو۔ جاگا تو دیکھا کہ پہلو میں ایک لاٹھی پڑی ہے، اس نے لاٹھی کی مدد سے وہ جگہ کھودی تو ایک کپڑے میں بندھے پانچ سو دینار ملے۔ وہ وہاں سے چلا یہ سوچتا ہوا کچھ دکانیں خرید لوں گا اور کچھ فقراً پر خرچ کر دوں گا۔ اسے اسی قسم کے خیالات آتے رہے کہ رات اسے حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے اسے سلام کے بعد فرمایا: "اے فقیر! ارادہ اور پھر دنیا کی طلب زیادہ۔ یہ دونوں چیزیں اکٹھی نہیں ہو سکتیں۔" پھر آپؐ نے اپنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کو ملا لیا اور فرمایا کہ یہ سب جو تیرے پاس ہے۔ لے کر شیخ ابوالعباس جو شاداب جزیرے کا رہنے والا ہے لیکن آج کل بغداد کی فلاں مسجد میں ہے۔ و دیدیے۔ خواب سے بیدار ہو کر اس نے وضو کیا اور نماز پڑھ کر بغداد کے لیے روانہ ہو گیا۔ وہاں پہنچ کر تمام رقم شیخ کے حوالہ کی اور پورا واقعہ کہہ سنایا۔ انہوں نے کہا: آپ کو کب میرے پاس آنے کو فرمایا تھا؟ میں نے کہا: آج سات دن ہو گئے ہیں۔ مجھ سے کہنے لگے: بیٹا! تم نے سات راتیں پہلے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کی تھی اور مجھے اسی رات آپؐ نے زیارت بخشی اور فرمایا: جب تمہارے پاس فقیر آئے تو اس کے پاس کچھ امانت ہے وہ قبول کر لینا اور اسے جیسے چاہو خرچ کرنا۔ پھر کہا بیٹا! آج سات دن ہو چکے ہیں اور ہمارے پاس کھانے کی کوئی چیز نہیں، ایک آدمی کا ہم پر قرض ہے وہ بھی تقاضا کر رہا ہے اور یہ فاقہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھوں دور کر دیا۔ ان کے اصرار پر میں تین دن ان کے پاس ٹھہرا اور پھر واپس چلا آیا (روض الریاحین از امام یافعی")۔

۲۹۱۔ ابن ابی الورد فرماتے ہیں کہ میں نے حضور شفیع المذنبین ﷺ کی خواب میں زیارت کی اور عرض کیا کہ حضرت امام احمد بن حنبلؒ کی شان و مقام کیا ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "ابھی موسیٰ علیہ السلام آپ کے پاس آئیں گے ان سے دریافت کرنا۔" پھر حضرت

marfat.com
Marfat.com

موسیٰ علیہ السلام آ گئے۔ میں نے ان سے حضرت امام احمدؒ کا مرتبہ پوچھا۔ انہوں نے جواباً ارشاد فرمایا کہ ان کی سختی اور تکلیف سے آزمائش کی گئی اور انہیں سچا پایا گیا، پس صدیقین میں شامل کر لیے گئے ہیں (جامع کرامات اولیا حصہ دوم۔ صفحہ ۲۶۶ تا ۲۶۷)۔

۲۹۲۔ حضرت احمد بن یحییٰ جلاؒ کو جلا اس لیے کہتے ہیں کہ جب وہ گفتگو کرتے تھے تو دلوں کو جلا اور روشنی ملتی تھی۔ اصلاً بغدادی تھے لیکن رہائش رملہ میں تھی۔ حضرت ذوالنون مصریؒ وغیرہ سے فیض پایا اور آپ کے جسم میں لفظ اللہ کی طرح رگیں ابھری ہوئی تھیں۔ ۳۰۶ء میں جب وصال ہوا تو نہلانے والے پڑھنے لگے، پس آپ کو زندہ سمجھ کر کوئی غسل دینے کی جرأت نہ کرتا تھا، آخر ایک ہم عصر اور ہمسر نے آپ کو غسل دیا۔ خود ارشاد فرمایا کہ میں مدینہ طیبہ میں فاقے کی حالت میں تھا۔ حضور انور ﷺ کے روضہ اطہر پر پہنچ کر سلام عرض کیا اور کہا کہ میں آپؐ کا مہمان ہوں۔ پھر مجھے نیند آ گئی۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضور عرش وقار علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک روٹی مجھے عنایت فرمائی۔ میں نے ابھی آدھی کھائی تھی کہ آنکھ کھل گئی جبکہ باقی نصف میرے ہاتھ میں موجود تھی (جامع کرامات اولیاً حصہ دوم۔ صفحہ ۲۷۲ تا ۲۷۳)۔

۲۹۳۔ نفح الطیب کے مصنف علامہ مقری فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن یوسف حسنیؒ نے حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپؐ کی رائے سبتی کے متعلق کیا ہے؟ کیونکہ میں خود ان کے لیے اچھی رائے نہ رکھتا تھا۔ حضور اقدس ﷺ نے جاں بخش تبسم کے بعد فرمایا: وہ سباق (آگے نکل جانے والے لوگ) میں شامل ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میرے لیے مزید وضاحت فرمائیں۔ ارشاد فرمایا کہ وہ برق (بجلی) کی طرح پل صراط سے گذر جائے گا۔ صبح جب میں گھر سے نکلا تو حضرت سیدی ابوالعباس احمد بن جعفر سبتی خزرجی مغربیؒ مجھے ملے اور فرمایا: بخدا! جو تم نے خواب میں دیکھا اور سنا ہے مجھے جب تک نہیں بتاؤ گے میں تمہیں نہیں چھوڑوں گا۔ میں نے انہیں ساری بات بتادی تو وہ زور سے بولے: "کلمۃ الصفا من المصطفیٰ ﷺ" (صفائی کا حکم مصطفیٰ ﷺ کی طرف سے)۔

آپ کی ولادت ۵۲۴ھ میں سبتہ کے مقام پر ہوئی اور وصال ۶۰۱ھ میں مراکش میں ہوا۔ آپ مراکش کے باہر دفن ہوئے اور آپ کی قبر مشہور زیارت گاہ ہے (نفح الطیب)۔

۲۹۴۔ حضرت احمد بن مسعود بن شدار مقری موصلی حنفیؒ عالم، عابد اور زاہد تھے۔ امام ابن عربیؒ نے آپ کے تعریف کی ہے اور یہ واقعہ بیان کیا جو خود انہوں نے مجھے ۶۰۱ھ میں سنایا تھا۔ میں نے حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت کی اور آپؐ سے دریافت کیا: یا

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ (ﷺ)! شطرنج کا کیا حکم ہے؟ ارشاد ہوا: حلال ہے (خواب دیکھنے والے حنفی تھے)۔ میں نے عرض کیا: نرد (ایرانی بادشاہ کا ایجاد کردہ ایک کھیل) کا کیا حکم ہے؟ فرمایا: حرام ہے۔ میں نے عرض کیا: غنا (قوالی وغیرہ کے اشعار گانے کے طور پڑھنا) فرمایا: حلال ہے۔ میں نے عرض کیا شبابہ (مرنار کی ایک قسم۔ پنجابی میں تو تنی) کا کیا حکم ہے؟ ارشاد فرمایا: حرام ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میرے لیے دعا فرمائیں کیونکہ مجھے کچھ ضرورت لاحق ہے۔ آپؐ نے دعا فرمائی: اللہ تعالیٰ تجھے ایک ہزار دینار عطا فرمائے اور ہر دینار چار درہموں کا ہو۔ میں جاگ گیا۔ مجھے ملک ناصر صلاح الدین بن یوسف بن ایوبؒ نے کسی کام کے لئے بلایا، جب میں واپس ہونے لگا تو مجھے چار ہزار درہم دینے کا حکم دیا (جامع کرامات اولیا حصہ دوم۔ صفحہ ۳۲۲)۔

۲۹۵۔ حضرت ابوالعباس احمد بن علی بونیؒ بڑے مشائخ میں شامل، صاحب انوار و اسرار تھے۔ آپ نے شمس المعارف نامی کتاب چار جلدوں میں تحریر فرمائی گئی۔ اس کا اردو میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ اس میں باطنی علوم، خواص اسما، عملیات اور تعویذات پر اس طرح بحث فرمائی ہے کہ نااہل کچھ نہ سمجھ سکے مثلاً عمل ایک جگہ لکھا مگر شرائط کسی اور مقام پر لکھ دیں۔ سمجھنے والے سمجھ گئے مگر ناسمجھ آپ کی بات تک نہ پہنچ سکے۔ اہل دل اور محققین کے لئے یہ کتاب خاصے کی چیز ہے کیونکہ تمام علوم مخفیہ پر سیر حاصل بحث اس میں موجود ہے۔ (مگر پاکستان میں جو اردو ترجمہ شائع ہوا ہے اس میں بے شمار اغلاط ہیں۔ مصنف کتاب ہذا)۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت نبی الثقلین ﷺ کو خواب میں دیکھا اور آپؐ سے اسمائے خلوت دریافت کیے تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: وہ سات اسما ہیں: **یا اللہ، یاحی، یا قیوم، یا ذالجلال و الاکرام، یانھایۃ النھایات، یا نور الانوار اور یا رُوح الارواح**۔ فرمایا: جب خلوت میں شہوانی وساوس آئیں تو وضو کر کے توجہ کے ساتھ "یاھادی" کا ذکر کرو، خواہش طعام ہو تو باوضو "یاقوی" پڑھیں، اگر تنگ دستی ہو تو باوضو "یافتاح" کا ورد کیا جائے، اگر زیادہ فکر ہو تو باوضو "یالطیف" کا ورد کیا جائے، اگر نفسانی وساوس اور شیطانی خیالات کی بھرمار ہو تو "یا ذالقوۃ" کی کثرت کی جائے، اگر کوئی معاملہ درپیش ہو اور اس سے غم واندوہ آجائے تو "یا باسط" کا ورد کیا جائے۔ بقول علامہ مناوی آپ کا وصال ۶۲۲ھ میں ہوا (شمس المعارف)۔

۲۹۶۔ سیدی حضرت احمد بدریؒ غوث کبیر اور قطب شہیر ہیں۔ حضرت ابراہیم متبولیؒ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت رسول اعظم ﷺ نے فرمایا کہ اولیائے مصر میں محمد بن ادریس (امام شافعیؒ) کے بعد ان سے بڑا کوئی مفتی نہیں، ان کے بعد نفیسہ کا نمبر ہے، اس کے بعد

marfat.com

Marfat.com

شرف الدین کردی اور اس کے بعد منوفی ہے۔ حضرت احمد بدری ؒ کی کرامات بے حد وحساب ہیں۔ آپ کا وصال ۶۷۵ھ میں مصر میں ہوا (جامع کرامات اولیا حصہ دوم۔ صفحہ ۳۴۱)۔

۲۹۷۔ ۶ ستمبر ۱۹۶۵ء کو شروع ہونے والی پاک بھارت جنگ میں جو سترہ دن جاری رہی پاکستان نے اپنے سے دس گنا بڑی فوج کو عبرتناک شکست دی۔ اس کی سب سے بڑی وجہ حضور اقدس ﷺ اور بزرگان دین کی روحانی امداد تھی، جس سے بھارتی فوج اپنی کثرت کے باوجود محروم تھی۔ اس زمانے میں ہفت روزہ "چٹان" لاہور نے لکھا تھا:

شرقپور سے ایک عزیز دوست بیان کرتے ہیں کہ دوران جنگ ایک رات مجھے خواب میں حضرت میاں شیر محمد شرقپوری ؒ کی زیارت ہوئی۔ آپ کا لباس گرد آلود اور ہاتھ قدرے میلے تھے۔ میں نے پوچھا: حضرت اس وقت کونسی مصروفیت ہے؟ آپ نے فرمایا کہ محاذ پر جہاد جاری ہے اور مجاہدین کی اعانت فرض ہے۔

قصور کے ایک صاحب ہر ہفتے حضرت خواجہ ہجویری (داتا گنج بخش ؒ) کے مزار پُر انوار پر حاضری دیا کرتے تھے۔ پاک بھارت جنگ کے دوران حسب معمول حاضری دی مگر کوشش بسیار کے باوجود صاحب مزار سے توجہ نہ مل سکی، پس تین دن وہیں قیام کیا۔ آخری رات چند لمحات کے لیے زیارت نصیب ہوئی تو حضرت ؒ نے فرمایا: محاذ پر مصروف تھا کیونکہ حضور انور ﷺ کے فرمان کے مطابق تمام بزرگان دین پاکستان کی سرحدوں پر متعین کیے گئے ہیں اور پاکستان کی حفاظت کے لیے جہاد کا حکم دیا گیا ہے۔ یہ واقعہ بھی اسی زمانے میں ہفت روزہ "چٹان" لاہور میں شائع ہوا تھا۔

ہزارہا واقعات و مشاہدات ہیں جن سے ارواح کی طاقت و قوت کا پتہ چلتا ہے۔ شیخ ابو العباس حضرمی ؒ نے سیدی احمد بن زروق ؒ جو دیار مغرب کے بہت بڑے فقہا و علما و مشائخ میں سے ہیں، دریافت کیا کہ زندہ کی امداد قوی ہوتی ہے یا فوت شدہ کی؟ آپ نے فرمایا: کچھ لوگ کہتے ہیں کہ زندہ کی امداد قوی ہے لیکن میں کہتا ہوں کہ فوت شدہ آدمی کی امداد قوی تر ہے۔ شیخ ابو العباس ؒ نے تصدیق کی کہ واقعی ایسا ہی ہے کیونکہ فوت ہونے کے بعد وہ حضور حق تعالیٰ میں ہوتا ہے (دعوت ارواح از فقیر محمد ارشد قادری سروری ؒ۔ صفحہ ۲۰۸)۔

۲۹۸۔ شیخ ابو المسعود ؒ سے منقول ہے کہ وہ ہر نماز کے بعد حضور اقدس ﷺ سے مصافحہ کیا کرتے تھے۔ (اشعۃ اللمعات جلد ثالث۔ صفحہ ۶۴۰)۔

۲۹۹۔ سلطان العارفین حضرت سلطان باہو ؒ عالم بیداری میں حضور سرور کائنات ﷺ کے حضور پہلی مرتبہ شرف باریابی کا واقعہ یوں بیان فرماتے ہیں: ایک مرتبہ بچپن میں ایک

marfat.com
Marfat.com

وجیہہ' بارعب نورانی شخص گھوڑے پر سوار میرے سامنے آئے اور مجھے ہاتھ سے پکڑ کر اپنے پیچھے گھوڑے پر بٹھا لیا اور ایڑی لگا کر اسے اڑا دیا۔ میں نے دریافت کیا کہ آپ کون ہیں اور مجھے کہاں لے جا رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: "میں علی ابن ابی طالب ہوں اور تمہیں بزم سرور کائنات ﷺ میں پیش کرنے کے لیے جا رہا ہوں کیونکہ حضور اقدس ﷺ نے تمہیں یاد کیا ہے۔" تھوڑی ہی دیر بعد مجھے سرور عالم ﷺ کے دربارِ انوار میں پیش کر دیا گیا۔ اس وقت وہاں آپؐ کے علاوہ جملہ انبیاءؑ و مرسلینؑ، تمام صحابہ کبارؓ خصوصاً چار یار، حضرات حسنین کریمینؓ اور حضرت شاہ محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ موجود تھے۔ آنحضرت ﷺ آفتاب عالمتاب کی طرح کرسی صدارت پر جلوہ افروز تھے اور باقی خاصاں اور پاکانِ بارگاہ نظامِ شمسی کی طرح آپؐ کے اردگرد اپنے اپنے مخصوص مقام پر جلوہ گر تھے۔ حضور انور ﷺ اس فقیر کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور مجھے گود میں لے کر سب حاضرین مجلس سے یوں گوہر فشاں ہوئے کہ یہ فقیر باہو ہمارا نوری حضوری فرزند ہے، پھر سب حاضرین مجلس سے اس فقیر کو روشناس فرمایا اور خصوصاً چار یارؓ نے مجھے باری باری گود میں بٹھایا۔ حضرات حسنینؓ اور پیران پیر شاہ عبدالقادر جیلانیؒ نے کمال شفقت اور محبت پدرانہ کا اظہار فرمایا اور اپنی توجہ و فیض سے مشرف و سرفراز فرمایا (سلطان الاوراد۔ صفحہ ۲۰۶)۔

۳۰۰۔ سلطان العارفین حضرت سلطان باہو فرماتے ہیں کہ دوسری مرتبہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ' نے دست گیری فرما کر ایک دن مجھے حضور سرور کائنات ﷺ کی بزم خاص میں حاضر کیا۔ حضور انور ﷺ نے متبسم ہو کر اپنا دست مبارک اس فقیر کی طرف بڑھایا اور ارشاد فرمایا: "خذیدی یا ولدی" (یعنی اے میرے فرزند میرا ہاتھ پکڑ) چنانچہ اس فقیر نے حضرت رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک کو بوسہ دیا اور آپؐ کے پاک ہاتھوں میں اپنا ہاتھ دیا۔ اس وقت حضور اقدس ﷺ نے اس فقیر کو خاص طور پر دست بیعت فرما کر اپنی توجہ اور نگاہ خاص سے سرفراز فرمایا۔ بعدہ میرا ہاتھ غوث صمدانی حضرت محی الدین شاہ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ' کے ہاتھ میں دے کر انہیں خطاب فرمایا کہ یہ ہمارا خاص نوری حضوری فرزند فقیر باہو ہے، اسے آپ اپنے طریقے میں تلقین و ارشاد فرمائیں، چنانچہ آپ نے بھی تلقین و ارشاد فرما کر اپنے باطنی فیض سے مجھے مالا مال فرمایا۔ بعدۂ جملہ انبیاءؑ و مرسلینؑ اور اصحاب کبارؓ، خصوصاً چار یارؓ، حضرات حسنینؓ اور جملہ اولیا کاملینؒ نے باری باری اس فقیر کو سینے سے لگایا اور اپنے اپنے فیض سے مشرف فرمایا۔ آخر میں حضرت سرور کائنات ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ اے فرزند باہو! خلق خدا کے ساتھ امداد کر، آخری زمانے میں بے مرشد اور بے پیر بھولے بھٹکے طالبوں کی

marfat.com
Marfat.com

رہنمائی کر (سلطان الاوراد صفحہ ۲۰۷)۔

۳۰۱۔ حضرت جنید بغدادیؒ نے خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی تو عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! سماع جس میں ہم راتوں کو حاضر ہوتے ہیں اور کبھی اس میں حرکتیں بھی پیدا ہوتی ہیں، اس بارے میں آپؐ کا کیا ارشاد ہے؟ فرمایا: "اسے قرآن مجید سے شروع کر کے قرآن مجید پر ہی ختم کیا کرو۔"

حضرت امام عبداللہ بن اسعد یافعیؒ فرماتے ہیں "شیوخ کے سماع کا ذکر سن کر کوئی جاہل دھوکا نہ کھائے اور یہ خیال نہ کرے کہ سماع ہر ایک کے لیے جائز ہے۔ نہیں نہیں! بلکہ یہ تو محض ان حضرات کے لیے ہے جن کو حق سبحانہ' تعالیٰ کا شوق غالب ہو، جن سے خواہشاتِ نفسانی اور صفاتِ ذمیمہ صاف ہو چکی ہوں اور جو اہلِ حال کی صفات سے متصف ہوں (روض الریاحین فی حکایات الصالحین از امام عبداللہ بن اسعد یافعیؒ)۔ سماع صرف ان کے لیے جائز ہے جنہوں نے ریاضت سے نفس کا علاج کر لیا ہو، خیالات اور دل کو زہریلی آفتوں سے پاک کر لیا ہو اور اسے اسماء وصفات کا عرفان ہو چکا ہو۔

۳۰۲۔ حضرت محمد ہدایت علی نقشبندی مجددی جے پوریؒ (ریاست جے پور۔ بھارت) جن کا وصال ۱۹۴۹ء میں ہوا، فرماتے ہیں: حج کے لئے روانہ ہونے سے پہلے مجھے تقریباً ایک سو چالیس مرتبہ حضور سرور کائنات ﷺ کی زیارت ہو چکی تھی۔ ان میں سے چند خواب جو مدینہ منورہ میں دیکھے بیان کرتا ہوں:- اول مرتبہ یہ دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کی طرف سے بطور مہمان نوازی میرے سامنے دستر خوان بچھایا گیا، اس پر دو روٹیاں اور ایک رکابی سالن رکھا گیا اور ایک صراحی میں ٹھنڈا پانی مع گلاس رکھا گیا (فتوح الحرمین فی مبشرات رسول الثقلینؐ از حضرت محمد ہدایت علی نقشبندی جے پوریؒ۔ صفحہ ۴۸)۔

۳۰۳۔ ایک روز آفتاب نکلنے سے پہلے دیکھا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے ناشتے کے لیے ایک پیالے میں چائے عنایت کی گئی، اس میں بسکٹ یا ڈبل روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے پڑے تھے، جب مجھے افاقہ ہوا تو میرا منہ اس قدر میٹھا تھا کہ بیان نہیں کر سکتا، اور چائے کی خوشبو سے میرا دماغ معطر تھا اور جس جگہ میں بیٹھا تھا وہ جگہ دور تک خوشبو سے بسی تھی، کئی دن وہاں سے خوشبو آتی رہی اور ایک عرصے تک میرا منہ مٹھاس اور خوشبو سے معطر رہا (فتوح الحرمین فی مبشرات رسول الثقلینؐ۔ صفحہ ۴۸)۔

۳۰۴۔ حضرت محمد ہدایت علی نقشبندی جے پوریؒ نے ایک مرتبہ دیکھا کہ حضور انور ﷺ روضۂ اطہر کی طرف تشریف لے جا رہے ہیں اور کئی انبیا علیہم السلام نہایت ادب سے

marfat.com
Marfat.com

آپؐ کے پیچھے پیچھے تشریف لے جا رہے ہیں (فتوح الحرمین فی مبشرات رسول الثقلینؐ)۔

۳۰۵۔ حضرت محمد ہدایت علی نقشبندی جے پوریؒ لکھتے ہیں کہ ایک حاجی کو بھوک نے ستایا اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! میں بھوکا ہوں اور آپؐ کا مہمان ہوں۔ اسی وقت اس پر نیند طاری ہو گئی۔ اس نے دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ خواب میں تشریف لائے اور فرمایا: ہاں! تم ہمارے مہمان ہو، اور دو روٹیاں اور ایک لوٹے میں ٹھنڈا پانی عنایت کیا اور ارشاد فرمایا: کھاؤ۔ چنانچہ اس نے ایک روٹی کھائی اور پانی پیا۔ جب آنکھ کھلی تو دیکھا کہ ایک روٹی بچی ہوئی ہاتھ میں ہے اور پینے کے بعد بچا ہوا پانی لوٹے میں موجود ہے (فتوح الحرمین فی مبشرات رسول الثقلینؐ۔ صفحہ ۵۵)۔

۳۰۶۔ ہلال بن المحسن (م ۴۴۸ھ) پہلے صابی مذہب رکھتے تھے۔ نوے سال کی عمر پائی جس میں آدھی کفر اور آدھی ایمان کی حالت میں گذاری۔ حالت کفر میں انہوں نے بہت سے شیوخ سے احادیث سنیں اور علم و ادب سیکھا۔ محقق ابن جوزیؒ ان کے ایمان لانے کا واقعہ اس طرح تحریر کرتے ہیں کہ ہلال نے بیان کیا کہ ۳۹۹ھ میں خواب میں حضور اقدس ﷺ ان کی قیام گاہ پر تشریف لائے۔ سخت جاڑے کا موسم تھا اور پانی جم گیا تھا۔ میں نے جب پہلی مرتبہ حضور انور ﷺ کو دیکھا تو خوف سے لرز گیا۔ آپؐ نے فرمایا: ڈرو مت میں رسول اللہ (ﷺ) ہوں۔ آپؐ مجھے مکان کی نالی پر لے گئے، وہاں مٹی کا مٹکا پڑا ہوا تھا۔ فرمایا: جس طرح نماز کے لیے وضو کیا جاتا ہے اسی طرح وضو کرو۔ پانی جما ہوا تھا لہٰذا میں نے مٹکا توڑ ڈالا اور اس میں سے اتنا پانی لے لیا جتنے سے اپنا چہرہ، بازو اور پیر دھو سکوں۔ پھر حضور انور ﷺ چبوترے پر کھڑے ہو گئے اور مجھے کھینچ کر اپنے پہلو میں کر لیا۔ آپؐ نے نماز پڑھی، نماز میں سورہ فاتحہ اور نصر پڑھی، اور رکوع و سجدہ کیا۔ میں بھی آپؐ کے ساتھ اسی طرح کرتا گیا، پھر کھڑے ہو کر دوسری رکعت پڑھی۔ سلام پھیر کر مجھ سے فرمایا: تم تو عقلمند، پڑھے لکھے آدمی ہو، اللہ تعالیٰ تم سے بھلائی کرنا چاہتا ہے، پھر تم اسلام کیوں نہیں لاتے؟ حالانکہ اس کی صداقت پر دلائل قائم ہو چکے ہیں، تم کفر پر کیوں قائم ہو؟ ہاتھ نکالو اور مجھ سے مصافحہ کرو۔ میں نے آپؐ کو اپنا ہاتھ دیا اور آپؐ نے عربی میں فرمایا جس کا اردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے: میں نے اپنے چہرے کو اللہ کے سامنے جھکا دیا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً اللہ ایک ہے، بے نیاز ہے، اس کا کوئی ساتھی اور بیٹا نہیں اور محمدؐ اس کے بندے اور دلائل و ہدایت کے ساتھ اس کے رسول ہیں۔ میں نے یہ الفاظ دہرائے، پھر حضور انور ﷺ اٹھ گئے اور میں بھی ساتھ ہی اٹھ گیا۔ کیا [illegible] ف اور گھبراہٹ سے اس قدر

marfat.com

Marfat.com

چیخنا چلانا شروع کیا کہ گھر والے جاگ اٹھے۔ انہوں نے مجھ سے دریافت کیا کہ کیا بات ہے؟ میں نے اپنے والد کو سارا قصہ کہہ سنایا۔ انہوں نے مسکرا کر فرمایا: جا سو جا، صبح بات کریں گے۔ ہم نے مٹکا دیکھا تو اس کے ٹوٹنے کی وجہ سے برف ادھر اُدھر بکھری پڑی تھی۔ میرے والد نے کہا، بیٹا! یہ سچا خواب ہے، اچھی بشارت ہے مگر اسے ابھی ظاہر نہیں کیا جا سکتا۔ ایک شریعت سے دوسری شریعت میں جانے کے لیے کچھ تیاری اور ساز و سامان کی ضرورت ہوتی ہے۔ تمہیں جس عقیدے کے اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہی عقیدہ رکھو، میں بھی یہی عقیدہ رکھتا ہوں اور اپنی نماز اور دعا اس مذہب کے مطابق رکھو۔ پھر یہ خبر لوگوں میں پھیل گئی اور اس پر کچھ عرصہ گذر گیا (حیات جاوداں) (البدایۃ والنھایۃ)۔

۳۰۷۔ ہلال بن المحسن صابی فرماتے ہیں میں نے دوسری مرتبہ دیکھا کہ آنحضرت ﷺ دریائے دجلہ کے کنارے تشریف فرما ہیں۔ میں نے آپؐ کے ہاتھ کو بوسہ دیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: تو نے جو قول و قرار مجھ سے کیا تھا پورا نہیں کیا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں نے پورا تو کیا ہے۔ کیا میرا عقیدہ وہی نہیں جس کا آپؐ نے حکم فرمایا تھا اور کیا میں نے اپنی نماز اسی کے مطابق ادا نہیں کی؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں! ابھی تمہارے دل میں شک باقی ہے۔ اس کے بعد آپؐ مجھے گھاٹ والی مسجد کے دروازے پر لے گئے۔ وہاں ایک خراسانی لیٹا تھا جس کا پیٹ استسقا (ایک بیماری) کی وجہ سے توبڑے کی طرح پھولا ہوا تھا اور اس کے ہاتھوں اور پاؤں پر ورم تھا۔ آنحضور ﷺ نے اس کے پیٹ پر اپنا دست مبارک پھیرا اور کچھ پڑھا تو وہ فوراً تندرست ہو کر کھڑا ہو گیا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپؐ کے حکم کی تصدیق کیا خوب اور آپؐ کے افعال کیا معجز نما ہیں۔ پھر میری آنکھ کھل گئی (حیات جاوداں) (البدایۃ والنھایۃ)۔

۳۰۸۔ ہلال بن المحسن صابی نے ۴۰۲ھ میں تیسری مرتبہ حضور انور ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اس خیمے کے دروازے پر تیار کھڑے ہیں جس میں میں تھا۔ زین پر بیٹھے بیٹھے آپؐ جھکے اور مجھے اپنا چہرہ انور دکھایا۔ میں نے اٹھ کر رکاب بوسی کی، پھر میں نے آپؐ کے لیے تکیہ رکھ دیا، آپؐ گھوڑے کی پیٹھ سے اتر کر اس پر بیٹھ گئے اور مجھ سے فرمایا: میں کب تک تمہیں ایسی بات کا حکم دیتا رہوں گا جس میں تمہاری بھلائی ہے اور تم کب تک توقف کرتے رہو گے؟ میں نے عرض کیا: اے میرے آقا! کیا میں اس کے مطابق عمل نہیں کرتا؟ آپؐ نے فرمایا: ٹھیک ہے مگر ظاہر خراب ہو تو باطن کا کوئی فائدہ نہیں، اگر تمہیں کسی اور بات کا لحاظ ہے تو یاد رکھو اللہ کا لحاظ رکھنا بہت بہتر ہے، ابھی اٹھو اور جیسا تمہیں کرنا چاہئے ویسا ہی کرو، اب

marfat.com

Marfat.com

اس کے خلاف نہ کرنا۔ میں نے عرض کیا: بسر وچشم۔ بیدار ہو کر میں حمام میں گیا اور مسجد میں جا کر نماز ادا کی (حیات جاوداں) (البدایۃ والنھایۃ)۔

۳۰۹۔ اسلام قبول کرنے کے بعد ہلال بن المحسن نے قرآن مجید لکھنے کا ارادہ کیا۔ ایک شخص نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے اس سے ارشاد فرمایا: "اس نومسلم سے کہہ دو کہ تم نے جو قرآن لکھنے کا ارادہ کیا ہے تو ایسا ہی کرو، اس سے تمہارے اسلام کی تکمیل ہوگی (البدایۃ والنھایۃ ۱۲: ۷۰) (حیات جاوداں صفحہ ۱۸۲ بحوالہ المنتظم لابن جوزی ۸: ۱۷۷)۔

۳۱۰۔ حافظ ابن کثیرؒ نے بھی ہلال بن المحسن صابی کے ایمان لانے کا واقعہ مختصراً بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ آنحضور ﷺ نے انہیں خواب میں کئی معجزے دکھائے، جنھیں بیدار ہونے پر ویسا ہی پایا۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ آپؐ نے ان سے کہا کہ تمہاری بیوی حاملہ ہے، وہ لڑکا جنے گی، اس کا نام محمد رکھنا۔ مورخین اس محمد کو غرس النعمۃ کہہ کر پکارتے تھے کیونکہ یہ حضور اقدس ﷺ کے انعام کے طور پر لگایا ہوا پودا تھا۔

۳۱۱۔ ایک درویش اپنے ابتدائے ارادت کا ذکر فرماتے ہیں کہ میں ایک شیخ کی خدمت میں گیا، وہ مجھ سے کام کراتے اور میں خوش ہو کر کرتا تھا۔ ایک روز فقراء کے لیے گوشت لانے کا حکم دیا۔ میں قصائی کے پاس گیا، گوشت خریدا اور ایک برتن میں لے کر جوں ہی چلنے کے لیے مڑا تو ایک شخص، جو سامان سے لدا ایک گھوڑا ہانک کر لا رہا تھا، نے مجھے گھونسا مارا اور میں قصاب کے باڑے کی ایک میخ سے سخت زخمی ہو گیا۔ قصاب جوں ہی میری مرہم پٹی سے فارغ ہوا تو گھوڑے والا وہی شخص اپنے تین ساتھیوں کو لیے آن پہنچا اور کہا میرا بٹوہ گم ہوا ہے جس میں دس دینار تھے۔ وہ لوگ مجھے اور قصاب کو پکڑ کر کوتوال کے پاس لے گئے اور کہا کہ انہوں نے ہمارا بٹوہ چرا لیا ہے۔ اس پر کوتوال نے ہمیں کوڑے لگوائے۔ جس برتن میں میں نے گوشت لیا تھا اتفاق سے بٹوہ بھی اس میں سے مل گیا، پس کوتوال نے میرا ہاتھ کاٹنے کا حکم دے دیا۔ تیل گرم کیا جانے لگا۔ لوگوں کی بھیڑ لگ گئی اور سب نے مجھے خوب مارا مگر میں صبر کیے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیے رہا۔ ایک سپاہی نے مجھے چور ڈاکو کہتے ہوئے زور سے جھٹکا دیا جس سے میں منہ کے بل زمین پر جا گرا۔ عین اس وقت مجھے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ تبسم فرماتے ہوئے مجھے دیکھ رہے تھے۔ میں ابھی سیدھا کھڑا بھی نہ ہونے پایا تھا کہ میری تمام پریشانیاں دور ہو گئیں کیونکہ اسی وقت کسی پکارنے والے نے پکارا کہ لوگو! جسے تم نے پکڑا ہے وہ تو شیخ کا خادم ہے۔ یہ سنتے ہی لوگ مجھے دیکھنے لگے اور کہا: لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ اس [illegible] مانگی۔ بٹوے والا بھی گریہ و

marfat.com
Marfat.com

زاری کرنے لگا تو میں نے سب کو جواب دیا: اللہ میری اور آپ کی مغفرت فرمائے، یہ ایک امتحان تھا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ بٹوے کی رقم اور گھوڑے پر لدا ہوا سامان شیخ ہی کے لیے تھا۔ جب میں گوشت لے کر خانقاہ میں پہنچا اور شیخ کو تمام قصہ سنایا تو انہوں نے فرمایا: "جس نے صبر کیا کامیاب ہو گیا۔ اے فرزند! فقراً کے ساتھ میں تیری حالت دیکھ رہا تھا کیونکہ اس کا مجھے پہلے سے علم ہو گیا تھا۔" نیز فرمایا: "یہ واقعہ راہ طریقت میں تیرے کامل ہونے کا ذریعہ بن گیا ہے، اب تو جہاں چاہے سفر کر۔" (روض الریاحین)۔

۳۱۲۔ تحقیقات چشتی از نور احمد چشتی۔ صفحہ نسخہ قدیم ۲۵۹۔ صفحہ اشاعت جدید ۲۸۶۔ الفیض، لاہور میں ایک تاریخی واقعہ اس طرح محفوظ ہے:-

اورنگ زیب عالمگیر نے قتل دارا شکوہ سے فراغت پائی تو ایک روز خلفائے حضرت ملا شاہؒ کے ایک فقیر کے پاس آ کر طنزاً کہنے لگا: میاں میر! تمہارے کلاں پیر کا مقولہ تھا کہ دارا شکوہ تخت آرائے سلطنت ہو گا۔ اب اس کی شاہی کہاں گئی؟" یہ سن کر وہ فقیر بولا کہ "ہمارے پیر میاں میر نے یہ بات دارا شکوہ کو نہیں فرمائی تھی کہ تو بادشاہ ہندوستان کا بادشاہ ہو گا بلکہ یہ کہا تھا کہ "تو بادشاہ ہو گا" یعنی بادشاہ ملک باطنی ہو گا، پس اگر تو اس کے حال کو دیکھنا چاہتا ہے تو آنکھیں بند کر لے۔" اورنگ زیب عالمگیر نے جب آنکھیں بند کیں تو کیا دیکھتا ہے کہ جناب سرور دو عالم حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی سواری با تزک و احتشام آتی ہے۔ آپؐ کی دائیں جانب حضرت امام حسنؓ اور بائیں جانب حضرت امام حسینؓ، جناب دارا شکوہ کا ہاتھ حضرت امام حسینؓ کے ہاتھ میں ہے اور بہ تجمل تمام پا رکاب سواری سوار چلا جاتا ہے اور سب حاضرین ہمراہی سواری کہتے ہیں: "دارا شکوہ شہید شاہ بہشت ہوا۔" اور اپنے آپ کو (اورنگ زیب) دیکھتا ہے کہ لب سڑک بہ لباس حلال خوراں (خاکروباں) میلے (غلاضت۔ کچرے) کی ٹوکری سر پر اٹھائے ہوئے کھڑا ہے۔ عالمگیر نے جب یہ حال بچشم باطن دیکھا تو بہت نادم ہوا اور آنکھیں کھول دیں۔ بعد ازاں اس فقیر روشن ضمیر نے فرمایا: "یہ ٹوکری میلے کی جو تو نے سر پر رکھی ہے دنیا کا جاہ و جلال ہے، خدا نے اس بلائے بد سے دارا شکوہ کو بچا لیا اور تو نے اپنی خواہش سے یہ میلے کی ٹوکری اپنے سر پر اٹھائی، دنیا چند روزہ ہے، آخر فنا ہو گا اور دارا شکوہ "شاہ بہشت ہوا،" ہمارے پیر میاں میرؒ نے جو فرمایا سوچ فرمایا۔" (اورنگ زیب عالمگیر نے جو نیک کام کیے وہ دفتر حق میں لکھے ہیں اور جو مظالم ڈھائے وہ بھی مرقوم ہیں)۔

۳۱۳۔ ۲۶ اگست ۱۹۵۷ء کو جہاز جمہوریہ مصر سے واپس کراچی لوٹا، گو تکان بہت تھی لیکن دوسرے دن ہی دفتر میں حاضری دی کیونکہ دفتر سے چھٹیاں بلا تنخواہ ملی تھیں۔ غالباً ۲۸

marfat.com
Marfat.com

اگست کو صبح نعت پڑھنے کے لیے ریڈیو اسٹیشن گیا اور سٹوڈیو نمبر ۴ میں بیٹھ گیا۔ مولانا عبد الجبار صاحب درس کلام پاک دے رہے تھے، جوں ہی ان کا درس ختم ہوا میں نے نعت شروع کی جس کا مطلع یہ ہے:

؎ صد شکر کہ پورا ہوا ارمان مدینہ دل اور سوا ہو گیا قربان مدینہ

میں پڑھ رہا تھا اور خود اپنی آواز اور کیف میں کھویا ہوا تھا کہ یکایک میری نگاہ اٹھی، سامنے شیشے کے بوتھ میں انجینیر کے پاس مولانا عبدالجبار صاحب کھڑے ہوئے مجھے سن رہے تھے، جب میری نعت ختم ہوئی تو مولانا سٹوڈیو کا دروازہ کھول کر روتے ہوئے اندر داخل ہوئے اور مجھ سے لپٹ گئے۔ وہ بھی رو رہے تھے اور میں بھی رو رہا تھا۔ آنے کو تو واپس آ گیا تھا مگر کیف حضوری کی یاد، مدینہ طیبہ کے اُن پر سکون اور بابرکات لمحات کا خیال ہمہ وقت ساتھ تھا۔ اگلے حج اور زیارت کے لیے بے چین تھا لیکن تھا وہی بے مائگی کا سوال۔ ربیع الاول شریف کا چاند ہو گیا تو میلاد النبیؐ کے جلسے شہر میں شروع ہو گئے اور میری مصروفیت کا یہ عالم ہو گیا کہ ایک رات میں آٹھ آٹھ جگہ پڑھنے جانا پڑتا تھا۔ اس کثرت کے باعث سینے پر زور پڑ گیا اور مجھے خون آنا شروع ہو گیا، صاحب فراش ہوا اور انجکشن لگے۔ بحمد اللہ! اچھا ہو گیا لیکن کھانسی زکام اور نزلے نے پیچھا نہ چھوڑا، اضمحلال اور کمزوری بھی بڑھ گئی اور بخار سا رہنے لگا۔ حکماء صاحبان سے رجوع کیا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اسی عالم میں دفتری فرائض بھی پورے کرنا پڑتے تھے۔ بلا تنخواہ چھٹیاں لینے کی سکت مجھ میں نہ تھی۔ دن گزرتے گئے یہاں تک کہ اخبارات میں اعلان ہوا کہ حج کے لیے درخواستیں صرف ۳ مارچ سے ۱۱ مارچ تک لی جائیں گی۔ دل بہت بے چین ہوا لیکن کرتا تو کیا کرتا اللہ اور اس کے حبیبؐ کے سہارے خاموش بیٹھا رہا اس لیے کہ کسی سے سوال کرنا میرے بس کی بات نہ تھی، تیسری تاریخ گزر گئی، چوتھی گزر گئی، یہاں تک کہ دس (۱۰) تاریخیں گزر گئیں۔ ۱۱ مارچ کو حسب معمول دفتر پہنچا تو میں نے اپنے ساتھی میر حامد علی سے کہا:

"میر صاحب! اب کی شاید سرکارؐ کے وہاں کی حاضری مقدر میں نہیں ہے۔"

یکایک ٹیلیفون کی گھنٹی بجی، کرم بالائے کرم ہو گیا، میں نے ریسور اٹھایا اور ایک آواز آئی:

"میں بہزاد صاحب سے بات کرنا چاہتا ہوں۔"

میں نے کہا: "میں بہزاد بول رہا ہوں۔"

آواز آئی: "کیا آپ کی نشستوں کا انتظام ہو گیا؟"

marfat.com
Marfat.com

میں نے کہا: "ابھی تک تو نہیں!"

آواز آئی: "میں...... ہوں (مجھے نام بتانے کی اجازت نہیں) آپ برائے کرم فوراً میرے پاس آجایئے، دو حضرات نے مجھے پانچ سو (۵۰۰) کی رقم آپ کے واسطے بھجوادی ہے اور درخواست کے ساتھ یہ رقم داخل ہونا ضروری ہے لہٰذا آپ عرضی دے دیجئے۔ آگے اللہ مالک ہے۔"

اُس وقت میری جیب میں کل تین روپے تھے۔ میں عالم شوق میں دفتر سے بغیر کہے سُنے باہر نکلا۔ گھڑی دیکھی پونے بارہ کا عمل تھا۔ نیو ٹاؤن سے تین بجے آخری ڈاک سے اگر عرضی نہ گئی تو قرعہ اندازی میں شریک نہ ہونے کا دھڑکا تھا۔ میں نے فوراً موٹر سائیکل رکشا پکڑا اور ان محسن کے گھر روانہ ہو گیا۔ اللہ ان کو خوش رکھے۔ وہ بے حد محبت اور خلوص سے ملے اور میری جانب دو فارم بڑھاتے ہوئے بولے:- "مولانا! یہ فارم جلدی سے بھر دیجیے، جب تک میں چپراسی کے ہاتھ پانچ سو کی رقم ڈاکخانہ بھیج کر رسید منگواتا ہوں تاکہ رسید کے نمبر بھی فارم میں درج کر دیئے جائیں۔" آپ یقین جانیں فارم بھرتے وقت میرا سارا جسم کانپ رہا تھا۔ ان غریب نے اپنے پاس سے سوا چھ روپے منی آرڈر فیس کے چپراسی کو دیئے اور روانہ کر دیا۔ میں فارموں کی خانہ پُری کے بعد چائے پی رہا تھا کہ چپراسی آگیا۔ رسید کے نمبروں کے اندراج کے بعد میں کھڑا ہوا تو انہوں نے چار روپے میری جانب بڑھاتے ہوئے کہا:- "معاف کیجیے گا شاید آپ کے پاس روپے اس وقت نہ ہوں، آپ صدر سے پانچ منٹ والے فوٹو کھنچوا کر ان فارموں کے ساتھ منسلک کر دیجیے اور نیو ٹاؤن پوسٹ آفس تین بجے کے اندر یہ فارم رجسٹری کر دیجیے۔" میں وہاں سے سیدھا موٹر سائیکل رکشا پر صدر آیا۔ جلدی جلدی تصویر کھنچوائی، تصویر ایسی تھی کہ اس کو میری تصویر کہنا زبردستی ہوگی، بہرحال ٹھیک اڑھائی بجے نیو ٹاؤن پہنچ کر میں نے عرضی پوسٹ کر دی۔ عرضی دینے کے ٹھیک پندرہویں دن معلم کا آدمی میرے پاس مبارک باد دینے آیا کہ آپ کا اور آپ کے گھر کا نام قرعہ اندازی میں آگیا ہے۔

میں نے خدا کا شکر ادا کیا لیکن ابھی محض ڈک کے ٹکٹ کے لیے دو ہزار روپیوں کا مسئلہ تھا مگر میں کسی کے آگے ہاتھ پھیلانے کا قائل نہیں ہوں۔ اب آسرا تھا تو انہیں کے کرم کا لہٰذا خاموش بیٹھا رہا۔ کوئی بیس دن کے بعد ایک دوسرے صاحب کا ٹیلیفون دفتر میں آیا:- "بہزاد صاحب! میرے پاس تشریف لا کر اپنی امانت لے جایئے۔"

تفصیل انھوں نے بتائی نہ تھی لہٰذا میں فرصت نکال کر دو دن کے بعد ان کے پاس پہنچا انھوں نے ایک لفافہ نکال کر دیا اور کہا:- "بہزاد صاحب! اس میں ایک ہزار کے نوٹ ہیں۔ دو

marfat.com
Marfat.com

صاحبان کی طرف سے جو اپنا نام ظاہر کرنا نہیں چاہتے، یہ آپ کے حج کے لیے ہیں۔" میں نے ان کا شکریہ ادا کرنا چاہا تو انہوں نے کہا: "مولانا! یہ جن کا کام ہے مجھے انہیں سے اس کا صلہ ملنے دیجیے۔" میں خاموش چل دیا۔ گھر آنے کے بعد جب میں نے اپنی رفیقۂ حیات کو وہ پیکٹ دیا تو انہوں نے کہا:۔ "یہ کہاں سے آئے؟" میں نے ان سے تفصیل کہی تو وہ بولیں:۔ "میاں! آپ مجھ سے تو اس قسم کی باتیں کیجیے نہیں، بھلا یہ کیا بات ہوئی کہ دینے والے کا نام تک آپ کو معلوم نہیں۔" جب میں نے قسم کھائی تو ان کو اعتبار ہوا اور آنکھوں میں شکرانے کے آنسو آ گئے۔ دن گزرتے گئے مگر میری علالت کسی صورت جانے کا نام نہیں لے رہی تھی۔ ایک روز پھر انہی صاحب کا بلاوے کا ٹیلی فون آیا۔ میں فوراً ملنے کے لیے پہنچا اور پھر ایک ہزار روپیوں کا ایک پیکٹ مجھے دو نا معلوم حضرات کی جانب سے دیا گیا۔ اب ڈک کا کرایہ پورا ہو چکا تھا لیکن میں کافی علیل تھا اور مجھے خوف تھا کہ میں ڈک میں سفر نہ کر سکوں گا، لہٰذا میں نے نماز کے بعد معروضہ پیش کیا: "اے سرکارؐ! غلام علیل ہے اور سیکنڈ کلاس سے کم میں حاضری دشوار معلوم ہو رہی ہے"۔ غلام کا کام آقاؐ کے حضور میں معروضہ تھا سو کر لیا۔ اس کے تیسرے ہی دن میرے کرم فرما ڈاکٹر انور وارثی ایک صاحب کو میرے پاس میرے گھر لے کر آئے۔ وہ صاحب خود بھی عازم حج تھے۔ مجھے پانچ سو بیس روپے دے کر بولے:

"میں چاہتا ہوں کہ آپ حج کے سلسلے میں اپنے اخراجات میں یہ رقم بھی شامل کر لیں۔"

میں نے لے لیے حالانکہ ان صاحب سے میرا تعارف اس کے قبل نہیں تھا۔ خدا انہیں خوش رکھے۔ اس کے ایک ہفتے کے بعد ہی میرے پاس پھر انہی صاحب کا ٹیلیفون آیا جن کی معرفت مسلسل روپے مل رہے تھے، انہوں نے مجھے یاد فرما کر پھر پانچ سو روپے کا ایک پیکٹ دیا اور کہا: "بہزاد صاحب! شاید سیکنڈ کلاس کا انتظام ہو رہا ہے۔" میں نے عرض کیا: "جی ہاں! ان کے کرم سے آج پورا ہو گیا۔" اب مجھے اوپر کے اخراجات اور کچھ سامان خریدنے کے لیے روپے کی حاجت تھی۔ میرے بڑے لڑکے انور بہزاد (نیوز ریڈر ریڈیو پاکستان، کراچی) نے مجھے چار سو روپے کا ایک چیک زبردستی دے دیا اور کہا: "اگر آپ انکار کریں گے تو اس کے معنی یہ ہوئے کہ آپ مجھے ثواب سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔" میں نے چیک لے لیا۔ اب معاملہ پورا تھا لہٰذا سامان کی خریداری اور دیگر مصارف میں یہ رقم کام آنا شروع ہو گئی۔ ایک دن حاجی کیمپ میں ٹریولر چیک بنانے کی غرض سے گیا۔ اس دن مجھے پھر ایک پیکٹ ملا جس میں دو سو کی رقم تھی۔ میں حیران تھا کہ یہ دو سو روپے مجھے کیوں ملے ہیں جبکہ میرے پاس اخراجات کے لیے پوری رقم موجود ہے۔ چوتھے دن جس وقت جہاز کا ٹکٹ خریدنے کے لیے

marfat.com

Marfat.com

کھڑکی پر گیا اور میں نے پچھلے سال کے مطابق رقم نکال کر بکنگ کلرک کو دی تو اس نے کہا:
"بہزاد صاحب! اس جہاز کے سیکنڈ کلاس کا کرایہ اور جہازوں سے زیادہ ہے، لہٰذا ابھی دو ٹکٹوں کے لیے ایک سو چالیس روپے اور چاہییں۔" اب مجھے وہی دو سو روپے کی رقم نکالنا پڑی اور کریم کے کرمِ بے پایاں کا حال اس وقت معلوم ہوا۔ ایمپائر آردل میں دو نشستوں کا کیبن نمبر ۲۴۔ڈی میرے نام الاٹ ہو گیا۔ ۴ جون کو جہاز روانہ ہونے والا تھا لہٰذا ۴ جون ۱۹۵۸ء کو روانہ ہو کر اللہ کے فضل و کرم سے حج و زیارت روضہ سرکار دو عالم ﷺ سے سرفراز ہو کر یہ کہتا ہوا واپس آ گیا۔

؎ بہزادِ حزیں صرف مری ایک دعا ہے　　یا رب مرا ہر سال ہو سامانِ مدینہ

فقیر بہزاد لکھنوی ۶۱۔ روہیل کھنڈ ہاؤسنگ سوسائٹی، شہید ملت روڈ، کراچی۔ (جناب شیخ سلیم اختر، لاہور کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے یہ واقعہ فراہم کیا)۔

حضرت بہزاد کی ولادت ۱۸۹۵ء میں لکھنو (یو۔پی، بھارت) میں ہوئی۔ نام سردار حسین اور تخلص چراغ تھا۔ علی گڑھ سے تعلیم مکمل کی۔ عربی، فارسی، انگریزی کے علاوہ ہندی، بنگالی اور فرانسیسی بھی جانتے تھے۔ شعر گوئی کا آغاز نو سال کی عمر میں کیا۔ شیفتہ رسول ﷺ تھے، رشد و ہدایت کے عظیم مرکز خانقاہ نیازیہ بریلی (یوپی۔ بھارت) میں حضرت شاہ محمد تقی میاں عرف عزیز میاں کے دست حق آشنا پر شرف بیعت حاصل کیا، اور خلیفہ مجاز قرار پائے اور دو بار حج اور عمرے کی سعادت سے بہرہ مند ہوئے۔ سرکار دو عالم ﷺ سے بے پناہ محبت کے باعث ہر مرتبہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے غیبی انتظام کر دیا۔ اس کی تفصیل آپ نے اپنے دو مجموعہ ہائے کلام "نغمہ روح" اور "کرم بالائے کرم" میں بیان کی ہے۔ رمضان المبارک ۱۹۷۴ء میں کراچی میں وصال فرمایا اور مولانا احتشام الحق تھانویؒ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ کراچی کے عظیم قبرستان سخی حسن میں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے۔ ہند و پاک کے چوٹی کے شعراء میں آپ کا شمار تھا اور نعت گوئی میں منفرد مقام رکھتے تھے۔ مصنف کتاب ہذا کے ملنے والے تھے۔

؎ مولائی صل و سلم دائماً ابداً　　علی حبیبک خیر الخلق کلھم

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

---☆---

marfat.com
Marfat.com

جناب محمد عبدالمجید صدیقی نے "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" مرتب کر کے ایک نہایت ہی مبارک کام سرانجام دیا ہے۔ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وصال کے فوراً بعد ہی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی یہ جہت نگاہوں کے سامنے آگئی تھی۔ صحابہ کرامؓ، تابعینؒ و تبع تابعینؒ، بعد کے صلحاءؒ، اتقیاءؒ، علماءؒ اور مجاہدینِ اسلامؒ الغرض تمام اہلِ بصیرت پر یہ حقیقت اچھی طرح منکشف ہوتی چلی گئی کہ اب بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی امت کے حالات سے اچھی طرح باخبر ہیں، بڑی شفقت، رہنمائی اور مدد فرماتے اور اپنی زیارت سے بھی مشرف فرمایا کرتے ہیں، لیکن یہ شرف چودھویں صدی ہجری کے اختتام پر جناب عبدالمجید صدیقی کو حاصل ہونا تھا کہ اس حقیقتِ باہرہ سے ہر ایک کو آگاہ کرنے کے لیے محققانہ انداز میں ایک کتاب تصنیف کر دیں تاکہ طلوع ہونے والی پندرھویں صدی ہجری میں مسلمان ہر آن اسے اپنی نگاہوں کے سامنے رکھیں اور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (روحی فداہ) سے محبت و عقیدت کو اپنا سرمایہ حیات سمجھیں۔ یہ مبارک کتاب ہر لائبریری میں موجود ہونی چاہیے اور ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

جناب ڈاکٹر سید محمد عبداللہ

پروفیسر امیریطس، پنجاب یونیورسٹی، لاہور۔

ISBN 969-0-01680-6

9789690016805

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
لاہور راولپنڈی کراچی

Rs. 250.00

سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ

(حصہ ششم)

محمد عبد المجید صدیقی ایڈووکیٹ

سیرت النبی

بعد از

وصال النبی

(حصہ ششم)

محمد عبد المجید صدیقی ایڈووکیٹ

فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ
لاہور راولپنڈی کراچی

marfat.com
Marfat.com

مجلد: 1 01688 0 969

بار اوّل ــــــــــــــــــــ ۲۰۰۱ء

فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ

ہیڈ آفس و شوروم: 60۔ شاہراہ قائداعظم، لاہور۔

راولپنڈی آفس: 277۔ پشاور روڈ، راولپنڈی۔

کراچی آفس: فرسٹ فلور، مہران ہائٹس، مین کلفٹن روڈ، کراچی۔

Muhammad Abdul Majeed Siddique

Seerat-un-Nabi Bad Az Wisal-un-Nabi

(Vol: VI)

محمد عبدالمجید صدیقی

سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ

(حصہ ششم)

2001 © جملہ حقوق فیروز سنز محفوظ ہیں۔

چوتھی اشاعت ــــــــــــــــــــ ۲۰۱۲ء

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔ اس کتاب کا کوئی حصہ فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر نقل کرنے، نشر کرنے یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے، فوٹو کاپی کرنے یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

کتاب کا مواد مصنف کی تحقیق اور آراء پر مبنی ہے۔ ناشر مکمل طور پر غیر جانبدار ہے۔

مطبوعہ فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور۔ باہتمام ظہیر سلام پرنٹر و پبلشر

email:support@ferozsons.com.pk
www.ferozsons.com.pk

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱۔	انتساب	۵
۲۔	وارننگ	۶
۳۔	فہرست منابع و مآخذ	۷
۴۔	فہرست اصحاب خواب	۱۱
۵۔	خواب بالتفصیل ۱ تا ۳۱۳	۱۹ تا ۱۷۱
۶۔	قطعاتِ بے بہا	۱۷۲
۷۔	ایک شاہکار تعزیتی خط	۱۷۵
۸۔	آیئے ڈاڑھی رکھیں	۱۷۶

marfat.com
Marfat.com

انتساب

۱۔ حضرت مولانا معین الدین احمد صدیقی قدس سرہٗ، آگرہ، بھارت۔

۲۔ مصنف کتاب ہذا کے بزرگ والدینؒ، راولپنڈی۔

۳۔ مرضیہ خاتون مرحومہ کے بزرگ والدینؒ، جھانسی، بھارت۔

۴۔ جناب عتیق الہ آبادی، مکہ مکرمہ۔

۵۔ جناب غازی احمد (سابق کرشن لال)، میانی، ضلع چکوال۔

۶۔ جناب مولانا قاری عبدالمالک، راولپنڈی۔

۷۔ جناب حافظ عبدالباسط، راولپنڈی۔

۸۔ جناب افتخار احمد حافظ، راولپنڈی۔

۹۔ بیگم و جناب نصیر احمد صدیقی بدایونی، اسلام آباد۔

۱۰۔ محترمہ صغیرہ بانو شیریں، لاہور۔

۱۱۔ جناب مظہر الدین انصاری، اسلام آباد۔

۱۲۔ جناب ناظم عثمانی، اسلام آباد۔

۱۳۔ جناب میاں غلام قادر، اسلام آباد۔

۱۴۔ جناب چوہدری فتح محمد مرحوم، اسلام آباد۔

۱۵۔ جناب خالد حمید سلمہٗ، جھانسی، بھارت۔

marfat.com
Marfat.com

وارننگ

حضرت رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی کو درمیان میں

لاکر جھوٹے خواب گھڑنے والے اپنے انجام بد سے

ہوشیار رہیں، کیونکہ آپؐ نے ارشاد فرمادیا ہے کہ "سب سے

بڑا جھوٹ یہ ہے کہ آدمی اپنی آنکھوں کو وہ چیز دکھائے جو اُس

نے نہ دیکھی ہو۔" آپؐ ہی نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ "جو کوئی

میری جانب ایسی بات منسوب کرے گا، جو میں نے نہیں

کہی، تو اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔"

marfat.com
Marfat.com

فہرست منابع و مآخذ

الف

۱۔ امداد المشتاق

۲۔ اصح التواریخ

۳۔ اسلامی طب

۴۔ ایک مشرقی کتب خانہ

۵۔ اردو ادب میں سفر نامہ

۶۔ انفاس العارفین

۷۔ اشعۃ اللمعات

۸۔ الطبقات الکبریٰ

۹۔ آب کوثر

۱۰۔ المنتخب

۱۱۔ الہشیمی

۱۲۔ الحاکم

۱۳۔ ابن سعد

۱۴۔ انتباہ خصوصی

۱۵۔ اشاعت خاص "البلاغ" اکرم المواعظ

۱۶۔ اسرار و رموز

۱۷۔ انیس الطالبین

ب

۱۔ بیسویں صدی کا ایک مسلمان ولی

۲۔ بزم اولیأ

۳۔ بخاری شریف

۴۔ بزم رفتگاں (حصہ اول)

۵۔ بھجۃ القلوب

۶۔ بیعت اقبال

ت

۱۔ تذکرۃ الرشید

۲۔ تفسیر روح المعانی

۳۔ تجلیاّت صدیقی

۴۔ تجلیاّت مرشد عالم

۵۔ تجلیاّت قریشی و مالکی و حبیبی

۶۔ تحفۃ الطاہرین

۷۔ تحفۃ الکرام

۸۔ تذکرہ مشاہیر سندھ

۹۔ تذکرہ اولیأ سندھ

۱۰۔ تذکرہ فقیہہ اعظمؒ

۱۱۔ تذکرہ مشائخ نقشبندیہ

۱۲۔ تذکرہ عاشق رسولؐ محمد امینؒ

۱۳۔ تین مہینے دیار حرم میں

۱۴۔ تذکرۃ الخلیل

marfat.com
Marfat.com

١٥۔ توسل بالنبی والولی

١٦۔ تذکرہ توکلیہ

١٧۔ تذکرہ مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ

١٨۔ تجلیات قریشی ومالکیؒ

ج

١۔ جامع الکرامات

٢۔ جنگ ڈائجسٹ

٣۔ جامع صغیر

٤۔ جامع کرامات اولیاؒ (جلد دوم)

چ

١۔ چند تصویر بتاں

٢۔ چراغ معرفت

ح

١۔ حسن تفسیر

٢۔ حیاۃ الصحابہؓ (جلد سوم)

٣۔ حیات امیر شریعت

٤۔ حیات جاوید

٥۔ حیوۃ الحیوان

٦۔ حیات وپیام علامہ اقبال

٧۔ حجۃ الوداع

٨۔ حالات مشائخ نقشبندی

٩۔ حیات جاوداں

١٠۔ حالات مشائخ کاندھلہ

١١۔ حدیقۃ الاولیاؒ

١٢۔ حیات عبدالحیؒ

١٣۔ حاجی امداد اللہؒ اور ان کے خلفاؒ

خ

١۔ خوشبو کا سفر

٢۔ خطبہ جمعہ مع اردو ترجمہ

٣۔ خصائص حبیب الرحمٰن

٤۔ خواجہ حسن نظامی کی آپ بیتی

د

١۔ درس قرآن

٢۔ دار الثمین

٣۔ درۃ الناصحین

ڈ

١۔ ڈاڑھی کا وجوب

٢۔ ڈاڑھی کی شرعی حیثیت

ذ

١۔ ذکر واعتکاف کی اہمیت

ر

١۔ روض الریاحین

٢۔ روضۃ الحبیب

٣۔ روزنامہ "جنگ"

marfat.com
Marfat.com

۴۔ روزنامہ "نوائے وقت"

۵۔ رسالہ شریعت وطریقت

ز

۱۔ زیارات مقدسہ

س

۱۔ سبع سنابل

۲۔ سیرت یعقوب ومملوک

۳۔ سیرت رسول عربیؐ

۴۔ سیارہ ڈائجسٹ (معجزات نمبر)

۵۔ سوانح مولانا روم

۶۔ مسموعات امہودی

۷۔ سفرنامہ حجاز

۸۔ سعادۃ الدارین

۹۔ سیرت فخر العارفینؒ

۱۰۔ سید جان محمد حضوریؒ

۱۱۔ سوانح حیات شاہ محمد غوثؒ

۱۲۔ سکینۃ الاولیأ

۱۳۔ سکینۃ العارفین

۱۴۔ سیرت اقبالؒ

ش

۱۔ شاہ ولی اللہ اور ان کا خاندان

۲۔ شاہ ولی اللہ کے سیاسی مکتوبات

۳۔ شواہد النبوۃ

۴۔ شواہد الحق

۵۔ شمائل ترمذی

ط

۱۔ طبقات الاطبا

ف

۱۔ فتوحات مکیہ

۲۔ فیوض الحرمین

۳۔ فیملی میگزین

ق

۱۔ قطب الارشاد فقیر اللہؒ

ک

۱۔ کتاب الحسنات

۲۔ کرامات اولیأ اللہ

۳۔ کنز العمال

۴۔ کیمیائے سعادت

۵۔ کہکشاں

۶۔ کاشف الاستار

۷۔ کرامات اہل حدیث

ل

۱۔ لمحات من نفحات القدس

۲۔ لوائح الانوار القدسیہ

marfat.com
Marfat.com

م

۱۔ مسلمانوں کے لئے ایک انتباہ

۲۔ مناقب الحسن و فواتح العرفان

۳۔ ماہنامہ "حکایت"

۴۔ مرصاد العباد

۵۔ مشائخ نقشبندیہ مجددیہ

۶۔ محبتیں (حصہ دوم)

۷۔ معدن الحقائق

۸۔ منتخب النفائس

۹۔ معارف مثنوی

۱۰۔ مقامات خیر

۱۱۔ من الظلمات الی النور

۱۲۔ مدارج النبوت

۱۳۔ مسلم شریف

۱۴۔ مشکوۃ شریف

۱۵۔ مون ڈائجسٹ

۱۶۔ ملفوظات حسن العزیز

۱۷۔ محدث اعظم پاکستان

۱۸۔ ماثر الکرام

۱۹۔ ماہنامہ "الرشید"، لاہور۔

۲۰۔ ماہنامہ "رضائے مصطفےٰ"، گوجرانوالہ۔

۲۱۔ ماہنامہ "البلاغ"، کراچی۔

۲۲۔ ماہنامہ "بینات"، کراچی۔

۲۳۔ ماہنامہ "السعید"

۲۴۔ مولانا شمس الدین شہید کے حالات

۲۵۔ معرفت الٰہیہ

ن

۱۔ نامہ اعمال

۲۔ نزہۃ المجالس

۳۔ نقش دوام

۴۔ نغمہ روح

۵۔ نہایہ شرح ہدایہ

و

۱۔ واعظ

۲۔ وفاء الوفا

۳۔ وصل حبیبؐ

ھ

۱۔ ہفت روزہ "خدام الدین"، لاہور۔

ی

۱۔ یوسف ظفر کی بات

(کل کتابیں ۱۴۵ سے زیادہ)

marfat.com
Marfat.com

فہرست اصحاب خواب

۱۔ مولانا محمد مظفر حسین کاندھلویؒ
۲۔ حاجی حافظ محدث محمد سلیمان خانؒ
۳۔ ایک مزدور
۴۔ ایک بزرگ
۵۔ والدہ فاطمہؒ
۶۔ حمزہ زیاتؒ
۷۔ احمد بن علیؒ
۸۔ سیدی محمد بن سعید بصریؒ
۹۔ شریف مکثر قاسمیؒ
۱۰۔ ایک نیک دل شخص
۱۱۔ ابو عبداللہ سالمؒ
۱۲۔ حضرت شیخ موسیٰ زولیؒ
۱۳۔ ایک خوبصورت شیخ
۱۴۔ عبدالرحمٰن جزولیؒ
۱۵۔ علامہ سمہودیؒ
۱۶۔ مولانا نظام الدین خاموشؒ
۱۷۔ شیخ بدیع الدین سہارنپوریؒ
۱۸۔ قطب الارشاد فقیر اللہؒ
۱۹۔ ایضاً
۲۰۔ حضرت شیخ محمد طاہر لاہوریؒ
۲۱۔ حضرت صوفی برکت علی لدھیانویؒ
۲۲۔ میاں علاؤالدین
۲۳۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ
۲۴۔ حضرت سالم بن عبداللہؓ
۲۵۔ مولانا مفتی زین العابدین
۲۶۔ علاؤالدین محمد بن خوارزم
۲۷۔ شیخ ابوالوفاؒ
۲۸۔ بابو شاہ
۲۹۔ ایک نوجوان
۳۰۔ محمد عتیق
۳۱۔ ایک شخص کی والدہ
۳۲۔ یوسف ظفر
۳۳۔ یوسف ظفر کی سالی
۳۴۔ شاہد
۳۵۔ شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ
۳۶۔ ایضاً
۳۷۔ ایضاً
۳۸۔ ایضاً
۳۹۔ حضرت شہیدیؒ
۴۰۔ حافظ عبدالرحمٰن ثانیؒ

marfat.com
Marfat.com

۴۱۔ الشیخ علی عبدالرحمٰن الحذیفی
۴۲۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ
۴۳۔ حافظ حبیب اللہ مہاجر مکی و مدنیؒ
۴۴۔ کرنل افتخار الدین نظر
۴۵۔ بیگم کرنل افتخار الدین نظر
۴۶۔ جناب عنصر صابری
۴۷۔ شیخ الحدیث محمد سردار احمدؒ
۴۸۔ ایضاً
۴۹۔ صوفی محمد اسحاق
۵۰۔ ابوالحسن علی الباغوزائیؒ
۵۱۔ ایک دوست
۵۲۔ ایک جاٹ زمیندار
۵۳۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد اسلم
۵۴۔ شیخ الحدیث محمد سردار احمدؒ
۵۵۔ جمیلہ (سابق روبینہ کنول)
۵۶۔ عبداللہ بن الورد
۵۷۔ شیخ محمد عالم صدیقی علویؒ
۵۸۔ شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ
۵۹۔ حاجی محمد امینؒ
۶۰۔ ھڈے صاحب (حضرت نجم الدین)
۶۱۔ رحمت گل
۶۲۔ ایک خادم
۶۳۔ حاجی محمد امینؒ
۶۴۔ محمد عمران
۶۵۔ مولانا عبدالرؤف
۶۶۔ ایک شخص
۶۷۔ مولوی رفیع الدین فاروقیؒ
۶۸۔ حضرت خواجہ حسن نظامیؒ
۶۹۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ
۷۰۔ حمیدہ بیگم
۷۱۔ محمد یوسف
۷۲۔ عبدالرؤف شیخ
۷۳۔ ایک مرید
۷۴۔ حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ
۷۵۔ ایک شخص
۷۶۔ ایک صاحب
۷۷۔ ایک شاگرد
۷۸۔ ایضاً
۷۹۔ ابراہیم بن شیبانؒ
۸۰۔ ایک نوجوان
۸۱۔ علامہ سید سلیمان ندویؒ
۸۲۔ شاہ عبدالرحیمؒ
۸۳۔ جناب غازی احمد
۸۴۔ ثناءاللہ

marfat.com
Marfat.com

۸۵۔ حافظ ڈاکٹر محمد ایوب
۸۶۔ شیخ نور محمد اناریؒ
۸۷۔ محمد بن ابی حاتم بخاریؒ
۸۸۔ محمد بن یوسف فربزیؒ
۸۹۔ ابوزید مروزیؒ
۹۰۔ سید مظفر حسین شاہ
۹۱۔ ایضاً
۹۲۔ حافظ عبدالباسط
۹۳۔ ایضاً
۹۴۔ فقیہہ اعظم محمد شریفؒ
۹۵۔ ایک بزرگ
۹۶۔ زین العابدین بن السنادیلیؒ
۹۷۔ ابو محمد سبا بن سلیمانؒ
۹۸۔ سعدالدین الجباویؒ
۹۹۔ محمد اکرم
۱۰۰۔ شیخ ابو محمد طلحہؒ
۱۰۱۔ ایک صالح مرد
۱۰۲۔ حضرت ابوالقاسم عبدالرحمٰن
۱۰۳۔ حضرت عبدالرحمٰن بن علی الخیاریؒ
۱۰۴۔ حضرت عبدالرحمٰن اسقاف باعلویؒ
۱۰۵۔ حضرت ابو محمد عبدالرحمٰنؒ
۱۰۶۔ شیخ اسمٰعیل نبہانیؒ
۱۰۷۔ حضرت سلیم المسوتی الدمشقیؒ
۱۰۸۔ حضرت زین العابدینؒ
۱۰۹۔ حضرت قاضی شہاب الدینؒ
۱۱۰۔ حضرت الشیخ خلیفہ بن موسیٰؒ
۱۱۱۔ ایضاً
۱۱۲۔ ایضاً
۱۱۳۔ حضرت السّید حاتمؒ
۱۱۴۔ حضرت ابو محمد الحسن بن عمر الحمیریؒ
۱۱۵۔ حضرت ابو محمد الحسنؒ
۱۱۶۔ کاشف غنیمؒ
۱۱۷۔ حضرت جنید بغدادیؒ
۱۱۸۔ حضرت بیر الیاس اماسیؒ
۱۱۹۔ حضرت شیخ ایوب بن احمد خلوتیؒ
۱۲۰۔ ایضاً
۱۲۱۔ ماسٹر مقصود احمد
۱۲۲۔ شیخ محمد عامر
۱۲۳۔ ریاض علی شاہ
۱۲۴۔ حاجی محمد احمد
۱۲۵۔ بادشاہ
۱۲۶۔ ایضاً
۱۲۷۔ ایضاً
۱۲۸۔ بہت سے لوگ

marfat.com
Marfat.com

۱۲۹۔ شیخ ابراہیم رشیدؒ
۱۳۰۔ بہت سے علماً
۱۳۱۔ سیدنا احمد بن ادریسؒ
۱۳۲۔ ایضاً
۱۳۳۔ حضرت احمد بن حسنؒ
۱۳۴۔ ایک نیک شخص
۱۳۵۔ حضرت فقیہہ اسمٰعیلؒ
۱۳۶۔ ایضاً
۱۳۷۔ سخی سلطان بابا منگھو پیرؒ
۱۳۸۔ عبداللہ شاہ ٹھٹھویؒ
۱۳۹۔ علامہ عبدالغفور ہمایونیؒ
۱۴۰۔ حضرت مخدوم محمد امامؒ
۱۴۱۔ علامہ محمد ہاشم ٹھٹھویؒ
۱۴۲۔ سید شاہ یقیق بخاریؒ
۱۴۳۔ میاں محمد کاملؒ
۱۴۴۔ دھیو درویشؒ
۱۴۵۔ ڈاکٹر شعیب
۱۴۶۔ ایک افریقی رئیس
۱۴۷۔ والدہ ریاض
۱۴۸۔ سید غلام جیلانی
۱۴۹۔ حافظ غلام حبیب نقشبندیؒ
۱۵۰۔ مولانا محمد اکبر شاہ
۱۵۱۔ حافظ غلام حبیب نقشبندیؒ
۱۵۲۔ ایضاً
۱۵۳۔ خواجہ محمد عبدالمالک صدیقیؒ
۱۵۴۔ ایضاً
۱۵۵۔ ایضاً
۱۵۶۔ ایضاً
۱۵۷۔ ایضاً
۱۵۸۔ ایضاً
۱۵۹۔ ایضاً
۱۶۰۔ ایضاً
۱۶۱۔ ایضاً
۱۶۲۔ ایضاً
۱۶۳۔ ایضاً
۱۶۴۔ عمر رسیدہ ناخواندہ خاتون
۱۶۵۔ حضرت عبداللہؒ
۱۶۶۔ حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ
۱۶۷۔ منزہ صادق
۱۶۸۔ حضرت احمد بن عمر انصاریؒ
۱۶۹۔ حضرت ابو بکر المعروف دولہ
۱۷۰۔ ایک نیک بخت
۱۷۱۔ ایک مرید
۱۷۲۔ محمد رضا خان

marfat.com
Marfat.com

۱۷۳۔ حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ
۱۷۴۔ مولانا رشید احمد گنگوھیؒ
۱۷۵۔ امیر قطب الدین محمد مدنیؒ
۱۷۶۔ ایک مخلص
۱۷۷۔ لوگ
۱۷۸۔ مولانا شفیع الدین نگینویؒ
۱۷۹۔ ایک صاحب
۱۸۰۔ محمد بوٹا
۱۸۱۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ
۱۸۲۔ جناب عبد الحفیظ
۱۸۳۔ مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ
۱۸۴۔ ایضاً
۱۸۵۔ ایک متمول اور دین دار شخص
۱۸۶۔ والد حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ
۱۸۷۔ انور الحسن
۱۸۸۔ حضرت شاہ کلیم اللہ چشتیؒ
۱۸۹۔ مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ
۱۹۰۔ مولانا خلیل احمد ثم مدنیؒ
۱۹۱۔ ایضاً
۱۹۲۔ مولوی انوار احمد
۱۹۳۔ حافظ مختار احمد
۱۹۴۔ مولانا محمد عاشق الٰہی میرٹھیؒ
۱۹۵۔ شیخ سعید تکرونی مدنیؒ
۱۹۶۔ محمد عبد الحیٔ اسلام آبادیؒ
۱۹۷۔ میاں محمد حسین غازی پوری
۱۹۸۔ ایک طالب علم
۱۹۹۔ ڈپٹی فیض اللہ خان
۲۰۰۔ ایک مرید
۲۰۱۔ مولوی فضل الرحمٰن
۲۰۲۔ ایک پیر بھائی
۲۰۳۔ خواجہ عبد القدیر بناری
۲۰۴۔ محمد زکی کیفی
۲۰۵۔ حضرت مفتی محمد شفیعؒ
۲۰۶۔ مولانا عبد الاحد
۲۰۷۔ مولانا مجد الدین
۲۰۸۔ حافظ عبد الولی
۲۰۹۔ ایک شخص
۲۱۰۔ حضرت یزید فارسیؒ
۲۱۱۔ سید جان محمد حضوریؒ
۲۱۲۔ ایک بزرگ
۲۱۳۔ حضرت میاں میرؒ
۲۱۴۔ سخی احمد یار عباسیؒ
۲۱۵۔ ایضاً
۲۱۶۔ خواجہ محمد جیون عباسیؒ

marfat.com
Marfat.com

۲۱۷۔ خواجہ محمد عمر عباسیؒ
۲۱۸۔ خواجہ محمد عبداللہ عباسیؒ
۲۱۹۔ محترمہ بیگم بی بیؒ
۲۲۰۔ خواجہ محمد کریم اللہ عباسیؒ
۲۲۱۔ خواجہ محمد بشیر عباسیؒ
۲۲۲۔ نواب بی بی
۲۲۳۔ پروفیسر محمد عبداللہ
۲۲۴۔ شیخ محمد عابد سامیؒ
۲۲۵۔ میر محمد نعمانؒ
۲۲۶۔ سید احمد کرویؒ
۲۲۷۔ شیخ احمد غزالی
۲۲۸۔ حضرت خواجہ محمد معصومؒ
۲۲۹۔ حضرت شاہ غلام علیؒ
۲۳۰۔ حاجی حافظ محمودؒ
۲۳۱۔ سائیں توکل شاہؒ
۲۳۲۔ سید ظہور الدین الھجوی
۲۳۳۔ سائیں توکل شاہؒ
۲۳۴۔ ایضاً
۲۳۵۔ ایضاً
۲۳۶۔ ایضاً
۲۳۷۔ حافظ خیر الدین پنجابی
۲۳۸۔ سائیں توکل شاہؒ
۲۳۹۔ ایضاً
۲۴۰۔ شیخ احمد زواریؒ
۲۴۱۔ ایک بزرگ
۲۴۲۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ
۲۴۳۔ مولانا عبدالحفیظ
۲۴۴۔ مولانا خدا بخش
۲۴۵۔ الحاج سلمان افریقی
۲۴۶۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ
۲۴۷۔ ایضاً
۲۴۸۔ ایک بزرگ
۲۴۹۔ ایضاً
۲۵۰۔ مولانا عبدالحفیظ
۲۵۱۔ ایک بزرگ
۲۵۲۔ ایضاً
۲۵۳۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ
۲۵۴۔ ایک بزرگ
۲۵۵۔ ایضاً
۲۵۶۔ ایضاً
۲۵۷۔ ایضاً
۲۵۸۔ ایضاً
۲۵۹۔ ایضاً
۲۶۰۔ مولانا عبدالحفیظ

marfat.com
Marfat.com

۲۶۱۔ ایضاً
۲۶۲۔ مولانا عبدالحفیظ
۲۶۳۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ
۲۶۴۔ ایک بزرگ
۲۶۵۔ ایضاً
۲۶۶۔ ایضاً
۲۶۷۔ ایضاً
۲۶۸۔ ایضاً
۲۶۹۔ مولانا عبدالحفیظ
۲۷۰۔ ایضاً
۲۷۱۔ ایضاً
۲۷۲۔ ایضاً
۲۷۳۔ ایضاً
۲۷۴۔ ایک بزرگ
۲۷۵۔ ایضاً
۲۷۶۔ ایضاً
۲۷۷۔ مولانا عبدالحفیظ
۲۷۸۔ ایک بزرگ
۲۷۹۔ ایضاً
۲۸۰۔ ایضاً
۲۸۱۔ ایضاً
۲۸۲۔ مولانا عبدالحفیظ
۲۸۳۔ ایک بزرگ
۲۸۴۔ ایضاً
۲۸۵۔ ایضاً
۲۸۶۔ شیخ الحدیث مولانا محمد زکریاؒ
۲۸۷۔ ایک ہمہ وقت کارکن
۲۸۸۔ علامہ یوسف نبہانی کے دوست
۲۸۹۔ مولانا عبداللہ غزنویؒ
۲۹۰۔ سید شاہ اللہ یارؒ
۲۹۱۔ سید حسن رسول نماؒ
۲۹۲۔ ایضاً
۲۹۳۔ حضرت شاہ حسینؒ
۲۹۴۔ جناب اختر علی
۲۹۵۔ عظیم ملک
۲۹۶۔ حکیم حنیف اللہ
۲۹۷۔ حکیم عطاء اللہ
۲۹۸۔ مولانا محمد احمدؒ
۲۹۹۔ ایک کم سن لڑکی
۳۰۰۔ زاہد محمود سلطان
۳۰۱۔ ایک نمازی نوجوان
۳۰۲۔ ایک بزرگ
۳۰۳۔ ایک بڑے میاں
۳۰۴۔ مولوی محمد قاسمؒ

marfat.com
Marfat.com

۳۰۵۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۳۰۶۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۳۰۷۔ ایضاً
۳۰۸۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۳۰۹۔ محمد ادریس
۳۱۰۔ ہندوؤں کی کتب میں پیشین گوئیاں
۳۱۱۔ ڈاکٹر نصیر احمد ناصرؒ
۳۱۲۔ سندھی زمیندار
۳۱۳۔ سید محمد بغدادی حیدر آبادیؒ

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۔ حضرت مولانا محمد مظفر حسین کاندھلویؒ ایک مرتبہ کسی گاؤں کی ویران مسجد میں ٹھہرے۔ مغرب سے تھوڑی دیر بعد ایک غریب آدمی آیا اور جلدی جلدی نماز مغرب پڑھ کر گھر چلا گیا اور تین روٹیاں بغیر سالن یا دال کے، لاکر مولانا کو دیں۔ مولانا انہیں تناول فرما کر سو گئے۔ رات کو انہیں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی اور عجیب و غریب انوارات و برکات ظاہر ہوئیں، لہٰذا اگلے دن پھر وہیں ٹھہر گئے۔ دن بھر کوئی نہ آیا البتہ مغرب کے بعد وہی شخص آیا اور آپ کو بیٹھا دیکھ کر دو روکھی روٹیاں لا کر دے دیں۔ اس رات بھی مولانا حضرت رسالت مآب ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور اگلے دن پھر ٹھہرے رہے کہ مغرب کے بعد وہی شخص آیا اور آپ کو دیکھ کر گھر سے ایک روٹی لایا اور کہا: بھائی مسافر! اب جاؤ، کل تک یہاں نہ ٹھہرنا۔ حضرت مولانا نے فرمایا: میرے یہاں ٹھہرنے کی وجہ یہ ہے کہ میں تمہاری روٹی میں عجیب لذت و حلاوت محسوس کرتا ہوں اور عجیب و غریب انوارات و برکات کا مشاہدہ کر رہا ہوں، تم حقیقت حال بتاؤ تب جاؤں گا۔

یہ سن کر اس شخص نے کہا کہ میں بہت غریب آدمی ہوں، دن بھر محنت کر کے جو پیسے ملتے ہیں ان سے تھوڑا آٹا لے آتا ہوں، جس سے تین روٹیاں پکتی ہیں، ایک میری، دوسری بیوی کی اور تیسری بچے کی۔ پہلے دن تو ہم تینوں نے فاقہ کیا اور تینوں روٹیاں تمہیں لا دیں، دوسرے دن بچے کی حالت نہ دیکھی گئی، اس لیے ایک روٹی اسے دے دی اور دو تمہیں لا دیں، آج بھوک کی وجہ سے بیوی بے تاب تھی، لہٰذا اس کی روٹی اسے دے دی اور اپنا حصہ لے آیا، اب کل مجھ میں بھی فاقہ کرنے کی طاقت نہیں اسی لئے مجبوراً تمہیں کہنا پڑا۔ یہ سن کر حضرت مولانا نے فرمایا: سچ ہے یہ اسی اکل حلال اور ایثار کے اثرات، ثمرات اور برکات ہیں (حالات مشائخ کاندھلہ از مولانا محمد احتشام الحسن کاندھلویؒ صفحہ ۳۸ تا ۳۹)۔

حضرت مولانا محمد مظفر حسین کاندھلویؒ ۱۲۲۰ھ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم حضرت مفتی الٰہی بخشؒ سے حاصل کی، جبکہ ظاہری و باطنی تعلیم دہلی میں شاہ محمد اسحٰقؒ نے پوری فرمائی، جو حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کے نواسے اور شاگرد رشید تھے۔ شاہ محمد اسحٰقؒ اپنے چھوٹے بھائی شاہ محمد یعقوبؒ کے ہمراہ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی سے پہلے ہی مکہ مکرمہ جا کر آباد ہو گئے تھے۔ حضرت مولانا محمد مظفر حسینؒ کا شاہ محمد یعقوبؒ سے بھی گہرا تعلق تھا اور آپ ان ہی کے مرید تھے۔ علم طریقت، انوار معرفت اور اسرار حکمت اپنے عم بزرگان حضرت مفتی

marfat.com
Marfat.com

الٰہی بخشؒ اور حضرت مولانا شاہ کمال الدینؒ سے بھی حاصل کیے، علاوہ ازیں آپ ان ہی دونوں بزرگوں کے خلیفہ اور جانشین سمجھے جاتے تھے۔ حضرت شاہ محمد یعقوب مہاجر مکیؒ فرماتے تھے کہ جس شخص کو وضع، لباس اور صورت وسیرت صحابۂ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اپنی آنکھوں کو منور کرنا ہو، وہ مولوی مظفر حسین کو دیکھ لے (منقول از اوراق مولانا محمد سلیمان)۔ آپ طبعاً انتہائی سادہ اور بے تکلف تھے، ایک گاڑھے کا کرتہ، ایک پاجامہ، ایک نیلی لنگی آپ کا لباس اور کل اثاثہ تھی، نہایت منکسر المزاج تھے، ہر کام خود کیا کرتے تھے، اشراق پڑھ کر مسجد سے نکلتے، عزیز واقارب کے جو جو گھر تھے وہاں تشریف لے جاتے اور اگر بازار سے کسی کو کچھ منگوانا ہوتا تو لا دیتے تھے، کبھی مشتبہ مال نہ کھاتے تھے اور اگر غلطی سے کھا لیتے تو فوراً قے ہو جاتی تھی، دعوت عام میں تشریف نہ لے جاتے تھے، البتہ غریبوں کی دعوت شوق سے قبول فرماتے۔ یہ آپ کی خاص کرامت اور برکت تھی کہ جو بھی آپ کا مرید ہو گیا پھر اس کی نماز تہجد کبھی قضا نہ ہوئی۔ اُس دور میں بیوہ کا نکاح بہت معیوب سمجھا جاتا تھا۔ آپ کو فکر ہوئی کہ اس رسم کو ختم کرنا چاہیے، لہٰذا ایک بیوہ سے خود نکاح کر کے اس رسم بد پر کاری ضرب لگائی اور پھر بیواؤں کا نکاح ہونے لگا۔ آپ نے سات حج پیدل کیے، آخری حج کے موقع پر مکہ مکرمہ میں اسہال کا مرض لاحق ہوا تو آپ نے حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ سے فرمایا کہ میرا جی چاہتا تھا کہ مدینہ منورہ میں موت آئے، لیکن بظاہر میری موت کا وقت قریب آگیا ہے۔ حاجی صاحبؒ نے مراقبے کے بعد فرمایا کہ آپ مدینہ منورہ پہنچ جائیں گے اور واقعی کچھ دن بعد تندرست ہو کر مدینہ منورہ کے لیے روانہ ہو گئے۔ ابھی ایک منزل باقی تھی کہ بیمار ہو گئے اور ۱۰ محرم ۱۲۸۳ھ بمطابق ۲۵ مئی ۱۸۶۶ء بروز جمعہ انتقال فرمایا اور جنت البقیع میں نزد قبر مبارک حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدفون ہوئے۔ کرتہ، پاجامہ، لنگی، لوٹا اور مشکیزہ یہ کل سامان چھوڑا (حالات مشائخ کاندھلہ۔ صفحہ ۲۷ تا ۴۵ سے ماخوذ)۔

۲۔ ۱۱ نومبر ۱۹۴۴ء کو تار ملا کہ میرے والد صاحب قبلہ حاجی حافظ محدث محمد سلیمان خان صاحب نے ۷۸ سال ۸ ماہ کی عمر میں آج ایک بجے دوپہر، جس وقت نماز کی نیت باندھ رہے تھے کہ حرکت قلب بند ہو جانے سے اس دار فانی سے کوچ کیا، مجھے سخت صدمہ پہنچا کیونکہ مرحوم کو مجھ سے بچپن سے ہی بہت محبت تھی اور جب مجھے ملتے تھے ہمیشہ دعا دیتے تھے۔ زندگی کے ساڑھے بارہ سال صرف دین کی خدمت میں مشغول رہے اور صحاح ستہ اور امام مالکؒ کی کتاب موطا سے ہر مضمون کی احادیث کو یکجا کر کے اپنے خرچ پر چار ہزار جلدیں چھپوائیں۔ روزانہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی بشارت ہوتی تھی اور آپؐ نے اپنی زبان مبارک سے بعض

marfat.com
Marfat.com

احادیث کو صحیح کرایا اور غلط حصہ خارج کرایا۔ ان تصحیح شدہ احادیث کو علیحدہ ایک جلد میں اپنے یہاں کاتب ملازم رکھ کر اور چھاپہ خانہ خرید کر طبع کرایا اور مفت تقسیم کیں، بلکہ ہدایت کر دی کہ بعد میں بھی دنیا بھر میں مفت تقسیم ہوں۔ اس بارہ سال کے زمانے میں رات دن، گرمی اور جاڑے سے متاثر ہوئے بغیر صرف احادیث کا کام کرتے رہے اور اپنی ریاست کا کوئی کام نہ کرتے تھے، جس میں مارہرہ ضلع ایٹہ کے دیہات، قصبہ کی ارضیات، باغات، مکانات، دکانات، ضلع بلند شہر کے دیہات اور میرٹھ کی جائیداد شامل تھی۔ عالموں سے اور موجودہ علوم جاننے والوں سے صرف گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ ملاقات کرتے تھے، اب مرحوم کے انتقال سے مجھ پر ریاست سنبھالنے کا بوجھ آ پڑا ہے، اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے (آمین)۔ اس خبر کے بعد کئی دن تک میں اسمبلی نہیں گیا (محمد یامین خان کی سوانح حیات ''نامہ اعمال''، جلد دوم، صفحہ ۲۷۸ تا ۲۷۹۔ آئینہ ادب، لاہور۔ آپ کا تعلق میرٹھ (یوپی، بھارت) سے تھا، مسلم لیگ کے مشہور لیڈر تھے اور آپ کا شمار پاکستان بنانے والوں میں ہوتا ہے)۔

(میں اس حوالے کے لئے جناب ندیم شفیق ملک کا ممنون ہوں)۔

۳۔ ایک مرد صالح روایت کرتے ہیں کہ میں ایک مسجد میں نماز ادا کرنے گیا تو وہاں ایک عابد اور ایک تاجر پہلے سے موجود تھے۔ عابد دعا کر رہا تھا: ''بار الٰہی! میں آج ایسا ایسا کھانا اور اس قسم کا حلوہ کھانا چاہتا ہوں۔'' تاجر نے سنا تو کہا: ''اگر یہ مجھ سے کہتا تو میں اسے ضرور کھلاتا، مگر یہ تو بہانہ سازی کر رہا ہے اور مجھے سنا کر اللہ سے دعا کر رہا ہے، تاکہ میں سن کر اسے کھلاؤں، بخدا! میں تو اسے نہیں کھلاؤں گا۔'' عابد دعا سے فارغ ہو کر مسجد کے ایک گوشے میں سو گیا، تھوڑی دیر بعد ایک شخص سر پوش ڈھکا ہوا ایک خوان لئے آیا، جس میں وہ تمام کھانے تھے جن کے لیے عابد نے دعا کی تھی۔ اس نے عابد کو جگا کر وہ کھانے اسے پیش کیے تو اس نے کھانے کے بعد باقی بچا ہوا کھانا واپس کر دیا۔ یہ دیکھ کر تاجر نے لانے والے کو اللہ کا واسطہ دے کر پوچھا کہ کیا تم عابد کو پہلے سے جانتے ہو؟ اس نے جواب دیا: ''بخدا! میں ہرگز نہیں جانتا، میں تو ایک مزدور ہوں، میری بیوی اور بیٹی ایک سال سے ان کھانوں کی خواہش رکھتی تھیں، مگر مہیا نہیں ہو پاتے تھے، آج مزدوری میں مجھے ایک مثقال سونا ملا، جس سے میں نے گوشت وغیرہ خریدا، جب بیوی کھانا پکانے لگی تو میری آنکھ لگ گئی۔ خواب میں میں نے حضور اقدس ﷺ کو دیکھا۔ آپؐ نے فرمایا: ''آج تمہارے علاقے میں ایک ولی آیا ہوا ہے، اس کا قیام مسجد میں ہے، جو کھانے تم نے اپنے بال بچوں کے لیے تیار کرائے ہیں ان کا اسے بھی شوق ہے، انہیں اس کے پاس لے جاؤ، وہ اپنی اشتہا کے مطابق کھا کر واپس کر دے گا، بقیہ میں اللہ تعالیٰ برکت عطا فرمائے

marfat.com
Marfat.com

گا اور میں تیرے لیے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔" خواب سے بیدار ہو کر میں نے حکم کی تعمیل کی۔

تاجر نے کہا: میں نے اس شخص کو اللہ تعالیٰ سے ان ہی کھانوں کے لیے دعا کرتے سنا تھا، تو نے ان کھانوں پر کتنا خرچ کیا؟ مزدور نے کہا: ایک مثقال سونا۔ تاجر نے کہا: کیا یہ ہو سکتا ہے کہ تو مجھ سے دس مثقال سونا قبول کر کے اپنے اس عمل خیر میں مجھے ایک قیراط کا حصہ دار بنا لے؟ مزدور نے کہا: یہ ناممکن ہے۔ تاجر نے کہا: اچھا بیس مثقال سونا لے لے، مگر مزدور انکار کرتا رہا حتیٰ کہ تاجر سو مثقال تک پہنچ گیا۔ اس وقت مزدور نے کہا "واللہ! جس شے کی ضمانت حضرت رسول اللہ ﷺ نے دی ہے، اگر تو اس کے بدلے دنیا کی تمام دولت بھی مجھے دیدے، تب بھی میں اسے فروخت نہیں کرونگا۔" تاجر اپنی غفلت پر نہایت نادم و پریشان ہو کر مسجد سے نکل گیا، جیسے اس نے اپنی کوئی متاع گراں بہا گم کر دی ہو (روض الریاحین فی حکایات الصالحین از امام عبداللہ بن اسعد یافعیؒ۔ اردو ترجمہ "بزم اولیاء" از مولانا بدر القادری صفحہ ۳۶۴ تا ۳۶۵)۔

۴۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ میں حضور انور ﷺ کی قبر مبارک کے پاس سویا ہوا تھا کہ میں نے دیکھا کہ آپؐ اپنے دونوں صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ہمراہ باہر نکلے اور کاغذ مانگا، پھر اس پر عربی میں تحریر فرمایا (جس کا ترجمہ یہ ہے):- اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ محمد رسول اللہ کی طرف سے اللہ تعالیٰ کی طرف۔ میں نے جو لکھا ہے اسے تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے، بے شک میری امت نے تیری کتاب پڑھی اور تیرے نام کا ذکر کیا اور میری قبر کی زیارت کی، انہیں یہی امید ہے کہ تو انہیں بخش دے گا۔ یا اللہ! تو انہیں بخش دے۔

پھر وہ کاغذ اڑ کر چلا گیا۔ ہم اسی حالت میں تھے کہ ایک اور کاغذ آیا، جس میں اسے اس طرح قبول کیا گیا تھا۔ (ترجمہ) اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اللہ کی طرف سے جو غالب اور حکمت والا ہے، محمد (ﷺ) کی طرف جو میرا بندہ اور رسول ہے۔ تو نے میری طرف لکھا، بے شک میں اسے تجھ سے زیادہ جانتا ہوں۔ بے شک تیری امت نے میری کتاب پڑھی، میرے نام کو یاد کیا اور تیری قبر کی زیارت کی۔ وہ امید رکھتے ہیں کہ میں انہیں بخش دوں گا، بے شک میں نے انہیں بخش دیا (نزہۃ المجالس، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۰۸)۔

۵۔ ابوالعباس احمد بن مصطفےٰ العلویؒ کی پیدائش سے کچھ عرصہ قبل ان کی والدہ فاطمہ نے خواب میں حضور اکرم ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ کے ہاتھ میں ایک پھول تھا۔ آپؐ نے محترمہ فاطمہ کی طرف دیکھا اور مسکراتے ہوئے وہ پھول ان کی طرف پھینک دیا۔ انہوں نے نہایت احترام کے ساتھ وہ پھول اٹھالیا اور بیدار ہونے پر یہ خواب اپنے شوہر کو سنایا۔ انہوں نے یہ تعبیر دی کہ اُن کے یہاں ایک پارسا فرزند پیدا ہو گا۔ وہ ان ایام میں اولادِ نرینہ کے لیے

marfat.com
Marfat.com

بڑی دعائیں کر رہے تھے، چند ہی ہفتوں بعد خواب کی تعبیر سامنے آگئی اور ایک لڑکا پیدا ہوا جو احمد العلویؒ بنے ("بیسویں صدی کا ایک مسلمان ولی" از محمد مارٹن لنگز۔ صفحہ ۴۸)۔

۶۔ علی بن مسہرؒ کہتے ہیں کہ میں نے اور حمزہ زیاتؒ نے ابان بن ابی عیاش (متوفی ۱۳۸ھ) سے تقریباً پانچ سو احادیث روایت کیں۔ بعدۂ میری ملاقات حمزہ زیاتؒ سے ہوئی تو انہوں نے مجھے بتایا کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور آپؐ کے سامنے یہ احادیث پیش کیں، تو آپؐ نے ان میں سے صرف پانچ یا چھ کا اعتراف کیا اور باقیوں کی بابت فرمایا کہ میں نے نہیں کہیں۔ اس پر ہم نے ابان سے روایت کرنا چھوڑ دیا (حیات جاوداں صفحہ ۱۸۲۔ از ڈاکٹر پیر محمد حسن)۔

۷۔ عقیلیؒ کہتے ہیں کہ احمد بن علیؒ نے بیان کیا کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! کیا آپؐ ابان بن ابی عیاش کو پسند کرتے ہیں؟ تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: نہیں (حیات جاوداں۔ صفحہ ۱۸۲)۔

۸۔ شاہ یمن نے سیدی محمد بن سعید بصری شافعیؒ کے خلاف لکھا تو آپ نے آنحضور ﷺ کی جناب میں یوں توسل کیا (عربی اشعار کا ترجمہ):- میرے واسطے نبی محمد ﷺ کی جاہ کے سوا کوئی ایسی جاہ نہیں کہ جس کے وسیلے سے میں محفوظ رہوں اور اپنے مقصد کو پہنچوں۔ بہت مرتبہ آپؐ کے وسیلے سے میری تکلیف دور ہوئی، حالانکہ میں ملامت کرنے والے ستمگر کی دانست میں محتاج اور اپاہج تھا۔ اے دل! تو بے صبری نہ کر اور اچھا مرد بن، جو احمد (ﷺ) سے غارت (دشمن کی بربادی) کا امیدوار رہے۔ آپ نے ابھی اپنا کلام مکمل نہ کیا تھا کہ نیند آگئی اور خواب میں حضور اقدس ﷺ، حضرت صدیق اکبر اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زیارت ہوئی۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "ہم غارت (دشمن کی بربادی) کرنے کے لئے آگئے ہیں، تو ہر رات ہم پر ایک ہزار بار درود بھیجا کر۔" سورج غروب نہ ہونے پایا تھا کہ منصور شاہ یمن کی بیماری کی خبر آئی اور تیسرے دن وہ دنیا سے رخصت ہو گیا (سیرت رسولؐ عربی از علامہ محمد نور بخش توکلیؒ۔ صفحہ ۸۵۸) (جامع الکرامات) (سیارہ ڈائجسٹ۔ معجزات رسولؐ نمبر۔ صفحہ ۱۷۳)۔

۹۔ شیخ ابو عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ منورہ میں محراب فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پیچھے تھا اور شریف مکثر قاسمی وہیں سوئے ہوئے تھے، اچانک وہ اٹھ کر حضرت رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور ہمارے پاس مسکراتے ہوئے آئے۔ روضہ اطہر کے خادم نے مسکرانے کی وجہ دریافت کی تو انہوں نے فرمایا کہ "میں فاقے سے تھا، اپنے گھر سے نکل کر بیت فاطمہؓ میں آیا اور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ میں بھوکا ہوں، خواب میں حضور اقدس ﷺ

marfat.com
Marfat.com

نے مجھے دودھ کا پیالہ عطا فرمایا، میں نے سیر ہو کر دودھ پیا، دیکھ لو یہ موجود ہے۔ ہم نے دیکھا تو ان کے منہ میں دودھ موجود تھا (سیرت رسول عربیؐ صفحہ ۸۴۵ بحوالہ علامہ سمہودیؒ)۔

۱۰۔ علی بن مصطفےٰ عسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ ہم کشتی میں جدّہ روانہ ہوئے۔ سمندر میں طغیانی آ گئی اور ہم نے اپنا اسباب سمندر میں پھینک دیا، جب ہم ڈوبنے لگے تو نبی کریم ﷺ سے فریاد کرنے اور پکارنے لگے: "یا محمداہ یا محمداہ۔" ہمارے ساتھ مغرب کا ایک نیک دل شخص بھی تھا۔ اس نے کہا: حاجیو! تم مت گھبراؤ، تم بچ جاؤ گے، کیونکہ میں نے ابھی ابھی خواب میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی ہے۔ میں نے آپؐ سے عرض کیا کہ آپؐ کے امتی فریاد کرتے ہیں۔ حضور انور ﷺ نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ مدد کرو۔ راوی کہتا ہے کہ اس کے بعد ہم سب خیریت سے خشکی پر پہنچ گئے (سیرت رسول عربیؐ۔ صفحہ ۸۵۱)۔

۱۱۔ ابو عبداللہ سالمؒ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب دیکھا کہ دریائے نیل کے ایک جزیرے میں ہوں اور ایک مگرمچھ مجھ پر حملہ کرنا چاہتا ہے، میں اس سے ڈر گیا کہ یکایک ایک شخص نے، جو میرے ذہن میں آیا کہ نبی کریم ﷺ ہیں، مجھ سے فرمایا کہ تو جب کسی سختی میں ہو تو یوں پکار "انا مُستجیرٌ بلک یا رسول اللّٰہ" (یارسول اللہ میں آپ کی پناہ کا طلبگار ہوں)۔ اتفاق سے ان ہی دنوں ایک نابینا شخص نے حضور اقدس ﷺ کی زیارت کا ارادہ کیا۔ میں نے اس سے اپنا خواب بیان کیا اور کہا کہ اس طرح کہا کر۔ وہ روانہ ہو کر رابغ پہنچا جہاں پانی کی کمی تھی، جب نابینا تنگ آ گیا اور پانی نہ ملا تو اس نے یہ الفاظ کہے اور اچانک ایک شخص کی آواز اس کے کانوں میں آئی کہ تو اپنی مشک بھر لے، پھر اس نے مشک میں پانی گرنے کی آواز سنی یہاں تک کہ وہ بھر گئی (سیرت رسول عربیؐ۔ صفحہ ۸۵۰)۔

۱۲۔ حضرت شیخ موسیٰ زونیؒ کو بحالت بیداری حضرت رسول اللہ ﷺ کی بہت زیارت ہوتی تھی اور ان کے اکثر کام آنحضرت ﷺ کی اجازت سے ہوتے تھے (الطبقات الکبریٰ از علامہ عبدالوہاب شعرانیؒ۔ صفحہ ۲۷۳)۔

۱۳۔ شیخ ابوالحسن فرماتے ہیں کہ جزیرہ میں ایک شہر تونہ ہے، جہاں مشہد نبی ﷺ اور مشہد علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بابت دریافت کیا تو لوگوں نے ایک خوبصورت شیخ کے متعلق بتایا کہ یہ شخص جذام میں مبتلا ہو گیا تھا، لوگوں نے اس کی بیماری کے ڈر سے جزیرہ کے ایک طرف نکال دیا تھا، ایک رات اس نے غل مچایا، لوگ پہنچے تو اسے تندرست کھڑا دیکھا، جب اس کا حال پوچھا گیا تو اس نے کہا کہ میں نے اس جگہ خواب میں حضور اقدس ﷺ کو دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "یہاں مسجد بنواؤ۔" میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں بیمار ہوں، لوگ میری بات کا

marfat.com
Marfat.com

یقین نہیں کریں گے۔ یہ سن کر آپؐ نے میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: "اے علی! اس کا ہاتھ پکڑو۔" حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنا ہاتھ میری طرف بڑھایا اور میں تندرست ہو کر کھڑا ہو گیا جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو، وہاں مسجد بنائی گی جسے "مسجد النبیؐ" کہتے ہیں (سیرت رسول عربیؐ صفحہ ۸۵۲ بحوالہ شواہد الحق از علامہ یوسف نبہانیؒ)۔

۱۴۔ علامہ یوسف نبہانیؒ "شواہد الحق میں عبدالرحمٰن جزولیؒ سے نقل کرتے ہیں کہ وہ فرماتے تھے کہ میری آنکھ ہر سال خراب ہو جاتی تھی۔ ایک سال مدینہ منورہ میں میری آنکھ دکھنے لگی، تو میں نے بارگاہ رسول اللہ ﷺ میں حاضر ہو کر عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! میں آپؐ کی حمایت میں ہوں اور میری آنکھ دکھ رہی ہے۔ مجھے اسی وقت آرام آ گیا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی برکت سے میری آنکھ میں پھر کبھی تکلیف نہ ہوئی۔

۱۵۔ علامہ سمہودیؒ بیان کرتے ہیں کہ میں مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاما) میں تھا کہ مصر کے حاجیوں کا ایک قافلہ زیارت کے لیے آیا۔ میرے ہاتھ میں خلوت کی کنجی تھی اور وہاں میری کتابیں تھیں۔ ایک مصری عالم نے کہا کہ میرے ہمراہ روضۂ اقدس پر چلو۔ جب میں واپس آیا تو مجھے کنجی نہ ملی، مجھے بہت ناگوار معلوم ہوا کیونکہ مجھے اس وقت کنجی کی سخت ضرورت تھی، لہٰذا میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میری خلوت کی کنجی گم ہو گئی ہے، مجھے اس کی ضرورت ہے، میں اسے آپؐ کے دروازے سے مانگتا ہوں۔ یہ عرض کر کے میں واپس آ گیا کہ اتنے میں ایک لڑکے کو جسے میں نہیں جانتا تھا، خلوت کے قریب دیکھا، جس کے ہاتھ میں کنجی تھی۔ میں نے پوچھا: تمہیں یہ کہاں سے ملی؟ اس نے کہا کہ آنحضور ﷺ کے مواجہہ شریف کے پاس پڑی تھی، میں نے اسے وہاں سے اٹھایا ہے (سیرت رسول عربیؐ صفحہ ۸۴۷ بحوالہ وفا الوفا جز ثانی صفحہ ۴۲۹)۔

۱۶۔ واعظ کاشفی "رشحات" میں لکھتے ہیں کہ جب خواجہ علاؤالدینؒ، مولانا نظام الدینؒ خاموش سے ناراض ہوئے تو چاہا کہ ان سے نسبت سلب کرلیں۔ ناراضگی کی وجہ یہ تھی کہ ارباب غرض میں سے کسی نے حضرت خواجہؒ سے اس طرح عرض کیا کہ مولانا نظام الدین خاموش کو شیخ اور بزرگ ہونے کا دعویٰ ہے اور انہوں نے اس سلسلے میں بہت باتیں کہی ہیں۔ مولانا نظام الدین فرماتے ہیں کہ میں نے مراقبے میں اپنے آپ کو کبوتر کی طرح پایا اور دیکھا کہ حضرت خواجہؒ، شہباز کی طرح میرے پیچھے اڑ رہے ہیں، میں جہاں جاتا ہوں وہ میرے پیچھے ہوتے ہیں، یہاں تک کہ میں بے چین ہو گیا اور حضرت رسالت پناہ ﷺ کی روحانیت سے پناہ چاہی، اس پر آنحضرت ﷺ کی طرف سے حضرت خواجہ علاؤالدینؒ کو پیام پہنچا کہ "نظام الدین ہماری ملکیت ہے

marfat.com
Marfat.com

اور کسی کو اس پر تصرف کی مجال نہیں۔" (مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانیؒ۔ جلد دوم۔ مکتوب ۲۸)

۱۷۔ حضرت شیخ بدیع الدین سہار نپوریؒ، حضرت مجدد الف ثانیؒ کی خدمت میں تحریر کرتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی طرف سے خاص بشارات پاتا ہوں، آپؐ مہربانیاں اور نصیحتیں فرماتے ہیں۔ ایک دن آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ "تو سراج الہند ہے" اور ساتھ ہی زیادہ فرمانبرداری کا حکم فرمایا (حالات مشائخ نقشبندیہ صفحہ ۲۳۳)۔

۱۸۔ قطب الارشاد فقیر اللہ بن عبدالرحمٰن شکارپوریؒ فرماتے ہیں کہ مجھے نفی و اثبات کے ذکر کی تلقین کی نسبت بغیر کسی واسطے کے براہ راست حضرت رسول اللہ ﷺ سے حاصل ہوئی، میں نے آپؐ کو شکارپور کی جامع مسجد میں داہنے ستون کے قریب بیٹھے ہوئے دیکھا، آپؐ دیوار کی طرف پیٹھ کیے تشریف رکھتے ہیں، چہرۂ انور مشرق کی طرف ہے، میں آپؐ کے سامنے دوزانو بیٹھا ہوں، اس کے بعد میں نے نفی اثبات کا ذکر شروع کیا اور لا الٰہ کہتے ہوئے اپنے دل سے ابتداء کی اور اسے اپنے سر تک لے گیا اور پھر اپنے دائیں کندھے تک لے آیا، پھر الا اللہ کی ضرب اپنے دل پر لگائی اور عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپؐ نے مجھے اس طرح تلقین فرمایا ہے۔ پس حضرت رسول اللہ ﷺ نے اس کی تصدیق فرمائی اور اس طرح مجھے یہ بہت بڑی نسبت حاصل ہوئی (قطب الارشاد فقیر اللہ۔ صفحہ ۵۴۷)۔

۱۹۔ حضرت فقیر اللہ فرماتے ہیں کہ میں جلال آباد کے قرب وجوار میں واقع ایک قلعے میں تھا کہ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے قرآن مجید کا پڑھنا سنا، جب کہ آپؐ نماز ادا فرما رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ کا اس پر بہت شکر ادا کرتا ہوں (قطب الارشاد۔ صفحہ ۵۴۷)۔

۲۰۔ حضرت شیخ محمد طاہر لاہوریؒ لکھتے ہیں کہ تینوں طریقوں کی نسبت جلوہ گر ہے، مشائخ کی ارواح فوج در فوج آتی ہیں اور بہت نوازشات فرماتی ہیں، خصوصاً خواجہ بزرگ حضرت غوث الثقلینؒ اور حضرت بابا فرید شکر گنجؒ قدس اسرارہم بہت مہربانی فرماتے ہیں، نیز ذکر اور نماز تراویح کے حلقے میں حضرت رسالت مآب ﷺ کئی ہزار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور مشائخ کے ساتھ تشریف لائے، دیر تک بیٹھے رہے اور بڑی مہربانیاں فرمائیں (حالات مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۲۳۱) (وصل حبیبؐ اللہ از پروفیسر محمد اقبال ملک۔ صفحہ ۲۲۰)۔

۲۱۔ ابوانیس حضرت صوفی برکت علی لدھیانویؒ کے پیرومرشد سید امیر الحسن قدس سرہ کے عرس پر تمام اولیاءؒ، غوث، قطب اور ابدال ایک مجلس میں بیٹھے تھے۔ سید صاحب بھی وہاں تشریف فرما تھے، چنانچہ جوں ہی حضور اقدس ﷺ اس مجلس میں تشریف لائے تو تمام اولیاءؒ اکرام مع سید امیر الحسنؒ احتراماً کھڑے ہوگئے۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "امیر الحسن

marfat.com
Marfat.com

آپ بیٹھ جائیں، کیونکہ آپ کی سادگی مجھے بہت پسند ہے۔" (ماہنامہ مون ڈائجسٹ کی خصوصی اشاعت نمبر ۵، جس میں حضرت صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ کی تعلیمات وغیرہ کا ذکر ہے۔ شمارہ فروری ۱۹۹۸ء۔ صفحہ ۱۹۸) (مون ڈائجسٹ، لاہور کے پانچوں خصوصی نمبروں کے لیے میں جناب شیخ محمد یونس، اسلام آباد کا ممنون ہوں)۔

۲۲۔ عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں جناب خواجہ محمد شریف، ایڈووکیٹ جنرل، ہائی کورٹ، لاہور کے گھر پر تقریب تھی جس میں محفل ذکر بھی منعقد ہوئی تھی۔ دوسرے دن میں گھر آیا تو دیکھا کہ باباجی ابوانیس صوفی محمد برکت علی لدھیانویؒ کے ایک عقیدت مند میاں علاؤالدین اور ایک دوسرے مرید جو کہ پکی ٹھٹھی، لاہور میں شادی گھر کے مالک ہیں، باہر لان میں نماز ادا کر رہے ہیں، دونوں نماز سے فارغ ہو گئے تو میں نے سلام کیا۔ میاں علاؤالدین صاحب کہنے لگے کہ خواجہ صاحب ہم آپ سے ملاقات نہیں کرنا چاہتے تھے، دراصل مجھے رات خواب میں اس مقام پر حضور انور ﷺ کی زیارت ہوئی تھی، اس لئے میں تو یہاں نوافل کی ادائیگی کے لیے آیا تھا۔ خواجہ صاحب فرماتے ہیں کہ میں سمجھتا ہوں کہ حضرت صوفی محمد برکت علیؒ کے ساتھ تعلق اور محافل ذکر کے انعقاد کی بدولت یہ عظیم معاملہ پیش آیا، ورنہ کہاں مجھ جیسے خطاکار انسان کا گھر اور کہاں حضور اقدس ﷺ کی ذات پر انوار۔ میاں علاؤالدین نے مجھے بتایا کہ خواجہ صاحب رات کو ہم محفل ذکر کے بعد جب آپ کے گھر سے چلے گئے تو نماز تہجد کے وقت مجھے حضور سرور کونین ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "علاؤالدین! تینوں پتہ اے کہ اے کہدا گھر اے"؟ میں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اس پر آپؐ نے ارشاد فرمایا: "ایہہ خواجہ شریف دا گھر اے۔" لان میں جس مقام پر مجھے زیارت ہوئی اسی مقام پر آکر میں یہ نوافل ادا کر رہا ہوں، پھر میں نے یہ بات گھر والوں کو بتائی تو میری بیوی اور والدہ محترمہ نے بھی اسی مقام پر نوافل ادا کیے۔ (مون ڈائجسٹ، لاہور کا خصوصی اشاعت نمبر پانچ۔ صفحہ ۸۴)۔

۲۳۔ حضرت خواجہ محمد معصوم ولیؒ، حضرت مجدد الف ثانیؒ کے صاحبزادے تھے۔ آپ کی پیدائش سے پہلے حضور اقدس ﷺ نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کو آپ کی پیدائش کی بشارت دی اور فرمایا: "عنقریب تیرے گھر میں ایک فرزند پیدا ہوگا، جو کامل ولیوں میں سے ولی ہوگا، بچے کا نام محمد معصوم رکھنا۔" حضرت مجدد الف ثانیؒ یہ خواب دیکھ کر بے حد خوش تھے۔ صبح اپنی اہلیہ سے خواب کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ مجھے بھی رات حضور اقدس ﷺ نے یہی بشارت سنائی ہے۔ میاں بیوی دونوں بے حد خوش ہوئے۔ ۱۰۰۷ھ میں حضرت خواجہ محمد معصوم پیدا ہوئے، جو اپنے والد محترم کی طرح بے حد لائق، ذہین اور برگزیدہ تھے اور قطب وقت تھے۔

marfat.com
Marfat.com

اورنگ زیب عالمگیر کو بادشاہت کی نوید آپ ہی نے سنائی تھی۔ ۹ ربیع الاول ۱۰۷۹ھ کو آپ سورہ یٰسین شریف تلاوت فرمارہے تھے کہ دوران تلاوت باآواز بلند آپ نے یانبی سلام علیک کہااور آپ کی روح پرواز کر گئی۔ آپ کا عالی شان مقبرہ اورنگ زیب کی ہمشیرہ روشن آرا نے تعمیر کرایا، جو مرجع خلائق ہے (کرامات اولیاً اللہ از پروفیسر مرزا مشرف علی جامی۔ صفحہ ۱۳۶ تا ۱۳۷)۔

۲۴۔ حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کل رات خواب میں تمام انبیاً علیہم السلام کو دیکھا، ہر نبی کے ساتھ چار چار چراغ تھے اور ان کے ہر صحابی کے ساتھ ایک ایک چراغ تھا، ان میں ایک ایسے بھی دیکھے جن کی روشنی مشرق سے مغرب تک پہنچ رہی تھی، ان کے سر کے ہر بال میں چراغ تھا اور ان کے اصحاب میں سے ہر ایک کے ساتھ چار چار چراغ تھے۔ میں نے پوچھا: یہ کون ہیں؟ تو بتایا گیا کہ یہ حضور اقدس ﷺ ہیں۔ حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ سن رہے تھے۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا: تم کس سے اس کی روایت کر رہے ہو؟ تو میں نے انہیں بتایا کہ میں نے نیند کی حالت میں یہ خواب دیکھا ہے۔ اس پر حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے تم تورات پڑھ رہے ہو، کیونکہ میں نے یہ بات تورات میں پڑھی ہے (نزہتہ المجالس حصہ دوم۔ صفحہ ۲۷۷) (حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام قبول کرنے سے پہلے یہودی تھے)۔

۲۵۔ میں بصد احترام روضہ رسول (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاما) پر پہنچا تو دیکھا کہ قبر مبارک کے باہر سفید رنگ کا ایک بہت بڑا کتا اس طرح بیٹھا ہے، جیسے کسی پر حملہ کرنے والا ہے اور نہایت تیز نظروں سے قبر مبارک (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاما) کو گھور رہا ہے، اس کے ایک پنجے میں آگ کا گولہ ہے، یہ سب کچھ دیکھ کر میں بے حد فکر مند ہوں کہ اتنے میں آقائے دو جہان فخر الرسل ﷺ ننگے سر باہر تشریف لاتے ہیں، چہرہ انور سے انتہائی پریشانی ہویدا ہے، اضطرابی حالت میں دائیں بائیں دیکھتے ہیں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس سے فوری طور پر چھٹکارا حاصل کرنا چاہتے ہیں، آپؐ کی بے چینی اور اضطرابی کیفیت ناقابل بیان ہے اور اتنے میں میری آنکھ کھل جاتی ہے (غیر مطبوعہ)۔

حال ہی میں یہ خواب مولانا مفتی زین العابدین صاحب نے دیکھا ہے جو تبلیغی جماعت کے نہایت اہم بزرگوں میں شمار کیے جاتے ہیں، بارہا تبلیغ دین کے سلسلے میں بیرونی اسفار پر جا چکے ہیں، فیصل آباد میں مستقل قیام رہتا ہے جہاں قرآن و سنت کی تعلیم پھیلانے میں مشغول رہتے ہیں۔ (خوفناک کتے سے مراد وہ امریکی افواج ہیں، جنہوں نے ہزارہا کی تعداد میں سعودی عرب کی پاک سرزمین پر ڈیرے ڈال رکھے ہیں)۔

۲۶۔ حضرت رسول مقبول ﷺ نے خراسان کے بادشاہ علاؤالدین محمد بن خوارزم کو اپنی

marfat.com
Marfat.com

زیارت سے مشرف فرما کر ارشاد فرمایا کہ "احمد الحسین خطیبیؒ سے اپنی دختر کا نکاح کر دو۔"
بادشاہ صبح نہایت شاداں و فرحاں بیدار ہوا اور مولانا خطیبیؒ کو نہایت اعزاز و احترام سے بلا کر ارشاد نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام بیان کیا۔ آپ نے بھی اس مبارک تعلق کو منظور فرما لیا۔ بادشاہ نے نہایت مناسب طرز سے مولانا حسین خطیبیؒ کی شادی اپنی بیٹی سے کر دی۔ نو ماہ گذرے تھے کہ حضرت حسین خطیبیؒ کے گھر میں شہزادی کے بطن سے بیٹا تولد ہوا، جس کا نام محمد بہاؤالدین رکھا گیا۔ ابھی دس برس کے تھے کہ آپ کے والد حسین خطیبیؒ کا انتقال ہو گیا۔ محمد بہاؤالدین نے تیزی سے علوم دین میں ترقی کی اور جلد مولانا محمد بہاؤالدین بن گئے، اسی کے ساتھ مدارج باطنی طے کرنے شروع کر دیئے اور حضرت شیخ نجم الدینؒ جو اپنے زمانے کے اولیاً میں سے تھے، ان کے اعلیٰ درجے کے خلفاً میں شمار ہونے لگے۔ حضرت مولانا محمد بہاؤالدینؒ کے خواب میں تشریف لا کر حضرت رسول اللہ ﷺ نے آپ کو سلطان العلما کا معزز خطاب عطا فرما کر عزت بخشی، بڑے بڑے اولیاً اکرام آپ کی زیارت کو آتے، عوام و خواص، ادنیٰ و اعلیٰ، اکابر علماً و روٗسا سب ہی آپ کی صحبت و ملاقات کو غنیمت سمجھتے، آپ ہی مثنوی مولانا روم کے خالق مولانا جلال الدین رومیؒ کے والد بزرگوار تھے۔ آپ کو خلیفہ اول سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد میں ہونے کا بھی شرف حاصل ہے (سوانح مولانا روم از مولانا سید میاں اصغر حسینؒ۔ محدث دارالعلوم، دیوبند۔ صفحہ ۷ تا ۹ سے ماخوذ۔ ادارۂ اسلامیات۔ ۱۹۰۔ انار کلی، لاہور)۔

۲۷۔ مولانا حسام الدین کا پرانا نام حسن تھا اور والد کا نام محمد۔ سلسلہ نسب شمس تبریزیؒ سے جا ملتا ہے اور سلسلہ بیعت میں حضرت شیخ ابوالوفا کردی بغدادیؒ سے منسوب ہیں۔ شیخ ابوالوفاؒ بالکل پڑھے لکھے نہ تھے، مگر سب ان کو مانتے تھے اور پیشوائے وقت تھے۔ ایک مرتبہ لوگوں نے وعظ کے لیے مجبور کیا تو انہوں نے کل کا وعدہ کر لیا اور رات اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائی کہ "یا اللہ! تیری مدد کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔" خواب میں سرور دو جہاں ﷺ کو دیکھا کہ فرماتے ہیں کہ "اللہ تعالیٰ کے اسم علیم و حکیم کا تم پر ظہور ہوگا۔" اگلے روز جا کر بیان شروع کیا اور ابتدائے وعظ میں فرمایا کہ "امسیتُ کردیا" و "اصبحت عربیا" یعنی "رات میں کردی تھا اور اب اللہ تعالیٰ نے عربی بنا دیا۔" اللہ پاک نے اُن پر علم کے خزانے کھول دیئے اور وہ مضامین بیان کیے کہ لوگ دنگ رہ گئے۔ (سوانح مولانا روم صفحہ ۵۹ تا ۶۰)۔

حضرت مولانا محمد جلال الدین رومیؒ (۶ ربیع الاول ۶۰۴ھ تا ۵ جمادی الثانی ۶۷۲ھ) بلخ میں پیدا ہوئے اور قونیہ (ترکی) میں مزار مبارک بنا، جو آج بھی مرجع خلائق ہے۔ مولانا نے

marfat.com
Marfat.com

مثنوی کے دیباچے میں مولانا حسام الدین کی جس قدر تعریف کی ہے اس سے زیادہ ہو ہی نہیں سکتی۔ دراصل مثنوی معنوی مولانا روم نے ان ہی کی استدعا پر لکھی، ہے جس کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے:

؎ مثنوی مولوی معنوی ہست قرآں در زبان پہلوی

بعض حضرات نے فرمایا کہ جامع الفنون ہونے میں جو پایہ صحیح بخاری شریف کا ہے، جامعیت علوم مختلفہ میں وہی بات مثنوی کو حاصل ہے۔ حضرت مولانا رومؒ کا ایک حرف بھی قانون شرع اور عقائد اسلامیہ کے خلاف نہیں، اگر کسی کو کچھ خلاف نظر آتا ہے تو وہ اس کی نظر کا قصور ہے۔ سابقہ دور میں علماء، مشاہیر اور دانشوروں کو مثنوی کے ہزارہا اشعار ازبر ہوتے تھے، جن سے وہ اپنی تقاریر اور تحریروں کو چار چاند لگا دیتے تھے۔ تمام عبقری اور نابغہ روزگار (genius) حضرات کی طرح مولانا رومؒ بھی نہایت زندہ دل تھے۔ ایک روز حالت شوق میں فرمایا کہ "رباب میں سے ہم کو بہشت کے دروازے کی آواز آتی ہے، اس لیے مدہوش ہو جاتے ہیں۔" کسی شخص نے اعتراض کیا کہ جناب ہم بھی تو وہی آواز سنتے ہیں، پھر مست کیوں نہیں ہوتے؟ اس پر مولانا نے مسکرا کر فرمایا کہ "تم جس آواز کو سنتے ہو وہ بہشت کا دروازہ بند ہونے کی آواز ہوتی ہے اور ہم دروازہ کھلنے کی آواز سنتے ہیں۔"

مثنوی کے چھ دفاتر (حصوں) میں مولانا رومؒ کے ساڑھے اٹھائیس ہزار اشعار ہیں۔ آپ نے پیشین گوئی فرمائی تھی کہ میرے بعد ایک نور جاں آئے گا جو اس مثنوی کا تکملہ کرے گا، چنانچہ اس نور جاں کا مصداق اللہ پاک نے مفتی الٰہی بخش کاندھلویؒ کو بنایا، جنھوں نے مثنوی کی تکمیل فرمائی۔ دفتر سادس (ساتویں حصہ) کے لئے مفتی صاحبؒ نے اپنی روح پر مولانا رومؒ کی روح کا فیض مشاہدہ کیا اور فرمایا: اگرچہ یہ کلام میری زبان سے نکلا ہے، لیکن درحقیقت یہ حضرت رومؒ ہی کا کلام ہے۔ مفتی صاحبؒ بارھویں صدی ہجری کے بزرگ ہیں جب کہ مولانا رومؒ ساتویں ہجری کے۔ مفتی صاحبؒ نے ظاہری علوم کی تکمیل حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ سے کی تھی۔ آپ کو مثنوی مولانا رومؒ ازبر تھی اور کئی بار آپ کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا، جس کا ذکر اس کتاب کے پانچویں حصہ میں ملے گا۔

۲۸۔ میں حضور پاک ﷺ کے سامنے باادب کھڑا ہوں، میرے ساتھ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی ہیں، جو گھوڑے پر سوار ہیں اور جنگ کے لیے جا رہے ہیں، پیچھے لشکر بھی ہے اور ہم نبیؐ پاک ﷺ سے اجازت مانگ رہے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ چادر اوڑھے کھڑے ہیں، مگر آپؐ کا چہرۂ انور واضح طور پر دکھائی نہیں دیتا کہ میری آنکھ کھل جاتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

مذکورہ بالا خواب سکھر کے بابو شاہ نے دیکھا جس کی تعبیر جناب عابد عسکری نے یوں فرمائی:-اس سے بہتر خواب کیا ہو سکتا ہے کیونکہ بزرگان دین کی زیارت تکمیل ایمان کی علامت ہے۔ آپ کو دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل ہو گی، انشاءاللہ تعالیٰ (نوائے وقت کا ہفت روزہ فیملی میگزین۔ مورخہ ۲۶ اپریل تا ۲ مئی ۱۹۹۸ء، لاہور۔ صفحہ ۵۵)۔

۲۹۔ عبدالقادر نیفسی فقیروں کی طرح سفر کر رہے تھے۔ مدینہ منورہ پہنچ کر انہوں نے حضور اقدس ﷺ کے روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما) پر حاضر ہو کر کچھ عرض کیا، بھوک کی شکایت کی اور پھر وہیں سوگئے، تھوڑی دیر بعد ایک نوجوان انہیں جگا کر اپنے گھر لے گیا اور ثرید کا ایک پیالہ، کئی قسم کی کھجوریں اور بہت سی روٹیاں پیش کیں۔ عبدالقادر نیفسی نے خوب سیر ہو کر کھایا، پھر نوجوان نے ان کا توشہ دان گوشت، روٹیوں اور کھجوروں سے بھر دیا۔ اس کے بعد اس نوجوان نے کہا:

جناب میں نماز چاشت کے بعد سو رہا تھا کہ خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ نے مجھ سے فرمایا کہ میں آپ کو یہ کھانا پہنچادوں۔ حضور ﷺ نے مجھے آپ کی جگہ بھی بتادی تھی اور یہ بھی فرمادیا تھا کہ آپ نے حضور سرور کائنات ﷺ سے یہی تمنا کی تھی (مسموعات امہودی) (سیارہ ڈائجسٹ، معجزات رسولؐ نمبر۔ صفحہ ۳۹۲)۔

۳۰۔ شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ خان روحانی البازیؒ کے صاحبزادے محمد عتیق صاحب نے اپنے والد ماجد کی رحلت سے تین دن قبل عالم رویا میں دیکھا کہ ایک کمرے میں فخر موجودات محمد مصطفےٰ ﷺ استراحت فرما ہیں اور فرماتے ہیں کہ "جاؤ موسیٰ خان سے کہو کہ ہمارے پاس آجائیں۔" یہ سن کر عتیق صاحب دوڑتے ہوئے گھر کی طرف جاتے ہیں، دروازے پر پہنچتے ہیں تو والد صاحب دارالحدیث میں طلبا کو پڑھانے کی غرض سے نکل رہے ہیں، میں آپ کو حضور اقدس ﷺ کا پیغام دیتا ہوں، تو والد محترم وہیں سے میرے ساتھ چل پڑتے ہیں، وہاں پہنچ کر حضور انور ﷺ سے مصافحہ فرماتے ہیں اور آپ ﷺ مولانا کو اپنے ساتھ لٹا کر اوپر سفید چادر ڈال دیتے ہیں اور اس کے بعد خود بھی سفید چادر اوڑھ کر پر سکون آرام فرمانے لگتے ہیں۔ اس خواب کے تیسرے دن حضرت مولانا محمد موسیٰ خان صاحب کی نماز عصر میں طبیعت خراب ہوئی اور اسی روز بوقت نمازِ مغرب مالکِ حقیقی سے جا ملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

دراز قد، بارعب، روشن چہرہ، پروقار شخصیت، جلالت علم سے لبریز مولانا محمد موسیٰ خانؒ جنہیں "حضرت شیخ" کے یادگار لقب سے یاد کیا جاتا تھا، ۱۹۳۵ء میں کٹبہ خیل، ضلع ڈیرہ

marfat.com
Marfat.com

اسمعیل خان میں حضرت مولانا شیر محمدؒ کے گھر پیدا ہوئے، جو خود ولی کامل اور درویش صفت عالم تھے۔ آباؤ اجداد غزنی (افغانستان) کے رہنے والے تھے۔ ابھی پانچ سال ہی کے تھے کہ شفیق والد وفات پا گئے۔ ایک دن کم عمر شیخ نے والد کی قبر سے لحن داؤدی میں قرآن مجید کی تلاوت کی آواز سنی۔ یہ اشارہ دینی علوم کے حصول کے لئے تھا۔ آپ کو نابغہ عصر اساتذہ مولانا شمس الحق افغانیؒ، مولانا مفتی محمودؒ، مولانا عبدالحقؒ، مولانا جان محمدؒ، مولانا غلام اللہ خانؒ سے اکتساب فیض کا موقع ملا۔ اعلیٰ دینی علوم کے حصول کے بعد آپ نے درس و تدریس کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنایا۔ ۱۹۷۱ء میں جامعہ اشرفیہ، لاہور کے نائب مہتمم حضرت مولانا عبدالرحمٰن اشرفی کی درخواست پر جامعہ اشرفیہ تشریف لے آئے اور عالم اسلام کے معروف استاد الکل شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا محمد رسول خان صاحبؒ کے وصال کے بعد درس ترمذی کی مسند پر جلوہ افروز ہوئے اور زندگی کے آخری دن تک ترمذی شریف پڑھاتے رہے۔ آپ جب طلباً کے جلو میں درسگاہ تشریف لاتے تو یوں لگتا کہ اللہ کی رحمت چلی آ رہی ہے۔ آپ نے دو سو سے زیادہ کتابیں تصنیف فرمائیں نیز آپ ان عبقری ہستیوں میں سے تھے، جن کی زندگی ہی میں آپ کی لکھی ہوئی کتب دینی مدرسوں کے نصاب میں شامل ہو چکی تھیں۔ آپ کا قلم ایک مفسرّ، محدث، محقق اور مجتہد کا قلم تھا۔ آپ کی فصیح و بلیغ عربی دیکھ کر معلوم ہوتا تھا کہ آپ دیار عرب کے عالم اور شیخ ہیں۔ عرب کے مشہور عالم شیخ عبداللہ فتح الدین نے ایک موقع پر کہا تھا کہ شیخ مولانا محمد موسیٰ روحانی البازی اسلامی علوم کا زندہ اور متحرک انسائیکلوپیڈیا ہیں۔ ۱۹ اکتوبر ۱۹۹۸ء بروز پیر آپ نے دنیائے فانی کو خیر باد کہا، آخری لحات تک اللہ اکبر، اللہ اکبر اور کلمہ طیبہ کا ورد زبان پر جاری رہا اور ساتھ ساتھ یہ بھی کہتے رہے۔ "**اللهم انی عبدك الضعيف**" (اے اللہ! میں تیرا کمزور بندہ ہوں)۔ ۲۰ اکتوبر کو قبرستان میانی صاحب، لاہور میں حضرت مولانا لاہوری (مولانا احمد علیؒ) کے پہلو میں آپ کو سپرد خاک کر دیا گیا۔ (غیر مطبوعہ)

رنج کتنا بھی کریں ان کا زمانے والے — جانے والے تو نہیں لوٹ کے آنے والے
کیسی بے فیض سی رہ جاتی ہے دل کی بستی — کیسے چپ چاپ چلے جاتے ہیں جانے والے

۳۱۔ ماں اس دنیا کی ایک عظیم ہستی ہے، جس کی جتنی بھی قدر اور خدمت کی جائے کم ہے۔ افسوس کہ ہماری والدہ ۱۴ رمضان المبارک ۱۴۱۸ھ کو یہ دنیا چھوڑ گئیں۔ اللہ انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ (آمین)

میری والدہ گردے کی مریضہ تھیں اور ہر ہفتے میں دو مرتبہ ان کا ڈائیلیسس ہوتا تھا۔ اس قسم کے مریض کا واحد علاج گردے کی تبدیلی ہے جس کے لیے بھائی، بہن یا ماں بہتر ڈونر

marfat.com
Marfat.com

ہوتے ہیں، مگر خاندان کے تمام افراد نے گردہ دینے سے انکار کر دیا۔ بیٹے کی حیثیت سے میں نے دینا چاہا تو والدہ تیار نہ ہوئیں اور جب تیار ہوئیں تو بہت تاخیر ہو چکی تھی۔ یہ واقعہ ہماری والدہ کے انتقال سے ڈیڑھ ماہ قبل کا ہے۔ ایک شام اچانک انہوں نے ہم سب کو پیار کرنا شروع کر دیا اور مجھ سے کہا: بیٹا! تم سب کا خیال رکھنا۔ ہم لوگ فوراً والدہ کو لے کر ہسپتال گئے۔ ڈاکٹروں نے دیکھ کر کہا: انہیں کچھ نہیں ہوا، ٹھیک ہیں۔ گھر لانے کے بعد والدہ نے کہنا شروع کر دیا کہ اللہ کے رسول ﷺ مجھے لینے کے لئے آگئے۔ رات کے اڑھائی بجے انہوں نے کہا کہ دروازہ کھول دو رسول اللہ ﷺ آگئے ہیں۔ اس وقت پورے خاندان والوں کو بلوایا اور تمام رات اسی طرح باتیں کرتی رہیں۔ صبح ہم پھر ہسپتال لے کر گئے، جہاں ڈاکٹر عامر جیسے فرشتہ صفت انسان نے نہایت ذمہ داری سے والدہ کا علاج کیا۔ ڈائیلیسس ہوا اور وہ بہتر ہو گئیں۔ تندرست ہونے کے کچھ دن بعد انہوں نے بتایا کہ بیٹا! اس رات موت کا فرشتہ مجھے لینے آگیا تھا اور حضور ﷺ بھی تشریف لے آئے تھے، آپؐ نے ہرا چغہ پہنا ہوا تھا اور آپؐ کے گرد نور کا ہالا تھا، آپؐ جب گھر کے اندر داخل ہوئے تو پورا کمرہ ہرا ہو گیا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: "تم پریشان نہ ہونا، یہ تمہیں بہت اچھی جگہ لے کر جائیں گے۔" پھر والدہ نے کہا: مجھے ایسا لگا کہ میں آہستہ آہستہ اوپر جا رہی ہوں، میں نے ایسے پھل کھائے، جو کبھی دنیا میں نہیں دیکھے تھے اور مجھے ایسی ہوائیں لگ رہی تھیں، جو میں نے دنیا میں کبھی محسوس نہیں کی تھیں، پھر وہ کہنے لگیں کہ موت کا فرشتہ کہنے لگا کہ تمہیں پھر لے جائیں گے، ابھی تمہارے بچے بہت رو رہے ہیں اور اللہ کا ایک نیک بندہ تمہارے لیے بہت دعا کر رہا ہے۔ اس واقعہ کے تقریباً ڈیڑھ ماہ بعد والدہ کا انتقال ہو گیا۔ میری قارئین سے گذارش ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ کسی کو بھی کوئی بیماری نہ دے اور اگر کسی کو تبدیلی گردہ کا مشورہ دیا گیا ہو تو اسے اپنا گردہ دینے میں دریغ نہ کریں۔ عین ممکن ہے آپ کی یہ قربانی آخرت میں آپ کو بہت بلند مقام پر پہنچا دے اور آپ کی اس مدد سے شاید کسی ماں، بہن یا بھائی کی زندگی بچ جائے (روزنامہ جنگ، کراچی۔ جنگ ڈائجسٹ۔ اتوار ایڈیشن۔ ۱۷ مئی ۱۹۹۸ء)۔

۳۲۔ یوسف ظفر کو دو بار حج کی سعادت نصیب ہوئی۔ پہلے بار ۱۹۶۳ء میں وہ عالمی ادارہ برائے خوراک وزراعت (F.A.O) کی کانفرنس میں شرکت کے لیے مصر گئے، گو اس سال مصر اور سعودی عرب میں تعلقات کشیدہ تھے مگر آپ کو حج کی سعادت حاصل ہو ہی گئی۔ حج کے دوران خواب دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ نے ان کے رخسار پر بوسہ دیا ہے۔ یوسف ظفر پہلے کلین شیو تھے، اب ڈاڑھی رکھ لی۔ پاکستان واپس پہنچے تو بیوی اور کئی عزیزوں نے مخالفت کی اور

marfat.com
Marfat.com

ڈاڑھی منڈوا دینے کے لئے اصرار کیا۔ ایک روز تنگ آکر اہلیہ سے کہا: ''آج رات میرے ڈاڑھی رکھنے یا منڈوانے کے بارے میں تمہیں خواب میں کوئی اشارہ ہوگا، اس کے بعد جیسے کہو گی ویسا ہی کروں گا۔'' صبح ہوئی تو اہلیہ خاموش تھیں۔ پوچھا: کہو، کوئی اشارہ ہوا؟ تھوڑی دیر خاموش رہنے کے بعد بیوی نے کہا: ''رات خواب میں کسی نے آواز دی کہ حضور ﷺ نے پیغام بھیجا ہے کہ آج وہ بہت مصروف ہیں کسی سے نہیں مل سکتے۔ اس طرح یوسف ظفر کی ڈاڑھی کو ان کے اہل خانہ نے بھی قبول کر لیا (یوسف ظفر کی بات از ڈاکٹر تصدق حسین راجہ۔ صفحہ ۵۲ تا ۵۳۔ مکتبہ دانیال حیدر راجہ، اسلام آباد)۔

۳۴۔ کچھ ہی عرصے بعد یوسف ظفر کی سالی کو خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی، جس میں انہوں نے دیکھا کہ آپؐ کے دونوں رخساروں پر ڈاڑھی ہے، لیکن ٹھوڑی کے نیچے ڈاڑھی نہیں۔ اُنہوں نے حضور اقدس ﷺ سے پوچھا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''لوگ میری دوسری سنتوں پر تو عمل کر لیتے ہیں، مگر ڈاڑھی نہیں رکھتے۔'' اب کسی اعتراض کی گنجائش نہیں رہی تھی۔ (یوسف ظفر کی بات، صفحہ ۵۳)۔

یوسف ظفر یکم دسمبر ۱۹۱۴ء کو مری میں پیدا ہوئے، اگرچہ آبائی وطن وزیر آباد تھا۔ والد شیخ غلام رسول کا ۱۹۲۹ء میں انتقال ہو گیا تھا۔ ابتدائی زمانہ بہت مشکل میں گزارا۔ ۱۹۳۶ء سناتن دھرم کالج، لاہور سے بی اے کیا۔ پرگو شاعر تھے اور فی البدیہ اشعار کہنے میں لاثانی تھے۔ سچے پاکستانی اور عاشق رسولؐ تھے۔ سقوط ڈھاکہ کی خبر نے انہیں نڈھال کر دیا اور ۶ اور ۷ مارچ کی درمیانی شب ۱۹۷۲ء کو مالک حقیقی سے جا ملے۔ چار بیٹے، دو بیٹیاں اور ایک بیوہ چھوڑی۔ انتقال کے وقت ریڈیو پاکستان راولپنڈی کے ریجنل ڈائریکٹر تھے۔ ویسٹرج، راولپنڈی کے قبرستان میں دفن ہیں۔ ان کی موت پر مولوی محمد سعید نے ان کے بیٹوں سے کہا: یوسف چیز ہی ایسی ہے، کبھی اسے باپ گم کر دیتا ہے کبھی بیٹا۔ حج بیت اللہ کے بعد نمایاں تبدیلی آگئی تھی۔ عشق رسول اللہ ﷺ کی چنگاری جواب تک سلگ رہی تھی، بھڑک اٹھی، نعت کہتے تو جذبات کی عجیب کیفیت ہوتی، نعت سنتے تو وجد میں آجاتے اور آنسو تھمتے نہ تھے۔ آخری ایام میں ہر وقت یاد الٰہی اور اللہ بس باقی ہو کا ورد رہتا۔ آپ کے چھ دیوان ہیں، مگر آپ کی کتاب ''یہودیت'' آپ کو زندہ جاوید بنا دینے کے لئے کافی ہے۔ آپ کی یہ اہم ترین تاریخی اور تحقیقی یادگار ہے۔ مسئلہ کشمیر سے بھی والہانہ وابستگی تھی۔

؎ لکھتا رہا لکھتا رہا کشمیر پہ برسوں — یہ مسئلہ زندہ رہا یوسف ہی کے دم سے
دلدادہ شریعت تھا وہ قانون کا پابند — کس درجہ محبت تھی اسے دین و وطن سے

marfat.com
Marfat.com

۳۴۔ شاہد صاحب! حضور اقدس ﷺ کی حیات طیبہ کے بارے میں خواب دیکھنا اور آپؐ کی زیارت کرنا بہت ہی مبارک خواب ہے۔ یہ آپ کے ایمان اور روحانی مضبوطی پر دلالت کرتا ہے۔ آپ یہ خواب کسی کو نہ بتائیں اور کثرت سے درود شریف پڑھا کریں۔ ابھی تو آپ کو اسی قسم کے مزید ایمان افروز خواب دیکھنے ہیں (فیملی میگزین، نوائے وقت۔ ۱۴ تا ۲۰ جون ۱۹۹۸ء۔ خوابوں کی روحانی تعبیر۔ صفحہ ۴۹)۔

۳۵۔ حضرت مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! آپؐ نے اس حدیث میں "لولاك مما خلقت السموات والارضین" میں ارضین پہلے فرمایا ہے یا سموات پہلے فرمایا ہے۔ ارشاد فرمایا کہ "میں نے پہلے "ارضین" فرمایا تھا، لیکن محدثین سے یہ لفظ موخر ہو گیا ہے۔" (معرفت الٰہیہ مرتبہ حضرت مولانا حکیم محمد اختر صاحب۔ صفحہ ۴۰۔ ناشر۔ کتب خانہ مظہری، گلشن اقبال، کراچی)۔

اس خواب سے بیدار ہونے کے بعد مولانا نے تفسیر کی تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ زمین کا تودہ آسمان سے پہلے پیدا کیا گیا، مگر اس کو آسمان کی تخلیق کے بعد پھیلایا گیا۔

۳۶۔ بروز سہ شنبہ بتاریخ ۶ رجب المرجب ۱۳۳۴ھ بعد نماز تہجد حضرت مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ سوگئے، تو انہیں جناب رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت جامع مسجد جون پور (یو۔پی، بھارت) میں نصیب ہوئی۔ سامنے سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ تشریف فرما ہیں۔ حضرت علیؓ اٹھے اور کچھ ہی اٹھنے پائے تھے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مزاحاً تبسم فرماتے ہوئے پیر پکڑ کر اپنی طرف کھینچ لیے اور میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اس خیال سے سر پکڑ لیا کہ مبادا کسی پتھر سے سر مبارک نہ ٹکرا جائے اور حضور ﷺ نے ان کے دونوں پیروں کو اٹھا لیا اور اُتر (شمال) کی جانب نہایت زور سے لے چلے، جبکہ میں سر مبارک کو نہایت ادب سے گود میں لیے ہوئے چل رہا ہوں، یکایک ایک دوسرے در کے گوشے میں حضور ﷺ رک گئے تو میں نے اس مہلت کو غنیمت سمجھا، سر مبارک کو خوب خوب بوسہ دیا، سجدہ کی جگہ کو جہاں نشان سجدہ بن جاتا ہے، اُسے بھی بوسہ دیا اور دل ہی دل میں کہتا ہوں کہ اپنے احباب سے مل کر کہوں گا کہ اب میرا منہ چومنے کے قابل ہو گیا ہے (معرفت الٰہیہ۔ صفحہ ۴۴)۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے مذکورہ بالا خواب کی تعبیر کے سلسلے میں فرمایا کہ آپ حافظ علوم ولایت ہوں گے کیونکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکثر سلاسل کے منتہی ہیں، اور سر میں دماغ ہوتا ہے جو علوم کا خزانہ ہے، تو سر کی حفاظت حمل ہے علوم ولایت کا اور پاؤں پکڑ لینا مانعیت ہے، بلکہ وہ رفتار غیر معتاد یعنی مخفی ہے کیونکہ علوم ولایت ناشی

marfat.com
Marfat.com

ہیں احوال واذواق خاصہ کا اور اظہار آپ کے تحقیق بکلا النوعین کی مجموعی حالت آپ کی مانعیت ہے۔ خدا تعالیٰ کا شکر کرو کہ وہ مزید عطا فرمائیں۔(معرفت الٰہیہ۔ صفحہ ۴۵)۔

۳۷۔ حضرت مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ مزید فرماتے ہیں: پھر دیکھتا ہوں کہ حضرات صحابہ اکرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اس مسجد میں اُتر کی جانب لیٹے ہوئے ہیں۔ مجھے خیال ہوا کہ اس مجمع میں حضور اقدس ﷺ بھی تشریف فرما ہوں گے، تو میں نے عرض کیا اسلام علیکم یارسول اللہ (ﷺ)! تو آپؐ نے جواب دیا وعلیکم السلام۔ میں مصافحہ کرنے کی غرض سے تیز چلا تو دیکھتا ہوں کہ حضور اکرم ﷺ انوار کے ٹکڑوں کے مثل ہو کر نظر سے غائب ہو گئے۔ الحمد للہ! استقامت عطا ہوتی چلی جاتی ہے۔(معرفت الٰہیہ۔ صفحہ ۴۴ تا ۴۵)۔

۳۸۔ حضرت مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ نے ایک عریضہ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کی خدمت میں ارسال کیا۔ عریضہ روانہ کر چکے تو مذکورہ بالا خواب کے متعلق سخت اضطراب ہوا اور عجیب عجیب باتیں دل پر گذریں، جب رات ہوئی تو اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ بذریعہ جناب رسول اللہ ﷺ میری تسلی فرمادی جائے اور اس کی تعبیر سے مشرف فرما دیا جائے تاکہ اضطراب رفع ہو، جب سویا تو یہ چار الفاظ دربار رسول مقبول ﷺ سے اس خواب کی تعبیر میں ارشاد ہوئے:۔ اضمار دراضمار، استتار دراستتار، انتہاء در انتہا، اختتام در اختتام، پھر مجھے تسلی تام ہو گئی۔(معرفت الٰہیہ۔ صفحہ ۴۶)۔

تعبیر کے سلسلے میں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے تحریر فرمایا کہ اس خواب کی تعبیر لکھ چکا ہوں۔ الحمد للہ کہ خود حضرت رسول اللہ ﷺ کے ارشاد سے اس کی تائید ہو گئی۔ اضمار در اضمار، استتار اور در استتار علوم ولایت سے متعلق ہے، جسے میں نے لکھا تھا کہ یہ علوم مخفی ہیں اور غایت تاکید کے لئے چار الفاظ استعمال فرمائے گئے ہیں اور انتہاء در انتہا، اختتام در اختتام علوم نبوۃ سے متعلق ہے، قرینہ تقابل سے اس میں اظہار کی قید ملحوظ ہے اور غایت تاکید کے لئے یہاں بھی چار الفاظ استعمال فرمائے گئے ہیں۔ فیض نبوت انتہا درجہ ظاہر ہوگا (ملفوظات حسن العزیز جلد اول کا آخری ضمیمہ، صفحہ ۵۲)۔

حضرت مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوری نور اللہ مرقدہٗ کا سن ولادت ۱۲۹۳ھ ہے۔ آپ اپنے پیرومرشد حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ سے عمر میں ۱۳ سال چھوٹے تھے۔ آپ کے والد ماجد کا نام شیخ عبدالوہاب تھا اور آپ ضلع اعظم گڑھ کے ایک گاؤں مسمّی بہ چھاؤں کے رہنے والے تھے، عمر کا بیشتر حصہ چونکہ قصبہ پھولپور میں گذرا، اس لیے پھولپوری مشہور ہوئے، پھولپور گاؤں سے ۱۱ میل کے فاصلے پر ہے اور یہ تمام مقامات یو۔پی،

marfat.com
Marfat.com

بھارت کے ہیں، اپنے دور کے جید عالم تھے مگر اس قدر سادگی تھی کہ معلوم ہی نہ ہوتے تھے کہ پڑھے لکھے بھی ہیں، کرتے کے بٹن ہمیشہ کھلے رکھتے تھے اور اس کا مسنون ہونا ثابت ہے، ظہر کے وضو سے عشاء کی نماز پڑھنے کا معمول تھا، تلاوت قرآن مجید کا خاص انداز تھا، نو دس آیات کی تلاوت کے بعد زور سے آہ فرماتے اور یا اللہ کہتے، اس آہ اور اللہ میں ایسی کیفیت ہوتی کہ سننے والے کا دل حرکت میں آجاتا تھا، مثنوی مولانا رومؒ سے بے حد شغف تھا اور نہایت دردناک لحن میں اشعار پڑھتے تھے۔ آپ نے ۸۸ سال عمر پائی۔ فرماتے تھے کہ ۷۰ سال تک مجھے بڑھاپا محسوس نہ ہوا۔ حضرت تھانویؒ کو آپ سے بہت حسن ظن تھا (ماخوذ از معرفت الٰہیہ۔ مجھے یہ کتاب جناب سید محمد شاہ جمال ولد جناب سید محمد شاہ جلال مرحوم، اسلام آباد نے عنایت فرمائی جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں)۔

۳۹۔ عصر کی نماز کے وقت شہیدیؒ کی قبر آئی۔ یہ مقام مدینہ منورہ سے ایک منزل دور ہے۔ حج کے موقع پر منزل بہ منزل فاصلہ طے کرتے ہوئے قافلہ جب یہاں آکر رکا تو ایک معلم نے مدینہ طیبہ سے آکر دریافت کیا کہ اس قافلے میں شہیدیؒ نام کا آدمی کون ہے؟ سالار قافلہ اور دیگر کئی زائرین نے کہا کہ اس نام کا اس قافلے میں کوئی آدمی نہیں ہے۔ معلم نے کہا: ضرور ہوگا، مجھے جو فرمان ملا ہے وہ کبھی غلط نہیں ہو سکتا۔ ایک شخص نے کہا کہ ایک دیوانہ قافلے سے الگ ٹھہرا ہوا ہے، وہ اپنے اشعار میں شہیدی نام لیا کرتا ہے، شاید وہی ہوگا۔ معلم نے اس کے پاس جاکر پوچھا کہ کیا تمہارا نام شہیدی ہے؟ بولا: ہاں۔ معلم نے اس پر کہا کہ تمہارے لئے حضور اقدس ﷺ کی طرف سے یہ فرمان ہے کہ تمہارا حج بھی قبول اور زیارت بھی قبول، یہیں سے واپس چلے جاؤ۔ شہیدی نے جب یہ سنا تو فرط محبت سے معلم کے ہاتھوں کو بوسہ دیا اور خوشی سے اچھلنے کودنے لگا۔ لوگوں نے کہا: واقعی یہ شخص پاگل ہے، حضرت رسول اللہ ﷺ نے اسے رد کر دیا ہے اور حکم دیا ہے کہ ہمارے پاس نہ آؤ اور یہ شخص خوش ہو رہا ہے۔ شہیدی نے اس پر کہا: میری نہیں تمہاری عقل ٹھکانے نہیں، بھلا بتاؤ اتنے بڑے قافلے میں حضور اقدس ﷺ نے اور کس کو یاد کیا ہے؟۔ پھر شہیدی نے معلم سے کہا: میں یہیں سے واپس چلا جاؤں گا، بس اجازت دے دو کہ اس پہاڑی پر چڑھ کر حضور ﷺ کے روضہ اقدس کی زیارت کرلوں۔ معلم جو حقیقت حال سے آگاہ نہ تھا اس نے اجازت دے دی۔ شہیدی دوڑ کر پہاڑی پر چڑھ گئے، روضہ اقدس کو دیکھتے ہی بے خود ہو کر ایک چیخ ماری اور یا رسول اللہ (ﷺ) کہتے ہی گر پڑے۔ لوگوں نے دیکھا تو روح قفس عنصری سے پرواز کر چکی تھی۔ وہیں نماز جنازہ پڑھ کر انہیں سڑک کے کنارے دفن کر دیا، جہاں آج بھی اس عاشق صادق کی قبر موجود ہے ("تین

marfat.com
Marfat.com

مہینے دیار حرم میں" یعنی پیر طریقت شیخ المشائخ حضرت علامہ عبدالرحمٰن ثانیؒ کا سفر حج، مرتبہ محمد عارف عاصم بی اے، اسلامک پبلشرز، میر پور (آزاد کشمیر) جون ۱۹۶۵ء۔ صفحہ ۲ ۷ تا ۳ ۷)۔

۴۰۔ عید گاہ، راولپنڈی والے حضرت حافظ خواجہ عبدالکریم قدس سرہ' کا سلسلہ نسب مغل بادشاہ ظہیر الدین بابر سے جا ملتا ہے۔ آپ کے صاحبزادے اور جانشین حضرت حافظ عبدالرحمٰن ثانیؒ کے دل میں حج بیت اللہ کی بے پناہ خواہش تھی، مگر والدین کی خدمت زیادہ ضروری تھی۔ ابھی آپ ۳۶ ویں برس میں تھے کہ خواجہ صاحب المعروف باباجی نے بیٹے سے فرمایا کہ حج کی تیاری کرو، ہماری طرف سے اجازت ہے۔ والدہ ماجدہ نے بھی ایسا ہی ارشاد فرمایا۔ اسی رات آپ نے خواب میں دیکھا کہ روضۃ الرسول مقبول ﷺ پر حاضر ہوں، اور بھی بے شمار مخلوق حاضر ہے، حجرہ مبارک کا دروازہ کھلا، آنحضرت ﷺ باہر تشریف لائے تو میں نے آپؐ کے قدم مبارک پر گر کر بوسہ دیا۔ آنحضرت ﷺ نے مجھ پر دست شفقت پھیرتے ہوئے فارسی میں ارشاد فرمایا: "خوش آمدید۔" وفور محبت سے بے تحاشا میرے آنسو جاری ہو گئے، اسی حالت میں بیدار ہو گیا تو آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے تھے اور دل مطمئن تھا کہ انشاءاللہ ظاہری زیارت بھی میسّر آئے گی۔ ("تین مہینے دیار حرم میں۔" صفحہ ۱۷)۔

حضرت حافظ عبدالرحمٰنؒ ثانی ۸ جون ۱۸۹۶ء بروز دوشنبہ، بوقت صبح صادق پیدا ہوئے۔ مدرسہ دیوبند (یو۔پی، بھارت) سے دستار فضیلت حاصل کی۔ آپ حضرت باباجی کے منجھلے فرزند ارجمند تھے۔ آپ کے باقی چار بھائی حضرت باباجی کی حیات ہی میں وفات پا گئے تھے۔ آپ بے کار بحثوں سے اعراض فرماتے تھے اور علماً کو ہمیشہ نصیحت فرماتے کہ اختلافی مسائل کی بجائے عملی مسائل بیان کیا کریں اور فروعی اختلافات کو موضوع سخن نہ بنایا کریں۔ کسی کی غیبت پسند نہ کرتے تھے اور دوستوں کو آپس میں صلح صفائی کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ آپ کی کرامات زبان زد عام ہیں اور پاک و ہند کا کوئی مقام ایسا نہیں جہاں تبلیغ دین کے لئے نہ گئے ہوں، البتہ آخری پانچ سال میں سفر کرنا بالکل موقوف کر دیا تھا۔ یکم جنوری ۱۹۶۱ء کو رحلت فرمائی اور اپنے صاحبزادے حبیب الرحمٰن صاحب کو خلافت کے لئے منتخب فرمایا۔ آپ کا سالانہ عرس ۲ جنوری کو عید گاہ شریف میں منعقد ہوتا ہے۔ آپ ۱۱ فروری ۱۹۳۲ء کو سفر حج کے لئے روانہ ہوئے تھے۔ حج سے پہلے عراق، شام اور فلسطین کا دورہ کیا جس کا "تین مہینے دیار حرم میں" بڑے دلچسپ انداز میں بیان ہے۔ آج سے ۶۶ سال پہلے کا یہ حج بھی نہایت معلوماتی ہے۔ کاش یہ سفر نامہ برابر شائع ہوتا رہے)۔

۴۱۔ مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما) کے امام صلوٰۃ و خطیب، شیخ القراء الشیخ علی عبدالرحمٰن

marfat.com
Marfat.com

الحذیفی کے تاریخی، فکر انگیز، چشم کشا اور جرأت مندانہ خطبہ جمعہ کا اصل محرک کیا تھا؟ اس سلسلے میں جو حقائق سامنے آئے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ شیخ حذیفی نے اپنے خطبے میں جو حقائق بیان کئے تھے، سچے ہونے کی وجہ سے کڑوے تھے (الحق مر" = سچ کڑوا ہوتا ہے) اس کے ردعمل میں جیل کی سزا بھگتنے کے بعد جب اپنے گاؤں "ایہا" پہنچے تو ایک خصوصی مجلس میں انکشاف کیا کہ "سابق ایرانی صدر رفسنجانی سعودی عرب کے دورے پر آیا تو مدینہ طیبہ بھی پہنچا، حکومت نے اس کا مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما) کا دورہ میرے ذمہ لگا دیا، میں رفسنجانی کو لے کر روضہ اطہر (علی صاحبہا صلوٰۃ و سلاما) پر حاضر ہوا تو اس نے حضور نبی کریم ﷺ کے سامنے حسب دستور درود پڑھا اور رک گیا، میں نے کہا کہ آگے حضرات شیخین (حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ) ہیں، تو رفسنجانی نے (نقل کفر کفر نہ باشد) بے ساختہ کہا: "اللہ یلعنھما" (ان دونوں پر اللہ کی لعنت ہو) (العیاذ باللہ) اس کی دیدہ دلیری دیکھ کر میں سخت پریشان ہوا اور ورطہ حیرت میں پڑ گیا۔ شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

بغض جس سینے میں ہو صدیقؓ اور فاروقؓ سے ہے ضروری ایسا سینہ رات دن پٹتا رہے

صبح جمعہ تھا۔ رات سویا تو خواب میں حضور اقدس ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا: "میرے دروازے پر میرے ساتھیوں پر لعنت بھیجی جا رہی ہے، میری مسجد کے ارد گرد یہود و نصاریٰ کی افواج نے محاصرہ کر رکھا ہے، تمہاری زبانیں کب تک گنگ رہیں گی اور تم کب تک خاموش رہو گے"؟ (منبر نبویؐ سے امام حرم الشیخ علی عبدالرحمٰن الحذیفی کے تاریخی خطبہ جمعہ ذیقعد ۱۴۱۸ھ کا مکمل اردو ترجمہ۔ ناشر = ادارہ مطبوعات انصار پاکستان۔ ملنے کا پتہ = کتب خانہ رشیدیہ، راجہ بازار، راولپنڈی + محبوب پلازہ نزد کوہ نور ملز، پشاور روڈ۔ پوسٹ بکس نمبر ۳۵۶۔ صدر، راولپنڈی)۔

امام موصوف نے روایتی طریق کار سے ہٹ کر عالم اسلام کے زندہ مسائل کو موضوع بنایا۔ یہ طویل عربی خطبہ ذیقعد ۱۴۱۸ھ کے پہلے جمعۃ المبارک کو منبر رسول ﷺ سے دیا گیا تھا۔ اس خطبہ کی آڈیو کیسٹ مع نہایت ہی شاندار اردو ترجمہ پاکستان کے ہر بڑے شہر میں دستیاب ہے، جسے ہر مسلمان کو سننا چاہیئے۔ فرمایا کہ امریکہ اور اس کے حوارین کی جزیرۃ العرب میں افواج کی موجودگی کے چھ اہداف ہیں:-

(۱) اسرائیل کا تحفظ (۲) ہیکل سلیمانی کی تعمیر کے لئے راہ ہموار کرنا (۳) مشرق وسطیٰ پر فوجی تسلط (۴) عربوں کی دولت کا استحصال (۵) اسلام کی دعوت کا راستہ روکنا (۶) اسلامی اقدار اور تہذیب کا خاتمہ۔

تاریخ شاہد ہے کہ یہود و نصاریٰ اسلام کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے

marfat.com
Marfat.com

قرآن مجید میں یہود و نصاریٰ اور مشرکین سے مسلمانوں کو دوستانہ تعلقات سے واضح طور پر منع فرمایا ہے اور حضور نبی پاک ﷺ نے مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ یہود و نصاریٰ کو جزیرہ عرب سے نکال دیں، جبکہ آج نہ صرف یہاں امریکی افواج موجود ہیں، بلکہ عرب ممالک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کر رہی ہیں۔ اسلامی دنیا کے ہر مسلمان کا فرض ہے کہ ان دشمنان اسلام اور دشمنان مسلمان کو یہاں سے نکال دینے کے لئے سینہ سپر ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ امام موصوف کی عمر اور علم میں برکت عطا فرمائے اور وہ اپنے عہدے پر بحال کر دیئے جائیں۔ آپ اپنے تقویٰ اور علم و فضل کے حوالے سے عالم اسلام کی معروف شخصیت اور قرأت قرآن میں تو بے مثال ہیں۔ آپ کی پرسوز قرأت نماز کے حسن کو دوبالا کر دیتی ہے۔

۴۲۔ مشہد ۲۱ فیوض الحرمین مصنف حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ (علماء اکرام کا مقام حضرت رسول اللہ ﷺ کے نزدیک بہت بلند ہے)۔

شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے ان اعتراضات کی تردید کرنے کی اجازت چاہی، جو علماء حرمین نے بعض صوفیا پر کئے ہیں تو مجھے اس چیز کی اجازت نہ ملی، میں نے علماء عاملین کو دیکھا کہ جن کا علم مشتغلین تصفیہ کے موافق ہے، جو علم و دین نشر کرتے ہیں اور آپؐ کو عزیز ہیں۔ ان صوفیا سے آپؐ کو محبت ہے، اگرچہ یہ اہل فنا اور بقاء کے اس جذبے سے تعلق رکھتے ہوں جو نفس ناطقہ میں سے ظہور کرے اور اہل توحید وغیرہ میں سے ہوں، جو صوفیا کے ہاں اعلیٰ مقامات ہیں۔

۴۳۔ حافظ حبیب اللہ مہاجر مکی و مدنیؒ نے خواب میں دیکھا کہ میرے دائیں اور بائیں جانب دور دور تک خیمے لگے ہوئے ہیں۔ ان خیموں میں انسان ہی انسان ہیں کہ اچانک سید کونین ﷺ تشریف لائے اور آپؐ نے مجھ سے پوچھا: ”حبیب اللہ! تمہیں معلوم ہے کہ ان خیموں میں کون لوگ ہیں“؟ میں نے عرض کیا: حضور (ﷺ)! مجھے معلوم نہیں۔ اس پر آپؐ نے خود ہی فرمایا: ”دائیں جانب رہنے والے لوگ وہ ہیں، جنہوں نے آپ کے والد صاحب سے قرآن سیکھا ہے اور بائیں جانب والے وہ ہیں، جنہوں نے آپ کے والد صاحب سے اللہ تعالیٰ کا نام سیکھا ہے۔“ (کتاب الحسنات یعنی سوانح حیات سید العارفین شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی (مولانا لاہوری) نور اللہ مرقدہ' از ڈاکٹر لال دین اخگر ایم اے، پی ایچ ڈی۔ مکتبہ خدام الدین۔ شیرانوالہ دروازہ، لاہور۔ (صفحہ ۵۱۶)۔

حافظ حبیب اللہؒ، حضرت مولانا لاہوریؒ کے سب سے بڑے صاحبزادے تھے جو ۱۹۴۷ء میں حج بیت اللہ کے لیے تشریف لے گئے اور پھر واپس نہ آئے، تقریباً ۲۶ سال مدینہ

marfat.com
Marfat.com

منورہ اور مکہ مکرمہ کی قدسی فضاؤں میں رہ کر مدینہ منورہ میں وصال فرمایا۔ مولانا لاہوریؒ (۱۳۰۴ھ تا ۱۳۸۱ھ) کی مذکورہ بالا سوانح حیات پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ مسلکاً دیوبندی تھے مگر ہر مسلک کے لوگ آپ کا بے حد احترام کرتے تھے۔ اپنے دور کے جید ترین عالم اور بے نظیر مفسّرِ قرآن تھے، جن کے شاگرد پوری دنیا میں دینی کام کر رہے ہیں۔ آپ کے پوتے میاں محمد اجمل قادری آج کل شیرانوالہ گیٹ، لاہور میں آپ کے جانشین ہیں۔

۴۴۔ کرنل افتخار الدین نظر ولد بدیع الدین نظر نے ۸ سال قبل جب وہ کراچی میں تھے، ایک رات خواب دیکھا کہ ایک مسجد میں باجماعت نماز ادا کر رہے ہیں۔ نماز کے بعد لوگوں نے کہا کہ حضور اقدس ﷺ باہر جانے کے لئے تشریف لا رہے ہیں۔ یہ سن کر کرنل صاحب تیزی سے اس جگہ گئے جہاں نمازی جوتے اتارتے ہیں اور حضور انور ﷺ کے نعلین مبارک کو صاف کر کے آپؐ کے سامنے رکھ دیئے، بس پھر آنکھ کھل گی (غیر مطبوعہ)۔

۴۵۔ یہ خواب کرنل افتخار الدین نظر کی اہلیہ نے دو سال قبل دیکھا تھا۔ انہوں نے مجھے (مصنف کتاب ہذا) بتایا کہ "اُن دنوں ہمارا قیام منگلا چھاؤنی میں تھا، جمعہ کا دن تھا اور میں نے عصر سے مغرب تک درود شریف پڑھا، رات خواب دیکھا کہ چودہ سو سال پرانا مدینہ طیبہ ہے جہاں کے مکانات کچے ہیں، ہمارا مکان بھی کچا ہے مگر ہے صاف ستھرا، کرنل صاحب نے مجھ سے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کو مدینہ منورہ والے ستاتے ہیں، اگر میں انہیں اپنے یہاں لے آؤں تو تمہارا کیا خیال ہے؟ یہ سن کر میں نے کہا کہ بھلا اس سے بہتر اور مبارک بات اور کیا ہو سکتی ہے؟ اونٹ گاڑی قسم کی پرانے زمانے کی ایک گاڑی پر آپؐ ہمارے یہاں تشریف لاتے ہیں، ایک تکون سا بن جاتا ہے جس کے ایک کونے پر میں، دوسرے کونے پر کرنل صاحب اور درمیان میں حضور نبی پاک ﷺ کھڑے ہم دونوں کو دیکھ کر مسکرا رہے ہیں اور ہم دونوں بھی اپنے درمیان آپؐ کو دیکھ کر اس قدر خوش ہیں کہ جس کا اندازہ لگایا ہی نہیں جا سکتا، تھوڑی دیر بعد آنکھ کھل گئی، مجھ پر اس مبارک خواب کا اثر تھا اور میں بے حد مسرور تھی، آنکھوں سے آنسو اور زبان پر درود شریف جاری تھا۔ (غیر مطبوعہ)۔

مسز حمیرا عمر، والدہ عامر احمد جان سی اے، ڈاکٹر عاطف احمد جان اور حافظ عابد احمد جان کا میں شکرگزار ہوں، جن کی بدولت مجھے مذکورہ بالا دونوں خواب ملے۔ آپ کرنل صاحب کی تایازاد بہن اور ان کی اہلیہ کی خالہ ہیں، نہایت نیک اور بزرگ خاتون ہیں اور یہ سب لوگ پنجاب کے مشہور صدیقی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔

۴۶۔ بہت سے مفکر، صوفی اور صاحب دل تو شب خیزی کی تعریف کرتے ہیں مگر میں یہ

marfat.com
Marfat.com

کہنے میں حق بجانب ہوں کہ شب خیزی نہیں، نیند میں میرے مقدر نے یاوری کی۔ کیا دیکھتا ہوں کہ آقائے نامدار، مدنی تاجدار، فخرِ رسل ﷺ جن کے چہرہ اقدس کو دیکھنے کی تاب نہیں، اپنے دائیں بازو میں حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ اور بائیں بازو میں اسی جسامت کی شخصیت یعنی جسم کے اعتبار سے اسی قدر ہیں، حضرت مولانا محمد سردار احمد کو لئے ہوئے شاہ عالمی اور موچی دروازے کے درمیان باغ کے درختوں کے اوپر بلندیوں میں پرواز کرتے جا رہے ہیں۔ زہے قسمت ...... خدایا ایں کرم بار دگر کن..... ("خوشبو کا سفر" از قلم عنصر صابری، ایم اے۔ چاہ میراں، لاہور۔)

اس خواب میں جناب عنصر صابری کے لئے لطیف اشارہ ہے کہ محدث اعظم، شیخ الحدیث، مولانا ابوالفضل محمد سردار احمد چشتی قادری قدس سرہ' حضور اقدس ﷺ کی حفاظت میں ہیں اور انہیں دنیا کی کوئی طاقت گزند نہیں پہنچا سکتی (محدث اعظم پاکستان، مولانا ابوالفضل محمد سردار احمد چشتی قادری قدس سرہ' کے احوال و آثار۔ دینی، علمی، تبلیغی اور سیاسی خدمات۔ جلد اول، صفحہ ۱۹۸۔ تالیف: مولانا محمد جلال الدین قادری۔ ناشر = مکتبہ قادریہ، لاہور)۔

۴۷۔ حضرت شیخ الحدیث محمد سردار احمد قدس سرہ' کی اولاد نرینہ میں سب سے بڑے صاحبزادے قاضی محمد فضل رسول ہیں۔ آپ کی ولادت سے قبل والد گرامی کو حضور نبی اکرم، نورِ مجسم ﷺ نے بیٹے کی ولادت کی بشارت دی اور فرمایا: "میرے نام پر نومولود کا نام رکھنا۔" پس چند دن بعد آبائی گاؤں دیال گڑھ سے بذریعہ خط اطلاع ملی کہ آپ کے یہاں فرزند ارجمند کی ولادت (۹ رمضان المبارک ۱۳۶۱ھ بمطابق ۱۹ ستمبر ۱۹۴۲ء) ہوئی ہے۔ ہدایت کے مطابق آپ کا نام محمد اور بلانے کے لئے فضل رسول تجویز ہوا۔ عرف عام میں آپ "قاضی صاحب" اور "پیر صاحب" کے نام سے متعارف ہیں۔ ۱۳۸۱ھ بمطابق ۱۹۶۱ء کو حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ' نے علماء و مشائخ کی موجودگی میں اپنے ان خلف اکبر کو جمیع سلاسل کی خلافت عطا فرما کر اپنا سجادہ نشین مقرر فرمایا (محدث اعظم پاکستان۔ جلد اول، صفحہ ۲۰۷)۔

۴۸۔ حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ' کے سب سے چھوٹے صاحبزادے مولانا حاجی محمد فضل کریم کی ولادت شب برات ۱۵ شعبان المعظم ۱۳۷۳ھ بمطابق ۱۹ اپریل ۱۹۵۴ء بروز پیر لائل پور (فیصل آباد) میں ہوئی۔ آپ کو حضور نبی کریم ﷺ نے بچے کی ولادت کی بشارت دی اور ساتھ ہی ایک نورانی تختی پر سنہرے حروف میں "محمد شفیع" لکھا دکھائی دیا، نام محمد رکھا گیا اور بلانے کے لیے فضل کریم تجویز ہوا۔ بچپن ہی سے آپ "حاجی صاحب" کے عرف سے مشہور ہیں۔ (محدث اعظم پاکستان، جلد اول۔ صفحہ ۲۱۶)۔

marfat.com
Marfat.com

۴۹۔ حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ' کے ایک برادر طریقت کا لڑکا محمد اسحٰق افعال شنیعہ کا عادی تھا۔ اس کے والد بے حد پریشان تھے۔ ایک روز اسے لے کر حضرت شیخ الحدیثؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت شیخ الحدیثؒ نے بیعت لینے کے بعد اسے نماز، روزہ اور احکام شرع کی پابندی کا حکم دیا۔ محمد اسحٰق نے جواب دیا کہ مجھ سے توقع نہ رکھیں، میں ایسا نہیں کر سکتا۔ ہاں! اگر آپ زبردستی کرالیں تو اور بات ہے۔ کچھ عرصہ تو وہ اپنی بدعادات پر قائم رہا اور پھر اچانک روزہ، نماز اور احکام شرع کا پابند ہو گیا اور ڈاڑھی تک رکھ لی۔ والد نے اس تبدیلی کے بارے میں دریافت کیا تو محمد اسحٰق نے ایک خواب کا ذکر کیا اور کہا کہ ایک رات میں نے حضور اقدس ﷺ کی مجلس دیکھی اور چاہا کہ آپؐ کی زیارت کرلوں۔ اس پر حاضرین مجلس میں سے چند لوگ اٹھے اور مجھ سے پوچھا کہ تم کون ہو اور بغیر اجازت یہاں کیسے آئے؟ تمہیں معلوم نہیں یہاں آنے کے لئے اجازت نامے کی ضرورت ہوتی ہے، اور یہ کہہ کر مجھے مارنا شروع کر دیا اور میرے کندھوں پر ڈنڈے مارے۔ صبح اُٹھا تو ضربوں سے کندھوں میں سخت درد تھا۔ میں نے محسوس کیا کہ یہ حضرت شیخ الحدیثؒ کا تصرّف ہے اور میری حالت بدل گئی۔ وہی محمد اسحٰق اب صوفی محمد اسحٰق بن چکے ہیں، اڈا لاریاں فیصل آباد میں ہوٹل کے مالک ہیں اور شوق سے اپنا یہ واقعہ لوگوں کو سناتے ہیں (محدث اعظم پاکستان، جلد اول صفحہ ۴۳۱ تا ۴۳۲)۔

۵۰۔ شیخ ابوالحسن علی الباغوزائی نے حضور انور، نور مجسم ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اُن کی انگلیوں میں انگلیاں ڈالے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ "اے ابوالحسن علی! جو میرے ہاتھ کی انگلیوں میں انگلیاں ڈالے گا جنت میں داخل ہوگا۔" آپؐ نے یہ جملہ سات بار دہرایا۔ حضرت ابوالحسن علی جب بیدار ہوئے تو اس "مصافحہ منامیہ" کا اثر انگلیوں پر واضح تھا (محدث اعظم پاکستان، جلد دوم۔ صفحہ ۹۳)۔

۵۱۔ مولانا محمد سلیم (ناظم مکتبہ اویسیہ، حامد آباد، بہاولپور) اپنے ایک دوست کا خواب بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے خواب میں شیخ الحدیث محمد سردار احمد چشتی قادری قدس سرہ' کو دیکھا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے آپ کو اپنی گود میں لیا ہوا ہے اور آپ کی ڈاڑھی کو اپنا دست مبارک لگا کر صحابہ اکرام علیہم الرضوان سے تعارف کرا رہے ہیں اور صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بہت خوش ہو رہے ہیں (محدث اعظم پاکستان، جلد دوم۔ صفحہ ۱۱۵)۔

۵۲۔ حکیم اہل سنّت مولانا حکیم محمد موسیٰ امرتسری ضیائی مدظلہ کی موجودگی میں ۲۸ ذیقعدہ ۱۴۰۳ھ کو مولانا اسد نظامی (جہانیاں) نے یہ واقعہ بیان کیا: ۱۹۵۸ء میں حضرت شیخ الحدیثؒ کے ہمراہ میں، مولانا محمد حنیف (فیصل آباد) مولانا حسن علی رضوی (میلسی) جہانیاں سے میلسی جا

marfat.com
Marfat.com

رہے تھے کہ میلسی سے ادھر کوئی پانچ چھ میل کے فاصلے پر ڈھمکی نہر کے پل کے قریب بس خراب ہو گئی، سواریاں نیچے اتر آئیں، مولانا حسن علی رضوی نے کمبل بچھا دیا، جس پر حضرت شیخ الحدیثؒ بیٹھ گئے، سامنے ایک جاٹ ہل چلا رہا تھا، آپ نے دوران گفتگو اس جاٹ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حضوری ہے۔ اس پر وہ جاٹ ہل چھوڑ کر آ گیا اور آتے ہی پنجابی زبان میں کہا: "مولوی صاحب! آپ نے میرا پردہ فاش کر دیا ہے، لیکن اپنے بارے میں بھی کہیے، آپ تو مجھ سے بھی پہلے وہاں دربار رسالت (ﷺ) میں حاضر ہوتے ہیں۔" زمیندار کے چلے جانے کے بعد ہم نے آپ کو مزید کریدنا چاہا، مگر آپ خاموش رہے (محدث اعظم پاکستان، جلد دوم۔ صفحہ ۱۱۷)۔

۵۳۔ اپنی قلمی یادداشت میں ڈاکٹر محمد اسلم (ایم ایس سی۔ پی ایچ ڈی حال مقیم سید پور، راولپنڈی) بیان کرتے ہیں کہ لائل پور کے قیام کے دوران میری یہ عادت تھی کہ نماز سے فارغ ہو کر حضرت شیخ الحدیثؒ جب مسجد سے باہر جانے کا قصد فرماتے تو میں آپ کا جوتا حاضر کرتا۔ ایک روز بارش کی وجہ سے نعلین بھیگ گئیں تو میں نے جیب سے رومال نکال کر انہیں خشک کیا اور یہ رومال میرے لئے تبرک بن گیا۔

جب میں پنجاب یونیورسٹی میں پروفیسر تھا تو ایک روز حضور رسول اکرم ﷺ کی زیارت بابرکت کے لئے انتہائی تڑپ پیدا ہوئی۔ رات نماز عشا کے بعد سر پر عمامہ باندھا اور مذکورہ بالا رومال اس میں رکھ کر مدینہ منورہ کی طرف رخ کر کے درود شریف کا ورد شروع کر دیا اور دل میں تہیہ کر لیا کہ جب تک حضور اقدس ﷺ کی زیارت نہ ہو گی بیٹھوں گا نہ لیٹوں گا، درود شریف پڑھتے پڑھتے نامعلوم کتنا وقت گذر گیا کہ پتہ نہ چلا اور اچانک نیند غالب آ گئی، اسی دوران مجھے سرکار دوعالم ﷺ نے اپنی زیارت بابرکت سے مشرف فرمایا۔ بڑے ہی جاہ وحشم سے تشریف فرما ہیں اور کسی کی آمد کے منتظر ہیں۔ چند ہی لمحات بعد حضرت شیخ الحدیثؒ حضور اقدس ﷺ کی خدمت بابرکت میں نہایت ادب سے حاضر ہوئے۔ (محدث اعظم پاکستان، جلد دوم۔ صفحہ ۱۳۰ تا ۱۳۱)۔

کشتی نوحؑ میں نار نمرود میں   بطن ماہی میں یونسؑ کی فریاد میں
آپؐ کا نام نامی اے صل علی   ہر جگہ ہر مصیبت میں کام آ گیا

۵۴۔ حضرت شیخ الحدیثؒ کی بیاض سے ۱۴ ربیع الثانی ۱۳۷۹ھ بمطابق ۱۸ اکتوبر ۱۹۵۹ء شب جمعۃ المبارک آپ کے خواب کا ایک حصہ ملاحظہ ہو...... نماز عشاء کے بعد بڑے کمرے کی چھت پر آرام کیا، خوب نیند آئی تو خواب میں دیکھا کہ مدینہ طیبہ، روضہ اقدس پر حاضر ہوں

marfat.com
Marfat.com

اور چند بزرگان دین اور بعض عزیز و احباب بھی ساتھ ہیں۔ سنہری جالیوں کے باہر نہیں بلکہ حجرۂ مقدسہ جس جگہ روضۂ مقدسہ ہے اس میں حاضر ہوں اور خواب میں یہی کہتا ہوں: یہ تو سرکار دوعالم ﷺ کا روضۂ مقدسہ ہے اور یہ دو نورانی قبریں کس کی ہیں؟ چند بار یہ کہا اور پھر خود ہی جواب دیتا ہوں کہ ایک قبر شریف حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دوسری حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ہے۔ خواب کے درمیان آنکھ کھلی، بیدار ہوا، خواب روح پرور اور ایمان افروز تھا، آنکھ پھر لگ گئی، چونکہ دل میں ایک تمنا تھی کہ پھر یہی لطف حاصل ہو، لہٰذا رات دو تین بار ایسا ہی ہوا اور پھر خواب اور بیداری میں متحیّر رہا کہ روضہ پاک کے اندر کیسے حاضر ہوا؟ پھر دل میں خیال آیا کہ خواب میں حاضری ہے اور یہ مستبعد نہیں ہے۔ حضور نور مجسم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا ذکر مبارک درس و تدریس کے وقت ہوتا ہے اور آپؐ کا فیض ہے کہ اپنے گداؤں کو کرم سے نوازتے ہیں۔ اللہ پاک اپنے حبیب پاک ﷺ کے وسیلے سے استقامت عطا فرمائے اور دین و ایمان پر خاتمہ فرمائے (محدث اعظم پاکستان، جلد دوم صفحہ ۱۵۷)۔

چونکہ حضرت شیخ الحدیثؒ عاشق حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ تھے اور اس کثرت سے آپؐ کا ذکر کرتے تھے کہ باید و شاید۔ اس وجہ سے آپ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دولت حضوری حاصل تھی، پس عالم خواب اور عالم بیداری میں آپؐ کے ذکر کی برکات ہر وقت موجود رہتی تھیں۔

شیخ الحدیث الحاج مولانا محمد سردار احمد قدس سرہ' دیال گڑھ، ضلع گورداسپور میں پیدا ہوئے۔ والد چوہدری میراں بخش کا تعلق سیہول جٹ خاندان سے تھا، کاشتکاری کرتے تھے اور میٹرک کے سرٹیفکیٹ سے تاریخ پیدائش ۲۳ ستمبر ۱۹۰۳ء، (بمطابق ۲۹ جمادی الآخر ۱۳۲۱ھ) ہے۔ مزید تعلیم حاصل کرنے لاہور آئے، مگر یہاں حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خان خلف اکبر و خلیفہ امام احمد رضا خان بریلویؒ سے ملاقات ہو گئی اور ان کے ہمراہ بریلی چلے گئے۔ وہاں درسیات کی تکمیل کی اور پھر دس سال دارالعلوم منظر الاسلام، بریلی (یو۔پی، بھارت) میں شیخ الحدیث کی حیثیت سے خدمت انجام دی۔ آپ حجۃ الاسلام کے شاگرد، قادری سلسلے میں آپ کے خلیفہ اور چشتیہ سلسلے میں حضرت خواجہ شاہ سراج الحقؒ کے مُرید و خلیفہ تھے۔ ۱۹۴۸ء میں پاکستان آگئے اور دارالعلوم جامعہ رضویہ مظہر الاسلام، لائل پور کی بنیاد رکھی اور وہاں ۱۴ سال بطور شیخ الحدیث خدمت انجام دی۔ آپ نے محدثین اور اساتذہ حدیث کی بہت بڑی جماعت تیار کی اس وجہ سے "محدث اعظم پاکستان" کہلائے گئے۔ شریعت و طریقت کے جامع تھے اور معلوم ہوتا تھا کہ آپ کے اجزا بدنی کی ترکیب عشق رسول اللہ ﷺ سے کی گئی ہے۔ یکم شعبان المعظم ۱۳۸۲ھ بمطابق ۲۹ دسمبر ۱۹۶۲ء جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب کراچی میں وصال فرمایا۔ لاکھوں

marfat.com
Marfat.com

آدمیوں نے جنازے میں شرکت کی، پھر نعش اتوار کو شاہین ایکسپریس کے ذریعے لائل پور (جو ۱۹۷۵ء میں فیصل آباد ہو چکا ہے) پہنچائی گئی، جہاں تقریباً تین لاکھ آدمیوں نے نماز جنازہ ادا کی، جو تاریخ لائل پور کا سب سے بڑا جنازہ بن گیا۔ اس کے بعد جسد مقدس سنّی رضوی جامع مسجد کے پہلو میں سپرد خاک کر دیا گیا اور اب یہی آپ کی آخری آرام گاہ ہے۔

؎ آسمان سے نور افشانی ہوئی تابوت پر — کیا مقدس بندۂ غفار تھے شیخ الحدیث

دیکھ کر منظر جنازہ کا یہ ظاہر ہو گیا — اہل حق کے سید و سردار تھے شیخ الحدیث

۵۵۔ جمیلہ سابق مس روبینہ کنول، محمد نگر، لاہور نے ۴ جنوری ۱۹۶۹ء کو اسلامی مشن سنت نگر، لاہور کے سربراہ سید اختر احسن صاحب کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔

بتاتی ہیں کہ "میں نے ایک رات خواب دیکھا کہ آسمان پر بادل کا ٹکڑا ہے، جس سے نور کی شعاعیں پھوٹ رہی ہیں اور بہت سے لوگ اُسے دیکھ رہے ہیں۔ مجھے بھی شوق ہوا اور لوگوں سے پوچھا یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: کیا تم نہیں جانتیں کہ آج حضور اقدس ﷺ کے دیدار ہونگے؟ میں پھر بغور دیکھنے لگی، تو ایسا محسوس ہوا کہ ایک بزرگ ہاتھ میں عصا لیے کھڑے ہیں، مگر چہرہ مبارک پر بادل کا ہلکا سا ٹکڑا ہے جس کی وجہ سے چہرہ انور نہ دیکھ سکی۔ تعبیر پوچھنے پر معلوم ہوا کہ اسلام کی سچائی اور خوبیوں کی معترف ہونے کے باوجود کلمہ نہیں پڑھا، اس وجہ سے چہرہ مبارک کا دیدار نہ ہو سکا، پس میں نور ایمان سے آراستہ ہو کر فوراً مسلمان ہو گئی (ہم مسلمان کیوں ہوئے؟ اسلامی مشن۔ سنت نگر، لاہور۔ صفحہ ۴۸) (ہم کیوں مسلمان ہوئے؟ مرتبہ پروفیسر عبدالغنی فاروق صفحہ ۷۰ تا ۷۱)۔

۵۶۔ عبداللہ بن الوردؒ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور انور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ میں نے آپؐ سے حضرت امام احمد بن حنبلؒ کی بابت دریافت کیا۔ آپؐ نے فرمایا: "تمہارے پاس موسیٰ کلیم اللہ بن عمران تشریف لائیں گے، ان سے پوچھ لینا۔" فوراً ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام تشریف لے آئے۔ میں نے ان سے حضرت امام احمدؒ کا حال پوچھا۔ آپ نے فرمایا: احمد کو خوشحال اور مصیبت زدہ کرکے، غرض دونوں طرح آزمایا گیا، وہ صبر و شکر کا پیکر نکلے اور سچے ثابت ہوئے، چنانچہ انہیں صدیقین میں شامل کر لیا گیا۔ حضور اقدس ﷺ نے خود جواب عنایت نہ فرمایا بلکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے دلوایا۔ اس میں چند حکمتوں کی طرف اشارہ مقصود تھا:

اول یہ کہ امت محمدیہ کی دیگر تمام امتوں پر فضیلت معلوم ہو جائے۔ حتیٰ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جو جلیل القدر پیغمبروں میں سے ہیں، اسے بیان اور ثابت کر رہے ہیں۔ دوم یہ کہ حضرت امام احمد بن حنبلؒ جو سنت محمدیہ کا نمونہ تھے، ان کی اس میں فضیلت ہے کہ انہیں مصائب میں مبتلا

marfat.com
Marfat.com

کیا گیا اور اس کے بدلے میں انہیں اجر عظیم ملا، حتیٰ کہ آپ کے مقام اور فضل کی گواہی حضرت رسول اللہ ﷺ نے دی۔ سوم یہ کہ حضرت امام احمدؒ کو مسئلہ خلق قرآن میں مبتلا کیا گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کلیم اللہ ہیں، کیونکہ آپ نے کوہ طور پر اللہ تعالیٰ سے گفتگو فرمائی تھی، حضرت موسیٰ علیہ السلام خوب جانتے ہیں کہ قرآن کریم اللہ کی نازل کردہ کتاب ہے مخلوق نہیں بلکہ کلام اللہ ہے۔ اس مناسبت سے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے اور ان کا یہ عقیدہ درجہ یقین کو پہنچ جائے کہ قرآن مجید اللہ جل شانہ' کا نازل کردہ کلام ہے، مخلوق نہیں (حیات الحیوان۔ مؤلف مصنف علامہ کمال الدین الدمیری حصہ اول۔ صفحہ ۲۷۲)۔

(میں اس خواب کے لئے جناب شیخ سلیم اختر، لاہور کا ممنون ہوں)۔

۵۷۔ شیخ محمد عالم صدیقی علویؒ صاحب (۹۷۲ھ تا ۱۰۴۱ھ) "لمحات من نفحات القدس" میں فرماتے ہیں: اس وقت بندہ ۱۳ برس کا تھا اور قرآن پاک حفظ کر رہا تھا، لیکن صحت خراب ہونے کے باعث حفظ کرنے میں تاخیر ہو کر عمر ۲۱ سال ہو گئی تھی۔ ایک شب حضرت شیخ قاسمؒ کی بابرکت ذات کے سبب تائید غیبی سے حضرت نبی کریم ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپؐ کے بائیں پہلو میں امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیٹھے ہیں اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ میرا ہاتھ حضور نبی اکرم ﷺ کے دست مبارک میں دے دیتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں: "یہ ابوبکر کے فرزند ہیں۔" بعد ازاں مجھ سے فرمایا: "قرآن سناؤ۔" میں نے چند آیات تلاوت کیں۔ اس واقعہ کے بعد حضور اقدس ﷺ کی نظر التفات سے قرآن مجید جیسی عظیم کتاب صرف ۱۸ دن میں حفظ ہو گئی۔

۵۸۔ مولانا حفیظ اللہ بندی خور (ضلع اعظم گڑھ، یو۔پی، بھارت) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم غازی پور میں حاصل کر کے لکھنو آکر مولانا عبدالحئی فرنگی محلی کے نامور شاگرد ہوئے۔ کاکوری، رامپور، ڈھاکہ اور لکھنو میں مدرس رہے۔ ۱۹۲۰ء میں شمس العلماً کا خطاب ملا اور حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی۔ ۱۹۳۱ء میں کبرسنی کی وجہ سے ندوہ، لکھنو کے پرنسپل کی حیثیت سے ریٹائر ہو کر نومبر ۱۹۴۳ء میں وفات پائی۔ آپ کو مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ سے بھی عقیدت تھی۔ ان کے جذبہ اتباع سنت کی بڑی قدر کرتے تھے۔ طالب علمی کے دور میں ملاقات کے لئے گنج مراد آباد گئے اور اپنا ایک قلمی رسالہ نذر کیا، جس میں یہ ثابت کیا گیا تھا کہ وضو کے بعد رومال سے پانی نہ پونچھنا چاہیے۔ مولانا نے رسالے پر ایک نظر ڈالی اور فرمایا کچھ حرج نہیں۔ پھر فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ تشریف فرما ہیں اور فرما رہے ہیں کہ کوئی حرج نہیں۔ مولانا حفیظ اللہ نے عرض کیا: حضرت یہ آپ کا کشف ہے، مگر ہمارے لیے حجت نہیں۔ اس

marfat.com
Marfat.com

جواب سے مولانا فضل رحمانؒ بہت خوش ہوئے اور فرمایا: تم نے ٹھیک کہا ہے، تمہیں کہنا چاہیئے تھا (چند تصویر نیکاں مرتبہ مشیر الحق، مکتبہ جامعہ، نئی دہلی ۱۹۸۹ء)۔

۵۹۔ حضرت الحاج محمد امینؒ ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوئے۔ لنڈی کوتل، خیبر ایجنسی کے مشہور خلیل مہمند قوم کے شیخ محمد خیل کی ذیلی شاخ عالم خان سے تعلق رکھتے تھے۔ والد نے نام امین خان رکھا مگر آپ نے خود محمد امین رکھ لیا۔ حصول علم کے بعد اپنے گاؤں سلیمان خیلی میں تمام عمر ذکر و عبادت الٰہی میں گذار دی۔ شروع سے ہی آپ پر اللہ کا خصوصی فضل تھا۔ شعر و شاعری اور نعت گوئی کا شوق تھا اور حج بیت اللہ کا بھی بے حد شوق تھا مگر عمر چھوٹی ہونے کی وجہ سے والدہ اجازت نہ دیتی تھیں، مگر بہت شوق اور اصرار دیکھ کر اجازت دے دی۔ حج کے بعد مدینہ طیبہ سے واپس آنا نہ چاہتے تھے کہ خواب میں سرور دو عالم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ پوچھا: کیوں رو رہے ہو؟ کہا: میں وطن واپس جانا نہیں چاہتا، جب کہ آپؐ مجھے واپس بھیج رہے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ''اس مرتبہ چلے جائیں، لوگوں کو وعظ و نصیحت کریں، آپ کو پھر بلاؤں گا اور آپ کو ایک نشانی دیتا ہوں۔'' پھر حضور اکرم ﷺ نے اپنی مبارک انگلیاں حاجی صاحبؒ کے منہ میں ڈال کر آپ کا ایک دانت نکال کر آپ کے بازو میں پیوست کر دیا اور فرمایا: ''یہ نشانی ہے کہ آپ پھر آئیں گے۔'' پھر فرمایا: ''اپنا لعاب دہن تھوکیں۔'' تھوکتے ہی خواب سے بیدار ہوگئے۔ دیکھا کہ دانت اپنی جگہ پر صحیح سالم موجود ہے، مگر گریبان پر خون کے چھینٹے پڑے ہیں، واپس آکر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا کام اور عشق رسول ﷺ میں ڈوبے اشعار کہنے شروع کر دیئے اور کچھ عرصے بعد حج کے لئے روانہ ہوگئے (تذکرہ عاشق رسول ﷺ (فخر کشمیر) حضرت الحاج محمد امینؒ۔ تالیف از تحسین اللہ (ایم اے اردو۔ بی ایڈ)۔ ناشر = ادارہ نشر و اشاعت جماعت ناجیہ، الجاہد آباد، عمرزئی، چارسدہ (صوبہ سرحد) (صفحہ ۵۹ تا ۶۰)۔

۶۰۔ حضرت الحاج محمد امین (حاجی صاحبؒ) کے پیر و مرشد جناب استاد صاحبؒ ھڈے شریف میں رہتے تھے اور عصر کی نماز کے بعد مغرب تک کسی سے بات چیت نہیں کرتے تھے، صرف اوراد اور وظائف میں مشغول رہتے تھے، جب بہت اصرار ہوا کہ ایسا کیوں کرتے ہیں؟ تو فرمایا کہ ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ ھڈے شریف میں ہمارے سلسلے کے تمام پیران عظام تشریف فرما ہیں۔ ھڈے صاحب (حضرت نجم الدین صاحبؒ) نے مجھ سے کہا کہ مجاہد کبیر حضرت اخوند عبدالغفور صاحب سوات قدس سرہ سے ملو۔ میں نے آگے بڑھ کر ان سے ہاتھ ملایا، تو انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ کر لوگوں سے کہا کہ اس لڑکے کو سامنے والی عمارت میں کون لے جائے گا؟ ھڈے صاحبؒ نے فرمایا: میں لے جاؤں گا۔ وہ ایسی شاندار عمارت تھی کہ اس کی مثل پہلے کبھی نہ دیکھی

marfat.com
Marfat.com

تھی، چند کمروں سے گذرنے کے بعد انہوں نے فرمایا کہ مجھے آگے جانے کی اجازت نہیں، آپ سامنے والے کمرے میں چلے جائیں، وہاں حضور اقدس ﷺ اور آپ کے چاروں یار تشریف فرما ہیں۔ میں نہایت ادب و احترام سے کمرے میں داخل ہوا تو حضور اقدس ﷺ کی ایک جانب حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر فاروق اور دوسری جانب حضرت عثمان غنی و حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما تشریف فرما تھے اور ساتھ ہی حضرت حاجی محمد امینؒ بیٹھے تھے۔ حضور اقدس ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا کہ ''آپ کے حوالے ایک کام کرتا ہوں اس کو پورا کرو گے؟'' میں نے سوچا انکار کی تو گنجائش ہی نہیں مگر جو بات آپ فرمانے والے ہیں، اسے میں پورا نہ کر سکا تو پھر کیا کروں گا؟ میں اسی کشمکش میں مبتلا تھا کہ حضور ﷺ نے دوبارہ فرمایا۔ تیسری مرتبہ فرمانے پر حاجی صاحبؒ نے حضور انور ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے اجازت ہو تو میں کچھ عرض کروں۔ اجازت کے بعد حاجی صاحبؒ نے عرض کیا یہ ضرور پورا کرینگے۔ اس پر حضور انور ﷺ مسکرائے اور فرمایا: ''آپ کو کیا پتہ میں کیا کہنے والا ہوں؟'' اس پر حاجی صاحبؒ نے کہا کہ آپ ان سے یہی فرمانا چاہتے ہیں کہ عصر اور مغرب کے درمیان کسی سے بات چیت نہ کیا کریں۔ حضور اقدس ﷺ نے یہ سن کر فرمایا: ''ہاں! اسی طرح کہنے والا تھا۔'' اس کے بعد میں خواب سے بیدار ہوا تو وہ دن اور آج کا دن میں نے اپنا معمول بنالیا ہے اور عصر و مغرب کے درمیان کسی سے بات چیت نہیں کرتا (تذکرہ عاشق رسول ﷺ (فخر کشمیر) حضرت الحاج محمد امین۔ (صفحہ ۸۹ تا ۹۰)۔

۶۱۔ ۵ صفر ۱۳۶۹ھ بروز جمعہ المجاہد آباد میں رحمت گل نامی ایک شخص آیا جو ترنگزئی نامی علاقے کا رہنے والا تھا۔ اس نے حضرت حاجی محمد امینؒ کو اپنا خواب سنایا کہ مجھے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی، تو آپ نے مجھ سے دریافت فرمایا کہ ''المجاہد آباد کو کون سا راستہ جاتا ہے؟'' میں نے عرض کیا: میں آپ کے ساتھ جاؤں گا، لہٰذا میں آپ کو المجاہد آباد لے آیا، آپ کے ساتھ بہت سے ساتھی تھے، غالباً عید کا دن تھا، مسجد میں تشریف لا کر سب سے دعا سلام کی، وعظ و نصیحت کے بعد نعت خوانی شروع ہو گئی، حضور اقدس ﷺ حضرت حاجی محمد امینؒ کے ہمراہ کتب خانے میں تشریف لے گئے اور حاجی صاحبؒ سے حکومت پاکستان کا حال دریافت فرمایا کہ ''شریعت کا حکم جاری ہوا یا نہیں؟'' حاجی صاحبؒ نے عرض کیا کہ بہت کوشش کی مگر ناکام رہے، آپ دعا فرمائیے کہ پاکستان میں جلد از جلد شریعت کا نفاذ ہو۔ آپ بہت زیادہ خفا ہوئے اور بہت زیادہ افسردگی سے اپنے سر مبارک کو ہلایا، پھر نماز کا وقت ہو گیا اور ایک آدمی نے اذان دی، جب وہ محمد رسول اللہ پر پہنچا تو آپ نے فرمایا کہ ''الحمد للہ ابھی تک میرا نام اذان میں ہے۔'' پھر آپ وہاں زیادہ دیر نہ ٹھہرے اور افسوس کے ساتھ یہ کہتے چلے گئے کہ ''پاکستان

marfat.com
Marfat.com

میں شریعت کا نفاذ نہیں ہوا۔"

رحمت گل نے کہا کہ آپؒ نے مجھ سے پوچھا: "سبق پڑھتے ہو؟" میں نے عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا: "تھوڑا سا پڑھ کر مجھے سناؤ۔" جب میں نے سبق شروع کیا اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہا تو آپؒ نے فرمایا: بس۔ اس کے بعد میرے سینے پر دست مبارک پھیرا اور وہاں سے تشریف لے گئے (تذکرہ عاشق رسول ﷺ (فخر کشمیر) حضرت الحاج محمد امینؒ۔ (صفحہ ۲۱۴ تا ۲۱۵)۔

۶۲۔ ۲۹ شوال ۱۳۷۵ھ بمطابق ۹ جون ۱۹۵۶ء بروز ہفتہ چھٹی مرتبہ حج بیت اللہ کے لیے تشریف لے گئے۔ ربیع الاول میں حجاج صاحبان واپس ہونے لگے تو آپ نے مزید ایک سال وہاں رہنے کا ارادہ کیا مگر سعودی حکام اجازت نہیں دے رہے تھے۔ مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) کے ایک خادم نے حاجی صاحبؒ سے کہا کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ جناب حضرت حاجی محمد امینؒ حکومت سے ڈرتے ہیں اور یہاں رہنے کا ارادہ بھی رکھتے ہیں۔ اس پر حضور رسالت مآب ﷺ نے فرمایا: "محمد امین میرا مہمان ہے، اس کو کوئی نہیں نکال سکتا۔" (تذکرہ عاشق رسول ﷺ (فخر کشمیر) حضرت الحاج محمد امینؒ۔ (صفحہ ۲۴۲)

۶۳۔ اسی زمانے میں حضرت حاجی محمد امینؒ نے عبادت سے فارغ ہونے کے بعد کے اوقات میں تاجدار مدینہ ﷺ کے حکم سے پنجرہ مبارک کے پاس (اسطوانہ سریر اور اسطوانہ حرس کے مابین) اپنی مشہور کتاب "روضۃ الحبیب" تصنیف فرمائی (تذکرہ عاشق رسول ﷺ (فخر کشمیر) حضرت الحاج محمد امینؒ۔ صفحہ ۲۴۲)۔

۶۴۔ محمد عمران ساکن مردان (صوبہ سرحد، پاکستان) نے تقریباً ۳۱ حج کیے، اس کے باوجود زیارت بابرکت حضور نبی پاک ﷺ نہ ہوئی، گو دل میں بے حد خواہش تھی۔ سوچتے تھے کہ پتہ نہیں میرے حج قبول بھی ہوئے یا نہیں؟ ایک مرتبہ پھر حج پر گئے تو ساری رات عبادت میں گزار دی، آخری پہر آنکھ لگی تو خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپؐ نہایت شفقت سے ملے اور جب جانے لگے تو ارشاد فرمایا: "اے محمد عمران! تو اس بات پر خوش نہ ہو کہ میں نے تیرے ساتھ اتنی شفقت برتی، جب کہ یہ شفقت اس لئے کی ہے کہ تو میرے عاشق حاجی محمد امین کے ملک کا رہنے والا ہے۔" جب خواب سے بیدار ہوا تو پریشان تھا، کیونکہ حاجی صاحب میرے نسوار استعمال کرنے کی وجہ سے مجھ سے ناراض تھے۔ میں نے حاجی صاحب کو تیسرے دن اچانک مدینہ منورہ کی گلیوں میں ننگے پیر چلتے دیکھا، تو فوراً آپ کے قدموں پر گر پڑا، معافی مانگی اور عرض کیا کہ آپ کی بدولت مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی ہے۔ حاجی صاحب نے مجھے معاف فرما دیا۔ (تذکرہ عاشق رسول ﷺ

marfat.com
Marfat.com

(فخر کشمیر) حضرت الحاج محمد امینؒ۔ (صفحہ ۲۹۳ تا ۲۹۴)۔

۶۵۔ الحاج محمد امینؒ کے شاگرد اور معتقد مولانا عبدالرؤف فرماتے ہیں کہ ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ حضور انور ﷺ اپنے چاروں اصحاب یعنی حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ہمراہ ہیں، آپؐ کی پشت مبارک کے پیچھے حضرت حاجی محمد امینؒ ہیں اور میں سب کے پیچھے جا رہا ہوں۔ کچھ دیر بعد حضرت حاجی صاحبؒ نے حضور اقدس ﷺ سے التجا کی کہ آپؐ میرے اس طالب علم کے لئے دعا فرمائیں۔ حضور اقدس ﷺ نے حاجی صاحب کی التماس پر میرے لئے دعا فرمائی (تذکرہ عاشق رسول ﷺ (فخر کشمیر) حضرت الحاج محمد امینؒ۔ (صفحہ ۳۱۷)۔

۶۶۔ شاہ افغانستان امیر عبدالرحمٰن (متوفی ۱۳۱۹ھ ۱۹۰۱ء) کے پاس سات موئے مبارک تھے۔ ایک مرتبہ بزرگ وزیر سید گل بادشاہ سے کہا: اگر کوئی خواہش ہو تو بتاؤ۔ سید گل بادشاہ نے کہا: آپ کے پاس جو موئے مبارک ہیں، ان میں سے کچھ مجھے عنایت فرمائیں تو مجھ پر بڑا احسان ہوگا۔ بادشاہ نے حیرانی سے کہا: یہ تو ہمارے آباؤ اجداد کی نشانی ہے۔ پھر کافی سوچ بچار کے بعد دو موئے مبارک عطا کر دیئے۔ رشتہ داری کی وجہ سے پھر کوٹ کے شہزاد گل تک پہنچے۔ حضرت حاجی محمد امینؒ کو پتہ چلا تو روزانہ للمہ سے کوٹ ۲۰ کلو میٹر طے کر کے موئے مبارک کی زیارت کو جاتے۔ اس دوران آپ نے موئے مبارک کے حصول کے لئے کئی بار علمائے کرام کا جرگہ شہزاد گل کے پاس بھیجا مگر وہ ہر مرتبہ انکار کر دیتے، پھر آپ واپس المجاہد چلے گئے۔ کچھ دن بعد خلیل کا کاترنگزئی جو حاجی صاحبؒ کے مرید تھے، ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان کی موجودگی میں ایک شخص نے حاجی صاحبؒ سے عرض کیا کہ میں علماء کی ایک مجلس میں بیٹھا تھا، جس میں کئی بزرگان دین بھی تھے کہ یکایک ان کے درمیان آواز آئی کہ حاجی محمد امین کی آرزو پوری ہوگی۔ ادھر کوٹ کے خلیفہ مجاز مولانا حسین خان اور ان کے رفقاء بار بار کوشش کرتے رہے کہ موئے مبارک حاجی صاحبؒ کو مل جائیں۔ آخر ان کی کوششیں رنگ لائیں اور ایک جرگے کی شکل میں موئے مبارک المجاہد آباد حاجی صاحب کی خدمت میں پہنچا دیئے گئے۔ آپ نے وفد کا گرمجوشی سے استقبال کیا، گھر میں موجود تمام سونا، چاندی و نقدی ان کی خدمت میں پیش کر دی اور انہیں پورے اعزاز و احترام سے رخصت کیا۔ موئے مبارک پانی میں ڈال کر وہ پانی سب کو پلایا گیا اور پھر وہ موئے مبارک ایک شیشے کے برتن میں رکھ دیئے گئے۔

موئے مبارک کے عظیم تبرکات کو صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اپنے پاس بطور تبرک محفوظ رکھا، وہ ان کی بہت تعظیم کرتے اور دنیا و مافیہا سے محبوب رکھتے تھے۔ حضرت محمد بن سیرین تابعیؒ

marfat.com
Marfat.com

فرماتے ہیں: "میں نے عبیدہ سے کہا کہ ہمارے پاس حضور اقدس ﷺ کے کچھ بال مبارک ہیں، جو ہمیں حضرت انسؓ یا آل النبیؐ سے ملے ہیں۔ یہ سن کر حضرت عبیدہؓ نے کہا کہ میرے پاس ان بالوں میں سے ایک بال (موئے مبارک) کا ہونا دنیا وما فیہا سے محبوب تر ہے" (بخاری صفحہ ۲۹)۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میں نے دیکھا کہ حجام حضور اقدس ﷺ کے سر مبارک کی حجامت بنا رہا تھا اور صحابہ اکرامؓ آپؐ کے گرد حلقہ باندھے ہوئے تھے، وہ یہی چاہتے تھے کہ آپؐ کا جو بال مبارک گرے وہ کسی نہ کسی کے ہاتھ میں ہو (مسلم شریف)۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور انور ﷺ مزدلفہ سے منیٰ تشریف لائے اور جمرۃ العقبہ پر کنکریاں ماریں، پھر قربانی کر کے اپنے مکان پر پہنچے، حجام کو بلایا اور سر مبارک کے داہنی جانب کے بال مبارک منڈوائے اور ابو طلحہ انصاریؓ کو بلا کر عطا فرمائے۔ بعدہٗ بائیں جانب کے بال مبارک منڈوائے اور وہ بھی ابو طلحہؓ کو عنایت کئے اور فرمایا: "ان تمام بالوں کو لوگوں میں تقسیم کردو" (بخاری و مسلم۔ مشکوٰۃ صفحہ ۲۳۴)۔

حضرت عثمان بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میری بیوی کی یہ عادت تھی کہ جب کسی کو نظر لگتی یا کوئی بیمار ہوتا تو وہ برتن میں پانی ڈال کر حضرت ام سلمہؓ کے پاس بھیج دیا کرتیں، کیونکہ ان کے پاس حضور اقدس ﷺ کا موئے مبارک تھا، جو چاندی کی نلی میں رکھا ہوا تھا، وہ پانی میں ڈال کر ہلا دیتیں اور مریض وہ پانی پی لیتا تھا، جس سے ان کو شفا ہو جاتی تھی۔ (بخاری۔ مشکوٰۃ صفحہ ۴۳۱)۔

مقام حدیبیہ میں آنحضرت ﷺ نے حجامت بنوا کر تمام بال مبارک ایک سبز درخت پر پھینک دیئے۔ تمام صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس درخت کے نیچے جمع ہو گئے اور بالوں کو ایک دوسرے سے چھیننے لگے۔ حضرت ام امارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے بھی چند موئے مبارک حاصل کر لیے۔ حضور اقدس ﷺ کے بعد جب کوئی بیمار ہوتا تو میں ان مبارک بالوں کو پانی میں ڈبو کر مریض کو پلاتی تو رب العزت اسے صحت عطا فرما دیتا (شواہد النبوۃ صفحہ ۱۴۸۔ خصائص حبیب الرحمٰن صفحہ ۶۱ تا ۶۲)۔ حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے گھر حضور اقدس ﷺ کا موئے مبارک لے گئے جس کی برکت سے تمام رات انہوں نے فرشتوں کی تسبیح و تہلیل سنی (مدارج النبوۃ۔ خصائص حبیب الرحمٰن صفحہ ۶۵)۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ، فرماتے ہیں: میں نے سنا کہ حضور انور ﷺ اپنا ایک موئے مبارک ہاتھ میں لیے فرما رہے ہیں: "جس نے میرے ایک بال کی بھی بے ادبی کی تو اس پر جنت حرام ہے۔" (کنز العمال صفحہ ۲۷) (جامع صغیر صفحہ ۱۴۵ جلد ثانی) (خصائص حبیب الرحمٰن)۔

marfat.com
Marfat.com

عاشق رسول ﷺ حضرت حاجی محمد امینؒ فرماتے ہیں: "مجھے پروردگار کی قسم کہ میں حضور ﷺ کے ایک موئے مبارک کے بدلے تمام دنیا کو ہرگز قبول نہیں کروں گا۔" جناب قاضی فضل اکبر فرماتے ہیں کہ جب حضرت حاجی صاحبؒ نے موئے مبارک محفوظ کر لیے تو لوگوں کو شک گزرا کہ یہ موئے مبارک واقعی حضور اقدس ﷺ ہی کے ہیں یا نہیں؟ تو آپ نے تیسرے دن خواب میں ان موئے مبارک کے صحیح ہونے کی بشارت سنی۔

الحاج حضرت محمد امینؒ کا مزار الجاہد آباد عمر زئی چارسدہ میں کتب خانے کی مشرقی جانب مرجع الخلائق ہے۔ وصال ۱۹۵۸ء میں ہوا۔ علوم دینیہ کے ماہر، پشتو، اردو، فارسی اور عربی کے بلند پایہ شاعر اور ادیب تھے۔ سرحد کی نامور شخصیت، جن کی خدمات اور انگریزوں کے خلاف جہاد سے بچہ بچہ باخبر ہے۔ ضرورت ہے کہ صوبہ سرحد سے تعلق رکھنے والے افغان علماء، اولیاء کرام اور دوسرے مصلحین کے کارناموں کو اجاگر کیا جائے (تذکرہ عاشق رسول ﷺ (فخر کشمیر) حضرت الحاج محمد امینؒ۔ صفحہ ۴۰۹ تا ۴۱۵ سے ماخوذ)۔

۶۷۔ متاخرین میں مولوی حاجی رفیع الدین فاروقی مراد آبادیؒ کا فارسی سفر نامہ "سوانح الحرمین" ادبی لحاظ سے بہت اہم ہے۔ "سفر نامہ حجاز" اس کا اردو ترجمہ ہے۔ آپ نے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ سے فیض حاصل کیا اور سند حدیث مولانا خیر الدین محدث سورتیؒ سے حاصل کی۔ ۱۷۸۷ء میں سفر حج اختیار کیا اور ۱۷۸۹ء میں وطن واپس تشریف لائے۔ تاریخی، جغرافیائی اور تہذیبی اعتبار سے بھی یہ حج نامہ ممتاز شمار ہوتا ہے۔ پورے سفر نامے پر کیف عبدیت طاری ہے اور عشق رسول ﷺ چھلکتا محسوس ہوتا ہے۔ اس دور کے علماء، فضلا اور صلحا کے مختصر حالات کو بطور خاص سفر نامے کا حصہ بنایا ہے۔ آپ ان خوش قسمت حجاج میں سے تھے، جنہیں حضوری کا شرف بھی حاصل ہوا۔ لکھتے ہیں:

قیلولہ کیا تو خواب میں حضرت رسول اکرم ﷺ کو دیکھا کہ ایک راستے پر چل رہے ہیں، میں پیچھے پیچھے چل رہا ہوں اور قصد کر رہا ہوں کہ نشانِ قدم مبارک پر چلوں، میں نے آنحضرت ﷺ کو قسم دی کہ توقف فرمایئے اور میری آرزو پوری کیجیے، بمقتضائے کرم پائے مبارک کو دراز فرمایا، میں نے کف پا کو بوسہ دیا اور دونوں آنکھوں سے اس کو ملا (اردو ادب میں سفر نامہ۔ انور سدید۔ اردو اکیڈمی، لاہور۔ صفحہ ۴۶۶ تا ۴۶۷)۔

ہر کہ سازد ورد جاں صل علی — حاجتِ دارینِ او گردد روا

۶۸۔ میری عمر دس سال تھی، ایک رات خواب دیکھا کہ میں ایک پہاڑ پر ہوں اور صبح صادق کا وقت ہے، کچھ لوگ حلقہ بنائے ہوئے اس پہاڑ پر کھڑے ہیں، جن کے وسط میں ایک صاحب

marfat.com
Marfat.com

ہیں، جنہیں لوگ کہتے ہیں کہ یہ حضرت رسول اللہ ﷺ ہیں، میں آدمیوں کے حلقے کو چیر کر اندر گھس گیا اور حضور اقدس ﷺ کا چہرۂ مبارک دیکھنے لگا، میں نے دیکھا کہ اس وقت تک سورج پوری طرح نہیں نکلا، مگر حضور انور ﷺ کے چہرہ مبارک پر دھوپ آرہی ہے، میں یہ دیکھ کر بے تاب ہو گیا کہ آپؐ کے چہرہ مبارک پر دھوپ کیوں ہے؟ میں نے اپنے دونوں ہاتھ ملا لیے اور اچک اچک کر آپؐ کے چہرے سے دھوپ روکنے لگا، چونکہ میرا قد چھوٹا تھا اس لئے ہاتھ چہرے تک نہ جاتے تھے، لیکن بار بار اچکنے سے میرا قد اونچا ہو گیا اور میں نے اپنے ہاتھوں سے حضور اکرم ﷺ کے چہرے سے دھوپ روک لی، جب دھوپ رک گئی تو میں بہت خوش ہوا اور حضور اقدس ﷺ نے تبسم فرما کر مجھے دیکھا، جس سے میں نے محسوس کیا کہ آپؐ میری اس خدمت سے خوش ہوئے۔

صبح یہ خواب میں نے اپنے استاد مرحوم حضرت مولانا محمد اسمٰعیلؒ سے بیان کیا تو انہوں نے فرمایا: تمہارے ہاتھوں سے دین اسلام کا کوئی رخنہ درست ہو گا اور وہ ایسا رخنہ ہو گا جس سے حضور سرور کائنات ﷺ کی روح مطہر کو اذیت ہو رہی ہو گی۔ اس تعبیر نے میرے ارادوں میں جو اس وقت بالکل خورد سال تھے، ایک بزرگی اور بلندی پیدا کر دی اور اب جبکہ میں کوئی اچھا اور دینی کام شروع کرتا ہوں تو یہ خواب مجھے یاد آتا ہے اور میرے اندر ایک زندگی پیدا کر دیتا ہے۔ (حضرت خواجہ حسن نظامیؒ کی آپ بیتی۔ صفحہ ۵۱ تا ۵۲۔ مکتبہ تعمیر انسانیت، لاہور)۔

۶۹۔ کیمیائے سعادت کے مصنف حضرت امام غزالیؒ، حضرت عمر بن عبد العزیزؒ کا ایک خواب درج کرتے ہیں۔ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ نے دیکھا کہ حضور سرور کونین ﷺ کا دربار منعقد ہے، جہاں حضرت صدیق اکبر اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی موجود ہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لاتے ہیں، شریک مجلس ہوتے ہیں اور باہر آتے ہوئے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: "مجھے میرا حق دلوا دیا گیا" اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بخش دیا گیا (کہکشاں از ڈاکٹر شبیر احمد۔ ایم ڈی۔ صفحہ ۳۰۸۔ پتہ = عدنان احمد خان۔ مکان نمبر ۱۵۴ بخشن گزری روڈ، کراچی)۔

۷۰۔ چک لالہ سکیم نمبر ۳، راولپنڈی کی رہنے والی حمیدہ بیگم نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: غازی احمد آج کل درود شریف کی بارش کر رہا ہے۔ (غیر مطبوعہ)۔ جناب غازی احمد (سابق کرشن لال) سے متعلق پانچ خواب نمبر ۳۰۲ تا ۳۰۶ سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ کے حصہ چہارم میں شائع ہو چکے ہیں۔ آپ کی سوانح حیات "من الظلمات الی النور" کئی زبانوں میں ترجمہ ہو چکی ہے۔ سرگودھا کے کسی بزرگ نے

marfat.com
Marfat.com

آپ کو ۱۹۹۳ء میں یہ دو درود شریف پڑھنے کو بتائے تھے:

اللھم صل و سلم علی النبی الرحمتہ اور صلی اللہ علیہ وسلم

پروفیسر غازی احمد نے مئی ۱۹۹۸ء تک انہیں سات کروڑ مرتبہ پڑھ لیا ہے۔ مذکورہ بالا خاتون نے اُسی زمانے میں یہ خواب دیکھا تھا۔ اب کوشاں ہیں کہ تعداد گیارہ کروڑ ہو جائے۔ غازی صاحب کی عمر ۵۷ سال ہے، انشاءاللہ یہ تعداد ضرور پوری کریں گے، بلکہ شاید اس سے بھی آگے نکل جائیں۔

۷۱۔ ۹ شوال المکرم ۱۴۰۲ھ بمطابق ۳۰ جولائی ۱۹۸۲ء بروز جمعہ حضرت علامہ الحاج مفتی محمد امین صاحب کے پاس چک ۲۲۴ فتح دین والی فیصل آباد سے مسمی محمد یوسف صاحب آئے اور پوچھا کہ آپ نے کوئی کتاب درود پاک سے متعلق لکھی ہے؟ میں نے کہا: ہاں، اور الماری سے ''آب کوثر'' کا نسخہ نکال کر انہیں دیا۔ محمد یوسف صاحب نے کتاب کو بوسہ دیا اور کہا: گذشتہ رات مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے، آپؐ مدینہ شریف میں ہیں، مجھ سے حضور نبی الرحمت ﷺ نے فرمایا: ''مفتی محمد امین نے درود پاک کے متعلق جو کتاب لکھی ہے، وہ ہمارے شہر میں پہنچ چکی ہے اور خوب پڑھی جاتی ہے۔'' (آب کوثر از قلم مفتی محمد امین صاحب۔ صفحہ ب)۔

۷۲۔ مولانا رانا محمد ریاض صاحب ساکن مصری شاہ، لاہور ۱۴ رمضان المبارک ۱۴۰۸ھ کو مفتی محمد امین صاحب کے پاس آئے اور کہا کہ میں عمرہ کر کے آیا ہوں، مدینہ منورہ میں حضرت مولانا فضل الرحمٰن مدنی نے مجھ سے فرمایا کہ فیصل آباد جا کر آب کوثر کے مصنف سے میرا اسلام کہنا اور ساتھ ہی پیغام دینا کہ آب کوثر حبیب اللہ ﷺ کے دربار میں مقبول ہو چکی ہے، پس اس کی خوب اشاعت کریں۔ اسی عمرے کے دوران میری ملاقات ایک صاحب مسمی عبدالروف شیخ سے ہوئی جو مجھے اپنے گھر لے گئے، ان کے یہاں آب کوثر کا نسخہ دیکھا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ جب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا تو آپؐ آب کوثر کو دستِ مبارک میں لیے ورق گردانی فرما رہے تھے۔ شیخ صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ میں جب بھی اس کتاب کا مطالعہ کرتا ہوں، تو ایک خاص قسم کی خوشبو آتی ہے (آب کوثر صفحہ ج تا د)۔

۷۳۔ لاہور سے مولانا عابد حسین رضوی مفتی محمد امین صاحب کے پاس آئے اور فرمایا کہ میرا ایک مرید مدینہ طیبہ گیا۔ ایک سال بعد واپس آیا اور بیان کیا کہ رمضان المبارک میں مسجد نبوی شریف کھلی رہتی ہے، لہٰذا میں رات کو آب کوثر ہمراہ لے جاتا اور مسجد شریف میں اس کا مطالعہ کرتا رہتا۔ ایک رات اچانک میری آنکھیں بند ہو گئیں تو میں نے دیکھا کہ روضۂ اقدس سے حضرت رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور میرے قریب جلوہ افروز ہو کر میرے

marfat.com
Marfat.com

ہاتھ سے آب کوثر لے کر کہیں کہیں سے ملاحظہ فرما کر مجھے واپس کر دی اور ارشاد فرمایا: "یہ کتاب بڑی محنت سے لکھی گئی ہے، اس کے پڑھنے والے کے دل میں درود پاک پڑھنے کی محبت پیدا ہو جاتی ہے اور یہ کتاب ایمان کے لیے کافی وافی غذا ہے" (آب کوثر۔ صفحہ د تا ھ)

۷۴۔ سیدی المکرم حضرت شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہ' فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ دوزخ کا خوف مجھ پر غالب ہوا۔ میں عالم بالا میں سرور دو عالم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ "جو ہم سے محبت رکھتا ہے وہ دوزخ میں نہیں جائے گا" (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ صفحہ ۳۰۹) ۔

۷۵۔ حضرت شیخ ابو عبداللہؒ کو حج کے موقع پر ایک شخص ملا، جو کبھی پانی نہیں پیتا تھا کیونکہ اس کو پیاس نہیں لگتی تھی۔ اس نے وجہ یہ بتائی کہ میری عقیدت حضور اقدس ﷺ کے صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ نہ تھی، ایک رات خواب دیکھا کہ قیامت قائم ہے اور سب لوگ پریشان و سرگرداں شدت پیاس میں مبتلا ہیں، مجھے بھی بے حد پیاس لگی لہٰذا لوگوں کے ہمراہ میں بھی حوض کوثر پر پہنچ گیا جس کے چاروں کونوں پر بیٹھے چاروں خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم لوگوں کو پانی پلا رہے تھے، حضرت صدیق اکبر، حضرت فاروق اعظم اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرح حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بھی مجھے دیکھ کر منہ پھیر لیا، پریشانی کے عالم میں جب میں سرور عالم، محسن اعظم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! مجھے سخت پیاس لگی ہے اور چاروں صحابہ اکرامؓ نے مجھے پانی پلانے سے انکار کر دیا ہے۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ "تو توبہ کر کے اگر مسلمان ہو جائے تو میں تجھے حوض کوثر کا پانی پلاؤں گا، جس کے بعد تو کبھی پیاسا نہ ہو گا۔" اس پر میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک پر توبہ کی، اسلام قبول کیا اور حضور اقدس ﷺ نے اپنے دست کرم سے مجھے جام کوثر عطا فرمایا، جس سے میں سیراب ہو گیا اور میری آنکھ کھل گئی، اس کے بعد مجھے کبھی پیاس نہیں لگی، میں نے سوائے ان احباب کے، جنہوں نے میرا خواب سن کر توبہ کر لی اور اپنے بد نظریہ سے رجوع کر لیا، باقی سب سے بیزاری ظاہر کر دی (شواہد الحق صفحہ ۵۳۹)۔

۷۶۔ برادر مکرم مولانا احسان الحق دامت برکاتہم ماہ رمضان میں مسجد نبوی شریف (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) میں معتکف تھے۔ فرماتے ہیں: ایک روز ایک دوست کی جائے اعتکاف گیا، دیکھا کہ کوئی اور صاحب وہاں بیٹھے نہایت محبت اور توجہ سے دلائل الخیرات پڑھ رہے ہیں، بعد میں ان دوست سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ یہ وہ صاحب ہیں، جنہیں سیّد دو عالم ﷺ نے خود یہاں رکھا ہے، سندھ کے ایک پیر صاحب جو طبیب بھی تھے یہاں آئے اور ان کے علاج سے

marfat.com
Marfat.com

ایک وزیر تندرست ہو گیا، اس پر وزیر نے ان سے کہا کہ آپ اتنے اقامے (سعودی عرب میں رہنے کے اجازت نامے) حاصل کر سکتے ہیں، پیر صاحب نے ان لوگوں کی فہرست بنائی جن کے پاس اقامہ نہیں تھا اور ان صاحب سے بھی دریافت کیا، انہوں نے کہا کہ اگر اقامہ مل جائے تو اچھا ہو، جس پر پیر صاحب نے فہرست میں ان کا نام بھی لکھ لیا، دوسرے دن ان صاحب نے پیر صاحب سے کہا: آپ میرا نام فہرست سے خارج کر دیں کیونکہ مجھے حضور اقدس ﷺ نے زیارت بابرکت سے مشرف کر کے فرمایا ہے کہ "میرے عزیز! تجھے اقامہ وغیرہ کی ضرورت نہیں، تجھے میں نے رکھا ہے، یہاں سے تجھے کوئی نہیں نکال سکتا۔" پس پیر صاحب نے فہرست سے ان کا نام حذف کر دیا۔ سچ ہے:

؎ دامن مصطفےٰ سے جو لپٹا یگانہ ہو گیا   جس کے حضورؐ ہو گئے اس کا زمانہ ہو گیا

(آب کوثر۔ صفحہ ۲۴۵ تا ۲۴۶)۔

۷۷۔ ایک مولوی صاحب جو درود پاک کی ترغیب دیتے رہتے تھے اور لوگوں میں بیٹھ کر خود بھی درود شریف پڑھا کرتے تھے، ان کا ایک شاگرد حج کے لئے گیا، جب مدینہ منورہ پہنچا اور روضہ انور کے سامنے کھڑا نعت پڑھ رہا تھا کہ اسی حالت میں اس پر نیند طاری ہو گئی۔ دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کے ساتھ حضرت صدیق اکبر، فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور پیچھے کافی لوگ بیٹھے ہیں اور میں اس حالت میں بھی نعت پڑھ رہا ہوں۔ نعت شریف کے ختم ہونے پر حضور اقدس ﷺ نے میری جھولی میں کچھ ڈال دیا تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حج کرنے آیا ہوں، انہوں نے مجھے کچھ نہیں دیا۔ یہ سن کر انہوں نے بھی میری جھولی میں کچھ ڈال دیا، اس کے بعد میں نے عرض کیا ہے: یارسول اللہ (ﷺ)! کوئی اور بھی فرمان ہے؟ تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ "اپنے استاد صاحب سے میرا سلام کہنا۔" (آب کوثر۔ صفحہ ۲۱۶ تا ۲۱۷)

۷۸۔ ایک مولوی صاحب لوگوں کے سامنے عظمت و محبت مصطفےٰ ﷺ اور فضائل درود پاک اکثر بیان کیا کرتے تھے۔ ان کے ایک شاگرد نے خواب دیکھا کہ یوم حشر ہے اور لوگ ڈر کے مارے کانپ رہے ہیں، وسیع میدان میں بے شمار مخلوق جمع ہے، حضور انور ﷺ بھی جلوہ افروز ہیں، میں نے دیکھا کہ استاد صاحب جا رہے ہیں، پس میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ آپ کے پیچھے ہو لیا، جب استاد صاحب حبیب خدا ﷺ کے قریب پہنچے تو آپؐ نے اپنے دست مبارک سے لوگوں کو اشارہ کیا کہ راستہ چھوڑ دو، لوگوں نے راستہ چھوڑ دیا اور استاد صاحب حضور اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے اپنی ردا (چادر) میں استاد

marfat.com
Marfat.com

صاحب کو چھپالیا، اس کا ایک کونہ ہم نے بھی تھام لیا، تھوڑی دیر بعد حضور انور ﷺ نے ردائے مبارک اٹھائی اور فرمایا: "اب کوئی فکر نہیں۔" یہ سن کر استاد صاحب چلے تو ہم بھی ان کے پیچھے چل دیئے، کچھ آگے دیکھا کہ پل صراط ہے، وہاں پہرہ لگا ہوا ہے اور دونوں جانب فرشتے کھڑے ہیں، جب ہم پل سے گزرنے لگے تو ایک پہرے دار نے پکارا: تم کون ہو اور کہاں جا رہے ہو؟ استاد صاحب نے کوئی جواب نہیں دیا اور چلتے رہے یہاں تک کہ پل صراط طے کر لیا، وہاں ہم نے دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ تشریف فرما ہیں، آپؐ نے استاد صاحب سے دریافت کیا کہ "خیریت سے پہنچ گئے۔" عرض کیا: جی حضور (ﷺ) خیریت سے پہنچ گئے۔ پھر سرکار (ﷺ) نے فرمایا: "یہ سامنے جنت کا دروازہ ہے، اس میں داخل ہو جاؤ۔" اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی (آب کوثر، صفحہ ۲۱۴ تا ۲۱۶)

؎ مولای صل وسلم دائما ابداً ‌ ‌ ‌ ‌ علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۷۹۔ ابراھیم بن شیبانؒ فرماتے ہیں کہ حج کے بعد مدینہ طیبہ میں حضور ﷺ کے روضہ اقدس پر حاضر ہو کر سلام عرض کیا، تو روضہ انور کے اندر سے آواز آئی "وعلیک السلام یا ولدی" (سعادۃ الدارین صفحہ ۱۴۱)

؎ تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ ‌ ‌ ‌ ‌ مرے چشم عالم سے چھپ جانے والے

۸۰۔ حضرت یحییٰ کرمانی نے فرمایا: ایک دن میں ابو علی بن شاذان کے پاس تھا کہ ایک نوجوان آیا، جسے ہم میں سے کوئی نہ جانتا تھا۔ اس نے دریافت کیا: تم میں ابو علی بن شاذان کون ہے؟ ہم نے ان کی طرف اشارہ کیا تو اس نے کہا: اے شیخ! میں نے خواب میں حضور سید دوعالم ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ نے حکم فرمایا کہ "ابو علی بن شاذان کی مسجد پوچھ کر وہاں جانا اور جب تو ان سے ملاقات کرے تو ان سے میرا سلام کہنا۔" یہ کہہ کر وہ نوجوان چلا گیا اور حضرت ابو علی آبدیدہ ہو گئے اور فرمایا: مجھے تو کوئی ایسا عمل نظر نہیں آتا جس سے میں اس کرم و عنایت کا مستحق ہوا ہوں، البتہ میں توجہ سے حدیث پاک پڑھتا ہوں اور جب بھی حضور نبی کریم ﷺ کا نام پاک آتا ہے تو درود پاک پڑھتا ہوں۔ اس کے دو یا تین ماہ بعد شیخ ابو علی رحلت فرما گئے۔ (سعادت الدارین صفحہ ۱۲۷)۔

ہر کہ باشد عامل صلو مدام ‌ ‌ ‌ ‌ آتش دوزخ شود بروے حرام

بر محمدؐ می رسانم صد سلام ‌ ‌ ‌ ‌ آں شفیع مجرماں یوم القیام

۸۱۔ علامہ سید سلیمان ندویؒ نے ایک بار فرمایا کہ لوگ مجھ سے پوچھتے ہیں کہ سیرۃ النبی (ﷺ) کو چھ جلدوں میں لکھنے کی کیا ضرورت تھی؟ اصل سیرت تو پہلی دو جلدوں میں ختم ہو گئی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

میں جواب دیتا ہوں کہ پہلی دو جلدوں میں تو صرف یہ ہے کہ محمد ﷺ کیا تھے؟ اور باقی چار جلدوں میں یہ ہے کہ محمد ﷺ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف سے کیا پیغام لائے اور کیا تعلیم دی؟ گویا تمام جلدوں میں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہی کی شرح لکھی گئی ہے۔

دارالمصنفین، لکھنو (یو۔پی، بھارت) کے جس کمرے میں سید صاحبؒ کا قیام تھا، آپ نے فرمایا کہ اسی کمرے میں ایک مرتبہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ جلوہ افروز ہیں اور سیرۃ النبیؐ کے اوراق الٹ پلٹ کر دیکھ رہے ہیں اور مسکرا رہے ہیں۔

یہ کمرہ کس قدر مقدس اور بابرکت ہے کہ اس کے خوش رنگ اور خوش وضع قالین پر بیٹھ کر سید صاحب مذہبی اور اخلاقی درس دیتے، علمی نکات بیان کرتے اور تصوف کے اسرار فاش کرتے تھے، آپ کا چاند جیسا دمکتا چمکتا چہرہ ہوتا اور دارالمصنفین کے رفقا ارد گرد مودب بیٹھے ہوتے تھے (بزم رفتگاں، حصہ اول، مرتبہ سید صباح الدین عبدالرحمٰن، نئی دہلی)۔

۸۲۔ شاہ اہل اللہ مستقلاً اپنی ننھیال پھلت (یو۔پی، بھارت) میں مقیم ہو گئے تھے، یہیں ۱۱۸۶ھ میں وصال ہوا اور درگاہ کے احاطے میں دفن ہوئے (درگاہ ایک احاطے کا نام ہے، جس میں چار مزار ہیں)۔ آپ کے چند تبرکات اب تک پھلت میں موجود ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ بیان فرماتے ہیں: والد بزرگوار نے فرمایا کہ بخار کے تسلسل سے میری حالت غیر ہو گئی تو خواب میں نانا (شیخ عبدالعزیز شکر بارؒ) نظر آئے، جنہوں نے فرمایا کہ حضور اقدس ﷺ تشریف لا رہے ہیں۔ آپؐ تشریف لے آئے اور ارشاد فرمایا: میرے بیٹے! کیا حال ہے؟ میں (اس شان شفقت و رحمت عیادت کو دیکھ کر فرط طرب سے وجد میں آکر) رونے لگا۔ حضور اقدس ﷺ نے مجھے اپنی آغوش میں لے لیا۔ میرا چہرہ آپؐ کے سینہ مبارک سے لگا ہوا تھا اور میرے اشکوں سے آپؐ کا پیراہن مبارک تر ہو گیا، جب یہ کیفیت کم ہوئی تو مجھے خیال آیا کہ کاش! آپؐ مجھے موئے مبارک عطا فرمادیں۔ اس پر آپؐ نے اپنی ریش مبارک پر ہاتھ پھیرا اور دو موئے مبارک مجھے عطا فرمائے۔ میں نے بیدار ہو کر وہ موئے مبارک اپنے تکیے کے نیچے پائے، بخار اتر چکا تھا اور کمزوری بھی چند روز میں دور ہو گئی۔ شاہ عبدالرحیم صاحبؒ نے ان میں سے ایک موئے مبارک شاہ ولی اللہؒ کو عطا فرمادیا تھا (انفاس العارفین صفحہ ۴۰)۔ دہلی میں اس کی سالانہ زیارت کرائی جاتی تھی۔ مولانا فضل رسول بدایونی کا بیان ہے کہ موئے مبارک کا صندوقچہ زیارت کے لیے گھر سے باہر شاہ اسمٰعیل اپنے سر پر اٹھا کر لاتے تھے (دارالثمین صفحہ ٦)۔ دوسرا موئے مبارک شاہ اہل اللہ کو عطا فرمایا تھا، جسے وہ اپنے ساتھ پھلت لے گئے تھے اور وہ وہاں محفوظ ہے۔ لکڑی کا ایک صندوق ہے، جس میں ایک شیشی کے اندر روئی کے اوپر موئے

marfat.com
Marfat.com

مبارک رکھا ہوا ہے۔ ارباب پھلت کا بیان ہے کہ یہ روئی، شیشی اور صندوق وہی ہے جو شاہ اہل اللہؒ کے دور میں تھا (شاہ ولی اللہؒ اور ان کا خاندان از مولانا حکیم محمود احمد برکاتی، مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی، بھارت)۔

۸۳۔ جناب غازی احمد دوبارہ ۱۹۸۲ء میں حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے۔ پہلے مدینہ منورہ حضرت نبی الرحمت ﷺ کی خدمت میں حاضری دی، پھر مکہ مکرمہ تشریف لے آئے۔ ایک روز حرم کعبہ میں بیٹھے بیٹھے یہ خیال آیا: افسوس! ہم سے زیارت مدینہ طیبہ کے حقوق کماحقہٗ ادا نہ ہو سکے، خدانخواستہ اگر حضور اقدس ﷺ کی خوشنودی اور شفقت سے محروم رہ گیا تو کیا ہوگا؟ انہیں خیالات میں محو تھا اور آنکھیں ندامت کے آنسو بہا رہی تھیں کہ الحمد للہ اسی عالم محویت میں تمام شکوک کا ازالہ ہو گیا۔ آقائے مدنی ﷺ کا دست شفقت میرے سر پر تھا اور میرے تمام واہمے ختم ہو گئے تھے (من الظلمات الی النور۔ صفحہ ۱۴۷)۔

۸۴۔ پشاور کے ثناء اللہ نے خواب دیکھا کہ ایک درمیانی شب کی تاریکی میں اچانک ایک نور چمکا، جس نے میری نگاہوں کو خیرہ کر دیا۔ میں نے دیکھا کہ آسمان سے حضور اقدس ﷺ اور حضرت حوا علیہا السلام تشریف لا رہی ہیں، آنحضور ﷺ جوان ہیں، نیچے پاک فوج کے جوان استقبال کے لیے کھڑے ہیں اور بڑے احترام سے سلامی دی جا رہی ہے (اس کی تعبیر جناب عابد عسکری نے فیملی میگزین (نوائے وقت) ۲۰ نومبر تا ۵ دسمبر ۱۹۹۸ء کے صفحہ ۴۹ پر یہ دی: خواب نہایت مبارک ہے، اس سے آپ کو روحانی ومالی تسکین حاصل ہوگی)۔

۸۵۔ جناب حافظ ڈاکٹر محمد ایوب صاحب ہارٹ سپیشلسٹ نے ۱۹۷۶ء میں خواب دیکھا کہ مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاما) میں حاضر ہیں اور حضور اقدس ﷺ کی محراب اور منبر کے درمیان معارف مثنوی (مصنفہ مرشدنا و مولانا عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم) کسی چیز پر رکھی ہوئی ہے (حکیم صاحب کی اس تالیف کے لئے یہ بشارت عظمیٰ ہے)۔ (ناشر = کتب خانہ مظہری، گلشن اقبال، بلاک نمبر ۲ کراچی)۔

۸۶۔ شیخ نور محمد اناری جو امام ربانی، مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہٗ کے قدیم مرید اور صاحب اجازت تھے، آٹھ مرتبہ حضرت رسالت پناہ ﷺ کی زیارت با برکت سے مشرف ہو چکے تھے۔ بیان کرتے ہیں کہ "میرے بھائی کے گھر میں جن رہتا تھا، جو ہمیشہ اس سے دشمنی کرتا تھا، یہاں تک کہ اس کی اذیت سے میرے بھائی نے انتقال کیا، میں بھی اسی گھر میں رہتا تھا، بھائی کے انتقال کے بعد ہیبت ناک صورتیں میرے سامنے آنے لگیں اور پھولوں کی خوشبو محسوس ہونے لگی، میرے بھائی کی بھی ابتدائی حالت یہی ہوئی تھی، میرے اقرباء یہ

marfat.com
Marfat.com

سن کر میری زندگی سے ناامید ہو گئے، ایک رات میں اپنی بیوی سے ہم بستر تھا، ابھی فارغ نہ ہوا تھا کہ وہ جن آ گیا اور ہم دونوں کے اوپر چڑھ کر بیٹھ گیا اور ہمیں ایسا دبایا کہ ہم ہاتھ تک اٹھانے سے عاجز آ گئے، لحاف کو بھی اپنے اوپر سے نہ اٹھا سکے، ہم اسی بیقراری میں تھے کہ حضرت شیخ احمد سرہندی قدس سرہ' نمودار ہوئے اور آواز دی کہ نور محمد! کچھ خوف نہ کر، یہ جن ابھی بھاگ جائے گا، کیونکہ شیطان کا مکر کمزور ہوتا ہے۔ جن نے حضرت کی آواز سنتے ہی ہمیں چھوڑ دیا، میں اٹھا اور حضرت غائب ہو گئے، اس کے بعد میرے گھر میں کسی کو جن کا آسیب نہ ہوا اور جنات وہاں سے جلاوطن ہو گئے، میں دیکھتا تھا کہ وہ اپنا ساز و سامان لے کر میرے گھر سے جا رہے ہیں اور یہ کہہ رہے ہیں کہ حضرت نے ہمیں جلاوطن کر دیا، اب ہم موضع شادیوال میں جا کر ٹھہریں گے۔ (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ از علامہ محمد نور بخش توکلی ایم۔ اے۔ نوری بک ڈپو، لاہور۔ صفحہ ۲۲۴)

حضرت علامہ اقبالؒ نے مزار پر انوار حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی نقشبندی سرہندی قدس سرہ' پر پہنچ کر یہ اشعار کہے تھے، جو بال جبریل میں موجود ہیں:

ے حاضر ہوا میں شیخ مجددؒ کی لحد پر ۔۔۔ وہ خاک کہ ہے زیر فلک مطلع انوار
اس خاک کے ذروں سے ہیں شرمندہ ستارے ۔۔۔ اس خاک میں پوشیدہ ہے وہ صاحب اسرار
گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے ۔۔۔ جس کے نفسِ گرم سے ہے گرمیٔ احرار
وہ ہند میں سرمایۂ ملت کا نگہبان ۔۔۔ اللہ نے بر وقت کیا جس کو خبردار

۸۷۔ امام المحدثین امام بخاری (ابو عبد اللہ محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ) کے ساتھی محمد بن یوسف فربزی فرماتے ہیں کہ میں نے محمد بن ابی حاتم بخاری وراق سے سنا کہ وہ فرماتے تھے: "میں نے محمد بن اسمٰعیل بخاریؒ کو خواب میں دیکھا کہ وہ جناب رسول اللہ ﷺ کے پیچھے چل رہے ہیں اور جہاں آپؐ پائے مبارک رکھتے ہیں، اسی جگہ بخاریؒ بھی پاؤں رکھتے ہیں۔" خطیب نے نجم بن فضیل سے سنا اور وہ سمجھدار لوگوں میں سے تھے، انہوں نے بھی ایسا ہی خواب دیکھا تھا۔ (صحیح بخاری شریف (اردو ترجمہ) جلد اول صفحہ ۴۷۔ مکتبہ رحمانیہ، اردو بازار، لاہور۔

۸۸۔ علی بن محمد جرجانی نے اصفہان سے خطیب کو لکھا کہ انہوں نے محمد بن مکی سے سنا، وہ کہتے تھے میں نے فربزی سے سنا، وہ کہتے تھے کہ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا تو آپؐ نے مجھ سے پوچھا: "تو کہاں جاتا ہے؟" میں نے عرض کیا: محمد بن اسمٰعیل کے پاس۔ آپؐ نے فرمایا: "میری طرف سے ان کو سلام کہنا۔" (صفحہ ۹۲ تا ۹۳)

۸۹۔ ابو سہل محمد بن احمد مروزی سے باسناد مروی ہے اور وہ کہتے تھے کہ میں نے ابو زید

marfat.com
Marfat.com

مروزیؒ سے سنا، وہ کہتے تھے: میں رکن اور مقام (ابراھیمؑ) کے درمیان سو رہا تھا کہ میں نے خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپؐ نے فرمایا: "اے ابوزید! تو کب تک شافعی کی کتاب پڑھے گا اور میری کتاب نہیں پڑھتا۔" میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپؐ کی کتاب کون سی ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "جامع محمد بن اسمٰعیل بخاری۔" (صفحہ ۹۳)

علماء نے صحیح بخاری کو اصح الکتاب بعد کتاب اللہ کہا ہے۔ سچ تو یہ ہے طالب حق کو دنیا میں یہ دو کتابیں (کلام مجید اور بخاری شریف) ہی کافی ہیں۔ امام بخاریؒ مستجاب الدعوات تھے۔ آپ نے اپنی کتاب کے قاری کے لئے بھی دعا کی تھی اور صدہا مشائخ نے اس کا تجربہ کیا ہے کہ صحیح بخاری کا ختم ہر مطلب اور مقصد کے لئے مفید ہے۔

حضرت امام بخاریؒ کی ولادت ۱۲ شوال، شب جمعہ، عشا کی نماز کے بعد ماوراءالنہر کے مشہور شہر بخارا میں ۱۹۴ھ میں ہوئی۔ آپ کے جد امجد مغیرہ بن بروز جعفی مجوسی تھے اور بخارا کے حاکم یمان جعفی کے ہاتھ پر مشرف بہ اسلام ہوئے تھے، اسی وجہ سے امام بخاریؒ کو جعفی بھی کہتے ہیں (اشعتہ اللمعات ج ۱ صفحہ ۹ از شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ)۔ آپ کا وصال شب عید الفطر ۲۵۶ھ میں ہوا، اس وقت آپ کی عمر ۱۳ دن کم باسٹھ برس تھی، بروز عید بعد نماز ظہر خرتنگ میں دفن ہوئے، یہ سمرقند کا ایک قریہ ہے، جب آپ کو قبر میں اتارا گیا تو قبر سے مشک کی خوشبو پھوٹی اور بہت دن باقی رہی، بے شمار لوگ آپ کی قبر کی مٹی لے جاتے تھے، یہ حدیث شریف کی خدمت کی برکت تھی۔ آخر میں قبر مبارک کے گرد لکڑی کا کٹہرا بنادیا گیا۔ ۴۶۴ھ میں سمرقند میں لوگوں کی بار بار دعاؤں کے باوجود بارش نہ ہوئی اور سخت قحط پڑا تو ایک شخص قاضی سمرقند کے پاس آیا اور کہا: تم سب لوگوں کو اپنے ساتھ لے کر امام بخاریؒ کی قبر پر جاؤ اور وہاں جا کر اللہ سے دعا کرو، شاید بارش ہو جائے۔ قاضی نے ایسا ہی کیا، وہاں جا کر لوگ روئے اور صاحب قبر کے وسیلے سے بارش مانگی۔ اللہ کی شان اسی وقت بارش ہونی شروع ہو گئی اور شدت بارش سے لوگ سات روز تک خرتنگ سے باہر نہ نکل سکے۔ مناقب حضرت امام بخاریؒ اور بھی بہت اور بے حد مشہور ہیں (صفحہ ۹۴)۔

۹۰۔ جناب سید مظفر حسین شاہ (گوہر معین) نے خواب دیکھا کہ حضور انور ﷺ صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی جماعت کے ہمراہ تشریف فرما ہیں اور میری جانب اشارہ کر کے تمام صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو مخاطب کر کے فرمایا کہ "یہ بنوہاشم کا سردار ہے، تم سب اس کی عزت کرو" (غیر مطبوعہ)

۹۱۔ جناب سید مظفر حسین شاہ (گوہر معین) نے خواب دیکھا کہ مسجد قبا (مدینتہ النبوی ﷺ) کے باہر کھیت کی جانب کھڑا ہوں۔ صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ایک جماعت بھی موجود

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ اتنے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ٗحضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ ٗ سے فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ کے لئے پانی لایا جائے۔ حکم کی تعمیل میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ قریباً اڑھائی کلو کے ایک ڈبے میں پانی لاتے ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ پانی حضرت رسالت مآب ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں، آپؐ اس میں سے تھوڑا سا پانی نوش فرما کر تمام صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر نظر دوڑاتے ہیں، ہر صحابیؓ کی خواہش ہے کہ باقی پانی انہیں عطا کیا جائے، مگر حضور آقائے دو جہاں ﷺ کی نگاہِ مبارک مجھ پر ٹھہر جاتی ہے اور وہ پانی کا ڈبہ مجھے عنایت فرمادیتے ہیں، جسے میں سیر ہو کر وہ پانی پی لیتا ہوں، تھوڑا سا بچ جاتا ہے جو مجھ سے نہیں پیا جاتا تو وہ پانی میں حضرت فخر موجودات ﷺ کو واپس دے دیتا ہوں اور آپؐ اس باقی پانی کو پی لیتے ہیں (غیر مطبوعہ)۔

جناب سید مظفر حسین شاہ (گوہر معین) انسپکٹر آف سکولز (کوہستان) کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے ہیں، اردو، فارسی، عربی، انگریزی اور پنجابی پر عبور رکھتے ہیں، عرصہ دراز سے شاعری کر رہے ہیں، اشعار کے تقریباً ۱۲ رجسٹر موجود ہیں جن میں بہترین اشعار ہیں، گوہر معین تخلص اور عمر ۷۵ سال ہے، متعدد بار حضور رسالت مآب ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہو چکے ہیں اور جھنگ اسٹاپ، کرپا روڈ، لہتراڑ روڈ، اسلام آباد میں شب و روز خدمت خلق میں مشغول رہتے ہیں۔

۹۲۔ حسب معمول نماز مغرب کے بعد اپنے دفتر میں امامت کے مصلے پر دوزانو بیٹھا تھا کہ مراقبے کی کیفیت میں دیکھا کہ مدینۃ الرسول ﷺ کی ایک گلی میں جا رہا ہوں، دائیں جانب جہاں روضہ رسول ﷺ ہے وہاں ایک کمرہ ہے، جس کے باہر بہت سے جوتے رکھے ہیں، میں بھی جوتے اتار کر دروازے میں کھڑا ہو جاتا ہوں، اندر ایک نظر ڈالتا ہوں تو بالکل سامنے سے بائیں جانب قدرے دروازے کی طرف حضور اقدس ﷺ تشریف فرما ہیں اور باقی تینوں جانب لوگوں کا ہجوم ہے، گلی میں سے ایک شخص مجھے کھانے کا تھال پکڑاتا ہے جو میں کمرے میں کھڑے ایک شخص کو دے دیتا ہوں، جسے وہ حضور انور ﷺ کے سامنے دستر خوان پر رکھ دیتے ہیں، اور پھر یکے بعد دیگرے مختلف اشیأ کے تھال آتے ہیں اور حضور پرنور ﷺ کے سامنے رکھ دیئے جاتے ہیں یہاں تک کہ تمام جگہ بھر جاتی ہے، آپ ﷺ قدرے مسکراتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ چیزیں عبد الباسط کی طرف سے ہیں۔ میں فرط مسرت سے مسکرا رہا ہوں، پھر تبسم فرماتے ہوئے حضور پرنور شافع یوم النشور ﷺ انہیں تناول فرمانے لگتے ہیں اور باقی لوگوں کو بھی عنایت فرماتے ہیں اور میں دل میں سوچتا ہوں کہ میری کس قدر خوش نصیبی ہے

marfat.com
Marfat.com

کہ آپ ﷺ ان اشیاء کو قبول فرما رہے ہیں (غیر مطبوعہ)۔

۹۳۔ حافظ عبدالباسط صاحب فرماتے ہیں کہ رات کا آخری پہر ہے۔ عالم خواب میں دیکھتا ہوں کہ قیامت کا منظر ہے اور حساب و کتاب ہو چکا ہے، جنتی جنت کی طرف اور جہنمی جہنم کی طرف جا چکے ہیں اور میں نہایت مطمئن ایک طرف کو چلا جاتا ہوں کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ بائیں ہاتھ پر جہنم اور سامنے بہت دور جنت ہے، دائیں جانب ایک دیوار ہے، دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے اور ٹانگیں پھیلائے سید الکونین، ساری اولاد آدمؑ کے سردار، آقائے نامدار، حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ تشریف فرما ہیں، جیسے شدت سے انتظار فرمایا جا رہا ہو، کچھ آدمی جہنم کی طرف سے آ رہے ہیں، جنہیں آپ ﷺ جنت کی طرف بھیج رہے ہیں۔ ذہن میں حدیث مبارک آتی ہے کہ آپ ﷺ اس وقت تک جنت میں نہیں جائیں گے، جب تک اپنی امت کے ایک ایک آدمی کو جہنم سے نکلوا کر جنت میں نہ بھیج دیں۔ آپ ﷺ کی شفقت پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں، جسے الفاظ میں سمیٹنا محال ہے، اسی اثناء میں آنکھ کھل جاتی ہے اور فجر کی نماز کے لئے اذانیں ہو رہی ہیں (غیر مطبوعہ)۔

حافظ عبدالباسط صاحب فرماتے ہیں کہ مذکورہ بالا دونوں خواب اور بے شمار دیگر اعمال صالحہ کا کریڈٹ مؤلف کتاب ہذا محمد عبدالمجید صدیقی صاحب کو جاتا ہے، جنہیں ۱۹۴۶ء میں حضور اقدس ﷺ کی مہر نبوت کا دیدار ہو چکا ہے اور جن کے ذریعے مہر نبوت کا فیض ان گنت مسلمانوں کے دلوں کو منور کر رہا ہے۔ اس گئے گزرے دور میں عشق مصطفےٰ ﷺ کی ایسی جھلک دکھا رہے ہیں کہ مجھ جیسا سیاہ کار بھی زیارات اور بشارات سے سرفراز کیا جا رہا ہے۔ صدیقی صاحب سے اسّی (۸۰) برس سے زیادہ عمر ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ دین اسلام کے لیے اور رہتی دنیا تک کے مسلمانوں کے لئے ایسی خدمات لے رہا ہے، جن میں سات حصوں (ساتواں حصہ زیر تکمیل ہے) میں "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ"، دو حصوں میں "زیارت نبیؐ بحالت بیداری"، آنکھیں کھول دینے والی کتب "دنیا جنگوں کے دہانے پر" اور "جنگ آ رہی ہے" وغیرہ آپ کی مشہور اور مقبول کتب ہیں۔ دعا ہے اللہ رب العزت آپ کی عمر میں برکت، علم میں زیادتی اور فلاح دارین عطا فرمائے۔ (آمین)

حافظ عبدالباسط صاحب کا ایک اور خواب "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" حصہ چہارم کے صفحہ ۲۸۵ تا ۲۸۶ پر موجود ہے (دیکھیے خواب نمبر ۳۲۶)۔

۹۴۔ مولانا ابوالنور محمد بشیر اپنی کتاب "واعظ" میں لکھتے ہیں کہ ۱۹۴۱ء میں حضرت والد صاحب (حضرت فقیہہ اعظمؒ) پر فالج کا حملہ ہوا اور آپ سخت بیمار ہو گئے، ان دنوں سیالکوٹ

marfat.com
Marfat.com

چھاؤنی کا ایک نہایت قابل بنگالی ڈاکٹر علاج کے لئے بلایا گیا، مگر اس نے آکر مایوسی کا اظہار کیا کہ حملہ سخت ہے اور بڑھاپے کا فالج نہایت خطرناک ہوتا ہے، تاہم اس نے بے دلی سے علاج شروع کر دیا۔ والد صاحب کی یہ حالت تھی کہ ان کی دونوں ٹانگیں بالکل بے جان ہو چکی تھیں، کھڑے ہونا تو درکنار آپ بیٹھ بھی نہ سکتے تھے، ہم سب سخت پریشان تھے کہ والد صاحب کا عشق نبی ﷺ رنگ لایا اور ایک معجزے کا ظہور ہوا۔ ایک رات والد صاحب سو رہے تھے اور میں پاس بیٹھا پنکھا جھل رہا تھا کہ اچانک سوتے میں والد صاحب کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے، آپ اسی وقت بیدار ہوئے اور مجھ سے پوچھا کہ تم نے کچھ دیکھا؟ میں نے بس یہی کہا کہ آپ سوتے میں رو رہے تھے، جس پر والد محترم نے رو کر کہا کہ حضور اکرم ﷺ تشریف لائے تھے اور اپنے دست رحمت سے میری آنکھیں کھول کر فرمایا: ”آنکھیں کھولو، اب ہم ایک اور مریض کی طرف جا رہے ہیں۔“ والد ماجد نے فرمایا کہ حضور انور ﷺ میری آنکھیں کھول کر مجھے اچھا فرما گئے ہیں، مجھے اٹھاؤ میں اب ٹھیک ہوں۔ میں نے اسی وقت انہیں کھڑا کیا تو یہ دیکھ کر فرط مسرت سے آنکھیں پرنم ہو گئیں کہ ٹانگوں میں طاقت آ گئی ہے اور وہ بوجھ سہارنے لگی ہیں، میں نے اُنہیں پھر لٹا دیا اور صبح ہی والد صاحب نے چلنا شروع کر دیا، اس واقعے کا بہت چرچا ہوا اور لوگ دور دراز سے زیارت کے لئے آنے لگے، ڈاکٹر بھی حیران تھے، کیونکہ والد صاحب بالکل ٹھیک ہو چکے تھے۔ (تذکرہ فقیہہ اعظمؒ از مجیب احمد۔ صفحہ ۹۲ تا ۹۳ مکتبہ اشرفیہ، مرید کے (شیخوپورہ)۔

مولانا الحاج الحافظ ابو یوسف محمد شریف محدث کوٹلیؒ ۱۸۶۱ء میں کوٹلی لوہاراں (غربی) میں پیدا ہوئے۔ نوے سال کی عمر پا کر ۱۵ جنوری ۱۹۵۱ء کو وصال فرمایا اور کوٹلی لوہاراں کی مسجد شریفی کے پیچھے عین اسی جگہ سپرد خاک کر دیئے گئے، جہاں وصال سے پہلے ہی آپ نے فرما دیا تھا کہ یہاں ہماری قبر بنے گی۔ کوٹلی لوہاراں کی جامع مسجد اہل حدیث میں اپنے خطبہ جمعہ میں مولوی محمد ابراہیم میر سیالکوٹی نے فرمایا کہ مولوی شریف صاحب علم کا پہاڑ تھے، جو ان کی وفات کے ساتھ ختم ہو گیا۔ مولانا شاہ احمد رضا خان قادری برکاتی بریلویؒ (۱۸۶۵ء تا ۱۹۲۱ء) نے آپ کو ”فقیہہ اعظم“ کا خطاب دیا تھا، جو اس قدر مقبول ہوا کہ یہ مولانا محمد شریف صاحب کے نام کا جزو لاینفک اور دائمی پہچان بن گیا۔ اعلیٰ حضرت بریلویؒ نے آپ کو سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ میں اپنی خلافت واجازت بیعت سے سرفراز فرمایا۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے مرد کامل حضرت خواجہ حافظ محمد عبد الکریم نقشبندی مجددیؒ (۱۸۴۸ء تا ۱۹۳۶ء) کا مزار مبارک متصل عید گاہ، راولپنڈی میں مشہور و معروف ہے، نے حضرت فقیہہ اعظمؒ کو اپنی خلافت واجازت بیعت

marfat.com
Marfat.com

سے مشرف فرمایا۔ امیر ملت حضرت پیر سید جماعت علی شاہ علی پوریؒ (۱۸۴۱ء تا ۱۹۵۱ء) سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے عظیم بزرگ اور مادر زاد ولی اللہ تھے۔ آپ نے بھی حضرت فقیہہ اعظمؒ کو اپنا خلیفہ مقرر کیا اور اجازت بیعت سے نوازا۔ خانگی ذمہ داریوں کے ساتھ حضرت فقیہہ اعظمؒ نے تصنیف و تالیف، امامت و خطابت، تصوف، شاعری اور طب و حکمت کے علاوہ سیاسی و سماجی حلقوں میں بھی سرگرمی سے حصہ لیا اور نہایت بامقصد زندگی بسر کی۔ آپ صحیح معنوں میں پروانۂ شمع رسالت ﷺ تھے۔

؎ قدر نبیؐ دی ایہہ کی جانن دنیادار کمینے   قدر نبیؐ دی جانن والے سوں گئے وچ مدینے

؎ دیکھنے کو رنگ محفل یوں تو پتنگے تھے ہزار   جان دیدی شمع پر جس نے وہی پروانہ تھا

میں جناب مجیب احمد کا شکر گذار ہوں جنہوں نے اپنی تصنیف "تذکرہ فقیہہ اعظم"، مجھے عنایت فرمائی۔

۹۵۔ ایک بزرگ دوران نماز جب قعدہ میں بیٹھے تو حضور اکرم ﷺ پر درود پاک پڑھنا بھول گئے، جب سوئے تو زیارت مصطفےٰ ﷺ سے مشرف ہوئے۔ آپؐ نے فرمایا: "اے میرے امتی! تو نے مجھ پر درود پاک کیوں نہیں پڑھا؟" عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا میں ایسا محو ہوا کہ درود پاک پڑھنا یاد نہ رہا۔ یہ سن کر آقائے کون و مکاں ﷺ نے ارشاد فرمایا: "کیا تو نے میری یہ حدیث نہیں سنی کہ تمام نیکیاں، عبادتیں اور دعائیں روک دی جاتی ہیں، جب تک مجھ پر درود پاک نہ پڑھی جائے۔ سن لے! اگر کوئی شخص روز قیامت دربار الٰہی میں سارے جہاں والوں کی نیکیاں لے کر حاضر ہو جائے اور ان میں درود پاک نہ ہو تو اس کی تمام نیکیاں اس کے منہ پر ماردی جائینگی اور ایک بھی قبول نہ ہوگی۔" (درۃ الناصحین صفحہ ۱۷)

مولای صل وسلم دائما ابدا   علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۹۶۔ جناب حشیش حمصانیؒ کو ایک رات حضور اقدس ﷺ کے ساتھ مل بیٹھنا نصیب ہوا۔ حضرت زین العابدین بن المناویؒ جو مصر کے رہنے والے مجذوب ولی تھے، صبح حضرت حمصانیؒ کو دیکھتے ہی فرمانے لگے کہ جو شخص گذشتہ رات اپنے حبیب (ﷺ) کے ساتھ اکٹھا بیٹھا تھا اسے کوئی گناہ اور بیماری نہیں چھوئے گی اور وہ بہترین ملاقات تھی (جامع کرامات اولیاءؒ جلد دوم۔ صفحہ ۷۹۸ از علامہ یوسف نبہانیؒ۔ مکتبہ حامدیہ، گنج بخش روڈ، لاہور)۔

۹۷۔ حضرت ابو محمد سبا بن سلیمانؒ یمن کے رہنے والے اور فقیہہ، عارف اور فن تجوید و قرأت کے ماہر تھے۔ آپ پر عبادت، پرہیزگاری اور ریاضت کا غلبہ تھا۔ ایک مرتبہ "ظفر" نامی قلعہ کے پاس سے فقیہہ ابراہیم کے ہمراہ گزرے۔ اس کے مالک شیخ عبدالوہاب نے انہیں خوش آمدید کہا اور کھانا پیش کیا، مگر آپ نے نہ کھایا اور سو گئے۔ جاگنے کے بعد پھر کھانا پیش کیا

marfat.com
Marfat.com

گیا تو خوب سیر ہو کر کھایا۔ فقیہہ ابراہیم نے اس کی وجہ پوچھی تو فرمایا کہ پہلے مجھے اس شخص کے کھانے کا حال معلوم نہ تھا۔ سویا تو مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپؐ نے فرمایا: "عبدالوہاب کا کھانا کھالو، وہ ہمارا ہے۔" یہ بات تھی جس نے مجھے اب کھانے پر ابھارا۔ اصل میں حلال و حرام کھانا کھانے میں آپ سخت احتیاط برتتے تھے۔ علامہ شرجیؒ نے آپ کی تاریخ وفات کا ذکر نہیں کیا (جامع کرامات اولیاً جلد دوم صفحہ ۸۰۳ تا ۸۰۴)۔

۹۸۔ حضرت سعدالدین الجباویؒ کا شام کے معروف و مشہور صوفیا میں شمار ہے۔ سلسلہ عالیہ سعدیہ آپ ہی سے منسوب ہے۔ یہ حضرات اللہ تعالیٰ کے حکم سے دم کر کے مریض جنون کو شفایاب کر دیتے ہیں۔ جناب مجی فرماتے ہیں کہ حضرت سعدالدین اپنے والد ماجد جناب شیخ یونس شیبانیؒ کے نافرمان ہو کر ڈاکو بن گئے تھے اور لوگوں کو لوٹنا شروع کر دیا تھا۔ بیٹے کے کرتوتوں سے تنگ آ کر والد نے دعا کی کہ یا تو اللہ اس کی اصلاح فرمادے یا موت دیدے۔ اللہ پاک نے اصلاح کی دعا قبول فرمائی اور ڈاکو سے ولی بن گئے۔ حضرت رسول مقبول ﷺ، حضرت صدیق اکبر اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی حالت کشف میں زیارت کی۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو ارشاد فرمایا کہ اسے کھانا کھلاؤ۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سعدالدین کو کھجوریں کھلائیں تو ان پر غشی طاری ہو گئی جو کئی دن جاری رہی، جب افاقہ ہوا تو اللہ پاک نے آپ کی توبہ قبول فرما کر معرفت کے دروازے کھول دیئے۔

یہ بھی مشہور ہے کہ آپ نے تین آدمیوں کو ایک مرتبہ لوٹنا چاہا کہ ان میں سے ایک نے سورۃ حدید کی آیت نمبر ۱۶ (ترجمہ = کیا ابھی تک مومنوں کے لئے وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کے ذکر سے کانپ اٹھیں) پڑھی، جسے سن کر آپ پر لرزہ طاری ہو گیا، رونا چلانا شروع کر دیا اور گھوڑے کی پیٹھ سے اوندھے منہ گر کر بے ہوش ہو گئے، بے ہوشی سے افاقے کے بعد اپنے تمام سابقہ گناہوں سے معافی مانگی۔ حضرت رسالت مآب ﷺ نے اپنے لعاب دہن سے ترچند کھجوریں شیخ سعدالدین کو عطا فرمائیں اور ارشاد فرمایا کہ "یہ تمہارے اور تمہاری اولاد کے لئے ہیں۔" آپ نے انہیں قبول کر کے ان کی تعظیم کی، پھر مولیٰ کریم نے آپ کے ظاہر و باطن کی تعمیر فرمائی اور نوازشات سے نوازا۔ آپ آٹھویں صدی کے بزرگ تھے (جامع کرامات اولیاً جلد دوم صفحہ ۸۰۹ تا ۸۱۱)۔

۹۹۔ محمد اکرم (لیاقت آباد، ماڈل ٹاؤن، لاہور) نے خواب دیکھا کہ کفار اور مسلمانوں کے مابین گھمسان کی جنگ ہو رہی ہے اور میں اپنے والد صاحب کی دائیں جانب کھڑا نماز ادا کر رہا ہوں، نماز کے بعد جنگ بند ہو جاتی ہے، مگر میرے دل پر موت کا خوف ہے۔ اس جنگ میں

marfat.com
Marfat.com

آنحضور ﷺ کے ہمراہ حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی شریک ہیں اور وہ دونوں سب سے پہلی صف میں ہیں، جبکہ میں اور والد صاحب آخری صف میں ہیں۔ خوابوں کی روحانی تعبیر کے تحت جناب عابد عسکری نے اس خواب کی تعبیر یوں بتائی:۔

آپ کا خواب مبارک ہے، یہ حضرت رسالت مآب ﷺ، اہل بیت اطہار رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور صحابائے اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بے انتہا محبت و عقیدت کی علامت ہے، انشاء اللہ روحانی و مالی فائدہ حاصل ہو گا، اچھے وقت کا انتظار کریں (ہفت روزہ فیملی میگزین، لاہور۔ مورخہ ۲۸ فروری تا ۶ مارچ ۱۹۹۹ء صفحہ ۴۹)۔

۱۰۰۔ حضرت شیخ ابو طلحہ بن عیسیٰ بن ابراھیم بن ابی بکرؒ بہت بڑے ولی اور عارف باللہ تھے، آپ کی کرامات ایک بحر بے کنار ہیں اور اللہ نے آپ کو اسم اعظم کی معرفت عطا فرمائی تھی۔ مروی ہے کہ آپ نے خواب میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خرقہ پہنا تھا، جنہیں حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا۔ آپ کے بارے میں مشہور تھا کہ آپ کو بحالت بیداری حضور اکرم ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل تھا۔ زبید شہر کے حاکم قاضی احمد تہامی کو اس معاملے میں شک تھا۔ وہ ایک شخص کے ساتھ آپ کی خدمت میں تشریف لائے تو انہیں دیکھتے ہی آپ نے فرمایا کہ قاضی صاحب یہ تسلیم ہی نہیں کرتے کہ حضور انور ﷺ کو بیداری کی حالت میں دیکھا جا سکتا ہے۔ ادھر قاضی صاحب آپ کے پاس بالکل خاموش بیٹھے رہے تو اس شخص نے قاضی صاحب سے پوچھا کہ آپ شیخ صاحب سے سوال کیوں نہیں کرتے؟ اس پر قاضی صاحب نے کہا: اللہ کی قسم! جب میں شیخ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے سرکار ابد قرار ﷺ کو شیخ صاحب کے نزدیک جلوہ افروز دیکھا، چونکہ قاضی صاحب خود صالح شخص تھے اس وجہ سے آپ پر یہ بات منکشف ہو گئی۔ شیخ صاحب نے ۷۸۰ھ میں انتقال فرمایا اور باب سہام کے مشرقی مقبرے میں دفن ہوئے۔ آپ کی قبر وہاں کی مشہور ترین قبر ہے اور لوگ بکثرت زیارت کے لئے حاضر ہوتے ہیں (جامع کرامات اولیأ حصہ دوم۔ صفحہ ۹۱۹ تا ۹۲۳ سے ماخوذ)۔

۱۰۱۔ حضرت عبدالرحمٰن الطفسونجیؒ (طفسونج عراق کا ایک شہر ہے) بہت بڑے ولی اور سید العارفین تھے۔ آپ سیدنا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے ہم عصر تھے اور اونچے چبوترے پر بیٹھ کر شریعت و طریقت کے علوم پر گفتگو فرمایا کرتے تھے۔ ایک صالح مرد نے حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی اور ان کی بابت آپؐ سے دریافت کیا۔ تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: "وہ خطیرہ قدس (یعنی جنت) کے متکلمین میں سے ہے۔" (جامع کرامات اولیا، جلد دوم۔ صفحہ ۹۵۱)

۱۰۲۔ حضرت ابو القاسم عبدالرحمٰن بن ابی الخیر جبر الیمنیؒ بہت بڑے فقیہہ اور عالم باعمل

marfat.com
Marfat.com

تھے۔ ہر رات دو رکعت میں پورا قرآن مجید پڑھا کرتے تھے۔ فرماتے ہیں: قصہ بیان کرنے والوں سے سنا کرتا تھا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی: "اے میرے رب! مجھے جناب محمد ﷺ کا امتی بنا دے۔" میں اس بات کا دل میں انکار کرتا تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: (موسیٰ) میں نے تمہیں اپنے پیغام اور اپنے کلام سے لوگوں میں ممتاز کیا ہے۔ (سورۃ الاعراف۔ آیت ۱۴۴)

"اور اللہ نے موسیٰ سے باتیں بھی کیں۔" (سورۃ النساء۔ آیت ۱۶۴)۔

(اس مقام اور مرتبہ کے ہوتے ہوئے امت محمدیہ میں سے ہونے کا سوال چہ معنی دارد؟)۔ پھر میں خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا تو آپؐ کے ہمراہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی تھے۔ میں نے عرض کیا: یا موسیٰ (علیہ السلام)! کیا آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی کہ اے اللہ مجھے اپنے محبوب (ﷺ) کا امتی بنا دے۔ پھر سوچا کہ حضور اقدس ﷺ کی موجودگی میں مجھے ایسا سوال نہیں کرنا چاہیے اور حضور اقدس ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! کیا موسیٰ علیہ السلام نے یہ دعا کی تھی کہ اے میرے اللہ! مجھے حضور ﷺ کا امتی بنا دے؟ اس پر آپؐ خاموش رہے تو میں نے یہی سوال دہرایا، آپؐ پھر بھی خاموش رہے، تیسری مرتبہ اسی سوال کے دہرانے پر حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نعم نعم (ہاں ہاں)۔ اس خواب کے بعد میں نے کبھی اس بات کا انکار نہیں کیا۔ آپ کا وصال ۶۴۰ھ کے قریب ہوا (جامع کرامات اولیاءؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۹۵۴ تا ۹۵۵)

۱۰۳۔ حضرت عبدالرحمٰن بن علی الخیاریؒ، حضرت امام شافعیؒ کے مقلد اور مدینہ منورہ کے خطیب اور بہت بڑے محدث تھے، ہر فن میں ید طولیٰ رکھتے تھے، آپ کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت بحالت بیداری ہوا کرتی تھی۔ ایک مرتبہ حدیث پاک کی کوئی کتاب مکمل پڑھا کر دعا شروع کی، دعا کے دوران کھڑے ہوگئے اور دونوں ہاتھ پھیلا کر بہت دیر تک دعا مانگتے رہے، درس میں شریک طلباء بھی کھڑے ہوگئے، جب کھڑے کھڑے بہت دیر ہوگئی تو کچھ طلباء تھک کر چلے گئے، مگر آپ سر جھکائے اور ہاتھ اٹھائے دعا مانگتے رہے، جب دعا ختم ہوئی تو کسی خاص شاگرد نے عرض کیا: اتنی دیر اس طرح آپ کیوں کھڑے رہے؟ اس سے قبل ایسی بات دیکھنے میں نہ آئی تھی۔ فرمایا: اللہ کی قسم! میں اسی وقت کھڑا ہوا تھا، جب مجھے سرکار دو عالم ﷺ نظر آئے کہ آپؐ کھڑے ہوئے ہمارے لئے دعا فرما رہے تھے، میں بھی آپؐ کی دعا میں شامل ہو گیا اور اس وقت تک شامل رہا، جب تک آپؐ نے دعا ختم نہ کرلی۔ یہ واقعہ زیارت بحالت بیداری میں آپ کی عظیم کرامت ہے، آپ نے ۱۰۵۶ھ میں وصال فرمایا اور جنت البقیع (بقیع

marfat.com
Marfat.com

غرقد) میں دفن کئے گئے (جامع کرامات اولیاً، حصہ دوم۔ صفحہ ۹۹۰ تا ۹۹۱)

۱۰۴۔ حضرت عبدالرحمٰن السقاف باعلویؒ مدینہ منورہ میں تشریف فرما رہے اور یہیں حضرت شیخ محمد حیات سندھیؒ سے راہ طریقت اخذ کیا۔ خود بیان کرتے ہیں کہ میرے اور حضرت رسول اللہ ﷺ کے درمیان کوئی پردہ نہیں رہا اور یہ کہ میں نقشبندی طریقہ صرف اسی کو عطا کرتا ہوں، جس کے لئے حضرت رسول اللہ ﷺ اجازت فرما دیں۔ بقول جبرتی آپ نے ۱۱۲۴ھ میں مدینہ منورہ میں انتقال فرمایا اور جنت البقیع کے عظیم قبرستان میں دفن کئے گئے (جامع کرامات اولیاً، حصہ دوم۔ صفحہ ۹۹۵)

۱۰۵۔ حضرت ابو محمد عبدالرحمٰن بن عمرؒ بہت بڑے علامہ، فقیہہ، محقق، کثرت سے روزہ رکھنے اور قیام فرمانے والے تھے۔ آپ کا ہر خواب صالح ہوتا تھا۔ ایک صالح خواب کی روایت خود کرتے ہیں کہ ایک سال حج کے لئے روانہ ہوا اور فیصلہ کر لیا کہ آئندہ کے لئے محکمہ قضاً کو ہمیشہ کے لئے خیر باد کہہ دوں گا۔ حرم شریف پہنچ کر دوبارہ اس عہد کو پختہ کیا اور تقریباً آٹھ ماہ کسی مقدمے کا فیصلہ نہ کیا۔ ایک رات حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی، آپؐ اسی جگہ جلوہ افروز تھے جہاں بیٹھ کر میں فیصلے کیا کرتا تھا، آپؐ کے ہمراہ صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی تھے، جن میں سے میں نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہچان لیا اور حضور اقدس ﷺ کے قریب بیٹھ گیا، چند مسائل میں مجھے پریشانی تھی، لہٰذا حضور انور ﷺ نے کرم نوازی سے ان مسائل کی بابت میرے سوالات حل کر دیئے کہ اتنے میں دو آدمی مقدمہ لئے میری طرف بڑھے تو میں نے ان سے کہہ دیا کہ میں نے مقدمہ جات کے فیصلوں کا کام ترک کر دیا ہے، تم حضور اقدس ﷺ کی خدمت عالیہ میں حاضر ہو، اس پر حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم ان دونوں کے درمیان فیصلہ کرو۔ مجھے یہ بہت مشکل نظر آیا لیکن میرے لئے اطاعت کے سوا کوئی چارہ نہ تھا پس میں نے ان دونوں کے درمیان فیصلہ کیا اور میری آنکھ کھل گئی۔ آپ کا وصال ۷۸۰ھ میں ہوا (جامع کرامات اولیاً، حصہ دوم۔ صفحہ ۹۵۹ تا ۹۶۱)

۱۰۶۔ جامع کرامات اولیاً کے مؤلف علامہ یوسف نبہانیؒ فرماتے ہیں کہ میرے والد گرامی شیخ اسمٰعیل نبہانی اس وقت حیات ہیں، نوے سال کی عمر ہونے کے باوجود بحمداللہ صحت مند ہیں، تمام حواس درست ہیں، قرآن کریم کی حسب سابق بکثرت تلاوت کرتے اور تین بار حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کر چکے ہیں، میری والدہ کے ہمراہ حضور سرور کائنات ﷺ کی زیارت سے بھی مشرف ہو چکے ہیں، نہایت سچے انسان ہیں کیونکہ زندگی میں کبھی جھوٹ نہیں بولا، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں بحفاظت رکھے، آپ کی برکات و دعاؤں سے اللہ تعالیٰ مجھے نفع بخشے اور

marfat.com
Marfat.com

آپ مجھ سے راضی رہیں (جامع کرامات اولیاءؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۹۹۶)

۱۰۷۔ علامہ یوسف نبہانیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت الشیخ سلیم المسوتی الدمشقی الحنفی الخلوتیؒ میرے شیخ اور استاد تھے، بلاشک وشبہ آپ ولی اللہ، عالم، علامہ اور عارف تھے اور صاحب کرامات واسرار وانوار تھے۔ ۲۹ ربیع الثانی ۱۳۲۳ھ اچانک شیخ موصوف بیروت میں میرے غریب خانے پر تشریف لائے، میں نے آپ کا چہرہ پر نور دیکھا تو ولائت وصلاح کی علامات نظر آئیں، یہ سب اللہ تعالیٰ کے اس فضل وکرم اور عطا کی بدولت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے مومن کے دل میں فراست رکھی ہے، میں نے بھی اس فراست سے جان لیا کہ آپ عامل علماءؒ میں سے بہترین اور عارف اولیاءؒ اکرام میں سے بزرگ شخصیت ہیں، میں نے آپ کے مبارک ہاتھوں کو کئی مرتبہ بوسہ دیا اور آپ سے اجازت طلب کی، پس آپ نے مجھے ہر اس طریقت وشریعت کی بات کی اجازت عطا فرمادی، جن کے آپ حامل ووارث تھے نیز جو بھی آپ نے اپنے مشائخ کرام سے معقول ومنقول حاصل کیا تھا، اس کی بھی اجازت دے دی اور جو اسرار وانوار آپ نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے بلاواسطہ حاصل فرمائے تھے، ان کی بھی اجازت عنایت فرمادی، اس کی بھی اجازت دی کہ میں سورہ یٰسین کو ہر دنیوی واخروی بھلائی کے لئے پڑھا کروں اور دنیا وآخرت کے شر کو دور کرنے کے لئے اس کی تلاوت کیا کروں، مزید بتایا کہ آپ خود اپنے ہر ارادے کے حصول کے لیے اسے پڑھتے ہیں اور وہ حاصل بھی ہو جاتا ہے۔ بیماریوں سے شفا کے لیے بھی اس کی قرأت تیر بہدف ہے، ہاں اگر مریض ایسا ہے کہ اس کی موت آن پہنچی ہے تو وہ نہیں ٹل سکتی لیکن اس کی تلاوت سے موت کی سختی دور ہو جاتی ہے (جامع کرامات اولیاءؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۸۴۰ تا ۸۴۲)

۱۰۸۔ حضرت زین العابدین بن عبدالروف المناویؒ مصر کے اکابر اولیاءؒ میں تھے۔ سات سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کر لیا تھا۔ حصول علم کے بعد "طریقت" کی طرف متوجہ ہوئے۔ اب ہر وقت نماز اور ذکر میں مشغول رہتے اور ایسے امور سرزد ہوتے، جو خلاف عادت تھے۔ دوران ذکر حضور اقدس ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا کرتے تھے۔ ایک وضو سے رات دن (۲۴ گھنٹے) گزار لیا کرتے تھے۔ پاس بیٹھنے والا جو بھی ہوتا آپ کو اس کے حالات کا علم ہو جاتا تھا۔ حضرت طیمہ صعیدی مصریؒ جو علم ارواح میں بہت بڑے ولی گذرے ہیں، ان کے سامنے ایک انسان نور کی مانند یا نور انسان کی مثل موجود ہے۔ حضرت حمصانیؒ جو مشائخ وعارفین سے تھے، نے ان سے دریافت کیا کہ یہ کون ہے؟ فرمایا: یہ زین العابدین مناویؒ ہیں، جنہیں اہل برزخ پر محافظ مقرر کیا گیا ہے۔ ۱۰۲۲ھ میں انتقال فرمایا۔ آپ کے والد حضرت امام مناویؒ نے

marfat.com
Marfat.com

بھی آپ کی بہت تعریف کی ہے (جامع کرامات اولیاءؒ، جلد دوم۔ صفحہ ۷۹۲ تا ۷۹۶ سے ماخوذ)۔

۱۰۹۔ حضرت خلیفہ بن مسعود المغربی الجابریؒ کا تعلق بنو جابر سے تھا۔ رنگ کالا تھا مگر چمک دمک والے تھے۔ صاحب مکاشفات، صاحب کرامات عالم اور پیشوا تھے۔ حضرت قاضی شہاب الدین ابن عوجان مالکیؒ فرماتے ہیں کہ حج کے بعد جب میں مدینہ منورہ میں حضور اقدس ﷺ کے روضہ اطہر پر حاضر ہوا تو خواب میں میں نے آپؐ کو دیکھا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ''جب واپس جاؤ تو ''خفیر ایلیا'' کو میرا سلام پہنچانا۔'' میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! یہ کون شخص ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''خلیفہ۔'' اس کے بعد ان کا معاملہ مشہور ہو گیا۔ ۸۳۳ھ میں بمقام ''مالا'' وصال فرمایا اور آپ کی قبر زیارت گاہ خاص وعام ہے (جامع کرامات اولیاءؒ، جلد دوم۔ صفحہ ۷۳۱)

۱۱۰۔ حضرت الشیخ خلیفہؒ امام وقت، عالم، زاہد اور نہایت متقی تھے۔ آپ سے مکاشفات کا صدور بہت ہوتا تھا۔ ابن بطوطہ نے اپنے مشہور سفرنامے میں لکھا ہے کہ مجھے شیخ موصوف کے ایک ثقہ ساتھی نے بتایا کہ شیخ خلیفہؒ کو خواب میں حضرت رسول کریم ﷺ کی زیارت ہوئی تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''اے خلیفہ! ہماری زیارت کرنے آؤ۔'' پس خلیفہؒ مدینہ منورہ کے لیے روانہ ہو گئے۔ باب السلام سے مسجد نبوی (علی صاحبہا صلوٰۃ وسلاماً) میں داخل ہوئے اور حضور اقدس ﷺ کو سلام کر کے ایک ستون سے ٹیک لگا کر اس طرح بیٹھ گئے کہ اپنا سر گھٹنوں پر رکھ لیا۔ صوفیاء کی اصطلاح میں اس طرح بیٹھنے کو ''ترفیق'' کہتے ہیں، کچھ دیر بعد جو سر اٹھایا تو اپنے سامنے چار روٹیاں، دودھ سے بھرا ایک برتن اور ایک تھال میں کھجوریں رکھی دیکھیں۔ آپ اور آپ کے ساتھیوں نے یہ چیزیں کھائیں اور پھر اسکندریہ واپس چلے گئے۔ اس سال انہوں نے حج نہیں کیا (جامع کرامات اولیاءؒ، جلد دوم۔ صفحہ ۷۳۰ تا ۷۳۱)

۱۱۱۔ حضرت الشیخ خلیفہ بن موسیٰ النہر ملکیؒ کی نسبت عراق کی سرزمین میں موجود ''نہر الملک'' سے ہے، آپ جلیل القدر بزرگ، بلند مرتبہ شیخ طریقت تھے اور بکثرت حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہونے والے تھے۔ ایک مرتبہ ایک رات میں ۱۷ مرتبہ زیارت سے مشرف ہوئے۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ''اے خلیفہ! بے قرار و بے چین نہ ہو، بہت سے اولیاء میرے دیدار کی حسرت لئے فوت ہو گئے۔'' پھر آپؐ نے انہیں ایک استغفار سکھائی (جو جامع کرامات اولیاء، جلد دوم کے صفحہ ۷۲۸ پر تحریر ہے)

۱۱۲۔ حضرت الشیخ خلیفہ بن موسیٰ النہر ملکیؒ کی یہ بہت بڑی کرامت تھی کہ آپ سوتے جاگتے (بحالت بیداری) حضور رسالت مآب ﷺ کی زیارت کیا کرتے تھے، جب وقت وصال قریب آیا تو آپ کی زبان پر تشہد اور کلمہ لا الٰہ الا اللہ کا ورد جاری تھا۔ فرمانے لگے: یہ

marfat.com
Marfat.com

دیکھو میرے سامنے جناب رسالت مآب ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم تشریف فرما ہیں، مجھ پر رحمتوں کا نزول ہو رہا ہے، فرشتے موجود ہیں، جنہیں بہت جلدی ہے کہ وہ مجھے لے کر اللہ کریم کے پاس جائیں، جب نماز جنازہ کا وقت آیا تو غیب سے بہت بلند آواز آئی (ترجمہ = مسلمانو! اللہ تعالیٰ کے دوست کی نماز جنازہ بہت جلد ادا کی جانے والی ہے)۔ فرشتے بھی نماز جنازہ ادا کرنے کے لئے موجود تھے۔ نماز جنازہ کے بعد آپ کو "نہر الملک" میں دفن کیا گیا، جو بغداد سے جانب مغرب ہے۔ آپ اسی علاقے کے ایک گاؤں کے رہنے والے تھے جو "قریۃ الاعراب" کہلاتا تھا (جامع کرامات اولیاً جلد دوم۔ صفحہ ۷۲۹ تا ۷۳۰)

۱۱۳۔ جناب الجیؒ نے لکھا ہے کہ حضرت السید حاتم بن احمد الاہدلؒ کا مورخین کی ایک جماعت نے تذکرہ کیا ہے اور اس قدر تعریف کی ہے کہ اس سے زیادہ ہو نہیں سکتی۔ آپ علوم و معارف کی تمام اقسام میں یکتائے روزگار تھے، جسے جی بھر کر دیکھ لیتے اس کی بری عادات صفات محمودہ میں تبدیل ہو جاتی تھیں۔ ایک مدت تک حرمین شریفین میں قیام پذیر رہے، پھر یمن کے ایک غیر معروف علاقے کو اپنا وطن بنا لیا۔ فرماتے تھے کہ مجھے حضور نبی کریم ﷺ نے اس علاقے اور اس ولایت کا والی مقرر کیا ہے (جامع کرامات اولیاً، جلد دوم۔ صفحہ ۶۱۲)

۱۱۴۔ حضرت ابو محمد الحسن بن عمر الحمیریؒ بہت بڑے فقیہہ، عارف اور محقق تھے۔ حصول علم کے لیے سخت محنت کرتے، پوری پوری رات مطالعہ کرتے گزار دیتے، کھانا کھاتے نہ پانی طلب کرتے اور نہ ہی اہل و عیال میں مشغول ہوتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ کو حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپ کے ہمراہ صحابائے اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور حضرت امام شافعیؒ بھی تھے۔ حضرت حسن نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! اس زیارت کا میں کس وجہ سے حقدار ہوا؟ آپ نے ارشاد فرمایا: "علم میں تیری محنت شاقہ اس کا سبب بنی۔" آپ "لب" نامی شہر کے باشندے تھے۔ ۶۷۷ھ میں وصال فرمایا (جامع کرامات اولیاً، جلد دوم۔ صفحہ ۶۶۱ تا ۶۶۲)

۱۱۵۔ حضرت ابو محمد الحسن بن عمر الکھیسیؒ بہت بڑے فقیہہ، عالم، عابد و زاہد، تنہائی پسند اور گوشہ نشین تھے۔ خواب میں آپ کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوتی تھی، جن میں ہونے والے واقعات اور غیب کی خبریں دیا کرتے تھے۔ (جن کا تعلق چوری وغیرہ سے ہوتا تھا یعنی فلاں کی چوری شدہ چیز فلاں کے پاس ہے)۔ اس سلسلے میں آپ کے بہت سے واقعات مشہور ہیں جو آپ کے سچے اور ولی ہونے کی تصدیق کرتے ہیں، جب ۷۸۱ھ میں وصال ہوا تو عمر تقریباً ایک سو برس تھی (جامع کرامات اولیاً، جلد دوم۔ صفحہ ۶۶۵)

۱۱۶۔ ایک مرتبہ جناب کاشف غنیم حضرت حسن حائیؒ کی زیارت کے لیے گئے، تو انہیں

marfat.com
Marfat.com

حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا کہ "اپنے مریدین میں اعلان کر دو کہ ان میں سے کوئی لوگوں کی کاشت کردہ اشیا میں سے گری پڑی کوئی چیز نہ کھائے۔" جب کاشف غنیم حضرت حسن حافیؒ کے پاس آ گئے تو ان کی جماعت کے ایک آدمی پر وجد طاری ہو گیا، جس پر حضرت حسن حافیؒ نے فرمایا کہ یہ شخص مکاری کر رہا ہے، اس نے تمہارے حکم کی خلاف ورزی کی ہے اور تمام راستہ لوگوں کی کاشت کردہ اشیأ میں سے گری پڑی کھاتا ہوا آیا ہے۔ اس کی تلاشی لی گئی تو اس کے پاس سے چند اشیأ برآمد ہوئیں اور اس نے اپنی غلطی کا اعتراف بھی کر لیا۔ یہ حضرت حسن حافیؒ کی کرامت تھی (جامع کرامات اولیأ، جلد دوم۔ صفحہ ۶۷۴ تا ۶۷۵)

۱۱۷۔ سید الطائفہ حضرت جنید بغدادیؒ ایک رات حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپؐ کی دائیں جانب، حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بائیں جانب اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سامنے بیٹھے تھے، میں بھی سامنے بیٹھ گیا کہ اتنے میں دو آدمی نظر آئے، جو حضور اقدس ﷺ کے سامنے بیٹھے تھے، ان میں سے ایک نے دوسرے کے خلاف اپنے حق کے مطالبہ کا دعویٰ کیا تو آنحضور ﷺ نے میری طرف نظر التفات فرمائی اور ارشاد کیا: "اے ابو القاسم! ان دونوں میں فیصلہ کرو۔" میں آپؐ کی عظمت اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی حشمت کے پیش نظر خاموش رہا، آپؐ نے دوسری اور پھر تیسری مرتبہ یہی ارشاد فرمایا مگر میں ہر مرتبہ آپؐ کی ہیبت، بزرگی اور جلالت شان کی وجہ سے خاموش رہا، پھر آپؐ نے چوتھی مرتبہ مجھے فرمایا: "ان کے درمیان فیصلہ کرو، میں نے تمہیں لوگوں کے لئے حاکم اور قاضی کا منصب عطا فرما دیا ہے۔" یہ سب کچھ دیکھ کر میں بیدار ہو گیا (جامع کرامات اولیأ، جلد دوم۔ صفحہ ۶۰۵)

آپ کی روحانی تربیت آپ کے ماموں حضرت سری سقطیؒ نے کی تھی۔ آپ علی الاطلاق صوفیائے کرام کے شیخ اور بالاتفاق ان کے امام ہیں، جب لفظ سید الطائفہ لکھنے یا بولنے میں آئے تو اس سے مراد حضرت ابو القاسم جنید بغدادیؒ ہی کی شخصیت ہے۔

۱۱۸۔ حضرت سلطان محمد بن بایزید خانؒ کی سلطنت میں حضرت بیر الیاس اماسیؒ عارف شیخ اور عارف ربانی صدر الدین شروانیؒ کے دوست تھے۔ حضرت صدر الدین ان پڑھ تھے، پس حضرت بیر الیاس اماسیؒ چالیس روزہ خلوت میں ان کے ساتھ مجاہدات و ریاضت کر کے اپنے وطن شروان واپس چلے گئے اور گیارہ سال وہاں مجاہدات و ریاضات میں مشغول رہ کر حضرت زین الغافی خراسانیؒ کی شہرت سن کر ان کی خدمت میں جانا چاہا تو آپ نے حضور امام الانبیأ ﷺ کی خواب میں زیارت کی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "اے الیاس! صدر الدین کے پاس جاؤ۔" حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حکم پا کر آپ ان کی طرف چل پڑے، جب قریب پہنچے تو حضرت

marfat.com
Marfat.com

صدر الدینؒ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: آج مولیٰ الیاس آرہے ہیں، تم لوگ ان کا استقبال کرو۔ آپ حضرت صدر الدین کی خدمت میں پہنچے اور ان کے ہاتھ چومے تو انہوں نے فرمایا: اے مولیٰ! بہت سے لوگوں کو خود حضور اقدس ﷺ رشد و ہدایت کا پیغام دیتے ہیں۔ آپ عرصہ دراز تک حضرت صدر الدینؒ کے پاس مجاہدات و ریاضت میں مشغول رہ کر اپنے وطن واپس ہوئے اور حضرت صدر الدینؒ کے وصال کے بعد اپنے گاؤں اماسیہ میں محفل ارشاد شروع کی۔ یہ بات مشہور ہے کہ موت کے بعد جب آپ کو نہلانے کے لیے تختے پر رکھا گیا، جو ایک چبوترے پر تھا تو چبوترے کی ایک سمت گر گئی، جس پر آپ نے تختے کی ایک سائڈ کو اپنے ہاتھوں سے پکڑ لیا تاکہ وہ گر نہ سکے۔ سوادید کے مقام پر آپ دفن ہیں (شقائق نعمانیہ) (جامع کرامات اولیاً، جلد دوم۔ صفحہ ۵۴۶ تا ۵۴۷)۔

۱۱۹۔ حضرت شیخ ایوب بن احمد خلوتی حنفی دمشقیؒ استاد کبیر، ائمہ مرشدین، مشاہیر عارفین، اعیانِ علمائے عاملین اور اولیائے مقربین میں شامل ہیں۔ آپ نے خود حضور سید المرسلین ﷺ کا جمال جہاں آرا دیکھا اور آپؐ کے ہمراہ عشرہ مبشرہ تھے۔ حضور اقدس ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا: ''ایوب سے کہیے اس زمانہ کے لیے مبارک خوشی ہے جس میں تم ہو۔'' گویا اس ارشاد پاک میں حضرت ایوبؒ کے قصیدہ ہمزیہ کی طرف اشارہ ہے۔ آپ ہر وقت لا الہ الا اللّٰہ پڑھتے رہتے تھے یہاں تک کہ ہر سانس کے ساتھ اسی کلمہ کی آواز آتی تھی۔ فرماتے تھے کہ اگر ابتدأ میں معلوم ہو جاتا کہ لا الہ الا اللّٰہ میں کیا اسرار ہیں تو کوئی دوسرا ذکر اختیار نہ کرتا، کیونکہ تمام اذکار سے جلدی اثر کرنے والا ذکر لا الہ الا اللّٰہ اور سورہ اخلاص کا ذکر ہے (جامع کرامات اولیاً، جلد دوم۔ صفحہ ۵۲۷ تا ۵۲۸)

۱۲۰۔ حضرت شیخ ایوب بن احمد خلوتی حنفی دمشقیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے حقیقتاً ظاہری دنیا میں اس رات یہ واقعہ دیکھا جب میں اپنا قصیدہ ہمزیہ شان مصطفےٰ ﷺ میں نظم کر رہا تھا کہ میرے سامنے ایک ایسا درخت آیا، جیسا قرآن مجید میں اللہ پاک نے ذکر کیا ہے، اس کی جڑیں تو زمین میں تھیں اور شاخیں آسمان پر، اس پر انوار یوں برس رہے تھے گویا سورج کی شعائیں ہیں، میں اس درخت پر چھا گیا اور اس کے پیچھے وسیع فضا دیکھی جس کی حد و انتہا نہ تھی، کیا دیکھتا ہوں کہ سیّد کل ﷺ میری جانب تشریف لا رہے ہیں اور آپؐ کے ہمراہ اس قدر مخلوق ہے کہ اس کا علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے، آپؐ کے جسم اطہر کے ہر ہر مسام سے نور کی شعاعیں پھوٹ رہی ہیں، آپؐ جب بھی مجھے نوازتے ہیں تو تھوڑا آگے جھک کر اپنا سر مبارک میرے سر کے اوپر، اپنا سینہ مبارک میرے سینے کے اوپر فرما لیتے ہیں اور اپنے دونوں دست مبارک میری پشت پر رکھ کر

marfat.com
Marfat.com

فرماتے ہیں: ''اللہ تم میں برکت ڈالے اور اس زمانے میں بھی جس میں تم ہو۔'' الحمد للہ حضور اقدس ﷺ کا فیض فضلی شامل حال رہا ہے (جامع کرامات اولیا، جلد دوم۔ صفحہ ۵۲۸ تا ۵۲۹)۔
آپ فرماتے تھے: عارف وہ نہیں جو جیب سے خرچ کرے، بلکہ عارف تو وہ ہے جو غیب سے خرچ کرے۔ آپ کی بے شمار کرامات ہیں اور تاریخ وفات اس فقرے سے نکلتی ہے ''الشیخ ایوب قطب'' (۱۰۷۱ھ)۔ دمشق میں غربا کے قبرستان میں فرادیس کے مقبرے میں دفن ہیں۔

۱۲۱۔ ماسٹر مقصود احمد صاحب بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے چک ۶۱ ج ب دھروڑ فیصل آباد میں روزانہ ''آب کوثر'' کا درس دینا شروع کیا، آب کوثر مکمل ہونے کے بعد ''البرہان'' کا درس دینا شروع کر دیا، رات تیاری کرتا اور بعد نماز فجر درس دیتا، ایک رات البرہان کا مطالعہ کر رہا تھا کہ یہ حدیث پاک سامنے آئی کہ جو مومن مجھے خواب میں دیکھے گا دوزخ میں نہیں جائے گا۔ میں نے بارہ تیرہ مرتبہ اسے پڑھ کر دربار رسالت مآب ﷺ میں یوں عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! کرم ہو جائے اور مجھے بھی خواب میں آپؐ کے دیدار کی نعمت نصیب ہو جائے۔ یہ عرض کر کے ہزار بار درود پاک پڑھ کر سو گیا، رات دو بجے آنکھ کھلی، پھر تازہ وضو کر کے لیٹ گیا، آنکھیں سو گئیں مگر قسمت جاگ اٹھی، جی بھر کر دیدار مصطفےٰ ﷺ سے مشرف ہوا، دست بوسی کی اور عرض کیا کہ مجھ پر کرم کس وجہ سے ہوا؟ حضور اقدس ﷺ نے اس پر ارشاد فرمایا: ''آب کوثر اور البرہان کے درس دینے کی وجہ سے میں تمہیں ملنے آیا ہوں۔'' اس کے بعد آنکھ کھل گئی (آب کوثر از قلم حضرت علامہ الحاج مفتی محمد امین صاحب مدظلہ۔ صفحہ ف۔ ناشر = دار العلوم امینیہ رضویہ۔ محمد پورہ، فیصل آباد)

۱۲۲۔ شیخ محمد عامر بیان کرتے ہیں کہ مورخہ ۱۲ ربیع الاول ۱۴۱۵ھ بمطابق ۲۱ اگست ۱۹۹۴ء بروز یک شنبہ میں نے خواب دیکھا کہ جامعہ مسجد گلزار مدینہ، محمد پورہ، فیصل آباد خوب سجی ہوئی ہے۔ میں نے قاری مسعود احمد حسان صاحب سے دریافت کیا کہ آج مسجد اتنی کیوں سجائی گئی ہے؟ انہوں نے بتایا کہ مسجد میں حضور اقدس ﷺ تشریف لائے ہوئے ہیں۔ میں نہایت خوش خوش اندر گیا تو دیکھا کہ آقائے دوجہاں ﷺ محراب کے قریب جلوہ افروز ہیں اور علامہ الحاج مفتی محمد امین صاحب اور آپ کے صاحبزادے مولانا محمد سعید احمد اسعد صاحب (ناظم اعلیٰ جامعہ امینیہ رضویہ، فیصل آباد) بھی حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہیں، میں نے آگے بڑھ کر حضور پرنور ﷺ کی دست بوسی کی، پھر مولانا محمد سعید احمد اسعد صاحب نے آپؐ کی خدمت اقدس میں کتاب ''آب کوثر'' پیش کی، تو حضور اکرم ﷺ نے نہایت محبت سے کتاب پر اپنا دست مبارک پھیرا اور کتاب کو اپنے دست مبارک میں لے کر اپنے سینہ انور

marfat.com
Marfat.com

سے لگایا اور ارشاد فرمایا: "یہ کتاب بہت اچھی ہے۔" بعدہ، حضرت مفتی صاحب کے کندھے پر دست مبارک رکھ کر دعا فرمائی (آب کوثر۔ صفحہ غ)۔

۱۲۳۔ چند ماہ قبل پیپلز کالونی، فیصل آباد سے شاہ صاحب غالباً ان کا اسم شریف ریاض علی شاہ صاحب ہے، علامہ الحاج مفتی محمد امین صاحب کے پاس دار العلوم امینیہ رضویہ میں تشریف لائے اور بیان کیا کہ سخت پریشان ہوں، کاروبار تباہ ہو گیا ہے، لاکھوں کا مقروض ہوں، میرے لئے کچھ کیجئے۔ مفتی صاحب نے ان کو آب کوثر دے کر کہا کہ شاہ صاحب اس کو پڑھیئے، انشاءاللہ آپ کے تمام مسائل حل ہو جائیں گے۔ تقریباً چھ ماہ بعد تشریف لائے تو بہت خوش تھے، بتایا کہ قرض اب صرف ڈیڑھ لاکھ روپیہ باقی رہ گیا ہے، ہوا یوں کہ آب کوثر پڑھنے سے کثرت سے درود شریف پڑھنے کا شوق پیدا ہو گیا، ایک روز درود شریف پڑھ کر دعا مانگنے جو بیٹھا تو گریہ طاری ہو گیا اور خوب رو رو کر دعا مانگی، اس کے پانچ دن بعد خواب دیکھا کہ میں کہیں جا رہا ہوں، ایک کشادہ اور پر فضا مقام پر نہایت نورانی چہرے والے ایک بزرگ قرآن پاک تلاوت کر رہے ہیں، انہوں نے مجھے دیکھنے کے بعد پھر پڑھنا شروع کر دیا تو میں نے اپنے ساتھی سے پوچھا یہ کون بزرگ ہیں؟ اس نے کہا: آپ ہی تو حضرت رسول اللہ ﷺ ہیں۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی، میں نے یہ خواب ایک دوست کو سنایا تو انہوں نے کہا: شاہ صاحب! اب آپ کا کام ہو گیا، کیونکہ حضور اقدس ﷺ کی جس پر بھی نظر کرم ہو جاتی ہے اس کے ہر دو جہاں سنور جاتے ہیں۔ ہوا بھی یہی اور سات کا لاکھ قرضہ اب صرف ڈیڑھ لاکھ رہ گیا ہے، بلکہ ہفتہ قبل اسلام آباد میں ایک بہترین ملازمت بھی مل گئی ہے۔ وہاں دو دوستوں نے کہا یہ کتاب "آب کوثر" ہمیں بھی لا کر دو۔ پس مفتی صاحب نے دو کتابیں شاہ صاحب کی خدمت میں پیش کر دیں (آب کوثر۔ صفحہ ک تام سے ماخوذ)۔

مولای صل وسلم دائما ابدا   علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۱۲۴۔ حاجی محمد احمد صاحب نے خواب میں دیکھا کہ حضرت اقدس رسول کریم ﷺ جامع مسجد الحسن جامعہ اشرفیہ، فیروز پور روڈ، لاہور کے صحن میں نماز ادا فرما رہے ہیں اور مسجد کا صحن سنگ مرمر کا ہے، جب بیدار ہوئے تو سوچا کہ مسجد کا صحن تو اینٹوں کا بنا ہوا ہے، لیکن سرکار دو عالم ﷺ کو سنگ مرمر کے فرش پر نماز پڑھتے دیکھا ہے، پس اللہ تعالیٰ نے دل میں یہ بات ڈالی اور چار کینال کی اس مسجد کا فرش سنگ مرمر کا بنوا دیا۔ یہ مسجد نہایت خوبصورت اور قابل دید ہے۔

حاجی محمد احمد صاحب مرحوم سیٹھ احمد کے نام سے مشہور تھے۔ حضرت مفتی محمد حسنؒ صاحب (خلیفہ حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ و بانی جامعہ اشرفیہ، لاہور) سے اس

marfat.com
Marfat.com

قدر قریب تھے کہ حضرت مفتی صاحب نے انہیں اپنا بیٹا بنایا ہوا تھا۔ آخری دم تک جامعہ اشرفیہ کی خدمت مفتی صاحب کی یادگار سمجھ کر کرتے رہے۔ کراچی میں سریے کا کارخانہ قائم ہے۔ کچھ عرصہ قبل انتقال فرما چکے ہیں (مجھے یہ خواب گذشتہ سال ۱۹۹۸ء میں جناب مولانا سید فہیم الحسن تھانوی نے عنایت فرمایا، جس کے لیے میں ان کا شکر گذار ہوں)۔

۱۲۵۔ ''شاہ ولی اللہؒ کے سیاسی مکتوبات'' خلیق احمد نظامی نے مرتب کیے۔ (ادارہ اسلامیات، لاہور۔ ترجمہ مکتوب یازدہم بنام شیخ محمد عاشق پھلتی)

حقائق و معارف آگاہ عزیز القدر سجادہ نشین اسلافِ کرام شیخ محمد عاشق سلمہ اللہ تعالیٰ فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد سلام محبت التیام مطالعہ کریں۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے خیر و عافیت دے رکھی ہے۔ دیگراں کہ کل میں بعد از نماز جمعہ اپنے مقررہ وقت سے پہلے مجلس سے اٹھ گیا تھا اور آں عزیز کو جلد رخصت کر دیا تھا، اس کی وجہ یہ تھی کہ کہیں ہجوم خلق پریشان نہ کر دے، بادشاہ اور اس کی والدہ آئے تھے، پہلے مسجد میں زنانہ کا انتظام کیا گیا، اس صورت سے بادشاہ کے آنے کی غرض یہ تھی کہ بے تکلف ہو کر کچھ دیر ٹھہرے، تقریباً تین چار گھنٹے وہ بیٹھا اور کھانا بھی کھایا، اس کی زیادہ تر باتیں مخلوق خدا کی بھلائی کے کاموں میں مدد چاہنے سے متعلق تھیں اور وہ اس بات پر افسوس کرتا تھا کہ اس نے اعتکاف کے زمانے میں جن باتوں کو اپنے اوپر لازم کر لیا تھا، وہ آشکارا ہو گئیں، مزید یہ بھی دریافت کرتا تھا کہ آیا مجھ سے کون سی ایسی لغزش ہو گئی جس کی وجہ سے صفائی قلب جاتی رہی؟ اس نے یہ بھی بتایا کہ اس سے پہلے میں خواب میں مشاہدہ جمال مصطفےٰ ﷺ سے مشرف ہوتا تھا مگر اب ''زیارت'' نہیں ہوتی۔ گفتگو کے درمیان اپنے مندرجہ ذیل تین خواب بیان کیے:۔

پہلا خواب = اس نے بتایا کہ جس وقت رفیع الدولہ کو تخت شاہی پر بٹھایا گیا تھا تب میں نے آنحضرت ﷺ سے دریافت کیا کہ رفیع الدولہ کے بعد کون بادشاہ ہو گا؟ فرمایا: روشن اختر (محمد شاہ)۔ میں نے عرض کیا کہ روشن اختر کے بعد کون ہو گا؟ فرمایا: ایک اور ہے جس کا ہونا نہ ہونے کے برابر ہے۔ میں نے عرض کیا اس کے بعد کون ہو گا؟ فرمایا: تو۔ پھر میں نے یہ دریافت نہیں کیا کہ میری حکومت کب تک چلے گی؟

۱۲۶۔ دوسرا خواب = جس وقت نادر شاہ کی طرف سے قتل عام ہوا تو میں نے آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ ایک حصار کھینچ رہے ہیں اور اشارہ فرما رہے ہیں۔ میں نے عرض کیا: حضور (ﷺ) یہ کیا ہے؟ فرمایا: ''ایک زبردست آگ لگی ہے، میں نے حصار کر دیا ہے تاکہ قلعہ محفوظ رہے۔''

۱۲۷۔ تیسرا خواب = میں نے خواب دیکھا کہ آنحضرت ﷺ ایک کلغی دست مبارک سے

marfat.com
Marfat.com

تیار فرما رہے ہیں اور ارشاد ہوتا ہے کہ "تیرے واسطے بنا رہا ہوں۔"

فقیر (شاہ ولی اللہ) نے بادشاہ سے خواب میں آنحضرت ﷺ کے دست مبارک پر بیعت ہونے کا طریقہ بیان کیا اور بادشاہ سے آنحضرت ﷺ کی صورت مبارک کے تصوّر کے لیے کہا تو اس نے بتایا کہ رفیع الدولہ اور روشن اختر والے خواب میں جو صورت مبارک دیکھی تھی وہ میرے ذہن میں حاضر ہے۔ فقیر نے کہا کہ اسی کو اپنے دل میں رکھو۔ اس گفتگو کے بعد مسجد میں فقیر کے ساتھ نماز پڑھ کر بادشاہ رخصت ہوا۔ والسلام۔

۱۲۸۔ کتب خانہ خدا بخش بانکی پور، پٹنہ (عظیم آباد) (بہار، بھارت) میں ایک مرتبہ خود حضرت رسول ﷺ جلوہ افروز ہوئے تھے۔ عہد اورنگ زیب عالمگیر کی تاریخ کے ماہر جادو ناتھ سرکار نے اس واقعہ کو قلمبند کیا ہے۔ ہم یہ واقعہ وہیں سے نقل کرتے ہیں:

خدا بخش صاحب نے کہا: "ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ کتب خانے سے ملی ہوئی گلی میں کھچا کھچ لوگ بھرے ہیں، میں بھی گھر سے باہر آگیا، لوگ چلّانے لگے: "رسول اللہ ﷺ تمہارے کتب خانے کی دید کے لئے تشریف لائے ہیں، تم کہاں ہو؟" میں اس کمرے کی طرف دوڑا جہاں قلمی کتب رکھی تھیں، مگر اس وقت تک رسول اللہ ﷺ تشریف لے جا چکے تھے، البتہ میز پر دو قلمی کتابیں کھلی رکھی تھیں۔ لوگوں نے بتایا کہ ان دونوں کو حضرت رسول اللہ ﷺ ملاحظہ فرما رہے تھے۔ ان دونوں قلمی کتابوں پر کتب خانے کے بانی نے ایک نوٹ لکھا ہے کہ کسی بھی حالت میں ان کتابوں کو کتب خانے سے باہر نہ لے جایا جائے۔

سر علی امام لکھتے ہیں: "خدا بخش مرحوم بڑی دلکش شخصیت کے مالک اور قدیم اسلامی تہذیب کے سانچے میں ڈھلے ہوئے تھے، انہیں دیکھ کر مجھے وہ تصویریں یاد آجاتی تھیں جو داستان الف لیلہ کی ایک باتصویر جلد میں میں نے کہیں دیکھی تھیں۔ عجب اتفاق ہے کہ جب میں پہلی بار ان سے ملا تھا، اسی دن ہندوستان کے مشہور عالم مولانا شبلی نعمانی سے بھی میری ملاقات ہو گئی جو اس وقت خدا بخش مرحوم کے مہمان کی حیثیت سے ان کے پاس ٹھہرے ہوئے تھے، ہم سب نے مل کر ایک کھلے میدان میں چائے پی، جہاں سے لہلہاتی فصلوں کے بڑے بڑے کھیت نظر آتے تھے۔ اُس سے پرے دریائے گنگا کا پانی لہریں لے رہا تھا، ان کا نایاب خزانہ بہترین قلمی کتابوں کی صورت میں مولانا شبلی کے ملاحظہ کے لئے پھیلا ہوا تھا اور مولانا ایسی چیزوں کے مانے ہوئے ماہر سمجھے جاتے تھے، ایک کے بعد دوسری نادر و نایاب کتاب اٹھائی گئی اور اس کا معائنہ ہوتا رہا، جب تک یہ شغل جاری رہا میں گویا مبہوت و مسحور بیٹھا انہیں دیکھتا رہا۔ نادر چیزوں کے جمع کرنے کا فخر، انہیں پرکھنے کا جوش و خروش اور قدیم چیزوں کی محبت سے خدا بخش

marfat.com
Marfat.com

مرحوم کا چہرہ دمک رہا تھا، کچھ ایسی ہی کیفیت مولانا شبلی کے چہرے سے جھلکتی تھی، جو اس وقت مجھے اسلامی تہذیب اور علمی تبحر کا مجسمہ نظر آتے تھے۔" (سید مبازر الدین رفعت، ایک مشرقی کتب خانہ (کتب خانہ خدا بخش، بانکی پور، پٹنہ) علی گڑھ، انجمن ترقی اردو۔ ۱۹۵۰ء)۔

۱۲۹۔ حضرت سیدنا احمد بن ادریس کے خلیفہ اعظم حضرت شیخ ابراہیم رشید (متوفی مکہ مکرمہ ۱۲۹۱ھ) فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے حضرت سے عرض کیا کہ مجھے کبھی حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب نہیں ہوئی۔ آپ نے فرمایا: بیٹھو ہم تمہیں زیارت کرا دیتے ہیں۔ ہوا یوں کہ ہم ابھی تک حضرت سیدنا احمد بن ادریس سے نہیں ملے تھے، آپ یمن میں تھے اور ہم حج کے لیے مکہ مکرمہ آئے ہوئے تھے، حج کے بعد میں اس قدر بیمار ہوا کہ رفع حاجت تک کے لیے اٹھ نہیں سکتا تھا، موت کا خوف مجھ پر طاری تھا، میں نے اللہ تعالیٰ سے نہایت عاجزانہ دعا کی کہ اپنی معرفت خاصہ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی معرفت کرا دے، اس کے بعد ہی میری موت واقع ہو اور دعا میں حضرت سیدنا احمد کا وسیلہ پیش کیا، آنکھیں بند کی ہی تھیں کہ حضرت سیدنا احمد بن ادریس میرے پاس تشریف لائے اور ایک کاغذ پر لکھ کر مجھے دیا کہ تم ۸۰ (اسّی) سال کی عمر سے پہلے نہیں مرو گے اور جب تک اللہ پاک کے بڑے بڑے عارفوں میں شامل نہیں ہو جاتے، موت نہیں آسکتی، میں نے ورق پڑھ کر اللہ کریم کا شکر ادا کیا اور پھر مجھے حضور اقدس ﷺ اور خلفائے راشدین کی زیارت کرا دی، آنکھ کھلی تو بالکل تندرست تھا، حج کے بعد ہم یمن گئے اور ۱۲۴۸ھ کی ابتدا میں حضرت سیدنا احمد سے یمن کے شہر صبیہ مقدسہ میں جا کر ملے (جامع کرامات اولیاء، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۷۰ تا ۴۷۲)

۱۳۰۔ بہت سے علماء، رئیس العلماء حضرت قاضی حسن احمد عاکش کے ہمراہ حضرت سیدنا احمد بن ادریس کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے بہت سے علمی مسائل پوچھے۔ آپ نے وہ جواب دیئے جو ان کے وہم و گمان میں نہ تھے۔ بعدہٗ ان علماء نے آپس میں کہا کہ بے شک جوابات نہایت خوب ہیں، مگر ہم فلاں فلاں عالم حضرات کے جوابات کو ترجیح دیتے ہیں۔ یہ سن کر حضرت قاضی حسن نے فرمایا کہ آؤ مل کر دعا کریں کہ اللہ پاک ہمیں راہ حق دکھائے۔ سب نے یہ رائے پسند کی اور دعا کر کے سو گئے۔ اللہ کریم نے ان علماء کو حضور انور ﷺ کی زیارت کرا دی تو انہوں نے آپ سے وہی سوال کیے، جن میں اختلاف تھا اور عرض کیا کہ ہم کس کے قول کی پیروی کریں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: "جو اقوال کتاب اللہ اور میری سنت کے مطابق ہوں، انہیں قبول کر لو۔" آخر میں عرض کیا کہ کیا ہم حضرت احمد بن ادریس کے قول کی پیروی کریں؟ اس پر حضور اقدس ﷺ نے تعجب اور خوشی کا اظہار فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: "سبحان

marfat.com
Marfat.com

اللہ! کیا میرے بیٹے احمد کی کوئی اپنی بات بھی ہے؟ وہ تو صرف میری سنت کے مطابق بولتا اور میری زبان کی تعبیر کرتا ہے۔" وہ عالم بہت خوش اٹھے اور اپنا خواب دوسرے علماً کو سنا کر سب حضرت احمد بن ادریسؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے، جنہوں نے یہ خواب سن کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا (جامع کرامات اولیاً، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۶۳ تا ۴۶۴ سے ماخوذ)

۱۳۱۔ حضرت عبدالعزیز دباغؒ، حضرت عبدالوہابؒ کے مرشد تھے، جنہوں نے تقریباً ۱۳۰ برس کی عمر پائی۔ آپ حضرت سیدنا احمد بن ادریسؒ کے مرشد تھے۔ حضرت ابراہیم رشیدؒ آپ کے خلیفہ اعظم تھے اور ان کے خلیفہ حضرت شیخ اسمٰعیل نوابؒ (متوفی مکہ مکرمہ) تھے، جن سے علامہ یوسف نبہانیؒ نے اندازاً ۱۳۰۹ھ میں بیروت میں سلسلہ عالیہ ادریسیہ رشیدیہ کے اوراد، وظائف اور درودوں کی اجازت حاصل کی تھی۔

حضرت سیدنا احمد بن ادریسؒ تیرھویں صدی ہجری کے عارف اولیائے مشاہیر میں سے ایک ہیں، جن کا تعلق مشہور ادریسی سلسلے سے ہے۔ آپ نے بحالت بیداری حضرت رسالت مآب ﷺ سے شاذلی طریقے کے اوراد جلیلہ اور بیعت کا خاص طریقہ حاصل کیا اور اس طرح آپ حضور نبی کریم ﷺ کے شاگرد، اویسی اور مرید خاص ہیں۔ حضرت احمد بن ادریسؒ فرماتے ہیں کہ حضور انور ﷺ کے ہمراہ حضرت خضر علیہ السلام تھے۔ آپؐ نے انہیں حکم دیا کہ وہ مجھے سلسلہ شاذلیہ کے اذکار سکھائیں تو انہوں نے آپؐ کی موجودگی میں مجھے وہ اذکار تلقین فرمائے، پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا: اے خضر! انہیں وہ سکھائیں جو سب اذکار، درودوں اور استغفار کا جامع ہو اور اس کا ثواب افضل ہو۔ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! وہ کون ساذکر ہے؟ آپؐ نے فرمایا یہ پڑھیے: لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ فی کُلِّ لمحۃٍ و نفسٍ عدد ما وَسعہٗ علم اللّٰہ (ترجمہ: یہ کلمہ ہر لمحہ اور ہر سانس میں اتنی تعداد میں ہو جتنا اللہ تعالیٰ کا علم وسیع ہے)۔ یہ کلمہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے تین بار دہرایا، پھر اسے حضرت خضر علیہ السلام نے اور اس کے بعد میں نے پڑھا، پھر آنحضرت ﷺ نے "صلوٰۃ عظیم" پڑھی اور حضرت خضر علیہ السلام کو فرمایا کہ آپ یہ پڑھیں: استغفر اللّٰہ العظیم الّذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم غفار الذّنوب ذالجلال و الا کرام۔ یہ "استغفار کبیر" ہے۔ ان کے بعد میں نے پڑھی، پھر حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "احمد! اب تمہیں آسمانوں اور زمین کی چابیاں مل گئی ہیں۔" یہ ہے ذکر مخصوص، درود عظیم اور استغفار کبیر۔ اسے ایک بار پڑھنا دنیا و آخرت اور مافیہا سے کئی گنا زیادہ ثواب رکھتا ہے۔ یہ سب آپؐ نے مجھے بلاواسطہ تلقین فرمایا (اب حضرت خضر علیہ السلام واسطہ نہ رہے) اور میں اب اپنے

marfat.com
Marfat.com

مریدوں کو اس طرح تلقین کرتا ہوں جس طرح حضور سرکار مدینہ ﷺ نے مجھے تلقین فرمایا ہے۔
ایک مرتبہ حضور انور ﷺ نے فرمایا: لا الہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ فی کل لمحۃ و نفس عدد ما وسعہ علم اللّٰہ۔ میں نے اے احمد! تمہیں خزانہ دے دیا ہے، تم سے پہلے یہ کسی نے نہیں پڑھا، اپنے مریدوں کو سکھاؤ تاکہ وہ درجات میں آگے بڑھیں (جامع کرامات اولیاء، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۶۰ تا ۴۶۱ سے ماخوذ جس کو مکتبہ حامدیہ، گنج بخش روڈ، لاہور نے شائع کیا ہے)۔

"صلوٰۃ (درود) عظیم" جس کی نسبت حضرت احمد بن ادریس کی طرف ہے، اسے ملاحظہ فرمایئے مذکورہ بالا کتاب کے صفحہ ۴۷۵ تا ۴۷۷ پر۔ (عربی کمپوزنگ میں چونکہ بے حد غلطیاں ہو رہی ہیں اس لئے میں نے صرف حوالے پر اکتفا کیا ہے)۔ اس درود شریف کی برکت کا ایک پہلو یہ ہے:-

مکہ معظمہ کے عظیم قبرستان جنت المعلیٰ میں حضرت احمدؒ کا ایک مرید وفات کے بعد دفن کیا گیا تو ایک صاحب کشف، روشن ضمیر شخص نے جو دفن کے وقت موجود تھا، دیکھا کہ حضرت عزرائیل علیہ السلام جنت سے قالین و بستر لائے ہیں، روشن قندیلیں ساتھ ہیں اور قبر وسیع کر کے بستر لگا دیا گیا ہے۔ صاحب کشف نے جو یہ سب دیکھا تو دل میں کہنے لگے: کاش! میری موت کے بعد پروردگار عالم میرا بھی ایسا ہی اکرام فرمائے۔ اس پر حضرت عزرائیل علیہ السلام نے ان سے فرمایا: اس عظیم درود شریف کی برکت سے تم میں سے ہر ایک کی ایسی ہی عزت کی جائے گی (صفحہ ۴۷۵)۔

۱۳۲۔ چونکہ حضرت سیدنا احمد بن ادریسؒ کو مشائخ کی خدمت سے بے حد فائدہ پہنچا تھا پس چاہتے تھے کہ کسی نہ کسی شیخ کامل کی خدمت میں رہوں، لیکن اللہ تعالیٰ کی جانب سے جواب ملا کہ سطح ارضی پر اب سوائے قرآن پاک کے اور کوئی ایسا شیخ نہیں، جس سے تم فائدہ حاصل کرو۔ پس کئی سال تک وہ قرآن مجید سے فیض حاصل کرتے رہے، حتیٰ کہ حضور سیّد کل ﷺ نے قرآن کریم سے ان کی مواخات (بھائی بھائی بنانا) قائم فرما دی اور ارشاد فرمایا کہ "میں تمہارے باطن کو علوم و اسرار قرآنی کا خزینہ بنا رہا ہوں۔" اس کے بعد جب بھی قرآن عظیم کی کوئی آیت آپ سے پوچھی جاتی تو معانی و دقائق کی حقیقتیں یوں واضح فرماتے کہ عقلیں دنگ رہ جاتیں۔ (جامع کرامات اولیاء، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۵۵)۔ حضرت سیدی احمد بن ادریسؒ حسنی سیّد تھے اور ۱۲۵۳ھ میں وصال فرمایا۔ شہر صبیہ (یمن) میں آپ کا مزار مبارک موجب امن و برکت ہے۔

۱۳۳۔ حضرت احمد بن حسن بن عبداللہ بن علی عطاس باعلویؒ اولیائے عارفین کے فرد فرید اور عترت نبوی سادات آل باعلوی کے رکن رکین ہیں۔ نصف رجب ۱۳۲۱ھ کے قریب آپ

marfat.com
Marfat.com

نے ایک خط علامہ یوسف نبہانیؒ کے نام اپنے کاتب کو املا کرایا تھا کیونکہ آپ کی بینائی بہت کمزور ہو گئی تھی، مگر اس کے بدلے اللہ کریم صاحب حمد و احسان نے آپ کو قوت بصیرت عطا فرما دی تھی۔ علامہؒ کو اس سے پہلے آپ کے حالات کا علم نہ تھا۔ یہ خط پڑھ کر آپ کو بے حد مسرت حاصل ہوئی اور کئی بار اسے پڑھا، اسے آپ کی کرامت سمجھا اور آپ کی ولایت کے قائل ہو گئے۔ آپ حضور اقدس ﷺ کی محفل پاک میں اکثر خواب اور بیداری میں رہتے ہیں، یہ بذات خود بہت بڑی کرامت ہے، ولایت میں یہ بڑا اعزاز اور اعلیٰ درجہ ہے اور اُن افراد زماں ہی کو حاصل ہوتا ہے، جو ولایت و عرفان میں عظیم مرتبے والے ہوتے ہیں (جامع کرامات اولیاً، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۸۶ تا ۴۹۲ سے ماخوذ)۔

۱۳۴۔ حضرت فقیہہ اسمٰعیل بن محمد حضرمیؒ امام کبیر اور قطب شہیر کے والد ماجد مصر سے یمن جا کر وہیں متوطن ہو گئے تھے۔ وہ خود بھی بہت بڑے ولی تھے۔ لوگوں میں مشہور تھا کہ جو کوئی حضرت فقیہہ اسمٰعیل کے قدم چومتا ہے، وہ جنّتی ہو جاتا ہے۔ فقیہہ احمد کے والد ابوالخیر نے حضرت فقیہہ اسمٰعیل سے اس بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ ہمارے پاس ضحیٰ گاؤں میں ایک نیک شخص آیا، جب ہم نے جمعہ پڑھ لیا تو وہ منبر پر چڑھا اور فرمایا: اے لوگو! میں نے حضور سرکار نبوت ﷺ کو خواب میں دیکھا اور یہ فرماتے سنا ہے کہ جو شخص فقیہہ اسمٰعیل کے قدم چومے گا، جنت میں جائے گا۔ حضرت فقیہہ احمد بن ابوالخیر نے بتایا کہ یہ خواب سنانے والا شخص اہل حصٰی کا باشی ابن الزعب نامی تھا۔ حضرت فقیہہ احمد بن سلیمان حکمی مفتی زبید فرماتے ہیں کہ جب مجھے قدم چومنے والی بات کا علم ہوا تو میں نے چاہا کہ میں بھی ایسا کر لوں، پس آپ سے ملاقات اور سلام کی نیت سے حاضر ہوا۔ حضرت فقیہہ اسمٰعیل نے مجھے دیکھتے ہی فرمایا: مرحبا! تم میرے قدم چومنے آئے ہو، پھر آپ نے اپنے قدم بڑھا دیئے اور میں نے چوم لیے (جامع کرامات اولیاً، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۹۹)

حضرت فقیہہ اسمٰعیل ایک دن شہر زبید جا رہے تھے، شہر سے دور تھے کہ سورج غروب ہونے کے قریب جا پہنچا، ڈر تھا پہنچنے سے پہلے کہیں شہر کی فصیل کے دروازے نہ بند ہو جائیں، لہٰذا آپ نے سورج کی طرف اشارہ فرمایا کہ رک جا، اور جب تک آپ اپنے مقام پر نہ پہنچے سورج رکا رہا۔ علامہ شرجی فرماتے ہیں آپ کی یہ کرامت لوگوں میں مشہور ہے۔ میں نے آپ کی اولاد کے ایک خط میں پڑھا کہ انہوں نے لکھا: میں ہوں سورج ٹھہرا دینے والے کا بیٹا۔

علامہ سبکیؒ نے آپ کے اشارے سے سورج کے رک جانے کا ذکر ایک اور انداز سے کیا ہے۔ فرماتے ہیں: آپ کی یہ کرامت مشہور ہے کہ آپ نے سفر میں اپنے خادم سے کہا: تو

marfat.com
Marfat.com

سورج کو حکم دے دے کہ وہ رک جائے، تاکہ ہم منزل پر پہنچ جائیں۔ آپ چونکہ منزل سے دور تھے اور سورج غروب ہونے کے قریب تھا لہٰذا خادم نے سورج کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت فقیہہ اسمٰعیل تجھے ٹھہر جانے کا حکم دے رہے ہیں، پس سورج رک گیا اور حضرت اپنی منزل پر پہنچ گئے، وہاں پہنچ کر آپ نے خادم سے کہا: تم نے اس قیدی (سورج) کو ابھی نہیں چھوڑا؟ خادم نے تب سورج کو ڈوبنے کا حکم دیا تو وہ غروب ہو گیا اور فوراً رات ہو گئی۔

علامہ یوسف نبہانیؒ اس سلسلے میں فرماتے ہیں کہ یہ باتیں اللہ تعالیٰ کی قدرت سے دور نہیں ہیں۔ سورج ہمارے آقا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اور نبی اللہ یوشع علیہ السلام کے لئے پلٹ آیا تھا، چونکہ اولیائے اکرام کی کرامات از قسم معجزات انبیاً ہیں، بلکہ یہ دراصل نبیوں کے معجزے ہی ہیں۔ یہ کرامات ان کے دین کے صحیح ہونے کی دلیل ہیں اور فاعل (کام کرنے والا) دونوں جگہوں (نبی اور ولی) میں ایک اللہ کریم ہی ہے (لہٰذا معجزے کی طرح کرامت بھی حق ہے)۔ ایسی کرامت میں کہا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بطور کرامت اس ولی کے لئے ایک اور سورج پیدا فرمادیا اور ولی اس کی روشنی میں اپنے مقام پر پہنچ گیا، پھر یہ سورج غروب ہو گیا اور اصلی سورج اپنے انداز پر چلتا رہا، اسی لیے مندرجہ بالا عبارت میں حضرت فقیہہ اسمٰعیل کے خادم نے کہا کہ اسی وقت رات ہو گئی۔ واللہ اعلم (جامع کرامات اولیاً، حصہ دوم۔ صفحہ ۵۰۰)

۱۳۵۔ حضرت فقیہہ اسمٰعیلؒ فرماتے ہیں کہ میں سید کل ﷺ کے جمال جہاں آرا سے لطف اندوز ہوا تو میں نے عرض کیا: حضور (ﷺ)! وہ لوگ کون ہیں جن پر نہ خوف ہے نہ حزن؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا کہ "وہ علم دین پڑھنے والے ہیں۔" (جامع کرامات اولیاً، حصہ دوم۔ صفحہ ۵۰۰)

۱۳۶۔ حضرت فقیہہ اسمٰعیلؒ فرماتے ہیں کہ میں دوبارہ حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا تو درخواست پیش کی کہ علم دین پڑھنے والے کون ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: "علم پڑھنے والے ہیں۔" میں نے عرض کیا: تو قرآن پڑھنے والے کون ہیں؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "وہ تو اولیائے ربانی ہیں۔" (جامع کرامات اولیاً، حصہ دوم۔ صفحہ ۵۰۰ تا ۵۰۱) حضرت فقیہہ اسمٰعیل کا وصال ۶۷۷ھ میں ہوا۔

۱۳۷۔ حضرت حافظ حاجی حسن المعروف سخی سلطان بابا منگھو پیرؒ روحانی بزرگ اور حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کے مریدوں میں سے ہیں۔ والدہ کی طرف سے حسنی اور والد کی طرف سے حسینی نسبت رکھتے ہیں، بخارا وطن تھا، تاتاریوں کے خلاف جنگ میں حصہ لینے کے بعد حجاز مقدس زیارت کے لئے گئے، مدینہ طیبہ میں تھے کہ خواب میں حضور اقدس ﷺ نے آپ کو حکم دیا

marfat.com
Marfat.com

کہ "ہندوستان میں اجودھان (آج جس کا نام پاک پٹن ہے) جاکر اپنی خدمات حضرت بابا فریدؒ کو پیش کرو۔" حضرت بابا فریدؒ نے آپ کو کچھ دن اپنے پاس رکھ کر خلافت نامے کے ساتھ اس جگہ بھیجا، جو آج کراچی کہلاتا ہے۔ اس غیر آباد اور بنجر علاقے میں کراچی سے گیارہ میل دور لیاری ندی کے کنارے ایک پہاڑی غار میں رہ کر آپ نے اس علاقے میں اسلامی تعلیمات کو عام کیا، یہیں آپ کا مزار مبارک ہے، جو گذشتہ سات سو سال سے مرجع خلائق بنا ہوا ہے۔ حضرت منگھو پیر چشتی کو اس نام سے لوگ پیار و محبت اور عقیدت سے یاد کرتے ہیں کہ وہاں تالاب میں مگرمچھ رہتے ہیں۔ منگھار مچھ کے معنی مگرمچھ کے ہیں اور منگھو پیر کے معنی ہیں بزرگ یا پاک مگرمچھ۔ یہاں ٹھنڈے اور گرم پانی کے گندھک ملے چشمے ہیں، جو جلدی امراض کے لئے مفید ہیں، اسی کے قریب کوڑھ (برص۔ لیپروسی) کا سینی ٹوریم ہے۔ ۸ ذی الحجہ کو آپ کا وصال ہوا تھا۔ ہر سال آٹھ اور نو ذی الحجہ کو یہاں آپ کا عرس منایا جاتا ہے اور یہ علاقہ منگھو بستی یا اورنگی وادی کے نام سے مشہور ہے (تذکرۂ اولیائے سندھ از علامہ قاضی محمد اقبال حسین نعیمی۔ صفحہ ۱۴۶ تا ۱۴۹ سے ماخوذ)

۱۳۸۔ عبداللہ شاہ الحسنی بغدادی ٹھٹھویؒ سندھ کے معروف مرجع خلائق بزرگ ہیں۔ حسنی اور حسینی دونوں نسبتوں سے مشرف ہیں اور بغداد سے سندھ تشریف لائے تھے، جب مرض الموت لاحق ہوا تو حکم دیا کہ گھر میں فرش بچھایا جائے اور چپہ چپہ معطر کیا جائے، پھر سوائے اپنے دو بیٹوں کے سب کو باہر جانے کا حکم دیا کہ اچانک حضور سرور کائنات ﷺ مع کبار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم، حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما و حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ تشریف لائے، آپ ان بزرگوں کو دیکھتے ہی اٹھ کھڑے ہوئے اور صلوٰۃ و سلام عرض کیا۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "بیٹا! میں تیرے استقبال کے لئے آیا ہوں۔" آپ نے عرض کیا: یہ غلام بھی آپؐ کی قدم بوسی کا مشتاق ہے، مگر ان دونوں غلام زادوں کی طرف سے فکر ہے کہ ان کا کیا بنے گا؟ اس پر حضور انور ﷺ نے فرمایا: "تسلی رکھو ہم ان کے کفیل ہیں۔" (تذکرہ اولیائے سندھ۔ صفحہ ۱۹۲) آپ کا سن وصال ۱۰۶۰ھ ہے اور مزار شریف مکلی میں مرجع خلائق ہے، قریب ایک پرانی مسجد ہے، جس کے کتبہ پر ۱۰۹۳ھ لکھا ہے۔ مزار کی تعمیر جدید ۱۳۵۰ھ بمطابق ۱۹۳۱ء میں ہوئی ہے۔ منقول ہے کہ جس حدیث کے بارے میں تذبذب ہوتا تھا حضور اقدس ﷺ سے آپ اس کی تصحیح کرا لیتے تھے (صفحہ ۱۹۳ تا ۱۹۴)

۱۳۹۔ مفتی اعظم علامہ عبدالغفور ہمایونیؒ عاشق حضرت رسول اکرم ﷺ اور صاحب کرامت ولی کامل تھے، پوری عمر درس و تدریس اور افتا میں گزری، آپ کے فتاویٰ کا مجموعہ "فتاویٰ ہمایونی" اہل علم حضرات کے لئے خاص چیز ہے، خلوت نشین تھے، ۲۴ گھنٹے میں صرف

marfat.com
Marfat.com

ایک وقت کھانا تناول فرماتے تھے، دروازے پر دربان موجود رہتا تھا، باری باری شرف ملاقات بخشتے تھے، کسی سے ہاتھ نہیں ملاتے تھے جس کی وجہ لوگ یہ بتاتے تھے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے آپ سے خواب میں ہاتھ ملایا ہے (تذکرہ مشاہیر سندھ، جلد اول صفحہ ۲۲۹)۔ بعمر ۷۵ سال ۱۱ رمضان المبارک بروز جمعہ ۱۳۳۶ھ میں وصال فرمایا اور اپنے والد ولی کامل حضرت علامہ خلیفہ محمد یعقوب کے پہلو میں مدفون ہیں۔ آپ کا مزار پرانوار ہمایوں شہر ضلع شکارپور میں مرجع خلائق ہے۔

۱۴۰۔ حضرت مخدوم محمد امامؒ سادات کرام کی بے حد تعظیم و توقیر کرتے تھے۔ مشہور ہے کہ جس جگہ درس و تدریس کیا کرتے تھے، وہاں اب آپ کی مسجد ہے۔ ایک رات نماز تہجد کے لئے اٹھے اور کنوئیں پر وضو کے لئے گئے، جب کنوئیں کے قریب ایک عورت نظر آئی تو رک گئے، جب وہ چلی گئی تو دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ ایک سیّد زادی بیوہ ہیں، جو رات میں اپنے گھر کا کام کاج کرتی ہیں۔ یہ سن کر حضرت مخدومؒ کے دل پر چوٹ لگی اور فرمایا: روز قیامت اگر حضور اقدس ﷺ نے مجھ سے پوچھ لیا کہ میرے اہل بیت پر تو نے کیوں نظر ڈالی تو آپؐ کو کیا جواب دوں گا؟ ایک لوہار کے پاس پہنچے کہ میری دونوں آنکھیں نکال دے۔ اس نے عرض کیا کہ میں یہ جرأت نہیں کر سکتا، پس زنبور لے کر خود اپنی دونوں آنکھیں نکال دیں۔ ادب اور عشق و محبت کی انتہا ہو گئی۔ حضور پرنور ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے تو آپؐ نے ان کا سر اپنی گود میں رکھا اور فرمایا: "اے محمد! تو نے میری محبت میں انتہا کر دی، بتا کیا چاہتا ہے؟" عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! آپؐ اس مسجد میں ہر سال اسی تاریخ کو جلوہ افروز ہوا کریں تاکہ جو لوگ مدینہ منورہ نہیں جا سکتے، وہ یہیں آپؐ کی زیارت بابرکت سے فیض یاب ہو لیا کریں۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ "آؤں گا تو ضرور، لیکن اہل بصیرت ہی مجھے دیکھ سکیں گے۔" اب اسی تاریخ ۲۳ ربیع الثانی کو ہر سال حضرت مخدوم محمد امامؒ کا عرس ہوتا ہے جو "مخدوم کی کنی" کے نام سے مشہور ہے۔ تقریبات عرس نماز ظہر سے شروع ہو کر دوسرے دن نماز فجر تک رہتی ہیں، پھر پورے ملک خصوصاً سندھ سے آئے ہوئے ہزارہا لوگ واپس چلے جاتے ہیں اور سوائے اس مسجد اور جنگل کے وہاں اور کچھ نہیں رہتا۔ آپ کا مزار پرانوار رپ شریف ضلع بدین میں مرجع خلائق ہے (تذکرہ اولیائے سندھ صفحہ ۳۲۹ تا ۳۳۱)۔

۱۴۱۔ جامع شریعت و طریقت علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھویؒ (۱۱۰۴ھ تا ۱۱۷۴ھ) نے ۱۱۳۵ھ میں حج کے لئے سفر کیا۔ جمعرات ۹ رجب ۱۱۳۶ھ کو سرکار دو عالم نور مجسم ﷺ کی زیارت بابرکت سے خواب میں مشرف ہوئے، جس کا تذکرہ آپ نے اپنی متعدد کتب میں کیا ہے، تقریباً ایک سو پچاس کتابیں عربی اور سندھی میں تصنیف فرما کر عالم اسلام پر بالعموم اور اہل سندھ پر

marfat.com
Marfat.com

بالخصوص احسان فرمایا ہے۔ ذکر قلبی جاری رکھتے ہوئے بعمر ۷۰ سال ۶ رجب المرجب ۱۱۷۴ھ اس دار فانی سے کوچ کیا۔ آپ کا مزار مکلی میں مرجع خلائق ہے (تذکرہ مشاہیر سندھ، جلد دوم)۔

۱۴۲۔ تحفۃ الکرام کے مصنف علی شیر قانع اور تحفۃ الطاہرین کے مصنف شیخ محمد اعظم ٹھٹھوی کے مطابق آپ کا اسم گرامی سید شاہ یقیق بخاری ہے۔ آپ سات سال کے تھے کہ ۸۴۱ھ میں والد اور چھ ماہ بعد والدہ کا انتقال ہو گیا، نجیب الطرفین سید ہیں، اس زمانے میں سیاحت ہی کے ذریعے روحانی تربیت ہوتی تھی، سات سال کے تھے کہ بھائیوں نے آپ کو مریدوں کے ایک قافلہ کے ساتھ سفر پر روانہ کر دیا، نجف اشرف، بغداد شریف، بیت المقدس میں مزارات پر چلہ کشی کر کے روحانی تربیت حاصل کرتے مکہ مکرمہ پہنچے اور حج کی سعادت کے بعد مدینہ طیبہ میں روضہ رسول اللہ ﷺ پر حاضری دی، جہاں حضور اقدس ﷺ کی زیارت کا آپ کو شرف نصیب ہوا اور یہیں حضرت خواجہ خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ سات سال کی عمر میں سفر کے لئے نکلے تھے، اب سترہ (۱۷) سال کی عمر میں سیر و سیاحت اور روحانی تربیت حاصل کرنے کے بعد اپنے بڑے بھائی سید عبداللہ کے پاس واپس ککرالہ (سندھ) آئے تو سیر و سیاحت کے عادی ہو چکے تھے۔ مکلی کے قبرستان میں چلہ کشی کے بعد تین سال لاہور میں حضرت خواجہ ہجویریؒ کے روضۂ مبارک پر چلہ کش رہے، آخر ۸۵۴ھ میں واپس لوٹے تو مجسم شفا بن چکے تھے اور کرامات کا صدور ہونے لگا تھا۔ آپ کا مزار چوہڑ جمالی سے ۸ کلو میٹر جنوب میں ہے۔ کہتے ہیں جو بھی مریض آپ کے مزار پر ایک چلہ کرے، وہ شفایاب ہو جاتا ہے (تذکرہ اولیاً سندھ۔ صفحہ ۳۷۷ تا ۳۷۹ سے ماخوذ۔ علمی گھر، اردو بازار، کراچی)۔

۱۴۳۔ میاں محمد کامل نے کنبار المعروف بہ گودہ میں سکونت اختیار کی، جہاں اب آپ کی خانقاہ ہے، اکثر وہیں مصروف عبادت رہتے تھے اور فرماتے: مجھے اس جگہ سے جنت کی خوشبو آتی ہے۔ ایک رات حالت وجد میں اس قدر وارفتہ ہوئے کہ تمام اہل خانہ جاگ اٹھے۔ اپنے بیٹوں سے پوچھا: تمہیں کچھ دکھائی دے رہا ہے؟ وہ بولے: نہیں۔ فرمایا: بیت اللہ شریف میں بارش ہو رہی ہے، میں اولیائے اکرام کی ارواح کی جماعت کے ساتھ میزاب رحمت کے نیچے کھڑا ہوں، میزاب رحمت سے آنے والے پانی کو اپنے سر پر ڈال اور پی رہا ہوں۔ اس وقت واقعی آپ کے کپڑے گیلے ہو چکے تھے۔ وفات سے ایک سال پہلے فرمایا کہ مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم بہار کے مہینے میں ہمارے پاس آؤ گے، چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ موسم بہار میں درد گردہ کی تکلیف بڑھ گئی اور چار پانچ روز بعد ۶ رجب ۱۲۳۹ھ بروز پیر اللہ کا ذکر کرتے خالق حقیقی سے جا ملے۔ وفات کے بعد آپ کے دوسرے بیٹے میاں محمد حیات سجادہ نشین ہوئے

marfat.com
Marfat.com

(تذکرہ اولیائے سندھ۔ صفحہ ۳۵۸)

۱۴۴۔ دھیو درویش کا تعلق سندھ کے چانھیہ قبیلے سے تھا۔ عالم روحانیت میں بارگاہ رسالت (علیہ) کے حاضر باش تھے۔ آپ کو حضور اقدس علیہ سے اس قدر محبت تھی کہ آپ کا اسم گرامی سنتے ہی حالت غیر ہو جایا کرتی تھی۔ اعلان کلمۃ الحق میں کسی کو خاطر میں نہ لاتے تھے۔ ایک شخص صدھو نامی عارفین میں سے تھا، جس نے حضور اکرام علیہ کی شان میں کوئی کلمہ استخاف کا کہہ دیا، مگر پھر شرمندہ ہوا اور بہت سے تحائف لے کر شیخ دھیو کی خدمت میں حاضر ہوا کہ شاید معافی مل جائے۔ اس کو دیکھ کہ آپ کا جوش غضب بڑھ گیا اور فرمایا: جب اس نے یہ بات کہی تھی اس وقت اس کو سانپ نے کیوں نہ ڈس لیا؟ اسی شام سانپ نے اسے ڈس لیا اور رات کو وہ مر گیا۔ آپ نے ۱۰۰۱ھ میں وصال فرمایا اور تروکی کے مقام پر نہر سانکرہ کے کنارے قبر ہے (حدیقۃ الاولیأ۔ صفحہ ۱۵۲)

۱۴۵۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد میں (حافظ) پروفیسر ڈاکٹر محمد طفیل ہاشمی صاحب سے مصنف کتاب ہذا املا۔ آپ کا تعلق آزاد کشمیر سے ہے اور تمام خاندان دار العلوم دیوبند (یو۔پی، بھارت) کا پڑھا ہوا ہے۔ آپ کو بھی حضور رسالت مآب علیہ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہو چکا ہے۔ فرماتے تھے کہ میں نے والد محترم کو خواب میں دیکھا تو انہوں نے فرمایا کہ میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گروپ میں ہوں۔ پولی کلینک، اسلام آباد میں ہاشمی صاحب کے دوست ڈاکٹر شعیب نہایت دیندار اور نیک شخص ہیں۔ انہوں نے خواب دیکھا کہ ایک کمرے میں حضرت رسول اللہ علیہ مع صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جلوہ افروز ہیں، جب اس کا دروازہ کھلا تو ان بزرگوں کے ہمراہ محمد طفیل ہاشمی بھی کمرے سے باہر نکلے۔ اس وقت تک ہاشمی صاحب باریش نہیں تھے بلکہ آپ نے ڈاڑھی بعد میں رکھی (غیر مطبوعہ)

۱۴۶۔ مصنف کتاب ہذا کے ایک دوست نے حج سے واپسی پر یہ واقعہ سنایا:- کچھ عرصہ پہلے ایک افریقی رئیس روضۂ اطہر پر دھرنا مار کر بیٹھ گئے کہ جب تک حضور اقدس علیہ کی زیارت سے مشرف نہ ہوں گا، کچھ کھاؤں گا نہ پیوں گا۔ تیسرا دن ہو گیا اور بھوک نے نڈھال کر دیا تو نقاہت کی وجہ سے غشی طاری ہو گئی۔ اسی حالت میں مقدر جاگ اٹھا اور سچی لگن رنگ لائی۔ حضرت رسول اللہ علیہ نے اپنی زیارت پاک کے ساتھ کھانے کے لئے ایک روٹی بھی عنایت فرمائی۔ روٹی کھا ہی رہے تھے کہ ہوش میں آگئے۔ اُدھر عرب کے ایک رئیس تشریف لے آئے اور ان سے باقی روٹی مانگ لی اور کہا: چلیئے باہر کار کھڑی ہے، آپ کو لینے آیا ہوں۔ کوٹھی پر پہنچ کر فرمایا کہ ابھی کچھ دیر قبل مجھے حضور انور علیہ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا:

marfat.com
Marfat.com

"مسجد نبوی میں فلاں جگہ میرا ایک دیوانہ ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا لئے ملے گا، اسے تم کھالینا اور گھر لاکر اس کی خدمت کرنا۔" (غیر مطبوعہ)

۱۴۷۔ ریاض کی والدہ (مصنف کے ایک داماد کی والدہ) نہایت عبادت گزار خاتون تھیں۔ جانماز پر بیٹھی تسبیح پڑھ رہی تھیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئیں۔ آپؐ نے دریافت فرمایا: کیا پڑھتی ہو؟ عرض کیا: درود شریف۔ ارشاد فرمایا: تسبیح پڑھنے کے بعد اسے اپنی دونوں آنکھوں سے لگالیا کرو۔ (غیر مطبوعہ)

۱۴۸۔ جناب سید غلام جیلانی، راولپنڈی کے ایک مدرسے میں پڑھتے تھے، جہاں کا استاد اللہ تعالیٰ کے حبیب پاک ﷺ کی شان میں ایسی گستاخانہ باتیں کر جاتا تھا، جن کو لکھتے ہوئے قلم لرز جاتا ہے۔ سید صاحب وہ مدرسہ چھوڑ کر ملتان میں غزالی دوراں علامہ کاظمی شاہ صاحبؒ کے مدرسے میں چلے گئے۔ حالات کا پتہ چلا تو حضرت علامہ کاظمیؒ نے ارشاد فرمایا: اچھا ہوا کہ ایمان بچا کر نکل آئے، ہم لوگ حضور اقدس ﷺ کے کمالات بیان کرتے ہیں جبکہ وہ کوشش کرتے ہیں کہ آپؐ میں عیب اور نقص نکالیں، تمہیں آج رات حضرت سید الانبیاء ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوگا، لہٰذا تم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے خود دریافت کر لینا کہ کہاں پڑھنا بہتر ہے؟ ایسا ہی ہوا۔ سید صاحب کو اسی رات حضور انور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی اور آپؐ نے حضرت علامہ کاظمی شاہ صاحبؒ کے بیان کی تصدیق فرمادی۔ صبح سید صاحب جب حضرت علامہؒ کی خدمت میں سبق پڑھنے کے لئے حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا: رات والا خواب سناؤ۔ سید صاحب نے پورا خواب سنادیا تو حضرت علامہ کاظمی شاہ صاحبؒ بے حد خوش ہوئے، مبارک باد دی اور فرمایا: میں نے بھی تو یہی بتایا تھا (ماہنامہ "السعید" ملتان ماہ شوال ۱۴۱۸ھ بمطابق فروری ۱۹۹۸ء سے ماخوذ)

اللہ پاک ہم سب کو حضور رحمت، کائنات، فخر موجودات ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنے والا بنائے اور آپؐ کی تعظیم و تکریم اور سچی محبت عطا فرمائے۔ قدسی مقال علامہ اقبالؒ نے کیا خوب فرمایا ہے: ع جانِ دیں ہست حُبِ رحمۃ للعالمین

ترجمہ: دین کی جان حضرت رحمۃ للعالمین ﷺ کی محبت ہے۔

مولای صل وسلم دائما ابدا علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۱۴۹۔ حضرت مولانا پیر و مرشد عالم حافظ غلام حبیب نقشبندیؒ نے اپنی حیات میں خواب دیکھا کہ بڑے اونچے اونچے پہاڑ ہیں، جن کے درمیان نہر ہے جو خشک ہو چکی ہے اور اس میں بہت سی مردہ مچھلیاں پڑی ہیں۔ میں آگے بڑھتا ہوں تو ایک وسیع میدان میں فرشتہ صورت

marfat.com
Marfat.com

بزرگ انسانوں کے ایک عظیم اجتماع کو وعظ و نصیحت فرما رہے ہیں۔ میں ایک آدمی سے دریافت کرتا ہوں کہ یہ کون بزرگ ہیں؟ وہ فرماتے ہیں: یہ حضور اقدس ﷺ ہیں۔ معاً مجھے خیال آیا کہ اس نہر کے کنارے کچھ لوگ ہیں (مچھلیاں فراموش ہوگئیں اور خیال پیدا ہوا کہ وہ انسان تھے) میں ان سے جا کر کہوں کہ حضور اکرم ﷺ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر فرما رہے ہیں اور تم لوگ غافل سو رہے ہو، پس فوراً ان کے پاس جا کر بلاتا ہوں کہ ادھر آؤ، حضور انور ﷺ وعظ فرما رہے ہیں۔ میرے بلانے پر کچھ لوگ چلے آتے ہیں، کچھ توجہ نہیں دیتے اور غافل پڑے رہتے ہیں، حالانکہ میں مسلسل ان کو بلاتا ہوں۔ صبح میں نے اپنے اس رویا کا ذکر اپنے شیخ حضرت خواجہ محمد عبدالمالک صدیقیؒ سے کیا تو آپ نے فرمایا کہ اللہ پاک آپ سے دعوت ارشاد کا کام لے گا اور بے شمار مخلوق آپ سے ہدایت حاصل کرے گی (تجلیات قریشیؒ و مالکیؒ و حبیبیؒ حصہ دوم از محمد رحیم الدین نقشبندی مجددی صفحہ ۱۹۹۔ ایجوکیشنل پریس، پاکستان چوک، کراچی)۔

۱۵۰۔ مولانا محمد اکبر شاہ ساکن کابل، دہلی میں مدرسہ امینیہ میں تعلیم حاصل کرتے تھے۔ حضرت خواجہ محمد عبدالمالک صدیقیؒ سے بیعت ہوتے ہی کشف و کرامت شروع ہوگئی۔ انہیں ایک واقعہ مولانا حافظ غلام حبیبؒ کے سلسلے میں مزار مقدس حضرت خواجہ باقی باللہؒ پر دہلی میں پیش آیا۔ آپ نے عالم رویا میں حضور انور ﷺ کی زیارت کی۔ آپؐ نے شاہ صاحب کو فرمایا: ''مولانا حافظ غلام حبیب سے کہہ دو کہ وہ اپنی پہلی بیوی کو طلاق دے دے، کیونکہ وہ اس کی دینی ترقی میں حائل ہے، اس کی دوسری بیوی عنقریب فوت ہو جائے گی، اس کے بعد دو جگہ سے اس کو رشتے کی پیش کش ہوگی، ایک قبول نہ کرنا کیونکہ وہ متکبر ہیں، دوسری پیش کش قبول کر لینا، یہ عورت وفادار ہوگی اور اس سے اولاد ہوگی، ایک بیٹے کا نام حافظ عبدالرحمٰن اور دوسرے کا نام حافظ عبدالرحیم رکھنا۔'' چنانچہ مولانا حافظ غلام حبیب جب دہلی سے وطن واپس آئے تو طلاق اور وفات کا واقعہ پیش آیا اور آپ نے تیسری شادی کی، جس سے حافظ عبدالرحمٰن اور حافظ عبدالرحیم کے علاوہ حافظ عبدالرؤف، حافظ عبدالقدوس اور تین صاحبزادیاں پیدا ہوئیں جو بقید حیات ہیں، اس کے علاوہ دو صاحبزادیاں قبل از بلوغت وفات پا گئیں (تجلیات قریشیؒ و مالکیؒ و حبیبیؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۸۰ تا ۱۸۱)

مرشد عالم حضرت غلام حبیبؒ کے وصال کے چند سال بعد آپ کے سب سے بڑے صاحبزادے اور جانشین حضرت مولانا حافظ عبدالرحمٰن قاسمی کا بھی وصال ہو گیا اور اب دوسرے صاحبزادے حضرت مولانا حافظ عبدالرحیم نقشبندی مجددی چکوال میں آپ کے جانشین ہیں۔

۱۵۱۔ مرشد عالم حضرت غلام حبیبؒ نے فرمایا کہ اللہ اللہ کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے

marfat.com
Marfat.com

مجھے حضور اقدس ﷺ کی نماز دکھادی۔ میں نے آپ ﷺ کو نماز کی نیت کرتے دیکھا اور قیام رکوع، سجدہ اور تشہد میں بیٹھتے وقت آپ ﷺ کی پنڈلی مبارک بھی دیکھ لی (تجلیات مرشد عالم از مولانا احمد علی پنجگوری صفحہ ۱۸۹۔ المکتبۃ الحبیب، دکھنی مسجد، پاکستان چوک، کراچی)۔

کسی کا قول ہے کہ ہندوستان نے تصنیف کے میدان میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ سے بڑھ کر کسی کو پیدا نہیں کیا، اسی طرح ہندوستان نے حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ سے ممتاز کوئی مدرس پیدا نہیں کیا اور پاکستان نے عاشق قرآن، داعی قرآن، ناشر قرآن، مبلغ قرآن، قاری قرآن، عامل قرآن، ماہر علوم و رموز قرآنیہ حضرت مولانا الحاج حافظ پیر غلام حبیب صاحب نقشبندی مرشد عالمؒ سے بڑھ کر کوئی ولی اور فیض رساں پیدا نہیں کیا۔

ے پیدا کہاں جہاں میں اب ایسا شیخ باکمال   فیض جس کا عام تھا اب ملتی نہیں مثال
وہ عالم باعمل تھے اور عالی دماغ تھے   انجمن نقشبند میں ایک روشن چراغ تھے

۱۵۲۔ مرشد عالم حضرت حافظ غلام حبیبؒ نے پہلا حج ۱۹۳۴ء میں کیا اور اس کے چند سال بعد اللہ پاک نے آپ کو بکثرت حج و عمرے کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ ایک حج کے بعد جب مدینہ طیبہ تشریف لائے، تو رات دست آنے لگے جن کے باعث کافی نڈھال ہوگئے۔ مریدین اور معتقدین نے وجہ دریافت کی تو کہہ دیا کہ دہی کھایا تھا۔ بس اتنا کہنا غضب ہوگیا۔ رات حضرت تاجدار مدنی ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "حافظ غلام حبیب! میرے شہر میں رہ کر بھی اشیائے مدینہ کا شکوہ کرتے ہو کہ دہی کھانے کی وجہ سے دست آنے لگے، اگر میرے شہر میں رہنا چاہتے ہو تو کسی شے پر اعتراض نہ کرو اور خورد و نوش کی ہر چیز کو دل و جان سے قبول کرو، ورنہ میرا شہر چھوڑ کر چلے جاؤ۔" غرض خواب ہی میں حضرت مرشد عالمؒ نے حضور پر نور ﷺ سے معافی مانگی اور آپ ﷺ نے حضرت شیخؒ کو معاف فرمادیا (تجلیات مرشد عالمؒ۔ صفحہ ۱۰۸)

اس میں ہر ایک کے لیے سبق ہے:

ے لے سانس بھی آہستہ کہ دربارِ نبی ﷺ ہے   خطرہ ہے بہت سخت یہاں بے ادبی کا

مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاما) کا ادب و احترام تو فرض ہے۔ ارے مدینہ طیبہ کی ہر ہر چیز کا بھی ادب کرو، تبصرہ اور تنقید کا تصور تک دل میں لاؤ نہ حرف شکایت زبان پر۔

۱۵۳۔ امام العلماءِ والصلحاءِ قطب دوراں حضرت خواجہ محمد عبد المالک صدیقی نقشبندی مجددی قدس سرہ العزیز کے مقاماتِ ولایت بہت بلند ہیں۔ آپ خود فرماتے ہیں کہ مجھے انبیا علیہم السلام کے مقامات کے مماثل مقامات عطا کیے گئے ہیں، اس لئے حضرت کے واردات و مکاشفات بھی اعلیٰ درجے کے ہیں اور اس کثرت سے ہیں کہ ان کا احاطہ کرنا مشکل ترین امر ہے۔

marfat.com
Marfat.com

حضرت صدیقیؒ نے اپنے شیخ قطب ربانی عارف حقانی قیوم زمن حضرت خواجہ محمد فضل علی قریشی قدس سرہ العزیز کے حکم کے مطابق ان کی زندگی میں ہی اپنے کچھ حالات و واردات قلمبند فرمائے تھے، جن کی تصدیق و توثیق حضرت قریشیؒ نے فرمائی تھی۔ ان میں سے صرف چند زیارت بابرکت والے مکاشفات پر اکتفا کیا جارہا ہے، تاکہ قارئین کرام کو حضرت صدیقیؒ کے کمالات عالیہ اور مقامات بلند کا تھوڑا سا اندازہ ہو سکے۔ "تجلیات صدیقی" مؤلفہ حضرت مدرار اللہ مدرار مدظلہ العالی (آپ کے شیخ مرشد عالم حضرت حافظ غلام حبیبؒ تھے اور ان کے شیخ حضرت صدیقیؒ تھے) میں حضرت مدرار اللہ نے اپنے دادا پیر کے ان مکاشفات و واردات کا اندراج کیا ہے۔

تجلیات قریشی مالکیؒ کے صفحہ ۴۶ پر مذکور ہے کہ حضرت مرشد صدیقیؒ فرماتے ہیں کہ ایک دن میں جالندھر کے قیام میں حضرت شیخؒ کی معیت میں حاضر تھا اور میری نشست حضور اکرم ﷺ کے بالکل سامنے تھی۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بلغ ما انزل الیک .... ۝" (سورہ مائدہ آیت ۶۷) میں اس کے معنی سمجھتے ہوئے عرض کرتا ہوں: یا رسول اللہ ﷺ! یہ تو میرے مرشد کا حق ہے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا: "نہیں یہ فرمان تیرے لئے ہے۔" بار بار جب یہ فرمان ہونے لگا تو میں نے حضرت شیخؒ (خواجہ محمد فضل علی قریشیؒ) کی طرف دیکھا تو حضرت شیخ مسکرا رہے تھے۔ شرم کی وجہ سے میں نے عرض کیا: حضور ﷺ! میں ذرا باہر جاتا ہوں۔ فرمایا: جا، مگر یہ فرمان برابر جاری رہا، اس کے بعد واپس آیا اور جالندھر کا یہ سفر ختم ہوا۔

۱۵۴۔ تجلیات قریشیؒ مالکیؒ کے صفحہ ۵۰ پر مذکور ہے کہ خلافت سے قبل دوران سفر میری (حضرت مرشد صدیقیؒ) یہ حالت ہوا کرتی تھی کہ یکایک پیدل سفر میں مجھے یہ معلوم ہوتا کہ حضور اکرم ﷺ اپنی گود مبارک کشادہ فرمائے ہوئے ہیں، میں اس میں گر جاتا ہوں اور اس کے بعد کھڑے ہو کر سفر طے کرتا ہوں۔ ایک دن مولانا نور الحسن صاحب نے اس کیفیت کی حقیقت سنی۔ اس کے سننے کا سبب یہ ہوا کہ حضرت شیخؒ مجھ سے اکثر حالات معلوم فرمایا کرتے تھے۔ بایں سبب عرض کیا کہ اس گرنے کے اندر یہ کیفیت نظر آتی ہے۔ مولانا نور الحسن صاحب نے عرض کیا کہ میں پہلے آپ کا پیر بھائی تھا، اب آپ کا غلام ہوں، مجھے یہ کیفیت حاصل نہیں ہوئی۔ حضرت شیخؒ نے فوراً فرمایا کہ اس کو ربط شیخ حاصل ہے تم بھی حاصل کرو۔

۱۵۵۔ بسا اوقات مراقبے میں یہ کیفیت طاری ہوتی ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ عالیہ میں حاضری کی سعادت نصیب ہوتی ہے اور میرا (حضرت خواجہ صدیقیؒ) وجود سمٹ کر تجلیات سے بقعہ نور ہو جاتا ہے۔ (مثل بجلی کے بلب کے روشن ہوتا ہے) اس وقت حضور انور ﷺ،

marfat.com
Marfat.com

ازراہ کمال شفقت و محبت میرے وجود کو اپنے قلب مبارک میں داخل فرما لیتے ہیں۔ یہ ایک عجیب کیفیت اور لذت کا عالم ہوتا ہے (تجلیات قریشیؒ و مالکیؒ و حبیبیؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۰۳)

۱۵۶۔ ۱۰ شعبان کو دس بجے ناگاہ یہ حالت طاری ہوئی کہ اس عاجز (حضرت خواجہ صدیقیؒ) کا ایک وجود عالم مثال میں جا کر جانب شمال پرواز کرتا ہوا عربستان جا پہنچا اور مدینہ مقدسہ میں اترا اور ایک وجود اس جگہ موجود تھا تو حضرت رسالت مآب ﷺ نے سبز رنگین پوشاک عطا فرمائی، پھر اس سے آگے پرواز نصیب ہوئی۔ وہاں سے بطرف جنوب نصیب ہوئی اور یہاں آیا تو کوئی کیفیت یاد نہیں کہ کیا نظر آیا؟ ہاں اتنا معلوم ہوتا تھا کہ انتہائی مقام ہے، پھر وہاں سے واپسی ہوئی تو مغرب کی طرف رجوع ہوا تب خبر نہیں کہاں پہنچا؟ مگر یہی خیال ہے کہ انتہائی مقام ہے اور مخلوق اس عاجز کو کپڑے انعام میں دیتی ہے، پھر مشرق کی طرف رجوع ہوا تو ایک شہر کے اوپر جا کر السلام علیکم کہا، وہاں کے لوگوں نے وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ وبرکاتہ کہا اور جہاں جاتا تھا السلام علیکم کے نعروں سے استقبال ہوتا تھا، اسی حالت کے بعد عبور آسمان کی طرف ہوا، معلوم نہیں کہاں تک سیر ہوئی (تجلیات قریشیؒ و مالکیؒ و حبیبیؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۰۳ تا ۱۰۴)۔

۱۵۷۔ ۷ جمادی الثانی جمعہ کی رات کو مراقبے میں مشاہدہ ہوا کہ حضرت سید البشر ﷺ میرے سامنے تشریف لائے اور بڑی فرحت سے خوب توجہ ذاتیہ خاصۃ عطا فرمائی، جس کی کیفیت بیان میں نہیں آسکتی (تجلیات قریشیؒ و مالکیؒ و حبیبیؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۰۷)۔ قرب رسول اللہ ﷺ میں دل خوب محظوظ رہتا ہے۔ الحمد للہ (صفحہ ۱۰۵)۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کے مزار مبارک پر مراقبہ کیا تو سبحان اللہ، تمام جماعت کو جذب ہوا، بہت خوش خبریاں عطا ہوئیں، منجملہ ان کے حضرت شیخ موصوف نے فرمایا: اے محمد عبدالمالک! آپ کے سر پر حضرت سرور دوعالم ﷺ کا سایہ مبارک ہے (صفحہ ۱۰۶)

۱۵۸۔ ۲۱ رمضان المبارک ۱۳۴۶ھ بوقت مغرب نماز اوابین میں دیکھا کہ خانقاہ موسیٰ زئی شریف میں پہنچا ہوں۔ حضرت سیدنا دوست محمد قندھاری، حضرت سیدنا محمد عثمان دامانی، حضرت سیدنا محمد لعل شاہ وندوی اور حضرت سیدنا خواجہ محمد سراج الدین رحمۃ اللہ علیہم اور خادمان حضرات ممدوحہ سبھی مسجد مبارک میں موجود تھے۔ بندے کی حاضری پر اول حضرت صاحب نے منبر مسجد شریف پر خوبصورت کپڑے بچھوائے اور پھر اس غلام کو حضور اقدس ﷺ نے منبر پر بیٹھنے کا حکم فرمایا۔ "الامر فوق الادب" کو ملحوظ رکھ کر تعمیل ارشاد کی، پھر خوش ہو کر حضرات موصوف فرمانے لگے کہ آج موسیٰ زئی شریف کو آباد کرنے والا آ گیا۔ اس وقت مسجد شریف میں بہت لوگ تھے اور دونوں دروازوں پر چند لوگ نعتیں پڑھ رہے تھے اور اس خاک پا (خواجہ صدیقیؒ) کے نام کی

marfat.com
Marfat.com

رباعیاں، اسی دوران معلوم ہوا کہ رحمت الٰہی بادل کی مانند برس رہی ہے، اسی وقت تمام لوگ اور حضرات موصوف مراقب ہو گئے، رحمت الٰہی کا جوش بڑھتا گیا اور اتنے میں نماز مذکورہ سے فراغت ہو گئی (تجلیات قریشیؒ وما لکیؒ و حبیبیؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۰۸)

۱۵۹۔ ماہ ربیع الاول ۱۳۴۷ھ غالباً ۱۸ تاریخ کو بعد نماز مغرب، نماز اوابین میں معلوم ہوا کہ حضرت سید المرسلین ﷺ نے میرے مصلے پر سامنے تشریف فرما ہو کر اپنا سینہ مبارک میرے سینہ کے ساتھ لگا کر نعمت یکبارگی عطا فرمائی اور میرا سینہ خوب روشن اور سیر ہو گیا ہے، نعمت بے اندازہ تھی، الحمد للہ (تجلیات قریشیؒ وما لکیؒ و حبیبیؒ حصہ دوم۔ صفحہ ۱۰۹ تا ۱۱۰)

۱۶۰۔ بعض اوقات یہ مسکین (خواجہ صدیقیؒ) حضرت شیخؒ اور سید الکونین ﷺ اور اللہ عزّ و جل کی ذات سے بہت فیض و توجہ ذاتیہ و صفاتیہ لیتا اور حاصل کرتا ہے (تجلیات قریشیؒ و مالکیؒ و حبیبیؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۱۰) بلکہ بعض اوقات حضرت شیخؒ اور حضرت سید البشر ﷺ کے ساتھ ناز و نیاز کی باتیں ہوتی ہیں (صفحہ ۱۱۰ تا ۱۱۱) اور حضرت سید البشر ﷺ اور حضرت شیخؒ سے نصیحت و تعلیم حاصل ہوتی ہے (صفحہ ۱۱۱)

۱۶۱۔ حضرت خواجہ محمد عبد المالک صدیقیؒ نے حج بیت اللہ کی سعادت متعدد بار حاصل کی۔ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ مدینہ طیبہ جاتے ہوئے جب بئر علی سے آگے بڑھنا نصیب ہوا تو حسب دستور حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "میرا بچہ آرہا ہے، مدینہ طیبہ کی صفائی کرو، کوچہ مبارک کی۔" اس کے بعد رسائی نصیب ہوئی تو بجائے سفید کے، اپنے آپ کو کھلا ہوا گلاب کا پھول پاتا تھا۔ حضور انور ﷺ اپنے قلب مبارک سے میرے قلب پر فیضان فرمایا کرتے تھے، بارہا یہ حالت پیش آئی۔ الحمد للہ، ثم الحمد للہ (تجلیات قریشیؒ وما لکیؒ و حبیبیؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۱۷)

دہلی میں مولانا مفتی کفایت اللہ صاحبؒ جب کبھی درس حدیث مبارک دیتے اور اس میں قلب کا ذکر آتا، تو طلباً معلوم کرنا چاہتے کہ قلب کے کیا واقعات ہیں؟ تو فرماتے: قلب کا نام میں بھی جانتا ہوں اور تم بھی، کیفیات قلب اگر حاصل کرنا چاہتے ہو تو حضرت مولوی محمد عبد المالک صدیقیؒ صاحب کے پاس جاؤ اور ان سے تربیت و درس حاصل کرو۔ طلباً اس شوق میں آتے اور داخل طریقت ہو کر اللہ تعالیٰ کے فیض سے مستفیض ہوتے (صفحہ ۱۱۸)

۱۶۲۔ ایک رات خواب میں دیکھا بوقت تہجد حضور اکرم ﷺ سوئے ہوئے ہیں اور میں (محمد عبد المالک صدیقی عفی عنہ) حضور اکرم ﷺ کے وجود مبارک کو دبا رہا ہوں، جب بیداری ہوئی اور میں نے مولوی عبد الرحمٰن صاحب کو یہ حال سنایا، تو وہ زار و قطار رونے لگے کہ کاش! میں بھی سویا ہوتا (صفحہ ۱۱۸)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۶۳۔ مولانا حکیم احمد بخش صاحب واپسی کے دوران حضرت مولانا محمد عبدالمالک صدیقیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اختتام سفر تک ہم رکاب رہے۔ مولانا موصوف بیان کرتے ہیں کہ اس سفر میں حضرت نے مجھ سے بعض اہم باتیں ارشاد فرمائیں، جو وصیت کی حیثیت رکھتی ہیں اور یادگار ہیں۔ مولانا احمد بخش کا بیان ہے کہ مراجعت کے دوران حضرت قبلہ صدیقیؒ گجرات میں سجاد علی وکیل کے مکان پر ٹھہرے ہوئے تھے۔ نماز تہجد کے بعد مجھ سے فرمایا:

مولوی صاحب اس سال راولپنڈی اور مردان کے دورۂ تبلیغ میں مجھے بہت لطف اور حظ حاصل ہوا، کیونکہ مردان میں ایک رات حضور اقدس ﷺ نے مجھے اپنی آغوش مبارک میں بٹھایا اور فرمایا: ''عبدالمالک اب بوڑھے ہو چکے ہو، اب آرام کرو اور سفر ترک کر دو۔''
(تجلیات قریشیؒ ومالکیؒ وحبیبیؒ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۵۴)

وصال سے چند روز قبل ۳ ستمبر ۱۹۷۳ء بمطابق ۵ شعبان المعظم ۱۳۹۳ھ بروز پیر حضرت شیخ معظم محمد عبدالمالک صدیقیؒ خانیوال سے احمد پور شرقیہ تشریف لے گئے۔ حکیم نے چوزے کی یخنی تجویز کی۔ آپ نے سنا تو فرمایا: وزن کیا ہوا چوزہ نہ لانا، کیونکہ جو چوزہ ترازو پر وزن کیا جائے، وہ مکروہ ہے۔ سبحان اللہ! یہ تھی تقوی کی کیفیت۔ مورخہ ۸ اور ۹ ستمبر ۱۹۷۳ء کی درمیانی رات بمطابق ۱۱ شعبان المعظم ۱۳۹۳ھ کو دس بج کر دس منٹ پر حضرت قبلہ صدیقیؒ نے وصال فرمایا (بمقام احمد پور شرقیہ) اور پیر کی رات سوا چار بجے خانیوال میں دفن کیے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ غسل کے بعد جب کفن دیا جا چکا، تو پیشانی پر پسینہ تھا جو جنتی ہونے کی علامت ہے۔ وصال کے بعد بھی دل کی حرکت جاری تھی، دل کے مقام پر کفن ہل رہا تھا اور دل برابر ''اللہ اللہ'' کر رہا تھا۔

؎ آٹھ ستمبر اور نو کی درمیانی رات تھی — بیسویں صدی کا تھا یارو تہترواں برس
حضرت صدیقی مرشد ہو گئے واصل بحق — بج رہا ہے ہر طرف عالم میں ماتم کا جرس

۱۶۴۔ میری (مصنف / مؤلف) ایک نہایت ہی قابل عزیزہ حج کی ادائیگی کے بعد مدینہ طیبہ پہنچیں اور حضور اقدس ﷺ کے روضۂ اطہر پر حاضر ہو کر انتہائی اعلیٰ زبان میں درود و سلام پیش کیا۔ ان کے ہمراہ ایک عمر رسیدہ ناخواندہ خاتون بھی تھیں، جو آنسوؤں کی جھڑی میں سلام پیش کر رہی تھیں، روتی جاتی اور کہتی جاتی تھیں کہ میں ان پڑھ ہوں، آداب سے ناواقف ہوں، بس یہی ٹوٹے پھوٹے الفاظ میرا سرمایہ ہیں، یارسول اللہ ﷺ! میں نہیں جانتی آپؐ کے حضور کن الفاظ میں سلام پیش کیا جائے؟ اسی لاچاری اور بے بسی کا اظہار کرتے، روتے روتے آنکھ لگ گئی اور حضور انور ﷺ کا دیدار پر انوار نصیب ہو گیا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: مایوس نہ ہو، ہم

marfat.com
Marfat.com

نے تمہارا سلام قبول کر لیا ہے (غیر مطبوعہ)۔ معلوم ہوا وہاں کا میعار کچھ اور ہی ہے، جس میں خلوص اور بے لوث محبت سب سے اہم ہے۔

۱۶۵۔ یہ اس دور کی بات ہے، جب برصغیر پاک وہند میں مغل اقتدار کے بلند وبالا ستونوں کو دیمک لگ چکی تھی اور مرہٹوں کی شورش عروج پر تھی۔ بخارا کے ایک بزرگ حضرت عبداللہؒ کو خواب میں حضور نبی مکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی اور آنحضور ﷺ نے انہیں فرمایا: "افغانستان میں قبائل کی باہمی خانہ جنگی سے اسلام کو نقصان پہنچ رہا ہے، اس لئے تم خود جاؤ یا اپنے کسی بیٹے کو بھیجو اور افغانستان کے باہمی جھگڑے کو ختم کراؤ۔" حضرت عبداللہؒ نے ارشاد نبوی ﷺ کی تعمیل میں اپنے لخت جگر حضرت حریفؒ کو بخارا سے ہجرت کر کے افغان علاقے میں ڈیرہ ڈالنے کا حکم دیا۔ سعادت مند بیٹا بلند حوصلہ باپ کے حکم پر بے سروسامانی کے عالم میں خچر پر سوار اپنے وطن اور قبیلے سے جدا ہو کر غریب الوطنی کے عالم میں افغانستان کو کوچ کر گیا۔ افغانستان سے گزرتے ہوئے حضرت حریفؒ بلوچستان کے پشتون علاقہ فورٹ سنڈیمن سے کم وبیش ۳۰ میل دور ایک صحت افزا مقام مشین غر تک پہنچے تو دو معزز افغان قبائل شیرانی اور مندوخیل کو باہمی جھگڑوں اور لڑائیوں میں مصروف پایا۔ آپ کی مخلصانہ مساعی سے دونوں قبائل کے باہمی اختلافات ختم ہو گئے اور دونوں قبیلوں نے آپ سے درخواست کی کہ آپ مستقلاً ہمارے پاس قیام فرمائیں اور یہ پیش کش بھی کی کہ آپ اپنے خچر پر سوار ہو کر طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک ایک دن میں جتنا علاقہ عبور کر لیں، وہ آپ کی ملکیت میں دے دیا جائے گا۔ حضرت حریفؒ نے یہ پیش کش قبول کر لی اور اس طرح اس علاقے میں حضرت حریفؒ کے قیام سے سادات کے اس عظیم الشان قبیلے کی بنیاد رکھ دی گئی، جسے قبیلہ حریف آل کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اور دیگر درد مند مسلم زعماً نے مرہٹوں کا زور ختم کرنے کے لئے افغانستان کے احمد شاہ ابدالیؒ سے رابطہ قائم کیا۔ پانی پت کے تاریخی میدان میں احمد شاہ ابدالیؒ (جو بعدہٗ احمد شاہ درانی کے نام سے مشہور ہوئے) نے اپنے لشکر کے ساتھ مرہٹوں کو شکست فاش دی۔ اس مقدس جہاد میں حصہ لینے والوں میں حضرت حریفؒ بھی شامل تھے۔ آپ نے میدان کارزار میں جام شہادت نوش فرمایا۔ آپ کے اس عظیم جذبہ حریت کو آپ کے خاندان کے افراد نے زندہ رکھا۔ شہید حریت حضرت مولانا سید شمس الدین شہیدؒ اسی معزز قبیلے سے تعلق رکھتے تھے۔ فرنگی سامراج برصغیر میں اپنا تسلط قائم کر لینے کے باوصف اسی خاندان کی سامراج دشمنی کے باعث بلوچستان کی سرزمین کو دیر تک کنٹرول نہیں کر سکا تھا۔ اسی وجہ سے ۱۸۹۰ء میں گورنر رابرٹ سنڈیمن نے اس خاندان کو غدار قرار دے دیا تھا۔

marfat.com
Marfat.com

(مولانا شمس الدین شہیدؒ آف بلوچستان کے حالات زندگی از زاہد الرشدی صفحہ ۱۳ تا ۱۵ سے ماخوذ۔ مکتبہ مدنیہ، گوجرانوالہ ۱۳۹۵ھ) اس خواب کے لیے میں جناب ندیم شفیق ملک کا ممنون ہوں۔

نوٹ = آزاد پاکستان کو اپنے دامن سے اس قسم کے داغ دھبے دور کردینے چاہئیں۔ حکومت بلوچستان کو چاہیئے کہ فوری طور پر فورٹ سنڈیمن کا نام بدل دے، گو تاخیر بہت ہو چکی ہے۔ بے توجہی کی وجہ غالباً یہ ہے کہ حقائق سے آگہی نہیں، لہٰذا میں مشورہ دوں گا کہ اس کا نیا نام "فورٹ حریف شہیدؒ" رکھا جائے۔

۱۶۶۔ حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ ("شیخ اکبر" ۱۷ رمضان المبارک ۵۶۰ھ تا ۲۲ ربیع الثانی ۶۳۸ھ) نے جو روحانی مقامات حاصل کئے، ان میں مکہ مکرمہ کے قیام کو بڑا دخل ہے۔ اپنی مشہور کتاب "فتوحات مکیہ" کا یہ نام بھی اسی لئے رکھا۔ یہ کتاب حضرت رسول اللہ ﷺ کی ہدایت واجازت کے مطابق لکھی گئی ہے۔ حضرت ابن عربیؒ اپنے خوابوں کو بہت اہمیت دیتے تھے۔ آپ کا سب سے اہم خواب یہی ہے جس میں حضرت رسول مقبول ﷺ نے آپ کو کتاب "فتوحات مکیہ" لکھنے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ فرماتے ہیں: میں جب فتوحات مکیہ کا دیباچہ لکھ رہا تھا، تو میں نے خواب میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو رب کے حضور موجود پایا۔ آپؐ کے چہرۂ انور سے بڑا رعب و جلال ٹپک رہا تھا، یکایک ایک منبر نمودار ہوا، جس پر لکھا ہوا تھا کہ یہ مقام محمد ﷺ ہے، جو صداقت وحقیقت کی تبلیغ کرے گا، وہ اس کو بطور وراثت پائے گا۔ عین اس موقع پر مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے علم وحکمت عطا ہوئے۔ فرماتے ہیں کہ فتوحات مکیہ میں جو کچھ میں نے لکھا ہے وہ مجھے الہامی طور پر معلوم ہوا ہے اور حضرت رسول اللہ ﷺ نے اس کو قلمبند کرنے کی اجازت دی ہے۔ تقریباً ایک سال میں اسے تمام کیا۔ (زیارات مقدسہ از جناب افتخار احمد حافظ، مکان نمبر ۶-A/ ۹۹۹ سٹریٹ ۹، افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ۔ صفحہ ۸۷)

۷۸ سال کی عمر میں بحالت نماز مغرب سجدہ ثانی میں اس دار فانی سے رخصت ہوئے۔ دوسرے دن بعد نماز جمعہ، گیارہ مرتبہ آپ کی نماز جنازہ پڑھی گئی۔ دمشق (عراق) میں قاسیون پہاڑ کے اردگرد پھیلی ہوئی آبادی کا نام "میدان شیخ" ہے، یہیں آپ کا خوبصورت مزار مبارک اور مسجد ہے۔ حضرت امام یافعیؒ فرماتے ہیں کہ جس طرح دنیا میں حضرت "شیخ اکبر" مرجع خلائق اور دریائے فیض تھے، عالم برزخ میں بھی اسی طرح آپ کا فیض جاری وساری ہے اور صاحب دل آج بھی مستفیض ہو رہے ہیں۔

۱۶۷۔ منزہ صادق نے خواب میں ایک بے مثال اور بے نظیر نورانی شخصیت کو دیکھا۔ انہیں بتایا گیا کہ یہ حضور رسالت مآب ﷺ ہیں۔ عابد عسکری صاحب سے پوچھتی ہیں کہ کیا ہم ایسے

marfat.com
Marfat.com

گنہگار لوگ حضور اقدس ﷺ کے نورانی چہرۂ مبارک کی زیارت کر سکتے ہیں؟ عابد عسکری صاحب فرماتے ہیں کہ حضور پاک ﷺ کائنات کے لئے مجسمہ رحمت ہیں، آپؐ کی زیارت اور دیدار ممکن ہے، لیکن نیک اور صالح لوگوں کو نصیب ہوتا ہے۔ آپ کا خواب بہت مبارک ہے۔ اخروی و دینوی فائدہ ملنے کا امکان ہے، لہٰذا کثرت سے درود شریف پڑھا کریں (خوابوں کی روحانی تعبیر از عابد عسکری صاحب۔ فیملی میگزین۔ ۲۸ مارچ تا ۱۳ اپریل ۱۹۹۹ء۔ صفحہ ۸۰)

۱۶۸۔ حضرت احمد بن عمر انصاری ابوالعباس مرسی مالکیؒ مغربی الاصل تھے، سکندریہ میں قیام فرما ہو گئے تھے اور قطب وقت تھے۔ فرماتے تھے: چالیس سال کا عرصہ گزر چکا ہے، مگر میں حضرت رسول الثقلین ﷺ کی نظروں سے اوجھل نہیں ہوا، اگر حضور سید المرسلین ﷺ پلک جھپکنے کی دیر بھی مجھ سے اوجھل ہو جائیں، تو میں اپنے آپ کو مسلمان نہ سمجھوں (تفسیر روح المعانی)

یارب صلی وسلم دائما ابداً   علی حبیبک خیر الخلق کلھم

۱۶۹۔ حضرت ابوبکر المعروف دوہل بن محمد عینیؒ امور دنیا سے لاتعلق صالح، زاہد اور عابد انسان تھے۔ آپ نے فرمایا کہ حضور سید کل ﷺ نے خواب کے دوران میرا سینہ چیرا اور اس میں سے ایک سیاہ لوتھڑا نکال دیا، میرا خیال ہے وہ نفس تھا۔ لوگ آپ کی بے حد عزت کرتے تھے۔ مشہور تھا کہ جو اُمراٗ وغیرہ آپ کی سفارش قبول نہ کرتے، جلد سزا پا لیتے تھے، اس وجہ سے کوئی آپ کی سفارش رد کرنے کی جراٗت نہ کرتا تھا۔ آپ مستجاب الدعوات تھے۔ لوگ دعا کے لئے آپ کی طرف لپکتے تھے۔ بقول زبیدی: دعا ہمیشہ ہاتھ اٹھا کر مانگتے تھے اور اتنا استغراق ہوتا، گویا بے ہوش ہیں (جامع کرامات اولیاٗ، جلد دوم۔ صفحہ ۱۹۱)۔

۱۷۰۔ حضرت احمد بن فقیہہ ابوالخیر منصور شمانی سعدیؒ کا نسب مشہور قبیلہ سعد کی طرف ہے اور شمانی کی نسبت بنی شماخ کی طرف ہے۔ کمال علمی کے ساتھ تقویٰ و کرامات کا منبع تھے۔ امام یافعیؒ نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ ایک نیک بخت نے حضور سید المرسلین ﷺ کی خواب میں زیارت کی تو آپؐ کے پہلو میں ایک شخص بیٹھا تھا۔ حضور اقدس ﷺ نے خواب دیکھنے والے سے فرمایا: ''کیا تم اس شخص کو جانتے ہو''؟ اس نے جواباً عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں انہیں نہیں پہچانتا۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''یہ احمد بن ابوالخیر ہیں، جو ہمیشہ میری سنت کی اتباع کرتے ہیں۔'' بقول مناویؒ آپ کے مقبرہ پر آنے والے عموماً آپ کی قبر سے آسمان کی طرف نور دیکھتے ہیں۔ وصال ۲۹ ۷ھ میں ہوا تھا۔ آپ کے والد یمن کے شہر زبید میں آکر مقیم ہو گئے تھے (جامع کرامات اولیاٗ، جلد دوم۔ صفحہ ۳۶۲)۔

۱۷۱۔ مولوی غلام حسین صاحب نے مکہ معظمہ میں خواب دیکھا کہ ایک مجمع میں حضرت

marfat.com
Marfat.com

حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کا ایک مرید کہہ رہا ہے کہ حضرت خاتم المرسلین ﷺ فرماتے ہیں کہ "حاجی صاحب دیگر اولیاء پر سبقت لے گئے۔" جب حاجی صاحبؒ سے یہ خواب عرض کیا گیا تو آپ نے فرمایا عجب معاملہ ہے کہ تم لوگ کیا کیا دیکھتے ہو اور مجھ پر کیا کیا اعتقاد کرتے ہو؟ حالانکہ مجھ میں کچھ بھی کمال نہیں ہے، صرف اللہ کی ستاری ہے جس نے میرے عیوب چھپا رکھے ہیں، امید ہے اسی طرح عاقبت میں بھی اپنے فضل و کرم سے میرے جرائم کسی پر ظاہر نہ کرے گا۔ بطور تحدیث نعمت اس خواب کا تذکرہ کئی مرتبہ آپ نے فرمایا (امداد المشتاق۔ صفحہ ۱۲۴)۔

۱۷۲۔ رام پور (یو۔ پی، بھارت) کے رئیس محمد رضا خان اور مفتی عبد القادر حج کے لئے آئے اور بیان کیا کہ ہم نے حج و زیارت روضہ مطہرہ کا قصد کیا تو رام پور کے بہت سے لوگ تیار ہو گئے، مگر حجاج سے معلوم ہوا کہ حجاز میں سخت قحط اور بہت لوٹ مار ہو رہی ہے۔ یہ سن کر ہم نے ارادہ ملتوی کر دیا۔ رات محمد رضا خان نے خواب دیکھا کہ ایک مجمع میں حضور ختم المرسلین ﷺ تشریف فرما ہیں اور ارشاد فرما رہے ہیں کہ حاجی امداد اللہ اور باقی باللہ سے کہو کہ رام پور کا قافلہ روانہ کر دیں اور آپ (حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ) وہاں اسی ہیئت میں جیسا کہ میں اس وقت آپ کو دیکھ رہا ہوں، موجود ہیں اور ہاتھ میں ایک عصا جو اس عصا کے مشابہ ہے، لئے ہوئے لوگوں کو گھروں سے نکال رہے ہیں۔ دوسری رات پھر یہی خواب دیکھا، تب ہم حج کے لئے روانہ ہوئے اور بخیر و عافیت حاضر خدمت ہوئے۔ مفتی صاحب نے بھی ایسا ہی بیان کیا، پھر یہ دونوں صاحب داخل سلسلہ ہوئے۔ حاجی صاحبؒ نے فرمایا: لوگ کیا کیا دیکھ رہے ہیں اور یہاں خبر بھی نہیں (امداد المشتاق مصنف حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ۔ صفحہ ۱۳۷ تا ۱۳۸۔ مکتبہ اسلامیہ، بلال گنج، لاہور)۔

۱۷۳۔ شروع شروع میں حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ علماء کو بیعت نہ فرماتے تھے، پھر خواب میں دیکھا کہ حضور پر نور ﷺ فرماتے ہیں: "حاجی صاحب کے مہمان علماء ہیں اور ان کی مہمانی ہمارے ذمہ ہے۔" اس سے حاجی صاحبؒ نے سمجھ لیا کہ میری جماعت کے لوگ علماء زیادہ ہوں گے، چنانچہ سب سے پہلے حضرت مولانا رشید احمد گنگوھیؒ آپ سے بیعت ہوئے اور دیکھتے دیکھتے جید علماء کی تعداد جو آپ سے بیعت ہوئے، آٹھ سو کے قریب پہنچ گئی۔ شرف بیعت کے بعد حضرت حاجی صاحبؒ نے حضرت گنگوھیؒ سے فرمایا کہ تم سے کوئی بیعت کی درخواست کرے تو داخل سلسلہ کر لینا۔ آپ نے یہ سن کر فرمایا کہ مجھ میں اتنی قابلیت کہاں ہے؟ اس پر حاجی صاحبؒ نے فرمایا: جب پیر نے حکم دے دیا تو مرید کو عمل کرنا چاہیے، قابلیت کا معلوم کرنا میرا کام ہے نہ کہ آپ کا (امداد المشتاق۔ صفحہ ۱۶۰ تا ۱۶۱)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۷۴۔ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت حاجی صاحب (حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ) کے ساتھ برسوں میرا یہ تعلق رہا کہ آپ کے مشورے کے بغیر میری نشست و برخاست نہیں ہوئی، حالانکہ حاجی صاحبؒ مکہ مکرمہ میں تھے اور میں گنگوہ (یو۔پی، بھارت) میں، اور اس کے بعد حضرت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ یہی تعلق برسوں رہا، اتنا فرما کر آپ خاموش ہو گئے مزید کچھ نہ فرمایا اور دیر تک ساکت و سرنگوں رہے (تذکرۃ الرشید صفحہ ۱۹۶)۔ کیا ایسا قوی تعلق بدوں اعتقاد کامل بلکہ اکمل کے ہو سکتا ہے؟ سچ تو یہ ہے کہ حضرت مولانا گنگوہیؒ آیۃ من آیات اللہ تھے۔

۱۷۵۔ امیر قطب الدین محمد مدنیؒ جلیل القدر اولیاء اللہ میں سے تھے۔ آپ نے ابتداً میں اپنے ماموں حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ سے استفادہ کیا، ان کی وفات کے بعد حضرت شیخ نجم الدین کبریٰؒ سے بیعت کی اور ان کے بڑے خلفاء میں سے ہوئے۔ آپ کو رویائے صادقہ میں بارگاہ نبوی ﷺ سے حکم ملا کہ ہندوستان جا کر ظلمت کفر مٹائیں، چنانچہ آپ چھٹی صدی ہجری کی ابتداء میں اپنے ہزارہا مریدین کے ہمراہ ہندوستان تشریف لائے اور کڑہ مانک پور (یو۔پی، بھارت) کے نواح میں جہاد کر کے اس ظلمت کدہ کو نور اسلام سے منور کیا۔ آپ کا مزار کڑہ میں ہے۔ آپ کی اولاد میں اتنے اولیاء، علماء اور مشائخ پیدا ہوئے کہ کم خاندانوں میں ہوئے ہوں گے۔ مجاہد جلیل و مصلح کبیر حضرت سید احمد شہیدؒ کا اسی خاندان سے تعلق تھا۔ ہندوستان میں شرک و بدعت کی جو تاریکی پھیل چکی تھی اور جس سے یہاں کا کوئی خانوادہ اور کوئی شہر و قریہ مشکل سے بچا تھا، وہ آپ نے دور فرمائی۔ جہاد اور احیائے خلافت کی نسبت مردہ کو زندہ کیا۔ آپ کے صدہا خلفاء میں سے چند کے اسمائے گرامی یہ ہیں: حضرت مولانا محمد اسمٰعیل شہید دہلویؒ، جناب مولانا سید اولاد حسن قنوجی (والد نواب سید صدیق حسن خان قنوجیؒ)، نواب وزیر الدولہؒ فرماں روائے سابق ریاست ٹونک، جناب مولانا عبد الحیٔ بڈھانویؒ، جناب مولانا ولایت علی عظیم آبادیؒ، جناب مولانا سید محمد علی رام پوریؒ، جناب میاں جی نور محمد جھنجھانویؒ جن کے خلیفہ تھے شیخ المشائخ حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ پھر حاجی صاحبؒ کے خلفاء میں حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ، حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ اور حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ وغیرہ تھے، جن کی ذات بابرکات سے لاکھوں مسلمانوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ حضرت مولانا حکیم سید عبد الحیٔؒ سابق ناظم ندوۃ العلماء، لکھنو (عالم اسلام کے مشہور سکالر جناب مولانا سید ابو الحسن علی ندویؒ کے والد بزرگوار) کا سلسلہ نسب بھی امیر قطب الدینؒ پر منتہی ہوتا ہے (حیات عبد الحیٔ تالیف مولانا سید ابو الحسن علی ندوی۔ صفحہ ۲۲ تا ۲۵ سے ماخوذ۔ مجلس نشریات اسلام، کراچی نمبر ۱۸)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۷۶۔ عارف باللہ حضرت ڈاکٹر محمد عبدالحیؒ عارفی کے ایک مخلص مدینہ منورہ سے تحریر فرماتے ہیں: فریضہ حج کی ادائیگی کے دوران خواب میں بشارت ہوئی کہ جناب رسول مقبول سرور کائنات ﷺ ارشاد فرمارہے ہیں کہ: "ڈاکٹر عبدالحیؒ میرے مقبولین میں سے ہیں۔" پھر ڈاکٹر صاحب ایک کاغذ پیش کر کے کہتے ہیں: میں نے یہ یہ عنوانات قائم کئے ہیں۔ فل سکیپ کاغذ پر نوٹ تحریر کئے ہوئے ہیں، میں ڈاکٹر صاحب کی تحریر پہچان رہا ہوں اور دل میں خیال کرتا ہوں کہ حکیم الامت مولانا تھانویؒ کے مواعظ کا انتخاب ہے (مآثرِ حکیم الامت مع افادات عارفیہ۔ مرتب: مسعود احسن علوی۔ ایم اے صفحہ ۴ تا ۵۔ ایم ایچ سعید کمپنی، ادب منزل، پاکستان چوک، کراچی)۔

یہ حکیم الامت، مجدد ملت حضرت شاہ محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ کی خانقاہ کا ایک تذکرہ ہے، جس میں آپ کی خصوصیات زندگی، تصوف و سلوک کے ضوابط، اجتہادی و تجدیدی انفرادیت، اندازِ تعلیم و تربیت، آپ کے مزاج و مذاق اور اندازِ زندگی کو آپ کے خلیفہ اجل ڈاکٹر عبدالحیؒ عارفیؒ نے بیان کیا ہے۔ ہر مجلس زبانِ حال سے یوں کہتی محسوس ہوتی ہے:

؎ وہ تو وہ ہیں، تمہیں ہو جائے گی الفت مجھ سے   اک نظر تم مرا محبوبِ نظر تو دیکھو

بقول حضرت تھانویؒ صوفیاً نے تصوف کو معمہ بنا رکھا تھا، پس آپ نے از سرِ نو اس کی تجدید کی اور شریعت و طریقت میں صدیوں کے جتنے نشیب و فراز تھے، اُنہیں ہموار کر کے طالبانِ حق اور سالکینِ طریق کو حضور اقدس ﷺ کی چوکھٹ پر لا کھڑا کیا۔ تربیتِ باطن دربارِ رسالت ﷺ سے زیادہ اور کہاں میسر آئے گی؟

فرماتے تھے: بزرگ، قطب یا غوث بننا ہو تو کہیں اور جاؤ اور انسان بننا ہو تو میرے پاس آؤ، انسان بننا فرض ہے بزرگ بننا فرض نہیں، اس لئے کہ انسان نہ بننے سے دوسروں کو تکلیف ہوگی اور بزرگ نہ بننے سے خود ہی کو تکلیف ہوگی۔ نمازِ فجر کے بعد سے طلوعِ شمس تک یہ وقت ذکر اللہ کے لئے عجیب ہے۔ لوگ نماز پڑھ کر سیر کو نکل جاتے ہیں اور فضول باتیں کر کے اس نورانی وقت کو ضائع کر دیتے ہیں، جبکہ سیر کے دوران بھی ذکر اللہ کر کے فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔" Time Management کے سلسلے میں حضرت مولانا تھانویؒ سے بہتر مثال پیش کرنا مشکل ہوگا۔ لوگ آپ کی نشست و برخاست سے اپنی گھڑیاں درست کر لیتے تھے کہ مولانا یہ کام کر رہے ہیں، لہٰذا یہ وقت ہوگا۔ حکیم محمد سعید شہیدؒ آپ ہی کے مرید تھے۔ Time Management کی برکت سے ۸۰ سال کی عمر میں وہ کام کر گئے، جو کوئی دوسرا صدیوں کی عمر پا کر بھی نہ کر پاتا۔

marfat.com
Marfat.com

؎ ہر نفس زانفاسِ عمرت گوہریست　　　گوہر انفاسِ را ضائع مکن
(ترجمہ = تیری عمر کی سانسوں میں سے ہر سانس ایک گوہر ہے، توان گوہروں کو ضائع نہ کر)

مصنف کتاب ہٰذا ہر مسلمان سے درخواست کرتا ہے کہ وہ "مآثر حکیم الامت" کے ۴۹۲ صفحات کو کم از کم ایک مرتبہ ضرور پڑھے یا سن کر اپنی زندگی کو جِلا بخشے۔

۱۷۷۔ سابق حکومت آصفیہ دکن (بھارت) کے جد اعلیٰ حضرت شیخ شہاب الدین مقتول ؒ تھے، جو اپنے نامور ماموں حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی الصدیقیؒ المتوفی (۶۳۲ھ) کے مرید باصفا تھے۔ حضرت مقتولؒ بلا کے ذہین وطباع، فصیح البیان اور فصیح العبارت تھے کہ کوئی شخص ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ سخت ترین ریاضتیں فرمائیں اور سینکڑوں کشف وکرامات آپ سے سرزد ہوئے۔ دوران سیاحت حلب پہنچے، جہاں سلطان مصر ویمن ملک ظاہر بن صلاح الدین یوسف سے ملاقات ہوئی، پھر وہاں کے علماً سے مناظرہ ہوا تو سب شکست کھا گئے اور ملک ظاہر کی نگاہوں سے گر گئے۔ اس بنا پر چند مفسد علماً نے ایک محضر سلطان صلاح الدین کو دمشق بھیجا کہ حضرت مقتولؒ کو قتل کر دینا ضروری ہے، ورنہ یہ جہاں بھی جائے گا فتنہ وفساد کی آگ بھڑکے گی۔ بعض کہتے ہیں انہیں تلوار سے شہید کر دیا گیا اور بقول بعض لوگوں کے قلعے کی دیوار پر سے گرا کر جلا دیا گیا۔ آپ کی شہادت ۵۸۶ھ کے بعد لوگوں نے خواب میں دیکھا کہ حضور سرور عالم ﷺ تشریف فرما ہیں اور ان کی ہڈیوں کو جمع فرماتے جا رہے ہیں اور فرما رہے ہیں: "یہ شہاب الدین کی ہڈیاں ہیں۔"

صاحب طبقات الاطباً نے لکھا ہے کہ اُنہیں دفن کیا گیا تھا۔ سلطان صلاح الدین جیسے زبردست فرماں روا کے دور کا یہ نہایت ہی افسوس ناک واقعہ ہے (اسلامی طب از ابن مظہر قاضی معین الدین رہبر فاروقی (صفحہ ۷۶ تا ۸۰ سے ماخوذ) کاشف پبلشرز، لاہور)۔

۱۷۸۔ حضرت مولانا شفیع الدین نگینویؒ، حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے اجل خلفاً میں سے تھے۔ ۴۵ سال مکہ مکرمہ میں قیام رہا، اس اثناً میں روزانہ خواہ سردی، گرمی، بارش، دھوپ ہوتی، حضرت حاجی صاحبؒ کے مزار پر جاتے اور باقی اوقات میں کعبہ مبارکہ پر نظر جمائے رکھتے، بیٹھے بیٹھے سوتے اور جاگتے، تاکہ کہیں نظر کعبہ شریف سے ہٹ نہ جائے، اس وجہ سے پیر ماؤف ہوگئے تو اپنے مکان کی کھڑکی سے کعبہ مبارکہ کو دیکھا کرتے تھے، اس دوران صرف ایک بار مدینہ منورہ گئے اور اس مرتبہ بھی ایسی دیر ہوئی کہ مکہ مکرمہ پہنچنا مشکل ہوگیا، حضور اقدس ﷺ نے خواب میں تسلی دی اور مکہ مکرمہ پہنچنے کا غیب سے سامان ہوگیا (حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ اور ان کے خلفاً از ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمٰن (صفحہ ۱۶۹ تا ۱۷۰) مجلس نشریات اسلام، کراچی)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۷۹۔ ایک صاحب نے خواب میں دیکھا کہ آنحضور ﷺ سر پر انگریزی ہیٹ پہنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ سے اس کی تعبیر دریافت کی تو انہوں نے فرمایا کہ اب عیسائیت کا غلبہ ہوگا۔ (اور ایسا ہی ہوا) معلوم ہوا کہ تعبیر بڑا دقیق فن ہے اور ہر شخص اس میں مداخلت کا حق نہیں رکھتا۔ (نقش دوام یعنی حضرت مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ کے سوانح اور تحقیقات و تفردات کا ایک بسیط جائزہ (صفحہ ۱۴۴) المکتبہ البنوریہ، علامہ بنوری ٹاؤن، کراچی)۔

۱۸۰۔ محمد بوٹا ولد غلام رسول کھوکھر، بارہ دری، رسول نگر، تحصیل وزیر آباد، ضلع گوجرانوالہ لکھتے ہیں کہ میں بی اے کا طالب علم ہوں اور ہر رات ٹیوشن پڑھنے جاتا ہوں۔ ایک رات جمعہ اور اتوار کی چھٹی پر بحث چل نکلی۔ مجھے بے حد دکھ تھا کہ حکومت نے جمعہ کی بجائے اتوار کی چھٹی کا اعلان کر دیا ہے اور بار بار حضور اقدس ﷺ کی یہ حدیث پاک یاد آ رہی تھی کہ "جس نے غیر قوم کی مشابہت اختیار کی وہ ان ہی میں سے ہے۔" گھر آ کر نماز پڑھی اور اس غم میں روتا رہا کہ حکومت نے ہمارے آقا ﷺ کے فرمان عالی شان کی خلاف ورزی کی ہے۔ اسی حالت میں سو گیا تو مجھے حضور آقائے مدنی ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی۔ آپؐ کے چہرہ اقدس پر غصے کے اثرات نمایاں تھے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "موجودہ حکمرانوں نے جمعہ کی چھٹی ختم کر کے اتوار کی چھٹی کا اعلان کر کے مجھے دکھ دیا ہے، غیروں کا طریقہ اپنا کر میرے دل کو بہت ٹھیس پہنچائی ہے۔" (ماہنامہ "رضائے مصطفےؐ" صفحہ ۴ گوجرانوالہ۔ اپریل ۱۹۹۷ء)۔

۱۸۱۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا ثم مدنیؒ کے روزنامچے سے یہ خواب نقل کیا جاتا ہے۔ زکریا نے خواب دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ کے ہاں ولی اللہ نامی ایک شخص کو بلایا گیا اور اس سے کہا گیا کہ زکریا (شیخ الحدیث) سے کہہ دو کہ تجھے قطب الاقطاب بنا دیا گیا، یہی اپنے آپ کو سمجھے اور لوگوں سے کہہ دے، چنانچہ مجھ سے کہہ دیا گیا۔ خواب ہی میں میں نے سوچا کہ ولی اللہ سے مراد حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نور اللہ مرقدہٗ ہیں اور ان کو ذریعہ بنانے کی وجہ یہ ہوئی کہ میرے دل میں کبھی کبھی حضرت شاہ صاحب کے متعلق یہ خیال آتا رہا کہ شاہ صاحب نے اپنے متعلق یہ الفاظ کیوں تحریر فرمائے؟ پھر خواب ہی میں مجھے خیال ہوا کہ یہ تیرے خیال کی اصلاح ہے۔ تیرے اس خیال نازیبا کی اصلاح مقصود ہے کہ شاہ صاحب نے اس قسم کے الفاظ حکماً لکھے ہیں۔ (مولانا محمد زکریا ثم مدنیؒ کا سفرنامہ افریقہ وانگلینڈ۔ صفحہ ۱۷ تا ۱۸)۔

۱۸۲۔ حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ نے قطب الاقطاب، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا ثم مدنیؒ سے متعلق جناب عبد الحفیظ کا یہ مراقبہ بیان فرمایا کہ حضور ﷺ نے حضرۃ الشیخ کے بارے میں فرمایا: "امام عصرہ و برکۃ دہرہ و ابنی البار" (ماہنامہ "البلاغ" کراچی خصوصی

marfat.com
Marfat.com

اشاعت۔ بیاد مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ'۔ صفحہ ۱۰۹۰)۔

۱۸۳۔ محدث العصر، حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری نوراللہ مرقدہ' نے ایک مرتبہ حضور پرنور ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپؐ نے "ابنی" کے معزز خطاب سے مخاطب فرمایا، جس سے شفقت کے علاوہ نسب کی بھی تصدیق ہوگئی (ماہنامہ بینات۔ کراچی کی خصوصی اشاعت بیاد محدث العصر حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری"۔ صفحہ ۷۴۸)۔

نوٹ= حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری" کا نسبی تعلق حضرت مجدد الف ثانی" کے سب سے بڑے خلیفہ حضرت سید آدم بنوری" سے ہے، جن کی جائے پیدائش بنور تھی۔ بنور سابق ریاست پٹیالہ (مشرقی پنجاب) میں سرہند کے قریب ایک قصبے کا نام ہے (یہ لفظ بغیر تشدید کے بنور ہے)۔

۱۸۴۔ حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری" نے فرمایا کہ ہم نے ابوداؤد شریف، امام العصر حضرت علامہ سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری قدس سرہ' سے پڑھی ہے۔ اس سال حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ہم حضور اقدس ﷺ سے ابوداؤد شریف پڑھ رہے ہیں، بے انتہا مسرت ہوئی اور وہ نقشہ ابھی تک آنکھوں کے سامنے ہے۔ صبح میں نے حضرت الشیخ قدس سرہ' کی خدمت میں یہ خواب عرض کیا تو انہوں نے فرمایا کہ آپ کا پڑھنا قبول ہوگیا، یہ مقبولیت کی بشارت ہے (ماہنامہ بینات، کراچی۔ خصوصی اشاعت بیاد محدث العصر حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری"۔ صفحہ ۴۹۱)

(یہ خواب جہاں پڑھنے والے کے لئے بشارت ہے، وہاں پڑھانے والے کے محدث کامل، متبع سنت اور فنافی الرسول ہونے کی طرف بھی اشارہ ہے)۔

۱۸۵۔ جامعہ علوم اسلامیہ، نیو ٹاؤن، کراچی کے بانی علامہ سید محمد یوسف بنوری" ہیں۔ ایک مرتبہ آپ نے فرمایا کہ ایک متمول اور دیندار شخص کو خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے اس مدرسے کے لئے فرمایا کہ "تم اتنی رقم اس کے لئے مقرر کر دو۔" اس قسم کے منامات صالحہ اور بھی ہیں (ہفت روزہ خدام الدین کا علامہ بنوری نمبر (صفحہ ۹۹) شیرانوالہ گیٹ، لاہور)۔

۱۸۶۔ مولانا سید محمد زکریا بنوری" ۱۲۹۵ھ کے لگ بھگ پشاور میں مولانا سید مزمل شاہ بنوری کے گھر پیدا ہوئے، ذریعہ معاش تجارت تھا، عمر کے آخری ۳۰ سال یاد خدا میں گزارے، آپ علامہ سید محمد یوسف بنوری" کے والد بزرگوار تھے، سو سال کی عمر پاکر ۲۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۵ھ بمطابق ۵ جون ۱۹۷۵ء بروز جمعرات کراچی میں وصال فرمایا اور تدفین وہیں عمل میں آئی۔ فرماتے تھے: مجھے تین چیزوں سے محبت ہے۔ اللہ تعالیٰ سے، حضرت رسول اللہ ﷺ اور

marfat.com
Marfat.com

اپنے خوابوں سے۔ ۱۶ برس کی عمر سے ۲۰ برس کی عمر تک ایک سو سے زیادہ مرتبہ حضرت رسول پاک ﷺ کی خواب میں زیارت بابرکت سے شرف یابی ہوئی اور آخر تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ آپ نے اپنے تمام خوابوں کو جمع کر کے "المبشرات" نام رکھا اور ان کی تعبیرات "عبیر المسرات" کے نام سے لکھی۔ (کاش! یہ خواب اردو زبان میں ترجمہ کر کے شائع کر دیے جائیں تو کس قدر مفید ثابت ہوں) آپ باقاعدہ عالم تھے۔ عربی، فارسی اور اردو زبان میں آپ کی کئی تصانیف بھی ہیں (ماہنامہ "الرشید" لاہور کا دارالعلوم دیوبند نمبر۔ صفحہ ۴۳۷ تا ۴۳۸)۔

۱۸۷۔ آج ۲۵ دسمبر ۱۹۷۳ء بمطابق ۲۹ ذیقعدہ ۱۳۹۳ھ ہے۔ اب سے دس بارہ سال قبل راقم الحروف انوار الحسن نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کے روضہ اطہر پر کھڑا ہوں، دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ آپؐ کا چہرۂ انور دیکھوں، ناگاہ مزار سے ملبہ مٹی وغیرہ علیحدہ ہونا شروع ہو گئی اور کفن میں چھپا ہوا جسد اطہر نظر آیا، پھر خواہش ہوئی کہ کاش! چہرۂ انور سے کفن ہٹ جائے، چنانچہ کفن ہٹ گیا اور رخ روشن نظر آیا، مگر آپؐ کی آنکھیں بند تھیں۔ میری خواہش تھی کہ کاش! سرکار مدینہ ﷺ آنکھیں کھولیں، اچانک آنکھیں کھل گئیں اور نگاہیں مبارک سیدھی مجھ پر پڑیں۔ میں نے فوراً کہا "السلام علیکم یارسول اللہ ﷺ!" حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: "وعلیکم السلام۔" پھر آپؐ اٹھ بیٹھے مگر جسم مبارک کفن کے کپڑے سے چھپا ہوا تھا، سر ننگا تھا، پٹے نظر آرہے تھے اور ریش مبارک مقطع تھی۔ بیٹھ کر ارشاد فرمایا کہ "تم کہاں کے رہنے والے ہو؟" میں نے عرض کیا کہ حضور (ﷺ)! میں شیر کوٹ کا رہنے والا ہوں۔ میرے ہمراہ میرا چچا زاد بھائی مشیر الحسن بھی پیچھے کھڑا تھا۔ حضور ﷺ نے اس کے متعلق پوچھا: "یہ کون ہیں"؟ میں نے اس سوال کا جواب دیا، پھر آپؐ نے فرمایا: "کبھی کبھی آیا کرو" (خواب ختم ہوا) اس خواب نے جو سرور بخشا اس کا اندازہ لگانا بہت مشکل ہے (سیرت یعقوب و مملوک تالیف پروفیسر مولانا محمد انوار الحسن شیر کوٹی۔ صفحہ ۱۳۲۔ مکتبہ دارالعلوم، کراچی نمبر ۱۴)۔

۱۸۸۔ رمضان المبارک ۱۱۳۵ھ میں میر غلام علی آزاد بلگرامی نے دہلی میں حضرت شاہ کلیم اللہ چشتیؒ کی زیارت کی۔ حضرت میر عبد الواحد بلگرامیؒ کا ذکر آگیا تو شاہ صاحبؒ نے حضرت میرؒ کے مناقب و فضائل دیر تک بیان کئے اور فرمایا کہ ایک شب میں نے مدینہ منورہ میں بستر خواب پر عالم واقعہ میں دیکھا کہ میں اور سید صبغت اللہ بروچیؒ ایک ساتھ دربار اقدس رسالت پناہ ﷺ میں حاضر ہوئے اور دیکھا کہ وہاں صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور اولیائے عظامؒ کی ایک بڑی جماعت موجود ہے اور ان میں ایک صاحب ہیں کہ حضور سید عالم ﷺ ان سے تبسم اور شیریں لبی سے گفتگو فرما رہے ہیں اور ان کے حال پر نہایت توجہ اور التفات فرماتے ہیں،

marfat.com
Marfat.com

جب مجلس مبارک تمام ہو چکی تو میں نے سید صبغت اللہ سے پوچھا کہ یہ کون صاحب تھے کہ حضور اقدس ﷺ ان سے اس قدر التفات فرماتے تھے۔ انہوں نے جواب دیا: میر عبدالواحد بلگرامیؒ...... اور ان کے احترام کا سبب یہ ہے کہ ان کی تصنیف ''سبع سنابل'' جناب رسالت مآب ﷺ میں مقبول ہوئی ہے۔ یہ میر صاحب کی مشہور ترین تصنیف ہے جو سلوک و عقائد کے بیان میں ہے (کاشف الاستار (صفحہ ۴۱) اصح التواریخ ج اصفحہ ۱۶۸۔ ماثر الکرام از میر غلام علی آزاد بلگرامی، صفحہ ۲۹)۔

۱۸۹۔ مخدوم شیخ نور قطب عالم پنڈویؒ کی نماز جنازہ میں شرکت کے لئے مخدوم جہانیاں قدس سرہ' بھی تشریف لائے تو بادشاہ وقت بھی حاضر تھا۔ فارغ ہونے کے بعد بادشاہ نے حضرت مخدومؒ سے عرض کیا کہ غلام کی یہ آرزو ہے کہ غریب خانہ بھی آپ کے مبارک قدموں سے مشرف ہو جائے۔ حضرت مخدومؒ نے قبول فرمالیا اور ایک روز بادشاہ کے محل میں تشریف لائے۔ بادشاہ نے اپنے تمام امراء و وزراء سمیت آپ کا بہت اعزاز و اکرام کیا، البتہ ایک دانشور نے کہا: اے بادشاہ! کیا سبب ہے کہ آپ نے ایک بدعتی کی اتنی تعظیم و تکریم کی؟ بادشاہ کو بہت برا معلوم ہوا اور پوچھا کہ انہوں نے کون سی بدعت کی ہے؟ اس نے کہا: آپ شرع کا قول جانتے ہیں کہ التعریف لیس بشیء (تعریف کوئی چیز نہیں)۔ حضرت مخدومؒ اس وقت نماز مغرب میں مشغول تھے، اس لئے بادشاہ چپ رہا، جب فارغ ہوئے تو دانشور نے حضرت مخدومؒ سے کہا کہ آپ خاموش کیوں ہیں؟ جواب دینا چاہیے۔ حضرت مخدومؒ نے بارگاہ رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی جانب توجہ کی، تو حضرت رسول اللہ ﷺ نے التفات فرمایا۔ آپ نے وہاں سے جواب حاصل کیا اور فرمایا کہ دیکھو! یہ رسول اللہ ﷺ کی روح مبارک تشریف فرما ہے، آپؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ یہ میری سنت ہے۔ اس دانشور نے یہ سن کر کہا: اے لوگو! یہ شخص پہلے تو صرف بدعتی تھا، اب کافر ہو گیا، جو شخص یوں کہے کہ فلاں کی روح میرے پاس ہے، وہ غیب کی خبر دیتا اور کافر ہو جاتا ہے۔ حضرت مخدومؒ نے یہ سن کر فرمایا کہ تعجب ہے تیری زبان تالو میں برقرار ہے۔ (فوراً ہی) اس کی زبان ایک ہاتھ باہر نکل آئی، وہ فرش پر گر پڑا اور مر گیا۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ اس گستاخ بیباک کو اٹھاؤ اور اس کے گھر پہنچا دو۔

معدن الحقائق شرح کنز الدقائق میں ہے کہ ''تعریف'' یہ ہے کہ لوگ عرفہ کے روز، میدان عرفات کے علاوہ کسی اور مقام میں حجاج کی مانند جمع ہوں، وہاں وقوف کریں، دعا مانگیں اور گریہ و زاری میں مشغول رہیں تاکہ حاجیوں سے تشبیہ ہو جائے۔ نہایہ شرح ہدایہ میں ہے کہ ''تعریف'' واجب یا سنت موکدہ نہیں، بلکہ مستحب ہے۔ امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ

marfat.com
Marfat.com

سے روایت ہے کہ وہ مکروہ نہیں کیونکہ ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے بصرہ میں یہ فعل کیا (سبع سنابل کا اردو ترجمہ (صفحہ ۳۹۶ تا ۳۹۷) حامد اینڈ کمپنی، اردو بازار، لاہور)۔

۱۹۰۔ مولوی احمد الدین صاحب، تاج المحدثین حضرت مولانا خلیل احمد ثم مدنی ؒ کے ایک پرانے شاگرد تھے۔ وہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ حدیث کا سبق ہو رہا تھا کہ ہمارے استاد حضرت مولانا خلیل احمد پر غنودگی طاری ہوگئی جو دیر تک رہی، طلبہ کی خاصی تعداد تھی اور سب کو بے وقت نیند پر تعجب ہوا۔ نیند سے بیدار ہو کر حضرتؒ نے فرمایا: الحمد للہ! اس وقت دربار نبوی ﷺ میں حاضر تھا، دیر تک باتیں ہوئیں اور مسائل حدیث شریف پیش تھے (تذکرۃ الخلیل از مولانا محمد عاشق الٰہی میرٹھی ؒ (صفحہ ۱۱۹) مکتبہ قاسمیہ، سیالکوٹ)۔

۱۹۱۔ تاج المحدثین حضرت مولانا خلیل احمد ثم مدنی ؒ بزمانۂ طالب علمی ایک مرتبہ اتنے بیمار ہوئے کہ کسی کو زیست کی امید نہ رہی۔ والد نے رتھ کرائے پر لیا اور آپ کو سہارنپور (یو۔پی، بھارت) کے ایک حاذق حکیم کے پاس لے جانا چاہا۔ اسی رات تاج المحدثینؒ نے خواب دیکھا کہ مدینہ منورہ میں حاضر ہوں اور بڑے ذوق و شوق سے صلوٰۃ و سلام پڑھ رہا ہوں، دفعتاً دروازہ کھلا اور میں سلام پڑھتا اندر داخل ہو گیا، معلوم ہوا کہ سرور دو عالم ﷺ ملا اعلیٰ کی سیر کو تشریف لے گئے ہیں، تھوڑی دیر بعد حضور اقدس ﷺ ایک تخت پر تشریف لائے، دائیں جانب حضرت صدیق اکبر اور بائیں طرف حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہم تھے، میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو دیکھتے ہی پھر الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ پڑھنا شروع کر دیا، آپؐ نے میری جانب رخ فرما کر پوچھا کیا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ بیماری کی وجہ سے پڑھنا رہ گیا ہے، آپؐ میرے لئے دعا فرما دیجیے کہ صحت ہو جائے۔ فرمایا: تو اچھا ہے یا اچھا ہو گیا (صحیح لفظ یاد نہیں رہا)۔ اس کے بعد آنکھ کھل گئی، صبح اٹھا تو آرام معلوم ہوتا تھا، پھر بھی والد صاحب رتھ پر مجھے حکیم کے پاس سہارنپور لے گئے۔ حکیم صاحب نے نبض دیکھ کر والد صاحب سے کہا کہ پیر صاحب جی! تمہارا لڑکا تو بالکل اچھا ہے، صرف نقاہت و ضعف باقی ہے، سو معجون کا نسخہ لکھے دیتا ہوں، اسے کھلائیں، ضعف بھی جاتا رہے گا (تذکرۃ الخلیل۔ صفحہ ۲۲۱ تا ۲۲۲)۔

۱۹۲۔ تاج المحدثین حضرت مولانا خلیل احمد ثم مدنیؒ کے حقیقی بھائی مولوی انوار احمد فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ جائیداد کی مشترکہ آمدنی پر میری غلط فہمی سے مجھے بھائی صدیق احمد کی طرف سے کبیدگی ہوگئی اور میں کشیدہ ہو بیٹھا۔ میں نے خواب دیکھا کہ کسی بلند جگہ پر کھڑا ہوں، جو نہ زمین ہے نہ آسمان اور ایک خوش نما بنگلہ تعمیر ہو رہا ہے، جس کے معمار مسلمان ہیں۔ میں نے ان سے پوچھا یہ بنگلہ کس کا ہے؟ بتایا گیا کہ آپ کے بھائی مولوی صدیق احمد کا۔ باہر دیکھا تو ایک

marfat.com
Marfat.com

نہر، ایک چھوٹی سی خوبصورت مسجد اور صدہا چھوٹے بڑے بنگلے تیار نظر آئے مگر مکین کسی میں نہیں، دوبارہ نظر اٹھائی تو ایک عالی شان عمارت نظر آئی، میں اس کے اندر داخل ہوا تو دیکھا کہ سرورِ دو عالم ﷺ مع خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم تشریف فرما ہیں، فرطِ شوق سے کئی منٹ قدم چومتا رہا، غلبہ سرور سے میری آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے، دفعتاً آنکھ کھل گئی تو دیکھا کہ آنسو جاری تھے، پھر آنکھ لگ گئی اور یہی خواب دیکھا، حتیٰ کہ تین بار یہی پیارا منظر نظر آیا، اس خواب کی وجہ سے بھائی کے ساتھ بدظنی جاتی رہی اور پھر ہم بھائیوں میں کبھی رنجش نہیں ہوئی (تذکرۃ الخلیل۔ صفحہ ۲۲۲ تا ۲۲۳)۔

۱۹۳۔ چوہدری حافظ مختار احمد صاحب نے خواب دیکھا کہ وہ چت لیٹے ہیں، سر کے برابر سیدھی جانب ایک مونڈھ پر حضرت رسول اللہ ﷺ تشریف فرما ہیں، قلب بائیں جانب کے بجائے دائیں جانب ہے، کھلا ہوا ہے نہ اس پر کپڑا ہے نہ گوشت، کھال کو چیر کر اس کے اوپر سے ہٹادیا گیا ہے اور قلب کے مقابل حضرت یوسف علیہ السلام ہیں۔ مجھ پر آپ کی طرف سے فیضان کا ترشح ہو رہا ہے، جس کی لذت ۲۲ سال گزر جانے کے بعد اب بھی محسوس ہوتی ہے۔ خواب ہی میں خیال آیا کہ نور بھرا جارہا ہے۔ چند علماء سے ذکر کیا مگر تعبیر دل کو نہ لگی، جبکہ تاج المحدثین حضرت مولانا خلیل احمد ثم مدنیؒ نے خواب سن کر فرمایا: بارک اللہ، بہت اچھا خواب ہے، آپ کو نسبت یوسفی حاصل ہے۔ چوہدری صاحب نے وضاحت چاہی تو فرمایا: جس طرح دنیا میں انعام واکرام عطا ہوتا ہے وہ حقیقتاً بادشاہ کی جانب سے ہوتا ہے، مگر اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ شاہی خزانے سے وزراء کو دیا جاتا ہے، وہ اپنے محکمے کے سردار کو دیتے ہیں، سردار اپنے ماتحت افسر اور مستحق فرد کو دیتا ہے، اسی طرح حق تعالیٰ کی طرف سے جو روحانی فیوض وبرکات بندوں کو عطا ہوتے ہیں وہ سردارِ دو جہاں ﷺ کے واسطے سے سیدنا یوسف، سیدنا موسیٰ، سیدنا عیسیٰ غرض جملہ انبیاء علیہم السلام تک پہنچتے ہیں، یہ حضرات اپنی صفات اور کمالات خصوصی کی بناء پر جس جس محکمے کے سردار اور امیر قافلہ قرار پائے ہیں، اُسی خصوصی انعام سے بہرہ یاب ہونے والوں کو وہ فیوض وانعامات الٰہیہ پہنچاتے ہیں، وہی صفات خصوصی نسبت کہلاتے ہیں کہ کوئی نسبت ابراہیمی ہے تو کوئی نسبت یوسفی، کوئی موسوی اور کوئی عیسوی۔ اس وقت چوہدری صاحب کو انشراح صدر ہوا اور سمجھے کہ سر کی جانب سرورِ دو عالم ﷺ کا تشریف فرما ہونا اور قلب کے محاذ میں سیدنا یوسف علیہ السلام کا قلب پر انوار و برکات کا ڈالنا یہ حقیقت رکھتا ہے (تذکرۃ الخلیل۔ صفحہ ۲۵۹ تا ۲۶۰)۔

۱۹۴۔ تذکرۃ الخلیل کے مصنف حضرت مولانا محمد عاشق الٰہی میرٹھیؒ نے اپنی اہلیہ کے ہمراہ

marfat.com
Marfat.com

۱۳۴۰ھ بمطابق ۱۹۲۲ء کو حج کیا۔ اس سال بدامنی اور شورش کچھ زیادہ ہی تھی۔ قافلہ مدینہ منورہ جاتے ہوئے منزل خیف میں محبوس ہو گیا اور ۲۸ دن ہم پانچ سو اونٹوں کے مسافر کھلے میدان میں قید رہے کہ جب تک دس گنی فی شغدف (مسافروں کے بیٹھنے کے لئے اونٹ کی پیٹھ پر رکھا ہوا ہودج) نہ دیں گے، آگے نہ جا سکیں گے۔ قافلے میں چاروں طرف سے عورتوں کے نوحہ اور بین کی آوازیں آتیں اور اچھے اچھے سراسیمہ دکھائی دیتے۔ بدوؤں کا اصرار کہ لاؤ اور قافلے کا انکار کہ پیسے پاس نہیں۔ دفعتاً اعلان ہوا کہ حملہ ہو کر قتل عام ہوا چاہتا ہے۔ اس خبر نے چاروں طرف گریہ وبکا کا کہرام مچا دیا۔ اسی پریشانی کے عالم میں میری اہلیہ کی آنکھ لگ گئی اور اس نے خواب دیکھا کہ حضرت تاج المحدثین مولانا خلیل احمد سہارنپوری ثم مدنیؒ موجود ہیں اور اونٹ کی مہار تھام کر پہاڑ کے اوپر چڑھ رہے ہیں۔ ادھر بندہ (مولانا محمد عاشق الٰہی میرٹھیؒ) نے خواب دیکھا کہ جناب رسول اللہ ﷺ تشریف فرما ہیں اور غایت حزن میں گردن جھکائے بیٹھے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت صدیقہؓ سے کوئی قصہ ہوا ہے، اس لئے میں اس سعی میں ہوں کہ صفائی کراؤں تاکہ حضرت ﷺ کا ملال رفع ہو۔ آنکھ کھلی تو رہائی کا سامان ہو چکا تھا، مجھے اٹھنا پڑا کہ بدوؤں اور اہل قافلہ میں سمجھوتہ ہو گیا تھا اور یوں دس محرم کا محبوس قافلہ دس صفر کو مدینہ منورہ میں داخل ہوا (تذکرۃ الخلیل۔ صفحہ ۳۸۲ تا ۳۸۴ سے ماخوذ)۔

۱۹۵۔ شیخ سعید تکرونی مدنی فرماتے ہیں کہ مجھے ہمیشہ سے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کا بہت شوق تھا، بہت دعائیں مانگیں، مگر کامیاب نہ ہوا۔ جس زمانے میں حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری ثم مدنیؒ مدینہ منورہ تشریف لائے تو اس سے قبل کہ مولانا سے میری شناسائی ہو، میں نے خواب دیکھا کہ سرور دو عالم ﷺ تشریف فرما ہیں۔ مجھ سے کسی نے کہا کہ یہ رسول اللہ ﷺ ہیں، ایک ہندی عالم خلیل احمد نامی انتقال کر گیا ہے، لہٰذا ان کے جنازہ میں شرکت کے لئے تشریف لائے ہیں۔ میں نے اپنا خواب اسی زمانہ میں مولانا شیخ الفا ہاشم سے بیان کیا، جب مولانا زکریا صاحب وغیرہ ہندوستان واپس آئے تو مولانا خلیل احمدؒ واپس نہ ہوئے۔ مولانا شیخ الفا ہاشم نے مجھ سے کہا کہ تمہارے خواب کی صداقت کے بعض قرائن ظاہر ہو رہے ہیں کہ مولانا نے مدینہ منورہ میں اقامت کی نیت کر لی ہے۔ مولانا خلیل احمدؒ پر آخر زمانے میں بات بات پر گریہ طاری ہو جاتا تھا اور سوز و گداز بہت بڑھ گیا تھا۔ ایک مرتبہ کسی نے عرض کیا: حضرت ہندوستان کا کب تک ارادہ ہے؟ تو چشم پر آب ہو گئے اور فرمایا: اب تو بقیع کا ارادہ ہے اور چھ ماہ بعد بعمر ۷۷ سال جنت البقیع میں جا سوئے (تذکرۃ الخلیل۔ صفحہ ۴۶۹ تا ۴۷۰)۔ آپ نسباً حضرت ابو ایوب انصاریؓ سے متعلق ہیں اور دسویں پشت پر اپنے شیخ حضرت مولانا رشید احمد

marfat.com
Marfat.com

گنگوہیؒ سے آپ کا سلسلہ جاملتا ہے۔ آپ جید عالم اور مستجب الدعوات کامل ولی تھے۔ آپ کی سوانح حیات "تذکرۃ الخلیل" پڑھنے کی چیز ہے، جسے پاکستان میں بار بار شائع ہونا چاہیے۔ (سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ حصہ اول کا چوتھا خواب آپ ہی سے متعلق ہے)۔ آپ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا سہارنپوری ثم مدنیؒ کے شیخ تھے۔

۱۹۶۔ فخر العارفین حضرت سید شاہ محمد عبد الحیٔ اسلام آبادیؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے اپنی تعلیم کے آخری سال ایک خواب دیکھا تھا اور اسی سال ہم جمیع علوم سے فارغ ہوئے تھے۔ خواب یہ ہے کہ حضرت رسول مقبول ﷺ آگے آگے تشریف لے جا رہے ہیں اور میں تنہا پیچھے پیچھے آنحضرت ﷺ کے نقش قدم پر چل رہا ہوں۔ مجھے اس خواب سے بے حد سرور حاصل ہوا، مگر فکر مند تھا کہ اس خواب کے کیا معنی ہیں؟ اب ۱۸ سال بعد کچھ کچھ معنی سمجھ میں آرہے ہیں (سیرت فخر العارفین مولفہ حضرت مولانا حکیم سید سکندر شاہؒ، کتب خانہ رحیمیہ، اردو بازار، دہلی)۔

۱۹۷۔ فخر العارفینؒ نے میاں محمد حسین غازی پوری سے کہا: جمعرات کے دن آنا، تمہیں سلسلہ عالیہ میں داخل کرلیں گے۔ مرید کرلیا تو تعلیم و تلقین کے بعد ان سے ارشاد ہوا کہ آنکھیں بند کر کے مراقب ہو جاؤ۔ کچھ دیر بعد ارشاد ہوا: آنکھیں کھول لیں اور دریافت کیا: محمد حسین تم نے کیا دیکھا؟ عرض کیا: اس وقت یہ غلام دربار رسالت مآب ﷺ کی زیارت اور حضوری کے شرف سے بہرہ ور ہوا۔ فرمایا: محمد حسین ہزاروں اسی تمنا اور آرزو میں مر گئے، جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں آج نصیب فرمائی۔

ہندوستان میں یہ آپ کا پہلا دن تھا، جب تعلیم طریقت اور اشاعت سلسلہ عالیہ کی ابتدا فرمائی، جس کا پہلا روز ایسا پُرفیض و بابرکت ہو کہ مرید کو ایک توجہ میں زیارت نبوی ﷺ حاصل ہو جائے، بھلا اس مبارک ذات کے آخری زمانے اور انتہائی کمالات و فیوض کا کیا اندازہ اور کیا حصر و بیان ہو سکتا ہے (سیرت فخر العارفین، حصہ اول صفحہ ۵۱ تا ۵۲)۔

۱۹۸۔ فخر العارفینؒ نے فرمایا: شیخ کے سامنے اپنے آپ کو جاہل سمجھنا بڑی بات ہے، پھر یہ حکایت ارشاد فرمائی: ایک طالب علم مرید ہونے کے لئے ایک بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو انہوں نے فرمایا: ہم لوح محفوظ دیکھ کر کہتے ہیں کہ تمہارا نام ہمارے مریدوں میں نہیں ہے، تم مولانا عبد الرحیم کے مرید ہو۔ یہ طالب علم ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے طالب علم سے پوچھا کہ آپ نے حضور سرور کائنات ﷺ کو دیکھا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ اس سوال و جواب کے بعد مولانا نے فرمایا: اچھا بیت المقدس جاؤ اور حضرت سرور کائنات ﷺ کو دیکھ کر چلے آؤ۔ طالب علم فوراً روانہ ہو گئے اور یہ دریافت نہیں کیا کہ حضرت

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ ﷺ کی ولادت مکہ مکرمہ میں ہوئی اور وصال مدینہ منورہ میں ہوا، آپ مجھے بیت المقدس کیوں بھیج رہے ہیں؟ وہ سیدھے بیت المقدس پہنچے اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی اس مسجد میں گئے، جسے انہوں نے جنوں سے تعمیر کرایا تھا، جوں ہی مسجد میں قدم رکھا ان پر انکشاف ہو گیا اور دیکھا کہ عرش و کرسی سب جگہ حضور اقدس ﷺ جلوہ افروز ہیں۔ اسی لئے تو کسی نے کہا ہے: ع محمدؐ سر وحدت ہے کوئی رمز اس کی کیا جانے

(سیرت فخر العارفین، حصہ اول۔ صفحہ ۱۸۹ تا ۱۹۰)۔

۱۹۹۔ فخر العارفینؒ نے فرمایا کہ ڈپٹی فیض اللہ خان مرحوم نے خواب دیکھا کہ یہ تخت (چوکی) جس پر ہماری نشست رہا کرتی ہے، اس پر کبھی تو حضور رسول مقبول ﷺ تشریف فرما ہیں، اور جب آپؐ تشریف لے گئے تو انہوں نے ہمیں دیکھا کہ اس جگہ پر بیٹھے ہیں، ہم چلے گئے تو حضرت رسول مقبول ﷺ کو تشریف فرما دیکھا۔ انہوں نے (ایک بار نہیں بلکہ) بارہا خواب میں دیکھا کہ یہ چوکی خالی نہیں رہتی۔ اس مقام پر یا تو حضرت سرور کائنات ﷺ کو بیٹھے دیکھا یا ہمیں۔ اللہ جانے اس میں کیا بھید ہے؟ (سیرت فخر العارفین، حصہ اول۔ صفحہ ۳۴۳)

۲۰۰۔ فخر العارفین کے ایک مرید نے خواب دیکھا کہ آسمان سے ایک پالکی اتری، جس میں ایک عالی شان بزرگ با ہزاراں ہزار عز و وقار و جاہ و جلال جلوہ افروز ہیں اور ہمارے حضرت قبلہ (یعنی فخر العارفینؒ) کو دیکھا کہ اس پالکی کے پاس مودب نگاہ نیچی کیے تشریف رکھتے ہیں اور ان بزرگ کے قدوم مقدسہ کی خدمت مریدانہ میں بکمال ذوق و شوق مشغول ہیں۔ خواب ہی میں معلوم ہوا کہ جو سواری آسمان سے نازل ہوئی اس میں حضرت سرور کائنات، فخر موجودات علیہ التحیۃ والتسلیمات جلوہ افروز ہیں اور آپؐ پالکی میں لیٹے ہوئے تھے۔ اس خواب کو سن کر حضرت قبلہؒ آبدیدہ ہو گئے اور فرمایا: ہمارے حجرے میں سے جو چیز تمہارا جی چاہے لے لو۔ میں نے عرض کیا کہ کوئی عطیہ دست مبارک سے عطا ہو جائے تو آپ نے حمائل شریف عطا فرمائی (سیرت فخر العارفین، حصہ اول۔ صفحہ ۳۴۴)۔

۲۰۱۔ فخر العارفین کے ایک اور مرید مولوی فضل الرحمٰن صاحب نے خواب دیکھا کہ حضرت قبلہ (یعنی فخر العارفینؒ) کے حجرہ شریف میں حضور اقدس ﷺ جلوہ فرما ہیں۔ آپؐ کے روبرو ایک مہر رکھی ہوئی ہے، جس پر بخط نورانی لکھا ہے: **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** اور یہی مہر آپؐ کی پشت مبارک پر بھی کندہ ہے۔ حضور ﷺ نے یہی مہر اس بندے کی پشت پر بھی لگا دی، مگر وہ زیادہ چمکیلی نہیں ہے۔ اتنے میں دیکھا کہ حضرت قبلہؒ تشریف لائے اور حضرت سرور کائنات ﷺ کے حسب ایماء ہمارے حضرتؒ نے مجھ پر مہر لگا دی۔ یہ بھی پہلے کی طرح

marfat.com
Marfat.com

تھی اور یہ ارشاد فرمایا: اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ جسے پسند فرما لیتے ہیں، یہ مہر میں اس پر لگاتا ہوں اور کسی کی سفارش پر نہیں لگاتا (سیرت فخر العارفین، حصہ اول۔ صفحہ ۳۳۴ تا ۳۳۵)۔

۲۰۲۔ فخر العارفینؒ نے اپنے عاشق مرید ڈاکٹر محمد علی غازی پوری سے فرمایا کہ تمہارے ایک پیر بھائی نے خواب دیکھا کہ صحن خانقاہ میں لیچی کا سا ایک درخت ہے، جناب رسول کریم ﷺ اس کے نیچے تشریف فرما ہیں اور ہم بھی ہیں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ بے حد خوش ہیں اور ہم سے فرماتے ہیں کہ "یہ پکا ہے اور یہ چھوٹا" اور اس میں سے ایک پھل توڑ کر خواب دیکھنے والے کو عطا فرمایا۔ اس خواب کو دیکھنے کے بعد انہیں کو خلافت مل گئی۔ فرمایا: یہ خواب صحیح ہے کیونکہ حضرت رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے، کس بات پر خلافت ملتی ہے کچھ پتہ نہیں، یہ سب باتیں ہمارے اختیار میں نہیں ہیں (سیرت فخر العارفین، حصہ سوم۔ صفحہ ۱۴۷)۔

۲۰۳۔ فخر العارفینؒ کے مرید خواجہ عبد القدیر بنارسی صاحب نے خواب دیکھا کہ ایک ریگستانی مقام پر ایک بستر زمین پر ایک گڑھے کے قریب لگا ہوا ہے اور بندہ اسی بستر کے پاس مودب کسی کے انتظار میں بیٹھا ہے، بندے کے بائیں طرف حضرت سیدنا فاروق اعظم اور سیدنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم تشریف فرما ہیں، تھوڑی دیر بعد حضور اقدس ﷺ بہ لباس کرتہ اور پاجامہ تشریف لائے اور اسی بستر پر بعنوان استراحت جلوہ افروز ہوئے اور چند ہی ساعت میں وصال فرماگئے، بندہ بہت مغموم اٹھا، بستر کے مغرب رخ ایک مکان تھا، میں نے اسے بند کر کے تالا لگا دیا اور چابی اپنے پاس رکھی تو اس پر حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اچھا کیا مگر چابی یہیں رہنے دو، دستور یہی ہے، اس کے اٹھانے والے حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، تم جا کر انہیں خبر کر دو کہ حضور ﷺ کا وصال ہو گیا ہے۔ بندہ راستے میں لوگوں کو یہ خبر دیتا ہوا روانہ ہو گیا اور یہ کہتا جا رہا تھا کہ سامنے سے ایک شخص نے ہاتھ اٹھا کر کہا کہ یہ کیا حضرت صدیق اکبر چلے آ رہے ہیں؟ یہ سنتے ہی بندے کو خیال ہوا کہ ہمارے یہ پیر بھائی صاحب محترم حضرت صدیق اکبر ہیں، تو حضور ﷺ ہمارے حضرت قبلہ ہوں گے (یعنی فخر العارفین)، بندہ پھر مڑ کر جائے وصال حضرت رسول اللہ ﷺ کی طرف دیکھنے لگا، تو کیا دیکھتا ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی نعش مبارک تو نہیں ہے، البتہ اسی بستر پر ہمارے حضرت قبلہ تشریف فرما اور تبسم کناں ہیں اور فرماتے ہیں: آؤ میاں عبد القدیر آؤ۔ جب میں نے یہ خواب حضرت قبلہ و کعبہ کو سنایا تو فرمایا: یہ خواب سچا ہے، اللہ تمہیں کامیاب کرے، اس خواب کو لکھ رکھو، اس میں جو پیچیدگی ہے ابھی نہیں سمجھو گے، تمہارا وہ پیر بھائی ہم سے محبت رکھتا ہے۔ (سیرت العارفین حصہ سوم۔ صفحہ ۳۱۵ تا ۳۱۶)۔

marfat.com
Marfat.com

قطب زماں، فخر العارفین، سیدنا و مولانا شاہ محمد عبدالحیٰ کا مولد و مسکن موضع مرزا کھیل شریف، نواح اسلام آباد ہے۔ (جسے شہر سبز اور چاٹگام بھی کہتے ہیں) بنگال کے اس خطہ پاک میں ہمیشہ اہل علم، ارباب کمال اور اولیأ اللہ پیدا ہوتے رہے۔ سندھ اور اسلام آباد ملک ہندوستان کے ایسے دو حصے ہیں، جو برکات عرب سے سب سے پہلے فیض یاب ہوئے۔ آپ کے والد ماجد غوث زماں، شیخ العارفین، سیدنا و مولانا حضرت شاہ مخلص الرحمٰن الملقب جہانگیر شاہ (۱۲۲۹ تا ۱۳۰۲ھ) نہایت کامل و اکمل بزرگ تھے۔ آپ کا روضہ مرزا کھیل شریف میں ہے۔ حضرت فخر العارفینؒ (۱۲۷۶ تا ۱۳۳۹ھ) نے درسی کتب زیادہ تر لکھنو میں حضرت مولانا عبدالحیٰ فرنگی محلیؒ سے پڑھیں۔ آپ طریقۃً قادری، چشتی اور ابوالعلائی ہیں۔ بنگال کے مشہور ترین اولیأ اکرام میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ مرزا کھیل شریف میں آپ کا روضہ مرجع خلائق ہے۔ سیرت فخر العارفین، حصہ اول کے صفحہ ۱۱۷ تا ۱۱۸ پر "رویت ہلال" کے سلسلے میں تحریر ہے کہ حضرت فخر العارفینؒ نے فرمایا: نزہت المجالس میں ہے کہ رمضان گذشتہ کی پانچویں جس دن ہو، رمضان آئندہ کی پہلی اس دن ہو گی اور اس کا امتحان پچاس برس کیا گیا اور صحیح پایا۔

عبدالرحمٰن صیفوری کی کتاب "منتخب النفائس" میں لکھا ہے کہ سیدنا حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ رمضان حال کی پانچویں تاریخ جس دن ہو، آنے والے رمضان کی پہلی تاریخ اسی دن ہو گی۔ تجربے سے یہ بات درست نکلی۔ اس کتاب میں لکھا ہے کہ حضرت ابوالحسن خرقانیؒ فرماتے ہیں کہ جب سے میں بالغ ہوا، اس حساب سے کبھی میری شب قدر فوت نہیں ہوئی۔ حساب یہ ہے:-

پہلا روزہ پیر کا ہو تو شب قدر ۲۱ویں شب رمضان کو ہوتی ہے۔
پہلا روزہ ہفتے کا ہو تو شب قدر ۲۳ویں شب رمضان کو ہوتی ہے۔
پہلا روزہ جمعرات کا ہو تو شب قدر ۲۵ویں شب رمضان کو ہوتی ہے۔
پہلا روزہ منگل یا جمعہ کا ہو تو شب قدر ۲۷ویں شب رمضان کو ہوتی ہے۔
پہلا روزہ بدھ یا اتوار کا ہو تو شب قدر ۲۹ویں شب رمضان کو ہوتی ہے۔

حضرت فخر العارفینؒ فرماتے ہیں کہ میرے استاد مولانا عبدالحیٰ فرنگی محلیؒ نے ایک کتاب میں لکھا ہے کہ میں نے سالہا سال اس کا تجربہ کیا اور اسے درست پایا۔ فرمایا کہ خود میں نے ایک عرصہ دراز اس کا تجربہ کیا اور اسے درست پایا، اگر شب قدر کو ۱۲ گھنٹے کا مان لیا جائے تو اس کے ہر منٹ کا ثواب عام دنوں میں تقریباً ۴۲ دن عبادت کرنے کے ثواب کے برابر بنتا ہے۔ شب قدر میں سب سے کم عمل یہ ہے کہ اس رات نماز عشأ اور نماز فجر باجماعت ادا کرے

marfat.com
Marfat.com

تو پوری رات عبادت میں لکھی جائے گی اور اس طرح شب قدر از خود اس میں آجائے گی۔ شب قدر میں یہ مسنون دعا ضرور پڑھنی چاہیئے:۔

اللھم انک عفو تحب العفوا فاعف عنیّ (ترمذی) ترجمہ = یا اللہ! تو معاف کرنے والا ہے، معافی کو پسند فرماتا ہے پس مجھے معاف فرما۔

قول "یوم صومکم یوم نحرکم" (تمہارے رمضان کا پہلا دن، دسویں ذی الحجہ (یعنی عید الاضحیٰ) کا دن ہو گا) حجاز اور ممالک اسلامیہ میں یہ زبان زد خاص و عام ہے۔ اسی حساب کی وجہ سے حج اکبر (حج یوم الجمعہ) کا تقرر بہت پہلے سے کر دیا جاتا ہے (موجودہ حکومت نجدیہ سعودیہ نے بھی ۱۳۵۰ھ کے حج اکبر کے لئے اسی قاعدے پر عمل کیا تھا اور مہینوں پہلے حج اکبر کا اعلان کر دیا تھا ۱۴۱۹ھ کو بھی حج اکبر تھا۔ یہ اور درمیان میں جو حج اکبر آئے میرا (مصنف کتاب ہذا) کا خیال ہے وہاں بھی اسی فارمولے پر عمل کیا گیا تھا)۔

ارشاد فرمایا کہ رویت ہلال دو طرح کی ہوتی ہے۔ قمر متوالی اور قمر غیر متوالی۔ قمر متوالی میں پے در پے چاند ۲۹ یا ۳۰ کے ہوتے ہیں جبکہ قمر غیر متوالی میں ایک چاند ۲۹ اور دوسرا ۳۰ کا ہوتا ہے، اگر دو چاند ۳۰ کے ہوں تو تیسرا چاند ضرور ۲۹ کا ہو گا، اگر تین چاند متواتر ۲۹ کے ہوں تو چوتھا چاند ۳۰ کا ہو گا کیونکہ تین چاند متواتر ۳۰ کے اور چار چاند متواتر ۲۹ کے نہیں ہوتے۔ فرمایا کہ اسلام کے بزرگان اولین خصوصاً حضرت امام جعفر صادق رحمتہ اللہ علیہ نے رویت ہلال کے اختلافات کو دور کرنے کی طرف خیال فرمایا اور یہ قاعدہ مقرر کر گئے کہ جس دن رمضان کی پہلی ہو گی، ذی الحجہ کی دسویں اسی دن ہو گی اور شوال کی پہلی جس دن ہو گی، اسی دن محرم کا عاشورہ (دس تاریخ) ہو گا۔ گذشتہ رمضان کی پانچویں تاریخ جس دن ہو گی، آئندہ رمضان کی پہلی تاریخ اسی دن ہو گی۔

۲۰۴۔ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع، مفتی اعظم پاکستان قدس اللہ سرہٗ کے سب سے بڑے صاحبزادے محمد زکی صاحب نے لاہور سے مفتی صاحب کو خط لکھا کہ میں نے خواب میں ایک بہت بڑی مسجد دیکھی، جس میں آپ اور حضرت تھانویؒ تشریف فرما ہیں، نماز کا وقت آگیا تو نماز کے بعد میں نے دیکھا کہ آپ ایک مختصر سی چادر شال نما کشمشی یا کتھی رنگ کی اپنے سر پر ڈالے ہوئے ہیں، جس میں ایک طرف کیڑے کے ڈنگ کے اثرات ہیں اور چھوٹے چھوٹے کئی سوراخ ہیں اور دوسری طرف ایک بڑا سا پیوند کسی اور کپڑے کا لگا ہوا ہے، لیکن یہ یاد نہیں کہ مجھے کسی نے کہا یا خود حضرت سرور دو جہاں ﷺ کی زیارت ہوئی اور یہ کہا گیا کہ یہ شال محمد شفیع کے لئے آنحضرت ﷺ کا عطیہ ہے۔ (۱۳۸۰ھ) جناب محمد زکی سے ڈاکٹر عبدالحئی صاحبؒ نے

marfat.com
Marfat.com

جب یہ خواب سنا تو فرمایا: اس میں میرا یہ شعر بھی شامل کر لو۔

؎ اے زہے جذبِ محبت من فدائے خویشتن حسن افگند است بر عشقم ردائے خویشتن

(اشاعت خصوصی ماہنامہ "البلاغ" کراچی۔ بیاد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ، مفتی اعظم پاکستان، صفحہ ۵۳۱ تا ۵۳۲)۔

جناب ڈاکٹر عبدالحیٔ صاحبؒ سے کراچی میں اور مفتی صاحبؒ و دیگر پاک و ہند کے اکابرین دیوبند سے جامعہ اشرفیہ، لاہور میں بارہا میری ملاقات ہوئی، کیونکہ دوسرے مواقع کے علاوہ میرے مرشد استاذ الکل حضرت مولانا محمد رسول خان صاحب ہزاروی قدس اللہ العزیز کی خدمت میں یہ سب بزرگ آتے رہتے تھے۔ اسلام آباد میں جشن نزول قرآن مجید (فروری ۱۹۶۸ء) کے موقع پر مفتی صاحبؒ نے میرا تعارف جسٹس مولانا محمد تقی عثمانی سے کرایا تھا، جو اس وقت طالب علم تھے۔ میں نے خوش ہو کر مفتی صاحبؒ سے کہا تھا کہ آپ نے وسیع النظری کا ثبوت دیا ہے کہ بیٹوں کو دینی تعلیم کے ساتھ انگریزی تعلیم بھی دلوا رہے ہیں، اس طرح یہ اسلامی دنیا کی بہتر طور پر خدمت انجام دے سکیں گے اور ہوا بھی ایسا ہی، الحمد للہ۔

جناب احسان دانش میرے بڑے گہرے دوست تھے۔ مجھ سے پانچ سال بڑے جبکہ محمد زکی کیفی مجھ سے پانچ سال چھوٹے تھے۔ کئی مرتبہ احسان صاحب کے ساتھ محمد زکی صاحب سے بھی ملنے کا موقع ملا۔ افسوس دونوں ذرا سی دیر میں چٹ پٹ ہو گئے۔ ادارۂ اسلامیات، لاہور میں محمد زکی مرحوم کے تینوں بیٹوں سے ملاقات ہوتی رہتی تھی۔ چالیس سال لاہور میں گزار کر اب تو میں (مصنف کتاب ہذا) خود ہی پردیسی بن چکا ہوں۔ ۸ رجب ۱۴۲۰ھ کو عمر ۸۱ سال ہو گئی اور بقول داغؔ: اب ہم بھی جانے والے ہیں سامان تو گیا

۲۰۵۔ ذیقعد ۱۳۷۹ھ میں مفتی محمد شفیع صاحبؒ نے جب وہ دارالعلوم میں قیلولہ کر رہے تھے، خواب دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کا روضۂ اقدس ہے، جس کا دریچہ کھلا ہوا ہے اور وہاں دو پٹھان چوکیدار ہاتھوں میں چھریاں لیے آپس میں لڑ رہے ہیں، میں نے زور سے انہیں ڈانٹا کہ بڑے بے ادب ہو، روضۂ اقدس میں بیٹھ کر لڑتے ہو۔ یہ سن کر تو چھریاں ان کے ہاتھ سے چھوٹ گئیں۔ خود میں نے محسوس کیا کہ روضہ اقدس کا انتظام میرے سپرد ہے اور اس کام کے لئے میں نے ایک ناظم مقرر کیا ہوا ہے، میں نے ایک آدمی کو ناظم کے پاس بھیجا کہ فوراً ان پٹھانوں کو یہاں سے نکال دو، اور پھر دروازے سے روضہ اقدس کی طرف گیا تو دیکھا کہ دونوں پٹھان وہاں موجود ہیں اور حضور اقدس ﷺ سامنے تشریف فرما ہیں، میں نے ان دونوں کو حضور اقدس ﷺ کے سامنے تنبیہ کی اور محسوس کیا کہ آپؐ نے اسے پسند فرمایا، ان

marfat.com
Marfat.com

میں سے ایک نے تو معافی مانگ لی اور اُسے معاف کر دیا گیا جبکہ دوسرا کہیں چلا گیا۔

اس کے بعد میں حضور پاک ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور دل میں محسوس کر رہا ہوں کہ میں مسلمانوں کی کسی جماعت کا وکیل ہوں اور ان کی طرف سے آپؐ کی خدمت میں کوئی درخواست کرنی ہے، میں نے درخواست پیش کی مگر درخواست کا مضمون یاد نہیں، حضور اقدس ﷺ درخواست سن کر کھڑے ہو گئے اور نماز کی نیت باندھ لی اور کچھ جواب نہ دیا، میں آپؐ کی پشت مبارک کی طرف ذرا دور کھڑا ہوں، اس لئے قرأت پوری طرح سن نہیں پا رہا، اتنے میں عرضی والی جماعت کا ایک فرستادہ مجھے بلانے آیا تو میں اس کے ساتھ چل کر ایک مکان میں پہنچا، جہاں مسلمانوں کے کچھ ذمہ دار علماؑ و صلحاؑ ہیں، جنہوں نے درخواست کی بابت دریافت کیا، تو میں نے جواب دیا کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں پیش کر دی ہے، مگر آپؐ کے رعب و جمال کا اثر میرے قلب پر ایسا ہے کہ اب تک دل نہیں ٹھہرا، میں کچھ بولنے پر قدرت نہیں رکھتا، صرف اتنا بتاتا ہوں کہ حضور اقدس ﷺ نے درخواست سن کر نماز شروع کر دی تھی اور اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ اللھم صل علی محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین (اشاعت خصوصی ''البلاغ''، کراچی۔ صفحہ ۵۳۲ تا ۵۳۳)۔

۲۰۶۔ حضرت مولانا عبد الاحد صاحب مدرس دار العلوم، کراچی نماز عشاء پڑھ کر قصص القرآن کا مطالعہ کرنے کے بعد باوضو سو گئے تو خواب دیکھا کہ حضرت اقدس مفتی محمد شفیع صاحب اپنے دفتر میں کام میں مصروف ہیں، دفتر کے باہر طلباءؑ سے سنا کہ حضور سرور دو عالم ﷺ تشریف لائے ہیں، فوراً دفتر میں حاضر ہوا، چند آدمی اور بھی ہیں اور حضور ﷺ کے محاذات میں بیٹھ گیا (مولانا موصوف نے اس کمرے میں مجھے وہ مقام بتایا، جہاں حضور اقدس ﷺ تشریف فرما تھے۔ یہ کمرہ آج کل دار التصنیف اور مہمان خانے کے درمیان دفتری ضرورتوں میں استعمال ہوتا ہے۔ از شفیع)۔ مفتی صاحب مدظلہ نے حضور انور ﷺ سے فرمایا کہ کام میں بہت مصروفیت ہے، اس لئے حاضری میں کوتاہی یا تقصیر ہو رہی ہے۔ الفاظ معذرت کے تھے، حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ''خیر ہم ملنے کے لئے آتے رہیں گے۔'' رخصت ہوتے وقت فرمایا: ''کراچی والے یہاں آکر ملیں۔'' یا یہ فرمایا کہ ''کراچی والوں کو کہہ دو کہ مجھ (حضور ﷺ) سے ملنے کے لئے یہاں حضرت مفتی محمد شفیع صاحب کے دفتر میں آئیں۔'' (اشاعت خصوصی ماہنامہ ''البلاغ'' کراچی۔ صفحہ ۵۳۳ تا ۵۳۴)

۲۰۷۔ مولانا مجد الدین صاحب رئیس سلہٹ (بنگلہ دیش) نے خواب میں دیکھا کہ حضرت مفتی محمد شفیع صاحب کے دائیں یا بائیں طرف ایک بزرگ کھڑے ہیں جنہیں میں نہیں پہچانتا،

marfat.com
Marfat.com

سرور کونین علیہ کو دیکھا کہ ہشاش بشاش ہیں اور چہرہ انور چمک رہا ہے، آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو درجہ صحابیت عطا فرمایا ہے۔" اس سے متاثر ہو کر آنکھ کھل گئی، خواب سے بیدار ہوا تو پورا مضمون ذہن میں تھا۔ حضور اقدس علیہ کی جائے نشست اور ہیئت نشست اب تک ذہن میں ہے (اشاعت خصوصی ماہنامہ "البلاغ۔" کراچی صفحہ ۵۳۴)۔

مولانا کے متواتر اصرار پر بالآخر مفتی محمد شفیع صاحبؒ ۱۳۸۱ میں پہلی بار سلہٹ تشریف لے گئے تھے۔

۲۰۸۔ مولانا عبد الحفی صاحب، ناظم کتب دارالعلوم، کراچی کے والد صاحب نے مولوی محمد علی (طالب علم) سے یہ فرمایا کہ ایک آدمی نے مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ خواب دیکھا کہ آنحضرت علیہ، سید الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اور حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ مسجد کی محراب سے نکل رہے ہیں۔ محمد علی نے پوچھا: دیکھنے والے کون صاحب ہیں؟ فرمایا: نام بتانے سے منع کیا ہے۔ ۲۶ محرم ۱۳۸۴ھ (اشاعت خصوصی ماہنامہ "البلاغ"، کراچی۔ صفحہ ۵۳۴)

(یہ خواب حافظ عبدالولی صاحب مجاز صحبت حضرت حکیم الامتؒ نے دیکھا تھا)

۲۰۹۔ ایک مسلمان کے لئے اس سے زیادہ عزت وعظمت اور کیا ہوسکتی ہے کہ محمد رسول اللہ علیہ اس کے سلام کا جواب دیں۔ علاقہ کابل کے ایک بزرگ بناءِ پاکستان کی ابتداً میں کراچی تشریف لائے تو انہوں نے مجھ (مفتی محمد شفیع صاحبؒ) سے ذکر کیا کہ ایک مرتبہ میں مسجد نبویؐ میں معتکف تھا تو میں نے دیکھا کہ نصف شب کے بعد ایک شخص آیا اور روضہ اقدس کے سامنے پہنچ کر سلام عرض کیا تو روضۂ اقدس کے اندر سے جوابِ سلام کی آواز آئی، جسے میں نے اپنے کانوں سے سنا اور ہر رات یہی سلسلہ جاری رہا (اشاعت خصوصی ماہنامہ "البلاغ"، کراچی۔ صفحہ ۶۳۶)۔

۲۱۰۔ حضرت یزید فارسیؒ نے جو تابعی ہیں، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کے زمانے میں خواب میں حضور نبی کریم علیہ کو دیکھا تو ان سے ذکر کیا، اس پر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ شیطان کو میری صورت میں آنے کی قدرت نہیں دی گئی، اس لئے جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا، یہ کہہ کر حضرت یزید فارسیؒ سے پوچھا کہ ہاں کیا تم اس شخصیت کا حلیہ بیان کر سکتے ہو جسے تم نے خواب میں دیکھا ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! وہ متوسط بدن اور قامت کا تھا، رنگ گندمی سفیدی مائل، سرگیں آنکھیں اور اچھا ہنسنے والا، چہرے کے خوبصورت دائروں والا، اس کی ڈاڑھی نے یہاں سے یہاں تک (دائیں سے بائیں تک) کے حصے اور سینے کو بھر دیا ہے (پہلے کلام میں ڈاڑھی کی چوڑائی اور دوسرے میں لمبائی بتائی ہے)۔ یہ صفت اور حلیہ مبارک سن کر

marfat.com
Marfat.com

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ: (اے یزید) اگر تو اس صورت مبارکہ کو جاگنے کی حالت میں دیکھتا تو اس سے زیادہ حلیہ مبارک کا نقشہ نہ کھینچ سکتا تھا (شمائل ترمذی)۔

(یعنی تو نے جو خواب دیکھا، حضرت رسول اللہ ﷺ کی شبیہ مبارک ہو بہو یہی تھی جو تو نے بیان کی۔ ظاہر ہے کہ اس توثیق کے بعد حضور اقدس ﷺ کی ریش مبارک کی یہ مقدار محض ایک تابعی کا خواب نہیں رہ جاتی، بلکہ صحابیؓ کا اثر ثابت ہو کر حکم میں مرفوع حدیث کے ہو جاتی ہے، جس سے انکار کی گنجائش نہیں رہتی کہ حدیث نبویؐ سے آپؐ کی ریش مبارک کے کم از کم مقدار قبضہ ہونے کا ثبوت ہو گیا) (ڈاڑھی کی شرعی حیثیت" از قاری مولانا محمد طیب صفحہ ۶۱)۔

۲۱۱۔ سید جان محمد حضوری بن شاہ نور بن سید محمود حضوری لاہوری قدس سرہ' خاندان عالی شاہ قادریہ کے مشائخ میں سے ہیں۔ خاندانی نسبت حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔ اپنے والد ماجد سے علوم ظاہری و باطنی کی تربیت حاصل کی، جو مرید آپ کا ہوتا اسے حضور سرور کائنات ﷺ کی زیارت کرا دیتے تھے۔ ۱۰۶۴ھ میں وصال فرمایا۔ آپ کا مزار گڑھی شاہو، لاہور میں مرجع خلائق ہے (سوانح حیات حضرت شاہ محمد غوثؒ از پیر غلام دستگیر صاحب نامی۔ مدنی کتب خانہ، چوک گنپت روڈ، لاہور۔ صفحہ ۱۹ تا ۲۰)۔

۲۱۲۔ خلفائے بنی عباس میں خلیفہ واثق باللہ بعض خیالات میں معتزلی تھا۔ قرآن مجید کو کلام ازلی تسلیم نہ کرتا تھا، بلکہ حادث اور مخلوق کہتا تھا اور بہت سے علمائے اہل سنت کو اسی وجہ سے شہید کیا تھا، ان ہی میں احمد خزاعیؒ بھی تھے۔ شہادت کے بعد آپ کا سر قبلہ سے پھیر کر لٹکایا تو سر خود بخود روبہ قبلہ ہو گیا، بار بار ایسا ہی ہوتا رہا اور کچھ عرصہ آپ کی یہ کرامت ظاہر ہوتی رہی، اسی عرصے میں ایک بزرگ نے آپ کو خواب میں دیکھا اور حال دریافت کیا تو فرمایا: تین دن مجھے بہت صدمہ رہا، کیونکہ دو مرتبہ حضور اقدس ﷺ کی سواری میرے سامنے سے گزری، مگر آپؐ میری طرف سے منہ پھیرے تشریف لے گئے، جس کا مجھے بڑا ملال ہوا، تیسری مرتبہ آپؐ کی سواری آئی تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! کیا میں حق پر اور میرے دشمن باطل پر نہیں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: تو ضرور حق پر ہے اور وہ باطل پر ہیں۔ میں نے عرض کیا: پھر کیا وجہ ہے کہ حضور ﷺ دو مرتبہ میری طرف سے چہرہ انور موڑے ہوئے تشریف لے گئے؟ حضور انور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ میں تجھ سے شرما کر چلا گیا تھا، کیونکہ میرے ایک رشتے دار نے تجھے قتل کیا تھا، اس شرم کے مارے میں اپنا منہ تیری طرف نہیں کرتا تھا۔ سبحان اللہ! حضور ﷺ کا کیا رحم بھرا اور باحیا مزاج ہے، حالانکہ خلیفہ واثق باللہ آپؐ کا بہت دور کا رشتہ دار تھا یعنی چچا کی اولاد اور وہ بھی کئی پشتیں گزر کر، مگر حضور انور ﷺ اس کے عمل اور اتنے

marfat.com
Marfat.com

دور پرے کے رشتے دار کے ظلم سے شرمارہے ہیں۔ افسوس ان لوگوں پر جو حضرت رسول اللہ ﷺ سے نہ شرمائیں اور اپنے ہاتھ سے اولادِ رسول اللہ ﷺ کو شہید کریں۔ (حیوۃ الحیوان) (اکرم المواعظ از مولانا محمد ابراہیم صاحب دہلوی (صفحہ ۹۰ تا ۹۱) مدینہ پبلشنگ کمپنی، ایم اے جناح روڈ، کراچی)۔

۲۱۳۔ بوقت وصال امام العارفین حضرت ابوبکر شبلیؒ کا سارا وجود ذکر الٰہی میں ڈھل چکا تھا اور آپ اللہ اللہ کہہ رہے تھے۔ قریب کھڑے ایک شخص نے کہا: حضور! لا الہ الا اللہ پڑھیئے۔ اس پر آپ نے فرمایا: لا الہ رفع غیر اللہ کے لئے ہے، میرے وجود میں اللہ تعالیٰ نے غیر چھوڑا ہی نہیں، اس لئے میری زبان پر اللہ ہی اللہ ہے۔ اسی طرح سکینۃ الاولیاً میں حضرت میاں میر قدس سرہ کے وصال کے تذکرہ میں ہے کہ جب آپ کا وقت رخصت آیا تو آقائے نامدار حضرت محمد مصطفٰے ﷺ تشریف لائے۔ حضرت میاں میرؒ اپنے آقا ﷺ کے استقبال کے لئے چارپائی سے زمین پر اتر آئے اور سلام عشق پیش کرتے ہوئے فرمایا: الصلوٰۃ و السلام علیک یارسول اللہ۔ اس کے بعد آپ کی سانس پھولنے لگی۔ خدام نے آپ کو بستر پر لٹا دیا اور آپ کی زبان پر "اللہ اللہ" تھا، مسکراتے تھے اور دونوں ہاتھ اہل وجد کی طرح ہلاتے تھے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے جوار رحمت میں جا پہنچے۔ وصال ۷ ربیع الاول ۱۰۴۵ھ بروز سہ شنبہ بمطابق ۱۶۳۵ء کو لاہور میں ہوا اور پورا شہر لاہور نماز جنازہ میں شریک ہوا۔

۲۱۴۔ حضرت سخی احمد یار عباسی قادری ملقب بہ فخر اسخیاً" (۱۷۷۹ء تا ۱۸۵۵ء) نے ایک رات خواب دیکھا کہ آپ مسجد کا محراب بنا رہے ہیں کہ اسی اثناً میں حضور نبی کریم ﷺ مسجد میں جلوہ افروز ہوئے اور حضرت سخی احمد یارؒ کو بغل گیر فرمایا، جب بیدار ہوئے تو حضور انور ﷺ کے چہرۂ انور کے سوا دنیا و مافیہا بے معنی و لاحاصل نظر آنے لگے، جستجو اور تلاش ہوئی کہ بحالت بیداری یہ دولت حاصل ہو، چنانچہ آپ حضرت مولانا نور احمد صاحب سجادہ نشین خانقاہ قادریہ نوریہ حضرت شاہ جمال نوریؒ (بیرون دروازہ کھیالی، گوجرانوالہ) کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ماجرا زیارت رسول اللہ ﷺ اور اپنی طلب دیدار با عالم بیداری کا اظہار کیا۔ حضرت مولانا نے کثرت درود شریف اور ذکر اسم ذات اللہ کی تاکید فرمائی، جو پہلے ہی قلب سے جاری تھا۔

(سکینۃ العارفین از چوہدری شہید الدین خان ندیم بھٹی قادری المعروف کندن لاہوری۔ صفحہ ۲۳۳ تا ۲۳۵ سے ماخوذ، عباسی پبلی کیشنز، پوسٹ بکس ۵۹۱، گوجرانوالہ)۔

۲۱۵۔ یہی لگن تھی اور حضرت فخر اسخیا دریائے چناب پر سخت ترین مجاہدات میں مشغول تھے کہ اسی اثنا میں حضرت سرور کونین ﷺ مع جمیع صحابہ اکرام و تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کنارہ دریا

marfat.com
Marfat.com

پر تشریف فرما ہوئے، براق پر سوار اپنے عاشق صادق کے پاس تشریف لا کر فرمایا: "اے احمد یار! تو مجھے چاہتا تھا؟" آپ نے دست بستہ عرض کی کہ حضور (ﷺ)! اللہ تعالیٰ نے مجھے اس فرحت آثار دیدار کا شید ابنایا ہے۔ یہ سن کر حضور سراپا نور ﷺ نے آپ کو دونوں بازوؤں سے پکڑ کر از وجہ محبت مصافحہ کیا، بغل گیر فرمایا اور سینے سے ایسا لگایا کہ اسرار ربانی کا مخزن بنادیا اور ارشاد فرمایا: "اس نعمت عظمیٰ کا شکرانہ یہ ہے کہ آپ یہاں سے جا کر اللہ کی مخلوق کو اس کی طرف دعوت دیں" (سکینۃ العارفین صفحہ ۲۵۵ تا ۲۵۸ سے ماخوذ)۔

حضرت فخر احیاً نسبی طور پر عم رسول اللہ ﷺ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد اطہار میں سے ہیں۔ آپ کے والد ماجد حضرت خواجہ محمد جیون عباسی ؒ (متوفی ۱۸۱۲ء) مستجاب الدعوات بزرگ اور مقبول حق تھے۔ آپ کی قبر مبارک قلعہ مہیان سنگھ سے جانب مشرق سر راہ موضع مان (ضلع گوجرانوالہ) میں بتائی جاتی ہے۔ آپ کے سب سے بڑے بیٹے فخر احیاً حضرت سخی احمد یار عباسی قادری اور سب سے چھوٹے بیٹے غوث العصر حضرت خواجہ محمد عمر عباسی قادریؒ ہیں، جو دنیائے تصوف کے تاجدار اور مرجع عقیدت خلائق ہیں۔ اس کے علاوہ دو بیٹے حضرت خدا بخشؒ اور حضرت محمد یارؒ اور تھے جو زہد و تقویٰ میں فرد تھے اور حضرت فخر احیاً کے دست مبارک پر سلسلہ عالیہ قادریہ میں بیعت ہوئے۔ چار بیٹوں کے علاوہ دو بیٹیاں حشمت بی بیؒ اور رحمت بی بیؒ تھیں، جو نہایت عبادت گذار اور اعلیٰ اخلاق کی مالک تھیں۔ حضرت فخر احیاً کی والدہ محترمہ حضرت عائشہ خاتونؒ، حضرت خواجہ محمد جیونؒ کے وصال کے بعد ۳۹ سال زندہ رہیں اور بعمر ۸۹ سال وصال فرمایا۔ آپ بھی مستجاب الدعوات تھیں۔ فرماتی تھیں: تمام اذکار میں سے افضل اسم ذات اللہ اور اوراد میں سے درود و صلوٰۃ ہے۔

حضرت فخر احیاً موضع مان میں پیدا ہوئے تھے۔ بعمر ۷۶ برس ۸ مارچ ۱۸۵۵ء کو وصال فرمایا اور وصیت کے مطابق والدہ محترمہ کے پہلو میں دفن کیے گئے۔ اوائل عمر میں ہی قرآن مجید حفظ کر لیا تھا۔ رات میں ایک پہر آرام کرتے باقی تمام رات عبادت میں گزرتی۔ آپ کی شخصیت جامع الصفات تھی اور مزاج و طریق عمل حضرت میاں میرؒ کے طریق عمل کے عین مطابق تھا، گویا آپ حضرت میاں میرؒ کے سلسلے کے وارث تھے۔ آپ کا گاؤں کوٹ پیروشاہ برصغیر کے متلاشیان حق کے لئے قبلہ نما بنا ہوا تھا۔ درگاہ معلی قادریہ حضرت فخر احیاً اپنی سادگی میں زاویہ اصحاب صفہ کی طرح تھی۔

۲۱۶۔ ابو الاحیاً حضرت خواجہ محمد جیون عباسیؒ نے بتائید حضرت رسول مقبول ﷺ حضرت غوث العصرؒ کا نام محمد عمر رکھا۔ غوث العصر حضرت خواجہ محمد عمر عباسی قادریؒ ۱۸۰۷ء

marfat.com
Marfat.com

بوقت صبح صادق موضع مان ضلع گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے (سکینۃ العارفین۔ صفحہ ۳۱۲)۔

۲۱۷۔ حضرت غوث العصر پیدائشی ولی تھے اور آثار ولایت ابتدا ہی سے ظہور پذیر تھے۔ پانچویں سال میں تھے کہ والد ماجد رحلت فرما گئے۔ آپ کے برادر اکبر حضرت فخر احیا اس وقت ریاضت و مجاہدات میں دریائے چناب پر ہمہ وقت مشغول تھے۔ جب عبادت و ریاضت سے لوٹے تو اس وقت حضرت غوث العصر کی عمر ۱۶ برس ہو چکی تھی۔ انہوں نے آتے ہی آپ کو تمام تر نوازشات کا حقدار سمجھتے ہوئے آپ کی روحانی تربیت پر خصوصی توجہ فرمائی، اسی اثنا میں سید الانبیاء والمرسلین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے اپنی زیارت با جمال بحالت بیداری عطا فرما کر آپ کو دنیائے روحانیت میں سرفرازی بخشی اور آپ کے برادر اکبر، جو آپ کے شیخ بھی تھے، نے آپ کو اپنا جانشین مقرر فرما کر مخلوق خدا کی رہنمائی کی اجازت مرحمت فرمائی۔ کچھ عرصے بعد ہجرت کا حکم ہوا اور آپ اپنا گاؤں کوٹ پیرو شاہ چھوڑ کر شہر گوجرانوالہ تشریف لے آئے، جہاں درگاہ معلی، غوث العصر حضرت خواجہ محمد عمر عباسی قادری بمقام بازار خراداں وجود میں آئی۔ آپ نے مکارم اخلاق کی تعلیمات کو عام کیا اور سیرت سرکار دو عالم ﷺ کا عملی نمونہ پیش کیا، پس قلیل عرصہ میں آپ کا سلسلۂ فیض پورے برصغیر میں پھیل گیا۔ بالآخر ۵ محرم الحرام ۱۳۰۹ھ بمطابق ۱۸۹۱ء کو یہ فیض رسان عالم واصل بحق ہو کر درگاہ معلی، بازار خراداں، گوجرانوالہ میں مدفون ہوئے، جہاں آج بھی آپ کا مزار پر انوار سرچشمۂ فیوض ربانی ہے (بیعت اقبالؒ از صاحبزادہ شبیر کمال عباسی قادری۔ صفحہ ۳۳ تا ۳۵۔ عباسی پبلی کیشنز، گوجرانوالہ)۔

"بیعت اقبالؒ" اصل میں قدسی مقال حضرت علامہ اقبالؒ کی روحانی نسبت پر ایک تحقیقی مقالہ ہے جسے درگاہ معلی غوث العصرؒ کے موجودہ سجادہ نشین صاحبزادہ شبیر احمد کمال عباسی قادری نے مرتب فرمایا ہے۔ اس کا خلاصہ پیش کیا جاتا ہے:-

علامہ نے اپنے وصال سے ڈھائی سال قبل جو وصیت نامہ تحریر کیا تھا، اس میں وہ اپنے عقائد ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں: میں عقائد میں سلف کا پیرو ہوں، طریقۂ حضرات اہل سنت محفوظ ہے، اسی پر گامزن رہنا چاہئے اور ائمہ اہل بیت کے ساتھ محبت و عقیدت رکھنی چاہئے (حیات و پیام علامہ اقبال۔ صفحہ ۵۱)۔ واضح ہو گیا کہ علامہ مسلکاً اہل سنت والجماعت اور روحانی سلاسل سے حسن عقیدت و نسبت رکھتے تھے۔ علامہ کے نزدیک بیعت اس قدر ضروری امر ہے کہ اس کے بغیر حق تک رسائی اور تصفیہ قلب و باطن ممکن نہیں۔ فرماتے ہیں:

؎ کیمیا پیدا کن از مشت گلے   بوسہ زن بر آستانِ کاملے

ترجمہ = مٹھی بھر مٹی سے کیمیا پیدا کر (اس مقصد کے لئے) کسی مرد کامل کی چوکھٹ کو چوم لے)

marfat.com
Marfat.com

(اسرار رموز۔ صفحہ ۱۹)۔

علامہ سلسلہ عالیہ قادریہ میں باقاعدہ مشرف بہ بیعت تھے۔ ۱۲ نومبر ۱۹۱۲ء کو علامہ سید سلیمان ندویؒ کے نام ایک خط میں علامہ اقبالؒ لکھتے ہیں: یہی حال سلسلہ عالیہ قادریہ کا ہے، جس میں میں خود بیعت رکھتا ہوں۔ (سیرت اقبال، جو جنوری ۱۹۳۹ء میں شائع ہوئی)۔

اس راز کی عقدہ کشائی اعلیٰ حضرت پیر سید جماعت علی شاہ قدس سرہ نے فرمائی۔ حضرت نے فرمایا: اقبال نے راز داری کے طور پر مجھ سے کہا تھا کہ میں اپنے والد گرامی سے بیعت ہوں (سیرت اقبال از پروفیسر مولانا محمد طاہر فاروقی ایم اے۔ صدر شعبہ فارسی و اردو، آگرہ کالج، آگرہ)۔

علامہ اقبالؒ کے والد بزرگوار شیخ نور محمد (میاں جیؒ) سلسلہ عالیہ قادریہ کے صاحب فیض اور صاحب اجازت بزرگ تھے اور شہر سیالکوٹ کے معروف مرد کامل حضرت سائیں عبداللہ شاہ سیالکوٹیؒ کے مرید تھے، جو خود شہر گوجرانوالہ کی عظیم المرتبت شخصیت غوث العصر حضرت خواجہ محمد عمر عباسی قادری قدس سرہ کے مرید و خلیفہ تھے۔ ڈاکٹر نظیر صوفی، شاعر، نثر نگار، علامہ کے عزیز اور قابل قدر محقق اقبالیات ہیں۔ روزنامہ جنگ، کراچی، جمعہ ایڈیشن ۲۰ نومبر ۱۹۸۱ء کے ایک مضمون میں رقمطراز ہیں: حضرت سائیں جی کی توجہ خاص علامہ اقبالؒ کو بھی حاصل تھی اور وہ بچپن سے میاں جی کے ساتھ اکثر سائیں جی کے ہاں جایا کرتے تھے۔ آپ ہی اپنی تصنیف "حیات و پیام علامہ اقبال" کے صفحہ ۵۰ پر تحریر کرتے ہیں: علامہ اقبالؒ جب بھی سیالکوٹ آتے تو اپنے دادا مرشد حضرت سائیں عبداللہ شاہ قادریؒ کے مزار پر ضرور جاتے تھے۔

سائیں جی موضع ساہووالا، کمال پور، ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔ شہر سیالکوٹ میں سلسلہ رشد و ہدایت کا آغاز فرمایا اور اپنی توجہات روحانیہ سے ایک زمانے کو بہریاب فرمایا۔ آپ صاحب کشف و کرامات اور سیف زبان بزرگ تھے۔ شب و روز ریاضت شاقہ، تجرید و تفرید اور اذکار و اوراد میں مشغول رہتے تھے۔ آپ کا مزار مبارک جماعت خانہ روڈ، نزد لیڈی اینڈرسن ہائی اسکول، اڈہ پسروریاں، سیالکوٹ میں واقع ہے، جہاں عقیدت مند آپ کا عرس جوش و جذبے سے مناتے ہیں۔ علامہ اقبالؒ اپنے والد ماجد اور سائیں جیؒ کی وساطت سے حضرت غوث العصرؒ سے طریقہ قادریہ میں نسبت تعلق رکھتے تھے اور یہ تعلق ہی فیض رسانی کا سبب بنا۔ حضرت غوث العصرؒ جب کبھی سیالکوٹ تشریف لے جاتے تو میاں جی شیخ نور محمدؒ علامہ کو لے کر آپ کی خدمت میں ضرور حاضر ہوتے، کئی مرتبہ اپنے گھر مدعو کرتے اور بسا اوقات علامہ کو لے کر گوجرانوالہ حضرت غوث العصرؒ کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ پروفیسر وارث میر روزنامہ جنگ، لاہور مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۸۶ء میں بیان کرتے ہیں:۔

marfat.com
Marfat.com

"صحیح روایت ہے کہ علامہ جب چار برس کے تھے تو حضرت خواجہ محمد عمرؒ اپنے خلیفہ اور دوست حضرت سائیں عبداللہ شاہ قادریؒ کو ملنے سیالکوٹ تشریف لائے۔ میاں جی نے اپنے دادا پیر کی دعوت کی اور علامہ کو مرشد کے توسط سے بسم اللہ کے لئے دادا پیر کی گود میں بٹھایا، جنہوں نے مسکرا کر اپنا لعاب دہن علامہ کے منہ میں لگا کر بسم اللہ پڑھائی۔ ان دو بزرگوں کی تقدیر ساز توجہ اور اپنے والد گرامی کی دعاؤں ہی سے علامہ علیہ الرحمۃ حکیم الامت بنے۔"

غرض کہ یہ فیضان غوث العصر حضرت خواجہ محمد عمر عباسی قادریؒ ہے کہ آج علامہ اقبال شاعر مشرق، حکیم الامت، مصور پاکستان، صاحب اسرار خودی، دانائے راز اور ترجمان رموز اسرار جیسے القابات سے یاد کیے جاتے ہیں۔ ۱۸۹۱ء میں حضرت غوث العصرؒ کے وصال کے بعد علامہ، ان کے صاحبزادے اور جانشین سلطان العصر حضرت خواجہ محمد عبد اللہ عباسی قادریؒ کی خدمت میں ان کے وصال (۱۹۱۳ء) تک آتے رہے، اس کے بعد ان کے صاحبزادے اور جانشین مخدوم العصر حضرت خواجہ کریم اللہ عباسی قادریؒ (متوفی ۱۹۴۲ء) سے بھی علامہ اقبال (متوفی ۱۹۳۸ء) نے دو تین بار ملاقات کی اور دو ایک الجھے ہوئے مسائل تصوف پر گفتگو رہی۔ مخدوم العصرؒ چار زبانوں کے کثیر الکلام اور قادر الکلام صوفی شاعر تھے۔ آپ کی تصانیف کی تعداد درجنوں میں ہے اور آپ کی صحبت علم و آگہی کے پیاسوں کے لئے سرمایہ تھی۔ آپ سے ہر لحظہ خوارق سرزد ہوتے تھے۔

۲۱۸۔ سلطان العصر حضرت خواجہ محمد عبداللہ عباسی قادریؒ (۱۸۴۶ء تا ۱۹۱۳ء) نے اپنے چھوٹے بیٹے مخدوم العصر حضرت خواجہ محمد کریم اللہ عباسی قادریؒ (۱۸۷۶ء تا ۱۹۴۲ء) کا نام تائید حضرت رسول کریم ﷺ محمد کریم اللہ رکھا تھا (سکینۃ العارفین۔ صفحہ ۴۰۳)۔

۲۱۹۔ حضرت مخدوم العصرؒ کے تین صاحبزادے اور ایک صاحبزادی ابھی عنفوان شباب ہی کو پہنچے تھے کہ ان کی والدہ کا انتقال ہو گیا۔ ان حالات میں حضرت سلطان العصرؒ نے حضرت مخدوم العصرؒ کے عقد ثانی کا فیصلہ کر لیا۔ رابعہ ثانی حضرت محترمہ بیگم بی بی نے آتے ہی گھر کو سنبھال لیا۔ پہلی زوجہ کی اولاد آپ کی ہم عمر تھی مگر آپ کے حسن سلوک کی وجہ سے سب نے آپ کو ماں کی جگہ سمجھا۔ آپ نے بھی ان سب کی نہایت دھوم دھام سے شادیاں کیں۔ اہل خاندان آپ کو "حضور بے جی" (رانی ماں) کے نام سے یاد کرتے تھے۔ حج بیت اللہ کی فضیلت حاصل کرنے کے بعد مدینہ منورہ روضہ حضرت رسول اللہ ﷺ پر حاضر ہوئیں تو سنہری جالیوں کو تھام کر عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں یہ پتھر کی عمارت دیکھنے نہیں آئی، مجھے اپنے دیدار کی نعمت عطا فرمائیے، ورنہ میں واپس نہیں جاؤں گی۔ چنانچہ حضور ﷺ نے آپ پر نہایت شفقت

marfat.com
Marfat.com

فرماتے ہوئے بعالم بیداری آپ کو نعمت دیدار سے سرفراز فرمایا(سکینۃ العارفین۔ صفحہ ۶۰۷)۔

حضرت مخدوم العصرؒ کے تین بیٹے محمد حسین عباسیؒ، نذیر حسین خاورؒ اور سلسلہ عالیہ کے جانشین امیر العصر حضرت خواجہ محمد بشیر عباسی قادریؒ (۱۹۲۱ء تا ۱۹۸۵ء) اور چار صاحبزادیاں آپ کے بطن سے پیدا ہوئیں۔ محترمہ رابعہ ثانی حضرت بیگم بی بی کا وصال بروز جمعرات ۱۹ مئی ۱۹۷۷ء کو ہوا۔

۲۲۰۔ حضرت مخدوم العصرؒ کثیر الاولاد تھے، لیکن جس رشک ماہتاب کا انتظار تھا اس کی بشارت ولادت بارگاہ نبوی ﷺ سے عطا ہوئی، جس میں ایک مادر زاد ولی اللہ اور اتباع سیرت رسول اللہ ﷺ میں فرد مرد حق کی خوشخبری تھی۔ حضرت مخدوم العصرؒ نے خواب دیکھا کہ ان کے گھر کے آنگن میں روشن اور منور پورا چاند اتر آیا ہے اور پھر وہ آپ کی گود میں آگیا، اسی وقت ہاتف غیبی کی آواز سنی: "یہ چاند آپ کا ایسا بیٹا ہے جس سے نہ صرف آپ کے خاندان بلکہ احباب علم ویقین کو بے پناہ روشنی عطا ہو گی، آپ کے گھر کا یہ چشم وچراغ مادر زاد ولی اللہ ہو گا اور جب یہ عالم شباب کو پہنچے گا تو آپ اس دنیا سے رخصت ہو نگے۔"

امیر العصرؒ یکم اپریل ۱۹۲۱ء کو پیدا ہوئے۔ والد نے نام محمد بشیر رکھا کہ آپ خود بھی حضرت رسول اللہ ﷺ کی بشارت تھے اور دنیا کو بھی حضور ﷺ کی سیرت اقدس کی پیروی میں مثال بن کر بشارت دنیاوی واخروی پیش کرنے والے تھے (سکینۃ العارفین۔ صفحہ ۶۲۸ تا ۶۲۹ سے ماخوذ)۔

۲۲۱۔ امیر العصر حضرت خواجہ محمد بشیر عباسی قادریؒ کو عالم صغیر سنی ہی سے اہل خاندان "میاں پیر صاحب" کے نام سے بلاتے تھے۔ کالج کی تعلیم کے دوران آپ کے اساتذہ خصوصاً علامہ تاجور نجیب آبادیؒ اور سید عابد علی عابدؒ آپ کا بے حد ادب کرتے تھے۔ ۱۹۳۹ء میں آپ کو صوبہ پنجاب کا بہترین کھلاڑی ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہوا، مگر شروع ہی سے ذکر اللہ اور درود شریف کی طرف انتہائی توجہ تھی۔ ایک مرتبہ بارگاہ نبوی ﷺ میں التجا کی کہ حضور (ﷺ)! آپؐ کی حیات طیبہ کا مشاہدہ کرنا چاہتا ہوں، چنانچہ آپ نے حضور اقدس ﷺ کی مکمل حیات پاک کا مشاہدہ بعالم رویت فرمایا، جب دیدار ہوا تو اس کی انفرادیت ایسی تھی کہ حضور ﷺ کی پوری زندگی کھلی کتاب کی طرح نظر آئی، جس کی فرحت اور الحمد کی ساتھ ساتھ تھی اور جس نے حضرت امیر العصرؒ کی شخصیت میں قرون اولیٰ کا جذبہ اتباع رسول اللہ ﷺ پیدا کیا (سکینۃ العارفین۔ صفحہ ۶۳۰ تا ۶۳۷ سے ماخوذ)۔

والد نے بیٹے سے فرمایا: "تمہارے تمام اجداد اغیاثِ زمانہ ہیں، دیکھو! میرے حضرت سخی صاحبؒ غوث، حضرت خواجہ عمر صاحبؒ غوث، میرے والد محترم حضرت خواجہ محمد عبد

marfat.com
Marfat.com

اللہ صاحبؒ غوث اور اب تمہارا باپ اس دنیا سے غوثیت کے مرتبے پر فائز المرام جارہا ہے، پس تم فکر نہ کرو، ہمارے اجداد فقیر تھے تم بھی فقیر بننا پیر نہ بننا، پیر دنیا کے پیچھے اور فقیر کے پیچھے دنیا ہوتی ہے، ہمارے طریق میں سوال کرنے کی اجازت نہیں، ہمارے اجداد نے ہاتھ ہمیشہ اوپر رکھا، سخاوت فرمائی، تم بھی اسی طریق پر قائم رہنا، اگر کبھی ضرورت محسوس کرو تو مجھے کہنا، میں انشاءاللہ ضرورت کے وقت تمہاری مدد کروں گا (سکینۃ العارفین۔ صفحہ ۶۳۸ سے ماخوذ)

حضرت امیر العصرؒ نے باضابطہ مطالعہ کے بعد افادہ عوام کے لئے طبابت اختیار کی اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھ میں ایسی شفاء عطا فرمائی کہ دیرینہ مریض بھی شفایاب ہو جاتے تھے۔

۲۲۲۔ حضرت امیر العصرؒ کی ایک مرید محترمہ نواب بی بیؒ بیان کرتی ہیں کہ میں نے ایک دن آپ سے عرض کیا کہ جناب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہونا چاہتی ہوں۔ آپ نے فرمایا: ''اچھا گوشہ نشینی اختیار کرو اور اس مقصد سے معمولات پر عمل پیرا ہو۔'' میں نے آپ کے فرمان کے مطابق عمل کیا۔ قریباً چالیس روز بعد میں نے حضرت امیر العصرؒ کو مقام فنافی الرسولؐ پر فائز المرام دیکھا اور بہ وسیلہ مرشد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت بابرکت بعالم خواب کی اور بارگاہ حق تعالیٰ میں شکر ادا کیا (سکینۃ العارفین۔ صفحہ ۶۵۵ تا ۶۵۶)۔

۲۲۳۔ حضرت امیر العصرؒ نے درود اور ڈاڑھی کے سلسلے میں ایک دلچسپ واقعہ سنایا۔ فرمایا کہ حضرت مخدوم العصرؒ کے مرید خاص پروفیسر محمد عبداللہ صاحب، پشاور یونیورسٹی کے نامور استاد اور علامہ اقبالؒ کے ہم جلیس تھے، لیکن کلین شیو تھے۔ روزانہ خاصہ وقت شیو پر صرف کرتے۔ ایک شب بعالم خواب دیکھا کہ بارگاہ رسالت مآب ﷺ ہے، ہر طرف نور ہی نور ہے، اصحابؓ کی ایک جماعت حاضر بارگاہ ہے، یہ بھی اس محفل میں جا پہنچے اور سلام عرض کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: ''اس بغیر ڈاڑھی والے کو میری محفل سے نکال دو۔'' پس پکڑ کر نکال دیا گیا، اسی اثنا میں آنکھ کھل گئی تو بیدار ہونے پر گریہ زاری کی اور ڈاڑھی رکھ لی، اب روزانہ خاصا وقت ڈاڑھی کی خوبصورتی اور تزئین پر صرف کرنے لگے، کچھ عرصہ بعد پھر خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ حسب معمول سلام کیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ ''اس ڈاڑھی والے کو ہماری محفل سے نکال دو۔'' پھر نکال دیئے گئے، بیدار ہو کر انتہائی اضطراب کے عالم میں گریہ زاری شروع کر دی، حضرت مخدوم العصرؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر رونے لگے اور ساری روداد کہہ سنائی۔ حضرتؒ نے اس پر ارشاد فرمایا: ''پروفیسر صاحب! بات یہ ہے کہ پہلے آپ شیو پر خاصا وقت صرف کرتے تھے اور اس وقت یاد الٰہی اور درود شریف سے غافل رہتے تھے اور ڈاڑھی رکھنے کے بعد بھی یہی کچھ ہوا، آپ ہی بتائیں وہ عمل کیسے مقبول بارگاہ ہو، جس میں یاد الٰہی

marfat.com
Marfat.com

کی خوشبو نہ ہو، پس آپ یادالٰہی اور درود شریف سے غافل نہ ہوا کریں۔" چنانچہ پروفیسر صاحب نے یادِ حق اور درود شریف پر مداومت اختیار کی اور زیارت رسول اللہ ﷺ سے مشرف ہوئے اور آپؒ نے اپنی نگاہ شفقت و خوشنودی سے انہیں سرفراز فرمایا (سکینۃ العارفین۔ صفحہ ۲۷۲)۔

حضرت امیر العصرؒ کا وصال ۲۶ جولائی ۱۹۸۵ء بروز جمعۃ المبارک ہوا۔ آپ کے سب سے چھوٹے صاحبزادے نقیب العصر حضرت خواجہ شبیر احمد کمال عباسی قادری (تاریخ ولادت ۲ جون ۱۹۶۳ء بروز اتوار) اب آپ کے جانشین ہیں۔ ایف ایس سی کرنے کے بعد ہومیو پیتھک میڈیسن میں لندن سے گریجویشن کی، نہایت کامیاب طبیب بھی ہیں اور انتہا درجہ سادہ طبیعت کے مالک ہیں۔ مسند درگاہ معلیٰ قادریہ حضرت غوث العصر، گوجرانوالہ کے سجادہ نشین کی حیثیت سے اسلاف کی تعلیمات و اخلاق عالیہ کے فروغ میں ہمہ وقت مصروف رہتے ہیں۔

۲۲۴۔ شیخ الشیوخ حضرت شیخ محمد عابد سنامیؒ، حضرت مجدد الف ثانیؒ کے پوتے اور حضرت شیخ عبد الاحدؒ کے خلیفہ نامدار تھے۔ آپ کا مکان بمقام سنام متصل سرہند تھا۔ سلسلہ نسب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ختم ہوتا ہے، نہایت کثیر الذکر اور کثیر العبادت تھے، آپ کا نام عالم غیب میں "قاسم خزائن اللہ" تھا، دنیا اور اہل دنیا سے سخت نفرت تھی۔ فرمایا: دنیاداروں کے قدم نہایت منحوس اور باعث بے برکتی ہوتے ہیں۔ کسی نے آپ کے سامنے ایک بڑے دولت مند کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: یہ لوگ نہایت محتاج ہیں، دولت اور نعمت سرمدی نسبت مع اللہ ہے، اللہ تعالیٰ جس کو نصیب کرے۔ نقل ہے کہ ایک مقبرے کی جانب آپ کا گزر ہوا تو چلتے چلتے ٹھہر گئے اور فرمایا: اس قبرستان والے فیض کی درخواست کرتے ہیں۔ متوجہ احوال اموات ہوئے، اس وقت ظہور حقیقت محمدی ﷺ تھا، لہٰذا پورا قبرستان انوار سے منور ہو گیا۔ حرمین شریفین پاپیادہ گئے اور وہاں بانواع الطاف سرور کائنات ﷺ سرفراز ہوئے۔ فرمایا: میرے سینے کی حرقت اور سوز طلب کس طرح کم نہ ہوتی تھی، بعنایت مصطفوی ﷺ تسکین پائی اور مقصود دلی حاصل ہوا۔ آپ حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ کے مرشد تھے۔ ۱۸ رمضان المبارک ۱۱۶۰ھ کو مرض اسہال کے باعث دہلی میں وصال فرمایا۔ دہلی میں سبزی منڈی سے کئی میل آگے کرنال سڑک پر مزار مبارک واقع ہے۔ مشہور ہے کہ آپ کی قبر کے جوار میں جہاں تک کہ نگاہ کام کرے، جو شخص دفن ہوگا بخشا جائے گا (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ از مولانا مولوی محمد حسن نقشبندی مجددی۔ صفحہ ۲۲۰ تا ۲۲۲ سے ماخوذ۔ اللہ والے کی قومی دکان، کشمیری بازار، لاہور)۔ صوفی محمد عابد میاں ڈابھیلی بہت بعد کے بزرگ ہیں۔

۲۲۵۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کے خلفا کی صحیح تعداد بیان نہیں کی جا سکتی۔ آپ کے

marfat.com
Marfat.com

چند جلیل القدر خلفاءؑ میں حضرت میر محمد نعمان بھی شامل ہیں۔ میر صاحب کی ولادت ۹۷۷ھ میں بمقام بدخشاں ہوئی۔ ولادت سے قبل آپ کے والد نے امام اعظم ابو حنیفہ حضرت نعمان بن ثابتؒ کو خواب میں دیکھا اور آپ نے بشارت دی کہ تیرے یہاں ایک بہت بزرگ لڑکا پیدا ہوگا، اس کا نام میرے نام پر رکھنا، چنانچہ آپ کا نام نعمان رکھا گیا۔ نقل ہے کہ حضرت میرؒ نے واقعہ میں دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ مع حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف رکھتے ہیں۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''اے ابا بکر! فرزندی محمد نعمان سے کہو کہ جو کوئی مقبول شیخ احمد (حضرت مجدد الف ثانیؒ) ہے، وہ میرا مقبول ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کا مقبول ہے اور جو مردود شیخ احمد ہے، وہ میرا مردود ہے اور اللہ تعالیٰ کا مردود ہے۔'' یہ سن کر میر صاحبؒ نہایت مسرور ہوئے اور دل میں کہا کہ الحمد للہ! میں مقبول شیخ احمدؒ ہوں۔ اسی اثنا میں حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''اے ابا بکر! فرزندی نعمان سے کہو کہ جو تیرا مقبول ہے وہ شیخ احمد کا مقبول ہے، اور جو شیخ احمد کا مقبول ہے وہ میرا مقبول ہے، اور جو میرا مقبول ہے وہ اللہ تعالیٰ کا مقبول ہے، اور جو تیرا مردود ہے وہ شیخ احمد کا مردود ہے، اور جو شیخ احمد کا مردود ہے وہ میرا مردود ہے، اور جو میرا مردود ہے وہ اللہ تعالیٰ کا مردود ہے۔ (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ۔ صفحہ ۲۲۵ تا ۲۲۶)۔

۲۲۶۔ حضرت سید احمد کردیؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں راہ میں (دوران سفر) سخت بیمار ہو گیا تو خواب میں آنحضرت ﷺ نے مجھے ایک وظیفہ تعلیم فرمایا، جسے پڑھنے سے مجھے شفا ہو گئی (مشائخ نقشبندیہ مجددیہ۔ صفحہ ۳۵۵)۔

۲۲۷۔ شیخ نجم الدین رازیؒ نے کتاب مرصاد العباد میں ذکر کیا ہے کہ ایک روز ایک درویش نے شیخ یوسف ہمدانیؒ کی خدمت میں عرض کیا کہ اُس وقت میں شیخ احمد غزالیؒ کے پاس تھا اور آپ درویشوں کے ہمراہ دسترخوان پر کھانا تناول فرما رہے تھے کہ کچھ دیر آپ پر اونگھ طاری ہو گئی۔ بعد ازاں آپ نے فرمایا کہ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ تشریف لائے اور میرے منہ میں لقمہ ڈال دیا، یہ سن کر شیخ یوسف ہمدانیؒ نے فرمایا: یہ خیالات ہیں جن سے اطفال پرورش پاتے ہیں (انیس الطالبین۔ صفحہ ۹۷) (مطلب یہ ہے کہ اس قسم کے احوال و مواجید مقاصد سے نہیں بلکہ مطلوب کے مبادی ہیں، ان سے اطفال طریقہ کا شوق بڑھتا ہے اور ان کے دل میں مزید ترقی کی آرزو پیدا ہوتی ہے)۔

۲۲۸۔ حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ، حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے فرزند سوم اور خلیفہ تھے۔ ۱۰ شوال ۱۰۰۷ھ کو پیدا ہوئے۔ ۱۰۳۵ھ میں ایک روز فرمایا کہ آج صبح کے حلقے میں بیٹھا ہوا تھا کہ جناب سرور کائنات ﷺ تشریف فرما ہو کر مجھ سے بغل گیر ہوئے اور

marfat.com
Marfat.com

فرمایا: "حق تعالیٰ نے آپ کو عروۃ الوثقی کا خطاب دیا ہے، اس نعمت عظمیٰ کا شکر بجالاؤ۔" اسی اثنا میں کیا دیکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے تمام مقرب فرشتوں، انبیا علیہم السلام واولیا رحمۃ اللہ علیہم نے آ کر میرے گرد حلقہ بنایا اور کہتے ہیں: "اسلام علیکم یا محمد معصوم عروۃ الوثقی۔" پھر ہر ایک نے مجھ سے مصافحہ کیا، میں نے سنہرے خط میں عرش مجید کے گرد "محمد معصوم عروۃ الوثقی" لکھا ہوا دیکھا (روضہ قیومیہ) (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ از علامہ محمد نور بخش توکلی۔ ایم۔اے صفحہ ۲۶۷)۔ نو لاکھ آدمی براہ راست آپ کے مرید ہوئے، آپ کے خلفا کی تعداد سات ہزار تھی اور سب کے سب صاحب کمالات تھے۔ ۹ ربیع الاول ۱۰۷۹ھ کو وصال فرمایا۔

۲۲۹۔ حضرت شاہ عبد اللہ معروف بہ شاہ غلام علی دہلوی قدس سرہ' نے فرمایا کہ میں ہر روز تسبیح (سبحان اللہ) و تحمید (الحمد للہ) پڑھ کر آنحضرت ﷺ کی روح مقدس کو ایصال ثواب کیا کرتا تھا، ایک دن یہ عمل ترک ہو گیا، میں نے دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ اسی شکل میں تشریف لائے، جو ترمذی شریف میں مذکور ہے اور شکایت کی (مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۳۲۵)۔
لا الہ الا اللہ کو تہلیل اور اللہ اکبر کو تکبیر کہتے ہیں۔

۲۳۰۔ حضرت حاجی حافظ محمود قدس سرہ' ڈیرہ غازی خان کے رہنے والے تھے۔ اپنے چھوٹے بھائی حاجی حامد کے ساتھ جالندھر آبسے تھے۔ آپ نہایت حلیم، بردبار اور خلیق تھے، طالبان حق کی ایسی تربیت فرماتے جیسے والدہ اپنے بچوں کی پرورش کرتی ہے۔ مولوی اور پیر زادے حسد کے مارے آپ کے راستے میں روڑے اٹکاتے اور شہر سے نکال دینا چاہتے تھے، کیونکہ ان کی موجودگی میں انہیں کوئی نہیں پوچھتا تھا۔ ایک دن خواب میں حضور ﷺ کی زیارت ہوئی۔ حاجی حافظ محمودؒ مع اپنے چھوٹے بھائی حاجی حامد مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ کے روضہ منورہ کا پردہ لٹکتا تھا، جسے انہوں نے سر پر لے کر فریاد کی کہ یا رسول اللہ (ﷺ)! لوگ ہمیں بہت تکلیف دیتے ہیں اور ہم مسکین غریب الوطن ان کے ہاتھوں بہت تنگ ہیں۔ روضہ اطہر سے آواز آئی: "یا شیخ! لا تخف۔" پھر ہماری آنکھ کھل گئی اور ہم نہایت خوش بشاش تھے (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۳۴۶)۔

حضرت خواجہ قادر بخش جہاں خیلیؒ، حضرت خواجہ عبد الخالق جہاں خیلیؒ، حاجی مظفر علی خان مراد آبادیؒ، مولوی محمد جمال فروز پوریؒ، مولوی رحیم بخش سیالکوٹیؒ، حافظ انور علی رہتکیؒ اور فقیر شہاب الدین لاہوریؒ وغیرہ نے آپ ہی سے خلافت پائی اور لوگوں کو فیض پہنچایا۔

۲۳۱۔ مولانا مولوی حاجی حافظ مشتاق احمد چشتی صابری ادام اللہ تعالیٰ فیوضہ لکھتے ہیں کہ حضرت مخدومنا توکل شاہ صاحبؒ نے بر سبیل تذکرہ عاجز سے فرمایا کہ ایک مرتبہ خواب میں

marfat.com
Marfat.com

دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ تشریف لے جارہے ہیں، میں اور مولانا محمد قاسم دیوبندیؒ دونوں حضور ﷺ کے پیچھے دوڑے کہ جلد آپؐ تک پہنچیں، مولانا محمد قاسم صاحبؒ تو وہاں اپنا قدم رکھتے تھے، جہاں حضور رسول کریم ﷺ کے قدم مبارک کا نشان ہوتا تھا، مگر میں بے اختیار جارہا تھا، آخر مولانا سے آگے نکل کر پہنچ گیا (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۴۰۶)۔

۲۳۲۔ جناب مولوی سید ظہور الدین انبہٹویؒ اپنا واقعہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک روز بعد نماز مغرب احقر مراقبے میں شامل تھا، کیا دیکھتا ہے کہ حضور ﷺ کی مجلس قائم ہے، حضرت سائیں صاحب بھی اندر ہیں، مجھے دربان مجلس شریف کے اندر جانے کی اجازت نہیں دیتے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "اس کو نہ روکو، اندر آنے دو، اس کے پاس توکل شاہ کا رقعہ ہے۔" میں نے مراقبے سے فارغ ہوکر شاہ صاحب سے عرض کیا تو آپ نے فرمایا: فلاں وقت دیکھا ہوگا۔ میں نے عرض کیا: جی ہاں۔ فرمایا: اس وقت حقیقت محمدی ﷺ کا مراقبہ تھا، پھر مجھے اس مراقبے کا طریقہ تعلیم کیا (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۴۰۷)۔

۲۳۳۔ جناب مولوی سید ظہور الدین انبہٹویؒ نے رسالہ "توسل بالنبی والولی" میں لکھا ہے کہ زبدۃ الاولیا المتاخرین مرشدی سائیں توکل شاہ صاحبؒ نے مجھ سے براہ راست فرمایا کہ مولوی صاحب! جس وقت میں یہ درود شریف پڑھتا ہوں تو دیکھتا ہوں کہ حضور ﷺ کی روح مبارک مجسم ہوکر میرے گلے میں پھولوں کے ہار ڈالتی ہے۔ سائیں صاحبؒ نے میری خواہش پر مجھے بھی اس درود شریف کی اجازت عطا فرمائی۔ درود شریف مندرجہ ذیل ہے:-

اللھم صل علی سیدنا محمد و علی اٰل سیدنا محمد بعدد کل معلوم لک و بعددِ کل ذرّۃ مِائۃ الفِ الفِ مُرۃ و بارِك و سلّم (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۴۱۱۔ تذکرہ توکلیہ)۔

۲۳۴۔ جناب مولوی سراج الدینؒ بیان فرماتے ہیں کہ حضرت توکل شاہ صاحبؒ نے فرمایا کہ ہم نے نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ فرمارہے ہیں کہ "جب تم یہ صیغہ درود شریف کا پڑھتے ہو تو ہم پھولوں کا ہار تمہارے گلے میں ڈالتے ہیں۔" میں نے حضور اقدس ﷺ سے دریافت کیا کہ وہ صیغہ کون سا ہے؟ تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہ صیغہ یہ ہے: "صلی اللّٰہ علی النبی الامی واٰلہٖ وسلّم" (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۴۱۱) (ان دونوں روایات میں تطبیق بہ آسانی ہوسکتی ہے۔ دونوں میں سے کسی کو بھی اختیار کیا جاسکتا ہے، مگر بھرپور فائدہ اس وقت ہوگا، جب خلوص، توجہ اور پابندی ہوگی)

۲۳۵۔ مولانا مولوی حاجی حافظ مشتاق احمد چشتی صابری قدس سرہٗ کا بیان ہے کہ ایک

marfat.com
Marfat.com

زمانے میں غیر مقلدین انبالہ اور اہل سنت مقلدین میں نااتفاقی زیادہ ہو گئی تھی۔ حضرت سائیں توکل شاہ صاحبؒ نے ان دونوں کا قصہ مجھ سے اس طرح فرمایا کہ مجھے یہ خیال آیا کہ غیر مقلدین جب حدیث رسول اللہ ﷺ پر عمل کرتے ہیں تو ان کی مخالفت کیوں کی جاتی ہے؟ اور فکر میں تھا کہ اس کے متعلق جو حق ہو مجھے معلوم ہو جائے۔ آخر الامر ایک شب یہ خواب دیکھا کہ ایک احاطے میں حضور اقدس ﷺ رونق افروز ہیں، جس کا صرف ایک دروازہ ہے اور چاروں طرف دیوار ہے اور دیوار کے باہر نصاریٰ (عیسائی) بھی کھڑے ہیں، مگر حضور انور ﷺ کی طرف ان کی پشت ہے، غیر مقلدین بھی احاطے کی دیوار کے باہر ہیں، ان کا چہرہ تو حضرت رسالت مآب ﷺ کی طرف ہے مگر اندر جانے کا دروازہ انہیں نہیں ملتا، احاطہ کی دیوار کے باہر کھڑے ہیں اور اہل سنت والجماعت مقلدین حضرت امام اعظمؒ بلا تکلف دروازے سے اندر جاتے ہیں اور حضور اطہر ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوتے ہیں۔ حضرت توکل شاہ صاحبؒ کو یہ خواب دیکھ کر اطمینان ہو گیا کہ مقلدین حضرت امام اعظمؒ اور دیگر مقلدین ائمہ حق پر ہیں اور غیر مقلدین غلطی پر ہیں۔ اس خواب کے سننے کے بعد مولانا مولوی مشتاق احمد چشتی صابریؒ نے حضرت مولانا محمد یعقوبؒ مدرس اول، مدرسہ دیوبند کو خواب میں دیکھا کہ آپ نے ان سے فرمایا: توکل شاہ نے جو خواب تمہیں بیان کیا، وہ درست ہے، میں بھی وہاں موجود تھا۔ (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۴۱۶ تا ۴۱۷)۔

۲۳۶۔ جناب سید رفیق احمد، سینیر سب جج، لدھیانہ خلف الصدق جناب سید فیض محمد صاحب فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میرے والد کے دل میں اپنی سیادت کی تصدیق کی تمنا پیدا ہوئی تو وہ حضرت توکل شاہ صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے اپنا عمامہ اتار کر رکھا ہوا تھا اور وضو فرما رہے تھے، جب وضو سے فارغ ہوئے تو میں نے پاسِ ادب سے عمامہ اٹھا کر اُنہیں دیا، جس پر وہ بہت خفا ہوئے اور فرمانے لگے کہ میں اس وقت حضور سرورِ دو عالم ﷺ کو دیکھ رہا ہوں اور آپ مجھ سے جواب طلب فرما رہے ہیں کہ تم اب سادات سے بھی خدمت لینے لگے ہو، پھر شاہ صاحبؒ نے مجھ سے معافی مانگی اور عہد لیا کہ آئندہ کبھی ایسا نہ کرو گے (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۴۲۰ تا ۴۲۱)۔

۲۳۷۔ حافظ خیر الدین پنجابی کا بیان ہے کہ میں ایک مرتبہ حاضر خدمت تھا۔ مولوی سراج الدین صاحب دہلوی حضرت حسن رسول نماؒ (جن کا مزار دہلی میں ہے) کا ذکر خیر حضرت توکل شاہ صاحب قبلہ سے کرنے لگے کہ وہ ہر کس و ناکس کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کرا دیتے تھے۔ یہ سن کر میرے دل میں خیال آیا کہ کاش! میں اس زمانے میں ہوتا تو ان کا مرید ہو

marfat.com
Marfat.com

کر حضرت رسول اللہ ﷺ کے جمال باکمال سے مشرف ہوتا۔ میرے دل میں یہ خیال آیا ہی تھا کہ اسی وقت حلقہ مجلس میں بیٹھا ہوا بے ہوش ہو گیا اور شاہ صاحبؒ مجھے اپنے تصرّف خاص سے مدینہ منورہ لے گئے اور زیارت باکرامت سے مجھے مشرف کرادیا، جب میں ہوش میں آیا تو حضرت شاہ صاحبؒ نے فرمایا: کیوں حافظا کہاں گیا تھا؟ میں نے عرض کیا: جہاں حضور والا لے گئے تھے (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۴۲۹)۔

جو شخص کثرت سے درود شریف پڑھے تو حقیقت محمدیہ ﷺ کے تعلق سے ایسی کرامات کا اظہار اس سے ہونے لگتا ہے اور اس کے لیے جنت کی نشانیاں یہیں سے شروع ہو جاتی ہیں۔

۲۳۸۔ ایک صبح مولوی محبوب عالم صاحبؒ، حضرت توکل شاہ صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے فرمایا: مولوی صاحب یہ ”لا خوف علیهم و لا هم یحزنون“ کیا کلام ہے؟ میں نے عرض کیا: حضور یہ قرآن مجید کی آیت ہے اور تمام آیت یوں ہے: الا ان اولیاء اللّٰه لاخوف علیهم ولا هم یحزنون O (سورہ یونس۔ آیت ۶۲) فرمایا: اس کے کیا معنی ہیں؟ میں نے عرض کیا: اس کے معنی ہیں کہ جو اولیاً اللہ ہیں، ان پر نہ کچھ خوف ہے نہ غم ہے۔ فرمایا: اس خوف و غم کے نہ ہونے کا کیا مطلب ہے؟ میں نے عرض کیا: اس کا مطلب یہ ہے کہ جو اولیاً اللہ ہیں انہیں عذاب قبر، حشر، قیامت، میزان، پل صراط، دوزخ وغیرہ کا کچھ خوف اور غم نہ ہوگا۔ فرمایا: یہ تو سب خوف میں آچکا کیونکہ انہیں کوئی خوف جو نہ ہوا، پھر غم کا ہے کا باقی رہ گیا؟ میں نے عرض کیا: اس کا مطلب آپ جانتے ہونگے۔ فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ جب بلا حساب بخشے گئے تو خوف ہر طرح کا جاتا رہا، مگر غم اس بات کا رہا کہ دیکھیے اجر و ثواب اور جنت میں مراتب بھی پورے ملتے ہیں یا کسی قدر کمی بیشی ہوتی ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ انہیں ان مراتب اور اجر و ثواب کے بارے میں بھی کسی طرح کا غم نہ ہوگا۔ پھر فرمایا: ہمیں تین مرتبہ یہ آواز آئی: ”لا خوف علیهم ولا هم یحزنون۔“ یعنی تجھے اس گروہ میں داخل کر دیا جن کے بارے میں یہ آیت ہے: تجھے نہ خوف ہوگا نہ کسی طرح کا غم، ہم نے تجھے بے حساب بخش دیا۔ میں نے عرض کیا: حضور! یہ بشارت خاص آپ ہی کے واسطے ہے یا آپ کے ملنے والوں کے واسطے بھی؟ فرمایا: یہ بشارت ہمارے ملنے والوں کے واسطے بھی ہے، اور جو ان کے ملنے والے ہونگے ان کے واسطے بھی، اور جو کوئی ہمارے سلسلے میں قیامت تک ہماری نسبت حاصل کرے گا اور ہمارے طریقے کا پابند رہے گا، ان سب کے واسطے یہ بشارت ہے۔ اس بات کا حکم بھی اسی وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو گیا تھا، پھر حضرت رسول اللہ ﷺ کی روح مبارک سے بھی اس کی تصدیق ہو گئی، اور پھر حضرت مجدد الف ثانیؒ

marfat.com
Marfat.com

نے بھی اپنے دفتر میں ہمیں ان سب کے نام لکھے ہوئے دکھائے، جو قیامت تک ہمارے سلسلے میں داخل ہو کر ہماری نسبت حاصل کرینگے اور ہمارے طریقے کے پابند رہیں گے، وہ سب اس بشارت میں داخل ہیں (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۴۴۷ تا ۴۴۸)۔

۲۳۹۔ جناب مولوی سید ظہور الدین انبہٹوی لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ کو قوالی کی ملازمت کا ذکر آیا۔ حضرت سائیں توکل شاہ صاحبؒ فرمانے لگے کہ اس کا حلال یا حرام ہونا تو مولوی جانیں، البتہ ایک مرتبہ میں نے مظفر علی خان صاحب کے پاس کو قوالی میں قیام کیا، شب کو حضور ﷺ کی مجلس قائم تھی، مگر مجھے اندر جانے کی اجازت نہیں ملی، حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "توکل شاہ کو قوالی میں ٹھہرا ہوا ہے، اسے اندر نہ آنے دو۔" میں فوراً مظفر علی خان سے یہ ماجرا بیان کر کے اپنا بستر اٹھا کر جنگل کو ہو لیا۔ اللہ جانے اس میں کیا حکمت تھی (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۴۵۵)۔

۲۴۰۔ امام عبدالوہاب قطب شعرانی قدس سرہ لکھتے ہیں کہ اخلاص، شرط و آداب اور تدبر معانی کے ساتھ ہر روز اس کثرت سے درود شریف پڑھے کہ رذائل سے پاک ہو کر حضرت رسول اللہ ﷺ کے مشاہدے کا مقام حاصل ہو جائے۔ شیخ احمد زواویؒ کا بیان ہے کہ مجھے حالت بیداری میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت نصیب نہ ہوئی، یہاں تک کہ میں نے پورے ایک سال تک شب و روز پچاس ہزار بار درود شریف کا ورد رکھا۔ شیخ نورالدین شوئیؒ نے کئی سال روزانہ تیس ہزار مرتبہ درود شریف کا وظیفہ کیا۔ سیدی علی خواصؒ کا قول ہے کہ بندہ مقام عرفان میں کامل نہیں ہوتا یہاں تک کہ جس وقت چاہے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کرے۔ فرماتے تھے کہ سلف میں جن مشائخ کی نسبت ہمیں یہ خبر ملی ہے کہ وہ حالت بیداری میں بالمشافہ حضرت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ملاقات کیا کرتے تھے وہ یہ ہیں: شیخ ابومدین شیخ الجماعہؒ، شیخ عبدالرحیم قناویؒ، شیخ موسیٰ زولیؒ، شیخ ابوالحسن شاذلیؒ، شیخ ابوالعباس مرسیؒ، شیخ ابو السعود بن ابی العاشرؒ اور سیدی ابراہیم متبولیؒ اور شیخ جلال الدین سیوطیؒ۔ فرماتے ہیں کہ انہوں نے ستر سے کچھ زیادہ مرتبہ بحالت بیداری حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی۔ سیدی ابراہیم متبولیؒ کی ملاقات کا تو شمار ہی نہیں کہ وہ اپنے تمام حالات میں مشرف بہ زیارت ہوا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ سوائے رسول اللہ ﷺ کے میرا کوئی شیخ نہیں۔ شیخ ابوالعباس مرسیؒ فرماتے تھے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ ایک ساعت مجھ سے پوشیدہ رہیں تو میں اپنے تئیں مومنوں میں شمار نہیں کرتا (لواقح الانوار القدسیہ) (تذکرہ مشائخ نقشبندیہ۔ صفحہ ۵۰۰ تا ۵۰۱)۔

۲۴۱۔ یکم جمادی الثانی ۱۳۹۸ھ بمطابق ۸ مئی ۱۹۷۸ء بروز پیر ایک بزرگ نے رسالہ

marfat.com
Marfat.com

"ڈاڑھی کا وجوب" کی تصریف کی (یعنی عربی میں ترجمہ شروع کیا)۔ آج عشاء کے بعد روضہ اقدس پر حاضر ہو کر حضور اکرم ﷺ کے دست مبارک میں کچھ کاغذات دیکھے۔ موصوف نے سمجھا کہ میری تصریف کے کاغذات ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے اس کی تصریف پر اظہار مسرت فرمایا اور یہ بھی فرمایا کہ "شیخ الحدیث (حضرت مولانا زکریا صاحبؒ) کے رسالہ "شریعت و طریقت" کی بھی تصریف کرو۔" (الحمد للہ کہ عربی ترجمہ ہو کر چھپ گیا مجتبیٰ، حصہ دوم از محمد اقبال۔ مدینہ منورہ۔ صفحہ ۱۲ تا ۱۳۔ ادارہ اسلامیات، لاہور۔ اس کا اصل نام "بهجة القلوب في مبشرات النبي المحبوب ﷺ" ہے، جس میں قطب العالم شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی ثم مدنیؒ اور ساتھیوں کے درجنوں مکاشفات، خواب اور بشارت ہیں)۔

۲۴۲۔ حضرت اقدس شیخ الحدیثؒ نے شب جمعۃ المبارک ۱۱ رجب ۱۴۰۱ھ کو بہت اچھا خواب دیکھا، جو محمد اقبال صاحب (مدینہ منورہ) نے حضرت کے روزنامچہ سے نقل کیا:۔ نیند کئی دن سے نہیں آ رہی، مگر کسی وقت اونگھ سی آجاتی ہے۔ شب میں زکریا نے خواب دیکھا کہ اوجز (حضرت کی تالیف اوجز المسالک شرح موطا امام مالکؒ) کا مسودہ پورا ہو گیا تو میں حضور انور ﷺ کی خدمت میں پیش کرنے کو چلا، داہنی طرف علامہ زرقانیؒ اور بائیں طرف علامہ باجیؒ میرے ساتھ ہیں، میں جب حضور ﷺ کی خدمت میں پہنچا، تو آپؐ کے ہاتھ میں اوجز کے مطبوعہ فارم تھے اور وہی تھے جن کا مسودہ میں لے کر گیا تھا، حضور پر نور ﷺ بہت مسرت فرما رہے تھے اور بہت دعائیں دیں جو مجھے یاد نہیں، اس خواب سے بہت مسرت ہوئی اور اوجز کے مقبول ہونے کی امید ہوئی (مجتبیٰ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۳)۔

۲۴۳۔ ۱۹ رجب ۱۴۰۰ھ بروز بدھ مولانا عبدالحفیظ صاحب نے اپنے پریس کے لیے ذکر کیا (مراقبہ میں) کہ پریس لگ رہا ہے، اس کے لئے دعا فرمائیں کہ آپ کی کتابوں کی اس میں قبولیت اور افادیت عامہ کے ساتھ اشاعت ہو۔ حضور پر نور ﷺ نے فرمایا کہ "بذل (شرح ابو داؤد) اوجز، لامع (حضرت شیخ کی شرح حدیث) میری ہی کتابیں ہیں۔" پریس کے لئے دعا کی درخواست پر فرمایا: "مقبولة مباركة انشاء الله" (مجتبیٰ، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۴)۔

حضرت شیخ الحدیثؒ فرماتے ہیں کہ اس بندے پر اللہ رب العزت کے جو بہت ہی عظیم الشان انعامات اور بے شمار احسانات ہیں، ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اس بندے نے جس قدر فضائل کے رسائل تالیف کیے ہیں، ان سب رسائل اور کتب کے بارے میں اس بندے کو یا اس کے بعض مخلص اصحاب کو رویائے صالحہ اور مبشرات سے نوازا گیا (صفحہ ۱۴)۔

۲۴۴۔ رائے پور کی خانقاہ میں ایک بزرگ مولانا خدا بخش مقیم تھے۔ انہوں نے خواب

marfat.com
Marfat.com

دیکھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت شیخ الحدیثؒ بیت اللہ شریف کی تعمیر کر رہے ہیں۔ بزرگ نے تعبیر کے لئے جب یہ خواب حضرت شیخ الحدیثؒ سے بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ میں آج کل رسالہ فضائل حج تالیف کر رہا ہوں، انشاء اللہ! یہ رسالہ بیت اللہ شریف کی تعمیر روحانی میں معین ہوگا۔ چنانچہ ہزاروں خطوط اس نوع کے آئے کہ اس رسالے سے حج اور زیارت میں بہت لطف آیا (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۴ تا ۱۵)۔

عمرات النبی ﷺ کا سبب تالیف: حضرت شیخ زید مجدہٗ فرماتے ہیں کہ جب میں رسالہ حجۃ الوداع کے سننے سے فارغ ہوا تو میں نے دوپہر کے قیلولہ میں خواب دیکھا کہ ایک شخص مجھے حکم دیتا ہے کہ میں جز حجۃ الوداع کی تکمیل آنحضرت ﷺ کے عمروں کے بیان سے کروں اور اس نے کہا کہ جز حجۃ الوداع کی تکمیل کے لئے آپؐ کے عمروں کی تفصیل ضروری ہے، پس خواب ہی میں میں نے اس حکم کی تعمیل کی اور کاغذ قلم لے کر لکھنے لگا۔ اس وقت گویا مجھے نہ آنکھ کی تکلیف ہے نہ کوئی اور عارضہ اور خواب ہی میں میں نے "حدیث جعرانہ" کے دو جملوں کی شرح لکھ دی اور خواب ہی میں ایک تبلیغی جماعت کے لئے گیا۔

۲۴۵۔ حضور ﷺ کا رسالہ حجۃ الوداع کو سماع فرمانا: شیخ زید مجدہٗ یعنی حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ فرماتے ہیں کہ رسالہ "جز عمرات" جب اختتام کے قریب پہنچا تو ہمارے ایک مخلص دوست جناب الحاج سلمان افریقی نے خواب دیکھا، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ رسالہ حضرت سید المرسلین ﷺ کی بارگاہ میں شرف قبول سے سرفراز ہے۔ خواب یہ ہے:-

خواب دیکھا کہ میرے دل میں زیارت نبوی کا داعیہ پیدا ہوا اور میں پیدل مدینہ طیبہ کی طرف چل پڑا، تھوڑی دور چلا تھا کہ مجھے دور سے حرم نبوی نظر آنے لگا، اس طرف جا رہا تھا کہ اچانک خود کو حضرت شیخ زید مجدہٗ کے حجرے کے سامنے کھڑا پایا، بہت سے لوگ حجرے کے باہر کھڑے ہیں اور مولانا محمد یونس صاحب استاذ حدیث مظاہر علوم سہارنپور (بھارت) حجرے سے باہر آرہے ہیں، انہوں نے مجھ سے کہا کہ آنحضور ﷺ حجرے کے اندر رونق افروز ہیں اور مجھے داخل ہونے کا اشارہ کیا، میں اندر گیا تو فرحت و مسرت ضبط نہ کر سکا اور میرے جسم میں گویا بجلی کی لہر دوڑ گئی، دیکھا کہ نبی اکرم ﷺ آپ کی چارپائی کے سرہانے کی جانب تکیہ لگائے تشریف فرما ہیں، سفید دستار زیب سر ہے، ریش مبارک سفید ہے اور آنکھوں پر چشمہ لگا رکھا ہے۔ میں نے سلام عرض کیا اور مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھایا، تو آپؐ نے سلام کا جواب مرحمت فرما کر مصافحہ کے لئے اپنا دست مبارک بڑھایا اور پھر آپ کی جانب متوجہ ہوئے، آپ حبیب کریم ﷺ کی داہنی جانب زمین پر بیٹھے ہیں اور رسالہ "حجۃ الوداع"

marfat.com
Marfat.com

سنا رہے ہیں، آنحضور ﷺ اُسے سننے میں مصروف ہیں اور میں چارپائی سے نیچے اقدامِ عالیہ کی جانب بیٹھ گیا (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۵ تا ۱۷)۔

اس رویا میں حضور اقدس ﷺ کا سماع کے لئے متوجہ ہونا اور اس بندے کا رسالے کی قرأت میں مصروف ہونا، اس بندہ ضعیف کے لئے شرف و ابتہاج کا کافی سرمایہ ہے۔ **فللہ الحمد و المنۃ** (حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ)۔

۲۴۶۔ ۲۹ شوال ۱۳۹۵ھ بمطابق ۴ نومبر ۱۹۷۵ء کی شب حضرت شیخ زید مجدہٗ کو سید الکونین ﷺ کی زیارت ہوئی۔ ارشاد ہوا: "لاؤ اور وہ سناؤ۔" رسالے کا نام یاد نہیں رہا، لیکن وہ عربی زبان کی فوقیت و فضیلت پر تھا۔ اسی وقت خواب میں رسالہ لکھنے کا ارادہ، بلکہ افتتاح بھی کردیا۔ اس وقت بہت سی روایات اور مضامین بھی ذہن میں آئے اور بڑی اچھی ترتیب بھی، مگر صبح تفصیل بھول گیا۔ حضرت شیخ الحدیثؒ نے ارادہ کرلیا کہ انشاء اللہ مدینہ منورہ پہنچ کر تکمیل کروں گا۔ (تکمیل ہوگئی یعنی طبع بھی ہوگئی) (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۷)۔

۲۴۷۔ حضرت شیخ زید مجدہٗ نے ایک رویائے صالحہ میں خود حضرت رسالت مآب ﷺ کے یہ الفاظ مبارک سنے کہ مجھے ان کی یہ ادا بہت پسند ہے کہ یہ وقت ضائع نہیں کرتے۔ (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۸) حضرت زید مجدہٗ کا ہمہ وقت مشغول رہنا اور کوئی لمحہ ضائع نہ کرنا بچپن ہی سے طبیعت ثانیہ بن گئی تھی۔ فرماتے تھے کہ بچپن میں میرے والد صاحب نور اللہ مرقدہٗ مجھے اکثر یہ شعر سناتے تھے:

ے ترا ہر سانس نخلِ موسوی ہے یہ جزرومد جواہر کی لڑی ہے

حضرت زید مجدہ، شیخ الحدیثؒ کی مبارک زندگی اس مشغولیت کی شاہد عدل ہے۔

۲۴۸۔ ایک شب ایک بزرگ کو بہت طویل مکاشفہ ہوا، جس کا ایک حصہ درج ذیل ہے:

مراقب ہوتے ہی محسوس ہوا کہ جیسے دسترخوان لگا ہے اور سات آٹھ اکابر جلوہ افروز ہیں، جن کی شکلیں نظر نہیں آرہیں، اس حلقہ میں قبر شریف کی جگہ پر قبلہ رخ چارزانوں آفتاب رسالت ﷺ بھی تشریف فرما ہیں، میں آپؐ کی دائیں جانب پیچھے کی طرف جھک کر بیٹھ گیا، پھر میں نے محسوس کیا کہ آپؐ حلقے سے اٹھ کر چل دیئے اور ہم باب الرحمۃ و باب عبدالعزیز کے درمیان سے باب عمر کی طرف جا رہے ہیں۔ حضور انور ﷺ آگے آگے اور میں خادمانہ پیچھے پیچھے جا رہا ہوں، یہاں تک کہ آپؐ حضرت شیخ زید مجدہٗ کے پاس پہنچ گئے، جہاں وہ شیخ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب کو قرآن مجید سنا رہے ہیں، (اس وقت قریباً ایک بجا تھا اور حضرت شیخؒ کا اس وقت معمول بھی یہی تھا) وہاں پہنچ کر مرشد اعظم نبی اکرم ﷺ نے حضرت شیخؒ سے

marfat.com
Marfat.com

مصافحہ کیا، حضرت نے حضور ﷺ کے دست مبارک چوم لئے اور معانقہ کرتے وقت حضرت پر گریہ طاری ہو گیا، معانقہ کے فوراً بعد حضرت رسول پاک ﷺ نے اپنے دونوں دست مبارک حضرت شیخ کی ڈاڑھی پر پھیرے، ہاتھ پھیرتے جاتے اور بہت ہی ناز سے فرماتے: ھذا امام عصرہ و برکۃ دھرہ و ابنی البآر (یہ اپنے دور کے امام اور زمانے کی برکت ہیں اور میرے نیک بخت بیٹے ہیں)

یہ فرما کر واپس جانے کے لئے حضور اقدس ﷺ کھڑے ہو گئے، پیچھے پیچھے میں ہوں، چار پانچ قدم چلنے کے بعد مسکراتے ہوئے حضرت کی طرف مڑ کر دیکھا تو میں نے بھی دیکھا کہ حضرت نفلوں کی نیت باندھ رہے ہیں، یہ دیکھ کر حضور سراپا نور ﷺ نے مجھ سے فرمایا: بس ان کی یہی ادا مجھے پسند ہے کہ وقت ضائع نہیں کرتے (مطلب یہ ہے کہ وقت ضائع نہیں کیا، اتنا بھی نہیں کہ مجھے ہی محبت سے دیکھتے رہتے، میرے مڑتے ہی فوراً نماز میں مشغول ہو گئے)، پھر قبر شریف پر واپس چلے گئے۔ وہی حلقہ، وہی دستر خوان، وہی کھانا پینا (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۱۹ تا ۲۰)۔

۲۴۹۔ ایک بزرگ کے مکاشفے میں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ وہ (شیخ الحدیث) میرے قریب ہیں اور میں ان کے قریب ہوں (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۱)۔

۲۵۰۔ ۲۸ رجب ۱۳۹۸ھ بمطابق ۹ جولائی ۱۹۷۸ء بروز جمعہ، حضرت رسول الثقلین ﷺ نے مولانا عبد الحفیظ صاحب سے (مکاشفہ میں) فرمایا کہ "زکریا کی خدمت کرتے رہو، اس کی خدمت میری خدمت ہے۔" نیز یہ بھی ارشاد فرمایا کہ "میں اکثر اس کے حجرے میں جاتا رہتا ہوں" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۱)۔

۲۵۱۔ ۱۶ رجب ۱۳۹۸ھ بمطابق ۲۵ جون ۱۹۷۸ء بروز اتوار مغرب کے بعد ایک بزرگ نے روضہ اقدس پر مراقبے میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ نے چابی کا گچھا دیا، جس میں چابیاں تھیں اور فرمایا کہ "یہ رحمت کے خزانے کی چابیاں ہیں، یہ شیخ (شیخ الحدیث زاد مجدہ) کو پیش کر دو۔" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۱)

۲۵۲۔ ۲۶ صفر ۱۳۹۹ھ بمطابق ۲۴ جنوری ۱۹۷۹ء کو شب میں بعد نماز عشاء ایک بزرگ نے اقدام عالیہ میں بیٹھتے ہوئے مراقبہ میں دیکھا کہ حضرت (شیخ الحدیثؒ) کے لئے حضور پر نور، شافع یوم النشور ﷺ سے بار بار دعا کے لئے عرض کر رہے تھے کہ بالکل بے ہوشی اور کمزوری ہے، تو دیکھا کہ بائیں جانب ایک عالی شان بگھی ہے اور حضرت شیخؒ بہت تندرستی کی حالت میں گھوڑے کی لگام پکڑے ہوئے ہیں، جیسے کہ بگھی چلا رہے ہوں۔ آپ کے سر پر بہت ہی چمکدار سنہرا تاج ہے اور چہرے اور تاج سے دور دور تک سنہری شعاعیں پھیل رہی ہیں۔ حضور رسالت

marfat.com
Marfat.com

مآب ﷺ موصوف سے مسکرا کر فرما رہے ہیں: "دیکھو! روحانیت کی گاڑی تو یہی چلا رہے ہیں اور تم بتلاتے ہو کہ ...." (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۱ تا ۲۲)۔

۲۵۳۔ ۱۰ صفر ۱۴۰۰ھ آج دوپہر کو حبیب لبیب نبی اکرم ﷺ مدرسہ علوم شرعیہ (مدینہ منورہ) کے کمرے میں تشریف لائے، جو قیام گاہ حضرت شیخؒ ہے اور ارشاد فرمایا کہ "انہیں (شیخ کو) ظہر کی نماز پڑھانے آیا ہوں۔" (حضرت شیخ الحدیثؒ کا مکاشفہ) (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۲)۔

۲۵۴۔ ۲۰ ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ بمطابق ۲۴ فروری ۱۹۸۱ء کی شب ایک بزرگ نے اپنا صلوٰۃ وسلام عرض کرنے کے بعد حضرت شیخؒ کی طرف سے صلوٰۃ وسلام عرض کیا اور پھر آپ کے لئے دعا کی درخواست کی۔ دیکھا کہ ایک بڑا سا صندوق ہے جس میں سونے کی بڑی بڑی سلیں رکھی ہیں، جو بہت روشن اور چمک دار ہیں۔ حضور انور ﷺ نے فرمایا کہ "ان کا خزانہ اعمال تو ماشاء اللہ بھرا ہوا ہے۔" پھر تھوڑی دیر بعد دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ کھڑے ہیں اور آپؐ کے ارد گرد مختلف قسم کے پیکٹ رکھے ہوئے ہیں۔ حضرت ہادیٔ برحق ﷺ نے فرمایا کہ "ان میں ہمارا سرمایہ ہے" اور پھر وہ پورا ڈھیر حضرت شیخ کی طرف بڑھا دیا اور فرمایا کہ "اس وقت یہ ہمارے ہر قسم کے خزانے کے وارث ہیں۔" پھر جیسے دعا میں مشغول ہو گئے اور بہت دیر اسی میں مشغول رہے (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۲ تا ۲۳)۔

۲۵۵۔ ۲۸ ذی الحجہ ۱۳۹۹ھ بمطابق ۱۷ نومبر ۱۹۷۹ء شب شنبہ صلوٰۃ وسلام کے بعد مصلی جنائیز میں ایک بزرگ نے دیکھا کہ حضرت شیخ زید مجدہٗ حضور اقدس ﷺ کے سامنے بیٹھے ہیں اور حضور ﷺ بہت محبت سے ان کی طرف دیکھ کر فرما رہے ہیں: "هذا شيخ المشائخ المحببين۔" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۳)

۲۵۶۔ ۲۹ ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ بمطابق ۵ مارچ ۱۹۸۱ء کی شب میں ایک بزرگ نے صلوٰۃ وسلام کے بعد حضرت شیخ زید مجدہٗ کی طرف سے صلوٰۃ وسلام اور دعا کے لئے عرض کیا۔ دیکھا جیسے ایک کشتی سی چل رہی ہے، جو سمندر میں گھوم رہی ہے اور پھر جیسے تھوڑی دیر میں وہ کشتی بہت وسیع جزیرہ بن گئی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: "ان کی مثال ایسی ہی ہے اور جیسے انبیاء کرام علیہم السلام کے زمانے میں ہر نبی علیہ السلام کے ساتھ اس کے وقت میں اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت ہوتی تھی، اسی طرح آج کل اللہ کی مدد، نصرت و قبولیت ان کے ساتھ ہے۔" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۳)۔

۲۵۷۔ ۲ رجب ۱۳۹۸ھ بمطابق ۱۴ جون ۱۹۷۸ء بروز بدھ کی شب میں ایک بزرگ نے صلوٰۃ وسلام کے بعد حضور اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ حضرت (حضرت شیخ الحدیثؒ) بہت فکرمند ہیں کہ کس منہ سے سامنا ہو گا؟ حضور اکرام ﷺ نے فرمایا: "انه حبيبنا من حزب

marfat.com
Marfat.com

المفلحين الغر المحجلين۔" پھر تھوڑی دیر بعد دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کے سامنے ایک خوبصورت صندوقچہ ہے، اس کے اوپر تہہ کیا ہوا بہت خوبصورت عمامہ ہے جس پر سفید رنگ کی نہایت چمک دار کڑھائی ہے، حضور ﷺ بہت پیار سے اس کی تہہ کھولتے اور اوپر ہاتھ پھیرتے جاتے ہیں، پھر اسی طرح تہہ کر کے رکھ دیتے ہیں اور مسکرا کر مجھ سے فرمایا کہ "ہم نے یہ ان کے لئے تیار کر رکھا ہے۔" (مجتبیٰ، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۴)

۲۵۸۔ ۱۶ شعبان ۱۳۹۸ھ بمطابق جولائی ۱۹۷۸ء بروز بدھ کی شب ایک بزرگ نے روضہ اقدس پر حاضری دے کر صلوٰۃ و سلام پڑھنے کے بعد حضرت شیخ (شیخ الحدیثؒ) کی طرف سے بھی صلوٰۃ و سلام پڑھ کر کچھ خوف وغیرہ کا ذکر کیا، اس پر حضور انور ﷺ نے ایک نہایت خوبصورت ہار اپنے دونوں ہاتھوں سے اٹھا کر حضرت شیخ کے گلے میں ڈالا اور مسکرا کر فرمایا: "هذا عقد الایمان و النور و الحکمته" اور مسکراتے رہے۔ عشاء کے بعد ایک صندوقچی سے گہرے بادامی رنگ کا ایک جبہ نکالا، جس کی آستینیں بھی ہیں اور حضرت شیخ کو پہنا کر فرمایا: "و هٰذا ستر العافیه۔" (مجتبیٰ، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۴ تا ۲۵)۔

۲۵۹۔ ۲۸ جمادی الاولیٰ بمطابق ۱۳ اپریل کی شب ایک بزرگ نے صلوٰۃ و سلام کے بعد دیکھا کہ جیسے روضہ شریف کی جگہ ایک لمبی قطار میں بہت سے لوگ بیٹھے ہیں، جنہیں ایک دو خادم کھانا کھلا رہے ہیں، بعد میں معلوم ہوا کہ یہ درویشوں کی جماعت ہے، تھوڑی دیر بعد اس جگہ جیسے کوئی حجرہ ہے، جس میں حضور ﷺ کسی کام میں مشغول ہیں اور حضرت (حضرت شیخ الحدیثؒ) بالکل خادمانہ انداز سے آپؐ کی مدد کر رہے ہیں، حالانکہ حضرت کی ڈاڑھی سفید ہے اور حضور انور ﷺ کی کالی مگر حضرت لگ بھی خادم رہے ہیں اور حضور ﷺ مخدوم، پھر جیسے اس کام سے فراغت ہوگئی اور کھانے کے لئے کچھ آنے لگا، تو حضرت نے جلدی سے کچھ پکڑ کر حضور اقدس ﷺ کی طرف بڑھایا، پھر حضرت کو حضور اقدس ﷺ نے اپنے پاس بٹھالیا اور بہت محبت سے حضرت کی طرف دیکھ کر فرمایا: "یہ میرا معاون بھی، خادم بھی اور محبوب بھی ہے۔" (مجتبیٰ، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۵)۔

۲۶۰۔ حضرت شیخ الحدیثؒ فرماتے ہیں کہ عزیزی عبد الحفیظ بہت تفصیلی واقعات سناتا رہا، جن میں ایک یہ ہے کہ تو (حضرت شیخ الحدیثؒ) بیٹھا ہوا ہے اور حضور ﷺ کی طرف سے کچھ عطایا ہو رہے ہیں اور تو کھا رہا ہے، اسی دوران ابو الحسن صدیقی (خادم خاص حضرت شیخ الحدیث) تجھے کوئی دوا پلانے آیا جو تو نے پی لی۔ حضور اقدس ﷺ نے ابو الحسن کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: اکرمک الله کما اکرمتنی بکرمک هذا هذا، میری طرف اشارہ تھا۔

marfat.com
Marfat.com

اللہ تعالیٰ عبد الحفیظ کو بہت بلند درجے عطا فرمائے کہ اس کی برکت سے مبشرات بہت سننے میں آتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اس روسیاہ کو اس قابل بنائے (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۵ تا ۲۶)۔

۲۶۱۔ اس شب عزیز عبد الحفیظ نے صلوٰۃ و سلام کے بعد دعائے صحت و عافیت کے لئے عرض کیا تو دیکھا جیسے حضور اقدس ﷺ کے سامنے ایک طباق ہے، جس میں کوئی میٹھی چیز ہے جو سوجی کے حلوے کی طرح کی ہے، مختلف لوگوں کو ایک ایک چمچہ دے رہے ہیں، تھوڑی دیر میں حضرت شیخ بھی سامنے آگئے تو حضور ﷺ نے پہلے تو چمچہ سا دیا پھر خادم سے فرمایا کہ "سارا طباق انہیں دے دو۔" اور جب خادم نے ذرا تردد کیا تو پھر فرمایا کہ "سارا دے دو، یہ تو کریم ابن کریم ہیں۔" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۶)

۲۶۲۔ ۲۶ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۱ھ بمطابق یکم اپریل ۱۹۸۱ء کی شب میں مولانا عبد الحفیظ صاحب نے مدرسہ مظاہر علوم (سہارنپور، بھارت) کے دوروں (بسلسلہ چندہ مدرسہ) کی کامیابی و قبولیت و برکت کے لئے دعا کی اور دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ کسی دروازے کے اوپر لکھے ہوئے پر دست مبارک پھیر رہے ہیں اور اس پر دباؤ ڈال کر مضبوط بھی کر رہے ہیں۔ بعد میں واضح ہوا کہ کچھ اور الفاظ کے علاوہ مظاہر علوم بھی لکھا ہے، جیسے تختی ہو اور وہ مدرسہ قدیم کا بیرونی دروازہ ہے، پھر حضور ﷺ جیسے مدرسہ قدیم کی عمارت میں تشریف لے گئے، بعض طلباً کو دیکھ کر بہت خوشی کا اظہار فرمایا اور ارشاد کیا: "سرپرستانِ محبّین مظاہر کو چاہئیے کہ حفاظت و ترقی کے لئے خوب دعا کریں، اصل رسوخ علم مطلوب ہے، اساتذہ و طلبہ کو چاہئیے کہ اخلاص اور انہماک فی العلم کا اہتمام کریں۔" (مظاہر العلوم کے دورے کے بعد معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کی توجہ سے غیر معمولی کامیابی ہوئی۔ حضرت شیخ الحدیثؒ کا اس مدرسے سے خاص تعلق رہا ہے) (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۷)۔

۲۶۳۔ ۲۳ جمادی الثانی ۱۳۹۷ھ بمطابق ۱۱ مئی ۱۹۷۷ء بروز بدھ کی رات حضرت شیخ الحدیث زیدہ مجدہٗ نے خواب دیکھا کہ ایک ڈرافٹ آیا ہے، جس پر انعام کریم لکھا تھا۔ (اوپر کے کمرے میں مولانا انعام کریم رہتے تھے)، وہ ان کے پاس بھیج دیا جو انہوں نے یہ کہہ کر واپس بھیج دیا کہ تمہارا (حضرت شیخ کا) ہی ہے اگرچہ اس پر میرا نام لکھا ہے، میرے پاس پیام بذریعہ خط براہ راست آچکا ہے، جس کے الفاظ بعینہٖ تو یاد نہیں۔ حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ "رمضان مدینہ میں کرنا ہے۔" (سفر ہند کی اجازت نہیں) (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۱ تا ۳۲)

۲۶۴۔ ۲۹ جمادی الثانی ۱۳۹۷ھ آج مغرب کے بعد ایک بزرگ نے حضرت شیخ الحدیثؒ کے لئے ہند (ہندوستان) جانے کی اجازت مانگی تو ہر مرتبہ ارشاد ہوا: "الهند بعید" گویا اشارہ فرمایا کہ وہ مسجد تک تو آ نہیں پاتا، ہند کیسے جائے گا؟ میں نے سفر ہند کے التوا کا مژدہ سنایا تو

marfat.com
Marfat.com

حضور سید المرسلین ﷺ نے فرمایا کہ "وہ میرے قریب ہیں اور میں ان کے قریب ہوں۔" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۲)۔

۲۶۵۔ ۲۱ صفر ۱۴۰۱ھ بمطابق ۲۸ دسمبر ۱۹۸۰ء کی شب بعد نماز عشاء ایک بزرگ نے صلوٰۃ و سلام کے بعد حضرت شیخ الحدیثؒ کی طرف سے صلوٰۃ و سلام کر کے عرض کیا کہ جیسے یا رسول اللہ ﷺ! آپؐ نے یہاں بلا لیا ہے، آخرت میں بھی شفاعت کے لیے نہ بھولیے گا۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا: "وہ ان میں سے نہیں جن کے بارے میں کہنا پڑے، ان کے لئے تو میں خود ہمیشہ ہر شر سے حفاظت کی دعا کرتا ہوں۔" پھر دیکھا جیسے پوری دنیا پر حضور ﷺ کی نورانیت پھیل گئی ہے۔ یہ مشاہدہ ہونے لگا کہ اس دنیا پر حضور ﷺ کی حکومت ہے اور وہ احادیث و مضامین ذہن میں آنے لگے، جن میں یہ ہے کہ جو چیز حضور ﷺ کے طریقہ پر نہ ہو گی وہ مردود ہے، بہت دیر تک اس کا مشاہدہ ہوتا رہا پھر حضور ﷺ نے فرمایا کہ "یہی تو اس حکومت کے کرنے میں ہمارے نائب و وارث ہیں۔" پھر فرمایا: "ماشاء اللہ! جس پاک اور صاف طریقے سے یہ کام کر رہے ہیں، اس سے دل خوش ہوتا ہے اور جہاں جہاں یہ جاتے ہیں اس کے اثرات لوگ نہیں جانتے بعد میں ظاہر ہوں گے، ان کی مثال ایسی ہے جیسے مردہ زمین پر ہل چلایا جائے تو جو آدمی ہل کی حقیقت کو نہیں جانتا، وہ نہیں سمجھ سکتا کہ اس سے کیا فائدہ ہو گا؟" پھر دیکھا کہ روضہ شریف پر کچھ پک رہا ہے اور ارد گرد حضور اکرم ﷺ کے علاوہ حضرت شیخؒ اور دیگر لوگ بھی بیٹھے ہیں۔ حضور انور ﷺ نے فرمایا کہ "اس دعوت کا انتظام انہیں (حضرت شیخؒ) کی آمد کی وجہ سے کیا ہے۔" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۲ تا ۳۳)

۲۶۶۔ حضرت شیخ الحدیث زید مجدہٗ آنحضرت ﷺ کی اجازت کے بغیر کوئی کام نہیں کرتے، حتیٰ کہ کوئی نقل و حرکت، خود مدینہ طیبہ کی حاضری اور وہاں سے واپسی کچھ بھی بلا اجازت نہیں فرماتے، جب اپنا ارادہ فنا ہو گیا تو جو کچھ بھی فرماتے ہیں، وہ سید پیغمبراں ﷺ کے ارادے کے مطابق ہی ہوتا ہے۔ مکہ مکرمہ، مدینہ طیبہ، پاکستان، افریقہ اور دوسرے ملکوں میں حضرت زید مجدہٗ کا فیض پہنچا ہے۔ آپ نے موریشس، رنگون، لندن، انڈمان جیسے مقامات کو جو علم دین سے بالکل خالی تھے، دین و سنت کی اشاعت کا مرکز بنایا۔ آپ کے خلفاء و خدام ان مقامات پر خدمت دین میں مشغول ہیں، جن کی وجہ سے بڑے بڑے مدارس ان مقامات پر قائم ہو گئے اور بڑا فیض پہنچ رہا ہے۔

۷ رجب ۱۳۹۹ھ بمطابق ۲ جون ۱۹۷۹ء کی شب ایک بزرگ نے روضہ اقدس پر صلوٰۃ و سلام کے بعد حضرت شیخ الحدیث زید مجدہٗ کی طرف سے سفر لندن و ہند کی اجازت اور

marfat.com
Marfat.com

دعا کے لئے عرض کیا تو دیکھا جیسے کسی بڑے ورق پر لکھا ہوا ہے: لئن شکرتم لازیدنکم، پھر جیسے حضور ﷺ کے ہاتھ میں دو ورق ہیں، جنہیں آپ الٹ پلٹ کر دیکھ رہے ہیں، اندازہ ہوا کہ مسافروں کی فہرست ہے، پھر دیکھا جیسے حضور ﷺ اور سات آٹھ آدمی مزید ہیں اور وہ سب قرآن خوانی میں مشغول ہیں، پھر موصوف نے دعا اور حضرت شیخ کے سفر کی صراحت کے ساتھ اجازت کے لئے عرض کیا، جس کے بعد یہ منظر ختم ہو گیا اور جیسے حضور اقدس ﷺ تنہا ہیں، خوبصورت لکیر دار جبہ زیب تن ہے اور سر پر نہایت خوبصورت عمامہ ہے، حضور ﷺ کا قد بھی جیسے بہت بڑا ہو گیا، گویا مدینہ منورہ سے لیکر مکہ مکرمہ تک ایک لمبا راستہ بن گیا ہے، پھر مکہ معظمہ سے لندن تک ایک راستہ بن گیا اور حضور ﷺ نے لندن میں دار العلوم کا معائنہ فرما کر دعا فرمائی (حضرت شیخ کے خلیفہ خاص مولانا محترم یوسف متالا نے حضرت شیخ کے حکم سے لندن میں ایک مدرسے کی بنیاد ڈالی، جو کمال سرعت سے ترقی کر کے دار العلوم بن گیا)، پھر وہیں کھڑے کھڑے سہارنپور تک نظر دوڑائی اور فرمایا: "خیر ہی خیر ہے۔" سفر کے بارے میں حضور ﷺ سے دعا کے لئے عرض کیا تو آپ نے فرمایا: "میں تو ساتھ ہی ہوں۔" عشا کے بعد دوبارہ عرض کیا تو اسی طرح اسی ہیئت میں مکہ مکرمہ تک ہاتھ مارا اور راستہ صاف ہو گیا، بعدہ مکہ مکرمہ سے حضور اکرم ﷺ لندن تشریف لے گئے، راستے میں جیسے دو شر دور نے سر اٹھایا تو حضور انور ﷺ نے ایک کے سر پر ایک اور دوسرے کے سر پر دوسرا پاؤں مارا، جس سے دونوں اسی لمحہ ختم ہو گئے، پھر جیسے انگلستان میں ہیں اور وہاں گندگی کی لوہے کی بہت لمبی چوڑی ٹنکی مدفون ہے، جسے حضور ﷺ نے بہت زور لگا کر نکالنا چاہا مگر وہ بہت گہری تھی، آپ کے زور لگانے سے اس کے کئی ٹکڑے ہو گئے۔ آپ نے ان ٹکڑوں کو اٹھا کر دور پھینک دیا اور فرمایا کہ "ایسی کئی اور گندگیاں دور کرنی ہیں، قوت و ہمت کی ضرورت ہے۔" مزید فرمایا: "یہ سفر انشاءاللہ فیصلہ کن ہو گا۔" پھر ارشاد فرمایا: "یہاں بہت فتنے اور شرور سر اٹھا رہے ہیں، انشاءاللہ علم و یقین کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہو گا، جس میں قوت و ہمت کی ضرورت ہے۔" (یہ بار بار فرمایا) موصوف کے ذہن میں اس وقت یہ بات آئی کہ حضرت شیخ کے ساتھیوں کو اس پر بہت اہتمام سے توجہ دینی چاہئے اور لندن کے سفر میں ابتدا اور دورانِ سفر سیر و تفریح وغیرہ کا خیال بالکل ذہن میں نہیں آنا چاہئے، بلکہ خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے اُس کے دین ہی کو پوری قوت و ہمت سے مقصد بنانا چاہئے (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۴ تا ۳۶)۔

۲۶۷۔ رجب ۱۳۹۹ھ بمطابق جون ۱۹۷۹ء ۶ جون کی شام کو بعد نماز عشا ایک بزرگ نے صلوٰۃ و سلام عرض کیا ہی تھا تو دیکھا حضور سرور دو عالم ﷺ نہایت جوش میں ہیں اور جیسے قتال

marfat.com
Marfat.com

کا لباس پہنا ہوا ہے، ہاتھ میں جھنڈا لئے ہوئے ہیں اور موصوف سے کہا: ''حضرت (حضرت شیخ زید مجدہ) سے کہنا کہ جہاد کی نیت سے سفر کریں، پھر آہستہ سے فرمایا: جہاد کے لئے قتال بالسیف ضروری نہیں، ویسے بھی ہوتا ہے۔ پھر فرمایا: انشاء اللہ غلبہ حق ہی کا ہوگا۔'' (مجتبیٰ، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۶)

۲۶۸۔ ۷ جون کو بعد عشا صلوٰۃ وسلام، حضرت شیخ الحدیث زید مجدہ کی طرف سے عرض کرنے اور سفر و حضر کے لئے دعائے خیر کے لئے ایک بزرگ نے عرض کیا: حضور انور ﷺ کے سامنے بہت سی بڑی بڑی رکابیاں اوپر تلے پڑی تھیں، کچھ جا رہی تھیں کچھ آ رہی تھیں، حضور اکرم ﷺ پر سکون انداز سے تشریف فرما تھے اور بار بار موصوف کی دعا کی درخواست پر اہتمام سے فرما رہے تھے: ''اس کی کیا ضرورت ہے۔ میں تو ساتھ ہوں۔'' پھر ارشاد فرمایا کہ ''ایک ہزار بار روزانہ درود شریف کا اہتمام کیا کرو۔'' (مجتبیٰ، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۷)

۲۶۹۔ ۸ جون کو نماز عشا اور صلوٰۃ وسلام کے بعد دعا کے لئے عرض کیا تو دیکھا کہ حضور ﷺ کے سامنے جیسے آگ بجھانے والی موٹریں ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ سفر ایسا ہی ہے، آگ بجھانے جا رہے ہیں، راستے میں مکہ مکرمہ بھی آئے گا تو اصل مقصد یاد رکھنا اور وہاں بھی اسی کے لئے خوب دعا کرنا حضرت (شیخ الحدیث زید مجدہ) سے کہیں (مجتبیٰ، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۷)

۲۷۰۔ ۱۳ جون کو قبل نماز عشا صلوٰۃ وسلام کے بعد دعا کے لئے عرض کیا تو جیسے قبر شریف سے لے کر دور تک دو گز چوڑی تہہ در تہہ حد نگاہ تک سڑک سی بنی ہوئی ہے، میں سمجھا اوپر کی تہہ کھیر کی ہے سفید رنگ کی، اس کے نیچے بادامی رنگ کی کوئی غذا ہے اور پھر سفید رنگ کی، تھوڑی دیر میں یہ منظر ختم ہو گیا، پھر دیکھا کہ جیسے حضور اقدس ﷺ تنہائی میں اپنے خاص کمرے میں ہیں اور ایک دو خدام خاص سامان کی تیاری میں لگے ہوئے ہیں آپؐ نے فرمایا کہ ''تم لوگ بھی تیاری کر رہے ہو، ہم بھی تیاریاں کر رہے ہیں۔'' (مجتبیٰ، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۷)

۲۷۱۔ پھر عشا کے بعد دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کی جگہ سے جیسے شعائیں نکل رہی ہیں اور مشرق، مغرب، شمال اور جنوب کی سمتوں میں جا رہی ہیں، یہ بھی دیکھا کہ ایک شعاع کی لڑی ایک ہی سمت میں مسلسل مغرب کی طرف جا رہی ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ''تم دعا کے لئے کہتے ہو تو میں مستقل ادھر ہی متوجہ ہوں۔'' (مجتبیٰ، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۷ تا ۳۸)

۲۷۲۔ ۱۴ جون کو عشا کی نماز اور صلوٰۃ وسلام کے بعد حضرت شیخ زید مجدہ کے سفر کے لئے دعا کی تو تھوڑی دیر بعد دیکھا جیسے حضور اکرم ﷺ تشریف فرما ہیں اور سامنے ایک سنہرا اور بلند گیٹ بن گیا ہے، جس کے بعد لگاتار گیٹ بنتے چلے گئے، جو سنہرے اور نہایت خوبصورت ہیں اور ان کے نیچے سفید رنگ کی سڑک ہے۔ حضور انور ﷺ نے فرمایا: ''بظاہر اس سفر میں تم لوگ

marfat.com
Marfat.com

مدینہ سے باہر جا رہے ہو، گویا تم جنت میں جا رہے ہو یا جنت کا راستہ بنا رہے ہو، مزید فرمایا: توجہ الی اللہ اصل ہے اس کا اہتمام خوب ہونا چاہیئے، پھر تھوڑی دیر میں یہ منظر ختم ہو گیا اور حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: کثرت سے درود پڑھو۔ میں نے کثرت سے درود پڑھنا شروع کر دیا جس پر دیکھا کہ کوئی راستہ ہے، جو درود شریف پڑھنے سے کشادہ ہو جاتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: درود سے راستے کشادہ ہوتے ہیں۔" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۸)

۲۷۳۔ ۱۵ جون کو قبل عشا صلوٰۃ وسلام کے بعد پورے سفر میں خیریت، قبولیت اور خیر و عافیت سے واپسی کے لئے دعا کی درخواست کی کہ کل روانگی ہے۔ پہلے تو حضور ﷺ تھوڑی دیر خاموش رہے، پھر حجابات اٹھے اور مختلف جگہوں مکہ مکرمہ، انگلستان، ہندوستان وغیرہ پر انوار نظر آنے لگے اور اوپر آسمان پر بھی جیسے ہنگامہ سا ہے، پھر حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ "اس سفر کا تو آسمانوں پر بھی شور ہے، بس مخلوق پر رحمت کی نظر اور رحم کھا کر ہدایت کی کوشش و دعا ہونی چاہیئے۔" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۸ تا ۳۹)

۲۷۴۔ ۱۰ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۱ھ بمطابق ۲۷ مارچ ۱۹۸۰ء آج بعد عشا ایک بزرگ نے روضہ اقدس پر صلوٰۃ وسلام کے بعد حضرت شیخؒ کی صحت اور رمضان شریف کے بارے میں، جہاں خیر ہو وہاں کے لئے دعا اور توجہ کے لئے عرض کیا۔ حضور ﷺ نے سکوت فرمایا تو تھوڑی دیر بعد موصوف نے پھر عرض کیا اور یہ بھی کہ ان (حضرت شیخؒ) کے دل میں پاکستان آرہا ہے، تو حضور پرنور ﷺ نے فرمایا کہ "دل میں تو اللہ ہی کی طرف سے آرہا ہے۔" موصوف نے عرض کیا کہ حضور ﷺ کی طرف سے بھی کچھ چاہیئے تو آپؐ نے دعا فرمانی شروع کر دی، بہت دیر تک متوجہ رہے اور پھر فرمایا: رحلة الخير الكثير الى باكستان انشأ الله۔ اس عبارت کو دو تین مرتبہ نہایت سنجیدگی سے فرمایا، پھر فیصل آباد کا دار العلوم سامنے نظر آنے لگا تو حضور ﷺ نے فرمایا: "یہ ٹکڑا تو رمضان میں انشأ اللہ ریاض الجنۃ بن جائے گا۔" گویا ذکر کثیر کی طرف اشارہ فرمایا۔ اللہ تعالیٰ مفتی (مفتی زین العابدین صاحب) کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ بہت اہتمام فرما رہے ہیں۔ حضرت شیخؒ کی صحت کے لئے عرض کرنے پر فرمایا: انه ابني و حبيبي و انا به حَفِيّ اور بہت دیر تک دعا فرماتے رہے (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۳۹ تا ۴۰)

۲۷۵۔ ۴ ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ کی شب بعد عشا ایک بزرگ نے روضہ اطہر پر صلوٰۃ وسلام کے بعد صحت و عافیت کے لئے اور خاص طور پر رمضان المبارک کے لئے دعا کی درخواست کی کہ جہاں خیر ہو وہاں کے لئے آسانی کی دعا فرمائیں اور ساتھ ہی ساتھ یہ بھی عرض کیا کہ حضرت شیخؒ یوں فرماتے ہیں کہ ان کا دل فیصل آباد میں کرنے کو چاہ رہا ہے۔ اس پر حضور ﷺ نے

marfat.com
Marfat.com

تھوڑی دیر کے لئے سکوت فرمایا، جیسے کچھ سوچ رہے ہیں، پھر اچانک دیکھا کہ سامنے مفتی زین العابدین صاحب کے مدرسے و مسجد کا احاطہ ہے مگر ایک چیز یہ نوٹ کی کہ دیواروں کے ساتھ ساتھ چھوٹے چھوٹے پودے لگے ہوئے ہیں۔ حضور ﷺ تھوڑی دیر اس منظر کا معائنہ فرماتے رہے، پھر تھوڑی ہی دیر میں ایک دوسرا منظر سامنے آیا جیسے ایک بہت بڑی مکعب صورت میں نورانی شکل کی ٹنکی سی ہے۔ موصوف کے ذہن میں آیا کہ گویا یہ حضرت شیخ کی شبیہ ہے اور حضور پر نور ﷺ اس نورانی شکل کی طرف نہایت مسرت اور سنجیدگی سے دیکھ کر بار بار فرما رہے ہیں کہ "ماشاء اللہ! یہ تو نور کا بہت بڑا خزانہ ہے، اگر فیصل آباد میں رمضان ہو جائے تو پورے علاقے کے لئے بہت خیر کا ذریعہ بنے یا سبب بنے۔" ان الفاظ کو دو تین بار فرمایا اور یہ منظر کافی دیر تک سامنے رہا اور حضور انور ﷺ سنجیدگی سے بغور اسے دیکھتے رہے (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۰)

۲۷۶۔ ۱۷ جمادی الثانی ۱۴۰۱ھ بمطابق ۲ مئی ۱۹۸۰ء کی شب میں ایک بزرگ نے روضۂ اطہر پر صلوٰۃ و سلام کے بعد حضرت شیخؒ کی صحت و عافیت اور سفر میں قبولیت و سہولت کے لئے دعا کی اور عرض کیا تو حضور ﷺ تھوڑی دیر خاموش رہے، پھر دیکھا جیسے حضور ﷺ کے سامنے مدور شکل میں دس پندرہ موم بتیاں روشن ہیں۔ حضور ﷺ نے توجہ سے انہیں گھمایا، جس سے ان کے انوار پوری مسجد میں پھیل گئے، اس پر حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "اب جو قلوب اس طرف متوجہ ہونگے وہ مستفید ہونگے، مزید فرمایا: ایک استفادہ تو ہر آنے والے کو ہوتا ہے اور ایک خصوصی فیض جو خاص متوجہ ہونے والوں کو ہوتا ہے، جو یہ تھا۔ موصوف نے باادب حضرت شیخؒ کے بارے میں عرض کیا تو حضور اقدس ﷺ نے مسکرا کر فرمایا: ان کی طرف تو میں بذات خود متوجہ رہتا ہوں۔" (گویا وہ متوجہ ہوں یا نہ ہوں) (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۱)

۲۷۷۔ ۲۳ رجب ۱۴۰۰ھ بمطابق ۶ جون ۱۹۸۰ء آج بعد عشاء عزیز عبد الحفیظ صاحب نے صلوٰۃ و سلام کے بعد میری (حضرت شیخ) طرف سے حضور اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ یہاں حرمین کا رمضان چھوڑ کر فیصل آباد (پاکستان) اس لئے جا رہا ہوں کہ وہاں لوگوں کو اللہ اور اس کے حبیب (ﷺ) کا نام لینا آ جائے، اس کے لئے دعا فرمائیں۔ حضور اقدس ﷺ نے اس پر فرمایا: "اس سے بڑھ کر کون سا کام ہو سکتا ہے، پھر فرمایا: حرمین کا ثواب تو انشاء اللہ کہیں گیا نہیں۔ پھر بہت دیر تک دعا فرماتے رہے اور باوقار انداز میں فرمایا: ہمیں تو فیصل آباد کا خود بھی اہتمام ہے، انشاء اللہ تعالیٰ میں بھی اپنے عصا کے ساتھ وہاں موجود رہوں گا۔" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۱ تا ۴۲)

۲۷۸۔ ۱۷ شعبان المعظم ۱۴۰۰ھ بمطابق ۳۰ جون ۱۹۸۰ء آج بعد ظہر ایک بزرگ نے روضۂ اقدس پر صلوٰۃ و سلام عرض کیا اور حضرت شیخؒ کی طرف سے اس سفر کے بارے میں

marfat.com
Marfat.com

عرض کیا کہ سہم سوار ہے، جس کے لئے خیریت کی دعا فرمائیں، تو دیکھا جیسے ایک بڑی سی گٹھڑی ہے، جس میں مختلف قسم کا سامان ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ”ہم تو اپنا سامان سفر باندھ چکے ہیں۔“ موصوف نے پھر دعا کے لئے عرض کیا تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ”میں تو خود ساتھ ہوں انشاء اللہ تعالیٰ۔“ (مبشرات، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۲)

۲۷۹۔ لندن اور پاکستان کے سفروں کے بعد جنوبی افریقہ کے خدام کا تقاضا ہوا کہ حضرت شیخ الحدیث زید مجدہٗ کا ایک رمضان وہاں گزرے۔ یہ بھی حسب دستور اجازت ملنے پر طے پا گیا۔ ۲۷ صفر ۱۴۰۱ھ بمطابق ۳ جنوری ۱۹۸۱ء بعد عشاء ایک بزرگ نے صلوٰۃ و سلام عرض کرنے کے بعد حضرت شیخ الحدیثؒ کی طرف سے بھی صلوٰۃ و سلام کے بعد حضر و سفر میں صحت و عافیت اور رمضان شریف بخیر و عافیت گزرنے کے لئے دعا کی گذارش کی۔ حضور پر نور ﷺ پہلے تو ذرا مسکرائے پھر دعا فرمائی، تھوڑی دیر بعد ایسے لگا کہ دنیا کا نقشہ سامنے ہے، مدینہ منورہ سے لے کر افریقہ تک نگاہ دوڑائی تو محسوس ہوا کہ بیچ میں کہیں کوئی اٹک سی ہے، اس جگہ کو ہاتھ سے ٹٹولا تو لوہے کا ایک بہت بڑا وزنی چکی کا پاٹ سا تھا جو زمین کے اندر کافی گہرائی میں دھنسا ہوا تھا، حضور اقدس ﷺ نے زور لگایا تو وہ اکھڑ کر باہر آ گیا، پھر آپؐ نے اسے دھکیل کر سمندر میں پھینک دیا، جس جگہ سے نکالا تھا وہاں گڑھا سا بن گیا تھا پھر اپنے دست مبارک سے ادھر ادھر کی مٹی سے پہلے اسے پر کیا اور پھر ہاتھ پھیر کر زمین کی سطح کو برابر کر دیا، اس سے فارغ ہو کر فرمایا: ”ان (حضرت شیخ) کی مثال بادل کی سی ہے کہ یہ انبیاءؑ کے وارث ہیں، اس میں سے جو پانی برستا ہے وہ خیر و رحمت ہی ہوتا ہے، مگر اس سے فائدہ وہی زمین اٹھاتی ہے جو نرم ہو، بنجر اور سخت زمین کو اس سے فائدہ نہیں ہوتا۔“ پھر افریقہ کی طرف دیکھ کر فرمایا کہ ”یہاں کی زمین تو ماشاء اللہ بہت اچھی اور نرم ہے۔“ (مبشرات، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۳)

۲۸۰۔ ۴ ربیع الاول ۱۴۰۱ھ کی شب میں ایک بزرگ نے صلوٰۃ و سلام کے بعد حضرت شیخ الحدیثؒ کی طرف سے صلوٰۃ و سلام پیش کیا اور عرض کیا کہ رمضان شریف کے بارے میں حضرت شیخؒ کو پوچھتے ہوئے شرم آتی ہے، قوانین اور پابندیوں کی وجہ سے آپؐ دعا بھی فرمائیں اور حکم بھی فرمائیں۔ دیکھا جیسے حضور ﷺ کسی باغیچے میں مشغول ہیں۔ فرمایا: ”کیا ابھی طے نہیں کیا؟ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے طے کر ہی لیں۔“ پھر دیکھا جیسے کسی اور علاقے میں کھڑے ہیں اور ہاتھ میں ایک ڈبہ (کارٹن) ہے جس میں بہت سی ٹافیاں ہیں اور انہیں اس علاقے میں بانٹتے جا رہے ہیں، اسی طرح مختلف علاقوں میں گھومتے اور بانٹتے جا رہے ہیں۔ اس دوران فرمایا: ”بہت اچھے لوگ ہیں اور اگر اصول سے کام کیا جائے تو کام کے لئے بہت اچھا میدان

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ "مجھے ایسا لگا کہ وہ تمام علاقہ گویا افریقہ کا علاقہ ہے، اس کے بعد حضور ﷺ تھوڑی دیر اور ان علاقوں میں رہے، اس کے بعد فرمایا کہ "طے کر ہی لو اور یہ آیت تلاوت فرمائی: فاذا عزمت فتوکل علی اللہ۔" ترجمہ = اور جب (کسی کام کا) مصمم ارادہ کر لو تو اللہ پر بھروسہ رکھو (سورۃ آل عمران۔ آیت ۱۵۹) اللہ برکت فرمائے (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۴)

۲۸۱۔ ۳ ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ کی شب میں ایک بزرگ نے صلوٰۃ وسلام کے بعد حضرت شیخ الحدیثؒ کے لئے خاص طور پر افریقہ کے لئے دعا کی گذارش کی، چونکہ صوفی اقبال صاحب نے بھی کہا تھا اس لئے ان کے لئے بھی دعا کی درخواست کی۔ دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کے دائیں جانب کسی چیز کی ڈھیری لگی ہوئی ہے، جس میں سے حضور اکرم ﷺ نے دونوں ہاتھوں سے صوفی جی کو دینا شروع کیا، صوفی صاحب کے ہاتھ میں ایک تھیلا ہے، حضور ﷺ نے کئی مٹھیاں (دوہتھے) اس میں ڈالیں، حکیم عبدالقدوس بھی پیچھے کھڑے تھے ان کے تھیلے میں بھی حضور پر نور ﷺ نے کئی مٹھیاں ڈالیں، دیکھا کہ تھیلوں میں جو چیز ڈالی گئی ہے بہت پھیلی اور نیچے تک بھری ہوئی ہے، حضور ﷺ نے فرمایا کہ اس سفر کے لئے تو ہم نے یہ مستقل کوٹہ کر دیا ہے، اس کے بعد دیکھا کہ سامنے دور کئی باغ اور باغیچے قائم ہیں، حضور ﷺ نے ان کی طرف دیکھ کر فرمایا کہ اس سفر میں انشاء اللہ کئی باغ اور کئی باغیچے لگیں گے، پھر تھوڑی دیر میں دیکھا جیسے حضور ﷺ کے پاس کچھ لوگ بیٹھے ہیں اور آپؐ ان سے مشورہ اور حساب کتاب کی باتیں کر رہے ہیں، موصوف نے دعا کے وقت یہ بھی عرض کیا تھا کہ حضرت شیخ پر افریقہ کے سفر کا بہت بوجھ ہے، کیونکہ اس کا زور و شور بہت ہو گیا ہے، اس پر حضرت سرور دو عالم ﷺ نے اس پر فرمایا: "کہ تمہارے یہاں بھی شور ہے اور ہمارا تو سارا عملہ اسی فکر میں لگا ہوا ہے۔ پھر فرمایا: انہیں (حضرت شیخ زید مجدہٗ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) زیادہ بوجھ اپنے اوپر نہیں لینا چاہئے، البتہ دعا ضرور کرتے رہیں۔" (راقم الحروف کا انتظام سفر بہت آسانی سے ایسی جگہ سے ہو گیا جہاں کا وہم و گمان بھی نہ تھا) (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۳ تا ۴۴)۔

۲۸۲۔ ۲۸ جمادی الثانی ۱۴۰۱ھ بمطابق ۲ مئی ۱۹۸۱ء کی شب شنبہ میں صلوٰۃ وسلام عرض کرنے کے بعد حضرت (شیخ الحدیث زید مجدہٗ) کے لئے دعا کی عرض کی تو دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ تشریف فرما ہیں، سامنے ایک دیگ ہے اور اس میں سفید رنگ کا حلوہ ہے، آپؐ نے ایک رکابی اس سے بھری اور کسی کو کہیں لے جانے کے لئے دی، پھر موصوف کی جانب دیکھ کر مسکرا کر فرمایا: یہ رکابی حسب معمول انہیں ہی بھجوا رہا ہوں۔ اس کے بعد صوفی اقبال صاحب کے لئے دعا کی درخواست کی، دیکھا جیسے حضور ﷺ کے ہاتھ میں خوبصورت فوجی بوٹ ہے جو اوپر

marfat.com

Marfat.com

سے پھاڑا گیا ہے اور اس میں ایک مادہ، جیسے دوانڈوں کی زردی سفیدی ملا کر ڈال رہے ہیں اور اپنی انگلیوں کو اس پر مل رہے ہیں اور ساتھ ساتھ مسکرا کر فرما رہے ہیں: "پختگی اور پائیداری تو ہے ہی عمدہ چیز، مگر نرمی کے ساتھ ہونی چاہئیے" اور بوٹ کو مروڑ کر دکھایا کہ جوتا پائیدار بھی ہو مگر سخت ہو تو پاؤں پر اچھا نہیں لگتا، کجا انسان اور صوفی، ان میں بھی پختگی اور مضبوطی تو ہونی چاہئیے اور جتنی بھی ہو اچھا ہے مگر نرمی کے ساتھ، پھر صوفی صاحب کو وہ بوٹ پہنائے تو وہ نیچے سے خود بخود اونچے ہونے لگے اور ایڑی زمین پر رہی، حضور نبی الثقلین ﷺ نے مسکرا کر فرمایا: "اس سے انشاءاللہ ترقی ہوگی۔" صوفی صاحب نے عرض کیا کہ افریقہ میں رمضان کی نیت کر لی ہے، بقیہ انتظام وغیرہ کی سہولت کے لئے دعا کرائی ہے، دیکھا جیسے سامنے آیت "ان تنصر الله ینصر کم" نقش ہے اور حضور پر نور ﷺ نے گویا توجہ سے یہ فرمایا کہ "اس کی فکر سے یہ بالاتر ہیں، اس کا تو اللہ نے وعدہ فرمایا ہوا ہے۔" پھر موصوف نے ڈاکٹر اسمٰعیل صاحب کی طرف سے عرض کیا کہ وہ اور ان کے صاحبزادے دونوں ہی حضرت شیخؒ کے ہمراہ افریقہ ولندن جا رہے ہیں اور پیچھے کوئی ذمہ دار نہیں، دکان وغیرہ کے مسائل ہیں، اس کے لئے دعا کی درخواست کرتے ہیں، پہلے تو وہی آیت مذکورہ مع سابقہ تفہیم سامنے آئی، پھر حضور ﷺ نے سنجیدگی ووقار سے فرمایا کہ "یہ (حضرت شیخ زید مجدہ) دین کے ستون اور حق کی علامت ہیں، ان کی ہر قسم کی خدمت دین کی خدمت ہے اور ان کا قرب ومعیت حق کا قرب ومعیت ہے۔" (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۶ تا ۴۷)

۲۸۳۔ شب جمعرات ۲۶ جمادی الثانی ۱۴۰۱ھ ۳۰ اپریل ۱۹۸۱ء ایک بزرگ نے صلوٰۃ وسلام کے بعد دعا کے لئے عرض کیا تو دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ ایک پیالے کا معائنہ فرما رہے ہیں اور بہت اہتمام سے اس میں جو انگور جیسا پھل ہے اس پر دست مبارک پھیر رہے ہیں، پھر فرمایا کہ "ہم نے رات ان (حضرت شیخؒ) کو ثرید بھیجا تھا اور اس وقت یہ بھجوا رہے ہیں"، پھر موصوف نے افریقہ کے سفر کے لئے دعا کی عرض کی تو فرمایا: "جتنی دعا و توجہ زور سے ہوگی، اتنی ہی برکت انشاءاللہ زیادہ ہوگی، اور فرمایا: سفر میں پورے افریقہ کی نیت کریں۔" تھوڑی دیر بعد محسوس ہوا جیسے حضور اقدس ﷺ حضرت (شیخ زید مجدہ) کی طرف بہت محبت سے دیکھ رہے ہیں کہ اس وقت یہ میرا لاڈلا بیٹا ہے اور لاڈلا بیٹا جب سمجھدار اور باادب بھی ہو، تو پھر کتنا پیارا ہوتا ہے، بہت دیر تک محبت بھرے انداز سے دیکھتے رہے (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۷)

۲۸۴۔ شب جمعہ ایک بزرگ نے صلوٰۃ وسلام کے بعد حضرت (شیخ الحدیث زید مجدہ) کیلئے دعا کی درخواست کی، خصوصاً افریقہ کے رمضان کے لئے تو دیکھا جیسے کہ اسٹینگر کی مسجد کے

marfat.com
Marfat.com

اوپر سے بہت بڑا نورانی شعلہ آگ کی طرح نکلا اور یکا یک دور دور تک اس کے اثرات پھیل گئے اور اس کا اثر جیسے ہر چیز میں محسوس ہو رہا ہے، تھوڑی دیر بعد حضور اقدس ﷺ نے فرمایا (حضرت شیخ کے بارے میں) وجودہٗ برکۃ و مشیہ او ذھابہ رحمۃ، پھر جیسے حضور ﷺ تشریف فرما ہیں اور آس پاس اور اصحاب بھی ہیں، حضور ﷺ نے ایک گلاس کسی شربت کا موصوف کو عنایت فرمایا اور ایک نہایت خوبصورت جگ پاس رکھا ہے، آپؐ کچھ پڑھ کر اس پر دم فرماتے جاتے ہیں جیسے یہ جگ حضرت (شیخ الحدیث زید مجدہٗ) کو ارسال کرنا ہے (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۸)

۲۸۵۔ ایک بزرگ نے اپنا طویل مکاشفہ بیان کیا، جس میں شیخ الحدیث زید مجدہٗ پر خصوصی انعام و الطاف دیکھے تو ان کے دل میں خیال گذرا کہ حضرت شیخ قطب زماں ہیں۔ اس خیال کے آنے پر حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "قطب کیا چیز ہے وہ قطب الاقطاب ہیں۔" (اسی کو اصطلاح صوفیہ میں غوث مدار بھی کہا جاتا ہے) (محبتیں، حصہ دوم۔ صفحہ ۴۸)

۲۸۶۔ قطب الاقطاب شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحبؒ نے اپنا ایک خواب بیان فرمایا، جسے حضرت ہی کے الفاظ میں درج کرتا ہوں۔ فرمایا: مجھے سید الکونین حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی، حضرت مولانا رشید احمد گنگوھی نور اللہ مرقدہٗ حضور ﷺ کے پاس بیٹھے تھے، انہوں نے حضور ﷺ سے شکایت کی کہ زکریا کو حضور ﷺ کی خدمت میں حاضری کا بہت اشتیاق ہو رہا ہے، لیکن میرا جی چاہتا ہے کہ کچھ اور اس سے کام لیا جائے۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "ہاں! اس کو یہاں آنے کا اشتیاق تو بہت ہے، مگر میرا بھی یوں ہی جی چاہتا ہے کہ اس سے کچھ اور کام لیا جائے۔" اس خواب کے بعد میں بہت حیرت میں پڑ گیا کہ میں کسی کام کا نہیں، ساری عمر یوں ہی ضائع کی، اب کیا کام کر لوں گا اور یہ کہ میں کیا حضور ﷺ کی خدمت میں حاضری کا اشتیاق کروں؟ میرا حاضری کا منہ ہی نہیں، مگر کچھ دنوں بعد چچا جان (حضرت مولانا محمد الیاس صاحب دہلویؒ) کا واقعہ یاد آیا کہ جب چچا جان (حضرت دہلویؒ) مدینہ منورہ آئے تو ان کا یہاں ٹھہر جانے کا ارادہ ہوا، روضہ اقدس سے اشارہ ہوا کہ "ہندوستان جاؤ، تم سے کام لینا ہے۔" چچا جان نے فرمایا کہ میں بہت دنوں تک پریشان رہا کہ بولنا مجھے نہیں آتا، تقریر مجھے نہیں آتی، میں ضعیف کیا کام کروں گا؟ کچھ دنوں کے بعد شیخ الاسلام حضرت سید حسین احمد مدنیؒ کے بڑے بھائی مولانا سید احمد صاحب نے جب انہیں پریشان دیکھا تو کہا اس میں پریشانی کی کیا بات ہے؟ یہ تو نہیں کہا گیا کہ تم کام کرو، بلکہ کہا گیا کہ تم سے کام لیا جائے گا، لینے والا خود لے گا۔ اس کے بعد چچا جان کو اطمینان ہوا اور ہندوستان واپس آ کر تبلیغی کام شروع ہوا، جو ماشاءً

marfat.com
Marfat.com

اللہ خوب چلا (آپ مجدد تبلیغ اور امام تبلیغ کہلائے۔ ۱۳۳۹ھ بمطابق ۱۹۲۱ء سے لے کر آج تک پوری دنیا میں تبلیغی جماعتیں خوب کام کر رہی ہیں)۔ میں نے سوچا کہ یوں نہیں کہا کہ تو کر، بلکہ یوں کہا کہ کام لیا جائے، میں سوچتا رہا کچھ دنوں بعد خیال ہوا کہ ذکر شغل کی لائن ٹوٹ گئی ہے، ہندوستان اور پاکستان کی اکثر خانقاہیں برباد ہو گئی ہیں، اس لیے شاید حضرت گنگوہیؒ کا بھی یہی منشا ہو کہ ذکرِ شغل ان کی خانقاہ کا اہم مشغلہ تھا اور جب حضرت آنکھوں سے معذور ہو گئے تو تعلیم کی جگہ بھی ذکر شغل نے لے لی تھی، لہٰذا مجھے ذکرِ شغل کا اہتمام ہو گیا اور اسی بنا پر اپنے معمولات اور معذوری کے باوجود لندن، پاکستان (اور اب افریقہ) جہاں جہاں بھی خانقاہ قائم کرنے کا وعدہ ہو تو جس حال میں بھی ہوں، پہنچنے کی کوشش کرتا ہوں، اللہ کرے یہ کام اس کے فضل سے کچھ چل جائے اور یہی مراد حضرت کی بھی ہو تو کچھ سرخروئی ہو جائے۔ ("ذکر و اعتکاف کی اہمیت" مرتبہ جناب صوفی محمد اقبال صاحب مدنی۔ صفحہ ۷ تا ۸)

آج کل ہر دینی شعبے میں انتشار اور فتن کا خوب زور ہے اور تمام خرابیوں کا باعث اخلاص اور تعلق باللہ کی کمی ہے، جس کا واحد علاج ذکر اللہ کی کثرت ہے۔ حدیث پاک میں ہے کہ "جب اللہ اللہ کرنے والا کوئی نہ رہے گا تو دنیا کو ختم کر دیا جائے گا۔" تو جس چیز پر سارے عالم کے قیام کا مدار ہو وہ چیز مدارس اور ہر دینی شعبے کی بقا اور ترقی و فلاح کا باعث ہو گی لہٰذا حضرت شیخ الحدیثؒ کے تمام متسبین کو خصوصیت سے ذکر کی لائن کے فروغ کی طرف متوجہ ہونا چاہیے (صفحہ ۸)

۲۸۷۔ (تبلیغی جماعت کے ایک مخلص و صالح ہمہ وقت کارکن کا رویا ٔ صالحہ) ایک زاہد و صالح عالم دین حضرت شیخ الحدیث دام مجدہ کو اپنا خواب تحریر کرتے ہیں، جسے اختصار سے بیان کیا جاتا ہے: مواجہہ شریف کے سامنے کھڑا صلوٰۃ و سلام پڑھ رہا ہوں کہ ایسا محسوس ہوا کہ اندر سے اعراض فرما رہے ہیں کہ "یہ کام تو کرتے نہیں ہو۔" دل میں یہ محسوس ہوا کہ اشارہ دعوت تبلیغ کی طرف ہے، بس یہ محسوس کر کے بندہ رونے لگا، آنسو بہہ رہے ہیں اور عرض کرتا جا رہا ہوں: اب کیا کروں گا، اب کیا کروں گا۔ پھر سورہ نسا ٔ کی آیت نمبر ۶۴ (ولو انھم ...... رحیما O) (ترجمہ = اور یہ لوگ جس وقت انہوں نے اپنا برا کیا تھا، اگر آتے تمہارے پاس اور اللہ سے بخشش مانگتے اور اللہ کے رسول بھی ان کے لئے بخشش طلب کرتے، تو اللہ کو معاف کرنے والا اور مہربان پاتے) پڑھ کر کہتا جا رہا ہوں: "ربی تب علیّ۔" فارغ ہو کر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سلام عرض کرتا ہوں، پردے ہٹ جاتے ہیں اور دیکھتا ہوں کہ حضور اقدس ﷺ جلوہ افروز ہیں، آپؐ کی بائیں جانب حضرت صدیق اکبر اور دائیں جانب حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہم تشریف فرما ہیں، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبلہ رخ دو زانو بیٹھے ہاتھ میں تسبیح لئے ذکر فرما

marfat.com
Marfat.com

رہے ہیں، محسوس ہوا کہ وہ بھی مجھ سے اعراض فرمارہے ہیں کیونکہ رخ دوسری جانب فرمایا ہوا ہے، پھر اچانک حضور انور ﷺ کھڑے ہوگئے اور رخ مبارک میری جانب فرما کر ارشاد فرمایا: ''تم یہ کام تو کرتے نہیں ہو۔'' بندے نے جلدی سے ادھر حاضر ہو کر گھٹنوں کے بل کھڑے ہو کر دست مبارک کو بوسہ دیا اور عرض کرنے لگا: ''کیا کروں گا حضورؐ، اب کیا کروں گا۔'' پھر حضور اقدس ﷺ نے مجھے ایک تسبیح عنایت فرما کر ارشاد فرمایا: ''لو اس پر پڑھا کرو۔'' بندے نے نہایت مسرت سے وہ لے لی، پھر آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''ہم تم سے کام لیں گے۔'' بندے نے خوشی سے عرض کیا: ضرور! ضرور! حضور (ﷺ) سے دعا کی درخواست ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے تبسم فرماتے ہوئے سر مبارک کو اثبات میں ہلایا اور پھر ارشاد فرمایا: ''ہاں اور تم کو چھوڑیں گے تھوڑے ہی۔'' بندہ نے شاید پھر یہی عرض کیا ''ضرور ضرور'' پھر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ تسبیح خوشی اور تبسم فرماتے ہوئے مجھ سے لے کر اپنی تسبیح کے ساتھ ملا کر دونوں مبارک تسبیحیں اس سیاہ کار کو تبسم فرماتے ہوئے عنایت کیں تو بندہ ان عطایا کو پا کر خوشی سے جھومنے لگا۔ حضرت والا (حضرت شیخ الحدیثؒ) کے مبارک فیض کی برکت سے میں نے یہ خواب دیکھا ہے (ذکر و اعتکاف کی اہمیت۔ صفحہ ۷۱ تا ۷۲)۔

ذکر بہت اہم ہے، اس کی طرف ضرور توجہ کرنی چاہیے، میرے چچا جان (حضرت مولانا محمد الیاسؒ) اس کی بار بار تاکید فرماتے تھے اور مبلغین کو بھی اس کی تاکید کرتے کہ ذکر ہمارے کام کی روح ہے، بالخصوص تبلیغی احباب کو اس کی طرف توجہ کی ضرورت ہے) (صفحہ ۷۳)۔

ذکر مقدم ہے یا تبلیغ؟ میرا (حضرت شیخ الحدیثؒ کا) جواب ہوتا تھا کھانا مقدم ہے یا پینا؟ تبلیغ بمنزلہ غذا کے ہے اور ذکر بمنزلہ پانی، اگر غذا نہ ہو تو زندہ رہنا مشکل اور پانی نہ پئے تو غذا کا ہضم ہونا مشکل۔ خود چچا جان (حضرت دہلویؒ) کے یہاں ذکر کی تاکید کی جاتی تھی، خاص طور پر تبلیغی احباب کو ذکر کی طرف توجہ کی بہت زیادہ ضرورت ہے، اس لئے کہ ذکر صفائی قلب کے لئے بہت ضروری ہے۔ (''ذکر و اعتکاف کی اہمیت'' صفحہ ۷۵۔ ادارۂ اسلامیات، ۱۹۰۔ انارکلی، لاہور)

۲۸۸۔ علامہ یوسف نبہانیؒ فلسطین کے رہنے والے تھے۔ ۱۳۵۲ھ میں وصال فرمایا۔ حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ فرماتے ہیں کہ میں ۱۳۵۶ھ میں فلسطین گیا تو وہاں ایک عالم دین سے ملاقات ہوئی، جو علامہ نبہانیؒ کے احباب اور رفقا میں سے تھے۔ فرمانے لگے کہ نبہانی کے انتقال کے کچھ روز بعد مجھے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! نبہانی ہمارا ساتھی تھا، اس نے آپؐ کی مدح، تعریف اور فضائل میں بہت سی کتابیں لکھیں، اس کے انتقال کے بعد اس کے ساتھ کیا معاملہ ہوا؟ حضور اقدس ﷺ نے

marfat.com
Marfat.com

فرمایا: "نبہانی تو ہمارا احسان تھا۔" آپؒ نے صرف اتنا فرمایا۔ (تذکرہ مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ از محمد میاں صدیقی۔ صفحہ ۱۷۱ تا ۱۷۲)۔ علامہ نبہانیؒ نے قریباً پچاس کتابیں حضور اقدس ﷺ کے بارے میں تالیف فرمائیں اور وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے مقبول بندوں میں سے تھے۔

حضرت کاندھلویؒ ۱۲ ربیع الثانی ۱۳۱۷ھ کو بھوپال (بھارت) میں پیدا ہوئے، ویسے وطن آپ کا کاندھلہ (یو۔پی، بھارت) تھا، ۱۹۵۱ء میں دارالعلوم دیوبند (یو۔پی، بھارت) سے جہاں آپ شیخ التفسیر تھے، پاکستان تشریف لے آئے اور بھرپور ۲۳ سال زندگی کے آخری دن ۱۹۷۴ء تک جامعہ اشرفیہ، لاہور سے متعلق رہے، اپنے دور کے جید عالم تھے اور ایک سو کے قریب کتابیں تصنیف و تالیف فرمائیں۔ آپ کو لاہور سے خاص انس تھا اور وہیں دفن ہیں۔

۲۸۹۔ آپ نے اپنا نام عبداللہ رکھا، گو اصل نام محمد اعظم تھا اور اسی نام سے مشہور ہوئے۔ آپ کے دادا اور پردادا سب کامل ولی تھے، جب کتاب و سنت سے شناسائی ہوئی تو فوراً عامل بالحدیث ہوگئے۔ آمین بالجہر اور رفع یدین کھلم کھلا کرنے لگے جس کی وجہ سے بڑی بڑی تکالیف پہنچیں، قیدیں کاٹیں، درّے کھائے، جلاوطن ہوئے اور بالآخر غزنی (افغانستان) سے ہجرت کر کے امرتسر آگئے اور ربیع الاول ۱۲۹۸ھ میں واصل بحق ہو کر یہیں مدفون ہوئے۔ آپ سے ہزارہا لوگوں نے روحانی فیض پایا اور آپ سے ہزارہا کرامات صادر ہوئیں۔ مولوی عبدالکریم فیروزپوریؒ نے ایک بار آپ سے پوچھا کہ حضرت کیا آپ کو کبھی آنحضرت ﷺ کی زیارت بھی ہوئی ہے؟ اس پر آپ نے فرمایا: "عبدالکریم! کیا پوچھتے ہو؟ بخدا اگر کسی ہفتے یہ نعمت عظمیٰ نہ ملے تو میں بے قرار ہو جاتا ہوں، اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ مجھے ہفتے میں ایک بار ضرور آنحضور ﷺ کی زیارت نصیب ہو جاتی ہے۔" آپ کے صاحبزادوں میں مولانا عبدالجبار غزنویؒ بھی صاحب کشف و کرامات تھے، جن سے سینکڑوں تحیر خیز کرامات صادر ہوئیں۔ حضرت مولانا عبداللہ غزنوی قدس سرہٗ کی اولاد سے علم کا ایسا چشمہ جاری ہوا، جس کی نظیر کسی اور خاندان میں نہیں ملتی (کرامات اہل حدیث مؤلفہ مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی۔ صفحہ ۲۵۔ اسلامی کتب خانہ، سیالکوٹ)۔

۲۹۰۔ سید شاہ اللہ یار، ساکن بجواڑہ، ضلع ہوشیارپور (مشرقی پنجاب) حضرت شاہ عنایت اللہ قادریؒ کی خدمت میں قادریہ، چشتیہ و نقشبندیہ سلسلے کے اذکار و اشغال میں مشغول تھے کہ حضرت مرشد حرمین شریفین کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے اور آپ سے کہہ گئے کہ تمہارا باقی نصیبہ دہلی میں ملے گا۔ حضور اقدس ﷺ نے خواب میں آپ کو حکم دیا کہ "دہلی میں سید حسن رسول نما کے مدرسے میں چلے جاؤ۔" اس کے بعد آپ نے دیکھا کہ ایک دریا بہہ رہا ہے، جس کے پل کے زینہ پر اس غرض سے اتر آیا کہ وضو کرلوں، دوران وضو پیر پھسلا اور میں دریا میں گر

marfat.com

Marfat.com

گیا، غیب سے ایک شخص نمودار ہوا اور مجھے گھوڑے پر سوار کر کے حضرت مرشد سید حسن رسول نماؒ کے مدرسہ عالیہ میں پہنچا دیا اور وہاں میں تحصیل علم میں مشغول ہو گیا (مناقب الحسن و فوائح العرفان)۔

۲۹۱۔ مقبول الابرار سید شاہ اللہ یارؒ، حضرت شیخ وجیہہ الدین شیر سوار کی اولاد سے تھے، جو حضرت امام علی موسیٰ رضاؒ کے پوتے تھے۔ والدہ کی طرف سے رشتہ مخدوم بہاء الدین زکریا ملتانیؒ سے جا ملتا ہے۔ حضرت رسالت مآب ﷺ نے حضرت سید حسن رسول نماؒ سے ارشاد فرمایا کہ "ایک شخص اللہ یار شاہ عرف قریشی میری اولاد سے تمہارے پاس آئے گا، اس کو اپنے سلسلے کی تعلیم دینا۔" پس جب آپ تشریف لائے تو برخلاف دوسرے طالب علموں کے ان کے آتے ہی حضرت سید حسن رسول نماؒ نے ان کا وظیفہ مقرر کر دیا اور حضرت رسالت پناہ ﷺ کے ارشاد کی تعمیل کی گئی۔ سید شاہ اللہ یارؒ پھٹے پرانے کپڑے پہنتے، لذیذ کھانے بہت کم کھاتے اور شب بیدار تھے۔ دو ہزار مرتبہ اور کبھی اس سے بھی زیادہ نفی اثبات کی ضرب لگاتے اور رات کے آخری پہر میں بڑے ذوق و شوق سے ذکر کیا کرتے تھے۔ حضرت سید حسن رسول نماؒ ان کا ذکر سنا کرتے اور خاموش رہتے تھے (مناقب الحسن و فوائح العرفان)

۲۹۲۔ حضرت سید حسن رسول نماؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے عمداً سکوت اختیار کیا تھا، کیونکہ سید شاہ اللہ یار کا ذکر جناب نبوی ﷺ میں مقبول ہے۔ مدرسے کے بعض طالب علم اس کے ذکر جہر پر اعتراض کرتے تھے، لیکن یہ اعتراض ہماری مرضی کے خلاف تھا۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اس کا یہ فعل ہمارے نزدیک پسندیدہ ہے، اس کو کہہ دو کہ وہ اسی طرح ذکر کیا کرے تاکہ معترضین کی خوب ذلت ہو۔" (مناقب الحسن و فوائح العرفان) (چراغ معرفت یعنی شجرۂ طیبہ قادریہ اللہ یاریہ۔ حسب اجازت جناب محمد عبدالعزیز شرقیؒ۔ صفحہ ۳۰۔ دفتر پیام اسلام، سرور روڈ، ملتان) مناقب الحسن رسول نما و فوائح العرفان کو سید محمد ہاشم بن محمد ناظم حسن حسینی نجفی نے ۱۰۴۰ھ بمطابق ۱۶۸۵ء میں تالیف کیا تھا۔ اصل کتاب فارسی میں تھی، جس کا ۱۹۲۱ء میں اردو ترجمہ لاہور کے نامور وکیل شیخ عمر بخش ہوشیار پوری نے کیا تھا، اب تو یہ بھی نایاب ہے۔ کاش! کوئی ناشر اسے پھر شائع کرے تو بڑی اچھی خدمت ہوگی۔

۲۹۳۔ حضرت شاہ حسینؒ جب مدینہ منورہ پہنچے تو پختہ ارادہ کر لیا کہ بقیہ تمام عمر روضہ رسول ﷺ پر حاضری میں گذرے گی۔ ایک رات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خواب میں تشریف لا کر فرمایا: "اے شاہ حسین! تم اپنے وطن پنجاب واپس جاؤ کہ تم سے لکھوکھا مخلوق فیض یاب ہوگی۔" آپ نے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میرا ارادہ آپؐ کے دربار سے دور ہونے کا نہیں، میری جان اور دل کا سکون آپؐ کی حضوری ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے دوبارہ ارشاد

marfat.com
Marfat.com

فرمایا کہ "اس میں کمال حکمت پوشیدہ ہے۔" نیز ارشاد فرمایا کہ "اگر کسی کامل شخص سے ملاقات کو جی چاہے تو علاقہ کھڑی کھڑیالی، موضع سموال، علاقہ جہلم میں ہمارے مقربوں میں ایک شخص حافظ محمود ہیں، ان کی خدمت میں حاضر ہو کر شرف ملاقات حاصل کرو۔" چنانچہ آپ حسب ارشاد رسول پاک ﷺ مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ ہوتے ہوئے اپنے وطن مکان شریف موضع رتڑ چھتر رونق افروز ہوئے، چند روز بعد شوق ملاقات حافظ محمودؒ غالب ہوا، تاکہ آپ کی زیارت سے آنکھوں کو نور اور دل کو سرور حاصل ہو۔ حافظ صاحب کے پاس پہنچے تو وہ اس زمانے میں اواخر سلوک تجلی صمدی سے مشرف تھے اور اس حالت میں سالک کھانے پینے کی حاجت سے بے پروا ہو کر فرشتوں کی صفات سے بہریاب ہو جاتا ہے، جب آپ نے یہ حالت ملاحظہ کی تو فرمایا کہ آپ کو حضور انور ﷺ کی نسبت ترک نہیں کرنی چاہیے اور جبراً منہ کھول کر لقمہ ڈالا، اس طرح ہر روز ایک لقمہ بڑھاتے گئے اور آپ کی کوشش ظاہری و باطنی سے حافظ صاحب کے اندر دوبارہ طعام کی خواہش پیدا ہو گئی اور وہ اس مقام سے ترقی فرما کر اعلیٰ علیین پر فائز ہوئے۔ حضرت شاہ حسینؒ فرماتے ہیں کہ سالک کے لئے یہ مقام آخری ہے اور اکمل درجہ اہل ولایت کا یہاں ختم ہوتا ہے (حیات جاوید مولف ملک حسن علی۔ رفیق عام پریس، لاہور)۔

۲۹۴۔ ارشد علی کے والد جناب اختر علی کو آغاز جوانی سے ہی کثرت سے درود شریف پڑھنے کا شوق رہا ہے۔ ۱۹۸۷ء میں عمرے کے بعد آٹھ دن کے لئے مدینہ منورہ تشریف لے گئے۔ تیسرا دن تھا اور نماز فجر کی تیاری کر رہے تھے کہ اچانک بائیں گردے میں شدید درد شروع ہو گیا، جس کی وجہ سے مسجد نبویؐ نہ جاسکے اور اپنے کمرے ہی میں مسجد نبویؐ کے امام صاحب کی اقتدا میں نماز فجر کی نیت باندھ لی، مگر آنکھوں سے آنسو نہ تھمتے تھے، انتہا درجہ رنج و ملال تھا کہ پیارے حبیب ﷺ کے قدموں میں حاضر ہو کر بھی دور ہوں، اسی کرب و پریشانی کے عالم میں نیند آگئی، خواب میں خود کو مسجد نبویؐ میں پایا، جہاں کوئی نماز پڑھ رہا تھا، کوئی تلاوت قرآن پاک میں مشغول تھا اور کوئی روضہ اطہر پر حضور اقدس ﷺ کی خدمت مبارک میں درود و سلام پیش کر رہا تھا، میری آنکھوں سے آنسو رواں تھے کہ اچانک دیکھتا ہوں آفتاب و مہتاب سے زیادہ روشن ایک شخصیت میری جانب تشریف لا رہی ہے، جس نے آتے ہی مجھے گلے لگالیا اور عرب رواج کے مطابق میری گردن اور ماتھے پر بوسے دیئے اور فرمایا: "تم مجھ سے ملنے آئے ہو۔" بس اس کے بعد آنکھ کھل گئی اور جہاں بوسے دیئے تھے، نمایاں اثرات موجود تھے (غیر مطبوعہ) ارشد علی فیروز سنز، راولپنڈی میں ملازم ہیں۔ جناب اختر علی تقریباً ساٹھ سال کے نہایت نیک اور دیندار بزرگ ہیں۔ اس عظیم خواب پر جتنے بھی نازاں ہوں کم ہے۔

marfat.com
Marfat.com

؎ حضور خواجہ کونینؐ باریاب ہوا
نگاہ مہر سے یہ ذرہ آفتاب ہوا
درود نے میری ہر گاہ دست گیری کی
یہی کلید ہے وہ جس سے فتح باب ہوا
دل ودماغ منور ہوئے ہدایت سے
مثال جس کی نہیں ہے وہ انقلاب ہوا
جو پہنچا بامِ نبوت پہ انبیاؑ کا کمال
تو ذاتِ ختم نبوتؐ کا انتخاب ہوا

۲۹۵۔ خوشاب سے تعلق رکھنے والے عظیم ملک نے ۲۰ رجب ۱۴۱۹ھ بمطابق ۱۰ نومبر ۱۹۹۸ء کو خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کی سعادت حاصل کی۔ یہ خواب ۱۲ فروری ۱۹۹۹ء کے روزنامہ جنگ، راولپنڈی میں شائع ہو چکا ہے۔ اس کا خلاصہ پیش کیا جاتا ہے:۔

عظیم ملک کہوٹہ کے ایٹمی پلانٹ میں بیتابانہ افزودہ یورینیم تلاش کر رہا ہے تاکہ اس کی حفاظت کر سکے، پھر اسے حاصل کر کے برق رفتاری سے تصاویر بھی بنا ڈالیں، مگر تین امریکیوں (یعنی یہودیوں) کو اپنے تعاقب میں دیکھا تو کمرے میں سے نکل کر تیزی سے مغرب کی جانب بھاگا، تھوڑی دیر بعد اپنے سامنے تین بزرگوں کو دیکھا۔ فوراً غیب سے آواز آئی کہ آپ رحمتہ اللعالمین، نبی آخر الزمان حضرت رسول اللہ ﷺ مع اپنے دو ساتھیوں حضرت صدیق اکبر اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: "متحدہ مسلم افواج کے سربراہ خالدؓ بن ولید ہوں گے، میرے مشیر ابوبکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ ہوں گے اور خالد بن ولیدؓ کی رہنمائی علیؓ کریں گے۔" پھر فرمایا: "مدینہ کی حدود حرم بیس میل ہیں، ہم اس میں کسی کافر کو داخل نہیں ہونے دیں گے۔" حضور سرکار دو عالم ﷺ جنگی لباس پہنے ہوئے تھے، جب کہ آپؐ کے دونوں نائبین اجلے سفید لباس میں تھے۔

پابند صوم وصلوٰۃ عظیم ملک کا یہ عظیم خواب مجھے جناب ہمایوں ظفر ساکن، اسلام آباد نے عنایت فرمایا، جس کے لیے میں ان کا شکر گذار ہوں۔ اس خواب کی مفصل تعبیر مصنف و مؤلف کتاب ہذا کی دو مشہور و معروف کتابوں "جنگ آرہی ہے" اور "دنیا جنگوں کے دہانے پر" (ناشر = فیروز سنز۔ ۶۰ شاہراہ قائداعظم، لاہور) میں ملے گی۔

؎ ہمارے سب مسائل کا حل
اطاعت رب عزوجل

۲۹۶۔ حکیم حنیف اللہ فرماتے ہیں کہ شاہ جی (امیر شریعت حضرت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ) کی بیماری اس قدر جڑ پکڑ چکی تھی اور اس کے لئے ایسی قیمتی دواؤں کی ضرورت تھی، جن کا میں متحمل نہیں ہو سکتا تھا اور شاہ جیؒ سے پیسے مانگنے میں بھی عار تھا، اس فکر میں ایک رات خواب میں حضور سرور کائنات ﷺ کی زیارت ہوئی تو میں نے دیکھا کہ آپؐ کے ایک جانب شاہ جیؒ ہیں اور دوسری جانب ایک برقعہ پوش خاتون بیٹھی ہے۔ پریشانی تھی کہ حضرت خاتم الانبیاء ﷺ کے

marfat.com
Marfat.com

دربار میں عورت کون ہو سکتی ہے؟ آخر تعبیر سے پتہ چلا کہ وہ برقعہ پوش خاتون شاہ جیؒ کی بیوی تھیں۔ اس سے میں نے اندازہ لگایا کہ شاہ جیؒ کا خاندان (میاں بیوی) عالی نسب سید ہیں اور مجھے علاج کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ اس کے بعد میں نے بلا جھجک شاہ جیؒ کا علاج کیا اور قیمتی سے قیمتی دوائیں استعمال کرائیں (حیات امیر شریعت از جانباز مرزا۔ صفحہ ۴۲۵)۔

۲۹۷۔ ۱۹۶۰ء میں شاہ جیؒ کے معالج حکیم حنیف اللہ نے حج بیت اللہ کا ارادہ کیا۔ شاہ جیؒ کو علم ہوا تو حکیم صاحب سے فرمایا: جب آپ حضور سرور کائنات ﷺ کے روضہ اطہر پر حاضر ہوں تو میرا سلام عرض کریں اور میری صحت کے لئے دعا کی درخواست کریں۔ یہ سن کر حکیم صاحب خاموش رہے۔ انہی دنوں شاہ جیؒ نے حکیم صاحب کے والد حکیم عطاء اللہ خان صاحب سے اس بات کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا: شاہ جیؒ گذشتہ دنوں میں نے آپ کی یہ درخواست حضرت خاتم الانبیاء ﷺ کی خدمت میں پیش کر دی ہے، ہوا یوں کہ مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا، آپؐ کے گرد ایک حلقے میں لوگ بیٹھے ہیں اور میں بھی اس میں شامل ہوں، میں نے حضور انور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی صحت کیلئے دعا فرمائیں، مگر آپؐ نے دعا کے لئے ہاتھ نہیں اٹھائے، بلکہ ایک کاغذ کی طرف اشارہ کیا جس پر لفظ ''صحت'' لکھا تھا۔ یہ سن کر شاہ جیؒ بہت خوش ہوئے اور حکیم حنیف اللہ سے کہا کہ آپ نے تو حامی بھری نہیں، مگر بڑے حکیم صاحب نے یہ کام کر دیا۔

اس خواب کی یہ تعبیر نہیں جو شاہ جیؒ سمجھے ہیں بلکہ یہ ہے کہ شاہ جیؒ کو روحانی صحت ہو گی یعنی ان کے وصال کا وقت قریب آ گیا ہے، لیکن مصلحتاً شاہ جیؒ کو یہ تعبیر بتائی نہیں گئی (حیات امیر شریعتؒ صفحہ ۴۴۳ تا ۴۴۴)۔ ایسا ہی ہوا اور ۲۱ اگست ۱۹۶۱ء شام ۶ بج کر ۵۵ منٹ پر ملتان میں آپ کا وصال ہو گیا (انا للہ وانا الیہ راجعون)۔

۲۹۸۔ ''درس قرآن'' کے مؤلف جناب مولانا محمد احمد (ادارہ اشاعت القرآن۔ اے۔ ۴۲/۷ بلاک ایچ، شمالی ناظم آباد، کراچی) کا آخری خط میرے (مؤلف/مصنف کتاب ہذا کے) پاس ۱۲ ذیقعدہ ۱۴۱۹ھ بمطابق یکم مارچ ۱۹۹۹ء کو آیا تھا اور اس کے ایک ماہ بعد بعمر ۹۴ سال کراچی میں آپ کا وصال ہو گیا۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)۔ لکھتے ہیں:

احقر کی تالیف ''درس قرآن'' کے متعلق کراچی کے مفتی رشید احمد نے مخالفت کا ایک طوفان کھڑا کر دیا اور فتویٰ دیا کہ اس کتاب کا شائع کرنا، پڑھنا، گھر میں رکھنا اور اس کے مؤلف کو مولانا کہنا جائز نہیں، بلکہ حرام اور بہت سخت گناہ ہے۔ معراج شریف کے موقع پر ایک مرتبہ مدینہ منورہ حاضر ہوا اور رو رو کر میں نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں ان اذیتوں کا ذکر کیا

marfat.com
Marfat.com

جو مفتی رشید احمد نے احقر، احقر کے گھر والوں اور احقر کے محبین و مخلصین کو پہنچائی تھیں، جواب میں دو لفظ میرے سینے میں آئے اور اس طرح کہ میرا سینہ بالکل سرد اور سن تھا، وہ دو لفظ "عفو و درگزر" تھے، یہ میرے لئے بڑا شرف اور عزت تھی، لہٰذا میں نے وعدہ کیا کہ انشاءاللہ عفو و درگزر ہی سے کام لوں گا، چنانچہ احقر نے حتیٰ الامکان مفتی رشید احمد کی حکایت و شکایت سے زبان و قلم کو روکے رکھا اور حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانویؒ کی وصیت کے موافق اپنے وصیت نامے میں تحریر کر دیا کہ اللہ پاک میری وجہ سے کسی کی گرفت نہ فرمائے (غیر مطبوعہ)۔
اب دنیا کے اکثر ممالک میں جہاں اردو دان موجود ہیں "درس قرآن" طلب کیا جارہا ہے۔ سعودی عرب کی دینی تنظیم رابطہ عالم الاسلامی، مکہ معظمہ نے اسے منظور کر لیا اور الحمد للہ عرب ممالک میں اسے طلب کیا جارہا ہے، جہاں کوئی تفسیر یا قرآن مجید رابطہ عالم الاسلامی کی منظوری کے بغیر نہیں جاسکتا۔

۲۹۹۔ حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی تحریر فرماتے ہیں کہ میں حضرت مولانا عبدالرحمٰن بن احمد شریف صاحب حیدر آبادی سے بخوبی واقف ہوں۔ مولانا علوم دینی و اسلامی کے فاضل ہیں۔ جنوبی ہند کے دینی و علمی حلقوں میں آپ کی بیش بہا خدمات رہی ہیں۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن ۷ انومبر ۱۹۹۱ء کو جدہ سے مولانا محمد احمد صاحب کو تحریر فرماتے ہیں کہ محترم جناب قرار احمد نے اطلاع دی ہے کہ فتنہ سرد پڑ گیا ہے اور مکمل سکوت ہے، اللہ کرے ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو جائے۔ مزید لکھتے ہیں کہ میری ایک کم سن لڑکی جسے کئی بار نبی کریم ﷺ کی منامی زیارت ہوتی رہی ہے، نے خواب دیکھا کہ بہت بڑا مجمع ہے، اُسے بتایا گیا کہ یہ سب صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں، درمیان میں حضرت نبی کریم ﷺ تشریف فرما ہیں اور آپؐ کے سامنے حضرت امام ابوحنیفہؒ کھڑے ہیں، چند حضرات حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں کاغذات پیش کر رہے ہیں، جنہیں آپؐ بغور ملاحظہ فرمارہے ہیں۔ کچھ دیر بعد فرمایا "رشید احمد غلط ہیں" یا یہ فرمایا "ٹھیک نہیں ہیں" (لڑکی نے کہا غالباً دونوں لفظ فرمائے) اس کے بعد مجمع برخاست ہو گیا، میری یہ کم سن لڑکی آٹھ دس سال کی عمر سے نبی کریم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہو رہی ہے، یہ اس پر اللہ کا فضل عظیم ہے، یہ لڑکی مفتی رشید احمد صاحب سے واقف ضرور ہے، لیکن ان کے حالات سے قطعاً ناواقف ہے، اس کو تو یہ بھی معلوم نہیں کہ مفتی کیا ہوتا ہے؟ پھر یہ ان کی "دعوت فکر" والی مکروہ تحریک سے بھی واقف نہیں، نہ میں نے یا اس کی ماں نے کبھی ایسا کوئی تذکرہ کیا، خاص طور پر میرے مکتوبات اربعہ کا بھی اُسے علم نہیں، اس کو یہ خواب ٹھیک اس کے دوسرے دن پیش آیا، جب میں نے اپنا چوتھا مکتوب بنام "ائمہ مساجد پاکستان" آپ کی خدمت میں روانہ کیا تھا، یہ

marfat.com
Marfat.com

عجیب بات ہے کہ دوسری ہی رات ہمیں بشارت مل گئی، بچی نے خالی الذہن اپنی ماں سے یہ خواب بیان کیا، اس کی ماں کو بھی میرے چوتھے اور آخری مکتوب کا علم نہ تھا، تیسرے دن ایک ضمنی بات چیت میں اہلیہ نے بچی کا یہ خواب سنایا اور تعبیر دریافت کی۔

خواب بالکل واضح ہے اور تعبیر کی ضرورت نہیں، خواب خود حقیقت ہے بلکہ اپنی ذات میں خود تعبیر ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو مبارک کرے کہ عظیم بشارت ہے، سرکار دو عالم ﷺ کے دربار عالی سے فیصلہ صادر ہو گیا ہے، انشاءاللہ آپ حق پر قائم رہیں گے اور خاتمہ بالخیر نصیب ہوگا (غیر مطبوعہ)۔

۳۰۰۔ جناب زاہد محمود سلطان، راولپنڈی سے لکھتے ہیں کہ مجھے کئی مرتبہ حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہو چکی ہے۔ آپؐ نے بار بار فرمایا کہ مسلمانوں پر جو تکالیف آ رہی ہیں اس کی بڑی وجہ بے ادبی ہے۔ جاہل اور نادان لوگ اخباروں اور رسالوں وغیرہ پر آیات قرآنی اور احادیث مبارکہ لکھ دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے اسمائے مبارک لکھتے ہیں، جس سے ان مبارک ناموں کی بے ادبی ہوتی ہے، کیونکہ لوگ ان اخباروں وغیرہ کو پڑھ کر پھینک دیتے ہیں، کوڑے کے ڈھیروں اور گندے نالوں میں ایسے صفحات پڑے نظر آتے ہیں (نعوذ باللہ، معاذ اللہ)، پھر سرکار دو عالم ﷺ نے مجھے ارشاد فرمایا کہ "تم فلاں جگہ جا کر دیکھو کہ وہاں بے ادبی ہو رہی ہے۔" جب میں نیند سے بیدار ہو کر اس مقام پر گیا تو اللہ کی قسم! گنبد خضرا اور مسجد نبویؐ کی تصاویر اور قرآنی آیات و احادیث مبارکہ وہاں گندگی کے ڈھیر پر پڑی تھیں۔ افسوس صد افسوس۔ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ابوجہل جاہلوں کا باپ تھا، اگر اس کا نام بھی کسی کاغذ پر لکھا دیکھو تو اسے بھی زمین پر سے اٹھالو۔"

پیارے بھائیو آپ سے التماس ہے کہ پیارے آقا ﷺ اور اللہ عزوجل کی خاطر جہاں کہیں بھی کوئی اخبار یا رسالہ زمین پر پڑا نظر آئے، اسے اٹھا کر محفوظ جگہ پر رکھ دیں، جلا کر شہید کر دیں، دریا میں بہا دیں یا زمین میں دفن کر دیں (غیر مطبوعہ)۔

۳۰۱۔ درس قرآن والے مولانا محمد احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ ۶ دسمبر ۱۹۸۶ء کو میں اپنی جامع مسجد الفلاح، کراچی میں فجر کی اذان کے وقت پہنچ گیا، تنہا تھا کہ ایک صالح، عابد و زاہد، نہایت متبع سنت اور متشرع نوجوان جنہیں میں ایک نمازی کی حیثیت سے جانتا تھا، میرے پاس آ کر کہنے لگے کہ میں نے رات کو خواب دیکھا، جس میں مجھے حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی ہے۔ نوجوان چہرے اور آواز سے کچھ پریشان اور متفکر نظر آتے تھے۔ میرے دریافت کرنے پر کہ کیا خواب دیکھا ہے؟ کہنے لگے کہ تقریباً چار بجے شب زیارت نصیب ہوئی، مجھے

marfat.com
Marfat.com

حضور انور ﷺ کا چہرہ مبارک غمگین نظر آیا تو میں نے عرض کیا کہ حضور ﷺ کا چہرہ غمگین معلوم ہوتا ہے۔ جواباً آپؐ نے فرمایا: "ہاں۔" میں نے پھر عرض کیا کہ حضور ﷺ غمگین ہیں؟ پھر جواب میں آپؐ نے فرمایا: "ہاں۔" پھر میں نے حضور ﷺ سے غم کی وجہ پوچھی تو آپؐ ایک طرف کو جانے لگے، میں بھی آپؐ کے پیچھے پیچھے چلنے لگا، تھوڑی دور چل کر حضور اقدس ﷺ کھڑے ہو گئے اور میری جانب متوجہ ہو کر فرمایا: "اللہ تعالیٰ مسلمانوں پر عتاب (عذاب) کا فیصلہ فرما چکا ہے۔" اس وقت آپؐ کے آنسو بہہ رہے تھے، یہ سن کر میں بھی رونے لگا، پھر حضور اکرم ﷺ نے دست مبارک دعا کے لئے اٹھائے اور فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو عافیت عطا فرمائے۔" (غیر مطبوعہ)

میں نے نوجوان کی بابت کسی سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ قریب ہی ایک فلیٹ میں رہتے ہیں۔ کالج میں پڑھتے تھے مگر کالج چھوڑ کر اب عالم دین بننے کے لئے نیو ٹاؤن کے مدرسہ الاسلامیہ میں داخلہ لے لیا ہے۔

دسمبر ۱۹۷۱ء میں سقوط مشرقی پاکستان (اب بنگلہ دیش) میں جو کچھ ہوا، وہ قہر الٰہی تھا اور اللہ تعالیٰ نے ہماری بداعمالیوں کی سزا کے طور پر نفاق کا مرض ہم پر مسلط کر دیا تھا، جس کے باعث مسلمانوں نے ایک دوسرے کو لاکھوں کی تعداد میں نہایت بیدردی سے قتل کیا تھا۔

اسی زمانے میں لاہور کے قاری محمد اشرف صاحب نے خواب دیکھا تھا جسے ماہنامہ بینات، کراچی اور دوسرے بہت سے رسائل واخبارات، ماہنامہ "الھادی" (کراچی) پندرہ روزہ "وفاق" (کراچی) وغیرہ نے شائع کیا تھا۔ سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ، جلد اول میں ۱۶۸ نمبر کا خواب یہی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: "تم مجھے ان باتوں کے ترک کر دینے کی ضمانت دو، میں تمہیں دنیا و آخرت کی بھلائی کی ضمانت اور دشمن پر غلبہ کی بشارت دیتا ہوں، لیکن اگر تم اب بھی ایسا کرنے کے لئے تیار نہیں ہو تو خوب یاد رکھو عنقریب ایک سخت ترین عذاب بصورت نفاق آنے والا ہے، جس سے تم کو اللہ کے سوا کوئی نہیں بچا سکتا۔" (العیاذ باللہ ثم العیاذ باللہ)۔ اس کے بعد حضور (ﷺ) نے سورہ انفال کی آیت نمبر ۲۵ تلاوت فرمائی:۔ (ترجمہ) "اور اس فتنے سے ڈرو جو خصوصیت سے ان ہی لوگوں پر واقع نہ ہو گا جو تم میں گنہگار ہیں اور جان رکھو کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔" اس آیت کے سنتے ہی سب لوگوں پر گریہ طاری ہو گیا، ہم رو رہے تھے اور حضرت رسول اللہ ﷺ بار بار سورہ نور کی آیت نمبر ۳۱ دہرا رہے تھے: (ترجمہ) "اے مسلمانو! تم سب اللہ کے سامنے توبہ کرو، تاکہ فلاح پاؤ۔"

۳۰۲۔ ۲۴ صفر ۱۳۹۳ھ بمطابق ۱۹۷۳ء کو "پاکستان کے موجودہ حالات سے متعلق بشارت

marfat.com
Marfat.com

وہدایت" کے تحت حضرت مولانا مفتی محمد شفیع (مفتی اعظم پاکستان) فرماتے ہیں:

میرے جانے پہچانے ایک صالحہ بزرگ مقیم مکہ مکرمہ کو حال ہی میں خواب میں حضرت رسول مقبول ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی، جس میں آنحضور ﷺ نے پاکستانی مسلمانوں کو یہ تسلی دی کہ وہ مایوس و پریشان نہ ہوں، اللہ تعالیٰ کی رحمت پھر پاکستان کی طرف متوجہ ہو رہی ہے، مگر ضرورت اس کی ہے کہ اب پھر از سر نو اپنے آپ کو اس رحمت و نعمت کا مستحق ثابت کریں جس کی صورت صاحب خواب کے الفاظ میں یہ ہے:

(۱) پانچ وقت کی نمازوں کا اہتمام کریں، جو نہیں پڑھتے ان کو حکمت اور نرمی سے فہمائش کر کے نماز کا پابند بنانے کی کوشش کریں (۲) ہر مسلمان مرد و عورت روزانہ جتنا ہو سکے قرآن مجید تلاوت کرے، خواہ معنی سمجھے یا نہ سمجھے تلاوت کا ناغہ نہ کرے (۳) درود شریف کی کثرت جتنی ہو سکے، ہر شخص اختیار کرے (۴) نیک نمازی لوگ اپنے آپ کو بھی گنہگاروں میں شامل سمجھ کر اپنے اور سب گنہگار مسلمانوں کے لئے توبہ و استغفار اور دعا کریں، اگر عربی کے الفاظ یاد نہ ہوں تو ان الفاظ میں اردو ہی میں دعا کر لیا کریں:

(۱) اے اللہ! ہماری خطاؤں اور گناہوں سے در گزر فرما اور ہمیں دنیا و آخرت کے ہر عذاب سے بچالے۔

(۲) اے ہمارے پروردگار! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے، اگر تو ہماری مغفرت نہ فرمادے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم تباہ و برباد ہو جائیں گے۔

(۳) اے اللہ! ہمارے گناہوں کو اور ہماری زیادتیوں کو جو ہم نے اپنے کاموں میں کی ہیں معاف فرمادے اور دین پر ہمارے قدم جمادے اور کفار کے مقابلے پر ہماری مدد فرما۔

(۴) یا اللہ! ہم سب آپ سے مدد مانگتے ہیں اور آپ سے مغفرت چاہتے ہیں اور آپ پر ایمان لاتے ہیں۔

(۵) یا اللہ! ہمارے اور سب مومن مردوں، مومن عورتوں اور سب مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہوں کو معاف فرما، ان سب کے دلوں میں ایمان اور حکمت پیوست فرما دے انہیں اپنے رسول ﷺ کی سنت و ملت پر ثابت قدم رکھ، انہیں اس نعمت کا شکر ادا کرنے کی توفیق دے جو تو نے ان پر مبذول فرمائی ہے، اور یہ کہ وہ اس عہد کو پورا کریں جو انہوں نے تجھ سے کیا ہے اور اپنے اور ان کے دشمنوں کے مقابلے میں ان کی مدد فرما۔ اے سچے معبود! تو پاک ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (ضرورت ہے کہ ہر طبقے کے مسلمان مرد و عورت مذکورہ اعمال اور دعاؤں کا خاص اہتمام کریں)۔

marfat.com
Marfat.com

۳۰۳۔ "مسلمانوں کے لئے ایک اہم انتباہ" از افادات عارف باللہ حضرت مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحیٔ عارفی قدس سرہ:

(مجلس بروز جمعہ بعد نماز عصر مورخہ ۲۰ ذی الحجہ ۱۴۰۲ھ) آج چوتھا روز ہے کہ شام کو لانڈھی سے پشاور کی طرف کے کچھ لوگ مجھ سے ملنے آئے، متکلم نے اشارہ کر کے کہا کہ یہ جو بڑے میاں بیٹھے ہیں انہوں نے کچھ خواب دیکھے ہیں جن کی تعبیر لینے آئے ہیں۔ کہنے لگے: میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک بزرگ کے پاس تفسیر پڑھنے جا رہا ہوں، انہوں نے فرمایا: بھائی! ہم پشتو میں تو پڑھائیں گے نہیں، تفسیر پڑھا دینگے اور تمہاری سمجھ میں آجائے گی۔ اتنے میں پیچھے سے ایک آواز آئی: "دیکھو، مسلمانوں سے کہہ دو کہ بیدار ہو جائیں، اللہ کا قہر نازل ہونے والا ہے جس سے کوئی نہ بچے گا، اللہ کا قہر نازل ہونے والا ہے مسلمانوں سے کہہ دو سنبھل جائیں، کہہ دو مسلمانوں سے، اعلان کر دو کہ گناہوں کو ترک کریں اور توبہ و استغفار کریں۔"

جنہوں نے خواب دیکھا تھا سیدھے سادھے آدمی تھے۔ دو ایک آدمیوں سے اس خواب کا ذکر کر دیا۔ دوسری رات پھر حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "تم نے ہمارا اعلان لوگوں سے کیوں نہیں کہا؟ تم نے لوگوں تک ہمارا پیغام کیوں نہیں پہنچایا کہ لوگوں میں طغیان اور عصیان بڑھ گیا ہے، اللہ کا قہر متوجہ ہونے والا ہے، بیدار ہو جاؤ، جلد توبہ کرو، استغفار کرو، گناہوں کو ترک کرو، سب مسلمان توبہ و استغفار کریں اور گناہوں کو ترک کریں۔"

بیدار ہو کر کچھ لوگوں ہی سے انہوں نے اپنے اس خواب کا ذکر کیا۔ اس کے بعد تیسری رات پھر انہیں حضور سرور کائنات ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا: "تم نے لوگوں سے کیوں نہیں کہا؟ لوگوں سے علی الاعلان کہو کہ قہر الٰہی متوجہ ہونے والا ہے، لوگ تائب ہو جائیں، اپنے اپنے گناہوں کو چھوڑ دیں، توبہ و استغفار کریں ورنہ اللہ کا قہر متوجہ ہو جائے گا۔"

صاحب خواب نے مسلسل تین راتیں یہ خواب دیکھے اور مجھ سے کہا کہ ان کی تعبیر بتائیے۔ اس پر میں نے ان سے کہا میں ان کی کیا تعبیر بتاؤں؟ تعبیر تو صاف ظاہر ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا رحم اور شان کرم ہے کہ اپنے نبی الرحمت ﷺ کے ذریعے یہ اعلان کروا دیا۔ اسی طرح کے خواب اور چند حضرات نے بھی دیکھے جن سے ان خوابوں کی تائید ہوتی ہے، یہ معمولی بات نہیں بلکہ نہایت ضروری اور اہم اعلان ہے، گناہوں کی کثرت پر قہر الٰہی متوجہ ہوتا ہے، اس سے پناہ مانگو (ناشر = بیگم عائشہ بوانی وقف۔ پوسٹ بکس ۴۱۷۸، کراچی نمبر ۲)۔

۳۰۴۔ "انتباہ خصوصی" یعنی حضور اکرم ﷺ کے ایک فرمان گرامی کا ترجمہ اور تشریح جو خواب میں ارشاد فرمایا گیا، از افادات عارف اللہ حضرت مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحیٔ صدیقی قدس

marfat.com
Marfat.com

سرہ خلیفہ خاص حضرت حکیم الامت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہ العزیز مولف / مصنف کتاب ہذا اس مضمون کا خلاصہ پیش کرتا ہے:

کوٹ جاتی، ڈیرہ اسمٰعیل خان کے مولوی محمد قاسم صاحب عالم اور حافظ تھے، جن کا حال ہی میں انتقال ہو گیا۔ بہت عرصہ قبل کراچی کی ایک مسجد میں پیش امام تھے، انہیں اکثر حضور اقدس ﷺ کی زیارت مبارکہ خواب میں نصیب ہوتی تھی اور کیسا ہی طویل خواب ہو، اس کے ایک ایک جزو کو بغیر کسی سہو و نسیان کے قلمبند کر لیا کرتے تھے، آپ ڈاکٹر مولانا عبدالحئیؒ کے مخلص احباب میں سے تھے، اپنے وطن سے ڈاکٹر صاحب کو ایک طویل خواب لکھ کر بھیجا، جو مختصر الفاظ میں کچھ اس طرح ہے:

خواب میں دیکھا کہ بہت سے علماءٔ و صلحاءٔ اور اپنے سلسلے کے اکابر رحمہم اللہ تعالیٰ ڈاکٹر مولانا عبدالحئیؒ صاحبؒ کے مکان پر تشریف لا رہے ہیں، کچھ دیر بعد جناب امام الانبیاءٔ سیدنا و مولانا محمد مصطفیٰ ﷺ مع خلفائے اربعہ و دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی تشریف لے آئے اور مکان کے احاطہ پر گھاس کے میدان میں اس جگہ تشریف فرما ہو گئے، جہاں جمعہ کے دن بعد نماز عصر ڈاکٹر صاحبؒ کی مجلس ہوتی ہے، کوئی سٹیج یا تخت نہیں مگر پورا مجمع حضور پر نور ﷺ کے دیدار پر انوار سے مشرف ہو رہا ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے پہلے عربی میں خطبہ ارشاد فرمایا اور پھر قرآن مجید کی آیات تلاوت فرمائیں، ہر آیت کے بعد عربی میں تشریح فرمائی، جس کا اردو میں حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ ترجمہ کرتے جاتے تھے اور حضور انور ﷺ کے حسب الحکم ڈاکٹر عبدالحئیؒ صاحبؒ اس کو قلمبند کرتے جاتے تھے تاآنکہ وہ ایک کتابچہ بن گیا۔ جو آیات حضور اقدس ﷺ نے تلاوت فرمائیں، وہ مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) سورۂ آل عمران کی آیت نمبر ۸۵ (ترجمہ) اور جو شخص اسلام کے سوا کسی دوسرے دین کو طلب کرے گا تو وہ اس سے مقبول نہ ہوگا اور وہ آخرت میں تباہ کاروں میں سے ہوگا۔

(۲) سورۂ آل عمران آیت نمبر ۸۳ (ترجمہ) کیا یہ (کافر) اللہ کے دین کے سوا کسی اور دین کے طالب ہیں، حالانکہ سب اہل آسمان و زمین خوشی یا زبردستی، اللہ کے فرماں بردار ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

(۳) سورۂ آل عمران آیت نمبر ۱۹ (ترجمہ) بلاشبہ دین اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہی ہے اور اہل کتاب نے جو اختلاف کیا تو ایسی حالت کے بعد کہ ان کو دلیل پہنچ چکی تھی، آپس کی ضد سے کیا اور جو شخص اللہ کے احکام کا انکار کرے گا تو بلاشبہ اللہ بہت جلد اس کا حساب لینے والا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

(۴) سورۃ النسأ آیت نمبر ۵۹ (ترجمہ) اے ایمان والو! تم اللہ کا کہنا مانو اور رسول کا اور تم میں جو صاحب حکومت ہیں ان کا بھی، پھر اگر کسی امر میں باہم اختلاف کرنے لگو تو اس امر میں اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرو، اگر تم اللہ اور یوم قیامت پر ایمان رکھتے ہو۔ یہ امور سب سے بہتر ہیں اور ان کا انجام خوش تر ہے۔

اس کے بعد حضور انور ﷺ نے دو احادیث بیان فرمائیں:

(۱) (ترجمہ) یہ بات سن لو کہ بہترین کلام اللہ کی کتاب ہے اور بہترین طریقہ (راستہ) اور طرز عمل محمد (ﷺ) کا طریقہ اور طرز عمل ہے۔ بدترین چیز نوایجاد بدعتیں ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے (مسلم شریف)۔

(۲) (ترجمہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پہلے کہہ کہ میں اللہ پر ایمان لایا اور پھر اس بات پر جم جا (مسلم شریف)۔

اس کے بعد صاحب خواب لکھتے ہیں کہ جو کچھ آپ (مولانا ڈاکٹر عبدالحیؒ) نے تحریر کیا تھا وہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ آپؐ نے اسے ملاحظہ فرمانے کے بعد حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے فرما دیا، جنہوں نے باقی خلفا اور صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو دکھلا کر حضرت مولانا تھانوی قدس سرہ کو دے دیا، جنہوں نے مجمع کو مخاطب کر کے فرمایا کہ یہ مسودہ حضور انور ﷺ کے فرمان گرامی کا ترجمہ اور تشریح ہے، جس کی اشاعت بھی ہماری طرف سے ڈاکٹر محمد عبدالحیؒ صاحب ہی کریں گے۔ حضرت مولانا محمد ڈاکٹر عبدالحیؒ نے امتثال امر میں یہ مضمون بصورت کتابچہ ہذا رمضان المبارک ۱۴۰۴ھ کے بعد پیش کر کے اپنا فرض ادا کر دیا۔ الحمد للہ (ناشر = مکتبہ زکریا۔ چاندنی چوک، سٹیڈیم روڈ، کراچی)۔

۳۰۵۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ایک ایسی جگہ ہوں، جہاں بہت سے راستے ہیں اور اس کے بعد تمام راستے ختم ہو گئے، صرف ایک پگڈنڈی رہ گئی اور میں اس پر چلا یہاں تک کہ ایک پہاڑ پر پہنچا، وہاں حضور اقدس ﷺ تھے اور آپؐ کے پہلو کے قریب حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے، حضور انور ﷺ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف اشارہ کر رہے تھے کہ آ جاؤ، تو میں نے کہا: انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ کی قسم! امیر المومنین کی وفات ہو گئی۔ میرے دل میں آیا کہ میں اس بات کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھوں، مگر پھر میں نے مناسب نہیں سمجھا کہ خود انہیں ان کی خبر مرگ دوں (اخرج ابن سعد جلد ۳۔ صفحہ ۳۲۲)۔

۳۰۶۔ کثیر بن صلت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ جس روز حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

marfat.com
Marfat.com

شہید کیے گئے، اس روز وہ سوئے اور بیدار ہونے کے بعد فرمایا کہ اگر تم یہ نہ کہو کہ عثمانؓ فتنے کی تمنا کرتا ہے تو میں تم سے بیان کروں۔ راوی کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ آپ بیان کیجیے، ہم ان میں سے نہیں کہ اس طرح کہیں جیسے کہ لوگ کہتے ہیں، تو آپ نے فرمایا کہ میں نے ابھی خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''تو ہمارے ساتھ جمعہ کی نماز میں حاضر ہوگا۔'' ایک روایت میں ہے کہ وہ جمعے ہی کا دن تھا (اخرج الحاکم جلد ۳ صفحہ ۹۹)۔

۳۰۷۔ مسلم ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے، جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غلام تھے، بیان کیا کہ حضرت عثمانؓ نے بیس مملوک غلام آزاد کیے، پاجامہ منگا کر پہنا، جبکہ اس سے پہلے زمانہ اسلام اور زمانہ جاہلیت میں پاجامہ نہیں پہنا تھا اور فرمایا کہ آنحضرت ﷺ اور حضرات ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو میں نے گذشتہ رات خواب میں دیکھا ہے، ان حضرات نے مجھ سے کہا کہ تم صبر کرو، تم ہمارے پاس آنے والی رات میں روزہ افطار کرو گے، اس کے بعد قرآن مجید منگوا کر اسے کھول کر اپنے سامنے رکھا اور اسی حالت میں شہید کر دیئے گئے (قال الہیثمی جلد ۷ صفحہ ۲۳۲)۔

۳۰۸۔ ابو صالح سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ کو خواب میں دیکھا تو میں نے آپؐ کی امت کی شکایت کی کہ مجھے جھٹلاتے اور تکلیف پہنچاتے ہیں اور میں رو دیا، تو حضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ ''اے علی! مت رو اور دیکھ۔ میں نے جو التفات کیا تو دو آدمی بندھے ہوئے تھے اور ایک بڑا پتھر ان دونوں کا سر پھوڑ رہا تھا، یہاں تک کہ ان کا سر پھٹ جاتا اور پھر جڑ جاتا تھا۔ راوی کہتے ہیں: میں علی الصبح حضرت علیؓ کے پاس گیا جیسے کہ ہر روز ان کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا، میں قصائیوں کے محلے میں لوگوں سے ملا تو انہوں نے بتایا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید کر دیئے گئے ہیں (کذا فی المنتخب جلد ۵ صفحہ ۶۱) (حیاۃ الصحابہ جلد سوم صفحہ ۷۷۲۔ تالیف مولانا محمد یوسف کاندھلویؒ۔ ایچ۔ ایم سعید کمپنی، کراچی)۔

۳۰۹۔ مشرق وسطیٰ کے اخبارات میں ایک ایمان افروز خبر شائع ہوئی تھی جسے روزنامہ نوائے وقت نے ۱۳ صفر ۱۴۱۹ھ بمطابق ۹ جون ۱۹۹۸ء کو شائع کیا تھا:

محمد ادریس سات سال کا بچہ اریٹیریا (افریقہ) کا کم سن شہری ہے۔ اسے ایک رات حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا، بیدار ہوا تو اسے پورا قرآن مجید مکمل طور پر حفظ ہو چکا تھا، نہ صرف یہ بلکہ اریٹیرین زبان میں تحریر و تقریر پر کامل دسترس حاصل ہو چکی تھی۔ اس بچے کی غیر معمولی صلاحیتیں دیکھ کر اہل عقل و خرد انگشت بدنداں ہیں۔ گورنر مکہ مکرمہ شہزادہ ماجد بن عبد العزیز سے اس کی ملاقات کی خبر بھی شائع ہوئی تھی۔ (روزنامہ جنگ، لاہور۔ مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۹۸ء)۔ یہ بچہ سعودیہ میں مزید تعلیم حاصل کرنے کا خواہش مند

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ لوگ یقیناً اسے عجوبہ کہیں گے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ ہمارے پیارے نبی پاک ﷺ کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے، جن کا سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ انشا اللہ تعالیٰ۔

۳۱۰۔ ہندوؤں کی کتابوں میں حضور اقدس ﷺ کی تشریف آوری کے سلسلے میں آج بھی بہت سی بشارات موجود ہیں:

(۱) اتھر وید میں لکھا ہے: (ترجمہ) پیدا کرنے والا کون ہے عظمت والے رسول محمد (ﷺ) کا...... اللہ۔

(۲) رگھ وید کے منتر میں نام احمد ﷺ اور یجروید کے منتر میں نام محمد (ﷺ) موجود ہے۔

(۳) ان کی عبارت جو ہندوؤں میں مشہور ہے اور جس کو ننانواں بھی کہتے ہیں۔ (ترجمہ) یعنی لا الہ گناہ دور کرنے والی چیز ہے، الا اللہ سے بہت بڑے درجے ملتے ہیں، اگر تم جنت میں ہمیشہ رہنا چاہتے ہو تو محمد (ﷺ) کے نام کا وظیفہ کیا کرو یعنی آپؐ پر درود و سلام بھیجا کرو۔

(۴) چھٹی کانڈ بارھویں اسکنڈ پوتھی راسنگ رام میں جو بیاس جی نے لکھی ہے، اس کے بھاشا زبان کے ترجمے میں گوشائیں تلسی داس جی نے حاشیے کے اوپر یوں لکھا ہے، جس کا اردو میں ترجمہ پیش کرتا ہوں:

یہاں میں آپ کی طرفداری میں کچھ نہ کہوں گا
جو وید پران میں لکھا ہے وہی سچ کہوں گا
یعنی برس دس ہزار تک رسالت تمام ہوگی
بعد کو یہ مرتبہ کوئی نہیں پا سکتا (یعنی رسالت ختم ہو گی)
دیس عرب میں ایک خوشنما ستارہ ہوگا
اچھی شان کی زمین ہو گی
انہونی بات (یعنی معجزات) ان سے ظہور میں آئیں گے
ولی اللہ قاسم کہا جاوے گا
صدی بکرماجیت کی سمندروں کی تعداد کے مطابق (یعنی ساتویں صدی میں پیدا ہوگا، کیونکہ سات سمندر ہیں)
نہایت اندھیری رات میں مثل چار آفتاب کے چمکے گا
بادشاہی کے قاعدے کے موافق باوقار انداز میں خلق و محبت ظاہر کرے گا
اور اپنا مذہب سب کو سمجھاوے گا
اس کے چار خلیفہ ہوں گے
ان سے نسل بہت بڑھے گی

marfat.com
Marfat.com

اس دین کے جاری رہے تک جو اللہ تک پہنچنا چاہے گا
بغیر ذریعہ محمد (ﷺ) کے پار نہ ہو گا
تب ایک مرد کامل پیدا ہو گا
امام مہدی کہیں گے اس کو سب جہان والے
بعد ان کے ولایت نہیں ہو گی
تلسی داس یہ بات سچ سچ کہتا ہے

(۵) باباگرونانک کی نصیحت:

پہلا نام خدا کا اور دوجا نام رسولؐ تیجا کلمہ پڑھ لے نانکا جو در گہ پویں قبول

(ترجمہ) پہلا نام خدا کا دوسرا نام رسول کا، تیسرا کلمہ پڑھ لے نانکا تا کہ اللہ کی درگاہ میں قبول ہو جائے۔

(۶) گوشائیں تلسی داس کی نصیحت:

کاشی پربت یاد بن تیرتھ نکام بیکنٹھ باس نپائی بنا محمد نام

(ترجمہ) کاشی پہاڑ پاؤں تیرتھ کے لئے سب بے کار، بغیر محمد ﷺ کا نام لئے جنت میں جگہ نہیں مل سکتی۔

(۷) گروکبیر داس کی نصیحت:

لا الہ کا تانا الا اللہ کا بانا داس کبیر جن کو بیٹھا الجھا سوت پرانا

حضور اقدس ﷺ کے لیے اور بہت سی بشارتیں اور شہادتیں دنیا کے ہر مذہب کی کتابوں میں آج تک موجود ہیں، جن سے غیر مسلم رہبری حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ:

آسمانی شہادتیں:

۶ شعبان ۱۳۴۵ھ م ۸ فروری ۱۹۲۷ء	بمقام جبل پور (بھارت)
۲۲ شعبان ۱۳۴۶ھ م ۱۵ فروری ۱۹۲۸ء	بمقام آگرہ (بھارت)
۲۶ رمضان ۱۳۴۶ھ م ۱۹ مارچ ۱۹۲۸ء	بمقام پرتاب گڑھ (بھارت)
۱۰ ذی الحجہ ۱۳۴۶ھ م ۳۱ مئی ۱۹۲۸ء	بمقام فرید پور (ضلع بریلی، بھارت)
۹ محرم ۱۳۴۷ھ م ۲۸ جون ۱۹۲۸ء	بمقام امرتسر (بھارت)

مذکورہ بالا تمام مقامات پر ان تاریخوں میں آسمان پر بخط نور، نام نامی، اسم گرامی جناب محبوب کبریا محمد رسول اللہ ﷺ جلوہ گر ہوا، جسے ایک عالم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا، مشاہدہ کیا، پھر یہ خبریں اخبارات واشتہارات کے ذریعے خوب شائع ہوئیں اور ان شہادتوں کو دیکھ کر بے شمار غیر مسلم مسلمان ہوئے۔ اس زمانے کا اخبار "سیاست" اور "مسلم گزٹ" نکالیے اور پھر فرمایئے

marfat.com
Marfat.com

کہ اس سے زیادہ کیا تصدیق آپ (ﷺ) کی نبوت کی ہو سکتی ہے؟

حجری شہادت:

رائے سینا (نئی دہلی، بھارت) میں ایک بڑے پتھر کو جب تراشا گیا تو درمیان میں نام نامی جناب رسول معظم محمد رسول اللہ ﷺ نہایت صاف اور نورانی خط میں لکھا ہوا پایا گیا۔ اس زمانے میں اسمبلی کی عمارت زیر تعمیر تھی، لہٰذا اس پتھر کو اس عمارت میں نہ لگایا گیا بلکہ عجائب خانے میں داخل کر دیا گیا تھا۔ ایسے اور بھی بہت سے واقعات ہیں۔

شجری شہادت:

جمادی الثانی ۱۳۴۰ھ م مئی ۱۹۲۱ء کو بمقام ٹنڈو سائب داد خان (ضلع حیدر آباد، سندھ) مولوی محمد حسن صاحب کے مکان میں پیلو کے درخت پر موسم خزاں کے بعد جس قدر پتے آئے ان سب پر جناب روحی فداہ رحمت عالم محمد رسول اللہ ﷺ کا اسم مبارک نہایت نورانی خط سے لکھا ہوا تھا، اسی طرح دیگر اضلاع سندھ میں درختوں کے پتوں پر نام نامی جناب سید الانبیاء محمد رسول اللہ ﷺ اس سن میں قدرتی خط سے لکھا ہوا ظاہر ہوا۔

تاریخ انسانی گواہ ہے کہ کلمہ طیبہ، آیات قرآنی، اسمائے الٰہی اور حضور اکرم ﷺ کا اسم گرامی مختلف چیزوں پر قدرتی طور پر لکھا ہوا ملتا رہا ہے، کوئی باہمت فرد امت اگر اس پر تحقیق کرے تو پی ایچ ڈی کے لئے ضخیم مقالہ تیار ہو سکتا ہے۔ طوالت کے پیش نظر اسلام کی حقانیت کے اس پہلو کو یہیں ختم کرتا ہوں۔

؎ کاش ہر موئے من زباں گردد ‏ ‏ ‏ در ثنائے تو یا رسول اللہ ﷺ

۳۱۱۔ جناب ڈاکٹر نصیر احمد ناصر (ایم اے، ڈی لٹ) سابق وائس چانسلر، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور (پاکستان) "حسن تفسیر" لکھنے کی علت غائی بیان کرتے ہوئے اپنی زندگی کا یہ احسن و مبارک اور اہم ترین و ناقابل فراموش واقعہ تحریر فرماتے ہیں:

"۱۹۴۳ء کی وہ کتنی حسین و مبارک شب منور تھی، جس میں ایک جمالیاتی لمحہ وقوع پذیر ہوا کہ جس نے میری زندگی کی کایا پلٹ دی، قلب میں شمع آرزو فروزاں کر دی اور مجھے مخلص تلمیذ القرآن بنا دیا۔ وہ شب حسین میرے لئے نوید حیات جاودانی اور پیام "دوست" لے کر آئی تھی، طالع میرا بیدار ہوا، میں محو خواب تھا، کیا دیکھتا ہوں کہ لاہور کی شاہی مسجد جیسی لیکن اس سے کہیں زیادہ جمیل و جلیل اور وسیع و عریض مسجد ہے۔ اس کا حوض صحن کے بجائے ڈیوڑھی میں ہے، حوض کے قریب قبلہ رخ کھڑا تھا کہ دفعتاً ایک برق حسن لہرائی اور میں یہ دیکھ کر حیرت زدہ ہو گیا کہ میرے ہادی و مسیحا حضرت محمد ﷺ دالان مسجد کے آخری بائیں دروازے میں

marfat.com
Marfat.com

جلوہ افروز ہوئے، آپؐ کا سراپا پیکرِ جمال و جلال، نظریں شعلہ بارِ حسن و نور اور چہرۂ مبارک چندے آفتاب و چندے ماہتاب تھا، اس مشاہدۂ حسن و نور نے میرے قلب و نظر کو مسحور کر دیا۔ اس عالمِ حیرت و مستی میں تھا کہ آپؐ نے اپنے گریبانِ مبارک سے دستِ منیر نکالا اور مجھے دکھایا۔ دست مبارک کیا تھا؟ حسن و نور کا آفتاب بے مثال تھا، جس کی حریف بشر کی نظر ہو سکتی تھی نہ ہوئی، میں سچ مچ شہید نظارہ ہو گیا، برق حسن و نور قلب و جاں پر گری اور مار کر مجھے امر یا زندۂ جاوید کر گئی، یہ موت نہ تھی بلکہ تمہید تھی حیات جاوید کی، یہ موت ایسی شہادت تھی جس کے عوض صد ہزار بار بھی جان دینا پڑے تو اہل آرزو دریغ نہ کریں اور اس سودے کو سرمہ مفت نظر سمجھیں، مجھے یاد ہے کہ میں تیورا کر فرش زمین پر گرا، پھر چراغوں میں روشنی نہ رہی، اس "عالم شہادت" میں تھا کہ ایک حسین و جاں آفریں آواز سے میرے اندر کی دنیا صبح حیاتِ نو سے منور ہو گئی۔ روح نے سنا:

"اٹھ ناصر! تفسیر کبیر پڑھ! اٹھ ناصر! تفسیر کبیر لکھ! اٹھ ناصر! تفسیر کبیر لکھ!

یہ آواز تھی کہ صدائے "کن فیکون" تھی، اس نے مجھے زندہ و بیدار کر دیا، عالم خواب ہی میں دیکھتا ہوں کہ حضور پر نور ﷺ کے پائے مبارک میں پڑا ہوں، آنکھ کھلی تو زندگی کی سحر ہو چکی تھی۔ صلوٰۃ الفجر کی اذان کے حسین و روح پرور بول کانوں میں رس گھولنے اور قلب کو زندہ و بیدار کرنے لگے، یہ میرا پہلا تجربہ تھا، خوش نصیبی کی انتہا کیا ہو سکتی تھی کہ میں ایک نظر میں محبوب کبریا ﷺ کا منظور نظر، زندۂ جاوید اور قرآن عظیم کی تفسیر کبیر لکھنے پر مامور ہو چکا تھا۔ مجھے یقین کامل تھا کہ جو کچھ دیکھا اور سنا سچ ہے، جس حسین و غیر معمولی تجربے سے گذرا تھا اس کی یاد سے میرا قلب و نفس عجیب و غریب عالم کیف و سرور میں تھا، پیکر جمال و جلال ﷺ کی دید، آپؐ کے ید بیضا کا مشاہدہ، شہید نظارہ ہونے کا تجربہ، پھر نشاۃِ ثانیہ کی ارزانی اور تفسیر کبیر لکھنے پر ماموریت اس قدر عظیم و حسین نعمتیں تھیں کہ ان کا کبھی تصور تک نہیں کر سکتا تھا، دن بھر صہبائے مسرت کے نشے میں سرشار رہا اور آج تک ہوں، شہید نظارہ ہونے کی آرزو جو پہلے تھی سو اب بھی ہے، دن ایک سرور انگیز عالم اضطراب میں گذرا، رات آئی تو وہی ناظورۂ شب دوش تھی، وہی اس کے نظارے تھے، میں پھر اس تجربے سے گذرا، شہید نظارہ ہوا، دوبارہ زندہ ہوا اور تفسیر کبیر لکھنے پر مامور ہوا۔

بیدار ہوا تو کل کی طرح اذان کے حسین و جانفزا بول گلشن حیات میں باران رحمت برسا رہے تھے، میرے حواس کی بیداری میرے قلب کی بیداری بھی تھی، اپنے الٰہ جمیل و رب ذوالجلال والاکرام کے فیضان بے پایاں سے یہ رازِ حقیقت منکشف ہو چکا تھا کہ مفسر قرآن بننے

marfat.com
Marfat.com

کے لئے مخلص تلمیذ القرآن بننا ناگزیر ہے، جس کے لئے سرکاری ملازمت سے سبکدوش ہو جانے کے سوا کوئی چارہ کار نہ تھا، پس بلا خوف و خطر مستعفی ہو گیا اور ایک سچے اور مخلص طالب علم کی طرح قرآن حکیم کا تلمیذ بن گیا اور اسے اپنا ہادی و مرشد بنا لیا، راہ حق میں قدم رکھا تو امتحان وفا شروع ہو گیا، یکے بعد دیگر شکیب رُبا امتحان آتے رہے اور میں "دوست" کی نظر کرم سے کامیاب گذرتا رہا اور یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے، قرآن مجید شاہد ہے کہ رہِ نوردانِ عشق کا امتحان وفا لینا سنت الٰہی ہے، یہ واقعیت ہر وقت دل میں حوصلہ اور حوصلے میں توانائی پیدا کرتی رہتی تھی کہ جس رب رحمٰن نے اپنے پیغمبر اعظم و آخر ﷺ کے ذریعے مجھے اپنے حسن کلام آخر کی "تفسیر کبیر" لکھنے پر مامور کیا ہے، اس کی نصرت و ہدایت سے یقیناً اس عظیم ذمے داری سے عہدہ برآ ہو جاؤں گا۔"

ڈاکٹر صاحب کی یہ تفسیر بینظیر "حسنِ تفسیر" کے نام سے فیروز سنز، لاہور شائع سے شائع ہو چکی ہے۔ اپریل ۱۹۹۷ء میں لاہور میں ڈاکٹر صاحب وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ میں اس تفسیر کے لیے جناب سعید احمد، راولپنڈی کا ممنون ہوں۔

۳۱۲۔ بہزاد صاحب کے مجموعہ کلام "کرم بالائے کرم" میں ان کے دوسرے حج کا ذکر ہے کہ کس طرح غیب سے سامان ہوتا چلا گیا، جو میں (مصنف کتاب ہذا) نے ان ہی کے الفاظ میں اس کتاب کے پانچویں حصہ میں ۳۱۳ نمبر پر شامل کر دیا ہے، پہلے حج کا مفصل تذکرہ آپ کے مجموعہ کلام 'نغمہ روح' میں ہے، کوشش بسیار کے باوجود مجھے یہ اُس وقت نہ مل سکا تھا۔ اب کراچی سے جناب نصیر احمد صدیقی (اسلام آباد) نے لا کر دیا ہے۔ ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اختصار سے اسے اس حصے میں شامل کر رہا ہوں۔

بہزاد صاحب ۳۰ سال سے اختلاج قلب کے مریض ہیں، روز مرہ کی زندگی میں بھی کسی ہمراہی کے بغیر کہیں آ جا نہیں سکتے، ریڈیو پاکستان سے بس اتنا ہی معاوضہ ملتا ہے کہ گذر بسر کر لیں۔ صاحب جائیداد نہیں، ایسا بے بس اور بے مایہ انسان ایسے لمبے اور پر ہنگام سفر کا تصور بھی نہیں کر سکتا مگر ہر مسلمان کی طرح دل میں آرزو ہے کہ اپنی جبین عقیدت اس روضہ اقدس کے سامنے جھکا دے جو کون و مکاں کا مقصود ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ جب ان کا کرم ہوتا ہے تو بگڑی بن جاتی ہے۔ ان حالات کے باوجود کرم ہو گیا۔ سندھ کے ایک زمیندار، نورانی صورت کے یہ رئیس بہزاد صاحب کے پاس ریڈیو سٹیشن پہنچے اور فرمایا: بہزاد صاحب! میرا جی چاہتا ہے کہ آپ روضۂ رسول (ﷺ) پر ہو آئیں اور ساتھ ہی حج بھی کر لیں، آپ اپنے گھر میں سے بھی کسی کو اپنے ہمراہ لے جائیں، میں اخراجات آپ کی خدمت میں نذر کر دوں گا،

marfat.com
Marfat.com

یہ کام میں اللہ کے واسطے کر رہا ہوں، آپ پر کوئی احسان نہیں۔ یہ کہہ کر وہ چلے گئے (نام ظاہر کرنے کی اجازت نہیں)، پھر حج کے لئے درخواستیں طلب کی گئیں اور ان بزرگ کو چار سو روپے کا چیک ملا۔ درخواست داخل کرنے کے بعد بہزاد صاحب نے جو نعت نشر کی اس کا مطلع ہے:

ے اے صلِ علیٰ حسرت و ارمان مدینہ　　　خالق نے کیا غیب سے سامان مدینہ

اب فکر تھی کہ کوئی ہمراہی نہیں، سو بہزاد صاحب نے یہ التجائیہ نعت ریڈیو سٹیشن سے نشر کی:

ے للہ کرم شہِ ذیشانِ مدینہ　　　دل ہی میں نہ رہ جائے یہ ارمانِ مدینہ

اللہ تعالیٰ نے اس کے بعد مولوی سید محمد سہیل نقشبندی چشتی کو میرے پاس بھیج دیا جو میرے پرانے دوست اور ہم مذاق بزرگ ہیں، وہ بھی متمنی زیارت تھے، لہٰذا ان سندھی بزرگ نے دو ہزار روپے کا ایک اور چیک بھیج دیا۔ بحری جہاز تھا اور ڈیک کی بجائے سیکنڈ کلاس کے لئے ایک ہزار روپے کی کمی تھی جو حضرت بہزاد کی سگھڑ و بزرگ بیگم نے پوری کر دی (اس زمانے میں حج اتنی ہی رقم میں ہو جاتا تھا۔ ۱۹۴۸ء میں پاکستانیوں نے پہلا حج کیا تھا جو ایک ہزار روپے سے بھی کم میں ہو گیا تھا)، غرض سمندری راستے سے ۲۰ جون ۱۹۵۷ء کو حج اور زیارت روضہ رسول ﷺ کی نیت سے روانگی ہوئی، حج کے بعد تقریباً ایک ماہ مکہ مکرمہ میں رہے، مدینہ شریف پہنچے تو جدہ اور مکہ شریف کی طرح یہاں پر بھی قدم قدم پر قدردان خدمت کے لئے بچھے جاتے تھے، جاتے ہی روضۂ اطہر پر نہایت ہلکی آواز میں اپنے آقا ﷺ کے حضور وہ سلام پیش کیا، جو مکہ مکرمہ میں قلمبند کیا تھا:

ے سلام اے شاہِ شاہاں جانِ جاناں روحِ ایمانی　　　سلام اے خاتم پیغمبراں محبوب ربانی

اس شیفتہ رسول ﷺ کی ہر دو مقدس مقامات پر جو پذیرائی ہوئی، وہ نغمہ روح میں پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ ۱۸ اگست ۱۹۵۷ء کو جدہ سے واپسی ہوئی اور وہی سندھی بزرگ جنہوں نے حضرت بہزاد کو رخصت کیا تھا، نے اب الحاج حضرت بہزاد لکھنویؒ کا اپنی کوٹھی پر استقبال کیا، بڑی محبت سے بہت دیر وہاں کے واقعات سنتے رہے اور آخر میں فرمایا: بہزاد صاحب! آپ انٹرنیشنل پاسپورٹ بنوالیں اور بغداد شریف، کربلائے معلیٰ اور نجف اشرف کی بھی زیارت کر لیں۔

بہزاد صاحب نے کہا: بہت خوب، اور نگاہ آسمان کی طرف کی تو دل کہہ رہا تھا: باری تعالیٰ! تیرے کرم کا کہاں تک شکر ادا ہو سکتا ہے۔ اس شعر پر میں اس بیان کو ختم کرتا ہوں:

ے زندگی تھی بڑے قرینے سے　　　ہو کے کیوں آگئے مدینے سے

۳۱۳۔ قیام پاکستان سے بہت پہلے حکیم الامت، مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے اپنے ایک رسالے "حفظ الایمان" کے اندر علم غیب کی بابت ایک ایسا جملہ لکھ دیا تھا جس پر

marfat.com
Marfat.com

ہر صحیح الفکر مسلمان نے اعتراض کیا تھا، پس مجروح قلوب پر مرہم کی خاطر مولانا تھانویؒ نے ۱۳۲۹ھ میں رسالہ "بسط البنان" تحریر فرمایا مگر اس کا خاطر خواہ اثر نہ ہوا۔ کچھ عرصے کے بعد حضرت تھانویؒ حیدر آباد دکن تشریف لے گئے، جہاں اس زمانے میں حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کے خلف الرشید حضرت مولانا حافظ محمد احمد چیف جسٹس تھے۔ حافظ صاحب کے مکان پر علماً کا اجتماع تھا اور حضرت تھانویؒ بھی موجود تھے اور پیر صاحب حضرت سید محمد بغدادی حیدر آبادیؒ بھی مدعو تھے۔ ان کی خدمت میں رسالہ "حفظ الایمان" پیش کیا گیا جس میں اس جملے کو پڑھ کر آپ نے فرمایا کہ اس عبارت سے تو بوئے کفر آتی ہے اور خلاف فتویٰ دیا۔ چند روز بعد حضرت بغدادیؒ نے حضرت رسول مقبول ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ کے "حفظ الایمان" کی وہ عبارت رد کرنے اور اس کو قبیح کہنے پر اظہار خوشی فرما رہے ہیں اور فرمایا: "ہم تم سے خوش ہوئے، تم کیا چاہتے ہو"؟ آپ نے عرض کیا کہ میری تمنا ہے کہ اپنی باقی عمر مدینہ منورہ میں بسر کروں اور وہاں کی مٹی میں دفن ہوں۔ آپ کی درخواست منظور ہو گئی۔ اس کے بعد آپ مدینہ منورہ ہجرت کر گئے اور دس سال وہاں مقیم رہ کر ۱۳۵۴ھ میں وہیں وصال فرمایا۔ قدس اللہ سرہٗ۔

حضرت سید محمد بغدادیؒ کے فتویٰ کے بعد ۱۸ صفر ۱۳۴۲ھ کو حضرت تھانویؒ نے رسالہ "تغیر العنوان فی بعض عبارات حفظ الایمان" لکھا اور اس قبیح عبارت کا کلی طور پر خاتمہ کر دیا اور صراحت کے ساتھ لکھ دیا کہ "اس طرح بدلتا ہوں" اور "اس طرح پڑھا جائے۔" (یہ مضمون کتاب "مقامات خیر" از مولانا حضرت شاہ زید ابو الحسن فاروقی مجددی۔ حضرت شاہ ابو الخیر اکاڈمی دہلی نمبر ۶ (بھارت) طبع اول ۱۳۹۲ھ کے صفحات ۲۵۲-۲۵۳ اور ۶۱۶ پر تحریر شدہ عبارات سے تیار کیا گیا ہے)۔ "حفظ الایمان" شائع کرنے والے اداروں کا اب شرعی اور اخلاقی فرض ہے کہ وہ اس عبارت کو اس رسالے میں شائع کرنا بند کر دیں، کیونکہ حضرت تھانویؒ اس سے رجوع فرما کر بری الذمہ ہو چکے ہیں۔ قرآنی تصریحات کے مطابق عالم الغیب صرف اللہ ہی کی ذات ہے، جس کا علم ذاتی ہے عطائی یا اطلاعی نہیں۔ اس کا علم ماضی، حال اور مستقبل کی قید سے بالاتر ہے۔ وہ ازل میں بھی عالم الغیب ہے اور ابد میں بھی۔ حضرت رسول اللہ ﷺ کا قرآنی زبان میں یہ فرمانا:-

و لو کنت اعلم الغیب .... لقوم یومنون O (سورہ الاعراف۔ آیت ۱۸۸)۔ (ترجمہ) "اگر میں عالم الغیب ہوتا تو خیر کثیر جمع کر لیتا اور مجھے برائی نہ چھو سکتی۔ میں تو صرف ایک ڈرانے والا اور بشارت سنانے والا ہوں، ایمان والوں کے لئے۔" یہ آیت قیامت تک اعلان کرتی رہے گی کہ حضرت رسول مقبول ﷺ عالم الغیب نہیں ہیں۔ رسالت کی ایسی تعظیم جس میں حق تعالیٰ کی توہین کا پہلو نکلتا ہو تو یاد رکھیے اس سے رسالت کی توہین پہلے ہو جاتی

marfat.com
Marfat.com

ہے، پس سید الاولین والآخرین علیہ کے ہر مداح اور عاشق کو ایسی تعظیم سے اجتناب کرنا چاہیے۔ آیات قرآنی کی ایسی تاویلات پیش کرنا جو میزان فکر وعقل اور قرطاس علم ونقل پر کسی صورت پوری نہ اتر سکیں اور جن میں صرف ناخواندہ مسلمانوں کے لئے سامانِ کشش ہو اس سے بھی پرہیز کی ضرورت ہے۔ یہود و نصاریٰ کی حق سے برگشتگی کا باعث یہی بنا کہ انہوں نے اللہ کی صفات بندوں میں اور بندوں کی صفات اللہ میں تسلیم کر لینے کی بنیادی غلطی کی، جس نے انہیں توحید کی صراط مستقیم سے ہٹا کر شرک کی پر پیچ وادیوں میں پہنچا دیا، جہاں وہ آج تک بھٹک رہے ہیں۔

کوئی بھی شخص، کسی بھی جہت سے سید البشر، افضل الموجودات حضرت خاتم الانبیاء علیہ کی ہمسری و برابری کا دعویٰ نہیں کر سکتا اور نہ آپؐ کی علمی خصوصیات میں کوئی آپؐ کا شریک و سہیم ہو سکتا ہے۔ آپؐ ہی کو علم کا معجزہ یعنی قرآن مجید عطا کیا گیا اور اس لئے آپؐ ہی علوم بشریہ کے منتہا اور خاتم بنائے گئے۔ آپؐ ہی خاتم العلوم والکمالات، اعلم الخلائق اور اکمل المخلوقات ہیں۔ مراتب نبوت اور کمالات رسالت آپؐ پر ختم ہو چکے ہیں۔ ہر نبی کے ساتھ ایک ایک کمال مخصوص ہے یعنی ہر نبی تو "کلمہ رب" ہے جب کہ حضور انور علیہ جامع کمالات انبیاء ہیں، جامع کمالات یعنی آپؐ "کلمات رب" ہیں، کلمات الرب ناقابل رقم ہیں، ضبط تحریر میں نہیں لائے جا سکتے پس حضرت محمد رسول اللہ علیہ کی تعریف کرنا محال اور ناممکن ہے۔ ازل سے ابد تک کے انسان اور خلائق مل کر بھی آپؐ کی تعریف و توصیف اور صفات کا حق ادا نہیں کر سکتے۔ بے شک اللہ قادر ہے اور وہ کر سکتا ہے۔ محبوب رب العالمین علیہ کی اس قدر وقیع اور شاندار تعریف کے باوصف قرآن حکیم نے علم غیب کے خاصہ رب ذوالجلال ہونے کے بارے میں حصر کے ساتھ علی الاطلاق یہ اعلان کر دیا ہے:-

فقل انما الغیب للّٰہ (سورہ یونس۔ آیت ۲۰)

(ترجمہ) آپ فرما دیجئے کہ غیب کی خبر صرف اللہ کو ہے۔

قل لا یعلم من فی السمٰوات و الارض الغیب الا اللّٰہ (سورہ النحل۔ آیت ۶۵)

(ترجمہ) آپ کہہ دیجیے کہ جتنی مخلوقات آسمانوں اور زمین (یعنی عالم) میں موجود ہیں (ان میں سے) کوئی بھی غیب کی بات نہیں جانتا بجز اللہ کے۔

(علم غیب پر یہ کسی عالم کا مضمون ہے جو شامل کیا جا رہا ہے)۔

مولای صل وسلم دائما ابدا　　علی حبیبک خیر الخلق کلھم

---☆---　　تمت بالخیر　　---☆---

marfat.com
Marfat.com

قطعاتِ بے بہا

جناب محمد عبدالمجید صدیقی صاحب کی کتاب مستطاب "سیرت النبی ﷺ بعد از وصال النبی ﷺ" کی مختلف جلدیں اور دوسری کتب پڑھ کر فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، راولپنڈی برانچ کے سعید احمد صاحب اس قدر متاثر ہوئے کہ انھوں نے دل کی گہرائیوں سے اپنے جذبات کی ترجمانی ان اشعار میں کی ہے، جنھیں پڑھ کر آپ بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ ملاحظہ فرمایئے اور داد دیجئے:

اے صدیقی۔ اے صدیقی

(جناب محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ مدظلہ العالی)

دلِ مُسلم میں عشقِ نبی ﷺ کو فروزاں کر دیا
عظمتِ رسالت کو سب ہی پہ عیاں کر دیا
مقامِ مصطفےٰ ﷺ نے کتنوں کو حیراں کر دیا
اے صدیقی امت پہ تو نے اک احساں کر دیا

شانِ حبیب پاک ﷺ کی اک ہمیں جھلک دکھا دی
تو نے قلوب میں شمعِ عشقِ نبی ﷺ جلا دی
آرزوئے زیارتِ حضور ﷺ کی لو لگا دی
سوئی ہوئی کتنوں کی تو نے قسمت جگا دی

واللہ کیا انوکھی سیرت ہے یہ سیرت النبی ﷺ
عظمتِ رسول ﷺ کی شہادت ہے یہ سیرت النبی ﷺ
بیانِ حق و پیامِ صداقت ہے یہ سیرت النبی ﷺ
سالکوں کے لیے شمع ہدایت ہے یہ سیرت النبی ﷺ

marfat.com
Marfat.com

واہ کیا مبارک ہے یہ موضوع زیارتِ نبی ﷺ کا
کیسا دل افروز ہے انداز رحمتِ نبی ﷺ کا
اُمت پہ کس قدر احساں ہے اِس نسبتِ نبی ﷺ کا
حیات النبی ﷺ پہ ایماں ہے اس اُمتِ نبی ﷺ کا

تیرے کام سے سب مکاتب نے ہے فیض پایا
عشقِ رسولِ پاک ﷺ فرقوں کو قریب لے آیا
اتحادِ امت کا تو نے ہے اک دیپ جلایا
اپنے علم سے کتنوں کو ہے آئینہ دکھایا

عظمتوں والا ہے بہت انوکھا یہ کام تیرا
سیرت نگاروں میں ہے اِک منفرد مقام تیرا
زمانہ بھلا نہ سکے گا کبھی بھی نام تیرا
رضائے ربِ کریم ہو بس انعام تیرا

تیرا کام خوابِ غفلت سے مسلم کو جگاتا ہے
اغیار کی چالوں کا ہمیں پتہ بتلاتا ہے
مستقبل کی ایک تصویر ہم سب کو دکھاتا ہے
غلبۂ اسلام کی جانفزا نوید سناتا ہے

رقصاں تیرے آنگن میں سدا بہارِ چمن رہے
رحمتِ الٰہی تجھ پہ ہمیشہ سایۂ فگن رہے
اپنے مقاصد کی تکمیل میں تاعمر مگن رہے
خدمت اسلام کی تیری تروتازہ لگن رہے

marfat.com
Marfat.com

تیرے چاہنے والوں کا تجھے سلام اے صدیقی
ہو نصیب کام کو تیرے شہرتِ دوام اے صدیقی
رہیں دور تجھ سے دو جہاں کے آلام اے صدیقی
نذرانۂ سعید ہے یہ تیرے نام اے صدیقی

سعید احمد
فیروز سنز، راولپنڈی۔

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایک شاہکار تعزیتی خط

جب حضرت معاذ بن جبلؓ کے صاحبزادے فوت ہوئے تو حضرت رسول اللہ ﷺ نے اُنہیں اس مضمون کا ایک تعزیتی خط بھیجا تھا:۔

اللہ رحمان ورحیم کے نام سے اس خط کا آغاز کرتا ہوں۔ اللہ کے رسول محمد (ﷺ) کی طرف سے معاذ بن جبل کے نام۔ تم پر سلامتی ہو، میں تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کی حمد لکھ کر بھیجتا ہوں، اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

امابعد، اللہ تعالیٰ تمہارے اجر میں اضافہ فرمائے اور تمہارے دل میں صبر جاگزیں کرے اور مجھے بھی اور تمہیں بھی شکر کی توفیق عطا فرمائے۔ بلاشبہ ہماری جانیں، ہمارے اموال، گھربار اور ہماری اولاد یہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہیں۔ یہ سب عطیات عارضی طور پر ہماری تحویل میں دیئے گئے ہیں۔ ہم ان سے ایک مقررہ مدت تک فائدہ اٹھاتے ہیں پھر اس مقررہ مدت کے بعد اللہ عزوجل ان کو واپس لے لیتا ہے، جب وہ ہمیں ان عطیات سے نوازے تو ہم پر اس کا شکر واجب ہے اور جب آزمائش میں ڈالے تو اس وقت صبر لازم ہے۔

تمہارا فرزند بھی اللہ تعالیٰ کا ایک عطیہ تھا، جو تمہیں بلامشقت حاصل ہوا اور یہ اس کی ایک امانت تھی جو تمہارے سپرد کی گئی تھی۔ اس نے تمہیں خوشحالی اور مسرت میں فائدہ اٹھانے کا موقع دیا، پھر اس نے تم سے اپنی امانت واپس لے لی اور اس کے بدلے میں اجر کثیر عطا کیا۔ تم پر اس کی رحمتیں ہوں اگر تم نے اس کے اجر کی توقع رکھی۔ اب صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑنا کہ کہیں تمہاری اس ذرا سی دیر کی بے صبری سے تمہارا اجر ضائع ہو جائے اور پھر تم پچھتاؤ۔ یاد رکھو کہ تمہاری بے صبری سے وہ لڑکا واپس نہیں آسکتا اور نہ تمہارا رنج والم ہی اس طرح دور ہو سکتا ہے، جو ہونا تھا وہ تو ہو چکا۔ والسلام۔ (رواہ الحاکم وابن مردویہ)۔

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آیئے ڈاڑھی رکھیں

ڈاڑھی رکھنا یہ مانا ہے مشکل مگر

روز محشر یہ آقاؑ نے پوچھا اگر

میری صورت میں کیا نقص آیا نظر

کیا کہو گے جواباً بتاؤ وہاں

سپاہی، فوجی، وکیل، جج وغیرہ سب اپنے مخصوص لباس اور حلیے سے فوراً پہچان لئے جاتے ہیں۔ ڈاڑھی مسلمان کی پہچان ہے، جبکہ کلین شیو ہونا غیر مسلمین کا شعار ہے۔ زندگی کا کیا بھروسہ؟ کل کس نے دیکھا ہے اور ویسے بھی نیک کام میں انتظار کیسا!

منجانب

آپ کا بہی خواہ

محمد عبدالمجید صدیقی

marfat.com
Marfat.com

جناب محمد عبدالمجید صدیقی نے "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ" مرتب کر کے ایک نہایت ہی مبارک کام سرانجام دیا ہے۔ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے فوراً بعد ہی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ جہت نگاہوں کے سامنے آ گئی تھی۔ صحابہ کرامؓ، تابعینؒ و تبع تابعینؒ، بعد کے صلحاءؒ، اتقیاءؒ، علماءؒ اور مجاہدینؒ اسلام الغرض تمام اہلِ بصیرت پر یہ حقیقت اچھی طرح منکشف ہوتی چلی گئی کہ اب بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی امت کے حالات سے اچھی طرح باخبر ہیں، بڑی شفقت، رہنمائی اور مدد فرماتے اور اپنی زیارت سے بھی مشرف فرمایا کرتے ہیں، لیکن یہ شرف چودھویں صدی ہجری کے اختتام پر جناب عبدالمجید صدیقی کو حاصل ہونا تھا کہ اس حقیقتِ باہرہ سے ہر ایک کو آگاہ کرنے کے لیے محققانہ انداز میں ایک کتاب تصنیف کر دیں تاکہ طلوع ہونے والی پندرھویں صدی ہجری میں مسلمان ہر آن اسے اپنی نگاہوں کے سامنے رکھیں اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (روحی فداہ) سے محبت و عقیدت کو اپنا سرمایہ حیات سمجھیں۔ یہ مبارک کتاب ہر لائبریری میں موجود ہونی چاہیے اور ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

جناب ڈاکٹر سید محمد عبداللہ

پروفیسر امیریطس، پنجاب یونیورسٹی، لاہور۔

ISBN 969-0-01688-1

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

لاہور راولپنڈی کراچی

9789690016881

سیرت النبیؐ
بعد از
وصال النبیؐ

(حصہ ہفتم)

محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ

سیرت النبی ﷺ

بعد از

وصال النبی ﷺ

(حصہ ہفتم)

محمد عبدالمجید صدیقی ایڈووکیٹ

فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
لاہور راولپنڈی کراچی

marfat.com
Marfat.com

مجلد: 969 0 01768 3

باراول ____________ ۲۰۰۱ء

فیروز سنز (پرائیوٹ) لمیٹڈ

ہیڈ آفس وشوروم: 60 شاہراہ قائداعظم، لاہور۔

راولپنڈی آفس: 277 پشاور روڈ، راولپنڈی۔

کراچی آفس: فسٹ فلور، مہران ہائٹس، کلفٹن روڈ، کراچی۔

Muhammad Abdul Majeed Siddique	محمد عبدالمجید صدیقی
Seerat-un-Nabi Bad Az Wisal-un-Nabi	سیرت النبی ﷺ بعد از وصال النبی ﷺ
(Vol:VII)	(حصہ ہفتم)

اس کتاب کا کوئی حصہ نقل کرنے، کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے،
فوٹو کاپی یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

2001ء © جملہ حقوق فیروز سنز لمیٹڈ محفوظ ہیں۔

کتاب کا مواد مصنف کی تحقیق اور آراء پر مبنی ہے۔ ناشر مکمل طور پر غیر جانبدار ہے۔

مطبوعہ فیروز سنز (پرائیوٹ) لمیٹڈ لاہور۔ باہتمام ظہیر سلام پرنٹر و پبلشر

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱۔	انتساب	۵
۲۔	وارننگ	۶
۳۔	فہرست منابع و مآخذ	۷
۴۔	فہرست اصحابِ خواب	۱۱
۵۔	خواب بالتفصیل ۱ تا ۳۱۳	۱۹
۶۔	کلماتِ الوداعی	۱۸۷
۷۔	وظائف و عمل برائے زیارت	۱۸۹
۸۔	کلماتِ دُعائیہ	۱۹۷
۹۔	نقشِ نعل مبارک	۱۹۹

marfat.com
Marfat.com

انتساب

۱۔ حضرت مولانا محمد رسول خان قدس سرہ العزیز، اچھڑیاں (ضلع ہزارہ)۔

۲۔ حضرت مولانا عبداللہ قدس سرہ العزیز، آگرہ (بھارت)۔

۳۔ حضرت مولانا عبدالغنی قدس سرہ العزیز، جھانسی (بھارت)۔

۴۔ حضرت مولانا عبدالغفور قدس سرہ العزیز، دہلی (بھارت)۔

۵۔ حکیم محمد سعید شہید، کراچی۔

۶۔ میاں عبدالرشید شہید، لاہور۔

۷۔ حضرت مولانا محمد احمد مرحوم، کراچی۔

۸۔ جناب عبدالرحمٰن ناصر مرحوم، کراچی۔

۹۔ حاجی محمد شفیع پرفیومر، لاہور۔

۱۰۔ حاجی عبدالقادر مرحوم پرفیومر، لاہور۔

۱۱۔ جناب امان اللہ (ر) سینئر ہیڈ ماسٹر، لاہور۔

۱۲۔ جناب زاہد سرور قادری، حسن ابدال۔

۱۳۔ جناب احسان حمید، کراچی۔

۱۴۔ جناب نعمان عزیز خان، راولپنڈی۔

۱۵۔ جناب عمران عابد مرزا، راولپنڈی۔

۱۶۔ محترمہ شاذیہ اسلام، لاہور۔

۱۷۔ محترمہ رابعہ خاتون، سکھر۔

۱۸۔ محترمہ بیگم صبیحہ شمسی، کراچی۔

marfat.com
Marfat.com

وارننگ

حضرت رسول اللہ ﷺ کی ذاتِ گرامی کو درمیان میں لا کر جھوٹے خواب گھڑنے والے اپنے انجامِ بد سے ہوشیار رہیں، کیونکہ آپؐ کا ارشاد گرامی ہے کہ "سب سے بڑا جھوٹ یہ ہے کہ انسان اپنی آنکھوں کو وہ چیز دکھائے جو اس نے نہ دیکھی ہو"۔ آپؐ ہی نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ "جو کوئی میری جانب ایسی بات منسوب کرے گا، جو میں نے نہیں کہی تو اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے"۔

marfat.com
Marfat.com

فہرست منابع و مآخذ

الف

۱۔ البلاغ المبین

۲۔ امیر الروایات

۳۔ البدایہ والنہایہ

۴۔ افکار و سیاسیات علمائے دیوبند

۵۔ "اپنی زبان سے میں"

۶۔ الامزاد

۷۔ اخبار الاخیار

۸۔ ایدھی نیوز لیٹر

۹۔ اولیائے ملتان

۱۰۔ المعن الکبریٰ

۱۱۔ الجواہر النفیسہ

۱۲۔ اذکار ابرار

۱۳۔ الیواقیت والجواہر

۱۴۔ الطرائف

۱۵۔ المشرع الروی

۱۶۔ احیا العلوم

۱۷۔ الجمعیۃ شیخ الاسلام

۱۸۔ البدر الطالع

۱۹۔ امداد المشتاق

۲۰۔ الفرقان ولی اللہ نمبر

۲۱۔ الفوز الکبیر

۲۲۔ التبلیغ

۲۳۔ الکنوز المحمدیہ

۲۴۔ الحضرۃ

۲۵۔ افضل الصلوٰۃ

ب

۱۔ باقیات الصالحات

۲۔ بستان المحدثین

۳۔ برزخ

۴۔ بزم رضویہ سلسلہ ۳۸

۵۔ باغِ جنت

ت

۱۔ تجلیات مہر انور

۲۔ تذکرہ علماؤ مشائخ سرحد

۳۔ تسکین الصدور

۴۔ تذکرۃ الحفاظ

۵۔ تذکرہ حصہ ثالث

۶۔ تحفۃ الہند

۷۔ تذکرہ انور صابری

۸۔ تذکرۃ الاولیا

۹۔ تحفۂ درود شریف

۱۰۔ تذکرہ شاہ جماعت

۱۱۔ تذکرہ حضرت بہاؤالدین زکریاؒ

۱۲۔ تحفۂ فکر و عمل

۱۳۔ تاریخ الخلفا

marfat.com
Marfat.com

۱۴۔ تمہید الشکور السالمی
۱۵۔ تاریخ کازرونی
۱۶۔ تذکرۃ المفسرین

ج

۱۔ جامع کرامات اولیا
۲۔ جہاد زندگی
۳۔ "جنگ" سنڈے میگزین
۴۔ جمعہ میگزین "نوائے وقت"
۵۔ جمال الاولیا
۶۔ جمال نقشبند
۷۔ جمع الوسائل

چ

چراغ سنت

ح

۱۔ حکایات اولیا
۲۔ حصن حصین
۳۔ حجۃ اللہ البالغہ
۴۔ حکیم الامت کے سیاسی افکار
۵۔ حسن المحاضرہ
۶۔ حیات بقا

خ

۱۔ خصائص الکبریٰ
۲۔ خطبات قاری محمد طیبؒ
۳۔ خیر المونس

د

۱۔ درثمین
۲۔ درر کامنہ

ر

۱۔ رویائے صالحہ
۲۔ رحمتِ کائنات
۳۔ روحانی حکایات
۴۔ رسالۃ الاولیا
۵۔ روزنامہ "جسارت"
۶۔ روزنامہ "جنگ"
۷۔ رسالہ "زیارت فیض بشارت"
۸۔ روزنامہ "نوائے وقت"
۹۔ راہ و رسم منزلہا
۱۰۔ روحانی ڈائجسٹ

ز

۱۔ زیارت نبیؐ بحالت بیداری
۲۔ زیاراتِ مقدسہ
۳۔ زیارتِ حبیبؐ
۴۔ زیارتِ رسولؐ

س

۱۔ سیرت ائمہ اربعہ
۲۔ سیرت طیبہ
۳۔ سخنوران کاکوری
۴۔ سراج الجمیل
۵۔ سیرت بایزید

marfat.com
Marfat.com

۶۔ سبحۃ المرجان

۷۔ سعادۃ الدارین

۸۔ سرکار لواری شریف

۹۔ سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ

۱۰۔ سیارہ ڈائجسٹ

۱۱۔ سفیر اودھ

۱۲۔ سکینۃ الاولیا

۱۳۔ سر العبودیت

۱۴۔ سیر الاقطاب

۱۵۔ سوانح حیات امیر عبد الرحمٰن

ش

۱۔ شمائل ترمذی

۲۔ شاہنامہ فردوسی

۳۔ شمس المعارف

۴۔ شرح منہاج

۵۔ شفاالقلوب

ص

صلوٰۃ المحبین

ض

ضیائے مہر

ط

طبقات کبریٰ

ع

۱۔ عرب کا چاندؐ

۲۔ عوارف المعارف

۳۔ عقد الجواہر

۴۔ علمائے ہند کے شاندار کارنامے

۵۔ عطر الوردہ

غ

غایۃ المرام

ف

۱۔ فضائل درود و سلام

۲۔ فیوضات پیران کنگر

۳۔ فیملی میگزین

ق

۱۔ قصیدہ مدیح الخیر المرسلین

۲۔ قبسات النور

۳۔ قصیدہ بردہ

ک

۱۔ کلید در

۲۔ کالکی اوتار

۳۔ کامل اکمل حقانی

م

۱۔ ماہنامہ ضیائے حرم

۲۔ ماہنامہ ساندل سویرا

۳۔ مبشرات پاکستان

۴۔ ماہنامہ انوار الفرید

۵۔ مشائخ دیوبند

marfat.com
Marfat.com

۶۔ ملفوظات
۷۔ ماہنامہ "البینات"
۸۔ مرید حسین شہیدؒ
۹۔ ماہنامہ "المفتی"
۱۰۔ مدینۃ الاولیا
۱۱۔ معمولاتِ یومیہ
۱۲۔ مفتی محمودؒ
۱۳۔ مولانا محمد الیاسؒ
۱۴۔ ماہنامہ قومی ڈائجسٹ
۱۵۔ ماہنامہ اردو ڈائجسٹ
۱۶۔ ملفوظات شریفہ
۱۷۔ مناقب الحسن رسول نماؒ
۱۸۔ مشارق الانوار
۱۹۔ ماہنامہ النور
۲۰۔ محمدؐ رسول اللہ
۲۱۔ مستطرف (جلد دوم)
۲۲۔ مختصر صحیح البخاری
۲۳۔ مناقب السادات
۲۴۔ مہر منیر
۲۵۔ ملفوظات امیر الملت
۲۶۔ مکتوبات شیخ الاسلام

ن

۱۔ نزہۃ الخواطر (جلد سوم)
۲۔ نزہۃ الخواطر (جلد پنجم)
۳۔ نزہۃ المجالس

و

وفاء الوفا

ہ

۱۔ ہفت روزہ "ضرب مومن"
۲۔ ہفت روزہ "زندگی"
۳۔ ہفت روزہ "ایشیا"

1. MOHAMMAD IN THE VEDAS
2. MOHAMMAD IN ANCIENT-SCRIPTURES
3. MOHAMMAD IN THE WORLD-SCRIPTURES

نوٹ: کل کتابیں ۱۵۲ سے زیادہ ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

فہرست اصحابِ خواب

۱۔ ڈاکٹر محمد حسن
۲۔ علامہ جلال الدین سیوطیؒ
۳۔ مولوی فضل امام
۴۔ عبداللہ بن اسعد
۵۔ ابن الجزریؒ
۶۔ قاضی شہاب الدین
۷۔ شیخ مسعود دراریؒ
۸۔ ایک شخص
۹۔ محمد یعقوب عالم
۱۰۔ رانا ریاض احمد اور نادیہ مریم
۱۱۔ محمد اسمٰعیل چوہدری
۱۲۔ کیپٹن دانیال
۱۳۔ مولانا عرض محمدؒ
۱۴۔ سرفراز علی
۱۵۔ آصف کھوکر
۱۶۔ سید امتیاز علی
۱۷۔ سعدیہ
۱۸۔ فرخ خان
۱۹۔ حسنہ
۲۰۔ نبیلہ خانم
۲۱۔ بشیر نقشبندی
۲۲۔ محمد ہاشم مجددی
۲۳۔ ایک پیر بھائی
۲۴۔ علی اصغر چوہدری
۲۵۔ لطیف حسن رائے
۲۶۔ غلام عباس
۲۷۔ صوفی عبداللہؒ
۲۸۔ حضرت خواجہ محمد زمانؒ
۲۹۔ محمد معظم الدین مرولویؒ
۳۰۔ حافظ سید عبداللہؒ
۳۱۔ میاں طفیل محمد
۳۲۔ کمانڈر ابوذر
۳۳۔ ڈاکٹر مولانا محمد شفیع
۳۴۔ حاجی عبدالرحمٰن اٹاوڑ
۳۵۔ حضرت عبدالمطلب
۳۶۔ وقار الاسلام
۳۷۔ مولانا محمد گل شیر
۳۸۔ پیر سید مہر علی شاہؒ
۳۹۔ خان بہادر مولوی شیر محمد
۴۰۔ قاری عبدالرحمٰن الہ آبادی
۴۱۔ ایضاً
۴۲۔ پیر سید مہر علی شاہؒ
۴۳۔ ایضاً
۴۴۔ ایضاً

marfat.com
Marfat.com

۴۵۔ مولانا عبدالباقیؒ
۴۶۔ سید احمد العطاس مدنی
۴۷۔ ایک عمر رسیدہ بزرگ
۴۸۔ سید احمد العطاس مدنی
۴۹۔ ایضاً
۵۰۔ ایضاً
۵۱۔ ایضاً
۵۲۔ ایک مرید مولوی صاحب
۵۳۔ مولانا ولی احمد ہزاروی
۵۴۔ خواجہ ضیا معصوم کابلیؒ
۵۵۔ سید زین العابدین
۵۶۔ غازی عبداللہ شہیدؒ
۵۷۔ محمد امیر شاہ قادری
۵۸۔ شاہ ابوالخیر نقشبندیؒ
۵۹۔ مولوی محمد مسیح الدین علوی
۶۰۔ پیر عزیز اللہ حقانی
۶۱۔ پیر عزیز اللہ حقانی
۶۲۔ حضرت بایزید بسطامیؒ
۶۳۔ ابن عبداللہ حضرمی احمد آبادیؒ
۶۴۔ ایک مرید
۶۵۔ سیف اللہ قادری
۶۶۔ ڈاکٹر طاہر جمیل
۶۷۔ ایضاً
۶۸۔ حضرت نظام الدین اولیاؒ
۶۹۔ مولوی منظور احمد نقشبندی
۷۰۔ ایک شخص
۷۱۔ حضرت علامہ سید یوسفؒ
۷۲۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ
۷۳۔ مولانا محمود الحسن
۷۴۔ ایضاً
۷۵۔ حکیم مولانا محمد سلیمانؒ
۷۶۔ حکیم محمد عبداللہؒ
۷۷۔ ایک صاحب
۷۸۔ حکیم محمد عبداللہؒ
۷۹۔ ایضاً
۸۰۔ ایضاً
۸۱۔ ایضاً
۸۲۔ حاجی شہاب الدین
۸۳۔ قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ
۸۴۔ مولانا ماہر القادریؒ
۸۵۔ چوہدری اقبال حمید
۸۶۔ علامہ واسدیو
۸۷۔ حضرت مولانا عبداللہ درخواستیؒ
۸۸۔ حضرت عبداللہؒ
۸۹۔ سید عظیم الدین شاہ حجازی
۹۰۔ رائے چاولہؒ
۹۱۔ علی احمد
۹۲۔ صوفی نواب دین موہرویؒ

marfat.com
Marfat.com

۹۳۔ بُحیرہ
۹۴۔ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص
۹۵۔ حضرت آمنہ
۹۶۔ نوشیرواں عادل
۹۷۔ کسریٰ
۹۸۔ حضرت خالدؓ بن سعید
۹۹۔ حضرت ابن زمیل جہنیؓ
۱۰۰۔ خان بہادر ڈاکٹر محمد حسین
۱۰۱۔ حافظ غلام فرید
۱۰۲۔ مولانا محمد علی مونگیریؒ
۱۰۳۔ علامہ شعرانیؒ
۱۰۴۔ مولوی مظفر الدین حیدر آبادی
۱۰۵۔ شیخ ابوالصائب
۱۰۶۔ بشر بن عمران
۱۰۷۔ ابو عبداللہ محمد بن سعید
۱۰۸۔ حسن الانوار
۱۰۹۔ اسحاق المؤتمن
۱۱۰۔ حضرت ابوالمواہب شاذلیؒ
۱۱۱۔ حلیمہ مختار
۱۱۲۔ جاوید رضا
۱۱۳۔ ایک نیک شخص
۱۱۴۔ خواجہ حذیفۃ المرعشیؒ
۱۱۵۔ حضرت کلیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۱۱۶۔ شیخ غلام نقشبند لکھنویؒ
۱۱۷۔ ایک شخص
۱۱۸۔ قطب الدین شہیدؒ
۱۱۹۔ ایک بزرگ
۱۲۰۔ ایک قصائی
۱۲۱۔ ایک افغان نوجوان
۱۲۲۔ مولانا خالد کردیؒ
۱۲۳۔ چوہدری جلال دین
۱۲۴۔ حضرت رسول نماؒ
۱۲۵۔ ایضاً
۱۲۶۔ اہلیہ حضرت رسول نماؒ
۱۲۷۔ ایضاً
۱۲۸۔ میاں لعل محمد
۱۲۹۔ میاں جمال خان
۱۳۰۔ ملک بیک
۱۳۱۔ میر محمد صالح
۱۳۲۔ ایک درویش
۱۳۳۔ حضرت رسول نماؒ
۱۳۴۔ ایضاً
۱۳۵۔ ایضاً
۱۳۶۔ خواجہ لطف اللہ
۱۳۷۔ حضرت رسول نماؒ
۱۳۸۔ ایضاً
۱۳۹۔ ایضاً
۱۴۰۔ ایک شخص

marfat.com
Marfat.com

۱۴۱۔ محمد بشیر
۱۴۲۔ ایضاً
۱۴۳۔ مرزا عبد القادر بیدلؒ
۱۴۴۔ ایک نوجوان
۱۴۵۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ
۱۴۶۔ ایک بزرگ
۱۴۷۔ مفتی محمودؒ
۱۴۸۔ مولانا محمد الیاسؒ
۱۴۹۔ مولانا سید فردوس شاہ
۱۵۰۔ سائیں گہنا
۱۵۱۔ حضرت ابوالحسن شاذلیؒ
۱۵۲۔ شیخ احمد برہمن
۱۵۳۔ سیدنا اسد الرحمٰن قدسیؒ
۱۵۴۔ حضرت بابا فرید گنج شکرؒ
۱۵۵۔ ایک مریض
۱۵۶۔ ایک شخص
۱۵۷۔ محمد علی حکیم الترمذی
۱۵۸۔ ایک بزرگ
۱۵۹۔ شیر شاہ سوری
۱۶۰۔ عبدالوہاب شعرانیؒ
۱۶۱۔ گوہر بانو
۱۶۲۔ مفتی حامد آفندی
۱۶۳۔ مولوی فیروز الدینؒ
۱۶۴۔ حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ
۱۶۵۔ حضرت نظام الدین اولیاؒ
۱۶۶۔ شمس اوتاولہ
۱۶۷۔ سید حسین خنگ سوار
۱۶۸۔ عطاءاللہ چشتی
۱۶۹۔ مولانا لطف اللہ ختلانی
۱۷۰۔ والدہ مولانا محمد روحی
۱۷۱۔ شیخ سماالدین دہلویؒ
۱۷۲۔ میاں پیار جی
۱۷۳۔ قاضی محمد
۱۷۴۔ شیخ سلیمان
۱۷۵۔ حافظ عثمان ہروی
۱۷۶۔ بعض بزرگ
۱۷۷۔ شیخ حسین پور ملک محمد
۱۷۸۔ شیخ محمد
۱۷۹۔ شیخ افضل محمد
۱۸۰۔ قاضی محمد شرعی
۱۸۱۔ سید صبغۃ اللہ
۱۸۲۔ سید محمود حضوریؒ
۱۸۳۔ دارا شکوہ
۱۸۴۔ شیخ احمد نارنولیؒ
۱۸۵۔ حاجی عطا محمد جماعتی
۱۸۶۔ محمد اقبال جماعتی
۱۸۷۔ حافظ غلام حسن
۱۸۸۔ ایک رشی

marfat.com
Marfat.com

۱۸۹۔ محمد یوسف
۱۹۰۔ مولانا سید محمد زکریاؒ
۱۹۱۔ ایضاً
۱۹۲۔ ایضاً
۱۹۳۔ ایضاً
۱۹۴۔ ایضاً
۱۹۵۔ ایضاً
۱۹۶۔ ایضاً
۱۹۷۔ ایضاً
۱۹۸۔ ایضاً
۱۹۹۔ سعید احمد
۲۰۰۔ مرید حسین شہیدؒ
۲۰۱۔ عبدالوہاب شعرانیؒ
۲۰۲۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
۲۰۳۔ باباجی بادشاہ
۲۰۴۔ ایک بزرگ
۲۰۵۔ جناب محمد اسلم
۲۰۶۔ ایضاً
۲۰۷۔ ایضاً
۲۰۸۔ ایضاً
۲۰۹۔ ایضاً
۲۱۰۔ ایضاً
۲۱۱۔ سیدنا پیر مہر علی شاہؒ
۲۱۲۔ ایک درویش
۲۱۳۔ سید احمد العطاس مدنیؒ
۲۱۴۔ ایضاً
۲۱۵۔ سید احمد العطاس مدنیؒ
۲۱۶۔ عائشہ امتیاز
۲۱۷۔ ایضاً
۲۱۸۔ ایضاً
۲۱۹۔ ایضاً
۲۲۰۔ ایضاً
۲۲۱۔ والدہ عائشہ امتیاز
۲۲۲۔ قاضی محمد زاہد الحسنیؒ
۲۲۳۔ ایک عقیدت مند
۲۲۴۔ شیخ احمد
۲۲۵۔ محمد بن جعفر
۲۲۶۔ مولانا شاہ رفیع الدینؒ
۲۲۷۔ مولانا قاضی محمد زاہد الحسنیؒ
۲۲۸۔ ایضاً
۲۲۹۔ ایضاً
۲۳۰۔ شیخ شمس الدین خواجگیؒ
۲۳۱۔ نافع مدنیؒ
۲۳۲۔ شیخ علاؤ الدینؒ
۲۳۳۔ امام اشعری
۲۳۴۔ علامہ بوصیریؒ
۲۳۵۔ حضرت حسین احمد مدنیؒ
۲۳۶۔ ایضاً

marfat.com
Marfat.com

۲۳۷۔ یحییٰ بن معین
۲۳۸۔ امام الحرمین
۲۳۹۔ ایک کافر بدّو
۲۴۰۔ ابن النجار
۲۴۱۔ مولانا حبیب اللہ بیجاپوری
۲۴۲۔ ابن طولون
۲۴۳۔ ایمن ابوالبرکات
۲۴۴۔ ابوالشکور السالمی
۲۴۵۔ حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ
۲۴۶۔ شیخ عبدالمعطیؒ
۲۴۷۔ امیر عبدالرحمٰن
۲۴۸۔ حاجی سید محمد عابدؒ
۲۴۹۔ مولانا محمد انوری
۲۵۰۔ حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ
۲۵۱۔ یوسف علی
۲۵۲۔ ایضاً
۲۵۳۔ آفتاب احمد طارق
۲۵۴۔ یوسف علی
۲۵۵۔ محمد کردی قادریؒ
۲۵۶۔ حضرت شیخ خلیفہ
۲۵۷۔ حضرت بہاؤالدین زکریاؒ
۲۵۸۔ مفتی ابوالخیر محمد نور اللہ نعیمیؒ
۲۵۹۔ علامہ منظور احمد شاہ
۲۶۰۔ آغا خلیل صاحب
۲۶۱۔ عاطف علی
۲۶۲۔ خانم بلقیس اختر
۲۶۳۔ ایضاً
۲۶۴۔ ایضاً
۲۶۵۔ ایضاً
۲۶۶۔ آفتاب احمد طارق
۲۶۷۔ میجر عبدالحکیم خان
۲۶۸۔ ایضاً
۲۶۹۔ شریف طیفور
۲۷۰۔ علامہ یوسف مبہانی
۲۷۱۔ محمد محمود عبدالعلیم
۲۷۲۔ ایک شیفتۂ رسول
۲۷۳۔ شیخ حسن شداد
۲۷۴۔ سید تیسیر السمہودی
۲۷۵۔ بیٹا شیخ حسن شداد
۲۷۶۔ شیخ عبدالرحمٰن کاف
۲۷۷۔ محمد محمود عبدالعلیم
۲۷۸۔ ایک شیفتۂ رسول
۲۷۹۔ عبداللہ النعمان
۲۸۰۔ شیخ احمد عبدالجواد
۲۸۱۔ علامہ شعرانی
۲۸۲۔ ایک ولی اللہ
۲۸۳۔ شیخ حسن شداد
۲۸۴۔ شیخ صالح الجعفریؒ

marfat.com
Marfat.com

۲۸۵۔ حضرت احمد شہاب الدین
۲۸۶۔ ابو علی شبوعی
۲۸۷۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۲۸۸۔ حضرت احمد بن علویؒ
۲۸۹۔ دختر راجہ ظفر اقبال
۲۹۰۔ علامہ سیّد محمد دیدار علی شاہؒ
۲۹۱۔ میاں غلام محمد سہروردیؒ
۲۹۲۔ منیر احمد
۲۹۳۔ نسرین اقبال
۲۹۴۔ عذرا سلطانہ
۲۹۵۔ بیگم شیخ الطاف حسین
۲۹۶۔ ایضاً
۲۹۷۔ قاضی محمد سلیم صدیقی
۲۹۸۔ شیخ احمد رواویؒ
۲۹۹۔ مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ
۳۰۰۔ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خانؒ
۳۰۱۔ مولانا محمد علی جوہرؒ
۳۰۲۔ بلال شہیدؒ
۳۰۳۔ مولانا حسین احمد مدنیؒ
۳۰۴۔ مولانا بدر عالمؒ
۳۰۵۔ بعض صالحین
۳۰۶۔ ایک نو مسلم انگریز
۳۰۷۔ نور الہدیٰ (نو مسلم)
۳۰۸۔ ایک شخص
۳۰۹۔ حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ
۳۱۰۔ ایضاً
۳۱۱۔ عبد الحفیظ شیرازی
۳۱۲۔ قائد اعظمؒ
۳۱۳۔ سید صفدر علی احمد

marfat.com
Marfat.com

اعوذ با للہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

۱۔ ایک رات ڈاکٹر محمد محسن نے خواب میں حضور اقدس ﷺ کو لوگوں کے ہجوم میں دیکھا اور قدم بوسی کے لیے آگے بڑھنا چاہا، مگر حضور اقدس ﷺ نے آپ کو قدم بوسی کی اجازت مرحمت نہ فرمائی۔ حضور اقدس ﷺ پسینے میں شرابور تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے وہ پسینہ خوب سیر ہو کر پیا۔ اس کے بعد حضور اقدس ﷺ نے ڈاکٹر صاحب سے ایک کاغذ طلب فرمایا اور اس پر تحریر فرما کر کہ "میں ان کو چاہتا ہوں"، اپنی مہر ثبت کر دی۔

ڈاکٹر صاحب بیدار ہوئے تو ان پر ہیبت طاری تھی۔ جب معبرین سے رجوع کیا تو انہوں نے یہ تعبیر دی کہ آپ حضور اقدس ﷺ کی احادیث کو سلیس انداز میں پیش کر کے اسلام کی خدمت انجام دیں گے، پس آپ نے بخاری شریف کا انگریزی ترجمہ شروع کر دیا کہ اس کی ضرورت تھی اور مصروفیت کے باوصف تقریباً بارہ سال میں اسے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

ڈاکٹر محمد محسن ولد محی الدین کے بزرگ افغانستان سے ہجرت کر کے قصور (پاکستان) میں آباد ہوئے تھے۔ آپ کا تعلق افغانستان کے مشہور قبیلے الخواشگی الجماندی سے ہے اور آپ ۱۳۴۵ھ بمطابق ۱۹۲۷ء میں قصور میں پیدا ہوئے۔ وہیں تعلیم حاصل کرنے کے بعد کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج، لاہور سے ایم بی بی ایس کر کے چار سال انگلستان میں گذارے اور پھر ویلز یونیورسٹی سے سینے کے امراض میں ڈپلوما حاصل کیا۔ وزارت صحت، سعودی عرب میں رہ کر تقریباً پندرہ سال طائف میں صدری امراض کے ماہر کی حیثیت سے کام کیا۔ بعدہٗ مدینہ شریف کے شاہ عبدالعزیز ہسپتال اور سب سے آخر میں اسلامک یونیورسٹی کلینک، مدینہ منورہ کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے کام کرتے رہے۔

"مختصر صحیح البخاری" کی انگریزی میں یہ شاندار کتاب جو ۱۰۹۶ صفحات پر مشتمل ہے جو دارالسلام پبلی کیشنز، ریاض (سعودی عرب) نے شائع کی ہے۔ اس کے صفحہ ۱۲ تا ۱۳ پر مذکورہ بالا خواب انگریزی میں موجود ہے۔

میں اس کتاب کے واسطے جناب ناظم عثمانی (اسلام آباد) کا ممنون ہوں، جنہوں نے اسے جناب صغیر احمد دہلوی سے حاصل کیا تھا۔

۲۔ حضرت علامہ جلال الدین سیوطیؒ (ولادت ۸۵۰ھ بمطابق ۱۴۴۶ء وصال ۹۱۱ھ

marfat.com
Marfat.com

بمطابق ۱۵۰۵ء) بہت بڑے ولی شمار ہوتے ہیں، جو سوتے جاگتے حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوتے تھے۔ وہ آپ ﷺ سے بالمشافہ گفتگو فرماتے اور بہت سی غیب کی باتیں معلوم کر لیتے تھے۔ بادشاہوں اور امراٗ کے پاس تازیست نہیں گئے۔ چھ سو علما سے علم حدیث حاصل کیا اور ۴۶۰ کتابیں لکھیں۔ ایک روز علامہ سیوطیؒ نے اپنے خادم محمد بن علی سے فرمایا کہ اس وقت مکہ مکرمہ میں نماز عصر پڑھیں گے بشرطیکہ میری زندگی میں یہ واقعہ کسی سے بیان نہ کرو۔ خادم نے وعدہ کر لیا تو فرمایا: دونوں آنکھیں بند کرو۔ پھر خادم کا ہاتھ پکڑ کر کوئی ۲۷ قدم دوڑے اور پھر فرمایا: آنکھیں کھول دو۔ خادم نے آنکھیں کھولیں تو دیکھا کہ وہ مکہ مکرمہ میں باب جنت المعلیٰ کے پاس تھے۔ یہاں ہم نے ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت فضیل بن عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سفیان بن عیینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت کی اور بیت اللہ شریف کا طواف کر کے آب زم زم پیا، نماز عصر کے بعد پھر طواف کیا اور آب زم زم پیا، پھر شیخؒ نے مجھ سے فرمایا: چاہو تو میرے ساتھ چلو اور چاہو تو حاجیوں کے آنے تک یہاں ٹھہر جاؤ۔ میں نے کہا: آپ کے ساتھ چلوں گا۔ فرمایا: دونوں آنکھیں بند کرو اور میرا ہاتھ پکڑ کر کوئی سات قدم چلے ہونگے کہ فرمایا: آنکھیں کھول دو۔ کیا دیکھتا ہوں کہ جہاں سے ہم روانہ ہوئے تھے پھر وہیں ہیں (البلاغ المبین حصہ سوئم صفحہ ۸۱۹ تا ۸۲۰۔ از خان صاحب آغا محمد سلطان مرزا ایم اے۔ ایل ایل بی۔ ڈسٹرکٹ وسیشن جج (ریٹائیرڈ) دہلی (بھارت) جسے امامیہ کتب خانہ، مغل حویلی، اندرون موچی گیٹ، لاہور نے شائع کیا)۔

۳۔ جناب امیر شاہ خان صاحبؒ نے فرمایا کہ میں نے یہ قصہ بہت لوگوں سے سنا ہے مگر کسی نے صاحب خواب کا نام نہیں لیا۔ مگر مولوی ماجد علی صاحب اور مولوی احمد علی خیر آبادی نے بتایا کہ یہ خواب مولوی فضل امام صاحب کا تھا۔ انہوں نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ میرے مکان پر تشریف لائے اور مکان کے فلاں کمرے میں بیٹھے ہیں۔ اس کی تعبیر میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے فرمایا کہ تم فوراً جا کر اپنا تمام سامان اس کمرے سے نکال دو اور اُسے بالکل خالی کر دو۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اس کے بعد وہ کمرہ فوراً گر گیا (جس سے تعبیر کا صحیح ہونا معلوم ہو گیا) مگر یہ سمجھ میں نہیں آیا کہ اس خواب کی یہ تعبیر کیوں کر ہوئی، کیونکہ ہزاروں لوگ جناب رسول اللہ ﷺ کی تشریف آوری خواب میں دیکھتے ہیں اور کچھ بھی نقصان نہیں ہوتا۔ اس پر حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے فرمایا کہ اس وقت بے اختیار یہ آیت ذہن میں آ گئی تھی: ان الملوك اذا دخلوا قرية افسدوها (سورہ نمل۔ آیت ۳۴۔ ترجمہ = بادشاہ جب کسی شہر میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو تباہ کر دیتے ہیں)۔

marfat.com
Marfat.com

(امیر الروایات فی حبیب الحکایات = منقول از جناب امیر شاہ خان صاحب متوطن خورجہ۔ مقیم مینڈھو ضلع علی گڑھ (یوپی۔ بھارت)۔ (حکایات اولیا صفحہ ۲۷ تا ۲۸ = ناشر = ایم ثناء اللہ خان۔ ۲۶ ریلوے روڈ، لاہور۔ بار دوئم۔ فروری ۱۹۵۷ء)۔

(مذکورہ بالا خواب کے حاشیے پر حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے فرمایا: عجب نہیں کہ شاہانہ لباس میں زیارت ہونا بیان کیا ہو، اس پر یہ آیت ذہن میں آئی ہو۔ عام طور پر جو زیارت ہوتی ہے تو لباس انبیا میں، ہر تعبیر کا اطراد ضروری نہیں۔ اس میں خصوصیات مقام کو دخل ہوتا ہے)۔

۴۔ عبد اللہ بن اسعد بن علی بن سلیمان بن فلاح الیافعیؒ (ولادت ۶۹۸ھ بمطابق ۱۲۹۹ء وصال ۷۶۸ھ بمطابق ۱۳۶۶ء) کو اکثر حضرت رسول اللہ ﷺ اور حضرات شیخینؓ (حضرت ابوبکر صدیقؓ و حضرت عمر فاروقؓ) کی زیارت ہوتی تھی۔ چار جلدوں میں "مراۃ الجنان" اور کئی دوسری کتابیں آپ کی یادگار ہیں۔ شیخ علاؤالدین خوارزمی نے آپ سے فرمایا کہ ایک رات بلاد شام کے ایک شہر میں بعد نماز عشا خلوت میں بیٹھا تھا، دروازہ اندر سے بند تھا کہ میں نے دو آدمیوں کو اپنے پاس پایا، جنہوں نے مجھ سے کہا: اے شیخ تنہائی میں کیا کر رہے ہو؟ میں نہیں جانتا وہ کیسے اندر آ گئے۔ کچھ دیر انہوں نے مجھ سے گفتگو کی، ملک شام کے ایک آدمی کی بڑی تعریف کی اور کہا: معلوم نہیں انہیں غیب سے رزق کیونکر پہنچتا ہے۔ اس کے بعد مجھ سے کہا: ہمارا اسلام اپنے دوست عبد اللہ یافعی سے کہنا۔ میں نے ان سے کہا: آپ کو کیونکر معلوم ہوا کہ وہ حجاز میں ہے؟ اس پر انہوں نے کہا ہم پر کچھ مخفی نہیں۔ پھر وہ اٹھے اور محراب کی طرف چلے۔ میں سمجھا نماز پڑھیں گے۔ لیکن وہ دیوار میں سے گزر کر چلے گئے (البدایہ والنہایہ)۔

۵۔ شمس الدین ابو الخیر محمد (المعروف ابن الجزریؒ) (ولادت ۲۵ رمضان شب شنبہ ۷۵۱ھ بمطابق ۲۶ نومبر ۱۳۵۰ء وصال بروز جمعہ ۸۳۰ھ بمطابق ۱۴۲۹ء) سے کبھی پیر و جمعرات کا روزہ فوت نہ ہوا نہ ہی روزہ بیض (ہر اسلامی مہینے کی ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ تاریخ کے روزے۔ ان کا رکھنا سنت ہے، جس کسی نے یہ روزے رکھے گویا پورے مہینہ روزے رکھے گویا اس قدر ثواب ہے اور صحت کے لیے بے حد مفید ہیں)۔ آپ کے تین کام تھے: قرآن مجید پڑھنا، حدیث شریف سنانا یا عبادت کرنا۔ آپ کے وقت میں برکت تھی جو باقاعدہ محسوس ہوتی تھی۔ آپ نے خواب میں دیکھا کہ حضور پرنور ﷺ آپ کی مشہور تصنیف "حصن حصین" کی تعریف فرما رہے ہیں۔

۶۔ قاضی شہاب الدین بن شمس الدین بن عمر ملک العلما دولت آبادیؒ (وصال ۲۴

marfat.com
Marfat.com

رجب ۸۴۹ھ بمطابق ۲۶ اکتوبر ۱۴۴۵ء) مؤلف "مناقب السادات و ہدایت السعداء"۔
جناب غلام علی آزاد بلگرامی اپنی مشہور تصنیف "سبحۃ المرجان فی آثار ہندوستان" میں لکھتے ہیں کہ قاضی صاحب کے لیے آپ کے استاد قاضی عبدالمقتدر دہلویؒ فرماتے تھے کہ اس کی جلد علم ہے، گوشت علم ہے اور اس کی ہڈی علم ہے۔ قاضی صاحب سے خواب میں حضور اکمل و اقدس ﷺ نے فرمایا کہ سید اجمل تم سے افضل ہے، اس کے پاس جاکر اس کی رضامندی حاصل کرو۔ پس آپ نے ان کے پاس جاکر معافی مانگی اور رسالہ "مناقب السادات" تحریر کیا جس میں اہل بیت نبوت سے محبت و عقیدت کا اظہار کیا۔

۷۔ حضرت شیخ مسعود درازیؒ بلاد فارس کے رہنے والے تھے۔ شیفتہ حضرت رسول اللہ ﷺ تھے۔ آپ کا طریقہ تھا کہ ہر روز علی الصبح اس جگہ جاتے جہاں مزدور بیٹھتے تھے اور وہاں سے لوگ ان کو اپنے مکان کی تعمیر وغیرہ کے لیے لے آتے تھے۔ حضرت شیخؒ ان کو اپنے ہمراہ لاتے اور اچھی طرح بٹھا کر فرماتے کہ درود شریف پڑھو اور خود بھی ان کے ساتھ بیٹھ کر درود پاک پڑھتے۔ شام کو مزدوروں کے رخصت کا وقت آتا تو جیسے کام کرانے والے لوگ مزدوروں سے کہتے ہیں "تھوڑا سا کام اور کر لو"۔ اسی طرح آپ ان سے کہتے اور پھر سب کو ان کی پوری پوری مزدوری دے کر رخصت کرتے۔ خلوص و محبت کے اس عمل کا یہ فیضان تھا کہ آپ کو بحالت بیداری حضرت رسالت مآب ﷺ کی زیارت با برکت کا شرف حاصل تھا (سعادۃ الدارین)۔

۸۔ ایک صاحب ہر سال مکہ مکرمہ سے حضرت رسول مقبول ﷺ کی زیارت کے لیے پیدل مدینہ منورہ آتے تھے۔ درمیانی راستہ ۲۷۰ میل ہے، جس میں دو تین سات آٹھ میل لمبے ریگستان بھی آتے ہیں، باقی مٹی والی پتھریلی زمین ہے۔ ایک مرتبہ انہیں فتق کی بیماری ہو گئی۔ بڑی دقت سے روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃً و سلاماً) پر حاضری دی اور رو رو کر عرض کیا: یا رسول اللہ! (ﷺ) جب تک پیروں نے ساتھ دیا برابر حاضر ہوتا رہا، اب میرا آخری سلام قبول فرمایئے۔ یہ کہتے ہی اسی وقت ان کی فتق (آنت اترنا۔ ہرنیا) کی تکلیف دور ہو گئی ("جہاد زندگی" یعنی حضرت مولانا فیروز الدین کے خود نوشت حالات زندگی صفحہ ۱۲۴۔ ناشر۔ فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، لاہور)۔

۹۔ جناب محمد یعقوب عالم ماہ رمضان ۱۹۲۸ء میں کانپور (یوپی، بھارت) میں پیدا ہوئے۔ کرائسٹ چرچ کالج، کانپور (آگرہ یونیورسٹی) سے بی اے کیا، ڈپٹی سیکرٹری کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے، اب اسلام آباد میں قیام ہے۔ تقریباً چار سال قبل آپ نے ماہ رمضان میں

marfat.com
Marfat.com

خواب دیکھا کہ ہم پانچ چھ احباب حضور اقدس ﷺ کے ہمراہ کہیں جا رہے ہیں۔ یکایک ایسا محسوس ہوا کہ چند بد معاش حضور انور ﷺ کو گھیرے میں لینا چاہتے ہیں۔ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ آپؐ یہیں ٹھہریں۔ اور ہم لوگوں نے نہایت تیزی سے تربیت یافتہ فوجیوں کی طرح چاروں طرف مورچے سنبھال لیے۔ میں نے دیکھا کہ ایک دشمن حضور پر نور ﷺ کی طرف بڑھ رہا ہے۔ میں نے اس پر گولی چلائی جو ٹھیک اس کے دل پر لگی۔ میں خواب ہی میں سوچنے لگا کہ تقریباً پچاس سال سے میں نے بندوق ہاتھ میں نہیں لی، مگر نشانہ کس قدر صحیح ہے اور اس کے ساتھ ہی میری آنکھ کھل گئی۔ (۲۷ مئی ۲۰۰۰ء کو آپ نے اپنا یہ خواب لکھ کر مجھے دیا (غیر مطبوعہ)۔

۱۰۔ رانا ریاض احمد صاحب نہایت نیک اور دین دار انسان ہیں۔ پاکستان ٹیلی ویژن ہیڈ کوارٹر، اسلام آباد میں پرسنل آفیسر ہیں۔ ایک رات آپ نے نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ نعت شریف کی ویڈیو دیکھی، جسے جناب سیّد فصیح الدین سہروردی پڑھ رہے تھے۔ اگلی رات ان کی بڑی بیٹی نادیہ مریم کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپؐ نے انہیں دعا دی اور نہایت خوش تھے۔ اس کے چند روز بعد رانا صاحب کو بھی زیارت پاک کی سعادت نصیب ہوئی۔ حضور انور ﷺ نے مسکراتے ہوئے ارشاد فرمایا: ”ہر مصیبت زدہ کی امداد کیا کرو اور کبھی مصائب سے نہ گھبراؤ، میرے بلال پر بھی مصیبتوں کے پہاڑ توڑے گئے مگر وہ ثابت قدم رہے، کثرت سے درود شریف کا ورد کرتے رہو۔“ (غیر مطبوعہ)۔ رانا صاحب اب بکثرت درود شریف کا ورد کرتے ہیں اور فضائل درود شریف سے لوگوں کو بھی مطلع کرتے رہتے ہیں۔

۱۱۔ جناب محمد اسمٰعیل چوہدری یکم ستمبر ۱۹۳۳ء کو موضع ستووالی تحصیل و ضلع جالندھر (مشرقی پنجاب، بھارت) میں پیدا ہوئے۔ زرعی کالج، فیصل آباد (پنجاب یونیورسٹی) سے ایم ایس سی (ایگریکلچر) کر کے انٹامولوجسٹ ریسرچ سائنٹسٹ کی حیثیت سے پاکستان فارسٹ انسٹی ٹیوٹ، پشاور میں خدمت انجام دیتے رہے اور ڈائریکٹر کی حیثیت سے ریٹائر ہو کر اب اسلام آباد میں مستقل قیام ہے۔ نہایت ہی سادہ مزاج اور اللہ والے ہیں۔ آپ کو ۲۰۰۰ء میں اپنی مرحومہ اہلیہ کی جانب سے حج بدل کی سعادت حاصل ہوئی، مگر حج سے پہلے ہی دوران طواف جیب سے تقریباً ساری رقم (بیس پچیس ہزار روپے) کسی نے نکال لی، جس کا دل پر اثر تھا مگر یہ سوچ کر کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے امتحان ہے، صبر کرنے کی سعی کی اور بیت اللہ شریف میں اللہ سبحانہ تعالیٰ کے حضور سجدے میں گر کر عرض کیا کہ اے اللہ تو دلوں کے حال جانتا ہے،

marfat.com
Marfat.com

میں نے اپنی طرف سے اس نقصان کو بھول جانے کی کوشش کی ہے لیکن پھر بھی یہ گنہگار کا دل ہے، کبھی کبھار افسوس کرتا رہتا ہے مگر میں ہر طرح آپ کی رضا میں راضی ہوں۔ مزید بیان کرتے ہیں کہ رات کو خواب دیکھا کہ میں ایک کمرے میں داخل ہو رہا ہوں تو ایک شخص کہتا ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ سے مصافحہ کر لو۔ میں حضور انور ﷺ کو دیکھ کر یک دم آپ ﷺ کے قدموں میں گر جاتا ہوں۔ آپ ﷺ اپنا دایاں دست مبارک آگے کر دیتے ہیں، میں اپنے دونوں ہاتھوں سے اسے پکڑ کر بوسہ لیتا ہوں، خوشی سے میرے آنسو نکل آتے ہیں اور اپنے مقدر پر رشک کرتا ہوں کہ اس گناہ گار کو یہ سعادت! مصافحہ کے بعد حضور اقدس ﷺ اپنے دونوں دست مبارک سے ہیرے جواہرات کی لپ بھر کر میری جھولی میں ڈال دیتے ہیں۔ اسی طرح دوبارہ ہیرے جواہرات کی لپ میری جھولی میں ڈالتے ہیں اور پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔

جب سے میں نے یہ خواب دیکھا ہے دل سے مال کی حرص اور اہمیت ختم ہو گئی ہے، لیکن ضرورت مندوں کو دینے کے باوجود مال کم نہیں ہوتا۔ آتا ہی جاتا ہے (غیر مطبوعہ)۔

؎ لگ رہے ہیں جواہرات کے ڈھیر ‌ ‌ اب بھی کوئی نہ لے تو ہے اندھیر

۱۲۔ راجہ ظفر اقبال چوہان کے چھوٹے صاحبزادے کیپٹن دانیال نے مصنف/ مولف کتاب ہذا کو اپنا یہ خواب سنایا: ۱۹۹۸ء کی ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ گھوڑے پر سوار ایک پگڈنڈی پر سے گذر رہا ہوں، میرے ہمراہ تین سوار اور ہیں، ان میں ایک حضور اقدس ﷺ اور دوسرے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، علم نہیں تیسرے سوار کون ہیں، میں حضور انور ﷺ کا چہرۂ انور نہ دیکھ سکا مگر دل نے گواہی دی کہ یہ آپؐ ہی ہیں (غیر مطبوعہ)۔

کیپٹن دانیال نہایت قابل، نیک، نمازی اور متشرع نوجوان ہیں۔ نماز اور درود شریف سے آپ کو خاص شغف ہے۔ عنقریب میجر ہونے والے ہیں۔ انشاءاللہ۔

۱۳۔ مولانا عرض محمد ۱۹۳۸ء میں حجاز مقدس تشریف لے گئے اور تین سال وہیں مقیم رہ کر دو حج کیے۔ اسی زمانہ میں آپ کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ مولانا نے سلام کیا تو آپ ﷺ نے سلام کے جواب کے ساتھ دامن بھر کر باجرہ یا جوار کے دانے بھی عطا فرمائے اور فرمایا: ”جاؤ، انہیں بلوچستان میں تقسیم کرو“۔

مولانا نے خواب کی یہ تعبیر نکالی کہ حضور ﷺ نے مجھے بلوچستان کے لوگوں میں توحید و سنت اور اسلامی علوم کی ترویج و فروغ کا حکم فرمایا ہے، چنانچہ واپس آکر ۱۹۴۲ء میں کوئٹہ میں بیروری روڈ پر مدرسہ عربیہ مطلع العلوم کی بنیاد رکھی۔ آگے چل کر یہ صرف بلوچستان ہی میں نہیں بلکہ پاکستان میں دینی تعلیم کا ایک عظیم مرکز بن گیا۔ بلوچستان کے مدارس میں اساتذہ

marfat.com
Marfat.com

کی اکثریت یہیں کی فیض یافتہ ہوتی ہے۔ مولانا بلوچستان میں دینی مدارس کی ابتدا کرنے کے باعث مشہور ہوئے۔

مولانا عرض محمد کوئٹہ سے ۲۶ میل دور ایک سرسبز و شاداب گاؤں برنگ آباد میں ۱۹۰۴ء میں پیدا ہوئے۔ چار سال دہلی میں علم حاصل کرنے کے بعد تکمیل علم کے لیے دارالعلوم دیوبند (یوپی، بھارت) پہنچے۔ پانچ سال وہاں رہے اور مولانا سید حسین احمد مدنیؒ کے شاگرد رشید بن گئے۔ سابقہ ریاست قلات (بلوچستان) میں جابرانہ سرداری نظام مسلط تھا۔ کاشتکار کو مالیہ کے علاوہ کل پیداوار کا چھٹا حصہ بھی ریاست کو دینا پڑتا تھا۔ مولانا کی کوشش سے اس ناانصافی کا قلع قمع ہوا۔ قتل ہو جانے کی صورت میں جاموٹ قبیلے کے فرد کا خون بہا صرف تین سو روپیہ اور دوسرے قبائل سے تعلق رکھنے والے فرد کا خون بہا دس ہزار روپیہ مقرر تھا۔ اسلام میں رنگ و نسل کی بنیاد پر کسی کو فضیلت حاصل نہیں۔ مولانا نے اس کھلی ناانصافی اور زیادتی کے خلاف آواز بلند کی اور اس امتیازی اور غیر منصفانہ قانون کا خاتمہ ہوا۔ ریاست قلات کے سردار آپ کے خلاف ہو گئے اور خان آف قلات نے بادل ناخواستہ آپ کو تین سال کے لیے ریاست بدر کر دیا۔ یہ تین سال آپ نے حجاز مقدس میں گذارے۔ حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ کے آپ خلیفہ مجاز تھے۔ ۳۰ اکتوبر ۱۹۷۰ء کو نماز فجر کے بعد حسب معمول سبی (بلوچستان) میں شہر کے باہر سیر کو جا رہے تھے کہ ریلوے لائن عبور کرتے وقت اچانک ریلوے ویگن حرکت میں آ گئی اور آپ ایک ویگن کے نیچے آ کر بعمر ۶۶ سال خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مشہور سیاسی لیڈر اور عالم حافظ حسین احمد آپ ہی کے فرزند ہیں۔ (روزنامہ جسارت، کراچی مورخہ ۷ جون ۱۹۸۱ء بمطابق ۴ شعبان ۱۴۰۱ھ بروز اتوار کے مضمون "مولانا عرض محمد مرحوم" سے ماخوذ)۔

۱۴۔ سرفراز علی (حیدر آباد، سندھ) نے خواب دیکھا کہ کوئی شخص مجھے آ کر بتاتا ہے کہ فلاں مسجد میں حضور اقدس ﷺ تشریف فرما ہیں، چلو آپؐ کی زیارت کر لیں۔ میں ان کے پیچھے پیچھے چلتا ہوں، مسجد میں جا کر وضو کرتا ہوں اور پھر مسجد کے اندر مجھے حضور انور ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ وہاں آپ ﷺ کے ہمراہ چار پانچ دوسرے بزرگ بھی بیٹھے ہیں۔ میرے ذہن میں اب تک آپ ﷺ کے چہرۂ انور کے نقوش تازہ ہیں۔

میاں مشتاق عظیمی اس کی تعبیر میں فرماتے ہیں کہ جو شخص حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت خواب میں کرے، وہ سمجھ لے کہ اس نے آپ ﷺ کو بیداری میں دیکھا اور جو آپ ﷺ کی زیارت کرے وہ مسلمان اللہ کا نیک بندہ ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں یہ اس کے

marfat.com
Marfat.com

جنتی ہونے کی دلیل ہے (فیملی میگزین ۲۱ تا ۲۷ نومبر ۱۹۹۹ء صفحہ ۴۹)۔

۱۵۔ آصف کھوکر (تونسہ شریف) لکھتے ہیں کہ ایک جگہ لوگوں کی بہت بھیڑ ہے اور وہاں حضور پر نور ﷺ اپنے دست مبارک سے ایک شخص کو اپنی تلوار مبارک عطا کر رہے ہیں۔ میں لوگوں سے پوچھتا ہوں کہ آپ ﷺ نے کس کو تلوار عطا فرمائی ہے؟ تو حضور اقدس ﷺ فرماتے ہیں کہ میں نے تلوار فلاں شخص کو عطا کی ہے۔

تعبیر بہت اچھی ہے۔ حضور انور ﷺ کو خواب میں دیکھنا دنیا کی سب نعمتوں سے افضل اور بہت ہی مبارک ہے۔ جس کو تلوار عطا کی گئی ہے وہ شخص نہایت اعلیٰ قسمت کا مالک ہے اور اس کی دنیا اور دین سب ہی اچھے ہو جائیں گے (فیملی میگزین ۱۰ تا ۱۶ اکتوبر ۱۹۹۹ء صفحہ ۴۹)۔

۱۶۔ سیّد امتیاز علی لکھتے ہیں کہ میں نے گذشتہ رمضان خواب دیکھا کہ ایک جگہ گیا ہوں، مجھے ایک خاتون ملیں، جو عبادت کر رہی ہیں، میں نے دریافت کیا کہ آپ کون ہیں؟ انہوں نے فرمایا: میں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا یا حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (نام یاد نہیں رہا) ہوں، پھر ایک بزرگ دیکھے جن کی ریش مبارک کچھ سیاہ اور کچھ سفید تھی، کپڑے بہت اچھے پہنے ہوئے تھے، پوچھنے پر ان خاتون نے فرمایا کہ آپ ہی حضرت رسول اللہ ﷺ ہیں۔

تعبیر از میاں مشتاق احمد عظیمی۔ ماشاءاللہ نہایت اچھا اور بہت مبارک خواب ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے حق دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو درود شریف کثرت سے پڑھنے اور سنت پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے (فیملی میگزین صفحہ ۴۹۔ ۱۳ تا ۱۹ اکتوبر ۱۹۹۹ء)۔

۱۷۔ سعدیہ (طلحہ گنگ) (طلحہ گنگ کو لوگوں نے تلہ گنگ لکھنا شروع کر دیا ہے، جو غلط ہے) نے خواب دیکھا کہ میں گھر میں ہوں، میری امی آ کر بتاتی ہیں کہ شہر میں حضور نبی کریم ﷺ تشریف لائے ہوئے ہیں، سب لوگ زیارت کے لیے جا رہے ہیں، تم بھی جاؤ۔ میں خوشی کے عالم میں بھاگتی ہوں، اچانک میرے سامنے ایک بڑا میدان آ جاتا ہے جس میں بہت سے لوگ بیٹھے ہیں، خود بخود میرے دل میں خیال آیا کہ وہ رسول اللہ ﷺ ہیں جو سب سے اونچے دکھائی دے رہے ہیں، آپؐ کے گرد بہت سے نورانی چہروں والے بزرگ بیٹھے ہیں اور آپؐ مسکرا کر باتیں کر رہے ہیں، پھر میری آنکھ کھل گئی۔

تعبیر = حضور سرور کائنات ﷺ کو خواب میں دیکھنا دنیا کی سب نعمتوں سے افضل ہے، یہ بہت مبارک خواب ہے اور آپ ﷺ کی تشریف آوری ثابت کرتی ہے کہ صاحب

marfat.com
Marfat.com

خواب بہت اچھی قسمت کا مالک ہے، جس کی دین اور دنیا ہمیشہ اچھی رہیں گی اور لوگ بھی رجوع کریں گے (فیملی میگزین ۱۵ تا ۲۱ اگست ۱۹۹۹ء۔ صفحہ ۴۹)۔

۱۸۔ فرخ خان (رحیم یار خان) نے خواب دیکھا کہ ایک مال گاڑی کے ڈبے میں بہت سے لوگوں کے ساتھ میں بھی بیٹھی ہوں، ڈبے کے دونوں دروازے کھلے ہیں کہ یک دم اللہ کے نور سے پورا ڈبہ بھر گیا، روشنی ہی روشنی نظر آ رہی ہے، لوگ کھڑے ہو جاتے ہیں، کہتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کی امامت میں سب کو نماز پڑھنی ہے، میں بہت خوش ہوتی ہوں، صفیں بندھ رہی ہیں، میرے علاوہ سب مرد ہیں۔ میں اپنے بھائی سے کہتی ہوں کہ حضور اقدس ﷺ نماز پڑھانے لگے ہیں، جلدی سے ابو کو بھی بلا لو۔

تعبیر = ماشاءاللہ بہت اچھا خواب ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ کی امامت میں نماز ادا کرنا بہت بڑی سعادت ہے، آپ اعلیٰ قسمت کی مالک ہیں، آپ کی دین و دنیا بہتر ہو گی، ہر نماز کے بعد کثرت سے درود شریف کا ورد کیا کریں (۱۶ تا ۲۲ جنوری ۲۰۰۰ء۔ فیملی میگزین۔ صفحہ ۴۹)۔

۱۹۔ محترمہ حسنہ نے خواب دیکھا کہ ایک بہت بڑے بزرگ مجھ سے کہتے ہیں کہ مجھے قرآن پاک کی تلاوت سناؤ۔ میں انہیں پڑھ کر سناتی ہوں کہ پڑھتے پڑھتے میری طبیعت خراب ہو جاتی ہے، اتنے میں وہ میرے شانے پر ایک ہاتھ شاباش دینے کے انداز میں رکھتے اور فرماتے ہیں کہ میں تجھ سے بہت خوش ہوں اور جاتے جاتے فرماتے ہیں کہ میں محمد ﷺ ہوں۔

تعبیر = نبی پاک ﷺ کو خواب میں دیکھنا دنیا کی سب نعمتوں سے افضل ہے۔ آپ نہایت اعلیٰ قسمت کی مالک ہیں اور آپ کی دین و دنیا بہتر ہو گی۔ کثرت سے ہر نماز کے بعد درود شریف پڑھا کریں (خوابوں کی روحانی تعبیر از میاں مشتاق احمد عظیمی۔ فیملی میگزین ۲۰ تا ۲۶ فروری ۲۰۰۰ء، صفحہ ۴۹)۔

۲۰۔ نبیلہ خانم نے خواب دیکھا کہ حضرت نبی کریم ﷺ ان کے گھر تشریف لائے ہیں اور ایک شخص سے گلے مل رہے ہیں، آپؐ نے پہلے ہمیں سلام کیا، میں اپنی ایک سہیلی کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی اور ہم نے آپؐ کے سلام کا جواب دیا۔ یہ خواب میں مسلسل دو دن سے دیکھ رہی ہوں۔

میاں مشتاق احمد عظیمی اس کی تعبیر کے سلسلے میں فرماتے ہیں کہ ماشاءاللہ بہت اچھا خواب ہے، حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت بڑی ہی خوش نصیبی کی بات ہے۔ صاحب خواب خاتون اعلیٰ درجہ کی قسمت کی مالک ہیں جن کو دین و دنیا میں کامیابی حاصل ہو گی۔ وہ پابندی سے نماز ادا کیا کریں اور درود شریف کثرت سے پڑھا کریں۔

(فیملی میگزین مورخہ ۲۴ تا ۳۰ ستمبر ۲۰۰۰ء۔ صفحہ ۴۸۔ "خوابوں کی روحانی تعبیر")۔

marfat.com
Marfat.com

۲۱۔ مدینہ منورہ میں رمضان المبارک مسلم اخوت، یگانگت اور محبت کے اظہار میں اپنی مثال آپ ہیں۔ نماز عصر کے بعد مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) کے اندر اور باہر ہزاروں دستر خوان بچھ جاتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے عرب بچے مہمان کا دامن پکڑ کر ایسی محبت سے دعوت دیتے ہیں کہ اس کا تحریر میں اظہار نہیں کیا جا سکتا۔ مختلف اقسام کی کھجوریں، کھجور کا حلوہ، خشک میوے، قہوہ، دہی، روٹی اور آب زم زم۔ عموماً افطار کا یہی سامان ہوتا ہے۔ اس موقع پر جس یک جہتی کا مظاہرہ دیکھنے میں آیا کسی اور جگہ اور قوم میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔ کسی نے درست کہا ہے کہ جس دن یہ جذبہ اس عظیم مسجد کی حدود سے باہر نکل گیا، دنیا میں اسلامی انقلاب آ جائے گا۔ رمضان میں عمرہ کرنے والے نوجوانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد اس بات کی نوید دے رہی ہے کہ یہ جذبۂ ایمانی اب باہر نکلنے والا ہے۔ اس مرتبہ امریکہ، کینیڈا اور برطانیہ سے بھی بڑی تعداد میں مسلمان آئے تھے۔ مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں ہزارہا لوگ اعتکاف بیٹھتے ہیں۔ روضہ اقدس (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) پر حاضری دینے والوں کی کثرت میں کسی بھی وقت کمی نہیں ہوتی۔ یہ وہ در ہے جہاں مانگنے والے کو سب کچھ ملتا ہے۔ یہاں ادب کا بڑا خیال رکھا جاتا ہے۔ کوئی اونچی آواز سے نہیں بولتا۔ نواب شاہ (سندھ) کے بابا امام دینؒ پیدل چل کر ڈیڑھ دو سال میں مدینہ طیبہ پہنچے اور ۳۵ سال سے وہیں مقیم ہیں۔ لال ٹوپی والے خواجہ رفیق کا لاہور سے تعلق ہے، وہ ۳۰ سال سے مدینہ منورہ میں حاضر ہیں۔ ۲۷ ویں رمضان المبارک کو ہم نے مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) کی دوسری منزل پر نماز ظہر ادا کی اور نماز کے بعد نعت خوان بشیر نقشبندی نے مجھے گلے لگا کر زار و قطار رونا شروع کر دیا اور بتایا کہ مجھ پر کرم خاص ہو گیا ہے، جیتے جاگتے سرور کائنات ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے۔ یہ بڑے نصیب کی بات ہے۔ ایسے لوگ بھی ہیں جو ساری عمر یہ آرزو لیے دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں۔ ۲۷ اور ۲۹ رمضان المبارک کو ختم قرآن کے موقع پر فلسطین اور کشمیر کی آزادی کے لیے خصوصی دعا مانگی گئی اور عالم اسلام کے نامور مفکر مولانا سید ابوالحسن علی ندوی (علی میاں) کی مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی۔ مولانا کی طبیعت ٹھیک تھی بلکہ نشاط تھا، پورا رمضان خیریت سے گذرا، روزے پورے ہوئے، ۲۲ رمضان بروز جمعہ ۱۴۲۰ھ (۳۱ دسمبر ۱۹۹۹ء) حسب معمول اوراد و وظائف کی تکمیل کی، خط بنوایا، غسل فرمایا، کپڑے بدلے اور شیروانی پہن لی، جمعہ کی اذان ہو چکی تھی کہ سورۂ کہف کی تلاوت کے لیے قرآن مجید طلب فرمایا اور جب تک قرآن مجید آیا خلاف معمول سورۂ یٰسین کی تلاوت شروع کر دی، چند آیات ہی تلاوت فرمائی تھیں کہ اچانک آواز بند ہو گئی اور سر ایک طرف ڈھلک گیا۔ اپنے رب سے ملاقات کی

marfat.com
Marfat.com

مشتاق روح قفس عنصری سے بعمر ۸۵ سال پرواز کر چکی تھی۔ یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ رات آٹھ بجے تک دو لاکھ آدمی جمع ہو چکے تھے۔ سوا دس بجے رائے بریلی (یوپی، بھارت) میں نماز جنازہ کے بعد اپنے والدین کے پہلو میں سپردِ خاک کر دیئے گئے۔ رہے نام اللہ کا (سیّد انور قدوائی کے مضمون "رحمتوں کا سایہ" سے اخذ کیا گیا۔ روزنامہ جنگ، راولپنڈی ۱۴ شوال ۱۴۲۰ھ بمطابق ۲۲ جنوری ۲۰۰۰ء بروز ہفتہ)۔

۲۲۔ جناب محمد ہاشم مجددی لکھتے ہیں کہ میں کوئٹہ کے مکان کے اس کمرے میں رہتا تھا جسے حضرت مرشدی و مولائیؒ نے راتوں کی تاریکیوں میں قیام وذکر و فکر سے بقعہ نور بنا دیا تھا۔ ایک دن مجھے بخار ہو گیا۔ ظہر کے وقت میں زمین پر لیٹا ہوا تھا اور دروازہ کھلا تھا کہ یکایک حضور نبی کریم ﷺ دروازے سے اندر آکر کھڑے ہو گئے۔ میں آپ ﷺ کے رعب سے کانپ رہا تھا، غایت اشتیاق سے بے اختیار رو رہا تھا، نہایت ادب سے آپ ﷺ کی طرف آہستہ آہستہ کھسکتا جاتا تھا لیکن یہ تاب و توانائی نہیں تھی کہ کھڑا ہو جاؤں۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ اپنے اس ادنیٰ غلام کے پاس کیسے تشریف لائے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ابھی ابھی بشیر نے تمہارا سلام پہنچایا اور تمہاری سفارش کی تو ہم تمہیں دیکھنے اور تمہاری مزاج پرسی کے لیے آگئے۔ میں نے روتے ہوئے نہایت عجز وزاری سے عرض کیا کہ آپؐ مجھے اجازت دیجیے کہ میں آپؐ کی قدم بوسی کروں اور آپؐ کے دستِ اقدس کو بوسہ دوں۔ اس پر حضرت رسول اللہ ﷺ نے تبسم فرما کر ارشاد فرمایا کہ تم ابھی جس عالم میں ہو اس میں یہ نہیں ہو سکتا۔ اس اثنا میں کچھ اور باتیں بھی ہوئیں مگر یاد نہ رہیں۔ یہ جو کچھ دیکھا بیداری میں دیکھا بے خودی تو ضرور تھی لیکن نیند ہرگز نہ تھی۔ لطف یہ ہے کہ جو لوگ میرے پاس بیٹھے تھے انہوں نے میری سب باتیں سنیں۔ وہ میری گریہ وزاری و حرکات و سکنات کو برابر دیکھتے رہے مگر انہوں نے نہ حضور ﷺ کو دیکھا نہ آپ ﷺ کی باتیں سنیں۔ میں نے اس واقعہ کا دن، تاریخ اور وقت نوٹ کر لیا۔ حج پر روانگی کے وقت میں نے حاجی بشیر صاحب سے کہا تھا کہ روضہ رسول ﷺ پر میری جانب سے صلوٰۃ و سلام ضرور عرض کرنا۔ جب وہ حج سے واپس آئے تو میں نے ان کو یہ واقعہ سنایا اور کہا کہ آپ کی سفارش کی وجہ سے مجھے یہ نعمت عظمیٰ نصیب ہوئی۔ حاجی صاحب نے اپنا جیبی کتابچہ نکال کر مجھے دکھایا کہ مواجہ شریف میں پہلی بار عین اسی وقت اسی دن میری حاضری ہوئی تھی اور میں نے تمہارا صلوٰۃ و سلام پہنچا کر دعا طلبی کی تھی۔ یہ معلوم کر کے اس واقعہ کی صحت کی مزید تائید و تقویت ہوئی (رسالہ "زیارت فیض بشارت" از محمد ہاشم مجددی۔ اسلامیہ پریس، کوئٹہ۔ صفحہ ۱۱ تا ۱۲۔ ۵ شوال ۱۳۸۹ھ)۔

marfat.com
Marfat.com

۲۳۔ جناب محمد ہاشم مجددی فرماتے ہیں کہ میرے ایک پیر بھائیؒ جو صاحب نسبت تھے اور بڑی کثرت سے درود شریف پڑھا کرتے تھے، بیان کرتے تھے کہ اب بفضلِ تعالیٰ میری یہ حالت ہو گئی ہے کہ جب درود شریف پڑھتا ہوں تو عیاناً حضور اقدس ﷺ کو دیکھتا ہوں کہ آپؐ تبسم فرما رہے ہیں (رسالہ ''زیارت فیض بشارت''۔ صفحہ ۱۰)۔

۲۴۔ جناب علی اصغر چوہدری کو خواب میں زیارت نبی اکرم ﷺ کا شرف حاصل ہوا، جو مختصر الفاظ میں یوں ہے: سقوط ڈھاکہ کو دو ماہ گزر چکے تھے۔ امت مسلمہ کی اس تباہی پر جو اپنوں ہی کے ہاتھوں وارد ہوئی تھی، دل روتا تھا، غم غلط کرنے کے لیے کثرت سے درود شریف پڑھتا تھا، میں اس زمانے میں سنجھورو (سندھ) میں ہیڈ ماسٹر تھا، ۲۶ فروری کو مکان میں سو رہا تھا، پچھلا پہر تھا، دیکھتا ہوں کہ پکی سڑک پر سایہ دار درخت لگے ہیں، چاندنی چٹکی ہوئی ہے اور میرے تایا زاد بھائی میاں صوفی علی احمد صاحب نقشبندی جو میرے مرشد بھی ہیں، مجھے ایک موٹر سائیکل پر بٹھا کر روانہ ہو جاتے ہیں، تھوڑی دور جا کر ایک چھوٹی سی مسجد آجاتی ہے اور ہم دونوں وضو کر کے مسجد میں داخل ہو جاتے ہیں جس کی محراب میں حضور اقدس ﷺ جلوہ افروز ہیں۔ بدن مبارک پر سفید لباس جس پر کالی واسکٹ تھی، سر مبارک پر سفید عمامہ اور ریش مبارک کے سارے بال سیاہ اور چمکدار تھے جبکہ کانوں کے پاس ذرا ذرا سے گھونگھریالے تھے، آپ ﷺ تشویش کے عالم میں تھے اور سامنے ایک آدمی دو زانو بیٹھا کچھ عرض کر رہا تھا، جس کی زبان ہماری سمجھ سے باہر تھی۔ حضور انور ﷺ کے ساتھ دائیں جانب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ' حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ' اور کچھ دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ' موجود تھے۔ بائیں جانب حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور چند دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ' موجود تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کی ریش مبارک گھنی سیاہ اور چہرہ سفید، چمکدار جس پر چیچک کے داغ سے معلوم ہوتے تھے، انہوں نے ہماری طرف خاص طور پر غور سے دیکھا، ہم بالکل اس سائل کے ساتھ حضور اقدس ﷺ کے سامنے دو زانو بیٹھ گئے، جب سائل اپنی گزارش پوری کر چکا تو حضور اکرم ﷺ نے ہماری طرف ایک بار غور سے دیکھا اور پھر اس سائل سے مخاطب ہو کر کچھ ارشاد فرمایا۔ آپ ﷺ کی آواز مبارک میں اس قدر شیرینی اور جاذبیت تھی کہ مجھ پر رقت طاری ہو گئی اور ساتھ ہی آنکھ کھل گئی۔ صبح چار بجے کا وقت تھا، آنسوؤں سے میرا چہرہ تر تھا، جو کانوں تک پہنچ چکے تھے اور میری ڈاڑھی کے بال بھیگ چکے تھے۔ اس دن تہجد کے نوافل اور فجر کی نماز میں جو لطف آیا تا زیست اس کی مٹھاس باقی رہے گی۔ یہ کیفیت اور رقت کئی دن تک جاری رہی۔

marfat.com
Marfat.com

؎ ہیں سب سے افضل بعد از پیمبر ﷺ، ہیں اپنے ہادی، ہیں اپنے رہبر
بو بکرؓ و فاروقؓ و عثمانؓ و حیدر الحمد للہ الحمد للہ

(چوہدری صاحب صوبہ سندھ کی ایک مقبول شخصیت ہیں۔ اسلامک پبلی کیشنز۔ ۱۳ بی، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور نے آپ کی کئی دینی کتب شائع کی ہیں)۔

۲۵۔ جناب لطیف حسن رائے ایڈوکیٹ لاہور نے جنوری یا فروری ۱۹۸۷ء کی ایک شب مندرجہ ذیل خواب دیکھا: ایک نہایت خوبصورت چھوٹی سی مسجد میں اپنے خاندان کے بیشتر افراد کے ساتھ موجود ہوں، جہاں کچھ اور لوگ بھی ہیں، مسجد کی ایک محراب میں ایک نہایت پروقار شخصیت نہایت عمدہ لباس پہنے تشریف فرما ہیں، معلوم ہوا کہ آپ حضرت رسول اللہ ﷺ ہیں، ہم سب آپ ﷺ کی طرف متوجہ ہیں، مسجد کے بیرونی دروازے کے قریب ایک سیاہ فام بچہ برہنہ اور مفلسی کا مارا پالتی مارے بیٹھا ہے، اسی اثنا میں جیسے حضرت بلالؓ لمبا سفید چوغہ پہنے دروازے سے داخل ہو کر حضور اقدس ﷺ کی جانب بڑھتے ہیں، محبوب کبریا سرخیل انبیا ﷺ آگے بڑھ کر پُرتپاک طریقے سے ان سے مصافحہ کرتے ہیں، یہ منظر دیکھتے ہی وہ بچہ بلک بلک کر رونا شروع کر دیتا ہے، حضور نبی محترم ﷺ آگے بڑھ کر اسے گود میں اٹھا کر بہلانا شروع کر دیتے ہیں مگر بچہ خاموش نہیں ہوتا بلکہ روئے چلا جاتا ہے اور اسی حالت میں میری آنکھ کھل جاتی ہے (غیر مطبوعہ)۔

۲۶۔ غلام عباس (سرگودھا) کے خواب میں حضور سرور دوعالم ﷺ تشریف لائے تھے۔ صحرائی علاقہ تھا۔ آپ ﷺ لوگوں کو بتا رہے تھے کہ قیامت قریب ہے، نیک اعمال کرو اور میں آپ ﷺ سے کہہ رہا ہوں کہ مجھے بھی اپنے ساتھ لے چلیں۔

تعبیر = مبارک خواب ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا جس نے مجھے دیکھا اس نے میری ہی زیارت کی۔ آپ نماز روزے کی پابندی اور احکام اسلام کے اتباع کے ساتھ کثرت سے درود شریف پڑھا کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت بھی اختیار کریں، رحمت الٰہی آپ کی طرف متوجہ ہے۔ (خواب اور تعبیر۔ صفحہ ۲۷۔ جنگ سنڈے میگزین۔ راولپنڈی۔ ۳۰ جنوری ۲۰۰۰ء)۔

۲۷۔ جناب پروفیسر افضل علوی تحریر فرماتے ہیں کہ ایک دن میں نے ماموں کانجن جانے کا پروگرام بنایا تاکہ وہاں کی اہل حدیث مسلک کی عظیم دینی درسگاہ کے بانی و مہتمم صوفی عبد اللہؒ کی زیارت کی جائے اور ان سے دعا کرائی جائے۔ صوفی عبد اللہؒ کی ہستی یگانہ روزگار تھی۔ اکابر سلف کا نمونہ، علمی لحاظ سے تقریباً ان پڑھ مگر عملی طور پر بہت سے علماء سے آگے، وہ شہدائے بالاکوٹ کے ساتھیوں میں سے ایک تھے۔ جب میں ان سے ملا وہ بہت ضعیف اور معمر ہو چکے تھے اور بیمار

marfat.com
Marfat.com

رہتے تھے۔ ان کے بارے میں مشہور تھا کہ مستجاب الدعوات ہیں، چنانچہ ایک بار جب ان کے گاؤں "اوڈاں والی" میں قحط کے آثار پیدا ہوئے تو لوگوں نے ان سے بارش کے دعا کرنے کو کہا۔ صوفی صاحب اس وقت اناج "گاہ" رہے تھے، بیلوں کو روک کر اللہ کے حضور دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور ایسے خشوع و خضوع سے دعا مانگی کہ تھوڑی ہی دیر میں موسلا دھار بارش ہونے لگی۔ یہ بھی مشہور تھا کہ انہیں حضور اکرم ﷺ کی زیارت بہت مرتبہ ہو چکی ہے، جس کی تصدیق میرے استفسار پر انہوں نے خود بھی کی تھی اور پھر قدرے پیار سے اپنے ساتھیوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا: "مگر یہ وہابڑے نہیں مانتے اور کہتے ہیں کہ شاید تمہیں مغالطہ لگتا ہو"۔

میں نے اُن سے دریافت کیا کہ وہ عمل بتائیں جس سے یہ دولتِ نایاب مجھے بھی نصیب ہو جائے تو انہوں نے مشکوٰۃ شریف کے بکثرت مطالعہ کی تلقین کی تھی، بالخصوص رات کو سونے سے پہلے۔ صوفی صاحب دار العلوم کے ایک حجرے میں رہتے تھے اور دنیا میں ان کی واحد دلچسپی جامعہ تھی یا تبلیغ دین، کسی اور چیز سے واسطہ نہ تھا، سادہ اور درویشانہ زندگی تھی، جس کے ہاتھوں روزانہ ہزاروں کا خرچ نکلتا تھا اسے ٹھاٹھ باٹھ سے دور کا بھی تعلق نہ تھا۔ دور دور سے لوگ ان سے دعا کرانے حاضر ہوتے تھے۔ ان کے دعا کرنے کا انداز بھی منفرد تھا گویا وہ اللہ کو اپنے سامنے دیکھ رہے ہیں اور ان سے ضد کر کے مانگ رہے ہیں، ان سے باتیں کر رہے ہیں اور یہ باتیں ختم ہونے میں نہ آتی تھیں۔ دعا کرانے والے تھک جاتے تھے مگر صوفی صاحب اپنے رب کی بارگاہ میں گڑگڑاتے اور التجائیں کرتے نہ تھکتے تھے (نوائے وقت کا جمعہ میگزین۔ ۴ مارچ ۱۹۸۸ء۔ صفحہ ۲۰)۔

۲۸۔ ایک مرتبہ چند مسافروں نے لواری شریف میں منزل کی۔ ان کے ساتھ ایک عورت بھی تھی، جب اس کی نظر سلطان الاولیا حضرت خواجہ محمد زمانؒ سرکار لواری شریف کے روئے انور پر پڑی تو اس نے اپنے ساتھیوں سے بے ساختہ کہا کہ یہی وہ بزرگ ہیں جنہوں نے ایک مرتبہ مجھے نادر شاہ کے ظالم سپاہیوں کے پنجے سے رہائی دلائی تھی، جب ظالم سپاہی مجھے لے جا رہے تھے تو یہ گھوڑے پر سوار میرے قریب آئے اور ان سے چھین کر مجھے اپنے ہمراہ بٹھا لیا اور گھر پہنچا دیا، اس وقت یہ جوان نظر آتے تھے، مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ یہی وہ محسن ہیں۔ اجنبی عورت کی یہ حیرت انگیز داستان سن کر کچھ لوگوں نے حضرت قبلہ سے اس کی تصدیق چاہی۔ آپ نے فرمایا: یہ عورت درست کہتی ہے، ان دنوں ہم جوان تھے، ایک روز اچانک حضور رسالت مآب ﷺ کے یہ الفاظ ہمارے کانوں میں گونجے کہ فلاں مقام پر ایک بے کس لڑکی کو نادر شاہ کے سپاہی اُٹھا کر لیے جا رہے ہیں، تم فوراً اس کی داد رسی کو پہنچو کیونکہ

marfat.com
Marfat.com

اس کی چیخ و پکار کی دردناک آواز ہم تک آ رہی ہے۔ (سلطان الاولیا حضرت خواجہ محمد زماں سرکار لواری شریف کے حالات مبارکہ۔ استفادہ از مقالہ ڈاکٹر آزاد احمد آبادی)۔

دنیا کی ہر چیز حق سبحانہ تعالیٰ کی مخلوق ہے اور حضور پر نور ﷺ کے تابع ہے، جس بندے نے خالق باری تعالیٰ کو پہچان لیا، اسے معبود حقیقی مان لیا اور اس کے حبیب پاک ﷺ کی اتباع کو اوڑھنا بچھونا بنا لیا پھر اس کے لیے دنیا جہان کی مخلوق کو زیر کر لینا کوئی بڑی بات نہیں۔

ع یہ جہاں بازیچہ اطفال ہے ان کے لیے

۲۹۔ حضرت خواجہ محمد معظم الدین مرولویؒ سلسلہ چشتیہ کے عظیم بزرگ گزرے ہیں۔ آپ کا خاندان سپرا قوم سے تعلق رکھتا ہے، جس کے بیشتر افراد قصبہ لالیاں، ضلع جھنگ میں آباد ہیں۔ آپ مرولہ شریف (معظم آباد) میں ۱۲۴۷ھ بمطابق ۱۸۳۲ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کے ماموں حافظ محمد امین آپ کو لے کر سیال شریف حضرت خواجہ شمس الدین سیالویؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دعا کے لیے عرض کیا کہ اللہ پاک اس بچے کو علم عطا فرمائے۔ حضرت خواجہ سیالویؒ نے بچے کی پیشانی کی طرف بشاشت سے دیکھا اور فرمایا برخوردار پڑھا کرو۔ ہمیں کو تم سے بہت کام لینا ہے۔ اس وقت آپ کی عمر ۱۳ سال تھی۔ دہلی اور بمبئی میں نامور علما سے جملہ علوم حاصل کیے۔ بمبئی میں ایک مجذوب کی شہرت تھی، جب اس کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اس نے دیکھتے ہی ہنس کر فرمایا کہ آپ کو خواجہ شمس الدین سیالویؒ نے اتنا کچھ دے دیا ہے کہ کوئی کمی نظر نہیں آتی، پھر کہا آنکھیں بند کر کے اس طرف دیکھو تو سامنے خواجہ سیالویؒ، آگے خواجہ تونسویؒ، آگے خواجہ مہارویؒ حتیٰ کہ سلسلہ چشتیہ کے تمام مشائخ تا آنحضرت ﷺ کی آپ نے زیارت کر لی، پھر حضرت خواجہ سیالویؒ کی خدمت میں ان کی زندگی کے آخری دن تک رہ کر بعمر ۵۳ سال وطن واپس ہوئے۔ مرولہ شریف میں ۲۵ سال قیام کے بعد بعمر ۷۸ سال ۹ جمادی الآخر ۱۳۲۵ھ بمطابق ۱۹۰۷ء وہیں وصال فرمایا (صاحبزادہ پروفیسر غلام نظام الدین مرولوی کے مضمون سے ماخوذ۔ روزنامہ نوائے وقت، راولپنڈی مورخہ ۱۲ مارچ ۱۹۸۴ء)۔

۳۰۔ حافظ سیّد عبداللہ قدس سرہ کو ذوق خدا طلبی نے صحرانوردی پر آمادہ کر دیا اور آپ تارک الدنیا، خدا رسیدہ قاری صاحب کے پاس، جو اطراف پنجاب کے صحرا میں اپنی بنائی ہوئی مسجد میں رہتے تھے، کی خدمت میں پہنچ گئے اور دیکھتے ہی دیکھتے حافظ قاری سیّد عبداللہ بن گئے۔ وہیں آپ نے حضرت قاری صاحب کے ساتھ بحالت بیداری حضرت رسول اللہ ﷺ کا مع صحابہ اکرام رضی اللہ عنہ دیدار کیا تھا۔ موضع کھڑی ضلع مظفر نگر (یوپی، بھارت) کے حافظ سیّد عبداللہؒ قاری صاحبؒ سے رخصت ہو کر سامانہ پہنچے اور شیخ ادریس کی خدمت میں رہے، جو

marfat.com
Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانیؒ کے ہم عصر عظیم بزرگ تھے۔ اس کے بعد حضرت مجددؒ کے خلیفہ اعظم سیّد آدم بنوریؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہیں سے خرقہ خلافت حاصل کیا۔ ۱۰۵۲ھ میں حضرت بنوریؒ کی معیت میں لاہور آئے تو شاہ جہاں بادشاہ نے حضرت بنوریؒ کو حکم دیا کہ سفر حجاز اختیار کریں لہٰذا حضرت بنوریؒ عازم حجاز ہوئے تو آپ نے بھی ان کی ہم رکابی کی خواہش ظاہر کی مگر حضرت بنوریؒ نے فرمایا کہ آپ یہیں رہیں، آپ کی یہاں ضرورت ہے۔ آپ نے تعمیل ارشاد کیا اور حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلویؒ کے والد بزرگوار حضرت شاہ عبدالرحیمؒ آپ سے بیعت ہوئے۔ اکثر فرماتے تھے ایسا معلوم ہوتا ہے حضرت بنوریؒ نے مجھے ہندوستان میں محض آپ کی تربیت کے لیے چھوڑا ہے۔ آخری عمر میں اکبر آباد (آگرہ) میں مقیم ہوئے اور طویل عمر پاکر وہیں وصال فرمایا۔ وصیت فرمائی کہ مجھے عام لوگوں کے قبرستان میں دفن کرنا اور میری قبر پر کوئی امتیازی نشان نہ بنایا جائے۔ مریدوں نے ایسا ہی کیا، غرض اس عاشق قرآن کی زندگی کا ایک ایک لمحہ خدمت خلق اور احیائے سنّت میں بسر ہوا (زیارت نبی ﷺ بحالت بیداری کے خواب نمبر ۱۷ میں مزید اضافہ)۔

۳۱۔ امیر جماعت اسلامی میاں طفیل محمد فرماتے ہیں کہ میں جب کپور تھلہ میں ایف ایس سی (میڈیکل) کا طالب علم تھا تو میں نے ایک خواب دیکھا، جس نے میری زندگی کو بہت متاثر کیا اور میں اپنی زندگی کو اسلام کے لیے وقف کرنے پر مجبور ہو گیا۔ میں کپور تھلہ شہر میں اپنے چچا میاں نذیر احمد کے مکان میں رات کو سو رہا تھا کہ میں نے خواب دیکھا کہ کوئی صاحب مکان کی ڈیوڑھی کا دروازہ زور زور سے کھٹکھٹا رہے ہیں۔ مکان کے سامنے گھروں کے درمیان کچھ جگہ خالی تھی جس میں ایک بڑا نیم کا درخت تھا۔ میں نے خواب کی حالت میں جاکر ڈیوڑھی کا دروازہ کھولا تو دیکھا کہ نیم کے درخت کے نیچے ایک نہایت ہی مقدس صورت شخصیت ایستادہ ہیں۔ سر پر پگڑی، گھنی سیاہ ڈاڑھی جس میں کوئی کوئی بال سفید ہے، سفید لمبا کرتہ اور کوٹ اور سفید تہہ بند اور پاؤں میں دیسی قسم کا جوتا، چہرے کا رنگ انار کے دانے کی طرح سرخ و سفید، ذرا لمبی ناک، نہایت خوبصورت آنکھیں اور ان کے اوپر سیاہ ابرو کے بال، پتلے پتلے ہونٹ اور ہاتھوں کی انگلیاں لمبی، یہ تصویر اب بھی میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ مین دروازے سے باہر نکل کر ان کے قریب پہنچا، تو انہوں نے کوئی بات زبان سے کہے بغیر مجھے معانقے کی شکل میں سینے سے لگا لیا اور میرے دل میں یہ بات آئی کہ یہ مجسمہ ایمان و پیکر یقین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ ہیں (ہفت روزہ ”زندگی“ لاہور۔ شمارہ ۴ تا ۱۰ اگست ۱۹۷۸ء بمطابق ۲۸ شعبان تا ۴ رمضان المبارک ۱۳۹۸ھ۔ صفحہ ۱۴)۔

marfat.com
Marfat.com

میاں طفیل محمد کا تعلق مشہور سکھ ریاست کپور تھلہ (مشرقی پنجاب) سے تھا۔ آپ نے بی اے آنرز فرسٹ ڈویژن کے بعد ایل ایل بی فرسٹ ڈویژن میں کیا۔ پی سی ایس (جوڈیشل) میں کامیاب ہوگئے، مگر ریاستی ہونے کی وجہ سے منتخب نہ کیے گئے پس کپور تھلہ میں وکالت شروع کردی۔ وہاں آپ تنہا مسلمان وکیل تھے اور نہایت کامیاب۔ ۱۹۴۱ء کے آغاز میں یہ خواب دیکھا تھا جس کے بعد وکالت سے دل اچاٹ ہوگیا۔ ۲۲ جنوری ۱۹۴۲ء کو وکالت کو خیر باد کہہ کر لاہور میں مولانا مودودیؒ کے پاس آگئے جو جماعت اسلامی کے بانی اور امیر تھے۔ اکتوبر ۱۹۷۲ء مولانا نے خرابی صحت کی وجہ سے جماعت کی امارت سے مستقل معذرت کرلی اور میاں طفیل محمد، امیر جماعت منتخب کر لیے گئے، جس کی میعاد ۳۱ اکتوبر ۱۹۷۷ء کو ختم ہوئی تو دوبارہ پانچ سال کے لیے امیر جماعت منتخب کیے گئے۔

۳۲۔ چند روز قبل ''تحریک الجہاد'' نامی مجاہدین کی ایک جماعت کے بہت سے کارکن اپنے ایک کمانڈر کے ہمراہ ''جیش محمد (ﷺ)'' میں شامل ہوگئے۔ ان کے ایک اور ساتھی کمانڈر ابوذر نے کہا کہ ''مجھے ابھی تک جیش میں شمولیت کے بارے میں تردد ہے، میں پورا اطمینان کیے بغیر فیصلہ نہیں کرسکتا۔'' ان کے ساتھیوں نے مشورہ دیا کہ استخارہ کرلیں۔ کمانڈر ابوذر کا بیان ہے کہ جب وہ استخارہ کی دعا پڑھ کر سوئے تو خوش قسمتی سے انہیں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے انہیں جیش میں شمولیت کا حکم فرمایا۔ کمانڈر ابوذر نے فجر کے بعد جیش میں شمولیت کا اعلان کردیا اور چند دن بعد وائرلیس پر جناب مولانا محمد مسعود اظہر کو بزبان خود یہ خواب سنایا۔ بلاشبہ یہ خواب کارکنان و وابستگان جیش کے لیے ایک جانفزا بشارت ہے (ہفت روزہ ''ضرب مومن''، کراچی۔ مورخہ ۱۶ تا ۲۲ جون ۲۰۰۰ء)۔

۳۳۔ مولوی محمد شفیع دیوبندی (مفتی اعظم پاکستانؒ) نے اردو انسائیکلوپیڈیا آف اسلام لکھی۔ پہلے ہی صفحہ پر لکھتے ہیں کہ مجھے ایک کتاب کی ضرورت تھی تو حضور اقدس ﷺ نے خواب میں تشریف لاکر فرمایا کہ تمہیں جو کتاب مطلوب ہے وہ لاہور کی فلاں لائبریری کی فلاں الماری میں موجود ہے (افکار و سیاسیات علما دیوبند از علامہ مولانا محمد شریف نوری، مکتبہ اسلامیہ، چکوڑہ (ضلع گجرات) صفحہ ۵۶)۔

ایک غلطی کا ازالہ:- ناموں کی یکسانیت کی وجہ سے حضرت علامہ سے یہ غلطی ہوئی جس کی تصحیح ضروری ہے، مذکورہ بالا خواب ڈاکٹر مولانا محمد شفیع (ستارہ پاکستان) ایم اے (کینٹب) ڈی او ایل (پنجاب) سابق پرنسپل اورینٹل کالج، لاہور نے دیکھا تھا۔ آپ رئیس ادارہ و مدیر خصوصی ''اردو انسائیکلو پیڈیا آف اسلام'' بھی تھے، جس کا حصہ اول پنجاب یونیورسٹی پریس،

marfat.com
Marfat.com

لاہور نے پہلی بار ۱۹۶۲ء میں شائع کیا تھا۔ڈاکٹر صاحب قصور کے رہنے والے تھے،سوٹ پہنتے تھے اور سر پر سولا ہیٹ ہوتا تھا)۔

۳۴۔ حاجی عبدالرحمٰن اٹاوڑ (میوات) ایک غیر مسلم بنیئے کے گھر میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور مولانا محمد میاںؒ (آپ تبلیغی جماعت والے مولانا محمد الیاسؒ کے بڑے بھائی تھے۔ فرشتہ سیرت، حلیم و متواضع، دہلی اور میوات کے لوگ آپ سے بے حد عقیدت رکھتے تھے۔ ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۳۶ھ شب جمعہ دہلی میں وصال فرمایا) کے ہاتھ پر اسلام لائے، مدرسہ نظام الدین (دہلی) میں مولانا محمد میاںؒ سے دینی تعلیم حاصل کی۔ حضرت مولانا خلیل احمدؒ سے بیعت تھے، مولانا محمد الیاسؒ کے تمام دینی کاموں میں ان کے قدیم ترین رفیق و معاون تھے، میوات کے حکیم اور عارف تھے، غیر مسلمین میں تبلیغ کا خاص ذوق اور ملکہ حاصل تھا، ایک ہزار سے زیادہ لوگ مسلمان کیے۔ سنگار (یوپی، بھارت) میں نومسلموں کے لیے مدرسہ قائم کیا، میوات کے مسلمانوں میں بدرسوم کی اصلاح بھی آپ کا خاص کارنامہ ہے۔ ربیع الثانی ۱۳۶۴ھ میں وصال فرمایا (مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت از مولانا سید ابوالحسن علی حسنی۔ مکتبہ الفرقان، لکھنؤ۔ صفحہ ۶۲)۔

۳۵۔ حضرت عبداللہ کی شادی جب حضرت آمنہ سے ہوئی تو حضرت عبدالمطلب نے خواب میں ایک سرخ درخشاں ستارہ دیکھا، جو زمین کی پستیوں سے طلوع ہو کر آسمان کی بلندیوں کی طرف پرواز کر گیا، اس کی روشنی تمام روشن، درخشاں ستاروں اور چاند پر غالب آگئی، کائنات کا ذرہ ذرہ اس کی تابانیوں سے مطلع انوار بن گیا، اس کی روشنی دم بدم پھیل رہی تھی اور اس سے مشرق و مغرب روشن ہو رہے تھے۔ معبرؔ نے اس خواب کی یہ تعبیر دی کہ وہ روشن ستارہ مہتم بالشان نبی ہے جو حضرت عبداللہ کے یہاں پیدا ہوگا، جس کے دین کے درخشاں اصول تمام ادیان عالم کو اپنی روشنی میں چھپالیں گے اور اپنی ہمہ گیری اور دنیا کے مستقبل کی ضرورت کو پورا کرنے کی وجہ سے مشرق و مغرب میں مقبولیت حاصل کریں گے ("عرب کا چاند" از سوامی لکشمن پرشاد صفحہ ۶۱۔ مکتبہ تعمیر انسانیت، اردو بازار، لاہور)۔

کتبِ سیر میں لکھا ہے کہ شجر حجر اور چرند و پرند تک اس مبارک ہستی کو جو حضرت آمنہ کے شکم میں تھی، سلام کرتے تھے اور انہیں حضرت آمنہ اپنے کانوں سے سنتی تھیں۔ آپ کو ایام حمل میں کوئی ایسی تکلیف نہ ہوئی جیسی عام عورتوں کو ہوا کرتی ہے بلکہ یہ تمام مدت نہایت راحت و آرام سے گذری (صفحہ ۶۳)۔

۳۶۔ الحاج ماسٹر حافظ عبدالرؤف صاحب رؤف امروہوی اپنی مختصر سوانح حیات "اپنی

marfat.com
Marfat.com

زبان سے میں" کے اندر تحریر کرتے ہیں کہ میرے والدین غیر مستطیع تھے۔ ایف اے تک تعلیم حاصل کر کے ملازم ہو گیا، بطور مدرس امام المدارس ہائی اسکول امروہہ (ضلع مراد آباد، یوپی، بھارت) میں (یہیں آٹھویں کلاس میں پاکستان کی مشہور علمی شخصیت ڈاکٹر برہان احمد فاروقی ایم اے۔ پی ایچ ڈی (علیگ) نے آپ سے پڑھا تھا)۔ ۱۹۵۹ء میں یہیں سے ریٹائر ہو گیا۔ ۱۸۹۴ء میں امروہہ میں پیدا ہوا تھا۔ بقول جگر مراد آبادی پیدائشی شاعر ہیں۔ گذشتہ پچاس ساٹھ سال سے بعد نماز جمعہ نہایت پابندی کے ساتھ آپ کے مکان پر محفل نعت شریف منعقد ہوتی ہے، جس میں خود اپنا نعتیہ کلام بھی سناتے ہیں۔ آپ کے کلام پر مشتمل تین کتب نخلخہ محامد، گلرنگ تخیل اور کوثر رحمت شائع ہو چکی ہیں، مگر نعتیہ کلام ہی آپ کا طرۂ امتیاز ہے۔ اس شیفتہ رسول کو بھی ہر مومن کی طرح حج بیت اللہ اور زیارت روضہ رسول (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) کی تمنا تھی مگر ناساز گار حالات اور اب تو ضعیفی بھی حارج تھی۔ امروہہ کے ایک صاحب حیثیت خاندان کے نوجوان وقار الاسلام علی گڑھ یونیورسٹی سے انجینئرنگ کا امتحان امتیازی شان سے پاس کر کے حال ہی میں ایک فرم میں ملازم ہو کر مدینہ منورہ گئے تھے، وہ حتی الوسع نماز مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں ادا کرتے تھے۔ انہوں نے اپنے بڑے بھائی کو امروہہ میں خط لکھا: "جناب بھائی صاحب مدظلہ! میں ایک روز نماز عصر پڑھ کر مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں مراقب تھا کہ یکایک ایک آواز آئی کہ "عبدالرؤف کو اپنے خرچ پر مدینہ بلاؤ۔ میں نے کہا میں نہیں جانتا یہ کون شخص ہے؟ فوراً آواز آئی "سیفی کے والد" (احمد حسین سیفی ماسٹر صاحب کے بڑے صاحبزادے اور منجھے ہوئے شاعر ہیں، اور ان کے وقار الاسلام سے دوستانہ تعلقات ہیں)۔ آپ ان حضرت کو یہ مژدہ سنا دیجیے، ان کے مصارف کے لیے میں ایک ڈرافٹ بھی ارسال کر رہا ہوں اور ان کی آمد و رفت کے تمام اخراجات میرے ذمہ ہیں۔ یہ جون ۱۹۷۷ء کی بات ہے۔ ماسٹر صاحب اچانک یہ خبر سن کر حیرت زدہ رہ گئے۔ ایک نظر اپنی ضعیفی پر ڈالی (۸۳ سال کی عمر) اور دوسری نظر معین بے کساں، شاہ انس و جاں ﷺ کی طلبی پر، جس کا رونا عمر بھر رویا تھا۔ بعد رمضان المبارک آپ نے روانگی کی تیاری شروع کر دی اور آخر کار امروہہ سے بمبئی تک کا سفر نہایت شاندار انداز میں طے کیا، تین اکتوبر کو بمبئی سے جدہ کے لیے روانہ ہوئے، حج بھی نصیب ہوا اور مدینہ طیبہ کی حاضری بھی البتہ ضعیفی حارج رہی۔ آپ کا مشورہ ہے کہ عازمین حج بڑھاپے میں ارادۂ حج نہ فرمائیں بلکہ ساٹھ سال کی عمر تک اس فرض سے سبکدوش ہو لیا کریں۔ دو سال قبل آپ نے یہ اشعار قلمبند کیے تھے اور اپنی اس طلبی کو ان کے جواب میں سمجھتے ہیں:

marfat.com
Marfat.com

آپ ﷺ کی بندہ نوازی سے تو کچھ دور نہیں ہاں بلانا ہی مرا آپ ﷺ کو منظور نہیں
ہاں بلانا ہی مرا آپ ﷺ کو منظور نہیں بندۂ عشق ہوں سرکش نہیں مغرور نہیں
آپ ﷺ ہیں مالک کونین شفیع محشر بندہ ہوں جس کو کسی طرح کا مقدور نہیں
آپ ﷺ سا کوئی خالق نے کیا ہی نہیں خلق آپ ﷺ تو احمد مختار ہیں مجبور نہیں

(الحاج ماسٹر حافظ عبد الرؤف صاحب رؤف امروہوی کی مختصر سوانح حیات "اپنی زبان سے میں")

۴۷۔ مولانا محمد گل شیر جب تک کسی سیاسی جماعت سے وابستہ نہ تھے اور صرف واعظ تھے اس وقت تک کیمبل پور، اٹک اور میانوالی وغیرہ میں بڑے لوگوں کی آنکھ کا تارا تھے۔ مدتوں احرار کی مخالفت کرتے رہے۔ جب کوئی احراری لیڈر ان علاقوں میں جاتا (آپ ضلع کیمبل پور کے گاؤں جنڈ کے رہنے والے تھے) تو اگلے ہی دن اس کا اثر زائل کرنے پہنچ جاتے۔ آواز میں بلا کا سوز اور خطابت میں ایک طرح کا سحر تھا۔ ۱۹۳۸ء میں حج کو گئے تو وہاں مدینہ منورہ میں خواب میں حضور انور ﷺ نے آپ سے فرمایا کہ احرار سے مل کر خدمت خلق کرو۔ مولانا فرماتے تھے کہ میں نے اپنی پچھلی مخالفتوں سے توبہ کی اور آتے ہی احرار میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ یہاں کے خانوں کو احرار میں آپ کی شمولیت ناپسند تھی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ مولانا قتل کر دیے گئے، یہ سیاسی قتل تھا۔ ملک خضر حیات نے بطور وزیر اعلیٰ قاتلوں کی تلاش کے کئی وعدے کیے لیکن وہ سب دوشیزاؤں کی کہ مکرنیاں ثابت ہوئے (سید عطاء اللہ شاہ بخاری از شورش کاشمیری۔ مطبوعات چٹان، لاہور)۔

۴۸۔ حضرت قبلہ عالم پیر سید مہر علی شاہ گولڑویؒ نے فرمایا کہ جب ہم حدیث پڑھتے تھے تو کبھی کبھی حدیث والے ﷺ خود بھی کرم فرماتے تھے۔ کیوں نہ ہو جب حدیث شریف کے ہر طالب صادق پر آنحضور ﷺ خاص توجہ مبذول فرماتے ہیں تو اپنے نور نظر، لخت جگر پر کیوں عنایات مبذول نہ فرماتے ہونگے۔ (مہر منیر از مولانا فیض احمد صاحب فیض۔ صفحہ ۸۴)۔

۴۹۔ خان بہادر مولوی شیر محمد، اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ گلگت نے اپنی احسن خدمات کے صلے میں گورنمنٹ سے تین پشت کی پنشن حاصل کر کے گولڑہ شریف میں سکونت اختیار کی۔ ایک مرتبہ لاہور میں سخت بیمار ہو گئے، بچنے کی امید نہ رہی تو خواب میں دیکھا کہ ملک الموت نے جان قبض کر لی ہے اور تجہیز و تکفین و تدفین کے بعد نکیرین سوال وجواب کے لیے آئے ہیں۔ سوالات کے میں نے صحیح جوابات عرض کر دیے، جب پوچھا (ترجمہ = ان سرکار ﷺ کی بابت تم کیا جانتے ہو؟) تو سامنے سنگ مرمر کی ایک بلند دیوار میں ایک دریچہ

marfat.com
Marfat.com

کھل گیا اور اس میں آنحضرت ﷺ تشریف فرما نظر آئے۔ میں نے عالم وار فتگی میں آنحضور ﷺ کو مخاطب کر کے عرض کیا: اے اللہ کے محبوب (ﷺ)! میں جانتا ہوں آپ خدا نہیں ہیں اور آپ کی شریعت میں غیر خدا کو سجدہ روا نہیں مگر دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر میں آپؐ کے حضور سر بسجود ہوتا ہوں۔ یہ کہہ کر میں نے سر زمین پر رکھ دیا، جب اٹھایا تو حضور اقدس ﷺ فرشتوں سے فرما رہے تھے کہ ابھی اس کا وقت نہیں آیا، اسے واپس لے جاؤ۔ ساتھ ہی میری آنکھ کھل گئی۔ دیکھا تو عزیز و اقارب میری چارپائی کے گرد ماتم کر رہے تھے۔ اگلے روز گولڑہ شریف میں حضرت پیران پیر غوث الاعظمؒ کے عرس مبارک کی آخری مجلس تھی، جس میں شرکت کے لیے طویل علالت اور نقاہت کے باوجود پہنچ گیا، خوب سیر ہو کر لنگر کھایا، کوئی گرانی نہ ہوئی اور اللہ تعالیٰ کے کرم سے چند ہی روز میں مکمل طور پر صحت یاب ہو کر بھلا چنگا ہو گیا (مہر منیر از مولانا فیض احمد صاحب فیض، صفحہ ۱۰۴)۔

۴۰۔ قاری عبدالرحمٰن الٰہ آبادی نے مدرسہ صولتیہ، مکہ مکرمہ میں تعلیم حاصل کی۔ وہاں سے ہندوستان واپس آئے اور علم تجوید پر ایک کتاب "فوائد مکیہ" تحریر فرمائی، جو اس فن میں بہت ہی مشہور و مقبول ہے۔ دیوبند، سہارنپور، لکھنو، کانپور وغیرہ کے مدارس میں تجوید کے مشہور اساتذہ آپ کے شاگرد تھے، گویا ہندوستان کے اکثر قراء اسی خاندان کے خوشہ چین ہیں۔ ابتداً میں آپ آزاد منش انسان تھے۔ چاہتے تھے کہیں سے نسخہ کیمیا ہاتھ لگ جائے تو ایک مدرسہ ذاتی خرچ پر قائم کروں۔ اس مقصد کے لیے ایک کیمیاگر کی کافی عرصہ خدمت کی اور کامیابی کے کچھ آثار بھی پیدا ہوئے مگر ایک روز خواب میں دیکھا کہ حضرت قبلہ عالم گولڑویؒ آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہیں اور پاس ہی سونے چاندی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ حضرت رسالت مآب ﷺ نے حضرت قبلہ عالم گولڑوی کو مخاطب کر کے فرمایا کہ "عبد الرحمٰن سے کہہ دو اگر سونے چاندی کی ضرورت ہے تو یہ موجود ہے، مگر پھر میری شفاعت کی امید نہ رکھے۔" چنانچہ اس خواب کے بعد وہ تمام شوق نفرت میں بدل گیا اور اس کیمیاگر کا خیال دل سے نکل گیا۔ ساتھ ہی حضرت قبلہ عالم پیر سید مہر علی شاہ گولڑویؒ سے عقیدت میں اضافہ ہو گیا اور بیعت سے مشرف ہوئے (مہر منیر، صفحہ ۱۲۶ تا ۱۲۷)۔

۴۱۔ اپنے بڑے بھائی قاری عبداللہ کی وفات پر جب قاری عبدالرحمٰن مکہ مکرمہ گئے تو اراکین مدرسہ صولتیہ نے ان کو وہاں سکونت اختیار کرنے پر مجبور کیا، مگر خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ "تم ہندوستان واپس جاؤ، تمہاری وہاں ضرورت ہے۔" پہلے قاری عبدالرحمٰن حضرات مشائخ سے اس قدر عقیدت نہ رکھتے تھے، مگر بعد میں یہ حالت ہو گئی

marfat.com
Marfat.com

تھی کہ جب ان سے اصرار کیا گیا کہ گولڑہ شریف میں رہ کر لوگوں کو مستفید فرمائیں تو ہر بار یہی جواب دیا کہ شیخ کے مقام پر رہنا بہت مشکل کام ہے لہٰذا مجھے معذور سمجھیں (مہر منیر صفحہ ۱۲۷)۔

۴۲۔ حضرت قبلہ عالم گولڑوی" فرماتے ہیں کہ مدینہ عالیہ کے سفر میں بمقام وادیٔ حمرا ڈاکوؤں کے حملے کی پریشانی کی وجہ سے مجبوراً عشا کی سنتیں مجھ سے رہ گئیں۔ مولوی محمد غازی مدرسہ صولتیہ میں شغل تعلیم و تدریس چھوڑ کر حسن ظن کی بنا پر بغرض خدمت اس مقدس سفر میں میرے شریک تھے۔ ان رفقا کی معیت میں میں قافلہ کے ایک طرف سو گیا۔ دیکھتا ہوں کہ سرور دو عالم ﷺ سیاہ عربی جبہ زیب تن فرمائے تشریف لا کر اپنے جمال کمال سے مجھے نئی زندگی عطا فرماتے ہیں۔ ایسا معلوم ہوا کہ میں ایک مسجد میں بحالت مراقبہ دوزانوں بیٹھا ہوں۔ آنحضور ﷺ نے قریب تشریف لا کر ارشاد فرمایا کہ "آل رسول ﷺ کو سنت ترک نہیں کرنا چاہیئے۔" میں نے اسی حالت میں آنجناب ﷺ کی ہر دو پنڈلیوں کو جو ریشم سے بھی زیادہ لطیف تھیں اپنے دونوں ہاتھوں سے مضبوط پکڑ لیا اور آہ و فغاں کرتے ہوئے الصلوٰۃ و السلام علیک یارسول اللہ کہنا شروع کر دیا اور عالم مدہوشی میں روتے ہوئے عرض کیا کہ حضور کون ہیں؟ جواب میں وہی ارشاد ہوا کہ آل رسول ﷺ کو سنت ترک نہیں کرنا چاہیئے۔ تین بار یہی سوال و جواب ہوئے۔ تیسری بار میرے دل میں ڈالا گیا کہ جب آپ ندائے یارسول اللہ سے منع نہیں فرما رہے تو ظاہر ہے کہ آپ آنحضرت ﷺ ہیں، اگر کوئی اور بزرگ ہوتے تو اس کلمے سے منع فرماتے۔

اس واقعہ کے بعد ہی آپ نے اپنی مشہور پنجابی نعت وادی حمرا اور مدینہ منورہ کے درمیان موزوں فرمائی تھی، جس کی اثر انگیزی محتاج بیان نہیں۔ کہتے ہیں جن دنوں علامہ اقبال" لاہور میں میکلوڈ روڈ پر رہتے تھے، شام کے دھندلکوں میں کوئی شخص اس نعت کا پہلا شعر

ؔ اَج سِک مِتراں دی ودھیری اے کیوں دلڑی اُداس گھنیری اے
لوں لوں وچ شوق چنگیری اے، اَج نیناں لائیاں کیوں جھڑیاں

ترنم سے کہتا جا رہا تھا۔ علامہ نے اپنے ملازم کو دوڑا کر اس گذرنے والے کو بلوا کر پوری نعت سنی۔ جب مقطع ؔ

ؔ سبحان اللہ ما اجملک ما احسنک ما اکملک کتھے مہر علی کتھے تیری ثنا، گستاخ اکھیاں کتھے جا اڑیاں

میں حضرت قبلہ عالم قدس سرہ کا نام سنا تو کہا کہ اب معلوم ہوا کہ اس کلام میں اتنا بے پناہ درد و اثر کیوں ہے۔ (مہر منیر یعنی سوانح حیات حضرت قبلہ عالم سیّد پیر مہر علی شاہ صاحب، گولڑہ شریف، صفحہ ۱۳۲ تا ۱۳۳)۔

marfat.com
Marfat.com

۴۳۔ حضرت قبلہ عالم گولڑویؒ اپنی ایک قلمی تحریر میں فرماتے ہیں:
جن دنوں مرزا غلام احمد قادیانی نے بظاہر تحقیق کی غرض سے اشتہارات کے ذریعہ دعوت دی تھی اور میں اسے منظور کرنے کا ارادہ کر رہا تھا، مجھے اس نعمت عظمیٰ کا شرف حاصل ہوا۔ میں اپنے حجرے میں بحالت بیداری آنکھیں بند کیے تنہا بیٹھا تھا کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو دیکھا کہ قعدہ کی حالت میں جلوس فرما ہیں۔ اور یہ عاصی بھی چار بالشت کے فاصلے پر اسی حالت میں باادب تمام، شیخ کی خدمت میں مرید کی طرح بالمقابل بیٹھا ہے اور غلام احمد اس جگہ سے دور مشرق کی طرف منہ کیے اور آنحضرت ﷺ کی طرف پشت کیے بیٹھا ہے۔ اس روایت کے بعد میں احباب کے ہمراہ لاہور پہنچا، لیکن مرزا غلام احمد قادیانی اپنے تاکیدی وعدے سے پھر گیا اور لاہور نہ آیا (مہر منیر، صفحہ ۲۰۴)۔

۴۴۔ حضرت قبلہ عالم گولڑویؒ نے مرزا غلام احمد قادیانی کی طرف سے تحریری مناظرے کی دعوت اور اس کی فصیح عربی اور زود نویسی کی تعلّی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ علمائے اسلام کا اصل مقصود تحقیق حق اور اعلا کلمۃ اللہ ہوا کرتا ہے، فخر و تعلّی مقصد نہیں ہوتا، ورنہ جناب نبی کریم ﷺ کی امت میں اس وقت بھی ایسے خادم دین موجود ہیں کہ اگر قلم پر توجہ ڈالیں تو وہ خود بخود کاغذ پر تفسیر قرآن لکھ دے۔ ظاہر ہے کہ اس سے اشارہ اپنی جانب تھا چنانچہ بعد میں اس چیلنج کے متعلق فرمایا کرتے تھے کہ میں نے یہ دعویٰ از خود نہیں کیا تھا بلکہ عالم مکاشفہ میں جناب نبی کریم ﷺ کے جمال باکمال سے میرا دل اس قدر قوی اور مضبوط ہو گیا تھا کہ مجھے یقین کامل تھا کہ اگر اس سے بھی کوئی بڑا دعویٰ کرتا تو اللہ تعالیٰ ضرور مجھے سچا ثابت کر دیتا، نیز فرمایا "کِلّے دے زور تے کُدی اے" یعنی بچھڑا کھونٹے کے بل پر ہی تو کودتا ہے (مہر منیر، صفحہ ۲۳۴)۔

۴۵۔ ان دنوں کانگریسی مسلمانوں میں علی برادران (مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی) اور مولانا ابوالکلام آزاد کا مقام کٹر ہندو مہاتما گاندھی کے بعد تھا، جو سناتن دھرمی ہندو تھا اور برملا کہتا تھا کہ میں بت پرست ہوں اور بت پرستی پر فخر کرتا ہوں۔ مولانا عبدالباری فرنگی محلی (لکھنو، یوپی، بھارت) مولانا محمد علی جوہر کے پیر و مرشد اور مولانا ابوالکلام آزاد کے استاد تھے، جب کہ آپ خود مولانا سیّد عین القضاۃ لکھنویؒ کے شاگرد تھے۔ آپ کے برادر حقیقی مولانا عبدالباقی فرنگی محلی کو خواب میں سرکار دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا کہ حجاز مقدس میں سکونت اختیار کریں، چنانچہ آپ مدینہ طیبہ چلے گئے تھے، جہاں مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ وسلاما) میں مدتوں درس حدیث دیتے رہے اور وہیں وصال فرمایا۔ (مہر منیر صفحہ ۲۷۶) (اسی

marfat.com
Marfat.com

سلسلے کا خواب نمبر ۱۰۸ دیکھیے سیرت النبی ﷺ بعد از وصال النبی ﷺ، حصہ اول میں)۔
مولانا عبدالباری فرنگی محلی ہندوؤں کی حرکات سے اس قدر بددل اور تنگ ہوئے کہ جب انہوں نے آرہ (بہار، بھارت) کے مسلمانوں پر اہل ہنود کے مظالم دیکھے تو آپ نے کانگریسی لیڈروں کو متنبہ کیا کہ اگر ہندو اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے تو میں ان کے خلاف عام جہاد کا فتویٰ جاری کر دونگا"۔ (صفحہ ۲۷۶) کراچی میں کانگریس کا اجلاس جاری تھا۔ مولانا ظفر علی خان نماز کے لیے جلسے کی کارروائی بند کرانا چاہتے تھے، مگر گاندھی نے اس سے انکار کر دیا، جس پر مولانا واک آؤٹ کر گئے، کانگریس سے علیحدگی اختیار کر لی اور فی البدیہہ یہ اشعار کہے:

اے سامری وقت کہ گاندھی ہے ترا نام　　کہتے ہیں نصاریٰ کا تجھے بندۂ بے دام
ہندو کو مسلمان سے لڑانا ہے ترا کام　　ہم کو نظر آتا ہے جو ہو گا ترا انجام
اے دشمن اسلام
تقدیر وطن کی اسی دن سے ہوئی کھوٹی　　جب شیخ کے تہمد سے ملی تیری لنگوٹی
اور چادر تہذیب عرب ہو گئی چھوٹی　　ہم قائل الہام ہیں تو مائل اوہام
اے دشمن اسلام

۴۶۔ حضرت سیّد احمد مظہار عطاس صاحب مدینہ عالیہ کے ممتاز سادات کرام میں سے تھے۔ اپنی زندگی میں حرم نبوی ﷺ کی مجلس انتظامیہ کے نائب صدر تھے۔ آپ کے والد بزرگوار ترکوں کے وقت میں حرم النبی ﷺ کے نوادرات کے خازنِ اعلیٰ تھے۔ ترکوں کے چلے جانے کے بعد آپ کچھ عرصہ حالات زمانہ کی ناسازگاری کی وجہ سے ملک سے باہر رہے۔ کچھ عرصہ ہندوستان میں بھی قیام فرمایا۔ گولڑہ شریف حاضر ہوئے تو حضرت علامہ پیر سیّد مہر علی شاہ قدس سرہ کا اس وقت زمانہ استغراق تھا۔ ایک روز قیام کے بعد کاٹھیاواڑ (گجرات، بھارت) تشریف لے گئے۔ وہاں احمد آباد میں تھے کہ ایک رات خواب میں دیکھا کہ آنحضرت ﷺ آستین مبارک اونچی کیے ہیں جیسے وضو فرمانے کا ارادہ ہے۔ انہوں نے عرض کیا کہ حضور (ﷺ) پانی لاؤں۔ ارشاد ہوا: "نہیں! میں گولڑا میں وضو کرونگا، وہاں مجھے دیگر انبیا علیہم السلام کے ساتھ سیّد مہر علی شاہ کا جنازہ پڑھنا ہے"۔ یہ سو کر اٹھے تو پریشان ہوئے۔ خواب اپنی ڈائری میں نوٹ کر لیا۔ دوسرے روز اخبارات میں حضرت پیر سیّد مہر علی شاہؒ کے وصال کی خبر پڑھی اور کچھ عرصہ بعد خود تعزیت کے لیے حاضر ہوئے۔ آپ کا وصال یوم سہ شنبہ ۲۹ صفر ۱۳۵۶ھ بمطابق ۱۱ مئی ۱۹۳۷ء کو ہوا اور دوسرے دن آٹھ بجے شام آپ کا جسم اطہر گولڑہ شریف کی مسجد کے جنوبی باغ میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

marfat.com
Marfat.com

ہرگز نمیرد آں کہ دلش زندہ شد بعشق ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

ترجمہ = جسکا دل عشق سے زندہ ہوا وہ کبھی نہیں مرتا دفتر عالم پر ہماری دائمی زندگی لکھ دی گئی ہے (مہر منیر، صفحہ ۳۳۹)

۴۷۔ دوسری جنگ عظیم کے خاتمے کے قریب ۱۹۴۴ء بمطابق ۱۳۶۳ھ میں جب سمندر پار کے تمام ممالک کے مسلمانوں پر حج بیت اللہ کا راستہ دوبارہ کھلا تو حضرت قبلہ بابوجی (حضرت سیّد پیر مہر علی شاہ قدس سرہ' کے اکلوتے صاحبزادے اور جانشین حضرت سیّد غلام محی الدین شاہ قدس سرہ') نے عرب جا کر ایسی بینظیر و بے مثال داد و دہش فی سبیل اللہ کا مظاہرہ فرمایا جس کی مثال شاید والیان ملک کے لیے بھی پیش کرنا مشکل ہو۔ کئی برس حج بند رہنے کی وجہ سے عرب کے بڑے بڑے تاجروں تک کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ غرباؤ مساکین، طلبا، اساتذہ مدارس، مشائخ، خدام حرمین شریفین اور مقامی پولیس (شرطہ) سب کی حالت ابتر تھی۔ آپ نے سب کی دل کھول کر مدد کی۔ شرفائے سادات کے ایک عمر رسیدہ بزرگ مدینہ طیبہ کے ایک بیرونی محلے میں رہتے تھے، رہائشی مکان کا کئی برس کا کرایہ واجب الادا تھا اور مقروض ہو چکے تھے، جب حضرت قبلہ بابوجی نے آپ کی تمام حاجات پوری کر دیں تو انہوں نے بتایا کہ چند روز قبل میں نے حضور اقدس ﷺ کی بارگاہ میں اپنی مالی بے بسی کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے مجھے خواب میں مطلع فرمایا کہ تمہارا ایک دوست آنے والا ہے، وہ تمہاری مدد کرے گا (مہر منیر، صفحہ ۳۷۲ تا ۳۷۳)۔

۴۸۔ حضرت قبلہ بابوجی تقسیم کرنے کی خاطر کثیر تعداد میں کپڑے سلوا کر ہمراہ لے گئے تھے۔ آپ کے حکم سے روپوں اور ریالوں سے بھرے ٹوکروں کو کپڑوں سے ڈھانپ دیا گیا تھا۔ آپ نے ہدایت فرمادی تھی کہ کپڑے کو ٹوکرے کے اوپر سے نہ اٹھایا جائے اور رقم کپڑے کے نیچے ہاتھ ڈال کر نکالی جائے۔ ایک تقسیم کنندہ نے غلطی سے ایک ٹوکرے پر سے کپڑا الٹ دیا تو دیکھا کہ روپوں کی تہ تیزی سے اترنے لگی اور تھوڑی دیر میں ٹوکرا بالکل خالی ہو گیا جبکہ جو ٹوکرے ڈھکے رہے ان سے تقسیم اس وقت تک جاری رہی جب تک کہ تمام مستحقین کی ضرورت پوری نہ ہو گئی۔ برکت کا یہ مظاہرہ سب نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور اس واقعہ کو حضور نبی کریم ﷺ کا معجزہ شمار کیا۔ حضرت قبلہ بابوجی کی واپسی کے موقع پر حضرت سیّد احمد العطاس مدنی نے خواب میں آنحضرت ﷺ کو حضرت بابوجی کی اس جود و سخا پر اظہار خوشنودی فرماتے دیکھا (مہر منیر، صفحہ ۳۷۲)۔

۴۹۔ حضرت سیّد احمد العطاس مدنیؒ فرماتے ہیں کہ ۱۳۶۳ھ میں جب میرے سردار اور

marfat.com
Marfat.com

مرشد سیّد غلام محی الدین (حضرت بابو جی) حج اور زیارت کے ارادے سے تشریف لا رہے تھے اور اپنے ہمراہیوں سمیت جدہ کے قریب پہنچ چکے تھے تو مجھے حضور رسول اعظم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: "جا، میرے فرزند کا استقبال کر اور اسے میرا سلام پہنچا" (مہر منیر، صفحہ ۲۷۳)۔

۵۰۔ حضرت سیّد احمد العطاس مدنیؒ فرماتے ہیں کہ دوسری مرتبہ میں نے حضور اکرم ﷺ کو دیکھا کہ مجھے میرے نام سے پکار کر فرماتے ہیں کہ "میرے فرزند غلام محی الدین اور اس کی ہمراہی جماعت کو میرا سلام پہنچا اور اس کو خبر دے کہ میں اس سے راضی ہوں اور وہ مقبولوں میں سے ہے" (مہر منیر، صفحہ ۲۷۳ تا ۲۷۴)۔

۵۱۔ حضرت سیّد احمد العطاس مدنیؒ فرماتے ہیں کہ ۱۳۶۳ھ میں جب سیّدی غلام محی الدین مدینہ منورہ تشریف لائے اور بہت خیرات و صدقات اور مال زکوٰۃ تقسیم فرمایا تو حاجت مندوں کے روزانہ خطوط آتے تھے، جو امداد طلب کرتے تھے۔ انہی دنوں ایک قیدی کا خط آیا جو بوجہ تہمت قتل جیل میں بند تھا، دوسرے خطوط کے ساتھ اسے بھی میں نے جیب میں رکھ لیا اور گھر کے تخت پوش پر بیٹھ گیا، تھکا ہوا تھا بیٹھتے ہی نیند آ گئی، دیکھتا ہوں کہ حضور انور ﷺ فرما رہے ہیں کہ وہ خطوط کہاں ہیں؟ میں نے جیب میں ہاتھ ڈال کر ایک خط نکالا تو وہی قیدی والا خط تھا، پس حضور ﷺ نے فرمایا کہ "غلام محی الدین سے کہو کہ اس کی طرف سے ضمانت ادا کر دے"۔ چنانچہ سیّدی غلام محی الدین نے اس کی طرف سے وہ تمام چیز ادا کر دی جو حکومت اور حکام کی طرف سے اس پر واجب تھی اور قیدی کو چھڑا دیا۔ یہی نہیں دوسرے قیدی بھی جو اس کے ساتھ تھے ان کی طرف سے بھی سب کچھ ادا کر کے ان سب کو بھی رہائی دلائی۔ اہل مدینہ منورہ نے اس امر پر بڑی خوشی کا اظہار کیا۔ (مہر منیر، صفحہ ۲۷۴)۔

۵۲۔ پنجہ ضلع شاہ پور کے مشہور عالم اور قاری جناب قاضی عبدالحکیمؒ فرماتے تھے کہ جب میں راولپنڈی کینٹ میں امام مسجد تھا تو اکثر کلیام شریف جاتا تھا (جو راولپنڈی سے پندرہ سولہ میل دور لاہور کی سڑک کے قریب واقع ہے)۔ حضرت باوا فضل دین کلیامی بڑے پائے کے بزرگ گذرے ہیں، آپ کا سلسلہ چشتیہ صابریہ تھا، کثرت جذب و سکر کی وجہ سے آپ سے ظاہری طور پر نماز چھوٹ گئی تھی، باوا صاحبؒ کے ایک مرید مولوی صاحب انہی دنوں حج اور مدینہ منورہ زیارت کے لیے گئے، انہوں نے واپس آ کر حضرت باوا جیؒ سے عرض کیا کہ مجھے حضور نبی کریم ﷺ نے خواب میں زیارت سے مشرف فرما کر ارشاد فرمایا ہے کہ "اپنے بدعتی پیر کو ہمارا سلام کہنا۔" یہ سن کر باوا صاحبؒ پر عرصے تک وجدانی کیفیت طاری رہی۔ آپ

marfat.com
Marfat.com

چونکہ نماز نہ پڑھتے تھے تو ایک مرتبہ مقامی علما نے آپ سے کہا کہ ہم آپ کا جنازہ نہیں پڑھیں گے۔ اس پر آپ نے فرمایا کہ میرا جنازہ علم شریعت کا اتنا بڑا شیر آکر پڑھائے گا کہ تم لوگوں کو مجبوراً اس میں شامل ہونا پڑے گا۔ آپ کا وصال یکم جنوری ۱۸۹۲ء بروز جمعہ ہوا۔ حضرت سیّد مہر علی شاہ قدس سرہ' فرماتے ہیں کہ جس رات آپ نے انتقال فرمایا: مجھ سے خواب میں آکر فرمایا کہ ''پیر جی! میں مر گیا ہوں، آپ آکر میرا جنازہ پڑھا جاؤ''۔ غرض پیر جی گولڑہ شریف سے کلیام شریف پہنچے اور جنازہ پڑھایا۔ اس قدر اژدہام خلائق تھا کہ پیر جی کو گھوڑے پر سوار ہو کر صفیں درست کرانی پڑی تھیں (مہر منیر، صفحہ ۴۰۰ تا ۴۰۳ سے ماخوز)۔

''نفحات الانس'' میں حضرت معشوق طوسیؒ کے متعلق مذکور ہے کہ ان سے نماز چھوٹ گئی تھی۔ علمائے وقت کے اصرار پر آپ نے نماز شروع کی تو ''ایاك نعبد'' تک پہنچے تھے کہ ہر بن مُو سے خون جاری ہو گیا۔ فرمانے لگے کہ اب تو مجھے معذور سمجھو گے۔ حضرت سیّد وارث علی شاہؒ بانی ''سلسلہ وارثی'' دیوا شریف (ضلع بارہ بنکی، یوپی، بھارت) (دیکھو خواب نمبر ۱۷۲ سیرت النبیؐ بعد از وصال النبی ﷺ، حصہ اول میں) اور دوسرے کئی بزرگ ایسے گذرے ہیں اہل ظاہر جن کے اندرونی درد اور شغل باطن سے بے خبری کے باعث ان پر معترض ہوتے تھے حالانکہ ان کا کوئی نفس اسم ذات کے ذکر سے خالی نہ گذرتا تھا اور کمال استغراقِ حال سے اشغال ظاہری کی طرف توجہ کرنے سے معذور تھے۔ اصلی اور بناوٹی مجذوب کے درمیان امتیاز ضروری ہے ورنہ غلط فہمی و غلط روی کا سخت اندیشہ ہے۔

۵۳۔ حضرت مولانا ولی احمد ہزاروی قدس سرہ' موضع بانڈی عطائی خان، مضافات حویلیاں، ضلع ہزارہ میں تقریباً ۱۲۶۷ھ بمطابق ۱۸۵۰ء میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی کتابیں پڑھ کر ہندوستان کا رخ کیا۔ مختلف اساتذہ سے حصول علم کے بعد حضرت مولانا فضل حق رام پوری سے تکمیل کی۔ عالم شباب میں حضرت سیّد پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ سے بیعت طریقت کی اور پھر ہمیشہ کے لیے آپ کے ہو کر رہ گئے۔ دربار عالیہ گولڑہ شریف کی جب مسجد تعمیر ہوئی تو پیر صاحبؒ آپ کو مسجد کی چھت پر لے گئے اور فرمایا: مولوی صاحب وہ سامنے دیکھیں۔ مولوی صاحب نے نظر اٹھائی تو سامنے بیت اللہ شریف تھا۔ اپنے خلفا میں پیر صاحبؒ کو آپ پر بڑا مان تھا۔ ۱۹۱۵ء میں حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی، پھر مدینہ شریف ایک سال درس حدیث دیا، ذیقعدہ میں علیل ہوئے، علاج ہوتا رہا مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ حضرت پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ (وصال ۱۳۷۰ھ بمطابق ۱۹۵۱ء بعمر ۱۱۰ سال) نے مکہ مکرمہ لے جانے کی پیش کش کی۔ آپ راضی بھی ہو گئے مگر دوسرے روز یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ

marfat.com
Marfat.com

خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: "مدینہ منورہ ہی میں قیام کرو"۔ چنانچہ چند روز بعد ۴ ذی الحجہ ۱۳۳۵ھ بمطابق ۱۹۱۶ء بعمر ۶۵ برس وصال فرمایا اور جنت البقیع میں دفن ہوئے (تجلیات مہر انور از شاہ حسین گردیزی، صفحہ ۹۹۲ تا ۹۹۴ سے ماخوذ)۔

۵۴۔ امیر الملت الحاج حافظ پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ فرماتے ہیں کوئی پچاس برس کا واقعہ ہے کہ فقیر رات کو مدینہ منورہ کی مسجد نبوی (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) میں شیخ الحرم کی اجازت سے شب باش ہوا۔ اس رات دلائل الخیرات شریف اور موم بتی جو سرکاری طور پر اندر رہنے والوں کو ملتی ہے، مجھے دے دی کیونکہ رات عشا کی نماز کے بعد حرم شریف کی روشنیاں بجھا دی جاتی ہیں اور کسی کو اندر رہنے کی اجازت نہیں ہوتی۔ رات ایک بجے جب میں دلائل الخیرات پڑھ رہا تھا تو حضرت خواجہ ضیا معصوم صاحب کابلی نے، جو قائم اللیل اور صائم الدھر تھے اور انہیں اندر رہنے کی اجازت تھی، مجھ سے فرمایا کہ کل رات ریاض الجنت میں میں دلائل الخیرات شریف پڑھ رہا تھا تو حضرت سرور کائنات ﷺ بذات خود تشریف لائے اور مجھے فرمایا: "شویہ، شویہ" یعنی آہستہ آہستہ پڑھو۔ پس میں تمھیں کہتا ہوں کہ آہستہ آہستہ پڑھو (ملفوظات امیر الملّت صفحہ ۷۳۔ ناشر = مدرسہ جماعتیہ حیات القرآن، پاپڑ منڈی، لاہور)۔

۵۵۔ حضرت سیّد احمد سلطان سخی سرور شہیدؒ کے والد ماجد حضرت سیّد زین العابدینؒ شاہ کوٹ ضلع شیخوپورہ میں آباد ہونے سے پہلے قریب ۲۲ سال مدینہ منورہ میں روضہ اطہر (علیٰ صاحبہا صلوٰۃ و سلاماً) پر خدمت انجام دیتے رہے۔ ۵۲۰ھ بمطابق ۱۱۲۶ء حضور اکرم ﷺ نے خواب میں آپ کو ہندوستان جانے کا حکم فرمایا، جس کے بعد آپ شاہ کوٹ آکر آباد ہو گئے۔ ہر وقت یاد الٰہی میں مشغول رہتے تھے۔ ۱۱۴۱ء میں وہیں وصال فرمایا۔ ۱۱۳۰ء میں وہیں حضرت سلطان سخی سرور پیدا ہوئے، اپنے خالہ زاد بھائیوں کے رویہ سے تنگ آکر آپ نے نقل مکانی فرمائی اور ڈیرہ غازی خان تشریف لے گئے، پھر کوہ سلیمان کے دامن میں نگاہہ کے مقام پر قیام فرمایا اور عبادت الٰہی میں مشغول ہو گئے، اسی جگہ ۲۲ رجب ۵۷۷ھ بمطابق ۱۱۸۱ء بعمر ۵۳ سال اپنے خالہ زاد بھائیوں کے ہاتھوں جام شہادت نوش فرمایا، اسی جگہ آپ کا مزار ہے، مزار کی عمارت بابر بادشاہ نے بنوائی تھی، یہ جگہ سخی سرور کے نام سے مشہور ہے، آپ کے عقیدت مند اور مرید بے شمار تھے، آپ کی یاد میں ہر سال مختلف شہروں میں میلہ لگتا ہے (سیارہ ڈائجسٹ۔ اپریل ۱۹۸۴ء۔ صفحہ ۷۷ تا ۸۰ سے ماخوذ)۔

marfat.com
Marfat.com

۵۶۔ پروانۂ شمع رسالت ﷺ "غازی عبد اللہ شہید" کا یہ تاریخی واقعہ مصنف / مولف کتاب ہذا حسب ذیل حضرات کے مضامین سے اخذ کر کے پیش کر رہا ہے:

(۱) جناب پروفیسر افضل حسین علوی (روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی کا جمعہ میگزین۔ مورخہ ۱۷ مارچ ۱۹۸۴ء)۔

(۲) جناب ڈاکٹر محمد اختر چیمہ (گورنمنٹ کالج فیصل آباد) (ماہنامہ ضیائے حرم جنوری ۱۹۸۷ء)۔

(۳) جناب ایم اے حکیم، ایڈوکیٹ۔ ۴) جناب چوہدری مختار علی ورک اس علاقہ کے رہنے والے اور اس واقعہ کے چشم دید گواہ۔ انہوں نے یہ واقعہ مولف/مصنف کتاب ہذا کے دوست جناب شیخ سلیم اختر، سینٹ جان پارک، لاہور کینٹ کو سنایا تھا۔

پروفیسر علوی فرماتے ہیں کہ ناموس رسالت ﷺ کے تحفظ میں جان کی بازی لگا دینے والوں میں غازی علم الدین شہید اور غازی عبد القیوم کو بہت شہرت نصیب ہوئی۔ چھٹی صدی ہجری میں بادشاہ وقت، حضرت نور الدین زنگیؒ کو حضرت رسالت مآب ﷺ نے دو کنجی آنکھوں والے عیسائیوں کو ٹھکانے لگانے کا حکم فرمایا تھا (مفصل واقعہ پڑھیئے سیرت النبی ﷺ بعد از وصال النبی ﷺ حصہ اول کے خواب نمبر ۳۱۳ میں)۔ تاریخ اسلام میں غازی صوفی عبد اللہ غالباً دوسرے وہ خوش بخت انسان ہیں، جنہیں خود حضرت رسول اللہ ﷺ نے اپنے شاتم کو جہنم واصل کرنے پر مامور فرمایا۔ سچ ہے:

؎ جس شخص کو وہ مرکز الطاف بنا لیں — حق ہے کہ وہی شخص مقدر کا دھنی ہے

غازی عبد اللہ کا تعلق جولاہا قوم سے تھا۔ وہ موضع پٹی تحصیل و ضلع قصور کے رہنے والے تھے۔ بقول مولانا سیّد امین الحق صاحب ڈویژنل خطیب اوقاف ان کا چہرہ خوبصورت، رنگ گورا، بھری بھری سیاہ ڈاڑھی جو نہایت بھلی لگتی تھی، عمر تقریباً تیس بتیس سال ہو گی گویا عین عالم شباب تھا۔ اس وقت چک نمبر ۲۴ شریف تھانہ خانقاہ ڈوگراں، تحصیل و ضلع شیخوپورہ میں ان کا پیر خانہ تھا۔

جناب ایم اے حکیم ایڈووکیٹ بیان کرتے ہیں کہ ۱۹۳۸ء میں رونما ہونے والا یہ واقعہ ضلع شیخوپورہ کے چک نمبر ۲۴ چھوٹی سے تعلق رکھتا ہے۔ وہاں کے مسمی نور محمد جٹ کاہلوں کے ایک شادی شدہ مسلمان عورت سے ناجائز تعلقات ہو گئے تھے، جو قریب کے ایک موضع ہرنالہ کی رہنے والی تھی۔ عورت چونکہ شادی شدہ تھی پس فیصلہ کیا کہ اسلام سے منہ موڑ کو عیسائیت اختیار کر لیں تاکہ شادی ہو سکے۔ پس سانگلہ ہل جا کر ایک پادری کے ہاتھوں عیسائیت اختیار کر لی، مگر جب حسب خواہش وہاں بھی مسئلہ حل نہ ہوا تو امرتسر جا کر سکھ

marfat.com
Marfat.com

مذہب اختیار کر لیا۔ نور محمد کا نام چنچل سنگھ اور بدکار عورت کا نام دلجیت کور کھ دیا گیا۔ کچھ عرصہ دونوں امرتسر میں قیام کے بعد چک نمبر ۲۴ چھوٹی میں آ گئے، مگر سکھ اب بھی ان کو مشکوک نظروں سے دیکھتے تھے۔ اپنی یقین دہانی کے لیے انہوں نے ان کے سامنے چند شرائط پیش کیں جن میں ایک یہ تھی کہ سرعام جھٹکے کا گوشت کھائیں۔ اس بدبخت جوڑے نے یہ شرط پوری کر دی۔ دوسری شرط یہ رکھی کہ اعلانیہ سور کا گوشت کھاؤ۔ ان بدبختوں نے یہ شرط بھی پوری کر دی۔ تیسری شرط یہ رکھی کہ سرعام پیغمبر اسلام ﷺ کی بے حرمتی کریں (نعوذ با للہ من ذالک)۔ یہ ملعون یہ حرکت بھی کر گذرے جس سے آس پاس کے دیہاتوں کے مسلمانوں کی سخت دل آزاری ہوئی، ان کی غیرت اسلامی بیدار ہو گئی اور تمام علاقے میں ہیجان پھیل گیا۔ سکھوں نے اور اس ناہنجار جوڑے نے اس پر مسلمانوں سے معافی مانگ لی مگر وہ سکھ مذہب پر قائم رہا۔ یہاں کے سکھ بارسوخ اور مالدار تھے۔ آبادی کی اکثریت بھی سکھوں پر مشتمل تھی۔ یہ مرتد جوڑا اب بھی جگہ جگہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی شان اقدس میں دریدہ دہنی اور یادہ گوئی کرتا پھرتا۔ اسی دوران ایک رات خواب میں حضور اقدس ﷺ نے صوفی عبداللہ سے فرمایا: "عبداللہ! مجھے یہ مرتد دکھ پہنچا رہا ہے، اس کی زبان بند کرو"۔ صوفی عبداللہ کی آنکھ کھل گئی۔ ان کے کانوں میں حضور انور ﷺ کے الفاظ گونج رہے تھے اور وہ اپنے اندر ایک عجیب سی قوت اور جوش محسوس کر رہے تھے، وہ اٹھے اور کسی کو بتائے بغیر مرتد کے گاؤں کی طرف روانہ ہو گئے۔ انہیں نہ سکھوں کی کثرت اور طاقت کی پروا تھی اور نہ اپنی کم مائیگی اور بے چارگی کا احساس۔ بس ایک ہی دُھن تھی کہ اپنے آقا ﷺ کا فرمان بجالائے اور آخرت میں سرخرو ہو جائے۔ صبح کا وقت تھا۔ اتفاقاً راستہ میں چنچل سنگھ کا حقیقی بھائی نتھو مل گیا۔ صوفی عبداللہ نہ نتھو کو جانتے تھے نہ چنچل سنگھ کو۔ صوفی عبداللہ کے دریافت کرنے پر نتھو نے اشارے سے بتایا کہ وہ دیکھو سامنے چنچل سنگھ اپنے کھیت میں کام کر رہا ہے۔ غریب الوطن مرد مجاہد نے بجلی کی تیزی سے اس کی طرف بڑھ کر اسے للکارا۔ قوی ہیکل اور ہٹا کٹا چنچل سنگھ جو ہر وقت کرپان سے مسلح رہتا تھا، کرپان سونت کر صوفی عبداللہ کی طرف بڑھا مگر کرپان کا وار خالی گیا، ادھر اللہ کے شیر صوفی عبداللہ نے نعرۂ تکبیر بلند کرتے ہوئے پوری قوت ایمانی کے ساتھ چھری کے پہلے ہی وار میں گستاخ رسول چنچل سنگھ کا پیٹ چاک کر ڈالا۔ خبیث اور بد باطن چنچل سنگھ ٹھنڈا ہو چکا تھا اور صوفی عبداللہ بارگاہ ایزدی میں سجدہ ریز ہو کر خدائے وحدہ لا شریک کا شکر بجا رہے تھے، جس نے انہیں اپنے حبیب و محبوب ﷺ کا حکم ماننے کی توفیق عطا فرمائی۔ غازی عبداللہ اطمینان سے چنچل سنگھ کی لاش کے پاس بیٹھے تھے جیسے کہ پولیس کے

marfat.com
Marfat.com

منتظر ہوں۔ پولیس والے یہ منظر دیکھ کر دم بخود رہ گئے۔ حیران ہو کر سکھوں سے پوچھا کہ یہ اکیلا اور تم ڈھیروں، حیرت ہے پھر بھی چنچل سنگھ کو قتل ہونے سے نہ بچا سکے، یہی نہیں اس کے قریب آنے کی ہمت بھی نہ کر سکے۔ تو ان کا جواب اور بھی حیران کن تھا۔ یہ اکیلا کہاں تھا اس کے ہمراہ تو مسلح جم غفیر تھا جس کی وجہ سے ہمیں نہ قتل سے پہلے اس کی طرف بڑھنے کی جرأت ہوئی نہ قتل کے بعد۔ پولیس افسر نے غازی عبداللہ سے دریافت کیا: "کیا واقعی تمہارے ساتھ کوئی مسلح گروہ تھا؟" انہوں نے نفی میں جواب دیا اور پھر معنی خیز انداز میں مسکرا دیئے۔

غازی عبداللہ قتل عمد کے جرم میں گرفتار کر لیے گئے۔ بہت کہا گیا کہ اقبال جرم سے انکار کر دو تو ممکن ہے سزا سے بچ جاؤ، مگر ہر بار ان کا وہی جواب تھا کہ تم مجھے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضری سے محروم کرنا چاہتے ہو، مجھے یہ ہرگز منظور نہیں، میں اس جرم سے کیسے انکار کر دوں جس پر مجھے فخر و ناز ہے اور جو میری مغفرت کے لیے میری زندگی کا سب سے بڑا کارنامہ ہے۔ مقدمہ چلا اور انہیں موت کی سزا سنا دی گئی۔ عدالت کا فیصلہ سن کر ان کا چہرہ فرط مسرت سے دمک اٹھا اور جب تختہ دار کی طرف بڑھے تو بزبان حال یہ کہتے بڑھے:

؎ جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی　　حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

سچ ہے:

؎ یہ رُتبہ بلند جسے ملنا تھا مل گیا　　ہر بوالہوس کے واسطے دار و رسن کہاں

۵۷۔ ایک بار (فقیر) محمد امیر شاہ قادری، مصنف "تذکرہ علماء و مشائخ سرحد" حضرت شیخ الحدیث صاحبزادہ علی احمد جانؒ کے سامنے بیٹھے حدیث شریف پڑھ رہے تھے کہ آپ پر ایک وجدانی کیفیت طاری ہو گئی۔ فرمایا حضور اطہر و اقدس ﷺ تمہارا یہ حدیث شریف کا پڑھنا سن رہے تھے اور بہت خوش ہوئے۔ ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشآ (تذکرہ علماء و مشائخ سرحد جلد اول صفحہ ۲۵۷)۔

۵۸۔ جو لوگ کہ اہل مراقب اور اہل نسبت ہیں اور جن کا قلب صاف ہے، وہ جس وقت چاہیں حضور سرور کائنات ﷺ کی زیارت سے مشرف ہو سکتے ہیں۔ دہلی کے مرشدی و مولائی حضرت شاہ ابو الخیر نقشبندیؒ بھی اسی صفت سے متصف تھے۔ اللہ تعالیٰ کی ان پر بے حساب رحمت نازل ہو (معراج المومنین صفحہ ۱۳۹) اولاد حضرت مجدد الف ثانی فخر خاندان نقشبندیہ حضرت مولانا شاہ ابو الخیرؒ کے یہاں دستور تھا کہ جب کوئی خادم کسی قسم کی عرض کرتا یا کسی آنے والے شخص کی اطلاع دیتا تو پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھتا، بغیر بسم اللہ شریف پڑھے آپ کے یہاں کوئی کلام نہیں کیا جاتا تھا (راہ و رسم منزلہا از مولانا محمد عبداللہ

marfat.com
Marfat.com

حسب الارشاد حضرت سیّد جماعت علی شاہ لاثانی علی پوریؒ۔ ناشر = محمد اکرام الحق اختر۔ چوک کا چھوپورہ، لاہور)۔

۵۹۔ طالب علمی کے زمانے میں جب مولوی محمد مسیح الدین علویؒ، حضرت مولانا فضل اللہؒ سے پڑھتے تھے کہ ایک شب حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ صورت یہ ہوئی کہ آپ ﷺ ہمارے گھر کی مسجد میں نماز باجماعت پڑھاتے ہیں، میں مسجد میں وضو کر رہا ہوں، اور بہت جلدی کر رہا ہوں کہ جماعت کی نماز میں شریک ہو جاؤں لیکن اس قدر محرومی ہوئی کہ جب میں جماعت کے قریب پہنچا تو حضور ﷺ نے سلام پھیر دیا اور جماعت کی طرف منہ پھیر کر دعا مانگنا شروع کر دی۔ میں اس میں بھی شامل ہوا لیکن چہرۂ انور پر ایک نقاب تھی پس چہرۂ مبارک کی زیارت بھی نصیب نہ ہوئی (سفیر اودھ از مولوی محمد مسیح الدین علوی خان بہادر، صفحہ ۳۸)۔

۶۰۔ پیر میر عزیز اللہ حقانی حضرت عبدالستارؒ کے فرزند ارجمند ہیں۔ ۱۷ برس کی عمر میں آپ اپنے والد ماجد کی اجازت سے اپنا وطن کشمیر چھوڑ کر ذہن و روح کی تشنگی کو فرو کرنے عازم دشت و جبل ہوئے۔ یہ واقعہ قیام پاکستان سے دو سال قبل کا ہے۔ آپ نے لاہور، ملتان اور دیگر کئی مقامات پر عبادت کے لیے کوئی جگہ منتخب کرنی چاہی پر کامیابی نہ ہوئی، یہاں تک کہ کراچی پہنچ گئے۔ وہاں بحالت اعتکاف خواب میں آپ نے ایک پہاڑی دیکھی، جس کی طرف اشارہ کر کے ملہم غیب نے آپ کو وہاں رہنے اور عبادت کرنے کا مشورہ دیا۔ صبح اس کی تلاش میں نکلے اور بالآخر اس پر ہول اور بے آب و گیاہ پہاڑی پر پہنچ گئے، جس میں ایک بہت بڑا غار تھا۔ آپ کو اس پہاڑ میں رہتے قریب ۱۴ سال گزر چکے ہیں۔ یہیں متعدد مرتبہ حضرت رسالت مآب ﷺ نے عالم رویا میں آپ کو شرف حضوری و معانقہ بخشا۔ رمضان شریف کے ایام تھے کہ ایک بار خواب میں آپ حضرت رسول اللہ ﷺ سے اس طرح بغل گیر ہوئے جیسے باپ بیٹے آپس میں بغل گیر ہوتے ہیں۔ آپ نے کچھ تکالیف کی شکایت کی تو سیّد نا رحمت عالم، نور مجسم ﷺ نے بطور نصیحت فرمایا: کہ اگر ظاہر کو خیال کرتے ہو تو امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھو اور ان کی حالت پر غور کرو اور اگر باطن کو دیکھنا ہے تو ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حالت پر غور کرو اور خلق خدا کی خدمت کرو۔" آنکھ کھلنے پر اتنی خوشی ہوئی کہ زمین و آسمان کے خزانے بھی مل جاتے تو اتنی خوشی نہ ہوتی اور شیطانی وساوس دور ہوئے، طبیعت بالکل مطمئن ہو گئی اور قلب میں دین کی خدمت و اشاعت کا شوق پیدا ہوا اور فلاح المسلمین کے لیے کتاب "کامل اکمل حقانی" (جلد اول و دوم) صرف چھ ماہ میں تالیف فرما

marfat.com
Marfat.com

دی۔ یہ ایک عظیم پر از معلومات دینی کتاب ہے۔ لانڈھی کے پر ہول صحرا میں اس پر ہیبت پہاڑ کو جس پر آپ کا قیام ہے، اب لوگ مخدوم پہاڑ کہتے ہیں اور غار کا نام غارِ نور ہو گیا ہے۔ پاکستان کے طول و عرض سے لاکھوں بندگان خدا جوق در جوق آپ سے ملنے آتے ہیں (کامل اکمل حقانی جلد اول صفحہ ۲۱۔ غار نور مخدوم پہاڑ، لانڈھی، کراچی مطبوعہ جاوید پریس کراچی۔ باہتمام خیر علی مالک علی بک ڈپو۔ ۵۴ اردو بازار، کراچی ۲ رمضان المبارک ۱۳۸۳ھ بمطابق ۱۹۶۴ء)۔

۶۱۔ پیر میر عزیز اللہ حقانی مدظلہ العالی نے ایک روز اپنی پہاڑی والی مسجد میں، جس کی سنگ بنیاد پڑ چکی تھی اور دیواریں ابھی تعمیر نہ ہوئی تھیں، محراب میں سرور دو عالم ﷺ کو جلوہ افروز دیکھا۔ مسجد میں کئی دوسرے لوگ بھی موجود تھے مگر حضور اقدس ﷺ نے پیر صاحب کو اپنے پاس بلایا، ان کے دونوں ہاتھ اپنے دست مبارک میں لے کر لفظ بہ لفظ بیعت کی شرطیں پڑھوا کر بیعت کیا، کچھ تسبیحیں ذکر و اذکار کی مرحمت فرمائیں اور تاکید فرمائی کہ تم بھی اپنے مریدوں سے اسی طرح سلوک کیا کرو (کامل اکمل حقانی، جلد اول۔ صفحہ ۳۵ تا ۳۶)۔

۶۲۔ حضرت بایزیدؒ کی طبیعت نے مناسب نہیں سمجھا کہ حج کے ساتھ ہی زیارت مدینہ سے فراغت حاصل کر لی جائے۔ یہ ادب نہیں کہ زیارت مدینہ کو زیارت مکہ کے ماتحت رکھا جائے، چنانچہ حج تو کیا مگر مدینہ منورہ نہ گئے۔ اگلے سال دیار رسول اللہ ﷺ کے لیے الگ خراسان سے رخت سفر باندھا، روضۂ رسول ﷺ پر حاضری دی، آنکھیں اشکبار تھیں اور زبان پر درود و سلام کے پاکیزہ الفاظ، دیر تک روتے رہے اور سلام پڑھتے رہے ....

اتنے میں اُونگھ سی آ گئی۔ دیکھا تو نظروں کے سامنے حضور سرور دو عالم ﷺ جلوہ افروز ہیں اور فرما رہے ہیں: "بایزید اٹھو اور جا کر ماں کی خدمت کرو"۔ (سیرت بایزیدؒ از پروفیسر علامہ فضل احمد عارف ایم اے۔ صفحہ ۶۲ تا ۶۳۔ سنگ میل پبلشرز، اردو بازار، لاہور)۔

تقریباً تیس ۳۰ سال بعد گھر میں قدم رکھا، ماں نے روتے ہوئے دروازہ کھولا، ان کی آنکھیں خراب ہو چکی تھیں، مدت سے بچھڑے ہوئے بیٹے کو گلے لگایا اور رندھی آواز میں کہا: "اے طیفور! تمہاری جدائی کے غم میں روتی رہی ہوں جس سے آنکھیں خراب ہو گئیں اور کمر دُہری ہو گئی۔"

پھر حضرت بایزیدؒ گھر میں مقیم اور ماں کی خدمت میں سرگرم رہے۔ فرماتے ہیں جس کام کو میں تمام کاموں کے بعد کا کام سمجھتا تھا، دراصل اسے سب پر اولیت حاصل تھی اور وہ ماں کی خدمت اور رضا جوئی تھی۔ جو کچھ میں اپنی تمام ریاضتوں، مجاہدوں، خدمت اور پردیس میں تلاش کرتا رہا، وہ سب کچھ مجھے ماں کی خدمت میں مل گیا۔

marfat.com
Marfat.com

آپ کا نام طیفور تھا، کنیت ابو یزید (یا) بایزید، لقب سلطان العارفین، سن ولادت میں اختلاف ہے البتہ سن ۱۸۸ھ درست معلوم ہوتا ہے۔ ایران کے شہر بسطام میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد شیخ عیسیٰؒ بڑے زاہد اور نیک نفس بزرگ تھے۔ حضرت بایزید بسطامیؒ نے ۲۶۱ھ بمطابق ۸۷۵ء میں وصال فرمایا۔ سیّد الطائفہ حضرت جنید بغدادیؒ (ابوالقاسم جنید بن محمد بن جنیدؒ) فرماتے ہیں کہ آپ کی ذات ہمارے درمیان ایسی ہے جیسے حضرت جبرئیل علیہ السلام فرشتوں میں ہیں (زیارات مقدسہ (بلاد اسلامیہ) معہ نادر و نایاب رنگین تصاویر از جناب افتخار احمد حافظ۔ افشاں کالونی، گلی نمبر ۹، راولپنڈی کینٹ)۔

۶۳۔ شیخ شلّی نے اپنی تالیف "المشرع الروّی" میں الشیخ الکبیر السّید ابن عبداللہ حضرمی احمد آبادیؒ کی تاریخ پیدائش ۹۱۹ھ لکھی ہے۔ آپ تریم (ایک بستی کا نام) میں پیدا ہوئے اور ۲۵ رمضان ۹۹۰ھ میں احمد آباد (بھارت) میں وصال فرمایا۔ صاحب تصنیف کامل بزرگ تھے۔ ۹۴۱ھ میں دوسری مرتبہ والد کے ہمراہ حج کیا اور حصول علم کے لیے تین سال مکہ مکرمہ میں قیام کیا۔ حافظ قرآن اور نہایت درجہ قابل تھے۔ کثیر الطواف وعمرہ تھے۔ جب تک مکہ مکرمہ میں رہے برابر آپ کو حضرت رسالت مآب ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل رہا (اردو ترجمہ چوتھی جلد نزہۃ الخواطر صفحہ ۱۵۱ تا ۱۵۳)۔

۶۴۔ حضرت شیخ علی متقی برہانپوریؒ (۸۸۵ھ تا ۷ جمادی الاولیٰ ۹۷۵ھ) کے ایک مرید نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپ ﷺ نے اس سے ارشاد فرمایا کہ "شیخ علی متقی کی پیروی کرو، جو وہ کرے تم بھی کرو"۔ یہ دلیل ہے اس امر کی کہ شیخ علی متقی کا ہر عمل حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی پوری متابعت پر مشتمل تھا (اردو ترجمہ چوتھی جلد نزہۃ الخواطر صفحہ ۲۳۹)۔

علامہ سیّد حکیم عبدالحیٔ حسنیؒ سابق ناظم ندوۃ العلماء، لکھنؤ (یوپی، بھارت) نے آٹھ جلدوں میں عربی میں "نزہۃ الخواطر" لکھی، جس میں برصغیر ہندوپاک کے ایک ہزار سال کی مدت کے اکابر علم، مشاہیر حق اور اجل علما کے مستند تذکرے ہیں۔ اردو میں ان کا ترجمہ ابو یحییٰ امام خان نوشہروی نے کیا، جسے مقبول اکیڈیمی، لاہور نے شائع کیا۔ حکیم عبدالحیٔ صاحبؒ ۱۲ رمضان المبارک ۱۲۸۵ھ کو خانقاہ سیّد علم اللہ، رائے بریلی (یوپی، بھارت) میں پیدا ہوئے تھے اور وہیں ۱۲ جمادی الآخر ۱۳۴۱ھ کو وصال فرمایا۔ آپ ہی مفکر اسلام، نامور تاریخ دان و سیرت نگار حضرت مولانا سیّد ابوالحسن ندوی (علی میاں) قدس سرہٗ کے والد ماجد تھے۔

۶۵۔ عرفات کالونی گوجرانوالہ کے سیف اللہ قادری کی بائیں آنکھ پیدائشی طور پر بینائی سے محروم تھی اور ڈاکٹروں نے اسے لاعلاج قرار دے دیا تھا۔ وہ ایک سال قبل دعوت اسلامی

marfat.com
Marfat.com

کے مدنی قافلے میں شامل ہوا اور اس کے بعد اس نے کثرت سے درود شریف پڑھنا شروع کر دی۔ سیف اللہ قادری پندرہ بیس روز قبل قافلے کے ساتھ ضلع گجرات کے گاؤں ونڈالہ سندھواں گیا ہوا تھا، مسجد میں اعتکاف کی حالت میں اسے خواب میں حضور نبی اکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی، بیدار ہوا تو بائیں آنکھ کی بینائی بحال ہو چکی تھی اور اب اس نے اپنی زندگی دعوت اسلامی کے لیے وقف کر دی ہے (روزنامہ جنگ، راولپنڈی مورخہ ۱۸ رجب ۱۴۲۱ھ بمطابق ۱۷ اکتوبر ۲۰۰۰ء)۔

۲۶۔ جناب غازی احمد (سابق کرشن لال) نے ۱۲ اپریل ۱۹۸۳ء کو اپنے بیٹے ڈاکٹر طاہر جمیل کے دو خواب مجھے تحریر کر کے دیئے تھے، جو کاغذات میں کہیں دب گئے تھے اور اب ملے ہیں، لکھتے ہیں:

میرا بیٹا ڈاکٹر طاہر جمیل آج کل سعودی عرب کی مقدس سرزمین میں ملازمت کے فرائض سرانجام دے رہا ہے۔ پچھلے دنوں عزیز نے اپنے یہ دو خواب مجھے تحریر کر کے ارسال کیے تھے:

عالم خواب میں میں مدینہ منورہ پہنچ گیا، روضۂ مبارک کے دروازے کے سامنے کھڑا ہو کر بڑے سوز و گداز سے درود شریف پڑھنے لگا کہ اتنے میں روضۂ مبارک کا دروازہ کھل گیا، میں اندر داخل ہو گیا اور حجرۂ مقدسہ کے سامنے درود شریف پڑھنے لگا، تھوڑی دیر بعد حجرۂ مقدسہ کا دروازہ بھی خود بخود کھل گیا، میں خوشی خوشی اندر داخل ہوا، اندر تین قبریں تھیں، پہلی قبر کے سرہانے ایک لوح نصب تھی جس پر "محمد رسول اللہ" کے الفاظ تحریر تھے پھر میں قبر مبارک کی پائنتی کی جانب کھڑا ہو کر درود شریف پڑھنے لگا اور دل ہی دل میں خوش ہو رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے آنحضرت ﷺ کی زیارت نصیب فرمائی ہے۔ اتنے میں قبر مبارک میں شگاف ہوا اور حضرت نبی مکرم ﷺ باہر تشریف لے آئے اور فرمایا: کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کیا: حضور (ﷺ) میں اللہ تعالیٰ اور آپ ﷺ کی ذات اقدس سے اپنے گناہوں کی معافی طلب کرنے حاضر ہوا ہوں۔ میری آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور میں ہمہ تن مؤدب ہو کر حضور ﷺ کی خدمت عالیہ میں کھڑا تھا۔ آپ ﷺ نے از راہ شفقت فرمایا: اللہ تعالیٰ نے بھی تمہارے گناہ معاف فرمائے اور میں نے بھی تمہیں معاف کیا۔ حضور ﷺ کے اس ارشاد عالیہ پر میرے بدن کے روئیں روئیں میں خوشی اور مسرت کی لہر دوڑ گئی۔ میں نے حاضری کو غنیمت جانتے ہوئے پھر عرض کیا: حضور (ﷺ)! میں میڈیکل میں پوسٹ گریجویٹ کورس کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ آپ ﷺ میری کامیابی کے لیے دعا فرمائیں۔

marfat.com
Marfat.com

آنحضرت ﷺ نے میری گذارش سن کر فرمایا: "بیٹا! محنت اور لگن سے پڑھنا شروع کر دو، تمہاری کامیابی کے لیے میں دعا کرونگا"۔

صبح جب بیدار ہوا تو خواب کا منظر نظروں کے سامنے تھا۔ اللہ تعالیٰ کے اس خصوصی فضل و کرم پر میں نے اس مقدس ذات کا شکر ادا کیا (غیر مطبوعہ)۔

۶۷۔ ڈاکٹر طاہر جمیل نے دوسری رات عالم خواب میں پھر دیکھا کہ مدینہ طیبہ میں نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کے سامنے حاضر ہوں اور درود شریف پڑھنے میں مصروف ہوں اور یہ خیال ذہن میں ہے کہ آج پھر زیارت کی نعمت عظمیٰ سے بہرہ ور ہونگا، لیکن قبر مبارک کے پاس اباجان (غازیؒ صاحب) مجھے آپ کی شکل نظر آنے لگی، میں نے حضور انور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: میرے آقا (ﷺ)! مجھے آپ ﷺ اپنی شکل مبارک میں کیوں نظر نہیں آرہے؟ جواب کا انتظار کر رہا تھا کہ اردلی نے نماز فجر کے لیے مجھے جگادیا۔

عزیز نے تحریر کیا ہے کہ میں اگلے روز رخصت لے کر خمیس سے بذریعہ کار روانہ ہوا اور مدینہ منورہ پہنچ کر دربار نبوی (ﷺ) میں حاضری دی۔ اس مرتبہ مدینہ منورہ میں جو دلی سکون اور طمانیت حاصل ہوئی، وہ پہلے کبھی نہ ہوئی تھی۔ الحمد للہ علیٰ ذالک (غیر مطبوعہ)۔

۶۸۔ رسالۃ الاولیا میں سیّد ہاشم علوی بیجاپوریؒ تحریر فرماتے ہیں کہ مخدوم بندہ نواز گیسو درازؒ ملک دکن کے صاحب ولایت ایک روز اپنی خانقاہ میں بیٹھے اپنے مریدین اور معتقدین سے ہم کلام تھے۔ ایک شخص جو شہر بغداد شریف کا رہنے والا تھا اس محفل میں موجود تھا۔ بر سبیل تذکرہ کچھ حال، کرامات اور خوارق عادات حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے بیان کرنے لگا۔ یہ سن کر حضرت گیسو درازؒ نے فرمایا کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اپنے وقت کے صاحب ولایت تھے اور اس وقت کا میں صاحب ولایت ہوں۔ بس اس کلمہ کے زبان سے نکلتے ہی فشار عظیم ان کے قلب پر وارد ہوا اور ساری کیفیت ولایت ان کی معدوم ہو گئی، سخت متردد و متوحش ہوئے، بہت تدابیر کیں مگر کوئی سود مند نہ ہوئی۔ آخر اپنے مرشد حضرت مخدوم نصیر الدین چراغ دہلویؒ کی خدمت میں رجوع کیا۔ حضرت مخدومؒ نے فرمایا کہ حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے معاملات میں مجھ کو دم مارنے کی مجال اور قدرت نہیں، البتہ اپنے مرشد گرامی، محبوب الٰہی، حضرت نظام الدین اولیا قدس سرہٗ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں، شاید یہ عقدہ ان کے توسل سے حل ہو جائے۔ جب حضرت مخدومؒ نے سلطان المشائخ حضرت محبوب الٰہیؒ سے عرض کیا تو آپ نے بھی وہی کلمہ ارشاد کیا اور فرمایا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ سے التماس کرتا ہوں، جب حضرت سلطان المشائخؒ نے حضرت

marfat.com
Marfat.com

سلطان الانبیاءﷺ کی خدمت بابرکت میں حال عرض کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ "نور العین، غوث الثقلین از بسکہ حسنین (علیہما السلام) کے پیارے اور فاطمہ زہرا (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے لاڈلے ہیں، ان کے معاملات میں میں دخل نہیں دیتا، پھر بھی تمہاری خاطر فاطمہ زہرا (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کو بلاتا ہوں، شاید ان کے توسل سے مطلب حاصل ہو۔ چنانچہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے آپ کو طلب کر کے حضرت سلطان المشائخ کی سفارش کی۔ ان کے مطابق خاتون جنت رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت محبوب سبحانیؒ سے فرمایا کہ "اے نورِ نظر لخت جگر مخدوم بندہ گیسودراز کی خطا معاف کرو۔ دوبارہ ایسی بے ادبی ان سے وقوع پذیر نہ ہوگی۔" حضرت محبوب سبحانیؒ نے اس پر عرض کیا کہ یا جدہ حاشا یہ امر میری خواہش اور درخواست سے واقع نہیں ہوا اور ارشاد واجب الانقیاد آپ کا موجب سعادت دارین ہے اور مخدوم گیسودرازؒ کی طرف دیکھ کر فرمایا کہ جو نصیحتیں تم کو تمہارے مرشد سے ملی ہیں وہ سب تم کو مبارک ہوں اور دو حصے زیادہ اس کے ہماری طرف سے لو اور اسی وقت مراتب آپ کے دو چند ہو گئے۔

مخدوم بندہ نواز گیسودرازؒ ۷۲۱ھ دہلی میں پیدا ہوئے تھے۔ ۸۲۵ھ میں بعمر ۱۰۴ سال گلبرگہ (گلبرگ شریف، دکن، جنوبی ہند) میں وصال فرمایا۔

۷۹۔ جناب علی اصغر چوہدری لکھتے ہیں کہ میں نے ایک کتاب "حیات رسول ﷺ اور ۹۰۰ سوال و جواب" ۱۹۸۰ء میں مکمل کی تھی جسے مکتبہ تعمیر انسانیت، اردو بازار، لاہور نے دسمبر ۱۹۸۰ء میں پہلی بار شائع کیا تھا۔ جنوری ۱۹۸۱ء میں میرے بھانجے مولوی منظور احمد نقشبندی مجددی کو ایک رات خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوئی۔ انہوں نے میری مذکورہ بالا کتاب کی بابت حضور اقدس ﷺ سے ذکر کیا آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "ہمیں یہ کتاب پسند ہے"۔ انہوں نے پھر میری دوسری کتاب "محمد ﷺ آغوش آمنہ سے غار حرا تک" (مطبوعہ اسلامک پبلی کیشنز، لاہور۔ اپریل ۱۹۸۰ء) کی بابت دریافت کیا۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس میں دو تین غلطیاں ہیں، موقعہ ملنے پر ان کی تصحیح کرادی جائے گی" (یہ غلطیاں اب درست کر دی گئی ہیں)۔

چوہدری صاحب ان دونوں انعام یافتہ کتابوں کے علاوہ کئی دوسری کتابوں کے بھی مصنف ہیں۔ آپ ۱۷ اپریل ۱۹۲۲ء کو موضع کھندہ، ضلع گورداسپور (مشرقی پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۳۸ء میں میٹرک کیا، پھر منشی فاضل، بی اے اور بی ٹی۔ ۱۹۴۷ء میں ضلع سانگھڑ (سندھ) میں آکر آباد ہو گئے اور ۲۵ برس مختلف سکولوں میں ہیڈ ماسٹر رہنے کے بعد ۱۹۸۱ء میں ریٹائر ہو کر اب اللہ یار (ٹنڈو آدم، سندھ) میں بطور ہومیو پیتھ ڈاکٹر پریکٹس کر رہے ہیں۔ آپ

marfat.com
Marfat.com

کے مذکورہ بالا بھانجے کئی بار حضور انور ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل کر چکے ہیں۔

۷۰۔ استاد حدیث امام فراویؒ کے پاس ایک شخص آیا اور کہا کہ میں حضرت رسول اللہ ﷺ کا قاصد ہوں۔ آپؐ نے مجھے خواب میں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ "تم جا کر امام فراوی کو میرا یہ پیغام دو کہ تمہارے پاس ایک گندمی رنگ کا طالب علم (ابن عساکر) میری احادیث کی طلب میں آئے گا، تم اس سے اکتانا مت"۔ چنانچہ اس بشارت کے مطابق جب ابن عساکرؒ امام فراویؒ کی درسگاہ میں آئے تو امام فراویؒ ان کی تعلیم میں اس قدر توجہ فرماتے تھے کہ جب تک ابن عساکرؒ خود ہی نہ اٹھ جاتے تھے، اس وقت تک امام فراویؒ درس سے نہ اٹھتے تھے۔

ابن عساکرؒ نے مختلف شہروں میں جا کر تیرہ سو شیوخ سے احادیث سنیں اور اپنے دور کے نامور اور بے مثل محدث ہوئے۔ درس حدیث اور تصنیف و تالیف کے مشاغل کے ساتھ ساتھ ذوق عبادت اور کثرت نوافل میں اپنی مثال نہ رکھتے تھے۔ نماز اور تلاوت قرآن کے انتہائی پابند تھے۔ ہر رات ایک قرآن مجید پورا پڑھتے اور رمضان المبارک میں روزانہ دو، اک رات اور ایک دن میں۔ رمضان شریف میں ہر سال مسجد اقصیٰ کے منارہ شرقیہ میں اعتکاف فرماتے تھے۔ ہر لمحے اپنے نفس کا سختی سے محاسبہ کرتے تھے اور ملک شام کے رہنے والے تھے اور ۵۷۱ھ میں وصال فرمایا (تذکرۃ الحفاظ جلد ۴ صفحہ ۱۲۳)۔

۷۱۔ حضرت علامہ سیّد یوسف بن سیّد جمال الحسینیؒ جید عالم تھے۔ آپ کے بزرگ مشہد سے ملتان آ کر متوطن ہو گئے تھے۔ آپ سلطان فیروز شاہ کے زمانے میں ملتان سے دہلی آئے۔ سلطان نے آپ کی علمی قابلیت سے متاثر ہو کر آپ کو شاہی مدرسے میں مدرس مقرر کر دیا، جہاں آپ برسوں مسند تدریس و افادہ پر رونق افروز رہے۔ آپ کی خاص کرامت یہ تھی کہ آپ کو ہر جمعرات کو حضرت رسول اکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہوتی تھی۔ آپ نے قاضی نصیر الدین بیضاوی کی کتاب "لب الالباب" کی بابت طویل و بسیط شرح لکھی جو "یوسفی" کے نام سے مشہور ہے۔ "توجیہ الافکار" بھی آپ کی کتاب ہے جو "منار" کی شرح ہے۔ (اخبار الاخیار۔ صفحہ ۱۵۶)۔

۷۲۔ حضرت اسما بنت خمیسؓ فرماتی ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ جب ابن ملجم خبیث کی تلوار سے شدید زخمی ہو کر عالم نزع میں تھے تو میں اس وقت وہاں حاضر تھی۔ دیر تک بے ہوشی کے بعد یکایک آپ چونکے اور ہوش میں آ گئے اور بلند آواز سے فرمایا: مرحبا، الحمد للہ .... حیث نشا (سورت نمبر ۳۹ الزمر۔ آیت ۷۴ کا ترجمہ = خدا کا شکر ہے جس نے اپنے وعدے کو ہم سے سچا کر دیا اور ہمیں اس زمین کا وارث بنایا، ہم بہشت میں جس مکان میں

marfat.com
Marfat.com

چاہیں رہیں)۔ لوگوں نے عرض کیا آپ اس وقت کیا دیکھ رہے ہیں؟ تو فرمایا کہ "یہ رسول اللہ ﷺ ہیں، یہ میرے بھائی حضرت جعفر، یہ میرے چچا حضرت حمزہ ہیں، میں دیکھ رہا ہوں کہ آسمانوں کے دروازے کھلے ہیں اور فرشتوں کی نورانی جماعت میرے پاس جنت کی بشارت لے کر آ رہی ہے اور یہ بی بی فاطمہ ہیں اور ان کے گرد ان کی خدمت گزار حوریں کھڑی ہیں اور یہ میرے جنتی محلات میری نظروں کے سامنے ہیں۔" جب یہ سب کچھ فرمالیا تو پھر آپ کی روح مبارک جنت الفردوس کی سیر کے لیے پرواز کر گئی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون (مستطرف جلد ۲ صفحہ ۲۸۲) (روحانی حکایات حصہ دوم از علامہ عبدالمصطفٰی اعظمی مجددی۔ صفحہ ۱۵۳۔ مکتبہ فریدیہ، ساہیوال)۔

۷۳۔ جناب مولانا محمود الحسن، آستانہ قاضی صاحبؒ، تخت پڑی (براہ روات، راولپنڈی) تحریر فرماتے ہیں کہ غالباً اوائل ۱۹۶۴ء ہے، میں ملک محمد اسلم وارثی مرحوم کے یہاں فروکش ہوں اور اپنے مرید ملک منظور حسین وارثی پر خفا ہو تا ہوں کہ تم سب کچھ چھوڑ کر یہاں آگئے مگر نماز نہیں پڑھتے، منظور حسین نے اٹھ کر وضو کیا اور میرے بستر کے پاس (وارثی فقرا زمین پر سوتے ہیں) نماز پڑھنے لگا، جب کہ اپنی یہ حالت ہے کہ نماز کے لیے تو نہیں اٹھا لیکن حضور نبی کریم ﷺ کے اسمائے مبارک زیر لب پڑھ رہا ہوں۔ دلائل الخیرات میرے اوراد میں شامل تھی، اس لیے اکثر اسمائے مبارک از بر تھے، بستر پر نیم دراز اسمائے مقدسہ تصور میں پڑھ رہا ہوں، صاحب لواء الحمد میری زبان پر آتا ہے کہ حضور سرور کائنات ﷺ اپنے دست مبارک میں سفید رنگ کا جھنڈا لیے تشریف لاتے ہیں، منظر مسجد نبوی کا ہے، برآمدے کے باہر آپ ﷺ نے نعلین مبارک اتار دیئے جو میں نے دوڑ کر اٹھا کر سینے سے لگا لیے۔ میں آپ ﷺ کے عین پیچھے پیچھے جا رہا ہوں، آپ ﷺ روضہ مبارک کے دروازے کے سامنے پہنچ جاتے ہیں، وہاں تالا لگا ہوا ہے اور اس وقت میری زبان پر آپ ﷺ کا اسم گرامی مفتاح الفرج آتا ہے، حضور نبی پاک ﷺ اپنی جیب پاک سے چابی نکالتے ہیں، تالے میں لگاتے ہی دروازہ کھل جاتا ہے اور ایک جم غفیر آپ ﷺ کی پیشوائی کے لیے روضہ کے اندر سے آتا ہے کہ اتنے میں خوشی محمد نامی ایک شخص دروازہ کھٹکھٹاتا ہے جس سے میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ ع روئے گل سیر ندیم و بہار آخر شد

میں اسے حضور اکرم ﷺ کا کرم خاص شمار کرتا ہوں کہ اس دن سے آج تک کوئی نماز قضا نہیں ہوئی اور بعض نمازیں تو ایسی ہوئیں کہ مجھے خود ان پر پیار آتا ہے۔ رفتہ رفتہ زندگی میں انقلاب آگیا۔ احقر اب اس سلسلے سے الگ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کا حلقہ بگوش ہے

marfat.com
Marfat.com

(غیر مطبوعہ)

۷۴۔ جناب مولانا محمود الحسن، آستانہ قاضی صاحبؒ لکھتے ہیں کہ سن مجھے یاد نہیں لیکن ۴ رمضان المبارک تھا کہ مجھے ٹائیفائڈ ہو گیا، بستر پر پڑا ہوں کہ مقدر یاوری کرتا ہے، حضور نبی کریم ﷺ میری چارپائی کے پاس دوسرے پلنگ پر تشریف فرما ہیں اور مسکرا مسکرا کر مجھے دیکھ رہے ہیں۔ بخار بھلا کہاں ٹھہرتا، پسینہ آیا اور غائب، دن کے تقریباً دس بجے تھے اور یہ زیارت بحالت بیداری ہوئی جب کہ میں احرام پوشی ترک کر چکا تھا (غیر مطبوعہ)

۷۵۔ استاذ الحکما، شفاالملک حکیم محمد عبداللہ کے والد ماجد حکیم مولانا محمد سلیمان جیّد عالم دین اور مشہور اہل اللہ تھے۔ طبابت سے خاندانی تعلق تھا پس خیراتی مطب کرتے تھے بمقام روڑی (ضلع حصار، مشرقی پنجاب) ۱۹۴۹ء میں جہانیاں (ضلع ملتان، پاکستان) میں وصال فرمایا۔ عمر ۹۶ سال ہو چکی تھی کہ ایک دن ملاقاتیوں سے فرمایا جمعہ کے دن کا خیال رکھنا، جب جمعہ آیا تو لوگوں نے بتا دیا، فرمایا: جمعے کی بڑی فضیلت ہے، یہ درست ہے لیکن پیر کے دن کی موت آنحضرت ﷺ کی سنت ہے، اس لیے آج نہیں اگلے پیر کو۔ اگلا پیر آیا تو اس دن نہایت اطمینان سے دنیا سے رخصت ہو گئے۔ (انا للہ و انا الیہ راجعون)

راز ظاہر نہ ہونے دیتے تھے۔ اپنے ایک نہایت گہرے دوست کے بے حد اصرار پر ایک مرتبہ بتایا کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا بے حد فضل ہے، الحمد للہ ہر ہفتے کم از کم ایک مرتبہ ضرور آنحضرت ﷺ کی مجھے زیارت نصیب ہو جاتی ہے۔ صوفی قمر الدین آپ کے خادم خاص اور مسجد کے موذن تھے۔ روڑی میں جاڑا سخت تھا کہ ایک رات صوفی صاحب آپ کے حجرے میں چلے گئے، دیکھا کہ رضائی میں سے اس قدر تیز روشنی نکل رہی ہے کہ پورے حجرہ میں آگ لگی معلوم ہوتی ہے، گھبرا گئے اور حکیم مولانا محمد سلیمانؒ کو بیدار کر دیا۔ حکیم صاحب نے ناراض ہو کر فرمایا کہ یہ تم نے کیا کیا؟ حضرت رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے اور زرہ بکتر زیب تن تھی، پھر فرمایا خبردار جو میری زندگی میں اس کا کسی سے ذکر کیا۔ صوفی صاحب کو اس واقعہ کی تفصیلات بالکل نہ بتائیں۔ (غیر مطبوعہ)

۷۶۔ استاذ الحکما حکیم محمد عبداللہؒ نے پہلا حج ۱۹۳۶ء میں اور دوسرا ۱۹۷۳ء میں کیا تھا۔ دوسرے حج کے موقعہ پر حکیم صاحب نے مکہ مکرمہ میں خواب دیکھا کہ مسجد نبوی ﷺ میں ہیں اور حضرت نبی پاک ﷺ آپ کو خانیوال کے ایک شیعہ وکیل کے لیے پیغام دے رہے ہیں کہ "اگر سیدھا راستہ اختیار کرنا چاہتے ہو تو عبداللہ کا راستہ اختیار کرو"۔

حکیم صاحب غلطی سے یہ خواب کسی سے کہہ بیٹھے بس اس کے بعد ہی لوگوں نے

marfat.com
Marfat.com

مکہ مکرمہ میں آپ کو ستایا، کوئی ادھر سے گزر جاتا ہے کوئی ادھر سے، کوئی کچلتا ہے، کوئی لات مارتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ یہ دیکھ کر حکیم صاحب نے اپنے بھانجے حاجی ہدایت اللہ سے کہا کہ مجھے سزا مل رہی ہے کیونکہ میں نے یہ خواب ایک ایسے آدمی کو سنادیا ہے جو متعلق نہ تھا، اس کے بعد حکیم صاحب حجر اسود کی طرف دوڑے، وہاں بہت آدمی تھے لیکن آپ کے لیے راستہ بالکل صاف ہو گیا اور آپ نے نہایت اطمینان سے اس کا بوسہ لیا اور پھر فرمایا کہ میری توبہ قبول ہو گئی اور اللہ تعالیٰ نے خواب کے سلسلے میں میرا قصور معاف کر دیا۔ (غیر مطبوعہ)

۷۷۔ استاذ الحکما حکیم محمد عبداللہ نے "خواص پھٹکری" لکھنے کے بعد "کنز المجربات" حصہ اول تحریر فرمائی، جو ۱۹۲۹ء میں پہلی مرتبہ شائع ہوئی اور اس قدر مقبول ہوئی کہ صدہا حکما نے اس کے نسخہ جات کو معمول مطب بنا کر اپنی پریکٹس کہیں سے کہیں پہنچا دی۔ اسی اثنا میں انگریز سرکار نے "لب المجربات" نامی کتاب لکھنے پر ایک دوسرے حکیم صاحب کو "شفاءُ الملک" کا خطاب دیا۔ قدرتی طور پر حکیم محمد عبداللہ صاحب کو خیال ہوا کہ یہ خطاب تو مجھے ملنا چاہیے تھے مگر دوسرے ہی لمحے اس خیال کو اپنے ذہن سے نکال دیا۔ اگلے روز اخبار میں فوٹو دیکھا کہ وائسرائے ہند اکڑا کھڑا ہے اور وہ حکیم صاحب جن کو شفاالملک کا خطاب ملا تھا اس کو جھک کر مل رہے ہیں۔ یہ فوٹو دیکھ کر صرف اللہ پاک کو حاجت روا ماننے والے اور صرف اس کے حضور سر جھکانے والے حکیم محمد عبداللہ صاحب بے حد پشیمان ہوئے اور توبہ کی کہ میرے دل میں آخر یہ احساس کیوں پیدا ہوا کہ شفاء الملک کا خطاب مجھے ملنا چاہیے تھا، مگر ان باتوں کا کسی سے ذکر نہ کیا، ہر بات اپنے تک محدود رکھی۔ چند روز بعد روڑی کے دواخانے میں بیٹھے تھے کہ ایک صاحب آئے اور کہنے لگے کہ میں آپ کو ایک پیغام پہنچانا چاہتا ہوں، جس کے واسطے خلوت درکار ہے۔ حکیم عبداللہ صاحب ان کو علیحدہ لے گئے۔ انہوں نے فرمایا کہ گذشتہ رات مجھے حضرت رسالت مآب ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے، آپ ﷺ کے ہمراہ حضرات شیخین بھی تھے، ماحول مسجد نبوی کا تھا، مجھے دیکھ کر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "شفا الملک حکیم محمد عبداللہ سے میرا اسلام کہنا"۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی، میں آپ کو یہ پیغام پہنچانے آیا ہوں۔ حکیم صاحب یہ پیام وسلام سن کر آبدیدہ ہو گئے (غیر مطبوعہ)۔

حکومت ہند نے قدر نہ کی تو کیا ہوا۔ آپ کو اس عظیم المرتب دربار سے "شفاالملک" کا خطاب حاصل ہوا، جس پر جتنا بھی فخر کیا جائے کم ہے۔ حق تو یہ ہے کہ شفاالملک، استاذ الحکما حکیم محمد عبداللہؒ نے طب اسلامی کی جو قلمی خدمت انجام دی ہے اس کی نظیر نہیں ملتی۔ آپ نے ایسے ایسے نایاب ونادر اور قیمتی نسخے عام کر دیے جن کو اس سے قبل نہایت نامور طبیب اپنی

marfat.com
Marfat.com

اولاد تک سے چھپاتے تھے اور اپنے ساتھ اپنی قبر میں لے جاتے تھے۔ حکیم صاحب نے ایک ایسے صدقہ جاریہ کی طرح ڈالی ہے جو اپنی مثال آپ ہے۔

۷۸۔ استاذ الحکما، شفاء الملک حکیم محمد عبداللہ مدرسہ خیر العلوم سرسہ (ضلع حصار) میں طالب علم تھے۔ کتاب "احوال الآخرت" زیر مطالعہ تھی۔ عمر تقریباً ۹ برس ہوگی جب پہلی مرتبہ آپ کو حضرت خواجۂ بطحا، ساقیِ کوثر، محسن اکبر ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی تھی۔ آنحضور ﷺ کا لباس سپاہیانہ تھا اور آپؐ فوجی وردی میں ملبوس تھے (غیر مطبوعہ)۔

۷۹۔ فسادات شروع ہو چکے تھے۔ شفاء الملک حکیم محمد عبداللہؒ روڑی ضلع حصار میں تھے کہ ۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان سے چند ماہ قبل آپ نے حضرت رسول پاک ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ حضرت نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ "سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو میرا پیغام دو کہ فسادات ہو رہے ہیں، ان کو ساتھ لے کر فسادات روکو اور مسلمانوں کے لیے کام کرو۔ حکیم صاحب نے بخاری صاحب سے اس خواب کا ذکر کیا اور پھر دونوں نے مل کر بھی یہ کام کیا اور علیحدہ علیحدہ بھی (غیر مطبوعہ)۔

۸۰۔ ۱۹۶۹ء میں جہانیاں میں استاذ العلما شفاء الملک حکیم محمد عبداللہؒ نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مسجد نبوی ﷺ میں موجود ہیں اور حضور ﷺ حضرت صدیق اکبرؓ سے فرما رہے ہیں کہ "عبداللہ کو ایمان کا تعویذ دو"۔

۸۱۔ ۱۹۷۰ء میں استاذ الحکما حکیم محمد عبداللہؒ نے خواب دیکھا کہ مسجد نبوی ﷺ میں علما کا بہت بڑا اجتماع ہے اور مشرقی پاکستان کے حالات بیان کیے جا رہے ہیں کہ اتنے میں آواز آئی کہ مشرقی پاکستان پر بھارتی افواج کا قبضہ ہو گیا۔ یہ سن کر حاضرین جلسہ رونے لگے۔ حضرت نبی الامی ﷺ بھی موجود ہیں اور پیشانی مبارک پر دست مبارک رکھے اظہار تشویش فرما رہے ہیں۔ ایک بزرگ نے اٹھ کر حضرت رسول اللہ ﷺ سے دعا کے لیے عرض کیا تو اس پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "اگر مغربی پاکستان والے نہ سنبھلے تو ان کا حال مشرقی پاکستان والوں سے بھی زیادہ ابتر ہوگا" (غیر مطبوعہ)۔

۸۲۔ ایک عزیز حاجی شہاب الدین تشریف لائے اور کہنے لگے: مبارک ہو، میں ایک بہت بڑی خوشخبری لے کر آیا ہوں۔ عالم خواب میں دیکھا کہ مدینہ منورہ میں ہوں، مسجد نبوی ﷺ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم تشریف فرما ہیں اور اپنے کسی خادم سے فرما رہے ہیں کہ "شفاء الملک حکیم محمد عبداللہ روڑی والوں کو بلاؤ"۔ یہ پیغام سن کر حکیم صاحب کے آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی کہ مجھ سیاہ کار کو میرے آقا (ﷺ) نے بلایا ہے۔ ساتھ ساتھ یہ خیال بھی آیا کہ اللہ تعالیٰ نے

marfat.com
Marfat.com

میری توبہ قبول فرمائی ہے۔اس کے بعد اللہ پاک نے حکیم صاحب کے ہاتھ میں شفا رکھ دی۔ ذلک فضل اللہ یو تیہ من یشاء (قومی ڈائجسٹ۔ لاہور۔ دسمبر ۱۹۸۲ء۔صفحہ ۳۶)۔

استاذ الحکما شفا الملک حکیم محمد عبد اللہ ۲۷ جولائی ۱۹۰۴ء بمقام روڑی، ضلع حصار (مشرقی پنجاب، بھارت) میں پیدا ہوئے اور ۲ دسمبر ۱۹۷۴ء بمقام جہانیاں (ضلع ملتان) وصال فرمایا۔ آپ کے قلم سے لکھی ہوئی اب تک ۶۳ طبی کتب شائع ہو کر مقبول عام ہو چکی ہیں۔ متعدد کتب ابھی شائع ہونا باقی ہیں۔ آپ کا مقولہ ہے کہ جو معالج نسخے ہی کو اپنا روزی رساں سمجھتا ہے وہ اسے چھپاتا ہے لیکن جو اللہ تعالیٰ کو روزی رساں سمجھتا ہے، وہ اسے عام کرتا ہے۔ اسی مقولے پر عمل کی وجہ سے آپ کی تالیفات کو طبی دنیا میں بے مثال مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ قیام پاکستان کے وقت وطن مالوف سے ہجرت کر کے جہانیاں (ضلع ملتان) میں آباد ہو گئے۔ جہاں "دواخانہ سلیمانی" ۱۹۷۱ء میں قائم کیا۔ آپ کی تمام تصانیف ادارہ مطبوعات سلیمانی، اردو بازار، لاہور سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ آپ قادر الکلام شاعر اور نہایت درجہ کامیاب حکیم تھے۔ حکیم نابینا (امام طب حکیم عبدالوہاب انصاری)" سے شرف تلمذ حاصل تھا۔

۸۳۔ ردِّ قادیانیت میں علامہ قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ (رحمت للعالمین والے) "غایۃ المرام" تحریر فرما رہے تھے کہ خواب میں حضرت رسول مقبول ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ "کوئی قادیانی اس کتاب کا جواب نہ دے سکے گا"۔ اور ہوا بھی یہی کہ بارہا یہ کتاب شائع ہو چکی ہے مگر آج تک کوئی قادیانی اس کا جواب نہ دے سکا، حالانکہ قادیانی جواب دینے میں بہت تیز سمجھے جاتے ہیں (دیباچہ "غایۃ المرام" از قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ)۔ لوگوں نے کہا کوئی ایڈا بینڈا جواب دے دے۔ اس پر فرمایا کہ کوئی ایسا بھی نہیں کر سکتا کیونکہ حضرت نبی پاک ﷺ نے ارشاد فرمادیا ہے کہ کوئی اس کا جواب نہ دے سکے گا۔ آج تک یہ بات دُرست ہے اور قیامت تک دُرست رہے گی۔

۸۴۔ مولانا ماہر القادری نے سفر جدہ سے پہلے یہ خواب دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ فرما رہے ہیں: "ماہر جلدی آؤ، حوضِ کوثر پر ہم تمہارا انتظار کر رہے ہیں" (راوی ایوب گونڈوی) ہفتہ وار "ایشیا"، لاہور مورخہ ۴ جون ۱۹۷۸ء بمطابق ۲۷ جمادی الثانی ۱۳۹۸ھ صفحہ ۳۹ + روزنامہ جسارت، کراچی ۱۹ مئی ۱۹۷۸ء۔

کراچی کے الطاف شاہد نے محب النبیؐ حضرت مولانا ماہر القادریؒ کی تاریخ وفات سعادت آیات یوں لکھی:

؎ طلب فرمائیں خود ساقیٔ کوثر پذیرائی شوق اللہ اکبر

marfat.com
Marfat.com

دعائے مغفرت صحن حرم میں — دعا کا جاگ اٹھا ہے مقدر
کھلی ہے اس پہ وہ آغوش مکہ — کہ جو ہے غیرت آغوش مادر
خیال آیا لکھوں تاریخ رحلت — تو یہ احساس جاگا شوق بن کر
اگر ماہر سی موت آئے تو شاہد — تصدق زیست ابھی بانگ اجل پر

ماہر جس محفل میں ہوتے جان محفل نظر آتے۔ ان کی زندہ دلی اور خوش خوراکی ضرب المثل تھی۔ ان کی تمنا بعد مرگ بھی پوری ہوئی۔ جس سرزمین کے لیے تڑپتے تھے، ان کا خمیر اسی مٹی سے بنا تھا، بقول میر انیس

؎ آئے ہیں ڈھونڈتے ہوئے اس ارض پاک کو — سچ ہے کہ خاک کھینچتی ہے اپنی خاک کو

۱۲ مئی کو جدہ میں نعتیہ مشاعرہ میں شرکت کرنی تھی۔ مشاعرہ پڑھنے گئے تھے مگر وہاں ان کا جنازہ پڑھا گیا۔ دو ماہ قبل انگلینڈ سے برمنگھم کی سیرت کانفرنس (۲۷ تا ۲۹ مئی) کے لیے دعوت نامہ شرکت آچکا تھا کہ جدہ سے دعوت نامہ آگیا۔

؎ جدہ گئے پھر آگے بہ صحن حرم گئے — پھر اور آگے نکلے تو سوئے ارم گئے

(از نعیم صدیقی)

حضرت ماہر القادری کا اصلی اور تاریخی نام "منظور حسین" تھا۔ تاریخی اعداد ۱۳۲۴ھ، یہی سن پیدائش تھا۔ والد کا نام محمد معشوق علی، تخلص ظریف تھا۔ وطن کیسر کلاں، ضلع بلند شہر (یوپی، بھارت) تھا، یہیں پیدا ہوئے تھے۔ پندرہ برس حیدر آباد دکن میں گذارے جسے اپنی زندگی کا بہترین دور کہتے تھے۔ مہاراجہ سر کشن پرشاد بڑے علم دوست اور شاعر نواز تھے۔ چھوٹے پیمانے پر برمکی وزراء کی یادگار تھے۔ ۱۹۴۳ء میں حیدر آباد چھوڑ کر دہلی جا بسے۔ مشاعرے اتنے پڑھے کہ کم شاعروں نے پڑھے ہونگے۔ تمام مشاہیر شعراء سے ملاقاتیں اور محبتیں تھیں۔ اسلام نے شاعری کی جو ہمت افزائی نہیں کی اس کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ شاعری کی جوانی رنگینیوں سے بچ نہیں سکتی۔

شعر و ادب کی شہرت اپنی جگہ خود ایک فتنہ عظیم ہے۔ ۱۱ مئی ۱۹۷۸ء جمعرات تھی، رات یعنی شب جمعہ جدہ میں مشاعرہ ہونے والا تھا، جس میں شرکت کے لیے آٹھ پاکستانی شعراء تشریف لائے تھے: حفیظ جالندھری، احسان دانش، ماہر القادری، اقبال عظیم، جمیل الدین عالی، سرور بارہ بنکوی، رحمان کیانی اور وحیدہ نسیم۔ سب سے پہلے وحیدہ نسیم نے اپنا کلام سنایا۔ یہاں کے رہنے والے پاکستانیوں کے لیے کسی نسوانی آواز کو مشاعرے کی سٹیج سے سننے کا یہ پہلا موقعہ تھا۔ رحمان کیانی نے اپنے کلام میں یہ شعر بھی پڑھا:

marfat.com
Marfat.com

؎ تقدیر امم کیا ہے شمشیر و سناں اول | تزئیں چمن آخر تسخیر جہاں اول

ماہر القادری نے چند اشعار تحت اللفظ پڑھے جن میں یہ شعر بھی تھا:

؎ شیرازۂ حیات پریشان ہو گیا | یہ مرحلہ بھی خیر سے آسان ہو گیا

انتقال سے صرف پونے دو گھنٹے پہلے کسی شخص کا اپنے شیرازۂ حیات کا بحسن و خوبی پریشان ہو جانے کا ذکر کرنا کسی پیشین گوئی سے کم نہیں، مگر کسی کو بھی احساس نہ تھا کہ ماہر کے لبوں پر بکھری ہوئی یہ مسکراہٹیں ان کی آخری مسکراہٹیں ہیں۔ ایک دن قبل ہی ماہر حالت احرام میں تھے، عمرہ کیا تھا، دوسری غزل لوگوں کے اصرار پر ترنم سے پڑھی یہ کہہ کر کہ طبعیت کل سے خراب ہے، اس لیے نہیں کہہ سکتا کہ آواز ساتھ دے گی یا نہیں۔ حفیظ جالندھری کے کلام کے ساتھ مشاعرہ کا پہلا دور ختم ہوا تو کافی رات ہوئے دوسرا دور شروع ہوا۔ ایک دن قبل ماہر نے شدید گرمی میں عمرہ کیا تھا اور بہت کمزور دکھائی دیتے تھے۔ دوستوں سے کہہ رہے تھے کہ گو تھکاوٹ محسوس کر رہا ہوں مگر حرم کے در و دیوار سے دل و نگاہ کو جو راحت نصیب ہوتی ہے اس پر جان فدا کرنے کو جی چاہتا ہے۔ پھر کچھ دیر آرام کرنے کی نیت سے مدرسہ صولتیہ چلے گئے، جہاں دو دن بعد ان کو غسل میت دیا گیا۔ نعتیہ نشست دوسرے دور کے بعد شروع ہونی تھی۔ دوسری نشست میں احسان دانش کے بعد حفیظ نے اپنا کلام سنایا۔ اپنا تیسرا شعر بطور طنز ماہر کی طرف دیکھتے ہوئے پڑھا:

؎ بہشت میں بھی ملا ہے مجھے عذاب شدید | یہاں بھی مولوی صاحب ہیں میرے ہمسائے

ماہر اس چوٹ اور بہشت و عذاب کے اجتماع ضدین کو برداشت نہ کر سکے اور مائیک کے پاس آ کر کہا: "یہ غلط جگہ پہنچ گئے تھے"۔ پھر حفیظ سے کہا: میں تو پیار کرتا ہوں اور سب کا بھی خواہ ہوں۔ اس پر حفیظ نے کہا: "دیکھیے یہ مولویت کا جواب دے رہے ہیں"۔ ماہر اپنی نشست کی طرف چلے تو حفیظ نے یہ شعر پھر ان کی طرف دیکھ کر دہرایا، مگر ایک ہی مصرع پڑھنے پائے تھے کہ ماہر پر دل کا شدید دورہ پڑا۔ وہ بیٹھے بیٹھے اس طرح گرے کہ یوں سمجھا گیا گویا تھک گئے ہیں تو کچھ لیٹنے کو جی چاہا ہو گا۔ فوراً ہی ڈاکٹر سٹیج پر آ گئے۔ حفیظ نے دوسرے مصرع کے ساتھ ماہر کو جھک کر دیکھا تو یوں محسوس ہوا جیسے ماہر زبان خاموش میں آخری بات یوں کہہ رہے ہوں: "حفیظ! تم کو مولویت کی وجہ سے میری ہمسائیگی کا عذاب شدید ہے تو میں چلتا ہوں، اللہ حافظ"۔ حفیظ ڈبڈبائی آنکھوں کے ساتھ واپس مائیک کی طرف بڑھے، ہاتھ آسمان کی طرف بلند کیے اور گلوگیر آواز میں حاضرین سے کہا کہ آپ لوگ بھی دعا کریں۔ مگر لوگوں کو یقین نہ آتا تھا کہ ڈیڑھ منٹ پہلے حفیظ کی چوٹ کا ترکی بہ ترکی ہنسی خوشی جواب دینے والا قہقہوں کے

marfat.com
Marfat.com

طوفان میں دائمی سکوت اختیار کرلے گا۔ ۱۹۵۴ء میں ماہر نے اپنی اہلیہ کے ہمراہ فریضہ حج ادا کیا تھا، بچہ کوئی نہ تھا، مسرور چھوٹا بھائی ہے۔ اس زمانے میں مکہ مکرمہ سے مدینہ شریف پہنچنے میں ڈیڑھ دن لگتا تھا۔ جب وصال فرمایا ساڑھے تین بجے رات یعنی تہجد کی نماز کا وقت تھا، شب جمعہ تھی، حرم مکہ میں بعد نماز جمعہ نماز جنازہ ادا کی گئی اور مکہ معظمہ کے عظیم قبرستان جنت المعلیٰ میں سپرد خاک کردیئے گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

ے پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا ‏ ‏ ‏ جب نبیؐ سے اپنا مقدر بنا لیا

ے اللہ اللہ کی قسمت کا فروغ ‏ ‏ ‏ جو در اقدس پہ جا کر رہ گئے

ے جان ہی دے دی جگر نے آج پائے یار پر ‏ ‏ ‏ عمر بھر کی بے قراری کو قرار آ ہی گیا

"ظہور قدسی" از مولانا ماہر القادریؒ یعنی حضرت رسول محتشم ﷺ کے دنیا میں تشریف لانے کا منظر مع درود و سلام بار بار شائع ہونا چاہیے۔ کئی صاحبان کو اس کے ورد کی برکت سے حضور مخبر صادق ﷺ کی زیارت بابرکت شرف کا حاصل ہوا ہے۔ مولانا ماہر القادری فرمایا کرتے تھے کہ حضرت مولانا مودودیؒ کی ملاقات سے پہلے میں نہایت ناکارہ انسان تھا، جب سے مجھ پر مولانا کی نگاہ پڑی دنیا ہی بدل گئی، میرے اندر انقلاب آگیا، شاعری چمک اٹھی اور بری عادات اچھی عادات میں بدل گئیں۔

۸۵۔ مولانا احتشام الحقؒ کی جامعہ مسجد (جیکب لائن، کراچی) سے متصل سہروردیہ سلسلے کے دو صاحب کشف بزرگ رہا کرتے تھے۔ ایک چوہدری اقبال حمید چچا، دوسرے چوہدری منظور بھتیجے۔ ۱۱ اپریل ۱۹۸۰ء کو جب مولانا کا انتقال مدراس (بھارت) میں ہوا اور میت کراچی لائی گئی، نشتر پارک میں نماز جنازہ کے بعد کندھوں پر میت جیکب لائن کی مسجد لائی جارہی تھی، مجمع کثیر تھا، چوہدری منظور نے کشفاً دیکھا کہ ہوا میں معلق چادر مولانا کی میت کے اوپر تنی ہوئی ساتھ ساتھ چل رہی ہے۔ اس کا ذکر انہوں نے اپنے چچا سے کیا تو انہوں نے بھی اس کی تصدیق کی۔

اسی طرح چوہدری اقبال حمید نے خواب دیکھا کہ فرشتے مولانا احتشام الحق کو اپنی معیت میں حضور انور ﷺ کی خدمت اقدس میں لے گئے اور حضور اقدس ﷺ نے مولانا کو دیکھ کر تبسم فرمایا۔ اس خواب کے سرور سے متاثر ہو کر چوہدری اقبال حمید نے دن میں جا کر مولانا کی قبر پر مراقبہ کیا تو مولانا مکشوف ہوئے۔ چوہدری صاحب نے مولانا ممدوحؒ سے پوچھا کہ کیا حال ہے؟ تو آپ نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے درود شریف پڑھنے والوں میں شمار فرمالیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اس طرح ایک مرتبہ چوہدری منظور مولانا کی قبر پر مراقب ہوئے تو دیکھا کہ مولانا ایک وسیع اور پر فضا باغ میں چہل قدمی فرما رہے ہیں۔ مولانا کی قبر مبارک مذکورہ بالا مسجد کے قریب ہی بنائی گئی ہے (ایدھی نیوز لیٹر، کراچی ۲۶ اپریل تا ۲۵ مئی ۱۹۹۹ء)۔

۸۶۔ علامہ واسدیو بار ایٹ لا اپنے سُسر سوامی شاردھانند کی ہدایت کے مطابق دہلی میں ایک سرد رات بارہ بجے مکان کی تیسری منزل میں بیٹھے اسلام کے خلاف زہر اگلنے میں مصروف تھے۔ میز کے اوپر بلب روشن تھا۔ تحریر کے دوران کلمہ طیبہ آیا جس پر نہایت بیہودہ انداز میں تبصرہ کیا کہ یکایک بلب کی روشنی مدھم پڑ گئی اور وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ان کے سامنے ایک نہایت نورانی بزرگ ایستادہ ہیں۔ کانپ گئے اور دریافت کیا کہ آپ کون ہیں؟ یہاں کیسے پہنچے؟ جس پر انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ”میں وہی ہوں جس کا تم تذکرہ کر رہے ہو، اگر مجھے نہیں مانتے تو برا بھلا بھی مت کہو اور یہ کہہ کر غائب ہو گئے۔ علامہ سخت جاڑے کے باوجود پسینے میں شرابور ہو گئے۔ ان کے خیالات میں انقلاب آ گیا اور علی الصبح مسجد میں جا کر امام صاحب کے دست مبارک پر مسلمان ہو کر پنجاب کی طرف روانہ ہو گئے، کیونکہ ہندو مسلم فساد کا خطرہ تھا۔ پنجاب میں ایک عالم اور ایک نوجوان بھی ہمہ وقت ان کے ساتھ تبلیغ میں مصروف ہو گئے۔ ایک دوپہر یہ تینوں حضرات فٹ پاتھ پر چلے جا رہے تھے کہ یکایک وہی رات والے بزرگ عین اسی حلیے میں ظاہر ہوئے اور فرمایا: تم لوگ پنجاب میں تبلیغ کر رہے ہو، حالانکہ تمہیں گجرات (کاٹھیاواڑ، بھارت) کے فلاں شہر میں جا کر تبلیغ کرنی چاہئیے، جہاں ایک شاہی مسجد ویران ہو چکی ہے اور وہاں کے مسلمان مرتد ہو گئے ہیں۔“ یہ تینوں حضرات اسی وقت گجرات روانہ ہو گئے۔ اس شہر میں پہنچ کر وہ مسجد ڈھونڈ نکالی اور اسے بقعہ نور بنا دیا۔ قرب و جوار کے نام نہاد مسلمان پکے اور سچے مسلمان بن گئے (زیارت نبیؐ بحالت بیداری، صفحہ ۱۵۲ تا ۱۵۷ سے ماخوذ)۔

قدسی مقال حضرت علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں: ”شاید لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ اب تبلیغ دین نہیں فرما رہے لیکن اصل حقیقت یہ ہے کہ آپ ﷺ کی کوئی قوت ایسی نہ تھی جسے وقتی یا زمانی سمجھا جائے، آپ ﷺ قیامت تک کے لیے پیشوائے انسانیت ہیں یعنی آپ ﷺ کی ہر قوت قیامت تک کارفرما رہے گی۔ آپ ﷺ کا جلال و جمال بھی قیامت تک باقی رہے گا بلکہ اس سے بھی آگے بہت دور تک آپ ﷺ کا رُوحانی فیض زندگی کے ہر میدان میں کارفرما رہتا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ہماری روحانیت اس قدر لطیف نہیں کہ اپنے زندہ رسول ﷺ کی زندگی بخش فیوض کے عمل و دخل کو محسوس کر سکیں، اگر

marfat.com
Marfat.com

کوئی اندھا شخص سورج کو محسوس نہیں کرتا تو اس سے سورج کی عدم موجودگی ثابت نہیں ہوتی۔ سوال صرف روحانی مناسبت کا ہے، جہاں کوئی روح مناسب قابلیت حاصل کر لیتی ہے تو اس پر اسی وقت بلا تاخیر حضرت رسول اقدس ﷺ کے روحانی فیض کا آفتاب طلوع ہو جاتا ہے، اسی وقت وہ محسوس کر لیتا ہے کہ آپ ﷺ زندہ ہیں، بہ نفس نفیس جہاد کر رہے ہیں، تبلیغ بھی فرما رہے ہیں۔ بھولے ہوؤں کو راستہ بتا رہے ہیں اور گرتے ہوئے گنہگاروں کو تھام بھی رہے ہیں۔"

حضرت مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ (یکم رمضان ۱۲۱۳ھ تا ۲۱ ربیع الاول ۱۳۲۳ھ) سے کسی نے ذکر مولود کے لیے پوچھا تو فرمایا کہ ہم ہر وقت ذکر مولود کرتے ہیں اور کلمہ پڑھ کر سنا دیا اور فرمایا یہ بھی مولود ہی ہے، اگر حضور اقدس ﷺ پیدا نہ ہوتے تو ہم یہ کیوں پڑھتے۔ اس نے کہا بلا واسطہ بھی تو ذکر رسول ﷺ ہونا چاہیے۔ فرمایا: لو ابھی کرتے ہیں اور یہ شعر پڑھ دیا:

؎ تر ہوئی باراں سے سوکھی زمیں یعنی آئے رحمۃ اللعالمین

مطلب یہ ہے کہ ہم بلا قید رسوم، مٹھائی، جلسہ، چراغاں وغیرہ حضرت رسول اللہ ﷺ کا ذکر کرتے رہتے ہیں۔ ایک شخص مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ کے پاس آیا اور کہا: میرا مقدمہ ہے۔ فرمایا: دعا کروں گا۔ اس نے کہا کہ دعا کرانے نہیں آیا یہ تو میں بھی کر سکتا ہوں، یوں فرما دیجئے کہ یہ کام کر دیا۔ مولانا یہ سن کر بہت ناخوش ہوئے اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کو ایسا مختار سمجھنا خلاف توحید اور شرک ہے۔ آپ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ کے شاگرد تھے اور بچپن سے ہی کرامات کا ظہور شروع ہو گیا تھا۔

۸۷۔ حضرت مولانا عبداللہ درخواستیؒ نہ صرف عالمان دین میں نمایاں مقام رکھتے تھے بلکہ اپنے اشغال و افکار کی بنا پر بھی محبوب خلائق تھے۔ آپ کا ارشاد ہے کہ اپنی عمر کا باقی حصہ دیار حبیب ﷺ میں گذارنے کا عزم لے کر مدینہ منورہ پہنچے تھے، لیکن وہاں بشارت ہوئی کہ آپ کا کام پاکستان میں لادینیت، تخریب کاری، دہشت گردی اور کمیونزم کے خلاف علمی و عملی جہاد کرنا ہے۔ لہٰذا واپس آگئے (روزنامہ "نوائے وقت" لاہور مورخہ ۲۶ فروری ۱۹۸۱ء بمطابق ۲۰ جمادی الآخر ۱۴۰۱ھ) (آپ حافظ الحدیث اور پاکستان کے مقبول ترین بزرگ اور عالم تھے۔ چند سال قبل وصال فرما چکے ہیں)۔

۸۸۔ حضرت عبداللہ کا مقبرہ قبرستان پیر عمر (ملتان) میں واقع ہے۔ عالم دین تھے اور درس دیا کرتے تھے، اگر پڑھاتے وقت کوئی مسئلہ دقت طلب آ جاتا تو حجرے میں جا کر دروازہ

marfat.com
Marfat.com

بند کر کے حضرت رسول اقدس ﷺ سے التجا کرتے تو مسئلہ حل ہو کر سمجھ میں آجاتا اور باہر آ کر درس میں مشغول ہو جاتے (اولیائے ملتان از فرحت ملتانی، کتب خانہ حاجی نیاز احمد، اندرون بوہڑ گیٹ، ملتان صفحہ ۱۴۸)۔

۸۹۔ حضرت سیّد عظیم الدین شاہ حجازی حضور سیّد عالم محمد مصطفےٰ ﷺ کے روضۂ اطہر کی جاروب کشی و چراغ بندی کی خدمت پر مقرر تھے۔ علم و فضل کے کوہ گراں اور زہد و اتقا کے پیکر جمیل، ۱۲۰۷ھ میں ملتان کے حاکم نواب مظفر خان شہیدؒ جو خود نہایت بزرگ تھے، حج کے بعد مدینہ منورہ پہنچے اور آپ کا شہرہ سن کر ملتان لانے کی کوشش کی۔ اُدھر آپ کو بارگاہ رسالت مآب ﷺ سے ہندوستان جانے کا حکم ہو گیا۔ ملتان تشریف لے آئے اور اشاعت و تبلیغ کا فریضہ ادا کرنے لگے مگر مدینہ طیبہ کی دوری نے بے چین کر دیا۔ آپ پھر دیار حبیب ﷺ تشریف لائے اور تاجدار کون و مکان ﷺ سے عرض کیا کہ ملتان کا پانی راس نہیں آیا، کیا کروں۔ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جاؤ، جس کنوئیں کا پانی تمہارے زیر استعمال ہے، اس میں کوثر و سلسبیل کی حلاوت پیدا کر دی گئی ہے، وہاں رہ کر تبلیغ اور اشاعت اسلام کرو۔'' ملتان تشریف لائے اور کنوئیں کے پانی میں آب کوثر کا مزہ پایا اور نہایت تندہی سے اشاعت دین کے کام میں مصروف ہو گئے۔ پرہیز گاری کا یہ عالم کہ کبھی کسی سے ایک پیسہ ذاتی خرچ کے لیے نہ لیا۔ مزار مقدس بیرون دولت گیٹ، ملتان میں واقع ہے۔ تعویذ پر یہ قطعہ کندہ ہے:-

حاجی حرمین نیز واعظ خلق	بود زا ولاد غوث محی الدین
سزد ہم ماہ جمادی الثانی	روز شنبہ شدہ بہ خلد بریں
چوں درراہ دیں قوی می بود	سال وصلش قوی عظیم الدین

۱۲۳۱ھ

(اولیائے ملتان۔ صفحہ ۱۲۲ تا ۱۲۳)۔

۹۰۔ رائے چاولہ کا عہد طفولیت سے اسلام کی طرف رُجحان تھا۔ بعالم باطن حضور رسول کریم ﷺ سے فیض یاب ہو کر درجہ ولایت کو پہنچ چکے تھے۔ آپ کا اسلام قبول کرنا بھائیوں کو ناگوار گزرا اور انہوں نے ۱۳۱ھ میں آپ کو شہید کر دیا، مگر بعد میں پشیمان ہو کر سب مسلمان ہو گئے۔ آپ حضرت دیوان چاولی مشائخ (واقع موضع چاولی مشائخ تحصیل میلسی، ضلع ملتان) راجہ ہسپال کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے اور قوم راجپوت ڈھوڈی تھی۔ آپ کی ہمشیرہ بھی مسلمان ہو گئی تھیں۔ موضع کنگن پور رائے چاولہ کی ان ہی ہمشیرہ کے نام سے آباد ہوا تھا۔ آپ کا روضہ سلطان محمود غزنویؒ نے تعمیر کرایا اور جہانگیر بادشاہ نے اپنے عہد میں روضے کی مرمت

marfat.com
Marfat.com

کرائی تھی۔ آپ کے مرید میاں چھتہ نامی کی اولاد مجاوری کرتی ہے، اواخر رمضان میں عرس ہوتا ہے، آپ کے مزار پر بڑے بڑے باکمال بزرگ مثلاً بابا فرید گنج شکرؒ، حضرت بہاؤالدین زکریاؒ، حضرت شہباز قلندرؒ وغیرہ کسب فیض کرتے رہے اور اب تک یہ مقام مرجع خاص و عام ہے، مقابر اہل اسلام میں یہ عمارت نہایت قدیم ہے (اولیائے ملتان، صفحہ ۱۰۴ تا ۱۰۵)۔

۹۱۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب میں کھوکھراپار (سندھ) میں سٹیشن ماسٹر تھا۔ ایک رات تہجد کی نماز ادا کر کے مراقبے کی حالت میں تھا کہ حضور نبی کریم ﷺ تشریف لائے۔ پورا کمرہ خوشبو سے معطر ہو گیا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "علی احمد! کیا تمہیں ہم سے محبت نہیں ہے"؟ میں نے جو کچھ عرض کیا وہ اب یاد نہیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ہماری محبت کے لیے یہ درود شریف پڑھا کرو"۔ اس کے بعد آپ ﷺ تشریف لے گئے۔ درود شریف یہ ہے:

اللھم صلے علے سیّدنا محمدٍ عبدك و نبیك وحبیبك و رسولك النبی الامی و علے الہ و اصحابه و بارك وسلِّم (غیر مطبوعہ)۔

۹۲۔ صوفی عبدالسلام صاحب نے مولف "جمال نقشبند" سے بیان کیا کہ میں ۱۹۶۰ء میں ایک بار دربار گوہربار موہری شریف (گجرات) میں حاضر تھا کہ قبلہ عالم حضرت خواجہ صوفی نواب دین موہروی قدس سرہ' نے ارشاد فرمایا کہ میں نے ایک دن مراقبے میں سوچا کہ روس اور امریکہ چاند پر پہنچنے کی تیاری کر رہے ہیں، کیا یہ اپنے مقصود میں کامیاب ہونگے۔ پھر دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور میری طرف اپنی انگلی بڑھائی۔ میں نے اسے پکڑ لیا اور حضرت رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ دنیا کے گرد ایک سیکنڈ سے کم عرصے میں پندرہ چکر لگائے اور ہر چیز کو دیکھا۔ اس کے علاوہ میں نے بڑے بڑے اولیا اکرام مثلاً امام ربانی حضرت مجدد الف ثانیؒ، حضرت غوث الاعظمؒ، حضرت خواجہ ہجویریؒ، حضرت خواجہ نقشبندؒ اور حضرت خواجہ اجمیریؒ کو آسمانوں پر روحانی سیر کرتے دیکھا۔ یہ سب ذکر کثیر کا صدقہ ہے اور جو لوگ ذکر کثیر کریں گے ایسے حالات کا مشاہدہ کریں گے (جمال نقشبند از صلاح الدین بی اے۔ صفحہ ۲۴۶)۔

حضرت خواجہ محمد نواب الدین موہروی قدس سرہ (پیدائش۔ جموں کشمیر ۱۳۱۹ھ بمطابق ۱۹۰۱ء وصال موہری شریف ۱۳۸۵ھ بمطابق ۱۹۶۵ء) مادہ تاریخ وفات = پیر بینظیر = ۱۳۸۵ سلطان العلما پیر موہری شریف = ۱۳۸۵۔

۹۳۔ حضور اطہر ﷺ کی عمر مبارک جب گیارہ سال کی تھی تو اپنے چچا خواجہ ابو طالب جو تاجر تھے، کے ہمراہ شام تشریف لے گئے۔ جس بستی میں قافلے نے پڑاؤ ڈالا وہاں ایک جھونپڑی میں ایک شخص بحیرہ رہتا تھا۔ سریانی زبان میں جس کے معنی ہیں عبقری، نابغہ یا کامل و

marfat.com
Marfat.com

اکمل انسان۔ یہ شخص بڑا عابد وزاہد اور عیسائیوں میں مانی ہوئی ایک بزرگ ہستی تھی۔ بحیرہ جو کبھی اپنی جھونپڑی سے باہر نہ نکلا تھا اور نہ کبھی قافلے والوں کے پاس آکر بیٹھا تھا، جس دن حضور انور ﷺ وہاں پہنچے تو بحیرہ اپنے حجرے سے نکلا اور خواجہ ابو طالب کے پاس آکر کہا:

"میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ ادھر ایک قافلہ آیا ہے اور اس قافلہ میں ایک لڑکا ہے جو عربی النسل ہے، وہ اہل عرب میں خدا کی طرف سے پیغمبر بنا کر بھیجا جائے گا، وہ عربی زبان میں تبلیغ کرے گا، تم لوگ یہودی یا عیسوی مذہب کی پیروی کرنے پر مجبور نہیں ہو کیونکہ خدا تم اہل عرب کے لیے ایک پیغمبر بھیجنے والا ہے"۔ (محمدؐ رسول اللہ از گونسٹن ویژریل گیورگیو ترجمہ مولانا عبدالصمد صارم الازہری۔ مکتبہ معین الادب، اردو بازار، لاہور۔ صفحہ ۱۱)۔

مذکورہ بالا عیسائی مستشرق و مصنف ۱۵ ستمبر ۱۹۱۴ء کو رومانیہ میں پیدا ہوا، جہاں ساڑھے چار سو سال اسلامی پرچم لہراتا رہا ہے۔ دوسری جنگ عظیم میں وطن چھوڑنے پر مجبور ہو گیا اور فرانس جا کر درس و تدریس اور تصنیف و تالیف میں مشغول ہو گیا۔ فرانسیسی زبان میں اس کی یہ آخری تصنیف ہے، بعد ازاں صوفی بن گیا۔ مصنف نے بڑی کاوش کی اور نہایت درجے تحقیق کے بعد یہ کتاب تحریر کی ہے۔ لکھتا ہے کہ پیغمبر اسلام (ﷺ) دنیا کے بڑے لوگوں میں سب سے بڑے ہیں اور آپ ﷺ کو از سر نو سمجھنے کی ضرورت ہے۔

۹۴۔ ابن ابی الدنیا اور ابن عساکر حضرت سعدؓ بن ابی وقاص سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے قبول اسلام سے تین روز قبل خواب دیکھا کہ میں ایک تاریک اور اندھیرے ماحول میں ہوں کہ دفعتاً مجھے چاند کی روشنی نظر آئی، میں اس روشنی کے پیچھے چلا تو دیکھا کہ کچھ لوگ اس تک پہنچنے میں مجھ سے سبقت حاصل کر چکے ہیں، جب میں ان کے قریب ہوا تو پہچانا کہ وہ ابو بکر صدیقؓ، علیؓ ابن ابی طالب اور زید بن حارثؓ تھے۔ میں نے ان حضرات سے دریافت کیا کہ آپ اس جگہ کب آئے؟ انہوں نے جواب دیا کہ چاند کے روشن ہوتے ہی ہم یہاں پہنچ گئے تھے۔

پھر چند ہی روز بعد میں نے اطلاع پا کر اجیاد کی وادی میں حضور ﷺ سے ملاقات کی اور دریافت کیا کہ آپ ﷺ کی دعوت کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ کی توحید اور اپنی رسالت کی دعوت"۔ میں نے اسے قبول کیا اور کلمہ شہادت پڑھ کر داخل اسلام ہو گیا (خصائص الکبریٰ فی معجزات خیر الوریٰ از علامہ عبدالرحمٰن جلال الدین سیوطیؒ کا اردو ترجمہ، جلد اول صفحہ ۲۷۹)۔

۹۵۔ وجہ نمود کائنات ﷺ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ نے خواب دیکھا کہ ایک نوران

marfat.com
Marfat.com

کے شکم سے نکل کر کرۂ زمین پر پھیل گیا اور ساری زمین کو منور کر دیا۔ اس خواب کی تعبیر انہوں نے یہ کی تھی کہ ان کے بطن سے ایک ایسا بابرکت لڑکا پیدا ہوگا، جس کا دین مشرق و مغرب میں پھیل جائے گا (حجتہ اللہ البالغہ از حجتہ اللہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ مترجم ابو العلا محمد اسمٰعیل گودھروی صفحہ ۵۴۹۔ کتاب منزل، لاہور)۔

۹۶۔ محسن کائنات حضرت رسول اللہ ﷺ کی پیدائش سے قبل ایران پر ایک مشہور بادشاہ حکمران تھا جس کا نام "انوش روان" تھا یعنی ہمیشہ زندہ رہنے والا۔ فردوسی نے اپنے شاہنامہ میں "انوش روان" کو "نوشیرواں" لکھا ہے اور وہ اب اسی نام سے مشہور ہے۔ اس کی سب سے بڑی خوبی اور صفت اس کا عدل تھا پس آج کی دنیا اس کو "نوشیرواں عادل" کے نام سے یاد کرتی ہے۔ اس کے وزیر اعظم کا نام بُزرجمہر تھا، جو بلا کا عاقل اور دانش مند تھا اور اب اپنی دانائی کے حوالے سے ادبی استعارہ بن چکا ہے۔ نوشیرواں نے ایک مرتبہ خواب دیکھا اور اپنے وزیر اعظم سے اس کا ذکر کیا تو اس نے خواب کی تعبیر یہ بتائی کہ قرآن ناطق، حضرت رسول اللہ ﷺ کا ظہور ہونے والا ہے اور ایران اسلام کی ضیا سے بقعہ نور ہو جائے گا۔ فردوسی نے حضرت سراج سبل، امام رسل، رسول موعود ﷺ سے متعلق نوشیرواں کے اس خواب کا ان الفاظ میں ذکر کیا ہے:

چناں دید روشن روانش بخواب — کہ در شب برآمد یکے آفتاب
چہل پایۂ نردباں از برش — کہ می رفت تا اوج کیواں سرش
برآمد بریں نردباں از حجاز — خراماں، خراماں، بکشی و ناز
جہاں قاف تا قاف پر نور کرد — بہر جا کہ بدماتی سرد کرد

(شاہنامہ از فردوسی)

۹۷۔ کسریٰ نے خواب دیکھا کہ ایک سیڑھی زمین سے آسمان تک کھڑی کی گئی ہے اور اس کے گرد لوگ جمع ہیں۔ اتنے میں ایک شخص نمودار ہوتا ہے، جس کے سر پر عمامہ اور جسم پر تہبند اور چادر ہے، وہ سیڑھی پر چڑھا اور اس وقت ندا کی گئی کہ فارس (ایران) کہاں ہے اور اس کے مرد، عورت، باندیاں اور اس کے خزانے کہاں ہیں؟ تو لوگوں نے بڑھ کر ان سب کی گٹھڑیاں باندھیں اور ان کو اس شخص کے حوالے کر دیں جو سیڑھی پر چڑھا تھا۔ کسریٰ یہ خواب دیکھ کر بہت پریشان ہوا کہ غارِ حرا کے چاند حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا نامہ مبارک اس کے پاس پہنچا جسے اس نے چاک کر دیا اور ناراضگی کا اظہار کیا۔ اس کے بعد اس کے بیٹے شیرویہ نے اسے قتل کر دیا (خصائص الکبریٰ فی معجزات خیر الوریٰ حصہ دوم۔ صفحہ ۳۵۔ مترجم حکیم غلام معین

marfat.com
Marfat.com

الدین نعیمی۔ مدینہ پبلشنگ کمپنی، بندر روڈ، کراچی)۔

۹۸۔ ابن سعد نے صالح بن کیسان سے روایت کیا کہ حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن سعید بن العاص نے بیان کیا کہ میں نے ظہور نبوت واسلام سے پہلے خواب میں دیکھا کہ مکہ اور اس کے اطراف کو گہری تاریکی نے ڈھانپ لیا ہے حتیٰ کہ زمین و آسمان تک پوشیدہ ہو گئے ہیں، اچانک زم زم سے ایک نور افشاں قندیل بلند ہونی شروع ہوئی، جتنی وہ نورانی قندیل بلند ہوتی جاتی اتنی ہی اس کی چمک بڑھتی جاتی تھی، یہاں تک کہ مجھے سب سے پہلے اس کی روشنی میں بیت اللہ نظر آیا۔ پھر اس علاقے کی تمام اشیا پہاڑ، عمارات، نباتات اور یثرب کے نخلستان ایسے روشن نظر آئے کہ میں ان پر نیم پختہ کھجوریں دیکھ رہا تھا۔ حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنا یہ خواب جب اپنے بھائی عمرو بن سعید سے بیان کیا تو انہوں نے کہا کہ تم نے عجیب و غریب خواب دیکھا ہے، میرا خیال ہے کہ روشن قندیل عبد المطلب کے گھرانے سے نمایاں ہوگی، کیونکہ چاہ زم زم ان ہی کی تحویل میں ہے اور تم نے اس نور کو چاہ زم زم سے نکلتے دیکھا ہے۔

اس روایت کو دار قطنیؒ نے الامزاد میں بیان کیا ہے۔ ابن عساکر نے بطریق واقدی چند الفاظ کے تغیر کے ساتھ بیان کیا ہے۔ ابن سعد اور بیہقی نے محمد بن عبد اللہ بن عمرو بن عثمان سے روایت کیا ہے کہ حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن سعید متقدمین اسلام سے تھے۔ ان میں قبول اسلام کا جذبہ پیدا ہونے کا واقعہ یہ ہے کہ انہوں نے خواب دیکھا کہ وہ جہنم کے کنارے کھڑے ہیں، جس کی وسعت اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ ان کے والد ان کو جہنم میں دھکیل رہے ہیں اور حضرت رسول اللہ ﷺ انہیں دخول جہنم سے روک رہے ہیں، وہ خوف زدہ ہو کر بیدار ہوئے اور کہا یہ خواب بر حق ہے، پھر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ خواب بیان کیا تو انہوں نے فرمایا کہ اللہ کے رسول ﷺ تمہاری بھلائی کے خواستگار ہیں، تم ان سے رجوع کرو۔ پس وہ حضرت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا کہ آپ ﷺ کس امر کی دعوت دیتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں کہ وہ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد (ﷺ) اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں، تم جن پتھروں کی پوجا کرتے ہو اس سے باز آجاؤ کیونکہ وہ پتھر نہ سن سکتے ہیں نہ دیکھ سکتے ہیں، نہ نقصان پہنچا سکتے ہیں نہ نفع، وہ تو اتنا بھی نہیں جانتے کہ کون ان کی پوجا کرتا ہے اور کون نہیں۔" یہ سن کر حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایمان لے آئے، جب ان کے والد کو اس کا علم ہوا تو انہوں نے طرح طرح کی سختیاں کیں، ڈرایا اور کہا کہ آج سے تمہیں کچھ کھانے پینے کو نہ دوں گا۔ حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس پر کہا کہ مجھے رزق کی پروا نہیں، اللہ تعالیٰ مجھے اتنا رزق دے گا کہ میں بآسانی زندگی بسر کر

marfat.com
Marfat.com

لوں گا اور تم سے سوال نہ کروں گا۔ (خصائص الکبریٰ حصہ اول کا اردو ترجمہ۔ صفحہ ۲۷۸)۔

۹۹۔ طبرانی و بیہقی نے حضرت ابن زمیل جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ میں نے خواب دیکھا اور حضور اقدس ﷺ سے بیان کیا۔ میں نے دیکھا کہ بہت سے لوگ ایک راہ پر چل رہے ہیں جو وسیع، نرم اور فراخ ہے، وہ سواریوں پر جا رہے ہیں، پھر وہ ایک حسین چراگاہ میں پہنچے کہ ایسی حسین چراگاہ پہلے نہ دیکھی تھی، اس کی قسم قسم کی گھاس پر شبنم کے قطرے چمک رہے تھے، میں گویا ان لوگوں کی پہلی صف میں تھا، جب وہ چراگاہ پہنچے تو انہوں نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا اور راہ میں پڑاؤ ڈال دیا اور پھر وہ چلے گئے، پھر دوسرا قافلہ آیا جس میں پہلے سے کئی گنا زیادہ آدمی تھے، انہوں نے بھی چراگاہ کے قریب پہنچ کر اللہ اکبر کا نعرہ لگایا اور راستے میں اپنے کجاوے اتار دیئے، ان میں سے کچھ نے فراخی سے چرایا اور کچھ نے گھاس کاٹ کر گٹھڑ بنا لیے۔ اس کے بعد بہت زیادہ لوگوں کا قافلہ آیا، انہوں نے بھی چراگاہ کے قریب آ کر اللہ اکبر کا نعرہ لگایا اور کہا یہ کیسی عمدہ منزل ہے، پہلے قافلہ کے برعکس جو دائیں بائیں ذرّہ برابر ملتفت نہ ہوا تھا یہ دائیں بائیں جانب ملتفت ہوئے، جب میں نے ان کا یہ حال دیکھا تو میں نے سیدھی راہ کو لازم کر لیا یہاں تک کہ چراگاہ کے آخری کنارے پر پہنچ گیا، اچانک میں نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ ایک ایسے منبر پر تشریف فرما ہیں جس کی سات سیڑھیاں ہیں اور آپؐ سب سے اونچی سیڑھی پر تشریف فرما ہیں، آپ ﷺ کی دائیں جانب گندم گوں اور اونچی بینی والا شخص کھڑا ہے اور وہ قد و قامت میں سب سے بلند ہے، جب وہ بات کرتا تو سب پر غالب رہتا۔ اور آپؐ کی بائیں جانب چھریرے بدن، سرخ رنگ اور میانہ قد کا ایک شخص کھڑا ہے جس کے چہرے پر بکثرت خال تھے، اس کے بال ایسے سیاہ تھے جیسے کوئلہ، جب وہ بات کرتا تو اس کے اکرام میں سب اس کی طرف کان لگا لیتے اور آپ ﷺ کے سامنے ایک بزرگ ہیں جو شکل و شباہت اور ہر چیز میں آپ سے مشابہ ہیں، تمام لوگ اس بزرگ کی پیروی کرتے اور اس سے ارادت مندی کا اظہار کرتے پھر میں نے دیکھا کہ اس بزرگ کے آگے زیادہ عمر کی بوڑھی اونٹنی ہے اور میں نے دیکھا کہ آپ ﷺ اسے گویا ہنکال رہے ہیں۔ یہ خواب سن کر حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سنو: ''وہ جو تم نے نرم و فراخ راستہ دیکھا، وہ ہدایت کا راستہ ہے جس پر تم لوگ اٹھائے گئے ہو اور وہ جو چراگاہ تم نے دیکھی وہ دنیا ہے اور اس کی سرسبزی و شادابی اس کا عیش ہے، میں اور میرے ساتھی عیش و عشرت کے خواہاں نہیں ہوئے اور نہ دنیا نے ہم سے تعلق رکھا، اس کے بعد جو دوسرا قافلہ ہے ان میں سے کچھ کو چراگاہ سے کشادہ روزی دی گئی اور کچھ وہ ہیں جنہوں نے اس میں سے گٹھڑیاں بنا لیں، انہوں نے اس حال میں رہ کر نجات پائی، اس

marfat.com
Marfat.com

کے بعد کثرت کے ساتھ جن لوگوں کو آتے دیکھا اور وہ چراگاہ کے دائیں بائیں مائل ہوئے مگر تم سیدھی راہ گامزن رہتے ہوئے گزر گئے، تو تم اس سیدھی راہ پر ہمیشہ قائم رہو گے یہاں تک کہ مجھ سے ملاقات کرو اور وہ منبر جس کے سات درجوں کو تم نے دیکھا اور مجھے اس کے سب سے اونچے درجہ پر دیکھا تو دنیا کے سات ہزار سال ہیں، اور وہ شخص جس کو تم نے میری داہنی جانب دیکھا وہ موسیٰ علیہ السلام ہیں، جب وہ بات کرتے ہیں تو سب پر غالب رہتے ہیں اور یہ صفت ان میں اللہ تعالیٰ سے کلام کرنے کی وجہ سے ہے اور وہ شخص جو میری بائیں جانب دیکھا عیسیٰ علیہ السلام ہیں، ہم ان کا اکرام اس لیے کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کا اکرام کیا اور وہ بزرگ جو میرے سامنے ہیں وہ ہمارے جد اعلیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں، ہم سب ان کی پیروی کرتے اور ان کی اقتدا کرتے ہیں اور وہ اونٹنی جسے تم نے دیکھا، وہ قیامت ہے جو ہم پر قائم ہو گی، میرے بعد نہ کوئی نبی ہے اور نہ میری امت کے بعد کوئی امت ہے (خصائص الکبریٰ فی معجزات خیر الوریٰ جلد اول کا اردو ترجمہ از حکیم غلام معین الدین نعیمی۔ صفحہ ۳۸۱ تا ۳۸۲)۔

۱۰۰۔ دار العلوم حرم مدرسہ صولتیہ، مکہ معظمہ کے بانی حضرت اقدس مولانا رحمت اللہ کیرانوی نور اللہ مرقدہ' کے بعد آپ کے برادر زادہ مولانا محمد سعید صاحب نور اللہ مرقدہ' مدرسہ صولتیہ کے ناظم مقرر ہوئے تھے۔ اس کے بعد آپ کے صاحبزادے حضرت مولانا محمد سلیم صاحبؒ (متوفی ۲ شعبان المعظم ۱۳۹۷ھ بمطابق ۱۷ جولائی ۱۹۷۷ء) ناظم مقرر ہوئے، پھر آپ کے صاحبزادے مولانا محمد مسعود شمیم صاحبؒ ناظم بنائے گئے۔ آج کل آپ کے جواں سال صاحبزادے جناب محمد حسیم عثمانی سلمہ مدرسہ صولتیہ کے ناظم ہیں۔ مولانا سلیم صاحب اور مولانا شمیم صاحب مصنف / مولف کتاب ہذا کے بے حد قدردان تھے۔ ۱۹۷۳ء میں جب میں نے حج کیا تو مکہ مکرمہ میں مولانا سلیم صاحب نے مجھے حسب ذیل واقعہ سنایا تھا:

ہندوستانی قونصل مقیم جدہ، خان بہادر ڈاکٹر محمد حسین انگریز کی ناک کا بال تھے۔ بلا نوش ہونے کے علاوہ دنیا بھر کے عیوب موجود تھے۔ شراب اور اسپرٹ کی بو منہ سے اس قدر آتی تھی کہ اگر منہ کے قریب ماچس جلادی جائے تو تمام علاقہ اڑ جانے کا خطرہ تھا۔ مولانا محمد سلیم صاحب کے والد ماجد جناب مولانا محمد سعید صاحب ڈاکٹر صاحب کے خاص دوست تھے۔ دونوں سلطان ترکی کی دعوت پر ترکی گئے ہوئے تھے۔ پانی کے جہاز سے حجاز (عرب) واپس آ رہے تھے اور دونوں کا علیحدہ علیحدہ فرسٹ کلاس کے کمروں میں قیام تھا۔ ہمیشہ کی طرح ڈاکٹر صاحب شراب میں دھت تھے کہ بار بار ان کے کان میں آواز آتی: یا اللہ مجھے بچائیے، یا رسول اللہ (ﷺ) مجھے بچائیے۔ ڈاکٹر صاحب بے قرار ہو کر اپنے کمرے سے باہر آئے تو دیکھا کہ

marfat.com
Marfat.com

جہاز کے زینے پر جہاز کا عملہ ایک شخص کی ٹانگیں پکڑے گھسیٹ رہا ہے، اس کا سر بار بار سیڑھیوں سے ٹکراتا ہے اور درد و کرب کی وجہ سے وہ آہیں بھر بھر کر اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کی دہائی دے رہا ہے۔ فوراً دریافت کیا کہ یہ کون شخص ہے اور کیا قصہ ہے؟ عملے نے بتایا کہ یہ بھاگا ہوا ترک سپاہی ہے، چپکے سے جہاز میں آ گیا، معلوم ہوتا ہے جاسوس ہے، ہم اس کو اذیت دے رہے ہیں تاکہ یہ حقیقت سے پردہ اٹھائے۔ ڈاکٹر صاحب کو جلال آ گیا۔ فرمایا: اس شخص کو فوراً رہا کر دو اور اس کا فرسٹ کلاس کا جو کرایہ بنتا ہے، مجھے بتاؤ۔ عملے کو علم تھا کہ ڈاکٹر صاحب نہایت ہی اہم شخصیت ہیں۔ اسی وقت آپ کے حکم کے مطابق عمل کیا گیا۔ ادھر ڈاکٹر صاحب نے مولانا محمد سلیم صاحب کے والد بزرگوار مولانا محمد سعید صاحب کو آواز دی، جوں ہی وہ سامنے آئے تو فرمایا: ایک شخص اللہ اور رسول (ﷺ) کی دہائی دے رہا ہے، ان کو مدد کے لیے پکار رہا ہے اور آپ خاموش ہیں، میرے کمرے میں جا کر میری چیک بک لائیں۔ مولانا نے چیک بک لا دی تو ڈاکٹر صاحب نے عملہ کو بذریعہ چیک کرایہ ادا کر دیا اور اس شخص کو اپنے کمرے میں لے گئے۔ اس سے تمام احوال دریافت کیا تو اس نے کہا کہ میں ترک فوج کا ریٹائرڈ سپاہی ہوں، تین سال ہو گئے کوشش بسیار کے باوجود اب تک میری پنشن وغیرہ کا کچھ نہیں ہوا، تھک ہار کر چوری چھپے اس جہاز میں آ بیٹھا تاکہ اپنے وطن پہنچ جاؤں، عملے نے مجھے دیکھ لیا اور مجھ پر تشدد کیا اور میری فریاد سننے سے انکار کر دیا، جب مجھے بہت تکلیف دی گئی تو میں نے اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کو پکارنا شروع کر دیا کہ آپ تشریف لے آئے۔ ڈاکٹر صاحب نے اس کے زخم صاف کیے، ان پر مرہم لگایا اور اپنے کپڑوں کے سوٹ کیس اس کے سامنے کھول کر ڈال دیئے کہ جو کپڑے اور ٹائیاں پسند ہوں لے لو۔ وہ جھجکا تو خود اچھے اچھے کپڑے منتخب کر کے اس کے حوالے کیے، کھانا منگوا کر اپنے ساتھ کھلایا اور پھر اس سے کہا کہ اپنے فرسٹ کلاس میں جا کر آرام کرے۔ جب جہاز اس جگہ پہنچا جہاں اسے اترنا تھا تو آپ نے اس کو نقد رقم اور رقعہ دیا کہ اگر کوئی زیادتی کرے تو فوراً مجھے مطلع کرے۔ بوڑھا سپاہی ڈاکٹر صاحب کو دعائیں دیتا رخصت ہوا۔ ڈاکٹر صاحب ہر سال پابندی سے شاہانہ انداز میں جدہ سے حج کرنے جایا کرتے تھے۔ ایک سال روانہ ہوا چاہتے تھے کہ بار بار نحیف سی آواز کانوں میں آئی: "یارسول اللہ مدد یارسول اللہ مدد"۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ ایک ضعیف آدمی مدینہ طیبہ سے پیدل چل کر یہاں تک پہنچ گیا ہے کہ حج کرے، مگر اب ہمت جواب دے گئی ہے، غریب اور کمزور ہے۔ فرمایا: اب وہ ہمارا مہمان ہے، اور اب اسے کوئی تکلیف نہ ہو۔ اس کو تمام ارکان حج اپنے ساتھ کرائے اور جتنا بھی آرام پہنچا سکتے تھے پہنچایا۔ بوڑھا آدمی حج کر کے

marfat.com
Marfat.com

دعائیں دیتا روانہ ہو گیا۔ ایک طرف شراب و کباب اور دوسری طرف ڈاکٹر صاحب عشق رسول اللہ ﷺ میں ڈوبے ہوئے تھے۔ اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کا نام سن کر بے قرار ہو جاتے تھے۔ جب ان کی ٹرم ختم ہوئی تو ہندوستان واپس چلے گئے۔ ایک رات خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ڈاکٹر صاحب! آپ ہمارے پاس آ جایئے"۔ یہ جملہ سنتے ہی ڈاکٹر صاحب کے اندر انقلاب آ گیا، ہر برائی سے تائب ہو کر مدینہ شریف روانہ ہو گئے اور وہاں جا کر غریب غربا کا مفت علاج شروع کر دیا۔ امرا سے فیس لیتے تھے۔ تین سال میں کافی دولت کمائی اور کئی مکان خرید کر وقف کر دیئے۔ اس کے بعد وصال ہوا اور اب جنت البقیع میں آرام فرما ہیں (غیر مطبوعہ)۔

۱۰۱۔ حافظ غلام فرید صاحب ڈیرہ غازی خان کے رہنے والے ہیں۔ عمر تقریباً ساٹھ سال، پانچ سال کی عمر میں چیچک نکلی جس کے باعث نابینا ہو گئے، حافظ غضب کا ہے، بینظیر حافظ ہیں، قصیدہ بردہ اور لاتعداد اشعار زبانی یاد ہیں، بے مثل عالم ہیں، تقریر میں بڑی کشش ہے، ایک رکعت میں پندرہ پارے بارہا سنائے، گذشتہ ۳۵ سال سے مسجد پتھر والی، راہو جا روڈ سکھر میں امام و خطیب ہیں اور وہیں مقیم ہیں۔ مدرسہ غوثیہ، سکھر میں قرآن و حدیث کے استاد ہیں۔ بارہا حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہو چکے ہیں اور ہر سال رمضان میں عمرہ کے لیے جاتے ہیں۔ ۱۴۰۸ھ کے رمضان المبارک میں مصنف/مولف کتاب ہذا نے حافظ صاحب کی امامت میں تراویح کے اندر ختم قرآن مجید کی سعادت حاصل کی۔ آخری رات حافظ صاحب نے ایک رکعت میں سوا چار پارے سنائے اور پھر عمرے کے لیے روانہ ہو گئے۔ یوں معلوم ہوتا تھا قرآن پاک نازل ہو رہا ہے۔ ایک رات نبی پاک ﷺ نے حافظ صاحب سے مصافحہ کیا، جب بیدار ہوئے تو ہتھیلی میں ایسی اعلیٰ درجے کی خوشبو تھی کہ اس سے پہلے نہ سونگھی تھی۔ نماز فجر کے لیے وضو جو کیا تو زائل ہو گئی۔ حافظ صاحب جب ذکر کرتے ہیں تو چھا جاتے ہیں کہ کیفیت الفاظ میں بیان نہیں کی جا سکتی (غیر مطبوعہ)۔

۱۰۲۔ ۱۸۹۴ء میں مولانا محمد علی مونگیریؒ، خلیفہ اجل حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ نے خواب دیکھا کہ حضور انور ﷺ ہدایت فرما رہے ہیں کہ لکھنؤ میں عربی کا ایک مدرسہ قائم کرو۔ مولانا نے خان بہادر اطہر علی اطہر سے ذکر کیا، جو عاشق رسول ﷺ تھے اور حکومت میں بھی ان کی بڑی پہنچ تھی کہ وکیل، میونسپل کمشنر، آنریری مجسٹریٹ کیا کچھ نہ تھے۔ اطہر تخلص تھا۔ اچھے شاعر اور ادیب تھے۔ ۱۲۶۳ھ بمطابق ۱۸۴۷ء میں پیدا ہوئے اور جمادی الاول ۱۳۲۶ھ بمطابق ۱۹۰۷ء میں مدینہ طیبہ میں وصال فرمایا اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔ خان بہادر

marfat.com
Marfat.com

صاحب نے اس حکم کی بجا آوری اپنے اوپر لازم کر لی اور وائسرائے سے ملے، جس نے کہا کہ یوپی کے گورنر سے ملو۔ گورنر یوپی سر جیمس لاٹوش سے ملے، جس نے منظوری دے دی اور ندوۃ العلما کا افتتاحی اجلاس ۱۸۹۷ء میں لکھنؤ میں ہوا جس کے لیے صوبائی حکومت نے ۴۰ ہزار روپے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر خان بہادر صاحب نے شاندار خطبہ پڑھا اور یوں ندوۃ العلما، لکھنؤ کا قیام وجود میں آیا (سخنوران کاکوری از حکیم نثار احمد علوی۔ صفحہ ۷۸۔ میخانۂ ادب، ناظم آباد، کراچی)۔

۱۰۳۔ حضرت علامہ سمہودیؒ فرماتے ہیں کہ اس میں قطعاً شک نہیں کہ سیّد دو عالم ﷺ وصال کے بعد زندہ ہیں اور اسی طرح تمام انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام بھی اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور ان کی یہ زندگی شہدا کی اس زندگی سے بہتر ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کیا ہے (وفاء الوفا صفحہ ۴۱۵ج۲۔ تسکین الصدور)۔

علامہ شعرانی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے عظیم احسانات میں سے مجھ پر یہ بھی احسان اور انعام ہے کہ سیّد دو عالم ﷺ کے دربار عالی کا حاضر باش ہوں، اکثر اوقات یوں ہوتا ہے کہ میرے اور روضۂ اقدس کے درمیان فاصلہ بہت ہی کم رہ جاتا ہے، میں اپنے ہاتھ کو روضہ اطہر پر پاتا ہوں اور اسی طرح محبوب عالم ﷺ کے ساتھ کلام کرتا ہوں، جس طرح اپنے پاس بیٹھے ہوئے کے ساتھ گفتگو کی جاتی ہے (المنن الکبریٰ مطبوعہ مصر صفحہ ۱۴۲) (رحمت کائنات صفحہ ۲۵۶) (سیرت طیبہ جلد سوم از علامہ عبدالعزیز عرفی۔ صفحہ ۳۶ تا ۳۷)۔

۱۰۴۔ مولوی عبدالحق کانپوری مصنف "البرامکہ" نے مولانا محسن کاکوروی کو ۲۵ جمادی الثانی ۱۳۰۹ھ کو خط لکھا کہ میں آپ کو خوشخبری سناتا ہوں کہ جب میں مدینہ طیبہ میں دراقدس پر حاضر تھا، تو اس زمانے میں میرے دوست مولوی مظفر الدین حیدر آبادی نے اپنا خواب سنایا۔ "ایک شب مجلس بابرکت حضور سرور کائنات ﷺ میں باریابی ہوئی تو دیکھا کہ شہیدی اپنا قصیدہ سنا رہے ہیں۔ اس پر حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "محسن کا سراپا سناؤ، وہ بہت اچھا ہے اور ہمارے یہاں مقبول ہے۔" (سخنوران کاکوروی صفحہ ۳۴۴) (قصیدہ مدیح الخیر المرسلین ﷺ)۔

علامہ حاجی مولوی نورالحسن علوی حضرت مولانا محسن کاکوروی کے صاحبزادے تھے۔ ۷ شعبان ۱۲۸۲ھ بمطابق ۱۸۶۵ء میں پیدا ہوئے اور ۶ ستمبر ۱۹۳۶ء بمطابق ۱۳۵۵ھ کو وصال فرمایا۔ وکیل تھے، نیّر تخلص تھا اور اپنے والد کو "میاں جان" کہتے تھے۔ آپ ہی "نوراللغات" کے مؤلف ہیں۔ ۱۹۲۶ء میں "نوراللغات منزل" میں عالم رویا میں اپنے والد کی زیارت کی، جو

marfat.com
Marfat.com

کوٹھی کی روش پر ٹہل رہے تھے اور پسندیدگی کا اظہار فرما رہے تھے۔ آپ کے بیٹے طاہر محسن علوی ۱۹۰۵ء بمطابق ۱۳۲۳ھ میں پیدا ہوئے۔ قیام پاکستان کے وقت کراچی آبسے اور وہیں انتقال ہوا۔

میر نذر علی دردؔ کاکوروی قیام پاکستان پر کراچی آگئے تھے۔ بزرگ تھے اور نہایت احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ "بزم محسن" قائم کی ہوئی تھی۔ ۲۷ جون ۱۹۷۲ء کو بعمر ۸۲ سال عصر کی نماز ادا کرتے ہوئے بحالت سجدہ خالق حقیقی سے جاملے۔ بزم محسن اجڑ گئی، میخانہ ادب ویران ہوگیا۔ مزار عزیز آباد، کراچی کے قبرستان میں ہے (سخنوران کاکوروی۔ صفحہ ۳۸۳)۔

۱۰۵۔ شیراز میں شیخ ابو الصائب مالدار تاجر کا انتقال ہوا، جنہوں نے کافی دولت کے ساتھ ایک موئے مبارک بھی چھوڑا۔ بڑے بیٹے نے تمام دولت پر قبضہ کر لیا، جب کہ چھوٹے بیٹے نے موئے مبارک پسند کیا جسے وہ اپنے پاس رکھتا، اسے سونگھتا، بوسے لیتا اور ہر وقت درود شریف پڑھتا۔ بڑے بیٹے کا تمام مال برباد ہو گیا جب کہ چھوٹے بیٹے کے کاروبار میں اضافہ ہوتا رہا۔ موت کے وقت اس نے وصیت کی یہ موئے مبارک میری دائیں آنکھ میں رکھ دینا جس پر عمل کیا گیا۔ (تبرکات کا تاریخی جائزہ از ڈاکٹر سیّد مجتبیٰ حسن)۔

۱۰۶۔ بشر بن عمران مجی ومقری (ہجے پڑھانے اور قرأت سکھانے والے) نے قرآن شریف سبعہ قرأت سے حاصل کیا تھا اور بڑی محنت کی تھی اور بہت نیک سیرت تھے۔ خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ آپ ﷺ نے بشارت دی کہ "تو سات مقتدر لوگوں کے ساتھ جنت میں جائے گا" (جمال الاولیا صفحہ ۱۸۴) (النور بابت ماہ صفر ۱۳۶۲ھ)۔

۱۰۷۔ ابو عبد اللہ محمد بن سعید بن معن القرضی فقیہہ، عالم صالح بزرگ اور صاحب خیر و برکت تھے۔ علم حدیث کا ان پر غلبہ تھا۔ علم حدیث میں آپ کی متعدد تصانیف ہیں، جن میں سب سے مشہور "المستصفی" ہے، جس کو آپ نے کتب سنن سے جمع کیا تھا اور اس پر بہت محنت کی تھی۔ یہ بابرکت کتاب یمنی علما میں بہت رائج ہے۔ شریف ابو الجدیر کہا کرتے تھے کہ مکہ مکرمہ کے ایک بزرگ نے حضور انور ﷺ کی زیارت کی۔ آپ ﷺ نے ان سے فرمایا: "جس نے کتاب "المستصفی" مصنفہ محمد بن سعید پوری پڑھ لی وہ جنت میں داخل ہوگا۔" اس کو شرجی نے بیان کیا (جمال الاولیا صفحہ ۱۸۲) (النور بابت ماہ صفر ۱۳۶۲ھ)۔ کاش اس کا اردو ترجمہ عام ملنے لگے تاکہ لوگ مطالعہ کریں۔

ابو عبد اللہ محمد بن سعید نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ نے ان کے لیے استقامت کی دعا فرمائی (جمال الاولیا صفحہ ۱۸۲) (النور بابت ماہ صفر ۱۳۶۲ھ)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۰۸ تا ۱۱۰۔ حضرت سیّدہ نفیسہؒ ۱۴۵ھ میں مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئیں۔ ۱۷۳ھ میں مع اہل و عیال وارد مصر ہوئیں اور پھر پوری زندگی وہیں گذار دی۔ پیکر زہد و تقویٰ اور مستجاب الدعوات تھیں۔ زندگی میں تیس حج کیے اور سب پیدل۔ آپ کی وجہ سے بہت سے یہودی داخل اسلام ہوئے۔ پرانے قاہرہ میں آپ کا روضہ مرجع خلائق ہے۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ تک سے لوگ آپ کی زیارت کے لیے مصر آتے ہیں۔ جب بھی کوئی مشکل پیش آئے مصر کے لوگ سیّدہؒ کے پاس دعا کے لیے حاضر ہوتے ہیں۔

حضرت سیّدہؒ کے والد حسن الانوار بچی کو لے کر حضور انور ﷺ کے حجرے میں داخل ہوا کرتے اور آپ ﷺ کو مخاطب کر کے فرماتے: اے اللہ کے رسول (ﷺ)! میں اپنی بیٹی سے بہت خوش ہوں۔ ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میں بھی نفیسہ سے خوش ہوں حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ بھی اس سے خوش ہے'' (الجواہر النفیسہ از محمد عبدالخالق سعد)۔ حضرت سیّدہ کی عمر جب ۱۵ برس کی ہوگئی تو اُن کے زہد و تقوی کی وجہ سے بہت سے لوگوں نے شادی کی پیش کش کی، مگر والد محترز رہے یہاں تک کہ حضرت جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے اسحاق المؤتمن نے شادی کا پیغام بھیجا، مگر سیّدہ کے والد نے کوئی جواب نہ دیا۔ جس پر جناب اسحاق حضرت رسول اللہ ﷺ کے حجرہ شریف میں داخل ہوئے اور آپ ﷺ کو مخاطب کر کے عرض کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! میں نے نفیسہ کے لیے اس کے باپ کو پیغام دیا مگر وہ خاموش رہے، حالانکہ میرا شادی کا پیغام صرف اور صرف سیّدہ کے تقویٰ وزہد کو مدنظر رکھ کر تھا۔ اس کے بعد سیّدہ کے والد ماجد نے ایک رات حضور انور ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ فرما رہے ہیں: ''اے حسن! اپنی بیٹی نفیسہ کو اسحاق المؤتمن کے عقد میں دے دے''۔ انہوں نے حضور اقدس ﷺ کے فرمان کی تعمیل میں اپنی بیٹی کا عقد اسحاق سے کر دیا (الجواہر نفیسہ)۔ حضرت سیّدہ قرآن پاک کی عاشقہ صادقہ تھیں، دن کو روزہ رکھتیں اور رات کو عبادت میں گزارتیں۔ تین دن میں ایک مرتبہ کھانا کھاتی تھیں اور جب کھانے کی طلب ہوتی مصلے کے سامنے دستر خوان آن موجود ہوتا۔ فرماتیں الحمدللہ حضرت مریم علیہا السلام کے حصہ میں سے مجھے بھی اللہ نے عطا فرمایا ہے۔

۲۰۱ھ کے ماہ رمضان میں بروز جمعہ شدید بیمار ہوگئیں۔ طبیبوں نے روزہ افطار کرنے کا مشورہ دیا تو فرمایا کہ تیس سال سے اللہ سے دعا کر رہی ہوں کہ بحالت روزہ مجھے وفات دے، اب موقع میسر آیا ہے۔ رمضان کے آخری جمعہ کو حالت خطرناک ہوگئی تو آپ نے سورہ انعام تلاوت کرنے کو کہا اور اسی دوران روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ آپ کا

marfat.com
Marfat.com

وصال حضرت امام شافعیؒ سے چالیس سال بعد ہوا۔ وصیت فرمائی کہ تدفین کا بندوبست سوائے میرے شوہر کے کوئی اور نہ کرے۔ خلق کثیر جمع ہو گئی، تمام رات شمعیں روشن رہیں اور ہر گھر سے آہ و بکا کی آوازیں آتی رہیں۔ خاوند نے تابوت بنوایا اور مدینہ طیبہ میں بقیع میں دفن کا ارادہ کیا۔ مصر سے لوگ حتیٰ کہ امیر خود چل کر آیا اور درخواست کی کہ انہیں مصر سے باہر نہ لے جائیں، مگر شوہر نے انکار کر دیا۔ رات ان کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اے اسحاق! مصر کو نفیسہ سے محروم نہ کر کیونکہ اہل مصر پر نفیسہ کی وجہ سے برکتوں کا نزول ہوتا ہے''۔ چنانچہ سیّدہ کو اسی قبر میں دفن کر دیا گیا جو انہوں نے خود اپنے لیے تیار کروا رکھی تھی۔ روضہ کے ساتھ شاندار مسجد ہے اور آج تک کرامات کا بکثرت ظہور جاری ہے (الجواہر النفیس) (رویائے صالحہ حصہ اول صفحہ ۴۲) (مشارق الانوار) (سیرت ائمہ اربعہ)۔

سیّد عبدالوہاب شعرانیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالمواہب شاذلیؒ نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ ''جب بھی تجھے کسی چیز کی ضرورت ہو تو نفیسہ کو نذر پیش کر خواہ نذر ایک درہم ہی ہو، اللہ تعالیٰ تیری ضرورت کو پوری کر دے گا۔''

مصنف کتاب ''محمد عبدالخالق سعد'' کے والد کے پہلو میں سخت درد اٹھا، جس کی وجہ سے رات دن سو نہ سکتے تھے۔ ایک مرتبہ سیّدہ کے توسط سے دعا کی جس کا الہام بھی اللہ تعالیٰ نے خود کیا تھا۔ والدہ آرام کر رہی تھیں۔ والد نے حضرت سیّدہ کے توسط سے دعا مانگی تو عین عالم بیداری میں دیکھا کہ سیّدہ دروازے میں داخل ہوئیں۔ سیاہ چادر اوڑھ رکھی تھی جو جسم کو سر سے پاؤں تک ڈھانپے ہوئے تھی۔ حضرت سیّدہ نے تین مرتبہ ان کے بدن کے اس حصہ پر ہاتھ پھیرا جہاں سخت درد تھا کہ یکایک درد کافور ہو گیا، پھر پتہ نہ چلا کہ سیّدہ کس طرف چلی گئیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مہربانی اور سیّدہ کے توسط سے کامل شفا بخش دی (الجواہر النفیسہ)۔

حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے حضرت سیّدہ کی تقریباً ۱۵۰ کرامات بیان کی ہیں۔ آپ کی قبر کے قریب اگر اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے تو مقبول ہونے کی شہرت عام ہے، اسے آزمایا بھی گیا ہے۔

۱۱۱۔ حلیمہ مختار (گجرات) نے خواب دیکھا کہ خانہ کعبہ کی ایک دیوار کے ساتھ حضرت نبی کریم ﷺ بیٹھے ہیں۔ آپ ﷺ نے مجھے ایک کالا کپڑا دیا جس طرح عورتیں سلک کا سکارف پہنتی ہیں اور فرمایا: ''یہ تمہارا ہے۔'' میں واپس جانے لگی تو خیال آیا کہ یہ تو نبی کریم ﷺ ہیں۔ میں پھر واپس مڑ کر آپ ﷺ کے ہاتھوں کو چومتی ہوں۔ اس کی تعبیر بتائیں۔

تعبیر از میاں مشتاق احمد عظیمی: خواب ماشاءاللہ اچھا ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھنا دنیا کی سب نعمتوں سے افضل ہے۔ اللہ پاک دین و دنیا کی تمام نعمتوں سے آپ کو مالا مال

marfat.com
Marfat.com

فرمائے گا۔ باوضو اور بغیر وضو کثرت سے درود شریف کا ورد کیا کریں (فیملی میگزین ۲۳ تا ۲۹ جولائی ۲۰۰۰ء۔ صفحہ ۴۸)۔

۱۱۲۔ پونے دو گھنٹہ کا سفر ۱۶ روز میں طے ہوا۔ پی آئی اے کا بوئنگ جہاز ۲ مارچ ۱۹۸۱ء کو کراچی سے پشاور جارہا تھا کہ چار بجے کے قریب تین مسلح ہائی جیکروں نے اسے اغوا کرلیا، جس میں ۱۹ خواتین، ۹ بچے اور ۱۰۹ مرد سفر کررہے تھے۔ جہاز کے عملے کی تعداد ۱۱ تھی۔ ۶ مارچ کو تمام خواتین اور بچوں کو رہا کردیا، مگر بیگم انور جہاں جو عمرہ کرکے کراچی آئی تھیں اور اب پشاور جارہی تھیں وہ اپنے بیٹے جاوید رضا اور دیگر یرغمالیوں کے ہمراہ جہاز ہی میں رہیں۔ کابل ایرپورٹ پر جہاز میں جاوید رضا نے خواب دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ نہایت پیار اور محبت سے تمام یرغمالیوں کے سر پر دست شفقت پھیر رہے ہیں تو اس وقت خواب کی کوئی تعبیر سمجھ میں نہ آئی مگر رہائی کے بعد ۱۶ مارچ کو یہ مسافر عمرہ ادا کرنے سعودی عرب کی حکومت کے مہمان کے طور پر مکہ مکرمہ پہنچے، جہاں انہوں نے عمرہ ادا کیا اور مدینہ منورہ میں روضۂ اقدس پر حاضری دی اور ۱۶ دن کے عرصے کے بعد یہ مسافر دوپہر کو اپنی منزل مقصود پشاور پہنچے، جہاں صدر ضیاالحق اور دیگر معززین نے ان کا استقبال کیا۔

اغوا کے بعد طیارہ کابل لے جایا گیا جہاں مرتضٰی بھٹو نے کرنسی نوٹوں سے بھرا ہوا چمڑے کا ایک بکس ہائی جیکروں کے حوالے کیا۔ سٹین گن اور دوسرا اسلحہ بھی فراہم کیا گیا۔ ہائی جیکر باری باری سولیتے تھے مگر مسافر ۱۳ روز سو نہ سکے، بس کبھی کبھی اونگھ لیتے تھے۔ ۶ مارچ کو ہائی جیکروں نے انتہائی بہیمانہ طریقے سے ایک سفارت کار مسٹر طارق رحیم کو گولی مار کر شہید کردیا اور نعش جہاز سے باہر پھینک دی۔ اس واقعہ سے تمام مسافروں کی کمر ٹوٹ گئی اور موت سروں پر منڈلاتی نظر آنے لگی، کیونکہ ہائی جیکر مسلسل خطرناک نتائج کی دھمکی دے رہے تھے۔ مسافروں کو آپس میں بات چیت کی اجازت نہ تھی پس کبھی کبھار کھڑکی سے باہر جھانک لیتے تھے۔ مسافروں کو مجبور کیا گیا کہ وہ پیپلز پارٹی اور مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کی حمایت میں اور پاکستان کے خلاف نعرے لگائیں۔ ۸ مارچ کو رات گئے طیارہ دمشق روانہ ہوا اور ۹ مارچ صبح ۵ بجے دمشق ایرپورٹ پر اترا۔ حکومت پاکستان نے ہائی جیکروں کا یہ مطالبہ تسلیم کرلیا کہ پاکستان میں مختلف سنگین جرائم میں ملوث ۵۴ افراد کو رہا کرکے دمشق پہنچادیا جائے اور یوں ۱۴ مارچ کو ہائی جیکروں نے یرغمالی مسافروں کو رہا کردیا (روزنامہ نوائے وقت ۱۹ مارچ ۱۹۸۱ء سے ماخوذ)۔

۱۱۳۔ شرح "منہاج" میں تحریر ہے کہ ایک نیک شخص نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا اور دریافت کیا کہ آپ ﷺ کے نزدیک کونسا درود شریف زیادہ پیارا ہے تو

marfat.com
Marfat.com

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اللھم صل علی محمد ن الذی ملات قلبه ' من جلالك و عینه من جمالك و اذ نه من لذیذ خطا بك" پڑھا کر" (ترجمہ: اے اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر وہ ذات کہ جن کا دل تیرے جلال سے پُر ہے اور جن ﷺ کی آنکھیں تیرے جمال سے اور جن کے کان تیرے خطاب سے۔ (خیر المونس جلد دوم، صفحہ ۱۸۵)۔

۱۱۴۔ حضرت خواجہ حذیفۃ المرعشیؒ جب حضرت نبی کریم ﷺ کے روضۂ منورہ پر حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے ان کو دیدار فائز الانوار سے مشرف فرمایا۔ حضرت حذیفہؒ نے رو کر عرض کیا کہ مجھے ہر وقت خوف لگا رہتا ہے کہ کہیں قہر الٰہی کا نشانہ نہ بن جاؤں۔ حضرت رسول مقبول ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اے حذیفہ! ہمت مردانہ رکھ، تو میرے ہمراہ بہشت میں جائے گا اور جو شخص تجھ سے وسیلہ اختیار کرے گا، وہ بھی داخل جنت ہو گا۔" آپ ہمیشہ روتے رہتے تھے، وجہ پوچھی تو فرمایا: حق تعالیٰ نے فرمایا ہے: فریق فی الجنته و فریق فی السعیرO، (سورہ شوریٰ۔ آیت ۷۔ ترجمہ = ایک گروہ جنت میں ہو گا اور ایک گروہ دوزخ میں) اور میں نہیں جانتا کہ ان دونوں میں سے میں کس فرقے میں ہوں گا۔ (تذکرہ حصہ ثالث۔ صفحہ ۱۳۔ از شیخ محمد صغیر حسن۔ پرنسپل۔ ایم اے (ہسٹری، اکنامکس) آپ کا مولد و مسکن مرعش تھا، جو نواح دمشق میں ایک قصبہ ہے۔ حضرت ابراہیم ادھمؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ تاریخ وصال ۱۴ شوال ۲۵۲ھ (سیر الاقطاب از مولوی محمد علی صاحب)۔

۱۱۵۔ حضرت کلیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ' فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نے حضور اقدس ﷺ کا یہ ارشاد مبارک سنایا کہ جو مجھے خواب میں دیکھے وہ حقیقتاً مجھی کو خواب میں دیکھتا ہے، اس لیے کہ شیطان میری شبیہ اختیار نہیں کر سکتا۔ حضرت کلیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ' فرماتے ہیں کہ میں نے اس حدیث شریف کا حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ' سے ذکر کیا اور یہ بھی کہا کہ مجھے خواب میں زیارت ہادیٔ انام ﷺ ہوئی ہے، اس وقت مجھے حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کا خیال آیا۔ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ' سے کہا کہ میں نے اس خواب کی صورت کو حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ' سے بہت مشابہ پایا۔ اس پر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نے اس کی تصدیق فرمائی کہ واقعی حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ' حضرت رسول اللہ ﷺ سے بہت مشابہ تھے (شمائل ترمذی مع اردو شرح "خصائل نبوی ﷺ" از حضرت مولانا محمد زکریا صاحب۔ شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم، سہارنپور (یو۔پی، بھارت) صفحہ ۳۸۸۔ نور محمد اصح المطابع و کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ، فریر روڈ، کراچی)۔

۱۱۶۔ حضرت شیخ غلام نقشبند لکھنویؒ کے والد ماجد شیخ عطا اللہؒ نے حضرت شاہ نقشبندؒ کے

marfat.com
Marfat.com

روحانی اشارہ کے بموجب غلام نقشبند آپ کا نام رکھا۔ میر محمد شفیع سے کسب کمالات کیا۔ اٹھار سال کی عمر میں تحصیل علوم سے فارغ ہو گئے۔ ابتدا میں ایک مرتبہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے، دیکھا کہ حضور سرور کائنات ﷺ اپنے دست مبارک سے آپ کی اچکن کے بٹن کھول رہے ہیں۔ فوراً تعبیر ذہن میں آئی کہ علم کے دروازے کھل جائیں گے۔ اس کی برکت تھی کہ آپ کے علم و تقویٰ کی شان اس قدر بالا ہوئی کہ خود آپ کے شیخ میر محمد شفیع آپ کا بہت احترام کرتے تھے، حتیٰ کہ آپ اپنے شیخ کے مرشد حضرت شیخ پیر محمد لکھنویؒ کے جانشین مقرر کیے گئے (علماء ہند کے شاندار کارنامے جلد اول صفحہ ۵۰۳ از مولانا محمد میاں صاحب دیوبندی۔ مطبوعہ دلی پرنٹنگ ورکس، دہلی)۔

۱۱۷۔ حضرت بایزید بسطامیؒ کی ایک حکایت مشہور ہے کہ ایک شخص آپ کے پاس مرید ہونے آیا، تو آپ نے پوچھا کہ کیا پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہو؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ آپ نے فرمایا: آج سے نماز چھوڑ دو۔ وہ ناامید ہو کر چلا گیا کہ میں اس حکم شریعت کو کسی طرح نہیں چھوڑ سکتا۔ چند روز بعد پھر حاضر ہوا اور کہا مجھے اپنے مریدوں میں شامل کر لیجیے مگر آپ نے وہی جواب دیا اور مزید آزمایا کہ نماز کا حکم سردار دو عالم ﷺ کے ذریعہ ہم تک پہنچا ہے، اگر وہ تمہیں فرماتے تو تم نماز چھوڑ دیتے؟ اس نے کہا: جی ہاں فرمایا: اچھا رات کو جو بشارت ہو، وہ صبح آ کر بیان کرنا۔ چنانچہ اگلے دن اس نے آ کر بیان کیا کہ آپ کی توجہ سے رات مجھے حضرت نبی امی ﷺ کی زیارت ہوئی تو آپ ﷺ نے نماز کے متعلق تو نہیں بلکہ عام انداز میں فرمایا کہ پیر کے احکام کی تکمیل کرنی چاہیے۔ یہ جواب سن کر حضرت بایزید بسطامیؒ نے اسے بیعت سے مشرف کیا اور فرمایا کہ مجھے تمہارا امتحان لینا مقصود تھا کہ فقر اختیار کر کے کہیں تم احکام شریعت کو تو نہیں بھول جاؤ گے (اس سے صاف ظاہر ہے کہ تصوف بغیر پابندی شریعت ممکن نہیں) ("جہاد زندگی" مرتبہ عبدالحمید خان صاحب۔ ناشر و طابع: فیروز سنز لاہور، ۱۹۵۹ء۔ صفحہ ۱۷۹ تا ۱۸۰)۔

ابویزید بسطامیؒ جنہیں بالعموم بایزید کہا جاتا ہے، کا اصل نام طیفور بن عیسیٰ تھا۔ آپ کے دادا مجوسی تھے پھر اسلام لائے۔ آپ کا شمار کبار صوفیہ میں ہوتا ہے۔

۱۱۸۔ داعی (۳۲) سیدنا قطب خان قطب الدین شہید ابن سید داؤد بن قطب شاہ ۱۰۵۴ھ میں مسند عالی پر رونق افروز ہوئے۔ یہ عہد شاہ جہاں تھا۔ شہزادہ اورنگ زیب گجرات (بھارت) کا گورنر تھا۔ دشمنوں نے سیدنا کی نسبت مختلف قسم کی افواہیں اڑانا شروع کیں اور حکام تک آپ کی شکائتیں پہنچائیں۔ عبد القوی گجراتی قاضی تھے، (یہ وہی عبد القوی ہیں، جنہوں نے دہلی میں سرمد کو قتل کرایا تھا) ان کے حکم سے ۲۹ جمادی الاول کو جیل میں بھیج

marfat.com
Marfat.com

دیئے گئے۔ بیس دن جیل میں رہے اور جیل میں بھیجے جانے کی وجہ یہ تھی کہ لوگ ان کو رافضی کہتے تھے، جب کہ یہ خود اس بات سے انکار کرتے تھے۔ ۲۷ جمادی الثانی کو جیل خانے میں سیّدنا نے سیّدی شجاع الدین سے کہا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ حضور اقدس ﷺ مجھے بلاتے ہیں اور شربت پلاتے ہیں۔ پوچھا: کیا تعبیر ہے؟ فرمایا: شہادت.........اور میرے بعد تم منصوص ہو۔ یہ سن کر سیّدنا شجاع الدین بہت روئے۔ صبح قاضی عبدالقوی نے قتل کا حکم دے دیا۔ مقتل جاتے وقت سیّدنا شجاع الدین کو منصوص کیا اور اپنے سر سے عمامہ اتار کر ان کے سر پر رکھ دیا۔ مقتل جا کر دو رکعت نماز ادا کی اور باآواز بلند کلمہ شہادت پڑھا، پھر سجدے میں جا کر ''انی وجھت ....من المشرکین O (سورہ الانعام کی آیت ۷۹۔ ترجمہ = میں اپنا رخ اس کی طرف کرتا ہوں جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا یکسو ہو کر، اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں) پڑھا اور سر اٹھایا تو جلاد نے بموجب حکم سر تن سے جدا کر دیا۔ دوپہر سے عشا تک لاش ریت پر پڑی رہی۔ نصف شب بحکم حاکم خانپور باہر ندی کے کنارے دفنا دی گئی اور سپاہیوں کا پہرہ لگا دیا گیا کہ کوئی اس طرف نہ آئے۔ مومنین پر سخت آزمائش کا وقت تھا اور لوگ بے تاب تھے۔ تیسرا دن تھا کہ محمد جی بن امین جی روتے روتے سو گئے۔ خواب میں دیکھا کہ سیّدناؒ فرماتے ہیں کہ فوراً مددگار لے جاؤ اور میری نعش نکال کر سرس پور (بی بی پور) میں رکھو۔ بیدار ہو کر چند رفقا کے ساتھ اس جگہ آئے۔ دو سبز پوش عرب موجود تھے۔ یہ کوئی عہدہ دار سپاہی سمجھ کر گھبرائے مگر انہوں نے تسلی دی۔ ساتھ مل کر قبر سے نعش نکالی اور کلمہ دعائیہ پڑھتے سب چلے۔ راستے میں دو عرب سوار اور ملے، جو ساتھ ہو گئے اور سرسپور (گجرات، بھارت) میں دفن کیا، پھر عرب سوار واپس چلے گئے۔ یہ واقعہ پنجشنبہ ۲۷ جمادی الثانی ۱۰۵۶ھ کا ہے۔ ایک برس، آٹھ ماہ اور اٹھارہ دن آپ نے مومنین کو ہدایت کی۔ آج سرسپور میں آپ کا مزار مرجع مومنین ہے (عقد الجواہر فی احوال البواہر یعنی تاریخ داؤدی بوہرا مولفہ مورخ گجرات (بھارت) پروفیسر مولانا سیّد ابو ظفر ندوی۔ ناشر ایم اے این راجکوٹ والا، لارنس روڈ، کراچی صفحہ ۱۹۰ تا ۱۹۲)۔

۱۱۹۔ مصنف / مولف کتاب ہذا کی ایک نہایت قابل ممانی (نعیم ممانی) نے سنایا کہ علامہ اقبالؒ کسی بزرگ سے ملنے گئے، وہ کسی کام میں مشغول تھے لہٰذا ملنے سے انکار کروا دیا۔ علامہ نے اپنا تعارف نہیں کرایا تھا، پس واپس لوٹ گئے۔ رات ان بزرگ کو حضرت رسول کریم ﷺ کی زیارت ہوئی اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''شیفتۂ رسول تیرے در پر آیا اور تو نے ملنے سے انکار کر دیا۔'' روتے ہوئے بیدار ہوئے اور تلاش بسیار کے بعد علامہ کی خدمت میں حاضر

marfat.com
Marfat.com

ہوئے۔ علامہ یہ خواب سن کر رو پڑے۔ جب طبعیت سنبھلی تو بزرگ نے پوچھا کہ آپ نے مجھے معاف کر دیا تو فرمایا: ہزار بار (اس خواب کی کوئی دوسری سند نہ مل سکی) (غیر مطبوعہ)۔

۱۲۰۔ سردار امیر اعظم خان، سابق وزیر پاکستان "الاعظم لمیٹڈ کراچی والے" نے بیان کیا کہ ان کے وطن (میرٹھ، بھارت) کے محلہ قصاباں میں ایک قصائی رہتا تھا۔ اپنے آپ کو قریشی کہتا تھا اور اس کی شہرت اچھی نہ تھی، زانی اور شرابی تھا مگر سخی قسم کا انسان تھا۔ غریب غربا کی مدد کرتا تھا۔ نماز روزہ سے اس کو دور کا بھی تعلق نہ تھا۔ ایک روز ماہ رمضان شروع ہونے سے پہلے مسجد میں آکر نہایا اور صاف کپڑے پہنے۔ لوگوں نے حیرت کی تو کہنے لگا کہ مجھے حضرت رسول اللہ ﷺ نے بلایا ہے۔ حج کے لیے روانہ ہو گیا اور حج کے بعد مدینہ طیبہ پہنچا جہاں اس کا انتقال ہو گیا۔ اس کا کہنا واقعی سچ ثابت ہو گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون (غیر مطبوعہ)۔

۱۲۱۔ ایک افغان نوجوان قصور سے حج بیت اللہ کے لیے روانہ ہوا۔ مغرب کے علاقے میں دوران سفر ایک قریہ کی مسجد میں قیام کیا تو امام مسجد سے واقفیت ہو گئی۔ امام نے وقت رخصت کہا کہ جب تم حضور ﷺ کے روضۂ اقدس کی زیارت کرو تو اس غلام کی طرف سے نہایت ادب اور شوق سے عرض کرنا کہ یا رسول اللہ فلاں شخص آپ ﷺ کی زیارت کا بے حد مشتاق ہے، مگر آپ ﷺ کے ساتھ اس کے دو دشمن موجود ہیں جس کی وجہ سے حاضر نہیں ہو سکتا۔ سادہ لوح حاجی اس کے ارادے سے بے خبر حضور اقدس ﷺ کے روضۂ نور' علیٰ نور سے مشرف ہوا اور وفائے عہد کے طور پر اس امام جہنم انجام کا پیغام سیّد خیر الانام ﷺ کی خدمت میں پیش کیا۔ وہ اس کے نتائج سے غافل تھا۔ رات خواب میں زیارت سے مشرف ہوا۔ حضور اقدس ﷺ ایک عالی شان محل میں جلوہ افروز ہیں، آپ ﷺ کے صحابہ آپ ﷺ کے گرد حلقہ بستہ بیٹھے ہیں اور حضرات شیخین دائیں بائیں بیٹھے ہیں کہ اسی اثنا میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر ہوئے اور سلام عرض کیا مگر آپ ﷺ نے توجہ نہ فرمائی۔ دوسری بار سلام عرض کیا مگر جواب نہ ملا۔ مایوس ہو کر بارگاہ عالیہ میں عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ)! اس غلام سے کیا غلطی سرزد ہوئی تاکہ استغفار اور توبہ سے معافی حاصل کی جا سکے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اس سے زیادہ اور کیا غلطی ہو سکتی ہے کہ ایک بد طینت میرے صحابہ کو دشمن جانتا ہے اور انہیں برے ناموں سے یاد کرتا ہے اور تم اسے سزا نہیں دیتے۔" جناب علی کرم اللہ وجہہ' یہ سنتے ہی مجلس سے اٹھے۔ ابھی زیادہ وقت نہ گذرا تھا کہ اس بد انجام کا ناپاک سر حاضر کیا۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ' کے سلام کا جواب دیا اور بڑی خوشی کا اظہار فرمایا۔ میں بیدار ہوا تو مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوا اور نادم ہو کر معافی کا

marfat.com
Marfat.com

خواستگار ہوا۔ اس واقعہ کی تاریخ نوٹ کر لی اور حج سے واپسی پر اسی مسجد میں قیام کیا میں اس بد انجام امام کا حال معلوم کرنا چاہتا تھا کہ اس کے مقتدیوں نے بتایا کہ امام ایک دن دوستوں کے حلقہ میں بیٹھا تھا۔ ناگاہ دیوار سے ایک ہاتھ ظاہر ہوا اور امام کا سر کاٹ کر اپنے ساتھ لے گیا۔ حاجی صاحب نے اپنا خواب سنایا اور واقعہ کی تاریخ بتائی یہ واقعہ سن کر گاؤں کے تمام لوگ شیعیت سے تائب ہوئے اور مسلک اہل سنت اختیار کیا (ملفوظات شریفہ صفحہ ۱۰۳ تا ۱۰۴۔ مکتبہ نبویہ، گنج بخش روڈ، لاہور از حضرت مولانا غلام محی الدین قصوریؒ (۱۲۰۲ھ بمطابق ۱۷۸۷ء تا ۲۱ ذیقعد ۱۲۷۰ھ بمطابق ۱۸۵۴ء بعمر ۶۸ سال بحالت مراقبہ بمقام قصور وصال فرمایا: آپ صدیقی تھے اور حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ کے مرید تھے۔ یہیں سے خلافت حاصل کی اور اپنے مرشد کے ملفوظات وارشادات جمع کر کے رسالہ "ملفوظات شریفہ" مرتب کیا تھا)۔

۱۲۲۔ مولانا خالد رومیؒ روم کے مشہور علما وفضلا میں سے تھے۔ طلب خداوندی میں وطن سے نکلے۔ حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ کے کمالات سن کر دہلی پہنچے۔ جب پشاور پہنچے تو حضور اقدس ﷺ کی زیارت عالم رویا میں نصیب ہوئی۔ بیدار ہوئے تو لطائف خمسہ کو اپنے سینے میں جاری پایا۔ جو صورت عالم رویا میں پشاور میں دیکھی تھی، وہی دہلی میں دیکھی۔ شاہ صاحب نے آپ پر خصوصی توجہ فرمائی (ملفوظات شریفہ، صفحہ ۸۷ تا ۸۸)۔

دُرّ المعارف حضرت شاہ غلام علی دہلویؒ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے، جسے شاہ رؤف احمد راحت مجددیؒ نے شاہ صاحب کے جانشین شاہ ابو سعید مجددیؒ کی فرمائش پر تحریر کیا تھا۔

شاہ صاحب اپنا نام فقیر عبد اللہ عرف غلام علی لکھتے تھے لیکن عوام میں شاہ غلام علی مشہور ہوئے۔ ۱۱۵۶ھ بمطابق ۱۷۴۳ء بٹالہ (مشرقی پنجاب) میں پیدا ہوئے اور ۲۲ صفر ۱۲۴۰ھ بمطابق ۱۸۲۴ء میں دہلی میں وصال فرمایا۔ علوی سادات سے ہیں۔ ۱۱۷۸ھ میں حضرت مرزا مظہر جان جاناں سے بیعت ہوئے۔ مرزا نجف خان ایرانی تھا۔ (متوفی ۱۷۸۲ء بعمر ۴۹ سال بمقام دہلی) اور رافضی تھا۔ ہندوستان آکر مختلف نوابوں کا ملازم رہا۔ جنگ بکسر میں انگریزوں کا ساتھ دیا جس کے صلے میں لارڈ کلائیو نے اس کی دو لاکھ روپیہ سالانہ پنشن مقرر کر دی تھی۔ اس کے دور میں شیعیت کو بہت فروغ حاصل ہوا۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اور آپ کے صاحبزادوں پر بڑے مظالم ڈھائے۔ یہ روھیلوں کا جانی دشمن تھا۔ حضرت مظہر جان جاناںؒ کی خانقاہ روھیلوں کا سب سے بڑا مرکز تھی۔ اس ظالم کے اشارے پر اس کے آدمیوں نے حضرت مظہر جان جاناں کو گولی مار کر زخمی کر دیا۔ تیسرے دن ۱۰ محرم ۱۱۹۵ھ بمطابق ۱۷۸۱ء آپ نے جام شہادت نوش فرمایا اور حضرت غلام علیؒ آپ کے جانشین مقرر کیے گئے۔

marfat.com
Marfat.com

۱۲۳۔ ایک مرتبہ حضرت حسن رسول نماؒ جونپور تشریف لے گئے اور کچھ عرصہ قصبہ بہلول میں مقیم رہے۔ وہاں چودھری جلال الدین آپ کا مرید ہو گیا۔ اس نے ایک روز آپ کو خربوزوں کی دعوت دی۔ دریافت فرمایا کہ خربوزوں کے باغ کا کتنا رقبہ ہے؟ کہا ۱۲ بیگھا۔ فرمایا: اگر تین بیگھا حضرت سرور دو جہاں ﷺ کی روح پر فتوح کو نیاز کرو تو اس شرط پر چل سکتا ہوں۔ اس نے کہا: ایسا کرنا میرے لیے ممکن نہیں۔ رات خواب میں دیکھا کہ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ ارشاد فرما رہے ہیں کہ "فلاں شخص جو کچھ کہتا ہے اس پر عمل کرو۔" چنانچہ علی الصبح چودھری جلال الدین آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور خواب بیان کیا اور خود ہی لوگوں کو اپنا باغ لوٹ لینے کی دعوت دے دی۔ جب سب خربوزے لٹ گئے تو حضرت رسول نماؒ نے فرمایا کہ باغ کی زمین کھود ڈالو۔ مٹی میں دبی کئی اشرفیاں برآمد ہوئیں، جو چودھری جلال الدین کو دے دی گئیں (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلوی یعنی ترجمہ فواتح العرفان موئفہ سیّد محمد ہاشم صاحب خلیفہ سیّد حسن رسول نما دہلویؒ بسعی تمام شیخ عمر بخش ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، لاہور۔ مطبع گلزار ہند، اسٹیم پریس، لاہور۔ ۱۳۳۹ھ بمطابق ۱۹۲۱ء۔ صفحہ ۴۴ تا ۴۵)۔

۱۲۴۔ حضرت رسول نماؒ بارہ سال نارنول میں رہے۔ ایک رات حضرت ختم المرسلین ﷺ نے آپ سے ارشاد فرمایا: "بسم اللہ، اللہ اکبر کہہ کر شاہ جہاں آباد (دہلی) چلے جاؤ۔" چنانچہ آپ فوراً دہلی (دلّی) چلے گئے اور بقیہ تمام عمر وہیں گزار دی اور بہت شہرت حاصل کی (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ صفحہ ۴۳)۔

۱۲۵۔ حضرت رسول نماؒ کا بیان ہے کہ حضرت اشرف الانبیا ﷺ نے مجھے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سپرد کر کے فرمایا کہ "ایک عرصہ تک اس کی تربیت کرو، اس کے بعد میں خود اس کی تربیت کروں گا۔" چنانچہ ۲۵ سال حضرت صدیق اکبرؓ نے میری تربیت فرمائی اور اس کے بعد خود آنحضور ﷺ نے مجھے اپنا مرید بنا کر زیر سایۂ عاطفت لے لیا (مناب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۵۲)۔

۱۲۶۔ ایک مرتبہ حضرت رسول نماؒ کی بیوی کے ہاتھ سے آپ کے حقے کی چلم ٹوٹ گئی۔ آپ نے غل مچا دیا تو بیوی نے کہا اور منگوائے دیتی ہوں، مگر پر نہ مانے۔ رات بیوی کو سرتاج انبیا و رسل آپ نے سیّدنا احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ ﷺ کی زیارت ہوئی۔ بیدار ہو کر پاؤں پر گر پڑیں اور کہا: یہ نعمت عظمیٰ جو آپ کی وجہ سے مجھے حاصل ہے اس کا کیسے شکریہ ادا کروں؟ حضرت رسول نماؒ نے فرمایا: جو میراث ملی ہے وہ اور لڑکی کے جہیز کے کپڑے خیرات کر دو۔ بیوی نے ۱۸ ہزار روپیہ جو میراث میں ملا تھا اور بیٹی کے جہیز کے کپڑے اسی وقت خیرات کر

marfat.com
Marfat.com

دیئے اور فقر وفاقہ کی زندگی بسر کرنے لگیں (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۶۱)۔

۱۲۷۔ ایک مرتبہ پھر حضرت رسول نماؒ کی اہلیہ نے پیغمبر عربی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "شکر کرو کہ ایک ایسے مردِ صالحہ کے عقد میں آئی ہو"۔ (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۶۲)۔

۱۲۸۔ حضرت رسول نماؒ کا ایک اور مخلص خادم میاں لعل محمد تھا جو قدم گاہ (دہلی) کی زیارت شریف کا خادم تھا۔ فقر وسلوک اختیار کر کے تیرہ چودہ سال حضرت رسول نماؒ کی خدمت میں رہا۔ عجیب مکاشفات وحالات حضور پر نور میں بیان کیا کرتا تھا۔ تجلی الٰہی اور حامل نبوت حضرت رسول اللہ ﷺ کا دیدار اس کو کئی بار ہوا۔ ایک دن بیان کیا کہ میں نے مکاشفے میں دیکھا کہ سرور دوعالم ﷺ مکہ معظمہ میں تشریف رکھتے ہیں۔ چند گھنٹوں تک یہ حالت باقی رہ کر پھر غائب ہو گئی۔ اس قسم کی خوارق عادات حضرت رسول نماؒ کے ہی فیض صحبت کی بدولت حاصل ہوئی تھیں ورنہ دوسروں کو سالہا سال میں بھی یہ سعادت عظمیٰ حاصل نہیں ہوتی (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۷۲-۳)۔

۱۲۹۔ جامع علوم معقول و منقول میاں جمال خانؒ نے حق سبحانہ تعالیٰ اور حضرت خیر الوریٰ ﷺ کو خواب میں اس طرح دیکھا کہ حضرت رسول نماؒ درمیان میں کھڑے تھے اور ان کے ہاتھ میں نور کا ایک شعلہ تھا، جب ہاتھ کھولتے تو وہ نور ان کے ہاتھ سے نکل کر میرے دل میں داخل ہو جاتا تھا اور اس کو منور کر دیتا تھا اور جب ہاتھ بند کر لیتے تو وہ نور میرے دل سے نکل کر پھر ان کے ہاتھ میں چلا جاتا تھا۔ حضور رسالت مآب ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ "یہ تمہارے ایمان کا نور ہے جو ان کے ہاتھ میں دیا گیا ہے، اگر وہ چاہیں تو یہ نور تمہارے دل میں رہ سکتا ہے اور اگر نہ چاہیں تو یہ نور تم سے زائل ہو جائے" (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۱۰۰)۔

۱۳۰۔ جس زمانے میں حضرت رسول نماؒ نارنول میں تھے، آپ کے اکثر مخلصوں کو جمال جہاں آرائے نبوی ﷺ کی زیارت نصیب ہوتی تھی۔ ملک بیگ نام کا ایک شخص تھا جو اس کا منکر تھا۔ ایک رات وہ بھی اس دولت عظمیٰ سے مشرف ہوا۔ جب وہ حضرت رسول نماؒ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا: جو واقعہ خواب میں تم نے دیکھا ہے اسے تم خود اپنی زبان سے نہ کہو، اُسے میں بیان کرتا ہوں۔ سب ششدر رہ گئے جب ملک بیگ اور آپ کے بیان میں سرمو فرق نہ پایا۔ ملک بیگ اپنے فاسد خیالات سے تائب ہوا اور معافی طلب کی (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۵۹)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۳۱۔ میر محمد صالح مولف "مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلوی" کے خالہ زاد تھے۔ انہوں نے خواب دیکھا کہ اوج آسمان پر ذات باری تعالیٰ ایک انسان کی صورت میں گھوڑے پر سوار تھے۔ اسی طرح حضور سرورِ دوجہاں ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کی ایک کثیر تعداد بھی گھوڑوں پر سوار حضرت رسول نماؒ کی شادی کے جلوس میں شریک اور اس کے اہتمام میں مشغول ہیں۔ حضرت رسول نماؒ یہ خواب سن کر آبدیدہ ہو گئے اور دو رکعت نماز شکرانہ ادا کی (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۹۹)۔

۱۳۲۔ ایک درویش نے حضرت رسول نماؒ سے آکر کہا کہ جملہ ریاضتیں و وظائف کیے لیکن سیّد عالم ﷺ کی زیارت نصیب نہ ہوئی۔ یہ سن کر حضرت حسن رسول نماؒ نے فرمایا تم جو کچھ اذکار پڑھنا چاہتے ہو، پڑھو لیکن یہ نیت اس پر اضافہ کرو کہ میں اس ورد کو حسنؒ کی اجازت سے پڑھتا ہوں۔ جب اس نے اس نیت سے ورد پڑھا تو اسی رات اس کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ پتہ چلا کہ حضرت رسول نماؒ سے محض اخلاص رکھنا اس دولت عظمیٰ و نعمت کبریٰ کے حصول کے لیے کافی تھا، چہ جائے کہ کوئی ورد بھی ساتھ کیا جائے (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۱۵۸)۔

۱۳۳۔ ایک مرتبہ حضرت رسول نماؒ نے حضرت سرور دو عالم ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں کہ "تم تھوڑے عرصہ میں اویس قرنی ہوا چاہتے ہو۔" میں نے عرض کیا کہ میں تو کسی چیز کے قابل نہیں ہوں، البتہ اللہ کا فضل مجھ نالائق پر بہت ہے۔ حضور ﷺ نے مکرر اسی قول کا اعادہ فرمایا (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۳۲۸)۔ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت رسول نماؒ کو حضرت خواجہ اویس قرنیؓ کا مرتبہ حاصل تھا، نیز آپ کا اصول حضرت اویس قرنیؓ کے مشابہ تھا۔ تزکیہ قلب اور اشراق باطن کے واسطے ظاہری تعلیم و تلقین کا کوئی واسطہ نہ تھا۔

۱۳۴۔ حضرت رسول نماؒ نے ایک مرتبہ خواب دیکھا کہ سرکار دو عالم ﷺ ایک منبر پر تشریف رکھتے ہیں۔ منبر کے قریب کھجور کا ایک نہایت اونچا درخت ہے۔ اس درخت کو سہارا دینے کے لیے درمیانی حصہ تک ایک دمدمہ بنایا ہے۔ حضرت شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی انگشت مبارک سے اس درخت کی طرف اشارہ کر کے زبان معجز بیان، فیض ترجمان سے ارشاد فرمایا کہ یہ درخت اس قدر بلندی تک اس دمدمہ کی مدد سے پہنچا ہے۔ لوگوں نے حضرت رسول نماؒ سے دریافت فرمایا کہ اس ارشاد نبوی (ﷺ) سے کیا مراد ہے؟ فرمایا کہ حضور ﷺ کو میری تسلّی کرنا مقصود تھی یعنی جس طرح اس درخت کو دمدمہ سے مدد ملی ہے اسی طرح تم کو میری تربیت اور نظر رحمت سے علو مرتبت نصیب ہوگا اور جیسا کہ دمدمہ کی وجہ سے یہ

marfat.com
Marfat.com

درخت ہر طرح کے آسیب و آفات سے محفوظ ہے اسی طرح جس کے ہم مددگار ہوں، اس کو ہرگز کسی قسم کا خوف نہیں (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۵۴)۔

۱۳۵۔ روح اللہ اپنے زمانے کا بڑا نامور اور ممتاز شخص تھا۔ بادشاہ ہند نے از راہ عتاب اس کو کابل میں متعین کیا۔ اس نے حضرت رسول نماؒ کی خدمت میں آ کر صعوبت سفر کا ذکر کیا اور التجا کی کہ آپ توجہ فرمائیں۔ آپ نے دس لاکھ روپیہ نیاز طلب کی، چنانچہ یکایک بادشاہ نے اس کو واپس بلالیا۔ ایک مدت بعد حضرت رسول نماؒ نے فرمایا کہ جس وقت میں نے روح اللہ سے دس لاکھ روپے کی نیاز طلب کی، اس وقت مجھے اس کے متعلق کچھ بھی علم نہ تھا لیکن اس کے بعد حضرت رسول اللہ ﷺ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ تشریف لائے ہیں اور اپنا دست مبارک میرے ہاتھ پر مار کر فرماتے ہیں کہ "ہم نے روح اللہ کو محفوظ رکھا ہے" (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۱۵۸تا۱۵۹)۔

۱۳۶۔ ایک عقل مند اور فاضل نوجوان خواجہ لطف اللہ حضرت رسول نماؒ کا عقیدت مند تھا۔ ایک رات اس نے خواب دیکھا کہ حضرت رسول امین ﷺ ایک حویلی میں جلوہ افروز ہیں اور اولیا اللہ کی ایک جماعت بھی آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہے۔ اسی اثنا میں یکایک حضرت حسن رسول نماؒ تشریف لائے، جس پر مخبر صادق شفیق انام ﷺ نے تمام حاضرین سے فرمایا: "سیّد حسن آئے ہیں، ان کا استقبال کرو۔" چنانچہ میں بھی ان کے ساتھ آپ کے استقبال کے لیے کھڑا ہو گیا اور دروازے تک آیا، لیکن ابھی دروازے سے نہیں نکلے تھے کہ میری آنکھ کھل گئی (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۱۶۸)۔

۱۳۷۔ حضرت رسول نماؒ نے فرمایا کہ میرے استاد کے متعلقین میں سے ایک شخص پر جن (آسیب) آ گیا۔ استاد نے جن کا اثر دور کرنے والے ایک ماہر کو بلایا۔ اس نے دعوت پڑھنا شروع کی اور شاگردوں کو بھی شامل کر لیا۔ مجھے بھی شامل ہونے پر مجبور کیا، جوں ہی دعوت ختم ہوئی مجھے نیند آ گئی اور حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جو شخص خون ناحق کرے یا اس میں شریک ہو، وہ سخت عذاب میں مبتلا ہو گا۔" اچانک میری آنکھ کھل گئی اور میں اس مجلس سے اٹھ کر چلا گیا (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۱۸۵تا۱۸۶)۔

جب تک جن کسی کے قتل کا مرتکب نہ ہو، اس کو مارنا یا جلانا کسی طرح جائز نہیں۔ جو لوگ جنوں کو جلانے کا عمل کرتے ہیں، بہت ہی برا کرتے ہیں اور خون ناحق اپنے ذمے لیتے ہیں۔ جنوں اور پریوں کو اپنے پاس نہ لاؤ، ان کا خون نہ کرو ورنہ کافر ہو جاؤ گے۔ کوئی حیوان ان

marfat.com
Marfat.com

کے نام پر ذبح نہ کرو، ایسا کرنے والا کافر اور اس کی بیوی کو طلاق ہو جاتی ہے۔

۱۳۸۔ حضرت رسول نماؒ نے فرمایا کہ میرے دل میں چند باتوں کی آرزو تھی۔ ایک یہ کہ کسی کے پاس صاحب جمال عورت ہو اور وہ اللہ کی یاد میں مشغول ہونا چاہے تو اس کے دل کی کیا کیفیت ہوتی ہو گی، دوسرے یہ کہ جب انسان کو سانپ کاٹتا ہو گا تو اس وقت جسم پر کیا کیفیت گزرتی ہو گی؟ آخر یہ دونوں کیفیتیں میرے اوپر گزریں۔ جب مجھے اپنے اہل خانہ کی وفات کا واقعہ پیش آیا تو میں نے حضرت صادق الوعد الامین ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ فرماتے ہیں: ”تمہارے گھر میں ایک خوبصورت عورت آئے گی۔“ مجھے معلوم ہوا کہ میرے ایک مرید کی بیوی کی ہمشیرہ کنواری اور صاحب جمال ہے تو میں نے پیغام بھیجا لیکن لڑکی کے والدین نے سخت کلامی کے ساتھ انکار کر دیا۔ ایک رات اس کے باپ کو خیر الرسل سیّدنا محمد مصطفیٰ ﷺ نے خواب میں ارشاد فرمایا کہ ”اس پیغام کو قبول کر لے۔“ چنانچہ صبح وہ شخص دوڑا آیا اور نسبت کی مبارکباد دی۔ شہر کے تمام حکام شادی میں شریک ہوئے۔ جب وہ لڑکی میرے گھر آئی تو میں اس کے حسن دلفریب پر اس قدر مفتوں ہوا کہ رات دن میری نیند حرام ہو گئی۔ ہر وقت اس کے چہرے پر ٹکٹکی باندھے رکھتا۔ میں روتا اور کہتا کہ وہ شخص کم بخت ہے جس کی بیوی صاحب جمال ہو کیونکہ وہ بیچارہ اپنی بیوی سے دل لگائے گا یا اللہ کی محبت میں مشغول ہو گا۔ دو سال آٹھ ماہ یہی حالت رہی۔ ایک دن دیکھا کہ ایک شخص نے آسمان سے اتر کر میری بیوی کو چارپائی سے گرا دیا، اس کو فالج ہو گیا اور ابھی تین دن نہ گزرے تھے کہ وہ فوت ہو گئی اور اس کی محبت میرے دل سے نکل گئی، چونکہ حضرت مقصود کائنات ﷺ کی بشارت سے مجھے یہ بیوی ملی تھی اس لیے اس کے انتقال کا ملال لاحق تھا۔ اس کے بعد پھر حضرت محسن نوع بشر ﷺ نے مجھے بشارت دی کہ تمہارے گھر میں ایک خوبصورت بیوی آئے گی۔ ایک اور جگہ شادی کر لی لیکن جب اسے گھر لایا تو غیب سے آواز آئی کہ معاملہ دگرگوں ہو گیا ہے اور ایک شخص کا نام لیا۔ جب میں بیوی کی طرف جانے لگا تو میرے اور اس کے درمیان ایک حجاب حائل ہو گیا اور اس کی صورت نہ دیکھ سکا۔ پھر قصد کیا تو وہی حالت ہوئی۔ پس میں نے اس کی محبت کا ارادہ ترک کر دیا۔ ایک دن وہ خود میرے پاس آئی لیکن میرے اور اس کے درمیان ایک زینہ حائل ہو گیا۔ میری بیوی یہ دیکھ کر بھاگی اور کانپنے لگی۔ میں نے کہا ٹھہرو لیکن وہ ایک دوسرے مکان میں چلی گئی۔ بعدہ نہ میں اس کے پاس گیا نہ وہ میرے پاس آئی۔ وہ ایک جن تھا، جو مہیب صورت میں ظاہر ہوا (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۳۳۱ تا ۳۳۲)۔

دوسری کیفیت کا تجربہ یوں ہوا کہ شکار کے دوران پیر پر سانپ نے کاٹ لیا۔

marfat.com
Marfat.com

عبدالوہاب نامی طبیب جو اپنے فن کا ماہر تھا، مجھے خراطین (گنڈوے۔ کیچوے) گھس کر دو تین دن پلاتا رہا، جس سے زہر معدوم ہو گیا۔ جب غشی ہوتی تھی تو سلطانِ ذی شان، محبوب سبحانی ﷺ کا دیدار پرانوار ہوتا اور آپ ﷺ مجھ پر دعا پڑھتے (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۳۳۳)۔

۱۳۹۔ حضرت رسول نماؒ کا آگرہ میں ایک رافضی سے مذہبی مناظرہ ہو گیا۔ آپ نے سختی سے اس کو جواب دیا۔ اس نے غصہ میں کہا کہ صوبیدار سلام خان سے تمہیں کو سزا دلواؤں گا۔ آپ نے فرمایا: میں بادشاہ سے کہہ کر تم کو سزا دلواؤں گا۔ کہنے کو تو کہہ گیا، پھر خیال آیا کہ یا الٰہی! حضرت امام اعظمؒ سے ہماری عقل اور سمجھ زیادہ نہیں، جو مسلک ہم نے اختیار کیا ہے اگرچہ ہم اس کو حق سمجھتے ہیں پھر بھی حقیقت حال سے بے خبر ہیں، اگر استدلال کریں تو ہر شخص اپنے مسلک کے لیے جداگانہ استدلال کرتا ہے اور سچ ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ پس ہماری دعا ہے کہ جو مسلک تیرے نزدیک پسندیدہ ہو، ہمیں اس پر قائم رکھ۔ اسی فکر میں نیند آگئی۔ حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ ”تیرا ہاتھ ہم نے پکڑ رکھا ہے۔“ اسی حالت میں میری آنکھ کھل گئی۔ میں نے سمجھ لیا کہ آپؐ کا یہ فرمانا صریحاً آپؐ کی رضامندی کی دلیل ہے، ورنہ ظاہر ہے مجھے منع فرما کر کوئی دوسرا مسلک جو آپؐ کے نزدیک پسندیدہ ہوتا بتا دیتے (مناقب الحسن رسول نما اویسیؒ۔ صفحہ ۳۳۰)۔

رافضی اہل بیت کی محبت کا دعویدار ہوتا ہے اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گالیاں دیتا اور ان سے بغض رکھتا ہے۔ خارجی صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا طرفدار ہوتا ہے، لیکن اہل بیت سے عداوت رکھتا ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ' کو ظالم و کافر کہتا ہے۔ اللہ پاک ہمیں رافضی اور خارجی ہونے سے بچائے (آمین) اہل سنت اہل حق ہیں وہ صحابہ کرامؓ اور اہل بیت دونوں کی عزت دونوں سے محبت اور دونوں کی تعریف کرتے ہیں۔

۱۴۰۔ حضرت حسن رسول نماؒ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا کہ جو شخص تم سے انحراف کرے گا، اس نے مجھ سے انحراف کیا اور جو شخص تمہاری مخالفت کرے گا، وہ رسول (ﷺ) کی مخالفت کرے گا۔ مؤلف مناقب الحسن رسول نماؒ کہتا ہے کہ ایک دن آپ نے ایک شخص سے بظاہر بلاوجہ روگردانی کی جس کی وجہ سے میرا اعتقاد کسی قدر کمزور ہو گیا اور میں نے دل میں خیال کیا کہ جب آپ کسی کو مرید نہیں کرتے تو آنا نہ آنا برابر ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یکایک فاسد خطرات بارش کی طرح میرے دل پر برسنے لگے، ہر چند توبہ و استغفار کرتا مگر لاحاصل، میں سخت غم واندوہ میں مبتلا ہوا اور روتے روتے سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ ایک وسیع مکان ہے جس میں لوگوں کا اژدھام ہے۔ یکایک ایک شخص سامنے نظر آیا جس کے بغل

marfat.com
Marfat.com

میں موزوں کا ایک جوڑا تھا۔ اس نے حاضرین میں سے ایک شخص کو اس طرح خطاب کیا کہ دونوں جہاں کے بادشاہ ﷺ اس مکان میں تشریف فرما ہیں اور یہ موزے آپ ﷺ کے پائے مبارک سے اتارے گئے ہیں۔ اس کے بعد اسی شخص نے ان کو جھاڑا اور جو گرد و غبار ان سے جدا ہوا اس کو بطور تبرک لوگوں میں تقسیم کیا۔ جب میری باری آئی میں نے ہاتھ بڑھایا، لیکن اس نے مجھے یہ کہہ کر ڈانٹ دیا کہ چونکہ تمہارے اعتقاد میں خلل آ گیا ہے پس تم اس تبرک سے محروم رہو گے۔ میں گھبرا کر بیدار ہو گیا اور روتا ہوا حضرت رسول نماؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس سے پہلے سُستی اعتقاد کے دنوں میں آپ کے پاس جاتا تو سلام کا جواب نہ دیتے اور نہ میری طرف التفات و توجہ فرماتے، لیکن اس مرتبہ نہایت عنایت سے پیش آئے اور احوال دریافت فرمایا، اگرچہ میں نے بظاہر اپنے گناہ سے توبہ کا کچھ بھی آپ سے ذکر نہ کیا تھا۔ غرض وہ حالت رفع ہو گئی (مناقب الحسن رسول نما اویسی دہلویؒ۔ صفحہ ۳۳۵)۔

۱۴۱۔ محمد بشیر نے ۱۹۴۷ء میں علی گڑھ یونیورسٹی سے انجینئرنگ کی ڈگری لی اور پاکستان میں محکمہ پی ڈبلیو ڈی (بی اینڈ آر) میں ملازم ہو گئے۔ ۱۹۵۴ء میں جب وہ شیخوپورہ میں "ایس ڈی او" تھے، یہ خواب دیکھا:

میں سر اور پاؤں سے ننگا ہوں اور بھاگتا چلا آ رہا ہوں۔ سامنے ایک کمرے کی کھڑکی کھلی ہے، میں اس سے چھلانگ لگا کر کمرے میں داخل ہو جاتا ہوں جہاں سفید لباس میں ملبوس کئی باریش بزرگ مثلاً حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور مولانا رومؒ وغیرہ بیٹھے ہیں۔ میرا یوں کھڑکی سے چھلانگ لگا کر کمرے میں آنا ان سب کو سخت معیوب معلوم ہوا اور فرمایا یہ کوئی پلید چیز ہے، اسے باہر نکال دو۔ مجھے ہاتھ پاؤں سے پکڑ کر اٹھا کر باہر پھینک رہے ہیں کہ کمرے کی پشت کی جانب سے ایک دروازہ کھلا، جس سے حضرت رسول اللہ ﷺ داخل ہوئے۔ میری جانب آپ ﷺ کی پشت مبارک ہے میں آپ ﷺ کا چہرۂ انور نہ دیکھ سکا۔ آپ ﷺ کی تعظیم کے لیے سب کھڑے ہو گئے۔ حضور اقدس ﷺ نے اپنا دایاں دست مبارک میرے دائیں کندھے پر رکھ کر زور سے دبایا اور لوگوں کو مخاطب کر کے فرمایا: "اس کو یہاں سے نہ ہٹایا جائے اس کی یہی جگہ ہے" اور مجھے مجلس میں بٹھا کر تشریف لے گئے۔ میری آنکھ کھل گئی اور وہ صبح کا وقت تھا۔ (غیر مطبوعہ)۔

۱۴۲۔ محمد بشیر ۱۹۶۱ء میں بوجہ بیماری، لاہور کے ایک اسپتال میں تھے کہ یہ خواب دیکھا:
میں سمندر کے کنارے خشکی پر کھڑا آسمان کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ یکایک حضور نبی کریم ﷺ عربی لباس میں ملبوس مسکراتے ہوئے ایک لکڑی کے تختے پر کھڑے ظہور فرماتے ہیں۔

marfat.com
Marfat.com

آپ ﷺ کا چہرۂ انور بوجہ نور چمک رہا ہے۔ آپ ﷺ نے زبان مبارک سے کچھ نہیں فرمایا، بس مجھے دیکھ کر مسکرا رہے ہیں۔ ہوا تیز چل رہی ہے، سمندر میں زبردست تلاطم اور طوفان ہے اور حضرت رسول کریم ﷺ برابر پانچ چھ منٹ مجھے دیکھ کر مسکراتے رہے۔ پھر میں بیدار ہو گیا۔

۱۹۵۴ء میں میں نے جو خواب دیکھا اس وقت خواہش کی تھی کہ میں حضور انور ﷺ کا چہرۂ اقدس نہیں دیکھ سکا پس اللہ تعالیٰ نے اس دوسرے خواب میں مجھے آپ کا چہرۂ مبارک دکھا دیا۔ الحمد للہ (غیر مطبوعہ)۔

یا رب صل وسلم دائماً ابداً علی حبیبك خیر الخلق كلهم

۱۴۳۔ مرزا عبد القادر بیدل ۱۰۵۴ء میں بعہد شاہ جہاں پٹنہ (صوبہ بہار) میں پیدا ہوئے۔ ساڑھے چار سال کے تھے کہ والد مرزا عبد الخالق واصل الی الحق ہوئے اور شفیق چچا مرزا قلندر نے آپ کو آغوش محبت میں لے لیا۔ ابتدا میں تخلص رمزی رکھا بعد کو بیدل۔ پٹنہ (عظیم آباد) چھوڑنے کے بعد ۲۱ سال دہلی، آگرہ اور متھرا کے درمیان چکر لگاتے رہے۔ آخر کار اورنگ زیب کے فرزند شہزادہ اعظم جاہ کی سرکار میں پانصدی منصب پر ملازم ہو کر مستقلاً پر دہلی میں رہنے لگے۔ نواب شکر اللہ خان خاکسار کو بیدل سے بے حد محبت و عقیدت تھی۔ انہوں نے چھ ہزار روپے میں بیدل کے لیے دہلی میں ایک حویلی خریدی اور دو روپیہ یومیہ وظیفہ مقرر کر دیا، جو مرتے دم تک ملتا رہا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب دہلی میں بہترین کاریگر کو پانچ آنہ روز ملتا تھا اور حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی (یعنی دہلویؒ) جو بیدل کے ہم عصر تھے اور بے حد ممتاز بزرگ، وہ اپنے گھر کا مہینے کا خرچ صرف دو روپے میں چلاتے تھے۔ (اندازہ لگایا آپ نے اس دور کی برکت و خوش حالی کا جب ہر چیز خالص ملتی تھی) بیدل اس حویلی میں ۳۶ برس رہ کر بروز جمعرات ۴ صفر ۱۱۳۲ھ بمطابق ۵ دسمبر ۱۷۲۰ء کو وصال فرما گئے۔ خوش گو نے تاریخ وفات نکالی۔ "از عالم رفت مرزا بیدل"۔ بیدل کا مرنا گویا ایک جہان کا مرنا تھا۔ علم و فضل، شعر و حکمت، تصوّف و اخلاق کا ایک حسین و جمیل پیکر ہمیشہ کے لیے نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ شجاعت و ہمت میں رستم زماں، جذب و سلوک میں بایزید ثانی، اشعار میں مسائل تصوّف بیان کرنے کے اعتبار سے حکیم سنائی، فارسی کے ابن العربی، ندرت زبان میں خاقانی، حسن بیان میں سعدی، سوز و گداز میں حافظ، للّٰہیت میں رومی، بلندیٔ کردار میں حکمائے یونان کا مثیل۔ ان تمام صفات کے باوصف نہایت منکسر المزاج، سب کا غمگسار، ہر کسی کا دوست اور ہمدرد۔ تمام اشعار کی تعداد ایک لاکھ سے کیا کم ہوگی۔ قصائد، غزل، مثنوی، نعت اور منقبت سب ہی کچھ ہے۔ نثر میں "چہار عنصر" اور "رقعات" دو مشہور کتابیں ہیں۔

marfat.com

Marfat.com

دلّی میں دوران قیام بیدلؔ نے ایک رات خواب دیکھا کہ جہاں احدیت کے جمال میں محو ہے، پھر ارواح و اسما کی کیفیات نظر آئیں، اس کے بعد مراتب عقول اور مدارج نفوس کے اسرار کھلے، بروج و ثوابت کی سیر کی، بعد ازاں تنزلات کا سلسلہ آتش، باد، آب اور خاک پر ختم ہوا۔ عالم جمادات، نباتات اور حیوانات میں سے ہر ایک کی استعداد مرئی طور پر نگاہوں کے سامنے آئی اور حقیقت انسان واضح ہوئی۔ اس نظارے کے دوران بیدل نے حضور اقدس ﷺ کی ذات گرامی کو سر بالیں دیکھا، اس طرح کہ بیدل کا سر حضور اطہر ﷺ کے زانوئے مبارک پر تھا اور آپؐ کے سایۂ عاطفت میں تمام حقائق کے رموز وا ہو رہے تھے۔ جب بیدل نے اپنے آپ کو حضور انور ﷺ کی آغوش قدسی میں دیکھا تو سوئے ادب کی بنا پر پانی پانی ہو گیا۔ ہزار جان چاہا کہ اپنا سر آپؐ کے زانوئے مبارک سے اٹھائے، لیکن وفور شرم وحیا سے وہ بے حس و حرکت ہو چکا تھا۔ سر بدستور کنار رحمت میں رہا، سرور و حضور کا کیا کہنا، تھوڑی دیر بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھا اور آپ سے اپنا خواب بیان کیا۔ حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ حقیقت محمدیہ ہر وقت تیرے احوال پر سایہ فگن رہے گی اور باطن نبوت، تربیت کا دامن کبھی تیرے سر سے نہ اٹھائے گا۔ اپنے خواب کی یہ تعبیر سن کر بیدل اس قدر مسرور ہوئے کہ فرط مسرت سے آنکھ کھل گئی (ماہنامہ اردو ڈائجسٹ، لاہور۔ اکتوبر ۱۹۸۲ء۔ صفحہ ۱۵۸)۔

۱۴۴۔ قاضی محمد ایوب ریاست بھوپال (بھارت) کے قاضی القضاۃ تھے، نواب صدیق حسن خانؒ کے زمانے میں، جو خود جید عالم تھے۔ قاضی صاحب خواب کی تعبیر بتانے میں بھی شہرت رکھتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک نوجوان نے خواب دیکھا کہ ایک بہت بڑی جماعت نماز کے لیے کھڑی ہے، جس کے امام نواب صدیق حسن خان صاحب ہیں اور اس کی صف اولیٰ میں حضرت رسول اللہ ﷺ ہیں۔ ہزاروں لاکھوں آدمی شریک ہیں۔ قاضی صاحب نے خواب سن کر فرمایا کہ نواب صدیق حسن خان صاحب کا انتقال ہو گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی نواب صاحب کے انتقال کا اعلان ہوا۔ وہ ایک عرصے سے بیمار چلے آرہے تھے، تین دن رسماً ماتم رہا، دفاتر بند رہے کہ والئی بھوپال کے شوہر تھے۔ نوجوان نے قاضی صاحب سے خواب کی جب وضاحت چاہی تو آپ نے فرمایا کہ حضور نبی پاک ﷺ کی موجودگی میں کوئی دوسرا جماعت کی امامت نہیں کر سکتا۔ آپ ﷺ سے جو آگے ہو مردہ ہی ہو سکتا ہے پس میں نے یہ تعبیر دی تھی (خطبات حکیم الاسلام قاری محمد طیب صاحب جلد اول، کتب خانہ مجیدیہ، ملتان)۔

۱۴۵۔ خاتم الخلفا، امام الاولیا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت صدیق

marfat.com
Marfat.com

اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو دفن کرنے کے بعد رات کو جب میں سویا تو حضرت رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپ ﷺ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی قبر پر آبدیدہ کھڑے یہ دعا کر رہے تھے: "اے اللہ! میری امت کے بوڑھوں کو صدیق کے طفیل بخش دے" (باغ جنت از حافظ سیّد عنایت علی شاہ لدھیانویؒ خلیفہ حکیم الامت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانویؒ صفحہ ۳۸۷)۔

۱۴۶۔ مدینہ منورہ میں ایک صاحب نسبت بزرگ نے حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی اور آپؐ کی طرف سے مفتی محمود صاحب کو ان الفاظ میں پیغام بشارت دیا (عربی پیام کا اردو ترجمہ = میری جانب سے آپ کو سلام کہیں، ہر معاملہ میں اللہ سے قوت و طاقت کے طلب گار ہوں۔ ہمیشہ حق بات کہیں، اللہ تعالیٰ سچ اور حق فرماتا ہے اور وہی صحیح راستے کی رہنمائی کرتا ہے (قومی ڈائجسٹ "مفتی محمود نمبر" فروری ۱۹۸۱ء۔ صفحہ ۱۷۸)۔

۱۴۷۔ مولانا عبید اللہ انورؒ (جانشین شیخ التفسیر حضرت مولانا لاہوریؒ) کو مفتی محمودؒ نے اپنا یہ خواب سنایا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کا روضۂ مبارک میرے سامنے کھلا اور اس طرح کہ آپ ﷺ اس میں موجود ہیں۔ میرے اور آپ ﷺ کے درمیان کوئی حجاب نہیں اور آپ ﷺ مجھے بلا رہے ہیں۔ مفتی صاحب نے پھر خود ہی اس کی یہ تعبیر بیان کی کہ حضور اقدس ﷺ کا مجھے بلانا اس دنیا سے واپس ہونے کا اشارہ ہے اور آپ ﷺ کے اور میرے درمیان حجاب کا نہ ہونا بھی دوسری دنیا کا نقشہ ہے، جہاں آپ ﷺ کے غلام آپ ﷺ سے بغیر کسی حجاب کے ملتے ہیں۔ مفتی صاحب کو اس سال اپنی موت کا یقین تھا مگر یہ خیال تھا کہ قدرت انہیں فریضۂ حج کا ضرور موقع دے گی، جہاں اخروی زندگی کی بہتری کے لیے اس کے گھر جا کر دعا مانگوں گا کیونکہ وہاں ہر دعا قبول ہوتی ہے، مگر موت کے بارے میں ان کی پیش گوئی حج سے پہلے ہی پوری ہوگئی، ان کا کام بھی ختم ہو چکا تھا، انہیں اللہ پاک نے پھر ہمیشہ کے لیے اپنے پاس بلا لیا اور وہ بھی جانے کے لیے بے قرار تھے۔

ع عمر بھر کی بیقراری کو قرار آ ہی گیا (انا للہ و انا الیہ راجعون)

دار العلوم دیوبند (بھارت) سے تکمیل علوم کے بعد اپنے گھر عبد الخیل اور بعد میں مدرسہ قاسم العلوم، ملتان میں تدریس کے فرائض انجام دیئے۔ حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ نے ۱۹۴۶ء میں اس کا سنگ بنیاد رکھا تھا اور مفتی صاحب نے ۱۹۵۱ء سے یہاں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا تھا۔ ۱۹۶۲ء تک بالالتزام اور ۱۹۷۵ء تک کسی قدر وقفے سے یہ سلسلہ جاری رہا۔ ۶ ربیع الثانی ۱۳۳۷ھ بمطابق جنوری ۱۹۱۹ء پیر کی رات پنیالہ میں آپ پیدا ہوئے۔ والد کا نام خلیفہ محمد صدیق تھا، پنیالہ میں آپ کے آباو اجداد غزنی سے آکر آباد ہوئے تھے۔ ڈیرہ

marfat.com
Marfat.com

اسمٰعیل خان سے پنیالہ قریب ۴۵ میل دور ہے۔ اس سے سات میل دور ایک چھوٹا سا گاؤں عبدالخیل ہے۔ یہاں سے ۱۱ اکتوبر ۱۹۸۰ء کو حج کی نیت کر کے کراچی پہنچے تھے۔ ۱۴ اکتوبر بمطابق ۴ ذالحجہ ۱۴۰۱ھ بروز دوشنبہ قریب ایک بجے دن کراچی میں وصال فرمایا۔ علما سے باتیں کرتے کرتے یکایک بائیں پہلو صاحبزادہ مولوی محمد بنوری کی گود میں گر گئے۔ ۱۵ اکتوبر کو بذریعہ ہوائی جہاز حج کے لیے روانہ ہونے والے تھے۔ آج تک کسی کو اتنی آسانی سے مرتے نہیں دیکھا (قومی ڈائجسٹ، مفتی محمود نمبر۔ صفحہ ۱۲۰)۔

۱۴۸۔ شوال ۱۳۴۴ھ میں دوسری بار حج کے لیے حضرت مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوری ثم مدنیؒ کی ہم رکابی میں روانہ ہوئے، مدینہ منورہ میں قیام کا زمانہ ختم ہوا اور رفقا روانگی کی تیاری کرنے لگے تو مولانا محمد الیاس (بانی تبلیغی جماعت) کو عجب بے چینی و اضطراب میں پایا۔ کسی صورت رخصت کے لیے تیار نہ تھے۔ مولانا سہارنپوریؒ نے فرمایا تم ان کے جانے پر اصرار نہ کرو۔ ان پر ایک حالت طاری ہے یا انتظار کرو کہ از خود تمہارے ساتھ چلنے کے لیے تیار ہو جائیں یا خود چلے جاؤ، یہ بعد آ جائیں گے، چنانچہ رفقا چلے گئے۔ مولانا الیاسؒ فرماتے ہیں کہ اس قیام کے دوران مجھے اس کام کے لیے امر ہوا اور ارشاد ہوا کہ ہم تم سے کام لیں گے۔ کچھ دن بے چینی میں گذرے کہ میں ناتواں کیا کر سکوں گا؟ کسی عارف نے سنا تو فرمایا کہ پریشانی کی کیا بات ہے، یہ تو نہیں کہا گیا کہ تم کام کرو گے، یہ کہا گیا ہے کہ ہم تم سے کام لیں گے پس کام لینے والے کام لے لیں گے۔ اس بات سے مولانا محمد الیاسؒ کو بڑی تسکین ہوئی اور آپ نے مدینہ طیبہ سے مراجعت فرمائی۔ حرمین شریفین میں پانچ ماہ قیام فرمایا اور ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۴۵ھ کو کاندھلہ واپسی ہوئی (حضرت مولانا محمد الیاسؒ اور ان کی دینی دعوت از مولانا سید ابو الحسن علی ندوی۔ مجلس نشریات اسلام، ناظم آباد، کراچی نمبر ۱۸۔ صفحہ ۸۴)۔

۱۴۹۔ چراغِ سنت از حضرت مولانا سید فردوس شاہ صاحب قصوری پہلی مرتبہ ۶ ربیع الاول ۱۳۷۶ھ بمطابق اکتوبر ۱۹۵۶ء کو شائع ہوئی تھی۔ دیباچہ طبع دوم میں مولف تحریر فرماتے ہیں کہ رسالہ "چراغِ سنت" ایک وقتی اور فوری ضرورت کے تحت مولف نے قلم برداشتہ "نذر اولیا" کی تردید میں لکھا تھا، لیکن حضرات علما کرام اور اہل ذوق عوام کی پسند اور بریلوی عوام اور رسائل کی چیخ پکار اور تردید نے اسے چند دنوں میں وہ مقبولیت اور شہرت عطا فرمائی کہ آج الحمد للہ پاکستان اور ہندوستان کے ہر حلقے اور ہر طبقے سے طبع دوم کے لیے بے شمار مطالبات آ چکے ہیں۔ کس زبان سے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کروں کہ "چراغِ سنت" کی اشاعت کے دوسرے روز اللہ تعالیٰ نے مجھ ناکارہ کو وہ جلیل القدر روحانی انعام عطا فرمایا: جس کی سچی

marfat.com
Marfat.com

آرزو ہر مومن کے دل میں تڑپ رہی ہے اور محض فضل الٰہی کے بغیر اس کا حصول ممکن نہیں: "من رانی فقدرای الحق"۔ حضور اقدس ﷺ کا یہ دیدارِ جان بخش ایسی کیفیات مثالیہ کا حامل تھا جس کی تعبیر بس یہی تھی کہ "چراغ سنّت" ایک خنجر ہے جو بدعت کی کمر میں پیوست ہو چکا ہے۔ فالحمد للہ رب العالمین (چراغ سنّت اشاعت دوم فروری ۱۹۸۰ء مکتبہ نذیریہ، لاہور۔ صفحہ ۹)۔

۱۵۰۔ حضرت ابوالریاض حافظ شفیق احمدؒ کے پاڑیا نواحی ضلع گجرات (پاکستان) کے رہنے والے تھے۔ گیارہ پشتوں سے اس خاندان میں حافظ قرآن چلے آرہے ہیں۔ آپ نے اپنے والد ماجد حضرت ابوالشفیق حافظ خیر محمدؒ کے دست حق پرست پر سلسلہ قادریہ میں بیعت کی۔ باقی تین روحانی سلاسل میں بھی مختلف بزرگوں سے فیض حاصل کیا۔ آپ قلیل الکلام، قلیل الطعام اور قلیل المنام تھے (کم خوردن و کم گفتن و کم خفتن عادت گیر۔ کم کھانے، کم بولنے اور کم سونے کی عادت ڈالو) روزانہ ایک مرتبہ قرآن مجید کا ختم کرتے تھے اور آپ کا ہر لمحہ یاد الٰہی میں بسر ہوتا تھا اور بے شمار مرید، جن میں سے صرف لاہور میں ایک ہزار کے قریب تھے، صاحب کشف و کرامات بزرگ تھے۔ یکم جنوری ۱۹۵۷ء علی الصبح چار بجے محبوب حقیقی سے بلاوا آگیا اور آپ نے اپنی جان اس کے سپرد کر دی۔ مزار مبارک قبرستان میانی صاحب، لاہور میں ہے۔

گجرات میں گہنا نامی ایک شخص رہتا تھا، جو پیروں فقیروں پر جان چھڑکتا تھا۔ ایک دن ایک جعلی پیر کے ہتھے چڑھ گیا لیکن گہنا بہت مخلص تھا۔ اسے اپنے پیر سے بے حد عقیدت و محبت تھی۔ اپنی ساری جائیداد اور زمین اس پر قربان کر دی۔ جب پیر مر گیا تو اس کی قبر پر بیٹھ گیا۔ ایک دن خواب میں حضور انور ﷺ تشریف لائے اور گہنا سے ارشاد فرمایا کہ "میں نے ایک کاغذ تمہارے تکیہ کے نیچے رکھ دیا ہے، اس پر پتہ لکھا ہے وہاں جاؤ۔" تکیے کے نیچے واقعی کاغذ موجود تھا۔ اس پر حافظ شفیق احمد کا پتہ درج تھا۔ وہ فوراً حافظ صاحب سے ملاقات کے لیے روانہ ہو گیا۔ ادھر حضرت رسول اللہ ﷺ نے حافظ شفیق احمد کو حکم دیا کہ "گہنا آرہا ہے، ایک سال میں اسے پیر بنا دو۔" یہ سب اس کے خلوص اور حسن و عقیدت کا نتیجہ تھا۔ ہفتے کا دن تھا اور اس دن آپ عوام سے نہ ملتے تھے، سمجھ گئے کہ یقیناً کوئی راز ہے، تھوڑی دیر بعد گہنا آگیا، آپ نے اس کی خوب خاطر مدارات کی اور حسب الارشاد اس کی تربیت شروع کر دی۔ چند روز میں گہنا سائیں گہنا ہو گیا اور صرف ایک سال بعد وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون (ماہنامہ "سیارہ ڈائجسٹ" لاہور۔ فروری ۱۹۸۴ء۔ صفحہ ۱۱۳ تا ۱۱۶ سے ماخوذ)۔

۱۵۱۔ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلیؒ اپنی معروف کتاب "سرالجلیل" میں فرماتے ہیں کہ میں

marfat.com
Marfat.com

نے حضرت سرور کائنات علیہ السلام کی خواب میں زیارت کی۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا: پاک رکھ کپڑوں کو ناپاکی سے اور رضائے الٰہی میں قدم مار اور جب تجھے خوف جن وانس سے ہو تو پڑھ "حسبنا اللہ و نعم الوکیل" (سورہ آل عمران آیت ۱۷۳، ترجمہ = کافی ہے ہم کو اللہ اور وہ بہت اچھا کارساز ہے)۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ "سراج الجمیل" کے نام سے مولانا عبدالصمد رضوی دہلوی نے کیا ہے جس میں آیہ کریمہ "حسبنا اللہ و نعم الوکیل" کے مجرب خواص، عملیات و تعویذات ہر مقصد کے واسطے بیان ہیں۔ ناشر = دارالاشاعت۔ مقابل مولوی مسافر خانہ، کراچی)۔

۱۵۲۔ شیخ احمد برھمن اور ان کی بیوی "تحفۃ الہند" پڑھ کر مسلمان ہوئے تھے۔ ایک مرتبہ شیخ احمد کو خواب میں حضور اقدس علیہ السلام کی زیارت بھی ہوئی تھی (تحفۃ الہند، چوتھا باب۔ صفحہ ۱۲۷۔ از مولانا عبید اللہ مالیر کوٹلوی، نو مسلم تھے۔ متوفی ۱۳۱۰ھ فیصل کتاب گھر، بلاک ۱۱، سرگودھا) اس کتاب کو پڑھ کر امام انقلاب حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ اور دیگر ہزار ہا ہندو اور سکھ مسلمان ہوئے تھے۔ امام انقلاب نے تو اپنا نام بھی عبید اللہ، اس کتاب کے نو مسلم مصنف عبید اللہ کے نام پر رکھا تھا۔

۱۵۳۔ حضرت سیّدنا اسد الرحمٰن قدسیؒ ریاست بھوپال کے مہاجر تھے۔ چکوال کے قریب بھون میں آپ کی خانقاہ ہے اور وہیں وصال فرمایا۔ مصنف / مولف کتاب ہذا تین چار مرتبہ حضرت سے بھون میں ملا اور ساتھ چائے پی۔ آپ کے ایک مرید نے ۲۰ اکتوبر ۱۹۸۳ء کو مجھے بتایا تھا کہ حضرت کو بحالت بیداری حضرت رسول مقبول علیہ السلام کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا تھا۔ آپ حضور علیہ السلام کے قدموں پر گر گئے اور بعد سلام عرض کیا کہ مجھے کچھ عنایت فرمایا جائے۔ اس پر آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ "قرآن اور حدیث میں سب کچھ موجود ہے۔" عرض کیا کوئی خاص چیز مجھے عنایت ہو۔ اس پر حضور اقدس علیہ السلام نے فرمایا: ہر کام کے لیے پڑھا کرو: "اللھم یا سلامُ سَلِّم"۔ (ترجمہ = اے اللہ اے سلامتی عطا کرنے والے حضور علیہ السلام پر سلامتی (رحمت) بھیج اور مجھے بھی سلامتی سے نواز) ایک عورت آپ کے پاس اپنے میاں کا شکوہ کرتے ہوئے آئی۔ اس سے فرمایا کہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح "اللھم یا سلامُ سَلِّم" پڑھ لیا کرو۔ اس کے دل کو لگی تھی، روزانہ کئی ہزار بار یہی پڑھنے لگی۔ صرف دس دن میں آوارہ شوہر جو دوسری عورتوں کے پیچھے بھاگتا تھا، تکلا سا سیدھا ہو گیا (غیر مطبوعہ)۔

۱۵۴۔ مسعود العالمین، اغیاث الہند حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ اپنی تصنیف "سر العبودیت" میں تحریر فرماتے ہیں کہ ۲۵ رمضان المبارک ۶۵۰ھ شب جمعہ، بعد نماز تہجد میں

marfat.com
Marfat.com

نے خواب میں اپنے پیر و مرشد قطب الاقطاب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کو ارشاد فرماتے دیکھا کہ مخدوم علی احمد کو جلد ہمراہ لے چلو۔ بر بنائے عجلت میں نے عالم مثال ہی میں انہیں اپنے ہمراہ لے لیا اور حضرت پیر و مرشد کے عقب میں روانہ ہوا۔ تھوڑی ہی دیر میں عالم ملکوت سے عالم جبروت میں گذر ہوا، جہاں چاروں طرف نور کا عالم تھا اور ایک عالی شان دربار میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو رونق افروز دیکھا۔ میرے پیر و مرشد نے مجھے اور علی احمد صابر کو حضور اقدس ﷺ کے روبرو پیش کیا تو آپ ﷺ نے علی احمد صابر کی پشت کی جانب دائیں شانے پر بوسہ دے کر فرمایا: "هذا ولی الله"۔ پھر اس جگہ مبارک باد کی آوازوں کی گونج سے میں بے اختیار جاگ گیا، باہر نکل کر دیکھا تو لیلۃ القدر کے تمام آثار نظر آئے۔ میں علی احمد صابر کے حجرے کی طرف گیا تو دیکھا کہ خلاف معمول حجرے کا دروازہ کھلا ہوا ہے اور انوار کی بارش ہو رہی ہے اور مخدوم علی احمد صابر عالم استغراق میں ہیں اور جو عالم جبروت میں میں نے دیکھا تھا اسی طرح ہو رہا تھا۔ تمام رُقبا، نقبا، نُجبا، ابدال، اقطاب، اغیاث، رجال الغیب اور بادشاہ جنات آ آکر مخدوم علی احمد صابر کی مہر ولایت کو بوسہ دے دے کر "هذا ولی الله" کہہ رہے ہیں اور مجھے مبارک باد دے رہے ہیں (سر العبودیت) (تذکرہ انوار صابری از حاجی محمد بشیر انبالوی صفحہ ۸۳ تا ۸۶۔ شیش محل روڈ، انبالہ بک بائینڈنگ ہاؤس، لاہور)۔

حضرت مخدوم علاؤالدین علی احمد صابرؒ بن سیّد عبدالرحیم کی والدہ محترمہ بی بی ہاجرہ حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ کی حقیقی ہمشیرہ تھیں۔ حضرت مخدوم صابرؒ ۱۹ ربیع الاول ۵۹۲ھ شب پنج شنبہ بوقت نماز تہجد پیدا ہوئے تھے اور ۱۰ جمادی الثانی ۶۹۹ھ بروز چہار شنبہ بعد نماز عصر وصال فرمایا۔ سلسلہ چشتیہ صابریہ آپ ہی سے جاری ہوا۔ کلیر شریف (ضلع سہارنپور، یوپی، بھارت) میں آپ کا شاندار روضہ مرجع خلائق ہے۔ تذکرہ انوار صابری آپ کے حالات زندگی پر ایک نہایت حسین و جمیل کتاب ہے، جس کو دیکھ کر اور پڑھ کر طبیعت خوش ہو جاتی ہے۔

۱۵۵۔ بھلوال ضلع سرگودھا سے ایک مریض لکھتا ہے: چار سال سے مرض بھگندر (Fistula) میں مبتلا ہوں۔ پاخانہ کی جگہ دونوں جانب ناسور ہے جس سے ہر وقت پیپ رستی رہتی ہے، کبھی کبھی خون بھی آجاتا ہے، کافی علاج کئے کوئی آرام نہیں، زندگی عذاب بن چکی ہے، براہ کرم کوئی دوا، عمل، دعا، وظیفہ غرض جو بھی مناسب سمجھیں تجویز فرمائیں تاکہ اس مصیبت سے نجات حاصل ہو۔

جواب = نیم کی لکڑی جلا کر کوئلہ بنالیں اور اس کو اس قدر پیسیں کہ سرمہ بن جائے، کوئی ذرّہ باقی نہ رہے، سرمہ کی طرح اس باریک سفوف میں شہد ملا کر مرہم بنالیں اور

marfat.com
Marfat.com

رات سوتے وقت ناسور پر لگالیا کریں۔ یہ نسخہ میرے ایک عزیز کو حضور اکرم ﷺ نے خواب میں عنایت فرمایا تھا، جس سے ان کو آرام آگیا تھا (روحانی ڈائجسٹ، صفحہ ۱۰۶ تا ۱۰۷۔ کراچی۔ جلد ا شمارہ ۱۰۔ جمادی الثانی ۱۳۹۹ھ بمطابق مئی ۱۹۷۹ء مدیر اعلیٰ جناب خواجہ شمس الدین عظیمی۔ (بشکریہ جناب واحد رضا شمسی)۔

۱۵۶۔ شیخ محمد علی حکیم الترمذی پر ایک شخص اعتراض کیا کرتا تھا۔ آپ کا ایک مکان بغیر دروازے کے تھا، جب آپ حج سے واپس آئے تو گھر میں ایک کتیا نے بچے دے رکھے تھے۔ آپ نے اسے اپنی مرضی سے نکالنا نہ چاہا کہ خود نکل جائے تو بہتر ہے۔ آپ اس روز ۸۰ مرتبہ اس کتیا کے پاس گئے کہ شاید خود اٹھ کر چلی جائے اور اس کے بچوں کو تکلیف نہ ہو۔ اسی رات اس معترض شخص کو حضور انور ﷺ نے خواب میں فرمایا: ”تو ایسے شخص کی برابری کرتا ہے، جس نے ایک کتیا سے ۸۰ مرتبہ نرمی برتی، اگر تو ابدی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہے تو جا کر اس کی خدمت کر۔“ وہ زاہد شخص محمد علی حکیم کے سلام کے جواب دینے کو بھی باعث شرم سمجھتا تھا، لیکن پھر اس نے تمام عمر شیخ صاحب کی خدمت میں بسر کر دی (تذکرۃ الاولیا صفحہ ۲۱۹۔ از عطاالرحمٰن صدیقی دہلوی۔ کشمیری بازار، لاہور ۱۲ اپریل ۱۹۲۵ء)۔

شیخ محمد علی حکیم الترمذی صاحب اسرار و کشف تھے۔ حکمت میں اعلیٰ درجے پر تھے، چنانچہ حکیم الاولیا کہلائے جاتے تھے۔ آپ نے ابو تراب خضرویہ اور ابو عبد اللہ جلا ابن جلا کی صحبت حاصل کی تھی اور حضرت یحییٰ معاذؒ سے باتیں کی تھیں۔ آپ کی تصانیف بے شمار ہیں۔ ترمذ میں کوئی شخص آپ کی باتوں کو سمجھ نہ سکتا تھا اور اہل شہر سے آپ چھپے رہتے تھے۔ بقول صاحب سفینۃ الاولیا آپ کا وصال ۲۵۵ھ میں ہوا۔ جمعہ کا دن تھا، صاف کپڑے پہنے جامعہ مسجد جا رہے تھے کہ لونڈی نے غلاظت سے بھرا تھال اوپر سے آپ کے سر پر ڈال دیا، غصہ آیا مگر پی گئے۔ اسی وقت حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھا، جنہوں نے کہا اس تحمل کی وجہ سے تم نے مجھے دیکھا۔ اس قدر ادب تھا کہ کبھی اہل و عیال کے سامنے ناک تک صاف نہ کرتے تھے۔

۱۵۷۔ شیخ محمد علی حکیم الترمذی نہایت حسین اور وجیہہ جوان تھے۔ آپ کی خواہش ایک مالدار عورت نے کی، مگر آپ نے توجہ نہ دی۔ بڑھاپے میں ایک روز سوچنے لگے کہ کاش میں اس عورت کی حاجت روائی کر کے بعد میں توبہ کر لیتا، پھر خود ہی افسوس کیا کہ اب بڑھاپے میں گناہ نہ کرنے پر افسوس ہے۔ تین روز غمگین بیٹھے رہے کہ اس عمر میں ایسا خیال کیوں آیا؟ چوتھے روز حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ”تو غم نہ کر، کیونکہ اس وجہ سے تجھ سے باز پرس نہیں ہوگی۔ جو کچھ تو نے دیکھا ہے، یہ ہماری مدت

marfat.com
Marfat.com

مفارقت کی زیادتی کی وجہ سے ہے نہ یہ کہ تیری صفت میں نقصان آ گیا ہے (تذکرۃ الاولیا، صفحہ ۴۲۰)۔

۱۵۸۔ دس بارہ ضخیم جلدوں میں "درسِ قرآن" کے مولف مولانا محمد احمد، کراچی کا مفصل خط بتاریخ ۱۴ دسمبر ۱۹۸۱ء میرے سامنے ہے، جس میں آپ نے ڈاکٹر عبدالحی صاحب (خلیفہ ارشد حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ) کی نہایت مقبول تالیف "معمولات یومیہ" کی نسبت ایک خواب جو ایک بزرگ نے ڈیرہ اسمٰعیل خان میں دیکھا تھا، بیان کیا ہے اور جو کچھ اس طرح ہے:

رمضان المبارک کا مہینہ ہے۔ مسجد نبوی ﷺ میں متعدد اکابر معتکف ہیں جن میں حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ اور حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ بھی ہیں۔ ڈاکٹر مولانا عبد الحی ستون توبہ کے پاس "استغفار" کی اہمیت پر تقریر کر رہے ہیں۔ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے پاس مجمع کثیر ہے اور کتاب "معمولات یومیہ" کثیر تعداد میں آپ کے سامنے رکھی ہے۔ حضور اقدس ﷺ حجرہ مبارکہ سے باہر تشریف لا کر مولانا گنگوہیؒ اور مولانا تھانویؒ کے درمیان تشریف فرما ہو جاتے ہیں۔ معتدد اکابر نے حضور انور ﷺ سے مصافحہ فرمایا۔ اتنے ہی میں ڈاکٹر عبدالحی صاحب بھی آ کر آپ ﷺ سے مصافحہ کرتے ہیں۔ حضور اطہر ﷺ آپ کو دعا دیتے ہیں اور کتاب "معمولات یومیہ" اٹھا کر ڈاکٹر صاحب سے فرماتے ہیں کہ "آپ نے یہ کتاب بہت اچھی لکھی ہے، اس کتاب میں امت کے فائدے اور روحانی کامیابی مضمر ہے۔" پھر مولانا اشرف علی تھانویؒ کو مخاطب کر کے فرمایا: "اشرف یہ کتاب تقسیم کر دو، مسلمانوں کو دو جہاں میں کامیابی نصیب ہو گی، اگر عقیدت و محبت سے پڑھتے اور عمل کرتے رہے" .... خاتمہ پر صاحب خواب لکھتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ کے حکم سے کتاب "معمولات یومیہ" کی تقسیم حضرت تھانویؒ نے شروع فرمائی اور جب صاحب خواب کو کتاب دی اور انہوں نے ہاتھ بڑھا کر کتاب پکڑی تو آنکھ کھل گئی اور یوں خواب ختم ہوا۔

۱۵۹۔ ایک مرتبہ شیر شاہ سوری نے خواب میں دیکھا کہ دربار نبوی (ﷺ) میں حاضر ہے اور بادشاہ ہمایوں بھی وہاں موجود ہے۔ حضرت رسول اقدس ﷺ نے تاجِ شاہی ہمایوں کے سر سے اتار کر شیر خان کے سر پر رکھ دیا اور ارشاد فرمایا: "شیر شاہ! عدل وانصاف سے حکومت کرنا" (ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ، لاہور، صفحہ ۱۶۴۔ مئی ۱۹۸۲ء)۔

شیر خان بابر کے عہد میں ایک معمولی سردار تھا۔ اس کے بیٹے ہمایوں کے عہد میں بھی اس کے دربار میں شامل رہا۔ ایک دن جشن نوروز میں ہمایوں مینار تغلق پر جلوہ افروز تھا کہ اپنی فوج کی کثرت دیکھ کر ہمایوں کے منہ سے بے اختیار نکلا: "ایں قدر لشکر کہ من دارم

marfat.com
Marfat.com

خدا داشتہ باشد (جتنا لشکر میرے پاس ہے، خدا ہی کے پاس ہو تو ہو)۔ یہ پر غرور الفاظ سن کر شیر خان کی غیرتِ دینی نے جوش مارا اور وہ بولا: "از امروز مرا ہمرہیئے تو بر من حرام شد" (آج سے میرا تیرے ساتھ رہنا حرام ہے)۔ یہ کہا اور نماز کے بہانے مینار سے اترا اور گھر جا کر اپنے بھائیوں سے کہا: اپنے گھوڑے اور آدمی تیار کرو، آج سے شاہ ہمایوں کی ہمراہی مجھ پر حرام ہے کیونکہ اس کی زبان سے میں نے کلمہ کفر سنا ہے۔ اس کے بعد وہ ہمایوں سے برابر بر سر پیکار رہا اور بالآخر اسے شکست دے کر تخت سلطنت پر قبضہ کر لیا۔ ایک مرتبہ ہمایوں کا فرستادہ سلطان الہند شیر شاہ سوری کے پاس آیا۔ اس نے دیکھا کہ شیر شاہ اپنے سپاہیوں کے ساتھ خندق کھودنے میں مصروف ہے، ڈاڑھی اور سر کے بال گرد آلود ہیں اور سنّت نبوی علیہ ﷺ کی پیروی ہو رہی ہے۔ قاصد نے ہمایوں سے آ کر کہا: "آپ شیر خان سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتے"۔

بادشاہ جہانگیر کے عدل و انصاف کے واقعات کی طرح شیر شاہ سوری کے عدل و انصاف کے واقعات بھی مشہور ہیں۔ شیر شاہ سوری، سلطان الہند نے ۱۲ ربیع الاول ۹۵۲ھ کو وفات پائی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ ہمایوں سلطان الہند ۱۲ ربیع الاول ۹۶۳ھ کو مغرب کی اذان سن کر اترنے لگا تو زینے سے گرا اور چند دن بعد وفات پا گیا۔

شیر شاہ سوری ہندوستان کا مثالی بادشاہ تھا، جس نے صرف ساڑھے پانچ سال کی قلیل مدتِ حکومت میں حیرت انگیز کارنامے کر دکھائے۔ امن وامان کا یہ عالم کہ ایک بڑھیا جنگل میں تن تنہا اپنا مال و متاع لے کر سفر کرتی اور پوری سلطنت میں اسے کوئی گزند پہنچانے والا نہ ہوتا۔ وہ فرمایا کرتا تھا: "بڑا آدمی وہ ہے جو اپنے اوقات کی قدر کرے اور انہیں ضروری امور میں صرف کرے"۔ شیر شاہ سوری کی بنائی ہوئی گرینڈ ٹرنک روڈ (جی ٹی روڈ) کے نام سے آج بھی مشہور ہے جس کی مسافت تین ہزار میل ہے۔ ہر دو میل کی مسافت پر ایک سرائے (مسافر خانہ) تعمیر کرائی جس میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے لیے کھانے کا علیحدہ انتظام ہوتا۔ ہر دو میل پر ایک مسجد جس میں باتنخواہ مؤذن، امام اور ایک قاری ہوتا تھا۔ ہر مسافر خانے میں دو گھوڑے ڈاک کے لیے متعین ہوتے جو ہر روز ملک کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک خبریں پہنچاتے۔ شاہراہ کے دونوں طرف سایہ دار اور پھلدار درخت تھے۔ یہ اس زمانے کا کارنامہ ہے جب آج کی سی محیر العقول ایجادات نہ تھیں۔ جہاں برسوں کا کام مہینوں اور مہینوں کا کام دنوں میں ہوتا ہے۔ اس کے قبضے میں جنات نہ تھے، الہ دین کا چراغ نہ تھا بلکہ نیک نیتی اور خدمت کا جذبہ تھا۔ خلوص تھا جس نے راستے کے جنگلات صاف کر دیئے اور شاہراہ کی ندیوں اور نالوں پر پل تعمیر کرنا آسان بنا دیئے۔ شیر شاہ نہ صرف عدل و انصاف اور مظلوموں کا

marfat.com
Marfat.com

فریادرس تھا بلکہ وہ نہایت نیک، دیندار، باجماعت نماز ادا کرنے والا، تہجد گذار اور قیام لیل کا پابند تھا۔ احسان دانش نے اپنے اس شعر میں حکمرانی کرنے کا گُر بیان کیا ہے۔ فرماتے ہیں:

؎ اس پہ لازم ہے محمد (ﷺ) کی غلامی دانشؔ جس کی تحویل میں مخلوق خدادی جائے

معاً جلیل مانکپوری کی غزل کا ایک شعر یاد آگیا جسے میں نعتیہ شعر کہتا ہوں۔ فرماتے ہیں:

؎ نگاہِ برق نہیں چہرہ آفتاب نہیں وہ آدمی ہے مگر دیکھنے کی تاب نہیں

مولایَ صل و سلم دائماً ابداً علی حبیبك خیر الخلق کلھم

۱۶۰۔ **اللھم صل و سلِم علی سیّدنا محمدنِ الذی ھو ابھیٰ من الشمس والقمر و صل و سلِم علی سیّدنا محمدٍ عدد حسنات ابی بکر** رضی اللہ تعالیٰ عنہ **و عمر** رضی اللہ تعالیٰ عنہ **و صل وسلِم علی سیّدنا محمد عدد نبات الارض و اوراق الشجر۔**

ترجمہ = اے اللہ صلاۃ وسلام بھیجئے ہمارے آقا محمد ﷺ پر، جو سورج اور چاند سے زیادہ روشن ہیں اور صلاۃ وسلام بھیجئے ہمارے آقا محمد ﷺ پر، ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ' اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کی نیکیوں کی تعداد کے برابر اور صلاۃ وسلام بھیجئے ہمارے آقا محمد ﷺ پر، زمین کی نباتات اور درختوں کے پتوں کی تعداد کے برابر۔

مذکورہ بالا درود شریف حضرت شیخ علی نورالدین الشونیؒ کا مرتب کردہ ہے جسے آپ اسّی برس جامع الازہر میں حضرت رسول اللہ ﷺ کے درودوں کی مجلسوں میں پڑھتے رہے۔ آپ کی حیات میں اور بعد وصال اطراف مصر، یمن، شام، بیت المقدس، مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں اس درود شریف کی شہرت پھیل گئی اور یہ "مصباح الظلام" کے نام سے مشہور ہو گیا۔

حضرت شیخ امام عبدالوہاب شعرانیؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے مصر کی ایک شارع عام پر کسی کو صدا دیتے سنا، جب کہ میں سو رہا تھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ حضرت شیخ علی نورالدین شونیؒ کے پاس تشریف فرما ہیں، جو آپ ﷺ کو دیکھنا چاہے وہ شیخ نورالدین شونیؒ کے مدرسہ سیوفیہ میں جائے۔ پس میں خواب میں دوڑتے ہوئے مدرسہ پہنچا، دروازے پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کو پایا، میں نے انہیں کو سلام کیا اور اندر چلا گیا۔ دوسرے دروازے پر حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نظر آئے، ان کو بھی سلام کر کے اندر کی طرف بڑھ گیا۔ تیسرے دروازے پر ایک شخص کو دیکھا جنہیں پہچان نہ سکا۔ جب حضرت شیخ شونیؒ کے حجرہ شریف کے دروازہ پر پہنچا تو میں نے حضرت شیخ شونیؒ کو تشریف فرما پایا، لیکن حضرت رسول اللہ ﷺ کو نہیں دیکھا۔ میں حضرت شیخ شونیؒ کے سامنے مبہوت کھڑا رہ گیا اور آپ کے چہرہ کو غور سے دیکھتا رہا۔ اتنے میں سرور دو عالم ﷺ کے رخسار مبارک اور پورے

marfat.com
Marfat.com

جسم اقدس کو، صاف وشفاف پانی کی سطح پر جس طرح صورت چمکتی ہے، میں نے آپ ﷺ کو دیکھ لیا۔ میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو سلام کیا۔ آپ ﷺ نے مجھے مرحبا فرمایا اور اپنے طریقے کی کچھ باتیں بطور وصیت و نصیحت مجھ سے فرمائیں، اتنے میں میری آنکھ کھل گئی۔ میں نے فوراً حضرت شیخ نورالدین شوئیؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ پورا خواب سنا دیا۔ حضرت شیخ شوئیؒ نے یہ سن کر فرمایا: اللہ کی قسم! آج جیسی خوشی و مسرت مجھے زندگی بھر نصیب نہیں ہوئی۔ بعدہ زار زار رونے لگے اور اس قدر آنسو بہائے کہ ان کی ریش مبارک سے قطرے ٹپکنے لگے (تحفۂ درود شریف: صل علی محمد (ﷺ) مولفہ واعظ سحر البیان شیخ الحدیث حضرت علامہ حبیب البشر خیری رنگون۔ صفحہ ۱۲۶ تا ۱۲۸۔ مرکزی مجلس رضا، نعمانیہ بلڈنگ، اندرون ٹکسالی گیٹ، لاہور)۔

(میں اس کتاب مستطاب کے لیے جناب پروفیسر محمد سرور شفقت اور ان کے صاحبزادے جناب زاہد سرور قادری کا شکر گزار ہوں)۔

۱۶۱۔ ۵ نومبر ۱۹۸۳ء کو کراچی سے گوہر بانو (بیگم ایڈمرل (ر) مظفر حسن صاحب) لکھتی ہیں کہ یہ ستمبر کے دوسرے ہفتہ کا خواب ہے، نہایت مختصر مگر اس قدر مبارک کہ اپنی قسمت پر خود بھی یقین نہیں آتا، دیکھا کہ ایک کمرہ ہے، حضور اقدس ﷺ ایک کرسی پر تشریف فرما ہیں، آپ ﷺ کے ایک ہاتھ میں ایک سکّہ ہے جو چونی کے برابر اور زنگ آلود ہے، مجھے وہ دکھا کر بیٹی کہہ کر کچھ سمجھا رہے ہیں اور میں نہایت ادب سے سامنے کھڑی ہوں۔ چند ساعت بعد کمرے سے باہر نکل جاتی ہوں اور باہر نکلتے ہی دل خوشی سے بے قابو ہو جاتا ہے کہ ہمارے سرکار (ﷺ) نے مجھے بیٹی کہہ کر خطاب فرمایا ہے (بس اور تفصیل اس خواب کی ذہن سے نکل گئی ہے) (غیر مطبوعہ)۔

محترمہ لکھتی ہیں بارہ سال پہلے ۱۹۷۱ء میں حج کیا تھا، جو جمعہ کا تھا۔ اب ۱۹۸۳ء میں پھر حج کیا، یہ بھی جمعہ کا ہے۔ آپ کے بڑے بیٹے عبدالرحمٰن ناصر نے بھی یہ حج کیا، مبارک ہو۔ (افسوس کہ ۱۸ ربیع الثانی ۱۴۲۱ھ بمطابق ۲۱ جولائی ۲۰۰۰ء بروز جمعہ بوقت صبح ۸ بجے بمقام کراچی بعمر پچاس سال میرا یہ بیٹا بھی مجھے داغ مفارقت دے گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کی قبر کو جنت کی کیاری بنا دے اور ہم پس ماندگان، مرحوم کی بیوہ اور تینوں بیٹوں (عبد اللہ، عبید اللہ، عباد اللہ) کو صبر جمیل عطا فرمائے اور خوب پروان چڑھائے، آمین ثم آمین۔ مرحوم نے اگلے سال ۱۹۸۴ء میں اپنی والدہ مرحومہ مرضیہ خاتون کی جانب سے بھی حج کیا تھا۔ اللہ پاک قبول فرمائے)۔ تین سال قبل چھوٹا بیٹا عبدالرحیم یاسر بعمر

marfat.com
Marfat.com

۴۰ سال لاہور میں حادثے کا شکار ہو چکا ہے۔ مرضی مولیٰ از ھمہ اولیٰ۔

۱۶۲۔ اللھم صل و سلم علی سیدنا محمد قد ضاقت حیلتی ادرکنی یا رسول اللہ ﷺ (ترجمہ = اے اللہ صلاۃ و سلام بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ پر، میرے تمام حیلے اور کوششیں ناکام ہو چکی ہیں، اے اللہ! حضرت رسول اللہ ﷺ کے صدقے میری مدد فرمایئے)۔

شیخ ابن عابدینؒ اپنے شیخ سیّد محمد شاکر العقاد دمشقیؒ سے نقل فرماتے ہیں کہ مفتی دمشق شیخ علامہ حامد آفندی العمادیؒ کو بادشاہ وقت کے بعض وزیروں نے قید کرنے کا ارادہ کیا۔ مفتی صاحب اس خبر سے سخت پریشان ہوئے۔ رات عالم پریشانی میں جو سوئے تو حضرت رسول معظم ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ آپ ﷺ نے ان کو تسلی دی اور مذکورہ بالا درود شریف عطا فرمایا اور ارشاد فرمایا: ”جو کوئی اس کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی تکلیف اور غم کو رفع فرما دے گا۔“ مفتی صاحب بیدار ہو کر اس کا ورد کرنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے وزیروں کے خیالات بدل ڈالے اور وہ جو مقلب القلوب بھی ہے، اس نے وزیروں کی بیدردی کو ہمدردی میں تبدیل فرما کر مفتی صاحب کو سکون عطا فرما دیا۔ شیخ مذکور نے مزید فرمایا کہ ان کو ایک مرتبہ بڑی مصیبت پیش آئی تو انہوں نے چلتے چلتے اس درود پاک کا ورد شروع کر دیا۔ ابھی سو قدم سے زیادہ طے نہ کیے تھے کہ مسبب الاسباب نے ان کی مصیبت رفع فرما دی۔

شیخ ابن عابدینؒ فرماتے ہیں کہ دمشق میں ایک بار زبردست بلوہ ہوا تو میں نے مذکورہ بالا درود پاک کا ورد شروع کر دیا۔ ابھی دو سو مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ ایک آدمی نے آ کر مجھے مطلع کیا کہ فتنہ فساد نے دم توڑ دیا ہے۔ میرے اس بیان کا اللہ گواہ ہے (تحفۂ درود شریف: صل علی محمد (ﷺ) صفحہ ۱۳۹ تا ۱۴۰)۔

۱۶۳۔ پاکستان کے مشہور و معروف پبلشر ”فیروز سنز، لاہور“ کے بانی حضرت مولانا فیروز الدینؒ کو دو مرتبہ خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی شبیہ مبارک نظر آئی، مگر دونوں مرتبہ صورت مبارک میں فرق تھا۔ حضرت مولاناؒ نے میاں غلام باریؒ سجادہ نشین حضرت اخوند رامپوریؒ جو شریعت و طریقت کے رموز و غوامض کو بہت اچھی طرح جانتے تھے، سے اس کی وجہ دریافت فرمائی اور یہ بھی کہا کہ میں نے حدیث پاک پڑھی ہے کہ شیطان حضرت رسول اللہ ﷺ کی صورت اختیار نہیں کر سکتا۔ اس پر میاں صاحبؒ نے فرمایا کہ یہ ٹھیک ہے مگر انسانی خیال تو صورت بنا لیتا ہے۔ زیارت کی پوری تسلی جب ہوتی ہے کہ انسان خواب سے بیدار ہو تو اپنے بستر اور تنفس میں خوشبو محسوس کرے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے بھی یہی معیار زیارت مقرر فرمایا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

حضرت رسول نما اویسی دہلویؒ فرماتے ہیں کہ حضور پاک ﷺ کے دیدار سے مشرف ہونا ایک عظیم سعادت ہے۔ شیطان کے لیے آپ ﷺ کی صورت میں نمودار ہو کر دھوکہ دینا ممکن نہیں کیونکہ وہ مبدأ ضلالت ہے اور آنحضرت ﷺ سرچشمۂ ہدایت ہیں۔ دونوں میں تضاد اور منافات ہے لیکن اللہ تعالیٰ دونوں صفات کا جامع ہے۔ پس کوئی خدائی کا دعویٰ کرے تو اس سے خارق عادت کا ظہور ہونا ممکن ہے، لیکن اگر کوئی نبوت کا دعویٰ کرے تو وہ معجزہ ہرگز نہیں دکھا سکتا۔

امام محی الدین نوویؒ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کو دیکھنا خواہ کسی لباس یا صفت میں جلوہ فرما ہوں، آپ ﷺ ہی کو دیکھنا ہے۔ دیکھنے والے نے آپ ﷺ ہی کو دیکھا۔ آپؐ کی ذات گرامی تحقیقی صورت اور تمثیلی صورت دونوں میں ایک ہے۔ تغیر صفات یا تغیر صورت سے تغیر ذات لازم نہیں آتا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ آنحضور ﷺ کی زیارت کسی حالت میں بھی باطل اور غلط نہیں ہوسکتی، خواہ آپ ﷺ اپنی اصلی صورت کے علاوہ کسی اور صورت میں نظر آویں اس لیے کہ شکل بھی منجانب اللہ تعالیٰ بنائی جاتی ہے (جمع الوسائل مصنف ملا علی قاریؒ۔ جلد۲ صفحہ ۲۹۸)۔

۱۶۴۔ جس نے ایمان کے ساتھ حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی اس پر دوزخ حرام ہوئی اور آپ ﷺ کو خواب میں دیکھنا بمنزلہ بیداری کے ہے۔

مولانا حکیم محمد یٰسین ابن مولانا واحد بخش ساکن کرم علی والہ تحصیل شجاع آباد فرماتے ہیں کہ میرے مربی مرشدی وہادی پیر طریقت حضرت مولانا محمد عبداللہ بہلولی ثم شجاع آبادی نے فرمایا کہ اتباع شریعت پر عمل کرنے سے خود بخود زیارت پاک کا شرف حاصل ہو جائے تو یہ سب سے افضل واعلیٰ واکمل ہے۔ اس کے بعد عملیات کے ذریعہ استقامت علی الدین لازم پکڑے۔ چنانچہ اسی مضمون کے تحت خاتم المحدثین حضرت سیدنا مولانا محمد انور شاہ کاشمیریؒ کو جس دن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت نہ ہوتی تھی تو آپ بیمار ہو جاتے تھے اور لوگ آپ کی بیمار پرسی کے لیے آتے تھے۔ یہ سب اتباع شریعت کا ثمر تھا۔ پس جس دن آپ نے وصال فرمایا تو آسمان سے رونے کی آواز سنی گئی۔ سبحان اللہ (ضمیمہ "شمس المعارف" مرتبہ مولانا حکیم محمد یٰسین خواجہ۔ صفحہ ۶۲۲ تا ۶۲۳۔ ناشر = دارالاشاعت، کراچی)۔

۱۶۵۔ سید محمد کرمانیؒ مدت تک حضرت گنج شکرؒ کی خدمت میں رہے جہاں حضرت نظام الدین اولیاؒ سے بھی رابطہ بڑھ گیا، مگر کسی وجہ سے ان دونوں کے دلوں میں غبار پیدا ہو گیا اور ایک مدت اسی حالت میں گزر گئی۔ ایک رات حضور اقدس ﷺ نے خواب میں حضرت نظام

marfat.com
Marfat.com

الدینؒ کو فرمایا کہ "سیّد محمد ہمارا فرزند خاص ہے، اس کی دوستی کو ناخوشی کے ساتھ بدلنا نہیں چاہیئے۔" علی الصبح حضرت نظام الدینؒ حضرت سیّد محمد کرمانیؒ کے پاس گئے اور عذر معذرت کر کے صلح کرنی چاہی۔ سیّد مسکرائے اور فرمایا: جب تک بھیجے نہ گئے نہ آئے۔ یہ کہہ کر کمال خوشی اور صفائی کا اظہار کیا اور پھر تازیست دوستی قائم رہی۔ ۷۱۰ھ میں وصال فرمایا (اذکارِ ابرار صفحہ ۷۹)۔

"گلزار ابرار" مصنف محمد غوثی شطاری مانڈوی فارسی میں ہے جو بعہد جہانگیر ۱۰۱۴ھ تا ۱۰۲۲ھ میں تیار ہوئی اور اسی بادشاہ کے نام معنون ہے۔ اولیا اللہ کے حالات پر مشتمل معلوماتی کتاب ہے۔ اس کا اردو ترجمہ "اذکار ابرار" کے نام سے جناب فضل احمد نے ۱۳۲۶ھ بمطابق ۱۹۰۸ء میں کیا تھا جسے اسی زمانہ میں مطبع مفید عام آگرہ نے طبع کیا تھا۔ اذکار ابرار (۱۳۲۶) اس کتاب کا تاریخی نام ہے۔ ۱۳۹۵ھ میں اسے پاکستان میں اسلامک بک فاونڈیشن، لاہور (المعارف، گنج بخش روڈ، لاہور) نے شائع کیا تھا۔

۱۶۶۔ شیخ شمس اتاولہ (ہندی میں جلد باز کو اوتاولہ کہتے ہیں) حضرت نظام الدین اولیاؒ کی خدمت میں ایسی باتیں کرتے تھے، جو ایک درویش کے لیے موزوں نہ تھیں مگر حضرت نظام الدین اولیاؒ جواب ہی نہ دیتے تھے۔ اسی اثنا میں ایک رات خواب دیکھا کہ حضرت نظام الدین اولیاؒ حضرت رسالت مآب ﷺ کے زانو مبارک پر سر رکھے سو رہے ہیں۔ اسی وقت سے زبان طعن گویا کاٹ کر پھینک دی اور پھر ہمیشہ ادب و لحاظ ملحوظ رکھا۔ حضرت نظام الدین اولیاءؒ "فرماتے تھے کہ جس کو اپنی مراد پر جلد پہنچنا ہو وہ ہمارے شمس کی ملازمت کرے۔ اس بنیاد پر آپ کو اوتاولہ کہتے ہیں۔ دہلی میں مدفن ہے (اذکار ابرار، صفحہ ۱۰۹)۔

۱۶۷۔ سیّد حسین خنگ سوار نہر والہ (۶۶۸ھ تا ۷۹۸ھ) حضرت نظام الدین اولیا کے خلیفہ تھے۔ آپ نے گجرات (کاٹھیاواڑ، بھارت) میں رشد و ہدایت کے چراغ روشن کیے۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ حضرت خاتم نبوت ﷺ نے اپنی کلاہ خاص سے آپ کو سرفرازی بخشی اور فرمایا کہ "ہر دور میں ایک شخص اولیا کا مدار ہوتا ہے، اس زمانے میں نظام الدین بدایونی مدار ہیں، ان کے پاس جاؤ۔" جب آپ حضرت نظام الدین اولیا کی خدمت میں دہلی حاضر ہوئے تو انہوں نے اسی وقت سر سے کلاہ اتار کر آپ کو دے دی۔ آپ نے عرض کیا کہ میں حضرت رسول اللہ ﷺ سے بیعت ہو چکا ہوں تو جواب دیا: یہ محبت کی کلاہ ہے نہ کہ بیعت کی۔ اس پر آپ نے کمال عجز و انکساری سے کلاہ قبول کر لی۔ جب کمالات میں کامل ہو گئے تو مرشد نے خلافت عطا کر کے آپ کو گجراتیوں کی ہدایت کے واسطے رخصت کیا۔ نہر والہ (موجودہ پٹن، گجرات) میں آپ کی خواب گاہ ہے (اذکار ابرار صفحہ ۱۱۶ تا ۱۱۷)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۶۸۔ قاضی عطااللہ چشتیؒ جب سفر حجاز سے ہندوستان واپس آئے تو بیوی انتقال فرما چکی تھیں۔ بیٹی کی پرورش کرنے لگے۔ جب اس کی عمر دس سال سے تجاوز کر گئی تو حضرت رسول مقبول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”عطااللہ! تمہاری لڑکی بروز ازل شیخ بہاؤالدین صدیقی کو نامزد ہو چکی ہے، جو مانڈو (ضلع گجرات، بھارت) میں گوشہ نشین ہیں، لہٰذا مانڈو جاؤ اور تعمیل کرو۔“ پس آپ مانڈو آئے اور شیخ بہاؤالدین صدیقی کو تلاش کر کے بیٹی کی نسبت ان سے کر دی۔ خود بھی بقیہ زندگی وہیں گزار کر وصال فرمایا۔ شیخ نجم الدین ابن بہاؤالدین، شاہ میاں جو چشتی منڈوی کے والد ہیں، آپ ہی کی لڑکی کے بطن سے پیدا ہوئے تھے (اذکار ابرار صفحہ ۱۶۰ تا ۱۶۱)۔

۱۶۹۔ مولانا لطف اللہ ختلانیؒ مولانا برہان الملۃ ختلانی کی بہن کے بیٹے تھے۔ علوم شریعت و طریقت کے ماہر اور اپنے دور کے جید عالم تھے۔ فرماتے تھے کہ خواجہ احرار الاولیا کی خدمت میں میری بیعت ہونے کا سبب یہ تھا کہ ایک رات میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو ایک دلربا صورت اور جان بخش ہیئت کے ساتھ عالم مثال میں دیکھا اور دل و جان سے اس نورانی شکل مبارک پر فریفتہ ہو گیا۔ چند روز بعد جب حضرت خواجہؒ کی ملازمت اختیار کی تو آپ نے ایک روز فرمایا: جو سعادت مند لوگ ہیں وہ حضور اقدس ﷺ کو خواب میں مختلف لطیف لطیف صورتوں کے ساتھ دیکھتے ہیں۔ اس دوران نگاہ میری طرف فرمائی تو حضور اقدس ﷺ کی اسی مثالی صورت کا جلوہ میری نظر میں آگیا، جو مجھے عالم خواب میں نظر آیا تھا، یہ تھا قصہ جو میری گرفتاری کا سبب بنا (اذکار ابرار صفحہ ۱۷۴)۔

۱۷۰۔ مولانا محمد روحیؒ مولانا سعد الدین کاشغریؒ کے مرید تھے۔ آپ کی والدہ نہایت صالحہ تھیں۔ فرماتی ہیں: میں امید سے تھی کہ ایک رات میں نے عالم مثال میں حضور انور ﷺ کی زبان مبارک سے نوید پسر سُنی۔ اس کے بعد یہ لڑکا پیدا ہوا اور اس واقعہ کی بنیاد پر محمد نام رکھا گیا۔ آپ نے تمام عمر راست روی اور اتباع شریعت میں گذاری۔ صاحب کرامات و مقامات تھے (اذکار ابرار، صفحہ ۱۹۱)۔

۱۷۱۔ شیخ سماء الدین دہلویؒ، حضرت شیخ فخر الدینؒ کے صاحبزادے تھے۔ فرماتے ہیں جب میں تفسیر لکھ رہا تھا تو بسم اللہ کی ب سے والناس کی س تک نبی مکرم ﷺ کا حلیہ اقدس طرفۃ العین کے لیے بھی ظاہری نگاہ سے دور نہیں ہوا (اذکار ابرار صفحہ ۲۱۲)۔

۱۷۲۔ میاں پیار جیؒ دریائے شہود و کشف کے تیراک تھے۔ آپ کے رونے میں اتنا اثر تھا کہ دوزخ کی آگ بجھ جائے اور تبسم سے باغ ارم میں شگفتگی پیدا ہوتی تھی۔ تمام عمر درود و سلام بھیجنے میں گذار دی اور حضور اطہر ﷺ کا حلیہ مبارک آپ نے اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا تھا۔

marfat.com
Marfat.com

سلام اور جواب سلام کے شرف سے بھی مشرف تھے۔ آپ حضرت شاہ شہبازؒ کے خلیفہ تھے (اذکار ابرار، صفحہ ۲۱۸)۔

۱۷۳۔ قاضی محمود کی پیدائش احمد آباد (گجرات، بھارت) میں ہوئی اور وصال بعمر ساٹھ سال ۱۳ ربیع الثانی ہجری سن کچھ اوپر نو سو تھا۔ آپ کے جد امجد کا نام قاضی محمد تھا، چھ بیٹیاں ہو چکی تھیں، بیٹا کوئی نہ ہوتا تھا پس دوسری عورت سے نکاح کا عزم کیا۔ پہلی بیوی نے بخوشی اجازت دے دی، آپ نے استخارہ کیا تو خواب میں حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا، نئی شادی کی ضرورت نہیں، اسی پاک دامن بی بی سے تمہارے یہاں تین صاحب کمال لڑکے ہونگے اور حرف (حا) علیحدہ علیحدہ قاضی جی کی ہتھیلی پر لکھ دیا۔ اس بنیاد پر پہلے لڑکے کا نام حامد، دوسرے کا حماد اور تیسرے کا حمید رکھا (اذکار ابرار، صفحہ ۲۴۳)۔

۱۷۴۔ شیخ سلیمان ابن عفان حاجی کا وطن دہلی ہے۔ آپ کے اجداد کا سلسلہ حضرت ابراہیم ادھم کو پہنچتا ہے۔ بڑے بڑے قاریوں نے علم تجوید آپ سے حاصل کیا اور خود آپ نے علم قرأت حضور رسول پاک ﷺ سے حاصل کیا تھا۔ شیخ محمد عیسیٰ چشتی جونپوریؒ کے شاگرد تھے۔ آپ کی قبر حوض شمسی کے پاس دہلی میں ہے۔ عمر بہت طویل پائی (اذکار ابرار صفحہ ۲۴۴)۔

۱۷۵۔ حافظ عثمان ہروی صاحب ولایت اور جامع انواع علوم تھے۔ فرمایا کرتے تھے کہ میں نے عالم مثال میں حضور انور ﷺ کی تعلیم سے کسبی اور وہبی علوم کی مشکلات حل کی ہیں اور چالیس سال خواجہ خضرؑ کی صحبت سے اکتساب کمالات کیا ہے (اذکار ابرار صفحہ ۲۶۴)۔

۱۷۶۔ شیخ حسن بدلہ پیدائشی مجذوب تھے۔ ننگے بدن رہتے تھے۔ دہلی کے بزرگ زادوں میں سے تھے۔ بعض بزرگوں نے آپ کو خواب میں اس طرح دیکھا کہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں کھڑے دست مبارک پر پانی ڈال رہے ہیں اور بعض نے آپ کو حرم کعبہ میں طواف کرتے پایا۔ آپ کے بول و براز میں بدبو بالکل نہ تھی۔ آپ جس طرف جانے کا ارادہ کرتے اس طرف والوں کا دماغ پہلے سے معطر ہو جاتا تھا۔ ۹۶۰ھ کے قریب دہلی میں وصال فرمایا (اذکار ابرار، صفحہ ۲۷۸)۔

۱۷۷۔ شیخ حسین پور ملک محمد برسوں عالم بے خودی میں رہے۔ پرندوں کی طرح ایک درخت پر دن رات چڑھے رہتے تھے۔ اسی حالت جذب میں خشکی کی راہ حجاز روانہ ہو گئے۔ ایک رات خواب میں حضور انور ﷺ نے آپ کو ہندوستان جانے کی اجازت مرحمت فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ "سرکار قنوج میں جو سائی پور مقام ہے وہاں جا کر شیخ زماں صفی الدین چشتیؒ سے بیعت ہو جاؤ۔" آپ نے ایسا ہی کیا (اذکار ابرار صفحہ ۳۱۰)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۷۸۔ شیخ محمد ابن ابی اللطف شافعی المذہب تھے۔ انوار شافعی پر مبسوط شرح لکھی۔ شیخ قطب الدین پنواری کہتے ہیں کہ میں نے ایک روز شیخ سے عرض کیا کہ ہر چند دعا کی، وظیفہ پڑھا، تعویذ لکھے، اس امید پر کہ ایک بار خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہو جائے مگر ناکام رہا۔ جواب ملا کہ یہ سعادت اس جانب کی عنایت سے وابستہ ہے نہ کہ اس جانب کی افسوں پردازی سے۔ میں نے دریافت کیا: کیا کبھی اس سعادت سے آپ بھی مشرف ہوئے؟ فرمایا کئی بار، اور بیان کیا کہ ایک رات خواب میں مجھے خبر ملی کہ حضور انور ﷺ نے مسجد اقصیٰ کو اپنے قدموں سے منور فرمایا ہے، میں دوڑ کر حاضر ہوا تو آپ ﷺ کو بیٹھے دیکھا، صلوٰۃ و سلام کا جواب مجھے ملا اور فرمایا: "شیخ محمد! خوش ہو؟" میں نے عرض کیا جی ہاں اب جو آپ ﷺ کا دیدار کر لیا ہے۔ جب میں نے آپ ﷺ کے دست مبارک کا بوسہ لیا تو آپ ﷺ نے دعا فرمائی: "اللہ تعالیٰ تمہارے علم اور اولاد میں برکت دے" (اذکار انوار صفحہ ۳۳۸) آپ کا وطن اور خواب گاہ قدس خلیل ہے۔

۱۷۹۔ شیخ افضل محمد شیخ یوسف تمیمی کے بیٹے، مرید اور خلیفہ تھے۔ کئی مرتبہ خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے (اذکار ابرار، صفحہ ۴۲۵)۔

۱۸۰۔ ایک رات عالم مثال میں حضور انور ﷺ نے ارشاد فرمایا: "محمد تمہاری نشست شریعت کی مسند پر ازل میں پسند کی گئی اور شرعی لقب عنایت ہوا اور اسی سبب سے قاضی محمد شرعی کے نام سے موسوم و مشہور ہوئے" (اذکار ابرار، صفحہ ۳۵۷)۔

۱۸۱۔ سیّد صبغۃ اللہ کا مولد بھڑوچ (گجرات، بھارت) شطاری مشرب، وجیہ الملۃ احمد آبادی کے شاگرد اور صاحب ولایت خلیفہ تھے۔ مدینہ منورہ میں دوران قیام ایک رات حضور اقدس ﷺ نے اپنے خدام کو ہدایت فرمائی کہ "سیّد صبغۃ اللہ ہمارا فرزند ارجمند ہے، عرب اور عجم کے دیگر زائرین کی طرح اس کو ہمارے حرم سے باہر نہ کرنا، چھوڑ دینا کہ شب جمعہ ہماری خدمت میں رہ کر صلوٰۃ و سلام صبح کی سفیدی نمودار ہونے تک ادا کرتا رہے اور اپنے یاروں میں سے جس کسی کو چاہے اپنے ہمراہ رکھے۔" غرض اس طرح آپ اس خاص انعام سے سرفراز فرمائے گئے۔ ۱۰۱۵ھ مدینہ منورہ میں وصال فرمایا۔ جنت البقیع میں مدفون ہیں (اذکار ابرار، صفحہ ۵۸۸)۔

۱۸۲۔ حضرت سیّد محمود حضوری قادریؒ نے گڑھی شاہو (مصطفےٰ آباد) لاہور میں درس و تدریس اور پیری مریدی کا سلسلہ شروع کیا۔ جو شخص آپ سے بیعت ہوتا، وہ حضور انور ﷺ کا خواب میں دیدار ضرور کرتا۔ اسی وجہ سے آپ حضرت رسول اللہ ﷺ کے حضوری مشہور

marfat.com
Marfat.com

ہوئے۔ بادشاہ ہمایوں کے زمانے میں ۹۴۳ھ بمطابق ۱۵۳۶ء میں وصال فرمایا۔ مزار علامہ اقبال روڈ، بالمقابل مین بازار مصطفےٰ آباد، لاہور میں واقعہ ہے۔ آپ کے مقبرہ میں دوسری قبر آپ کے صاحبزادے سیّد شاہ نور حضوریؒ کی ہے (مدینتہ الاولیا یعنی لاہور میں ۶۳۶ مدفون اولیا اکرام کا مستند و عظیم تذکرہ از محمد دین کلیم قادری۔ صفحہ ۸۵ تا ۸۶۔ اسے اسلامک بک فاؤنڈیشن لاہور نے شائع کیا)۔

۱۸۳۔ داراشکوہ، سکینتہ الاولیا میں لکھتا ہے کہ ایک دن مجھے رویت حق کے مسئلے میں تردّد ہوا تو میں حضرت ملا شاہ بدخشانی قادریؒ کی خدمت میں حاضر ہوا، مگر آپ کے رعب و دبدبہ کی وجہ سے کچھ کہہ نہ سکا۔ آپ کی مجلس سے واپس ہوا تو اس وقت بھی دل میں شبہ تھا۔ اسی وقت حضرت رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پاک ارواح جلوہ گر ہوئیں اور ارشاد فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ قادر مطلق ہے، جس طرح چاہے اور اس کی قدرت متقاضی ہو تو وہ اپنے بندوں کو اپنا دیدار کرائے گا" جس سے میرا عقدہ حل ہو گیا۔ جب میں دوبارہ حضرت ملا شاہؒ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے متبسم ہو کر فرمایا کہ تجھے مسئلے کا حل مل گیا، جنہوں نے تجھے اپنا دیدار کرایا، مجھے بھی مطلع کر دیا (مدینتہ الاولیا، صفحہ ۱۶۵)۔

مولانا ناصر مفتی کی نگاہ سے ایک روز مشکوٰۃ شریف کی یہ حدیث گزری: اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اپنا بے مثل دیدار اس شخص کو دکھائے گا، جس کی ظاہری آنکھ بری اور ناجائز چیز دیکھنے سے آلودہ نہ ہوئی ہوگی، پاک ہوگی۔ آپ نے اسی مجلس میں دعا کے لیے ہاتھ اٹھا دیئے کہ آنکھوں کی ضرورت نہیں، فوراً نابینا ہو گئے۔ اس کے بعد تیس سال درس دے کر طلبا کو فیض پہنچاتے رہے۔ ۹۹۰ھ میں وصال فرمایا۔ آپ جمالی سادات ہروی میں سے تھے، عشق و عرفان میں اونچا درجہ تھا، آپ کی سند حدیث و فقہ میں بلند تھی اور خواب گاہ غالباً آگرہ میں ہے (اذکار ابرار، صفحہ ۳۱۶ تا ۳۱۷)۔

۱۸۴۔ شیخ احمد نارنولی قاضی مجد الدین کے فرزند تھے۔ نسل میں امام محمد شیبانیؒ کو پہنچتے ہیں، جو حضرت امام اعظمؒ کے دوست تھے۔ شیخ حسین ناگوریؒ کے شاگرد اور مرید تھے۔ ۲۵ صفر ۹۲۷ھ میں عالم علوی کو کوچ فرمایا۔ ایک رات خواب دیکھا کہ شرف الاولیا شیخ شرف احمد یحییٰ منیریؒ، بہار اور بنگال کے مشائخ کبار کے ساتھ دریائے گنگا کے کنارے کھڑے ہیں اور مجھے بلاتے ہیں۔ فرمایا: ہمارے ساتھ ناگور تک چلو۔ میں نے بہانہ بنایا جسے قبول نہ کیا اور فرمایا: آج قطب زماں شیخ احمد مجدؒ خلیفہ شیخ حسین ناگوریؒ نے وصال فرمایا ہے اور حضرت رسالت مآب ﷺ نماز جنازہ کے لیے تشریف لائے ہیں، مشائخ کے پہنچنے کا انتظار فرما رہے ہیں۔ یہ سن کر

marfat.com
Marfat.com

مجھے انکار کی گنجائش نہ رہی۔ شرف الاولیا نے میرا ہاتھ پکڑا اور ھو کہا۔ ہم فوراً دہلی پہنچ گئے۔ وہاں کے تمام مشائخ موجود تھے۔ سب نے ایک ساتھ جو ھو کہا تو ناگور کی حدود میں پہنچ گئے۔ حوض بر تلے کے کنارے ایک تابوت نظر آیا جس کے نزدیک حضور اقدس ﷺ تشریف فرما تھے اور بزرگان دین مشرق و مغرب گروہ در گروہ کھڑے تھے۔ مجھے صف اول میں بلایا اور شیخ فرید الدین عطارؒ سے فرمایا کہ "اپنے فرزند سے کہو امام بنے۔" کمال ادب اور ڈر سے بدن میں رعشہ پیدا ہو گیا۔ عرض کیا گیا: یہ ڈرتا ہے اور اس کے علاوہ کوئی اور ذی جسم اس جگہ موجود بھی نہیں۔ فرمایا: "کہو امامت کرے۔" میں نے عرض کیا: نماز جنازہ کی نیت اور دعا مجھے یاد نہیں۔ فرمایا: "نماز جنازہ میں کسی خاص نیت اور دعا کی شرط نہیں، بس توجہ اور تکبیر کافی ہے۔" میں نے ترکیب کی تعلیم کے لیے عرض کیا۔ فرمایا: "کہو الصلوٰۃ للہ و الثواب للمیت۔ اللہ اکبر اور ہر بار آنکھ بند کر لو اور کھولو اور اللہ اکبر کہو یہاں تک کہ چار تکبیریں پوری ہو جائیں"۔ میں نے حکم کی تعمیل کی۔ جب میت کو سپرد گور کر دیا تو حضور اکرم ﷺ نے تحفۂ سلام درویشاں حاضر و غائب کو پہنچا کر کوچ فرمایا، پھر شرف الاولیا نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور اپنے تکیے میں لے آئے۔ جب آنکھ کھلی تو میں اپنے مقام پر تھا (اذکار ابرار صفحہ ۲۲۰) فرماتے تھے سادات کے ساتھ از روئے مروت پیش آنا چاہیے نہ کہ از روئے شریعت۔

۱۸۵۔ حاجی عطا محمد صاحب نقشبندی جماعتی (حضرت جماعت علی شاہؒ سے ارادت رکھنے والے یاران طریقت اپنے کو "جماعتی" کہتے ہیں) ساکن رنگ پورہ، سیالکوٹ نے بیان کیا کہ ایک رات خواب میں سڑک پر چلا جا رہا ہوں کہ یکا یک ایک جماعت جس میں ۱۳ نفوس تھے، میرے سامنے آ کر رک گئی۔ ان میں ایک نہایت باوقار شخصیت جو حسن و جمال اور صباحت و ملاحت میں لاجواب تھی، نے مجھ سے دریافت کیا کہ "کیا تم مجھ کو جانتے ہو؟" میں نے جواب دیا: جی نہیں، لیکن علی پور شریف میں شاید آپ کی زیارت ہوئی ہو۔ میرا جواب سن کر اس نورانی پیکر کے لبوں پر مسکراہٹ آ گئی اور فرمایا: "میں ہی محمد رسول اللہ (ﷺ) ہوں"۔ تین بار اس جملے کی تکرار فرمانے کے بعد ارشاد کیا: "ہم ۱۳ آدمیوں کا آج کا کھانا تمہارے پاس ہو گا"۔ اس مبارک خواب میں محو تھا کہ میری اہلیہ نے مجھے نماز تہجد کے لیے جگا دیا۔ نماز فجر کے بعد حکم کی تعمیل میں میں نے گھر والوں کو کھانے پکانے کی ہدایت کی۔ نماز عصر دکان پر پڑھی اور مراقبہ کیا تو دل میں خیال آیا کہ حضور سراپا نور ﷺ کے ارشاد کی تعمیل میں کھانا تیار ہو چکا ہے، اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟ جوں ہی مراقبے سے سر اٹھایا ایک مجذوب سائیں لوٹا (اس شخص سے میں واقف تھا، یہ مہینوں و برسوں میں کبھی مجھ سے ملنے کے لیے آ جایا کرتا تھا) دکان

marfat.com
Marfat.com

پر آیا اور کہنے لگا سرکار (ﷺ) نے ۱۳ آدمیوں کا کھانا طلب فرمایا ہے۔ میں اس کے اس طرح آنے اور سوال کرنے پر حیران رہ گیا۔ میں اس کے اشارے پر کہ سرکار (ﷺ) نے طلب فرمایا ہے، میں فوراً گھر گیا اور اپنے ملازم کو کھانا دے کر سائیں لوٹا کے ہمراہ روانہ کر دیا اور چلتے وقت اسے تاکید کی کہ برتن واپس لے آئے لیکن رات کے دس بجے وہ خالی ہاتھ واپس آ گیا اور کہا کہ سائیں لوٹا مجھے پیر شعلہ شہیدؒ کے مقبرے واقع سیالکوٹ چھاؤنی لے گیا تھا، وہاں سے مجھے یہ کہہ کر لوٹا دیا کہ برتن وہ خود لے آئے گا۔

دوسرے دن سائیں لوٹا میرے پاس برتن لے آیا اور کہا کہ حضور (ﷺ) نے فرمایا ہے کہ کھیر بہت پسند آئی، اس لیے اسی بھوری بھینس کے دودھ کی تیار کر کے بھیجو۔ میری حیرت کی حد نہ رہی کہ سائیں لوٹا جس بھینس کی نشاندہی کر رہا ہے اس نے خود تو اسے کبھی دیکھا نہیں اور نہ وہ کبھی میرے گھر آیا تھا۔ یہ بھینس عادتاً صرف ایک وقت یعنی شام کو دودھ دیتی تھی، مگر حضور ﷺ کا حکم پہنچنے پر میں نے بھینس کو مخاطب کر کے کہا کہ اگر حضور ﷺ کا حکم ہے تو دودھ دے۔ چنانچہ اس نے اتنا ہی دودھ خلاف عادت دن کو دیا جتنا شام کو دیا کرتی تھی۔ چنانچہ جب میں نے علی پور شریف جا کر یہ خواب اور واقعہ حضور قبلہ عالمؒ کو سنایا تو آپ نے تصدیق فرمائی اور مبارک باد دی (تذکرۂ شاہ جماعتؒ از الحاج حافظ پیر سیّد حیدر حسین شاہ علی پوری جماعتی۔ مکتبہ شاہ جماعت، میکلیکن روڈ، لاہور۔ صفحہ ۲۴۴ تا ۲۴۶)۔

۱۸۶۔ جناب محمد اقبال جماعتی نے روایت کیا کہ ایک رات مسجد میں نماز عشا کے بعد حضور قبلہ عالمؒ کے تلقین کیے ہوئے وظائف پڑھ رہا تھا کہ اسی حالت میں مجھ پر غنودگی طاری ہو گئی۔ کیا دیکھتا ہوں کہ حضور قبلہ عالمؒ کے ساتھ ایک نہایت ہی مقدس شکل و صورت کے بزرگ ہیں، جو میرے قریب تشریف لائے اور بیٹھ گئے اور حضور قبلہ عالمؒ ان کے پیچھے مودبانہ کھڑے ہو گئے۔ میں جلدی سے حضور قبلہ عالمؒ کی قدم بوسی کے لیے آگے بڑھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ حضور اقدس ﷺ تشریف فرما ہیں، پہلے آپ ﷺ کی قدم بوسی کرو۔ میں نے فوراً حضور انور و اقدس ﷺ کی طرف بڑھتے ہوئے عرض کیا: "یارسول اللہ السلام علیکم"۔ آپ ﷺ نے تبسم فرمایا اور کچھ فرمانے ہی والے تھے کہ میری آنکھ کھل گئی۔ اس کے بعد میں نے ہر چند اٹھنا چاہا، لیکن مجھ سے ہلا تک نہ گیا اور سخت سردی کے باوجود میرے تمام جسم سے پسینہ جاری تھا (تذکرۂ شاہ جماعت، صفحہ ۲۴۹)۔

۱۸۷۔ حضرت علامہ الحاج حافظ پیر سیّد اختر حسین شاہ نے فرمایا حافظ غلام حسن سرگودھا کا رہنے والا تھا اور علی پور شریف کے مدرسہ میں پڑھتا تھا۔ ابتداً میرا ہم سبق تھا پھر چھوڑ کر

marfat.com
Marfat.com

چلا گیا تھا۔ حضور قبلہ عالمؒ سے بیعت تھا، اس وجہ سے اکثر علی پور شریف حاضر ہوا کرتا تھا، لیکن روزے نماز سے اسے کوئی تعلق نہ تھا۔ شراب اور بھنگ پیتا تھا۔ جب علی پور شریف آتا تو چرس ساتھ لاتا اور راستے میں کسی کھیت میں چھپا آتا تھا۔ ایک مرتبہ سیدھا میرے پاس آیا اور کہا ایک مسئلہ بتائیے۔ میری جو حالت اور کیفیت ہے آپ کو خوب معلوم ہے۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ کنوئیں کی طرف سے حضور قبلہ عالمؒ ایک بہت بڑے بزرگ کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں۔ جب میں نے حضور کے قریب جا کر دست بوسی کرنی چاہی تو انہوں نے فرمایا کہ آپ ﷺ کی دست بوسی کرو، یہ حضور پاک ﷺ ہیں۔ میں نے تعمیل حکم کی، اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ سیدھا گھر سے یہ مسئلہ پوچھنے آیا ہوں کہ میں تو ایسا گنہگار انسان ہوں، پھر مجھے حضور انور ﷺ کی زیارت کیسے نصیب ہوئی۔ میں نے اسے جواب دیا کہ اس مسئلے کی پچھلی بات تو میں بتاتا ہوں کہ شریعت کا مسئلہ ہے کہ جو شخص حضور ﷺ کی زیارت کرتا ہے تو در حقیقت وہ آپؐ ہی کی زیارت کرتا ہے اس لیے کہ شیطان آپؐ کی شکل مبارک میں نہیں آ سکتا، رہی اس مسئلے کی اگلی بات تو چلو حضور قبلہ عالمؒ سے چل کر پوچھیں۔ پس ہم دونوں حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ پہلے میں نے حضور کی دست بوسی کی تو حضور نے مجھ سے دریافت فرمایا: تمہارے ساتھ اور کون ہے؟ میں نے کہا غلام حسن۔ حضور نے فرمایا: بھئی غلام حسن تمہاری طرف بارش ہوئی ہے؟ غلام حسن نے جواب دیا: نہیں۔ حضور نے فرمایا: لندن میں دن رات بارش ہوتی ہے اور مدینہ شریف میں ایک بوند بھی نہیں پڑتی۔ یہ سن کر ہم دونوں خاموش رہے۔ مسئلہ حل ہو گیا (یعنی مدینہ شریف جیسے مقدس مقام پر بارش نہ ہونا اور لندن جیسے بدکاری کے شہر میں رات دن بارش کا ہونا کرشمہ قدرت الٰہی ہے۔ حضور ﷺ کی زیارت سے ایک گنہگار کا مشرف ہونا باعث حیرت نہیں)۔ ایک دو دن بعد غلام حسن چلا گیا، پھر چند ماہ بعد آیا اور کہنے لگا کہ دو مہینے سے میرے دل میں یہ خیال آ رہا ہے کہ حضور اگر ولی ہوتے تو میری حالت درست فرما دیتے، اب یہ خیال جمتا جا رہا ہے، میں اس لیے آیا ہوں کہ کہیں گمراہ نہ ہو جاؤں، لیکن حضور قبلہ عالمؒ سے یہ عرض کرنے کی مجھ میں ہمت نہیں۔ میں نے کہا: چلو میں چل کر کہے دیتا ہوں۔ جب حضور کی خدمت میں پہنچ کر غلام حسن نے دست بوسی کی تو آپ نے پنجابی میں فرمایا: غلام حسن! مسجد سے صلح ہو گئی؟ غلام حسن نے عرض کیا: حضرت آپ کرا دیں گے تو ہو جائے گی۔ غلام حسن کے ساتھ اس کا ایک دوست بھی تھا۔ حضور نے اپنے خادم حاجی عبدالعزیز سے فرمایا: ان کو چار آنے دے دو۔ پھر غلام حسن سے فرمایا: تم دونوں صابن خرید کر اپنے کپڑے پاک کر لو اور نہا لو۔ غلام حسن نے بتایا کہ ہم دونوں نئے کپڑے

marfat.com
Marfat.com

پہن کر آئے ہیں، لیکن حضور کے فرمانے سے ہم نے اپنے کپڑے دھوئے اور نہائے اور تہجد کے وقت حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضور نے پوچھا: غلام حسن! تم نے اپنے کپڑے پاک کر لئے؟ عرض کیا: جی حضور پاک کر لئے۔ اس پر حضور نے فرمایا: تم نے کپڑے پاک کر لئے رب نے تمہیں پاک کر دیا۔ حضور کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے یہ الفاظ گولہ سا بن کر دل پر لگے اور دونوں کی حالت یکسر بدل گئی۔ اب یہ دونوں پرہیزگار اور عبادت گذار ہو گئے ہیں اور ہر رات دو بجے کے بعد نماز تہجد کے لیے مسجد میں چلے جاتے ہیں (تذکرہ شاہ جماعت)۔

۱۸۸۔ بانہال (علاقہ کشمیر) کے پہاڑوں میں ایک رشی (ہندو عبادت گذار) رہتا تھا۔ اس کو حلقہ بگوش اسلام کرنے کا حکم سرکار عرش مدار ﷺ نے رویائے صادقہ کے ذریعہ حضور قبلہ عالمؒ کو دیا اور آپس میں دونوں کا تعارف بھی کرا دیا۔ اس رشی کی تلاش میں آپ بانہال پہلی بار تشریف لے گئے، وہ اپنی کٹیا میں آپ کا منتظر تھا۔ حضور کو دیکھا تو خیر مقدم کے لیے باہر آیا اور حضور کو اپنی کٹیا میں لے گیا۔ اس نے حضور سے تواضعاً پوچھا کہ آپ کیا شوق فرمائیں گے؟ آپ نے فرمایا: خربوزہ کھلاؤ۔ اس نے فوراً اپنی گردن جھکالی اور کافی دیر کے بعد سر اٹھا کر کہا کہ زمین پر تو نایاب ہے۔ آپ نے فرمایا: آسمان پر دیکھو۔ اس نے کہا: وہاں تک میری رسائی نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا: پڑھو کلمہ شریف، پھر وہاں تک رسائی ہو جائے گی۔ پھر آپ نے اسے کلمہ طیبہ پڑھایا۔ جوں ہی اس کی زبان سے نکلا "محمد رسول اللہ" کسی غیبی طاقت نے وہاں ایک خربوزہ لا کر رکھ دیا جس کی خوشبو مشک سے زیادہ لطیف، ذائقہ شہد سے زیادہ شیریں اور رنگ پھولوں سے زیادہ دلکش تھا۔ یہ خربوزہ دونوں نے کھایا۔ حضور نے فرمایا کہ کلمہ شریف کی برکت سے رب العزت نے یہ خربوزہ جنت سے بھیجا ہے (تذکرہ شاہ جماعت صفحہ ۲۷۶)۔

۱۸۹۔ جناب محمد یوسف بی اے، بی ٹی سابق ہیڈ ماسٹر "ایف شیفنسی ہائی اسکول"، سیالکوٹ راوی ہیں کہ میرے عم محترم حضرت الحاج مولانا مولوی محمد امام الدین رائے پوری خلیفہ مجاز سرکار علی پوری کا وصال رجب ۱۳۷۱ھ بمطابق ۱۳ اپریل ۱۹۵۲ء کو ہوا۔ اس حادثہ جانکاہ کے بعد مجھے ان کا دیدار رمضان المبارک ۱۹۷۱ء کی ایک رات رویا صادقہ میں نصیب ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے دنیائے فانی میں بڑی تکالیف اٹھائی تھیں، اب نہایت آرام سے ہوں۔ میں نے دریافت کیا کہ اب آپ کس کام پر مامور ہیں؟ تو فرمایا کہ اب میں حضرت رسول اللہ ﷺ کے دربار کا دربان ہوں۔ اس کے بعد آپ نے اشارہ فرمایا کہ وہ دیکھو حضرت رسول اللہ ﷺ کا دربار آراستہ ہے۔ جب میں نے اس طرف نظر کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ واقعی حضرت رسول اللہ ﷺ کا دربار آراستہ ہے اور ایک صاحب حضرت رسول اللہ ﷺ کے قریب کھڑے

marfat.com
Marfat.com

مورچھل (مور کے پروں کا پنکھا) ہلا رہے ہیں۔ پھر آپ نے فرمایا: پہچانا کہ وہ کون صاحب ہیں؟ میں نے جواب دیا کہ آپ کے پیرومرشد جناب سید جماعت علی شاہ صاحبؒ ہیں۔ یہ سن کر آپ نے فرمایا کہ میں شاہ مکی و مدنی ﷺ کے دربار کا دربان ہوں اور میرے شاہ صاحبؒ حضور اقدس ﷺ کے خادم اور مصاحب ہیں۔ صلوٰۃ اللہ علیہ والتسلیم (تذکرہ شاہ جماعت، صفحہ ۲۹۷)۔

علی پور سیّداں تحصیل نارووال، ضلع سیالکوٹ میں سیّد جماعت علی شاہ نقشبندی مجددیؒ اندازاً ۱۲۵۷ھ بمطابق ۱۸۴۱ء میں پیدا ہوئے۔ نام جماعت علی، عرف حافظ جی، لقب امیر الملت، والد حضرت سیّد کریم شاہؒ، سلسلہ نسب طرفین سے حضرت امام حسینؓ تک پہنچتا ہے۔ ۱۲۹۱ھ بمطابق ۱۸۷۴ء میں قرآن مجید حفظ کیا۔ تشنگی علم بجھانے کے لیے اپنے دور کے نہایت قابل اور نامور اساتذہ سے علوم معقول و منقول، تفسیر، فقہ و حدیث وغیرہ علوم متداولہ حاصل کیے۔ مظاہر العلوم سہارنپور (یوپی، بھارت) میں بھی طالب علم کی حیثیت سے رہے، جہاں مدرس اول مولانا محمد مظہرؒ سے علم حاصل کیا۔ یہ سب بھی آپ کے اساتذہ تھے: مولانا فیض الحسن سہارنپوریؒ، مولانا محمد علیؒ ناظم دارالعلوم ندوہ' اعظم گڑھ، مولانا احمد حسن کانپوریؒ، مولانا میر محمد عبداللہؒ، مولانا عبدالحق الہ آبادی مہاجر مکیؒ، مولانا عبدالعلی محدث پانی پتیؒ، مولانا قاری عبدالرحمٰن پانی پتیؒ، علامہ محمد عمر ضیاالدین استنبولیؒ، مولانا عبدالقادر لاہوریؒ اور مولانا محمد عبداللہؒ پروفیسر اورنٹیل کالج، لاہور مادر زاد ولی تھے۔ عقد آپ کے ماموں سیّد موکل شاہؒ کی دختر نیک اختر سے ہوا۔ تین بیٹے اور ایک بیٹی تولد ہوئی۔ تحصیل علم کے بعد علی پور سیّداں میں مقیم تھے کہ چک قریشیاں متصل علی پور میں اعلیٰ حضرت امام الکاملین بابا فقیر محمد، المعروف باباجی صاحب چوراہی نقشبندیؒ تشریف لائے۔ آپ خدمت میں تشریف لے گئے اور بیعت سے مشرف ہوئے اور ایک ہفتے کے اندر آپ کو خرقۂ خلافت عطا ہو گیا اور اجازت اشاعت سلسلہ نقشبندیہ عطا فرمادی۔ فرمایا: حافظ جی اپنے ہمراہ شمع، بتی، روغن، دیا سلائی لایا ہے، میرا کام صرف یہ ہے کہ اسے روشن کر دوں۔ فرمایا جماعت علی آج میری خدمت کرتا ہے کل دنیا اس کی خدمت کرے گی۔ خود چند لقمے کھاتے مگر مہمانوں کو پر لطف کھانے کھلاتے تھے، سبز رنگ کا بہت احترام فرماتے کہ گنبد خضرا کا یہی رنگ ہے۔ حضور سرکار مدینہ ﷺ کا ذکر سنتے ہی آپ کی پلکیں بھیگ جاتیں، رنگ زرد ہو جاتا اور سرد آہوں اور ہچکیوں کا لامتناہی سلسلہ شروع ہو جاتا۔ ساری دنیا میں خطہ حجاز سے آپ کو سب سے زیادہ محبت تھی۔ عربوں سے صرف زبانی ہمدردی ہی نہ تھی، بلکہ ان کی خدمت کے لیے ہر وقت تیار رہتے تھے۔ حجاج کے ذریعہ ہر سال لاکھوں روپیہ ان کے درمیان تقسیم کراتے تھے۔ کثرت

marfat.com
Marfat.com

سے حج کیے جن کی صحیح تعداد کا علم نہیں۔ پہلا حج ۱۳۱۰ھ بمطابق ۱۸۹۳ء اور آخری حج ۱۳۶۹ھ بمطابق ۱۹۴۹ء میں کیا تھا۔ ہزاروں غیر مسلموں کو مسلمان کیا۔ فرماتے: مجھے غیر مسلموں کو مسلمان بنانے سے اتنی خوشی نہیں ہوتی جتنی مرزائیوں، چکڑالویوں، خارجیوں اور وہابیوں وغیرہ کو راہ راست پر لانے اور صحیح العقیدہ مسلمان بنانے سے ہوتی ہے۔ تمباکو سے سخت نفرت تھی اور اپنے متوسلین کو تمباکو سے پرہیز کرنے کی شدید تاکید کرتے تھے۔ آپ مسلم لیگی تھے اور اپنی جماعت کے ساتھ قیام پاکستان کے لیے خوب کام کیا۔ فرماتے: جناح تو ولی اللہ ہے۔ آپ کی رفاہی خدمات بے مثال ہیں۔ بہت سے مدرسے، مسجدیں، یتیم خانے، تبلیغی انجمنیں قائم کیں، جن کی وجہ سے محی الدین ثانی بھی آپ کو کہا جاتا ہے۔ اسلام کے فروغ کے لیے دل کھول کر روپیہ خرچ کرتے تھے۔ لاہور سے ۶۳ میل دور علی پور ہے، جسے اب علی پور شریف کہا جاتا ہے۔ وہیں آپ کا مزار مقدس مرجع خلائق ہے، ہر سال شاندار انداز میں عرس منایا جاتا ہے اور ساتھ ہی آپ کی سنگ مرمر سے بنائی ہوئی "مسجد نور" ہے جس کے جنوب میں آپ کی آخری آرام گاہ ہے۔ آپ کے روحانی تصرفات اور باطنی فیوض کا سلسلہ برابر جاری ہے اور آپ کی بے شمار کرامات ہیں۔ ساڑھے دس بجے شب جمعہ ۲۶ ذیقعد ۱۳۷۰ھ بمطابق ۳۰ اگست ۱۹۵۱ء کو آپ کا وصال ہوا جس کی خبر ۳۱ اگست صبح کی خبروں میں ریڈیو پاکستان سے نشر ہوئی۔ پروفیسر قادری (کراچی) نے آپ کے سانحہ ارتحال کو "نمود قیامت صغریٰ" (۱۹۵۱) سے تعبیر کیا اور آیت قرآن مجید سے تاریخ برآمد کی: یایها النفس المطمئنه ○ ارجعی الیٰ ربك = ۱۳۷۰ + مولانا ضیا القادر (کراچی) نے فرمایا: پیر جماعت حق آگاہ زاہد و عارف ظل اللہ = ۱۳۷۰ + سیّد محی الدین گلشن حیدر آبادی نے تاریخ نکالی:
چراغ دین محمدی = ۱۳۷۰

(سیّد عبدالرشید تتویؒ نے اس آیت سے اورنگ زیب عالمگیر کے جلوس کی تاریخ نکالی = اطیعو اللہ و اطیعو الرسول و اولی الامر منکم اور اس آیت سے عالمگیر کی تاریخ وصال نکالی = روح و ریحان و جنت نعیم۔ امیر تیمور کی فتح روم کی تاریخ اس آیت سے نکالی = غلبت الروم فی ادنی الارض۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سیّد حسین احمد مدنی قدس سرہ کی تاریخ رحلت "قل ان صلوتی ونسکی و محیای و مماتی للہ رب العالمین ○ (سورہ الانعام آیت ۱۶۲) (۱۳۷۷ھ)۔

۱۹۰ تا ۱۹۷۔ یہ سب خواب مولانا سیّد محمد زکریاؒ کے ہیں، جنہیں آپ کے صاحبزادے جناب مولانا یوسف بنوریؒ نے بیان کیا:

marfat.com
Marfat.com

"ماہنامہ البینات" ماہ اگست ۱۹۷۵ء میں مولانا یوسف بنوریؒ نے اپنے والد کی وفات پر "بصائر و عبر" کے عنوان کے تحت ان کے کمالات کا ذکر کیا ہے۔ ۵ جون ۱۹۷۵ بمطابق ۲۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۵ھ مولانا سیّد محمد زکریاؒ نے وصال فرمایا۔ آپ نے جوانی میں جب ریاضت شروع کی تو روزانہ صرف ساڑھے تین ماشے غذا پر سالہا سال زندگی بسر کی۔ پندرہ دن میں بمشکل اجابت کی ضرورت پڑتی تھی۔ رویائے صادقہ و مبشرات کا سلسلہ شروع ہوا تو ۱۶ سال کی عمر سے ۲۰ سال تک سو مرتبہ سے زیادہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت با برکت سے مشرف ہوئے۔ اویسی نسبت کے وہ کمالات حاصل ہوئے کہ عقل حیران ہے۔ یہ سلسلہ آخر عمر تک جاری رہا۔ آپ کے والد سیّد میر مزمل شاہؒ کا وصال ہو گیا تھا۔ والدہ حیات تھیں جن کا اصرار تھا کہ ازدواجی زندگی اختیار کریں اور ایک رویائے صالحہ کے نتیجے میں نکاح کر لیا۔

مرشد کامل کی تلاش و جستجو کے لیے جب استخارہ کیا تو خواب میں حضرت محسن انسانیت ﷺ کو دیکھا اور ۱۹۰۶ء میں تلاش کرتے ناسک (صوبہ بمبئی) کے جنگل میں شیروں اور چیتوں کے درمیان تکمیل ریاضت کی اور ایک مرتبہ ۸ ماہ اور دوبارہ ۹ ماہ کی گوشہ نشینی اختیار کر کے چنوں اور پتوں پر گذارا کیا۔ غرض آپ کے مجاہدات حیرت انگیز ہیں۔ جب علم کی طرف توجہ کی اور علم استحضار اور ارواح میں قدم رکھا تو روحانی قوت کے وہ کرشمے دیکھے اور عالم ارواح کے وہ عجائبات منکشف ہوئے کہ عقل حیرت میں ہے۔ جب سلب امراض کا ارادہ کیا تو اس میں کمال حاصل کر لیا۔ علم اسرار الحروف و عملیات و تعویذات کی وادی میں قدم رکھا تو انتہا کر دی۔ طب میں ایسے محیر العقول علاج کیے کہ جرمنی، فرانس اور لندن سے آئے ہوئے مایوس مریض شفایاب ہوئے۔ تجارت اور ٹھیکیداری کی توڈنکے بجادیئے۔ غرض جس سمت قدم اٹھایا کمال کی انتہا کو پہنچ کر رکے۔ سب سے زیادہ کمال یہ کہ اپنی ہستی کو مٹا ڈالا اور کسی کو ان باتوں کی ہوا نہ لگنے دی۔ آخری تیس سال میں سب چیزیں بالکل ترک کر کے مسلسل یاد الٰہی میں گزارے حتیٰ کہ ذریعہء معاش سے بھی بے نیاز ہو گئے۔ جلالی مزاج ہونے کے باوجود ہر وقت خوش مزاج اور خوش طبع نظر آتے تھے۔ عربی، فارسی اور اردو تینوں زبانوں کے عمدہ مصنف تھے۔ اپنے خوابوں کو جمع کیا اور "المبشرات" نام رکھا اور ان کی تعبیرات "حجیر المسرات" کے نام سے لکھی۔ فرمایا: مجھے تین چیزوں سے محبت ہے: ۱۔ اللہ تعالیٰ ۲۔ حضرت رسول اللہ ﷺ ۳۔ اور اپنے خواب۔ فرمایا: اگر شرعاً جائز ہوتا تو اپنے ان خوابوں کی کتاب کو اپنے ساتھ قبر میں دفن کرنے کا حکم دیتا۔

ایک مرتبہ افغانستان میں امیر نصر اللہ خان، نائب السلطنت کابل کا ترکہ فروخت

marfat.com
Marfat.com

ہوا۔ مولانا سید محمد زکریاؒ نے سمور کی ایک پوستین ۱۴ ہزار افغانی روپیہ (برابر دس ہزار برطانوی روپیہ) میں خریدی۔ رات آپ کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی۔ محبت آمیز لہجے میں عتاب فرمایا کہ ”جب تمہارے پاس دولت ہوتی ہے تو ایسا اسراف کرتے ہو کہ ہزاروں کی پوستین خریدتے ہو۔“

ایک مرتبہ ایک بلی پالی، اس نے جگہ ناپاک کر دی تو اسے مار کر گھر سے باہر نکال دیا۔ رات حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپ ﷺ نے عتاب فرمایا کہ ”تم نے بلی کو کیوں مارا؟ کیا وہ عقل و شعور رکھتی ہے؟ خبردار دوبارہ ایسا نہ کرنا۔“ مولانا سیّد محمد زکریاؒ صبح بلی کو تلاش کر کے گھر لائے۔ ایک مرتبہ ایک پڑوسی نے مولانا سیّد محمد زکریاؒ سے پانچ روپے قرض مانگا۔ اتفاق سے قرض دینے سے انکار کر دیا۔ شب کو حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپ ﷺ نے عتاب فرمایا کہ ”سائل کو کیوں روپیہ نہ دیا؟ اس کے گھر جا کر دو۔“ غرض اس نوعیت کی روحانی تربیت اور عظیم ترین تعلق کا سلسلہ قائم تھا۔ کتنے ہی مبشرات ایسے ہیں جن میں حضرت رسول اللہ ﷺ انتہائی محبت اور مولانا سیّد محمد زکریا سے ایسے تعلق کا اظہار فرما رہے ہیں کہ جس کی نظیر عالم میں نہ ملے گی۔

بیمار ہو گئے تو خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”زکریا جب تم بیمار ہوتے ہو تو میں بھی بیمار ہوتا ہوں، جب تمہارے سر میں درد ہوتا ہے تو میرے سر میں بھی درد ہوتا ہے۔ غرض اس قسم کے حیرت انگیز منامات و مبشرات کتنے ہی ہیں۔

وسوسہ دل میں آیا کہ سکرات موت میں کیا حالت ہو گی؟ شیطان بہت پریشان کرے گا۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جہاں میں ہوں، وہاں شیطان کا کیا کام۔“ چند دن حیات کے باقی تھے۔ مولانا بنوریؒ اپنے والد ماجد مولانا سیّد محمد زکریاؒ کے پاس حسب معمول اذان فجر سے قبل یا بوقت اذان، رات کی حالت معلوم کرنے پہنچے تو فرمایا: آ گئے۔ میں نے عرض کیا: جی ہاں! آج حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی۔

مولانا زکریاؒ نے ان ہی ایام میں خواب دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ سے کہہ رہے ہیں: یا رسول اللہ (ﷺ)! میں نے خواب میں دیکھا کہ حق تعالیٰ کرسی پر جلوہ گر ہیں اور میں ان کا طواف کر رہا ہوں۔ جب یہ بیان شروع کیا وہی حالت و صورت سامنے ہے اور حضرت رسول اللہ ﷺ خواب کی تعبیر دے رہے ہیں۔

بچپن سے مولانا بنوریؒ اپنی دادی اور پھوپی مریم سے سنا کرتے تھے کہ تمہارے والد کی عمر ایک سو سال ہو گی اور یہی ہوا کہ ٹھیک سو سال کی عمر پا کر مولانا سیّد محمد زکریاؒ نے وصال

marfat.com
Marfat.com

فرمایا اور مسکراتے ہوئے نور کے شعلوں میں واصل بحق ہوئے۔

۱۹۸۔ مولانا یوسف بنوریؒ کی چھوٹی پھوپی مریم صاحبہ خوارق و کرامات تھیں۔ واردات و احوال غریبہ طاری ہوتے تھے۔ اس حال میں جو بات کہتی تھیں ہو جاتی تھی۔ بچپن سے دونوں بھائی، بہن (زکریا و مریم) میں خونی رابطہ سے زیادہ روحانی رابطہ تھا۔ مکاشفات اور واردات میں جب حضور اقدس ﷺ کی زیارت ہوتی تو ایک دوسرے کے لیے سفارش کرتے تھے۔ ان کا معاملہ فطری تھا، بغیر سابقہ ریاضات کے حالات طاری ہوتے تھے جب کہ مولانا سیّد محمد زکریاؒ کا معاملہ ریاضات کے بعد شروع ہوا (ماہنامہ البینات، کراچی ماہ اگست ۱۹۷۵ء)۔

۱۹۹۔ اس گنہگار کو الحمد للہ پہلے بھی دو مرتبہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی قبر انور کی خواب میں زیارت نصیب ہو چکی ہے۔ ایک رات خواب دیکھا کہ میرے سامنے ملبوس ایک جنازہ ہے اور لوگوں کا اس قدر ہجوم ہے، گویا پوری امت جمع ہو گئی ہے۔ ہر قسم کے لوگ دیندار، بے دین، لاپروا، بے شمار بے پردہ عورتیں اپنے بچوں کے ہمراہ موجود ہیں۔ دنیاداری میں مصروف، انہیں موقع کی اہمیت کا احساس ہی نہیں۔ میں نے دیکھا کہ اس شخصیت کو کچھ لوگ اٹھا کر غسل دے رہے ہیں یا کفن پہنا رہے ہیں یا کفن درست کر رہے ہیں۔ میرے دل اور ذہن میں سو فیصد یہ احساس پیدا ہوا کہ یہ تو میرے آقا ﷺ کا جسم اطہر ہے، مگر بالکل پتلا کپڑے یا کاغذ کی طرح اور ذہن میں آپ ﷺ کے جسد مبارک کا جو نقشہ تھا اس کے بالکل برعکس! یہ دیکھ کر آنکھوں سے اشکوں کی لڑیاں بہہ نکلیں اور دل دھڑک دھڑک کر جسم سے باہر نکلنے کے لیے بے تاب ہو گیا۔ نماز جنازہ کی تیاری ہو رہی ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر بہت دکھ ہوتا ہے کہ کچھ لوگ جسم اطہر کو ہاتھ لگا رہے ہیں اور اپنی طرف سے بہت عقیدت کا اظہار کر رہے ہیں۔ مگر مجھے ان کا انداز بڑا غلط نظر آ رہا ہے۔ میں سوچتا ہوں انہیں ایسا نہیں کرنا چاہیے لیکن ان کو احساس ہی نہیں کہ وہ غلط طریقہ اختیار کیے ہوئے ہیں۔ ان میں سے چند لوگوں کو میں جانتا ہوں وہ ہماری مسجد کے نمازی ہیں۔ بظاہر اچھے لوگ ہیں اور حضور اقدس ﷺ سے بے حد محبت رکھتے ہیں۔ پھر میری آنکھ کھل گئی، عجب کیفیت تھی، سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کس قسم کا خواب دیکھا ہے اور اس کا کیا مطلب ہے۔ دل و دماغ میں بہت ڈر اور خوف تھا۔ (غیر مطبوعہ)

صاحب خواب سعید احمد صاحب، فیروز سنز، راولپنڈی برانچ میں ملازم ہیں۔ نہایت نیک، پابند صوم و صلوٰۃ، اور باشرع نوجوان ہیں۔ شاعری کا شوق ہے اور عموماً نعت کہتے ہیں۔ ان کے چند نعتیہ اشعار ملاحظہ فرمایئے:

اُن کی محبت میں خود نمائی نہ ہو ۔۔۔ کہ جذبۂ عشق کی رُسوائی نہ ہو

marfat.com
Marfat.com

جو ذکر نبی ﷺ میں خلوصِ دل نہ ہو | کیف و سُرور سے پھر آشنائی نہ ہو
عشق رسول ﷺ کے یہ زبانی دعوے | جیسے آنکھ ہو مگر بینائی نہ ہو
مہمان اس دل کا ہوتا نہیں خدا | الفتِ نبی ﷺ جس میں سمائی نہ ہو
در نبی ﷺ کی اسیری ہی زندگی ہے | ہے دعا نصیب کبھی رہائی نہ ہو
میں کیا اُن ﷺ کے کرم کے سوا مانگوں | کوئی اس سے بڑی ہو تو عطا مانگوں
وہ ﷺ آرزو میری اور مطلوب حق بھی | زہے نصیب جو مقصودِ خدا مانگوں
میری دھڑکنوں میں رچی ہو صدائے نبی ﷺ | راہِ وفا میں کچھ ایسی وفا مانگوں

۲۰۰۔ شیفتہء رسول ﷺ غازی مرید حسین شہیدؒ ۱۹۱۵ء میں بھلہ کیریالہ (تحصیل اب ضلع چکوال) کے مشہور کھوٹ قریشی خاندان میں گاؤں کے نمبردار چوہدری عبداللہ خان کے یہاں پیدا ہوئے۔ پانچ برس کے تھے کہ یتیم ہو گئے۔ ماں نے لختِ جگر کو بڑی محبت سے پالا۔ پندرہ سولہ برس کی عمر میں میٹرک پاس کیا اور ۱۹۳۵ء میں شادی ہو گئی۔ دنیاداری اور نمبرداری سے شروع ہی سے بیزاری تھی۔ صوم و صلوٰۃ کی پابندی کے ساتھ دردمند دل رکھتے تھے۔ حضور سرور کونین ﷺ سے بے پناہ محبت تھی۔ انہی ایام میں آپ کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت با برکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپ ﷺ نے مرید حسین کو ایک گستاخ کافر کا حلیہ دکھایا، جسے مرید حسین نے اپنی ڈائری میں لکھ لیا۔ ان ہی ایام میں روزنامہ زمیندار، لاہور میں "پلول کا گدھا" کے عنوان کے تحت یہ خبر شائع ہوئی کہ قصبہ پلول ضلع گڑگانواں میں جانوروں کے ڈاکٹر رام گوپال نامی نے اسپتال میں موجود ایک گدھے کا نام محسن انسانیت ﷺ کے اسم گرامی پر رکھا ہے۔ اس خبر نے پورے ہندوستان کے مسلمانوں میں اضطراب کی لہر دوڑا دی۔ ادھر حکومت نے اس ڈاکٹر کا تبادلہ ضلع حصار کے قصبہ نارنوند میں کر دیا، جو خالص ہندوؤں کا قصبہ تھا۔ مقصد ڈاکٹر کا تحفظ تھا۔ غازی مرید حسین پہلے ہی راجپال، شاردھانند، نتھو رام اور دوسرے متعصب ہندوؤں کی گستاخانہ حرکتوں پر رنجیدہ اور کبیدہ خاطر رہتے تھے۔ اس خبر نے جلتی پر تیل کا کام کیا۔ آپ اس گستاخ کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے اور ڈھونڈ نکالا۔ سخت گرمی پڑ رہی تھی اور اگست کا مہینہ تھا۔ ڈاکٹر کا مکان اسپتال سے ملحق تھا۔ آپ نے دیکھا کہ کروڑوں مسلمانوں کی نیند حرام اور چین لوٹنے والا موذی ڈاکٹر درختوں کے سایہ میں نیند کے مزے لے رہا ہے۔ قریب ہی دوسری چارپائی پر اس کی بیوی کشیدہ کاری میں مصروف ہے۔ اسپتال کا ہندو عملہ بھی دور نہ تھا لیکن آپ جان ہتھیلی پر رکھ کر بے خوف و خطر نعرہ زن ہوئے: اللہ اکبر! پھر ملعون کو مخاطب کر کے للکارا: او گستاخ زمانہ اٹھ، اج محمد دا پروانہ آ گیا ای۔ ادھر

marfat.com
Marfat.com

معاملے کو بھانپ کر رام گوپال کی بیوی زور زور سے چلانے لگی: وے رام گوپالا اٹھ کوئی مُسلا آیا ای۔ رام گوپال دھوتی سنبھالتے آنکھیں ملتا اٹھا، مگر دوسرے ہی لمحہ غازی مرید نے خنجر اس کے پیٹ میں اتار کر اس کا کام تمام کر دیا۔ ہر طرف قتل قتل کا شور مچ گیا۔ مرید حسین کو گرفتار کر لیا گیا۔ جب مسلمان وکلا، جن میں بیرسٹر سلیم، بیرسٹر محمد علی، ڈاکٹر عالم لاہوری خاص طور پر قابل ذکر ہیں، نے دلائل دیئے تو پنجاب ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، مسٹر ینگ (Young) نہایت متاثر ہوئے، لیکن جب غازی صاحب نے حسب سابق قتل کا واضح الفاظ میں اعتراف کیا اور اپنے وکلا کے دلائل کو خود ہی جھٹلا دیا تو جج ششدر رہ گیا اور کہا: مسٹر سلیم کے دلائل سے ثابت ہوتا ہے کہ "ملزم" بے گناہ ہے لیکن ملزم کے بیان کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، جو مقدمے میں ابتدا سے اب تک تبدیل نہیں ہوا۔ نتیجہ وہی نکلا جس کی توقع تھی۔ ہائی کورٹ نے اپیل خارج کر دی اور سزائے موت بحال رکھی۔ جہلم کی جیل کی جس کوٹھری میں غازی صاحب کو رکھا گیا، اس کے ساتھ والی کوٹھری میں قتل کا ایک ہندو مجرم منڈی بہاؤالدین کا تھا۔ اس کو بھی سزائے موت سنا دی گئی تھی اور وہ پھانسی کا منتظر تھا۔ غازی صاحب سے اس قدر متاثر ہوا کہ مسلمان ہو گیا۔ غلام رسول نام رکھا گیا اور پھانسی کے بعد مسلمانان جہلم نے نہایت عزت واحترام کے ساتھ جہلم کے قبرستان میں اسے سپرد خاک کیا۔

۱۸ رجب ۱۳۵۶ھ بمطابق ۲۴ ستمبر ۱۹۳۷ء بروز جمعہ علی الصبح وہ ساعت آ گئی جس کا شیفتہ رسول غازی مرید حسینؒ کو بے تابی و بے قراری سے انتظار تھا۔ جب شہادت کا لمحہ آیا تو ڈیوٹی پر موجود مجسٹریٹ نے کہا: آپ زبان کو حرکت نہ دیں۔ اس پر آپ نے فرمایا۔ میں اپنا کام کر رہا ہوں، آپ اپنا کام کریں۔ کہتے ہیں ایک خفیف سے جھٹکے اور یادگار مسکراہٹ کے ساتھ دیکھتے دیکھتے آپ کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی۔ عشق کی ایک جست نے آپ کو آخرت کی ہمیشہ زندہ رہنے والی دنیا میں پہنچا دیا۔ سچ ہے بقول قدسی مقال علامہ اقبالؒ

؎ مومن کے جہاں کی حد نہیں ہے ۔۔۔ مومن کا مقام ہر کہیں ہے

آپ کے نورانی چہرے پر وہی تبسم تھا جس کا علامہ مذکور نے یوں ذکر فرمایا ہے

؎ نشانِ مرد مومن با تو گویم ۔۔۔ چوں مرگ آید تبسم برلب اوست

صبح نو بجے جہلم جیل سے حضرت رسالت مآب ﷺ کے اس جانثار کا جنازہ اٹھایا گیا۔ جہلم کے گلی کوچے درود و سلام سے گونج رہے تھے اور انسانوں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر تھا، جو غازی صاحب کی آخری آرام گاہ "غازی محل" تک ساتھ رہا۔ راستے میں کئی مرتبہ نماز جنازہ پڑھائی گئی۔ مختلف نعروں اور اشعار کے ہمراہ مولانا ظفر علی خانؒ کے یہ اشعار بھی پڑھے

marfat.com
Marfat.com

جاتے رہے:

؎ جیت گیا اسلام کا غازی ہار گئی کفر کی بازی
جھک نہ سکا توحید کا پرچم صلی اللہ علیہ وسلم

؎ سہ پہر کو بھلہ شریف کے شمال کی جانب لب شاہراہ انتہائی موزوں مقام پر شمع رسالت ﷺ کے اس پروانے کو انتہائی عقیدت و والہانہ انداز میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ سینکڑوں حفاظ کرام، علمائے اکرام اور دیگر فرزندان توحید اس وقت قرآن مجید کی آیات، کلمہ طیبہ اور درود شریف پڑھ رہے تھے۔ ایسا ایمان افروز سماں جو زبان قلم سے بیان نہیں ہو سکتا، اس سے پہلے نہ دیکھا گیا تھا۔ مختلف شعراء کے اشعار پڑھے جا رہے تھے۔ مثلاً مولانا محمد علی جوہرؒ جو بیت المقدس میں مسجد عمرؓ کے قریب دفن ہیں۔ ان کا شعر:

؎ رشک ایک خلق کو ہے جوہر کی موت پر یہ اس کی دین ہے جسے پروردگار دے

(یہاں جوہر کی جگہ غازی کر دیا گیا تھا)۔

کوئی علامہ اقبالؒ کی زبان میں رطب اللسان تھا:

؎ شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن نہ مال غنیمت نہ کشور کشائی

عاشق رسولؐ غازی مرید حسین شہید شاعر بھی تھے، اسیر تخلص تھا کوئی ان کے یہ اشعار پڑھ رہا تھا:

دنیا سے دل لگا کے تجھے کیا ملا اسیر اب عشق مصطفےٰؐ میں بھی جاں دے کے دیکھ لے
یاالٰہی اس اسیر خستہ جاں کو دار پر خواہش دیدار احمد ﷺ کے سوا کچھ بھی نہیں

کوئی یہ اشعار پڑھ رہا تھا:

زندگی کیا ہے؟ محمد ﷺ پہ فدا ہو جانا موت کیا ہے؟ اسی جذبہ کا فنا ہو جانا
سعادت ہے کتنی سعید اس بشر پر محمد ﷺ پہ جو بھی فدا ہو گیا
زندہ ہو جاتے ہیں جو مرتے ہیں حق کے نام پر اللہ اللہ موت کو کس نے مسیحا کر دیا
پی جام شہادت کا میداں میں نکل مسلم جنت میں صلہ اس کا محبوب ﷺ خدا دیں گے
بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن خدا رحمت کند ایں عاشقاں پاک طینت را
شہادت پا کے ہستی زندۂ جاوید ہوتی ہے یہ رنگیں شام صبح عید کی تمہید ہوتی ہے
مسلمان لاکھ بودے ہوں مگر نام محمد ﷺ پر خوشی سے اب بھی حاضر ہیں وہ اپنے سر کٹانے کو
نہ جب تک کٹ مروں میں خواجہ طیبہ کی عزت پر خدا شاہد ہے کامل میرا ایماں ہو نہیں سکتا
غازیٔ ملت نبی ﷺ کے جانثار رحمتیں تجھ پر خدا کی صد ہزار

marfat.com
Marfat.com

تو فدائی احمد ﷺ مختار ہے　　یاد تیری کیوں نہ آئے بار بار

غازی صاحب جام شہادت نوش کر کے زندہ جاوید ہو گئے اور دیکھتے ہی دیکھتے ایمان کی حرارت والوں نے "غازی محل" تعمیر کر دیا جس میں تین ہستیاں ابدی نیند سو رہی ہیں۔ مزار کے درمیان میں غازی مرید حسین شہیدؒ، مغرب کی طرف آپ کی والدہ محترمہ غلام عائشہ (متوفی ۱۹۶۲ء) اور مشرق میں آپ کی اہلیہ محترمہ امیر بانو (متوفی ۱۹۴۳ء)۔ مزار کے سامنے کعبہ کی بیٹی یعنی مسجد ہے۔ ہر سال غازی محل میں غازی صاحب کے یوم شہادت پر شاندار انداز میں عرس منایا جاتا ہے اور دور دور سے لوگ شرکت کے لیے آتے ہیں (عاشق رسولؐ غازی مرید حسین شہیدؒ از ملک محمد منیر نوابی ایم اے۔ مکتبہ نسیم، بازار کلاں، جہلم سے ماخوذ)۔

مسلمان ایک فراخ دل قوم ہے مگر اس کی فراخ دلی کا مذاق اڑا کر جب بھی کسی نے ان کے آقا و مولا (ﷺ) کی شان میں گستاخی کی تو مسلمانوں نے موت کو زندگی پر ترجیح دی اور مسلمانوں کی یہ غیرت آج بھی قائم ہے...... اگرچہ انگریزی تعلیم نے مسلمانوں میں بے حمیتی پیدا کر دی ہے پھر بھی عوام الناس و جمہور مسلمان آج بھی اس گناہ کو برداشت سے نہیں کر سکتے۔ (ڈاکٹر سید محمد عبداللہ۔ سابق پرنسپل اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور)۔

۲۰۱۔　علامہ عبدالوہاب شعرانیؒ لکھتے ہیں کہ انہوں نے خواب میں سنا کہ کوئی شخص کہہ رہا ہے کہ جو آدمی حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کا متمنی ہے وہ آپ ﷺ کی زیارت مدرسہ سیلوفیہ میں شیخ نورالدین شونیؒ کے ہاں کر سکتا ہے، چنانچہ وہاں گیا تو میں نے مدرسے کے پہلے دروازے پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کو دوسرے پر حضرت مقداد رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کو اور تیسرے پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ' کو کھڑا پایا۔ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' سے جناب رسول اللہ ﷺ کی بابت دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ آپ ﷺ اس کمرے میں تخت پر جلوہ افروز ہیں۔ میں نے اس جگہ شیخ نورالدین شونیؒ کو بیٹھے ہوئے پایا۔ جب ان سے حضرت رسول اللہ ﷺ کے متعلق دریافت کیا تو وہ مسکرا کر خاموش ہو گئے۔ میں ابھی اس تلاش میں سرگرداں تھا کہ مجھے آپ ﷺ کا روئے مبارک شیخ نورالدین شونیؒ کے چہرے میں ظاہر ہوا، جو سراپا نور بن گیا اور شیخ کا اپنا چہرہ چھپ گیا اور میں نے آپ ﷺ پر صلوٰۃ وسلام کہا۔

صبح جب میں نے یہ خواب شیخ نورالدین شونیؒ کے سامنے بیان کیا تو آپ نے بے حد مسرت کا اظہار فرمایا اور کہا کہ اگر یہ خواب درست ہے تو میرا جسد خاکی میری موت کے بعد خراب نہ ہوگا۔ چنانچہ شیخ کے وصال کے ۲۱ ماہ بعد ان کی لاش کو دیکھا گیا تو بالکل صحیح وسلامت تھی (الیواقیت والجواہر جلد ۲ صفحہ ۱۳۴) وہ خوش بخت ترین انسان ہے جس کی شکل میں حضور

marfat.com
Marfat.com

اقدس ﷺ ظہور فرمائیں، اس کی لاش محفوظ رہے گی اور اسے مٹی نہ کھا سکے گی۔ علامہ شعرانیؒ نے فرمایا کہ میرے والد ماجد میرے داداجان کے ۲۱ برس بعد فوت ہوئے۔ دفن کے بعد کسی وجہ سے میرے داداجان کی قبر کھل گئی تو سب نے دیکھا کہ ان کا جسم اسی طرح صحیح سلامت تھا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کی زیارت کسی بھی حالت میں باطل اور غلط نہیں ہوسکتی، چاہے آپ ﷺ اپنی اصل صورت کے علاوہ کسی دوسری صورت ہی میں نظر آئیں، اس لیے کہ شکل بھی منجانب اللہ بنائی جاتی ہے (جمع الوسائل مصنفہ ملا علی قاریؒ جلد ۲ صفحہ ۲۹۸)۔

قاضی عیاضؒ امام نوویؒ اور ابن حجر عسقلانی متفق البیان ہیں کہ جس صورت میں بھی کسی نے حضرت رسول اللہ ﷺ کا دیدار کیا وہ آپ ﷺ ہی کا دیدار ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ 'گفت از رسول اللہ ﷺ شنیدم ہر کہ مرا در خواب دید حق دیدہ باشد کہ من رانی فقد رای الحق فان الشیطان لا یتمثل بی خواب کی حالت میں اگر کوئی شخص حضرت رسول اللہ ﷺ کا کلام سماعت کرے، اگر سنت کے موافق ہو تو بالکل صحیح ہے، اگر سنت و سیرت نبوی ﷺ کے خلاف ہو تو یہ سننے والے کی سماعت کا فتور ہے۔

۲۰۲۔ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ عوارف المعارف میں پیران پیر محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے اس وقت تک نکاح کا ارادہ نہ کیا جب تک کہ حضور اقدس ﷺ نے مجھے نکاح کرنے کا حکم نہ دیا۔

۲۰۳۔ کنگر شریف کے مشہور بزرگ حضرت خواجہ محمد گل رحمان المعروف باباجی بادشاہ صاحب (متوفی ۱۹۴۸ء) نے اپنے بیٹے کا نام غلام رسول رکھا۔ شیر خوارگی کا عالم تھا۔ یہ نام رکھے ساتواں دن تھا کہ حضور اقدس ﷺ کی سواری کنگر شریف تشریف لائی۔ آپ ﷺ نے بادشاہ صاحبؒ کی گود سے صاحبزادے کو اپنی گود میں لے لیا اور اپنا لعاب دہن بچہ کے منہ میں ڈالتے ہوئے اپنی زبان مبارک اسے چوسانہ شروع کردی، کافی دیر بعد حضور انور ﷺ نے غلام رسول کو بادشاہ صاحب کی گود میں واپس کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: "اس کا نام "پیر محمد" رکھو۔" پھر آپ ﷺ تشریف لے گئے۔ پیر محمد کنگروی المعروف باجی صاحبؒ ۱۵ ذی الحجہ ۱۳۲۷ھ بروز جمعرات بمطابق ۱۹۰۷ء کو پیدا ہوئے اور ۲۹ جمادی الثانی ۱۴۱۶ھ بروز جمعرات بمطابق ۲۳ نومبر ۱۹۹۵ء کو وصال فرمایا۔ آپ مادرزاد ولی تھے (صفحہ ۵۲ تا ۵۳)۔

یہ سارا گھرانہ جنہیں پیران کنگر کہا جاتا ہے چشتیہ، قادریہ، نقشبندیہ سلسلے کے یگانہ روزگار بزرگ گزرے ہیں۔ صوبہ سرحد میں ضلع مانسہرہ کا ایک دور دراز چھوٹا سا غیر معروف گاؤں کنگر کہلاتا ہے، یہاں جنگل اور پہاڑ ہی ہیں۔ دور سے ان پہاڑوں کی چوٹیاں ایسی لگتی ہیں

marfat.com
Marfat.com

جیسے کسی بہت بڑے محل کی دیواروں کے کنگرے ہوں پس اس گاؤں کا نام کنگر پڑ گیا اور جسے مذکورہ بالا بزرگوں نے کنگر شریف بنا دیا۔ دربار عالیہ پیران کنگر شریف (فیض آباد، بٹ دریاں، مانسہرہ) پر پہلی مرتبہ ۱۴۲۱ھ بمطابق ۲۰۰۰ء میں "فیوضات پیران کنگر" کے نام سے ایک رسالہ جناب سیّد محمد عارف شاہ المعروف فقیر ناظری نے مرتب کیا ہے۔ آج کل یہاں کے سجادہ نشین ولی کامل جناب محمد جمیل الرحمان المعروف میاں صاحب ہیں۔ اس رسالے کے صفحہ ۴۷ پر تحریر ہے کہ جب کبھی کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو تین سو مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھ کر پیران کنگر کے وسیلے سے دعا مانگے، انشاءاللہ فوراً نتیجہ ظاہر ہوگا۔

(مذکورہ بالا رسالے کے لیے میں جناب پروفیسر محمد سرور شفقت کا ممنون ہوں)۔

۲۰۴۔ تقریباً تیس سال قبل کی بات ہے حاصل پور (پنجاب، پاکستان) میں ایک نہایت محنتی بزرگ تھے جو پتھروں کو تراش کر ڈیکوریشن (برائے سجاوٹ) کی اشیا بناتے تھے۔ آمدنی اتنی محدود تھی کہ بمشکل دو وقت کی روٹی مہیا ہوتی تھی۔ آپ عشق مصطفےٰ ﷺ میں ہر وقت مستغرق رہتے تھے، ہر وقت فکر دامن گیر رہتی تھی کہ کون سا طریقہ ہو جس سے حضرت امام الانبیا ﷺ کے روضۂ اطہر پر حاضری دی جائے۔ ایک رات درود شریف کا ورد کرتے ہوئے جو سوئے تو خواب میں حضرت رحمتہ اللعالمین ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ آقائے دو جہاں ﷺ نے روضہ اطہر کی چھت کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: "وہ جو دو پھولوں میں سے ایک ٹوٹ گیا ہے، اسے آ کر لگا جاؤ۔" جب انہوں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو سنگ مرمر کے دو نہایت خوشنما پھول لگے تھے جن میں سے ایک نیچے گر گیا تھا، اِدھر حکم ملا اُدھر آنکھ کھل گئی، نہایت ہی مسرت کا عالم تھا۔ اس پھول کا مکمل عکس ذہن میں بسا کر درود شریف کے ورد کے ساتھ شکرانہ ادا کیا، پھر انتہائی لگن اور محنت سے اسی طرز پر اسی شکل اور سائز کے دو پھول باوضو اور درود شریف کے ورد کے ساتھ اپنے ہاتھ سے بنائے، پھر انہیں ایک تھیلے میں ڈال کر چند ضروری اوزار لے کر چل پڑے اور کراچی پہنچ گئے۔ کسی پوچھنے والے نے پوچھا کہ اسباب کیا ہونگے؟ فرمایا کہ آقا (ﷺ) نے بلایا ہے۔ بس! بحری جہاز میں سوار ہو گئے۔ کسی نے ٹکٹ کے لیے پوچھا نہ چیکنگ کی۔ حرم محترم مکہ مکرمہ پہنچ کر عمرہ کیا، پھر مدینہ منورہ پہنچ گئے، عجیب کیفیت تھی، عشق مصطفےٰ (ﷺ) میں شرابور دل لیے روضۂ اقدس پر حاضری دی۔ وہاں کے منتظم سے ملاقات کی اور اپنا مدعا بیان کیا اور کہا اندر چھت کی فلاں سائڈ پر دیکھ لیا جائے، اگر وہاں واقعی پھول ٹوٹا ہوا ہے تو یہ میرے پاس موجود ہے۔ جب دیکھا گیا تو وہاں سے پھول ٹوٹ کر نیچے گرا ہوا تھا، اجازت مل گئی، سیڑھی کا انتظام ہو گیا۔ جب کام سے فارغ ہو

marfat.com
Marfat.com

ہے تو درود شریف پڑھتے ہوئے واپس اتر رہے تھے کہ سیڑھی سے نیچے قدم رکھتے ہی روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی۔ "فداك ابی وامی" لاکھوں جانیں آپ ﷺ پر قربان کی جائیں تو بھی حق ادا نہ ہوگا۔ جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔ باللہ رب العزت ہم سب کو ایسی موت نصیب فرمایئے۔ (آمین) (غیر مطبوعہ)۔

یہ خواب اور واقعہ حافظ عبد الباسط صاحب، راولپنڈی نے مجھے عنایت فرمایا جو انہیں حاصل پور (ضلع رحیم یار خان) کے نہایت عزیز دوست اور بھائی شبیر صاحب نے دیا تھا۔

۲۰۵۔ جناب محمد اسلم، جناب ڈاکٹر مقبول الٰہی (سابق ممبر CBR) راولپنڈی کے نہایت عزیز دوست ہیں۔ انہوں نے اپنے یہ خواب ڈاکٹر صاحب کو تحریر کر کے دیئے اور ان کے ذریعے مجھ تک پہنچے، جنہیں شامل کر رہا ہوں۔ (مورخہ ۱۵ نومبر ۲۰۰۰ء):

بھٹو صاحب کے عہد میں مفتی محمود صاحبؒ صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ تھے۔ خواب میں دیکھتا ہوں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا دربار لگا ہوا ہے، ایسا لگتا ہے جیسے شاہی مسجد، لاہور ہو۔ حضور انور ﷺ سفید لباس میں ملبوس ہیں اور آپ ﷺ مسجد کے محراب میں تشریف فرما ہیں، کچھ حضرات مسجد کے اندر ہیں کچھ باہر، نماز تہجد کا وقت ہے اور میں حضور اقدس ﷺ کے سامنے کھڑا ہوں جبکہ مفتی محمود صاحبؒ سب سے پیچھے باہر بیٹھے ہیں۔ حضور پر نور ﷺ فرماتے ہیں: "مفتی صاحب! آپ آگے آجایئے"۔

میں نے اپنا یہ خواب اپنے ایک کرم فرما بزرگ اور صوفی دوست حضرت مولانا محمد اکرم چشتیؒ کو سنایا تو انہوں نے فرمایا کہ آپ نے رویائے صادقہ دیکھا ہے۔ بات دراصل یہ ہے کہ مفتی صاحب نے صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے شراب پر پابندی عائد کی ہے اور حضور ﷺ کو ان کا یہ فعل پسند آیا ہے۔

۲۰۶۔ قریباً بیس برس کی بات ہے، میں نے خواب دیکھا کہ ایک پہاڑی ہے جس میں بندر، ریچھ اور دوسرے درندے موجود ہیں، میں خوفزدہ ہو کر برق رفتاری سے اڑنا شروع کر دیتا ہوں اور جب پیچھے مڑ کر دیکھتا ہوں تو چمگادڑ کی مانند سیاہ رنگ کی کوئی چیز میرے تعاقب میں ہے، میری رفتار اور تیز ہو جاتی ہے، کئی بار مڑ کر دیکھتا ہوں، وہ چیز برابر میرے تعاقب میں ہے مگر فاصلہ برقرار رہتا ہے، مجھے خدشہ ہے کہ یہ کہیں مجھے پکڑ نہ لے، یکایک دیکھتا ہوں کہ ایک بہت بڑا گنبد ہے، جس کی چھت پر ایک بزرگ سفید لباس میں ملبوس تشریف فرما ہیں، ان کے قریب جا پہنچا ہوں اور اس طرح کہ میرے گھٹنے ان کے گھٹنوں کو چھو جاتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: "شکر ہے کہ تم منزل مقصود پر آپہنچے ہو"۔

marfat.com
Marfat.com

صبح صدر بازار، راولپنڈی کے مشہور طبیب جناب سیّد ہارون الرشید جو میرے پیر بھائی بھی ہیں، کو اپنا خواب سنایا۔ اُس زمانے میں ایک صد سالہ بزرگ ڈھوک دلال میں رہتے تھے اور بابا تاج الدین قلندر ناگپوریؒ کے سلسلہ سے تھے، انہوں نے مجھ سے کہا کہ آج قلندر بابا کے پاس جا رہا ہوں، آپ بھی چلیئے۔ قلندر بابا بیٹھے تھے اور بڑی مشکل سے بات کر پاتے تھے۔ انہوں نے میری طرف دیکھ کر فرمایا: ”کل رات نبی (ﷺ) کے قدموں میں سر تھا، کاش کہ وہیں موت آجاتی“۔ پھر صد سالہ بزرگ نے مجھ سے فرمایا: بابا آپ کا خواب بیان کر گئے ہیں اور وہ بزرگ ہستی جنہیں آپ نے خواب میں دیکھا تھا حضور نبی اکرم ﷺ تھے“۔

۲۰۷۔ ۱۹۸۷ء کی بات ہے جب مجھ پر حج بیت اللہ شریف کا شوق غالب تھا۔ خواب دیکھتا ہوں کہ حضور اقدس ﷺ مسجد نبوی میں جلوہ افروز ہیں، کھدر کے سفید لباس میں ملبوس ہیں، پگڑی بھی کھدر کی ہے، آنکھیں نہایت خوبصورت ہیں، ریش مبارک سیاہ ہے البتہ ٹھوڑی کے اوپر چند بال سفید ہیں۔ میں ایک کمرے میں کھڑا ہوں جس کا دروازہ مسجد میں کھلتا ہے۔ حضور انور ﷺ کو دیکھ کر مجھ پر کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔ پہلے آپ ﷺ دائیں جانب دیکھتے ہیں جس طرح نماز میں سلام پھیرتے ہیں اور پھر بائیں جانب، پھر اٹھ کر میرے پاس آجاتے ہیں اور میں آپ ﷺ کے دست مبارک کو بوسہ دیتا ہوں۔ پھر آپ ﷺ مسجد کے اندر تشریف لے جاتے ہیں۔ خواب میں ہی مجھے خیال آتا ہے کہ میں اس قابل کہاں کہ حضور اقدس ﷺ کے دست مبارک کو بوسہ دیتا، مجھے تو آپ ﷺ کے پاؤں چومنے چاہییں تھے۔

دوسرا منظر دیکھتا ہوں کہ کمرہ وغیرہ غائب ہو گیا، مجھے حضور ﷺ کا زمانہ لگا کہ اسی دور کے گھر ہیں اور کھجوروں کے درخت ہیں۔ حضرت رسالت مآب ﷺ کو جاتے ہوئے پیچھے سے دیکھتا ہوں کہ آپ ﷺ نے پنڈلیوں تک تہ بند پہن رکھا ہے جو سلا ہوا ہے۔

تیسرا منظر دیکھتا ہوں کہ وہی کمرہ ہے اور میرے ساتھ مشہور عالم دین اور مفسر قرآن حضرت مولانا امین احسن اصلاحیؒ کے صاحبزادے ابو سعید اصلاحی کھڑے ہیں۔ جنہیں میں ایک مدت سے نہیں ملا تھا۔ حضور اقدس ﷺ اس کمرے کا دروازہ باہر سے کھولتے ہیں اور سر مبارک اندر کر کے فرماتے ہیں: ”کیا آپ ہمارے ساتھ کھانا نہیں کھائیں گے؟“ میں ادب اور خوف کے ملے جلے جذبات کے ساتھ جواب دیتا ہوں: ”حضور ﷺ بہت اچھا، حضور ﷺ بہت اچھا“ اور ساتھ ہی عرض کرتا ہوں: حضور (ﷺ) یہ مولانا امین احسن اصلاحی کے بیٹے ہیں (مولانا اصلاحی صاحب کو دیکھے ہوئے بھی مجھے ۲۵ برس بیت چکے تھے)۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں: ”اچھا اچھا، مولانا کو بھی میرا اسلام کہنا“ اور اتنا کشادہ تبسم فرمایا کہ آپ ﷺ کے

marfat.com
Marfat.com

سفید چمکدار دندان مبارک صاف طور پر نمایاں ہوگئے۔

میں نے اپنے بزرگ دوست حضرت پیر محمد یونس صاحب (وہ اس وقت زندہ تھے)، کو اپنا یہ خواب سنایا تو انہوں نے فرمایا کہ آپ کو حضور اقدس ﷺ کا سلام مولانا تک پہچانا چاہیے۔ پس میں نے مولانا اصلاحی صاحب کو خط کے ذریعہ حضرت رسول اللہ ﷺ کا سلام پہنچایا تھا اور ان کا جواب بھی مجھے مل گیا تھا۔

۲۰۸۔ میں ۱۹۸۸ء میں حج کے موقع پر مکہ مکرمہ میں تھا۔ خواب دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ بہت تیزی سے گزر رہے ہیں اور میں صرف آپ ﷺ کے پاؤں مبارک دیکھتا ہوں اور فوراً انہیں چوم لیتا ہوں، جس کے لیے خواب مذکورہ بالا میں میں نے خواہش ظاہر کی تھی۔

وہاں مجھے نقشبندی سلسلے کے ایک بزرگ ملے جن سے میں نے اپنا یہ خواب بیان کیا مگر وہ سن کر خاموش رہے۔ جب ہم مدینہ منورہ پہنچے تو انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ آپ کا خواب پورا ہو گیا، کیونکہ حضور اقدس ﷺ نے آپ سے خواب میں فرمایا تھا کہ کیا آپ ہمارے ساتھ کھانا نہیں کھائیں گے؟ ہم مدینہ منورہ میں جو کھانا کھاتے ہیں، وہ حضور انور ﷺ کی جانب سے ہوتا ہے اور آپ ﷺ ہمارے میزبان ہوتے ہیں۔

۲۰۹۔ ۱۹۸۴ء میں میرے ساتھ ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔ میں اس زمانے میں راولپنڈی کینٹ میں رہتا تھا۔ دن کے تقریباً ساڑھے دس بجے میں اپنے کمرے میں سو رہا تھا کہ اچانک اٹھ کر بیٹھ گیا۔ ایک آواز میرے سینے کے اندر سے نکل رہی ہے اور میں کہہ رہا ہوں: "لبیک یا رسول اللہ ﷺ"۔ یہ الفاظ جاگنے کی حالت کے ہیں۔

پھر یہ واقعہ میں نے جناب حکیم سیّد ہارون الرشید سے بیان کیا۔ انہوں نے کہا یہ بہت اچھی حالت ہے مگر اس وقت مطلب سمجھ میں نہیں آ رہا۔ اس کے بعد اچانک میری شادی کا سلسلہ بن گیا۔ جولائی کا مہینہ تھا اور جانے سے پہلے میری یہ حالت ہوتی تھی کہ میں بیوی کے ہمراہ گاڑی میں بیٹھتا تو مجھ پر گریہ طاری رہتا تھا اور سر زمین حجاز پہنچ کر مجھ پر سوز و گداز بہت غالب آ جاتا تھا، ہر نماز کی ہر رکعت پر مجھ پر گریہ طاری رہتا تھا۔ یہ حالت مجھ پر میرے شیخ حضرت سیّد محمد علاؤالدین جیلانی نقشبندی مجددیؒ کے وسیلے سے حضور ﷺ ہی کی نگاہ کرم سے تھی۔ پہلی مرتبہ جب ہماری بس مدینہ منورہ کی جانب جا رہی تھی تو میری قلبی بے قراری ناقابل بیان تھی۔ جب دور سے گنبد خضرا نظر آیا تو مجھے یوں محسوس ہوا کہ میرا دل سینے سے باہر آ جائے گا اور میں برابر روتا چلا جا رہا تھا۔

۲۱۰۔ جب میں دسویں جماعت میں پڑھتا تھا تو مجھے خواب میں پتہ چلا کہ حضور ﷺ کی

marfat.com
Marfat.com

نگاہ کرم احقر الناس پر ہے۔ میرے بزرگ دوست اور کرم فرما جناب سیّد اشتیاق حسین گنگوھی نے مجھے فرمایا: اسلم صاحب جب آپ ماں کے پیٹ میں تھے، اس وقت بھی حضور اقدس ﷺ کی نگاہ مبارک آپ پر تھی۔

۲۱۱۔ مجدد العصر حضرت سیّدنا پیر مہر علی شاہ گیلانی قدس سرہ العزیز کو مناظرہ کی دعوت دے کر مرزا غلام احمد قادیانی کا مناظرے کے لیے نہ آنا، ایک تاریخی واقعہ ہے جس سے مرزا کے جھوٹے دعوؤں کی قلعی کھل گئی تھی اور اسے انتہائی رسوائی کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

سیّدنا پیر مہر علی شاہؒ تحریر فرماتے ہیں کہ ان دنوں میں اپنی آنکھیں بند کیے بیداری کی حالت میں حجرے میں اکیلا بیٹھا ہوا تھا کہ آنحضرت ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ تشہد کی حالت میں بیٹھے ہوئے ہیں اور چار بالشت کے فاصلے پر یہ نیاز مند بالکل محاذات میں ایسے بیٹھا ہے جیسے کہ مرید شیخ کے سامنے۔ غلام احمد مشرق کی طرف رخ کیے رسول پاک ﷺ کی طرف پیٹھ کر کے بیٹھا ہوا ہے۔ اس مشاہدے کے بعد میرا اطمینان قلبی اور زیادہ ہو گیا اور میں احباب کے ہمراہ لاہور پہنچا۔ اپنے وعدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مرزا غلام احمد قادیانی لاہور نہ آیا۔ یہ بات واضح رہے کہ غلام احمد قادیانی نے اپنے اشتہارات میں اعلان کیا تھا کہ جو فریق اس مناظرے سے فرار ہوگا اس پر اللہ کی لعنت ہوگی۔ وہی ہوا کہ وہ خود مناظرے سے فرار ہو گیا اور لاہور نہیں آیا، حالانکہ تمام علما اور دوسرے رفقا نے تین دن تک لاہور میں اس کا انتظار کیا تھا۔ اسی دوران مرزا قادیانی نے تفسیر نویسی کا چیلنج دیا جسے حضرت مہر علی شاہؒ نے قبول فرما لیا اور اعلائے کلمۃ الحق کے لیے یوں فرمایا کہ قلم و کاغذ رکھ دیے جائیں، جس کا قلم قرآن پاک کی تفسیر خود بخود لکھے وہی حق پر ہوگا۔ آپ نے بعد میں فرمایا کہ میں نے جو بات کہی تھی، وہ یوں ہی نہیں تھی، مجھے مکمل طور پر تائید ایزدی اور حمایت نبوی (ﷺ) حاصل تھی، اگر میں اس سے بھی بڑا دعویٰ کرتا تو اللہ تعالیٰ مجھے ضرور سرخرو فرماتا۔ مجھے اس لیے اس بات پر یقین تھا کہ بحالت رویا و بیداری میں نے جو کچھ دیکھا تھا وہ سر بسر حق تھا (ضیائے مہر یعنی سوانح حیات حضرت پیر سیّد غلام محی الدین گیلانی (بابو جی قدس سرہ العزیز) از جناب مولانا مشتاق احمد چشتی، درگاہ عالیہ غوثیہ مہریہ، گولڑہ شریف صفحہ ۲۴۷ تا ۲۴۸)۔

(میں اس کتاب کے لیے جناب پروفیسر محمد سرور شفقت کا ممنون ہوں)۔

۲۱۲۔ مدینہ منورہ میں حضرت لالہ جی صاحبان (حضرت پیر سیّد غلام معین الدین گیلانیؒ اور آپ کے چھوٹے بھائی حضرت پیر سیّد شاہ عبدالحق گیلانی مدظلہ العالی) تلاوت قرآن پاک فرما رہے تھے اور ایک درویش قریب بیٹھا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آپ سے ملنے کے انتظار میں

marfat.com
Marfat.com

ہے۔ جب آپ تلاوت سے فارغ ہوئے تو کہنے لگا: اپنے بابا (بابو جی) سے بولو حضور پاک ﷺ فرماتے ہیں پاکستان میں سوشلزم نہیں آئے گا"۔ چنانچہ بڑے لالہ جی صاحب نے یہ بات جب قبلہ بابو جی (حضرت پیر سیّد غلام محی الدین گیلانی قدس سرہ) کو بتائی تو آپ اس ارشاد سے مطمئن ہو گئے اور واقعی سوشلزم کے داعی بالآخر اس سے دست کش ہو گئے اور پاکستان بابو جیؒ کی دعاؤں اور سرکار مدینہ ﷺ کے کرم سے سوشلزم سے محفوظ ہو گیا (ضیائے مہر، صفحہ ۷۵ تا ۷۶)۔

۲۱۳، ۲۱۴۔ سیّدی و مرشدی (حضرت پیر سیّد غلام محی الدین گیلانی قدس سرہ العزیز) آپ نے مجھ (السید احمد محضار العطاس المدنی) سے استفسار فرمایا ہے کہ "محبوب الرسول" کا خطاب آپ کو عالم رویا میں یا عالم بیداری میں بتایا گیا۔ سیّدی اس کی تفصیل یہ ہے کہ ۱۷ رجب ۱۳۶۵ھ کو میں روضۂ مبارک پر حاضر ہوا تھا کہ آپ کی نیابت میں صلوٰۃ و سلام کا ہدیہ پیش کروں۔ میں روضہ نبویہ کے سامنے کمال عجز اور خشوع و خضوع کے ساتھ کھڑا تھا کہ میرے دل میں خیال آیا کہ کاش رسول کریم ﷺ مجھے اپنے مشاہدے سے نوازیں اور اپنی مبارک آواز سنائیں، لیکن میں نے اپنے آپ کو اس عظمت کے لیے بہت حقیر اور چھوٹا سمجھا۔ اس وقت غیب سے گریہ طاری ہوا اور مجھے کپکپی محسوس ہوئی۔ اچانک میں نے رسول پاک ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ کے ساتھ پانچ اشخاص تھے، جنہیں میں نہیں جانتا۔ تھوڑے فاصلہ پر بائیں جانب حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن جراح کھڑے تھے۔ اچانک اے میرے سیّد! آپ سیّدہ خاتون جنتؓ کے حجرے کی طرف سے آئے اور حضرت ابو عبیدہؓ کی بائیں جانب کھڑے ہو گئے۔ حضرت رسول پاک ﷺ مسکرائے اور فرمایا اے عامر! یہ میرا محبوب ہے اور آپ کی طرف اشارہ فرمایا۔ پھر حضرت ابو عبیدہؓ چلے تو آپ بھی ان کے پیچھے روضۂ مطہرہ کی طرف روانہ ہوئے۔ اس وقت جو لوگ وہاں بیٹھے تھے وہ سب کھڑے ہو گئے اور انہوں نے آپ سے مصافحہ کیا اور پھر وہ میری نظروں سے غائب ہو گئے۔ اس وقت حضرت رسول اللہ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے میری جانب اشارہ کیا۔ کافی دنوں تک یہ منظر میری آنکھوں کے سامنے رہا اور میں سوچتا رہا کہ کیا واقعی مجھے یہ شرف حاصل ہوا اور میں نے عالم بیداری میں آپ ﷺ کی زیارت کی ہے۔ تقریباً دو ماہ بعد جبکہ رمضان المبارک کا دسواں روزہ تھا، ظہر کے بعد میں تھوڑی دیر کے لیے اپنے بستر پر لیٹا اور مجھے نیند آ گئی۔ میں نے اپنے آپ کو مدینہ منورہ میں "باب شامی" کے باہر دیکھا، بہت سے لوگ جمع تھے، ایک پکارنے والے نے کہا: حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تشریف لانے والے ہیں۔ میں اٹھا، دوسرے لوگ بھی اٹھے کہ اتنے میں حضرت رسول اللہ ﷺ مسجد کے دروازے کے قریب آ کر ٹھہرے، باقی لوگ

marfat.com
Marfat.com

بھی وہیں رک گئے کہ اچانک ان کے درمیان سے ایک آدمی سامنے آیا، وہ آپ تھے (قبلہ بابو جیؒ)۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے آپ کو اپنے قریب بلایا اور سرگوشی فرمائی جسے کوئی اور نہیں سن سکتا تھا۔ اس کے بعد حضرت رسول پاک ﷺ نے فرمایا "یہ میرا محبوب ہے" اور اپنے دست مبارک سے آپ کی طرف اشارہ کیا۔ پھر اس کے بعد حضرت رسول اللہ ﷺ، سیّدنا حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کی طرف روانہ ہو گئے اور میں بیدار ہو گیا۔ مجھے انتہائی خوشی ہوئی کہ دو ماہ پہلے روضۂ اقدس کے سامنے بیداری میں جو کچھ دیکھا تھا وہ درست تھا اور یہ رویا بھی صحیح ہے (ضیائے مہر، صفحہ ۱۹۳ تا ۱۹۴)۔

۲۱۵۔ جمعرات شعبان ۱۳۱۷ھ میں سویا تو اپنے مرشد سیّدنا غلام محی الدینؒ کو دیکھا کہ آپ کے ساتھ بہت مخلوق ہے، میں بھی ساتھ ہوں، ہم مدینہ شریف کے بازاروں میں پھرتے رہے، جاگا تو رات کا سوا ایک بجا تھا، پھر سو گیا، دوبارہ سیّدی قبلہ محی الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کو دیکھا، آپ کے پاس کراچی والے حافظ صاحب بھی تھے اور میں بھی ساتھ تھا۔ میں مدینہ شریف میں ایک دکان پر کچھ چیزیں خریدنے رکا، پھر حضرت صاحب آگے نکل کر نظروں سے غائب ہو گئے اور میں پیچھے رہ گیا۔ میں نے گھڑی دیکھی تو رات کے پونے تین بجے تھے، میں خوش ہو کر اٹھا اور غسل کر کے چار رکعت نماز پڑھی اور بیٹھ کر کچھ پڑھنے لگا۔ پھر آنکھ لگ گئی اور میں نے شیر خدا حضرت علی کرم اللہ وجہہ' کی زیارت کی اور عرض کیا: یا سیّدی! میں رسول پاک ﷺ کی زیارت کرنا چاہتا ہوں، آپ کی خدمت میں عرض ہے کہ میری طرف سے سیّد غلام محی الدینؒ کو جزائے خیر فرمایئے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نے اس پر فرمایا کہ "تم دو مرتبہ زیارت کر چکے ہو۔" میں خاموش رہا اور پھر عرض کیا کہ میں نے تو "اپنے مرشد سیّدنا غلام محی الدین کو دیکھا ہے"۔ اس پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ' نے ارشاد فرمایا کہ "وہی تو ہیں رسول پاک (ﷺ) کا مظہر، کیا تم نے محبوب سے نہیں سنا (ترجمہ) تیرا گوشت میرا گوشت اور تیرا جسم میرا جسم"۔ پس میں سمجھ گیا کہ اصل ایک ہے (ضیائے مہر صفحہ ۱۹۴ تا ۱۹۵)۔

۲۱۶۔ مصنف / مولف کتاب ہذا کی نواسی عائشہ امتیاز دختر امتیاز احمد خان مرحوم نے حسب ذیل پانچ خواب دیکھے:

حضور انور ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف مجھے سب سے پہلے اس وقت حاصل ہوا جب والد صاحب کی وفات کو سوا دو سال گزرے تھے اور میں اکثر اداس رہتی تھی، مگر والدہ کی موجودگی اور بہن بھائیوں کو دیکھ کر ہمت بندھ جاتی تھی۔

ستمبر ۱۹۹۶ء کی ایک رات میں نے خواب دیکھا کہ میری چھوٹی بہن اور چھوٹا بھائی

marfat.com
Marfat.com

سعد مسجد اقصیٰ میں کھڑے ہیں، وہاں ایک کمرہ ہے جس میں کئی منزلہ ایک بستر ہے، اس کی سب سے اوپر والی منزل پر گائے کا گوشت رکھا ہے اور حضور اقدس ﷺ اسے اٹھا اٹھا کر زمین پر جو چٹائی بچھی ہے اس پر رکھ رہے ہیں اور فرماتے جاتے ہیں کہ "یہ مسلمانوں کے لیے ہے۔" وہ مہینہ بھی حج کا تھا پھر میری آنکھ کھل گئی (غیر مطبوعہ)۔

۲۱۷۔ سال ۱۹۹۶ء ستمبر کا دوسرا ہفتہ ہے۔ علی الصبح خواب دیکھا کہ والد مرحوم سخت بیمار ہیں اور پولی کلینک، اسلام آباد میں داخل ہیں۔ شام کا وقت ہے، تاریکی چھا رہی ہے اور والد مسلسل "نمکو" مانگ رہے ہیں چنانچہ میرے بھائی، چچا، ماموں سب نمکو لینے جا چکے ہیں مگر کسی دکان پر نہ مل سکا۔ ہم مایوس کھڑے ہیں کہ عین اس وقت حضور اکرم ﷺ ایک ٹرے میں نمکو اور پنیر کے پیکٹ رکھے ہوئے کمرے میں تشریف لاتے ہیں، جہاں صرف میں اور میرے والدین ہیں۔ میرے والد نے تھوڑا سا نمکو کھایا اور یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ میرے منہ کا ذائقہ خراب ہے، کچھ میں نے بھی کھایا، اس کے بعد والد نے کہا: اسے آنٹی شہناز کو دے دو۔ پھر تھوڑی دیر بعد میرے ابو کی طبعیت بہت خراب ہو گئی اور وہ منظر نہایت غمناک تھا۔ حضور ﷺ میرے ابو کے پاس کرسی پر تشریف فرما ہیں، میری والدہ حضور پر نور ﷺ کے پاس جا کر رو رہی ہیں، میں بھی وہیں ہوں، والدہ مسلسل رو رہی ہیں اور ان کا سر حضور اقدس ﷺ کے دست مبارک پر ہے۔ میری والدہ نے ایک بہت بڑا چمکدار سونے کا ہار پہنا ہوا ہے، جسے دیکھ کر میں متعجب ہوں کیونکہ ان کے پاس ایسا کوئی ہار نہ تھا، پھر میری والدہ نے حضور ﷺ سے میرے والد کی طبعیت کے بارے میں دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "اب وہ ٹھیک نہیں ہو سکتے" اور تھوڑی ہی دیر بعد ان کا انتقال ہو گیا۔ میری آنکھ کھل گئی۔ نانا مسجد روانہ ہو رہے ہیں اور والدہ نماز فجر کی تیاری کر رہی ہیں (غیر مطبوعہ)۔

مسٹر امتیاز احمد خان، سنٹرل گورنمنٹ پاکستان کے ایک اہم افسر تھے۔ اپنی قابلیت، محنت، دیانت، سادگی اور ہمدردی کے لیے مشہور تھے۔ ۹ محرم ۱۴۱۴ھ بمطابق ۱۹ جون ۱۹۹۴ء پولی کلینک میں وفات پائی اور اسلام آباد کے مرکزی قبرستان میں سپرد خاک کر دیئے گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

۲۱۸۔ مذکورہ بالا دونوں خوابوں کے بعد میرے دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ حضور انور ﷺ مجھے کوئی ایسی نصیحت فرمائیں جس پر میں بہ آسانی عمل کر سکوں۔ اللہ پاک نے میری دعا قبول فرمالی اور ستمبر ۱۹۹۶ء میں مجھے پھر حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ گھر کے تمام افراد کام سے باہر گئے ہوئے ہیں اور میں مکان کی نچلی منزل میں بیٹھی ہوں، ہم اوپر کی

marfat.com
Marfat.com

منزل میں رہتے ہیں، گھنٹی بجتی ہے، آنٹی نے جا کر دیکھا اور مجھے بتایا کہ آپ کے مہمان آئے ہیں، میں گھر سے باہر نکلی تو حضرت رسالت مآب ﷺ کو کھڑے ہوئے پایا، میں آپ ﷺ سے بات کرتی ہوں کہ اتنے میں مسجد سے نانا بھی آجاتے ہیں اور حضور انور ﷺ ہمارے ہمراہ اوپر تشریف لے آتے ہیں، میں فوراً روٹی پکانا شروع کر دیتی ہوں، اچانک دیکھتی ہوں کہ حضور ﷺ میرے پاس باورچی خانے میں کھڑے ہیں، میں نے آپ ﷺ کی خدمت میں لال مسور اور آلو کی بھجیا پیش کی تب حضور اقدس ﷺ نے مجھے نصیحت فرمائی "ضرورت سے زیادہ کھانا مت پکایا کرو اور کبھی کھانا ضائع نہ کرنا"۔ میں نے وعدہ کیا کہ انشاءاللہ آپ ﷺ کی نصیحت پر عمل کروں گی (غیر مطبوعہ)۔

۲۱۹۔ مذکورہ بالا خواب کے دو دن بعد ہی میں نے خواب دیکھا کہ میں نے حضور اکرم ﷺ کے لیے آلو گوشت میز پر رکھا ہے، کچھ دیر بعد ہی آپ ﷺ تشریف لے آئے، دست مبارک میں ایک لیموں ہے، ہرے کپڑے پہنے ہوئے ہیں، صحت بہت اچھی ہے، بال سیاہ ہیں، کچھ سفید بھی ہیں، تشریف لے جانے سے پہلے مجھے، میری چھوٹی بہن اور چھوٹے بھائی سعد کو بہت پیار کرتے ہیں (غیر مطبوعہ)۔

۲۲۰۔ ۱۶ نومبر ۲۰۰۰ء کو میرا گلا سخت خراب تھا۔ رات کو تکلیف بڑھ جانے سے کوشش کے باوجود نیند نہیں آرہی تھی اور صبح کالج بھی جانا تھا، سوچا اگر نہ سوئی تو صبح آنکھ نہ کھل سکے گی پس کسی نہ کسی طرح کوشش میں کامیاب ہو گئی، آنکھ لگی ہی تھی کہ ایسا محسوس ہوا کہ حضور نبی مکرم ﷺ تشریف لائے ہیں، فوراً آنکھ کھل گئی اور یقین ہو گیا کہ آپ ﷺ تشریف لائے تھے گو میں نے دیکھا نہیں، لیکن آپ ﷺ نے دعا کی ہو گی کیونکہ میرا گلا بالکل ٹھیک ہو گیا۔ میں سکون سے سو گئی اور رات بھر مجھے کوئی تکلیف محسوس نہ ہوئی (غیر مطبوعہ)۔

۲۲۱۔ عائشہ امتیاز کی والدہ کو بھی حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا بے حد اشتیاق تھا۔ رات کو سونے سے پہلے اس سلسلے میں دعا کا معمول بنا لیا تھا۔ ایک رات دعا کر کے سو گئی۔ نماز فجر کے بعد پھر نیند آگئی۔ خواب دیکھا کہ ایک اندھیرے کمرے میں کھڑی ہوں جس میں خوب خوشبو پھیلی ہوئی ہے کہ اچانک میرے ذہن میں آتا ہے کہ حضور پر نور شافع یوم النشور ﷺ تشریف لا رہے ہیں، کچھ پریشان سی ہو جاتی ہوں کہ کس طرح آپ ﷺ کا دیدار کر سکوں گی، اسی اثنا میں کمرے میں جھلملاتی ہوئی سفید رنگ کی روشنی ہو جاتی ہے جس سے پورا کمرہ روشن ہو جاتا ہے، فوراً بعد میری آنکھ کھل جاتی ہے اور میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں (غیر مطبوعہ)۔

marfat.com
Marfat.com

۲۲۲۔ ربیع الاول ۱۳۷۷ھ بمطابق نومبر ۱۹۵۷ء کو جناب مولانا قاضی محمد زاہد الحسینیؒ "رحمت کائنات ﷺ" ایبٹ آباد کے اپنے سکونتی مکان میں شام کا کھانا کھا کر قبل از نماز عشا چارپائی پر لیٹے ہوئے تھے کہ بحالت نیم خوابی رحمت دو عالم ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوئے۔ حضرت نبی الامی ﷺ نے فرمایا: "تمہارے مضمون کو میں نئی ترتیب دے رہا ہوں تاکہ انبیا علیہم السلام کی مجلس میں پیش کروں (معلوم ہوا کہ یہ بے نظیر کتاب "رحمت کائنات ﷺ" مقبول بارگاہ نبوی ﷺ ہے۔ اس وقت سے برابر یہ شائع ہو رہی ہے اور اس کے تاحال بہت سے ایڈیشن مارکیٹ میں آچکے ہیں)۔ (صفحہ ۷۔ ادارہ تحفظ حقوق نبوت، مدنی روڈ، اٹک شہر)۔

۲۲۳۔ حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینیؒ کا ایک مخلص عقیدت مند مدینہ طیبہ میں رہتا ہے۔ اسے کام کے دوران گنبد خضرا کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ملا، جو اس نے سنبھال کر رکھ لیا پھر اسے سرور کونین ﷺ کی زیارت ہوئی، آپ ﷺ نے فرمایا: "گنبد خضرا کا یہ ٹکڑا اٹک کے قاضی صاحب کو دے دینا۔" چنانچہ وہ اس مبارک ٹکڑے کو لایا اور قاضی صاحبؒ کو دے دیا، جسے حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینیؒ انتہائی شوق اور عقیدت سے ہمیشہ اپنے سینے کے ساتھ رکھا کرتے تھے (رحمت کائنات ﷺ۔ صفحہ ۴۵۸)۔

۲۲۴۔ مرحوم علامہ عبدالحمید الخطیب شیخ الحرم و سابق رکن مجلس شوریٰ، حکومت سعودیہ فرماتے ہیں کہ: جب میں مسجد الحرام میں مدرس تھا تو مجھ سے شام کے ایک حاجی نے آکر شکایت کی کہ میں مطاف میں الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کہہ رہا تھا تو ایک عالم نے جو اپنے آپ کو نجدی ظاہر کرتا تھا، مجھے روک دیا۔ میں نے جناب شیخ ابن مانع اور جناب شیخ عبدالظاہر امام مسجد الحرام سے پوچھا تو ان دونوں نے فرمایا کہ اس کے پڑھنے میں کوئی حرج نہیں، اسلاف وہابیہ اس سلام کو جائز قرار دیتے ہیں، البتہ بعض لوگ خواہ مخواہ اپنے غلط عقائد کو وہابیہ کے ساتھ خلط ملط کر کے وہابیہ کو بدنام کر رہے ہیں۔

کچھ دن بعد میں مدینہ منورہ سردار دو عالم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو ایک صالح اور متقی شخص نے مجھ سے کہا کہ میرا نام شیخ احمد ہے اور میں دربار پر انوار کا خادم ہوں، مجھے حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو قصیدہ آپ نے حضور ﷺ کی شان میں لکھا ہے، اسے روضۂ اطہر کے سامنے کھڑے ہو کر پڑھیں۔ چنانچہ میں نے وہ قصیدہ روضہ اطہر کے سامنے کھڑے ہو کر پڑھا۔ اس قصیدہ کا نام "تحیۃ الحبیب" ہے۔

اس قصیدے کے اشعار سے واضح ہے کہ "الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ"

marfat.com
Marfat.com

زور سے کہنے میں کوئی حرج نہیں۔ علمائے دیوبند کے نزدیک بھی شوق و محبت صلوٰۃ و سلام کی صورت میں اس کا پڑھنا درست ہے۔ حسب ارشاد مفتی اعظم حضرت مولانا محمد شفیع خود اجلہ علما کا یہ معمول ہے (ماہنامہ المفتی دیوبند) البتہ حضور انور ﷺ کو حاضر ناظر نہ سمجھے کہ یہ خاصہ صرف اللہ تعالیٰ کا ہے۔

۲۲۵۔ محمد بن جعفر نیشاپوری نے ایک دن بلا تحقیق یہ کہا کہ آنحضور ﷺ سے یہ منقول ہے کہ جو آدمی بدھ یا سنیچر کو فصد کرائے گا اس پر اگر اسے برص (کوڑھ) کا مرض ہو جائے تو وہ صرف اپنے آپ کو ہی ملامت کرے۔ مجھے یہ درست معلوم نہ ہوا میں نے اسی خیال سے بدھ کے دن فصد کرائی جس کے نتیجہ میں مجھے برص کا مرض لاحق ہو گیا۔ میں نے خواب میں آنحضرت ﷺ کو دیکھا اور اپنی بیماری کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ "تو نے میری حدیث کی اہانت کیوں کی؟" میں نے دربار نبوت (ﷺ) میں توبہ کی۔ جب نیند سے بیدار ہوا تو خود کو تندرست پایا (الطرائف از حضرت مولانا اشرف علی تھانوی، حصہ دوم صفحہ ۱۳)۔

۲۲۶۔ دارالعلوم دیوبند (دیوبند اسلامک یونیورسٹی، یوپی، بھارت) کی ابتدائی عمارت نودرہ کی بنیاد حضرت سیّد دوعالم ﷺ کے ارشاد عالی اور نشان زدہ خطوط پر رکھی گئی ہے۔ جب طلبا اور اساتذہ کی تعداد زیادہ ہو گئی تو بزمانہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدینؒ نے چند کمرے بنانے کے لیے کچے نشانات لگا دیئے مگر کام شروع ہونے سے پہلے حضرت رسول اللہ ﷺ نے خواب میں شاہ صاحبؒ سے ارشاد فرمایا کہ "جو خطوط میں نے کھینچے ہیں ان پر عمارت بنائی جائے۔" علی الصبح جب شاہ صاحبؒ اس جگہ تشریف لے گئے تو واقعی نشانات جدیدہ موجود تھے۔ ان ہی پر ۱۲۹۳ھ بمطابق ۱۸۷۷ء میں وہ عمارت تیار ہوئی جو نو دروازوں کی وجہ سے نودرہ کے نام سے مشہور ہے اور آج بھی دارالعلوم دیوبند کے ترانے میں موجود ہے:

یہ علم و عمل کا گہوارہ تاریخ کا وہ شہ پارہ ہے
ہر پھول یہاں اک شعلہ ہے ہر سرو یہاں منارہ ہے
خود ساقی کوثر ﷺ نے رکھی میخانے کی بنیاد یہاں
تاریخ مرتب کرتی ہے دیوانوں کی روداد یہاں

(رحمتِ کائنات ﷺ۔ صفحہ ۳۴۵ تا ۳۴۶)۔

۲۲۷۔ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینیؒ تحدیث بالنعمۃ کے طور پر فرماتے ہیں کہ یہ گنہگار کئی مرتبہ زیارت سیّد دوعالم ﷺ سے مشرف ہوا اور جو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا حرف بحرف صحیح نکلا۔ زیارت مدینہ منورہ کے وقت معمول یہ تھا کہ سیّد دوعالم ﷺ کے قدموں میں بیٹھتا

marfat.com
Marfat.com

ہوں، جب کبھی یہ شرف ملا نماز عصر کے بعد مراقبے میں جو ارشاد فرمایا حرف بحرف درست نکلا (رحمت کائنات ﷺ صفحہ ۳۴۶)۔

۲۲۸۔ زمانہ تعلیم میں دارالعلوم دیوبند کی مسجد میں مولانا قاضی محمد زاہد الحسینیؒ کو زیارت کا شرف حاصل ہوا اور حضرت سیّد دو عالم ﷺ کے نعلین مبارک اٹھانے کی سعادت ملی۔ حضرت مولانا سیّد حسین احمد مدنی قدس سرہ سے بیعت بھی حضور انور ﷺ کی ہدایت پر کی (رحمت کائنات ﷺ صفحہ ۳۴۶)۔

۲۲۹۔ ۱۹۳۲ء میں مولانا قاضی محمد زاہد الحسینیؒ مدرسہ عالیہ مظاہر علوم سہارنپور (یوپی، بھارت) میں تعلیم کے دوران مدرسے کے قریب مسجد محلّہ تیلیانوالی میں تھے کہ ایک رات یہ خواب دیکھا:

سیّد دو عالم ﷺ ایک بڑی حویلی میں تشریف فرما ہیں اور لوگ جوق در جوق زیارت کے لیے جا رہے ہیں۔ میں بھی دروازے پر پہنچا تو اندر سے آواز آئی کہ "جب فاطمہ بلائے گی، تب تم آنا"۔

طالب علمی کے زمانے کے اس خواب کو میں نے لکھ لیا۔ ۱۹۳۸ء میں میری محترمہ ہمشیرہ نے میرے بہنوئی کے ہمراہ حج کیا۔ واپسی کے کچھ دن بعد اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک بچی عطا فرمائی جس کا نام فاطمہ تجویز ہوا۔ ۱۹۳۹ء میں اعتکاف کے دوران مجھے سیّد دو عالم ﷺ کے مزار مبارک کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ حضرت مولانا سیّد حسین احمد مدنی قدس سرہ‘ نے اس کی تعبیر بتائی کہ کیا عجب حج اور زیارت کی دولت نصیب ہو جائے، چنانچہ ظاہری اسباب نہ ہوتے ہوئے بھی بحمدہ تعالیٰ پہلی مرتبہ حج و زیارت کی سعادت جنوری ۱۹۳۹ء میں حاصل ہو گئی یعنی ۱۹۳۲ء کے خواب کی عملی تعبیر و تفسیر سات سال بعد ظاہر ہوئی۔ الحمد للہ (رحمت کائنات ﷺ۔ صفحہ ۳۴۶ تا ۳۴۷)۔

۲۳۰۔ امام محمد صنعانی ابن حسن فاروقی کی ولادت سلطان شمس الدین التمش کے عہد میں لاہور میں ہوئی۔ طلب علم کے لیے آپ حرمین شریفین گئے، جہاں سے واپسی پر لاہور آئے تو سلطان التمش کی بیٹی رضیہ سلطانہ تخت نشین تھی، جسے آپ نے پسند نہ کیا اور بغداد تشریف لے گئے۔ آپ نے حدیث کی ایک کتاب لکھی جس کا نام مشارق الانوار ہے۔ ہندوستان کے جلیل القدر عالم شیخ شمس الدین خواجگی کو خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپ نے مشارق الانوار کی احادیث کے متعلق پوچھا تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مشارق کی تمام احادیث صحیح ہیں۔ مکہ مکرمہ میں ۹ شعبان ۶۵۰ھ کو آپ نے

marfat.com
Marfat.com

وصال فرمایا (نزہتہ الخواطر جلد ۳ صفحہ ۶۵)۔

۲۳۱۔ قراء سبعہ میں امام قرأت نافع مدنیؒ بھی ہیں۔ وہ جب قرآن پاک تلاوت فرمایا کرتے تھے تو ان کے منہ سے خوشبو آیا کرتی تھی۔ جس کی وجہ یہ تھی کہ حضرت نبی اکرم ﷺ نے خواب میں آپ کے منہ میں قرأت فرمائی تھی (رحمت کائنات ﷺ صفحہ ۳۳۸)۔

۲۳۲۔ نویں صدی ہجری کے مفسر قرآن مجید شیخ علاؤالدین بن محمدؒ چھوٹی عمر میں تصنیف و تالیف کا کام کرنے کی وجہ سے "مصنفک" (چھوٹا مصنف) کے نام سے مشہور تھے۔ انہوں نے مصابیح کی شرح لکھی اور فرمایا کہ یہ شرح میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کے حکم سے لکھی ہے۔ ۸۷۵ھ میں وصال فرمایا اور قسطنطنیہ (استنبول) میں حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے احاطہ میں دفن ہوئے (تذکرۃ المفسرین۔ صفحہ ۱۴۳)۔

۲۳۳۔ امام اشعری کا پہلا مسلک اعتزال تھا۔ آپ کو تین مرتبہ خواب میں رسول کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپ ﷺ نے امام اشعری کو فرمایا کہ "اے ابوالحسن میری احادیث کی تائید کرو اس لیے کہ وہ صحیح ہیں۔" پس انہوں نے احادیث کا مطالعہ شروع کیا اور بالآخر اعتزال سے تائب ہو کر اہل سنت کا مسلک اختیار کیا۔ (طبقات کبریٰ، جلد اول)۔

۲۳۴۔ قصیدہ بردہ جس کو عرف عام میں اسی نام سے پکارا جاتا ہے مگر اس کا صحیح نام جیسا کہ شیخ الاسلام حضرت حسین احمد مدنیؒ نے فرمایا "براء الداء" ہے یعنی وہ قصیدہ جس کے پڑھنے سے بیماری سے شفا ہوتی ہے۔ شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسنؒ کے والد ماجد مولانا ذوالفقار علی دیوبندیؒ بہت بڑے عالم دین اور ادیب لبیب تھے۔ انہوں نے قصیدہ براء الداء کی شرح اردو زبان میں بنام "عطر الوردہ" لکھی ہے جو کہ نہایت ہی جامع اور عشق رسالت مآب ﷺ سے لبریز ہے۔ آپ نے اس کی وجہ تالیف میں فرمایا ہے کہ:

"مصنف قصیدہ حضرت علامہ ابو عبد اللہ شرف الدین محمد ابن سعید بوصیری نے فرمایا کہ مجھ پر فالج کا حملہ ہوا جس نے میرے بدن کے نچلے حصہ کو بالکل شل کر دیا اور میں سخت معذور اور لاچار ہو گیا۔ مجھے خواب میں یہ الہام کیا گیا کہ میں جناب سیّد دو عالم ﷺ کی مدح میں ایک قصیدہ لکھوں اور اس کو دربار الٰہی میں اپنی بیماری سے شفا کی درخواست کا وسیلہ بنا کر دعا کروں چنانچہ میں نے یہ قصیدہ لکھا اور سو گیا۔ خواب میں حضرت سرور کائنات ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا۔ آپ ﷺ نے اپنے دست مبارک میرے بدن پر پھیرا، میں اسی وقت تندرست ہو گیا۔ جب میں خواب سے بیدار ہوا تو اپنے آپ کو بالکل تندرست پایا۔
دارالعلوم دیوبند کے نصاب میں قصیدہ "براء الداء" کا پڑھانا بھی داخل ہے۔ مگر اس

marfat.com
Marfat.com

لحاظ سے نہیں کہ یہ ایک بلند پایہ علمی اور ادبی قصیدہ ہے اور اس کے پڑھنے سے عربی زبان اور عربی ادب میں مہارت پیدا ہو سکتی ہے، بلکہ جیسا کہ شاہ محمد الیاس قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ "اس کا داخل نصاب فرمانا اس لیے ہے کہ حضرت رسول کریم ﷺ سے محبت زیادہ ہو" (ملفوظات)۔

کعب بن زہیر نے کلمہ پڑھ کر اپنے اسلام لانے کا اعلان کیا، تائب ہو گیا اور بارگاہ رسالت ﷺ میں ایک قصیدہ پڑھنے کی اجازت طلب کی۔ اجازت ملنے پر ۴۴ اشعار مشتمل "قصیدہ بانت سُعاد" پڑھا، کہا جاتا ہے یہ قصیدہ فی البدیہہ تھا۔ افصح الافصحاء حضور ﷺ نے ایک مصرع سن کر ارشاد فرمایا: "اے کعب! "سیوف الہند" کے بجائے "سیوف اللہ" کہو۔" یہ سن کر شاعر حیرت کے سمندر میں گم ہو گیا۔ مصرع بحر اور وزن میں تھا اور شعر کا مفہوم فرش سے عرش جا پہنچا تھا۔ صدق دل سے قبول کر کے اپنی قسمت پر ناز کرنے لگا۔ اس قصیدے پر حضور سرورِ کونین ﷺ نے خوش ہو کر شاعر کو اپنی بردہ (چادر) مبارک عطا فرمائی اور یہ قصیدہ اس نسبت سے "قصیدہ بردہ" مشہور ہو گیا۔ علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے تاریخ الخلفا میں لکھا ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نے دس ہزار درہم میں اسے خریدنا چاہا مگر حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ' بن زہیر نے انکار کر دیا۔ حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کے وصال کے بعد ان کے بیٹے نے یہ چادر تیس یا چالیس ہزار درہم میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کو فروخت کر دی۔ بنوامیہ کے زوال کے بعد یہ عباسیوں کے پاس پہنچی، جب تاتاریوں نے بغداد تباہ کیا تو عباسی پس ماندگان جان بچا کر مصر بھاگے، جن سے مصر کے فرماں روا بیبرس نے اسے حاصل کر لیا۔ مدتوں بعد جب ترکوں نے مصر فتح کیا تو سلطان محمد فاتح یہ بردہ شریف لے کر ترکی آ گیا۔ آج کل استنبول کے مشہور توپ کاپی میوزیم میں جہاں حضور ﷺ کے پچاسوں نوادرات رکھے ہیں، یہ بردہ شریف ایک شیشے کے بکس میں موجود ہے (ڈاکٹر سیّد زاہد علی واسطی صاحب نے "قصیدہ بردہ" پر جو مضمون لکھا ہے اور جسے صدیقی ٹرسٹ کراچی نے شائع کیا ہے۔ مذکورہ بالا معلومات وہاں سے حاصل کی گئی ہیں)۔

۲۳۵۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سیّد حسین احمد مدنیؒ کے جسم کا دایاں حصہ ۲ مارچ ۱۹۵۲ء کو سن ہو گیا۔ ڈاکٹروں نے تشخیص کی کہ فالج کا اثر ہے۔ آپ کو بڑا صدمہ اور تکلیف ہوئی۔ دوسرے دن آپ نے فرمایا کہ رات مجھے نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوئی ہے۔ آپ ﷺ نے داہنے ہاتھ پر دعا پڑھی اور دم کیا اور فرمایا: "حسین احمد تشویش کی کوئی بات نہیں، ہم صرف تمہاری عیادت کو آئے ہیں"۔ چنانچہ حضرت بفضلہٖ تعالیٰ بالکل تندرست ہو گئے (مکتوبات شیخ الاسلام)۔

۲۳۶۔ مولانا مشتاق احمد مرحوم مفتی ریاست مالیر کوٹلہ نے فرمایا کہ میں جب مدینہ منورہ گیا

marfat.com
Marfat.com

تو وہاں کے مشائخ سے سنا کہ امسال روضۂ اطہر سے عجیب کرامت کا ظہور ہوا۔ ایک نوجوان نے جب درگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہو کر صلوٰۃ و سلام پڑھا تو وہاں سے وعلیکم السلام کے پیارے الفاظ میں اسے جواب ملا، یہی بعد میں شیخ الاسلام حضرت مولانا سیّد حسین احمد مدنیؒ کے نام سے مشہور ہوئے (الجمعیۃ شیخ الاسلام نمبر)۔

۲۳۷۔ یحییٰ بن معین محدثؒ جنہوں نے اپنے ہاتھ سے ایک لاکھ احادیث لکھیں، ۲۳۳ھ میں مدینہ منورہ کی حاضری کے بعد مکہ مکرمہ جانے لگے۔ حضور اقدس ﷺ نے پہلی ہی منزل پر خواب میں ان سے فرمایا کہ "ہمارا قرب چھوڑ کر کہاں جارہے ہو۔" پس واپس مدینہ منورہ لوٹ آئے اور تیسرے دن رحلت فرما گئے۔ جنت البقیع میں مدفون ہیں۔ (رحمت کائنات ﷺ صفحہ ۳۳۴)۔

۲۳۸۔ امام الحرمین فرماتے ہیں کہ میں نے فلاسفہ، معتزلہ اور اہل سنت کے دلائل کو باہم برابر پایا، حیران تھا کہ کس طرف رجوع کروں۔ سیّد دو عالم ﷺ نے خواب میں فرمایا: "علیک با عتقاد الصابونی" چنانچہ میں نے مسلک اہل سنت اختیار کر لیا۔ امام صابونی اسمٰعیل بن عبدالرحمٰن مشہور محدث و مفسّر ہیں۔ وصال ۴ محرم ۴۴۹ھ بروز جمعہ ہوا (سبحان المحدثین)۔

۲۳۹۔ علامہ بحرالعلوم لکھنوی نے "تاریخ کازرونی" کے حوالے سے مندرجہ ذیل واقعہ نقل کیا ہے:

ایک کافر بدو حضور انور ﷺ کی قبر شریف پر حاضر ہوا اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گیا اور قسم کھا کر کہا کہ میں نے آج سے پہلے نہ اس مقدس اور بابرکت قبر کو دیکھا تھا اور نہ اس کی عظمت سنی تھی لیکن صاحب قبر (ﷺ) کی عظمت و محبت اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں ڈال دی ہے، پھر عربی میں تین اشعار پڑھے جن کا ترجمہ حسب ذیل ہے:

(۱)۔ میرا گزر محمد رسول اللہ ﷺ کی تربت مبارک پر ہوا تو اس نے میرے ساتھ کلام کیا حالانکہ (عام طور پر) قبر بولا نہیں کرتی۔

(۲) آپ ﷺ کے مزار مبارک سے نبوت کے آثار ایسے قائم ہیں جو ہر مسلمان کے دل پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

(۳) اس سے پہلے اگرچہ میں آپ ﷺ سے ناواقف تھا مگر آپ ﷺ کی قبر مبارک نے مجھے مطلع کیا کہ تیرا محبوب اس میں آرام فرما ہے۔

۲۴۰۔ تاریخ مدینہ منورہ کے مستند مرتب "ابن النجار" نے ابراہیم بن بشارؒ سے فرمایا کہ میں حج کے بعد مدینہ طیبہ آیا اور حضور اقدس ﷺ کی قبر مبارک پر حاضر ہو کر سلام عرض کیا تو روضہ اطہر کے اندر سے آواز آئی: "وعلیک السلام" اور ایسا ہی جواب اور بہت سے اولیا کرام

marfat.com
Marfat.com

اور صلحائے امت نے سنا ہے (وفاالوفا جلد ۴ صفحہ ۱۳۵۲)۔

۲۴۱۔ مولانا حبیب اللہ بیجاپوری (بھارت) کئی مرتبہ مدینہ منورہ گئے اور حضور انور ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ آپ نے ایک طویل قصیدہ بھی کہا جس میں ایک شعر اس معنی کا ہے:
میں نے حضور اقدس ﷺ کی زیارت بحالت بیداری کی اور آپ ﷺ نے مجھے اپنے قریب بیٹھنے کا شرف عطا فرمایا۔ مولانا کا انتقال ۱۰۴۱ھ میں ہوا (نزہۃ الخواطر جلد ۵، صفحہ ۱۲۷)۔

۲۴۲۔ تیسری صدی ہجری میں والی مصر، احمد بن طولون نے جب جامعہ مسجد بنانے کا ارادہ کیا تو خواب میں حضور اکرم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ حضور اقدس ﷺ نے مسجد کا قبلہ اپنے دست مبارک سے لکیر کھینچ کر بنایا اور حکم دیا کہ اسی پر قبلہ کا رخ رکھا جائے۔ صبح ابن طولون اس جگہ گئے تو زمین پر اسی طرح خط کشیدہ پایا اور اسی پر عمارت بنائی جس پر اس زمانے کے ایک لاکھ بیس ہزار دینار خرچ ہوئے۔ یہ مصر کی ایک عظیم مسجد ہے (حسن المحاضرہ فی اخبار مصر و قاہرہ۔ صفحہ ۱۸۱)۔

۲۴۳۔ ٹیونس کے ایک عالم باعمل کا نام ایمن ابوالبرکات بن محمد بن محمد بن محمد بن محمد بن محمد بن محمد بن محمد بن محمد بن محمد بن محمد بن محمد بن محمد بن محمد (۱۴ پشت کے اجداد کا نام محمد ہی) تھا، جنہوں نے کافی عرصہ مدینہ منورہ میں گزارا۔ جب وہاں سے جانے کا ارادہ کیا تو حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تو نے کس طرح ہماری جدائی کو پسند کر لیا"۔ چنانچہ مدینہ منورہ سے جانے کا ارادہ ترک کر دیا اور اپنا نام عاشق النبی رکھا۔ ۷۳۴ھ میں وہیں وصال فرمایا (دُرَرِ کامنہ۔ جلد اول، صفحہ ۴۳۱)۔

علامہ شوکانیؒ نے لکھا ہے کہ ٹیونس کے والی نے آپ سے وطن آنے کی درخواست کی تو آپ نے جواب دیا کہ اگر مجھے مشرق و مغرب کی حکومت بھی دی جائے تو حضور اقدس ﷺ کا قرب نہ چھوڑوں گا" (البدر الطالع۔ جلد اول، صفحہ ۱۶۰)۔

۲۴۴۔ پانچویں صدی ہجری کے محقق عالم ابوالشکور السالمی نے فرمایا کہ میں نے خواب میں حضرت رسول کریم ﷺ کی زیارت کی۔ آپ ﷺ کی نورانی چمک سے میں صرف آپؐ کے چہرہ اقدس کی سفیدی دیکھ سکا۔ میں نے سنا کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ "جو آدمی ہر جمعہ کو دو سیر غلہ یا دو درہم (مجھے پورا یاد نہیں) صدقہ دے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے ماں باپ دونوں کو عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا"۔

اس خواب کو بیان کرنے کے بعد علامہ السالمی نے فرمایا کہ اس ارشاد میں بھی اس بات کی دلیل ہے کہ قبر کا عذاب حق ہے اور زندہ لوگوں کے صدقات اور دعائیں مردوں کو

marfat.com
Marfat.com

نفع پہنچاتی ہیں۔ (تمہید ابوالشکور السالمی، صفحہ ۱۵۹)۔

۲۴۵۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے متعلق حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے فرمایا ہے کہ وہ جب جوار پاک شہ لولاک (ﷺ) میں پہنچے تو شرف جواب صلوٰۃ و سلام حضرت خیر الانام علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام سے مشرف ہوئے (امداد المشتاق، صفحہ ۱۲)۔

۲۴۶۔ حجۃ اللہ فی الارض الامام الشاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے تعلیم و تعلم کا ایک ذریعہ خواب کو بھی قرار دیا ہے، جس پر اپنی مشہور کتاب "الفوز الکبیر" میں مدلل بحث کی ہے۔ آپ نے بالمشافہ اور عالم خواب میں حضرت رسول اللہ ﷺ سے احادیث سنیں اور آپ ﷺ نے بعض کی اصلاح فرمائی جنہیں رسالے کی صورت میں مرتب فرما کر "در ثمین" اس کا نام رکھا۔ اس میں سے ایک حدیث کو درج کیا جاتا ہے:

شاہ صاحبؒ بالسند شیخ محمد بن الرحمٰن شارح مختصر الخلیل کا قصہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ہم شیخ عارف باللہ عبد المعطی تونسی کے ہمراہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کے لیے چلے۔ جب روضہ اطہر کے قریب پہنچے تو شیخ عبد المعطی کو دیکھا کہ چند قدم چلتے پھر رک جاتے ہیں، یہاں تک کہ حضور انور ﷺ کے روضۂ انور کے سامنے کھڑے ہو گئے اور کچھ ایسا کلام کیا جس کو ہم نہ سمجھے۔ جب ہم واپس ہوئے تو ان سے بار بار رک جانے کی وجہ پوچھی؟ جواب میں انہوں نے فرمایا کہ حضور اقدس ﷺ سے حاضری کی اجازت چاہتا تھا۔ جب آپ ﷺ فرماتے تھے تو میں کچھ آگے بڑھ کر رک جاتا تھا یہاں تک کہ آپ ﷺ کے پاس پہنچ گیا۔ میں نے عرض کیا کہ امام بخاریؒ اپنی صحیح (بخاری) میں جو کچھ حضرت رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کیا وہ سب صحیح ہے؟ آپ نے فرمایا: صحیح ہے۔ میں نے عرض کیا: صحیح بخاری کو آپ سے روایت کروں۔ آپ نے فرمایا: مجھ سے روایت کرو۔

شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ شیخ عبد المعطیؒ نے شیخ محمد بن خطاب کو روایت بخاری کی اجازت دی اور اسی طرح ہر استاد نے اپنے شاگرد کو اجازت دی۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ نہ صرف برصغیر کے محسن عظیم ہیں بلکہ آپ کی علمی و روحانی برکات کا دائرہ تمام ممالک اسلامیہ تک وسیع ہے۔ آپ نے سب سے پہلے قرآن مجید کا فارسی میں ترجمہ کیا اور "حجۃ اللہ البالغہ" جیسی پر از حکمت اسلامی کتاب تحریر فرمائی۔ "در ثمین" اور "فیوض الحرمین" اکابر علمائے دیوبند کے یہاں مستند اور معتبر کتب ہیں۔ شاہ صاحبؒ کے متعلق حضرت مرزا مظہر جان جاناں دہلویؒ نے فرمایا: مجھ کو اللہ تعالیٰ نے پوری دنیا کی سیر مثل کف دست کرائی مگر میں نے اپنے زمانے میں شاہ ولی اللہ جیسا کوئی نہیں

marfat.com
Marfat.com

دیکھا (الفرقان ولی اللہ نمبر)۔

۲۴۷۔ آج بھی نبی کریم ﷺ سعادت مندوں کی رہنمائی فرماتے ہیں۔ سابق والئ کابل امیر عبدالرحمٰن مرحوم نے اپنی خود نوشت سوانح حیات میں تحریر کیا ہے کہ مجھے ایک بادشاہ کے حضور پیش کیا گیا، جس کے دائیں بائیں چار خوبصورت اور وجیہہ حضرات بیٹھے تھے۔ مجھ سے پہلے ایک شخص پیش ہوا جس نے کہا کہ اگر مجھے بادشاہ بنادیا گیا تو میں تمام مذاہب کی عبادت گاہوں کو گرا کر مساجد بنادوں گا، جس پر اسے باہر نکال دیا گیا۔ جب میں حاضر ہوا تو مجھ سے بھی یہی سوال ہوا تو میں نے کہا: میں انصاف کروں گا، تمام بتوں کو توڑ دوں گا اور کلمہ طیبہ کو سر بلند کروں گا۔ میری درخواست کو منظور کر لیا گیا اور مجھے امیر افغانستان ہونے کا یقین ہو گیا۔ مجھے بتایا گیا کہ جس بادشاہ نے یہ فیصلہ فرمایا ہے، وہ سیّد دو عالم ﷺ ہیں اور آپ ﷺ کے دائیں بائیں حاضر حضرات ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، چنانچہ امیر عبدالرحمٰن نے افغانستان پر ۱۸۸۰ء تا ۱۹۰۱ء حکومت کی۔

۲۴۸۔ دارالعلوم دیوبند کے ابتدائی بزرگ حضرت حاجی سیّد محمد عابد قدس سرہ نے حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ سے فرمایا کہ ایک بات کہتا ہوں جسے میری زندگی میں ظاہر نہ کرنا، میں نے حالت بیداری میں حرم مکہ مکرمہ میں بعض انبیا علیہم السلام کی زیارت کی ہے (مشائخ دیوبند، صفحہ ۱۸۹)۔

۲۴۹۔ حضرت علامہ انور شاہ کشمیری قدس سرہ العزیز کے تلمیذ رشید اور حضرت رائے پوریؒ کے خلیفۂ ارشد حضرت مولانا محمد انوری نے "رحمت کائنات" کے مطالعہ سے جو برکت حاصل کی، سنیئے:

عجب اتفاق ہے کتاب مستطاب "رحمت کائنات" دیکھ رہا تھا، غالباً ۳ رمضان المبارک ۱۳۷۸ھ تھا کہ دوپہر کو قیلولہ میں حضرت سرور کائنات ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوا، چند صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ہمراہ تھے، حضرت ابوہریرہ، حضرت انس، حضرت ابن عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کا نام یاد رہ گیا۔ حیات النبی ﷺ کے مسئلہ کی تحقیق پر خوشی کا اظہار فرمایا اور بشارات سنائیں۔ (رحمت کائنات ﷺ، صفحہ ۳۱)۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ العزیز نے ارشاد کیا:

یہ کہنا چاہیئے کہ میں نے حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی کیونکہ حضور ﷺ زندہ ہیں۔ دنیا میں ایسے بھی خشک مزاج موجود ہیں جنہیں زیارت قبر مبارک کا خود تو کیا شوق ہوتا، اس کو حرام کر کے دوسروں کو بھی روکنا چاہتے ہیں مگر جو زیارت کر چکے ہیں ان سے تو پوچھو (التبلیغ وعظ نمبر

marfat.com
Marfat.com

۳ شکر النعمۃ بذکر الرحمۃ، ۲۷ جمادی الاول ۱۳۴۷ھ)۔

۲۵۰۔ حکیم الہند حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ ﷺ سے مجھے براہ راست جن امور کی وصیت کی گئی، ان میں ایک چیز یہ بھی تھی کہ فروعات میں اپنی قوم کی مخالفت نہ کروں، چونکہ ہندوستانی مسلمان عرصہ دراز سے حنفی مسلک پر تھے اس لیے میں نے بھی اپنے اوپر حنفی مسلک کی پابندی واجب کر لی تھی، لیکن ادیان وملل کی طرح مختلف مسالک فقہ میں بھی اساسی وحدت کا قائل تھا۔ میں نے معلوم کرنا چاہا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ مسالک فقہ میں کس مسلک کی طرف رُجحان رکھتے ہیں تاکہ فقہ میں اس مسلک کی اطاعت کروں۔ میں نے دیکھا کہ آپ ﷺ کے نزدیک فقہ کے یہ سارے مسالک یکساں ہیں اور آپ ﷺ نے مجھے وصیت فرمائی کہ فقہ کے چاروں مروجہ مسالک کی تقلید سے کبھی باہر قدم نہ رکھوں اور جہاں تک ممکن ہو سب میں تطبیق کی کوشش کروں (فیوض الحرمین از حضرت شاہ ولی اللہؒ)۔

جناب مفتی محمد مظہر بقا کی شخصیت میں مولویت، روحانیت اور جدیدیت کا جو امتزاج موجود ہے، وہ منفرد نوعیت کا ہے۔ آپ پاکستان کے ممتاز عالموں اور محققین میں سے ہیں۔ تعلیمی ماہر، ڈاکٹر، مفتی اور ساتھ ساتھ سلسلہ نقشبندی کے خلیفہ مجاز بھی ہیں۔ جناب مفتی محمد شفیعؒ مفتی اعظم پاکستان کے ساتھ کچھ عرصہ کام کرنے کے بعد کراچی یونیورسٹی سے وابستہ ہو گئے۔ پھر ام القریٰ یونیورسٹی مکہ مکرمہ میں بیس بائیس سال کام کر کے ریٹائر ہوئے ہیں۔ اپنی کتاب "حیات بقا" میں فقہی مسائل میں "میرا طرز عمل" کے عنوان کے تحت فرماتے ہیں کہ میں حنفی ہوں، جب تک ہندوپاک میں رہا صرف حنفی مذہب پر عمل کرتا رہا۔ مکہ مکرمہ جو مختلف مکاتب فکر کا سنگم ہے وہاں رہ کر حنفیت میں جو شدت تھی اس میں رفتہ رفتہ کمی آنی شروع ہو گئی اور دوسرے فقہی مذاہب کے ساتھ متعصبانہ طرز فکر تقریباً ختم ہو گیا اور اس کے نتیجہ میں متعدد تبدیلیاں عمل میں آئیں:

ا۔ رکوع میں جاتے اور اس سے اٹھتے وقت رفع یدین چونکہ صحیح اور قوی احادیث سے ثابت ہے، اس لیے کبھی کبھی اب رفع یدین بھی کر لیتا ہوں۔ ایک مرتبہ نجی مجلس میں حضرت مفتی محمد شفیعؒ نے حاضرین سے فرمایا تھا کہ کبھی کبھی رفع یدین بھی کر لیا کرو کیونکہ روزِ قیامت اگر حضرت رسول اللہ ﷺ نے دریافت فرمالیا کہ تم تک میری یہ سنت صحیح طریقے پر پہنچی تھی تو تم نے اس پر عمل کیوں نہ کیا تو کوئی جواب نہ بن پڑے گا۔ حضرت امام احمد بن حنبلؒ کا قول ہے کہ اگر کوئی حدیث مجھ تک ضعیف طریقہ سے بھی پہنچی تو میں نے کم از کم ایک مرتبہ ضرور اس

marfat.com
Marfat.com

پر عمل کر لیا۔

۲۔ قیام میں کبھی کبھی، شاذ و نادر، سینے پر بھی ہاتھ باندھ لیتا ہوں اگرچہ جہاں تک میرا علم ہے اس سلسلہ میں صحاح ستہ میں کوئی صحیح روایت موجود نہیں اور دوسری کتب احادیث میں اس سلسلہ کی جو روایات ہیں وہ کلام سے مبرا نہیں۔

۳۔ سفر میں صحیح احادیث سے جمع تقدیم بھی ثابت ہے اور جمع تاخیر بھی۔ دوسرے ائمہ کے بر خلاف احناف اسے جمع حقیقی کے بجائے جمع صوری پر محمول کرتے ہیں۔ میں نے سفر میں بوقت ضرورت جمع تقدیم بھی کی ہے اور جمع تاخیر بھی، لیکن اب وقت ضرورت صرف جمع تاخیر کرتا ہوں کیونکہ ایک مرتبہ خیال آیا کہ عصر کے وقت میں ظہر اور عصر کو، اور عشا کے وقت میں مغرب اور عشا کو جمع کیا جائے تو زیادہ سے زیادہ یہ ہو گا کہ حنفی مذہب کے مطابق ظہر اور مغرب کی نمازیں قضا ہوں گی، ادا نہیں، لیکن ہو جائیں گی سب کے نزدیک۔ اس کے بر خلاف اگر ظہر کے وقت میں عصر کو اور مغرب کے وقت میں عشا کو جمع کیا جائے تو وقت نہ ہونے کی وجہ سے حنفیہ کے نزدیک عصر اور عشا کی نمازیں درست ہی نہ ہوں گی۔

۴۔ طائف چونکہ میقات سے خارج ہے اس لیے وہاں سے مکہ مکرمہ جاتے ہوئے احناف کے نزدیک میقات پر احرام باندھنا ضروری ہے۔ تفریح کے لیے بکثرت ہمارا طائف جانا ہوتا تھا۔ تقریباً دو سال تک میں واپسی پر عمرہ کا احرام باندھتا رہا لیکن بعد میں حنفیت چھوڑ کر ائمہ ثلاثہ (باقی تین ائمہ) کے مسلک پر عمل کرنے لگا کہ جب تک خاص طور پر عمرہ یا حج کی نیت نہ ہو میقات سے احرام باندھنا ضروری نہیں۔

۵۔ حج کے اعمال میں حاجیوں سے بکثرت غلطیاں ہوتی ہیں اور لوگ مجھ سے مسائل پوچھتے ہیں۔ میرا طریقہ یہ ہے کہ عمل سے پہلے اگر کسی نے مسئلہ دریافت کیا تو حنفی مذہب کے مطابق مسئلہ بتاتا ہوں اور اگر کسی نے عمل کے بعد دریافت کیا تو اگر وہ عمل کسی بھی امام کے نزدیک درست نہیں ہوا تو بھی حنفی مذہب کے مطابق بتا دیتا ہوں کہ اب تمہیں یہ کرنا چاہیئے اور اگر ائمہ اربعہ (چاروں ائمہ) میں سے کسی امام کے نزدیک وہ عمل درست ہو گیا ہے تو کہہ دیتا ہوں کہ جو ہو گیا وہ ہو گیا، آئندہ ایسا نہ کرنا۔

ایک مسئلہ ایسا ہے کہ مشکل ہی سے کوئی سال ایسا گزرتا ہے جب وہ مجھ سے نہ پوچھا جائے۔ وہ یہ کہ طواف زیارت سے پہلے کسی عورت کو حیض آ جائے اور سیٹ بک ہو تو اس حالت میں عورت طواف کر نہیں سکتی اور طواف کے بغیر چلی جائے تو زندگی بھر شوہر کے لیے حلال نہیں ہو سکتی تا آنکہ دوبارہ یہاں آئے اور طواف زیارت کرے اور تاخیر کا دم بھی

marfat.com
Marfat.com

دے، اپنی یا شوہر کی ملازمت وغیرہ کی مجبوری کی وجہ سے وہ رک نہیں سکتی اور سیٹ منسوخ کر اکے اگر رک بھی جائے تو حج کے ایام میں دوبارہ اپنی مرضی کی سیٹ ملنا آسان نہیں اور یہ بھی ہر ایک کے بس کی بات نہیں کہ دوبارہ آئے اور طواف زیارت کرے۔

دوسرے ائمہ کے یہاں اس مسئلے میں زیادہ شدت ہے کہ ان کے نزدیک طہارت کے بغیر طواف کر لیا تو ہوگا ہی نہیں۔ حنفی مذہب میں کچھ نرمی ہے کہ ہو تو جائے گا، لیکن بدنہ (اونٹ یا گائے) قربان کرنا واجب ہوگا۔ عورت کو مسئلہ بتادیا جائے کہ اس کے لیے اس حالت میں مسجد میں داخل ہونا اور طواف کرنا حرام ہے، لیکن اگر اس نے کر لیا ہے تو بدنہ واجب ہوگا۔ اب عورت کی اپنی مرضی ہے چاہے تو اس پر عمل کرے چاہے نہ کرے۔

علامہ ابن تیمیہ نے اس پر مفصل گفتگو کے بعد فتویٰ دیا ہے کہ عورت اسی حالت میں طواف کرلے اس پر کوئی دم واجب نہ ہوگا۔ میں ایسے مواقع پر کہہ دیتا ہوں کہ حنفیہ کے نزدیک تو مسئلہ یہ ہے لیکن علامہ ابن تیمیہ کا فتویٰ یہ ہے، پھر مجھے نہیں معلوم کہ کون کس پر عمل کرتا ہے۔ میری حنفی عصبیت بڑی حد تک ختم ہوچکی ہے لیکن عدم تقلید کی حدود میں کبھی داخل نہیں ہوا۔ (حیات بقا)۔

<u>عمر ضائع کردی</u> (حضرت مولانا سیّد محمد انور شاہ کشمیری دیوبندی قدس سرہ کی گواہی جو علما کے لیے دلیل راہ ہے):-

حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ فرماتے ہیں کہ قادیان (مشرقی پنجاب، بھارت) میں ہر سال ہمارا جلسہ ہوتا تھا، جس میں حضرت مولانا سیّد محمد انور شاہ کشمیریؒ بھی شرکت فرماتے تھے۔ ایک صبح نماز فجر کے وقت میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ شاہ صاحبؒ اندھیرے میں سر پکڑے بہت مغموم بیٹھے ہیں۔ میں نے پوچھا: حضرت کیسا مزاج ہے؟ فرمایا: ٹھیک ہی ہوں میاں، مزاج کیا پوچھتے ہو؟ عمر ضائع کردی! فرمایا: ہماری عمر کا، ہماری تقریروں کا، ہماری ساری کدو کاوش کا خلاصہ یہ رہا ہے کہ دوسرے مسلکوں پر حنفیت کی ترجیح قائم کردیں۔ امام ابو حنیفہؒ کے مسائل کے دلائل تلاش کریں اور دوسرے ائمہ کے مسائل پر آپ کے مسلک کی ترجیح ثابت کریں۔ یہ رہا ہے محور ہماری کوششوں کا، تقریروں کا اور علمی زندگی کا۔ اب غور کرتا ہوں تو دیکھتا ہوں کہ کس چیز میں عمر برباد کی؟ کیا امام ابو حنیفہؒ ہماری ترجیح کے محتاج ہیں کہ ہم ان پر کوئی احسان کریں؟ ان کو اللہ تعالیٰ نے جو مقام دیا ہے وہ لوگوں سے خود اپنا لوہا منوائے گا، وہ تو ہمارے محتاج نہیں۔ اور ہم امام شافعیؒ امام مالکؒ اور امام احمد بن حنبلؒ اور دوسرے مسلک کے فقہا کے مقابلے میں جو یہ ترجیح قائم کرتے آئے ہیں، کیا حاصل ہے اس کا؟ اسکے سوا کچھ نہیں کہ

marfat.com
Marfat.com

ہم زیادہ سے زیادہ اپنے مسلک کو "صواب متحمل الخطا" (درست مسلک میں خطا کا احتمال موجود ہے) ثابت کردیں اور دوسرے کے مسلک کو "خطا متحمل الصواب" (غلط مسلک میں حق ہونے کا احتمال موجود ہے) کہیں، اس سے آگے کوئی نتیجہ نہیں ان تمام بحثوں، تدقیقات اور تحقیقات کا جن میں ہم مصروف ہیں۔

پھر فرمایا: اس کا تو حشر میں بھی راز نہیں کھلے گا کہ کون سا مسلک صواب تھا اور کون سا خطا؟ لہٰذا اجتہادی مسائل کا صرف اس دنیا میں فیصلہ کیسے ہو سکتا ہے؟ قبر میں بھی منکر نکیر نہیں پوچھیں گے کہ رفع یدین حق تھا یا ترک رفع یدین حق تھا۔ آمین بالجہر حق تھی یا بالسر حق تھی۔ اللہ تعالیٰ شافعیؒ کو رسوا کرے گا نہ ابو حنیفہؒ کو، مالکؒ کو رسوا کرے گا نہ احمد بن حنبلؒ کو۔ تو جس چیز کو نہ دنیا میں نکھرنا ہے نہ برزخ میں نہ محشر میں، اس کے پیچھے پڑ کر ہم نے اپنی عمر ضائع کردی اور جو صحیح اسلام کی دعوت تھی، مجمع علیہ اور سب ہی کے مابین جو مسائل متفقہ تھے اور دین کی ضروریات جو سبھی کے نزدیک اہم تھیں، جن کی دعوت انبیا کرامؑ لے کر آئے تھے، جن کی دعوت عام کرنے کا ہمیں حکم دیا گیا تھا اور جن منکرات کو مٹانے کی کوشش ہم پر فرض کی گئی تھی آج وہ دعوت تو نہیں دی جا رہی۔ آج ضروریات دین تو لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل ہو رہی ہیں اور اپنے اور اغیار ان کے چہرے مسخ کر رہے ہیں اور وہ منکرات جو ہمیں مٹانے میں لگنا چاہیے تھا، پھیل رہے ہیں، گمراہی پھیل رہی ہے، الحاد آ رہا ہے، شرک و بت پرستی چل رہی ہے اور حلال و حرام کا امتیاز اٹھ رہا ہے لیکن ہم لگے ہوئے ہیں ان فروعی بحثوں میں۔ حضرت شاہ صاحبؒ نے آخر میں فرمایا: "یوں غمگین بیٹھا ہوا ہوں اور محسوس کر رہا ہوں کہ عمر ضائع کردی"۔ (تحفۂ فکر و عمل ترتیب مولانا عبدالقیوم حقانی۔ صفحہ ۶۴ تا ۶۷۔ ناشر = قاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، خالق آباد، ضلع نوشہرہ)۔

(مؤلف / مصنف کتاب ہذا عرض کرتا ہے کہ دیوبندی اور بریلوی علما اور بزرگوں کو بھی اللہ تعالیٰ رسوا نہیں کرے گا اور ان کی اجتہادی غلطیوں کو درگزر فرمائے گا۔ ہاں وہ صفات جو صرف اور صرف اللہ پاک کے لیے مخصوص ہیں ان میں کسی کو بھی شریک کرنے کی گنجائش نہیں۔ ہم سب کو اس سے اجتناب کی سخت ضرورت ہے۔ ہمیں چاروں طرف سے دشمنان اسلام یہود، نصاریٰ، ہنود اور کمیونسٹوں نے گھیرا ہوا ہے۔ ہماری صفوں میں اتحاد نہ ہونے کی وجہ سے وہ پانی کی طرح ہمارا خون بہا رہے ہیں اور عرصہ دراز سے نئے نئے طریقوں سے ہمیں نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ان کا کامیابی سے مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں آپس کے تمام اختلافات بھلا کر سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جانا چاہیے، پھر انشاءاللہ نصرت الٰہی بھی

marfat.com
Marfat.com

ہمارے ساتھ ہو گی۔ عنقریب دنیا میں اسلامی انقلاب آجائے گا اور پوری دنیا پر ہم سب اسلامی پرچم لہراتے ہوئے دیکھیں گے۔ انشااللہ تعالیٰ ثم انشااللہ تعالیٰ۔

۲۵۱۔ جناب یوسف علی، ساکن راولپنڈی حال ہی میں ریٹائر ہوئے ہیں۔ ۱۹۷۰ء یا ۱۹۷۱ء کی بات ہے جب ان کی عمر ۳۰ سال تھی۔ شروع سے خوش الحان ہیں اور نعتیہ اشعار پڑھنے کا بہت شوق ہے۔ ایک رات اپنے گھر میں نماز عشا پڑھنے کے بعد حضرت پیر مہر علی شاہ قدس سرہ کی مشہور نعت "اج سک متران دی ودھیری اے" پڑھنے لگے کہ کیفیت طاری ہو گئی اور اسی حالت میں مصلے پر نیند آ گئی۔ خواب میں آپ کے پاس ایک بزرگ تشریف لائے۔ دل نے گواہی دی حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ انہوں نے فرمایا: فوراً غسل کر کے کوٹ پینٹ پہن لو۔ اس زمانے میں گورنمنٹ ملازمین کا یہی لباس تھا، تیار ہوتے ہی ہم چشم زدن میں مسجد نبوی کے باب مجید پر پہنچ گئے۔ ۱۹۸۴ء میں جب حج پر گیا تو مدینہ منورہ کی حاضری پر اس کی تصدیق ہو گئی، وہی جگہ تھی فوراً پہچان لیا، دروازے پر لوگوں کا ہجوم تھا۔ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: آج صرف ان کی طلبی ہے، آپ سب چلے جائیں۔ پس سب واپس چلے گئے، پھر حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجھے لے کر مسجد نبوی میں داخل ہوئے جہاں نفیس پردے پڑے ہوئے تھے۔ ہم آگے بڑھے چلے جا رہے تھے کہ ایک پردے کے پیچھے سے حضور اقدس ﷺ ظاہر ہوئے۔ آپ ﷺ نے میرے کندھے پر تھپکی دی اور شاباش کے کلمات ارشاد فرمائے۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ اس مبارک خواب کے بعد میں نے ڈاڑھی رکھ لی (غیر مطبوعہ)۔

۲۵۲۔ جب یوسف علی صاحب کا تہران ٹرانسفر ہوا تو وہاں ۱۹۹۶ء یا ۱۹۹۷ء میں خواب دیکھا کہ ایک انتہائی جدید شہر میں ہوں، ایک عمارت آسمان سے باتیں کر رہی ہے اور اس کی چھت پر کھڑا سوچ رہا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے انتہائی بلند مرتبہ عطا فرمایا ہے۔ دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کر رہا ہوں اور کہہ رہا ہوں کہ تو نے مجھے میرے مراتب کے متعلق پہلے ہی کیوں نہ بتایا، میں نے تو تمام زندگی لاپرواہی میں گذار دی اور احتیاطیں جو دیندار لوگوں کو کرنی چاہئیں، نہیں کیں۔ اسی اثنا میں ایک جانب سے حضور اقدس ﷺ نمودار ہوئے اور مجھے انتہائی خشمناک نظروں سے دیکھا۔ میں فریاد کرنے لگا کہ مجھ سے کیا خطا ہوئی جو آپ مجھ سے ناراض ہیں مگر آپ ﷺ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ میں پھر آپ ﷺ کے قدموں میں گر گیا اور آپ ﷺ کے پاؤں ٹخنوں سے پکڑ لیے۔ کافی دیر فریاد کرتا رہا مگر آپ ﷺ نے کوئی جواب نہ دیا اور یکایک خلا میں غائب ہو گئے۔

میں اس خواب کے بعد سخت پریشان رہنے لگا۔ ریٹائر ہو کر پاکستان آ گیا اور بہت

marfat.com
Marfat.com

سے بزرگوں سے رجوع کیا مگر کوئی بھی میری مدد نہ کر سکا۔ ایک دن خود بخود خیال آیا کہ ہو نہ ہو حضور اکرم ﷺ کی خفگی کی وجہ یہ ہے کہ میں نے محفل میلاد نہیں کرائی۔ تہران میں مدرسہ پاکستان میں ہر سال بڑی عظیم الشان محفل میلاد منعقد کی جاتی تھی جس میں ایرانی اور پاکستانی شرکت کرتے تھے۔ جو انجمن یہ محفل میلاد منعقد کراتی تھی گو میں اس کا روح رواں تھا، لیکن جب اہتمام کی ذمہ داری میرے کندھوں پر ڈالی گئی تو مجھ سے کوتاہی ہوئی اور محفل میلاد منعقد نہ ہو سکی بلکہ اس کا انعقاد ہی ختم ہو گیا۔ یہ کوتاہی میرے دل میں کھٹکتی تھی جس کی تصدیق یوں ہوئی کہ میرے پڑوسی محترم افتخار احمد حافظ صاحب جو خود روحانی خوشبوؤں میں لپٹے ہوئے ایک عظیم انسان ہیں، نے مجھ سے کہا کہ میں نے آپ کی بابت ایک خواب دیکھا ہے کہ آپ کے مکان پر محفل میلاد منعقد ہے لیکن آدمی بہت کم ہیں۔ اس میں میں نے بھی نعت پڑھی اور آپ نے بھی، غرض اس طرح میرے خیال کی تصدیق ہو گئی کہ اس قصور پر مجھے سرزنش کی گئی ہے۔ پس میں نے فوراً محفل نعت کا اہتمام کیا اور اسی رات اس کی مقبولیت کا اظہار ہو گیا۔ ہوا یہ کہ اس مبارک محفل میں جناب آفتاب احمد طارق بھی شریک تھے، آپ نے بھی نعتیں پڑھی تھیں اور اسی رات آپ کو حضرت رسالت مآب ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا اور یوں انکا روحانی سفر اس خاکسار کے گھر سے شروع ہوا۔ (غیر مطبوعہ)۔

جناب افتخار احمد حافظ کے آباواجداد کی روحانیت کی خوشبو انسان ان کے پاس بیٹھ کر محسوس کرتا ہے۔ پاکستان، ایران، عراق اور ترکی وغیرہ کے مزارات مقدسہ کی زیارت کر چکے ہیں اور اس سلسلے میں دو کتابیں "زیارات مقدس" کے عنوان سے لکھ چکے ہیں۔

۲۵۳۔ جناب آفتاب احمد طارق، ایم اے، مینیجر "فیروز سنز" (راولپنڈی برانچ) فرماتے ہیں کہ یوسف علی بھائی جان کے مکان پر منعقد محفل نعت میں شرکت کر کے گھر آ کر سویا تو قسمت جاگ اٹھی اور حضور پرنور ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا۔

۲۷ ربیع الاول ۱۴۲۱ھ بمطابق ۳۰ جون ۲۰۰۰ء کو جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب تقریباً ڈھائی بجے خواب دیکھا کہ میں اور میرے ہم زلف غلام مصطفےٰ گیراج میں کار کھڑی کرتے ہیں۔ گیراج کی چھوٹی دیوار کے اوپر درز میں چڑیا انڈوں پر بیٹھی ہے، بعد میں پتہ چلا کہ یہ گیراج یوسف علی صاحب کے گھر والا ہے جس میں واقعی چڑیا اور انڈے موجود ہیں، سبحان اللہ۔ فوراً بعد منظر بدل گیا، میں اور میرا چھوٹا بیٹا فیضان محمد دستگیری مسجد، فیصل آباد کے بڑے سیاہ گیٹ کے باہر کھڑے ہیں، یکایک احساس ہوتا ہے کہ اسی پاک ہستی کا ورود ہوا چاہتا ہے جس کا ایک زمانے سے انتظار ہے، آپ ﷺ جوں جوں قریب ہوتے جا رہے ہیں دل کی بے قراری

marfat.com
Marfat.com

بڑھتی جارہی ہے۔جی چاہتا ہے کہ آپ ﷺ پر سب کچھ نثار کردوں، جلدی سے جیبوں میں ہاتھ ڈالتا ہوں مگر کچھ بھی نہیں ملتا، ہاتھ میں خوشبودار محلول کا ایک پیالہ ہے، اسی میں انگلیاں بھگو کر فضا میں اُچھال دیتا ہوں، محلول کے خوشبودار قطرے فضا میں بکھر جاتے ہیں، اسی اثنا میں آپ ﷺ دستگیری مسجد کے احاطے میں تشریف لے آئے، میں برابر خوشبو برسائے جا رہا ہوں اور دل گواہی دے رہا ہے کہ آپ ﷺ ہی حضرت رسول مقبول ﷺ ہیں، اتنے میں فیضان آہستہ سے کہتا ہے: پاپا میں گلاب کے پھول لے آؤں۔ میں اشارے سے کہتا ہوں: جلدی کرو اور خود خوشبو نچھاور کرتا رہتا ہوں کہ یکایک آنکھ کھل جاتی ہے، سانس تیز ہے، زبان پر درود شریف ہے، آنکھوں میں آنسو ہیں، دل کی عجب کیفیت ہے اور فضا معطر ہے۔ آنکھیں بند کر لیتا ہوں کہ کاش وہی منظر پھر شروع ہو جائے۔ پھر گھر کے تمام افراد کو تصوّر میں لا کر دم کرتا اور صدقِ دل سے دعا مانگتا ہوں۔ الحمد اللہ صرف ایک خوشبو کی سُنّت کی نسبت سے بہت کچھ مل رہا ہے۔

اصل میں میرے والد ماجد مرحوم اور چچا نور محمد مرحوم نے بچپن ہی میں میرے اندر حضور ﷺ کے لیے اُلفت و محبت کا دیپ جلا دیا تھا۔ وقت کے ساتھ ساتھ جس کی روشنی میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ ادھر خوش بختی سے سیرت النبی ﷺ بعد از وصال النبی ﷺ کے مصنف / مؤلف محترم محمد عبد المجید صدیقی، حافظ عبد الباسط، افتخار احمد حافظ، پروفیسر غازی احمد، پروفیسر علی محمد، جناب محمد شریف خادم الحرم المکی، جناب ملک محمد گلستان خادم الحرم المدنی، محترمہ یاسمین نگہت، رانا ریاض احمد، بھائی جان یوسف علی، سیّد آل احمد، ع۔ م چوہدری، جناب شفیق الزماں کیانی، کرنل زبیر احمد چٹھہ، پروفیسر محمد سرور شفقت، حسنات صاحب، حاجی نواز صاحب، امتیاز صاحب، سعید صاحب، بشیر احمد صاحب شہاب اکبر صاحب اور محمد رفیق صاحب جیسے نیک اور عشق نبی محترم ﷺ میں سرشار حضرات کی صحبت نصیب ہو گئی، جن کا شکریہ اگر ادا نہ کروں تو ظلم ہوگا۔ اللہ پاک ان سب کو تادیر سلامت اور خوش و خرم رکھے (غیر مطبوعہ)۔

۲۵۴۔ یوسف علی صاحب فرماتے ہیں کہ اس دوران میں نے درود شریف کی کثرت رکھی، بالآخر حضور ﷺ نے کرم فرمائی کی۔ ۹ ستمبر ۲۰۰۰ء کو ایک سبزہ زار پر حضور پرنور ﷺ کے دربار میں حاضری ہوئی، میں اپنی فائل لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہاں حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زبان مبارک سے فرمایا کہ آپ کو معاف کیا اور بری کیا۔ حضور نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام مسکراتے سبزہ زار میں چہل قدمی فرماتے رہے اور ہماری جانب

marfat.com
Marfat.com

دیکھتے رہے۔ کافی دیر تک یہ مبارک نظارہ رہا، پھر آنکھ کھل گئی۔ یہ نظارہ آج بھی آنکھوں کی طراوت بنا ہوا ہے (غیر مطبوعہ)۔

۲۵۵۔ حضرت محمد کردی قادریؒ اپنی کتاب "باقیات الصالحات" میں لکھتے ہیں کہ خواب میں سیّد الکونین ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا۔ مجھے آپ ﷺ نے اپنی گود میں اٹھالیا، اس طرح کہ میرا سینہ آپ ﷺ کے سینۂ انور، میرا منہ آپ ﷺ کے منہ مبارک اور میری پیشانی آپ ﷺ کی پیشانی مبارک کے برابر تھی اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "مجھ پر درود پاک کی کثرت کیا کرو"۔ پھر آپ ﷺ نے مجھے اپنی رضا کی بشارت دی جو کہ رضائے الٰہی کی جامع ہے تو میں آبدیدہ ہو گیا کہ سرکار دو عالم ﷺ کا مجھ پر اتنا کرم عظیم ہے۔

۲۵۶۔ حضرت شیخ خلیفہ بن موسیٰ النہر ملکیؒ کی نسبت عراق میں موجود "نہر الملک" کی طرف ہے۔ حضور ﷺ کی زیارت بابرکت سے بکثرت مشرف ہوتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک ہی رات میں ۱۷ مرتبہ زیارت ہوئی۔ وقت وفات زبان پر تشہد اور لا الہ الا اللہ کا ورد جاری تھا۔ فرمانے لگے یہ دیکھ میرے سامنے حضرت رسالت مآب ﷺ اور آپ ﷺ کے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، تشریف فرما ہیں، مجھ پر رحمتوں کا نزول ہو رہا ہے، مجھے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی خوشخبری سنا رہے ہیں، یہ دیکھو فرشتے موجود ہیں، انہیں بہت جلدی ہے کہ مجھے لے کر "کریم" (اللہ تعالیٰ) کے پاس جائیں۔ نماز جنازہ کے وقت چاروں طرف سے بہت بلند آواز سنائی دی مگر آواز دینے والا دکھائی نہ دیتا تھا۔ آواز یہ تھی (عربی کا ترجمہ = مسلمانو! اللہ تعالیٰ کے دوست کی نماز جنازہ بہت جلد ادا کی جانے والی ہے) وہ دن ایسا تھا کہ فرشتے بھی نماز کے لیے موجود تھے۔ نماز کے بعد انہیں "نہر الملک" (بغداد سے جانب مغرب ایک پڑاؤ) دورم میں دفن کیا گیا (جامع کرامات اولیا، حصہ دوم۔ صفحہ ۲۷۷ تا ۴۳۰)۔

۲۵۷۔ شیخ الاسلام حضرت بہاؤ الدین زکریا ملتانیؒ نہایت مالدار اور حد درجہ سخی تھے۔ معمول تھا کہ جو مفلوک الحال سیّد آتا اسے ایک خلعت اور سات اشرفیاں مرحمت فرماتے۔ قحط کے ایام تھے کہ ملتان کے مضافات کا ایک کمہار آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں محتاج سیّد ہوں، میری امداد فرمایئے۔ یہ سن کر آپ سروقد کھڑے ہو گئے۔ ادب سے اسے اپنی مسند پر بٹھایا اور دو فاخرہ خلعتیں اور چودہ اشرفیاں اسے دے کر رخصت کیا۔ لوگوں نے بتایا کہ یہ تو فلاں گاؤں کا کمہار ہے، آپ سے جھوٹ بول کر اتنا مال لے گیا۔ یہ سن کر آپ نے فرمایا: تم ٹھیک کہتے ہو، لیکن جب وہ میرے پاس آیا تو اس کے سر پر حضرت رسول اللہ ﷺ کا بابرکت ہاتھ تھا، اس وقت میں نے حضور اقدس ﷺ کی تعظیم کی تھی اور اسی وجہ سے

marfat.com
Marfat.com

عام سادات کے مقابلہ میں اسے دوگنی نذر پیش کی (تذکرہ حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ)۔

۲۵۸۔ فقیہہ اعظم مفتی ابوالخیر محمد نور اللہ نعیمیؒ (۱۶ رجب ۱۳۳۲ھ بمطابق ۱۰ جون ۱۹۱۴ء تا یکم رجب ۱۴۰۳ھ بمطابق ۱۵ اپریل ۱۹۸۳ء بروز جمعہ) نے ۱۹۶۲ء میں دوسرے حج کے لیے درخواست دی مگر قرعہ اندازی میں نام نہ آیا۔ ذی الحجہ کا چاند نظر آگیا، بظاہر مایوسی و ناامیدی تھی مگر آپ فرماتے تھے کہ میں حضور ﷺ کے لطف و کرم سے ناامید نہیں ہوں، چنانچہ یکم ذی الحجہ کو قیلولہ فرمارہے تھے۔ خواب میں فقیہہ مدینہ حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت ہوئی۔ موصوف نے فرمایا: "میں حضرت رسول اللہ ﷺ کے حکم سے آپ کو لینے آیا ہوں"۔ گویا فقیہہ اعظم پاکستان کو لینے کے لیے فقیہہ مدینہ کو بھیجا گیا، بیدار ہوئے تو ڈاکیہ دفتر حج کی طرف سے اطلاعی چھٹی لیے کھڑا تھا، جس میں تحریر تھا کہ آپ کا فلاں نمبر کا تار ملا ہے لہذا آپ ۸ مئی ۱۹۶۲ء (۳ ذی الحجہ ۱۳۸۱ھ) کو کراچی پہنچیں، حالانکہ آپ نے کوئی تار نہیں دیا تھا۔ اس غیبی تار کا آج تک پتہ نہ چل سکا، چنانچہ آپ عازم حرمین شریفین ہوگئے اور حج اور زیارت کی سعادت سے نوازے گئے (ماہنامہ انوار الفرید، ساہیوال۔ نومبر، دسمبر ۲۰۰۰ء۔ صفحہ ۵۶)۔

فتاویٰ نوریہ کی چھ ضخیم جلدوں کے مطالعہ سے آپ کی فقہی بصیرت کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ مولانا مفتی محمد حسین نعیمی علیہ الرحمہ فرماتے تھے کہ مفتی کے لیے چار چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے: علمی وسعت، ایمانی فراست، دیانت اور تزکیہ نفس یعنی طہارت ظاہر و باطن اور یہ چاروں چیزیں بتمام و کمال حضرت فقیہہ اعظم قدس سرہ میں پائی جاتی ہیں۔ بصیر پور کا علاقہ پسماندہ ہی نہ تھا بلکہ قذاقوں کا مسکن تھا۔ آپ کے قدوم میمنت لزوم سے یہ خطہ علم و عرفان کا گہوارہ بن گیا، جہاں اب دارالعلوم موجود ہے۔

۲۵۹۔ پیر طریقت حضرت علامہ مولانا منظور احمد شاہ صاحب مدظلہ ۱۹۲۹ء میں پیدا ہوئے۔ کم و بیش پانچ ہزار عیسائیوں کو مسلمان کرچکے ہیں۔ جامعہ فریدیہ ساہیوال کے بانی و شیخ الحدیث ہیں۔ اس کے احاطے میں چند کھجور کے پودے ہیں۔ فرماتے ہیں: مدینہ طیبہ میں قیام کے دوران خواب دیکھا کہ لوگوں کی بھیڑ لگی ہے اور حضور انور ﷺ سب کو خیرات تقسیم فرما رہے ہیں، میں نے بھی جھولی پھیلا دی تو مجھے آپؐ نے کھجور کا ایک پودا عنایت فرمایا۔ عبد الرزاق فریدی مدینہ طیبہ میں کام کرتے تھے، انہوں نے اپنے مالک سے کہا کہ میرے پیر صاحب آئے ہوئے ہیں، مجھے ان سے مل آنے دیں۔ مالک نے مالی سے کہا کہ فلاں کھجور کا پودا انہیں دے دو اور فریدی صاحب سے کہا: یہ انہیں دے دینا، اسے پاکستان لے جائیں۔ میں سو

marfat.com
Marfat.com

رہا تھا۔ جاگا تو فریدی صاحب کھجور کا پودا لیے موجود تھے، جو میں پاکستان لے آیا اور جامعہ فریدیہ کے احاطہ میں لگا دیا۔ پھر مختلف اوقات میں سات پودے اور لایا جن میں ایک حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' کے باغ کا ہے۔ صرف میں جانتا ہوں وہ خاص کھجور کا پودا ان میں سے کونسا ہے، ورنہ لوگ تو اس کے پتے لے جائیں گے (ماہنامہ انوار الفرید، ساہیوال۔ نومبر، دسمبر ۲۰۰۰ء۔ صفحہ ۷۸)۔

۲۶۰۔ امیر ملت پیر سیّد جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ نے کتنے حج کیئے ان کی صحیح تعداد کسی کو نہیں معلوم۔ جب تک حضور انور ﷺ کا فرمان نہ ہوتا آپ روانگی حج کا ارادہ نہ فرماتے۔ کبھی ایسا ہوتا کہ حضرت آغا خلیل صاحب کلید بردار روضۂ رسول ﷺ بذریعہ خط آپ کو مطلع فرماتے کہ مجھے حضور نبی کریم ﷺ کی طرف سے حکم ہوا ہے کہ آپ امسال حاضر ہوں، تو آپ فوراً ہی حجاز روانہ ہو جاتے۔ اگر کوئی پوچھتا کہ آپ نے کتنے حج کیئے ہیں تو فرماتے کہ میں نے گنتی کے لیے نہیں بلکہ اللہ کے لیے حج کیئے ہیں اور اللہ جل شانہ' نے جتنی مرتبہ توفیق عطا فرمائی میں جاتا رہا (روزنامہ نوائے وقت میگزین، ملی ایڈیشن۔ ۱۰ مئی ۱۹۸۴ء بمطابق ۸ شعبان ۱۴۰۴ھ بروز جمعرات)۔

۲۶۱۔ عاطف علی اپنے والد یوسف علی صاحب کے ساتھ تہران میں تھے۔ ان کے سب سے بڑے بھائی آصف علی جو نیول کیڈٹ تھے اور چند دن بعد ہی ان کی پاسنگ آؤٹ پریڈ ہونے والی تھی، ۱۹۸۳ء میں ایک حادثے کا شکار ہو گئے۔ عاطف علی نے بعمر ۱۱ سال ۱۹۸۵ء میں خواب دیکھا کہ ایک قبرستان میں میرے مرحوم بھائی کی قبر پر ایک عظیم بزرگ کھڑے ہوئے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگ رہے ہیں، آپ کا لباس سبزی مائل سنہرا ہے، پاس ہی ایک جنگل ہے اور ماحول نہایت خوشگوار ہے۔ میں اپنے دوسرے بھائی عامر علی جو اب آرمی میں میجر ہیں، کے ساتھ ایک ویگن میں بیٹھا ہوں۔ میں اپنے بھائی عامر علی سے پوچھتا ہوں کہ قبر پر جو دعا مانگ رہے ہیں کون صاحب ہیں؟ انہوں نے جواب دیا کہ آپ حضرت رسول اللہ ﷺ ہیں۔ پھر میں بیدار ہو گیا (غیر مطبوعہ)۔

۲۶۲۔ خانم بلقیس اختر زوجہ جناب یوسف علی (سابق اکاؤنٹس آفیسر، ECO سکریٹریٹ، تہران، ایران) نے ۱۹۸۴ء میں اپنے گھر (تہران، خیابان سکندری جنوبی) میں خواب دیکھا کہ بہت چہل پہل ہے، نور ہی نور ہے، میرے دل میں بھی خوشی کی لہریں موجزن ہیں، ایسی خوشی ہے کہ زندگی میں پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی، بے شمار لوگ آ جا رہے ہیں اور مجھے مبارک باد دے رہے ہیں، میں ان سے پوچھتی ہوں کس بات کی مبارک باد دی جا رہی ہے، وہ لوگ کہتے ہیں کہ

marfat.com
Marfat.com

آپ کے مکان پر حضور اقدس ﷺ تشریف لائے ہوئے ہیں، میں نے جھانک کر ڈرائنگ روم میں دیکھا تو حضور نبی پاک ﷺ ایک صوفے پر جلوہ افروز تھے۔ آپ ﷺ کے ہمراہ ایک اور بزرگ تھے مگر معلوم نہ ہو سکا کہ وہ کون تھے کہ آنکھ کھل گئی (غیر مطبوعہ)۔

۲۶۳۔ مذکورہ بالا خواب تقریباً چھ ماہ بعد اسی مکان میں خانم بلقیس اختر نے خواب دیکھا کہ میرا گھر بقعۂ نور بنا ہوا ہے، بہت چہل پہل ہے، میری خوشی بھی بیان سے باہر ہے، لوگ مجھے مبارک باد دے رہے ہیں، سب کچھ جانتے ہوئے بھی میں ان سے مبارک باد کی وجہ دریافت کرتی ہوں، لوگوں نے بتایا کہ آپ کے گھر میں حضرت رسالت مآب ﷺ تشریف لائے ہوئے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ حضور پاک ﷺ ایک کمرہ (Living room) میں اونچی کرسی پر تشریف فرما ہیں اور نقاب اوڑھا ہوا ہے (غیر مطبوعہ)۔

۲۶۴۔ خانم بلقیس اختر فرماتی ہیں کہ میں سخت بیماری کی حالت میں مذکورہ بالا گھر میں لیٹی ہوں کہ خواب میں حضور انور ﷺ تشریف لاتے ہیں۔ آپ ﷺ کے دست مبارک میں دودھ کا گلاس ہے، جو مجھے ہاتھ بڑھا کر دیتے دیتے یہ فرما کر روک لیا کہ "ذرا ٹھہر جاؤ، اس میں آب زم زم ملا لوں۔" پھر آب زم زم ملا کر دستِ مبارک آگے بڑھایا تو میں نے وہ گلاس پکڑ لیا۔ پھر میں جاگ اٹھی (غیر مطبوعہ)۔

۲۶۵۔ خانم بلقیس اختر فرماتی ہیں کہ میں اور میری والدہ مرحومہ گھر (خیابان باقرخان، تہران) کے Bed Room میں بیٹھے ہیں۔ میری نظر جو کچن کی طرف گئی تو میں نے دیکھا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ تشریف لا رہے ہیں۔ میں نے فارسی میں کہا: یارسول اللہ! خیلے خیلے یعنی ممنون ہوں کہ آپ ﷺ میرے گھر تشریف لائے ہیں۔ اس پر میری امی جان کہنے لگیں کہ کیا فارسی بول رہی ہو، درود شریف پڑھو۔ پس میں نے درود شریف پڑھنا شروع کر دی۔ حضور پاک ﷺ کے دستِ مبارک میں کپڑوں کی ایک پوٹلی تھی اور آپ ﷺ بہت ہی پیارے نیلے رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ بس پھر خواب سے میری آنکھ کھل گئی (غیر مطبوعہ)۔

اس ضمن میں عرض کر دوں کہ میرے شوہر کے بتائے ہوئے وظائف ہمیشہ سے میرے معمول میں رہے ہیں۔ ان میں سب سے زیادہ قابل ذکر درود تاج کا وظیفہ ہے۔

۲۶۶۔ جناب آفتاب احمد طارق کو ۱۳ ستمبر ۲۰۰۰ء کو محترم محمد شریف صاحب خادم الحرم المکی کا خط مع خوشبویات ملا۔ خط پڑھ کر نماز عشا ادا کی اور دوبارہ پڑھ کر اس یقین کے ساتھ سو گیا کہ اس نامہ مبارک کو پڑھنے کے بعد کچھ نہ کچھ ہونے والا ہے۔ ۱۵ جمادی الثانی ۱۴۲۱ھ م ۱۴ ستمبر ۲۰۰۰ء شب جمعرات تھی۔ نماز تہجد کے وقت خواب دیکھا کہ قبر اطہر کی تین جانب

marfat.com
Marfat.com

کثرت سے آدمی ہیں مگر خاموش اور مؤدّب، سرہانے صرف متولی کھڑے ہیں جو کم عمر ہیں، گورے چٹے مگر کلین شیو۔ میری دائیں جانب میرے دفتر کے ساتھی عمران عابد صاحب قبر مبارک کے سینہ مبارک والی جگہ کھڑے ہیں اور میں خود سر مبارک والی جگہ کے سامنے کھڑا اس آہستگی سے درود شریف پڑھ رہا ہوں کہ بس خود ہی سن رہا ہوں، سب نہایت ادب اور آہستگی سے درود شریف پڑھ رہے ہیں، لوگوں کا اظہار محبت دیکھ کر عمران صاحب سنجیدگی اور نہایت آہستگی سے کہتے ہیں کہ لوگوں کا بس چلے تو اظہار عقیدت و محبت کے طور پر قبر اطہر کی چادر ہی اتار کر لے جائیں۔ ادھر میرے دل کو اطمینان ہو جاتا ہے کہ یہ قبر مبارک حضرت نبی پاک، شہ لولاک ﷺ ہی کی ہے، دیکھتے دیکھتے کسی نے ہلکے سبز رنگ کی چادر آہستہ سے کھینچ کر اتار لی اور نیچے براؤن رنگ کی چادر نکل آئی، میں سوچتا رہ گیا کہ عمران صاحب نے سچ ہی کہا تھا اور اگر کسی نے یہ دوسری چادر بھی کھینچ لی تو حضور ﷺ کا چہرۂ مبارک نظر آ جائے گا، اتنے میں دیکھا کہ چادر نیچے کو سرک رہی ہے اور پیشانی مبارک نظر آنے لگی اور پھر پورا چہرۂ مبارک ظاہر ہو گیا، عمر مبارک زیادہ لگ رہی ہے، رنگت گندمی اور ضعیفی کے آثار ہیں، اصل میں ہمارے اعمال کی وجہ سے پریشانی کے آثار ہیں، شاید عمران صاحب اِدھر اُدھر ہٹ گئے تھے اور میں اپنے آپ کو حضور ﷺ کے سینہ مبارک کے سامنے پا رہا تھا، دل بے قرار ہو رہا تھا کہ سلام عرض کروں۔ اتنے میں پپوٹے مبارک میں مجھے حرکت محسوس ہوئی اور میں یوں سمجھا کہ آنکھ بند ہونے کے باوجود پتلی مبارک حرکت کر رہی ہے، فوراً بے ساختگی کے عالم میں میں نے السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہا مگر جواب نہ ملنے پر شرمندہ سا ہو گیا۔ اتنے میں داہنی چشم مبارک قدرے کھلی محسوس ہوئی اور ایسا معلوم ہوا کہ آپ ﷺ بیدار ہو چکے ہیں، پھر بھی میں نے احتیاط کی اور دوبارہ اس طرح السلام علیکم ورحمتہ اللہ کہا کہ اگر آپ ﷺ بیدار ہو چکے ہوں تو سن لیں اور اگر آرام فرما ہوں تو آپ ﷺ کے آرام میں خلل نہ پڑے، جواب میں آپ ﷺ نے وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ فرمایا، میں جی اٹھا نہال ہو گیا، زندگی میں اس سے پہلے کبھی اتنا خوش نہ ہوا تھا، پیاس بڑھ گئی، دل نے چاہا آہستہ سے آپ ﷺ کے دست مبارک کو چوم لوں، دیکھتا ہوں کہ حضور ﷺ نے کمال مہربانی سے اپنا بایاں دست مبارک قدرے بلند فرمایا، میں نے آپ ﷺ کے دست مبارک کے نیچے اپنا ہاتھ رکھ کر قدرے جھکتے ہوئے منہ قریب کر لیا، واللہ! سبحان اللہ! دست مبارک میں کیا نرمی، ملائمیت اور گرمی شفقت، محبت و مہربانی ہے جو کہ چھونے والا ہی محسوس کر سکتا ہے بیان نہیں کر سکتا، حضور پر نور ﷺ کے دست مبارک کی ہتھیلی کی پچھلی جانب والی جگہ بوسہ دے کر جوں ہی میں اپنا ہاتھ

marfat.com
Marfat.com

آپ ﷺ کی ہتھیلی مبارک سے ہٹاتا ہوں تو آپ ﷺ بازو واپس اپنی جگہ رکھنے کی بجائے مزید اٹھانے لگتے ہیں، انتہائے کرم و مہربانی پہلے ہی محسوس ہو رہا تھا اس کیفیت کو بیان کرنے کے لیے الفاظ کہاں سے لاؤں...... یوں لگتا ہے اس وقت سارا جہان بلکہ سارے جہاں مجھ گنہگار پر مہربان ہیں، مجھے یقین ہے حضور ﷺ میرے سر پر اپنا دست شفقت پھیرنا چاہ رہے ہیں، میں نے جلدی سے اپنے سر کو آپ ﷺ کے دست مبارک کے نیچے کر دیا اور آپ ﷺ نے مجھے اپنے سینۂ مبارک اور دائیں رخسار والے حصّے سے لگا لیا کہ یوں لگا شفاف ملائم ریشم جیسی نرم جلد مبارک ہے، دل کی دھڑکن کانوں میں رس گھول رہی ہے، اب میں چہرہ اس لیے اٹھا رہا ہوں کہ آپ ﷺ کا دست مبارک قدرے اٹھ رہا ہے اور سر کو پیچھے ہٹا لیتا ہوں مگر حضور اقدس ﷺ کا دست مبارک بدستور ہوا میں اٹھا رہا، یوں لگتا ہے آپ ﷺ چاہتے ہیں کہ میں اپنے چہرے کا بایاں حصہ بھی گالوں سمیت آپ ﷺ کے دست مبارک کے نیچے سر کر کے سینۂ مبارک سے لگا لوں، چنانچہ ایسا ہی ہوا اور میری آنکھ کھل گئی۔ سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ اتنا بڑا واقعہ اور میری زندگی میں! سلام کا جواب، زیارت مبارک، ہاتھ کا بوسہ لینے کا واقعہ اور دونوں جانب کو بار بار سینۂ مبارک سے لگانے کا واقعہ، بار بار سوچ رہا ہوں، خوشی ناپنے کا کوئی پیمانہ میری خوشی اور خوش بختی کو ناپ نہیں سکتا کہ اللہ پاک کا جتنا بھی شکر ادا کروں کم ہے۔ درودوں کی سوغات چاہے کتنی بھی بھیجوں حق ادا نہیں کر سکتا۔ مشک کی جو خوشبو درود پاک پڑھتے وقت چند روز سے آرہی تھی آج اس کا راز کھلا (غیر مطبوعہ)۔

؎ مولایَ صل و سلم دائماً ابداً   علی حبیبك خیر الخلق کلھم

۲۶۷۔ میجر عبدالحکیم خان قصوریا نے خواب دیکھا کہ ایک بہت بڑے میدان میں بے شمار مخلوق کسی کی منتظر ہے۔ ان میں تنظیم پیدا کرنے کے لیے اذان دینی شروع کر دی۔ میری کمزور آواز کے باوجود اذان کی آواز ہر جگہ پہنچ گئی۔ یکایک محسوس ہوا کہ میں اور میرے ساتھی میجر اعوان کی پارٹی میں حضرت رسالت مآب ﷺ بھی موجود ہیں، پھر منظر بدل گیا اور صرف ہماری پارٹی رہ گئی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: "تم ابھی تک یہیں ہو، گئے نہیں"۔ میں نے تذبذب کا اظہار کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "چلو میں بھی تمہارے ساتھ چلتا ہوں"۔ میں اور میجر اعوان حضرت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہیں اور ایک جنگل میں سے گذر رہے ہیں۔ میرے احساسات کا اندازہ لگانا محال ہے، آپ ﷺ کی غلامی پر ناز ہے، دل چاہتا ہے جان مانگیں تو جان حاضر کر دوں، مال مانگیں تو مال، جی چاہتا ہے وقت رک جائے، کائنات تھم جائے اور یہ رفاقت کبھی ختم نہ ہو، چلتے چلتے ایسا محسوس ہوا کہ آپ ﷺ ستانا یا آرام فرمانا چاہتے ہیں کہ جنگل ختم

marfat.com
Marfat.com

ہو کر ریتلا میدان آ گیا اور اب میں حضور ﷺ کے پاس تنہا ہوں۔ آپ ﷺ بیٹھنے لگے تو میں نے محسوس کیا کہ آپ ﷺ کے دامن سے کوئی چیز گری ہے، وہ سلیٹی رنگ کا ایک پتھر تھا جو میں نے اٹھا کر خدمت میں پیش کر دیا، آپ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ کر پتھر پر کچھ دم کیا اور پھونک ماری تو لعاب دہن کی چھینٹیں میرے ہاتھ پر بھی آئیں، پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "تمہارے پاس اور کیا کیا ہے۔" میں نہایت ادب سے آپ ﷺ کی بائیں جانب بیٹھ گیا اور جیب الٹ دی جس میں سے وہی پتھر، ایک تسبیح اور تہ کیا ہوا ایک کاغذ نکلا۔ میں نے کہا بس یہی کچھ ہے، پھر شدت سے بچوں کے لیے خاص طور پر محمد امین خان کے لیے دعا منگوانے کی آرزو پیدا ہوئی اور شاید عرض بھی کر دی کہ آنکھ کھل گئی۔ پھر یوں لگا کہ جیسے آسمان سے یکا یک زمین پر آ گرا ہوں اور سب کچھ کھو دیا ہے۔ بہت کوشش کی، کروٹیں بدلیں لیکن اب وہ با برکت لمحات کہاں! وقت دیکھا تو رات کے ساڑھے تین بجے تھے۔ بتاریخ ۱۷ فروری ۱۹۹۷ء بروز پیر۔ اٹھ کر چار رکعت نفل شکرانہ ادا کیے، معلوم نہیں اب یہ بابرکت لمحات پھر کب نصیب ہوں؟ ہوں بھی کہ نہ ہوں (غیر مطبوعہ)۔

پروفیسر ڈاکٹر فضل رحیم خان، ڈین آف فیکلٹی آف سوشل سائنسز، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد نے میجر صاحب کے دو خواب مجھے لا کر دیئے جو شکریہ کے ساتھ شامل کر رہا ہوں۔ (ڈاکٹر صاحب کے کزن ہیں میجر صاحب۔)

۲۶۸۔ میجر عبدالحکیم خان قصوریا نے خواب دیکھا کہ میجر اعوان نے مجھ سے پوچھا کہ وہ جو واقعہ ہوا تھا، اس کے پیچھے کون تھا یا وہاں کون سی ہستی موجود تھی؟ میں نے لاعلمی کا اظہار کیا۔ خواب ہی میں احساس ہوا کہ وہ واقعہ دہرایا جا رہا ہے اور یوں ہے:

ایک جگہ باجماعت نماز تیار ہے، بہت سے نمازی ہیں، میری نظر ایک شخص پر پڑتی ہے جو زخموں سے چور ہے اور اگر فوری طور پر اسے اسپتال نہ پہنچایا گیا تو مر جائے گا، میں امام اور نمازیوں کی منت کرتا ہوں کہ نماز سے پہلے زخمی کو چیک کریں، امام صاحب زخمی کو چیک کر کے فرماتے ہیں کہ اس کی تو نبض غائب ہے۔ میں روتا اور زخمی سے لپٹ جاتا ہوں، اس کے پاؤں کی انگلیوں کو ٹٹولتا ہوں کہ اچانک چھوٹی اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان نبض محسوس ہوتی ہے اور میں چلا پڑتا ہوں کہ نبض مل گئی۔ امام صاحب فرماتے ہیں کہ اس کی نبض کو مضبوطی سے پکڑے رکھو اور اپنے دست مبارک سے زخمی کے پاؤں کی ان دونوں انگلیوں کو دباتے ہیں، درمیان میں میری انگلی ہے، زخمی کے بدن پر ہاتھ پھیرتے ہیں اور اس کے دونوں کانوں کو پکڑ کر دباتے ہیں کہ یکایک مریض (زخمی) بھلا چنگا ہو جاتا ہے اور ساتھ ہی

marfat.com
Marfat.com

میرے کانوں میں ایک آواز آتی ہے (جو غالباً میجر اعوان کی ہے) کہ یہی تو ہیں حضرت نبی اکرم ﷺ۔ میں فرط جذبات سے آپ ﷺ کے قدموں سے لپٹ جاتا ہوں، روتا ہوں اور منتیں کرتا ہوں کہ آقا (ﷺ) مجھے بچا لیجئے، میری مدد فرمایئے۔ پھر یوں لگتا ہے کہ آپؐ نے مسکراتے ہوئے مجھے گلے سے لگا لیا، زور سے بھینچا اور فرمایا: "فکر نہ کرو۔" پھر وہ جگہ غائب ہو گئی۔ میں اور میجر اعوان اکٹھے بیٹھے ہیں اور کرنل جاوید شاہین بھی موجود ہیں۔ پھر آنکھ کھل گئی اور پہلا خیال جو میرے ذہن میں آیا وہ یہ ہے کہ مریض دراصل اسلام ہے جس کی حالت خراب ہے، گو نمازی بھی موجود ہیں مگر خاموش تماشائی اور کسی اور کے آگے بڑھ کر مدد کرنے کے منتظر ہیں۔ (غیر مطبوعہ)۔

میں سمجھتا ہوں اس میں میجر ضیا اعوان کا بڑا ہاتھ ہے۔ آپ کا تعلق سرگودھا کے ایک دیندار خاندان سے ہے اور تبلیغی جماعت کے خاموش ورکر ہیں۔ کسی کو مجبور نہیں کرتے البتہ اگلے جہاں کی تیاری کے لیے یاد دہانی ضرور کراتے رہتے ہیں۔ نہایت با اخلاق، اپنے کام سے کام رکھنے والے، غیر ضروری بحثوں میں نہیں پڑتے، نارمل انسان کی طرح اپنے معمولات انجام دیتے ہیں، کم گو با عمل مسلمان ہیں نماز باجماعت کے پابند اور تہجد گذار۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات مزید بلند فرمائے۔ (آمین)

اللہ پاک جسے چاہے سمجھ عطا کر دیتا ہے۔ دعا ہے مجھے اور میرے بیوی بچوں کو بھی سمجھ اور ہمت عطا فرمائے۔ میرے بھائیوں، عزیز و اقارب اور والدین کو بخش دے۔ (آمین)

میں نے یہ خواب راولپنڈی میں ۱۵ رمضان المبارک ۱۴۱۸ھ مطابق ۱۵ جنوری ۱۹۹۸ء کو دیکھا تھا۔

میں وقت دعا آپ ﷺ کا دیتا ہوں حوالہ ۔۔۔ ہوتی ہوئی جاتی ہے دعا آپ ﷺ کے در سے
بن کر جو گدا بیٹھ گیا آپ ﷺ کے در پر ۔۔۔ پھر بن کے وہ سلطان اٹھا آپ ﷺ کے در سے
حق یہ ہے در پاک سے کیا کچھ نہیں ملتا ۔۔۔ حد یہ ہے کہ ملتا ہے خدا آپ ﷺ کے در سے

۲۶۹۔ حضرت شریف طیفور کو خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت با برکت کا شرف حاصل ہوا۔ آپ ﷺ نے انہیں فرمایا کہ "آپ سید علی المشہود کو بتا دیں کہ وہ میری زیارت کے لیے سوتے وقت اس آیہ مبارکہ (سورۃ النسا کی آیت نمبر ۶۴) کی تلاوت کیا کرے" (آیت کا ترجمہ = اور ہم نے جو پیغمبر بھیجا ہے اس لیے بھیجا ہے کہ اللہ کے فرمان کے مطابق اس کا حکم مانا جائے اور یہ لوگ جب اپنے حق میں ظلم کر بیٹھے تھے اگر تمہارے پاس آتے اور اللہ سے بخشش طلب کرتے اور رسول اللہ بھی ان کے لیے بخشش طلب کرتے تو اللہ کو معاف کرنے والا اور مہربان پاتے)۔

marfat.com
Marfat.com

(کتاب قبسات النور) (الکنوز المحمدیہ لرویۃ خیر البریۃ ﷺ کا مختصر اردو ترجمہ زیارت حبیب ﷺ از جناب افتخار احمد حافظ قادری۔ صفحہ ۱۳)۔

۲۷۰۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رات کو جس نے ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص کی تلاوت کی تو وہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کرے گا (کتاب الوسائل الشافعہ)۔

علامہ یوسف نبہانی نے سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت بابرکت کی نیت سے تین ہزار بار سورہ اخلاص (قل ھو اللہ احد............الخ) کی تلاوت کی اور سو گئے تو خواب میں آپ ﷺ کی زیارت سے فیض یاب ہوئے (سعادۃ الدارین)۔

۲۷۱۔ شیخ محمد محمود عبد العلیم نے درج ذیل اشعار تین بار پڑھے تو حضور اقدس ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور آپ ﷺ کے ہمراہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی تھے:

صل اللہ علی طٰہٰ خیر الخلق و احلاھا
والکرار ابی الکرما والزھراء و ابناھا

(زیارت حبیب ﷺ۔ صفحہ ۲۸)

۲۷۲۔ ایک شیفتہء رسول ﷺ سید احمد مشہود الحدادؒ کے پاس خواب میں حضور انور ﷺ کی زیارت بابرکت کے لیے کوئی عمل پوچھنے گئے۔ آپ نے انہیں علامہ بوصیریؒ کے درج ذیل شعر کو چالیس بار اس طرح پڑھنے کو کہا کہ ہر بار پڑھ کر دس مرتبہ حضور اکرم ﷺ پر درود شریف پڑھے، اس نے یہ عمل کیا اور کامیاب ہوا۔ قصیدہ بردہ کا وہ شعر یہ ہے:

؎ نعم سریٰ طیفُ من اَھویٰ فَاَرَّقنی
والحُبّ یُعتَرِض اللَّذّاتِ بِالاَلَمِ

ترجمہ = رات کو ناگہانی محبوب کا خیال آگیا جس نے مجھے بے خواب کر دیا۔ واقعی محبت لذاتِ زندگی کو غم سے بدل دیتی ہے یا ان کے درمیان حائل ہو جاتی ہے۔

؎ ہاں خیال یار نے مجھ کو جگایا رات بھر
لذتوں کو کر دیا ہے عشق نے رنج و الم

(زیارت حبیب ﷺ۔ صفحہ ۲۷ تا ۲۸)۔

محمد فیاض الدین بہزاد نظامی نے قصیدہ بردہ کو منظوم اردو قالب میں ڈھالا ہے۔

۲۷۳۔ حضرت شیخ حسن شداد فرماتے ہیں کہ انہوں نے ۱۲۱۷ھ میں قصیدہ بردہ کی طرح ایک قصیدہ بنام "قصیدہ عبیر الوردہ" مرتب کیا۔ اسی دوران میں نے خواب میں ایک عظیم

marfat.com
Marfat.com

المرتبت شخصیت کے دست مبارک میں یہ قصیدہ دیکھا تو میں نے ان سے دریافت کیا کہ آپ کون ہیں؟ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ میں سلمان فارسیؓ ہوں، مجھے نبی پاک ﷺ نے آپ کے پاس بھیجا ہے اور نبی پاک ﷺ آپ کے اس قصیدے سے انتہائی خوش ہیں (زیارت حبیب ﷺ۔ صفحہ ۲۸ تا ۲۹)۔

۲۷۴۔ سیّد تیسیر السمہودی نے خواب دیکھا کہ ہم کچھ لوگ اکٹھے بیٹھے ہیں۔ حضرت رسول مقبول ﷺ کے دست مبارک میں قصیدہ عبیر الوردہ ہے اور بار بار اس کا ایک شعر دہرا رہے ہیں۔ آنکھ کھلی تو حضور ﷺ بار بار جو شعر دہرا رہے تھے، بھول گیا (زیارت حبیب ﷺ۔ صفحہ ۲۹)۔

۲۷۵۔ حضرت شیخ حسن شدادؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ پھر اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ مجھے خواب میں حضور ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہو تاکہ میں آپؐ سے دریافت کروں کہ وہ کون سا شعر تھا جسے آپؐ بار بار دہرا رہے تھے۔ پس میں نے خواب میں اپنے بیٹے کو دیکھا جو مجھ سے کہہ رہا ہے کہ نبی اکرم ﷺ آپ سے فرمارہے ہیں کہ یہ قصیدہ انتہائی عجیب و غریب ہے اور اس کا سب سے زیادہ عجیب شعر یہ ہے:

شَنفتُ اُذنی قَلِیلاً مِن مَحَامِدِہٖ

فکَانَ شَہداً شَہیاً ذقتہ بِفَمِی

(ترجمہ = آپ ﷺ کی تھوڑی سی تعریف نے بھی میرے کانوں کو تر و تازہ کر دیا پس میرے چاہنے نے بھی یہ گواہی دی کہ میرے منہ نے آپ ﷺ کا ذائقہ چکھا ہے)۔

میں نیند سے مسکراتا ہوا بیدار ہوا اور اس کرم فرمائی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ حضرت شیخ نے فرمایا کہ جو کوئی اس شعر کو ۱۴ مرتبہ پڑھے گا انشاءاللہ اسے حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی (زیارت حبیب ﷺ۔ صفحہ ۲۹ تا ۳۰)۔

۲۷۶۔ حضرت شیخ حسن شدادؒ فرماتے ہیں کہ مجھے شیخ عبدالرحمٰن کاف نے بتایا کہ ایک مرتبہ میں مدینہ منورہ میں تھا کہ میں نے کسی شخصیت کو کئی مرتبہ اپنے ساتھ بات کرتے ہوئے سنا، مگر وہ شخص نظر نہ آتا تھا۔ ایک مرتبہ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ کیا تجھے حضور ﷺ کی زیارت ہوئی ہے؟ میں نے کہا: نہیں۔ تو انہوں نے فرمایا کہ دو سو مرتبہ یہ کلمہ پڑھا کر: "اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان سيّدنا محمد رسول الله"۔ میں نے اس پر عمل کیا اور خواب میں حضور اکرم ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل کیا (زیارت حبیب ﷺ۔ صفحہ ۳۵ تا ۳۶)۔

۲۷۷۔ شیخ محمد محمود عبدالعلیم اپنی کتاب "الحضرۃ" میں فرماتے ہیں کہ ۱۹۸۰ء میں مجھے اللہ تعالیٰ نے مسجد نبوی میں حضور انور ﷺ کی زیارت بابرکت سے نوازا۔ میں نے آپ ﷺ کی

marfat.com
Marfat.com

خدمت میں سلام عرض کیا اور اپنا ہاتھ آپ ﷺ کے دست مبارک پر رکھا اور درخواست کی :سیّدی یارسول اللہ ﷺ

؎ ذَرَّةٌ مِن مَدَدِكَ تَكفِينِي وَ نَظرَةٌ مِن كَرَمِكَ تُرضِينِي

(ترجمہ = آپ ﷺ کی مدد کا ایک ذرہ بھی میرے لیے کافی ہے، آپ ﷺ کی نظر کرم نے مجھے راضی کر دیا)۔

تو حضور اقدس ﷺ نے میری طرف طویل نگاہ فرمائی، پھر مجھے بوسہ دیا اور میرے لیے دعا فرمائی۔ میں مسجد میں آپ ﷺ کے پیچھے چل پڑا اور دیکھا کہ لوگ آپ ﷺ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہہ رہے ہیں: یہ ہیں اللہ کے رسول ﷺ جن کی طرف وحی آیا کرتی تھی (زیارت حبیب ﷺ۔ صفحہ ۳٦)۔

۲۷۸۔ شیخ عبد اللہ بن نعمان نے ایک سو مرتبہ حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت کی۔ آخری بار کی زیارت پر دریافت فرمایا کہ سب سے بہتر کون سا درود پاک ہے؟ تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُم صَلِّ عَلیٰ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِی مَلَاتَ قَلبَهُ مِن جَلَالِكَ وَ عَینَهُ مِن جَمَالِكَ فَأَصبَحَ فَرِحاً مَسرُوراً مُؤَیَّداً مَّنصُوراً وَعَلیٰ اٰلِهٖ وَصَحبِهٖ وَسَلِّم تَسلِیماO

اسے درود حضوری بھی کہتے ہیں۔اسے بکثرت پڑھنے والا ضرور زیارت بابرکت سے مشرف ہوتا ہے۔اسے روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھنے والا ایسے باطنی انوار حاصل کرے گا جس کی قدر و منزلت اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔(دمیری کی شرح منہاج)(نزہۃ المجالس)(شفا القلوب)(فضائل درود و سلام از نذیر نقشبندی صفحہ ۲۴۵)۔

۲۷۹۔ گوہر بانو (بیگم ایڈمرل (ر) مظفر حسن) لکھتی ہیں کہ ایک ڈیڑھ سال میں مجھ پر آدھی رات کے بعد تین چار بار ایسی کیفیت گذری ہے کہ چند گھڑیوں کے واسطے نیند سے اچانک آنکھ کھل گئی مگر آنکھ کھولنے کی ہمت نہ ہوئی، دل دھڑکنا شروع ہوا زور سے، ایک بار اتنا شدید کہ اس کی آواز صاف سنائی دینے لگی اور زبان پر درود شریف جاری ہو گیا۔ پھر الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ کئی بار کہا اور پھر کہہ رہی ہوں کہ حضور (ﷺ) مجھے چند گھڑیاں اور یہاں اپنے حضور رہنے دیجیے۔ بس اس کے بعد وہ حالت جاتی رہی۔(مورخہ ۲۸ ستمبر ۱۹۸۵ء کراچی۔ غیر مطبوعہ)۔

وہ حالت اس قدر مبارک اور ناقابل بیان خوشی لیے ہوئے ہے کہ لفظوں میں بتانا ناممکن ہے، اب اسی انتظار میں ہر رات سوتی ہوں کہ شاید آج پھر قسمت جاگ جائے اور اس

marfat.com
Marfat.com

حالت کو پانے کے لیے اپنی جان اور مال سب دینا پڑ جائے تو بخوشی قبول کر لوں۔

۲۸۰۔ شیخ احمد عبدالجوادؒ اپنی کتاب "صلوٰۃ الحبین علیٰ حبیب رب العالمین" میں فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں نبی اکرم ﷺ کی زبان مبارک سے یہ درود شریف سنا ہے:

صل اللہ علی سیّدنا محمد

۲۸۱۔ علامہ شعرانیؒ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص (مسلمان) حسب ذیل کلمات پڑھے گا مجھے خواب میں دیکھے گا، جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ قیامت میں میرا دیدار کرے گا، جو قیامت میں میرا دیدار کرے گا میں اس کی شفاعت کروں گا، جس کی میں نے شفاعت کر دی وہ میرے حوض سے پانی پیے گا اور اللہ تعالیٰ اس پر آتش دوزخ حرام کر دے گا (زیارت حبیب ﷺ۔ صفحہ ۴۸)۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ علٰی رُوحِ سیِّدِنَا مُحمدٍ فِي الأرْواحِ وَ عَلٰی جَسَدِہٖ فی الاجسَادِ وَ عَلٰی قَبرہٖ فی القبُورO

۲۸۲۔ ایک ولی اللہ شب و روز حضور نبی اکرم ﷺ پر درود پاک پڑھتے تھے۔ ان کو حضور نبی پاک ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ آپ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ "میں تمہیں ایسے کلمات بتائے دیتا ہوں، جو تمہیں تمہارے وظیفہ سے مستغنی کر دیں گے لیکن اجر و ثواب اتنا ہی ہو گا۔" پھر حضور ﷺ نے ان کو یہ درود شریف عطا فرمایا: **اللّٰهم صلِ عَلٰی سیّدِنا محمدٍ السَّابِقِ للخلق نورہ وَ رَحمةً للعالمین ظهورہ. عَددَ من مضی من خلقِكَ وَمن بقیَ وَمن سَعِدَ مِنهُم وَمن شقی صلاۃً تستغرقِ العَدَ و تحیطُ بالحدِ صَلاۃً لاَ غایَةَ لَهاَ وَلاَ مَنتهیٰ وَلاَ انقضاء صَلاۃً دَائِمَةً بَدَوَامِكَ وَعلی الہٖ و سلِم تسلیماً مثلَ ذَالك O** (زیارت حبیب ﷺ۔ صفحہ ۵۴)۔

۲۸۳۔ حضرت شیخ حسن شدادؒ فرماتے ہیں کہ ربیع الاول ۱۴۰۹ھ شب دو شنبہ اللہ تعالیٰ نے حسب ذیل کلمات برائے زیارت نبی ﷺ نے مجھ پر القا فرمائے اور پھر مجھے میرے مقصد میں کامیاب و کامران بھی فرما دیا: **اللّٰهمَ صلّ و سلم عَلی سیّدِنا محمدٍ وَعَلی الِ سیدِنَا محمدٍ نورِ الجمَالِ وَالكَمَالِ وارِنی وَجههُ الصبیح فی الحال O** (زیارت حبیب ﷺ۔ صفحہ ۵۹)۔

۲۸۴۔ حسب ذیل درود پاک کو درود جبرائیلیہ کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ حضرت شیخ صالح الجعفریؒ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ان کلمات کو پڑھا تو روز قیامت اللہ تعالیٰ اس کو اجر عظیم عطا فرمائے گا: **اللّٰهمَ صلّ و سلِم و بارك عَلی مولانا**

marfat.com
Marfat.com

محمدٍ، وَ عَلٰی اٰلہ وَعَلیٰ جمیع الانبیاء و المَرسلین، وَعَلیٰ جبریل وَ میکائیل وَ اسرافیل وَ مَلک الموت و حملۃِ العرشِ وَ عَلیَ الملا ئکۃ أجمعین و علی الاولیاء و الصالحین وَعَلیٰ جمیع عِبادکَ المومنِین فِي کلّ لمحۃٍ وَنفس عَدَدَ مَا وسعہٗ عِلمِك امین O (زیارت حبیب علیہ السلام۔ صفحہ ۲۲)۔

۲۸۵۔ حضرت احمد شہاب الدین بن علی دجانی حسینیؒ ابتدا ہی سے علم نحو سے ناواقف تھے کیونکہ آپ نے نحو کی طرف توجہ ہی نہ دی تھی۔ آپ مسجد اقصیٰ میں اپنے خلوت کدے میں تھے کہ نبی مکرم علیہ السلام کی کشفی طور پر زیارت ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا: "اے احمد نحو سیکھ لو۔" فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ (علیہ السلام)! آپؐ مجھے نحو سکھادیں۔ آنحضور علیہ السلام نے چند اصول عربیہ مجھے ارشاد فرمائے۔ پھر تشریف لے جانے لگے تو میں خلوت خانے کے دروازے تک آپؐ کے پیچھے گیااور عرض کیا "الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ علیہ السلام"۔ میں نے رسول کے لام پر پیش پڑھا(یا کے بعد رسول مضاف ہے اور لفظ اللہ مضاف الیہ ہے۔ عربی نحو کا قاعدہ ہے کہ جب لفظ ندا مضاف پر آجائے تو اس پر زبر پڑھتے ہیں: یارسول اللہ یاحبیب اللہ یاشفیع المذنبین وغیرہ، یہاں رسول کے لام، حبیب کی ب اور شفیع کی عین پر حرف ندایا کی وجہ سے زبر پڑھا جائے گا،اس قاعدہ کی رو سے رسول کی لام پر پیش غلط ہے)۔ لہٰذا سرکار عرش وقار علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: "میں تمہیں ابھی بتا رہا تھا کہ خلاف قاعدہ عربی مت بولو، یارسول اللہ کے لام پر زبر کہو۔" اس کے بعد میں نے نحو پڑھنا شروع کر دیااور پھر یہ علم میری سمجھ میں آگیا۔ شافعی مسلک پر کاربند تھے۔ ۹۶۹ھ میں وصال ہوا۔ (جامع کرامات اولیا، جلد دوم۔ صفحہ ۴۰۷تا۴۰۸)۔

۲۸۶۔ ابو علی شبوی فرماتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ علیہ السلام کو میں نے خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ مروی ہے کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا: "بوڑھا کر دیا مجھ کو سورۂ ہود نے"۔ تو کس چیز نے آپؐ کو بوڑھا کر دیا؟ کیا قصص انبیاؑ و ہلاکت امم نے؟ حضور علیہ السلام نے فرمایا: "نہیں بلکہ اس قول نے" (اردو ترجمہ سورہ ھود کی آیت نمبر ۱۱۲۔ تو (اے پیغمبر) آپ اور آپ کے ساتھ توبہ کرنے والے استقامت حاصل کریں (اس امر پر) جیسا کہ آپ کو حکم ہو چکا ہے اور حد سے تجاوز نہ کرنا، وہ تمہارے سب اعمال دیکھ رہا ہے)۔

۲۸۷۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مرتبہ نیند سے بیدار ہوئے اور انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھ کر فرمانے لگے کہ بخدا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہوگئے۔ یہ خواب آپ نے شہادت کی خبر پہنچنے سے قبل دیکھا تھا۔ آپ کے دوستوں نے نہیں مانا تو آپؓ نے فرمایا کہ

marfat.com
Marfat.com

میں نے خواب میں آنحضرت ﷺ کو دیکھا کہ ایک شیشی میں خون لیے ہوئے فرما رہے ہیں کہ "تجھے معلوم نہیں کہ میری امت نے میرے بعد کیا کیا؟ میرے بیٹے حسین کو شہید کیا، یہ اس کا اور اس کے ساتھیوں کا خون ہے، اس کو اللہ تعالیٰ کے سامنے لے جاؤں گا۔" چوبیس روز بعد حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آپ کے ساتھیوں کی شہادت کی خبر آئی۔ تب معلوم ہوا کہ جس روز حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ خواب دیکھا تھا، اسی روز شہادت واقع ہوئی تھی۔ (احیا العلوم از امام غزالیؒ) (برزخ از شیخ المشائخ حضرت سیّد محمد ذوقی شاہؒ۔ صفحہ ۹۲)۔

۲۸۸۔ حضرت احمد بن علوی بن محمد مولی الدویلہؒ صالح اولیا اور زاہد علما میں شمار کیے جاتے تھے۔ عارفہ ربانی سلطانہ بنت علی زبیدی سے اکثر ملا کرتے اور ان کے مکان پر سو جاتے تو حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت ہو جاتی تھی۔ حضور اقدس ﷺ آپ کے منہ کو بھی چوم لیتے تھے اور آپ کی دعائیں مقبول ہوتی تھیں۔ ایک مرتبہ اپنے چچا عبدالرحمٰن سقاف کی دعوت میں حاضر تھے کہ چراغ میں تیل ختم ہو گیا، آپ نے منگا کر اس میں تھوک دیا تو چراغ تیل سے بھر گیا (المشرع الروی)۔

۲۸۹۔ راجہ ظفر اقبال صاحب کی دختر نے تقریباً دو سال قبل خواب دیکھا کہ قیامت بپا ہے، لوگ حیران و پریشان بھاگ دوڑ رہے ہیں، سخت افرا تفری ہے اور میں گھبرا کر بغیر چادر بھاگتی ہوں، دیکھتی ہوں کہ سامنے ایک بزرگ سفید لباس میں ملبوس کھڑے ہیں، لوگ مجھے بتاتے ہیں کہ آپ ہی حضرت رسول اللہ ﷺ ہیں تو میں دوڑ کر آپ ﷺ کے قدم مبارک پکڑ کر درود شریف پڑھنے لگتی ہوں، سمجھ رہی ہوں کہ اب میں بخشی جاؤں گی اور میرے پیارے نبی پاک ﷺ میری شفاعت فرمائیں گے۔ میں سر اٹھا کر آپ ﷺ کے چہرۂ انور کی طرف دیکھتی ہوں مگر مجھے صرف آپ ﷺ کی ریش مبارک نظر آتی ہے (اسلام آباد، یکم جنوری ۲۰۰۱ء۔ غیر مطبوعہ)۔

۲۹۰۔ حضرت علامہ سیّد محمد دیدار علی شاہ رضوی محدث الوریؒ بن سیّد نجف علی شاہ رضوی ۱۸۵۶ء میں راجستھان (بھارت) کی پہاڑی ریاست الور میں پیدا ہوئے۔ ولادت سے قبل آپ کی والدہ ماجدہ کو بشارت ہوئی کہ تیرے گھر لڑکا پیدا ہوگا، اس کا نام دیدار علی رکھنا۔ آپ کا شجرہ نسب حضرت سیّد امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچتا ہے اور والدہ کا شجرہ نسب حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچتا ہے۔ اسی لیے حسنی حسینی کہلائے۔ حضرت پیر سیّد مہر علی شاہ گولڑویؒ اور مولانا وصی احمد محدث سورتیؒ آپ کے ہم سبق تھے، اپنے دور کے جیّد علما سے علم حاصل کیا، حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ نے آپ کو خلافت سے نوازا، شاہی

marfat.com
Marfat.com

مسجد آگرہ (بھارت) کے خطیب اور مفتی مقرر ہوئے۔ ۱۹۲۰ء میں اسلامیانِ پنجاب کے اصرار پر لاہور تشریف لے آئے اور تاریخی مسجد وزیر خان کی خطابت کے فرائض سنبھال کر خدمت دین میں مشغول ہو گئے۔ حکیم الامت حضرت علامہ اقبالؒ سے بھی آپ کے گہرے روابط تھے۔ غازی علم الدین شہیدؒ کی نماز جنازہ کے لیے ایک میٹنگ میں، جس کی صدارت علامہ اقبالؒ نے کی، متفقہ طور پر یہ طے پایا کہ محدث الوریؒ پڑھائیں گے۔ پس آپ نے نماز جنازہ پڑھائی اور اپنے دست مبارک سے غازی علم الدین شہیدؒ کو لحد میں اتارا۔ حضرت محدّث الوریؒ نے فرمایا کہ اسی رات ان کو حضرت رسول مقبول ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف بھی حاصل ہوا۔ ۲۲ رجب المرجب ۱۳۵۴ھ بمطابق ۱۹۳۵ء کو لاہور میں وصال فرمایا۔ آپ کے دونوں قابل فخر صاحب زادوں غازی کشمیر علامہ ابوالحسناتؒ خطیب مسجد وزیر خان اور شیخ الحدیث علامہ ابوالبرکاتؒ امیر مرکزی دارالعلوم حزب الاحناف لاہور کی خدمات بھی سونے کے قلم سے لکھنے کے قابل ہیں (روزنامہ نوائے وقت لاہور مورخہ ۱۳ اپریل ۱۹۸۶ء سے ماخوذ)۔

۲۹۱۔ موجودہ پاکستانی علاقے میں جن سہروردی بزرگوں نے دل جمعی اور اخلاص سے تبلیغی کام کیا، ان میں پنجاب کے حضرت کبیر الدین سہروردی المعروف شاہ دولہ دریائی کا شمار صف اول کے بزرگوں میں ہوتا ہے۔ آپ ہی کے ایک مرید حضرت شرف الدین المعروف بابا جنگو شاہؒ نے تبلیغ دین اور اشاعت اسلام میں بڑی جدوجہد کی، جس کی وجہ سے دین اسلام نے گجرات میں بڑی نشوونما پائی۔ حضرت میاں غلام محمد سہروردیؒ بابا جنگو شاہؒ کے مرید و خلیفہ اعظم تھے۔ آپ کے والد کا اسم گرامی حافظ محمد علی تھا۔ آپ کی پیدائش سے قبل آپ کی والدہ ماجدہ نے خواب دیکھا کہ سرور دوجہاں ﷺ تشریف لائے ہیں اور ارشاد فرماتے ہیں کہ "بی بی تم کو ایک مقدس چیز دی جاتی ہے، لے لو اور اس کی حفاظت اور شکر کرنا، کیونکہ ناشکروں کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں فرماتا"۔

میاں صاحبؒ کا سلسلہ نسب حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے بیٹے حضرت حنفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے جا ملتا ہے۔ ۲۸ سال کی عمر میں حج کے لیے تشریف لے گئے اور تقریباً ۱۳ سال بعد واپس آئے۔ قرآن پاک کے نکات روحانی بیان فرمانا اور بھٹکے ہوئے انسان کو فقر کی پنہائیوں میں لے جا کر دربار رسالت مآب ﷺ میں پیش کر دینا، آپ کے درویشانہ منصب کا ادنیٰ کمال تھا۔ قرآن مجید کی تلاوت آپ کو بے حد محبوب تھی۔ لباس نہایت سادہ اور موٹے کھدر کا ہوتا تھا۔ فرمایا کرتے تھے: درویش کا فرض ہے کہ مسافرانہ زندگی گذارے، خوبصورت لباس اور بالاخانوں میں آرام کرنے سے فقیر کی غفلت بڑھتی ہے، درویشی یہی ہے کہ ہر سانس اللہ

marfat.com
Marfat.com

کی یاد میں جاری ہو، مردان خدا چولھے چکی کے چکر میں نہیں پھنستے، جس کو قبر یاد ہو تو وہ مکان کیونکر بنا سکتا ہے۔ آپ نے اپنے بے پناہ کشف و عرفان سے بے شمار انسانوں کو ایمان وایقان بخشا۔ ۱۲ ربیع الاول ۱۳۷۱ھ بمطابق ۱۹۵۱ء کو واصل بحق ہوئے۔ آپ کا مزار پرانوار حیات گڑھ، گجرات سے سات میل جلال پور جٹاں روڈ پر مرجع خلائق ہے (روزنامہ نوائے وقت، لاہور ۵ دسمبر ۱۹۸۵ء)۔

۲۹۲۔ منیر احمد، ملتان نے خواب دیکھا کہ گھر میں بہت سے لوگ جمع ہیں۔ ایک شخص نے کہا: آج کی محفل میں حضور نبی پاک ﷺ تشریف لا رہے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد آواز آئی کہ حضور انور ﷺ تشریف لے آئے ہیں۔ ہم بھی آپ ﷺ کی زیارت بابرکت کے لیے گئے، کمرے میں خوشبو پھیلی ہوئی تھی اور ہر شخص بہت خوش تھا۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔

فیملی میگزین ۲۴ تا ۳۰ دسمبر ۲۰۰۰ء میں میاں مشتاق احمد عظیمی نے اس کی تعبیر دی۔ ماشاءاللہ خواب اچھا ہے، صاحب خواب اعلیٰ قسمت کا مالک ہے، دنیا کی تمام نعمتوں میں سے سب سے اعلیٰ نعمت حضور نبی کریم ﷺ سے ملاقات کرنا یا آپؐ کو دیکھنا ہے، آپ نماز پنجگانہ ادا کیا کریں اور کثرت سے درود شریف پڑھا کریں۔

۲۹۳۔ نسرین اقبال۔ بہاولپور نے خواب دیکھا کہ رمضان کا مہینہ ہے اور ہمارے پیارے نبی ﷺ ہمارے گھر تشریف لائے ہیں اور ہم سب بے حد خوش ہیں۔ پھر کچھ لوگوں نے افطاری کا اہتمام کیا، ہم سب اسی انتظار میں بیٹھے رہے اور میں صحن میں ایک چارپائی پر بیٹھی ایک رسی ٹھیک کر رہی ہوں کہ پھر میری آنکھ کھل گئی۔

فیملی میگزین ۱۹ تا ۲۵ نومبر ۲۰۰۰ء میں مشتاق احمد عظیمی نے اس کی تعبیر دی: ماشاءاللہ بہت اچھا خواب ہے، حضور نبی کریم ﷺ کا گھر پر تشریف لانا اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ صاحب خواب نہایت ہی اعلیٰ قسمت کا مالک ہے، انشاءاللہ آپ کو دین و دنیا میں سرخروئی حاصل ہوگی، نماز کی پابندی ضرور کیا کریں اور کثرت سے یاحی یاقیوم کا ورد کیا کریں۔

۲۹۴۔ عذرا سلطانہ زوجہ محمد اشرف، جڑانوالہ، ضلع فیصل آباد نے ۱۹۸۰ء میں جب وہ سانحہ خورد، لاہور آئی ہوئی تھیں، بعمر ۱۸ سال یہ خواب دیکھا: ہاتف غیبی نے آواز لگائی کہ حضور اکرم ﷺ خطاب کے لیے تشریف لا رہے ہیں۔ سٹیج بنی ہوئی ہے۔ اس صدا کے بعد مقامات مقدسہ یعنی مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی فلم چلنے لگی، اس فلم کے ختم ہوتے ہی حضرت سردار انبیا ﷺ تشریف لائے، پورا میدان جگمگا اٹھا اور روشنی کی چمک اس قدر تیز تھی کہ اس پر نگاہ نہ ٹھہرتی تھی اور اس چمک کے ساتھ ہی آنکھ کھل گئی (غیر مطبوعہ)۔

marfat.com
Marfat.com

۲۹۵۔ بیگم شیخ الطاف حسین جو شیخ سلیم اختر، لاہور کی والدہ ہیں، حال ہی میں وفات پا گئیں۔ انہوں نے خواب دیکھا کہ دریا کے کنارے ایک کشتی میں بہت سے لوگ بیٹھے ہیں۔ کسی سے پوچھا کہ یہ کون ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کا خاندان ہے۔ دریافت کیا کہ خود امام الانبیا ﷺ کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا: دیکھیں دریا کے کنارے درختوں کے جھنڈ میں تشریف لا رہے ہیں۔ میں بڑے غور سے آپؐ کی طرف دیکھ رہی ہوں اور خوش ہوں کہ آپؐ میری طرف تشریف لا رہے ہیں۔ ماشاءاللہ اچھا قد، کھلی پیشانی، سفید رنگ، کوئی آٹھ دس قدم کا فاصلہ رہ گیا تو میری آنکھ کھل گئی۔ (غیر مطبوعہ)۔

۲۹۶۔ بیگم شیخ الطاف حسین نے اسی طرح ایک اور خواب دیکھا کہ میرے گھر کے لان میں بہت سے لوگ بیٹھے ہیں حضور اقدس ﷺ وعظ فرما رہے ہیں اور میں اندر کے صحن میں بیٹھی وعظ سن رہی ہوں کہ اتنے میں حضور پاک ﷺ دروازے میں تشریف لا کر مجھ سے فرماتے ہیں کہ "تم نے خوشبو والا پھولوں کا ہار مجھے نہیں دیا۔" میں آپ ﷺ کو اچھی طرح دیکھ رہی ہوں اور اس کے بعد آنکھ کھل گئی (غیر مطبوعہ)۔

۲۹۷۔ جناب قاضی محمد سلیم صدیقی ولد جناب قاضی محمد حسین صدیقی ۱۹۶۰ء میں حیدر آباد، سندھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق حضرت قاضی حمید الدین ناگوری قدس سرہٗ کے خاندان سے ہے جو دہلی (بھارت) میں مدفون ہیں اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی اولاد میں سے ہیں۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے استاد محترم اور خلیفہ بھی ہیں اور سال دو سال قبل قاضی سلیم صاحب نے خواب دیکھا کہ حضور اکرم محمد مصطفےٰ ﷺ نماز کی امامت فرما رہے ہیں اور آپؐ کی اقتدا میں صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ عام سے لباس میں نماز ادا کر رہے ہیں۔ میں بھی شامل ہو گیا، مگر دل میں یہ دھڑکا ہے کہ حضرت امام الانبیا ﷺ کی آواز مبارک سنتے ہی دم نکل جائے لیکن جب آپ ﷺ نے تلاوت شروع کی تو دل کو فرحت اور تقویت محسوس ہوئی۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی (مورخہ ۲۲ دسمبر ۲۰۰۰ء۔ غیر مطبوعہ)۔

۲۹۸۔ شیخ نور الدین شعرانیؒ کا روزانہ وظیفہ دس ہزار تھا اور شیخ احمد رواویؒ روزانہ چالیس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔ اس کثرت سے درود شریف پڑھنے کا یہ اثر تھا کہ بیداری میں حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوتی تھی۔ مثل صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ حضور ﷺ کی مجلس میں بیٹھتے اور آپ ﷺ سے دین کی بابت دریافت کرتے۔ وہ احادیث جنہیں حفاظ حدیث نے ضعیف قرار دیا ہے، ہمارے پاس ہوتیں اور ہم حضرت رسالت

marfat.com
Marfat.com

مآب ﷺ کے قول کے مطابق عمل کرتے۔ جب تک ہماری یہ کیفیت نہ ہو ہم بکثرت درود پڑھنے والے نہیں ہوتے۔ اے میرے بھائی! تجھے معلوم ہونا چاہیے کہ بارگاہ الٰہی میں پہنچنے کا قریب ترین راستہ حضور اقدس ﷺ پر کثرت سے درود شریف بھیجنا ہے (افضل الصلوٰۃ علی سیّد السادات از علامہ یوسف نبہانی کا اردو ترجمہ۔ صفحہ ۴۳)۔

۲۹۹۔ حضرت مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ وصال سے دو روز قبل ۲۰ ربیع الاول ۱۳۱۳ھ کو خواب استراحت سے دفعتاً اٹھ بیٹھے اور فرمایا "یہ بہشت یہ بہشت، یہ بہشت یہ بہشت" اور چاروں سمت دست مبارک سے اشارہ کیا اور فرمایا کہ حضرت رسول مقبول ﷺ تشریف لائے ہیں (تذکرہ حضرت مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ از مفکر اسلام مولانا سیّد ابو الحسن علی ندوی، صفحہ ۸۹)۔

حضرت گنج مراد آبادیؒ اپنے دور کے مشہور بزرگ اور عالم دین گذرے ہیں۔ اکثر اوقات جذب کی کیفیت طاری رہتی تھی۔ فرماتے تھے کہ ننگے سر نماز مکروہ ہوتی ہے۔ نماز سے آپ کو عشق تھا۔ فرمایا: سجدے میں جاتا ہوں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ گویا قدرت بوسے لے رہی ہے۔ مزید فرمایا: جنت میں حوریں ملیں گی تو ان سے کہہ دونگا بیبیو! اگر نماز پڑھتی ہو تو میرے ساتھ رہو ورنہ اپنا راستہ لو، میں تو قبر میں بھی نماز پڑھنا پسند کروں گا۔ فرمایا: ہر قسم کے مریض کو الحمد شریف کبھی شکر، کبھی گڑ اور کبھی پانی پر دم کر کے دے دیا کرو، جو کوئی تمام مومنین اور مومنات کے لیے ہمیشہ مغفرت مانگا کرے جو مطلب رکھتا ہو پورا ہو جایا کرے اور مستجاب الدعوات ہو کر مرے، خوب اچھا کھاؤ پہنو کہ لوگ سمجھیں اسے اللہ سے کیا لگاؤ، کہ مگر دل اس کی محبت سے سرشار اور معمور ہو۔

۳۰۰۔ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خانؒ نے جب دوسری مرتبہ زیارت نبی ﷺ کے لیے مدینہ طیبہ حاضری دی تو شوق دیدار میں مواجہہ شریف میں درود شریف پڑھتے رہے۔ یقین تھا کہ حضور اقدس ﷺ ضرور عزت افزائی فرمائیں گے اور بالمواجہہ شرف زیارت حاصل ہوگا لیکن پہلی شب ایسا نہ ہوا تو آپ نے ایک نعت کہی جس کا مطلع ہے:

؎ وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں | تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

یہ نعت شریف مواجہہ اقدس میں عرض کر کے مؤدب بیٹھے تھے کہ قسمت جاگ اٹھی اور اپنے آقا و مولیٰ سیّد عالم ﷺ کو بیداری کی حالت میں اپنی آنکھوں سے دیکھا اور زیارت بابرکت کی خصوصی دولت کبریٰ و نعمت عظمیٰ سے شرف یاب ہوئے (حیات اعلیٰ حضرتؒ صفحہ ۴۴)(زیارت نبیؐ بحالت بیداری۔ صفحہ ۸۱)۔

marfat.com
Marfat.com

اپنے ملفوظات میں اعلیٰ حضرتؒ نے فرمایا کہ انبیا علیہم السلام کی حیات حقیقی حسّی و دنیاوی ہے۔ وعدہ الٰہی کے مطابق ان پر محض ایک آن کے لیے موت طاری ہوتی ہے اور فوراً بعد ان کو حیات عطا فرمادی جاتی ہے۔ اس حیات پر وہی احکامات دنیاوی ہیں کہ ان کا ترکہ نہیں بانٹا جائے گا، ان کی ازواج کو نکاح حرام نیز ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر عدت نہیں، وہ اپنی قبور میں کھاتے پیتے ہیں۔ نمازیں پڑھتے اور حج کرتے ہیں، مٹی ان کو نہیں کھاسکتی اور اللہ تعالیٰ نے ان کو حیات ابدی کے ساتھ زندگی بخش دی ہے یعنی ان کی یہ حیات دنیا کی سی ہے۔

۳۰۱۔ انگریز حکومت نے اس جرم میں مولانا محمد علی جوہرؔ کو سزا دی تھی کہ وہ اپنے ملک کی آزادی کے لیے جدوجہد کر رہے تھے اور حکومت کی نگاہ میں بے حد خطرناک تھے۔ مولانا جوہرؔ کو بیجاپور کی جیل میں ایک روز دوپہر کے وقت بحالت نیم بیداری ایک دھندلا سا پر تو جمال حضرت تاجدار مدینہ ﷺ نظر آیا تھا۔ ہوشیار ہوتے ہی مولانا جوہرؔ نے دو رکعت نماز شکرانہ ادا کر کے حسب ذیل اشعار موزوں فرمائے:

تنہائی کے سب دن ہیں تنہائی کی سب راتیں — اب ہونے لگیں ان سے خلوت میں ملاقاتیں
ہر آن تسلی ہے ہر لحظہ تشفی ہے — ہر وقت ہے دلجوئی ہر دم ہیں مداراتیں
کوثر کے تقاضے ہیں تسنیم کے وعدے ہیں — ہر روز یہی چرچے ہر رات یہی باتیں
معراج کی سی حاصل سجدوں میں ہے کیفیت — اک فاسق و فاجر میں اور ایسی کراماتیں
بے مایہ سہی لیکن شاید وہ بلا بھیجیں — بھیجی ہیں درودوں کی کچھ ہم نے بھی سوغاتیں

(”محمد علی“ ذاتی ڈائری کے چند اوراق از مولانا عبدالماجد دریابادیؒ، صفحہ ۳۵)۔

رئیس حریت، مولانا محمد علی جوہرؔ نے گول میز کانفرنس لندن میں اپنی تقاریر سے ہندو اور انگریز کے چھکے چھڑا دیئے اور فرمایا: میں یہاں قوم کی آزادی طلب کرنے آیا ہوں اور آزادی لے کر ہی جاؤں گا، ورنہ غلام ملک میں واپس نہ جاؤں گا۔ آپ نے اپنا قول سچ کر دکھایا اور ۴ جنوری ۱۹۳۱ء کو لندن میں رحلت فرمائی اور ۲۳ جنوری کو جامعہ مسجد سیّدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (بیت المقدس) میں آغوش لحد کے سپرد کر دیئے گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ یورپ کے سیاست دان کہتے تھے کہ محمد علی کے پاس نپولین کا دل، برک کی زبان اور میکالے کا قلم ہے اور وہ عالم انسانیت کا زبردست پیشوا ہے۔

۳۰۲۔ بلال شہید برطانیہ کی کفریہ فضاؤں میں پرورش پانے والے نوجوان تھے اور اسی مغربی معاشرت کے دلدادہ تھے لیکن ایک خواب نے ان کی زندگی بدل ڈالی۔ اس نوخیز نوجوان نے خواب میں حضور انور ﷺ کی زیارت کی۔ دیکھا کہ حضرت رحمت اللعالمین ﷺ نے

marfat.com
Marfat.com

انہیں کندھے پر اٹھار کھا ہے۔ تعبیر کے لیے ایک عالم کے پاس گئے تو انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ سے کوئی بڑا کام لے گا، لہٰذا اب آپ راہ راست پر آجائیں۔ چنانچہ بلال عشق نبی ﷺ اور جذبۂ جہاد سے سرشار ہو کر میدان عمل میں کود پڑے اور زندگی اس طرح گذاری کہ مفتی اصغر کے بقول ''ہم ساتھی آپس میں ایک دوسرے سے کہا کرتے تھے کہ اگر کوئی زمین پر کسی کو چلتا پھرتا جنتی دیکھنا چاہتا ہو تو بھائی بلال کو دیکھ سکتا ہے۔ گذشتہ پانچ سال سے ہمارے ساتھ رہے لیکن کوئی ایک ساتھی ایسا نہیں جس نے ان کے متعلق کبھی شکایت کی ہو، حالانکہ وہ ذمہ دار تھے اور ذمہ داروں سے عموماً شکایت ہوتی ہے۔ یہ تو ان کی زندگی تھی اور آخر انہوں نے جام شہادت اس شان سے نوش کیا کہ ہر مجاہد ان پر بیک وقت فخر بھی کرے گا اور رشک بھی۔

اواخر رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ کی ایک رات کو سری نگر بادامی باغ کے بدنام زمانہ فوجی ہیڈ کوارٹر پر گہرا سکوت چھایا ہوا تھا۔ کوئی نہ جانتا تھا کہ چند لمحوں بعد اس سکوت کی تہ سے ایک زبردست طوفان برآمد ہونے والا ہے۔ کمانڈر بلال شہیدؒ ڈھائی من بارود کی قیامت صغریٰ لیے اس میں داخل ہو گئے اور چند لمحوں بعد کان پھاڑ دینے والا دھماکہ ہوا اور مظلوم کشمیری مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ کرنے کا منصوبہ بنانے والے گندے چیتھڑوں کی طرح اپنے ناپاک عزائم سمیت فضا میں بکھر گئے۔ دھماکے کی شدت سے بوکھلائی ہوئی بھارتی سرکار نے صحافیوں اور ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کو اس مقام پر جانے کی اجازت نہ دی مگر بعض خبر رساں ادارے اپنے ذرائع سے ہندو کی اس شرمناک شکست کی یہ تصاویر حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے جو ضرب مومن میں شائع کی جا رہی ہیں (ہفت روزہ ضرب مومن، کراچی۔ ۱۶ تا ۲۲ شوال ۱۴۲۱ھ بمطابق ۱۲ تا ۱۸ جنوری ۲۰۰۱ء)۔

۳۰۳۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سیّد حسین احمد مدنیؒ فرماتے ہیں کہ ایک روز دوران قیام مدینہ طیبہ میں اشعار کی ایک کتاب دیکھ رہا تھا۔ اس میں ایک مصرع تھا:

ہاں اے حبیب ﷺ رخ سے ہٹا دو نقاب کو

مجھے یہ اس وقت بہت بھلا معلوم ہوا۔ میں مسجد نبوی میں حاضر ہوا اور مواجہہ شریف میں بعد ادائے آداب و کلمات مشروعہ انہی الفاظ کو پڑھنا اور شوق دیدار میں رونا شروع کر دیا۔ دیر تک یہی حالت رہی جس پر یہ محسوس ہونے لگا کہ مجھ میں اور جناب رسالت مآب ﷺ میں کچھ حجاب دیواروں اور جالیوں وغیرہ کا نہیں اور آپ ﷺ سامنے کرسی پر جلوہ افروز ہیں۔ آپ ﷺ کا چہرہ انور میرے سامنے ہے اور بہت چمک رہا ہے (نقش حیات، حصہ اول۔ صفحہ ۹۲)۔

حضرت مدنیؒ کو اپنے استاد شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسنؒ سے محبت عشق کے

marfat.com
Marfat.com

درجہ پر تھی۔ جب حضرت شیخ الہند اسیر مالٹا ہوئے تو حضرت مدنیؒ بھی پورے عرصہ استاد کے ہمراہ مالٹا میں رہے، حالانکہ حکومت ہند نے آپ کو اسیر نہیں کیا تھا۔

۱۹۲۷ء میں پشاور کے اجلاس میں امام العصر حضرت مولانا محمد انور شاہ کشمیری دیوبندیؒ نے اپنے معرکۃ الآرا خطبہ میں فرمایا تھا کہ اسلامی قومیت کا مدار اتحاد نسل یا اتحاد وطن پر نہیں ہو سکتا بلکہ اسلامی قومیت کی زندگی وبقا صرف دین ومذہب اور ملت کے احیا وبقا پر منحصر ہے۔ بالکل یہی بات آپ کے ہم عصر اور ساتھی حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ نے دہلی میں اپنی ایک تقریر میں کہی تھی کہ اگرچہ دنیا میں قومیت وطن سے بنتی ہے مگر اسلام اس نظریے کی مخالفت کرتے ہوئے اساس قومیت، اخوت دینی ومذہبی کو قرار دیتا ہے۔ اس تقریر کی قصداً یا سہواً غلط رپورٹنگ نے بڑا فتور پھیلایا تھا۔ بتایا گیا کہ مولانا مدنیؒ قومیت کی بنیاد وطن کو قرار دے رہے ہیں جس پر علامہ اقبالؒ نے اپنا مشہور قطعہ کہا اور یہ مسئلہ اخبارات میں سب وشتم کا موضوع بن گیا۔ اس پر حضرت علامہ انور شاہؒ کے ایک شاگرد نے طالوت کے نام سے ان دونوں اکابرین سے خط وکتابت اور مراسلت کے بعد شاعر مشرق حضرت علامہ اقبالؒ کو حضرت مدنیؒ کے خیالات اور اصل ارشادات سے مطلع کیا۔ جس پر حضرت علامہ اقبالؒ نے اس قطعہ سے اپنی برأت کا اعلان کرتے ہوئے اپنے کلام کے ناشرین کو حکم دیا کہ آئندہ ان کے کلام میں یہ اشعار شامل نہ کئے جائیں، مگر علامہ کی خواہش اور تصریح کے باوصف وہ قطعہ برابر شائع کیا جا رہا ہے۔ (ماخوذ صفحہ ۲۱۲ از نقش دوام) ملت میں نفاق پیدا کرنے والی حرکات سے مسلمانوں کو گریز کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

۳۰۴۔ حضرت مولانا سیّد بدر عالم میرٹھی مہاجر مدنیؒ نے مدینہ شریف میں اپنے وصال سے قبل فرمایا کہ یہاں مدینہ طیبہ میں سرکار (ﷺ) کا حکم چلتا ہے۔ آپؐ خود فیصلہ فرماتے ہیں کہ آپؐ کا کون سا مہمان کہاں قیام کرے گا؟ اپنے مہمانوں کے آرام کا خود خیال رکھتے ہیں اور اپنے خاص امتیوں کے قیام و آسائش کی آپؐ کو خود فکر ہوتی ہے۔ میں نے خود اپنی ان آنکھوں سے بڑی سرکار (ﷺ) کو یہ انتظام کرتے اور اس کا حکم دیتے دیکھا ہے۔ کیا قسم کھا کر یہ الفاظ دہراؤں؟ پھر قسم کھا کر مولانا نے وہی الفاظ دہرائے (ماہنامہ اردو ڈائجسٹ لاہور جولائی ۱۹۸۱ء صفحہ ۱۰۸ تا ۱۰۹ سے ماخوذ)۔

حضرت مولانا سیّد بدر عالمؒ کا وطن میرٹھ (یوپی، بھارت) تھا۔ بدایوں (یوپی، بھارت) میں ۱۳۱۶ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۳۳۹ھ میں دارالعلوم دیوبند (یوپی، بھارت) سے سند فراغت حاصل کی۔ قیام پاکستان کے بعد کراچی تشریف لائے۔ ۱۳۷۲ھ میں مدینہ طیبہ

marfat.com
Marfat.com

ہجرت ثانی کی اور وہیں ۱۳۸۵ھ ۳ رجب بروز جمعہ وصال فرمایا اور اپنی دیرینہ خواہش کے مطابق جنت البقیع میں جگہ پائی۔ اسلامی دنیا کے اس عظیم اور مبارک ترین قبرستان میں چھ ماہ بعد قبر کھول کر مردے کی ہڈیاں نکال کر دوسرا مردہ دفن کر دیا جاتا ہے۔ حضرت بدر عالمؒ کی قبر دوسرا مردہ دفن کرنے کے لیے جب کھولی گئی تو حضرت کا جسم جوں کا توں محفوظ تھا پس قبر بند کر دی گئی۔ چھ ماہ بعد جب پھر یہی ہوا تو قبر آئندہ کے لیے سیل کر دی گئی، حالانکہ وہاں گرمی کی شدت کی وجہ سے صرف چند دن میں مردہ جسم کی فقط ہڈیاں باقی رہ جاتی ہیں۔ حضرت کے صاحبزادے جناب حافظ سیّد آفتاب احمد مدنی سے جب دریافت کیا گیا کہ آپ کے والد ماجد کو کس عمل کی وجہ سے یہ اعزاز حاصل ہوا کہ ان کا جسم مبارک محفوظ ہے تو فرمایا حقیقت کا علم تو اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ میرے والد ماجد خصوصی طور پر حافظ قرآن کا بے حد احترام واکرام کرتے تھے اور چاہے بچہ ہی حافظ قرآن کیوں نہ ہو، اس کی طرف پیر کر کے نہیں بیٹھتے تھے۔ حضرت مولانا سیّد بدر عالم نے ابتدائی تعلیم الہ آباد (یوپی، بھارت) کے انگریزی اسکول میں پائی تھی اس لیے انگریزی سے بھی بخوبی واقف تھے۔ آپ امام العصر حضرت سیّد مولانا محمد انور شاہ کشمیری دیوبندیؒ کے شاگرد رشید تھے۔ فیض الباری (چار ضخیم جلدوں میں بزبان عربی) ترجمان السنۃ۔ جواہر الحکم اور کئی دوسری تالیفات آپ کے قلم فیض رقم کی یادگار ہیں (اکابر علما دیوبند کے حالات وکمالات از حافظ محمد اکبر شاہ بخاری)۔

۳۰۵۔ بانی دارالعلوم دیوبند (یوپی، بھارت) قاسم العلوم والخیرات حضرت مولانا محمد قاسم صدیقی نانوتویؒ کے فرزند رشید (شمس العلما) حضرت مولانا حافظ محمد احمد نانوتویؒ ۱۲۷۹ھ میں نانوتہ (یوپی، بھارت) میں پیدا ہوئے۔ قطب عالم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ نے ۱۳۱۳ھ میں دارالعلوم کے اہتمام کے لیے حافظ صاحب کا انتخاب فرمایا۔ آپ کے زمانہ اہتمام میں یہ مدرسہ سے دارالعلوم بنا۔ شعبہ جات اور دفاتر کی تشکیل عمل میں آئی اور دارالعلوم کی عظیم الشان عمارت جو اپنی نوعیت کی ہندوستان میں پہلی عمارت ہے آپ کے عہد میں تیار ہوئی۔ جدید دارالاقامہ، مسجد وکتب خانہ کی تعمیر آپ کے زمانے کی یادگار ہیں۔ حافظ صاحب زبردست منتظم اور صاحب ثروت ووجاہت تھے۔ آپ کے دور اہتمام میں دارالعلوم (موجودہ اسلامک یونیورسٹی دیوبند) نے معنوی اور صوری دونوں حیثیتوں سے عظیم الشان ترقی کی۔ ۱۳۰۱ھ کے بعد مسلسل ۲۶ سال کوئی جلسہ نہ ہو سکا۔ ۱۳۲۸ء کی ربیع الاول کی ۶، ۷ اور ۸ تاریخوں میں انتہائی عظیم الشان پیمانہ پر جلسہ دستار بندی منعقد کیا گیا۔ ایسے زبردست اجتماع کی نظیر ملنا مشکل ہے۔ اس میں ایک ہزار سے زیادہ فضلا کی دستار بندی ہوئی، جس میں باہر سے شرکت

marfat.com
Marfat.com

کرنے والوں کی تعداد تیس ہزار سے زیادہ تھی اور ملک کے ہر خطے سے مسلمانوں کے ہر طبقے کے لوگ شریک تھے۔ جلسے میں سب کی نشست یکساں تھی۔ کسی کو کسی پر برتری اور فوقیت کا خیال تک نہ تھا۔ روحانی برکات اور کرامات کا نزول ایسا کھلا ہوا تھا کہ غیر حساس اشخاص تک اسے محسوس کیے بغیر نہ رہ سکے۔

دارالعلوم کی مغربی جانب تالاب کے کنارے دور دور تک خیموں کا طویل سلسلہ تھا۔ نماز کے لیے خیموں کے سامنے میدان میں ہزاروں آدمیوں کی لمبی لمبی صفیں تھیں اور راتوں کو ذکر و شغل کی آوازوں سے جنگل گونجتا تھا۔ ہر شخص کو برکت اور روحانی مسرّت محسوس ہوتی تھی۔ جلسے کے دوران بعض صالح لوگوں نے آنحضرت ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ اہل جلسہ سے مصافحہ فرما رہے ہیں۔ اسی طرح کے بے شمار خواب جلسے سے قبل اور جلسے کے دوران لوگوں نے دیکھے۔ اس اجتماع کی معمولی کرامت یہ بیان کی گئی کہ اس قدر بڑے مجمع میں ایک بھی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آیا۔

حافظ صاحبؒ نے ایک بصیرت افروز خطاب بعنوان "دارالعلوم کا زرّیں ماضی و مستقبل" جلسے میں پڑھ کر سنایا اور دارالعلوم کے قیام اور اس کی خدمات کو تفصیل سے پیش کیا۔ گذشتہ ۴۵ سال میں جو کہ دارالعلوم کے قیام سے جلسے تک کا وقت ہے، آمد و خرچ کا پائی پائی کا حساب بتایا۔ گوشواروں کے مطابق فی طالب علم دو سو روپیہ خرچ آیا جب کہ جلسے میں ایک ہزار سے زیادہ علما کی دستار بندی ہوئی تھی۔ ماشاءاللہ کیا حوصلہ افزا نتیجہ ہے کہ اس حقیر رقم میں ایک مکمل عالم دین تیار ہو جائے جو مدرس بھی ہو، مفتی بھی، واعظ و خطیب، جامع منقول و معقول، حافظ اور اس کے ساتھ ساتھ اہل باطن اور بزرگ بھی ہو۔

حافظ صاحبؒ نے ۴۵ سال دارالعلوم، دیو بند کی خدمت انجام دی۔ ابتدائی دس سال تعلیم و تدریس میں گذارے اور ۳۵ سال مہتمم کے فرائض انجام دیئے۔ دیو بند سے حیدر آباد دکن تشریف لے گئے تھے جہاں طبیعت خراب ہو گئی۔ واپسی کے ارادے سے حیدر آباد سے روانہ ہوئے کہ نظام آباد کے سٹیشن کے قریب جان، جانِ آفرین کے سپرد کر کے "من مات في السفر فهو شهيد" میں داخل ہو گئے۔ یہ ۳ جمادی الاولیٰ ۱۳۴۷ھ کا واقعہ ہے (ہفت روزہ "ضرب مومن" کراچی۔ ۹ تا ۱۵ شوال ۱۴۲۱ھ بمطابق ۶ تا ۱۲ جنوری ۲۰۰۱ء سے ماخوذ)۔

۳۰۶۔ ایک انگریز نومسلم ٹی۔ ایس۔ پیرسن نے اپنی تصنیف "کلید در" میں آج سے پچاس سال پہلے کیے ہوئے اپنے ایک "مشاہدہ" کا ذکر کیا ہے (جس میں پندرھویں صدی ہجری کو واضح طور پر اسلام کی صدی ظاہر کیا گیا ہے):

marfat.com
Marfat.com

فرماتے ہیں کہ ایک روز صبح کے وقت میں پرانے انگلستان کے دیہاتی علاقے میں نکل گیا، ٹہلتے ٹہلتے ایک حسین وجمیل جھیل کے کنارے آنکلا، موسم خوشگوار اور منظر سحر انگیز تھا، جھیل کے شفاف پانی میں مچھلیاں تیر رہی تھیں جنہیں میں نے روٹی کے ٹکڑے ڈالے، اس دوران مجھے اپنے دائیں ہاتھ پر ذرا دباؤ محسوس ہوا اور پھر تمام منظر بدل گیا۔

''اب میں دیکھ رہا تھا کہ جھیل میں قسم قسم کی کشتیاں تیر رہی ہیں۔ کئی میدان تھے جن میں مختلف قسم کے کھیل کھیلے جا رہے تھے کہ میں نے پھر اپنے دائیں ہاتھ پر ذرا دباؤ محسوس کیا اور میرے دل میں یہ خواہش بیدار ہوئی کہ جا کر معلوم کروں کہ یہ کیا معاملہ ہے؟ مجھے یوں محسوس ہوا کہ جیسے کوئی مجھے ایک ایسے کشادہ راستہ پر سے لے جا رہا ہے جس کے دونوں طرف خوبصورت درخت ہیں، آگے بڑھا تو عجیب قسم کی عمارتیں نظر آئیں، وہ اپنے قدرتی ماحول میں اس طرح ملی جلی تھیں کہ ان میں امتیاز کرنا آسان نہ تھا، نامعلوم ہاتھ مجھے آگے لے جاتا گیا یہاں تک کہ ہم ایک عالی شان محل کے قریب پہنچ گئے، محل کی شاندار اور خوبصورت عمارت غرناطہ کے باغوں اور الحمرا کے نازک ستونوں کی یاد دلاتی تھی، قریب پہنچا تو دیکھا کہ عمارت کی پیشانی پر سفید سنگ مرمر کی تختی پر سنہرے نیلے حروف میں یہ الفاظ کندہ تھے:
''یونیورسٹی آف اسلام'' جسے محمد رسول اللہ (ﷺ) کے اُمتیوں نے بنی نوع انسان کے لیے تعمیر کیا ۱۹۹۹ء۔ اس عمارت کے اندر میں نے جو کچھ دیکھا اسے بیان کرنے سے قاصر ہوں کیونکہ میں نے اس سے پہلے ایسی چیزیں دیکھی تھیں نہ سنی تھیں۔ عمارت کا اندرونی حصہ بھی بیرونی حصے کی طرح شاندار فن تعمیر کا مظہر تھا۔ جنوب مشرقی جانب دو اور کالج تھے، ایک جغرافیہ کا اور دوسرا تجارت وکاروبار کا، میں پہاڑی سے اتر کر ان کی جانب روانہ ہوا، ایک شاندار عمارت کے اوپر اسلام کا جھنڈا، نیلے کپڑے پر سنہرا ہلال، ہلکی ہوا میں وقار سے لہرا رہا تھا اور دروازے پر یہ الفاظ تحریر تھے ''ورلڈ ٹریڈ پارلیمنٹ'' (عالمی تجارتی پارلیمان)۔

جب میں اندر داخل ہوا تو میں نے اپنے آپ کو ایک وسیع بیضوی عمارت میں پایا جس کی دیواریں سونے کی اینٹوں کی تھیں، اب سونا نکالنے پر وقت اور توانائی ضائع نہیں کی جاتی تھی کیونکہ اب اس کی افادیت ختم ہو چکی تھی، پوری دنیا کا سونا یہاں جمع کر دیا گیا تھا اور سارے زیورات اور ہیرے جواہرات بھی یہیں پڑے تھے کیونکہ ان کے مالکوں نے انہیں زائد از ضرورت سمجھ کر ترک کر دیا تھا، بیضوی عمارت کے ارد گرد سابق قوموں کے جھنڈے نصب تھے، سابق اس لیے کہ اب یہ قومیں ختم ہو چکی تھیں، اب سب لوگ اسلامی مملکت کے باشندے تھے، یہی وجہ تھی کہ اب سونے یا سونے کے خزائن کی ضرورت نہیں رہ گئی تھی،

marfat.com
Marfat.com

مختلف علاقوں کے وسائل دولت یکجا کیے جا چکے تھے۔ تجارت پر ہر قسم کی پابندیاں اور محصولات بھی ختم ہو چکے تھے اور اب زر مبادلہ کی شرح میں کمی بیشی نہ ہوتی تھی۔

اس تمام سلسلۂ عمارات کے وسط میں ایک نہایت شاندار مسجد تھی جس کے عظیم گنبد کے اندر سے آنکھوں کو خیرہ کر دینے والی روشنی نکل رہی تھی، میں مسجد کے اندر داخل ہوا، اس قدر پُر سکون اور راحت افزا ماحول تھا کہ باہر آنے کو جی نہیں چاہتا تھا، مگر نا معلوم ہاتھ مجھے پھر باہر لے آیا۔

سبحان اللہ، سبحان اللہ، اسلام زندہ باد! اسلامی انقلاب پائندہ باد!!

مولایَ صل و سلم دائماً ابداً علی حبیبک خیر الخلقِ کلھِم

۳۰۷۔ جناب ڈاکٹر شبیر احمد (فلوریڈا، امریکہ) کے مضمون "وید پرکاش سے نور الہدیٰ تک" سے یہ اخذ کیا ہے:

جہان میں جو خوبی نظر آتی ہے، وہ نور محمد مصطفےٰ ﷺ کا فیض ہے اور اگر کچھ غیر کا ملیت دکھائی دیتی ہے تو سمجھ لیجیے کہ وہ شے یا وہ خیال محمد مصطفےٰ ﷺ کی تلاش میں سرگرداں ہے۔ اتنی خوبصورت اور حسین بات قدسی مقال علامہ اقبالؒ کے سوا اور کون کہہ سکتا تھا!

حقیقت یہ ہے کہ مسلمان کے لیے اتنا سمجھ لینا آسان ہونا چاہیے کہ نبی کامل ﷺ کی ذات اقدس پر نور نبوت بھی تمام ہو گیا اور ہدایت کی تکمیل و حفاظت بھی ہو گئی۔ آپ ﷺ کے بعد کسی اوتار اور کسی آنے والے کی ضرورت باقی نہ رہی۔ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی و رسول، آخری ہادی و رہنما اور آخری انسان کامل، آپ ﷺ ہی ہیں۔ آپ ﷺ پر کامل ہدایت نازل ہوئی لہٰذا مزید کسی آنے والے کی ضرورت ہی باقی نہ رہی۔ یہی سبب ہے کہ روشن خیال بدھ، ہندو اور عیسائی دل سے تسلیم کر رہے ہیں کہ آسمانی صحیفوں میں جس آخری رہنما کی پیشگوئیاں کی گئی ہیں۔ وہ حضرت رحمت اللعالمین ﷺ ہی ہیں اور کوئی دوسرا نہیں۔

وہ لوگ مسلمانوں سے زیادہ قابل مبارکباد ہیں جو غیر مسلم ہوتے ہوئے اپنی بصیرت کی بنا پر پہچان گئے ہیں کہ فارقلیط بھی آپ ﷺ ہیں، متھرا بھی آپ ﷺ، کالکی اوتار بھی آپ ﷺ، میتا بھی آپ ﷺ اور تھری تھنکر بھی آپ ﷺ ہی ہیں۔ علامہ اقبالؒ فرما رہے ہیں:

؎ خلق و تقدیر و ہدایت ابتدا است رحمت اللعالمین (ﷺ) انتہا است

(یعنی کائنات کی تخلیق اللہ کے قوانین اور اس کی جانب سے ہدایت سب کچھ ابتداء ہے تو انتہا کیا ہے؟ رحمتہ اللعالمینی ﷺ)!

کوئی مانے نہ مانے الٰہ آباد یونیورسٹی (یوپی، بھارت) کے مشہور و معروف پروفیسر

marfat.com
Marfat.com

"پنڈت وید پرکاش اوپادھائی" نے یہ نکتہ پالیا ہے، جان لیا ہے، پہچان لیا ہے اور اب آپ "ہری اوم" نہیں پڑھتے، بندے ماترم نہیں کہتے، دیوی دیوتاؤں کو نمسکار نہیں کرتے۔ اپنی ریسرچ سے وہ اب نورِ مصطفےٰ ﷺ کی تکمیل کے قائل ہو چکے ہیں اور لکھتے ہیں: "اے میرے ہندو بہنو اور بھائیو! پارسیو! بدھ مت والو! مسیحیو اور مسلمانو! جاگو، اٹھو اور دیکھو! وہ جس کی خبر گذشتہ صحیفوں میں ہے، وہ ساتویں صدی عیسوی میں عرب میں تشریف لا کر جہان بھر کو منور کر چکا ہے۔ وہ محمد ﷺ ہے، وہ احمد ﷺ ہے، وہ عاقب ہے، وہی میتا ہے، وہی متھرا، وہی تھری تھنکر اور وہی کالکی اوتار ہے! آؤ اور اس کی رحمت کے سائے میں بیٹھو، ایک ہو جاؤ، اب یہاں کوئی اور نہیں آئے گا"۔

آج ۷ ۲ نومبر ۱۹۹۹ء کو یہ سطور لکھنے کے دوران خوشخبری ملی کہ پنڈت وید پرکاش نے اپنا نام "نور الہدیٰ" رکھ لیا ہے، انہوں نے اپنے لیے کس قدر موزوں نام چنا ہے۔

پنڈت جی کی کتاب میں درج ہے کہ ہندو مت کے ماہر آٹھ پنڈت کالکی اوتار کے بارے میں پوری طرح ان کے ہم نوا ہیں۔ آج ہی خبر ملی ہے کہ بھارت ورش کے سینکڑوں پنڈت، اسکالر، برھمن، یوگی اور گیلانی جناب نور الہدیٰ کی آواز میں آواز ملا رہے ہیں۔ اب ملاحظہ فرمایئے کتاب "کالکی اوتار" کے چند دلچسپ اقتباسات:۔

وہ لکھتے ہیں کہ ہندوؤں کی مقدس کتاب "پران" میں صاف الفاظ میں تحریر ہے کہ کالکی اوتار دنیا کا آخری پیغمبر (خاتم النبیین ﷺ) ہو گا۔

آپ ﷺ کی پیدائش ایک جزیرہ نما میں ہو گی۔ آپ ﷺ کے والد کے نام "وشنو بھگت" اور والدہ کا نام "سومانی" ہو گا۔

آپ ﷺ کی پیدائش چاند کے مہینہ کی ۱۲ تاریخ کو ہو گی۔

کالکی اوتار کی غذا میں کھجور اور زیتون عام ہوں گے۔

آپ ﷺ کو ایک غار میں فرشتے کے ذریعہ تعلیم دی جائے گی۔

وشنو بھگت کے معنی اللہ کا بندہ یعنی "عبد اللہ" اور سومانی کے معنی امن وسکون والی یعنی "آمنہ"۔

کالکی اوتار ایک معزز قبیلے میں پیدا ہونگے۔ وہ سب سے زیادہ سچے (صادق) اور امانتدار ہوں گے۔

کالکی اوتار ناکام نہیں ہونگے۔ اپنا مشن پورا کریں گے۔ خدا کی مدد انہیں حاصل ہو گی۔

کالکی اوتار کو خدا ایک ایسا تیز رفتار گھوڑا عطا کرے گا جس پر وہ زمین و آسمان کی سیر کریں گے۔

وہ ایک بہترین شاہسوار اور ماہر شمشیر زن ہوں گے۔

مصنف لکھتے ہیں کہ آج کے زمانے میں تلوار چلانے والے گھڑ سوار کالکی اوتار کا

marfat.com
Marfat.com

انتظار کرنا ہندو قوم کی بد بختی ہو گی۔ بھارت کے ہندوؤں کو چاہیے کہ اپنی مقدس کتابوں کی روشنی میں محمد ﷺ کو پہچان لیں اور مسلمان ہو جائیں۔ سریمد بھگوت پران میں لکھا ہے کہ کالکی "شمبھل" نامی بستی میں ایک مہنت کے گھرانے میں پیدا ہو گا۔

سنسکرت میں "شمبھل" کے معنی ہیں "جائے امن" اور مکہ مکرمہ کو دار السلام اور ارض حرم کہا جاتا ہے۔ "شمبھل" اس جگہ کو بھی کہتے ہیں جو پانی کے چشمے کے نزدیک ہو اور جہاں دور دور سے لوگ کھچے چلے آئیں۔ دیکھیے زم زم اور حج کی طرف واضح اشارہ ہے۔ مہنت کہتے ہیں بڑے پجاری کو۔ حضور انور ﷺ کے دادا عبد المطلب کعبہ کے متولی تھے۔

"کالکی اوتار اور محمد صاحب (ﷺ)" از پنڈت وید پرکاش میں کالکی اوتار کا خطاب "جگت پتی" لکھا ہے۔ پنڈت وید پرکاش دریافت فرماتے ہیں کہ "جگت پتی" کا ترجمہ "سرور عالم (ﷺ) کے سوا کیا کچھ اور بھی ہو سکتا ہے؟ کالکی اوتار ان ڈاکوؤں کو ملیامیٹ کر دے گا جو بادشاہوں کا روپ دھارے بیٹھے ہوں گے۔

کالکی اوتار کا وجود سورج اور چاند کی طرح روشن اور نورانی ہو گا۔ (اب دیکھیے قرآن مجید میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو "سراجا منیرا" کہا گیا ہے۔ سراج معنی سورج اور منیر معنی چاند)۔

کالکی اوتار کے دور میں پورا ملک اخلاق و کردار کا گہوارہ بن جائے گا (ایسا ہی ہوا)۔

ڈاکٹر پنڈت وید پرکاش چندی گڑھ یونیورسٹی (مشرقی پنجاب، بھارت) میں سنسکرت کے ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ تھے جب ۱۹۷۰ء میں آپ نے ہندی زبان میں ساٹھ صفحات کی کتاب "کالکی اوتار اور محمد صاحب (ﷺ)" تحریر فرمائی تھی جس کی قیمت ایک روپیہ تھی اور جسے گیتا پریس گورکھپور (یوپی، بھارت) نے شائع کیا تھا۔ امریکہ میں اب اس کتاب کا انگریزی ترجمہ "MOHAMMAD IN THE VEDAS" بہت سے اسلامی کتب فروشوں کے یہاں دستیاب ہے۔

گجرات (بھارت) کے شیفتہ رسول، جناب عبد الحق ودیارتھی نے تقریباً پچاس سال قبل بڑی ہی عقیدت، محبت اور احترام سے انگریزی میں کتاب بعنوان "MOHAMMAD IN THE WORLD SCRIPTURES" لکھی تھی، جواب ناپید ہے۔

پروفیسر اُمید علی مصنف / مؤلف کتاب ہذا کے ایک عزیز تھے۔ قیام پاکستان سے بہت پہلے آگرہ میں انہوں نے بھی انگریزی میں ایک کتاب لکھی تھی جس کا نام تھا "MOHAMMAD IN ANCIENT SCRIPTURES" BY U. ALI عرصے تک

marfat.com
Marfat.com

میرے پاس رہی مگر اب نہیں ہے۔

جناب عبدالحق ودیارتھی اور پنڈت وید پرکاش (اسلامی نام "نورالہدیٰ") دونوں نے لکھا ہے کہ ہندومت کی کتابوں میں جس پیغمبر آخرالزماں (ﷺ) کی پیش گوئی کی گئی ہے وہ سرور کائنات محمد مصطفےٰ ﷺ ہیں، آپ ﷺ کے سوا کوئی اور نہیں۔ آج کل چرچا کتاب "کالکی اوتار اور محمد صاحب (ﷺ)" کا ہے لیکن جناب عبدالحق ودیارتھی کی کتاب کے اقتباسات قابل اعتماد جریدوں میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ پارسیوں کی مذہبی کتاب اوستا (AVASTA) سے آپ نے حضرت زرتشت کا یہ قول نقل کیا ہے:

"حمد کے لائق ایک شخص عرب سے اٹھے گا۔ وہ ظالم حکومتوں کے تختے الٹ کر رکھ دے گا۔ وہ خدا کے گھر کو بتوں سے پاک کر دے گا۔" صاحبو! اس قول پر کسی تبصرے کی ضرورت نہیں، صرف اتنا نوٹ کر لیجیے کہ "محمد" کے معنی ہوتے ہیں "حمد کے لائق، تعریف کے قابل"۔

جناب ودیارتھی مہاتما گوتم بدھ کا قول بدھ مت کی کتاب "تری پیٹکا" سے پیش کرتے ہیں: "دنیا کا عظیم ترین معلم عرب میں ظاہر ہوگا۔ وہ صداقت و امانت میں یکتا ہوگا اور صادق و امین کہلائے گا"۔ صاحبو! زرتشت اور مہاتما گوتم بدھ کے ارشادات آج سے قریب ڈھائی ہزار سال قبل اور آخری آنے والے "خاتم النبیین (ﷺ) کی آمد سے ایک ہزار سال قبل کی کتابوں میں ملتے ہیں۔

اب چلیے ان سے بھی پرانے ہندومت کے صحیفوں میں:

ہندومت کے قدیم ترین ماخذ "پران" میں لکھا ہے "ایک عظیم روحانی معلم عرب سے اٹھے گا۔ صداقت اس کے ساتھ ہوگی۔ بہت بڑی جمعیت اس کے گرد ہوگی۔ وہ ابلیسی نظاموں کا خاتمہ کر دے گا اور اس طرح شیطان کو قتل کر دے گا۔ اس کا نام "مہمد" ہوگا۔

مہارشی بیاسا (BYASA) نے لکھا ہے کہ سرزمین عرب فتنہ و فساد سے بھری ہوگی کہ مہمد پیدا ہونگے اور وہ بھٹکے ہوؤں کو واپس لائیں گے۔ یہ پیغمبر مختون، باریش اور خطابت میں بے مثال ہوگا۔ وہ ایک عظیم انقلاب کا بانی ہوگا۔ اس کے دور میں عبادت کے لیے لوگ پکارے جائیں گے (یعنی گھنٹیاں جس طرح ہندو بجاتے ہیں، نہیں بجیں گی بلکہ اذان ہوگی) اس آخرالزماں رشی کے دین میں خنزیر حرام ہوگا اور طیب و پاک جانور حلال ہوں گے۔ وہ کافروں کے ظلم کے خلاف جہاد کرے گا۔

اب دیکھیے اپنڈیشین کیا کہتے ہیں: بقول جناب ودیارتھی ایک گجراتی ہندو سکالر پنڈت

marfat.com
Marfat.com

باسو نے "انسائیکلوپیڈیا انڈیکا" ترتیب دیا ہے، جو کلکتہ سے کئی زبانوں میں چھپ چکا ہے۔ اس کی دوسری جلد میں الو (ALO) اپند شد کے تحت لکھا ہے: "کوئی دیوتا یا بھگوان نہیں سوائے اللہ کے۔ سچا دیوتا اللہ ہی ہے۔ وہ یکتا ہے واحد ہے۔ سچے بھگوان اللہ کا سچا رشی (پیغمبر) آئے گا۔ ان کا نام "مہمد" ہے۔ اللہ کے تمام پیغمبروں میں عظیم ترین۔ مہمد لوگوں کو بتائے گا کہ سچا بھگوان اللہ ہے۔ وہ اول و آخر ہے۔ سب کا خالق سب کا پالنے والا۔ وہ جس نے زمین و آسمان پیدا کیے اور اس نے بہت سے رشی (پیغمبر) بھیجے۔ اللہ بڑا ہے۔ سب سے بڑا ہے۔ کوئی بھگوان نہیں سوائے اس کے"۔

اتھراویدا (ATHARVA VEDA) میں ہے: آنے والا آخری رشی حمد کرے گا اور خود بھی حمد کے لائق (محمد اور احمد) ہو گا۔

"کراما" یعنی مہاجر ہونا، ہجرت کر جانا اس کی درخشاں زندگی کا اہم واقعہ ہو گا۔

آخر کار اس کے ساٹھ ہزار دشمن (اس کے شہر مکہ مکرمہ کے لوگ) ہار ماننے پر مجبور ہوں گے۔ فتح مکہ کے وقت مکہ مکرمہ کے باشندوں کی تعداد ساٹھ ہزار ہی تھی۔

اتھراویدا کے دوسرے منتر میں لکھا ہے کہ ہندوستان کے رشیوں کو اونٹ پر سوار ہونے کی اجازت نہیں، لیکن آخری آنے والا عرب کا رشی ماہر شتر سوار ہو گا۔

اس ویدا کے ساتویں منتر میں درج ہے کہ آخری مہارشی "پیغمبروں کا سردار" "پیرک شیٹ" ہو گا۔ یہ سنسکرت زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں "تمام بنی نوع انسان کا رہنما"۔

جناب ودیارتھی اور پنڈت باسو لکھتے ہیں کہ بائبل میں پیراکلیٹس اور عربی میں فارقلیط دراصل "پیرک شیٹ" ہی ہے۔

اتھراویدا کا ایک اور انمول ارشاد سنیئے: آخری رشی کی ایک پہچان یہ ہو گی کہ وہ ایک جنگ میں اپنے دس ہزار متحدہ دشمنوں کو بغیر لڑے شکست دے گا۔ (غزوہ خندق / احزاب میں مشرکین، کفار اور منافقین کا لشکر دس ہزار سپاہ پر مشتمل تھا۔ اللہ کے حکم سے ایسی زوردار آندھی چلی تھی کہ دشمنوں کے خیمے ہی نہیں پاؤں بھی اکھڑ گئے تھے)۔

ویدوں میں انتہائی معزز رگ ویدا (RIG VEDA) میں تحریر ہے: دنیا کا آخری رشی صادق اور امین ہو گا۔ وہ قوی ہو گا اور سخاوت میں یکتا۔ بالآخر اپنے دس ہزار جاں نثاروں کے ساتھ واپس اپنے شہر آئے گا (فتح مکہ کے موقع پر آپؐ کے ہمراہ آپؐ کے دس ہزار جانثار ساتھی تھے)۔

غور فرمایئے ویدوں اور اپندیشوں کی یہ پیشین گوئیاں تاریخ عالم کی کسی اور شخصیت

marfat.com
Marfat.com

پر بھی کیا پوری اتر سکتی ہیں؟ زرتشت سے منسوب کتاب "نظر آوستا" کہتی ہے کہ عرب میں ایک "سالوشانٹ" یعنی آخری پیغمبر آئے گا۔ اس کے آتے ہی آتش کدہ سرد ہو جائے گا پھر عنقریب ایک زبردست انقلاب آئے گا جس میں حکومتوں کے تختے الٹ جائیں گے۔

صاحبو! بہت سے مؤرخین نے یہ بات لکھی ہے کہ ولادت حضرت نبی الامی ﷺ کے موقع پر فارس کا آتش کدہ سرد ہو گیا تھا۔ سلطنت کا یہ سب سے بڑا آتش کدہ تھا، جو ایک ہزار سال سے ایک لمحے کے لیے بھی بجھا نہ تھا۔ بعثت نبوی (ﷺ) کے بعد چند ہی برسوں میں مجوسیوں کی سلطنت فارس (ایران) کا آفتاب غروب ہو گیا تھا۔

پارسیوں (مجوسیوں) کے ایک اور مقدس صحیفے "دساتیر" میں درج ہے: "وہ لوگ جو آتش کدوں کی طرف منہ کر کے عبادت کیا کرتے ہیں، ایک ایسے گھر کی طرف منہ کر لیں گے جو بتوں سے پاک کر دیا گیا ہو گا۔ یہ انقلاب عرب کا ایک مقدس شخص لائے گا۔ وہ نہایت پاکیزہ اور فصیح البیان ہو گا۔ وہ دنیا والوں کو بہترین قوانین عطا کرے گا"۔

صاحبو! یہ ارشادات ڈھائی ہزار برس پرانی کتابوں میں لکھے ہیں۔ حیرت کے ساتھ ساتھ رنج اس بات کا ہے کہ پیدائشی عقیدے انسان کی عقل و خرد کو نابینا کر دیتے ہیں۔

جناب ودیارتھی کی کتاب سے مہاتما بدھ کا ایک اور ارشاد سنیے:

آئندہ زمانے میں ایک بدھ اور آئے گا۔ وہ مہا آتما والا ہو گا۔ اس کا نام "م" سے شروع ہو گا۔ میں اسے "میترا" کہتا ہوں کیونکہ وہ نرم خو، مہربان، منکسر المزاج اور امن کا پیغامبر ہو گا۔ اس کا اخلاق انسانوں کے لیے مثالی ہو گا۔ خدا اس کی حفاظت کرے گا، یہاں تک کہ وہ پوری طرح کامیاب ہو جائے گا۔ (صاحبو! غور فرمایئے کہ قرآن مجید کا ارشاد ہے "یعصمک عن الناس" یعنی اللہ آپ کو انسانوں کے شر سے محفوظ رکھے گا)۔

مذکورہ بالا مضمون جناب نور الہدیٰ (سابق پنڈت وید پرکاش) جو نہ صرف ہندو مت پر سند سمجھے جاتے ہیں، بلکہ بھارت میں انہیں مذاہب عالم پر بھی ایک اتھارٹی تسلیم کیا جاتا ہے اور جناب عبدالحق ودیارتھی کی کتابوں سے تیار کیا گیا ہے۔ ان دونوں نو مسلم دانشوروں کے ان بیانات کے بعد تو بھارت کی ہندو جنتا کی آنکھیں کھل جانی چاہییں۔ (فیملی میگزین، لاہور ۱۶ تا ۲۲ اور ۲۳ تا ۲۹ جنوری ۲۰۰۰ء)۔

۳۰۸۔ صاحبزادہ سید نصیر الدین گولڑوی فرماتے ہیں کہ میرے دادا محترم بابو جی (حضرت محی الدین گیلانی) کو دوسرے کئی علما اور مشائخ کی طرح قائداعظم کی ظاہری غیر شرعی شخصیت اور اسلام کے نام پر ایک خطے کا حصول قدرے کھٹکتا تھا۔ اسی دوران آپ اجمیر شریف تشریف

marfat.com
Marfat.com

لے گئے تو وہاں ایک دن ایک مخلص شخص نے آپ سے عرض کیا کہ حضرت! میں نے رات سرکار دو عالم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کیا ہے، آپ ﷺ کے سامنے میز پر ایک فائل پڑی ہے، چند لمحے بعد ایک سوٹڈ بوٹڈ شخص حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ نے ان کو وہ فائل دے کر فرمایا کہ "یہ پاکستان کی فائل ہے"۔ وہ شخص جب اپنا یہ خواب سنا چکا تو تھوڑی ہی دیر بعد اس دن کا اخبار آ گیا۔ اخبار کے صفحہ اول پر ایک شخص کی تصویر دیکھ کر اس نے حضرت بابو جیؒ سے کہا کہ یہی وہ شخص ہے، جسے رات میں نے خواب میں حضرت رسالت مآب ﷺ کی بارگاہ اقدس سے پاکستان کی فائل لیتے دیکھا تھا۔ وہ جناب محمد علی جناح (مستقبل کے قائد اعظمؒ) تھے۔ اس دن سے حضرت بابو جیؒ مسلم لیگ کے حامی بن گئے اور اسی نسبت سے ہم آج تک مسلم لیگ کی حمایت کرتے ہیں (ماہنامہ "ساندل سویرا" اسلام آباد، اکتوبر ۱۹۹۷ء۔ صفحہ ۱۵)۔

۳۰۹۔ ۱۹۴۶ء کے دوران موچی گیٹ، لاہور کے ایک جلسے میں شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا:

"میں قیام پاکستان کا اس لیے حامی ہو گیا ہوں کہ خواب میں قائد اعظمؒ کی طرف اشارہ کر کے سیّد البشر، حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا: "دیکھو اس شخص کی ہرگز مخالفت نہ کرنا، یہ میری مظلوم امت کے لیے ہندوستان میں بہت بڑی خدمات انجام دے رہا ہے، اس کی جو مخالفت کرے گا وہ پاش پاش ہو جائے گا" (ماہنامہ "ضیائے حرم"۔ لاہور۔ دسمبر ۱۹۹۲ء۔ صفحہ ۶۵)۔

۳۱۰۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ نے خواب دیکھا کہ حضور نبی کریم ﷺ ایک ڈاڑھی مونچھ مونڈے شخص کو تاج پہنا رہے ہیں اور دیکھتے دیکھتے اس تاج نے جناح کیپ کی شکل اختیار کر لی۔ میں نے غور سے دیکھا تو وہ شخص محمد علی جناح تھے۔ میں نے اپنا یہ خواب حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کو سنایا تو انہوں نے سن کر فرمایا: واللہ اعلم بالصواب۔ اللہ ہی بہتر جانتا ہے، مگر میری رائے میں اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ ملک پاکستان جس کے لیے آواز بلند ہو رہی ہے، اس شخص (محمد علی جناح) کے ہاتھوں اور اس کی کوششوں سے بن جائے گا ("مبشرات پاکستان" از الحاج ظہور الحسن قادری۔ صفحہ ۷۱)۔

۳۱۱۔ قیام پاکستان کے وقت عبدالحفیظ شیرازی پونا (بھارت) میں فوجی افسر تھے۔ پاکستان بنتے ہی دوسرے بے شمار مہاجرین کی طرح ان پر بھی جو قیامت ٹوٹی اور جن مصائب و آلام کا یہ شکار ہوئے، اس کی وجہ سے پاکستان کے سخت مخالف ہو گئے اور فیصلہ کر لیا کہ پاکستان کو ختم

marfat.com
Marfat.com

کرنے کے سلسلے میں جو کچھ بھی مجھ سے ہو سکا کر گزروں گا۔ جب پاکستان پہنچ گئے تو انہوں نے ایک رات یہ خواب دیکھا: ملٹری کا ماحول ہے، مجھ سے کسی نے کہا کہ حضور اقدس ﷺ تشریف لائے ہوئے ہیں، میں آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور دست بستہ عرض کیا: یا رسول اللہ (ﷺ) اس پاکستان بننے کی وجہ سے ہم برباد ہو گئے ہیں۔ یہ سن کر حضور انور ﷺ نے فرمایا: ”عبدالحفیظ! یہ ملک میری دعا اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے بنا ہے، اس کی بنیادیں نہایت مضبوط ہیں اور اس ملک کی کمان میں نے سلطان محمود غزنوی کو دے دی ہے، یہ ملک قیامت تک قائم رہے گا اور اس کو مٹانے والے کتے کی موت مریں گے، یہ ان کا مقدر ہو چکا ہے اور تمہیں جو تکالیف ہوئی ہیں اور تم جن مصائب سے دو چار ہوئے ہو، اللہ تعالیٰ تمہیں اس کا نعم البدل عطا فرمائے گا“ (مبشرات پاکستان از الحاج ظہور الحسن قادری۔ مطبوعہ لاہور ۱۹۹۶ء۔ صفحہ ۷۲)۔

۳۱۲۔ ۱۹۶۹ء میں پراجیکٹ ہائی سکول، منگلا (اب گورنمنٹ پراجیکٹ ہائی سکول، منگلا) میں قائداعظم ڈے پر سکول کی بزم ادب نے منگلا ڈیم آرگنائزیشن کے PRO جناب سیّد محمد ادریس شاہ (متوفی ۱۹۹۵ء) کو بطور مہمانِ خصوصی مدعو کیا تھا۔ آپ نے اپنی تقریر میں بتایا کہ قائداعظمؒ کے ایک نہایت قریبی ساتھی تھے، جنہوں نے ایک مجلس کہ جس میں میں بھی موجود تھا، یہ واقعہ سنایا تھا:

فرمایا کہ جب قائداعظمؒ انگلستان سے مستقل طور پر بمبئی (بھارت) آ گئے تو میں آپ سے ملاقات کے لیے گیا۔ قائداعظمؒ گہری سوچ میں غرق تھے۔ مجھے دیکھ کر فرمانے لگے کہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ علامہ اقبالؒ نے مجھے بلایا، جب کہ کچھ کا خیال ہے کہ خان لیاقت علی خان مجھے لے کر آئے، بے شک ان دونوں حضرات کا بھی کچھ نہ کچھ حصہ ہے، لیکن اصل بات جو مجھے یہاں لائی، کچھ اور ہی ہے جو میں نے آج تک کسی کو نہیں بتائی، تمہیں اس شرط پر بتانا چاہتا ہوں کہ میری زندگی میں اسے ظاہر نہیں کرو گے کیونکہ لوگ بات کا بتنگڑ بنا دیتے ہیں۔ جب میں نے انہیں یقین دلا دیا کہ ایسا ہی ہو گا، تو انہوں نے فرمایا:

ایک رات میں لندن میں اپنے کمرے میں سو رہا تھا کہ ایک جھٹکے سے میری آنکھ کھل گئی۔ میں پھر سو گیا، دوسرا جھٹکا تیز تھا، پس میں اٹھا، دروازہ کھول کر باہر کا جائزہ لیا اور یہ اطمینان کر کے کہ سب ٹھیک ہے آ کر سو گیا کہ تیسرے جھٹکے نے مجھے جھنجوڑ کر رکھ دیا اور میں اٹھ کر بستر پر بیٹھ گیا۔ میرا کمرہ خوشبو سے مہک رہا تھا اور میں وہاں کسی کی موجودگی محسوس کر رہا تھا۔ میں نے کہا:

Who are you?

marfat.com
Marfat.com

جواب آیا:

I am your prophet Muhammad (ﷺ). I have come to ordain you to leave for India & guide muslims there in their freedom movement. I am with you. Finally you will emerge successful Insha-Allah.

یہ سن کر میں نے جواب دیا: Thank you my Holy Prophet (ﷺ)

اس مفہوم کی گفتگو ہوئی جس کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو سکتا تھا، میں مستقل طور پر بمبئی آ گیا۔

مصنف / مؤلف کتاب ہذا نے اس واقعہ سے یہ تین نتائج مرتب کیے ہیں:

(۱) قائداعظمؒ کی بلند بختی کی انتہا ہے۔ یہ خواب نہیں ہے بلکہ آپ بیداری میں حضرت رسول اللہ ﷺ کے ارشادِ عالیہ کی سماعت فرما رہے ہیں اور عین ممکن ہے دیدار بھی کر رہے ہوں (۲) ہندو اور انگریز کی بے پناہ رکاوٹوں اور مخالفت کے باوصف قائداعظمؒ کو اپنے مشن میں کامیابی کا سو فیصد یقین تھا، کیونکہ حضور اقدس ﷺ آپ کو کامیابی کی نوید سنا چکے تھے، سو ایسا ہی ہوا، تمام رکاوٹیں دھری کی دھری رہ گئیں اور بظاہر ناممکن حالات کے باوجود پاکستان وجود میں آ گیا۔

(۳) گفتگو (ڈائیلاگ) انگریزی میں ہوئی تو اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں۔ ہمارے نبی پاک ﷺ قیامت تک کے لیے نبی ہیں۔ آپ ﷺ کے امتی ہزار ہا قسم کی زبانیں بولتے ہیں۔ یہ بھی آپ ﷺ کا زندہ معجزہ ہے کہ جو امتی آپ ﷺ سے جس زبان میں گفتگو کرتا ہے، آپ ﷺ اُسے اسی کی زبان میں جواب عنایت فرماتے ہیں۔

مولایَ صلِ وَ سلم دائماً ابداً على حبيبك خيرِ الخلقِ كلهم

مصنف / مؤلف کتاب ہذا نے خود گورنمنٹ پراجیکٹ ہائی سکول، منگلا اور جہلم جا کر یہ معلومات حاصل کیں۔ کوشش بسیار کے باوجود پتہ نہ چل سکا کہ قائداعظمؒ کے ان خاص دوست اور ساتھی کا کیا نام تھا؟ بہر حال اس میں شک نہیں کہ یہ واقعہ ہوا ہے اور درست ہے۔

بزم رضویہ (رجسٹرڈ) لاہور، سلسلہ اشاعت نمبر ۳۸ میں مسٹر محمد اشرف بیگ نے جو اُس زمانے میں اُس سکول کے طالب علم تھے، اس واقعہ کا ذکر کیا ہے جس کو پڑھ کر پھر میں نے اپنے طور پر تحقیق کی۔

حکیم الامت، جامع المجددین حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ، قائداعظم محمد

marfat.com
Marfat.com

علی جناحؒ کو کس مرتبہ کا سمجھتے تھے، اس بات کا اندازہ ان کے اس خواب سے لگایا جا سکتا ہے۔ فرماتے ہیں:

میں خواب بہت کم دیکھتا ہوں، مگر جب دیکھتا ہوں تو اکثر صحیح ہوتے ہیں۔ میں نے ایک خواب میں دیکھا کہ گویا میدان حشر قائم ہے اور کچھ حضرات کرسیوں پر بیٹھے ہیں۔ یہ علما و صلحا کا گروہ تھا اور میں نے دیکھا کہ مسٹر جناح بھی ایک عباء پہنے اس گروہ میں کرسی پر بیٹھے ہیں تو میرے دل میں خیال آیا کہ مسٹر جناح اس گروہ میں کس طرح شامل ہوئے؟ تو فوراً ایک بزرگ نے جواب دیا کہ مسٹر جناح آج کل مسلمانوں اور اسلام کی بہت بڑی خدمت انجام دے رہے ہیں، اس لیے انہیں یہ اعزاز دیا گیا ہے۔ حضرت تھانویؒ کا یہ خواب کلکتہ کے اخبار "عصر جدید" میں اُس زمانے میں شائع بھی ہوا تھا (یاد رہے حضرت تھانویؒ کا وصال ۱۹۴۳ء میں قیام پاکستان سے چار سال قبل ہو چکا تھا) (حکیم الامت کے سیاسی افکار از محمد اکرم کشمیری۔ صفحہ ۱۲ تا ۱۳۔ سلسلہ ۲۳۶۱ صدیقی ٹرسٹ، کراچی)۔

۲۵ دسمبر ۱۸۷۶ء کو جناح پونجا کے گھر میں پیدا ہونے والے محمد علی جناح ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء کو قائداعظم بن کر دنیا سے رخصت ہوئے کہ دشمن بھی آپ کو داد تحسین دیے بغیر نہ رہ سکے:

پنڈت جواہر لال نہرو کی بہن وجے لکشمی پنڈت نے فرمایا کہ اگر مسلم لیگ میں ایک سو گاندھی اور دو سو ابوالکلام آزاد ہوتے، لیکن کانگریس میں ایک محمد علی جناح ہوتے تو برصغیر تقسیم نہ ہوتا۔

بلبل ہند، مسز سروجنی نائیڈو نے لکھا ہے کہ کانگریس کے لیڈروں کو صدمہ ہے اور وہ کفِ افسوس مل رہے ہیں کہ پاکستان کیوں اور کیسے بنا؟ میں ان کو بتاتی ہوں کہ یہ سب ان کی نالائقی اور ناکامی ہے۔ ان میں کوئی اس پائے کا لیڈر نہیں، جو قائداعظم محمد علی جناح کا مقابلہ کر سکتا۔ کاش کانگریس میں صرف ایک قائداعظم ہوتا اور کانگریس کے یہ سارے لیڈر موتی لال نہرو، جواہر لال نہرو، گاندھی، سردار پٹیل اور ابوالکلام آزاد وغیرہ سب مسلم لیگ میں ہوتے تو پاکستان کبھی نہ بنتا۔

لارڈ ماؤنٹ بیٹن، قائداعظمؒ کے بدترین دشمن تھے۔ انہوں نے بی بی سی کو اپنی زندگی کا آخری انٹرویو دیتے ہوئے کہا:

"لیڈی ماؤنٹ بیٹن وفات پاکر یسوع مسیح کے پاس پہنچ چکی ہیں، میں بھی بوڑھا ہو چکا ہوں اور میرا آخری وقت اب دور نہیں۔ جی چاہتا ہے کہ اب سچ بولوں، میں نے دنیا کے

marfat.com
Marfat.com

اکثر و بیشتر حاکموں اور سیاستدانوں کو دیکھا، مگر میں نے مسٹر جناح جیسا کھرا اور راست روکسی کو نہیں پایا، مسٹر جناح بہت ہی ذہین شخص تھے۔ ہم نے اگر کبھی چاہا کہ کوئی لفظی کھیل کھیل کر، یہ یا وہ نکتہ لپیٹ کر پیش کر دیں تو ان کی نظر فوراً اسی نکتے پر پڑتی تھی، جسے ہم چھپانا چاہتے تھے۔ مجھے اپنی انگریزی زبان پر ناز تھا۔ مسٹر جناح کی مادری زبان انگریزی نہ تھی لیکن اس کے باوجود اعتراف کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھے انگریزی زبان میں شکست دی۔ تقسیم برعظیم ایک بہت بڑا مسئلہ تھا، ہم تقسیم نہیں چاہتے تھے مگر حالات نے وہاں لا کر کھڑا کر دیا۔ ایک شخص واحد کی جنبش سر پر فیصلے کا انحصار تھا۔ وہ برعظیم کو متحد رکھنے کے حق میں سر کو جنبش دے دیتا تو برعظیم متحد رہتا لیکن اس نے تقسیم کے حق میں سر کو جنبش دی، لہٰذا تقسیم کے سوا چارہ نہیں تھا۔"

۳۱۴۔ سیّد صفدر علی احمد نے قیامِ پاکستان کے چند دن بعد خواب دیکھا کہ ایک معصوم بچہ جس کا نام پاکستان ہے، نہایت سفید لباس زیب تن کیے ایک مرد بزرگ کے حضور کھڑا ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ مرد بزرگ خواجہ خضرؑ ہیں اور وہ اسے پند و نصائح فرما رہے ہیں۔ پاس میں بھی کھڑا ہوں مگر مجھے آواز سنائی نہیں دیتی، البتہ دونوں کے لب ہلتے نظر آتے ہیں۔ پھر خواجہ خضرؑ نے مجھے تاکید فرمائی کہ جدھر بھی پاکستان جائے تم بھی اس کے ساتھ ساتھ رہنا، یہ کہہ کر وہ نظروں سے اوجھل ہو گئے۔

میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو ہم ایک گھنے خوفناک جنگل میں کھڑے تھے۔ ارد گرد سر بفلک پہاڑ تھے، چٹانیں اور گہرے کھڈ تھے۔ کوئی پگڈنڈی تک نظر نہ آتی تھی۔ پاکستان چل پڑا تو سامنے از خود ایک فراخ پختہ سڑک تیار ہونا شروع ہو گئی۔ ایسا معلوم ہوا کہ دری کی طرح سڑک خود بخود کھلتی جا رہی ہے، پھر میں نے دیکھا کہ پاکستان گاڑی کی سی تیزی سے آگے جا رہا ہے اور پہاڑ، کھڈ اور گھنا جنگل اُسی تیزی سے پیچھے کی جانب جا رہے ہیں۔ بہت سی مسافت طے کرنے کے بعد ہم ایک وسیع میدان میں داخل ہوئے تو سامنے حضور پرنور ﷺ کا روضۂ اطہر نظر آیا جس کا رنگ سرخ تھا سبز نہ تھا، شاید اس لیے کہ ان دنوں بھارت میں مسلمانوں کا خون پانی کی طرح بہایا جا رہا تھا، پھر دیکھا کہ روضۂ اطہر اور ہمارے درمیان ایک عظیم دریا بہہ رہا ہے جس میں زبردست سیلاب ہے اور دریا کی موجیں چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں کی طرح اٹھتی اور ٹوٹتی ہیں۔ وہاں معلوم ہوا کہ ہماری منزل مقصود روضۂ انور ہے اور ہمیں وہاں حاضری دینی ہے۔ میں نے پاکستان سے کہا کہ میں تیراک نہیں، دریا میں اترا تو ڈوب جاؤں گا۔ پاکستان نے کہا میں تو ہر قیمت منزل مقصود تک پہنچوں گا، اس کے بعد اس نے وضو کیا اور دریا میں چھلانگ لگا دی۔ بلند موجیں کبھی اسے اوپر اٹھاتیں، کبھی نیچے پٹخ دیتیں، مگر وہ ایک اچھے تیراک کی

marfat.com
Marfat.com

طرح ہاتھ پاؤں مارتا سیدھا روضۂ اطہر کی جانب تیزی سے بڑھتا رہا یہاں تک کہ نظروں سے اوجھل ہو گیا۔

میں واپس مڑا تو اولیاءاللہ کا حمد وثنا میں مصروف ایک گروہ نظر آیا، ان میں سے ایک بزرگ نے میرا نام لے کر مجھے پکارا اور کہا: کیا ہم تمہیں ایک بڑی خوشخبری سنائیں۔ میں نے سننے کے لیے اشتیاق ظاہر کیا تو انہوں نے فرمایا: تمہارا ساتھی پاکستان بخیر وعافیت حضور اقدس ﷺ کے دربار میں پہنچ گیا، وہ کچھ مایوس تھا مگر حضور انور ﷺ نے اس کی پشت پر دست شفقت پھیرا تو اس کی ساری مایوسی دور ہو گئی اور وہ خوش وخرم ہو گیا۔ یہ سن کر مجھے بے حد خوشی ہوئی کہ الحمدللہ میرا ساتھی خیریت سے دربار رسالت مآب ﷺ میں پہنچ گیا، کاش! میں بھی اس کے ساتھ رہتا اور حضور پرنور ﷺ کے دیدار پر انوار سے مشرف ہوتا، آگے بڑھا تو ایک گاؤں نظر آیا جس کی کشادہ گلیوں میں سے باہر نکلا تو سامنے ایک جانفزا وسیع سبزہ زار میں حضرت رسول اللہ ﷺ کو نہایت اجلے سفید لباس میں کھڑے دیکھا، آپ ﷺ کے دائیں دست مبارک میں سورج جگمگ جگمگ کر رہا تھا اور آپ ﷺ نے سورج والا دست مبارک بلند کیا ہوا تھا، سامنے پاکستان ہاتھ باندھے کھڑا تھا، میں بھی پاکستان کے ساتھ کھڑا ہو گیا اور اس مقدس منظر سے لطف اندوز ہونے لگا۔

میں نے اپنا یہ خواب ایک مرد بزرگ کو سنایا تو انہوں نے فرمایا: میں نے پاکستان کے متعلق استخارہ کیا تو مجھے نظر آیا کہ وقت آنے پر پاکستان کی حدود بہت وسیع ہو جائیں گی، یہ سب سے زیادہ طاقتور ملک ہو جائے گا اور یہاں خلافت راشدہ کی طرز پر عدل وانصاف سے بھرپور حکومت قائم ہو جائے گی۔

یہ خواب دو قسطوں میں میاں عبدالرشید شہیدؒ نے "نور بصیرت" کے عنوان کے تحت روزنامہ نوائے وقت، لاہور میں ۲۰ ربیع الاول ۱۴۰۰ھ بروز جمعہ بمطابق ۸ فروری ۱۹۸۰ء اور ۲۱ ربیع الاول ۱۴۰۰ھ بروز ہفتہ بمطابق ۹ فروری ۱۹۸۰ء کو شائع کیا تھا۔

مولایَ صلِ و سلم دائماً ابداً علی حبیبكَ خیرِ الخلقِ کلھمِ

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کلماتِ الوداعی

ازل میں ہوئیں تقسیم جب نعمتیں
تو محمد عبدالمجید صدیقی کے حصہ میں آئیں
"زیارتِ نبی ﷺ بحالتِ بیداری" کی دو اور
"سیرت النبی ﷺ بعد از وصال النبی ﷺ" کی سات جلدیں

الحمد للہ ثم الحمد للہ

اس شرف میں سب سے زیادہ اللہ پاک کی رحمت و عطا کا ہاتھ ہے۔ کسی نے سچ ہی تو کہا ہے:

؎ داد اور قابلیت شرطِ نیست بلکہ شرطِ قابلیت داد اوست

ان کتب کو جو قبول عام حاصل ہوا ہے اس کے لیے میں اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کروں کم ہے۔ اس فن میں یہ کتب نقطۂ آغاز اور نقشِ اول ہیں، جن سے انشاءاللہ انسانیت رہتی دنیا تک مستفید ہوتی رہے گی۔

کوئی کام خواہ کتنا ہی عظیم کیوں نہ ہو، اللہ تعالیٰ جب اسے کرانا چاہتا ہے تو اپنی حقیر سے حقیر مخلوق سے بھی کرا لیتا ہے۔ حیرت ہے صدیوں پر صدیاں گذرتی چلی گئیں، لیکن کسی کا ذہن اس طرف منتقل نہیں ہوا کہ وہ خواب جن میں خوش بختوں کو حضور پر نور، شافع یوم النشور ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے اور جو ہزارہا کتب میں بکھرے پڑے ہیں ان کو یکجا کر دیا جائے۔

قدرت نے یہ سعادت چودھویں صدی ہجری میں اُمتِ مسلمہ کے ایک فرزند کے لیے اٹھا رکھی تھی۔ **ذلك فضل الله يوتيه من يشاء و الله ذو الفضل العظيم O**

؎ قسمت کیا ہر ایک کو قسامِ ازل نے جو شخص کہ جس کام کے قابل نظر آیا

اس کام کو تن تنہا انجام دینا احقر ناکارہ کے تصوّر میں بھی نہ آسکتا تھا، یہ تو ایک بورڈ کا کام تھا، پھر بھی اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے کمر ہمت کس لی۔ خلوص، شوق اور لگن نے ناممکن کو ممکن بنا دیا۔ الحمد للہ کثیراً۔ گذشتہ چالیس سال میں عدیم الفرصتی کے باوجود علم کے بحر ذخار سے جو موتی ہاتھ لگے اور چمنستانِ کتب سے جو پھول چن سکا، وہ پیش کر دیئے ہیں۔

مجھے یقین کامل ہے کہ ان کتب کے مطالعہ سے قارئین کو بہت فائدہ ہوگا اور ہم میں

marfat.com
Marfat.com

بہت سے اپنی زندگیاں اسلام کے اس سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کریں گے جو افضل الانبیا، خاتم المرسلین ﷺ کی زیارت جیسی گراں مایہ دولت کے حصول کے لیے شرطِ اول ہے۔ مجھے یہ بھی یقین ہے کہ ملت اسلامیہ ہی نہیں تمام عالم انسانیت ان خوابوں کو پڑھ کر بیدار ہو جائے گا اور انشاءاللہ تعالیٰ اس ترقی یافتہ سائنسی دور میں یہ خواب تبلیغ اسلام کا ایک نہایت ہی موثر ذریعہ ثابت ہوں گے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ بلا مزید تاخیر ان کا ترجمہ دوسری بین الاقوامی زبانوں میں پیش کیا جائے تاکہ اقوام عالم کو ہمارے بے مثال و باکمال نبی آخر الزماں ﷺ کی شان و شوکت اور عظمت کا علم ہو سکے اور وہ جوق در جوق حلقہ بگوش اسلام ہوں۔

اس ساتویں حصے میں کئی ایسے مجرب وظائف اور عمل بھی بیان کر دیے گئے ہیں، جن پر عمل کر کے خوش بختوں کو حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہوا ہے۔

آخر میں دست بدعا ہوں کہ رب کریم! تمام مسلمانوں کو ان کتب سے فائدہ پہنچا، میرے علم میں اضافہ فرما (رب زدنی علما) اور مجھ سراپا تقصیر کی مغفرت کے واسطے یہ کوشش وسیلہ بنا۔ قارئین کرام سے ملتجی ہوں کہ وہ اپنی نیک دعاؤں میں جہاں مجھ بندۂ ناچیز کو یاد رکھیں، مرضیہ خاتون مرحومہ جو اس بابرکت مجموعہ کی تدوین کا باعث بنیں، کے واسطے بھی دعائے مغفرت فرمائیں، شکریہ۔

ایک گناہ گار مگر سعادت مند امتی

محمد عبدالمجید صدیقی

مولداً دہلوی ساکناً اکبر آبادی ثم لاہوری۔ موتاً..........

۳ ذی الحجہ ۱۴۲۱ھ بمطابق ۲۷ فروری ۲۰۰۱ء بروز سہ شنبہ

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارتِ بابرکت کے لیے وظائف اور عمل

نوٹ: جس جگہ وظیفہ پڑھا جائے وہ پاک صاف ہو، وقت کی پابندی کی جائے، ماحول میں گھٹن نہ ہو اور پڑھنے والا غسل کر کے پاک کپڑے پہنے بلکہ بہتر ہے اگر لباس سفید ہو۔ خیالات پاکیزہ ہوں، دھیان بٹا نہ ہو، اس کامل توجہ اور انہماک کے ساتھ پڑھے کہ گویا مواجہہ شریف (مسجد نبوی) میں بیٹھا پڑھ رہا ہے اور روضۂ اقدس کی جالیاں نگاہوں کے سامنے ہیں۔ عطر لگائے بلکہ عطر گلاب بہتر رہتا ہے۔ اگر بتی سے الرجی نہ ہو تو ماحول کو خوشبودار بنانے کے لیے اسے جلالے اور سر شمال کی طرف کر کے قبلہ رخ سوئے۔ کامیابی کی صورت میں نماز شکرانہ ادا کرے، شیرینی تقسیم کرے، خیرات کرے، غریبوں کو کھانا کھلائے، ممکن ہو تو محفل میلاد بھی کرائے۔

(ا) "سیرت النبی ﷺ بعد از وصال النبی ﷺ" کے ساتوں حصوں میں متعدد اوراد و وظائف حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کے لیے بیان کیے گئے ہیں۔ ان میں ایک نہایت ہی اہم اور مجرب وظیفہ حضرت خضر علیہ السلام کا فرمودہ ہے جو سیرت النبی ﷺ بعد از وصال النبی ﷺ حصہ اول کے صفحہ ۱۹۳ تا ۱۹۴ پر ملے گا۔ اس پر عمل کرنے والوں کو زیارت پاک کی سعادت نہایت واضح اور شاندار انداز میں ہوئی ہے۔ وہ وظیفہ حسب ذیل ہے:

نماز مغرب سے عشا تک دو دو رکعت نفل پڑھو، کسی سے کلام نہ کرو، دھیان نماز میں رکھو، ہر دو نفل کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد تین بار سورۂ خلاص (قل ھو اللہ شریف) پڑھو اور نماز سے فارغ ہو کر مسجد سے سیدھے گھر آجاؤ، کسی سے کوئی بات نہ کرو، گھر پہنچ کر دو رکعت نفل پڑھو، ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات بار سورۂ اخلاص پڑھو، سلام پھیرنے کے بعد سات مرتبہ درود شریف (بہتر ہو درود ابراہیمی یعنی نماز والا درود شریف ورنہ کوئی سی بھی دوسری درود شریف) پڑھ کر سات مرتبہ کلمہ تمجید (تیسرا کلمہ) پڑھو، پھر ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھو: "یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ یَا اِلٰہَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ یَا رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَ رَحِیْمَھُمَا یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَااللہ

marfat.com
Marfat.com

یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ" پھر خوشبو لگائے، صاف کپڑے پہنے اور قبلہ رو ہو کر درود شریف پڑھتے سو جاؤ، گھر میں بھی کسی سے بات نہ کرو نہ کوئی تم سے بات کرے، اگر پہلی شب زیارت ہو جائے فبہا ورنہ سات رات یہ عمل کرو۔

اصولاً یہ نماز مسجد میں پڑھنی چاہیے۔ بصورت مجبوری گھر میں بھی پڑھی جاسکتی ہے۔

(۲) دُرودِ تاج بلا شک و شبہ، درودوں میں مثل دلھن ہے۔ زیارت پاک کے لیے نہایت موثر ہے، ستر (۷۰) مرتبہ پڑھ کر دعا مانگ کر سو جاؤ اگر پہلی رات کامیابی نہ ہو تو چند راتیں پڑھو۔ انشاءاللہ ضرور بالضرور کامیابی ہو گی۔

دُرودِ تاج پڑھنے کے سلسلے میں تین آراَ ہیں:

(الف) درود تاج میں محتاط حضرات "دافع البلا و الوبا و القحطِ و المرضِ و الالم" کو شامل ہی نہیں کرتے اور یہ کہہ کر رد کر دیتے ہیں کہ یہ الفاظ درود تاج کے ہیں ہی نہیں بلکہ بعد میں شامل کیے گئے ہیں یعنی یہ حضرات درود تاج ان الفاظ کے بغیر پڑھتے ہیں۔

(ب) بے شمار حضرات مذکورہ بالا الفاظ کے ساتھ درود تاج پڑھتے ہیں حالانکہ یہ الفاظ خالص اللہ (خالق) کی صفات ہیں، بندے (مخلوق) کی نہیں۔

(ج) بعض حضرات مذکورہ بالا الفاظ پڑھ کر "باذن اللہ" (اللہ کے حکم سے) کہہ کر باقی درود تاج پورا کرتے ہیں۔ ان کے مطابق پھر کسی اعتراض کی گنجائش نہیں رہتی۔

(۳) حضرت حسن رسول نما دہلویؒ، اورنگ زیب عالمگیر کے عہد کے بزرگ ہیں۔ آپ گیارہ سو مرتبہ روزانہ یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے: **اللھم صل علی محمد وعترته بعدد کل معلوم لك**، جس کی برکت سے آپ خود تو حضوریوں میں تھے اور جو شخص آپ کا مرید ہوتا، اسی رات اس کو بھی حضور اقدس ﷺ کی زیارت بابرکت کا شرف حاصل ہو جاتا تھا۔ اسی لیے آپ کو "رسول نما" کے معزز و مبارک لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ آپ کی جانب سے اس درود شریف کو اسی طرح پڑھنے کی عام اجازت ہے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے اس کی بہت تعریف کی ہے بلکہ کئی بزرگوں مثلاً حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادیؒ کا معمول تھا اور وہ اسی طرح اس درود شریف کو پڑھتے تھے۔

(۴) امام اعظم حضرت امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ جو اس درود شریف کو شب جمعہ بعد نماز عشا ایک ہزار مرتبہ پڑھے پھر اسی جگہ سو جائے اور دل میں یہ تصور کیے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی مجلس مبارک میں بیٹھا ہے اور آپ ﷺ کو دیکھتا ہے، تو وہ آپ ﷺ کو خواب میں دیکھے گا یہاں تک کہ اس کو چند روز پڑھے:

marfat.com
Marfat.com

اللھم صل علی محمد ن النبی الامی و علی الہ و اصحابہ و بارك وسلِم
(نوٹ= جو درود شریف "اللھم" سے شروع ہو وہاں سلّم کے نیچے "زیر" آئے گا یعنی سلِم، جب کہ جو درود شریف "اللھم" کے بغیر شروع ہو تو وہاں سلّم کے اوپر "زبر" آئے گا سلَم مثلاً درود خضری میں: صل اللہ علی حبیبہ محمد و الہ و سلّم۔

(۵) جو شخص درود تنجینا سوتے وقت ایک ہزار بار ہر رات پڑھے گا ایک ہفتہ یا چالیس روز میں، رویت حق تعالیٰ جل شانہٗ یا زیارت سرور انبیا ﷺ سے مشرف ہو گا۔

حضور انور ﷺ نے خواب میں حکم دیا کہ اس درود کو تشدید جیم کے ساتھ یعنی تنجّینا پڑھا کرو (صلوت ناصری از مولانا ناصر علی صفحہ ۷۰)۔ درود تنجینا میں بہت سے الفاظ کا اضافہ کر کے اس کی شکل کچھ سے کچھ بنا دی گئی ہے، جب کہ صحیح نسخہ دلائل الخیرات از ولی کامل، عارف واصل، محقق فاضل جناب محمد بن سلیمان جزولیؒ اور فضائل درود شریف از قطب الاقطاب شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا سہارنپوری ثم مدنیؒ میں درود تنجینا ان الفاظ میں ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنجِینَا بِھَا مِن جَمِیعِ الاَھوَالِ وَالاٰفَاتِ وَ تَقضِی لَنَا بِھَا جَمِیعَ الحَاجَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِن جَمِیعِ السَّیِّئَاتِ وَ تَرفَعُنَا بِھَا اَعلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِھَا اَقصَی الغَایَاتِ مِن جَمِیعِ الخَیرَاتِ فِی الحَیَاتِ وَبَعدَ المَمَاتِO

"بعد الممات" کے بعد "انك علیٰ کل شی ءِ قدیر" بھی اس میں پڑھنا معمول ہے اور خوب ہے (فضائل درود شریف از شیخ الحدیثؒ۔ صفحہ ۸۸)۔

ترجمہ: الٰہی نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد (ﷺ) پر ایسا درود کہ بچائے تو ہم کو اس کے سبب تمام خوفوں اور بلاؤں سے اور پوری فرما تو بہ سبب اس کے ہماری تمام حاجتیں اور پاک کر ہم کو اس کے سبب تمام گناہوں سے اور اس کے ذریعہ بلند کر ہمارے درجات اور اس کے باعث ہمیں زندگی میں اور موت کے بعد تمام نیکیوں کی انتہائی منزلوں تک پہنچا دے۔ (بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے)۔

(۶) نماز عشا کی سنتوں اور وتروں کے درمیان ۱۱۱ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔ انشاءاللہ ایک چلّے (چالیس دن) کے دوران زیارت بابرکت سے مشرف ہو گا۔ یہ عطیہ جناب سید حمایت حسین شاہؒ سجادہ نشین درگاہ خواجہ نور الدین حمویؒ کا ہے۔ حضرت حمویؒ اورنگزیب عالمگیر کے مرشد تھے۔ مزار مبارک اورنگ آباد (سابق ریاست حیدر آباد، دکن، بھارت) میں ہے۔ درود شریف مندرجہ ذیل ہے:

marfat.com
Marfat.com

اللھم صلی علی روح سیدنا محمدٍ فی الارواحِ و علی جسدہٖ فی الاجسادِ و علی قبرہ فی القبورِ و علی الہ و اصحابہ وسلّمO

کہتے ہیں کہ اس کے پڑھنے کا ثواب دس ہزار بار درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔ حضرت سخاویؒ نے "در منتظم" سے نقل کیا ہے کہ جو کوئی اسے کثرت سے پڑھے گا، وہ حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوگا۔ آپ ﷺ اس کی شفاعت فرمائیں گے، آپ ﷺ کے حوض کوثر سے سیراب ہوگا، آتش دوزخ اس پر حرام ہوگی، حرمین شریفین میں یہ درود شریف بہت مستعمل ہے۔

(۷) امام محمد بن الجزریؒ سے منقول ہے کہ جو شخص حضرت نبی مختار ﷺ کے نقش نعلین شریف کو اپنے پاس رکھے، خلائق میں مقبول رہے اور آپ ﷺ کی زیارت بابرکت سے خواب میں مشرف ہو۔ طریق توسل یوں بہتر ہے: بعد نماز تہجد گیارہ بار درود شریف، گیارہ بار کلمہ طیب اور گیارہ بار استغفار پڑھ کر اس نقش نعل شریف کو سر پر رکھے اور رو گڑگڑا کر جناب باری تعالیٰ میں عرض کرے کہ جس مقدس پیغمبر ﷺ کے نقش نعل شریف کو سر پر لیے ہوئے ہوں، اُن کا ادنیٰ درجے کا غلام ہوں۔ الٰہی! اس نسبت غلامی پر نظر فرما کر بہ برکت اس نقش نعل شریف میری فلاں حاجت پوری فرما مثلاً میرا خاتمہ ایمان پر فرما، حضور ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب فرما، رزق حلال فراخ عطا فرما، اتباع شریعت عطا فرما، نیک نرینہ اولاد عطا فرما، فلاں بیمار کو شفا کاملہ، عاجلہ، مستمر عطا فرما، شیطان سرکش سے حفاظت فرما، دشمنوں سے محفوظ فرما، وغیرہ وغیرہ۔ مگر خلاف شرع کوئی حاجت طلب نہ کرے۔ پھر نقش مبارک کو محبت سے بوسہ دے اور ذوق و شوق سے آنسوؤں کے ساتھ جو نعتیہ اشعار یاد ہوں، پڑھتے ہوئے سو جائے مگر خیال رہے نماز فجر قضا نہ ہو۔ انشاءاللہ چند روز ہی میں مراد بر آئے گی۔ (نقش نعل شریف کتاب کے آخر میں ملاحظہ فرمائیں)۔

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ نے کیا خوب فرمایا ہے: تو پھر خود حضرت رسول اللہ ﷺ کی ذات مجمع الکمالات واسما جامع البرکات سے توسل حاصل کرنے سے کیا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

(۸) حکیم الامت، مجدد ملت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ فرماتے ہیں کہ شب جمعہ ایک ہزار بار سورۂ کوثر اور ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھے تو اسے خواب میں حضور اقدس ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی (اعمال قرآنی، حصہ دوم، صفحہ ۸۸ از مولانا محمد اشرف علی تھانوی "۔ مدینہ پبلشنگ کمپنی، بندر روڈ، کراچی) چند جمعہ ضرور عمل کرے۔ حضرت شرجیؒ نے اسے

marfat.com
Marfat.com

مجرب عمل لکھا ہے۔

(۹) اسم "اللہ" اسم ذات ہے اور یہی اسم اعظم بھی ہے (حضرت امام اعظمؒ اور پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے اسی کو اسم اعظم فرمایا ہے)، اس کی ادنیٰ سی تاثیر یہ ہے کہ نماز روزے کا پابند، اکل حلال کھانے والا باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اگر ہر روز پانچ ہزار مرتبہ اللہ اللہ کا ورد کرے تو تھوڑے ہی عرصہ میں صاحب کشف اور روشن ضمیر ہو جائے گا اور راتوں میں اکثر پیغمبر اسلام ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

(۱۰) حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص شب جمعہ دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ، آیۃ الکرسی ایک بار اور سورہَ اخلاص پندرہ بار پڑھے، پھر سلام کے بعد ایک ہزار بار پڑھے "**اللھم صل علی محمد النبی الامی**"۔ تو وہ مجھے ضرور خواب میں دیکھے گا، دوسرا جمعہ پورا نہ ہونے پائے گا کہ مجھے خواب میں دیکھ لے گا اور جس نے مجھے دیکھ لیا اس کے لیے جنت ہے اور اس کے گذشتہ و آئندہ گناہ معاف کردیے جائیں گے (غنیۃ الطالبین صفحہ ۴۱۲)۔

(۱۱) حضرت عبدالحق محدث دہلویؒ نے "جذب القلوب" میں فرمایا کہ جو شخص پاکی اور طہارت کے ساتھ اس درود شریف کی ہمیشگی کرے گا اور کثرت سے پڑھے گا یعنی کم از کم ۳۱۳ بار روزانہ تو حق تعالیٰ اس کو حضرت سید الوجود ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف فرمائے گا:

اللھم صل علی محمد والہ و سلِم کما تحب و ترضیٰ لہ (ترجمہ: اے اللہ! تو محمد (ﷺ) اور آپ ﷺ کی آل پر صلوٰۃ و سلام بھیج جیسے تو پسند فرماتا ہے اور دوست رکھتا ہے ان کے لیے)۔

جو حضرات فلسفہ نفس و روح سے واقف ہیں جانتے ہیں کہ کثرت ذکر و فکر کا کیا اثر ہوتا ہے اور وہ کس قسم کے تعلقات فیما بین قائم کر دیتا ہے اور اس قیام تعلقات کی بدولت کیسے کیسے جلوہ ہائے عجیب بصر و بصیرت افروز پیدا ہوا کرتے ہیں۔ یہ ایک طے شدہ اور مسلمہ امر ہے کہ بالا کثریت اکثار درود شریف موجب حصول زیارت ہے (حضرت مولانا تھانویؒ)۔

(۱۲) جو کوئی ماہ ربیع الاول میں سوا لاکھ مرتبہ "**الصلوٰۃ و السلام علیك یا رسولَ اللہ**" پڑھے، انشاءاللہ سید الرسل ﷺ کی زیارت بابرکت سے مشرف ہوگا۔

(۱۳) شب جمعہ ایک ہزار مرتبہ سورۂ قریش (پارہ ۳۰، سورت نمبر ۱۰۶) پڑھ کر سو رہے۔ چند بار یہ عمل کرنے سے انشاءاللہ زیارت نصیب ہوگی (خزینۃ الاسرار از محمد بن علی آفندیؒ)۔

(۱۴) یہ عمل بزرگان دین کے معمولات سے ہے کہ طالب غسل کر کے پاک کپڑے پہن کر

marfat.com
Marfat.com

خوشبو لگائے اور نماز عشا کے بعد کچھ دیر خوب توبہ واستغفار کرے۔ پھر ۲۱ مرتبہ سورۂ توبہ کی آخری دو آیات: "لقد جاء کم رسول........ رب العرش العظیم O" پڑھ کر کوئی سی درود شریف پڑھتے پڑھتے سو جائے۔ انشاءاللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

(۱۵) جو کوئی محبوب کبریا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دیدار فیض آثار سے سرفراز ہو جاتا ہے، روحانیت کے درجہ کمال پر پہنچ جاتا ہے: رات دو بجے اٹھ کر غسل کرو، سفید پاک کپڑے پہنو، عطر لگا کر چار رکعت نماز تہجد پڑھو۔ پھر درود شریف پڑھ کر تین سو مرتبہ پڑھو: انّا ارسلنٰك شاهداً و مبشراً و نذيراO (پارہ ۲۶، سورۂ فتح کی آیت نمبر ۸) (ترجمہ: ہم نے (اے محمد ﷺ) تم کو حق ظاہر کرنے والا اور خوشخبری سنانے والا اور خوف دلانے والا (بنا کر) بھیجا ہے)۔ پھر درود شریف پڑھتے قبلہ رخ جائے نماز ہی پر سو جاؤ، خیال رہے نماز فجر قضا نہ ہو۔ انشاءاللہ تین رات کے عمل کے اندر زیارت ہو جائے گی اور دین و دنیا کی سعادت نصیب ہوگی (عامل کامل از کاش البرنی حصہ اول۔ صفحہ ۸۷)۔

(۱۶) جو شخص بعد نماز جمعہ "محمد رسول الله احمد رسول الله" ۳۵ بار لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کو اطاعت پر قوت، برکت میں معونت اور ہمزات شیاطین سے کفالت ہوگی اور اگر وہ ہر روز بوقت طلوع آفتاب درود شریف پڑھتے ہوئے اس کو دیکھے گا تو خواب میں بکثرت حضرت رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

یہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے خاندان کا عمل اور عطیہ ہے۔

(۱۷) حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھنا اور آپؐ سے ہم کلام ہونا مقصود ہو تو جمعرات کے دن گیارہ سو مرتبہ اور شب جمعہ (جمعرات کے دن کے بعد آنے والی رات) کو باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر صدق دل سے ہزار مرتبہ اس آیت کریمہ کو پڑھو، انشاءاللہ اسی رات کامیابی ہوگی۔ آیۃ شریفہ یہ ہے: ان الله و ملا ئکته یُصلّون علی النبی ط یا یها الذین امنوا صلّوا علیه و سلّموا تسلیما O (پارہ ۲۲ سورہ احزاب، آیت نمبر ۵۶) (ترجمہ: اللہ اور اس کے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں۔ مومنو تم بھی پیغمبر پر درود و سلام بھیجا کرو)۔

(۱۸) "صلوٰۃ الاولیا" پڑھنے والا روز محشر اولیاءاللہ کے ساتھ محشور ہوگا۔ یہ نماز حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت امام زاہدؒ کو تعلیم فرمائی تھی اور اکثر اولیا نے اسے پڑھا ہے۔ جس مطلب کے واسطے پڑھو انشاءاللہ ضرور حاصل ہوگا۔ زیارت بابرکت کے لیے بھی اکسیر ہے۔ ترکیب نماز پڑھنے کی یہ ہے: نماز فجر سے پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اور ایک بار سورۂ کافرون (سورۂ نمبر ۱۰۹) اور دوسری رکعت میں سات بار سورۂ فاتحہ

marfat.com
Marfat.com

اور ایک بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام دس مرتبہ کلمہ تمجید (یعنی تیسرا کلمہ) "سبحان اللہ و الحمد للہ و لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ اِلا باللہ العلی العظیم" پڑھ کر دس بار "یا غیاث المستغیثین اغثنا" پڑھے۔ پھر جس کام کے لیے پڑھ رہا ہو، صدق دل سے اس کے لیے دعا مانگے۔

(۱۹) حضرت جلال الدین سیوطیؒ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ اس درود شریف کے پڑھنے کا ثواب چھ لاکھ مرتبہ درود پڑھنے کے برابر ہے۔ اس کا نام صلوٰت السعادت ہے، جو کوئی اسے ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے، دونوں جہان میں سعادت مند ہو اور حضرت رسول پاک ﷺ کے دیدار مبارک سے مشرف ہو۔ وہ جامع اور مختصر درود شریف یہ ہے:

اللھم صل علی سیدنا محمد عدد ما فی علم اللہ صلوٰۃً دائمۃً بدوام مُلکِ اللہ○

(ترجمہ: الٰہی رحمت نازل فرما ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر بے شمار اس کے جو تیرے علم میں ہے۔ ایسی رحمت جو تیری حکومت دائمی کے ساتھ ہمیشہ جاری و قائم رہے) (از بیاض سید علی بن یوسف مدنی شیخ الدلائل) (صحیح نسخہ دلائل الخیرات از محمد بن سلیمان جزولیؒ صفحہ ۱۰۱۔ ناشر = مکتبہ خیر کثیر۔ آرام باغ۔ کراچی نمبرا)۔

(نوٹ: یہ بزرگوں کے تجربات اور مکاشفات ہیں۔ بسا اوقات خود شہ ہر دوسرا ﷺ بزرگوں کو اس قسم کے فوائد سے مطلع فرمادیتے ہیں، پس اس قسم کی کوئی چیز جو کتاب و سنت کے خلاف نہ ہو، کو قبول کرنے میں پس و پیش نہ کرنا چاہیے)۔

سید الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہ' سے جب کوئی وظیفہ پوچھتا، جس کی بدولت حضرت محبوب رب العالمین ﷺ کی زیارت نصیب ہو جائے تو آپ فرماتے: بھائی تمہارا بڑا حوصلہ ہے جو تم ایسی بات کہتے ہو، باقی ہم تو اپنے لیے اس کو بھی بڑی نعمت سمجھتے ہیں کہ گنبد خضرا (علیٰ صاحبہا الف الف صلوٰۃ و الف الف سلام) ہی کی زیارت نصیب ہو جائے اور اس قابل کہاں کہ خود آپؐ کی زیارت نصیب ہو۔

حضرت مولانا حاجی شاہ محمد یعقوب صدیقی نانوتوی قدس سرہ، مدرس اول مدرسہ عربیہ دیوبند (اب اسلامک یونیورسٹی دیوبند، یوپی، بھارت) نے مکتوبات یعقوبی و بیاض یعقوبی (۱۹۲۹ء میں اشرف المطابع، تھانہ بھون (بھارت) سے شائع ہوئے) میں فرمایا کہ زیارت شفیع عاصیان، غمگسار بیکساں ﷺ وقت اور نصیب پر منحصر ہے۔ ہر چند کہ اس کے لیے بہت طریقے لکھے گئے ہیں اور بزرگوں سے پوچھے ہیں، مگر بات وہی ہے کہ نصیب سے تعلق ہے اور وقت پر موقوف ہے (لوگ اس دولت کو اختیاری سمجھ کر عدم حصول سے بے حد پریشان ہو

marfat.com
Marfat.com

رہے ہیں، اس میں ان کی اس ضیق سے نجات ہے)۔ عمل اعمال سب بہانے ہیں۔ یہ درود شریف "اللھم صل علی سیدنا محمد النبی الامی و علی اله و اصحابه وسلِّم" بعد نماز عشا ایک سو مرتبہ پڑھ لیا کرو۔ کیا عجب اللہ تعالیٰ یہ نعمت نصیب فرمادے، اگر نصیبہ جاگ جائے تو احقر کو بھی یاد رکھیو۔ یہ بے نصیب اب تک اس نعمت سے بے نصیب رہا ہے اور اپنے اندر ایسی قابلیت نہیں دیکھتا کہ اس کی آرزو کرے۔

قدسی مقال علامہ اقبال قدس سرہ ایک بزرگ کا واقعہ سنایا کرتے تھے کہ ان سے کسی شخص نے سوال کیا کہ سیدالاولین والآخرین، افضل المرسلین ﷺ کا دیدار کس طرح ہو سکتا ہے؟ ان بزرگ نے جواب دیا کہ پہلے اسوۂ حسنہ پر عمل کو اپنا شعار بناؤ اور اپنی زندگی اس میں ڈھالو، پھر اپنے آپ کو دیکھو کہ یہی حضور انور ﷺ کا دیدار ہے۔ علامہ اقبالؒ نے جاوید نامہ میں فرمایا:

ے معنی دیدار آں آخر زماں حکم او بر خویشتن کردن رواں

(یعنی حضرت پیغمبر آخرالزماں ﷺ کے دیدار سے مشرف ہونے کا مفہوم یہ ہے کہ آپؐ کے احکامات کو اپنی زندگی کا رہنما بنائے)۔

غمگسار غربا، نور اتم، تاجدار مدینہ ﷺ سے ملاقات نہیں ہو سکتی جب تک کہ یہ تین اوصاف نہ ہوں، چاہے فرشتوں جیسی عبادت کرے: (۱) معاملات و عبادت میں سنت رسول اللہ ﷺ کی اتباع (۲) حرص دنیا نہ رکھے یعنی حاجت سے زیادہ پیدا کرنے اور جمع کرنے کی سعی میں گرفتار نہ ہو (۳) سینے کو بغض و حسد اور غل و غش سے پاک رکھے۔

چشمہ صدق و صفا، صاحب خلق عظیم ﷺ کی زیارت بابرکت کے لیے عربی میں کئی کتابیں ہیں۔ شیخ یوسف بن یعقوب الخلوتیؒ شیخ الحرم النبوی نے ترکی میں حضور ﷺ کو خواب میں دیکھنے سے متعلق "تحیۃ البغی فی رویۃ النبی ﷺ" لکھی (کشف الظنون، جلد اول صفحہ ۲۵۵)۔ اردو میں اس سلسلے کی "زیارت رسول ﷺ" از ع، م، چوہدری ایم اے (جٹ لینڈ پبلشرز، سوئی وہار، مسافر خانہ، بھاولپور) ایک اچھی کوشش ہے۔ جناب افتخار احمد حافظ قادری (مکان نمبر 999/A-6، گلی نمبر 9، افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ) کے اس ضمن میں دو کتابی کیپسول "زیارت حبیب ﷺ" اور "خزانہ درود و سلام ﷺ" بڑی بڑی کتابوں سے بے نیاز کر دینے والے ہیں۔

مولایَ صل و سلم دائماً ابداً علی حبیبک خیرِ الخلقِ کلھم

marfat.com
Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کلماتِ دُعائیہ

کوئی تجھ سے کچھ، کوئی کچھ مانگتا ہے — الٰہی میں تجھ سے طلب گار تیرا
اگر اک تو نہیں میرا تو کوئی شے نہیں میری — جو تو میرا تو سب میرا فلک میرا زمیں میری
کی محمد ﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں — یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں
بحق آنکہ او جان جہان است — فدائے روضہ اش ہفت آسمان است

(ترجمہ = صدقے میں اس ذات ﷺ گرامی کے جو جانِ ﷺ جہاں ہے اور جس ﷺ کے روضہ مبارک پر ہفت آسمان قربان ہیں)۔

اللہ کو دو قطروں سے زیادہ کوئی قطرہ پسند نہیں: ایک آنسو کا قطرہ جو اللہ کے خوف سے نکلا ہو، دوسرا خون کا قطرہ جو اللہ کی راہ میں گرا ہو۔ اللہ کی رحمت واسعہ سے ناامید نہیں ہونا چاہیے۔ گناہوں کو یاد کر کے رونے سے قربِ الٰہی نصیب ہوتا ہے۔ اپنے گناہوں کو یاد کر کے آنسو بہانے والا بلا حساب کتاب بخشا اور جنت میں داخل کیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے بغیر میرے سوال کئے، مجھے انسانی قالب عطا فرمایا۔ قالب اشرف المخلوقات، انسانیت کا قالب، مجھے نیک، دیندار اور با عمل مسلمان گھرانے میں پیدا فرمایا، ایمان جیسی عظیم دولت بے طلب عطا فرمائی، اپنی اور اپنے پیارے حبیب (ﷺ) کی محبت سے میرا سینہ معمور فرما دیا اور اپنے پیارے بندوں کی الفت عنایت فرمائی، دین پر عمل کی توفیق دی، ایمان افروز کتابیں لکھوائیں، پیرانہ سالی میں بھی جوانوں جیسے حواس اور صحت عطا فرمائی، غرض کس کس نعمت کا اظہار کروں؟ اس وقت اللہ تعالیٰ کے جن احسانات کا استحضار کیا، ان کا بھی اور جن لامتناہی احسانات کا استحضار نہیں کر سکا، ان کا بھی ہر بن مو سے شکر ادا کرتا ہوں:

؎ چوں شمارم من ز احسان تو چوں — گر زباں ہر مو شود لطفت فزوں

(ترجمہ: اگر ہم آپ کے احسانات شمار کرنا شروع کر دیں اور ہمارا ہر ہر بال زبان بن جائے تو بھی آپ کا لطف و کرم ہمارے شکر سے زیادہ ہوگا)۔

؎ اے خدا احسانِ تو اندر شمار — می نتانم بازبان صد ہزار

(ترجمہ: اے خدا آپ کے احسانات کو ہم ایک لاکھ زبانوں سے بھی شمار نہیں کر سکتے)۔

marfat.com
Marfat.com

؎ جان و گوش و چشم و ہوش پاؤ دست　　جملہ از دُر ہائے احسانت پر ست

(ترجمہ: جان اور کان اور آنکھ اور ہوش اور ہاتھ پاؤں سب آپ کے احسانات کے موتیوں سے پُر ہیں)۔

؎ من گنہہ آرم تو ستاری کنی　　جرم من آرم تو معذاری کنی

(ترجمہ: میں گناہ کرتا ہوں اور آپ ستاری فرماتے ہیں، میں جرم کرتا ہوں اور آپ ہم کو معاف فرمادیتے ہیں)۔

؎ جرمہا بینی و نشے ناوری　　اے بقر بانت چہ نیکو داوری

(ترجمہ: میرے جرائم آپ دیکھتے ہیں اور مجھ پر غضب نازل نہیں فرماتے، میں آپ کے ایسے عجیب اخلاق واحسان پر قربان ہوں)۔

؎ اگر نالائقم قدرت تو داری　　کہ خار عیب از جانم براری

(ترجمہ: اگرچہ میں نالائق ہوں، لیکن آپ ایسی قدرت رکھتے ہیں کہ میری جان سے برائیوں کے کانٹوں کو نکال دیں)۔

؎ قادرا قدرت تو داری بر کمال　　انت ربی انت حسبی ذوالجلال

(ترجمہ: اے قادر مطلق! تو قدرت کاملہ رکھتا ہے اور تو ہی ہمارے لیے کافی ہے، اے ذوالجلال)۔

تمّت بفضلہ تعالیٰ و کرمہٖ و عونہٖ

ربّنا تقبل منّا اِنك انت السمیع العلیمO

وصلے اللہ تعالیٰ علے خیر خلقہ و اصحابہ اجمعین O

برحمتك یا ارحم الراحمینO

marfat.com
Marfat.com

نقشِ نعلِ مبارک



marfat.com
Marfat.com

جناب محمد عبدالمجید صدیقی نے "سیرت النبیؐ بعد از وصال النبیؐ"
مرتب کر کے ایک نہایت ہی مبارک کام سرانجام دیا ہے۔ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے وصال کے فوراً بعد ہی حضور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی یہ جہت نگاہوں کے سامنے آ گئی تھی۔ صحابہ کرامؓ، تابعینؒ و تبع تابعینؒ، بعد کے صلحاءؒ، اتقیاءؒ، علماءؒ اور مجاہدینِ اسلام الغرض تمام اہلِ بصیرت پر یہ حقیقت اچھی طرح منکشف ہوتی چلی گئی کہ اب بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم اپنی امت کے حالات سے اچھی طرح باخبر ہیں، بڑی شفقت، رہنمائی اور مدد فرماتے اور اپنی زیارت سے بھی مشرف فرمایا کرتے ہیں، لیکن یہ شرف چودھویں صدی ہجری کے اختتام پر جناب عبدالمجید صدیقی کو حاصل ہونا تھا کہ اس حقیقتِ باہرہ سے ہر ایک کو آگاہ کرنے کے لیے محققانہ انداز میں ایک کتاب تصنیف کر دیں تاکہ طلوع ہونے والی پندرھویں صدی ہجری میں مسلمان ہر آن اسے اپنی نگاہوں کے سامنے رکھیں اور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم (روحی فداہ) سے محبت و عقیدت کو اپنا سرمایہ حیات سمجھیں۔ یہ مبارک کتاب ہر لائبریری میں موجود ہونی چاہیے اور ہر مسلمان کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

جناب ڈاکٹر سید محمد عبداللہ

پروفیسر ایمریطس، پنجاب یونیورسٹی، لاہور۔

ISBN 969-0-01768-3

9789690017680

فیروز سنز پرائیویٹ، لمیٹڈ

لاہور راولپنڈی کراچی

Rs.250.00